
وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ

سیرتِ مصطفیٰ جانِ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جلد ۱



افادات

شیخ الاسلام والمسلمین

امام احمد رضا خان محدّث بریلوی

رحمۃ اللہ علیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور



وما ارسلنک الا رحمۃ للعالمین

تصانیفِ اعلیٰ حضرت سے ماخوذ سیرت الرسول ﷺ کا

عظیم علمی و تحقیقی مجموعہ

سیرتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جانِ رحمت

افادات

شیخ الاسلام والمسلمین

امام احمد رضا خان محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

جمع و ترتیب

محمد علی قادری رضوی

جلد اول

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر نزد سلم ماڈل ہائی سکول ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-7246006

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

سیرتِ مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت

جلد 1

افادات — شیخ الاسلام والمسلمین امام احمد رضا خاں محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

جمع و ترتیب — محمد عیسیٰ قادری رضوی

ناشر — ملک شبیر حسین

سن اشاعت — مئی 2007ء / ربیع الثانی 1428ھ

طابع — اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

سرورق — فیضی گرافکس دربار مارکیٹ لاہور

قیمت — 1600 روپے مکمل سیٹ

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

عرضِ ناشر

ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے مخصوص ہے جس نے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام جہانوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بے حد و شمار درود و سلام' صبح و شام نازل ہو' جو جانِ رحمت ہیں' شمعِ بزمِ ہدایت ہیں' گلِ باغِ رسالت ہیں' نوشہ بزمِ جنت ہیں' نائبِ دستِ قدرت ہیں' قاسمِ کنزِ نعمت ہیں

ان کے ہر نام و نسبت پہ نامی درود
ان کے ہر وقت و حالت پہ لاکھوں سلام

ان کے مولیٰ کے ان پر کروڑوں درود
ان کے اصحاب و عترت پہ لاکھوں سلام

اللہ تعالیٰ کا بے حد و شمار احسان ہے کہ اس نے ہمیں اپنے پیارے حبیب کے لائے ہوئے دینِ متین کی خدمت کرنے کی سعادت و توفیق عطا کی ہے۔ الحمد للہ! آپ کا ادارہ شبیر برادرز عرصہ دراز سے مختلف موضوعات پر مشتمل اسلامی کتب کی نشر و اشاعت میں مصروف ہے۔ اسی سلسلے کی ایک کڑی' حضرت مولانا محمد عیسیٰ قادری رضوی کی تالیف ''سیرتِ مصطفیٰ جانِ رحمت'' ہے۔ جسے انہوں نے اعلیٰ حضرت عظیم البرکت' مجدد دین و ملت شیخ الاسلام والمسلمین امام احمد رضا خان محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کی مختلف کتابوں میں سے انتخاب کے بعد مرتب کیا ہے۔

اعلیٰ حضرت بریلوی کی علمی جلالت اور فنی عظمت کا قائل ہر صاحبِ علم و مطالعہ شخص ہے۔ ہمیں توقع ہے کہ یہ کتاب آپ کی معلومات میں بیش بہا اضافے کا باعث اور سبب بنے گی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کی زیادہ سے زیادہ خدمت کرنے کی سعادت عطا فرمائے۔

آپ کا مخلص
ملک شبیر حسین

فہرست مضامین

جلد اول

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

■ جزیرۃ العرب 123

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

■ ہجرت مدینہ 747

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین
895	● بدر کی غنیمت میں عثمان کا حصہ
896	● حضور نے مشرک سے مدد نہیں لی
898	● کفار کی لاشوں سے خطاب
902	● فرشتوں کی مدد
902	● بدر میں کفار کے مقام موت کی نشان دہی
903	● اشعار
904	● غزوۂ بنی قینقاع
905	● غزوۂ سویق
906	● ۲ ھ کے متفرق واقعات
907	■ **غزوۂ احد**
909	● غزوۂ احد کا سبب
911	● مدینہ پر چڑھائی
911	● مسلمانوں کی تیاری اور جوش
912	● یہود کی امداد ٹھکرادی
913	● بچوں کا جوش جہاد
914	● شہدائے کرام
915	● قبور شہداء کی زیارت
915	● حضرت طلحہ کا کارنامہ

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

کلمۃ الناشر

از: مناظر اہل سنت، ماہر رضویات، علامہ عبد الستار ہمدانی ''مصروفؔ'' برکاتی، نوری
بانی: مرکز اہل سنت برکات رضا، امام احمد رضا روڈ، پور بندر۔ گجرات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی و نسلم علی رسولہ الکریم

اعلیٰ حضرت، عظیم البرکت، کنز الکرامت، امام اہل سنت، مجدد دین وملت، **امام احمد رضا محقق بریلوی** علیہ الرحمۃ والرضوان کی ذات ستودہ صفات ایک ایسی جامع اور مانع شخصیت ہے کہ جن کی خصوصیات اور مہارت علم وفن دیکھ کر اہل علم وادب وفن انگشت بدنداں ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کے محبوب اعظم واکبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ان پر خاص فضل وکرم تھا۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں قلم کا ایسا شہسوار بنایا تھا کہ ان کے قلم کی جولانی کے سامنے بڑے بڑے ماہرین فن دم بخود تھے۔ امام احمد رضا محقق بریلوی نے جس کسی بھی علم وفن پر قلم چلایا، نوک قلم سے جلالت علم وفن کے دریا بہتے نظر آئے ہیں۔ وہ علوم وفنون کہ عام طور پر جن سے ایک عالم دین کو بہت کم تعلق ہوتا ہے بلکہ مَس تک نہیں ہوتا جن علوم وفنون کا اکثر دنیوی امور سے تعلق ہوتا ہے، ایسے علوم وفنون میں جب امام احمد رضا نے خامہ آرائی کی ہے، تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ گویا آپ نے پوری زندگی ان ہی علوم وفنون میں مہارت حاصل کرنے میں صرف فرمائی ہے۔ لیکن جب ہم ان کی سوانح حیات کا جائزہ لیتے ہیں، تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے کبھی بھی ان علوم کے سیکھنے کی طرف التفات نہیں فرمایا ہے۔ کیوں کہ آپ کے پاس اتنا وقت ہی نہیں تھا۔ دوسری بات یہ کہ اگر صرف ایک علم یا فن سیکھنے کی بات ہوتی تو شاید وقت نکالنا ممکن ہوتا لیکن یہاں امر واقعہ تو یہ ہے کہ آپ صرف ایک، دو یا پانچ، سات علوم میں مہارت تامہ نہیں رکھتے تھے بلکہ جہاں تک راقم الحروف کی تحقیق وتدقیق کی سعی بالغہ ہے، آپ کو کل دو سو پندرہ (۲۱۵)

علوم وفنون میں مہارت حاصل تھی۔

تاریخ شاہد ہے کہ ان علوم وفنون کے ماہرین آپ کے ہم عصر جب ان علوم وفنون میں آپ سے ٹکرائے تو ایک ادنیٰ طالب علم کی حیثیت سے زانوئے ادب تہہ کرتے ہوئے نظر آئے۔ بلکہ بعض علوم وفنون جو پردۂ گمنامی میں مستور ہوکر قریب الفنا ہو چکے تھے، ان علوم وفنون کو آپ کے قلم حیات بخش نے نئی زندگی بخشی بلکہ جدید اصول وقوانین سے مرصع وآراستہ فرما کر نئی زینت ورعنائی سے مزین فرمایا۔ عہد قدیم سے کچھ علوم وفنون کے تعلق سے جو قوانین، ضوابط رائج تھے، اور صرف انھیں اصول وضوابط کے دائرہ میں محدود رہ کر ان علوم وفنون سے صحیح استفادہ نہیں کیا جا سکتا تھا، آپ نے ان اصول وضوابط میں حذف واضافہ کر کے جدید اصول وضوابط مرتب فرما کر ان علوم وفنون کو عام فہم اور نفع بخش بنا کر ان کو بھی اپنا مرہون منت بنایا۔

یہاں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ ان تمام علوم وفنون کے تعلق سے سیر حاصل گفتگو کی جائے۔ حیرت اور تعجب کی بات تو یہ ہے کہ آپ تقریباً دو سو پندرہ (۲۱۵) علوم وفنون میں مہارت تامہ رکھتے تھے۔ اور ان تمام علوم وفنون کو آپ نے علم دین کا خادم بنا کر ان سے خدمت دین حاصل کی ہے اور دقیق علمی مسائل کو سہل وآسان بنانے کے لیے ان علوم وفنون سے استفادہ فرمایا ہے۔ جس کا صحیح اندازہ آپ کی ایک ہزار سے زائد تصانیف جلیلہ کے مطالعہ سے آجائے گا۔

ناظرین کرام کی ضیافت طبع کی خاطر ذیل میں چند علوم وفنون کے اسماء مع انگریزی نام درج ہیں:

- علم نجوم وزیجات = Astronomy
- علم ہندسہ = Geometry
- علم تصوف = Theology
- علم توقیت = Ephherieris
- علم منطق = Logic
- علم فلسفہ = Philosophy
- علم اکسیر = Alchemy
- علم کیمیا = Chemistry
- علم اخلاقیات = Ethics
- علم حرکت = Dynamics

- علم ہیئت =Astrophysics
- علم موسمیات=Meteorology
- علم سلوک =Mysticism
- علم حشریات=Entomology
- علم حیوانات=Zoology
- علم ارضیات=Geology
- علم معدنیات=Minerology
- علم لوگارثمات=Logaritham
- علم الاعداد=Numberology
- علم وبائیات=Epidemology
- علم نباتات=Botany
- علم جغرافیہ=Geography
- علم زائچہ وزائرچہ=Horoscopology
- علم صوتیات=Phonetic
- علم ادویات=Pharmacy
- علم مربعات=Squarology
- اقلیدس=Euclid
- علم تکسیر=Arthmetic
- علم رمل= Augury
- علم حکمت=Reasoning
- علم جنسیات=Temperament of science وغیرہ وغیرہ

امام احمد رضا محقق بریلوی کی عبقری شخصیت پر ملت اسلامیہ کا ہر فرد فخر کرسکتا ہے بلکہ اس عظیم ملک بھارت کا سر بھی آپ کی ستودہ صفات شخصیت کی وجہ سے بلند ہے کہ ایسا جامع الکمالات فرد اس دھرتی کا سپوت ہے۔ امام احمد رضا محقق بریلوی علیہ الرحمۃ والرضوان کو سمجھنے کے لیے علم ودانش کے ساتھ ساتھ وسیع النظری اور بالغ الفکری درکار ہے۔ وہ علوم وفنون جن پر جمود وتغافل کے دبیز پردے پڑ چکے تھے، جن سے استفادہ کرنا تو درکنار ان علوم وفنون سے تجاہل عارفانہ کا سلوک عرصۂ دراز سے ہو رہا تھا اور ان علوم وفنون کو ان کی سنگلاخی کی وجہ سے مایوس ہوکر فراموش کر دیا گیا تھا، ان علوم وفنون میں آپ نے جدید قوانین، اصول اور ضوابط کے وہ لہلہاتے گل کھلائے کہ آنے والی نسل ہمیشہ آپ کی مرہون منت رہے گی۔

بے شک امام احمد رضا محقق بریلوی ایک مذہبی پیشوا تھے، عالم تھے، محدث تھے، فاضل تھے، مفسر تھے،

محقق تھے، ادیب تھے، فقیہہ تھے، حافظ تھے، مجدد تھے، ان وجوہات کی بناء پر اسلامیات میں آپ کا ماہر ہونا لازمی اور ضروری تھا۔ قرآن و حدیث آپ کے خاص عنوان و موضوع (Subject) تھے۔ لیکن دیگر دنیوی علوم وفنون جو عام طور سے کالجوں اور یونیورسٹیوں تک محدود ہیں اور مذہبی ذہنیت رکھنے والے اکثر و بیشتر لوگوں کو ان علوم وفنون سے دور کا واسطہ تک نہیں ہوتا۔ ایسے علوم وفنون میں امام احمد رضا محقق بریلوی علیہ الرحمۃ والرضوان نے علم وعرفان کے ایسے دریا بہائے ہیں کہ ہر ایک کو اس میں چار و نا چار غوطہ زن ہونا پڑتا ہے۔

امام احمد رضا محقق بریلوی علیہ الرحمۃ والرضوان ۲۱۵ ر علوم وفنون میں مہارت رکھتے تھے، یہ راقم الحروف کا صرف دعویٰ نہیں بلکہ دلیل کے ساتھ ثابت کر دیا ہے۔ راقم الحروف کی تصنیف "**خزینۃ العلم فی تصانیف المجدد الاعظم**" جو تقریباً پندرہ سو (۱۵۰۰) صفحات پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں امام احمد رضا محقق بریلوی کے ان ۲۱۵ ر علوم وفنون میں مہارت تامہ کا بیان، نیز آپ نے ان علوم وفنون کے تعلق سے اپنی کس تصنیف میں بحث کی ہے، اس کی تفصیل ملاحظہ فرما کر یقیناً آپ انگشت بدنداں ہو جائیں گے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان علوم وفنون میں آپ کی مہارت کا جب یہ عالم ہے، تو قرآن و حدیث وفقہ جو آپ کے خاص عنوان و موضوع (Subject) تھے۔ ان میں آپ کی مہارت کا کیا عالم ہوگا؟

الختصر! امام احمد رضا محقق بریلوی نے منصب مجددیت کی شایان شان خدمت دین میں جو سعی بلیغ فرمائی ہے، اس کی نظیر نہیں۔ خصوصاً ملت اسلامیہ کے بھولے بھالے مسلمانوں کے ایمان وعقائد و اعمال کے تحفظ اور اصلاح کے سلسلہ میں آپ نے جو قلمی خدمات انجام دی ہے وہ فقید المثال ہے۔

اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت شان رفیع کا پرچم بلند کرنے کے لیے آپ نے نادر زمن جو رشحات قلم صفحۂ قرطاس پر منقش فرمائے ہیں، وہ ملت کے لیے عظیم سرمایۂ ایمان ہیں۔ اور جو محبت وعقیدت کے گلہائے تر و تازہ سے گلستان قلب وجگر میں رنگت و مہک بسائی ہے، انھیں عہد خزاں کے تیز و تند

جھونکے بھی کسی قسم کی ضرر رسانی سے عاجز و قاصر رہیں گے۔ بارگاہ رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گستاخوں کے رد میں کلک رضا کی جولانیاں آج بھی اپنی آب و تاب کے ساتھ غالب و منصور کی حیثیت سے ایسی مسلط ہیں کہ مخالفین کو دم مارنے کی جگہ نہیں۔قرآن و حدیث سے غلط استدلال کر کے توہین رسول کا زہر اگلنے والے باطل گروہ کے رد میں آپ نے دلائل و براہین کی وہ بہتات جاری فرمائی کہ ایک صدی کا عرصہ گزر جانے کے بعد بھی دلائل رضا کا جواب دینے سے تمام فرقۂ باطلہ کے قلم کار مبہوت و ساکت ہیں۔ وہابی، دیوبندی جماعت کے مناظر آنجہانی مولوی عبد الوفا شاہجہاں پوری کا ایک قول یاد آتا ہے کہ انھوں نے کلک رضا کی جولانی کی تاب نہ لاتے ہوئے یہاں تک کہہ دیا تھا:

''مولانا احمد رضا بریلوی جب کسی معاملہ یا مسئلہ میں دلیل دینے پر آتے ہیں تو اتنی دلیلیں پیش کرتے ہیں کہ دلائل کا انبار لگا دیتے ہیں، ہم کہاں تک ان کی دلیلوں کا جواب دیں۔''

خیر! امام احمد رضا محقق بریلوی علیہ الرحمۃ والرضوان کی دلیلوں کا جواب دینے سے قاصر باطل گروہ نے عوام الناس کو مغالطہ دینے کی فاسد غرض سے یہ غلط پروپیگنڈہ برپا کر رکھا ہے کہ:

''مولانا احمد رضا نے مختلف اسلامی عناوین پر چاہے بہت کچھ لکھ ڈالا ہو لیکن انھوں نے سیرت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کچھ بھی نہیں لکھا۔''

حالاں کہ یہ ان کا بیجا واویلا ہے۔ دلائل کے میدان سے راہ فرار اختیار کرنے والے بزدلوں نے شرم سے ڈوب مرنے کے بجائے کیچڑ اچھالنے کا شیوہ اختیار کیا ہے۔

اگر ان افترا پردازوں میں ذرہ برابر بھی غیرت ایمانی ہوتی تو وہ اس حقیقت سے قطعاً روگردانی نہ کرتے کہ امام احمد رضا محقق بریلوی نے جو کچھ بھی لکھا ہے، چاہے وہ نظم و نثر ہو یا فقہ و تفسیر، وہ اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت ہی ہے۔ سیرت کا لغوی معنی وصف بیان کرنا ہے۔ آپ ذرا امام

احمد رضا محقق بریلوی کی تصانیف کا بنظر عمیق جائزہ لیں گے تو یہ حقیقت آفتاب نصف النہار کی طرح سامنے آجائے گی کہ امام احمد رضا کی زندگی کا ہر لمحہ اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصف بیان کرنے میں ہی بسر ہوا ہے۔ ولادت عظیمہ، خَلق جمیل، خُلق عظیم ، ایام طفلی کے فقید المثال حالات و واقعات، عالم شباب میں صادق الامین پزیرائی، معاشی، معاشرتی، تجارتی، سماجی، ازدواجی، رواجی، ثروتی، انفرادی، اجتماعی، قومی اور مذہبی زندگی، جسم اقدس کا حسن و جمال، اخلاق کریمہ، تواضع و انکساری، تحمل و بردباری، صبر و رضا، جود وسخا، عبادت و ریاضت، شجاعت و جواں مردی، اختیارات و تصرفات، معجزات و خرق عادات واقعات، علم ما کان و ما یکون، بے سایہ جسم اقدس، نوری بشریت، دوررس نگاہیں، مجاہدانہ زندگی، اعلائے کلمۃ الحق میں سعی بلیغ، بلاخوف لومۃ لائم حق گوئی، بالمومنین رءوف ورحیم کا وصف، اشد علی الکفار کی ہیبت، نصرت ورعب کا کمال، شان جلال و جمال کی رعنائیاں، ختم نبوت کا فضل، سید الانبیاء والمرسلین کا وصف، وحی خدا کی حامل لسان فیض ترجمان، کن کی کنجی والی زبان اقدس کی نافذ حکومت، سر عرش پر قدم ناز کا گزر، دل فرش پر نظر، کوئی ان سا ہوا نہ ہوگا کی بے مثالی وغیرہ اوصاف جلیلہ، رفیعہ، عالیہ، بالغہ، جمیلہ، ساطعہ، قاطعہ، قطعیہ، عظیمہ کے دل نشین بیان میں ارقام شدہ نادر زمن تصانیف اس بات کی شاہد عادل ہیں کہ حضرت رضا صرف اور صرف اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اوصاف میں ہی ہمہ وقت محو تھے۔

حضرت رضا کی تصانیف مثلاً: ♦ تجلی الیقین ♦ الامن و العلیٰ ♦ سلطنت مصطفیٰ ♦ الدولة المکیة ♦ اللؤلؤ المکنون ♦ اجلال جبرئیل ♦ فقه شهنشاه ♦ المجمل المدد ♦ برکات الامداد ♦ انوار الانتباه ♦ منیر العین ♦ حیات الموات ♦ شمول الاسلام ♦ الزهر الباسم ♦ اسماء الاربعین ♦ نهج السلامه ♦ بدر الانوار ♦ جزی الله عدوه ♦ جمان التاج ♦ شفاء الواله ♦ انباء المصطفیٰ ♦ ابراء المجنون ♦ ازاقة الاثام ♦ عروس مملکة الله ♦ خالص الاعتقاد ♦ سیف مصطفیٰ ♦ المبین ختم

النبیین ♦ العروس الاسماء الحسنیٰ ♦ ظفرا لدین المجید ♦ سمع و طاعة لاحادیث الشفاعة ♦ صلات الصفاء بنور المصطفیٰ ♦ مالی الجیب بعلوم الغیب ♦ المیلاد النبویة ♦ ازاحة العیب بسیف الغیب ♦ منبه المنیه ♦ النور والضیاء ♦ نطق الهلال بارخ ♦ نفی الفی ♦ هدی الحیران وغیرہ کتب سیرت النبی پر مشتمل نہیں تو پھر کیا ہیں؟

جیسا کہ ہم عرض کر چکے ہیں کہ سیرت کا لغوی معنی ہے وصف بیان کرنا، تو جب کسی کی سیرت لکھی جاتی ہے، تب اس امر کو خاص طور پر ملحوظ رکھا جاتا ہے کہ جس کی سیرت لکھی جا رہی ہے اس کی تعریف وتوصیف ہی بیان کی جائے، اگر سیرت نگار بجائے تعریف وتوصیف کے توہین وتنقیص کا پہلو اختیار کرے، تو اب اس کا لکھنا فضیلت بیان کرنا نہ رہا بلکہ فضیحت کا تذکرہ ہو گیا۔ ایسی مذموم سیرت نگاری سے لاکھ درجہ بہتر سکوت اختیاری ہے بلکہ واجب ہے۔ کیوں کہ اس صورت میں اس پر صرف یہی الزام لگے گا کہ اس نے سیرت کے تعلق سے کچھ نہیں لکھا۔ متہم اور گستاخ ہونے کا بدنما داغ اس کی جبیں پر ہرگز نہیں لگے گا۔

لیکن ہائے افسوس! امام احمد رضا محقق بریلوی علیہ الرحمۃ والرضوان نے اپنی زندگی کا ہر لمحہ صرف اور صرف اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت نگاری میں صرف فرمایا ہے پھر بھی مخالفین ہر وقت یہی سینہ کوبی کرتے ہیں کہ سیرت پر کچھ نہیں لکھا۔ ارے امام احمد رضا محقق بریلوی نے تن تنہا سیرت پر اتنا لکھا ہے کہ مخالفین کی پوری جماعت کے مصنفین نے مجموعی طور پر اس کا چوتھائی حصہ بھی نہیں لکھا۔

اور جو لکھا ہے...... وہ بھی!!!

ایسا گھناؤنا اور پھوہڑ ہے کہ اس سے لاکھ مرتبہ واجب یہ تھا کہ نہ لکھتے۔ سیرت نگاری کے بہانے بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بے ادبی اور گستاخی کرنے کا پہلو اختیار کیا گیا ہے۔ مثلاً:

جس کو وہابی، دیوبندی، تبلیغی جماعت کے متبعین، مایۂ ناز مناظر، مسلم امام اور حجۃ الاسلام جیسے القاب سے ملقب کرنے میں فخر محسوس کرتے ہیں، اس آنجہانی مولوی عبدالشکور کاکوروی، ناظم شعبہ اردو دارالعلوم دیوبند اور مدیر ماہنامہ ''النجم لکھنؤ'' نے ایک مختصر سا کتابچہ بنام ''مختصر سیرت نبویہ'' لکھا ہے۔ اس کے صفحہ نمبر ۲۲ کی عبارت لفظ بلفظ ہم یہاں نقل کرتے ہیں :

''لیکن باوجود ان محاسن عقلیہ کے محاسن شرعیہ سے آپ بالکل بے خبر تھے۔ محاسن شرعیہ کی اصل اصول یعنی ایمان باللہ کی حقیقت بھی آپ نہ جانتے تھے۔ قال اللہ تعالیٰ "ووجدک ضالا فھدی" و قال " ما کنت تدری ما الکتٰب و لا الایمان " و قال " ما کنت تعلمہ انت و لا قومک" یعنی اور پایا اس پروردگار نے آپ کو راہ سے بے خبر پس ہدایت کی اس نے آپ کو۔ نہیں جانتے تھے آپ کہ کیا چیز ہے کتاب خدا اور نہ جانتے تھے کہ ایمان باللہ کیا چیز ہے۔ نہیں جانتے تھے اس کو آپ اور نہ آپ کی قوم کے لوگ۔

اخلاقی محاسن کے تین جز ہیں۔ تہذیب اخلاق، تدبیر منزل، سیاست مدن۔ ان تینوں سے آپ قطعاً و اصلاً بے خبر تھے۔ جب آپ یہ بھی نہ جانتے تھے کہ کتاب الٰہی کیا چیز ہے اور ایمان کیا چیز ہے تو اور محاسن سے آپ کو کیوں کر آگاہی ہو سکتی ہے۔

کبھی کچھ ایسے کلمات آپ کی زبان سے صادر نہیں ہوئے، جس سے یہ معلوم ہوتا کہ آپ اپنے لیے اس مرتبہ عظمیٰ کی امید رکھتے ہیں جو چالیس برس کے بعد آپ کو عنایت ہوا۔''

(مختصر سیرت نبویہ، مصنف: مولوی عبدالشکور کاکوروی، مطبوعہ: عمدۃ المطابع برقی پریس، لکھنؤ۔ ص ۲۲)

مندرجہ بالا عبارت پر کچھ بھی تبصرہ نہ کرتے ہوئے صرف اتنا ہی کہنا ہے کہ اس عبارت میں وہابی، دیوبندی، تبلیغی جماعت کے پیشوا آنجہانی مولوی عبدالشکور کاکوروی نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی

صریح توہین کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

معاذ اللہ! ثم معاذ اللہ!

- آپ چالیس سال کی عمر تک ایمان باللہ کی حقیقت بھی نہ جانتے تھے۔
- آپ یہ بھی نہ جانتے تھے کہ اللہ کی کتاب یعنی قرآن کیا چیز ہے۔
- آپ یہ بھی نہ جانتے تھے کہ ایمان کیا چیز ہے۔
- آپ اپنے لیے مرتبہ عظمیٰ یعنی نبوت ملنے کی بھی امید نہ رکھتے تھے۔
- جب آپ ایمان، قرآن اور ایمان باللہ کی حقیقت سے ناواقف تھے، تو دیگر محاسن سے بھی آپ کو آگاہی نہ تھی۔
- آپ راہ حق سے بے خبر تھے۔ وغیرہ وغیرہ۔

صرف چونسٹھ (۶۴) صفحات پر مشتمل کتاب ''مختصر سیرت نبویہ'' لکھ کر مولوی عبدالشکور کاکوروی نے اپنے کو سیرت نگاروں کی جماعت میں شامل کرانے کی سعی بیجا کی ہے۔ یعنی بالفاظ دیگر ناخن کٹوا کر سر کٹانے والوں (شہداء) کی فہرست میں نام درج کرانے کی کوشش کی ہے۔ اور اس پر طرہ یہ ہے کہ سیرت نگاری کا اصل مقصد وصف بیان کرنے کے بجائے جرح وقدح سے کام لیا ہے۔ ایسی غیر ایمانی اور ناقابل برداشت عبارت لکھنے پر نادم وشرمندہ ہونے کے بجائے الٹا ان وہابیوں، دیوبندیوں نے امام احمد رضا محقق بریلوی کے خلاف ''سیرت پر کچھ نہ لکھا'' کا واویلا مچایا۔ ان میں اگر ذرہ برابر بھی غیرت ایمانی ہوتی تو چلو بھر پانی میں ڈوب مرتے۔

ارے امام احمد رضا محقق بریلوی علیہ الرحمۃ والرضوان کی زندگی کا ہر لمحہ اپنے آقا ومولیٰ صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت نگاری کے ذریعہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت، رفعت، وقعت، الفت، محبت، شفقت، شان دیانت، امامت، رسالت، نبوت، معجزات، کرامات، نصرت، قدرت، شجاعت، ہمت، عبادات وریاضت، خدا سے خوف وخشیت، رحمت وجلالت، انسیت، وجاہت وشفاعت، ملکیت ومحبوبیت، آپ کا حسن و جمال، افصح البیانی کا کمال، دلکش چال ڈھال، آپ کے دربار کی چہل پہل، آپ کا حال وقال، ولادت ووصال، کرم وافضال، عطاو بذل، ذات میں بے مثل، صفات میں بے مثال، شان توکل، عنبری کاکل وغیرہ کا وصف بیان کرنے میں ہی بسر ہوا ہے۔ آپ کے رشحات قلم ...، وصف رسول و سیرت نبی کے وہ بیش بہا موتی زینت قرطاس بنے ہیں کہ جن کی چمک، دمک سے آنکھیں خیرہ ہو جاتی ہیں۔

نیز امام احمد رضا نے سیرت نگاری میں اس امر کا بھی خاص طور پر اہتمام والتزام فرمایا ہے کہ گستاخان رسول کے ذریعہ توہین رسول کے لگائے گئے مغیلان زہر آلود کی بیخ کنی بھی کی جائے۔ مثلاً: گستاخ رسول مولوی عبد الشکور کاکوروی کی رسوائے زمانہ کتاب کی مذکورہ عبارت کا رد امام احمد رضا نے صرف ایک حدیث سے فرمادیا، مسند امام احمد بن حنبل جلد۴، ص ۱۲۸۔ اور المستدرک للحاکم کتاب التاریخ ذکر اخبار سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، مطبوعہ دار الفکر، بیروت، جلد۲، ص۶۰۰ کے حوالے سے نقل فرمایا ہے کہ:

حدیث: احمد وحاکم وبیہقی وابن حبان نے حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

" انی مکتوب عند الله فی ام الکتاب خاتم النبیین و ان آدم لمنجدل فی طینته."

بے شک بالیقین میں اللہ کے حضور لوح محفوظ میں خاتم النبیین لکھا ہوا تھا اور ہنوز آدم اپنی مٹی میں تھے۔

(۱) جزی اللہ عدوہ بابا ءہ ختم النبوۃ ص ۳۸

(۲) فتاوی رضویہ (مترجم) مطبوعہ مرکز اہل سنت برکات رضا، پوبندر، جلد ۱۵، ص ۶۶۵

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس وقت بھی نبی تھے، جب کہ حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کی تخلیق ہو رہی تھی، تو ثابت ہوا کہ آپ پیدائش کے وقت بھی نبی تھے۔ اور جب آپ پیدائش کے وقت نبی تھے تو آپ ایمان باللہ اور کتاب اللہ سے یقیناً بے خبر نہ تھے۔ اور نہ ہی آپ راہ حق یعنی شریعت سے بھی بے خبر تھے۔

الحاصل! امام احمد رضا پر مخالفین کا یہ اعتراض کہ احمد رضا محقق بریلوی نے سیرت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تعلق سے کچھ نہیں لکھا، درحقیقت ایسا بے بنیاد واویلا ہے، جس کا سر ہے نہ پیر۔ امام احمد رضا محقق بریلوی نے سیرت کے تعلق سے مختلف عنوانات کے تحت انفرادی طور پر بہت کچھ لکھا ہے۔ مخالفین کے اس اعتراض کی قلعی کھولنے اور ان کے افتراء پردازی کی بدحواسی کا پردہ چاک کرنے میں صاحب تصانیف کثیرہ، عالم جلیل، فاضل نبیل، حضرت **علامہ ومولانا محمد عیسیٰ رضوی**، شیخ الحدیث جامعہ رضویہ مظہر العلوم، گرسہائے گنج، ضلع قنوج (یو پی) نے انتہا درجہ کی جد وجہد فرما کر تصانیف امام احمد رضا میں سیرت رسول یا سیرت رسول سے تعلق رکھنے والی بحثیں جو بکھرے ہوئے جواہر پاروں کی طرح تھیں، ان تمام ابحاث کو یکجا کر کے ایک عظیم کارنامہ انجام دیا ہے۔ اسی سلسلۃ الذہب کی ایک اہم کڑی، ان کی زیر نظر کتاب ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت'' صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔

زیر نظر کتاب کل چار ۴ ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے۔ تقریباً چار ہزار صفحات میں پھیلی ہوئی یہ تاریخی کتاب رضویات کے بے بہا خزانے میں یقیناً اضافہ کر رہی ہے اور اس کی افادیت صرف خواص تک محدود نہ رہتے ہوئے عوام المسلمین کے لیے بھی نفع بخش علمی سرمایہ ثابت ہوگی۔

فاضل مصنف حضرت علامہ محمد عیسیٰ رضوی صاحب ہماری جماعت کے ذوفنون عالم دین ہیں۔ جن کے قلم کی برق رفتاری اور معتبری کا اہل علم طبقہ معترف وقائل ہے۔ تلاش جزیہ، تحقیق حوالہ، رجوع الی الماخذ، وصول دلیل، اعتدال، دعویٰ استنباط واستخراج، سلاست موضوع، سلامت روی، صحت براہین، عام

فہم اور سلیس انداز بیان، گرفت عنوان، تقسیم ابواب، تعین فصل، معتمد و معتبر و مستند دلائل، رواں رواں جملے، الفاظ کی بندش، اظہار و اخفاء، لیاقت عرض و معروض، معنی و مطلب و مقصد و مراد کی وضاحت، صدق گوئی، اجتناب کذب، ترک متروک وغیر ثقہ روایات، تحقیق انیق، افہام و تفہیم کی جدت وندرت، سحر بیانی، شیریں لسانی وغیرہ اوصاف فاضل مصنف کی انوکھی شان ہیں۔ جن کا صحیح اندازہ زیر نظر کتاب ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت'' (ﷺ) کے مطالعہ سے آجائے گا۔

فاضل مصنف کی کئی معترکۃ الآراء تصانیف زیور طباعت سے آراستہ ہو کر منظر عام پر آچکی ہیں۔ جو مقبول عام وخاص ہو کر فیض رسانی کی باد بہار بن کر اہل ایمان کو مسرور کر رہی ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس ضخیم اور بیش بہا علمی سرمایہ کو کتاب کی شکل میں ناظرین کے ہاتھوں تک پہنچانے کی سعادت ہمیں حاصل ہو رہی ہے، بارگاہ خداوندی میں دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے محبوب اعظم واکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقہ و طفیل فاضل مصنف اور ہم کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اس کتاب کے نفع بخش نتائج سے ملت اسلامیہ کو بہرہ مند فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

مورخہ : ۵ر صفر المظفر ۱۴۲۷ھ
مطابق : ۶ر مارچ ۲۰۰۶ء
بروز : عید دوشنبہ

خانقاہ عالیہ برکاتیہ مارہرہ مقدسہ اور
خانقاہ رضویہ نوریہ بریلی شریف کا
ادنیٰ سوالی

عبدالستار ہمدانی ''مصروف'' برکاتی، نوری

تقریظ

از: بقیۃ السلف، استاذ العلماء حضرت علامہ مفتی سید محمد عارف صاحب رضوی (مدظلہ العالی)

نان پارہ، بہرائچ (یوپی)

پچھلی کئی دہائیوں میں مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ پر مختلف جہات اور متنوع انداز میں کام ہوا، علماء و محققین اور دانشوران ملت نے ان کی زندگی کے ان گوشوں کو دلائل وشواہد کی روشنی میں واضح و آشکارا کیا جو آج تک پردۂ خفا میں تھے، یا وہ عدم توجہی اور بے اعتنائی کے شکار تھے۔ امام احمد رضا بریلوی کی زندگی میں علم وفن کی وہ اعلیٰ تحقیقات اور نادر علمی خزائن موجود ہیں، جن پر کما حقہ کام کرنے کے لیے محققین کو نہ جانے اور کتنے سال لگیں گے، ان کی ہمہ گیریت کو منصۂ شہود پر لانا کسی ایک فرد، ایک شخص یا کسی کا تنہا کدوکاوش کرنا، جوئے تیر لانا یا دوپہر کے سورج کو چراغ دکھانا ہے۔ اس کے لیے کسی بڑے ادارے اور بڑی انجمن یا ایک دائرۃ المعارف کی ضرورت ہے کیوں کہ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے تن تنہا جو دینی وعلمی خدمات وکارہائے نمایاں انجام دیے ہیں وہ کسی ایک شخص کا کام نہیں ہے بلکہ وہ ایک بڑی سے بڑی تحریک وانجمن اور بڑے ادارے کا کام ہے، قلیل مدت میں ان کی تنہا دینی سرگرمیاں کسی ادارے کے برسوں کی خدمات وسرگرمیوں پر بھاری اور زیادہ ہیں۔

مگر حیرت ہے کہ آخر انھوں نے اکیلے اور تن تنہا اتنے ڈھیر سارے کام اور مختلف علوم وفنون پر تصانیف کے انبار کیسے لگا دیے؟ وہ کوئی مشین یا کمپیوٹر نہیں تھے بلکہ وہ ایک انسان تھے اس کے جواب میں ہمیں یہ برملا کہنا پڑے گا اور تسلیم کرنا پڑے گا کہ ان کی یہ خداداد کرامت تھی، ان پر اللہ عزوجل کا یہ خاص فضل واحسان تھا ''ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء'' (وہ جسے چاہتا ہے فضل عظیم عطا فرماتا ہے) ورنہ ایسے محیر العقول کارنامے انجام دینا کسی عام انسان کا کام نہیں اور کسی عام انسان کے بس کی بات نہیں، یا یہ کہا

جائے کہ وہ ایسے تھے جیسے ''چوں قلم دردست کاتب''یعنی بظاہر قلم تو امام احمد رضا بریلوی کے ہاتھ میں تھا،مگر درحقیقت لکھانے والا کوئی اور تھا، یا کسی مخفی قوت نے ان سے لکھوایا اور انھوں نے لکھا، زندگی بھر لکھتے رہے اور ایسا لکھا کہ عرب وعجم کے علماء وفضلاء کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔

وہ مجدد تھے شان تجدید کا تقاضا ہی یہ ہے کہ مردہ علوم یا مردہ سنتوں کو زندہ کیا جائے انہوں نے ان علوم وفنون سے دنیا کو آگاہ کیا جن سے اس زمانے کے بہت کم لوگ آشنا تھے، جن فنون پر ان کی خدمات وتصانیف موجود ہیں ان میں سے بیشتر ابھی تک ایسی ہیں جن کو ہاتھ تک نہ لگایا گیا تقریباً ایک صدی سے ان کے جن علمی گوشوں کو واضح وآشکارا کیا جارہا ہے وہ تو مروجہ علوم وفنون ہیں جنھیں عام لوگ سمجھ سکتے ہیں ورنہ ان تمام علمی وفنی تحقیقات کے جملہ گوشوں اور ہمہ گیر پہلوؤں کو کماحقہ اجاگر وظاہر کرنے کے لیے ایک دوسرے امام احمد رضا کی ضرورت ہے، ہوسکتا ہے کوئی شخص میری اس بات کو مبالغہ آرائی اور جزاف پر محمول کرنے کی کوشش کرے، مگر حقائق وشواہد کے اجالے میں سچائی یہی ہے، ان کی بعض مطبوعہ تصانیف کے بعض ابحاث کے مندرجات سے اس کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے، ان مباحث کو سمجھنے والے ہندوستان بھر میں انگلیوں پر گنے جانے والے چند افراد ہی موجود ہیں یہ تو معدودے چند مباحث کی بات ہے پھر کیا خیال ہے، ان تصانیف کے بارے میں جو پوری کی پوری ایسے ہی ابحاث وفنون پر مشتمل ہیں؟ ان تصانیف کا حل اور ان کا خلاصہ کون پیش کرسکتا ہے عقل وخرد کے پر وہاں جل اٹھتے ہیں جہاں پر امام احمد رضا کی بصیرت ودانائی محو پرواز ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ دنیا بھر کے علماء وافاضل ان کے معترف اور مداح نظر آتے ہیں۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی شخصیت اور ان کے علمی کارناموں سے متعلق اب تک جو اور جتنا کام ہوا ہے وہ انتہائی امید افزا اور خوش آئند اقدام ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہماری جماعت کے علماء ومحققین اور دانشوران ملت بیدار ہیں، جمود وتغافل کے دبیز پردے ہٹ گئے ہیں صبح امید کا اجالا پھیل چکا

ہے ذہن وخیال کے ظلمت کدوں میں حقائق وسچائیوں کا سورج طلوع ہو چکا ہے جس کی ضیاء پاشیوں سے علم وفضل کے وہ بلند وبالا مینار تعمیر ہوئے جن کی نور بار شعاعوں سے عالم اسلام کا گوشہ گوشہ جگمگا اٹھا اور عرب وعجم کا علمی حلقہ نور ونکہت میں ڈوب گیا۔

زیر نظر کتاب ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت'' صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (چار جلد) اسی سلسلۃ الذہب کی ایک اہم کڑی اور اس کا غیر معمولی حصہ ہے اس کتاب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی تصانیف سے چن چن کر ان تمام مضامین کو یکجا کر دیا گیا ہے جن کا تعلق سیرت الرسول یا اس سے متعلق کسی بھی بحث سے ہے اس کتاب کو میں نے چند مقامات سے دیکھا جس سے اندازہ ہوا کہ فاضل مولف میرے تلمیذ رشید عزیز گرامی حضرت مولانا محمد عیسیٰ صاحب رضوی قادری شیخ الحدیث الجامعۃ الرضویہ مظہر العلوم گرسہائے گنج ضلع قنوج نے انتہائی محنت وجاں فشانی اور عرق ریزی سے سیرت کا یہ مجموعہ تیار کیا ہے، عزیز موصوف کی یہ کاوش یقیناً سراہنے کے لائق ہے اور وہ پوری ملت کی طرف سے داد وتحسین اور مبارک باد کے مستحق ہیں ہماری جماعت کو ایسے مصنفین کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیئے، عزیز موصوف کی یہ عظیم خدمت وکارنامہ تاریخی حیثیت سے بھی یاد کیا جائے گا۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کے تعلق سے سیرت کی یہ کتاب اس اعتبار سے بھی اور زیادہ اہمیت کی حامل ہے کہ یہ غیروں کے اس اعتراض کا دنداں شکن اور مسکت جواب ہے کہ امام احمد رضا بریلوی نے اگرچہ ایک ہزار سے زائد کتابیں تصنیف کیں، مگر سیرت الرسول کے تعلق سے کچھ نہیں لکھا اگرچہ یہ اعتراض بے بنیاد اور لایعنی تھا مگر معترضین کی زبان دوزی کے لیے ہم اس کتاب کو فخر وانبساط کے ساتھ پیش کر سکتے ہیں۔

اور یہ کہ ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت'' صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیرت کی کتاب ہونے کی حیثیت سے ہماری جماعت اہل سنت کی اس کمی اور خلا کو بھی پورا کر دے گی، جس کا برسوں سے احساس تھا ہمارے یہاں

سیرت الرسول کے عنوان سے ایسی مبسوط اور ضخیم کتاب میرے خیال میں پہلی بار شائع ہوئی، اس اعتبار سے اگر دیکھا جائے تو اس کے مولف نے وہ کفارہ بھی ادا کر دیا جو پوری ملت پر برسوں سے قرض تھا، یقین جانیے تشنہ لبوں کے کام ودہن اس کتاب سے سیراب وشاد ماں ہو جائیں گے، ان کی تشنگی زائل و دور ہو جائے گی، انھیں پھر اس کمی اور مافات کا شکوہ نہ ہوگا۔

عزیز گرامی حضرت مولانا محمد عیسیٰ صاحب رضوی قادری ایک لائق و فائق فاضل ہیں درس نظامی پر مکمل عبور ومہارت رکھتے ہیں اس چھوٹی سی عمر میں ان کے علمی کارناموں اور خدمات کو دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ ان کے اندر ملت کا درد اور امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کا عشق ووارفتگی موجزن و موجود ہے یہ عشق وعقیدت ہی کی کارفرمائیاں ہیں ورنہ ایسی ضخیم ومبسوط کتاب لکھنے کی بہت ہی کم لوگ آج کل ہمت کرتے ہیں چوں کہ عقل وخرد کی منزل جہاں گم ہوتی ہے وہاں پر عشق ومحبت کی منزل کا پہلا زینہ ہوتا ہے۔

ہم کھلے دل سے اعتراف کرتے ہیں کہ قلیل مدت میں عزیز موصوف کی قلمی خدمات سے آپ کو حیرت بھی ہوگی اور فرحت وشادمانی بھی، تصنیف وتالیف کی شکل میں زیر نظر کتاب ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت'' صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علاوہ ان کے دیگر قلمی شاہکار یہ ہیں۔

(۱) ''امام احمد رضا اور علم حدیث'' (پانچ جلد) تین جلدیں مطبوعہ، دو جلدیں زیر طبع۔

اس کتاب میں تصانیف امام احمد رضا بریلوی سے منتشر احادیث کریمہ کو یکجا ومجتمع کیا گیا ہے اور خوبی کی بات یہ ہے کہ احادیث کو اصل کتابوں کے حوالوں سے مزین وآراستہ بھی کر دیا گیا ہے۔

یہ کتاب بھی غیروں کی اس ہرزہ سرائی کا جواب ہے کہ امام احمد رضا بریلوی علم حدیث میں کم مایہ تھے، حالاں کہ ان کی حدیث دانی کا عالم یہ ہے کہ ایک ایک مسئلہ کو ثابت وواضح کرنے کے لیے

سوسواحادیث پیش کرتے ہیں اور کبھی کبھی یہ تعداد تین سوتک پہنچ جاتی ہے، جب کہ حدیث کی کسی بھی کتاب میں ایک مسئلہ سے متعلق اتنی حدیثیں یکجا نہیں ملیں گی، یہ کتاب امام احمد رضا بریلوی کی علم حدیث پر مہارت وحذاقت اور ان کی وسعت معلومات کی بین دلیل اور واضح ثبوت ہے۔

(۲) ''تعارف تصانیف امام احمد رضا'' (دوجلد) جلد اول مطبوع، جلد دوم غیر مطبوع۔

اس کتاب میں تصانیف رضا کا تعارف وتجزیہ پیش کیا گیا ہے جس سے قاری کو معلوم ہو جاتا ہے کہ ان کی فلاں کتاب یا فلاں رسالے میں کس مسئلہ پر گفتگو کی گئی ہے، اس کا موضوع کیا ہے، وہ کب اور کس سوال کے جواب میں لکھا گیا، مابہ الامتیاز اس کی خصوصیات کیا ہیں۔

(۳) علوم القرآن، ترجمہ''انباء الحی ان کلامه المصون تبیانا لکل شیء''(زیر طبع)

جس زمانے میں ''الدولة المکیة'' کی گونج عرب وعجم میں سنائی دی اس کے بعد ہی ''الدولة المکیة'' کی ایک بحث سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے ''انباء الحی'' تصنیف کی جو ایک مستقل حاشیہ کی حیثیت سے ہندو پاک سے شائع ہوا۔ مولانا محمد عیسیٰ صاحب نے اس کا سلیس اردو میں ترجمہ کیا جس کی ضرورت شدت سے محسوس کی جارہی تھی، اصل کتاب تقریباً پانچ سو صفحات پر مشتمل ہے، اور یہ کتاب انتہائی معلومات افزا ہے اس میں یہی ثابت کیا گیا ہے کہ قرآن عظیم میں جو علوم و معارف موجود ہیں، وہ سب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاصل ہیں۔

(۴) عظمت قرآن، ترجمہ''انوار المنان فی توحید القرآن''(غیر مطبوع)

یہ کتاب مسئلہ خلق قرآن سے متعلق ہے کہ قرآن عظیم کلام اللہ ہے مخلوق نہیں ہے کلام اللہ صفت قدیمہ ازلیہ ہے حادث ونو پید نہیں ہے اسے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے رسالہ'' الکشف

شافیا فی حکم فونو جرافیا '' کی تصنیف کے دوران میں ایک ضمنی مسئلہ کی تحقیق میں تحریر فرمایا، اصل کتاب ۳۲ صفحات پر مشتمل ہے۔

(۵) ''فیضان اعلیٰ حضرت'' (زیر ترتیب)

یہ کتاب عقائد و اعمال کی اصلاح و تربیت اور مراسم اہل سنت پر ایک گراں قدر اور عظیم کاوش ہے خاص بات یہ ہے کہ اس کے تمام مضامین امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی تصانیف و فتاوے ہی سے ماخوذ و مستخرج ہیں مولانا موصوف نے مجھ سے بتایا کہ یہ کتاب ایک ضخیم جلد میں ہوگی اسے مساجد و مجالس میں سنایا جا سکے گا، کیوں کہ اس کتاب میں احادیث نبویہ، مسائل شرعیہ، عقائد حقہ، پند و نصائح، مواعظ و امثال اور حکایات اولیاء وغیرہ مفید و معلومات انگیز باتوں کو عام فہم اور سلیس انداز میں پیش کیا گیا ہے اس کا بیشتر کام ہو چکا ہے تاہنوز اس کا سلسلہ جاری ہے۔

اخیر میں ہم مخلص گرامی حضرت مولانا عبدالستار صاحب ہمدانی برکاتی رضوی کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہیں کہ انھوں نے زیر نظر کتاب ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت'' صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بارگراں اٹھایا اور اس کی طباعت و اشاعت میں خلوص دل سے حصہ لیا، یہ مولانا ہمدانی کے خلوص وللّٰہیت اور امام احمد رضا سے ان کے عشق و عقیدت کا آئینہ دار ہے، میری معلومات میں انھوں نے ادارہ ''مرکز اہل سنت برکات رضا'' قائم کر کے ایک عظیم دینی کارنامہ انجام دیا جس کے حوالے سے اب تک کافی کتابیں قوم کی میز پر پہنچ چکی ہیں۔ خصوصاً امام احمد رضا بریلوی کے تعلق سے اس ادارہ سے جو کام ہوا ہے وہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے، مجھے امید ہے کہ مستقبل کا مورخ ان کے عظیم و جلیل کارناموں کو فراموش نہیں کرے گا بلکہ انھیں وہ اپنی تاریخ کا پہلا باب اور جزء اول قرار دے گا۔

حضرت مولانا عبدالستار ہمدانی صاحب ہماری ملت کے ایک جیالے فرزند ہیں وہ ایک عظیم

مصنف بھی ہیں اور ایک جلیل القدر مورخ بھی، وہ بے پناہ مصروف زندگی گزارتے ہیں اس کے باوجود وہ بذات خود مختلف زبانوں میں سو سے زائد کتابوں کے مصنف بھی ہیں، اللہ تعالیٰ نے انھیں شعور وادراک کی منزل سے ہمکنار کیا ہے، انھیں سوچنے سمجھنے کی صلاحیت عطا کی ہے، مولی تعالیٰ انھیں عمر خضر عطا فرمائے اور ان کے ادارے کو شب وروز کی ترقیوں سے مالا مال کردے، آمین۔

وما توفیقی الاباللہ علیہ توکلت والیہ انیب

سید محمد عارف رضوی

سابق شیخ الحدیث جامعہ منظر اسلام بریلی شریف

بانی جامعہ رضویہ سینیہ، نان پارہ

ضلع بہرائچ (یوپی)

یکم اگست ۲۰۰۵ء

● ...... ● ...... ●

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمۃ الکتاب

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا یحییٰ خذ الکتاب بقوۃ

اے یحییٰ کتاب مضبوط تھام (القرآن)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمۃ الکتاب

مکے کی شب دیجور میں جب صبح کا آفتاب ہدایت طلوع ہوا تو اس کی عنبر فشاں شعاعوں سے نہ صرف مکے کے ظلمت کدے روشن ومنور ہوئے بلکہ ریگ زار عرب کا ایک ایک ذرہ چمک اٹھا، اس کی نور بار کرنوں سے صرف عرب کی ظلمت وتاریکی کا فور وزائل نہیں ہوئی بلکہ کائنات کا گوشہ گوشہ جگمگا اٹھا، اس کے نور ونکہت سے عظمت انسانیت کے مقدر میں خوشبوؤں کا سویرا ہوا، آفتاب نبوت کی روشنی سے انسانوں کے ذہن ودماغ میں سرمدی اجالا پھیلا، گم گشتگان راہ کو منزل ہدایت کا نشان وسراغ ملا، مدتوں کے بھٹکے ہوئے فریب خوردہ انسان عرفان وایقان کے راستے پر گامزن ہوئے، بیقرار ومضطرب روحوں کو طمانیت وآسودگی حاصل ہوئی۔

جو اپنے ہاتھوں سے بنائے ہوئے خداؤں کے سامنے جھکنے کو زندگی کی معراج کمال سمجھتے تھے اس سے سرمو تجاوز وانحراف کرنے کو اپنے خاندان وقبیلے کی توہین وتذلیل سمجھتے تھے، جو لات وہبل کے پجاری تھے وہی شراب وشباب کے خوگر وعادی تھے، عصمت وعفت کا جنازہ انھیں بدمست پجاریوں کے ہاتھوں نکلتا تھا، انسانی وقار وعظمت انھیں کے ہاتھوں پامال ورسوا ہو رہی تھی، لاقانونیت ولادینیت کی دلدل وتاریکی میں پورا عرب بھٹک رہا تھا، کعبہ مقدسہ جو انبیاء ومرسلین کی سجدہ گاہ تھا وہاں مصنوعی خداؤں کا ہجوم وڈیرا جما ہوا تھا، کعبہ کی عظمت وتقدیس بتوں کی آلائش وگندگی سے مجروح ہو چکی تھی، ظلم وبربریت کی ہر طرف گرم بازاری تھی، ظالم وجابر انسانوں کی حکومت وحکمرانی تھی، جبر واستبداد کی زنجیروں میں انسان جکڑا ہوا تھا، مظلوموں کی آہ وبکا رحمت وغفران کے باب اجابت میں دستک دے رہی تھی۔

انسان پورے طور پر خدا فراموش ہو کر خود فراموش ہو چکا تھا، خدا کا یقین واعتقاد ایک تاریخی نظریہ

اور علم سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا تھا،لوگ صرف تاریخی طور پر یہ تسلیم کرتے تھے کہ اس عالم کو کسی زمانہ میں خدا نے پیدا کیا تھا و **لئن سالتھم من خلق السموات و الارض لیقولن اللہ** لیکن عملی زندگی کا کوئی ربط و تعلق اس سے باقی و موجود نہیں رہا تھا اور زندگی عملاً اس طرح گزر رہی تھی گویا خدا نہیں ہے یا ہے تو معاذ اللہ گوشہ نشیں و خلوت گزیں اور دوسروں کی خاطر سلطنت و حکومت سے دستبردار و مستعفی ہو چکا ہے، ساری زمین میں ارباب من دون اللہ کی عبادت و پرستش کا جال پھیلا ہوا تھا، کہیں بتوں کی پرستش تھی، کہیں قوم و نسل کی، کہیں ہوا و ہوس کی، کہیں بادشاہ و سلاطین کی اور کہیں احبار و رہبان (عالموں اور عابدوں) کی، انسان اپنی زندگی کا مقصد و مدعا اور اس کا مبداء و منتہیٰ فراموش کر چکا تھا اور زندگی کے صحیح مشاغل بھول کر تدریجی خودکشی و غلط مشاغل میں مصروف و منہمک تھا، ساری دنیا پر اک عالم خود فراموشی طاری و مسلط تھا، اہل حکومت و سطوت ظلم و جور، جبر و استبداد، مردم آزاری اور دولت ستانی میں مشغول تھے، امراء اپنے عیش و عشرت میں بدمست ہو رہے تھے، دنیا کے مہذب و متمدن ترین انسان وحشیوں کی طرح ایک دوسرے سے دست و گریباں اور برسر پیکار رہتے۔ پورے کرۂ ارض پر اس وقت اندھیرا چھایا ہوا تھا، انسانوں کی غلط کاریوں کی وجہ سے ایک عالم گیر ابتری و بدنظمی اور ہمہ گیر خرابی پھیلی ہوئی تھی۔

خالق کائنات کی رحمت و عنایت ملتفت و متوجہ ہوئی، کراہتے ہوئے انسانوں کو سہارا دینے اور سسکتی ہوئی انسانیت کو اوج کمال عطا کرنے کے لیے اس نے عرب ہی کے ایک معزز خاندان بنو ہاشم کا انتخاب کیا اسی مکرم خاندان کے ایک عظیم فرد حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب کے باوقار گھرانے میں جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پیدا فرمایا، تاکہ دنیا کو اس عذاب و ذلت سے نجات دیں، جس میں وہ صدیوں سے مبتلا تھی اور آخرت کے اس عذاب سے ڈرائیں جو پیش آنے والا ہے، تاریکیوں سے نکال کر خدا کی طاعت و بندگی میں داخل کر دیں اور بے راہ روی کی تمام زنجیریں اور بیڑیاں کاٹ دیں جن میں وہ جکڑے ہوئے تھے ان کے وجود مسعود نے عرب کی اخلاقی پستیوں کو عزت و وقار کا آسمان بنا دیا، ذلیل

ترین انسانوں کو عظمت و تمکنت کا کوہ گراں بنا دیا، جرائم پیشہ بدو اور صحرانشینوں کو عملی تربیت کی بنیاد پر دنیا کی مہذب قوموں کا حاکم و حکمران کر دیا، ظالم و جابر انسانوں کے پنجۂ استبداد کو موڑ دیا، مظلوموں کی فریاد رسی کی، بتوں کے سامنے جھکنے والے انسانوں کی جبین عقیدت کو خدائے واحد کی بارگاہ میں سجدوں کی لذتوں سے آشنا کر دیا، معبودان باطل کے پجاریوں کو خداشناس و خود آگاہ بنا دیا، کعبہ کا تقدس و وقار بحال کیا گیا، اس کی عظمت رفتہ کو دعائے ابراہیم علیہ السلام کا سہارا ملا، ضلالت و گمراہیوں کی تاریکیوں میں بھٹکنے والوں کے قلوب و اذہان میں نور ہدایت کا سویرا ہوا، ایقان و عرفان کی موج نسیم سے مدتوں کے بت کدے خانہائے خدا بن گئے، خود ساختہ خداؤں کی حکومت و حکمرانی کا زمانہ ختم ہوا، اختراعی رسوم و رواج کے دلدادہ لوگوں کو قانون الٰہی کا پابند بنایا گیا، مطلق العنان و خودسر انسانوں کی فرعونیت و طاغوتیت ضرب یداللّٰہی کے درد و کرب سے پاش پاش و ریزہ ریزہ ہوگئی، توحید کی گونج سے اصنام پرستوں اور بادیہ نشینوں کے تاریک دل جگمگانے لگے، پیاسی روحوں کو تسکین و قرار کا سامان ملا، حق کے متلاشی تعمیر حیات کا آشیانہ بنانے لگے۔

عرب کی درماندہ و پریشان حال قوم نے نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیغام امن و امان کو قبول و تسلیم کر لیا اور وہ ساری نعمتیں حاصل کیں جو اس پیغام کا لازمی نتیجہ ہیں۔ ان کی غلامی کی تمام زنجیریں اور بیڑیاں خود بخود کٹ گئیں، خدا کے آستانہ پر سر جھکا کر وہ دنیا کے تمام آستانوں سے بے نیاز ہو گئے، نہ نفس و ہوا کی عبادت و بندگی رہی نہ بادشاہوں اور حکومتوں کی غلامی کی، نہ جاہلانہ رسم و رواج اور معاشرت و سوسائٹی کی ظالمانہ بندشیں، نہ اپنی لائی ہوئی اور نہ دوسروں کی ڈالی ہوئی مصیبتیں، خداشناسی اور خدا کی عظمت و کبریائی کے علم نے دنیا کے مصنوعی خداؤں کی عظمت و وجود کا طلسم توڑ دیا۔

ذہن و فکر کا وہ انقلاب جو ایک خدا کو اپنا معبود حقیقی اور رب مان لینے سے پیش آیا، ان کی زندگی سراسر تبدیل ہوگئی، جو بہائم و درندہ صفت تھے وہ فرشتہ صفت انسان بن گئے، جو غارتگر اور رہزن وڈاکو تھے وہ

دوسروں کے جان و مال اور عزت و ناموس کے محافظ و پاسبان بن گئے، جو جانوروں کے پہلے اور پیچھے پانی پینے اور پلانے پر خون کی ندیاں بہادیتے تھے وہ دوسروں کی خاطر پیاسا مرجانا پسند کرنے لگے، جو اپنی آغوش محبت میں پلی ہوئی بچیوں کو اپنے ہاتھوں زمین میں دفن کر دیا کرتے تھے وہ دوسروں کی بچیوں کی پرورش کے لیے اپنی گودیں خالی کرنے لگے، جو دوسروں کے مال کو اپنا مال سمجھتے تھے وہ اپنا عزیز ترین وقیمتی مال بھی دوسروں کا مال سمجھنے لگے، جن کو دن کے اجالے میں لوگوں کا مال لوٹ لینے میں باک نہ تھا وہ رات کی تاریکی میں شاہ ایران کا تاج زریں جو لاکھوں روپئے کی مالیت کا تھا اپنے کمبل میں چھپا کر اپنے امیر کے پاس پہنچانے لگے۔

وہ سحاب رحمت جو عرب کے آسمان سے اٹھا وہ نور ونکہت کی پھوہار بنکر کائنات کے گوشے گوشے میں برسا، اس کے ایک ایک ذرے پر برسا جو انسانی دنیا کو حیات سرمدی کا مژدۂ جاں فزا دے گیا، اس کے دامن سے انوار وتجلیات کی وہ موسلا دھار بارشیں ہوئیں جن سے عالم کا چپہ چپہ بقعۂ نور بن گیا اور اس بارش رحمت کے فیض و برکت سے خزاں رسیدہ باغ زندگی میں بہار نو کی ہریالی وتازگی آگئی، نور یزدانی کا وہ پیکر جمیل جس کے فیض و برکت سے انسانوں کو علم وفضل، تہذیب وتمدن، اخوت ومساوات اور شعور وآگہی کا اجالا ملا، گم گشتگان منزل ہدایت وارشاد کی دولت سے مالا مال ہوگئے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

اس پیکر نوری میں آخر وہ کونسی قوت تھی جس کی بنیاد پر دنیا کے لوگ اس کے قدموں میں سمٹ آئے،، وہ کونسی طاقت تھی کہ دنیا کی بڑی بڑی حکومتیں اس کے تابع فرمان وزیر نگیں ہوگئیں، وہ کونسا کمال تھا کہ عقل وشعور کے پتلے، فصاحت وبلاغت کے دعویدار اس نبی امی کے سامنے حیران وبے زبان ہوگئے، ان کے اپنے دعوے میں وہ خود ہی الجھ کر رہ گئے، کیا اس نبی حجازی نے دولت وثروت کے نام پر لوگوں کو موم ونرم کیا؟ کیا حکومت و بادشاہت کا لالچ دے کر دنیا کو اپنے سے قریب کرنے کی کوشش کی؟ جب کہ وہ دریتیم

تھے وہ دولت وثروت کے مالک نہیں تھے نہ ان کے پاس بظاہر کوئی حکومت تھی نہ ان کی کوئی عظیم تجارت و جائداد تھی نہ کوئی دنیاوی سرمایہ تھا، دنیا کا دستور ہے کہ اگر کوئی حکومت دوسری حکومت کو تابع فرمان وغلام بنانا چاہتی ہے تو وہ طاقت وقوت کا بھی استعمال کرتی ہے اور بے دریغ مال ودولت بھی بہاتی ہے اور اس راہ میں جن اسباب و وسائل کی ضرورت پڑتی ہے، ان سب کا سہارا لیا جاتا ہے۔ دنیا کی تاریخ میں خود غرض انسانوں کا یہی حال رہا ہے۔ مگر وہاں تو ایسا کچھ نہ تھا نہ ملک گیری کی خواہش تھی، نہ حصول اقتدار کا جذبہ، ہاں اس پیغمبر انقلاب اور مسیحائے انسانیت کے اندر جو وصف وکمال جلوہ گر تھا وہ منصب نبوت ورسالت کے ساتھ حقانیت وصداقت، امانت ودیانت، طہارت و پاکیزگی، طاعت وریاضت، عبادت وبندگی، اخلاق و کردار، عصمت وعفت، زہد وتقویٰ، عقل کامل وادارک تام، غیرت وحمیت، شجاعت وبہادری، جوش وجذبہ، ہمت وحوصلہ، وقار وتمکنت، متانت وسنجیدگی، اخوت ومساوات، رحمت ورافت، ایثار وقربانی، محنت ولگن، خلوص وللّٰہیت، درد ومحبت، سوز وگداز، حسن وبانکپن، خوف وخشیت، عہد ووفا وغیرہ غرضیکہ ایک انسان کامل میں جو اوصاف وکمالات ہوتے ہیں وہ اس ذات ستودہ صفات پیغمبر کی زندگی میں بدرجۂ اتم موجود تھے، بلکہ دنیا نے اس اولوالعزم پیغمبر کی حیات اقدس سے یہ چیزیں بطور بھیک کے حاصل کیں اور دنیا کو جو ملا سب اسی محسن انسانیت کا صدقہ وعطیہ ہے۔ اقوام عالم کو زندگی کا جو شعور و وجدان ملا سب اسی انسان کامل کی عنایت ورحمت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دنیا نے نبی برحق کی صدائے حق پر لبیک کہا اور ان سچائیوں کے سامنے جھکنے پر مجبور ہوگئی۔ سچائی وہ حقیقت ہے جو قلوب واذہان کی مملکت فتح کر لیتی ہے۔ اس کی شمیم سے دلوں کے آفاق معطر وشاداب ہو جاتے ہیں۔

آمنہ کے لال نے مکہ کے مکینوں میں آنکھیں کھولیں۔ انھیں میں چالیس سالہ زندگی کے مختلف مراحل اس شان سے طے کیے کہ ان کا دامن عفت ماحول کے نشیب وفراز سے قطعاً داغدار نہ ہوا، نہ کسی کو کسی بات میں ان پر انگشت نمائی کا کبھی موقع ملا۔ وہ اس پراگندہ معاشرے کے تکدر وتعفن سے کلیۃً محفوظ ومامون

رہے، عصیان و گناہ کی کسی بات میں وہ کبھی شریک و سہیم نہ ہوئے۔ عالم یہ ہے کہ اس پر خطر ماحول میں وہ ''صادق و امین'' کے معزز لقب سے پکارے گئے۔ پورا عرب انھیں صادق و امین سمجھتا تھا، پوری آبادی کی امانتیں انھیں کے پاس رہا کرتی تھیں صرف امانت و دیانت ہی میں نہیں بلکہ ہر معاملے میں لوگ انھیں عدل و انصاف کے پیکر مجسم اور عہد و وفا کے علمبردار سمجھتے تھے، مگر اس سب کے باوجود جب فریضۂ رسالت کی ادائیگی کے لیے نبی آخرالزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صدائے توحید بلند کی، خدائے واحد کی عبادت و بندگی کی طرف بندگان خدا کو بلایا، اپنی نبوت و رسالت کا اعلان و اظہار کیا، ان کے معبودان باطل کی مذمت و برائی کی، ان کے اختراعی و مصنوعی خداؤں کی مخالفت کی اور ان پر نفرت و ملامت کا اظہار کیا تو وہ ایک دم برگشتہ و خفا ہو گئے ان کی عداوت و دشمنی میں انسانیت کے سارے رشتے ناطے توڑ دیئے گئے جن کی صداقت و راست بازی مشہور زمانہ تھی ان پر کذب و افتراء کے مکروہ و نازیبا حملے ہونے لگے، انھیں ساحر و جادوگر اور کاہن کہا جانے لگا۔ معاذ اللہ!۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ جو ہر معاملے میں صادق و امین تھے ان کی آواز پر مکے والے لبیک و سعدیک کہتے مگر انھوں نے اس محسن اعظم کی آواز پر آواز کسے، انھیں پاگل و مجنوں کہا گیا، ان کا معاشرتی بائیکاٹ و مقاطعہ کیا گیا، شعب ابی طالب میں انھیں محصور کر دیا گیا، انھیں طرح طرح کی ایذائیں دی گئیں، ان کے قتل کے درپے ہو گئے، ان کے راستے میں کانٹے بچھائے گئے، انھیں بے یار و مددگار تنہا چھوڑ دیا گیا، ہر ممکن کوشش کی گئی کہ انھیں اظہار حق سے باز رکھا جائے، خدائے واحد کا پیغام پہنچانے سے روک دیا جائے مگر جس کا حافظ و ناصر اس کا خالق و مالک ہو دنیا کی کوئی طاقت اس کا کچھ بگاڑ نہیں سکتی۔

فانوس بن کر جس کی حفاظت ہوا کرے
وہ شمع کیا بجھے جسے روشن خدا کرے

حق و صداقت کی بالادستی کی راہ میں کوئی باطل قوت حائل و مخل نہ ہو سکی۔ بعثت محمدی کے اثر و نفوذ

سے دلوں کی کائنات فتح ہوگئی اور آفاق کی وسعتوں میں پیغام محمدی کا شہرہ و چرچا ہونے لگا۔

آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری
گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام صبا تیرا

اہل مکہ کی ستم رسانیاں اس انتہا کو پہنچیں کہ محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنا وطن عزیز چھوڑنا پڑا، انھیں مکے کو خیر باد کہہ کر مدینے کو ہجرت کرنی پڑی، حضور کا وطن چھوڑنا یا ہجرت کرنا اگر چہ نوشتۂ تقدیر تھا، ازل ہی میں اس کا فیصلہ ہو چکا تھا، مگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہی وہ ہجرت ہے جو اشاعت اسلام کا سبب بنی، اسلام کی شوکت و سربلندی کا ذریعہ بنی اور اسلامی فتوحات کا فتح باب ہوا۔ اسلام کی پہلی جنگ، جنگ بدر میں مسلمانوں کی قلیل تعداد کے باوجود رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بے مثال کامیابی اسی ہجرت کی پہلی فتح ہے۔ کسے معلوم تھا کہ جو پیغمبر بے سروسامانی کے عالم میں گھر بار چھوڑ رہے ہیں وہ ایک دن فاتح مکہ کی حیثیت سے مکہ آئیں گے، کسے خبر تھی کہ جن لوگوں نے انھیں گھر چھوڑنے پر مجبور کیا تھا، انھیں قتل کی دھمکیاں دی تھیں وہی لوگ مجرم کی طرح ان کے سامنے دست بستہ کھڑے ہوں گے اور ان کے اشارۂ ابرو کے منتظر ہوں گے۔ تاریخ کی یہی سچائی ہے کہ پیغمبران عظام کو حق و صداقت کی راہ میں صعوبتیں برداشت کرنی پڑیں، دردناک اذیتوں کا سامنا کرنا پڑا مگر حق کی کرم فرمائیاں انھیں نفوس قدسیہ کے ساتھ رہیں، دنیا کو انھیں کی بدولت راہ حق نصیب ہوئی، کاروان انسانیت کو انھیں کے وجود سے ہدایت وارشاد کی روشنی ملی۔

حضرت آدم سے لے کر حضرت عیسیٰ تک اللہ تعالیٰ نے جتنے انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والسلام بھیجے انھیں مخصوص قبائل و مخصوص اقوام کی طرف محدود زمانہ کے لیے مبعوث فرمایا، ان کا دائرہ دعوت وارشاد مخصوص تھا، ان کا حلقۂ تبلیغ و ہدایت عام نہ تھا، نبوت ورسالت کی جو گرانقدر ذمہ داریاں ان کو تفویض کی گئی تھیں وہ زمان و مکان اور خاندان وقبائل کی قیود سے محدود و مقید تھیں اس لیے انبیاء سابقین میں یکے بعد

دیگرے ان کے ورود و بعثت کا سلسلہ جاری و باقی رہا، لیکن اللہ رب العزت جل مجدہ نے جب اپنے محبوب رؤف ورحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس خاکدان گیتی پر بھیجا تو اپنی تمام مخلوقات کے لیے تا قیام قیامت ہادی ورہبر بنا کر مبعوث فرمایا، انھیں رسالت عامہ وکافہ عطائی فرمائی، وہ جملہ مخلوقات الٰہی کی طرف رسول بن کر آئے، ان کا پیغام رسالت قبیلہ وخاندان، نسل وقوم سے مخصوص نہ تھا نہ زمان ومکان کی حدود سے محدود تھا، اس لیے محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی داعیانہ ذمہ داریاں جملہ انبیاء سابقین سے کئی گنا زیادہ تھیں، وہ فضل وکمال، حسن وجمال، صوری محاسن ومعنوی خوبیاں جو اللہ تعالیٰ نے جملہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو انفرادی حیثیت سے عطا فرمائی تھیں ان تمام محاسن وخوبیوں کو پوری شان کمال کے ساتھ خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات اقدس میں جمع فرما دیا اور حسن وجمال کی جملہ دل کش اداؤں کا امین و محافظ بنا کر بھیجا۔

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

داعیان حق میں بڑے بڑے اولو العزم رسول بھی آئے جنھوں نے طویل زمانہ تک نبوت و رسالت کا فریضہ انجام دیا، اپنی اپنی قوموں کو بارگاہ خداوندی میں جھکانے کے لیے سعیٔ بلیغ فرمائی، انھیں عذاب آخرت سے ڈرایا، ایمان لانے پر انھیں جنت اور اس کی دائمی نعمتوں کا مژدہ سنایا، مگر ان کی قوم سرکشی وکجروی سے باز نہ آئی، اپنے نبی کے دامن رحمت سے لپٹ نہ سکی، نہ عمومی طور پر اپنے داعی کے قریب ہوئی، صرف مخصوص اور گنے چنے لوگ ہی نبی کے وفادار وفرمانبردار رہے اور انھیں ایمان وعرفان کی دولت نصیب ہوئی۔ ان پیغمبران عظام کو اپنی داعیانہ زندگی میں مدتوں کی محنت وجفاکشی سے وہ کامیابیاں نہ ملیں جو نبی آخرالزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ۲۳ رسال کی قلیل مدت میں ملیں انسانی تاریخ میں یہ ایک منفرد المثال اور حیرت انگیز کامیابی ہے۔ عالم یہ ہے کہ جب اللہ کے آخری نبی دنیا سے تشریف لے گئے تو اسلام اپنی آب

وتاب کے ساتھ عرب سے باہر نکل چکا تھا اور باطل وطاغوتی طاقت کے سینوں پر اپنی شوکت وسطوت کا جھنڈا نصب کر چکا تھا۔ فاران کی چوٹی سے جو نور یزدانی ہویدا ہوا تھا اس کی تابندہ ودرخشندہ شعاعوں سے شرق و غرب کے ظلمت کدے روشن ومنور ہو گئے اس کی چمک سے عظمت انسانیت کے وہ عظیم مینار تعمیر ہوئے جن کی بلندی مریخ وثریا تک پہنچی، نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہی وہ اعجازی کارنامہ ہے۔ اقوام عالم و کائنات ہستی میں جس کی مثال نہیں مل سکتی۔

پھر یہ کہ انبیاء سابقین کے وہ کارنامے اور واقعات جو قرآن عظیم میں مذکور ہوئے انھیں ابدی شہرت وعظمت ملی، ان کی صداقت وسچائی کو ٹھکرایا نہیں جا سکتا، لیکن وہ حقائق و یادگاریں جو دیگر آسمانی کتابوں اور صحیفوں میں مرقوم تھیں ان میں بے دریغ تحریف وترمیم کر دی گئی، ان کی صورت وحقیقت کو مسخ کر دیا گیا، دنیا ان حقائق سے آشنا نہ ہو سکی، ان پر دبیز پردہ ڈال دیا گیا، مگر اللہ کے آخری رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو ابدی وسرمدی پیغام لے کر آئے تھے وہ انفس وآفاق میں پہنچا، اس سے دلوں کی مملکتیں فتح ہوئیں اور اس پیغام ربانی کی برکتوں سے اہل ایمان کو غیر فانی تقویت ودوام حاصل ہوا، حق کو دبانے، سچائیوں کا گلا گھونٹنے اور اسلام ومسلمانوں کو مٹانے کی کوششوں میں دشمن کا کوئی حربہ کارگر وکامیاب نہ ہوا، دنیا نے ہر دور اور ہر قرن میں بڑی کوشش کی کہ اسلام کا روشن چراغ گل ہو جائے، اس کا نام ونشان صفحۂ ہستی سے مٹا دیا جائے، اسے ابدی نیند سلا دی جائے، مگر قرآن جس طرح کل ذریعۂ ہدایت تھا اسی طرح آج بھی وہ اپنے حسن وبانکپن اور معجزانہ کمال وداعیانہ طرز بیان کے ساتھ بھٹکے ہوئے انسانوں کو آواز دے رہا ہے۔ اس کا ابدی پیغام آفاق کی وسعتوں میں پھیل گیا، اس نے انسانوں کو انسانیت کی لافانی سوغات عطا کی، ذہن وفکر کو مہمیز دی، قلوب واذہان بدل دیے اور انسانوں کے لیے ترقیوں کے بے شمار راستے کھول دیے، ان کے جمود وتغافل کا سد باب کیا، خالق کائنات نے آمنہ کے لال کی شان جمال اور قرآن کے اعجازی کمال میں دوام واستمرار کی مہر ثبت کر دی، ان کی شوکت

وعظمت اوران کی صداقت وحقانیت کو ہر دور کے لیے سکۂ رائج الوقت قرار دیا ہے۔ جوں جوں کفر کی یلغار بڑھے گی قرآن کی شوکت وسچائی میں بالیدگی پیدا ہوگی، اس کے عجائب وحقائق آشکار ونمایاں ہوں گے اور کفر کی ظلمت وتاریکی کافور وزائل ہوگی۔ کفر ہزار کوشش، لاکھ جتن کرے مگر قرآن عظیم منزل من اللہ ہونے کی حیثیت سے باقی وقائم رہے گا اور انسانوں کو ایمان وعمل کا پیغام ودرس دیتا رہے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہر آنے والی گھڑی پچھلی گھڑی سے بہتر ہوگی۔ وللاخرۃ خیر لک من الاولیٰ۔

نور خدا ہے کفر کی حرکت پہ خندہ زن
پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

اس مرقع حسن وزیبائی کی مدح وستائش اور تعریف وتوصیف میں ازل سے ایک جہاں مصروف ہے اور تا ابد مصروف رہے گا پھر بھی اس پیکر جمیل کے ثنا خوانوں کو یہ احساس وخیال بے چین ومضطرب کرے گا کہ صد حیف! اپنے آقا وممدوح اور اپنے محبوب کی مدحت سرائی کا کما حقہ حق ادا نہ ہوسکا اور سچ یہ ہے کہ مخلوقات الٰہی میں کوئی اس پیکر حسن وجمال کی مدح وثنا کا حق ادا کر بھی نہیں سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت وحیات اور اسوۂ رسول پر صدہا ہزارہا کتابیں دنیا بھر کی مختلف زبانوں میں لکھی گئیں۔ حیرت یہ ہے کہ اپنوں کے ساتھ بے گانوں نے بھی بے شمار کتابیں لکھیں، حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زندگی اور نبوی کارناموں پر آج تک جتنی کتابیں عرصۂ وجود میں آئی ہیں اتنی کسی نبی، کسی داعی ومصلح اور دنیا کے کسی فاتح وسلطان کی حیات وخدمات پر نہیں لکھی گئیں، ان مصنفین ومؤلفین میں اعلیٰ پایہ کی وہ بے شمار جلیل القدر ہستیاں ہیں جنھوں نے رسول رحمت کے تذکرۂ جمیل کو بلند ونمایاں کرنے کے لیے اپنی قیمتی زندگیاں، اپنی علمی قوتیں، روحانی لطافتیں، اپنا مال وزر قربان کیا اور اس راہ کے معین ومددگار بے مثال اسباب ووسائل مہیا کیے اور جس عقیدت ووارفتگی سے رسول

ثقلین کے خدمات وکارناموں کو منصۂ شہود پر لایا گیا ہے کسی دوسرے کے بارے میں اس کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ عشاق نبوت نے اخلاق محمدی واسوۂ نبوی پر نثر ونظم میں انسانی دنیا کو جو پاکیزہ ادب عطا فرمایا ہے اس کی نظیر نہیں مل سکتی۔

زیر نظر کتاب ''**سیرت مصطفیٰ جان رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم**'' بھی اسی طرح کی ایک ادنیٰ کوشش ہے جسے میں اپنے نبی کی بارگاہ محبت میں اس یقین واذعان کے ساتھ پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہا ہوں کہ یہ میرے ایمان وعقیدت کا خراج ونذرانہ اور میرے لیے ذخیرۂ عقبیٰ وآخرت ہو۔ یہ کتاب سیرت الرسول کے ان مباحث ومضامین کا مجموعہ ہے جو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری بریلوی قدس سرہ کی صدہا تصانیف وتحقیقات میں جابجا پھیلے ہوئے ہیں، انھیں اس کتاب میں چن چن کر یکجا ومجتمع کردیا گیا ہے۔ اس میں جو کچھ ہے وہ امام احمد رضا ہی کے رشحات قلم کی نکتہ سنجیاں ہیں۔

سبب تالیف

کہا یہ جارہا ہے کہ امام احمد رضا بریلوی نے ایک ہزار سے زائد تصانیف یادگار چھوڑیں، پچاس سے زائد بلکہ جدید تحقیق کے مطابق سو سے زائد علوم وفنون پر ان کے آثار وباقیات اور تصانیف کثیرہ موجود ہیں، اتنا سب کچھ لکھنے کے باوجود انھوں نے ''سیرت الرسول'' کے نام پر کوئی کتاب نہیں لکھی، سیرت کے تعلق سے ان کی کوئی یادگار نہیں۔ مگر حیرت ہے کہ یہ اس امام عشق ومحبت کے بارے میں کہا گیا جس نے زندگی بھر ناموس رسالت پر لکھا، حضور کے اوصاف وکمالات اور محاسن وخوبیاں لکھیں، رسول اللہ کی عظمت وتقدیس لکھی، مصطفیٰ کا وقار واحترام لکھا، تاجدار عرب وعجم کی جلوت وخلوت لکھی، سرور کونین کی زندگی کے ایک ایک گوشے پر لکھا، صاحب قاب قوسین کی صبح وشام لکھی، محبوب رب ذوالجلال کی عبادت وریاضت لکھی، معاشرتی زندگی کے آداب واصول لکھے، پیغمبر انقلاب کا اسوۂ حسنہ لکھا، سرور انبیاء کے رزم وبزم کی

تاریخ لکھی، نبی برحق کے احکام وفرامین لکھے، آمنہ کے لال کی شوکت وعظمت لکھی، نبی مختار کا کمال واختیار لکھا، عالم ما کان وما یکون کے علوم ومعارف لکھے، انسان کامل کا جوہر حیات لکھا، صاحب خلق عظیم کے اخلاق وکردار لکھے، صاحب قرآن کی عائلی وعملی زندگی کے نمونے لکھے، سید عالم کی زندگی کے متعلقات و مبادیات اور حقائق ومعارف لکھے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وبارک وسلم۔

عاشق پاک باز نے یہ سب کچھ عشق رسالت کی رنگین جلووں میں لکھا، جو بھی لکھا اسے عشق نبی کے سانچے میں ڈھال کر لکھا، عشق محبوب کے آئینے میں لکھا، ان کی سطر سطر سے عشق رسول پھوٹا پڑتا ہے۔ عشق رسول ہی ان کی زندگی کا عظیم سرمایہ اور وہی ان کا سامان تسکین وتسلی تھا، چشم بینا امام عشق ومحبت کی تصانیف میں ان حسین جلووں کا نظارہ کرسکتی ہے اور دیکھ سکتی ہے کہ اس میں کتنی بڑی سچائی ہے۔ حقیقت یہی ہے کہ اس عاشق رسول نے زندگی بھر سیرت الرسول ہی کے ہمہ گیر پہلوؤں پر لکھا۔

مجدد اسلام امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کے بارے میں یہ بات مشہور ہے کہ وہ مجدد رسالت تھے ان کے تجدیدی کارناموں اور کاوشوں کا تعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت ورسالت سے ہے اور حقیقت بھی یہی ہے کہ انھوں نے زیادہ تر رسالت پر لکھا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات اقدس اور حضور کے اوصاف وکمالات پر لکھا، اسی طرح شیخ مجدد الف ثانی کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ مجدد توحید ووحدانیت تھے ان کے تجدیدی کارناموں سے توحید کے مقتضیات وحقائق سامنے آئے، مجدد الف ثانی نے جو لکھا وہ توحید پر لکھا، ان کا قلم چلا تو وحدانیت کے عقدے حل کیے، ان کے قلم نے توحید کا نغمہ گایا، انھوں نے راز وحدت واسرار الٰہیہ سے فرزندان توحید کو آگاہ وآشنا کیا۔ مجھے عرض یہ کرنی ہے کہ جب مجدد الف ثانی کے بارے میں اس حقیقت کو بلا چوں وچرا تسلیم کرلیا گیا کہ وہ مجدد وحدانیت تھے، انھوں نے توحید پر لکھا، وحدت ہی کی توضیح وتشہیر ان کے پیش نظر رہی۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے مکتوبات وحدۃ الوجود کے جلووں سے مالا مال ہیں۔ ان کی جو بھی تحریر سامنے آئی اس میں زیادہ تر وحدۃ الوجود ہی کی رنگ آمیزیاں

ہیں۔تو کیا مجدد ملت امام احمد رضا بریلوی کے بارے میں اس سچائی کو تسلیم و قبول نہیں کیا جا سکتا کہ وہ مجدد رسالت ہیں انھوں نے جولکھا وہ رسالت پر لکھا، اخلاق نبوت پرلکھا، سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہمہ گیر خدمات و کارنامے لکھے، عقیدۂ رسالت پر ہونے والے حملوں کا بھر پور دنداں شکن جواب دیا، شان اقدس میں نازیبا کلمات کہنے والوں کو ان کے کیفر کردار تک پہنچادیا، وہ مجدد رسالت ہیں انھوں نے عشق رسالت میں سرشار ہوکرلکھا۔

ہاں! یہ الگ بات ہے کہ امام احمد رضا بریلوی نے سیرت الرسول پر بالاستقلال نہیں لکھا۔ اگر وہ اس موضوع پر لکھتے تو کتب سیرت میں ان کی تصنیف کردہ کتاب کو ایک منفرد و امتیازی مقام حاصل ہوتا۔ گو کہ انھوں نے سیرت کے عنوان سے مستقل طور پر کوئی کتاب نہیں لکھی مگر ان کی صدہا تصانیف میں سیرت الرسول کے مبادیات و مضامین کی ایک حسین ورنگین دنیا آباد ہے۔ان کی تصانیف میں مدنی تاجدار کے لیل ونہار کی جلوہ ریزیاں ورعنائیاں موجود ہیں؛ اس بات کی صداقت وسچائی کا یقین آپ کو ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم'' (چار جلدوں) کے مطالعہ سے خود بخود ہو جائے گا اور یہ کتاب اس دعوے کی روشن دلیل اور واضح ثبوت ہے۔طلوع آفتاب کے بعد اس کا انکار کرنا عقل والوں کا کام نہیں، سپیدۂ سحر نمودار ہونے کے بعد اجالوں کا پھیل جانا ایک فطری ویقینی بات ہے۔

ایک مسموع روایت مشہور یہ ہے کہ امام احمد رضا بریلوی سے کسی صاحب دل نے گزارش کی کہ حضور اگر آپ سیرت الرسول پر ایک جامع کتاب لکھ دیتے تو بہت بہتر ہوتا اور اس کی حیثیت سیرت کے ایک انسائیکلوپیڈیا کی ہوتی۔امام احمد رضا بریلوی نے فرمایا کہ بات تو بہت اچھی اور کام نہایت حسین وعمدہ ہے مگر شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی ''مدارج النبوۃ'' کی موجودگی میں مجھے سیرت پر مستقل کتاب لکھنے کی ضرورت نہیں ہے، وہی کتاب سیرت الرسول پر نہایت جامع اور اہم کتاب ہے مجھے اتنی فرصت کہاں کہ آقائے نامدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صبح وشام اور حیات اقدس کی خلوت وجلوت کو تفصیل سے لکھ

سکوں۔ میں تو اپنے آقا کے در کا سگ اور ادنیٰ محافظ و پاسبان ہوں۔ ناموس رسالت پر چوطرفہ حملے ہو رہے ہیں، میں ان کا جواب دیتا ہوں، گستاخان رسول کی سرکوبی میرا نصب العین اور بارگاہ رسالت کی پاسبانی میرا دینی فریضہ ہے۔ کبھی علم غیب مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا انکار کیا جاتا ہے تو امام احمد رضا کا قلم دنیا کو الدولۃ المکیۃ، انباء الحی، انباء المصطفیٰ بحال سر واخفیٰ، خالص الاعتقاد وغیرہ عطا کرتا ہے، کبھی اختیارات مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منکرین کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی دنیا کے سامنے ''منیۃ اللبیب ان التشریع بید الحبیب'' پیش کرتے ہیں، کبھی حضور کی سیادت مطلقہ پر انکاری کلام کیا گیا تو امام احمد رضا بریلوی نے ''تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین'' پیش کی اور دنیا کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان سیادت وکمال اختیار اور غیب دانی کی حقیقت سے آگاہ و روشناس کرایا، ان کی اکثر تصانیف کا یہی حال ہے کہ وہ کسی نہ کسی سوال کے جواب میں لکھی گئیں اور بعض تصانیف میں سیرت الرسول کے منتخب پہلوؤں پر تفصیلی طور پر بحث کی گئی ہے اور ایک ایک موضوع پر الگ الگ مستقل کتاب لکھی گئی ہے، اگرچہ بعض تصانیف رد و ابطال اور دیگر علمی موضوعات پر بھی ہیں، مگر ان میں بھی سیرت الرسول کے کسی نہ کسی گوشے کو واضح کیا گیا ہے، توہین رسول کے مرتکبین کو ان کے کیفر کردار تک پہنچانے میں بھی امام احمد رضا نے سیرت کا سہارا لیا ہے۔ جن باتوں کا تعلق براہ راست حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اوصاف وکمالات سے ہے ان کا اگر کوئی انکار کرے تو کیا ان باتوں کا جواب دینا سیرت نویسی نہیں؟ کیا علم غیب مصطفیٰ کا ثبوت، اختیارات مصطفیٰ کا اثبات، سیادت مطلقہ کی وضاحت بعینہ سیرت کے موضوعات و مقتضیات نہیں ہیں؟ کیا سیرت کا اطلاق کسی اور مباحث پر ہوتا ہے؟

فرق باطلہ کے رد و ابطال کا تعلق اگرچہ سیرت کے موضوع سے نہیں مگر ناموس مصطفیٰ پر حملہ کیا جائے، حضور کے قرار واقعی مقام و منصب کا انکار کیا جائے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان و عظمت گھٹائی جائے، محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خداداد اختیارات وعلوم و معارف میں

تنقیص وتوہین کا پہلو تلاش کیا جائے تو ان باتوں کا جواب دینا اور فرقہائے باطلہ کی ضلالت وگمراہی کا پردہ چاک کرنا بعینہٖ سیرت نویسی اور فن سیرت ہے۔ کیا یہ بات نہیں ہے کہ جب حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ مشرکین کی ہجو اور لغویات کا جواب دیتے تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انتہائی مسرور وخوش ہوتے اور بذات خود اپنے دست مبارک سے مسجد نبوی میں ان کے لیے منبر بچھاتے اور فرماتے اے حسان! مشرکین کی خوب ہجو کرو، ان کی تنقیص وتحقیر میں کوئی کسر یا کوئی کمی باقی نہ رکھو اور جناب روح القدس کے ذریعہ سے ان کی تائید وحمایت ہوتی تھی، اس سے معلوم ہوا کہ شان رسالت میں نقص واہانت آمیز باتوں کا جواب دینا حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنت کریمہ ہے۔ اور یہ کہ حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ صرف کفار ومشرکین کی مذمت وبرائی بیان کرنے پر اکتفانہ کرتے بلکہ ساتھ میں حضور سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف وتوصیف کا نغمہ وگیت گاتے، حضور کے محاسن وکمالات ارشاد فرماتے، امام احمد رضا بریلوی نے سنت حسان پر عمل کرتے ہوئے جہاں پر گستاخان رسول کا رد بلیغ فرمایا، ان کی مذمت وبرائی بیان کی وہیں پر انھوں نے احمد مختار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقام ومنصب نبوت کی قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت کی اور زندگی بھر نبی کا گیت گایا۔

اس نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو اندازہ ہوگا کہ یہ وہ چیزیں ہیں جو فن سیرت سے خارج وجدا نہیں ہوسکتیں بلکہ اگر بنظر غائر ان کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ سب چیزیں سیرت کی جان اور اس کے لیے جزو لاینفک ہیں۔ سیرت کے مسلمہ پہلوؤں پر تو اپنوں کے ساتھ غیروں نے بھی طبع آزمائی کی اور بہت کچھ لکھا مگر شان اقدس میں معائب ونقائص تلاش کرنے والوں کے جواب میں ماضی قریب میں جس ممتاز ومنفرد ہستی نے لکھا وہ امام احمد رضا بریلوی کی ذات بابرکت ہے جس کی مثال کئی صدیوں میں بمشکل ملے گی۔

امام احمد رضا بریلوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وفادار وعاشق صادق تھے اگر کوئی

حضور کی شان رفیع میں نازیبا و روح فرسا کلمات کہتا یا مسلمہ بات کا انکار کرتا تو وہ بے چین و مضطرب ہو جاتے اور اس کے ازالہ کے لیے وہ ہر ممکن سعی و کوشش کرتے اور اس راہ میں تن من دھن کی بازی لگانے میں بھی دریغ نہیں فرماتے وہ اپنے کو بارگاہ رسالت کا محافظ و پاسبان سمجھتے، محبوب کردگار کے ناموس و عزت پر قربان ہو جانے کو اپنی زندگی کی عظیم سعادت و معراج کمال سمجھتے تھے اور امام احمد رضا بریلوی یہ چاہتے تھے کہ جس طرح حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مشرکین کی ہجو و برائی بیان کرنے سے حضور روحی فداہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسرور و شادماں ہوتے اسی طرح ان کا بے دینوں اور بدعقیدوں کو جواب دینے سے رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان سے خوش ہو جائیں۔

امام احمد رضا بریلوی ایک استفسار کے جواب میں فرماتے ہیں کہ مجھے عظمت رسالت کے منکرین سے کیا خوف بعض لوگ برملا فحش گالیاں دیتے ہیں، بعض خبثاء تو مغلظات سے بھرے ہوئے بیرنگ خطوط بھیجتے ہیں پھر ایک نہیں اللہ اعلم کتنے آتے ہیں۔ مجھے اس کی پرواہ نہیں، اس سے زیادہ میری ذات پر حملے کریں۔ میں تو شکر کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل نے مجھے دین حق کی سپر بنایا کہ جتنی دیر وہ مجھے کوستے، گالیاں دیتے، برا بھلا کہتے ہیں اتنی دیر اللہ و رسول جل وعلا و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین و تنقیص سے باز رہتے ہیں، ادھر سے کبھی اس کے جواب کا وہم بھی نہیں ہوتا اور نہ کچھ برا معلوم ہوتا ہے کہ ہماری عزت ان کی عزت پر نثار ہی ہونے کے لیے ہے بلکہ ان پر نثار ہونا ہی عزت ہے۔ قرآن عظیم میں ارشاد فرمایا:

و لتسمعن من الذین اشر کوا و الذین اوتوا الکتاب من قبلکم اذی کثیرا

البتہ تم مشرکوں اور اگلے کتابیوں سے بہت کچھ برا سنو گے۔

بڑے بڑے ائمہ و مجتہدین و صحابہ و تابعین تو مخالفین کے سب و شتم سے بچے نہیں، یہ در کنار، جب اللہ واحد قہار اور اس کے پیارے حبیب و محبوب احمد مختار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان گھٹانا چاہی، انھیں

عیب لگائے تو اور کوئی کس گنتی میں۔ (الملفوظ حصہ دوم)

اس اقتباس سے معلوم ہوا کہ ناموس رسالت کی حفاظت وصیانت ہی امام احمد رضا بریلوی کی تحریر و تقریر کا اولین مقصد و منصبی فریضہ ہے۔

جس طرح امام احمد رضا بریلوی سے سیرت الرسول پر کتاب لکھنے کی گزارش کی گئی تو عدم فرصت کا جواب دیا اسی طرح ان سے کسی نے یہ گزارش کی کہ حضور آپ نواسۂ رسول سید الشہداء حضرت امام حسین شہید گل گوں قبا رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور واقعات کربلا پر ایک کتاب قلم بند فرما دیں تا کہ وہ کتاب صحیح اور مستند واقعات و روایات پر مشتمل ہو اور ایک دستاویز کی حیثیت سے اسے ماخذ و مرجع قرار دیا جائے۔ امام احمد رضا نے فرمایا کہ امام عالی مقام اور واقعات کربلا لکھنے کی میرے قلم میں یارائے سخن کہاں! اسے اس خونچکاں داستان لکھنے کی تاب و طاقت نہیں، میرے ضبط و تحمل کی قوت جواب دے جائے گی، میرے صبر و شکیب کا پیمانہ لبریز ہو جائے گا اگر لکھنا شروع کروں تو آنسوؤں کی دھار قلم کی سیاہی کو دھو ڈالے گی، یہ اس امام فکر و نظر کا جواب ہے جس کا قلم ہر میدان میں اس شان سے چلا کہ علم و تحقیق کے سمندر بہا دیے، جس طرف توجہ ہوگئی غزالی و رازی کی یاد تازہ ہوگئی، پھر فرمایا کہ میرے منجھلے بھائی حسن میاں (مولانا حسن رضا بریلوی) کی کتاب ''آئینۂ قیامت'' کربلا کے صحیح اور مستند واقعات پر مشتمل ہے اسے پڑھی جائے۔

اسی ضمن میں امام احمد رضا بریلوی سے ایک سوال ہوا کہ۔

محرم کی مجالس میں جو مرثیہ خوانی وغیرہ ہوتی ہے سننا چاہیئے یا نہیں؟

اس کے جواب میں فرمایا:

مولانا شاہ عبد العزیز کی کتاب جو عربی میں ہے وہ یا حسن میاں مرحوم میرے بھائی کی کتاب ''آئینۂ قیامت'' میں صحیح روایات ہیں انھیں سننا چاہیئے، باقی غلط روایات کے پڑھنے سے نہ پڑھنا اور نہ

سننا بہتر ہے۔ (الملفوظ حصہ دوم)

زیر نظر کتاب ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت'' کے سبب تالیف کی گفتگو کافی طویل اور اصل واقعہ سے دور ہوگئی۔ دراصل بات یہ ہے کہ ''امام احمد رضا اور علم حدیث'' جلد چہارم کی کتابت کے دوران میں جب میں اس کا مقدمہ لکھ رہا تھا تو درمیان میں امام احمد رضا بریلوی کی سیرت نگاری سے متعلق کوئی بات آئی جس پر کئی صفحات لکھے گئے اور دلائل وشواہد سے ثابت کیا گیا کہ سیرت نویسی میں امام احمد رضا نے وافر وکثیر حصہ لیا ہے اور امام احمد رضا کی وہ تصانیف جو بظاہر بھی سیرت الرسول سے متعلق ہیں جن کے مضامین بعینہ سیرت کے مضامین ومباحث ہیں ان کی ایک فہرست درج کی اور ان کا خاکہ بھی پیش کیا گیا، خصوصاً سلام رضا، ''مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام'' جو منظوم سیرت الرسول کا گنج گراں مایہ ہے، جس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک ایک چیز اور حضور سے متعلق ہر بات کو حسین پیرایہ بیان میں خوبصورت الفاظ کا جامہ پہنایا گیا ہے۔ اس کے حوالے سے بھی کچھ لکھا گیا۔ مناسب تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس مضمون کو یہاں پر شامل وضم کر دیا جائے، مگر یہ سوچ کر کہ قارئین کرام اسے وہیں پر ملاحظہ فرمالیں گے اس لیے مکرر ذکر کرنے اور اس کے اعادہ کی حاجت نہیں، پھر یہ کہ جہاں پر حقائق وسچائیاں سامنے موجود ہوں وہاں پر کسی اشاریے اور خاکہ پیش کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

پھر جب میں ''امام احمد رضا اور علم حدیث'' جلد پنجم کی تالیف وترتیب اور اس کی کتابت کی پروف ریڈنگ سے فارغ ہوا تو خیال پیدا ہوا کہ کاش! تصانیف امام احمد رضا بریلوی سے احادیث کی طرح اگر سیرت الرسول کے مواد ومضامین کو یکجا ومجتمع کیا جاتا تو سیرت پر اک ضخیم ومعرکۃ الآراء کتاب وجود میں آتی اور سیرت کے تعلق سے امام احمد رضا بریلوی کی گرانقدر تحقیقات وافادات سے دنیا جہان کے لوگ مانوس وآگاہ ہوتے، حاشیۂ ذہن ودماغ میں بار بار یہ خیال گدگدی اور انگڑائیاں لیتا مگر یہ سوچ کر کہ یہ کام انتہائی اہم وصعوبت انگیز ہے، میری ہمت جواب دے جاتی اور میں مایوس وناامید ہو کر بیٹھ جاتا، مگر

میرے خیالات وہمت میں مقابلہ ہوتا رہا، میرے وجود میں اس کی کشمکش باقی رہی، میں اسی فکر وخیال میں مستغرق رہا آخر ایک دن ایسا وقت آیا کہ میں خالق کائنات کی قدرت کاملہ، محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رحمت عامہ اور غوث ورضا کی نظر عنایت والتفات پر وثوق واعتماد کے ساتھ قرطاس وقلم لے کر بیٹھ گیا، اور تصانیف امام احمد رضا کے چمن زار و گلشن تحقیق وتدقیق سے مضامین ومبادیات سیرت کے رنگا رنگ شاداب وعطر بیز پھول چننے میں مصروف ومنہمک ہوگیا، جس کے نتیجے میں یہ حسین وجمیل مشک بار گلدستہ آپ کی بارگاہ محبت میں پیش کرنے میں قلبی مسرت ودارین کی سعادت محسوس کررہا ہوں۔

یہ مجموعہ کئی سال کی محنت وکاوش اور مسلسل جدوجہد کا ثمرہ ہے، جو آپ اپنے ماتھے کی آنکھوں سے اپنے ہاتھوں میں دیکھ رہے ہیں۔ ہماری یہ کوشش کہاں تک کامیاب ہوئی اور اس کی حقیقت وسچائی کیا ہے؟ آپ کا ذوق لطیف اس کا فیصلہ کرسکتا ہے۔ اگر آپ نے اسے رغبت وپسندیدگی کی نظروں سے دیکھا تو مجھے امید ہے کہ یہ مجموعۂ سیرت بارگاہ رسالت میں بھی مقبول ومستجاب ہوگا، چوں کہ یہ اس عاشق صادق وعارف کامل کی تحریر وافادات ہیں جو محبت وعشق رسول کا پیکر مجسم ہے، جس کی علمی وعملی زندگی دنیا کو پیغام عشق ودرس محبت دیتی ہے۔

سیرت نگاری میں امام احمد رضا کا تفرد وامتیاز

اسلام کے دور اول سے لے کر آج تک ہر زمانے اور ہر قرن میں سیرت نویسی کا رواج رہا اور سعید روحوں نے اس پر طبع آزمائی کی۔ سیرت الرسول کے موضوع پر عربی، فارسی، اردو اور دنیا بھر کی مختلف زبانوں میں کتابیں تصنیف کی گئیں، فارسی اور اردو کے مقابلے میں عربی سیرت کی تصانیف زیادہ ہیں، پھر فارسی واردو اور دیگر زبانوں میں پائی جاتی ہیں۔ زبانوں کے اختلاف کے باوجود سب کا ماخذ ومرجع قرآن عظیم اور احادیث مبارکہ ہی ہیں۔ مختلف زبانوں میں جو کتب سیرت ہیں ان میں فرق وتفاوت تو ہے ہی مگر ایک زبان کی متعدد کتابوں میں بھی ہر ایک کتاب کا انداز بیان الگ اور حسن ترتیب جداگانہ ہے۔ میرے

سامنے اس وقت سیرت کی کئی کتابیں ہیں مگر ان پر نہ کوئی تبصرہ کرنے کا میرا ارادہ ہے نہ اس کی کوئی حاجت، البتہ مجھے صرف ''مدارج النبوۃ'' کے تعلق سے ایک دو باتوں کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے۔ اسے علامہ شمس بریلوی کے الفاظ میں ملاحظہ فرمائیں۔

''میری نظر میں حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی پہلے سیرت نگار ہیں جنھوں نے سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے ہر پہلو کو پیش کیا ہے اور آپ کی معاشرتی زندگی کے ہر رخ کو ضبط تحریر میں لایا ہے خصوصاً جلد دوم کے آخری ابواب یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اعمام، عمات، برادران رضاعی، جدات، خدام بارگاہ، موالی، محافظین، کاتبان وحی، سفراء وعمال، خطاط، موذنین، حدی خواناں اور شعرائے بارگاہ رسالت کے احوال میں تفحص اور ان کا استقصا قابل داد ہے۔ حضرت محدث دہلوی سے پہلے اس مہم کو کوئی دوسرا سیرت نگار سرنہیں کر سکا تھا۔ اسی کے ساتھ ساتھ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آلات حرب واسلحہ کا بھی ذکر فرمایا ہے۔ علم ہائے بارگاہ نبوی کی تحقیق بھی کی ہے، حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فروس وبغول (گھوڑے، خچر) نیز اثاث البیت کو بھی تفصیل سے بیان کیا ہے اس طرح آپ نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معاشرتی اور مدنی زندگی کے ہر پہلو کو کمال تحقیق کے ساتھ بیان کیا ہے، اور ان کے علمی کمال کا یہ پہلو سب سے زیادہ نمایاں ہے کہ انھوں نے سیرت نگاری سے فقہی مسائل کا استخراج کیا ہے جو ان کی بالغ نگاہی کی دلیل ہے۔'' (مقدمہ مدارج النبوۃ، مترجم جلد دوم)

انھیں نمایاں خوبیوں کے پیش نظر علماء وفضلاء اور محققین ودانشوران ملت نے ''مدارج النبوۃ'' کو انتہائی پسندیدگی کی نظروں سے دیکھا اور ماضی قریب کی کتب سیرت میں اسے ایک مخصوص وانفرادی مقام حاصل ہوا، اس کی وجہ یہی ہے کہ اس میں کمال جامعیت کے ساتھ سیرت کے مبادیات ومقتضیات کو احاطۂ تحریر میں لایا گیا ہے اور ہر باب کے تحت میں اس سے متعلق بیشتر روایات کو پیش کرنے کی ممکنہ کوشش وجستجو

کی گئی ہے اور جدت طرازی کا بھی بھرپور خیال رکھا گیا ہے شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی سیرت نویسی کا انفرادی ونمایاں پہلو یہی ہے۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی سیرت نگاری کا امتیازی وصف یہ ہے کہ انھوں نے سیرت کے مسلمہ پہلوؤں پر لکھنے کے ساتھ بعض ان موضوعات ؍مباحث پر تحقیق وتدقیق کے آئینے میں دل کھول کر لکھا سیرت کی کتابوں میں جن کا نام ونشان بھی نہیں۔ مصنفین سیرت نے ان مباحث کو ہاتھ بھی نہ لگایا، حالاں کہ ان مضامین وموضوعات کا ربط وتعلق بھی سیرت ہی سے ہے، بلکہ وہ اصل سیرت اور اس کی جان ہیں اور ان کا ماخذ ومرجع بھی قرآن مقدس واحادیث طیبہ ہی ہیں۔ مثلاً

- اختیارات مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
- عالم کی کنجیاں حضور کے سپرد ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
- حضور عالم کے لیے پناہ ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
- حضور نعمتیں عطا فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
- حضور دافع البلاء ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
- شہنشاہ کون ومکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
- حضور جان ومال کے مالک ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
- ندائے یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
- حضور کی سیادت مطلقہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
- اللہ ورسول کی طرف توبہ ورجوع جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
- نام پاک سن کر انگوٹھے چومنا وغیرہ۔

یہ وہ مضامین ہیں جن میں سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت وشوکت کا سمندر لہریں لے

رہا ہے اور اہل ایمان کے لیے احترام وتکریم رسالت کے ساتھ ان میں عشق ووفا کا ابدی پیغام بھی ہے۔ ذرا انصاف و دیانت سے بتایا جائے کہ کیا ان میں سے کوئی ایک مضمون بھی ایسا ہے جسے فن سیرت سے خارج کیا جاسکتا ہے؟ جو سیرت کے حقائق ومعارف اور اس کے مبادیات ومقتضیات کو پورا نہ کرتا ہو؟ یا یہ کہ اس کا تعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زندگی اور آپ کے اوصاف وکمالات سے نہ ہو؟

امام احمد رضا بریلوی کی تصانیف میں ان موضوعات کے مضامین تو جا بجا پھیلے ہوئے ہیں ہی، مگر ان میں سے بعض پر انھوں نے باضابطہ کتابیں بھی تصنیف کی ہیں اور ان مضامین کو مستقل کتاب کی شکل میں پیش کیا ہے۔ یہ امام احمد رضا بریلوی کا طرۂ امتیاز ہے کہ انھوں نے جب لکھنا شروع کیا تو ایک ایک موضوع پر دلائل وشواہد کے انبار لگا دیے اور اس کے کسی بھی گوشۂ تحقیق کو تشنۂ تکمیل و نامکمل نہیں چھوڑا، اس کے ہر نشیب وفراز پر نگاہ ڈالی اور اس کے تمام پیچ وخم کو سلجھایا، اس حیثیت سے اگر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ امام احمد رضا نے سیرت کی مستقل کتاب بھی لکھی اور فن سیرت کے مقتضیات کو پورا کیا۔ مذکورہ مضامین پر ان کی تحقیقات وتصانیف اس بات پر شاہد وناطق ہیں۔

اور یہ کہ جس طرح شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے سیرت نگاری سے فقہی احکام ومسائل کا استخراج کیا، سیرت کے گوشوں میں شرعی مسائل واضح کیے، اسی طرح امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے عقائد نگاری واحقاق حق، ابطال باطل اور بیان مسائل سے سیرت نویسی کا حسین وخوشگوار فریضہ انجام دیا، فقہی جزئیات وقوانین اور بیان عقائد واعمال کے ضمن میں انھوں نے سیرت نگاری کا حقیقی کردار ادا کیا، انھوں نے عقیدۂ توحید وعقیدۂ رسالت پر کتابیں تصنیف کیں اور فقہی احکام ومسائل بیان کیے مگر ان کی یہی تصانیف سیرت الرسول کا حسین وجمیل گلدستہ بن گئیں، یہ کوئی مبالغہ وجزاف نہیں بلکہ یہ ایک ایسی حقیقت وسچائی ہے جس کو ٹھکرایا نہیں جاسکتا۔ ان کی مطبوعہ وغیر مطبوعہ تصانیف کے مطالعہ سے شک وریب کا ازالہ ہوسکتا ہے۔

آج کے دور میں ''مدارج النبوۃ'' کو یہ خصوصیت وانفرادیت حاصل ہے کہ اس کے بعد سیرت پر جو بھی کتاب تحریر کی گئی اس کا ماخذ ومنبع ''مدارج النبوۃ'' ہی ہے کیوں کہ بعد والی کتابوں میں یہ ایک سنگ میل کی حیثیت سے ابھری اور فنی دستاویز کی حیثیت سے اس کا جائزہ لیا گیا اور یہ بعد کے مصنفین سیرت کے لیے مرکز نگاہ وقابل توجہ ہوگئی کیوں کہ اس میں سیرت الرسول کے تعلق سے ہر طرح کا جلال و جمال اور جملہ محاسن وخوبیاں موجود ہیں۔ اسی طرح امام احمد رضا بریلوی کی تصانیف سے سیرت الرسول کے منتشر مباحث ومتفرق مضامین کو یکجا ومجتمع کرنے کے بعد جب انھیں کتابی شکل دی گئی تو اس سے اندازہ ہوا کہ اس کا طرز استدلال، اسلوب تحقیق، انداز بیان، زبان وادا میں والہانہ عقیدت و وارفتگی وغیرہ سب کچھ مدارج النبوۃ ہی کی مانند وموافق ہیں، غرض کہ جو دلکشی ورعنائی مدارج النبوۃ کے دامن میں سمٹی ہوئی ہے وہ پورا حسن وتزئین ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم'' کے چمن زار میں بدرجۂ اتم واکمل طریقے پر موجود ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ یہ کتاب بھی مدارج النبوۃ کی مثل اور اسی کی ہم پایہ ہے تو بیجا نہ ہوگا۔ قارئین کرام کا ذوق مطالعہ اس بات کا فیصلہ کرسکتا ہے۔

ان معروضات وگزارشات سے میرا مطمح نظر ''مدارج النبوۃ'' اور زیر نظر کتاب ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم'' کے درمیان کوئی تقابلی جائزہ یا مطالعاتی تجزیہ پیش کرنا نہیں، بلکہ صرف یہ واضح وآشکارا کرنا مقصود ہے کہ امام احمد رضا بریلوی کے وہ افادات وتحقیقات جن کا تعلق سیرت نبویہ علیٰ صاحبہا التحیۃ والثناء سے ہے وہ جملہ ابواب سیرت پر جامع ومحیط ہیں۔ ان کی جمع وتدوین سے معلوم ہوتا ہے کہ امام احمد رضا بریلوی نے حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات اقدس کا ایک ایک گوشہ، حضور کی معاشرتی زندگی کی ایک ایک چیز اور حضور کے جملہ متعلقات کو کمال حسن وخوبی اور انتہائی حزم واحتیاط کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔

طرز تالیف

(۱) امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی جن تصانیف سے سیرت الرسول کے مضامین ومواد اخذ کیے گئے ہیں آخر میں ان کا حوالہ دے دیا گیا ہے خاص طور سے فتاویٰ رضویہ کے صفحہ نمبر اور جلد کی تعین کردی گئی ہے اس کے علاوہ دیگر تصانیف ورسائل کے حوالوں میں صرف ان کے نام پر اکتفاء کیا گیا ہے۔

(۲) ہر مضمون کے آغاز وابتداء میں امام احمد رضا کی تحریر نقل کرنے سے پہلے ''مدارج النبوۃ'' سیرت مصطفیٰ اور سیرت الرسول وغیرہ سے اس کا خلاصہ پیش کردیا گیا اور آخر میں لفظ مولف لکھ کر اس کتاب کا حوالہ دے دیا گیا ہے تاکہ معلوم ہو کہ یہ اضافی تحریر مولف کی پیوندکاری ہے، کیوں کہ امام احمد رضا کی تحریر سیرت کے تعلق سے مسلسل ومربوط نہیں یا بعض مضمون پر سیر حاصل وتشفی بخش نہیں اسی لیے ہر بحث کے شروع میں اس کا ماحصل وخلاصہ لکھ دیا گیا ہے، تاکہ قاری کو کوئی تشنگی باقی نہ رہے وہ ہر طرح سے مطمئن ہو جائے، ایسا ان تمام مضامین کے شروع میں کیا گیا ہے جن پر امام احمد رضا کی تحریر دستیاب ہوئی اور وہ عنوانات جن کے تحت میں ان کی کوئی تحقیق وتحریر مجھے نہیں ملی، انھیں بھی مختصراً بیچ بیچ میں کتب سیرت کے حوالے سے درج کردیا گیا ہے، تاکہ ہر طرح سے کتاب جامع ومکمل اور سیرت کے تمام مباحث پر مشتمل ہو اور کسی طرح کی کوئی کمی یا نقص کا شکوہ نہ رہے، لیکن ایسے مضامین بہت ہی کم ہیں جن پر امام احمد رضا کی کوئی تحریر میری نظر سے نہیں گزری۔ جس طرح ایک مالی گلستاں کے مختلف گوشوں کے رنگارنگ پھولوں سے کوئی ہار یا گلدستہ تیار کرتا ہے اسی طرح اس کتاب کے مضامین امام احمد رضا بریلوی کی مختلف تصانیف وافادات کی چمنستان سے جمع کیے گئے ہیں اور انھیں ایک لڑی میں پرویا گیا ہے اگرچہ عام کتابوں کی طرح اس کی تصنیف وتحریر عمل میں نہیں آئی مگر اس کے باوجود مجھے یقین ہے کہ اس کی ترتیب وتہذیب میں نہ کوئی فرق پڑا ہے نہ اس کی سلاست وروانی میں کوئی

جھول واقع ہوا ہے۔

(۳) تصانیف امام احمد رضا کے مختلف مقامات سے مواد یکجا و اکٹھا کرنے کی صورت میں جس مضمون کی تحریر آپس میں غیر مربوط یا غیر مسلسل محسوس ہوئی وہاں پر ضمنی سرخیوں کے ذریعہ سے اس کی اجنبیت اور فاصلہ کو دور کر دیا گیا ہے، ان سرخیوں سے متفرق عبارات کے درمیان ربط و تعلق پیدا ہو گیا ہے اور وہ آپس میں ایک دوسرے سے متعلق و یکجان ہو گئی ہیں، اور یہ وضاحت کر دی گئی ہے کہ یہ تحریر کسی سوال کے جواب میں مستقل ہے یا متفرق عبارات کے درمیان سے اخذ کی گئی ہے۔

(۴) سیرت سے متعلق امام احمد رضا بریلوی کی جملہ عبارات کو نقل کیا گیا ہے خواہ عربی، فارسی ہو یا اردو، البتہ وہ عربی و فارسی عبارات جن کا ترجمہ مصنف کے قلم سے مرقوم نہیں ان کا اردو میں ترجمہ کر دیا گیا ہے اور آخر میں لفظ ''مولف'' لکھ کر دونوں کے درمیان تفریق کر دی گئی ہے، تاکہ معلوم ہو کہ جس عبارت یا جس ترجمہ کے آخر میں لفظ ''مولف'' لکھا ہوا ہے وہ مولف و مرتب کی کاوش و کوشش ہے۔ پہلے خیال یہ تھا کہ عربی و فارسی عبارات نقل نہ کی جائیں صرف ان کے ترجمے ہی پر اکتفاء کیا جائے، لیکن اس خیال سے کہ امام احمد رضا بریلوی کی تحقیقات سے دنیا جہاں کو آشنا و آگاہ کرنا مقصود ہے، ہر طرح کی جملہ عبارتیں نقل کی گئیں اور اس سلسلے کی جو عبارت و تحریر بھی نظر سے گزری اسے قلم انداز نہیں کیا گیا، اس سے کتاب کچھ ضخیم ضرور ہو گئی مگر اس کا فائدہ یہ ہوا کہ سیرت الرسول کے تعلق سے امام احمد رضا بریلوی کی جملہ تحریر و تحقیق واضح و نمایاں ہو کر سامنے آ گئی۔

(۵) امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی تصانیف میں احادیث نبویہ علی صاحبہا التحیۃ والثناء کی ایک حسین و رنگین دنیا آباد ہے، انھیں احادیث سے استدلال و استخراج کا ملکہ راسخہ حاصل تھا، وہ اکثر احکام

ومسائل کے ثبوت وتحقیق میں احادیث کریمہ پیش کرتے تھے، کبھی ایک ایک مسئلہ کو ثابت وواضح کرنے کے لیے انھوں نے تین تین سو حدیثیں پیش کی ہیں (''امام احمد رضا اور علم حدیث'' کی پانچ جلدیں جو امام احمد رضا کی تصانیف سے ماخوذ حدیثوں کا مستند مجموعہ ہے، اس بات کی واضح دلیل ہیں) ان میں سے جن احادیث مبارکہ میں مصطفیٰ جان رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کسی فعل کا ذکر یا حضور سے متعلق کسی چیز کا تذکرہ ہے انھیں ضبط تحریر میں لایا گیا ہے یا صحابہ کرام کے وہ مرویات واقوال جن میں یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا کیا یا ایسا نہیں کیا یا حضور کو ایسا کرتے دیکھا گیا وغیرہ، ان کو بھی من وعن نقل کیا گیا ہے، کیوں کہ یہی احادیث وروایات سیرت الرسول کا منبع وسرچشمہ ہیں، انھیں کی بدولت ہمیں اسوۂ نبوی اور حضور کی صبح وشام دیکھنے کا موقع ملا اور سیرت کی کتابیں وجود میں آئیں۔ اگر احادیث کا ذخیرہ مدون ومجتمع نہ ہوتا تو ہمیں نہ احکام ومسائل معلوم ہوتے نہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی مبارک زندگی اور حضور سے متعلق چیزوں کے احوال وکوائف کا علم ہوتا۔ اہل اسلام پر یہ محدثین کرام وائمہ عظام کا عظیم وجلیل احسان ہے کہ انھوں نے تدوین حدیث کے ذریعہ سے وہ کارہائے نمایاں انجام دیے جن کی بدولت اسلامی تاریخ وروایات کا سلسلہ تسلسل وتواتر کے ساتھ ہم تک پہنچا، ورنہ ہم انبیاء ومرسلین، صحابہ وتابعین اور اسلاف واکابر کے احوال واقوال اور ان کی تاریخ وسیرت جاننے سے محروم وعاجز رہتے اور ہمارا ماضی ہم سے تاریک وپوشیدہ رہتا۔ احادیث کے ساتھ مضامین کی مناسبت سے کہیں کہیں دیگر باتیں بھی درج کی گئی ہیں جن کا تعلق سیرت نبویہ کے ضمن میں عقائد دینیہ یا مسائل شرعیہ سے ہے۔

(۶) دیگر تصانیف امام احمد رضا بریلوی سے اخذ مواد کے ساتھ ان کی نعتیہ دیوان ''حدائق بخشش'' سے بھی مضامین کی مناسبت سے بعض اشعار کو شامل کتاب کر دیا گیا ہے تا کہ امام احمد رضا

بریلوی کی نثر میں سیرت نگاری کے ساتھ نظم میں بیان کردہ حضور کے فضائل و محاسن بھی واضح طور پر سامنے آجائیں۔ یوں تو پورا دیوان ہی محبوب رب جلیل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت و مدح اور حضور کے فضل و کمال کے تذکرۂ جمیل سے مملو و مشحون ہے، مگر بعض مضمون کے آخر میں صرف ان اشعار کو ضم کیا گیا ہے جن میں ان مضامین وعنوانات سے متعلق صراحۃً کسی طرح کا کوئی ذکر موجود ہے جیسے قصیدۂ معراجیہ وقصیدۂ نور وغیرہ، ان میں سے ان مخصوص اشعار کا انتخاب کیا گیا ہے جن میں مثلاً معراج، براق، سدرہ، سیر سماوات یا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور وغیرہ کا صریح طور پر ذکر ہے ورنہ حق تو یہ تھا کہ پورا پورا قصیدہ نقل کیا جاتا، کیوں کہ ان قصائد کا ایک ایک حرف حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان جمال وحسن کمال کو بتاتا ہے۔لیکن کتاب کی مزید ضخامت کے خوف سے منتخب اشعار ہی کی نقل پر اکتفاء کیا گیا ہے۔

(۷) اس کے مضامین ومباحث کی ترتیب میں وہی انداز وطریقہ اختیار کیا گیا ہے جو عام کتب سیرت کا انداز ترتیب ہے جو واقعات وحالات جس سن میں وقوع پذیر ورونما ہوئے ان کو اسی ترتیب سے بیان کیا گیا ہے، تاکہ قاری کو الجھنوں اور مشکلات کا سامنا کرنا نہ پڑے، اور وہ مضامین جو محض امام احمد رضا بریلوی کی تحقیقات عالیہ ہیں انھیں بھی ماقبل ومابعد کی مناسبت سے بیچ بیچ میں شامل وضم کر دیا گیا ہے پھر بھی اس کے حسن ترتیب میں سلیقہ مندی کا فیصلہ قارئین کرام فرمائیں گے۔

(۸) شروع میں وہ صریح آیات قرآنیہ بطور تبرک پیش کی گئی ہیں جن میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اوصاف وکمالات کا واضح بیان موجود ہے۔ کنز الایمان سے ان کا ترجمہ کر دیا گیا ہے اور خزائن العرفان سے ان کی تفسیر وتوضیح بھی مختصراً پیش کی گئی ہے۔ ہر آیت کے آخر میں سورۃ اور

آیت نمبر کا حوالہ درج کر دیا گیا ہے۔

اس قسم کی تمام آیتوں کا استقصا و احاطہ کرنا تو میرے لیے ممکن نہیں، کیوں کہ شروع سے اخیر تک پورا قرآن ہی حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح وثنا کا مخزن ومرقع ہے، البتہ جہاں تک میری نظر قاصر کی رسائی ہوئی ان آیات کی اختصار کے ساتھ تفسیر وتشریح پیش کی گئی ہے، پھر یہ کہ کتاب کی ضخامت کا خوف ہر لمحہ دامن کشاں رہا، قلم روکنے کے باوجود یہ مضمون طویل ہو گیا اور درجنوں صفحات بھر گئے، مگر حق یہ کہ حق ادا نہ ہوا۔ جس پیکر جمیل کے حسن و جمال، فضل وکمال، رفتار و گفتار، اخلاق و کردار اور اس کے سراپائے اطہر کی تعریف وتوصیف خالق کائنات خود کر رہا ہو، مخلوقات میں سے کون اس کی شایان شان مدح وستائش کر سکتا ہے۔ کون کما حقہ اس کی تعریف وثنا کا حق ادا کر سکتا ہے۔

اے رضا خود صاحب قرآن ہے مداح حضور
تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی

●

لا یمکن الثناء کما کان حقہ
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

ہمارا تو حال یہ ہے:

ہزار بار بشویم دہن ز مشک و گلاب
ہنوز نام او گفتن کمال بے ادبی ست

(۹) آیات قرآنیہ کی طرح حصول برکت کے لیے بعض وہ احادیث بھی پیش کی گئی ہیں جن میں حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت و تقدیس، جلال و جمال اور حضور کے فضل وکمال کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر لہریں لے رہا ہے۔ جس محبوب مکرم کی بارگاہ عالی میں زمزمہ سنجی وثنا خوانی

کے لیے اہل ارادت واہل دل نے ہزاروں لاکھوں صفحات واوراق لکھے، اپنے عشق و وارفتگی اور والہانہ عقیدت مندی کا ثبوت دیا، حضور کے حسن و جمال اور حضور کے سراپائے اقدس کی تشریح و توضیح کی ان کا مبداء وماٗخذ بھی احادیث فضائل وشمائل ہی ہیں۔ حصول سعادت وغفران کے لیے انھیں احادیث میں سے بعض کی مختصر وضاحت کی گئی ہے اور حضور مصطفیٰ جان رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حلیہ اقدس کا نقشہ بھی حسین وجمیل انداز میں کھینچا گیا ہے۔ اس سے ہمارا مقصود محبوب جلیل کے ذکر جمیل سے اپنے کو اور کتاب کو مشرف ومکرم کرنا ہے۔

ما ان مدحت محمدا بمقالتی

لکن مدحت مقالتی بمحمد

تشکر وامتنان

آخر میں استاذی الکریم حضرت مولانا محمد صالح صاحب بریلوی شیخ الحدیث منظر اسلام بریلی شریف کا دل کی گہرائیوں سے شکر گزار ہوں، جنھوں نے اس راہ میں مجھے حوصلہ افزاء قیمتی مشورے دیے اور اپنی دعاؤں سے نوازا۔

محقق عصر حضرت علامہ محمد احمد صاحب مصباحی صدر المدرسین الجامعۃ الاشرفیہ مبارکپور کے حکم و ایماء پر اس کتاب میں ان مضامین کا کتب سیرت کے حوالے سے اضافہ کیا گیا جن کے متعلق امام احمد رضا بریلوی کی کوئی تحریر مجھے نہیں ملی، اگر ایسا نہ کیا جاتا تو یہ کتاب سیرت کے تمام عناوین ومباحث پر جامع ومحیط نہ ہوتی اس بات کی نشان دہی پر میں ان کا بے حد ممنون ہوں۔

فخر صحافت آبروئے لوح وقلم حضرت علامہ یاسین اختر صاحب مصباحی بانی ومہتمم دارالقلم دہلی کے مناسب واہم مشورے سے اس کتاب کا نام ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت'' تجویز کیا گیا۔ انھوں نے

فرمایا کہ سلام رضا ''مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام'' میں دنیا بھر میں امام احمد رضا بریلوی کو تفرد وامتیاز حاصل ہے کہ ایسا سلام نہ ان سے پہلے کسی نے لکھا اور نہ ان کے بعد، اس اعتبار سے کتاب کے نام سے اہل علم کا ذہن اس نکتہ کی طرف جا سکتا ہے کہ اس میں امام احمد رضا بریلوی کے تحریر فرمودہ مضامین سیرت اور ان کی جلوہ ریزیاں موجود ہیں۔ اس کے لیے میں ان کی بارگاہ محبت میں بھی ہدیۂ تشکر وامتنان پیش کرتا ہوں۔

افضل الفضلاء حضرت علامہ محمد حنیف خاں صاحب بریلوی و حضرت علامہ مفتی قاضی شہید عالم صاحب پورنوی مدرسین جامعہ نوریہ بریلی شریف بھی میرے لیے بے پناہ شکریہ کے مستحق ہیں کہ انھوں نے امام احمد رضا بریلوی کی کچھ نایاب وکم یاب اور کچھ مخطوطہ قلمی کتابیں مجھے فراہم کیں، جن سے میں نے اپنی اس تالیف کے لیے استفادہ کیا۔

عمدۃ المحققین حضرت علامہ عبد المبین صاحب نعمانی صدر المدرسین جامعہ قادریہ چریاکوٹ مئو کا بھی بے حد مشکور ہوں کہ انھوں نے مجھے اپنے مفید وزریں مشوروں سے نوازا اور میری حوصلہ افزائی فرمائی۔

اور میں فراموش نہیں کر سکتا محبّ گرامی شعلہ رخ حضرت مولانا غلام جابر صاحب شمس مصباحی پی ایچ ڈی کو جنھوں نے مجھے ہر موڑ پر مہمیز کی اور اس کام کو پورا کرنے کے لیے بار بار تقاضا کیا۔

محبّ مخلص حضرت مولانا شاہ جہاں صاحب مدرس الجامعۃ الرضویہ مظہر العلوم گرسہائے گنج بھی میرے لیے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انھوں نے اس کتاب کے پروف ریڈنگ میں میرا ساتھ دیا اور میری معاونت کی۔

اخیر میں ہم فخر سنیت ناشر مسلک اعلیٰ حضرت عالی جناب حضرت علامہ عبد الستار ہمدانی صاحب کی

بارگاہ عالی میں خراج محبت پیش کرتے ہیں، جن کی نظر التفات و مساعی جمیلہ سے یہ کتاب زیور طبع سے آراستہ ہوئی۔ اس کی تالیف کے دوران میں ہم متفکر و متردد تھے کہ آخر یہ ضخیم کتاب کیسے طبع ہوگی اور اس کے لیے کیا سبیل وصورت پیدا ہوسکتی ہے، مگر ہم کارساز مطلق کی رحمت وعنایت سے مایوس و ناامید نہیں تھے۔ اس کے فضل وعطا پر یقین کامل تھا۔ اس نے اسباب ووسائل پیدا فرمائے اور جو کچھ ہے سب اسی واجب الوجود کی کرم فرمائی اور اس کے محبوب جلیل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بیکس نوازی وعقدہ کشائی ہے کہ علامہ ہمدانی صاحب اس کی طرف مائل ومتوجہ ہوئے اور ان کی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی اور رضویت سے عقیدت ووارفتگی نے اس مشکل کو آسان وحل کر دیا، کہ انھوں نے ایک خطیر رقم کے ذریعہ اسے حسن وتزئین کے ساتھ طباعت واشاعت کی منزل سے گزار کر اہل سنت وجماعت کی میز پر سجادیا۔ فجزاہ اللہ خیر الجزاء.

علمائے اہل سنت اور عوام وخواص کے لیے آج علامہ ہمدانی صاحب کی ذات محتاج تعارف نہیں۔ ان کا امتیازی وصف یہ ہے کہ انھوں نے ہمارے ائمہ واسلاف کی درجنوں تصانیف کو ہندوستان سے شائع کرنے کا شرف حاصل کیا۔ خصوصاً اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی کی صدہا تصانیف کو جدید اسلوب اور حسین وجمیل انداز میں پیش کر کے سنیت ورضویت کی گرانقدر وبیش بہا خدمات انجام دیں۔ تاہنوز یہ سلسلۃ الذہب جاری ہے، اور یہ کہ تصانیف اعلیٰ حضرت کی تعریب اور دیگر زبانوں میں ترجمے کا عظیم کام باضابطہ ان ہی کی بدولت شروع ہوا۔ اس منزل کی طرف پہلا قدم ان ہی کا اٹھا، تصنیفی واشاعتی عزائم کی تکمیل کے لیے انھوں نے ایک مستقل ادارہ بنام ''مرکز اہل سنت برکات رضا'' قائم فرمایا، جو گوناگوں اور مختلف الجہات خوبیوں کا حامل وامین ہے۔ نہایت ہی قلیل عرصے میں اس ادارہ کے حوالے سے جو کارہائے نمایاں منصۂ شہود پر آئے وہ ہمارے لیے قابل فخر اور اس کے بانی ومہتمم کے خلوص وللّٰہیت کے آئینہ دار ہیں۔

نیز علامہ ہمدانی صاحب بذات خود مختلف زبانوں میں سو سے زائد کتابوں کے مصنف ہیں، ان میں بعض کتابیں ضخیم اور کئی کئی جلدوں پر مشتمل ہیں ان کی مصروفیات اور متنوع کاموں کو دیکھتے ہوئے اتنی ڈھیر ساری کتابوں کی تصنیف و اشاعت یقیناً حیرت انگیز کارنامہ ہے جو لائق تقلید بھی ہے اور باعث صدر شک بھی۔ رب کائنات انھیں عمر خضر اور دینی کام کرتے رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

میں جملہ معاونین و مخلصین کی بارگاہ ناز میں خلوص و امتنان کی سوغات پیش کرتے ہوئے قلبی مسرت و ذہنی سکون محسوس کرتا ہوں۔ ع

گر قبول افتد زہے عزو شرف

و ما توفیقی الا باللہ علیہ توکلت و الیہ انیب

محمد عیسیٰ رضوی قادری
شیخ الحدیث الجامعۃ الرضویہ
مظہر العلوم، گرسہائے گنج
ضلع قنوج (یوپی)

متوطن
مقام کٹم پوسہ
پوسٹ ڈمرولہ
وایہ اسلامپور، ضلع اتر دیناجپور (بنگال)

۲۳ رصفر ۱۴۲۵ھ/۱۴/اپریل ۲۰۰۴ء۔ بروز چہارشنبہ

سیرت اور اس کے مصنفین

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ

سیرت اوراس کے مصنفین

عمر بن عبدالعزیز کے زمانہ خلافت میں تدوین حدیث کا باضابطہ آغاز ہوا۔انھوں نے ابوبکر بن محمد بن حزم انصاری کو احادیث یکجا کرنے کا حکم دیا اور علماء ومحدثین کے توسط سے ابوبکر بن محمد بن حزم نے احادیث نبویہ کا عظیم سرمایہ اور بڑا ذخیرہ جمع کیا یہ اہتمام وانصرام تدوین حدیث کے لیے کیا گیا،لیکن اب تک مغازی وسیر کے ساتھ اعتناء نہیں کیا گیا تھا۔حضرت عمر بن عبدالعزیز نے خاص اس فن کی طرف توجہ کی اور حکم دیا کہ غزوات نبوی کا خاص حلقۂ درس قائم کیا جائے۔عاصم بن عمر بن قتادہ انصاری متوفی ۱۲۱ھ اس فن میں خاص کمال رکھتے تھے،ان کو حکم دیا کہ جامع مسجد دمشق میں بیٹھ کر لوگوں کو مغازی اور مناقب کا درس دیں۔

امام زہری اورفن سیرت

اسی زمانہ میں امام زہری نے مغازی پر ایک مستقل کتاب لکھی اور جیسا کہ امام سہیلی نے روض الانف میں تصریح کی ہے، یہ اس فن کی پہلی تصنیف تھی۔امام زہری اس زمانہ کے اعلم العلماء تھے،فقہ اور حدیث میں ان کا کوئی ہمسر نہ تھا،امام بخاری کے شیخ الشیوخ ہیں،انھوں نے حدیث وروایات کے حاصل کرنے میں یہ محنتیں اٹھائیں کہ مدینہ منورہ میں ایک ایک انصاری کے گھر جاتے،جوان، بوڑھے،عورت، مرد،جو مل جاتا،یہاں تک کہ پردہ نشیں عورتوں سے جا کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اقوال اور حالات پوچھتے اور قلم بند کرتے۔وہ نسباً قریشی تھے ۵۰ھ میں پیدا ہوئے۔بہت سے صحابہ کو دیکھا تھا ۸۰ھ میں عبدالملک بن مروان کے دربار میں گئے،اس نے بہت قدر ومنزلت کی۔کتاب المغازی غالباً حضرت عمر بن عبدالعزیز کی ہدایت کے موافق لکھی۔یہ بات خاص طور پر قابل لحاظ ہے کہ امام موصوف سلاطین کے دربار سے تعلق رکھتے تھے اور مقربین خاص میں داخل تھے۔ہشام بن عبدالملک نے اپنے بچوں

کی تعلیم ان کے سپرد کی تھی۔ ۱۲۴ھ میں وفات پائی۔

امام زہری کی وجہ سے مغازی وسیرت کا عام مذاق پیدا ہوگیا۔ان کے حلقۂ درس سے اکثر ایسے لوگ نکلے جو خاص اس فن میں کمال رکھتے تھے،ان میں سے یعقوب بن ابراہیم،محمد بن صالح تمار،عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز فن مغازی میں خاص شہرت رکھتے تھے۔ چنانچہ تہذیب التہذیب وغیرہ میں ان لوگوں کا امتیازی وصف ''صاحب المغازی'' لکھا جاتا ہے۔

زہری کے تلامذۂ سیرت

زہری کے تلامذہ میں دو شخصوں نے اس فن میں نہایت شہرت حاصل کی اور یہی دو شخص ہیں جن پر اس فن کا سلسلہ ختم ہوتا ہے۔موسیٰ بن عقبہ اور محمد بن اسحاق۔

موسیٰ بن عقبہ اور سیرت

موسیٰ بن عقبہ خاندان زبیر کے غلام تھے،عبداللہ بن عمر کو دیکھا تھا،فن حدیث میں امام مالک ان کے شاگرد ہیں۔امام مالک ان کے نہایت مداح تھے اور لوگوں کو ترغیب دیتے تھے کہ فن مغازی سیکھنا ہوتو موسیٰ سے سیکھو۔ان کے مغازی کے جو خصوصیات ہیں یہ ہیں :

(۱) مصنفین اب تک روایات میں صحت کا التزام نہیں کرتے تھے،انھوں نے زیادہ تر اس کا التزام کیا۔

(۲) عام مصنفین کا یہ مذاق تھا کہ کثرت سے واقعات نقل کیے جائیں،اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا تھا کہ ہر قسم کے رطب ویابس روایتیں آجاتی تھیں،موسیٰ نے احتیاط کی اور صرف وہی روایتیں لیں جو ان کے نزدیک صحیح ثابت ہوئیں۔یہی وجہ ہے کہ ان کی کتاب بہ نسبت اور کتب مغازی کے

مختصر ہے۔

(۴) چوں کہ روایت حدیث کے لیے کسی عمر کی قید نہ تھی اس لیے اکثر لوگ بچپن اور آغاز شباب ہی سے حلقۂ درس میں شامل ہو جاتے تھے اور حدیث سن کر لوگوں سے روایت کرتے تھے لیکن چوں کہ اس عمر تک واقعات کا صحیح طور سے سمجھنا اور محفوظ رکھنا ممکن نہ تھا اس لیے اکثر روایتوں میں تغیر اور اختلاط ہو جاتا تھا، موسیٰ نے بخلاف اور لوگوں کے کبر سن میں اس فن کو سیکھا تھا ۱۴۱ھ میں وفات پائی۔

موسیٰ کی کتاب آج موجود نہیں، لیکن ایک مدت تک شائع رہی اور سیرت کی تمام کتابوں میں اس کے حوالے آتے ہیں۔

محمد بن اسحاق اور سیرت

محمد بن اسحاق نے فن مغازی میں سب سے زیادہ شہرت حاصل کی۔ وہ امام فن مغازی کے نام سے مشہور ہیں۔ شہرت عام میں واقدی بھی ان سے کم نہیں۔ محمد بن اسحاق تابعی ہیں۔ صحابی رسول حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا تھا۔ علم حدیث میں کمال تھا۔ امام زہری کے دروازہ پر دربان مقرر تھا کہ کوئی شخص بغیر اطلاع کے نہ آئے، لیکن محمد بن اسحاق کو عام اجازت تھی کہ جب چاہیں چلے آئیں، ان کے ثقہ اور غیر ثقہ ہونے کی نسبت محدثین کا اختلاف ہے۔ امام مالک ان کے سخت مخالف ہیں۔ لیکن محدثین کا عام فیصلہ یہ ہے کہ مغازی اور سیر میں ان کی روایتیں قابل استناد ہیں۔ امام بخاری نے صحیح بخاری میں ان کی روایت نہیں لی، لیکن ''جزء القراۃ'' میں ان سے روایت کی ہے، تاریخ میں تو اکثر واقعات انھیں سے لیے ہیں۔

فن مغازی کو انھوں نے اس قدر ترقی دی اور اس قدر دلچسپ بنا دیا کہ خلفائے عباسیہ جو زیادہ تر

اس قسم کا مذاق رکھتے تھے، ان میں مغازی کا مذاق پیدا ہو گیا۔ چنانچہ ابن عدی نے اس احسان کا خاص طرح پر ذکر کیا ہے۔ ابن عدی نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس فن میں کوئی تصنیف ان کی تصنیف کے رتبہ کو نہیں پہنچی۔

ابن حبان نے کتاب الثقات میں لکھا ہے کہ محدثین کو محمد بن اسحاق کی کتاب پر اعتراض تھا تو یہ تھا کہ خیبر وغیرہ کے واقعات وہ ان یہودیوں سے دریافت کر کے داخل کتاب کرتے تھے جو مسلمان ہو گئے تھے، اور چوں کہ یہ واقعات انھوں نے یہودیوں سے سنے ہوں گے اس لیے ان پر پورا اعتماد نہیں ہو سکتا۔ علامہ ذہبی کی تصریح سے ثابت ہوتا ہے کہ محمد بن اسحاق یہود و نصاریٰ سے روایت کرتے تھے اور ان کو ثقہ سمجھتے تھے۔ ۱۵۱ھ میں وفات پائی۔

محمد بن اسحاق کی کتاب المغازی کا ترجمہ شیخ سعدی کے زمانہ میں ابوبکر سعد زنگی کے حکم سے فارسی میں ہوا۔

محمد بن اسحاق کی کتاب کثرت سے پھیلی، اور بڑے بڑے مشہور محدثوں نے اس کے نسخے مرتب کیے، اسی کتاب کو ابن ہشام نے زیادہ منقح اور اضافہ کر کے مرتب کیا، جو "سیرت ابن ہشام" کے نام سے مشہور ہے۔ چوں کہ اصل کتاب آج کم ملتی ہے، اس لیے آج اس کی جو یادگار موجود ہے وہ یہی ابن ہشام کی کتاب ہے۔

ابن ہشام اور سیرت

ابن ہشام کا نام عبدالملک ہے وہ ثقہ اور نامور محدث اور مورخ تھے، حمیر کے قبیلہ سے تھے اور غالباً اسی تعلق سے سلاطین حمیر کی تاریخ لکھی جو آج بھی موجود ہے۔ انھوں نے سیرت میں یہ اضافہ کیا کہ سیرت میں جو مشکل الفاظ آتے ہیں ان کی تفسیر بھی لکھی۔ ۲۱۳ یا ۲۱۸ھ میں وفات پائی۔

سیرت ابن اسحاق کی مقبولیت کی بناء پر لوگوں نے اس کو نظم کیا۔ چنانچہ ابونصر فتح بن موسیٰ خضراوی

متوفی ۶۶۳ھ وعبدالعزیز بن احمد المعروف بہ سعدوری متوفی فی حدود ۶۰۷ھ وابواسحاق انصاری تلمسانی و فتح الدین محمد بن ابراہیم معروف بہ ابن الشہید متوفی ۷۹۳ھ نے منظوم کیا۔ اخیر کتاب میں قریباً دس ہزار شعر ہیں اوراس کا نام ''فتح الغریب فی سیرت الحبیب'' ہے۔

ابن سعد اور سیرت

ابن سعد مشہور محدث ہیں۔ محدثین نے عموماً لکھا ہے کہ وہ قابل سند ہیں۔ خطیب بغدادی نے ان کی نسبت یہ الفاظ لکھے ہیں۔

''کان من اهل العلم و المفضل و الفهم و العدالة صنف كتابا كبيرا فى طبقات الصحابة و التابعين الى دقته فاجاد فيه و احسن .''

یہ اہل علم وفضل میں سے تھے۔ فہم وعدالت میں مشہور و یکتا تھے۔ صحابہ اور تابعین کے حالات پر ایک بڑی ضخیم کتاب لکھی۔ یہ کتاب ایسے عمدہ انداز میں لکھی گئی کہ جب سے اب تک ایسی کتاب نہیں لکھی گئی۔

اسی لیے کہا جاتا ہے کہ یہ امام واقدی کے خاص تلامذہ میں سے ہیں۔ انھوں نے حضور سرورکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کے حالات میں ایسی جامع اور مفصل کتاب لکھی کہ آج تک اس کا جواب نہ ہوسکا۔

یہ موالی بنی ہاشم سے تھے۔ بصرہ میں پیدا ہوئے، لیکن بغداد میں سکونت اختیار کرلی تھی۔ بلاذری جو مشہور مورخ ہیں، ان ہی کے شاگرد ہیں ۲۳۰ھ میں ۶۲ برس کی عمر میں وفات پائی۔

ان کی کتاب کا نام طبقات ہے۔ ۱۲رجلدوں میں ہے۔ دوجلدیں خاص حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حالات میں ہیں، اور یہ حصہ دراصل سیرت نبوی ہے باقی جلدیں صحابہ وتابعین کے حالات میں

ہیں اور چوں کہ صحابہ کے حالات میں ہر جگہ حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر آتا ہے اس لیے ان حصوں میں بھی سیرت کا بڑا سرمایہ موجود ہے۔

یہ کتاب تقریباً ناپید ہو چکی تھی یعنی دنیا کے کسی کتب خانہ میں اس کا پورا نسخہ موجود نہ تھا۔ شہنشاہ جرمن کو اس کی طباعت واشاعت کا خیال ہوا، چنانچہ لاکھ روپے جیب خاص سے دیے اور پروفیسر ساخو کو اس کام پر مامور کیا کہ ہر جگہ سے اس کے اجزاء فراہم کر کے لائیں۔ پروفیسر موصوف نے قسطنطنیہ، مصر اور یورپ جا کر جا بجا سے تمام جلدیں بہم پہنچائی۔ یورپ کے بارہ پروفیسروں نے الگ الگ جلدوں کی تصحیح اپنے ذمہ لی، چنانچہ نہایت اہتمام اور صحت کے ساتھ یہ نسخہ لیڈن (ہالینڈ) میں چھپ کر شائع ہوا۔

امام بخاری اور سیرت

سیرت کے سلسلہ میں الگ تاریخی تصنیفات ہیں، ان میں جو محدثانہ طریقہ پر لکھی گئیں یعنی جن میں روایتیں بہ سند مذکور ہیں، ان میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حالات اور واقعات کا جو حصہ ہے، وہ بھی دراصل سیرت نبوی ہے۔ ان میں سب سے مقدم اور قابل استناد امام بخاری کی تاریخ صغیر و کبیر ہیں، لیکن دونوں نہایت مختصر ہیں، ان میں سیرت نبوی کا حصہ کتاب کا دسواں حصہ بھی نہیں یعنی صرف ۱۵ صفحے ہیں اور ان میں بھی کوئی ترتیب نہیں، کبیر البتہ بڑی ہے، لیکن سوانح اس میں بہت کم ہیں اور جستہ جستہ واقعات بلاترتیب مذکور ہیں۔

امام طبری اور سیرت

تاریخی سلسلہ میں سب سے جامع اور مفصل کتاب امام طبری کی تاریخ کبیر ہے۔ امام طبری اس درجہ کے شخص ہیں کہ تمام محدثین ان کے فضل و کمال، وثوق اور وسعت علم کے معترف ہیں۔ ان کی تفسیر احسن التفاسیر خیال کی جاتی ہے۔ محدث ابن خزیمہ کا قول ہے کہ وہ دنیا میں کسی کو ان سے بڑھ کر عالم نہیں جانتا،

۳۱۰ھ میں وفات پائی۔

بعض محدثین نے ان کی نسبت لکھا ہے کہ یہ شیعوں کے لیے وضع کیا کرتے تھے، لیکن علامہ ذہبی نے میزان الاعتدال میں لکھا ہے۔

مدارجهم بالظن الكاذب بل ابن جرير من كبار أئمة الاسلام المعتمدين.

یہ جھوٹی بدگمانی ہے، بلکہ واقعہ یہ ہے کہ ابن جریر اسلام کے معتمد اماموں میں سے ایک بڑے امام ہیں۔

علامہ ذہبی نے اس موقع پر لکھا ہے کہ ان میں فی الجملہ تشیع تھا، لیکن مضر نہیں تمام مستند اور مفصل تاریخی کتب مثلاً تاریخ کامل ابن اثیر، تاریخ ابن خلدون، تاریخ ابوالفداء وغیرہ ان ہی کی کتاب سے ماخوذ اور اسی کتاب کے مختصرات ہیں۔ یہ کتاب بھی ناپید تھی اور یورپ کی بدولت شائع ہوئی۔

چند مصنفین سیرت

دور تابعین سے گیارہویں صدی تک چند مقتدر محدثین و مصنفین سیرت کے اسماء گرامی ملاحظہ فرمائیں۔ گیارہویں صدی کے بعد والے مصنفین کے ناموں کو اس فہرست میں جگہ نہیں دی گئی کہ یہ لوگ در حقیقت اگلے مصنفین ہی کے خوشہ چیں وفیض یافتہ ہیں۔

(۱)	عروہ بن زبیر تابعی	۹۲ھ
(۲)	عامر بن شراحیل امام شعبی	۱۰۴ھ
(۳)	ابان بن امیر المومنین عثمان	۱۰۵ھ
(۴)	وہب بن منبہ یمنی	۱۱۴ھ
(۵)	عاصم بن عمر بن قتادہ	۱۲۱ھ

(۶)	شرحبیل بن سعد	۱۲۳ھ
(۷)	محمد بن شہاب زہری	۱۲۴ھ
(۸)	اسماعیل بن عبدالرحمٰن سدی	۱۲۷ھ
(۹)	عبداللہ بن ابوبکر بن حزم	۱۳۵ھ
(۱۰)	موسیٰ بن عقبہ	۱۴۱ھ
(۱۱)	معمر بن راشد	۱۵۰ھ
(۱۲)	محمد بن اسحاق	۱۵۰ھ
(۱۳)	زیاد بکائی	۱۸۳ھ
(۱۴)	محمد بن عمر واقدی	۲۰۷ھ
(۱۵)	محمد بن سعد	۲۳۰ھ
(۱۶)	ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری	۲۵۶ھ
(۱۷)	مسلم بن حجاج قشیری	۲۶۱ھ
(۱۸)	ابومحمد عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ	۲۶۷ھ
(۱۹)	ابوداؤد سلیمان بن اشعث بجستانی	۲۷۵ھ
(۲۰)	ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی	۲۷۹ھ
(۲۱)	ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ قزوینی	۲۷۳ھ
(۲۲)	ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی	۳۰۳ھ
(۲۳)	محمد بن جریر طبری	۳۱۰ھ
(۲۴)	حافظ عبدالغنی بن سعید امام النسب	۳۳۲ھ

(۲۵)	ابونعیم احمد بن عبداللہ	۴۳۰ھ
(۲۶)	ابوعمر حافظ ابن عبدالبر	۴۶۳ھ
(۲۷)	ابوبکر احمد بن حسین بیہقی	۴۵۸ھ
(۲۸)	علامہ قاضی عیاض	۵۴۴ھ
(۲۹)	عبدالرحمٰن بن عبداللہ سہیلی	۵۸۱ھ
(۳۰)	علامہ عبدالرحمٰن بن الجوزی	۵۹۷ھ
(۳۱)	احمد بن محمد بن ابوبکر قسطلانی	۹۲۳ھ
(۳۲)	امام شرف الدین عبدالمومن دمیاطی	۷۰۵ھ
(۳۳)	امام ابن سیدالناس بصری	۷۳۴ھ
(۳۴)	حافظ علاء الدین مغلطائی	۷۶۲ھ
(۳۵)	علامہ ابن حجر عسقلانی	۸۵۲ھ
(۳۶)	علامہ بدرالدین محمود عینی	۸۵۵ھ
(۳۷)	ابوالحسن علی بن عبداللہ بن احمد سمہودی	۹۱۱ھ
(۳۸)	محمد بن یوسف صالحی	۹۴۲ھ
(۳۹)	علی بن برہان الدین	۱۰۴۴ھ
(۴۰)	شیخ عبدالحق محدث دہلوی	۱۰۵۲ھ
(۴۱)	امام احمد رضا بریلوی	۱۳۴۰ھ

بعد کے مصنفین میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کو ایک خاص اور امتیازی مقام حاصل ہے، اس لیے اس فہرست میں ان کا نام شامل کر دیا گیا۔

بعض مصنفین سیرت کا مختصر سوانحی خاکہ:

جو لوگ خاص فن سیرت کے ارکان اور معتمد ہیں ان کا اور ان کی تصنیفات کا مختصر خاکہ ہم اس مقام پر درج کرتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔

عروہ بن زبیر ۹۲ھ

حضرت زبیر کے بیٹے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نواسے تھے، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی آغوش تربیت میں پلے تھے۔ سیرت و مغازی میں کثرت سے ان کی روایتیں ہیں۔ امام ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ میں ان کے متعلق لکھا ہے۔

کان عالما بالسیرۃ .

یہ سیرت رسول کے جاننے والے تھے۔

صاحب کشف الظنون نے مغازی کے بیان میں لکھا ہے کہ۔

بعضوں کی رائے ہے کہ فن مغازی کی سب سے پہلی کتاب انھوں نے ہی تدوین کی۔

امام شعبی ۱۰۴ھ

مشہور محدث ہیں، اکثر فن میں کمال رکھتے تھے۔ خلافت دمشق کی طرف سے سفیر بن کر قسطنطنیہ گئے تھے۔ فن مغازی و سیر میں ان کو اس درجہ واقفیت تھی کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے تھے کہ گو میں ان غزوات میں بذات خود شریک تھا، مگر یہ مجھ سے زیادہ ان حالات کو جانتے ہیں۔

وہب بن منبہ ۱۱۴ھ

یمن کے عجمی خاندان سے تھے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کچھ حدیثیں سنی تھیں۔

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق کتب عہد قدیم کی بشارات اور پیشین گوئیاں بکثرت انھیں سے مروی ہیں۔

عاصم بن عمر بن قتادہ انصاری ۱۲۱ھ

مشہور تابعی ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور اپنے باپ اور اپنی دادی رمیثہ سے روایت کرتے ہیں۔ مغازی اور سیر میں نہایت وسیع المعلومات تھے۔ خلیفہ عمر بن عبد العزیز کے حکم سے مسجد دمشق میں بیٹھ کر اس فن کی تعلیم دیتے تھے۔

محمد بن مسلم بن شہاب زہری ۱۲۴ھ

امام زہری نے مغازی پر ایک مستقل کتاب لکھی اور جیسا کہ امام سہیلی نے روض الانف میں تصریح کی ہے، یہ اس فن کی پہلی تصنیف تھی۔ امام زہری اس زمانہ کے اعلم العلماء تھے۔ فقہ اور حدیث میں ان کا کوئی ہمسر نہ تھا۔ امام بخاری کے شیخ الشیوخ ہیں۔ انھوں نے حدیث و روایات کے حاصل کرنے میں بے پناہ محنتیں اٹھائیں، ان کی وجہ سے مغازی و سیرت کا عام مذاق پیدا ہو گیا، ان کے حلقۂ درس سے بڑے با کمال لوگ نکلے، زہری کے تلامذہ میں سے دو شخصوں نے اس فن میں نہایت شہرت حاصل کی اور یہی دو شخص ہیں جن پر اس فن کا سلسلہ ختم ہوتا ہے۔ موسیٰ بن عقبہ اور محمد بن اسحاق۔

یعقوب بن عتبہ بن مغیرہ بن الاخنس بن شریق الثقفی ۱۲۸ھ

نہایت ثقہ تھے عمال اور گورنر انتظام ملکی میں ان سے مدد لیتے تھے۔ فقہائے مدینہ میں ان کا شمار تھا۔ سیرت نبوی کے عالم تھے۔ ان کا دادا اخنس بن شریق وہی شخص ہے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سب سے بڑا دشمن تھا۔

موسیٰ بن عقبہ الاسدی ۱۴۱ ھ

یہ خاندان زبیر کے غلام تھے، عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو دیکھا تھا، فن حدیث میں امام مالک ان کے شاگرد ہیں۔ امام مالک ان کے نہایت مداح تھے اور لوگوں کو ترغیب دیتے تھے کہ فن مغازی سیکھنا ہو تو موسیٰ سے سیکھو۔

ہشام بن عروہ بن زبیر ۱۴۶ھ

زیادہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں، زہری کے بھی شاگرد ہیں، علمائے مدینہ میں ان کا شمار ہے، بغداد میں جو روایتیں انھوں نے لیں، محدثین کا بیان ہے کہ ان میں تساہل سے کام لیا ہے، سیرت کے ذخیرۂ روایات میں ان کا بہت بڑا حصہ شامل ہے، جن کو وہ اپنے باپ کے واسطہ سے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں۔ فن سیرت میں ان کے متعدد نامور تلامذہ ہیں۔

محمد بن اسحاق بن یسار المطلبی ۱۵۰ھ

انھوں نے فن مغازی میں سب سے زیادہ شہرت حاصل کی۔ وہ امام مغازی کے نام سے مشہور ہیں۔ شہرت عام میں واقدی بھی ان سے کم نہیں۔ محمد بن اسحاق تابعی ہیں، صحابی رسول حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا تھا۔ علم حدیث میں کمال تھا۔ امام زہری کے دروازہ پر دربان مقرر تھا کہ کوئی شخص بغیر اطلاع کے نہ آئے لیکن محمد بن اسحاق کو عام اجازت تھی کہ جب چاہیں چلے آئیں۔ ان کے ثقہ اور غیر ثقہ ہونے کی نسبت محدثین میں اختلاف ہے، امام مالک ان کے سخت مخالف ہیں، لیکن عام محدثین کا عام فیصلہ یہ ہے کہ مغازی اور سیر میں ان کی روایتیں قابل استناد ہیں، امام بخاری نے صحیح بخاری میں ان کی روایت نہیں لی بلکہ جزء القراۃ میں ان سے روایت کی ہے۔ تاریخ میں تو اکثر واقعات انھیں سے لیتے ہیں۔

معمر بن راشد الازدی ۱۵۲ھ

امام زہری کے تلامذہ میں امام مالک کے بعد ان کا دوسرا درجہ ہے۔ اساطین علم حدیث میں تھے۔ مغازی میں ایک کتاب ان کی تصنیف ہے جس کا نام ابن ندیم نے کتاب المغازی لکھا ہے۔

عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز الاوسی ۱۶۲ھ

زہری کے شاگرد تھے۔ مسلم نے ان سے ایک روایت کی ہے۔ محدثین کے نزدیک ضعیف الروایت ہیں، فن سیرت کے عالم تھے۔ ابن سعد نے ان کے متعلق لکھا ہے۔

کان عالما بالسیرة .

وہ سیرت رسول کے جاننے والے تھے۔

محمد بن صالح بن دینار التمار ۱۶۸ھ

زہری کے شاگرد اور واقدی کے استاذ ہیں۔ ابن سعد کا بیان ہے کہ وہ سیرت و مغازی کے عالم تھے۔ اکثر محدثین نے ان کی توثیق کی ہے۔ ابوالزناد جو بڑے پایہ کے محدث ہیں، وہ کہتے ہیں کہ اگر صحیح مغازی سیکھنا ہو تو محمد بن صالح سے سیکھو۔

ابو معشر نجیح المدنی ۱۷۰ھ

ہشام بن عروہ کے شاگرد تھے۔ ثوری اور واقدی نے ان سے روایت کی ہے۔ گو محدثین نے روایت حدیث میں تضعیف کی ہے، لیکن سیرت و مغازی میں ان کی جلالت شان کا اعتراف کیا ہے۔ امام احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ وہ اس فن میں صاحب نظر ہیں۔ ابن ندیم نے ان کی کتاب المغازی کا ذکر کیا ہے۔ کتب سیرت میں ان کا نام کثرت سے آتا ہے۔

عبداللہ بن جعفر بن عبدالرحمٰن المخرومی ۱۷۰ھ

مشہور صحابی مسور بن مخرمہ کے پرپوتے ہیں، فن حدیث میں خاص پایہ رکھتے تھے۔ سیرت نبوی کے اکابر علماء میں تھے۔ ابن سعد نے ان کی شان میں یہ الفاظ لکھے ہیں۔

من رجال اهل المدينة عالما بالمغازی

وہ مدینہ کے رہنے والے اور مغازی کے عالم تھے۔

عبدالملک بن محمد بن ابی بکر بن عمرو بن حزم انصاری

فن حدیث و سیر میں ہمیشہ ان کا خاندان نامور رہا، ان کے دادا وہ شخص ہیں جنھوں نے خلیفہ عمر بن عبدالعزیز کے حکم سے سب سے پہلے فن حدیث کی تدوین کی، ان کے رشتہ کی دادی عمرة حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تربیت یافتہ تھیں۔ یہ خود سیر و مغازی کے عالم تھے، اپنے باپ اور چچا سے تعلیم پائی تھی۔ خلیفہ ہارون رشید نے ان کو قاضی مقرر کیا تھا، لوگ ان سے مغازی سیکھتے تھے۔ اس فن میں ان کی ایک تصنیف کتاب المغازی بھی ہے۔

علی بن مجاہد الرازی الکندی ۱۸۰ھ

ابو معشر نجیح کے تلامذہ میں تھے۔ امام احمد بن حنبل نے ان سے روایت کی ہے۔ مغازی کے جامع اور مصنف ہیں، لیکن ارباب نقد کے نزدیک ان کی تصنیف اعتبار کے قابل نہیں۔

زیاد بن عبداللہ بن الطفیل البکائی ۱۸۳ھ

ابن اسحاق کے شاگرد اور ابن ہشام کے استاد تھے، ان دونوں بزرگواروں کے واسطہ العقد یہی

ہیں، سیرت کے عشق میں گھربار بیچ کر استاد کے ساتھ نکل کھڑے ہوئے تھے اور مدت تک سفر وحضر میں ان کے شریک رہے۔ محدثین کی بارگاہ میں گو ان کا اعزاز کم ہے لیکن کتاب السیرۃ کے سب سے معتبر راوی یہی سمجھے جاتے ہیں۔

سلمہ بن الفضل الابرش الانصاری سنہ ۱۹۱ھ

ابن اسحاق کے شاگرد ان کی سیرت کے راوی ہیں۔ رے کے قاضی تھے وہ اہل نقد کے نزدیک قابل احتجاج نہیں لیکن ابن معین جو اسماء رجال کے بڑے ماہر ہیں، مغازی میں ان کی توثیق کرتے ہیں اور ان کی سیرت کو بہترین سیر تہائے نبوی کہتے ہیں۔ طبری میں ان کے واسطہ سے اکثر روایتیں مروی ہیں۔

ابو محمد یحییٰ بن سعید بن ابان الاموی سنہ ۱۹۴ھ

ہشام بن عروہ اور ابن جریج سے تلمذ تھا۔ ابن سعد نے لکھا ہے کہ گو قلیل الروایہ ہیں لیکن ثقہ ہیں۔ صاحب کشف الظنون نے مصنفین مغازی میں ان کا نام بھی لیا ہے۔

ولید بن مسلم القرشی سنہ ۱۹۵ھ

شام کے مشہور محدث اور نہایت قوی الحافظہ تھے۔ شام میں ان کے زمانہ میں ان سے بڑا کوئی عالم نہ تھا۔ تاریخ ومغازی میں وکیع سے ان کا درجہ بڑا سمجھا جاتا تھا۔ ان کی تصنیفات کی تعداد ستر ہے جن میں ایک کتاب المغازی ہے، کتاب الفہرست میں اس کا ذکر موجود ہے۔

یونس بن بکیر سنہ ۱۹۹ھ

ہشام بن عروہ اور ابن اسحاق کے شاگرد ہیں۔ فن روایت وحدیث میں ان کا متوسط درجہ ہے۔ اکثر محدثین نے ان کی توثیق کی ہے۔ علامہ ذہبی نے تذکرہ میں ان کا نام بہ لقب صاحب المغازی لیا ہے۔

انھوں نے مغازی ابن اسحاق کا ذیل لکھا ہے۔

محمد بن عمرو الواقدی الاسلمی ۲۰۷ھ

سیرت نبوی کے متعلق ان کی دو کتابیں ہیں، کتاب السیرۃ اور کتاب التاریخ و المغازی و المبعث۔ بعض لوگوں نے ان کو کذاب و جھوٹا کہا ہے جو بجائے خود جھوٹ ہے، البتہ ان کے ثقہ و غیر ثقہ ہونے میں ائمہ کے درمیان اختلاف ہے۔ ایک ظریف محدث نے یہاں تک کہا ہے کہ اگر واقدی سچا ہے تو دنیا میں کوئی اس کا ثانی نہیں اور اگر جھوٹا ہے تب بھی دنیا میں اس کا جواب نہیں۔

یعقوب بن ابراہیم الزہری ۲۰۸ھ

حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد میں تھے۔ زہری اور ان کے تلامذہ کے شاگرد ہیں۔ مغازی میں ان کا یہ رتبہ تھا کہ ابن معین جیسا ناقد رجال ان سے اس فن کی تحصیل کرتا تھا۔

عبدالرزاق بن ہمام بن نافع الحمیری ۲۱۱ھ

ثقات محدثین میں ان کا شمار ہے، مزاج میں کسی قدر تشیع تھا۔ ابن معین کہتے ہیں کہ اگر عبدالرزاق مرتد بھی ہو جائیں تب بھی ہم ان سے روایت حدیث ترک نہیں کر سکتے۔ آخر عمر میں بصارت جاتی رہی تھی اس لیے اس زمانہ کی حدیثیں نا قابل سند ہیں۔ فن مغازی میں ان کی ایک تالیف ہے۔

عبدالملک بن ہشام الحمیری ۲۱۸ یا ۲۱۳ھ

نہایت ثقہ اور نامور محدث اور مورخ تھے۔ حمیر کے قبیلہ سے تھے اور غالباً اسی تعلق سے سلاطین حمیر کی تاریخ لکھی جو آج بھی موجود ہے، انھوں نے سیرت میں یہ اضافہ کیا کہ سیرت میں جو مشکل الفاظ آئے ہیں ان کی تفسیر بھی لکھی۔

علی بن محمد المدائنی ۲۲۵ھ

ابو معشر نجیح اور سلمہ بن الفضل کے شاگرد تھے۔ تاریخ وانساب عرب میں نہایت وسیع المعلومات تھے۔ محدثین میں ان کا شمار نہیں، لیکن مورخین کے امام ہیں، اغانی کے دفتر بے پایاں کا مخزن یہی ہیں، تاریخ وانساب میں ان کی کثرت سے تصانیف ہیں، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حالات میں ان کی کتاب نہایت مبسوط ہے اور ابن الندیم کے بیان کے مطابق ہر قسم کے متعدد اور متنوع عنوان قائم کیے ہیں۔

عمر بن شبہ البصری ۲۶۲ھ

حدیث، تاریخ، ادب، لغت شاعری اور نحو کے امام ہیں۔ مکہ مبارکہ، مدینہ طیبہ اور بصریٰ کی تاریخیں لکھی ہیں۔ علم سیرت میں نہایت بلند پایہ تھے۔ حدیث میں ابن ماجہ اور تاریخ میں بلاذری اور ابونعیم ان کے شاگرد تھے۔

محمد بن عیسیٰ ترمذی ۲۷۹ھ

مشہور محدث ہیں۔ جن کی کتاب صحاح ستہ میں تیسرا درجہ رکھتی ہے۔ سیرت نبوی میں ان کا خاص رسالہ ہے جس کا موضوع گزشتہ تصانیف سے الگ ہے، اس رسالہ کا نام "کتاب الشمائل" ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذاتی حالات وعادات واخلاق کا ذکر ہے۔ اس بات کا التزام کیا ہے کہ تمام روایتیں معتبر اور صحیح ہوں۔ اس رسالہ پر متعدد علماء نے شروح وحواشی لکھے۔

ابراہیم بن اسحاق بن ابراہیم ۲۸۵ھ

محدثین کبار میں شمار ہے۔ "مسند صحابہ" ان کی تالیف ہے جس کے آخر میں کتاب المغازی شامل ہے۔

ابوبکر احمد بن خیثمہ ۲۹۹ھ

حدیث میں احمد بن حنبل اور ابن معین کے شاگرد اور تاریخ وسیر کے جلیل القدر عالم تھے، ''تاریخ کبیر'' ان کی تصنیف ہے جس میں سیرت نبوی کا حصہ بھی شامل ہے۔

محمد بن عائذ دمشقی

ان کی مغازی معتبر خیال کی جاتی ہے، حافظ ابن حجر وغیرہ اس کے حوالے دیتے ہیں۔

مشہور مصنفین سیرت کے ساتھ یہ قدماء کی تصنیفات تھیں، مابعد کی تصنیفات کو ہم ذیل میں درج کرتے ہیں، یہ تصنیفات، قدیم تصنیفات اور احادیث کی کتابوں سے ماخوذ ہیں۔ اس خاکہ میں ان کتابوں کا ذکر بھی ہے جو قدماء کی تصنیفات کے متعلق شرح کے طور پر لکھی گئی ہیں، ان کا ذکر اس وجہ سے کیا گیا ہے کہ یہ فی نفسہٖ مستقل تصنیفات تھیں اور ان میں جس قدر ذخیرۂ معلومات ہے خود اصل کتابوں میں نہیں۔

●......●......●

کتب سیرت

یوں تو سیرت نبوی کے موضوع پر آج تک صدہا کتابیں لکھی گئیں، مگر گیارہویں صدی سے پہلے جو کتابیں وجود میں آئیں وہ امہات کتب سیرت کا درجہ رکھتی ہیں، بعد کی تصنیفات انھیں کتابوں سے ماخوذ و مستنبط ہیں اور انھیں ماخذ کی حیثیت حاصل ہے۔ گیارہویں صدی سے پہلے کی چند کتب سیرت یہ ہیں۔

روض الانف

سیرت ابن اسحاق کی شرح ہے۔ مصنف کا نام عبدالرحمٰن سہیلی ہے، جنھوں نے ۵۸۱ھ میں وفات پائی، یہ اکابر محدثین میں سے ہیں اور تمام مصنفین مابعد سیرت نبوی کی تحقیقات اور معلومات کے متعلق ان کے خوشہ چیں ہیں۔ مصنف نے دیباچہ میں لکھا ہے کہ میں نے یہ کتاب ۱۲۰ر کتابوں کی مدد سے لکھی۔

سیرت دمیاطی

حافظ عبدالمومن دمیاطی متوفی ۷۰۵ھ کی تصنیف ہے، اکثر کتابوں میں اس کے حوالے آتے ہیں۔ اس کتاب کا نام "المختصر فی سیرت سید البشر" ہے، قریباً سو صفحوں میں ہے۔ پٹنہ کے کتب خانہ میں اس کا ایک نسخہ موجود ہے۔

سیرت خلاطی

علاء الدین علی بن محمد خلاطی حنفی کی تصنیف ہے۔ ۷۰۸ھ میں وفات پائی۔

سیرت گازرونی

شیخ ظہیر الدین علی بن محمد گازرونی متوفی ۶۹۴ھ کی تصنیف ہے۔

سیرت ابن ابی طے

مصنف کا نام یحییٰ بن حمیدہ متوفی ۶۳۰ھ ہے۔ یہ کتاب تین جلدوں میں ہے۔

سیرت مغلطائی

مشہور کتاب ہے اور مصر میں چھپ گئی ہے۔ علامہ عینی نے اس کے ایک حصہ کی شرح لکھی ہے جس کا نام ''کشف اللثام'' ہے۔

شرف المصطفیٰ

حافظ ابوسعید عبدالملک نیشاپوری کی تصنیف ہے۔ آٹھ جلدوں میں ہے۔ حافظ ابن حجر اصابہ میں اکثر اس کا حوالہ دیتے ہیں۔

شرف المصطفیٰ

حافظ ابن جوزی کی مبارک ومعرکۃ الآراء تصنیف ہے۔

اکتفافی مغازی المصطفیٰ والخلفاء الثلاثۃ

حافظ ابوالربیع سلیمان بن موسیٰ الکلاعی متوفی ۶۳۴ھ کی تصنیف ہے اکثر کتابوں میں اس کے حوالے آتے ہیں۔

سیرت ابن عبدالبر

ابن عبدالبر مشہور محدث اور امام ہیں، اس کے حوالے بکثرت آتے ہیں۔

عیون الاثر

ابن سید الناس کی تصنیف ہے۔ ابن سید الناس اندلس کے مشہور عالم ہیں، ۷۳۴ھ میں وفات پائی۔ یہ کتاب نہایت متین اور جامع ہے، معتبر کتابوں کو ماخذ قرار دیا ہے اور جس سے جو کچھ نقل کیا ہے سند بھی نقل کی ہے۔

نور النبراس فی سیرت ابن سید الناس

عیون الاثر کی شرح ہے۔ مصنف کا نام ابراہیم بن محمد ہے۔ یہ کتاب نہایت محققانہ لکھی گئی ہے اور بے شمار معلومات کا گنجینہ ہے۔ دو ضخیم جلدوں میں ہے۔

سیرت منظوم

حافظ زین الدین عراقی نے جو حافظ ابن حجر کے استاد تھے، نظم میں لکھی ہے لیکن دیباچہ میں خود لکھ دیا ہے کہ اس میں رطب و یابس سب کچھ ہے۔

مواہب لدنیہ

مشہور کتاب ہے اور متاخرین کا یہی ماخذ ہے۔ اس کے مصنف قسطلانی ہیں جو بخاری کے مشہور شارح ہیں۔ حافظ ابن حجر کے ہم مرتبہ تھے۔ یہ کتاب نہایت مفصل ہے۔

زرقانی علی المواہب

یہ مواہب لدنیہ کی شرح ہے اور حقیقت یہ ہے کہ سہیلی کے بعد کوئی کتاب اس جامعیت اور تحقیق سے نہیں لکھی گئی۔ آٹھ ضخیم جلدوں میں ہے۔

سیرت حلبی

مشہور اور متداول کتاب ہے۔

مدارج النبوۃ

شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی کی گیارہویں صدی کی تصنیف ہے۔ شیخ محقق نے احادیث نبویہ کی روشنی میں بالترتیب سیرت نبوی لکھی ہے اور کچھ ایسی چیزوں کا اضافہ کیا ہے جو دوسری کتب سیرت میں نہیں ملتیں۔ یہ فارسی زبان میں دو جلدوں پر مشتمل ہے۔ آج کل اس کا اردو میں ترجمہ کر دیا گیا ہے۔

صحت ماخذ

سیرت نبوی کے واقعات جو قلم بند کیے گئے وہ تقریباً اعلان نبوت کے سو برس بعد قلم بند ہوئے اس لیے مصنفین کا ماخذ کوئی کتاب نہ تھی بلکہ اکثر زبانی روایتیں تھیں۔

اس قسم کا موقع جب دوسری قوموں کو پیش آتا ہے یعنی کسی زمانہ کے حالات مدت کے بعد قلم بند کیے جاتے ہیں تو یہ طریقہ اختیار کیا جاتا ہے کہ ہر قسم کی بازاری افواہیں قلم بند کر لی جاتی ہیں جن کے راویوں کا نام ونشان تک معلوم نہیں ہوتا، ان افواہوں میں سے وہ واقعات انتخاب کر لیے جاتے ہیں جو قرائن اور قیاسات کے مطابق ہوتے ہیں، تھوڑے عرصہ کے بعد یہی خرافات ایک دلچسپ تاریخی کتاب بن جاتے ہیں، یورپ کی تاریخی تصنیفات اسی اصول پر لکھی گئی ہیں۔

لیکن مسلمانوں نے اس فن سیرت کا جو معیار قائم کیا وہ اس سے بہت زیادہ بلند تھا جس کی مثال اقوام عالم کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ اس کا پہلا اصول یہ تھا کہ جو واقعہ بیان کیا جائے اس شخص کی زبان سے بیان کیا جائے جو خود شریک واقعہ تھا، اور اگر خود نہ تھا تو شریک واقعہ تک تمام راویوں کا نام ترتیب سے بتایا

جائے۔ اس کے ساتھ یہ بھی تحقیق کی جائے کہ جو اشخاص سلسلۂ روایت میں آئے وہ کون لوگ تھے؟ کیسے تھے؟ کیا مشاغل تھے؟ چال چلن کیسا تھا؟ حافظہ کیسا تھا؟ سمجھ کیسی تھی؟ ثقہ تھے یا غیر ثقہ؟ سطحی الذہن تھے یا دقیقہ بیں؟ عالم تھے یا جاہل؟

ان جزوی باتوں کا پتہ لگانا سخت مشکل بلکہ ناممکن تھا۔ سینکڑوں ہزاروں محدثین نے اپنی عمریں اسی کام میں صرف کر دیں، ایک ایک شہر گئے، راویوں سے ملے، ان کے متعلق ہر قسم کی معلومات بہم پہنچائیں۔ جو لوگ ان کے زمانہ میں موجود تھے ان کے دیکھنے والوں سے حالات دریافت کیے، ان تحقیقات کے ذریعہ سے اسماء الرجال کا وہ عظیم الشان فن تیار کیا گیا جس کی بدولت آج کم از کم لاکھ شخصوں کے حالات معلوم ہو سکتے ہیں اور اگر جرمنی کے مشہور عربی داں فاضل ڈاکٹر اسپرنگر کے حسن ظن کا اعتبار کیا جائے تو یہ تعداد پانچ لاکھ تک پہنچ جاتی ہے۔ اس نے یہ لکھا ہے کہ

نہ کوئی قوم دنیا میں ایسی گزری نہ آج موجود ہے جس نے مسلمانوں کی طرح اسماء الرجال سا عظیم الشان فن ایجاد کیا ہو جس کی بدولت آج پانچ لاکھ شخصوں کا حال معلوم ہو سکتا ہے۔

محدثین نے حالات کے بہم پہنچانے میں کسی شخص کے رتبہ اور حیثیت کی پرواہ نہ کی، بادشاہوں سے لے کر بڑے بڑے مقتداؤں تک کی اخلاقی سراغ رسانیاں کیں اور ایک ایک کی پردہ دری کی اور حالت کا پتہ لگایا۔

اس سلسلہ میں سینکڑوں تصنیفات تیار ہوئیں جن کی اجمالی کیفیت یہ ہے۔

سب سے پہلے اس فن یعنی راویوں کی جرح و تعدیل میں یحییٰ بن سعید القطان نے ایک کتاب لکھی۔ وہ اس رتبہ کے شخص تھے کہ امام احمد بن حنبل نے ان کی نسبت لکھا ہے:

میری آنکھوں نے ان کا نظیر نہیں دیکھا۔

ان کے بعد اس فن کو زیادہ رواج ہوا اور کثرت سے کتابیں لکھی گئیں۔

اس فن کی سب سے زیادہ جامع اور مستند کتاب تہذیب الکمال ہے جو علامہ مزی (یوسف بن الزکی) کی تصنیف ہے، جنھوں نے ۷۴۲ھ میں وفات پائی۔ علاء الدین مغلطائی ۷۶۲ھ نے تیرہ جلدوں میں اس کا تکملہ لکھا۔ علامہ ذہبی ۷۴۸ھ نے اس کا اختصار کیا اور بہت سے محدثین اس کے خلاصے اور ذیل لکھے اور بالآخر حافظ ابن حجر نے ان تمام تصنیفات سے ایک نہایت ضخیم کتاب ''تہذیب التہذیب'' لکھی جو بارہ جلدوں میں ہے۔ مصنف نے کتاب کے خاتمہ میں لکھا ہے کہ اس کی تصنیف میں آٹھ برس صرف ہوئے ہیں۔

اس سلسلہ کی ایک اور سب سے زیادہ متداول اور مستند کتاب ''میزان الاعتدال'' ہے جو علامہ ذہبی کی تصنیف ہے۔ حافظ ابن حجر نے اس کتاب پر اضافہ کیا جس کا نام ''لسان المیزان'' ہے۔

تاریخ سیرت پر ایک اجمالی نظر

(۱) سیرت پر اگرچہ آج بھی سینکڑوں تصنیفیں موجود ہیں لیکن سب کا سلسلہ جا کر صرف تین چار کتابوں پر منتہی ہوتا ہے۔ سیرت ابن اسحاق، سیرت واقدی، سیرت ابن سعد، سیرت طبری، ان کے علاوہ جو کتابیں ہیں وہ ان سے متاخر ہیں اور ان میں جو واقعات مذکور ہیں، زیادہ تر انھیں کتابوں سے لیے گئے ہیں۔

(۲) سیرت کی کتابوں کی کم پائیگی کی بڑی وجہ یہ ہے کہ تحقیق اور تنقید کی ضرورت احادیث احکام کے ساتھ مخصوص کر دی گئی یعنی وہ روایتیں تنقید کی زیادہ محتاج ہیں جن سے شرعی احکام ثابت ہوتے ہیں، باقی جو روایتیں سیرت اور فضائل و مناقب وغیرہ سے متعلق ہیں ان میں تشدد اور احتیاط کی چنداں حاجت نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ مناقب اور فضائل اعمال میں کثرت سے ضعیف روایتیں شامل ہوگئیں اور بڑے بڑے علماء نے اپنی کتابوں میں ان روایتوں کا درج کرنا جائز رکھا۔

(۳) سیرت پر جو کتابیں لکھی گئیں وہ زیادہ تر اسی قسم کی کتابوں (مثلاً طبرانی، بیہقی، ابونعیم وغیرہ) سے ماخوذ ہیں اس لیے ان میں کثرت سے ضعیف وکمزور روایتیں درج ہوگئیں اور اسی بناء پر محدثین کو کہنا پڑا کہ سیر میں ہر قسم کی روایتیں ہوتی ہیں۔ محدثین نے احادیث وروایات کی صحت وعدم صحت سمجھنے کے لیے جو معیار واصول مقرر کیے ہیں سیرت کی روایتوں میں لوگوں نے انھیں اکثر نظر انداز کر دیے۔ محدثین کا سب سے پہلا اصول یہ ہے کہ روایت کا سلسلہ اصل واقعہ تک کہیں منقطع نہ ہونے پائے۔ مغازی کا بڑا حصہ زہری سے منقول ہے، لیکن ان کی اکثر روایتیں جو سیرت ابن ہشام اور طبقات ابن سعد وغیرہ میں مذکور ہیں، منقطع ہیں۔

(۴) مصنفین سیرت میں سے بعض لوگوں نے اس نکتہ کو سمجھا اور جب احادیث کی زیادہ چھان بین کی تو ان کو تسلیم کرنا پڑا کہ سیرت کی کتابوں میں بہت سی روایتیں صحیح حدیثوں کے خلاف درج ہوگئی ہیں، لیکن چوں کہ ان کی تصانیف پھیل چکی تھیں اس لیے ان کی اصلاح نہ ہوسکی۔

(۵) سیرت میں اگلوں نے جو کتابیں لکھیں، ان سے مابعد کے لوگوں نے جو روایتیں نقل کیں انھیں کے نام سے کیں۔ ان کے مستند ہونے کی بناء پر لوگوں نے ان تمام روایتوں کو معتبر سمجھ لیا اور چوں کہ اصل کتابیں ہر شخص کو ہاتھ نہیں آسکتی تھیں اس لیے لوگ راویوں کا پتہ نہ لگا سکے اور رفتہ رفتہ یہ روایتیں تمام کتابوں میں داخل ہوگئیں۔

(۶) روایت کے متعلق جو اصول منضبط ہوئے صحابہ کے متعلق ان سے بعض بعض موقعوں پر کام نہیں لیا گیا، مثلاً اصول روایت کی رو سے رواۃ کے مختلف مدارج ہیں، کوئی راوی نہایت ضابط، نہایت

معنی فہم، نہایت دقیقہ بیں ہوتا ہے، کسی میں یہ اوصاف کم ہوتے ہیں، کسی میں اور بھی کم ہوتے ہیں۔ یہ فرق مراتب جس طرح فطرتاً عام راویوں میں پایا جاتا ہے، صحابۂ کرام میں بھی یہ بات موجود ہے حضرت عائشہ نے حضرت عبداللہ بن عمر اور حضرت ابو ہریرہ کی روایت پر حضرت عبد اللہ بن عباس نے حضرت ابو ہریرہ کی روایت پر جو تنقیدیں کیں یا خلاف قیاس کہا، وہ اسی بناء پر ہوا۔

اختلاف مراتب کی بنیاد پر بڑے بڑے معرکۃ الآراء مسائل کی بنیاد قائم ہے، مثلاً دو راویوں میں تعارض پیش آجائے تو اس بحث کے فیصلہ میں صحیح طریقہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ایک روایت کے راویوں کا دوسری روایت کے راویوں سے عالی رتبہ ہونا ثابت کر دیا جائے۔ (گو دونوں راوی ثقہ ہیں) اور یہ اس روایت کی ترجیح کا قطعی ذریعہ ہوگا۔

(۷) ارباب سیر اکثر واقعات کے اسباب وعلل سے بحث نہیں کرتے، نہ ان کی تلاش وتحقیق کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ اگرچہ اس میں شبہ نہیں کہ اس باب میں یورپ کا طریقہ نہایت غیر معتدل ہے۔ یورپین مورخ ہر واقعہ کی علت تلاش کرتا ہے اور نہایت دور دراز قیاسات اور احتمالات سے سلسلۂ معلومات پیدا کرتا ہے، اس میں بہت کچھ اس کی خودغرضی اور خاص مطمح نظر کو دخل ہوتا ہے، وہ اپنے مقصد کو ایک محور بنالیتا ہے، تمام واقعات اسی کے گرد گردش کرتے ہیں، بخلاف اس کے اسلامی مورخ نہایت سچائی اور انصاف اور خالص غیر جانبداری سے واقعات ڈھونڈتا ہے۔ یورپین مورخ کو اس سے کچھ غرض نہیں ہوتی کہ واقعات کا اثر اس کے مذہب پر، معتقدات پر اور تاریخ پر کیا پڑے گا، اس کا قبلۂ مقصد صرف واقفیت ہوتی ہے، وہ اس پر اپنے معتقدات اور قومیت کو بھی قربان کر دیتا ہے۔

لیکن اس میں حد سے زیادہ تفریط وکمی ہوگئی، اس بات سے بچنے کے لیے واقعات، رائے سے

مخلوط نہ ہو جائیں وہ پاس پاس کے ظاہری اسباب پر بھی نظر نہیں ڈالتا اور ہر واقعہ کو خشک اور ادھورا چھوڑ دیتا ہے، مثلاً اکثر لڑائیوں کو اس طرح شروع کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فلاں قبیلہ پر فلاں وقت فوجیں بھیجیں، لیکن اس کے اسباب کا ذکر مطلق نہیں کرتے جس سے عام ناظرین پر یہ اثر پڑتا ہے کہ کفار پر حملہ کرنے اور ان کو تباہ و برباد کرنے کے لیے کسی سبب اور وجہ کی ضرورت نہیں، صرف یہ عام وجہ کافی ہے کہ وہ کافر ہیں۔ اسی سے مخالفین یہ استدلال کرتے ہیں کہ اسلام تلوار سے پھیلا ہے، حالاں کہ زیادہ چھان بین سے ثابت ہوتا ہے کہ جن قبائل پر فوجیں گئیں وہ پہلے سے آمادۂ جنگ اور مسلمانوں پر حملے کی تیاریاں کر چکے تھے۔

(۸) یہ لحاظ رکھنا ضروری ہے کہ واقعہ کی نوعیت کے بدلنے سے شہادت اور روایت کی حیثیت کہاں تک بدل جاتی ہے، مثلاً ایک راوی جو ثقہ ہے ایک ایسا معمولی واقعہ بیان کرتا ہے جو عموماً پیش آتا ہے اور پیش آسکتا ہے تو بے تکلف یہ روایت تسلیم کر لی گئی، لیکن فرض کرو وہی راوی ایسا واقعہ بیان کرتا ہے جو غیر معمولی ہے، تجربۂ عام کے خلاف ہے، گرد و پیش کے واقعات سے مناسبت نہیں رکھتا، تو واقعہ چوں کہ محتاجِ ثبوت ہے اس لیے اب راوی کا معمولی درجۂ وثوق کافی نہیں ہوسکتا، بلکہ اس کو معمولی درجہ سے زیادہ عادل، زیادہ محتاط، زیادہ نکتہ داں ہونا چاہیئے۔

(۹) سب سے اہم اور سب سے زیادہ قابل بحث یہ بات ہے کہ راوی جو واقعہ بیان کرتا ہے اس میں کس قدر حصہ اصل واقعہ ہے اور کس قدر راوی کا قیاس ہے۔ تفحص اور استقراء سے بعض جگہ یہ نظر آتا ہے کہ راوی جس چیز کو اصل واقعہ کی حیثیت سے بیان کرتا ہے وہ اس کا قیاس ہے، واقعہ نہیں۔ اس کی بہت سی مثالیں سیرت میں موجود ہیں۔ یہاں ہم صرف ایک واقعہ پر اکتفا کرتے ہیں۔

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب ازواج مطہرات سے ناراض ہو کر تنہا نشیں ہو گئے

تھے تو یہ مشہور ہوا کہ حضور نے ازواج کو طلاق دے دی، حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ خبر سنی تو مسجد نبوی میں آئے، یہاں لوگ کہہ رہے تھے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ازواج کو طلاق دے دی، حضرت عمر نے خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر دریافت کیا تو حضور نے فرمایا کہ نہیں، میں نے طلاق نہیں دی۔ یہ حدیث بخاری شریف میں کئی جگہ بہ اختلاف الفاظ مذکور ہے۔

غور کرو، مسجد نبوی میں صحابہ جمع ہیں اور سب بیان کر رہے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طلاق دی، صحابہ عموماً ثقہ اور عادل ہیں اور ان کی کثیر تعداد اس واقعہ کو بیان کر رہی ہے باوجود اس کے جب تحقیق کی جاتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ واقعہ نہیں بلکہ قیاس تھا۔

حافظ ابن حجر نے بڑی جرأت کر کے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ راوی اول منافقین میں سے ہوگا۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نسبت بہت سے ایسے واقعات روایتوں میں مذکور ہیں جن میں سے ایک ''واقعہ افک'' ہے۔ ان کی نسبت بھی وہی قیاس ہونا چاہیئے جو حافظ ابن حجر نے یہاں ظاہر کیا یعنی یہ کہ منافقین نے ان کی طرف منسوب کر دیئے ہوں گے پھر تمام مسلمانوں میں پھیل گئے۔

(۱۰) فن تاریخ و روایت پر جو خارجی اسباب اثر کرتے ہیں ان میں سب سے بڑا قوی اثر حکومت کا ہوتا ہے، لیکن مسلمانوں کو ہمیشہ اس پر فخر کا موقع حاصل رہے گا کہ ان کا قلم تلوار سے نہیں رکا، حدیثوں کی تدوین بنو امیہ کے زمانہ میں ہوئی، جنھوں نے پورے ۹۰ برس تک سندھ سے ایشیائے کوچک اور اندلس تک مساجد جامع میں آل فاطمہ کی توہین کی اور جمعہ میں سر منبر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر لعن کہلوایا۔ سینکڑوں ہزاروں حدیثیں امیر معاویہ وغیرہ کے فضائل میں بنوائیں۔ عباسیوں کے زمانہ میں ایک ایک خلیفہ کے نام بنام پیشین گوئیاں حدیثوں میں داخل ہوئیں،

لیکن نتیجہ کیا ہوا؟ عین اسی زمانہ میں محدثین نے علانیہ منادی کردی کہ یہ سب جھوٹی روایتیں ہیں ۔آج حدیث کا فن اس خس و خاشاک سے پاک ہے، اور بنوامیہ اور عباسیہ جو ظل اللہ اور جانشین پیغمبر تھے، اسی مقام پر نظر آتے ہیں جہاں ان کو ہونا چاہیئے تھا۔

ایک دفعہ ایک شاعر نے مامون الرشید کے دربار میں قصیدہ پڑھا، کہ امیر المومنین اگر تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال اقدس کے دن موجود ہوتا تو خلافت کا جھگڑا سرے سے پیدا ہی نہ ہوتا، دونوں فریق تیرے ہاتھ پر بیعت کر لیتے، وہیں سر دربار ایک شخص نے اٹھ کر کہا تو جھوٹ کہتا ہے، امیر المومنین کا باپ (حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو عباسیوں کے مورث اعلیٰ ہیں) وہاں موجود تھا اس کو کس نے پوچھا؟ مامون الرشید کو بھی اس گستاخانہ لیکن سچ جواب کی تحسین کرنی پڑی۔

تاہم یہ عالمگیر موثر بالکل بے اثر نہیں رہ سکتا تھا اس لیے مغازی میں اس کے نشانات پائے جاتے ہیں۔

(۱۱) تاریخ کا قدیم طریقہ یہ تھا کہ فتوحات اور رزمیہ کارناموں کو نہایت تفصیل سے لکھتے تھے، ملکی نظم و نسق اور تمدن و معاشرت کے واقعات یا تو بالکل قلم انداز کر جاتے تھے یا اس طرح پراگندہ اور بے اثر لکھتے تھے کہ ان پر نگاہ نہیں پڑتی تھی۔ اسلام میں جب تالیف و تصنیف کی ابتداء ہوئی تو یہی نمونے پیش نظر تھے، اس کا پہلا نتیجہ یہ تھا کہ سیرت کا نام مغازی رکھا گیا۔ جس طرح سلاطین کی تاریخیں جنگ نامہ و شاہ نامہ کے نام سے لکھی جاتی ہیں، چنانچہ سیرت کی ابتدائی تصنیف مثلاً سیرت موسیٰ بن عقبہ اور سیرت ابن اسحاق، مغازی ہی کے نام سے مشہور ہیں۔ ان کتابوں کی ترتیب یہ ہے کہ سلاطین کی تاریخ کی طرح سنین کے عنوان بناتے ہیں اور اسی ترتیب سے حالات لکھتے ہیں، یہ حالات تمام تر جنگی معرکے ہوتے ہیں اور غزوات ہی کے عنوان سے

داستانیں شروع کی جاتی ہیں۔

یہ طریقہ اگرچہ سلطنت وحکومت کی تاریخ کے لیے بھی صحیح نہ تھا، لیکن نبوت کے سوانح نگاری کے لیے تو ناموزوں ہے۔ پیغمبر کو ناگزیر طور پر جنگی واقعات پیش آتے ہیں، اس خاص حالت میں وہ بظاہر ایک فاتح یا سپہ سالار کے رنگ میں نظر آتا ہے، لیکن یہ پیغمبر کی اصلی صورت نہیں ہے، پیغمبروں کی زندگی کا ایک ایک خدوخال، تقدس، نزاہت، حلم وکرم، ہمدردی عام اور ایثار ہوتا ہے، بلکہ عین اس وقت جب کہ اس پر سکندر اعظم کا دھوکہ ہوتا ہے، ژرف بیں نگاہ فوراً پہچان لیتی ہے کہ سکندر نہیں بلکہ فرشتۂ یزدانی ہے۔ (سیرت مصطفیٰ، سیرت الرسول وکتب عامہ)

جزیرۃ العرب

ورسلا قد قصصنهم علیک من قبل ورسلا لم نقصصهم علیک

اور رسولوں کو جن کا ذکر آگے ہم تم سے فرما چکے اور ان رسولوں کو جن کا ذکر تم سے نہ فرمایا۔

(سورۃ النساء ۱۶۴/کنزالایمان)

جزیرۂ عرب

عرب کی وجہ تسمیہ

عرب کی وجہ تسمیہ کے متعلق مختلف رائیں ہیں۔اہل لغت کہتے ہیں کہ عرب اور اعراب کے معنی فصاحت اور زبان آوری کے ہیں۔اور چوں کہ اہل عرب اپنی زبان آوری کے سامنے تمام دنیا کو ہیچ سمجھتے تھے اس لیے انھوں نے اپنے آپ کو''عرب''اور دنیا کی تمام قوموں کو''عجم''(ژولیدہ بیان) کہہ کر پکارا۔

بعض کی رائے ہے کہ عرب اصل میں''عربۃ''تھا،عربہ کے معنی سامی زبانوں میں دشت اور صحراء کے ہیں اور چوں کہ عرب کا بڑا حصہ دشت وصحرا ہے،اس لیے تمام ملک کو عرب کہنے لگے۔

جغرافیہ

عرب کے حدود اربعہ یہ ہیں۔

مغرب : بحیرۂ قلزم

مشرق : خلیج فارس اور بحر عمان

جنوب : بحر ہند

شمال : کی حدود بہت مختلف فیہ ہیں

بعض مملکت حلب اور فرات تک اس کی حدود کو وسعت دیتے ہیں۔

سینا کا جزیرہ نما جس کا نام''التیہ''ہے،اکثر مصنفین عرب ویورپ اس کو مصر میں شمار کرتے ہیں،لیکن جیالوجی کی رو سے وہ عرب سے متعلق ہے۔

عرب کی پیمائش باقاعدہ اب تک نہیں ہوئی،تاہم اس قدر یقینی ہے کہ وہ جرمنی اور فرانس سے چوگنا

زیادہ وسیع وعریض ہے۔

طول : تقریباً پندرہ سو میل

عرض : چھ سو میل

مجموعی رقبہ: بارہ لاکھ میل مربع ہے۔

ملک کا بڑا حصہ ریگستان ہے۔ پہاڑوں کا جال تمام ملک میں بچھا ہوا ہے، سب سے بڑا طویل السلسلہ پہاڑ ''جبل السراۃ'' ہے جو جنوب میں یمن سے شروع ہو کر شمال میں شام تک چلا گیا ہے۔ اس کی سب سے اونچی چوٹی آٹھ ہزار فٹ بلند ہے۔ بعض حصے زرخیز اور شاداب بھی ہیں۔ چاندی اور سونے کی کانیں کثرت سے ہیں۔

علامہ ہمدانی صاحب نے ''صفتہ جزیرۃ العرب'' میں ایک ایک کان کا نشان دیا ہے۔ قریش جو تجارت کیا کرتے تھے، مورخین نے لکھا ہے زیادہ تر ان کا مال تجارت چاندی ہوتی تھی۔

علماء جغرافیہ نے جزیرۂ عرب کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا ہے۔

(۱) تہامہ (۲) حجاز (۳) نجد (۴) عروض (۵) یمن

پھر ہر ایک کی ذیلی تقسیمیں بھی کی گئی ہیں۔

عرب کے اقوام وقبائل

مورخین عرب نے اقوام وقبائل عرب کو تین حصوں میں منقسم کیا ہے۔

عرب بائدہ : یعنی عرب کے قدیم ترین قبائل جو اسلام سے بہت پہلے فنا ہو چکے تھے۔

عرب عاربہ : بنو قحطان جو عرب بائدہ کے بعد عرب کے اصلی باشندے تھے اور جن کا اصل مسکن ملک یمن تھا۔

عرب مستعربہ : بنو اسماعیل یعنی حضرت اسماعیل کی اولاد جو حجاز میں آباد تھی۔

ظہور اسلام کے وقت بنو قحطان اور بنو اسماعیل جن کو عدنانی قبائل بھی کہتے ہیں، ملک کے اصلی باشندے تھے اور ان کے علاوہ یہودیوں کی خال خال آبادی تھی۔ اس بناء پر درحقیقت ملک عرب اس وقت تین مختلف عناصر سے مرکب تھا، ہر عنصر کا قوام بے شمار قبائل وفروع سے تھا جو یمن سے شام تک ہر قطعۂ زمین میں پھیلے ہوئے تھے، ان کی پھر مختلف چھوٹی چھوٹی شاخیں تھیں، اس بناء پر ان کا ایک مختصر خاکہ درج ذیل ہے۔

بنو قحطان

اس خاندان کی تین بڑی شاخیں ہیں۔

(۱) قضاعہ

(۲) کہلان

(۳) ازد

حمیر بھی اسی کی شاخ ہے جو یمن کے فرماں روا تھے۔

قبائل قضاعہ

عام علمائے انساب قضاعہ کو بنو قحطان میں داخل کرتے ہیں اور ہم بھی یہاں ان کی پیروی کرتے ہیں ورنہ از روئے تحقیق وہ بنو اسماعیل ہیں۔ بہرحال ان کی حسب ذیل شاخیں ہیں۔

بنو کلب، بنو تنوخ، بنو جرم، بنو جہینہ، بنو نہد، بنو عذرہ، بنو اسلم، بلی، سلیح، ضجعم، تغلب، نمر، اسد، تیم اللات، کلب۔

قبائل کہلان

بجیلہ، خثعم، ہمدان، کندہ، مذحج، طے لخم، جذام، عاملہ

قبائل ازد

اوس، خزرج، خزاعہ، غسان، دوس۔

انصار قبیلہ ازد ہی کی شاخ سے تھے۔

مشہور عدنانی قبائل جن کا آخری مقسم مضر ہے، حسب ذیل ہیں، قبائل مضر اولاً بنی خندف اور بنو قیس دو خاندانوں پر منقسم ہیں۔

(۱) خندف :

ہزیل، کنانہ، اسد، ضبہ، مزینہ، رباب، تمیم، ہون۔

ان میں سے ہر ایک کے متعدد فروع ہیں۔

اصول	فروع
کنانہ	قریش، دول
ہون	قارہ
رباب	عدی، تمیم، عکل، ثور
تمیم	مقاعس، قریع، بہدلہ، یربوع، ریاح، ثعلبہ، کلیب۔

(۲) قیس:

عدوان، غطفان، اعصر، سلیم، ہوازن

ان میں بعض کے فروع یہ ہیں۔

اصول	فروع
غطفان	عبس، ذبیان، فزارہ، مرہ
اعصر	غنی، باہلہ
ہوازن	سعد، نصر، جشم، ثقیف، سلول، بنو عامر

بنو عامر کی شاخیں:

بنو ہلال، بنو نمیر، بنو کعب۔

یہود

بنو قینقاع، بنو نضیر، بنو قریظہ۔

بنو قحطان وآل اسماعیل نے اسلام سے پہلے متعدد حکومتیں قائم کی تھیں جن کے جستہ جستہ واقعات کہیں ملتے ہیں۔

عرب کی قدیم حکومتیں

کتبوں اور دیگر مورخین کی تصریحات سے جو کچھ ثابت ہوتا ہے یہ ہے کہ اسلام سے پہلے عرب میں پانچ متمدن سلطنتیں گزریں۔

(۱) معینی : معین یمن میں ایک مقام کا نام ہے جو کسی زمانہ میں سلطنت کا پایہ تخت تھا۔

(۲) سبائی : یعنی قوم سبا

(۳) حضرموتی: حضرموت یمن کا مشہور مقام ہے۔

(۴) قتبانی : قتبان، عدن میں ایک مقام ہے جو آج کل گمنام ہے۔

(۵) نابتی : حضرت اسماعیل کے ایک بیٹے کا نام نابت تھا یہ سلسلہ انہی کی طرف منسوب ہے۔

عرب اور تہذیب وتمدن

تہذیب وتمدن کے لحاظ سے عرب کے مختلف حصے بالکل مختلف حالت رکھتے تھے۔ مانسوی لیبان فرنساوی نے اصول عمران کی بناء پر یہ رائے ظاہر کی ہے کہ اسلام سے پہلے عرب کا تمدن کسی زمانہ میں اوج کمال تک پہنچ چکا تھا، کیوں کہ اصول وارتقاء کی رو سے کوئی قوم محض وحشت کی حالت سے دفعۃً اعلیٰ درجہ کی تہذیب وتمدن تک نہیں پہنچ سکتی۔

یہ ایک قیاسی استدلال ہے۔ تاریخ سے صرف اس قدر ثابت ہوتا ہے کہ عرب کے بعض حصے مثلاً یمن کسی زمانہ میں انتہا درجہ کی ترقی تک پہنچ چکے تھے۔ یورپ کے محققین آثار قدیمہ جنھوں نے یمن کے آثار قدیمہ کی تحقیقات کی ہے اور پرانے کتبوں کو پڑھا ہے وہ یمن کی قدیم تہذیب وتمدن کا اعتراف کرتے ہیں۔

صنعاء اور قلیس کے ذکر میں یاقوت حموی نے معجم میں قدیم آثارات عجیبہ کا ذکر کیا ہے، اور گو اس میں بہت کچھ مبالغہ بھی ہے تاہم اصلیت کا حصہ بھی کچھ کم نہیں۔

اسی طرح عرب کے وہ مقامات جو ایران اور شام سے متصل تھے مثلاً ''حیرہ'' جو آل نعمان کا پایۂ تخت تھا اور ''حوران'' جو خاندان غسان کا صدر مقام تھا، تہذیب وتمدن سے خالی نہ تھے۔

مورخین عرب کا دعویٰ ہے کہ یمن نے ایک زمانہ میں اس حد تک ترقی کی تھی کہ وہاں کے سلاطین نے پورا ایران فتح کر لیا تھا، چنانچہ سمرقند کی وجہ تسمیہ یہ بتاتے ہیں کہ یمن کا ایک بادشاہ جس کا نام شمر تھا اس نے سمرقند کو کھدوا کر برباد کر دیا تھا اس بناء پر ایرانی اس مقدس شہر کو شمر کند کہنے لگے پھر معرب ہو کر سمرقند ہو گیا۔

عظیم الشان قلعوں اور عمارتوں کے آثار جواب بھی کچھ باقی تھے، اس بات کی قطعی شہادت ہیں کہ اس ملک میں کبھی اعلیٰ درجہ کا تمدن موجود تھا۔ علامہ ہمدانی نے ''اکلیل'' میں تمام آثار قدیمہ کا ذکر کیا ہے۔

لیکن عرب کے اصلی اور اندرونی مقامات میں تہذیب وتمدن کی یہ حالت نہ تھی۔ عربی زبان نہایت وسیع ہے باوجود اس کے جن چیزوں کو تمدن اور اسباب معاشرت سے تعلق ہے، ان کے لیے خاص عربی زبان میں الفاظ نہیں ملتے، بلکہ ایران یا روم وغیرہ سے مستعار آئے ہیں۔

''سکہ'' کے لیے ایک لفظ بھی موجود نہیں۔ ''درہم'' اور ''دینار'' دونوں غیر زبان کے لفظ ہیں۔ درہم یونانی لفظ ''درخم'' ہے اور یہ وہی لفظ ہے جو انگریزی میں ''ڈرام'' ہو گیا۔ ''چراغ'' معمولی چیز ہے تاہم اس کے لیے عربی میں کوئی لفظ نہ تھا۔ چراغ کو لے کر ''سراج'' کر لیا، پھر ایک مصنوعی لفظ ''مصباح'' بنایا۔ کوزہ کے لیے کوئی لفظ نہیں، کوزہ کو ''کوز'' کر لیا ہے۔ لوٹے کو ''ابریق'' کہتے ہیں جو ''آب ریز'' کا معرب ہے۔ ''تشت'' فارسی لفظ تھا اسی کو عربی میں ''طست'' کر لیا ہے۔ پیالہ کو ''کاس'' کہتے ہیں جو فارسی میں ''کاسہ'' ہے۔ ''پائجامہ'' کو ''سروال'' کہتے ہیں جو ''شلوار'' کی بگڑی ہوئی صورت ہے۔

احادیث صحیحہ سے ثابت ہوتا ہے کہ حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ تک عیش ونعمت کے سامان بہت کم تھے۔ مسئلہ حجاب کے شان نزول میں بخاری وغیرہ میں مذکور ہے کہ اس زمانہ تک گھروں میں جائے ضرور نہ تھی۔ مستورات وخواتین رفع حاجت کے لیے باہر جایا کرتی تھیں۔ ترمذی باب الفقر میں ہے کہ اس وقت تک چھلنیاں نہ تھیں۔ بھوسے کو پھونک کر اڑاتے تھے، جو رہ جاتا تھا وہی آٹا ہوتا تھا۔ بخاری شریف کی ایک حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ راتوں کو گھروں میں چراغ نہیں جلتے تھے۔

عرب کے مذاہب

عرب میں اسلام سے پہلے مختلف مذاہب تھے۔ بعضوں کا خیال تھا کہ جو کچھ ہے زمانہ یا فطرت (قانون قدرت) ہے، خدا کوئی چیز نہیں۔ ان ہی لوگوں کی نسبت قرآن مجید میں ہے۔

و قالوا ما ھی الاحیاتنا الدنیا نموت و نحی و ما یھلکنا الا الدھر.

اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ جو کچھ ہے ہماری دنیا کی زندگی ہے ہم مرتے اور جیتے ہیں اور ہم کو مارتا ہے تو زمانہ مارتا ہے۔

بعض خدا کے قائل تھے، لیکن قیامت اور جزا وسزا کے منکر تھے، ان کے مقابلے میں قرآن مجید نے قیامت کے ثبوت پر اس طرح استدلال کیا ہے۔

قل یحییھا الذی انشاھا اول مرۃ .

کہہ دو کہ (ہڈیوں کو) وہی دوبارہ زندہ کرے گا، جس نے پہلی دفعہ پیدا کیا تھا۔

بعض خدا اور جزا وسزا کے بھی قائل تھے، لیکن نبوت کے منکر تھے، ان کا ذکر اس آیت میں ہے۔

و قالوا ما لھذا الرسول یاکل الطعام و یمشی فی الاسواق .

اور کہتے ہیں کہ یہ کیا رسول ہیں کہ کھاتا پیتا ہے اور بازار میں چلتا پھرتا ہے۔

قالوا ابعث اللہ بشرا رسولا

کہتے ہیں کہ کیا خدا نے آدمی کو پیغمبر بنا کر بھیجا ہے۔

ان کا خیال تھا کہ اگر کوئی پیغمبر ہوسکتا ہے تو اس کو فرشتہ ہونا چاہیئے جو حاجات انسانی سے منزہ ہو،

لیکن عموماً لوگ بت پرست تھے، وہ بتوں کو خدا نہیں سمجھتے تھے بلکہ کہتے تھے کہ بت خدا تک پہنچنے کے وسیلے ہیں۔

ما نعبد ھم الا لیقربونا الی اللہ زلفی .

ہم ان بتوں کو صرف اس لیے پوجتے ہیں کہ ہم کو خدا سے قریب کر دیں۔

قبیلہ حمیر جو یمن میں رہتا تھا، آفتاب پرست تھا، کنانہ چاند کو پوجتے تھے، قبیلہ بنی تمیم اوبران کی عبادت کرتا تھا۔ اسی طرح قیس ستارۂ شعریٰ کی، قبیلہ اسد عطارد کی اور لخم وجذام مشتری کی پرستش کرتے تھے۔

مشہور بتوں اور ان کے پوجنے والوں کے نام حسب ذیل ہیں

نام بت	مقام	قبیلہ جو اس بت کو پوجتے تھے
لات	طائف	ثقیف
عزیٰ	مکہ معظمہ	قریش وکنانہ
منات	مدینہ منورہ	اوس، خزرج اور غسان
ود	دومۃ الجندل	کلب
سواع		ہذیل
یغوث		مذحج اور قبائل یمن
یعوق		ہمدان

سب سے بڑا بت ہبل تھا، جو کعبہ کی چھت پر منصوب تھا۔ قریش لڑائیوں میں اس کی جے پکارتے تھے۔ عرب میں بت پرستی کا بانی ایک شخص عمرو بن لحی تھا۔ اس کا اصلی نام، ربیعہ بن حارثہ تھا،

عرب کا مشہور قبیلہ خزاعہ اسی کی نسل سے ہے۔عمرو سے پہلے جرہم کعبہ کے متولی تھے، عمرو نے لڑ کر جرہم کو مکہ سے نکال دیا اور خود حرم کا متولی ہوگیا، وہ ایک دفعہ شام کے کسی شہر میں گیا، وہاں کے لوگوں کو بت پوجتے دیکھا تو پوچھا کہ ان کو کیوں پوجتے ہو؟ انھوں نے کہا یہ حاجت روا ہیں، لڑائیوں میں فتح دلاتے ہیں ،قحط پڑتا ہے تو پانی برساتے ہیں۔عمرو نے چند بت ان سے لے لیے اور لاکر کعبہ کے آس پاس قائم کیے۔ کعبہ چوں کہ عرب کا مرکز تھا اس لیے تمام قبائل میں بت پرستی کا رواج ہوگیا۔ان میں سب سے قدیم بت ''مناۃ'' تھا۔ یہ سمندر کے کنارے قدید کے قریب نصب تھا، اوس اور خزرج یعنی مدینہ کے لوگ اسی پر قربانی چڑھاتے تھے اور جب کعبہ کا حج کر کے آتے تھے تو احرام یہیں اتارتے تھے۔ ہزیل اور خزاعہ بھی اس کی پرستش کرتے تھے۔

یاقوت حموی نے معجم البلدان (ذکر مکہ) میں لکھا ہے کہ عرب میں بت پرستی کی عام اشاعت کی وجہ یہ ہوئی کہ قبائل عرب جو تمام اطراف سے حج کو آتے تھے، واپس جاتے ہوئے حرم کے پتھروں کو اٹھا لیتے تھے اور ان کو اصنام کعبہ کی صورت پر تراش کر ان کی عبادت کرتے تھے۔

عقیدۂ توحید اور عرب

عرب گو قریباً سب کے سب بت پرست تھے لیکن اس کے ساتھ یہ اعتقاد ان کے دل سے کبھی نہیں گیا کہ اصلی خدائے برتر اور چیز ہے اور وہی تمام عالم کا خالق ہے۔اس خالق اکبر کو وہ اللہ کہتے تھے قرآن مجید میں ہے۔

و لئن سالتهم من خلق السموات و الارض و سخر الشمس و القمر ليقولن الله فانى يوفكون .

اور اگر تم ان سے پوچھو کس نے بنائے آسمان اور زمین اور کام میں لگائے سورج اور چاند تو ضرور

کہیں گے اللہ نے تو کہاں اوندھے جاتے ہیں۔

فاذا رکبوا فی الفلک دعوا اللہ مخلصین لہ الدین فاذا نجھم الی البر اذاھم یشرکون.

پھر جب کشتی میں سوار ہوتے ہیں اللہ کو پکارتے ہیں ایک اسی پر عقیدہ لاکر پھر جب وہ انھیں خشکی کی طرف بچالاتا ہے جبھی شرک کرنے لگتے ہیں۔

قرآن کریم نے تیرہ سو برس پہلے جس حقیقت کا اظہار کیا ہے، آج تحقیقات آثار قدیمہ بھی اس کی تصدیق کرتی ہیں۔

نصرانیت، یہودیت اور مجوسیت

اگرچہ زمانہ اور مدت کا تعین مشکل ہے، لیکن یہ تینوں مذہب ایک مدت دراز سے عرب میں رائج ہو چکے تھے۔ علامہ ابن قتیبہ نے معارف میں لکھا ہے کہ قبائل ربیعہ وغسان نصرانی تھے، قضاعہ میں بھی اس مذہب کا اثر پایا جاتا تھا۔ نصرانیت کو اس قدر ترقی ہو چکی تھی کہ خود مکہ معظمہ میں ایسے لوگ موجود تھے (مثلاً ورقہ بن نوفل) جو عبرانی زبان میں انجیل کو پڑھ سکتے تھے۔ متعدد ایسے لوگ تھے جنھوں نے شام میں جا کر تعلیم پائی تھی۔

حمیر، بنو کنانہ، بنو حرث بن کعب، کندہ یہ قبائل یہودی تھے۔ مدینہ منورہ میں یہود نے پورا غلبہ پالیا تھا اور تورات کی تعلیم کے لیے متعدد درسگاہیں قائم تھیں جن کو بیت المدارس کہتے تھے۔ حدیث کی کتابوں میں اسی نام سے ان کا ذکر آتا ہے۔ قلعہ خیبر کی تمام آبادی یہودی تھی۔ امراء القیس کا ہم عصر مشہور شاعر سموئیل بن عادیا جس کی وفاداری آج تک عرب میں ضرب المثل ہے، یہودی تھا۔

اہل کتاب کی روایتیں مکہ میں اس قدر رواج پا چکی تھیں کہ حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر

جب قرآن نازل ہوتا تھا اور اس میں بنی اسرائیل کے واقعات مذکور ہوتے تھے تو کفار بدگمانی کرتے تھے کہ کوئی یہودی یا عیسائی آپ کو سکھاتا ہے۔ خود قرآن کریم میں ہے۔

و لقد نعلم انهم يقولون انما يعلمه بشر.

اور بے شک ہم جانتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں یہ تو کوئی آدمی سکھاتا ہے۔

قرآن کریم میں اس خیال کا ابطال کر دیا گیا ہے۔

قبیلۂ بنو تمیم مجوسی تھا۔ زرارہ تمیمی جو اس قبیلہ کا مشہور رئیس تھا اسی بناء پر اپنی بیٹی سے شادی کر لی تھی، گو اس پر اس کو ندامت ہوئی۔ اقرع بن حابس بھی مجوسی تھا۔

اہل عرب اور مذہب حنفی

دین ابراہیم کی ام الاصول توحید خالص تھی۔ زمانہ کے امتداد اور جہالت کے شیوع سے یہ اصول اگر چہ شرک آلود ہو گیا تھا، یہاں تک کہ خود خانہ خدا میں بتوں کی پرستش ہوتی تھی، تاہم بالکل فنا نہیں ہو سکتا تھا۔ عرب میں کہیں کہیں اس کا دھندلا نشان نظر آتا تھا۔ جو لوگ صاحب بصیرت تھے ان کو یہ منظر نہایت نفرت انگیز معلوم ہوتا تھا کہ انسان عاقل، جماد لا یعقل کے سامنے سر جھکائے۔ اس بناء پر بت پرستی کی برائی کا خیال بہتوں کے دل میں آیا، لیکن اس کا تاریخی زمانہ حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت سے کچھ ہی پہلے شروع ہوتا ہے۔

ابن اسحاق نے لکھا ہے کہ ایک دفعہ کسی بت کے سالانہ میلہ میں ورقہ بن نوفل، عبداللہ بن جحش، عثمان بن الحویرث اور زید بن عمرو بن نفیل شریک تھے۔ ان لوگوں کے دل میں دفعۃً یہ خیال آیا کہ یہ کیا بیہودہ پن ہے کہ ہم ایک پتھر کے سامنے سر جھکاتے ہیں جو نہ سنتا، نہ دیکھتا ہے، نہ کسی کا نقصان کر سکتا ہے، اور نہ کسی کو فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ یہ چاروں قریش کے خاندان سے تھے۔ ورقہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے

برادر عم زاد تھے۔ زید حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چچا تھے۔ عبداللہ بن جحش حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بھانجے تھے، عثمان عبدالعزیٰ کے پوتے تھے۔

زید دین ابراہیمی کی تلاش میں شام گئے، وہاں یہودی اور عیسائی پادریوں سے ملے، لیکن کسی سے تسلی نہیں ہوئی اس لیے اس اجمالی اعتقاد پر اکتفاء کیا کہ "میں ابراہیم کا مذہب قبول کرتا ہوں"

صحیح بخاری میں حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے زید کو اس حالت میں دیکھا کہ کعبہ سے پیٹھ لگائے لوگوں سے کہتے تھے، اے اہل قریش! تم میں سے کوئی شخص بجز میرے ابراہیم کے دین پر نہیں ہے۔

اہل عرب لڑکیوں کو زندہ دفن کر دیتے تھے۔ زید ہی پہلے شخص ہیں جنھوں نے اس رسم کی ممانعت کی، جب کوئی شخص ایسا ارادہ کرتا تو وہ جا کر اس لڑکی کو مانگ لیتے اور خود اس کی پرورش کرتے۔

صحیح بخاری میں مذکور ہے کہ حضور سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعلان نبوت سے پہلے زید کو دیکھا تھا اور ان سے صحبت رہی تھی۔ ورقہ اور عبداللہ بن جحش اور عثمان بت پرستی چھوڑ کر عیسائی ہو گئے تھے۔

اسی زمانہ کے قریب امیہ بن ابی صلت نے جو طائف کا رئیس اور مشہور شاعر تھا، بت پرستی کی مخالفت کی۔ حافظ ابن حجر نے اصابہ میں زبیر بن بکار کی سند سے لکھا ہے کہ امیہ نے زمانہ جاہلیت میں آسمانی کتابیں پڑھی تھیں اور بت پرستی چھوڑ کر دین ابراہیمی اختیار کر لیا تھا۔

ابن ہشام نے بت پرستی کی مخالفت کرنے والوں میں انہی چاروں کا نام لکھا ہے، لیکن اور تاریخی شہادتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ عرب میں اور متعدد اہل نظر پیدا ہو گئے تھے جنھوں نے بت پرستی سے توبہ کی تھی، ان میں سب سے زیادہ مشہور شخص عرب کا نامور خطیب قیس بن ساعدہ الایادی ہے۔ ایک شخص قیس

بن نشبہ تھا جس کی نسبت حافظ ابن حجر نے اصابہ میں لکھا ہے کہ وہ جاہلیت کے زمانہ میں خدا پرست ہو چکا تھا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت پر مشرف بہ اسلام ہوا۔

یہ امر اکثر روایتوں سے ثابت ہے کہ عرب اور خصوصاً مکہ اور مدینہ میں متعدد اشخاص بت پرستی کے منکر ہو گئے تھے اور ملت ابراہیمی کی جستجو میں تھے، یہ اس لیے کہ مجدد ملت ابراہیمی کے ظہور کا وقت قریب آ گیا تھا۔

ان چند راہ طلب اور حقیقت جو اشخاص کے وجود کی بناء پر مصنفین یورپ کہتے ہیں کہ مذہب صحیح اور توحید خالص کا رواج عام عرب میں اسلام سے پہلے بھی موجود تھا، لیکن اگر یہ صحیح ہے تو یہ حیرت انگیز بات ہے کہ اسلام کے ظہور پر اس قدر ہنگامہ کیوں برپا ہوا؟

عرب مذاہب میں بے اعتدالیاں

جیسا کہ اوپر بیان ہوا عرب میں تمام مشہور مذاہب تھے، یہودیت بھی، نصرانیت بھی، مجوسیت بھی، حنیفیت بھی اور عقلی بلند پروازی کی معراج الحاد بھی، لیکن ان سب کا نتیجہ کیا تھا؟ عقائد کے لحاظ سے یا تو خداؤں کی وہ کثرت جس کو نصرانیت نے بہت گھٹایا تاہم تین کی تعداد سے کم نہ کر سکی، اس کے ساتھ یہ اعتقاد کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خود سولی پر چڑھ کر تمام بنی آدم کے گناہوں کا کفارہ بن گئے، یا توحید تھی لیکن خدا اس قسم کا تھا جو آدمیوں سے کشتی لڑتا تھا۔

بتوں پر آدمیوں کی قربانی چڑھائی جاتی تھی۔ باپ کی منکوحہ بیٹے کو وراثت میں ملتی تھی۔ حقیقی بہنوں سے ایک ساتھ شادی جائز تھی، ازدواج کی کوئی حد نہ تھی۔ قمار بازی، شراب خوری، زنا کاری کا رواج عام تھا۔ بے حیائی کی یہ حالت کہ سب سے بڑا نامور شاعر امرء القیس جو شہزادہ بھی تھا، قصیدہ میں اپنی پھوپھی زاد بہن کے ساتھ اپنی بدکاری کا قصہ مزے لے لے کر بیان کرتا ہے اور یہ قصیدہ کعبہ پر آویزاں کیا

جاتا ہے۔

لڑائیوں میں لوگوں کو زندہ جلا دینا، مستورات کا پیٹ چاک کر ڈالنا اور معصوم بچوں کو تہہ تیغ کرنا عموماً جائز سمجھا جاتا تھا۔

یہ حالت صرف عرب کے ساتھ مخصوص نہ تھی، بلکہ پوری دنیا میں یہی تاریکی چھائی ہوئی تھی۔ کیا اس عام ظلمت، اس عالمگیر تیرگی، اس وسیع اور ہمہ گیر تاریکی میں ایک آفتاب عالم تاب کی حاجت نہ تھی؟

اہل عرب کی خصوصیات

جزیرۂ عرب کے جغرافیائی اور سیاسی حالات اور مختلف علاقوں میں مختلف قبائل کی آبادکاری کا اجمالی خاکہ آپ نے ملاحظہ فرمایا۔

اب ہم اس جزیرہ کے باشندوں کی اخلاقی خصوصیات کا جائزہ لیں گے، جس سے یہ حقیقت واضح ہو جائے گی کہ باوجود اس بات کے کہ جزیرۂ عرب کا اکثر علاقہ لق و دق صحراؤں، ناقابل کاشت بنجر میدانوں اور ناقابل عبور ریگستانوں پر مشتمل تھا، اس کے بسنے والے علم سے بالکل بے بہرہ تھے۔ اس کے باوجود قدرت نے اس خطہ کو اور اس میں سکونت پذیر قوم کو کیوں اپنے محبوب مکرم خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت کے لیے اور اس دین حنیف کی پہلی تجربہ گاہ بنانے کے لیے منتخب فرمایا اور ان ان پڑھوں کو کیوں اس دولت سرمدی کا امین بنایا۔ اس جائزہ سے آپ یقیناً اس نتیجہ پر پہنچیں گے کہ اہل عرب میں ان خامیوں اور خرابیوں کے باجود ایسی خوبیاں موجود تھیں جن کے باعث ان کو یہ امانت عظمیٰ تفویض کی گئی اور آنے والے حالات نے اس بات کی تصدیق کر دی کہ قدرت کا انتخاب بالکل درست تھا۔ ان صحرانشینوں نے اپنے فرائض منصبی کو اس عمدگی سے انجام دیا کہ سارا عالم انگشت بدنداں ہو کر رہ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو فہم و فراست، قوت حافظہ، فصاحت و بلاغت، غیرت و شجاعت، سخاوت و دریا دلی، سخت کوشی، جفاکشی، فنون

جنگ میں مہارت اور دیگر کمالات سے اس فیاضی سے بہرہ ور فرمایا تھا کہ ان کی ہم عصر قوم کسی میدان میں بھی ان کی ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتی تھی۔

فراست وذہانت

اہل عرب کی فراست وذہانت عدیم النظیر تھی۔ مورخین نے بے شمار واقعات اپنی کتابوں میں تحریر کیے ہیں، جن سے ان کی فراست وذہانت کا پتہ چلتا ہے۔ میں صرف ایک واقعہ کے ذکر پر اکتفاء کرتا ہوں۔

ایک دولت مند شخص اپنے دو غلاموں کی معیت میں سفر پر روانہ ہوا، جب وہ نصف راستہ طے کر چکے تو ان غلاموں نے اس کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا، اس آدمی نے بھی تاڑ لیا کہ یہ مجھے قتل کرنے کا منصوبہ بنا چکے ہیں تو اس نے غلاموں سے کہا کہ اگر تم مجھے قتل کرنے کا عزم مصمم کر ہی چکے ہو تو میرے ساتھ ایک حلفیہ وعدہ کرو کہ جب تم واپس جاؤ تو میرے گھر جانا اور میری دونوں بچیوں کو یہ شعر سنانا۔ انھوں نے پوچھا، کونسا شعر؟ اس شخص نے جواب میں یہ شعر پڑھا۔

من مبلغ بنتی ان اباھما
للہ درکما و دُر ابیکما

ان دونوں غلاموں نے جب یہ سنا تو ایک نے دوسرے کو کہا کہ اس میں کوئی خطرہ والی بات نہیں، یہ بے ضرر سا شعر ہے، جس سے اس کی آخری حسرت بھی پوری ہو جائیگی اور ہمیں بھی کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ چنانچہ انھوں نے اس کے ساتھ وعدہ کیا کہ جب وہ واپس لوٹیں گے تو اس کے گھر جا کر اس کی بیٹیوں کو اس کی طرف سے یہ شعر سنا دیں گے۔ جب وہ سفر سے واپس لوٹے تو حسب وعدہ اس کے گھر گئے، اس کی بڑی لڑکی سے ملاقات کی اور کہا، تمھارے والد کو اس چیز نے آلیا جس سے کسی کو مفر نہیں یعنی موت، اس نے ہم

سے قسم لی تھی کہ جب ہم واپس آئیں تو تمھیں اس کا یہ شعر سنائیں، چنانچہ انھوں نے یہ شعر پڑھ کر اس بڑی لڑکی کو سنایا اس نے کہا کہ اس میں کوئی ایسی چیز نہیں جس سے باپ مجھے آگاہ کرنا چاہتا تھا، لیکن تم ذرا صبر کرو، میں اپنی چھوٹی بہن کو بلا لاؤں۔ وہ اس کو بلا کر لے آئی، اسے واقعہ بھی بتایا اور اپنے باپ کا شعر بھی سنایا، سنتے ہی اس نے اپنی اوڑھنی اتار دی اور آہ و فغاں شروع کر دی۔

اس نے کہا، اے گروہ عرب! ان دونوں نے میرے باپ کو قتل کر دیا ہے۔ لوگوں نے پوچھا، تمھارے پاس اس کی کیا دلیل ہے؟ وہ کہنے لگی اس شعر کے دونوں مصرے نامکمل ہیں۔ دونوں مصرے دوسرے مصرع کے محتاج ہیں۔ اس شعر میں پہلے اور دوسرے مصرع میں کوئی مناسبت نہیں، درحقیقت یہ دو شعر ہیں۔ اس شعر میں دونوں شعروں کا ایک ایک مصرع مذکور ہے اور دوسرا مصرع مقدر ہے، انھوں نے پوچھا: پھر یہ شعر کیسے ہونا چاہیئے؟ اس نے کہا: پہلا شعر یوں ہونا چاہیئے۔

من مخبر بنتی ان اباھما

امسی قتیلا بالفلاۃ مجندلا

کون شخص ہے جو میری دونوں بچیوں کو یہ اطلاع دے کہ ان کا باپ قتل کر دیا گیا ہے اور اس کی لاش جنگل میں مٹی سے آلودہ پڑی ہوئی ہے؟

للہ در کما در ابیکما

لن یبرح العبدان حتی یقتلا

اے بچیو! تم دونوں کی خوبیاں اور تمھارے باپ کی خوبیاں اللہ کے لیے ہیں۔ ان غلاموں کو ہرگز نہ چھوڑا جائے یہاں تک کہ ان کو قتل کر دیا جائے۔

لوگوں نے ان غلاموں کی تفتیش کی۔ انھوں نے اپنے جرم کا اعتراف کیا۔ چنانچہ بطور قصاص ان کو

قتل کر دیا گیا۔

اس قوم کی فراست اور ذہانت کا اندازہ لگائیے جس کی ایک کم عمر بچی نے اس راز کا پردہ چاک کیا اور حقیقت حال کو آشکارا کر دیا۔ ان کی حد درجہ ذہانت و فطانت کے باعث ان کے نبی کو ان کی ہدایت و رہنمائی کے لیے جو معجزہ دیا گیا وہ قرآن کریم تھا، جو اپنے اعجاز بیان اور اسلوب بلاغت میں اپنی مثال نہیں رکھتا تھا۔ قرآن کریم کے کلمات طیبات میں فصاحت و بلاغت کے جو سمندر ٹھاٹھیں مار رہے ہیں ان کی صحیح قدر و منزلت کا وہی لوگ اندازہ لگا سکتے تھے۔ بسا اوقات ایک آیت سن کر ہی پھڑک اٹھتے تھے، ان کے دل کی دنیا بدل جایا کرتی تھی۔ احادیث مبارکہ میں بہت سے ایسے واقعات مذکور ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرآن کریم کی ایک آیت تلاوت فرمائی اور اس کی برکت سے تاریک سینے بقعۂ نور بن گئے۔

اہل عرب کی قوت حافظہ

فہم و فراست کی نعمت کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے اہل عرب کو بے پناہ قوت حافظہ ارزانی فرمائی تھی۔ اگر چہ وہ لکھنے اور پڑھنے سے عاری تھے، لیکن اپنی یادداشت کے بل بوتے پر انھوں نے اپنی جنگوں اور دیگر اہم واقعات کی تفصیلات کو محفوظ رکھا۔ وہ صرف اپنے سلسلہ نسب سے ہی پوری طرح باخبر نہ تھے، بلکہ اپنے گھوڑوں کے نام اور ان کے نسب ناموں کو بھی پوری طرح جانتے تھے۔ جو گھوڑا میدان جنگ میں غیر معمولی شجاعت اور کارکردگی کا مظاہرہ کرتا اس کے نسب سے وہ پوری طرح واقف رہتے تھے۔ ان کے تہواروں میں جو ادبی محفلیں منعقد ہوتیں، جن میں دور و نزدیک سے آئے ہوئے فصحاء و بلغاء اپنے قصیدے سناتے یا اپنے خطاب سے لوگوں کے دلوں کو موہ لیتے، سننے والے ایک بار سننے سے وہ پورا قصیدہ اور پورا خطبہ ازبر کر لیتے، پھر وہ اس سے آگے روایت کرتے رہتے۔ اگر کسی کی زبان سے فی البدیہہ کوئی جملہ نکل جاتا تو وہ ضرب المثل بن جاتا اور جزیرۂ عرب کے گوشہ گوشہ میں رواج پا جاتا ضرب المثل کے ساتھ وہ واقعہ بھی

اذہان میں نقش ہو جاتا، جس کے پس منظر میں کسی کی زبان سے یہ جملہ نکلتا۔

ہر شاعر کا ایک راویہ ہوا کرتا جس کا کام یہ تھا کہ شاعر کی زبان سے نکلنے والا ہر شعر وہ یاد کر لیتا ہر راویہ کو شعر کے مختلف اقسام، رجز، قصیدے وغیرہ اس قدر یاد ہوتے کہ ان کا شمار کرنا مشکل ہوتا، اصمعی جو متاخرین میں ادب کا امام شمار کیا جاتا ہے، وہ کہتا ہے کہ۔

بالغ ہونے سے پہلے مجھے اعراب بادیہ کے بارہ ہزار رجزیہ اشعار یاد تھے۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ دنیا کی کوئی قوم قوت حافظہ میں اہل عرب کی ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتی، یہاں تک کہ آج اشعار جاہلیت کا جو وسیع ذخیرہ موجود ہے وہ اسلام کے زمانہ تک زبانی ہی روایت کا مرہون منت ہے۔

فرانس کے وزیر تعلیم ''دردی'' نے اعتراف کیا ہے کہ عرب زبان میں جو وسعت ہے اور ہر چیز کے مختلف حالات اور مختلف صفات کے اعتبار سے الگ الگ نام ہیں، ان کے ہاں مترادفات کی بھرمار ہے، اس لیے ان کے شعر و سخن کا دائرہ بہت وسیع ہے۔

ان کے ہاں شہد کے ۸۰/اسی نام ہیں، سانپ کے دو سو، شیر کے پانچ سو، اونٹ کے ایک ہزار، تلوار کے بھی ایک ہزار اور آلام و مصائب کی تعبیر کے لیے چار ہزار الفاظ ہیں۔

وزیر موصوف لکھتے ہیں کہ ان تمام اسماء کو یاد کر لینا قوی حافظہ کے بغیر ممکن نہیں۔ اہل عرب کو قدرت نے جو ذہانت اور قوت حافظہ عطا فرمائی تھی، اس کا انکار ممکن نہیں۔

ان کے مشاہیر سے حماد نامی ایک راویہ تھا۔ اس نے خلیفہ ولید سے کہا کہ وہ یہاں کھڑے کھڑے ایک سو قصیدہ زبانی سنا سکتا ہے اور ہر قصیدہ بیس سے سو شعر پر مشتمل ہوگا۔

کلام کی اس وسعت اور ایک مادہ سے مختلف صیغوں کے اشتقاق کے قواعد نے اس لغت کو مزید وسعتیں بخش دی تھیں جس کی وجہ سے اہل عرب میں مافی الضمیر کے اظہار اور بیان کی وہ قوت پیدا ہو گئی تھی

جس کے باعث دنیا کی کوئی قوم ان کے ساتھ برابری کا دعویٰ نہیں کر سکتی تھی۔

اہل عرب کی سخاوت و فیاضی

جزیرۂ عرب کا اکثر حصہ ریگزاروں، صحراؤں اور ریگستانوں پر مشتمل تھا۔ بارش بھی بہت کم مقدار میں برستی تھی۔ معیشت کے دیگر ذرائع کا بھی فقدان تھا، اس لیے اہل عرب کی معاشی حالت اس وقت بڑی نا گفتہ بہ تھی، لیکن اس غربت و ناداری کے باوجود اللہ تعالیٰ نے سخاوت و فیاضی کی جو صفت ان کو مرحمت فرمائی تھی اس کی تفصیلات پڑھ کر انسان حیرت زدہ ہو جاتا ہے۔ ان کے اشعار کا بہترین حصہ وہ ہے جن میں انھوں نے اپنی فیاضیوں کا ذکر کیا ہے۔ ان کا یہ دستور تھا کہ رات کو اونچے ٹیلوں پر آگ روشن کر دیتے تاکہ اگر رات کے وقت کسی مسافر کا وہاں سے گزر ہو تو وہ اس آگ کو دیکھ کر ان صحرا نشیں بدوؤں کے خیمے تک پہنچ سکے، اور جب کوئی بھٹکا ہوا مسافر رات کے وقت ان کے ہاں پہنچ جاتا تو اس کی خاطر مدارات کی وہ حد کر دیتے۔ ایک شاعر اپنے غلام کو کہتا ہے۔

اوقد فان الیل لیل قر

و ریح یا واقد ریح صر

●

عل یری نارک من یمر

ان جلبت ضیفا فانت حر

اے واقد! اونچے ٹیلے پر آگ کو جلا، کیوں کہ رات بہت ٹھنڈی ہے اور سرد ہوائیں چل رہی ہیں، شاید کوئی گزرنے والا تیری آگ کو دیکھ لے، اگر اس آگ نے کسی مہمان کو اپنی طرف کھینچ لیا تو تو آزاد ہوگا۔

وہ صرف اونچی جگہوں پر آگ ہی نہیں جلایا کرتے تھے، بلکہ اس خیال سے کہ شاید رات کا مسافر بینائی سے محروم ہو اور وہ آگ کو نہ دیکھ سکے اس لیے وہ خوشبودار بخور آگ پر چھڑک دیتے تھے جس کی خوشبو دور دور تک پھیل جایا کرتی تھی، اس سے ان کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ اندھا مسافر اگر آگ کو دیکھنے سے قاصر ہے تو خوشبو سونگھ کر ہی وہ ان کے پاس پہنچ جائے۔

اس کے علاوہ وہ کتے پالا کرتے تھے۔ اپنے ریوڑوں کی حفاظت کے علاوہ ان کتوں کے پالنے کا یہ مقصد بھی تھا کہ وہ رات کے سناٹے میں بھونکیں، ان کی آواز دور دور تک پہنچے گی اور رات کے صحرا نورد مسافر ان کے خیموں تک بآسانی پہنچ جائیں گے۔

ایک شاعر اپنے کتے کے بارے میں اپنے بیٹے کو وصیت کرتا ہے۔

اوصیک خیرا بہ فان لہ

خلائقا لا ازال احمدھا

یدل ضیفی علی فی غسق الیل

اذا النار نام موقدھا

اے بیٹے! میں تجھے اس کتے کے بارے میں وصیت کرتا ہوں کہ تم اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا، کیوں کہ اس میں ایسی خوبیاں ہیں جن کو میں بہت پسند کرتا ہوں۔ یہ رات کی تاریکی میں میرے مہمان کو اس وقت میرے پاس لے آتا ہے جب آگ کا جلانے والا سو جایا کرتا ہے۔

عرب ایسے ایسے عدیم المثال، عظیم المرتبت فیاض گزرے ہیں جن کی فیاضی اور سخاوت کے باعث تاریخ ان کو ہمیشہ یاد کرنے پر مجبور ہے۔ چند مشہور سخیوں کے نام یہ ہیں:

(۱) حاتم طائی (۲) کعب بن مامہ الایادی (۳) اوس بن حارثہ الطائی (۴) ہرم بن سنان (۵) عبداللہ بن جدعان التیمی وغیرہم

ان کے نام کرم وسخا میں ضرب الامثال کے طور پر لیے جاتے ہیں۔

اہل عرب کی شجاعت

اہل عرب جن خوبیوں سے متصف تھے ان میں سے ایک اعلیٰ ترین خوبی ان کی شجاعت اور بہادری تھی اپنی عزت وناموس کے لیے اپنے حقوق کے تحفظ اوران کی بازیابی کے لیے اپنے قبیلہ کی سطوت و شوکت کا ڈنکا بجانے کے لیے وہ اپنی متاع زیست کو قربان کرنے کے لیے بلا تامل تیار ہوجایا کرتے تھے۔ اپنا سر کٹادینا، اپنے جسم کے پرزے اڑادینا، عالم شباب میں موت کا تلخ پیالہ اپنے لبوں سے لگالینا ان کے لیے ادنیٰ سی بات تھی۔ وہ زندگی اور اس کے عیش وطرب کو کوئی اہمیت نہیں دیتے تھے، اپنی عزت اور اپنے قبیلہ کی آبرو کو بچانے کے لیے موت سے کھیل جانا ان کے لیے قطعاً کوئی خوفناک کھیل نہ تھا۔ وہ اپنے خیال کے مطابق اپنے اعلیٰ مقاصد کے لیے اپنی جان اور خون کا نذرانہ پیش کرنا اپنا فرض اولیں سمجھا کرتے تھے۔ ان کی زندگیاں اپنے دشمنوں سے لڑتے ہوئے گزرتی تھیں۔ وہ میدان جنگ کی موت کو بستر پر ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنے پر ترجیح دیا کرتے، بستر کی موت ان کے لیے قابل مذمت تھی۔

ایک عرب کو اس کے بھائی کے قتل ہوجانے کی اطلاع دی گئی تو اس نے بڑے سکون سے کہا:

ان يقتل فقد قتل ابوه و اخوه و عمه انا والله لا نموت حتفا و لكن قطعاً باطراف الرماح و موتا تحت ظلال السيوف

اگر میرا بھائی قتل ہوگیا ہے تو کیا ہوا، اس سے پہلے اس کا باپ، اس کا بھائی اور اس کا چچا بھی میدان جنگ میں قتل ہوئے تھے۔ بخدا ہم بستر پر نہیں مرا کرتے بلکہ نیزوں کی انیوں سے ہمارے پرزے اڑائے جاتے ہیں، اور ہم تلواروں کے سائے میں موت کا پیغام قبول کرتے ہیں۔

ایک عرب شاعر سموئل نے کیا خوب کہا ہے۔

و مـا مـات منـا سيـد حتف انفـه

و لا طـل منـا حيـث كـان قتيـل

ہمارا کوئی سردار طبعی موت نہیں مرا، اور نہ ہی ہمارے کسی مقتل کا خون ضائع ہوا ہے۔

اہل عرب کی شان وفائے عہد

وفا، سچائی اور انصاف کے قبیل سے ہے، اس کے برعکس غدر اور دھوکہ جھوٹ اور ظلم کے قبیل سے ہے، کیوں کہ وفا نام ہے زبان اور عمل سے سچ بولنے کا، اور غدر نام ہے زبان اور عمل سے جھوٹ بولنے کا۔ اس لیے وعدہ کی پابندی کا قرآن کریم نے بار بار حکم دیا ہے اور وعدہ پورا کرنے والوں کی ستائش فرمائی ہے۔

واوفوا بعهدی اوف بعهد كم و ایای فارهبون .

تم نے میرے ساتھ جو عہد کیا ہے اس کو تم پورا کرو، میں نے تمھارے ساتھ جو عہد کیا اسے میں پورا کروں گا۔

ارشاد الٰہی ہے:

اوفوا بعد الله اذا عاهدتم

کہ جب تم اللہ تعالیٰ سے وعدہ کرو تو اسے پورا کرو۔

کوئی قوم بلکہ کوئی انسانی معاشرہ باہمی اعتماد کے بغیر ترقی نہیں کرسکتا، جہاں عہد شکنی اور وعدہ خلافی کی وبا عام ہو وہ معاشرہ زوال وانحطاط کا شکار ہو جاتا ہے۔ اہل عرب کی گوناگوں خوبیاں ہیں ان میں سے ایک یہ خوبی بھی تھی کہ اگر وہ کسی سے وعدہ کرتے تو اسے پورا کرتے خواہ اس سلسلہ میں ان کو مالی نقصان برداشت کرنا پڑتا بلکہ جان کی بازی بھی ہارنی پڑتی، طبعی طور پر وہ جھوٹ سے نفرت کرتے اور جھوٹے کو حقیر و

ذلیل سمجھتے، اس طرح سچ بولنا ان کے نزدیک صفات محمودہ میں سے تھا، اور سچے آدمی کی تعظیم وتکریم کرنا ان کا قومی شعار تھا، عہد جاہلیت کی تاریخ میں ہمیں بے شمار ایسے واقعات ملتے ہیں جب کہ اہل عرب نے مال و جان کی قربانی دے کر بھی اپنے قول کی لاج رکھی اور اس کو اپنا فرض سمجھا۔ یہ چیز ان کے لیے باعث صد عز و شرف خیال کی جاتی تھی۔

امام مرزوقی لکھتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبیلہ مضر کے لیے قحط سالی کی بد دعا کی۔ سات سال گزر گئے بارش کا ایک قطرہ بھی نہ ٹپکا ہر طرف ویرانی ہی ویرانی پھیل گئی، گھاس خشک ہوگئی، درختوں کے پتے جھڑ گئے، اکثر چشموں اور تالابوں میں پانی کی ایک بوند بھی باقی نہ رہی۔ ان حالات سے مجبور ہو کر ان کے سردار حاجب نے اپنی قوم کو جمع کیا کہ میں کسریٰ کے پاس جاتا ہوں اور اس سے اس کے ملک میں رہائش اختیار کرنے کی اجازت طلب کرتا ہوں تا کہ اس قحط کی تباہ کاریوں سے ہم اپنے آپ کو بچا سکیں۔ قوم نے اس کی تجویز کی تحسین کی۔ چنانچہ وہ کسریٰ کے پاس گیا اور اپنی تکالیف بیان کرنے کے بعد اس سے اجازت طلب کی کہ جب تک بارشیں نہیں برستیں اور قحط سالی کا خاتمہ نہیں ہوتا وہ اس کی قوم کو اپنے ملک میں رہنے کی اجازت دے۔

کسریٰ نے کہا کہ تم اہل عرب فتنہ وفساد کے خوگر و عادی ہو۔ غارت گری اور قزاقی تمھارا مرغوب پیشہ ہے۔ اگر میں تمھیں اجازت دوں تو تم اپنی ان قبیح عادات کی وجہ سے میرے ملک وقوم کے امن وسکون کو تہ وبالا کر کے رکھ دو گے۔ حاجب نے کہا کہ میں اس کی ضمانت دیتا ہوں جب تک میری قوم تیرے ملک میں سکونت پذیر رہے گی اس قسم کی کوئی نازیبا حرکت نہیں کرے گی۔ کسریٰ نے کہا اس بات کا کوئی ضامن ہے کہ تم اس وعدہ کو پورا کرو گے، حاجب نے کہا میں بطور ضمانت اپنی کمان تمھارے پاس رہن رکھتا ہوں۔ جب وہ کمان لے کر آیا تو اس کو دیکھ کر اہل دربار ہنس پڑے، لیکن کسریٰ نے کہا ہمیں منظور ہے اور اس نے کمان رکھوالی۔

چنانچہ جتنا عرصہ حاجب اپنی قوم کے ساتھ وہاں رہا، قوم کے ہر فرد نے اپنے سردار کے اس قول کا پاس رکھا۔ حاجب کی موت کے بعد بنی مضر بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے۔ اپنی غلطیوں کی معافی مانگی اور التماس کیا کہ حضور ہمارے لیے بارش کی دعا فرمائیں۔ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی دعا سے موسلا دھار بارشیں ہوئیں اور ان کا ویران علاقہ پھر سرسبز و شاداب ہو گیا۔ مضر کا قبیلہ ایران سے واپس آ کر اپنے علاقے میں آباد ہو گیا۔ حاجب کا بیٹا عطارد، کسریٰ کے پاس گیا تا کہ اپنے باپ کی کمان اس سے لے آئے، کسریٰ نے اسے دیکھ کر کہا تم وہ آدمی نہیں ہو جس نے میرے پاس کمان رکھی تھی۔ عطارد نے کہا بے شک! لیکن جس نے کمان رکھی تھی وہ مر گیا ہے، اور میں اس کا بیٹا ہوں اور اپنے باپ کی کمان لینے کے لیے حاضر ہوا ہوں، چنانچہ کسریٰ نے وہ کمان واپس کر دی اور اسے خلعت فاخرہ پہنائی۔ جب وہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا تو اس نے وہ خلعت بارگاہ رسالت میں ہدیہ کے طور پر پیش کی، لیکن سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے قبول نہ فرمایا۔ اس نے وہ خلعت ایک یہودی کو چار ہزار درہم میں فروخت کر دی۔

یہ بات قبیلہ مضر کے لیے فخر و مباہات کا باعث بن گئی۔ چنانچہ ابوتمام کہتا ہے۔

اذا افتخرت یوما تمیم بقوسھا
فخار اعلیٰ ما وطدت من مناقب

اگر بنو تمیم اپنی کمان کے باعث فخر کرے، جس کی وجہ سے اس کے مناقب مستحکم ہو گئے ہیں۔

فانتم بذی قار امالت سیوفکم
عروش الذین استرھنوا قوس حاجب

اے میری قوم! تم وہ بہادر ہو جن کی تلواروں نے ذی قار کی جنگ میں ان بادشاہوں کے تختوں کو اوندھا کر دیا، جنھوں نے حاجب کی کمان کو اپنے پاس گروی رکھا تھا۔

اہل عرب کی غیرت وحمیت

عرب کے یہ بادیہ نشیں دیگر صفات حمیدہ سے متصف ہونے کے ساتھ ساتھ غیرت کے جذبہ سے بھی سرشار تھے۔ یہ اپنی عصمت وعفت کی حفاظت کے لیے خون کے دریا بہا دینا اور کشتوں کے پشتے لگا دینا اپنا اہم ترین فریضہ سمجھتے تھے، کسی کی مجال نہ تھی کہ ان کی ناموس کی طرف بری نگاہ سے دیکھ سکے اور وہ اسے خاموشی سے برداشت کرلیں، اسی جذبہ سے سرشار ہونے کے باعث وہ اپنے نسب کی حفاظت کیا کرتے تھے اور اپنے شجرۂ نسب کو یاد رکھا کرتے تھے اور ہر وہ شخص جس میں شرافت وفضیلت کا ادنیٰ سا بھی حصہ پایا جاتا ہو وہ لازمی طور پر غیرتمند ہوتا ہے اور وہ قوم شجاعت، سخاوت اور پاس عہد میں اس بلند درجہ پر فائز تھی، وہ بھلا اپنی عصمت وناموس کی حفاظت میں کیوں کر سہل پسندی کا مظاہرہ کرسکتی تھی۔

ان کی بڑی بڑی جنگوں کے پس منظر میں اکثر اسی قسم کے واقعات ہوا کرتے تھے۔ کسی بڑے سے بڑے سردار نے اگر کسی شخص کی ماں کو کوئی ایسی خدمت بجالانے کا حکم دیا جو اس کے مرتبہ سے فروتر ہوتی تو وہ خاتون اس تذلیل پر آتش زیر پا ہو جاتی اور اپنے خاوند، بھائیوں، فرزندوں کو للکارتی۔ ایک عورت کی للکار پر سینکڑوں تلواریں بے نیام ہو جاتیں اور آن واحد میں خون کے دریا بہنے لگتے۔ ان کا جذبۂ غیرت بھی ان کی شجاعت اور ان کی مروت کا ایک مظہر تھا۔ وہ قوم بزدل ہو جایا کرتی ہے جس میں مروت وحمیت کا جذبہ موت کی نیند سو جایا کرتا ہے، وہاں غیرت بھی دم توڑ دیتی ہے۔ جو چاہے ان کی عصمتوں کے ساتھ کھیلا کرے۔ اس لیے ان کے شرفاء اور نجباء اپنے لیے اور اپنے بچوں کے لیے ایسی بیویوں کا انتخاب کیا کرتے تھے جن کا دامن عصمت فسق وفجور کے بدنما داغوں سے پاک وصاف ہوتا۔ وہ ظاہری حسن وجمال پر اس امر کو ترجیح دیتے کہ وہ خاتون جسے ان کی اولاد کی ماں بننا ہے یا ان کی ہونے والی بہو، رنگ وروپ میں اگر کسی سے کم ہو تو ہو، لیکن شرافت اور عفت میں اس کا معیار بہت ہی بلند ہونا چاہیے۔

اہل عرب کی لغو عادات

ان کی جاہلانہ رسوم میں سے ایک رسم یہ بھی تھی کہ جب بارش برسنا بند ہو جاتی اور قحط سالی کا دور دورہ ہوتا تو وہ سلع اور عشر دونوں درختوں کی ٹہنیاں کاٹ کر ایک گائے کی دم کے ساتھ باندھ دیتے اور ان شاخوں کو آگ لگا دیتے اور اس گائے کو دشوار گزار پہاڑیوں میں لٹھ مار کر بھگا دیتے اور یہ خیال کرتے کہ ان کے اس طریقہ سے بادل اُمڈ کر آئیں گے، بجلی چمکے گی اور موسلا دھار بارش برسے گی۔

ایک اعرابی اس لغو حرکت پر اظہار نفرت کرتے ہوئے لکھتا ہے۔

شفعنا ببيقور الى هاطل الحيا

فلم يغن عنا ذاک بل زاد نا جدبا

ہم نے اس گائے سے شفاعت طلب کی جس کی دم سے وہ شاخیں باندھ کر آگ لگا دی گئی تھی تاکہ موسلا دھار بارش برسے، لیکن اس چیز نے ہمیں کوئی نفع نہ پہنچایا بلکہ خشک سالی میں مزید اضافہ ہوگیا۔

ان کے ہاں ایک اور رواج تھا کہ اگر ایک اونٹ کو خارش کی بیماری لاحق ہوتی تو اس کے ساتھ جو صحت منداونٹ ہوتا تو اس کو آگ سے داغ لگائے جاتے اور وہ یہ خیال کرتے کہ اس طرح خارش زدہ اونٹ درست ہو جائے گا۔ خارش زدہ اونٹ کو ذی العر کہا جاتا۔ ان کی اس توہم پرستی سے شعراء نے اپنے اشعار میں بڑی نکتہ آفرینیاں کی ہیں۔ ایک شاعر کہتا ہے۔

فالزمتنی ذنبا و غیری جره

حنانيک لا تكو الصحيح باجربا

تو نے مجھ پر ایک گناہ کا الزام لگایا ہے حالاں کہ اس کا ارتکاب میرے علاوہ ایک اور آدمی نے کیا ہے۔ مجھ پر رحم کرو، ایک خارش زدہ اونٹ کے بدلہ میں صحت منداونٹ کو داغ مت لگاؤ۔

ان کے ہاں اسی قسم کی ایک لغو رسم "بلیہ" کے نام سے مروج تھی۔ ان کا یہ دستور تھا کہ جب ان کا کوئی سردار مرجاتا تو اس کی اونٹنی یا اونٹ کو لے آتے، اس کی گردن کو دہرا کر دیتے اور اس کے سر کو پیچھے کی طرف موڑ دیتے اور ایک گڑھے میں اس کو چھوڑ دیتے، نہ اسے کچھ کھانے کے لیے دیتے اور نہ اسے پانی پلاتے، یہاں تک کہ وہ بھوکی پیاسی تڑپ تڑپ کر جان دے دیتی اور اس کے مردہ جسم کو نذر آتش کر دیا جاتا، بسا اوقات اس کی کھال اتار لی جاتی اور اس کو ثمامہ نامی گھاس سے بھر دیا جاتا۔ ان کا یہ گمان تھا کہ اگر کوئی آدمی مرجائے اور اس کے لیے یہ بلیہ کی رسم ادا نہ کی جائے تو قیامت کے روز جب وہ قبر سے اٹھے گا تو اس کو سواری نصیب نہیں ہوگی، بلکہ اسے پیدل چلنا پڑے گا اور جس کے لیے یہ رسم ادا کی جائے تو جوں ہی وہ قبر سے نکلے گا اس کے لیے ایک بہترین سواری پیش کی جائے گی۔

ان کے ہاں یہ رسم بھی تھی کہ جب ان کا کوئی سرکردہ آدمی یا قبیلہ کا سردار مرجاتا تو وہ اس کی قبر پر ایک اونٹ لے آتے اور اس کی چاروں کونچیں کاٹ دیتے، پھر اس کو تڑپتا ہوا چھوڑ دیتے، اس سے بہنے والے خون سے قبر کو رنگین کرتے۔ ان کے اس فعل کی کئی وجوہ ذکر کی گئی ہیں۔

(۱) یہ کہ میت کی تعظیم کے لیے وہ ایسا کرتے تھے جس طرح وہ اپنے بتوں کی تعظیم کے لیے جانور ذبح کیا کرتے۔

(۲) یہ کہ اونٹ مردوں کی گلی ہوئی ہڈیاں کھاتا ہے۔ گویا اس طرح وہ اس سے انتقام لیتے تھے۔

(۳) یہ کہ اونٹ ان کے قیمتی اموال سے ہے، اس کو ذبح کر کے وہ یہ تأثر دینا چاہتے تھے کہ ہمارے اس سردار کا مرنا ہمارے لیے اتنا المناک سانحہ ہے کہ ہمارے نزدیک ہماری قیمتی چیزیں بھی اپنی اہمیت کھو بیٹھی ہیں۔

اسلام نے ان تمام خرافات کو نیست و نابود کر دیا اور اپنے ماننے والوں کو ایسی رسوم ادا کرنے سے منع کر دیا۔

ان کے ہاں ایک اور عقیدہ بھی پھیلا ہوا تھا کہ جب کسی آدمی کو قتل کر دیا جاتا ہے تو اس کے سر سے روح ایک پرندہ کی شکل میں نکلتی ہے اور جب تک اس مقتول کا انتقام نہ لیا جائے اس وقت تک وہ اس کی قبر پر چکر کاٹتی رہتی ہے اور کہتی ہے کہ:

اسقونی فانی صدیة

مجھے پلاؤ میں سخت پیاسی ہوں۔

اس اعتقاد کے باعث عربوں کے یہاں اگر کسی آدمی کو قتل کر دیا جاتا تو اس کے قریبی رشتہ داروں اور بیٹوں بھائیوں کے لیے اس کے خون کو معاف کرنا مشکل ہو جاتا تھا، کیوں کہ وہ یہ خیال کرتے تھے کہ جب تک ہم مقتول کا بدلہ نہیں لیں گے اس وقت تک اس کی روح کو چین نہیں آئے گا۔ وہ اپنے مشتعل جذبات کو تو ٹھنڈا کر سکتے تھے لیکن اپنے مقتول باپ یا بھائی کی روح کی اس ابدی پریشانی اور اضطراب کو برداشت کرنا ان کے بس کا روگ نہ تھا، اس لیے وہ مجبور تھے کہ اپنے مقتول عزیز کا ہر قیمت پر انتقام لیں۔

اسلام نے دوسری خرافات کی طرح اس توہم پرستی کی بھی بیخ کنی کر دی، اور اہل عرب کو اس ناسور سے شفا بخشی جس سے ہر وقت خون رستا رہتا تھا اور قیامت برپا کرتا رہتا تھا۔

مقتول کی دیت:۔

عربوں کے ہاں مقتول کی دیت عام طور پر ایک سو اونٹ ہوا کرتی۔ قاتل پوری دیت کو ساتھ لے کر اور اپنی قوم کے معززین کی جماعت کی ہمراہی میں مقتول کے وارثوں کے پاس جاتا اور ان سے دیت قبول کرنے اور قتل معاف کرنے کی درخواست کرتا، اگر مقتول کے ورثاء طاقتور ہوتے تو دیت کو مسترد کر دیتے اور قصاص لینے پر اصرار کرتے اور اگر وہ اتنے طاقتور نہ ہوتے کہ قاتل کے قبیلہ کا مقابلہ

کر سکیں تو پھر اپنا پردہ رکھنے کے لیے وہ یہ کہتے کہ ہم خود تو اپنے مقتول کو ان سو اونٹوں کے بدلے میں فروخت نہیں کر سکتے، البتہ اگر اللہ تعالیٰ یہ فیصلہ فرمادے تو پھر ہم دیت لے لیں گے اور قصاص سے دست کش ہو جائیں گے۔ اس بارے میں اللہ تعالیٰ کی رائے معلوم کرنے کی صورت یہ تھی کہ کمان میں تیر رکھ کر آسمان کی طرف پھینکا جاتا اگر وہ خون سے آلودہ ہو کر واپس آتا تو وہ کہتے کہ اللہ تعالیٰ نے دیت لینے کی اجازت نہیں دی، بلکہ قصاص لینے کا حکم دیا ہے اس لیے ہم مجبور ہیں اور اگر واپس آنے والا تیر خون سے آلودہ نہ ہوتا تو کہتے کہ اللہ تعالیٰ نے دیت لینے کے بارے میں فیصلہ کر دیا۔ یہ فیصلہ محض عوام کو خاموش کرنے کے لیے کیا جاتا ورنہ کبھی بھی ایسا نہیں ہوا کہ تیر پھینکا گیا ہو اور وہ خون سے رنگین ہو کر واپس آیا ہو۔

عام لوگوں کی دیت کے بارے میں تو یہ مقدار مقرر تھی لیکن اگر مقتول کوئی بادشاہ یا رئیس قوم ہوتا تو اس کی دیت ایک سو اونٹ کی بجائے ایک ہزار اونٹ لی جاتی۔ بادشاہ اور رئیس قبیلہ کو اس معاشرہ میں جو خصوصی امتیازات حاصل تھے ان میں سے یہ امتیاز بھی تھا۔

اسلام نے شاہ وگدا کے درمیان اس باطل امتیاز کو بھی ختم کر دیا اور غریب وامیر سب کی دیت ایک سو اونٹ مقرر کر دی۔

معاقرہ

عربوں میں ایک رسم یہ بھی تھی کہ دو آدمی باہم مقابلہ کرتے ایک آدمی چند اونٹ ذبح کرتا، دوسرا آدمی اس سے زیادہ اونٹ ذبح کر دیتا، پھر پہلا آدمی اس سے بھی زیادہ ذبح کرتا، دوسرا آدمی اونٹوں کی تعداد میں مزید اضافہ کر کے انھیں کاٹ ڈالتا۔ جو آدمی اپنے مدمقابل سے زیادہ اونٹ ذبح کرنے سے عاجز آجاتا اسے شکست خوردہ تصور کیا جاتا اور پہلے کو غالب اور فاتح شمار کیا جاتا۔ یہ ایک ایسی قبیح رسم تھی جس سے

بے ضرورت بے دریغ اونٹوں کو تلف کر دیا جاتا۔ اس میں اسراف بھی تھا اور جانوروں کا ضیاع بھی، لیکن وہ لوگ عہد جاہلیت میں اس امر میں ایک دوسرے سے بازی لے جانے کے لیے اپنے سینکڑوں اونٹ ضائع کر دیتے اور اس کو وجہ فخر و مباہات سمجھتے۔

چراگاہوں پر اجارہ داری

آپ کو معلوم ہے کہ عرب کے بادیہ نشیں قبائل کا ذریعۂ معاش ریوڑ پالنا تھا وہ چشموں اور چراگاہوں کی تلاش میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتے رہتے، جہاں ان کی بھیڑ بکریوں کے لیے پینے کا پانی اور چرنے کے لیے گھاس بآسانی دستیاب ہوتا، اس پر ان کی معاشی خوشحالی کا دارومدار تھا لیکن اس سلسلہ میں بھی طاقتور رؤسا ایسی حرکتیں کرتے تھے جن سے عوام الناس کو بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ جہاں بھی کسی قبیلہ کا کوئی طاقتور سردار پہنچتا تو وہ اپنا ایک کتا اونچی جگہ پر کھڑا کرتا، اور اس کو بھونکاتا اور جہاں جہاں تک اس کے کتے کے بھونکنے کی آواز پہنچتی وہاں تک وہ چراگاہ اس ایک شخص کی مقبوضہ بن جاتی، اس کے ریوڑ کے علاوہ کسی اور کا ریوڑ ادھر کا رخ نہ کر سکتا، نہ اس محدود علاقہ کے چشموں سے کوئی پانی پی سکتا، یہ ایک صریح ظلم تھا۔ بسا اوقات عوام جب گوناگوں صعوبتوں سے دوچار ہوتے تو تنگ آمد بجنگ آمد کے قاعدوں کے مطابق اس ظالم سردار کو قتل کرنے سے بھی دریغ نہ کرتے۔

عرب میں شادی بیاہ کے طریقے

شریف قبائل میں تو شادی بیاہ کا یہی طریقہ تھا جس کو اسلام نے بھی جائز قرار دیا کہ لڑکے کے ورثاء لڑکی کے پاس جاتے اور ان سے رشتہ کی درخواست کرتے اور اگر وہ ان کی اس درخواست کو قبول کرتے تو لڑکے کے رشتہ دار از حد ممنون و شکر گزار ہوتے۔ لڑکی کا مہر مقرر کیا جاتا، مجلس نکاح منعقد ہوتی اور لڑکی کے والدین نیک تمناؤں کے ساتھ اپنی لڑکی کو رخصت کرتے۔

لیکن اس نکاح کے علاوہ رشتۂ زوجیت کے انعقاد کے اور بھی متعدد طریقے رائج تھے، جن کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ کفر و شرک کی آلودگیوں نے ان کے جذبۂ غیرت وحمیت کا کس طرح گلا گھونٹ دیا تھا اور وہ لوگ کیوں کر ایسی رسموں کو کھلے دل سے برداشت کرتے تھے۔ نہ ان کا ضمیر ان کو اس بے غیرتی پر ملامت کرتا تھا اور نہ اس معاشرہ میں ان کے خلاف ردعمل کی کوئی لہر اٹھتی تھی۔ اس کی مختلف صورتیں تھیں۔

(۱) منکوحہ عورت جب ایام حیض سے فارغ ہوتی تو اس کا خاوند کسی شجاع یا سخی آدمی کی طرف اس کو بھیجتا اور اس کو اجازت دیتا کہ اس کے ساتھ ہم بستری کرے اور اس سے اس کا مقصد یہ ہوتا کہ ایک نامور آدمی کے نطفہ سے اس کی بیوی کے شکم سے جو بچہ پیدا ہوگا وہ بھی نامور ہوگا، اور اس کو ایک نامور بیٹے کا باپ بننے کا اعزاز حاصل ہو جائے گا۔ گو کہ یہ صورت درحقیقت نکاح کی نہیں، لیکن اہل عرب اس کو نکاح سے تعبیر کرتے تھے۔

(۲) دوسرا طریقہ یہ تھا کہ آٹھ نو آدمی ایک عورت کے پاس اکٹھے ہوتے اور اس کی رضا سے اس کے ساتھ مقاربت کرتے۔ اگر اس مقاربت سے حمل ٹھہر جاتا تو جب بچہ پیدا ہوتا تو چند روز بعد ان آٹھ نو آدمیوں کو وہ عورت بلا بھیجتی تھی۔ ان میں سے کسی کی مجال نہ ہوتی کہ وہ آنے سے انکار کرے۔ جب وہ اس کے پاس اکٹھے ہو جاتے تو وہ کہتی کہ جو کچھ تم نے کیا اسے تم جانتے ہی ہو۔ اس فعل سے میرے ہاں بچہ پیدا ہوا ہے۔ پھر ان میں سے جس کا نام چاہتی لے کر کہتی کہ یہ تیرا بچہ ہے۔ اس آدمی کی مجال نہ ہوتی کہ وہ انکا کرے۔ اس بچے کو اس آدمی کی نسل سے ملحق کر دیا جاتا۔ یہ اس وقت ہوتا، جب پیدا ہونے والا بیٹا ہوتا۔ اور اگر بیٹی پیدا ہوتی تو پھر وہ نہ ان کو بلاتی نہ کسی کی طرف اس کی نسبت کرتی، کیوں کہ اسے علم ہوتا کہ اہل عرب بچیوں کو از حد ناپسند کرتے ہیں اور بعض اپنی جائز بچیوں کو زندہ درگور کرنے سے باز نہیں

آتے ، ایسے معاشرہ میں ایک ناجائز بچی کا بوجھ اٹھانے کے لیے کون تیار ہوگا، اس لیے وہ خاموش رہتی۔

(۳) ایک طریقہ یہ بھی تھا کہ بدکار عورتیں اپنے مکانوں کے اوپر جھنڈے لہراتیں، ہر شخص کے لیے روز وشب ان کے دروازے کھلے رہتے اور بدکاری کا کاروبار جاری رہتا، اگر کوئی بچہ پیدا ہوتا تو پھر قیافہ شناس کو بلایا جاتا اور جس کی طرف وہ اس کے نسب کی نسبت کر دیتا، اس کا وہ فرزند قرار پاتا۔

(۴) پوشیدہ نکاح : ایسی بدکاری جو لوگوں کی آنکھوں سے اوجھل ہو وہ بری نہیں سمجھی جاتی تھی، لیکن ایسی بدکاری جس کا عام چرچا ہو اور کھلم کھلا ہو اس کو عیب اور کمینگی سمجھا جاتا تھا۔

(۵) نکاح متعہ : اس کا بھی عام رواج تھا۔ اس میں گواہوں کے بغیر عورت اور مرد مقررہ وقت کے لیے معینہ مال کے عوض بیاہ کر لیتے تھے اور میاں بیوی کی حیثیت سے زندگی بسر کرتے تھے۔

(۶) نکاح بدل : ان کے ہاں ازدواج کا یہ حیا سوز طریقہ بھی تھا کہ دو مرد آپس میں یہ طے کر لیتے۔ ایک دوسرے کو کہتا کہ تو اپنی عورت کو میرے پاس بھیج دے میں اپنی بیوی کو تمھارے پاس بھیج دوں گا۔

(۷) نکاح شغار : ایک آدمی اپنی لڑکی کا بیاہ کسی مرد کے ساتھ کر دیتا، اس شرط پر کہ وہ مرد اپنی بیٹی یا بہن اس کے نکاح میں دے دے گا اور دونوں اپنی بیویوں کو مہر وغیرہ ادا نہیں کریں گے۔

یہ چند وہ طریقے تھے جو ان میں مروج تھے اور جس پر کسی کو کوئی بھی متہم نہیں کرتا تھا۔

بچیوں کو زندہ در گور کرنا

ایک انتہائی ظالمانہ اور سنگ دلانہ رسم عربوں میں رائج تھی اور جس کو باعث عز و شرف سمجھا جاتا تھا، وہ ''وأد البنات'' کی رسم تھی یعنی جب کسی کے ہاں بچی پیدا ہوتی تو ان کے ہاں صف ماتم بچھ جاتی، اور جب وہ چند سال کی ہو جاتی تو باپ اس کو بہترین کپڑے پہناتا، مزین و آراستہ کر کے جنگل میں لے جاتا، اپنے ہاتھوں سے ایک گہرا گڑھا کھودتا پھر اس میں دھکا دے کر اس بچی کو پھینک دیتا اور اس پر مٹی ڈال کر اس گڑھے کو بھر دیتا، وہ بے چاری چیختی چلاتی رہ جاتی، لیکن اس سنگدل و سفاک باپ پر ذرا اثر نہ ہوتا۔

بیٹیوں کو زندہ در گور کرنے کی یہ قبیح رسم تقریباً عرب کے تمام قبائل مین کم و بیش رائج تھی، لیکن بنو تمیم میں اس کا رواج بہت زیادہ تھا۔

اس رسم کی وجوہ مختلف لوگوں نے مختلف بیان کی ہیں۔

بنو تمیم، کندہ اور چند دوسرے قبائل تو اس وجہ سے بچیوں کو زندہ در گور کر دیتے کہ مبادا ان کی کسی نازیبا حرکت کی وجہ سے ان کا خاندان بدنام ہو۔

المیدانی نے اس کا سبب یہ بیان کیا ہے کہ بنو تمیم پر حیرہ کے بادشاہ نے ٹیکس لگایا ہوا تھا، لیکن انھوں نے اس کو ادا کرنے سے انکار کر دیا۔ حیرہ کے بادشاہ نعمان نے اپنے بھائی ریان کو بھیجا اور اس کے ساتھ ایک خاص فوجی دستہ بھی روانہ کیا، جسے ''دوسر'' کہا جاتا۔ ان میں سپاہیوں کی اکثریت بکر بن وائل قبیلہ سے تعلق رکھتی تھی۔ اس نے بنو تمیم پر حملہ کیا، ان کے مویشیوں کو پکڑ لیا اور ان کی اولاد کو جنگی قیدی بنا کر حیرہ لے آئے اور عورتوں کو بھی باندیاں بنا لیں۔

بنو تمیم نے نعمان بن منذر کی خدمت میں ایک وفد روانہ کیا تا کہ اپنے جنگی قیدیوں اور عورتوں کو

آزاد کرانے کے لیے اس سے مذاکرات کرے۔ نعمان نے فیصلہ کیا کہ عورتوں کے معاملہ میں ہم عورتوں کو اختیار دیتے ہیں، وہ چاہیں تو اپنے سابقہ خاوندوں کے پاس لوٹ آئیں اور چاہیں تو جن سپاہیوں میں ان کو تقسیم کیا گیا ہے ان کے پاس رہیں۔ ان میں سے ایک عورت قیس بن عاصم کی بیٹی تھی، اس سے جب پوچھا گیا تو اس نے اپنے پہلے خاوند کے پاس جانے سے انکار کر دیا کہ وہ اپنے موجودہ شوہر کے پاس رہے گی۔ اس وقت قیس بن عاصم نے نذر مانی کہ اگر اس کے ہاں اب کوئی بچی پیدا ہوئی تو وہ اس کو زمین میں زندہ دفن کر دے گا۔ اس کے یہاں بارہ تیرہ لڑکیاں پیدا ہوئیں اس نے اپنی نذر کے مطابق ان سب کو درگور کر دیا۔

اسی قسم کا واقعہ بنی ربیعہ میں بھی پیش آیا۔ اس کے سردار کی بیٹی نے اپنے باپ کے پاس آنے کی بجائے اپنے فاتح کے پاس رہنے کو پسند کیا۔ اس طرح اس قبیلہ میں بھی وأد البنات کا رواج جڑ پکڑ گیا۔ وہ اس بات کو پسند نہیں کرتے تھے کہ ان کی بیویاں یا ان کی بیٹیاں کوئی ایسی حرکت کریں جس سے ان کے خاندان کی عزت و ناموس داغ دار ہو جائے اور یہ کلنک کا ٹیکہ سارے عرب میں ان کو ذلیل و رسوا کرنے کا باعث بنے۔

یہی جذبۂ غیرت تھا، جس نے اس ظلم و درندگی کو صحرائے عرب کے قبائل میں پذیرائی بخشی اور لوگ اپنے جگر کے ٹکڑوں کو زندہ درگور کرتے اور اسے اپنے لیے فخر و مباہات کا باعث سمجھنے لگے۔

بچیوں کو زندہ درگور کرنے کی دوسری وجہ یہ تھی کہ اگر کسی بچی کی آنکھیں نیلی ہوتیں یا اس کا رنگ سیاہ ہوتا، یا اس پر برص کے سفید داغ ہوتے، یا وہ لنگڑی یا لولی ہوتی تو ایسی بچیوں کو بھی وہ کنواں کھود کر اس میں پھینک دیتے اور مٹی ڈال کر اس کو جیتے جی موت کی آغوش میں سلا دیا جاتا۔ پہلے پہل تو صرف ایسی ہی معیوب لڑکیوں کو زندہ درگور کیا جاتا تھا لیکن یہ عمل رفتہ رفتہ صحیح سالم بچیوں میں دہرایا جانے لگا اور باضابطہ اس کا رواج پڑ گیا۔

اسلام نے اس ظالمانہ رسم بد کی مخالفت کی، اور بچیوں کی پیدائش و پرورش پر ثواب و جنت کا مژدہ دیا، اور لوگ جوں جوں اسلام اور نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قریب آتے گئے، مراسم جاہلیت سے بیزاری بڑھتی گئی اور اسلام کے دامن رحمت میں لوگ عافیت محسوس کرنے لگے۔ جو لوگ اسلام سے پہلے مجسم خداؤں کے سامنے سر ٹیکا کرتے تھے وہ خدائے واحد کے پرستار بن گئے، جو فسق و فجور اور عصیاں شعاری میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا کرتے تھے وہ قوم کے ہادی و رہبر بن گئے اور عرب کا ریگزار بارش رحمت سے لالہ زار بن گیا۔ (سیرت الرسول)

کعبہ معظّمہ اور اس کے معمار

تم آئے چھٹی بازی، رونق ہوئی پھر تازی
کعبہ ہوا پھر کعبہ، کر ڈالا تھا بت خانہ

(از: حضور مفتی اعظم ہند)

و اذ یرفع ابراھیم القواعد من البیت و اسماعیل ربنا تقبل منا

اور جب اٹھاتا تھا ابراہیم اس گھر کی نیویں اور اسماعیل یہ کہتے ہوئے اے رب ہمارے ہم سے قبول فرما۔
(القرآن)

کعبہ معظمہ اور اس کے معمار

اللہ تعالیٰ جو بدیع السماوات والارض ہے، جو بیدہ الملک و ھو علی کل شی قدیر کی شان والا ہے، جس کی وحدانیت اور صمدیت کا علم عرش وفرش پر لہرا رہا ہے۔ کشمیر کی گل بداماں وادیاں، شام کے سرسبز وشاداب میدان وکوہسار، یورپ کے لالہ زار ومرغ زار جس کے اپنے بنائے ہوئے ہیں، اس نے اپنے گھر کی تعمیر کے لیے جس خطہ کو پسند فرمایا وہ حجاز کی ایک وادی غیر ذی زرع تھی۔ اجاڑ، سنسان، جہاں نہ پانی تھا نہ آبادی تھی جہاں ایک ایسا سلسلہ کوہ تھا جس کی سیاہی مائل پہاڑیاں روئیدگی کی قوت سے یکسر محروم تھیں، درختوں، جھاڑیوں کا کیا ذکر۔ وہاں معمولی گھاس کا تنکا بھی اگا ہوا نظر نہ آتا تھا۔ جن کی سخت پتھریلی چٹانوں سے پانی کا کوئی چشمہ نہیں ابلتا تھا۔ اس وادی کے اردگرد سینکڑوں میلوں تک لق ودق صحرا اور ریگستان پھیلے ہوئے تھے۔ انسانی آبادی کا دور دور تک کہیں نام ونشان تک نہ تھا۔

ایسے خطہ کو اپنے گھر کے لیے منتخب فرما کر اللہ تعالیٰ نے اپنی اس عظیم شان یختص برحمتہ من یشاء کا اظہار فرمایا۔ یعنی وہ جس کو چاہتا ہے اپنی خصوصی رحمتوں سے سرفراز فرما دیتا ہے۔ اور جب وہ کسی خطہ کو اپنی نگاہ کرم سے نوازتا ہے تو وہی خطہ رشک صد فردوس بن جایا کرتا ہے، سارے جہاں کی رونقیں اور زندگی کی ساری رعنائیاں سمٹ کر وہاں جمع ہو جاتی ہیں۔ اس علاقہ کو ایسی بے پایاں مقناطیسی کشش بخش دی جاتی ہے کہ شرق وغرب میں بسنے والے ارباب قلوب سلیمہ کھنچے چلے آتے ہیں اور دیکھنے والے اس ایمان پرور منظر کو دیکھتے ہیں اور حیرت سے دیکھتے رہ جاتے ہیں۔

معمار کعبہ

اس وادی غیر ذی زرع میں اپنے گھر کی تعمیر کا لازوال شرف جس ہستی کو ارزانی فرمایا، اس کے انتخاب کا انداز بھی نرالا ہے۔ حجاز کے ریگ زار میں پہلے سے آباد صحرا نورد اور خانہ بدوش قبائل میں سے کسی

کو یہ اعزاز نہیں بخشا۔ اس علاقہ کے گردونواح میں کئی مملکتیں قائم تھیں جن کے تاجداروں کی سطوت سے زمین کانپتی تھی، ان کی دولت وثروت کا اندازہ لگانا مشکل تھا۔ ان میں سے بھی کسی تاجدار کو یا وہاں کے کسی رئیس اعظم کو یہ شرف عطا نہیں کیا، بلکہ اس عہد کی ایک کفر والحاد اور فسق و فجور میں غرق مملکت بابل ونینوا میں بسنے والے ایک خاندان کے ایک فرد سے یہ خدمت لی۔ اس زمانہ میں اس ملک کا بادشاہ نمرود تھا، جو نہ صرف بے اندازہ خزانوں کا مالک تھا، نہ صرف یہ کہ وہ مادی لحاظ سے ایک ترقی یافتہ سلطنت کا مطلق العنان حکمراں تھا، بلکہ وہ خود بھی اپنے آپ کو خدا سمجھتا تھا۔ اور اس کی رعایا بھی برضا ورغبت اس کو اپنا معبود یقین کرتی تھی اور آب وگل سے بنے ہوئے اپنے جیسے انسان کو سجدہ کرنے میں کوئی قباحت محسوس نہیں کرتی تھی۔ کسی کی مجال نہ تھی کہ اس کی خدائی کا انکار کرے یا اس کی جہالت وحماقت کے سامنے دم مار سکے۔

ایسے بادشاہ کے عہد حکومت میں مادیت پرستی کے اس ہوش ربا ماحول میں سکونت پذیر خاندان کے ایک فرد کو اللہ تعالیٰ نے چنا، فطرت سلیمہ کی نعمت سے اسے نوازا، اس کے قلب وذہن کو علم لدنیہ کی روشنی سے منور کیا، یقین کی دولت سے اس کو مالا مال کیا، جرأت وشجاعت کی صفت جلیلہ سے اس کو متصف فرمایا۔ وہ جواں مرد اور عالی ہمت ایک روز جب کہ اس کی قوم قومی میلہ کے سلسلے میں رنگ رلیاں منارہی تھی، لا الہ الا اللہ کی گرز باطل شکن لے کر ان کے بڑے صنم کدہ میں داخل ہوا۔ بت پرستی کے بطلان اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے برحق ہونے پر ایک ایسی برہان قاطع قائم کردی جس کے رعب وجلال نے جھوٹے خداؤں کے پجاریوں کے حواس باختہ کردیے، ان کی زبانیں گنگ ہوگئیں اور ان کی دقیقہ سنج عقلیں بے بس ہوکر رہ گئیں۔ اس مرد خود آگاہ کا نام "ابراہیم" ہے جو "خلیل الرحمٰن" کے ذی شان لقب سے معروف ہوئے۔ اللہ تعالیٰ جو عزیز بھی ہے اور حکیم بھی، اس نے ایسے حالات پیدا کردیے کہ حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو اس کفر گڑھ سے ہجرت کرنا پڑی اور اپنے لطف وکرم سے انھیں حجاز کی اجاڑ اور سنسان وادی میں پہنچایا، پھر ان کو اور ان کے جواں سال فرزند دلبند حضرت اسماعیل کو اپنا گھر تعمیر کرنے کا ابدی اعزاز بخشا، تاکہ جب

تک یہ جہاں قائم رہے، رشد و ہدایت کے انوار یہاں سے پھوٹتے رہیں اور تاریک دلوں کو روشن کرتے رہیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام

علامہ ابن جریر طبری نے حضرت سیدنا ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کا نسب نامہ یوں تحریر کیا ہے۔

ابراہیم بن تارخ بن ناحور بن ساروغ بن ارغوابن فالغ بن عابر بن شالخ بن قینان بن ارفخشد بن سام بن نوح علیہما الصلاۃ والسلام۔

آپ کے مقام ولادت کے بارے میں مورخین میں اختلاف ہے۔ بعض علماء تاریخ نے بابل کو، بعض نے سوس کو، جو صوبہ اہواز کا ایک شہر ہے۔ بعض نے کوثی اور بعض نے اُور کو، جو کوفہ اور بصرہ کے درمیانی علاقہ میں ایک شہر تھا، آپ کا مقام ولادت بتایا ہے۔ جس زمانہ میں آپ کی ولادت باسعادت ہوئی اس وقت بابل کے وسیع و عریض سلطنت کا بادشاہ نمرود تھا۔

علامہ ابن خلدون رومی مورخ ہیورد شیوش کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ

نمرود کو نمرود جسیم بھی کہا جاتا ہے، کیوں کہ قد و قامت اور تن و توش میں بہت بھاری بھرکم تھا۔

مشرکانہ عقائد سے متعفن ماحول میں ایک جابر اور ظالم حکمراں کے دور میں اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو پیدا فرمایا اور انھیں ایسا ذہن رسا مرحمت فرمایا جس نے آپ کے گم کردہ راہ اہل وطن کے جھوٹے معبودوں کا طلسم توڑ دیا۔ جب پہلی دفعہ چمکتا ستارہ نظر آیا تو آپ نے اپنے دل سے پوچھا، کیا یہ میرا خالق ہے؟ جب وہ ڈوب گیا تو آپ اپنے فہم خداداد سے اس حقیقت کو فوراً پا گئے کہ جو ڈوب جایا کرتا ہے وہ خداوند برحق نہیں ہوا کرتا۔ پھر چودھویں کا چاند نظر آیا جس کی ضوفشانیوں سے سارا عالم منور ہو رہا تھا تو آپ نے اپنے آپ سے استفسار کیا، کیا یہ میرا رب ہے؟ لیکن جب وہ بھی غروب ہو گیا تو اس

راز کو پانے میں انھیں ذرا دیر نہ لگی کہ جو غروب ہو جائے جسے خود قرار نصیب نہ ہو وہ کائنات کا خالق و مالک نہیں ہو سکتا۔ پھر آفتاب عالم تاب کی روشن کرنوں نے آپ کے دامن توجہ کو اپنی طرف کھینچا تو اس کے بارے میں اپنے دل سے سوال کیا کہ یہ تو پہلے دونوں سے بڑا بھی ہے اور روشن تر بھی، کیا یہ میرا رب ہے؟ لیکن جب چند گھنٹے اپنی ضیاء پاشیوں کی بہار دکھانے کے بعد وہ بھی افق کے اندھیروں میں گم ہو گیا تو آپ نے پورے یقین سے اس کی خدائی کا انکار کر دیا۔

قال یقوم انی بری مما تشر کون .

آپ نے فرمایا اے میری قوم! میں بیزار ہوں ان چیزوں سے جنھیں تم شریک ٹھہراتے ہو۔

میرا خدا تو وہ ہے، جو ان تمام انوار کے سرچشموں کو پیدا کرنے والا اور ان کو ردائے نور پہنانے والا ہے۔

دوسرے آمروں کی طرح اپنی رعایا کے رزق کے جملہ وسائل کو نمرود بھی اپنے قبضہ میں لیے ہوئے تھا۔ جو اس سے رزق کی بھیک مانگتا تو پہلے وہ اس سے اپنی خدائی کا اقرار کراتا تب اس کو مٹھی بھر غلہ دیتا۔

نمرود سے مکالمہ

علامہ ابن جریر طبری زید بن اسلم سے نقل کرتے ہیں۔

دنیا میں سب سے پہلا جابر نمرود تھا۔ لوگ اس کے پاس حاضر ہوتے، وہ ان کے کاسۂ گدائی میں کچھ ڈال دیتا، ایک روز ایسے لوگوں کی معیت میں حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام بھی تشریف لائے جو ابھی نوخیز جوان تھے۔ جب روزی کے طلبگار جھولیاں پھیلائے اس کے سامنے حاضر ہوئے تو اس نے پوچھا:

من ربکم تمہارا پروردگار کون ہے ؟

قالوا انت تو وہ کہتے کہ "تو"

حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنی باری پر اس کے سامنے آئے تو اس نے آپ سے بھی یہی سوال پوچھا کہ :

من ربک تیرا رب کون ہے؟

آپ نے برملا جواب دیا :

ربی الذی یحیی و یمیت .

میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا اور مارتا ہے۔

قال انا احیی و امیت .

نمرود نے کہا: یہ میری صفت ہے۔ جس کو میں چاہتا ہوں زندہ چھوڑ دیتا ہوں اور جس کو چاہوں موت کی نیند سلا دیتا ہوں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا :

فان اللہ یاتی بالشمس من المشرق فات بھا من المغرب .

کہ میرا خدا سورج کو مشرق سے طلوع کرتا ہے، تو اسے مغرب کی طرف سے طلوع کر۔

فبھت الذی کفر

تو کافر مبہوت ہو کر رہ گیا

اس مکالمہ کے بعد اس نے حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو واپس کر دیا۔ آپ واپس گھر لوٹے تو مٹی کے ایک ڈھیر کے پاس سے آپ کا گزر ہوا، آپ نے اپنی چادر میں اس ڈھیر سے کچھ مٹی باندھ لی تا کہ چادر میں کچھ بندھا ہوا دیکھ کر گھر والوں کو اطمینان ہو جائے، آپ نے گٹھری رکھی اور سو گئے۔ آپ کی اہلیہ نے اسے کھولا، اس میں مٹی نہیں تھی بلکہ بہترین قسم کی گندم تھی۔ اسے پیسا، روٹی پکائی۔ آپ جاگے تو روٹی پیش کی۔ آپ اسے دیکھ کر اپنے رب کی قدرت اور اس کی عنایت پر اس کا شکر ادا کرنے لگے۔

بت نہیں بولتے

حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام اپنی قوم کو بہتیرا سمجھاتے کہ ان بے بس اور بے اختیار بتوں کو چھوڑ دو اور اس کی عبادت کرو جو معبود حقیقی ہے، لیکن آپ کی باتیں ان کی سمجھ سے بالاتر تھیں، وہ انھیں سمجھ نہ سکتے اور اپنی ضد پر اڑے رہتے۔ آپ نے ان کے بتوں کی بے بسی کو آشکارا کرنے کے لیے ایک ایسا طریقہ اختیار کیا جس نے ان سب کی آنکھوں سے پردہ اٹھا دیا۔

ایک دفعہ ان کا قومی جشن تھا۔ بڑے صنم کدہ کو بڑی شان و شوکت سے سجایا گیا تھا۔ چھوٹے بڑے بتوں کے سامنے لذیذ اور تازہ مٹھائیوں کے تھال بھر کر رکھ دیے گئے تھے۔ ساری قوم داد عیش دینے کے لیے شہر سے باہر کسی کھلے میدان میں جمع ہو گئی تھی بت کدہ اپنے پجاریوں اور پروہتوں سے خالی ہو گیا۔ توحید الٰہی کا سب سے بڑا علمبردار ہر قسم کے خوف و ہراس سے اپنے دل کو پاک کر کے اپنے خالق و مالک کی تائید و نصرت پر بھروسہ کیے ہوئے بتوں کی خدائی کا جنازہ نکالنے اور ان پر ضرب کاری لگانے کے لیے بت کدہ میں داخل ہوا۔ ایک وزنی اور تیز کلہاڑا ان کے ہاتھ میں تھا۔ ان جھوٹے خداؤں پر آپ حقارت بھری نظر ڈالتے ہیں کسی کا کان، کسی کی ناک، کسی کا بازو، اور کسی کی ٹانگ کاٹتے چلے جاتے ہیں، آخر میں ان کے سامنے رکھی ہوئی مٹھائیوں کے تھال اٹھا کر بڑے بت کے سامنے رکھ دیتے ہیں، اور کلہاڑا اس کے کندھے

پر سجا دیتے ہیں، اپنا کام مکمل کرنے کے بعد واپس تشریف لاتے ہیں، اور کفر کی طاغوتی قوتوں کے ردعمل کا سامنا کرنے کے لیے قوم کی واپسی کا انتظار کرنے لگتے ہیں۔

شام کو جب بت کدے کے خدمت گار اور پروہت واپس آتے ہیں، اور اندر داخل ہوتے ہیں تو اپنے بتوں کی یہ حالت دیکھ کر ان پر سکتہ کا عالم طاری ہو جاتا ہے۔ یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح چشم زدن میں سارے شہر میں پھیل جاتی ہے۔ ایک حشر بپا ہو جاتا ہے۔ اپنے خداؤں کی یہ درگت دیکھ کر ان کے حواس باختہ ہو جاتے ہیں، مجرم کی تلاش شروع ہو جاتی ہے۔ حضرت ابراہیم اور ان کے نظریات سے کون واقف نہ تھا فوراً اذہان ان کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں۔

من فعل هذا بالهتنا انه من الظلمين .

ہمارے بتوں کے ساتھ یہ کس نے کیا ہے؟ بے شک! وہ بہت بڑا ظالم ہے۔

قالوا سمعنا فتى يذكرهم يقال له ابراهيم .

کہنے لگے: ہم نے ایک جوان کے بارے میں سنا ہے کہ وہ ان کا ذکر کرتا رہتا ہے اور اس کا نام ابراہیم ہے۔

نمرود اور اس کے اعیان مملکت کو بھی اس حادثہ فاجعہ کی اطلاع مل جاتی ہے۔ شاہی فرمان جاری ہوتا ہے۔

فاتوا به على اعين الناس لعلهم يشهدون

کہنے لگے: پھر پکڑ لاؤ اسے سب لوگوں کے روبرو، شاید وہ اس کے متعلق کوئی شہادت دیں۔

آپ کو پکڑ کر لایا جاتا اور پوچھا جاتا ہے۔

أ أنت فعلت هذا بالهتنا يا ابراهيم

کیا ہمارے خداؤں کے ساتھ اے ابراہیم تو نے یہ حرکت کی ہے؟

آپ نے فرمایا: اے عقل کے اندھو! مجھ سے کیا پوچھتے ہو؟ کیا تم دیکھتے نہیں سارے مٹھائی کے تھال بڑے بت نے ان کے سامنے سے اٹھا کر ان پر خود قبضہ کر لیا ہے۔ کلہاڑا، جو آلۂ جرم ہے اس کے کندھے پر اب بھی موجود ہے۔ اسی نے ان کی یہ درگت بنائی ہوگی۔ مجھ سے کیا پوچھتے ہو، اس سے پوچھو، وہ اگر حقیقت سے پردہ اٹھا سکتا ہے تو اٹھا دے گا۔

بل فعله كبيرهم کے جواب کی کاٹ اس کلہاڑے کی ضرب سے بھی زیادہ ان کے لیے جان لیوا ثابت ہوئی۔ کچھ دیر دم بخود ایک دوسرے کا منہ دیکھتے رہے۔

ثم نكسوا على رؤسهم آخرکار یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئے۔

لقد علمت ما هولاء ينطقون .

اے ابراہیم! آپ جانتے ہیں کہ یہ نہیں بول سکتے۔

آتش کدہ یا گل کدہ

ان کے یہاں اگر بت پرستی عقیدہ کا مسئلہ ہی ہوتا تو اس روز کے بعد شاید ان میں سے کوئی ایک بھی ان بتوں کو خدا ماننے کے لیے تیار نہ ہوتا، لیکن یہاں نمرود کے سیاسی مفاد پر زد پڑ رہی تھی، اس کا تخت شاہی ڈوبنے لگا تھا، اس نے فوراً اپنے آمرانہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے آتش کدہ بھڑکانے کا حکم دیا حکم شاہی کی تعمیل کی گئی آپ کی مشکیں کس دی گئیں یا آپ کو منجنیق میں باندھ کر آتش کدے میں پھینکنے کے منصوبے کو آخری شکل دی جانے لگی۔ عالم بالا میں شور مچ گیا، فرشتوں نے عرض کی: الٰہی! اے قادر مطلق!

کیا تیرے اس بندے کو یوں بھڑکتے شعلوں کی نذر کر دیا جائے گا؟ کیا توحید کا یہ چراغ بھی گل ہو جائے گا؟ اللہ تعالیٰ کے اذن سے حضرت جبریل بارگاہ خلیل میں حاضر ہوئے اور اپنی خدمات پیش کیں، آپ نے بڑی بے نیازی سے جواب دیا۔

اما الیک فلا .

مجھے تیری امداد کی ضرورت نہیں۔

پھر عرض کیا: اپنے رب سے دعا ہی مانگو، فرمایا:

کفانی علمه بحالی من سوالی .

جب وہ میرے حالات کو جانتا ہے تو پھر سوال کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

جب آپ کو آتش کدہ میں ڈال دیا گیا تو اب وہاں آگ کے سرخ انگارے نہیں بلکہ گلاب کے پھولوں کے ڈھیر لگ رہے تھے۔ بھسم کرنے والے شعلے نسیم صبح بہار میں تبدیل ہو گئے۔

استنے بڑے معجزے کو دیکھنے کے باوجود نمرود ایمان نہ لایا، بلکہ آپ کی اذیت رسانی میں اضافہ کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کو ایک حقیر مچھر کے ذریعہ ہلاک کر دیا۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام

کعبہ مقدسہ کی تعمیر سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام فرمان الٰہی کی تعمیل کرتے ہوئے شیر خوار بچے اسماعیل اور ان کی والدہ حضرت ہاجرہ کو یہاں لے آئے، جہاں اب حرم ہے انھیں ایک مشک پانی اور چند سیر کھجوریں دے کر واپس جانے لگے تو ام اسماعیل نے پوچھا:

الی من تکلنا : کہ آپ ہمیں کس کے سپرد کر کے جا رہے ہیں؟

حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے جواب دیا :

الی اللہ : میں تمھیں اللہ تعالیٰ کے سپرد کر کے جا رہا ہوں۔

یہ جواب سن کر آپ کی پریشانی جاتی رہی اور بڑے اطمینان سے فرمایا:

اذا لا یضیعنا : تب وہ ہمیں ضائع نہیں ہونے دے گا۔

چند روز کے بعد پانی کا مشکیزہ اور کھجوریں ختم ہوگئیں۔ پیاس کی شدت اور بھوک سے ننھے اسماعیل تڑپنے لگے۔ بے چینی کے عالم میں حضرت ہاجرہ کوہ صفا پر گئیں، دور دور تک نظر دوڑائی کہ شاید کسی آبادی کا سراغ لگ جائے، یا کوئی کارواں گزرتا ہوا نظر آئے۔ جب مایوس ہوئیں تو مروہ کی پہاڑی کی جانب چل پڑیں تا کہ اس پر چڑھ کر ادھر ادھر دیکھیں۔ اس طرح سات چکر لگائے۔ درمیان میں نشیب تھا وہاں پہنچتیں تو دوڑ کر اسے طے کرتیں، مبادا کوئی چیز آپ کے لخت جگر کو گزند نہ پہنچائے۔ آخری مرتبہ دیکھا کہ جہاں بچہ بلک رہا ہے اور ایڑیاں رگڑ رہا ہے، وہاں پانی ابلنے لگا ہے۔ دوڑ کر اس ابلتے ہوئے پانی کے ارد گرد مٹی کی ایک بنی بنا دی اور کہا ''زم زم'' ٹھہر جا، ٹھہر جا۔ اس اندیشہ سے کہ کہیں یہ بہہ نہ جائے اس سے اپنا مشکیزہ بھر لیا۔

حضور سرور دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے :

رحم اللہ ام اسماعیل لو لا انها عجلت لکانت زم زم عینا معینا .

کہ اللہ تعالیٰ ام اسماعیل پر رحم فرمائے، اگر وہ جلدی نہ کرتیں اور اس کے گرد مٹی کی بنی نہ بناتیں تو زم زم ایک بہت بڑا چشمہ ہوتا۔

فرشتوں نے حضرت ہاجرہ کو کہا کہ آپ اندیشہ نہ کریں، یہاں کے رہنے والوں کو پیاس کی تکلیف نہ ہوگی، کیوں کہ یہ ایسا چشمہ ہے جس سے اللہ تعالیٰ کے مہمان اپنی پیاس بجھائیں گے۔ نیز اس فرشتہ نے یہ

بھی کہا کہ اس بچہ کا باپ آئے گا اور دونوں باپ بیٹا اللہ تعالیٰ کا گھر تعمیر کریں گے، اور یہ وہ جگہ ہے جہاں گھر تعمیر ہوگا۔

کچھ عرصہ خوش بخت ماں اپنے سعادت مند بچے کے ساتھ وقت بسر کرتی رہیں، اسی اثناء میں قبیلہ جرہم کا ایک قافلہ جو ملک شام کی طرف جا رہا تھا، اس کا ادھر سے گزر ہوا۔ قافلہ والوں نے یہاں خشک پہاڑوں میں پرندوں کو چہچہاتے سنا۔ کہنے لگے کہ ان پرندوں سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں پانی ہے۔ کیا تم میں سے کسی کو علم ہے کہ اس وادی میں پانی کا کوئی چشمہ ہے؟ سب نے لاعلمی کا اظہار کیا۔ چنانچہ وہ پہاڑی پر چڑھے، دیکھا کہ وادی میں میٹھے پانی کا چشمہ ابل رہا ہے، ایک خاتون اپنے کم سن بچے کے ساتھ وہاں سکونت پذیر ہے انھوں نے اس خاتون سے درخواست کی کہ وہ انھیں یہاں قیام کرنے کی اجازت دیں۔ وہ ان کی تنہائی میں ان کے انیس ثابت ہوں گے، اور چشمے کی مالک وہی ہوں گی۔ چنانچہ آپ نے بنو جرہم کے اس قافلہ کی درخواست کو قبول کرتے ہوئے انھیں یہاں رہنے کی اجازت دے دی۔ اس عظیم البرکت شہر کے مکین حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل کے بعد پہلے یہی لوگ تھے۔

حضرت اسماعیل کی قربانی

جب حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عمر مبارک تیرہ سال کے قریب ہوگئی تو بذریعہ خواب حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو اپنے نور نظر اور لخت جگر حضرت اسماعیل کو ذبح کرنے کا حکم ملا۔ سراپا تسلیم و رضا سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے کسی تاویل کا سہارا لے کر اس ازحد دشوار حکم کو بجالانے میں گریز کی راہ اختیار نہیں کی، بلکہ اس حکم الٰہی سے اپنے لخت جگر اسماعیل کو بھی آگاہ کر دیا۔

فلما بلغ معه السعي قال يا بني اني اری في المنام اني اذبحک فانظر ما ذا تری.

پھر جب وہ اس کے ساتھ کام کے قابل ہوگیا، کہا: اے میرے بیٹے! میں نے خواب دیکھا، میں

تجھے ذبح کرتا ہوں۔ اب تو دیکھ تیری کیا رائے ہے؟

قال یا ابت افعل ما تؤمر ستجدنی ان شاء الله من الصبرین .

کہا: اے میرے باپ! کیجیے، جس بات کا آپ کو حکم ہوتا ہے۔ خدا نے چاہا تو قریب ہے کہ آپ مجھے صابر پائیں گے۔

سعادت مند و صابر بیٹے کا یہ جواب سن کر سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو کتنی مسرت ہوئی ہوگی اور ان کے عزم و ارادے کو کتنی تقویت ملی ہوگی اس کا اندازہ لگانا مشکل ہے۔ چنانچہ آپ پیکر حسن و جمال بیٹے کو لے کر جنگل میں پہنچے، ان کو پیشانی کے بل زمین پر لٹایا اور گلے پر بے دھڑک چھری چلا دی، ندا آئی: بس! اے ابراہیم بس! اپنا ہاتھ روک لے، تو نے اپنے خواب کی عملی تصدیق کر دی۔

نا دیناہ ان یا ابراھیم قد صدقت الرویا انا کذلک نجزی المحسنین

اور ہم نے آواز دی: اے ابراہیم! تو نے سچ کر دکھایا خواب کو، ہم اسی طرح بدلہ دیتے ہیں محسنوں کو۔

حضرت اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام کی جبین سعادت میں نور محمدی جلوہ طراز تھا۔ اسی کے ظہور کے ساتھ سارے عالم انسانیت بلکہ سارے جہان ہست و بود کی سعادتیں وابستہ تھیں۔ کوئی چھری اس کے گلے کو کیوں کر کاٹ سکتی تھی۔ اس حکم سے یہ دیکھنا بلکہ سارے جہان کو یہ دکھانا مقصود تھا کہ نور محمدی کی امانت اس کے سپرد کی گئی ہے جو اس کا اہل ہے، اور جو اس بار امانت کو اٹھانے کی مقدرت رکھتا ہے۔

ذبیح کون تھا؟

حضرت اسماعیل یا حضرت اسحاق؟ علیہما الصلاۃ والسلام

اہل کتاب اس پر بضد ہیں کہ حضرت اسحاق ذبیح تھے،اور بعض مسلم علماء نے بھی ان کے اس قول کی تائید کی ہے،لیکن حقیقت اس کے برعکس ہے۔ذبیح اللہ ہونے کا شرف حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ارزانی ہوا۔اس کی سب سے قوی دلیل تو قرآن کریم ہے۔حضرت اسماعیل کی پیدائش کا مژدہ دیا تو بایں الفاظ:

و بشرنه بغلام حليم .

پس ہم نے مژدہ سنایا انھیں ایک حلیم فرزند کا۔

اور حضرت اسحاق علیہ السلام کی پیدائش کی خوشخبری دی تو بایں الفاظ:

انا نبشرک بغلام عليم .

ہم آپ کو مژدہ سنانے آئے ہیں ایک صاحب علم بچے کی پیدائش کا۔

معلوم ہوا کہ حضرت اسماعیل میں صفت حلم غالب تھی اور حضرت اسحاق میں صفت علم،اور اس سے حلم کا بڑا مظاہرہ کیا ہوسکتا ہے کہ ابھی تو آپ نوعمر ہیں،حضرت ابراہیم علیہ السلام آپ کو اپنے خواب سناتے ہیں جن میں ان کے ذبح کرنے کی طرف اشارہ ہے تو کمسنی کے باوجود نہ پریشان ہوتے اور نہ غمزدہ،بلکہ سراپا تسلیم ورضا بن کر عرض کرتے ہیں :

يا ابت افعل ما تومر ستجدني ان شاء الله من الصبرين.

یعنی اے میرے پدر بزرگوار! جو آپ کو حکم ملا ہے آپ اس کی تعمیل فرمایئے۔آپ انشاء اللہ مجھے صبر کرنے والوں میں پائیں گے۔

نیز قرآن کریم میں سورۃ الصافات میں پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اپنے فرزند کو ذبح

کرنے کا مفصل تذکرہ ہے، اس کے بعد فرمایا جاتا ہے :

و بشرنه باسحق نبيا من الصلحين.

اور ہم نے بشارت دی آپ کو اسحاق کی، کہ وہ نبی ہوگا زمرۂ صالحین میں سے۔

معلوم ہوا کہ یہ نئی بشارت ہے۔ اس سے پیشتر جس بچے کے ذبح کرنے کا ایمان افروز بیان ہوا ہے وہ حضرت اسحاق کے علاوہ کوئی دوسرا بیٹا ہے اور حضرت اسماعیل کے علاوہ وہ اور کون ہو سکتا ہے۔

نیز اگر اس آیت میں غور کیا جائے جس میں حضرت اسحاق کی ولادت کا مژدہ سنایا گیا ہے تو حقیقت روز روشن کی طرح واضح ہو جاتی ہے۔ ارشاد ہوتا ہے :

فبشرنها باسحق و من وراء اسحق يعقوب .

تو ہم نے خوشخبری دی سارہ کو اسحاق اور اسحاق کے بعد یعقوب کی۔

یہاں صرف حضرت اسحاق کی ولادت کی بشارت ہی نہیں دی جا رہی بلکہ ان کے لڑکے یعقوب کی ولادت سے بھی خورسند کیا جا رہا ہے۔ ایسا بچہ جو ابھی پیدا نہیں ہوا اور پیدا ہونے کے بعد اسے باپ بھی بننا ہے، اس کو بچپن میں قربانی کے طور ذبح کرنے میں تو کوئی معقولیت نہیں۔ پہلے بتا دیا کہ جو بیٹا ہم تمہیں دیں گے وہ بچپن میں ہی تمہیں داغ مفارقت نہیں دے جائے گا بلکہ بڑھے گا، جوان ہوگا اور جوان ہو کر بیاہا جائے گا اور وہ صاحب اولاد بھی ہوگا اور اس کے بچے کا نام یعقوب ہوگا۔ یہاں تک تفصیلات سے آگاہ کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ اس بچے کو قربان کرنے کا حکم دیتا ہے تو اس حکم کا مدعا ان دو سے ایک ہوگا۔

ایک یہ کہ جو آپ کو پہلے بشارت دی گئی تھی کہ یہ بچہ بڑا ہو کر باپ بنے گا، یہ غلط ہے بلکہ اس کو تو جوان ہونے سے پہلے ہی قربانی کے طور پر ذبح کر دیا جائے گا۔

اور یا یہ کہ قربانی کا حکم محض دکھاوا ہے، حقیقت سے اس کا کوئی تعلق نہیں۔

لیکن یہ دونوں باتیں اللہ تعالیٰ کی شان صمدیت سے کوئی مناسبت نہیں رکھتیں بلکہ اس علیم وحکیم نے اس بچے کو ذبح کرنے کا حکم دیا ہے جس کے تادیر زندہ رہنے اور بیٹے کے باپ بننے کی بشارت نہیں دی گئی وہ حضرت اسماعیل ہیں، حضرت اسحاق نہیں علیہما الصلاۃ والسلام۔

اہل کتاب جس ہٹ دھرمی کے خوگر ہیں ان سے کوئی بعید نہیں کہ وہ قرآن کریم کے ان روشن دلائل کے باوجود اپنی ضد پر اڑے رہیں، لیکن جب ان کی اپنی کتاب اس امر کی تصدیق کردے کہ ذبیح اسحاق نہیں بلکہ اسماعیل علیہما الصلاۃ والسلام ہیں تو پھر انھیں حق کو تسلیم کرنے میں تأمل نہیں ہونا چاہیئے۔

کتاب پیدائش میں جہاں حضرت خلیل علیہ الصلاۃ والسلام کو حکم ہے کہ اپنے بیٹے کی قربانی دو وہاں الفاظ یہ ہیں :

اپنے اکلوتے بیٹے کو قربان کر۔

اس سے مراد صرف حضرت اسماعیل ہی ہو سکتے ہیں کیوں کہ وہی آپ کے اکلوتے بیٹے تھے کیوں کہ جب آپ پیدا ہوئے تو اس وقت آپ کے علاوہ حضرت خلیل کا اور کوئی فرزند نہ تھا، لیکن تیرہ چودہ سال بعد حضرت سارہ کے بطن سے حضرت اسحاق پیدا ہوئے تو آپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے اکلوتے اور پہلوٹی کے فرزند نہ تھے بلکہ ان سے پہلے حضرت اسماعیل کاشانۂ خلیل میں رونق افروز ہو چکے تھے۔ اس لیے قرآن حکیم اور توراۃ مقدس کی آیات سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ ذبیح اللہ حضرت اسماعیل علیہ السلام تھے۔

آسمانی کتب کی نصوص کے علاوہ قرائن بھی اس کی تائید کرتے ہیں۔ اس فرزند ذبیح کی سنت کو زندہ رکھنے کے لیے جو قربانیاں کی جاتی ہیں ان کا مقام شام نہیں بلکہ منیٰ کے قرب میں ہے جو مکہ مکرمہ اور بیت اللہ

شریف کے جوار میں ہے۔

اگر حضرت اسحاق ذبیح ہوتے تو ان کی یادگار منانے کے لیے شام کے اس مقام کو منتخب کیا جاتا جہاں حضرت ابراہیم نے حضرت اسحاق علیہما الصلاۃ والسلام کو ذبح کرنے کی نیت سے زمین پر لٹایا تھا۔ مکہ کے نواح میں تو اس کی یاد ہر سال تازہ کی جائے گی جو مکہ میں مکین تھا وہ حضرت اسماعیل علیہ السلام ہی تھے۔

اس کے علاوہ ایک حدیث مرفوع بھی ہمارے موقف کی تائید کرتی ہے۔

حاکم نے مستدرک میں حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی :

قال كنا عند رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فاتاه اعرابى و قال يا رسول الله خلفت البلاد يابسة و الماء يابسا و خلفت المال عابسا هلک المال و ضاع العيال فعد على مما افاء الله عليک يا ابن الذبيحين قال معاويه رضى الله تعالىٰ عنه فتبسم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و لم ينكر عليه يعنى بالذبيحين ، عبد الله و اسماعيل .

ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک اعرابی آیا۔ اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں اپنے پیچھے ایک ایسا وطن چھوڑ آیا ہوں جو خشک سالی کا شکار ہے، پانی کے ذخیرے خشک ہو گئے ہیں۔ میں اپنے پیچھے ایسا مال چھوڑ آیا ہوں جو خستہ حال ہے، قحط کے باعث مال ہلاک ہو گیا اور اہل و عیال ضائع ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ نے جو آپ کو عطا فرمایا ہے اس سے مجھے بھی کچھ مرحمت فرمائیے۔ اے ذبیحین کے فرزند! حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ ابن ذبیحین کا لفظ سن کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تبسم فرمایا اور اس کی تردید نہیں کی۔ اور ذبیحین سے مراد حضرت عبد اللہ اور حضرت اسماعیل بن ابراہیم علیہما السلام ہیں۔

حضرت اسماعیل کا نکاح اور باپ کی وصیت

وقت گزرتا رہا۔ حضرت اسماعیل اب جوان ہو گئے۔ بنی جرہم قبیلہ کے لوگ بھی خوشحالی کی زندگی بسر کرنے لگے۔ ان کی تعداد میں بھی آہستہ آہستہ اضافہ ہوتا گیا۔ چنانچہ انھوں نے اپنی ایک بچی کا رشتہ حضرت اسماعیل کو دے دیا۔ یوں آپ کی ازدواجی زندگی کا آغاز ہوا، لیکن یہ خاتون تندمزاج تھیں۔ کئی سال بیت گئے، تب کہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے بچے اور اپنی وفا شعار رفیقہ حیات کی ملاقات کے لیے مکہ تشریف لائے اور اسماعیل گھر پر نہ تھے۔ اس اثناء میں حضرت ہاجرہ انتقال فرما چکی تھیں۔ حضرت اسماعیل کی اہلیہ نے اپنے نووارد مہمان کے ساتھ بے رخی اور سرد مہری کا سلوک کیا، آپ نے اپنی بہو سے کہا کہ جب تمھارا شوہر اسماعیل آئے تو اسے بتانا کہ اس شکل وصورت کا ایک شیخ آیا تھا، اس نے تمھیں وصیت کی ہے کہ اپنے گھر کی دہلیز بدل دو۔ آپ اتنا کہہ کر واپس شام لوٹ گئے۔ حضرت اسماعیل آئے تو ان کی بیوی نے انھیں اس بوڑھے شخص کا پیغام پہنچایا، آپ فوراً سمجھ گئے اور فرمایا: وہ شیخ میرے پدر بزرگوار حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے اور وہ دہلیز تم ہو۔ انھوں نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تم کو طلاق دے دوں چنانچہ آپ نے اس کو طلاق دے دی۔ اس کے کچھ عرصہ بعد آپ نے بنی جرہم کی دوسری خاتون سے نکاح کیا۔ یہ خاتون بڑی خوش خصال اور سلیقہ شعار تھیں۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام دوبارہ اپنے صحرا نشیں کنبہ کی خبر لینے کے لیے آئے۔ اب بھی حضرت اسماعیل گھر پر نہ تھے، لیکن ان کی زوجہ نے نووارد مہمان کے ساتھ بڑا عمدہ سلوک کیا اور ان کی خاطر مدارات کی حد کر دی۔ آپ کے پاس گنجائش نہ تھی کہ وہ مزید رک کر اپنے بیٹے کی آمد کا انتظار فرماتے، روانگی سے قبل آپ نے اپنی بہو سے فرمایا کہ جب تمھارے شوہر آئیں تو انھیں بتانا کہ اس شکل وصورت کا ایک شیخ آیا تھا اور اس نے تمھیں وصیت کی ہے کہ اپنے گھر کی دہلیز کو برقرار رکھو۔ جب حضرت اسماعیل واپس لوٹے تو آپ کو اپنے پدر بزرگوار کی خوشبو آئی۔ آپ نے اپنی اہلیہ سے پوچھا: کیا کوئی مہمان آیا تھا؟ اس نے عرض کی:

ہاں! ایک بزرگ آئے تھے، ان کا چہرہ بڑا خوبصورت تھا۔ ان کے جسم سے خوشبو آرہی تھی اور انھوں نے آپ کو یہ پیغام دیا ہے۔ آپ نے اسے بتایا کہ وہ میرے باپ تھے، انھوں نے مجھے وصیت کی ہے کہ میں تمھیں اپنی رفیقۂ حیات کی حیثیت سے اپنے ساتھ رکھوں۔

تیسری مرتبہ حضرت اسماعیل کی ملاقات کے لیے آپ پھر مکہ تشریف لائے اور اس دفعہ بیت اللہ شریف تعمیر کرنے کا حکم ملا۔

خانہ کعبہ کی تعمیر

ایک فرشتہ کے ذریعہ اس جگہ کی نشان دہی کردی گئی، جہاں کعبہ شریف کی تعمیر مطلوب تھی۔ چنانچہ باپ اور بیٹے نے مل کر اللہ تعالیٰ کے مقدس گھر کی تعمیر کا آغاز کیا۔ عرب کی چلچلاتی دھوپ، جھلس کر رکھ دینے والی لو اور تانبے کی طرح تپتی ہوئی ریتیلی زمین پر کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ کے یہ دو برگزیدہ بندے اس کا گھر تعمیر کر رہے ہیں۔ اسماعیل پہاڑ سے پتھر توڑ توڑ کر اپنے سر پر اٹھا اٹھا کر لا رہے ہیں اور کبھی گارا تیار کر رہے ہیں اور ابوالانبیاء خلیل اللہ علیہ وعلیٰ آلہ افضل الصلاۃ والسلام بنیادیں اٹھا رہے ہیں، دیواریں چن رہے ہیں۔ معلوم نہیں کتنا عرصہ لگا ہوگا اس مبارک کام کے مکمل کرنے میں، لیکن گرمی کی شدت کے باوجود، کام کے کٹھن ہونے کے باوجود باپ بیٹے نے دم اس وقت لیا جب اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے اس گھر کی تعمیر پایۂ تکمیل تک پہنچ گئی۔

یہ تعمیر اس وقت ہوئی جب کہ دنیا میں ہر طرف تاریکی چھائی ہوئی تھی۔ ایران، ہند، مصر اور یورپ میں عالمگیر اندھیرا تھا۔ قبول حق ایک طرف، اس وسیع خطۂ خاک میں گز بھر زمین نہیں ملتی تھی جہاں کوئی شخص خدائے واحد کا نام لے سکتا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جب کلدان میں یہ صدا بلند کرنی چاہی تو آگ کے شعلوں سے کام پڑا۔ مصر آئے، ناموس کو خطرہ کا سامنا ہوا، فلسطین پہنچے، کسی نے بات تک نہ پوچھی، خدا کا جہاں نام لیتے

تھے۔شرک اور بت پرستی کے غلغلہ میں آواز دب کر رہ جاتی تھی۔معمورۂ عالم کے صفحے نقش ہائے باطل سے ڈھک چکے تھے۔اب ایک سادہ، بے رنگ، ہر قسم کے نقش ونگار سے معریٰ ورق درکار تھا جس پر طغرائے حق لکھا جائے۔یہ صرف حجاز کا صحرائے ویران تھا جو تمدن اور عمران کے داغ سے کبھی داغدار نہیں ہوا تھا۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت ہاجرہ اور اسماعیل کو عرب میں لائے اور ان کو یہیں آباد کیا۔ حضرت سارہ نے کچھ عرصہ کے بعد انتقال کیا، حضرت ابراہیم علیہ السلام مکہ میں چلے آئے، حضرت اسماعیل جوان ہو چکے تھے، اعلان حق میں ایک ہم آواز ہاتھ آیا، دونوں نے مل کر ایک چھوٹے سے چوکھٹے گھر کی بنیاد ڈالی۔

و اذ یرفع ابراھیم القواعد من البیت و اسماعیل .

اور جب کہ ابراہیم اور اسماعیل خانۂ خدا کی دیواریں اٹھا رہے تھے۔

گھر بن چکا تو وحی الٰہی نے آواز دی۔

و طھر بیتی للطائفین و القائمین و الرکع السجود و اذن فی الناس بالحج یاتوک رجالا و علی کل ضامر یاتین من کل فج عمیق

اور میرا گھر ستھرا رکھ، طواف والوں اور اعتکاف والوں اور رکوع سجدے والوں کے لیے، اور لوگوں میں حج کی عام ندا کر دے۔وہ تیرے پاس حاضر ہوں گے، پیادہ اور ہر دبلی اونٹنی پر کہ ہر دور کی راہ سے آتی ہیں۔

اس وقت اعلان و اشتہار کے وسائل نہیں تھے۔ویران جگہ تھی اور آدمی کا کوسوں تک پتہ نہ تھا۔ ابراہیم کی آواز حدودِ حرام سے باہر نہیں جا سکتی تھی، لیکن وہی معمولی آواز کہاں کہاں پہنچی، مشرق سے مغرب تک، شمال سے جنوب تک اور زمین سے آسمان تک۔

علامہ ارزقی نے تاریخ مکہ میں لکھا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے جو تعمیر کی اس کا عرض و طول حسب ذیل تھا۔

بلندی	:	زمین سے چھت تک ۹رگز
طول	:	حجر اسود سے رکن شامی تک ۳۲رگز
عرض	:	رکن شامی سے غربی تک ۲۲رگز

عمارت بن چکی تو حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے کہا کہ ایک پتھر لاؤ تا کہ ایسے مقام پر لگادوں جہاں سے طواف شروع کیا جائے۔

تاریخ مکہ موسوم ''بہ اعلام باعلام بیت الحرام'' میں ہے :

فقال ابراهيم لاسمٰعيل عليهما الصلاة و السلام يا اسمٰعيل ايتنى الحجر اضعه حتى يكون علما للناس يبتدون منه الطواف .

پھر حضرت ابراہیم نے حضرت اسمٰعیل سے کہا کہ ایک پتھر لادو تا کہ میں ایسی جگہ نصب کردوں جہاں سے لوگ طواف شروع کریں۔

خدا کا یہ گھر ایسا سادہ تعمیر ہوا تھا کہ نہ چھت تھی، نہ کواڑ اور نہ چوکھٹ بازو تھے۔ جب قصی بن کلاب کو کعبہ کی تولیت حاصل ہوئی تو انھوں نے قدیم عمارت گرا کر نئے سرے سے تعمیر کی اور کھجور کے تختوں کی چھت ڈالی۔

کعبہ کی کشش اور برکت سے لوگ آس پاس آباد ہونے لگے، چنانچہ سب سے پہلے قبیلہ جرہم آ کر آباد ہوا۔ اس قبیلہ میں مضاض بن عمرو ایک ممتاز شخص تھے، حضرت اسمٰعیل نے ان کی لڑکی سے شادی

کی۔ان سے بارہ اولاد ہوئی، جن کے نام یہ ہیں :

نابت، قیدار، اوبیل، میثا، مسمع، دما، ماس ادو، وطور، نفیس، طما، قیدمان۔

ان میں سے اکثر عرب قیدار کی اولاد ہیں۔

کعبہ کی تولیت

حضرت اسماعیل علیہ السلام کی وفات کے بعد ان کے بڑے بیٹے نابت کعبہ کے متولی ہوئے۔ان کے مرنے کے بعد ان کے نانا مضاض نے یہ منصب حاصل کیا اور کعبہ کی تولیت خاندان اسماعیل سے نکل کر جرہم کے خاندان میں آگئی۔ پھر ایک اور قبیلہ خزاعہ نے کعبہ پر قبضہ کرلیا اور مدت تک اسی خاندان میں یہ منصب رہا۔حضرت اسماعیل علیہ السلام کا خاندان موجود تھا لیکن اس نے کچھ مزاحمت نہیں کی۔قصی بن کلاب کا زمانہ آیا تو انھوں نے اپنا آبائی حق حاصل کیا۔

غلاف کعبہ

حرم کعبہ پر جس نے سب سے پہلے پردہ چڑھایا وہ یمن کا حمیری بادشاہ اسعد تبع تھا۔یمن میں خاص قسم کی چادریں بنی جاتی ہیں جن کو ''بردیمانی'' کہتے ہیں، یہ پردہ انھیں چادروں سے تیار کیا گیا تھا۔قصی بن کلاب کے زمانہ سے تمام قبائل پر ایک محصول لگادیا گیا جس سے پردہ تیار کیا جاتا تھا۔

علامہ ارزقی نے لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی یمنی پردہ چڑھایا تھا۔

زینت کعبہ

خدا کا گھر سیم وزر کی نقش آرائیوں کا محتاج نہ تھا، لیکن دولت اور ملک کی ترقی کے یہ لوازم ہیں، اس لیے حضرت عبداللہ بن زبیر جب خلیفہ ہوئے تو انھوں نے کعبہ کے ستونوں پر سونے کے پتر چڑھائے۔

عبدالملک بن مروان نے اپنے زمانہ میں ۳۶ ہزار اشرفیاں اس کام کے لیے بھیجیں۔ امین الرشید نے ۱۸ ہزار اشرفیاں نذر کیں کہ دروازہ کی چوکھٹ وغیرہ طلائی بنوادی جائے۔ اعلام (تاریخ مکہ) میں عہد بہ عہد کی طلاکاریوں کی تفصیل لکھی ہے، لیکن یہ واقعات عہد نبوت کے بعد کے ہیں، اور سچ یہ ہے کہ آفتاب پر سونا چڑھانا ضروری بھی نہیں۔

مکہ مکرمہ

حجاز کا یہ مشہور شہر مشرق میں جبل ابوقبیس اور مغرب میں جبل قعیقان دو بڑے بڑے پہاڑوں کے درمیان واقع ہے اور اس کے چاروں طرف چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں اور ریتلے میدانوں کا سلسلہ دور دور تک چلا گیا ہے۔ اسی شہر میں حضور شہنشاہ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی۔

اس شہر اور اس کے اطراف میں مندرجہ ذیل مشہور مقامات واقع ہیں۔

کعبہ معظمہ، صفا، مروہ، منیٰ، مزدلفہ، عرفات، غار حرا، غار ثور، جبل تنعیم، جعرانہ وغیرہ۔

قیدار بن اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں عدنان نامی نہایت اولوالعزم شخص پیدا ہوئے، اور عدنان کی اولاد میں چند پشتوں کے بعد قصی بہت ہی جاہ و جلال والے شخص پیدا ہوئے جنھوں نے مکہ مکرمہ میں مشترکہ حکومت کی بنیاد پر ۴۴۰ء میں ایک سلطنت قائم کی، اور ایک قومی مجلس بنائی جو ''دارالندوۃ'' کے نام سے مشہور ہے اور اپنا ایک قومی جھنڈا بنایا جس کو ''لواء'' کہتے تھے۔

قصی نے ہی بنی خزاعہ اور بنی بکر کو مکہ سے جلاوطن کر دیا اور اپنی قوم قریش کے خاندان اور افراد جو سارے جزیرہ میں بکھر کر رہ گئے تھے، ان کو مکہ مکرمہ میں جمع کیا اور ان کی شیرازہ بندی کر دی۔

مکہ شہر کے رقبہ کو چار حصوں میں تقسیم کر دیا۔ ہر حصہ میں قریش کے مخصوص قبیلوں کو آباد کیا۔ صدہا سال بعد بنو اسماعیل کو اپنے آبائی شہر میں آزادی اور عزت کی زندگی بسر کرنے اور کعبہ کی خدمت انجام دینے

کا موقع نصیب ہوا۔

کعب بن لوی کی اولاد سے قصی پہلا شخص ہے جس کو حکومت ملی اور ساری قوم نے برضا و رغبت جس کی اطاعت قبول کی۔ قصی کی شخصیت میں ہی حجابہ، رفادہ، سقایا، ندوہ اور اللواء کے جملہ اعزازات مجتمع ہو گئے۔ اس نے تمام لوگوں کو اپنے اپنے حصہ میں رہائشی مکانات بنانے کی اجازت دے دی۔ قصی کی دانش مندانہ اور جرأت مندانہ قیادت کے طفیل قریش کو عزت کی زندگی بسر کرنے کا موقع ملا تھا، اس کے لیے وہ قصی کے احسان مند تھے۔ اس کے ہر حکم کو دل و جان سے بجالاتے تھے۔ ہر جوڑے کی شادی قصی کے گھر طے پاتی۔ جب بھی کوئی مشکل قوم کو پیش آتی تو وہ سب اس کے گھر میں جمع ہوتے اور اس مشکل سے چھٹکارا پانے کے لیے باہمی مشورہ کرتے۔ جنگ کی نوبت آتی تو جنگی علم باندھنے کا فریضہ قصی انجام دیتے، قصی کا ہر حکم ان کے لیے واجب العمل تھا۔ قصی نے ایک عمارت تعمیر کی جس کا نام ''دار الندوہ'' رکھا گیا اس کا دروازہ حرم شریف میں کھلتا تھا۔ قصی اس میں بیٹھ کر قوم کے سارے مسائل باہمی مشورہ سے حل کرتے۔ جب کبھی کسی اہم مشورہ کے لیے وہ قوم کے سرداروں کو حاضر ہونے کا حکم دیتے تو سب پیر و جوان وہاں حاضر ہوتے اور اس حاضری کو اپنے لیے فرض سمجھتے۔

قصی کو حجابہ وغیرہ کے جو مناصب عطا ہوئے ان کی مختصر توضیح یہ ہے۔

(۱) حجابہ

یہ ایک جلیل القدر منصب تھا، اس سے مراد کعبہ شریف کی خدمت کے فرائض انجام دینا تھا۔ یہ منصب بھی قصی نے ایجاد کیا، جس قبیلہ کو یہ منصب تفویض کیا جاتا، بیت اللہ شریف کی کنجیاں بھی اس کے حوالے کر دی جاتیں۔ کعبہ کے دروازے کو کھولنا اور بند کرنا اس کی ذمہ داری ہوتی، کعبہ میں جو امانتیں رکھی جاتیں، نذرانے کے طور پر لوگ جو قیمتی تحائف، زیورات وغیرہ پیش کرتے ان کی حفاظت بھی اس کی ذمہ

داری ہوتی۔

(۲) رفادہ

قصی نے مکہ مکرمہ کی زمام اقتدار سنبھالنے کے بعد اپنی قوم کو جمع کیا اور ان کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ حاجی اللہ کے مہمان اور اس کے گھر کے زائر ہوتے ہیں، وہ ایسے مہمان ہیں جن کی ضیافت اور مہمانی ہمارا فریضہ ہے، تم سب اپنے مالوں سے حصہ دو تا کہ ایک ایسا اجتماعی فنڈ قائم کیا جائے جس سے ضیوف الرحمٰن کی عزت وتکریم اور ان کی مہمان نوازی کی جا سکے۔ ساری قوم نے اس تجویز کو سراہا اور دل کھول کر اس میں مالی اعانت کی۔ چنانچہ ایام حج میں سارے حاجیوں کے کھانے پینے کا انتظام اسی فنڈ سے کیا جاتا۔

اسلام کے برسر اقتدار آنے کے بعد بھی عہد رسالت، عہد خلفائے راشدین حتیٰ کہ بنی امیہ اور بنی عباس کی خلافتوں کے دور میں بھی حجاج کی ضیافت کا یہ سلسلہ جاری رہا۔ جب عباسی خلافت کا چراغ گل ہوا تو رفادہ کا یہ انتظام بھی درہم برہم ہو گیا۔

(۳) سقایہ

حجاج کرام کو پانی پلانے کا منصب، حج کے موسم میں قریش پانی کے ذخائر جمع کرتے اور ان میں کشمش ڈالتے جس سے پانی کا ذائقہ میٹھا ہو جاتا اور حج کے ایام میں تمام حاجیوں کو پینے کے لیے یہ پانی پیش کیا جاتا۔

(۴) ندوہ

اسے آپ آج کی اصطلاح میں پارلیمنٹ ہاؤس یا مجلس شوریٰ کہہ سکتے ہیں۔ دارالندوۃ ایک وسیع عمارت تھی، جس کا دروازہ حرم شریف میں کھلتا تھا۔ اس میں اہل مکہ کے نمائندے جمع ہوتے اور پیش آمدہ

سیاسی، معاشی، عمرانی مسائل کے بارے میں مشورے کرتے اور کسی نتیجہ پر پہنچنے کی کوشش کرتے۔اس کی رکنیت کے لیے بنیادی شرط یہ تھی کہ کسی رکن کی عمر چالیس سال سے کم نہ ہو۔ان کی سماجی تقریبات یہاں انجام پذیر ہوتیں، نکاح کی تقریب یہاں منائی جاتی، جو بچی بالغ ہوتی اس کو یہاں لایا جاتا، قوم کے بزرگ اسے اوڑھنی پہناتے اور اسے پردہ کا حکم دیتے، بچوں کے ختنے کی رسم بھی یہاں ادا کی جاتی۔

دارالندوہ کی یہ وسیع عمارت قصی نے تعمیر کرائی۔قصی نے یہ دارالندوہ اپنے بڑے بیٹے عبدالدار کے حوالے کردی۔اس کی اولاد کے بعد حکیم بن حرام کی ملکیت میں آئی۔انھوں نے امیر معاویہ کے زمانہ میں اسے ایک لاکھ درہم میں فروخت کر دیا۔

(۵) اللواء

اسے آپ موجودہ دور کی وزارت دفاع کا ہم معنی سمجھیے، یہ منصب بھی قصی نے ایجاد کیا، جب کوئی اجتماعی خطرہ درپیش ہوتا تو قومی علم کا علمبردار اس کو کھلے میدان میں گاڑ دیتا یہ گویا اس کی طرف سے اعلان ہوتا کہ اے اہل وطن! اپنے وطن اور قوم کی آزادی کو جو خطرہ درپیش ہے اس کا تدارک کرنے کے لیے سربکف میدان میں نکل جاؤ۔جب علم لہرانے کا واقعہ رونما ہوتا قریش کے سارے سردار جمع ہو جاتے۔

عرب کے مادر پدر آزاد اور خودسر معاشرہ میں ان اداروں کو قائم کر کے قصی نے بڑی دانشمندی کا ثبوت دیا۔اہل عرب کو نظم وضبط کا پابند اور خوگر بنانے کے لیے یہ پہلی کامیاب کوشش تھی، کعبہ کی جو عمارت سیدنا ابراہیم اور اسماعیل علیہما الصلاۃ والسلام نے تعمیر کی تھی وہ زمانہ دراز گزر جانے کے باعث بوسیدہ ہو رہی تھی، قصی نے اس کو گرا کر کعبہ کو از سر نو تعمیر کیا۔یہ شرف بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بعد قصی کو نصیب ہوا۔

اہل مکہ کو جب صلاح ومشورہ کے لیے جمع ہونے کی ضرورت محسوس ہوتی تو وہ کسی دامن کوہ یا کسی

غار میں جمع ہوا کرتے تھے۔ دارالندوہ کے قیام سے جسے قصی ہی نے تعمیر کیا تھا، اہل مکہ کی منظم ریاست اور ان کی مربوط سیاسی سرگرمیوں کا آغاز ہوا۔

زم زم کا سراغ

بنو جرہم کو بنو خزاعہ نے جب مکہ سے جلاوطن کیا تو انھوں نے بیت اللہ شریف کے اندر سونے کے جو دو ہرن آویزاں تھے اور تلواریں، زرہیں اور دیگر قیمتی سامان وہ سب زم زم کے کنویں میں پھینکا پھر اس کو مٹی سے بھر دیا، تا کہ بنو خزاعہ وغیرہ ان سے فائدہ نہ اٹھا سکیں۔ چنانچہ سینکڑوں سال زم زم بند پڑا رہا حتیٰ کہ لوگوں کے ذہنوں سے اس کی یاد اور اسکی اہمیت محو ہوگئی۔ لوگ مکہ کے دوسرے کنوؤں سے اپنی ضروریات پوری کرنے لگے۔

امام ابوالقاسم سہیلی اپنی کتاب ''الروض الانف'' میں لکھتے ہیں کہ :

بنو جرہم کی بدکاریوں کے نتیجہ میں زم زم کا پانی خشک ہو گیا تھا اور اس نعمت سے اللہ تعالیٰ نے انھیں محروم کر دیا تھا۔

ایک روز عبدالمطلب حطیم میں سو رہے تھے۔ کسی نے خواب میں آکر کہا : ''احفر طیبہ'' طیبہ کو کھودو، انھوں نے پوچھا: طیبہ کیا ہے؟ تو کہنے والا غائب ہو گیا۔ دوسری رات پھر جب وہ اپنے بستر پر آکر لیٹے، آنکھ لگی تو اس شخص نے پھر کہا: ''احفر برہ'' برہ کو کھودو، آپ نے پوچھا: برہ کیا ہے؟ تو پھر وہ غائب ہو گیا۔ تیسری رات پھر خواب میں آواز آئی: ''احفر مضنونہ'' مضنونہ کو کھودو، آپ نے پوچھا: مضنونہ کیا ہے؟ وہ پھر غائب ہو گیا۔ جب چوتھی رات آئی اور وہ اپنی خوابگاہ میں آرام کرنے کے لیے لیٹے، تو آنکھ لگتے ہی آواز آئی: ''احفر زم زم'' زم زم کھودو، آپ نے پوچھا: زم زم کیا ہے؟ آج اس شخص نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا :

تـراث مـن ابیـک الاعـظـم لا تنزف ابدا و لا تذم تسقی الحجیج الاعظم وھی بین الفرث و الدم عند نقرۃ الغراب الاعصم عند قریۃ النمل

زم زم تیرے پدرنامور کی میراث ہے۔ یہ چشمہ نہ اس کا پانی ختم ہوتا ہے اور نہ اس کی مرمت کی جاتی ہے اس سے حجاج کرام کو سیراب کیا جاتا ہے۔ یہ گوبر اور خون کے درمیان میں ہے، جہاں کالا کوا چونچیں مار رہا ہے، چیونٹیوں کی بستی کے بالکل قریب۔

جب تفصیلات کا علم ہو گیا تو دوسرے روز آپ اپنے بیٹے حارث کے ہمراہ کدال لے کر (اس وقت ان کا یہی ایک بیٹا تھا) آ گئے۔ اساف اور نائلہ کے درمیان جہاں مشرکین بتوں کے لیے قربانی کے جانور ذبح کیا کرتے تھے، وہاں پہنچے، دیکھا وہاں ایک سیاہ رنگ کا کوا چونچیں مار رہا ہے، کھدائی شروع کر دی، یہاں تک کہ وہ ایک ایسی تہہ تک پہنچ گئے جس سے کامیابی کے امکانات روشن ہو گئے۔ آپ نے فرط مسرت سے اللہ اکبر کا نعرہ بلند کیا۔

قریش نے ابتداء میں تو اس کاوش کو سعی لاحاصل سمجھتے ہوئے کوئی پرواہ نہ کی، لیکن جب کامیابیوں کے آثار نمایاں ہونے لگے تو انھوں نے مطالبہ شروع کر دیا کہ چاہ زم زم ہم سب کے باپ کا کنواں ہے اس لیے ہمیں بھی اس کے کھودنے میں شریک کرو۔ آپ نے صاف انکار کر دیا اور فرمایا یہ انعام اللہ تعالیٰ نے صرف مجھ پر کیا ہے، اس میں کسی کی شرکت میں منظور نہیں کروں گا۔ انھوں نے کہا: ہم آپ کو اس کے کھودنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ جب جھگڑا زیادہ بڑھا تو یہ طے پایا کہ دونوں فریق کسی کو اپنا ثالث مقرر کر لیں جو فیصلہ وہ دے اس پر سب عمل کریں۔ جنگ اور خوں ریزی سے بچنے کی یہی ایک صورت تھی۔

چنانچہ بنی سعد بن ہزیم کی کاہنہ کو حکم مقرر کیا گیا۔ فریقین اپنے اپنے ہمراہیوں کے ساتھ اس کی طرف روانہ ہوئے۔ بنی سعد کا قبیلہ شام کی سرحد کے قریب رہائش پذیر تھا۔ راستہ میں چٹیل میدان اور

بے آب و گیاہ صحراؤں سے گزرنا پڑتا تھا۔ اثنائے سفر حضرت عبدالمطلب کے پانی کا ذخیرہ ختم ہوگیا۔ انھوں نے دوسرے فریق سے پانی طلب کیا، انھوں نے صاف انکار کر دیا اور یہ لوگ شدت پیاس سے نڈھال ہوتے جارہے تھے، موت سامنے نظر آنے لگی تھی۔ حضرت عبدالمطلب نے ساتھیوں سے مشورہ کر کے یہ طے کیا کہ سب لوگ اپنی اپنی قبر کا گڑھا کھودیں، جب کوئی دم توڑ دے تو اسے اس کے گڑھے میں دفن کر دیا جائے آخر میں جو آدمی رہ جائے گا اگر اس کو کسی نے دفن نہ کیا تو کوئی حرج نہیں، بجائے اس کے کہ سب کی لاشیں بے گور و کفن پڑی رہیں اس سے بہتر یہ ہے کہ آخری آدمی تجہیز و تکفین سے محروم رہ جائے۔ چنانچہ ہر ایک نے اپنی اپنی قبر کا گڑھا تیار کر لیا اور موت کا انتظار کرنے لگے۔ حضرت عبدالمطلب نے پھر کہا: یوں ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنا اور موت کا انتظار کرنا کوئی جواں مردی نہیں۔ اٹھو، جب تک جسم میں جان ہے، قدم آگے بڑھاتے ہیں۔ ممکن ہے اللہ تعالیٰ ہمارے بچانے کا کوئی سامان مہیا فرما دے۔ چنانچہ سب نے اپنے اونٹوں پر کجاوے کسے اور ان پر سوار ہوگئے، جب حضرت عبدالمطلب نے اپنا اونٹ اٹھایا تو اس کے پاؤں کے نیچے سے چشمہ ابل پڑا۔ پانی ٹھنڈا بھی تھا اور میٹھا بھی۔ سب نے خوب سیر ہو کر پیا اور اپنے مشکیزے بھی بھر لیے۔ آپ نے اپنے ساتھیوں کو فرمایا کہ دوسرے فریق کو بھی کہو، وہ بھی اس چشمہ سے جی بھر کر پانی پی لیں اور اپنے برتن بھر لیں۔ بعض دوستوں نے اس پر اپنی ناگواری کا اظہار کیا کہ جب ہم نے ان سے پانی مانگا تو انھوں نے انکار کر دیا، اب ہم انھیں اپنے پانی سے پینے کی اجازت کیوں دیں۔ عبدالمطلب نے فرمایا: اگر ہم بھی ایسا ہی کریں تو پھر ہم میں اور ان میں کیا فرق باقی رہ جائے گا۔ آپ نے اپنے مدمقابل فریق کو دعوت دی کہ وہ آئیں اور اس چشمہ سے اپنی پیاس بجھائیں۔

جب فریق ثانی نے آپ کی یہ کرامت دیکھی تو کہا: عبدالمطلب اب آگے جانے کی ضرورت نہیں، اللہ تعالیٰ نے فیصلہ فرما دیا، جب اس نے اس لق و دق صحرا میں تمھارے اونٹ کے پاؤں کی ٹھوکر سے چشمہ جاری کر دیا ہے تو زم زم بھی صرف تمھارا ہے۔ ہم اس میں حصہ داری کا دعویٰ واپس لیتے ہیں۔ چنانچہ دونوں

گروہ واپس آ گئے۔

حضرت عبدالمطلب نے کھدائی مکمل کی۔ سونے کے دو ہرن، قیمتی تلواریں اور زرہیں بھی برآمد ہو گئیں۔ قوم نے ان چیزوں سے حصہ کا مطالبہ شروع کر دیا۔ جھگڑے نے پھر سنگین صورت اختیار کر لی، آپ نے کہا: آؤ، بذریعہ فال اس کا فیصلہ کریں۔ فال کی یہ صورت تجویز ہوئی کہ دو حصے کعبہ کے دو حصے عبد المطلب کے اور دو حصے باقی قوم کے۔ قرعہ اندازی کی گئی تو کعبہ کے حصہ کے دو تیر دو دو ہرنوں پر، حضرت عبدالمطلب کے دو تیر تلواروں اور زرہوں پر پڑے اور قوم کے دو تیر خالی نکلے۔ آپ نے سونے کے ہرنوں کو گلا کر سونے کے پتر بنوائے اور کعبہ شریف کے دروازے پر منڈھ دیے۔ بعض روایات میں ہے کہ وہ دو مینڈھے رکھ دیے گئے جو بعد میں چوری ہو گئے۔

عبدالمطلب اپنے عظیم الشان کارناموں، اپنے بے مثل جود و عطا، اپنی اولوالعزمی اور بلند ہمتی اور خصائل حمیدہ کے باعث ساری قوم کی آنکھوں کے تارے، سارے عرب کے لیے وجہ نازش تھے۔ ایک جلیل القدر باپ کے بیٹے تھے، تاریخ عالم کا رخ پھیر دینے کی صلاحیتوں سے مالا مال دس بیٹوں کے باپ تھے۔ ایک روز آپ حطیم میں تشریف فرما تھے آپ کے دس بیٹے شیروں کی طرح آپ کے گرد حلقہ بنائے بیٹھے تھے کہ ایک اعرابی وہاں سے گزرا، یہ منظر دیکھ کر بے ساختہ اس کی زبان سے نکلا:

اذا احب الله انشاء دولة خلق له امثال هولاء

اللہ تعالیٰ جب کوئی مملکت بنانا پسند کرتا ہے تو اس کے قیام کے لیے اس قسم کے جواں مرد پیدا فرما دیا کرتا ہے۔

اصحاب فیل کا واقعہ

حضرت عبدالمطلب کی زندگی کا ایک عظیم واقعہ خانۂ کعبہ پر ابرہہ کی لشکر کشی ہے۔ شاہ حبشہ نے

یمن فتح کرنے کے بعد ارباط کو اپنا گورنر مقرر کیا اور ابرہہ کو اس کا نائب متعین کیا۔ جلد ہی ان میں اقتدار کی کشمکش شروع ہوگئی۔ چنانچہ دونوں کے لشکر جنگ کے لیے صف آراء ہوگئے۔ ابرہہ نے تجویز پیش کی کہ بجائے اس کے کہ ہم اپنی فوجوں کو لڑائیں اور عوام کو موت کے گھاٹ اتاریں، بہتر یہ ہے کہ ہم آپس میں زور آزمائی کریں، ہم میں سے جو غالب آ جائے ساری فوج اس کے پرچم کے نیچے جمع ہو جائے۔ ارباط نے ابرہہ کی تجویز کو پسند کیا۔ دونوں اسلحہ سے آراستہ ہو کر میدان میں آئے اور باہمی جنگ شروع ہوگئی جس میں ارباط مارا گیا اور اقتدار ابرہہ کو منتقل ہو گیا۔ اس نے شاہ حبشہ کو خوش کرنے کے لیے ایک عظیم الشان انتہائی خوبصورت گرجا تعمیر کیا اور اپنے بادشاہ کو خط لکھا کہ میں چاہتا ہوں کہ جو لوگ مکہ میں حج کعبہ کے لیے جاتے ہیں، ان کو یہاں حج کرنے کی دعوت دوں، اور اگر وہ اس دعوت کو قبول نہ کریں تو کعبہ کو پیوند خاک کر دوں۔ جب کعبہ ہی موجود نہیں رہے گا تو لوگ خواہ مخواہ اس کنیسہ کا حج کرنے اور اس کے طواف کرنے کے لیے یہاں آنے لگیں گے۔

اہل عرب کو جب ابرہہ کے اس مذموم ارادے کا علم ہوا تو ان کے غیظ و غضب کی انتہا نہ رہی۔ چنانچہ بنی کنانہ کا ایک فرد اپنی ناراضگی کے اظہار کے لیے کنیسہ میں گیا اور فرصت پا کر وہاں قضائے حاجت کر کے اسے گندہ کر دیا۔ جب اس واقعہ کی اطلاع ابرہہ کو ملی تو اس کے سینے میں آتش انتقام بھڑک اٹھی اور بڑے جوش و خروش سے اس نے مکہ پر حملہ کرنے کی تیاری شروع کر دی۔ اہل یمن بھی کعبہ شریف کی دل سے عزت و تکریم کرتے تھے۔ انھوں نے جب یہ بات سنی تو اس کے ساتھ جنگ کرنے کا عزم کر لیا۔ یمن کے ایک سردار ذونفر نے اپنی قوم کو ابرہہ کے ساتھ جنگ کرنے کی دعوت دی تاکہ وہ بیت اللہ شریف کو اس کی ناپاک کوششوں سے بچا سکے۔

فریقین میں زبردست جنگ ہوئی لیکن ذونفر اور اس کے ساتھیوں کو شکست ہوئی اور اس کو جنگی قیدی بنا کر ابرہہ کے سامنے پیش کیا گیا۔ ابرہہ نے اس کو قتل کرنے کا ارادہ کیا۔ ذونفر نے کہا: اے بادشاہ! تو

مجھے قتل نہ کر بلکہ میری زندگی تیرے لیے قتل سے زیادہ فائدہ مند ثابت ہوگی۔ ابرہہ نے اس کی جاں بخشی کی لیکن اس کو مقید رکھا۔ وہاں سے ابرہہ روانہ ہوا۔ بنی خثعم کے علاقے سے گزرا تو نفیل بن حبیب خثعمی نے قبائل عرب کو ساتھ ملا کر اس کے ساتھ جنگ کی لیکن اس دفعہ بھی فتح ابرہہ کو نصیب ہوئی، نفیل جب قیدی بنا کر اس کے سامنے پیش کیا گیا تو نفیل نے کہا: اے بادشاہ! مجھے قتل نہ کر، سرزمین عرب میں تمھارے لیے راہنما کا کام کروں گا اور میں خثعم کے دو قبیلوں شہران اور ناھس کی طرف سے اظہار اطاعت کے لیے اپنے دونوں ہاتھ تیری خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ ابرہہ نے اس کو معاف کر دیا۔ جب ابرہہ نے مکہ مکرمہ کی طرف پیش قدمی شروع کی تو نفیل بطور راہنما اس کے ہمراہ تھا۔

جب ابرہہ کا گزر طائف سے ہوا تو مسعود ثقفی اپنے قبیلے ثقیف کے چند آدمیوں کو ہمراہ لے کر اس کی پیشوائی کے لیے نکلا اور اس سے کہا: اے بادشاہ! ہم تیرے غلام ہیں، ہم تیرے ہر حکم کی اطاعت کرنے والے ہیں، ہمارے دلوں میں تیری مخالفت کا کوئی شائبہ نہیں اور ہمارا یہ معبود وہ نہیں جس کو گرانے کے لیے تو نکلا ہے۔ وہ مکہ میں ہے۔ ہم تمھارے ساتھ ایسا آدمی بھیجیں گے جو تمھاری راہنمائی کرے گا۔ طائف میں جو معبد تھا اس میں انھوں نے لات کا بت رکھا ہوا تھا۔ اس کی پرستش کی جاتی تھی اور اس کے کوٹھے کا طواف کیا جاتا تھا۔ اہل طائف نے ابرہہ کے ساتھ ابورغال نامی ایک شخص کو بھیجا تاکہ وہ اسے مکہ جانے کا راستہ بتائے۔ ابرہہ ابورغال کی معیت میں طائف سے روانہ ہوا، جب مغمس پہنچا تو یہاں اس نے آرام کے لیے قیام کیا۔ ابورغال کی زندگی کی مہلت پوری ہوگئی، وہیں وہ ہلاک ہوگیا اور اسے وہیں زمین میں دبا دیا گیا۔ اہل عرب جب بھی وہاں سے گزرتے ہیں تو ابورغال کی قبر پر سنگ باری کرتے ہیں۔

اس اثناء میں ابرہہ نے ایک حبشی فوجی افسر جس کا نام اسود بن مقصود تھا، جو اس کے گھڑ سوار دستے کا افسر تھا، مکہ کی طرف بھیجا۔ تہامہ کی چراگاہوں میں قریش اور دیگر قبائل کے جو اونٹ چر رہے تھے ان کو ہانک کر وہ ابرہہ کے پاس لے آیا۔ ان اونٹوں میں دو سو اونٹ حضرت عبدالمطلب کے بھی تھے، آپ اس

وقت قریش کے سردار تھے۔ کنانہ ہذیل کے قبائل نے ارادہ کیا کہ ابرہہ کا مقابلہ کریں، لیکن اس کی بے پناہ قوت کے سامنے اپنے آپ کو بے بس محسوس کیا، اس لیے اس سے لڑائی کا ارادہ ترک کر دیا۔ ابرہہ نے اپنا خاص قاصد اہل مکہ کی طرف روانہ کیا، اس کا نام ''حباطہ الحمیری'' تھا، کہ تم جاؤ اور اس شہر کا جو رئیس ہے اس سے جا کر ملاقات کرو اور اسے یہ کہو کہ بادشاہ تمھیں کہتا ہے کہ میں تمھارے ساتھ جنگ کرنے کے لیے نہیں آیا، میں تو اس کعبہ کو گرانے کے لیے آیا ہوں۔ اگر تم میرے راستے میں حائل نہ ہو تو مجھے تمھاری خوں ریزی کی کوئی ضرورت نہیں، اور اگر وہ میرے ساتھ جنگ کرنے کا ارادہ نہ رکھتا ہو تو اس کو میرے پاس لے آنا۔

حباطہ جب مکہ میں داخل ہوا تو اس نے پوچھا کہ قریش کا سردار کون ہے؟ اسے بتایا گیا کہ عبدالمطلب بن ہاشم اپنی قوم کے سردار ہیں۔ یہ شخص ان کے پاس گیا اور ابرہہ کا پیغام پہنچایا حضرت عبدالمطلب نے کہا: بخدا! ہم اس کے ساتھ جنگ کا ارادہ نہیں رکھتے، اور نہ ہمارے پاس یہ طاقت ہے کہ اس کے ساتھ لڑائی کر سکیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کا حرمت والا گھر ہے اور اس گھر کو اس کے خلیل ابراہیم علیہ السلام نے تعمیر کیا ہے۔ اگر وہ خود اس کی حفاظت کا بندوبست کرے تو یہ اس کا گھر ہے اور اس کا حرم ہے اور اگر وہ خود ابرہہ کی مزاحمت نہ کرے، اور اس کو اپنا گھر گرانے دے تو اس کی مرضی، ہم میں طاقت نہیں کہ ابرہہ کا مقابلہ کر سکیں۔ جب حباطہ کو یقین ہو گیا کہ اہل مکہ ابرہہ کے ساتھ جنگ کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے تو اس نے حضرت عبدالمطلب کو ابرہہ کے پاس جانے کو کہا۔

عبدالمطلب اپنے چند بیٹوں کے ہمراہ حباطہ کے ساتھ ابرہہ کی طرف روانہ ہوئے، جب اس کے لشکر میں پہنچے تو آپ نے ذونفر کے بارے میں پوچھا، وہ آپ کا پرانا دوست تھا۔ آپ کو اس کے پاس لے جایا گیا، جہاں وہ محبوس تھا۔ آپ نے اسے کہا: اے ذونفر! جو مصیبت ہم پر نازل ہوئی کیا اس میں تم ہمارے کسی کام آ سکتے ہو؟ اس نے کہا: میں ایک بے بس قیدی ہوں، بادشاہ جب چاہے مجھے موت کے گھاٹ اتار دے۔ اس حالت میں میں تمھاری کیا خدمت بجا لا سکتا ہوں۔ البتہ ابرہہ کے ہاتھی کا سائیس جس کا نام

انیس ہے وہ میرا دوست ہے۔ میں اس کو بلا کر آپ کا تعارف کرا دیتا ہوں۔ وہ بادشاہ سے آپ کی ملاقات کرا دے گا، ممکن ہے اس مصیبت سے نجات کی کوئی صورت نکل آئے۔ چنانچہ اس نے انیس کو بلایا اور اس سے عبدالمطلب کا تعارف کرایا کہ یہ قریش کے سردار ہیں اور مکہ کے تجارتی کارواں کے سربراہ ہیں۔ ان کی سخاوت کی یہ کیفیت ہے کہ ان کا دستر خوان ہر وقت بچھا رہتا ہے۔ انسان تو انسان پہاڑوں کی چوٹیوں پر بسیرا کرنے والے درندے بھی ان کے دستر خوان سے اپنے پیٹ بھرتے ہیں۔ بادشاہ کے ملازمین ان کے دوسو اونٹ ہانک کر لے آئے ہیں، تم ان کی جو مدد کر سکتے ہو، ضرور کرو۔ اس نے وعدہ کیا۔ انیس ابرہہ کے پاس گیا اور عبدالمطلب کا تعارف کرایا اور ان کی ملاقات کی اجازت لے لی۔

حضرت عبدالمطلب صاحب حسن و جمال تھے، چہرے سے وجاہت اور شرافت کے آثار نمایاں تھے، ابرہہ نے جب آپ کو دیکھا، آپ کی بڑی تعظیم کی، بڑے آداب بجالایا اور یہ پسند نہ کیا کہ خود تخت کے اوپر بیٹھے اور انھیں نیچے بٹھائے اور یہ بھی مناسب نہ سمجھا کہ ان کو اپنے ساتھ تخت پر بٹھائے مبادا لشکر کے لوگ اس کا برا مانیں۔ چنانچہ ابرہہ اپنے تخت سے نیچے اترا اور قالین پر بیٹھ گیا، اور آپ کو بھی اپنے پہلو میں ساتھ قالین پر بٹھایا۔ پھر ترجمان سے کہا: ان سے پوچھو، یہ کس کام کے لیے آئے ہیں؟ آپ نے جواب دیا کہ میں اس لیے آیا ہوں کہ بادشاہ کے سپاہیوں نے میرے دوسو اونٹ پکڑ لیے ہیں، وہ مجھے واپس دیئے جائیں۔ ابرہہ نے ترجمان کو کہا: کہ انھیں کہو، کہ جب میں نے آپ کو دیکھا تھا میں آپ سے بہت متاثر ہوا تھا، لیکن جب آپ نے بات کی ہے تو آپ کی قدر و منزلت میری آنکھوں سے گر گئی ہے۔ آپ دوسو اونٹ کے بارے میں تو مجھ سے گفتگو کرتے ہیں، لیکن اس گھر کے بارے میں کچھ نہیں کہتے جس کو میں گرانے کے لیے آیا ہوں، حالاں کہ وہ گھر آپ کا اور آپ کے آباء و اجداد کا دین ہے۔ آپ نے جواب دیا کہ میں اونٹوں کا مالک ہوں اور اس گھر کا بھی ایک مالک ہے، وہ خود اس کی حفاظت فرمائے گا۔ ابرہہ نے بڑے غرور سے کہا: کوئی بھی میری زد سے کعبہ کو نہیں بچا سکتا۔ آپ نے فرمایا: تو جانے اور وہ جانے۔

حضرت عبدالمطلب ابرہہ کی ملاقات کے بعد واپس آ گئے اور قریش کو سارے حالات سے آگاہ کیا اور انھیں حکم دیا کہ وہ مکہ سے نکل جائیں اور پہاڑوں کے غاروں اور چوٹیوں میں پناہ گزیں ہو جائیں، مبادا ابرہہ کا لشکر مکہ میں داخل ہو کر ان کو ہدف ستم بنائے۔ پھر اپنے ساتھ چند آدمیوں کو لے کر خانۂ کعبہ کے پاس آئے اور اس کے حلقہ کو پکڑ کر اللہ تعالیٰ کی جناب میں فریاد کرنے لگے اور ابرہہ اور اس کے لشکر پر فتح و نصرت کی درخواست کرنے لگے۔ اس وقت عبدالمطلب نے بارگاہ الٰہی میں عرض کی:

لا ھم ان العبد یمنع
رحلہ فامنع حلالک

●

لا یغلبن صلیبھم
و محالھم غدوا محالک

●

ان کنت تارکھم
و قبلتنا فامر ما بدالک

اے اللہ! بندہ بھی اپنے کجاوے کی حفاظت کرتا ہے، تو بھی اپنے گھر کی حفاظت فرما، ایسا نہ ہو کہ ان کی صلیب کل تیرے گھر پر غالب آ جائے اور نصب کر دی جائے، اور اگر تو ان کو اور ہمارے قبیلہ کو آزاد چھوڑنے والا ہے تو جس طرح تیری مرضی ہو، تو اس طرح کر۔

اس دعا کے بعد عبدالمطلب بھی ایک پہاڑ کے غار میں چلے گئے۔

علامہ ملا علی قاری حضرت عبدالمطلب کے فضائل میں لکھتے ہیں:

من فضائل عبد المطلب ان قریشا خرجت من الحرم لما قدم علیهم اصحب الفیل و قال هو (عبد المطلب) و الله لا اخرج من حرم الله ابغی العز فی غیره و لا ابغی سواء عند الله .

جب قریش حرم سے نکل گئے اور اصحاب فیل نے حملہ کیا تو حضرت عبد المطلب نے کہا: بخدا! اللہ کے حرم سے ہرگز نہیں نکلوں گا تا کہ اس کے علاوہ کسی اور کے پاس عزت تلاش کروں۔ میں تو اللہ تعالیٰ کے بدلے میں اور کسی چیز کا متمنی نہیں۔

دوسرے دن صبح ابرہہ نے مکہ پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ اپنے ہاتھی کو جس کا نام "محمود" تھا اور اپنے لشکر کو تیار کیا۔ ابرہہ نے کعبہ کو منہدم کرنے کا پختہ عزم کر لیا تھا اور اس کے بعد وہ یمن واپس جانا چاہتا تھا۔ جب انھوں نے ہاتھی کو مکہ کی طرف متوجہ کیا تو نفیل بن حبیب آیا اور ہاتھی کے پہلو کے ساتھ کھڑا ہو گیا۔ اس کا کان پکڑ لیا، پھر اسے کہا:

ابرک محمود او ارجع راشدا من حیث جئت فانک فی بلد الله الحرام

کہ اے محمود (ابرہہ کے ہاتھی کا نام) بیٹھ جاؤ جدھر سے آئے ہو ادھر لوٹ جاؤ کیوں کہ تو اللہ کے مقدس شہر میں ہے۔

یہ سنتے ہی ہاتھی بیٹھ گیا، نفیل بن حبیب وہاں سے نکلا اور دوڑتا ہوا پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ گیا انھوں نے ہاتھی کو مارا تا کہ وہ کھڑا ہو لیکن اس نے کھڑے ہونے سے گویا انکار کر دیا پھر انھوں نے اس کے سر میں تبرزین سے چوٹیں لگائیں لیکن پھر بھی وہ نہ اٹھا پھر انھوں نے اس کے پیٹ کے نیچے ایسے عصا سے چرکے لگائے جس کا سنان ٹیڑھا کیا ہوا تھا وہ لہولہان ہو گیا لیکن پھر اٹھنے کا نام نہ لیا پھر انھوں نے اس کا رخ یمن کی طرف کیا تو وہ بھاگنے لگا۔ جب پھر مکہ کی طرف انھوں نے اس کا رخ کیا تو پھر بیٹھ گیا اسی اثناء میں ابابیل کی

ایک ٹکڑی سمندر کی طرف سے اڑتی ہوئی آئی ہر پرندے کی چونچ اور دونوں پنجوں میں ایک ایک کنکری تھی جس کی مقدار چنے اور مسور کے دانوں کے برابر تھی جس کے سر پر وہ گرتی اس کے فولادی خود کو چیرتی ہوئی اس کے جسم کے پار ہو جاتی۔ لشکر میں بھگدڑ مچ گئی وہ راستہ ڈھونڈنا چاہتے تھے جس پر چل کر وہ آئے تھے لیکن وہ انھیں مل نہیں رہا تھا۔ انھوں نے نفیل بن حبیب جوان کا راہنما بن کر ان کے ساتھ آیا تھا اس کو تلاش کیا تا کہ وہ انھیں یمن کا راستہ بتائے تو اس کا وہاں نام و نشان ہی نہ تھا وہ تو بھاگ کر پہاڑ کی چوٹی پر چلا گیا تھا اور ان پر خدا کے عذاب کا ہولناک منظر اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا تھا۔

ابرہہ کے لشکر میں تیرہ ہاتھی تھے محمود کے علاوہ سارے ہاتھی ہلاک ہو گئے اور محمود نے کیوں کہ حرم شریف کی طرف پیش قدمی سے انکار کیا تھا اس لیے وہ بچ گیا وہ وہاں سے بھاگ نکلا لیکن جن کو وہ پتھر لگے ان میں سے کوئی سلامت نہ بچا۔ ابرہہ کی حالت بڑی قابل رحم تھی اس کو لے کر وہاں سے بھاگے لیکن راستہ میں اس کا انگ انگ گل کر گرنے لگا۔ اس کے جسم میں پیپ اور خون سرایت کر گیا جس سے غضب کی بو آتی تھی اور جب اس کو لے کر وہ صنعاء پہنچے تو وہ پرندے کے ایک چوزے کی طرح تھا لیکن مرنے سے پہلے اس کا سینہ پھٹ گیا اور دل باہر نکل گیا اس طرح وہ ایک اذیت ناک موت سے دوچار ہوا۔

یہ واقعہ محرم کو پیش آیا اور یہی وہ سال ہے جس میں فخر آدم و بنی آدم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت سے انسانیت کے خزاں گزیدہ گلستاں میں بہار آئی۔ (سیرت الرسول)

شب میلاد

اور

عجائب قدرت الٰہی کا ظہور

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیھم رسولا

بیشک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انھیں سے ایک رسول بھیجا۔

(القرآن)

شب میلاد اور عجائب قدرت الٰہی کا ظہور

علمائے سیرت نے اپنی کتب سیرت میں ان محیر العقول واقعات کا تذکرہ کیا ہے جو اس مبارک رات میں وقوع پذیر ہوئے۔ ان میں سے چند امور درج ذیل ہیں۔

(۱) اس رات کعبہ میں جو بت رکھے ہوئے تھے وہ سر کے بل سجدہ میں گر گئے کیوں کہ آج کی رات بت شکن کی پیدائش کی رات تھی۔

(۲) حضور کی ولادت کے وقت ایک ایسا نور ظاہر ہوا جس کی روشنی سے حضرت آمنہ کو شام کے محلات دکھائی دینے لگے۔

(۳) امام ابن اسحاق نے اپنی سیرت میں ہشام بن عروہ سے یہ روایت نقل کی ہے کہ ان کے والد نے حضرت عائشہ صدیقہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ ایک یہودی تجارت کے لیے مکہ مکرمہ میں رہائش پذیر تھا جب شب میلاد آئی تو اس نے قریش کی ایک محفل میں آکر پوچھا اے گروہ قریش! کیا آج رات تمھارے ہاں کوئی بچہ پیدا ہوا ہے لوگوں نے کہا: بخدا ہمیں کوئی علم نہیں اس نے ازراہ تعجب کہا اللہ اکبر! تم اپنے گھر والوں سے اس کے بارے میں ضرور دریافت کرنا اور میری اس بات کو بھی فراموش نہ کرنا کہ آج کی رات اس امت کا نبی پیدا ہوا۔ اس کی نشانی یہ ہے کہ اس کے دونوں کندھوں کے درمیان بالوں کا ایک گچھا اگا ہوگا لوگ مجلس برخاست کرکے اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے ہر ایک نے اپنے گھر جا کر اپنے اہل خانہ سے پوچھا کہ کیا قریش کے کسی گھر میں آج کوئی بچہ پیدا ہوا ہے انھیں بتایا گیا کہ آج عبدالمطلب کے ہاں ایک بچہ پیدا ہوا ہے جس کا نام انھوں نے محمد رکھا ہے۔ وہ لوگ اس یہودی کے پاس گئے اسے بتایا کہ ان کے قبیلہ میں ایک بچہ پیدا ہوا ہے اس نے کہا میرے ساتھ چلو میں بھی اس بچہ کو دیکھنا چاہتا ہوں چنانچہ اسے لے کر

وہ لوگ حضرت آمنہ کے گھر آئے اور کہا کہ ہمیں اپنا بچہ دکھایئے آپ نے اپنے فرزند ارجمند کو ان کے سامنے پیش کیا، اس یہودی نے بچے کی پیٹھ سے کپڑا اٹھایا اور بالوں کا اگا ہوا ایک گچھا دیکھا اور دیکھتے ہی وہ غش کھا کر گر پڑا جب اسے ہوش آیا تو انھوں نے اس سے پوچھا تیرا خانہ خراب تجھے کیا ہو گیا تھا اس نے بصد حسرت کہا کہ آج بنی اسرائیل کے گھرانہ سے نبوت رخصت ہو گئی۔ اے گروہ قریش! تمھیں خوش ہونا چاہیئے کہ یہ مولود تمھیں بڑی بلندیوں کی طرف لے جائے گا مشرق و مغرب میں تمھارے نام کی گونج سنائی دے گی۔

(۴) اس رات کسریٰ کا ایوان لرز گیا اور اس کے چودہ کنگرے گر گئے۔

(۵) ایران کا مرکزی آتش کدہ جس میں ایک ہزار سال سے آگ بھڑک رہی تھی وہ آگ اچانک بجھ گئی۔

اس قسم کے متعدد واقعات ہیں جن کو عصر حاضر کے سیرت نگاروں نے تسلیم کرنے سے انکار کر دیا ہے لیکن عہد جدید کے بالغ نظر عالم امام محمد ابو زہرہ نے اپنی سیرت کی کتاب "خاتم النبیین" میں ان واقعات کا ذکر کیا ہے اور ان لوگوں کی پرزور تردید کی ہے جو ایسے واقعات کو تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہیں۔

آپ فرماتے ہیں کہ روایات کی صحت و عدم صحت کا دار و مدار اس بات پر ہے کہ سند کے اعتبار سے ان روایات کا کیا مقام ہے، ان کی سند قابل اعتبار ہے یا نہیں اگر علماء حدیث ان کی سند کے بارے میں شک کا اظہار کریں تو ایسی روایات کو درخور اعتناء نہیں سمجھا جائے گا لیکن اگر ان کی سند معتبر ہو، جن راویوں نے ان واقعات کو روایت کیا ہے وہ قابل اعتماد ہوں تو پھر وہ روایات قابل قبول ہوں گی، ان کے بارے میں عدم صحت کا فتویٰ صادر کرنا ان قواعد و ضوابط سے بے خبری کی علامت ہو گی جو اہل تحقیق نے کسی روایت کے صحیح یا ضعیف ہونے کے لیے مقرر کیے ہیں۔

● ...... ● ...... ●

آمد رسول کی بشارات و پیشین گوئیاں

ابھی رات کی تاریکی سارے عالم پر چھائی ہوئی ہے کہ مشرقی افق پر صبح صادق کا اجالا نمودار ہوتا ہے اور اس کی سہانی روشنی یہ اعلان کرنے لگتی ہے کہ شب دیجور کا طلسم ٹوٹنے والا ہے جلد ہی آفتاب عالم تاب طلوع ہوگا اور سارا جہان اس کے انوار سے جگمگانے لگے گا۔

طویل خشک سالی کے باعث گلشن ہستی کی رونقیں جب دم توڑ دیتی ہیں لہلہاتے ہوئے کھیتوں اور سرسبز شاداب وادیوں میں خاک اڑنے لگتی ہے چیونٹیاں بھی پانی کی ایک بوند کے لیے ترسنے لگتی ہیں تو رب العالمین جو ارحم الرحمین ہے، باران رحمت سے ہر تشنہ لب کو سیراب کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو پہلے ٹھنڈی ہواؤں کے جھونکوں سے اپنی رحمت کی خوشخبری سناتا ہے۔

و هو الذی یرسل الریاح بشرا بین یدی رحمته.

وہی خدا ہے جو بھیجتا ہے ہواؤں کو اپنی باران رحمت سے پہلے خوشخبری سنانے کے لیے۔

بعینہ اسی طرح مطلع نبوت و ہدایت پر آفتاب محمدی کے طلوع ہونے سے پہلے، بہت پہلے بشارتوں، پیشین گوئیوں، شہادتوں اور اعلانات صادقہ کا سلسلہ شروع کر دیا گیا پے در پے ایسے واقعات ظہور پذیر ہونے لگے جو اس ابر رحمت کی آمد کی نوید سنا رہے تھے کہ جب وہ گھر آئے گا اور برسے گا تو اس اسے انسانی زندگی کا کوئی ایک مخصوص شعبہ ہی نہیں بلکہ اس کا ہر شعبہ اور ہر پہلو سیراب ہوگا، اس کا ہر قطرہ حیات بخش ہوگا، ہر دل گرفتہ غنچہ اس کے فیض سے کھل کر پھول بنے گا، ہر افسردہ کلی مسکرانے لگے گی، حرماں نصیبوں اور غمزدوں کے گھروں میں مسرت کے چراغ روشنی پھیلانے لگیں گے جس کی بابرکت چھینٹوں سے ہر چیز کی خفتہ صلاحیتیں جاگ اٹھیں گی۔ سب سے اہم یہ کہ حضرت انسان کے شکستہ پروں کو قوت پرواز عطا ہوگی وہ خود فراموش، خود شناس بن جائے گا اور اپنے مقام رفیع پر خیمہ زن ہونے کی لگن اس کو بے تاب کر دے گی

اور اس کے لیے کمر ہمت باندھ کر مصروف عمل ہو جائے گا۔

یہ نوید رحمت سنانے کے لیے ان بشارتوں سے شکستہ دلوں کو خورسند اور شاد کام کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے جلیل القدر انبیاء اور اولوالعزم رسولوں کو منتخب فرمایا۔ ان پر جو آسمانی کتب اور صحیفے نازل کیے گئے تھے ان میں جگہ جگہ ایسی خوشخبریاں درج تھیں اور ایسی صفات و علامات کا تفصیلی بیان تھا جو اس آنے والے رسول گرامی میں پائی جانے والی تھیں۔ اپنے اپنے زمانہ میں مقربین بارگاہ الٰہی اپنی خانقاہوں میں اور علمائے ربانیین درسگاہوں میں اس محبوب کریم کی دلنواز اداؤں کو بیان کر کے آشفتہ دلوں اور پریشان حالوں کی تسکین کا سامان فراہم کرتے تھے۔ اس کی آمد کی منادی کرنے والوں میں اہل کتاب کے احبار و رہبان بھی تھے اور عہد جاہلیت کے کاہن بھی، ملوک و سلاطین بھی تھے اور فلک علم و حکمت کے آفتاب و ماہتاب بھی۔

جن کے واسطے سے یہ بشارتیں اور خوشخبریاں ہم تک پہنچیں وہ پیشہ ور داستان سرا، چرب زبان قصہ گو، نوعیت کے لوگ نہیں تھے بلکہ سر برآوردہ مفسرین، نامور محدثین، عالمی شہرت کے مالک مورخین، ادب و لغت کے مسلمہ ائمہ، صوفیاء اور فقہاء کا ایک مقدس گروہ تھا۔ جنھوں نے امت احمدیہ تک ان حقائق کو بڑی دیانتداری سے پہنچایا، ان پاکباز حضرات نے اللہ تعالیٰ کے حبیب اور اس کی مخلوق کے ہادی برحق محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے موضوع پر پورے احساس ذمہ داری کے ساتھ بڑی گراں قیمت کتابیں تالیف کیں اور انھیں اپنی نجات اور بخشش کا ذریعہ سمجھا اور اپنی ان تالیفات میں انھوں نے ان بشارتوں، پیشین گوئیوں، اعلانات و واقعات اور حادثات جن کا تعلق بعثت نبوی سے تھا کا تذکرہ بڑی تفصیل سے کیا۔ البتہ جو روایات علمی معیار پر پوری نہ اترتی تھیں ان کی نشاندہی کی جس روایت کی سند میں کوئی غیر ثقہ راوی در آیا تھا اس سے قارئین کو آگاہ کیا اور اگر کوئی واقعہ فن روایت و درایت کے معیار پر پورا نہیں اترتا تھا تو کھل کر اس کو بیان کر دیا تاکہ کوئی پڑھنے والا ان غلط اور ضعیف روایات و حکایات کے باعث کسی غلط فہمی کا شکار نہ ہو جائے یہ ان کی علمی اور دینی ذمہ داری تھی جسے انھوں نے بلاخوف لومۃ لائم ڈنکے کی چوٹ سے

پورا کیا اور کوئی بڑی سے بڑی شخصیت بھی ان کو اظہار حق سے روک نہ سکی۔

سلف صالحین کی ان مخلصانہ کاوشوں اور جدو جہد کا نتیجہ یہ نکلا کہ جو لوگ اپنے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کا مطالعہ کرنے کے لیے ان حضرات کی تصنیفات کی طرف رجوع کرتے انھیں ایک تو اس پاکیزہ زندگی کے ماہ وسال شب وروز بلکہ ہر صبح اور ہر شام میں رو پذیر ہونے والے واقعات کا صحیح علم ہو جاتا تھا۔ دوسرا جب وہ اپنے مرشد برحق کے ان کمالات کو ان کتابوں میں پڑھتے جن سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کے خالق نے آراستہ اور مزین فرمایا تھا تو اس ذات اقدس واطہر کی محبت کی شمع ان کے دلوں میں فروزاں ہو جاتی تھی۔ اور جب وہ محبوب رب العالمین کے عشق کی شراب طہور سے سرشار ہو کر جادۂ زیست پر گامزن ہوتے تو ان کے کیف ومستی کا انداز ہی نرالا ہوتا تھا۔ احکام شریعت کی پابندی کو وہ ناگوار بوجھ خیال نہیں کرتے تھے بلکہ بڑے ذوق وشوق کے ساتھ احکام الٰہی کو بجالاتے تھے۔ ان کے دن میدان جہاد میں شمشیر زنی کرتے گزرتے تو ان کی راتیں اور خلوتیں اپنے خالق حقیقی کی یاد میں آنسو بہاتے، آہیں بھرتے، اور ماہی بے آب کی طرح تڑپتے گزرتیں۔ اولاد کی محبت، کاروبار کی مصروفیت انھیں ذکر الٰہی سے غافل نہیں کر سکتی تھیں۔

جب انھیں دین حق کو سربلند کرنے کے لیے مال وجان کا نذرانہ پیش کرنے کا حکم دیا جاتا تو وہ اس کو اپنے لیے کمال سعادت خیال کرتے بے دریغ اور بے تامل ہر قسم کی قربانی پیش کرنے کے لیے تیار نظر آتے ہر کلمہ گو کی کم وبیش یہی کیفیت ہوتی۔

دشمنان اسلام اور مستشرقین کے نظریات وتحقیقات پر تنقیدی نظر

لیکن جب دشمنان اسلام جنگ کے میدانوں میں اپنی تمام تر مساعی کے باوجود اسلام کا پرچم سرنگوں نہ کر سکے تو انھوں نے مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے اور ان کی صفوں کو درہم برہم کرنے کے

لیے سازشوں کے دام بننے اور بچھانے شروع کر دیے۔ اس طرز عمل سے انھیں کافی کامیابیاں حاصل ہوئیں لیکن اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ان کے دلوں میں انتقام کی جو آگ بھڑک رہی تھی وہ ٹھنڈی نہ ہوئی وہ تو اسلام کا نام ونشان ہی صفحۂ ہستی سے مٹا دینے کے آرزو مند تھے۔ چنانچہ انھوں نے اسلامی مملکت کو چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں بٹا ہوا پایا تو یورپ کے مذہبی پیشواؤں نے اسلام اور پیغمبر اسلام کے خلاف جھوٹے پروپیگنڈے کی مہم اس زور شور سے چلائی کہ یورپ میں بسنے والا ہر فرد امیر، فقیر، بادشاہ اور رعایا فوج کا عام سپاہی اور اس کے جرنیل، بیت المقدس کو فتح کرنے کے جنون میں ایک طوفان بن کر شام وفلسطین کی سرحدوں پر امڈ آئے۔ انھیں یقین تھا کہ وہ اپنی اجتماعی، عسکری قوت کے بل بوتے پر اس مہم کو سر کر لیں گے۔ ان کے پادریوں نے بھی ان کو یقین دلایا تھا کہ یسوع مسیح اپنے جملہ خدائی اختیارات کے ساتھ ان کی مدد فرمائے گا لیکن ہر بار فرزندان توحید نے صلیب کے پرستاروں کی امیدیں خاک میں ملا دیں۔

مسلم دنیا کے حکمراں اگرچہ متحد نہ ہو سکے لیکن غازی نور الدین محمود اور غازی صلاح الدین ایوبی کی قیادت میں شمع جمال مصطفوی کے پروانوں اور دین اسلام کے شیدائیوں نے اپنی شجاعت کے ایسے جوہر دکھائے اور اس عدیم المثال جرأت وثابت قدمی سے ان یلغاروں کا مقابلہ کیا کہ دشمنوں کے دانت کھٹے کر کے رکھ دیئے۔ اور یورپ کے نوابوں، بادشاہوں اور شہنشاہوں کو ورطۂ حیرت میں مبتلا کر دیا۔ اٹلی، جرمنی، فرانس اور دیگر چھوٹے بڑے یورپین ممالک کے حکمرانوں کے علاوہ برطانیہ عظمٰی کا شہنشاہ رچرڈ جو شیر دل کے لقب سے ملقب تھا بذات خود اپنی فوجوں کی قیادت کر رہا تھا لیکن غازی صلاح الدین اور اس کے مجاہدوں کے نعرۂ تکبیر کی کڑک ان کے اوسان خطا کر دیتی اور وہ راہ فرار اختیار کرنے پر مجبور ہو جاتے۔ تقریباً دو سو سال تک مسلسل جاری رہنے والی صلیبی جنگوں کا نتیجہ یہ نکلا کہ ۱۱۸۷ء میں غازی صلاح الدین ایوبی نے اپنے جاں باز اور سرفروش مجاہدوں کی معیت میں ''القدس'' فرنگیوں سے چھین لیا۔ صلیب کے پرچم کو سرنگوں کر کے اسلام کا ہلالی پرچم لہرا دیا۔

اس سے پہلے بھی مسلمان مجاہدوں نے عیسائیوں کو کئی صدیوں تک شکستوں پر شکستیں دی تھیں انھوں نے شرق اوسط کے تمام ممالک شام، فلسطین، لبنان وغیرہ رومی عیسائیوں سے بزور شمشیر چھین لیے تھے۔ مسلمانوں نے ایشیا اور افریقہ کے براعظموں میں ہی عیسائی مملکتوں کا خاتمہ کرنے پر اکتفاء نہ کیا بلکہ طارق نے آگے بڑھ کر یورپ پر حملہ کیا اور اسپین کے وسیع وعریض ملک پر قبضہ کر کے جگہ جگہ ایسی مسجدوں کا جال بچھا دیا جن کے فلک بوس میناروں سے دن میں پانچ مرتبہ اذان کی دلکش صدائیں گونجتی تھیں اور صلیب کے پیروکاروں کے ملک میں اللہ وحدہ لاشریک کی توحید اور محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کا اعلان کرتی تھیں۔ ان صدیوں پر پھیلی ہوئی پے در پے ہزیمتوں کا جو داغ ان کے دل پر اور جو چرکے ان کے دماغ کو لگے تھے انھوں نے ناسوروں کی شکل اختیار کر لی تھی جو ہر لحظہ رستے رہتے تھے اور ان شکستوں کی اذیت ناک یاد کو تازہ کرتے رہتے تھے۔ لیکن بیت المقدس کی شکست اور وہاں صلیبی پرچم سرنگوں ہونے اور اسلامی علم کے لہرائے جانے کے صدمے نے تو گویا ان کو نیم جان بنا کر رکھ دیا اس مشکل پر قابو پانے کے لیے انھوں نے اپنے دانشوروں، ماہرین علم نفسیات، اپنے مایۂ ناز مورخین، سیاستدانوں اور مذہبی رہنماؤں پر مشتمل کئی کمیشن تشکیل دی اور انھیں یہ کام تفویض کیا کہ وہ اس بات کا سراغ لگائیں کہ اس ناقابل تسخیر قوت کا سرچشمہ کہاں ہے جو ان نہتے مسلمان سپاہیوں میں بجلی بن کر دوڑتی ہے جس کے اعجاز سے ہر مجاہد حیدر کرار کی خیبر شکن طاقت کا علم دار بن جاتا ہے اور ان کے ہاتھوں میں لہرانے والی تلوار ذوالفقار بن کر ان کے دشمنوں کو کاٹ کر رکھ دیتی ہے۔

سالہا سال کے مطالعہ، سوچ وچار اور باہمی مشورے سے وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ اس قوت کا سرچشمہ عشق مصطفیٰ علیہ اطیب التحیۃ واجمل الثناء ہے جب تک عشق غیور کا یہ جذبہ زندہ رہے گا، جب تک اپنے محبوب نبی کے ساتھ مسلمانوں کی والہانہ محبت کا چراغ روشن رہے گا، جب تک اپنے ہادی اور مرشد کے لائے ہوئے دین کو سربلند رکھنے اور اس کی ہر آن پر کٹ مرنے کا شوق سلامت رہے گا ان مسلمانوں کو

شکست نہیں دی جاسکتی۔ اس کا واحد طریقہ یہی ہے کہ عشق و محبت کے اس چشمۂ صافی کو گدلا کر دیا جائے، اس میں شکوک وشبہات کا زہر گھول دیا جائے، محبت و نیاز مندی کی ہر ادا پر شرک کا فتویٰ صادر کر دیا جائے اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو کم از کم بدعت کی تہمت ضرور لگا دی جائے اور یہ کام بھی سرگرمی اور جوش وخروش سے کیا جائے اور لگاتار کیا جائے کہ مسلمانوں کی قوت دفاع کو اگر کلیۃً ختم نہ کیا جاسکے تو اس کو کمزور ضرور کر دیا جائے تاکہ اپنے محبوب کے نام پر اس کے نقوش پا پر جان کی بازی لگانے والوں کی اداؤں میں وہ شوخی اور بانکپن باقی نہ رہے جو خود صیاد کو اب تک صید زبوں بنا لینے کا معجزہ دکھاتا رہا ہے اس مذموم مقصد کی تکمیل کے لیے استشراق کی تحریک کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔

جذبہ اسلامی کو ماند کرنے کے لیے دشمنان اسلام کی یہ بڑی گہری چال تھی اور اس کو بڑی مہارت اور چابک دستی سے آگے بڑھایا گیا۔

اس تحریک کی زمام کار کہنہ مشق اور تجربہ کار اساتذہ اور پروفیسروں کے ہاتھ میں دے دی گئی جو شہرہ آفاق یونیورسٹیوں میں تدریس کی خدمات انجام دے رہے تھے۔ ان کی شخصیتوں کو قدآور بنانے کے لیے ان کے گرد تقدس اور جلالت علمی کا ایک مصنوعی ہالہ بنا دیا گیا، ان کے بارے میں یہ مشہور کیا گیا کہ وہ بے لاگ نقاد ہیں علمی تحقیقات کے میدان میں ان کی غیر جانبداری ہر شک وشبہ سے بالاتر ہے۔ ہر قیمت پر حق کے پرچم کو بلند رکھنا ان کا شعار ہے۔ اس طرح بڑے بڑے القابات کی غلط بخشیوں سے طالبان علم و دانش اور حق وصداقت کے متلاشیوں کی نگاہوں میں ان کی شخصیتوں کو بلند و بالا کر دیا گیا ان کی تالیفات اور مقالات کا مطالعہ کرنے والا، ان کے مطالعہ کرنے سے پہلے ہی ان کی علمی شہرت اور ان کی فنی دیانت داری پر ایمان لا چکا ہوتا ہے۔ اس کے بعد جب وہ شہد سے زیادہ شیریں زبان میں لکھی گئی ان کتب کا مطالعہ کرتا ہے تو ان کے نظریات کو بلا تامل حلق سے نیچے اتارتا اور لوح قلب پر نقش کرتا جاتا ہے اس وارفتگی کے عالم میں اسے یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ جس کو وہ شہد سمجھ رہا ہے اس میں بڑی عیاری سے اس کے لیے زہر ہلاہل ملا دیا گیا

ہے۔ اس کے جان لیوا اثرات اسے اس کے افکار ونظریات بلکہ اس کے تشخص کو بھی موت کی نیند سلا دیں گے۔

ان مستشرقین نے جس موضوع کو اپنی جارحانہ تنقید کا ہدف بنایا وہ کمالات مصطفوی کا موضوع ہے وہ کمالات حمیدہ، وہ صفات جمیلہ جن سے کسی انسان نے نہیں بلکہ خود خداوند رحمٰن نے حضور کو متصف اور مزین فرمایا ہے۔

ان لوگوں کا انداز بیان بڑا دلکش اور از حد خطرناک ہوتا ہے اس کی زد سے بچ کر نکل جانا توفیق الٰہی کے بغیر ممکن نہیں ہوتا۔ ان کا طریقہ واردات یہ ہے کہ وہ صفحات پر صفحات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ثنا گستری میں رقم کرتے چلے جاتے ہیں، پڑھنے والا اگر سادہ لوح ہو تو وہ ان کی اس تعریف اور ثنا گستری سے اتنا متاثر ہوتا ہے کہ ان کی غیر جانبداری پر عش عش کرنے لگتا ہے لیکن انھیں صفحات کے درمیان وہ ایک آدھ جملہ ایسا لکھ جاتے ہیں کہ وہ تمام تعریفات سراب بن کر رہ جاتی ہیں۔ محبت اور فدائیت کا جو جذبہ اس ثنا گستری کے مطالعہ سے پیدا ہونا چاہیئے اس کا دور دور تک کہیں سراغ نہیں ملتا اور یہی ان کی شب و روز کاوش کا صلہ ہے۔

اس تحریک کو اپنے منطقی نتائج پر پہنچانے کے لیے بڑے بڑے ممالک کی دولت مند حکومتوں کے خزانوں کے منہ کھول دیے جاتے ہیں۔ اس ناپاک مہم کو سر کرنے کے لیے جن نابغۂ روزگار ہستیوں کو منتخب کیا جاتا ہے ان کو بھاری بھر کم تنخواہوں اور وظائف سے نوازا جاتا ہے، ان کی تصنیفات بڑی دیدہ زیب صورت میں شائع کی جاتی ہیں۔ ان کو قبول عام کی سند سے بہرور کرنے کے لیے ان کی غیر معمولی اشاعتوں کا اہتمام کیا جاتا ہے اپنی پسند کے لوگوں سے بھاری رقوم دے کر ان پر تبصرے لکھوائے جاتے ہیں اور انھیں بڑے اہتمام سے عالمی شہرت یافتہ روزناموں یا ماہناموں میں شائع کر دیا جاتا ہے اس طرح قلیل مدت میں ایک گمنام شخص شہرت کے آسمان پر روشن ستارے کی طرح چمکنے لگتا ہے۔ اس کے ساتھ اس کی حق گوئی، بے لاگ

تحقیق، غیر جانبدارانہ تنقید کا ڈھنڈورا بھی پیٹا جاتا ہے تاکہ اس کے قارئین اس کی نگارشات کو پڑھنے سے پہلے ہی اس کی حق گوئی کو دل و جان سے تسلیم کر لیں اور بڑے شرح صدر کے ساتھ جو نظریات وہ پیش کرتا ہے اس کو کسی ہچکچاہٹ کے بغیر قبول کرتے جائیں اور اگر کوئی شخص جسارت کر کے اس کی خرافات کا پردہ چاک کرتا ہے تو اسے رجعت پسند، کور ذوق اور اندھی تقلید کا خوگر کے الفاظ سے ہدف طعن و تشنیع بنایا جاتا ہے۔

بہر حال یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ جو کام رچرڈ شیر دل کی فولادی تلوار نہ کر سکی، صلیبی لشکر جو مور چے اپنے ان گنت جوانوں کی جوانیاں قربان کر کے فتح نہ کر سکے وہ کام یونیورسٹی کی کمین گاہوں میں بیٹھے ہوئے ان بوڑھے مستشرق پروفیسروں اور اساتذہ کے قلموں نے بڑی آسانی سے انجام دیئے۔

استشراق کے زہریلے اثرات ہم اپنی قومی اور دینی زندگی کے ہر شعبہ میں نمایاں طور پر محسوس کر رہے ہیں لیکن سیرت نویسی کے میدان میں جو خدمات مستشرقین کی تصنیفات سے متاثر ہمارے مسلم سیرت نگار انجام دے رہے ہیں وہ ہماری چشم ہوش کھول دینے کے لیے کافی ہے۔

ان کے تیشۂ تحقیق کی پہلی ضرب معجزات نبوی علی صاحبہا الصلاۃ والسلام پر پڑی ہے وہی اعتراضات جو کسی یورپین مستشرق نے انبیاء کرام کے معجزات پر کیے ہیں ان کو نقل کر کے صفحات پر صفحات کالے کیے جاتے ہیں اور ان کو ناممکن اور عقل و دانش کے خلاف ثابت کرنے کے لیے سارا زور قلم صرف کر دیا جاتا ہے۔ اگر ان آیات بینات میں سے کسی کو ناممکن اور خلاف عقل ثابت کرنا ان کے بس کا روگ نہ ہو تو پھر اس روایت کی سند پر برسنا شروع کر دیتے ہیں یہاں تک دیکھنے میں آیا ہے کہ اگر یہ روایت متعدد طریقوں اور مختلف سندوں سے مروی ہے اور اگر اس کی ایک سند میں کسی ایسے راوی کا نام آگیا ہے جو ضعیف یا غیر ثقہ ہے تو پھر اس روایت پر قلم تنسیخ پھیرنے میں ذرا دیر نہیں کرتے، یہ سوچنے کی توفیق بھی نصیب نہیں ہوتی کہ اگر اس روایت کی ایک سند میں کوئی راوی مجروح ہے تو اس کے علاوہ اس کے دوسرے طرق

بھی ہیں جن کے سارے راوی ثقہ ہیں تو ان سب کو نظر انداز کرنا کیوں کر قرین انصاف ہوسکتا ہے۔

اس طرح وہ روایات جن کا تعلق اگر چہ معجزات سے نہیں لیکن ان سے حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان محبوبیت آشکارا ہوتی ہے جس پر دل بے ساختہ قربان ہونے کے لیے بے تاب ہوجاتا ہے تو ایسی روایات کو بھی بخشا نہیں جاتا بلکہ ان کے بارے میں بھی اپنے قارئین کے ذہنوں میں وسوسے پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی ہے یا دانستہ ان کے ذکر سے گریز کیا جاتا ہے۔ اگر سینے میں دھڑکنے والا دل ایسی بھونڈی حرکت پر احتجاج کرتا ہے تو اسے یہ کہہ کر دلاسہ دیا جاتا ہے کہ اگر حضور کے مقام رفیع کو زیادہ عیاں کیا جائے گا اور اس کی دل آویز اداؤں کے ذکر کے سلسلہ کو طول دیا جائے گا تو حضور کی زندگی عام انسانوں کے لیے اسوۂ حسنہ نہیں بن سکے گی اور حضور کی بعثت کا مقصد پورا نہ ہوگا اگر ان کمالات نبوت پر پردہ پڑا رہے اور لوگوں کے سامنے حضور کی بشریت کے پہلو کو اجاگر کیا جائے تو اس سے بعثت نبوی کے مقصد کی بہتر طور پر تکمیل ہوسکے گی۔ ایک عام انسان، عام انسان کی تقلید بآسانی کرسکتا ہے اور اگر سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فوق البشر حیثیت بیان کرنے پر زیادہ زور دیا جائے گا تو ایک عام بشر کے لیے فوق البشر کی اطاعت و پیروی کرنا ممکن نہ رہے گا۔

یہ نیک بخت اتنا نہیں سوچتے کہ اگر یہ کمالات، اگر یہ بلند شانیں، جو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو ارزانی کی ہیں مقصد بعثت میں حجاب ہوتیں تو اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کو عطا ہی نہ فرماتا تا کہ مقصد بعثت کی پوری طرح تکمیل ہوسکے۔ کیا اللہ تعالیٰ سے زیادہ انھیں بعثت نبوی کے مقاصد کی تکمیل کا پاس ہے۔

بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی ست

حقیقت تو یہ ہے کہ اس علیم و حلیم و پروردگار نے اپنے محبوب کو محبوبیت کی ان گنت شانوں سے نوازا ہی اس لیے ہے کہ جمال سرمدی کے ان جلوؤں کو دیکھ کر، حسن ازل کی ان اداؤں کو دیکھ کر اس کے بندے اس کے محبوب کے ہر فرمان کے سامنے بلا تامل سر جھکاتے جائیں، اس کے قدم ناز پر اپنے دلوں کو نثار

کرتے جائیں تا کہ نبوت مصطفوی کا مقصد باحسن طریق انجام پذیر ہو جائے۔

سچ تو یہ ہے کہ جو استشراق کے مہیا کیے ہوئے سرمہ سے اپنی آنکھوں کو سرگیں کرتے ہیں انھیں جمال محمدی کما حقہ نظر ہی نہیں آتا۔ اس پیکر نورانی کو جن رعنائیوں اور دلربائیوں سے سجایا گیا ہے اور بادیہ ضلالت میں بھٹکنے والے کاروان انسانیت کو راہ ہدایت پر گامزن کرنے کا جو فریضہ سونپا گیا ہے وہ فریضہ اسی وقت ادا ہو سکتا ہے کہ جب داعی دین حق کی حقانیت پر ایمان لانے کے ساتھ ساتھ دل و نگاہ بھی اس داعی کے کمال و جمال پر نثار ہو جانے کے شوق سے معمور ہوں جدید درسگاہوں، ملکی اور غیر ملکی دانش کدوں کے فضلاء اور اعلیٰ ڈگری یافتہ حضرات اگر مستشرقین کی مہارت سے بنے ہوئے اور بڑی عیاری سے بچھائے ہوئے دام ہم رنگ زمین کا شکار ہوتے تو ان کے لیے عذر پیش کیا جا سکتا تھا۔ مقام تأسف تو یہ ہے کہ ہماری دینی درسگاہوں کے کئی فضلاء بھی مستشرقین کی اس گہری سازش کا شکار ہو گئے۔

سیرت طیبہ کے موضوع پر آج کل بازار میں جو لٹریچر آ رہے ہیں ان میں عام طور پر کمالات محمدی اور شمائل مصطفوی کے ذکر میں بخل سے کام لیا جانے لگا ہے اس لیے عصر جدید کے مصنفین کی کتب سیرت کا مطالعہ کرنے سے واقعات تو اپنے تاریخی تسلسل کے ساتھ ذہن نشیں ہو جاتے ہیں ان کا باہمی ربط وضبط بھی کافی حد تک سمجھ میں آ جاتا ہے مخالفین کی طرف سے اٹھائے گئے کئی اعتراضات کے معقول جوابات پر بھی آگہی حاصل ہو جاتی ہے لیکن عام طور پر قاری مطالعہ سیرت کی روح سے بے بہرہ رہتا ہے۔ محبت نبوی کا جذبہ طوفان بن کر اس کے سینے میں امڈ کر نہیں آتا دل بے قرار ہو کر اللہ کے رسول کے نقوش پا کو غیر مشروط طور پر اپنا خضر راہ بنانے کے لیے آمادہ نہیں ہوتا۔

حکمرانوں کی نوید وخوشخبریاں

یمن پر حبشیوں نے قبضہ جما لیا تھا، اہل یمن پر ظلم وستم کی انتہاء کر دی تھی، سیف بن ذی یزن نے

کسریٰ سے امداد طلب کی اور یمن پر چڑھائی کر دی، حبشیوں کو شکست دی اور اپنے اہل وطن کو ان کی غلامی کی ذلت اور اذیت رسانی سے نجات دلائی۔ اور اس نے اہل حبش کو یمن سے جلا وطن کر دیا۔

یہ واقعہ حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے دو سال بعد وقوع پذیر ہوا۔ عرب کے قبائل کے سرداروں اور شعراء کے کئی وفد سیف کو اس کامیابی پر مبارک باد پیش کرنے کے لیے یمن حاضر ہوئے ان میں قریش مکہ کا بھی ایک وفد تھا جس میں عبد المطلب بن ہاشم، امیہ بن عبد شمس، عبد اللہ بن جدعان وغیرہ اکابر قریش شامل تھے۔ یہ وفد صنعاء پہنچا معلوم ہوا کہ سیف غمدان نامی محل میں سکونت پذیر ہے۔ انھوں نے حاضر ہونے کی اجازت طلب کی انھیں باریابی کی اجازت ملی جب یہ سیف کے دربار میں حاضر ہوئے تو اس کے دائیں بائیں مختلف ممالک کے بادشاہ، شہزادے اور رؤسا کا ایک جمگھٹا تھا عبد المطلب اس کے قریب پہنچے اور گفتگو کرنے کا اذن طلب کیا۔

سیف نے کہا: اگر تمھیں بادشاہوں کے دربار میں لب کشائی کا سلیقہ آتا ہے تو ہم تمھیں اجازت دیتے ہیں۔

حضرت عبد المطلب نے کہا: اے بادشاہ! اللہ تعالیٰ نے تجھے جلیل القدر مقام پر فائز کیا ہے تو حسب اور نسب کے اعتبار سے قابل رشک ہے، تو سارے عرب کا سردار ہے، تو اس کی وہ بہار ہے جس سے سارا عرب سرسبز و شاداب ہوتا ہے، تیرے بزرگ ہمارے لیے بہترین سلف تھے اور تو ان کا بہترین خلف ہے، جس کا جانشیں تیرے جیسا ہو وہ فنا نہیں ہوگا اور جس کے آباء و اجداد تیرے آباء و اجداد کی طرح ہوں وہ کبھی گمنام نہیں ہوتا۔ اے بادشاہ! ہم اللہ تعالیٰ کے حرم کے رہنے والے ہیں اور اس کے گھر کے خدام ہیں ہم تیری خدمت میں ہدیۂ تہنیت پیش کرنے کے لیے آئے ہیں۔

سیف نے کہا: اے گفتگو کرنے والے! تم اپنا تعارف کراؤ۔

آپ نے کہا: میں عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف ہوں۔

بادشاہ نے کہا: پھر تو تم ہمارے بھانجے ہو۔

آپ نے فرمایا: بے شک

بادشاہ نے کہا: مرحبا و اهلا و ناقة و رحلا مستناحا سهلا و ملكا ربحلا.

مرحبا اور خوش آمدید! تمھارے لیے یہاں اونٹنی بھی ہے اور کجاوہ بھی اور خیمہ زن ہونے کے لیے کشادہ میدان بھی اور ایسا بادشاہ جو عظیم الشان ہے اس کے جود و عطا کی حد نہیں۔

میں نے تمھاری گفتگو سنی اور تمھاری قریبی رشتہ داری کو پہچانا ہے اور تمھارے وسیلے کو قبول کیا ہے جب تک تم یہاں اقامت گزیں رہو گے تمھاری ہر طرح عزت و تکریم کی جائے گی اور جب تم سفر کرو گے تو تمھیں انعامات سے نوازا جائے گا اب تم مہمان خانے میں تشریف لے جاؤ وہاں تمھاری ہر طرح مہمان نوازی کی جائے گی۔

وہ ایک مہینہ تک وہاں ٹھہرے نہ انھیں وہ واپس آنے کی اجازت دیتا اور نہ انھیں اپنی ملاقات کا موقع دیتا۔ پھر اچانک اس نے ایک روز علیحدگی میں عبدالمطلب کو بلایا اور انھیں اپنی مخصوص محفل میں شرف باریابی بخشا۔

اور کہا: اے عبدالمطلب! میں اپنا ایک راز تمھارے سامنے افشا کرنا چاہتا ہوں اور میں امید کرتا ہوں کہ تم اسے پوشیدہ رکھو گے یہاں تک اللہ تعالیٰ اس کو ظاہر کرنے کی اجازت دے۔

ہمارے پاس ایک کتاب ہے جس کو ہم سب سے مخفی رکھتے ہیں ہم نے اسے اپنے لیے مخصوص کر رکھا ہے کسی غیر کو اس پر آگاہ نہیں ہونے دیتے، اس میں آپ کے لیے ایک خصوصی فضیلت مرقوم ہے۔

عبدالمطلب نے کہا: اے بادشاہ! خدا تمھیں خوش رکھے اور نیکی کی توفیق دے، وہ کیا ہے؟

بادشاہ نے کہا: کہ جب تہامہ میں ایک بچہ پیدا ہوگا جس کے کندھوں کے درمیان ایک نشان ہوگا وہ سارے عرب کا سردار اور اس کے ذریعہ سے تمھیں بھی سارے عرب کی قیادت نصیب ہوگی روز قیامت تک۔

عبدالمطلب نے کہا: اگر بادشاہ سلامت اجازت دیں تو میں درخواست کروں گا کہ وہ اس بشارت کی تفصیل بیان کریں تاکہ میری خوشی میں اضافہ ہو۔

سیف نے کہا: اس بچے کی پیدائش کا زمانہ آ گیا ہے۔ یا وہ پیدا ہو چکا ہے اس کا نام نامی محمد ہے اس کے دونوں کندھوں کے درمیان نشان ہے اس کے والد اور ماں فوت ہوں گے اور اس کا دادا اور چچا اس کی کفالت کرے گا اور وہ خداوند رحمٰن کی عبادت کرے گا اور شیطان کو ٹھکرا دے گا، آگ کو بجھا دے گا، بتوں کو توڑ دے گا، اس کی بات فیصلہ کن ہوگی، اس کا حکم سراپا انصاف ہوگا۔

عبدالمطلب نے کہا: اے بادشاہ! تیرا ہمسایہ ہمیشہ باعزت رہے اور تو ہمیشہ سعادت مند رہے تیری عمر لمبی ہو تیری حکومت ہمیشہ رہے کیا تو مزید وضاحت کی زحمت گوارا کرے گا۔

سیف بن یزن نے کہا: اس غلافوں والے گھر کی قسم، اے عبدالمطلب! تو اس کا دادا ہے اس میں ذرا جھوٹ نہیں۔

عبدالمطلب سجدے میں گر پڑے۔

بادشاہ نے کہا: سر اٹھایئے تیرا سینہ ٹھنڈا ہو گیا تو نے اس چیز کو محسوس کیا ہے جس کا میں نے تیرے سامنے ذکر کیا۔

عبدالمطلب نے کہا: بے شک اے بادشاہ! بیشک میرا ایک بیٹا ہے جس پر میں فریفتہ تھا میں نے

اس کی شادی ایک عفت مآب خاتون سے کی جس کا نام آمنہ بنت وہب ہے اس کے ہاں بیٹا پیدا ہوا جس کا میں نے محمد نام رکھا اس کے باپ اور والدہ فوت ہو چکے ہیں۔ میں اور اس کا چچا اس کی کفالت کرتے ہیں اس کے کندھوں کے درمیان ایک نشان ہے اس میں تمام وہ علامتیں موجود ہیں جن کا تو نے ذکر کیا۔

سیف نے کہا: پھر اپنے اس بچے کی حفاظت کیا کرو اور یہود سے محتاط رہا کرو کیوں کہ وہ اس کے دشمن ہیں اور اللہ تعالیٰ انھیں کبھی اس پر غالب نہیں ہونے دے گا اور جو باتیں میں نے تمھارے ساتھ کی ہیں ان سے اپنے ساتھیوں کو مت آگاہ کرنا کیوں کہ مجھے اندیشہ ہے کہ وہ حسد نہ کرنے لگیں اور اگر مجھے یہ علم نہ ہوتا کہ عنقریب اس کی بعثت سے قبل میں اس دار فانی سے رخصت ہو جاؤں گا تو میں اپنے گھڑ سوار دستوں اور پیدل سپاہیوں کے ساتھ یہاں سے ترک سکونت کر کے یثرب کو اپنا دار السلطنت بناتا، کیوں کہ میری کتاب میں یہ لکھا ہے کہ یثرب میں اس کا دین مستحکم ہوگا اور اسی شہر میں آپ کا مدفن ہوگا اور وہاں کے لوگ آپ کے انصار ہوں گے۔

اس کے بعد سیف بن ذی یزن نے قریش کے وفد کو اپنے دربار میں طلب کیا اور ہر ایک کو سو سو اونٹ، دس دس غلام، دس دس کنیزیں، دس رطل چاندی، دس رطل سونا، عنبر کا بھرا ہوا ایک ظرف دیا۔ لیکن عبدالمطلب کو ہر چیز دس دس گناہ زیادہ دی اور رخصت کرتے وقت کہا کہ آئندہ سال آنا اور مجھے اس مولود مسعود کے حالات سے آگاہ کرنا۔ لیکن سال کے ختم ہونے سے پہلے ہی سیف بن ذی یزن وفات پا گیا۔

عبدالمطلب جب روانہ ہوئے تو انھوں نے اپنے ساتھیوں سے کہا:

اے گروہ قریش! بادشاہ نے تم سے دس گنا مجھے جو انعامات دیے ہیں تم اس پر رشک نہ کرنا کیوں کہ بہر حال یہ ساری چیزیں ختم ہونے والی ہیں لیکن اگر رشک کرنا ہے تو اس چیز پر کرو جو ہمیشہ باقی رہنے والی ہے انھوں نے پوچھا وہ کیا ہے آپ نے فرمایا کہ کچھ عرصہ بعد اس کا اعلان کیا جائے گا۔

اس روایت سے صاف واضح ہوتا ہے کہ سیف بن ذی یزن جو یمن کا فرماں روا تھا اس کو بعثت محمدی کا پوری طرح علم تھا۔

ہرقل نے بعثت نبوی کا ستارا دیکھا

ہرقل سلطنت رومہ کا شہنشاہ تھا خسرو پرویز نے حملہ کر کے اس کی مملکت کا بہت بڑا حصہ اس سے چھین لیا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی سورۂ روم کی ابتدائی آیتوں میں پیشین گوئی فرمائی کہ چند سال بعد حالات کا پانسہ پلٹ جائے گا اور آج کا شکست خوردہ روم کا بادشاہ کل خسرو وایران کو شکست فاش دے کر اپنی ساری مملکت اس سے واپس لے لے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ ہرقل کی شجاعت، اولوالعزمی کا سکہ سارے عالم پر بیٹھ گیا اور اس کی رعایا اس پر جان چھڑکنے لگی۔ انہی دنوں کا ذکر ہے جب کہ وہ اپنی زندگی کی سب سے بڑی کامیابیاں حاصل کر چکا تھا اور اس کی سطوت کا ڈنکا ہر طرف بج رہا تھا۔

ابن ناطور بیان کرتا ہے کہ ایرانیوں پر فتح کامل حاصل کرنے کے بعد ایلیا آیا تا کہ وہ مقدس صلیب جو ایرانی چھین کر لے گئے تھے اور اس نے اپنے زور بازو سے اسے واپس لیا تھا اسے ایلیا میں لوٹا دے۔ ایک دن وہ صبح بیدار ہوا اس کے چہرے پر مایوسی کے آثار نمایاں تھے اس کے بعد اس کے ایک پادری نے کہا آج آپ کی طبیعت درست معلوم نہیں ہوتی۔ ہرقل نے کہا میں نے آج رات دیکھا ہے کہ وہ ستارا طلوع ہو گیا جو اس بات کی گواہی دے رہا تھا کہ اس قوم کا بادشاہ ظاہر ہو گیا ہے جس قوم کا شعار ختنہ کرانا ہے۔ اسی اثناء میں غسان کے بادشاہ کا قاصد پہنچا اور اس نے ہرقل کو مطلع کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک صحابی اس کے نام حضور کا ایک گرامی نامہ لے کر آیا ہے۔ ہرقل نے کہا اس قاصد کو لے جاؤ اور دیکھو یہ مختون ہے یا نہیں؟ انھوں نے بتایا کہ یہ تو ختنہ شدہ ہے۔ ہرقل نے کہا بے شک اس امت کا بادشاہ ظاہر ہو گیا ہے لیکن مزید تحقیق کے لیے اس نے ایک اور عالم کو روم کے شہر سے بلا بھیجا جو علم وفضل میں اس کا

ہم پلہ تھا ہرقل وہاں سے روانہ ہو کر حمص آ گیا اور اس عالم کے جواب کا انتظار کرنے لگا۔ اس کا خط آیا کہ واقعی یہ نبی ہیں۔

انہی دنوں میں اتفاقاً اہل مکہ کا ایک قافلہ وہاں آیا ہوا تھا ہرقل نے انھیں بلایا اور ان سے پوچھا تم میں کون آدمی رشتہ میں حضور سے زیادہ قریب ہے۔ ابوسفیان نے کہا میں سب سے زیادہ قریب ہوں۔ پھر ہرقل اور ابوسفیان کے درمیان حضور سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احوال و کوائف سے متعلق ایک مکالمہ ہوا جو بہت ہی مشہور ہے اور اس کتاب میں شاہانِ زمانہ کے نام مکتوب گرامی کے عنوان کے ضمن میں ان کی پوری گفتگو درج کی گئی ہے۔

ہرقل نے ابوسفیان کی پوری بات سننے کے بعد کہا: اگر تم یہ سچ کہتے ہو تو وہ اس جگہ کے بھی مالک بن جائیں گے جہاں میں نے اپنے دونوں قدم رکھے ہوئے ہیں۔ میں جانتا تھا کہ ایسا نبی تشریف لانے والا ہے لیکن میرا یہ گمان نہیں تھا کہ وہ تم میں سے ہوگا اگر میں یہ جانتا کہ میں اس کے لیے مخلص ہو سکتا ہوں تو میں اس کی ملاقات کے لیے سفر کی زحمتیں برداشت کرتا اور اگر میں اس کی خدمت میں حاضر ہونے کی سعادت حاصل کر سکتا تو محض ان کی محبت اور ان کی قدر و منزلت کی خاطر ان کے پاؤں دھو کر پیتا۔ لیکن تخت و تاج کے لالچ نے ہرقل کو حق قبول کرنے سے محروم کر دیا جس کی حقانیت اس پر روز روشن کی طرح واضح ہو چکی تھی۔

سلمان فارسی

آپ ایران کے مشہور شہر اصفہان کے رہنے والے تھے آپ کا والد اپنے شہر کا سردار تھا اور اسے اپنے بیٹے سلمان سے شدید محبت تھی یہاں تک کہ وہ انھیں ہر وقت اپنے گھر میں محبوس رکھتا تھا تا کہ وہ ایک لحہ کے لیے بھی اس کی آنکھوں سے اوجھل نہ ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کا باپ اپنے دین مجوسیت کی آپ کو

تعلیم دیتا تھا یہاں تک کہ آپ کو اس فن میں کمال حاصل ہوگیا۔ایک دن آپ کے باپ نے اپنی زمینوں کی خبر گیری کے لیے آپ کو اپنے ڈیرے پر بھیجا، راستہ میں عیسائیوں کا ایک گرجا تھا آپ اس کے پاس سے گزرے تو وہ اپنی عبادت میں مشغول تھے ۔ یہ اندر چلے گئے ان عیسائیوں کی دعائیں اور طریقۂ عبادت انھیں بہت پسند آیا وہ شام تک وہیں بیٹھے ان کو دیکھتے رہے اور ان کی دعاؤں اور تسبیحوں کو سنتے رہے ادھر باپ ان کی وجہ سے بہت پریشان تھا اس نے ان کی تلاش میں ادھر ادھر آدمی دوڑائے جب آپ باپ کے پاس آئے تو انھوں نے عیسائیوں کی عبات کا تذکرہ کیا باپ نے اس اندیشہ سے کہ وہ اپنے آبائی دین کو چھوڑ نہ دے اس کے پاؤں میں لوہے کی بیڑیاں ڈال دیں۔ایک قافلہ وہاں سے ملک شام کی طرف جارہا تھا یہ کسی طریقہ سے اس قافلہ میں شامل ہوگئے جب شام پہنچے تو وہاں ایک کنیسہ میں گئے کنیسہ کے پادری کو اپنے حالات سے آگاہ کیا وہاں اس کی خدمت میں رہنا شروع کردیا لیکن اس کے قول وعمل میں واضح تضاد دیکھا بڑے رنجیدہ خاطر ہوئے ۔انھوں نے دیکھا کہ وہ لوگوں کو صدقہ کرنے کا حکم دیتا ہے اور لوگ جب صدقہ کی رقم اس کو دیتے ہیں کہ وہ غریبوں میں تقسیم کردے تو وہ انھیں پاس رکھ لیتا ہے جب وہ مرگیا تو سلمان نے لوگوں کو بتایا کہ تمھارے پادری کے یہ کرتوت تھے اور سو مٹکے جو سونے چاندی کے بھرے ہوئے تھے وہ تہہ خانہ سے نکال کر ان کے حوالے کردیے۔لوگوں نے اس پادری کو سولی پر چڑھایا اس پر سنگ باری کی پھر جا کر اسے دفن کیا اس کی جگہ ایک اور پادری مقرر ہوا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں اس کے بارے میں سلمان کہتے تھے کہ میں نے کوئی آدمی ایسا نہیں دیکھا جو خشوع وخضوع سے پانچ نمازیں اس کی طرح ادا کرتا ہو، دنیا کی چاہت کا تو اس کے یہاں کوئی تصور تک نہ تھا۔کچھ مدت کے بعد وہ شخص فوت ہوگیا اور سلمان کو وصیت کی کہ وہ موصل میں فلاں شخص کے پاس جائیں اور اس کا اتباع کریں۔حضرت سلمان موصل پہنچے یہ شخص بھی بڑا زاہد ومتقی تھا اور آپ اس سے بڑے متأثر ہوئے جب وہ مرنے لگا تو حضرت سلمان نے اس سے پوچھا کہ آپ تو اس

جہان فانی سے رخصت ہو رہے ہیں میں اب کس کی خدمت میں حاضری دوں ۔اس نے کہا نصیبین میں ایک شخص ہے جس کا وہی طریقہ ہے جو ہمارا طریقہ ہے تم اس کے پاس چلے جاؤ۔آپ موصل سے نصیبین پہنچے اور اس شخص کی خدمت میں رہنے لگے اس کی زندگی کی مہلت جب پوری ہوگئی تو آپ نے اس سے پوچھا کہ اب میں کس کا قصد کروں اس نے کہا بخدا! صرف ایک شخص ہے جو ہمارے راستہ پر صدق دل سے گامزن ہے وہ عموریہ میں رہتا ہے تم اس کے پاس چلے جاؤ وہ تمھاری صحیح طور پر رہنمائی کریں گے۔

سلمان نصیبین سے عموریہ پہنچے اور اس نیک خصلت شخص کی خدمت میں زندگی بسر کرنے لگے اس شخص کی زندگی نے بھی وفا نہ کی اس نے بھی جب اس دار فانی سے رخت سفر باندھا آپ نے اس سے پوچھا اب آپ بتایئے اب میں کدھر کا رخ کروں اس نے کہا: بخدا! میری نظر میں کوئی ایسا آدمی نہیں ہے جس کے پاس جانے کا میں تمھیں حکم دوں۔

لیکن اب اس نبی کی بعثت کا زمانہ قریب آ گیا ہے جو ابراہیم کے دین کو دوبارہ زندہ کریں گے اور ان کی ہجرت گاہ نخلستان میں ہے جو دو جلے ہوئے میدانوں کے درمیان ہے اگر تو وہاں پہنچ سکتا ہے تو وہاں پہنچ ۔اور اس نبی منتظر کی چند نشانیاں ہیں کہ

وہ صدقہ نہیں کھاتا۔

لیکن ہدیہ کھاتا ہے۔

اور اس کے دونوں کندھوں میں اپنی نبوت کا نشان ہے۔

جب تم دیکھو گے تو پہچان لو گے ۔سلمان کہتے ہیں کہ جب ہم نے اس شخص کو دفن کر دیا تو بنی کلب کے تاجروں کا ایک قافلہ وہاں سے گزرا میں نے ان کے وطن کے بارے میں پوچھا انھوں نے بتایا کہ ہم فلاں جگہ کے رہنے والے ہیں میں نے انھیں کہا اگر تم مجھے اپنی سرزمین میں پہنچا دو تو میری یہ گائیں اور

بکریاں اس کے عوض میں تمھیں دے دوں گا وہ اس پر راضی ہو گئے وہ انھیں لے کر وادیٔ القریٰ پہنچے لیکن انھوں نے مجھ پر یہ ظلم کیا کہ مجھے اپنا غلام بنا کر وادیٔ قریٰ کے یہودی کے ہاتھ فروخت کر دیا۔ بخدا، وہاں میں نے نخلستان دیکھا اور میرے دل میں یہ خیال پیدا ہوا کہ شاید یہ وہی علاقہ ہے جس کے بارے میں اس راہب نے مجھے بتایا تھا۔

کچھ عرصہ بعد اس یہودی نے مدینہ طیبہ کے ایک یہودی کے ہاتھ مجھے فروخت کر دیا وہ مجھے لے کر مدینہ طیبہ آیا جوں ہی میں نے اس شہر کو دیکھا میں نے اس کو پہچان لیا اور میں اپنے مالک کا غلام بن کر وہاں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا انتظار کرنے لگا مجھے معلوم ہوا کہ مکہ میں ایک نبی مبعوث ہوا ہے میں غلامی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا اپنی مرضی سے وہاں جا نہیں سکتا تھا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا پیارا رسول مکہ سے ہجرت کر کے قبا میں تشریف فرما ہوا۔

ایک روز میں اپنے مالک کے نخلستان میں کھجور کے درختوں کی خدمت میں معروف تھا کہ میرے مالک کا چچا زاد بھائی آیا اور کہنے لگا اوس اور خزرج کا ستیاناس ہو۔ یہ لوگ اس مسافر کے ارد گرد جمع ہیں جو مکہ سے ترک وطن کر کے قبا میں پہنچا ہے اور اس کے بارے میں وہ خیال کرتے ہیں کہ وہ نبی ہے۔ میں نے جب یہ بات سنی تو مجھ پر کپکپی طاری ہو گئی۔ میں کھجور کے ایک درخت پر چڑھا ہوا تھا مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں میں اپنے مالک کے اوپر نہ جا گروں اس لیے میں اتر آیا اور میں نے پوچھا کہ تم کیا بات کر رہے تھے میرے مالک نے اپنا ہاتھ اٹھایا اور ایک زوردار مکا رسید کیا اور غصہ سے کہا تجھے اس بات سے کیا واسطہ تم اپنا کام کرو میں نے کہا میرا اس خبر سے کوئی واسطہ نہیں لیکن میں نے ایک بات سنی میں نے چاہا کہ اس بارے میں تصدیق کر لوں۔

جب شام ہوئی میرے پاس کھانے کی کوئی چیز تھی میں قبا میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے کہا مجھے خبر ملی ہے کہ آپ نیک شخص ہیں اور آپ کے ساتھ آپ کے ساتھی

بھی ہیں اور آپ مسافر ہیں میرے پاس صدقہ کا کچھ طعام ہے میں سمجھتا ہوں آپ لوگ سب سے زیادہ اس کے مستحق ہیں لیجیے اسے تناول فرمایئے۔ سلمان کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک تو اس صدقہ کے طعام سے روک لیا اور اپنے ساتھیوں کو فرمایا کھاؤ اور خود نہ کھایا میں نے اپنے دل میں کہا آپ کے بارے میں جو نشانیاں بتائی گئی تھیں ان میں سے ایک نشانی پوری ہوگئی کہ آپ صدقہ نہیں کھاتے۔

کچھ روز بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لے گئے چند روز بعد کوئی چیز لے کر خدمت اقدس میں حاضر ہوا میں نے عرض کیا میں نے دیکھا ہے کہ آپ صدقہ نہیں کھاتے یہ چیز بطور ہدیہ میں لے آیا ہوں یہ صدقہ نہیں ہے۔ سلمان کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اور آپ کے صحابہ نے اسے تناول فرمایا میں نے دل میں کہا دو نشانیاں پوری ہوگئیں۔

دن گزرتے گئے، سلمان ایک غلام کی زندگی بسر کرتے رہے اور تجسس میں رہے کہ ان کے راہب نے اس نبی کے بارے میں جو نشانیاں انھیں بتائی تھیں کیا حضور کی ذات والا صفات میں یہ نشانیاں مکمل طور پر پائی جاتی ہیں۔

ایک دن میں حضور کے پاس آیا آپ اپنے ایک نیاز مند کے جنازہ کے سلسلہ میں بقیع شریف میں تشریف فرما تھے میں پیچھے مڑا تا کہ میں پشت مبارک پر ختم نبوت کا مشاہدہ کروں۔ جب حضور نے مجھے دیکھا کہ میں پیچھے سے گھوم کر آیا ہوں تو حضور نے اپنی پشت مبارک پر پڑی ہوئی چادر اٹھالی۔ حضور کے دونوں کندھوں کے درمیان ختم نبوت کو میں نے دیکھ لیا جس طرح میرے راہب نے مجھے بتایا تھا۔ تو میں جذبات سے بے قابو ہو کر گر پڑا میں وارفتگی میں حضور کو بوسے دے رہا تھا اور رو رہا تھا۔ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ آگے آؤ میں اٹھ کر حضور کے سامنے بیٹھ گیا اور اپنی ساری داستان حضور کی خدمت میں پیش کی۔ یہ واقعہ حضرت سلمان نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت میں بیان کرنے

کے بعد گزارش کی اے ابن عباس! جس طرح میں نے آپ کو ساری داستان سنائی ہے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خواہش کے مطابق میں نے حضور کے صحابہ کو بھی بالتفصیل اپنی کہانی سنائی تھی۔

میں غلام تھا اور اپنے آقا کی خدمت گزاری میں دن رات مشغول رہتا تھا اس لیے بدر اور احد کے غزوات میں میں شرکت کی سعادت سے محروم رہا۔ ایک روز نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا کہ اے سلمان! اپنے مالک کے ساتھ مکاتبت کرو پس میں نے اپنے مالک کے ساتھ اس شرط پر مکاتبت کی کہ میں اسے کھجور کے تین سو پودے لگا کر اور ہرے کر کے دوں گا ان کے علاوہ چالیس اوقیہ چاندی پیش کروں گا جب میں نے اس کی اطلاع سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دی تو حضور نے اپنے صحابہ کو حکم دیا اعینوا اخاکم اپنے بھائی کی مدد کرو، انھوں نے میری مدد کی کسی نے کھجور کے تیس پودے کسی نے بیس کسی نے پندرہ اور کسی نے دس دیے یہاں تک کہ تین سو پودے ہو گئے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے سلمان جاؤ ان پودوں کے لیے گڑھے کھودو اور جب اس کام سے فارغ ہو جاؤ تو میرے پاس آؤ، میں خود ان پودوں کو اپنے ہاتھ سے لگا دوں گا میں نے جا کر تین سو گڑھے کھودے جس میں میرے دینی بھائیوں نے بھی میرا ہاتھ بٹایا، پھر میں نے حاضر ہو کر عرض کی۔ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے ہمراہ لے کر اس جگہ کی طرف گئے ہم وہ پودے اٹھا کر حضور کی خدمت میں پیش کرتے تھے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے دست مبارک سے ان گڑھوں میں لگاتے جاتے تھے۔ سلمان کہتے ہیں۔

و الذی نفس سلمان بیدہ ما ماتت منھا ودیۃ واحدۃ.

مجھے اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں سلمان کی جان ہے کہ ان میں سے ایک پودا بھی نہیں مرا سب کے سب ہرے ہو گئے۔

لیکن ابھی چالیس اوقیہ کی ادائیگی میرے ذمہ تھی ایک روز مرغی کے انڈے کے برابر سونا کسی کان

سے بارگاہ رسالت میں پیش کیا گیا حضور نے دریافت کیا اس فارسی مکاتب کا کیا بنا میں حاضر ہوا حضور نے وہ سونے کا انڈا مجھے دیا اور فرمایا کہ جو بقیہ زر مکاتبت تیرے ذمہ ہے وہ اس سے ادا کر دو۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ وہ کثیر زر مکاتبت ایک بیضہ زر سے کیوں کر ادا ہوگا تو قاسم خزائن الٰہی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

خذها فان الله سيودى بها عنك .

اسے لے لو یہ قلیل نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ اسی سے سارا زر مکاتبت ادا کر دے گا۔

میں اس سونا کو لے کر اپنے مالک کے پاس گیا اور اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں سلمان کی جان ہے اسی سونا سے چالیس اوقیہ میں نے وزن کر کے انھیں ادا کر دیئے اور یوں میں نے اس یہودی کی غلامی سے نجات پائی، اب میں آزاد تھا ہر وقت حضور کی خدمت میں رہتا، پہلی جنگ غزوۂ خندق تھی جس میں ایک آزاد مومن کی حیثیت سے میں نے شرکت کی اور اس کے بعد کوئی جہاد ایسا نہیں ہوا جس میں میں نے شمولیت نہ کی ہو۔ (سیرت الرسول)

توریت وانجیل وغیرہ سے بشارتیں

انبیاء سے کروں عرض کیوں مالکو
کیا نبی ہے تمہارا ہمارا نبی

الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندھم فی التوراۃ والانجیل۔

وہ جو غلامی کریں گے اس رسول بے پڑھے غیب کی خبریں دینے والے کی جسے لکھا ہوا پائیں گے اپنے پاس توریت اور انجیل میں۔ (الاعراف، ۱۵۷/کنزالایمان)

توریت وانجیل وغیرہ سے بشارتیں

قرآن کریم کی اس خبر کے بعد کہ ان کتابوں میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احوال شریف اور آپ کی صفتیں موجود ہیں۔ اس مدعا کے ثبوت میں کسی مزید دلیل کی حاجت نہیں رہتی لیکن ان دشمنان خدا کافروں کی الزام تراشیوں سے بچنے کے لیے ان کا لانا ضروری ہے، اور اس سے مسلمانوں میں اطمینان کی زیادتی اور نورانیت و یقین پیدا ہوگا۔ لیکن توریت میں حذف وتحریف، تغیر وتبدل، اور ان خیانتوں کے بعد بھی جو ان بدبختوں نے اس امانت کی ادائیگی میں کی ہے موجود ہے کہ حق تعالیٰ نے سینا سے تجلی فرمائی اور ساعیر سے ظاہر ہوا اور فاران سے آشکارا ہوا۔

سینا اس پہاڑی کو کہتے ہیں جس کو طور سینا اور طور سینین کہتے ہیں۔ حق تعالیٰ نے اس پر تجلی فرمائی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا اور اس پر ان کی نبوت ظاہر ہوئی۔ ساعیر سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل نازل ہوئی۔ فاران، عبرانی نام ہے اور مکہ مکرمہ میں بنی ہاشم کی ان پہاڑیوں کو کہتے ہیں جن میں سے ایک پہاڑ پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اظہار نبوت سے قبل عبادت فرماتے تھے۔ اور اسی پہاڑی پر سب سے پہلے خدا کی وحی نازل ہوئی۔ یہ تین پہاڑ ہیں۔

ایک جبل ابوقبیس ہے جس کے نیچے مکہ مکرمہ کی آبادی ہے۔

اس کے مقابل جبل قعیقان بطن وادی تک ہے۔

اور اس کے مشرق جانب جبل قعیقان کے متصل شعب بنی ہاشم ہے اور اسی شعب میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جائے ولادت ہے۔

طور سینا پر حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر توریت نازل ہوئی۔

جبل ساعیر پر حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر انجیل نازل ہوئی۔

فاران کی چوٹی سے حضور سرورکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعلان نبوت فرمایا۔

نیز توریت میں یہ بھی موجود ہے کہ حق تعالیٰ نے توریت میں حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ''سفر فامس'' میں یہ خطاب فرمایا کہ

تمھارا رب بنی اسرائیل کے لیے تمھارے برادروں میں سے نبی پیدا کر کے مبعوث فرمائے گا اور اس کے منہ میں اپنا کلام رکھے گا پھر وہ ان کے لیے وہی فرمائے گا جن کا میں حکم دوں گا اور جو کوئی ان کے ارشاد کی اطاعت وتعمیل نہ کرے گا میں اسے سزا دوں گا۔ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت پر توریت کا یہ کلام واضح دلیل ہے۔

انجیل میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بشارت ہونے کے سلسلے میں ابن طفریل نے بیان کیا ہے کہ یوحنا جو حضرت عیسیٰ کا حواری تھا وہ اپنی انجیل میں حضرت مسیح کے حوالہ سے بتاتا ہے کہ انھوں نے فرمایا۔

میں اپنے باپ سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ تمھیں دوسرا ''فارقلیط'' عنایت فرمائے جو تمھارے ساتھ تا ابد ثابت وقائم رہے وہ روح حق ہے اور وہ تمھیں ہر چیز سکھائے گا اور فرمایا بیٹا جانے والا ہے (اس سے کنایۃً اپنی ذات مراد لی ہے) کیوں کہ اب اس کے بعد فارقلیط آنے والا ہے جو تمھارے بھیدوں کو زندہ کر کے ہر چیز کو بدل دے گا اور وہ میری گواہی دیں گے جیسا کہ میں ان کی گواہی دے رہا ہوں۔ میں تمھارے لیے امثال لایا ہوں اور وہ اس کی تاویل وتشریح لائے گا (اس تاویل سے مراد قرآن ہے جو کہ محتمل تاویلات اور معانی کثیرہ کا حامل ہے بخلاف دیگر آسمانی کتابوں کے) اور دوسرا فارقلیط ایسا ہوگا جسے سارے جہاں میں کوئی بھی توڑنے کی طاقت نہ رکھے گا۔ اگر تم میری دعوت مانتے ہو اور مجھ سے محبت رکھتے

ہوتو میری اس وصیت کو یاد رکھنا میں خدا سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ تمھیں فارقلیط عنایت فرمائے جو آخر زمانہ تک تمھارے ساتھ رہے۔

اس عبارت میں اس بات کی وضاحت وصراحت ہے کہ حق تعالیٰ ان کی طرف کسی ایسے کو بھیجے گا جو حق تعالیٰ کی رسالت وتبلیغ میں اور خلق کی سیاست اس کے مقام میں قائم فرمائے گا اور اسکی شریعت باقی اور جب تک زمانہ قائم ہے رہے گی، یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ اس کے بعد حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا کوئی نہیں آیا حضور ہی نوید عیسیٰ ہیں۔

فارقلیط کے معنی حامد یعنی حمد کرنے والے کے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ فارقلیط کا معنی مخلص ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا یہ قول کہ باپ فارقلیط کو میرے نام سے بھیجے گا اس میں سید عالم محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت وصداقت پر شہادت موجود ہے اور وہ آیات قرآنیہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مدح وتعریف اور اس پاکی وتنزیہہ کے سلسلے میں قرآن میں مذکور ہیں جن کے لیے بنی اسرائیل افتراء کرتے تھے ان کی طرف اشارہ ہے۔

انجیل کے ایک اور ترجمہ میں ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا کہ

فارقلیط نہیں آئے گا جب تک میں نہ جاؤں گا اور جب فارقلیط آئے گا تو جہاں کو غلطی و خطا پر سرزنش وتوبیخ کرے گا اور وہ واپنے پاس سے کوئی بات نہیں فرمائے گا وہی فرمائے گا جو خدا سے سنے گا اور حق وصداقت کے ساتھ لوگوں کی سیاست فرمائے گا اور حوادث کی ان کو خبر دے گا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ وہ اپنی طرف سے کچھ نہ کہے گا بلکہ وہی بات کرے گا جو کچھ خدا سے سنے گا کیوں کہ حق تعالیٰ نے اسے بھیجا ہے۔ جیسا کہ قرآن کریم میں حق تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں ارشاد فرمایا:

و ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی .

یعنی وہ اپنی خواہش سے کچھ نہیں فرماتے وہی فرماتے جو ان کی طرف وحی کی جاتی ہے۔

اور حضرت مسیح علیہ السلام نے فرمایا۔

فارقلیط میری بزرگی وعظمت بیان کرے گا اور میری نشانیوں کو معظم جانے گا۔ اور یہ حقیقت واقعہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی جتنی عظمت و بزرگی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیان فرمائی ہے کسی نے بھی ایسی بیان نہ کی۔ حضور نے ان کے وصف رسالت کو بیان فرمایا اور ان کو ان چیزوں سے پاک ومنزہ بتایا جن کو ان کی امت نے ان کی طرف منسوب کر رکھا ہے۔

یہ تمام صفات حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہیں۔ وہ کون ہے جس نے بنی اسرائیل کے علماء کو حق چھپانے، اپنی جگہ سے کلمات ربانی کی تحریف کرنے اور تھوڑے داموں پر دین کو فروخت کرنے پر توبیخ فرمائی؟!... وہ کون ہے جس نے حوادث کی اور غیبی حالات کی خبریں دی ہیں بجز سید عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے۔

انجیل میں حق تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ سید عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصدیق کرو اور ان پر ایمان لاؤ اور اپنی امت سے فرمادو کہ ہر وہ شخص جو آپ کا زمانہ پائے وہ آپ پر ایمان لائے۔ اے فرزند بتول! تم جان لو کہ اگر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہ ہوتے تو میں آدم، جنت ودوزخ کسی کو بھی پیدا نہ فرماتا۔ اور جب میں نے عرش کو عالم وجود میں لایا تو وہ کانپتا تھا اسے قرار نہ تھا پھر میں نے عرش پر لکھا۔

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ .

تو وہ ساکن ہوگیا۔

مواہب لدنیہ میں بیہقی سے بروایت سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما منقول ہے کہ جب جارود نصرانی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کیا تو اس نے کہا کہ، اس خدا کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا بلاشبہ میں نے انجیل میں آپ کا وصف پڑھا ہے اور فرزند بتول نے آپ کی بشارت دی ہے۔

زبور کی بشارتیں

زبور کے چوالیسویں باب میں حق تعالیٰ نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خطاب کرتے ہوئے فرماتا ہے۔

فاضت النعمة من شفتیک .

آپ کے دونوں ہونٹوں سے دنیا وآخرت کی نعمتیں فائض ہیں۔

من اجل هذا بارک الله لک الی الابد .

اس کے لیے حق تعالیٰ نے آپ کو ابد تک برکت دی۔

تقلد ایهاالجبار السیف .

یعنی اے بزرگ اپنی شمشیر کو گردن میں حمائل کرو، شکستہ بندوں کے کام سنوارو۔

فان شریعتک و سننک مقرونة بهیة یمینک.

یعنی بلاشبہ آپ کی شریعت وحکمت اور آپ کی سنت آپ کے داہنے ہاتھ کی بزرگی کے ساتھ پیوست ہیں۔

و سهمک مضونة .

اور آپ کے تیر تیز کیے ہوئے ہیں۔

و جمیع الامم یخرون تحتک .

اور سارى امتیں آپ کے تحت سرنگوں اور خمیدہ ہیں۔

اس فرمان سے مراد سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اور وہ نعمت جو آپ کے دونوں لب ہائے شیریں سے رواں ہے وہ کلام ہے جو آپ فرماتے ہیں اور وہ کتاب قرآن مجید ہے جو آپ پر نازل کی گئی ہے اور سنت سے وہ عمل مراد ہے جسے آپ نے کیا ہے۔ اور گردن میں اپنی تلوار کا حمائل کرنا، یہ قول دلالت کرتا ہے کہ وہ نبی آخر الزماں عربی ہیں کیوں کہ عرب کے ماسوا کسی امت میں تلوار گردن میں حمائل نہیں کی جاتی۔ گردن میں تلوار کا حمائل کرنا اہل عرب سے مخصوص ہے اور یہ کہ آپ کی شریعت اور آپ کی سنت آپ کے داہنے ہاتھ کی بزرگی کے ساتھ پیوست ہے۔ یہ نص صریح ہے کہ آپ صاحب شریعت وسنت ہیں۔ تو وہ نبی اپنی تلوار کے ساتھ مبعوث ہوتا ہے اور لوگوں کو تلوار سے درست کر کے حق پر مستحکم کرتا ہے اور ان کو تلوار کے زور سے کفر سے نکالتا ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

نیز زبور میں ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے بارگاہ الٰہی میں تضرع وزاری کے ساتھ مناجات کی کہ اے رب! سنت کے ظاہر کرنے والے کو بھیج تا کہ لوگ جان لیں کہ مسیح بشر ہیں۔

یہ خبریں حضرت مسیح اور حضور سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دنیا میں تشریف لانے سے پہلے ان کے حال کے اظہار میں ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اے خدا! محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھیج تا کہ لوگوں کو معلوم کرائیں اور وہ پڑھیں کہ حضرت مسیح بشر ہیں، الہ یعنی خدا نہیں گویا حضرت داؤد علیہ السلام کو معلوم ہو گیا کہ لوگ حضرت مسیح کے بارے میں دعوائے الوہیت کریں گے۔

حضرت داؤد علیہ السلام کا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر و بیان کے سلسلے میں مذکور ہے۔

اللہ تعالیٰ نے اس نبی آخر الزماں کو راستی و درستی اور کردار و گفتار میں برگزیدہ فرمایا اور انھیں اور ان کی امت کو بزرگی و کرامت عطا فرمائی ہے، اور اللہ تعالیٰ نے انھیں فیروزمندی عطا فرمائی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان کی امت کو ایسی کرامت مرحمت فرمائی ہے کہ وہ خوابگاہوں میں خدا کی تسبیح کرتے ہیں اور بلند آوازوں سے تکبیر کہتے ہیں ان کے ہاتھوں میں تیز تلوار ہیں تاکہ وہ خدا کی طرف سے ان لوگوں سے بدلہ لیں جو خدا کی عبادت نہیں کرتے اور اس زمانہ کے بادشاہوں کو مقید کرتے اور ان کے عزت داروں کے گلے میں طوق ڈالتے ہیں۔

ایک مزمور میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے صیہون (مکہ مکرمہ) سے تاج مرصع محمود کا ظاہر ہونا مقرر فرمایا ہے تاج سے مراد عطا کردہ ریاست و امامت اور محمود سے مراد محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔

ایک اور مزمور میں ہے کہ وہ مالک ہوگا اور جود وسخا کرے گا دریا سے دریا تک اور نہروں سے زمین کے آخری کنارے تک اور ان کے روبرو اپنے زانوؤں پر اہل جزائر بیٹھیں گے ان کے سب دشمن مٹی کو اپنی زبان سے چاٹیں گے۔ سلاطین زمانہ اپنے مصاحبوں کے ساتھ سجدہ کرتے ہوئے اور سر کو زمین پر رکھتے ہوئے حاضر ہوں گے اور ان کی امت کی فرماں برداری پر وہ عجز و انکساری کریں گے۔ اور گردن جھکانے سے انھیں نجات دے گا وہ نبی غمزدہ اور ستم رسیدہ لوگوں کو اس شخص سے جو اس سے بہت زیادہ قوی ہوگا رہائی عطا فرمائے گا اور ہر کمزور و ناتواں کو جس کا کوئی مددگار نہ ہو وہ مدد فرمائے گا اور ضعفا و مساکین پر مہربانی کرے گا اور ان پر ہر وقت درود بھیجا جاتا رہے گا اور ان کے لیے ہر وقت دعائیں کی جاتی رہیں گی اور ابدالآباد تک ہمیشہ ہمیشہ ان کے ذکر کا چرچا رہے گا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

صحائف انبیاء میں ذکر جمیل

جس طرح کتب ثلاثہ یعنی توریت انجیل اور زبور میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اوصاف

مذکور ہیں اسی طرح ہر نبی کے صحیفوں میں بھی آپ کے اوصاف مذکور و مسطور ہیں۔ یہاں تک کہ ابوالانبیاء حضرت آدم علیہ السلام کے صحیفے میں بھی نقل کیے گئے۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے ان کی طرف وحی فرمائی کہ۔

میں مکہ کا خداوند ہوں اس کے رہنے والے میرے ہمسایہ ہیں اور خانہ کعبہ کی زیارت کرنے والے اور وہاں تک پہنچنے والے میرے مہمان ہیں اور وہ میری عنایت وحمایت کی پناہ اور سایہ میں ہیں اور میری حفاظت و رعایت میں ہیں اور زمین و آسمان والوں سے اسے معمور کروں گا اور جوق در جوق جماعتیں بکھرے ہوئے اور گرد آلود بالوں سے لبیک پکارتے، تکبیر بلند آواز سے کرتے، آنکھوں سے آنسو بہاتے آئیں گے اور جو بھی اس خانہ کعبہ کی زیارت کو آئے گا اس کا مقصود بیت اللہ کی زیارت اور میری خوشنودی و رضا کے سوا کچھ نہ ہوگا کیوں کہ میں ہی صاحب خانہ ہوں گویا کہ ایسا ہوگا کہ اس نے میری ہی زیارت کی وہ میرا مہمان ہوگا۔ اور میرے کرم کے لائق و مستحق ہونے کا مطلب یہ ہے کہ میں اس کی تکریم کروں گا اور محروم نہ چھوڑوں گا اور اس خانۂ کعبہ کا انتظام تیرے فرزندوں میں سے اس نبی کے سپرد کروں گا جسے ابراہیم کہیں گے۔ اس کے ذریعہ خانۂ کعبہ کی بنیادوں کو اونچا کراؤں گا اور اس کے ہاتھ سے اسے تعمیر کراؤں گا اور اس کے لیے زم زم کا چشمہ نکالوں گا اور اس کے حل وحرم کو اس کی میراث میں دوں گا اور اس کے مشاعر کو اس کے ہاتھ سے آشکارا کروں گا (مشاعر سے مراد مشعر الحرام اور نشانات ہیں) پھر حضرت ابراہیم کے بعد ہر زمانہ میں لوگ اسے آباد رکھیں گے اور اس کی طرف قصد و ارادہ رکھیں گے یہاں تک کہ نوبت بہ نوبت تیرے فرزندوں میں سے اس نبی تک پہنچے گی جسے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کہیں گے وہ سلسلۂ نبوت کو ختم کرنے والے ہوں گے۔ اور اس نبی کو میں اس کے گھر کے رہنے والوں، معظموں، متولیوں اور حاجیوں میں بزرگ تر بناؤں گا جو بھی میرا متلاشی اور میرا چاہنے والا ہو اسے لازم ہے کہ وہ اس جماعت کے ساتھ ہو جن کے بال بکھرے ہوئے گرد آلود ہیں جو خدا کے حضور اپنی منتوں اور نذروں کو پورا کرتے ہیں۔

صحیفۂ ابراہیم میں ذکر جمیل

حضرت ابراہیم خلیل اللہ صلوات اللہ وسلامہ کے صحیفہ میں ہے کہ

اے ابراہیم! میں نے تمھاری دعا تمھارے فرزند حضرت اسماعیل علیہ السلام کے حق میں قبول فرمائی ہے میں نے ان پر اوران کی اولاد پر برکتیں جاری فرمائیں اوران میں سے ایک ایسا فرزند عالم وجود میں لاؤں گا جو معظم ومکرم ہوگا جن کا اسم گرامی محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ہوگا وہ میرے برگزیدہ اور مبعوث شدہ ہوں گے اوران کی امت بہترین امت ہوگی۔

کتاب حبقوق میں ذکر جمیل:

حضرت حبقوق ایک نبی تھے جو حضرت دانیال نبی کے ہم زمانہ تھے ان کی کتاب میں مذکور ہے۔

جاء اللہ من التیمن و التقدیس من جبال فاران و امتلأت الارض من تحمید احمد و تقدیسہ و ملک الارض و رقاب الامم .

اللہ تعالیٰ نے برکت وپاکی کے ساتھ فاران کے پہاڑ پر جلوہ فرمایا اورزمین کو احمد کی مدحت وثنا اور اس کی تقدیس سے بھر دیا جو کہ زمین اورامتوں کی گردنوں کا مالک ہے

اور یہ بھی آیا ہے کہ

لقد انکشفت السماء من بھاء محمد و امتلأت الارض من حمدہ .

بلا شبہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خوبیوں سے آسمان مجلّٰی ہوا اورزمین اس کی مدحت سے لبریز ہوگئی۔

اور یہ بھی آیا ہے کہ

یضئ بنورہ الارض و یحملہ خیلہ فی البحر

ان کے نور سے زمین روشن ہوگی اور ان کے گھوڑے سمندر میں دوڑیں گے۔

اور حضرت حبقوق علیہ السلام کے کلام میں یہ بھی ہے۔

ستنزع فی فیک اغراقا و ترتوی السھام بامرک یا محمد ارتواء .

بہت جلد آپ کی کمان میں سخت تیر کھینچے جائیں گے اور خوب سیراب ہوں گے تیر آپ کے حکم سے۔

یہ عبارت حکم میں مبالغہ اور کام کے انجام کی انتہاء تک پہنچنے کی طرف کنایہ ہے اور اس طرف اشارہ ہے کہ آپ کے عہد مبارک میں دین وملت کے کام کمال واتمام تک پہنچیں گے۔ جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا۔

الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی الآیۃ .

یعنی میں نے تمہارے لیے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمتیں تمام فرمادیں۔

حضرت وہب بن منبہ سے منقول ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے کتب قدیمہ میں پڑھا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ قسم ارشاد فرماتا ہے۔

مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم ہے کہ میں عرب کے پہاڑوں پر اپنے نور کو نازل فرماؤں گا جس سے مشرق ومغرب کا درمیان نور سے پرنور ہو جائے گا اور اولاد اسماعیل میں سے ایک نبی عربی وامی پیدا کروں گا جس پر آسمان کے ستاروں کی گنتی اور زمین پر جتنی روئیدگی ہے ان کے برابر لوگ ایمان لائیں گے اور میری ربوبیت اور اس کی رسالت پر سب ایمان لائیں گے اور اپنے باپ دادا کی ملتوں سے نفرت کرتے ہوئے

نکلیں گے۔

حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی اے خدا پاکی ہے تجھے اور تیرے اسماء پاک ہیں بلا شبہ تو نے اس نبی آخر الزماں کو بڑی ہی عزت وشرافت سے نوازا ہے۔فرمان باری آیا، میں دنیا وآخرت میں اس کے دشمنوں سے انتقام و بدلہ لوں گا اور تمام دعوتوں پر ان کی دعوت کو ظاہر و غالب کروں گا جو ان کی شریعت کی مخالفت کرے گا میں اسے ذلیل وخوار کروں گا۔وہ شریعت ایسی ہے جسے عدل سے آراستہ کیا ہے اور عدل وانصاف کے قیام کے لیے ہی اس شریعت کو لاؤں گا۔قسم ہے مجھے اپنی عزت کی میں تمام امتوں کو ان کے وسیلے سے آتش دوزخ سے نجات دوں گا اور دنیا کا آغاز میں نے آدم سے کیا اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اسے ختم کروں گا اب جو کوئی ان کا زمانہ پائے اور ان پر ایمان نہ لائے اور ان کی شریعت کی پیروی نہ کرے تو اس سے خدا بیزار ہے۔

صحیفہ شعیا میں ذکر جمیل

حضرت شعیا علیہ السلام کے صحیفوں میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر مبارک اس طرح مذکور ہے۔

حق تعالیٰ فرماتا ہے، وہ بندہ میرا محبوب ہے کہ میں اس سے خوش ہوتا ہوں وہ میرا مختار ہے کہ وہ مجھ سے خوش ہوتا ہے، میں اس پر اپنی روح کا اضافہ کرتا ہوں۔اور فرمایا۔میں اپنی وحی اس پر نازل کرتا ہوں تو امتوں پر اس کا عدل ظاہر ہوتا ہے وہ ایسا بندہ ہے جو قہقہہ نہیں لگاتا اور نہ بازاروں میں اس کی آواز سنی جاتی ہے۔وہ بندہ اندھی آنکھوں کو بینائی بخشتا، بہرے کانوں کو کھولتا اور مردہ دلوں کو زندہ کرتا ہے۔میں اس کو وہ دوں گا جو میں نے کسی کو نہیں دیا۔وہ بندہ احمد ہے کہ وہ اپنے رب کی تازہ حمد بجالاتا ہے کوئی اسے کمزور نہ کر سکے گا اور نہ اسے مغلوب بنا سکے گا۔وہ اپنی خواہش کی پیروی نہیں کرتا اور وہ نیکوکار، صلحاء جو کلک کی مانند کمزور

ونا تواں ہیں ان کو وہ ذلیل وخوار نہیں جانتا۔ وہ صدیقوں کو قوی بناتا ہے۔ وہ تواضع وانکساری کرنے والوں کا رکن ہے وہ خدا کا نور ہے جسے ہرگز کوئی نہ بجھا سکے گا اس کے ذریعہ میری حجت ثابت و برقرار ہوتی ہے اور اس کے ذریعہ عذر منقطع ہوتا ہے اور اس کی توریت یعنی تلاوت قرآن سے جن وانس طاعت گزار بنتے ہیں۔ (اس جگہ توریت سے مراد اس کتاب کی تلاوت ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی توریت کی قائم مقام ہے۔ یعنی قرآن پاک)

نیز حضرت شعیا علیہ السلام کے ذکر میں ہے کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔

اے محمد! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) میں وہ خدا ہوں جس نے تمھیں حق کے ساتھ عظیم وقوی بنایا اور تمھیں ایسا نور بنایا جس سے تم امتوں کی اندھی آنکھوں کو بصارت عطا کرو گے اور تم ایسی دلیل ہو جس سے تم نفس وہوا کے قیدیوں کو تاریکیوں سے نور کی طرف لے جاؤ گے۔

نیز حضرت شعیا علیہ السلام کی کتاب میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا:

اے شعیا! اٹھ اور دیکھ اور جو کچھ نظر آئے اس کی لوگوں کو خبر دے تو میں اٹھا اور دیکھا کہ دو سوار سامنے سے آرہے ہیں۔ ایک گدھے پر سوار ہے اور دوسرا اونٹ پر ایک سوار دوسرے سے کہتا ہے گرا دو بابل کو اور ان بتوں کو جو انھوں نے تراش رکھے ہیں۔

ابن قتیبہ جو کہ علماء امت میں سے ہیں اور کتب سماوی کے زبردست عالم اور محقق ہیں فرماتے ہیں کہ۔

گدھے پر سوار ہونے والے حضرت مسیح بن مریم علیہما السلام مراد ہیں جس پر تمام نصاری کا اتفاق ہے تو لامحالہ اونٹ پر سوار شخص، حضور سید عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ اس لیے کہ بابل کا سقوط اور وہاں کے بتوں کی شکستگی آپ ہی کے دست مبارک سے ہوئی ہے نہ کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے

ہاتھ سے۔ کیوں کہ اقلیم بابل میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے سے ہمیشہ ہی وہاں کے بادشاہ بتوں کی پرستش کرتے رہے ہیں۔ اور یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اونٹ پر سواری اور حضرت مسیح علیہ السلام کی گدھے پر سواری بہت زیادہ مشہور ہے۔

اور حضرت شعیا علیہ السلام کی کتاب میں مذکور ہے کہ

آل قیدار کے محلات سے جنگلوں اور شہروں کو بھر دیں گے وہ تسبیح کریں گے اور پہاڑوں کی چوٹیوں پر اذان دیں گے یہ وہ لوگ ہیں جو حق سبحانہ وتعالیٰ کی عظمت و بزرگی بیان کریں گے اور بحر و بر اور ہر خشکی و تری میں خدا کی پاکی اور اس کی تسبیح کو پھیلا دیں گے اور زمین کے آخری کنارہ سے غلغلۂ تکبیر بلند کرتے تیزی کے ساتھ آئیں گے اور اپنے پاؤں کو ماریں گے۔ جس طرح گل کاری کرنے والا مٹی کو پاؤں سے گوندھتا اور کوٹتا ہے۔

اس سے مراد یہ ہے کہ وہ محبت کے ساتھ آئیں گے اور ان کا تیزی کے ساتھ آنا، حج کے لیے بسرعت آنا، آواز بلند کرنا، تلبیہ یعنی لبیک کہتے ہوئے آنا اور طواف میں رمل یعنی اکڑ کر چلنا مراد ہے۔

ابن قتیبہ فرماتے ہیں کہ آل قیدار سے مراد اہل عرب ہیں اس لیے کہ حضرت اسماعیل کے بیٹے کا نام قیدار ہے۔

ابن قتیبہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت شعیاء کی کتاب میں مکہ مکرمہ، خانہ کعبہ، اور حجر اسود کا بھی ذکر ہے کہ وہ حجر اسود کا استیلام یعنی بوسہ دیں گے۔

حضرت شعیا علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا آگاہ رہو میں صیہون یعنی مکہ مکرمہ میں اپنا گھر (بیت اللہ) بنانے والا ہوں جس کے گوشہ میں حجر اسود ہے اور اسے عظمت و کرامت دی گئی ہے۔ اسے بوسہ دیا جائے گا۔

اور حق تعالیٰ نے مکہ سے ارشاد فرمایا اے عاقر (یعنی بانجھ) تو خوش ہو اور تسبیح کے ساتھ گویائی کر کہ تیرے اہل (یعنی ماننے والے) میرے اہل سے زیادہ ہوں گے۔

اپنے اہل سے مراد، اہل بیت مقدس، بنی اسرائیل لیا ہوگا اور مکہ کے حج وعمرہ کرنے والے ان سے زیادہ ہوں گے۔ اور یہ کہ حق تعالیٰ نے مکہ کو عاقر یعنی بانجھ سے تشبیہ دی ہے بایں وجہ کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام سے پہلے اس میں کوئی آباد نہ تھا اور نہ وہاں کوئی کتاب ہی نازل ہوئی۔ بخلاف بیت المقدس کے کہ وہاں بکثرت انبیاء علیہم السلام ہوئے اور وہ مہبط وحی رہا۔

نیز کتاب شعیاء میں ہے کہ حق تعالیٰ نے مکہ سے فرمایا قسم ہے مجھے اپنی ذات کی جیسا کہ مجھے قسم تھی حضرت نوح کے زمانہ میں کہ میں نے اہل زمین کو طوفان سے غرق کیا۔ اسی طرح مجھے اب تیرے لیے اپنی ذات کی قسم ہے کہ میں تجھ سے کبھی ناراض نہ ہوں گا اور نہ کبھی تجھے چھوڑوں گا جب تک کہ تمام پہاڑ اپنی جگہ سے نہ جائیں اور اس کے قلعے پست نہ ہو جائیں۔ اس وقت تک میں اپنی نعمتیں تجھ سے زائل نہ کروں گا۔ اے مسکینہ تو آگاہ رہ کہ میں تیری بنیادوں کو پتھر اور گچ سے بنواؤں گا اور تجھے زرد جواہرات سے آراستہ کروں گا اور تیری چھت کو آبدار موتیوں سے اور تیرے دروازوں کو زبرجد سے سجاؤں گا۔ ظلم کو تجھ سے دور رکھا جائے گا اور کسی اوزار سے جس کا بنانے والا تجھے نقصان پہنچائے اس سے خوف نہ رکھ، اٹھ اور روشن ہو کہ تیرے نور کے پہنچانے کا وقت قریب آ گیا ہے، خدا کی عظمت وتوقیر تجھ پر ہے۔ خاتم الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور کے ظہور کی بشارت ہے۔

اسی طرح حرم شریف کے بارے میں ذکر کیا گیا ہے کہ بھیڑیا اور بکری ایک جگہ چریں گے۔ اور اس کی راہوں کے بارے میں ہے کہ عظمت وبزرگی اتنی زیادہ ہے کہ تحریر وبیان سے باہر ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صفات واحوال کتب متقدمہ میں اس سے

کہیں زیادہ ہیں اس میں کوئی خفا واشتباہ نہیں ہے بجز اس کے کہ اعداء دین آپ کے نام نامی کو بدل دیں یا تحریف کر دیں اس کے باوجود دلائل وشواہد روشن وظاہر ہیں۔

یریدون لیطفئوا نور الله بافواههم و الله متم نوره و لو كره الكافرون.

یہ چاہتے ہیں کہ اللہ کے نور کو اپنی پھونکوں سے بجھا دیں اور اللہ اپنے نور کو پورا ہی کرتا ہے خواہ کافر کتنا ہی برا مانیں۔

●......●......●

بشارات پر مشتمل مزید چند روایات

اجمالی طور پر معلوم ہوگیا کہ سید عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر شریف گزشتہ آسمانی کتابوں میں موجود و مذکور ہے۔ اور اہل کتاب کو اس کا علم قطعی اور یقینی حاصل تھا اور وہ حسد و فساد اور غلبۂ شقاوت و بدنصیبی سے راہ انکار وارتداد اور طریقۂ استبعاد اختیار کر کے تحریف اور تغیر وتبدل میں مبتلا ہو گئے۔ مناسب ہوگا کہ اس جگہ ان حکایتوں اور روایتوں کا ذکر کر دیا جائے جو ان کے بغض وعناد اور حسد وارتداد پر مشتمل ہیں۔

یوشع یہودی کا قول

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد مالک بن سنان سے جو شہداء احد میں سے ہیں روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے فرمایا کہ میں ایک دن بنی عبد الاشہل کے پاس بات چیت کی غرض سے آیا ان دنوں ہم نے یہودیوں سے صلح کر رکھی تھی وہاں میں نے یوشع یہودی کو کہتے سنا کہ اب اس نبی کے ظہور کا زمانہ نزدیک آگیا ہے جس کا نام احمد ہے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) وہ حرم مکہ سے ظاہر ہوں گے اور اس شہر یعنی مدینہ میں ہجرت کر کے آئیں گے۔ پھر میں اپنی قوم کی طرف لوٹا میں نے یوشع سے جو سنا تھا اس پر تعجب کرتا تھا میں نے اپنی قوم کے ایک شخص کو یہ بات سنائی اس نے کہا یہ بات تنہا یوشع ہی نہیں کہہ رہا ہے بلکہ یثرب کے تمام یہودی یہی بات کہہ رہے ہیں پھر میں وہاں سے چل دیا۔ اور بنی قریظہ (قبیلہ) کے یہاں آیا تو وہ سب بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہی تذکرہ کر رہے تھے۔

چنانچہ زبیر بن باطا (یہ یہودی کے رؤسا میں سے تھا) نے کہا بلاشبہ وہ سرخ ستارہ طلوع ہو چکا ہے جو کسی نبی کے ظہور کے بغیر کبھی طلوع نہیں ہوتا اور کہا کہ اب کوئی نبی آنے والا نہیں بجز احمد (مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے اور یہ شہر یعنی یثرب ان کی ہجرت کا مقام ہے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ہجرت کر کے مدینہ طیبہ رونق افروز ہوئے تو میں نے حضور سے یہ حکایت بیان کی حضور نے فرمایا اگر زبیر اور اس کے ساتھی رؤسا یہود اسلام لے آتے تو سارے یہودی مسلمان ہو جاتے کیوں کہ وہ سب اس کے تابع تھے۔

وسیلۂ حضور سے فتح کی دعا

حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب یہودی کفار عرب کے جنگوں میں فتح و کامیابی کی دعائیں مانگتے تھے تو اپنی دعاؤں میں کہتے تھے کہ اے خدا اس نبی امی کا ظہور فرما جن کا ذکر ہم توریت میں پاتے ہیں تا کہ ان کافروں کو سزا دیں اور ان کے ساتھ ہو کر انھیں قتل کریں ان کی یہ روش اس بناء پر تھی کہ ان کا گمان تھا وہ نبی آخر الزماں ان کی جنس یعنی بنی اسرائیل میں سے ظاہر ہوگا اور جب ان کی جنس کے سوا یعنی بنی اسماعیل میں مبعوث ہوئے تو حسد کرنے لگے اور کفر و انکار کے درپے ہو گئے۔

کتب سابقہ میں حضور کے اوصاف

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ وہ مقوقس بادشاہ کے پاس گئے اس نے ان سے کہا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نبی و رسول ہیں اگر وہ قبط (مصر) یا روم میں ہوتے تو سب ان کی پیروی کرتے۔

مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ اس کے بعد میں نے اسکندریہ میں اقامت اختیار کی اور کوئی کنیسہ و گرجا ایسا نہ چھوڑا جہاں میں نہ گیا ہوں میں نے قبط و روم کے تمام اسقفوں یعنی ان کے مذہبی پیشواؤں سے پوچھا کہ جو کچھ تم نے اپنی کتابوں میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفتیں پائی ہیں بیان کرو۔ وہاں ان کا ایک بڑا اسقف یعنی مذہبی پیشوا تھا۔ لوگ اس کے پاس اپنے بیماروں کو لاتے اور وہ ان کے لیے دعا کرتا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ انبیاء میں سے کوئی نبی ایسا باقی ہے جو آنے والا ہو

اور وہ ابھی تک نہ آیا ہو؟ اس نے کہاہاں! وہ آخری نبی ہیں ان کے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کوئی نبی نہیں ہے اس کا نام احمد ہے، یہ دراز قد ہے نہ کوتاہ قد، اس کی دونوں آنکھوں میں سرخی ہے، نہ سفید رنگ ہے نہ سیاہ رنگ، اس کے بال گچھے دار ہیں، وہ سخت و کھر درالباس پہنتا ہے اور کھانے میں جو مل جائے اسی پر قناعت کرتا ہے، اس کے کندھے پر تلوار ہے اور جو بھی اس کے مقابل آئے اس سے وہ خوف نہیں کرتا، قتال میں وہ پہل نہیں کرتا، اس کے اصحاب ہوں گے جو اپنے آپ کو اس پر فدا کریں گے، وہ اپنے آباء وفرزندان سے بڑھ کر ان سے محبت رکھیں گے، ان کا ظہور اس مقام میں ہوگا جہاں سلم کے درخت ہیں، وہ ایک حرم سے نکلیں گے دوسرے حرم کی طرف ہجرت کریں گے، وہ زمین شور سے نخلستان کی طرف ہجرت کرے گا اور پنڈلی کے درمیان پر تہبند پہنے گا اور اعضا کے کناروں کو دھوئے گا (یعنی وضو کرے گا) اور اس میں ایسی خاص صفتیں ہوں گی جو کسی نبی میں نہیں ہیں، ہر نبی اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوا ہے مگر وہ سارے جہاں کے لیے مبعوث ہوں گے اور ساری زمین اس کے لیے سجدہ گاہ بنادی جائے گی اور زمین کو پاک کرنے والا جہاں بھی نماز کا وقت آئے وہیں مٹی سے (اگر پانی موجود نہ ہو یا قدرت نہ ہو تو) تیمم کر کے نماز ادا کرے گا۔

پھر جب مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس سفر سے واپس آئے تو اسلام لے آئے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کو جو کچھ سنا تھا اس کی خبر دی۔

زید بن عمرو کی تلاش

سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ان کے باپ زید بن عمرو، دین حق کی تلاش میں نکلے تو وہ موصل میں ایک راہب کے پاس پہنچے راہب نے زید سے پوچھا کہاں سے آرہے ہو؟ زید نے کہا بیت ابراہیم یعنی خانہ کعبہ سے اس نے کہا کس جستجو میں ہو زید نے کہا دین کی تلاش میں ہوں، اس نے کہا

واپس جاؤ قریب ہے کہ وہ ظاہر ہو تمھاری زمین پر جس کی تم تلاش میں ہو، اس لیے زید بن عمرو بن نفیل کو زمانۂ جاہلیت کا موحد کہتے ہیں، یہ مشرکوں کے ذبح کردہ جانوروں کا گوشت نہ کھاتے تھے اور توریت کو اپنی قوم پر نہ پڑھتے تھے۔

ایک یہودی کا قبول اسلام

سیدنا ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو ایک مرد کو جنت میں داخل کرنے کے لیے ایک جگہ بھیجا۔ اس مقولہ کا اصل قصہ یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک روز ایک یہودی کے کنیسہ میں تشریف لے گئے وہاں ایک یہودی کو دیکھا کہ وہ اپنی قوم کو توریت پڑھ کر سنا رہا ہے جب وہ نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت پر پہنچا تو خاموش ہو گیا اور پڑھنے سے رک گیا پھر وہ بیمار بچوں کی مانند بڑبڑایا اور اس نے توریت لے کر حضور کی صفت پڑھی اور کہنے لگا یہ آپ کی صفت ہے أشهد أن لا إله إلا الله و أنك لرسول الله ۔ اسی کلمہ پر اس نے جان دی۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا اپنے بھائی کی تجہیز و تکفین کرو۔

تبع حمیری کا قبول اسلام

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ جب طائف کے بادشاہ تبع نے مدینہ پر چڑھائی کی تھی اور اس نے اعلان کیا تھا کہ میں شہر مدینہ کو ویران کر دوں گا اور اس کے رہنے والوں کو اپنے اس لڑکے کے انتقام میں قتل کر ڈالوں گا جسے انھوں نے فریب اور دھوکے سے قتل کیا ہے تو اس وقت ساموِل یہودی نے جو اس زمانہ میں یہودیوں کا سب سے بڑا عالم تھا اس سے کہا اے بادشاہ یہ وہ شہر ہے جس کی طرف بنی اسماعیل سے نبی آخر الزماں کی ہجرت ہوگی اور اس نبی کی جائے ولادت مکہ مکرمہ ہے اس کا اسم گرامی احمد ہے۔ یہ شہر اس کا دار ہجرت ہے اور اس کی قبر انور بھی اس جگہ ہوگی یہ سن کر تبع یوں ہی

واپس ہو گیا۔

محمد بن اسحاق کتاب مغازی میں نقل کرتے ہیں کہ تبع نے نبی آخرالزماں کے لیے ایک عالی شان محل تعمیر کرایا، تبع کے ہمراہ توریت کے چار سو علماء تھے جو اس کی صحبت چھوڑ کر مدینہ منورہ میں اس آرزو میں ٹھہر گئے کہ وہ نبی آخرالزماں کی صحبت کی سعادت حاصل کریں گے۔ اور تبع نے ان چار سو عالموں میں سے ہر ایک کے لیے ایک ایک مکان بنوایا اور ایک ایک باندی بخشی اور ان کو مال کثیر دیا، تبع نے ایک خط لکھا جس میں اپنے اسلام لانے کی شہادت دی، اس خط میں چند شعر یہ تھے۔

شهدت علی احمد انه
رسول من الله باری النسم

●

ولو مد عمری الی عمره
لكنت وزیرا له و ابن عم

میں گواہی دیتا ہوں کہ احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں وہ پروردگار جس نے تمام روحوں کو پیدا کیا ہے اگر میری عمر نے حضور کی تشریف آوری تک وفا کی تو حضور کا وزیر ثابت ہوں گا اور چچا زاد بھائی کی طرح معاون و مددگار بنوں گا۔

پھر تبع نے اپنے اس خط کو سربمہر کر کے ان چار سو علماء کے سب سے بڑے عالم کے سپرد کر دیا، اور وصیت کی کہ اگر وہ نبی آخرالزماں کو پائے تو یہ خط ان کی خدمت میں پیش کر دے ورنہ اپنی اولاد در اولاد کو اس وصیت کو پہنچاتے رہنا۔

وہ مکان جو خاتم الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے بنایا گیا تھا وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم کے قدم رنجہ فرمانے تک موجود رہا، کہتے ہیں کہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وہ مکان جس میں حضور نے ہجرت کے بعد نزول اجلال فرمایا تھا وہی مکان ہے۔

ایک یہودی کے خط میں حضور کا تذکرہ

بیان کرتے ہیں کہ زبیر بن بطا جو یہودیوں کا بڑا عالم تھا اس نے کہا کہ میرے باپ نے ایک خط جس میں احمد مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر تھا مہر لگا کر مجھے دیا کہ وہ نبی ہیں جو زمین قرظ میں ظاہر ہوں گے، ان کی صفات یہ ہیں پھر اس نے اپنے باپ کے مرنے کے بعد اس کا تذکرہ کیا، ابھی حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مبعوث نہ ہوئے تھے مگر جب اس نے سنا کہ مکہ مکرمہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ظاہر ہو چکے ہیں تو اس نے اس خط کو تلف کر دیا اور حضور کی شان وصفات کو چھپانے لگا۔

قبائل یہود کا حسد وعناد

قبائل بنی قریظہ، بنی نضیر، فدک اور خیبر کے یہودی اپنے پاس حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت کے پہلے سے تعریف و پہچان رکھتے تھے اور کہتے تھے کہ ان کی ہجرت مدینہ میں ہوگی۔ اور جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے تو وہ کہتے تھے کہ آج کی رات احمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) پیدا ہو گئے اور ان کی ولادت کا ستارہ طلوع ہو گیا لیکن جب وہ مبعوث ہوئے تو وہ کافر و منکر ہو گئے، ان کا یہ کفر وانکار محض سرکشی اور حسد وعناد کی بناء پر تھا۔

عبداللہ بن سوریا یہودی سے حضور کی گفتگو

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیت مدراس میں تشریف لائے اور فرمایا تم میں جو سب سے زیادہ عقلمند ہے اسے میرے پاس لاؤ تو وہ عبداللہ بن سوریا کو

لائے ،حضور نے اس سے تنہائی میں گفتگو فرمائی اور فرمایا میں تجھے تیرے دین کی قسم دیتا ہوں اور اس نعمت کی جو بنی اسرائیل کو دی گئی جو من وسلوی کھلایا، اوران پر برابر ابر کا سایہ کیا گیا کہ میں خدا کا رسول ہوں؟ اس نے کہا اللھم نعم یعنی بارالہ ہاں، میں اور میری ساری قوم خوب جانتی ہے اور جو کچھ آپ کی تعریف و توصیف اور آپ کی خوبیاں ہیں میں جانتا ہوں وہ توریت میں واضح طور پر مرقوم ہیں لیکن یہ قوم آپ پر حسد کرتی ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پھر تجھے کس چیز نے باز رکھا کہ ایمان نہیں لاتا اور مسلمان نہیں ہوتا اس نے کہا میں اپنی قوم کے خلاف چلنے کو اچھا نہیں جانتا میں خواہش رکھتا ہوں وہ سب آپ کی متابعت کریں اور اسلام لائیں تو میں بھی مسلمان ہو جاؤں۔

طلحہ بن عبید اللہ کی متابعت

حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انھوں نے بیان کیا کہ میں ملک شام میں بصرے کے بازار میں موجود تھا کہ اچانک ایک صومعہ (عبادت خانے) سے کسی راہب کی آواز سنی وہ کہہ رہا تھا ان تاجروں سے دریافت کرو کیا تم میں کوئی اہل حرم یعنی مکہ کا باشندہ ہے، طلحہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے کہا ہاں! میں وہاں کا باشندہ ہوں اس نے کہا مکہ میں احمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) مبعوث ہوئے ہوں گے، وہ آخری نبی ہیں، ان کا جائے خروج حرم ہے اور ان کی جائے ہجرت خرمازار، سنگستان اور زمین شور ہے جس کا نام یثرب ہے۔

حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ راہب کی بات نے میرے دل میں جگہ کرلی، پھر میں وہاں سے چل کر مکہ مکرمہ آیا میں نے دریافت کیا کیا کوئی حادثہ (نئی بات) یا سانحہ ہوا ہے لوگوں نے کہا ہاں! محمد بن عبداللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے دعوائے نبوت کیا ہے اور ابن ابی قحافہ یعنی ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کی متابعت قبول کرلی ہے۔ پھر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا ان

سے راہب کی بات بیان کی اور کہا کیا تم نے اس شخص کی متابعت قبول کر لی ہے انھوں نے فرمایا ہاں، پھر حضرت صدیق اکبر طلحہ کو لے کر حضور کے پاس آئے اور انھوں نے حضور کی متابعت کی۔

انبیائے کرام علیہم السلام کی تصاویر

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انھوں نے کہا جس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا اوران کی نبوت مکہ میں مشہور ہوئی تو میں جانب شام نکل گیا اور جب بصریٰ پہنچا تو وہاں نصاریٰ کی ایک جماعت آئی اور مجھ سے پوچھنے لگی کیا تم حرم مکہ سے آئے ہو میں نے کہا ہاں، وہ کہنے لگے کیا تم اس شخص کی صورت پہچانتے ہو جس نے تم میں نبوت کا دعویٰ کیا ہے میں نے کہا ہاں میں پہچانتا ہوں۔ انھوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے ایک ایسے عبادت خانے میں لے گئے جس میں بے شمار تصویریں اور تمثیلیں آویزاں تھیں انھوں نے مجھ سے کہا انھیں بغور دیکھو ان میں اس کی شبیہ ہے جس نے تم میں نبوت کا دعویٰ کیا ہے تو میں نے ایک ایک کر کے بغور نظر ڈالی لیکن ان تصویروں میں مجھے آپ کی شبیہ نظر نہ آئی۔ پھر وہ مجھے اس سے بڑے عبادت خانے میں لے گئے وہاں پہلے سے کہیں زیادہ تصاویر و تماثیل آویزاں تھیں انھوں نے کہا دیکھو کیا تمھیں ان میں ان کی مبارک صورت نظر آتی ہے میں دیکھنے لگا۔ اچانک حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صورت وصفت نظر آئی کہ ابو بکر صدیق حضور کا زانوئے مبارک پکڑے ہوئے ہیں۔ انھوں نے پوچھا کیا تمھیں ان کی شبیہ نظر آئی میں نے کہا ہاں! پھر میں نے دل میں کہا مجھے ابھی ان کی نشاندہی نہیں کرنی چاہیئے تا کہ معلوم ہو جائے کہ وہ کیا کہتے ہیں۔ انھوں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف وصفت بیان کی، میں نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ وہی ہیں۔ پھر انھوں نے مجھ سے پوچھا تم جانتے ہو وہ کون ہیں جو آپ کا زانوئے مبارک پکڑے ہوئے ہیں میں نے کہا ہاں میں گواہی دیتا ہوں وہ ان کے صحابی خاص اور ان کے بعد ان کے خلیفہ ہیں اور میں نے کہا لیکن میں ڈرتا ہوں کہ قریش انھیں قتل نہ کر دیں انھوں نے کہا خدا کی قسم! وہ ان کو ہرگز قتل نہیں

کر سکتے وہ نبی آخر الزماں ہیں اللہ تعالیٰ انھیں سب پر غالب فرمائے گا۔صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

دو یہودیوں کی عداوت

ام المومنین حضرت صفیہ بنت حی بن اخطب یہودی سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قدم رنجہ فرمایا اور قبا میں قیام فرمایا تو میرے باپ حی بن اخطب اور میرے چچا ابو یاسر ابن اخطب رات اندھیرے بوقت سحر حضور کے پاس گئے پھر وہ نہ لوٹے یہاں تک کہ شام ہوئی اور رات آگئی۔ جب وہ گھر آئے تو میں نے دیکھا وہ انتہائی بوجھل، کسل منداور حد درجہ غم واندوہ میں تھے جس کا میں اندازہ نہیں کر سکتی تھی وہ گھر میں آکر پڑ گئے۔ میں چوں کہ ان کے نزدیک اولاد میں سب سے زیادہ پیاری اور محبوب تھی تو اپنی دیرینہ عادت کے موافق ان کے سامنے آگئی مگر وہ غم واندوہ کے بوجھ تلے اتنے شکستہ اور محزون تھے کہ انھیں اتنی فرصت و طاقت نہ ہوئی کہ وہ میری طرف التفات کر سکتے۔ اسی حالت کے دوران میرے چچا نے میرے باپ سے پوچھا کہ یہ وہی ہیں؟ کہا یہ شخص وہی نبی آخر الزماں ہیں جن کی توصیف ہم توریت میں پڑھتے ہیں۔تو میرے باپ نے میرے چچا سے کہا ہاں یہ وہی ہیں، خدا کی قسم یہ وہی ہیں۔ چچا نے پھر پوچھا کیا تم یقین سے جانتے ہو کہ وہی ہیں میرے باپ نے کہا خدا کی قسم یقین سے جانتا ہوں کہ یہ وہی ہیں۔اس نے کہا اپنے دل میں ان کی نسبت کیا پاتے ہو محبت یا عداوت؟ اس نے کہا عداوت، واللہ جب تک میں زندہ ہوں اس کی عداوت میں برابر کوشاں رہوں گا۔ چنانچہ یہ دونوں یہودی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عداوت میں شقی ازلی اور گرفتار وبال ونکال ابدی ہو گئے۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

ان یہودیوں میں سے کچھ بد بخت وشقی حیلہ ونفاق کو دنیاوی ذلیل وحقیر مال کے جمع کرنے کا ذریعہ اور دنیاوی فانی زندگی کی حفاظت وصیانت کا وسیلہ بنا کر اسفل السافلین کے درجہ میں اتر گئے اور انھیں میں کچھ ایسے علماء واحبار بھی تھے جن کے اقبال کی پیشانی پر پہلے ہی سے ازلی رحمت وسعادت کے نقوش

روشن تھے، انھوں نے اسلام لانے میں سبقت کی اور دولت آخرت و سعادت کو جمع کر لیا۔ جیسے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ وغیرہ۔

مخیریق یہودی کی وصیت

مخیریق یہودی جو علمائے یہود میں نہایت عالم، تونگر اور بہت دانشمند تھا وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفات کو بھی خوب پہچانتا تھا اور اس پر قائم تھا۔ روز احد میں اس نے اپنی قوم کو مخاطب کر کے کہا اے معشر یہود! بخدا تم خوب جانتے ہو کہ سیدنا محمد رسول اللہ کی مدد ہم سب پر واجب ہے لہٰذا تم اس سعادت کے حاصل کرنے کی کوشش کرو۔ یہود کہنے لگے آج روز سبت یعنی ہفتہ کا دن ہے اس نے کہا کوئی ہفتہ نہیں ہے۔ پھر انھوں نے اپنے ہتھیار اٹھائے اور نکل آئے اور ایمان لا کر وصیت کی کہ اگر آج میں مارا جاؤں تو میرا تمام مال و متاع حضور اکرم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ہے وہ جو چاہیں کریں اور جسے چاہیں عنایت فرمائیں۔ اس کے بعد وہ لڑتے ہوئے شہید ہو گئے حضور نے ان کا تمام مال قبضے میں لے لیا۔ حضور کا عام صدقہ فرمانا اسی مال میں سے تھا۔ (سیرت الرسول)

الله أكبر

آیات قرآنیہ

در

ثنائے مصطفیٰ ﷺ

اے رضاؔ خود صاحب قرآں ہے مداح حضور
تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی

ورفعنا لک ذکرک

اور ہم نے تمھارے لیے تمھارا ذکر بلند کر دیا۔

آیات قرآنیہ در ثنائے مصطفیٰ ﷺ

حضور کی رسالت عامہ

و ما ارسلنک الا کافۃ للناس بشیرا و نذیرا و لکن اکثر الناس لا یعلمون .

اور اے محبوب ہم نے تم کو نہ بھیجا مگر ایسی رسالت سے جو تمام آدمیوں کو گھیرنے والی ہے خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا لیکن بہت لوگ نہیں جانتے۔ (السبا۔۲۸)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت عامہ ہے تمام انسان اس کے احاطہ میں ہیں گورے ہوں یا کالے، عربی ہوں یا عجمی، پہلے ہوں یا پچھلے سب کے لیے آپ رسول ہیں اور وہ سب آپ کے امتی۔

بخاری و مسلم کی حدیث ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں مجھے پانچ چیزیں ایسی عطا فرمائی گئیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہ دی گئیں۔

(۱) ایک ماہ کی مسافت کے رعب سے میری مدد کی گئی۔

(۲) تمام زمین میرے لیے مسجد اور پاک کی گئی جہاں میرے امتی کو نماز کا وقت ہو نماز پڑھے۔

(۳) میرے لیے غنیمتیں حلال کی گئیں جو مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہ تھیں۔

(۴) مجھے مرتبہ شفاعت عطا کیا گیا۔

(۵) اور انبیاء خاص اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوتے تھے اور میں تمام انسانوں کی طرف مبعوث فرمایا گیا۔

حدیث میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل مخصوصہ کا بیان ہے جن میں سے ایک آپ کی رسالت عامہ ہے جو تمام جن وانس کو شامل ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام خلق کے رسول ہیں اور یہ مرتبہ خاص آپ کا ہے جو قرآن کریم کی آیات اور احادیث کثیرہ سے ثابت ہے۔

خوشخبری دینے سے مراد ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ کے فضل کی خوشخبری دینا ہے اور ڈر سنانے سے مراد کافروں کو اس کے عدل کا ڈر سنانا ہے۔

تبرک الذی نزل الفرقان لیکون للعالمین نذیرا.

بڑی برکت والا ہے وہ کہ جس نے اتارا قرآن اپنے بندہ پر (یعنی سید انبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر) جو سارے جہان کو ڈر سنانے والا ہو۔ (الفرقان،۱)

اس میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عموم رسالت کا بیان ہے کہ آپ تمام خلق کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے جن ہوں یا بشر یا فرشتے یا دیگر مخلوقات سب آپ کے امتی ہیں۔ کیوں کہ عالم ماسوی اللہ کو کہتے ہیں اس میں یہ سب داخل ہیں۔ ملائکہ کو اس سے خارج کرنا جیسا کہ جلالین میں شیخ محلی سے اور کبیر میں امام رازی سے اور شعب الایمان میں بیہقی سے صادر ہوا بے دلیل ہے اور دعویٰ اجماع غیر ثابت، چنانچہ امام سبکی و بازری و ابن حزم و سیوطی نے اس کا تعاقب کیا اور خود امام رازی کو تسلیم ہے کہ عالم ماسوی اللہ کو کہتے ہیں پس وہ تمام خلق کو شامل ہے ملائکہ کو اس سے خارج کرنے پر کوئی دلیل نہیں علاوہ بریں مسلم شریف کی حدیث میں ہے۔

ارسلت الی الخلق کافۃ.

یعنی میں تمام خلق کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا۔

علامہ علی قاری نے مرقات میں اس کی شرح میں فرمایا یعنی تمام موجودات کی طرف جن ہوں یا

انسان یا فرشتے یا حیوانات یا جمادات۔ (خزائن العرفان)

قل یا ایھا الناس انی رسول الله الیکم جمیعا الذی له ملک السموات و الارض لا اله الا ھو یحیی و یمیت فامنوا بالله و رسوله النبی الامی الذی یومن بالله و کلمته و اتبعوه لعلکم تهتدون .

تم فرماؤ اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں کہ آسمان اور زمین کی بادشاہی اسی کو ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں جلائے اور مارے تو ایمان لاؤ اللہ اور اس کے رسول بے پڑھے غیب بتانے والے پر کہ اللہ اور اس کی باتوں پر ایمان لاتے ہیں اور ان کی غلامی کرو کہ تم راہ پاؤ۔ (الاعراف، ۱۵۸)

یہ آیت سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عموم رسالت کی دلیل ہے کہ آپ تمام خلق کے رسول ہیں اور کل جہاں آپ کی امت، یعنی اللہ تعالیٰ کے دیگر تمام برگزیدہ رسول خاص خاص علاقوں اور مخصوص قوموں کے لیے ایک مقررہ وقت تک مرشد و رہبر بن کر آئے تھے لیکن اب جس مرشد اولین و آخرین، جس رہبر اعظم کا ذکر خیر ہو رہا ہے اس کی شان رہبری نہ کسی قوم سے مخصوص ہے اور نہ کسی زمانہ سے محدود، جس طرح اس کے بھیجنے والے کی حکومت و سروری عالمگیر ہے اسی طرح اس کے رسول کی رسالت بھی جہانگیر ہے۔ ہر خاص و عام، ہر فقیر و امیر، ہر عجمی و عربی، ہر رومی و حبشی کے لیے وہ مرشد بن کر آیا اس لیے اس بات کا اعلان اس کی زبان حقیقت ترجمان سے کر دیا کہ اے اولاد آدم! میں تم سب کے لیے اپنے زمین و آسمان کے خالق و مالک کی طرف سے رشد و ہدایت کا پیغام لے کر آیا ہوں اب تمھارے لیے ہدایت و فلاح کا راستہ یہی ہے کہ اس کتاب کی پیروی کرو جو میں لے کر تمھارے پاس آیا ہوں اور میرے نقوش پا کو اپنے لیے خضر راہ بناؤ، میری سنت سے انحراف نہ کرو۔ (سیرت الرسول)

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا

و ما ارسلنک الا رحمة للعالمین .

اور ہم نے تمھیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔ (الانبیاء، ۱۰۷)

یعنی کوئی ہو جن یا انس، مومن یا کافر۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ حضور کا رحمت ہونا عام ہے ایمان والے کے لیے اور اس کے لیے بھی جو ایمان نہ لایا۔ مومن کے لیے تو آپ دنیا و آخرت دونوں میں رحمت ہیں اور جو ایمان نہ لایا اس کے لیے آپ دنیا میں رحمت ہیں کہ آپ کی بدولت تاخیر عذاب ہوئی اور خسف ومسخ اور استیصال کے عذاب اٹھادیے گئے۔

تفسیر روح البیان میں اس آیت کی تفسیر میں اکابر کا یہ قول نقل کیا ہے کہ آیت کے معنی یہ ہیں کہ ہم نے آپ کو نہیں بھیجا مگر رحمت مطلقہ تامہ کاملہ شاملہ جامعہ محیطہ بر جمیع مقیدات رحمت غیبیہ وشہادت علمیہ وعینیہ و وجودیہ وشہودیہ وسابقہ ولاحقہ وغیر ذلک تمام جہانوں کے لیے عالم ارواح ہوں یا عالم اجسام ذوی العقول ہوں یا غیر ذوی العقول، اور جو تمام عالموں کے لیے رحمت ہو لازم ہے کہ وہ تمام جہان سے افضل ہو۔ (خزائن العرفان)

ارشاد باری تعالیٰ، **بالمومنین روف رحیم** میں شان تعطف واحسان کا بیان ہے یعنی ہر درد مند کے درد کا احساس بھی ہے اور ہر دردمند کا درماں بھی۔ کسی غم زدہ اور دکھ درد کے مارے کو دیکھ کر غایت رحمت سے آنکھیں اشک بار ہو جاتی ہیں اور نوک مژگان پاک پر در یتیم سے ارجمند تر اور تابندہ تر آنسوؤں کے موتی سراپا التجا بن کر بارگاہ رب العالمین میں گرتے ہیں تو مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں اور غم واندوہ کی کالی گھٹائیں کافور ہو جاتی ہیں۔

آپ خود غور فرمائیے کہ جن افراد نے یا جن قوموں نے حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے

دامن رحمت کو تھاما، حضور کے لائے ہوئے دین کو صدق دل سے قبول کیا اور حضور کے پیش کردہ نظام حیات کو اپنی عملی زندگی میں اپنایا وہ لوگ کہاں سے کہاں پہنچ گئے۔ گمراہ تھے لیکن اس نور مبین سے اکتساب نور کرنے کے بعد ظلمت کدۂ عالم میں ہدایت کے چراغ روشن ہوگئے۔ جاہل تھے لیکن اس چشمہ علم وعرفاں سے سیراب ہونے کے بعد دنیا کے جس جس گوشہ میں گئے علم وحکمت کے چمن کھلاتے گئے۔ گنوار اور اجڈ تھے لیکن تہذیب وتمدن کے بانی بن گئے۔ جہانگیری اور جہانبانی کا ایک اچھوتا تصور دنیا کے سامنے پیش کیا جس میں کسی ایسے بادشاہ کی گنجائش نہیں جو مطلق العنان ہو، جو قانون کی گرفت سے بالاتر ہو، جو سب کا محاسبہ کر سکے لیکن اس سے باز پرس کرنے کی کسی کو اجازت نہ ہو۔ بلکہ جو قوم وملک کا سربراہ ہوگا اسے خلیفہ کہا جائے گا جس کا معنی نائب ہے اور نائب وہ ہوتا ہے جسے کسی نے مقرر کیا ہو اور جس پر لازم ہو کہ وہ جو کچھ کرے گا اپنے مقرر کرنے والوں کی منشا اور ہدایت کے مطابق کرے گا۔ ان رحمتوں سے وہ افراد اور قومیں سرشار ہوئیں جنھوں نے حضور کی رسالت کو تسلیم کیا اور حضور کے لائے ہوئے دین پر ایمان لانے کا شرف حاصل کیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہ تو عالم ناسوت میں حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی گوناگوں رحمتوں کا ظہور ہے لیکن صرف یہاں ہی نہیں بلکہ عالم ملکوت میں بھی حضور کی رحمت کا پرچم لہرا رہا ہے اور حضور کا دست شفقت گل افشانی کر رہا ہے۔ وہاں رحمت محمدی کے ظہور میں جو بانکپن ہے اور بحر کرم میں جو مٹھاس اور روانی ہے اس کا حال تو فقط وہ نفوس قدسیہ ہی جانتے ہیں جنھیں اس عالم کی سیاحت ارزانی ہوئی ہو۔

غرض کہ یہ وہ آفتاب ہے جس کی تابانیوں سے صرف عالم رنگ و بو ہی روشن نہیں بلکہ وہ جہان لطیف بھی درخشاں ہے جو رنگ وبو، کم وکیف اور بالا و پست کے تعینات سے ماوراء ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ وہاں اس آفتاب کی نورافشانی کا رنگ ہی نرالا ہے جو نہ زبان پر لایا جا سکے اور نہ قلم سے لکھا جا سکے۔ اس رحمت عامہ کی برکتوں سے عقل بھی بہرور ہے اور دل کی دنیا بھی شادکام ہے۔ (سیرت الرسول)

حضور انور اللہ کی دلیل ہیں

یا ایھا الناس قد جاء کم برھان من ربکم و انزلنا الیکم نورا مبینا.

اے لوگو بے شک تمھارے پاس اللہ کی طرف سے واضح دلیل آئی اور ہم نے تمھاری طرف روشن نور اتارا۔ (النساء،۴،۱۷۴)

دلیل واضح سے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات گرامی مراد ہے جن کے صدق پر ان کے معجزے شاہد ہیں اور منکرین کی عقلوں کو حیران کر دیتے ہیں۔ اور روشن نور سے مراد قرآن پاک ہے۔
(خزائن العرفان)

ھو الذی ارسل رسوله بالھدی و دین الحق لیظھره علی الدین کله و کفی بالله شھیدا.

وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا کہ اسے سب دینوں پر غالب کر دے اور اللہ کافی گواہ ہے۔ (الفتح،۲۸)

خواہ وہ مشرکین کے دین ہوں یا اہل کتاب کے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ نعمت عطا فرمائی اور اسلام کو تمام ادیان پر غالب فرمایا، اور اللہ تعالیٰ اپنے حبیب **محمد مصطفیٰ** صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت پر گواہ ہے۔

(خزائن العرفان)

دین کے غلبہ کی جو بشارت اس آیت میں دی گئی ہے اس سے مراد دونوں غلبے ہیں دلیل و برہان کے میدان میں بھی اسلام کو غلبہ نصیب ہوگا اور میدان جنگ میں بھی، اس کے مخلص پیروکاروں کو ہر میدان میں فتح و کامرانی نصیب ہوگی۔ (سیرت الرسول)

دعائے ابراہیم

ربنا و ابعث فیھم رسولا منھم یتلوا علیھم آیتک و یعلمھم الکتاب و الحکمة و یزکیھم انک انت العزیز الحکیم .

اے رب ہمارے اور بھیج ان میں ایک رسول انھیں میں سے کہ ان پر تیری آیتیں تلاوت فرمائے اور انھیں تیری کتاب اور پختہ علم سکھائے اور انھیں خوب ستھرا فرمادے بیشک تو ہی ہے غالب حکمت والا۔

(البقرة،۱۲۹)

یعنی حضرت ابراہیم و حضرت اسماعیل علیہما الصلاۃ والسلام کی ذریت میں یہ دعا سید انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تھی یعنی کعبہ معظمہ کی تعمیر کی عظیم خدمت بجالانے اور توبہ واستغفار کرنے کے بعد حضرت ابراہیم واسماعیل علیہما السلام نے یہ دعا کی کہ یارب اپنے محبوب نبی آخر الزمان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہماری نسل میں ظاہر فرما اور یہ شرف ہمیں عنایت کر یہ دعا قبول ہوئی اور دونوں صاحبوں کی نسل میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا کوئی نبی نہیں ہوا اولاد حضرت ابراہیم علیہ السلام میں باقی انبیاء حضرت اسحاق علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔

فائدہ

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا میلاد شریف خود بیان فرمایا۔ امام بغوی نے ایک حدیث روایت کی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک خاتم النبیین لکھا ہوا تھا۔ بحال کہ حضرت آدم علیہ السلام کے پتلا کا خمیر ہو رہا تھا، میں تمھیں اپنے ابتدائے حال کی خبر دوں۔ میں دعائے ابراہیم ہوں، بشارت عیسیٰ ہوں، اپنی والدہ کی اس خواب کی تعبیر ہوں جو انھوں نے میری ولادت کے وقت دیکھی اور ان کے لیے ایک نور ساطع ظاہر ہوا جس سے ملک شام کے ایوان وقصور ان کے لیے روشن

ہو گئے۔اس حدیث میں دعائے ابراہیم سے یہی دعا مراد ہے جو اس آیت میں مذکور ہے۔اللہ تعالیٰ نے یہ دعا قبول فرمائی اور آخر زمانہ میں حضور سید انبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا۔

(خزائن العرفان)

حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام مقبولیت کے ان لمحات میں یہ التجا کرتے ہیں کہ اے میرے پروردگار! ان میں ایک ایسا جلیل القدر رسول مبعوث فرما جو ان عظیم الشان فرائض کی تکمیل کرے۔

(۱) وہ اپنی طرف سے گڑھ کر کچھ نہ کہے بلکہ وہ صرف تیری آیتیں ہی تلاوت کر کے انھیں سنائے۔

(۲) صرف آیتیں ہی نہ سنائے بلکہ ان آیات ربانی کے معانی اور لطائف سے بھی اپنے سامعین کو مالا مال کرے۔

(۳) تیسرا فریضہ جس کو وہ نبی رحمت انجام دے وہ یہ ہو کہ گندے دلوں کو اپنی نگاہ پاک سے پاک و صاف کر دے، ان میں کسی قسم کی کوئی آلائش باقی نہ رہے، ان کا آئینہ دل یوں صاف ہو جائے کہ انوار الٰہیہ اس میں منعکس ہونے لگیں اور تمام حجابات ہمیشہ کے لیے اٹھا دیئے جائیں۔

ان خوبیوں اور کمالات سے متصف نبی کی بعثت کے لیے خلیل علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے رب سے التجا کی اور مولائے کریم نے اس دعا کی قبولیت کی بشارت بھی اسی کتاب مقدس میں نازل فرمائی۔ارشاد خداوندی ہے۔

لقد من الله على المومنين اذ بعث فيهم رسولا من انفسهم يتلوا عليهم آيته و يزكيهم و يعلمهم الكتاب و الحكمة و ان كانوا من قبل لفى ضلل مبين .

یقیناً بڑا احسان فرمایا اللہ تعالیٰ نے مومنوں پر جب بھیجا اس نے ان میں ایک رسول انھیں میں سے پڑھتا ہے ان پر اللہ کی آیتیں اور پاک کرتا ہے اور سکھاتا ہے انھیں قرآن اور سنت اگر چہ وہ اس سے

پہلے یقیناً کھلی گمراہی میں تھے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا اور پروردگار عالم کی طرف سے قبولیت دعا کی بشارت میں جو کلمات استعمال ہوئے ہیں وہ بالکل ایک جیسے ہیں۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کی قبولیت کا مژدہ دیا جارہا ہے۔کہ میرے خلیل نے قبولیت کی ان گھڑیوں میں جس رسول کے لیے التجا کی تھی انھیں صفات سے متصف کر کے ہم نے اپنے حبیب کو مبعوث فرمایا۔سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشادات سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک روز اپنے صحابہ سے پوچھا اے میرے صحابہ! تم مجھے جانتے ہو میں کون ہوں؟ انھوں نے عرض کی اللہ و رسولہ اعلم کہ اس راز کو اللہ جانتا ہے یا اس کا رسول معظم تو حضور نے فرمایا۔

انا دعوة ابی ابراهیم

میں اپنے ابراہیم کی دعا کا ثمر ہوں۔

ان دونوں آیتوں میں حضور کی تین صفات کمال بیان فرمائی گئی ہیں۔

(۱) وہ اپنی طرف سے خود گڑھ کر کوئی کلام نہیں سناتا بلکہ اس کا فریضہ صرف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی آیات اس کے بندوں کو پڑھ کر سنائے۔

آپ خود اندازہ لگائیے کہ جس ہستی کی زبان سے صرف فرمان الٰہی کا صدور ہوتا ہے اس کی عظمت شان میں ہمسری کا دعویٰ کون کرسکتا ہے۔

(۲) دوسرئ خوبی یہ بتائی کہ وہ نبی رحمت صرف آیات ربانی کو پڑھ کر سنا تا ہی نہیں بلکہ انھیں سمجھاتا بھی ہے تاکہ اللہ تعالیٰ کے بندے اپنے رب کے کلام میں جو معانی و لطائف مضمر ہیں ان پر بھی ہر طرح آگاہ ہوسکیں۔

(۳) تیسرا کمال جو بے نظیر بھی ہے اور بے مثال بھی وہ یہ ہے کہ وہ اپنی نگاہ ناز سے دلوں کی کدورتوں کو بھی صاف کر دیتا ہے اور شرک، کفر اور فسق و فجور ہر قسم کی آلائشیں چشم زدن میں نیست و نابود ہو جاتی ہیں اور آئینۂ دل اس قدر شفاف ہو جاتا ہے کہ اس میں انوار الٰہیہ منعکس ہونے لگتے ہیں۔

حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے نبی کے لیے جو صفات بیان کی ہیں بعینہٖ وہ صفات اس بشارت میں بیان کی گئی ہیں جو اس دعا کی قبولیت کے بارے میں نوع انسانی کو دی گئی لیکن ان کلمات کی ترتیب میں ایک خفیف سا فرق ہے۔

دعائے خلیل میں پہلے تلاوت آیات، پھر تعلیم کتاب و حکمت اور آخر میں تزکیۂ قلوب کا ذکر ہے لیکن اس مژدہ قبولیت میں اس نبی مکرم کے لیے جو صفات بیان کی گئی ہیں ان میں ترتیب بدل دی گئی ہے پہلے تلاوت آیات، دوسرے نمبر پر تزکیۂ قلوب اور تیسرے نمبر پر تعلیم کتاب و حکمت۔

اس تبدیلی میں یہ حکمت معلوم ہوتی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی التجا سے معلوم ہوتا ہے کہ تزکیۂ قلب تعلیم کتاب و حکمت کا نتیجہ ہے اور اس خوشخبری میں بتا دیا کہ تعلیم کتاب و حکمت بعد میں اور تزکیہ اس سے پہلے جو نتیجہ ہے چشم ناز کی ذرہ پروری کا۔ (سیرت الرسول)

محبت خداوندی اور اتباع رسول

قل ان کنتم تحبون الله فاتبعونی یحببکم الله و یغفرلکم ذنوبکم و الله غفور رحیم.

اے محبوب تم فرما دو کہ لوگو اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میرے فرماں بردار ہو جاؤ اللہ تمھیں دوست رکھے گا اور تمھارے گناہ بخش دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ (آل عمران، ۳۱)

اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ کی محبت کا دعویٰ جب ہی سچا ہوسکتا ہے جب آدمی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا متبع ہو اور حضور کی اطاعت اختیار کرے۔

شان نزول: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قریش کے پاس ٹھہرے جنھوں نے خانہ کعبہ میں بت نصب کیے تھے اور انھیں سجا سجا کر ان کو سجدہ کر رہے تھے حضور نے فرمایا اے گروہ قریش خدا کی قسم تم اپنے آباء حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کے دین کے خلاف ہو گئے قریش نے کہا ہم بتوں کو اللہ کی محبت میں پوجتے ہیں تاکہ یہ ہمیں اللہ سے قریب کریں اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور بتایا گیا کہ محبت الٰہی کا دعویٰ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اتباع و فرماں برداری کے بغیر قابل قبول نہیں جو اس دعوے کا ثبوت دینا چاہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی غلامی کرے اور حضور نے بت پرستی کو منع فرمایا تو بت پرستی کرنے والا حضور کا نافرمان اور محبت الٰہی کے دعوے میں جھوٹا ہے۔ (خزائن العرفان)

جب یہود کو اسلام کی دعوت دی گئی تو انھوں نے یہ کہہ کر اس دعوت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا کہ ہم تو پہلے محبت الٰہی میں سرشار ہیں اور اس کے لاڈلے فرزند ہیں ہمیں کیا ضرورت پڑی ہے کہ کسی نئے نبی کی امت میں داخل ہونے کی زحمت گوارا کریں۔ اس آیت میں انھیں تنبیہ فرمائی جا رہی ہے کہ محبت الٰہی کا دعویٰ بغیر دلیل کے قابل التفات نہیں اور اس دعویٰ کی دلیل یہ ہے کہ تم اللہ کے اس برگزیدہ رسول کی اطاعت و فرماں برداری کرو، اگر تم نے دل و جان سے اس رسول کریم کی اطاعت کی تو تمھارا دعویٰ محبت بھی درست تسلیم کر لیا جائے گا اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی ایک سب سے بڑی نعمت سے سرفراز کیے جاؤ گے یعنی تمھیں محبوب الٰہی ہونے کا شرف بخشا جائے گا اور تمھارے اعمال نامہ کی سیاہی کو رحمت و مغفرت کے پانی سے صاف کر دیا جائے گا۔ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثنا کی عظمت شان اور جلالت قدر کا کیا کہنا جس کی غلامی قوم یہود جیسی راندۂ درگاہ اور ذلیل قوم کو بھی اللہ تعالیٰ کا محبوب بنا سکتی ہے اور اس کے گھناؤنے جرموں کی بخشش

کا سبب بن سکتی ہے۔ اگر امت مسلمہ اتباع حبیب خدا کو اپنا شعار بنالے اور سنت سرور کائنات کے سانچے میں اپنی سیرت کو ڈھال لے تو کیا یہ محبوبیت کے خلعت فاخرہ سے نوازی نہیں جائے گی؟ اس آیت میں یہ بتایا گیا کہ اگر تم میرے محبوب کی غلامی کا طوق اپنے گلے میں ڈال لو گے تو اللہ تعالیٰ اپنے دست کرم سے تمھارے سروں پر محبوبیت کا تاج سجادے گا۔ (سیرت الرسول)

الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونه مکتوبا عنده فی التوراة و الانجیل یامرهم بالمعروف و ینههم عن المنکر و یحل لهم الطیبت ویحرم علیهم الخبائث و یضع عنهم اصرهم و الاغلل التی کانت علیهم فالذین آمنوا به و عزروه و نصروه و اتبعوا النور الذی انزل معه اولئک هم المفلحون .

وہ جو غلامی کریں گے اس رسول بے پڑھے غیب کی خبریں دینے والے کی جسے لکھا ہوا پائیں گے اپنے پاس توریت اور انجیل میں وہ انھیں بھلائی کا حکم دے گا اور برائی سے منع فرمائے گا اور ستھری چیزیں ان کے لیے حلال فرمائے گا اور گندی چیزیں ان پر حرام کرے گا اور ان پر سے وہ بوجھ اور گلے کے پھندے جو ان پر تھے اتارے گا تو وہ جو اس پر ایمان لائیں اور اس کی تعظیم کریں اور اسے مدد دیں اور نور کی پیروی کریں جو اس کے ساتھ اترا وہی بامراد ہوئے۔ (الاعراف، ۱۵۷)

یہاں رسول سے باجماع مفسرین سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مراد ہیں۔ آپ کا ذکر وصف رسالت سے فرمایا گیا کیوں کہ آپ اللہ اور اس کے مخلوق کے درمیان واسطہ ہیں فرائض رسالت ادا فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے اوامر ونہی وشرائع واحکام اس کے بندوں کو پہنچاتے ہیں۔

''توریت وانجیل میں لکھا ہوا پائیں گے'' سے مراد یہ ہے کہ توریت وانجیل میں آپ کی نعت و صفت ونبوت لکھی پائیں گے۔ حدیث میں ہے کہ حضرت عطاء بن یسار نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ

تعالیٰ عنہما سے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وہ اوصاف دریافت کیے جو توریت میں مذکور ہیں انھوں نے فرمایا کہ حضور کے جو اوصاف قرآن کریم میں آئے ہیں انھیں میں کے بعض اوصاف توریت میں مذکور ہیں اس کے بعد انھوں نے پڑھنا شروع کیا۔

اے نبی ہم نے تمھیں بھیجا شاہد و مبشر اور نذیر اور امیوں کا نگہبان بنا کر تم میرے بندے اور میرے رسول ہو میں نے تمھارا نام متوکل رکھا، نہ بد خلق ہو نہ سخت مزاج، نہ بازاروں میں آواز بلند کرنے والے، نہ برائی سے برائی کو دفع کرو لیکن خطا کاروں کو معاف کرتے ہو اور ان پر احسان فرماتے ہو اللہ تعالیٰ تمھیں نہ اٹھائے گا جب تک کہ تمھاری برکت سے غیر مستقیم ملت کو اس طرح راست نہ فرمادے کہ لوگ صدق و یقین کے ساتھ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پکارنے لگیں اور تمھاری بدولت اندھی آنکھیں بینا اور بہرے کان شنوا اور پردوں میں لپٹے ہوئے دل کشادہ ہو جائیں۔

اور حضرت کعب بن احبار سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفات میں توریت شریف کا یہ مضمون بھی منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی صفت میں فرمایا کہ میں انھیں ہر خوبی کا قابل کروں گا اور ہر خلق کریم عطا فرماؤں گا اور اطمینان قلب و وقار کو ان کا لباس بناؤں گا اور طاعات و احسان کو ان کا شعار کروں گا اور تقویٰ کو ان کا ضمیر اور حکمت کو ان کا راز اور صدق و وفا کو ان کی طبیعت اور عفو و کرم کو ان کی عادت اور عدل کو ان کی سیرت اور اظہار حق کو ان کی شریعت اور ہدایت کو ان کا امام اور اسلام کو ان کی ملت بناؤں گا احمد ان کا نام ہے خلق کو ان کے صدقہ میں گمراہی کے بعد ہدایت اور جہالت کے بعد علم و معرفت اور گمنامی کے بعد رفعت و منزلت عطا کروں گا اور انھیں کی برکت سے قلت کے بعد کثرت اور فقر کے بعد دولت اور تفرقے کے بعد محبت عنایت کروں گا اور انھیں کی بدولت مختلف قبائل غیر مجتمع خواہشوں اور اختلاف رکھنے والے دلوں میں الفت پیدا کروں گا اور ان کی امت کو تمام امتوں سے بہتر کروں گا۔

ایک اور حدیث میں توریت شریف سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے یہ اوصاف منقول ہیں۔

میرے بندے احمد مختار کی جائے ولادت مکہ مکرمہ اور جائے ہجرت مدینہ طیبہ ہے ان کی امت ہر حال میں اللہ کی کثیر حمد کرنے والی ہے۔

کتب الٰہیہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت وصفت سے بھری ہوئی تھیں اہل کتاب ہر قرن میں اپنی کتابوں میں تراش خراش کرتے رہے اور ان کی بڑی کوشش اس پر مسلط رہی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر اپنی کتابوں میں نام کو نہ چھوڑیں توریت وانجیل وغیرہ ان کے ہاتھ میں تھیں اس لیے انھیں اس میں کچھ دشواری نہ تھی لیکن ہزاروں تبدیلیاں کرنے کے بعد بھی موجودہ زمانہ کی بائیبل میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بشارت کا کچھ نہ کچھ نشان باقی رہ ہی گیا۔

چنانچہ برٹش اینڈ فارن بائیبل سوسائٹی لاہور ۱۹۳۱ء کی چھپی ہوئی بائیبل میں یوحنا کی انجیل کے باب ۱۴ کی سولہویں آیت میں ہے۔

اور میں باپ سے درخواست کروں گا تو وہ تمھیں دوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تمھارے ساتھ رہے۔

لفظ ''مددگار'' پر حاشیہ ہے، اس میں اس کے معنی وکیل یا شفیع لکھے۔

تو اب حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے بعد ایسا آنے والا جو شفیع ہو اور ابد تک رہے یعنی اس کا دین کبھی منسوخ نہ ہو۔ بجز سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کون ہے؟

پھر انتیسویں تیسویں آیت میں ہے۔

اور اب میں نے تم سے اس کے ہونے سے پہلے کہہ دیا ہے تاکہ جب ہو جائے تو تم یقین کرو اس

کے میں تم سے بہت سی باتیں نہ کروں گا کیوں کہ دنیا کا سردار آتا ہے اور مجھ میں اس کا کچھ نہیں۔

کیسی صاف بشارت ہے اور حضرت مسیح علیہ السلام نے اپنی امت کو حضور کی ولادت کا کیسا منتظر بنایا اور شوق دلایا ہے اور دنیا کا سردار خاص سید عالم کا ترجمہ ہے اور یہ فرمانا کہ مجھ میں اس کا کچھ نہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت کا اظہار اور اس کے حضور اپنا کمال ادب وانکسار ہے۔

پھر اسی کتاب کے باب سولہ کی ساتویں آیت ہے۔

لیکن میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ میرا جانا تمھارے لیے فائدہ مند ہے کیوں کہ اگر میں نہ جاؤں تو وہ مددگار تمھارے پاس نہ آئے گا لیکن اگر جاؤں گا تو اسے تمھارے پاس بھیج دوں گا۔

اس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بشارت کے ساتھ اس کا بھی صاف اظہار ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم الانبیاء ہیں آپ کا ظہور جب ہی ہوگا جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی تشریف لے جائیں۔

اس کی تیرہویں آیت ہے۔

لیکن جب وہ یعنی سچائی کا روح آئے گا تو تم کو تمام سچائی کی راہ دکھائے گا اس لیے کہ وہ اپنی طرف سے نہ کہے گا لیکن جو کچھ سنے گا وہی کہے گا اور تمھیں آئندہ کی خبریں دے گا۔

اس آیت میں بتایا گیا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آمد پر دین الٰہی کی تکمیل ہو جائے گی اور آپ سچائی کی راہ یعنی دین حق کو مکمل کردیں گے اس سے یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ ان کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا اور یہ کلمے کہ اپنی طرف سے نہ کہے گا جو سنے گا وہی کہے گا خاص **و ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی** کا ترجمہ ہے۔ اور یہ جملہ کہ آئندہ کی خبریں دے گا اس میں صاف بیان ہے کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غیبی علوم تعلیم فرمائیں گے جیسا کہ قرآن کریم میں فرمایا **یعلمکم ما لم تکونوا تعلمون**

اور **و ما ھو علی الغیب بضنین .**

اس لیے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے لفظ ''نبی'' کا ترجمہ ''غیب کی خبریں دینے والے'' کیا ہے اور یہ نہایت ہی صحیح ترجمہ ہے کیوں کہ ''نبا'' خبر کو کہتے ہیں جو مفید علم ہو اور شائبہ کذب سے خالی ہو۔ یہ لفظ اس معنی میں بکثرت مستعمل ہوا ہے۔

ایک جگہ ارشاد ہوا : **قل ھو نبؤ عظیم .**

ایک جگہ ارشاد فرمایا : **تلک من انباء الغیب نوحیھا الیک**

ایک جگہ فرمایا : **فلما انباء ھم باسمائھم .**

اور بکثرت آیات میں یہ لفظ اس معنی میں وارد ہوا ہے۔ پھر یہ لفظ یا تو فاعل کے معنی میں ہوگا یا مفعول کے معنی میں۔

پہلی صورت میں اس کے معنی، غیب کی خبریں دینے والے۔

اور دوسری صورت میں اس کے معنی ہوں گے، غیب کی خبریں دیئے ہوئے۔

اور دونوں معنی کو قرآن عظیم سے تائید پہنچتی ہے۔ پہلے معنی کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے **نبی عبادی** دوسری آیت میں فرمایا **قل اونبئکم** اور اسی قبیل سے ہے حضرت مسیح علیہ الصلاۃ والسلام کا ارشاد جو قرآن کریم میں وارد ہوا۔ **انبئکم بما تاکلون و ما تدخرون** ۔ اور دوسری صورت کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے۔ **نبانی العلیم الخبیر** اور حقیقت میں انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام غیب کی خبریں دینے والے ہی ہوتے ہیں۔

تفسیر خازن میں ہے کہ آپ کے وصف میں نبی فرمایا کیوں کہ نبی ہونا اعلیٰ اور اشرف مراتب میں

سے ہے اور یہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ آپ اللہ کے نزدیک بہت بلند درجے رکھنے والے اور اس کی طرف سے خبر دینے والے ہیں۔

امام احمد رضا بریلوی نے لفظ ''امی'' کا ترجمہ ''بے پڑھے'' فرمایا یہ ترجمہ بالکل حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ارشاد کے مطابق ہے اور یقیناً امی ہونا بھی آپ کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے کہ دنیا میں کسی سے پڑھا نہیں اور کتاب وہ لائے جس میں اولین و آخرین اور غیبوں کے علوم ہیں۔

خاکی و بر اوج عرش منزل
امی و کتاب خانہ دروں

•

امی ، و دقیقہ دان عالم
بے سایہ و سائبان عالم

صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ۔ (خزائن العرفان)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ''الامـــی'' کہنے کی متعدد توجیہات علمائے کرام نے بیان کی ہیں :

(۱) منسوب الی الام یعنی هو علی ما ولدته امه لم یکتب و لم یقراء .

ام یعنی ماں کی طرف منسوب کرتے ہوئے امی کہا یعنی جیسے نوزائیدہ بچہ لکھنا پڑھنا نہیں جانتا اسی طرح حضور نے بھی کسی استاد سے لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا اور اس کے باوجود علوم ظاہری و باطنی سے سینۂ مبارک کا لبریز ہونا حضور کا روشن معجزہ ہے۔

امئے بود کہ ما از اثر حکمت او

واقف از سر نہاں خانۂ تقدیر شدیم

یعنی ہمارا ہادی برحق امی تھا لیکن اس کی حکمت کی برکت سے ہم تقدیر کے اسرار نہاں پر مطلع ہو گئے۔

(۲) ام القریٰ (مکہ) کی طرف نسبت کی وجہ سے امی کہا گیا۔

(۳) بعض کی رائے ہے کہ امی امت کی طرف منسوب ہے یعنی حضور علیہ الصلاۃ والسلام صاحب امت ہیں اور امت کی ''تاء'' نسبت کے وقت حذف کر دی گئی جیسے مکہ سے مکی، مدینہ سے مدنی میں ''تاء'' محذوف ہے۔

لفظ ''اصر'' دو معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ اصر بمعنی ثقل، بوجھ اور اصر بمعنی عہد۔ یہاں دونوں معنی ملحوظ ہیں یعنی اعمال شدیدہ کو بجالانے کا جو عہد بنی اسرائیل سے لیا گیا تھا حضور کی تشریف آوری سے انھیں ان اعمال شاقہ کی ادائیگی سے آزاد کر دیا گیا۔ ان کی شریعت کے چند احکام یہ تھے کہ اگر کوئی کپڑا نجاست لگنے سے پلید ہو جاتا تو اس کو کاٹ دینا پڑتا تھا۔ ایام حیض میں عورت کے ساتھ اٹھنا، بیٹھنا ایک ساتھ کھانا پینا تک ممنوع تھا، مال غنیمت کا استعمال جائز نہ تھا بلکہ اس کو ایک جگہ جمع کر کے نذر آتش کرنا لازمی تھا۔

اغلال جمع ہے اس کا واحد غل ہے اس کا معنی ہے زنجیر۔ اس سے مراد بھی شریعت موسوی کے وہ شدید اور سخت احکام ہیں جن پر عمل کرنا بنی اسرائیل کے لیے ناگزیر تھا۔ مثلاً یوم سبت کو ہر دنیاوی کام کی ممانعت تھی، اگر کوئی کسی کو قتل کر دیتا تو دیت کی گنجائش نہ تھی بلکہ قاتل کو بطور قصاص قتل کرنا ضروری تھا۔ اسی طرح کئی دیگر احکام تھے جن پر عمل کرنا مشقت سے خالی نہ تھا لیکن رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آمد

سے ان تمام احکام شاقہ میں تخفیف اور نرمی کر دی گئی۔ اگر کپڑا پلید ہو جائے تو اس کو پاک کرنے کے لیے دھونا ہی کافی ہے، حائضہ عورت سے ہم بستری ممنوع قرار دی گئی اور دوسری پابندیاں ختم کر دی گئیں۔ قاتل کی دیت قبول کرنے کی بھی اجازت دی گئی، مال غنیمت کا استعمال حلال کر دیا گیا اور ان احکام میں بڑی آسانیاں اور نرمیاں کر دی گئیں۔ ہزار ہا صلوٰۃ وسلام ہوں اس طلعت زیبا پر جس کی آمد سے گلشن عالم میں بہار آ گئی، جس کے ظاہر ہونے سے کائنات میں اجالا ہو گیا، توہمات کے قفس ٹوٹ گئے، غلامی کی زنجیریں کٹ گئیں اور انسان کو شرف انسانیت سے آشنا کر دیا گیا۔

اس آیت کے آخر میں بڑے اختصار اور جامعیت کے ساتھ اس حقیقت کو واضح کر دیا گیا کہ فلاح وسعادت دارین سے صرف وہی خوش نصیب سرفراز ہوں گے جو میرے مصطفیٰ کریم پر سچے دل سے ایمان لائیں گے اور اس کی تعظیم وتکریم میں کوئی کوتاہی نہ کریں گے اس کے دین کی نصرت اور اس کی شریعت کی تائید کے لیے ہر قربانی دینے پر مستعد ہوں گے اور اس کے نور تاباں (قرآن کریم) کے ارشادات پر عمل کرنے کے لیے دل وجان سے آمادہ ہوں گے۔ (سیرت الرسول)

خدا چاہتا ہے رضائے محمد

و الضحی و الیل اذا سجی ما ودعک ربک و ما قلی و للاخرۃ خیر لک من الاولیٰ و لسوف یعطیک ربک فترضی الم یجدک یتیما فاوی ووجدک ضالا فھدی ووجدک عائلا فاغنی فاما الیتیم فلا تقھر و اما السائل فلا تنھر و اما بنعمۃ ربک فحدث.

چاشت کی قسم اور رات کی جب پردہ ڈالے کہ تمھیں تمھارے رب نے نہ چھوڑا اور نہ مکروہ جانا اور بیشک پچھلی تمھارے لیے پہلی سے بہتر ہے اور بیشک قریب ہے کہ تمھارا رب تمھیں اتنا دے گا کہ تم راضی

ہو جاؤ گے کیا اس نے تمھیں یتیم نہ پایا پھر جگہ دی اور تمھیں اپنی محبت میں خود رفتہ پایا تو اپنی طرف راہ دی اور تمھیں حاجت مند پایا پھر غنی کر دیا تو یتیم پر دباؤ نہ ڈالو اور منگتا کو نہ جھڑکو اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔ (الضحیٰ)

شانِ نزول: ایک مرتبہ ایسا اتفاق ہوا کہ چند روز وحی نہ آئی تو کفار نے بطریق طعن کہا کہ محمد (مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو ان کے رب نے چھوڑ دیا اور مکروہ جانا اس پر سورۃ والضحیٰ نازل ہوئی۔

و الضحیٰ ، جس وقت کہ آفتاب بلند ہو کیوں کہ یہ وقت وہی ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنے کلام سے مشرف کیا اور اسی وقت جادوگر سجدے میں گرے، بعض مفسرین نے فرمایا کہ ضحیٰ سے دن مراد ہے۔

و الیل اذا سجی ، قسم رات کی جب پردہ ڈالے اور اس کی تاریکی عام ہو جائے، امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ چاشت سے مراد وہ چاشت ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے کلام فرمایا، بعض مفسرین نے فرمایا کہ چاشت اشارہ ہے نور جمال مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف اور شب کنایہ ہے آپ کے گیسوئے عنبریں سے۔

و للاخرۃ الآیۃ، یعنی آخرت دنیا سے بہتر ہے کیوں کہ وہاں آپ کے لیے مقام محمود وحوض مورود وخیر موعود اور تمام انبیاء ورسل پر تقدم اور آپ کی امت کا تمام امتوں پر گواہ ہونا اور آپ کی شفاعت سے مومنین کے مرتبے اور درجے بلند ہونا اور بے انتہا عزتیں اور کرامتیں ہیں جو بیان میں نہیں آتیں۔ اور مفسرین نے اس کے یہ معنی بھی بیان فرمائے ہیں کہ آنے والے احوال آپ کے لیے گزشتہ سے بہتر و برتر ہیں گویا کہ حق تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ روز بروز آپ کے درجے بلند فرمائے گا اور عزت پر عزت اور منصب پر

منصب زیادہ فرمائے گا اور ساعت بساعت آپ کے مراتب ترقیوں میں رہیں گے۔

ولسوف یعطیک ،اللہ تعالیٰ کا اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ وعدہ کریمہ ان نعمتوں کو بھی شامل ہے جو آپ کو دنیا میں عطا فرمائیں کمال نفس اور علوم اولین و آخرین اور ظہور امر اور اعلائے دین اور وہ فتوحات جو عہد مبارک میں ہوئیں اور عہد صحابہ میں ہوئیں اور تا قیامت مسلمانوں کو ہوتی رہیں گی اور دعوت کا عام ہونا اور اسلام کا مشارق و مغارب میں پھیل جانا اور آپ کی امت کا بہترین امم ہونا اور آپ کے وہ کرامات و کمالات جن کا اللہ ہی عالم ہے اور آخرت کی عزت و تکریم کو بھی شامل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو شفاعت عامہ و خاصہ اور مقام محمود وغیرہ جلیل نعمتیں عطا فرمائیں۔

مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دونوں دست مبارک اٹھا کر امت کے حق میں رو کر دعا فرمائی اور عرض کی اللھم امتی امتی اللہ تعالیٰ نے جبریل کو حکم دیا کہ محمد (مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی خدمت میں جا کر دریافت کرو رونے کا سبب کیا ہے باوجودیکہ اللہ تعالیٰ دانا ہے۔ جبریل نے حسب حکم حاضر ہو کر دریافت کیا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں تمام حال بتایا اور غم امت کا اظہار فرمایا جبریل امین نے بارگاہ الٰہی میں عرض کی کہ تیرے حبیب یہ فرماتے ہیں باوجودیکہ وہ خوب جاننے والا ہے اللہ تعالیٰ نے جبریل کو حکم دیا کہ جاؤ اور میرے حبیب (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) سے کہو کہ ہم آپ کو آپ کی امت کے بارے میں عنقریب راضی کریں گے اور آپ کو گراں خاطر نہ ہونے دیں گے۔

حدیث شریف میں ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تک میرا ایک امتی بھی دوزخ میں رہے گا میں راضی نہ ہوں گا۔

آیت کریمہ صاف دلالت کرتی ہے کہ اللہ وہی کرے گا جس میں رسول راضی ہوں۔ اور احادیث

شفاعت سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رضا اسی میں ہے کہ سب گنہگاران امت بخش دیے جائیں۔ تو آیت واحادیث سے قطعی طور پر یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ حضور کی شفاعت مقبول اور حسب مرضی مبارک گنہگاران امت بخشے جائیں گے۔ سبحان اللہ! کیا یہ رتبہ علیا ہے کہ جس پروردگار عالم کو راضی کرنے کے لیے تمام مقربین تکلیفیں برداشت کرتے اور محنتیں اٹھاتے ہیں وہ اس حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو راضی کرنے کے لیے عطا عام کرتا ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان نعمتوں کا ذکر فرمایا جو آپ کے ابتدائے حال سے آپ پر ہیں۔

الم یجدک یتیما ، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابھی والدہ ماجدہ کے بطن میں تھے حمل دو ماہ کا تھا کہ آپ کے والد صاحب نے مدینہ شریف میں وفات پائی اور نہ کچھ مال چھوڑا نہ کوئی جگہ چھوڑی آپ کی خدمت کے متکفل آپ کے دادا عبدالمطلب ہوئے جب آپ کی عمر شریف چار یا چھ سال کی ہوئی تو والدہ صاحبہ نے بھی وفات پائی۔ جب عمر شریف آٹھ سال کی ہوئی تو آپ کے دادا عبدالمطلب نے بھی وفات پائی انھوں نے اپنی وفات سے پہلے اپنے فرزند ابو طالب کو جو آپ کے حقیقی چچا تھے آپ کی خدمت ونگرانی کی وصیت کی۔ ابو طالب آپ کی خدمت میں سرگرم رہے یہاں تک کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے نبوت سے سرفراز فرمایا۔

اس آیت کی تفسیر میں مفسرین نے ایک معنی یہ بیان کیا ہے کہ یتیم بمعنی یکتا و بے نظیر کے ہے جیسے کہ کہا جاتا ہے درہ یتیمہ ، اس تقدیر پر آیت کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو عزت وشرف میں یکتا و بے نظیر پایا اور آپ کو مقام قرب میں جگہ دی اور اپنی حفاظت میں آپ کے دشمنوں کے اندر آپ کی پرورش فرمائی اور آپ کو نبوت واصطفا ورسالت کے ساتھ مشرف کیا۔

ووجدک ضالا فھدیٰ ، اور غیب کے اسرار آپ پر کھول دیے اور علوم ما کان وما یکون عطا کیے اپنی ذات وصفات کی معرفت میں سب سے بلند مرتبہ عنایت کیا۔ مفسرین نے ایک معنی اس آیت کے

یہ بھی بیان کیے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایسا وارفتہ پایا کہ آپ اپنے نفس اور اپنے مراتب کی خبر بھی نہیں رکھتے تھے تو آپ کو آپ کے ذات وصفات اور مراتب ودرجات کی معرفت عطا فرمائی۔

فائدہ

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سب معصوم ہوتے ہیں نبوت سے قبل بھی اور نبوت کے بعد بھی اور اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی صفات کے ہمیشہ سے عارف ہوتے ہیں۔

ووجدک عائلا ،دولت قناعت عطا فرما کر اللہ تعالیٰ نے آپ کو غنی کر دیا۔

بخاری ومسلم کی حدیث میں ہے کہ تونگری کثرت مال سے حاصل نہیں ہوتی حقیقی تونگری نفس کا بے نیاز ہونا ہے۔

و اما الیتیم ،جیسا کہ اہل جاہلیت کا طریقہ تھا کہ یتیموں کو دباتے اور ان پر زیادتی کرتے تھے۔

حدیث شریف میں ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمانوں کے گھروں میں وہ بہت اچھا گھر ہے جس میں یتیم کے ساتھ اچھا سلوک کیا جاتا ہو اور وہ بہت برا گھر ہے جس میں یتیم کے ساتھ برا برتاؤ کیا جاتا ہے۔

و اما السائل ، یعنی سائل کو نہ جھڑکو بلکہ کچھ دے دو یا حسن اخلاق اور نرمی کے ساتھ عذر کر دو، یہ بھی کہا گیا ہے کہ سائل سے طالب علم مراد ہے اس کا اکرام کرنا چاہیئے اور جو اس کی حاجت ہو اس کا پورا کرنا اور اس کے ساتھ ترش روئی وبدخلقی نہ کرنا چاہیئے۔

نعمتوں سے مراد وہ نعمتیں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمائیں اور وہ بھی جن کا حضور سے وعدہ فرمایا۔نعمتوں کے ذکر کا اس لیے حکم فرمایا کہ نعمت کا بیان کرنا

شکر گزاری ہے۔ (خزائن العرفان)

انشراح صدر و رفعت ذکر

الم نشرح لک صدرک و وضعنا عنک وزرک الذی انقض ظهرک ورفعنا لک ذکرک فان مع العسر یسرا ان مع العسر یسرا فاذا فرغت فانصب و الی ربک فارغب.

کیا ہم نے تمھارا سینہ کشادہ نہ کیا اور تم پر سے تمھارا وہ بوجھ اتار لیا جس نے تمھاری پیٹھ توڑ دی تھی اور ہم نے تمھارے لیے تمھارا ذکر بلند کر دیا تو بے شک دشواری کے ساتھ آسانی ہے بیشک دشواری کے ساتھ آسانی ہے تو جب تم نماز سے فارغ ہو تو دعا میں محنت کرو اور اپنے رب ہی کی طرف رغبت کرو۔

(الانشراح)

یعنی ہم نے آپ کے سینہ کو کشادہ اور وسیع کیا ہدایت و معرفت اور موعظت و نبوت اور علم و حکمت کے لیے یہاں تک کہ عالم غیب و شہادت اس کی وسعت میں سما گئے اور علائق جسمانیہ، انوار روحانیہ کے لیے مانع نہ ہو سکے اور علوم لدنیہ و حکم الٰہیہ و معارف ربانیہ و حقائق رحمانیہ سینہ پاک میں جلوہ نما ہوئے۔ اور ظاہری شرح صدر بھی بار بار ہوا۔ ابتدائے عمر شریف میں، اور ابتدائے نزول وحی کے وقت اور شب معراج، جیسا کہ احادیث میں آیا ہے۔ اس کی شکل یہ تھی کہ جبریل امین نے سینہ پاک کو چاک کر کے قلب مبارک نکالا اور زریں طشت میں آپ زم زم سے غسل دیا اور نور و حکمت سے بھر کر اس کو اس کی جگہ رکھ دیا۔

اس بوجھ سے مراد یا وہ غم ہے جو آپ کو کفار کے ایمان نہ لانے سے رہتا تھا یا امت کے گناہوں کا غم ہے جس میں قلب مبارک مشغول رہتا تھا مراد یہ ہے کہ ہم نے آپ کو مقبول الشفاعۃ کر کے وہ بار غم دور کر دیا۔ (خزائن)

اس بوجھ کے بارے میں علماء تفسیر نے متعدد اقوال لکھے ہیں ان میں سے دو قول یہ ہیں۔

(۱) اپنی قوم کو کھلی گمراہی میں دیکھ کر خاطر عاطر کو بہت تکلیف ہوتی تھی، ان کا بے جان بتوں کو پوجنا، فسق و فجور میں غرق رہنا، قمار بازی اور شراب نوشی میں اپنی صحت و دولت کو برباد کرنا، غریبوں پر ظلم ڈھانا، ان کے حقوق غصب کرنا، باہمی جنگ و جدال اور قتل و غارت، ان کی اخلاقی پستی، ان کی معاشی بدحالی اور ان کی سیاسی ابتری، ان تمام چیزوں کو دیکھ کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بہت دکھ ہوتا اور اس صورت حال کو یکسر بدل ڈالنے کے لیے دل ہر وقت مضطرب رہتا۔

اللہ تعالیٰ نے منصب نبوت پر فائز کیا اور قرآن کریم جیسا صحیفہ رُشد و ہدایت عطا فرمایا، دین اسلام جیسا جامع اور مکمل نظام حیات مرحمت فرمایا جس سے یہ بوجھ اتر گیا، منزل کا تعین بھی ہو گیا اور اس منزل کی طرف لے جانے والا راستہ بھی نور نبوت سے روشن ہو گیا۔

(۲) یا اس بوجھ سے بار نبوت و رسالت مراد ہے ایسے لوگ جو صدہا سال سے معبودان باطل کی پوجا پاٹ میں مشغول تھے جن کی کئی پشتیں اخلاقی آوارگی کی نذر ہو چکی تھیں۔ ظلم و ستم لوٹ مار، جن کے نزدیک فخر و مباہات کا باعث تھی، ان کو ان پستیوں سے نکال کر توحید، اخلاق حسنہ اور نظم و ضبط کی بلندیوں پر لے جانا، بڑا جان جوکھم کا کام تھا۔ اس راستہ میں مشکلات کے فلک بوس پہاڑ سینہ تانے کھڑے تھے اور ناکامیوں کی عمیق غاریں منہ کھولے ہوئے نگل جانے کے لیے بے تاب تھیں، اس فرض کی ادائیگی کا احساس دل کو ہر وقت بے چین رکھتا۔ ان کا تعصب و عناد اور باطل سے چمٹے رہنے پر ان کا احمقانہ اصرار اس بے چینی میں مزید اضافہ کر دیا کرتا۔ اللہ تعالیٰ نے شرح صدر کی دولت سے مالا مال فرما کر اس بوجھ کو ہلکا کر دیا۔ طبیعت میں قلق و اضطراب کی جگہ صبر و عزیمت نے لے لی، اپنی قوم کی بے اعتنائی اور دل آزاریوں پر دل گرفتہ ہونے کی بجائے

ہمت وحوصلہ پیدا ہو گیا۔

حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس کی تشریح اپنے مخصوص انداز میں فرمائی اور خوب فرمائی ہے۔

آپ کی ہمت عالی اور پیدائشی استعداد جن کمالات ومقامات پر پہنچنے کا تقاضا کرتی تھیں، قلب مبارک کو جسمانی ترکیب یا نفسانی تشویشات کی وجہ سے ان پر فائز ہونا دشوار معلوم ہوتا تھا اللہ تعالیٰ نے جب سینہ کھول دیا اور حوصلہ کشادہ کر دیا تو وہ دشواریاں جاتی رہیں اور سب بوجھ ہلکا ہو گیا۔ (سیرت الرسول)

ورفعنا لک ذکرک

حدیث شریف میں ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جبریل سے اس آیت کو دریافت فرمایا تو انھوں نے کہا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ آپ کے ذکر کی بلندی یہ ہے کہ جب میرا ذکر کیا جائے میرے ساتھ آپ کا بھی ذکر کیا جائے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ مراد اس سے یہ ہے کہ اذان میں، تکبیر میں، تشہد میں منبروں پر، خطبوں میں، تو اگر کوئی اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے ہر بات میں اس کی تصدیق کرے اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی نہ دے تو یہ سب بے کار وہ کافر ہی رہے گا۔

قتادہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کا ذکر دنیا وآخرت میں بلند کیا ہر خطیب ؛ ہر تشہد پڑھنے والا اشھد ان لا الہ الا اللہ کے ساتھ اشھد ان محمد رسول اللہ پکارتا ہے۔

بعض مفسرین نے فرمایا کہ آپ کے ذکر کی بلندی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء سے آپ پر ایمان لانے کا عہد لیا۔ (خزائن العرفان)

نور مصطفیٰ

قد جاء کم من اللہ نور و کتاب مبین .

بے شک تمھارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب۔ (المائدة،۱۵)

اس آیت میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نور فرمایا گیا کیوں کہ آپ سے تاریکی کفر دور ہوئی اور راہ حق واضح ہوئی۔ اور روشن کتاب سے مراد قرآن عظیم ہے۔ (خزائن العرفان)

و داعیا الی اللہ باذنہ و سراجا منیرا.

اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتا اور چمکا دینے والا آفتاب۔ (الاحزاب،۴۶)

سراج کا ترجمہ آفتاب قرآن کریم کے بالکل مطابق ہے کہ اس میں آفتاب کو سراج فرمایا گیا جیسا کہ سورۂ نوح میں و جعل الشمس سراجا اور آخر پارہ کی پہلی سورۃ میں ہے و جعلنا سراجا وھاجا اور در حقیقت ہزاروں آفتابوں سے زیادہ روشنی آپ کے نور نبوت نے پہنچائی اور کفر و شرک کے ظلمات شدیدہ کو اپنے نور حقیقت افروز سے دور کر دیا اور خلق کے لیے معرفت و توحید الٰہی تک پہنچنے کی راہیں روشن اور واضح کر دیں اور ضلالت کی وادیٔ تاریک میں راہ گم کرنے والوں کو اپنے انوار ہدایت سے راہ یاب فرمایا اور اپنے نور نبوت سے ضمائر و بصائر اور قلوب و ارواح کو منور کیا۔ حقیقت میں آپ کا وجود مبارک ایسا آفتاب عالم تاب ہے جس نے ہزار ہا آفتاب بنا دیئے اس لیے اس کی صفت میں منیر ارشاد فرمایا گیا۔

(خزائن العرفان)

و داعیا الی اللہ باذنہ ، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دینے والے ہیں اور یہ کام کیوں کہ بہت ہی کٹھن اور دشوار ہے، کوئی آدمی اپنے عقیدہ کو چھوڑنے کے

لیے بآسانی تیار نہیں ہوتا خصوصاً مکہ کے مشرک جو کورانہ تقلید اور آباء پرستی میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے، جنھوں نے غور وفکر کے سارے چراغ گل کر دیئے تھے ان کو کفر وشرک کی تاریکیوں سے نکال کر نور حق کی طرف لے آنا از حد دشوار تھا یہی حالت یہود اور دوسرے اہل کتاب کی بھی تھی اس لیے ساتھ ہی باذنہ کا کلمہ بڑھا دیا یعنی اے محبوب ہم نے اس دشوار کام کو آپ کے لیے آسان بنا دیا ہے۔ اور اس کی صورت یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان گونا گوں خوبیوں اور دل فریبیوں سے ممتاز فرمایا تھا کہ دل خود بخود اس طلعت زیبا کی طرف کھنچے چلے آتے تھے۔ وہ لوگ جن میں حق پذیری کا ادنیٰ سا بھی ملکہ موجود تھا وہ اس شمع جمال پر پروانہ وار نثار ہوتے تھے اور دنیا نے دیکھا کہ عرب کے اجڈ اور سخت مزاج لوگ کس طرح اپنے بچوں، اپنے آباد گھروں، قیمتی مال ومتاع اور وطن عزیز کو چھوڑ کر در مصطفیٰ علیہ اطیب التحیۃ والثنا کی طرف کشاں کشاں جا رہے ہیں۔ ابھی چند روز پہلے خالد بن ولید نے میدان احد میں مسلمانوں کی فتح کو شکست میں تبدیل کر دیا تھا لیکن وہی فاتح خالد، مکہ کو الوداع کہہ رہا ہے اور اپنے گلے میں غلامی کا قلادہ ڈال کر سرکار مدینہ کی حاضری کے لیے کوہ ودمن، دشت وصحراء کو عبور کرتا ہوا چلا جا رہا ہے۔ یہی '' داعیا الی اللہ باذنہ '' کی شان کا ایک ظہور ہے۔

سراجا منیرا ، اے محبوب میں نے تجھے سراجا منیرا بنا کر بھیجا ہے۔ ان دو لفظوں سے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب پر جن انعامات ولطافات کی بارش فرمائی ہے اس کی بے کرانیوں کا کون اندازہ لگا سکتا ہے آفتاب اور آفتاب بھی عالم تاب، روشن اور اتنا روشن کہ دوسروں کو بھی نور وضیاء کا منبع ومصدر بنا دینے والا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زبان فیض ترجمان سے تو داعی تھے اور قلب مبارک اور قالب منور کی وجہ سے سراج منیر تھے، اہل ایمان اس آفتاب کے رنگوں میں رنگے جاتے ہیں اور اس کے انوار سے درخشاں وتاباں ہوتے ہیں۔ (سیرت الرسول)

اللہ نور السموات و الارض مثل نورہ کمشکوۃ فیھا مصباح المصباح فی زجاجۃ الزجاجۃ کانھا کوکب دری یوقد من شجرۃ مبارکۃ زیتونۃ لا شرقیۃ و لا غربیۃ یکاد زیتھا یضئ و لو لم تمسسہ نار نور علی نور یھدی اللہ لنورہ من یشاء و یضرب اللہ الامثال للناس و اللہ بکل شئ علیم ۔

اللہ نور ہے آسمانوں اور زمین کا اس کے نور کی مثال ایسی جیسے ایک طاق کہ اس میں چراغ ہے وہ چراغ ایک فانوس میں ہے وہ فانوس گویا ایک ستارہ ہے موتی سا چمکتا روشن ہوتا برکت والے پیڑ زیتون سے جو نہ پورب کا نہ پچھم کا قریب ہے کہ اس کا تیل بھڑک اٹھے اگر چہ اسے آگ نہ چھوئے نور پر نور ہے اللہ اپنے نور کی راہ بتاتا ہے جسے چاہتا ہے اور اللہ مثالیں بیان فرماتا ہے لوگوں کے لیے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔ (النور، ۳۵)

نور، اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ آسمان و زمین کا ہادی ہے تو اہل سموات و ارض اس کے نور سے حق کی راہ پاتے ہیں اور اس کی ہدایت سے گمراہی کی حیرت سے نجات حاصل کرتے ہیں۔ بعض مفسرین نے فرمایا معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ آسمان و زمین کا منور فرمانے والا ہے اس نے آسمانوں کو ملائکہ سے اور زمین کو انبیاء سے منور کیا۔

اللہ کے نور سے یا تو قلب مومن کی وہ نورانیت مراد ہے جس سے وہ ہدایت پاتا اور راہ یاب ہوتا ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ اللہ کے اس نور کی مثال جو اس نے مومن کو عطا فرمایا۔ بعض مفسرین نے اس نور سے قرآن مراد لیا۔ اور ایک تفسیر یہ ہے کہ اس نور سے مراد سید کائنات افضل موجودات حضرت رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔

درخت زیتون نہایت کثیر البرکۃ ہے کیوں کہ اس کا روغن جس کو زیت کہتے ہیں نہایت صاف و

پاکیزہ روشنی دیتا ہے، سر میں بھی لگایا جاتا ہے، سالن اور نان خورش کی جگہ روٹی سے بھی کھایا جاتا ہے دنیا کے اور کسی تیل میں یہ وصف نہیں اور درخت زیتون کے پتے نہیں گرتے۔

زیتون نہ پورب کا نہ پچھم کا، سے مراد یہ ہے کہ وہ وسط کا ہے کہ نہ اسے گرمی سے ضرر پہنچے نہ سردی سے اور وہ نہایت اجود واعلیٰ ہے اور اس کے پھل غایت اعتدال میں۔

نور علی نور ،اس تمثیل کے معنی میں اہل کتاب کے کئی قول ہیں۔

ایک یہ کہ نور سے مراد ہدایت ہے اور معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی ہدایت غایت ظہور میں ہے کہ عالم محسوسات میں اس کی تشبیہ ایسے روشندان سے ہوسکتی ہے جس میں صاف وشفاف فانوس ہو اس فانوس میں ایسا چراغ ہو جو نہایت ہی بہتر اور مصفی زیتون سے روشن ہو کہ اس کی روشنی نہایت اعلیٰ اور صاف ہو۔

اور ایک قول یہ ہے کہ یہ تمثیل نور سید انبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کعب احبار سے فرمایا کہ اس آیت کے معنی بیان کرو انھوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مثال بیان فرمائی۔ روشن دان (طاق) تو حضور کا سینہ شریف ہے اور فانوس قلب مبارک اور چراغ نبوت کہ شجر نبوت سے روشن ہے اور اس نور محمدی کی روشنی واضاءت اس مرتبۂ کمال ظہور پر ہے کہ اگر آپ اپنے نبی ہونے کا بیان بھی نہ فرمائیں جب بھی خلق پر ظاہر ہو جائے۔ اور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ روشن دان تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سینۂ مبارک ہے اور فانوس قلب اطہر اور چراغ وہ نور جو اللہ تعالیٰ نے اس میں رکھا کہ شرقی ہے نہ غربی نہ یہودی ونصرانی ایک شجرۂ مبارکہ سے روشن ہے وہ شجر حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام ہیں۔ نور قلب ابراہیم پر نور محمدی نور پر نور ہے۔

اور محمد بن کعب قرظی نے کہا کہ روشن دان و فانوس تو حضرت اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام ہیں اور

چراغ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور شجرۂ مبارکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام، کہ اکثر انبیاء آپ کی نسل سے ہیں اور شرقی و غربی نہ ہونے کے یہ معنی ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نہ یہودی نہ نصرانی، کیوں کہ یہود مغرب کی طرف نماز پڑھتے ہیں اور نصاریٰ مشرق کی طرف، قریب ہے کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے محاسن و کمالات نزول وحی سے قبل ہی خلق پر ظاہر ہو جائیں نور پر نور یہ کہ نبی ہیں، نسل نبی سے، نور محمدی ہے نور ابراہیمی پر۔ (خزائن العرفان)

زجاجۃ، شیشہ سے بنا ہوا فانوس جس میں چراغ رکھا جاتا ہے، شفاف شیشہ سے بنے ہوئے فانوس میں اگر بڑا چراغ رکھا ہوا ہو اور اس چراغ کو مشکوٰۃ (چراغ دان) میں رکھ دیا جائے جس کی روشنی ہر سمت سے بند ہو کر ایک ہی سمت میں پھیل رہی ہو تو آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ روشنی کتنی تیز ہوگی۔ اگر چراغ روشن کر دیا جائے اور اسے فانوس میں نہ رکھا جائے ایک تو ہر وقت ہوا کے کسی جھونکے سے اس کے بجھ جانے کا خطرہ ہوتا ہے نیز اس کی لو بھی مدھم ہوتی ہے اور اگر چراغ کو شیشہ کے فانوس میں رکھ دیا جائے تو بجھنے کا خطرہ بھی نہ رہے گا اور جب بلور کے شفاف فانوس سے اس کی روشنی چھن چھن کر آئے گی تو اس میں کئی گنا اضافہ ہو جائے گا۔ اور اگر وہ فانوس کھلے میدان میں رکھا ہوا ہو اور اس کی روشنی چاروں طرف پھیل رہی ہو تو بھی اس کی چمک ہر طرف پھیل جانے کی وجہ سے کم ہو جائے گی اور اگر اس فانوس کو اٹھا کر کسی ایسے چراغ دان میں رکھ دیا جائے جو صرف ایک طرف کھلتا ہو تو ساری روشنی ایک سمت میں پھیلنے کی وجہ سے کئی گنا تیز ہو جائے گی۔ وہ چراغ بالکل اس طرح دکھائی دے گا جیسے تاریک رات میں آسمان پر کوئی دمکتا ہوا ستارہ ہو جو روشن بھی ہو اور حسین بھی۔

اس زمانہ میں چراغ جلانے کے لیے مختلف قسم کے تیل استعمال کیے جاتے تھے ان تیلوں میں سے زیتون کے تیل کی روشنی بڑی تیز، صاف اور دھوئیں سے پاک ہوتی، جس چراغ میں زیتون کا تیل ڈالا جاتا اس کی چمک دمک کا مقابلہ کوئی اور چراغ نہ کر سکتا۔ پھر ہر زیتون کا درخت اور اس سے نکالا ہوا تیل ایک قسم کا

نہیں ہوتا بلکہ بعض زیتون کے درخت اپنے علاقہ وآب وہوا کی وجہ سے دوسرے زیتون کے درختوں سے زیادہ عمدہ ہوتے ہیں اوران سے نکلا ہوا تیل کہیں صاف اور روشن ہوتا ہے۔ خصوصاً زیتون کا وہ درخت جو کسی پہاڑ کی چوٹی یا کھلے میدان میں اگا ہو، طلوع آفتاب کے وقت بھی اس کی عنابی کرنیں اسے زندگی بخش اثرات سے سرشار کردیں اور جب سورج غروب ہو رہا ہو تب بھی ہوا ہر طرف سے اسے لگتی ہو اس قسم کا درخت اپنے قد و قامت میں بھی نمایاں ہوتا ہے اوراس کا تیل بھی بڑا نفیس ہوتا ہے یوں محسوس ہوتا ہے کہ اگر اسے آگ نہ بھی لگائی جائے تو از خود روشنی کے شعلے بھڑک اٹھیں گے۔

اب اس مثال کی عظمت کا اندازہ لگایئے کہ ایسے چراغ کی روشنی کی کیا کیفیت ہوگی، اس کی چمک دمک دوسرے چراغوں کو مات کررہی ہوگی اوراپنی صفائی اور لطافت کے باعث دل ونگاہ کو مسحور کررہی ہوگی، ان امور کو ذہن نشیں کرنے کے بعد اب علمائے کرام نے اس تمثیل کے جو مختلف مطالب بیان فرمائے ہیں انھیں ملاحظہ فرمایئے۔

(۱) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کعب احبار سے کہا مجھے اس آیت کا مطلب بتاؤ؟ حضرت کعب احبار نے کہا کہ یہ مثال ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق بیان کی ہے، مشکوٰۃ سے مراد سینہ مبارک ہے، زجاجہ سے مراد قلب انور ہے، مصباح سے مراد نبوت ہے۔ یعنی حضور کا نور، حضور کی شان لوگوں کے سامنے خود بخود عیاں ہو رہی ہے اگرچہ حضور اپنی نبوت کا اعلان نہ بھی کرتے۔

(۲) ابوالعالیہ نے ابی بن کعب سے نقل کیا ہے کہ یہ مومن کی مثال ہے۔ مشکوٰۃ اس کا نفس ہے، زجاجہ اس کا سینہ، مصباح نور ایمان اور نور قرآن ہے جو اللہ تعالیٰ مومن کے دل میں پیدا فرماتا ہے اور شجرۂ مبارکہ سے مراد اخلاص ہے۔

(۳) حسن بصری اور ابن زید کہتے ہیں کہ یہ قرآن کی مثال ہے۔ مصباح سے مراد قرآن کریم ہے، جس طرح چراغ سے روشنی حاصل کی جاتی ہے اسی طرح قرآن سے ہدایت حاصل کی جاتی ہے۔ زجاجہ سے مراد قلب مومن ہے، مشکوٰۃ سے مراد اس کا منہ اور اس کی زبان ہے۔ شجرۂ مبارکہ سے مراد اس کی وحی ہے۔

(۴) یا نورہ کی ضمیر کا مرجع اللہ ہوگا اس صورت میں مصباح سے مراد ذات خداوندی ہوگی۔ مشکوٰۃ سے مراد ساری کائنات ہوگی اور فانوس (زجاجہ) اس کا وہ نوری پردہ ہوگا جس کے باعث وہ عیاں اور آشکارا ہونے کے باوجود اپنی مخلوقات کی نگاہوں سے مخفی اور پنہاں ہے۔ یہ خفاء اس لیے نہیں کہ اس کے ظہور میں کچھ کمی ہے بلکہ تجلیات کی فراوانی اور انوار کی کثرت اس بات سے مانع ہے کہ کوئی آنکھ کھول کر دیکھنے کی جرأت کر سکے۔

نور اس کو کہتے ہیں جو خود ظاہر ہو اور وہ دوسروں کو ظاہر کرنے والا ہو۔ کسی چیز کے ظاہر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ وہ موجود ہو، جو چیز موجود نہیں ہوگی اس کا ظاہر ہونا ممکن نہیں ہے کیوں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات واجب الوجود ہے وہ ازل سے موجود ہے اور ابد تک موجود رہے گی نیز وہ اپنے موجود ہونے میں کسی سبب کسی علت اور کسی فاعل کا محتاج بھی نہیں اس لیے وہی ہے جو صفت نور وظہور سے متصف ہونے کا مستحق ہے وہ خود بھی موجود ہے اور اس کے امر کن سے ہر چیز کو خلعت وجود ارزانی ہوتی ہے اس لیے وہ ہر چیز کے لیے نور ہے یعنی مظہر ہے۔

اس لیے اکثر علمائے تفسیر نے اس آیت میں نور کا معنی موجد اور مبدع کیا ہے یعنی عدم سے وجود میں لانے والا، اس کے لیے آیت میں نور سے مراد مدبر بھی لیا گیا ہے کیوں کہ قوم کا وہ رئیس جو ان کے تمام کاموں کے متعلق سوچ وچار کرتا ہے اور انھیں صحیح راستہ پر چلاتا ہے اسے ''نور القوم'' کہا جاتا ہے یعنی سب اسی کی رائے کی روشنی میں اپنے جملہ امور طے کرتے ہیں۔

حضرت ابن عباس اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے نور کا معنی ''ہادی'' بھی منقول ہے۔

ھادی اھل السموات و الارض فھم بنورہ یعنی بھدایتہ الی الحق یھتدون و بھداہ من حیرۃ الضلالۃ ینجون .

یعنی آسمان اور زمین والوں کا وہی ہادی ہے پس وہ اس کے نور ہدایت سے حق کی طرف ہدایت پاتے ہیں اور گمراہی کی حیرانی سے نجات پاتے ہیں۔ (سیرت الرسول)

بشریت مصطفیٰ

قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما الھکم الہ واحد فمن کان یرجوا لقاء ربہ فلیعمل عملا صالحا و لا یشرک بعبادۃ ربہ احدا.

تم فرماؤ ظاہر صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے کہ تمھارا معبود ایک ہی معبود ہے تو جسے اپنے رب سے ملنے کی امید ہو اسے چاہیئے کہ نیک کام کرے اور اپنے رب کی بندگی میں کسی کو شریک نہ کرے۔ (الکہف۔۱۱۰)

یعنی مجھ پر بشری اعراض و امراض طاری ہوتے ہیں اور صورت خاصہ میں کوئی بھی آپ کا مثل نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو حسن و صورت میں بھی سب سے اعلیٰ و بالا کیا اور حقیقت و روح و باطن کے اعتبار سے تو تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام اوصاف بشر سے اعلیٰ ہیں۔ جیسا کہ شفاء قاضی عیاض میں ہے۔

اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے شرح مشکوٰۃ میں فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام کے اجسام و ظواہر تو حد بشریت پر چھوڑے گئے اور ان کے ارواح و بواطن بشریت سے بالا اور ملاء اعلیٰ سے متعلق ہیں۔

شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے سورۃ والضحیٰ کی تفسیر میں فرمایا کہ آپ کی بشریت کا وجود اصلاً نہ رہے اور غلبۂ انوار حق آپ پر علی الدوام حاصل ہو۔ بہر حال آپ کی ذات و کمالات میں آپ کا کوئی بھی مثل نہیں۔

اس آیت کریمہ میں آپ کو اپنی ظاہری صورت بشریہ کے بیان کا اظہار تواضع کے لیے حکم فرمایا گیا، یہی فرمایا ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے۔

فائدہ

کسی کو جائز نہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے مثل بشر کہے، کیوں کہ

(۱) جو کلمات اصحاب عزت و عظمت بطریق تواضع فرماتے ہیں ان کا کہنا دوسروں کے لیے روا نہیں ہوتا۔

(۲) یہ کہ جس کو اللہ تعالیٰ نے فضائل جلیلہ و مراتب رفیعہ عطا فرمائے ہوں اس کے ان فضائل و مراتب کا ذکر چھوڑ کر ایسے وصف عام سے ذکر کرنا جو ہر کہ ومہ میں پایا جائے ان کمالات کے نہ ماننے کا مشعر ہے۔

(۳) یہ کہ قرآن کریم میں جا بجا کفار کا طریقہ بتایا گیا ہے کہ وہ انبیاء کو اپنے مثل بشر کہتے تھے اور اسی سے گمراہی میں مبتلا ہوئے۔

پھر اس کے بعد آیت یوحی الی، میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مخصوص بالعلم اور مکرم عند اللہ ہونے کا بیان ہے۔ (خزائن العرفان)

قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی انما الھکم اله واحد فاستقیموا له و استغفروه و ویل للمشرکین .

تم فرماؤ آدمی ہونے میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی ہوتی ہے کہ تمھارا معبود ایک ہی معبود ہے تو اس کے حضور سیدھے رہو اور اس سے معافی مانگو اور خرابی ہے شرک والوں کو۔ (حم السجدہ، ٦)

اے اکرم الخلق سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم براہ تواضع ان لوگوں کے ارشادات و ہدایات کے لیے فرماؤ، کہ آدمی ہونے میں تو میں تم جیسا ہوں ظاہر میں، کہ میں دیکھا بھی جاتا ہوں، میری بات بھی سنی جاتی ہے اور میرے تمھارے درمیان میں بظاہر کوئی جنسی مغایرت بھی نہیں ہے تو تمھارا یہ کہنا کیسے صحیح ہو سکتا ہے کہ میری بات نہ تمھارے دل تک پہنچے نہ تمھارے سننے میں آئے اور میرے تمھارے درمیان کوئی روک ہو بجائے میرے کوئی غیر جنس جن یا فرشتہ آتا تو تم کہہ سکتے تھے کہ نہ وہ ہمارے دیکھنے میں آئیں نہ ان کی بات سننے میں آئے نہ ہم ان کے کلام کو سمجھ سکیں ہمارے ان کے درمیان تو جنسی مخالفت ہی بڑی روک ہے لیکن یہاں تو ایسا نہیں کیوں کہ میں بشری صورت میں جلوہ نما ہوا تو تمھیں مجھ سے مانوس ہونا چاہیئے اور میرے کلام کے سمجھنے اور اس سے فائدہ اٹھانے کی بہت کوشش کرنا چاہیئے کیوں کہ میرا مرتبہ بہت بلند ہے اور میرا کلام بہت عالی ہے اس لیے کہ میں وہی کہتا ہوں جو مجھے وحی ہوتی ہے۔

فائدہ

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بلحاظ ظاہر، انا بشر مثلکم فرمانا حکمت ہدایت وارشاد کے لیے بطریق تواضع ہے اور جو کلمات تواضع کے لیے کہے جائیں وہ تواضع کرنے والے کے علو منصب کی دلیل ہوتے ہیں چھوٹوں کا ان کلمات کو اسکی شان میں کہنا یا اس سے برابری ڈھونڈنا ترک ادب اور گستاخی ہوتا ہے تو کسی امتی کو روا نہیں کہ وہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے مماثل ہونے کا دعویٰ کرے۔ یہ بھی ملحوظ رہنا چاہیئے کہ آپ کی بشریت بھی سب سے اعلیٰ ہے ہماری بشریت کو اس سے کچھ بھی نسبت نہیں۔

(خزائن العرفان)

حضور انور حاضر و ناظر ہیں

یا ایھا النبی انا ارسلنک شاھدا و مبشرا و نذیرا.

اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی) بیشک ہم نے تمھیں بھیجا حاضر و ناظر اور خوشخبری دیتا اور ڈر سناتا۔ (الاحزاب،۴۵)

شاہد کا ترجمہ حاضر و ناظر بہت بہترین ترجمہ ہے۔ مفردات راغب میں ہے۔

الشھود و الشھادۃ الحضور مع المشاھدۃ اما بالبصر او بالبصیرۃ.

یعنی شہود اور شہادت کے معنی ہیں حاضر ہونا مع ناظر ہونے کے بصر کے ساتھ ہو یا بصیرت کے ساتھ۔ اور گواہ کو بھی اسی لیے شاہد کہتے ہیں کہ وہ مشاہدہ کے ساتھ جو علم رکھتا ہے اس کو بیان کرتا ہے۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام عالم کی طرف مبعوث ہیں آپ کی رسالت عامہ ہے جیسا کہ سورۂ فرقان کی پہلی آیت میں بیان ہوا تو حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قیامت تک ہونے والی ساری خلق کے شاہد ہیں اور ان کے اعمال و افعال و احوال تصدیق، تکذیب، ہدایت، ضلالت سب کا مشاہدہ فرماتے ہیں۔ (خزائن العرفان)

اللہ تعالیٰ اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بڑے محبت بھرے انداز میں خطاب فرماتا ہے اور اس کے بعد ان جلیل القدر القاب کا ذکر کرتا ہے جن سے اس نے اپنے محبوب کو سرفراز فرمایا۔ ان کے ذکر سے اگر ایک طرف اپنے پیارے رسول کی عزت افزائی مقصود ہے تو دوسری طرف مسلمانوں کو بھی حوصلہ دیا جارہا ہے کہ تم ان طوفانوں سے نہ گھبراؤ، ان تند و تیز لہروں سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ یہ منھ کھولے ہوئے گرداب تمھارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے، اس ملت کا سفینہ ہم نے کسی ایسے ملاح کے سپرد نہیں کیا جو کم ہمت، دوں حوصلہ، نااہل اور ناتجربہ کار ہو بلکہ اس کشتی کا ناخدا وہ نبی برحق ہے جس کو ہم نے ان صفات جلیلہ

سے متصف کیا ہے۔تم صبر واستقامت سے اس کا دامن اطاعت مضبوطی سے پکڑے رہو یقیناً تمھیں ساحل مراد تک رسائی نصیب ہوگی۔ ساتھ ہی دشمنان اسلام کی ان ناپاک آرزوؤں کو بھی خاک میں ملادیا جو اپنی سازشوں اور حیلہ سازیوں سے حق کی اس شمع فروزاں کو بجھانا چاہتے تھے۔ارشاد فرمایا:

اے میرے نبی مکرم ہم نے تجھے شاہد بنایا ہے۔

یہاں ایک چیز غور طلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ تو فرمایا کہ ہم نے تجھے شاہد بنایا لیکن جس چیز پر شاہد بنایا اس کا ذکر نہیں کیا گیا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر کوئی ایک چیز ذکر کردی جاتی تو شہادت نبوت وہاں محصور ہو کر رہ جاتی ، یہاں اس شہادت کو کسی ایک امر پر محصور کرنا مقصود نہیں بلکہ اس کی وسعت کا اظہار مطلوب ہے۔یعنی حضور گواہ ہیں اللہ تعالیٰ کی توحید اور اس کی تمام صفات کمالیہ پر۔ کیوں کہ جب ایسی باکمال ہستی اور ہمہ صفت موصوف ہستی یہ گواہی دے رہی ہو کہ **لا الہ الا اللہ** تو کسی کو اس دعوت حق میں شک نہیں رہتا۔ دولت ،حکومت ،شخصی وجاہت ،علم اور فضل وکمال یہ ایسے حجاب ہیں جن میں لوگ کھو جاتے ہیں اور اپنے خالق کریم کی ہستی سے غافل ہو جاتے ہیں۔حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس شہادت سے وہ سارے حجابات تار تار ہو گئے اور اس جلیل المرتبت نبی کی شہادت توحید کے بعد کوئی سلیم الطبع آدمی اس کو تسلیم کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہیں کرے گا۔ نیز حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ،اس کے عقائد،اس کے نظام عبادات واخلاق اور اس کے سارے قوانین کی حقانیت کے بھی گواہ ہیں۔اسی کے اتباع میں فلاح دارین کا راز مضمر ہے،اسی آئین کے نفاذ سے اس گلشن ہستی میں بہار جاوداں آسکتی ہے۔اور جب قیامت کے روز سابقہ امتیں اپنے انبیاء کی دعوت کا انکار کردیں گی کہ نہ ان کے پاس کوئی نبی آیا نہ کسی نے ان کو دعوت توحید دی اور نہ انھیں کسی نے گناہوں سے روکا،تو اس وقت بھرے مجمع میں اللہ تعالیٰ کا یہ رسول انبیاء علیہم السلام کی صداقت کی گواہی دے گا کہ رب العالمین ! تیرے نبیوں نے تیرے احکام پہنچائے اور تیری طرف بلانے میں انھوں نے کسی کوتاہی کا ثبوت نہیں دیا، یہ لوگ جو آج

تیرے انبیاء کی دعوت کا سرے سے انکار کر رہے ہیں یہ وہی لوگ ہیں جنھوں نے اپنے نبیوں پر پتھر برسائے، ان کو طرح طرح کی اذیتیں دیں، انھیں جھٹلایا اور بعض نے تو تیرے نبیوں کو تختۂ دار پر کھینچ دیا۔ اس کے علاوہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی امت کے اعمال کی گواہی دیں گے کہ فلاں نے کیا کیا اور فلاں سے کیا غلطی سرزد ہوئی۔

اخرج ابن المبارک عن سعید بن المسیب قال لیس من یوم الا و یعرض علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امتہ غدوۃ و عشیۃ فیعرفھم بسیماھم و لذلک یشھد علیھم.

عبداللہ بن مبارک نے حضرت سعید بن میسب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ ہر روز صبح و شام حضور کی امت حضور پر پیش کی جاتی ہے اور حضور ہر فرد کو اس کے چہرے سے پہچانتے ہیں اس لیے حضور ان پر گواہی دیں گے۔

حضور کا دوسرا لقب ''مبشرا'' ہے یعنی خوشخبری دینے والے، آپ نے اپنی امت کو یہ خوش خبری دی کہ جو اس دین پر ایمان لائے گا، اس کے ارشادات پر عمل کرے گا وہ دونوں جہانوں میں کامیاب و کامراں ہوگا۔

تیسرا لقب ''نذیرا'' ہے نذیر کا معنی ہے کسی شخص کو نافرمانی کے نتائج سے بروقت آگاہ کرنے والا۔ یہ بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان ہے۔ (سیرت الرسول)

انا ارسلنک شاھدا و مبشرا و نذیرا. (الفتح، ۸)

بے شک ہم نے تمھیں بھیجا حاضر و ناظر اور خوشی اور ڈر سناتا۔

حاضر و ناظر سے مراد یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی امت کے احوال و افعال ملاحظہ

فرماتے ہیں تا کہ روز قیامت ان کی گواہی دیں۔ ڈر سنانے سے مراد یہ ہے کہ حضور مومنین مقربین کو جنت کی خوشی اور نافرمانوں کو عذاب دوزخ کا ڈر سناتے ہیں۔ (خزائن العرفان)

انا ارسلنا الیکم رسولا شاھدا علیکم کما ارسلنا الی فرعون رسولا.

بے شک ہم نے تمھاری طرف ایک رسول بھیجے کہ تم پر حاضر ناظر ہیں جیسے ہم نے فرعون کی طرف رسول بھیجے۔ (المزمل،١٥)

و کذلک جعلناکم امة وسطا لتکونوا شهداء علی الناس و یکون الرسول علیکم شهیدا.

اور بات یوں ہی ہے کہ ہم نے تمھیں کیا سب امتوں میں افضل کہ تم لوگوں پر گواہ ہو اور یہ رسول تمھارے نگہبان و گواہ۔ (البقرة،١٤٣)

امت کو تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اطلاع کے ذریعہ سے احوال امم و تبلیغ انبیاء کا علم قطعی و یقینی حاصل ہے اور رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بکرم الٰہی نور نبوت سے ہر شخص کے حال اور اس کی حقیقت ایمان اور اعمال نیک و بد اور اخلاق و نفاق سب پر مطلع ہیں۔

فائدے

اسی لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شہادت دنیا میں بحکم شرع امت کے حق میں مقبول ہے یہی وجہ ہے کہ حضور نے اپنے زمانہ کے حاضرین کے متعلق جو کچھ فرمایا مثلاً صحابہ و ازواج و اہل بیت کے فضائل و مناقب یا غائبوں اور بعد والوں کے لیے مثلاً حضرت اویس و امام مہدی وغیرہ کے اس پر اعتقاد واجب ہے۔

ہر نبی کو ان کی امت کے اعمال پر مطلع کیا جاتا ہے تا کہ روز قیامت شہادت دے سکیں چوں کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شہادت عام ہوگی اس لیے حضور تمام امتوں کے احوال پر مطلع ہیں۔

یہاں ''شہید'' بمعنی مطلع بھی ہوسکتا ہے کیوں کہ شہادت کا لفظ علم واطلاع کے معنی میں بھی آیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے و الله علی کل شئ شهید۔ (خزائن العرفان)

حضور کی حفاظت وصیانت کا خدائی وعدہ

یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک و ان لم تفعل فما بلغت رسلته و الله یعصمک من الناس ان الله لا یهدی القوم الکافرین۔

اے رسول پہنچا دو جو کچھ اترا تمھیں تمھارے رب کی طرف سے اور ایسا نہ ہو تو تم نے اس کا کوئی پیام نہ پہنچایا اور اللہ تمھاری نگہبانی کرے گا لوگوں سے بے شک اللہ کافروں کو راہ نہیں دیتا۔ (المائدۃ ۶۷)

یعنی کفار سے حفاظت کا وعدہ کیا گیا جو آپ کے قتل کا ارادہ رکھتے ہیں، سفروں میں شب کو حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پہرہ دیا جاتا تھا جب یہ آیت نازل ہوئی پہرہ ہٹا دیا گیا اور حضور نے پہرہ داروں سے فرمایا کہ تم لوگ چلے جاؤ اللہ تعالیٰ نے میری حفاظت فرمائی۔ (خزائن العرفان)

تشریح: جس قوم کی اصلاح اور ہدایت کے لیے سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا گیا تھا ان کی کوئی بات بھی تو درست نہ تھی، سیاسی طور پر وہ بدنظمی اور انتشار کا شکار تھے، معاشی طور پر ان کی بدحالی کی مثال نہ تھی، اخلاقی لحاظ سے ان کے یہاں الٹی گنگا بہتی تھی، شراب نوشی، جوا بازی اور بدکاری، سرداری اور دولت مندی کی علامات تھیں۔ ظلم وقتل کو شجاعت، معصوم بچیوں کو زندہ درگور کرنے کو تقاضائے حمیت وغیرت، اور اسراف وفضول خرچی کو سخاوت کہا نہیں جاتا بلکہ یقین کیا جاتا تھا۔ دینی

لحاظ سے تو اتنا کہہ دینا کافی ہے کہ وہ گھر جو اللہ وحدہ ولا شریک کی عبادت کے لیے تعمیر کیا گیا تھا وہاں تین سو ساٹھ بتوں کی پوجا ہو رہی تھی۔ یہ ان کا دین تھا، ان کا عقیدہ تھا، انھیں اس پر کامل یقین بھی تھا اور اس سے والہانہ محبت بھی تھی۔ اب جو ہستی ایک ہمہ گیر انقلاب کی داعی بن کر آئی تھی، جسے زندگی کے ہر شعبہ میں جملہ خرابیوں کی اصلاح کے لیے مقرر فرمایا گیا تھا۔ اس کا فرض تھا کہ اس سیاسی انتشار کے جو محرکات تھے ان پر ضرب کاری لگائے، وہ عناصر جن کی دھاندلیاں وہاں کی معاشی زندگی کو درہم برہم کر رہی تھیں ان کے منہ میں بھی لگام دے۔ وہ خبیث و مکروہ عادتیں اور وحشیانہ افعال جن پر بداخلاقیوں کے موٹے اور سیاہ غلاف چڑھے ہوئے تھے ان کو بھی بے نقاب کرے اور اخلاق فاضلہ کا صحیح مفہوم بھی ان کے ذہن نشیں کرائے اور ان کی عقیدت کے صنم کدوں میں جتنے بت تھے پتھر کے، تانبے کے، پیتل کے، اپنی خواہشات کے، اپنے نفس کے، ذاتی اور قبائلی عصبیتوں کے ان سارے بتوں کو الا اللہ کی ضرب سے ریزہ ریزہ کر دے۔

اس کار عظیم کے لیے قدرت کی نظر انتخاب پڑی تو اس پر جس کا کوئی بھائی نہیں، جس کے سر پر باپ اور دادا کا سایہ نہیں، دولت و ثروت نہیں، خدام و نوکر نہیں اس کے پاس صرف اللہ کا نام ہے یہی اس کی ساری قوتوں کا سرچشمہ ہے، یہی اس کی ساری توانائیوں کا منبع ہے اس نازک اور مشکل ترین خدمت کے لیے اسے متعین فرما کر اس کا رب اسے فرماتا ہے کہ آپ رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں اور رسول کا کام یہ ہے کہ اپنے بھیجنے والے کا پیغام بے خوف و خطر کسی رد و بدل کے بغیر پہنچا دے۔ اس لیے اپنے منصب رسالت کا پاس رکھتے ہوئے اپنے رب کریم کا جو حکم آپ کو ملے اس کو اس کی مخلوق تک پہنچا دیں اگر کسی حکم کے پہنچانے میں پس و پیش کیا تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ نے اپنا فرض منصبی پورا کرنے میں غفلت برتی ہے اور اس کا حق ادا نہیں کیا۔ باقی رہی دشمنوں کی قوت، کفار کے حملے، منافقین کی سازشیں اور یہود کی ریشہ دوانیاں، تو سن لو اللہ تعالیٰ خود آپ کا نگہبان ہے کوئی آپ کو گزند نہیں پہنچا سکتا۔ اب آپ خود غور کیجیے کہ اس صریح اور پر

جلال حکم کے بعد کوئی یہ باور کرسکتا ہے کہ حضور نے کسی کی پاسداری کے لیے یا کسی کے خوف سے اللہ تعالیٰ کے کسی حکم کو چھپایا ہو؟ نوع انسانی کے عوام وخواص میں سے جو بات جس طبقہ کے لائق اور جس کی استعداد کے مطابق تھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلاکم وکاست اور بے خوف وخطر پہنچا کر خدا کی حجت بندوں پر تمام کردی۔ (سیرت الرسول)

حضور کی تعظیم وتوقیر

انا ارسلناک شاھدا و مبشرا و نذیرا لتؤمنوا باللہ و رسولہ و تعزروہ و تؤقروہ و تسبحوہ بکرۃ و اصیلا.

بے شک ہم نے تمہیں بھیجا حاضر وناظر اور خوشی اور ڈر سناتا تاکہ اے لوگو تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم وتوقیر کرو اور صبح وشام اللہ کی پاکی بولو۔ (الفتح، ۹)

یہاں حکم دیا جارہا ہے کہ میرے پیارے رسول پر سچے دل سے ایمان لاؤ، اس کی نصرت واعانت میں سردھڑ کی بازی لگادو، اس کے دین کی سربلندی کے لیے اپنے جملہ مادی اور ادبی وسائل کو پیش کردو اور اس کے ساتھ ساتھ میرے محبوب کے ادب واحترام کو ہمیشہ ملحوظ رکھو، ایسا نہ ہو کہ تم دین کی خدمت تو کرو لیکن بارگاہ نبوت کے آداب کو ملحوظ نہ رکھو۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اعانت اور اسی طرح حضور کی تعظیم وتکریم یکساں اہمیت کی حامل ہیں۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں کہ ''تعزروہ'' اور ''تؤقروہ'' ضمیر مفعول کا مرجع حضور کی ذات والا صفات ہے یہاں وقف تام ہے۔ اور ''تسبحوہ'' سے نیا کلام شروع ہوتا ہے اور یہاں مفعول کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی تسبیح کیا کرو، بعض علماء نے تمام افعال میں مفعول کی ضمیروں کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات کو قرار دیا ہے تاکہ تفریق ضمائر لازم نہ آئے۔ (سیرت الرسول)

یـا ایھـا الـذین آمنوا لا تقدموا بین یدی الله و رسوله و اتقوا الله ان الله سمیع علیم .

اے ایمان والواللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھواور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ سنتا جانتا ہے۔

(الحجرات،۱)

یعنی تمھیں لازم ہے کہ اصلاً تم سے تقدم واقع نہ ہو نہ قول میں نہ فعل میں کہ تقدم کرنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ادب و احترام کے خلاف ہے بارگاہ رسالت میں نیاز مندی وآداب لازم ہیں۔

شان نزول: چند شخصوں نے عید اضحیٰ کے دن سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلے قربانی کر لی تو ان کو حکم دیا گیا کہ دوبارہ قربانی کریں۔

اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ بعض لوگ رمضان سے ایک روز پہلے ہی روزہ رکھنا شروع کر دیتے تھے ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی اور حکم دیا گیا کہ روزہ رکھنے میں اپنے نبی سے تقدم نہ کرو۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (خزائن العرفان)

یـا ایھا الذین آمنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی و لا تجھروا له بالقول کجھر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم و انتم لا تشعرون .

اے ایمان والو! اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اس غیب بتانے والے (نبی) کی آواز سے اور ان کے حضور بات چلا کر نہ کہو جیسے آپس میں ایک دوسرے کے سامنے چلاتے ہو کہ کہیں تمھارے عمل اکارت نہ ہو جائیں اور تمھیں خبر نہ ہو۔ (الحجرات،۲)

یعنی جب حضور میں کچھ عرض کرو تو آہستہ پست آواز سے عرض کرو یہی دربار رسالت کا ادب

واحترام ہے۔

اس آیت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اجلال واکرام وادب واحترام تعلیم فرمایا گیا ہے اور حکم دیا ہے کہ ندا کرنے میں ادب کا پورا لحاظ رکھیں جیسے آپس میں ایک دوسرے کو نام لے کر پکارتے ہیں اس طرح نہ پکاریں بلکہ جو کلمات ادب وتعظیم وتوصیف وتکریم والقاب عظمت کے ساتھ عرض کرو جو عرض کرنا ہو ترک ادب سے نیکیوں کے برباد ہونے کا اندیشہ ہے۔

شانِ نزول: حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ یہ آیت ثابت بن قیس بن شماس کے حق میں نازل ہوئی انھیں ثقل سماعت کا عارضہ تھا اور آواز ان کی اونچی تھی بات کرنے میں آواز بلند ہوجایا کرتی تھی جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضرت ثابت اپنے گھر میں بیٹھ رہے اور کہنے لگے کہ میں اہل نار سے ہوں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت سعد سے ان کا حال دریافت فرمایا انھوں نے عرض کی کہ وہ میرے پڑوسی ہیں اور میرے علم میں انھیں کوئی بیماری تو نہیں ہوئی پھر آکر حضرت ثابت سے اس کا ذکر کیا ثابت نے کہا یہ آیت نازل ہوئی اور تم جانتے ہو کہ میں تم سب سے زیادہ بلند آواز ہوں تو میں جہنمی ہوگیا۔ حضرت سعد نے یہ حال خدمت اقدس میں عرض کی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ اہل جنت سے ہیں۔

ان الذین یغضون اصواتھم عند رسول اللہ اولئک الذین امتحن اللہ قلوبھم للتقوی لھم مغفرۃ و اجر عظیم .

بے شک وہ جو اپنی آوازیں پست کرتے ہیں رسول اللہ کے پاس وہ ہیں جن کا دل اللہ نے پرہیزگاری کے لیے پرکھ لیا ہے ان کے لیے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔ (الحجرات،۳)

شانِ نزول: یا ایھا الذین آمنوا لا ترفعوا اصواتکم کے نازل ہونے کے بعد حضرت ابوبکر صدیق وعمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور بعض اور صحابہ نے بہت احتیاط لازم کرلی اور خدمت اقدس

میں بہت ہی پست آواز سے عرض معروض کرتے ان حضرات کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی۔

ان الذین ینادونک من وراء الحجرات اکثرھم لا یعقلون و لو انھم صبروا حتی تخرج الیھم لکان خیرا لھم و اللہ غفور رحیم .

بے شک وہ جو تمہیں حجروں کے باہر سے پکارتے ہیں ان میں اکثر بے عقل ہیں اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ تم آپ ان کے پاس تشریف لاتے تو یہ ان کے لیے بہتر تھا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ **(الحجرات،۴۔۵)**

شانِ نزول: یہ آیت وفد بنی تمیم کے حق میں نازل ہوئی کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں دوپہر کے وقت پہنچے جب کہ حضور آرام فرما رہے تھے ان لوگوں نے حجروں کے باہر سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پکارنا شروع کیا حضور تشریف لائے ان لوگوں کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی اور اجلال شان رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بیان فرمایا گیا کہ بارگاہ اقدس میں اس طرح پکارنا جہل و بے عقلی ہے اور ان لوگوں کو ادب کی تلقین کی گئی۔

لا تجعلوا دعاء الرسول بینکم کدعاء بعضکم بعضا.

رسول کے پکارنے کو آپس میں ایسا نہ ٹھہرالو جیسا تم میں ایک دوسرے کو پکارتا ہے۔

(الفرقان،۶۳)

کیوں کہ جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پکاریں اس پر اجابت و تعمیل واجب ہو جاتی ہے اور ادب سے حاضر ہونا لازم ہو جاتا ہے اور قریب حاضر ہونے کے لیے اجازت طلب کرے اور اجازت سے ہی واپس ہو۔

اور ایک معنی بعض مفسرین نے یہ بھی بیان فرمائے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ندا

کرے تو ادب و تکریم اور توقیر و تعظیم کے ساتھ آپ کے معظم القاب سے نرم آواز کے ساتھ متواضعانہ و منکسرانہ لہجہ میں یا نبی اللہ ، یا رسول اللہ ، یا حبیب اللہ کہہ کر۔ (خزائن العرفان)

علم غیب مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

و ما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب و لکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء .

اور اللہ کی شان یہ نہیں کہ اے عام لوگ تمہیں غیب کا علم دے دے ہاں اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں سے جسے چاہے۔ (آل عمران،۱۷۹)

یعنی اللہ تعالیٰ برگزیدہ رسولوں کو غیب کا علم دیتا ہے اور سید انبیاء حبیب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رسولوں میں سب سے افضل اور اعلیٰ ہیں۔ اس آیت سے اور اس کے سوا بکثرت آیات و احادیث سے ثابت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کو غیوب کے علوم عطا فرمائے اور غیوب کے علم آپ کا معجزہ ہیں۔

و علمک ما لم تکن تعلم و کان فضل اللہ علیک عظیما .

اور تمہیں سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے۔ (النساء،۱۱۳)

یعنی اللہ تعالیٰ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام امور دین و احکام شرع و علوم غیب سکھا دیئے۔ اس آیت سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام کائنات کے علوم عطا فرمائے اور کتاب و حکمت کے اسرار و حقائق پر مطلع کیا یہ مسئلہ قرآن کریم کی بہت آیات اور احادیث کثیرہ سے ثابت ہے۔

عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول .

غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوا اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

(الجن، ۲۶-۲۷)

یعنی رسولوں کو غیوب پر مسلط کرتا ہے اور اطلاع کامل اور کشف تام عطا فرماتا ہے اور یہ علم غیب ان کے لیے معجزہ ہوتا ہے۔ اولیاء کو بھی اگر چہ غیوب پر اطلاع دی جاتی ہے مگر انبیاء کا علم باعتبار کشف و انجلاء اولیاء کے علم سے بہت بلند و بالا وارفع و اعلیٰ ہے اور اولیاء کے علوم انبیاء کی وساطت اور انہیں کے فیض سے ہوتے ہیں۔ سید الرسل، خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مرتضیٰ رسولوں میں سب سے اعلیٰ ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام اشیاء کے علوم عطا فرمائے جیسا کہ صحاح کی معتبر احادیث سے ثابت ہے اور یہ آیت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور تمام مرتضیٰ رسولوں کے لیے غیب کا علم ثابت کرتی ہے۔ (خزائن العرفان)

اس آیت نے بتا دیا کہ اللہ تعالیٰ کی دوسری تمام صفات کی طرح اس کی یہ صفت بھی قدیم ہے، ذاتی ہے اور غیر متناہی ہے یعنی ایسا نہیں کہ وہ پہلے کسی چیز کو نہیں جانتا تھا اور اب جاننے لگا ہے بلکہ وہ ہمیشہ ہمیشہ سے ہر چیز کو اس کے پیدا ہونے سے پہلے بھی، اس کی حین حیات میں بھی اور اس کے مرنے کے بعد بھی اپنے علم تفصیلی سے جانتا ہے۔ نیز اس کا یہ علم اس کا ذاتی ہے کسی نے اس کو سکھایا نہیں ہے نیز اس کے علم کی نہ کوئی حد ہے نہ نہایت، اگر کوئی شخص کم یا کیف یعنی مقدار اور کیفیت کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کی کسی صفت کا کسی کے لیے اثبات کرے تو وہ ہمارے نزدیک شرک کا مرتکب ہوگا۔

اس لیے حضور پر نور امام الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم مبارک خداوند کریم کے علم کی طرح قدیم نہیں بلکہ حادث ہے یعنی پہلے نہیں تھا بعد میں اللہ تعالیٰ کی تعلیم دینے سے حاصل ہوا۔ خداوند کریم کے علم کی طرح ذاتی نہیں بلکہ عطائی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے سکھانے سے حاصل ہوا۔ نیز حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم خداوند کریم کے علم کی طرح غیر متناہی اور غیر محدود نہیں بلکہ متناہی اور محدود ہے اور

اللہ تعالیٰ کے علم محیط کے ساتھ حضور فخر موجودات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم کی نسبت اتنی بھی نہیں جتنی پانی کے ایک قطرہ کو دنیا بھر کے سمندروں سے ہے۔

ہاں اتنا فرق ضرور ہے کہ حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ حادث، عطائی اور محدود علم اتنا محدود نہیں جتنا بعض حضرات نے سمجھ رکھا ہے۔ اس کی وسعتوں کو یا تو دینے والا جانتا ہے یا لینے والا یا سکھانے والے کو پتہ ہے یا سیکھنے والے کو۔ ہم تم تو کس گنتی میں ہیں جبریل امین بھی وہاں دم مارنے کی مجال نہیں رکھتے۔ **فاوحی الی عبدہ ما اوحی** اس نے وحی فرمائی اپنے بندے کی طرف جو وحی فرمائی۔ علم و معرفت کی وہ وسعتیں اور بے کرانیاں جن پر بیان کا ہر جامہ تنگ ہے ان کی حد برآری ہم کرنے لگیں گے تو ٹھوکریں نہیں کھائیں گے تو اور کیا ہوگا۔

علامہ سید محمود آلوسی بغدادی تحریر فرماتے ہیں:

حق بات یہ ہے کہ جس آیت یا حدیث میں جس علم غیب کی نفی کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اسے کوئی نہیں جانتا اس سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص اسے خود بخود نہیں جان سکتا اور خاص بندوں کو جو علم حاصل ہے وہ یہ علم نہیں جس کی آیت میں نفی کی گئی ہے بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کی فیض رسانی سے انھیں حاصل ہوا ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی فیض رسانی کے متعدد وجوہ میں سے کسی ایک وجہ سے انھیں مرحمت فرمایا ہے۔

وبالجملة علم الغيب بلا واسطة كلا او بعضا مخصوص بالله جل و علا لا يعلمه احد من الخلق اصلاً.

یعنی بحث کا حاصل یہ ہے کہ علم الغیب بلا واسطہ کلاً اور بعضاً اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ خاص ہے یعنی نہ سارا علم غیب بغیر اس کے بتائے کوئی جان سکتا ہے اور نہ بعض کوئی جان سکتا ہے۔

(سیرت الرسول)

الرحمن علم القرآن ، خلق الانسان علمه البيان .

رحمٰن نے اپنے محبوب کو قرآن سکھایا، انسانیت کی جان محمد کو پیدا کیا ما کان و ما یکون کا بیان انھیں سکھایا۔ (الرحمٰن ،۱،۲،۳،۴)

شانِ نزول: جب آیت اسجدوا للرحمن نازل ہوئی تو کفار مکہ نے کہا رحمٰن کیا ہے ہم نہیں جانتے اس پر اللہ تعالیٰ نے الرحمن نازل فرمائی کہ رحمٰن جس کا تم انکار کرتے ہو وہی ہے جس نے قرآن نازل فرمائی۔

اور ایک قول یہ ہے کہ اہل مکہ نے جب کہا کہ محمد (مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو کوئی بشر سکھا تا ہے تو یہ آیت نازل ہوئی اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا کہ رحمٰن نے قرآن اپنے حبیب محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سکھایا۔

انسان سے اس آیت میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مراد ہیں اور بیان سے ما کان و ما یکون کا بیان، کیوں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اولین وآخرین کی خبر دیتے تھے۔ (خزائن العرفان)

و ما هو على الغيب بضنين .

اور یہ نبی غیب بتانے میں بخیل نہیں۔ (التکویر ۲۴)

معراج مقدس

سبحان الذى اسرى بعبده ليلا من المسجد الحرام الى المسجد الاقصى الذى باركنا حوله لنريه من آيتنا انه هو السميع البصير .

پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک جس کے گردا

گرد ہم نے برکت رکھی کہ ہم اسے اپنی عظیم نشانیاں دکھائیں بیشک وہ سنتا دیکھتا ہے۔ (بنی اسرائیل، ۱)

بندے سے مراد محبوب خدا محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اور رات سے مراد شب معراج، مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ کا فاصلہ چالیس منزل یعنی سوا مہینہ سے زیادہ کی راہ ہے۔

شان نزول: جب سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شب معراج درجات عالیہ ومراتب رفیعہ پر فائز ہوئے تو رب عزوجل نے خطاب فرمایا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) یہ فضیلت وشرف میں نے تمھیں کیوں عطا فرمایا حضور نے عرض کی اس لیے کہ تو نے مجھے عبدیت کے ساتھ اپنی طرف منسوب فرمایا اس پر یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی۔

مسجد اقصیٰ کے اردگرد سے مراد دینی ودنیوی برکتیں ہیں کہ وہ سرزمین پاک وحی کی جائے نزول اور انبیاء کی عبادت گاہ اور ان کا جائے قیام وقبلہ عبادت ہے اور کثرت انہار واشجار سے وہ زمین سرسبز وشاداب اور میووں اور پھلوں کی کثرت سے بہترین عیش وراحت کا مقام ہے۔

معراج شریف، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک جلیل معجزہ اور اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے اور اس سے حضور کا وہ کمال قرب ظاہر ہوتا ہے جو مخلوق الٰہی میں آپ کے سوا کسی کو میسر نہیں، نبوت کے بارھویں سال سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معراج سے نوازے گئے۔ مہینہ میں اختلاف ہے مگر اشہر یہ ہے کہ ستائیسویں رجب کو معراج ہوئی۔ مکہ مکرمہ سے حضور کا بیت المقدس تک شب کے چھوٹے حصہ میں تشریف لے جانا نص قرآنی سے ثابت ہے اس کا منکر کافر ہے۔ اور آسمانوں کی سیر اور منازل قرب میں پہنچنا احادیث صحیحہ معتمدہ مشہورہ سے ثابت ہے جو حد تواتر کے قریب پہنچ گئی ہیں اس کا منکر گمراہ ہے۔

معراج شریف، بحالت بیداری جسم وروح دونوں کے ساتھ واقع ہوئی یہی جمہور اہل اسلام کا عقیدہ ہے اور اصحاب رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کثیر جماعتیں اور حضور کے اجلہ اصحاب اسی کے معتقد

ہیں نصوص آیات و احادیث سے بھی یہی مستفاد ہوتا ہے۔ تیرہ دماغان فلسفہ کے اوہام فاسدہ محض باطل ہیں قدرت الٰہی کے معتقد کے سامنے وہ تمام شبہات محض بے حقیقت ہیں۔

حضرت جبریل علیہ السلام کا براق لے کر حاضر ہونا، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غایت اکرام و احترام کے ساتھ سوار کر کے لے جانا بیت المقدس میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا انبیاء کی امامت فرمانا، پھر وہاں سے سیر سموات کی طرف متوجہ ہونا، جبریل امین علیہ السلام کا ہر ہر آسمان کے دروازہ کھلوانا، ہر ہر آسمان پر وہاں کے صاحب مقام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا شرف زیارت سے مشرف ہونا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تکریم کرنا، احترام بجالانا، تشریف آوری کی مبارکبادیاں دینا، حضور کا ایک آسمان سے دوسرے آسمان کی طرف سیر فرمانا، وہاں کے عجائب دیکھنا اور تمام مقربین کی نہایت منازل سدرۃ المنتہیٰ کو پہنچنا جہاں سے آگے بڑھنے کی کسی ملک مقرب کو بھی مجال نہیں۔ جبریل امین کا وہاں معذرت کر کے رہ جانا، پھر مقام قرب خاص میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ترقیاں فرمانا اور اس قرب اعلیٰ میں پہنچنا کہ جس کے تصور تک خلق کے اوہام و افکار بھی پرواز سے عاجز ہیں وہاں مورد رحمت و کرم ہونا اور انعامات الٰہیہ اور خصائص نعم سے سرفراز فرمایا جانا اور ملکوت سماوات و ارض اور ان سے افضل و برتر علوم پانا اور امت کے لیے نمازیں فرض ہونا، حضور کا شفاعت فرمانا، جنت و دوزخ کی سیریں اور پھر اپنی جگہ واپس تشریف لانا اور اس واقعہ کی خبر دینا، کفار کا اس پر شورشیں مچانا اور بیت المقدس کی عمارت کا حال اور ملک شام جانے والے قافلوں کی کیفیتیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کرنا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سب کچھ بتانا اور قافلوں کے جو احوال حضور نے بتائے قافلوں کے آنے پر ان کی تصدیق ہونا، یہ تمام صحاح کی معتبر احادیث سے ثابت ہے اور بکثرت احادیث ان تمام امور کے بیان اور ان کی تفاصیل سے مملو ہیں۔ (خزائن العرفان)

و النجم اذا ھوی . ما ضل صاحبکم و ما غوی . ما ینطق عن الھوی . ان ھو الا

وحی یوحی . علمه شدید القوی . ذو مرة فاستوی . و هو بالافق الاعلی . ثم دنا فتدلی . فکان قاب قوسین او ادنیٰ . فاوحی الی عبده ما اوحی . ما کذب الفواد ما رای . افتمرونه علی ما یری . و لقد راه نزلة اخری . عنده سدرة المنتهی . عند ها جنة الماوی . اذ یغشی السدرة ما یغشی . ما زاغ البصر و ما طغی . و لقد رای من آیات ربه الکبریٰ .

اس پیارے چمکتے تارے محمد کی قسم جب یہ معراج سے اترے تمھارے صاحب نہ بہکے نہ بے راہ چلے اور وہ کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کرتے وہ تو نہیں مگر وحی جو انھیں کی جاتی ہے انھیں سکھایا سخت قوتوں والے طاقتور نے پھر اس جلوہ نے قصد فرمایا اور وہ آسمان بریں کے سب سے بلند کنارہ پر تھا پھر وہ جلوہ نزدیک ہوا پھر خوب اتر آیا تو اس جلوے اور اس محبوب میں دو ہاتھ کا فاصلہ رہا بلکہ اس سے بھی کم اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی دل نے جھوٹ نہ کہا جو دیکھا تو کیا تم ان سے ان کے دیکھے ہوئے پر جھگڑتے ہو اور انھوں نے تو وہ جلوہ دوبار دیکھا سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اس کے پاس جنت الماویٰ ہے جب سدرہ پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا آنکھ نہ کسی طرف پھری نہ حد سے بڑھی بے شک اپنے رب کی بہت بڑی نشانیاں دیکھیں۔ (النجم،۱تا۱۸)

''نجم'' کی تفسیر میں مفسرین کے بہت قول ہیں۔بعض نے ثریا مراد لیا ہے اگر چہ ثریا کئی تارے ہیں لیکن نجم کا اطلاق ان پر عرب کی عادت ہے۔بعض نے نجم سے جنس نجوم مراد لی ہے۔بعض نے وہ نباتات جو ساق نہیں رکھتے زمین پر پھیلتے ہیں۔بعض نے نجم سے قرآن مراد لیا ہے لیکن سب سے لذیذ تفسیر وہ ہے جو حضرت مترجم (امام احمد رضا بریلوی) قدس سرہ نے اختیار فرمائی کہ نجم سے مراد ہے ذات گرامی ہادی برحق سید انبیا محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی۔

صاحبکم ، سے مراد سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں معنی یہ ہیں کہ حضور انور علیہ الصلاۃ

والسلام نے کبھی طریق حق و ہدایت سے عدول نہ کیا ہمیشہ اپنے رب کی توحید وعبادت میں رہے، آپ کے دامن عصمت پر کبھی کسی امر مکروہ کی گرد نہ آئی۔ اور بے راہ نہ چلنے سے یہ مراد ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیشہ رشد و ہدایت کی اعلیٰ منزل پر متمکن رہے اعتقاد فاسد کا شائبہ بھی کبھی آپ کے حاشیہ بساط تک نہ پہنچ سکا۔

و ما ینطق عن الھوی یہ جملہ اولیٰ کی دلیل ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بہکنا اور بے راہ چلنا ممکن و متصور ہی نہیں کیوں کہ آپ اپنی خواہش سے کوئی بات فرماتے ہی نہیں جو فرماتے ہیں وحی الٰہی ہوتی ہے اور اس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلق عظیم اور آپ کی اعلیٰ منزلت کا بیان ہے نفس کا سب سے اعلیٰ مرتبہ یہ ہے کہ وہ اپنی خواہش ترک کردے۔ اور اس میں یہ بھی ارشاد ہے کہ نبی علیہ الصلاۃ والسلام اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات وافعال میں فنا کے اس اعلیٰ مقام پر پہنچے کہ اپنا کچھ باقی نہ رہا تجلی ربانی کا یہ استیلائے تام ہوا کہ جو کچھ فرماتے وہ وحی الٰہی ہوتی ہے۔

شدید القوی بعض مفسرین اس طرف گئے ہیں کہ سخت قوتوں والے طاقتور سے مراد حضرت جبریل علیہ السلام ہیں اور سکھانے سے مراد بتعلیم الٰہی سکھانا یعنی وحی الٰہی کا پہنچانا ہے۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ شدید القوی ذو مرۃ سے مراد اللہ تعالیٰ ہے اس نے اپنی ذات کو اس وصف کے ساتھ ذکر فرمایا معنی یہ ہیں کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے بے واسطہ تعلیم فرمائی۔

عام مفسرین نے فاستوی کا فاعل بھی حضرت جبریل علیہ السلام کو قرار دیا ہے اور یہ معنی لیے ہیں کہ حضرت جبریل امین اپنی اصلی صورت پر قائم ہوئے اور اس کا سبب یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں ان کی اصلی صورت میں ملاحظہ فرمانے کی خواہش ظاہر فرمائی تھی تو حضرت جبریل جانب

مشرق میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے نمودار ہوئے اور ان کے وجود سے مشرق سے مغرب تک بھر گیا۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا کسی انسان نے حضرت جبریل علیہ السلام کو ان کی اصلی صورت میں نہیں دیکھا۔ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل امین کو دیکھنا تو صحیح ہے اور حدیث سے ثابت ہے لیکن یہ حدیث میں نہیں ہے کہ اس آیت میں حضرت جبریل علیہ السلام کو دیکھنا مراد ہے بلکہ ظاہر تفسیر میں یہ ہے کہ مراد فاستوی سے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مکان عالی اور منزلت رفیعہ میں استوی فرمانا ہے۔

تفسیر روح البیان میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے افق اعلیٰ یعنی آسمانوں کے اوپر استوی فرمایا اور جبریل علیہ السلام سدرۃ المنتہیٰ پر رک گئے آگے نہ بڑھ سکے انھوں نے کہا کہ اگر میں ذرا بھی آگے بڑھوں تو تجلیات جلال مجھے جلا ڈالیں اور حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آگے بڑھ گئے اور مستوائے عرش سے بھی گزر گئے اور حضرت مترجم (امام احمد رضا بریلوی) قدس سرہ کا ترجمہ اس طرف مشیر ہے کہ استوی کی اسناد حضرت رب العزت عز وعلا کی طرف ہے اور یہی قول حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے۔

وھو بالافق الاعلیٰ یہاں بھی عام مفسرین اسی طرف گئے ہیں کہ یہ حال جبریل امین علیہ السلام کا ہے لیکن امام رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ظاہر یہ ہے کہ یہ حال سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہے کہ آپ افق اعلیٰ یعنی فوق سماوات تھے۔ جس طرح کہنے والا کہتا ہے کہ میں نے چھت پر چاند دیکھا ، پہاڑ پر چاند دیکھا اس کے یہ معنی نہیں ہوتے کہ چاند چھت پر یا پہاڑ پر تھا بلکہ یہی معنی ہوتے ہیں کہ دیکھنے والا چھت یا پہاڑ پر تھا۔ اسی طرح یہاں یہ معنی ہیں کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام فوق سماوات پر پہنچے تو تجلی ربانی آپ کی طرف متوجہ ہوئی۔

ثم دنی فتدلی اس کے معنی میں بھی مفسرین کے کئی قول ہیں۔

ایک قول یہ ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام کا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قریب ہونا مراد ہے کہ وہ اپنی صورت اصلی دکھانے کے بعد حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قرب میں حاضر ہوئے۔

دوسرے معنی یہ ہیں کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت حق کے قرب سے مشرف ہوئے۔

تیسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے قرب کی نعمت سے نوازا اور یہی صحیح تر ہے۔

فتدلی کے معنی میں بھی چند قول ہیں ایک تو یہ کہ نزدیک ہونے سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عروج و وصول مراد ہے اور اتر آنے سے نزول و رجوع، تو حاصل معنی یہ ہے کہ حق تعالیٰ کے قرب میں باریاب ہوئے پھر وصال کی نعمتوں سے فیض یاب ہو کر خلق کی طرف متوجہ ہوئے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ حضرت رب العزت اپنے لطف و کرم کے ساتھ اپنے حبیب سے قریب ہوا اور اس قرب میں زیادتی فرمائی۔

تیسرا قول یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مقرب درگاہ ربوبیت ہو کر سجدۂ طاعت ادا کیا۔

قاب قوسین، سے اشارہ ہے تاکید قرب کی طرف کہ قرب اپنے کمال کو پہنچا اور باادب احباء میں جو نزدیکی متصور ہو سکتی ہے وہ اپنی غایت کو پہنچی۔

فاوحی الی عبدہ، اکثر علماء مفسرین کے نزدیک اس کے معنی یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندۂ خاص حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وحی فرمائی۔

حضرت جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کو وحی فرمائی جو وحی فرمائی یہ وحی بے واسطہ تھی کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب کے درمیان کوئی واسطہ نہ تھا۔ اور یہ خدا اور رسول کے درمیان کے اسرار ہیں جن پر ان کے سوا کسی کو اطلاع نہیں۔ بقلی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اس راز کو تمام خلق سے مخفی رکھا اور نہ بیان فرمایا کہ اپنے حبیب کو کیا وحی فرمائی اور محب ومحبوب کے درمیان ایسے راز ہوتے ہیں جن کو ان کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

علماء نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ اس شب میں جو آپ کو وحی فرمائی وہ کئی قسم کے علوم تھے۔

ایک تو علم شرائع واحکام جن کی سب کو تبلیغ کی جاتی ہے۔

دوسرے معارف الٰہیہ جو خواص کو بتائے جاتے ہیں۔

تیسرے حقائق ونتائج علوم ذوقیہ جو صرف اخص الخواص کو تلقین کیے جاتے ہیں۔

اور ایک قسم وہ اسرار جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے ساتھ خاص ہیں کوئی ان کا تحمل نہیں کرسکتا۔

ما کذب الفواد ما رای یعنی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قلب مبارک نے اس کی تصدیق کی جو چشم مبارک نے دیکھا۔ معنی یہ ہیں کہ آنکھ سے دیکھا دل سے پہچانا اور اس رویت ومعرفت میں شک وتردد نے راہ نہ پائی۔ اب یہ بات کہ کیا دیکھا، بعض مفسرین کا قول یہ ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام کو دیکھا، لیکن مذہب صحیح یہ ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب تبارک وتعالیٰ کو دیکھا اور یہ دیکھنا کس طرح تھا چشم سر سے یا چشم دل سے، اس میں مفسرین کے دونوں قول پائے جاتے ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قول ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رب العزت کو اپنے قلب مبارک سے دوبار دیکھا۔

ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ آپ نے رب عزوجل کو حقیقۃً چشم مبارک سے دیکھا۔ یہ قول

حضرت انس بن مالک اور حسن وعکرمہ کا ہے۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو خلت اور حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو کلام اور سید عالم محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے دیدار سے امتیاز بخشا۔

کعب نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے دو بار کلام فرمایا اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کو دو مرتبہ دیکھا۔

لیکن حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دیدار کا انکار کیا اور آیت کو حضرت جبریل علیہ السلام کے دیدار پر محمول کیا اور فرمایا کہ جو کوئی کہے کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے اپنے رب کو دیکھا اس نے جھوٹ کہا۔ اور سند میں **لا تدرکه الابصار** تلاوت فرمائی۔

یہاں چند باتیں قابل لحاظ ہیں۔

ایک یہ کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا قول نفی میں ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا اثبات میں اور مثبت ہی مقدم ہوتا ہے کیوں کہ نافی کسی چیز کی نفی اس لیے کرتا ہے کہ اس نے سنا نہیں اور مثبت اثبات اس لیے کرتا ہے کہ اس نے سنا اور جانا تو علم مثبت کے پاس ہے۔

علاوہ بریں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ کلام حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نقل نہیں کیا بلکہ آیت سے اپنے استنباط پر اعتماد فرمایا، یہ حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی رائے ہے اور آیت میں ادراک یعنی احاطہ کی نفی ہے نہ رویت کی۔

فائدہ

صحیح یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دیدار الٰہی سے مشرف فرمائے گئے، مسلم شریف کی

حدیث مرفوع سے بھی یہی ثابت ہے، حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما جو حبر الامۃ ہیں وہ بھی اسی پر ہیں۔ مسلم کی حدیث ہے۔

رایت ربی بعینی و بقلبی ۔

میں نے اپنے رب کو اپنی آنکھ واپنے دل سے دیکھا۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ قسم کھاتے تھے کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج اپنے رب کو دیکھا۔

حضرت امام احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ میں حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قائل ہوں حضور نے اپنے رب کو دیکھا، اس کو دیکھا، اس کو دیکھا، امام صاحب یہ فرماتے ہی رہے یہاں تک کہ سانس ختم ہوگئی۔

سدرۃ المنتہیٰ ایک درخت ہے جس کی اصل (جڑ) چھٹے آسمان میں ہے اور اس کی شاخیں ساتویں آسمان میں پھیلی ہیں اور بلندی میں وہ ساتویں آسمان سے بھی گزر گیا ملائکہ اور ارواح شہداء واتقیاء اس سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔

ما زاغ البصر و ما طغی اس میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کمال قوت کا اظہار ہے کہ اس مقام میں جہاں عقلیں حیرت زدہ ہیں آپ ثابت رہے اور جس نور کا دیدار مقصود تھا اس سے بہرہ اندوز ہوئے دہنے بائیں کسی طرف ملتفت نہ ہوئے نہ مقصود کی دید سے آنکھ پھیری نہ حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی طرح بے ہوش ہوئے بلکہ اس مقام عظیم میں ثابت رہے۔

آیات ربہ الکبریٰ ،یعنی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج عجائب ملک و ملکوت کا ملاحظہ فرمایا اور آپ کا علم تمام معلومات غیبیہ ملکوتیہ پر محیط ہوگیا جیسا کہ حدیث اختصام ملائکہ میں

وارد ہوا ہے اور دوسری اور احادیث میں آیا ہے۔ (خزائن العرفان)

شفاعت مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ان تعذبهم فانهم عبادک و ان تغفرلهم فانک انت العزیز الحکیم .

اگر تو انھیں عذاب کرے تو وہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو انھیں بخش دے تو بے شک تو ہی ہے غالب حکمت والا۔ (المائدہ،۱۱۸)

حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کافی دیر تک ان آیات کی تلاوت فرماتے رہے اور حضور نے اپنے مبارک ہاتھ اٹھائے اور عرض کی

امتی امتی ثم بکی

اے میرے رب میری امت کو بخش دے، میری امت کو بخش دے پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زاروقطار رونے لگے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یا جبریل اذهب الی محمد و قل له انا سنرضیک فی امتک و لا نسوء ک .

اے جبریل میرے محبوب کے پاس جا اور جا کر میرا یہ پیغام دے کہ اے حبیب ہم تجھے تیری امت کے بارے میں راضی کریں گے اور آپ کو تکلیف نہیں پہنچائیں گے۔

روز حشر جب ہر دل پر خوف و ہراس طاری ہوگا، جلال خداوندی کے سامنے کسی کو دم مارنے کی مجال نہ ہوگی بڑے بڑے شجاع اور زور آور اور سرکش مارے خوف کے پانی پانی ہو رہے ہوں گے، ساری مخلوق خدا آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لے کر حضرت کلیم اللہ تک شفاعت کا دروازہ کھٹکھٹائے گی لیکن کہیں

شنوائی نہ ہوگی، آخر کار حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس پہنچے گی اور ان سے شفاعت کی ملتجی ہوگی آپ جواب دیں گے کہ میں خود تو آج لب کشائی کی جسارت نہیں کر سکتا ہاں تمھیں ایک کریم کا آستانہ بتاتا ہوں جس پر حاضر ہونے والا کبھی نامراد واپس نہیں لوٹا۔ جاؤ اللہ کے محبوب محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس اور وہاں جا کر عرض حال کرو چنانچہ سب بارگاہ محبوب کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوں گے اور اپنی داستان غم پیش کریں گے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سن کر فرمائیں گے انا لھا انا لھا ہاں تمھاری دستگیری کے لیے تیار ہوں، میں تمھاری دستگیری کے لیے تیار ہوں۔ حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرش عظیم کے قریب پہنچ کر سر بسجود ہو جائیں گے۔ اپنی پاک اور اطہر زبان سے سبوح وقدوس رب کی حمد وثنا کریں گے ادھر سے آواز آئے گی۔

یا محمد ارفع راسک قل تسمع و اسئل تعط و اشفع تشفع .

اے سراپا خوبی وزیبائی! اپنے سر مبارک کو اٹھا، کہو تمھاری بات سنی جائے گی، تم مانگتے جاؤ ہم دیتے جائیں گے، تم شفاعت کرتے جاؤ ہم شفاعت قبول فرماتے جائیں گے۔

اس طرح شفاعت حبیب کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اللہ کی رحمت بے پایاں کا دروازہ کھلے گا۔

علامہ قرطبی اور دیگر مفسرین نے قاضی ابو الفضل عیاض سے نقل کیا ہے کہ حضور پرنور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پانچ شفاعتیں فرمائیں گے۔

(۱) شفاعت عامہ، جس سے مومن وکافر، اپنے اور بیگانے سب مستفیض ہوں گے۔

(۲) بعض خوش نصیبوں کے لیے بغیر حساب کے جنت میں داخل کرنے کی شفاعت فرمائیں گے۔

(۳) وہ موحد جو اپنے گناہوں کے باعث عذاب دوزخ کے مستحق قرار پائیں گے حضور کی شفاعت

سے بخش دیے جائیں گے۔

(۴) وہ گنہگار جنھیں دوزخ میں پھینک دیا جائے گا حضور شفاعت فرما کر ان کو وہاں سے نکالیں گے اور جنت میں پہنچائیں گے۔

(۵) اہل جنت کے مدارج کی ترقی کے لیے سفارش فرمائیں گے۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

انا سید ولد آدم یوم القیمة و لا فخر و بیدی لواء الحمد و لا فخر وما من نبی یومئذ آدم و من سواه الا تحت لوائی .

قیامت کے دن ساری اولاد آدم کا سردار میں ہوں گا، حمد کا پرچم میرے ہاتھ میں ہوگا، سارے نبی میرے پرچم کے نیچے ہوں گے یہ ساری باتیں اظہار حقیقت کے طور پر کہہ رہا ہوں فخر و مباہات مقصود نہیں۔

(سیرت الرسول)

من ذا الذی یشفع عنده الا باذنه .

وہ کون ہے جو اس کے یہاں سفارش کرے بے اس کے حکم کے۔ (البقرۃ، ۲۵۵)

اس میں مشرکین کا رد ہے جن کا گمان تھا کہ بت شفاعت کریں گے انھیں بتادیا گیا کہ کفار کے لیے شفاعت نہیں اللہ کے حضور ماذونین کے سوا کوئی شفاعت نہیں کر سکتا۔ اور اذن والے انبیاء و ملائکہ و مومنین ہیں۔ (خزائن العرفان)

یومئذ لا تنفع الشفاعة الا من اذن له الرحمن و رضی له قولا .

اس دن کسی کی شفاعت کام نہ دے گی مگر اس کی جسے رحمٰن نے (شفاعت کرنے کا) اذن دے دیا ہے اور اس کی بات پسند فرمائی۔ (طہ، ۱۰۹)

و لا تنفع الشفاعة الا لمن اذن له .

اور اس کے پاس شفاعت کام نہیں دیتی مگر جس کے لیے وہ اذن فرمائے۔ (السبا، ۲۳)

یوم یقوم الروح و الملائکة صفا لا یتکلمون الا من اذن له الرحمن و قال صوابا.

جس دن جبریل کھڑا ہوگا اور سب فرشتے پر باندھے کوئی نہ بول سکے گا مگر جسے رحمٰن نے اذن دیا (کلام یا شفاعت کا) اور اس نے ٹھیک بات کہی۔ (النباء، ۳۸)

و لو انهم اذ ظلموا انفسهم جاؤک فاستغفروا الله و استغفرلهم الرسول لوجدوا الله توابا رحیما.

اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تو اے محبوب تمھارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللہ سے معافی چاہیں اور رسول ان کی شفاعت فرمائے تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

(النساء، ۶۴)

اس سے معلوم ہوا کہ بارگاہ الٰہی میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وسیلہ اور آپ کی شفاعت کار برآری کا ذریعہ ہے۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات شریف کے بعد ایک اعرابی روضۂ اقدس پر حاضر ہوا اور روضۂ شریفہ کی خاک پاک اپنے سر پر ڈالی اور عرض کرنے لگا یا رسول اللہ جو آپ نے فرمایا ہم نے سنا اور

جو آپ پر نازل ہوا اس میں یہ آیت بھی ہے **و لو انهم اذ ظلموا الآية** میں نے بیشک اپنی جان پر ظلم کیا اور میں آپ کے حضور میں اللہ سے اپنے گناہ کی بخشش چاہنے حاضر ہوا تو میرے رب سے میرے گناہ کی بخشش کرایئے اس پر قبر شریف سے ندا آئی کہ تیری بخشش کی گئی۔ اس سے چند مسائل وفوائد معلوم ہوئے۔

(۱) اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض حاجت کے لیے اس کے مقبولوں کو وسیلہ بنانا ذریعۂ کامیابی ہے۔

(۲) قبر پر حاجت کے لیے جانا بھی ''جاؤک'' میں داخل اور خیر القرون کا معمول ہے۔

(۳) بعد وفات مقبولان حق کو ''یا'' کے ساتھ ندا کرنا جائز ہے۔

(۴) مقبولان حق مدد فرماتے ہیں اور ان کی دعا سے حاجت روائی ہوتی ہے۔

(خزائن العرفان)

بیعت نبی بیعت خدا

ان الذين يبايعونک انما يبايعون الله يد الله فوق ايديهم.

وہ جو تمھاری بیعت کرتے ہیں وہ تو اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں اور ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔ (الفتح،۱۰)

مراد اس بیعت سے بیعت رضوان ہے جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیبیہ میں لی تھی۔ اور یہ کہ رسول سے بیعت کرنا اللہ ہی سے بیعت کرنا ہے جیسے کہ رسول کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے۔

(خزائن العرفان)

حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حدیبیہ کے مقام پر خیمہ زن ہیں کفار مکہ بضد ہیں کہ کسی

قیمت پر وہ مسلمانوں کو عمرہ کرنے کے لیے مکہ میں داخل ہونے نہیں دیں گے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سفیر بن کر مکہ گئے ہیں اسی اثناء میں یہ افواہ پھیلتی ہے کہ کفار نے حضرت عثمان کو شہید کر دیا ہے اگر چہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام اور حضور کے ساتھی جنگ کے لیے تیار ہو کر نہیں آئے تھے۔ احرام کی دو چادریں اور قربانی کے جانور ہی ان کا زادِ سفر تھا، لیکن یکا یک ایسی صورت حال پیدا ہوگئی کہ تعداد کی قلت اور اسلحہ کے فقدان کی پرواہ کیے بغیر محض قوت ایمانی پر بھروسہ کرتے ہوئے باطل سے ٹکرانا ناگزیر ہوگیا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک درخت کے نیچے تشریف فرما ہوتے ہیں اور بیعت کرنے کی دعوت دیتے ہیں، حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ یہ بیعت اس بات پر تھی کہ جب تک ہمارے جسموں میں جان ہے، جب تک بدن میں خون کا ایک قطرہ موجود ہے ہم میدان جنگ میں ڈٹے رہیں گے اور اہل مکہ کو اس خیانت اور سفیر کشی کی عبرتناک سزا دیں گے۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ غلامان حبیب کبریا علیہ الصلاۃ والتسلیمات پروانہ وار دوڑ دوڑ کر حاضر ہو رہے ہیں اور اپنے آقا و مولیٰ کے دست مبارک پر اپنا ہاتھ رکھ کر جان بازی اور سرفروشی کی بیعت کر رہے ہیں۔ الغرض چودہ سو ہمراہیوں میں سے کوئی ایک بھی اس سعادت سے محروم نہ رہا۔ البتہ جد بن قیس جو حقیقت میں منافق تھا اس نے بیعت نہ کی، بخدا مجھے اب بھی وہ منظر نظر آ رہا ہے کہ وہ اپنی اونٹنی کے پیٹ کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اور اپنے آپ کو لوگوں کی نظروں سے چھپانے کی کوشش کر رہا ہے۔

حضور سرور عالمیاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے ان چودہ سو جاں نثاروں اور سرفروش مجاہدین کے بارے میں اپنی زبان حق ترجمان سے فرمایا۔

انتم خير اهل الارض اليوم.

اے اسلام کے قابل فخر مجاہدو! آج روئے زمین پر تم سب سے بہترین لوگ ہو۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا یہ ارشاد بھی منقول ہے۔

لا یدخل النار احد ممن بایع تحت الشجرۃ .

جنھوں نے اس درخت کے نیچے میرے ساتھ بیعت کی ہے ان میں سے کوئی بھی دوزخ میں داخل نہ ہوگا۔

یہ بیعت بظاہر اگر چہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے دست حق پرست پر ہو رہی ہے لیکن درحقیقت یہ بیعت اللہ کے ساتھ تھی، اگر چہ بظاہر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہاتھ تھا لیکن درحقیقت یہ دست خدا تھا۔ جس طرح حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ کی اطاعت کہا گیا اسی طرح حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیعت اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہاتھ اللہ تعالیٰ کا ہاتھ فرمایا گیا ہے۔

(سیرت الرسول)

اس کی نظیر اللہ عزوجل کا یہ ارشاد مقدس ہے۔

و ما رمیت اذ رمیت و لکن اللہ رمی

اور اے محبوب وہ خاک جو تم نے پھینکی تم نے نہ پھینکی تھی بلکہ اللہ نے پھینکی۔ (الانفال، ۱۷)

امت پر حضور کی شفقت ورحمت

لقد جآء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم.

بے شک تمھارے پاس تشریف لائے تم میں سے وہ رسول جن پر تمھارا مشقت میں پڑنا گراں ہے تمھاری بھلائی کے نہایت چاہنے والے مسلمانوں پر کمال مہربان مہربان۔ (التوبہ، ۱۲۸)

محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عربی قرشی جن کے حسب نسب کو تم خوب پہچانتے ہو کہ تم میں سب سے عالی نسب ہیں اور تم ان کے صدق امانت، زہد وتقویٰ، طہارت وتقدس اور اخلاق حمیدہ کو بھی خوب جانتے ہو۔ اور ایک قراءۃ میں انفسکم بفتح فاء آیا ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ تم میں سب سے نفیس تر اور اشرف وافضل۔

اس آیت کریمہ میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری یعنی آپ کی میلاد مبارک کا بیان ہے۔ ترمذی کی حدیث سے بھی ثابت ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی پیدائش کا بیان قیام کر کے فرمایا۔ اس سے معلوم ہوا کہ محفل میلاد مبارک کی اصل قرآن وحدیث سے ثابت ہے۔

اس آیت میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے دو ناموں ''رؤف، رحیم'' سے مشرف فرمایا۔ یہ کمال تکریم ہے اس سرور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی۔

(خزائن العرفان)

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے محامد و محاسن کو بڑے جامع اور دلکش انداز میں بیان فرمایا ہے۔ اس آیت کی ابتداء اس سے کی لقد جاء کم اے بنی نوع انسان تمھارے پاس تشریف لایا جلیل القدر عظیم الشان رسول، رسول پر تنوین تفخیم یعنی عظمت شان کو بیان کرنے کے لیے ہے۔ من انفسکم، فرما کر اس امر کی طرف اشارہ فرمایا کہ وہ نو وارد اور اجنبی نہیں جس کے اخلاق وکردار کے بارے میں تمھیں کوئی واقفیت نہ ہو بلکہ یہ وہ مکرم ومحتشم ہستی ہے جس کی ولادت بھی تمھارے یہاں ہوئی، جس کا بچپنا تمھارے سامنے گزرا، اس کی کتاب زندگی کا ہر ورق ایک کھلی کتاب کی طرح تمھارے سامنے ہے، اس کا شباب اپنی ساری معصومیتوں کے ساتھ ہمیشہ تمھاری توجہ کا مرکز رہا۔ الغرض اس نے تم میں چالیس سال کا عرصہ گزارا ہے اور اس کی زندگی کا کوئی پہلو تم سے مخفی اور پوشیدہ نہیں

ہے۔اس لیے جب اس کی سابقہ زندگی کو تم بے داغ پاتے ہو، اب تک اس کو الصادق اور الامین کے لقب سے ملقب کرتے رہے ہو تو اب اس کی دعوت کے بارے میں تمھارا یہ انکار قطعاً معقول نہیں۔ جو ہستی عام انسانوں سے کذب بیانی کو روا نہیں رکھتی وہ کیسے گوارا کر سکتی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹ کو منسوب کرے۔

اس کے بعد اپنے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف و ستائش میں چند جامع کلمات ذکر فرمائے جن میں معانی کے سمندر ٹھاٹھیں مار رہے ہیں۔ان کی مزید وضاحت کے لیے میں سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دو صحیح حدیث پیش کرتا ہوں ان کے پڑھنے سے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ان صفات جلیلہ کی وسعتوں کا آپ کو اندازہ ہو سکے گا۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک روز ارشاد فرمایا:

ان ربی اعطانی سبعین الفا من امتی یدخلون الجنة بغیر حساب فقال عمر رضی الله تعالیٰ عنه هلا استزدته .

میرے رب نے میری امت میں سے مجھے ستر ہزار مسلمان ایسے دیئے ہیں جو جنت میں بغیر حساب کے داخل ہو جائیں گے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ کیا اچھا ہوتا اگر حضور اس تعداد سے زیادہ کے متعلق سوال کرتے۔

فقال استزدته فاعطانی هکذا و فرج بین یدیه و بسط باعیه وحثی.

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے زیادہ کے لیے استدعا کی اور میرے رب نے اس قدر عطا فرمایا اس قدر کی وضاحت کرتے ہوئے حضور نے اپنے ہاتھوں کو کھولا دونوں بازوؤں کو پھیلا دیا اور

کلاوہ بھرا۔

ہشام کہتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہے جو اس نے اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیا اور اس کی تعداد معلوم نہیں ہوسکتی۔

عمر بن حزم انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ تین دن تک رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ معمول رہا کہ صرف نماز پنج گانہ کے لیے مسجد مین تشریف لاتے اور نماز سے فراغت کے بعد پھر خلوت نشیں ہوجاتے۔ چوتھے دن حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حسب معمول تشریف لائے ہم نے عرض کی یارسول اللہ! حضور تین دن تک ہم سے الگ تھلگ رہے یہاں تک کہ ہمیں اندیشہ لاحق ہوگیا کہ کوئی حادثہ وقوع پذیر ہوگیا ہے۔ آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

لم یحدث الاخیرا ان ربی وعدنی ان یدخل من امتی الجنة سبعین الفا بلا حساب و انی سألت ربی فی هذه الثلاث الایام المزید فوجدت ربی ماجدا کریما فاعطانی مع کل واحد سبعین الفا.

یعنی اے میرے صحابہ! فکرو اندیشہ کی کوئی بات نہیں بڑا دل خوش کن واقعہ رو پذیر ہوا ہے۔ میرے رب نے میرے ساتھ یہ وعدہ فرمایا کہ میری امت سے ستر ہزار کو بلا حساب جنت میں داخل فرمائے گا۔ میں اپنے رب سے تین دن تک اس تعداد میں اضافہ کی التجا کرتا رہا پس میں نے اپنے پروردگار کو بڑا عظیم کریم پایا۔ اللہ تعالیٰ نے ان ستر ہزار کے علاوہ ان میں سے ہر ہر شخص کے ساتھ ستر ستر ہزار عطا فرمائے جنھیں حساب لیے بغیر جنت میں داخل کیا جائے گا۔ (سیرت الرسول)

اطاعت رسول اطاعت خدا

قل اطیعوا الله و الرسول فان تولوا فان الله لا یحب الکافرین .

تم فرمادو کہ حکم مانو اللہ اور رسول کا پھر اگر وہ منہ پھیریں تو اللہ کو خوش نہیں آتے کافر۔

(آل عمران، ۳۲)

یہی اللہ کی محبت کی نشانی ہے اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت بغیر اطاعت رسول نہیں ہو سکتی۔

بخاری و مسلم کی حدیث میں ہے جس نے میری نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی۔

من یطع الرسول فقد اطاع اللہ و من تولی فما ارسلنک علیھم حفیظا.

جس نے رسول کا حکم مانا بے شک اس نے اللہ کا حکم مانا اور جس نے منہ پھیرا تو ہم نے تمھیں ان کے بچانے کو نہ بھیجا۔ (النساء، ۸۰)

شان نزول: رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے میری اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے مجھ سے محبت کی اس نے اللہ سے محبت کی، اس پر آج کل کے گستاخ بددینوں کی طرح اس زمانہ کے بعض منافقوں نے کہا کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ چاہتے ہیں کہ ہم انھیں رب مان لیں جیسا نصاریٰ نے عیسیٰ بن مریم کو رب مان لیا اس پر اللہ تعالیٰ نے ان کے رد میں یہ آیت نازل فرما کر اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کلام کی تصدیق فرمادی کہ بے شک رسول کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے۔ (خزائن العرفان)

ان دونوں آیتوں میں تمام بنی نوع انسان کو اللہ تعالیٰ نے اپنی اطاعت کا حکم دیا ہے اور اس کے ساتھ اپنے محبوب کی اطاعت وفرماں برداری کا بھی حکم دیا ہے اور جو اللہ تعالیٰ کی اور اس کے رسول کی اطاعت سے روگردانی کرتے ہیں ان کے بارے میں بتادیا کہ اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا کفر کرنے والوں کو۔

ان دونوں آیتوں سے بھی شان عظمت مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پتہ چلتا ہے کہ مولائے کریم

نے صرف اپنی اطاعت کا حکم نہیں دیا بلکہ اس کے ساتھ ہی اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فرماں برداری کا حکم بھی دیا ہے۔ ایک بندۂ مومن کے لیے اس کے بغیر اور کوئی چارۂ کار نہیں کہ وہ اپنے خالق و مالک کے ہر حکم کے سامنے سر تسلیم خم کرے اور اس کے محبوب نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشادات کی بجا آوری میں بھی کاہلی و سستی کا مظاہرہ نہ کرے۔

اس سے یہ حقیقت بھی آشکارا ہوگئی کہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعتیں دو علیحدہ علیحدہ اطاعتیں نہیں بلکہ فرمایا جو میرے رسول کی اطاعت کرے گا وہی میرا مطیع و فرماں بردار ہوگا اور جو میرے رسول کی اطاعت سے پہلو تہی کرتا ہے وہ جان لے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت سے بھی محروم ہے۔

کیا شان ہے اس محبوب رب العالمین کی کہ اس کی اطاعت کو اللہ تعالیٰ نے اپنی اطاعت کہا اور اس کے فرماں بردار کو اللہ تعالیٰ نے اپنا مطیع قرار دیا ہے۔ جو کسی تاویل و بہانے سے اللہ کے محبوب کی اطاعت سے روتابی کرتا ہے وہ سمجھ لے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا بھی نافرمان اور سرکش ہے۔ (سیرت الرسول)

شان اقدس میں تنقیص و گستاخی کا حکم

یا ایھا الذین آمنوا لا تقولوا راعنا و قولوا انظرنا و اسمعوا و للکافرین عذاب الیم.

اے ایمان والو! راعنا نہ کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور ہم پر نظر رکھیں اور پہلے ہی سے بغور سنو اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔ (البقرۃ، ۱۰۴)

شان نزول: جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابہ کو کچھ تعلیم و تلقین فرماتے تو وہ کبھی کبھی درمیان میں عرض کیا کرتے راعنا یا رسول اللہ اس کے یہ معنی تھے کہ یا رسول اللہ ہمارے حال کی رعایت فرمائیے یعنی کلام اقدس کو اچھی طرح سمجھ لینے کا موقع دیجیے۔ یہود کی لغت میں یہ کلمہ سوء ادب کے

معنی رکھتا تھا انھوں نے اس نیت سے کہنا شروع کیا۔ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہود کی اصطلاح سے واقف تھے آپ نے ایک روز یہ کلمہ ان کی زبان سے سن کر فرمایا اے دشمنان خدا تم پر اللہ کی لعنت اگر میں نے اب کسی کی زبان سے یہ کلمہ سنا اس کی گردن مار دوں گا۔ یہود نے کہا ہم پر تو آپ برہم ہوتے ہیں مسلمان بھی تو یہی کہتے ہیں اس پر آپ رنجیدہ ہو کر خدمت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے ہی تھے کہ یہ آیت نازل ہوئی، جس میں راعنا کہنے کی ممانعت فرما دی گئی اور اس معنی کا دوسرا لفظ انظرنا کہنے کا حکم ہوا۔

اس سے معلوم ہوا کہ انبیاء کی تعظیم وتوقیر اور ان کی جناب میں کلمات ادب عرض کرنا فرض ہے اور جس کلمہ میں ترک ادب کا شائبہ بھی ہو وہ زبان پر لانا ممنوع ہے۔

واسمعوا ، پہلے ہی سے بغور سنو اور ہمہ تن گوش ہو جاؤ تا کہ یہ عرض کرنے کی ضرورت ہی نہ رہے کہ حضور توجہ فرمائیں کیوں کہ دربار نبوت کا یہی ادب ہے۔ دربار انبیاء میں آدمی کو ادب کے اعلیٰ مراتب کا لحاظ لازم ہے۔

وللکافرین میں اشارہ ہے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی جناب میں بے ادبی کفر ہے۔

(خزائن العرفان)

و لئن سألتم ليقولن انما كنا نخوض و نلعب قل ا بالله و آيته و رسوله كنتم تستهزؤن . لا تعتذروا قد كفرتم بعد ايمانكم ان نعف عن طائفة منكم نعذب طائفة بانهم كانوا مجرمين .

اور اے محبوب اگر تم ان سے پوچھو تو کہیں گے کہ ہم تو یوں ہی ہنسی کھیل میں تھے تم فرماؤ کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسولوں سے ہنستے ہو بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے مسلمان ہو کر اگر ہم تم میں سے کسی

کو معاف کریں تو اوروں کو عذاب دیں گے اس لیے کہ وہ مجرم تھے۔ (التوبۃ، ۶۵، ۶۶)

شان نزول: غزوۂ تبوک میں جاتے ہوئے منافقین کے تین نفروں میں سے دو رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت تمسخراً کہتے تھے کہ ان کا خیال ہے کہ یہ روم پر غالب آجائیں گے کتنا بعید خیال ہے اور ایک نفر بولتا تو نہ تھا مگر ان باتوں کو سن کر ہنستا تھا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو طلب فرما کر ارشاد فرمایا کہ تم ایسا ایسا کہہ رہے تھے انھوں نے کہا ہم راستہ کاٹنے کے لیے ہنسی کھیل کے طور پر دل لگی کی باتیں کر رہے تھے اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اور ان کا یہ عذر و حیلہ قبول نہ کیا گیا اور ان کے لیے یہ فرمایا گیا۔

لا تعتذروا قد كفرتم بعد ايمانكم سے ثابت ہوا کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کفر ہے جس طرح بھی ہو اس میں عذر قبول نہیں۔

ان نعف عن طائفة منكم محمد بن اسحاق کا قول ہے کہ اس سے وہی شخص مراد ہے جو ہنستا تھا مگر اس نے اپنی زبان سے کوئی کلمہ گستاخی نہ کہا تھا جب یہ آیت نازل ہوئی تو وہ تائب ہوا اور اخلاص کے ساتھ ایمان لایا اور اس نے دعا کی کہ یارب مجھے اپنی راہ میں مقتول کر کے ایسی موت دے کہ کوئی یہ کہنے والا نہ ہو کہ میں نے غسل دیا، میں نے کفن دیا، میں نے دفن کیا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ وہ جنگ یمامہ میں شہید ہوئے اور ان کا پتہ ہی نہ چلا۔ ان کا نام یحییٰ بن حمیر اشجعی تھا اور چوں کہ انھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بدگوئی سے زبان روکی تھی اس لیے انھیں توبہ و ایمان کی توفیق ملی۔ (خزائن العرفان)

انبیاء کرام پر حضور کی افضلیت

تلك الرسل فضلنا بعضهم على بعض منهم من كلم الله و رفع بعضهم درجت.

یہ رسول ہیں کہ ہم نے ان میں ایک کو دوسرے پر افضل کیا ان میں کسی سے اللہ نے کلام فرمایا اور کوئی وہ ہے جسے سب پر درجوں بلند کیا۔ (البقرۃ،۲۵۳)

اس سے معلوم ہوا کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے مراتب جداگانہ ہیں بعض حضرات سے بعض حضرات افضل ہیں اگرچہ نبوت میں کوئی تفرقہ نہیں وصف نبوت میں سب شریک یکدگر ہیں مگر خصائص و کمالات میں درجے متفاوت ہیں یہی آیت کا مضمون ہے اور اسی پر امت کا اجماع ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو طور پر بے واسطہ کلام سے مشرف فرمایا اور سید انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو معراج میں۔

جسے سب پر درجوں بلند کیا وہ حضور پرنور سید انبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں کہ آپ کو بدرجات کثیرہ تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر افضل کیا اس پر تمام امت کا اجماع ہے اور بکثرت احادیث سے ثابت ہے کہ آیت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس رفعت مرتبت کا بیان فرمایا گیا اور نام مبارک کی تصریح نہ کی گئی اس سے بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علو شان کا اظہار مقصود ہے کہ ذات والا کی شان ہے کہ جب تمام انبیاء پر فضیلت کا بیان کیا جائے تو سوائے ذات اقدس کے یہ وصف کسی پر صادق ہی نہ آئے اور کوئی اشتباہ راہ نہ پاسکے۔

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے وہ خصائص و کمالات جن میں آپ تمام انبیاء پر فائق و افضل ہیں اور آپ کا کوئی شریک نہیں بے شمار ہیں کہ قرآن کریم میں یہ ارشاد ہوا، درجوں بلند کیا، ان درجوں کی کوئی گنتی قرآن کریم میں ذکر نہیں فرمائی تو اب کون حد لگا سکتا ہے۔ ان بے شمار خصائص میں سے بعض کا اجمالی و مختصر بیان یہ ہے کہ آپ کی رسالت عامہ ہے، تمام کائنات آپ کی امت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

و ما ارسلنک الا کافۃ للناس بشیرا و نذیرا.

اور اے محبوب ہم نے تم کو نہ بھیجا مگر ایسی رسالت سے جو تمام آدمیوں کو گھیرنے والی ہے خوشخبری دیتا ڈر سناتا۔ (السباء،۲۸)

دوسری آیت میں فرمایا:

لیکون للعالمین نذیرا.

جو سارے جہان کو ڈر سنانے والا ہو۔ (الفرقان،۱)

مسلم شریف کی حدیث میں ارشاد ہوا۔

ارسلت الی الخلق کافة

میں پوری مخلوق کی طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہوں۔ (مولف)

اور آپ پر نبوت ختم کی گئی قرآن پاک میں آپ کو خاتم النبیین فرمایا۔ حدیث شریف میں ارشاد ہوا:

ختم بی النبیون

مجھ پر نبوت ختم کی گئی۔ (مولف)

آیات بینات و معجزات باہرات میں آپ کو تمام انبیاء پر افضل فرمایا گیا، آپ کی امت کو تمام امتوں پر افضل کیا گیا، شفاعت کبریٰ آپ کو مرحمت ہوئی، قرب خاص معراج آپ کو ملا، علمی و عملی کمالات میں آپ کو سب سے اعلیٰ کیا اور اس کے علاوہ بے انتہا خصائص آپ کو عطا ہوئے۔ (خزائن العرفان)

اللہ تعالیٰ کے سب رسول نفس رسالت میں اور جملہ انبیاء نفس نبوت میں برابر ہیں لیکن فضائل و کمالات، مراتب و مقامات، معجزات و کرامات میں ایک دوسرے پر فضیلت رکھتے ہیں۔ کسی کو ایک کمال

سے متصف فرمایا کسی کو دوسرے شرف سے مشرف فرمایا لیکن ایک ذات پاک مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے جو مظہر اتم ہے تمام کمالات جلالیہ و جمالیہ کی ۔ جو مراتب و کمالات دیگر انبیاء و رسل کو ایک ایک کر کے عنایت کیے گئے تھے وہ سب اپنی اعلیٰ ترین اور اکمل ترین صورت میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا کیے گئے اور ان کے علاوہ آپ کو بے شمار مراتب اور ان گنت معجزات بخشے گئے جن میں کوئی نبی، کوئی رسول آپ کی ہمسری تو کیا محض شرکت کا دعویٰ بھی نہیں کر سکتا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ساری نوع انسانی بلکہ ساری کائنات زمینی و آسمانی کے لیے نبی بنایا گیا محدود وقت کے لیے نہیں بلکہ ابد تک کے لیے قرآن جیسی کتاب ارزانی فرمائی ۔ کسی کو کلیم اور کسی کو روح فرمایا لیکن کائنات کے اس آخری سہارے کو صفوت، خلت، کلام وغیرہ کے علاوہ محبوبیت کی خلعت فاخرہ بخشی ۔

مفسرین کرام نے تصریح کی ہے کہ **رفع بعضهم درجت.** سے حضور نبی کریم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مراد ہیں ۔ لیکن یہ بات ذہن نشیں رہے کہ کسی نبی کو دوسرے نبی پر یوں فضیلت نہ دو کہ اس سے دوسرے نبی کی معاذ اللہ تحقیر ہو۔ (سیرت الرسول)

انبیاء کرام سے عہد و میثاق

و اذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما آتیتکم من کتب و حکمة ثم جاء کم رسول مصدق لما معکم لتومنن به و لتنصرنه قال ء اقررتم و اخذتم علی ذلکم اصری قالوا اقررنا قال فاشهدوا و انا معکم من الشاهدین . فمن تولی بعد ذلک فاولئک هم الفاسقون.

اور یاد کرو جب اللہ نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں پھر تشریف لائے تمھارے پاس وہ رسول کہ تمھاری کتابوں کی تصدیق فرمائے تو تم ضرور ضرور اس پر ایمان لانا اور ضرور

ضرور اس کی مدد کرنا، فرمایا کیوں تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا؟ سب نے عرض کی ہم نے اقرار کیا، فرمایا تو ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں آپ تمھارے ساتھ گواہوں میں ہوں۔ تو جو کوئی اس کے بعد پھرے تو وہی لوگ فاسق ہیں۔ (آل عمران، ۸۱، ۸۲)

حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام اور ان کے بعد جس کسی کو نبوت عطا فرمائی ان سے سید انبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت عہد لیا اور ان انبیاء نے اپنی قوموں سے عہد لیا کہ اگر ان کی حیات میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مبعوث ہوں تو آپ پر ایمان لائیں اور آپ کی نصرت کریں۔ اس سے ثابت ہوا کہ حضور تمام انبیاء میں سب سے افضل ہیں۔ علیہم الصلاۃ والسلام۔ (خزائن العرفان)

یہی مضمون سیرت الرسول میں اس طرح ہے۔

حضرت سیدنا علی اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک نبی سے یہ پختہ وعدہ لیا کہ اگر اس کی موجودگی میں سرور عالم و عالمیاں محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما ہوں تو اس نبی پر لازم ہے کہ وہ حضور کی رسالت پر ایمان لا کر آپ کی امت میں شمولیت کا شرف حاصل کرے اور ہر طرح حضور کے دین کی تائید و نصرت کرے اور تمام انبیاء نے یہی عہد اپنی اپنی امتوں سے لیا۔

شب معراج تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا بیت المقدس میں جمع ہو کر فخر کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امامت میں حضور کی شریعت کے مطابق نماز ادا کرنا اسی بلند مرتبت عہد کی عملی توثیق تھی اور امام الانبیاء والمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت شان اور جلالت قدر کا صحیح اندازہ قیامت کے روز ہوگا جب ساری مخلوق خوف خدا سے لرزہ براندام ہوگی اور مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء لواء الحمد ہاتھ میں لیے مقام

محمود پر فائز ہوں گے۔ (سیرت الرسول)

خلق عظیم

و انک لعلی خلق عظیم

اور بے شک تمھاری خو، بو بڑی شان کی ہے۔ (القلم،۴)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات تمام کمالات کی جامع ہے۔ وہ کمالات جو پہلے نبیوں اور رسولوں میں متفرق طور پر پائے جاتے ہیں وہ مجموعی طور پر اپنی تمام جلوہ سامانیوں اور اپنی جملہ رعنائیوں کے ساتھ اس ذات اقدس واطہر میں موجود ہیں۔ شکر نوح، خلت ابراہیم، اخلاص موسیٰ، صدق اسماعیل، صبر یعقوب، تواضع سلیمان علیہم الصلاۃ والسلام سب یہاں جمع ہیں۔

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے جب کسی نے خلق مصطفوی کے بارے میں پوچھا تو آپ نے مختصر اور جامع جواب دیا۔

کان خلقه القرآن

حضور کا خلق قرآن تھا۔

یعنی جن محاسن واوصاف اور مکارم اخلاق کو اپنانے کا قرآن نے حکم دیا ہے حضور ان سے کمال درجہ متصف تھے اور جن لغو باتوں اور فضول کاموں سے بچنے کی ترغیب دی ہے حضور ان سے پوری طرح منزہ ومبرا تھے۔ ایک دوسرے شخص نے جب یہی سوال کیا تو ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا

سورۃ المومنین کی پہلی دس آیتیں پڑھ لو ان میں ہی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلق کی صحیح تصویر ہے۔

محمد بن حکیم ترمذی قدس سرہ فرماتے ہیں :

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے خلق سے کسی کا خلق اعلیٰ نہیں کیوں کہ حضور اپنی مرضی اور مشیت سے دست کش ہو گئے اور اپنے آپ کو کلیۃً حق تعالیٰ کے سپرد کر دیا۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: میں نے لگاتار دس سال حضور کی خدمت کی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے کبھی اف نہیں کہا جو کام میں نے کیا اس کے متعلق کبھی یہ نہیں فرمایا کہ تو نے کیوں کیا اور جو کام نہیں کیا اس کے متعلق کبھی نہیں پوچھا کہ کیوں نہیں کیا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حسن و جمال میں بھی تمام لوگوں سے برتر تھے میں نے کسی اطلس یا ریشم کو حضور کی ہتھیلیوں سے زیادہ نرم نہیں پایا۔ کوئی مشک، کوئی عطر حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے پسینے سے زیادہ خوشبودار میں نے نہیں سونگھا۔

شاہ خوباں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صرف خود ہی ہر کمال، ہر جمال کے پیکر رعنا اور تصویر جمیل نہ تھے بلکہ اپنے نیازمندوں کو بھی ان نعمتوں سے مالا مال کر دیا، ان کی ایسی تربیت فرمائی کہ آنے والی نسل انسانی کے لیے وہ ایک دلکش نمونہ بن گئے۔ (سیرت الرسول)

حیات اقدس کی قسم

لعمرک انهم لفی سکرتهم یعمهون.

اے محبوب تمھاری جان کی قسم ہے بیشک وہ اپنے نشہ میں بھٹک رہے ہیں۔ (الحجر،۷۲)

مخلوق الٰہی میں سے کوئی جان بارگاہ الٰہی میں آپ کی جان پاک کی طرح عزت وحرمت نہیں رکھتی اور اللہ تعالیٰ نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عمر کے سوا کسی کی عمر وحیات کی قسم نہیں فرمائی یہ مرتبہ صرف حضور ہی کا ہے۔ (خزائن العرفان)

علماءِ تفسیر کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہاں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کی حیات پاک کی قسم کھائی ہے اور یہ حضور کی عظمت شان اور شرف رفیع کی قوی دلیل ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا

ما خلق الله نفسا اكرم عليه من محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ما اقسم بحياة احد الا بحياته .

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ کسی چیز کو معزز ومکرم پیدا نہیں کیا اور حضور کے سوا کسی کی زندگی کی قسم نہیں کھائی۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں :

هذا نهاية التعظيم و غاية البر و التشريف.

اللہ کا حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زندگی کی قسم کھانا تعظیم وتکریم کی انتہا ہے۔

(سیرت الرسول)

ساجدین میں حضور کا دورہ فرمانا

و تقلبك في السجدين .

اور (دیکھتا ہے) نمازیوں میں تمھارے دورے کو۔ (الشعراء، ۲۱۹)

یعنی جب تم اپنے تہجد پڑھنے والے اصحاب کے احوال ملاحظہ فرمانے کے لیے شب کو دورہ کرتے ہو۔

بعض مفسرین نے کہا معنی یہ ہیں کہ جب تم امام ہو کر نماز پڑھاتے ہو اور قیام و رکوع و سجود و قعود میں گزرتے ہو۔

بعض مفسرین نے کہا معنی یہ ہیں کہ وہ آپ کی گردش چشم کو دیکھتا ہے نمازوں میں کیوں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پس و پیش یکساں ملاحظہ فرماتے تھے۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے، بخدا مجھ پر تمھارا خشوع و رکوع مخفی نہیں میں تمھیں اپنے پس پشت دیکھتا ہوں۔

بعض مفسرین نے فرمایا کہ اس آیت میں ''ساجدین'' سے مومنین مراد ہیں اور معنی یہ ہیں کہ زمانہ حضرت آدم و حوا علیہما الصلاۃ والسلام سے لے کر حضرت عبد اللہ و آمنہ خاتون تک مومنین کی اصلاب و ارحام میں آپ کے دورے کو ملاحظہ فرماتا ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ آپ کے تمام اصول آباء و اجداد حضرت آدم علیہ السلام تک سب کے سب مومن ہیں۔ (خزائن العرفان)

مذکورہ توضیح کے ساتھ اس آیت کے متعدد مفہوم بیان کیے گئے ہیں۔

(۱) جب آپ نماز ادا کرتے ہیں اور اس میں قیام سے رکوع کی طرف، رکوع سے سجود کی طرف، پھر سجدہ سے قیام کی طرف جو تقلبات آپ سے صادر ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ان تمام کو دیکھ رہا ہوتا ہے۔

(۲) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جماعت کرائی بعض صحابہ رکوع و سجود میں حضور سے پہلے چلے گئے نماز سے فراغت کے بعد حضور نے انھیں ایسا کرنے سے منع فرمایا اور انھیں بتایا کہ تم یہ نہ سمجھو کہ

جب میں قبلہ رو کھڑا ہوتا ہوں تو میں تمھاری حرکات وسکنات سے بے خبر ہوتا ہوں۔

فو اللہ ما یخفی علی خشوعکم و رکوعکم انی لا اراکم من وراء ظھری.

یعنی مجھ پر نہ تمھارا قلبی خشوع وخضوع مخفی ہوتا ہے اور نہ تمھارا رکوع میں تمھیں اپنی پشت کے پیچھے سے دیکھتا ہوں۔

اس آیت میں اس امر کی طرف اشارہ فرمایا کہ جب آپ اپنے صحابہ کی ظاہری و باطنی کیفیات ملاحظہ کر رہے ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ آپ کے اس فعل کو بھی دیکھ رہا ہوتا ہے۔

(۳) بعض مفسرین نے اس آیت کا یہ مفہوم بیان کیا ہے کہ جب نماز تہجد کی فرضیت ختم ہو گئی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سحری کے وقت اٹھے اور صحابہ کرام کے گھروں کا چکر لگایا یہ دیکھنے کے لیے کہ فرضیت کے ختم ہونے کے بعد کیا وہ آج آرام سے سو رہے ہیں یا اپنے معبود حقیقی کی عبادت میں مصروف ہیں۔ حضور جس صحابہ کے گھر کے پاس سے گزرتے تلاوت قرآن کریم اور ذکر الٰہی کی آوازیں اس طرح آ رہی ہوتیں جیسے شہد کے چھتہ سے شہید کی مکھیاں بھنبھنا رہی ہوں۔

(۴) ابونعیم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس کا یہ مفہوم بھی نقل کیا ہے کہ ''تقلب'' سے مراد، تنقل فی الاصلاب ہے، یعنی جب آپ کا نور یکے بعد دیگرے آپ کے اجداد کی پشتوں سے منتقل ہوتے چلا آ رہا تھا تو اس وقت بھی آپ کا رب دیکھ رہا تھا۔ کیوں کہ آپ کے آباء واجداد کو قرآن کریم نے ''السجدین'' (سجدہ کرنے والے) کہا ہے۔ اس لیے اکثر علماء نے اس آیت سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کریمین کے مومن ہونے پر استدلال کیا ہے۔ اور اہل سنت و جماعت کے کثیر تعداد جلیل القدر علماء کا یہی مسلک ہے۔

اس حقیقت پاک سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آباء وامہات سے کوئی مشرک یا فاسق نہیں ہوا کیوں کہ مشرکین کے بارے میں صراحۃً مذکور ہے۔ انما المشرکون نجس بیشک مشرک نجس ہیں۔اور حضور کے آباء نجس نہیں ہو سکتے جن کی تمام حرکات وسکنات کو نگاہ قدرت ہمہ وقت بغور ملاحظہ فرمارہی ہو اس ہستی کی شان عظمت کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔ (سیرت الرسول)

حضور کے تشریعی اختیارات

و ما اتاکم الرسول فخذوہ و ما نھاکم عنہ فانتھوا و اتقوا اللہ ان اللہ شدید العقاب.

اور جو کچھ تمھیں رسول عطا فرمائیں وہ لو اور جس سے منع فرمائیں باز رہو اور اللہ سے ڈرو بیشک اللہ کا عذاب سخت ہے۔ (الحشر، ۷)

یعنی رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمھیں جو حکم دیں اس کا اتباع کرو کیوں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اطاعت ہر امر میں واجب ہے۔اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مخالفت نہ کرو اور ان کی تعمیل ارشاد میں سستی نہ کرو۔ (خزائن العرفان)

یہ آیت کریمہ بھی حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی نعت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام مسلمانوں کے مالک اور تمام مسلمان ان کے بندۂ بے زر،اس سے معلوم ہوا کہ ایماندار وہ ہے جو حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے ہر حکم کو بے تأمل قبول کرے،خواہ اس کی عقل میں آوے یا نہ آوے اور خواہ دنیاوی نفع اس میں معلوم ہو یا نہ ہو۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو کام خود کیے یا جن کاموں کا حکم دیا، یا جو کسی کو کچھ کرتے ہوئے دیکھا اور منع نہ فرمایا یہ سب ما اتاکم میں داخل ہے۔ پہلے کو سنت فعلی، دوسرے کو سنت قولی

تیسرے کو سنت سکوتی کہتے ہیں۔

یہ بھی خیال رہے کہ یہ حضور ہی کی شان ہے کہ آپ کا ہر حکم، ہر فعل قابل اتباع ہے اور کسی کی یہ شان نہیں کیوں کہ حضور مختار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہر حکم، ہر فعل رب کی طرف سے ہے۔ ہمارے فعل نفسیاتی اور شیطانی بھی ہوتے ہیں۔ بارگاہ مصطفوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک نہ شیطان کی رسائی نہ نفس امارہ کا دخل۔ اس لیے زبان پاک مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حق ہی جاری ہوتا ہے۔

(شان حبیب الرحمٰن)

مالک کوثر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

انا اعطیناک الکوثر فصل لربک و انحر ان شانئک ھو الابتر

اے محبوب بیشک ہم نے تمھیں بے شمار خوبیاں عطا فرمائیں تو تم اپنے رب کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو بیشک جو تمھارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے۔ (الکوثر)

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فضائل کثیرہ عنایت کر کے تمام خلق پر افضل کیا۔ حسن ظاہر بھی دیا حسن باطن بھی، نسب عالی بھی، نبوت بھی، کتاب بھی، حکمت بھی، علم بھی، شفاعت بھی، حوض کوثر بھی، مقام محمود بھی، کثرت امت بھی، اعدائے دین پر غلبہ بھی، کثرت فتوح بھی اور بے شمار نعمتیں اور فضیلتیں جن کی نہایت نہیں۔

اے محبوب جس نے تمھیں عزت و شرافت دی اس کے لیے نماز پڑھئے اور اس کے نام پر قربانی کیجیے، بخلاف بت پرستوں کے جو بتوں کے نام پر ذبح کرتے ہیں۔

اس آیت کی تفسیر میں ایک قول یہ بھی ہے کہ نماز سے نماز عید مراد ہے۔

ان شانئک ھو الابتر جوتمھارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے نہ کہ آپ کیوں کہ آپ کا سلسلہ قیامت تک جاری رہے گا۔ آپ کی اولاد میں بھی کثرت ہوگی اور آپ کے تبعین سے دنیا بھر جائے گی ،آپ کا ذکر منبروں پر بلند ہوگا، قیامت تک پیدا ہونے والے عالم اور واعظ اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ آپ کا ذکر کرتے رہیں گے۔ بے نام ونشان اور ہر بھلائی سے محروم تو آپ کے دشمن ہیں۔

شان نزول: جب سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرزند حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال ہوا تو کفار نے آپ کو ابتر یعنی منقطع النسل کہا اور یہ کہا کہ اب ان کی نسل نہیں رہی، ان کے بعد اب ان کا ذکر بھی نہ رہے گا یہ سب چرچا ختم ہو جائے گا اس پر سورۂ کریمہ نازل ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے ان کفار کی تکذیب کی اور ان کا بالغ رد فرمایا۔ (خزائن العرفان)

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی متعدد سورتوں میں مختلف عنوانوں سے ان انعامات واحسانات کا ذکر فرمایا جو اس نے اپنے حبیب لبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر یا اس کے طفیل اس کی امت پر فرمائے ہیں۔ اس سورت میں ان تمام عنایات کو ''الکوثر'' کے ایک کلمہ میں سموکر رکھ دیا تاکہ چشم حق بیں حسن محمدی کے ایک ایک جلوے کو دیکھتی رہے اور سرشار ہوتی رہے، اس پیکر جمیل ورعنا کی رعنائیوں اور دلربائیوں میں کھوئی رہے، دل اس حسن سرمدی کی دل نوازیوں پر قربان ہوتا رہے، اس کی ایک ایک ادا جاں پرور ہے، اس کا ایک ایک انداز روح افزا، زبان قدرت جہاں اپنے حبیب کی شان بیان کرتی ہے وہاں اسلوب ہی بڑا نرالا اختیار کیا جاتا ہے ارشاد فرمایا انا (ہم نے) جمع کی ضمیر استعمال ہوئی، جمع کا صیغہ کبھی کثرت اور تعدد پر دلالت کرتا ہے اور کبھی عظمت شان کے اظہار کے لیے آتا ہے ۔ یہاں یہی مقصد ہے۔ یعنی ہم نے جو زمین وآسمان کا خالق و مالک ہیں، ہم جو عروس گیتی کو سنوارنے اور نکھارنے والے ہیں، ہم جن کے جود وکرم کا وسیع دسترخوان ہر وقت بچھا ہوا ہے اور ہر ایک کے لیے صدائے عام ہے۔ اے حبیب ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمایا ہے۔ جو چیز ہم عطا فرمانا چاہیں اسے

کوئی روک نہیں سکتا، جو چیز ہم عطا فرمائیں اسے کوئی چھین نہیں سکتا، ہم نے اپنے دست قدرت سے الکوثر آپ کے حوالے کر دیا، آپ کو اس کا مالک بنا دیا، کیا شان جود و سخا ہے دینے والے کی اور کیا مقام رفعت و علا ہے لینے والے کا۔

علمائے تفسیر نے ''الکوثر'' کی تفسیر میں متعدد اقوال ذکر کیے ہیں:

(۱) کوثر سے مراد جنت کی وہ نہر ہے جس سے جنت کی ساری نہریں نکلتی ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمادی ہیں۔

عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الكوثر نهر فى الجنة حافتاه من ذهب و مجراه على الدر و الياقوت تربته اطيب من المسك و ماء ه احلى من العسل و ابيض من الثلج .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوثر جنت کی ایک نہر ہے جس کے دونوں کنارے سونے کے ہیں موتیوں اور یاقوت کا فرش بچھا ہوا ہے اس کی مٹی کستوری سے زیادہ خوشبودار ہے اس کا پانی شہد سے زیادہ میٹھا اور برف سے زیادہ شفاف ہے۔

(۲) اس حوض کا نام ہے جو میدان حشر میں ہوگا جس سے حضور علیہ الصلاۃ والسلام اپنی امت کے پیاسوں کو سیراب فرمائیں گے۔ جس کے کناروں پر پیالے، آبخورے اتنی کثرت سے رکھے ہوں گے جتنے آسمان پر ستارے ہیں تاکہ درِ حبیب پر آکر کسی پیاسے کو انتظار کی زحمت نہ اٹھانی پڑے۔

اس حوض کے بارے میں احادیث متواترہ مذکور ہیں اور علماء نے یہ بھی لکھا ہے۔

و ان على اركانها الاربعة خلفاء الاربعة .

اس کے چاروں کونوں پر خلفاء اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم تشریف فرما ہوں گے۔ جو شخص ان میں سے کسی کے ساتھ بغض کرے گا اسے حوض کوثر سے ایک گھونٹ بھی نہیں ملے گا۔

(۳) النبوۃ، انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام تو حضور سے پہلے بھی تشریف لائے لیکن نبوت محمدیہ کے فیوض و برکات کی کثرت کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔ آپ کی نبوت کا دامن ساری نوع انسانیت کو سمیٹے ہوئے ہے بلکہ آپ ساری کائنات کے نبی ہیں آپ کا بحر رسالت زمان و مکان کی حدود سے آشنا نہیں۔

(۴) کوثر سے مراد قرآن کریم ہے، انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام بھی صحائف اور کتابیں لے کر آئے لیکن جو جامعیت اور ابدیت اس کی تعلیمات میں ہے اس کی نظیر کہاں۔ علوم و معارف کے جو خزینے اس صحیفۂ رشد و ہدایت میں مستور ہیں وہ کسی اور کو نصیب نہیں۔ انسانی زندگی کے ان گنت شعبوں پر جس طرح اس کتاب مبین کا نور ضیاء پاشیاں کر رہا ہے وہ کسی بصیرت والے سے مخفی نہیں۔

(۵) اس سے مراد دین اسلام ہے۔

(۶) اس سے مراد صحابہ کرام کی کثرت ہے جتنے صحابہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے تھے کسی دوسرے نبی یا رسول کو اتنے صحابہ میسر نہیں آئے۔

(۷) اس سے مراد رفع ذکر ہے ساری کائنات کی بلندیوں اور پستیوں میں جس طرح آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر مبارک کا ڈنکا بج رہا ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔

(۸) امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک کوثر سے مراد حضور کے دل کا نور ہے جس نے آپ کو اللہ تعالیٰ تک رہنمائی کی اور ماسوا سے آپ کا رشتہ منقطع کر دیا۔

(۹) ''مقام محمود'' روز محشر جہاں شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شفاعت عامہ فرمائیں گے۔

(۱۰) حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے الکوثر کی تفسیر بیان کی ہے ''الخیر الکثیر'' یعنی خیر کثیر۔

حضرت سعید بن جبیر نے عرض کی کہ لوگ تو کہتے ہیں کوثر جنت کی ایک نہر کا نام ہے تو آپ نے فرمایا وہ بھی اس خیر کثیر میں سے ایک ہے۔

علامہ اسمٰعیل حقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ الکوثر کے بارے میں متعدد اقوال نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

ظاہر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ساری ظاہری و باطنی نعمتیں کوثر میں داخل ہیں۔ ظاہری نعمتوں سے مراد دنیا و آخرت کی بھلائیاں ہیں اور باطنی نعمتوں سے مراد وہ علوم لدنیہ ہیں جو بغیر کسب کے محض فیضان الٰہی سے حاصل ہوتے ہیں۔ علامہ قرطبی نے بھی اسی سے ملتی جلتی تشریح کی ہے۔

علامہ آلوسی فرماتے ہیں:

کوثر سے مراد خیر کثیر ہے اور دنیوی و اخروی نعمتیں جن میں فضیلتیں اور فضائل سب شامل ہیں اس میں اس امر کی طرف بھی اشارہ ہے کہ احادیث میں کوثر کا معنی نہر بتایا گیا ہے یہ بطور تمثیل ہے۔

یہ سورت اپنے اختصار و ایجاز کے باوصف فصاحت و بلاغت کا وہ مرقع جمیل ہے کہ فصحائے عرب، بلغائے حجاز کو اسے پڑھ کر کہنا پڑا ما ھذا کلام البشر یہ کسی انسان کا کلام نہیں ہے۔

(سیرت الرسول)

درود کا حکم اور اس کا مقصد

ان اللہ و ملائکتہ یصلون علی النبی یا ایھا الذین آمنوا صلوا علیہ و سلموا تسلیما.

بے شک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔ (الاحزاب، ۵٦)

درود شریف اللہ کی طرف سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تکریم ہے۔ علماء نے اللھم صل علی محمد کے یہ معنی بیان کیے ہیں کہ یارب محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عظمت عطا فرما دنیا میں ان کا دین بلند اور ان کی دعوت غالب فرما کر اور ان کی شریعت کو بقا عنایت کر کے اور آخرت میں ان کی شفاعت قبول فرما کر اور ان کا ثواب زیادہ کر کے اور اولین و آخرین پر ان کی فضیلت کا اظہار فرما کر اور انبیاء و مرسلین و ملائکہ اور تمام خلق پر ان کی شان بلند کر کے۔

درود شریف کی بہت برکتیں اور فضیلتیں ہیں۔ حدیث شریف میں ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب درود بھیجنے والا مجھ پر درود بھیجتا ہے تو فرشتے اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔

مسلم شریف کی حدیث میں ہے جو مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس بار بھیجتا ہے۔

ترمذی کی حدیث شریف میں ہے، بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ درود نہ بھیجے۔

فائدے

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنا واجب ہے، ہر ایک مجلس میں آپ کا ذکر کرنے والے پر بھی اور سننے والے پر بھی ایک مرتبہ اور اس سے زیادہ مستحب ہے یہی قول معتمد ہے اور اس پر جمہور ہیں۔ اور نماز کے قعدۂ اخیرہ میں بعد تشہد درود شریف پڑھنا سنت ہے اور آپ کے تابع کر کے آپ کے آل و اصحاب اور دوسرے مومنین پر درود بھیجا جا سکتا ہے یعنی درود شریف میں آپ کے نام اقدس کے بعد ان کو

شامل کیا جا سکتا ہے اور مستقل طور پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا ان میں سے کسی پر درود بھیجنا مکروہ ہے۔

درود شریف میں آل و اصحاب کا ذکر متوارث ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آل کے ذکر کے بغیر درود مقبول نہیں۔ (خزائن العرفان)

پورا قرآن حضور کی نعت ہے

حقیقت یہ ہے کہ اگر قرآن کریم کو بنظر ایمان دیکھا جائے تو اس میں اول سے آخر تک نعت سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معلوم ہوتی ہے۔ حمد الٰہی ہو یا بیان عقائد، گزشتہ انبیاء کرام اور ان کی امتوں کے واقعات ہوں یا احکام، غرض قرآن کریم کا ہر موضوع اپنے لانے والے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے محامد اور اوصاف کو اپنے اندر لیے ہوئے ہے۔ مثال کے طور پر سورۂ اخلاص قل هو الله احد کو لیجیے کہ اس میں خدائے قدوس کے صفات کا ذکر ہے۔ اور سورۂ لہب کو دیکھئے یعنی تبت یدا ابی لهب و تب کہ اس میں بظاہر ابولہب کا فر اور اس کی بیوی کا تذکرہ ہے از اول تا آخر، مگر جب غور کرو تو یہ دونوں سورتیں محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت پاک سے بھری ہوئی ہیں۔

قل هو الله احد میں ارشاد ہے کہ اے محبوب تم کہہ دو کہ اللہ ایک اور وہی بھروسہ کے لائق ہے نہ وہ کسی کی اولاد نہ اس کی کوئی اولاد، وغیرہ وغیرہ۔ مگر ایک کلمہ قل نے (یعنی محبوب تم کہہ دو) اس ساری سورۃ میں نعت کو شامل کر دیا۔ کیوں کہ مرضی الٰہی یہ ہے کہ اے محبوب علیہ الصلاۃ والسلام کلام تو ہمارا ہو اور زبان تمھاری۔

قل کہہ کے اپنی بات بھی منھ سے تیرے سنی
اتنی ہے گفتگو تیری اللہ کو پسند

ہماری صفات تو تم دنیا کو بتاؤ اور فرماؤ اللہ احد اور تمھاری صفت ہم ارشاد فرماتے ہیں محمد رسول اللہ و الذین معه اشداء علی الکفار، یعنی لا اله الا اللہ تم کہلواؤ اور محمد رسول اللہ ہم کہلواتے ہیں یعنی ہم چاہتے ہیں کہ تمھارے منھ سے اپنے اوصاف سنیں تم ہمیں سناؤ اللہ احد. بلاتشبیہ یوں سمجھو کہ لوگ اپنے محبوب فرزند سے باتیں سنتے ہیں چوں کہ اس کی زبان کے لفظ میٹھے اور پیارے معلوم ہوتے ہیں تو بار بار کہلوا کر سنتے ہیں۔ رب نے اپنے محبوب سے قرآن پڑھوا کر سنا ورنہ میثاق کے دن سب سے پہلے توحید کا اقرار حضور ہی نے کیا تھا۔ یا قل سے یہ مقصود ہے کہ اے محبوب لوگوں سے کہہ دو اللہ احد لہٰذا اگر کوئی انسان آپ کی غلامی کے بغیر ہماری صفات کو جانے مانے ہرگز عارف یا موحد نہیں جب تک کہ آپ کی بتائی ہوئی توحید آپ کے دامن پاک سے لپٹ کر نہ مانے۔ اسی لیے کلمہ طیبہ کا نام تو ہے کلمہ توحید۔ مگر اس میں اللہ کے ذکر کے ساتھ محمد رسول اللہ بھی ہے کہ جزو اول میں توحید اور جزو دوم میں توحید سکھانے والے کا اسم پاک آجائے کہ توحید صحیح بغیر رسالت کی دستگیری کے حاصل نہیں ہوتی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

تبت یدا ابی لھب میں بھی نعت شامل ہے۔ قل ھو اللہ احد میں تو قل فرمانے سے نعت کی شان نظر آئی اور یہاں قل نہ فرمانے سے۔ کیوں کہ ایک بار ابولہب بن عبدالمطلب نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں کہا تھا کہ تبا لک (آپ تباہ ہو جائیں) پروردگار عالم نے اس کلمۂ ملعونہ کا بدلہ اور انتقام لیتے ہوئے خود فرمایا کہ تبت یدا ابی لھب و تب (ابولہب ہلاک ہو جائے اور وہ ہلاک ہو بھی گیا) یعنی اے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کا جواب آپ نہ دیں ہم خود جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔ اب اس سے جہاں ابولہب کی گمراہی و ہلاکت وغیرہ کا ذکر ہوا ساتھ ہی ساتھ آقائے دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عزت و عظمت بارگاہ الٰہیہ میں معلوم ہوگئی کہ ان کی شان میں ادنیٰ سی بکواس کرنے والا خدائے پاک کا دشمن قرار پاتا ہے۔

من عاد لی ولیا فقد اذنته بالحرب.

جس نے میرے دوست سے دشمنی کی میں اس کو اعلان جنگ دیتا ہوں۔ (مشکوٰۃ)

صحابہ کرام واہل بیت عظام کے مناقب، مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ کے فضائل جو قرآن کریم میں ارشاد ہوئے وہ حقیقت میں نعت مصطفیٰ ہی ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ بادشاہ کے غلاموں کی تعریف، اس کے تخت وتاج کی مدحت درحقیقت بادشاہ کی ثناخوانی ہے۔ کفار کی برائیاں، بت پرستوں کی مذمت بھی اسی شہنشاہ کی نعت ہے جس کی مخالفت سے یہ لوگ مردود وملعون ہوئے۔

اسی طرح آیات احکام کو دیکھئے کہ سب میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی نعت ظاہر ہے مثلاً قرآن میں جگہ جگہ نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا یا حج فرض فرمایا مگر کسی جگہ نہیں بتایا گیا کہ نماز کس طرح پڑھو، کس کس وقت پڑھو، کتنی کتنی رکعتیں پڑھو، اسی طرح یہ وضاحت بھی نہ فرمائی کہ زکوٰۃ کون دے، کتنے مال پر دے، کس قدر دے، حج کرو مگر حج کے تمام قاعدے نہیں بیان کیے۔ جس کی منشا یہ ہے کہ احکام ہم نے بتائے اب اگر ان احکام کی تفصیل اور طریقہ دیکھنا ہے تو ہمارے محبوب علیہ الصلاۃ والسلام کے مبارک فعل اور قول کو دیکھ لو۔ ان کی زندگیٔ پاک ہمارے سارے احکام کی مکمل تفسیر ہے اور حق تو یہ ہے کہ نماز، روزہ، حج وغیرہ محبوب علیہ الصلاۃ والسلام کی محبوب اداؤں کا نام ہے، ان کی ادائیں پیاری ہیں۔ جو بھی اخلاص سے ان کی سی ادائیں کرے گا مقبول ہوگا۔ اگر کوئی شخص رکوع سجدہ میں قرآن پڑھ لے اور قیام میں التحیات پڑھے یعنی جو ذکر الٰہی نماز میں ہوتا ہے اس کی ترتیب بدل دے نماز نہ ہوگی۔ آخر یہ کیوں؟ صرف اس لیے کہ اس نے اگرچہ سارے ارکان ادا کر دیئے اور سارے ذکر بھی کر لیے مگر اس طرح نہیں کیے جس طرح سے محبوب علیہ الصلاۃ والسلام کرتے تھے پیاری تو ان کی ادائیں ہیں نہ کہ محض تمہارے افعال، دیکھو نماز وتلاوت بزبان عربی لازم ہے کہ یہی محبوب کی زبان ہے ہمیں طوطا مینا پیاری ہیں کیوں کہ وہ ہماری سی بولی بولتے ہیں۔ اگرچہ بغیر سمجھے ہی سہی۔ تو اے مسلمانو! تم بھی اس محبوب کی بولی بولو اگرچہ بغیر سمجھے

ہوئے سبھی ثواب پاؤ گے۔ اگر نماز محض درخواست ہوتی تو ہر زبان میں ادا ہو جاتی کہ رب تبارک وتعالیٰ تو ہر زبان جانتا ہے۔ حج میں کیا ہے؟ کہیں ٹھہرنا، کہیں دوڑنا، کہیں کنکر پھینکنا، کہیں طواف میں گھومنا، آخر یہ کام ان تاریخوں میں عبادت کیوں بن گئے اس لیے کہ یہ اللہ والوں کے کام ہیں۔ حدیث پاک میں ارشاد ہوا۔

من تشبه بقوم فهو منهم .

جو کسی قوم سے مشابہت کرے وہ اسی قوم سے ہے۔

ہماری نمازوں اور ساری عبادتوں کا یہی حال ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشابہت اور تشبیہ نصیب ہو جائے شاید اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے ہمیں بخش دے۔ ہمارے یہ سجدے سجود ان ہی مقبول سجدوں کی نقل ہیں غرض کہ احکام کی ساری آیات نعت رسول ہیں۔ علیہ الصلاۃ والسلام۔

اسی طرح وہی کام گناہ ہے جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ناراض کرے۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے **و الذين يؤذون رسول الله لهم عذاب اليم** (جو لوگ حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایذا و تکلیف دیتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے) **لهم**، کے مقدم ہونے سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف انھیں کو عذاب ہوگا جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایذا دیں۔ معلوم ہوا کہ ہر کافر کے کفر اور مومنوں کے گناہ سے حضور کو ایذا ہوتی ہے۔ اگر کسی عبادت سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ناراض ہیں تو وہ عبادت گناہ ہے اور اگر کسی خطا سے حضور راضی ہوں تو وہ خطا عین عبادت ہے۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا غار ثور میں سانپ سے اپنے کو کٹوا لینا خودکشی نہیں عین عبادت ہے۔ ابو امیہ ضمری کا بہ مجبوری کلمہ کفر منھ سے نکال دینا کفر نہیں۔ خیبر میں حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا نماز عصر قضا کر دینا گناہ نہیں بلکہ عبادت تھا کہ ان چیزوں سے حضور مختار کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم راضی تھے۔ مگر فاطمہ زہراء

رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی موجودگی میں حضرت علی کے لیے دوسرا نکاح گناہ تھا کہ اس سے حضور کو ایذا پہنچتی۔

عرفات میں نماز مغرب قضا کرنا عبادت ہے کہ اس سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم راضی ہیں۔

(شان حبیب الرحمٰن)

سرورِکونین ﷺ کے فضائل وکمالات

احادیث کی روشنی میں

لیکن رضاؔ نے ختمِ سخن اس پہ کر دیا
خالق کا بندہ ، خلق کا آقا کہوں تجھے

أعطيت خمسا لم يعطهن أحد من قبلي

مجھے پانچ چیزیں وہ دی گئیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں ملیں۔

(الحدیث)

سرورکونین ﷺ کے فضائل وکمالات

خاندانی شرافت

عن واثلة بن اسقع رضی الله تعالیٰ عنه قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان الله اصطفی من ولد ابراهیم اسمعیل ، و اصطفی من ولد اسمعیل بنی کنانة و اصطفی من بنی کنانة قریشا و اصطفی من قریش بنی هاشم و اصطفانی من بنی هاشم .

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے اولاد ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام سے حضرت اسماعیل کو چن لیا پھر حضرت اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام کی اولاد سے بنی کنانہ کو منتخب فرمایا اور بنی کنانہ کی اولاد سے قبیلۂ قریش کو فضیلت بخشی اور قبیلہ قریش سے خاندان بنو ہاشم کو ممتاز کیا اور خاندان بنو ہاشم سے مجھے چن لیا۔

(مسلم وترمذی)

عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اتانی جبریل فقال قلبت مشارق الارض و مغاربها فلم ار رجلا افضل من محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و لم ار بنی اب افضل من بنی هاشم .

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ایک روز جبریل علیہ السلام میرے پاس حاضر ہوئے اور عرض کی کہ میں نے زمین کے مشارق ومغارب کو چھان مارا ہے لیکن میں نے کوئی ایسا مرد نہیں دیکھا کہ جو محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل ہو اور نہ کوئی خاندان

دیکھا ہے جو خاندان بنو ہاشم سے ارفع واعلیٰ ہو۔ (طبرانی، ابونعیم، بیہقی)

اولادِ آدم میں سب سے مکرم

عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انا اکرم ولد آدم علی ربی و لا فخر .

آدم علیہ الصلاۃ والسلام کی تمام ذریت سے میں اپنے رب کے نزدیک معزز ومکرم ہوں میں یہ بات فخر ومباہات کے لیے نہیں کہہ رہا بلکہ اظہارِ حقیقت کر رہا ہوں۔ (ترمذی)

عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انا اکرم الاولین و الآخرین و لا فخر .

میں تمام پہلے گزرے ہوئے انسانوں سے اور بعد میں آنے والے انسانوں سے بارگاہِ الٰہی میں زیادہ معزز ومکرم ہوں میرا یہ قول از راہِ فخر ومباہات نہیں بلکہ یہ اظہارِ حقیقت ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ شب معراج نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں سواری کے لیے براق پیش کیا گیا تو اس نے شوخی دکھانا شروع کی جبریل امین نے اسے جھڑک کر کہا کیا اللہ کے محبوب محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے شوخی دکھا رہے ہو۔ آج تک تیری پشت پر کوئی ایسا آدمی سوار نہیں ہوا جو بارگاہِ ایزدی میں ان سے زیادہ معزز ومحترم ہو۔ جبریل کی اس سرزنش پر براق کو پسینہ آ گیا۔

خزائنِ ارض کی کنجیاں حضور کے قبضے میں

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

قال نصرت بالرعب و اوتيت جوامع الكلم و بينما انا نائم اذ جئ بمفاتيح خزائن الارض ووضعت فی یدی و ختم بی النبیون .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رعب سے میری مدد کی گئی ہے، مجھے جوامع الکلم عطا فرمائے گئے ہیں اور اس وقت جب کہ میں سویا ہوا تھا زمین کے خزانوں کی کنجیاں لائی گئیں اور میرے ہاتھوں میں رکھ دی گئیں اور میری ذات پر اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کی بعثت کا سلسلہ ختم کر دیا۔ (مسلم)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے میرے امتیو! میں تمھارا پیش رو ہوں اور میں تم پر گواہی دینے والا ہوں اور بلا شبہ زمین کے خزانوں کی کنجیاں مجھے عطا فرما دی گئی ہیں۔ (شفاء شریف)

حضور پر مخصوص انعاماتِ الٰہیہ

ابن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ اے میرے محبوب مجھ سے مانگو میں نے عرض کی اے میرے پروردگار! میں تجھ سے کیا مانگوں تو نے حضرت ابراہیم کو اپنا خلیل بنایا، موسیٰ سے بلا واسطہ کلام کیا، نوح کو چن لیا، سلیمان علیہم الصلاۃ والسلام کو وہ ملک عظیم عطا کیا جو آپ کے بعد کسی کو نہیں دیا جائے گا۔ اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ جواب سن کر اللہ جل مجدہ نے فرمایا اے میرے حبیب! جو میں نے آپ کو عطا فرمایا ہے وہ ان تمام انعامات سے اعلیٰ وافضل ہے۔ میں نے آپ کو کوثر عطا فرمایا، میں نے آپ کے نام کو اپنے نام کے ساتھ ملایا ہے جو ہر اذان وشہادت کے وقت فضا میں گونجتا رہتا ہے اور میں نے زمین کو آپ کے لیے بنایا ہے اور آپ کی امت کے لیے زمین کو طہارت کا سبب قرار دیا ہے اور آپ پر جو الزامات

ہجرت سے پہلے اور ہجرت کے بعد لگائے گئے میں نے ان سب سے آپ کے دامن کو پاک کر دیا ہے۔ آپ لوگوں میں اس حالت میں چلتے ہیں کہ آپ مغفور ہیں اور یہ مہربانی آپ سے پہلے میں نے کسی کے ساتھ نہیں کی اور میں نے آپ کے امتیوں کے دلوں کو قرآن کریم کا حامل بنا دیا ہے اور میں نے مقام شفاعت آپ کے لیے مخصوص کر رکھا ہے حالاں کہ میں نے آپ کے بغیر کسی نبی کو یہ شان عطا نہیں فرمائی۔

(شفاء شریف)

اس حدیث پاک میں اس امر کی وضاحت کی گئی ہے کہ اگر چہ حضور کی آمد سے پہلے اولوالعزم رسولوں کو مقام رفیعہ پر فائز کیا گیا لیکن جو شانیں اور عظمتیں آپ کے رب نے آپ کو عطا فرمائی ہیں وہ تمام سابقہ انعامات سے اعلیٰ وارفع ہیں۔

دعائے ابراہیم ونوید عیسیٰ

عن العرباض بن سارية رضی الله تعالیٰ عنه سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول ابی عبد الله و خاتم النبیین و ان آدم لمنجدل فی طینته انا دعوة ابی ابراهیم و بشارة عیسیٰ بن مریم علیهم الصلاة و السلام .

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا میں اللہ کا بندہ ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں، میں اس وقت خاتم النبیین تھا جب کہ آدم علیہ الصلاۃ والسلام آب وگل کی منزلیں طے کر رہے تھے۔ میں وہ دعا ہوں جو میرے باپ ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے اللہ سے کی تھی میں وہ مژدہ ہوں جو حضرت عیسیٰ بن مریم نے نوع انسانی کو سنایا تھا۔

ساق عرش پر حضور کا اسم مبارک

قال آدم لما خلقتنی رفعت راسی الی عرشک فاذا فیه مکتوب لا اله الا الله محمد رسول الله فعلمت انه لیس احد اعظم قدرا عندک ممن جعلت اسمه مع اسمک .

حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی اے میرے پروردگار جب تو نے مجھے پیدا فرمایا اور میں نے سر اٹھا کر تیرے عرش کی طرف دیکھا تو وہاں یہ لکھا ہوا پایا لا اله الا الله محمد رسول الله پس میں نے جان لیا کہ یہ ہستی جس کے نام کو تو نے اپنے نام کے ساتھ یکجا لکھا ہے اس کی قدر و منزلت تیری بارگاہ میں بہت بڑی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو یہ وحی کی :

و عزتی و جلالی انه لاخر النبیین من ذریتک و لو لاہ ما خلقتک .

مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم تیری اولاد میں یہی ہستی خاتم النبیین ہے اور اگر یہ نہ ہوتے تو اے آدم میں تجھے بھی پیدا نہ کرتا۔

سراپائے اقدس

ہر خوبی اور ہر کمال جس کا تعلق جسم سے ہو یا روح سے، ظاہر سے ہو یا باطن سے، دنیا سے ہو یا آخرت سے، فکر سے ہو یا عمل سے، فرد واحد سے ہو یا ساری قوم سے، زمانۂ ماضی سے ہو یا حال و مستقبل سے، کسی کی جد و جہد کا نتیجہ ہو یا محض عطاء الٰہی ہو۔ یہ گوناگوں خوبیاں اور بوقلموں کمالات اپنی جملہ رعنائیوں اور دلفریبیوں کے ساتھ ذات پاک سید الانبیاء محمد مصطفیٰ علیہ وعلیٰ آلہ اطیب التحیۃ و الثناء میں

بعطائے الٰہی اپنی اکمل ترین صورت میں پائے جاتے ہیں۔ جلال و جمال محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تذکرہ ایک ٹھاٹھیں مارتا ہوا بحرِ بیکراں ہے جس کا احاطہ انس و ملک میں سے کسی کے بس کا روگ نہیں۔

متعدد صحابۂ کرام نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حلیۂ مقدس بیان کرتے ہوئے فرمایا ہے:

من انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم كان ازهر اللون	حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رنگ مبارک سرخ و سپید تھا۔
ادعج	چشم مازاغ بڑی بڑی تھیں ان کا سفید حصہ بہت سفید اور سیاہ حصہ بہت سیاہ تھا۔
انجل	چشم ہائے مبارک بڑی تھیں۔
اشكل	آنکھ کے سفید حصہ میں سرخ ڈورے تھے۔
اهدب الاشفار	مژگان مبارک لمبی تھیں۔
ابلج	ابروؤں کا درمیانی حصہ بالوں سے صاف تھا ابرو
ازج	کمان کی طرح خمیدہ اور لمبے تھے۔
اقنى	ناک مبارک اونچی اور پتلی تھی۔
افلج	دندان مبارک پیوستہ نہ تھے درمیان میں تھوڑا سا فاصلہ تھا۔
مدور الوجه	رخ انور گول تھا۔

واسع الجبین	پیشانی مبارک فراخ تھی۔
کث اللحیة	ریش پرنور گھنی تھی۔
تملأ صدره	جو سینہ مبارک پر پھیلی ہوئی تھی۔
سواء البطن و الصدر	شکم مبارک اور سینہ مبارک ہموار تھے۔
واسع الصدر	صدر پرنور کشادہ تھا۔
عظیم المنکبین	کندھے بڑے بڑے تھے۔
ضخم العظام	جسم کی ہڈیاں بھاری بھرکم تھیں۔
عبل العضدین و الذراعین و الاسافل	کہنیوں سے کندھوں تک اور دونوں کلائیاں اور پنڈلیاں بہت مضبوط اور طاقتور تھیں۔
رحب الکفین و القدمین	ہاتھوں کی دونوں ہتھیلیاں اور دونوں مبارک پاؤں کشادہ تھے۔
سائل الاطراف	انگشت مبارک ہموار تھیں۔
انور المتجرد	جسم مبارک نورانی تھا۔
دقیق المسربة	سینہ کے بالوں کی وہ لکیر جو سینہ کی ہڈی سے ناف تک چلی جاتی ہے وہ پتلی تھی۔
ربعة القد	قامت زیبا درمیانہ تھی۔

لیس بالطویل البائن
حضور زیادہ دراز قامت نہ تھے اور نہ از حد پست قامت۔

و لا بالقصیر المتردد
و مع ذلک لم یکن یما شیه احد
ینسب الی الطول الاطال .
بایں ہمہ اگر کوئی دراز قامت انسان سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ چلتا تھا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس سے اونچے دکھائی دیتے تھے۔

رجل الشعر
گیسوئے مبارک زیادہ گھنگھریالے نہ تھے۔

اذا افتر ضاحکا
جب حضور ہنستے تو دندان مبارک یوں چمکتے تھے۔

افترعن مثل سنا البرق
جس طرح بجلی کی چمک یا ژالہ باری کے وقت۔

و عن مثل حب الغمام
گرنے والے دانے۔

اذا تکلم رئی کالنور یخرج من ثنایاه
جب حضور گفتگو فرماتے تو یوں معلوم ہوتا تھا کہ دندان مبارک سے نور نکل رہا ہے۔

احسن الناس عنقا
حضور کی گردن مبارک تمام لوگوں کی گردنوں سے زیادہ خوبصورت تھی۔

لیس بمطهم و لا مکلثم
حضور کا جسم اطہر نہ زیادہ فربہ تھا اور نہ لاغر۔

متماسک البدن
بدن مبارک مضبوط اور بھرا ہوا تھا۔

ضرب اللحم
جسم پر گوشت زیادہ نہ تھا۔

(شفا شریف)

جسم اطہر کی نظافت و پاکیزگی

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم مبارک کو اتنا لطیف اور نفیس بنایا تھا کہ گرد و غبار کی وہاں گنجائش ہی نہ تھی ، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود بڑے نظافت پسند تھے اور اپنے غلاموں کو بھی اپنے جسم ولباس کو صاف رکھنے کی ہدایت فرمایا کرتے تھے۔ آپ کا ارشادگرامی ہے :

بنی الدین علی النظافة

دین اسلام کی بنیاد نظافت پر ہے۔

خادم خاص بارگاہ نبوت حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

ما شممت عنبرا قط و لا مسکا و لا شیئا اطیب من ریح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم .

میں نے کبھی کوئی عنبر کوئی مشک یا کوئی اور چیز ایسی نہیں سونگھی جس کی مہک شاہ خوباں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مہک سے زیادہ خوشبودار ہو۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے محبوب کی اس روح پرورادا کو یوں بیان فرماتے ہیں:

کہ ایک روز سرور انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک میرے رخسار پر پھیرا تو حضور کے دست مبارک کی خنکی اور مہک میں نے محسوس کی تو یوں معلوم ہوا کہ جیسے عطار کی صندوقچی سے یہ دست مبارک ابھی ابھی نکالا تھا۔

فہم وذکاء

ہادئ انس و جاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جس قوم کی ہدایت ورہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا گیا

وہ حلم و بردباری کے نام سے بھی واقف نہ تھی چھوٹی چھوٹی باتوں پر تلواریں بے نیام ہو جاتیں، خون کے دریا بہنے لگتے اور کشتوں کے پشتے لگ جاتے اور قتل و غارت کا یہ سلسلہ ختم ہونے کا نام نہ لیتا ایسی تیز مزاج قوم کو حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حلم و بردباری کا علمبردار بنا دیا۔ نیز وہ قوم جو اخلاقی لحاظ سے پستی کی انتہا میں گر چکی تھی، فسق و فجور کی دلدل میں تا بدوش غرق تھی، پیشہ ور عورتیں اپنے گھروں پر جھنڈے نصب کر کے لوگوں کو دعوت گناہ دے رہی ہوتی تھیں، بڑے بڑے شرفاء وہاں جا کر اپنا منہ کالا کرتے لیکن نہ ان کو کسی سے شرم محسوس ہوتی اور نہ انھیں کوئی برا بھلا کہتا۔ وہ قوم شراب جس کی گھٹی میں تھی، وہ قوم جو گاڑھے پسینے کی کمائی ہوئی دولت کو شراب خوری اور قمار بازی میں پانی کی طرح بہا دینے کی عادی تھی اور اس کو وہ باعث عزت و افتخار سمجھتی تھی، ایسی قوم کو انتہائی دانش مندی سے رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قعر مذلت سے نکالا اور عفت و پاک دامنی کا خوگر بنایا، وہ جو کسی کی اطاعت کے لیے تیار نہیں تھی، جس کی انانیت کسی قانون اور دستور کی پابند نہ تھی، جن کے ہاں لوٹ مار اور ڈاکہ زنی کوئی عیب شمار نہ ہوتا تھا اس قوم کو سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے حکیمانہ کلمات اور دل نشیں مواعظ سے جس طرح قانون و آئین کی پابندی کا خوگر بنا دیا وہ آپ ہی کا حصہ ہے۔ وہ قوم جو متعدد قبائل میں بٹی ہوئی تھی، ایک دوسرے کی جان و مال کو نقصان پہنچانا ہر طاقتور اپنا حق سمجھتا تھا۔ ان بکھرے ہوئے قبائل کو خدا کے مقدس رسول نے سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح یک جان کیا اور عدل و انصاف کے ضابطوں کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کا عادی بنا دیا۔ یہ ہمہ پہلو انقلاب جو عرب کے اجڈ بدوؤں میں برپا ہوا۔ یہ سب امور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دانش و خردمندی کی ناقابل تردید دلیلیں ہیں۔ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی قوم کے ظاہر کو ہی نہیں بدلا بلکہ اس کے باطن کو بھی صدق و صفا، عفت و تقویٰ، تواضع و انکسار اور جذبۂ اطاعت امیر سے مزین کر دیا۔ جب سے اولاد آدم علیہ السلام اس کرۂ ارضی پر آباد ہوئی ہے اس وقت سے لے کر آج تک کوئی فاتح عالم، کوئی سلطان ہفت اقلیم، کوئی

سیاسی مدبر، ایسا جامع انقلاب برپا نہ کر سکا جس طرح اللہ کے حبیب محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قلیل ترین وقت میں برپا کیا۔

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی عقل کی برتری ثابت کرنے کے لیے اس سے بڑھ کر اور کسی دلیل کی ضرورت نہیں کہ سرورِ انبیاء علیہ الصلاۃ والسلام نے بڑے حکیمانہ انداز سے ہر قسم کے لوگوں کو اسلام کے سانچے میں اس طرح ڈھالا کہ ان کے مزاج اور ان کی فطرت و عادت بدل کر رکھ دی۔

اسی لیے وہب بن منبہ سے مروی ہے کہ آپ نے کہا کہ میں نے اکہتر کتابوں کا دقتِ نظر سے مطالعہ کیا ہے اور ان کتب کے جملہ مصنفین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ :

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارجح الناس عقلاً و افضلھم رایاً.

یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عقل و دانش کے لحاظ سے تمام لوگوں سے برتر تھے ہر معاملہ میں حضور کی رائے تمام لوگوں کی آراء سے افضل تھی۔

انھیں وہب سے یہ روایت بھی منقول ہے :

ابتدائے آفرینش سے لے کر قیامِ قیامت تک اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو جو فہم و فراست عطا فرمائی ہے، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عقل و رائے کے سامنے اس کی حیثیت اتنی بھی نہ تھی جتنی ریت کے ایک ذرہ کی دنیا کے تمام ریگستانوں سے ہوتی ہے۔

سبل الہدیٰ کے مصنف کا یہ قول بھی آپ کی توجہ کا مستحق ہے۔

اگر عقل و خرد کے سو اجزاء تصور کیے جائیں تو ان میں سے ننانوے حصے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ارزانی فرمائے اور ایک حصہ ساری مخلوق کو عطا فرمایا۔

فصاحت و بلاغت

اہل عرب فصاحت و بلاغت میں تمام اقوام عالم سے برتر اور افضل تھے انھیں اپنے اس وصف پر اتنا ناز تھا کہ وہ اپنے سوا تمام اقوام عالم کو عجمی (گونگا) کہتے تھے ان فصحاء و بلغاء میں بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان فصاحت عدیم المثال تھی۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان فصاحت کا کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا تھا حضور کے کلام میں انتہا درجہ کی سلاست و روانی تھی، یوں معلوم ہوتا کہ کلمات نور کے سانچے میں ڈھل کر زبان اقدس سے ادا ہو رہے ہیں۔ جو بات زبان مبارک سے نکلتی وہ ہر عیب سے پاک ہوتی۔ اس میں تکلف کا شائبہ تک نہ ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جوامع الکلم سے نوازا تھا یعنی الفاظ قلیل ہوتے لیکن لطائف و معانی کا ایک سمندر ان میں موجزن ہوتا تھا حضور کی زبان مبارک سے ایسے حکیمانہ جملے صادر ہوتے جو حکمت و دانائی میں اپنی مثال نہیں رکھتے تھے۔

عرب کے مختلف خطوں میں جو عربی بولی جاتی تھی اس میں بڑا تفاوت ہوتا تھا سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وطن مبارک اگرچہ حجاز تھا لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حجاز کی لغت میں بھی جب گفتگو فرماتے تو فصاحت و بلاغت کے چمن آباد ہو جاتے۔ اور عرب کے دیگر علاقوں کی علاقائی زبان میں اس سلاست و قادر الکلامی سے گفتگو فرماتے کہ سننے والے حیران ہو جاتے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بھی کسی کو مخاطب فرماتے تو اس کی علاقائی زبان میں خطاب فرماتے، اسی زبان کے محاورے استعمال فرماتے، ان ہی کی شان فصاحت کا مقابلہ کرتے یہاں تک کہ صحابہ کرام جب کسی دوسرے علاقہ کی زبان میں حضور کو گفتگو کرتے سنتے تو کئی الفاظ کی تشریح و وضاحت کے لیے اپنے آقا کی طرف رجوع کرتے۔

جب عرب کی ان علاقائی زبانوں میں جو متداول نہ تھیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فصاحت و بلاغت کا سمندر یوں ٹھاٹھیں مار رہا ہوتا کہ پڑھنے اور سننے والے سمجھے بغیر ان کی فصاحت و جزالت سے لطف اندوز ہوتے تو روزمرہ کی زبان میں جو شیرینی اور دلکشی ہوگی اس کا کون اندازہ لگا سکتا ہے۔

کئی ادباء نے سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جوامع الکلم اور حکیمانہ اقوال کے مجموعے تالیف کیے ہیں جو عربی زبان کا طرۂ امتیاز ہیں اور اہل عرب کے لیے فخر و مباہات کا باعث ہیں۔ جوامع الکلم اور اقوال حکمت کے چند نمونے ملاحظہ فرمائیں۔

ارشاد نبوی ہے :

(۱) **المسلمون تتكافأ دماء هم**

تمام مسلمانوں کا خون مساوی ہے۔
یعنی قصاص و دیت میں کسی شخص کو اس کی ثروت اور اس کے خاندان کے پیش نظر ترجیح نہیں دی جائے گی بلکہ سب کا قصاص یکساں ہوگا۔

(۲) **يسعى بذمتهم ادناهم .**

اگر کوئی کم درجے والا مسلمان کسی قوم کو امان دے گا یا عہد کرے گا تو سب مسلمانوں پر اس کی پابندی لازمی ہوگی۔

(۳) **و هم يد على من سواهم .**

تمام مسلمان دشمن کے مقابلے میں یکجان ہوں گے۔

(۴) **الناس كاسنان المشط.**

تمام انسان اس طرح برابر ہیں جس طرح کنگھی کے دندانے۔

(۵) **المرء مع من احب**

ہر انسان کو اس کی معیت حاصل ہوگی جس کے ساتھ وہ محبت کرتا ہے۔

(٦) **لا خير في صحبة من لا يرى لك ما ترى له .**

اس شخص کی ہم نشینی میں کوئی فائدہ نہیں کہ تو اس کے بارے میں خیر کی تمنا کرے اور وہ تمہیں زک پہنچانے کے منصوبے بناتا رہے۔

(٧) **الناس معادن.**

لوگوں کے مزاج مختلف قسم کے ہوتے ہیں جس طرح زمین میں مختلف قسم کی معدنیات ہوتی ہیں۔

(٨) **و ما هلك امرء عرف قدره .**

جو اپنی قدر کو پہچانتا ہے وہ ہلاک نہیں ہوتا۔

(٩) **المستشار موتمن و هو بالخيار ما لم يتكلم .**

جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہے جب تک وہ اپنی رائے کا اظہار نہ کرے بلکہ خاموش رہے اسے اختیار ہے کہ وہ مشورہ دے یا نہ دے۔

(١٠) **رحم الله عبدا قال خيرا فغنم اوسكت فسلم .**

اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم فرمائے جو اچھی بات زبان سے نکالتا ہے اور اس سے فائدہ پہنچتا ہے۔ یا سکوت اختیار کرتا ہے اور تمام لوگوں کی ایذا رسانی سے محفوظ رہتا ہے۔

حضور کی شرم وحیا

شرم وحیا اور پردہ پوشی میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام انسانوں سے ارفع واعلیٰ تھے کسی شخص کو اگر کوئی ناپسندیدہ حرکت کرتے دیکھتے تو اس کی طرف سے از راہ تغافل آنکھیں پھیر لیتے۔

ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ روایت منقول ہے :

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اشد حیاء من العذراء فی خدرھا.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک پردہ نشین کنواری سے بھی زیادہ حیادار اور شرمیلے تھے۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کوئی فحش بات اپنی زبان پر نہ لاتے تھے اور نہ بازاروں میں شور مچاتے تھے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے تھے بلکہ عفو ودرگزر سے کام لیتے تھے۔

حضور کی شانِ تواضع

اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جن ارفع واعلیٰ مقامات پر فائز کیا وہ کسی پر مخفی نہیں۔ بارگاہ رب العزت میں اتنا بلند مرتبہ پالینے کے باوجود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے قول وفعل میں ہمیشہ عجز وانکسار کا اظہار فرمایا کرتے تھے۔

ایک روز سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما تھے خدمت اقدس میں حضرت جبریل امین حاضر تھے کہ اچانک آسمان ایک کنارے سے پھٹا، اچانک ایک فرشتہ کو دیکھا کہ وہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہے وہ حضرت اسرافیل علیہ السلام تھے جو نہ اس سے پہلے کبھی کسی نبی پر نازل ہوئے اور نہ آج کے بعد کبھی وہ آسمان سے اتریں گے انھوں نے عرض کی :

یا رسول اللہ آپ پر سلام ہو اور آپ کا پروردگار بھی آپ کو سلام فرماتا ہے میں آپ کے رب کی طرف سے آپ کی خدمت میں بحیثیت قاصد حاضر ہوا ہوں۔ میرے اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں آپ کو اختیار دوں چاہے تو آپ ایسے نبی بنیں جو عبد ہے اور چاہے تو آپ ایسے نبی بنیں جو بادشاہ ہے۔ جبریل علیہ السلام پہلے ہی حاضر خدمت تھے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مشورہ طلب کرتے ہوئے ان کی طرف

نگاہ فرمائی انھوں نے تواضع اختیار کرنے کے بارے میں عرض کی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت اسرافیل کو فرمایا بل نبیا عبدا میں ایسا نبی بننا چاہتا ہوں جو اپنے خالق و مالک کا بندہ ہو اور اے عائشہ اگر میں ایسا نبی بننا پسند کرتا جو بادشاہ ہو تو یہ پہاڑ سونا بن کر میرے ہمراہ ہوتے۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کوئی ایسی خو نہ تھی جو متکبروں اور مغروروں کا شیوہ ہوا کرتی ہے۔ جو شخص بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعوت کرتا وہ سرخ رنگ کا ہو یا سیاہ، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی دعوت قبول فرماتے، زمین پر گری ہوئی کھجور پاتے تو اسے اٹھا لیتے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایسے گدھے پر سواری کرنے کو عار محسوس نہ کرتے جس کی پیٹھ پر کوئی کپڑا نہ ڈالا گیا ہو۔

حجۃ الوداع کے موقع پر جب کہ جزیرۂ عرب کے دور دراز گوشوں سے شمع جمال محمدی کے پروانے اپنے آقا کی زیارت اور حضور سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قیادت میں حج ادا کرنے جمع ہو گئے تھے اس وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس اونٹ پر سوار تھے اس کا جو کجاوہ تھا وہ پرانا اور بوسیدہ تھا اور جو چادر اس پر ڈالی ہوئی تھی اس کی قیمت صرف چار درہم تھی، اس عجز و انکسار کے ساتھ ساتھ حضور علیہ الصلاۃ و السلام سراپا عجز و نیاز بن کر اپنے مولائے کریم کی بارگاہ میں عرض کر رہے تھے :

اللهم حجة مبرورة لا رياء و لا سمعة .

اے اللہ اس حج کو حج مبرور بنا جس میں کوئی ریاکاری اور شہرت کی خواہش نہ ہو۔

سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فتح مکہ کے دن جب فاتحانہ جاہ و جلال سے مکہ میں داخل ہوئے تو سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی گردن جھکائی ہوئی تھی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ریش مبارک پالان کے سامنے والی لکڑیوں کو چھو رہی تھی اور چشم ہائے مبارک سے از راہ تواضع اشک رواں تھے۔

امام احمد بن حنبل سے مروی ہے کہ سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب گھر تشریف لاتے تو بے کار

وخالی نہ رہتے اگر کوئی کپڑا پھٹا ہوتا تو اسے سیتے، اپنے جوتے کی مرمت فرماتے، کنوئیں سے ڈول نکالتے اور اس کی مرمت کرتے، اپنی بکری خود دوہتے، اپنے ذاتی کام خود انجام دیتے، کبھی کبھی کاشانۂ اقدس کی صفائی بھی فرماتے، اپنے اونٹ کے گھٹنے باندھتے، اپنی اونٹنی کو چارہ ڈالتے، خادم کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے، حضرت عائشہ کے ساتھ آٹا گوندھتے، بازار سے اپنا سودا سلف خود اٹھا لاتے۔

یہ سارے کام اس لیے کرتے تا کہ اپنے صحابہ کو تواضع و انکسار کا طریقہ سکھائیں اور تکبر و غرور سے باز رہنے کی تلقین کریں۔

وفائے عہد

عبداللہ بن ابی الحمساء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کوئی چیز فروخت کی لیکن جو چیز میں نے فروخت کی وہ ساری کی ساری اس وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش نہ کر سکا اس کا کچھ حصہ باقی رہ گیا میں نے وعدہ کیا کہ حضور یہاں ٹھہریں میں ابھی بقیہ لے کر حاضر ہوتا ہوں، میں چلا گیا، میں یہ بات بھول گیا اور دیگر کاموں میں مصروف ہو گیا، تین دن کے بعد مجھے اچانک یاد آیا کہ میں تو آپ کے ساتھ وعدہ کر آیا ہوں کہ میں بقیہ چیز آپ کو لا کر دیتا ہوں آپ میرا انتظار کریں۔ جب میں وہ چیز لے کر وہاں پہنچا تو رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسی جگہ پر تشریف فرما تھے جہاں میں حضور کو چھوڑ کر گیا تھا۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی ناراضگی اور غضب کا اظہار نہیں کیا بلکہ اپنے من موہنے انداز میں اتنا فرمایا:

یا فتی لقد شققت علی و انا ھھنا منذ ثلث انتظرک .

اے نوجوان! تو نے مجھے بڑی تکلیف پہنچائی ہے میں تین دن سے یہاں تمھارے انتظار میں بیٹھا ہوں۔

صلہ رحمی

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ بارگاہ نبوت میں جب کوئی شخص ہدیہ پیش کرتا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے کہ یہ فلاں خاتون کو پہنچادو کیوں کہ وہ میری رفیقۂ حیات خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سہیلی تھی، وہ حضرت خدیجہ سے محبت کرتی تھی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے آپ فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کوئی بکری ذبح کرتے تو اس کا گوشت ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سہیلیوں کی طرف بھیجا کرتے، ایک دفعہ آپ کی بہن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ملاقات کے لیے آئی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خوشی سے ان سے گفتگو کی اور ان کی بات سنی۔

ایک دن ایک خاتون حاضر خدمت ہوئی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی آمد پر بڑی مسرت کا اظہار کیا اور اس کے حالات احسن طریقے سے دریافت کیے، وہ چلی گئی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ وہ خاتون ہے کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ کے زمانہ میں اکثر حاضر ہوتی تھی۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان حسن العهد من الایمان

پرانے تعلقات کو ملحوظ رکھنا اور جو تم سے محبت کرے اس کا خیال رکھنا اور جو تیرے محبت کرنے والے سے محبت کرے اس کا خیال رکھنا ایمان کا حصہ ہے۔

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دفعہ نجاشی کی طرف سے ایک وفد آیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہ نفس نفیس ان کی مہمان داری اور خاطر مدارات کا انتظام کرنے لگے۔ صحابہ کرام نے عرض کی یا رسول اللہ ہم حاضر ہیں، ہم ان کی خاطر مدارات میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھیں گے حضور خود کیوں

تکلیف فرماتے ہیں اس پر آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا :

انهم کانوا لاصحابنا مکرمین و انی احب ان اکافئهم

میرے صحابہ جب وہاں گئے تو ان لوگوں نے ان کی بڑی عزت کی میں چاہتا ہوں کہ میں ان کو اس خاطر مدارات کا خود صلہ دوں۔

حضور کی صداقت وامانت اور عفت و پاک دامنی

امانت، عفت، سچائی اور عدل، محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وہ صفات تھیں کہ وہ دشمن جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خون کے پیاسے تھے، اسلام کے نام ونشان مٹانے کے لیے اپنی جان کی بازی لگانے کے لیے مستعد رہتے تھے ایسے دشمن بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ان صفات کا انکار نہیں کر سکتے تھے بلکہ وہ تسلیم کرتے تھے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ سچا وامین اور کوئی نہیں ہے۔

نبوت کے اعلان سے پہلے ہی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امین اور صادق کے القاب سے اپنے معاشرہ میں معروف ومشہور تھے، جب کعبہ شریف کی پہلی عمارت پے در پے سیلابوں سے شکستہ ہوگئی تو اہل مکہ نے کعبہ کو از سر نو تعمیر کرنے کا پروگرام بنایا، جب اس کی بنیادیں وہاں تک پہنچ گئیں جہاں حجر اسود کو رکھنا تھا تو اس شرف کو حاصل کرنے کے لیے ہر قبیلہ یہ چاہتا تھا کہ یہ شرف اسے حاصل ہو، اس کشمکش نے یہ سنگین صورت اختیار کر لی کہ قریب تھا کہ خوں ریز جنگ شروع ہو جائے اور کشتوں کے پشتے لگ جائیں، کسی صاحب نے کہا کہ اس بات پر ایک دوسرے کا خون بہانے کی بجائے تم اپنے میں کوئی ثالث چن لو جو اس کے بارے میں تمھارے اس جھگڑے کا فیصلہ کرے۔ سب نے اس تجویز سے اتفاق کیا اور طے یہ پایا کہ کل صبح جو سب سے پہلے حرم شریف میں داخل ہو وہ ہمارا ثالث ہوگا جو فیصلہ وہ کرے گا ہم تمام قبائل دل وجان

سے اس کو قبول کر لیں گے۔ چنانچہ دوسرے دن لوگ اس انتظار میں تھے کہ دیکھئے کون شخص سب سے پہلے حرم شریف میں داخل ہوتا ہے۔ جب صبح ہوئی تو کیا دیکھتے ہیں کہ اللہ کا محبوب محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہ پہلے شخص ہیں جو حرم شریف میں داخل ہوئے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھ کر سب کے دل مطمئن ہو گئے اور خوشی سے وہ یہ کہنے لگے:

هذا محمد الامين قد رضينا به (الشفاء)

یہ محمد مصطفیٰ ہیں جو امین ہیں ہم اپنی رضامندی سے ان کو اپنا ثالث تسلیم کرتے ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

رحمت دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اگر چاہتے تو حجر اسود کو خود اٹھا کر اس کے مقام پر رکھ دیتے اور سارا شرف خود حاصل کرتے لیکن جس ہستی کو اللہ تعالیٰ نے سراپا رحمت بنا کر مبعوث فرمایا تھا وہ ایسا کام کرنے کے لیے تیار نہیں تھی جس سے سارا شرف آپ کو حاصل ہو اور باقی سارے قبیلے اس سے محروم رہ جائیں۔ رحمت للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس طرح اس کام کو انجام دیا کہ اپنے بیگانے سب لوگ مطمئن بھی ہو گئے اور خوش بھی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی چادر مبارک بچھائی، حجر اسود کو اٹھایا اور اس کو چادر مبارک میں رکھ دیا پھر تمام قبائل کے رئیسوں کو بلایا سب کو کہا اس چادر کو پکڑ لیں اور حجر اسود کو اٹھا کر دیوار کے پاس لے جائیں چنانچہ سب نے اس چادر کو اٹھایا، جب حجر اسود کو لے کر اس جگہ پہنچے جہاں اسے رکھنا تھا تو وہاں خود سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اس پتھر کو اٹھا کر اس جگہ پر رکھ دیا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس تدبیر سے اہل مکہ قتل و غارت سے بھی بچ گئے اور ہر ایک کو حجر اسود کو کعبہ شریف میں رکھنے کا شرف بھی حاصل ہو گیا۔

سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے بارے میں خود فرمایا کرتے :

و اللہ انی لامین فی السماء امین فی الارض .

یعنی آسمان کے مکین بھی مجھے امین جانتے ہیں اور زمین کے بسنے والے بھی مجھے امین تسلیم کرتے ہیں۔ (شفا شریف)

ابو جہل جیسا دشمن حق بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صداقت کو تسلیم کرتا تھا۔ سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے مروی ہے کہ ایک روز ابو جہل حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا۔

انا لا نکذب و لکن نکذب ما جئت به .

ہم آپ کو نہیں جھٹلاتے ہم تو اس دین کو جھٹلاتے ہیں جو آپ لے کر آئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے یہ آیت نازل فرمائی (شفا شریف)

فانھم لا یکذبونک و لکن الظلمین بایت اللہ یجحدون .

وہ آپ کی تکذیب نہیں کرتے لیکن یہ ظالم لوگ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے ہیں۔

(انعام،۳۳)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور کی عفت و پاک دامنی کی گواہی دیتے ہوئے فرماتی ہیں۔

ما لمست یدہ ید امراۃ قط لا یملک رقھا.

میرے آقا کے ہاتھ نے کبھی کسی ایسی عورت کے ہاتھ کو نہیں چھوا جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجیت میں نہ تھی۔ (شفا شریف)

روزانہ کے معمولات

کسریٰ شہنشاہ ایران نے اپنے دنوں کی اس طرح تقسیم کیا ہوا تھا، وہ کہتا تھا جس روز ٹھنڈی ہوا چل رہی ہو وہ دن سونے کے لیے ہے، جس دن بادل گھر کر آئے ہوں وہ دن شکار کے لیے مخصوص ہے، جس روز بارش برس رہی ہو وہ مے نوشی اور لہو لعب کے لیے ہے اور جس دن سورج نکلا ہو وہ دن لوگوں کے حوائج کو پورا کرنے کے لیے ہے۔

لیکن ایک دانشور ابن خالویہ کہتے ہیں کہ کسریٰ کے مقابلے میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس طرح اوقات کی تقسیم فرمائی ہوئی تھی اس کا مطالعہ کریں تو آپ کو خود بخود ایک شہنشاہ اور اللہ کے نبی میں جو فرق ہے معلوم ہو جائے گا۔

وہ کہتے ہیں کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے ہر دن کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہوا تھا ایک حصہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اور یاد کے لیے، دوسرا حصہ اپنے اہل خانہ کے لیے اور تیسرا حصہ اپنی ذات کے لیے، پھر تیسرے حصے کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کے حوائج سننے اور ان کو پورا کرنے کے لیے وقف کیا تھا۔

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عوام کے حالات کو جاننے کے لیے خواص سے رابطہ کرتے اور انھیں فرماتے :

ابلغوا حاجة من لا يستطيع ابلاغى فانه من ابلغ حاجة من لا يستطيع ابلاغها امنه الله تعالىٰ يوم الفزع الاكبر .

وہ لوگ جو اپنی تکالیف مجھے نہیں پہنچا سکتے ان کی حاجات تم مجھے پہنچایا کرو کیوں کہ جو شخص ایسے آدمی کی تکلیف کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچاتا ہے جو خود رسائی حاصل نہیں کر سکتا۔ تو اللہ تعالیٰ اسے

روزِ محشر کے خوف سے امن عطا فرمائے گا۔ (شمائل ترمذی، شفا شریف)

خشیت الٰہی

اللہ جل مجدہ کی الوہیت و کبریائی کا جتنا کسی کو عرفان نصیب ہوتا ہے اسی قدر اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف ہوتا ہے، ساری کائنات میں سے اپنے رب کا جتنا عرفان محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاصل تھا اتنا نہ کسی پیغمبر کو اور نہ کسی فرشتہ کو حاصل تھا اسی لیے سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قلب کریم میں اللہ تعالیٰ کا جتنا خوف تھا کوئی فرشتہ، کوئی مقبول بارگاہ الٰہی، کوئی نبی، کوئی الوالعزم رسول اس مقام پر رسائی حاصل نہ کر سکا۔

امام ترمذی اپنی سنن میں حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں وہ کچھ دیکھتا ہوں جو تم نہیں دیکھ سکتے، میں وہ کچھ سنتا ہوں جو تم نہیں سن سکتے، آسمان چیں چیں کر رہا ہے اور اس کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ ایسا کرے کیوں کہ آسمان پر چار انگشت کی مقدار بھی ایسی جگہ نہیں جہاں کوئی فرشتہ اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتے ہوئے اپنی پیشانی رکھے ہوئے نہ ہو۔

و اللہ لو تعلمون ما اعلم لضحکتم قلیلا و لبکیتم کثیرا.

بخدا اگر تم وہ جانتے جو میں جانتا ہوں تو تم بہت کم ہنستے اور بہت زیادہ روتے۔

اور تم بلند و بالا راستوں پر نکل جاتے اور گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ کی جناب میں فریادیں کرتے۔

(ترمذی، شفا شریف)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس روایت کے بعد کہا میں پسند کرتا ہوں کہ کاش میں ایک

درخت ہوتا جسے کاٹ دیا جاتا۔

رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رات کو نفل پڑھنے کے لیے کھڑے ہوتے تو اتنی دیر قیام فرماتے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدم مبارک سوج جاتے، عرض کی گئی یا رسول اللہ! حضور اتنی تکلیف کیوں برداشت کرتے ہیں حالاں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو مغفرت کی نوید سنا دی، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمایا کرتے :

أ فلا اکون عبدا شکورا.

جب اللہ تعالیٰ نے مجھ پر یہ بے پایاں انعامات اور احسان فرمائے ہیں) تو کیا میں اس کا شکرگزار بندہ نہ بنوں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک روز نماز شروع کی اور ایک آیت تلاوت فرمائی ساری رات یہی ایک آیت تلاوت فرماتے رہے وہ آیت مبارکہ یہ تھی :

ان تعذبھم فانھم عبادک و ان تغفرلھم فانک انت العزیز الحکیم .

اگر تو عذاب دے انھیں تو وہ تیرے بندے ہیں اور اگر تو ان کو بخش دے تو بلاشبہ تو ہی سب پر غالب اور دانا ہے۔ (سورۂ مائدہ، ۱۱۸)

حضور کی شان استغفار و توبہ

سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس مقام رفیع کے باوجود جس پر رب کریم نے حضور کو فائز فرمایا تھا دن میں بار بار استغفار اور توبہ کیا کرتے تھے، امام بخاری کی روایت میں ستر بار اور طبرانی کی روایت میں

سو بار کے الفاظ آئے ہیں دونوں اعداد سے مراد استغفار و توبہ کی کثرت ہے۔

امام احمد اور امام بخاری نے ادب مفرد اور امام مسلم نے اپنی صحیح میں حضرت اغر سے یہ حدیث نقل کی ہے اغر نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

یا ایها الناس توبوا الی الله و انی اتوب الیه کل یوم مائة مرة

اے لوگو اللہ کی بارگاہ میں توبہ کیا کرو میں اللہ سے ہر روز سو مرتبہ توبہ کرتا ہوں۔ (سبل الہدیٰ)

ابن ابی شیبہ، امام احمد اور حاکم نے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک روز مجھ سے ارشاد فرمایا:

این انت من الاستغفار یا حذیفة

اے حذیفہ تم طلب مغفرت میں کیوں سستی کا مظاہرہ کرتے ہو۔

انی لاستغفر الله فی کل یوم مائة مرة و اتوب الیه .

میں باوجود ان کمالات کے ہر روز اللہ تعالیٰ کی جناب میں سو بار مغفرت طلب کرتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔ (سبل الہدیٰ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے آپ نے فرمایا کہ میں نے اللہ کے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس طرح استغفار کرتے دیکھا۔

استغفر الله الذی لا اله الا هو الحی القیوم و اتوب الیه قبل ان یقوم من المجلس مائة .

میں اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہوں وہ اللہ جس کے بغیر اور کوئی معبود نہیں وہ حی و قیوم ہے اور خود

ہمیشہ سے ہمیشہ تک زندہ ہے، کائنات کی ہر چیز کو زندہ رکھنے والا ہے میں اس کی جناب میں توبہ کرتا ہوں آپ مجلس برخاست کرنے سے پہلے سو مرتبہ توبہ فرماتے۔

استغفار کی حکمتیں

یہاں ایک شبہ پیدا ہوتا ہے کہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صغیرہ وکبیرہ تمام گناہوں سے معصوم تھے اور استغفار کی تو اس وقت ضرورت پڑتی ہے جب کوئی گناہ سرزد ہو جائے جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معصوم تھے تو پھر استغفار کا کیا مطلب ہے۔ اس اشکال کے متعدد جواب دیئے گئے ہیں :

(۱) حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو مباح کام کیا کرتے تھے مثلاً کھانا پینا، سونا آرام کرنا، لوگوں سے میل جول رکھنا، ان کے فائدے کے لیے غور وفکر کرنا، کبھی ان کے دشمنوں سے جنگ کرنا اور کبھی ان سے خوش خلقی کا مظاہرہ کرنا، متنفر دلوں میں الفت پیدا کرنے کے لیے کوئی کام کرنا، یہ چیزیں اگرچہ مباح اور بعض بڑی پسندیدہ ہیں لیکن ہر حال میں وہ ذکر الٰہی میں مشغول ہونے اور اس کی بارگاہ میں عجز و نیاز کرنے اس کے انوار وتجلیات کا مشاہدہ کرنے اور اس کے مراقبہ میں مشغول ہونے میں کچھ نہ کچھ حارج ہوتی تھیں سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقام رفیع کے باعث حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان چیزوں کو بھی ذنوب میں شمار کرتے تھے اس لیے ان سے استغفار فرماتے۔

(۲) دوسرا جواب یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس لیے کثرت سے استغفار فرمایا کرتے کہ امت حضور کی اس سنت پر عمل پیرا رہے اور کوئی بھی استغفار اور توبہ سے غفلت نہ برتے۔

(۳) یا یہ استغفار اپنی امت کے گناہوں کے لیے فرماتے۔

(۴) اس سلسلے میں ایک لطیف بات یہ کہی گئی ہے جو حضرت شیخ شہاب الدین کی طرف منسوب ہے کہ

بمقتضائے فرمانِ الٰہی و للآخرۃ خیر لک من الاولیٰ یعنی تیری ہر آنے والی ساعت، ہر آنے والی گھڑی گزشتہ ساعتوں اور لمحوں سے افضل اور اعلیٰ ہے، اس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عقابِ ہمت ہمہ وقت خداداد رفعتوں اور بلندیوں کی طرف مصروفِ پرواز رہتا تھا۔ اس چھوڑی ہوئی منزل میں جو لمحہ گزرا تھا وہ بھی نگاہِ مصطفوی میں ایک ذنب تھا اس سے بار بار استغفار کیا جا رہا ہے۔

(۵) ایک اور بڑی پیاری بات کہی گئی ہے کہ استغفار جو بظاہر تو طلبِ مغفرت ہے لیکن اس کا مدعا اللہ تعالیٰ کی مزید محبت کی طلب ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہر لمحہ استغفار و توبہ میں مصروف رہنا درحقیقت ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں اضافے اور ترقی کی التجا ہے۔

امام رافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ اپنے بلند مقام کے باوجود یہ کہا کرتے کاش میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حال پر آگاہ ہوتا اور کاش میں اس چیز کا مشاہدہ کرتا جس سے سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے استغفار کیا ہے۔

حضور کی شانِ عدل

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اگر کسی کو تکلیف پہنچتی تو حضور اس کو اجازت دیتے کہ اتنی تکلیف حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہنچا کر بدلہ لے لے، اسی طرح ہم نے صدیق اکبر و فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو کرتے ہوئے دیکھا۔

حبیب بن مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک اعرابی کو حکم دیا کہ اس خراش کا بدلہ لے لے جو اسے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نادانستہ پہنچی ہے، سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعرابی کو بلایا اور حکم دیا کہ وہ آپ سے بدلہ لے لے، اعرابی نے عرض کی میں

نے حضور کو معاف کیا میرے ماں باپ حضور پر قربان ہوں میں ہرگز بدلہ نہیں لوں گا خواہ میری جان پر بھی بن جائے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو دعائے خیر سے مشرف فرمایا۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ انھیں ایک شخص نے بتایا۔

غزوۂ حنین کے موقع پر ایک دفعہ بڑی بھیڑ تھی میرے پاؤں میں بڑے سخت قسم کا جوتا تھا میں نے اس جوتے کے ساتھ حضور کے قدم مبارک کو لتاڑ دیا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست مبارک میں چھڑی تھی اس کے ساتھ مجھے کچوکا دیا اور فرمایا تو نے مجھے تکلیف پہنچائی۔ رات بھر میں اپنے آپ کو ملامت کرتا رہا اور اپنے آپ کو کہتا رہا کہ تو نے اللہ کے پیارے رسول کو تکلیف پہنچائی ہے۔ جب صبح ہوئی تو ایک شخص میرے بارے میں پوچھ رہا تھا کہ وہ شخص کہاں ہے میں نے کہا حاضر ہوں۔ اس شخص نے کہا حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تجھے یاد فرما رہے ہیں میں اس کے ساتھ لرزاں ترساں چل پڑا شاید میری کل کی نارستانی کی مجھے سزا دی جائے گی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کل تو نے اپنی بھاری بھرکم جوتی سے میرے پاؤں کو لتاڑا تھا اور مجھے تکلیف پہنچائی تھی، پھر میں نے تمھیں کچوکا دیا تھا یہ ۸۰/اسی اونٹنیاں اس کچوکے کا بدلہ ہیں جو کچوکا میں نے تجھے دیا تھا۔

اس طرح کی متعدد روایات کتب احادیث وسیرت میں موجود ہیں۔

حضور کا وقار وہیبت

سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات طیبہ ہر قسم کے تکلف اور تصنع سے منزہ اور پاک تھی، حضور کا لباس زینت وآرائش سے بالکل پاک تھا، نشست وبرخاست اور آمد ورفت میں کسی قسم کا رکھ رکھاؤ نہیں ہوتا تھا، مکمل سادگی کی پاکیزہ ترین تصویر ہوتی۔ اس کے باوجود جو دیکھتا ہیبت نبوت سے اس پر لرزہ طاری ہو جاتا۔ کتب سیرت میں بیسیوں ایسی مثالیں ہیں کہ جب کوئی شخص نور جمال محمدی کو پہلی بار دیکھتا تو

تھر تھر کا نپنے لگتا۔

ابن سعد اور ابن جریر حضرت قیلہ بنت مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ جب میں نے اللہ کے رسول نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خضوع وخشوع کے ساتھ بیٹھے ہوئے دیکھا تو میں برق تجلی کو برداشت نہ کر سکی اور خوف کے باعث کانپنے لگی۔ ایک صحابی جو سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے انھوں نے عرض کی:

یا رسول الله ارعدت المسکینة .

یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس مسکینہ پر تو لرزہ طاری ہو گیا ہے۔

سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میری طرف دیکھے بغیر فرمایا اور میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پشت انور کے پیچھے بیٹھی تھی۔

یا مسکینة علیک بالسکینة .

اے اللہ کی مسکین بندی اطمینان وتسکین کو لازم پکڑلو۔

سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے تسلی دیتے ہوئے جب یہ فرمایا تو اللہ تعالیٰ نے سارے خوف ورعب کو میرے دل سے نکال دیا۔

امام ابن ماجہ وامام ابوداؤد حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک روز سرور عالمیاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مجلس میں ہم حاضر تھے۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی سے گفتگو فرمائی تو وہ بڑا مرعوب ہو کر کانپنے لگا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا:

هون علیک فانی لست بملک انما انا ابن امراء ة من قریش کانت تاکل القدید.

خوف زدہ مت ہو میں بادشاہ نہیں ہوں میں تو قریش کی ایک خاتون کا بیٹا ہوں جو دھوپ میں خشک کیا ہوا گوشت کھاتی تھی۔

کتنے پیارے انداز میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو تسلی دی کہ انسان ڈرتا تو اس وقت ہے، جب کسی جابر بادشاہ کے سامنے وہ پیش ہوتا ہے، میں تو بادشاہ نہیں ہوں بلکہ قریش کی ایک غریب خاتون کا بیٹا ہوں۔

حضور کا ظاہری حسن وجمال

نور مجسم فخر آدم و بنی آدم جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دیگر انبیاء و رسل کی طرح کسی ایک قبیلہ کی طرف اور وہ بھی محدود وقت کے لیے نبی بنا کر نہیں بھیجے گئے تھے بلکہ تمام بنی نوع انسان کے لیے تا قیام قیامت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات اقدس وہ آفتاب عالم تاب تھی جس کی روشنی ظاہر و باطن کو اپنے انوار سے منور کرنے والی تھی۔ اس لیے ضروری تھا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ظاہری جسمانی محاسن بھی تمام انبیاء سابقین سے اعلیٰ و برتر ہوں کیوں کہ یہ مظاہر جسم باطن کی عظمت کے گواہ ہیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب تمام بنی نوع انسان کے لیے ہادی و مرشد بنا کر بھیجا تو یقیناً حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ظاہر و باطن کو اتنی عظمتیں اور وسعتیں دی ہوں گی کہ کوئی اس کی ہمسری کا گمان بھی نہ کر سکے۔ اسی حقیقت کو عاشق صادق حضرت شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے قصیدہ میں یوں بیان کیا ہے:

هو الذی تم معناه و صورته
ثم اصطفاه حبیبا باری النسم

وہی ذات ہے جو معنوی وصوری لحاظ سے درجہ کمال کو پہنچی ہوئی ہے پھر تمام ارواح کو پیدا کرنے والے نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنا محبوب بنانے کے لیے چن لیا۔

منزہ عن شریک فی محاسنہ

فجوھر الحسن فیہ غیر منقسم

نبی رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے محاسن وکمالات میں شریک سے پاک ہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حسن و جمال کا جوہر منقسم نہیں ہے یعنی حسن کی تمام ادائیں حضور کی ذات میں مجتمع ہیں جہاں کہیں بھی حسن وکمال پایا جاتا ہے وہ ذات پاک مصطفوی کا فیضان ہے۔

صاحب مواہب لدنیہ علامہ قرطبی سے نقل کرتے ہیں کہ انھوں نے فرمایا:

لم یظھر لنا تمام حسنہ لانہ لو ظھر لنا تمام حسنہ لما اطاقت اعیننا رویتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لعجز ناعن ذلک

سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تمام حسن ہمارے لیے ظاہر نہیں کیا گیا کیوں کہ اگر حضور اپنے تمام حسن کے ساتھ جلوہ فرما ہوتے تو ہماری آنکھیں اس کی دید کی طاقت نہیں رکھتیں کیوں کہ ہم اس بات سے عاجز ہیں کہ آفتاب محمدی کی جلوہ سامانیوں کا صحیح ادراک اوراحاطہ کرسکیں۔

علامہ قرطبی رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خداداد جمال وکمال کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حسن و جمال کا آفتاب پوری طرح ہمارے سامنے نمایاں نہ ہوا، اگر وہ پوری طرح نمایاں ہوتا تو کوئی ہستی اس کے دیکھنے کی تاب نہ لاسکتی، آنکھیں چندھیا جاتیں، دل ہیبت زدہ ہو جاتے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت کا مقصد پورا نہ ہوتا۔

اس لیے مولا کریم نے اپنی حکمت بالغہ سے اپنے محبوب کے حسن و جمال صرف اتنا ظاہر ہونے دیا جس پر لوگ تاب لا سکیں اور چشمۂ فیض کے قریب پہنچ کر اپنی پیاس بجھا سکیں۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ وہ اللہ کے محبوب کے حسن و جمال کی ساری اداؤں کا احاطہ کر لے تو یہ ممکن نہیں۔ (سیرت الرسول)

نسب پاک سید لولاک ﷺ

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

کل سبب و نسب منقطع یوم القیامۃ الا سببی و نسبی

ہر علاقہ اور رشتہ روز قیامت قطع ہو جائے گا مگر میرا علاقہ اور رشتہ

(الحدیث)

نسب پاک سید لولاک ﷺ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نسب شریف والد ماجد کی طرف سے یہ ہے:

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، بن عبد اللہ، بن عبد المطلب، بن ہاشم، بن عبد مناف، بن قصی، بن کلاب، بن مرہ، بن کعب، بن لوی، بن غالب، بن فہر، بن مالک، بن نضر، بن کنانہ، بن خزیمہ، بن مدرکہ، بن الیاس، بن مضر، بن نزار، بن معد، بن عدنان۔

اور والدہ ماجدہ کی طرف سے حضور کا شجرۂ نسب یہ ہے:

حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، بن آمنہ، بنت وہب، بن عبد مناف، بن زہرہ، بن کلاب بن مرہ،۔

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے والدین کا نسب کلاب بن مرہ، پرمل جاتا ہے اور آگے چل کر دونوں سلسلے ایک ہو جاتے ہیں۔ عدنان تک آپ کا نسب نامہ صحیح سندوں کے ساتھ باتفاق مورخین ثابت ہے اس کے بعد ناموں میں بہت کچھ اختلاف ہے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بھی اپنا نسب نامہ بیان فرماتے تو عدنان ہی تک ذکر فرماتے تھے۔

مگر اس پر تمام مورخین کا اتفاق ہے کہ عدنان، حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں اور حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلاۃ والسلام کے فرزند ارجمند ہیں۔

خاندانی شرافت

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خاندان ونسب نجابت وشرافت میں تمام دنیا کے خاندانوں سے اشرف واعلیٰ ہے اور یہ وہ حقیقت ہے کہ آپ کے بدترین دشمن کفار مکہ بھی کبھی اس کا

انکار نہ کر سکے ۔ چنانچہ حضرت ابو سفیان نے جب وہ کفر کی حالت میں تھے ، بادشاہ روم ہرقل کے بھرے دربار میں اس حقیقت کا اقرار کیا کہ ھو فینا ذو نسب یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عالی خاندان ہیں۔

حالاں کہ اس وقت وہ آپ کے بدترین دشمن تھے اور چاہتے تھے کہ اگر ذرا بھی کوئی گنجائش ملے تو آپ کی ذات پاک پر کوئی عیب لگا کر بادشاہ روم کی نظروں سے آپ کا وقار گرادیں۔

مسلم شریف کی روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام کی اولاد میں سے ، کنانہ ، کو برگزیدہ بنایا اور کنانہ میں سے قریش کو چنا اور قریش میں سے بنی ہاشم کو منتخب فرمایا اور بنی ہاشم میں سے مجھ کو چن لیا۔

بہرحال یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ

له النسب العالی فلیس کمثله

حسیب نسیب منعم متکرم

یعنی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خاندان اس قدر بلند مرتبہ ہے کہ کوئی بھی حسب ونسب والا اور نعمت وبزرگی والا آپ کے مثل نہیں ہے۔

نسب کی صحت

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے منقول ہے فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اپنا نسب شریف بیان فرمایا کرتے تھے تو معد بن عدنان سے تجاوز نہیں کرتے اس جگہ ٹھہر جاتے اور فرماتے کذب النسابون نسب گویوں نے جھوٹ ملا رکھا ہے۔ایسا ہی مسند الفردوس میں روایت کیا گیا ہے۔

لیکن سہیلی فرماتے ہیں کہ اصح یہ ہے کہ یہ قول حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے جب وہ اس آیۂ کریمہ کو پڑھتے کہ

الـم یاتکم نبؤ الذین من قبلکم قوم نوح و عاد ثمود الذین من بعدھم لا یعلمھم الا اللہ .

کیا تمھیں ان لوگوں کی خبر نہ ملی جو تم سے پہلے تھے قوم نوح، عاد و ثمود اور وہ جو ان کے بعد ہوئے جن کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

تو حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس وقت فرماتے کذب النسابون مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ علم الانساب کا دعویٰ کرتے ہیں مگر حق تعالیٰ بندوں سے اس کے علم کی نفی فرماتا ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے وہ فرماتے تھے کہ ہم عدنان تک اپنا نسب لے جاتے ہیں اس سے اوپر ہم نہیں جانتے اور عروہ بن زبیر فرماتے ہیں کہ ہم کسی ایسے کو نہیں جانتے پہچانتے جو معد بن عدنان کے بعد سلسلۂ نسب لے جائے، کیوں کہ عدنان سے حضرت اسماعیل تا حضرت آدم علیہم الصلاۃ والسلام تک بہت اختلاف ہے۔ چنانچہ کسی نے عدنان سے حضرت اسماعیل تک تیس ایسی پشتوں کا ذکر کیا ہے جن کا کچھ اتہ پتہ نہیں اور کسی نے اس سے کم اور کسی نے اس سے زیادہ پشتوں کا ذکر کیا ہے۔

امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو اپنے نسب کو حضرت آدم علیہ الصلاہ والسلام تک بیان کرتا تھا تو آپ نے اسے ناپسند فرمایا اور کہا کیا اسے اس کی خبر دی گئی ہے؟

اسی طرح امام مالک سے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے رفع نسب روایت کی گئی ہے لہٰذا ہمیں لازم ہے کہ عدنان سے اوپر اس بنا پر توقف کریں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کی وحی نہیں کی

گئی ہے۔

روضۃ الاحباب کے حاشیہ میں عدنان سے اوپر حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام تک ابن جوزی کی کتاب انساب سے تقریباً تیس پشتیں ذکر کی گئی ہیں۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

انتخاب باری تعالیٰ

امام احمد رضا بریلوی نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نسب شریف کی فضیلت و برتری میں جو احادیث پیش فرمائی ہیں وہ یہ ہیں۔

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **ان اللـه اختـار من آدم العرب و اختار من العرب مضر و من مضر قريش و اختار من قريش بني هاشم و اختارني من بني هاشم .**

بیشک اللہ تعالیٰ نے بنی آدم میں سے عرب کو چنا اور عرب سے مضر اور مضر سے قریش اور قریش سے بنی ہاشم اور بنی ہاشم سے مجھ کو۔ اسے امام بیہقی و ابن عدی و حکیم ترمذی اور طبرانی و ابن عساکر نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **ان اللـه تعالىٰ خلق خلقه فجعلهم فريقين فجعلني في خير الـفـريـقـيـن ثم جعلهم قبائل فجعلني في خير قبيلة ثم جعلهم بيوتا فجعلني في خيرهم بيتا فانا خيركم قبيلة و خيركم بيتا .**

اللہ عزوجل نے خلق بنا کر دو فریق کی مجھے بہتر فریق میں رکھا پھر ان کے قبیلے قبیلے جدا کیے، مجھے سب سے بہتر قبیلے میں رکھا پھر قبیلوں میں خاندان بنائے مجھے سب سے بہتر گھر میں رکھا۔ اسے امام احمد و ترمذی نے مطلب بن وداعہ اور حاکم نے ربیعہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی۔

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ان اللہ اختار العرب فاختار منھم کنانۃ و اختار قریشا من کنانۃ و اختار بنی ھاشم من قریش و اختارنی من بنی ھاشم ، و فی لفظ ثم اختار بنی عبد المطلب من بنی ھاشم ثم اختارنی من بنی عبد المطلب .

بے شک اللہ عزوجل نے عرب کو پسند فرمایا پھر عرب سے کنانہ اور کنانہ سے قریش اور قریش سے بنی ہاشم اور بنی ہاشم سے اولاد عبدالمطلب اور عبدالمطلب سے مجھ کو پسند کیا۔ اسے ابن سعد نے عبداللہ بن عمیر سے مرسلاً روایت کی۔

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ان اللہ عزوجل اصطفی کنانۃ من ولد اسمعیل و اصطفی قریشا من کنانۃ و اصطفی من قریش بنی ھاشم و اصطفانی من بنی ھاشم .

بیشک اللہ عزوجل نے اولاد اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام سے کنانہ کو چنا اور کنانہ سے قریش کو چنا اور قریش سے بنی ہاشم کو چنا، بنی ہاشم سے مجھ کو چن لیا۔ اسے امام مسلم وترمذی نے حضرت واثلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

●......●......●

حضور افضل ترین قبیلہ میں پیدا ہوئے

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: بعثت من خیر قرون بنی آدم قرنا فقرنا حتی کنت فی القرن الذی کنت فیه .

میں ہر قرن وطبقہ میں بنی آدم کے بہترین طبقات میں بھیجا گیا یہاں تک کہ اس طبقے میں آیا جس میں پیدا ہوا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اسے امام بخاری نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : خرجت من افضل حیین من العرب هاشم و زهرة .

میں عرب کے دو سب سے افضل قبیلوں بنی ہاشم و بنی زہرہ سے پیدا ہوا۔ ابن عساکر نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: جب معد بن عدنان کی اولاد میں چالیس مرد ہو گئے ایک بار انھوں نے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے لشکر پر حملہ کر کے مال لے لیا، موسیٰ علیہ السلام نے ان کے ضرر کی دعا فرمائی، رب عزوجل نے وحی بھیجی اے موسیٰ انھیں بددعا نہ کرو کہ ان ہی میں سے وہ نبی امی، بشیر نذیر ہو گا جو

میرا پیارا ہے، اور ان ہی میں سے امت مرحومہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوگی، جو مجھ سے تھوڑے رزق پر راضی اور میں ان سے تھوڑے عمل پر راضی ہوں گا، فقط ایمان پر انھیں جنت دوں گا کہ ان میں ان کے نبی محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہوں گے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) جو باوصف کمال رعب دار ہونے کے متواضع ہوں گے۔

أخرجته من خير جيل من امة قريش ثم اخرجته من بني هاشم صفوة قريش.

میں نے ان کو سب سے بہتر گروہ قریش سے پیدا کیا، پھر قریش میں ان کے برگزیدہ بنی ہاشم سے، وہ بہتر سے بہتر ہیں اور ان کے امتی کی طرف پھرنے والے۔ اسے طبرانی نے کبیر میں ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

●……●……●

نفس میں سب سے بہتر جان حضور

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اتانی جبریل فقال یا محمد ان اللہ بعثنی فطفت شرق الارض و غربھا و سھلھا و جبلھا فلم اجد حیا خیرا من العرب ثم امرنی فطفت فی العرب فلم اجد حیا خیرا من مضر ثم امرنی فطفت فی مضر فلم اجد حیا خیرا من کنانۃ ثم امرنی فطفت فی کنانۃ فلم اجد حیا خیرا من کنانۃ ثم امرنی فطفت ما فی کنانۃ فلم اجد حیا خیرا من قریش ثم امرنی فطفت فی قریش فلم اجد حیا خیرا من بنی ھاشم ثم امرنی فی انفسھم فلم اجد فیھا نفسا خیرا من نفسک۔

جبریل نے حاضر ہو کر مجھ سے عرض کی کہ اللہ عزوجل نے مجھے بھیجا میں زمین کے پورب پچھم نرم و کوہ ہر حصے میں پھرا، کوئی قبیلہ عرب سے بہتر نہ پایا، پھر اس نے مجھے حکم دیا کہ میں نے تمام عرب کا دورہ کیا تو کوئی قبیلہ مضر سے بہتر نہ پایا پھر حکم فرمایا میں نے مضر میں تفتیش کی کوئی قبیلہ کنانہ سے بہتر نہ پایا پھر حکم دیا تو میں نے کنانہ میں گشت لگائی کوئی قبیلہ قریش سے بہتر نہ پایا، پھر حکم دیا میں قریش میں پھرا کوئی قبیلہ بنی ہاشم سے بہتر نہ پایا، پھر حکم دیا کہ سب میں بہتر نفس تلاش کرو تو کوئی جان حضور کی جان سے بہتر نہ پائی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اسے امام حکیم ترمذی نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: قال لی جبریل قلبت مشارق الارض و مغاربھا فلم اجد افضل من محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و قلبت مشارق و الارض و مغاربھا

فلم اجد حیا افضل من بنی ھاشم .

مجھ سے جبریل نے کہا میں نے زمین کے پورب وپچھم تلپٹ کیے کوئی شخص محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل نہ پایا، نہ کوئی قبیلہ بنی ہاشم سے بہتر۔ حاکم نے اسے کتاب الکنی اور ابن عساکر نے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سند صحیح کے ساتھ روایت کی۔ (اراءۃ الادب لفاضل النسب)

● ...... ● ...... ●

حضور کانسب وسبب غیر منقطع ہے

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :کل سبب و نسب منقطع یوم القیمة الاسببی و نسبی.

ہرعلاقہ اوررشتہ روز قیامت قطع ہوجائے گامگر میرا علاقہ اوررشتہ۔

اسے بزار نے اورطبرانی نے کبیر میں اور حاکم نے مستدرک میں اوردارقطنی وبیہقی نے سنن میں اورضیاء مقدسی نے مختارہ میں امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : کل نسب و صهر ينقطع يوم القيمة الا نسبی و صهری.

ٹوپی اورپائچے کےسب رشتے قیامت میں منقطع ہوجائیں گےمگر میرے رشتے۔

اسے ابن عساکر نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔

ایک روایت میں یوں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو جمع کیا اورمنبر پر تشریف لے گئے اورفرمایا ما بال اقوام يزعمون ان قرابتی لا تنفع كل سبب و نسب ينقطع الا نسبی و سببی فانها موصولة فی الدنيا و الآخرة . (رواه البزار)

کیا حال ہےان لوگوں کا کہ زعم کرتے ہیں کہ میری قرابت نفع نہ دے گی، ہرعلاقہ اوررشتہ قیامت

میں منقطع ہو جائیگا مگر میرا رشتہ اور علاقہ کہ دنیا و آخرت میں جڑا ہوا ہے۔ اسے بزار نے روایت کی۔

دوسری حدیث صحیح میں یوں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے برسر منبر فرمایا:

ما بال رجال يقولون ان رحم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا تنفع قومه يوم القيمة و الله ان رحمى موصولة فى الدنيا و الآخرة .

کیا خیال ہے ان شخصوں کا کہ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قرابت روز قیامت ان کی قوم کو نفع نہ دے گی، خدا کی قسم میری قرابت دنیا و آخرت میں پیوستہ ہے۔ حاکم نے اسے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔ (اراءۃ الادب لفاضل النسب)

●……●……●

حضور سے قرابت کا نفع

حدیث

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: رایت کانی دخلت الجنة الجعفر درجة فوق درجة زید فقلت ما کنت اظن ان زیدا دون جعفر فقال جبریل زید لیس بدون جعفر و لکنا فضلنا جعفر لقرابة منک.

میں جنت میں گیا تو ملاحظہ فرمایا کہ جعفر بن ابی طالب کا درجہ زید بن ثابت کے درجہ سے اوپر ہے، میں نے کہا مجھے گمان نہ تھا کہ زید جعفر سے کم ہے، جبریل نے عرض کی زید جعفر سے کم تو نہیں مگر ہم نے جعفر کا درجہ اس لیے زیادہ کیا ہے کہ آپ کو حضور سے قرابت ہے۔ اسے حاکم نے ابن عباس سے اور ابن سعد نے طبقات میں محمد بن عمر بن علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مرسلاً روایت کی۔

(اراءۃ الادب لفاضل النسب)

اکیس پشت تک نسب شریف

بیہقی و ابن عساکر کی حدیث میں بطریق مالک عن الزھری عن انس رضی اللہ تعالیٰ ہے ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا محمد بن عبد الله بن عبد المطلب بن هاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرة بن کعب بن لوی بن غالب بن فهر بن مالک بن النضر بن کنانة بن خزیمة بن مدرکة بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان .

ما افترق الناس فرقتین الا جعلنی اللہ فی خیرھما فاخرجت من بین ابوین فلم یصبنی شی من عھد الجاھلیة و خرجت من نکاح و لم اخرج من سفاح من لدن آدم حتی انتھیت الی ابی و امی فانا خیرکم نفسا و خیرکم ابا . و فی لفظ فانا خیرکم نسبا و خیرکم ابا.

میں ہوں محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم، یوں ہی اکیس پشت تک نسب نامہ مبارک بیان کر کے فرمایا کبھی لوگ دو گروہ نہ ہوئے مگر مجھے اللہ تعالیٰ نے بہتر گروہ میں کیا تو میں اپنے ماں باپ سے ایسا پیدا ہوا کہ زمانۂ جاہلیت کی کوئی بات مجھ تک نہ پہنچی اور میں خالص نکاح صحیح سے پیدا ہوا آدم سے لے کر اپنے والدین تک، تو میرا نفس کریم تم سب سے افضل اور میرے ماں باپ تم سب کے آباء سے بہتر۔

(شمول الاسلام لاصول الرسول الکرام)

حضور افضل خاندان میں تشریف لائے

ترمذی حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

اللہ تعالیٰ نے مخلوق پیدا کی تو مجھے بہترین مخلوقات میں رکھا پھران کے دو گروہ کیے تو مجھے بہتر گروہ میں رکھا پھران کے قبیلے بنائے تو مجھے بہتر قبیلے میں رکھا پھران کے خاندان بنائے تو مجھے بہتر خاندان میں رکھا، پس میں تمام مخلوق الٰہی سے خود بھی بہتر اور میرا خاندان بھی سب خاندانوں سے افضل۔

طبرانی معجم اور بیہقی دلائل اور امام علامہ قاضی عیاض شفا شریف میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے خلق کی دو قسمیں کیں تو مجھے بہتر قسم میں رکھا اور یہ وہ بات ہے جو خدا نے فرمائی دہنے

ہاتھ والے اور بائیں ہاتھ والے تو میں دہنے ہاتھ والوں سے ہوں اور میں سب دہنے ہاتھ والوں سے بہتر ہوں۔ پھر ان دو قسموں کے تین حصے کیے تو مجھے بہتر حصے میں رکھا اور یہ خدا کا وہ ارشاد ہے کہ داہنے ہاتھ والے اور بائیں ہاتھ والے اور سابقین، تو میں سابقین میں ہوں اور میں سب سابقین سے بہتر ہوں، پھر ان حصوں کے قبیلے بنائے تو مجھے بہتر قبیلے میں رکھا اور یہ خدا کا وہ فرمان ہے کہ ہم نے کیا تمھیں شاخیں اور قبیلے **(الی قوله تعالیٰ ان اکرمکم عند الله اتقاکم)** بیشک تم سب میں زیادہ عزت والا خدا کے یہاں وہ ہے جو تم سب میں زیادہ پرہیزگار ہے۔) تو میں سب آدمیوں سے زیادہ پرہیزگار ہوں اور سب سے زیادہ اللہ کے یہاں عزت والا اور کچھ فخر مراد نہیں۔ پھر ان قبیلوں کے خاندان کیے تو مجھے بہتر خاندان میں رکھا اور یہ اللہ تعالیٰ کا وہ کلام ہے کہ خدا یہی چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی دور کرے اے نبی کے گھر والو اور تمھیں پاک کردے ستھرا کر کے۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

سبحانہ وتعالیٰ

قریش کے فضائل ومناقب

قریش خالصۃ اللہ تعالیٰ۔
قریش برگزیدۂ خدا ہیں۔ (الحدیث)

قریش کے فضائل و مناقب

قریش

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاندان نبوت میں سبھی حضرات اپنی گوناگوں خصوصیات کی وجہ سے بڑے نامی گرامی ہیں، مگر چند ہستیاں ایسی ہیں جو آسمان فضل و کمال پر چاند تارے بن کر چمکے، ان باکمالوں میں سے فہر بن مالک بھی ہیں، ان کا لقب ''قریش'' ہے اور ان کی اولاد قریشی یا قریش کہلاتی ہیں۔

فہر بن مالک قریش اس لیے کہلاتے ہیں کہ قریش ایک سمندری جانور کا نام ہے جو بہت ہی طاقتور ہوتا ہے اور سمندری جانور کو کھا ڈالتا ہے، یہ تمام جانوروں پر ہمیشہ غالب ہی رہتا ہے کبھی مغلوب نہیں ہوتا، چوں کہ فہر بن مالک اپنی شجاعت اور خداداد طاقت کی بناء پر تمام قبائل پر غالب تھے اس لیے تمام اہل عرب ان کو قریش کے لقب سے پکارنے لگے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ماں باپ دونوں کا سلسلۂ نسب، فہر بن مالک سے ملتا ہے۔ اس لیے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ماں باپ دونوں کی طرف سے قریشی ہیں۔

ہاشم

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پردادا، ہاشم بڑی شان و شوکت کے مالک تھے ان کا اصلی نام عمر تھا وہ انتہائی بہادر بے حد سخی اور اعلیٰ درجے کے مہمان نواز تھے۔ ایک سال عرب میں بہت سخت قحط پڑ گیا اور لوگ دانے دانے کو محتاج ہو گئے تو یہ ملک شام سے خشک روٹیاں خرید کر حج کے دنوں میں مکہ پہنچے اور روٹیوں کا چورہ کر کے اونٹ کے گوشت کے شوربے میں ثرید بنا کر تمام حاجیوں کو خوب پیٹ بھر کر کھلایا اسی دن سے لوگ ان کو ہاشم (روٹیوں کا چورہ کرنے والا) کہنے لگے۔

چوں کہ یہ عبد مناف کے سب لڑکوں میں بڑے اور باصلاحیت تھے اس لیے عبد مناف کے بعد کعبہ کے متولی اور سجادہ نشیں ہوئے، وہ بہت حسین وخوبصورت اور وجیہہ تھے۔ جب سن شعور کو پہنچے تو ان کی شادی مدینہ میں قبیلہ خزرج کے ایک سردار عمرو کی صاحبزادی سے ہوئی جن کا نام سلمٰی تھا۔ اور ان کے صاحبزادے عبد المطلب مدینہ ہی میں پیدا ہوئے چوں کہ ہاشم پچیس سال کی عمر پا کر ملک شام کے راستہ میں بمقام غزہ انتقال کر گئے۔ اس لیے عبد المطلب مدینہ ہی میں اپنے نانا کے گھر پلے بڑھے اور جب سات یا آٹھ سال کے ہو گئے تو مکہ آ کر اپنے خاندان والوں کے ساتھ رہنے لگے۔

عبدالمطلب

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دادا عبد المطلب کا اصلی نام شیبہ ہے یہ بڑے ہی نیک نفس اور عابد وزاہد تھے۔ غار حرا میں کھانا پانی ساتھ لے کر جاتے اور کئی کئی دنوں تک لگا تار خدا کی عبادت میں مصروف رہتے رمضان شریف کے مہینے میں اکثر غار حرا میں اعتکاف کیا کرتے تھے اور خدا کے دھیان میں گوشہ نشیں رہا کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور نبوت ان کی پیشانی میں چمکتا تھا اور ان کے بدن سے مشک کی خوشبو آتی تھی۔

اہل عرب خصوصاً قریش کو ان سے بڑی عقیدت تھی، مکہ والوں پر جب کوئی مصیبت آتی یا قحط پڑ جاتا تو لوگ عبد المطلب کو ساتھ لے کر پہاڑ پر چڑھ جاتے اور بارگاہ خداوندی میں ان کو وسیلہ بنا کر دعا مانگتے تھے تو دعا مقبول ہو جاتی تھی، یہ لڑکیوں کو زندہ درگور کرنے سے لوگوں کو بڑی سختی کے ساتھ روکتے تھے اور چور کا ہاتھ کاٹ ڈالتے تھے۔ اپنے دسترخوان سے پرندوں کو بھی کھلایا کرتے تھے اس لیے ان کا لقب ''مطعم الطیر'' (پرندوں کو کھلانے والا) ہے۔ شراب اور زنا کو حرام جانتے تھے اور عقیدہ کے لحاظ سے ''موحد'' تھے۔ زم زم شریف کا کنواں جو بالکل پٹ گیا تھا آپ ہی نے اس کو نئے سرے سے کھدوا کر درست کیا۔ اور لوگوں

کو آب زم زم سے سیراب کیا، آپ بھی کعبہ کے متولی اور سجادہ نشیں ہوئے، اصحاب فیل کا واقعہ آپ ہی کے وقت میں پیش آیا ایک سو بیس برس کی عمر میں آپ کی وفات ہوئی۔

جب حضرت ہاشم کی وفات ہوئی تو اہل مکہ کی سرداری حضرت عبدالمطلب کے لیے مقرر ہوئی اور خانہ کعبہ کی دربانی اور حاجیوں کو زم زم پلانے کا منصب ان کے سپرد ہوا اور تمام اہل مکہ ان کے مطیع وفرماں بردار ہو گئے اور ان کی خوب تعظیم واحترام کرنے لگے۔ حضرت عبدالمطلب کے جسم مبارک سے مشک وعنبر کی خوشبوؤں کی لپٹیں آیا کرتی تھیں، آپ کی پیشانی مبارک میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور روشن و تاباں تھا اور جب اہل مکہ کو کوئی حادثہ درپیش ہوتا تو ان کو جبل شبیر (مکہ مکرمہ کا ایک پہاڑ) پر لے جاتے اور بارگاہ رب العزت میں ان کو وسیلہ بناتے اور قحط کے دنوں میں استسقاء کی دعائیں کرتے تھے اور اس نور محمدی کی برکت سے جو ان کی پیشانی میں تاباں تھا ان کی مشکلیں حل ہو جاتی تھیں۔

کعب احبار سے مروی ہے کہ جب نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت عبدالمطلب کی پیشانی میں تاباں ہوا اور ان کو یہ فضیلت حاصل ہوئی تو وہ ایک دن خانہ کعبہ کے ایک گوشے مقام حجر میں سو رہے تھے جب وہ بیدار ہوئے تو ان کی آنکھوں میں سرمہ لگا ہوا تھا، سر کے بالوں میں تیل پڑا ہوا تھا اور بیش بہا جوڑا جسم پر تھا، لوگ ان کے جلال و جمال پر متحیر رہ گئے کہ یہ انھیں کہاں سے حاصل ہوا اور ان کو کس نے اس مرتبۂ بلند پر پہنچایا۔ اس کے بعد ان کے والد انھیں قریش کے کاہنوں کے پاس لے گئے اور سارا حال بیان کیا۔ کاہنوں نے کہا آسمانی خدا نے حکم دیا ہے کہ اس بچہ کا نکاح کر دیں غرضیکہ ان کے والد نے ایک عورت ''قیلہ'' نامی سے نکاح کر دیا اور ان سے ایک فرزند ''حارث'' نامی پیدا ہوئے جو سب سے بڑے فرزند تھے۔ اس کے بعد قیلہ کا انتقال ہو گیا قیلہ کے بعد انھوں نے ہند بنت عمرو نامی عورت سے نکاح کیا۔

اصحاب فیل کا واقعہ

جب ابرہہ حاکم یمن نے اصحمہ نجاشی کی جانب سے مکہ مکرمہ پر چڑھائی کی اور وہ بیت الحرام کے انہدام کے لیے بہت بڑا سفید ہاتھی لایا تو لوگوں نے حضرت عبدالمطلب کو اس کی خبر دی انہوں نے فرمایا اے قریش مت ڈرو اس گھر کا خدا حفاظت فرمانے والا ہے وہی اس کی حفاظت کرے گا۔ اس کے بعد ابرہہ قریش کے اونٹ بکریاں ہانک کر لے گیا ان میں حضرت عبدالمطلب کے بھی چار سو اونٹ تھے۔ حضرت عبد المطلب قریش کے ساتھ اونٹ پر سوار ہو کر نکلے اور جبل شبیر پر آئے اس وقت حضرت عبدالمطلب کی پیشانی پر نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہلال کی مانند چمکنے لگا اور اس نور مبارک کی تیز شعاعیں خانہ کعبہ پر پڑنے لگیں جس سے وہ خوب روشن ہو گیا۔

جب حضرت عبدالمطلب نے اس نور مبارک کو دیکھا تو فرمانے لگے اے گروہ قریش جاؤ بلاشبہ اس معاملہ میں تمہیں کامیابی ہوگی خدا کی قسم یہ نور مبارک اسی وقت چمکتا ہے جب کہ ہمیں کامیابی و ظفر مندی حاصل ہوتی ہے۔ اس کے بعد قریش لوٹ گئے اور منتشر ہو گئے۔ ابرہہ نے ایک شخص کو بھیجا تا کہ وہ لشکر کو شکست دے جب وہ مکہ میں داخل ہوا اور حضرت عبدالمطلب کے چہرۂ پرنور پر نظر ڈالی تو وہ بے ہوش ہو کر گر پڑا اور ذبح کے وقت گائے کے ذکرانے کی مانند منہ سے آواز نکالنے لگا جب وہ ہوش میں آیا تو حضرت عبد المطلب کو سجدہ کر کے کہنے لگا میں گواہی دیتا ہوں کہ تم قریش کے سچے سردار ہو۔

ایک روایت میں ہے کہ جب حضرت عبدالمطلب ابرہہ کے پاس تشریف لے گئے اور اس نے اس سفید ہاتھی کو بلایا جو خانہ کعبہ کو منہدم کرنے کے لیے لایا گیا تھا جب ہاتھی نے حضرت عبدالمطلب کے چہرۂ پرنور پر نظر ڈالی تو وہ سجدے میں گر گیا حالاں کہ یہ ہاتھی دوسرے ہاتھیوں کے برعکس ابرہہ کو بھی سجدہ نہ کرتا تھا۔ گویا کہ یہ ہاتھی حق تعالیٰ کی مشیت کے مطابق حضرت عبدالمطلب کے آگے سر جھکا کر زبان حال

سے کہہ رہا تھا۔ کہ سلام ہو اس پر جو اے عبد المطلب تمھاری پشت میں ہے۔ اس ہاتھی کے سر پر ہر چند آنکس مارتے تھے مگر وہ ہاتھی زمین سے سر نہ اٹھاتا تھا۔

اس کے بعد ابرہہ یمن کی جانب لوٹ گیا، اس وقت حق تعالیٰ نے ابابیل پرندوں کو تین تین کنکریاں لے کر دریا سے بھیجا، ایک کنکری ان کے منہ میں تھی اور دو دو کنکریاں ان کے پنجوں میں اور کوئی کنکری مسور کے دانہ سے بڑی نہ تھی۔ یہ کنکری جس کے بدن پر پڑتی وہ زمین پر ڈھیر ہوکر گر پڑتا۔ چنانچہ جب ابرہہ کے جسم پر یہ کنکری پڑی تو اس کی انگلیاں ٹکڑے ٹکڑے ہوکر گر پڑیں اور اس کے جسم سے خون، پیپ اور پانی بہنے لگا حتیٰ کہ اس کے دل میں بھی چھید ہو گیا۔

یہ قصہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ان معجزات میں سے ہے جو اظہار نبوت سے پہلے رونما ہوئے اس قسم کے معجزات کو ''ارہاصات'' کہتے ہیں جس کے معنی تاسیس و بنیاد رکھنے کے ہیں۔ انھیں معجزات میں سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بعثت سے پہلے ابر کا سایہ کرنا ہے۔

حضرت عبداللہ

یہ ہمارے حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والد ماجد ہیں یہ عبد المطلب کے تمام بیٹوں میں سب سے زیادہ باپ کے لاڈلے اور پیارے تھے چوں کہ ان کی پیشانی میں نور محمدی اپنی پوری شان و شوکت کے ساتھ جلوہ گر تھا اس لیے حسن وخوبی کے پیکر اور جمال صورت وکمال سیرت کے آئینہ دار اور عفت وپارسائی میں یکتائے روزگار تھے۔

جب حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حسن و جمال کی شہرت عام ہوگئی اور ذبیح وفدیہ کا واقعہ مزید شہرت کا باعث ہوا تو قریش کی عورتیں ان کے جمال ووصال کی طالب بن کر سر راہ نکل کر کھڑی ہوگئیں اور اپنی جانب بلانے لگیں مگر حق تعالیٰ نے انھیں محفوظ رکھا۔

اہل کتاب بعض علامتوں اورنشانیوں سے پہچان گئے تھے کہ نبی آخرالزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وجودگرامی حضرت عبدالمطلب کے صلب میں ودیعت ہے وہ ان کے دشمن بن کر ہلاک کے درپے ہوگئے اوراطراف وجوانب سے ان کو ہلاک کرنے کے ارادے سے مکہ آنے لگے یہاں انھوں نے عجیب وغریب آثاروقرائن کا مشاہدہ کیااوروہ خائب وخاسر بےنیل ومرام لوٹ گئے۔

ایک دن حضرت عبداللہ شکار کے لیےتشریف لے گئے تھےاہل کتاب کی ایک بہت بڑی جماعت شام کی جانب سےتلوار سونت کرحضرت عبداللہ کےقتل کے ارادے سے نمودار ہوئی۔حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ کے والدحضرت وہب بن مناف بھی جنگل میں موجود تھےانھوں نے دیکھا کہ چندسوار جن کی شکل وصورت اس دنیا کےلوگوں سے مشابہ نہ تھی غیب سے ظاہر ہوئے اوروہ اس حملہ آور گروہ کوحضرت عبداللہ کے آگے سے دور کرنے لگے۔

وہب بن مناف نے گھر آ کر اپنے گھر والوں سے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ اپنی بیٹی سیدہ آمنہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کا نکاح حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب سے کردوں۔اور پھر یہ بات اپنے دوستوں کے ذریعہ حضرت عبدالمطلب کی خدمت میں پہنچائی۔حضرت عبدالمطلب بھی یہی چاہتے تھے کہ عبداللہ کی شادی ہوجائے اس سلسلہ میں وہ کسی ایسی عورت کی جستجو میں تھے جوشرف حسب ونسب اورعفت میں ممتاز ہو،آمنہ بنت وہب میں یہ صفات موجودتھیں عبدالمطلب نے اس رشتہ کو پسند کیااورحضرت عبداللہ کاان کے ساتھ نکاح کردیا۔

منقول ہے کہ حضرت عبداللہ بنی اسد کی ایک عورت کے سامنے سے گزرے یہ خانۂ کعبہ کے پاس کھڑی تھی اوراس کا نام رقیصہ یاقتیلہ بنت نوفل تھاجب اس عورت کی نظرحضرت عبداللہ پر پڑی تو وہ آپ کے حسن و جمال پر فریفتہ ہوگئی اور کہنے لگی وہ سو اونٹ جوتم پر فدا کیے گئے میرے ذمہ ہیں میں پیش کردوں گی۔حضرت عبداللہ کواس پرعفت وحیادامن گیر ہوئی آپ انکار کرکے آگے نکل گئے۔

دوسرے دن ایک خثعمی عورت نے جو علم کہانت میں ماہر اور خوب مالدار تھی اس نے بھی اپنے مال کے ذریعہ حضرت عبداللہ کو ورغلانا چاہا، اسی طرح بہت سی عورتوں نے پیش کش کی مگر حضرت عبداللہ کسی کے فریب میں نہ آئے، جب گھر تشریف لائے تو حضرت آمنہ سے زفاف ہوا اور نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کی پشت مبارک سے منتقل ہو کر رحم آمنہ میں جلوہ فگن ہوا اور وہ حاملہ ہوگئیں۔ یہ منیٰ کے ایام تھے۔

پھر جب دوسری مرتبہ اس عورت کے سامنے سے حضرت عبداللہ گزرے تو اس عورت نے حضرت عبداللہ کی پیشانی مین وہ نور مبارک نہ پایا تو وہ ان سے کہنے لگی کیا اول مرتبہ میرے پاس سے جانے کے بعد تم نے کسی عورت سے صحبت کی ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں میں نے اپنی منکوحہ بی بی آمنہ بنت وہب سے زفاف کیا ہے۔ اس خثعمی عورت نے کہا اب مجھے تم سے کوئی سروکار نہیں میں تو اس نور مبارک کی خواستگار تھی جو تمھاری پیشانی میں جلوہ افروز تھا اب وہ دوسرے کے نصیب میں چلا گیا۔

ایک روایت میں ہے کہ وہ عورت جس نے اپنے تئیں حضرت عبداللہ کو پیش کیا تھا وہ ورقہ بن نوفل کی بہن تھی۔ ورقہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے چچازاد بھائی تھے۔

ایک دوسری روایت میں ایک اور عورت کا ذکر بھی آیا ہے جس کا نام عدویہ تھا۔ ممکن ہے کہ ان تمام عورتوں نے پیش کش کی ہو۔

اور جب حمل شریف کو دو مہینے پورے ہوگئے تو عبدالمطلب نے حضرت عبداللہ کو کھجوریں لینے کے لیے مدینہ بھیجا یا تجارت کے لیے ملک شام روانہ کیا، وہاں سے واپس لوٹتے ہوئے مدینہ میں اپنے والد کے ننھال، بنوعدی بن نجار، میں ایک ماہ بیمار رہ کر پچیس برس کی عمر میں وفات پا گئے اور وہیں دار نابغہ میں مدفون ہوئے۔

قافلہ والوں نے جب مکہ واپس لوٹ کر عبدالمطلب کو حضرت عبداللہ کی بیماری کا حال سنایا تو انھوں

نے خبر گیری کے لیے سب سے بڑے لڑکے حارث کو مدینہ بھیجا۔ ان کے مدینہ پہنچنے سے قبل ہی حضرت عبد اللہ راہی ملک بقاء ہو چکے تھے۔ حارث نے مکہ واپس آکر جب وفات کی خبر سنائی تو سارا گھر ماتم کدہ بن گیا اور بنو ہاشم کے ہر گھر میں ماتم برپا ہو گیا۔ خود حضرت آمنہ نے اپنے مرحوم شوہر کا ایسا پر درد مرثیہ کہا ہے کہ جس کو سن کر آج بھی دل درد سے بھر جاتا ہے۔

روایت ہے کہ حضرت عبداللہ کی وفات پر فرشتوں نے غمگین ہو کر بڑی حسرت کے ساتھ یہ کہا کہ الٰہی تیرا نبی یتیم ہو گیا۔ حضرت حق نے فرمایا کیا ہوا؟ میں اس کا حامی و حافظ ہوں۔

حضرت عبداللہ کا ترکہ ایک لونڈی ام ایمن جس کا نام ''برکہ'' تھا، کچھ اونٹ اور کچھ بکریاں تھیں، یہ سب ترکہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ملا۔ ام ایمن بچپن میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دیکھ بھال کرتی تھیں کھلاتیں، کپڑا پہناتیں، پرورش کی پوری ضروریات مہیا کرتیں، اس لیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام عمر ام ایمن کی دل جوئی فرماتے رہے۔ اپنے محبوب و متبنیٰ غلام حضرت زید بن حارثہ سے ان کا نکاح کر دیا اور ان کے شکم سے حضرت اسامہ پیدا ہوئے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

قریش کی خلافت وامامت

قریش کے فضائل ومناقب اور قریش کی امامت وخلافت احادیث کی روشنی میں واضح و آشکار کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

امامت کبریٰ میں شرع مطہر نے اس درجہ کا لحاظ فرمایا ہے کہ اسے صرف قریش کے ساتھ مخصوص فرما دیا غیر قریش اگرچہ عالم اجل ہو امام وخلیفہ نہیں ہوسکتا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: الائمة من قریش

تمام خلفاء قریشی ہوں گے۔

اسے امام احمد وابن ابی شیبہ ونسائی وابن جریر وحاکم وبیہقی اور ضیاء مقدسی نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور طبرانی نے کبیر میں ابوذر اور ابوبکر بن ابی شیبہ ونعیم بن حماد وابن السنی نے کتاب الاخوۃ میں اور امام بیہقی نے امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کی۔

اورفرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **ان هذا الامر في قريش لا يعاديهم احد الا كبه الله على وجهه في النار .**

بیشک خلافت قریش میں ہے جو ان سے بیر رکھے گا اللہ تعالیٰ اسے منہ کے بل جہنم میں اوندھا دے گا۔

اسے امام احمد وامام بخاری ومسلم نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور ابوبکر بن ابی شیبہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری سے اور ابن جریر نے کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

اورفرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **الا ان الامراء من قريش .**

سن لو امراء اور حکام اسلام قریش ہیں۔ اسے ابویعلیٰ نے امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کی۔

امام احمد وحاکم اور طبرانی کے نزدیک **الامراء من قريش** کا لفظ ہے۔

امراء قریش ہیں۔ یہ ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

اورفرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **قريش ولاة هذا الامر .**

اسلامی حکومت کے والی قریش ہیں۔ اسے امام احمد نے حضرت ابوبکر صدیق اور سعد بن ابی

وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **قدموا قریشا و لا تقدموها.**

قریش کو تقدیم دو اور قریش پر تقدیم نہ کرو۔

اسے امام شافعی و امام احمد نے عبداللہ بن خطب سے اور طبرانی نے کبیر میں عبداللہ بن سائب اور بزار نے امیر المومنین علی سے اور ابن عدی نے ابو ہریرہ سے اور ابن جریر نے حارث بن عبداللہ سے روایت کی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم

بلکہ ایک روایت میں ہے کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **یا ایها الناس لا تتقدموا قریشا فتهلکوا.**

اے لوگو قریش پر سبقت نہ کرو کہ ہلاک ہو جاؤ گے۔ اسے بیہقی نے جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

دوسری روایت میں ہے **فتضلوا** یعنی قریش پر سبقت نہ کرو کہ گمراہ ہو جاؤ گے۔

اسے ابن ابی طالب نے امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرسلاً روایت کی۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **الناس تبع لقریش فی هذا الشان .**

سب لوگ اس کام میں قریش کے تابع ہیں۔

بخاری و مسلم نے اسے ابو ہریرہ سے اور امام احمد و مسلم نے حضرت جابر سے اور طبرانی نے اوسط میں اور ضیاء مقدسی نے سہل بن سعد اور عبداللہ بن احمد و احمد بن ابی شیبہ نے معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی۔

قریش کی خصوصیات

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قریش صلاح الناس و لا یصلح الناس الا بھم .

قریش آدمیوں کے سنوار ہیں۔لوگ نہ سنوریں گے مگر قریش سے۔اسے ابن عدی نے ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی۔

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قریش خالصة الله تعالیٰ .

قریش برگزیدۂ خدا ہیں۔اسے ابن عساکر نے عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من یرد هو ان قریش اهانه الله .

جو قریش کی ذلت چاہے اللہ اسے ذلیل کرے۔اسے احمد، ابن ابی شیبہ، ترمذی، عدنی، طبرانی، ابو یعلی، حاکم اور ابونعیم نے کتاب المعرفۃ میں حضرت سعد بن ابی وقاص سے روایت کی اور تمام، ابونعیم اور ضیاء نے ابن عباس سے اور طبرانی نے کبیر میں حضرت انس سے اور ابن عساکر نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قوة الرجل من قریش قوة رجلین .

ایک مرد قریش کو قوت دو مردوں کے برابر ہے۔اسے احمد، ابن ابی شیبہ، طیالسی، ابویعلی، ابن ابی عاصم، ماوردی، طبرانی، حاکم، بیہقی، ضیاء اور ابونعیم نے حلیہ میں جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔اور طبرانی نے ابن ابی خیثمہ اور ابن النجار حدیث طویل میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی جس کے شروع میں یہ ہے یا ایها الناس قدموا قریشا و لا تقدموها.

اے لوگو قریش کو آگے بڑھاؤ ان سے آگے نہ بڑھو۔ (مولف)

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **لا تائتموا قریشا و اتموھا و لا تعلموا قریشا و تعلموا منھا فان امانۃ الامین من قریش تعدل امانۃ الامینین .**

قریش کو اپنا پیرو نہ بناؤ اور ان کی پیروی کرو قریش پر دعویٰ استاذی نہ رکھو اور ان کی شاگردی کرو کہ قریش میں ایک امین کی امانت دو امینوں کے برابر ہے۔ اسے ابن عساکر نے امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کی۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **اعطیت قریش ما لم یعط الناس .**

قریش کو وہ عطا ہوا جو کسی کو نہ ہوا۔

اسے حسن بن سفیان نے اپنی مسند میں اور ابونعیم نے معرفۃ الصحابہ میں حلیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور نعیم بن حماد نے ابوالزاہریہ سے مرسلاً روایت کی۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **فضل اللہ قریشا بسبع خصال لم یعطاھا احد قبلھم و لا یعطاھا احد بعدھم.**

اللہ نے قریش کو ایسی سات باتوں سے فضیلت دی جو نہ ان سے پہلے کسی کو ملیں نہ ان کے بعد کسی کو عطا ہوں گی۔

- انی منھم ، ایک تو یہ ہے کہ میں قریش ہوں (یہ تمام فضائل سے ارفع واعلیٰ ہے)
- و فیھم الخلافۃ و الحجابۃ اور انھیں میں خلافت اور کعبہ معظمہ کی دربانی اور حاجیوں کا سقایہ۔

- **و نصرهم على الفيل** اور انھیں اصحاب فیل پر نصرت بخشی۔
- **و عبد الله عشر سنين لا يعبده غيرهم** اور انھوں نے دس سال اللہ کی عبادت تنہا کی کہ ان کے سوا روئے زمین پر کسی اور خاندان کے لوگ اس وقت عبادت نہ کرتے تھے (یہی تھے یا ان کے عبید وموالی)
- **و انزل الله فيهم سورة من القريش لم يذكر فيها احد غيرهم لا يلف قريش.**

اور اللہ تعالیٰ نے ان میں ایک سورت قرآن عظیم کی اتاری کہ اس میں صرف انھیں کا ذکر فرمایا اور وہ سورۃ لایلٰف قریش ہے۔

بخاری نے تاریخ میں طبرانی کبیر میں حاکم نے مستدرک میں اور بیہقی نے خلافیات میں حضرت ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اسے روایت کیا۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **يا معشر الناس احبوا قريشا فان من احب قريشا فقد احبني و من ابغض قريشا فقد ابغضني و ان الله تعالىٰ حبب الى قومي فلا اتعجل لهم نقمة و لا استكثر لهم نعمة.**

اے گروہ مردم قریش سے محبت رکھو کہ قریش کا دوست میرا دوست ہے اور قریش کا دشمن میرا دشمن ہے، اور بیشک اللہ تعالیٰ نے میری قوم کی محبت میرے دل میں ڈالی کہ ان پر کسی انتقام کی جلدی نہیں کرتا نہ ان کے لیے کسی نعمت کو بہت سمجھوں۔

قریش برکت کے درخت ہیں

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **الا ان الله تعالىٰ علم ما في قلبي من حبي بقومي**

فسرني فيهم قال الله تعالىٰ و انهُ لذكر لك و لقومك فجعل الذكر و الشرف لقومي في كتابه .

سن لو بیشک اللہ تعالیٰ نے جانا جیسی میرے دل میں میری قوم کی محبت ہے تو اس نے مجھے ان کے بارے میں شاد کیا کہ ارشاد فرمایا بیشک یہ قرآن ناموری ہے تیری اور تیری قوم کی، تو اس نے اپنی کتاب کریم میں میری قوم کے لیے ذکر وشرف رکھا۔

فالحمد لله الذى جعل الصديق من قومي و الشهيد من قومي و الائمة من قومي.

اللہ کے لیے حمد ہے جس نے میری قوم میں سے صدیق کیا اور میری قوم سے شہید اور میری قوم سے امام۔

ان الله تعالىٰ قلب العباد ظهرا و بطنا فكان خير العرب قريشا ذى الشجرة المباركة التى قال الله تعالىٰ عزوجل فى كتابه و مثل كلمة كشجرة طيبة يعنى بها قريش اصلها ثابت بقول اصلها كرم و فرعها فى السماء اشرف الذى شرفهم الله بالاسلام الذى هداهم و جعلهم اهله .

بیشک اللہ تعالیٰ نے تمام بندوں کے ظاہر و باطن پر نظر فرمائی تو سب عرب سے بہتر قریش نکلے اور وہی برکت والے درخت ہیں جس کا ذکر قرآن شریف میں ہے کہ پاکیزہ بات کی کہاوت ایسی ہے جیسے ستھرا درخت یعنی قریش، کہ اس کی جڑ پائدار ہے، یعنی ان کی اصل کرم ہے اور اس کی شاخیں آسمان میں ہیں یعنی وہ جو اللہ نے ان کو اسلام کا شرف بخشا اور انھیں اس کا اہل کیا۔ اسے طبرانی نے کبیر میں اور ابن مردویہ نے تفسیر میں عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

قریش صاحب عزت ہیں

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : كنانة عز العرب.

بنی کنانہ سارے عرب کی عزت ہیں۔ اسے دیلمی وابن عساکر نے ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : قريش سادة العرب.

قریش سارے عرب کے سردار ہیں۔

اسے رامہرمزی نے کتاب الامثال میں وضین بن مسلم سے مرسلاً روایت کیا۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: عبد مناف عزة قريش و قريش تبع لولد قصي و الناس تبع لقريش .

بنی عبد مناف سارے قریش کی عزت ہیں اور قریش اولاد قصی کے تابع ہیں اور تمام آدمی قریش کے تابع ہیں۔ رامہرمزی نے اسے کتاب الامثال میں ابن الضحاک سے روایت کیا۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: يا ابا الدر داء اذا فاخرت ففاخر بقريش.

اے ابودرداء جب تو فخر کرے تو قریش سے فخر کر۔

اسے تمام نے فوائد میں اور ابن عساکر نے ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: خير الناس العرب و خير العرب قريش و خير القريش بنو هاشم .

سب آدمیوں سے بہتر عرب ہیں اور سب عرب سے بہتر قریش اور سب قریش سے بہتر بنی ہاشم۔

اسے دیلمی نے امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **الخلافة فی قریش .**

خلافت قریش میں ہے۔

اسے احمد وطبرانی نے کبیر میں عتبہ بن عبد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا۔

حدیث: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ اوطاس میں فرمایا: لو کان ثاینا علی احد من العرب کان الیوم .

اگر کوئی عرب غلام بن سکتا تو آج بنایا جاتا۔

بنی ہاشم کی تعظیم وتکریم

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **لا یقوم الرجل من مجلسه الا لبنی هاشم**

آدمی اپنی جگہ چھوڑ کر کسی کے لیے نہ اٹھے سوائے بنی ہاشم کے۔

اسے خطیب نے ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

دوسری روایت میں ہے **یقوم الرجل من مجلسه لاخیه الا بنی هاشم لایقومن لاحد.**

ہر شخص اپنے بھائی کے لیے اپنی مجلس سے اٹھے مگر بنی ہاشم کسی کے لیے نہ اٹھے۔

اسے خطیب اور طبرانی نے کبیر میں روایت کیا۔

قریش کی شجاعت وشرافت

قریش کی جرأت، شجاعت، سماحت، فتوت، قوت اور شہامت اسلام و جاہلیت دونوں میں شہرۂ

آفاق رہی ہے۔اوران میں بالخصوص بنی ہاشم کی، یوں ہی جاہلیت میں بنی باہلہ خست ودناءت سے معروف تھے۔ حتی قال قائلهم

لا ينفع الاصل من بني هاشم
اذا كانت النفس من باهلة

●

اذا قيل للكلب يا باهلي
عوى الكلب من شؤم هذ النسب

یعنی بنی ہاشم کی اصل سے ہونا نفع بخش نہ ہوگا، جب کہ نفس بنی باہلہ سے ہو، جب کتے سے کہا جائے کہ اے باہلی، تو کتا اس نسب کی برائی اورنحوست سے بھونکنے لگتا ہے۔ (مولف)

اسی تفاوت ہمت کے باعث ہے کہ دنیا ودین دونوں کی سلطنتیں یعنی سلطنت ملک وسلطنت علم ہمیشہ شریف ہی اقوام میں رہیں، دوسری قوموں کا اس میں حصہ معدوم یا کالمعدوم ہے۔قریش کہ زمانۂ جاہلیت میں بت پرست تھے تو ان کا بت پرست ہونا شریف قوم گنے جانے کے منافی نہیں اوراب اسلام کے بعد وہ بلاشبہ تمام جہان کی اقوام سے افضل قوم ہے۔اوراخلاق فاضلہ میں شریف قوموں کا حصہ غالب ہےاوراحادیث کثیرہ اس پر ناطق،متعدداحادیث سے گزرا کہ :

ایک قریش کی قوت دومردوں کے برابر ہوتی ہےاورایک قریش کی امانت دوآدمیوں کے مثل ہے۔

حدیث:فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :اذا اختلف الناس فالعدل في مضر .

جب لوگ مختلف ہوں تو عدل قوم مضر میں ہے(جن میں سے قریش ہیں)

اسے طبرانی نے کبیر میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قسم الحياء عشرة فتسعة في العرب و جزء في سائر الناس.

حیا کے دس حصے کیے گئے ان میں سے نو حصے عرب میں ہیں اور ایک باقی تمام لوگوں میں۔ اسے خطیب نے نجلاء میں محمد بن مسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ان فلانا اهدى لي ناقة فعوضته منها ست بكرات فظل ساخطا لقد هممت ان لا اقبل هدية الا من قريش او انصاري او ثقفي او دوسي.

بے شک فلاں شخص نے ایک ناقہ نذر دیا تھا میں نے اس کے بدلے چھ جوان ناقے عطا فرمائے اور وہ ناراض ہی رہا، بیشک میرا ارادہ ہوا کہ یہ ہدیہ قبول نہ کروں مگر قریشی یا انصاری یا ثقفی یا دوسی کا (کہ وہ اپنے کرم اخلاق و شرافت کے باعث کمینوں کی طرح ہدیہ پر زیادہ معاوضے کے نگراں نہیں رہتے) اسے امام احمد و ترمذی و نسائی نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا۔

قریش کی امانت ودیانت

حدیث: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لا يملي مصاحفنا الا غلمان قريش و غلمان ثقيف.

ہمارے مصحف نہ لکھیں مگر قریش و ثقیف کے لڑکے (یہ باب امانت سے ہوا) اسے ابونعیم نے جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ان قريشا اهل صدق و امانة فمن بلغ لهم العواثر كبه الله على وجهه.

بیشک قریش راستی و امانت والے ہیں تو جوان کی لغزشیں چاہے اللہ اسے منہ کے بل اوندھا کردے۔

اسے امام شافعی وابوبکر بن ابی شیبہ وامام احمد وامام بخاری نے ادب المفرد میں اور ابن جریروشاشی و طبرانی وضیاء نے رفاعہ بن رافع زرقی سے اور ابن النجار نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

بنی ہاشم وقریش کی چار خصلتیں

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ان فیھم لخصالا اربعة انھم اصلح الناس عند فتنة و اسرعھم اقامة بعد مصیبة و اوشکھم کرة بعد فرة و خیرھم لمسکین و یتیم و امنعھم من ظلم المملوک.

یعنی قریش یا بنی ہاشم میں چار خصلتیں ہیں، فتنہ کے وقت وہ سب سے زائد صلاح پر ہوتے اور مصیبت کے بعد سب سے پہلے ٹھیک، اور لڑائی میں پسپا بھی ہوں تو سب سے جلدتر دشمن پر پلٹ پڑتے ہیں اور مسکین ویتیم ومملوک کے حق میں سب سے بہتر ہیں۔

قریش کی عورتیں نیک ہیں

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: خیر الناس رکبن الابل صالح نساء قریش احناہ علی ولد فی صغرہ و ارعاہ علی زوج فی ذات یدہ .

عرب کی سب عورتوں میں بہتر قریش کی نیک بیویاں ہیں، اپنے چھوٹے چھوٹے بچے پر سب سے زیادہ مہربان اور اپنے شوہر کے مال کی سب سے بڑھ کر نگہبان۔

اسے امام احمد و بخاری ومسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور ابو بکر بن ابی شیبہ نے مکحول سے مرسلاً اور ابن سعد نے طبقات میں ابن ابی نوفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

عرب، غیر عرب کے کفو نہیں

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم العرب للعرب اکفاء و الموالی للموالی اکفا الا حائک او حجام

عرب عرب کے کفو ہیں، اور موالی موالی کے مگر جولاہہ یا حجام۔

اسے امام بیہقی نے ام المومنین صدیقہ اور ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا۔

قریش قیامت میں آگے ہوں گے

ظاہر ہے کہ اخلاق فاضلہ باعث اعمال صالحہ ہیں اور اعمال صالحہ باعث نفع آخرت۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: قریش علی مقدمة الناس یوم القیامة و لولا ان یبطر قریش لاخبرتها ما لمحسنها من الثواب عند الله .

قریش روز قیامت سب لوگوں سے آگے ہوں گے اور اگر قریش کے اترا جانے کا خیال نہ ہوتا تو میں انھیں بتا دیتا کہ ان کے نیک کے لیے اللہ کے یہاں کیا ثواب ہے۔ اسے ابن عدی نے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

روز قیامت حضور سے قریب تر قریش ہوں گے

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان لواء الحمد یوم القیامة بیدی و ان اقرب

الخلق من لوائی یومئذ العرب .

بیشک روز قیامت لواء الحمد میرے ہاتھ میں ہوگا اور بیشک اس دن تمام مخلوق میں میرے نشان سے زیادہ قریب عرب ہوں گے۔ اسے امام حکیم ترمذی اور طبرانی نے کبیر میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **اول من اشفع له یوم القیامة من امتی اھل بیتی ثم الاقرب فالاقرب الی قریش ثم الانصار ثم من آمن بی و اتبعنی من الیمن ثم من سائر العرب ثم الاعاجم و من اشفع له اولا افضل.**

روز قیامت میں سب سے پہلے اہل بیت کی شفاعت فرماؤں گا، پھر درجہ بدرجہ جو زیادہ نزدیک ہیں قریش تک، پھر انصار پھر وہ اہل یمن جو کہ مجھ پر ایمان لائے اور میری پیروی کی پھر باقی عرب پھر اہل عجم اور میں جس کی شفاعت پہلے کروں وہ افضل ہے۔ اسے طبرانی نے کبیر میں اور دارقطنی نے کتاب الافراد میں اور مخلص نے کتاب الفوائد میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

روز قیامت ترجیح قریش کو ہوگی

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **لو انی اخذت بحلقة باب الجنة ما بدأت الا بکم یا بنی ھاشم.**

میں دروازۂ بہشت کی زنجیر ہاتھ میں لوں تو اے بنی ہاشم پہلے تمھیں سے شروع کروں۔ اسے خطیب نے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حدیث: فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **اترونی انی اذا تعلقت ، بحلق ابواب الجنة او ثر علی بنی عبد المطلب احدا.**

کیا یہ خیال کرتے ہو کہ میں درہائے جنت کی زنجیر ہاتھ میں لوں گا اس وقت اولاد عبد المطلب پر

کسی اور کو ترجیح دوں گا۔ اسے ابن النجار نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

(اراءۃ الادب لفاضل النسب)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے شرط قرشیت کے مسئلہ کو مزید واضح و مبرہن کرنے کے لیے علم کلام سے یوں استدلال فرمایا ہے:

خلافت کے لیے قرشیت شرط ہے

عقائد نسفی میں ہے **و یکون من قریش و لا یجوز من غیرهم**

یعنی خلیفہ قریش سے ہوں غیر قریشی جائز نہیں۔

شرح علامہ تفتازانی میں ہے **لم یخالف فیه الا الخوارج و بعض المعتزلة**

قرشیت کی شرط میں کسی نے خلاف نہ کیا مگر خارجیوں اور بعض معتزلیوں نے۔

اسی میں ہے **یشترط ان یکون الامام قریشا لقوله علیه الصلاة و السلام الائمة من قریش و هذا و ان کان خبرا واحدا لما رواه ابو بکر محتجابه علی الانصار و لم ینکره احد فصار مجمعا علیه .**

یعنی شرط یہ ہے کہ خلیفہ قریشی ہو، بدلیل قول نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **الائمة من قریش.** اور یہ حدیث اگر چہ خبر واحد ہے لیکن جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انصار پر حجت میں اسے پیش کیا اور صحابہ کرام میں کسی نے اس پر انکار نہ کیا تو اس پر اجماع ہو گیا۔

کتاب قواعد العقائد امام حجۃ الاسلام غزالی میں ہے **شرط الامامة نسبة قریش لقوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الائمة من قریش.**

خلافت کی شرط نسب قریشی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا خلفاء قریش سے ہیں۔

اس کی شرح اتحاف میں ہے ان کثیرا من المعتزلة نفی هذا الاشتراط و دلیل اهل السنة قوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الائمة من قریش . قال العراقی اخرجه النسائی من حدیث انس و الحاکم من حدیث علی و صححه . اه قلت و کذا اخرجه البخاری فی التاریخ و ابو یعلی و ابو داؤد الطیالسی و البزار من حدیث انس و احمد من حدیث ابی هریرة و ابی بکر الصدیق و الطبرانی من حدیث علی و عنده عن انس بلفظ ان الملک فی قریش . و اخرج یعقوب بن سفیان و ابو یعلی و الطبرانی من طریق مسکین بن عبد العزیز حدثنا سیار بن سلامة ابو المنهال قال دخلت مع ابی علی ابی برزة الاسلمی فسمعته یقول سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول الامراء من قریش الخ.

یعنی بہت معتزلیوں نے شرط قرشیت کا انکار کیا اور اہل سنت کی دلیل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ خلفاء قریش سے ہوں۔ امام زین الدین عراقی نے فرمایا یہ حدیث نسائی نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حاکم نے امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کی اور کہا یہ حدیث صحیح ہے۔ میں کہتا ہوں یوں ہی اسے امام بخاری نے کتاب التاریخ اور ابو یعلی و ابو داؤد طیالسی و بزار نے انس اور امام احمد نے ابو ہریرہ و حضرت صدیق اکبر اور طبرانی نے مولیٰ علی سے روایت کی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ نیز طبرانی کے یہاں بروایت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان لفظوں سے ہے کہ سلطنت قریش میں ہے۔ اور یعقوب بن سفیان و ابو یعلی و طبرانی نے مسکین بن عبد العزیز سے روایت کی کہ ہم سے سیار بن سلامہ ابو المنہال نے حدیث بیان کی کہ میں اپنے والد کے ساتھ ابو برزہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گیا انھیں یہ حدیث روایت کرتے سنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ خلفاء قریش سے ہیں۔

مسایرۂ امام محقق علی الاطلاق کمال الدین ابن الہمام میں ہے۔شرط الامام نسب قریش خلافا لکثیر من المعتزلة .

خلیفہ کی شرط نسب قرشی ہے۔ بہت معتزلیوں کے خلاف۔

مسامرہ علامہ ابن ابی شریف شافعی تلمیذ امام ابن الہمام میں ہے لنا قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الائمة من قريش قدمنا تخريجه و قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الناس تبع لقريش . اخرجه الشيخان و فى البخارى من حديث معوية رضى الله تعالىٰ عنه ان هذا الامر فى قريش.

ہم اہل سنت کی دلیل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ خلفاء قریش سے ہیں۔ہم نے اس حدیث کی تخریج اوپر بیان کی۔نیز حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد کہ سب آدمی قریش کے تابع ہیں،اسے بخاری ومسلم نے روایت کیا۔نیز بخاری میں امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک خلافت قریش میں ہے۔اور تخریج حدیث چھ ورق اوپر بیان کی رواه النسائى من حديث انس و رواه بمعناه الطبرانى فى الدعا و البزار و البيهقى و افرده شيخنا الامام الحافظ ابو الفضل بن حجر بجزء جمع فيه طرقه عن نحو من اربعين صحابيا.

یہ حدیث نسائی نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی اور یہی مضمون طبرانی نے کتاب الدعا اور بزار وبیہقی نے روایت کیا اور ہمارے امام حافظ ابو الفضل ابن حجر عسقلانی نے خاص اس حدیث میں ایک رسالہ لکھا جس میں اس کی روایات قریب چالیس صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے جمع کیں۔

علامہ امام قاسم بن قطلو بغا حنفی تلمیذ امام ابن الہمام تعلیقات مسایرہ میں فرماتے ہیں اما عندنا

فالشروط انواع بعضها لازم لا تنعقد بدونه و هی الاسلام و الذکورة و الحریة و العقل و البلوغ و اصل الشجاعة و ان یکون قرشیا.

ہمارے نزدیک خلافت کی شرطیں کئی قسم ہیں۔ بعض شروط تو لازم ہیں کہ ان کے بغیر خلافت صحیح ہی نہیں ہوسکتی وہ یہ ہیں اسلام اور مرد ہونا اور آزادی وعقل وبلوغ واصل شجاعت اور قرشی ہونا۔

پھر فرمایا اما نسب قریش فلقوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الائمة من قريش رواه البزار و هذا و ان كان خبر واحد فقد اتفقت الصحابة على قبوله قاله الامام ابو العباس الصابونی وغیره .

قرشی ہونا اس لیے شرط ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا خلفاء قریش سے ہوں، اسے بزار نے روایت کیا اور یہ اگر چہ خبر احاد ہو مگر صحابہ کرام نے اس کے قبول پر اجماع فرمایا یہ امام ابو العباس صابونی وغیرہ نے افادہ فرمایا۔

طوالع الانوار علامہ بیضاوی میں ہے التاسع كونه قرشيا خلافا للخوارج و جمع من المعتزلة لنا قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الائمة من قريش و اللام فی الجمع للاستغراق حيث لاعهد للعموم .

یعنی خلافت کی نویں شرط قریشی ہونا ہے اس میں خارجیوں اور ایک گروہ معتزلہ کو خلاف ہے کہ وہ خلیفہ کا قریشی ہونا ضروری نہیں جانتے ہماری دلیل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ خلفاء قریش سے ہوں۔ جہاں عہد نہ ہو جمع پر لام استغراق کے لیے ہوتا ہے یعنی تمام خلفاء قریش ہی سے ہوں۔

مواقف میں ہے يكون قرشيا و منعه الخوارج و بعض المعتزلة لنا قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الائمة من قريش ثم ان الصحابة عملوا بمضمون هذا الحديث و

اجمعوا علیه فصار قاطعا.

یعنی خلیفہ قریشی ہو، خارجی اور بعض معتزلی اس شرط کے منکر ہیں ہماری دلیل نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ خلیفہ قریشی ہوں۔ پھر صحابہ کرام اس حدیث کے مضمون پر عامل ہوئے اوران کا اس پر اجماع ہوا تو وہ دلیل قطعی ہوگئی۔

شرح علامہ سید شریف میں ہے صار دلیلا قاطعا یفید الیقین باشتراط القرشیة.

یعنی دلیل قطعی ہوگئی جس سے قرشیت کا شرط ہونا یقینی ہوگیا۔

اسی میں ہے اشترطه الاشاعرة .

یعنی اہل سنت کے نزدیک خلیفہ کا قرشی ہونا شرط ہے۔

مقاصد میں ہے یشترط فی الامام کونه قرشیا لقوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الائمة من قریش.

امام میں شرط ہے کہ قرشی ہو، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا خلفاء قریش سے ہوں۔

شرح مقاصد میں ہے اتفقت الامة علی اشتراط کونه قرشیا خلافا للخوارج لنا السنة و الاجماع اما السنة فقوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الائمة من قریش و اما الاجماع فهو انه لما قال الانصار یوم سقیفة منا امیر و منکم امیر منعهم ابو بکر رضی الله تعالیٰ عنه بعدم کونهم من قریش و لم ینکره علیه احد من الصحابة فکان اجماعا.

یعنی تمام امت کا اجماع ہے کہ خلیفہ کا قریشی ہونا شرط ہے۔اس میں مخالف خارجی ہیں اور اکثر معتزلی ۔ ہماری دلیل حدیث واجماع امت ہے۔حدیث میں تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد

ہے کہ خلفاء قریش سے ہیں اور اجماع یوں کہ جب انصار رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے روز سقیفۂ بنی ساعدہ مہاجرین رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے کہا ایک امیر ہم میں سے اور ایک تم میں سے انھیں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دعویٰ خلافت سے یوں باز رکھا کہ تم قریشی نہیں (اور خلیفہ کا قریشی ہونا لازم ہے) اس پر کسی صحابہ نے انکار نہ کیا تو اجماع ہو گیا۔

شرح فقہ اکبر میں ہے یشترط ان یکون الامام قرشیا لقوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الائمة من قریش و هو حدیث مشهور و لیس المراد به الامامة فی الصلاة اتفاقا فتعینت الامامة الکبریٰ خلافا للخوارج و بعض المعتزلة .

یعنی شرط یہ ہے کہ خلیفہ قریشی ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ائمہ قریش سے ہیں اور یہ حدیث مشہور ہے اور اس میں امامت نماز باجماع مراد نہیں تو ضرور خلافت مراد ہے اس میں مخالف خارجی ہیں یا بعض معتزلی۔

طریقۂ محمدیہ میں ہے المسلمون لابدلهم من امام قرشي و لا یشترط ان یکون هاشمیا.

یعنی مسلمانوں کے لیے ضرور ہے کہ کوئی قریشی خلیفہ ہو اور ہاشمی ہونا شرط نہیں۔

حدیقۂ ندیہ میں ہے یکون من قریش و لا یجوز من غیرهم

خلیفہ قریشی ہو غیر قریشی کی خلافت درست نہیں۔

تمہید امام ابوالشکور سالمی جسے سلطان الاولیاء محبوب الٰہی نظام الحق والدین نے درس میں پڑھا اس میں ہے اجمعنا علی ان الامام من قریش و لا یکون من غیره

ہم اہل سنت کا اجماع ہے کہ خلیفہ قریش سے ہو ان کے غیر سے نہیں۔

خلافت ہمیشہ قریش میں رہے گی

صحیح بخاری وصحیح مسلم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: **لا یزال ھذ االامر فی قریش ما بقی من الناس اثنان .**

خلافت ہمیشہ قریش کے لیے ہے جب تک دنیا میں دو آدمی بھی رہیں۔

شرح صحیح مسلم للامام النووی وشرح صحیح بخاری للامام القسطلانی ومرقاۃ علی قاری میں ہے۔

بین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان ھذا الحکم مستمر الی آخر الدنیا ما بقی من الناس اثنان .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ظاہر فرمادیا کہ یہ حکم ختم دنیا تک جب تک دو آدمی بھی رہیں۔

ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں ابن المنیر سے اور عمدۃ القاری امام بدر محمود عینی حنفی میں ہے۔

قریش ھم اصحاب الخلافۃ و ھی مستمرۃ لھم الی آخر الدنیا ما بقی من الناس اثنان.

قریش ہی خلافت والے ہیں وہ ختم دنیا تک ان ہی کے لیے ہے جب تک دو آدمی بھی باقی رہیں۔

امام قرطبی کی مفہم شرح صحیح مسلم میں پھر عمدۃ القاری فتح الباری شروح صحیح بخاری میں ہے۔

ھذا الحدیث خبر عن المشروعیۃ ای لا تنعقد الامامۃ الکبریٰ الا لقرشی مھما وجدمنھم احد.

اس حدیث میں حکم شرعی کا بیان ہے یہ فرمایا ہے کہ جب تک دنیا میں ایک قرشی بھی باقی رہے اوروں کی خلافت صحیح نہیں۔

امام نووی شرح صحیح مسلم پھر امام قسطلانی شرح صحیح بخاری اور علامہ طیبی و علامہ سید شریف و علی قاری شروح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں:

هذه الاحاديث و اشباهها دليل ظاهر ان الخلافة مختصة بقريش لا يجوز عقدها لاحد من غيرهم و على هذا انعقد الاجماع فى زمن الصحابة و كذلك بعدهم و من خالف فيه من اهل البدع او عرض بخلاف من غيرهم فهو محجوج باجماع الصحابة و التابعين فمن بعدهم بالاحاديث الصحيحة

یہ حدیثیں اور ان کے مثل اور احادیث روشن دلیلیں ہیں کہ خلافت قریش کے ساتھ خاص ہے ان کے سوا کسی کو خلیفہ بنانا جائز نہیں، اسی پر زمانہ صحابہ میں یوں ہی ان کے بعد اجماع منعقد ہوا تو جن بد مذہبوں نے اس میں اختلاف کیا یا جس نے اور کسی کی خلافت کا اشارہ کیا اس کا قول صحابہ و تابعین و علمائے مابعد کے اجماع اور صحیح حدیثوں سے مردود ہے۔

علامہ ابن المنیر پھر حافظ عسقلانی شرح صحیح بخاری میں لکھتے ہیں۔

الصحابة اتفقوا على افادة المفهوم للحصر خلافا لمن انكر ذلك و الى هذا ذهب جمهور اهل العلم ان شرط الامام ان يكون قرشيا و قالت الخوارج و طائفة من المعتزلة يجوز ان يكون الامام غير قرشي و بالغ ضرار بن عمرو فقال تولية غير القرشى اولىٰ و قال ابو بكر الطيب لم يعرج المسلمون على هذا القول بعد ثبوت حديث الائمة من قريش و عمل المسلمون به قرنا بعد قرن و انعقد الاجماع على اعتبار ذلك قبل ان يقع الاختلاف.

یعنی صحابہ نے اتفاق سے فرمایا کہ حدیث **الائمة من قريش** خلافت کا قریشی میں حصر فرماتی

ہے۔ برخلاف اس کے جو اس کا منکر ہو اور یہی مذہب جمہور اہل علم کا ہے کہ خلیفہ کے لیے قرشی ہونا شرط ہے اور خارجیوں اور ایک گروہ معتزلہ نے کہا کہ غیر قریشی بھی خلیفہ ہوسکتا ہے اور ضرار بن عمرو تو یہاں تک بڑھ گیا اور کہا کہ غیر قریشی کا خلیفہ کرنا بہتر ہے۔ امام ابوبکر ابن الطیب نے فرمایا مسلمانوں نے اس قول کی طرف التفات نہ کیا بعد اس کے کہ حدیث **الائمة من قریش** ثابت ہوچکی اور ہر قرن میں مسلمان اس پر عامل رہے اور اس اختلاف کے اٹھنے سے پہلے اس کے ماننے پر اجماع منعقد ہولیا۔

امام احمد ناصر الدین اسکندرانی نے پھر امام شہاب الدین کنانی وجہ دلالت حدیث **لا یزال ھذ الامر فی قریش** میں فرماتے ہیں :

المبتداء بالحقیقة ھھنا ھو الامر الواقع صفة لھذا و ھذا لا یوصف الا بالجنس فمقتضاہ حصر جنس الامر فی قریش کانہ قال لاامر الا فی قریش ، و الحدیث و ان کان بلفظ الخبر فھو بمعنی الامر و بقیة طرق الحدیث توید ذلک .

یعنی حاصل حدیث یہ ہے کہ **ھذا الامر فی قریش دائما** یہ امر خلافت ہمیشہ قریش کے لیے ہے۔ ھذا مبتدا ہے اور امر اس کی صفت اور ھذا کی صفت میں ہمیشہ جنس ہی آتی ہے تو مطلب یہ کہ جنس خلافت ہمیشہ قریش ہی کے لیے ہے۔ (ان کے غیر کے لیے اس کا کوئی فرد نہیں) گویا الفاظ یوں ارشاد ہوئے کہ خلافت نہیں مگر قریش میں اور حدیث اگرچہ صورۃ خبر ہے معنی امر ہے۔ حدیث کی باقی روایتیں اس معنی کی موید ہیں۔

امام ابن حجر اور ان سے پہلے امام ابن بطال شرح بخاری للمہلب سے ناقل :

یجوز ان یکون ملک یغلب علی الناس بغیر ان یکون خلیفة و انما انکر معویة رضی اللہ تعالیٰ عنہ خشیة ان یظن احد ان الخلافة تجوز فی غیر قریش فلما خطب

بذلک دل علی ان ذلک عندھم کذلک اذ لم ینقل عن احد منھم انکار علیہ .

یعنی جب حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کہا کہ عنقریب ایک بادشاہ قبیلۂ قحطان سے ہوگا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس پر سخت انکار کیا اور خطبہ پڑھا اس میں فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ خلافت قریش میں ہے۔ یہ انکار اس بناء پر نہ تھا کہ کوئی غیر قریشی بادشاہ بھی نہیں ہوسکتا یہ تو جائز ہے کہ کوئی بادشاہ لوگوں پر تغلب کرے اور خلیفہ نہ ہو۔ بلکہ انکار کی وجہ یہ تھی کہ کوئی یہ نہ سمجھ بیٹھے کہ غیر قریشی خلیفہ ہوسکتا ہے۔ لہٰذا حضرت امیر معاویہ نے خطبہ پڑھا کہ کوئی غیر قرشی خلیفہ نہیں ہوسکتا تو اس پر کسی صحابی یا تابعی نے انکار نہیں کیا۔ تو معلوم ہوا کہ ان سب کا یہی مذہب ہے۔

مہلب پھر ابن بطال پھر عینی وعسقلانی وقسطلانی سب شروح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں

القحطانی اذا قام و لیس من بیت النبوۃ و لا من قریش الذین جعل اللہ فیھم الخلافۃ فھو من اکبر تغیر الزمان و تبدیل الاحکام .

جب قحطانی قائم ہوگا اور وہ نہ خاندان نبوت سے نہ قریش سے جن میں اللہ عزوجل نے خلافت رکھی ہے تو یہ ایک بڑا تغیر زمانہ اور احکام شریعت کی تبدیل ہوگا۔

امام اجل قاضی عیاض پھر امام ابوزکریا نووی شرح صحیح مسلم میں فرماتے ہیں :

اشتراط کونہ قرشیا ھو مذھب العلماء کافۃ و قد احتج بہ ابو بکر و عمر علی الانصار یوم السقیفۃ فلم ینکرہ احد و قد عدھا العلماء فی مسائل الاجماع و لم ینقل عن احد من السلف فیھا قول و لا فعل یخالف ما ذکرنا و کذلک من بعدھم فی جمیع الاعصار و لا اعتداد بقول النظام و من وافقہ من الخوارج و اھل البدع انہ یجوز کونہ من غیر قریش لما ھو علیہ من مخالفۃ اجماع المسلمین .

خلیفہ میں قرشی ہونے کی شرط جمیع علماء کا مذہب ہے اور بیشک اسی سے صدیق اکبر و فاروق اعظم نے روز سقیفہ انصار پر حجت قائم فرمائی اور صحابہ میں کسی نے اس کا انکار نہ کیا۔ اور بیشک علماء نے اسے مسائل اجماع میں گنا اور سلف صالح میں کوئی قول یا فعل اس کے خلاف منقول نہ ہوا۔ یوں ہی تمام زمانوں میں علمائے مابعد سے اور وہ جو نظام معتزلی اور خارجیوں اور بدمذہبوں نے کہا کہ غیر قریشی بھی خلیفہ ہو سکتا ہے کچھ گنتی شمار میں نہیں کہ اجماع مسلمین کے خلاف ہے۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں :

گفت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیشہ می باشد امر خلافت در قریش یعنی می باید کہ در ایشاں باشد و جائز نیست شرعاً عقد خلافت مر غیر ایشاں را و بریں منعقد شد اجماع در زمن صحابہ و بایں حجت کردند مہاجراں بر انصار۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خلافت ہمیشہ قریش میں رہے گی یعنی ان ہی میں رہنا چاہیئے ۔ان کے علاوہ دوسرے کے لیے شرعاً خلافت جائز نہیں ہے اسی پر صحابہ کے زمانہ میں اجماع منعقد ہوا اور اسی سے مہاجرین نے انصار پر حجت و دلیل قائم کی۔ (مولف)

امام جلال الدین کی تاریخ الخلفاء میں ہے:

لم اورد احدا من الخلفاء العبیدیین لان امامتهم غیر صحیحة لانهم غیر قریش.

میں نے اس کتاب میں خلفاء عبیدیہ سے کسی کا ذکر نہ کیا اس لیے کہ ان کی خلافت باطل ہے کہ وہ قرشی نہیں۔ (دوام العیش فی الائمۃ من قریش)

۞ ۞ ۞

استقرارِ نطفۂ زکیہ

و

مدتِ حمل

الا ان النور المخزون المکنون الذی یکون منہ النبی الہادی فی ھذہ اللیلۃ یستقر فی بطن امہ۔

خبردار! بے شک وہ مخفی نور جس سے نبی ہادی جلوہ گر ہوں گے وہ نور اس رات میں نبی مکرم کی والدہ ماجدہ کے بطن اطہر میں قرار پائے گا۔ (المواہب اللدنیۃ ج۱، ص۱۱۸)

استقرار نطفۂ زکیہ

یہ ایک دائمی اور ابدی حقیقت ہے کہ اول مخلوقات اور ساری کائنات کا ذریعہ اور تخلیق عالم و آدم علیہ السلام کا واسطہ نور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے جیسا کہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ اول ما خلق اللہ نوری (اللہ تعالیٰ نے ساری مخلوق سے پہلے میرے نور کو پیدا فرمایا) اور تمام مکونات علوی و سفلی آپ ہی کے نور سے ہیں۔ آپ ہی کے جوہر پاک سے ارواح، شبیہات، عرش، کرسی، لوح، قلم، جنت و دوزخ، ملک و فلک، انسان و جنات، آسمان و زمین، بحار و جبال اور تمام مخلوقات عالم ظہور میں آئی۔ اور باعتبار کیفیت تمام کثرتوں کا صدور اسی وحدت سے ہے اور اسی جوہر پاک سے ساری مخلوقات کا ظہور و بروز ہے۔

استقرار نطفۂ زکیہ قول اصح کے بموجب ایام حج کے درمیانی تشریق کے دنوں مین شب جمعہ میں ہوا تھا۔ اسی بناء پر امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے نزدیک شب جمعہ، لیلۃ القدر سے افضل ہے اس لیے کہ اس رات سارے جہان اور تمام مسلمانوں پر ہر قسم کی خیر و برکت اور سعادت و کرامت جس قدر نازل ہوئی اتنی قیامت تک کسی رات میں نہ ہوگی بلکہ تا ابد کبھی نازل نہ ہوں گی۔ اور اگر اس لحاظ سے میلاد شریف کی رات کو شب قدر سے افضل جانیں تو یقیناً یہ رات اس کی مستحق ہے جیسا کہ علماء اعلام نے اس کی تصریح کی ہے۔

حدیثوں میں آیا ہے کہ شب میلاد مبارک کو عالم ملکوت میں ندا کی گئی کہ سارے جہان کو انوار قدس سے منور کر دو اور زمین و آسمان کے تمام فرشتے خوشی و مسرت میں جھوم اٹھے، اور داروغہ جنت کو حکم ہوا کہ فردوس اعلیٰ کو کھول دے اور سارے جہان کو خوشبوؤں سے معطر کر دے۔ اور زمین و آسمان کے ہر طبقہ اور ہر مقام میں مژدہ سنا دے کہ نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آج کی رات رحم آمنہ میں قرار پکڑا ہے۔ اور ایسا کیوں نہ ہوتا کہ تمام خیرات و برکات، کرامات و سعادات، اور انوار و اسرار کا مصدر اور مبداء خلق عالم، اصل

اصول بنی آدم کی اس عالم میں تشریف آوری اور اس کے ظہور کا وقت قریب آ پہنچا ہے۔ یقیناً تمام جہان والوں کو منور و مشرف اور مسرور ہونا چاہئیے۔

مروی ہے کہ اس رات کی صبح کو روئے زمین کے تمام بت اوندھے پائے گئے، شیاطین کا آسمان پر چڑھنا ممنوع قرار دیا گیا اور دنیا کے تمام بادشاہوں کے تخت الٹ دیے گئے۔ اور اس رات ہر گھر روشن و منور ہوا اور کوئی جگہ ایسی نہ تھی جو انوار قدس سے جگمگا نہ رہی ہو اور کوئی جانور ایسا نہ تھا جس کو قوت گویائی نہ دی گئی ہو اور اس نے بشارت نہ دی ہو۔ مشرق کے پرندوں نے مغرب کے پرندوں کو خوشخبریاں دیں۔

قریش کا حال یہ تھا کہ وہ شدید قحط اور عظیم تنگی میں مبتلا تھے چنانچہ تمام درخت خشک ہو گئے تھے اور تمام جانور نحیف و لاغر ہو گئے تھے، پھر حق تعالیٰ نے بارش بھیجی، جہاں بھر کو سرسبز و شاداب کیا، درختوں میں تر و تازگی آئی، خوشی و مسرت کی ایسی لہر دوڑی کہ قریش نے اس سال کا نام "سنۃ الفتح والابتہاج" رکھا۔

محدث ابونعیم نے اپنی کتاب دلائل النبوۃ میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت سے یہ حدیث بیان کی ہے کہ جس رات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور نبوت حضرت عبد اللہ کی پشت اقدس سے حضرت آمنہ کے بطن مقدس میں منتقل ہوا روئے زمین کے تمام چوپایوں، خصوصاً قریش کے جانوروں کو اللہ تعالیٰ نے گویائی عطا فرمائی اور انھوں نے بزبان فصیح اعلان کیا کہ آج اللہ کا وہ مقدس رسول شکم مادر میں جلوہ گر ہو گیا جس کے سر پر تمام دنیا کی امامت کا تاج ہے اور جو سارے عالم کو روشن کرنے والا چراغ ہے۔ مشرق کے جانوروں نے مغرب کے جانوروں کو بشارت دی، اسی طرح سمندروں اور دریاؤں کے جانوروں نے ایک دوسرے کو یہ خوشخبری سنائی کہ حضرت ابو القاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کا وقت قریب آ گیا ہے۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ۔ مدارج النبوۃ جلد دوم)

استقرار نطفہ کی تاریخ و دن

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ استقرار نطفۂ زکیہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کس ماہ وکس تاریخ میں ہوا تو اس کے جواب میں آپ نے فرمایا:

بعض غرۂ رجب کہتے ہیں، اسے خطیب نے سیدنا سہل التستری قدس سرہ سے روایت کیا۔

اور بعض دہم محرم، ابونعیم وابن عساکر عمرو بن شعیب کے دادا سے روایت کرتے ہیں :

قال حمل برسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی عاشوراء المحرم وولد یوم الاثنین ثنتی عشرة من رمضان.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دس محرم کو شکم مادر میں تشریف فرما ہوئے اور بارہویں رمضان روز دوشنبہ کو ولادت ہوئی۔ (مولف)

اقول: اس میں مسیب بن شریک ضعیف ہیں اور صحیح یہ ہے کہ ماہ حج کے بارہویں تاریخ۔ مدارج النبوۃ میں اسی کو صحیح قرار دیا ہے۔

اقول: اس کی موید ہے حدیث ابن سعد وابن عساکر،

قال ابن سعد ان عبد الله دعته خثعمية فقالت هل لک فی قال نعم حتی ارمی الجمرة . الحديث.

ایک زن خثعمیہ نے حضرت عبداللہ کو اپنی طرف بلایا رمی جمار کا عذر فرمایا بعد رمی حضرت آمنہ سے مقاربت کی اور حمل اقدس مستقر ہوا پھر خثعمیہ نے دیکھ کر کہا کیا ہم بستری کی فرمایا ہاں کہا وہ نور کہ میں نے آپ کی پیشانی سے آسمان تک بلند دیکھا تھا نہ رہا آمنہ کو مژدہ دیجیے کہ ان کے حمل میں افضل

اہل زمین ہے۔

ظاہر ہے کہ رمی جمار نہیں ہوتی مگر حج میں۔

استقرار نطفۂ زکیہ کا دن کیا تھا؟ اس کے جواب میں امام احمد رضا فرماتے ہیں :

کہا گیا روز دوشنبہ، اسے زبیر بن بکار نے بیان کیا اور مجمع البحار کے تکملہ میں اسی پر جزم کیا ہے۔ اور اصح یہ ہے کہ شب جمعہ تھی اسی لیے امام احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شب جمعہ کو شب قدر سے افضل کہتے ہیں کہ یہ خیر و برکت و کرامت و سعادت جو اس میں ہے اس کے ہم سر نہ کبھی اتری نہ قیامت تک اترے وہاں تنزل الملائکۃ و الروح فیھا ہے یہاں مولائے ملائکہ وآقائے روح کا نزول اجلال عظیم الفتوح ہے، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

مدارج النبوۃ میں ہے :

استقرار نطفۂ زکیہ در ایام حج بر قول اصح در اوسط ایام تشریق شب جمعہ بود وازیں جہت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لیلۃ الجمعۃ را افضل تر از لیلۃ القدر دانستہ، الخ۔

اصح قول پر نطفۂ زکیہ کا استقرار ایام حج اور ایام تشریق کے وسط میں شب جمعہ کو ہوا اسی لیے امام احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شب جمعہ کو شب قدر سے افضل جانتے ہیں۔ (مولف)

(نطق الہلال بارخ ولاد الحبیب والوصال)

انبیاء کرام کے نطفے

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں :

منی مطلق ناپاک ہی ہے سوا ان پاک نطفوں کے جن سے تخلیق حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ و

السلام ہوئی اور خود انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے نطفے، کہ ان کا پیشاب بھی پاک ہے یوں ہی تمام فضلات۔ (فتاوی رضویہ ۲/۱۶۱)

مدت حمل

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شکم مادر میں نو مہینے کامل رہے مادر محترمہ نے عام عورتوں کی طرح کسی قسم کی گرانی بار، درد اور طبیعت کی بدمزگی محسوس نہ کی۔ سیدہ آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے معلوم ہی نہ تھا کہ میں حمل سے ہوں صرف اتنا تھا کہ حیض بند ہو گیا تھا۔ لیکن بعض روایتوں میں آیا ہے کہ فرمایا کچھ بوجھ سا معلوم ہوتا ہے۔ ابونعیم نے دونوں روایتوں کی جمع تطبیق اس طرح کی ہے کہ ابتداء علوق میں ثقل معلوم ہوتا تھا مگر مدت گزر جانے کے بعد حمل میں خفت محسوس ہونے لگی اور یہ دونوں باتیں خلاف عادت و دستور ہیں۔ جیسا کہ مواہب میں ہے۔

نیز ابونعیم حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حاملہ ہونے کے دلائل میں سے ایک بات یہ تھی کہ قریش کے ہر چوپایہ نے اس رات گویائی کی اور کہا کہ قسم ہے خانۂ کعبہ کے رب کی آج رات اللہ کا رسول حمل میں تشریف لایا ہے جو ساری دنیا کا امام اور تمام جہان والوں کا آفتاب ہے۔ اور ایک روایت میں آیا ہے کہ روئے زمین کے تمام چوپائے اس رات گویا ہوئے اور سب نے اسی طرح کی بشارت دی۔

سیدہ آمنہ فرماتی ہیں کہ میں خواب و بیداری کی درمیانی حالت میں تھی کہ کسی نے ندا دی اے آمنہ تم حمل سے ہو گویا کہ میں نہیں جانتی تھی کہ میں حمل سے ہوں۔ اس کے بعد بتایا کہ تم اس امت کے افضل سے حاملہ ہو۔ اور ایک روایت میں ہے کہ ساری مخلوق کے افضل سے حاملہ ہو۔ اس وقت مجھے معلوم ہوا کہ میں حمل سے ہوں۔ اور فرماتی ہیں کہ حمل کے ہر مہینہ میں آسمان و زمین کے درمیان میں یہ آواز سنا کرتی کہ

تمھیں مبارک ہو وہ وقت قریب آ پہنچا ہے کہ ابو القاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا میں جلوہ افروز ہونے والے ہیں۔ جو صاحب خیر و برکت ہیں۔ یہ روایت بہت ہی ضعیف ہے۔(مولف) (مدارج النبوۃ دوم)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ مدت حمل کس قدر تھی؟

آپ نے فرمایا:

دہ و نہ وہفت و شش ماہ سب کچھ کہا گیا اور صحیح نو مہینے ہیں۔

فی شرح الزرقانی للمواھب اختلف فی مدۃ الحمل بہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقیل تسعۃ اشھر کاملۃ.

زرقانی کی شرح مواہب میں ہے کہ مدت حمل کے بارے میں اختلاف ہے کہا گیا ہے کہ مدت حمل شریف پورے نو مہینے ہے۔ (مولف)

مغلطائی نے اسے ذکر کیا ہے۔ غرر میں اسی کو صحیح قرار دیا ہے۔

(نطق الہلال بارخ ولاد الحبیب والوصال)

ولادت طیبہ

صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا
صدقہ لینے نور کا آیا ہے تارا نور کا

●

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیہم رسولا من انفسہم یتلوا علیہم آیتہ و یزکیہم و یعلمہم الکتاب و الحکمۃ و ان کانوا من قبل لفی ضلل مبین۔

بیشک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انھیں سے ایک رسول بھیجا جو ان پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے اور انھیں پاک کرتا ہے اور انھیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے اور وہ ضرور اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔

(آل عمران۔۱۶۴)

ولادت طیبہ

جمہور اہل سیر اور ارباب تواریخ کا اس پر اتفاق ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت مبارک عام الفیل کے چالیس یا پچپن دن کے بعد ہوئی ہے۔ یہ قول سب سے زیادہ صحیح ہے اور یہ بھی مشہور ہے کہ ماہ ربیع الاول میں ولادت ہوئی ہے۔ اور بعض علماء اسی کو اختیار کرتے ہیں اور بعض بارہ بھی کہتے ہیں اور بعض دو ربیع الاول اور بعض آٹھ ربیع الاول کی رات گزرنے کے بعد کہتے ہیں۔ بہت سے علماء اسی کو اختیار کرتے ہیں اور بعض دس بھی کہتے ہیں لیکن پہلا قول یعنی بارہ ربیع الاول کا زیادہ مشہور و اکثر ہے۔ اسی پر اہل مکہ کا عمل ہے ولادت شریف کے مقام کی زیارت اسی رات کرتے ہیں اور میلاد شریف پڑھتے ہیں۔

یہ ولادت مبارکہ بارہویں ربیع الاول کی رات روز دوشنبہ واقع ہوئی اور وحی کی ابتداء، ہجرت، مدینہ منورہ پہنچنا، فتح مکہ اور وفات شریف بھی روز دوشنبہ ہوئی اور وقت ولادت مبارک صبح صادق میں طلوع آفتاب سے پہلے اور غفر کے طلوع کے وقت ہوئی "غفر" منازل فجر کے تین چھوٹے ستاروں کو کہتے ہیں۔ مواہب لدنیہ میں ہے کہ تمام انبیاء علیہم السلام کی ولادت کا وقت یہی ہے اور اکثر اخبار میں ولادت شریف کا وقت طلوع فجر ہے۔ اور بعض روایت میں رات بھی آیا ہے اس سے یہی طلوع فجر مراد ہے چوں کہ اس کو رات کے متصل شمار کر سکتے ہیں۔

مواہب لدنیہ میں شیخ بدر الدین زرکشی سے منقول ہے انھوں نے کہا کہ صحیح یہ ہے کہ ولادت شریف خوب روشن وقت میں ہوئی جو دن کی ابتداء ہے۔ یہ کہا جاتا ہے کہ اس وقت ستارے ٹوٹنے اور شہاب ثاقب جھڑے اسے رات پر محمول نہ کرنا چاہیئے۔ اس لیے کہ نبوت و ولادت کا زمانہ خوارق عادات اور معجزات کے ظہور کا زمانہ ہے لہٰذا ممکن ہے ستاروں وغیرہ کا ٹوٹنا دن میں ہوا ہو۔ اور بعض منجمین اور اس فن کے ماہرین ولادت شریف کی ساعت کو سب سے زیادہ سعید ساعت شمار کرتے ہیں اور روضۃ الاحباب میں

اسے بیان کیا گیا ہے۔

مگر حق یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی زمانہ کے ساتھ شرافت و بزرگی حاصل نہیں کی ہے بلکہ زمانہ نے آپ سے شرافت و بزرگی پائی ہے۔ جس طرح کہ دیگر مقامات مقدسہ ہیں کہ مکان کو مکین سے شرافت و بزرگی حاصل ہوتی ہے اور یہی حکمت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت مبارکہ کسی ایسے مہینہ میں نہیں ہوئی جو بزرگی و برکت کے ساتھ مشہور ہو جیسے ماہ محرم، ماہ رجب، ماہ رمضان وغیرہ جیسا کہ بعض شاذ روایتوں میں آیا ہے اور یہی حکمت دن کی ہے کیوں کہ تمام دنوں مین جمعہ کا دن افضل ہے اور اسی دن آدم علیہ السلام پیدا ہوئے اور اس دن میں ایک ساعت ایسی ہے کہ اس ساعت میں جو دعا مانگی جائے مستجاب ہوگی۔ لیکن یہ ساعت اس ساعت کو کہاں پہنچ سکتی ہے کہ جس ساعت میں سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تولد فرمایا۔

صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے روز دوشنبہ کو جو کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت مبارکہ کا دن ہے عبادت کے لیے خاص نہیں فرمایا جیسا کہ روز جمعہ کو مخصوص فرمایا جو آدم علیہ السلام کی تخلیق کا دن ہے۔ اس کی وجہ اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کرامت اور آپ کی امت پر آپ کے وجود باوجود کی عنایت کے سبب سے تخفیف ہے۔

ایک یہودی کی پکار

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ مکہ مکرمہ میں ایک یہودی تھا جو تجارت کرتا تھا جب وہ رات آئی جس میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ولادت فرمائی تو اس یہودی نے کہا اے گروہ قریش کیا آج کی رات تم میں کوئی فرزند پیدا ہوا ہے؟ قریشیوں نے کہا ہمیں معلوم نہیں، اس یہودی نے کہا اس آخری امت کا نبی پیدا ہو گیا ہے اور اس کے دونوں شانوں کے درمیان ایک علامت

ہے۔جس میں گھوڑے کی رگ کی مانند بال مجتمع ہیں پھر اس یہودی کو سیدہ آمنہ کے پاس لائے اس نے کہا اپنے فرزند کی زیارت کراؤ پھر اس نے پشت مبارک سے قمیص اٹھا کر علامت دیکھی تو وہ بے ہوش کر زمین پر گر پڑا اور کہنے لگا خدا کی قسم بنی اسرائیل سے نبوت جاتی رہی۔ (اسے حاکم نے روایت کیا ہے)

ابونعیم حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے فرمایا میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت شریف کے وقت سات یا آٹھ سال کا بچہ تھا میں نے یہ قصہ سنا اور دیکھا ہے کہ ایک یہودی صبح کے وقت اپنی قوم کو پکار رہا تھا اور فریاد کر رہا تھا یہودیوں نے اس سے کہا تجھے کیا ہوا کیوں فریاد کر رہا ہے اور ہمیں بلا رہا ہے اس نے کہا آج کی رات احمد کے ستارے نے طلوع کر لیا ہے۔

شام کے محلات روشن ہو گئے

عثمان بن ابی العاص اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ کہتی ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت شریف کے وقت موجود تھی میں نے دیکھا ایک نور ظاہر ہوا جس نے گھر اور تمام در و دیوار کو نورانی کر دیا۔ میں نے دیکھا کہ آسمان کے ستارے زمین کے نزدیک آ گئے ہیں میں نے خیال کیا کہ شاید وہ مجھ پر گر پڑیں گے، تمام گھر پرانوار ہو گیا۔

احادیث صحیحہ و مشہورہ میں آیا ہے کہ سیدہ آمنہ فرماتی ہیں کہ میں نے شب ولادت میں دیکھا کہ ایک نور ظاہر ہوا جس سے شام کے محلات روشن ہو گئے اور میں نے ان کو دیکھا۔

حلیمہ سعدیہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مرضعہ سے مروی ہے کہ سیدہ آمنہ فرماتی ہیں کہ مجھ سے ایک ستارہ عالم ظہور میں آیا جس سے ساری زمین روشن ہو گئی اور میں نے شام کے محلات دیکھے اور یہ فرزند پاک وصاف پیدا ہوا، کسی قسم کی آلائش و پلیدی نہ تھی۔ یہ روایت اس امر میں صریح ہے کہ ولادت شریف

عادت کے مطابق ہوئی جس طرح کہ تمام عورتوں کو ہوتی ہے، نیز ایک اور حدیث میں ہے کہ فاخذ فی المخاض تو مجھے دردزہ نے پکڑلیا۔ اس سے بھی یہی بات ظاہر ہوتی ہے۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف اپنی والدہ جن کا نام "شفا" تھا روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے بتایا جس وقت حضرت آمنہ سے فرزند پیدا ہوا تو وہ میرے ہاتھ میں آیا جو ختنہ شدہ تھا، پھر چھینک آئی اس پر کسی کہنے والے کی آواز سنی یرحمک اللہ.

شفا بیان کرتی ہیں کہ شرق ومغرب کے درمیان ہر چیز روشن ہوگئی اور میں نے اس وقت شام کے قصور ومحلات دیکھے، ایک روایت میں روم کے محلات، اور ایک روایت میں شام کے محلات آئے ہیں، شام ہی زیادہ صحیح ہے کیوں کہ شام حضور کا ملک ہے اور کتب سابقہ میں آیا ہے اور شام کی فضیلت میں بکثرت حدیثیں مروی ہیں۔

مقامات متبرکہ کی سیر

اور شفا بیان کرتی ہیں کہ میں ڈری اور مجھ پر لرزہ طاری ہوگیا، اس کے بعد ایک نور داہنی جانب سے ظاہر ہوا کسی کہنے والے نے کہا اسے کہاں لے گیا؟ دوسرے نے جواب دیا مغرب کی جانب تمام مقامات متبرکہ میں لے گیا پھر بائیں جانب سے بھی ایک نور ظاہر ہوا اس پر بھی کسی کہنے والے نے کہا اسے کہاں لے گیا دوسرے نے جواب دیا اسے میں مشرق کی جانب تمام مقامات متبرکہ میں لے گیا اور حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے سامنے پیش کیا انھوں نے اسے اپنے سینے سے لگایا اور طہارت وبرکت کی دعا مانگی۔

شفا بیان کرتی ہیں یہ بات میرے دل میں ہمیشہ جاگزیں رہی یہاں تک کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مبعوث ہوئے تو میں اسلام لائی اور اولین وسابقین میں سے ہوئی۔

محمد نام رکھنے کی بشارت

نیز وہ سیدہ آمنہ کی بابت بیان کرتی ہیں کہ وہ فرماتی تھیں کہ میں نے خواب میں کسی کو کہتے سنا جب کہ چھ ماہ کی حاملہ تھی اس نے مجھ سے کہا اے آمنہ تم سارے جہان کی افضل سے حاملہ ہو جب تم سے وہ پیدا ہوتو اس کا نام محمد رکھنا اور اپنے حال کو پنہاں رکھنا۔

اس روایت سے ظاہر و معلوم ہوتا ہے کہ محمد نام رکھنا آمنہ کی جانب سے ہوگا حالاں کہ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ یہ نام حضرت عبدالمطلب نے رکھا ہے تو ان دونون روایتوں میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔

آمنہ کا خوف زائل ہو گیا

سیدہ آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھ پر جب وہ حالت طاری ہوئی جو عام طور پر عورتوں کو وضع حمل کے وقت درد وغیرہ ہوتا ہے تو میں گھر میں تنہا تھی اور حضرت عبدالمطلب طواف میں تھے اس وقت میں نے ایک عظیم آواز سنی جس سے میں خوفزدہ ہوگئی۔ اس کے بعد میں نے دیکھا ایک مرغ سفید کا بازو میرے سینے کو مل رہا ہے تو میرا خوف اور وہ درد جاتا رہا۔ پھر میں نے دیکھا کہ میرے پاس ایک سفید شربت کا پیالہ لایا گیا میں نے اسے پیا اور سکون و قرار حاصل ہوا، پھر میں نے نور کا ایک بلند مینار دیکھا اس کے بعد اپنے پاس بلند قامت والی عورتیں دیکھیں جن کا قد عبد مناف کی لڑکیوں کی مانند کھجور کی درختوں کی طرح ہے میں نے تعجب کیا یہ کہاں سے آگئیں اس پر ان میں سے ایک نے کہا، میں آسیہ فرعون کی بیوی ہوں۔ دوسری نے کہا میں مریم بنت عمران ہوں اور یہ عورتیں حور ہیں، اور میرا حال بہت سخت ہو گیا اور ہر گھڑی عظیم سے عظیم تر آوازیں سنتی جس سے خوف معلوم ہوتا تھا۔ اسی حالت کے دوران میں نے دیکھا کہ ایک فرش زمین و آسمان کے درمیان کھینچا گیا اور میں نے دیکھا کہ زمین و آسمان کے درمیان بہت سے لوگ کھڑے ہیں جن

کے ہاتھوں میں چاندی کے آفتابے ہیں۔

پھر میں نے دیکھا کہ پرندوں کی ایک ڈار میرے سامنے آئی یہاں تک کہ میرا کمرہ ان سے بھر گیا۔ ان کی چونچیں زمرد کی اور ان کے بازو یاقوت کے تھے اور حق تعالیٰ نے میری آنکھوں سے پردہ اٹھا دیا اور میں نے مشارق و مغارب کو دیکھا اور میں نے دیکھا کہ تین علم ہیں ایک مشرق میں اور ایک مغرب میں اور ایک خانہ کعبہ کے اوپر نصب ہے پھر مجھے دردزہ ہوا اور محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) متولد ہوئے۔

اس وقت میں نے دیکھا کہ آپ سجدے میں ہیں اور دونوں انگشتہائے مسبحہ آسمان کی جانب اٹھائے ہوئے ہیں اور تضرع کی مانند گریاں کناں ہیں۔ اس کے بعد میں نے ایک ابر سفید دیکھا جس نے انھیں میری نظروں سے چھپا دیا اور میں نے کسی کی آواز سنی جو کہہ رہا تھا انھیں زمین کے مشارق و مغارب کی سیر کراؤ اور ان کے شہروں میں گشت کراؤ تاکہ وہاں کے رہنے والے آپ کے اسم مبارک اور نعت و صورت کو پہچان لیں اور جان لیں کہ آپ کی صفت ماحی ہے جو کہ شرک کے آثار کو محو و فنا کریں گے۔

آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

ایک اور حدیث میں ہے کہ سیدہ آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو لٹایا گیا تو میں نے ایک بہت بڑے نورانی ابر کو دیکھا جس میں گھوڑوں کے ہنہنانے اور بازوؤں کے پھڑ پھڑانے اور لوگوں کے باتیں کرنے کی آوازیں سنیں یہاں تک کہ اس ابر نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ڈھانپ لیا اور میری نظروں سے غائب ہو گئے اس وقت میں نے ایک منادی کو ندا کرتے ہوئے سنا وہ کہہ رہا تھا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو زمین کے جملہ گوشوں میں پھراؤ اور جن و انس کی روحوں پر گشت کراؤ۔ فرشتوں، پرندوں اور چرندوں کو زیارت کراؤ۔ اور ان کو حضرت آدم کے اخلاق، حضرت شیث کی معرفت، حضرت نوح کی شجاعت، حضرت ابراہیم کی خلت، حضرت اسماعیل کی زبان، حضرت اسحاق کی

رضا، حضرت صالح کی فصاحت، حضرت لوط کی حکمت، حضرت یعقوب کی بشارت، حضرت موسیٰ کی شدت، حضرت ایوب کا صبر، حضرت یونس کی طاعت، حضرت یوشع کا جہاد، حضرت داؤد کا لحن اور آواز، حضرت دانیال کی محبت، حضرت الیاس کا وقار، حضرت یحیٰ کی عصمت اور حضرت عیسیٰ کے زہد کا پیکر بناؤ اور تمام نبیوں کے دریائے اخلاق میں غوطہ دو۔ علیہم الصلاۃ والسلام۔

سیدہ آمنہ فرماتی ہیں کہ اس کے بعد وہ ابر مجھ سے کھل گیا تو میں نے دیکھا کہ سبز ریشمی کپڑے میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خوب لپٹے ہوئے ہیں اور چشمہ کی مانند اس حریر سے پانی ٹپک رہا ہے اور کوئی کہنے والا کہتا ہے کہ ماشاء اللہ ماشاء اللہ۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دنیا پر کس شان سے بھیجا گیا، دنیا کی کوئی مخلوق ایسی نہیں ہے جو آپ کی تابع فرمان نہ ہو۔ سب ہی کو آپ کے قبضۂ قدرت میں دیا گیا ہے۔ پھر جب میں نے آپ کی طرف نظر کی تو میں نے دیکھا کہ گویا آپ چودھویں رات کے چاند کی مانند چمک رہے ہیں اور آپ کے جسم اطہر سے مشک وعنبر کی لپٹیں آ رہی ہیں، اور تین شخص کھڑے ہیں ایک کے ہاتھ میں چاندی کا آفتابہ ہے، دوسرے کے ہاتھ میں سبز زمرد کا طشت ہے اور تیسرے کے ہاتھ میں سفید حریر ہے، اس کے بعد انھوں نے ایک انگشتری نکالی جس سے دیکھنے والوں کی نظریں جھپک گئیں، پھر اسے سات مرتبہ دھویا اور اس انگشتری سے آپ کے شانوں کے درمیان مہر کیا اور حریر میں لپیٹ کر اٹھالیا اور کچھ دیر اپنے آغوش میں لے کر میرے سپرد کر دیا۔

جس کے سجدے کو محراب کعبہ جھکی

حضرت عبد المطلب سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں شب ولادت کعبہ کے پاس تھا جب آدھی رات ہوئی تو میں نے دیکھا کہ کعبہ مقام ابراہیم کی طرف جھکا اور سجدہ کیا اور اس سے تکبیر کی آواز آئی کہ **اللہ اکبر اللہ اکبر رب محمد المصطفی الآن قد طھر نی ربی من انجاس الاصنام**

و ارجاس المشرکین .

اللہ بلند و بالا ہے، اللہ بلند و بالا ہے۔ وہ رب ہے محمد مصطفیٰ کا اب مجھے میرا رب بتوں کی پلیدی اور مشرکوں کی نجاست سے پاک فرمائے گا۔

اور غیب سے آواز آئی رب کعبہ کی قسم! کعبہ کو برگزیدگی ملی، خبردار ہو جاؤ کعبہ کو ان کا قبلہ، ان کا مسکن ٹھہرایا، اور وہ بت جو کعبہ کے گرداگرد نصب تھے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے اور سب سے بڑا بت جسے ہبل کہتے تھے منہ کے بل گر پڑا۔ ندا آئی کہ سیدہ آمنہ سے محمد مصطفیٰ پیدا ہو گئے اور ابر رحمت ان پر اتر آیا ہے۔

حضور ختنہ شدہ پیدا ہوئے

جمہور اہل سیر کا مذہب ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ختنہ شدہ اور ناف بریدہ پیدا ہوئے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ان تمام عزت وکرامت میں سے جو رب العزت کے حضور مجھے حاصل ہے یہ ہے کہ میں ختنہ کردہ پیدا ہوا اور میری شرمگاہ کو کسی نے نہیں دیکھا۔ یہ ارشاد ختنہ شدہ پیدا ہونے کی حکمت کی جانب ایک اشارہ ہے۔

بعض علماء یہ بھی کہتے ہیں تاکہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کمال خلقت اور تکمیل اعضاء میں کسی مخلوق کا کوئی دخل نہ ہو۔ نیز یہ بھی حکمت ہے کہ کوئی عیب آپ کی طرف منسوب نہ ہو، بعض متاخرین نے اس کا انکار کیا ہے اور اس حدیث پر جرح کی ہے اور حاکم نے مستدرک میں تواتر کا دعویٰ کیا ہے۔ اور ذہبی کہتے ہیں کہ جب اس کی صحت میں ہی کلام ہے تو متواتر کیسے ہوگی۔ اور بعض نے تواتر کو معنوی اور لغوی شہرت پر محمول کیا ہے۔

ابن قیم کہتے ہیں کہ یہ بات حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے نہیں ہے بلکہ بکثرت لوگ اس ہیئت پر پیدا ہوئے ہیں۔

بعض اہل سیر نقل کرتے ہیں کہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے آپ کی ختنہ اس وقت کی جب کہ انھوں نے شق صدر مبارک کر کے تطہیر قلب انور کی۔

اور ایک قول یہ ہے کہ حضرت عبدالمطلب نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت کے ساتویں دن ختنہ کر کے مہمان نوازی کی۔

حیرت انگیز نشانیاں

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت مبارک کے وقت جس قدر کرامتیں اور نشانیاں ظاہر ہوئیں وہ حیطۂ بیان اور گنتی وشمار سے باہر ہیں اور جتنا کچھ بیان کیا گیا ہے ان کا یہ کچھ حصہ ہے۔

سب سے زیادہ مشہور و روشن اور حیرت وتعجب میں ڈالنے والی بات کسریٰ کے محل کا لرزنا، کانپنا اور اس کے چودہ کنگرے کا گر پڑنا ہے۔

انھیں نشانیوں میں سے دریائے ساوہ کا خشک ہونا اور اس کا پانی زمین میں چلا جانا اور اس نالے کا جاری ہونا جسے وادی سماوہ کہتے ہیں جو ہزار برس سے خشک تھا فارسیوں کے آتش کدہ کی آگ کا بجھ جانا ہے جو ہزار برس سے روشن تھی انھیں نشانیوں میں سے بتوں کا اوندھے منھ گرنا اور ان کا ذلیل وخوار ہونا ہے۔

حضرت آمنہ کی وفات

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عمر شریف جب چھ برس کی ہوگئی تو آپ کی والدہ ماجدہ آپ کو ساتھ لے کر مدینہ منورہ آپ کے دادا کے ننیہال بنو عدی بن نجار میں رشتہ داروں کی ملاقات یا اپنے شوہر کی قبر کی زیارت کے لیے تشریف لے گئیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والد ماجد کی باندی ام ایمن بھی اس سفر میں آپ کے ساتھ تھیں وہاں سے واپسی پر ''ابواء'' نامی گاؤں میں حضرت بی بی آمنہ کی وفات ہوگئی

اور وہ وہیں مدفون ہوئیں والد ماجد کا سایہ تو ولادت سے پہلے ہی اٹھ چکا تھا اب والدہ ماجدہ کی آغوش شفقت کا خاتمہ بھی ہو گیا لیکن حضرت بی بی آمنہ کا یہ دریتیم جس آغوش رحمت میں پرورش پا کر پروان چڑھنے والا ہے وہ ان سب ظاہری اسباب تربیت سے بے نیاز ہے۔

حضرت بی بی آمنہ کی وفات کے بعد حضرت ام ایمن آپ کو مکہ مکرمہ لائیں اور آپ کے دادا عبد المطلب کے سپرد کیا اور دادا نے آپ کی اپنے آغوش تربیت میں انتہائی شفقت و محبت کے ساتھ پرورش کی اور حضرت ام ایمن آپ کی خدمت کرتی رہیں۔ جب آپ کی عمر شریف آٹھ برس کی ہو گئی تو آپ کے دادا عبد المطلب کا بھی انتقال ہو گیا۔

اللہ اللہ وہ بچپنے کی پھبن

حضرت حلیمہ کا بیان ہے کہ آپ کا گہوارہ یعنی جھولا فرشتوں کے ہلانے سے ہلتا تھا اور آپ بچپن میں چاند کی طرف انگلی اٹھا کر اشارہ فرماتے تھے تو چاند آپ کی انگلی کے اشاروں پر حرکت کرتا تھا۔ جب آپ کی زبان کھلی تو سب سے اول جو کلام آپ کی زبان مبارک سے نکلا وہ یہ تھا۔

الله اكبر الله اكبر الحمد لله رب العالمين و سبحان الله بكرة و اصيلا.

بچوں کی عادت کے مطابق کبھی بھی آپ نے کپڑوں میں بول و براز نہیں فرمایا بلکہ ہمیشہ ایک معین وقت پر رفع حاجت فرماتے اگر کبھی آپ کی شرمگاہ کھل جاتی تو آپ رو رو کر فریاد کرتے اور جب تک شرمگاہ نہ چھپ جاتی آپ کو چین و قرار نہیں آتا تھا اور اگر شرمگاہ چھپانے میں مجھ سے کچھ تاخیر ہو جاتی تو غیب سے کوئی آپ کی شرمگاہ چھپا دیتا۔ جب آپ اپنے پاؤں پر چلنے کے قابل ہوئے تو باہر نکل کر بچوں کو کھیلتے ہوئے دیکھتے مگر خود کھیل کود میں شریک نہیں ہوتے تھے لڑکے آپ کو کھیلنے کے لیے بلاتے تو آپ فرماتے کہ میں کھیلنے کے لیے نہیں پیدا کیا گیا ہوں۔ (مولف) (مدارج النبوۃ، جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

ولادت اقدس کی تاریخ و تفصیل

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ

ولادت شریف کا دن کیا تھا؟ آپ نے فرمایا:

بالاتفاق دوشنبہ، علامہ ابن حجر نے افضل القریٰ میں اس کی صراحت کی ہے۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیر کے دن کو فرماتے ہیں ذلک یوم ولدت فیه .

میں اسی دن پیدا ہوا ہوں۔ اسے مسلم نے ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

کیا مہینہ تھا؟ آپ نے فرمایا:

رجب، صفر، ربیع الآخر، محرم، رمضان سب کچھ کہا گیا اور صحیح و مشہور قول جمہور ربیع الاول ہے۔

مدارج میں ہے مشہور آنست کہ در ربیع الاول بود۔

مشہور یہ ہے کہ ربیع الاول میں ولادت اقدس ہوئی۔ (مولف)

شرح الہمزیہ میں ہے الاصح فی شھر ربیع الاول

مواہب میں ہے و ھو قول جمھور العلماء پھر کہا فی ربیع الاول علی الصحیح

شرح زرقانی میں ہے قال ابن کثیر ھو المشھور عند الجمھور اسی میں ہے و علیه العمل .

حاصل یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت طیبہ ماہ ربیع الاول شریف میں ہوئی یہی جمہور علماء کا قول اور اسی پر عمل ہے۔ (مولف)

علماء باآں کہ اقوال مذکورہ سے آگاہ تھے محرم ورمضان ورجب کی نفی فرمائی۔

مواہب میں ہے لم یکن فی المحرم و لا فی رجب و لا رمضان .

شرح ام القریٰ میں ہے لم یکن فی الاشھر الحرم او رمضان

یعنی ولادت اقدس نہ محرم ورجب میں ہوئی نہ رمضان میں۔ (مولف)

یہاں تک کہ علامہ ابن الجوزی اور ابن جرار نے اسی پر اجماع نقل کیا۔

نسیم الریاض میں تلقیح سے ہے۔ اتفقوا علیٰ انه ولد یوم الاثنین فی شھر ربیع الاول

اس بات پر علماء کا اتفاق ہے کہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز دوشنبہ ماہ ربیع الاول میں پیدا ہوئے۔ (مولف)

اسی طرح ان کی صفوۃ میں ہے جیسا کہ زرقانی اور ابن الجرار نے صراحت کی ہے۔

پس اس کا انکار اگر ترجیحات علماء واختیار جمہور کی ناواقفی سے ہو تو جہل ورنہ مرکب کہ اس سے بدتر، فقیر (اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی) کہتا ہے مگر اس تقدیر پر استقرار حمل بماہ ذی الحجہ میں صریح اشکال کہ دربارہ حمل چھ مہینے سے کمی عادۃً محال، اور خود او ہرگز را کہ مدت حمل شریف نہ ماہ ہونا اصح الاقوال تو یہ تینوں تصحیحیں کیوں کر مطابق ہوں۔

لکنی اقول و باللہ التوفیق ۔ مہینے زمانہ جاہلیت میں معین نہ تھے اہل عرب ہمیشہ شہر حرم کی تقدیم تاخیر کر لیتے اس کے سبب ذی الحجہ ہر ماہ میں دورہ کر جاتا۔ قال اللہ تعالیٰ انما النسیٓء زیادۃ فی الکفر یضل به الذین کفروا یحلونه عاما و یحرمونه عاما لیواطئوا عدۃ ما حرم اللہ فیحلوا ما حرم اللہ

ان کا مہینے پیچھے ہٹانا نہیں مگر اور کفر میں بڑھنا اس سے کافر بہکائے جاتے ہیں ایک برس اسے حلال ٹھہراتے ہیں اور دوسرے برس اسے حرام مانتے ہیں کہ اس گنتی کے برابر ہو جائیں جو اللہ نے حرام فرمائی۔ (کنزالایمان)

یہاں تک کہ صدیق اکبر و مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہما نے جو ہجرت سے نویں سال حج کیا وہ مہینہ واقع میں ذی قعدہ تھا۔ (اس پر اعتراض ہے کہ بروز عرفہ صدیق و مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اعلان احکام الٰہیہ فرمایا جسے رب عزوجل نے و اذان من اللہ و رسولہ الی الناس یوم الحج الاکبر ان اللہ بری من المشرکین و رسولہ فرمایا اگر وہ ذی الحجہ نہ ہوتا تو ایسا نہ فرماتا) سال دہم میں ذی الحجہ اپنے ٹھکانے سے آیا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج فرمایا اور ارشاد کیا ان الزمان قد استدار کھیأتہ یوم خلق السموات و الارض الحدیث۔

یعنی زمانہ دورہ کر کے اسی حالت پر آ گیا جس پر روز تخلیق زمین و آسمان تھا بخاری و مسلم نے اسے روایت کیا۔

اسی دن سے نسی نسیا منسیا ہوا اور یہی دورۂ دوازدہ ماہ قیامت تک رہا تو کچھ بعید نہیں کہ اس ذی الحجہ سے ربیع الاول تک نو مہینے ہوں شاید شیخ محقق اسی نکتہ کی طرف مشیر ہیں کہ زمانہ استقرار مبارک کو ایام حج سے تعبیر کیا نہ ذی الحجہ سے اگرچہ اس وقت کے عرف میں اسے ذی الحجہ بھی کہنا ممکن تھا۔

اقول: اب مسئلہ ثالثہ و خامسہ کی تصحیحوں پر مسئلہ اولیٰ کا جواب ۱۲ر جمادی الآخرہ ہوگا مگر جاہلیت کا دورہ نسی اگر منتظم مانا جائے یعنی علی التوالی ایک ایک مہینہ ہٹاتے ہوں تو سال استقرار حمل اقدس ذی الحجہ شعبان میں پڑتا ہے نہ کہ جمادی الآخرہ میں کہ ذی الحجہ حجۃ الوداع شریف جب عمر اقدس حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے تریسٹھواں سال تھا ذی الحجہ میں آیا تو ۱۲-۱۲ کے اسقاط سے جب عمر اقدس سے تیسرا سال

تھا ذی الحجہ میں ہوا اور دوسرا سال ذیقعدہ اور پہلا سال شوال ولادت شریفہ رمضان اور سہال استقرار حمل مبارک شعبان میں لیکن ان نامنتظموں کی کوئی بات منتظم نہ تھی جب جیسی چاہتے کر لیتے، لٹیرے لوگ جب لوٹ مار چاہتے، اور مہینہ ان کے حسابوں میں اشہر حرم سے ہوتا اپنے سردار کے پاس آتے اور کہتے اس سال یہ مہینہ حلال کر دے وہ حلال کر دیتا اور دوسرے سال گنتی پوری کرنے کو حرام ٹھہرا دیتا۔ جیسا کہ اسے ابن جریر وابن منذر اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

تو اس سال جمادی الآخرہ میں ذی الحجہ ہونا کچھ بعید نہیں۔

فائدہ

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ:

سائل نے یہاں تاریخ سے سوال نہ کیا، اس میں اقوال بہت مختلف ہیں دو، آٹھ، دس، بارہ، سترہ، اٹھارہ، بائیس، سات قول ہیں مگر اشہر و اکثر و ماخوذ و معتبر بارہویں ہے مکہ معظمہ میں ہمیشہ اسی تاریخ کو مکان مولد اقدس کی زیارت کرتے ہیں۔ جیسا کہ مواہب اور مدارج النبوۃ میں ہے۔ اور خاص اس مکان جنت نشان میں اسی تاریخ مجلس میلاد مقدس ہوتی ہے۔

علامہ قسطلانی وفاضل زرقانی فرماتے ہیں **المشهور انه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ولد يوم الاثنين ثاني عشر ربيع الاول و هو قول محمد بن اسحق امام المغازي وغيره .**

مشہور یہ ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بارہ ربیع الاول بروز دوشنبہ کو دنیا میں تشریف لائے امام مغازی محمد بن اسحاق وغیرہ کا یہی قول ہے۔ (مولف)

شرح مواہب میں امام ابن کثیر سے ہے۔ **هو المشهور عند الجمهور .**

اسی میں ہے۔ **هو الذى عليه العمل .**

شرح الہمزیہ میں ہے :

هو المشهور و عليه العمل .

یعنی یہی جمہور کے نزدیک مشہور اور اسی پر عمل ہے۔ (مولف)

اور شک نہیں کہ تلقی امت بالقبول کے لیے شان عظیم ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **الفطر يوم يفطر الناس و الاضحى يوم اضحى الناس**

عیدالفطر اس دن ہے جس دن لوگ عید کریں اور عید اضحیٰ اس روز ہے جس روز لوگ عید سمجھیں۔ اسے ترمذی نے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا۔

ابوداؤد اور بیہقی نے بسند صحیح ابو ہریرہ سے اور شافعی مسند میں مرسلاً راوی، فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، **فطر كم يوم تفطرون و اضحاكم يوم تضحون .**

ترمذی میں بسند حسن شروع میں یہ زائد ہے، **الصوم يوم تصومون ، الحديث .**

سنن بیہقی میں عطا کی روایت میں یہ زیادہ ہے۔ **و عرفة يوم تعرفون .**

یعنی مسلمانوں کا روزہ، عیدالفطر، عید اضحیٰ، روز عرفہ سب اس دن ہے جس دن جمہور مسلمین خیال کریں فی الواقع اگر چہ ایسا نہ ہو اس کی نظیر یہ ہے کہ اگر کوئی قبلہ بھول جائے تو جہت تحری اس کا قبلہ ہے۔

(مولف)

لاجرم، عید میلاد والا بھی کہ عید اکبر ہے قول و عمل جمہور مسلمین ہی کے مطابق بہتر ہے۔

شمسی تاریخ کیا تھی؟ آپ نے اس کے جواب میں فرمایا۔

ولادت اقدس ہجرت مقدسہ سے ۵۳ ربرس پہلے ہے۔ مرفوع ۶۰ رسال ۵ رندا ک مرفوع سال مرکا ۵ کہ ۱۸۷۸۱ یوم ہوئے یعنی اس سال کا محرم وسطے سال ہجرت کے محرم وسطے سے اتنے دن پہلے تھا سات پر تقسیم کیے سے کچھ نہ بچا اور ابتدائے سال ہجری۔ بحساب اوسط پنجشنبہ ہے تو ان ایام مذکورہ کا پچھلا دن چہارشنبہ تھا اور جب کہ یہ پورے ہفتے ہیں تو ان کا پہلا دن پنجشنبہ تھا اور جب اس سال کا مدخل پنج شنبہ ہوا تو اس ربیع الاول کا مدخل یک شنبہ تو دوشنبہ کو نویں تھی یعنی کیم وسطے وہ ہلالی سے ایک دن پہلے ہوئی اب مابین التاریخین ہماری تحقیق میں اح ح لط ہے ۵ لح از ؟ لح۔ محرم وصفر نط۔ ط ربیع الاول۔ زنامو۔ ۵۰۰۵ سال ؟ مح مط ررضر ۰ ۷ سال رورا ؟ مارچ ال ک تاریخ مطلوب بستم اپریل ۵۷۱ء معرفت یوم ہماری جداول سے ۵۷۱۔ ۳۳۶۔ ۲۲۵۔ ۲۸ باقی ۱۱ پس جدول ر میں مقابل ۱۱ دیکھا مدخل ۵۷۱ء پنجشنبہ ہوا اور مدخل اپریل چہارشنبہ پس بستم اپریل دوشنبہ وھوالمطلوب۔ (نطق الہلال بارخ ولاد الحبیب والوصال)

۱۲ ربیع الاول میں اظہار مسرت کا حکم

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت بارہ ربیع الاول شریف یوم دوشنبہ کو ہے اور اسی میں وفات شریف ہے تو ائمہ نے خوشی و مسرت کا اظہار کیا۔ غم پروری کا حکم شریعت نہیں دیتی۔ (الملفوظ حصہ دوم)

ولادت کی خوشی سے ابولہب کو فائدہ ہوا

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت کی خبر جب ابولہب کی لونڈی ثویبہ نے اس کو سنائی اس وقت ابولہب نے خوش ہو کر ثویبہ کو آزاد کر دیا، پھر کئی دن تک ثویبہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دودھ پلایا پھر ابولہب کو اس کے مرنے کے بعد حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ تیرا کیا حال ہے؟ بولا آگ میں ہوں لیکن ہر دوشنبہ کی رات کو تخفیف ہوتی ہے اور ان دو انگلیوں سے پانی چوستا ہوں جن کے اشارے سے میں نے ثویبہ کو آزاد کیا تھا۔ یہ روایت صحیح بخاری شریف میں ہے ائمہ

نے اسے مقبول رکھا اور اس میں قرآن عظیم کی اصلاً مخالفت نہیں۔ اس کا سبب حضور پرنور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے علاقہ اور حضور کی ولادت کریمہ پر خوشی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۲۶۱)

ذکر میلاد مبارک

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

مسلمانوں کو جمع کر کے ذکر ولادت اقدس و فضائل علیہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سنانا، ولادت اقدس کی خوشی کرنی، اس میں حاضرین کو کھانا یا شرینی تقسیم کرنی بلا شبہ جائز و مستحب ہے اور جائز زینت فی نفسہ جائز اور بہ نیت فرحت ولادت شریفہ و تعظیم ذکر انور قطعاً مستحب۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے: و اما بنعمة ربک فحدث

اور اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔

اور فرماتا ہے: و ذکرهم بایام الله

اور انھیں اللہ کے دن یاد دلا۔

اور فرماتا ہے: قل بفضل الله و برحمته فبذلک فلیفرحوا.

تم فرماؤ اللہ ہی کے فضل اور اسی کی رحمت اور اسی پر چاہیئے کہ خوشی کریں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۲۶۴)

ایک مقام پر یہی مضمون اس طرح ہے۔

مولود شریف کرنا اور محفل میلاد میں خاص وقت ذکر ولادت شریف حضور پرنور احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کھڑے ہونا اور لوگوں کو کھڑے ہونے کے لیے حکم دینا اور نعتیہ اشعار خوش الحانی سے پڑھنا، یہ سب باتیں جائز و مستحسن و باعث برکات ہیں اور ان کی اصل قرآن عظیم کے ان احکام کا ماننا ہے۔

کہ اما بنعمة ربک فحدث

اپنے رب کی نعمت لوگوں کے سامنے خوب بیان کرو۔

و ذکرهم بایام الله .

انھیں اللہ کے دن یاد دلاؤ۔

قل بفضل الله و برحمته فبذلک فليفرحوا.

تم حکم دو کہ اللہ کے فضل اور اللہ کی رحمت کی خوشی منائیں۔

لتومنوا بالله و رسوله و تعزروه و توقروه .

تا کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۱۱، ص ۳۸)

حضور اللہ کی نعمت ہیں

ان آیتوں میں حکم فرماتا ہے کہ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت پر شادیاں مناؤ، لوگوں کو اللہ کے دن یاد دلاؤ، اللہ کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔ اللہ کا کون سا فضل و رحمت کون سی نعمت اس حبیب کریم علیہ وعلیٰ آلہ افضل الصلاۃ والتسلیم کی ولادت سے زائد ہے کہ تمام نعمتیں، تمام رحمتیں، تمام برکتیں اسی کے صدقے میں عطا ہوئیں۔ اللہ کا کون کون سا دن اس نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ظہور پر نور کے دن سے بڑا ہے تو بلا شبہ قرآن کریم ہمیں حکم دیتا ہے کہ ولادت اقدس پر خوشی کرو، مسلمانوں کے سامنے اسی کا چرچا خوب زور شور

سے کرو، اسی کا نام مجلس میلاد ہے۔

تعظیم حضور کا حکم مطلق ہے

آخری آیت میں اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم کا حکم مطلق فرماتا ہے اور قاعدۂ شرعیہ المطلق یجری علی اطلاقه جو بات اللہ عزوجل نے مطلق ارشاد فرمائی وہ مطلق حکم عطا کرے گی۔ جو جو کچھ اس مطلق کے تحت میں داخل ہے سب کو وہ حکم شامل ہے۔ بلا تخصیص شرع جو اپنی طرف سے کتاب اللہ کے مطلق کو مقید کرے گا وہ کتاب اللہ کو منسوخ کرتا ہے۔ جب ہمیں تعظیم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم مطلق فرمایا تو جمیع طرق تعظیم کی اجازت ہوئی۔ جب تک کسی خاص طریقے کو شریعت منع نہ فرمائے۔ یوں ہی رحمت پر فرحت، ایام الٰہی کا تذکرہ، نعمت ربانی کا چرچا، یہ بھی مطلق ہیں جس جس طریقہ سے کیے جائیں سب امتثال امر الٰہی ہیں جب تک شرع مطہر کسی خاص طریقہ پر انکار نہ فرمائے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱ ص ۶۸)

مجلس میلاد میں حضور تشریف فرما ہوتے ہیں

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

امام خاتم الحفاظ جلال الملۃ والدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تنویر میں فرماتے ہیں:

قد اخبرني الثقات من اهل الصلاح انهم شاهدوه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مرارا عند قراء ة المولود الشريف و عند ختم القرآن و بعض الاحاديث .

مجھے ثقہ صالحین نے خبر دی کہ انھوں نے بارہا حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مجلس میلاد شریف وجلسہ ختم قرآن عظیم وبعض احادیث میں مشاہدہ کیا۔

نیز امام ممدوح تنویر پھر امام محدث جلیل زرقانی شرح المواہب شریفہ میں فرماتے ہیں:

انہ و سائر الانبیاء اذن لھم فی الخروج من قبورھم للتصرف فی الملکوت العلوی و السفلی .

بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو اجازت ہے کہ آسمان وزمین کی سلطنت الٰہی میں تصرف فرمانے کے لیے اپنے مزارات طیبہ سے باہر تشریف لے جائیں۔

علامہ زرقانی فرماتے ہیں و نحوہ یاتی للمصنف فی غیر موضع من ھذا الکتاب

یعنی اسی کے مثل امام احمد قسطلانی نے مواہب شریفہ میں جابجا تصریح فرمائی ہے۔

امام ابن حجر مکی فتاویٰ کبریٰ باب الجنائز میں فرماتے ہیں روح نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ربما تظھر فی سبعین الف صورۃ .

ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح اقدس بارہا ستر ہزار صورتوں میں جلوہ گر ہوتی ہے۔

حضور عین نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس تو بلند و بالا ہے۔

(فتاویٰ رضویہ، ج۱۱،ص۸۲)

ربیع الاول مسرت کا مہینہ ہے

علامہ سیدی محدث محمد طاہر فتنی قدس سرہ الشریف آخر کتاب مستطاب مجمع بحار الانوار میں فرماتے ہیں۔

شھر السرور و البھجۃ مظھر منبع الانوار و الرحمۃ شھر ربیع الاول فانہ شھر امرنا باظھار السرور فیہ کل عام فلا نکدرہ باسم الوفاۃ فانہ یشبہ تجدید الماتم و قد نصوا علی کراھتہ کل عام فی سیدنا الحسین مع انہ لیس لہ اصل فی امھات البلاد

الاسلامیة و قد تحاشوا عن اسمه فی اعراس الاولیاء فکیف به فی سید الاصفیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

یعنی ماہ مبارک ربیع الاول خوشی وشادمانی وسرچشمہ انوار ورحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا زمان ظہور ہے ہمیں حکم ہے کہ ہر سال اس میں خوشی ظاہر کریں تو ہم اسے وفات کے نام سے مکدر نہ کریں کہ یہ تجدید ماتم کے متشابہ ہے۔ اور بے شک علماء نے تصریح کی کہ ہر سال جو سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ماتم کیا جاتا ہے اور خاص اسلامی شہروں میں اس کی اصل نہیں اور اولیائے کرام کے عرسوں میں نام ماتم سے احتراز کرتے ہیں تو حضور پرنور سید الاصفیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معاملہ میں اسے کیوں کر پسند کر سکتے ہیں۔

امام قسطلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے مواہب لدنیہ شریف میں تصریح فرمائی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح شریف الحان خوش کے ساتھ سننا محبت حضور کو ترقی دیتا ہے اور ولادت اقدس پر اظہار فرحت وسرور خود قرآن سے مامور، **قال اللہ تعالیٰ قل بفضل اللہ و برحمته فبذلک فلیفرحوا.**

تم فرماؤ کہ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت چاہیئے کہ اسی پر فرحت وسرور کریں۔

انسان العیون میں ہے بعض صالحین خواب میں زیارت جمال اقدس سے مشرف ہوئے عرض کی یا رسول اللہ یہ جو لوگ ولادت حضور کی خوشی کرتے ہیں فرمایا **من فرح بنا فرحنا به.**

جو ہماری خوشی کرتا ہے ہم اس سے خوش ہوتے ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ذکر نبی ذکر خدا ہے

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

ذکر حضور سید المحبوبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نور ایمان و سرور جان ہے، ان کا ذکر بعینہٖ ذکر رحمٰن ہے۔ قال اللہ تعالیٰ و رفعنا لک ذکرک .

حدیث میں ہے اس آیہ کریمہ کے نزول کے بعد سیدنا جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام حاضر بارگاہ اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوئے اور عرض کی حضور کا رب فرماتا ہے اتدری کیف رفعت لک ذکرک .

کیا تم جانتے ہو میں نے کیسے بلند کیا تمھارے لیے تمھارا ذکر۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرض کی اللہ اعلم ارشاد ہوا۔ جعلتک ذکرا من ذکری فمن ذکرک فقد ذکرنی .

اے محبوب میں نے تمھیں اپنی یاد میں سے ایک یاد کیا کہ جس نے تمھارا ذکر کیا بے شک اس نے میرا ذکر کیا۔

اور ماہ ربیع الاول شریف اس کے لیے زیادہ مناسب ہے۔ جیسے دور قرآن و ختم قرآن کے لیے ماہ رمضان کہ اسی مہینے میں اترا۔ شھر رمضان الذی انزل فیه القرآن .

یہاں اس عالم میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رونق افروز ہونا ماہ ربیع الاول میں ہوا و لہٰذا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز جاں افروز دوشنبہ کو روزۂ شکر کے لیے خاص فرماتے اور اس کی وجہ یوں ارشاد فرماتے کہ فیه ولدت و فیه انزل علی .

اسی دن میں پیدا ہوا اور اسی دن مجھ پر کتاب اتری۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۶۳، ۴۰۹)

ماہ ربیع الاول میں ولادت کی حکمت

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی چیز سے شرف نہ پایا بلکہ جو چیز حضور کی طرف منسوب

ہو گئی اسے شرف مل گیا۔

اللہ عزوجل غیر افضل اشیاء کو بھی اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق فرماتا ہے تاکہ ان اشیاء کو فضل حاصل ہو، لہٰذا ولادت اقدس ماہ ربیع الاول شریف میں ہوئی نہ ماہ مبارک رمضان میں اور روز جاں افروز دوشنبہ ہوئی نہ روز مبارک جمعہ اور مکان مولد اقدس میں ہوئی نہ کعبہ معظمہ میں۔

(فتاویٰ رضویہ ۱/ص ۵۵۲ - النور والنورق)

مقامات انبیاء کی سیر

ابونعیم نے دلائل النبوۃ میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی۔

حضرت آمنہ والدہ ماجدہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتی ہیں جب حضور پیدا ہوئے ایک ابر آیا جس میں سے گھوڑوں اور پرندوں کے پروں کی آواز آتی تھی وہ میرے پاس سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو لے گیا اور میں نے ایک منادی کو پکارتے سنا۔

طوفوا بمحمد علی موالد النبیین .

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام انبیاء کے مقامات ولادت میں لے جاؤ۔ (فتاویٰ افریقہ ۶۸)

ابولہب کے عذاب میں تخفیف

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اقسام شفاعت سے وہ تخفیف عذاب ہے جو ابولہب کو بروز دوشنبہ ملتی ہے۔

لسرورہ بولادۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و اعتاقہ ثویبۃ حین بشرتہ و

انما هی کرامة له صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

اس لیے کہ اس نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے میلاد مبارک کی خوشی کی اور اس کا مژدہ سن کر ثویبہ کو آزاد کیا تھا۔ یہ حضور ہی کا فضل ہے جس کے باعث اس نے تخفیف پائی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(شرح المطالب فی مبحث ابی طالب)

وقت ولادت نور کی تابانی

احادیث کثیرہ مشہورہ میں وارد جب حضور پیدا ہوئے ان کی روشنی سے بصرہ، روم اور شام کے محل روشن ہو گئے۔ چند روایتوں میں ہے۔

اضاء له ما بین المشرق و المغرب

شرق وغرب تک منور ہو گیا۔

اور بعض میں ہے۔

امتلأت الدنیا کلها نورا.

تمام دنیا نور سے بھر گئی۔

حضرت آمنہ حضور کی والدہ فرماتی ہیں:

رأیت نورا ساطعا من رأسه قد بلغ السماء.

میں نے ان کے سر سے ایک نور بلند ہوتا دیکھا کہ آسمان تک پہنچا۔

علامہ فاسی مطالع المسرات میں علامہ ابن سبع سے نقل کرتے ہیں۔

كان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يضيء البيت المظلم من نوره .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے خانۂ تاریک روشن ہو جاتا۔

(نفی الفی عمن استنار بنورہ کل شئ)

وقت ولادت رضوان کی بشارت

امام ابوزکریا یحییٰ بن عائذ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی۔

حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قصۂ ولادت اقدس میں فرماتی ہیں مجھے تین شخص نظر آئے گویا آفتاب ان کے چہروں سے طلوع کرتا ہے ان میں ایک نے حضور کو اٹھا کر ایک ساعت تک اپنے پروں میں چھپایا اور گوش اقدس میں کچھ کہا کہ میری سمجھ میں نہ آیا اتنی بات میں نے بھی سنی کہ عرض کرتا ہے۔

ابشر يا محمد فما بقي لنبي علم الا وقد اعطيته فانت اكثرهم علما و اشجعهم قلبا معك مفاتيح النصر قد البست الخوف و الرعب لا يسمع احد بذكرك الا وجل فؤاده و خاف قلبه و ان لم يرك يا خليفة الله .

اے محمد مژدہ ہو کہ کسی نبی کا کوئی علم باقی نہ رہا جو حضور کو نہ ملا ہو تو حضور ان سب سے علم میں زائد اور شجاعت میں فائق ہیں جو نصرت کی کنجیاں حضور کے ساتھ ہیں حضور کو رعب و دبدبہ کا جامہ پہنایا ہے جو حضور کا نام پاک سنے گا اس کا جی ڈر جائے گا اور دل سہم جائے گا اگرچہ حضور کو دیکھا نہ ہوا اے اللہ کے نائب۔

ابن عباس فرماتے ہیں:

كان ذلك رضوان خازن الجنان .

یہ رضوان داروغۂ جنت تھے۔ علیہ الصلاۃ والسلام۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

محمد واحمد نام رکھنے کی بشارت

ابونعیم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے حدیث طویل میلاد جمیل میں راوی حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں جب حمل اقدس میں چھ مہینے گزرے ایک شخص نے سوتے میں مجھے ٹھوکر ماری اور کہا۔

یا آمنة انک قد حملت بخیر العالمین طرا فاذا ولدته فسمیه محمدا .

اے آمنہ تمھارے حمل میں وہ ہے جو تمام جہان سے بہتر ہے جب پیدا ہوں ان کا نام محمد رکھنا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابونعیم حضرت بریدہ وابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایام حمل مقدس میں خواب دیکھا کوئی کہنے والا کہتا ہے۔

انک قد حملت بخیر البریة و سید العلمین فاذا ولدته فسمیه احمد و محمدا.

تمھارے حمل میں بہتر عالم وسردار عالمیاں ہیں پیدا ہوں تو ان کا نام احمد ومحمد رکھنا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابن سعد حسن بن جراح زید بن اسلم سے راوی، حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جناب حلیمہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہا سے فرمایا مجھ سے خواب میں کہا گیا۔

انک ستلدین غلاما فسمیه احمد و هو سید العالمین .

عنقریب تمھارے لڑکا ہوگا ان کا نام احمد رکھنا وہ تمام عالم کے سردار ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(تجلی الیقین)

ایک راہب کا استفسار

بیہقی وطبرانی وابونعیم اور خرائطی کتاب الھواتف میں خلیفہ بن عبدہ سے راوی میں نے محمد بن عدی بن ربیعہ سے پوچھا جاہلیت میں کہ ابھی اسلام نہ آیا تھا تمھارے باپ نے تمھارا نام محمد کیوں کر رکھا اور سفیان ابن مجاشع بن دارم اور عمر بن ربیعہ اور اسامہ بن مالک جب ملک شام پہنچے ایک تالاب پر اترے جس کے کنارے پیڑ تھے ایک راہب نے اپنے دیر سے ہمیں جھانکا اور کہا تم کون ہو ہم نے کہا اولاد مضر سے کچھ لوگ ہیں تو اس نے کہا۔

اما انه سوف يبعث منكم و شيكا نبی فسارعوا اليه و خذوا بحظكم منه ترشدوا فانه خاتم النبيين .

سنتے ہو عنقریب بہت جلد تم میں سے ایک نبی مبعوث ہونے والا ہے تم اس کی طرف دوڑنا اور اس کی خدمت واطاعت سے بہریاب ہونا کہ وہ سب میں پچھلا نبی ہے ہم نے کہا اس کا نام پاک کیا ہوگا کہا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ جب ہم اپنے گھروں کو واپس آئے سب کے ایک لڑکا ہوا اس کا نام محمد رکھا۔ و الله اعلم حيث يجعل رسالته .

بشارت میلاد الرسول

ابونعیم بطریق شہر بن حوشب اور ابن عساکر بطریق میتب بن رافع وغیرہ حضرت کعب احبار سے راوی، انھوں نے فرمایا میرے باپ اعلم علمائے توراۃ تھے اللہ عزوجل نے جو کچھ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر اتارا اس کا علم ان کے برابر کسی کو نہ تھا وہ اپنے علم سے کوئی شئ مجھ سے نہ چھپاتے جب مرنے لگے مجھے بلاکر کہا اے میرے بیٹے تجھے معلوم ہے کہ میں نے اپنے علم سے کوئی چیز تجھ سے نہ چھپائی مگر ہاں دو ورق روک

رکھے ہیں ان میں ایک نبی کا بیان ہے جس کی بعثت کا زمانہ قریب آپہنچا میں نے اس اندیشے سے تجھے ان دو ورقوں کی خبر دی کہ شاید کوئی جھوٹا مدعی نکل کھڑا ہو تو اس کی پیروی کرلے۔ یہ طاق تیرے سامنے ہے میں نے اس میں وہ اوراق رکھ کر اوپر سے مٹی لگادی ہے ابھی ان سے تعرض نہ کرنا نہ انھیں دیکھنا جب وہ نبی جلوہ فرما ہوا گر اللہ تعالیٰ تیرا بھلا چاہے گا تو تو آپ ہی اس کا پیرو ہو جائے گا یہ کہہ کر وہ مرگئے۔ ہم ان کے دفن سے فارغ ہوئے مجھے ان دونوں ورقوں کے دیکھنے کا شوق ہر چیز سے زیادہ تھا میں نے طاق کھولا ورق نکالے تو کیا دیکھتا ہوں کہ ان میں لکھا ہے۔

محمد رسول الله خاتم النبيين لا نبي بعده مولده بمكة و مهاجره بطيبة .

محمد اللہ کے رسول ہیں سب انبیاء کے خاتم ان کے بعد کوئی نبی نہیں ان کی پیدائش مکے میں اور ہجرت مدینے کو۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ولادت اقدس سے قبل شہادت ایمان

زید بن عمرو بن نفیل کہ احد العشرۃ المبشرۃ سیدنا سعید بن زید کے والد ماجد ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم وعنہ موحدان و مومنان عہد جاہلیت سے تھے۔ طلوع آفتاب عالم تاب اسلام سے پہلے انتقال کیا مگر اسی زمانہ میں توحید الٰہی و رسالت حضرت ختمی پناہی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شہادت دیتے۔

ابن سعد و ابونعیم حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، میں زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملا مکہ معظمہ سے کوہ حرا کو جاتے تھے انھوں نے قریش کی مخالفت اور ان کے معبودان باطل سے جدائی کی تھی، اس پر آج ان سے اور قریش سے کچھ لڑائی رنجش ہو چکی تھی مجھے دیکھ کر بولے اے عامر میں اپنی قوم کا مخالف اور ملت ابراہیم کا پیرو ہوا اسی کو معبود مانتا ہوں جسے ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام پوجتے تھے۔ میں ایک نبی کا منتظر ہوں جو بنی اسماعیل اور اولاد عبدالمطلب سے ہوں گے ان کا نام پاک احمد ہے۔ میرے خیال میں

میں ان کا زمانہ نہ پاؤں گا میں ابھی ان پر ایمان لاتا ہوں اور ان کی تصدیق کرتا، ان کی نبوت کی گواہی دیتا ہوں تمھیں اگر اتنی عمر ملے کہ انھیں پاؤ تو میرا سلام انھیں پہنچانا۔ اے عامر میں تم سے ان کی نعت وصفت بیان کیے دیتا ہوں کہ تم انھیں خوب پہچان لو درمیانہ قد ہیں، سر کے بال کثرت وقلت میں معتدل ان کی آنکھوں میں ہمیشہ سرخ ڈورے رہیں گے، ان کے شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے ان کا نام احمد اور یہ شہر ان کا مولد ہے یہیں ان کی رسالت ظاہر ہوگی، ان کی قوم انھیں مکے میں نہ رہنے دے گی کہ ان کا دین اسے ناگوار ہوگا وہ ہجرت فرما کر مدینے جائیں گے وہاں سے ان کا دین ظاہر و غالب ہوگا۔ دیکھو تم کسی دھوکے فریب میں آکر ان کی اطاعت سے محروم نہ رہنا۔

فانی بلغت البلاد کلها لطلب دین ابراهیم و کل من اسأل من الیهود و النصاریٰ و المجوس یقول هذا الدین و راء ک و ینعتونه مثل ما نعته لک و یقولون لم یبق نبی غیره .

کہ میں دین ابراہیم کی تلاش میں شہروں شہروں پھرا یہود و نصاریٰ مجوس جس سے پوچھا سب نے یہی جواب دیا کہ یہ دین تمھارے پیچھے آتا ہے اور اس نبی کی وہی صفت بیان کی جو میں تم سے کہہ چکا اور سب کہتے تھے کہ ان کے سوا کوئی نبی باقی نہ رہا۔

عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔ جب حضور خاتم الانبیاء علیہ وعلیہم الصلاۃ والثناء کی نبوت ظاہر ہوئی میں نے زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ باتیں حضور سے عرض کیں حضور نے ان کے حق میں دعائے رحمت فرمائی اور ارشاد کیا۔

قد رأیته فی الجنة یسحب ذیله .

میں نے اسے جنت میں دامن کشاں دیکھا۔

مقوقس شاہ مصر کی تصدیق ولادت

امام واقدی وابونعیم حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل ملاقات مقوقس بادشاہ مصر میں راوی، جب ہم نے اس نصرانی بادشاہ سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح وتصدیق کی اس نے پاس سے وہ کلام سن کر اٹھے جس نے ہمیں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ذلیل وخاضع کر دیا ہم نے کہا سلاطین عجم ان کی تصدیق کرتے اور ان سے ڈرتے ہیں حالاں کہ ان سے کچھ رشتہ علاقہ نہیں اور ہم تو ان کے رشتہ داران کے ہمسائے ہیں وہ ہمارے گھر ہمیں دین کی طرف بلانے آئے اور ہم ابھی ان کے پیرو نہ ہوئے پھر میں، اسکندریہ میں ٹھہرا کوئی گرجا کوئی پادری قبطی خواہ رومی نہ چھوڑا جہاں جا کر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت جو وہ اپنی کتاب میں پاتے ہیں نہ پوچھی ہو۔ ان میں ایک پادری سب سے بڑا مجتہد تھا اس سے پوچھا۔

هل بقى احد من الانبياء .

آیا پیغمبروں میں سے کوئی رہا۔ وہ بولا۔

نعم و هو آخر الانبياء ليس بينه و بين عيسىٰ نبى قد امر عيسىٰ باتباعه و هو النبى الامى العربى اسمه احمد .

ہاں ایک نبی باقی ہیں وہ سب انبیاء سے پچھلے ہیں ان کے اور عیسیٰ کے بیچ میں کوئی نبی نہیں عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو ان کی پیروی کا حکم ہوا ہے وہ نبی امی عربی ہیں ان کا نام احمد ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

پھر اس نے حلیہ شریف ودیگر فضائل لطیفہ ذکر کیے مغیرہ نے فرمایا اور بیان کر اس نے اور بتائے از اں جملہ کہا۔

یخص بما لم یخص به الانبیاء قبله کان النبی یبعث الی قومه و بعث الی الناس کافة .

انھیں وہ خصائص عطا ہوں گے جو کسی نبی کو نہ ملے ہر نبی اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا وہ تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہوئے ۔ مغیرہ فرماتے ہیں میں نے یہ سب باتیں خوب یاد رکھیں اور وہاں سے واپس آ کر اسلام لایا۔

میلادالنبی پر خاص تارے کا طلوع

ابونعیم حضرت حسان بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، میں سات برس کا تھا ایک دن پچھلی رات کو وہ سخت آواز آئی کہ ایسی جلد پہنچتی آواز میں نے کبھی نہ سنی تھی کیا دیکھتا ہوں کہ مدینے کے ایک بلند ٹیلے پر ایک یہودی ہاتھ میں آگ کا شعلہ لیے چیخ رہا ہے لوگ اس کی آواز پر جمع ہوئے وہ بولا ۔

هذا كوكب احمد قد طلع هذا كوكب لا يطلع الا بالنبوة و لم يبق من الانبياء الا احمد .

یہ احمد کے ستارے نے طلوع کیا یہ ستارہ کسی نبی کی ہی پیدائش پر طلوع ہوتا ہے اور اب انبیاء میں سوائے احمد کے کوئی باقی نہیں ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔

یہودی علماء کے ہاں ذکر ولادت

امام واقدی و ابونعیم حضرت حویصہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ۔

قال كنا و يهود فينا كانوا يذكرون نبيا يبعث بمكة اسمه احمد و لم يبق من الانبياء غيره و هو فى كتبنا .

یعنی میرے بچپن میں یہود ہم میں سے ایک نبی کا ذکر کیا کرتے جو مکے میں مبعوث ہوں گے ان کا نام پاک احمد ہے اب ان کے سوا کوئی نبی باقی نہیں وہ ہماری کتابوں میں لکھے ہوئے ہیں۔

احبار کی زبان پر حضور کا تذکرہ

ابونعیم سعد بن ثابت سے راوی۔

قال کان احبار یهود بنی قریظة و النضیر یذکرون صفة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فلما طلع الکوکب الاحمر اخبروا انه نبی و انه لا نبی بعده اسمه احمد و مهاجره الی یثرب فلما قدم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم المدینة و نزلها انکروا وحسدوا و بغوا.

یہود بنی قریظہ و بنی نضیر کے علماء حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت بیان کرتے جب سرخ ستارہ چمکا تو انھوں نے خبر دی کہ وہ نبی ہیں اور ان کے بعد کوئی نبی نہیں ان کا نام پاک احمد ہے ان کی ہجرت گاہ مدینہ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لا کر رونق افروز ہوئے یہود براہ حسد و بغاوت منکر ہو گئے۔ **فلما جاء ما عرفوا کفروا به فلعنة اللہ علی الکافرین۔**

اہل یثرب کو میلاد النبی کی بشارت

زیاد بن لبید سے راوی، میں مدینہ طیبہ میں ایک ٹیلے پر تھا ناگاہ ایک آواز سنی کہ کوئی کہنے والا کہتا ہے:

یا اهل یثرب قد ذهب و اللہ نبوة بنی اسرائیل هذا نجم قد طلع بمولد احمد و

ھو نبی آخر الانبیاء و مھاجرہ الی یثرب.

اے اہل مدینہ خدا کی قسم بنی اسرائیل کی نبوت گئی، ولادت احمد کا تارا چمکا وہ سب سے پچھلے نبی ہیں مدینے کی طرف ہجرت فرمائیں گے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یوشع کی زبان پر ذکر ولادت

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی میں نے مالک بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہتے سنا کہ میں ایک روز بنی عبدالاشہل میں بات چیت کرنے گیا یوشع یہودی بولا اب وقت آ لگا ہے ایک نبی کے ظہور کا جس کا نام احمد ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ وہ حرم سے تشریف لائیں گے ان کا حلیہ و وصف یہ ہوگا میں اس کی باتوں سے تعجب کرتا اپنی قوم میں آیا وہاں بھی ایک شخص کو ایسا ہی بیان کرتے پایا میں بنی قریظہ میں گیا وہاں بھی ایک مجمع میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر پاک ہو رہا تھا۔ ان میں سے زبیر بن باطا نے کہا:

قد طلع الکوکب الاحمر الذی لم یطلع الا لخروج نبی و ظھورہ و لم اجد الا احمد و ھذہ مھاجرہ .

بیشک سرخ ستارہ طلوع ہو کر آیا یہ تارا کسی نبی ہی کی ولادت وظہور پر چمکتا ہے اور اب میں کوئی نبی نہیں پاتا سوا احمد کے اور یہ شہر ان کی ہجرت گاہ ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

شب ولادت ایک یہودی کا تجسس

ابن سعد و حاکم و بیہقی و ابونعیم حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی، مکہ معظمہ میں ایک یہودی بغرض تجارت رہتا تھا جس رات حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدا ہوئے، وہ قریش کی مجلس میں گیا اور پوچھا آج تم میں کوئی لڑکا پیدا ہوا انھوں نے کہا ہمیں نہیں معلوم کہا:

احفظوا ما اقول لکم ولد هذه الليلة نبی هذه الامة الاخيرة بين كتفيه علامة .

جو میں تم سے کہہ رہا ہوں اسے حفظ کر رکھو، آج کی رات اس پچھلی امت کا نبی پیدا ہوا اس کے شانوں کے درمیان علامت ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

میلاد مبارک کے موضوع پر اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کی ایک تقریر

حضور اسم اللہ ہیں

حضرت عزت جل جلالہ اپنی کتاب کریم وذکر حکیم میں اپنے بندوں پر اپنی رحمت تامہ گسترده فرماتا اوران کو اپنے دربارتک وصول کا طریقہ بتاتا ہے۔سورۂ (فاتحہ) مبارکہ رب العزت تبارک وتعالیٰ نے اپنی کتاب میں اپنے بندوں کو تعلیم فرمائی اور خودان کی طرف سے ارشاد ہوئی۔ابتدااس کی اور تمام سور قرآن عظیم کی ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' سے فرمائی گئی۔اول حقیقی اللہ عزوجل ہے۔

هو الاول و الآخر و الظاهر و الباطن و هو بكل شئ عليم .

بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ابتداء اسم جلالت اللہ سے ہونی چاہیئے تھی کہ ''اللہ الرحمٰن الرحیم'' مگرابتداء یوں فرمائی گئی ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' وہ جو اول حقیقی اللہ کا علم ذات ہے کہ ذات واجب الوجود مستجمع جمیع صفات کمالیہ پر دال ہے اس سے پہلے اس کا لفظ لائے اوراس پر بے کا حرف داخل فرمایا، گویا اس طرف اشارہ ہے کہ اللہ اپنی الوہیت، وحدانیت وہویت میں بے غایت ظہور سے بے غایت بطون میں ہے۔

بندوں کو اس تک وصول محال کسی کی عقل، کسی کا وہم کسی کا خیال اس تک نہیں پہنچتا جس کا نام اللہ ہے وہ پاک ومنزہ ہے اس سے کہ اس تک فکر و وہم کا وصول ہو سکے،ایسی مخفی و باطن شئی اس تک وصول کے لیے علامت درکار اور اسم کہتے ہیں علامت کو جو دلالت کرے ذات پر تو اسم اللہ ذریعہ ہوا وصول کا اور اسم جب کہ نام ٹھہرا اس شئی کا جو دلالت کرنے والی ہے ذات پر، ذات پاک ہے اس سے کہ اسے کسی شئی کی

حاجت ہو۔

ضرور ہے کہ ذات پر دلالت کرنے کے لیے تین چیزیں ہونی چاہئیں۔

ایک ذات ہو۔

دوسرا اس کا غیر ہو۔

تیسرا بیچ میں کوئی واسطہ ہو، جو دلالت کرے اس غیر کو اس ذات کی طرف۔

وہ ذات ذات الٰہی ہے۔

اور وہ غیر یہ تمام عالم مخلوقات

اور اسم اللہ کہ اللہ پر دلالت کرنے والا ہے وہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔

تو گویا ابتداء ہی نام اقدس سے فرمائی گئی، اپنے نام پاک سے پہلے نام حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا لایا جاتا ہے کہ ذریعہ وصول ہوئے اسم اللہ تمام مخلوقات کے لیے جو ازل سے ابد تک وجود میں لائی گئی ذات اقدس کی طرف دال ہے اس واسطے کہ تمام جہان کو اللہ کی طرف ہدایت حضور ہی نے فرمائی۔

حضور ہادی ہیں

حضور ہی ہادی ہیں مخلوق الٰہی کے یہاں تک کہ انبیائے کرام و مرسلین عظام کے بھی ہادی ہیں تو حضور کے سوا جتنے ہادی ہیں دلالت مطلقہ سے موصوف نہیں ہو سکتے کہ انھوں نے تمام مخلوق کو دلالت کی ہو ان کو کسی نے دلالت نہ کی ہو ایسا نہیں اگر وہ امتوں کے دال ہیں تو حضور کے مدلول ہیں، دلالت مطلقہ خاص حضور ہی کے لیے ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

تمام مخلوقات الٰہی میں کچھ تو وہ ہیں جو اللہ سے کچھ علاقہ نہیں رکھتے کچھ وہ ہیں جو علاقہ رکھتے ہیں وسائط کے ساتھ مگر دوسرا ان سے علاقہ نہیں رکھتا مہدی ہیں ہادی نہیں یعنی ہادی بالذات نہیں اگرچہ بالواسطہ ہادی ہوں اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی الاطلاق ہادی و مہدی ہیں۔

اقسام کلمہ سے حضور کی توصیف

کلمہ کی تین قسمیں ہیں۔

اسم، فعل، حرف

حرف تو نہ مسند ہوتا ہے نہ مسند الیہ

فعل مسند ہوتا ہے مگر مسند الیہ نہیں ہوتا

اسم مسند بھی ہوتا ہے اور مسند الیہ بھی۔

تو وہ جو بے علاقہ ہیں ذات الٰہی سے وہ حرف ہیں کہ

و من الناس من یعبد الله علی حرف فإن أصابه خیر اطمأن و ان صابته فتنة انقلب علی وجهه خسر الدنیا و الآخرة ذٰلک هو الخسر ان المبین .

(سورۃ الحج، آیت:۱۱)

کچھ لوگ وہ ہیں جو اللہ کو پوجتے ہیں کنارے پر تو اگر بھلائی پہنچ گئی تو مطمئن رہے اور اگر کوئی آزمائش ہوئی تو کنارے پر کھڑے ہی ہیں فوراً ایک قدم میں بدل گئے پلٹ گئے ان کو دنیا و آخرت دونوں میں خسارہ ہوا اور یہی کھلا خسارہ ہے۔

تو یہ نہ مسند ہیں نہ مسند الیہ کہ حرف ہیں اور وہ جو خود ذات الٰہی سے علاقہ رکھتے ہیں مگر بالذات ان سے دوسرا علاقہ نہیں رکھتا وہ تمام مومنین وہادین کہ مسند ہیں مگر بالذات مسند الیہ نہیں وہ فعل ہیں، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات کریم بے شک مسند و مسند الیہ بالذات و بے وساطت ہے تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسم ہیں کہ ان کو اپنے رب سے نسبت ہے اور سب کو ان سے نسبت ہے اور یہی شان ہے اسم کی، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وبارک وسلم۔

اسم کے خواص میں سے یہ بھی ہے کہ اس پر حرف تعریف داخل ہوتا ہے اور تعریف کی حد ہے حمد اور

حمد کی تکثیر ہے تحمید اور اسی سے مشتق ہے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وصحبہ و بارک وسلم۔ یعنی بار بار اور بکثرت بے شمار تعریف کیے گئے تو مخلوقات میں تعریف کے اصل مستحق نہیں مگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور اصل کمال ہیں

کہ وہی اصل جملہ کمالات ہیں جس کو جو کمال ملا ہے وہ حضور ہی کے کمال کا صدقہ اور ظل و پرتو ہے ،امام سیدی محمد بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے قصیدۂ ہمزیہ میں عرض کرتے ہیں:

کیف ترقی رقیک الانبیاء
یا سماء ما طاولتها سماء

●

لم یساووک فی علاک و قد حا
ل سنا منک دونهم و سناء

●

انما مثلوا صفاتک للنا
س کما مثل النجوم الماء

انبیاء حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ترقی کیسے پاسکیں اے وہ آسمان جس سے کوئی آسمان بلندی میں مقابلہ نہیں کرسکتا وہ حضور کے مراتب بلند کے قریب بھی نہ پہنچے حضور کی رفعت و روشنی حضور تک پہنچنے سے انھیں حائل ہوگئی وہ تو حضور کی صفات کریمہ کا پرتو لوگوں کو دکھارہے ہیں جیسے ستاروں کی شبیہ پانی دکھاتا ہے۔

حضور کی صفات کو نجوم سے تشبیہ دی کہ وہ لا تعد و لا تحصی ہیں، انبیاء کرام غایت انجلا میں

مثل پانی کے ہیں اپنی صفا کے سبب ان نجوم کا عکس لے کر ظاہر کرتے ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ و بارک وسلم۔

حمد ہوا کرتی ہے مقابل کسی صفت کمال کے اور تمام صفات کمال مخلوقات میں خاص ہیں حضور کے لیے باقی کو جو ملا حضور کا عطیہ وصدقہ ہے۔

حضور قاسم نعمت ہیں

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

انما انا قاسم و الله المعطی

عطا فرمانے والا اللہ ہے اور تقسیم کرنے والا میں۔

کوئی تخصیص نہیں فرمائی کہ کس چیز کا عطا فرمانے والا اللہ ہے اور کس چیز کے حضور قاسم ہیں ایسی جگہ اطلاق دلیل تعمیم ہے کونسی چیز ہے جس کا دینے والا اللہ نہیں تو جو چیز جس کو اللہ نے دی تقسیم فرمانے والے اس کے حضور ہی ہیں جو اطلاق و تعمیم وہاں ہے یہاں بھی ہے جو جس کو ملا اور جو کچھ بٹا اور بٹے گا ابتدائے خلق سے ابد الاباد تک، ظاہر و باطن میں، روح و جسم میں، ارض و سماء میں، عرش و فرش میں اور دنیا و آخرت میں جو کچھ ہے اس سب کے بانٹنے والے حضور ہی ہیں اللہ عطا فرماتا ہے اور ان کے ہاتھ سے ملتا ہے اور ملے گا ابد الاباد تک، لہٰذا مخلوقات میں تعریف کے اصل مستحق حضور اقدس ہی ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حروف جر سے حضور کی توصیف

اسم کا خاصہ ہے جر اور جر کے معنی ہیں کشش یعنی جذب فرمانا یہ خاصہ ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا۔ کھینچنا دو طرح ہوتا ہے۔

ایک کھینچنا بلا مزاحمت کہ جس کو کھینچا جائے وہ کھنچ جائے۔

دوسرا کھینچنا مزاحمت کے ساتھ کہ کھینچنے والا کھینچ رہا ہے اور یہ کھنچنا نہیں چاہتا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انتم تتقحمون فی النار کالفراش و انا آخذ بحجز کم هلم الی .

تم پروانوں کی مانند آگ پر گرے پڑتے ہو اور میں تمھارا بند کمر پکڑے کھینچ رہا ہوں کہ میری طرف آؤ۔

یہ شان ہے جر یعنی کشش کی۔ اسم نحو کا خاصہ جر من حیث الوقوع ہے اور اسم اللہ کا من حیث الصدور، وہاں جران اقوال و کیفیات سے ناشی ہوتا ہے جن پر حروف جارہ دلالت کرتے ہیں وہ یہاں بروجہ اسم ہیں مثلاً بے کے معنی ہیں الصاق یعنی ملانا یہ خاص کام ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کہ خلق کو خالق سے ملاتے ہیں۔ یا من کہ ابتدائے غایت کے لیے ہے یہ بھی خاص ہے حضور ہی کے لیے۔

یا جابر ان الله خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نوره .

اے جابر تمام جہان سے پہلے اللہ تعالیٰ نے تمھارے نبی کے نور کو اپنے نور سے پیدا کیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر فضل و ہر کمال حتیٰ کہ وجود میں بھی ابتداء انھیں سے ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اول وآخر ظاہر وباطن

الی ، آتا ہے انتہائے غایت کے لیے انتہائے کمال انھیں پر بلکہ ہر فرد کمال انھیں پر منتہی ہوتا ہے اول الانبیاء بھی وہی ہیں اور خاتم الانبیاء بھی وہی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

تلمسانی عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی کہ ایک بار جبریل امین حاضر بارگاہ اقدس ہوئے اور عرض کی **السلام علیک یا اول ، السلام علیک یا آخر ، السلام علیک یا ظاهر ، السلام علیک یا باطن .**

رب العزت نے قرآن عظیم میں اپنی صفت کریمہ بیان فرمائی ہے۔

ھو الاول و الآخر و الظاھر و الباطن و ھو بکل شیٔ علیم

اس آیت کے لحاظ سے حضور نے جبریل سے فرمایا کہ یہ صفات میرے رب عزوجل کی ہیں عرض کی یہ صفات اللہ عزوجل کی ہیں اس نے حضور کو بھی ان سے متصف فرمایا، حضور کو اول کیا تمام مخلوق سے پہلے حضور کے نور کو پیدا کیا اور اللہ نے حضور کو آخر کیا کہ تمام انبیاء کے بعد مبعوث فرمایا۔ اور حضور کو ظاہر کیا اپنے معجزات بینہ سے کہ عالم میں کسی کو شک وشبہ کی مجال نہیں۔ اور حضور کو باطن کیا ایسے غایت ظہور سے کہ آفتاب اس کے کروڑویں حصہ کو نہیں پہنچتا، آفتاب اور جملہ انوار انھیں کے تو پرتو ہیں آفتاب میں شک ہوسکتا ہے اور ان میں شک ممکن نہیں۔

فرض کیجیے اگر ہم نصف النہار پر ایک روشن شرارہ آفتاب کے برابر دیکھیں جسے اپنے گمان سے یقیناً آفتاب سمجھیں اور اس کی دھوپ بھی دوپہر کی طرح پھیلی ہو اور حضور فرمائیں یہ آفتاب نہیں کوئی کرۂ نار کا شرارہ ہے، یقیناً ہر مسلمان صدق دل سے فوراً ایمان لائے گا کہ حضور کا ارشاد قطعاً حق وصحیح ہے اور آفتاب سمجھنا میرے نگاہ وگمان کی غلطی صریح ہے آخر اس کی وجہ کیا؟ یہی کہ آفتاب ہنوز معرض خفا میں ہے اور حضور پر اصلاً خفا نہیں آفتاب سے کروڑوں درجہ زیادہ روشن ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کا یہ غایت ظہور ہی غایت بطون کا سبب ہے اور حضور کے بطون کی یہ شان ہے۔

حضور کی حقیقت صرف خدا جانتا ہے

کہ خدا کے سوا حضور کی حقیقت سے کوئی واقف ہی نہیں۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اعرف الناس یعنی سب سے زیادہ حضور کو پہچاننے والے اس امت مرحومہ میں ہیں اس واسطے ان کا مرتبہ افضل و اعلیٰ ہے۔ معرفت الٰہی وہ معرفت محمد ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس کو ان کی معرفت زائد ہے اس کو معرفت الٰہی بھی زائد ہے۔ صدیق اکبر جیسے اعرف الناس کہ تمام جہان سے زیادہ حضور کی معرفت رکھتے ہیں ان سے ارشاد فرمایا:

ایا ابا بکر لم یعرفنی حقیقۃ غیر ربی

اے ابوبکر جیسا میں ہوں سوا میرے رب کے اور کسی نے نہ پہچانا۔

باطن ایسے کہ خدا کے سوا کسی نے ان کو پہچانا ہی نہیں اور ظاہر بھی ایسے کہ ہر پتہ ہر ذرہ شجر و حجر وحوش وطیور حضور کو جانتے ہیں یہ کمال ظہور ہے۔ صدیق اپنے مرتبہ کے لائق حضور کو جانتے ہیں، جبریل امین اپنے مرتبہ کے لائق پہچانتے ہیں، انبیاء و مرسلین اپنے اپنے مراتب کے لائق، باقی رہا حقیقۃً ان کو پہچاننا تو ان کا جاننے والا ان کا رب ہے، تبارک وتعالیٰ ان کا بنانے والا ان کا نوازنے والا ان کی حقیقت کے پہچاننے میں دوسرے کے واسطے حصہ ہی نہیں رکھا، بلاتشبیہ محب نہیں چاہتا کہ جو ادا محبوب کی اس کے ساتھ ہے وہ دوسرے کے ساتھ ہو، اللہ تمام جہان سے زیادہ غیرت والا ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سعد بن عبادۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت فرماتے ہیں۔

انه لغیور و انا اغیر منه و الله اغیر منی .

وہ غیرت والا ہے اور میں اس سے زیادہ غیرت والا ہوں اور اللہ مجھ سے زیادہ غیرت والا ہے۔

وہ کیوں کر روا رکھے گا کہ دوسرا میرے حبیب کی اس خاص ادا پر مطلع ہو جو میرے ساتھ ہے اسی واسطے فرمایا جاتا ہے جیسا میں ہوں میرے رب کے سوا کسی نے نہ پہچانا ہم تو **قوم نیام تسلوا عنه بالحلم** ہیں ہی سوتے میں خواب ہی میں زیارت پر راضی ہیں۔ انصاف یہ ہے کہ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی حقیقت اقدس کے لحاظ سے اسی کے مصداق ہیں۔

دنیا خواب ہے اور اس کی بیداری نیند، امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں۔

الناس نیام اذا ماتوا انتبهوا

لوگ سوتے ہیں جب مریں گے جاگیں گے۔

خواب اور دنیا کی بیداری میں اتنا فرق ہے کہ خواب کے بعد آنکھ کھلی اور کچھ نہ تھا اور یہاں آنکھ

بند ہوئی اور کچھ نہ تھا۔ نتیجہ دونوں جگہ ایک ہے و ما الحیوۃ الدنیا الامتاع الغرور

خواب و بیداری میں حضور کی زیارت

خواب میں جمال اقدس کی زیارت ضرور حق ہوتی ہے۔ خود فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

من رأنی فقد رأی الحق فان الشیطان لا یتمثل بی .

جس نے مجھے دیکھا اس نے حق دیکھا کہ شیطان میری صورت نہیں بن سکتا۔

پھر لوگ مختلف اشکال واحوال میں دیکھتے ہیں وہ اختلاف ان کے اپنے ایمان ہی کا ہے ہر شخص اپنے ایمان کے لائق ان کو دیکھتا ہے، یوں ہی بیداری میں جتنے دیکھنے والے تھے سب اس آئینہ حق نما میں اپنے ایمان کی صورت دیکھتے ورنہ ان کی صورت حقیقیہ پر غیرت الٰہیہ کے ستر ہزار پردے ڈالے گئے ہیں کہ ان میں سے اگر ایک پردہ اٹھادیا جائے تو آفتاب جل کر خاک ہوجائے جیسے آفتاب کے آگے ستارے غائب ہوجاتے ہیں اور جو ستارہ اس سے قران میں ہو احتراق میں کہلاتا ہے۔ تو صحابہ کرام نے بھی خواب ہی میں زیارت کی نہ رب العزت کو کوئی بیداری میں دنیا میں دیکھ سکتا ہے نہ جمال انور حضور اقدس کو، جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج کہ رب العزت جل وعلا کو بیداری میں چشم سر سے دیکھا وہ دیکھنا دنیا سے ورا تھا کہ دنیا ساتویں زمین سے ساتویں آسمان تک ہے اور یہ رویت لامکاں میں ہوئی، بالجملہ اس وقت بھی ہر شخص نے اپنے ایمان کی صورت دیکھی۔

حضور آئینہ خدا ساز ہیں

کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آئینہ خدا ساز ہیں، ابوجہل لعین حاضر ہو کر عرض کرتا ہے،

زشت نقش کز بنی ہاشم شگفت۔

حضور فرماتے ہیں صدقت تو سچ کہتا ہے۔ ابوبکر صدیق اکبر عرض کرتے ہیں حضور سے زیادہ کوئی خوبصورت نہ پیدا ہوا حضور بے مثل ہیں، حضور آفتاب ہیں نہ شرقی اور نہ غربی، ارشاد فرمایا صدقت تم سچ کہتے ہو، صحابہ نے عرض کی حضور نے دو متضاد قولوں کی تصدیق فرمائی تو آپ نے ارشاد فرمایا:

گفت من آئینہ ام مصقول دوست

میں تو اپنے چاہنے والے رب تبارک وتعالیٰ کا چمکتا آئینہ ہوں۔ ابوجہل جو کہ ظلمت کفر میں آلودہ ہے اس کو اپنے کفر کی تاریکی نظر آئی اور ابوبکر سب سے بہتر ہیں انھوں نے اپنا نور ایمان دیکھا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وبارک وسلم

حضور آفتاب حقیقت ہیں

لہٰذا ذات کریم جامع کمال ظہور وکمال بطون ہے۔ ظہور کسی شی کا جب ایک ترقی محدود تک ہوتا ہے وہ شی نظر آتی ہے اور جب حد سے زیادہ ہو جاتا ہے تو وہ نظر نہیں آتی۔ آفتاب جب افق سے نکلتا ہے سرخی مائل کچھ بخارات وغبارات میں ہوتا ہے۔ ہر شخص کی نگاہ اس پر جمتی ہے جب ٹھیک نصف النہار پر پہنچتا ہے تو غایت ظہور سے باطن ہو جاتا ہے اب نگاہیں اس پر نہیں ٹھہر سکتیں خیرہ ہو کر واپس آتی ہیں کیوں کہ غایت ظہور پر پہنچا جس کی وجہ سے غایت بطون میں ہو گیا آفتاب کہ نام ہے ان کی گلی کے ایک ذرہ کا وہ آفتاب حقیقت کہ رب العزۃ نے اپنی ذات کے لیے اس کو آئینہ کاملہ بنایا ہے اور اس میں مع ذات وصفات کے تجلی فرمائی ہے۔ حقیقت اس ذات کی کون پہچان سکتا ہے وہ غایت ظہور سے غایت بطون میں ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اسم اقدس سے تعریف

اسی سبب سے نام اقدس میں دونوں رعایتیں رکھی ہیں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بکثرت اور بار بار

غیر متناہی تعریف کیے گئے اطلاق نے تمام تعریفوں کو جمع فرمالیا ہے تو شان ہے غایت ظہور کی اور نام اقدس پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا یعنی ایسے ظاہر ہیں کہ مستغنی عن التعریف ہیں تعریف کی ضرورت نہیں یا ایسے بطون میں ہیں کہ تعریف ہو نہیں سکتی تعریف عہد یا استغراق یا جنس کے لیے ہے وہ اپنے رب کی وحدت حقیقیہ کے مظہر کامل اپنے جملہ فضائل وکمالات میں شریک سے منزہ ہیں۔

امام محمد بوصیری قصیدہ بردہ شریف میں فرماتے ہیں:

منزہ عن شریک فی محاسنہ

فجوھرا الحسن فیہ غیر منقسم

حضور اقدس اپنی خوبیوں میں شریک سے پاک ہیں ان کے حسن کا جوہر فرد قابل انقسام نہیں۔ کہ یہاں جنسیت واستغراق نا متصور اور عہد فرع معرفت ہے اور ان کو ذاتاً وحقیقۃً کوئی پہچان ہی نہیں سکتا تو نام اقدس پر کہ علم ذات ہے لام تعریف کیوں کر داخل ہو۔

حضور رب کی تجلی ہیں

جس طرح من ، الی جر کرتے ہیں اسی طرح کاف تشبیہ بھی جر کے لیے آتا ہے۔ ذات الٰہی کمال تنزیہہ کے مرتبے میں ہے اور متشابہات میں تشبیہات بھی وارد، صحیح مذہب محققین کا یہ ہے کہ تنزیہہ ہے اس کی ذات وصفات کے لیے اور تشبیہ ہے تجلیات کے لیے دونوں کو اس آیت کریمہ میں جمع فرما دیا۔

لیس کمثلہ شیٔ و ھو السمیع البصیر .

"لیس کمثلہ شیٔ" کوئی شی اس کے مثل نہیں یہ تنزیہہ ہوئی اور "و ھو السمیع البصیر" وہی ہے سننے دیکھنے والا یہ تشبیہ، جب تک اللہ نے عالم نہ بنایا تھا تشبیہ نہ تھی جب عالم بنایا تو نہ عالم خیال نہ عالم مثال میں بلکہ عالم تمثیل میں تجلی تدلی کے لیے ایک تشبیہ پیدا ہوئی جو عبارت ہے ذات اقدس

سے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اللہ تعالیٰ متعالی ہے شبیہ سے ہاں پہلی تجلی جو فرمائی ہے اسی کا نام ہے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اس تجلی کی اور تجلیات کی گئی ہیں ان کا نام ہے انبیاء کرام و مرسلین عظام علیہم الصلاۃ والسلام جس طرح امام بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے کلام سے اوپر بیان ہوا۔

حضور دونوں جہان کی رحمت ہیں

آگے (بسم اللہ کے) فرمایا جاتا ہے۔ الرحمٰن الرحیم، مدح کا قاعدہ ہے کہ اختصاص پر دلالت کرتی ہے۔ الرحمٰن، الرحیم سے پہلے لایا گیا۔ الرحمٰن کہ رحمت کاملہ بالغہ رب تبارک وتعالیٰ کے ساتھ خاص ہے۔ پھر فرمایا گیا الرحیم یعنی مطلق رحمت ہی اس کے ساتھ خاص ہے۔ رب العزت کی بے انتہا صفات ہیں یہ کیا ہے جن سے تمام صفات الٰہیہ کو رحمت کے پردے میں دکھایا۔ القہار، المنتقم نہیں فرمایا جاتا، الرحمٰن الرحیم خالص رحمت دکھائی جاتی ہے، یہ وہی آئینہ ذات الٰہی ہے جس میں صفات قہریہ بھی آکر خالص رحمت سے متلبس ہوجاتی ہیں **و ما ارسلنک الا رحمة للعالمین ، صلی الله تعالیٰ علیه وسلم .**

اولین کے لیے رحمت، آخرین کے لیے رحمت، ملائکہ کے لیے رحمت، تمام مومنین کے لیے رحمت یہاں تک کہ دنیا میں وہ کافرین مشرکین منافقین ومرتدین کے لیے بھی رحمت ہیں یہ لوگ بھی آج ان کی رحمت سے دنیا میں عذاب سے محفوظ ہیں۔

ما کان الله لیعذبهم و انت فیهم .

اللہ اس لیے نہیں کہ انھیں عذات کرے جب تک اے رحمت عالم تم ان میں ہو۔

اسی لیے ادریس علیہ الصلاۃ والسلام کی طرح **و رفعنه مکانا علیا** اختیار نہ فرمایا گیا حالاں کہ ان کے غلام واہل محبت کی نعش تک آسمان پر اٹھالی گئی ہے۔

سیدی عمر بن الفارض رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنگل میں ایک جنازہ دیکھا اکابر اولیاء جمع ہیں مگر نماز نہیں ہوتی انھوں نے تاخیر کا سبب پوچھا کہا امام کا انتظار ہے ایک صاحب کو نہایت جلدی کرتے ہوئے پہاڑ سے اترتے دیکھا جب قریب آئے تو معلوم ہوا کہ یہ وہ صاحب ہیں جن سے شہر میں لڑکے ہنستے اور چپتیں لگاتے ہیں وہ امام ہوئے اور سب نے ان کی اقتدا کی نماز ہی میں بکثرت سبز پرندوں کا نعش کے گرد مجمع ہو گیا جب نماز ختم ہوئی تو نعش کو اپنی منقاروں میں لے کر آسمان پر اڑے ہوئے چلے گئے انھوں نے پوچھا تو جواب ملا یہ اہل محبت ہیں ان کی میت بھی زمین پر نہیں رہنے پاتی۔

مگر حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہیں تشریف رکھنا پسند فرمایا کہ خلق کے لیے عذاب عالم سے اماں ہو۔ جنت تو حضور کی رحمت کا پرتو ہے ہی دوزخ بھی حضور کی رحمت سے بنی ہے کہ یہاں صفات قہر یہ بھی رحمت ہی کی تجلی میں ہیں۔ جنت کا رحمت ہونا ظاہر حضور کے نام لیوؤں کی جاگیر ہے۔ دوزخ کا بنانا بھی رحمت ہے دو وجہ سے، دنیا میں بادشاہ کی اطاعت تین ذرائع سے ہوتی ہے۔

اول، بادشاہ کی اطاعت خاص اس لیے کہ وہ بادشاہ ہے۔

دوسرے، کچھ انعام کا لالچ دیا جاتا ہے کہ ہمارے احکام مانو گے تو یہ انعام ملیں گے یہ رحمت ہے۔

تیسرے، قاسی سرکش جو انعام کی پرواہ نہیں کرتے اور اطاعت نہیں کرتے ان کو سزائیں سنا کر ڈرایا جاتا ہے کہ اگر اطاعت نہ کرو گے تو زنداں میں بھیجے جاؤ گے۔

وہ انعام تو عین رحمت ہے ظاہر ہے اور یہ کوڑا عذاب کا یہ بھی رحمت ہے اس لیے کہ رحمت ہی سے ناشی ہے کہ جیل خانہ سے ڈر کر سزا کے مستحق نہ ہوں اطاعت کریں اور انعام کے مستحق ہوں، تو دوزخ بھی رحمت ہے کہ دنیا کو ڈر کے باعث گناہوں سے بچانے والی ہے۔

دوسری وجہ یہ کہ کفار نے اللہ کے محبوبوں کو ایذا دی اور ان کی توہین کی تو رب العزت نے اپنے دشمنوں سے انتقام لینے کے لیے دوزخ کو پیدا فرمایا قدر ضد کی ضد سے معلوم ہوا کرتی ہے گرمی کی قدر سردی

سے،سردی کی گرمی سے اور چراغ کی اندھیرے سے معلوم ہوتی ہے کہ الاشیاء تعرف باضدادھا (چیزیں اپنی ضد سے پہچانی جاتی ہیں) تو اہل جنت کو یہ دکھانا ہے کہ دیکھو اگر تم بھی محبوبان خدا کا دامن نہ تھامتے تو ان کی طرح تمھاری جگہ بھی یہی ہوتی اس وقت محبوبان خدا کے دامن تھامنے کی قدر کھلے گی۔ و للہ الحمد و صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی آلہ و صحبہ و بارک و سلم .

حضور تمام جہان کے لیے رحمت ہیں، رحمت الٰہی کے معنی ہیں بندوں کو ایصال خیر فرمانے کا ارادہ تو رحمت کے لیے دو چیزیں درکار ہیں۔ایک مخلوق جس کو خیر پہنچائی جائے اور دوسری خیر اور دونوں متفرع ہیں وجود نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اگر حضور نہ ہوتے تو نہ کوئی خیر ہوتی اور نہ کوئی خیر کا پانے والا تو رحمت الٰہی کا ظہور نہ ہوا مگر صورت وجود نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں۔تمام نعمتیں، تمام کمالات، تمام فضائل متفرع ہیں وجود پر اور تمام عالم وجود متفرع ہے حضور کے وجود پر تو سب پر حضور ہی کے طفیل رحمت ہوئی ملک ہو خواہ نبی یا رسول جس کو جو نعمت ملی حضور ہی کے دست عطا سے ملی۔

حضور نعمت اللہ ہیں

حضور نعمت اللہ ہیں، قرآن عظیم نے ان کا نام نعمت اللہ رکھا ان الذین بدلوا نعمة الله كفرا کی تفسیر میں حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں۔

نعمة الله محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم .

نعمت اللہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔

ولہٰذا ان کی تشریف آوری کا تذکرہ امتثال امر الٰہی ہے۔

و اما بنعمة ربك فحدث .

اپنے رب کی نعمت کا خوب چرچا کرو۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری سب نعمتوں سے اعلیٰ نعمت ہے یہی تشریف آوری ہے جس کے طفیل دنیا، قبر، حشر، برزخ و آخرت غرض ہر وقت ہر جگہ اور ہر آن نعمت ظاہر و باطن سے ہمارا ایک ایک رونگٹا متمتع اور بہرہ مند ہے اور ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ ۔ اپنے رب کے حکم سے اپنے رب کی نعمتوں کا چرچا مجلس میلاد میں ہوتا ہے۔

مجلس میلاد پاک

مجلس میلاد آخروہی شیٔ ہے جس کا حکم رب العزت دے رہا ہے۔ **و اما بنعمة ربک فحدث** مجلس مبارک کی حقیقت مجمع المسلمین کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری وفضائل جلیلہ و کمالات جمیلہ کا ذکر سنانا ہے بندیا رقعہ باٹنا یا طعام وشیرینی کی تقسیم اس کا جز وحقیقت نہیں نہ ان میں کچھ جرم، اول دعوت الی الخیر ہے اور دعوت الی الخیر بے شک خیر ہے۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

من احسن قولا ممن دعا الی الله .

اس سے زیادہ کس کی بات اچھی جو اللہ کی طرف بلائے۔

صحیح مسلم شریف میں ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من دعا الی هدی کان له الاجر مثل اجور من تبعه و لا ینقص ذلک من اجورهم شیئا .

جو لوگوں کو کسی ہدایت کی طرف بلائے جتنے اس کا بلانا قبول کریں ان سب کے برابر ثواب اسے ملے اور ان کے ثوابوں میں کچھ کمی نہ ہو۔

اور اطعام طعام یا تقسیم شیرینی بر وصلہ واحسان وصدقہ ہے اور یہ سب شرعاً محمود۔ ان مجالس کے لیے ایک تم ہی نہیں ملائکہ بھی تداعی کرتے ہیں جہاں مجلس ذکر شریف ہوتے دیکھی ایک دوسرے کو بلاتے ہیں کہ آؤ یہاں تمھارا مطلوب ہے پھر وہاں سے آسمان تک چھا جاتے ہیں، تم دنیا کی مٹھائی بانٹتے ہو ادھر سے رحمت کی شیرینی تقسیم ہوتی ہے وہ بھی ایسی عام کہ نامستحق کو بھی حصہ دیتے ہیں۔ **ھم القوم لا یشقی بھم جلوسھم** ان لوگوں کے پاس بیٹھنے والا بھی بد بخت نہیں رہتا۔

یہ مجلس آج سے نہیں آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے خود کی اور کرتے رہے اور ان کی اولاد میں برابر ہوتی رہی کوئی دن ایسا نہ تھا کہ آدم علیہ الصلاۃ والسلام ذکر حضور نہ کرتے ہوں۔ اول روز سے آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو تعلیم ہی یہ فرمایا گیا کہ میرے ذکر کے ساتھ میرے حبیب ومحبوب کا ذکر کیا کرو۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ساق عرش پر حضور کا اسم گرامی

جس کے لیے عملی کارروائی یہ کی گئی کہ جب روح الٰہی آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے پتلے میں داخل ہوتی ہے اور آنکھ کھلتی ہے تو نگاہ ساق عرش پر ٹھہرتی ہے تو وہاں لکھا دیکھتے ہیں **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) عرض کی الٰہی یہ کون ہے؟ جس کا نام پاک تو نے اپنے نام اقدس کے ساتھ لکھا ہے، ارشاد ہوا اے آدم وہ تیری اولاد میں سب سے پچھلا پیغمبر ہے وہ نہ ہوتا تو میں تجھے نہ بناتا۔

لو لا محمد ما خلقتک و لا ارضا و لا سماء .

اسی کے طفیل میں تجھے پیدا کیا اگر وہ نہ ہوتا نہ تجھے پیدا کرتا اور نہ زمین وآسمان بناتا۔

تو کنیت اپنی ابومحمد کر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ آنکھ کھلتے ہی نام پاک بتایا گیا پھر ہر وقت ملائکہ کی زبان سے ذکر اقدس سنایا گیا وہ مبارک سبق عمر بھر یاد رکھا ہمیشہ ذکر اور چرچا کرتے رہے۔

حضرت شیث کو آدم کی وصیت

جب زمانہ وصال شریف کا قریب آیا تو شیث علیہ الصلاۃ والسلام سے ارشاد فرمایا اے فرزند میرے بعد تو خلیفہ ہوگا عماد تقویٰ و عروۂ وثقیٰ کو نہ چھوڑنا۔

العروۃ الوثقی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

عروۂ وثقیٰ محمد ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

جب اللہ کو یاد کرے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر ضرور کرنا۔

فانی رأیت الملائکۃ تذکرہ فی کل ساعاتھا.

کہ میں نے فرشتوں کو دیکھا ہر گھڑی ان کی یاد میں مشغول ہیں۔

اسی طور پر چرچا ان کا ہوتا رہا۔

میلاد مبارک کی پہلی انجمن

پہلی انجمن روز میثاق جمائی گئی اس میں حضور کا ذکر تشریف آوری ہوا۔

و اذ اخذ اللہ میثاق النبیین لما آتیتکم من کتاب و حکمۃ ثم جاء کم رسول مصدق لما معکم لتؤمنن بہ و لتنصرنہ قال أقررتم و اخذتم علی ذلکم اصری قالوا اقررنا قال فاشھدوا و انا معکم من الشاھدین فمن تولی بعد ذلک فاولئک ھم الفاسقون.

(سورۂ آل عمران، آیت:۸۱،۸۲)

جب عہد لیا اللہ نے نبیوں سے کہ بے شک میں تمہیں کتاب و حکمت عطا فرماؤں پھر تشریف

لائیں تمھارے پاس وہ رسول تصدیق فرمائیں ان باتوں کی جو تمھارے ساتھ ہیں تو تم ضرور ان پر ایمان لانا اور ضرور ضرور ان کی مدد کرنا قبل اس کے کہ انبیاء کچھ عرض کرنے پائیں فرمایا کیا تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا عرض کی ہم نے اقرار کیا فرمایا تو آپس میں ایک دوسرے کے گواہ ہو جاؤ اور میں بھی تمھارے ساتھ گواہوں سے ہوں پھر جو کوئی اس اقرار کے بعد پھر جائے وہی لوگ بے حکم ہیں۔

مجلس میثاق میں رب العزت نے تشریف آوری حضور کا بیان فرمایا اور تمام انبیاء علیہم الصلاۃ و السلام نے سنا اور انقیاد و اطاعت حضور کا قول دیا ان کی نبوت ہی مشروط تھی حضور کے مطیع و امتی بننے پر تو سب سے پہلے حضور کا ذکر تشریف آوری کرنے والا اللہ ہے کہ فرمایا ثم جاء کم رسول پھر تمھارے پاس وہ رسول تشریف لائیں، اور ذکر پاک میں سب میں پہلی مجلس انبیاء ہے علیہم الصلاۃ والسلام، جس میں پڑھنے والا اللہ اور سننے والے انبیاء اللہ۔

انبیاء نے مجلس میلاد منعقد کی

غرض اسی طرح ہر زمانے میں حضور کا ذکر ولادت وتشریف آوری ہوتا رہا ہر قرن میں انبیاء و مرسلین آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لے کر ابراہیم و موسیٰ و داؤد و سلیمان و زکریا علیہم الصلاۃ والسلام تک نبی و رسول اپنے اپنے زمانے میں مجلس حضور ترتیب دیتے رہے یہاں تک کہ وہ سب میں پچھلا ذکر شریف سنانے والا کنواری ستھری پاک بتول کا بیٹا جسے اللہ نے بے باپ کے پیدا کیا نشانی سارے جہان کے لیے یعنی سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام تشریف لایا فرماتا ہوا۔

مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد.

میں بشارت دیتا ہوں اس رسول کی جو عنقریب میرے بعد تشریف لانے والے ہیں جن کا نام پاک احمد ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم، یہ ہے مجلس میلاد۔

عرش وفرش پر محفل میلاد

جب زمانہ ولادت شریف کا قریب آیا تمام ملک وملکوت میں محفل میلاد تھی عرش پر محفل میلاد، فرش پر محفل میلاد، ملائکہ میں مجلس میلاد ہورہی تھی، خوشیاں مناتے حاضر آئے ہیں سر جھکائے کھڑے ہیں جبریل و میکائیل حاضر ہیں علیہم الصلاۃ والسلام، اس دولہا کا انتظار ہورہا ہے جس کے صدقے میں یہ ساری برات بنائی گئی ہے۔ سبع سماوات میں عرش وفرش پر دھوم ہے ذرا انصاف کرو تھوڑی سی مجازی قدرت والا اپنی مراد کے حاصل ہونے پر جس کا مدت سے انتظار ہو اب وقت آیا ہے کیا کچھ خوشی کا سامان نہ کرے گا وہ عظیم مقتدر جو چھ ہزار برس پیشتر بلکہ لاکھوں برس سے ولادت محبوب کے پیش خیمے تیار فرمارہا ہے اب وقت آیا ہے کہ وہ مراد المرادین ظہور فرمانے والے ہیں یہ قادر علیٰ کل شئ کیا کچھ خوشی کے سامان مہیا نہ فرمائے گا۔ شیاطین کو اس وقت جلن ہوئی تھی اور اب بھی جو شیطان ہیں جلتے ہیں اور ہمیشہ جلتے رہیں گے غلام تو خوش ہورہے ہیں ان کے ہاتھ تو ایسا دامن آیا کہ یہ گررہے تھے اس نے بچالیا ایسا سنبھالنے والا ملا کہ اس کی نظیر نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ایک آدمی ایک کو بچا سکتا ہے، دو کو بچا سکتا ہے کوئی قوی ہوگا زیادہ سے زیادہ بیس کو بچالے گا یہاں کروڑوں اربوں پھسلنے والے اور بچانے والے وہی ایک۔

انا اخذ کم بحجز کم عن النار هلم الی .

میں تمھارا بند کمر پکڑے کھینچ رہا ہوں ارے میری طرف آؤ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہ فرمان صرف صحابہ سے خاص نہیں قسم اس کی جس نے انھیں رحمۃ للعالمین بنایا آج وہ ایک ایک مسلمانوں کا بند کمر پکڑے اپنی طرف کھینچ رہے ہیں کہ دوزخ سے بچائیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

الحمد للہ! کیا حامی پایا اربوں سے بھی اربوں زائد مراتب گرنے والوں کو ان کا ایک اشارہ کفایت کررہا ہے تو ایسے کے پیدا ہونے کا ابلیس اور اس کی ذریت کو جتنا غم ہو تھوڑا ہے پہاڑوں میں ابلیس اور تمام

مَرْدَہ سرکش قید کردیے گئے تھے اسی کے پیرو اب بھی غم کرتے ہیں خوشی کے نام سے مرتے ہیں۔

فرشتوں میں میلاد کی خوشی

ملائکہ سبع سماوات دھوم مچارہے تھے عرش عظیم ذوق وشوق میں ہلتا تھا ایک علم مشرق اور دوسرا مغرب اور تیسرا بام کعبہ پر نصب کیا گیا اور بتایا گیا کہ ان کا دارالسلطنت کعبہ ہے اوران کی سلطنت مشرق سے مغرب تک تمام جہان ان ہی کی سلطنت ان ہی کی قلمرو میں داخل ہے۔ اس مراد کے ظاہر ہونے کی گھڑی آپہنچی کہ اول روز سے اس کی محفل میلاد اس کے خیر مقدم کی مبارک باد ہورہی ہے۔ قادر علی کل شی نے اس کی خوشی میں کیسے کچھ انتظام فرمائے ہوں گے۔

جبریل امین ایک پیالہ شربت جنت کا سیدتنا آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے لے کر حاضر ہوئے اس کے نوش فرمانے سے وہ دہشت زائل ہوگئی جو ایک آواز سننے سے پیدا ہوئی تھی پھر ایک مرغ سپید کی شکل بن کر اپنا پر سیدتنا آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن مبارک سے مل کر عرض کرنے لگے۔

اظهر يا سيد المرسلين اظهر يا خاتم النبيين اظهر يا اكرم الاولين و الآخرين .

جلوہ فرمایئے اے تمام رسولوں کے سردار جلوہ فرمایئے اے تمام انبیاء کے خاتم جلوہ فرمایئے اے سب اگلوں پچھلوں سے زیادہ کریم، یا اور الفاظ ان کے ہم معنیٰ ومطلب یہ کہ دونوں جہان کے دولھا برات سج چکی اب جلوہ افروزی سرکار کا وقت ہے۔

فظهر رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كالبدر المنير .

پس حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جلوہ فرما ہوئے جیسے چودھویں رات کا چاند۔

(المیلاد النبویۃ فی الالفاظ الرضویہ)

اشعار

ولادت طیبہ سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے یہ حسین وجمیل اشعار نظم فرمائے ہیں :

بندھ گئی تیری ہوا ساوہ میں خاک اڑنے لگی
بڑھ چلی تیری ضیاء آتش پہ پانی پھر گیا
تیری آمد تھی کہ بیت اللہ مجرے کو جھکا
تیری ہیبت تھی کہ ہر بت تھرتھرا کر گر گیا

●

شرم سے جھکتی ہے محراب کہ ساجد ہیں حضور
سجدہ کرواتی ہے کعبہ سے جبیں سائی دوست

●

دوشنبہ مصطفیٰ کا جمعۂ آدم سے بہتر ہے
سکھانا کیا لحاظ حیثیت خوئے تأمل کو

●

قرنوں بدلی رسولوں کی ہوتی رہی
چاند بدلی کا نکلا ہمارا نبی ﷺ

●

کیا خبر کتنے تارے کھلے چھپ گئے
پر نہ ڈوبے نہ ڈوبا ہمارا نبی ﷺ

سب چمک والے اجلوں میں چمکا کیے
اندھے شیشوں میں چمکا ہمارا نبی ﷺ

حشر تک ڈالیں گے ہم پیدائش مولیٰ کی دھوم
مثل فارس نجد کے قلعے گراتے جائیں گے

خاک ہوجائیں عدو جل کر مگر ہم تو رضاؔ
دم میں جب تک دم ہے ذکر ان کا سناتے جائیں گے

مثل فارس زلزلے ہوں نجد میں
ذکر آیات ولادت کیجیے

کیجیے چرچا انھیں کا صبح و شام
جان کافر پر قیامت کیجیے

دلم قربانت اے دود چراغ محفل مولد
زتاب جعد مشکینت چہ خوں افتاد در دلہا

غریق بحر عشق احمدیم از فرحت مولد
کجا دانند حال ما سبکساران ساحلہا

صبح طیبہ میں ہوئی بٹتا ہے باڑا نور کا
صدقہ لینے نور کا آیا ہے تارا نور کا

باغ طیبہ میں سہانا پھول پھولا نور کا
مست بو ہیں بلبلیں پڑھتی ہیں کلمہ نور کا

بارہویں کے چاند کا مجرا ہے سجدہ نور کا
بارہ برجوں سے جھکا ایک اک ستارہ نور کا

وقت پیدائش نہ بھولے
کیف ینسیٰ کیوں قضا ہو

جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند
اس دل افروز ساعت پہ لاکھوں سلام

پہلے سجدہ پہ روز ازل سے درود
یادگاری امت پہ لاکھوں سلام

زرع شاداب و ہر ضرع پر شیر سے
برکات رضاعت پہ لاکھوں سلام

بھائیوں کے لیے ترک پستاں کریں
دودھ پیتوں کی نصفت پہ لاکھوں سلام

مہد والا کی قسمت پہ صدہا درود
برج ماہ رسالت پہ لاکھوں سلام

اٹھتے بوٹوں کی نشو و نما پر درود
کھلتے غنچوں کی نکہت پہ لاکھوں سلام

فضل پیدائشی پر ہمیشہ درود
کھیلنے سے کراہت پہ لاکھوں سلام

اعتلائے جبلت پہ عالی درود
اعتدال طویت پہ لاکھوں سلام

بے بناوٹ ادا پر ہزاروں درود
بے تکلف ملاحت پہ لاکھوں سلام

بھینی بھینی مہک پر مہکتے درود
پیاری پیاری نفاست پہ لاکھوں سلام

میٹھی میٹھی عبارت پہ شیریں درود
سادی سادی طبیعت پہ لاکھوں سلام

●

جب کہ پیدا شہ انس و جاں ہوگیا
دور کعبہ سے لوث بتاں ہوگیا

●

دل مکان شہ عرشیاں ہوگیا
لا مکاں لا مکاں لا مکاں ہوگیا

●

ہر ستارہ شب مولد مصطفیٰ
شمعداں شمعداں شمعداں ہوگیا

●

جتنے اللہ نے بھیجے ہیں نبی دنیا میں
تیری آمد کی خبر سب ہیں سنانے والے

(حدائق بخشش)

شقِ صدر مبارک

شمع دل مشکوٰۃ تن سینہ زجاجہ نور کا
تیری صورت کے لیے آیا ہے سورہ نور کا

الم نشرح لك صدرك ووضعنا عنك وزرك الذي انقض ظهرك

کیا ہم نے تمھارا سینہ کشادہ نہ کیا اور تم پر سے تمھارا وہ بوجھ اتار لیا جس نے تمھاری پیٹھ توڑ دی تھی۔

(الانشراح)

شقِ صدر مبارک

ایک دن آپ چراگاہ میں تھے کہ ایک دم حضرت حلیمہ کے ایک فرزند ضمرہ دوڑتے اور ہانپتے کانپتے ہوئے اپنے گھر پر آئے اور اپنی ماں حضرت بی بی حلیمہ سے کہا کہ اماں جان بڑا غضب ہوگیا، محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو تین آدمیوں نے جو بہت ہی سفید لباس پہنے ہوئے تھے چت لٹا کر ان کا شکم پھاڑ ڈالا ہے اور میں اسی حال میں ان کو چھوڑ کر بھاگا ہوا آیا ہوں۔ یہ سن کر حضرت حلیمہ اور ان کے شوہر دونوں بدحواس ہو کر گھبرائے ہوئے دوڑ کر جنگل میں پہنچے تو دیکھا کہ آپ بیٹھے ہوئے ہیں مگر خوف و ہراس سے چہرہ زرد اور اداس ہے۔ حضرت حلیمہ نے انتہائی مشفقانہ لہجے میں پیار سے چمکار کر پوچھا کہ بیٹا کیا بات ہے؟ آپ نے فرمایا کہ تین شخص جن کے کپڑے بہت ہی سفید اور صاف ستھرے تھے میرے پاس آئے اور مجھ کو چت لٹا کر میرا شکم چاک کر کے اس میں سے کوئی چیز نکال کر باہر پھینک دی اور پھر کوئی چیز میرے شکم میں ڈال کر شگاف کو سی دیا لیکن مجھے ذرہ برابر بھی کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔

یہ واقعہ سن کر حضرت حلیمہ اور ان کے شوہر دونوں بے حد گھبرائے اور شوہر نے کہا کہ حلیمہ! مجھے ڈر ہے کہ ان کے اوپر شاید کچھ آسیب کا اثر ہے۔ لہٰذا بہت جلد تم ان کو ان کے گھر والوں کے پاس چھوڑ آؤ۔ اس کے بعد حضرت حلیمہ آپ کو لے کر مکہ مکرمہ آئیں کیوں کہ انھیں اس واقعہ سے یہ خوف پیدا ہوگیا تھا کہ شاید اب ہم کما حقہٗ ان کی حفاظت نہ کر سکیں گے۔ حضرت حلیمہ نے جب مکہ معظمہ پہنچ کر آپ کی والدہ ماجدہ کے سپرد کیا تو انھوں نے دریافت فرمایا کہ حلیمہ! تم بڑی خواہش اور چاہ کے ساتھ میرے بچے کو اپنے گھر لے گئی تھیں پھر اس قدر جلد واپس آنے کی وجہ کیا ہے؟ جب حضرت حلیمہ نے شکم چاک کرنے کا واقعہ بیان کیا اور آسیب کا شبہ ظاہر کیا تو حضرت بی بی آمنہ نے فرمایا کہ ہرگز نہیں خدا کی قسم میرے نورِ نظر پر ہرگز ہرگز کبھی بھی کسی جن یا شیطان کا عمل دخل نہیں ہوسکتا میرے بیٹے کی بڑی شان ہے۔ پھر ایامِ حمل اور وقتِ ولادت کے

حیرت انگیز واقعات سنا کر حضرت حلیمہ کو مطمئن کر دیا اور حضرت حلیمہ آپ کو آپ کی والدہ ماجدہ کے سپرد کر کے اپنے گاؤں میں واپس چلی آئیں اور آپ اپنی والدہ ماجدہ کی آغوش تربیت میں پرورش پانے لگے۔

شق صدر کتنی بار ہوا؟

حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے سورۂ الم نشرح کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ چار مرتبہ آپ کا مقدس سینہ چاک کیا گیا اور اس میں نور و حکمت کا خزینہ بھرا گیا۔

پہلی مرتبہ: جب آپ حضرت حلیمہ کے گھر تھے جس کا ذکر ہو چکا، اس کی حکمت یہ تھی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان وسوسوں اور خیالات سے محفوظ رہیں جن میں بچے مبتلا ہو کر کھیل کود اور شرارتوں کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔

دوسری بار: دس برس کی عمر میں ہوا تاکہ جوانی کی پر آشوب شہوتوں کے خطرات سے آپ بے خوف ہو جائیں۔

تیسری بار: غار حرا میں شق صدر ہوا اور آپ کے قلب میں نور سکینہ بھر دیا گیا تاکہ آپ وحی الٰہی کے عظیم اور گراں بار بوجھ کو برداشت کر سکیں۔

چوتھی مرتبہ: شب معراج میں آپ کا مبارک سینہ چاک کر کے نور و حکمت کے خزانوں سے معمور کیا گیا تاکہ آپ کے قلب مبارک میں اتنی وسعت اور صلاحیت پیدا ہو جائے کہ آپ دیدار الٰہی کی تجلیوں اور کلام ربانی کی ہیبتوں اور عظمتوں کے متحمل ہو سکیں۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ، جلد دوم وسیرت مصطفیٰ)

انشراح صدر

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے شق صدر سے متعلق یہ روایت پیش فرمائی ہے۔

ابونعیم دلائل میں اور دارمی و ابن عساکر عبد الرحمٰن بن غنم اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

فرشتہ سونے کا طشت لے کر آیا اور میرا شکم مبارک چیر کر دل مقدس نکالا اور اسے دھو کر کچھ اس پر چھڑک دیا پھر کہا۔

انت محمد رسول الله المقفی الحاشر.

حضور محمد رسول اللہ ہیں سب انبیاء کے بعد تشریف لانے والے تمام عالم کو حشر دینے والے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ایک حدیث متصل میں یوں ہے۔ جبریل نے اتر کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شکم چاک کیا پھر کہا۔

قلب وکیع فیہ اذنان سمیعتان و عینان بصیرتان محمد رسول الله المقفی الحاشر .

مضبوط و محکم دل ہے اس میں دو کان ہیں شنوا اور دو آنکھیں ہیں بینا محمد اللہ کے رسول ہیں انبیاء کے خاتم اور خلائق کو حشر دینے والے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

الله

اہل فترت اور مؤحدین

یا اہل الکتاب قد جاءکم رسولنا یبین لکم علی فترۃ من الرسل

اے کتاب والو! بے شک تمہارے پاس ہمارے یہ رسول تشریف لائے، پھر تم پر ہمارے احکام ظاہر فرماتے ہیں، بعد اس کے کہ رسولوں کا آنا مدتوں بند رہا تھا۔ (سورۃ المائدہ، ۱۹/ کنز الایمان)

اہل فترت اور موحدین

جزیرۂ عرب کے تمام باشندے اپنے آپ کو حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی طرف منسوب کرتے اور اس نسب پر فخر کرتے تھے حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے بعد تین ہزار سال تک جزیرۂ عرب میں کوئی نبی مبعوث نہ ہوا اسے زمانہ فترت کہتے ہیں جب کہ وحی کا سلسلہ منقطع رہا۔

اہل عرب کی عبادات

اس زمانہ میں بھی دین حنیف کی بہت سی عبادات ان میں باقی رہیں لیکن انھوں نے ان عبادات کو ایسا رنگ دے دیا تھا اور ان کے لیے ایسی شرائط اور قیود مقرر کر دی تھیں جن کے باعث ان عبادات کی روح فنا ہو گئی تھی دین ابراہیمی کے مطابق وہ اپنے مردوں کو غسل دیتے تھے، کفن پہناتے تھے، ان کی نماز جنازہ پڑھتے تھے اور سنت ابراہیمی کے مطابق ان کو قبروں میں دفن کرتے۔ لیکن ان کی نماز جنازہ میں نہ اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا تھی اور نہ ہی اس میت کے لیے اللہ تعالیٰ کی جناب میں مغفرت کی دعائیں مانگی جاتی تھیں۔ بلکہ میت کو غسل دینے اور کفن پہنانے کے بعد جب دفن کرنے کے لیے لے جاتے تو اس میت کا کوئی قریبی رشتہ دار آگے کھڑا ہو جاتا اور اس میت کے محاسن اور کمالات بیان کرتا اور اس کی تعریف میں زمین وآسمان کے قلابے ملایا کرتا۔ ان کے اس طرز عمل نے نماز جنازہ کی روح کو ختم کر دیا اور جس مقصد کے لیے یہ نماز ادا کی جاتی وہ مقصد ان کی خودستائی کے شوق کی نذر ہو گیا۔

اس طرح وہ حج اور عمرہ بھی ادا کیا کرتے اور تلبیہ بھی کہا کرتے لیکن بعض قبائل نے اس تلبیہ میں ایسے الفاظ اپنی طرف سے بڑھا دیے جس سے عقیدہ توحید مسخ ہو کر رہ گیا اور شرک کی عفونت سے دماغ پھٹنے لگے وہ کہتے۔

لبیک اللھم لبیک لا شریک لک الا شریک ھو لک تملکه و ما ملک .

حاضر ہیں ہم اے اللہ! حاضر ہیں ہم، تیرا کوئی شریک نہیں، بجز اس شریک کے جس کا تو مالک ہے اور اس کی ہر چیز تیری ملکیت میں ہے۔

فریضہ حج ادا کرنے کے لیے بھی انھوں نے نئی نئی شرطیں عائد کر رکھی تھیں اور ان میں سے بیشتر کا مقصد یہ تھا کہ عرب کے تمام قبائل پر اپنی برتری اور تفوق قائم کر سکیں۔ حج کے دوران وہ ان تمام مواقف پر کھڑے ہوتے جہاں کھڑے ہونے اور حاضر ہونے کا حکم دیا گیا ہے۔ وہ قربانی کے جانور بھی ساتھ لے آتے، وہ رمی جمار بھی کرتے، اہل جاہلیت جب دور دراز علاقوں سے حج کی نیت سے روانہ ہوتے تو اپنے قربانی کے جانوروں کے گلوں میں بالوں سے بنا ہوا قلادہ ڈال دیتے۔ اس قلادہ کے باعث کوئی راہزن، کوئی ڈاکو نہ تو ان پر حملہ کرتا اور نہ ہی ان کا مال و متاع اڑا کر لے جاتا۔ مسافر حرم کے لیے انھوں نے ہر طرح کی امان دے رکھی تھی، حرمت والے چار مہینوں میں وہ ملکی سطح پر جنگ و جدال، لوٹ مار چوری اور ڈاکہ ان تمام حرکتوں سے کلیۃً اجتناب کرتے ملک میں ہر طرح کا امن و امان قائم ہو جاتا۔ ان مہینوں میں تجارتی کارواں بڑی آزادی اور اطمینان سے ایک علاقہ سے دوسرے علاقہ میں تجارتی مال لے کر جاتے۔ کاروبار کرتے، نفع حاصل کرتے، اور ان سے کوئی تعرض نہ کرتا۔ حج کے جملہ ارکان کو پابندی کے ساتھ ادا کرتے با ایں ہمہ ان میں جہالت کی وجہ سے چند خرافات بھی رواج پا چکی تھیں۔

اہل مکہ اپنے آپ کو دوسرے عرب قبائل سے اعلیٰ اور افضل سمجھتے تھے وہ کہتے ہم حضرت ابراہیم کی اولاد ہیں حرم شریف کے باشندے ہیں، بیت اللہ شریف کے متولی ہیں، مکہ کے رہنے والے ہیں جو حقوق اور امتیازات ہمیں حاصل ہیں وہ اور کسی عرب کو حاصل نہیں۔ ہم صرف ان چیزوں کی تعظیم بجالائیں گے جو حرم کے اندر ہیں جو مشاعر اور مواقف حرم سے باہر ہیں، دوسرے اہل عرب کے لیے تو لازم ہے کہ وہاں حاضری دیں اور ان کی تعظیم بجالائیں لیکن ہمیں یہ زیب نہیں دیتا کہ اہل حرم ہوتے ہوئے ہم حرم سے باہر کی

چیزوں کی تعظیم وتکریم کریں ورنہ ہمارے اور دوسرے قبائل کے درمیان وجہ امتیاز کیا باقی رہے گی۔اس لیے اہل مکہ نے عرفہ کے میدان میں قیام ترک کر دیا تھا اور افاضہ کا طواف بھی انھوں نے چھوڑ دیا تھا۔اس سلسلہ میں انھوں نے اپنے لیے ایک خاص اصطلاح وضع کر لی تھی وہ اپنے آپ کو کہتے نحن الحمس۔الحمس کا معنی اہل حرم ہے یعنی حرم کے اندر رہنے والے۔ان کے بعد عرب کے وہ لوگ جو حرم میں پیدا ہوئے تھے ان کو بھی حرم میں ولادت کی وجہ سے یہ حقوق حاصل ہو گئے تھے۔

اسی طرح انھوں اپنے اوپر یہ پابندی بھی عائد کر لی تھی کہ ہم اہل حرم ہیں ہمارے لیے یہ جائز نہیں کہ حالت احرام میں پنیر کھائیں یا گھی استعمال کریں یا اون کے بنے ہوئے خیموں میں داخل ہوں یا کسی سائے میں بیٹھیں۔حالت احرام میں صرف وہ ان خیموں میں بسر اوقات کرتے اور سائے کے نیچے بیٹھتے جو خیمے چمڑے کے بنے ہوئے ہوتے۔پھر انھوں نے یہ پابندی لگا دی کہ اہل حل (حدود حرم سے باہر رہنے والے لوگ) جب وہ حج یا عمرہ ادا کرنے کے لیے مکہ میں آئیں تو ان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ کھانا کھائیں جو اپنے ساتھ لے آئے ہیں۔اس طرح ان کے لیے یہ چیز بھی ناجائز قرار دی گئی کہ وہ ان کپڑوں میں کعبہ شریف کا پہلا طواف کریں جو وہ اپنے گھر سے پہن کر آئے ہیں انھیں چاہیئے کہ کعبہ کا طواف کرتے وقت اہل حرم سے کپڑے مستعار لے کر پہنیں اور اگر ان کے ہاں کپڑے دستیاب نہ ہوں تو وہ برہنہ ہو کر کعبہ کا طواف کریں۔اگر کوئی مرد یا عورت انھیں کپڑوں میں طواف کرے جو وہ گھر سے پہن کر آیا تھا تو طواف سے فارغ ہونے کے بعد اس پر لازم ہے کہ وہ ان کپڑوں کو اتار کر پھینک دے نہ خود ان کو پہنے اور نہ کوئی اور انھیں استعمال کرے۔اہل مکہ نے اہل عرب کو ان احکام کی پابندی کا حکم دیا اور انھوں نے بلا چون و چرا ان احکام کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا۔

وہ لوگ عرفات میں قیام کرتے وہاں سے طواف افاضہ کرنے کے لیے مکہ آتے،خانہ کعبہ شریف کا طواف برہنہ ہو کر کرتے عورتیں بھی تمام کپڑے اتار دیتیں،ایک چھوٹی سی کھلی قمیص ان کے بدن پر ہوتی۔

اس طرح کی قیود و شرائط سے انھوں نے حج و عمرہ جیسی عبادت کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دیا تھا بجائے اس کے کہ ان ارکان کی ادائیگی سے ان میں تقوی اور پارسائی کا شعور پیدا ہوتا الٹا برہنگی اور عریانی کو پذیرائی نصیب ہونے لگی۔

جب اللہ تعالیٰ کے مقدس گھر کے اردگرد طواف کرتے ہوئے مرد و زن نے بے حیائی کا ایسا شرمناک مظاہرہ کرنا اپنے اوپر ضروری قرار دے دیا تو پھر اور کون سا مقام ہے جہاں ان سے عفت قلب و نگاہ کی توقع کی جا سکتی ہے۔

بعض اہل حق

عہد جاہلیت میں اہل عرب نے جس قسم کے عقائد باطلہ کو اپنا رکھا تھا اس کا سرسری جائزہ آپ کے سامنے پیش کیا گیا لیکن اس دور میں جب کہ ہر طرف کفر و شرک اور فسق و فجور کی کالی رات چھائی ہوئی تھی بعض ایسے نفوس قدسیہ بھی تھے جو اگرچہ تعداد میں بہت کم تھے لیکن اللہ تعالیٰ کی توحید پر ان کا یقین محکم اور اس کی صفات کمال پر ان کا ایمان پختہ تھا۔ معبودان باطل سے وہ قطعاً بیزار تھے۔ شب دیجور میں آسمان پر جس طرح ستارے چمک رہے ہوتے ہیں اسی طرح ان بھیانک اندھیروں میں ان کا وجود منبع انوار تھا ان میں چند برگزیدہ ہستیوں کے عقائد اور اطوار کے بارے میں مختصراً تحریر کیا جاتا ہے۔

قس بن ساعدہ الایادی

ان کا شمار ان لوگوں میں ہوتا ہے جنھوں نے طویل عمر پائی۔ ابو حاتم السجستانی نے اپنی تصنیف کتاب المعمرین میں لکھا ہے کہ ان کی عمر ۳۸۰ سال تھی انھوں نے ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا زمانہ پایا، حضور کے ارشادات سنے، عہد جاہلیت میں یہ پہلے شخص تھے جو قیامت پر ایمان لے آئے۔

امام ذہبی و علامہ ابن حجر اور دیگر علماء نے ان کو صحابہ میں شمار کیا ہے لیکن ابن سکن نے صراحت

سے لکھا ہے کہ قس نے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی بعثت سے پہلے وفات پائی۔

ابن سید الناس نے اپنی تصنیف ''السیرۃ'' میں ایک واقعہ لکھا ہے جو انھوں نے اپنی سند سے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا ہے کہ انھوں نے کہا:

جارود بن عبداللہ جو اپنی قوم کے سردار تھے، رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوئے اور عرض کی اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے میں نے تورات میں حضور کی صفت پڑھی ہے حضرت مسیح علیہ الصلاۃ والسلام نے آپ کی آمد کی بشارت دی۔

فانا اشهد ان لا اله الا الله و انک محمد رسول الله .

پس میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں ہے سوائے اللہ تعالیٰ کے اور آپ محمد رسول اللہ ہیں۔

چنانچہ جارود بھی ایمان لایا اور اس کی قوم بھی مشرف باسلام ہوئی۔ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس سے انتہائی مسرت ہوئی۔ حضور نے پوچھا اے جارود! وفد عبدالقیس میں کوئی ایسا آدمی بھی ہے جو ہمیں قس کا تعارف کرائے اور اس کے حالات سے آگاہ کرے۔ جارود نے کہا یا رسول اللہ! ہم سب اس کو جانتے ہیں اور میں تو وہ شخص ہوں جو اس کے پیچھے پیچھے چلا کرتا تھا۔ وہ عرب کے ایک شریف قبیلہ کا ایک شریف فرد تھا اس کی فصاحت مسلمہ تھی۔ اس کی عمر سات سو سال تھی۔ اور اس نے حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام کے حواریوں میں سے سمعان کی صحبت کا شرف حاصل کیا۔ وہ پہلا شخص ہے جس نے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی، میں گویا اسے اپنی آنکھوں سے دیکھ رہا ہوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہہ رہا ہے۔

ليبلغن الكتاب اجله و ليوفين كل عامل عمله .

یقیناً کتاب اپنی مقررہ مدت کو پہنچے گی اور ہر عمل کرنے والے کو اس کے عمل کی پوری جزا دی جائے گی۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جارود! اب تم صبر کرو میں اس کو فراموش نہیں کر سکتا میں نے اس کو سوق عکاظ میں خاکستری رنگ کے اونٹ پر بیٹھے دیکھا وہ گفتگو کر رہا تھا جو شاید مجھے پوری طرح محفوظ نہیں، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اس سوق عکاظ میں موجود تھا اور جو خطبہ اس روز اس نے دیا وہ مجھے پوری طرح یاد ہے آپ نے وہ خطبہ بارگاہ رسالت میں عرض کیا۔ جس میں عقیدۂ توحید اور روز قیامت کے بارے میں قس نے اپنے خیالات کا اظہار کیا تھا۔

زید بن عمرو بن نفیل

اس خوش نصیب گروہ میں سے جنھوں نے گمراہی کی اندھیری رات میں بھی حق کا دامن مضبوطی سے پکڑے رکھا زید بن عمرو بن نفیل ہیں۔ یہ اپنے اہل وطن کے مشرکانہ عقائد سے بچپن ہی سے متنفر تھے یہ نہ ان کی پوجا کرتے تھے اور نہ ان کے لیے جانوروں کی قربانیاں دیتے۔

علامہ الفاکہی نے اپنی سند سے عامر بن ربیعہ سے روایت کیا، عامر کہتے ہیں میری ملاقات زید بن عمرو سے ہوئی جب وہ مکہ سے نکل کر حرا کی طرف جا رہے تھے انھوں نے مجھے کہا اے عامر! میں نے اپنی قوم کے باطل عقیدہ کو ترک کر دیا اور ملت ابراہیمی کا اتباع اختیار کر لیا ہے میں اس خدا کی عبادت کرتا ہوں جس کی حضرت اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام اس کعبہ کی طرف منہ کر کے عبادت کیا کرتے تھے۔ میں ایک نبی کا انتظار کر رہا ہوں جو حضرت اسماعیل کی پھر حضرت عبدالمطلب کی پشت سے ہوگا لیکن میرا خیال ہے کہ اس نبی کا زمانہ نہ پاسکوں گا۔ سنو! میں اس نبی پر ایمان لے آیا ہوں، اس کی تصدیق کرتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کا سچا نبی ہے۔

واقدی کی روایت میں یہ بھی مذکور ہے کہ انھوں نے عامر کو کہا کہ اگر تیری عمر دراز ہو اور تو اس نبی کا زمانہ پائے تو اس کی بارگاہ اقدس میں میرا اسلام عرض کرنا، عامر کہتے ہیں جب میں مشرف بہ اسلام ہوا تو میں

نے اس کا اسلام بارگاہ رسالت میں عرض کیا حضور نے ان کے سلام کا جواب دیا اور اس پر رحمت بھیجی۔
فرمایا: میں اس کو جنت میں دیکھ رہا ہوں اس حال میں کہ وہ اپنی چادر کا پلو گھسیٹتے چلے جا رہے ہیں۔

زید نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف تو حاصل کیا' لیکن حضور کے مبعوث ہونے سے پہلے انتقال کر گئے۔ انہوں نے ایک بار حضور کی خدمت میں عرض کی کہ میں نے نصرانیت اور یہودیت کو سونگھا ہے لیکن میں نے ان میں وہ چیز نہیں پائی جس کی مجھے طلب تھی۔ میں نے بات ایک راہب کو بتائی تو اس نے مجھے کہا: تم شاید ملت ابراہیمی کی متلاشی ہو جو آج تمہیں کہیں نہیں ملے گی تم اپنے شہر کو واپس چلے جاؤ۔ وہاں اللہ تعالیٰ تیری قوم میں سے ایک نبی مبعوث فرمائے گا جو ملت ابراہیمی کی دعوت لے کر آئے گا اور وہ اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق سے اس کی جناب میں زیادہ معزز ہوگا۔

اسعد ابوکرب الحمیری

ابن قتیبہ لکھتے ہیں کہ اسعد' حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لایا' حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعثت سے سات سو سال قبل اس نے یہ شعر کہے۔

شهدت على احمد انه
رسول من الله باری النسيم

میں گواہی دیتا ہوں اس بات پر کہ حضرت احمدؐ اللہ کے رسول ہیں وہ اللہ جو روحوں کو پیدا کرنے والا ہے۔

ولو مد عمری الی عصره
لكنت وزيرا له وابن عم

اگر میری عمر ان کے زمانہ تک رہی تو میں ان کا وزیر بنوں گا اور ان کے چچا کے بیٹے کی طرح

معاون ہوؤں گا۔

سیف بن ذی یزن

حبشیوں نے یمن پر قبضہ جمالیا تھا اہل یمن پر ظلم وستم کی انتہا کردی تھی سیف بن ذی یزن نے کسریٰ سے امداد طلب کر کے یمن پر چڑھائی کی۔ حبشیوں کو شکست دی اور اپنے اہل وطن کو ان کی غلامی کی ذلت اور اذیت رسانی سے نجات دلائی۔

یہ واقعہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے بعد یوں رونما ہوا۔ جزیرۂ عرب کے گوشہ گوشہ سے وفود سیف بن ذی یزن کو مبارک باد دینے کے لیے آئے، شعراء نے اس کی مدح میں قصیدے لکھے جس میں اس کے احسان کا ذکر کیا گیا کہ اسؒ نے اہل یمن کو حبشیوں کی ذلت آمیز غلامی سے نجات دلائی اور اس پر اس کی خدمت میں خراج تشکر پیش کیا گیا ان وفود میں ایک وفد مکہ کے قریش کا بھی تھا اس وفد میں حضرت عبدالمطلب بن ہاشم، امیہ بن شمس، عبداللہ بن جدعان اور اسد بن خویلد جیسے رؤسا تھے۔ جب عبدالمطلب اس کے دربار میں پیش ہوئے تو آپ نے گفتگو کرنے کی اجازت طلب کی سیف نے کہا اگر تمھیں دربار شاہی میں لب کشائی اور آداب کا علم ہے تو ہم تمھیں گفتگو کی اجازت دیتے ہیں۔ حضرت عبدالمطلب نے اس فصاحت و بلاغت سے اپنا مدعا پیش کیا کہ بادشاہ سراپا حیرت بن کر رہ گیا اور انھیں کہا کہ آپ اپنا تعارف کروایئے، آپ نے بتایا میں ہاشم کا بیٹا عبدالمطلب ہوں اس نے آپ کو اپنے قریب کیا اور ان کی دلجوئی میں کوئی کسر اٹھانہ رکھی اور اپنے دربار کے ملازمین کو حکم دیا کہ انھیں شاہی مہمان خانہ میں ٹھہرایا جائے ایک ماہ تک وہ وہاں ٹھہرے رہے اور شاہی ضیافتوں سے لطف اندوز ہوتے رہے اس اثناء میں نہ بادشاہ کو فرصت ملی کہ دوبارہ ان سے ملاقات کرے اور نہ انھیں جرأت ہوئی کہ اس سے مکہ جانے کے لیے رخصت طلب کرتے۔ ایک ماہ بعد بادشاہ نے حضرت عبدالمطلب کو اپنی خلوت میں بلایا اور کہا اے

عبدالمطلب ! میں ایک راز سے تمھیں آگاہ کرنا چاہتا ہوں کیوں کہ میں تمھیں اس کا اہل سمجھتا ہوں تمھیں اس راز کو افشانہیں کرنا ہوگا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنے فیصلہ کو خود ظاہر فرمادے میں نے اپنی کتاب میں پڑھا ہے جو ہمارے پاس ایک سرمکتوم (رازنہاں) ہے ہم اپنے علاوہ کسی کو اس کے مطالعہ کی اجازت نہیں دیتے حضرت عبدالمطلب نے کہا:

اے بادشاہ خدا تمھیں سلامت رکھے مجھے بتایئے کہ وہ راز کیا ہے؟ اس نے کہا:

اذا ولد بتهامة غلام بين كتفيه شامة كانت له الامامة و لكم به الزعامة الى يوم القيمة .

کہ جب تہامہ میں ایک ایسا بچہ پیدا ہو جس کے کندھوں کے درمیان نشان ہو وہی امام ہوگا اور اس کے صدقہ میں قیامت تک تمھیں سرداری نصیب ہوگی۔

عبدالمطلب نے کہا کہ اگر شاہی جلال اور اس کا ادب مانع نہ ہوتا تو میں اس بشارت کی تفصیل کے بارے میں التماس کرتا تا کہ میری مسرتوں میں مزید اضافہ ہوتا۔ سیف نے کہا یہ اس کا وقت ہے ابھی پیدا ہوگا ممکن ہے پیدا ہو بھی چکا ہو اس کا نام احمد ہے ان کے والد اور والدہ فوت ہو جائیں گے۔ ان کے دادا اور چچا ان کی کفالت کریں گے اس کی وجہ سے بتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا جائے گا، آتش کدے بجھا دیے جائیں گے، خداوند رحمٰن کی عبادت کی جائے گی اور شیطان کو دھتکار دیا جائے گا ہم اس کے مددگار ہوں گے اس کے دوستوں کی فتح کا ہم باعث بنیں گے اس کے دشمنوں کو ذلیل و رسوا کریں گے۔ حضرت عبدالمطلب نے مزید وضاحت چاہی تو ابن ذی یزن نے صاف کہہ دیا کہ اے عبدالمطلب ! تم ان کے دادا ہو۔ یہ سنتے ہی عبدالمطلب سجدہ میں گر گئے بادشاہ نے انھیں کہا سر اٹھایئے اور مجھے بتایئے کہ جو علامات میں نے آپ کو بتائی ہیں کیا ان میں سے آپ نے کچھ مشاہدہ کیا ہے؟ آپ نے حضور والا کی ولادت، حضور کا نام مبارک،

والدین کے وفات پانے اور کندھوں کے درمیان اس نشانے کے پائے جانے کے بارے میں بتایا۔ ابن ذی یزن نے انہیں ہدایت کی کہ اس امر سے کسی کو آگاہ نہ کریں۔ مبادا حسد کے جذبات آپ کے دوسرے ساتھیوں کے سینے میں بھڑک اُٹھیں۔ نیز یہودیوں سے حضور کو محفوظ رکھنے کی خصوصی تاکید کی اور بتایا کہ یہود، حضور کے بدترین دشمن ہوں گے۔

اس کے بعد قریش کے قافلہ کے تمام ارکان کو شرف بازیابی بخشا اور ان کو انعامات سے مالا مال کر دیا حضرت عبدالمطلب کو دوسروں سے دس گنا زیادہ عطیات سے نوازا۔

ورقہ بن القرشی

ورقہ بن نوفل بن اسد بن عبد العزی بن قصی کا سلسلہ نسب قصی میں حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سلسلہ میں نسب کے ساتھ مل جاتا ہے۔ اُم المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ورقہ کے چچا خویلد بن اسد کی صاحبزادی تھیں۔

ابوالحسن البقاعی نے آپ کے بارے میں ایک مستقل کتاب لکھی ہے جس میں آپ کا صحابی ہونا ثابت کیا ہے۔ ورقہ بن نوفل ان سعادت مند افراد سے تھے جو زمانہ جاہلیت میں بھی اللہ تعالیٰ کی وحدانت پر ایمان رکھتے تھے قریش اور دیگر بت پرست عرب قبائل سے ان کا کوئی واسطہ نہ تھا۔ آپ نے اپنی عقل سلیم سے ہی یہ نتیجہ اخذ کیا تھا کہ عرب کے بت پرست دین ابراہیمی بے ٹھیک گئے ہیں وہ ہمیشہ اس تلاش میں رہتے کہ انہیں وہ طریقہ معلوم ہو جائے۔ جس طرح حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ تعالیٰ کی عبادت کیا کرتے تھے تا کہ وہ زیادہ سے زیادہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کر سکیں اس مقصد کیلئے انہوں نے کئی ملکوں کا سفر بھی اختیار کیا۔ متعدد اہل علم کی خدمت میں حاضر ہوئے جو ان آسمانی صحیفوں کے امین تھے جو اللہ تعالیٰ نے مختلف زمانوں میں مختلف انبیاء پر نازل کئے تھے اس تلاش و جستجو کے باعث وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ

آخری دین، دین نصرانیت ہے انہوں نے عیسائیوں کے ان عقائد کا اتباع نہیں کیا جن میں انہوں نے اپنے نبی کی واضح تعلیمات سے انحراف کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عبدیت پر ان کا پختہ عقیدہ تھا اسی اثناء میں وہ اس نبی کے بارے میں بھی تجسس کرتے رہے جس کی آمد کی بشارت حضرت موسیٰ اور دیگر انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نے دی تھی۔ جب آپ کی چچا زاد بہن حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں بتایا تو آپ کو یقین ہو گیا کہ آپ کی ذات ہی وہ نبی ہے جن کا انہیں شدت سے انتظار تھا حضرت ورقہ کی خوشی کی حد نہ رہی کہ ان کی زندگی ہی میں وہ نبی مکرم تشریف لائے انہوں نے برملا اعلان کر دیا۔

وشهد انه اتاه الناموس الاكبر والذى كان ياتى الانبياء قبله عليهم الصلوٰة والسلام وشهد اله الذى انزل عليه كلام الله وشهد انه نبى هذه الامة وتمنىٰ ان يعيش الى ان يجاهد معه ۔

انہوں نے گواہی دی کہ ان یک پاس عظیم فرشتہ آیا ہے جو ان سے پہلے انبیاء کے پاس وحی لے کر آیا کرتا تھا اور گواہی دی کہ آپ پر اللہ تعالیٰ کا کلام نازل کیا گیا ہے اور گواہی دی کہ آپ اس اُمت کے نبی ہیں اور اس تمنا کا اظہار کیا کہ کاش وہ اس وقت تک زندہ رہیں کہ ان کی معیت میں جہاد میں شرکت کر سکیں۔

حضرت امام بخاری نے اپنی صحیح میں حضرت ورقہ کا قول ان الفاظ میں نقل کیا ہے۔

وقال له ورقة هذا الناموس الذى نزل الله على موسى ياليتنى فيها جذع ليتنى اكون حيا اذيخرجك قومك وقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم او مخرجى هم قال نعم لم يات رجل قط بمثل ما جئت به الاعودى وان يدركنى يومك الصرك نصرا موزر اثم لم ينشب ورقه توفى دفتر الوحى ۔

جب ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ، حضور کو لے کر حضرت ورقہ کے پاس گئیں تو انھوں نے کہا یہ وہ فرشتہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر نازل کیا تھا اے کاش! میں اس وقت نوجوان ہوتا، اے کاش! میں اس وقت زندہ ہوتا جب آپ کی قوم آپ کو یہاں سے جلاوطن کرے گی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پوچھا کیا وہ مجھے یہاں سے نکال دیں گے؟ ورقہ نے کہا ہاں کوئی آدمی بھی آج تک وہ امانت لے کر نہیں آیا، جو لے کر آپ آئے ہیں مگر یہ کہ اس کے ساتھ عداوت کی گئی اگر آپ کا وہ دن مجھے پا لے تو میں آپ کی بھرپور مدد کروں گا پھر قلیل مدت کے بعد ورقہ وفات پا گئے۔

ان حضرات کے علاوہ اور بھی کئی ایسے سعادت مند نفوس قدسیہ تھے جنھوں نے کفر وشرک کے اس تاریک دور میں بھی توحید کی شمع کو فروزاں رکھا اللہ تعالیٰ ان سب پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائے۔ آمین۔ (مؤلف) (ضیاء النبی المعروف سیرۃ الرسول)

اہل فترت کے اقسام

اہل فترت کا حال، ان کی قسمیں اور ان کے عقائد کی وضاحت کرتے ہوئے ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

اہل فترت جنھیں انبیاء اللہ صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین کی دعوت نہ پہنچی تین قسم ہیں۔

اول: موحد جنھیں ہدایت ازلی نے اس عالمگیر اندھیرے میں راہ توحید دکھائی، جیسے قس بن ساعدہ وزید بن عمرو بن نفیل و عامر بن الظرب عدوانی وقیس بن عاصم تمیمی وصفوان بن ابی امیہ کنانی وزہیر بن ابی سلمٰی شاعر مشہور وغیرہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم۔

قس بن ساعدہ وزید بن عمرو بن نفیل یہ دونوں مقبول بندے زمانۂ جاہلیت میں نہ صرف موحد تھے بلکہ پیش از بعثت محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعثت شریفہ پر بھی ایمان رکھتے۔ قس نے بازار عکاظ کے خطبے

میں اپنی قوم سے فرمایا، عنقریب ادھر سے ایک حق ظاہر ہونے والا ہے اور مکہ کی طرف اشارہ کیا لوگوں نے کہا وہ حق کیا ہے؟ کہا لوی بن غالب کی اولاد سے ایک مرد کہ تمھیں کلمہ اخلاص اور ہمیشہ کے چین اور دائمی نعمت کی طرف دعوت فرمائے گا تم اس کی بات ماننا، اگر میں جانتا کہ اس کی بعثت تک زندہ رہوں گا تو سب سے پہلے میں اس کی طرف دوڑ کر جاتا۔

ابونعیم نے دلائل النبوۃ میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس کو روایت کیا۔

عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں، مجھ سے زید بن عمرو نے کہا میں اپنی قوم کا مخالف اور دین ابراہیم و اسماعیل کا تابع ہوا وہ دونوں بتوں کو نہ پوجتے اور اس قبلہ کی طرف نماز پڑھتے، میں اولاد اسماعیل سے ایک نبی کے انتظار میں ہوں مگر میرے خیال میں اس کا زمانہ نہ پاؤں گا میں اس پر ایمان لاتا ہوں، میں اس کی تصدیق کرتا ہوں، میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ نبی ہیں۔ اے عامر اگر تمھاری عمر وفا کرے تو انھیں میرا اسلام پہنچانا۔ عامر فرماتے ہیں جب میں نے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زید کا یہ قصہ بیان کیا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے سلام کا جواب دیا اور ان کے حق میں دعا فرمائی اور ارشاد فرمایا میں نے اسے دیکھا کہ جنت میں دامن کشاں سیر کررہا ہے۔ ابن سعد اور فاکہی نے عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسکو روایت کیا۔

اور ایک حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

غفر الله عزوجل لزيد بن عمرو و رحمه فانه مات على دين ابراهيم.

اللہ عزوجل نے زید بن عمرو کو بخش دیا اور ان پر رحم فرمایا کہ وہ دین ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام پر تھے۔

دوم: مشرک کہ اپنی جہالتوں ضلالتوں سے غیر خدا کو پوجنے لگے جیسے کہ اکثر عرب۔

سوم: غافل کہ براہ سادگی یا انہماک فی الدنیا انہیں اس مسئلہ سے کوئی بحث ہی نہ ہوئی بہائم کے مثل زندگی کی' اعتقادات میں نظر سے غرض ہی نہ رکھی یا نظر وفکر کی مہلت نہ پائی بہت زنان واہل بوادی کی نسبت یہی مظنون ہے۔

علامہ زرقانی فرماتے ہیں:

زمن جاهلية عم الجهل فيها شرقا وغربا وفقد فيها من يعرف الشرائع ويبلغ الدعوة على وجهها الانفرا يسيرا من احار اهل الكتاب مفر فين فى اقطار الارض احكام الشريعة لعدم مخالطتهن الفقهاء فما ظلك بزمان الجاهلية والفقرة الذى رجاله لا يعرفون ذالك فضلاً عن نسانه ولذا لما بعث صلى الله تعالىٰ عليه وسلم تعجب اهل مكة قالوا' بعث الله بشرا رسولا وقالوا لو شاء ربنا لا نزل ملائكة وربما كانو يظنون ان ابراهيم عليه السلام بعث بما هم عليه فانهم لم يجدوا من يبلغهم شريعة على وجهها لدثورها وفقد من يعرفها اذ كان بينهم وبينه از يد من ثلثة الاف سنة فاله فى مسالك الحنفاء والدرج المنيفة .

ایسا عہد جاہلیت جس میں مشرق ومغرب ہرطرف جہالت عام ہے احکام شریعت جاننے والے اور صحیح سے دعوت کی تبلیغ کرنے والے ناپید ہیں۔صرف چند علماء اہل کتاب ہیں جو اطراف زمین شام وغیرہ میں منتشر ہیں اور آج جب کہ اسلام شرق وغرب میں پھیل چکا ہے عورتوں کا یہ حال ہے کہ اکثر احکام شرع سے بے خبر رہتی ہے کیوں کہ علماء سے ان کا ربط اور وابستگی نہیں پھر عہد جاہلیت اور زمانہ فترت کی عورتوں کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے جب کہ عورتیں در کنار مرد بھی ان سب سے نا آشنا ہوتے تھے اسی لئے تو جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو اہل مکہ کو تعجب ہوا بولے' کیا اللہ نے کسی انسان کو

رسول بنا کر مبعوث کیا ہے؟ اور بولے اگر ہمارا رب چاہتا تو فرشتے اتارتا وہ تو یہاں تک سمجھا کرتے تھے کہ جو کچھ وہ کر رہے ہیں ان ہی باتوں کو لے کر حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام مبعوث ہوئے تھے اس غلط خیالی کی یہی وجہ تھی کہ شریعت ابراہیمی کو صحیح طور سے کوئی پہنچانے والا ہی ان کو نہ ملا کیوں کہ اس کے نشانات مٹ گئے تھے اور اس کے جاننے والے بھی ناپید ہو چکے تھے اس لیے کہ ان اہل مکہ اور حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے درمیان تین ہزار سال سے زیادہ کا عرصہ تھا۔ یہ مسالک الحنفاء اور الدرج المنیف میں فرمایا گیا ہے۔

اہل فترت کا حکم اور مذہب اشاعرہ

جماہیر ائمہ اشاعرہ رحمہم اللہ تعالیٰ کے نزدیک جب تک بعثت اقدس حضور خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہو کر دعوت الٰہیہ انھیں نہ پہنچے یہ سب فرقے ناجی و غیر معذب تھے ۔

لقو له تعالى و ما كنا معذبين حتى نبعث رسولا.

ہم عذاب فرمانے والے نہ تھے یہاں تک کہ بھیج لیں رسول۔

و الجواب بتعميم الرسول العقل او تخصيص العذاب بعذاب الدنيا خلاف الظاهر فلا يصار اليه الا بموجب و لا موجب ، اقول ، بل احاديث صحيحة صريحة كثيرة كبيرة ناطقة بعذاب بعض اهل الفترة كعمر و بن لحى و صاحب المحجن و غيرهما.

اشاعرہ کے جواب میں یہ کہنا کہ رسول سے مراد عام ہے خواہ انسان ہو یا عقل یا یہ کہ صرف عذاب سے مراد عذاب دنیا ہے (یعنی جب تک ہم کوئی رسول نہ بھیج لیں دنیا میں عذاب نہیں دیتے اور عذاب آخرت دعوت رسول بھیجے بغیر بھی ہو سکتا ہے) یہ (تاویل) خلاف ظاہر ہے جس کی طرف رجوع کا کوئی

موجب نہیں، اقول، کیوں نہیں بہت ساری صحیح صریح حدیثیں بعض اہل فترت کے عذاب (دنیاوی) پر ناطق ہیں جیسے عمرو بن لحی اور ٹیڑے ڈنڈے والا آدمی (جو اپنے ڈنڈے سے لوگوں کی چیزیں اچک کر چرا لیتا تھا) اور ان دونوں کے علاوہ سے متعلق بھی۔

خصوصا جہال عرب جنھیں قرآن عظیم جاہل وامی و بے خبر و غافل بتا رہا ہے صاف ارشاد ہوتا ہے۔

تنزیل العزیز الرحیم لتنذر قوما ما انذر آباء ھم فھم غفلون.

اتارا ہوا زبردست مہر والے کا کہ تو ڈرائے ان لوگوں کو نہ ڈرائے گئے ان کے ماں باپ دادا تو وہ غفلت میں ہیں۔

اور خود ہی ارشاد ہوتا ہے۔

ذلک ان لم تکن ربھا مھلک القری بظلم و اھلھا غفلون .

یہ اس لیے کہ تیرا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہیں ظلم سے جب کہ ان کے رہنے والے غفلت میں ہوں۔

اشاعرہ کے استدلال پر ماتریدیہ کا نقد

قلت ای و ھذا و ان کان ظاھرا فی عذاب الدنیا و عذاب الآخرۃ منتف بالفحوی فان الملک الکریم الذی لم یرض للغافل بعذاب منقطع لا یرضی بعذاب دائم من باب اولیٰ.

اقول لکن الغفلۃ انما ھی علی امر الرسالۃ و النبوۃ و السمعیات کبعث و غیرہ و قد قلنا بموجبھا فی ذلک ، اما التوحید فلا غفلۃ عنہ مع وضوح الدلائل و

كفاية العقل .

قلت، یہ آیت اگرچہ غفلت والے سے عذاب دنیا کی نفی میں ظاہر ہے اور عذاب آخرت کی نفی مفہوم سے ہو جاتی ہے کیوں کہ جس بادشاہ کریم نے غافل کے لیے دنیا کا فانی عذاب پسند نہ کیا وہ آخرت کا دائمی عذاب بدرجۂ اولیٰ پسند نہ فرمائے گا۔

اقول، لیکن یہ وہ غفلت ہے جو رسالت نبوت اور سمعی عقائد بعث وغیرہ کے باب میں ہو اور اس باب میں موجب غفلت پائے جانے کے ہم قائل ہیں لیکن توحید سے غفلت کا کوئی موجب نہیں جب کہ اس کے دلائل واضح ہیں اور عقل اس کی رہنمائی کے لیے کافی ہے۔

ائمہ ماتریدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ائمہ بخارا وغیرہم بھی اس کے قائل ہوئے۔ امام محقق کمال الدین ابن الہمام قدس سرہ نے اسی کو مختار رکھا۔

شرح فقہ اکبر میں ہے۔

قال ائمة بخارا منا لا يجب ايمان و لا يحرم كفر قبل البعثة كقول الاشاعرة.

ہم میں کے ائمہ بخارا نے اشاعرہ کی طرح فرمایا قبل بعثت وجوب ایمان اور حرمت کفر دونوں نہیں۔

فواتح الرحموت میں ہے۔

عند الاشعرية و الشيخ ابن الهمام و لا يؤاخذون و لو أتوا بالشرك و العياذ بالله تعالىٰ .

اشعریہ اور شیخ ابن الہمام کے نزدیک ان سے مواخذہ نہیں اگرچہ مرتکب شرک ہوں۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

حاشیہ طحطاویہ علی الدر المختار میں ہے۔

اهل الفترة ناجون و لو غيروا و بدلوا على ما عليه الاشاعرة و بعض المحققين من الماتريدية و نقل الكمال في التحرير عن ابن ابي الدولة انه المختار لقوله تعالىٰ و ما كنا معذبين حتى نبعث رسولا.

اہل فترت ناجی ہیں اگرچہ تغیر وتبدیل کے مرتکب ہوں اس پر اشاعرہ اور بعض محققین ماتریدیہ ہیں، کمال ابن ہمام تحریر میں ابن عبدالدولہ سے ناقل ہیں کہ یہی مختار ہے کیوں کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے ہم عذاب فرمانے والے نہیں جب تک کہ کوئی رسول نہ بھیج لیں۔

قول اشاعرہ پر اہل فترت کافر نہیں

اس قول پر تو ظاہر کہ اہل فترت کو تا زمان فترت کافر نہ کہا جائے گا کہ وہ ناجی ہیں اور کافر ناجی نہیں۔

و على هذا استدل به السيد العلامة على نزهة الابوين الشريفين عن الكفر رضى الله تعالىٰ عنهما و عن كل من احب اجلالهما اجلالا لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم.

اسی بنیاد پر اس سے سید علامہ طحطاوی نے والدین کریمین کے کفر سے منزہ ہونے پر استدلال کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں سے راضی ہو اور ہر اس شخص سے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اکرام کی خاطر ان کا اکرام پسند کرے۔

اہل فترت سے متعلق بعض اشاعرہ کا موقف

بعض علماء قائل تفصیل ہوئے کہ اہل فترت کے مشرک معاقب، اور موحد و غافل مطلقاً ناجی۔ یہ

قول اشاعرہ سے امام جلیلین نووی ورازی رحمہما اللہ تعالیٰ کا ہے۔

و تعقبه الامام الجلال السيوطى فى رسائله فى الابوين الكريمين رضى الله تعالى عنهما بما يرجع القول بالامتحان.

و العلامة ابو عبد الله محمد بن خلف الابى فى اكمال الاكمال شرح صحيح مسلم كما نقله كلامه فى المواهب .

اقول لكنه عاد اخرا الى تسليمه حيث قال اولا ، لما دلت القواطع على انه لا تعذيب حتى تقوم الحجة علمنا انهم غير معذبين .

ثم استشعر ورود الاحاديث و قسمهم آخر الكلام الى موحد و مبدل و غافل ثم قال فيحمل من صح تعذيبه على اهل القسم الثانى لكفرهم بما تعدوا به من الخبائث و الله تعالىٰ قد سمى جميع هذا القسم كفارا و مشركين فانا نجد القران كلما حكى حال احدهم سجل عليهم بالكفر و الشرك كقوله تعالىٰ ما جعل الله من بحيرة ، ثم قال تعالىٰ و لكن الذين كفروا يفترون على الله الكذب و اكثرهم لا يعقلون.

فهذا كما ترى رجوع الى ما قاله هذان الامامان من تعذيب من اشرك منهم.

اقول و فى استدلاله بالاية خفاء ظاهر اذ ليست نصا فى ان المراد بهم من اخترع ذلک من اصل الفترة بل الكفار لما تدينوا بتلک الاباطيل سجل عليهم بانهم يفترون على الله الكذب و بالجملة فمفاد الاية ان الكافرين يفترون لا ان المفترين كلهم كافرون حتى يكون تسجيلا على كفر اهل الفترة .

اس قول کا امام جلال الدین سیوطی نے اسلام والدین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے متعلق اپنے

رسائل میں تعاقب کیا ہے جس کا مآل یہ ہے کہ اہل فترت کا امتحان (پھر فیصلہ)

علامہ ابوعبداللہ محمد بن خلف ابی مالکی نے بھی اکمال الاکمال شرح صحیح مسلم میں قول مذکور کا تعاقب کیا ہے جیسا کہ مواہب لدنیہ میں ان کا کلام مذکور ہے۔

اقول، مگر آخر میں چل کر انھوں نے اس قول کو تسلیم کر لیا ہے اس طرح کہ پہلے فرمایا کہ جب قطعی نصوص نے بتایا کہ حجت قائم ہوئے بغیر عذاب نہ دیا جائے گا تو ہم نے جانا کہ ان پر عذاب نہ ہوگا۔

پھر انھیں خیال ہوا کہ تعذیب کے بارے میں تو حدیثیں بھی وارد ہیں تو آخر کلام میں اہل فترت کو انھوں نے تین قسموں (۱) موحد (۲) مبدل (۳) اور غافل میں تقسیم کیا ہے۔ پھر فرمایا کہ جن کی تعذیب کی صحت ثابت ہے انھیں قسم ثانی والوں پر محمول کیا جائے گا اس لیے کہ وہ اپنے برے افکار واعمال کے ذریعہ حد سے تجاوز کرنے کے باعث کافر ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے اس قسم کے سارے لوگوں کو کفار ومشرکین کے نام سے موسوم کیا ہے کیوں کہ ہم دیکھتے ہیں کہ قرآن ان میں سے جب کسی کا حال بیان فرماتا ہے تو صاف ان کے کافر ومشرک ہونے کا حکم ثبت فرما دیتا ہے جیسے یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے، اللہ نے مقرر نہ کیا بحیرہ (کان چیرا ہوا) پھر یہ ارشاد ہے، لیکن جن لوگوں نے کفر کیا وہ اللہ تعالیٰ پر جھوٹ باندھتے ہیں اور ان میں سے اکثر بے عقل ہیں۔

تو یہ جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو اسی کی طرف رجوع ہے جو امام نووی وامام رازی نے فرمایا کہ اہل فترت کے مشرکوں پر عذاب ہوگا۔

اقول، ہاں علامہ ابی نے آیت مذکورہ سے جو استدلال کیا ہے اس میں کھلا ہوا خفا ہے کیوں کہ آیت اس بارے میں نص نہیں کہ ان سے اہل فترت ہی کے (بحیرہ وغیرہ) اختراع کرنے والے مراد ہیں بلکہ کفار نے جب ان باطل چیزوں کو اپنے دین واعتقاد میں داخل کر لیا تو ان کے بارے میں یہ حکم ثبت فرمایا کہ وہ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں۔ حاصل کلام یہ کہ آیت کا مفاد یہ ہے کہ کافرین افترا کرتے ہیں نہ یہ کہ سارے

افترا کرنے والے کافر ہیں کہ اہل فترت کے کفر کی تصریح ہو۔

ردالمحتار میں یہی قول ائمہ بخارا کی طرف نسبت کیا۔

علی خلاف ما قدمنا علی القاری و الطحطاوی و بحر العلوم رحمهم الله تعالیٰ حیث قال ، نعم البخاریون من الماتریدیة و افقوا الاشاعرة و حملوا قول الامام لا عذر لا حد فی الجهل بخالقه علی ما بعد البعثة و اختاره المحقق ابن الهمام فی التحریر ، لکن هذا فی غیر من مات معتقدا للکفر فقد صرح النووی و الفخر الرازی بان من مات قبل البعثة مشرکا فهو فی النار و علیه حمل بعض المالکیة ما صح من الاحادیث فی تعذیب اهل الفترة .

اس کے برخلاف جو پہلے ہم نے مولانا علی قاری، طحطاوی، اور بحرالعلوم رحمہم اللہ تعالیٰ سے نقل کیا علامہ شامی نے اس طرح فرمایا کہ ہاں ماتریدیہ میں سے ائمہ بخارا اشاعرہ کے موافق ہوئے۔ انھوں نے امام اعظم کے قول، اپنے خالق سے جاہل رہنے میں کسی کے لیے کوئی عذر نہیں، کو مابعد بعثت پر محمول کیا۔ اسی کو محقق ابن الہمام نے تحریر میں اختیار کیا لیکن یہ قول جولوگ کفر کا عقیدہ رکھتے ہوئے مر گئے ان کے علاوہ کے بارے میں ہے۔ امام نووی اور فخر الدین رازی نے تصریح فرمائی ہے کہ جو قبل بعثت حالت شرک میں مر گئے جہنم میں ہوں گے اسی پر بعض مالکیہ نے تعذیب اہل فترت سے متعلق احادیث صحیحہ کو محمول کیا ہے۔

اہل فترت سے متعلق ماتریدیہ کا موقف

جمہور ائمہ ماتریدیہ قدست اسرارہم کے نزدیک اہل فترت کے مشرک، معاقب، موحد، ناجی، غافلوں میں جس نے مہلت فکروتامل نہ پائی ناجی، پائی معاقب۔

(تنزیہ المکانۃ الحیدریۃ عن وصمۃ عہد الجاہلیۃ)

روز قیامت اہل فترت کا امتحان

حافظ الحدیث ابوالفضل شہاب الدین ابن حجر عسقلانی ''اصابہ فی تمییز الصحابہ'' میں فرماتے ہیں۔

ورد من عدة طرق فی حق من مات فی الفترة و من ولد مجنونا و نحو ذلک ان کلامنهم یدلی بحجة و یقول لو عقلت او ذکرت لامنت فترفع لهم نار و یقال لهم ادخلو ها فمن دخلها کانت علیهم بردا و سلاما و من امتنع ادخلها کرها و نحن نرجو ان یدخل عبد المطلب و آل بیته فی جملة من یدخلها طائعا فینجو لکن ورد فی ابی طالب ما یدفع ذلک و هو ما تقدم من آیة براة و ما فی الصحیح انه فی ضحضاح من النار فهذا شان من مات علی الکفر فلو کان مات علی التوحید نجا من النار اصلا و الاحادیث الصحیحة و الاخبار المتکاثرة طافحة بذلک.

یعنی بہت اسانید سے حدیث آئی کہ جو زمانہ فترت میں اسلام آنے سے پہلے مر گیا یا مجنون پیدا ہوا اور جنون ہی میں گزر گیا اور اسی قسم کے لوگ جنہیں دعوت انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء نہ پہنچی ان میں ہر ایک روز قیامت ایک عذر پیش کرے گا کہ الٰہی میں عقل رکھتا یا مجھے دعوت پہنچتی تو میں ایمان لاتا، ان کے امتحان کو ایک آگ بلند کی جائے گی اور ارشاد ہوگا اس میں جاؤ جو حکم مانے گا اور اس میں داخل ہوگا وہ اس پر ٹھنڈی اور سلامتی ہو جائے گی اور جو نہ مانے گا جبراً آگ میں ڈالا جائے گا۔ اور ہمیں امید ہے کہ عبدالمطلب اور ان کے گھر والے کہ قبل ظہور نور اسلام انتقال کر گئے وہ سب انہیں لوگوں میں ہوں گے جو اپنی خوشی سے اس امتحانی آگ میں جا کر ناجی ہو جائیں گے مگر ابوطالب کے حق میں وہ وارد ہو لیا جو اسے دفع کرتا ہے۔ سورۂ توبہ کی آیت اور حدیث صحیح کا ارشاد کہ وہ پاؤں تک آگ میں ہے۔ یہ حال اس کا ہے جو کافر مرے اگر اخیر وقت اسلام لا کر مرنا ہوتا تو دوزخ سے نجات کلی چاہیئے تھی۔ صحیح و کثیر حدیثیں

کفر ابی طالب ثابت کر رہی ہیں۔ (شرح المطالب فی مبحث ابی طالب)

زید بن عمرو کی شہادت ایمان

زید بن عمرو بن نفیل کہ احد العشرۃ المبشرۃ سیدنا سعید بن زید کے والد ماجد ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم وعنہ، موحدان و مومنان عہد جاہلیت سے تھے طلوع آفتاب عالم تاب اسلام سے پہلے انتقال کیا مگر اسی زمانے میں توحید الٰہی و رسالت حضرت ختمی پناہی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شہادت دیتے۔

ابن سعد و ابو نعیم حضرت عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملا وہ مکہ معظمہ سے کوہ حرا کو جاتے تھے انھوں نے قریش کی مخالفت اور ان کے معبودان باطل سے جدائی کی تھی، اس پر ان سے اور قریش سے کچھ لڑائی رنجش ہو چکی تھی مجھے دیکھ کر بولے اے عامر میں اپنی قوم کا مخالف، اور ملت ابراہیم کا پیرو ہوا اسی کو معبود مانتا ہوں جسے ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام پوجتے تھے۔ میں ایک نبی کا منتظر ہوں جو بنی اسماعیل اور اولاد عبدالمطلب سے ہوں گے ان کا نام پاک احمد ہے۔ میرے خیال میں میں ان کا زمانہ نہ پاؤں گا میں ابھی ان پر ایمان لاتا اور ان کی تصدیق کرتا اور ان کی نبوت کی گواہی دیتا ہوں۔ تمھیں اگر اتنی عمر ملے کہ انھیں پاؤ تو میرا اسلام انھیں پہنچانا اے عامر میں تم سے ان کی نعت وصفت بیان کیے دیتا ہوں کہ تم خوب پہچان لو وہ درمیانہ قد ہیں سر کے بال کثرت و قلت میں معتدل ان کی آنکھوں میں ہمیشہ سرخ ڈورے رہیں گے ان کے شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے ان کا نام احمد اور یہ شہر ان کا مولد ہے یہیں ان کی رسالت ظاہر ہوگی ان کی قوم انھیں مکے میں نہ رہنے دے گی کہ ان کا دین اسے ناگوار ہوگا۔ وہ ہجرت فرما کر مدینے جائیں گے وہاں سے ان کا دین ظاہر و غالب ہوگا دیکھو تم کسی دھوکے فریب میں آ کر ان کی اطاعت سے محروم نہ رہنا۔

فانی بلغت البلاد کلھا لطلب دین ابراھیم و کل من اسال من الیھود و

النصاریٰ و المجوس یقول هذا الدین وراء ک و ینعتونه مثل ما نعته لک و یقولون لم یبق نبی غیرہ .

کہ میں دین ابراہیمی کی تلاش میں شہروں شہروں پھرا یہود و نصاریٰ و مجوس جس سے پوچھا سب نے یہی جواب دیا کہ یہ دین تمھارے پیچھے آتا ہے اور اس نبی کی وہی صفت بیان کی جو میں تم سے کہہ چکا اور سب کہتے تھے کہ ان کے سوا کوئی نبی باقی نہ رہا۔

عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جب حضور خاتم الانبیاء علیہ وعلیہم الصلاۃ والثناء کی نبوت ظاہر ہوئی تو میں نے زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ باتیں حضور سے عرض کی حضور نے ان کے حق میں دعائے رحمت فرمائی اور ارشاد کیا۔

قد رأیته فی الجنة یسحب ذیله

میں نے اسے جنت میں دامن کشاں دیکھا۔ (جزی اللہ عدوہ باباء ہ ختم النبوۃ)

اہل فترت اور حضور کا واسطہ

امام احمد رضا بریلوی ایک جگہ فرماتے ہیں:

قس بن ساعدہ واصلین اور اہل فترت سے ہیں لیکن یہ بھی بلا ذریعہ نہیں نصرانیت محو ہو چکی تھی اور اسلام ابھی آیا نہ تھا وہ جو مشرکین تھے ان کے سامنے وعظ کہتے اس میں توحید بیان کرتے اور حشر وغیرہ کا بیان کرتے آخر میں کہتے اگر تم میری نہیں مانتے تو عنقریب حضور تشریف لاتے ہیں جو **لا الہ الا اللہ** روشن فرمائیں گے۔ (الملفوظ حصہ دوم)

❁.....❁.....❁

حضور کے والدین کریمین

الذی یراک حین تقوم وتقلبک فی الساجدین

جو تمھیں دیکھتا ہے جب تم کھڑے ہوتے ہو اور نمازیوں میں تمھارے دورے کو

(الشعراء ۲۱۸، ۲۱۹)

حضور کے والدین کریمین

حضرت عبداللہ

یہ ہمارے حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والد ماجد ہیں، یہ عبدالمطلب کے تمام بیٹوں میں سب سے زیادہ باپ کے لاڈلے اور پیارے تھے، چوں کہ ان کی پیشانی میں نور محمدی اپنی پوری شان وشوکت کے ساتھ جلوہ گر تھا اس لیے حسن وخوبی کے پیکر اور جمال صورت وکمال سیرت کے آئینہ دار اور عفت و پارسائی میں یکتائے روزگار تھے، قبیلۂ قریش کی تمام حسین عورتیں ان کے حسن و جمال پر فریفتہ اور ان سے شادی کی خواست گار تھیں۔ مگر عبدالمطلب ان کے لیے ایک ایسی عورت کی تلاش میں تھے جو حسن و جمال کے ساتھ ساتھ حسب ونسب کی شرافت اور عفت و پارسائی میں بھی ممتاز ومنفرد ہو، عجیب اتفاق کہ ایک دن عبداللہ شکار کے لیے جنگل میں تشریف لے گئے، ملک شام کے یہودی چند علامتوں سے پہچان گئے تھے کہ نبی آخرالزماں کے والد ماجد یہی ہیں چنانچہ ان یہودیوں نے حضرت عبداللہ کو بارہا قتل کرڈالنے کی کوشش کی، اس مرتبہ بھی یہودیوں کی ایک بہت بڑی جماعت مسلح ہو کر اس نیت سے جنگل میں گئی کہ عبداللہ کو تنہائی میں دھوکہ سے قتل کر دیا جائے مگر اللہ تعالیٰ کی حفاظت نے اس مرتبہ بھی اپنے فضل وکرم سے بچالیا۔ عالم غیب سے چند ایسے سوار ناگہاں نمودار ہوئے جو اس دنیا کے لوگوں سے کوئی مشابہت ہی نہیں رکھتے تھے، ان سواروں نے آکر یہودیوں کو مار بھگایا اور عبداللہ کو بحفاظت ان کے مکان تک پہنچادیا۔

وہب بن مناف بھی اس دن جنگل میں تھے اور انھوں نے اپنی آنکھوں سے یہ سب کچھ دیکھا اس لیے ان کو عبداللہ سے بے انتہا محبت وعقیدت پیدا ہوگئی اور گھر آکر یہ عزم کرلیا کہ میں اپنی نور نظر "آمنہ" کی شادی عبداللہ ہی سے کروں گا، چنانچہ اپنی اس دلی تمنا کو اپنے چند دوستوں کے ذریعہ انھوں نے عبدالمطلب تک پہنچادیا۔ خدا کی شان کہ عبدالمطلب اپنے نور نظر عبداللہ کے لیے جیسی دلھن کی تلاش میں تھے وہ ساری

خوبیاں حضرت آمنہ بنت وہب میں موجود تھیں، عبدالمطلب نے اس رشتہ کو خوشی خوشی منظور کر لیا۔ چنانچہ چوبیس سال کی عمر میں حضرت عبداللہ کا حضرت بی بی آمنہ سے نکاح ہو گیا، اور نور محمدی حضرت عبداللہ سے منتقل ہو کر حضرت آمنہ کے شکم اطہر میں جلوہ گر ہو گیا۔ اور جب حمل شریف کو دو مہینے پورے ہو گئے تو عبد المطلب نے حضرت عبداللہ کو کھجوریں لینے کے لیے مدینہ بھیجا، یا تجارت کے لیے ملک شام روانہ کیا، وہاں سے واپس لوٹتے ہوئے مدینہ میں اپنے والد کے ننہال، بنو عدی بن نجار، دو میں ایک ماہ بیمار رہ کر پچیس برس کی عمر میں وفات پا گئے اور وہیں ''دار نابغہ'' میں مدفون ہوئے۔

قافلہ والوں نے جب مکہ واپس لوٹ کر عبدالمطلب کو حضرت عبداللہ کی بیماری کا حال سنایا تو انھوں نے خبر گیری کے لیے اپنے سب سے بڑے لڑکے حارث کو مدینہ بھیجا، ان کے مدینہ پہنچنے سے قبل ہی حضرت عبداللہ راہئ ملک بقا ہو چکے تھے۔ حارث نے مکہ واپس آ کر جب وفات کی خبر سنائی تو سارا گھر ماتم کدہ بن گیا اور بنو ہاشم کے ہر گھر میں ماتم برپا ہو گیا۔ خود حضرت آمنہ نے اپنے مرحوم شوہر کا ایسا پر درد مرثیہ کہا ہے کہ جس کو سن کر آج بھی دل درد سے بھر جاتا ہے۔ روایت ہے کہ حضرت عبداللہ کی وفات پر فرشتوں نے غمگین ہو کر بڑی حسرت کے ساتھ یہ کہا کہ الٰہی تیرا نبی یتیم ہو گیا، حضرت حق نے فرمایا کیا ہوا؟ میں اس کا حامی و محافظ ہوں۔

حضرت آمنہ کی وفات

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عمر شریف جب چھ برس ہو گئی تو آپ کی والدہ ماجدہ آپ کو ساتھ لے کر مدینہ منورہ آپ کے دادا کے نانیہال بنو عدی بن نجار میں رشتہ داروں سے ملاقات یا اپنے شوہر کی قبر کی زیارت کے لیے تشریف لے گئیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والد ماجد کی باندی ام ایمن بھی اس سفر میں آپ کے ساتھ تھیں وہاں سے واپسی پر ''ابواء'' نامی گاؤں میں حضرت بی بی آمنہ کی وفات ہو گئی اور وہ وہیں مدفون ہوئیں۔

والد ماجد کا سایہ تو ولادت سے پہلے ہی اٹھ چکا تھا اب والدہ ماجدہ کی آغوش شفقت کا خاتمہ بھی ہوگیا، لیکن حضرت بی بی آمنہ کا یہ دریتیم جس آغوش شفقت میں پرورش پاکر پروان چڑھنے والا ہے وہ ان سب ظاہری اسباب تربیت سے بے نیاز ہے۔

حضور کے ابوین کا ایمان

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کریمین کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے کہ وہ دونوں مومن ہیں یا نہیں؟ بعض علماء ان دونوں کو مومن نہیں مانتے اور بعض علماء نے اس مسئلہ میں توقف کیا اور فرمایا کہ ان دونوں کو مومن یا کافر کہنے سے زبان کو روکنا چاہیئے اور اس کا علم خدا کے سپرد کردینا چاہیئے۔ مگر اہل سنت کے علماء محققین کا یہی عقیدہ اور قول ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ماں باپ دونوں یقیناً بلاشبہ مومن ہیں، چنانچہ اس بارے میں حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ کا ارشاد ہے کہ۔

حضور کے والدین کو مومن نہ ماننا یہ علماء متقدمین کا مسلک ہے لیکن علماء متأخرین نے تحقیق کے ساتھ اس مسئلہ کو ثابت کیا ہے کہ حضور کے والدین بلکہ حضور کے تمام آباء واجداد حضرت آدم علیہ السلام تک سب کے سب مومن ہیں۔

اوران حضرات کے ایمان کو ثابت کرنے میں علماء متأخرین کے تین طریقے ہیں :

اول: یہ کہ حضور کے والدین اور آباء واجداد سب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین پر تھے لہٰذا مومن ہوئے۔

دوم: یہ تمام حضرات حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے اعلان نبوت سے پہلے ہی ایسے زمانے میں وفات پاگئے جو زمانہ فترت کہلاتا ہے، اوران لوگوں میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی دعوت ایمان پہنچی ہی

نہیں۔لہٰذا ہرگز ہرگز ان حضرات کو کافر نہیں کہا جا سکتا بلکہ ان لوگوں کو مومن ہی کہا جائے گا۔

سوم: یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کو زندہ فرما کر ان کی قبروں سے اٹھایا اور ان لوگوں نے کلمہ پڑھ کر حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی تصدیق کی۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کو زندہ کرنے کی حدیث اگرچہ بذات خود ضعیف ہے مگر اس کی سند اس قدر کثیر ہیں کہ یہ حدیث صحیح اور حسن کے درجہ کو پہنچ گئی ہے۔

اور یہ وہ علم ہے جو علماء متقدمین پر پوشیدہ رہ گیا جس کو حق تعالیٰ نے علماء متاخرین پر منکشف فرمایا اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے اپنے فضل سے اپنی رحمت کے ساتھ خاص فرمالیتا ہے اور شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس مسئلہ میں چند رسائل تصنیف کیے ہیں اور اس مسئلہ کو دلیلوں سے ثابت کیا ہے اور مخالفین کے شبہات کا جواب دیا ہے۔

اسی طرح خاتم المفسرین حضرت شیخ اسماعیل حقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا بیان ہے کہ:

امام قرطبی نے اپنی کتاب تذکرہ میں تحریر فرمایا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام جب حجۃ الوداع میں ہم لوگوں کو ساتھ لے کر چلے اور، حجون کی گھاٹی سے گزرے تو رنج وغم میں ڈوبے ہوئے رونے لگے اور حضور کو روتا دیکھ کر میں بھی رونے لگی، پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی اونٹنی سے اتر پڑے اور کچھ دیر کے بعد میرے پاس واپس تشریف لائے تو خوش خوش مسکراتے ہوئے تشریف لائے، میں نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ آپ پر میرے ماں باپ قربان ہوں کیا بات ہے؟ کہ آپ رنج وغم میں ڈوبے ہوئے اونٹنی سے اترے اور واپس ہوئے تو شاداں وفرحاں مسکراتے ہوئے تشریف فرما ہوئے۔تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں اپنی والدہ حضرت آمنہ کی قبر کی زیارت کے لیے گیا تھا اور میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ وہ ان کو زندہ فرمادے تو خداوند تعالیٰ نے ان کو زندہ

فرمادیا اور وہ ایمان لائیں۔

اورالاشباہ والنظائر میں ہے کہ ہر وہ شخص جو کفر کی حالت میں مرگیا ہو اس پر لعنت کرنا جائز ہے بجز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کے کیوں کہ اس بات کا ثبوت موجود ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو زندہ فرمادیا اور یہ دونوں ایمان لائے۔

یہ بھی ذکر کیا گیا ہے کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام اپنے ماں باپ کی قبروں کے پاس روئے اور ایک خشک درخت زمین میں بودیا اور فرمایا کہ اگر یہ درخت ہرا ہو گیا تو یہ اس بات کی علامت ہوگی کہ ان دونوں کا ایمان لانا ممکن ہے چنانچہ وہ درخت ہرا ہو گیا۔ پھر حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی دعا کی برکت سے وہ دونوں اپنی اپنی قبروں سے نکل کر اسلام لائے اور پھر اپنی اپنی قبروں میں تشریف لے گئے۔

اوران دونوں کا زندہ ہونا اور ایمان لانا عقلاً محال ہے نہ شرعاً، کیوں کہ قرآن شریف سے ثابت ہے کہ بنی اسرائیل کے مقتول نے زندہ ہو کر اپنے قاتل کا نام بتایا، اسی طرح حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے دست مبارک سے بھی چند مردے زندہ ہوئے۔ جب یہ سب باتیں ثابت ہیں تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کے زندہ ہو کر ایمان لانے میں بھلا کون سی چیز مانع ہو سکتی ہے؟

اور جس حدیث میں یہ آیا ہے کہ، میں نے اپنی والدہ کے لیے دعائے مغفرت کی اجازت طلب کی تو مجھے اس کی اجازت نہیں دی گئی۔ یہ حدیث حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کے زندہ ہو کر ایمان لانے سے بہت پہلے کی ہے کیوں کہ حضور کے والدین کا زندہ ہو کر ایمان لانا حجۃ الوداع کے موقع پر ہوا (جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال سے چند ہی ماہ پہلے کا واقعہ ہے) اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مراتب و درجات ہمیشہ بڑھتے ہی رہے تو ہو سکتا ہے کہ پہلے حضور کو خداوند تعالیٰ نے یہ شرف نہیں عطا فرمایا تھا کہ آپ کے والدین مسلمان ہوں، مگر بعد میں اس فضل و شرف سے بھی آپ کو سرفراز فرمادیا کہ آپ کے

والدین کو صاحب ایمان بنادیا۔

صاحب الاکلیل حضرت علامہ شیخ عبدالحق مہاجر مدنی قدس سرہ العزیز نے تحریر فرمایا کہ

علامہ ابن حجر ہیثمی نے مشکوٰۃ کی شرح میں فرمایا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کو اللہ تعالیٰ نے زندہ فرمایا یہاں تک کہ وہ دونوں ایمان لائے اور پھر وفات پا گئے۔ یہ حدیث صحیح ہے اور جن محدثین نے اس حدیث کو صحیح بتایا ہے ان میں سے امام قرطبی اور شام کے حافظ الحدیث ابن ناصر الدین بھی ہیں اور اس میں طعن کرنا بے محل اور بے جا ہے۔ کیوں کہ کرامات اور خصوصیات کی شان ہی یہ ہے کہ وہ قواعد و عادات کے خلاف ہوا کرتی ہیں۔ چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کا موت کے بعد اٹھ کر ایمان لانا، یہ ایمان ان کے لیے نافع ہے حالاں کہ دوسروں کے لیے یہ ایمان مفید نہیں ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کو نسبت رسول کی وجہ سے جو کمال حاصل ہے وہ دوسروں کے لیے نہیں ہے۔

اور حضور کی حدیث لیت شعری ما فعل ابوای (کاش مجھے خبر ہوتی کہ میرے والدین کے ساتھ کیا معاملہ کیا گیا) کے بارے میں امام سیوطی نے در منثور میں فرمایا ہے کہ یہ حدیث مرسل اور ضعیف الاسناد ہے۔

بہر کیف حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ والہانہ عقیدت اور ایمانی محبت کا یہی تقاضا ہے کہ حضور کے والدین اور تمام آباء واجداد بلکہ تمام رشتہ داروں کے ساتھ ادب واحترام کا التزام رکھا جائے ۔ بجز ان رشتہ داروں کے جن کا کافر اور جہنمی ہونا قرآن وحدیث سے یقینی طور پر ثابت ہے جیسے ابولہب اور اس کی بیوی حمالۃ الحطب باقی تمام قرابت والوں کا ادب ملحوظ خاطر رکھنا لازم ہے کیوں کہ جن لوگوں کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نسبت قرابت حاصل ہے ان کی بے ادبی وگستاخی یقیناً حضور علیہ الصلاۃ والسلام

کی ایذا رسانی کا باعث ہوگا۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ سرور کائنات فخر موجودات رسول خدا محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ماں باپ آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام تک مومن تھے یا نہیں؟

آپ نے اس کا جو محققانہ اور فاضلانہ جواب تحریر فرمایا وہ یہ ہے

اولاً اللہ عزوجل فرماتا ہے۔

و لعبد مومن خیر من مشرک

بیشک مسلمان غلام بہتر ہے مشرک سے

حضور بہترین قرن وطبقہ میں پیدا ہوئے

اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

بعثت من خیر قرون بنی آدم قرنا فقرنا حتی کنت فی القرن الذی کنت منه.

ہر قرن وطبقہ میں تمام قرون بنی آدم کے بہتر سے بھیجا گیا یہاں تک کہ اس قرن میں ہوا جس میں پیدا ہوا۔ اسے امام بخاری نے اپنی صحیح میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

زمین پر سات مسلمان کا ہونا ضروری

حضرت امیر المومنین مولی المسلمین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی حدیث صحیح میں ہے۔

لم یزل علی وجه الدهر (الارض) سبعة مسلمین فصاعدا فلولا ذلک هلکت

الارض و من علیھا.

روئے زمین پر ہر زمانے میں کم سے کم سات مسلمان ضرور رہے ہیں ایسا نہ ہوتا تو زمین واہل زمین سب ہلاک ہو جاتے۔ عبدالرزاق وابن منذر نے اسے سند صحیح کے ساتھ امام بخاری ومسلم کی شرط پر روایت کیا۔

حضرت عالم القرآن حبر الامۃ سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث میں ہے۔

ما خلت الارض من بعد نوح من سبعة يدفع الله بهم عن اهل الارض.

نوح علیہ الصلاۃ والسلام کے بعد زمین کبھی سات بندگان خدا سے خالی نہ ہوئی جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اہل زمین سے عذاب دفع فرماتا ہے۔

جب صحیح حدیثوں سے ثابت کہ ہر قرن وطبقے میں روئے زمین پر علی الاقل سات مسلمان بندگان مقبول ضرور رہے ہیں۔ اور خود صحیح بخاری شریف کی حدیث سے ثابت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جن سے پیدا ہوئے وہ لوگ ہر زمانے میں، ہر قرن میں خیار قرن سے ہیں۔ اور آیت قرآنیہ ناطق کہ کوئی کافر اگرچہ کیسا ہی شریف القوم بالانسب ہو، کسی غلام مسلمان سے بھی خیر و بہتر نہیں ہو سکتا تو واجب ہوا کہ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آباء وامہات ہر قرن اور طبقہ میں انھیں بندگان صالح ومقبول سے ہوں۔ ورنہ معاذ اللہ صحیح بخاری میں ارشاد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وقرآن عظیم میں ارشاد حق عزوجل کے مخالف ہوگا۔

اقول: و المعنى ان الكافر لا يستاهل شرعاً ان يطلق عليه انه من خيار القرن لا سيما و هناك مسلمون صالحون و ان لم يرد الخيرية الا بحسب النسب فافهم.

میں کہتا ہوں کہ مراد یہ ہے کہ کافر شرعاً اس بات کا مستحق نہیں کہ اس کو خیر القرون کہا جا سکے بالخصوص جب کہ صالح موجود ہوں اگر چہ خیریت نسب ہی کے لحاظ سے کیوں نہ ہو۔ (مولف)

یہ دلیل امام جلیل خاتم الحفاظ جلال الملۃ والدین سیوطی قدس سرہ نے افادہ فرمائی۔

حضور کے آباء وامہات موحد تھے

ثانیاً: اللہ عزوجل فرماتا ہے۔

انما المشركون نجس.

کافر تو ناپاک ہی ہیں۔

اور حدیث میں ہے حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

لم يزل الله عزوجل ينقلني من اصلاب طيبة الى ارحام طاهرة صافيا مهذبا لا تتشعب شعبتان الا كنت في خيرهما.

ہمیشہ اللہ تعالیٰ مجھے پاک ستھری پشتوں میں نقل فرماتا رہا صاف ستھرا آراستہ، جب دو شاخیں پیدا ہوئیں، میں ان میں بہتر شاخ میں تھا۔

اور ایک حدیث میں ہے فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

لم ازل انقل من اصلاب الطاهرين الى ارحام الطاهرات

رواه ابو نعيم في دلائل النبوة عن ابن عباس رضي الله تعالىٰ عنهما .

میں ہمیشہ پاک مردوں کی پشتوں سے پاک بی بیوں کے پیٹوں میں منتقل ہوتا رہا۔ اسے ابونعیم نے دلائل النبوۃ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

دوسری حدیث میں ہے فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

لم یزل الله ینقلنی من الاصلاب الکریمة و الارحام الطاهرة حتی اخرجنی من بین ابوی .

رواه ابن ابی عمرو العدنی فی مسنده عنه رضی الله تعالیٰ عنه

ہمیشہ اللہ عزوجل مجھے کرم والی پشتوں اور طہارت والے شکموں میں منتقل فرماتا رہا یہاں تک کہ مجھے میرے ماں باپ سے پیدا کیا۔ اسے ابن ابی عمرو عدنی نے اپنی مسند میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔

تو ضرور ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آباء کرام طاہرین وامہات کرام طاہرات سب اہل ایمان وتوحید ہوں کہ نص قرآن عظیم میں کسی کافر وکافرہ کے لیے کرم وطہارت سے حصہ نہیں۔

یہ دلیل امام اجل فخر المتکلمین علامۃ الوریٰ فخر الدین رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے افادہ فرمائی۔ اور امام جلال الدین سیوطی اور علامہ محقق سنوسی اور علامہ تلمسانی شارح شفاء وامام ابن حجر مکی وعلامہ محمد زرقانی شارح مواہب وغیرہم اکابر نے اس کی تائید وتصویب کی۔

ثالثاً: اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے۔

و توکل علی العزیز الرحیم الذی یراک حین تقوم و تقلبک فی الساجدین.

بھروسہ کر زبردست مہربان پر جو تجھے دیکھتا ہے جب تو کھڑا ہو اور تیرا کروٹ بدلنا سجدہ کرنے والوں میں۔

امام رازی فرماتے ہیں: معنی آیت یہ ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور پاک ساجدوں

سے ساجدوں کی طرف منتقل ہوتا رہا۔تو آیت اس پر دلیل ہے کہ سب آبائے کرام مسلمین تھے۔

امام سیوطی وامام ابن حجر وعلامہ زرقانی وغیرہم اکابر نے اس کی تقریر وتائید وتاکید وتشید فرمائی اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس کی مؤید روایت ابونعیم کے یہاں آئی۔

والدین کے مؤحد ہونے پر عذاب ابوطالب سے استدلال

رابعاً: اللہ عزوجل فرماتا ہے:

و لسوف يعطيك ربك فترضى.

البتہ عنقریب تجھے تیرا رب اتنا دے گا کہ تو راضی ہو جائے گا۔

اللہ اکبر، بارگاہ عزت میں مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عزت و وجاہت ومحبوبیت کہ امت کے حق میں تو رب العزت جل وعلا نے فرمایا ہی تھا:

سنرضيك في امتك و لا نسوءك. رواه مسلم في صحيحه.

قریب ہے کہ ہم تجھے تیری امت کے باب میں راضی کر دیں گے اور تیرا دل برا نہ کریں گے۔ مسلم نے اپنی صحیح میں اسے روایت کی۔ مگر اس عطا و رضا کا مرتبہ یہاں تک پہنچا کہ صحیح حدیث میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوطالب کی نسبت فرمایا۔

وجدته في غمرات من النار و اخرجته الى ضحضاح.

رواه البخاري و مسلم عن عباس رضي الله تعالىٰ عنه.

میں نے اسے آگ میں سراپا ڈوبا پایا تو کھینچ کر ٹخنوں تک کی آگ میں کر دیا۔ اسے بخاری ومسلم نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

دوسری روایت صحیح میں فرمایا۔

و لولا انا لکان فی الدرک الاسفل من النار رواہ ایضا عنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اگر میں نہ ہوتا تو ابوطالب جہنم کے سب سے نیچے طبقے میں ہوتا۔ اسے بخاری نے حضرت عباس سے روایت کی۔

دوسری حدیث صحیح میں فرماتے ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اھون اھل النار عذابا ابو طالب۔ رویاہ عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما

دوزخیوں میں سب سے ہلکا عذاب ابوطالب پر ہے۔ اسے بخاری ومسلم نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔

اور یہ ظاہر ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جو قرب والدین کریمین کو ہے ابوطالب کو اس سے کیا نسبت؟ پھر ان کا عذر بھی واضح کہ نہ انھیں دعوت پہنچی نہ انھوں نے زمانہ اسلام پایا تو اگر معاذ اللہ وہ اہل جنت نہ ہوتے تو ضرور تھا کہ ان پر ابوطالب سے بھی کم عذاب ہوتا اور وہی سب سے ہلکے ہوتے۔ یہ حدیث صحیح کے خلاف ہے تو واجب ہوا کہ والدین کریمین اہل جنت ہیں۔ وللہ الحمد۔

اس دلیل کی طرف بھی امام خاتم الحفاظ نے اشارہ فرمایا۔

اقول و باللہ التوفیق : تقریر دلیل یہ ہے کہ صادق ومصدوق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی کہ اہل نار میں سب سے ہلکا عذاب ابوطالب پر ہے۔ اب ہم پوچھتے ہیں کہ ابوطالب پر یہ تخفیف کس وجہ سے ہے؟

آیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یاری وغمخواری وپاسداری وخدمت گزاری کے باعث، یا

اس لیے کہ سید المحبوبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان سے محبت طبعی تھی، حضور کو ان کی رعایت منظور تھی۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

عم الرجل صنو ابیه رواه الترمذی عن ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه.

آدمی کا چچا اس کے باپ کے بجائے ہوتا ہے۔ اسے ترمذی نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

شق اول باطل ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

و قدمنا الی ما عملوا من عمل فجعلنه هباء منثورا.

صاف ارشاد ہوتا ہے کہ کافر کے سب عمل برباد محض ہیں۔ لاجرم شق ثانی ہی صحیح ہے اور یہی ان احادیث صحیحہ مذکورہ سے مستفاد۔

ابو طالب کے عمل کی حقیقت تو یہاں تک تھی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سراپا آگ میں غرق پایا۔ عمل نے نفع دیا ہوتا تو پہلے ہی کام آتا، پھر حضور کا ارشاد کہ میں نے اسے ٹخنوں تک کی آگ میں کھینچ لیا میں نہ ہوتا تو وہ جہنم کے طبقۂ زیریں میں ہوتا۔

لاجرم یہ تخفیف صرف محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پاس خاطر اور حضور کا اکرام ظاہر و باہر ہے اور بالبداہۃ واضح کہ محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خاطر اقدس پر ابو طالب کا عذاب ہرگز اتنا گراں نہیں ہوسکتا جس قدر معاذ اللہ والدین کریمین کا معاملہ، نہ ان سے تخفیف میں حضور کی آنکھوں کی وہ ٹھنڈک، جو حضرات والدین کے بارے میں، نہ ان کی رعایت میں حضور کا وہ اعزاز و اکرام جو حضرات والدین کے

چھٹکارے میں، تو اگر عیاذاً باللہ، وہ اہل جنت نہ ہوتے تو ہر طرح سے وہی اس رعایت وعنایت کے زیادہ مستحق تھے۔

و بوجہ آخر فرض کیجیے کہ یہ ابو طالب کے حق پرورش و خدمت ہی کا معاوضہ ہے تو پھر کون سی پرورش جزئیت کے برابر ہوسکتی ہے، کونسی خدمت حمل ووضع کا مقابلہ کرسکتی ہے، کیا کبھی کسی پرورش کنندہ یا خدمت گزار کا حق، حق والدین کے برابر ہوسکتا ہے؟ جسے رب العزت نے اپنے حق عظیم کے ساتھ شمار فرمایا۔

ان اشکر لی ولوالدیک .

حق مان میرا اور اپنے والدین کا۔

پھر ابو طالب نے جہاں برسوں خدمت کی، چلتے وقت رنج بھی وہ دیا جس کا جواب نہیں، ہر چند حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کلمہ پڑھنے کو فرمایا نہ پڑھنا تھا نہ پڑھا۔ جرم وہ کیا جس کی مغفرت نہیں، عمر بھر معجزات دیکھنا، احوال پر علم تام رکھنا اور زیادہ حجۃ اللہ قائم ہونے کا موجب ہوا۔ بخلاف ابوین کریمین کہ نہ انھیں دعوت دی گئی نہ انکار کیا تو ہر وجہ، ہر لحاظ ہر حیثیت سے یقیناً انھیں کا پلہ بڑھا ہوا ہے۔ تو ابو طالب کا عذاب سب سے ہلکا ہونا یوں ہی متصور کہ ابوین کریمین اہل نار ہی سے نہ ہوں۔ و هو المقصود.

عبدالمطلب کے دخول جنت سے استدلال

خامساً۔ اقول: اللہ عزوجل فرماتا ہے:

لا یستوی اصحب النار و اصحب الجنة اصحب الجنة هم الفائزون.

برابر نہیں دوزخ والے اور جنت والے اور جنت والے ہی مراد کو پہنچے۔

حدیث میں ہے، حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اولا دامجاد حضرت عبد المطلب سے ایک پاک خاتون رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو آتے دیکھا، جب پاس آئیں فرمایا:

ما اخرجک من بیتک .

اپنے گھر سے باہر کہاں گئی تھیں؟

عرض کی:

اتیت اهل هذا المیت فترحمت الیهم و عزیتهم بمیتهم.

یہ جو ایک ایک موت ہوگئی تھی میں ان کے یہاں تعزیت اور دعائے رحمت کرنے گئی تھی۔

فرمایا:

لعلک بلغت معهم الکدی .

شاید تو ان کے ساتھ قبرستان گئی تھی

عرض کی:

معاذ الله ان اکون بلغتها و قد سمعتک تذکر فی ذلک ما تذکر .

خدا کی پناہ کہ میں وہاں جاتی حالاں کہ حضور سے سن چکی تھی جو کچھ اس باب میں ارشاد کیا۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لو بلغتها معهم ما رایت الجنة حتی یراها جد ابیک . رواه ابو داؤد

والنسائی وغیرھما.

اگر تو ان کے ساتھ وہاں تک جاتی تو جنت نہ دیکھتی جب تک عبدالمطلب نہ دیکھیں۔ اسے ابوداؤد نسائی وغیرہما نے روایت کی۔ یہ تو حدیث کا ارشاد ہے اب ذرا عقائد اہل سنت پیش نظر رکھتے ہوئے نگاہ انصاف درکار، عورتوں کا قبرستان جانا غایت درجہ اگر ہے تو معصیت ہے۔

(۱) اور ہرگز کوئی معصیت مسلمان کو جنت سے محروم اور کافر کے برابر نہیں کرسکتی، اہل سنت کے نزدیک مسلمان کا جنت میں جانا واجب شرعی ہے اگرچہ معاذ اللہ مواخذہ کے بعد۔

(۲) اور کافر کا جنت میں جانا محال شرعی کہ ابدالاباد تک کبھی ممکن ہی نہیں۔

(۳) اور نصوص کو حتی الامکان ظاہر پر محمول کرنا واجب اور بے ضرورت تاویل ناجائز۔

(۴) اور عصمت، نوع بشر میں خاصہ حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام ہے۔ ان کے غیر سے اگرچہ کیسا ہی عظیم الدرجات ہو، وقوع گناہ ممکن و متصور۔

یہ چاروں باتیں عقائد اہل سنت میں ثابت و مقرر۔ اب اگر بحکم مقدمہ رابعہ مقابر تک بلوغ فرض کیجیے تو بحکم مقدمۂ ثالثہ جزاء کا ترتب واجب اور اس تقدیر کہ حضرت عبدالمطلب کو معاذ اللہ غیر مسلم کہیے بحکم مقدمتین اولین و نیز بحکم آیت کریمہ محال و باطل، تو واجب ہوا کہ حضرت عبدالمطلب مسلمان و اہل جنت ہوں اگرچہ مثل صدیق و فاروق و عثمان و علی و زہراء و صدیقہ وغیرہم رضی اللہ تعالیٰ عنہم سابقین اولین میں نہ ہوں۔ اب معنی حدیث بلا تکلف اور بے حاجت تاویل و تصرف عقائد اہل سنت سے مطابق ہیں یعنی اگر یہ امر تم سے واقع ہوتا تو سابقین اولین کے ساتھ جنت میں جانا نہ ملتا بلکہ اس وقت جب کہ عبدالمطلب داخل بہشت ہوں گے۔

کافر آباء پر فخر جائز نہیں

سادساً، اقول: اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے:

و لله العزة و لرسوله و للمومنين و لكن المنافقين لا يعلمون

عزت تو اللہ ورسول اور مسلمانوں ہی کے لیے ہے مگر منافقوں کو علم نہیں۔

اور فرماتا ہے:

يا ايها الناس انا خلقنا كم من ذكرو انثى و جعلنا كم شعو باو قبائل لتعارفوا ان اكرمكم عند الله اتقاكم ان الله عليم خبير.

اے لوگو! ہم نے بنایا تمھیں ایک نر و مادہ سے اور کیا تمھیں قومیں اور قبیلے کہ آپس میں ایک دوسرے کو پہچانو بیشک اللہ کے نزدیک تمھارا عزت والا زیادہ وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیزگار ہے۔

ان آیات کریمہ میں رب العزت جل وعلا نے عزت وکرم کو مسلمانوں میں منحصر فرمادیا اور کافر کو چاہے کتنا ہی قوم دار ہو، لئیم وذلیل ٹھہرایا اور کسی لئیم وذلیل کی اولاد سے ہونا کسی عزیز وکریم کے لیے باعث مدح نہیں ولہٰذا کافر باپ داداؤں کے انتساب سے فخر کرنا حرام ہوا۔

صحیح حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

من انتسب الى تسعة آباء كفار يريد بهم عزا و كرما كان عاشرهم فى النار رواه احمد

جو شخص عزت وکرامت چاہنے کو اپنی نو پشت کافر کا ذکر کرے کہ میں فلاں ابن فلاں ابن فلاں کا بیٹا ہوں ان کا دسواں جہنم میں یہ شخص ہو۔ اسے امام احمد نے روایت کیا ہے۔

اور احادیث کثیرہ مشہورہ سے ثابت کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے فضائل کریمہ کے بیان اور مقام رجز و مدح میں بارہا اپنے آباء کرام وامہات کرائم کا ذکر فرمایا۔

روز حنین جب ارادہ الٰہیہ سے تھوڑی دیر کے لیے کفار نے غلبہ پایا تو معدود بندے رکاب رسالت میں باقی رہے، اللہ غالب کے رسول غالب پر شان جلال طاری تھی۔

انا النبی لا کذب

انا ابن عبد المطلب

میں نبی ہوں کچھ جھوٹ نہیں میں ہوں بیٹا عبد المطلب کا۔

اسے امام احمد و بخاری و مسلم اور نسائی نے حضرت براء ابن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حضور قصد فرما رہے ہیں کہ تنہا ان ہزاروں کے مجمع پر حملہ فرمائیں حضرت عباس بن عبد المطلب و حضرت ابوسفیان بن حارث بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما بغلہ شریف کی لگام مضبوط کھینچے ہوئے ہیں کہ بڑھ نہ جائے اور حضور فرما رہے ہیں۔

انا النبی لا کذب

انا ابن عبد المطلب

میں سچا نبی ہوں اللہ کا پیارا، عبد المطلب کی آنکھ کا تارا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اسے ابوبکر بن ابی شیبہ وابونعیم نے براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

امیر المومنین عمر لگام روکے ہیں اور حضرت عباس دمچی تھامے اور حضور فرما رہے ہیں۔

قدما، انا النبی لا کذب ، انا ابن عبد المطلب .

اسے بڑھنے دو میں ہوں نبی، صریح حق پر، میں ہوں عبدالمطلب کا پسر۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اسے ابن عساکر نے مصعب بن شیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

جب کافر نہایت قریب آگئے تو بغلہ طیبہ سے نزول اجلال فرمایا اس وقت بھی یہی فرماتے تھے۔

انا النبی لا کذب . انا ابن عبد المطلب . اللھم نزل نصرک.

میں ہوں نبی برحق سچا، میں ہوں عبدالمطلب کا بیٹا، الٰہی اپنی مدد نازل فرما۔

اسے ابن ابی شیبہ وابن جریر نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

پھر ایک مشت خاک دست پاک میں لے کر کافروں کی طرف پھینکی اور فرمایا۔

شاھت الوجوہ .

بگڑ گئے چہرے۔

وہ خاک ان ہزاروں کافروں پر ایک ایک کی آنکھ میں پہنچی اور سب کے منہ پھر گئے، ان میں جو مشرف باسلام ہوئے وہ بیان فرماتے ہیں جس وقت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ کنکریاں ہماری طرف پھینکیں ہمیں یہ نظر آیا کہ زمین سے آسمان تک تانبے کی دیوار قائم کردی گئی اور اس پر سے پہاڑ ہم پر لڑھکائے گئے سوائے بھاگنے کے کچھ نہ بن آئی۔

اسی غزوہ کے رجز میں ارشاد فرمایا۔

انا ابن العواتک من بنی سلیم.

میں بنی سلیم سے ان چند خاتونوں کا بیٹا ہوں جن کا نام عاتکہ تھا۔

اسے سعید بن منصور نے اپنی سنن میں اور طبری نے کبیر میں سبابہ بن عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

روایت کیا۔

ایک حدیث میں ہے بعض غزوات میں فرمایا:

انا النبی لا کذب . انا ابن عبد المطلب . انا ابن العواتک .

میں نبی ہوں کچھ جھوٹ نہیں، میں ہوں عبدالمطلب کا بیٹا، میں ان بی بیوں کا بیٹا جن کا نام عاتکہ تھا۔

ابن عساکر نے اسے حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

علامہ مناوی صاحب تیسیر وامام مجدالدین فیروزآبادی صاحب قاموس وجوہری صاحب صحاح و صنعانی وغیرہم نے کہا، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جدات میں نو بی بیوں کا نام عاتکہ تھا۔ ابن بری نے کہا وہ بارہ بی بیاں عاتکہ نام کی تھیں۔ تین سلمیات یعنی قبیلہ بنی سلیم سے اور دو قرشیات، دو عدوانیات اور ایک ایک کنانیہ، اسدیہ، ہزلیہ، قضاعیہ اور ازدیہ سے۔ اسے تاج العروس میں ذکر کیا گیا ہے۔

ابوعبداللہ عدوی نے کہا وہ بی بیاں چودہ تھیں۔ تین قرشیات، چار سلمیات، دو عدوانیات اور ایک ایک ہزلیہ، قحطانیہ، قضاعیہ ثقفیہ، اسدیہ بنی اسد خزیمہ سے۔ اسے امام جلال الدین سیوطی نے جامع کبیر میں ذکر کیا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ قلیل نافع کثیر نہیں۔

حدیث آئندہ میں آتا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے مقام مدح و بیان فضائل کریمہ میں اکیس پشت تک اپنا نسب نامہ ارشاد کر کے فرمایا میں سب سے نسب میں افضل اور باپ میں افضل۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ تو بحکم نصوص مذکورہ ضرور ہے کہ حضور کے آباء و امہات مسلمین و مسلمات ہوں **و للہ الحمد**

مسلم وکافر کے درمیان نسب منقطع ہے

سابعاً: اللہ عزوجل فرماتا ہے۔

انه ليس من اهلك انه عمل غير صالح.

اے نوح! یہ کنعان تیرے اہل سے نہیں یہ تو ناراستی کے کام والا ہے۔

آیت کریمہ نے مسلم وکافر کا نسب قطع فرمادیا ولہذا ایک کا ترکہ دوسرے کو نہیں پہنچتا۔

اور حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

نحن بنو النضر بن كنانة لا ننتفى من ابينا .

رواه ابو داؤد الطيالسي و ابن سعد و احمد و ابن ماجه وغيرهم .

ہم نضر بن کنانہ کے بیٹے ہیں ہم اپنے باپ سے اپنا نسب جدا نہیں کرتے۔ اسے ابوداؤد طیالسی ابن سعد اور احمد وابن ماجہ وغیرہم نے روایت کیا۔

کفار سے نسب بحکم احکم الحاکمین منقطع ہے۔ پھر معاذ اللہ نہ کرنے کا کیا محل ہوتا۔

زید بن عمرو کی مغفرت سے استدلال

ثامناً وتاسعاً، اقول: اللہ عزوجل فرماتا ہے۔

ان الذين كفروا من اهل الكتاب و المشركين فى نار جهنم خالدين فيها اولئك هم شر البرية ان الذين آمنوا و عملوا الصالحات اولئك هم خير البرية .

بے شک سب کافر کتابی اور مشرک جہنم کی آگ میں ہیں ہمیشہ اس میں رہیں گے وہ سارے

جہان سے بدتر ہیں۔ بیشک جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے وہ سارے جہاں سے بہتر ہیں۔

اور حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

غفر الله عزوجل لزيد بن عمرو و رحمه فانه مات على دين ابراهيم

رواه البزار و الطبرانی عن سعيد بن زيد بن عمرو بن نفيل رضى الله تعالى عنهما.

اللہ عزوجل نے زید بن عمرو کو بخش دیا اور ان پر رحم فرمایا کہ وہ دین ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام پر تھے۔ اسے بزار وطبرانی نے سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

اور ایک حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی نسبت فرمایا۔

رأيته فى الجنة يسحب ذيولا.

میں نے اسے جنت میں ناز کے ساتھ دامن کشاں دیکھا۔

حضور کے آباء سب سے بہتر تھے

بیہقی و ابن عساکر کی حدیث میں بطریق مالک بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے۔ یہ بیہقی کی روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا محمد بن عبد الله بن عبد المطلب بن هاشم بن عبد مناف بن قصى بن كلاب بن مره بن كعب بن لوى بن غالب بن فهر بن مالك بن النضر بن كنانه بن خزيمة بن مدركة بن الياس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان ما افترق الناس فرقتين الا جعلنى الله فى خيرهما فاخرجت من بين ابوين فلم يصبنى شى من عهد الجاهلية و

خرجت من نکاح و لم اخرج من سفاح من لدن آدم حتی انتهیت الی ابی و امی فانا خیر کم نفسا و خیر کم ابا ، و فی لفظ فانا خیر کم نسبا خیر کم ابا.

میں ہوں محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم ، یوں ہی اکیس پشت تک نسب نامہ مبارک بیان کر کے فرمایا کبھی لوگ دو گروہ نہ ہوئے مگر مجھے اللہ تعالیٰ نے بہتر گروہ میں کیا تو میں اپنے ماں باپ سے ایسا پیدا ہوا کہ زمانۂ جاہلیت کی کوئی بات مجھ تک نہ پہنچی اور میں خالص نکاح صحیح سے پیدا ہوا آدم سے لے کر اپنے والدین تک ، تو میرا نفس کریم تم سب سے افضل اور میرے باپ تم سب کے آباء سے بہتر۔

اس حدیث میں اول تو نفی عام فرمائی کہ عہد جاہلیت کی کسی بات نے نسب اقدس میں کبھی کوئی راہ نہ پائی ، یہ خود دلیل کافی ہے اور امر جاہلیت کو خصوص زنا پر حمل کرنا ایک تو تخصیص بلا مخصص ، دوسرے لغو کہ نفی زنا صراحۃً اس کے متصل مذکور۔

ثانیاً ، ارشاد ہوتا ہے کہ میرے باپ تم سب کے آباء سے بہتر۔ ان سب میں حضرت سعید بن زید بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی قطعاً داخل تو لازم کہ حضرت والد ماجد حضرت زید سے افضل ہوں اور یہ بحکم آیت بے اسلام ناممکن۔

مقام نبوت

عاشراً ، اقول : اللہ عزوجل فرماتا ہے :

اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ .

خدا خوب جانتا ہے جہاں رکھے اپنی پیغمبری۔

آیۂ کریمہ شاہد کہ رب العزت عزوعلا سب سے زیادہ معزز ومحترم موضع، وضع رسالت کے لیے انتخاب فرمایا ہے ولہٰذا کبھی کم قوموں اور رزیلوں میں رسالت نہ رکھی، پھر کفروشرک سے زیادہ رزیل کیا شی ہوگی؟ وہ کیوں کر اس قابل کہ اللہ عزوجل نور رسالت اس میں ودیعت رکھے، کفار محل غضب ولعنت ہیں اور نور رسالت کے وضع کو محل رضا ورحمت درکار۔

حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر ایک بار خوف وخشیت کا غلبہ تھا گریہ وزاری فرمارہی تھیں، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے عرض کیا یاام المومنین! کیا آپ یہ گمان رکھتی ہیں کہ رب العزت جل وعلا نے جہنم کی ایک چنگاری کو مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جوڑا بنایا، ام المومنین نے فرمایا:

فرجت عنی فرج اللہ عنک .

تم نے میرا غم دور کیا اللہ تعالیٰ تمھارا غم دور کرے۔

خود حدیث میں حضور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

ان اللہ ابی لی ان اتزوج او ازوج الا اھل الجنۃ . رواہ ابن عساکر

بیشک اللہ عزوجل نے میرے لیے نہ مانا کہ میں نکاح میں لانے یا نکاح میں دینے کا معاملہ کروں مگر اہل جنت سے۔ اسے ابن عساکر نے روایت کیا۔

جب اللہ عزوجل نے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے پسند نہ فرمایا کہ غیر مسلم عورت آپ کے نکاح میں آئے تو خود حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور پاک معاذ اللہ محل کفر میں رکھنے یا حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جسم پاک عیاذاً باللہ خون کفار سے بنانے کو پسند فرمانا کیوں کر متوقع ہو؟

تنبیہات باہرہ

حدیث، ان ابی و اباک ۔ میں باپ سے ابوطالب مراد لینا طریق واضح ہے۔

قال تعالیٰ : قالوا نعبد الھک و الہ آبائک ابراھیم و اسمٰعیل و اسحٰق.

بولے ہم پوجیں گے اسے جو خدا ہے آپ کا اور آپ کے آبا ابراہیم واسماعیل واسحاق کا۔

(کنزالایمان)

علماء نے اسی پر لابیہ آزر کو حمل فرمایا۔ اہل کتابین واہل تواریخ کا اجماع ہے کہ آزر باپ نہ تھا سیدنا خلیل علیہ السلام الجلیل کا چچا تھا۔ استغفار سے نہی معاذ اللہ عدم توحید پر دال نہیں۔ صدر اسلام میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدیون کے جنازے پر نماز نہ پڑھتے جس کا حاصل اس کے لیے استغفار ہی ہے۔

اقول، حدیث میں ہے۔

جب حضور سید الشافعین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بار بار شفاعت فرمائیں گے اور اہل ایمان کو اپنے کرم سے داخل جناں فرماتے جائیں گے اخیر میں صرف وہ لوگ رہ جائیں گے جن کے پاس سوائے توحید کے کوئی حسنہ نہیں شفیع مشفع صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پھر سجدے میں گریں گے حکم ہوگا۔

یا محمد ارفع راسک و قل یسمع لک و سل تعطہ و اشفع تشفع.

اے حبیب! اپنا سر اٹھاؤ اور عرض کرو کہ تمھاری عرض سنی جائے گی اور مانگو کہ تمھیں عطا ہوگا اور شفاعت کرو کہ تمھاری شفاعت قبول ہوگی۔

سید الشافعین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرض کریں گے۔

یا رب ائذن لی فیمن قال لا الہ الا اللہ

اے میرے رب مجھے ان کی بھی پروانگی دے دے جنھوں نے صرف لا الہ الا اللہ کہا ہے۔

رب العزت عز جلالہ ارشاد فرمائے گا۔

لیس ذاک الیک لکن و عزتی و کبریائی و عظمتی و کبریائی لاخرجن منها من قال لا اله الا الله .

یہ بات تمہارے لیے نہیں مگر مجھے اپنی عزت وجلال و کبریائی کی قسم میں ضرور ان سب کو نار سے نکال لوں گا جنھوں نے لا الہ الا اللہ کہا ہے۔ اسے بخاری ومسلم نے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حضرت ابوین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا انتقال عہد اسلام سے پہلے ہوا تھا تو اس وقت تک وہ صرف اہل توحید و اہل لا الہ الا اللہ تھے تو نہی از قبیل " **لیس ذک الیک** " ہے۔

زندہ ہونے کے بعد ایمان لائے

بعدہ رب العزت جل جلالہ نے اپنے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقے میں ان پر اتمام نعمت کے لیے اصحاب کہف رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرح انھیں زندہ کیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لا کر شرف صحابیت پا کر آرام فرمایا۔ لہٰذا حکمت الٰہیہ کہ یہ زندہ کرنا حجۃ الوداع میں واقع ہوا جب کہ قرآن کریم پورا اتر لیا اور **الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی** نے نزول فرما کر دین الٰہی کو تام و کامل کر دیا تا کہ ان کا ایمان پورے دین کامل شرائع پر واقع ہو۔

حدیث احیاء کی غایت ضعف ہے اور حدیث ضعف در بارہ فضائل مقبول، بلکہ امام ابن حجر مکی نے فرمایا۔ متعدد حفاظ نے اس کی تصحیح کی۔

آباء وامہات میں کوئی کافر نہ تھا

افضل القریٰ شرح ام القریٰ میں فرماتے ہیں:

ان آباء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غیر الانبیاء و امہاتہ الی آدم و حواء لیس فیھم کافر لان الکافر لا یقال فی حقہ انہ مختار و لا کریم و لا طاھر بل نجس و قد صرحت الاحادیث بانھم مختارون و ان الاباء کرام و الامہات طاھرات و ایضا قال تعالیٰ و تقلبک فی الساجدین ، علی احد التفاسیر فیہ ان المراد تنقل نورہ من ساجد الی ساجد و حینئذ فھذا صریح فی ان ابوی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آمنۃ و عبد اللہ من اھل الجنۃ لانھا اقرب المختارین لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ھذا ھو الحق بل فی حدیث صححہ غیر واحد من الحفاظ و لم یلتفتوا لمن طعن فیہ ان اللہ تعالیٰ احیاھما فامنا بہ .

یعنی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نسب کریم میں جتنے انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام ہیں وہ تو انبیاء ہی ہیں ان کے سواء حضور کے جس قدر آباء وامہات آدم وحوا علیہما الصلاۃ والسلام تک ہیں ان میں کوئی کافر نہ تھا کہ کافر کو پسندیدہ یا کریم یا پاک نہیں کہا جا سکتا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آباء و امہات کی نسبت حدیثوں میں تصریح فرمائی کہ وہ سب پسندیدۂ بارگاہ الٰہی ہیں آباء سب کرام ہیں مائیں سب پاکیزہ ہیں اور آیہ کریمہ و تقلبک فی الساجدین کی بھی ایک تفسیر یہی ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور ایک ساجد سے دوسرے ساجد کی طرف منتقل ہوتا آیا تو اب اس سے صاف ثابت ہے کہ حضور کے والدین حضرت آمنہ وحضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما اہل جنت ہیں کہ وہ تو ان بندوں میں جنھیں اللہ عزوجل نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے چنا تھا سب سے قریب تر ہیں، یہی قول حق ہے بلکہ

ایک حدیث میں جسے متعدد حافظان حدیث نے صحیح کہا اور اس میں طعن کرنے والے کی بات کو قابل التفات نہ جانا۔ تصریح ہے کہ اللہ عزوجل نے والدین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے زندہ فرمایا یہاں تک کہ وہ حضور پر ایمان لائے۔

اپنا مسلک اس باب میں یہ ہے۔

و من مذھبی حب الدیار لاھلھا

و للناس فیما یعشقون مذاھب

میرا مذہب تو شہر والوں کی وجہ سے شہر سے محبت کرنا ہے اور لوگوں کے لیے ان کی پسندیدہ چیزوں میں مختلف طریقے ہیں۔

جسے یہ پسند فبہا و نعمت، ورنہ آخر اس سے تو کم نہ ہو کہ زبان روکے دل کو صاف رکھے ان ذلکم کان یوذی النبی سے ڈرے۔

ایمان ابوین کے مسئلے میں احتیاط کا تقاضا

امام ابن حجر شرح (افضل القریٰ) میں فرماتے ہیں:

ما احسن قول المتوفقین فی ھذہ المسئلة الحذر الحذر من ذکرھما بنقص فان ذلک قد یوذیه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بخبر الطبرانی لا توذوا الاحیاء بسبب الاموات

یعنی کیا خوب فرمایا ان بعض علماء نے جنھیں اس مسئلے میں توقف تھا کہ دیکھ بچ! والدین کریمین کو کسی نقص کے ساتھ ذکر کرنے سے کہ اس سے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایذا ہونے کا اندیشہ ہے کہ طبرانی کی حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، مردوں کو برا کہہ کر زندوں

کوایذا نہ دو۔

یعنی حضور تو زندۂ ابدی ہیں ہمارے تمام افعال واقوال پر مطلع ہیں۔ اور اللہ عزوجل نے فرمایا۔

و الذین یوذون رسول اللہ لھم عذاب الیم

جولوگ رسول اللہ کوایذا دیتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

عاقل کو چاہیئے کہ ایسی جگہ سخت احتیاط سے کام لے۔ ع

ہشدار کہ رہ بر مردم تیغ است قدم را

یہ مانا کہ مسئلہ قطعی نہیں، اجماعی نہیں، پھر ادھر کون سا قاطع کون سا اجماع ہے؟ آدمی اگر جانب ادب میں خطا کرے تو لاکھ جگہ بہتر ہے اس سے کہ معاذ اللہ اس کی خطا جانب گستاخی جائے۔ جس طرح حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

تندرؤا الحدود فان الامام لان یخطی فی العفو خیر من ان یخطی فی العقوبۃ . رواہ ابن ابی شیبۃ و الترمذی.

جہاں تک بن پڑے حدود کو ٹالو کہ بیشک امام کا معافی میں خطا کرنا عقوبت میں خطا کرنے سے بہتر ہے۔ اسے ابن ابی شیبہ وترمذی نے روایت کیا۔

حجۃ الاسلام غزالی قدس سرہ العالی احیاء العلوم شریف میں فرماتے ہیں۔

کسی مسلمان کی طرف گناہ کبیرہ کی نسبت جائز نہیں جب تک تواتر سے ثابت نہ ہو، مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف معاذ اللہ! اولا دچنیں و چناں سے ہونا کیوں کر بے تواتر وقطع نسبت کر دیا جائے یقین برہانی کا انتفاء حکم وجدانی کا نافی نہیں ہوتا۔ کیا تمھارا وجدان ایمان گوارا کرتا ہے کہ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کے سرکار نور بار کے ادنیٰ ادنیٰ غلاموں کے سگان بارگاہ جنات النعیم میں سرر مرفوعۃ پر تکیے لگائے چین کریں اور جن کی نعلین پاک کے تصدق میں جنت بنی، ان کے ماں باپ دوسری جگہ معاذ اللہ غضب وعذاب کی مصیبتیں بھریں۔ ہاں یہ سچ ہے کہ ہم غنی حمید عز جلالہ پر حکم نہیں کر سکتے پھر دوسرے حکم کی کس نے گنجائش دی؟ ادھر کون سی دلیل قاطع پائی؟ حاش للہ! ایک حدیث بھی صحیح وصریح نہیں جو صریح ہے ہرگز صحیح نہیں اور جو صحیح ہے ہرگز صریح نہیں۔ جس کی طرف ہم نے اجمالی اشارات کر دیے تو اقل درجہ وہی سکوت و حفظ ادب رہا۔ آئندہ اختیارات بدست مختار۔

ناموں سے ایمان والدین پر استدلال

اقول، ظاہر عنوان باطن ہے اور اسم آئینۂ مسمی الاسماء تنزل من السماء۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اذا بعثتم الی رجلا فابعثوا حسن الوجہ حسن الاسم

رواه البزار فی مسنده و الطبرانی فی الاوسط عن ابی ھریرة رضی الله تعالیٰ عنه .

جب میری بارگاہ میں کوئی قاصد بھیجو تو اچھی صورت اچھے نام کا بھیجو۔ اسے بزار نے اپنی مسند میں اور طبرانی نے اوسط میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

اعتبروا الارض باسمائها.

رواه ابن عدی عن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه

زمین کو اس کے نام پر قیاس کرو۔ اسے ابن عدی نے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

روایت کیا۔

عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں۔

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتفاء ل و لا یتطیر و کان یعجبه الاسم الحسن .

رواہ الامام احمد و الطبرانی و البغوی فی شرح السنة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نیک فال لیتے بدشگونی نہ مانتے اور اچھے نام کو درست رکھتے۔ اسے امام احمد وطبرانی وبغوی نے شرح السنہ میں روایت کیا۔

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یغیر الاسم القبیح.

رواہ الترمذی .

مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برے نام کو بدل دیتے۔ اسے امام ترمذی نے روایت کیا۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا سمع بالاسم القبیح حوله الی ما هو احسن منه . رواہ الطبرانی .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی کا برا نام سنتے تو اس سے بہتر بدل دیتے۔ اسے طبرانی نے روایت کیا۔

بریدہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان لا یتطیر من شئ و کان اذا بعث عاملا سأل عن اسمہ فاذا اعجبہ اسمہ فرح بہ و رؤی بشر ذلک فی وجھہ و ان کرہ اسمہ رؤی کراھیۃ ذلک فی وجھہ و دخل قریۃ سأل عن اسمھا فاذا اعجبہ اسمھا فرح بھا ورؤی بشر ذلک فی وجھہ و ان کرہ اسمھا رؤی کراھیۃ ذلک فی وجھہ . رواہ ابو داؤد .

مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی چیز سے بدشگونی نہ لیتے جب کسی عہدے پر کسی کو مقرر فرماتے تو اس کا نام پوچھتے اگر پسند آتا خوش ہوتے اور اس کی خوشی چہرۂ انور میں نظر آتی اور اگر ناپسند آتا ناگواری کا اثر چہرۂ اقدس پر ظاہر ہوتا۔ اور جب کسی شہر میں تشریف لے جاتے اس کا نام دریافت فرماتے اگر خوش آتا مسرور ہوجاتے اور اس کا سرور روئے پرنور میں دکھائی دیتا اور اگر ناخوش آتا، ناخوشی کا اثر روئے اطہر میں نظر آتا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے ابوداؤد نے روایت کیا۔

اب ذرا چشم حق بیں سے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ مراعات الٰہیہ کے الطاف خفیہ دیکھئے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والد ماجد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام پاک عبداللہ کہ افضل اسمائے امت ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

احب اسمائکم الی اللہ عبد اللہ و عبد الرحمن.

رواہ مسلم و ابو داود و الترمذی و ابن ماجۃ عن عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما.

تمھارے ناموں میں سب سے زیادہ پیارے نام اللہ تعالیٰ کو عبداللہ وعبدالرحمٰن ہیں۔ اسے مسلم

وابوداؤد وترمذی وابن ماجہ نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

والدہ ماجدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اسم مبارک آمنہ کہ امن واماں سے مشتق اور ایمان سے ہم اشتقاق ہے۔ جدامجد حضرت عبدالمطلب شیبۃ الحمد کو اس پاک ستودہ مصدر سے اطیب واطہر مشتق، محمد واحمد وحامد ومحمود صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیدا ہونے کا اشارہ تھا۔ جدۂ ماجدہ فاطمہ بنت عمرو بن عائذ اس پاک نام کی خوبی اظہر من الشمس ہے۔

حدیث میں حضرت بتول زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وجہ تسمیہ یوں آئی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

انما سمیت فاطمۃ لان اللہ تعالیٰ فطمها و محبيها من النار.

رواه الخطیب عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما.

اللہ تعالیٰ نے اس کا نام فاطمہ اس لیے رکھا کہ اسے اور اس سے عقیدت رکھنے والوں کو نار دوزخ سے آزاد فرمایا۔ اسے خطیب نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

حضور کے جد مادری یعنی نانا وہب، جس کے معنی عطاو بخشش، ان کا قبیلہ بنی زہرا جس کا حاصل چمک وتابش، جدۂ مادری یعنی نانی صاحبہ برہ یعنی نیکوکار۔ جیسا کہ ابن ہشام نے اپنی سیرت میں ذکر کیا۔

بھلا یہ تو خاص اصول ہیں، دودھ پلانے والیوں کو دیکھئے۔ پہلی مرضعہ ثویبہ کہ ثواب سے ہم اشتقاق اور اس فضل الٰہی سے پوری طرح بہرہ ور، حضرت حلیمہ بنت عبداللہ بن حارث۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اشج عبدالقیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا:

ان فیک خصلتین یحبهما اللہ الحلم و الاناة .

تجھ میں دو خصلتیں ہیں خدا اور رسول کو پیاری، درنگ اور بردباری۔

ان کا قبیلہ بنی سعد کہ سعادت و نیک طالعی سے شرف اسلام و صحابیت سے مشرف ہوئیں۔

جب روز حنین حاضر بارگاہ ہوئیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے قیام فرمایا اور اپنی چادر انور بچھا کر بٹھایا ان کے شوہر جن کا شیر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نوش فرمایا، حارث سعدی، یہ بھی شرف اسلام و صحبت سے مشرف ہوئے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قدم بوسی کو حاضر ہوئے تھے راہ میں قریش نے کہا اے حارث تم اپنے بیٹے کی سنو وہ کہتے ہیں۔ مردے جئیں گے اور اللہ نے دو گھر جنت و نار بنا رکھے ہیں۔ انھوں نے حاضر ہو کر عرض کی کہ اے میرے بیٹے! حضور کی قوم حضور کی شاکی ہے۔ فرمایا ہاں میں ایسا فرماتا ہوں اور اے میرے باپ! جب وہ دن آئے گا تو میں تمھارا ہاتھ پکڑ کر بتا دوں گا کہ دیکھو یہ وہ دن ہے یا نہیں جس کی میں خبر دیتا تھا یعنی روز قیامت، حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد اسلام اس ارشاد کو یاد کر کے کہا کرتے اگر میرے بیٹے میرا ہاتھ پکڑیں گے تو انشاء اللہ نہ چھوڑیں گے جب تک مجھے جنت میں داخل نہ فرمالیں۔

اسے یونس بن بکر نے روایت کیا۔

حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

اصدقها حارث و همام .

رواه البخاری فی الادب المفرد و ابو داؤد و النسائی عن ابی الهیثمی . رضی الله تعالیٰ عنه .

سب ناموں میں سب سے زیادہ سچے نام حارث و ہمام۔ بخاری نے ادب المفرد میں اور ابو داؤد و نسائی نے اسے ابو الہیثمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حضور کے رضاعی بھائی جو پستان شریک تھے جن کے لیے حضور سید العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پستان چھوڑ دیتے تھے، عبداللہ سعدی، یہ بھی مشرف بہ اسلام وصحبت ہوئے۔

حضور کی رضاعی بڑی بہن کہ حضور کو گود میں کھلاتیں، سینے پر لٹا کر دعائیہ اشعار عرض کرتیں اور سلاتیں اس لیے وہ بھی حضور کی ماں کہلاتیں، سیما سعدیہ، یعنی نشان والی، علامت والی جو دور سے چمکے یہ بھی مشرف بہ اسلام ہوئیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

حضرت حلیمہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گود میں لیے راہ میں جاتی تھیں تین نوجوان کنواری لڑکیوں نے وہ خدا بھاتی صورت دیکھی، جوش محبت سے اپنی پستانیں دہن اقدس میں رکھیں، تینوں کے دودھ اتر آیا۔ تینوں پاکیزہ بی بیوں کا نام عاتکہ تھا۔ عاتکہ کے معنی زن شریفہ، رئیسہ، کریمہ سراپا عطر آلود تینوں قبیلہ بنو سلیم سے تھیں کہ سلامت سے مشتق اور اسلام سے بھی ہم اشتقاق ہے۔ اسے ابن عبد البر نے استیعاب میں ذکر کیا ہے۔

بعض علماء نے حدیث، **انا ابن العواتک من سلیم** کو اسی معنی پر محمول کیا اسے سہیلی نے نقل کیا ہے۔

اقول الحق (امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں) کسی نبی نے کوئی آیت وکرامت ایسی نہ پائی کہ ہمارے نبی اکرم نبی الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم کو اس کی مثل اور اس سے اکمل عطا نہ ہوئی۔ یہ اس مرتبے کی تکمیل تھی کہ مسیح کلمۃ اللہ صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ کو بے باپ کے کنواری بتول کے پیٹ سے پیدا کیا۔ حبیب اشرف بریۃ اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تین عفیفہ لڑکیوں کے پستان میں دودھ پیدا فرمادیا۔ ع

آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

امام ابوبکر بن العربی فرماتے ہیں:

لم ترضعه مرضعة الا اسلمت .

ذكره في كتاب سراج المريدين .

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جتنی بی بیوں نے دودھ پلایا سب اسلام لائیں۔ اسے کتاب سراج المریدین میں بیان کیا گیا ہے۔

بھلا یہ تو دودھ پلانا تھا کہ اس میں جزئیت ہے۔ مرضعۂ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک، برکت، اور ام ایمن، کنیت کہ یہ بھی یمن و برکت وراستی وقوت۔ یہ اجلہ صحابیات سے ہوئیں رضی اللہ تعالیٰ عنہن۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انھیں فرماتے:

انت امی بعد امی .

تم میری ماں کے بعد میری ماں ہو۔

راہ ہجرت میں انھیں پیاس لگی آسمان سے نورانی رسی میں ایک ڈول اترا پی کر سیراب ہوئیں پھر کبھی پیاس نہ معلوم ہوئی سخت گرمی میں روزے رکھتیں اور پیاس نہ ہوتی۔ اسے ابن سعد نے روایت کیا۔

پیدا ہوتے وقت جنھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے ہاتھوں پر لیا ان کا نام پاک تو دیکھئے شفاء۔ یہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ ماجدہ وصحابیہ جلیلہ ہیں۔ اور ایک بی بی کہ وقت ولادت اقدس حاضر تھیں، فاطمہ بنت عبداللہ ثقفیہ، یہ بھی صحابیہ ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

اے چشم انصاف! کیا ہر تعلق ہر علاقہ میں ان پاک مبارک ناموں کا اجتماع محض اتفاقی بطور جزاف تھا؟ کلا واللہ بلکہ عنایت ازلی نے جان جان کر یہ نام رکھے، دیکھ دیکھ کر یہ لوگ چنے۔ پھر محل غور ہے جو اس نور پاک کو برے نام والوں سے بچائے وہ اسے برے کام والوں میں رکھے گا اور برا کام بھی کون سا معاذ اللہ شرک وکفر۔ حاشا ثم حاشا، اللہ اللہ۔ دائیاں مسلمان، کھلائیاں مسلمان، مگر خاص جن مبارک پیٹوں میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پاؤں پھیلائے۔ جن طیب مطیب خونوں سے اس نورانی جسم میں ٹکڑے آئے وہ معاذ اللہ! چنیں وچناں حاش للہ! کیوں کر گوارا ہو۔ ع

خدا دیکھا نہیں قدرت سے جانا

ع

ما بندۂ عشقیم و دگر ہیچ ندانیم

نجات ابوین کے قائلین علماء وائمہ

دربارۂ ابوین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما یہی طریقہ انیقہ انٰی نجات نجات کہ ہم نے بتوفیقہ تعالیٰ اختیار کیا۔ تنوع مسالک پر مختار اجلہ ائمہ کبار واعاظم علمائے نامدار ہے۔ ازاں جملہ۔

(۱) امام ابوحفص عمر بن احمد بن شاہین۔

جن کی علوم دینیہ میں تین سوتیس تصانیف ہیں ازاں جملہ تفسیر ایک ہزار جزء میں اور مسند حدیث ایک ہزار تین جزء میں۔

(۲) شیخ المحدثین احمد خطیب علی البغدادی۔

(۳) حافظ الشان محدث ماہر امام ابوالقاسم علی بن حسن ابن عساکر۔

(۴) امام اجل ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبداللہ سہیلی صاحب الروض۔

(۵) حافظ الحدیث امام محب الدین طبری۔

علماء فرماتے ہیں کہ بعد امام نووی کے ان کا مثل علم حدیث میں کوئی نہ ہوا۔

(۶) امام علامہ ناصر الدین ابن المنیر صاحب شرف المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(۷) امام حافظ الحدیث ابوالفتح محمد بن محمد بن سید الناس صاحب عیون الاثر۔

(۸) علامہ صلاح الدین صفدی۔

(۹) حافظ الشان شمس الدین محمد بن ناصر الدین دمشقی۔

(۱۰) شیخ الاسلام حافظ الشان امام شہاب الدین احمد بن حجر عسقلانی۔

(۱۱) امام حافظ الحدیث ابوبکر محمد بن عبداللہ اشبیلی ابن العربی مالکی۔

(۱۲) امام ابوالحسن علی بن محمد ماوردی بصری صاحب الحاوی الکبیر۔

(۱۳) امام ابوعبداللہ محمد بن خلف شارح صحیح مسلم۔

(۱۴) امام عبداللہ محمد بن احمد بن ابوبکر قرطبی صاحب تذکرہ۔

(۱۵) امام المتکلمین فخر المدققین فخر الدین محمد بن عمر الرازی۔

(۱۶) امام علامہ شرف الدین مناوی۔

(۱۷) خاتم الحفاظ مجدد القران امام العاشر امام جلال الملۃ والدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر۔

(۱۸) امام حافظ شہاب الدین احمد بن حجر ہیثمی مکی صاحب افضل القریٰ وغیرہ۔

(۱۹) شیخ نورالدین علی بن الجزار مصری صاحب رسالہ تحقیق آمال الراجین فی ان والدی المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بفضل اللہ تعالیٰ فی الدارین من الناجین۔

(۲۰) علامہ ابوعبداللہ محمد بن ابی شریف حسنی تلمسانی شارح شفاء شریف۔

(۲۱) علامہ محقق سنوسی۔

(۲۲) امام اجل عارف باللہ سیدی عبدالوہاب شعرانی صاحب الیواقیت والجواہر۔

(۲۳) علامہ احمد بن محمد بن علی بن یوسف فاسی صاحب مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات۔

(۲۴) خاتم المحققین علامہ محمد بن عبدالباقی زرقانی شارح المواہب۔

(۲۵) زین الفقہ علامہ محقق زین الدین ابن نجیم مصری صاحب الاشباہ والنظائر۔

(۲۶) امام اجل فقیہ اکمل محمد بن محمد کردری بزازی صاحب المناقب۔

(۲۷) سید شریف علامہ حموی صاحب غمز العیون والبصائر۔

(۲۸) علامہ حسین بن محمد بن حسن دیار بکری صاحب الخمیس فی النفس نفیس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(۲۹) علامہ محقق شہاب الدین احمد خفاجی مصری صاحب نسیم الریاض۔

(۳۰) علامہ طاہر فتنی صاحب مجمع بحار الانوار۔

(۳۱) شیخ شیوخ علماء الہند مولانا عبدالحق محدث دہلوی۔

(۳۲) مولانا بحرالعلوم ملک العلماء عبدالعلی صاحب فواتح الرحموت۔

(۳۳) علامہ سید احمد مصری طحطاوی محشی درمختار۔

(۳۴) علامہ سید ابن عابدین امین الدین محمد آفندی شامی صاحب ردالمحتار۔ وغیرہم۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں۔

ان سب حضرات کے اقوال طیبہ اس وقت فقیر کے پیش نظر ہیں مگر فقیر نے یہ سطور نہ مجرد نقل اقوال کے لیے لکھیں نہ مباحث طے کردۂ علماء عظام خصوصاً امام جلیل جلال الدین سیوطی کے ایراد بلکہ مقصود اس مسئلہ جلیلہ پر چند دلائل جمیلہ کا سنانا اور بہ تصدق کفش برداری علماء جو فیوض تازہ قلب فقیر پر فائض ہوئے انتفاع برادران دینی کے لیے ان کا ضبط تحریر میں لانا کہ شائد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ تمام جہاں سے اکرم وارحم وابر واوفی ہیں، محض اپنے کرم سے نظر قبول فرمائیں اور نہ کسی صلے میں بلکہ اپنے خالص فضل کے صدقے میں اس عاجز بیچارہ، بے کس، بے یار کا ایمان حفظ فرما کر دارین میں عذاب وعقاب سے بچائیں۔ ع

بر کریماں کارہا دشوار نیست

پھر یہ بھی ان اکابر کا ذکر ہے جن کی تصریحات خاص اس مسئلہ جزئیہ میں موجود ورنہ بنظر کلیت نگاہ کیجیے تو:

امام حجۃ الاسلام محمد محمد غزالی۔

وامام اجل امام الحرمین۔

وامام ابن السمعانی

وامام کیاہراسی۔

وامام اجل قاضی ابوبکر باقلانی۔

حتیٰ کہ خود امام مجتہد سیدنا امام شافعی۔

کی نصوص قاہرہ موجود ہیں جن سے تمام آباء وامہات اقدس کا ناجی ہونا کالشمس والامس روشن و ثابت ہے بلکہ بالاجماع تمام ائمہ شاعرہ وائمہ ماتریدیہ سے مشائخ بخارا تک سب کا یہی مقتضائے مذہب ہے۔

امام سیوطی سبل النجاۃ میں فرماتے ہیں:

مال الی ان اللہ تعالیٰ احیاھما حتی آمنا به طائفة من الائمة و حفاظ الحدیث

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کریمین کو زندہ فرمایا یہاں تک کہ وہ دونوں حضور پر ایمان لائے۔ بعض ائمہ کرام اور حفاظ حدیث یہی کہتے ہیں۔ (مولف)

کتاب الخمیس میں کتاب مستطاب الدرج المنیفہ فی الاباء الشریفہ سے نقل کرتے ہیں۔

ذھب جمع کثیر من الائمة الاعلام الی ان ابوی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ناجیان محکوم لھما بالنجاۃ فی الآخرۃ و ھم اعلم الناس باقوال من خالفھم و قال بغیر ذلک و لا یقصرون عنھم فی الدرجة و من احفظ الناس للحادیث و الاثار من انقد الناس بالادلة التی استدل بھا اولئک فانھم جامعون لانواع العلوم متضلعون من الفنون خصوصا الاربعة التی یستمد منه فی ھذہ المسئلة . فلا یظن بھم انھم لم یقفوا علی الاحادیث التی استدل بھا اولئک معاذ اللہ بل وقفوا علیھا و خاضوا غمرتھا و اجابوا عنھا بالاجوبة المرضیة التی لا یردھا منصف و اقاموا لما ذھبوا الیه ادلة قاطعة کالجبال الرواسی .

خلاصہ یہ کہ یہ جمع کثیر اکابر ائمہ واجلہ حفاظ حدیث، جامعان انواع علوم وناقدان وروایات

ومفہوم کا مذہب یہی ہے کہ ابوین کریمین ناجی ہیں۔ان اعاظم ائمہ کی نسبت گمان بھی نہیں ہوسکتا کہ ان احادیث سے غافل تھے جن سے مسئلے میں خلاف پر استدلال کیا جاتا ہے معاذ اللہ! ایسا نہیں بلکہ وہ ضرور اس پر واقف ہوئے اور تہہ تک پہنچے اور ان سے وہ پسندیدہ جواب دیے جنھیں کوئی انصاف والا رد نہ کرے گا اور نجات والدین شریفین پر دلائل قاطعہ قائم کیں جیسے مضبوط جمے ہوئے پہاڑ کسی کے ہلائے نہیں ہل سکتے۔

بلکہ علامہ زرقانی شرح مواہب میں ائمہ قائلین نجات کے اقوال وکلمات ذکر کر کے فرماتے ہیں۔

هذا ما وقفنا عليه من نصوص علمائنا و لم نر لغيرهم ما يخالفه الا ما يشم من نفس ابن دحية و قد تكفل برده القرطبي .

یہ ہمارے علماء کے وہ نصوص ہیں جن پر میں واقف ہوا اور ان کے غیر سے کہیں ان کا خلاف نظر نہ آیا سوائے ایک بوئے خلاف کے جو ابن دحیہ کے کلام سے پائی گئی اور امام قرطبی نے بر وجہ کافی اس کا رد کر دیا۔

تاہم بات وہی ہے جو امام سیوطی نے فرمائی :

ثم انى لم ادع ان المسئلة اجماعية بل هى مسئلة ذات خلاف (فحكمها كحكم سائر المسائل المختلف فيها) غير انى اخترت له اقوال القائلين بالنجاة لانه انسب بهذا المقام .

مجھے یہ دعویٰ نہیں ہے کہ مسئلہ اجماعی ہے بلکہ یہ تو مختلف فیہ مسئلہ ہے اس کا حکم بھی تمام اختلافی مسائل کی طرح ہے مگر میں نے ان کے اقوال کو اختیار کیا ہے جو نجات کے قائل ہیں کیوں کہ اس جگہ یہی زیادہ مناسب ہے۔ (مولف)

اقول، تحقیق یہ ہے طالب تحقیق مرہون دست دلیل ہے، ابتداء ظواہر بعض آثار سے جو ظاہر بعض انظار ہوا ظاہر تھا کہ ان سے جوابات شافیہ اور اس پر دلائل وافیہ قائم و مستقیم چارۂ کار قبول و تسلیم بالاقل سکوت و تعظیم۔ واللہ الہادی الی صراط مستقیم۔

حضرت آمنہ کے اشعار

امام ابونعیم دلائل النبوۃ میں بطریق محمد بن شہاب الزہری ام سماعہ بنت ابی رحم، وہ اپنی والدہ سے راوی ہیں۔ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے انتقال کے وقت حاضر تھی۔ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کم سن بچے کوئی پانچ برس کی عمر شریف ان کے سرہانے تشریف فرما تھے۔ حضرت خاتون نے اپنے ابن کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف نظر کی پھر کہا:

بارک فیک اللہ من غلام

یا ابن الذی من حرمة الحمام

●

نجا بعون الملک المنعام

فودی غداة الضرب بالسهام

●

بمائة من ابل السوام

ان صح ما ابصرت فی المنام

●

فانت مبعوث الی الانام

تبعث فی الحل و فی الحرام

•

تبعث فی التحقیق و الاسلام

دین ابیک البر ابراھام

•

فاللہ انھاک عن الاصنام

ان لا تو الیھا مع الاَقوام

اے ستھرے لڑکے اللہ تجھ میں برکت رکھے، اے بیٹے ان کے جنھوں نے مرگ کے گھیرے سے نجات پائی بڑے انعام والے بادشاہ اللہ عزوجل کی مدد سے، جس صبح کو قرعہ ڈالا گیا سو بلند اونٹ ان کے فدیہ میں قربان کیے گئے، اگر وہ ٹھیک اترا جو میں نے خواب دیکھا ہے تو تو سارے جہان کی طرف پیغمبر بنایا جائے گا جو تیرے نکوکار باپ ابراہیم کا دین ہے، میں اللہ کی قسم دے کر تجھے بتوں سے منع کرتی ہوں کہ قوموں کے ساتھ ان کی دوستی نہ کرنا۔

حضرت خاتون آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اس پاک وصیت میں جو فراق دنیا کے وقت اپنے ابن کریم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم کو کی بحمداللہ تعالیٰ توحید ورد شرک تو آفتاب کی طرح روشن ہے اور اس کے ساتھ دین اسلام ملت پاک ابراہیم علیہ الصلاۃ والتسلیم کا بھی پورا اقرار۔ اور ایمان کامل کسے کہتے ہیں پھر اس سے بالاتر حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کا بھی اعتراف وجود اور وہ بھی بیان بعثت عامہ کے ساتھ۔ وللہ الحمد۔

اس کے بعد فرمایا :

کل حی میت و کل جدید بال و کل کبیر یفنی و انا میتۃ و ذکری باق و قد ترکت خیرا وولدت طھرا.

ہر زندہ کو مرنا ہے اور ہر نئے کو پرانا ہونا اور کوئی کیسا ہی بڑا ہوا ایک دن فنا ہونا ہے میں مرتی ہوں اور میرا ذکر ہمیشہ خیر سے رہے گا، میں کیسی خیر عظیم چھوڑ چلی ہوں اور کیسا ستھرا پاکیزہ مجھ سے پیدا ہوا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہ کہا اور انتقال فرمایا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہا وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ ابنہا الکریم وذویہ وبارک وسلم۔

یہ ان کی فراست ایمانی اور پیشین گوئی نورانی قابل غور ہے کہ میں انتقال کرتی ہوں اور میرا ذکر خیر ہمیشہ باقی رہے گا۔ عرب وعجم کی ہزاروں شاہزادیاں اور بڑی بڑی تاج والیاں خاک کا پیوند ہوئیں جن کا نام تک کوئی نہیں جانتا مگر اس پاک طیبہ خاتون کے ذکر خیر سے مشارق ومغارب ارض میں مجالس ومحافل انس و قدس میں زمین وآسمان گونج رہے ہیں اور ابدالاباد تک گونجیں گے۔ وللہ الحمد۔

ایک عالم کا تفکر اور عبرت قاہرہ

سید شریف مصری حواشی در میں ناقل کہ ایک عالم رات بھر مسئلہ ابوین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں متفکر رہے کہ کیوں کر تطبیق اقوال ہو؟ اسی فکر میں چراغ پر جھک گئے کہ بدن جل گیا صبح ایک لشکری آیا کہ میرے یہاں آپ کی دعوت ہے راہ میں ایک تمر فروش ملے کہ اپنی دکان کے آگے باٹ ترازو لیے بیٹھے ہیں انھوں نے اٹھ کر ان عالم کے گھوڑے کی باگ پکڑی اور یہ اشعار پڑھے۔

امنت ان ابا النبی و امہ
احیاھما الحی القدیر الباری

•

حتی لقد شھد الہ برسالۃ
صدق فذاک کرامہ المختار

•

وبـه الحـديـث و مـن يـقـول بضعفـه
فهـو الـضـعيف عن الـحـقيـقة عـارٍ

یعنی میں ایمان لایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باپ کو اس زندہ ابدی قادر مطلق خالق عالم جل جلالہ نے زندہ کیا یہاں تک کہ ان دونوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیغمبری کی گواہی دی، اے شخص اس کی تصدیق کر کہ یہ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے ہے اور اس باب میں حدیث وارد ہوئی جو اسے ضعیف بتائے وہ آپ ہی ضعیف اور علم حقیقت سے خالی ہے۔

یہ اشعار سنا کر ان عالم سے فرمایا، اے شیخ انھیں لے اور نہ رات کو جاگ نہ اپنی جان کو فکر میں ڈال کہ تجھے چراغ جلادے۔ ہاں جہاں جا رہا ہے وہاں نہ جا کہ لقمۂ حرام کھانے میں نہ آئے۔

ان کے اس فرمانے سے وہ عالم بے خود ہو کر رہ گئے پھر انھیں تلاش کیا پتہ نہ پایا اور دوکانداروں سے پوچھا کسی نے نہ پہچانا، سب بازار والے بولے یہاں تو کوئی شخص بیٹھتا ہی نہیں، وہ عالم اس ربانی ہادیٔ غیب کی ہدایت سن کر مکان کو واپس آئے لشکری کے یہاں تشریف نہ لے گئے۔

اے شخص یہ عالم بہ برکت علم، نظر عنایت سے ملحوظ تھے کہ غیب سے کسی ولی کو بھیج کر انھیں ہدایت فرمادی، خوف کر کہ تو اس ورطہ میں پڑھ کر معاذ اللہ کہیں مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا باعث ایذا نہ ہو جس کا نتیجہ معاذ اللہ بڑی آگ دیکھنا ہو۔ اللہ عزوجل ظاہر و باطن میں مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سچی محبت اور سچا ادب روزی فرمائے اور اسباب مقت وحجاب وبیزاری وعتاب سے بچائے۔ آمین۔

(شمول الاسلام لاصول الرسول الکرام)

حضور کے آباء وامہات اہل توحید ہیں

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

مذہب صحیح یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے والدین کریمین حضرت سیدنا عبداللہ اور حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما اہل توحید واسلام ونجات تھے بلکہ حضور کے آباء وامہات حضرت عبد اللہ وآمنہ سے حضرت آدم وحوا تک مذہب ارجح میں سب اہل اسلام وتوحید ہیں۔ قال اللہ تعالیٰ هو الذی یراک حین تقوم و تقلبک فی الساجدین .

اس آیۂ کریمہ کی تفسیر میں سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور ایک نمازی سے دوسرے نمازی کی طرف منتقل ہوتا آیا۔ اور حدیث میں ہے کہ رب عزوجل نے نور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت فرمایا کہ اسے اصلاب طیبہ وارحام طاہرہ میں رکھوں گا اور رب عزوجل کبھی کسی کافر کو طیب وطاہر نہ فرمائے گا۔ انما المشرکون نجس .

(فتاویٰ رضویہ، ج ٦ ۔ ص ٢٨)

والدین کریمین کی شفاعت

امام جلال الدین سیوطی مسالک الحنفاء فی والدی المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں فرماتے ہیں کہ امام رازی نے فوائد میں بسند ضعیف ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔

قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا کان یوم القیمة شفعت لابی و امی و ابی طالب و اخ لی کان فی الجاهلیة .

اورد المحب الطبری و هو من الحفاظ و الفقهاء فی کتابه ذخائر العقبی فی

مناقب ذو القربی، و قال ان ثبت فهو موول فی ابی طالب علی ما ورد فی الصحیح من تخفیف العذاب عنه بشفاعته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم . و انما احتاج الی تاویله فی ابی طالب دون الثلثة ابیه و امه و اخیه یعنی من الرضاعة لان ابا طالب ادرک البعثة و لم یسلم و الثلثة ماتوا فی الفترة .

یعنی ایک حدیث ضعیف میں آیا کہ میں روز قیامت اپنے والدین اور ابو طالب اور اپنے ایک رضاعی بھائی کہ زمانہ جاہلیت میں گزرا شفاعت فرماؤں گا۔

امام محب طبری نے کہ حافظان حدیث وعلمائے فقہ سے ہیں ذخائر العقبیٰ میں فرمایا یہ حدیث اگر ثابت بھی ہو تو ابو طالب کے بارے میں اس کی تاویل وہ ہے جو صحیح حدیث میں آیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے عذاب ہلکا ہو جائے گا۔ امام سیوطی فرماتے ہیں، خاص ابو طالب کے باب میں تاویل کی حاجت یہ ہوئی کہ ابو طالب نے زمانہ اسلام پایا اور کفر پر اصرار رکھا، بخلاف والدین کریمین و برادر رضاعی کہ زمانہ فترت میں گزرے۔ (شرح المطالب فی مبحث ابی طالب)

والدین کریمین زندہ ہو کر ایمان لائے

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہوا، حجۃ الوداع میں ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے جب عقبہ حجون پر گزر ہوا حضور اشک بار و رنجیدہ و مغموم ہوئے پھر تشریف لے گئے جب لوٹ کر آئے چہرہ بشاش تھا اور لب تبسم ریز، میں نے سبب پوچھا فرمایا میں اپنی ماں کی قبر پر گیا اور خدا سے عرض کیا کہ انھیں زندہ کر دے وہ قبول ہوئی اور وہ زندہ ہو کر ایمان لائیں اور پھر قبر میں آرام کیا۔

خطیب روایت کرتے ہیں۔ عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت حج بنا رسول

اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فمر بی عقبة الجحون و ھو باک حزین مغتم ثم ذھب و عاد و ھو فرح متبسم فسألته فقال ذھبت الی قبر امی فسألت اللہ ان یحییھا فامنت بی و ردھا اللہ .

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارے ہمراہ حج کیا، جب عقبہ حجون پر پہنچے تو رو رہے تھے اور غمگین تھے، پھر آپ کہیں تشریف لے گئے، جب واپس آئے تو مسرور تھے اور تبسم فرما رہے تھے، فرماتی ہیں میں نے سبب دریافت کیا تو آپ نے فرمایا، میں اپنی ماں کی قبر پر گیا تھا، میں نے اپنے اللہ سے سوال کیا، اس نے ان کو زندہ کیا وہ ایمان لائیں اور پھر انتقال فرما گئیں۔

امام جلال الدین خصائص میں فرماتے ہیں، اس کی سند میں مجاہیل ہیں اور سہیلی نے ام المومنین سے احیائے والدین ذکر کر کے کہا اس کے اسناد میں مجہولین ہیں اور حدیث سخت منکر اور صحیح کے معارض۔

ففی مجمع بحار الانوار ، ح ، احیی ابوی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حتی آمنا به قال فی اسنادہ مجاھیل و انه ح منکر جدا یعارضه ما ثبت فی الصحیح .

والدین کریمین زندہ ہو کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لائے، فرمایا کہ اس کی سند میں مجہولین ہیں اور حدیث منکر و صحیح کے معارض ہے۔ (مولف)

بایں ہمہ اسی مجمع البحار میں لکھتے ہیں:

و فی المقاصد الحسنة و ما احسن ما قال :

جاء اللہ النبی مزید فضل
علی فضل و کان به رؤفا

فاحیی امہ و کذا اباہ
لا یمان بہ فضلا لطیفا

نسلم فالقدیم بذا قدیر
و ان کان الحدیث بہ ضعیفا

حاصل یہ کہ مقاصد میں ہے اور کیا خوب کہا، خدا نے نبی کو فضل پر فضل زیادہ عطا فرمائے اور ان پر نہایت مہربان تھا، پس ان کے والدین کو ان پر ایمان لانے کے لیے زندہ کیا اپنے فضل لطیف سے، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ قدیم تو اس پر قدرت رکھتا ہے اگر چہ جو حدیث اس معنی میں وارد ہوئی ضعیف ہے۔

(قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

ابوطالب کی کفالت

و نسلمه حتى نصرع حوله

و نذهل عن ابنائنا و الحلائل

اور کیا ہم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمھارے سپرد کردیں گے جب تک کہ اپنے بیٹوں اور بیویوں سے غافل نہ ہو جائیں۔ (ازقصیدۂ ابوطالب)

ابو طالب کی کفالت

حضرت بی بی آمنہ کی وفات کے بعد حضرت ام ایمن آپ کو مکہ مکرمہ لائیں اور آپ کے دادا عبد المطلب کے سپرد کیا اور دادا نے آپ کو اپنے آغوش تربیت میں انتہائی شفقت و محبت کے ساتھ پرورش کیا اور حضرت ام ایمن آپ کی خدمت کرتی رہیں، جب آپ کی عمر شریف آٹھ برس کی ہوگئی تو آپ کے دادا عبد المطلب کا بھی انتقال ہوگیا۔

عبد المطلب کی وفات کے بعد آپ کے چچا ابو طالب نے آپ کو اپنی آغوش تربیت میں لے لیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نیک خصلتوں اور دل لبھانے والی بچپن کی پیاری اداؤں نے ابو طالب کو آپ کا ایسا گرویدہ بنا دیا کہ مکان کے اندر اور باہر ہر وقت آپ کو اپنے ساتھ ہی رکھتے، اپنے ساتھ کھلاتے پلاتے، اپنے پاس ہی آپ کا بستر بچھاتے اور ایک لمحہ کے لیے بھی کبھی اپنی نظروں سے اوجھل نہیں ہونے دیتے تھے۔

ابو طالب کا بیان ہے کہ میں نے کبھی بھی نہیں دیکھا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی وقت بھی کوئی جھوٹ بولے ہوں۔ یا کبھی کسی کو دھوکہ دیا ہو یا کبھی کسی کو کوئی ایذا پہنچائی ہو یا بیہودہ لڑکوں کے پاس کھیلنے کے لیے گئے ہوں یا کبھی کوئی خلاف تہذیب بات کی ہو، ہمیشہ انتہائی خوش اخلاق، نیک اطوار، نرم گفتار، بلند کردار اور اعلیٰ درجہ کے پارسا اور پرہیزگار رہے۔

آپ کی دعا سے بارش

ایک مرتبہ ملک عرب میں انتہائی خوفناک قحط پڑ گیا اہل مکہ نے بتوں سے فریاد کرنے کا ارادہ کیا مگر ایک حسین و جمیل بوڑھے نے مکہ والوں سے کہا کہ اے اہل مکہ ہمارے اندر ابو طالب موجود ہیں جو بانی کعبہ

حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی نسل سے ہیں اور کعبہ کے متولی اور سجادہ نشین بھی ہیں۔ ہمیں ان کے پاس چل کر دعا کی درخواست کرنی چاہیئے۔ چنانچہ سرداران عرب ابو طالب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور فریاد کرنے لگے کہ اے ابو طالب! قحط کی آگ نے سارے عرب کو جھلس کر رکھ دیا ہے، جانور گھاس پانی کے لیے ترس رہے ہیں اور انسان دانہ پانی نہ ملنے سے تڑپ تڑپ کر دم توڑ رہے ہیں، قافلوں کی آمد و رفت بند ہو چکی ہے اور ہر طرف بربادی و ویرانی کا دور دورہ ہے آپ بارش کے لیے دعا کیجیے، اہل عرب کی فریاد سن کر ابو طالب کا دل بھر آیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے ساتھ لے کر حرم کعبہ میں گئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیوار کعبہ سے ٹیک لگا کر بٹھا دیا اور دعا مانگنے میں مشغول ہو گئے۔ درمیان دعا میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی انگشت مبارک کو آسمان کی طرف اٹھا دیا، ایک دم چاروں طرف سے بدلیاں نمودار ہوئیں اور فوراً ہی اس زور کا باران رحمت برسا کہ عرب کی سرزمین سیراب ہو گئی۔ جنگلوں اور میدانوں مین ہر طرف پانی ہی پانی نظر آنے لگا۔ چٹیل میدانوں کی زمینیں سرسبز و شاداب ہو گئیں قحط دفع ہو گیا اور کال کٹ گیا اور سارا عرب خوش حال اور نہال ہو گیا۔

ایمان ابو طالب کی بحث

جب ابو طالب مرض الموت میں مبتلا ہو گئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ اے چچا آپ کلمہ پڑھ لیجیے یہ وہ کلمہ ہے کہ اس کے سبب سے میں خدا کے دربار میں آپ کی مغفرت کے لیے اصرار کروں گا۔ اس وقت ابو جہل اور عبداللہ بن امیہ، ابو طالب کے پاس موجود تھے ان دونوں نے ابو طالب سے کہا کہ اے ابو طالب! کیا آپ عبدالمطلب کے دین سے روگردانی کریں گے؟ اور یہ دونوں برابر ابو طالب سے گفتگو کرتے رہے، یہاں تک کہ ابو طالب نے کلمہ نہیں پڑھا، بلکہ ان کی زندگی کا آخری قول یہ رہا کہ ''میں عبدالمطلب کے دین پر ہوں'' یہ کہا اور ان کی روح پرواز کر گئی۔ حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس سے بڑا صدمہ پہنچا اور آپ نے فرمایا کہ میں آپ کے لیے اس وقت تک

دعائے مغفرت کرتا رہوں گا جب تک اللہ تعالیٰ مجھے منع نہ فرمائے گا۔اس کے بعد یہ آیت نازل ہوگئی کہ،

ما کان للنبی و الذین آمنوا ان یستغفروا للمشرکین و لو کانوا اولی قربی من بعد ما تبین لهم انهم اصحب الجحیم.

یعنی نبی اور مومنین کے لیے یہ جائز ہی نہیں کہ وہ مشرکین کے لیے مغفرت کی دعا مانگیں اگر چہ وہ رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو جب انھیں معلوم ہو چکا کہ مشرکین جہنمی ہیں۔مولف (سیرت مصطفیٰ)

امام احمد رضا بریلوی سے اس سلسلے میں سوال ہوا کہ زید ابو طالب کو کافر کہتا ہے اور عمر وان دلائل سے اس سے انکار کرتا ہے کہ انھوں نے حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کفالت ونصرت وحمایت و محبت بدرجۂ غایت کی اور نعت میں قصائد لکھے، وغیرہ تو ان دونوں میں کون حق پر ہے؟

امام احمد رضا بریلوی نے اس کا جواب کچھ تفصیل اور شرح وبسط کے ساتھ تحریر فرمایا ہے، آپ فرماتے ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ ابو طالب تمام عمر حضور سید المرسلین سید الاولین والآخرین سید الابرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی یوم القرار کی حفظ وکفالت ونصرت میں مصروف رہے اپنی اولاد سے زیادہ حضور کو عزیز رکھا اور اس وقت میں ساتھ دیا کہ ایک عالم حضور کا دشمن جاں ہو گیا تھا اور حضور کی محبت میں اپنے تمام عزیزوں قریبوں سے مخالفت گوارا کی ،سب کو چھوڑ دینا قبول کیا کوئی دقیقہ غم گساری وجاں نثاری کا نامرعی نہ رکھا اور یقیناً جانتے تھے کہ حضور افضل المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں ان پر ایمان لانے میں جنت ابدی اور تکذیب میں جہنم دائمی ہے۔بنی ہاشم کو مرتے وقت وصیت کی کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصدیق کرو فلاح پاؤ گے۔نعت شریف میں قصائد ان سے منقول براہ راست وہ امور ذکر کیے کہ اس وقت تک واقع نہ ہوئے تھے بعد بعثت شریف ان کا ظہور ہوا یہ سب احوال مطالعہ احادیث ومراجعت کتب

سیر سے ظاہر۔

ایک شعران کے قصیدے کا صحیح بخاری شریف میں بھی مروی۔

و ابیض یستسقی الغمام بوجهه

ثمال الیتامی عصمة للارامل

وہ گورے رنگ والے جن کے روئے روشن کے توسل سے مینھ برستا ہے، یتیموں کے جائے پناہ بیواؤں کے نگہبان۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

محمد بن اسحاق تابعی صاحب سیر و مغازی نے یہ قصیدہ بتمامہا نقل کیا جس میں ایک سو دس بیتیں مدح جلیل ونعت منیع پر مشتمل ہیں۔

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ شرح صراط مستقیم میں اس قصیدہ کی نسبت فرماتے ہیں۔

دلالت دارد بر کمال محبت ونہایت معرفت نبوت او

یہ قصیدہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کمال محبت پر دلالت کرتا ہے اور یہ کہ ابو طالب کو حضور کی نبوت کی معرفت و پہچان انتہا درجہ کی تھی۔ (مولف)

مگر مجرد ان امور سے ایمان ثابت نہیں ہوتا، کاش! یہ افعال واحوال ان سے حالت اسلام میں صادر ہوتے تو سیدنا عباس بلکہ ظاہراً سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بھی افضل قرار پاتے اور افضل الاعمام حضور افضل الانام علیہ وعلیٰ آلہ افضل الصلاۃ والسلام کہلائے جاتے۔ تقدیر الٰہی نے بر بنا اس حکمت کے جسے وہ جانے یا اس کا رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، انھیں گروہ مسلمین وغلامان سید شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں شمار کیا جانا منظور نہ فرمایا۔

صرف معرفت گوکیسی ہی کمال کے ساتھ ہو ایمان نہیں۔ دانستن وشناختن اور چیز ہے اور اذعان و گرویدن اور۔ کم کافر تھے جنھیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سچے پیغمبر ہونے کا یقین نہ تھا۔ اور علمائے اہل کتاب تو عموماً جزم کلی رکھتے تھے حتی کہ یہ امر ان کے نزدیک کالعیان سے بھی زائد تھا۔ معائنہ میں بصر غلطی بھی کرتی ہے اور یہاں کسی طرح کا شبہ واحتمال نہ تھا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

يعرفونه كما يعرفون ابناء هم .

وہ اس نبی کو ایسا پہچانتے ہیں جیسے آدمی اپنے بیٹوں کو پہچانتا ہے۔

اور فرماتا ہے۔

فلما جاء هم ما عرفوا كفروا به فلعنة الله على الكافرين.

تو جب تشریف لایا ان کے پاس وہ جانا پہچانا، اس سے منکر ہو بیٹھے تو اللہ کی لعنت منکروں پر۔

اور فرماتا ہے۔

يجدونه مكتوبا عندهم فى التوراة و الانجيل .

جسے لکھا ہوا پائیں گے اپنے پاس توریت اور انجیل میں۔

بعض کور چشم بد باطن عصر کہ اس میں کلام کرتے اور کہتے ہیں کہ اگر اہل کتاب کے یہاں حضور کا ذکر رسالت ہوتا تو ایمان کیوں نہ لاتے، نصوص قاطعہ سے انکار اور خدا اور رسول کی تکذیب اور یہود ونصاریٰ کی تصدیق وحمایت کرنے والے ہیں۔

آیات قرآنیہ واحادیث صحیحہ متواترہ متظافرہ سے ابوطالب کا کفر پر مرنا اور دم واپسیں ایمان لانے

سے انکار کرنا اور عاقبت کار اصحاب نار سے ہونا ایسے روشن ثبوت سے ثابت جس میں کسی سنی کو مجال دم زدن نہیں۔

کفر ابوطالب پر آیات اور مفسرین کا اجماع

اللہ عزوجل فرماتا ہے۔

انک لا تهدی من احببت و لکن الله یهدی من یشاء و هو اعلم بالمهتدین.

اے نبی تم ہدایت نہیں دیتے جسے دوست رکھو ہاں خدا ہدایت دیتا ہے جسے چاہے وہ خوب جانتا ہے جو راہ پانے والے ہیں۔

مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ آیت کریمہ ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی۔

معالم التنزیل میں ہے۔

نزلت فی ابی طالب .

یہ آیت ابوطالب کے بارے میں نازل ہوئی۔ (مولف)

جلالین میں ہے۔

نزل فی حرصه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عن ایمان عمه ابی طالب .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے چچا ابوطالب کے ایمان کے خواہاں تھے اس پر یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی۔ (مولف)

مدارک التنزیل میں ہے۔

قال الزجاج اجمع المفسرون انها نزلت فی ابی طالب.

زجاج کہتے ہیں کہ مفسرین کا اس پر اجماع ہے کہ یہ آیت ابوطالب کے حق میں اتری ہے۔ (مولف)

کشاف زمخشری وتفسیر کبیر میں ہے۔

قال الزجاج اجمع المسلمون انها نزلت فی ابی طالب.

زجاج نے فرمایا کہ مسلمانوں کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ آیت ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی۔ (مولف)

صحیح حدیث میں اس آیت کریمہ کا سبب نزول یوں مذکور کہ جب حضور اقدس سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوطالب سے مرتے وقت کلمہ پڑھنے کو ارشاد فرمایا صاف انکار کیا اور کہا مجھے قریش عیب لگائیں گے کہ موت کی سختی سے گھبرا کر مسلمان ہوگیا۔ ورنہ حضور کی خوشی کر دیتا۔ اس پر رب العزت تبارک و تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ اتاری یعنی اے حبیب! تم اس کا غم نہ کرو تم اپنا منصب تبلیغ ادا کر چکے ہدایت دینا اور دل میں نور پیدا کرنا یہ تمہارا فعل نہیں اللہ عزوجل کے اختیار ہے اور اسے خوب معلوم ہے کہ کسے یہ دولت دے گا اور کسے محروم رکھے گا۔

صحیح مسلم شریف کتاب الایمان و جامع ترمذی کتاب التفسیر میں سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی۔

قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لعمه (زاد مسلم فی اخری عند الموت) قل لا اله الا الله اشهد لک بها یوم القیمة قال لولا ان تعیرنی قریش یقولون انما حمله علی ذلک الجزع لا قررت عینک فانزل الله عزوجل انک لا تهدی من احببت و لکن الله یهدی من یشاء.

حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے چچا ابوطالب سے اس کی موت کے وقت فرمایا کہ تم لا الہ الا اللہ کہہ لو میں آپ کے لیے قیامت کے دن گواہی دونگا۔ ابوطالب نے کہا کہ قریش مجھے عار دلائیں گے اور کہیں گے کہ موت کی سختی سے گھبرا کر کلمہ پڑھ لیا اگر مجھے یہ خوف نہ ہوتا تو میں ضرور حضور کی خوشی کر دیتا اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ انک لا تھدی من الایۃ .

مشرکین کے لیے استغفار جائز نہیں

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

ما کان للنبی و الذین آمنوا ان یستغفروا للمشرکین و لو کانوا اولی قربی من بعد ما تبین لھم انھم اصحب الجحیم.

روانہیں نبی اور ایمان والوں کو کہ استغفار کریں مشرکوں کے لیے اگر چہ وہ اپنے قرابت والے ہوں بعد اس کے کہ ان پر ظاہر ہو چکا کہ وہ بھڑکتی آگ میں جانے والے ہیں۔

یہ آیت کریمہ بھی ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی۔

تفسیر امام نسفی میں ہے۔

ھم علیہ الصلاۃ و السلام ان یستغفر لابی طالب فنزل ما کان للنبی .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوطالب کے بارے میں استغفار کا ارادہ فرمایا تو یہ آیت نازل ہوئی۔ ما کان للنبی الآیۃ . (مولف)

جلالین میں ہے۔

نزل فی استغفارہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لعمہ ابی طالب .

یہ آیت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا ابوطالب کے استغفار کے بارے میں نازل ہوئی یعنی اس آیت میں استغفار سے منع کیا گیا ہے۔ (مولف)

امام عینی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں۔

قال الواحدی سمعت ابا عثمان الخیری سمعت ابا الحسن بن مقسم سمعت ابا اسحق الزجاج یقول فی ھذہ الآیۃ اجمع المفسرون انھا نزلت فی ابی طالب.

یعنی واحدی نے اپنی تفسیر میں بسند خود ابواسحاق زجاج سے روایت کی کہ مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ آیت ابوطالب کے حق میں اتری۔

بیضاوی میں پہلا قول اس آیت کا نزول دربارۂ ابی طالب لکھا۔

علامہ شہاب خفاجی اس کی شرح عنایت القاضی وکفایت الراضی میں فرماتے ہیں۔

ھو الصحیح فی سبب النزول .

یعنی یہی صحیح ہے سبب نزول میں۔

اسی طرح اس کی تصحیح فتوح الغیب وارشاد الساری میں کی ہے اور فرمایا یہی حق ہے۔

ابوطالب کے لیے استغفار کی ممانعت

صحیح بخاری وصحیح مسلم وسنن نسائی میں ہے۔

عن سعید بن المسیب عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنھما ان ابا طالب لما حضرہ الوفاۃ دخل علیہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و عندہ ابو جھل فقال ای عم قل لا الہ الا اللہ کلمۃ احاج لک بھا عند اللہ فقال ابو جھل و عبد اللہ بن امیۃ یا ابا طالب

ترغب عن ملة عبد المطلب فلم یزالا یکلمانه حتی قال آخر شی کلمهم به علی ملة عبد المطلب (زاد البخاری فی الجنائز و تفسیر سورة القصص کمثل مسلم فی الایمان و ابی ان یقول لا اله الا الله) فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لا ستغفرن لک ما لم انه عنه فنزلت ما کان للنبی و الذین آمنوا ان یستغفروا للمشرکین و لو کانوا اولی قربی من بعد ماتبین لهم انهم اصحب الجحیم . و نزلت انک لا تهدی من احببت .

یعنی سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ۔

ابو طالب کی موت کے وقت ابو جہل اس کے پاس تھا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا اے چچا **لا الہ الا اللہ** کہہ لیجیے میں اللہ کی بارگاہ میں اس کلمہ کے سبب سے آپ کی شفاعت کروں گا ابو جہل اور عبد اللہ بن امیہ دونوں نے ابو طالب سے کہا اے ابو طالب کیا عبد المطلب کی ملت سے تم اس وقت اعراض کرو گے یہ دونوں کافر یہی بات ابو طالب سے بار بار کہتے رہے یہاں تک کہ ابو طالب نے آخری بات یہی کہی کہ میں عبد المطلب کی ملت پر ہوں اور کلمہ پڑھنے سے انکار کر دیا۔ حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تک منع نہ ہو میں آپ کے لیے دعائے مغفرت کرتا رہوں گا۔ تو یہ دونوں آیت مبارکہ نازل ہوئیں **ما کان للنبی و الذین آمنوا الآیة،** اور **انک لا تهدی من احببت.** **(مولف)**

اس حدیث جلیل سے واضح ہے کہ ابو طالب نے وقت مرگ کلمہ طیبہ سے صاف انکار کر دیا اور ابو جہل لعین کے اغوا سے حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد قبول نہ کیا، حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس پر بھی وعدہ فرمایا کہ جب تک اللہ عزوجل مجھے منع نہ فرمائے گا میں تیرے لیے استغفار کروں گا مولیٰ سبحانہ وتعالیٰ نے یہ دونوں آیتیں اتاریں اور اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ابو

طالب کے استغفار سے منع کیا اور صاف ارشاد فرمایا کہ مشرکوں اور دوزخیوں کے لیے استغفار جائز نہیں۔

ابوطالب ایمان سے دور رہے

اللہ عزوجل فرماتا ہے :

ينهون عنه و يناؤن و ان يهلكون الا انفسهم و ما يشعرون.

وہ اس نبی سے اوروں کو روکتے اور باز رکھتے ہیں اور خود اس پر ایمان لانے سے بچتے اور دور رہتے ہیں اور اس کے باعث خود اپنی ہی جانوں کو ہلاک کرتے ہیں اور انھیں شعور نہیں۔

یعنی جان بوجھ کر بے شعور کے سے کام کرے اس سے بڑھ کر بے شعور کون۔

سلطان المفسرین سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ان کے تلمیذ رشید سیدنا امام اعظم کے استاد مجید امام عطاء بن ابی رباح ومقاتل وغیرہم مفسرین فرماتے ہیں۔

یہ آیت ابوطالب کے باب میں اتری۔

تفسیر امام بغوی محی السنۃ میں ہے۔

قال ابن عباس و مقاتل نزلت في ابي طالب كان ينهي الناس عن اذى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و يمنعهم وينأى عن الايمان به اى بعد.

حضرت عبداللہ بن عباس ومقاتل رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں کہ یہ آیت ابوطالب کے حق میں نازل ہوئی ہے کہ وہ لوگوں کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایذا سے روکتے اور خود حضور پر ایمان لانے سے دور رہے۔ (مولف)

انوار التنزیل میں ہے۔

ینھون عن التعرض لرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ویناؤن عنہ فلا یومنون بہ کابی طالب.

یعنی کچھ لوگ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چھیڑ چھاڑ کرنے سے روکتے لیکن خود حضور سے دور رہتے اور ایمان نہیں لائے جیسے ابوطالب نے لوگوں کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایذا سے باز رکھا لیکن مسلمان نہ ہوا۔ (مولف)

فریابی اور عبدالرزاق اپنے مصنف اور سعید بن منصور سنن میں اور عبد بن حمید وابن جریر وابن منذر ابن ابی حاتم وطبرانی وابوشیخ وابن مردویہ اور حاکم مستدرک میں بافادۂ تصحیح اور بیہقی دلائل النبوۃ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس آیت کی تفسیر میں راوی۔

قال نزلت فی ابی طالب کان ینھی عن اذی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وینأی عما جاءبہ .

یعنی یہ آیت ابوطالب کے بارے میں اتری، وہ کافروں کو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایذا سے منع کرتے باز رکھتے اور خود حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لانے سے دور رہتے۔

ابوطالب کے عذاب میں تخفیف

امام احمد رضا بریلوی نے احادیث کی روشنی میں یہ ثابت کیا ہے کہ ابوطالب نے ایمان قبول نہیں کیا مگر چوں کہ اس نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نصرت وحمایت میں زندگی گزاری اور لوگوں کو حضور کی ایذا سے باز رکھا اس لیے اسے حضور کی یہ برکت پہنچے گی کہ دوزخیوں میں سب سے ہلکا عذاب ابوطالب پر ہوگا ورنہ مشرکین شفاعت کے قطعاً مستحق نہیں۔

صحیحین ومسند امام احمد میں حضرت سیدنا عباس عم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ

عنہ سے ہے۔

انہ قال للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما اغنیت عن عمک فواللہ کان یحوطک و یغضب بک قال ھو فی ضحضاح من نار و لو لا انا لکان فی الدرک الاسفل من النار ، و فی روایۃ وجدتہ فی غمرات من النار فاخرجتہ الی ضحضاح.

یعنی انھوں نے خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں عرض کی حضور نے اپنے چچا ابوطالب کو کیا نفع دیا، خدا کی قسم وہ حضور کی حمایت کرتا اور حضور کے لیے لوگوں سے لڑتا جھگڑتا تھا۔ آپ نے فرمایا میں نے اسے سراپا آگ میں ڈوبا ہوا پایا تو اسے کھینچ کر پاؤں تک آگ میں کر دیا اور اگر میں نہ ہوتا تو وہ جہنم کے سب سے نیچے طبقے میں ہوتا۔

امام ابن حجر فتح الباری شرح بخاری میں فرماتے ہیں۔

یؤید الخصوصیۃ لہ بعد ان امتنع شفع لہ حتی خفف لہ العذاب بالنسبۃ لغیرہ .

یعنی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیت سے ہوا کہ ابوطالب نے باں کہ ایمان لانے سے انکار کیا پھر بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت نے اتنا کام دیا کہ بہ نسبت باقی کافروں کے عذاب ہلکا ہو گیا۔

صحیحین و مسند میں ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ذکر عندہ عمہ ابو طالب فقال لعلہ تنفع شفاعتی یوم القیمۃ فیجعل فی ضحضاح فی النار یبلغ کعبیہ یغلی منہ دماغہ .

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ابوطالب کا ذکر آیا، فرمایا میں امید کرتا ہوں کہ روز قیامت میری شفاعت اسے یہ نفع دے گی کہ جہنم میں پاؤں تک کی آگ میں کر دیا جائے گا جو اس کے

ٹخنوں تک ہوگی جس سے اس کا دماغ جوش مارے گا۔

یونس بن بکیر نے حدیث محمد بن اسحاق سے یوں روایت کیا۔

یغلی منه دماغة حتی یسیل علی قدمیه .

اس کا بھیجا ابل کر پاؤں پر گرے گا۔

عمدۃ القاری وارشادالساری شرح صحیح بخاری ومواہب لدنیہ وغیرہا میں امام سہیلی سے منقول۔

الحکمة فیه ان ابا طالب کان تابعا لرسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم لجملته الا انه استمر ثابت القدم علی دین قومه فسلط العذاب علی قدمیه خاصة لتثبیته ایاهما علی دین قومه .

یعنی ابوطالب کے پاؤں تک آگ میں رہنے میں حکمت یہ ہے کہ اللہ عزوجل جزا ہم شکل عمل دیتا ہے۔ ابوطالب کا سارا بدن حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حمایت میں صرف رہا ملت کفر پر ثابت قدمی نے پاؤں پر عذاب مسلط کیا۔ اسی طرح تیسیر شرح جامع صغیر وغیرہ میں ہے۔

بزار وابویعلی وابن عدی وتمام حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی۔

قیل للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هل نفعت ابا طالب قال اخرجته من غمرة جهنم الی ضحضاح منها.

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی گئی حضور نے ابوطالب کو کچھ نفع دیا؟ فرمایا میں نے اسے دوزخ کے غرق سے پاؤں تک کی آگ میں کھینچ لیا۔

امام عینی عمدہ میں فرماتے ہیں :

فان قلت اعمال الکفرۃ ھبا منثورا لا فائدۃ فیھا قلت ھذا النفع من برکۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و خصائصہ.

اس کا بھی وہی مطلب ہے کہ ابو طالب کو یہ نفع ملنا صرف حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برکت سے ہے ورنہ کافروں کے اعمال تو غبار ہیں ہوا پر اڑائے ہوئے۔

طبرانی حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی :

ان الحارث بن ھشام اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم حجۃ الوداع فقال یا رسول اللہ انک تحث علی صلۃ الرحم و الاحسان الی الجار و ایواء الیتیم و اطعام الضیف و اطعام المسکین و کل ذلک کان یفعلہ ھشام بن المغیرۃ فما ظنک بہ یا رسول الہ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کل قبر لا یشھد صاحبہ ان لا الہ الا اللہ فھو جذوۃ من النار و قد وجدت عمی ابا طالب فی طمطام من النار فاخرجہ اللہ لمکانہ منی و احسانہ الی فجعلہ فی ضحضاح من النار.

یعنی حارث بن ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روز حجۃ الوداع حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ! حضور ان باتوں کی ترغیب فرماتے ہیں۔ رشتہ داروں سے نیک سلوک، ہمسایہ سے اچھا برتاؤ، یتیم کو جگہ دینا، مہمان کو مہمانی دینا محتاج کو کھانا کھلانا اور میرا باپ ہشام یہ سب کام کرتا تھا تو حضور کا اس کی نسبت کیا گمان ہے فرمایا جو قبر بے جس کا مردہ لا الہ الا اللہ نہ مانتا ہو وہ دوزخ کا انگارا ہے میں نے خود اپنے چچا ابو طالب کو سر سے اونچی آگ میں پایا، میری قرابت وخدمت کے باعث اللہ تعالیٰ نے اسے وہاں سے نکال کر پاؤں تک آگ میں کر دیا۔

مجمع بحار الانوار میں بعلامت کاف امام کرمانی شارح بخاری سے منقول۔

نفع ابا طالب اعماله ببرکته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و ان کان اعمال الکفرة هباء منثورا.

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برکت سے ابوطالب کے اعمال نفع دے گئے ورنہ کافروں کے کام تو نرے برباد ہوتے ہیں۔

امام احمد مسند اور بخاری و مسلم اپنی صحاح میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

اهون اهل النار عذابا ابو طالب و هو متنعل بنعلین من نار یغلی منهما دماغه.

بیشک دوزخیوں میں سب سے کم عذاب ابوطالب پر ہے وہ آگ کے دو جوتے پہنے ہوئے ہے جس سے اس کا دماغ کھولتا ہے۔

نیز صحیحین میں نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

ان اهون اهل النار عذابا من له نعلان و شراکان من نار یغلی منهما دماغه کما یغلی المرجل ما یری ان احدا اشد منه عذابا و انه لا هو نهم عذابا.

دوزخ میں سب سے ہلکا عذاب والا وہ ہے جسے آگ کے دو جوتے اور دو تسمے پہنائے جائیں گے جن سے اس کا دماغ دیگ کی طرح جوش مارے گا وہ یہ سمجھے گا کہ سب سے زیادہ سخت عذاب اسی پر ہے حالاں کہ اس پر سب سے ہلکا عذاب ہوگا۔

اسی حدیث میں امام احمد کی روایت یوں ہے۔

یوضع فی اخمص قدمیه جمرتان یغلی منهما دماغه .

اس کے تلووں میں انگارے رکھے جائیں گے جس سے بھیجا ابلے گا۔

اور صحیحین میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

یقول الله لاهون اهل النار عذابا یوم القیمة لو ان لک ما فی الارض من شئ اکنت تفتدی به فیقول نعم فیقول اردت منک اهون منَ هذا و انت فی صلب آدم ان لا تشرک بی شیا فابیت الا ان تشرک بی .

دوزخیوں میں سب سے ہلکے عذاب والے سے اللہ عزوجل فرمائے گا تمام زمین میں جو کچھ ہے اگر تیری ملک ہوتا تو کیا اسے اپنے فدیہ میں دے کر عذاب سے نجات مانگنے پر راضی ہوتا وہ عرض کرے گا ہاں فرمائے گا میں نے تجھ سے روز میثاق اس سے بھی ہلکی اور آسان بات چاہی تھی کہ کسی کو میرا شریک نہ کرنا مگر تو نے نہ مانا بغیر میرا شریک ٹھہرائے ہوئے۔

اس حدیث سے بھی ابوطالب کا شرک پر مرنا ثابت ہے۔

کتاب الخمیس فی احوال انفس نفیس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ہے۔

قیل ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مسح ابا طالب بعد موته و انسی تحت قدمیه و لذا ینتعل بنعلین من النار .

یعنی کہا گیا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعد مرگ ابوطالب کے بدن پر دست اقدس پھیر دیا تھا مگر تلووں پر ہاتھ پھیرنا یاد نہ رہا اس لیے ابوطالب کو روز قیامت آگ کے دو جوتے پہنائے جائیں گے باقی جسم بہ برکت دست اقدس محفوظ رہے گا۔

مرنے کے بعد ابوطالب کو دبا دیا گیا

امام شافعی و امام احمد و امام اسحاق بن راہویہ و ابوداؤد طیالسی اپنی مسانید اور ابن سعد طبقات اور ابو بکر بن ابی شیبہ مصنف اور ابوداؤد و نسائی اور ابن خزیمہ اپنی صحیح اور ابن الجارود منتقی اور مروزی کتاب الجنائز اور بزار و ابو یعلی مسانید اور بیہقی سنن میں بطریق عدیدہ حضرت سیدنا امیر المومنین مولی علی کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم سے راوی۔

قال قلت للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان عمک الشیخ الضال قد مات قال اذھب فوار اباک .

یعنی میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ! حضور کا چچا وہ بڈھا گمراہ مر گیا فرمایا جا اسے دبا آ۔

ابن ابی شیبہ کی روایت میں ہے مولی علی نے عرض کی۔

ان عمک الشیخ الکافر قد مات فما تری فیہ .

حضور کا چچا وہ بڈھا کافر مر گیا اس کے بارے میں حضور کی کیا رائے ہے یعنی غسل وغیرہ دیا جائے یا نہیں؟

سید عالم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا۔

اری ان تغسلہ تجنہ .

نہلا کر دبا دو۔

امام شافعی کی روایت میں ہے۔

فقلت یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ مات مشرکا قال اذھب فوارہ .

میں نے عرض کی یا رسول اللہ! وہ تو مشرک مرا فرمایا جاد با آؤ۔

امام الائمہ ابن خزیمہ نے فرمایا، یہ حدیث صحیح ہے۔

اس حدیث جلیل کو دیکھئے ابوطالب کے مرنے پر خود امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرتے ہیں کہ حضور کا وہ گمراہ کافر چچا مر گیا حضور اس پر انکار نہیں فرماتے نہ خود جنازے میں تشریف لے جاتے ہیں۔

ابوطالب کی بیوی امیر المومنین کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جب انتقال کیا ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی چادر و قمیص مبارک میں انھیں کفن دیا اپنے دست مبارک سے لحد کھودی، اپنے دست مبارک سے مٹی نکالی پھر ان کے دفن سے پہلے خود ان کی قبر میں لیٹے اور دعا کی۔

اللہ الذی یحیی و یمیت و ھو حی لا یموت اغفر لامی فاطمۃ بنت اسد و وسع علیھا مدخلھا بحق نبیک و الانبیاء الذین من قبلی فانک ارحم الراحمین

اللہ جلاتا ہے اور مارتا ہے اور خود زندہ ہے کہ کبھی نہ مرے گا میری ماں فاطمہ بنت اسد کو بخش دے اور ان کی قبر وسیع کر صدقہ اپنے نبی کا اور مجھ سے پہلے انبیاء کا تو سب مہربانوں سے بڑھ کر مہربان ہے۔

اسے طبرانی و ابو نعیم اور ابن عساکر وغیرہم نے روایت کیا۔

کاش ابوطالب مسلمان ہوتے تو کیا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے جنازہ میں تشریف نہ لے جاتے اور صرف اتنے ہی ارشاد پر قناعت فرماتے کہ جاؤ اسے دبا آؤ۔

امیر المومنین علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم کی قوت ایمان دیکھئے کہ خاص اپنے باپ نے انتقال کیا اور خود حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم غسل کا فتویٰ دے رہے ہیں اور یہ عرض کرتے ہیں کہ یارسول اللہ وہ تو مشرک مرا۔

ایمان ان بندگان خدا کے تھے کہ اللہ ورسول کے مقابلہ میں باپ بیٹے کسی سے کچھ علاقہ نہ تھا اللہ ورسول کے مخالفوں کے دشمن تھے اگر چہ وہ اپنا جگر ہو، دوستان خدا ورسول کے دوست تھے اگر چہ ان سے دنیوی ضرر ہو۔

ابوطالب کا ترکہ عقیل وطالب کوملا

بخاری ومسلم اپنی صحاح اور ابن ماجہ اپنی سنن اور طحاوی شرح معانی الآثار اور اسماعیلی مستخرج علی صحیح البخاری میں بطریق امام علی بن حسین زین العابدین عن عمرو بن عثمان الغنی رضی اللہ تعالٰی عنہم سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی۔

انہ قال یا رسول اللہ این تنزل فی دارک بمکۃ فقال ھل ترک عقیل من رباع او دور و کان عقیل ورث ابا طالب ھو و طالب و لم یرثہ جعفر و لا علی رضی اللہ تعالٰی عنہما شیئا لانہما کانا مسلمین و کان عقیل و طالب کافرین فکان عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالٰی عنہ یقول لا یرث المومن الکافر.

و لفظ ابن ماجۃ و الطحاوی فکان عمر من اجل ذلک یقول الخ .

و لفظ الاسماعیلی فمن اجل ذلک کان عمر یقول

یعنی انھوں نے خدمت حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم میں عرض کی کہ یارسول اللہ حضور کل مکہ معظمہ میں اپنے محلے کے کون سے مکان میں نزول اجلال فرمائیں گے فرمایا کیا ہمارے لیے عقیل نے کوئی

محلہ یا مکان چھوڑ دیا ہے۔امام زین العابدین نے فرمایا، ہوا یہ تھا کہ ابوطالب کا ترکہ عقیل اور طالب نے پایا اور جعفر و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو کچھ نہ ملا یہ دونوں حضرات وقت موت ابی طالب مسلمان تھے اور طالب کافر تھا اور عقیل بھی اس وقت تک ایمان نہ لائے تھے۔اسی بناء پر امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے کہ کافر کا ترکہ مسلمان کو نہیں پہنچتا۔

ابوقحافہ کا اسلام اور ابوبکر کا گریہ

عمر بن شبہ کتاب مکہ میں اور ابو یعلی اور ابو بشر اور سمویہ اپنے فوائد اور حاکم مستدرک میں بطریق محمد بن سلمان عن هشام بن حسان عن محمد بن سيرين قصۂ اسلام ابی قحافہ والد امیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی۔

قال فلما مد يده يبايعه بكى ابو بكر فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما يبكيك قال لان تكون يد عمك مكان يده و يسلم و يقر الله عينك احب الى من ان يكون .

یعنی جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دست انور ابوقحافہ سے بیعت لینے کے لیے بڑھایا تو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روئے ،حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں روتے ہو؟ عرض کی ان کے ہاتھ کی جگہ حضور کے چچا کا ہاتھ ہوتا اور ان کے اسلام لانے سے اللہ تعالیٰ حضور کی آنکھ ٹھنڈی کرتا تو مجھے اپنے باپ کے مسلمان ہونے سے زیادہ یہ بات عزیز تھی۔

حاکم نے کہا یہ حدیث برشرط شیخین صحیح ہے۔حافظ الشان نے اصابہ میں اسے مسلم رکھا۔

ابوقرہ موسیٰ بن طارق موسیٰ بن عبیدہ سے وہ عبداللہ بن دینار سے وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی۔

قال جاء ابو بكر بابی قحافة يقوده يوم فتح مكة فقال رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم الا تركت الشيخ حتى ناتيه قال ابو بكر اردت ان ياجره الله الذی بعثک بالحق لانا كنت اشد فرحا باسلام ابی طالب لو كان اسلم منی بابی.

یعنی صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتح مکہ کے دن ابوقحافہ کا ہاتھ پکڑے ہوئے خدمت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر لائے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس بوڑھے کو وہیں کیوں نہ رہنے دیا کہ ہم خود اس کے پاس تشریف فرما ہوتے، صدیق نے عرض کی کہ میں نے چاہا کہ اللہ ان کو اجر دے قسم اس کی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا مجھے اپنے باپ کے مسلمان ہونے سے زیادہ ابو طالب کے مسلمان ہونے کی خوشی ہوتی اگر وہ اسلام لے آتے۔

اللہ اللہ یہ محبوب میں فنائے مطلق کا مرتبہ ہے۔

اسی طرح امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ عم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کہا۔

انا بلاسلامک اذا اسلمت افرح منی باسلام الخطاب.

مجھے آپ کے اسلام کی جتنی خوشی ہوئی اپنے باپ خطاب کے اسلام کی اتنی نہ ہوتی۔

اسے ابن اسحاق نے اپنی سیرت میں بیان کیا ہے۔

جنتی کھانا کافروں پر حرام ہے

یونس بن بکیر زیادات مغازی ابن اسحاق میں ابوالسطر سے راوی۔

قال بعث ابو طالب الى النبی صلى الله تعالیٰ عليه وسلم فقال اطعمنی من

عنب جنتک فقال ابو بکر ان اللہ حرمھا علی الکافرین .

یعنی ابو طالب نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کر بھیجی کہ مجھے اپنی جنت کا انگور کھلایئے، اس پر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا بے شک اللہ نے انھیں کافروں پر حرام کیا ہے۔

امام واحد موسیٰ بن عبیدہ کی حدیث میں محمد بن کعب قرظی سے روایت کرتے ہیں۔

قال بلغنی انہ لما اشتکی ابو طالب شکواہ التی قبض فیھا قالت لہ قریش ارسل الی ابن اخیک یرسل الیک من ھذہ الجنۃ التی ذکرھا یکون لک شفاء فارسل الیہ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اللہ حرمھا علی الکافرین طعامھا و شرابھا ثم اتاہ فعرض علیہ الاسلام فقال لو لا ان تعیربھا فیقال جزع عمک من الموت لا قررت بھا عینک و استغفر لہ بعدما مات فقال المسلمون ما یمنعنا ان نستغفر لآبائنا و لذوی قرابتنا قد استغفر ابراھیم علیہ السلام لابیہ و محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لعمہ فاستغفروا للمشرکین حتی نزلت ما کان للنبی و الذین آمنوا الآیۃ .

یعنی ابو طالب کے مرض الموت میں کافران قریش نے صلاح دی کہ اپنے بھتیجے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) سے عرض کرو کہ یہ جنت جو وہ بیان کرتے ہیں اس میں سے تمھارے لیے کچھ بھیج دیں کہ تم شفاء پاؤ، ابو طالب نے عرض کر بھیجی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے جنت کا کھانا پانی کافروں پر حرام کیا ہے۔ پھر تشریف لا کر ابو طالب پر اسلام پیش کیا، ابو طالب نے کہا لوگ حضور پر طعنہ دیں گے کہ حضور کا چچا موت سے گھبرا گیا اس کا خیال نہ ہوتا تو میں حضور کی خوشی کر دیتا جب وہ مر گئے تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے دعائے مغفرت کی مسلمانوں نے کہا ہمیں اپنے والدوں

قریبوں کے لیے دعائے بخشش سے کون مانع ہے ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے باپ (چچا) کے لیے استغفار کی اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے چچا کے لیے استغفار کر رہے ہیں یہ سمجھ کر مسلمانوں نے اپنے اقارب مشرکین کے واسطے دعائے مغفرت کی اللہ عزوجل نے آیت اتاری کہ مشرکوں کے لیے یہ دعا نہ نبی کو روا نہ مسلمانوں کو جب کہ روشن ہولیا کہ وہ جہنمی ہیں۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

اللہ ورسول کی مشیئت

ابونعیم حلیہ میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کانت مشیة الله تعالیٰ فی الاسلام عمی العباس و مشیتی فی اسلام عمی ابی طالب فغلبت مشیة الله مشیتی .

اللہ تعالیٰ نے میرے چچا عباس کا مسلمان ہونا چاہا اور میری خواہش یہ کہ میرا چچا ابوطالب مسلمان ہو اللہ تعالیٰ کا ارادہ میری خواہش پر غالب آیا کہ ابوطالب کافر رہا اور عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ مشرف بہ اسلام ہوئے۔

کفر ابوطالب پر فقہاء کی عبارات

آیات واحادیث سے ابوطالب کا کفر ثابت کرنے کے بعد امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فقہائے کرام کی کچھ عبارتیں پیش فرمارہے ہیں جن سے یہ واضح وعیاں ہے کہ ابوطالب کی موت کفر پر ہوئی ہے۔

امام الائمہ مالک الازمہ کاشف الغمہ سراج الامہ سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقہ اکبر میں فرماتے ہیں :

ابو طالب عمه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مات كافرا.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا ابو طالب کی موت کفر پر ہوئی۔

امام برہان الدین علی بن ابی بکر فرغانی ہدایہ میں فرماتے ہیں۔

اذا مات الكافر و له ولى مسلم فانه يغسله و يكفنه و يدفنه بذلك امر على رضى الله تعالىٰ عنه فى حق ابيه ابى طالب لكن يغسل غسل الثوب النجس و يلف فى خرقة و يحفر حفيرة من غير مراعاة سنة التكفين و اللحد و لا يوضع فيه بل يلقى.

جب کافر مرے اور اس کا کوئی ولی مسلمان ہو تو وہ اسے غسل وکفن دے کر دفنا دے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان کے باپ ابو طالب کے لیے یہی حکم ہوا تھا۔ لیکن کافر کو ایسا غسل دیا جائے گا جیسا ناپاک کپڑا دھویا جاتا ہے اور ایک چیتھڑے میں لپیٹ کر گڑھے میں ڈال دیا جائے گا اس میں سنت کفن ولحد کی رعایت نہیں کی جائے گی اور گڑھے میں اسے رکھا نہیں جائے گا بلکہ ڈال دیا جائے گا۔ (مولف)

امام ابوالبرکات عبداللہ نسفی کافی شرح وافی میں فرماتے ہیں:

مات كافر يغسله و ليه المسلم و يكفنه و يدفنه و الاصل فيه انه لما مات ابوطالب اتى على رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و قال ان عمك الشيخ الضال قد مات فقال اغسله و اكفنه و ادفنه و لا تحدث حدثا حتى تلقانى اى لاتصل عليه الخ.

کافر مر جائے تو اس کا مسلم ولی غسل وکفن دے اور دفنا دے اس کی اصل یہ ہے کہ جب ابو طالب کی موت ہوئی، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت مبارکہ میں آئے اور عرض کیا کہ آپ کا وہ بڈھا گمراہ چچا مر گیا ہے حضور نے فرمایا کہ اسے غسل وکفن دے کر دفن کر دو اور مجھ

سے ملے بغیر کوئی نیا کام نہ کرنا یعنی نماز نہ پڑھنا۔ (مولف)

علامہ ابراہیم غنیہ شرح منیہ میں فرماتے ہیں۔

مات للمسلم قريب كافر ليس له ولي من الكفار يغسله غسل الثوب النجس و يلفه في خرقة و يحفر له حفرة و يلقيه فيها من غير مراعاة السنة في ذلك لما روى ان ابا طالب لما هلك جاء على فقال يا رسول الله ان عمك الضال قد مات الخ....

مسلمانوں کا کوئی قریبی کافر مر جائے کافروں میں سے جس کا کوئی ولی نہیں تو اسے اس طرح غسل دیا جائے جس طرح نجس کپڑا دھویا جاتا ہے اور ایک چیتھڑے میں لپیٹ کر گڑھے میں ڈال دیا جائے کسی بات میں سنت کی رعایت نہ کی جائے یہ حکم اس بات سے ثابت ہے کہ جب ابوطالب ہلاک ہوا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور عرض کیا یا رسول اللہ! آپ کا گمراہ چچا مر گیا ہے الخ.... (مولف)

علامہ زین بن نجیم مصری بحرالرائق میں فرماتے ہیں۔

يغسل ولي مسلم الكافر و يكفنه و يدفنه بذلك امر علي رضي الله تعالىٰ عنه ان يفعل بابيه حين مات .

کافر کا مسلم ولی اسے غسل وکفن دے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یہی حکم ہوا تھا جب کہ ان کے باپ ابوطالب کی موت ہوئی تھی۔ (مولف)

ان سب عبارتوں کا حاصل یہ ہے کہ مسلمان اپنے قرابت دار کافر مردہ کو نہلا سکتا ہے کہ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے اپنے باپ ابوطالب کو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اجازت سے نہلایا۔ اور یہ بھی واضح ہوا کہ یہ سب علمائے کرام ابوطالب کو کافر جانتے ہیں۔

کفر ابو طالب پر چند روایات

اصابہ فی تمییز الصحابہ میں ہے۔

و رد من عدة طرق في حق من مات في الفترة و من ولد مجنونا و نحو ذلك ان كلا يدلي بحجة و يقول لو عقلت او ذكرت لآمنت فترفع لهم نار و يقال لهم ادخلوها فمن دخلها كانت في جملة من يدخلها طائعا فينجو لكن ورد في ابي طالب ما يدفع ذلك و هو ما تقدم من آية براء ة و ما في الصحيح انه في ضحضاح من النار فهذا شان من مات على الكفر فلو كان مات على التوحيد نجا من النار اصلا و الاحاديث الصحيحة و الاخبارات المتكاثرة طافحة بذلك .

یعنی بہت اسانید سے حدیث آئی کہ جو زمانۂ فترت میں اسلام آنے سے پہلے مر گیا یا مجنون پیدا ہوا اور جنون ہی میں گزر گیا اور اسی قسم کے لوگ جنھیں دعوت انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام نہ پہنچی ان میں ہر ایک روز قیامت ایک عذر پیش کرے گا کہ الٰہی میں عقل رکھتا یا مجھے دعوت پہنچتی تو میں ایمان لاتا ان کے امتحان کو ایک آگ بلند کی جائے گی اور ارشاد ہوگا اس میں جاؤ جو حکم مانے گا اور اس میں داخل ہوگا وہ اس پر ٹھنڈی اور سلامتی ہو جائے گی اور جو نہ مانے گا جبراً آگ میں ڈالا جائے گا اور ہمیں امید ہے کہ عبد المطلب اور ان کے گھر والے کہ قبل ظہور نور اسلام انتقال کر گئے وہ سب انھیں لوگوں میں ہوں گے جو اپنی خوشی سے اس امتحانی آگ میں جا کر ناجی ہو جائیں گے مگر ابو طالب کے حق میں وہ وارد ہو لیا جو اسے دفع کرتا ہے سورۂ توبہ شریف کی آیت اور حدیث صحیح کا ارشاد کہ وہ پاؤں تک کی آگ میں ہے یہ حال اس کا ہے جو کافر مرے اگر اخیر وقت اسلام لا کر مرنا ہوتا تو دوزخ سے نجات کلی چاہیئے تھی، صحیح و کثیر حدیثیں کفر ابی طالب ثابت کر رہی ہیں۔

پھر فرمایا :

قد فخر المنصور علی محمد بن عبد الله بن الحسن لما خرج بالمدینة و کاتبه المکاتبات المشهورة و منها فی کتاب المنصور و قد بعث النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و له اربعة اعمام فآمن به اثنان احدهما ابی و کفر به اثنان احدهما ابوک.

یعنی جب امام نفس زکیہ محمد بن عبداللہ بن حسن بن حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے خلیفہ عباسی عبد اللہ بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما مشہور بہ منصور دوانیقی پر خروج فرمایا اور مدینہ طیبہ پر تسلط کر کے خلیفہ وامیر المومنین لقب پایا ان میں اور خلیفہ مذکور منصور میں مکاتبات مشہورہ ہوئے ازاں جملہ منصور نے ایک نامہ میں لکھا جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت ظاہر ہوئی حضور کے چار چچا زندہ تھے حمزہ وعباس وابوطالب وابولہب، دو حضور پر ایمان لائے ایک ان میں میرے باپ ہیں یعنی عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دو کافر رہے ایک ان میں آپ کے باپ ہیں یعنی ابوطالب۔

یہ منصور علاوہ خلیفہ واہل بیت ہونے کے خود بھی علمائے تابعین وفقہا ومحدثین سے ہیں۔

اور امام اجل نفس زکیہ کو یوں بے تامل لکھ کر بھیجنا اور امام کا اس پر رد نہ فرمانا بھی بتا رہا ہے کہ کفر ابی طالب واضح ومشہور بات تھی۔

اصابہ میں اس کے بعد فرمایا۔

و من شعر عبد الله بن المعتز یخاطب الفاطمیین.

و انتم بنو بنته دوننا

و نحن بنو عمه المسلم

یعنی عبداللہ بن محمد بن جعفر بن محمد بن ہارون بن محمد بن عبداللہ بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس

رضی اللہ تعالیٰ عنہما یایوں کہیئے کہ چھ خلفاء کے بیٹے عبداللہ بن المعتز باللہ بن المتوکل بن المعتصم بن الرشید ابن المہدی بن المنصور کا ایک شعر بعض سادات کرام کے خطاب میں ہے کہ، تم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نواسے ہو ہم نہیں اور ہم حضور کے مسلمان چچا کے بیٹے ہیں۔

اس میں بھی کفر ابی طالب پر صاف تعریض موجود ہے۔

عبداللہ اہل علم و فضل سے ہیں حدیث میں علی بن حرب معاصر امام بخاری و مسلم کے شاگرد۔

نیز امام ابن حجر عسقلانی کتاب الاحکام پھر امام قسطلانی مواہب میں فرماتے ہیں

نحن نرجو ان یدخل عبد المطلب و آل بیته الجنة الا ابا طالب فانه ادرک البعثة و لم یومن

ہم امید کرتے ہیں کہ عبدالمطلب اور ان کے اہل بیت سب جنت میں جائیں گے سوا ابوطالب کے کہ وہ زمانہ اسلام پایا اور ایمان نہ لائے۔

نیز فتح الباری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں۔

من عجائب الاتفاق ان الذین ادرکھم الاسلام من اعمام النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اربعة لم یسلم منھم اثنان و اسلم اثنان و کان اسم من لم یسلم ینافی اسامی المسلمین و ھما ابو طالب اسمه عبد مناف و ابو لھب و اسمه عبد العزی بخلاف من اسلم و ھما حمزة و العباس .

عجائب اتفاق سے ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چار چچا زمانہ اسلام میں زندہ تھے دو اسلام نہ لائے اور دو مشرف بہ اسلام ہوئے وہ دو کہ اسلام نہ لائے ان کے نام بھی پہلے ہی سے مسلمانوں کے نام کے خلاف تھے ابوطالب کا نام عبدمناف تھا اور ابولہب کا عبدالعزی اور دو کہ مسلمان ہوئے ان کے نام پاک

وصاف تھے حمزہ وعباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما

امام احمد بن محمد بن خطیب قسطلانی مواہب لدنیہ و منح محمدیہ میں فرماتے ہیں۔

كان العباس اصغر اعمامه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و لم يسلم منهم الاهو و حمزة .

عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سب میں چھوٹے چچا تھے حضور کے اعمام میں صرف یہ اور حضرت حمزہ مسلمان ہوئے وبس۔

علامہ مجد الدین فیروز آبادی سفر السعادۃ میں فرماتے ہیں

چوں عم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیمار شد باں کہ مشرک بود اور عیادت فرمود و دعوت اسلام کرد ابو طالب قبول نہ کرد۔

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا ابو طالب جب بیمار ہوئے وہ مشرک تھے اس کے باوجود حضور نے اس کی عیادت فرمائی اور اسلام کی دعوت دی مگر ابو طالب نے قبول نہ کی۔ (مولف)

شیخ محقق مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں۔

حدیث صحیح اثبات کردہ است برائے ابوطالب کفر را

حدیث صحیح سے ابوطالب کا کفر ثابت ہو چکا ہے (مولف)

اقسام کفر اور کفر ابوطالب

امام محی السنۃ بغوی معالم شریف اول رکوع سورۂ بقرہ میں زیر قولہ تعالیٰ ان الذین کفروا سواء علیهم پھر قاضی حسین بن محمد دیار بکری مالکی کتاب الخمیس میں فرماتے ہیں:

کفر چار قسم ہے۔

(۱) کفر انکار

(۲) کفر جحود

(۳) کفر عناد

(۴) کفر نفاق

کفر انکار یہ کہ اللہ عزوجل کو نہ دل سے جانے اور نہ زبان سے مانے جیسے ابلیس و یہود۔

اور کفر نفاق یہ کہ زبان سے مانے مگر دل میں نہ جانے۔

و کفر العناد هو ان يعرف الله بقلبه و يعترف بلسانه و لا يدين به ككفر ابى طالب حيث يقول :

لقد علمت بان دين محمد
من خير اديان البرية دينا

●

لو لا الملامة او حذار مسبة
لوجدتنى سمحا بذاك مبينا

یعنی کفر عناد یہ کہ اللہ تعالیٰ کو دل سے بھی جانے اور زبان سے بھی کہے مگر تسلیم و گرویدگی سے باز رہے جیسے ابوطالب کا کفر کہ یہ شعر کہے۔

واللہ! میں جانتا ہوں کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دین تمام جہان کے دینوں سے بہتر ہے، اگر ملامت یا طعنے سے بچنا نہ ہوتا تو تو مجھے دیکھتا کہ میں کسی اہل دل کے ساتھ صاف صاف اس دین کو

قبول کر لیتا۔

امام ممدوح یہ چاروں قسمیں بیان کر کے فرماتے ہیں :

جمیع هذه الاصناف سواء فی ان من لقی الله تعالیٰ بواحد منها لا یغفر له .

یہ سب قسمیں اس حکم میں یکساں ہیں کہ جوان میں سے کسی قسم کا کفر کرے اللہ عزوجل سے ملے گا وہ کبھی اسے نہ بخشے گا۔

امام شہاب الدین ابوالعباس احمد بن ادریس قرافی نے شرح التنقیح پھر امام قسطلانی نے مواہب میں کفار کی چار قسمیں کر کے ایک قسم یوں بیان فرمائی۔

من آمن بظاهرة و باطنه و کفر بعدم الاذعان للفروع کما حکی عن ابی طالب انه کان یقول انی لا علم ان ما یقوله ابن اخی لحق و لو اخاف ان تعیرنی نساء قریش لا تبعته و فی شعره یقول

لقد علموا ان ابننا لا مکذب

یقینا و لا یعزیّ لقول الا باطل

فهذا تصریح باللسان و اعتقاد بالجنان غیر انه لم یذعن .

یعنی ایک کافر وہ ہے جو قلب سے عارف، زبان سے معترف ہو مگر اذعان نہ لائے جیسے ابوطالب سے مروی کہ بے شک میں یقیناً جانتا ہوں کہ جو کچھ میرے بھتیجے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) فرماتے ہیں ضرور حق ہے اگر اس کا اندیشہ نہ ہوتا کہ قریش کی عورتیں مجھے عیب لگائیں گی تو ضرور ان کا تابع ہو جاتا اور اپنے ایک شعر میں کہا:

خدا کی قسم کافران قریش خوب جانتے ہیں کہ ہمارے بیٹے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) یقیناً سچے ہیں

اور معاذ اللہ کوئی کلمہ خلاف حق کہنا ان کی طرف نسبت نہیں کیا جاتا۔

تو یہ زبان سے تصریح اور دل سے اعتقاد سب کچھ ہے مگر اذعان نہ ہوا۔

امام ابن اثیر جزری نہایہ پھر علامہ زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں:

کفر عناد و هو ان یعرفه بقلبه و یعترف بلسانه و لا یدین به کابی طالب .

کفر عناد یہ کہ دل سے پہچانے اور زبان سے اقرار کرے مگر تسلیم وانقیاد سے باز رہے جیسے ابو طالب۔

چچا کو باپ کہنا عرب کی عادت ہے

نسیم الریاض شرح شفائے امام قاضی عیاض فصل الوجہ الخامس من وجوہ السب میں امام ابن حجر مکی سے نقل فرمایا:

حدیث مسلم ، ان ابی و اباک فی النار اراد بابیه عمه ابا طالب لان العرب تسمی العم ابا

یعنی عرب کی عادت ہے کہ چچا کو باپ کہتے ہیں۔ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی اسی عادت پر اس حدیث میں اپنے چچا ابوطالب کو باپ کہہ کر فرمایا کہ وہ دوزخ میں ہے۔

امام خاتم الحفاظ جلال الملۃ والدین سیوطی، مسالک الحنفاء فی والدی المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں اسی حدیث کی نسبت فرماتے ہیں۔

ما المانع ان یکون المراد به عمه ابو طالب و کانت تسمیة ابی طالب ابا النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم شائعا عندهم لکونه عمه و کونه رباه و کفله من صغره .

کون مانع ہے کہ اس حدیث میں ابو طالب مراد ہو کہ وہ دوزخ میں ہے اس زمانہ میں شائع تھا کہ ابو طالب کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا باپ کہا جاتا چچا ہونے اور بچپن سے حضور کی خدمت و کفالت کرنے کے باعث۔

اقول، جس طرح ابھی ابو طالب کے شعر سے گزرا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنا بیٹا کہا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابو طالب کی بی بی حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اپنی ماں فرمایا۔

ایک روایت کی تاویل

امام جلال الدین سیوطی مسالک الحنفاء میں فرماتے ہیں کہ تمام رازی فوائد میں بسند ضعیف ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔

قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا کان یوم القیمة شفعت لابی و امی و ابی طالب و اخ لی کان فی الجاهلیة.

اورده المحب الطبری و هو من الحفاظ و الفقهاء فی کتابه ذخائر العقبی فی مناقب ذوی القربی ، و قال ان ثبت فهو مؤول فی ابی طالب علی ما ورد فی الصحیح من تخفیف العذاب عنه بشفاعته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم . و انما احتاج الی تاویله فی ابی طالب دون الثلثة ابیه و امه و اخیه یعنی من الرضاعة لان ابا طالب ادرک البعثة و لم یسلم و الثلثة . ماتوا فی الفترة .

یعنی ایک حدیث ضعیف میں آیا کہ میں روز قیامت اپنے والدین اور ابو طالب اور اپنے ایک رضائی بھائی کی کہ زمانہ جاہلیت میں گزرا شفاعت فرماؤں گا۔

امام محب طبری نے کہ حافظان حدیث وعلمائے فقہ میں ہیں، ذخائر العقبیٰ میں فرمایا یہ حدیث اگر ثابت بھی ہوتو ابوطالب کے بارے میں اس کی تاویل وہ ہے جو صحیح حدیث میں آیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے عذاب ہلکا ہوجائے گا۔ امام سیوطی فرماتے ہیں خاص ابوطالب کے باب میں تاویل کی حاجت یہ ہوئی کہ ابوطالب نے زمانۂ اسلام پایا اور کفر پر اصرار رکھا، بخلاف والدین کریمین و برادر رضاعی کہ زمانہ فترت میں گزرے۔

اقول، (امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں) یہاں تاویل بمعنی بیان مراد ومعنی ہے جس طرح شرح معانی قرآن کو تاویل کہتے ہیں۔ کفار سے تخفیف عذاب بھی حضور سید الشافعین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اقسام شفاعت سے ہے، شفاعت کبریٰ کہ فتح باب حساب کے لیے ہے تمام جہان کو شامل وعام ہے۔

امام نووی نے باں کہ ابوطالب کو بالیقین کافر جانتے ہیں تبویب صحیح مسلم شریف میں ایک حدیث کا باب یوں لکھا۔

باب شفاعة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لابی طالب و التخفیف عنه بسببه.

امام بدرالدین زرکشی نے خادم میں امام ابن ماجہ سے نقل کیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اقسام شفاعت سے وہ تخفیف عذاب ہے جو ابولہب کو بروز دوشنبہ ملتی ہے۔

لسروره بولادة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و اعتاقه ثویبة حین بشر به و انما هی کرامة له صلی الله تعالیٰ علیه وسلم .

اس لیے کہ اس نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے میلاد مبارک کی خوشی کی اور اس کا مژدہ سن کر ثویبہ کو آزاد کیا تھا، یہ حضور ہی کا فضل ہے جس کے باعث اس نے تخفیف پائی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

نیز مسالک الحنفاء پھر شرح مواہب علامہ زرقانی میں ہے۔

قد ثبت فی الصحیح و اخبر الصادق المصدوق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان ابا طالب اھون اھل النار عذابا.

بیشک صحاح میں ثابت ہے اور صادق مصدوق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی کہ ابو طالب پر سب دوزخیوں میں کم عذاب ہے۔

اسلام ابوطالب کی روایات صحیح نہیں ہیں

علامہ زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں :

القول باسلام ابی طالب لا یصح قالہ ابن عساکر و غیرہ .

ابو طالب کا اسلام ماننا غلط ہے، ابن عساکر وغیرہ نے اس کی تصریح کی ہے، اسی طرح اصابہ میں ہے۔

علامہ شہاب نسیم الریاض میں فرماتے ہیں:

من الغریب ما نقلہ بعضھم ان اللہ تعالیٰ احیاہ لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فآمن بہ کابویہ و اظنہ من افتراء الشیعة .

غرائب سے ہے یہ جو بعض نے نقل کیا کہ اللہ تعالیٰ نے والدین رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرح ابو طالب کو بھی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے زندہ کیا کہ بعد مرگ جی کر مشرف بہ اسلام ہوئے، میرے گمان میں یہ رافضیوں کی گڑھت ہے۔

علامہ صبان محمد بن علی مصری کتاب اسعاف الراغبین میں فرماتے ہیں :

اما اعمامه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فاثنا عشرة حمزة و العباس و هما مسلمان و ابو طالب و الصحیح انه مات کافرا.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارہ چچا تھے حمزہ وعباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور یہی دو مشرف بہ اسلام ہوئے اور ابوطالب اور صحیح یہی ہے کہ یہ کافر مرے۔

و ابیض یستسقی الغمام بوجهه
ثمال الیتامی عصمة للارامل

وہ گورے رنگ والے جن کے روئے روشن کے توسل سے مینھ برستا ہے یتیموں کے جائے پناہ بیواؤں کے نگہبان۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

امام ابن حجر مکی افضل القریٰ لقراء ام القریٰ میں اس بیت کو لکھ کر فرماتے ہیں:

هذا البیت من جملة قصیدة له فیها مدح عجیب له صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حتی اخذ الشیعة منها القول باسلامه .

یہ بیت ابوطالب کے ایک قصیدہ کی ہے جس میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عجب نعت ہے یہاں تک کہ رافضیوں نے اس سے ابوطالب کا مسلمان ہونا اخذ کرلیا۔

پھر فرماتے ہیں:

صرائح الاحادیث المتفق علی صحتها ترد ذلک .

لیکن صاف اور روشن حدیثیں جن کی صحت پر اتفاق ہے اسلام ابوطالب کو رد کررہی ہیں۔

علامہ محمد عبدالباقی شرح مواہب میں روایت ضعیفہ ابن اسحاق ذکر کر کے فرماتے ہیں:

بهذا احتج الرافضة و من تبعهم علی اسلامه .

رافضی اور جوان کے پیرو ہوئے وہ اسی روایت سے ابو طالب کے اسلام پر سند لاتے ہیں۔

اصابہ میں ہے:

ذکر جمع من الرافضة انه مات مسلما قال ابن عساکر فی صدر ترجمته قیل انه اسلم و لا یصح اسلامه .

رافضیوں کا ایک گروہ کہتا ہے کہ ابو طالب مسلمان مرے، امام ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں شروع تذکرہ ابو طالب میں فرمایا بعض اسلام ابو طالب کے قائل ہوئے اور یہ صحیح نہیں۔

زرقانی میں ہے:

الصحیح ان ابا طالب لم یسلم و ذکر جمع من الرافضة انه مات مسلما و تمسکوا باشعار و اخبار واهیة تکفل بردها فی الاصابة .

صحیح یہ ہے کہ ابو طالب مسلمان نہ ہوئے رافضیوں کی ایک جماعت نے ان کا اسلام پر مرنا مانا اور کچھ شعروں اور واہیات خبروں سے تمسک کیا جن کے رد کا امام حافظ الشان نے اصابہ میں ذمہ لیا۔

نسیم فصل کیفیۃ الصلاۃ علیہ والتسلیم میں ہے۔

ابو طالب توفی کافرا و ادعاء بعض الشیعة انه اسلم لا اصل له .

ابو طالب کی موت کفر پر ہوئی اور بعض رافضیوں کا دعویٰ باطلہ کہ وہ اسلام لائے محض بے اصل ہے۔

شیخ محقق شرح صراط مستقیم میں فرماتے ہیں۔

شیخ ابن حجر در فتح الباری می گوید معرفت ابو طالب بہ نبوت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم در بسیاری از اخبار آمدہ وتمسک کردہ بدان شیعہ بر اسلام وے واستدلال کردہ اند بر دعویٰ خود بچیز ے کہ دلالت ندارد بر آں۔

شیخ ابن حجر فتح الباری شرح بخاری میں فرماتے ہیں کہ ابو طالب کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نبی ہونے کی معرفت حاصل تھی کثیر احادیث میں اس کا ذکر آیا ہے جن سے شیعہ نے ابو طالب کا اسلام لانا ثابت کیا ہے اور شیعہ حضرات نے ابو طالب کے اسلام پر ان چیزوں سے استدلال کیا ہے جو اسکے ایمان پر دلالت نہیں کرتی ہیں۔ (مولف)

اسی میں ہے :

مخفی نماند کہ صحت اسلام ابوین بلکہ سائر آبائے وے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مشہور است وشیعہ اسلام ابو طالب را نیز از یں دانند۔

یہ بات پوشیدہ نہیں کہ والدین کریمین اور حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام آباء کرام کے اسلام کی صحت مشہور ومعروف ہے اور شیعہ لوگ ابو طالب کے اسلام کو بھی اسی قبیل سے گردانتے ہیں۔

(مولف)

کفر ابوطالب پر علماء کا اجماع ہے

شرح مقاصد وشرح تحریر پھر ردالمحتار، حاشیہ درمختار باب المرتدین میں ہے۔

المصر علی عدم الاقرار مع مطالبة به کافر و فاقا لکون ذلک من امارات عدم التصدیق و لهذا اطبقوا علی کفر ابی طالب .

جس سے اقرار اسلام کا مطالبہ کیا جائے اور وہ اقرار نہ کرنے پر اصرار رکھے بالاتفاق کافر ہے۔ کہ یہ دل میں تصدیق نہ ہونے کی علامت ہے اسی واسطے تمام علماء نے کفر ابی طالب پر اجماع کیا ہے۔

مولانا علی قاری شرح شفاء شریف میں فرماتے ہیں:

اذا امر بها و امتنع و لبی عنها کابی طالب فهو کافر بالاجماع

جسے شہادت کلمۂ اسلام کا حکم دیا جائے اور وہ باز رہے اور ادائے شہادت سے انکار کرے تو وہ بالاجماع کافر ہے۔

مرقاۃ شرح مشکوۃ میں، اس شخص کے بارے میں جو قلب سے اعتقاد رکھتا تھا اور بغیر کسی عذر و مانع کے زبان سے اقرار کی نوبت نہ آئی علماء کا اختلاف کہ یہ اعتقاد بے اقرار سے آخرت میں نافع ہوگا یا نہیں؟ نقل کر کے فرماتے ہیں:

قلت لکن بشرط عدم طلب الاقرار منه فان ابی بعد ذلک فکافر اجماعا لقضیة ابی طالب .

یعنی یہ اختلاف اس صورت میں ہے کہ اس سے اقرار طلب نہ کیا گیا ہو اور اگر بعد طلب باز رہے جب تو بالاجماع کافر ہے ابوطالب کا واقعہ اس پر دلیل ہے۔

اسی کی فصل ثانی باب اشراط الساعۃ میں ہے۔

ابو طالب لم یومن عند اهل السنة .

اہل سنت کے نزدیک ابوطالب مسلمان نہیں۔

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی شرح سفر السعادۃ میں فرماتے ہیں۔

مشائخ حدیث و علمائے سنت بریں اند کہ ایمان ابو طالب ثبوت نہ پذیرفتہ و در صحاح احادیث است کہ آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم در وقت وفات وی بر سروے آمد و عرض اسلام کرد وی قبول نہ کرد۔

مشائخ حدیث و علمائے اہل سنت اس بات پر متفق ہیں کہ ابو طالب کا ایمان پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتا ہے اور صحیح حدیث کی کتابوں میں ہے کہ ابو طالب کی موت کے وقت حضور سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور دعوت اسلام دی مگر اس نے قبول نہ کی۔ (مولف)

رافضیوں کے شبہ کا جواب

اصابہ فی تمیز الصحابہ میں ہے۔

استدلال الرافضی بقول الله تعالیٰ فالذین آمنوا به و عزروه و نصروه و اتبعوا النور الذی انزل معه اولئک هم المفلحون . قال و عزره ابو طالب و نصره بما اشتهر و علم و نابذ قریشا و عادا هم بسببه مما لا یدفعه احد من نقلة الاخبار فیکون من المفلحین و هذا مبلغهم من العلم و انا نسلم انه نصره و بالغ فی ذلک لکنه لم یتبع النور الذی معه و هو الکتاب العزیز الداعی الی التوحید و لا یحصل الفلاح الا بحصول ما رقب علیه من الصفات کلها.

یعنی اسلام ابی طالب پر رافضی اس آیت سے دلیل لایا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے جو لوگ اس نبی پر ایمان لائے اور اس کی نصرت و مدد کی اور جو نور اس نبی کے ساتھ اتارا گیا اس کے پیرو ہوئے، وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں، رافضی نے کہا ابو طالب کی مدد و نصرت مشہور و معروف ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے قریش سے مخالفت کی، عداوت باندھ لی جس کا کوئی راوی اخبار انکار نہ کرے گا تو وہ فلاح پانے والوں میں ٹھہرے، رافضیوں کے علم کی رسائی یہاں تک ہے اور ہم تسلیم کرتے ہیں کہ ابو طالب نے ضرور

نصرت کی اور بدرجۂ غایت کی مگر اس نور کا تو اتباع نہ کیا جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ اترا یعنی قرآن مجید، داعی توحید، اور فلاح تو جب ملے کہ جتنی صفات پر اسے مرتب فرمایا ہے سب حاصل ہوں۔

ابو طالب کا خاتمہ کفر پر ہوا

مخالفین کے کچھ شبہات کا جواب دیتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

اعتبار خاتمہ کا ہے، **انما الاعتبار بالخواتیم** جب ابو طالب کا کفر پر مرنا قرآن وحدیث سے ثابت تو اب اگلے قصے سنانا اور گزشتہ کفالت ونصرت سے دلیل لانا محض ساقط۔

صحاح ستہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک حدیث طویل میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

فو اللہ الذی لا الہ غیرہ ان احدکم لیعمل بعمل اھل الجنۃ حتی ما یکون بینہ و بینھا الا ذراع فیسبق علیہ الکتاب فیعمل بعمل اھل النار فیدخل النار .

قسم اللہ کی جس کے سوا کوئی خدا نہیں تم میں کوئی شخص جنتیوں کے کام کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس میں اور جنت میں صرف ایک ہاتھ کا فرق رہ جاتا ہے اتنے میں تقدیر غالب آجاتی ہے کہ دوزخیوں کے کام کر کے دوزخ میں جاتا ہے۔ والعیاذ باللہ رب العالمین۔

دنیاوی محبت دلیل ایمان نہیں

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ابو طالب کو بے پناہ محبت تھی جس سے یہ سمجھ میں آتا ہے کہ اس نے ضرور ایمان قبول کیا ہوگا کیوں کہ محبت ایمان کا دوسرا نام اور محبت ہی دلیل ایمان ہے اس شبہ کا جواب امام احمد رضا بریلوی نے نہایت عمدہ اور فاضلانہ انداز میں تحریر فرمایا ہے کہ:

بے شک (ابو طالب کو حضور سے محبت تھی) مگر حد طبعی تک جیسے چچا کو بھتیجے سے چاہیئے اور بھتیجے بھی کیسے کہ حقیقی بھائی نوجوان گزرے ہوئے کی اکلوتی نشانی، پھر اس پر جمال صورت و کمال سیرت وہ کہ اپنے تو اپنے غیر دیکھیں تو فدا ہو جائیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

خاندان ہاشمی ایک اسی چراغ محمود وشمع بے دود سے روشن تھا خاندانی حمیت ہر عاقل کو ہوتی ہے خصوصاً اہل عرب خصوصاً قریش خصوصاً بنی ہاشم میں اس کا عظیم مادہ۔ ولہٰذا جب یہ آیہ کریمہ **فاصدع بما تؤمر و اعرض عن المشرکین** نازل ہوئی اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعلانیہ دعوت اسلام شروع کی تو اشراف قریش جمع ہو کر ابو طالب کے پاس گئے اور کہا کہ تمام عرب میں سب سے زیادہ خوبصورت اور سب سے بڑھ کر اچھی اٹھان والا لڑکا ہم سے لے لو اسے بجائے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پرورش کرو اور انھیں ہم کو دے دو، اور اسی ارادۂ فاسدہ پر عمارہ بن ولید کو لے کر گئے تھے کہ ابو طالب نے مانا تو اسے انھیں دے دیں گے۔ ابو طالب نے کہا:

واللہ لبئس ماتسوموننی اتعطونی ابنکم اغذوہ لکم و اعطیکم ابنی تقتلونہ ھذا و اللہ ما لا یکون ابدا حین تروح الابل فان حنت ناقۃ غیر فصیلھا دفعتہ الیکم۔

خدا کی قسم کیا بری گا ہکی میرے ساتھ کر رہے ہو کیا تم اپنا بیٹا مجھے دو کہ میں تمھارے لیے اسے کھلاؤں پرورش کروں اور میں اپنا بیٹا تمھیں دے دوں کہ تم اسے قتل کرو۔ خدا کی قسم یہ کبھی ہونی نہیں جب اونٹ شام کو نکلتے ہیں تو اگر کوئی ناقہ اپنے بچے کو چھوڑ کر دوسرے کی طرف میل کرتی ہو تو میں بھی تم سے اپنا بیٹا بدل لوں۔

ابو طالب نے صاف بتا دیا کہ ان کی محبت وہی ہے جو انسان تو انسان حیوان کو بھی اپنے بچے سے ہوتی ہے۔ ایسی محبت ایمان نہیں، ایمان حب شرعی ہے ابو طالب میں اس کی شان نہیں، محبت شرعی و ایمانی

ہوتی تو نار کو عار پر اختیار اور دم مرگ کلمہ طیبہ سے انکار اور ملت جاہلیت پر اصرار کیوں ہوتا۔

امام قسطلانی ارشاد الساری میں فرماتے ہیں:

قد کان ابو طالب یحوطه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و ینصره و یحبه حبا طبعیا لا شرعیا فسبق القدر فیه و استمر علی کفره و لله الحجة السامیة

یعنی ابو طالب نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نصرت وحمایت سب کچھ کی طبعی محبت بہت کچھ رکھی مگر شرعی محبت نہ تھی آخر تقدیر الٰہی غالب آئی اور معاذ اللہ کفر پر وفات پائی اور اللہ ہی کے لیے ہے حجت بلند۔

نسیم الریاض میں ہے:

حنوه علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و صحبته له امر مشهور فی السیر و کان یعظمه و یعرف نبوته و لکن لم یوفقه الله الاسلام .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ابو طالب کی مہر ومحبت مشہور ہے اور تعظیم ومعرفت نبوت معلوم مگر اللہ تعالیٰ نے مسلمان ہونے کی توفیق نہ دی۔

ابوطالب کے عدم ایمان میں حکمتیں

نسیم الریاض میں ہے :

و فی الامتناع ان فیه حکمة خفیة من الله تعالیٰ لانه عظیم قریش لا یمکن احدا منهم ان یتعدی علی ما فی جواره فکان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی بدء امره فی کنف حمایته بذبهم عنه کما قال :

واللہ لن یصلوا الیک بجمعھم

حتی اوسد فی التراب دفینا

فلو اسلم لم یکن لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعد موتہ بعد من الھجرۃ .

کتاب الامتناع میں ہے کہ ابو طالب کے مسلمان نہ ہونے میں اللہ تعالیٰ کی ایک باریک حکمت ہے وہ سردار قریش تھے کوئی ان کی پناہ پر تعدی نہ کرسکتا تھا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابتدائے اسلام میں ان کی حمایت میں تھے وہ مخالفوں کو حضور سے دفع کرتے تھے خود ایک شعر میں کہا ہے۔

خدا کی قسم تمام قریش اکٹھے ہو جائیں تو حضور تک نہ پہنچ سکیں گے جب تک میں خاک میں لٹا کر دبا نہ دیا جاؤں۔

تو اگر وہ اسلام لے آتے قریش کے نزدیک ان کی پناہ کوئی چیز نہ رہتی، آخر ان کے انتقال پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہجرت ہی فرمانی ہوئی۔

اس کے بعد چند باریک حکمتوں کی طرف امام احمد رضا بریلوی نے اس طرح اشارہ فرمایا ہے :

اقول، قرب انتقال تک اسلام نہ لانے کی یہ حکمت ہوسکتی ہے مرتے وقت کفر پر اصرار کی حکمت اللہ جانے یا اس کا رسول۔ شاید اس میں :

اولاً: یہ نکتہ ہو کہ اگر اسلام لا کر مرتے مخالف گمان کرتے کہ اللہ کے رسول نے ہمارے ساتھ معاذ اللہ فریب برتا اپنے چچا کو مسلمان تو کرلیا مگر پناہ و ذمہ رکھنے کے لیے ظاہر نہ ہونے دیا جب اخیر وقت آیا کہ اب وہ کام نہ رہا ظاہر کروا دیا۔

ثانیاً: ان مسلمانوں کی تسکین بھی ہے جن کے بزرگ حالت کفر میں مرے جس کا پتہ حدیث، ان ابی و اباک دیتی ہے اول ناگوار ہوا جب اپنے چچا کو شامل فرمایا سکون پایا۔

ثالثاً: مسلمانوں کے لیے اسوۂ حسنہ قائم فرمانا کہ اپنے اقارب جب خدا کے خلاف ہوں ان سے برأت کریں، مرنے پر جنازہ میں شریک نہ ہوں، نماز نہ پڑھیں، دعائے مغفرت نہ کریں کہ جب خود اپنے حبیب کو منع فرمایا تو اوروں کی کیا گنتی۔

رابعاً: عمل میں اخلاص للہ وخوف وانقیاد کی ترغیب اور محبوبان خدا سے نسبت پر پھول بیٹھنے سے ترہیب، جب ابو طالب کو ایسی نسبت قریبہ باآں کارہائے عجیبہ بوجہ نامنقادی کام نہ آئی تو اور کیا چیز ہے۔ الی غیر ذلک۔

صرف مدح ونعت سبب اسلام نہیں

ابو طالب نے حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس میں نعت وقصائد لکھے اور حضور سے توسل واستغاثہ کیا جس سے ان کے اسلام لانے کا شبہ ہو رہا ہے۔ امام احمد رضا بریلوی نے اس شبہ کا ازالہ اس طرح فرمایا کہ:

اقول، یہ تو اور حجت الہیہ قائم ہونا ہے جب ایسا جانتے ہو پھر کیوں نہیں مانتے ہو یہود عنود قبل طلوع شمس رسالت کیا کچھ نعت ومدحت نہ کرتے جب کوئی مشکل آتی، مصیبت منہ دکھاتی تو حضور سے توسل کرتے جب دشمن کا مقابلہ ہوتا دعا مانگتے:

اللھم انصر علیھم بالنبی المبعوث فی آخر الزمان الذی نجد صفتہ فی التوراۃ.

الٰہی ہمیں ان پر مدد دے صدقہ نبی آخر الزماں کا جس کی نعت ہم توراۃ میں پاتے ہیں۔

پھر جان کر نہ ماننے کا کیا نتیجہ ہوا۔ یہ جو قرآن عظیم نے فرمایا:

کانوا من قبل یستفتحون علی الذین کفروا فلما جاء ھم ما عرفوا کفروا بہ فلعنۃ اللہ علی الکافرین ۔

اس سے پہلے وہ اس نبی کے وسیلہ سے کافروں پر فتح مانگتے تھے تو جب تشریف لایا ان کے پاس وہ جانا پہچانا اس سے منکر ہو بیٹھے تو اللہ کی لعنت منکروں پر۔

اصابہ میں فرماتے ہیں :

اما شھادۃ ابی طالب بتصدیق النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فالجواب عنہ و عما ورد من شعر ابی طالب فی ذلک انہ نظیر ما حکی اللہ تعالیٰ عن کفار قریش و جحدوا بھا و استیقنتھا انفسھم ظلما و علوا فکان کفرھم عنادا و منشؤہ من الانفۃ و الکبر و الی ذلک اشار ابو طالب بقولہ لو لان ان تعیر قریش ۔

یعنی ابوطالب کے ان اشعار وغیرہا کا جواب یہ ہے کہ وہ اسی قبیل سے ہے جو قرآن عظیم نے کفار کا حال بیان فرمایا کہ براہ ظلم وتکبر منکر ہوتے اور دل میں خوب یقین رکھتے ہیں تو یہ کفر عناد ہوا اور اس کا منشاء تکبر اور اپنے نزدیک بڑی ناک والا ہونا ہے خود ابوطالب نے اس کی طرف اشارہ کیا کہ اگر قریش کی طعنہ زنی کا خیال نہ ہوتا تو اسلام لے آتا۔

ابوطالب نے اپنے بیٹوں کو ایمان کی وصیت کی

ابوطالب کی اپنے بیٹوں کی وصیت سے بعض لوگوں کو اس کے اسلام کا دھوکہ ہوا اس کا ازالہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ :

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باب میں ان سے بعض وصایا ضرور منقول مگر جب اوروں کو وصیت ہو خود جاہلی حمیت ہو تو اس سے کیا حصول۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

کبر مقتا عند الله ان تقولوا مالا تفعلون .

اللہ کو سخت دشمن ہے یہ بات کہ کہو اور نہ کرو۔

تندرستی میں بھی یہی برتاؤ تھا کہ اوروں کو ترغیب دینا اور آپ بچنا وہی انداز وقت مرگ برتا۔

اصابہ میں فرمایا:

اما امر ابی طالب و لدیه باتباعه فترک ذلک من جملة العناد و هو ایضا من حسن نصرته له و ذبه و معاداته قومه بسببه .

رہا ابوطالب کا اپنے بیٹوں حیدر کرار و جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہنا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی کرو تو خود اس کا ترک کرنا یہ عناد میں سے ہے اور یہ ترغیب پیروی بھی ان کی اسی خوبی مدد و حمایت اور حضور کے باعث اپنی قوم سے مخالفت ہی میں داخل ہے۔

یعنی جہاں وہ سب کچھ تھا ایں ہم بر علم ایمان بے اذعان ملنا کیا امکان، ولہذا علمائے کرام جہاں ابو طالب سے یہ امور نقل فرماتے ہیں وہیں موت علی الکفر کی بھی تصریح کر جاتے ہیں۔

مجمع البحار میں ہے:

فی العاشرة دنا موت ابی طالب فوصی بنی المطلب باعانته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و مات فقال علی رضی الله تعالیٰ عنه ان عمک الضال قد مات قال فاغسله و کفنه و واره غفر الله له فجعل یستغفر له ایاما حتی نزل ما کان للنبی الآیة .

یعنی نبوت سے دسویں سال ابوطالب کو موت آئی بنی مطلب کو مددگاری نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وصیت کر کے مر گئے، اس پر مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے عرض کی حضور کا گمراہ چچا مر گیا فرمایا نہلا

کفنا کر دبا دے اللہ اسے بخشے کچھ دنوں دعائے مغفرت فرماتے رہے یہاں تک کہ آیت اتری، نبی کو روا نہیں کہ مشرکوں جہنمیوں کی بخشش مانگے۔

علامہ مفتی حاشیہ شرح ہمزیہ میں لکھتے ہیں:

قال القرطبی فی المفهم کان ابو طالب یعرف صدق رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی کل ما یقول له و یقول لقریش تعلمون و الله ان محمدا لم یکذب قط و یقول لابنه علی اتبعه فانه علی الحق غیر انه لم یدخل فی الاسلام و لم یزل علی ذلک حتی حضرته الوفاة فدخل علیه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم طامعافی اسلامه و حریصا علیه باذلافی ذلک جهده مستفرغا ما عنده و لکن عاقت عن ذلک عوائق الاقدار التی لا ینفع معها حرص و لا اعتذار.

یعنی امام قرطبی نے مفہم شرح صحیح مسلم میں فرمایا ابو طالب خوب جانتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو کچھ فرماتے ہیں سب حق ہے قریش سے کہتے خدا کی قسم تمھیں معلوم ہے کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی کوئی کلمہ خلاف واقع نہ فرمایا اپنے بیٹے علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے کہتے ان کے پیرو رہنا کہ یہ حق پر ہیں یہ سب کچھ تھا مگر یہ خود اسلام میں نہ آئے موت آنے تک اسی حال پر رہے اس وقت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف فرما ہوئے اس امید پر کہ شاید مسلمان ہو جائیں اس کی حضور کو سخت خواہش تھی جو کچھ کوشش ممکن تھی سب خرچ فرمادی مگر وہ تقدیریں آڑے آئیں جن کے آگے نہ خواہش چلتی ہے نہ عذر۔

ایک شبہ کا جواب

آیات واحادیث سے کفر ابو طالب کو واضح وآشکارا کرنے کے بعد ایک شبہ کا جواب دیتے ہوئے

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ:

اب ایک شبہ باقی رہا جس سے زمانہ قدیم میں بعض روافض نے اپنے رسالہ اسلام ابی طالب میں استناد کیا اور اکابر ائمہ وعلمائے اہل سنت مثل امام اجل بیہقی، وامام اجل سہیلی، وامام حافظ الشان ابن حجر عسقلانی، وامام بدر الدین محمود عینی، وامام احمد قسطلانی، وامام ابن حجر مکی، وعلامہ حسین دیار بکری، وعلامہ محمد زرقانی، وشیخ محقق دہلوی وغیرہم رحمہم اللہ تعالیٰ نے متعدد وجوہ سے جواب دیا۔ سنی کے لیے تو اسی قدر سے جواب ظاہر ہوگیا کہ استدلال کرنے والا ایک رافضی اور جواب دینے والے ائمہ وعلمائے اہل سنت، مگر تتمیم فائدہ کے لیے فقیر غفرلہ المولیٰ القدیر وہ شبہ اور علماء کے اجوبہ ذکر کر کے جو کچھ فیض قدیر سے قلب فقیر پر فائض ہوا تحریر کرے۔ وباللہ التوفیق۔

ابن اسحاق نے سیرت میں ایک روایت شاذہ ذکر کی جس کا خلاصہ یہ کہ ابوطالب کے مرض الموت میں اشراف قریش جمع ہو کر ان کے پاس گئے کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سمجھا دو کہ ہمارے دین سے غرض نہ رکھیں ہم ان کے دین سے تعرض نہ کریں، ابوطالب نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بلا کر عرض کی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہاں یہ ایک بات کہہ لیں جس سے تم تمام عرب کے مالک ہو جاؤ اور عجم تمہارے مطیع، ابوجہل لعین نے عرض کی، حضور ہی کے باپ کی قسم ایک نہیں دس باتیں، فرمایا تو لا الہ الا اللہ کہہ لو، اس پر کافر تالیاں بجا کر بھاگ گئے، ابوطالب کے منہ سے نکلا خدا کی قسم حضور نے کوئی بے جا بات تو ان سے نہ چاہی تھی اس کہنے سے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو امید پڑی کہ شاید یہ مسلمان ہو جائے، حضور نے بار بار فرمانا شروع کیا اے چچا تو ہی کہہ لے جس کے سبب سے میں تیری شفاعت روز قیامت حلال کرلوں، جب ابوطالب نے حضور کی شدت خواہش دیکھی کہا اے بھتیجے! میرے خدا کی قسم اگر یہ خوف نہ ہوتا کہ لوگ حضور کو اور حضور کے باپ (یعنی ابوطالب) کے بیٹوں کو طعنہ دیں گے کہ نزع کی سختی پر صبر نہ ہوا، کلمہ پڑھ لیا، تو میں پڑھ لیتا اور وہ بھی کس طرح پڑھتا۔

لا اقولها الا لا سرک بها

صرف اس لیے کہ حضور کی خوشی کر دوں۔

یہ باتیں نزع میں تو ہو رہی تھیں جب روح پرواز کرنے کا وقت نزدیک آیا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کے لبوں کو جنبش دیکھی کان لگا کر سنا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی:

یا ابن اخی و الله لقد قال اخی الکلمة التی امرته ان یقولها.

اے میرے بھتیجے! خدا کی قسم میرے بھائی نے وہ بات کہہ لی جو حضور اقدس اس سے کہلواتے تھے۔

قال فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لم اسمع .

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے نہ سنی۔

یہ وہ روایت ہے علماء نے اس سے پانچ جواب دیے۔

اولاً: یہ روایت ضعیف و مردود ہے، اس کی سند میں ایک راوی مبہم موجود ہے۔ یہ جواب امام بیہقی پھر امام حافظ الشان ابن حجر عسقلانی و امام بدر الدین محمود عینی و امام ابن حجر مکی و علامہ حسین دیار بکری و علامہ زرقانی وغیرہم نے افادہ فرمایا۔

ثانیاً: اگر بالفرض صحیح بھی ہوتی تو ان احادیث جلیلہ جزیلہ صحاح اصح کے مخالف تھی لہٰذا مردود ہوتی نہ کہ خود صحیح بھی نہیں اب ان کے مقابل کیا التفات کے قابل۔

ثالثاً: خود قرآن عظیم اسے رد فرما رہا ہے اگر اسلام پر موت ہوتی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو استغفار سے کیوں ممانعت آتی۔ یہ جواب حافظ الشان کا ہے اور اسے خمیس میں بھی ذکر کیا۔

اقول :استغفار سے نہی کفر میں صریح نہیں ،حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابتدائے اسلام میں میت مدیون کے جنازہ پر نماز پڑھنے سے ممنوع تھے ۔ علمائے متاخرین نے حدیث استاذنت ربی ان یستغفر لامی فلم یاذن لی (میں نے اپنے رب سے اپنی ماں کے لیے دعائے مغفرت کی اجازت طلب کی تو مجھے اجازت نہ ملی) کا یہی جواب دیا ہے۔تو استدلال اسی آیہ کریمہ کے لفظ للمشرکین ولفظ اصحب الجحیم سے اولیٰ وانسب ہے اگر کلمہ اسلام پر موت ہوتی تو رب العزت ابوطالب کو مشرک کیوں بتاتا،اصحاب نار سے کیوں ٹھہراتا۔ لاجرم یہ روایت بے اصل ہے۔

رابعاً: اقول: اس میں ایک علت اور ہے کہ خود یہی عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن سے یہ حکایت ذکر کی جاتی ہے موت ابی طالب کے بعد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھتے ہیں یارسول اللہ! حضور نے اپنے چچا ابوطالب کو بھی کچھ نفع دیا وہ حضور کا غمخوار طرفدار تھا ارشاد ہوا ہم نے اسے سر و پا جہنم میں غرق پایا؛اتنی تخفیف فرمادی کہ ٹخنوں تک آگ ہے میں نہ ہوتا تو اسفل السافلین اس کا ٹھکانہ تھا۔

سبحان اللہ! اگر عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے کانوں سے مرتے وقت کلمۂ توحید پڑھنا سنتے تو اس سوال کا کیا محل تھا وہ نہ جانتے تھے کہ الاسلام یھدی ما قبلہ مسلمان ہوجانا گزرے ہوئے سب اعمال بدکوڈھادیتا ہے۔کیا وہ نہ جانتے تھے کہ اخیر وقت جو کافر مسلمان ہوکر مرے بے حساب جنت میں جائے من قال لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ (جو لا الہ الا اللہ کہہ لے وہ جنت میں جائے گا)اور پھر سوال میں کیا عرض کرتے ہیں وہی پرانے قصے نصرت ویاری وحمایت وغمخواری۔ یہ نہیں کہتے یارسول اللہ! وہ تو کلمۂ اسلام پڑھ کر مرا ہے یہ پوچھتے ہیں کہ حضور نے اسے بھی کچھ نفع بخشا یہ نہیں عرض کرتے کہ کون سے اعلیٰ درجات جنت عطا فرمائے ۔ وہ حالت صحیح ہوتی تو پرواز سوال یوں ہوتا کہ یارسول اللہ! ابوطالب کا خاتمہ ایمان پر ہوا

اور حضور کے ساتھ ان کی غایت محبت وکمال حمایت تو قدیم سے تھی اللہ عزوجل نے فردوس اعلیٰ کا کون سا محل انھیں کرامت فرمایا۔ تو نظر انصاف میں یہ سوال ہی اس روایت کی بے اصلی پر قرینۂ واضحہ ہے اور جواب تو جو ارشاد ہوا ظاہر ہے۔

خامساً: یقیناً معلوم کہ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس وقت مشرف بہ اسلام نہ ہوئے تھے کہیں گیارہ برس بعد فتح مکہ میں مسلمان ہوئے ہیں اور اسی روایت میں ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوطالب کا کلمہ پڑھنا نہ سنا اور ان کی عرض پر بھی اطمینان نہ فرمایا، یہی ارشاد ہوا کہ ہم نے نہ سنا۔

مگر ایک شخص کی شہادت جو عدالت درکنار گواہی دیتے وقت مسلمان بھی نہیں وہ شرعاً کس قاعدہ و قانون سے قابل قبول ولائق التفات اصحاب عقول ہوسکتی ہے؟

اقول و باللہ التوفیق: خود اسی روایت کا بیان کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی عرض پر یہی ارشاد فرمایا کہ ہمارے مسامع قدسیہ تک نہ آیا دلیل واضح ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے بیان پر اطمینان نہ فرمایا، اس گواہی کو متقبول و معتبر نہ ٹھہرایا ورنہ کیا عقل سلیم قبول کرتی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جس کے اسلام میں اس درجہ کوشش بلیغ ہو نفس النفس اس حد شدت پر اس کی خواہش فرمائی جب وہ امر عظیم محبوب وقوع میں آئی ایسے سہل لفظوں میں جواب دے دیا جائے۔ لاجرم اس ارشاد کا یہی مفاد کہ تمھارے کہنے پر کیا اعتماد ہم سنتے تو ٹھیک تھا، یہ صریح رد شہادت ہے تو جو گواہی خدا اور رسول رد فرما چکے دوسرا اس کا قبول کرنے والا کون؟

سادساً: ہم تسلیم کرتے ہیں کہ روایت انھیں احادیث صحیحین کی مثل سنداً و متناً ہر طرح اعلیٰ درجہ کی صحیح اور شہادت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی بروجہ کمال مقبول و نجیح، پھر بھی نہ مستدل کو نافع نہ کفر ابی طالب کی اصلاً دافع۔ آخر جب بحکم احادیث جلیلہ آیات قرآنیہ مشرک وناری بتارہی ہیں تو یہ تو کسی کے

مٹائے نہیں مٹتا یہ دوسری حدیث کہ فرضا اسی پلہ کی صحیح وجلیل ہے صرف اتنا بتاتی ہے کہ ابو طالب نے اخیر وقت **لا الہ الا اللہ** کہا، یہ نہیں بتاتی کہ وہ وقت کیا تھا۔

آخر وقت دو ہیں۔

ایک وہ کہ ہنوز پردے باقی ہیں اور وقت، وقت قبول ایمان ہے۔

دوسرا وہ حقیقی آخر جب حالت غرغرہ ہو پردے اٹھ جائیں، جنت و نار پیش نظر ہو جائیں یؤمنون بالغیب کا محل نہ رہے۔ کافر کا اس وقت اسلام لانا بالاجماع مردود و نامقبول ہے۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

فلم یک ینفعهم ایمانهم لما رأدو باسنا سنة الله التی قدخلت فی عباده و خسر هنالک الکافرون.

تو ان کے ایمان نے انھیں کام نہ دیا جب انھوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا اللہ کا دستور جو اس کے بندوں میں گزر چکا اور وہاں کافر گھاٹے میں رہے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان الله یقبل توبة العبد ما لم یغرغر .

جب تک حالت غرغرہ نہ ہو، تو اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ اسے احمد و ترمذی و ابن ماجہ وغیرہم نے روایت کیا۔ **(مولف)**

اب اگر اول کہنا مانتے ہیں تو آیت قرآنیہ مع ان احادیث صحیحہ کے اس حدیث صحیح مفروض سے مناقض ہوگی اور کسی نہ کسی حدیث صحیح کو رد کیے بغیر چارہ نہ ملے گا۔ اور اگر وقت دوم پر مانتے ہیں تو آیت و

احادیث سب حق وصحیح ٹھہرتے ہیں اور تناقض وتعارض بے تکلف دور ہوا جاتا ہے۔کلمہ پڑھا اور ضرور پڑھا مگر کب؟ اس وقت جب کہ وقت نہ رہا تھا لہٰذا حکم شرک ونار برقرار رہا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

حتی اذا ادرکه الغرق قال آمنت انه لا اله الا الذی آمنت به بنو اسرائیل و انا من المسلمین الئن و قد عصیت قبل و کنت من المفسدین .

یہاں تک کہ جب اسے ڈوبنے نے آلیا بولا میں ایمان لایا کہ کوئی سچا معبود نہیں سوا اس کے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں مسلمان ہوں۔کیا اب اور پہلے سے نافرمان رہا اور تو فسادی تھا۔

صورت اولیٰ ظاہر البطلان، لہٰذا شق اخیر ہی لازم الاذعان۔اور فی الواقع اگر یہ روایت مطابق واقع تھی تو قطعاً یہی صورت واقع ہوئی اور وہ ضرور قرین قیاس بھی ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے قریب مرگ ہی جلوہ فرما ہوئے ہیں۔اسی حالت میں کفار قریش سے وہ محاورات ہوئے۔سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بار بار باصرار دعوت اسلام فرمائی، کفار نے ملت کفر پر قائم رہنے میں جان لڑائی آخر پچھلا جواب وہ دیا کہ ابو طالب ملت جاہلیت پر جاتا ہے۔

یہاں تک بات چیت کی طاقت تھی اب سینے پر دم آیا، پردے اٹھے، غیب سامنے آیا، اس نار نے جس پر عار کو اختیار کیا تھا اپنی مہیب صورت سے منہ دکھایا (لیس الخبر کالمعاینة) اب کھلا کہ یہ بلا جھیلنے کی نہیں ڈوبتا سوار پکڑتا ہے اب لا اله الا الله کی قدر آئی، کہنا چاہا طاقت نہ پائی، آہستہ لبوں کو جنبش ہوئی مگر بے سود کہ وقت نکل چکا تھا، تو حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی سچے کہ کلمہ پڑھا اور قرآن وحدیث تو قطعاً سچے ہیں کہ حکم کفر بدستور رہا۔والعیاذ باللہ رب العالمین۔

سابعاً: اس سے بھی درگزریئے، یہ بھی مانا کہ حالت غرغرہ سے پہلے ہی پڑھا ہے پھر حضرت عباس رضی

اللہ تعالیٰ عنہ تو ظاہری کی گواہی دیں گے دل کے حال کا عالم خدا ہے۔ کیا اگر کوئی شخص روزانہ لاکھ بار کلمہ پڑھے اور اللہ عزوجل اسے کافر بتائے تو ہم اس کے کلمہ پڑھنے کو دیکھیں گے یا اپنے رب عزوجل کے ارشاد کو۔ ایمان زبان سے کلمہ خوانی کا نام نہیں جب دلوں کا مالک اس کے کفر پر حکم تو قطعاً ثابت کہ اس کے قلب میں اذعان واسلام نہیں۔

ابوطالب کا کفر عام کافروں جیسا نہیں

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ اس بحث کے آخر میں ابوطالب اور عام کافروں کے کفر کے درمیان فرق کو واضح کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں:

جناب ابوطالب وابوجہل علیہ ما علیہ کے مثل کہنا محض افراط اور خون انصاف کرنا ہے۔ ابوطالب کی عمر خدمت وکفالت ونصرت وحمایت حضرت رسالت علیہ وعلیٰ آلہ افضل الصلاۃ والتحیۃ میں گئی اور یہ ملاعنہ درپے ایذا وضرار رہے۔ کہاں وہ جس کا وظیفہ مدح وستائش ہو اور کہاں وہ شقی جس کا ورد ذم ونکوہش ہو۔ یہ اگرچہ خود محروم دولت اسلام رہے مگر تسخیر تقویت نفع اسلام میں مصروف۔ اور وہ سراسر ہمہ تن ہمہ وقت بیخ کنی اسلام میں مشغوف۔

ببیں تفاوت رہ از کجاست تا بکجا

آخر نہ دیکھا جو حدیث میں ارشاد ہوا کہ ابوطالب پر تمام کفار سے کم عذاب ہے اور یہ اشقیاء ان میں ہیں جن پر شدید عذاب ہے۔ ابوطالب کے صرف پاؤں آگ میں ہیں اور یہ ملاعنہ ان میں کہ:

لہم من فوقہم ظلل من النار ومن تحتہم ظلل

ان کے اوپر آگ کی تہیں ہیں اور ان کے نیچے آگ کی تہیں۔

لہم من جہنم مہاد ومن فوقہم غواش

نیچے آگ کا بچھونا اور اوپر آگ کے لحاف سراپا آگ ہر طرف سے آگ۔

بلکہ دونوں کا ثبوت کفر بھی ایک سا نہیں۔ ابو طالب کے باب میں اگرچہ قول حق وصواب وہی کفر و عذاب اور اس کا خلاف شاذ و مردود و باطل و مطرود۔ پھر بھی اس حد کا نہیں کہ معاذ اللہ خلاف پر تکفیر کا احتمال ہو۔ اور ان اعداء اللہ کا کافر وابدی جہنمی ہونا تو ضروریات دین سے ہے جس کا منکر خود جہنمی کافر۔ تو ان کا نہ کفر یکساں، نہ ثبوت کفر یکساں، نہ عمل یکساں، نہ سزا یکساں، ہر جگہ فرق زمین وآسمان پھر مماثلت کہاں؟

(شرح المطالب فی مبحث ابی طالب)

حضور سے علاقہ کی اہمیت

امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر فرماتے ہیں:

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے علاقہ، ابو طالب کو ایسا کام آیا کہ سراپا آگ میں غرق تھے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پایاب آگ میں کھینچ لیا کہ اب صرف تلووں میں آگ ہے۔ حالاں کہ کفار کے حق میں اصل حکم یہ ہے کہ **لا یخفف عنهم العذاب و لا هم ینصرون**.

نہ ان سے عذاب ہلکا کیا جائے نہ کوئی ان کی مدد کرے۔

صحیح بخاری وصحیح مسلم میں عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

هو فی ضحضاح من نار و لولا انا لکان فی الدرک الأسفل من النار .

و فی روایة وجدته فی غمرات من النار فاخرجته الی ضحضاح .

ابو طالب قدموں تک آگ میں ہے اور اگر میں نہ ہوتا تو وہ آگ کے سب سے نچلے طبقے

میں ہوتے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ میں نے انھیں آگ میں ڈوبا ہوا پایا تو قدموں تک نکال دیا (مولف)

اسی طرح صحیحین میں ابو سعید خدری اور مسند بزار و ابو یعلی و ابن عدی و تمام میں حضرت جابر بن عبد اللہ اور معجم کبیر طبرانی میں ام المومنین ام سلمہ سے ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

امام عینی شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں: **فان قلت اعمال الکفرة هباء منثورا لا فائدة فیها قلت هذا النفع من برکة رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و خصائصه.**

امام ابن حجر کی فتح الباری شرح بخاری میں ہے **یوید الخصوصیة انه بعد ان امتنع شفع له حتی خفف له العذاب بالنسبة لغیره.**

اسی طرح مجمع بحار الانوار وغیرہ میں ہے۔

ان سب کا حاصل یہ ہے کہ یہ نفع کافر کے عمل سے نہ ہوا بلکہ حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برکت سے اور یہ خصائص علیہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۲۶۲)

ابو طالب کا جذبۂ حمایت

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

ابو طالب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا جنھوں نے اپنی عمر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حفاظت وحمایت میں فنا کر دی اور وہ حضور کی محبت ونصرت کی انتہائی حد کو پہنچے، حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی محبت نے ان کے پورے دل کو ایسا پکڑ لیا تھا کہ اپنی صلبی کم سن بچوں پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فضیلت

دیتے تھے اور جب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا تو حضور نے مشرکین کو وحدانیت کی طرف بلایا اور دین کے دشمن ہر سمت دور دراز سے حملہ آور ہوئے ابو طالب ان کی حمایت کو کافروں سے لڑنے کو کھڑے ہو گئے تو حضور کے ساتھ بڑی نیکی کی اور ہمیشہ ان کی مدد کی اور اپنے قریبی رشتہ دار مشرکوں کی طرف سے کیسی بے شمار سختیاں جھیلیں۔

ابو طالب کا قصیدۂ مدحیہ

یہ وہی ابو طالب تھے کہ جب سارے قریش مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مخالف ہوئے اور اسلام کے خواہشمندوں کو حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے دور کیا تو انھوں نے ایک قصیدہ کہا جو مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بڑی محبت اور ان کے کمین دشمنان سے شدید عداوت کی دلیل ہے۔ جیسا کہ ابن اسحاق نے معتمد راویوں سے روایت کیا ہے اسی قصیدہ کے اشعار یہ ہیں۔

اعبد مناف انكم خير قومكم
فلا تشركوا في امركم كل و اغل

•

فقد خفت ان لم يصلح الله امركم
تكونوا كما كانت احاديث وائل

•

اعوذ برب الناس من كل طاعن
علينا بسوء او ملح بباطل

•

و من كاشح يسعى لنا بعيبة
و من ملحق في الدين مالم يحاول

●

و ثــور و مــن ارســی ثبیــرا مکــانــه

وراق لیــرقــی حــراء و نــازل

●

و بــا لبیــت حق البیــت فــی بطن مکة

و بــالــلــه ان الــلــه لیــس بغــافــل

●

کــذبتــم و بیت الــلــه نــخلــی محمدا

و لــمــا نــطــاعــن دونــه و نــنــاضــل

●

و نسلــمــه حتــی نــصــرع حولــه

و نــذهــل عــن ابنــائنــا و الــحلائــل

●

لــعمری لقــد کــلفــت وجدا بــاحمد

و احبة داب الــمــحــب الــمواصــل

●

فــمــن مثــلــه فــی الــنــاس ای مومــل

اذا قــاســه الــحــکــام عــنــد التفــاضل

●

حــلیــم رشیــد عــاقــل غیــر طــائــش

یــوالــی الهــا لیــس عنــه غــافــل

فو اللہ لو لا ان اجئی بسبة
علی اشیا خنا فی المحافل

اتبعناہ علی کل حالة
من الدھر جد اغیر قول التھازل

فاصبح فینا احمد فی ارومة
تقصر عنھا سورة المتطاول

حدیث بنفسی دونہ و حمیتہ
و دافعت عنہ بالذری و الکلاکل

اے عبد مناف کے بیٹو! تم اپنی قوم میں سب سے بہتر ہو تو تم اپنے معاملہ میں ہر خسیس کو شریک نہ کرو۔ بیشک مجھے اندیشہ ہے کہ اگر اللہ نے تمھارا حال ٹھیک نہ کیا تو تم وائل کے انسانوں کی طرح افسانہ ہو جاؤ گے۔ میں لوگوں کے رب کی پناہ چاہتا ہوں ہر برائی کا طعنہ دینے والے اور باطل پر اصرار کرنے والے سے اور کینہ پرور سے جو ہم پر گھمنڈ کی کوشش کرے اور اس سے جو دین میں ایسی بات شامل کرے جو دین میں کبھی نہ پائی گئی ہو۔ اور کوہ ثور سے اور اس سے جس نے کوہ ثبیر کو اپنی جگہ جمایا اور کوہ حراء میں عبادت کے لیے چڑھنے اور اترنے والے سے اور اللہ تعالیٰ کے سچے گھر کی قسم اور اللہ کی قسم بے شک اللہ تعالیٰ بے خبر نہیں اللہ کے گھر کی قسم اے کافر تم جھوٹے ہو اس گمان میں کہ ہم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چھوڑ دیں گے حالاں کہ ابھی ہم نے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے گرد نیزوں اور تیروں سے جنگ نہ کی اور کیا ہم محمد مصطفیٰ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمھارے سپرد کر دیں گے جب تک کہ اپنے بیٹوں اور بیویوں سے غافل نہ ہو جائیں۔ مجھے اپنی جان کی قسم مجھے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شدید محبت ہے اور میں انھیں ایسا چاہتا ہوں جس طرح پیہم چاہنے والے کی عادت ہوتی ہے۔ جب فیصلہ کرنے والے مقابلے کے وقت کسی کو اس پر قیاس کریں تو ان جیسا لوگوں میں کون ہے جس کے لیے یہ امید ہو کہ وہ ان کا ہم پلہ ہوگا۔ حلم والے رشد والے عقل والے، طیش والے نہیں وہ بیوقوف سے وبے قدر سے محبت رکھتے ہیں جو ان سے غافل نہیں تو خدا کی قسم اگر اس کا اندیشہ نہ ہوتا کہ میں ایسا کام کروں جو ہمارے بزرگوں پر محافل میں ملامت کا سبب بنے تو ہم نے زمانہ کی ہر حالت میں ان کی پیروی کی ہوتی تو یہ بات سنجیدگی سے بے مذاق کے کہتا ہوں تو احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے اندر ایسے عالی نسب ہیں جس کو فخر کرنے والے کی محبت پانے سے عاجز ہے میں نے اپنی جان کو ان کے سپرد کر دیا اور ان کی حمایت کی اور سرداروں اور گروہوں کے ذریعہ (یا سروں اور سینوں کے ذریعہ) دشمنوں سے حضور کا بچاؤ کیا۔

دعائے استسقاء میں ابو طالب کا شعر پڑھا گیا

ابو طالب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے برکت طلب کرتے اور دعا میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام کو وسیلہ بناتے چنانچہ اس پر قریش کی قحط سالی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ سے بارش طلب کرنے کا واقعہ دلالت کرتا ہے جسے ان کے علماء نے روایت کیا۔ اور بے شک ابو طالب نے لوگوں کو حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے اتباع پر ابھارا اور ان باتوں کی خبر دی جو واقع نہ ہوئی تھیں تو ایسا ہی ہوا جیسا انھوں نے خبر دی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دل میں ان کے لیے مقام عظیم تھا۔

یہاں تک جب حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی خدمت میں ایک اعرابی نے آکر عرض کی کہ ہم سرکار کے پاس آئے ہیں اور حال یہ ہے کہ ضعف سے ہمارے بچوں کی آواز نہیں نکلتی اور ہمارے اونٹ لاغری سے

کراہتے نہیں اوران اعرابی نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح میں کچھ اشعار پڑھے تو حضور پناہ بیکساں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چادر کو گھسیٹتے ہوئے اٹھے اور منبر پر صعود فرمایا اور آسمان کی جانب اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے تو خدا کی قسم ابھی حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے ہاتھ نیچے نہ کیے تھے کہ آسمان بجلیوں سے بھر گیا اور اس قدر بارش ہوئی کہ لوگ پکارتے ہوئے آئے کہ ہم ڈوبے تو حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے تبسم فرمایا، یہاں تک کہ دندان اقدس چمکے اور آپ کو اپنی تعریف میں ابوطالب کا قول یاد آیا جب انھوں نے عرض کیا تھا۔

و ابیض یستسقی الغمام بوجهه

ثمال الیتامی عصمة للارامل

وہ گورے رنگ والے جن کے چہرے سے بارش طلب کی جاتی ہے جو یتیموں کے نگہبان اور بیواؤں کا سہارا ہیں۔

پھر حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا اللہ کے لیے ابوطالب کی خوبی ہے اگر وہ زندہ ہوتے تو ان کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جاتیں کون ہمیں ان کے شعر سنائے گا تو حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے عرض کی گویا سرکار کی مراد ان کا وہ قصیدہ ہے جس میں انھوں نے عرض کی ہے:

و ابیض یستسقی الغمام بوجهه

ثمال الیتامی عصمة للارامل

تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں میں یہی چاہتا تھا۔

اسی وجہ سے ابوطالب پر تمام دوزخیوں سے ہلکا عذاب ہے جیسا کہ صحیح حدیثوں میں وارد ہوا اور شفیع مرتجی امیدگاہ عاصیاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت نے انھیں نفع دیا تو ان پر تخفیف کے لیے انھیں جہنم کے بالائی سرے پر رکھ دیا گیا اور یہ معاملہ ان کے ساتھ سارے کافروں کے برخلاف ہے جنھیں جنھیں

شفیعوں کی شفاعت کام نہ دے گی۔اور کاش وہ ایمان لاتے تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے افضل صحابہ سے ہوتے لیکن اللہ کا لکھا نہیں ٹلتا اور اس کا حکم نہیں بدلتا۔ و لا حول و لا قوۃ الا باللہ العزیز الحکیم .

(الزلال الانقیٰ من بحر سبقۃ الاتقیٰ)

اعلان نبوت سے قبل

حضور اقدس ﷺ کی چند پاکیزہ سرگرمیاں

تو نے اسلام دیا، تو نے جماعت میں لیا
اے کریم اب کوئی پھرتا ہے عطیہ تیرا

واذكروا نعمة الله عليكم اذ كنتم اعداء فالف بين قلوبكم فاصبحتم بنعمته اخوانا۔

اور اللہ کا احسان اپنے اوپر یاد کرو، جب تم میں بیر تھا، اس نے تمھارے دلوں میں ملاپ کر دیا، تو اس کے فضل سے تم آپس میں بھائی ہو گئے۔ (آل عمران،۱۰۳/ کنز الایمان)

اعلان نبوت سے قبل حضور اقدس ﷺ کی چند پاکیزہ سرگرمیاں

سفر شام اور بحیریٰ راہب

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عمر شریف بارہ برس کی ہوئی تو اس وقت ابو طالب نے تجارت کی غرض سے ملک شام کا سفر کیا ابو طالب کو چوں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بہت ہی والہانہ محبت تھی اس لیے وہ آپ کو بھی اس سفر میں اپنے ہمراہ لے گئے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعلان نبوت سے قبل تین بار تجارتی سفر فرمایا۔ دو مرتبہ ملک شام گئے اور ایک بار یمن تشریف لے گئے۔ یہ ملک شام کا پہلا سفر ہے اس سفر کے دوران ''بصریٰ'' میں بحیریٰ راہب (عیسائی پادری) کے پاس آپ کا قیام ہوا اس نے توراۃ وانجیل میں بیان کی ہوئی نبی آخرالزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نشانیوں سے آپ کو دیکھتے ہی پہچان لیا۔ اور بہت ہی عقیدت واحترام کے ساتھ اس نے آپ کے قافلہ والوں کی دعوت کی اور ابو طالب سے کہا کہ یہ سارے جہان کے سردار اور رب العالمین کے رسول ہیں جن کو خدا نے رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا ہے میں نے دیکھا ہے کہ شجر وحجر ان کو سجدہ کرتے ہیں اور ابر ان پر سایہ کرتا ہے اور ان کے دونوں شانوں کے درمیان مہر نبوت ہے۔ اس لیے تمھارے اور ان کے حق میں یہی بہتر ہوگا کہ اب تم ان کو لے کر آگے نہ جاؤ اور اپنا مال تجارت یہیں فروخت کر کے بہت جلد مکہ چلے جاؤ کیوں کہ ملک شام میں یہودی لوگ ان کے بہت بڑے دشمن ہیں وہاں پہنچتے ہی وہ لوگ ان کو شہید کر ڈالیں گے۔ بحیریٰ راہب کے کہنے پر ابو طالب کو خطرہ محسوس ہونے لگا چنانچہ انھوں نے وہیں اپنی تجارت کا مال فروخت کر دیا اور بہت جلد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے ساتھ لے کر مکہ مکرمہ واپس آ گئے، بحیریٰ راہب نے چلتے وقت انتہائی عقیدت کے ساتھ آپ کو سفر کا کچھ توشہ بھی دیا۔

جنگ فجار

اسلام سے پہلے عربوں میں لڑائیوں کا ایک طویل سلسلہ جاری تھا انھیں لڑائیوں میں سے ایک مشہور لڑائی ''جنگ فجار'' کے نام سے مشہور ہے۔عرب کے لوگ ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب کے ان چار مہینوں کا بے حد احترام کرتے تھے اور ان مہینوں میں لڑائی کرنے کو گناہ جانتے تھے یہاں تک کہ عام طور پر ان مہینوں میں تلواروں کو نیام میں رکھ دیتے۔اور نیزوں کی برچھیاں اتار لیتے تھے مگر اس کے باوجود کبھی کبھی کچھ ایسے ہنگامی حالات درپیش ہو جاتے کہ مجبوراً ان مہینوں میں بھی لڑائیاں کرنی پڑتیں تو ان لڑائیوں کو اہل عرب ''حرب فجار'' (گناہ کی لڑائیاں) کہتے تھے۔سب سے آخری جنگ فجار جو قریش اور قیس کے قبیلوں کے درمیان ہوئی اس وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عمر شریف بیس برس کی تھی۔چوں کہ قریش اس جنگ میں حق پر تھے اس لیے ابو طالب وغیرہ اپنے چچاؤں کے ساتھ آپ نے بھی اس جنگ میں شرکت فرمائی مگر کسی پر ہتھیار نہیں اٹھایا صرف اتنا ہی کیا کہ اپنے چچاؤں کو تیر اٹھا اٹھا کر دیتے رہے۔اس لڑائی میں پہلے قیس پھر قریش غالب آئے اور آخر کار صلح پر اس لڑائی کا خاتمہ ہو گیا۔

حلف الفضول

روز روز کی لڑائیوں سے عرب کے سینکڑوں گھرانے برباد ہو گئے تھے، ہر طرف بدامنی اور آئے دن کی لوٹ مار سے ملک کا امن و امان غارت ہو چکا تھا، کوئی شخص اپنی جان و مال کو محفوظ نہیں سمجھتا تھا نہ دن کو چین، نہ رات کو آرام، اس وحشت ناک صورت حال سے تنگ آ کر کچھ صلح پسند لوگوں نے جنگ فجار کے خاتمہ کے بعد ایک اصلاحی تحریک چلائی چنانچہ بنو ہاشم، بنو زہرہ، بنو اسد وغیرہ قبائل قریش کے بڑے بڑے سرداران عبد اللہ بن جدعان کے مکان پر جمع ہوئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا زبیر بن عبد المطلب نے یہ تجویز پیش کی کہ موجودہ حالات کو سدھارنے کے لیے کوئی معاہدہ کرنا چاہیے۔چنانچہ خاندان

قریش کے سرداروں نے بقائے باہم کے اصول پر، ''جیو اور جینے دو'' کے قسم کا ایک معاہدہ کیا اور حلف اٹھا کر عہد کیا کہ ہم لوگ :

(۱) ملک سے بے امنی دور کریں گے۔

(۲) مسافروں کی حفاظت کریں گے۔

(۳) غریبوں کی امداد کرتے رہیں گے۔

(۴) مظلوم کی حمایت کریں گے۔

(۵) کسی ظالم یا غاصب کو مکہ میں نہیں رہنے دیں گے۔

اس معاہدہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی شریک ہوئے اور آپ کو یہ معاہدہ اس قدر عزیز تھا کہ اعلان نبوت کے بعد آپ فرمایا کرتے تھے کہ اس معاہدہ سے مجھے اتنی خوشی ہوئی کہ اگر اس معاہدہ کے بدلے میں کوئی مجھے سرخ رنگ کے اونٹ بھی دیتا تو مجھے اتنی خوشی نہیں ہوتی۔ اور آج اسلام میں بھی اگر کوئی مظلوم، یا آل حلف الفضول، کہہ کر مجھے مدد کے لیے پکارے تو میں اس کی مدد کے لیے تیار ہوں۔

اس تاریخی معاہدہ کو ''حلف الفضول'' اس لیے کہتے ہیں کہ قریش کے اس معاہدہ سے بہت پہلے مکہ میں قبیلہ جرہم کے سرداروں کے درمیان بھی بالکل ایسا ہی ایک معاہدہ ہوا تھا اور چوں کہ قبیلہ جرہم کے وہ لوگ جو اس معاہدہ کے محرک تھے ان سب لوگوں کا نام ''فضل'' تھا یعنی فضل بن حارث اور فضل بن وداعہ اور فضل بن فضالہ اس لیے اس معاہدہ کا نام حلف الفضول رکھ دیا گیا یعنی ان چند آدمیوں کا معاہدہ جن کے نام فضل تھے۔

ملک شام کا دوسرا سفر

جب آپ کی عمر شریف تقریباً پچیس سال کی ہوئی تو آپ کی امانت و صداقت کا چرچا دور دور تک

پہنچ چکا تھا حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مکہ کی ایک بہت ہی مال دار خاتون تھیں ان کے شوہر کا انتقال ہو چکا تھا ان کو ضرورت تھی کہ کوئی امانت دار آدمی مل جائے تو اس کے ساتھ اپنی تجارت کا مال و سامان ملک شام بھیجیں چنانچہ ان کی نظر انتخاب نے اس کام کے لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منتخب کیا اور کہلا بھیجا کہ آپ میرا مال تجارت لے کر ملک شام جائیں جو معاوضہ میں دوسروں کو دیتی ہوں آپ کی امانت و دیانت داری کی بنا پر میں آپ کو اس کا دوگنا دوں گی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی درخواست منظور فرمالی اور تجارت کا مال و سامان لے کر ملک شام کو روانہ ہو گئے۔ اس سفر میں حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے ایک معتمد غلام ''میسرہ'' کو بھی آپ کے ساتھ روانہ کر دیا تا کہ وہ آپ کی خدمت کرتا رہے جب آپ ملک شام کے مشہور شہر ''بصریٰ'' کے بازار میں پہنچے تو وہاں نسطورا راہب کی خانقاہ کے قریب میں ٹھہرے نسطورا میسرہ کو بہت پہلے سے جانتا تھا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت دیکھتے ہی نسطورا میسرہ کے پاس آیا اور دریافت کیا اے میسرہ یہ کون شخص ہیں جو اس درخت کے نیچے اتر پڑے ہیں میسرہ نے جواب دیا کہ یہ مکہ کے رہنے والے ہیں اور خاندان بنو ہاشم کے چشم و چراغ ہیں ان کا نام نامی محمد اور لقب امین ہے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نسطورا نے کہا کہ سوائے نبی کے اس درخت کے نیچے آج تک کبھی کوئی نہیں اترا اس لیے مجھے یقین کامل ہے کہ نبی آخر الزماں یہی ہیں کیوں کہ آخری نبی کی تمام نشانیاں جو میں نے توریت و انجیل میں پڑھی ہیں وہ سب میں ان میں دیکھ رہا ہوں کاش میں اس وقت زندہ رہتا جب یہ اپنی نبوت کا اعلان کریں گے تو میں ان کی بھرپور مدد کرتا اور پوری جاں نثاری کے ساتھ ان کی خدمت گزاری میں اپنی تمام عمر گزار دیتا اے میسرہ میں تم کو نصیحت اور وصیت کرتا ہوں کہ خبردار ایک لمحہ کے لیے بھی تم ان سے جدا نہ ہونا اور انتہائی خلوص و عقیدت کے ساتھ ان کی خدمت کرتے رہنا کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو خاتم النبیین ہونے کا شرف عطا فرمایا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بصریٰ کے بازار میں بہت جلد تجارت کا مال فروخت کر کے مکہ مکرمہ واپس آگئے واپسی میں جب آپ کا قافلہ شہر مکہ میں داخل ہونے لگا تو حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ

تعالیٰ عنہا ایک بالا خانہ پر بیٹھی ہوئی قافلہ کی آمد کا منظر دیکھ رہی تھیں جب ان کی نظر حضور علیہ الصلاۃ والسلام پر پڑی تو انھیں ایسا نظر آیا کہ دو فرشتے آپ کے سر پر دھوپ سے سایہ کیے ہوئے ہیں حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قلب پر اس نورانی منظر کا ایک خاص اثر ہوا اور وہ فرط عقیدت سے انتہائی والہانہ محبت کے ساتھ یہ حسین جلوہ دیکھتی رہیں۔ پھر اپنے غلام میسرہ سے انھوں نے کئی دن کے بعد اس کا ذکر کیا تو میسرہ نے بتایا کہ میں تو پورے سفر میں یہی منظر دیکھتا رہا اور اس کے علاوہ میں نے بہت سی عجیب وغریب باتوں کا مشاہدہ کیا ہے۔ پھر میسرہ نے نسطورا راہب کی گفتگو اور اس کی عقیدت ومحبت کا تذکرہ بھی کیا۔ یہ سن کر حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو آپ سے بے پناہ قلبی تعلق اور بے حد عقیدت ومحبت ہوگئی اور یہاں تک ان کا دل جھک گیا کہ انھیں آپ سے نکاح کی رغبت ہوگئی۔

حضرت خدیجہ سے نکاح

حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مال ودولت کے ساتھ انتہائی شریف اور عفت مآب خاتون تھیں اہل مکہ ان کی پاک دامنی اور پارسائی کی وجہ سے ان کو طاہرہ کہا کرتے تھے ان کی عمر چالیس سال کی ہو چکی تھی پہلے ان کا نکاح ابو ہالہ بن زرارہ تمیمی سے ہوا تھا اور ان سے دولڑکے ہند بن ابو ہالہ اور ہالہ بن ابو ہالہ پیدا ہو چکے تھے۔ پھر ابو ہالہ کے انتقال کے بعد حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دوسرا نکاح عتیق بن عائذ مخزومی سے کیا ان سے بھی دو اولاد ہوئیں ایک لڑکا عبداللہ بن عتیق اور ایک لڑکی ہند بنت عتیق حضرت خدیجہ کے دوسرے شوہر عتیق کا بھی انتقال ہو چکا تھا۔ بڑے بڑے سرداران قریش ان کے ساتھ عقد نکاح کے خواہش مند تھے لیکن انھوں نے سب پیغاموں کو ٹھکرا دیا مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیغمبرانہ اخلاق وعادات کو دیکھ کر اور آپ کے حیرت انگیز حالات کو سن کر یہاں تک ان کا دل آپ کی طرف مائل ہو گیا کہ خود بخود ان کے قلب میں آپ سے نکاح کی رغبت پیدا ہوگئی۔ کہاں تو بڑے بڑے مالداروں اور شہر مکہ کے سرداروں کے پیغاموں کو رد کر چکی تھیں اور یہ طے کر چکی تھیں کہ اب چالیس برس کی عمر میں تیسرا نکاح نہیں

کروں گی اور کہاں خود ہی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پھوپھی حضرت صفیہ کو بلایا جوان کے بھائی عوام بن خویلد کی بیوی تھیں ان سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کچھ ذاتی حالات کے بارے میں مزید معلومات حاصل کیں پھر نفیسہ بنت امیہ کے ذریعہ خود ہی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس نکاح کا پیغام بھیجا۔

مشہور امام سیرت محمد بن اسحاق نے لکھا ہے کہ اس رشتہ کو پسند کرنے کی جو وجہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیان کی ہے وہ خود ان کے الفاظ میں یہ ہے۔

انی قد رغبت فیک لحسن خلقک و صدق حدیثک .

یعنی میں نے آپ کے اچھے اخلاق اور آپ کی سچائی کی وجہ سے آپ کو پسند کیا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس رشتہ کو اپنے چچا ابو طالب اور خاندان کے دوسرے بڑے بوڑھوں کے سامنے پیش فرمایا۔ بھلا حضرت خدیجہ جیسی پاک دامن شریف، عقلمند اور مال دار عورت سے شادی کرنے کو کون نہ کہتا؟ سارے خاندان والوں نے نہایت خوشی کے ساتھ اس رشتہ کو منظور کر لیا اور نکاح کی تاریخ مقرر ہوئی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت حمزہ اور ابو طالب وغیرہ اپنے چچاؤں اور خاندان کے دوسرے افراد اور شرفاء بنی ہاشم و سرداران مضر کو اپنی برات میں لے کر حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مکان پر تشریف لے گئے اور نکاح ہوا۔ اس نکاح کے وقت ابو طالب نے نہایت ہی فصیح و بلیغ خطبہ پڑھا اس خطبہ سے بہت اچھی طرح اس بات کا اندازہ ہو جاتا ہے کہ اعلان نبوت سے پہلے آپ کے خاندانی بڑے بوڑھوں کا آپ کے متعلق کیسا خیال تھا اور آپ کے اخلاق و عادات نے ان لوگوں پر کیسا اثر ڈالا تھا، ابو طالب کے اس خطبہ کا ترجمہ یہ ہے۔

تمام تعریفیں اس خدا کے لیے ہیں جس نے ہم لوگوں کو حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی نسل اور حضرت اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام کی اولاد میں بنایا اور ہم کو معد اور مضر کے خاندان میں پیدا فرمایا اور

اپنے گھر (کعبہ معظمہ) کا نگہبان اور اپنے حرم کا منتظم بنایا اور ہم کو علم و حکمت والا گھر اور امن والا حرم عطا فرمایا اور ہم کو لوگوں پر حاکم بنایا۔

یہ میرے بھائی کا فرزند محمد بن عبداللہ ہے یہ ایک ایسا جوان ہے کہ قریش کے جس شخص کا بھی اس کے ساتھ موازنہ کیا جائے یہ اس سے ہر شان میں بڑھا ہوا ہی رہے گا ہاں مال اس کے پاس کم ہے لیکن مال تو ایک ڈھلتی ہوئی چھاؤں اور ادل بدل ہونے والی چیز ہے۔

امابعد، میرا بھتیجا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) وہ شخص ہے جس کے ساتھ میری قرابت اور قربت و محبت کو تم لوگ اچھی طرح جانتے ہو وہ خدیجہ بنت خویلد سے نکاح کرتا ہے اور میرے مال میں سے بیس اونٹ مہر مقرر کرتا ہے اور اس کا مستقبل بہت ہی تابناک، عظیم الشان اور جلیل القدر ہے۔

حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تقریباً ۲۵ پچیس برس تک حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی خدمت میں رہیں اور ان کی زندگی میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کوئی دوسرا نکاح نہیں فرمایا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک فرزند حضرت ابراہیم کے سوا باقی آپ کی تمام اولاد حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے پیدا ہوئیں۔

حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنی ساری دولت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدموں پر قربان کر دی اور اپنی تمام عمر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی غم گساری اور خدمت میں نثار کر دی۔

مخصوص احباب

اعلان نبوت سے قبل جو لوگ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مخصوص احباب و رفقا تھے وہ سب نہایت ہی بلند اخلاق، عالی مرتبہ، ہوش منداور باوقار لوگ تھے ان مین سب سے زیادہ مقرب حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے جو برسوں آپ کے ساتھ وطن اور سفر میں رہے، اور تجارت نیز دوسرے کاروباری

معاملات میں ہمیشہ آپ کے شریک کار وراز دار رہے۔ اسی طرح حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے چچا زاد بھائی حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو قریش کے نہایت ہی معزز رئیس تھے اور جن کا ایک خصوصی شرف یہ ہے کہ ان کی ولادت خانہ کعبہ کے اندر ہوئی تھی یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مخصوص احباب میں خصوصی امتیاز رکھتے تھے۔

حضرت ضماد بن ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو زمانہ جاہلیت میں طبابت اور جراحی کا پیشہ کیا کرتے تھے یہ بھی احباب خاص میں تھے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اعلان نبوت کے بعد یہ اپنے گاؤں سے مکہ آئے تو کفار قریش کی زبانی یہ پروپیگنڈہ سنا کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) مجنون ہو گئے ہیں پھر یہ دیکھا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم راستہ میں تشریف لے جا رہے ہیں اور آپ کے پیچھے لڑکوں کا ایک غول ہے جو شور مچا رہا ہے یہ دیکھ کر حضرت ضماد بن ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کچھ شبہ پیدا ہوا اور پرانی دوستی کی بنا پر ان کو انتہائی رنج و قلق ہوا۔ چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہنے لگے اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) میں طبیب ہوں اور جنون کا علاج کر سکتا ہوں یہ سن کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خدا کی حمد و ثنا کے بعد چند جملے ارشاد فرمائے جن کا حضرت ضماد بن ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قلب پر اتنا گہرا اثر پڑا کہ وہ فوراً ہی مشرف بہ اسلام ہو گئے۔

حضرت قیس بن سائب مخزومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تجارت کے کاروبار میں آپ کے شریک کار رہا کرتے تھے اور آپ کے گہرے دوستوں میں سے تھے یہ کہا کرتے تھے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معاملہ اپنے تجارتی شرکاء کے ساتھ ہمیشہ نہایت ہی صاف ستھرا رہتا تھا اور کبھی کوئی جھگڑا پیش نہیں آتا تھا۔

غیر معمولی کردار

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا زمانۂ طفولیت ختم ہوا اور جوانی کا زمانہ آیا تو بچپن کی طرح

آپ کی جوانی بھی عام لوگوں سے نرالی تھی، آپ کا شباب مجسم حیا اور چال چلن عصمت و وقار کا کامل نمونہ تھا، اعلان نبوت سے قبل حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تمام زندگی بہترین اخلاق و عادات کا خزانہ تھی سچائی، دیانت داری، وفاداری، عہد کی پابندی، بزرگوں کی عظمت، چھوٹوں پر شفقت، رشتہ داروں سے محبت، رحم وسخاوت، قوم کی خدمت، دوستوں سے ہمدردی، عزیزوں کی غمخواری، غریبوں اور مفلسوں کی خبر گیری، دشمنوں کے ساتھ نیک برتاؤ، مخلوق خدا کی خیر خواہی، غرض تمام نیک خصلتوں اور اچھی اچھی باتوں میں آپ اتنی بلند منزل پر پہنچے ہوئے تھے کہ دنیا کے بڑے بڑے انسانوں کے لیے وہاں تک رسائی تو کیا اس کا تصور بھی ممکن نہیں ہے۔

کم بولنا، فضول باتوں سے نفرت کرنا، خندہ پیشانی اور خوش روئی کے ساتھ دوستوں اور دشمنوں سے ملنا، ہر معاملہ میں سادگی اور صفائی کے ساتھ بات کرنا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خاص شیوہ تھا، حرص، طمع، دغا، فریب، جھوٹ، شراب خوری، بدکاری، ناچ گانا، لوٹ مار، چوری، فحش گوئی اور عشق بازی یہ تمام بری عادتیں اور مذموم خصلتیں جو زمانۂ جاہلیت میں گویا ہر بچے کے خمیر میں ہوتی تھیں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات گرامی ان تمام عیوب و نقائص سے پاک وصاف رہی۔ آپ کی راست بازی اور امانت و دیانت کا پورے عرب میں شہرہ تھا اور مکہ کے ہر چھوٹے بڑے کے دلوں میں آپ کے برگزیدہ اخلاق کا اعتبار اور سب کی نظروں میں آپ کا ایک خاص وقار تھا۔

بچپن سے تقریباً چالیس برس کی عمر شریف ہوگئی لیکن زمانۂ جاہلیت کے ماحول میں رہنے کے باوجود تمام مشرکانہ رسوم اور جاہلانہ اطوار سے ہمیشہ آپ کا دامن عصمت پاک رہا۔ مکہ شرک و بت پرستی کا سب سے بڑا مرکز تھا، خود خانۂ کعبہ میں تین سو ساٹھ بتوں کی پوجا ہوتی تھی، آپ کے خاندان والے ہی کعبہ کے متولی اور سجادہ نشین تھے لیکن اس کے باوجود آپ نے کبھی بھی بتوں کے آگے سر نہیں جھکایا، غرض نزول وحی اور اعلان نبوت سے پہلے بھی آپ کی مقدس زندگی اخلاق حسنہ اور محاسن افعال کا مجسمہ اور تمام عیوب

ونقائص سے پاک وصاف رہی۔ چنانچہ اعلان نبوت کے بعد آپ کے دشمنوں نے انتہائی کوشش کی کہ کوئی ادنیٰ سا عیب یا ذرا سی خلاف تہذیب کوئی بات آپ کی زندگی کے کسی دور میں بھی مل جائے تو اس کو اچھال کر آپ کے وقار پر حملہ کر کے لوگوں کی نگاہوں میں آپ کو ذلیل وخوار کردیں مگر تاریخ گواہ ہے کہ ہزاروں دشمن سوچتے سوچتے تھک گئے لیکن کوئی ایک واقعہ بھی ایسا نہیں مل سکا جس سے وہ آپ پر انگشت نمائی کرسکیں لہٰذا ہر انسان اس حقیقت کے اعتراف پر مجبور ہے کہ بلاشبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کردار، انسانیت کا ایک ایسا محیر العقول اور غیر معمولی کردار ہے جو نبی کے سوا کسی دوسرے کے لیے ممکن ہی نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اعلان نبوت کے بعد سعید روحیں آپ کا کلمہ پڑھ کر تن من دھن کے ساتھ اس طرح آپ پر قربان ہونے لگیں کہ ان کی جاں نثاریوں کو دیکھ کر شمع کے پروانوں نے جاں نثاری کا سبق سیکھا اور حقیقت شناس لوگ فرط عقیدت سے آپ کے حسن صداقت پر اپنی عقلوں کو قربان کر کے آپ کے بتائے ہوئے اسلامی راستہ پر عاشقانہ اداؤں کے ساتھ زبان حال سے یہ کہتے ہوئے چل پڑے کہ :

چلو وادی عشق میں پا برہنہ
یہ جنگل وہ ہے جس میں کانٹا نہیں ہے

(مولف)

(مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

خانۂ کعبہ کی تعمیر

ان اول بیت وضع للناس للذی ببکۃ مبارکا و ھدی للعالمین۔

بے شک سب میں پہلا گھر جو لوگوں کی عبادت کو مقرر ہوا، وہ ہے جو مکہ میں ہے، برکت والا اور سارے جہان کا راہ نما۔ (آل عمران، ۹٦/کنزالایمان)

خانۂ کعبہ کی تعمیر

آپ کی راست بازی اور امانت و دیانت کی بدولت خداوند عالم نے آپ کو اس قدر مقبول خلائق بنا دیا اور عقل سلیم اور بے مثال دانائی کا ایسا عظیم جوہر عطا فرما دیا کہ کم عمری میں آپ نے عرب کے بڑے بڑے سرداروں کے جھگڑوں کا ایسا لاجواب فیصلہ فرما دیا کہ بڑے بڑے دانشوروں اور سرداروں نے اس فیصلہ کی عظمت کے آگے سر جھکا دیا۔ اور سب نے بالاتفاق آپ کو اپنا حکم اور سردار اعظم تسلیم کر لیا۔

چنانچہ اس قسم کا ایک واقعہ تعمیر کعبہ کے وقت پیش آیا جس کی تفصیل یہ ہے کہ جب آپ کی عمر ۳۵ برس کی ہوئی تو زوردار بارش سے حرم کعبہ میں ایسا عظیم سیلاب آ گیا کہ کعبہ کی عمارت بالکل ہی منہدم ہو گئی۔ حضرت ابراہیم و حضرت اسماعیل علیہما السلام کا بنایا ہوا کعبہ بہت پرانا ہو چکا تھا۔ عمالقہ، قبیلہ جرہم اور قصی وغیرہ اپنے اپنے وقتوں میں اس کعبہ کی تعمیر و مرمت کرتے رہے تھے مگر چوں کہ عمارت نشیب میں تھی اس لیے پہاڑیوں سے برساتی پانی کے بہاؤ کا زوردار دھارا وادی مکہ سے ہو کر گزرتا تھا اور اکثر حرم کعبہ میں سیلاب آ جاتا تھا، کعبہ کی حفاظت کے لیے بالائی حصہ میں قریش نے کئی بند بھی بنائے تھے مگر وہ بند بار بار ٹوٹ جاتے تھے اس لیے قریش نے یہ طے کیا کہ عمارت کو ڈھا کر پھر سے کعبہ کی ایک مضبوط عمارت بنائی جائے جس کا دروازہ بلند ہو اور چھت بھی ہو، چنانچہ قریش نے مل جل کر تعمیر کا کام شروع کر دیا۔

اس تعمیر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی شریک ہوئے اور سرداران قریش کے دوش بدوش پتھر اٹھا اٹھا کر لاتے رہے۔ مختلف قبیلوں نے تعمیر کے لیے مختلف حصے آپس میں تقسیم کر لیے جب عمارت، حجر اسود تک پہنچ گئی تو قبائل میں سخت جھگڑا کھڑا ہو گیا۔ ہر قبیلہ یہی چاہتا تھا کہ ہم حجر اسود کو اٹھا کر دیوار میں نصب کریں تا کہ ہمارے قبیلہ کے لیے یہ فخر و اعزاز کا باعث بن جائے۔ اس کشمکش میں چار دن گزر گئے یہاں تک نوبت پہنچی کہ تلواریں نکل آئیں۔ بنو عبدالدار اور بنو عدی کے قبیلوں نے تو اس پر جان کی بازی لگا دی

اور زمانۂ جاہلیت کے دستور کے مطابق اپنی قسموں کو مضبوط کرنے کے لیے ایک پیالہ میں خون بھر کر اپنی انگلیاں اس میں ڈبو کر چاٹ لیں۔

پانچویں دن حرم کعبہ میں تمام قبائل عرب جمع ہوئے اور اس جھگڑے کو طے کرنے کے لیے ایک بڑے بوڑھے شخص نے یہ تجویز پیش کی کہ کل جو شخص صبح سویرے سب سے پہلے حرم کعبہ میں داخل ہو اس کو پنچ مان لیا جائے وہ جو فیصلہ کردے سب اس کو تسلیم کرلیں چنانچہ سب نے یہ بات مان لی۔ خدا کی شان کہ صبح کو جو شخص حرم کعبہ میں داخل ہوا وہ حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی تھے آپ کو دیکھتے ہی سب پکار اٹھے کہ واللہ یہ امین ہیں۔ لہٰذا ہم سب ان کے فیصلے پر راضی ہیں آپ نے اس جھگڑے کا تصفیہ فرمایا کہ پہلے آپ نے یہ حکم دیا کہ جس جس قبیلہ کے لوگ حجر اسود کو اس کے مقام پر رکھنے کے مدعی ہیں ان کا ایک سردار چن لیا جائے۔ چنانچہ ہر قبیلہ والوں نے اپنا اپنا سردار چن لیا پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی چادر مبارک کو بچھا کر حجر اسود کو اس پر رکھا اور سرداروں کو حکم دیا کہ سب لوگ اس چادر کو تھام کر مقدس پتھر کو اٹھائیں۔ چنانچہ سب سرداروں نے چادر کو اٹھایا اور جب حجر اسود اپنے مقام تک پہنچ گیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے متبرک ہاتھوں سے اس مقدس پتھر کو اٹھا کر اس کی جگہ پر رکھ دیا۔ اس طرح ایک ایسی خوں ریز لڑائی ٹل گئی جس کے نتیجے میں نہ معلوم کتنا خون خرابہ ہوتا۔ (سیرت ابن ہشام)

خانہ کعبہ کی عمارت بن گئی لیکن تعمیر کے لیے جو سامان جمع کیا گیا تھا وہ کم پڑ گیا اس لیے ایک طرف کا کچھ حصہ باہر چھوڑ کر نئی بنیاد قائم کر کے چھوٹا سا کعبہ بنا لیا گیا، کعبہ معظمہ کا یہی حصہ جس کو قریش نے عمارت سے باہر چھوڑ دیا ''حطیم'' کہلاتا ہے جس میں کعبہ معظمہ کی چھت کا پرنالہ گرتا ہے۔

کعبہ کتنی بار تعمیر کیا گیا؟

حضرت علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ''تاریخ مکہ'' میں تحریر فرمایا ہے کہ خانہ کعبہ

دس مرتبہ تعمیر کیا گیا۔

(۱) سب سے پہلے فرشتوں نے ٹھیک "بیت المعمور" کے سامنے زمین پر خانہ کعبہ کو بنایا۔

(۲) پھر حضرت آدم علیہ السلام نے اس کی تعمیر فرمائی۔

(۳) اس کے بعد حضرت آدم علیہ السلام کے فرزندوں نے اس عمارت کو بنایا۔

(۴) اس کے بعد حضرت ابراہیم خلیل اللہ اور ان کے فرزند ارجمند حضرت اسماعیل علیہما الصلاۃ والسلام نے اس مقدس گھر کو تعمیر کیا جس کا تذکرہ قرآن مجید میں ہے۔

(۵) قوم عمالقہ کی عمارت۔

(٦) اس کے بعد قبیلہ جرہم نے اس کی عمارت بنائی۔

(۷) قریش کے مورث اعلیٰ "قصی بن کلاب" کی تعمیر۔

(۸) قریش کی تعمیر جس میں خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی شرکت فرمائی اور قریش کے ساتھ خود بھی اپنے دوش مبارک پر پتھر اٹھا اٹھا کر لاتے رہے۔

(۹) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دور خلافت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تجویز کردہ نقشہ کے مطابق تعمیر کیا۔ یعنی حطیم کی زمین کو کعبہ میں داخل کر دیا اور دروازہ سطح زمین کے برابر نیچا رکھا اور ایک دروازہ مشرق کی جانب اور ایک دروازہ مغرب کی سمت بنا دیا۔

(۱۰) عبدالملک بن مروان اموی کے ظالم گورنر حجاج بن یوسف ثقفی نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو شہید کر دیا اور ان کے بنائے ہوئے کعبہ کو ڈھا دیا اور پھر زمانۂ جاہلیت کے نقشے کے مطابق کعبہ بنا دیا جو آج تک موجود ہے۔

لیکن حضرت علامہ حلبی علیہ الرحمہ نے اپنی سیرت میں لکھا ہے کہ نئے سرے سے کعبہ کی تعمیر جدید صرف تین ہی مرتبہ ہوئی ہے۔

(۱) حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی تعمیر

(۲) زمانۂ جاہلیت میں قریش کی عمارت اور ان دونوں تعمیروں میں دو ہزار سات سو پینتیس ۲۷۳۵ برس کا فاصلہ ہے۔

(۳) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تعمیر جو قریش کی تعمیر کے بیاسی سال بعد ہوئی۔

حضرات ملائکہ اور حضرت آدم علیہ السلام اور ان کے فرزندوں کی تعمیرات کے بارے میں علامہ حلبی نے فرمایا یہ صحیح روایتوں سے ثابت ہی نہیں ہے، باقی تعمیروں کے بارے میں انھوں نے لکھا کہ یہ عمارت میں معمولی ترمیم، یا ٹوٹ پھوٹ کی مرمت تھی، تعمیر جدید نہیں تھی۔

(مدارج النبوۃ، جلد دوم۔ سیرت مصطفیٰ)

مصلحت کے باعث حضور نے تعمیر کعبہ نہیں فرمائی

ایک جگہ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

قریش نے جب زمانۂ جاہلیت میں کعبہ از سر نو بنایا تو کچھ تنگی خرچ، کچھ اپنی اغراض فاسدہ سے بنائے جلیل حضرت خلیل صلی اللہ تعالیٰ علی ابنہ وعلیہ وبارک وسلم میں بہت تغیرات کردیں، دو دروازہ غربی و شرقی سے صرف ایک در شرقی رکھا اور اسے بھی زمین سے بہت بلندی پر نکالا کہ جسے چاہیں داخلی سے مشرف ہونے دیں جسے چاہیں محروم رکھیں، گزوں زمین جانب شمال چھوڑ دی کہ عمارت بڑھانے میں خرچ زیادہ درکار تھا بآں کہ یہ صریح بدعت جاہلیت وتغییر سنت ابراہیمی علیہ الصلاۃ والتسلیم تھی مگر حضور سید المرسلین صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے محض بغرض حفظ دین نو مسلمین اسے قائم و برقرار رکھا کہ تغییر بے ہدم عمارت موجود نہ ہوتی خدا جانے ان کے دلوں میں کیا وسوسہ گزرے۔

صحیحین میں ہے:

عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها سألت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عن الجدر امن البیت هوَ قال نعم قلت فما لهم لم یدخلوه فی البیت قال ان قومک قصرت بهم النفقة قلت فما شان بابه مرتفعا قال فعل ذلک قومک لیدخلوا من شاؤا و یمنعوا من شاؤا و لولا ان قومک حدیث عهدهم بالجاهلیة فاخاف ان تنکر قلوبهم ان ادخل الجدر فی البیت و ان الصق بابه بالارض.

و فی اخری ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال لها یا عائشة لولا ان قومک حدیث بجاهلیة لامرت بالبیت فهدم فادخلت فیه ما اخرج منه و الزقته بالارض و جعلت له بابین بابا شرقیا و بابا غربیا فبنیت به اساس ابراهیم.

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا حطیم بھی بیت اللہ میں ہے؟ فرمایا کہ ہاں میں نے عرض کی تو پھر کیوں اس کو بیت اللہ میں شامل نہیں کیا حضور نے فرمایا کہ تمھاری قوم میں نفقہ کی تنگی ہوگئی تھی، میں نے عرض کی کہ اس کے دروازہ کو اتنی بلندی پر کیوں نکالا حضور نے فرمایا ایسا اس لیے کہ جسے چاہیں داخل ہونے دیں اور جسے چاہیں روک دیں۔ اگر وہ لوگ زمانۂ جاہلیت سے نزدیک نہ ہوتے جس کے باعث مجھے خوف ہے کہ ان کے دل ناپسند کریں گے تو میں حطیم کو بیت اللہ میں داخل کر دیتا اور اسکے دروازہ کو زمین سے ملا دیتا۔

اور دوسری روایت میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ

عنہا سے فرمایا کہ اگر تمھاری قوم زمانۂ جاہلیت سے قریب نہ ہوتی تو میں موجودہ عمارت کو ڈھا کر حطیم کو اس میں داخل کر دیتا جس کو ان لوگوں نے بیت اللہ سے نکال دیا ہے اور اس کے دروازہ کو زمین سے ملا دیتا اور اس کے دو دروازے بناتا ایک شرقی اور ایک غربی، پھر حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی بنیاد پر عمارت بناتا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۵۹۵۔ اطائب التہانی)

کعبے کی قندیل

امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں:

علامہ قطب الدین مکی حنفی معاصر امام ابن حجر مکی رحمہما اللہ تعالیٰ کتاب الاعلام باعلام بیت اللہ الحرام ص ۳۰ میں اس واقعہ کا ذکر فرماتے ہیں:

جب سلطان مراد خان بن سلطان سلیم خاں بن سلیمان خان رحمہم الرحمٰن نے ۹۸۴ھ کو باب عالی سے سونے کی تین قندیلیں بیش بہا جواہرات سے مرصع محمد چاویش خاں کے ہاتھ حاضر کی ہیں کہ وہ کعبہ معظمہ کے اندر آویزاں کی جائیں۔ اور ایک حجرہ مزار اطہر میں چہرۂ انور کے مقابل۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

جب مکہ معظمہ میں آئے حضرت شریف مکہ سیدی حسن بن ابی نمی حسنی اور ناظر حرم محترم قاضی مدینہ منورہ شیخ الاسلام سید العلماء سید حسین حسینی مکی اور قاضی مکہ معظمہ مولانا مصلح الدین لطفی بگ زادہ مع جملہ اعیان واکابر حرم محترم میں حاضر ہوئے۔

فرماتے ہیں کہ:

وکافۃ العلماء و الفقہاء و الموالی

یعنی مکہ معظمہ کے تمام علماء وفقہاء وسردار، گرد کعبہ معظمہ جمع ہوئے۔ پھر آستانۂ عالیہ کی طرف سے

حضرت شریف و دیگر عظمأ کو خلعت پہنائے گئے، کعبہ معظمہ کا دروازہ کھولا گیا، سیدنا الشریف نے خلعت پہنا اور طواف کعبہ معظمہ کیا، ادھر وہ طواف میں ہیں ادھر رئیس مؤذناں قبہ زمزم پر سلطنت و شریف کے لیے باآواز بلند دعا کر رہا ہے اور تمام حاضرین دعا و آمین میں مشغول ہیں۔

بعد فراغ طواف و رکعتین طواف حضرت شریف کعبہ معظمہ کے اندر حاضر ہوئے اور اپنے دست مبارک سے قندیلیں آویزاں کیں۔ سب حاضرین جملہ علماء وفقہاء وامراء وعظمأ نے فاتحہ پڑھی اور دعائیں کیں اور جلسہ ختم ہوا۔

علامہ ممدوح فرماتے ہیں: و کان یوما شریفا مشھودا و وقتا مبارکا متیمنا مسعودا

وہ دن بزرگ اور تمام اعیان مکہ کی حاضری کا تھا اور وہ وقت مبارک اور فرخندہ باسعادت تھا۔

پھر محمد چاویش باقی قندیل لے کر سرکار اعظم مدینہ طیبہ حاضر ہوئے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۵۵۔ بریق المنار)

مسجد حرام کی توسیع کے لیے جنت کی ضمانت

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ معظمہ میں کسی سے فرمایا کہ اپنا گھر میرے ہاتھ بیچ ڈال کہ مسجد حرام میں زیادت فرماؤں اور تیرے لیے جنت میں مکان کا ضامن ہوں اس نے عذر کیا پھر فرمایا انکار کیا۔ عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خبر ہوئی یہ شخص زمانۂ جاہلیت میں ان کا دوست تھا اس سے باصرار تمام دس ہزار اشرفی دے کر خرید لیا پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی کہ حضور اب وہ گھر میرا ہے

فھل انت اخذھا ببیت تضمن لی فی الجنة

کیا حضور مجھ سے ایک مکان بہشت کے عوض لیتے ہیں جس کے حضور میرے لیے ضامن

ہو جائیں۔ قال نعم فرمایا ہاں۔

فاخذها منه و ضمن له بيتا فى الجنة و اشهد له على ذلك المومنين .

حضور نے ان سے وہ مکان لے کر جنت میں ان کے لیے ایک مکان کی ضمانت فرمائی اور مسلمانوں کو اس معاملہ پر گواہ کرلیا۔

احمد حاکمی نے اسے فضائل عثمان میں سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

(الامن والعلی)

۱

وحی کا بیان

وہ دہن جس کی ہر بات وحیِ خدا
چشمۂ علم و حکمت پہ لاکھوں سلام

إنا أوحينا إليك كما أوحينا إلى نوح و النبيين من بعده

بے شک اے محبوب! ہم نے تمھاری طرف وحی بھیجی جیسے وحی نوح اور اس کے بعد پیغمبروں کو بھیجی۔

(النساء/۱۶۳)

وحی کا بیان

وحی کی ابتداء

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عمر مبارک چالیس سال کی ہوئی تو وحی و بشارت کا ظہور ہوا جس سے آفاق عالم منور ہو گیا، اس نور وحی کا ظہور دوشنبہ کے روز آٹھ یا تین ربیع الاول کو ۴۱ھ میلاد، عام الفیل میں (بقول صحیح) ہوا۔

ایک جماعت آیہ کریمہ **شهر رمضان الذی أنزل فیه القران** (رمضان کا وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا) اور ارشاد باری تعالیٰ **إنا أنزلناه فی لیلة القدر** (ہم نے قرآن کو لیلۃ القدر میں نازل فرمایا) سے خیال کرتی ہے کہ وحی کی ابتداء رمضان مبارک میں ہوئی اس لیے کہ حق تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر از قسم نبوت سب سے پہلے جس چیز کا اکرام فرمایا وہ نزول قرآن ہے اور چوں کہ فرمایا ہے کہ نزول قرآن رمضان میں ہوا ہے اس سے ثابت ہوا کہ وحی کی ابتداء بھی رمضان مین ہوئی ہوگی۔

لیکن اکثر مفسرین کا خیال یہ ہے کہ پورا قرآن یک بار رمضان مبارک کی لیلۃ القدر میں لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر نازل ہوا اور وہاں سے بلحاظ مصلحت اور باعتبار واقعات ۲۳ تئیس سال کی مدت تک تھوڑا تھوڑا اترتا رہا۔ گو واقعات کے اعتبار سے قرآن کا نزول لوح محفوظ کی ترتیب کے خلاف ہوا لیکن اب جو مصاحف میں مرقوم ہے وہ اسی لوح محفوظ کی ترتیب پر ہے اس کی مثال یوں سمجھئے جیسے کسی فقہ کی کتاب میں خاص ترتیب سے ہر قسم کے مسائل درج ہوں اور لوگ اپنی ضرورت و احتیاج کے مطابق اس فقہ کی کتاب سے آگے پیچھے سے مسائل نکالتے ہوں۔

بعض کے نزدیک ابتداء وحی ماہ رجب میں ہوئی یہ قول شاذ و نادر ہے۔

غار حراء میں خلوت گزینی

منقول ہے کہ جب ظہور نبوت کا وقت قریب ہوا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خلوت اور لوگوں سے یکسوئی محبوب کر دی گئی۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کوہ حراء میں جسے جبل نور بھی کہتے ہیں (مکہ مکرمہ سے تقریباً تین میل کی دوری پر واقع ہے) خلوت نشینی اختیار فرمائی اس جگہ سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جمال کعبہ سے چشم مبارک کو روشن بھی فرماتے اور عبادت الٰہی بھی کرتے اور رب العزت کی جانب متوجہ ہو کر استغراق میں بیٹھا بھی کرتے۔

اس میں علماء کا اختلاف ہے کہ ایسی خلوت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عبادت فکر سے تھی یا ذکر سے، لیکن مذہب مختار یہ ہے کہ قلبی و زبانی ذکر سے تھی اور حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی شریعت میں سے جو کچھ آپ کے نزدیک ثابت تھا یا ہر وہ چیز جو آپ کے نزدیک انبیائے سابقین علیہم الصلاۃ والسلام کی شریعت میں سے ثابت تھی یا جو چیز آپ کی بصیرت میں مستحسن تھی اس پر عمل فرماتے تھے۔

آپ اپنے کاشانۂ اقدس سے کچھ طعام لے جایا کرتے اور جب طعام ختم ہو جاتا یا گھر والوں کی جانب رجحان ہوتا تو پہاڑ سے اتر آتے، اس کے بعد آپ توشہ لے کر دوبارہ تشریف لے جاتے۔

بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر سال ایک مرتبہ مکہ کی بستی سے تشریف لے جاتے اور ایک ماہ غار حرا میں خلوت گزیں رہتے جب ایام وحی قریب آئے تو آپ نے خلوت و عبادت میں کثرت کر دی اور التزام شروع فرما دیا یکایک آپ پر حق کا ظہور ہوا، وحی اتری اور قرآن مجید نازل ہوا۔

تنبیہ

کوئی یہ خیال نہ کرے کہ نبوت کا ظہور اور وحی کا ورود، ریاضت و مجاہدہ اور عبادت کے اثر سے تھا اس لیے کہ نبوت، حق تعالیٰ کی محض عنایت و موہبت ہے اس میں کسب وعمل کا کوئی دخل نہیں۔ ہاں ولایت میں کسب و ریاضت سے البتہ کچھ نسبت وتعلق ہے اور اس میں اس کی تاثیر کا کچھ دخل ہے کیوں کہ اس کے ذریعہ بعض جہانوں کا کشف، بعض روحانیت کا مشاہدہ اور بعض معانی کا الہام حاصل ہو جاتا ہے۔ لیکن نبوت قرب خاص اور ایک مخصوص نسبت ہے جس کا تعلق وحی آسمانی سے ہے اس کے حامل روح القدس ہیں جنھیں روح الامین اور جبریل کہتے ہیں علیہ الصلاۃ والسلام، یہ منصب رفیع محض اصطفاء اور اجتباء الٰہی سے حاصل ہوتا ہے۔

نزول جبریل اور پہلی وحی

چنانچہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں فرشتہ وحی لے کر حاضر ہوا تو اس نے کہا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ کو مژدہ ہو کہ میں جبریل ہوں اور مجھے حق تعالیٰ نے آپ کے پاس بھیجا ہے آپ امت کی جانب خدا کے رسول ہیں، آپ جن وانس کو کلمۂ طیبہ لا الہ الا اللہ کی دعوت دیجیے اور کہا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) پڑھیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں پڑھنے والا نہیں یا میں پڑھنا نہیں جانتا۔ مطلب یہ کہ میں امی ہوں کسی سے میں نے پڑھنا لکھنا نہیں سیکھا ہے۔ اس کے بعد جبریل نے اپنی آغوش میں لیا اور پوری طاقت صرف کی جتنی کہ میری اس کے ساتھ تھی۔

حدیث کے لفظ دو معنیٰ کے متحمل ہیں ایک یہ کہ جبریل نے آغوش میں لے کر اپنی پوری طاقت جتنی اس میں تھی مجھ پر صرف کی اور وہ بے بس ہو گئے۔ دوسرے معنی یہ کہ جتنی میری طاقت تھی اتنی زور سے مجھے آغوش میں لے لیا اور میں بے طاقت ہو کر بے بس ہو گیا، لیکن درست پہلے ہی معنی ہیں شارحین نے اس کی تصریح کی ہے۔

پھر جبریل نے حضور کو چھوڑ کر دوبارہ کہا پڑھیے میں نے کہا میں پڑھنے والا نہیں ہوں، جبریل نے پھر آغوش میں لیا اور بھینچا پھر چھوڑ کر کہا پڑھیے، میں نے کہا میں پڑھنے والا نہیں، تیسری مرتبہ پھر جبریل نے آغوش میں لیا اور بھینچا اور کہا اقرء باسم ربک الذی خلق خلق الإنسان من علق اقرء و ربک الاکرم الذی علم بالقلم علم الانسان ما لم یعلم .

یعنی پڑھیے اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا، آدمی کو خون کی پھٹک سے بنایا، پڑھیے اور تمھارا رب ہی سب سے بڑا کریم ہے جس نے قلم سے لکھنا سکھایا آدمی کو وہ سکھایا جو نہ جانتا تھا۔

جبریل کے دبانے میں حکمت

جبریل علیہ الصلاۃ والسلام کا آغوش میں لے کر دبانا یہ ایک قسم کا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وجود گرامی میں ملکوتی انوار داخل کر کے تصرف کرنا تھا تا کہ آپ وحی کے قبول کرنے میں آمادہ اور اس کے ماسوا سے خالی و بے التفات ہو جائیں نیز اس میں اس قول کے وزنی ہونے کی جانب اشارہ ہے جو آپ کی جانب القا ہونے والا ہے جب کہ قرآن کریم میں ہے۔

إنا سنلقی علیک قولا ثقیلا .

بے شک ہم آپ پر وزنی قول القا فرمائیں گے۔

اس سے اس جانب بھی اشارہ ہے کہ یہ از قسم تخیل و وسواس نہیں ہے اس لیے کہ تخیل و وسواس کی تاثیر اور تصرف جسم میں نہیں ہوتی اور اس میں بار بار کی تکرار سے مقصود تاکید و لزوم اور مبالغہ ہے۔

ما أنا بقاری امیت پر محمول ہے

اس جگہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد ما انا بقاری میں ایک بحث ہے وہ یہ کہ امی کا تعلیم

وتلقین کے ذریعہ کسی کلام کو پڑھنا کیسے بعید وخلاف ہے باوجودیکہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فصاحت و بلاغت کے درجۂ کمال پر فائز تھے البتہ کسی کتاب کو یا کسی لکھی ہوئی تحریر کو پڑھنا امیت کے منافی ہے اس لیے یہ کلمہ اس مقام کی ہیبت اور دہشت سے ہی صادر ہوا ہوگا اور حدیث کے شارحین نے اس کلمہ کو امیت پر ہی محمول کیا ہے۔

ایک روایت میں ہے کہ جب جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے کہا اقراء یا محمد تو سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں کیا پڑھوں میں تو کچھ پڑھا نہیں؟ اس پر جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے ایک جنتی حریر کا نامہ نکالا جو موتی اور یاقوت سے مرصع تھا اور کہا پڑھیے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں پڑھا ہوا نہیں ہوں اور مجھے معلوم نہیں کہ اس میں کیا لکھا ہوا ہے؟ پھر جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے آپ کو آغوش میں لیا اور خوب بھینچا (آخر حدیث تک) یہ معنی امیت کے مناسب ہیں۔

وضو اور نماز کی تلقین

اس کے بعد جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے زمین پر پاؤں مارا اور چشمہ نکالا اس سے وضو کیا جو کلی کرنے وناک میں پانی ڈالنے، چہرہ اور دونوں ہاتھ پاؤں دھونے اور سر کا ایک بار مسح کرنے پر مشتمل تھا۔ اس فعل کے ذریعہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وضو کرنا سکھانا مقصود تھا۔ غالباً اس قسم کے افعال میں عملی تعلیم، قولی تعلیم سے خاص کر زیادہ آسان اور سہل ہے اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی وضو کیا پھر جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے ایک چلو پانی لے کر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چہرۂ انور پر چھینٹا دیا اور آگے بڑھ کر دو رکعت نماز پڑھائی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے مقتدی بنے۔ اس کے بعد جبریل نے عرض کیا کہ اسی طرح وضو کرنا اور نماز پڑھنا ہے یہ بات تعلیم قولی میں بھی آچکی ہے۔

پھر جبریل علیہ الصلاۃ والسلام آسمان پر چڑھ گئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ کی

جانب مراجعت فرمائی، اس وقت یہ عالم تھا کہ ہر شجر وحجر کہتا تھا السلام علیک یا رسول الله !

حضور کا اضطراب اور خدیجہ کا تسلی دینا

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ کی طرف مراجعت فرمائی تو آپ کا قلب مبارک اور کنپٹیوں کا گوشت لرز رہا تھا جس طرح خوف ودہشت کے وقت ہوا کرتا ہے یا جیسے کہ گائے کے ذبح کے وقت ہوتا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ام المومنین سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس آکر فرمایا زملونی زملونی مجھے کمبل اوڑھاؤ، مجھے کمبل اوڑھاؤ۔ انھوں نے آپ کے جسم انور پر کمبل ڈالا اور چہرۂ انور پر سرد پانی کے چھینٹے دیئے تاکہ خوف دور ہو۔ آپ نے سیدہ خدیجہ سے سارا حال بیان کیا اور فرمایا مجھے ڈر ہے کہ میں کہیں خطرے میں نہ پڑ جاؤں۔ سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا :

آپ غم نہ کھایئے اور خوش رہیئے کیوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو کسی خطرے میں نہ ڈالے گا اور نہ کسی کے آگے آپ کو ذلیل ورسوا ہونے دے گا، یقیناً اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ اچھائی ہی فرمائے گا کیوں کہ آپ صلہ رحمی فرماتے ہیں، عیال کا بوجھ اٹھاتے ہیں، ریاضت ومجاہدہ کرتے، مہمان نوازی فرماتے، بیکسوں اور مجبوروں کی دست گیری کرتے محتاجوں اور غریبوں کے ساتھ بھلائی کرتے، لوگوں کے ساتھ حسن اخلاق سے پیش آتے، لوگوں کی سچائی میں ان کی مدد اور ان کی برائی سے حذر فرماتے ہیں، یتیموں کو پناہ دیتے، سچ بولتے اور امانتیں ادا فرماتے ہیں۔

حضور ورقہ بن نوفل کے پاس

اس کے بعد سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس حالت کی تائید وتقویت کی غرض سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں۔

ورقہ بن نوفل بہت بوڑھے تھے یہ قریش کے طور وطریق اور جاہلیت کی رسوم سے نکل کر حقیقی دین

عیسوی اختیار کر کے موحد بن گئے تھے، ان کو انجیل کا علم خوب آتا تھا اور وہ انجیل سے عربی زبان میں کچھ لکھا کرتے تھے، وہ عبرانی زبان کو بھی جانتے تھے۔

ان سے سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا اے میرے چچا زاد بھائی! اپنے بھتیجے کی بات تو سنئے وہ کیا فرماتے ہیں؟ سیدہ خدیجہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ورقہ کا برادرزادہ یعنی بھتیجا کہا تھا، یہ عرب کا عرف ہے کہ وہ ایک دوسرے کو برادر یا برادرزادہ کہا کرتے ہیں۔ اور اہل سیر یہ بھی کہتے ہیں کہ ورقہ حضرت عبداللہ کے ہم عمر تھے، ورقہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا کیا بات ہے؟

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنا تمام حال جو گزرا تھا ان سے بیان فرمادیا یہ سن کر ورقہ نے کہا یہ وہ ناموس ہے جو حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر نازل ہوتا تھا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ کو مبارک وخوشی ہو کہ آپ اللہ کے رسول ہیں، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ وہ نبی ہیں جس کی حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے بشارت دی کہ، میرے بعد ایک رسول مبعوث ہوگا جس کا نام نامی احمد ہے، اور قریب ہے کہ آپ کافروں کے ساتھ جہاد وقتال پر مامور ہوں گے۔ کاش! میں اس دن تک زندہ رہتا اور جوان، قوی وتوانا ہوتا جب آپ کی قوم آپ کو اس جگہ سے نکالے گی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا وہ مجھے یہاں سے نکال دیں گے؟

ورقہ نے کہا ہاں! آپ جو کچھ لے کر تشریف لائے ہیں اس کو جو کوئی بھی کبھی لے کر آیا اس کے ساتھ دشمنی کی گئی اور انھیں ایذائیں پہنچائی گئیں۔ مطلب یہ کہ سنت الٰہیہ اسی طرح جاری ہے کہ کافر لوگ ہمیشہ نبیوں کے دشمن رہے ہیں اور کوئی نبی ایسا نہیں آیا جس کی کافروں نے دشمنی نہ کی ہو، اگر میں نے آپ کا وہ دن پایا تو میں آپ کی پوری پوری نصرت ومدد کروں گا۔

وحی کے مراتب

علمائے کرام نے وحی کے کئی مراتب بیان کیے ہیں

اول : رؤیائے صالحہ، سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ابتداء میں جو چیز سب سے پہلے ظاہر ہوئی وہ رؤیائے صالحہ ہے۔

اور ایک روایت یہ بھی ہے کہ و کان لا یری الاجاء ت مثل فلق الصبح.

یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رؤیا ایسی ہوتی جیسے صبح صادق کا طلوع ہونا۔

کتابوں میں مذکور ہے کہ یہ کیفیت چھ مہینہ رہی۔

دوسرا : مرتبہ وحی کا یہ تھا کہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قلب شریف میں القا کرتے تھے بغیر اس کے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جبریل کو دیکھیں، جیسا کہ آپ نے فرمایا کہ میرے دل میں روح قدس نے القا و الہام کیا ہے کہ ہرگز اس وقت تک کوئی نہیں مرے گا جب تک کہ اپنا رزق پورا نہ کر لے۔ اس حدیث کو حاکم نے روایت کر کے صحیح کہا ہے۔

تیسرا : مرتبہ وحی کا یہ تھا کہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام کسی آدمی کی صورت اختیار کر کے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آتے اور پیغام الٰہی پہنچاتے تھے تاکہ جو کچھ ارشاد باری ہے اسے یاد فرمائیں، اور اکثر حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صورت میں آتے یہ قبیلہ بنی کلب کے خوبرو صحابی تھے ان کے حسن و جمال کا یہ عالم تھا کہ جب یہ بغرض تجارت نکلتے محمل نشیں عورتیں نظارہ کرتیں۔

چوتھا: مرتبہ وحی کا یہ ہے کہ صلصلة الجرس یعنی رہٹ کی مانند آواز سنائی دیتی تھی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا کوئی دوسرا وحی کے کلمات و معانی کو نہیں سمجھ سکتا تھا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اقسام وحی

میں یہ قسم سب سے بڑھ کر سخت تھی یہاں تک کہ شدید سردی کے دنوں میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیشانی مبارک سے پسینہ ٹپکنے لگتا تھا اور اگر آپ اونٹ پر سوار ہوتے تو وہ زمین پر بیٹھ جاتا تھا۔

ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اسی طرح وحی آئی اس وقت آپ اپنا سر مبارک زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ران پر رکھے ہوئے تھے ان کی ران اتنی وزنی ہوگئی کہ قریب تھا کہ وہ ٹوٹ جائے۔

طبرانی زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر وحی آنے کی حالت دیکھتا ہوں کہ جب آپ پر وحی نازل ہوتی ہے تو آپ پر اتنی شدت و سختی ہوتی کہ چہرے پر چاندی کے دانوں کی مانند پسینہ ٹپک آتا تھا۔ ایک دن آپ میری ران پر سر رکھے سو رہے تھے کہ میری ران اتنی وزنی ہوگئی کہ قریب تھا کہ میرا پاؤں ٹوٹ جائے اور میں نے گمان کیا کہ اب میں کبھی اپنے پاؤں پر نہ چل سکوں گا اسی طرح جس وقت سورۂ مائدہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل ہوئی تو قریب تھا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ناقہ کی ٹانگیں اس سے ٹوٹ جائیں۔

وحی میں مطلقاً ثقل و بوجھ بھی آیا ہے چنانچہ جب آپ پر وحی نازل ہوتی تو آپ اس کی وجہ سے سختی محسوس فرماتے اور آپ کے روئے تاباں کا رنگ متغیر ہو جاتا اور خاکستری رنگ کی مانند ہو جاتا اور آپ کا سر مبارک جھک جاتا، آپ کے اصحاب بھی اپنے سر نگوں کر دیتے۔ جب یہ کیفیت ختم ہو جاتی تو سر مبارک کو اوپر اٹھاتے۔

محققین کہتے ہیں کہ افاضہ اور استفاضہ یعنی فیض پہنچانے اور فیض حاصل کرنے میں یکسانیت و مناسبت شرط ہے، مطلب یہ کہ کبھی جبریل علیہ الصلاۃ والسلام کی ملکیت، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر غالب آجاتی اور وہ آپ کو آپ کی حالت سے لے جا کر عالم ملکوتیت میں پہنچا دیتے اور کبھی حضور صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کی بشریت، جبریل علیہ الصلاۃ والسلام پر غالب آجاتی اوران کوصورت بشری میں لے آتے، یہ وعدہ اور بشارت کی صورت میں ہوتا اور پہلی صورت انذار و وعید کے وقت ہوتی۔

پانچواں: مرتبہ وحی کا یہ تھا کہ کبھی جبریل علیہ الصلاۃ والسلام اپنی اصلی صورت میں (مع تین سو پروں کے) آتے اور وحی پہنچاتے جیسا کہ سورۂ والنجم میں مذکور ہے۔علماء فرماتے ہیں کہ ایسا دو بار ہوا تھا۔

چھٹا: مرتبہ وحی کا یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے آپ پر اس حالت میں وحی فرمائی جب کہ آپ آسمانوں کے اوپر تھے نماز وغیرہ کی وحی اسی طرح فرمائی تھی۔

ساتواں: مرتبہ وحی کا یہ کہ حق تعالیٰ کا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے براہ راست کلام فرمانا ہے جس طرح کہ حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے کلام فرمایا۔

آٹھواں: مرتبہ وحی کا یہ کہ حق تعالیٰ کا حضور سے بے حجاب کلام فرمانا ہے، آسمانوں کے اوپر کی وحی اسی قبیل سے ہے۔صاحب مواہب کہتے ہیں کہ یہ اس مذہب کی رو سے ہے جو یہ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حق تعالیٰ کا شب معراج دیدار کیا۔

کبھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے رب کو خواب میں دیکھتے اور حق تعالیٰ آپ سے کلام فرماتا جیسا کہ حدیث میں ہے کہ میں نے اپنے رب کو احسن صورت میں دیکھا اور رب نے اپنے دونوں دست قدرت کو میرے شانوں پر رکھا اور میں نے اس کی ٹھنڈک اپنے سینے میں محسوس کی۔مجھ سے رب تعالیٰ نے دریافت فرمایا کہ ملأ اعلیٰ میں کس چیز پر جھگڑا ہے (آخر حدیث تک) اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وہ اجتہاد جس سے علم شریعت حاصل ہو صائب تھا نیز اسے وحی کے اقسام میں سے شمار کرتے ہیں۔

صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ اس پر سب متفق ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اجتہاد فرماتے تو وہ قطعی درست وصواب ہوتا کیوں کہ آپ خطا سے معصوم تھے۔

جبریل کی آمد

بعض علماء فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں جبریل علیہ الصلاۃ و السلام چوبیس ہزار مرتبہ نازل ہوئے۔ اور حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام پر بارہ مرتبہ۔ حضرت ادریس علیہ السلام پر چار مرتبہ حضرت نوح علیہ السلام پر پچاس مرتبہ، حضرت ابراہیم علیہ السلام پر بیالیس مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایک سو چار مرتبہ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر دس مرتبہ۔ مواہب لدنیہ میں ایسا ہی منقول ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم ملتقطا)

وحی کی کیفیت

امام احمد رضا بریلوی ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

نزول وحی بھی ایک فیض جلیل ہے تو یہ بھی بارگاہ الوہیت سے ابتداءً حقیقت محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل ہوتا ہے اور وہ حقیقت کریمہ کہ قبۂ نور بالائے عرش میں ہے جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام پر القا فرماتی ہے جبریل امین ذات محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کہ زمین پر جلوہ افروز ہے پہنچاتے ہیں۔

پھر چند سطروں کے بعد فرماتے ہیں

شوق وحی میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ حال تھا کہ کچھ دنوں رک گئی تھی تو پہاڑوں پر تشریف لے جاتے اور ان پر سے گرنا چاہتے جبریل امین فوراً حاضر ہوتے اور عرض کرتے واللہ حضور اللہ کے رسول ہیں یعنی بیشک وہ حضور کو ضائع نہ چھوڑے گا وحی آئے گی اور ضرور آئے گی۔

اسے بخاری نے ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے روایت کیا۔

یہ شوق ذات محمدی علیہ افضل الصلاۃ والسلام ہے اور ذات ہی یہاں مشغول وعظ و ہدایت انام ہے

تو وحی کی طرف اس کا متوجہ نہ ہونا کیوں کر معقول، نہ ہرگز القائے حقیقت کے سبب استغنائے ذات لازم۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حفظ وحی میں کس درجہ کوشش بلیغ تھی جبریل امین علیہ الصلاۃ و السلام کے ساتھ ساتھ پڑھتے جاتے کہ کوئی حرف ضبط سے نہ رہ جائے جس پر اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا

لا تحرک به لسانک لتعجل به ان علینا جمعه و قرانه

جلدی کے لیے ختم وحی سے پہلے قرآن عظیم پڑھنے میں اپنی زبان کو جنبش نہ دو بیشک ہمارے ذمے ہے تمھارے سینۂ پاک میں اسے جمع کرنا اور تمھارا اسے پڑھنا۔ (فتاویٰ افریقہ ص ۴۴)

پہلی وحی اور نماز

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اول بار جس وقت وحی اتری اور نبوت کریمہ ظاہر ہوئی اسی وقت حضور نے بہ تعلیم جبریل امین علیہ الصلاۃ والتسلیم نماز پڑھی اور اسی دن بہ تعلیم اقدس حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پڑھی اور دوسرے دن امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنیٰ نے حضور کے ساتھ پڑھی کہ ابھی سورۂ مزمل نازل بھی نہ ہوئی تھی تو ایمان کے بعد پہلی شریعت نماز ہے۔

احمد و ابن ماجہ اور حارث مسند میں زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان جبریل اتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی اول ما اوحی الیه فاراه الوضوء و الصلاة فلما فرغ من الوضو اخذ غرفة من ماء فنضح بها فرجه .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام وحی کے روز اول تشریف لائے اور وضو نماز کا طریقہ دکھایا پھر وضو سے فارغ ہونے کے بعد ایک چلو پانی لے کر

اس صورت مثالیہ کی شرمگاہ پر چھڑک دیا۔ (مولف)

سیرت ابن اسحاق و سیرت ابن ہشام وغیرہما میں ہے :

(ان جبریل بدأ له صلی الله تعالیٰ علیه وسلم) و هو باعلی مكة ای بجبل حراء (فی احسن صورة و اطیب رائحة فقال یا محمد ان الله یقرئک السلام و یقول لک انت رسولی الی الجن و الانس فادعهم الی قول لا اله الا الله ثم ضرب برجله الارض فنبعت عین ماء فتوضأ منها جبریل) ــــــ زاد ابن اسحٰق و رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ینظر الیه لیریه کیف الطهور الی الصلاة (ثم امره ان یتوضأ و قام جبریل یصلی و امره ان یصلی معه)

جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام اچھی صورت اور عمدہ خوشبو میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت مبارکہ میں غار حراء میں آئے اور عرض کی اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اللہ تعالیٰ آپ کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ آپ جنات وانسان کی طرف میرے رسول ہیں تو آپ ان کو کلمہ طیبہ لا الــه الا اللــه کی دعوت دیجیے پھر جبریل امین نے پیر سے زمین پر مارا تو ایک پانی کا چشمہ بہہ نکلا جس سے جبریل نے وضو کیا، اور ابن اسحاق نے یہ زیادہ کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جبریل امین کی طرف دیکھ رہے تھے کہ نماز کی طہارت کس طرح ہوتی ہے۔ پھر جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے وضو کرنے کی گزارش کی اور جبریل امین نماز پڑھنے لگے اور حضور سے بھی نماز پڑھنے کی گزارش کی۔ (مولف)

زاد فی روایة ابی نعیم عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها فصلی رکعتین نحو الكعبة (فعلمه الوضوء و الصلوٰة ثم عرج الی السماء و رجع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لا یمر بحجر و لا مدر و لا شجر الا و هو یقول السلام علیک یا رسول

اللہ حتی اتی خدیجۃ فاخبرھا فغشی علیھا من الفرح ثم امرھا فتوضأت و صلی بھا کما صلی بہ جبریل) زاد فی روایۃ و کانت اول من صلی ۔

ابونعیم کی روایت میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے کعبہ کی طرف رخ کر کے دو رکعت نماز پڑھی، اور یہ بھی ہے کہ جبریل نے حضور کو وضو اور نماز کی ترغیب دی پھر آسمان کی طرف پرواز کر گئے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مراجعت فرمائی تو راستے میں جو بھی پتھر وڈھیلے اور درخت تھے سب کہہ رہے تھے السلام علیک یا رسول اللہ یہاں تک کہ ام المومنین سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس آئے اور انھیں پوری بات بتائی تو فرط مسرت سے حضرت خدیجہ پر غشی طاری ہوگئی پھر حضور نے انھیں حکم فرمایا انھوں نے وضو کیا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں نماز پڑھائی جس طرح سے جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے حضور کو پڑھائی اور ایک روایت میں ہے کہ حضور کے بعد سب سے پہلے حضرت خدیجہ نے نماز پڑھی۔ (مولف)

طبرانی ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

قال صلی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اول یوم الاثنین و صلت خدیجۃ آخرہ و صلی علی یوم الثلثاء

حضور اقدس سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیر کے دن پہلی ساعت میں نماز پڑھی اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسی دن کی آخری گھڑی میں اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منگل کے دن نماز پڑھی (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۱۴، ۲۱۵۔ جمان التاج)

مختلف انداز میں جبریل کی آمد

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

رای الصحابة رضی اللہ تعالیٰ عنهم فی مسیرهم الی بنی قریظة دحیة بن خلیفة متوجها الیهم علی بغلة بیضاء فاخبروا به النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فقال ذاک جبریل بعث الی بنی قریظة یزلزل بهم حصونهم و یقذف الرعب فی قلوبهم.

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بنی قریظہ کو جاتے ہوئے دحیہ بن خلیفہ کلبی کو دیکھا کہ وہ سپید خچر پر بنی قریظہ کی طرف جارہے ہیں صحابہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بتایا تو حضور نے فرمایا کہ وہ جبریل ہیں بنی قریظہ کی طرف بھیجے گئے ہیں وہ ان کے قلعوں کو ہلا دیں گے اور ان کے دلوں میں رعب ڈالیں گے۔ (مولف)

و حدیث اعرابی اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یسأله عن الایمان و الاسلام و الاحسان و الساعة و اشراطها لم یعرفه احد و لا یری علیه اثر سفر ، شدید بیاض الثیاب شدید سواد الشعر .

حضرت جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام اعرابی کی شکل میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت مبارکہ میں ایمان واسلام اور احسان وقیامت اور اس کی نشانیوں کے بارے میں پوچھنے آئے، انھیں کسی نے نہیں پہچانا اور نہ ان پر سفر کا کوئی اثر تھا، کپڑے نہایت سپید اور بال خوب کالے تھے۔ (مولف)

قوله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم انه جبریل اتاکم یعلمکم دینکم .

اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ جبریل ہیں جو تمھیں تمھارا دین سکھانے آئے تھے۔ (مولف)

و قد ثبت غیر مرة اتیانه الیه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی صورة دحیة الکلبی رضی اللہ تعالیٰ عنه .

جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام کا دحیہ کلبی کی صورت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آنا بارہا ثابت ہے۔ (مولف)

نسائی بسند صحیح ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی۔

کان جبریل یاتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی صورۃ دحیۃ الکلبی

جبریل امین حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں دحیہ کلبی کی صورت میں آتے تھے۔

(مولف)

طبرانی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً راوی :

انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال کان جبریل یاتینی علی صورۃ دحیۃ الکلبی.

حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جبریل میرے پاس دحیہ کلبی کی صورت میں آتے تھے۔ (مولف)

و فی الحدیث عنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ذاک جبریل لو دنا منی لاخذہ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ جبریل ہیں اگر وہ مجھ سے قریب ہوتے تو میں ان کو پکڑ لیتا۔ (مولف)

اس کے بعد امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

و لا یسوغ لمسلم ان یشک فی کونہ جبریل ، مع القطع بان جبریل لیس

اعرابیا، و لا کلبیا، فما هو الا انها تجلیات جبریل بتلک الصور المختلفة، لم یتعد بتعددها جبریل .

جو اعرابی یا دحیہ کلبی کی صورت میں بارگاہ رسالت میں آئے ان کے جبریل ہونے میں کسی مسلمان کو شک کرنا جائز نہیں، اور یہ بات یقین سے معلوم ہے کہ جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام اعرابی اور کلبی نہیں ہیں، وہ تو جبریل کے تجلیات وانوار ہیں جو ان مختلف صورتوں میں ظاہر ہوئے، ان صورتوں کے بدلنے اور تعدد سے جبریل مختلف اور الگ الگ نہیں ہوں گے بلکہ جبریل ایک ہیں ایک ہی رہیں گے۔

(مولف)

و ان کنا نعلم ایضا بالیقین ان صورة جبریل الجمیلة لیسبت الصورة الجملیة بل له ست مائة جناح قد سد الافق .

اور ہم یہ بھی یقین کے ساتھ جانتے ہیں کہ جبریل کی حسین وجمیل صورت، جمالی نہیں ہے ان کے چھ سو پر ہیں جن سے آسمان چھپ جاتا ہے۔ (مولف) (انوار المنان فی توحید القرآن ص ۲۴۱،۲۴۲)

وحی کی تاخیر پر کافروں کو رب کا جواب

وحی اترنے میں کچھ دنوں دیر لگی، کافر بولے :

ان محمدا و دعه ربه و قلاه.

بے شک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کے رب نے چھوڑ دیا اور دشمن پکڑا۔ ۱

حق جلا وعلا نے فرمایا:

و الضحی و الیل اذا سجی .

قسم ہے دن چڑھے کی اور قسم رات کی جب اندھیری ڈالے یا قسم اے محبوب تیرے روئے روشن کی اور قسم تری زلف کی جب چمکتے رخساروں پر بکھر آئے۔

ما ودعک ربک و ما قلی .

نہ تجھے تیرے رب نے چھوڑا ہے اور نہ دشمن بنایا۔

اور یہ اشقیاء بھی دل میں خوب سمجھتے ہیں کہ خدا کی تجھ پر کیسی مہر ہے اس مہر ہی کو دیکھ کر جلے جاتے ہیں اور حسد و عناد سے یہ طوفان جوڑتے اور اپنے جلے دل کے پھپھولے پھوڑتے ہیں مگر یہ خبر نہیں کہ

و للاخرہ خیر لک من الاولیٰ .

بیشک آخرت تیرے لیے دنیا سے بہتر ہے وہاں جو نعمتیں تجھے ملیں گی نہ آنکھوں نے دیکھیں نہ کانوں نے سنیں نہ کسی بشر یا ملک کے خطرے میں آئیں جن کا اجمال یہ ہے۔

و لسوف یعطیک ربک فترضی .

قریب ہے تجھے تیرا رب اتنا دے گا کہ تو راضی ہو جائے گا۔

اس دن دوست و دشمن سب پر کھل جائے گا کہ تیرے برابر کوئی محبوب نہ تھا۔ خیر اگر آج یہ اندھے آخرت کا یقین نہیں رکھتے تو تجھ پر خدا کی عظیم جلیل کثیر نعمتیں رحمتیں آج کی تو نہیں قدیم سے ہیں کیا تیرے پہلے احوال انھوں نے نہ دیکھے اور ان سے یقین حاصل نہ کیا کہ جو نظر عنایت تجھ پر ہے ایسی نہیں کہ کبھی بدل جائے۔ **الم یجدک یتیما فاویٰ ــ الی اخر السورۃ .**

(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

دعوت اسلام کے تین دور

اندھے شیشے جھلا جھل دمکنے لگے
جلوہ ریزی دعوت پہ لاکھوں سلام

فاصدع بما تؤمر واعرض عن المشرکین

تو علانیہ کہہ دو جس بات کا تمہیں حکم ہے، اور مشرکوں سے منہ پھیر لو۔

(سورۃ الحجر،۹۴/ کنز الایمان)

دعوت اسلام کے تین دور

پہلا دور

تین برس تک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انتہائی پوشیدہ طور پر نہایت راز داری کے ساتھ تبلیغ اسلام کا فرض ادا فرماتے رہے اور اس درمیان میں عورتوں میں سب سے پہلے حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور آزاد مردوں میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور لڑکوں میں سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور غلاموں میں سب سے پہلے زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایمان لائے۔ پھر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعوت و تبلیغ سے حضرت عثمان، حضرت زبیر بن العوام، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی جلد ہی دامن اسلام میں آ گئے۔ پھر چند دنوں کے بعد حضرت ابوعبیدہ بن الجراح، حضرت ابوسلمہ عبداللہ بن عبد الاسد، حضرت ارقم بن ارقم، حضرت عثمان بن مظعون اور ان کے دونوں بھائی حضرت قدامہ اور حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی اسلام میں داخل ہو گئے۔ پھر کچھ مدت کے بعد حضرت ابوذر غفاری، حضرت صہیب رومی، حضرت عبداللہ بن الحارث بن عبدالمطلب، سعید بن زید بن عمرو بن نفیل اور ان کی بیوی فاطمہ بنت الخطاب، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بہن نے بھی اسلام قبول کر لیا۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چچی حضرت ام الفضل حضرت عباس بن عبدالمطلب کی بیوی اور حضرت اسماء بنت ابی بکر بھی مسلمان ہو گئیں۔ ان کے علاوہ دوسرے بہت سے مردوں اور عورتوں نے بھی اسلام لانے کا شرف حاصل کیا۔

واضح رہے کہ سب سے پہلے اسلام لانے والے جو سابقین اولین کے لقب سے سرفراز ہیں، ان خوش نصیبوں کی فہرست پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ سب سے پہلے دامن اسلام میں آنے والے وہی لوگ ہیں جو فطرتاً نیک طبع اور پہلے ہی سے دین حق کی تلاش میں سرگرداں تھے اور کفار مکہ کے شرک و بت

پرستی اور مشرکانہ رسوم جاہلیت سے متنفر و بیزار تھے۔ چنانچہ نبی برحق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دامن میں دین حق کی تجلی دیکھتے ہی یہ نیک بخت لوگ پروانوں کی طرح شمع نبوت پر نثار ہونے لگے اور مشرف بہ اسلام ہو گئے۔

دوسرا دور

تین برس کی اس خفیہ دعوت اسلام میں مسلمانوں کی ایک جماعت تیار ہو گئی اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے جب اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سورۂ شعراء کی آیت **و انذر عشیرتک الاقربین** نازل فرمائی اور خداوند تعالیٰ کا حکم ہوا کہ اے محبوب آپ قریبی خاندان والوں کو خدا سے ڈرایئے، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دن کوہ صفا کی چوٹی پر چڑھ کر **یا معشر قریش** کہہ کر قبیلہ قریش کو پکارا جب سب قریش جمع ہو گئے تو آپ نے فرمایا کہ اے میری قوم اگر میں تم لوگوں سے یہ کہہ دوں کہ اس پہاڑ کے پیچھے ایک لشکر چھپا ہوا ہے جو تم پر حملہ کرنے والا ہے تو کیا تم لوگ میری بات کا یقین کر لو گے؟ سب نے ایک زبان ہو کر کہا کہ ہاں ہاں ہم یقیناً آپ کی بات کا یقین کر لیں گے کیوں کہ ہم نے آپ کو ہمیشہ سچا اور امین ہی پایا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ اچھا تو پھر میں یہ کہتا ہوں کہ تم لوگوں کو عذاب الٰہی سے ڈرا رہا ہوں اور اگر تم لوگ ایمان نہ لاؤ گے تو تم پر عذاب الٰہی اتر پڑے گا۔ یہ سن کر تمام قریش جن میں آپ کا چچا ابولہب بھی تھا سخت ناراض ہو کر سب کے سب چلے گئے اور حضور نبی برحق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں اول فول بکنے لگے۔

تیسرا دور

اب وہ وقت آ گیا کہ اعلان نبوت کے چوتھے سال سورۂ حجر کی آیت **فاصدع بما تؤمر** نازل ہوئی اور حضرت حق جل شانہ نے یہ حکم فرمایا کہ اے محبوب آپ کو جو حکم دیا گیا ہے اس کو علی الاعلان بیان

فرما۔ بجہ۔ چنانچہ آپ اس کے بعد علانیہ طور پر دین اسلام کی تبلیغ فرمانے لگے اور شرک و بت پرستی کی کھلم کھلا برائی بیان فرمانے لگے اور تمام قریش بلکہ تمام اہل مکہ بلکہ پورا عرب آپ کی مخالفت پر کمربستہ ہو گیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور مسلمانوں کی ایذا رسانیوں کا ایک طویل سلسلہ شروع ہو گیا۔

رحمت عالم پر ظلم وستم

کفار مکہ خاندان بنو ہاشم کے انتقام اور لڑائی بھڑک اٹھنے کے خوف سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قتل تو نہیں کر سکے لیکن طرح طرح کی تکلیفوں اور ایذا رسانیوں سے آپ پر ظلم وستم کا پہاڑ توڑنے لگے۔ چنانچہ سب سے پہلے تو حضور کے کاہن، ساحر، شاعر اور مجنون ہونے کا ہر کوچہ و بازار میں زور دار پروپیگنڈہ کرنے لگے۔ آپ کے پیچھے شریر لڑکوں کا غول لگا دیا جو راستوں میں آپ پر پھبتیاں کستے، گالیاں دیتے، اور یہ دیوانہ ہے یہ دیوانہ ہے کا شور مچا مچا کر آپ کے اوپر پتھر پھینکتے، کبھی کفار مکہ آپ کے راستوں میں کانٹے بچھاتے، کبھی آپ کے جسم مبارک پر نجاست ڈال دیتے، کبھی آپ کو دھکا دیتے، کبھی آپ کی مقدس اور نازک گردن میں چادر کا پھندا ڈال کر گلا گھونٹنے کی کوشش کرتے۔

روایت ہے کہ آپ حرم کعبہ میں نماز پڑھ رہے تھے کہ ایک دم سنگ دل کافر عقبہ بن ابی معیط نے آپ کے گلے میں چادر کا پھندا ڈال کر اس زور سے کھینچا کہ آپ کا دم گھٹنے لگا۔ چنانچہ یہ منظر دیکھ کر ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بے قرار ہو کر دوڑ پڑے اور عقبہ بن ابی معیط کو دھکا دے کر دور کیا اور یہ کہا کہ کیا تم لوگ ایسے آدمی کو قتل کرتے ہو جو یہ کہتا ہے کہ میرا رب اللہ ہے، اس دھکم دھکا میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کفار کو مارا بھی اور کفار کی مار بھی کھائی۔

کفار آپ کے معجزات اور روحانی تاثیرات وتصرفات کو دیکھ کر آپ کو سب سے بڑا جادوگر کہتے۔ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قرآن شریف کی تلاوت فرماتے تو یہ کفار قرآن اور قرآن کو لانے والے

(جبریل امین) اور قرآن کو نازل فرمانے والے (اللہ تعالیٰ) کو اور آپ کو گالیاں دیتے اور گلی کوچوں میں پہرہ بٹھا دیتے کہ قرآن کی آواز کسی کے کان میں نہ پڑنے پائے اور تالیاں پیٹ پیٹ کر اور سیٹیاں بجا بجا کر اس قدر شور مچاتے کہ قرآن کی آواز کسی کو سنائی نہیں دیتی تھی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کہیں کسی عام مجمع میں یا کفار کے میلوں میں قرآن پڑھ کر سناتے یا دعوت ایمان کا وعظ فرماتے تو آپ کا چچا ابولہب آپ کے پیچھے چلا چلا کر کہتا تھا کہ اے لوگو یہ میرا بھتیجا جھوٹا ہے، یہ دیوانہ ہو گیا تم لوگ اس کی کوئی بات نہ سنو۔

ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ''ذوالمجاز'' کے بازار میں دعوت اسلام کا وعظ فرمانے کے لیے تشریف لے گئے اور لوگوں کو کلمہ حق کی دعوت دی تو ابوجہل آپ پر دھول اڑاتا جاتا اور کہتا تھا کہ اے لوگو! اس کے فریب میں مت آنا یہ چاہتا ہے کہ تم لوگ لات وعزیٰ کی عبادت چھوڑ دو۔

اسی طرح ایک مرتبہ جب کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حرم کعبہ میں نماز پڑھ رہے تھے عین حالت نماز میں ابوجہل نے کہا کہ کوئی ہے؟ جو آل فلاں کے ذبح کیے ہوئے اونٹ کی اوجھڑی کو لا کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دوش مبارک پر رکھ دے۔ یہ سن کر عقبہ بن ابی معیط کافر اٹھا اور اس اوجھڑی کو لا کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دوش مبارک پر رکھ دیا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سجدہ میں تھے دیر تک اوجھڑی کندھے اور گردن پر پڑی رہی اور کفار ٹھٹھا مار مار کر ہنستے رہے اور مارے ہنسی کے ایک دوسرے پر گر گر پڑتے رہے۔ آخر حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو ان دنوں ابھی کمسن لڑکی تھیں آئیں اور ان کافروں کو برا بھلا کہتے ہوئے اس اوجھڑی کو آپ کے دوش مبارک سے ہٹا دیا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قلب مبارک پر کفار قریش کی اس شرارت سے انتہائی صدمہ گزرا اور نماز سے فارغ ہو کر تین مرتبہ یہ دعا مانگی کہ اللھم علیک بقریش یعنی اے اللہ تو قریش کو اپنی گرفت میں لے لے۔ پھر ابوجہل، عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، ولید بن عتبہ، امیہ بن خلف، عمارہ بن ولید کا نام لے کر دعا مانگی کہ الٰہی تو ان لوگوں کو اپنی گرفت میں لے لے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ خدا کی قسم میں نے ان سب کافروں کو جنگ بدر کے دن دیکھا کہ ان کی لاشیں زمین پر پڑی ہوئی ہیں۔ پھر ان سب کفار کی لاشوں کو نہایت ذلت کے ساتھ گھسیٹ کر بدر کے ایک گڑھے میں ڈال دیا گیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان گڑھے والوں پر خدا کی لعنت ہے۔

چند شریر کفار

جو کفار مکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دشمنی اور ایذا رسانی میں بہت زیادہ سرگرم تھے ان میں سے چند شریروں کے نام یہ ہیں۔

- ابولہب
- ابوجہل
- اسود بن عبد یغوث
- حارث بن قیس بن عدی
- ولید بن مغیرہ
- امیہ بن خلف
- ابی بن خلف
- ابوقیس بن فاکہ
- عاص بن وائل
- نضر بن حارث
- منبہ بن الحجاج
- زہیر بن ابی امیہ
- سائب بن صیفی
- عدی بن حرا
- اسود بن عبد الاسد
- عاص بن سعید بن العاص
- عاص بن ہاشم
- عقبہ بن ابی معیط
- حکم بن ابی العاص۔

یہ سب کے سب حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پڑوسی تھے اور ان میں سے اکثر بہت ہی مالدار اور صاحب اقتدار تھے اور دن رات سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایذا رسانی میں مصروف کار رہتے تھے۔

مسلمانوں پر مظالم

حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ساتھ غریب مسلمانوں پر بھی کفار مکہ نے ایسے ایسے ظلم وستم کے پہاڑ توڑے کہ مکہ کی زمین بلبلا اٹھی، یہ آسان تھا کہ کفار مکہ ان مسلمانوں کو دم زدن میں قتل کر ڈالتے مگر اس سے ان کافروں کے جوش انتقام کا نشہ نہیں اتر سکتا تھا کیوں کہ کفار اس بات میں اپنی شان سمجھتے تھے کہ ان مسلمانوں کو اتنا ستاؤ کہ وہ اسلام کو چھوڑ کر پھر شرک و بت پرستی کرنے لگیں اس لیے قتل کر دینے کی بجائے کفار مکہ مسلمانوں کو طرح طرح کی سزاؤں اور ایذا رسانیوں کے ساتھ ستاتے تھے مگر خدا کی قسم شراب توحید کے ان مستوں نے اپنے استقلال و استقامت کا وہ منظر پیش کر دیا کہ پہاڑوں کی چوٹیاں سر اٹھا اٹھا کر حیرت کے ساتھ ان بلا کشان اسلام کے جذبۂ استقامت کا نظارہ کرتی رہیں۔ سنگ دل بے رحم اور درندہ صفت کافروں نے ان غریب و بے کس مسلمانوں پر جبر و اکراہ اور ظلم وستم کا کوئی دقیقہ باقی نہیں چھوڑا مگر ایک مسلمان کے پائے استقامت میں بھی ذرہ برابر تزلزل نہیں پیدا ہوا اور ایک مسلمان کا بچہ بھی اسلام سے منہ پھیر کر کافر و مرتد نہیں ہوا۔

کفار مکہ نے ان غرباء مسلمین پر جور و جفا کاری کے بے پناہ اندوہناک مظالم ڈھائے اور ایسے ایسے روح فرسا اور جاں سوز عذابوں میں مبتلا کیا کہ اگر ان مسلمانوں کی جگہ پہاڑ بھی ہوتا تو شاید ڈگمگانے لگتا۔ صحرائے عرب کے تیز دھوپ میں جب کہ وہاں کی ریت کے ذرات تنور کی طرح گرم ہو جاتے ہیں۔ ان مسلمانوں کی پشت کو کوڑوں کے مار سے زخمی کر کے اس جلتی ہوئی ریت پر پیٹھ کے بل لٹاتے اور سینوں پر اتنا بھاری پتھر رکھ دیتے کہ کروٹ نہ بدلنے پائیں، لوہے کو آگ میں گرم کر کے اس سے ان مسلمانوں کے جسموں کو داغتے، پانی میں اس قدر ڈبکیاں دیتے کہ ان کا دم گھٹنے لگتا، چٹائیوں میں ان مسلمانوں کو لپیٹ کر ان کی ناکوں میں دھواں دیتے جس سے سانس لینا مشکل ہو جاتا اور وہ کرب و بے چینی سے بدحواس ہو جاتے۔

حضرت خباب بن الارت رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ اس زمانے میں اسلام لائے جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ارقم ابن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر میں مقیم تھے اور صرف چند ہی آدمی مسلمان ہوئے تھے قریش نے ان کو بے حد ستایا یہاں تک کہ کوئلے کے انگاروں پر ان کو چت لٹایا اور ایک شخص ان کے سینے پر پاؤں رکھ کر کھڑا رہا یہاں تک کہ ان کی پیٹھ کی چربی اور رطوبت سے کوئلے بجھ گئے۔ برسوں کے بعد جب حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ واقعہ حضرت امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے بیان کیا تو اپنی پیٹھ کھول کر دکھائی پوری پیٹھ پر سفید سفید داغ دھبے پڑے ہوئے تھے۔ اس عبرت ناک منظر کو دیکھ کر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا دل بھر آیا اور وہ رو پڑے۔

حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جو امیہ بن خلف کافر کے غلام تھے ان کی گردن میں رسی باندھ کر کوچہ و بازار میں ان کو گھسیٹا جاتا تھا، ان کی پیٹھ پر لاٹھیاں برسائی جاتی تھیں اور ٹھیک دوپہر کے وقت تیز دھوپ میں گرم گرم ریت پر ان کو لٹا کر اتنا بھاری پتھر ان کی چھاتی پر رکھ دیا جاتا کہ ان کی زبان باہر نکل آتی تھی۔ امیہ کافر کہتا تھا کہ اسلام سے باز آ جاؤ ورنہ اسی طرح گھٹ گھٹ کر مر جاؤ گے مگر اس حال میں بھی حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیشانی پر بل نہیں آتا تھا بلکہ زور زور سے احد احد کا نعرہ لگاتے تھے اور بلند آواز سے کہتے تھے کہ خدا ایک ہے، خدا ایک ہے۔

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گرم گرم بالو پر چت لٹا کر کفار قریش اس قدر مارتے تھے کہ یہ بے ہوش ہو جاتے تھے ان کی والدہ حضرت بی بی سمیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اسلام لانے کی بنا پر ابوجہل نے ان کی ناف کے نیچے ایسا نیزہ مارا کہ یہ شہید ہو گئیں۔ حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد حضرت یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی کفار کی مار کھاتے کھاتے شہید ہو گئے۔

حضرت صہیب رومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کفار مکہ اس قدر طرح طرح کی اذیت دیتے اور اتنی سخت مار دھاڑ کرتے کہ یہ گھنٹوں بے ہوش رہتے، جب یہ ہجرت کرنے لگے تو کفار مکہ نے کہا کہ تم اپنا سارا مال و

سامان یہاں چھوڑ کر مدینہ جا سکتے ہو آپ خوشی خوشی دنیا کی دولت کو لات مار کر اپنی متاع ایمان کو ساتھ لے کر مدینہ چلے گئے۔

حضرت ابوفکیہہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صفوان بن امیہ کافر کے غلام تھے اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ ہی مسلمان ہوئے تھے۔ جب صفوان کو ان کے اسلام کا پتہ چلا تو اس نے ان کے گلے میں رسی کا پھندا ڈال کر ان کو گھسیٹا اور گرم جلتی ہوئی زمین پر ان کو چت لٹا کر سینے پر وزنی پتھر رکھ دیا، جب ان کو کفار گھسیٹ کر لے جا رہے تھے راستہ میں اتفاق سے ایک گبریلا نظر پڑا امیہ کافر نے طعنہ مارتے ہوئے کہا کہ دیکھ تیرا خدا یہی تو نہیں ہے، حضرت ابوفکیہہ نے فرمایا کہ اے کافر کے بچے! خاموش میرا اور تیرا خدا اللہ ہے۔ یہ سن کر امیہ کافر غضب ناک ہو گیا اور اس نے زور سے آپ کا گلا گھونٹا کہ وہ بے ہوش ہو گئے اور لوگوں نے سمجھا کہ ان کا دم نکل گیا۔

اسی طرح عامر بن فہیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھی اس قدر مارا جاتا تھا کہ ان کے جسم کی بوٹی بوٹی درد مند ہو جاتی تھی۔

حضرت بی بی لبینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو لونڈی تھیں، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب کفر کی حالت میں تھے اس غریب لونڈی کو اس قدر مارتے تھے کہ مارتے مارتے تھک جاتے تھے مگر حضرت لبینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اف نہیں کرتی تھیں بلکہ نہایت جرأت واستقلال کے ساتھ کہتی تھیں کہ اے عمر اگر تم خدا کے سچے رسول پر ایمان نہیں لاؤ گے تو خدا تم سے ضرور اس کا انتقام لے گا۔

حضرت زنیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت عمر کے گھرانے کی باندی تھیں یہ مسلمان ہو گئیں تو ان کو اس قدر کافروں نے مارا کہ ان کی آنکھیں جاتی رہیں مگر خداوند تعالیٰ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دعا سے پھر ان کی آنکھوں میں روشنی عطا فرما دی تو مشرکین کہنے لگے کہ یہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

کے جادو کا اثر ہے۔

اسی طرح حضرت بی بی نہدیہ اور حضرت بی بی ام عبیس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی باندیاں تھیں اسلام لانے کے بعد کفار مکہ نے ان دونوں کو طرح طرح کی تکلیفیں دے کر بے پناہ اذیتیں دیں مگر یہ اللہ والیاں صبر و شکر کے ساتھ ان بڑی بڑی مصیبتوں کو جھیلتی رہیں مگر اسلام سے ان کے قدم نہیں ڈگمگائے۔

حضرت یار غار مصطفیٰ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کس کس طرح اسلام پر اپنی دولت نثار کی، اس کی ایک جھلک یہ ہے کہ آپ نے ان غریب و بے کس مسلمانوں میں سے اکثر کی جان بچائی، آپ نے حضرت بلال و عامر بن فہیرہ و ابوفکیہ ولبینہ وزنیرہ، نہدیہ وام عبیس رضی اللہ تعالیٰ عنہم ان تمام غلاموں کو بڑی بڑی رقمیں دے کر خریدا اور سب کو آزاد کر دیا اور ان مظلوموں کو کافروں کی ایذاؤں سے بچالیا۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب دامن اسلام میں آئے تو مکہ میں ایک مسافر کی حیثیت سے کئی دن تک حرم کعبہ میں رہے یہ روزانہ زور زور سے چلا چلا کر اپنے اسلام کا اعلان کرتے تھے اور روزانہ کفار قریش ان کو اس قدر مارتے تھے کہ یہ لہولہان ہو جاتے تھے اور ان دنوں میں آب زم زم کے سوا ان کو کچھ بھی کھانے پینے کو نہیں ملا۔

واضح رہے کہ کفار مکہ کا یہ سلوک صرف غریبوں اور غلاموں ہی تک محدود نہیں تھا بلکہ اسلام لانے کے جرم میں بڑے بڑے مال داروں اور رئیسوں کو بھی ان ظالموں نے نہیں بخشا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو شہر مکہ کے ایک متمول اور ممتاز معززین میں سے تھے مگر ان کو بھی حرم کعبہ میں کفار قریش نے اس قدر مارا کہ ان کا سر خون سے لت پت ہو گیا۔ اسی طرح حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو نہایت مال دار اور صاحب اقتدار تھے جب یہ مسلمان ہوئے تو غیروں نے نہیں بلکہ خود ان کے چچا نے ان کو رسیوں میں جکڑ کر خوب مارا۔ حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ بڑے رعب اور دبدبہ کے آدمی تھے مگر

انھوں نے جب اسلام قبول کیا تو ان کے چچا ان کو چٹائی میں لپیٹ کر ان کی ناک میں دھواں دیتے تھے جس سے ان کا دم گھٹنے لگتا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چچازاد بھائی اور بہنوئی حضرت سعید بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتنے جاہ واعزاز والے رئیس تھے مگر جب ان کے اسلام کا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پتہ چلا تو ان کو رسی میں باندھ کر مارا اور ساتھ ہی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی بہن حضرت بی بی فاطمہ بنت الخطاب کو بھی اس زور سے تھپڑ مارا کہ ان کے کان کے آویزے گر پڑے اور چہرے پر خون بہہ نکلا۔

کفار کا وفد بارگاہ رسالت میں

ایک مرتبہ سرداران قریش حرم کعبہ میں بیٹھے ہوئے یہ سوچنے لگے کہ آخر اتنی تکالیف اور سختیاں برداشت کرنے کے باوجود محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اپنی تبلیغ کیوں نہیں بند کرتے؟ آخر ان کا مقصد کیا ہے ممکن ہے یہ عزت وجاہ، یا سرداری و دولت کے خواہاں ہوں۔ چنانچہ سبھوں نے عتبہ بن ربیعہ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس بھیجا کہ تم کسی طرح ان کا دلی مقصد معلوم کرلو، چنانچہ عتبہ تنہائی میں آپ سے ملا اور کہنے لگا کہ اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آخر اس دعوت اسلام سے آپ کا مقصد کیا ہے؟ کیا آپ مکہ کی سرداری چاہتے ہیں؟ یا عزت و دولت کے خواہاں ہیں یا کسی بڑے گھرانے میں شادی کے خواہش مند ہیں آپ کے دل میں جو تمنا ہو کھلے دل کے ساتھ کہہ دیجیے میں اس کی ضمانت لیتا ہوں کہ اگر آپ دعوت اسلام سے باز آجائیں تو پورا مکہ آپ کے زیر فرمان ہو جائے گا اور آپ کی ہر خواہش اور تمنا پوری کردی جائے گی۔ عتبہ کی یہ ساحرانہ تقریر سن کر رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جواب میں قرآن مجید کی چند آیتیں تلاوت فرمائیں جن کو سن کر عتبہ اس قدر متأثر ہوا کہ اس کے جسم کا رونگٹا اور بدن کا بال بال خوف ذوالجلال سے لرزنے اور کانپنے لگا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منہ پر ہاتھ رکھ کر کہا کہ میں آپ کو رشتہ داری کا واسطہ دے کر درخواست کرتا ہوں کہ بس کیجیے میرا دل اس کلام کی عظمت سے پھٹا جا رہا ہے۔ عتبہ بارگاہ رسالت سے واپس ہوا مگر اس کے دل کی دنیا میں ایک نیا انقلاب رونما ہو چکا تھا عتبہ ایک بڑا ہی

ساحرالبیان خطیب اور انتہائی فصیح و بلیغ آدمی تھا اس نے واپس لوٹ کر سرداران قریش سے کہہ دیا کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) جو کلام پیش کرتے ہیں وہ نہ جادو ہے نہ کہانت اور نہ شاعری بلکہ وہ کوئی اور ہی چیز ہے لہٰذا میری رائے ہے کہ تم لوگ ان کو ان کے حال پر چھوڑ دو اگر وہ کامیاب ہو کر سارے عرب پر غالب ہو گئے تو اس میں ہم قریشیوں ہی کی عزت بڑھے گی ورنہ سارا عرب ان کو خود ہی فنا کر دے گا مگر قریش کے سرکش کافروں نے عتبہ کا یہ مخلصانہ اور مدبرانہ مشورہ نہیں مانا بلکہ اپنی مخالفت اور ایذا رسانیوں میں اور زیادہ اضافہ کر دیا۔

قریش کا وفد ابو طالب کے پاس

کفار قریش میں کچھ لوگ صلح پسند بھی تھے وہ چاہتے تھے کہ بات چیت کے ذریعہ صلح و صفائی کے ساتھ معاملہ طے ہو جائے چنانچہ قریش کے چند معزز رؤسا ابو طالب کے پاس آئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعوت اسلام اور بت پرستی کے خلاف تقریروں کی شکایت کی ابو طالب نے نہایت نرمی کے ساتھ ان لوگوں کو سمجھا بجھا کر رخصت کر دیا لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خدا کے فرمان فاصدع بما تؤمر کی تعمیل کرتے ہوئے علی الاعلان شرک و بت پرستی کی مذمت اور دعوت توحید کا وعظ فرماتے ہی رہے اس لیے قریش کا غصہ پھر بھڑک اٹھا۔ چنانچہ تمام سردار قریش یعنی عتبہ و شیبہ و ابو سفیان و عاص بن ہشام و ابو جہل و ولید بن مغیرہ و عاص بن وائل وغیرہ وغیرہ سب ایک ساتھ مل کر ابو طالب کے پاس آئے اور یہ کہا کہ آپ کا بھتیجا ہمارے معبودوں کی توہین کرتا ہے اس لیے یا تو آپ درمیان میں سے ہٹ جائیں اور اپنے بھتیجے کو ہمارے سپرد کر دیں یا پھر آپ بھی کھل کر ان کے ساتھ میدان میں نکل پڑیں تاکہ ہم دونوں میں سے ایک کا فیصلہ ہو جائے۔ ابو طالب نے قریش کا تیور دیکھ کر سمجھ لیا کہ اب بہت ہی خطرناک اور نازک گھڑی سر پر آن پڑی ہے ظاہر ہے کہ اب قریش برداشت نہیں کر سکتے اور میں اکیلا تمام قریش کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ ابو طالب نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو انتہائی مخلصانہ اور مشفقانہ لہجے میں سمجھایا کہ میرے پیارے بھتیجے! اپنے

بوڑھے چچا کی سفید داڑھی پر رحم کرو اور بڑھاپے میں مجھ پر اتنا بوجھ مت ڈالو کہ میں اٹھا نہ سکوں۔ اب تک قریش کا بچہ بچہ میرا احترام کرتا تھا مگر آج قریش کے سرداروں کا لب ولہجہ اور ان کا تیور اس قدر بگڑا ہوا تھا کہ اب وہ مجھ پر اور تم پر تلوار اٹھانے سے بھی دریغ نہیں کریں گے لہٰذا میری رائے یہ ہے کہ تم کچھ دنوں کے لیے دعوت اسلام موقوف کر دو۔

اب تک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ظاہری معین و مددگار جو کچھ بھی تھے وہ صرف اکیلے ابو طالب ہی تھے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیکھا کہ اب ان کے قدم بھی اکھڑ رہے ہیں، چچا کی گفتگو سن کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھرائی ہوئی مگر جذبات سے بھری ہوئی آواز میں فرمایا کہ چچا جان خدا کی قسم اگر قریش میرے ایک ہاتھ میں سورج اور دوسرے ہاتھ میں چاند لا کر دے دیں تب بھی میں اپنے اس فرض سے باز نہ آؤں گا۔ یا تو خدا اس کام کو پورا فرما دے گا یا میں خود دین اسلام پر نثار ہو جاؤں گا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ جذباتی تقریر سن کر ابو طالب کا دل پسیج گیا اور وہ اس قدر متاثر ہوئے کہ ان کے ہاشمی رگوں کے خون کا قطرہ قطرہ بھتیجے کی محبت میں گرم ہو کر کھولنے لگا اور انتہائی جوش میں آ کر کہہ دیا کہ جان عم! جاؤ میں تمھارے ساتھ ہوں جب تک میں زندہ ہوں کوئی تمھارا بال بیکا نہیں کر سکتا۔ (مولف)

(سیرت ابن ہشام وسیرت مصطفیٰ)

ہجرت حبشہ

لو خرجتم الی ارض الحبشۃ فان بہا ملکا لا یظلم عندہ احد وھی ارض صدق

اگر تم حبشہ کی زمین کی طرف ہجرت کرو گے تو بہتر ہوگا کیوں کہ وہاں ایک ایسا بادشاہ ہے جس کی حکومت میں کسی پر ظلم نہیں کیا جاتا اور وہ صدق وسچائی کی زمین ہے۔ (الحدیث: دلائل النبوۃ)

ہجرت حبشہ ۵ ؁ نبوی

کفار مکہ نے جب اپنے ظلم و ستم سے مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا تو حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو "حبشہ" جا کر پناہ لینے کا حکم دیا۔

نجاشی

حبشہ کا بادشاہ جس کا نام اصحمہ اور لقب نجاشی تھا عیسائی دین کا پابند تھا مگر بہت ہی انصاف پسند اور رحمدل تھا اور توراۃ و انجیل وغیرہ آسمانی کتابوں کا بہت ہی ماہر عالم تھا۔

اعلان نبوت کے پانچویں سال رجب کے مہینے میں گیارہ مرد اور چار عورتوں نے حبشہ کی جانب ہجرت کی ان مہاجرین کرام کے مقدس نام حسب ذیل ہیں:

(۱) حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی بیوی حضرت بی بی رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وبارک سلم کی صاحبزادی ہیں۔

(۲) حضرت ابو حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی بیوی حضرت سہلہ بنت سہیل رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ۔

(۳) حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی اہلیہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ۔

(۴) حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی زوجہ حضرت لیلیٰ بنت خثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ۔

(۵) حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

(۶) حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

(۷) حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

(۸) حضرت ابوسبرہ بن ابی رہم یا حاطب بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

(۱۰) حضرت سہیل بن بیضاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

(۱۱) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

کفار مکہ کو جب ان لوگوں کی ہجرت کا پتہ چلا تو ان ظالموں نے ان لوگوں کی گرفتاری کے لیے ان کا تعاقب کیا لیکن یہ لوگ کشتی پر سوار ہو کر روانہ ہو چکے تھے اس لیے کفار ناکام واپس لوٹے۔ یہ مہاجرین کا قافلہ حبشہ کی سرزمین میں اتر کر امن وامان کے ساتھ خدا کی عبادت میں مصروف ہو گیا۔

چند دنوں کے بعد ناگہاں یہ خبر پھیل گئی کہ کفار مکہ مسلمان ہو گئے یہ خبر سن کر چند لوگ حبشہ سے مکہ لوٹ آئے مگر یہاں آکر پتہ چلا کہ یہ خبر غلط تھی چنانچہ بعض لوگ تو پھر حبشہ چلے گئے مگر کچھ لوگ مکہ میں روپوش ہو کر رہنے لگے لیکن کفار مکہ نے ان لوگوں کو ڈھونڈ نکالا اور ان لوگوں پر پہلے سے بھی زیادہ ظلم ڈھانے لگے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھر لوگوں کو حبشہ چلے جانے کا حکم دیا۔ چنانچہ حبشہ سے واپس آنے والے اور ان کے ساتھ دوسرے مظلوم مسلمان کل تراسی ۸۳ مرد اور اٹھارہ ۱۸ عورتوں نے حبشہ کی جانب ہجرت کی۔

کفار کا سفیر نجاشی کے دربار میں

تمام مہاجرین نہایت امن وسکون کے ساتھ حبشہ میں رہنے لگے مگر کفار مکہ کو کب گوارا ہو سکتا تھا کہ فرزندان توحید کہیں امن وچین کے ساتھ رہ سکیں۔ ان ظالموں نے کچھ تحائف کے ساتھ عمرو بن العاص اور عمارہ بن الولید کو بادشاہ حبشہ کے دربار میں اپنا سفیر بنا کر بھیجا۔ ان دونوں نے نجاشی کے دربار میں پہنچ کر تحفوں کا نذرانہ پیش کیا اور بادشاہ کو سجدہ کر کے یہ فریاد کرنے لگے کہ اے بادشاہ ہمارے کچھ مجرم مکہ سے

بھاگ کر آپ کے ملک میں پناہ گزیں ہو گئے ہیں آپ ہمارے ان مجرموں کو ہمارے حوالے کر دیجیے۔

یہ سن کر نجاشی بادشاہ نے مسلمانوں کو دربار میں طلب کیا اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بھائی حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمانوں کے نمائندہ بن کر گفتگو کے لیے آگے بڑھے اور دربار کے آداب کے مطابق بادشاہ کو سجدہ نہیں کیا بلکہ صرف سلام کر کے کھڑے ہو گئے، درباریوں نے ٹوکا تو حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہمارے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خدا کے سوا کسی کو سجدہ کرنے سے منع فرمایا ہے اس لیے میں بادشاہ کو سجدہ نہیں کر سکتا۔

اس کے بعد جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دربار شاہی میں اس طرح تقریر شروع فرمائی کہ :

اے بادشاہ ہم لوگ ایک جاہل قوم تھے، شرک و بت پرستی کرتے تھے، لوٹ مار، چوری، ڈکیتی، ظلم وستم اور طرح طرح کی بدکاریوں اور بداعمالیوں میں مبتلا تھے اللہ تعالیٰ نے ہماری قوم میں ایک شخص کو اپنا رسول بنا کر بھیجا جس کے حسب و نسب اور صدق و دیانت کو ہم پہلے سے جانتے تھے اس رسول نے ہم کو شرک و بت پرستی سے روک دیا اور صرف ایک خدائے واحد کی عبادت کا حکم دیا اور ہر قسم کے ظلم و ستم اور تمام برائیوں اور بدکاریوں سے ہم کو منع کیا ہم اس رسول پر ایمان لائے اور شرک و بت پرستی چھوڑ کر تمام برے کاموں سے تائب ہو گئے۔ بس یہی ہمارا گناہ ہے جس پر ہماری قوم ہماری جان کی دشمن ہو گئی اور ان لوگوں نے ہمیں اتنا ستایا کہ ہم اپنے وطن کو خیر باد کہہ کر آپ کی سلطنت کے زیر سایہ پرامن زندگی بسر کر رہے ہیں اب یہ لوگ ہمیں مجبور کر رہے ہیں کہ ہم پھر اسی پرانی گمراہی پر لوٹ جائیں۔

حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تقریر سے نجاشی بادشاہ بے حد متاثر ہوا۔ یہ دیکھ کر کفار مکہ کے سفیر عمرو بن العاص نے اپنے ترکش کا آخری تیر بھی پھینک دیا اور کہا کہ اے بادشاہ! یہ مسلمان لوگ آپ کے نبی

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کچھ دوسرا ہی اعتقاد رکھتے ہیں جو آپ کے عقیدہ کے بالکل خلاف ہے۔

یہ سن کر نجاشی بادشاہ نے حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس بارے میں سوال کیا تو آپ نے سورۂ مریم کی تلاوت فرمائی۔ کلام ربانی کی تاثیر سے نجاشی بادشاہ کے قلب پر اتنا گہرا اثر پڑا کہ اس پر رقت طاری ہوگئی اور اس کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہمارے رسول نے ہم کو یہی بتایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا کے بندے اور اس کے رسول ہیں جو کنواری مریم کے شکم مبارک سے بغیر باپ کے خدا کی قدرت کا نشان بن کر پیدا ہوئے۔

نجاشی بادشاہ نے بڑے غور سے حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تقریر کو سنا اور یہ کہا کہ بلاشبہ انجیل اور قرآن دونوں ایک ہی آفتاب ہدایت کے دو نور ہیں اور یقیناً حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا کے بندے اور اس کے رسول ہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خدا کے وہی رسول ہیں جن کی بشارت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انجیل میں دی ہے اور اگر میں دستور سلطنت کے مطابق تخت شاہی پر رہنے کا پابند نہ ہوتا تو میں خود مکہ جا کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جوتیاں سیدھی کرتا اور ان کے قدم دھوتا بادشاہ کی تقریر سن کر اس کے درباری جو کٹر قسم کے عیسائی تھے ناراض و برہم ہو گئے۔ مگر نجاشی بادشاہ نے جوش ایمانی میں سب کو ڈانٹ پھٹکار کر خاموش کر دیا۔ اور کفار مکہ کے تحفوں کو واپس لوٹا کر عمرو بن العاص اور عمارہ بن الولید کو دربار سے نکلوا دیا۔ اور مسلمانوں سے کہہ دیا کہ تم لوگ میری سلطنت میں جہاں چاہو امن و سکون کے ساتھ آرام و چین کی زندگی بسر کرو کوئی تمہارا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتا۔

نجاشی کا اسلام اور نماز جنازہ

واضح رہے کہ نجاشی بادشاہ مسلمان ہو گیا تھا چنانچہ اس کے انتقال پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

مدینہ منورہ میں اس کی نماز جنازہ پڑھی حالاں کہ نجاشی بادشاہ کا انتقال حبشہ میں ہوا تھا اور وہ حبشہ ہی میں مدفون بھی ہوئے مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ میں ان کی نماز جنازہ پڑھ کر ان کے لیے دعائے مغفرت فرمائی۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد۲۔ سیرت مصطفیٰ)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نجاشی کی موت اور ان کے جنازہ پر نماز سے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

جب اصحمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بادشاہ حبشہ نے حبشہ میں انتقال کیا۔ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ میں صحابہ کو خبر دی اور مصلیٰ میں جا کر صفیں باندھ کر چار تکبیریں کہیں۔ ائمہ ستہ نے اسے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا اور بخاری ومسلم میں ہے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں دوسری یا تیسری صف میں تھا۔

صحیح ابن حبان میں عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعن الصحابہ جمیعاً سے ہے

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ان اخاکم النجاشی توفی فقوموا صلوا علیه فقام رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و صفوا خلفه فکبر اربعا و هم لا یظنون الا ان جنازنه بین یدیه .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تمھارا بھائی نجاشی مر گیا اٹھو اس پر نماز پڑھو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوئے صحابہ نے پیچھے صفیں باندھیں حضور نے چار تکبیریں کہیں صحابہ کو یہی ظن تھا کہ ان کا جنازہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے حاضر ہے۔

صحیح ابوعوانہ میں انھیں سے ہے :

فصلینا خلفه و نحن لا نری الا ان الجنازة قدمنا.

ہم نے حضور کے پیچھے نماز پڑھی اور ہم یہی اعتقاد کرتے تھے کہ جنازہ ہمارے آگے موجود ہے۔

امام واحدی نے اسباب نزول قرآن میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ذکر کی کہ فرمایا:

کشف للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن سریر النجاشی حتی رأہ و صلی علیہ .

نجاشی کا جنازہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ظاہر کر دیا گیا تھا حضور نے اسے دیکھا اور اس پر نماز پڑھی۔

نجاشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال دارالکفر میں ہوا وہاں ان پر نماز نہ ہوئی تھی لہٰذا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہاں پڑھی۔

احمد و ابن ماجہ حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی۔

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خرج بھم فقال صلوا علی اخ لکم مات بغیر ارضکم قالوا من ھو قال النجاشی .

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کو آبادی سے باہر لے جا کر فرمایا کہ اپنے بھائی کی نماز جنازہ پڑھو جس کا انتقال دوسرے ملک میں ہوا ہے صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ وہ کون ہے فرمایا کہ شاہ حبشہ نجاشی ہے۔ (مولف)

مسند ابوداؤد طیالسی میں حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اتاہ موت النجاشی فقال ان اخاکم مات بغیر ارضکم فقوموا فصلوا علیہ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور نجاشی کے مرنے کی خبر آئی تو فرمایا کہ تمہارا بھائی

دوسرے ملک میں مر گیا ہے کھڑے ہو کر اس پر نماز پڑھو۔ (مولف)

بعض کو ان (نجاشی) کے اسلام میں شبہ تھا یہاں تک کہ بعض نے کہا حبشہ کے ایک کافر پر نماز پڑھی۔

طبرانی کی روایت میں ہے کہ اس کا قائل ایک منافق تھا۔

اس نماز سے مقصود ان کی اشاعت اسلام تھی، اس لیے مصلیٰ میں تشریف لے گئے کہ جماعت کثیر ہو۔

ایک حدیث میں صریح ہے کہ حضور نے جانب حبشہ نماز پڑھی۔ اسے طبرانی نے روایت کیا۔

نجاشی کا جنازہ حبشہ میں تھا اور حبشہ مدینہ طیبہ سے جانب جنوب ہے اور مدینہ طیبہ کا قبلہ جنوب ہی کو ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۴ ص ۶۹، ۷۰۔ الہادی الحاجب)

احمد عن ابی هريرة رضی الله تعالیٰ عنه ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نعی النجاشی لاصحابه ثم قال استغفروا له ثم خرج باصحابه الی المصلی ثم قام فصلی بهم كما يصلی علی الجنازة .

امام احمد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو نجاشی بادشاہ کے مرنے کی خبر دی پھر فرمایا کہ ان کے لیے دعائے مغفرت کرو اور اپنے اصحاب کو لے کر عیدگاہ کی طرف نکلے پھر اس طرح نماز پڑھائی جس طرح جنازہ پر نماز ہوتی ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۷۰)

جنازہ غائب پر نماز جائز نہیں مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجاشی و معاویہ بن معاویہ اور امرائے موتہ پر پڑھی تو یہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیت تھی اور یہ کہ ان کا جنازہ حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے حاضر تھا پردے اٹھا دیئے گئے تھے۔ (مولف)

تلک الغرانیق العلی کی بحث

ایک دن حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبلیغ و انذار کی غرض سے مشرکوں کے آگے سورۂ والنجم کی تلاوت فرما رہے تھے جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس آیت کریمہ پر پہنچے افرأیتم اللات و العزی و مناۃ الثالثۃ الآخری (کیا تم نے لات و عزیٰ اور ایک اور تیسرے مناۃ کو نہ دیکھا) تو شیطان نے دخل اندازی کی اور مشرکوں کے کانوں میں یہ آواز پہنچائی

تلک الغرانیق العلی و ان شفاعتھن لترتجی.

یہ وہ بلند مرتبہ اصنام ہیں اور ان کی شفاعت مقبول ہے۔

پھر جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سورۃ تمام فرمائی تو سجدہ کیا دوسرے مسلمانوں نے بھی سجدہ کیا مشرکوں نے بھی مسلمانوں کی موافقت کی، وہ بھی سجدے میں چلے گئے اس وقت مسجد حرام میں کوئی کافر ایسا نہ تھا جس نے سجدہ نہ کیا ہو مگر امیہ بن خلف نے سجدہ نہ کیا بلکہ اس نے ایک مٹھی مٹی لی اور اسے سر سے لگا کر کہا بس اتنا ہی کافی ہے۔ پھر مشرکین خوش ہو کر کہنے لگے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے ہمارے بتوں کو یاد کیا اور ان کی تعریف کی اور ان کی شفاعت کا اثبات کیا۔ ہم بھی ان بتوں کے ساتھ اتنا ہی اعتقاد رکھتے ہیں ہم ان کو خالق، رازق، جلانے اور مارنے والا نہیں جانتے۔ جب محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے ہمارے ساتھ اس بات میں اتفاق کر لیا تو ہم ان سے صلح کرتے ہیں ان سے اور ان کے ساتھیوں سے ظلم وستم کا ہاتھ اٹھاتے ہیں۔ یہ خبر گوشہ گوشہ میں پھیل گئی اور شیطان نے اسے خوب پھیلایا۔ جب حبشہ کے مہاجرین کو یہ خبر پہنچی تو وہ اپنے وطن کی طرف لوٹ پڑے۔

اس واقعہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حزن و ملال میں ڈال دیا تو حق سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تسلی خاطر کے لیے یہ آیت نازل فرمائی۔

و ما ارسلنا من قبلک من رسول ز لا نبی الا اذا تمنی القی الشیطن فی امنیته فینسخ الله ما یلقی الشیطان ثم یحکم الله آیاته و الله علیم حکیم .

اے محبوب! آپ سے پہلے جتنے بھی نبی ورسول ہم نے بھیجے جب وہ تلاوت کرتے تو شیطان نے ان کی تلاوت میں دخل اندازی کی ہے تو ہم شیطان کی دخل اندازی کو منسوخ کر کے اپنی آیتوں کو محکم بناتے ہیں اور اللہ علم وحکمت والا ہے۔

جب یہ آیت کافروں کے کانوں میں پہنچی تو وہ کہنے لگے کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے ہمارے معبودوں کی قدر ومنزلت کے بارے میں جو کہا تھا اب وہ اس سے پشیمان ہو گئے ہیں ہم بھی صلح کا ہاتھ اٹھاتے ہیں۔

لیکن اس قصہ کی صحت اور اس حادثہ کے وقوع میں اہل علم کلام کرتے ہیں۔

- قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کتاب الشفا میں بحث کر کے اس کی اصلیت کو شافی ووافی طریقہ پر ضعیف قرار دیا ہے۔
- امام فخر الدین رازی بھی اپنی تفسیر میں کہتے ہیں کہ یہ قصہ باطل ہے جسے زندیقوں نے گڑھا ہے۔
- بعض کہتے ہیں کہ یہ زبعری کی افترات میں سے ہے۔

بھلا یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ زبان حق ترجمان صاحب **و ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی** (وہ اپنی خواہش سے کلام نہیں فرماتے بلکہ وہی کلام فرماتے ہیں جو وحی کی جائے) سے بتوں کی تعریف ہو جائے۔ اور یہ ناممکن ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قرآن میں ایسی چیز کا قصداً یا سہواً اضافہ فرمائیں جو قرآن میں سے نہ ہو۔ خصوصاً ایسی چیز کا اضافہ جو توحید کے سلسلہ میں اپنی لائی ہوئی چیز کے منافی و برخلاف ہو۔

- امام بیہقی فرماتے ہیں کہ نقل و روایت کے اعتبار سے یہ نادر و غریب قصہ ثابت ہے اور ان کے راویوں میں کلام کیا گیا ہے کہ یہ سب کے سب مطعون ہیں۔
- امام بخاری نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سورہ والنجم کو ختم کر کے سجدہ کیا آپ کے ساتھ تمام مسلمانوں، مشرکوں اور جن وانس نے سجدہ کیا، اس روایت میں غرانیق والی بات نہیں ہے۔ اس کو ارباب صحاح نے بطریق کثیرہ روایت کیا ہے۔

اس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے کہ جو کوئی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بتوں کی تعظیم کو جائز قرار دیتا ہے وہ کافر ہو جاتا ہے۔ لہٰذا ہم عقل ونقل سے جانتے ہیں کہ یہ قصہ من گھڑت اور باطل ہے اسی طرح جمہور علماء ومحدثین فرماتے ہیں۔ لیکن ان کی ایک جماعت مثلاً ابو حاتم، طبری، ابن منذر، ابن اسحاق، موسیٰ بن عقبہ، اور ابو معشر وغیرہ نے ان راویوں سے اسے روایت کیا جن میں سے اکثر راوی ضعیف، واہی، منقطع، مرسل، مضطرب اور غیر صحیح ہیں۔ قطع نظر ان کی صحت کے ان تمام وجوہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس میں کچھ نہ کچھ اصلیت ہے اور اس کے سوا چارہ نہیں کہ توجیہ وتاویل کے ذریعہ ظاہر سے ان کا اخراج کیا جائے تاکہ ان محذورات وممنوعات سے جو مذکور ہیں انھیں نکالا جائے۔ وہ بلا شبہ توجیہات وتاویلات کی راہ میں ایسے طریقوں پر چلے ہیں جو مسالک بعیدہ ہیں اور تسلی وتشفی کے موجب نہیں ہیں۔ مثلاً۔

(۱) بعض یہ کہتے ہیں کہ یہ کلمہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر (معاذ اللہ) ایسی غنودگی کی حالت میں جاری ہوا جس میں معلوم ہی نہ ہوا کہ کیا کلمے نکل رہے ہیں اور جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ بات معلوم ہوئی تو حق تعالیٰ نے اپنی آیتوں کو محکم فرمایا۔ اسے طبری نے قتادہ سے روایت کیا ہے قاضی عیاض نے اس کی تردید کی ہے اس لیے کہ حضور اکرم

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر شیطان کا کسی حالت میں غالب آنا ہی جائز نہیں خواہ نیند ہی میں کیوں نہ ہوں۔

(۲) کچھ لوگ اس طرح کی تاویل بعید کرتے ہیں کہ شیطان نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مجبور و مضطر کیا کہ ایسے کلمات دہن اقدس سے نکالیں (معاذ اللہ) تو آپ سے یہ کلمات بے اختیاری میں نکل گئے۔ یہ تاویل پہلی تاویل سے بھی بدتر فاسد اور نامعقول ہے۔ اس لیے کہ حق تبارک و تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

ان عبادی لیس لک علیھم سلطان.

یعنی اے شیطان تیرا میرے بندوں پر کوئی غلبہ و اختیار نہیں۔

اگر شیطان میں ایسی قدرت وقوت ہوتی تو پھر کسی بندے کو طاعت کی قوت نہ ہوتی۔

(۳) بعض لوگ اس کی اس طرح تاویل کرتے ہیں کہ چوں کہ مشرکین اپنے معبودوں کی اسی طرح تعریف کرتے ہیں اور ان کا وصف یہی بیان کرتے ہیں تو وہ اوصاف حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذہن شریف سے متعلق ہو گئے (معاذ اللہ) اور یہ حضور کے حافظہ میں باقی رہا اور سہواً حضور کی زبان مبارک پر وہی کلمات آ گئے۔ اس تاویل کو بھی قاضی عیاض نے مردود قرار دیا ہے۔

(۴) بعض لوگ اس کی یہ تاویل کرتے ہیں کہ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلاوت شریفہ آیہ کریمہ، ومناۃ الثالثۃ الاخری پر پہنچی تو مشرکین ڈرے کہ اس کے آگے ہمارے معبودوں کی مذمت و برائی بیان فرمائیں گے تو مشرکین نے ان کلمات کے بولنے میں جلدی کی اور انھوں نے حضور کی تلاوت میں ان کلمات کو ملا دیا جیسا کہ ان کی عادت تھی کہ وہ تلاوت قرآن کے وقت

شور وغل مچاتے اور قسم قسم کی بولیاں بولتے تھے۔ پھر ان کلمات کو شیطان لعین کی طرف منسوب کر دیا گیا کیوں کہ اسی کے ورغلانے اور ابھارنے سے مشرکوں نے یہ حرکت کی تھی۔ یا شیطان سے مراد شیاطین کی جنس ہے جس میں انسانی شیطان بھی شامل ہیں۔

(۵) بعض اس کی یہ تاویل کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تلاوت قرآن میں ترتیل فرماتے اور ہر آیت کے سرے پر وقفہ اور سکوت فرماتے تھے اور شیطان اس گھات میں لگ گیا کہ کسی سکتہ میں اپنی آمیزش کر دے چنانچہ اس نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقفہ اور سکتہ میں حضور ہی کی آواز کے مشابہ ترنم میں ان کلمات کو ادا کر دیا اور جو آپ کے قریب تھے انھوں نے گمان کر لیا کہ یہ کلمات بھی (معاذ اللہ) حضور نے ہی ادا کیے ہیں۔ پھر انھوں نے اسے پھیلا دیا۔

صاحب مواہب لدنیہ فرماتے ہیں کہ یہ تاویل احسن وعمدہ ہے۔ اور قاضی ابن العربی نے بھی جو کہ اعاظم علماء مالکیہ میں سے ہیں اسے مستحسن قرار دیا ہے اور فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیہ کریمہ میں خبر دی ہے کہ تمام انبیاء و مرسلین میں سنت الٰہیہ جاری رہی ہے کہ جب وہ کلام فرماتے تو شیطان اپنی طرف سے اس میں کچھ کلمے ملاتا رہا ہے اور یہ آیہ کریمہ (جو اوپر مذکور ہوئی) اس بات پر نص ہے کہ شیطان نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلاوت میں آمیزش کر کے بڑھا دیا تھا نہ یہ کہ (معاذ اللہ) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی زبان مبارک سے ان کلمات کو ادا فرمایا تھا۔

حبشہ کی طرف دوسری ہجرت

حبشہ میں غریب الوطنی کی زندگی بسر کرنے والے مسلمانوں نے جب یہ افواہ سنی کہ مکہ کے باشندوں نے اسلام قبول کر لیا ہے تو ان کے لیے اپنے وطن سے دور قیام کرنا اب از بس مشکل ہو گیا۔ ان

میں سے اکثر واپس چلے آئے لیکن جب یہاں پہنچے تو انھیں اس افواہ کی حقیقت معلوم ہوئی اور ان کے ہم وطنوں نے ان کو آڑے ہاتھوں لیا اور خوب جی بھر کر ان کو ستانا شروع کیا۔

جتنا عرصہ یہ لوگ ان کے ظلم وستم سے محفوظ رہے تھے اس کی بھی کسر نکال دی تو رحمت عالمیاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں پھر حبشہ کی طرف ہجرت کی اجازت دے دی اللہ کے یہ بندے اس سرزمین کی طرف پھر روانہ ہو گئے جہاں وہ آزادی سے اپنے مالک حقیقی کی عبادت کر سکتے تھے۔ اس دفعہ ان کے ہمراہ کئی دوسرے مسلمان بھی اس قافلہ میں شریک ہو گئے اب ان کی تعداد تراسی تھی۔ مہاجر خواتین کی تعداد میں بھی اضافہ ہو گیا پہلے چار خواتین نے ہجرت کی تھی اب ان کی تعداد اٹھارہ ہو گئی ان میں سے گیارہ کا تعلق قریشی خاندانوں سے تھا اور باقی سات دوسرے قبائل سے تھیں۔ اس قافلہ میں حضرت جعفر بن ابی طالب بھی شریک تھے۔ ابن اسحاق نے ان کو مہاجرین کے پہلے قافلہ میں شامل کیا ہے لیکن موسیٰ بن عقبہ کی تحقیق یہ ہے کہ آپ نے دوسرے قافلہ کے ہمراہ حبشہ کا قصد کیا۔

دوسری مرتبہ ہجرت کرنے والوں میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اپنی زوجہ محترمہ حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ شامل تھے۔ انھیں بہت افسوس تھا کہ وہ دوسری مرتبہ بھی ہجرت کر کے جارہے ہیں لیکن انھیں سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت وہمراہی کا شرف حاصل نہیں۔ آپ نے ازراہ تأسف اس امر کا ذکر بارگاہ رسالت میں کیا:

فهجرتنا الاولى و هذه الآخرة الى النجاشي و لست معنا.

یارسول اللہ ہماری پہلی اور یہ دوسری ہجرت نجاشی کی طرف ہے اور حضور ہمارے ساتھ نہیں ہیں۔

فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم انتم مهاجرون الى الله و الى لكم هاتان الهجرتان جميعا.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا افسوس مت کرو تمھاری یہ دونوں ہجرتیں اللہ تعالیٰ کی طرف اور میری طرف ہیں۔

یہ سن کر حضرت عثمان نے عرض کی فحسبنا یا رسول اللہ اگر ایسا ہے تو ہم راضی ہیں ہمیں اتنا ہی کافی ہے۔(مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت الرسول)

شعب ابی طالب

و

جنات کی آمد و بیعت

وإذ صرفنا إليك نفرا من الجن يستمعون القرآن ، فلما حضروه قالوا أنصتوا فلما قضي ولوا إلى قومهم منذرين۔

اور جب کہ ہم نے تمھاری طرف کتنے جن پھیرے کان لگا کر قرآن سنتے، پھر جب وہاں حاضر ہوئے آپس میں بولے خاموش رہو، پھر جب پڑھنا ہو چکا اپنی قوم کی طرف ڈر سناتے پلٹے۔

(سورۃ الاحقاف ۲۹/کنزالایمان)

شعب ابی طالب ۷ ؁ نبوی

اعلان نبوت کے ساتویں سال ۷ ؁ نبوی میں کفار مکہ نے جب دیکھا کہ روز بروز مسلمانوں کی تعداد بڑھتی جارہی ہے اور حضرت حمزہ و حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جیسے بہادران قریش بھی دامن اسلام مین آگئے تو غیظ و غضب میں یہ لوگ آپے سے باہر ہو گئے اور تمام سرداران قریش اور مکہ کے دوسرے کفار نے یہ اسکیم بنائی کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اور آپ کے خاندان کا مکمل بائیکاٹ کر دیا جائے اور ان لوگوں کو کسی تنگ و تاریک جگہ میں محصور کر کے ان کا دانہ پانی بند کر دیا جائے تا کہ یہ لوگ مکمل طور پر تباہ و برباد ہو جائیں چنانچہ اس خوفناک تجویز کے مطابق تمام قبائل قریش نے آپس میں یہ معاہدہ کیا کہ جب تک بنی ہاشم کے خاندان والے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو قتل کے لیے ہمارے حوالہ نہ کر دیں۔

(۱) کوئی شخص بنو ہاشم کے خاندان سے شادی بیاہ نہ کرے۔

(۲) کوئی شخص ان لوگوں کے ہاتھ کسی قسم کے سامان کی خرید و فروخت نہ کرے۔

(۳) کوئی شخص ان لوگوں سے میل جول، سلام و کلام اور ملاقات و بات چیت نہ کرے۔

(۴) کوئی شخص ان لوگوں کے پاس کھانے پینے کا کوئی سامان نہ جانے دے

منصور بن عکرمہ نے اس معاہدہ کو لکھا اور تمام سردارن قریش نے اس پر دستخط کر کے اس دستاویز کو کعبہ کے اندر آویزاں کر دیا۔ ابو طالب مجبوراً حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور دوسرے تمام خاندان والوں کو لے کر پہاڑ کی اس گھاٹی میں جس کا نام ''شعب ابی طالب'' تھا پناہ گزیں ہوئے۔ ابولہب کے سوا خاندان بنو ہاشم کے کافروں نے بھی خاندانی حمیت و پاسداری کی بناء پر اس معاملہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ساتھ دیا اور سب کے سب پہاڑ کے اس تنگ و تاریک درہ میں محصور ہو کر قیدیوں کی زندگی بسر کرنے لگے۔ اور یہ تین برس کا زمانہ اتنا سخت اور کٹھن گزرا کہ بنو ہاشم درختوں کے پتے اور سوکھے چمڑے

پکا پکا کر کھاتے تھے اور ان کے بچے بھوک پیاس کی شدت سے تڑپ تڑپ کر دن رات رویا کرتے تھے سنگ دل اور ظالم کافروں نے ہر طرف پہرہ بٹھا دیا تھا کہ کہیں سے بھی گھاٹی کے اندر دانہ پانی نہ جانے پائے۔

مسلسل تین سال تک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خاندان بنو ہاشم ان ہوش ربا مصائب کو جھیلتے رہے یہاں تک کہ خود قریش کے کچھ رحم دلوں کو بنو ہاشم کی ان مصیبتوں پر رحم آ گیا اور ان لوگوں نے اس ظالمانہ معاہدہ کو توڑنے کی تحریک چلائی چنانچہ ہشام بن عمرو عامری، زہیر بن ابی امیہ، مطعم بن عدی، ابو البختری، زمعہ بن الاسود وغیرہ یہ سب مل کر ایک ساتھ حرم کعبہ میں گئے اور زہیر نے جو عبد المطلب کے نواسے تھے کفار قریش کو مخاطب کر کے اپنی پر جوش تقریر میں یہ کہا کہ اے لوگو! یہ کہاں کا انصاف ہے کہ ہم لوگ تو آرام سے زندگی بسر کر رہے ہیں اور خاندان بنو ہاشم کے بچے بھوک پیاس سے بے قرار ہو کر بلبلا رہے ہیں۔ خدا کی قسم جب تک اس وحشیانہ معاہدہ کی دستاویز پھاڑ کر پاؤں سے نہ روندی جائے گی میں ہرگز ہرگز چین سے نہیں بیٹھ سکتا۔

یہ تقریر سن کر ابو جہل نے تڑپ کر کہا کہ خبردار! ہرگز ہرگز تم اس معاہدہ کو ہاتھ نہیں لگا سکتے زمعہ نے ابو جہل کو للکارا اور اس زور سے ڈانٹا کہ ابو جہل کی بولتی بند ہو گئی۔ اسی طرح مطعم بن عدی اور ہشام بن عدی نے بھی خم ٹھونک کر ابو جہل کو جھڑک دیا اور ابو البختری نے تو صاف صاف کہہ دیا کہ اے ابو جہل اس ظالمانہ معاہدہ سے نہ ہم پہلے راضی تھے اور نہ اب ہم اس کے پابند ہیں۔

اسی مجمع میں ایک طرف ابو طالب بھی بیٹھے ہوئے تھے انھوں نے کہا کہ اے لوگو! میرے بھتیجے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کہتے ہیں کہ اس معاہدہ کی دستاویز کو کیڑوں نے کھا ڈالا ہے اور صرف جہاں جہاں خدا کا نام لکھا ہوا تھا اس کو کیڑوں نے چھوڑ دیا ہے لہٰذا میری رائے یہ ہے کہ تم لوگ اس دستاویز کو نکال کر دیکھو اگر واقعی اس کو کیڑوں نے کھا لیا ہے جب تو اس کو چاک کر کے پھینک دو اور اگر میرے بھتیجے کا کہنا غلط ثابت ہوا تو میں محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو تمھارے حوالے کر دوں گا۔ یہ سن کر مطعم بن عدی کعبہ

کے اندر گیا اور دستاویز کو اتار لایا اور سب لوگوں نے اس کو دیکھا تو واقعی بجز اللہ کے نام کے پوری دستاویز کو کیڑوں نے کھا لیا تھا۔ مطعم بن عدی نے سب کے سامنے اس دستاویز کو پھاڑ کر پھینک دیا اور پھر قریش کے چند بہادر باوجود یکہ یہ سب کے سب اس وقت کفر کی حالت میں تھے ہتھیار لے کر گھاٹی میں پہنچے اور خاندان بنو ہاشم کے ایک ایک آدمی کو نکال کر لائے اور ان کو ان کے مکانوں میں آباد کر دیا۔ یہ واقعہ ۱۰ھ نبوی کا ہے۔ منصور بن عکرمہ نے اس دستاویز کو لکھا تھا اس پر یہ قہر الٰہی ٹوٹ پڑا کہ اس کا ہاتھ شل ہو کر سوکھ گیا۔

غم کا سال ۱۰ھ نبوی

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شعب ابی طالب سے نکل کر اپنے گھر میں تشریف لائے اور چند ہی روز کفار قریش کے ظلم و ستم سے کچھ امان ملی تھی کہ ابو طالب بیمار ہو گئے اور گھاٹی سے باہر آنے کے آٹھ مہینے بعد ان کا انتقال ہو گیا۔

ابو طالب کی وفات حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ایک بہت ہی جاں گداز روح فرسا حادثہ تھا کیوں کہ بچپن سے جس طرح پیار و محبت کے ساتھ ابو طالب نے آپ کی پرورش کی تھی اور زندگی کے ہر موڑ پر جس جاں نثاری کے ساتھ آپ کی نصرت و دست گیری کی اور آپ کے دشمنوں کے مقابل سینہ سپر ہو کر جس طرح آلام و مصائب کا مقابلہ کیا اس کو بھلا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کس طرح بھول سکتے تھے۔

حضرت خدیجۃ الکبریٰ کی وفات

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قلب مبارک پر ابھی ابو طالب کے انتقال کا زخم تازہ ہی تھا کہ ابو طالب کی وفات کے تین دن یا پانچ دن کے بعد حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی دنیا سے رحلت فرما گئیں۔ مکہ میں ابو طالب کے بعد سب سے زیادہ جس ہستی نے رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نصرت و حمایت میں اپنا تن من دھن سب کچھ قربان کیا وہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ذات گرامی

تھی۔ جس وقت دنیا میں کوئی آپ کا مخلص مشیر اور غم خوار نہیں تھا حضرت بی بی خدیجہ ہی تھیں کہ ہر پریشانی کے موقع پر پوری جاں نثاری کے ساتھ آپ کی غم خواری اور دل داری کرتی رہتی تھیں اس لیے ابوطالب اور حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا دونوں کی وفات سے آپ کے مددگار اور غم گسار دونوں ہی دنیا سے اٹھ گئے جس سے آپ کے قلب نازک پر عظیم صدمہ گزرا کہ آپ نے اس سال کا نام ''عام الحزن'' (غم کا سال) رکھ دیا۔

حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے رمضان ۱۰ھ نبوی میں وفات پائی بوقت وفات ۶۵ برس کی عمر تھی مقام حجون (قبرستان جنت المعلیٰ) میں مدفون ہوئیں۔ حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود بہ نفس نفیس ان کی قبر میں اترے اور اپنے مقدس ہاتھوں سے ان کی لاش مبارک کو زمین کے سپرد فرمایا۔

طائف کا سفر

مکہ والوں کے عناد اور سرکشی کو دیکھتے ہوئے جب حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان لوگوں کے ایمان لانے سے مایوسی نظر آئی تو آپ نے تبلیغ اسلام کے لیے مکہ کے قرب و جوار کی بستیوں کا رخ کیا چنانچہ اس سلسلہ میں آپ نے طائف کا بھی سفر فرمایا۔ اسی سفر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے۔ طائف میں بڑے بڑے امراء اور مال دار لوگ رہتے تھے ان رئیسوں میں عمیر کا خاندان تمام قبائل کا سردار شمار کیا جاتا تھا یہ لوگ تین بھائی تھے عبد یالیل، مسعود اور حبیب، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان تینوں کے پاس تشریف لے گئے اور اسلام کی دعوت دی ان تینوں نے اسلام قبول نہیں کیا بلکہ انتہائی بیہودہ اور گستاخانہ جواب دیا ان بدنصیبوں نے اسی پر بس نہیں کیا بلکہ طائف کے شریر غنڈوں کو ابھار دیا کہ یہ لوگ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ برا سلوک کریں چنانچہ

غنڈوں لفنگوں کا یہ شریر گروہ ہر طرف سے آپ پر ٹوٹ پڑا اور آپ کے موزے اور نعلین مبارک خون سے بھر گئے چنانچہ آپ زخموں سے بے تاب ہو کر بیٹھ جاتے تو یہ ظالم انتہائی بے دردی کے ساتھ آپ کا بازو پکڑ کر اٹھاتے اور جب آپ چلنے لگتے تو پھر آپ پر پتھروں کی بارش کرتے اور ساتھ ساتھ طعنہ زنی کرتے اور گالیاں دیتے، تالیاں بجاتے، ہنسی اڑاتے، حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دوڑ دوڑ کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر آنے والے پتھروں کو اپنے بدن پر لیتے تھے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بچاتے تھے یہاں تک کہ وہ بھی خون میں نہا گئے اور زخموں سے نڈھال ہو کر بے قابو ہو گئے یہاں تک کہ آخر میں آپ نے انگور کے باغ میں پناہ لی۔ یہ باغ مکہ کے ایک مشہور کافر عتبہ بن ربیعہ کا تھا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ حال دیکھ کر عتبہ بن ربیعہ اور اس کے بھائی شیبہ بن ربیعہ کو آپ پر رحم آ گیا اور کافر ہونے کے باوجود خاندانی حمیت نے جوش مارا چنانچہ ان دونوں کافروں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے باغ میں ٹھہرایا اور اپنے نصرانی غلام، عداس کے ہاتھ سے آپ کی خدمت میں انگور کا ایک خوشہ بھیجا حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بسم اللہ پڑھ کر خوشہ کو ہاتھ لگایا تو عداس تعجب سے کہنے لگا کہ اس اطراف کے لوگ تو یہ کلمہ نہیں بولا کرتے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے دریافت فرمایا کہ تمہارا وطن کہاں ہے؟ عداس نے کہا کہ میں شہر "نینوا" کا رہنے والا ہوں آپ نے فرمایا کہ وہ یونس بن متی کا شہر ہے وہ بھی میری طرح خدا کے پیغمبر تھے، یہ سن کر عداس آپ کے ہاتھ پاؤں چومنے لگا اور فوراً ہی آپ کا کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گیا۔

اس سفر کے مدتوں بعد ایک مرتبہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ کیا جنگ احد کے دن سے بھی زیادہ سخت کوئی دن آپ پر گزرا ہے؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں اے عائشہ! وہ دن میرے لیے جنگ احد کے دن سے بھی زیادہ سخت تھا جب میں نے طائف میں وہاں کے ایک سردار عبد یالیل کو اسلام کی دعوت دی اس نے دعوت اسلام کو حقارت کے ساتھ ٹھکرا دیا اور اہل طائف نے مجھ پر پتھراؤ کیا میں اس رنج و غم میں سر جھکائے چلتا رہا

یہاں تک کہ مقام قرن الثعالب میں پہنچ کر میرے ہوش وحواس بجا ہوئے۔ وہاں پہنچ کر جب میں نے سر اٹھایا تو دیکھتا ہوں کہ ایک بدلی مجھ پر سایہ کیے ہوئے ہے اس بادل میں سے حضرت جبریل علیہ الصلاۃ و السلام نے مجھے آواز دی اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی قوم کا قول اوران کا جواب سن لیا ہے، اب آپ کی خدمت میں پہاڑوں کا فرشتہ حاضر ہے تاکہ وہ آپ کے حکم کی تعمیل کرے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ پہاڑوں کا فرشتہ مجھے سلام کر کے عرض کرنے لگا کہ اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اللہ تعالیٰ نے آپ کی قوم کا قول اورانھوں نے آپ کو جو جواب دیا ہے وہ سب کچھ سن لیا ہے اور مجھ کو آپ کی خدمت میں بھیجا ہے تاکہ آپ مجھے جو چاہیں حکم دیں اور میں آپ کا حکم بجالاؤں اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں ابوقبیس اور قعیقان دونوں پہاڑوں کو ان کفار پر الٹ دوں تو میں الٹ دیتا ہوں یہ سن کر رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جواب دیا کہ نہیں بلکہ میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی نسلوں سے اپنے ایسے بندوں کو پیدا فرمائے گا جو صرف اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کریں گے اور شرک نہیں کریں گے۔

قبائل میں تبلیغ اسلام

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طریقہ تھا کہ حج کے زمانے میں جب کہ دور دور کے عربی قبائل مکہ میں جمع ہوتے تھے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام قبائل میں دورہ فرما کر لوگوں کو اسلام کی دعوت دیتے تھے، اسی طرح عرب میں جا بجا بہت سے میلے لگتے تھے جن میں دور دراز کے قبائل عرب جمع ہوتے تھے چنانچہ عکاظ، مجنہ، ذوالمجاز کے بڑے بڑے میلوں میں آپ نے قبائل عرب کے سامنے دعوت اسلام پیش فرمائی۔ عرب کے قبائل بنو عامر، محارب، فزارہ، غسان، مرہ، سلیم، عبس، نضر، کندہ، کلب، عذرہ، حضارمہ وغیرہ ان سب مشہور قبائل کے سامنے آپ نے اسلام پیش فرمایا مگر آپ کا چچا ابولہب ہر جگہ آپ کے ساتھ جاتا اور آپ کسی قبیلے کے سامنے وعظ فرماتے تو ابولہب چلا چلا کر یہ کہتا کہ یہ دین سے پھر گیا ہے یہ جھوٹ کہتا ہے۔

قبیلہ بنو ذہل بن شیبان کے پاس جب آپ تشریف لے گئے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی آپ کے ساتھ تھے اس قبیلہ کے سردار، مفروق، آپ کی طرف متوجہ ہوا اور اس نے کہا کہ اے قریشی برادر! آپ لوگوں کے سامنے کون سا دین پیش کرتے ہیں؟ آپ نے فرمایا کہ خدا ایک ہے اور میں اس کا رسول ہوں پھر آپ نے سورۂ انعام کی چند آیتیں تلاوت فرمائیں۔ یہ سب آپ کی تقریر اور قرآنی آیتوں کی تاثیر سے انتہائی متاثر ہوئے لیکن یہ کہا کہ ہم اپنے اس خاندانی دین کو بھلا اک دم کیسے چھوڑ سکتے ہیں جس پر ہم برسہا برس سے کاربند ہیں اس کے علاوہ ہم ملک فارس کے بادشاہ کسریٰ کے زیر اثر اور رعیت ہیں اور ہم یہ معاہدہ کر چکے ہیں کہ ہم بادشاہ کسریٰ کے سوا کسی اور کے زیر اثر نہیں رہیں گے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان لوگوں کی صاف گوئی کی تعریف فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ خیر خدا اپنے دین کا حامی و ناصر اور معین و مددگار ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ، جلد دوم۔ سیرت مصطفیٰ)

●......●......●

جنات کی آمد و بیعت

جب اہل طائف نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعوت کو قبول نہ کیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس پریشانی اور مصیبت کی حالت میں مکہ کی جانب مراجعت فرمائی، راستہ کے کنارے ایک باغ میں پہنچے جب اس باغ کے محافظ ونگہبان نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیشانی مبارک پر پریشانی کا اثر دیکھا تو اس کی رگ رحم حرکت میں آئی اور انگور کا ایک خوشہ اپنے نصرانی غلام کے ہاتھ جس کا نام ''عداس'' تھا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا جب حضور نے انگور کا خوشہ کھانے کے لیے دست مبارک رکھا تو بسم اللہ پڑھی اس پر عداس نے حضور کی طرف دیکھا اور کہنے لگا خدا کی قسم میں نے اس طرف کے لوگوں کے منہ سے ایسا کلمہ نہیں سنا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عداس سے دریافت فرمایا تم کہاں کے رہنے والے ہو اور تمہارا دین کیا ہے؟ اس نے کہا میں نصرانی ہوں اور نینوا کا رہنے والا ہوں۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم مرد صالح حضرت یونس بن متی کے قریہ کے رہنے والے ہو عداس نے کہا آپ حضرت یونس کو کیسے جانتے اور پہچانتے ہیں؟ فرمایا وہ میرے بھائی اور میری مانند خدا کے نبی ہیں۔ عداس نے کہا آپ کا نام کیا ہے فرمایا میرا نام محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ہے۔ عداس نے کہا میں نے مدت سے آپ کا نام دیکھا ہے اور آپ کی تعریف میں نے توریت میں پڑھی ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو مبعوث فرمائے گا، مکے والے آپ کی اطاعت نہ کریں گے اور آپ کو نکال دیں گے بالآخر آپ کی مدد ہوگی اور آپ کا دین روئے زمین میں پھیل جائے گا۔ اس کے بعد عداس نے آپ کے دست مبارک کو بوسہ دیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دونوں قدمہائے مبارک کو چوم کر آنکھوں سے لگایا اور مسلمان ہو گیا۔

ایک روایت میں ہے کہ جب ابو طالب نے وفات پائی تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پا پیادہ طائف تشریف لے گئے اور طائف والوں کو دعوت اسلام دی مگر انھوں نے قبول نہ کیا آپ نے مغموم و

محزون حالت میں واپسی پر ایک درخت کے نیچے تشریف فرما ہوئے اور دو رکعت ادا کر کے دعا مانگی جس میں امت کے درماندوں اور بے چاروں کے لیے تلقین و ہدایت ہے۔

واپسی میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم "وادی نخلہ" میں پہنچے (وادی نخلہ ایک مقام کا نام ہے جو مکہ مکرمہ سے ایک منزل کی مسافت پر واقع ہے) وہاں آپ نے ایک شب قیام فرمایا جب آپ نے رات میں نماز کے لیے قیام فرمایا تو شہر نصیبین (جو ملک شام میں ہے) کے سات جن اور ایک روایت میں نو جنوں نے آپ کی تلاوت قرآن کی آواز سنی۔ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو جنات کی یہ جماعت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ظاہر ہو کر آئی اور حضور نے انھیں ایمان کی دعوت دی اور وہ ایمان لے آئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم سے اپنی قوم کی طرف لوٹ گئے جب وہ اپنی قوم میں پہنچے تو انھوں نے کہا:

یا قومنا انا سمعنا کتابا انزل من بعد موسیٰ ، کذا فی روضۃ الاحباب .

(اے ہماری قوم ہم نے وہ کتاب سنی ہے جو حضرت موسیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد نازل ہوئی ہے)

مواہب لدنیہ میں سیدنا ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کچھ اور ہی روایت منقول ہے جس کے مطابق جنات کے کچھ لوگوں نے قرآن کریم سنا لیکن وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ظاہر ہو کر موجود نہ ہوئے اور اس مرتبہ انھوں نے صرف قرآن کی سماعت پر ہی اکتفاء کیا، پھر وہ اپنی قوم کی طرف گئے اس کے بعد فوج درفوج جنات کی قوم آنے لگی اور ٹولیوں کی ٹولیاں بن کر قرآن کریم سننے کے لیے آتیں اور ایمان لاتی رہیں۔ مگر وہ ظاہر ہو کر سامنے نہیں آئے نادیدہ مسلمان ہوئے۔

منقول ہے کہ حرم کے نزدیکی درختوں میں سے ایک درخت نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کلام کیا اور اس نے خبر دی کہ یا رسول اللہ جنات کی قوم آپ سے ملاقات کے لیے آئی ہوئی ہے جو مقام

حجون میں ٹھہری ہوئی ہے (حجون ایک مقام کا نام ہے جو مکہ مکرمہ کی بلندی میں واقع ہے) حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے استقبال کے لیے مکہ مکرمہ سے باہر تشریف لائے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اپنے ہمراہ لیا اور مقام حجون پہنچے جب آپ حجون کی گھاٹی میں اترے تو اپنی انگشت مبارک سے زمین پر ایک دائرہ کھینچا اور حضرت ابن مسعود سے فرمایا اس دائرے سے باہر قدم نہ نکالنا تاکہ کوئی آفت تمھیں نہ پہنچے۔ پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز میں مشغول ہوئے اور نماز میں سورۂ طٰہٰ کی تلاوت فرمائی ایک روایت میں بارہ ہزار اور ایک روایت میں چھ ہزار جنات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں موجود تھے نماز کے بعد ان سب کو دعوت اسلام دی اور سب مسلمان ہو گئے۔

مروی ہے کہ جنات کی قوم نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نبوت پر گواہی مانگی تو ایک درخت کو جو اس وادی کے کنارے کھڑا تھا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے قریب بلایا وہ سامنے آ کھڑا ہو گیا اور کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جنات نے اپنے اور اپنے جانوروں کے کھانے کے لیے مجھ سے توشہ مانگا ہے، اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جنات کے لیے استخواں یعنی ہڈیاں اور ان کے چوپایوں کے لیے سرگین (گوبر) مقرر فرمائی۔ اور حضور نے جنات سے فرمایا جب تم ہڈیوں کو لے کر خدا کا نام لو گے تو حق تعالیٰ اس پر اتنا گوشت پیدا فرمادے گا کہ تم سیر ہو جاؤ گے اور جب تم اپنے چوپایوں کے لیے سرگین لو گے تو حق تعالیٰ اس میں دانے اور غلے پیدا فرمادے گا۔ اسی بناء پر شریعت میں ہڈی اور سرگین سے استنجا کرنا ممنوع قرار دیا گیا ہے۔

جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم طائف سے مکہ مکرمہ واپس ہوئے تو آپ یکا یک مکہ مکرمہ میں داخل نہ ہوئے مبادا مکہ والوں نے طائف اور ثقیف کے لوگوں کی حرکتیں اور ان کی شناعتیں اور حماقتیں نہ سن لی ہوں اور وہ بھی ویسی ہی بدسلوکی کرنے لگیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پہلے کسی کو قریش کے قبائل کی

طرف امان و پناہ کے لیے بھیجا مگر کسی نے نہ مانا، یہاں تک کہ مطعم بن عدی نے اپنی امان و پناہ میں لینے کا وعدہ کیا۔ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع ملی تو حضور مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے، حجر اسود کو بوسہ دیا اور خانۂ کعبہ کا طواف کیا اور دو رکعت نماز پڑھی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (مولف) (مدارج النبوہ، دوم)

جنات کی خوراک

جنات کی خوراک وغیرہ سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

قوم جن کے وفد جو بارگاہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور اپنے اور اپنے جانوروں کے لیے خوراک طلب کی ان سے ارشاد ہوا۔

لکم کل عظم ذکر اسم الله علیه یقع فی ایدیکم اوفر ما یکون لحما و کل بعرة علف لدوابکم .

تمھارے لیے ہر ہڈی ہے جس پر اللہ عزوجل کا نام پاک لیا جائے یعنی حلال مذکی جانور کی ہڈی ہو وہ تمھارے ہاتھ میں اس حال پر ہوگی جیسی اس وقت تھی جب اس پر گوشت پورا اور کامل تھا۔ (یعنی گوشت چھڑائی ہوئی ہڈی تمھیں مع گوشت ملے گی) اور ہر مینگنی تمھارے چوپایوں کے لیے چارہ ہے۔

پھر انسانوں سے ارشاد ہوا۔

فلا تستنجوا بهما فانهما طعام اخوانکم .

ہڈی اور مینگنی سے استنجاء نہ کرو کہ وہ تمھارے بھائیوں کی خوراک ہے۔

اسے مسلم نے اپنی صحیح میں ابو مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۲/۱۷۰)

جن سب سے پہلے نماز فجر میں آئے

بخاری و مسلم روایت کرتے ہیں عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فی حدیث مجئ الجن الیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اول البعث انہم اتوہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و سلم و ھو یصلی باصحابہ صلاۃ الفجر.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ مقدس میں جنوں کے آنے کی حدیث میں ہے کہ زمانۂ بعثت کے آغاز میں جنات بارگاہ رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں اس وقت آئے جب کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے اصحاب کو نماز فجر پڑھا رہے تھے۔ (مولف)

قال الزرقانی المراد بالفجر رکعتان اللتان کان یصلیھما قبل طلوع الشمس.

امام زرقانی فرماتے ہیں کہ فجر سے مراد وہ دو رکعت ہیں جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم طلوع آفتاب سے پہلے پڑھتے تھے۔ (مولف)

لیلۃ الجن میں وضو

ذکر ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی تفسیر نبیذ التمر الذی توضأ بہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لیلۃ الجن فقال تمیرات القیتھا فی الماء.

لیلۃ الجن میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس نبیذ سے وضو فرمایا تھا اس کے بارے میں حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ وہ نبیذ تمر ہے جس میں میں نے چند چھوہارے پانی میں ڈالے تھے۔ نبیذ اگر رقیق و سیال ہو تو اس سے وضو جائز ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۱/۴۵۰۔ النور والنورق)

ہجرت سے قبل مدینہ میں
آفتاب رسالت کی ضیاء پاشیاں

مدینہ نوری بستی ہے
جہاں رحمت برستی ہے

ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ فوق ایدیھم

وہ جو تمھاری بیعت کرتے ہیں وہ تو اللہ ہی سے بیعت کرتے ہیں ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔
(الفتح، ۱۰)

ہجرت سے قبل مدینہ میں آفتاب رسالت کی ضیاء پاشیاں

مدینہ منورہ کا پرانا نام ''یثرب'' ہے جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس شہر میں سکونت فرمائی تو اس کا نام ''مدینۃ النبی'' پڑ گیا پھر یہ نام مختصر ہو کر ''مدینہ'' مشہور ہو گیا، تاریخی حیثیت سے یہ بہت پرانا شہر ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب اعلان نبوت فرمایا تو اس شہر میں عرب کے دو قبیلے ''اوس'' اور ''خزرج'' اور کچھ یہودی آباد تھے۔ اوس و خزرج کفار مکہ کی طرح بت پرست اور یہودی اہل کتاب تھے۔ اوس و خزرج پہلے تو بڑے اتفاق و اتحاد کے ساتھ مل جل کر رہتے تھے مگر پھر عربوں کی فطرت کے مطابق ان دونوں قبیلوں میں لڑائیاں شروع ہو گئیں یہاں تک کہ آخری لڑائی جو تاریخ عرب میں ''جنگ بعاث'' کے نام سے مشہور ہے اس قدر ہولناک اور خوں ریز ہوئی کہ اس لڑائی میں اوس و خزرج کے تقریباً تمام نامور بہادر لڑ بھڑ کر کٹ مر گئے اور یہ دونوں قبیلے بے حد کمزور ہو گئے۔ یہودی اگرچہ تعداد میں بہت کم تھے مگر چوں کہ وہ تعلیم یافتہ تھے اس لیے اوس و خزرج ہمیشہ یہودیوں کی علمی برتری سے مرعوب اور ان کے زیر اثر رہتے تھے۔

اسلام قبول کرنے کے بعد رسول رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مقدس تعلیم و تربیت کی بدولت اوس و خزرج کے تمام پرانے اختلافات ختم ہو گئے اور یہ دونوں قبیلے شیر و شکر کی طرح گھل مل کر رہنے لگے۔ اور چوں کہ ان لوگوں نے اسلام اور مسلمانوں کی اپنے تن من دھن سے بے پناہ امداد و نصرت کی اس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان خوش بختوں کو ''انصار'' کے معزز لقب سے سرفراز فرما دیا اور قرآن کریم نے بھی جاں نثاران اسلام کی نصرت رسول و امداد مسلمین پر ان خوش نصیبوں کی مدح و ثنا کا جا بجا خطبہ پڑھا اور از روئے شریعت انصار کی محبت اور ان کی جناب میں حسن عقیدت تمام امت مسلمہ کے لیے لازم الایمان قرار پایا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

مدینہ میں اسلام کیوں کر پھیلا

انصار گو بت پرست تھے مگر یہودیوں کے میل جول سے اتنا جانتے تھے کہ نبی آخر الزماں کا ظہور ہونے والا ہے اور مدینہ کے یہودی اکثر انصار کے دونوں قبیلوں اوس وخزرج کو دھمکیاں بھی دیا کرتے تھے کہ نبی آخر الزماں (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے ظہور کے وقت ہم ان کے لشکر میں شامل ہو کر تم بت پرستوں کو دنیا سے نیست و نابود کر ڈالیں گے اس لیے نبی آخر الزماں کی تشریف آوری کا یہود اور انصار دونوں کو انتظار تھا۔

۱۱ ؁ نبوی میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معمول کے مطابق حج میں آنے والے قبائل کو دعوت اسلام دینے کے لیے منیٰ کے میدان میں تشریف لے گئے اور قرآن مجید کی آیتیں سنا سنا کر لوگوں کے سامنے اسلام پیش فرمانے لگے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منیٰ میں عقبہ (گھاٹی) کے پاس جہاں آج "مسجد العقبہ" ہے تشریف فرما تھے کہ قبیلۂ خزرج کے چھ آدمی آپ کے پاس آ گئے۔ آپ نے ان لوگوں سے ان کا نام و نسب پوچھا پھر قرآن کی چند آیتیں سنا کر ان لوگوں کو اسلام کی دعوت دی جس سے یہ لوگ بے حد متأثر ہو گئے اور ایک دوسرے کا منہ دیکھ کر واپسی میں یہ کہنے لگے کہ یہودی جس نبی آخر الزماں کی خوش خبری دیتے رہے ہیں۔ یقیناً وہ نبی یہی ہیں۔ لہٰذا کہیں ایسا نہ ہو کہ یہودی ہم سے پہلے اسلام کی دعوت قبول کر لیں یہ کہہ کر سب ایک ساتھ مسلمان ہو گئے اور مدینہ جا کر اپنے اہل خاندان اور رشتہ داروں کو بھی اسلام کی دعوت دی۔ ان چھ خوش نصیبوں کے نام یہ ہیں۔

(۱) حضرت ابوالہیثم بن تیہان

(۲) حضرت ابوامامہ اسعد بن زرارہ

(۳) حضرت عوف بن حارث

(۴) حضرت رافع بن مالک

(۵) حضرت قطبہ بن عامر بن حدیدہ

(٦) حضرت جابر بن عبداللہ بن ریاب۔(رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین)

بیعت عقبہ اولیٰ

دوسرے سال ۱۲ ؁ نبوی میں حج کے موقع پر مدینہ کے بارہ اشخاص منیٰ کی اس گھاٹی میں چھپ کر مشرف بہ اسلام ہوئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیعت کا شرف حاصل کیا تاریخ اسلام میں اس بیعت کا نام ''بیعت عقبہ اولیٰ'' ہے۔

ساتھ ہی ان لوگوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے درخواست بھی کی کہ احکام اسلام کی تعلیم کے لیے کوئی معلم بھی ان لوگوں کے ساتھ کر دیا جائے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان لوگوں کے ساتھ مدینہ منورہ بھیج دیا وہ مدینہ میں حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان پر ٹھہرے اور انصار کے ایک ایک گھر میں جا جا کر اسلام کی تبلیغ کرنے لگے اور روزانہ ایک دو نئے آدمی آغوش اسلام میں آنے لگے یہاں تک کہ رفتہ رفتہ مدینہ سے قبا تک گھر گھر اسلام پھیل گیا۔

قبیلۂ اوس کے سردار حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت ہی بہادر اور با اثر شخص تھے۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب ان کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کی تو انھوں نے پہلے تو اسلام سے نفرت و بیزاری ظاہر کی مگر جب حضرت مصعب بن عمیر نے ان کو قرآن مجید پڑھ کر سنایا تو ایک دم ان کا دل پسیج گیا اور اس قدر متأثر ہوئے کہ سعادت ایمان سے سرفراز ہو گئے ان کے مسلمان ہوتے ہی ان کا قبیلہ اوس بھی دامن اسلام میں آ گیا۔

بیعت عقبہ ثانیہ

اس کے ایک سال بعد ۱۳ ؁ نبوی میں حج کے موقع پر مدینہ کے تقریباً ۷۲/بہتر اشخاص نے منیٰ کی اسی گھاٹی میں اپنے بت پرست ساتھیوں سے چھپ کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست حق پرست پر بیعت کی۔ اور یہ عہد کیا کہ ہم لوگ آپ کی اور اسلام کی حفاظت کے لیے اپنی جان تک قربان کر دیں گے۔ اس موقع پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی موجود تھے جو ابھی تک مسلمان نہیں ہوئے تھے انھوں نے مدینہ والوں سے کہا کہ دیکھو محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اپنے خاندان بنی ہاشم میں ہر طرح محترم اور باعزت ہیں ہم لوگوں نے دشمنوں کے مقابلہ میں سینہ سپر ہو کر ہمیشہ ان کی حفاظت کی ہے اب تم لوگ ان کو اپنے وطن میں لے جانے کے خواہش مند ہو تو سن لو اگر مرتے دم تک تم لوگ ان کا ساتھ دے سکو تو بہتر ہے ورنہ ابھی سے کنارہ کش ہو جاؤ۔ یہ سن کر حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ طیش میں آ کر کہنے لگے کہ ہم لوگ تلواروں کی گود میں پلے ہیں حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اتنا ہی کہنے پائے تھے کہ ابوالہیثم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بات کاٹتے ہوئے یہ کہا کہ یارسول اللہ ہم لوگوں کے یہودیوں سے پرانے تعلقات ہیں اب ظاہر ہے کہ ہمارے مسلمان ہو جانے کے بعد یہ تعلقات ٹوٹ جائیں گے کہیں ایسا نہ ہو کہ جب اللہ تعالیٰ آپ کو غلبہ عطا فرمائے تو آپ ہم لوگوں کو چھوڑ کر اپنے وطن مکہ چلے جائیں یہ سن کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسکراتے ہوئے جواب دیا کہ تم لوگ اطمینان رکھو کہ تمھارا خون میرا خون ہے اور یقین کرو کہ میرا جینا مرنا تمھارے ساتھ ہے میں تمھارا ہوں اور تم میرے۔ تمھارا دشمن میرا دشمن اور تمھارا دوست میرا دوست ہے۔

جب انصار یہ بیعت کر رہے تھے تو حضرت سعد بن زرارہ یا حضرت عباس بن نضلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کہا کہ میرے بھائیو! تمھیں یہ بھی خبر ہے کہ تم لوگ کس چیز پر بیعت کر رہے ہو؟ خوب سمجھ لو کہ یہ عرب و عجم کے ساتھ اعلان جنگ ہے انصار نے طیش میں آ کر نہایت ہی پر جوش لہجے میں کہا کہ ہاں ہاں ہم

لوگ اسی پر بیعت کررہے ہیں۔ بیعت ہو جانے کے بعد آپ نے اس جماعت میں سے بارہ آدمیوں کو نقیب (سردار) مقرر فرمایا ان میں نو آدمی قبیلہ خزرج کے اور تین اشخاص قبیلہ اوس کے تھے جن کے مبارک نام یہ ہیں۔

(۱) ابوامامہ اسعد بن زرارہ (۲) سعد بن ربیع

(۳) عبداللہ بن رواحہ (۴) رافع بن مالک

(۵) براء بن معرور (۶) عبداللہ بن عمرو

(۷) سعد بن عبادہ (۸) منذر بن عمرو

(۹) عبادہ بن ثابت

یہ نو آدمی قبیلۂ خزرج کے ہیں۔

(۱۰) اسید بن حضیر (۱۱) سعد بن خیثمہ

(۱۲) ابوالہیثم بن تیہان

یہ تین شخص قبیلۂ اوس کے ہیں۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین)

اس کے بعد یہ تمام حضرات اپنے ڈیروں پر چلے گئے۔ صبح کے وقت جب قریش کو اس کی اطلاع پہنچی تو وہ آگ بگولا ہو گئے اور ان لوگوں نے ڈانٹ کر مدینہ والوں سے پوچھا کہ کیا تم لوگوں نے ہمارے ساتھ جنگ کرنے پر محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) سے بیعت کی ہے۔ انصار کے کچھ ساتھیوں نے جو مسلمان نہیں ہوئے تھے اپنی لاعلمی ظاہر کی یہ سن کر قریش واپس چلے گئے مگر جب تحقیق و تفتیش کے بعد کچھ انصار کی بیعت کا حال معلوم ہوا تو قریش غیظ و غضب میں آپے سے باہر ہو گئے اور بیعت کرنے والوں کی گرفتاری

کے لیے تعاقب کیا مگر قریش حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سوا کسی اور کو نہیں پکڑ سکے۔ قریش حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے ساتھ مکہ لائے اور ان کو قید کر دیا۔ مگر جب جبیر بن مطعم اور حارث بن حرب بن امیہ کو پتہ چلا تو ان دونوں نے قریش کو سمجھایا کہ خدا کے لیے سعد بن عبادہ کو فوراً چھوڑ دو ورنہ تمھاری ملک شام کی تجارت خطرے میں پڑ جائے گی۔ یہ سن کر قریش نے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قید سے رہا کر دیا اور وہ بخیریت مدینہ پہنچ گئے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ۔ سیرت مصطفیٰ)

ہجرت مدینہ

قسمت ثور و حرا کی حرص ہے
چاہتے ہیں دل میں گہرا غار ہم

اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ اَخْرَجَهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ هُمَا فِی الْغَارِ اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِیْنَتَهٗ عَلَیْهِ وَ اَیَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَ جَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِیْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى وَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْیَا وَ اللّٰهُ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ۔

اگر تم محبوب کی مدد نہ کرو تو بیشک اللہ نے ان کی مدد فرمائی جب کافروں کی شرارت سے انھیں باہر تشریف لے جانا ہوا صرف دو جان سے جب وہ دونوں غار میں تھے جب اپنے یار سے فرماتے تھے غم نہ کھا بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے تو اللہ نے اس پر اپنا سکینہ اتارا اور ان فوجوں سے اس کی مدد کی جو تم نے نہ دیکھیں اور کافروں کی بات نیچے ڈالی اللہ ہی کا بول بالا ہے اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔ (سورۃ التوبہ/۴۰)

ہجرت مدینہ

مدینہ منورہ میں جب اسلام اور مسلمانوں کو پناہ مل گئی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابۂ کرام کو عام اجازت دے دی کہ وہ مکے سے ہجرت کر کے مدینہ چلے جائیں۔ چنانچہ سب سے پہلے حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہجرت کی اس کے بعد یکے بعد دیگرے دوسرے لوگ بھی مدینہ روانہ ہونے لگے۔ جب کفار قریش کو پتہ چلا تو انھوں نے روک ٹوک شروع کر دی مگر چھپ چھپ کر لوگوں نے ہجرت کا سلسلہ جاری رکھا یہاں تک کہ رفتہ رفتہ بہت سے صحابہ کرام مدینہ منورہ چلے گئے صرف وہی حضرات مکہ میں رہ گئے جو یا تو کافروں کی قید میں تھے یا اپنی مفلسی کی وجہ سے مجبور تھے۔

کفار کانفرنس

جب مکہ کے کافروں نے یہ دیکھ لیا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور مسلمانوں کے مددگار مکہ سے باہر مدینہ میں ہو گئے اور مدینہ جانے والے مسلمانوں کو انصار نے اپنی پناہ میں لے لیا ہے تو کفار مکہ کو یہ خطرہ محسوس ہونے لگا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) بھی مدینہ چلے جائیں اور وہاں سے اپنے حامیوں کی فوج لے کر مکہ پر چڑھائی نہ کر دیں۔

چنانچہ اس خطرہ کا دروازہ بند کرنے کے لیے کفار مکہ نے اپنے دارالندوۃ (پنچائت گھر) میں ایک بہت بڑی کانفرنس منعقد کی۔ اور یہ کفار مکہ کا ایسا زبردست نمائندہ اجتماع تھا کہ مکہ کا کوئی بھی ایسا دانشور اور باا‌ثر شخص نہ تھا جو اس کانفرنس میں شریک نہ ہوا ہو۔

خصوصیت کے ساتھ ابوسفیان، ابوجہل، عتبہ، جبیر بن مطعم، نضر بن حارث، ابوالبختری، زمعہ بن اسود، حکیم بن حزام، امیہ بن خلف وغیرہ وغیرہ تمام سردارانِ قریش اس مجلس میں موجود تھے۔ شیطان

لعین بھی کمبل اوڑھے ایک بزرگ شیخ کی صورت میں آ گیا۔ قریش کے سرداروں نے نام ونسب پوچھا تو بولا کہ میں شیخ نجد ہوں اس لیے اس کانفرنس میں آ گیا ہوں کہ میں تمھارے معاملہ میں اپنی رائے بھی پیش کروں۔

یہ سن کر قریش کے سرداروں نے ابلیس کو بھی اپنی کانفرنس میں شریک کر لیا۔ اور کانفرنس کی کارروائی شروع ہوگئی۔ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معاملہ پیش ہوا تو ابوالبختری نے یہ رائے دی کہ ان کو کسی کوٹھری میں بند کر کے ان کے ہاتھ پاؤں باندھ دو اور ایک سوراخ سے کھانا پانی ان کو دے دیا کرو۔

شیخ نجدی (شیطان) نے کہا کہ یہ رائے اچھی نہیں خدا کی قسم اگر تم لوگوں نے ان کو کسی مکان میں قید کر دیا تو یقیناً ان کے جاں نثار اصحاب کو اس کی خبر لگ جائے گی اور وہ اپنی جان پر کھیل کر ان کو قید سے چھڑا لیں گے۔

ابوالاسود ربیعہ بن عمرو عامری نے یہ مشورہ دیا کہ ان کو مکہ سے نکال دو تا کہ یہ کسی دوسرے شہر میں جا کر رہیں اس طرح ہم کو ان کے قرآن پڑھنے اور ان کی تبلیغ اسلام سے نجات مل جائے گی۔

یہ سن کر شیخ نجدی نے بگڑ کر کہا کہ تمھاری اس رائے پر لعنت، کیا تم لوگوں کو معلوم نہیں کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے کلام میں کتنی مٹھاس اور تاثیر و دلکشی ہے؟ خدا کی قسم اگر تم لوگ ان کو شہر بدر کر کے چھوڑ دو گے تو پورے ملک عرب میں لوگوں کو قرآن سنا سنا کر تمام قبائل عرب کو اپنا تابع فرمان بنا لیں گے اور پھر اپنے ساتھ ایک عظیم لشکر کو لے کر تم پر ایسی یلغار کر دیں گے کہ تم ان کے مقابلہ سے عاجز و لاچار ہو جاؤ گے اور پھر بجز اس کے کہ تم ان کے غلام بن کر رہو کچھ بنائے نہ بنے گی اس لیے ان کو جلاوطن کرنے کی بات ہی مت کرو۔

ابو جہل بولا کہ صاحبو! میرے ذہن میں ایک رائے ہے جواب تک کسی کو نہیں سوجھی یہ سن کر سب کے کان کھڑے ہو گئے اور سب نے بڑے اشتیاق کے ساتھ پوچھا کہ کہیئے وہ کیا ہے؟ تو ابو جہل نے کہا کہ میری رائے یہ ہے کہ ہر قبیلہ کا ایک ایک مشہور بہادر تلوار لے کر اٹھ کھڑا ہو اور سب یکبارگی حملہ کر کے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو قتل کر ڈالیں۔ اس تدبیر سے خون کا جرم تمام قبیلوں کے سر پر رہے گا۔ ظاہر ہے کہ خاندان بنو ہاشم اس خون کا بدلہ لینے کے لیے تمام قبیلوں سے لڑنے کی طاقت نہیں رکھ سکتے لہٰذا یقیناً وہ خون بہا لینے پر راضی ہو جائیں گے اور ہم لوگ مل جل کر آسانی کے ساتھ خون بہا کی رقم ادا کر دیں گے۔

ابو جہل کی یہ خونی تجویز سن کر شیخ نجدی مارے خوشی کے اچھل پڑا اور کہا کہ یہ تدبیر بالکل درست ہے اس کے سوا اور کوئی تجویز قابل قبول نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ تمام شرکاء کانفرنس نے اتفاق رائے سے اس تجویز کو پاس کر دیا اور مجلس شوریٰ برخاست ہوگئی اور ہر شخص یہ خوفناک عزم لے کر اپنے اپنے گھر چلا گیا۔

ہجرت رسول کا واقعہ

جب کفار حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قتل پر اتفاق کر کے کانفرنس ختم کر چکے اور اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہو گئے۔ تو حضرت جبریل علیہ السلام رب العالمین کا حکم لے کر نازل ہو گئے۔

کہ اے محبوب! آج کی رات آپ اپنے بستر پر نہ سوئیں اور ہجرت کر کے مدینہ تشریف لے جائیں۔

چنانچہ عین دوپہر کے وقت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر تشریف لے گئے۔

اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ سب گھر والوں کو ہٹا دو کچھ مشورہ کرنا ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! آپ پر میرے ماں باپ قربان یہاں آپ کی اہلیہ (حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے سوا اور کوئی نہیں (اس وقت حضرت عائشہ سے حضور کا نکاح ہو چکا تھا) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوبکر اللہ تعالیٰ نے مجھے ہجرت کی اجازت فرمادی ہے حضرت ابوبکر صدیق نے عرض کیا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان! مجھے بھی ہمراہی کا شرف عطا فرمایئے آپ نے ان کی درخواست منظور فرمالی۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چار مہینے سے دو اونٹنیاں ببول کی پتی کھلا کھلا کر تیار کی تھیں کہ ہجرت کے وقت یہ سواری کے کام آئیں گی۔ عرض کیا یارسول اللہ ان میں سے ایک اونٹنی آپ قبول فرمالیں آپ نے ارشاد فرمایا کہ قبول ہے مگر میں اس کی قیمت دوں گا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بادل ناخواستہ (فرمان رسالت سے مجبور ہوکر) اس کو قبول کیا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تو اس وقت بہت کم عمر تھیں لیکن ان کی بڑی بہن حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے سامان سفر درست کیا اور توشہ دان میں کھانا رکھ کر اپنی کمر کے پٹکے کو پھاڑ کر دو ٹکڑے کیے۔ ایک سے توشہ دان کو باندھا اور دوسرے سے مشک کا منہ باندھا۔ یہ وہ قابل فخر شرف ہے جس کی بناء پر ان کو ''ذات النطاقین'' (دو پٹکے والی) کے معزز لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔

اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک کافر کو جس کا نام عبداللہ بن اریقط تھا جو راستوں کا ماہر تھا راہ نمائی کے لیے اجرت پر نوکر رکھا اور ان دونوں اونٹنیوں کو اس کے سپرد کر کے فرمایا کہ تین راتوں کے بعد وہ ان دونوں اونٹنیوں کو لے کر غار ثور کے پاس آجائے۔ یہ سارا انتظام کر لینے کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے مکان پر تشریف لائے۔

کاشانہ نبوت کا محاصرہ

کفار مکہ نے اپنے پروگرام کے مطابق کاشانہ نبوت کو گھیر لیا اور انتظار کرنے لگے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سو جائیں تو ان پر قاتلانہ حملہ کیا جائے۔ اس وقت گھر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس صرف علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔

کفار مکہ اگرچہ رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بدترین دشمن تھے مگر اس کے باوجود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امانت و دیانت پر کفار کو اس قدر اعتماد تھا کہ وہ اپنے قیمتی مال و سامان کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس امانت رکھتے تھے چنانچہ اس وقت بھی بہت سی امانتیں کاشانہ نبوت میں تھیں۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ تم میری سبز رنگ کی چادر اوڑھ کر میرے بستر پر سو رہو اور میرے چلے جانے کے بعد تم قریش کی تمام امانتیں ان کے مالکوں کو سونپ کر مدینہ چلے آنا۔

یہ بڑا ہی خوفناک اور بڑے سخت خطرے کا موقع تھا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو معلوم تھا کہ کفار مکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قتل کا ارادہ کر چکے ہیں۔ مگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان سے کہ تم قریش کی ساری امانتیں لوٹا کر مدینہ چلے آنا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یقین کامل تھا کہ میں زندہ رہوں گا اور مدینہ پہنچوں گا اس لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بستر جو آج کانٹوں کا بچھونا تھا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے پھولوں کی سیج بن گیا اور آپ بستر پر صبح تک آرام کے ساتھ میٹھی میٹھی نیند سوتے رہے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بستر نبوت پر جان ولایت کو سلا کر ایک مٹھی خاک ہاتھ میں

لی اور سورۂ یٰسٓ کی ابتدائی آیتوں کو تلاوت فرماتے ہوئے نبوت خانہ سے باہر تشریف لائے اور محاصرہ کرنے والے کافروں کے سروں پر خاک ڈالتے ہوئے ان کے مجمع سے صاف نکل گئے نہ کسی کو نظر آئے نہ کسی کو کچھ خبر ہوئی۔ ایک دوسرا شخص جو اس مجمع میں موجود تھا اس نے ان لوگوں کو خبر دی کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) تو یہاں سے نکل گئے اور چلتے وقت تمہارے سروں پر خاک ڈال گئے چنانچہ ان کور بختوں نے اپنے سروں پر ہاتھ پھیرا تو واقعی ان کے سروں پر خاک اور دھول پڑی ہوئی تھی۔

اے شہر مکہ!

رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے دولت خانہ سے نکل کر مقام حزورہ کے پاس کھڑے ہو گئے اور بڑی حسرت کے ساتھ کعبہ کو دیکھا اور فرمایا کہ :

اے شہر مکہ! تو مجھ کو تمام دنیا سے زیادہ پیارا ہے اگر میری قوم مجھ کو تجھ سے نہ نکالتی تو میں تیرے سوا کسی اور جگہ سکونت پذیر نہ ہوتا۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پہلے ہی قرارداد ہو چکی تھی وہ بھی اسی جگہ آ گئے اور اس خیال سے کہ کفار مکہ ہمارے قدموں کے نشان سے ہمارا راستہ پہچان کر ہمارا پیچھا نہ کریں۔ پھر یہ بھی دیکھا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پائے نازک زخمی ہو گئے ہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کو اپنے کندھوں پر سوار کر لیا اور اس طرح خاردار جھاڑیوں اور نوک دار پتھروں والی پہاڑیوں کو روندتے ہوئے اسی رات غار ثور پہنچے۔

تاجدار کائنات غار ثور میں

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے خود غار ثور میں داخل ہوئے اور اچھی طرح غار کی صفائی کی اور اپنے بدن کے کپڑے پھاڑ پھاڑ کر غار کے تمام سوراخوں کو بند کیا پھر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم غار کے اندر تشریف لے گئے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی گود میں اپنا سر مبارک رکھ کر سو گئے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک سوراخ کو اپنی ایڑی سے بند کر رکھا تھا سوراخ کے اندر سے ایک سانپ نے بار بار یار غار کے پاؤں میں کاٹا مگر حضرت صدیق جانثار نے اس خیال سے پاؤں نہیں ہٹایا کہ رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خواب راحت میں خلل نہ پڑ جائے مگر درد کی شدت سے یار غار کے آنسوؤں کی دھار کے چند قطرات سرور کائنات کے رخسار پر نثار ہو گئے جس سے رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیدار ہو گئے اور اپنے یار غار کو روتا دیکھ کر بے قرار ہو گئے پوچھا ابوبکر کیا ہوا؟ عرض کی کہ یا رسول اللہ مجھے سانپ نے کاٹ لیا ہے یہ سن کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زخم پر اپنا لعاب دہن لگا دیا جس سے فوراً ہی سارا درد جاتا رہا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین رات اس غار میں رونق افروز رہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جوان فرزند حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روزانہ رات کو غار کے منہ پر سوتے اور صبح سویرے ہی مکہ چلے جاتے اور پتہ لگاتے کہ قریش کیا تدبیریں کر رہے ہیں؟ جو کچھ خبر ملتی شام کو آ کر حضور سے عرض کر دیتے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غلام حضرت عامر بن فہیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کچھ رات گئے چراگاہ سے بکریاں لے کر غار کے پاس آ جاتے اور ان بکریوں کا دودھ دونوں عالم کے تاجدار اور ان کے یار غار پی لیتے تھے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو غار ثور میں تشریف فرما ہو گئے ادھر کاشانہ نبوت کا محاصرہ کرنے والے کفار جب صبح کو مکان میں داخل ہوئے تو بستر نبوت پر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ ظالموں نے تھوڑی دیر آپ سے پوچھ گچھ کر کے آپ کو چھوڑ دیا۔ پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلاش و جستجو میں مکہ اور اطراف و جوانب کا چپہ چپہ چھان مارا یہاں تک کہ ڈھونڈتے ڈھونڈتے غار ثور تک پہنچ گئے مگر غار کے منہ پر

اس وقت خداوندی حفاظت کا پہرہ لگا ہوا تھا یعنی غار کے منہ پر مکڑی نے جالا تن دیا تھا اور کنارے پر کبوتری نے انڈے دے رکھے تھے یہ منظر دیکھ کر کفار قریش آپس میں کہنے لگے کہ اس غار میں کوئی انسان موجود ہوتا تو نہ مکڑی جالا تنتی نہ کبوتری یہاں انڈے دیتی۔

کفار کی آہٹ پا کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کچھ گھبرائے اور عرض کیا کہ یارسول اللہ اب ہمارے دشمن اس قدر قریب آ گئے ہیں کہ اگر وہ اپنے قدموں پر نظر ڈالیں گے تو ہم کو دیکھ لیں گے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

لا تحزن ان اللہ معنا.

مت گھبراؤ خدا ہمارے ساتھ ہے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قلب پر سکون و اطمینان کا ایسا سکینہ اتار دیا کہ وہ بالکل ہی بے خوف ہو گئے۔

بہر حال چوتھے روز حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یکم ربیع الاول کے دن غار ثور سے باہر تشریف لائے۔ عبداللہ بن اریقط جس کو راہ نمائی کے لیے کرایہ پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نوکر رکھ لیا تھا وہ قرارداد کے مطابق دو اونٹنیاں لے کر غار ثور پر حاضر تھا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی اونٹنی پر سوار ہوئے اور ایک اونٹنی پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عامر بن فہیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیٹھے اور عبد اللہ بن اریقط آگے آگے پیدل چلنے لگے اور عام راستہ سے ہٹ کر ساحل سمندر کے غیر معروف راستوں سے سفر شروع کر دیا۔

سو اونٹ کا انعام

ادھر اہل مکہ نے اشتہار دے دیا تھا کہ جو شخص محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو گرفتار کر کے لائے گا

اس کو ایک سو اونٹ انعام ملے گا۔ اس گراں قدر انعام کے لالچ میں بہت سے لالچی لوگوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلاش شروع کر دی اور کچھ لوگ تو منزلوں دور تک تعاقب میں گئے۔

ام معبد کی بکری

دوسرے روز مقام ''قدید'' میں ام معبد عاتکہ بنت خالد خزاعیہ کے مکان پر آپ کا گزر ہوا ام معبد ایک ضعیفہ عورت تھی جو اپنے خیمہ کے صحن میں بیٹھی رہا کرتی تھی اور مسافروں کو کھانا پانی دیا کرتی تھی۔ حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے اس سے کچھ کھانا خریدنے کا قصد کیا مگر اس کے پاس کوئی چیز موجود نہ تھی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیکھا کہ اس کے خیمہ کے ایک جانب ایک بہت ہی لاغر بکری ہے۔ دریافت فرمایا کیا یہ دودھ دیتی ہے؟ ام معبد نے کہا نہیں آپ نے فرمایا کہ اگر تم اجازت دو تو میں اس کا دودھ دوہ لوں۔ ام معبد نے اجازت دے دی اور آپ نے بسم اللہ پڑھ کر جو اس کے تھن کو ہاتھ لگایا تو اس کا تھن دودھ سے بھر گیا اور اتنا دودھ نکلا کہ سب لوگ سیراب ہو گئے اور ام معبد کے تمام برتن دودھ سے بھر گئے۔ یہ معجزہ دیکھ کر ام معبد اور ان کے خاوند دونوں مشرف بہ اسلام ہو گئے۔

روایت ہے کہ ام معبد کی یہ بکری ۱۸ھ تک زندہ رہی اور برابر دودھ دیتی رہی اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں جب عام الرماد کا سخت قحط پڑا کہ تمام جانوروں کے تھنوں کا دودھ خشک ہو گیا اس وقت بھی یہ بکری صبح و شام برابر دودھ دیتی رہی۔

سراقہ کا گھوڑا

جب ام معبد کے گھر سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آگے روانہ ہوئے تو مکہ کا ایک مشہور شہسوار سراقہ بن مالک بن جعشم تیز رفتار گھوڑے پر سوار ہو کر تعاقب کرتا نظر آیا قریب پہنچ کر حملہ کرنے کا ارادہ کیا مگر اس کے گھوڑے نے ٹھوکر کھائی اور وہ گھوڑے سے گر پڑا۔ مگر سو اونٹوں کا انعام کوئی معمولی چیز نہ تھی،

انعام کے لالچ نے اسے دوبارہ ابھارا اور وہ حملہ کی نیت سے آگے بڑھا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا سے پتھریلی زمین میں اس کے گھوڑے کا پاؤں گھٹنوں تک زمین میں دھنس گیا۔ سراقہ یہ معجزہ دیکھ کر خوف و دہشت سے کانپنے لگا اور امان امان پکارنے لگا۔

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دل رحم و کرم کا سمندر تھا سراقہ کی لاچاری اور گریہ زاری پر آپ کا دریائے رحمت جوش میں آ گیا دعا فرما دی تو زمین نے اس کے گھوڑے کو چھوڑ دیا۔ اس کے بعد سراقہ نے عرض کیا کہ مجھ کو امن کا پروانہ لکھ دیجیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم سے حضرت عامر بن فہیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سراقہ کے لیے امن کی تحریر لکھ دی سراقہ نے اس تحریر کو اپنے ترکش میں رکھ لیا اور واپس لوٹ گیا۔

راستہ میں جو شخص بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں دریافت کرتا تو سراقہ اس کو یہ کہہ کر لوٹا دیتے کہ میں نے بڑی دور تک بہت زیادہ تلاش کیا مگر آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس طرف نہیں ہیں۔ واپس لوٹتے ہوئے سراقہ نے کچھ سامان سفر بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بطور نذرانہ پیش کیا مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبول نہیں فرمایا۔

سراقہ اس وقت تو مسلمان نہیں ہوئے مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت نبوت اور اسلام کی صداقت کا سکہ ان کے دل پر بیٹھ گیا۔ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فتح مکہ اور جنگ طائف و حنین سے فارغ ہو کر جعرانہ میں پڑاؤ کیا تو سراقہ اسی پروانۂ امن کو لے کر بارگاہ نبوت میں حاضر ہو گئے اور اپنے قبیلہ کی بہت بڑی جماعت کے ساتھ اسلام قبول کر لیا۔

واضح رہے کہ یہ وہی سراقہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جن کے بارے میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے علم غیب سے غیب کی خبر دیتے ہوئے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ اے سراقہ تیرا کیا حال ہوگا جب

تجھ کو ملک فارس کے بادشاہ کسریٰ کے دونوں کنگن پہنائے جائیں گے؟

اس ارشاد کے برسوں بعد جب حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں ایران فتح ہوا اور کسریٰ کے کنگن دربار خلافت میں لائے گئے تو امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تاجدار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان کی تصدیق و تحقیق کے لیے وہ کنگن حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہنا دیے اور فرمایا کہ اے سراقہ یہ کہو کہ اللہ تعالیٰ ہی کے لیے حمد ہے جس نے ان کنگنوں کو بادشاہ فارس کسریٰ سے چھین کر سراقہ بدوی کو پہنا دیا۔

حضرت سراقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ۲۴ھ میں وفات پائی جب کہ حضرت عثمان غنی تخت خلافت پر رونق افروز تھے۔

شہنشاہ رسالت مدینہ میں

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آمد آمد کی خبر چوں کہ مدینہ میں پہلے سے پہنچ چکی اور عورتوں بچوں تک کی زبانوں پر آپ کی تشریف آوری کا چرچا تھا اس لیے اہل مدینہ آپ کے دیدار کے لیے انتہائی مشتاق و بے قرار تھے روزانہ صبح سے نکل نکل کر شہر کے باہر سراپا انتظار بن کر استقبال کے لیے تیار رہتے تھے اور جب دھوپ تیز ہو جاتی تو حسرت وافسوس کے ساتھ اپنے گھروں کو واپس لوٹ جاتے تھے۔

ایک دن اپنے معمول کے مطابق اہل مدینہ آپ کی راہ دیکھ کر واپس جا چکے تھے کہ ناگہاں ایک یہودی نے اپنے قلعہ سے دیکھا کہ تاجدار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سواری مدینہ کے قریب آن پہنچی ہے۔ اس نے باآواز بلند پکارا کہ اے مدینہ والو! لو تم جس کا روزانہ انتظار کرتے تھے وہ کاروان رحمت آ گیا، یہ سن کر تمام انصار بدن پر ہتھیار سجا کر اور وجد و شادمانی سے بے قرار ہو کر دونوں عالم کے تاجدار کا استقبال کرنے کے لیے اپنے گھروں سے نکل پڑے اور نعرۂ تکبیر کی آوازوں سے

تمام شہر گونج اٹھا۔

سرور عالم کلثوم بن ہدم کے مکان میں

مدینہ منورہ سے تین میل کے فاصلہ پر جہاں آج مسجد قبا بنی ہوئی ہے ۱۲ ربیع الاول کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رونق افروز ہوئے اور قبیلہ عمرو بن عوف کے خاندان میں حضرت کلثوم بن ہدم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان میں تشریف فرما ہوئے۔ اہل خاندان نے اس فخر و شرف پر کہ دونوں عالم کے میزبان ان کے مہمان بنے اللہ اکبر کا پرجوش نعرہ مارا۔

چاروں طرف سے انصار جوش مسرت میں آتے اور بارگاہ رسالت میں صلاۃ و سلام کا نذرانہ عقیدت پیش کرتے۔ اکثر صحابہ کرام جو حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے پہلے ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئے تھے وہ لوگ بھی اس مکان میں ٹھہرے ہوئے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی حکم نبوی کے مطابق قریش کی امانتیں واپس لوٹا کر تیسرے دن مکہ سے چل پڑے تھے وہ بھی مدینہ آ گئے اور اسی مکان میں قیام فرمایا اور حضرت کلثوم بن ہدم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے خاندان والے ان مقدس مہمانوں کی مہمان نوازی میں دن رات مصروف رہنے لگے۔

مسجد قباء

''قباء'' میں سب سے پہلا کام ایک مسجد کی تعمیر تھی اس مقصد کے لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت کلثوم بن ہدم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک زمین کو پسند فرمایا جہاں خاندان عمرو بن عوف کی کھجوریں سکھائی جاتی تھیں اسی جگہ آپ نے اپنے مقدس ہاتھوں سے ایک مسجد کی بنیاد ڈالی یہی وہ مسجد ہے جو آج بھی مسجد قبا کے نام سے مشہور ہے۔

مسجد الجمعہ

چودہ یا چوبیس روز کے قیام میں مسجد قبا کی تعمیر فرما کر جمعہ کے دن آپ قبا سے شہر مدینہ کی طرف روانہ ہوئے راستہ میں قبیلہ بنی سالم کی مسجد میں پہلا جمعہ آپ نے پڑھا۔ یہی وہ مسجد ہے جو آج تک ''مسجد الجمعہ'' کے نام سے مشہور ہے۔

اہل شہر کو خبر ہوئی تو ہر طرف سے لوگ جذبات شوق میں مشتاقانہ استقبال کے لیے دوڑ پڑے آپ کے دادا عبد المطلب کے ننہالی رشتہ دار، بنو النجار، ہتھیار لگائے، قباء سے شہر تک دو رویہ صفیں باندھے مستانہ وار چل رہے تھے آپ راستہ میں تمام قبائل کی محبت کا شکریہ ادا کرتے اور سب کو خیر و برکت کی دعائیں دیتے ہوئے چلے جا رہے تھے شہر قریب آ گیا تو اہل مدینہ کے جوش و خروش کا یہ عالم تھا کہ پردہ نشین خواتین مکانوں کی چھتوں پر چڑھ گئیں اور یہ استقبالیہ اشعار پڑھنے لگیں۔

طلع البدر علینا
من ثنیات الوداع

●

وجب الشکر علینا
ما دعا للہ داع

ہم پر چاند طلوع ہو گیا وداع کی گھاٹیوں سے، ہم پر خدا کا شکر واجب ہے جب تک اللہ سے دعا مانگنے والے دعا مانگتے رہیں۔

ایہا المبعوث فینا
جئت بالامر المطاع

انت شرفت المدینۃ

مرحبا یا خیر داع

اے وہ ذات گرامی جو ہمارے اندر مبعوث کیے گئے آپ وہ دین لائے جو اطاعت کے قابل ہے۔آپ نے مدینہ کو مشرف فرمایا تو آپ کے لیے خوش آمدید ہے۔اے بہترین دعوت دینے والے۔

فلبسنا ثوب یمن

بعد تلفیق الرقاع

فعلیک اللہ صلی

ماسعی للہ ساع

تو ہم لوگوں نے یمنی کپڑے پہنے حالاں کہ اس سے پہلے پیوند جوڑ جوڑ کر کپڑے پہنا کرتے تھے تو آپ پر اللہ تعالیٰ اس وقت تک رحمتیں نازل فرمائے جب تک اللہ کے لیے کوشش کرنے والے کوشش کرتے رہیں۔

مدینہ کی ننھی ننھی بچیاں جوش مسرت میں جھوم جھوم کر اور دف بجا بجا کر یہ گیت گاتی تھیں۔

نحن جوار من بنی النجار

یا حبذا محمد من جار

ہم خاندان، بنو النجار کی بچیاں ہیں واہ کیا ہی خوب ہوا کہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پڑوسی ہو گئے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان بچیوں کے جوش مسرت اور ان کی والہانہ محبت سے متاثر ہو کر پوچھا کہ اے بچیو! کیا تم مجھ سے محبت کرتی ہو؟ تو بچیوں نے یک زبان ہو کر کہا کہ جی ہاں جی ہاں یہ سن کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خوش ہو کر مسکراتے ہوئے فرمایا کہ میں بھی تم سے پیار کرتا ہوں۔

چھوٹے چھوٹے لڑکے اور غلام جھنڈ کے جھنڈ مارے خوشی کے مدینہ کی گلیوں میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آمد آمد کا نعرہ لگاتے ہوئے دوڑتے پھرتے تھے۔

صحابی رسول براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو فرحت و سرور اور انوار و تجلیات حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدینہ میں تشریف لانے کے دن ظاہر ہوئے نہ اس سے پہلے کبھی ظاہر ہوئے نہ اس کے بعد۔

ابو ایوب انصاری کا مکان

تمام قبائل انصار جو راستہ میں تھے انتہائی جوش مسرت کے ساتھ اونٹنی کی مہار تھام کر عرض کرتے کہ یا رسول اللہ! آپ ہمارے گھروں کو شرف نزول بخشیں مگر آپ ان سب محبین سے یہی فرماتے کہ میری اونٹنی کی مہار چھوڑ دو جس جگہ خدا کو منظور ہوگا اس جگہ میری اونٹنی بیٹھ جائے گی۔

چنانچہ جس جگہ آج مسجد نبوی شریف ہے اس کے پاس حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مکان تھا اسی جگہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اونٹنی بیٹھ گئی اور حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کی اجازت سے آپ کا سامان اٹھا کر اپنے گھر میں لے گئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں کے مکان پر قیام فرمایا۔

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اوپر کی منزل پیش کی مگر ملاقاتیوں کی آسانی کا

لحاظ فرماتے ہوئے نیچے کی منزل کو پسند فرمایا۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ دونوں وقت آپ کے لیے کھانا بھیجتے اور آپ کا بچا ہوا کھانا تبرک سمجھ کر میاں بیوی کھاتے۔ کھانے میں جہاں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگلیوں کا نشان پڑا ہوتا حصول برکت کے لیے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسی جگہ سے لقمہ اٹھاتے اور اپنے ہر قول و فعل سے بے پناہ ادب و احترام اور عقیدت و جاں نثاری کا مظاہرہ کرتے۔

ایک مرتبہ مکان کے اوپر کی منزل پر پانی کا گھڑا ٹوٹ گیا تو اس اندیشہ سے کہ کہیں پانی بہہ کر نیچے کی منزل میں نہ چلا جائے اور حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کچھ تکلیف نہ ہو جائے حضرت ابوایوب انصاری نے سارا پانی اپنے لحاف میں خشک کر لیا۔ گھر میں یہی ایک لحاف تھا جو گیلا ہو گیا رات بھر میاں بیوی نے سردی کھائی مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ذرہ برابر تکلیف پہنچ جائے یہ گوارا نہیں کیا۔

سات مہینے تک حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسی شان کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی میزبانی کا شرف حاصل کیا۔ جب مسجد نبوی اور اس کے آس پاس کے حجرے تیار ہو گئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان حجروں میں اپنی ازواج مطہرات کے ساتھ قیام پذیر ہو گئے۔ (مولف)
(مدارج النبوۃ جلد۲۔ سیرت مصطفیٰ)

حضرت ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فرط عقیدت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے یہ تحریر فرمایا ہے :

صحیح حدیث میں ہے جب حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہجرت فرما کر سیدنا ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یہاں مقیم ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اولش جب ان کے گھر

جاتا وہ اور ان کے گھر والے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگشتان مبارک کے نشان کی جگہ سے کھاتے۔ (فتاویٰ رضویہ ج اول، ص ۳۱۹)

بیر رومہ کے بدلے میں عثمان نے جنت خریدی

جب مہاجرین مکہ معظمہ سے ہجرت فرما کر مدینہ طیبہ میں آئے یہاں کا پانی پسند نہ آیا وہ شور تھا بنی غفار سے ایک شخص کی ملک میں ایک شیریں چشمہ مسمی بہ رومہ تھا وہ اس کی ایک مشک نیم صاع کو بیچتے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا **بعنيها بعين فى الجنة .**

یہ چشمہ میرے ہاتھ ایک چشمہ بہشت کے عوض بیچ ڈال عرض کی یا رسول اللہ میری اور میرے بچوں کی معاش اسی میں ہے مجھ میں طاقت نہیں۔ یہ خبر عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہنچی وہ چشمہ مالک سے پینتیس ہزار روپے میں خرید لیا پھر خدمت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی

يا رسول الله ا تجعل لى مثل الذى جعلت له عينا فى الجنة ان اشتريتها.

یا رسول اللہ کیا جس طرح حضور اس شخص کو چشمہ بہشتی عطا فرماتے تھے اگر میں یہ چشمہ اس سے خرید لوں تو حضور مجھے عطا فرمائیں گے؟ **قال نعم .**

فرمایا ہاں۔ عرض کی میں نے بیر رومہ خرید لیا اور مسلمانوں پر وقف کر دیا۔

اسے طبرانی نے کبیر میں اور ابن عساکر نے بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: **اشترى عثمان بن عفان من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الجنة مرتين يوم رومة و يوم جيش العسرة**

عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دو بار نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جنت خرید لی بیر رومہ کے دن

اور لشکر کی تنگ دستی کے روز۔ اسے حاکم وابن عدی اور ابن عساکر نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (الامن والعلیٰ)

فرضیت جمعہ

حدیث میں ہے: ان الجمعة فرضت على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و هو بمكة قبل الهجرة . كما اخرجه الطبرانى عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قبل ہجرت مکہ میں جمعہ فرض ہوا۔ جیسا کہ طبرانی نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا ہے۔

فلم يكن اقامتها من اجل الكفار فلما هاجر النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و من هاجر معه من اصحابه الى المدينة لبث رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى بنى عمرو بن عوف بضع اربعة عشر ايام و لم يصل الجمعة .

یعنی غلبۂ کفار کے سبب سے مکے میں جمعہ قائم نہیں ہوا پھر جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور بعض صحابہ نے حضور کے ہمراہ مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ کے قریب یعنی قبا میں عمرو بن عوف کے خاندان میں تقریباً چودہ دن ٹھہرے اور جمعہ کی نماز نہیں پڑھی۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۷۳۸)

مکہ میں جمعہ فرض ہونے کی خبر غریب و مرجوح ہے صحیح یہ ہے کہ بعد ہجرت سال اولی بنی سالم میں فرض ہوا۔

فى شرح الموطا للزرقانى الاية (يا ايها الذين آمنوا اذا نودى للصلوٰة من يوم الجمعة فاسعوا الى ذكر الله) مدنية فتدل على انها فرضت بالمدينة و عليه الاكثر.

زرقانی کی شرح مؤطا میں ہے کہ آیت جمعہ مدنیہ ہے اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ جمعہ مدینہ منورہ میں فرض ہوا اور اسی پر اکثر مشائخ ہیں۔

و قال الشیخ ابو حامد فرضت بمکۃ. قال الحافظ و ھو غریب .

اور شیخ ابو حامد نے کہا کہ جمعہ مکہ مکرمہ میں فرض ہوا۔ حافظ ابن حجر نے کہا کہ یہ غریب ہے۔

(مولف)

سب سے پہلا جمعہ

وفی شرح الموطا للزرقانی انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی سفر الھجرۃ لما خرج من قبا یوم الجمعۃ حین ارتفع النھار ادرکتہ الجمعۃ فی بنی سالم بن عوف فصلاھا بمسجدھم فسمی مسجد الجمعۃ و ھی اول جمعۃ صلاھا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ذکرہ ابن اسحاق .

امام زرقانی کی شرح مؤطا میں ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر ہجرت میں قبا سے جمعہ کے دن اس وقت تشریف لے چلے جب دن تھوڑا بلند ہو چکا تھا تو بنی سالم میں جمعہ کا وقت ہو گیا تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد بنی سالم میں نماز جمعہ پڑھی، ان لوگوں نے اس مسجد کا نام ''مسجد جمعہ'' رکھ دیا اور یہی سب سے پہلا جمعہ ہے جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ادا فرمایا۔ ابن اسحاق نے اسے اپنی سیرت میں ذکر کیا ہے (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۶۸۸)

ہجرت سے حضور کی تخصیص

ابن جریر و ابو یعلی و بزار اور بیہقی روایت کرتے ہیں :

عن ابی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (فیہ قولہ عزوجل لنبیہٖ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حین ذکر ما اعطی الانبیاء السابقین علیہم الصلاۃ و السلام من الفضائل) اعطیتک ثمانیۃ اسہم الاسلام و الہجرۃ و الجہاد و الصلاۃ و الصدقۃ و صوم رمضان و الامر بالمعروف و النہی عن المنکر .

ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی (اس میں یہ ہے کہ جب انبیائے سابقین علیہم الصلاۃ و السلام کے فضائل و مناقب کا ذکر اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا) تو فرمایا کہ میں نے تم کو آٹھ حصے عطا فرمائے ۔اسلام اور ہجرت و جہاد اور نماز وصدقہ اور رمضان کے روزے وامر بالمعروف اور نہی عن المنکر ۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۹۶)

بہترین ہجرت

امام احمد عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی میں خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور کچھ مسائل پوچھے از اں جملہ یہ کہ سب سے بہتر ہجرت کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

ان تہجر ما کرہ ربک .

یہ کہ جو بات تمھارے رب کو ناپسند ہے اس سے کنارہ کرو۔ (فتاویٰ افریقہ ۲۲)

ہاتف نے ہجرت کی خبر دی

ابونعیم حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

یہ ایک شب صحرائے شام میں تھے ہاتف جن نے انھیں بعثت حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خبر دی صبح راہب کے پاس جا کر قصہ بیان کیا کہا :

قد صدقوک یخرج من الحرم و مهاجره الحرم و هو خیر الانبیاء

جنوں نے تجھ سے سچ کہا حرم سے ظاہر ہوں گے اور حرم کو ہجرت فرمائیں گے اور وہ تمام انبیاء سے بہتر ہیں۔

ابن عساکر، ابونعیم، خرائطی بعض صحابہ خثعمیین سے راوی:

ہم ایک شب اپنے بت کے پاس تھے اور اسے ایک مقدمہ میں پنچ کیا تھا ناگاہ ہاتف نے پکارا

یا ایها الناس ذوی الاصنام
ما انتم و طائش الاحلام

•

و سند الحکم الی الاصنام
هذا نبی سید الانام

•

اعدل ذی حکم من الحکام
یصدع بالنور و بالاسلام

•

مستعلن فی البلد الحرام

اے بت پرستو! کیا حال ہے تمہارا اور یہ کم عقلیاں اور پتھروں کو پنچ بتانا یہ ہے نبی تمام جہان کا سردار ہر حاکم سے زیادہ عادل نور و اسلام کا آشکار کرنے والا حرم محترم میں ظہور فرمانے والا ہے۔

ہم سب ڈر کر بت کو چھوڑ گئے اور اس شعر کے چرچے رہے یہاں تک کہ ہمیں خبر ملی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ میں ظہور فرما کر مدینہ تشریف لائے۔ میں حاضر ہو کر مشرف بہ اسلام ہوا۔

(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

حضرت شعیا اور حضور کی ہجرت

ابن ابی حاتم وہب بن منبہ سے راوی :

اللہ عزوجل نے شعیا علیہ الصلاۃ والسلام پر وحی بھیجی میں نبی امی کو بھیجنے والا ہوں اس کے سبب بہرے کان اور غافل دل اور اندھی آنکھیں کھول دوں گا، اس کی پیدائش مکے میں ہے اور ہجرت گاہ مدینہ، اور اس کا تخت گاہ ملک شام میں ضرور اس کی امت کو سب امتوں سے جو لوگوں کے لیے ظاہر کی گئیں بہتر وافضل کروں گا میں ان کی کتاب پر کتابوں کو ختم فرماؤں گا اور ان کی شریعت پر شریعتوں اور ان کے دین پر سب دینوں کو تمام کردوں گا۔

کعب احبار کو ہجرت اقدس کی اطلاع

ابونعیم وابن عساکر حضرت کعب احبار سے راوی انھوں نے فرمایا میرے باپ اعلم علمائے توراۃ تھے اللہ عزوجل نے جو کچھ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر اتارا اس کا علم ان کے برابر کسی کو نہ تھا وہ اپنے علم سے کوئی شئ مجھ سے نہ چھپاتے جب مرنے لگے مجھے بلا کر کہا اے میرے بیٹے تجھے معلوم ہے کہ میں نے اپنے علم سے کوئی چیز تجھ سے نہ چھپائی مگر ہاں دو ورق روک رکھے ہیں ان میں ایک نبی کا بیان ہے جس کی بعثت کا زمانہ قریب آ پہنچا میں نے اس اندیشے سے تجھے ان دونوں ورقوں کی خبر نہ دی کہ شاید کوئی جھوٹا مدعی نکل کھڑا ہو اور تو اس کی پیروی کرلے یہ طاق تیرے سامنے ہے میں نے اس میں وہ اوراق رکھ کر اوپر سے مٹی لگادی ہے ابھی ان سے تعرض نہ کرنا انھیں دیکھنا جب وہ نبی جلوہ فرما ہو اگر اللہ تعالیٰ تیرا بھلا چاہے گا تو تو آپ ہی اس کا پیرو ہو جائے گا یہ کہہ وہ مرگئے ہم ان کے دفن سے فارغ ہوئے مجھے ان دونوں ورقوں کے دیکھنے کا شوق ہر چیز سے زیادہ تھا میں نے طاق کھولا ورق نکالے تو کیا دیکھتا ہوں کہ ان میں لکھا ہے:

محمد رسول الله خاتم النبيين لا نبی بعده مولده بمكة و مهاجره بطيبة.

محمد اللہ کے رسول ہیں سب انبیاء کے خاتم ان کے بعد کوئی نبی نہیں ان کی پیدائش مکے میں اور ہجرت مدینے کو۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

احبار کی زبان پر ہجرت رسول کا تذکرہ

ابونعیم سعد بن ثابت سے راوی :

یہود بنی قریظہ و بنی نضیر کے علماء حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت بیان کرتے جب سرخ ستارہ چمکا تو انھوں نے خبر دی کہ وہ نبی ہیں اور ان کے بعد کوئی نبی نہیں ان کا نام پاک احمد ہے ان کی ہجرت گاہ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لا کر رونق افروز ہوئے یہود براہ حسد و بغاوت منکر ہو گئے ۔**فلما جاء هم ما عرفوا كفروا به فلعنة الله على الكافرين.**

ابونعیم حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی میں نے مالک بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہتے سنا کہ میں ایک روز بنی عبدالاشہل میں بات چیت کرنے گیا تو یوشع یہودی بولا اب وقت آ گیا ہے ایک نبی کے ظہور کا جس کا نام احمد ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہ حرم سے تشریف لائیں گے ان کا حلیہ و وصف یہ ہوگا میں اس کی باتوں سے تعجب کرتا اپنی قوم میں آیا وہاں بھی ایک شخص کو ایسا ہی بیان کرتے پایا میں بنی قریظہ میں گیا وہاں بھی ایک مجمع میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر پاک ہو رہا تھا، ان میں سے زبیر بن باطا نے کہا:

قد طلع الكوكب الاحمر الذى لم يطلع الا لخروج نبی و ظهوره و لم اجد الا احمد و هذه مهاجره .

بے شک سرخ ستارہ طلوع ہو کر آیا یہ تارا کسی نبی ہی کی ولادت وظہور پر چمکتا ہے اور اب میں کوئی نبی نہیں پاتا سوا احمد کے اور یہ شہر ان کی ہجرت گاہ ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضرت حاطب کی حاضر جوابی

مقوقس بادشاہ مصر نے حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے (جب یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مکتوب گرامی لے کر مقوقس کے دربار میں گئے) امتحاناً پوچھا کہ جب تم انھیں نبی کہتے ہو تو انھوں نے دعا کر کے اپنی قوم کو کیوں نہ ہلاک فرما دیا جب انھوں نے ان سے ان کا شہر مکہ چھڑایا تھا حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا تھا کیا تو عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو رسول اللہ نہیں مانتا انھوں نے دعا کر کے اپنی قوم کو کیوں نہ ہلاک کر دیا جب انھوں نے انھیں پکڑا اور سولی دینے کا ارادہ کیا تھا مقوقس بولا :

انت الحکیم الذی جاء من عند الحکیم

تم حکیم ہو کہ حکیم کامل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے آئے۔ اسے بیہقی نے حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

عبداللہ بن سلام کا اظہار خوشی

بیہقی دلائل میں حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چرچا سنا اور حضور کے صفت ونام وہیئت اور جن جن باتوں کی ہم حضور کے لیے توقع کر رہے تھے سب پہچان لیں تو میں نے خاموشی کے ساتھ اسے دل میں رکھا یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے مجھے خبر رونق افروزی پہنچی میں نے تکبیر کہی میری پھوپھی بولی اگر تم موسیٰ بن عمران علیہ الصلاۃ والسلام کا آنا سنتے تو اس سے زیادہ کیا کرتے میں نے کہا اے پھوپھی خدا کی قسم وہ موسیٰ بن عمران کے بھائی ہیں جس بات پر موسیٰ بھیجے گئے تھے اسی پر یہ بھی مبعوث

ہوئے، وہ بولی :

یا ابن اخی ا ھو النبی الذی کنا نخبر به انه یبعث مع الساعة .

اے میرے بھتیجے کیا یہ وہ نبی ہیں جن کی ہم خبر دیئے جاتے تھے کہ وہ قیامت کے ساتھ مبعوث ہوں گے میں نے کہا ہاں۔

خاتم المہاجرین

ابو یعلی، طبرانی وشاشی وابونعیم فضائل الصحابہ میں اور ابن عساکر وابن النجار حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے موصولاً اور رویانی وابن عساکر محمد بن شہاب زہری سے مرسلاً راوی حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما عم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں (مکہ معظمہ سے) عرضی حاضر کی کہ مجھے اذن عطا ہو تو ہجرت کر کے (مدینہ طیبہ) حاضر ہو جاؤں اس کے جواب میں حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمان نافذ فرمایا۔

یا عم قم مکانک الذی انت فیه فان الله یختم بک الهجرة کما ختم بی النبوة.

اے چچا اطمینان سے رہو کہ تم ہجرت میں خاتم المہاجرین ہونے والے ہو جس طرح میں نبوت میں خاتم النبیین ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور کی آمد اور اہل مدینہ کا اظہار مسرت

امام احمد رضا بریلوی انتہائی والہانہ انداز میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مدینہ منورہ پہنچنے کی منظر کشی کرتے ہوئے ایک جگہ فرماتے ہیں :

اللہ اللہ! مدینہ طیبہ میں حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی دھوم ہے، زمین

وآسمان میں خیر مقدم کی صدائیں گونج رہی ہیں، خوشی وشادمانی ہے کہ درودیوار سے ٹپکی پڑتی ہے مدینے کے ایک ایک بچے کا دمکتا چہرہ انار دانہ ہورہا ہے باچھیں کھلی جاتی ہیں دل ہیں کہ سینوں میں نہیں سماتے، سینوں پر جامے تنگ جاموں میں قبائے گل رنگ، نور ہے کہ جھما جھم برس رہا ہے فرش سے عرش تک نور کا بقعہ بنا ہے اور پردہ نشین کنواریاں شوق دیدار محبوب کردگار میں گاتی ہوئی باہر آئی ہیں کہ

طلع البدر علینا
من ثنیات الوداع

●

وجب الشکر علینا
ما دعا للہ داع

بنی النجار کی لڑکیاں کوچے کوچے محو نغمہ سرائی ہیں کہ

نحن جوار من بنی النجار
یا حبذا محمد من جار

(جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

غارِ ثور میں صدیق کی جاں نثاری

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ غار ثور میں جس عشق وعقیدت کا مظاہرہ کیا اس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ایک موقع پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

جان کا رکھنا سب سے زیادہ فرض اہم ہے، امام الصدیقین اکمل الاولیاء والعارفین، سیدنا

صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ومحبت کو حفظ جان پر مقدم رکھا۔

سفر ہجرت میں جب آفتاب رسالت و ماہتاب صدیقیت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برج ثور بیت الشرق قمر میں اجتماع نیرین کی طرح غار ثور پر جلوہ فرما ہوئے، صدیق اکبر نے اپنے محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی یارسول اللہ! غار چند ہزار سال کا تھا، بہت سوراخ تھے صدیق نے سنگ ریزوں سے، پھر کپڑے پھاڑ پھاڑ کر ان سے بند کیے ایک سوراخ رہ گیا اس میں پاؤں کا انگوٹھا رکھا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بلایا، حضور نے ان کے زانو پر سر انور رکھ کر آرام فرمایا۔ وہاں ایک سانپ مدت سے بہ تمنائے دیدار فائض الانوار حضور پرنور سید الابرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رہتا تھا کہ اس نے قرون سابقہ میں علمائے امم سابقہ کو باہم ذکر کرتے سنا تھا کہ حضور اقدس نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت اور غار ثور میں اقامت فرمائیں گے۔ سانپ نے اپنا سر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انگوٹھے پر رگڑا انھوں نے جانا کہ سانپ ہے۔ مگر اس خیال سے کہ جان جائے مگر محبوب کی نیند میں خلل نہ آئے پاؤں نہ ہٹایا۔ یہاں تک کہ اس نے کاٹا صدیق نے بکمال ادب جنبش نہ کی مگر شدت ضبط کے باعث آنسو نکل کر رخسار محبوب رب العالمین پر پڑے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چشم جاں فزا کھلی صدیق سے حال پوچھا عرض کی:

لدغت بابی و انت و امی یا رسول الله

یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان مجھے سانپ نے کاٹا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعاب دہن اقدس لگا دیا فوراً آرام ہوگیا۔

(ماخوذ از حیات اعلیٰ حضرت جلد اول)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ہجرت اور غار ثور وغیرہ سے متعلق یوں رقم طراز ہیں:

قسمت ثور و حرا کی حرص ہے
چاہتے ہیں دل میں گہرا غار ہم

●

جان ہیں جان کیا نظر آئے
کیوں عدو گرد غار پھرتے ہیں

(حدائق بخشش)

مسجد نبوی اور اس کی تعمیر

ہر اک دیوار و در پر مہر نے کی ہے جبیں سائی
نگار مسجد اقدس میں کب سونے کا پانی ہے

رب انزلنی منزلا مبارکا و انت خیر المنزلین

اے میرے رب مجھے برکت والی جگہ اتار اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے

(سورۃ المومنون/۴۰)

مسجد نبوی اور اس کی تعمیر

مدینہ میں کوئی ایسی جگہ نہیں تھی جہاں مسلمان با جماعت نماز پڑھ سکیں اس لیے مسجد کی تعمیر نہایت ضروری تھی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قیام گاہ کے قریب ہی بنو النجار کا ایک باغ تھا آپ نے مسجد تعمیر کرنے کے لیے اس باغ کو قیمت دے کر خریدنا چاہا۔ ان لوگوں نے یہ کہہ کر یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم خدا ہی سے اس کی قیمت (اجر و ثواب) لیں گے مفت میں زمین مسجد کی تعمیر کے لیے پیش کر دی لیکن چوں کہ یہ زمین اصل میں دو یتیموں کی تھی آپ نے ان دونوں یتیم بچوں کو بلا بھیجا۔ ان یتیم بچوں نے بھی زمین مسجد کے لیے نذر کرنی چاہی مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو پسند نہیں فرمایا اس لیے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مال سے آپ نے اس کی قیمت ادا فرما دی۔

اس زمین میں چند درخت، کچھ کھنڈرات اور کچھ مشرکوں کی قبریں تھیں آپ نے درختوں کے کاٹنے اور مشرکین کی قبروں کو کھود کر پھینک دینے کا حکم دیا پھر زمین کو ہموار کر کے خود آپ نے اپنے دست مبارک سے مسجد کی بنیاد ڈالی۔ اور کچی اینٹوں کی دیوار اور کھجور کے ستونوں پر کھجور کی پتیوں سے چھت بنائی جو بارش میں ٹپکتی تھی۔

اس مسجد کی تعمیر میں صحابہ کرام کے ساتھ خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی اینٹیں اٹھا اٹھا کر لاتے تھے اور صحابہ کرام کو جوش دلانے کے لیے ان کے ساتھ آواز ملا کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رجز کا یہ شعر پڑھتے تھے۔

اللهم لاخير الاخير الاخر:

فاغفر الانصار و المهاجر:

اے اللہ بھلائی تو صرف آخرت ہی کی بھلائی ہے لہٰذا اے اللہ تو انصار و مہاجرین کو بخش دے۔

اسی مسجد کا نام "مسجد نبوی" ہے۔ یہ مسجد ہر قسم کی دنیاوی تکلفات سے پاک اور اسلام کی سادگی کی سچی اور صحیح تصویر تھی۔ اس مسجد کی عمارت اول طول و عرض میں ۶۰ ر ساٹھ گز لمبی اور ۵۴ ر چون گز چوڑی تھی اور اس کا قبلہ بیت المقدس کی طرف بنایا گیا تھا۔ مگر جب قبلہ بدل کر کعبہ کی طرف ہوگیا تو مسجد کے شمالی جانب ایک نیا دروازہ قائم کیا گیا اس کے بعد مختلف زمانوں میں مسجد نبوی کی تجدید و توسیع ہوتی رہی۔

ازواج مطہرات کے مکانات

مسجد نبوی کے متصل ہی آپ نے ازواج مطہرات کے لیے حجرے بھی بنوائے۔ اس وقت تک حضرت بی بی سودہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نکاح میں تھیں اس لیے دو ہی مکان بنوائے۔ جب دوسری ازواج مطہرات آتی گئیں تو دوسرے مکانات بنتے گئے یہ مکانات بھی بہت ہی سادگی کے ساتھ بنائے گئے تھے۔ دس دس ہاتھ لمبے، چھ چھ، سات سات ہاتھ چوڑے، کچی اینٹوں کی دیواریں، کھجور کی پتیوں کی چھت، وہ بھی اتنی نیچی کہ آدمی کھڑا ہو کر چھت کو چھو لیتا، دروازوں میں کواڑ بھی نہ تھے، کمبل یا ٹاٹ کے پردے پڑے رہتے تھے۔

اللہ اکبر یہ ہے شہنشاہ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وہ کاشانۂ نبوت جس کی آستانہ بوسی اور درباری جبریل علیہ السلام کے لیے سرمایۂ سعادت اور باعث افتخار تھی۔

مہاجرین کے گھر

مہاجرین جو اپنا سب کچھ مکہ میں چھوڑ کر مدینہ چلے گئے تھے ان لوگوں کی سکونت کے لیے بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد نبوی ہی کے قرب و جوار میں انتظام فرمایا۔ انصار نے بہت بڑی قربانی دی کہ نہایت فراخ دلی کے ساتھ اپنے مہاجر بھائیوں کے لیے اپنے مکانات اور زمینیں دیں اور مکانوں کی تعمیرات میں ہر قسم کی امداد بہم پہنچائی جس سے مہاجرین کی آبادکاری میں بڑی سہولت ہوگئی۔

سب سے پہلے جس انصاری نے اپنا مکان حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بطور ہبہ کے نذر کیا اس خوش نصیب کا نام نامی حضرت حارثہ بن نعمان ہے چنانچہ ازواج مطہرات کے مکانات حضرت حارثہ بن نعمان ہی کی زمین میں بنائے گئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

منبر شریف

ہجرت کے آٹھویں یا ساتویں سال مسجد نبوی شریف میں منبر بنایا گیا جس میں کھڑے ہو کر آپ خطبہ دیتے تھے اس سے پہلے منبر نہ تھا اور منبر شریف کے بننے سے پہلے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ستون سے ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے اور جب منبر بن گیا اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس منبر پر تشریف لائے تو وہ ستون حضور کے فراق میں رونے لگا۔ یہ حدیث مشہور اور حد تواتر تک پہنچی ہوئی ہے۔

محدثین روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر شریف کے بننے سے پہلے کھڑے ہو کر صحابہ کرام کو خطبہ عالی رتبہ سے مشرف فرمایا کرتے تھے۔ جب منبر شریف بنا تو روز جمعہ ستون کے آگے سے گزر کر منبر پر تشریف لائے جب اس نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آواز مبارک سنی اور حضور کو اپنے آگے نہ پایا تو رونے اور فریاد کرنے لگا۔ ایک روایت میں ہے کہ وہ ستون ایسا روتا تھا جیسے کسی اونٹ کا بچہ گم ہو جائے اور وہ اونٹ روئے۔ ایک روایت میں ہے کہ بچہ ماں کو بلانے کے لیے جس طرح روتا ہے وہ ایسا روتا تھا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ وہ اس شخص کی مانند روتا ہے جس کا محبوب و معشوق اس سے جدا ہو جائے اور وہ اس کی محبت میں روئے۔ چنانچہ اس ستون کے رونے سے حاضرین مسجد کے دل بھر آئے اور وہ بھی رونے لگے۔

ایک روایت میں ہے کہ اس طرح اس نے آہ و زاری کی کہ وہ پھٹ گیا چنانچہ حاضرین کو گمان ہوا

کہ وہ گر پڑے گا اور وہ اس سے خوفزدہ ہو گئے بعض اپنی جگہ سے اچھل پڑے، یہاں تک کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر شریف سے اترے اور اس ستون کے پاس تشریف لے گئے اور اس پر دست اقدس رکھ کر اس کو آغوش مبارک سے لپٹا لیا اور فرمایا اگر تو چاہے تو تجھے باغ میں لوٹا دیں اور تجھے اپنی جگہ جما دیں تا کہ تو دوبارہ سرسبز و شاداب ہو کر پھل دے اور اگر تو چاہے تو تجھے جنت کی زمین میں جما دیں تا کہ تو جنت کی کیاریوں اور اس کے چشموں کے پانی سے سیراب ہو اور انبیاء و اولیاء اور صلحاء تیرے پھل تناول فرمائیں۔

جتنی دیر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ستون کو اپنے آغوش مبارک میں لیے رہے فرماتے رہے۔

نعم قد فعلت نعم قد فعلت.

ہاں میں نے کیا ہاں میں نے کیا۔

صحابہ کرام نے دریافت کیا یا رسول اللہ! یہ کیا کہتا ہے؟ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب میں نے اس سے دریافت کیا کہ کیا دنیا میں رہنا چاہتا ہے یا جنت میں؟ تو اس نے جنت میں رہنا پسند کیا اس پر میں نے کہا **قد فعلت** .

ایک روایت میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان هذا قد بكى لما فقد من الذكر.

یہ ستون ذکر سے محرومی کی بنا پر رویا ہے۔

منبر شریف اثل غابہ کی لکڑی کا بنایا گیا۔ اثل ایک درخت کا نام ہے جو چوب گز کے مشابہ مگر اس سے بڑا ہوتا ہے۔ غابہ ایک جنگل کا نام ہے جہاں بہت درخت ہیں مدینہ طیبہ سے نو میل کے فاصلہ پر ہے۔

منبر شریف کا طول بقول صحیح دو گز تھا اور چوڑائی ایک گز۔ ہر سیڑھی کی چوڑائی ایک بالشت تھی، خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانہ تک یہ منبر اپنے حال پر رہا۔ سب سے پہلے جس نے اس پر قبطی کپڑے کا غلاف چڑھایا وہ عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے انھوں نے اپنی خلافت کے چھ سال بعد نچلی سیڑھی سے جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اختیار کیا تھا اس سیڑھی پر کھڑے ہونے لگے جو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جلوس مبارک کی جگہ تھی، اور سبب یہ بتایا کہ آقا اور خادم میں مساوات کا امکان ہی نہیں برخلاف حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نشست گاہ کے کہ وہاں تو ہم مساوات ممکن ہے۔

ایک قول یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی امارت کے زمانہ میں سب سے پہلے منبر شریف پر غلاف چڑھایا۔ جس وقت کہ شام سے مدینہ منورہ آئے اور چاہا کہ منبر رسول کو وہاں سے شام منتقل کر کے لے جائیں جب انھوں نے منبر شریف کو اپنی جگہ سے ہلایا تو ایسی تاریکی پھیلی کہ سارا شہر تاریک ہو گیا، آفتاب کو گہن لگا حتیٰ کہ دن میں ستارے نظر آنے لگے کہ اس پر امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس خیال محال سے باز آ گئے اور پشیمان ہو کر صحابۂ کرام سے معذرت خواہی کرنے لگے میرا مقصد اس کی دیکھ بھال تھی کہ اسے گھن وغیرہ تو نہیں لگا۔ اس کے بعد چھ درجے اور بڑھائے اور منبر شریف کو اس کے اوپر رکھا تاکہ بلند ہو جائے اور تمام حاضرین مسجد خطیب کو دیکھ سکیں۔ جیسا کہ تاریخ مدینہ میں ہے۔

روضۃ الاحباب میں اس طرح منقول ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شام سے مروان کو جو مدینہ کا حاکم تھا لکھا کہ منبر شریف کو مدینہ طیبہ سے شام منتقل کر دے، ممکن ہے کہ پہلے مروان کو بھی لکھا ہو اور جب وہ خود شام سے مدینہ منورہ آئے تو خود انھوں نے ایسا ارادہ کیا ہو یا اس کے بعد مروان کو

لکھا ہو۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم۔سیرت مصطفیٰ)

منبر رسول کا مقام

بخاری اور مسلم میں ہے:

ما بين بيتي و منبري روضة من رياض الجنة

میرے حجرے اور میرے منبر کے درمیان جو جگہ ہے وہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔

اور بعض روایتوں میں ہے کہ :

ما بين قبري و منبري و زاد البخاري و منبري على حوضي .

میری قبر اور میرے منبر کے درمیان جو جگہ ہے اور بخاری نے زیادہ کیا ہے کہ میرا منبر میرے حوض پر ہے۔

اور بعض روایتوں میں ہے :

و ان منبري على ترعة من ترع الجنة

بیشک میرا منبر جنت کے ترعوں میں سے ایک ترعہ کے اوپر ہے۔

ترعہ کی تفسیریں مختلف ہیں۔

بعض نے اس کی تفسیر دروازے سے کی ہے بعض نے زینہ سے اور بعض نے اس باغ سے کی ہے جو بلند جگہ پر واقع ہو۔

ایک دن سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر شریف پر کھڑے تھے فرمایا کہ اس وقت میرا قدم

جنت کے ترعوں میں سے ایک ترعہ پر ہے۔

دوسری روایت میں آیا ہے کہ میرا منبر میرے حوض پر ہے۔

اور ایک حدیث میں ہے کہ فرمایا میں اس وقت اپنے حوض کے عقر پر کھڑا ہوں۔

عقر وہ مقام ہے جہاں سے حوض میں پانی آتا ہے۔

منبر شریف کے نزدیک جھوٹی قسم کھانے والے پر سخت سزا مقرر کی گئی ہے۔ آپ نے فرمایا ہے کہ اگر منبر شریف کے پاس کوئی شخص اس غرض سے جھوٹی قسم کھائے کہ کسی مسلمان کا حق تلف کرے گا تو وہ دوزخ میں جانے کے لیے تیار رہے۔

حدیث میں آیا ہے :

فعلیه لعنة الله و الملائکة و الناس اجمعین.

اس پر لعنت ہے اللہ کی اور فرشتوں کی اور سب لوگوں کی۔

بعض حدیثوں میں آیا ہے :

ما بین حجرتی و مصلانی روضة من ریاض الجنة .

میرے حجرے اور میرے مصلّے کے درمیان میں جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچہ ہے۔

بعض تو یہ کہتے ہیں کہ منبر کا حوض پر ہونا اس بات کا اشارہ ہے کہ اس کے پاس نیک عمل کیے جاتے ہیں اور اس سے برکت حاصل کرتے ہیں۔ اس وجہ سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حوض پر پہنچ کر اس کا پانی پینے کو ملے گا۔

اور بعض دوسرے علماء کا خیال ہے کہ وہ منبر شریف جس کو سرور انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

اپنے قدوم سے مشرف فرمایا ہے کل بروز قیامت جس طرح تمام مخلوق وہاں جمع ہوگی یہ منبر بھی جس کو ترعہ جنت کہا گیا ہے حوض کے کنارے رکھا جائے گا **تعظیما لنبیہ و تنویھا لشانہ** (نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم اور شان کے لیے)

ایک جماعت یہ بھی کہتی ہے کہ یہ خبر اس منبر کے لیے ہے جو قیامت کے دن سرور انبیا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے حوض پر اس منبر کے علاوہ دوسرا منبر رکھا جائے گا۔

لیکن یہ قول حدیث کی عبارت سے بالکل علیحدہ ہے کیوں کہ آپ تو فرماتے ہیں کہ میرے منبر اور میرے حجرے کے درمیان ایک روضہ ہے ریاض جنت سے اور میرا منبر میرے حوض پر ہے۔ اس کلام سے تو یہی منبر سمجھا جاتا ہے۔ (مولف) (جذب القلوب الی دیار المحبوب)

مسجد نبوی کی مشعلیں

مسجد نبوی شریف کی مشعلوں سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر فرماتے ہیں:

عالم مدینہ طیبہ امام اجل سید ابوالحسن علی نور الدین بن عبد اللہ سمہودی مدنی قدس سرہ معاصر امام اجل جلال الملۃ والدین سیوطی رحمہما اللہ تعالیٰ نے (کہ دونوں حضرات کی وفات شریف ۹۱۱ھ میں ہوئی) کتاب مستطاب خلاصۃ الوفا باخبار دار المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تصنیف ۸۹۳ھ کے باب رابع کی شانزدہ گانہ فصلوں میں فصل ۱۱ روضۂ اقدس کے ترک واحتشام وشیشہ آلات وسامان روشنی کے بیان میں وضع فرمائی اور فصل ۱۴ مسجد مقدس کے ستونوں، چراغوں وغیرہ کے بیان میں جدا لکھی۔ اس فصل مسجد میں فرمایا:

بصحن مسجد اربع مشاعل تشعل فی لیالی الزیارات المشھورۃ و ما علمت اول من احدثھا و بالمسجد سلاسل کثیرۃ للقنادیل عملت بعد الحریق المرتب للوقود

منها یزید و ینقص لما لا یخفی .

مسجد کریم کے صحن میں چار مشعلیں ہیں کہ زیارت کی مشہور راتوں میں روشن کی جاتی ہیں اور مجھے معلوم نہ ہوا کہ اول اول یہ مشعلیں کس نے رکھیں۔ اور مسجد میں قندیلوں کی بہت زنجیریں ہیں کہ آتشزدگی کے بعد بنیں اور ان کی روشنی کا راتب گھٹتا بڑھتا ہے جس کا سبب ظاہر ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۵۵۔ بریق المنار)

زمانہ ولید میں تعمیر اور قدم مبارک کا ظاہر ہونا

و قد انکشفت قدم لما انهدم جدار الحجرة الشریفة فی زمن الولید ففزع الناس و ظنوا انها قدم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فاوجدوا احدا یعلم ذلک حتی قال لهم عروة لا و الله ما هی قدم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ما هی الا قدم عمر رضی الله تعالیٰ عنه کما فی صحیح البخاری .

ولید کے زمانہ میں جب (مسجد نبوی کی تعمیر کے لیے) حجرہ مقدسہ کی دیوار کو توڑا گیا تو قدم مبارک ظاہر ہو گیا جس سے لوگ گھبرا گئے اور سمجھا کہ یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قدم مبارک ہے پھر سب لوگوں کو جمع کر کے اُسے بتایا گیا یہاں تک کہ عروہ نے لوگوں سے کہا کہ خدا کی قسم یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قدم مبارک نہیں ہے یہ تو امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قدم ہے۔ جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ۴/۱۰۱)

مسجد نبوی میں چالیس نمازیں

حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جسے میری مسجد میں چالیس نمازیں

فوت نہ ہوں اس کے لیے دوزخ ونفاق سے آزادیاں لکھی جائیں۔ (فتاویٰ رضویہ ۴/۲۴۷۔ انوار البشارۃ)

مسجد نبوی میں نماز کا ثواب

حدیث: میری اس مسجد میں نماز اور مسجدوں کی ہزار نماز سے افضل ہے سوا مسجد الحرام کے۔

اسے احمد وائمہ ستہ نے روایت کیا ہے۔ (النیرۃ الوضیۃ شرح الجوھرۃ المضیۃ)

مسجد نبوی کا طول وعرض

علماء تصریح فرماتے ہیں کہ مسجد مبارک حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں جنوباً شمالاً یعنی دیوار قبلہ سے پائیں مسجد تک سو گز طول رکھتی تھی اور اسی قدر شرقاً وغرباً عرض تھا اور پائیں یعنی جانب شمال ایک مسقف دالان جنوب رویہ تھا جسے صفہ کہتے اور اہل صفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس میں سکونت رکھتے یہ بھی جزء مسجد تھا۔

علامہ رحمۃ اللہ سندی تلمیذ امام محقق علی الاطلاق ابن الہمام منسک متوسط اور مولانا علی قاری مکی اس کی شرح مسلک متقسط میں فرماتے ہیں:

(حده) ای حدود المسجد الاول من المشرق من وراء المنبر نحو مائة ذراع و من المغرب الاسطوانة الخامسة من المنبر و من الشام حيث ينتهي مائة ذراع من محرابه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و هو معلوم لاهل المدينة بالعلامة الموضوعة . اهـ ملخصا.

مسجد اول کے حدود جانب مشرق سے منبر کے علاوہ سو گز ہے اور جانب مغرب منبر اطہر سے پانچواں ستون اور جانب شام سے جہاں مسجد ختم ہوتی ہے محراب اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سو گز ہے اور اہل مدینہ کو وہاں رکھی ہوئی علامت سے یہ معلوم ہے۔ (مولف)

علامہ طاہر فتنی مجمع بحار الانوار میں فرماتے ہیں:

اهل الصفة فقراء المهاجرين و من لم يكن له منهم المنزل يسكنه فكانوا ياوون الى مظلل فى مسجد المدينة .

صفہ والے مہاجرین کے فقراء تھے اور اصحاب صفہ میں سے جن کے لیے رہنے کا گھر نہ تھا وہ مسجد مدینہ کی ایک سایہ دار جگہ میں رہتے تھے۔ (مولف)

صحیح بخاری شریف میں ہے :

(باب نوم الرجال فى المسجد) و قال ابو قلابة عن انس رضى الله تعالىٰ عنه قدم رهط من عكل على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فكانوا فى الصفة.

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ قبیلہ عکل کی ایک جماعت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئی تو وہ لوگ مسجد نبوی کے چبوترے میں رہتے تھے۔ (مولف)

و قال عبد الرحمن بن ابى بكر رضى الله تعالىٰ عنهما قال كان اصحاب الصفة الفقراء .

عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ چبوترہ میں رہنے والے لوگ فقراء تھے۔

(مولف)

علامہ احمد قسطلانی ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں :

الصفة بضم الصاد و تشديد الفاء موضع مظل فى اخريات المسجد النبوى تاوى اليه المساكين .

صفہ صاد کے پیش اور فاء کی تشدید کے ساتھ وہ سایہ دار جگہ جو مسجد نبوی کے آخر میں تھی جہاں پر مساکین رہا کرتے تھے۔ (مولف)

اب مشاہدہ کرنے والا جانتا ہے کہ محراب مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ محراب امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جانب شمال ہے پائیں مسجد کو پیائش کرتے آیئے تو سوگز کی مساحت ایک حصہ صحن میں آ نکلی اور قطعاً معلوم کہ زمانۂ اقدس میں جس قدر بنائے مسجد تھی اس میں کمی نہ ہوئی بلکہ افزونیاں ہی ہوتی آئیں تو واجب کہ اس وقت بھی یہ سوگز مع صحن تھی اور جب کہ صفہ تک جزءِ مسجد تھا۔

(فتاویٰ رضویہ ۳/۵۷۹۔ التعبیر المنجد)

مسجد نبوی کی تعمیر حضور نے فرمائی

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب مسجد مدینہ طیبہ بنا فرمائی تو وہ ایک نخلستان تھا جس میں مشرکین دفن ہوتے تھے فامر بقبور المشرکین۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ مشرکوں کی قبریں کھود کر وہ نجس مٹی پھینک دی گئی پھر وہاں مسجد کریم تعمیر فرمائی۔ جیسا کہ صحیح بخاری وغیرہ میں ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ۲/۴۴۶)

مسجد نبوی کے تین دروازے تھے

مسجد نبوی کے دروازوں کا تعیین کرتے ہوئے ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی ارشاد فرماتے ہیں:

زمانۂ اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں صرف ایک اذان ہوتی تھی جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوتے حضور کے سامنے مواجہ اقدس میں مسجد کریم کے

دروازہ پر، زمانہ اقدس میں مسجد شریف کے صرف تین دروازے تھے ایک مشرق کو جو حجرۂ شریفہ کے متصل تھا جس میں سے حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم مسجد میں تشریف لاتے اس کی سمت پر ایک باب جبرئیل ہے دوسرا مغرب میں جس کی سمت پر اب باب الرحمۃ ہے، تیسرا شمال میں جو خاص محاذی منبر اطہر تھا۔

صحیح بخاری شریف میں انس بن مالک رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے :

دخل رجل يوم الجمعة من باب كان وجاه المنبر و رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم قائم يخطب فاستقبل رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم قائما فقال يارسو الله . الحديث .

ایک آدمی جمعہ کے دن اس دروازے سے داخل ہوا جو منبر اطہر کے سامنے تھا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کھڑے ہوکر خطبہ ارشاد فرماتے تھے اس شخص نے کھڑے ہوکر حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا استقبال کیا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔ الحدیث۔

اس دروازے پر اذان جمعہ ہوتی تھی کہ منبر کے سامنے بھی ہوئی اور مسجد سے باہر بھی۔ زمانۂ صدیق اکبر و عمر فاروق و ابتدائے خلافت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہم میں یہی ایک اذان ہوتی رہی جب لوگوں کی کثرت ہوئی اور شتابی حاضری میں قدرے کسل واقع ہوا امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے ایک اذان شروع خطبہ سے پہلے بازار میں دلوانی شروع کی۔ (فتاویٰ رضویہ ۲/ ۴۹۵)

حضرت عثمان نے مسجد نبوی میں توسیع کی

جامع ترمذی شریف میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا :

رحم اللہ عثمٰن زاد فی مسجد ناحتی و سعنا ھذا مختصر۔

اللہ تعالیٰ عثمان پر رحمت فرمائے اس نے ہماری مسجد شریف بڑھادی یہاں تک کہ اس میں ہم سب نمازیوں کی وسعت ہوگئی۔ (فتاویٰ رضویہ ۳/۱۳ے)

منبر رسول اور اس کا احترام

منبر رسول کے زینے اور اس کے ادب و احترام سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

منبر خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنوایا اور اس پر خطبہ فرمایا: جیسا کہ صحیحین وغیرہما میں سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سے ثابت ہے۔

منبر اقدس کے تین زینے تھے علاوہ اوپر کے تختے کے جس پر بیٹھتے ہیں۔

ردالمحتار میں ہے :

منبرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان ثلث درج غیر المسماۃ بالمستراح۔

منبر اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تین زینے تھے اوپر کے اس تختے کے علاوہ جس پر بیٹھتے تھے۔

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم درجہ بالا پر خطبہ فرمایا کرتے۔

صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دوسرے پر پڑھا۔

فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تیسرے پر۔

جب زمانہ ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا آیا پھر اول پر خطبہ فرمایا، سبب پوچھا گیا فرمایا اگر دوسرے پر بیٹھتا لوگ گمان کرتے کہ میں صدیق کا ہمسر ہوں اور تیسرے پر تو وہم ہوتا کہ فاروق کے برابر

ہوں لہٰذا وہاں پڑھا جہاں یہ احتمال متصور ہی نہیں۔

اصل سنت اول درجہ پر قیام ہے

و ما فعله الصديق فكان تادبا منه مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ما فعل الفاروق فكان تادبا مع الصديق رضى الله تعالىٰ عنهما

اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جو کیا وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ان کا ادب واحترام ہے اور جو عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا وہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ ان کا ادب ہے۔ (مولف)

بلندی منبر سے اصل مقصود یہ ہے کہ سب حاضرین خطیب کو دیکھیں اور اس کی آواز سنیں۔

(فتاویٰ رضویہ ۳/۷۰۰)

حدیث عبداللہ بن عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہے کہ انھوں نے منبر انور سرور اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے موضع جلوس اقدس کو اپنے چہرے سے لگایا۔

نافع نے کہا میں نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضۂ اطہر کو سلام کرتے ہوئے سو مرتبہ یا اس سے بھی زائد دیکھا آپ قبر پر تشریف لاتے اور کہتے نبی علیہ السلام اور ابوبکر کو سلام ہو، پھر واپس چلے جاتے اور یہ بھی دیکھا گیا کہ منبر پر حضور کے بیٹھنے کی جگہ کو مس کر کے اپنے چہرے سے لگاتے تھے۔

یہ دونوں حدیثیں امام ابن سعد نے کتاب الطبقات میں روایت کیں۔

(ابر المقال فی استحسان قبلۃ الاجلال)

مسجد نبوی کی توصیف میں امام احمد رضا بریلوی یوں گویا ہیں :

ہر ایک دیوار و در پر مہر نے کی ہے جبیں سائی
نگار مسجد اقدس میں کب سونے کا پانی ہے

(حدائق بخشش)

اذان کی ابتداء

رأيت شخصا عليه ثوبان اخضران فاستقبل القبلة فقال الله اكبر، الله اكبر (الخ) فقال رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم: انها لرؤيا حق ان شاء الله تعالى

سبز لباس میں ملبوس ایک شخص نے قبلہ کی طرف رخ کر کے اذان دی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک یہ خواب حق ہے، انشاء اللہ تعالیٰ۔ (سیرت بن ہشام ۲/۱۷۷)

اذان کی ابتدا ۱ ھ

اذان مدینہ طیبہ میں ۱ ھ میں شروع ہوئی اور بعض کہتے ہیں کہ ۲ ھ میں ہوئی اور مشہور یہ ہے کہ تعیین وقت کے سلسلے میں جس میں سب نماز کے لیے جمع ہو جائیں آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باہم مسلمانوں سے مشورہ کیا کہ کیا صورت اختیار کی جائے ؟

- کسی نے کہا کہ ناقوس بجانا چاہیئے جس طرح کہ نصاریٰ نماز کے لیے بجاتے ہیں۔
- کسی نے کہا کہ یہودیوں کی طرح قرن یعنی سینگ پھونکنا چاہیئے۔
- کسی نے کہا کسی بلند جگہ پر آتش روشن کرنی چاہیئے۔

سب نے ان چیزوں کو ناپسند کیا اس پر عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جن کو صاحب الاذان کہتے ہیں خواب میں دیکھا کہ ایک مرد آسمان سے نیچے آیا اس کے ہاتھ میں ناقوس ہے، عبداللہ بن زید نے اس سے کہا اے بندۂ خدا اس ناقوس کو بیچتے ہو؟ اس نے کہا تم اس کا کیا کرو گے انھوں نے کہا میں اس سے لوگوں کو نماز کے لیے بلاؤں گا۔ اس نے کہا میں تم کو اس سے بہتر چیز سکھاتا ہوں تو اس نے اللہ اکبر، اللہ اکبر آخر تک مخصوص کیفیت کے ساتھ سکھایا، اسی طرح اقامت بھی سکھائی۔

جب انھوں نے صبح کی تو اپنا خواب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیان کیا، حضور نے فرمایا لرؤیا حق انشاء اللہ یقیناً انشاءاللہ تعالیٰ یہ خواب حق ہے۔

جاؤ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلاؤ کیوں کہ ان کی آواز بلند تر، نرم تر اور شیریں تر ہے۔ اور جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اذان سنی تو دوڑتے ہوئے اور اپنی چادر گھسیٹتے ہوئے آئے عرض کی یا رسول اللہ میں نے بھی وہی کچھ دیکھا ہے جو عبداللہ بن زید نے بیان کیا اس

پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا فلله الحمد .

اگر ایسا ہی ہے تو ان دونوں خواب میں یا تمھارے خواب کی موافقت پر اللہ تعالیٰ ہی کو حمد ہے کہ اس نے اپنی طرف سے الہام فرمایا اور صدق وصواب کا راستہ دکھایا۔

بعض روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی یہی خواب دیکھا تھا۔ امام غزالی نے فرمایا کہ دس صحابہ نے دیکھا تھا۔ اور بعض کہتے ہیں کہ چودہ صحابہ نے دیکھا تھا جن میں سے سات صحابی انصار میں سے تھے۔

بعض رواتیوں میں ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بارگاہ رسالت میں آئے تو جواب دینے میں تاخیر فرمائی کیوں کہ اس سے قبل اس کی وحی آرہی تھی۔

اور امیر المومنین سیدنا علی مرتضٰی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی حدیث میں ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معراج میں تشریف لے گئے اور سراپردۂ عزت میں حاضری ہوئی جو کہ کبریائے حق کا محل خاص تھا وہاں ایک فرشتہ نمودار ہوا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جبریل سے دریافت کیا یہ فرشتہ کون ہے؟ جبریل نے عرض کیا کہ قسم ہے اس خدائے ذوالجلال کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا۔ میں بارگاہ رب العزت میں سب سے زیادہ مقرب بندہ ہوں میں نے اس فرشتہ کو اس ساعت سے پہلے جب سے کہ مجھے پیدا کیا گیا ہے نہیں دیکھا۔ پھر اس فرشتے نے کہا : الله اکبر ، الله اکبر. پردۂ جلال کے پیچھے سے آواز آئی میرے بندے تو نے سچ کہا میں اکبر ہوں اس کے بعد اذان کے بقیہ کلمات کو بیان کیا۔

تحقیق یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج میں اذان کے کلمات کو سنا لیکن حکم نہ ہوا کہ ان کلمات اذان کو نماز کے لیے کہا جائے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں بغیر اذان کے نماز ادا فرمایا کرتے تھے یہاں تک کہ مدینہ طیبہ میں رونق افروز ہوئے اور یہاں اس باب میں صحابہ کے ساتھ مشورہ کیا۔ بعض صحابہ نے اذان کو خواب میں سنا اس پر وحی آئی کہ ان کلمات کو جو آسمان پر سنا تھا زمین پر اذان کا طریقہ اختیار کرو۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

عبداللہ بن زید نے خواب میں اذان دیکھی

ابتدائے اذان کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

مسند احمد وسنن ابی داؤد وغیرہما میں عبداللہ بن زید بن عبدربہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث تعلیم اذان میں ہے فرشتے نے کہا یوں کہا کرو:

اللہ أكبر اللہ أكبر اللہ أكبر اللہ أكبر ، أشهد أن لا إله إلا الله ، أشهد أن لا إله إلا الله أشهد أن محمد رسول الله أشهد أن محمدا رسول الله ، حي على الصلاة حي على الصلاة، حي على الفلاح حي على الفلاح ، الله أكبر الله أكبر لا إله إلا الله .

عبداللہ بن زید نے فرمایا حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے میں نے عرض کی حضور نے فرمایا:

ان هذه لرؤيا حق انشاء الله تعالىٰ ثم امر بالتاذين فكان بلال مولىٰ ابى بكر يوذن بذلك .

انشاء اللہ تعالیٰ یہ خواب بیشک حق ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلال مولیٰ ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اذان کا حکم دیا۔ (فتاویٰ رضویہ ۲/۳۷۴)

ابوالشیخ کتاب الاذان میں روایت کرتے ہیں :

عن عبد الله بن زید الانصاری رضی الله تعالیٰ عنه قال رأیت فیما یری النائم کان رجلا علیه ثوبان اخضران علی سور المسجد یقول الله اکبر الله اکبر اربعا . الحدیث

حضرت عبداللہ بن زید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک شخص سبز جوڑا پہنے ہوئے مسجد کی چھت پر کھڑا ہوا کہہ رہا تھا الله أكبر الله أكبر الخ..... (مولف)

و فی اخری عنه رأیت رجلا علیه ثوبان اخضران و انا بین النوم و الیقظان فقام علی سطح المسجد فجعل اصبعیه فی اذنیه و نادی ، الحدیث .

دوسری روایت میں ہے حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نیم خوابی کی حالت میں ایک شخص کو سبز جوڑا پہنے ہوئے دیکھا کہ وہ مسجد کی چھت پر کھڑا اپنے کانوں میں انگلیاں ڈالے ہے اور ندا دے رہا ہے یعنی الله اکبر الله اکبر الخ ..... (مولف)

ابوداؤد وابوبکر بن ابی شیبہ کی حدیث میں ہے :

جاء رجل من الانصار فقال یا رسول الله رأیت رجلا کان علیه ثوبان اخضران فقام علی المسجد فاذن.

ایک انصاری نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت مبارک میں عرض کی میں نے ایک آدمی کو دیکھا جس کے جسم پر دو ہرے رنگ کے کپڑے تھے اس نے مسجد پر کھڑے ہو کر اذان دی۔ (مولف)

ابوبکر بن ابی شیبہ کی دوسری روایت اور ابوالشیخ کی کتاب الاذان میں ہے۔

ان عبد الله بن زید الانصاری جاء الی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال یا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رأیت فی المنام کان رجلا و علیه بردان اخضران علی جذمة حائط فاذن ، الحدیث.

عبداللہ بن زید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں نے خواب میں ایک آدمی کو ہرے رنگ کا جوڑا پہنے ہوئے دیکھا جو کہ ایک منہدم دیوار پر کھڑے ہوکر اذان دے رہا تھا۔ (مولف)

سنن سعید بن منصور میں عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ سے ہے :

ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اهتم للصلوٰة کما یجمع الناس لها فانصرف عبد الله بن زید فرای الاذان فی منامه فلما اصبح غدا فقال یا رسول الله رأیت رجلا علی سقف المسجد و علیه ثوبان اخضران ینادی بالاذان ، الحدیث .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک بار لوگوں کو اہتمام سے نماز کے لیے جمع کیا۔ حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز پڑھ کر واپس ہوئے تو خواب میں اذان ہوتے دیکھی، دوسرے روز صبح کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اطلاع دی کہ رات میں نے خواب میں اس طرح اذان ہوتے دیکھی کہ ایک آدمی سبز جوڑا پہنے چھت پر اذان دے رہا تھا۔ (مولف) (شمائم العنبر فی ادب النداء امام المنبر)

پہلی اذان

ابن ماجه عن عبد الله بن زید رضی الله تعالیٰ عنه قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان صاحبکم قد رای رؤیا فاخرج مع بلال الی المسجد فالقها علیه و لیناد بلال فانه اندی صوتا منک قال فخرجت مع بلال الی المسجد فجعلت القیها

علیه و هو ینادی بها.

ابن ماجہ میں حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمھارے ساتھی (عبداللہ بن زید) نے خواب دیکھا ہے تو اے عبداللہ، بلال کے ساتھ مسجد کی طرف جاؤ تم تلقین کرو اور وہ پکار کر اعلان کریں کہ وہ تم سے بلند آواز ہیں، حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مسجد کی طرف گیا، میں بلال پر کلمات اذان تلقین کرتا اور حضرت بلال اسے پکار کر دہراتے۔ (مولف)

نوار کے گھر کی چھت پر اذان

طبقات ابن سعد میں ہے: عن نوار ام زید بن ثابت رضی الله تعالیٰ عنهما قالت كان بيتي اطول بيت حول المسجد فكان بلال يؤذن فوقه من اول ما يوذن الى ان بنى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم المسجد فكان يوذن بعد على سقف المسجد و قد رفع له شئ فوق ظهره.

حضرت زید بن ثابت کی ماں نوار رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ مسجد کے پڑوس میں میرا گھر سب سے اونچا تھا تو حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابتداء سے اسی پر اذان دیتے تھے لیکن جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد بنالی اور اس کی چھت پر کچھ اونچا کر دیا تو اسی پر اذان دینے لگے۔(مولف)۔ (شمائم العنبر)

سفر میں اذان

امام احمد رضا قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

صحیح بخاری شریف کی حدیث باب الاذان للمسافر میں ہے کہ ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہم

ایک سفر میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ رکاب اقدس تھے موذن نے اذان ظہر دینی چاہی فرمایا ابرد وقت ٹھنڈا کر۔

کچھ دیر کے بعد پھر موذن نے اذان دینی چاہی فرمایا ابــرد وقت ٹھنڈا کر۔ دیر کے بعد موذن نے سہ بارہ اذان کا ارادہ کیا فرمایا ابــرد وقت ٹھنڈا کر، اور یوں ہی تاخیر کا حکم فرماتے رہے حتــی ســاوی الـظـل التلول یہاں تک کہ سایہ ٹیلوں کے برابر ہوگیا۔ اس وقت اذان کی اجازت فرمائی اور ارشاد فرمایا گرمی کی شدت جہنم کی سانس سے ہے تو جب گرمی سخت ہو ظہر ٹھنڈے وقت پڑھو۔

(فتاویٰ رضویہ ۲/ ۲۵۵)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے :

کـنـا مـع الـنـبـی صـلـی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی السفر فاراد الموذن ان یؤذن الـظـهـر فـقـال الـنـبـی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابرد ثم اراد ان یؤذن فقال له ابرد حتی راینا فی التلول ۔ الحدیث.

ہم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے موذن نے ارادہ کیا کہ ظہر کی اذان دے حضور نے ارشاد فرمایا ٹھنڈا کر پھر چاہا کہ اذان دے پھر فرمایا ٹھنڈا کر یہاں تک کہ ہم نے ٹیلوں کے سائے دیکھے۔

اور مسلم میں ابراہیم کے طریق میں شعبہ سے موذن کا تین بار ارادہ اور حضور کا یہی حکم فرمانا وارد ہوا۔ (فتاویٰ رضویہ ۲/ ۴۴۲)

حضور کی اذان

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اذان سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا

بریلوی فرماتے ہیں :

درمختار اور ضیاء مقدسی میں ہے :

انه علیه الصلاة و السلام اذن فی سفر بنفسه و اقام و صلی الظهر .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سفر میں بذات خود اذان واقامت کہی اور نماز پڑھی۔ (مولف)

ترمذی میں ہے :

انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذن فی سفر و صلی اصحابه.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سفر میں اذان دی اور اپنے اصحاب کی امامت فرمائی۔

(مولف)

تحفۂ امام ابن حجر مکی میں ہے :

انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذن مرة فی سفر فقال فی تشهده اشهد انی رسول الله .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ سفر میں اذان دی تو کلمہ شہادت میں فرمایا: اشهد انی رسول الله . (مولف) (فتاویٰ رضویہ ۲/۳۶۷)

علماء کا اس میں اختلاف ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنفس نفیس خود اذان دی ہے یا نہیں؟

ایک حدیث میں ہے کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر میں تھے آپ اور آپ کے صحابہ

سب سوار تھے اوپر بارش تھی اور نیچے کیچڑ اور کیچڑ کی وجہ سے سواری سے نیچے اترنا دشوار تھا اس وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اذان کہی اور سب نے سواریوں پر ہی نماز ادا کی۔

اور بعض کہتے ہیں کہ اس جگہ اذان کہنے سے مراد بطریق مجاز اذان کا حکم دینا ہے۔

اور مسند امام احمد اور دار قطنی کی روایت میں اس کی صراحت بھی آئی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اذان کہنے کا حکم فرمایا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور کو اذان کی تعلیم

بزار حضرت امیر المومنین مولیٰ المسلمین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی :

حق جل وعلا نے اپنے رسول کو اذان سکھانی چاہی جبریل براق لے کر حاضر ہوئے حضور سوار ہو کر اس حجاب عظمت تک پہنچے جو رحمٰن جل مجدہ کے نزدیک ہے پردے سے ایک فرشتہ نکلا اور اذان کہی، حق جل علا نے ہر کلمہ پر موذن کی تصدیق فرمائی پھر فرشتے نے حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دست اقدس تھام کر حضور کو آگے کیا حضور نے تمام اہل سماوات کی امامت فرمائی جن میں آدم و نوح علیہما الصلاۃ والسلام بھی شامل تھے اس روز حق تبارک و تعالیٰ نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شرف تمام اہل آسمان و زمین پر کامل کر دیا۔

اسی کی مثل ابونعیم نے بطریق امام محمد بن حنفیہ ابن علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کی اس کے اخیر میں ہے۔

ثم قیل لرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تقدم فام اھل السماء فتم لہ الشرف علی سائر الخلق.

پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کہا گیا آگے بڑھئے حضور نے تمام اہل آسمان کی امامت فرمائی اور جمیع مخلوقات الٰہی پر حضور کا شرف کامل ہوا۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

حضور علیہ السلام کا یہودیوں سے

تاریخی معاہدہ

اور انصار و مہاجرین کے درمیان مواخات

والذین آمنوا ولم یہاجروا ما لکم من ولایتھم من شیء حتی یہاجروا وان استنصروکم فی الدین فعلیکم النصر الا علی قوم بینکم وبینھم میثاق۔

اور وہ جو ایمان لائے اور ہجرت نہ کی تمہیں ان کا ترکہ کچھ نہیں پہنچتا جب تک ہجرت نہ کریں اور اگر وہ دین میں تم سے مدد چاہیں تو تم پر مدد دینا واجب ہے، مگر ایسی قوم پر کہ تم میں ان میں معاہدہ ہے۔ (الانفال)

حضور علیہ السلام کا یہودیوں سے تاریخی معاہدہ

مدینہ طیبہ میں مسلمانوں کے علاوہ یہودیوں کی ایک طاقتور جمعیت موجود تھی وہ معاشی لحاظ سے بھی خوش حال تھے اور اہل کتاب ہونے کے باعث علمی طور پر بھی اوس وخزرج پر فوقیت رکھتے تھے۔ یہاں کے معاشرہ میں اس وقت تک اتحاد اور ایک رنگی پیدا نہیں ہو سکتی تھی جب تک ان یہودیوں کو بھی اپنے ساتھ نہ ملایا جاتا۔ نیز اسلام کے اولین دشمن رؤسا مکہ ابھی تک مسلمانوں کی بیخ کنی کے درپے تھے اور کسی وقت بھی وہ اس چھوٹی سی بستی پر حملہ آور ہو سکتے تھے۔ ان تمام اندرونی اور بیرونی مشکلات سے نبرد آزما ہونے کے لیے ایک وسیع البنیاد منشور کی ضرورت تھی اس لیے رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک ایسی دستاویز تیار کی جس میں مہاجرین وانصار کے علاوہ یہاں کے یہودیوں کو بھی شامل کیا گیا۔ اس دستاویز کے ذریعہ مدینہ طیبہ کے جملہ باشندوں کا بلا امتیاز مذہب وقومیت اندرونی و بیرونی خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے ایک اتحاد عمل میں لایا گیا۔ اس منشور کا ترجمہ یہ ہے :

(۱) یہ تحریری دستاویز ہے اللہ کے نبی محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی قریش، یثرب کے اہل ایمان اور ان لوگوں کے باب میں جو ان کے اتباع میں ان کے ساتھ شامل ہوں اور ان کے ہمراہ جنگ میں حصہ لیں۔

(۲) یہ (تمام گروہ) دنیا کے (دوسرے) لوگوں سے ممتاز و ممیز ایک علیحدہ (سیاسی) وحدت متصور ہوں گے۔

(۳) مہاجرین جو قریش میں سے ہیں علی حالہ دیتوں اور خوں بہا وغیرہ کے یہ معاملات میں اپنے قبیلہ کے طے شدہ رواج پر عمل کریں گے اپنے قیدیوں کو مناسب فدیہ دے کر چھڑائیں گے اور دوسرے مسلمانوں کے ساتھ عدل وانصاف کا برتاؤ کریں گے۔

(۴) اور بنوعوف بھی اپنی جگہوں پر قائم رہیں گے اور خوں بہا وغیرہ کا طریقہ ان میں حسب سابق قائم رہے گا ہر گروہ عدل و انصاف کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے اپنے قیدیوں کو فدیہ دے کر چھڑائے گا۔

(۵) اور بنوحارث بھی اپنی جگہوں پر قائم رہیں گے اور خوں بہا کا طریقہ ان میں حسب دستور سابق رہے گا ہر گروہ عدل و انصاف کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے اپنے قیدی کو فدیہ دے کر چھڑائے گا۔

اسی طرح بنوساعدہ، بنوجشم، بنونجار، بنوعمرو بن عوف، بنوالنبیت، اور بنوالاوس بھی اپنی جگہوں پر قائم رہیں گے ان میں خون بہا کا جو طریقہ رائج ہے حسب دستور وہی باقی رہے گا ہر گروہ عدل و انصاف کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے اپنے قیدیوں کو فدیہ دے کر چھڑائے گا۔

(۶) اہل ایمان اپنے کسی زیر بار قرض دار کو بے یار و مددگار نہیں چھوڑیں گے بلکہ قاعدہ کے مطابق فدیہ دیت اور تاوان ادا کرنے میں اس کی مدد کریں گے۔

(۷) کسی مومن کے آزاد کردہ غلام کو کوئی مومن حلیف نہ بنائے گا۔

(۸) تمام تقویٰ شعار مومنین متحد ہو کر ہر اس شخص کی مخالفت کریں گے جو سرکشی کرے، ظلم، گناہ اور تعدی کے ہتھکنڈوں سے کام لے اور ایمان والوں کے درمیان فساد پھیلائے ایسے شخص کی مخالفت میں ایمان والوں کے ہاتھ ایک ساتھ اٹھیں گے اگرچہ وہ ان میں سے کسی کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو۔

(۹) کوئی مومن کسی دوسرے مومن کو کافر کے عوض قتل نہیں کرے گا اور نہ مومن کے خلاف وہ کسی کافر کی مدد کرے گا۔

(۱۰) اللہ کا ذمہ اور پناہ سب کے لیے یکساں ہے ادنیٰ ترین مسلمان بھی کافر کو پناہ دے سکتا ہے اہل

ایمان دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں باہم بھائی اور مددگار و کارساز ہیں۔

(۱۱) یہودیوں میں سے جو بھی ہمارا اتباع کرے گا تو اسے مدد اور مساوات حاصل ہوگی اور ان یہود پر نہ تو ظلم کیا جائے گا اور نہ ہی ان کے خلاف کسی دشمن کی مدد کی جائے گی۔

(۱۲) تمام اہل ایمان کی صلح یکساں اور برابر کی حیثیت رکھتی ہے کوئی مومن قتال فی سبیل اللہ میں دوسرے مومن کو چھوڑ کر دشمن سے صلح نہیں کرے گا اور اسے مسلمانوں کے درمیان عدل و مساوات کو ملحوظ رکھنا ہوگا۔

(۱۳) جو لشکر ہمارے ساتھ جہاد میں شریک ہوگا اس کے افراد آپس میں باری باری ایک دوسرے کی جانشینی کریں گے۔

(۱۴) اہل ایمان کفار سے انتقام لینے میں ایک دوسرے کی مدد کریں گے۔

(۱۵) تمام تقویٰ شعار مسلمان اسلام کے احسن اور اقوم طریق پر ثابت قدم رہیں گے۔

(۱۶) مدینہ کا کوئی مشرک قریش کے کسی شخص کو مالی یا جانی کسی طرح کی پناہ نہ دے گا اور نہ مسلمان کے مقابلے پر اس (قریشی) کی حمایت و مدد کرے گا۔

(۱۷) جو شخص ناحق کسی مومن کا خون کرے گا اسے مقتول کے عوض بطور قصاص قتل کیا جائے گا مگر یہ کہ اس مقتول کا ولی اس کے عوض خون بہا لینے پر رضا مند ہو جائے اور تمام اہل ایمان قاتل کے خلاف رہیں گے۔

(۱۸) کسی ایمان والے کے لیے جو اس دستور العمل کے مندرجات کی تعمیل کا اقرار کر چکا ہے اور اللہ اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہے یہ ہرگز جائز نہ ہوگا کہ وہ کوئی نئی بات نکال کر فتنہ انگیزی کے ذمہ دار کی حمایت کرے یا اسے پناہ دے جو ایسے کسی (مجرم) کی حمایت و نصرت کرے گا یا اسے پناہ

دے گا تو وہ قیامت کے دن اللہ کی لعنت اور اس کے غضب کا مستوجب ٹھہرے گا اور جہاں اس کی نہ تو توبہ قبول کی جائے گی نہ کوئی فدیہ لیا جائے گا۔

(۱۹) جب تم مسلمانوں میں کسی قسم کا تنازعہ ہوگا تو اسے اللہ اور اس کے رسول محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

(۲۰) جب تک جنگ رہے یہودی اس وقت تک مومنین کے ساتھ مل کر مصارف اٹھائیں گے۔

(۲۱) یہود بنی عوف اور ان کے حلفاء وموالی سب مل کر مسلمانوں کے ساتھ ایک جماعت متصور ہوں گے یہودی اپنے دین پر رہنے کے مجاز ہوں گے اور مومن اپنے دین پر کاربند رہیں گے البتہ جس نے ظلم یا عہد شکنی کا ارتکاب کیا تو وہ محض اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو مصیبت میں ڈالے گا۔

اسی طرح یہود بنی نجار، یہود بنی حارث، یہود بنی ساعدہ، یہود بنی جشم، یہود بنی الاوس، یہود بنی ثعلبہ، بنی جفنہ، بنی الشطیبہ، موالی ثعلبہ، اور یہودی قبائل کی ذیلی شاخوں کو وہی کچھ حقوق ومراعات ہیں جو بنی عوف کے یہودیوں کے لیے ہیں، ہر ایک پر اس دستاویز کی وفا شعاری لازم ہے نہ کہ عہد شکنی، البتہ جو ظلم اور عہد شکنی کا مرتکب ہو تو خود اس کی ذات اور اس کے گھرانے کے سوا کوئی دوسرا مصیبت میں نہیں پڑے گا۔ اور یہ کہ ان قبائل میں سے کوئی فرد حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اجازت کے بغیر نہیں نکلے گا۔

(۲۲) کسی مار یا زخم کا بدلہ لینے میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالی جائے گی اور ان میں جو فرد یا جماعت قتل ناحق یا خوں ریزی کا ارتکاب کرے تو اس کا وبال اور ذمہ داری اس کی ذات اور اس کے اہل وعیال پر ہوگی ورنہ ظلم ہوگا اور اللہ اس کے ساتھ ہے جو اس سے بری الذمہ ہے۔

(۲۳) یہودیوں پر ان کے مصارف کا بار ہوگا اور مسلمانوں پر ان کے مصارف کا۔

(۲۴) اور اس صحیفہ والوں کے خلاف جو بھی جنگ کرے تو تمام فریق (یہودی اور مسلمان) ایک دوسرے کی مدد کریں گے نیز خلوص کے ساتھ ایک دوسرے کی خیر خواہی کریں گے اور ان کا شیوہ وفاداری ہوگا نہ کہ عہد شکنی اور ہر مظلوم کی بہر حال حمایت و مدد کی جائے گی۔

(۲۵) اور اس صحیفہ والوں کے لیے حدود یثرب (مدینہ) کا داخلی علاقہ حرم کی حیثیت رکھے گا۔

(۲۶) پناہ گزیں، پناہ دہندہ کی مانند ہے نہ کوئی اس کو ضرر پہنچائے گا اور نہ وہ خود عہد شکنی کر کے گناہ گار بنے۔

(۲۷) کسی پناہ گاہ میں وہاں والوں کی اجازت کے بغیر کسی کو پناہ نہیں دی جائے گی۔

(۲۸) اور اس صحیفہ کے ماننے والوں میں اگر کوئی نئی بات پیدا ہو (جس کا ذکر اس دستاویز میں نہیں) یا کوئی اور جھگڑا جس سے کسی نقصان اور فساد کا اندیشہ ہو تو اس متنازعہ فیہ امر میں فیصلہ کے لیے اللہ اور اس کے رسول محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف رجوع کرنا ہوگا۔ اور اللہ کی تائید اس شخص کے ساتھ ہے جو اس صحیفہ کے مندرجات کی زیادہ سے زیادہ احتیاط اور وفا شعاری کے ساتھ تعمیل کرے۔

(۲۹) قریش مکہ اور اس کے حامیوں کو کوئی پناہ نہیں دی جائے گی۔

(۳۰) یثرب (مدینہ) پر جو بھی حملہ آور ہو تو اس کے مقابلہ میں یہ سب (یہودی اور مسلمان) ایک دوسرے کی مدد کریں گے۔

(۳۱) ان مسلمانوں میں جو اپنے حلیف کے ساتھ صلح کرنے کے لیے یہود کو دعوت دے تو یہود اس سے صلح کر لیں گے اسی طرح اگر وہ (یہود) کسی ایسی صلح کی دعوت دیں تو مومنین بھی اس دعوت کو قبول کر لیں گے مگر یہ کہ کوئی دین و مذہب کے لیے جنگ کرے۔

(۳۲) تمام لوگ اپنی اپنی جانب کے علاقہ کی مدافعت کے ذمہ دار ہوں گے۔

(۴۳) یہ نوشتہ کسی ظالم یا مجرم کو اس کے جرم کے عواقب سے بچانے کے لیے آڑے نہ آئے گا جو جنگ کے لیے نکلے یا کسی اور جگہ نقل مکانی کرے وہ بھی اور جو گھر (مدینہ) میں بیٹھا رہے وہ بھی امن کا حقدار ہوگا اس پر کوئی مواخذہ نہیں البتہ صرف وہ لوگ مستثنیٰ ہوں گے جو ظلم یا جرم کے مرتکب ہوں اور جو اس نوشتہ کی وفا شعاری اور احتیاط سے تعمیل کرے گا تو اللہ اور اس کے رسول محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی اس کے نگہبان اور خیر اندیش ہیں۔

اس دستاویز کا مطالعہ کرنے سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی حاکمیت اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اطاعت کرنے کا حکم ہے اور اگر کوئی اختلاف معاہدہ کے شرکاء میں رونما ہو جائے تو اس کے حل کا یہ طریقہ طے پایا ہے کہ اس متنازعہ معاملہ میں اللہ اور اس کے رسول کی طرف رجوع کیا جائے گا اور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فیصلہ حتمی اور قطعی ہوگا۔ نیز اس میں ثواب وعقاب کا بھی ذکر موجود ہے کہ تمام عوامل اسے ایک ایسا دستور قرار دیتے ہیں جو سرتاپا اسلامی رنگ میں رنگا ہوا ہے۔

اس منشور کی امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں نہ تو کسی شخص اور قبیلہ کے کسی حق کو غصب کیا گیا ہے اور نہ کسی پہ مذہبی عقیدہ میں کوئی جبر کیا گیا ہے نہ ان کے معاشرہ میں رواج پذیر رسوم ورواج کو چھیڑا گیا ہے اور نہ ان کے نجی معاملات میں کسی قسم کی مداخلت بے جا کی گئی ہے۔ مدینہ کے لوگ جو مدت دراز سے جنگ کی بھٹی میں جل رہے تھے ان کو باہمی امن وصلح کی ضمانت دی جارہی ہے اسی لیے تمام اہل یثرب نے قبائلی اور مذہبی اختلافات کے باوجود اس منشور کو صدق دل سے قبول کر لیا۔

اس منشور سے پہلے عرب حد درجہ انفرادیت کا شکار تھے وہ نہ کسی قانون کے پابند تھے اور نہ کسی قوت حاکمہ کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کے عادی تھے ان میں سے اگر کوئی قتل ہو جاتا تو اس کا انتقام لینا ان کی اپنی قوت بازو پر منحصر تھا وہ اپنی حق تلفی کا مداوا اپنے زور سے کیا کرتے تھے وہاں کوئی ایسی اجتماعی قوت نہ تھی جو ان کے جان و مال اور عزت وآبرو کی حفاظت کی ضمانت دے۔ لیکن اس منشور میں ان ساری

انفرادیتوں کو زندہ درگور کر دیا گیا اور اس نے نئے معاشرہ میں ایک ایسی مرکزی قیادت قائم کر دی جس کی طرف ہر موقع پر رجوع کر سکتے تھے جب ان کی جان و مال اور آبرو پر کوئی دست درازی کرتا۔ وہ اصول انفرادیت جو اسلام سے قبل عرب کی معاشرت کا طرۂ امتیاز تھا اس نوشتہ کے ذریعہ اجتماعیت سے بدل دیا گیا یوں طوائف الملو کی کا بھی خاتمہ ہو گیا اور نسلی و مذہبی لحاظ سے منتشر افراد ایک لڑی میں پیرو دیے گئے اور تمام باشندوں کو یکساں حقوق میسر آ گئے۔

انصار و مہاجرین کے درمیان مواخات

حضرات مہاجرین چوں کہ انتہائی بے سروسامانی کی حالت میں بالکل خالی ہاتھ اپنے اہل وعیال کو چھوڑ کر مدینہ آئے تھے اس لیے پردیس میں مفلسی کے ساتھ وحشت و بے گانگی اور اپنے اہل وعیال کی جدائی کا صدمہ محسوس کرتے تھے اس میں شک نہیں کہ انصار نے ان مہاجرین کی مہمان نوازی اور دل جوئی میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی لیکن مہاجرین دیر تک دوسروں کے سہارے زندگی بسر کرنا پسند نہیں کرتے تھے کیوں کہ وہ لوگ ہمیشہ سے اپنے دست و بازو کی کمائی کھانے کے خوگر و عادی تھے اس لیے ضرورت تھی کہ مہاجرین کی پریشانیوں کو دور کرنے اور ان کے لیے مستقل ذریعہ معاش مہیا کرنے کے لیے کوئی انتظام کیا جائے۔ اس لیے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیال فرمایا کہ انصار و مہاجرین میں رشتہ اخوت و بھائی چارگی قائم کر کے ان کو بھائی بھائی بنا دیا جائے تا کہ مہاجرین کے دلوں سے اپنی تنہائی اور بے کسی کا احساس دور ہو جائے اور ایک دوسرے کے مددگار بن جانے سے مہاجرین کے ذریعہ معاش کا مسئلہ بھی حل ہو جائے۔

چنانچہ مسجد نبوی کی تعمیر کے بعد ایک دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکان میں انصار و مہاجرین کو جمع فرمایا اس وقت مہاجرین کی تعداد پینتالیس یا پچاس تھی۔ حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے انصار کو مخاطب کر کے فرمایا کہ یہ مہاجرین تمہارے بھائی ہیں۔ پھر

مہاجرین وانصار میں سے دو دو شخص کو بلا کر فرماتے گئے کہ "یہ اور تم بھائی بھائی ہو" حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد فرماتے ہی یہ رشتہ اخوت بالکل حقیقی بھائی جیسا رشتہ بن گیا چنانچہ انصار نے مہاجرین کو ساتھ لے جا کر اپنے گھر کی ایک ایک چیز سامنے لا کر رکھ دی اور کہہ دیا کہ آپ ہمارے بھائی ہیں اس لیے ان سب سامانوں میں آدھا آپ کا اور آدھا ہمارا ہے۔ حد ہوگئی کہ حضرت سعد بن ربیع انصاری جو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف مہاجر کے بھائی قرار پائے تھے، ان کی دو بیویاں تھیں حضرت سعد بن ربیع انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ میری ایک بیوی جسے آپ پسند کریں میں اس کو طلاق دے دوں اور آپ اس سے نکاح کر لیں۔

اللہ اکبر! اس میں شک نہیں کہ انصار کا یہ ایثار ایک ایسا بے مثال شاہکار ہے کہ اقوام عالم کی تاریخ میں اس کی مثال مشکل ہی سے ملے گی۔ مگر مہاجرین نے کیا طرز عمل اختیار کیا یہ بھی ایک قابل تقلید تاریخی کارنامہ ہے۔ حضرت سعد بن ربیع انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس مخلصانہ پیش کش کو سن کر حضرت عبدالرحمٰن ابن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے شکریہ کے ساتھ یہ کہا کہ اللہ تعالیٰ یہ سب مال و متاع اور اہل و عیال آپ کو مبارک فرمائے مجھے تو آپ صرف بازار کا راستہ بتا دیجیے انھوں نے مدینہ کے مشہور بازار "قینقاع" کا راستہ بتا دیا حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ بازار گئے اور کچھ گھی اور کچھ پنیر خرید کر شام تک بیچتے رہے۔ اسی طرح روزانہ وہ بازار جاتے رہے اور تھوڑے ہی عرصہ میں وہ کافی مال دار ہوگئے اور ان کے پاس اتنا سرمایہ جمع ہوگیا کہ انھوں نے شادی کر کے اپنا گھر بسا لیا۔ جب یہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ تم نے بیوی کو کتنا مہر دیا؟ عرض کیا کہ پانچ درہم برابر سونا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تمھیں برکتیں عطا فرمائے تم دعوت ولیمہ کرو اگرچہ ایک ہی بکری ہو۔

اور رفتہ رفتہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تجارت میں اتنی خیر و برکت اور ترقی ہوئی کہ خود ان کا قول ہے کہ میں مٹی کو چھو دیتا تو سونا بن جاتی، منقول ہے کہ ان کا سامان تجارت سات سو

اونٹوں پر لدا کرتا تھا اور جس دن مدینہ میں ان کا تجارتی سامان پہنچتا تھا تو تمام شہر میں دھوم مچ جاتی تھی۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرح دوسرے مہاجرین نے بھی دکانیں کھول لیں۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کپڑے کی تجارت کرتے تھے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قینقاع کے بازار میں کھجوروں کی تجارت کرنے لگے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تجارت میں مشغول ہو گئے تھے۔ دوسرے مہاجرین نے بھی چھوٹی بڑی تجارت شروع کر دی۔ غرض باوجودیکہ مہاجرین کے لیے انصار کا گھر مستقل مہمان خانہ تھا مگر مہاجرین زیادہ دنوں تک انصار پر بوجھ نہیں بنے بلکہ اپنی محنت اور بے پناہ کوششوں سے بہت جلد اپنے پاؤں پر کھڑے ہو گئے۔

مہاجرین کے درمیان عقد مواخات

مشہور مؤرخ اسلام علامہ ابن البر کا قول ہے کہ یہ عقد مواخات (بھائی چارہ کا معاہدہ) تو انصار و مہاجرین کے درمیان ہوا اس کے علاوہ ایک خاص عقد مواخات مہاجرین کے درمیان بھی ہوا۔ جس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مہاجر کو دوسرے مہاجر کا بھائی بنا دیا۔ چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حضرت طلحہ و حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حضرت عثمان و حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے درمیان جب بھائی چارہ ہو گیا تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دربار رسالت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ! آپ نے اپنے صحابہ کو ایک دوسرے کا بھائی بنا دیا لیکن مجھے آپ نے کسی کا بھائی نہیں بنایا آخر میرا بھائی کون ہے؟ تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

انت اخی فی الدنیا و الآخرۃ.

یعنی تم دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہو۔

نماز کی رکعتوں میں اضافہ

اب تک فرض نمازوں میں صرف دو ہی رکعتیں تھیں مگر ہجرت کے سال اول ہی میں جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو ظہر و عصر و عشا میں چار چار رکعتیں فرض ہوگئیں لیکن سفر کی حالت میں اب بھی وہی دو رکعتیں قائم رہیں اسی کو ''نماز قصر'' کہتے ہیں جو سفر کی حالت میں ادا کی جاتی ہے۔

عبداللہ بن زبیر کی پیدائش

۱ھ میں حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ولادت ہوئی۔ ہجرت کے بعد مہاجرین کے یہاں سب سے پہلے بچہ جو پیدا ہوا وہ یہی حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں ان کی والدہ حضرت بی بی اسماء جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحب زادی ہیں۔ پیدا ہوتے ہی ان کو لے کر بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئیں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو اپنی گود میں بیٹھا کر اور کھجور چبا کر ان کے منہ میں ڈال دی۔ اس طرح سب سے پہلی غذا جو ان کے شکم میں پہنچی وہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا لعاب دہن تھا۔ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی پیدائش سے مسلمانوں کو بے حد خوشی ہوئی اس لیے کہ مدینہ کے یہودی کہا کرتے تھے کہ ہم لوگوں نے مہاجرین پر ایسا جادو کر دیا ہے کہ ان لوگوں کے یہاں کوئی بچہ پیدا ہی نہیں ہوگا۔

تحویل قبلہ

جب تک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ میں رہے خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے رہے مگر ہجرت کے بعد جب آپ مدینہ منورہ تشریف لائے تو خداوند تعالیٰ کا یہ حکم ہوا کہ آپ اپنی نمازوں میں ''بیت المقدس'' کو اپنا قبلہ بنائیں۔ چنانچہ آپ سولہ یا سترہ مہینے تک بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتے رہے مگر آپ کے دل کی تمنا یہی تھی کہ کعبہ ہی کو قبلہ بنایا جائے۔ چنانچہ آپ اکثر آسمان کی طرف چہرہ اٹھا اٹھا

کر اس کے لیے وحی الٰہی کا انتظار فرماتے رہے یہاں تک کہ ایک دن اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قلبی آرزو پوری فرمانے کے لیے قرآن کی یہ آیت نازل فرمادی۔

قد نری تقلب وجهک فی السماء فلنولینک قبلة ترضها فول وجهک شطر المسجد الحرام .

ہم دیکھ رہے ہیں بار بار تمھارا آسمان کی طرف منھ کرنا تو ضرور ہم تمھیں پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمھاری خوشی ہے ابھی اپنا منھ پھیر دو مسجد حرام کی طرف۔ (البقرۃ، ۱۴۴)

ایک دن حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبیلۂ بنی سلمہ کی مسجد میں نماز ظہر پڑھا رہے تھے کہ حالت نماز ہی میں یہ وحی نازل ہوئی اور نماز ہی میں آپ نے بیت المقدس سے مڑ کر خانہ کعبہ کی طرف اپنا چہرہ کر لیا اور تمام مقتدیوں نے بھی آپ کی پیروی کی۔ اس مسجد کو جہاں یہ واقعہ پیش آیا، ''مسجد القبلتین'' کہتے ہیں اور آج یہ تاریخی مسجد زیارت گاہ خواص و عوام ہے جو شہر مدینہ سے تقریباً دو کلومیٹر دور جانب شمال مغرب واقع ہے۔

اس قبلہ بدلنے کو ''تحویل قبلہ'' کہتے ہیں۔ تحویل قبلہ سے یہودیوں کو بڑی سخت تکلیف پہنچی جب تک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیت المقدس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتے رہے تو یہودی بہت خوش تھے اور فخر کے ساتھ کہا کرتے تھے کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) بھی ہمارے ہی قبلہ کی طرف رخ کر کے عبادت کرتے ہیں مگر جب قبلہ بدل گیا تو یہودی اس قدر برہم اور ناراض ہو گئے کہ وہ یہ طعنہ دینے لگے کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) چوں کہ ہر بات میں ہم لوگوں کی مخالفت کرتے ہیں اس لیے انھوں نے محض ہماری مخالفت میں قبلہ بدل دیا ہے۔

اسی طرح منافقین کا گروہ بھی طرح طرح کی نکتہ چینی اور قسم قسم کے اعتراضات کرنے لگا تو ان دونوں گروہوں کی زبان بندی اور دہن دوزی کے لیے خداوند کریم نے یہ آیتیں نازل فرمائیں :

سیقول السفهاء من الناس ما ولهم عن قبلتهم التی کانوا علیها قل لله المشرق المغرب یهدی من یشاء الی صراط مستقیم.

اب کہیں گے بے وقوف لوگ کس نے پھیر دیا مسلمانوں کو ان کے اس قبلہ سے جس پر تھے تم فرمادو کہ پورب وپچھم سب اللہ ہی کا ہے جسے چاہے سیدھی راہ چلاتا ہے۔

و ما جعلنا القبلة التی الا لنعلم من یتبع الرسول ممن ینقلب علی عقبیه و ان کانت لکبیرة الا علی الذین هدی الله .

اور اے محبوب تم پہلے جس قبلہ پر تھے ہم نے وہ اسی لیے مقرر کیا تھا کہ دیکھیں کون رسول کی پیروی کرتا ہے اور کون الٹے پاؤں پھرتا ہے اور بیشک یہ بھاری تھی مگران پر جنھیں اللہ نے ہدایت کی۔ (البقرۃ۔۱۴۳)

پہلی آیت میں یہودیوں کے اعتراض کا جواب دیا گیا کہ خدا کی عبادت میں قبلہ کی کوئی خاص جہت ضروری نہیں ہے۔اس کی عبادت کے لیے پورب، پچھم، اتر، دکھن سب جہتیں برابر ہیں اللہ تعالیٰ جس جہت کو چاہے اپنے بندوں کے لیے قبلہ مقرر فرمادے لہٰذا اس پر کسی کو اعتراض کا کوئی حق نہیں ہے۔

دوسری آیت میں منافقین کی زبان بندی کی گئی ہے جو تحویل قبلہ کے بعد ہر طرف یہ پروپیگنڈہ کرنے لگے تھے کہ پیغمبر اسلام تو اپنے دین کے بارے میں خود ہی متردد ہیں کبھی بیت المقدس کو قبلہ مانتے ہیں، کبھی کہتے ہیں کہ کعبہ قبلہ ہے۔آیت میں تحویل قبلہ کی حکمت بتادی گئی کہ منافقین جو محض نمائشی مسلمان بن کر نمازیں پڑھا کرتے ہیں وہ قبلہ کے بدلتے ہی بدل گئے اور اسلام سے منحرف ہوگئے۔اس طرح ظاہر ہوگیا کہ کون صادق الایمان ہے اور کون منافق؟ اور کون رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیروی کرنے والا ہے اور کون دین سے پھر جانے والا؟ (مولف) (سیرت الرسول، مدارج النبوۃ، سیرت مصطفیٰ)

❁ ❁ ❁

جہاد وقتال کا حکم

وہ چقا چاق خنجر سے آتی صدا
مصطفیٰ تیری صولت پہ لاکھوں سلام

اذن للذین یقاتلون بانھم ظلموا وان اللہ علی نصرھم لقدیر

پروانگی (اجازت) عطا ہوئی انھیں جن سے کافر لڑتے ہیں اس بنا پر کہ ان پر ظلم ہوا اور بے شک اللہ ان کی مدد کرنے پر ضرور قادر ہے (سورۃ الحج ۳۹ / کنزالایمان)

جہاد وقتال کا حکم ۲ ھ

اب تک یعنی (۲ ھ سے پہلے) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خدا کی طرف سے صرف یہ حکم تھا کہ دلائل اور موعظۂ حسنہ کے ذریعہ لوگوں کو اسلام کی دعوت دیتے رہیں اور مسلمانوں کو کفار کی ایذاؤں پر صبر کا حکم تھا۔ اس لیے کافروں نے مسلمانوں پر بڑے بڑے ظلم وستم کے پہاڑ توڑے مگر مسلمانوں نے انتقام کے لیے کبھی ہتھیار نہیں اٹھایا بلکہ ہمیشہ صبر وتحمل کے ساتھ کفار کی ایذاؤں اور تکلیفوں کو برداشت کرتے رہے لیکن ہجرت کے بعد جب سارا عرب اور یہودی ان مٹھی بھر مسلمانوں کے جانی دشمن ہو گئے اور ان مسلمانوں کو فنا کے گھاٹ اتار دینے کا عزم کر لیا تو خداوند قدوس نے مسلمانوں کو یہ اجازت دی کہ جو لوگ تم سے جنگ کی ابتداء کریں ان سے تم بھی لڑ سکتے ہو۔

چنانچہ ۱۲/ صفر ۲ ھ تواریخ اسلام میں وہ یادگار دن ہے جس میں خداوند کردگار نے مسلمانوں کو کفار کے مقابلہ میں تلوار اٹھانے کی اجازت دی اور یہ آیت نازل فرمائی کہ

اذن للذين يقاتلون بانهم ظلموا و ان الله على نصرهم لقدير.

جس سے لڑائی کی جاتی ہے ان (مسلمان) کو بھی اب لڑنے کی اجازت دی جاتی ہے کیوں کہ وہ (مسلمان) مظلوم ہیں اور خدا ان کی مدد پر یقیناً قادر ہے۔

حضرت امام محمد بن شہاب زہری علیہ الرحمۃ کا قول ہے کہ جہاد کی اجازت کے بارے میں یہی وہ آیت ہے جو سب سے پہلے نازل ہوئی مگر تفسیر ابن جریر میں ہے کہ جہاد کے بارے میں سب سے پہلے جو آیت اتری وہ یہ ہے

وقاتلوا في سبيل الله الذين يقاتلونكم.

خدا کی راہ میں ان لوگوں سے لڑو جو تم لوگوں سے لڑتے ہیں۔

بہر حال ۲ھ میں مسلمانوں کو خداوند تعالیٰ نے کفار سے لڑنے کی اجازت دے دی مگر ابتدا میں یہ اجازت مشروط تھی یعنی صرف انہیں کافروں سے جنگ کرنے کی اجازت تھی جو مسلمانوں پر حملہ کریں۔ مسلمانوں کو ابھی تک اس کی اجازت نہیں ملی تھی کہ وہ جنگ میں اپنی طرف سے پہل کریں۔ لیکن حق واضح ہو جانے اور باطل ظاہر ہو جانے کے بعد چوں کہ تبلیغ حق اور احکام الٰہی کی نشرواشاعت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر فرض تھی اس۔ لیے تمام ان کفار سے جو عناد کے طور پر حق کو قبول کرنے سے انکار کرتے جہاد کا حکم نازل ہو گیا خواہ وہ مسلمانوں سے لڑنے میں پہل کریں یا نہ کریں۔ کیوں کہ حق کے ظاہر ہو جانے کے بعد حق کو قبول کرنے کے لیے مجبور کرنا اور باطل کو جبراً ترک کرانا یہ عین حکمت اور بنی نوع انسان کی صلاح و فلاح کے لیے انتہائی ضروری تھا۔

بہر حال اس میں کوئی شک نہیں کہ ہجرت کے بعد جتنی بھی لڑائیاں ہوئیں اگر پورے ماحول کو گہری نگاہ سے بغور دیکھا جائے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ یہ سب لڑائیاں کفار کی طرف سے مسلمانوں پر مسلط کی گئیں اور غریب مسلمان بدرجۂ مجبوری تلوار اٹھانے پر مجبور ہوئے، مثلاً مندرجہ ذیل چند واقعات پر ذرا تنقیدی نگاہ سے نظر ڈالیے۔

(۱) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب اپنا سب کچھ مکہ میں چھوڑ کر انتہائی بیکسی کے عالم میں مدینہ چلے آئے تھے، چاہیے تو یہ تھا کہ کفار مکہ اب اطمینان سے بیٹھ رہتے کہ ان کے دشمن یعنی رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور مسلمان ان کے شہر سے نکل گئے، مگر ہوا یہ کہ ان کافروں کے غیظ و غضب کا پارہ اتنا چڑھ گیا کہ اب یہ لوگ اہل مدینہ کے بھی دشمن جان بن گئے۔

چنانچہ ہجرت کے چند روز بعد کفار مکہ نے رئیس انصار، عبداللہ بن ابی کے پاس دھمکیوں سے بھرا

ہوا ایک خط بھیجا، عبداللہ ابن ابی وہ شخص ہے کہ واقعہ ہجرت سے پہلے تمام مدینہ والوں نے اس کو اپنا بادشاہ مان کر اس کی تاج پوشی کی تیاری کر لی تھی، مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مدینہ تشریف لانے کے بعد یہ اسکیم ختم ہوگئی، چنانچہ اسی غم وغصہ میں عبداللہ بن ابی عمر بھر منافقوں کا سردار بن کر اسلام کی بیخ کنی کرتا رہا اور اسلام ومسلمانوں کے خلاف طرح طرح کی سازشوں میں مصروف رہا۔

بہر کیف کفار مکہ نے اس دشمن اسلام کے نام جو خط لکھا تھا اس کا مضمون یہ ہے کہ :

تم نے ہمارے آدمی محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو اپنے یہاں پناہ دے رکھی ہے ہم خدا کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ یا تو تم لوگ ان کو قتل کردو، یا مدینہ سے نکال دو، ورنہ ہم سب لوگ تم پر حملہ کردیں گے اور تمھارے تمام لڑنے والے جوانوں کو قتل کر کے تمھاری عورتوں پر تصرف کریں گے۔

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کفار مکہ کے اس تہدید آمیز اور خوفناک خط کی خبر معلوم ہوئی تو آپ نے عبداللہ بن ابی سے ملاقات فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ، کیا تم اپنے بھائیوں اور بیٹوں کو قتل کرو گے؟ چوں کہ اکثر انصار دامن اسلام میں آچکے تھے اس لیے عبداللہ بن ابی نے اس نکتہ کو سمجھ لیا اور کفار مکہ کے حکم پر عمل نہیں کرسکا۔

(۲) ٹھیک اسی زمانے میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو قبیلہ اوس کے سردار تھے عمرہ ادا کرنے کے لیے مدینہ سے مکہ گئے اور پرانے تعلقات کی بنا پر ''امیہ بن خلف'' کے مکان پر قیام کیا۔ جب امیہ ٹھیک دوپہر کے وقت ان کو ساتھ لے کر طواف کعبہ کے لیے گیا تو اتفاق سے ابوجہل سامنے آگیا اور ڈانٹ کر کہا کہ اے امیہ! یہ تمھارے ساتھ کون ہے؟ امیہ نے کہا کہ یہ مدینہ کے رہنے والے سعد بن معاذ ہیں۔ یہ سن کر ابوجہل نے تڑپ کر کہا کہ تم لوگوں نے بے دھرموں (محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ) کو اپنے یہاں پناہ دی ہے۔ خدا کی قسم اگر تم امیہ کے ساتھ میں نہ ہوتے تو بچ کر واپس نہیں جا سکتے تھے۔

حضرت سعد بن معاذ نے بھی انتہائی جرأت اور دلیری کے ساتھ یہ جواب دیا کہ اگر تم لوگوں نے ہم کو کعبہ کی زیارت سے روکا تو ہم تمہاری شام کی تجارت کا راستہ روک دیں گے۔

(۳) کفار مکہ نے صرف انہی دھمکیوں پر بس نہیں کیا بلکہ وہ مدینہ پر حملے کی تیاریاں کرنے لگے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور مسلمانوں کے قتل عام کا منصوبہ بنانے لگے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم راتوں کو جاگ جاگ کر بسر کرتے تھے اور صحابہ کرام آپ کا پہرہ دیا کرتے تھے۔ کفار مکہ نے سارے عرب پر اپنے اثر و رسوخ کی وجہ سے تمام قبائل میں یہ آگ بھڑکا دی تھی کہ مدینہ پر حملہ کر کے مسلمانوں کو دنیا سے نیست و نابود کرنا ضروری ہے۔

مذکورہ بالا تینوں وجوہ کی موجودگی میں ہر عاقل کو یہ کہنا ہی پڑے گا کہ ان حالات میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حفاظت خود اختیاری کے لیے کچھ نہ کچھ تدبیر کرنی ضروری ہی تھی تا کہ انصار و مہاجرین اور خود اپنی زندگی کی بقا اور سلامتی کا سامان ہو جائے۔

چنانچہ کفار مکہ کے خطرناک ارادوں کا علم ہو جانے کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی اور صحابہ کی حفاظت خود اختیاری کے لیے دو تدبیروں پر عمل درآمد کا فیصلہ فرمایا۔

اول : یہ کہ کفار مکہ کی شامی تجارت جس پر ان کی زندگی کا دارومدار ہے اس میں رکاوٹ ڈال دی جائے تا کہ وہ مدینہ پر حملہ کا خیال چھوڑ دیں اور صلح پر مجبور ہو جائیں۔

دوم : یہ کہ مدینہ کے اطراف میں جو قبائل آباد ہیں ان سے امن و امان کا معاہدہ ہو جائے تا کہ کفار مکہ مدینہ پر حملہ کی نیت نہ کر سکیں۔

چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہی دو تدبیروں کے پیش نظر صحابہ کرام کے چھوٹے چھوٹے لشکروں کو مدینہ کے اطراف میں بھیجنا شروع کر دیا، اور بعض بعض لشکروں کے ساتھ خود بھی تشریف لے

گئے، صحابہ کرام کے یہ چھوٹے چھوٹے لشکر کبھی کفار مکہ کی نقل وحرکت کا پتہ لگانے کے لیے جاتے تھے اور کہیں بعض قبائل سے معاہدۂ امن وامان کرنے کے لیے روانہ ہوجاتے تھے۔ کہیں اس مقصد سے بھی جاتے تھے کہ کفار مکہ کی شامی تجارت کا راستہ بند ہوجائے۔ اسی سلسلہ میں کفار مکہ اور ان کے حلیفوں سے مسلمانوں کا ٹکراؤ شروع ہوا اور چھوٹی بڑی لڑائیوں کا سلسلہ شروع ہوگیا، انھیں لڑائیوں کو تاریخ اسلام میں غزوات و سرایا کے عنوان سے بیان کیا گیا ہے۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ)

عدم قتال کا حکم منسوخ ہے

پہلے پہل مسلمانوں کو صبر وشکیب کی تلقین کی گئی اور جنگ وجدال سے روکا گیا تھا مگر جب کفار مکہ مسلمانوں کے درپے آزار ہوگئے تو مجبوراً انھیں اپنا وطن عزیز مکہ مکرمہ کو چھوڑنا پڑا تو اب خالق کائنات نے کفار ومشرکین سے جہاد وقتال کا حکم فرمایا جس سے عدم قتال کا حکم منسوخ ہوگیا آیات وتفاسیر کی روشنی میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

آیہ کریمہ (انما ینھکم اللہ عن الذین قاتلو کم فی الدین ، اللہ تمھیں ان سے منع فرماتا ہے جو دین میں تم سے لڑے) میں ایک قول یہ ہے کہ مطلق کفار مراد ہیں جو مسلمانوں سے نہ لڑے ان کے نزدیک وہ ضرور آیات قتال وغلظت سے منسوخ ہے۔

اجلہ ائمہ تابعین مثل امام عطاء بن ابی رباح استاذ امام اعظم ابوحنیفہ (جن کی نسبت امام اعظم فرماتے ہیں ما رایت افضل من عطاء میں نے ان سے افضل کسی کو نہ دیکھا) وعبدالرحمٰن بن زید بن اسلم مولی امیر المومنین عمر فاروق اعظم وقتادہ تلمیذ حضرت انس خادم حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس کے منسوخ ہونے کی تصریح فرمائی۔ جلالین شریف میں بتایا کہ یہی اصح ہے۔

تفسیر کبیر میں ہے :

اختلفوا فی المراد من الذین لم یقاتلوکم فالاکثر علی انهم اهل العهد الذین عاهدوا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی ترک القتال و المظاهرة فی العداوة و هم خزاعة کانوا عاهدوا الرسول علی ان لا یقاتلوه و لا یخرجوه فامر الرسول علیه الصلاة و السلام بالبر و الایفاء الی مدة اجلهم و هذا قول ابن عباس و مقاتل بن حیان. و مقاتل بن سلیمان و محمد بن سائب الکلبی ، و قال مجاهد الذین آمنوا بمکة و لم یهاجروا و قیل هم النساء و الصبیان.

و عن عبد الله بن الزبیر انها نزلت فی اسماء بنت ابی بکر قدمت امها قتیلة علیها و هی مشرکة بهدایا فلم تقبلها و لم تاذن للدخول فامرها النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان تدخلها و تقبل منها و تکرمها تحسن الیها ، وقیل الآیة فی المشرکین و قال قتادة نسختها آیة القتال.

اس میں اختلاف ہوا کہ وہ جو تم سے دین میں نہ لڑے ان سے کون لوگ مراد ہیں اکثر اہل تاویل اس پر ہیں کہ ان سے اہل عہد مراد ہیں جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عہد کیا تھا کہ نہ حضور سے لڑیں گے نہ دشمن کی مدد کریں گے اور وہ بنی خزاعہ ہیں انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عہد کیا تھا کہ نہ لڑیں گے نہ مسلمانوں کو مکہ معظمہ سے نکالیں گے۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حکم ہوا کہ ان کے ساتھ نیک سلوک فرمائیں اور ان کا عہد مدت موعود تک پورا کریں۔ حضرت عبداللہ بن عباس و مقاتل بن حیان و مقاتل بن سلیمان و محمد بن سائب کلبی کا یہی قول ہے۔ اور امام مجاہد نے فرمایا وہ مسلمانان مکہ مراد ہیں جنھوں نے ابھی ہجرت نہ کی تھی اور بعض نے کہا عورتیں اور بچے مراد ہیں۔

عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ یہ آیۂ کریمہ اسماء بنت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بارے میں اتری ان کی ماں قتیلہ بحالت کفران کے پاس کچھ ہدیے لے کر آئیں انھوں نے نہ

ہدیے قبول کیے نہ انھیں آنے کی اجازت دی تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں حکم فرمایا کہ اسے آنے دیں اور اس کے ہدیے قبول کریں اور اس کی خاطر اور اس کے ساتھ نیک سلوک کریں، اور بعض نے کہا آیت دربارۂ مشرکین ہے۔قتادہ نے کہا وہ آیہ جہاد سے منسوخ ہوگئی۔

جمل میں قرطبی سے ہے :

هی مخصوصة بالذین آمنوا و لم یهاجروا و قیل یعنی به النساء والصبیان لانهم ممن لا یقاتل فاذن الله فی برهم حکاه بعض المفسرین وقال اکثر اهل التاویل هی محکمة و احتجوا بان اسماء بنت ابی بکر سألت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هل تصل امها حین قدمت الیها مشرکة قال نعم ، خرجه البخاری و مسلم اهـ

یہ آیت خاص ہے ان کے بارے میں جو ایمان لائے اور ہجرت نہ کی اور بعض نے کہا اس سے عورتیں اور بچے مراد ہیں اس لیے کہ وہ لڑنے کے قابل نہیں، تو اللہ تعالیٰ نے ان کے ساتھ مالی نیک سلوک کی اجازت دی۔اسے بعض مفسرین نے نقل کیا اور اکثر اہل تاویل نے کہا آیت محکم ہے اور اس سے سند لائے کہ اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال کیا، کیا اپنی ماں سے کچھ نیک سلوک کریں جب وہ ان کے پاس بحالت شرک آئی تھیں فرمایا ہاں! اسے بخاری و مسلم نے روایت کیا۔

تفسیر درمنثور میں ہے :

اخرج عبد بن حمید و ابن المنذر عن مجاهد فی قوله لا ینهکم الله عن الذین لم یقاتلوکم الآیة قال ان تستغفروا لهم و تبرواهم و تقسطوا الیهم هم الذین آمنوا بمکة و لم یهاجروا. اهـ

عبد بن حمید اور ابن المنذر نے امام مجاہد سے تفسیر کریمہ لا ینھکم میں روایت کی، فرمایا معنی آیت یہ ہیں کہ اللہ تمہیں منع نہیں فرماتا کہ تم ان کی مغفرت کی دعا کرو اور ان سے نیک سلوک وانصاف کا برتاؤ برتو اس سے مراد کون لوگ ہیں وہ جو مکہ میں ایمان لائے تھے اور ہجرت کی۔

تفسیر جامع البیان میں بہ سند صحیح ہے :

حدثنی یونس قال اخبرنا ابن وهب قال قال ابن زید و سالته عن قول الله عز و جل لا ینهکم الله الآیة فقال هذا قد نسخ نسخه القتال .

مجھ سے یونس نے حدیث بیان کی کہ مجھ کو ابن وہب نے خبر دی کہا جب میں نے امام ابن زید سے کریمہ لا ینهکم الله کے بارے میں پوچھا فرمایا یہ منسوخ ہے حکم جہاد نے اسے نسخ فرمادیا۔

تفسیر درمنثور میں ہے :

اخرج ابو داؤد فی تاریخه و ابن المنذر عن قتادة لا ینهکم الله الآیة نسختها اقتلوا المشرکین حیث وجدتموهم .

ابوداؤد نے اپنی تاریخ اور ابن المنذر نے تفسیر میں قتادہ سے روایت کی لا ینھکم اللہ کو اس آیت نے منسوخ فرمادیا کہ مشرکین کو جہاں پاؤ قتل کرو۔

اسی میں ہے :

ابن ابی حاتم و ابو الشیخ عن مقاتل فی قوله تعالیٰ و قاتلوا المشرکین کافة قال نسخت هذه الآیة کل آیة فیها رخصة .

ابن ابی حاتم و ابوالشیخ نے اپنی تفسیروں میں مقاتل سے روایت کی کہ اللہ عزوجل کے اس ارشاد

نے کہ سب مشرکوں سے قتال کرو اس سے پہلے جتنی آیتوں میں کچھ رخصتیں تھیں سب منسوخ فرمادیں۔

تفسیر ارشاد العقل السلیم میں زیر کریمہ :

یا ایها النبی جاهد الکفار و المنافقین و اغلظ علیهم ہے۔ **قال عطا نسخت هذه الآية كل شی من العفو و الصفح.**

امام عطا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کافروں کے ساتھ معافی و درگزر کی جتنی اجازتیں تھیں سب اس آیہ کریمہ نے منسوخ فرمادیں۔

تفسیر عنایۃ القاضی میں زیر کریمہ **لا ینهکم الله** ہے :

هذه الآية منسوخة بقوله تعالىٰ اقتلوا المشركين الآية .

یہ آیت اللہ عزوجل کے اس ارشاد سے منسوخ ہے کہ مشرکوں کو جہاں پاؤ تلوار کے گھاٹ اتاردو۔

تفسیر خطیب شربینی پھر فتوحات الہیہ میں ہے:

كان هذا الحكم و هو جواز موالات الكفار الذين لم يقاتلوا فى اول الاسلام عند الموادعة و ترك الامر بالقتال ثم نسخ بقوله تعالىٰ فاقتلوا المشركين حيث وجدتموهم.

یہ حکم کہ جو کفار مسلمانوں سے نہ لڑیں ان کے ساتھ کچھ نیک سلوک کیا جائے ابتدا میں تھا کہ لڑائی موقوف تھی اور جہاد کا حکم نہ تھا۔ پھر یہ حکم اس آیہ کریمہ سے منسوخ ہوگیا کہ مشرکوں کو جہاں پاؤ گردن مارو۔

جلالین شریف میں ہے:

هذا قبل الامر بجهادهم.

یہ اجازت اس وقت تک تھی کہ جہاد کا حکم نہیں ہوا تھا۔

حکم جہاد

سورۂ براءت میں ارشاد فرمایا:

یا ایھا النبی جاھد الکفار و المنفقین و اغلظ علیھم و ماوٰھم جھنم و بئس المصیر .

اے نبی! کافروں اور منافقوں پر جہاد فرمایئے اور ان کے ساتھ سختی سے پیش آیئے اور ان کا ٹھکانہ دوزخ ہے اور وہ کیا بری پھرنے کی جگہ ہے۔

پھر اسی سورت میں ارشاد فرمایا:

یا ایھا الذین آمنوا قاتلوا الذین یلونکم من الکفار و لیجدوا فیکم غلظة .

اے ایمان والو! اپنے پاس کے کافروں سے لڑو اور تم پر فرض ہے کہ وہ تم پر درشتی پائیں۔

یہ حکم بھی جمیع کفار کو عام ہے حکمت یہی ہے کہ پہلے پاس والوں کو زیر کیا جائے جب وہاں اسلام کا تسلط ہو جائے تو اب جو اس سے نزدیک ہیں وہ پاس والے ہوئے وہ زیر ہو جائیں تو اب جو ان سے قریب ہیں یوں ہی یہ سلسلہ شرقاً غرباً منتہائے زمین تک پہنچے۔ اور بحمد اللہ تعالیٰ ایسا ہی ہوا اور بعونہ تعالیٰ ایسا ہی بروجہ اتم وکمال زمانۂ امام موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہونے والا ہے۔

اور ارشاد فرمایا:

حتی لا تکون فتنة و یکون الدین کله لله .

یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے اور سارا دین اللہ ہی کے لیے ہو جائے۔

یہاں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کوارشاد ہوا کفار پر درشتی کرو، مومنین کو حکم ہوا کافروں پر سختی کرو، اس میں نہ کوئی تخصیص ہے نہ تردید نہ تقلید اور ہر عاقل جانتا ہے کہ نیک سلوک اور سختی و درشتی باہم متنافی ہیں۔ پہلے نیک سلوک کی اجازت تھی اب درشتی وسختی کا حکم ہوا تو وہ اجازت ضرور منسوخ ہوگئی۔ اجماع امت ہے کہ جہاد کفار محاربین بالفعل سے مخصوص نہیں مدافعانہ وجارحانہ قطعاً دونوں طرح کا حکم ہے۔ اجازت کا مدافعانہ میں حصر پہلے تھا پھر قطعاً منسوخ ہوگیا۔

مبسوط شمس الائمۃ سرخسی وکفایہ وعنایۃ وتبیین وبحرالرائق وردالمحتار وغیرہا میں ہے :

و اللفظ للبابرتی قوله تعالیٰ فان قاتلوكم فاقتلوهم منسوخ بیانه ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان فی الابتداء مامورا بالصفح و الاعراض عن المشرکین بقوله فاصفح الصفح الجمیل و اعرض عن المشرکین الآیة ثم امر بالدعاء الی الدین بالموعظة و المجادلة بالاحسن بقوله تعالیٰ ادع الی سبیل ربک بالحکمة الآیة . ثم اذن بالقتال اذ کانت البداء ة منهم بقوله فان قاتلوکم فاقتلوهم ثم امر بالقتال ابتداء فی بعض الازمان بقوله تعالیٰ فاذا انسلخ الاشهر الحرم فاقتلوا المشرکین الآیة . ثم امر بالبداء ة بالقتال مطلقاً فی الازمان کلها و فی الاماکن باسرها فقال تعالیٰ حتی لا تکون فتنة الآیة و قاتلوا الذین لا یومنون بالله و بالیوم الآخر الآیة .

یہ ارشاد کہ اگر وہ تم سے لڑیں تو ان کو قتل کرو منسوخ ہے۔ بیان اس کا یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ابتداء میں یہ حکم تھا کہ مشرکوں سے درگزر اور روگردانی فرمائیں ارشاد تھا اچھی طرح درگزر کرو اور مشرکوں سے منہ پھیرلو۔ پھر حضور کو حکم ہوا کہ سمجھانے اور خوبی کے ساتھ دلیل قائم فرمانے سے دین کی طرف بلاؤ کہ ارشاد تھا اپنے رب کی راہ کی طرف حکمت کے ساتھ بلاؤ۔ پھر اجازت فرمائی گئی کہ ان کی طرف سے قتال کی ابتداء ہو تو لڑو۔ ارشاد تھا کہ جن سے قتال کیا جائے انھیں پروانگی ہے اور ارشاد تھا کہ اگر

وہ تم سے لڑیں تو انھیں قتل کرو۔ پھر بعض اوقات ابتداء قتال کا حکم ہوا۔ ارشاد فرمایا جب حرمت والے مہینے نکل جائیں تو مشرکوں کو قتل کرو۔ پھر مطلقاً ابتداء بالقتال کا حکم ہوا سب زمانوں اور سب مکانوں میں۔ ارشاد ہوا ان سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے۔ اور فرمایا ان سے لڑو جو اللہ اور قیامت پر ایمان نہیں لاتے۔

جہاد فرض کفایہ ہے

کنز میں ہے :

الجهاد فرض كفاية ابتداء.

جہاد کی پہل کرنا فرض کفایہ ہے۔

بحر الرائق میں ہے:

مفيد لافتراضة و ان لم يبدونا للعمومات اما قوله تعالىٰ فان قاتلوكم فاقتلوهم منسوخ یہ عبارت فائدہ دیتی ہے کہ جہاد فرض ہے اگر چہ کافر پہل نہ کریں کہ آیتیں عام ہیں اور وہ جو فرمایا تھا کہ اگر وہ تم سے لڑیں تو انھیں قتل کر دو وہ منسوخ ہے۔

ہدایہ میں ہے :

قتال الكفار واجب و ان لم يبدوا للعمومات

کافروں سے لڑنا واجب ہے اگر چہ وہ پہل نہ کریں کہ احکام عام ہیں۔

قتال کا صریح حکم

فتح القدیر میں ہے :

صريح قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى الصحيحين وغيرهما امرت ان

اقاتل الناس حتی یقولوا لا اله الا الله یوجب ان نبدأهم بادنی تامل . اه اقول و کذا قوله تعالیٰ قاتلوهم حتی لا تکون فتنة و یکون الدین کله لله.

صحیحین وغیرہما میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا صاف ارشاد مجھے حکم ہوا کہ لوگوں سے قتال فرماؤں یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ کہیں۔ ادنیٰ غور سے واجب فرماتا ہے کہ ہم ان سے قتال کی پہل کریں۔ (فتح القدیر کی عبارت تمام ہوئی) اور میں کہتا ہوں یوں ہی رب العزت کا ارشاد کہ ان سے لڑو یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے اور سارا دین اللہ ہی کے لیے ہو جائے۔)

نیز اسی میں زیرحدیث **رأی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم امراء ة مقتولة فقال هاه ما کانت هذه تقاتل** ۔ (نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک عورت مقتول دیکھی تو فرمایا ارے یہ تو لڑنے کے قابل نہ تھی) ہے۔

الحدیث صحیح علی شرط الشیخین فقد علل صلی الله تعالیٰ علیه وسلم القتل بالمقاتلة فثبت انه معلول بالحرابة فلزم قتل ما کان مظنة له بخلاف ما لیس ایاه .

یہ حدیث بخاری و مسلم کی شرط پر صحیح ہے تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیان فرمادیا کہ قتل کی علت قتال ہے تو ثابت ہوا کہ قتل وہی کیا جائے گا جو لڑنے کا شخص ہے تو جسے لڑنے کے قابل سمجھا جائے شریعت میں اس کا قتل لازم ہوا بخلاف اس کے جو اس کے لائق ہی نہ ہو۔

اجماع و اتفاق ہے کہ معاہدین و ذراری محل جہاد ہی نہیں تو کلمہ جاھدوا، قاتلوا سے ان کی طرف ذہن نہ جائے گا۔

فتح القدیر میں ہے :

و ما الظن الا ان حرمة قتل النساء و الصبيان اجماع.

گمان اس کے سوا کسی کی طرف نہیں جاتا کہ عورتوں بچوں کا قتل حرام ہونے پر اجماع ہے۔

جہاد میں کافروں سے مدد لینے کی ممانعت

تفسیر لباب التاویل میں ہے:

ان عبادة بن صامت كان له حلفاء من يهود فقال يوم الاحزاب يا رسول الله معى خمسة مائة من اليهود و قد رأيت ان استظهر بهم على العدو فنزلت هذه الآية (لا يتخذ المومنون الكافرين اولياء) يعنى انصار او واعوانا (من دون المومنين) اى من غير المومنين و المعنى لا يجعل المومن و لايته لمن هو غير مومن نهى الله المومنين ان يوالوا الكفار اويلا طفوهم لقرابة بينهم او محبة او معاشرة و المحبة فى الله و البغض فى الله باب عظيم و اصل من اصول الايمان.

یعنی عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کچھ یہودی حلیف تھے غزوۂ احزاب میں انھوں نے عرض کی یا رسول اللہ میرے ساتھ پانچ سو یہودی ہیں میری رائے ہوتی ہے کہ دشمن پر ان سے مدد لوں اس پر یہ آیہ کریمہ اتری کہ مسلمان غیر مسلم کو مددگار نہ بنائیں یہ مسلمانوں کو حلال نہیں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو منع فرمایا کہ رشتے خواہ یارانے خواہ نرے میل کے باعث کافروں سے دوستانہ برتیں یا ان سے لطف و نرمی کے ساتھ پیش آئیں اور اللہ کے لیے محبت اور اللہ کے لیے عداوت ایک عظیم باب اور ایمان کی جڑ ہے۔

مدارک شریف پارہ ٦ میں ہے:

اى لا تتخذوهم اولياء تنصرونهم و تستنصرونهم و تواخونهم و تعاشرونهم

معاشرة المسلمين .

یعنی رب عزوجل فرماتا ہے کافروں کو دوست نہ بناؤ کہ تم ان کے معاون ہوان سے اپنے لیے مدد چاہوانھیں بھائی بناؤ اور دنیوی برتاؤ ان کے ساتھ مسلمانوں سار کھوان سب سے منع فرماتا ہے۔

تفسیر کبیر پارہ۶ میں ہے :

المراد ان اللہ تعالیٰ امر المسلم ان لا یتخذ الحبیب و الناصر الا من المسلمین .

یعنی مراد آیت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو حکم فرماتا ہے کہ صرف مسلمانوں ہی کو اپنا دوست و مدد گار بنائیں۔

اسی میں ہے :

لا تتخذوھم اولیاء ای لا تعتمدوا علی الاستنصار بھم و التودد الیھم.

یعنی مراد آیت یہ ہے کہ کافروں کی مدد ویاری پر اعتماد نہ کرو۔

تفسیر ابوالسعو دو تفسیر فتوحات الٰہیہ میں زیر آیہ مذکورہ ہے :

نھو عن موالاتھم لقرابة او صداقة جاھلیة و نحوھما من اسباب المصادقة و المعاشرة و عن الاستعانة بھم فی الغز و سائر الامور الدینیة .

یعنی مسلمان منع کیے گئے کافروں کی دوستی سے خواہ وہ رشتہ داری ہو یا اسلام سے پہلے کا یارانہ یا کسی سبب یاری خواہ میل جول کے سبب۔ اور منع کیے گئے اس سے کہ جہاد یا کسی دینی کام میں کافروں سے استعانت کریں۔

جہاد میں کافروں کو دوست بنانے کی ممانعت

ارشاد فرمایا:

فان تولوا فخذوھم و اقتلوھم حیث ثقفتموھم و لا تتخذوا منھم ولیا و لا نصیرا

اگر کافر ایمان لانے سے منہ پھیریں تو انھیں پکڑو اور جہاں پاؤ قتل کرو اور ان میں کسی کو نہ دوست بناؤ نہ مددگار۔

اس آیہ کریمہ میں ولی کے ساتھ لفظ نصیر خود ہی صاف ارشاد ہے کہ انھیں دوست ٹھہرانا بھی حرام اور مددگار بنانا بھی حرام۔

تفسیر مدارک التنزیل میں ہے:

(فان تولوا) عن الایمان (فخذوھم و اقتلواھم حیث وجدتموھم و لا تتخذوا منھم ولیا و لا نصیرا) و ان بذلوا لکم الولایۃ و النصر فلا تقبلوا منھم (الا الذین یصلون الی قوم) و یتصلون بھم و الاستثناء من قولہ فخذوھم و اقتلوھم دون الموالاۃ.

اگر وہ ایمان لانے سے منہ پھیریں تو انھیں پکڑو اور جہاں پاؤ مارو اور ان میں کسی کو نہ دوست بناؤ نہ مددگار اور اگر وہ بلا معاوضہ بھی تمھاری دوست داری و مددگاری بگھاریں جب بھی قبول نہ کرو مگر جو اہل معاہدہ سے ملیں۔ یہ پکڑنے اور قتل کرنے سے استثناء ہے نہ دوستی سے کہ وہ تو ہر کافر سے مطلقاً حرام ہے۔

تفسیر بیضاوی میں ہے:

ای جانبوھم رأسا و لا تقبلوا منھم ولایۃ و لا نصرۃ.

یعنی ان سے بالکل دور رہو اور ان کی دوستی و مدد کچھ قبول نہ کرو۔

تفسیر ابوالسعود میں ہے :

ای جانبوهم مجانبة كلية و لا تقبلوا منهم ولاية و لا نصرة ابدا.

یعنی کافروں سے بالکل کنارہ کش رہو اور کبھی ان کی دوستی و مدد قبول نہ کرو۔

تفسیر عنایۃ القاضی میں ہے :

قال الطيبى لا من و لا تتخذوا و ان كان اقرب لان اتخاذ الولى منهم حرام مطلقاً.

طیبی نے کہا دوست یا مددگار بنانے کی ممانعت سے استثناء نہیں اگرچہ وہ قریب تر ہے اس لیے کہ کافروں میں سے کسی کو دوست بنانا حرام ہے اگرچہ معاہد ہو۔

اقول: اس پر خود سیاق کریمہ دال کہ قتل و قتال ہی کے منع و رخصت کا ذکر ہے یوں ہی عموم حکم نفس استثناء کا مفاد کہ مجاہرین متصلین بالمعاہدین و معاہدین غیر جانبدار طرفین مستثنیٰ فرمائے۔

حضور نے جہاد میں مشرکین سے مدد نہیں لی

صحیح مسلم و سنن اربعہ و مشکل الآثار امام طحاوی میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے جب حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بدر کو تشریف لے چلے سنگستان و برہ میں (کہ مدینہ طیبہ سے چار میل ہے) ایک شخص جس کی جرأت و بہادری مشہور تھی حاضر ہوا اصحاب کرام اسے دیکھ کر خوش ہوئے اس نے عرض کی میں اس لیے حاضر ہوا کہ حضور کے ہمراہ رکاب رہوں اور قریش سے جو مال ہاتھ لگے اس میں سے میں بھی پاؤں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اتومن بالله و رسوله کیا تو اللہ و رسول پر

ایمان رکھتا ہے کہا نہ فرمایا **فارجع فلن نستعین بمشرک** تو پلٹ جا ہم ہرگز کسی مشرک سے مدد نہ چاہیں گے۔

پھر حضور تشریف لے چلے جب ذوالحلیفہ پہنچے (کہ مدینہ طیبہ سے چھ میل ہے) وہ پھر حاضر ہوا صحابہ خوش ہوئے کہ واپس آیا وہی پہلی بات عرض کی اور حضور نے وہی جواب ارشاد فرمایا کہ کیا تو اللہ و رسول پر ایمان لاتا ہے کہا نہ فرمایا **فارجع فلن نستعین بمشرک** واپس جا ہم ہرگز کسی مشرک سے مدد نہ لیں گے۔

پھر حضور تشریف لے چلے جب وادی میں پہنچے وہ پھر آیا اور صحابہ خوش ہوئے اس نے وہی عرض کی حضور نے فرمایا کیا تو اللہ و رسول پر ایمان لاتا ہے عرض کی ہاں فرمایا **فنعم اذن** ہاں اب چلو۔

امام احمد و اسحاق ابن راہویہ مسانید اور امام بخاری تاریخ اور ابوبکر بن ابی شیبہ مصنف اور امام طحاوی مشکل الآثار اور طبرانی معجم کبیر اور حاکم صحیح مستدرک میں خبیب بن اساف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک غزوہ (یعنی غزوۂ بدر) کو تشریف لیے جاتے تھے میں اور میری قوم سے ایک شخص حاضر ہوئے میں نے عرض کی یارسول اللہ ہمیں شرم آتی ہے کہ ہماری قوم کسی معرکہ میں جائے اور ہم نہ جائیں (یہ قوم خزرج سے تھے کہ انصار سے ایک بڑا گروہ ہے) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم دونوں مسلمان ہوئے؟ کہا نہ فرمایا **فانا لا نستعین بالمشرکین علی المشرکین**۔

تو ہم مشرکوں سے مشرکوں پر مدد نہیں چاہتے۔

اس پر ہم دونوں اسلام لائے اور ہمراہ رکاب اقدس شریک جہاد ہوئے۔ حاکم نے کہا یہ حدیث صحیح الاسناد ہے یوں ہی تنقیح میں اس کے رجال کی توثیق کی۔

امام واقدی مغازی اور امام اسحاق بن راہویہ مسند اور امام طحاوی مشکل الآثار اور طبرانی معجم کبیر و

معجم اوسط میں ابوحمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز احد تشریف لے چلے جب ثنیۃ الوداع سے آگے بڑھے ایک بھاری لشکر ملاحظہ فرمایا ارشاد ہوا یہ کون ہیں؟ عرض کی گئی یہود بنی قینقاع قوم عبداللہ بن سلام حلفائے عبداللہ بن ابی (یہ لفظ طحاوی ہیں اور لفظ ابن راہویہ یوں ہیں۔ عرض کی گئی یہ عبداللہ بن ابی ہے اپنے حلیفوں کے ساتھ کہ قوم عبداللہ بن سلام کے یہود ہیں۔ اور لفظ واقدی میں ہے یہ ابن ابی کے حلیف یہودی ہیں اور لفظ طبرانی میں ہے یہ عبداللہ بن ابی ہے چھ سو یہودیوں کے ساتھ کہ اس کے حلیف ہیں) فرمایا کیا اسلام لے آئے؟ عرض کی گئی، نہ، وہ اپنے دین پر ہیں۔ فرمایا قــل لھم فلیرجعوا فانا لا نستعین بالمشرکین علی المشرکین.

ان سے کہہ دو لوٹ جائیں ہم مشرکوں پر مشرکوں سے مدد نہیں لیتے۔

استعانت کی بعض روایات کا حال

بعض روایات کہ ان احادیث صحیحہ بلکہ آیات صریحہ کے مقابل پیش کی جاتی ہیں ان میں کوئی صحیح و مفید مدعائے مخالف نہیں محقق علی الاطلاق نے فتح القدیر میں انھیں ذکر کر کے فرمایا و لا شک ان ھذہ لا تقاوم احادیث المنع فی القوۃ فکیف تعارضھا.

کوئی شک نہیں کہ یہ روایتیں قوت میں احادیث منع کو نہیں پہنچتیں تو کیوں کر ان کے معارض ہو سکتی ہیں۔

خود ابوبکر حازمی شافعی نے کتاب الاعتبار میں حدیث صحیح مسلم دربارۂ ممانعت روایت کر کے کہا وما یعارضہ لا یوازیہ فی الصحۃ و الثبوت فتعذر ادعاء النسخ.

اور اس کا خلاف جن روایتوں میں آیا ہے وہ صحت وثبوت میں ان کے برابر نہیں تو ممانعت استعانت کو منسوخ ماننے کا ادعا ناممکن ہے۔

یہ اجمالی جواب بس ہے اور مجمل تفصیل یہ کہ یہاں دو واقعے پیش کیے جاتے ہیں جن سے احادیث منع کو منسوخ بتاتے ہیں کہ وہ واقعہ بدر واحد ہیں۔ اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر میں کہ ان کے کئی برس بعد ہے بعض یہود بنی قینقاع سے یہود خیبر پر استعانت فرمائی۔ پھر ۸ ھ غزوۂ حنین میں صفوان ابن امیہ سے اور وہ اس وقت مشرک تھے۔ تو اگر ان پہلے واقعات میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مشرک یا مشرکوں کو رد فرمانا اس بناء پر تھا کہ حضور کو رد و قبول کا اختیار تھا جب تو حدیثوں میں کوئی مخالفت ہی نہیں اور اگر اس وجہ سے تھا کہ مشرکوں سے استعانت ناجائز تھی تو ظاہر ہے کہ بعد کی حدیث نے ان کو منسوخ کر دیا۔

یہ تمام وکمال کلام امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے کہ ان سے فتح اور فتح سے ردالمحتار میں نقل کیا اور نادانفوں نے نہ سمجھا۔ یہ بعینہ کتاب الاعتبار حازمی شافعی میں امام شافعی سے مروی ہے۔

حیث قال قرأت علی روح بن بدر اخبرک احمد بن محمد بن احمد فی کتابہ عن ابی سعید الصیرفی اخبرنا ابو العباس انا الربیع انا الشافعی قال الذی روی مالک کما روی . رد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مشرکا و مشرکین فی غزاۃ بدر و ابی ان یستعین الا بمسلم ثم استعان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعد بدر فی غزوۃ خیبر بیھود من بنی قینقاع کانوا اشداء و استعان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی غزوۃ حنین سنۃ ثمان بصفوان بن امیۃ و ھو مشرک فالرد الاول ان کان بان لہ الخیار بان یستعین بمشرک و ان یرد کمالہ رد المسلم من معنی مخافۃ او شدۃ بہ فلیس واحد من الحدیثین مخالفا للآخر و ان کان ردہ لانہ لم یر ان یستعین بمشرک فقد نسخہ ما بعدہ من استعانۃ بالمشرکین اذا خرجوا طوعا و یرضخ لھم و لا یسھم لھم و لا یثبت عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ

اسھم لھم . انتھی.

میں نے روح بن بدر پر پڑھا کہ آپ کو محمد بن محمد بن احمد نے اپنی کتاب میں ابوسعید صیر فی سے خبر دی کہ انھوں نے کہا ہمیں ابوالعباس نے خبر دی کہ ہمیں ربیع نے خبر دی کہ ہمیں امام شافعی نے خبر دی کہ وہ جو امام مالک نے روایت فرمایا وہ ایسا ہی ہے جیسا انھوں نے روایت فرمایا۔ غزوۂ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مشرک اور دو مشرکوں کو واپس فرمادیا اور غیر مسلم سے استعانت کرنا قبول نہ فرمایا۔ پھر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر کے بعد غزوۂ خیبر میں بنی قینقاع کے کچھ یہودیوں سے کام لیا کہ زور آور تھے اور ۸ھ ہجری غزوۂ حنین میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صفوان بن امیہ سے جس وقت میں کہ وہ مشرک تھے کچھ امداد لی تو پہلا رد فرمادینا اگر اس بنا پر تھا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اختیار تھا کہ کسی مشرک سے کام لیں یا اسے واپس فرمادیں جیسا انھیں مسلمان کے واپس فرمادینے کا اختیار ہے اس پر کسی خوف یا مشقت کے باعث۔ جب تو حدیثوں میں باہم کچھ اختلاف ہی نہیں اور اگر وہ واپس فرمادینا اس بنا پر تھا کہ حضور نے مشرک سے مدد لینا ناجائز جانا تو بعد کے واقعہ نے مشرکوں سے کام لیا اسے منسوخ کر دیا۔ اور اس میں کوئی حرج نہیں کہ مشرکوں سے لڑنے میں مشرکوں سے مدد لے جب کہ وہ اپنی خوشی سے لڑنے کو چلیں اور غنیمت میں سے انھیں کچھ تھوڑا سا دیا جائے پورا حصہ نہ دیا جائے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت نہیں کہ حضور نے انھیں پورا حصہ دیا ہو۔

اس کے بعد جو فقرہ فتح ہے وہ بھی زیر قال الشافعی داخل اور انھیں کا قول ہے جسے بیہقی شافعی نے ان سے روایت کیا۔

نصب الرایۃ میں ہے :

قال الشافعی لعله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انما رد المشرک الذی رده فی

غزوة بدر رجاء اسلامه و قال و ذلک واسع للامام ان یرد المشرک اویاذن له . انتهی و کلام الشافعی کله نقله البیهقی عنه .

امام شافعی نے فرمایا کہ وہ مشرک جسے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ بدر میں واپس فرمادیا تھا شاید یہ اس امید کی بنا پر ہو کہ وہ اسلام لے آئے گا۔ اور امام شافعی نے کہا سلطان اسلام کو گنجائش ہے چاہے مشرک کو واپس کردے یا اجازت دے۔ انتہی۔ اور امام شافعی کا یہ سارا کلام بیہقی نے ان سے روایت کیا۔

(یہود سے استعانت کا جواب) اسهم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لقوم من الیهود قاتلوا معه .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان یہودیوں کو جنھوں نے ہمراہ رکاب اقدس قتال کیا تھا حصہ عطا فرمایا۔ اس سے استعانت کہاں ثابت ممکن کہ انھوں نے بطور خود قتال کیا ہو۔

صفوان بن امیہ سے استعانت کے روشن جواب

رہا قصۂ صفوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ان کا قبل از اسلام غزوۂ حنین شریف میں ہمراہ رکاب اقدس ہونا ضرور ثابت ہے مگر ہرگز ہرگز نہ ان سے قتال منقول نہ یہی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے قتال کو فرمایا ہو صرف اس قدر ہے کہ سو زرہ خود بکتر اور ایک روایت میں چارسو ان سے عاریت لیے اور بطمع بر دہش سرکار عالم مدار کہ مولفۃ القلوب سے تھے ہمراہ لشکر ظفر پیکر ہولیے ان کی مراد بھی پوری ہوئی اور اسلام بھی پختہ وراسخ ہو گیا سرکار اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غنائم سے اتنا عطا فرمایا اتنا عطا فرمایا کہ یہ بے اختیار کہہ اٹھے و الله ما طابت بهذا الانفس نبی .

خدا کی قسم اتنی عطائیں خوش دلی سے دینا نبی کے سوا کسی کا کام نہیں اشهد ان لا اله الا الله و اشهد ان محمدا عبده و رسوله . صلی الله تعالیٰ علیه وسلم .

امام ابن سعد طبقات پھر حافظ الشان عسقلانی اصابہ فی تمیز الصحابہ میں ان ہی صفوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت فرماتے ہیں :

لم یبلغنا انه غزا مع النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم .

ہمیں روایت نہ پہنچی کہ انھوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہمراہی میں جہاد کیا ہو۔

امام طحاوی مشکل الآثار میں فرماتے ہیں :

صفوان کان معه لا باستعانة منه ففی هذا ما یدل علی انه انما امتنع من الاستعانة به و با مثاله و لم یمنعهم من القتال معه باختیار لذلک .

یعنی صفوان خود ہی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ہو لیے تھے حضور نے ان سے استعانت نہ فرمائی اس میں دلیل ہے اس پر کہ حضور مشرکوں سے استعانت سے باز رہتے تھے اور وہ اپنے اختیار سے ہمراہی میں لڑیں اس سے منع نہ فرماتے تھے۔

اسی میں ہے :

حدثنا ابو امیة قال حدثنا بشیر بن عمر الزهر انی قال قلت لما لک الیس ابن شهاب کان یحدث ان صفوان ابن امیة سار مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فشهد حنینا و الطائف و هو کافر قال بلی و لکن هو سار مع رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم ولم یامره رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم .

ہم سے ابوامیہ نے حدیث بیان کی کہ ہم سے بشر بن عمر زہرانی نے حدیث بیان کی کہ میں نے امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے گزارش کی کہ کیا زہری یہ حدیث بیان نہ کرتے تھے کہ صفوان بن امیہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ رکاب اقدس چل کر حنین و طائف کے غزووں میں بحالت کفر حاضر

ہوئے فرمایا ہاں مگر وہ خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمرکاب ہو لیے تھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے نہیں فرمایا تھا۔

علامہ جلال الدین ابوالمحاسن یوسف حنفی معتصر میں فرماتے ہیں :

لا مخالفة بین حدیث صفوان و بین قوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لا نستعین بمشرک لان صفوان قتاله کان باختیاره دون ان یستعین به النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و ان الاستعانة بالمشرک جائزة لکن تخلیتهم للقتال جائزة لقوله تعالیٰ لا تتخذوا بطانة من دونکم و الاستعانة اتخاذ بطانة و قتالهم دون استعانة بخلاف ذلک .

یعنی حدیث صفوان اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس ارشاد میں کہ ہم کسی مشرک سے مدد نہیں لیتے کچھ مخالف نہیں کہ صفوان کا قتال کو جانا اپنے اختیار سے تھا نہ یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے استعانت فرمائی ہو مشرک سے استعانت حرام ہے لیکن وہ خود لڑیں تو لڑنے دینا جائز ہے اس لیے کہ رب عزوجل نے فرمایا، غیروں کو اپنا رازدار نہ بناؤ مشرک سے استعانت کرنا اسے رازدار بنانا ہے اور بلا استعانت خود اس کے لڑنے میں یہ بات نہیں۔

استعانت ذمی سے جائز حربی سے حرام

اقول : یہ مسئلہ کہ ذمی اگر مسلمانوں کے ہمراہ قتال کرے یا راستہ بتائے تو سلطان اسے غنیمت سے کچھ عطا فرمائے جو مسلمانوں کے حصہ سے کم ہو اور راہ بتانے میں بقدر اجرت۔ تمام متون مثل ہدایہ و وقایہ و تحفۃ الفقہاء و کنز ووافی و مختار و اصلاح و غرر و ملتقی و تنویر اور ان کے سوا جن جن کتب میں اس کا ذکر ہے جیسے خزانۃ المفتین و اشباہ والنظائر وغیرہا سب میں ذمی کے ساتھ مقید ہے حتیٰ کہ علامہ محمد بن عبدالرحمن دمشقی نے رحمۃ الامۃ اور امام عبدالوہاب شعرانی نے میزان الشریعۃ میں اسے ائمہ اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اسی

قید کے ساتھ ذکر کیا۔رحمۃ الامہ کی عبارت یہ ہے۔

اتفقوا علی ان من حضر الغنیمۃ من مملوک او امراۃ او صبی او ذمی فلھم الرضح

علماء کا اتفاق ہے کہ غلام یا عورت یا لڑکا یا ذمی جو غنیمت میں حاضر ہوں تو انھیں کچھ دیا جائے گا پورا حصہ نہیں بعض شراح نے اسی سے مسئلہ استعانت استنباط کیا۔

درمختار میں ہے :

لا لعبد و صبی و امراء ۃ و ذمی و رضح لھم اذا باشروا القتال او کانت المراء ۃ تقوم بمصالح المرضی او دل الذمی علی الطریق.

غلام اور لڑکے اور عورت اور ذمی کے لیے غنیمت کا حصہ نہیں ہاں کچھ دیا جائے گا اگر لڑیں یا عورت مریضوں کی تیمارداری کرے یا ذمی راستہ بتائے۔

ذمی کتابی سے استعانت جائز مشرک سے حرام ہے

امام اجل زینت حنفیت سیدنا احمد طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس میں اور تخصیص فرمائی اور اسی کو حضرت سیدنا امام اعظم و جملہ ائمہ حنفیہ کا مذہب بتایا کہ مسئلہ استعانت کا کتابی سے خاص ہے۔ جہاد میں وقت حاجت دبے ہوئے یہودی یا نصرانی سے مدد لے سکتے ہیں مشرک سے اصلاً جائز نہیں۔

مشکل الآثار میں استعانت بمشرک سے ممانعت کی حدیثیں روایت فرمائیں پھر استعانت بہ یہود کی حدیث اعتراضاً وارد کی پھر اس کے جواب میں فرمایا:

لیس فی ذلک ما یخالف شیئا ما رویناہ فی ھذا الباب لان الیھود لیسوا من المشرکین الذین قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الآثار الاول انہ لا

نستعين بهم اولئک عبدة الاوثان و هولاء اهل الكتاب و الغلبة لنا لانا الاعلون عليهم و هم اتباع لنا و هكذا حكمهم الآن عند كثير من اهل العلم منهم ابو حنيفة و اصحابه رضى الله تعالىٰ عنهم يقولون لا باس بالاستعانة باهل الكتاب فى قتال من سواء هم اذا كان حكمنا هو الغالب و يكرهون ذلک اذا كان احكامنا بخلاف ذلک و نعوذ بالله من تلک الحال .

وہ حدیثیں کہ اس باب میں ہم نے ذکر کیں یہ روایت کچھ ان سے مخالفت نہیں رکھتی اس لیے کہ یہود مشرک نہیں ہیں جن کے بارے میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اگلی حدیثوں میں فرمایا کہ ہم ان سے استعانت نہیں کرتے ، وہ بت پرست ہیں اور یہ کتابی ہیں اور غلبہ ان پر ہمیں کو ہے کہ ہم ہی ان پر بالا دست ہیں اور وہ ہمارے تابع ہیں اور اب بھی اکثر علماء کے نزدیک ان کا یہی حکم ہے۔ ازاں جملہ امام اعظم ابوحنیفہ اور ان کے اصحاب رضی اللہ تعالیٰ عنہم ، وہ فرماتے ہیں غیر کتابی کافروں کے مقابلہ میں کتابیوں سے مدد لینے میں حرج نہیں جب کہ ہمارا ہی حکم غالب ہو اور کتابیوں سے بھی مدد لینے کو ناجائز رکھتے ہیں جب کہ حالت اس کے خلاف ہو یعنی وہ ہمارے تابع و پیرو نہ ہوں اور اس حالت سے اللہ کی پناہ۔

معتصر علامہ یوسف حنفی میں ہے :

الممتنع الاستعانة بالمشرک و اليهود ليسوا من المشركين هكذا حكمهم عند ابى حنيفة و اصحابه اذا كان حكمنا هو الغالب بخلاف ما اذا لم يكن غالباً نعوذ بالله .

مشرک سے استعانت ناجائز ہے اور یہودی مشرک نہیں امام اعظم اور ان کے تلامذہ کے نزدیک یہی حکم ہے جب کہ ہمارا ہی حکم غالب ہو۔ بخلاف اس کے کہ معاذ اللہ ہمارا حکم ان پر غالب نہ ہو۔

اقسام استعانت اوران کے احکام

اقول: تحقیق مقام بتوفیق منعام یہ ہے کہ یہاں استعانت کی تین حالتیں ہیں۔

التجا، اعتماد، استخدام

التجا: یہ کہ قلیل گروہ اپنے کوضعیف وکمزور یا عاجز پا کر کثیر وقوی وطاقتور جتھے کی پناہ لے اپنا کام بنانے کے لیے اس کا دامن پکڑے یہ بداہتہ اپنے آپ کو ان کے ہاتھ میں دے دینا ہوگا اور انھیں خواہی نہ خواہی ان کے اشارے پر چلنا ان کی پس روی کرنی پڑے گی۔

اعتماد: یہ کہ گروہ مساوی سے یارانہ گانٹھیں انھیں اپنا یاور ویار ومعین ومددگار بنائیں ان کی مدد وموافقت سے اپنے لیے غلبہ وعزت وکامیابی چاہیں۔ یہ اگر چہ اپنے آپ کو ان کے رحم پر چھوڑ دینا نہیں مگر ان کی ہمدردی وخیر خواہی پر اعتماد یقیناً ہے۔کوئی عاقل خون کے پیاسے دشمن بدخواہ کو معین وناصر نہ بنائے گا۔ یہاں مساوات کے یہی معنی نہیں کہ ہر طرح قوت میں ہمارا ہم سنگ ہو بلکہ خودسر گروہ کہ ہمارے ہاتھ میں مجبور نہیں اور ہمارے ساتھ اظہار بدخواہی کر سکتا ہے۔اسی شق میں ہے کہ باوصف خودسری اسے ناصر بنانا بے اعتماد نہ ہوگا۔ یہ دونوں صورتیں کفار کے ساتھ یقیناً نصوص قطعیہ قرآنیہ سے حرام قطعی ہیں۔جن کی تحریم کو پہلی اور دوسری دو ہی آیتیں کافی ووافی ہیں ہرگز کوئی مسلمان انھیں حلال نہیں کہہ سکتا۔

استخدام: یہ کہ کافر ہم سے دبا ہوا اس کی چٹیا ہمارے ہاتھ میں ہو کسی طرح ہمارے خلاف پر قادر نہ ہو وہ اگر چہ اپنے کفر کے باعث یقیناً ہمارا بدخواہ ہوگا مگر بے دست وپا ہے ہم سے خوف وطمع رکھتا ہے۔ خوف شدید کے باعث اظہار بدخواہی نہ کر سکے گا بلکہ طمع کے سبب مسلمان کے بارے میں نیک رائے ہوگا۔

الحمد للہ یہ تقریر فقیر غفرلہ القدیر نے تنہا لکھی تھی پھر امام شمس الائمہ سرخسی کی شرح سیر صغیر امام محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ دیکھی عظیم وجلیل تائید ملی، امام طحاوی وعلامہ یوسف حنفی کی عبارتیں گزریں کہ جواز اس وقت ہے جب ہمارا ہی حکم غالب ہو۔ اور امام ابوجعفر کا ارشاد کہ ہم ہی بلند و بالا ہوں اور وہ ہمارے تابع۔ بعینہ یہی شرط سیر صغیر میں کہ کتب ظاہر الروایۃ سے ہے امام محمد نے سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ فرمایا:

سالته عن المسلمین یستعینون باهل الشرک علی اهل الحرب قال لا باس بذلک اذا کان حکم الاسلام هو الظاهر الغالب .

میں نے عرض کی کہ مسلمان اگر حربیوں پر مشرکوں سے مدد لیں تو کیسا ہے فرمایا مضائقہ نہیں بشرط کہ اسلام ہی کا حکم روشن وزبردست ہو۔

مسخر کافر سے استعانت جائز ہے

ارشاد ہوا، **لان قتالهم بهذه الصفة لا عزاز الدین و الاستعانة علیهم باهل الشرک کالاستعانة بالکلاب .**

دو ورق پہلے فرمایا:

و الاستعانة باهل الذمة کالاستعانة بالکلاب.

یعنی اس لیے کہ جب وہ اس حالت پر ہوں تو ان کا لڑنا ہمارے ہی دین کے اعزاز کو ہوگا اور حربیوں پر ان ذمی مشرکوں سے استعانت ایسی ہوگی جیسے شکار میں کتوں سے مدد لیتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ وہ ہمارے ہاتھ میں کتوں کی طرح مسخر ہوں کہ ان کا فعل ہمارے ہی لیے ہو، ہمارے ہی دین کے اعزاز کے واسطے ہو۔

کتے سے شکار میں استعانت کب جائز ہوتی ہے جب کہ وہ وقت شکار سارا کام ہمارے ہی لیے کرے اس میں سے اپنے واسطے کچھ نہ کرے اگر شکار مارا اور ماشہ بھر اس کا گوشت کھالیا شکار حرام ہے۔تو استخدام بتایا اور وہ بھی سب سے ذلیل تر یعنی جیسے کتے سے خدمت لیتے ہیں اور شرط فرمادی کہ وہ خودسری سے یکسر نکل کر محض ہمارے لیے آلہ بن گئے ہوں یہ نہ ہوگا مگر اسی صورت میں کہ ہم نے منقح کی۔

استعانت کے جواز وعدم جواز کے پہلو

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

اور اس کے لیے ضرور ہے کہ وہ معدودے چند ذلیل قلیل ہوں کہ بڑا گروہ ہوا تو ممکن کہ میدان میں پہنچ کر کافروں کا لشکر دیکھ کر شرارت پر آئے اور پھن دکھائے۔ممکن کہ یہی حکمت ہو کہ روز احد چھ سو یہود کو واپس فرمادیا کہ یہ بڑا جتھا ہوا خصوصاً اس حالت میں کہ مسلمان صرف سات سو اور مغلطائی کی روایت میں چھ ہی سو تھے اور غزوۂ خیبر میں حسب روایت واقدی صرف دس یہود کو ہمراہی کا حکم فرمایا کہ مسلمان ایک ہزار چار سو تھے۔اور غزوۂ حنین میں تو صفوان جیسے ستر اسی بھی مان لیجیے تو کچھ نہ تھے کہ الٰہی لشکر بارہ ہزار تھا جس کی کثرت کا ذکر خود قرآن عظیم میں ہے اسی طرف اشارہ ہے کہ ہمارے علماء ان مسائل میں ذمی و کافر بصیغۂ مفرد لکھتے ہیں نہ بصیغۂ جمع۔

استخدام کی چار صورتیں اور ان کے احکام

استخدام کی چار صورتیں ہیں۔

اول : اس سے ایسی استعانت جس میں وہ ہمارا راز دار و دخیل کار بنے یہ مطلقاً حرام ہے۔

فرماتا ہے جلا وعلا :

ام حسبتم ان تترکوا و لما یعلم اللہ الذین جاھدوا منکم و لم یتخذوا من دون اللہ و لا رسولہ و لا المومنین ولیجۃ و اللہ خبیر بما تعملون.

کیا اس گھمنڈ میں ہو کہ یوں ہی چھوڑ دیے جاؤ گے اور ابھی وہ لوگ اعلانیہ ظاہر نہ ہوئے جو تم میں سے جہاد کریں اور اللہ ورسول و مسلمین کے سوا کسی کو اپنا راز دو دخیل کار نہ بنائیں اور اللہ تمہارے کاموں سے خبردار ہے۔ اس لیے حدیث میں ان سے مشورہ لینا ناجائز فرمایا۔

کافر کو محرری پر نوکر رکھنے کی ممانعت

تفسیر کبیر میں ہے:

ان المسلمین کانوا یشاورونھم فی امور ھم و یؤانسونھم لما کان بینھم من الرضاع و الحلف ظنا منھم انھم و ان خالفوھم فی الدین فھم ینصحون لھم فی اسباب المعاش فنھاھم اللہ تعالیٰ بھذہ الآیۃ عنہ فمنع المومنین ان یتخذوا بطانۃ من غیر المومنین فیکون ذلک نھیا عن جمیع الکفار و قال یا ایھا الذین آمنوا لا تتخذوا عدوی و عدوکم اولیاء و مما یوکد ذلک ما روی انہ قیل لعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ھھنا رجل من اھل الحیرۃ نصرانی لا یعرف اقوی حفظا و لا احسن خطا منہ فان رأیت ان تتخذہ کاتبا فامتنع عمر من ذلک و قال اذن اتخذت بطانۃ من غیر المومنین.

یعنی کچھ مسلمان بعض یہود سے اپنے معاملات میں مشورہ کرتے اور باہم دل بہلاتے کہ کسی سے دودھ کی شرکت تھی کوئی کسی کا حلیف تھا یہ گمان کرتے تھے کہ وہ اگرچہ دین میں ہمارے خلاف ہیں دنیوی باتوں میں تو ہماری خیرخواہی کریں گے۔ اس آیہ کریمہ میں رب العزت جل وعلا نے انھیں منع فرمادیا اور حکم دیا کہ کسی غیر مسلم کو اپنا راز دار نہ بناؤ۔ تو یہ نہ صرف یہود بلکہ جملہ کفار سے ممانعت ہوئی اور اللہ عزوجل نے

فرمایا اے ایمان والو! میرے اور اپنے دشمن کو یار نہ بناؤ۔ اور اس کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے جو امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہوئی کہ ان سے عرض کی گئی کہ شہر حیرہ میں ایک نصرانی ہے اس کا سا حافظہ اور عمدہ خط کسی کا معلوم نہیں، حضور کی رائے ہو تو ہم اسے محرر بنالیں۔ امیر المومنین نے اسے قبول نہ فرمایا اور ارشاد کیا کہ ایسا ہو تو میں غیر مسلم کو راز دار بنانے والا ٹھہروں گا۔

تفسیر لباب التاویل وغیرہ پارہ ٦ میں ہے۔

روى ان ابا موسىٰ الاشعرى رضى الله تعالىٰ عنه قال قلت لعمر بن الخطاب رضى الله تعالىٰ عنه ان لى كاتبا نصرانيا فقال مالك و له قاتلك الله الا اتخذت حنيفا يعنى مسلما اما سمعت قول الله عزوجل يا ايها الذين آمنوا لا تتخذوا اليهود و النصارىٰ اولياء قلت له دينه ولى كتابته قال لا اكرمهم اذا اهانهم الله و لا اعزهم اذا اذلهم الله و لا اقربهم اذا ابعدهم الله قلت لا يتم امر البصرة الا به فقال مات النصرانى و السلام يعنى هب انه مات فما تصنع بعد فما تعمل بعد موته فاعمله الآن و استعن عنه بغيره من المسلمين .

یعنی ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہوا کہ میں نے امیر المومنین عمر فاروق اعظم سے عرض کی میرا ایک محرر نصرانی ہے فرمایا تمھیں اس سے کیا علاقہ، خدا تم سے سمجھے کیوں نہ کسی کھرے مسلمان کو محرر بنایا کیا تم نے یہ ارشاد الٰہی نہ سنا کہ اے ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو یار نہ بناؤ میں نے عرض کی اس کا دین اس کے لیے ہے مجھے تو اس کی محرری سے کام ہے فرمایا میں کافروں کو گرامی نہ کروں گا جب کہ انھیں اللہ نے خوار کیا، نہ انھیں عزت دوں گا جب کہ انھیں اللہ نے ذلیل کیا، نہ ان کو قرب دوں گا جب کہ اللہ نے انھیں دور کیا۔ میں نے عرض کی بصرہ کا کام بے اس کے پورا نہ ہوگا فرمایا مرگیا نصرانی والسلام۔ یعنی فرض کرو کہ وہ مرگیا اس کے بعد کیا کرو گے۔ جو جب کرو گے اب کرو اور کسی مسلمان کو مقرر

کر کے اس سے بے نیاز ہو جاؤ۔

کافر کی تعظیم حرام ہے

دوم: اسے بعض مسلمانوں پر کوئی عہدہ و منصب دینا جس میں مسلم پر اس کا استعلا ہو مثلاً مسلمان فوج کے کسی دستے کا افسر بنانا یہ بھی حرام ہے۔ ابھی امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد گزرا کہ اللہ نے انھیں خوار کیا میں گرامی نہ کروں گا۔ اللہ نے انھیں ذلت دی میں عزت نہ دوں گا۔ کتب حدیث میں یوں ہے کہ جب ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے محرری پر مقرر کیا امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں فرمان میں لکھا۔

لیس لنا ان نأتمنهم و قد خونهم الله و لا ان نرفعهم و قد وضعهم الله و لا ان نعزهم و قد امرنا بان يعطوا الجزية عن يدوهم صاغرون.

ہمیں روا نہیں کہ کافروں کو امین بنائیں حالاں کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں خائن بتایا ہے یا ہم انھیں رفعت دیں حالاں کہ اللہ سبحانہ نے انھیں پستی دی یا انھیں عزت دیں حالاں کہ ہمیں حکم ہے کہ کافر ذلت و خواری کے ساتھ اپنے ہاتھ سے جزیہ پیش کریں۔

درمختار میں ہے:

يمنع من استكتاب و مباشرة يكون بها معظما عند المسلمين و تمامه في الفتح و في الحاوى ينبغي ان يلازم الصغار بينه و بين المسلم في كل شئ و عليه فيمنع من القعود حال قيام المسلم عنده و في البحر و يحرم تعظيمه.

یعنی ذمی کافر کو محرر بنانا یا اور کوئی ایسا عمل سپرد کرنا جس سے مسلمانوں میں اس کی بڑائی ہو جائز نہیں اس کا پورا بیان فتح القدیر میں ہے۔ حاوی میں ہے وہ مسلمان کے ساتھ ہر معاملہ میں دبا ہوا ذلیل رہے تو

جب تک اس کے پاس کوئی مسلمان کھڑا ہوا سے بیٹھنے نہ دیں گے یہ بحر الرائق میں ہے اور اس کی تعظیم حرام ہے۔

ہدایہ میں ہے :

قالوا الا حق ان لا یترکوا ان یرکبوا الا لضرورۃ و اذا رکبوا للضرورۃ فینزلوا فی مجامع المسلمین .

علماء نے فرمایا سزاوار تو یہ ہے کہ انھیں سوار ہونے ہی نہ دیں مگر (مرض وغیرہ کی) ناچاری سے پھر جب مجبوری کو سوار ہوں تو یہ ضرور ہے کہ مسلمانوں کے مجمع میں اتر لیں۔

سوم: بے حاجت اس سے استعانت کرنا یہ بھی ناجائز ہے۔

درمختار میں ہے :

مفادہ جواز الاستعانۃ بالکافر عند الحاجۃ .

اس عبارت سے سمجھا گیا کہ حاجت کے وقت کافر (ذمی) سے استعانت جائز ہے۔

اسی میں ردالمحتار سے ہے :

اما بدونھا فلا لانہ لا یومن غدرہ

حاجت نہ ہو تو جائز نہیں کہ کچھ اطمینان نہیں کہ وہ بدعہدی نہ کرے گا۔

مقہور کافر سے صرف استعانت جائز ہے

چہارم: اب ایک صورت یہ رہی کہ دبے ہوئے مقہور کافر سے بشرط حاجت ایسی استعانت نہ

اسے راز دار و دخیل کار بنانا ہو نہ کسی مسلمان پر اس کا استعلاء۔ یہ ہے وہ جس کی ہمارے علماء اور امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رخصت دی۔

کافر سے استعانت کا ایک اور جواب

امام اجل ابوزکریا نووی شافعی شرح صحیح مسلم میں فرماتے ہیں:

قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فارجع فلن استعین بمشرک و قد جاء فی الحدیث الآخر ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم استعان بصفوان بن امیۃ قبل اسلامہ فاخذ طائفۃ من العلماء بالحدیث الاول علی اطلاقہ و قال الشافعی و آخرون ان کان الکافر حسن الرای فی المسلمین و دعت الحاجۃ الی الاستعانۃ بہ استعین و الا فیکرہ حمل الحدیثین علی ھذین الحالین.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد کہ واپس جاؤ ہم ہرگز کسی مشرک سے استعانت نہ کریں گے اور دوسری حدیث میں آیا ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صفوان بن امیہ سے اس حال میں امداد لی کہ وہ ابھی مسلمان نہ ہوئے تھے۔ تو ایک جماعت علماء نے پہلی حدیث کا مطلق حکم اختیار کیا اور شافعی اور کچھ اوروں نے کہا کافر اگر مسلمانوں کے حق میں نیک رائے رکھتا ہو اور اس سے استعانت کی حاجت پڑے تو کی جائے گی ورنہ منع ہے امام شافعی نے ان دونوں حدیثوں کو ان دونوں حالوں پر محمول کیا۔

شرط حاجت تو صاف ذکر فرمائی اور شرط اول کا یوں اشعار کیا کہ کسی کافر کی رائے مسلمانوں کے بارے میں اچھی ہو تو اس سے استعانت جائز ہے۔ اسی شرط کو حازمی شافعی نے یوں ذکر کیا۔

والثانی فی ان یکونوا فمن یوثق بھم فلا تخشی نائرتھم فمتی فقد ھذان الشرطان لم یجز للامام ان یستعین بھم

یعنی حاجت کے ساتھ دوسری شرط یہ ہے کہ ان کافروں پر وثوق ہو کہ ان کی شرارت کا اندیشہ نہ رہے، ان دونوں شرطوں میں سے کوئی کم ہوگی تو سلطان اسلام کو کافروں سے استعانت جائز نہ ہوگی۔

اقول: اللہ عزوجل فرماتا ہے اور اللہ سب سے زیادہ سچا ہے **لا یالونکم خبالا و دواما عنتم**۔ کافر تمھاری بدخواہی میں گئی نہ کریں گے تمھارا مشقت میں پڑنا ان کی دلی تمنا ہے تو محال ہے کہ خودسر کافر مسلمانوں کے لیے کوئی اچھی رائے رکھیں ان کی خیر خواہی پر وثوق ہو سکے ان کا خودسر کافر ہونا ہی ان پر پورا بے اطمینانی کا پورا موجب ہے۔

محقق علی الاطلاق فتح القدیر باب الموادعۃ میں فرماتے ہیں:

لعل خوف الخیانة لازم للعلم بکفرهم و کونهم حربا علینا.

امید یہ ہے کہ خوف خیانت آپ ہی لازم ہے کہ ان کا کافر اور ہم سے مقاتل ہونا معلوم ہے۔

تو مسلمانوں کے خیر خواہ وقابل وثوق نہیں ہو سکتے مگر معدود چند ذلیل قلیل مجبور ومقہور کافر جن کو سرکشی کی مجال نہیں ولہٰذا تمام علماء نے مسئلہ رضخ کو ذمی کے ساتھ مقید فرمایا اور اسے بصیغۂ مفرد ذکر کیا۔

جہاد کے اقسام

تنبیہ: جہاد کہ اعظم وجوہ ازالۂ منکر ہے اس کی تین قسمیں ہیں۔

جنانی، لسانی، سنانی۔

جہاد جنانی : یعنی کفر و بدعت وفسق کو دل سے برا جاننا جو ہر کافر مبتدع فاسق سے ہے اور ہر مسلمان کہ اسلام پر قائم ہو، کرتا ہے مگر جنھوں نے اسلام کو سلام اور اپنے آپ کو مشرکین وکفار کا غلام کیا ان کی راہ جدا ہے۔ ان کا دین غیر دین خدا ہے۔

لسانی : کہ زبان وقلم سے رد۔

جہاد سنانی : کفار ومشرکین سے معرکہ آرائی کرنا۔ (الحجۃ المؤتمنۃ فی آیۃ الممتحنۃ)

منافقین کو مسجد سے نکال دیا گیا

صدر اسلام میں مسلمانوں میں منافقین کا اختلاط تھا مگر اللہ عزوجل نے صاف ارشاد فرمادیا تھا کہ یہ گھال میل جو ہو رہا ہے اللہ تعالیٰ تمھیں یوں رہنے نہ دے گا ضرور خبیثوں کو طیبوں سے الگ کردے گا۔ قال اللہ تعالیٰ و ما کان اللہ لیذر المومنین علی ما انتم علیہ حتی یمیز الخبیث من الطیب.

اس کے بعد بھری مسجد میں خاص جمعے کے دن علی رؤس الاشھاد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نام بنام ایک ایک کو فرمایا اخرج یا فلاں فانک منافق اے فلاں نکل جا تو منافق ہے۔ نماز سے پہلے سب کو نکال دیا (یہ حدیث طبرانی وابن ابی حاتم نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی)

مخالفین دین کے ساتھ یہ برتاؤ ان کا ہے جنھیں رب العزت عز جلالہ رحمۃ للعالمین فرماتا ہے جن کی رحمت، رحمت الٰہیہ کے بعد تمام جہان کی رحمت سے زیادہ ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

کفار ومنافقین پر سختی کا حکم

محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ارشاد فرمایا یا ایھا النبی جاھد الکفار و المنافقین و اغلظ علیھم.

اے نبی جہاد کر کافروں اور منافقوں سے اور ان پر شدت وسختی کر۔

یہ انھیں حکم دیتا ہے جن کی نسبت فرماتا ہے انک لعلی خلق عظیم بے شک تو بڑے

خلق پر ہے۔

تو معلوم ہوا کہ مخالفان دین پر شدت وغلظت منافی اخلاق نہیں یہی خلق حسن ہے۔

امام احمد رضا بریلوی اور فرماتے ہیں:

ایک مرتبہ فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نماز جمعہ میں دیر ہوگئی راستے میں دیکھا کہ چند لوگ مسجد سے لوٹے ہوئے آرہے ہیں آپ اس ندامت کی وجہ سے کہ ابھی میں نے نماز نہیں پڑھی ہے چھپ گئے، اور وہ اس ذلت کی وجہ سے جو مسجد شریف سے نکال دینے میں ہوئی تھی الگ چھپ کر نکل گئے۔

رب العزت تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

یا ایھا النبی جاھد الکفار و المنافقین و اغلظ علیھم .

اے نبی جہاد فرما اور سختی فرما کافروں اور منافقوں پر۔

اور فرماتا ہے جلا وعلا:

محمد رسول اللہ و الذین معہ اشداء علی الکفار رحماء بینھم .

محمد اللہ کے رسول ہیں (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اور جو ان کے ساتھی ہیں کفار پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل۔

اور فرماتا ہے جل وعلا۔

و لیجدوا فیکم غلظہ

لازم کہ کفار تم میں سختی پائیں۔

تو ثابت ہوا کہ کافروں پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سختی فرماتے تھے۔ (الملفوظ حصہ اول)

۸۰/اسی قیدی

و هو الذی کف ایدیهم عنکم و ایدیکم عنهم ببطن مکة من بعض ان اظفر کم علیهم و کان الله بما تعملون بصیرا.

وہی ہے ذات جس نے ان کے ہاتھوں کو تم سے اور تمھارے ہاتھوں کو ان سے روکا اس کے بعد کہ تمھیں ان پر کامیابی عطا فرمائی اور اللہ تعالیٰ ہمارے اعمال کو دیکھنے والا ہے۔

آیت مذکورہ بالا کے شان نزول کے ضمن میں امام بغوی نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک روایت نقل فرمائی کہ اہل مکہ میں سے ستر مسلح افراد جبل تنعیم سے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام پر حملہ کی نیت سے اترے تو صحابہ کرام نے انھیں قیدی بنالیا اور پھر انھیں چھوڑ دیا۔ چنانچہ اس واقعہ پر یہ آیت نازل ہوئی۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ صحیح مسلم میں اسی افراد کا ذکر ہے۔ (تعلیقات رضا)

جہاد ذریعۂ رزق ہے

احمد وابو یعلی اور طبرانی ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال بعثت بین یدی الساعة بالسیف حتی یعبدوا الله تعالیٰ وحده لا شریک له و جعل رزقی تحت ظل رمحی . الحدیث.

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں قرب قیامت تلوار کے ساتھ بھیجا گیا ہوں اور میرا رزق میرے نیزے کے سائے میں ہے۔ (مولف)

ابن عدی ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الزموا الجهاد تصحوا و تستغنوا

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ جہاد کو لازم کرلو، صحت یاب اور غنی ہو جاؤ گے۔

(مولف)

شیرازی القاب میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اطیب کسب المسلم سهمه فی سبیل الله.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مسلمان کی بہترین کمائی جہاد کا مال غنیمت ہے۔ (مولف)

قال المناوی فی التیسیر لان ما حصل بسبب الحرص علی نصرة دین الله تعالیٰ لا شئ اطیب منه فهو افضل من البیع و غیره

مناوی نے تیسیر میں فرمایا کہ دین خدا کی نصرت وحمایت پر حرص کے سبب سے جو مال حاصل ہو اس سے بہتر کوئی چیز نہیں، وہ بیع وغیرہ سے بھی افضل ہے۔ (مولف)

و فی رد المحتار عن المنتقی و مواهب الرحمن فی تفاضل انواع الکسب افضله الجهاد ثم التجارة ثم الحراثة ثم الصناعة .

ردالمحتار ومواہب الرحمٰن وغیرہ میں اقسام کسب کی فضیلت میں ہے کہ سب سے بہتر وافضل کسب جہاد، پھر تجارت، پھر زراعت وکاشت، پھر صنعت وحرفت ہے۔ (مولف) (خیر الآمال فی حکم الکسب والسوال)

رسول جہاد

ابن سعد مجاہد مکی سے مرسلاً راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا محمد و احمد انا رسول الرحمة انا رسول الملحمة انا المقفی و الحاشر.

میں محمد و احمد ہوں میں رسول رحمت ہوں میں رسول جہاد ہوں میں خاتم الانبیاء ہوں میں لوگوں کو حشر دینے والا ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

امام احمد و ابن سعد و ابن ابی شیبہ اور امام بخاری تاریخ اور ترمذی شمائل میں حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی مدینہ طیبہ کے ایک راستے میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے ملے ارشاد فرمایا :

انا محمد و انا احمد و انا نبی الرحمة و نبی التوبة و انا المقفی و انا الحاشر و نبی الملاحم .

میں محمد میں احمد ہوں میں رحمت کا نبی ہوں میں توبہ کا نبی ہوں میں سب میں آخر نبی ہوں میں حشر دینے والا ہوں میں جہادوں کا نبی ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابن عساکر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان یسمی فی الکتب القدیمة احمد و محمد و الماحی و المقفی و نبی الملاحم و حمطایا و فارقلیطا و ماذ ماذ.

اگلی کتابوں میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے یہ نام تھے۔

احمد، محمد

ماحی : کفر و شرک کو مٹانے والا

مقفی : سب پیغمبروں سے پیچھے تشریف لانے والے۔

نبی الملاحم : جہادوں کے پیغمبر

حمطایا : حرم الٰہی کے حمایتی

فارقلیطا : حق کو باطل سے جدا کرنے والے

ماذماذ : ستھرے پاکیزہ۔صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(جزاء اللہ عدوہ باباۂ ختم النبوۃ)

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اشارۂ ابرو پر اپنی پیاری جانیں خدا کی راہ میں قربان کیں اور اسی کو اپنی زندگی کا تمغۂ کمال سمجھا، امام احمد رضا بریلوی اپنے دیوان میں فرماتے ہیں :

اشعار

حسن یوسف پہ کٹیں مصر میں انگشت زناں
سر کٹاتے ہیں تیرے نام پہ مردان عرب

●

شور تکبیر سے تھرتھراتی زمیں
جنبش جیش نصرت پہ لاکھوں سلام

●

نعرہائے دلیراں سے بن گونجتے
غرش کوس جرأت پہ لاکھوں سلام

وہ چقاچاق خنجر سے آتی صدا
مصطفیٰ تیری صولت پہ لاکھوں سلام

ان کے آگے وہ حمزہ کی جاں بازیاں
شیر غران سطوت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

غزوات نبوی ﷺ

وقاتلوا في سبيل الله الذين يقاتلونكم ولا تعتدوا إن الله لا يحب المعتدين

اور اللہ کی راہ میں لڑو ان سے جو تم سے لڑتے ہیں اور حد سے نہ بڑھو اللہ پسند نہیں رکھتا حد سے بڑھنے والوں کو۔

(سورۃ البقرۃ، آیت ۱۹۰)

غزوات نبوی ﷺ ۲ ھ

غزوہ اور سریہ کی تعریف

اس میں ارباب سیر کی یہ اصطلاح جاری ہو چکی ہے کہ ہر وہ لشکر جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنفس نفیس خود موجود ہوں اسے ''غزوہ اور غزوات'' کہتے ہیں۔

اور جس لشکر میں خود موجود نہ ہوں بلکہ کوئی فوج روانہ فرمائی ہو اسے ''بعث اور سریہ'' کہتے ہیں۔

صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ سریہ یعنی رات میں سیر کرنا ہے۔

اور اہل سیر کی اصطلاح میں لشکر کا وہ ٹکڑا جسے دشمن پر تاخت کے لیے بھیجا گیا ہو سریہ کہتے ہیں۔

صاحب مواہب فرماتے ہیں کہ سریہ لشکر کا وہ ٹکڑا ہے جو لشکر سے جدا ہو کر جائے پھر اسی لشکر میں لوٹ کر شامل ہو جائے اور ان کی تعداد ۱۰۰ سے پانچسو ۵۰۰ تک ہو۔ اور اگر پانچ سو سے زیادہ ہو اسے منسر (بروزن منبر) کہتے ہیں۔ اور جو آٹھ سو سے زیادہ ہو اسے ''جیش'' کہتے ہیں۔ اگر چار ہزار سے زیادہ ہو جائے تو جحل (بتقدیم جیم برحا) اور لشکر عظیم کو ''خمیس'' کہتے ہیں جس میں پانچ ٹکڑے ہوں۔ (۱) مقدمہ (۲) قلب (۳) میمنہ (۴) میسرہ اور (۵) ساقہ۔

اور کتیبہ اور لشکر وہ ہے جو مجتمع ہو بکھرا ہوا نہ ہو۔

غزوات و سرایا کی تعداد

ان غزوات کی تعداد جن میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنفس نفیس شریک ہو کر تشریف لائے ستائیس ہے۔ جیسا کہ مواہب میں ہے۔

اور صاحب روضۃ الاحباب کے قول کے بموجب اکیس (۲۱) اور ایک اور قول کے بموجب چوبیس (۲۴) بھی منقول ہے۔ اس کی وجہ تطبیق بھی بیان کی گئی ہے اور تعجب ہے کہ وہ قول جو صحیح بخاری میں زید بن ارقم سے مروی ہے جو انیس (۱۹) غزوات کا ہے ذکر نہیں کیا گیا ہے۔

نو ۹ رغزوات ایسے ہیں جن میں قتال واقع ہوا ہے وہ یہ ہیں۔

(۱) جنگ بدر ۲ھ

(۲) جنگ احد ۳ھ

(۳) جنگ مریسیع (بنی المصطلق) ۵ھ

(۴) جنگ احزاب (جنگ خندق) ۵ھ

(۵) جنگ بنو قریظہ ۵ھ

(۶) جنگ خیبر ۷ھ

(۷) فتح مکہ ۸ھ

(۸) جنگ حنین (ہوازن) ۸ھ

(۹) جنگ طائف ۸ھ

جن اٹھارہ غزوات میں قتال واقع نہیں ہوا وہ حسب ذیل ہیں

(۱) غزوۂ ابواء ۲ھ

(۲) غزوۂ بواط ۲ھ

(۳) غزوۂ بنی نضیر ۴ھ

(۴) غزوۂ بدر صغریٰ ۴ھ

(۵) غزوۂ عشیرہ ۲ھ

(۶) غزوۂ بدر اولیٰ ۲ھ

(۷) غزوۂ قرقرۃ الکدیٰ ۲ھ

(۸) غزوۂ سویق ۲ھ

(۹) غزوۂ قینقاع ۳ھ

(۱۰) غزوۂ غطفان ۳ھ

(۱۱) غزوۂ نجران ۳ھ

(۱۲) غزوۂ دومۃ الجندل ۵ھ

(۱۳) غزوۂ ذات الرقاع ۶ھ

(۱۴) غزوۂ ذی قرد ۶ھ

(۱۵) غزوۂ بنولحیان ۶ھ

(۱۶) غزوۂ حدیبیہ ۶ھ

(۱۷) غزوۂ وادی القریٰ ۷ھ

(۱۸) غزوۂ جیش العسرۃ (تبوک) ۹ھ

سرایا کی تعداد سینتالیس ۴۷ تھی اور بعض چھپن ۵۶ رشمار کرتے ہیں۔ ان میں سے کچھ سرایا کے نام یہ ہیں۔

(۱) سریہ دار ارقم ۲ھ

(۲) سریہ سعد بن ابی وقاص بجانب وادی خرار ۲ھ

(۳) سریہ عبداللہ بن جحش، بمقام بطن نخلہ ۲ھ

(۴) سریہ عمیر بن عدی ۲ھ

(۵) سریہ سالم بن عمیر ۲ھ

(۶) سریہ قردۃ ۲ھ

(۷) سریہ رجیع ۳ھ

(۸) سریہ ابو سلمہ مخزومی، بمقام موضع قطن ۳ھ

(۹) سریہ عبداللہ بن انیس بمقام بطن عرنہ ۳ھ

(۱۰) سریہ بیر معونہ ۴ھ

(۱۱) سریہ ابو عبیدہ بن الجراح بجانب سیف البحر ۵ھ

(۱۲) سریہ محمد بن مسلمہ بجانب بنی کلاب ۶ھ

(۱۳) سریہ محمد بن مسلمہ بجانب بنی ثعلبہ ۶ھ

(۱۴) سریہ محمد بن مسلمہ بمقام نجد ۶ھ

(۱۵) سریہ عکاشہ بن محصن بجانب بنی اسد ۶ھ

(۱۶) سریہ زید بن حارثہ بمقام وادی القریٰ ۶ھ

(۱۷) سریہ زید بن حارثہ بمقام موضع جموم ۶ھ

(۱۸) سریہ زید بن حارثہ، بمقام عیص ۶ھ

(۱۹) سریہ زید بن حارثہ بجانب ام قرفہ ۶ھ

(۲۰) سریہ زید بن حارثہ بسوئے چشمہ طرف ۶ھ

(۲۱) سریہ زید بن حارثہ بجانب بخشی ۶ھ

(۲۲) سریہ زید بن حارثہ، بمقام وادی القریٰ باردوم ۶ھ

(۲۳) سریہ عبدالرحمٰن بن عوف بجانب بنی کعب ۶ھ

(۲۴) سریہ علی مرتضیٰ بجانب فدک ۶ھ

(۲۵) سریہ عبداللہ بن رواحہ بمقام خیبر ۶ھ

(۲۶) سریہ ابوبکر صدیق ۷ھ

(۲۷) سریہ عمر بن الخطاب ۷ھ

(۲۸) سریہ بشر بن سعد انصاری ۷ھ

(۲۹) سریہ غالب بن عبداللہ لیثی بجانب میفعہ ۷ھ

(۳۰) سریہ غالب بن عبداللہ بجانب بنی الموح ۷ھ

(۳۱) سریہ غالب لیثی بسوئے کدید ۸ھ

(۳۲) سریہ فدک ۸ھ

(۳۳) سریہ موتہ ۸ھ

(۳۴) سریہ عمرو بن العاص، بمقام ذات السلاسل ۸ھ

(۳۵) سریہ ابوعبیدہ بن الجراح، بمقام الخبط ۸ھ

(۳۶) سریہ ابوعامر اشعری، جنگ اوطاس ۸ھ

(۳۷) سریہ علی مرتضیٰ، بجانب قبیلہ بنی طے ۹ھ

(۳۸) سریہ خالد بن ولید بجانب دومۃ الجندل ۹ھ

(۳۹) سریہ خالد بن ولید بجانب قبیلہ بنی حارث بن کعب ۱۰ھ

(۴۰) سریہ جریر بن عبداللہ بجلی بجانب ذی الکلاع بن کور، طائف ۱۰ھ

(۴۱) سریہ اسامہ بن زید بجانب بحر روم ۱۱ھ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم، بحوالہ مردان عرب)

ہجرت کے بعد کا تقریباً کل زمانہ ''غزوات وسرایا'' کے اہتمام وانتظام میں گزرا اس لیے کہ اگر غزوات کی کم سے کم تعداد جو روایات میں آئی ہے۔ یعنی انیس اور سرایا کی کم سے کم تعداد جو روایتوں میں ہے یعنی سینتالیس، شمار کرلی جائے تو نو سال میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چھوٹی بڑی چھیاسٹھ لڑائیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ لہٰذا غزوات وسرایا کا عنوان حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت مقدسہ کا بہت ہی عظیم الشان حصہ ہے اور بحمدہ تعالیٰ ان بعض غزوات وسرایا کا تذکرہ مختصراً یہ ہے۔

سریہ حمزہ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد جب جہاد کی آیت نازل ہوگئی تو سب سے پہلے جو ایک چھوٹا سا لشکر کفار کے مقابلہ کے لیے روانہ فرمایا اس کا نام ''سریہ حمزہ'' ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے چچا حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک سفید جھنڈا عطا فرمایا اور اس جھنڈے کے نیچے صرف ۳۰ رمہاجرین کو ایک لشکر کفار کے مقابلہ کے لیے بھیجا جو تین سو کی تعداد میں تھے اور ابوجہل ان کا سپہ سالار تھا۔ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سیف البحر تک پہنچے اور دونوں طرف سے جنگ کے لیے صف بندی بھی ہوگئی لیکن ایک شخص مجدی بن عمرو جہنی نے جو دونوں فریق کا حلیف تھا بیچ میں پڑ کر لڑائی موقوف کرادی۔

سریۂ عبیدہ بن الحارث

اسی سال ساٹھ یا اسی مہاجرین کے ساتھ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبیدہ بن الحارث

کو سفید جھنڈے کے ساتھ امیر بنا کر رابغ کی طرف روانہ فرمایا۔ اس سریہ کے علمبردار حضرت مسطح بن اثاثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ جب یہ لشکر ثنیہ مرہ کے مقام پر پہنچا تو ابو سفیان اور ابو جہل کے لڑکے عکرمہ کی کمان میں دو سو کفار قریش جمع تھے دونوں لشکروں کا سامنا ہوا حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کفار پر تیر پھینکا۔ یہ سب سے پہلا تیر تھا جو مسلمانوں کی طرف سے کفار مکہ پر چلایا گیا۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کل آٹھ تیر پھینکے اور ہر تیر نشانہ پر ٹھیک بیٹھا کفار ان تیروں کی مار سے گھبرا کر فرار ہو گئے اس لیے کوئی جنگ نہیں ہوئی۔

سریہ سعد بن ابی وقاص

اسی سال ماہ ذوالقعدہ میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بیس سواروں کے ساتھ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس مقصد سے بھیجا تا کہ یہ لوگ کفار قریش کے ایک لشکر کا راستہ روکیں اس سریہ کا جھنڈا بھی سفید رنگ کا تھا اور حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس لشکر کے علمبردار تھے۔ یہ لشکر راتوں رات سفر کرتے ہوئے جب پانچویں دن مقام خرار پر پہنچا تو پتہ چلا کہ مکہ کے کفار ایک دن پہلے ہی فرار ہو چکے ہیں اس لیے کسی تصادم کی نوبت ہی نہیں آئی۔

غزوۂ ابواء

اس غزوہ کو "غزوہ ودان" بھی کہتے ہیں یہ سب سے پہلا غزوہ ہے یعنی پہلی مرتبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جہاد کے ارادے سے ماہ صفر ۲ھ میں ساٹھ مہاجرین کو اپنے ساتھ لے کر مدینہ سے باہر نکلے حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ میں اپنا خلیفہ بنایا اور حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جھنڈا دیا اور مقام "ابواء" تک کفار کا پیچھا کرتے ہوئے تشریف لے گئے مگر کفار مکہ فرار ہو چکے تھے اس لیے کوئی جنگ نہیں ہوئی۔

ابواء مدینہ سے اسی میل دور ایک گاؤں ہے جہاں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ کا مزار ہے۔ یہاں چند دن ٹھہر کر قبیلہ بنوضمرہ کے سردار "مخشی بن عمرو ضمری" سے حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے امداد باہمی کا ایک تحریری معاہدہ کیا۔ اور مدینہ واپس تشریف لائے۔ اس غزوہ میں پندرہ دن آپ مدینہ سے باہر رہے۔ اس معاہدہ کا متن یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ھذا کتاب من محمد رسول اللہ لبنی ضمرۃ بانھم آمنون علی اموالھم و انفسھم و ان لھم النصرۃ علی من رامھم الا ان یحاربوا فی دین اللہ ما بل بحر صوفۃ و ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا دعاھم لنصرہ اجابوہ علیھم بذلک ذمۃ اللہ و ذمۃ رسولہ و لھم النصر علی من برمنھم و اتقی.

اللہ کے نام سے جو بہت رحم کرنے والا اور ہمیشہ مہربانی فرمانے والا ہے۔ یہ تحریر محمد رسول اللہ کی طرف سے بنی ضمرہ کے لیے لکھی گئی ہے یعنی وہ امن سے رہیں گے، ان کی جان و مال کو امن ہوگا اور جو آدمی ان پر حملہ کرنے کا ارادہ کرے گا انھیں اس کے مقابلہ میں مدد دی جائے گی بجز اس کے کہ وہ اللہ کے دین میں لڑائی کرے۔ یہ معاہدہ باقی رہے گا جب تک سمندر کا پانی اون کو گیلا کرتا رہے گا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب ان کو اپنی مدد کے لیے دعوت دیں گے تو وہ اس دعوت پر لبیک کہیں گے۔ اللہ اور اس کا رسول اس بات کا ذمہ دار ہے اور ان کی مدد کی جائے گی جو ان پر حملہ کرے گا خواہ نیک اور متقی ہو۔

اس معاہدہ کی اہمیت اور اس کی قدر و منزلت کا صحیح اندازہ صرف جنگ اور میدان سیاست کے ماہرین لگا سکتے ہیں۔ بنوضمرہ اگرچہ ابھی تک اپنے مشرکانہ عقائد پر قائم تھے لیکن اب وہ اپنے ہم عقیدہ اہل مکہ کی انگیخت پر مسلمانوں کے خلاف ان کی کوئی مدد نہیں کر سکتے تھے اور ان سے کسی قسم کا تعاون نہیں کر سکتے تھے۔ یہ قافلہ پر قبضہ کرنے کی کامیابی سے بھی کہیں بڑی کامیابی تھی جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مرحمت فرمائی۔

غزوۂ بواط

ہجرت کے تیرہویں مہینے ۲ھ میں مدینہ پر حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حاکم بنا کر دو سو مہاجرین کو ساتھ لے کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جہاد کی نیت سے روانہ ہوئے۔اس غزوہ کا جھنڈا ابھی سفید تھا اور علمبردار حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے اس غزوہ کا مقصد کفار مکہ کے ایک تجارتی قافلہ کا راستہ روکنا تھا اس قافلہ کا سالار امیہ بن خلف جمحی تھا اور اس قافلہ میں ایک سو قریشی کفار اور ڈھائی ہزار اونٹ تھے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس قافلہ کی تلاش میں مقام بواط تک تشریف لے گئے مگر کفار قریش کا کہیں سامنا نہیں ہوا اس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بغیر کسی جنگ کے مدینہ واپس تشریف لائے۔

غزوۂ صفوان

اسی سال کرز بن جابر فہری نے مدینہ کی چراگاہ میں ڈاکہ ڈالا اور کچھ اونٹوں کو ہانک کر لے گیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ میں اپنا خلیفہ بنا کر اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو علمبردار بنا کر صحابہ کی ایک جماعت کے ساتھ وادی صفوان تک اس ڈاکو کا تعاقب کیا مگر وہ اس قدر تیزی کے ساتھ بھاگا کہ ہاتھ نہیں آیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واپس تشریف لائے۔

وادی صفوان بدر کے قریب ہے۔اسی لیے بعض مورخین نے اس غزوہ کا نام غزوۂ بدر اولیٰ رکھا ہے۔اس لیے یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ غزوۂ صفوان اور غزوۂ بدر اولیٰ دونوں ایک ہی غزوہ کے دو نام ہیں۔

غزوۂ ذی العشیرہ

اسی ۲ھ میں کفار قریش کا ایک قافلہ مال تجارت لے کر مکہ سے شام جا رہا تھا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ڈیڑھ سو یا دو سو مہاجرین صحابہ کو ساتھ لے کر اس قافلہ کا راستہ روکنے کے لیے مقام

''ذی العشیرۃ'' تک تشریف لے گئے، جو ینبوع کی بندرگاہ کے قریب ہے مگر یہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ قافلہ بہت آگے بڑھ گیا ہے اس لیے کوئی ٹکراؤ نہیں ہوا مگر یہی قافلہ جب شام سے واپس لوٹا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی مزاحمت کے لیے نکلے تو جنگ بدر کا معرکہ پیش آ گیا۔ جس کا مفصل ذکر آگے آتا ہے۔

سریہ عبداللہ بن جحش

اسی سال ماہ رجب ۲ ھ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امیر لشکر بنا کر ان کی ماتحتی میں آٹھ یا بارہ مہاجرین کا ایک جتھا روانہ فرمایا۔ دو دو آدمی ایک ایک اونٹ پر سوار تھے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لفافہ میں ایک مہر بند خط دیا اور فرمایا کہ دو دن سفر کرنے کے بعد اس لفافہ کو کھول کر پڑھنا اور اس میں جو ہدایات لکھی ہوئی ہیں ان پر عمل کرنا۔ جب خط کھول کر پڑھا تو اس میں یہ درج تھا کہ تم طائف اور مکہ کے درمیان مقام نخلہ میں ٹھہر کر قریش کے قافلوں پر نظر رکھو اور صورت حال کی ہمیں برابر خبر دیتے رہو۔ یہ بڑا ہی خطرناک کام تھا کیوں کہ دشمنوں کے عین مرکز میں قیام کر کے جاسوسی کرنا گویا موت کے منہ میں جانا تھا مگر یہ سب جان نثار بے دھڑک مقام نخلہ پہنچ گئے عجیب اتفاق کہ رجب کی آخری تاریخ کو یہ لوگ نخلہ میں پہنچے اور اسی دن کفار قریش کا ایک تجارتی قافلہ آیا۔ جس میں عمرو بن الحضرمی اور عبداللہ بن مغیرہ کے دولڑکے عثمان و نوفل اور حکم بن کیسان وغیرہ تھے اور اونٹوں پر کھجور اور دوسرا مال تجارت لدا ہوا تھا، امیر سریہ حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا کہ اگر ہم ان قافلہ والوں کو چھوڑ دیں تو یہ لوگ مکہ پہنچ کر ہم لوگوں کی یہاں موجودگی سے مکہ والوں کو باخبر کر دیں گے اور ہم لوگوں کو قتل یا گرفتار کروادیں گے اور اگر ہم ان لوگوں سے جنگ کریں تو آج رجب کی آخری تاریخ ہے لہٰذا شہر حرام میں جنگ کرنے کا گناہ ہم پر عائد ہوگا۔ آخر یہی رائے قرار پائی کہ ان لوگوں سے جنگ کر کے اپنی جان کے خطرہ کو دفع کرنا چاہیے چنانچہ حضرت واقد بن عبداللہ تمیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک تیر ایسا تاک کر مارا کہ وہ عمرو بن الحضرمی کو لگا اور وہ

اسی تیر سے قتل ہو گیا اور عثمان و حکم کو ان لوگوں نے گرفتار کر لیا، نوفل بھاگ نکلا۔ حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ اونٹوں اور ان پر لدے ہوئے مال و اسباب کو مال غنیمت بنا کر مدینہ لوٹ آئے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں اس مال غنیمت کا پانچواں حصہ پیش کیا۔

جو لوگ قتل یا گرفتار ہوئے وہ بہت ہی معزز خاندان کے لوگ تھے۔ عمرو بن الحضرمی جو قتل ہوا عبد اللہ بن حضرمی کا بیٹا تھا۔ عمرو بن الحضرمی پہلا کافر تھا جو مسلمان کے ہاتھ سے مارا گیا۔ جو لوگ گرفتار ہوئے یعنی عثمان اور حکم، ان میں سے عثمان تو مغیرہ کا پوتا تھا جو قریش کا ایک بہت بڑا رئیس شمار کیا جاتا تھا۔ اور حکم بن کیسان عمرو مخزومی کا آزاد کردہ غلام تھا۔ اس بنا پر اس واقعہ نے کفار قریش کو غیظ و غضب میں آگ بگولا بنا دیا اور ''خون کا بدلہ خون'' لینے کا نعرہ مکہ کے ہر کوچہ و بازار میں گونجنے لگا اور در حقیقت جنگ بدر کا معرکہ اسی واقعہ کا رد عمل ہے۔

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ جنگ بدر اور تمام لڑائیاں جو کفار قریش سے ہوئیں ان سب کا بنیادی سبب عمرو بن الحضرمی کا قتل ہے جس کو حضرت واقد بن عبداللہ تمیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تیر مار کر قتل کر دیا تھا۔ ان کے علاوہ دیگر غزوات کا ذکر سن ہجری کی ترتیب سے ان کے اصلی مقام پر آئے گا۔

اسلامی جنگوں میں مقتولین کی تعداد

اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبی مکرم و معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نبوت و رسالت کی جو امانت سپرد کی گئی تھی مصائب و آلام کے ہزاروں طوفانوں کے باوصف بڑے احسن طریقہ سے اس امانت کو اس کے حقداروں تک پہنچا دیا۔ اس صادق و مصدوق نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مساعی جمیلہ سے جو حیران کن انقلاب ایک قلیل مدت میں جزیرۂ عرب میں رونما ہوا اس کی مثال تاریخ انسانی میں نہیں ملتی۔

اس عظیم اور بے نظیر کارنامہ کو انجام دینے کے لیے گیارہ سالوں میں کفار و مشرکین کے ساتھ جتنی جنگیں لڑی گئیں ان میں فریقین کا کتنا جانی نقصان ہوا اس کی تفصیلات پڑھ کر آپ ششدر رہ جائیں گے۔

ابتدائی سرایا اور غزوات میں نہ دشمن کا کوئی آدمی قتل ہوا نہ کوئی کلمہ گو شہید ہوا۔ وہ غزوات وسرایا یہ ہیں۔

الابواء، سیف البحر، بواط، العشیرہ، بدر اولیٰ

ان میں فریقین کا کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

- سریہ عبداللہ بن جحش میں کفار کا ایک آدمی عمرو بن حضرمی مارا گیا۔ اسلامی جنگوں میں یہ پہلا مقتول تھا۔
- غزوۂ بدر الکبریٰ میں کفار کے ستر آدمی قتل ہوئے اور چودہ مسلمان شرف شہادت سے مشرف ہوئے۔
- غزوۂ بدر کے بعد اپنے سنگین جرائم کی پاداش میں دو مشرکوں کو قتل کیا گیا، ایک کا نام نضر بن حارث اور دوسرا عقبہ بن ابی معیط تھا۔
- غزوۂ سویق میں صرف ایک مشرک قتل ہوا۔
- غزوۂ بنی سلیم میں تین انصاری شہید ہوئے۔
- غزوۂ ذی امر میں جو نجد میں ہوا کوئی شخص نہیں مارا
- یہودی قبیلہ بنی قینقاع کے جلاوطن کرنے کی کارروائی میں دو آدمی مارے گئے۔
- سریہ زید بن حارثہ میں فریقین کا کوئی آدمی نہیں مارا گیا۔
- اس کے بعد اسلام دشمنی اور شرانگیزی کے باعث ان یہودیوں کو قتل کیا گیا، کعب بن اشرف،

ابورافع سلام بن ابی الحقیق اوران کے بعد کعب بن یہوذا کو۔

- غزوۂ احد میں ستر مسلمان نعمت شہادت سے بہرہ ور ہوئے اور ۲۲ رمشرک مقتول ہوئے۔
- غزوۂ حمراء الاسد میں ایک بدزبان ابوعزی موت کے گھاٹ اتارا گیا۔
- یوم رجیع میں چھ مسلمانوں نے جام شہادت نوش کیا۔
- بیر معونہ کے غدرانہ منصوبہ میں ستر مسلمانوں نے تاج شہادت زیب سر کیا۔
- اس کے بعد عمرو بن امیہ نے غلطی سے تین کافروں کو مار ڈالا ان میں سے دو کی دیت رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود ادا کی۔
- غزوۂ بنی نضیر میں ایک آدمی کام آیا۔
- غزوۂ ذات الرقاع میں ایک انصاری شہید ہوئے۔ وہ رات کو پہرہ دے رہے تھے کہ کافروں نے یکے بعد دیگرے انھیں تین تیروں کا نشانہ بنایا۔
- بدر اخریٰ میں کوئی آدمی قتل نہیں ہوا۔
- غزوۂ خندق میں تین مشرک قتل کیے گئے اور چھ مسلمانوں نے جام شہادت نوش کیا۔
- غزوۂ بنو قریظہ میں دو مسلمان شہید ہوئے اور چھ یا سات یہودی مقتول ہوئے۔
- اس کے بعد خالد بن سفیان الہذلی قتل ہوا۔
- غزوۂ ذی قرد میں پانچ افراد کام آئے۔
- غزوۂ بنی المصطلق میں دو آدمی کام آئے۔

- غزوۂ حدیبیہ میں ایک آدمی کام آیا۔
- غزوۂ خیبر میں زیادہ سے زیادہ جانبین سے بیس آدمی مارے گئے۔
- اس کے بعد جو سرایا بھیجے گئے ان میں فریقین کا کوئی فرد نہیں مارا گیا۔
- یہاں تک کہ جب بنی قضاعہ کی گوشمالی کے لیے کعب بن عمر کی امارت میں سریہ روانہ کیا گیا اس میں چودہ آدمی مقتول ہوئے۔
- غزوۂ موتہ میں بارہ شخص مارے گئے۔
- غزوۂ فتح مکہ میں بھی بارہ آدمی مارے گئے۔
- غزوۂ حنین اور ہوازن میں چار مسلمان شہید ہوئے اور قبیلۂ ثقیف کے 71 کافر مارے گئے۔
- غزوۂ طائف میں بارہ مسلمان سعادت شہادت سے مشرف ہوئے۔
- غزوۂ تبوک میں صرف ایک مسلمان شہید ہوا۔

دونوں فریقوں کے وہ مقتول جو جزیرۂ عرب کے باشندے تھے ان کی تعداد چار سو چالیس ہے، ان مقتولوں میں وہ لوگ بھی شمار کیے گئے ہیں جنھیں دھوکہ اور غدر سے قتل کیا گیا تھا یا غلطی سے قتل ہوئے تھے ان میں آپ چھ یا سات سو یہودیوں کو بھی شمار کر لیں۔ جنھیں قتل کرنے کا حکم حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دیا تھا جنھیں خود یہودیوں نے اس قضیہ میں اپنا حکم تسلیم کیا تھا۔ فریقین کے تمام مقتولوں کی تعداد بشمول مقتولین بنی قریظہ ایک ہزار چالیس یا گیارہ سو چالیس بنتی ہے۔

اتنی قلیل جانی قربانیوں اور نقصانات سے نوع انسانی کو جو فائدہ پہنچا وہ بے مثال اور بے نظیر ہے کوشش بسیار کے باوجود اقوام و ممالک کی جنگوں کی تاریخ میں آپ کو اس کی مثال نہیں ملے گی ہرگز

نہیں ملے گی۔

اس کے مقابلہ میں جدید تہذیب اور سائنسی ترقی کی آغوش میں پرورش پانے والے یورپ کے دانش وروں اور حکمرانوں نے صرف اپنے اہل وطن کو ہی نہیں بلکہ ساری انسانی برادری کو نصف صدی سے کم عرصہ میں جن دو ہولناک عالم گیر جنگوں کا تحفہ دیا ہے ان کی تباہ کاریوں کا اندازہ لگانے سے انسانی عقل و دانش قاصر ہے۔ پرامن شہری آبادیوں، ہسپتالوں، درس گاہوں بلکہ مذہبی عبادت گاہوں کو بھی جس سنگ دلی سے اپنی بہیمانہ بم باری کا نشانہ بنایا گیا اور ان کی اینٹ سے اینٹ بجادی گئی، ان کے تصور سے ہی انسانیت وشرافت کا سر، بار ندامت سے خم ہے۔

دیگر ہر قسم کے نقصانات کو اگر آپ ایک لمحہ کے لیے نظر انداز بھی کر دیں فقط انسانی جانوں کے نقصانات کا ہی سرسری جائزہ لیں تو انسانی خون کی ارزانی کو دیکھ کر آپ پر لرزہ طاری ہو جائے گا، ناگاساکی اور ہیروشیما پر امریکہ کے ایٹم بموں نے جو قیامت برپا کی، کیا اس خوں چکاں داستان کو سننے کا آپ میں حوصلہ ہے؟ صرف جانی نقصانات کے اعداد وشمار پیش خدمت ہیں جو دوسری جنگ عظیم میں ہوئے۔

- اتحادی ممالک برطانیہ، امریکہ وغیرہ کا جانی نقصان ایک کروڑ چھ لاکھ پچاس ہزار ہے۔
- فریقین کا مجموعی جانی نقصان ڈیڑھ دو کروڑ کے قریب ہے۔
- صرف روس کے پچھتر لاکھ فوجی مارے گئے۔
- جاپان کے پندرہ لاکھ پچاس ہزار جوانوں کو موت کے گھاٹ اتارا گیا۔
- جرمنی کے اٹھائیس لاکھ پچاس ہزار فوجیوں نے اپنی قیمتی زندگیوں کو جنگ کی کالی دیوی کے چرنوں میں بھینٹ چڑھایا۔

انسانی جانوں کی ان عظیم اور ان گنت قربانیوں، بے محابہ خوں ریزیوں، تباہ کن بم باریوں، جنھوں

نے سینکڑوں نہیں ہزاروں بارونق شہروں کو راکھ کی ڈھیروں میں بدل دیا اتنی گراں قیمت ادا کرنے کے بدلے میں انسانیت کو کیا ملا۔دیوار برلن۔(مولف) (مدارج النبوۃ دوم،سیرت الرسول،سیرت مصطفیٰ)

غزوهٔ بدر

جاں نثاران بدر و احد پہ درود
حق گزاران بیعت پہ لاکھوں سلام

ولقد نصرکم اللہ ببدر و انتم اذلۃ فاتقوا اللہ لعلکم تشکرون

اور بے شک اللہ نے بدر میں تمہاری مدد کی جب تم بالکل بے سروسامان تھے تو اللہ سے ڈرو کہیں تم شکر گزار ہو

(سورۂ آل عمران، آیت ۱۲۳)

غزوۂ بدر ۲ھ

ہجرت کے دوسرے سال غزوۂ بدر کا واقعہ پیش آیا، اس غزوہ کو غزوۂ بدر کبریٰ اور غزوۂ بدر عظمیٰ بھی کہتے ہیں۔

بدر ایک بستی کا نام ہے جو بدر بن مخلد بن نضر بن کنانہ سے منسوب ومشہور ہے۔ اس نے اس جگہ پڑاؤ کیا تھا یا یہ بستی بدر بن حارث سے منسوب ہے۔ جس نے یہاں کنواں کھودا تھا۔

اور بعض کہتے ہیں کہ وہاں ایک بوڑھا شخص مدتوں سے رہتا تھا جس کا نام بدر تھا، اس بناء پر اس بستی کو اسی نام سے منسوب کر دیا۔

یا اس کا نام اس بناء پر ہے کہ اس کا دائرہ وسیع تھا اور اس کا پانی اتنا صاف وشفاف تھا کہ اس میں بدر کامل نظر آتا تھا۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام غزوات میں یہ بہت عظیم غزوہ تھا کیوں کہ اس کے ذریعہ دین کی عزت وشوکت روشن ہوئی اور اسلام کا ناموس تاباں ہوا۔

اس دن کو ''یوم الفرقان'' سے تعبیر کیا گیا ہے کیوں کہ اس سے حق وباطل کے درمیان فرق وامتیاز رونما ہوا تھا فرمایا **یوم التقی الجمعان** مطلب یہ کہ مسلمان اور کافر اس دن جمع ہوئے اور اس دن حق تعالیٰ نے اسلام اور مسلمانوں کو غالب فرمایا اور کفر کی بنیادوں کو شکست و پائمال کر کے ذلیل وخوار بنایا۔ حالاں کہ مسلمانوں کی تعداد کم اور دشمنان دین کی تعداد زیادہ تھی اور کفار جنگ کے پورے ساز وسامان سے لیس ہو کر اتراتے اور تکبر کرتے آئے تھے مگر حق تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عزت دی اور اپنے دین کو مضبوط وقوی فرمایا اور اس کے جاہ وجلال کے چہرے کو منور وروشن بنایا اور شیاطین کو ذلیل وخوار

کر کے ان کو روسیاہ کیا اور اپنے مسلمان بندوں پر اس کا احسان ظاہر کرتے ہوئے فرمایا لقد نصر کم الله ببدر و انتم اذلة.

یقیناً اللہ نے بدر میں تمھاری مدد فرمائی دراں حال کہ تم بے سروسامان تھے تا کہ جان لیں کہ مدد خدا ہی کی طرف سے ہے نہ کثرت وقلت کی بناء پر۔ و ما النصر الامن عند الله العزیز الحکیم.

کوئی مدد نہیں مگر عزت حکمت والے اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

غزوۂ بدر کب ہوا

اس غزوہ کے لیے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہجرت کے انیسویں مہینہ میں بارہ رمضان المبارک کو روانہ ہوئے تھے۔ بعضوں نے آٹھ رمضان کہا ہے اور قتال ۱۷ ررمضان روز جمعہ واقع ہوا۔ بعض نے کہا کہ شنبہ تھا۔

آپ نے حضرت ابولبابہ انصاری کو مدینہ طیبہ میں خلیفہ بنایا تھا۔

مسلمانوں کی تعداد

اس غزوہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ جماعت انصار بھی تھی، اس سے پہلے کسی غزوہ یا کسی سریہ میں انصار نے شرکت نہ کی تھی کیوں کہ بیعت عقبہ میں ان کے ساتھ یہ عہد و پیمان ہوا تھا کہ وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حفاظت اور دشمنان دین سے مدافعت اپنے گھروں میں کریں گے۔ چنانچہ انھوں نے واقعی کبھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس حال میں نہ چھوڑا کہ کوئی آپ کے حال سے تعرض کرتا۔

اس غزوہ میں مسلمانوں کی تعداد تین سو تیرہ (۳۱۳) تھی۔ جن میں سے ستتر (۷۷) مہاجرین

اور دو سو چھتیس (۲۳۶) انصار تھے۔ مگر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہمرکابی میں صرف تین سو پانچ (۳۰۵) اصحاب تھے اسی (۸۰) مہاجرین اور بقیہ انصار تھے۔

اور بقیہ آٹھ اصحاب وہ تھے جو کسی عذر کی وجہ سے حاضر نہ ہو سکے تھے مگر اموال غنیمت میں سے ان کو بھی حصہ عطا فرمایا گیا تھا اہل سیران کو بھی اہل بدر میں شمار کرتے ہیں۔ ان میں سے تین مہاجرین میں سے ہیں۔ ایک حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم سے اپنی زوجہ سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی علالت اور تیمارداری کے لیے رکے تھے، دوسرے طلحہ اور تیسرے سعید بن زید ہیں جو مشرکین کے قافلہ کی جستجو میں گئے ہوئے تھے اور پانچ انصار تھے۔

مسلمانوں کا سامان حرب

اس غزوہ میں مسلمانوں کے پاس تین گھوڑے، ستر اونٹ، چھ زرہیں اور آٹھ شمشیریں تھیں، اور ایک ایک اونٹ پر کئی کئی مسلمان سواری کرتے تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سواری میں حضرت علی مرتضیٰ اور حضرت زید بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہما شریک تھے۔ اور جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیدل چلنے کی باری آتی تو دونوں عرض کرتے یا رسول اللہ آپ سوار ہی رہیئے ہم آپ کے رکاب کی سعادت میں پیدل چلیں گے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے تم مجھ سے زیادہ قوی نہیں ہو اور میں اجر میں تم سے زیادہ بے نیاز نہیں ہوں۔

کفار کی تعداد

مشرکوں کی تعداد ایک ہزار یا نوسو یا پانچ سو پچاس جنگی مردوں کی تھی، ایک قول کے بموجب ایک ہزار سے کم اور نوسو سے زیادہ تھی۔ اور ان کے ساتھ سو گھوڑے اور سات سو یا کچھ زیادہ اونٹ تھے۔ جو پوری شوکت و کروفر اور مکمل ساز و سامان اور بڑے غرور و تکبر میں تھے ان کے سوار بھی زرہ پوش تھے اور پیادہ بھی

زرہ پوش تھے۔ ان کے ہمراہ گانے والی عورتیں اور آلات طرب بھی تھے۔ یہ جس پانی کے کنارے پڑاؤ کرتے وہاں کی ڈومنیاں اور طوائفیں ساز بجا کر اور گا گا کر اہل اسلام پر زبان طعن دراز کرتی تھیں۔ قریش کے سرداروں میں سے ہر روز کوئی نہ کوئی سب کو کھانا دیتا اور ہر روز گیارہ اونٹ ذبح کیے جاتے تھے۔

غزوۂ بدر کا سبب

بدر کا واقعہ مسلمانوں کے بغیر قصد وارادہ اور منصوبہ بندی کے واقع ہوا تھا۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور تمام مسلمان اس جنگ کے لیے پہلے سے تیار نہ تھے وہ تو قریش کے اس بڑے قافلہ کی سرکوبی کے لیے مدینہ سے نکلے تھے جو شام سے آرہا تھا اس میں قریش کا کثیر مال تجارت تھا اور اس کا امیر قافلہ ابوسفیان تھا، اس میں عمرو بن العاص بھی شامل تھے یہ قافلہ تیس سواروں پر مشتمل تھا یہ لوگ جب بدر کے قریب پہنچ گئے تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اطلاع ملی آپ نے صحابہ سے فرمایا وہ قافلہ آرہا ہے جس کے ساتھ اموال کثیرہ بھی ہیں اور دشمنوں کی تعداد بھی بہت کم ہے لہٰذا اس کی سرکوبی کے لیے چلو ممکن ہے کہ حق تعالیٰ اس طرح تمھیں سامان عطا فرمائے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی کہ اے رب مسلمان پیادہ ہیں اپنے فضل سے انھیں سوار کر، یہ بھوکے ہیں ان کو شکم سیری عطا فرما یہ عریاں ہیں انھیں لباس دے، یہ فقیر ہیں انھیں تونگری دے، چنانچہ جب یہ مدینہ منورہ واپس ہوئے تو ان میں سے کوئی ایسا نہ تھا جسے بکثرت اونٹ، کپڑے، رزق اور اموال نہ ملا ہو۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت طلحہ بن عبید اللہ اور سعید بن زید کو قافلہ کے حالات کی جستجو کے لیے بھیجا انھوں نے مدینہ منورہ واپس آکر قافلہ کے حالات بتائے۔ جب ابوسفیان اس جگہ پہنچا تو وہاں کے لوگوں سے اس نے دریافت کیا کہ کیا تم کوئی خبر محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اور ان کے جاسوسوں کی

رکھتے ہو؟ انھوں نے کہا دوشتر سوار فلاں جگہ آ کر اترے تھے۔ ابوسفیان نے بسرعت اس جگہ پہنچ کر اونٹوں کی مینگنیوں کو چیر کر دیکھا کہ ان میں کھجور کی گٹھلیوں کے ریزے ہیں یا نہیں۔ وہ کہنے لگا خدا کی قسم ان اونٹوں نے یثرب کی کھجوروں کا چارہ کھایا ہے اور گمان غالب یہ ہے کہ یہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے جاسوس تھے۔ چنانچہ اس نے اس راستہ کو چھوڑ دیا اور بدر کی طرف ساحلی راستہ سے مکہ کی طرف روانہ ہوا اور تیزی کے ساتھ وہاں سے نکل گیا۔

جب وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے صحابہ کے ارادوں سے باخبر ہوا تو اس نے ضمضم بن عمرو غفاری کو مکہ مکرمہ اپنی مدد کے لیے روانہ کیا تاکہ وہ مکہ والوں کو بتائے کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ہم پر تاخت کا ارادہ رکھتے ہیں اور جتنی جلد ممکن ہو وہ قافلہ کی مدد کے لیے پہنچیں اور اپنے اموال کی حفاظت کریں۔ ضمضم غفاری بسرعت تمام مکہ مکرمہ پہنچا اور کفار قریش کو حالات سے باخبر کیا جب ابوجہل لعین نے یہ خبر سنی تو کہنے لگا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اور ان کے اصحاب اس خیال میں ہیں کہ یہ قافلہ عمرو بن الحضرمی جیسا ہے، خدا کی قسم ایسا نہیں ہے۔

خدا کا وعدہ

اس کے بعد جبریل علیہ السلام آئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قریش کے نکلنے کی خبر دی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجلس مشاورت منعقد کی اور فرمایا، اللہ تعالیٰ نے تمھارے لیے دو گروہوں میں سے ایک کا وعدہ کیا ہے یا تو قافلہ ہو یا قریش کا لشکر۔ مگر صحابۂ کرام کے نزدیک قافلہ زیادہ عزیز تھا وہ کہنے لگے یا رسول اللہ آپ نے جنگ کرنے کا ہم سے ذکر کیوں نہ فرمایا تاکہ ہم اس کی تیاری کرتے اور ساز و سامان فراہم کرتے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قافلہ تو ساحلی راستہ سے گزر گیا اور اب ابوجہل تمھارے مقابل آ رہا ہے صحابہ کہنے لگے یا رسول اللہ قافلے ہی کا پیچھا کیجیے اور قتال سے بچیے اس پر رسول اللہ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غضب میں آئے۔

اس موقع پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کھڑے ہو کر نہایت عمدہ باتیں کہیں، ان کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی نفیس ترین باتیں کیں اس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی باتوں پر خوشنودی کا اظہار فرمایا اور انھیں دعائے خیر دی اس کے بعد حضرت سعد بن عبادہ نے کھڑے ہو کر عرض کیا یارسول اللہ اپنے کام میں غور وفکر فرمائیے ان باتوں کو چھوڑ یئے، خدا کی قسم اگر آپ ہمیں عدن (ایک مقام کا نام ہے) لے جائیں گے تو ہم انصار میں سے کوئی ایک بھی خلاف ورزی نہیں کرے گا۔ اس پر حضور نے ان کے لیے دعا خیر فرمائی۔ ان کے بعد حضرت مقداد بن عمرو کھڑے ہوئے انھوں نے کہا یارسول اللہ ہم آپ کے ساتھ ہیں آپ جہاں چاہیں ہمیں لے جائیں ہم کبھی بھی وہ بات منہ سے نہ نکالیں گے جو بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہی تھی کہ اذھب و ربک فقاتلا انا الآیۃ

حضور آپ اور آپ کا رب دونوں جا کر لڑیں۔

اور ہم بھی آپ کے ساتھ مل کر لڑنے والوں میں سے ہیں قسم اس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہم آپ کے ساتھ جائیں گے اور جہاں آپ جائیں گے آپ کے ساتھ مل کر مردانہ وار لڑیں گے اگر چہ آپ برگ غماد تک جائیں (برگ غماد حبشہ کے شہروں میں سے ایک شہر ہے) اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تبسم فرمایا اور ان کے لیے دعائے خیر فرمائی۔

اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم مجھے مشورہ دو، یہ خطاب انصار کی طرف تھا اور اس سے مقصود ان سے استمزاج واستکشاف حال تھا۔

اس کلام کی شرح میں مفسرین کہتے ہیں کہ چوں کہ بیعت عقبہ کے وقت انصار نے کہا تھا کہ ہم

آپ کے اس عہد سے اس وقت تک باہر ہیں جب تک کہ آپ ہمارے گھروں میں رونق افروز نہیں ہوتے اور جب آپ ہمارے گھروں میں رونق افروز ہو جائیں گے تو یہ ہمارا عہد و پیمان ہے کہ ہم دشمن سے آپ کی حفاظت اور ان سے مدافعت کریں گے اور آپ کی ہر اس چیز سے حمایت کریں گے جس چیز سے اپنی جانوں، اپنی اولاد، اور اپنی بی بیوں کی حمایت کرتے ہیں۔

ان کی اس بات سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ حضور کے ساتھ ان کی حمایت اس وقت تک مخصوص ہے جب تک آپ مدینہ میں تشریف فرما ہوں اور چوں کہ مذکورہ حالات میں حضور مدینہ میں تشریف فرما نہیں تھے اس لیے انصار کی حمایت شامل حال نہیں رہتی۔ حالاں کہ انصار کی مراد یہ تھی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تشریف لانے اور ان کے یہاں اقامت فرمانے کے بعد ہمیشہ اور ہر حالت میں آپ کی خدمت و حمایت میں رہیں گے۔

اس پر حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا یہ خطاب ہماری طرف ہے؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہاں۔ حضرت سعد بن معاذ نے عرض کیا ایسی کوئی بات نہیں ہے ہم تو آپ پر ایمان لائے ہیں، آپ کی تصدیق کی ہے اور ہم نے ہر چیز کی گواہی دی ہے جو آپ خدا کی طرف سے لائے ہیں اور اپنے عہد و پیمان کے ذریعہ ہم نے آپ کو تصدیق فراہم کی ہے اور آپ کی سمع و طاعت اور فرماں برداری پر آپ کو اعتماد اور بھروسہ دلایا ہے۔

لہٰذا اے اللہ کے رسول چلیے جہاں آپ کی مرضی ہو قسم ہے اس ذات کریم کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا اگر آپ چلیں اور ہمیں دریا میں ڈال دیں تو ہم دریا میں بھی پھاند جائیں گے اور ہم میں سے ایک شخص بھی آپ سے پیچھے نہ رہے گا ہمیں اپنے دشمنوں کے ساتھ مڈبھیڑ کرنے میں کوئی عذر نہیں ہے۔ ہم دشمن سے مڈبھیڑ ہو جانے پر صبر کرنے والوں اور صادقوں میں سے ہیں۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ دشمنوں سے مقابلہ کے وقت ہماری طرف سے آپ کو ایسا دکھائے گا جس سے آپ کے قلب و نظر کو روشنی اور ٹھنڈک

حاصل ہو، لہٰذا آپ جہاں چاہیں ہمیں لے جائیں۔

حضرت سعد کی اس گفتگو سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہت خوش ہوئے اور فرمایا، اللہ تعالیٰ اپنی برکت کے ساتھ تمھیں خوش رکھے تمھیں مژدہ ہو کہ فتح و نصرت تمھاری ہی ہے۔ بلاشبہ حق تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ ان دونوں گروہوں میں سے کسی ایک پر غالب فرماؤں گا خواہ قریش کا قافلہ ہو یا قریش کا لشکر۔ خدا کی قسم گویا میں ان کے ہلاک ہونے کی جگہ اور ان کا مقتل دیکھ رہا ہوں۔ اور اس کے بعد آپ نے کفار قریش کے بدر میں مارے جانے کے مقامات کی طرف اشارہ فرمایا۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زمین پر اپنا دست مبارک رکھ کر فرمایا یہ فلاں کے مرکر گرنے کی جگہ ہے، یہ فلاں کے مرکر گرنے کی جگہ ہے، یہ فلاں کا مقتل ہے اور فلاں کی جائے کشتن ہے اور ایک ایک مارے جانے والے کا نام اور اس کے مقتل کا نشان بتایا اور ان میں سے کوئی بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بتائی ہوئی جگہ کے برخلاف نہ مارا گیا۔

مدینہ کو واپسی

فتح کے بعد تین دن تک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ''بدر'' میں قیام فرمایا پھر تمام اموال غنیمت اور کفار قیدیوں کو ساتھ لے کر روانہ ہوئے جب ''وادیٔ صفراء'' میں پہنچے تو اموال غنیمت کو مجاہدین کے درمیان تقسیم فرمایا۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زوجہ محترمہ حضرت بی بی رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی تھیں، جنگ بدر کے موقع پر بیمار تھیں اس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صاحبزادی کی تیمارداری کے لیے مدینہ میں رہنے کا حکم دے دیا تھا اس لیے وہ جنگ بدر میں شامل نہ ہو سکے مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مال غنیمت میں سے ان کو مجاہدین بدر

کے برابر ہی حصہ دیا اور ان کے برابر ہی اجر و ثواب کی بشارت بھی دی۔ اس لیے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھی اصحاب بدر کی فہرست میں شمار کیا جاتا ہے۔

مردوں سے کلام فرمانا

جب کفار کی لاشیں بدر کے گڑھے میں ڈال دی گئیں تو حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس گڑھے کے کنارے کھڑے ہو کر مقتولین کا نام لے کر اس طرح پکارا کہ اے عتبہ بن ربیعہ، اے شیبہ بن ربیعہ، اے فلاں، اے فلاں کیا تم لوگوں نے اپنے رب کے وعدہ کو سچا پایا؟ ہم نے تو اپنے رب کے وعدہ کو بالکل ٹھیک ٹھیک سچ پایا۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب دیکھا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کفار کی لاشوں سے خطاب فرما رہے ہیں تو ان کو بڑا تعجب ہوا، چنانچہ انھوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا آپ ان بے روح کے جسموں سے کلام فرما رہے ہیں؟ یہ سن کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے عمر قسم خدا کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ تم (زندہ لوگ) میری بات کو ان سے زیادہ نہیں سن سکتے لیکن اتنی بات ہے کہ یہ مردے جواب نہیں دے سکتے۔

ضروری تنبیہ

بخاری وغیرہ کی اس حدیث سے یہ مسئلہ ثابت ہوتا ہے کہ جب کفار کے مردے زندوں کی بات سنتے ہیں تو پھر مومنین خصوصاً اولیاء، شہداء، انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام وفات کے بعد یقیناً ہم زندوں کا سلام و کلام اور ہماری فریادیں سنتے ہیں۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب کفار کی مردہ لاشوں کو پکارا تو پھر خدا کے برگزیدہ بندوں یعنی ولیوں شہیدوں اور نبیوں کو ان کی وفات کے بعد پکارنا بھلا کیوں نہ جائز و درست ہوگا؟

اسی لیے تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مدینہ کے قبرستان میں تشریف لے جاتے تو

قبروں کی طرف اپنا رخ انور کر کے یوں فرماتے کہ :

السلام علیکم یا اهل القبور یغفر الله لنا و لکم انتم سلفنا و نحن بالاثر

یعنی اے قبر والوتم پر سلام ہو خدا ہماری اور تمہاری مغفرت فرمائے ، تم لوگ ہم سے پہلے چلے گئے اور ہم تمہارے بعد آنے والے ہیں۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی امت کو یہی حکم دیا اور صحابہ کرام کو اس کی تعلیم دیتے تھے کہ جب تم لوگ قبروں کی زیارت کے لیے جاؤ تو کہو۔

السلام علیکم اهل الدیار من المومنین و المسلمین و انا انشاء الله بکم لاحقون نسال الله لنا و لکم العافیة .

ان حدیثوں سے ظاہر ہے کہ مردے زندوں کا سلام وکلام سنتے ہیں، ورنہ ظاہر ہے کہ جو لوگ سنتے ہی نہیں ان کو سلام کرنے سے کیا حاصل؟

شہدائے بدر

جنگ بدر میں کل چودہ مسلمان شہادت سے سرفراز ہوئے۔ جن میں سے چھ مہاجر اور آٹھ انصار تھے۔ ان شہداء بدر میں سے تیرہ حضرات تو میدان بدر ہی میں مدفون ہوئے مگر حضرت عبیدہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چوں کہ بدر سے واپسی پر منزل ''صفراء'' میں وفات پائی اس لیے ان کی قبر شریف منزل صفراء میں ہے۔

کفار کے لشکر سے ستر آدمی قتل ہوئے جن میں ابو جہل تھا، اس کے علاوہ لشکر کفار سے ستر آدمی قید ہوئے جن میں حضرت عباد بن عبدالمطلب بھی تھے جو بعد میں ایمان لائے۔.

دونوں لشکر کا موازنہ

اسلامی لشکر	کیفیت	لشکر کفار
۳۱۳	تعداد	۹۵۰
۷۰	اونٹ	۷۰۰
۳	گھوڑے	۱۰۰
۸	تلواریں	۹۵۰
۶	زرہیں	۹۵۰

مجاہدین بدر کے فضائل

جو صحابۂ کرام جنگ بدر کے جہاد میں شریک ہو گئے وہ تمام صحابہ میں ایک خصوصی شرف کے ساتھ ممتاز ہیں۔ اور ان خوش نصیبوں کے فضائل میں ایک بہت ہی عظیم الشان فضیلت یہ ہے کہ ان سعادت مندوں کے بارے میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ

بیشک اللہ تعالیٰ اہل بدر سے واقف ہے اور اس نے یہ فرمادیا ہے کہ تم اب جو عمل چاہو کرو بلاشبہ تمھارے لیے جنت واجب ہو چکی ہے۔ یا یہ فرمایا کہ میں نے تمھیں بخش دیا ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ، مردان عرب)

بدر کی غنیمت میں عثمان کا حصہ

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

صحیح بخاری و ترمذی و مسند احمد میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے غزوۂ بدر میں حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زوجہ امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیمار تھیں، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں مدینہ طیبہ میں شاہزادی کی تیمارداری کے لیے ٹھہرنے کا حکم دیا اور فرمایا:

ان لک اجر رجل ممن شهد بدرا و سهمه.

بیشک تمھارے لیے حاضران بدر کے برابر ثواب اور حاضری کے مثل غنیمت کا حصہ ہے۔

یہ خصوصیت حضرت عثمان غنی کو عطا فرمادی حالاں کہ جو حاضر جہاد نہ ہو غنیمت میں اس کا حصہ نہیں۔

سنن ابی داؤد میں انھیں سے ہے

يضرب له رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و لم يضرب لاحد غاب غيره.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے حصہ مقرر فرمایا اور ان کے سوا کسی غیر حاضر کو حصہ نہ دیا۔ (الامن والعلی)

حضور نے مشرک سے مدد نہیں لی

صحیح مسلم و سنن اربعہ و مشکل الآثار امام طحاوی میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے جب حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بدر کو تشریف لے چلے سنگستان وبرہ میں (کہ مدینہ طیبہ سے چار میل ہے) ایک شخص جس کی جرأت و بہادری مشہور تھی حاضر ہوا اصحاب کرام اسے دیکھ کر خوش ہوئے اس نے عرض کی میں اس لیے حاضر ہوا کہ حضور کے ہمراہ رکاب رہوں اور قریش سے جو مال ہاتھ لگے اس میں سے میں بھی پاؤں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

أتومن بالله و رسوله .

کیا تو اللہ و رسول پر ایمان رکھتا ہے۔ کہا نہ، فرمایا:

فارجع فلن نستعین بمشرک .

تو پلٹ جا ہم ہرگز کسی مشرک سے مدد نہ چاہیں گے۔

پھر حضور تشریف لے چلے جب ذوالحلیفہ پہنچے (کہ مدینہ طیبہ سے چھ میل ہے) وہ پھر حاضر ہوا صحابہ خوش ہوئے کہ واپس آیا وہی پہلی بات عرض کی اور حضور نے وہی جواب ارشاد فرمایا کہ کیا تو اللہ و رسول پر ایمان لاتا ہے؟ کہا نہ، فرمایا:

فارجع فلن نستعین بمشرک .

واپس جا ہم ہرگز کسی مشرک سے مدد نہ لیں گے۔

پھر حضور تشریف لے چلے جب وادی میں پہنچے وہ پھر آیا اور صحابہ خوش ہوئے اس نے وہی عرض کی حضور نے فرمایا کیا تو اللہ و رسول پر ایمان لاتا ہے عرض کی ہاں فرمایا فنعم اذن ۔ ہاں اب چلو۔

امام احمد و اسحاق بن راہویہ مسانید اور امام بخاری تاریخ اور ابوبکر بن ابی شیبہ مصنف اور امام طحاوی مشکل الآثار اور طبرانی معجم کبیر اور حاکم صحیح مستدرک میں خبیب بن اساف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک غزوہ (یعنی غزوۂ بدر) کو تشریف لیے جاتے تھے میں اور میری قوم سے ایک شخص حاضر ہوئے میں نے عرض کی یا رسول اللہ ہمیں شرم آتی ہے کہ ہماری قوم کسی معرکہ میں جائے اور ہم نہ جائیں (یہ قوم خزرج سے تھے کہ انصار سے ایک بڑا گروہ ہے) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم دونوں مسلمان ہوئے؟ کہا نہ فرمایا:

فانا لا نستعين بالمشركين على المشركين .

تو ہم مشرکوں سے مشرکوں پر مدد نہیں چاہتے۔

اس پر ہم دونوں اسلام لائے اور ہمراہ رکاب اقدس شریک جہاد ہوئے۔ حاکم نے کہا یہ حدیث صحیح الاسناد ہے یوں ہی تنقیح میں اس کے رجال کی توثیق کی۔ (الحجۃ الموتمنہ)

کفار کی لاشوں سے خطاب

بدر میں جو کفار مقتول ہوئے انھیں ایک گڑھے میں ڈال دیا گیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان لاشوں سے خطاب فرمایا اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے یہ روایات پیش فرمائی ہیں:

صحیح مسلم شریف میں امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی:

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يرينا مصارع اهل بدر و ساق الحديث الى ان قال فانطلق رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حتى اتى اليهم فقال يا فلان بن فلان و يا فلان بن فلان هل وجدتم ما وعدكم الله و رسوله حقا فانى قد وجدت ما وعدنى الله حقا قال عمر يا رسول الله كيف تكلم اجساد الاروح فيها قال ما انتم باسمع لما اقول منهم غير انهم لا يستطيعون ان يردوا على شيئا .

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں کفار بدر کی قتل گاہیں دکھاتے تھے کہ یہاں فلاں کافر قتل ہوگا اور یہاں فلاں، جہاں جہاں حضور نے بتایا تھا وہیں وہیں ان کی لاشیں گریں، پھر بحکم حضور وہ جیفے ایک کنویں میں بھر دیے گئے۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہاں تشریف لے گئے اور نام بنام ان کفار لئام کو ان کا اور ان کے باپ کا نام لے کر پکارا اور فرمایا تم نے بھی پایا جو سچا وعدہ خدا اور رسول نے تمھیں دیا تھا کہ میں نے تو پالیا جو حق وعدہ اللہ تعالیٰ نے مجھے دیا تھا۔ امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ

حضور ان جسموں سے کیوں کر کلام کرتے ہیں جن میں روحیں نہیں، فرمایا جو میں کہہ رہا ہوں اسے کچھ تم ان سے زیادہ نہیں سنتے مگر انھیں یہ طاقت نہیں کہ مجھے لوٹ کر جواب دیں۔

صحیح بخاری شریف وغیرہ میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی۔

اطلع النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی اهل القلیب فقال وجدتم ما وعد ربکم حقا فقیل له اتدعو امواتا فقال ما انتم با سمع منهم و لکن لا یجیبون.

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چاہ بدر پر تشریف لے گئے جس میں کفار کی لاشیں پڑی تھیں پھر فرمایا تم نے پایا جو تمھارے رب نے تمھیں سچا وعدہ دیا تھا یعنی عذاب، کسی نے عرض کی حضور مردوں کو پکارتے ہیں ارشاد فرمایا تم کچھ ان سے زیادہ سننے والے نہیں پر وہ جواب نہیں دیتے۔

یوں ہی صحیح مسلم وغیرہ میں انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی اور اس میں ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین دن بعد اس کنوئیں پر تشریف لے گئے اور عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جواب میں فرمایا:

و الذی نفسه بیده ما انتم باسمع لما اقول منهم و لکنهم لا یقدرون ان یجیبوا.

قسم اس کی جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں جو فرما رہا ہوں اس کے سننے میں تم اور وہ برابر ہو مگر وہ جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے۔

طبرانی نے بسند صحیح عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

یسمعون کما تسمعون و لکن لا یجیبون.

جیسا تم سنتے ہو ویسا ہی وہ بھی سنتے ہیں مگر جواب نہیں دیتے۔

(فتاویٰ رضویہ۔ج ۴،ص ۲۶۷،۲۶۸۔حیات الموات)

صحیح بخاری شریف میں ہے :

عن ابی طلحة رضی الله تعالیٰ عنه ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم امر یوم بدر باربعة و عشرین رجلا من صناد ید قریش فقذ فوا فی طوی من اطواء بدر خبیث مخبث و کان اذا ظهر علی قوم اقام بالعرصة ثلث لیال فلما کان ببدر الیوم الثالث امر براحلته فشد علیها رحلها ثم مشی و تبعه اصحابه و قالوا ما نری ینطلق الا لبعض حاجته حتی قام علی شفة الرکی جعل ینادیهم باسمائهم و اسماء آبائهم یا فلان بن فلان و یا فلان بن فلان ایسر کم انکم اطعتم الله و رسوله فانا قد وجدنا ما وعدنا ربنا حقا فهل وجدتم ما وعد ربکم حقا قال فقال عمر رضی الله تعالیٰ عنه یا رسول الله ما تکلم من اجساد لا ارواح لها فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و الذی نفس محمد بیده ما انتم باسمع لما اقول منهم قال قتادة احیاهم الله حتی اسمعهم قوله توبیخا و تصغیرا و نقمة و حسرة و ندما.

ابوطلحہ سے روایت ہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بدر کے دن قریش کے بڑے بڑے بہادر اور قریش کے چوبیس سرداروں کے بارے میں حکم فرمایا کہ بدر کے کسی گندہ کنوئیں میں پھینک دیے جائیں۔ اور حضور کا یہ دستور تھا کہ جب کسی قوم پر فتح پاتے تو اسی میدان میں تین راتیں قیام فرماتے۔ پھر جب فتح بدر کا تیسرا دن ہوا تو کوچ کرنے کا حکم فرمایا سامان سفر تیار کیا گیا حضور پیدل تشریف لے چلے اور صحابہ بھی پیچھے پیچھے گئے اور صحابہ کہنے لگے شاید کسی ضرورت کے لیے تشریف لیے جا رہے ہیں یہاں تک کہ

کنواں کے کنارے کھڑے ہوکر کفار کو ان کے اور ان کے باپوں کے نام سے پکارنے لگے اے فلاں بن فلاں کیا تم کو خوش آ رہی ہے یہ بات کہ کاش کہ تم نے اللہ ورسول کی اطاعت کی ہوتی؟ بیشک ہم نے تو وہ پایا جس کا ہمارے رب نے ہم سے وعدہ فرمایا تھا تو کیا تم نے وہ پایا جس کا تمھارے رب نے تم سے وعدہ کیا تھا۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ کیا کلام کرتے ہیں ان بدنوں سے جن میں روحیں نہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بخدا تم ان سے زیادہ میری بات نہیں سنتے۔ قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی حسرت وندامت اور توبیخ وتذلیل کے لیے اعادہ حیات فرما کر سنوایا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۳۵۰۔ الوفاق المتین)

ایک اور مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

غزوۂ بدر شریف میں مسلمانوں نے کفار کی نعشیں جمع کر کے ایک کنویں میں پاٹ دیں حضور کی عادت کریمہ تھی کہ جب کسی مقام کو فتح فرماتے تو وہاں تین دن قیام فرماتے تھے یہاں سے تشریف لے جاتے وقت اس کنویں پر تشریف لے گئے جس میں کافروں کی لاشیں پڑی تھیں اور انھیں نام بنام آواز دے کر فرمایا ہم نے تو پالیا جو ہم سے ہمارے رب نے سچا وعدہ (یعنی نصرت کا) فرمایا تھا۔ کیوں؟ تم نے بھی پایا جو سچا وعدہ (یعنی نار کا) تم سے تمھارے رب نے کیا تھا۔

امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی :

یا رسول الله ما تکلم اجسادا لا ارواح فیها.

یارسول اللہ کیا حضور بے جان جسموں سے کلام فرماتے ہیں۔ فرمایا **ما انتم باسمع منهم** تم کچھ ان سے زیادہ نہیں سنتے مگر انھیں طاقت نہیں کہ مجھے لوٹ کر جواب دیں۔ (الملفوظ حصہ دوم)

یہی مضمون دوسری جگہ اس طرح ہے آپ فرماتے ہیں:

صحیح بخاری وصحیح مسلم میں ابوطلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بدر کے دن سرداران کفار قریش سے چوبیس لاشیں ایک ناپاک گندے کنوئیں میں پھینکوادیں اور عادت کریمہ تھی کہ جو مقام فتح فرماتے وہاں تین شب قیام فرماتے جب بدر میں تیسرا دن ہوا ناقہ شریف پر کجاوہ کسنے کا حکم دیا اور خود مع اصحاب کرام اس کنوئیں پر تشریف لے گئے اور ان کافروں کو نام بنام مع ولدیت پکار کر فرمایا کہ اے فلاں بن فلاں، اے فلاں بن فلاں ایسرکم انکم اطعتم اللہ و رسولہ فانا وجدنا ما وعدنا حقا فھل وجدتم ما وعد ربکم حقا.

کیا اب تمہیں خوش آتا ہے کہ کاش اللہ و رسول کا حکم مانا ہوتا ہم نے تو پایا جو ہمارے رب نے ہمیں سچا وعدہ دیا کیا تمہیں بھی ملا جو تمہارے رب نے سچا وعدہ تم سے کیا۔ (فتاویٰ افریقہ)

فرشتوں کی مدد

ابوبکر بن ابی شیبہ مصنف اور ابوداؤد طیالسی وابن منیع مسانید اور بیہقی سنن میں امیر المومنین مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان اللہ امدنی یوم بدر و حنین بملائکۃ یعتمون ھذہ العمۃ ان العمامۃ حاجزۃ بین الکفر و الایمان.

بیشک اللہ عزوجل نے بدر وحنین کے دن ایسے ملائکہ سے میری مدد فرمائی جو اس طرز کا عمامہ باندھتے ہیں بیشک عمامہ کفر وایمان میں فارق ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۷۷)

بدر میں کفار کے مقام موت کی نشان دہی

صحیح مسلم میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے:

ندب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الناس فانطلقوا حتی نزلوا بدرا فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ھذا مصرع فلان و یضع یدہ علی الارض ھھنا و ھھنا قال فما ماط ای ما زال و ما تجاوز احدھم عن موضع ید رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو اعلان کر دیا تو وہ چلے یہاں تک کہ بدر میں اترے وہاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زمین پر جگہ جگہ دست اقدس رکھ کر بتایا کہ یہ فلاں کافر کے پچھڑنے کی جگہ ہے اور یہ فلاں کی، انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جہاں ہاتھ رکھ کر فرمایا تھا وہیں اس کی لاش گری اس سے اصلاً تجاوز نہ کی۔

ان ہی کی حدیث میں عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

و الذی بعثہ بالحق ما اخطؤا الحدود التی حدھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

قسم اس کی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا جو حدیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے مقرر فرما دی تھیں کسی نے اس حد سے خطا نہ کی۔ یہ بھی مسلم کی روایت ہے۔ (الدولۃ المکیۃ)

اشعار

شہداء و شرکاء بدر رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی یوں رقم طراز ہیں۔

گرد مہ دست انجم میں رخشاں ہلال
بدر کی دفع ظلمت پہ لاکھوں سلام

جان نثاران بدر و احد پر درود
حق گزاران بیعت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

غزوۂ بنی قینقاع

رمضان ۲ھ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنگ بدر کے معرکہ سے واپس ہوکر مدینہ تشریف لائے اس کے بعد ہی ۱۵ رشوال ۲ھ میں ''غزوۂ بنی قینقاع'' کا واقعہ پیش ہوگیا۔

مدینہ کے اطراف میں یہودیوں کے تین بڑے بڑے قبائل آباد تھے، بنو قینقاع، بنو نضیر، بنو قریظہ، ان تینوں سے مسلمانوں کا معاہدہ تھا۔ مگر جنگ بدر کے بعد جس قبیلہ نے سب سے پہلے معاہدہ توڑا وہ قبیلہ بنی قینقاع کے یہودی تھے جو سب سے زیادہ بہادر اور دولت مند تھے۔ واقعہ یہ ہوا کہ ایک برقع پوش عرب عورت یہودیوں کے بازار میں آئی دکان داروں نے شرارت کی اور اس عورت کو ننگا کر دیا اس پر تمام یہودی قہقہہ لگا کر ہنسنے لگے۔ عورت چلائی تو ایک عرب آیا اور دکان دار کو قتل کر دیا اس پر یہودیوں اور عربوں میں لڑائی شروع ہوگئی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خبر ہوئی تو تشریف لائے اور یہودیوں کی اس غیر شریفانہ حرکت پر ملامت فرمانے لگے اس پر بنی قینقاع کے خبیث یہودی بگڑ گئے اور بولے کہ جنگ بدر کی فتح سے آپ مغرور نہ ہو جائیں مکہ والے جنگ کے معاملہ میں بے ڈھنگے تھے اس لیے آپ نے ان کو مار لیا اگر ہم سے آپ کا سابقہ پڑا تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ جنگ کس چیز کا نام ہے؟ اور لڑنے والے کیسے ہوتے ہیں؟ جب یہودیوں نے معاہدہ توڑ دیا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نصف شوال ۲ھ سنیچر کے دن ان یہودیوں پر حملہ کر دیا یہودی جنگ کی تاب نہ لا سکے اور اپنے قلعوں کا پھاٹک بند کر کے قلعہ بند

ہو گئے مگر پندرہ دن کے محاصرہ کے بعد بالآخر یہودی مغلوب ہو گئے اور ہتھیار ڈال دینے پر مجبور ہو گئے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کے مشورہ سے ان یہودیوں کو شہر بدر کر دیا اور عہد شکن بدذات یہودی ملک شام کے مقام ''اذرعات'' میں جا کر آباد ہو گئے۔

غزوۂ سویق

یہ بیان کیا جا چکا ہے کہ جنگ بدر کے بعد مکہ کے ہر گھر میں سرداران قریش کے قتل ہو جانے کا ماتم برپا تھا اور اپنے مقتولوں کا بدلہ لینے کے لیے مکہ کا بچہ بچہ مضطرب اور بے قرار تھا چنانچہ غزوۂ سویق اور جنگ احد وغیرہ کی لڑائیاں مکہ والوں کے اسی جوش انتقام کا نتیجہ ہیں۔ عتبہ اور ابوجہل کے قتل ہو جانے کے بعد اب قریش کا سردار ابوسفیان تھا اور اس منصب کا سب سے بڑا کام غزوۂ بدر کا انتقام تھا۔ چنانچہ ابوسفیان نے قسم کھائی کہ جب تک بدر کے مقتولوں کا مسلمانوں سے بدلہ نہ لوں گا نہ غسل جنابت کروں گا نہ سر میں تیل ڈالوں گا۔ لہٰذا جنگ بدر کے دو ماہ بعد ذوالحجہ ۲ھ میں ابوسفیان دو سو شتر سواروں کا لشکر لے کر مدینہ کی طرف بڑھا اس کو یہودیوں پر بڑا بھروسہ بلکہ ناز تھا کہ مسلمانوں کے مقابلہ میں وہ اس کی امداد کریں گے۔ اسی امید پر ابوسفیان پہلے، حی بن اخطب، یہودی کے پاس گیا مگر اس نے دروازہ بھی نہیں کھولا۔ وہاں سے مایوس ہو کر سلام بن مشکم سے ملا جو قبیلہ بنی نضیر کے یہودیوں کا سردار تھا اور یہود کے تجارتی خزانہ کا منیجر بھی تھا اس نے ابوسفیان کا پرجوش استقبال کیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام جنگی رازوں سے ابوسفیان کو آگاہ کر دیا۔ صبح کو ابوسفیان نے مقام ''عریض'' پر حملہ کیا یہ بستی مدینہ سے تین میل کی دوری پر تھی۔ اس حملہ میں ابوسفیان نے ایک انصاری صحابی حضرت سعد بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کر دیا اور کچھ درختوں کو کاٹ ڈالا اور مسلمانوں کے چند گھروں اور باغات کو آگ لگا کر پھونک دیا۔ ان حرکتوں سے اس کے گمان میں اس کی قسم پوری ہو گئی۔

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کی خبر ہوئی تو آپ نے اس کا تعاقب کیا لیکن ابو سفیان بدحواس ہو کر اس تیزی سے بھاگا کہ بھاگتے ہوئے اپنا بوجھ ہلکا کرنے کے لیے ستو کی بوریاں جو وہ اپنی فوج کے راشن کے لیے لایا تھا پھینکتا چلا گیا جو مسلمانوں کے ہاتھ آئے۔ عربی زبان میں ستو کو سویق کہتے ہیں اس لیے اس غزوہ کا نام ''غزوۂ سویق'' پڑ گیا۔

۲ھ کے متفرق واقعات

(۱) اسی سال روزہ اور زکوٰۃ کی فرضیت کے احکام نازل ہوئے اور نماز کی طرح روزہ و زکاۃ بھی مسلمان پر فرض ہو گئے۔

(۲) اسی سال حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عید الفطر کی نماز جماعت کے ساتھ عید گاہ میں ادا فرمائی، اس سے قبل عید الفطر کی نماز نہیں ہوئی تھی۔

(۳) صدقہ فطر ادا کرنے کا حکم اسی سال جاری ہوا۔

(۴) اسی سال ۱۰ ذوالحجہ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بقر عید کی نماز ادا فرمائی اور نماز کے بعد دو مینڈھوں کی قربانی فرمائی۔

(۵) اسی سال ''غزوۂ قرقرا لکدر'' و ''غزوۂ نجران'' وغیرہ چھوٹے چھوٹے غزوات بھی پیش آئے، جن میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شرکت فرمائی مگر ان غزوات میں کوئی جنگ نہیں ہوئی۔

(۶) اسی سال حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سب سے پیاری بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی خانہ آبادی حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے ساتھ ہوئی۔ یہ شادی انتہائی وقار اور سادگی کے ساتھ ہوئی۔ (مولف) (مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

غزوۂ احد

جاں نثاران بدر و احد پر درود
حق گزاران بیعت پہ لاکھوں سلام

ان الذين كفروا ينفقون اموالهم ليصدوا عن سبيل الله فسينفقونها ثم تكون عليهم حسرة ثم يغلبون

بیشک کافر اپنے مال خرچ کرتے ہیں کہ اللہ کی راہ سے روکیں تو اب انھیں خرچ کریں گے پھر وہ ان پر پچھتاوا ہوں گے پھر مغلوب کردیے جائیں گے۔ (الانفال، ۳۶)

غزوۂ احد ۳ھ

احد ایک پہاڑ کا نام ہے جو مدینہ منورہ سے تقریباً تین میل دور ہے۔ چوں کہ حق و باطل کا یہ عظیم معرکہ اسی پہاڑ کے دامن میں درپیش ہوا اسی لیے یہ لڑائی ،غزوۂ احد، کے نام سے مشہور ہے اور قرآن مجید کی مختلف آیتوں میں اس لڑائی کے واقعات کا خداوند عالم نے تذکرہ فرمایا ہے۔

غزوۂ احد کا سبب

جنگ بدر میں ستر کفار قتل اور ستر گرفتار ہوئے تھے اور جو قتل ہوئے ان میں سے اکثر کفار قریش کے سردار بلکہ تاجدار تھے، اس بناء پر مکہ کا ایک ایک گھر ماتم کدہ بنا ہوا تھا اور قریش کا بچہ بچہ جوش انتقام میں آتش غیظ و غضب کا تنور بن کر مسلمانوں سے لڑنے کے لیے بے قرار تھا۔

عرب خصوصاً قریش کا یہ طرۂ امتیاز تھا کہ وہ اپنے ایک ایک مقتول کے خون کا بدلہ لینے کو اتنا بڑا فرض سمجھتے تھے جس کو ادا کیے بغیر گویا ان کی ہستی قائم نہیں رہ سکتی تھی، چنانچہ جنگ بدر کے مقتولوں کے ماتم سے جب قریشیوں کو فرصت ملی تو انھوں نے یہ عزم کرلیا کہ جس قدر ممکن ہو جلد سے جلد مسلمانوں سے اپنے مقتولوں کے خون کا بدلہ لینا چاہیے۔ چنانچہ ابوجہل کا بیٹا عکرمہ اور امیہ کا لڑکا صفوان اور دوسرے کفار قریش جن کے باپ، بھائی، بیٹے جنگ بدر میں قتل ہو چکے تھے سب کے سب ابوسفیان کے پاس گئے اور کہا کہ مسلمانوں نے ہماری قوم کے تمام سرداروں کو قتل کر ڈالا ہے اس کا بدلہ لینا ہمارا قومی فریضہ ہے لہٰذا ہماری خواہش ہے کہ قریش کی مشترکہ تجارت میں امسال جتنا نفع ہوا ہے وہ سب قوم کے جنگی فنڈ میں جمع ہو جانا چاہیے اور اس رقم سے بہترین ہتھیار خرید کر اپنی لشکری طاقت بہت جلد مضبوط کر لینی چاہیے۔ اور پھر ایک عظیم فوج لے کر مدینہ پر چڑھائی کر کے بانئ اسلام اور مسلمانوں کو دنیا سے نیست و نابود کر دینا چاہیے۔

ابوسفیان نے خوشی خوشی قریش کی اس درخواست کو منظور کرلیا لیکن قریش کو جنگ بدر سے یہ تجربہ ہو چکا تھا کہ مسلمانوں سے لڑنا کوئی آسان کام نہیں ہے۔ آندھیوں اور طوفانوں کا مقابلہ، سمندر کی موجوں سے ٹکرانا، پہاڑوں سے ٹکر لینا بہت آسان ہے مگر محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عاشقوں سے جنگ کرنا بڑا ہی مشکل کام ہے، اس لیے انھوں نے اپنی جنگی طاقت میں بہت زیادہ اضافہ کرنا نہایت ضروری خیال کیا چنانچہ ان لوگوں نے ہتھیاروں کی تیاری اور سامان جنگ کی خریداری میں پانی کی طرح روپیہ بہانے کے ساتھ ساتھ پورے عرب میں جنگ کا جوش اور لڑائی کا بخار پھیلانے کے لیے بڑے بڑے شاعروں کو منتخب کیا جو اپنی آتش بیانی سے تمام قبائل عرب میں جوش انتقام کی آگ لگا دیں۔

عمرو جمحی اور مسافع، یہ دونوں اپنی شاعری میں طاق اور آتش بیانی میں شہرۂ آفاق تھے، ان دونوں نے باقاعدہ دورہ کر کے تمام قبائل عرب میں ایسا جوش اور اشتعال پیدا کر دیا کہ بچہ بچہ "خون کا بدلہ خون" کا نعرہ لگاتے ہوئے مرنے اور مارنے پر تیار ہو گیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک بہت بڑی فوج تیار ہو گئی۔

مردوں کے ساتھ ساتھ بڑے بڑے معزز اور مال دار گھروں کی عورتیں بھی جوش انتقام سے لبریز ہو کر فوج میں شامل ہو گئیں جن کے باپ، بھائی، بیٹے، شوہر جنگ بدر میں قتل ہوئے تھے، ان عورتوں نے قسم کھائی تھی کہ ہم اپنے رشتہ داروں کے قاتلوں کا خون پی کر ہی دم لیں گے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہند کے باپ عتبہ اور جبیر بن مطعم کے چچا کو جنگ بدر میں قتل کیا تھا اس بناء پر ہند نے وحشی کو جو جبیر بن مطعم کا غلام تھا حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قتل پر آمادہ کیا اور یہ وعدہ کیا کہ اگر اس نے حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قتل کر دیا تو وہ اس کارگزاری کے صلہ میں آزاد کر دیا جائے گا۔

مدینہ پر چڑھائی

الغرض بے پناہ جوش وخروش اور انتہائی تیاری کے ساتھ لشکر کفار مکہ سے روانہ ہوا اور ابوسفیان اس لشکر جرار کا سپہ سالار بنا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو خفیہ طور پر مسلمان ہو چکے تھے اور مکہ میں رہتے تھے انھوں نے ایک خط لکھ کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کفار قریش کی لشکر کشی سے مطلع کر دیا، جب آپ کو یہ خوفناک خبر ملی تو آپ نے ۵/شوال ۳ھ کو حضرت عدی بن فضالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دونوں لڑکوں حضرت انس اور حضرت مونس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو جاسوس بنا کر کفار قریش کے لشکر کی خبر لانے کے لیے روانہ فرمایا چنانچہ ان دونوں نے آ کر یہ پریشان کن خبر سنائی کہ ابوسفیان کا لشکر مدینہ کے بالکل قریب آ گیا ہے اور ان کے گھوڑے مدینہ کی چراگاہ (عریض) کی تمام گھاس چر گئے۔

مسلمانوں کی تیاری اور جوش

یہ خبر سن کر ۱۴/شوال ۳ھ جمعہ کی رات میں حضرت سعد بن معاذ و حضرت اسید بن حضیر و حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہتھیار لے کر چند انصاریوں کے ساتھ رات بھر کاشانۂ نبوت کا پہرہ دیتے رہے، اور شہر مدینہ کے اہم ناکوں پر بھی انصار کا پہرہ بٹھا دیا گیا، صبح کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انصار و مہاجرین کو جمع فرما کر مشورہ طلب فرمایا کہ شہر کے اندر رہ کر دشمنوں کی فوج کا مقابلہ کیا جائے یا شہر سے باہر نکل کر میدان میں یہ جنگ لڑی جائے؟ مہاجرین نے عام طور پر اور انصار میں سے بڑے بڑے بوڑھوں نے یہ رائے دی کہ عورتوں اور بچوں کو قلعوں میں محفوظ کر دیا جائے اور شہر کے اندر رہ کر دشمنوں کا مقابلہ کیا جائے۔ منافقوں کا سردار عبداللہ بن ابی بھی اس مجلس میں موجود تھا اس نے بھی یہی کہا کہ شہر میں پناہ گیر ہو کر کفار قریش کے حملوں کی مدافعت کی جائے، مگر چند کمسن نوجوان جو جنگ بدر میں شریک نہیں

ہوئے تھے اور جوش جہاد میں آپے سے باہر ہو رہے تھے وہ اس رائے پر اڑ گئے کہ میدان میں نکل کر ان دشمنان اسلام سے فیصلہ کن جنگ لڑی جائے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سب کی رائے سن لی پھر مکان میں جا کر ہتھیار زیب تن فرمایا اور باہر تشریف لائے۔ اب تمام لوگ اس بات پر متفق ہو گئے کہ شہر کے اندر ہی رہ کر کفار قریش کے حملوں کو روکا جائے مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پیغمبر کے لیے یہ زیبا نہیں ہے کہ ہتھیار پہن کر اتار دے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اس کے اور اس کے دشمنوں کے درمیان فیصلہ فرما دے۔ اب تم لوگ خدا کا نام لے کر میدان میں نکل پڑو اگر تم لوگ صبر کے ساتھ میدان جنگ میں ڈٹے رہو گے تو ضرور تمہاری فتح ہو گی۔

پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انصار کے قبیلۂ اوس کا جھنڈا حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اور قبیلہ خزرج کا جھنڈا حضرت حباب بن منذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اور مہاجرین کا جھنڈا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیا اور ایک ہزار کی فوج لے کر مدینہ سے باہر نکلے۔

یہود کی امداد ٹھکرا دی

شہر سے نکلتے ہی آپ نے دیکھا کہ ایک فوج چلی آ رہی ہے آپ نے پوچھا کہ یہ کون لوگ ہیں لوگوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! یہ رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کے حلیف یہودیوں کا لشکر ہے جو آپ کی امداد کے لیے آ رہا ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ

ان لوگوں سے کہہ دو کہ واپس لوٹ جائیں ہم مشرکوں کے مقابلہ میں مشرکوں کی مدد نہیں لیں گے۔

چنانچہ یہودیوں کا یہ لشکر واپس چلا گیا پھر عبداللہ بن ابی (منافقوں کا سردار) بھی جو تین سو آدمیوں کو لے کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ آیا تھا یہ کہہ کر واپس چلا گیا کہ

محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے میرا مشورہ قبول نہیں کیا اور میری رائے کے خلاف میدان میں نکل پڑے لہٰذا میں ان کا ساتھ نہیں دوں گا۔

عبداللہ بن ابی کی بات سن کر قبیلۂ خزرج میں سے بنوسلمہ کے اور قبیلۂ اوس میں سے بنو حارثہ کے لوگوں نے بھی واپس جانے کا ارادہ کر لیا مگر اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے دلوں میں اچانک محبت اسلام کا ایسا جذبہ پیدا فرما دیا کہ ان لوگوں کے قدم جم گئے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ان لوگوں کا تذکرہ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ :

اذھمت طائفتان منکم ان تفشلا و اللہ و لیھما و علی اللہ فلیتوکل المومنین.

جب تم میں کے دو گروہوں کا ارادہ ہوا کہ نامردی کر جائیں اور اللہ ان کا سنبھالنے والا ہے اور مسلمانوں کو اللہ ہی پر بھروسہ چاہیئے۔

اب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لشکر میں کل سات سو صحابہ رہ گئے جن میں کل ایک سو زرہ پوش تھے۔ اور کفار کی فوج میں تین ہزار اشرار کا لشکر تھا جن میں سات سو زرہ پوش جوان دو سو گھوڑے تین ہزار اونٹ اور پندرہ عورتیں تھیں۔

شہر سے باہر نکل کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی فوج کا معائنہ فرمایا اور جو لوگ کم عمر تھے ان کو واپس لوٹا دیا کہ جنگ کے ہولناک موقع پر بچوں کا کیا کام؟

بچوں کا جوش جہاد

مگر جب رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا گیا کہ تم بہت چھوٹے ہو تم بھی واپس چلے جاؤ تو وہ فوراً انگوٹھوں کے بل تن کر کھڑے ہو گئے تا کہ ان کا قد اونچا نظر آئے۔ چنانچہ ان کی یہ ترکیب چل گئی اور

وہ فوج میں شامل کر لیے گئے۔

حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو ایک کم عمر نو جوان تھے جب ان کو واپس کیا جانے لگا تو انھوں نے عرض کیا کہ میں رافع بن خدیج کو کشتی میں پچھاڑ لیتا ہوں اس لیے اگر وہ فوج میں لے لیے گئے ہیں تو پھر مجھ کو بھی ضرور جنگ میں شریک ہونے کی اجازت ملنی چاہیے۔ چنانچہ دونوں کا مقابلہ کرایا گیا اور واقعی حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت رافع بن خدیج کو زمین پر دے مارا اس طرح ان دونوں پر جوش نو جوانوں کو جنگ احد میں شرکت کی سعادت نصیب ہوگئی۔

اس جنگ میں مجاہدین انصار و مہاجرین بڑی دلیری اور جاں بازی سے لڑتے رہے۔ یہاں تک کہ مشرکین کے پاؤں اکھڑ گئے حضرت علی و حضرت ابو دجانہ و حضرت سعد بن ابی وقاص وغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے مجاہدانہ حملوں نے مشرکین کی کمر توڑ دی کفار کے تمام علمبردار عثمان، ابو سعید، مسافع، طلحہ بن ابی طلحہ وغیرہ ایک ایک کر کے کٹ کٹ کر زمین پر ڈھیر ہو گئے، کفار کو شکست ہوگئی اور وہ بھاگنے لگے اور ان کی عورتیں جو اشعار پڑھ پڑھ کر لشکر کفار کو جوش دلا رہی تھیں وہ بھی بدحواسی کے عالم میں اپنے ازار اٹھائے ہوئے برہنہ ساق بھاگتی ہوئی پہاڑوں پر دوڑتی ہوئی چلی جا رہی تھیں اور مسلمان قتل و غارت میں مشغول تھے۔

شہدائے کرام

اس جنگ میں ستر صحابہ کرام نے جام شہادت نوش فرمایا جن میں چار مہاجر اور چھیاسٹھ انصار تھے۔ اور تیس کی تعداد میں کفار بھی نہایت ذلت کے ساتھ قتل ہوئے۔

مگر مسلمانوں کی مفلسی کا عالم یہ تھا کہ ان شہداء کرام کے کفن کے لیے کپڑا بھی نہیں تھا۔ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ حال تھا کہ بوقت شہادت ان کے بدن پر صرف ایک اتنا بڑا کمبل تھا کہ ان کی لاش کو قبر میں لٹانے کے بعد اگر ان کا سر ڈھانپا جاتا تھا تو پاؤں کھل جاتا تھا اور اگر پاؤں چھپایا جاتا تھا

تو سر کھل جاتا تھا بالآخر سر چھپا دیا گیا اور پاؤں پر اذخر گھاس ڈال دی گئی، شہدائے کرام خون میں لتھڑے ہوئے دو دو شہید ایک قبر میں دفن کیے گئے، جس کو قرآن زیادہ یاد ہوتا اس کو آگے رکھتے۔

قبور شہداء کی زیارت

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شہدائے احد کی قبروں کی زیارت کے لیے تشریف لے جاتے تھے اور آپ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بھی یہی عمل رہا۔ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شہدائے احد کی قبروں پر تشریف لے گئے تو ارشاد فرمایا کہ یا اللہ! تیرا رسول گواہ ہے کہ اس جماعت نے تیری رضا کی طلب میں جان دی ہے۔ پھر یہ بھی ارشاد فرمایا کہ قیامت تک جو مسلمان بھی ان شہیدوں کی قبروں پر زیارت کے لیے آئے گا اور ان کو سلام کرے گا تو یہ شہداء کرام اس کے سلام کا جواب دیں گے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

حضرت طلحہ کا کارنامہ

امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

طلحہ بن عبید اللہ احد العشرۃ المبشرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں روز احد میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کندھا لے کر ایک چٹان پر بٹھا دیا کہ مشرکین سے آڑ ہو گئی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے پس پشت دست مبارک سے اشارہ فرمایا اور فرمایا

هذا جبريل يخبرني انه لا يراک يوم القيمة في هول الا انقذک منه .

یہ جبریل مجھے خبر دے رہے ہیں کہ اے طلحہ وہ روز قیامت تمہیں جس کسی دہشت میں دیکھیں گے اس سے تمہیں چھڑا دیں گے۔ ابن عساکر نے اسے طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (الامن والعلی)

حضور نے یہود سے مدد نہیں لی

امام واقدی مغازی اور امام اسحاق بن راہویہ مسند اور امام طحاوی مشکل الآثار اور طبرانی معجم کبیر و معجم اوسط میں ابو حمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز احد تشریف لے چلے جب ثنیۃ الوداع سے آگے بڑھے ایک بھاری لشکر ملاحظہ فرمایا ارشاد ہوا یہ کون ہیں؟ عرض کی گئی یہود بنی قینقاع قوم عبداللہ بن سلام حلفائے عبداللہ بن ابی (یہ لفظ طحاوی ہیں اور لفظ ابن راہویہ یوں ہیں، عرض کی گئی یہ عبداللہ بن ابی ہے اپنے حلیفوں کے ساتھ کہ قوم عبداللہ بن سلام کے یہود ہیں، اور لفظ واقدی میں ہے یہ ابن ابی کے حلیف یہودی ہیں اور لفظ طبرانی میں ہے یہ عبداللہ بن ابی ہے چھ سو یہودیوں کے ساتھ کہ اس کے حلیف ہیں) فرمایا کیا اسلام لے آئے؟ عرض کی گئی نہ وہ اپنے دین پر ہیں فرمایا:

قل لهم فليرجعوا فانا لا نستعين بالمشركين على المشركين

ان سے کہہ دو لوٹ جائیں ہم مشرکوں پر مشرکوں سے مدد نہیں لیتے۔ (المحجۃ المؤتمنہ)

امام احمد رضا بریلوی نے شہدائے احد سے متعلق جو روایات پیش فرمائی ہیں انھیں الگ الگ عنوان کے تحت میں ملاحظہ فرمائیں۔

شہدائے احد کی تدفین کا حکم

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری شاہد و مشاہد مشہد احد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی:

امر بدفنهم بدمائهم و لم يغسلوا و لم يصل عليهم .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان شہدائے کرام کو ویسے ہی خون آلود دفن کرنے کا حکم فرمایا اور انھیں غسل نہ دیا گیا نہ ان کی نماز ہوئی۔ اسے احمد نے سند جید سے اور ترمذی و نسائی و ابن ماجہ نے

روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۶۔ النہی الحاجز)

شہدائے احد پر سلام ودعا

حدیث بخاری ومسلم ونسائی، عن عقبة بن عامر ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خرج یوما فصلی علی اهل احد صلاته علی المیت .

عقبہ بن عامر سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک دن نکلے تو شہدائے احد پر اس طرح دعا فرمائی جس طرح میت پر دعا کی جاتی ہے۔ اس حدیث میں علماء نے صلاۃ سے دعا مراد لی ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۰۔ النہی الحاجز)

ابن منذر وابن مردویہ انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یأتی احدا کل عام فاذا بلغ الشعب سلم علی قبور الشهداء فقال سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار .

یعنی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر سال احد تشریف لے جاتے جب پہاڑ کی گھاٹی میں پہنچتے تو شہداء کو سلام کہتے اور فرماتے تم پر سلام ہو تمھارے صبر کرنے پر تو آخرت کا گھر کیا ہی اچھا گھر ہے۔

(مولف)

امام ابن جریر اپنی تفسیر میں محمد بن ابراہیم سے راوی :

و قال کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یاتی قبور الشهداء علی رأس کل حول فیقول سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار و ابو بکر و عمر و عثمان.

یعنی سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر سال کے شروع میں شہداء کی قبور پر تشریف لے جاتے اور

فرماتے تھے سلام علیکم الآیۃ اسکے بعد حضرت صدیق اکبرو فاروق اورذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ (مولف)

تفسیر کبیر میں ہے: عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم انه كان ياتى قبور الشهداء على راس كل حول فيقول سلام عليكم بما صبرتم فنعم عقبى الدار و الخلفاء الاربعة هكذا يفعلون.

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر سال کے شروع میں شہداء کی قبروں پر تشریف لے جاتے اور فرماتے سلام علیکم الآیۃ اور خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۹۲۔ الحجۃ الفائحہ)

شہداء سلام کا جواب دیتے ہیں

حاکم مستدرک میں بافادۂ تصحیح اور بیہقی دلائل النبوۃ میں بطریق عطاف بن خالد مخزومی عبدالاعلیٰ بن عبداللہ سے وہ اپنے والد ماجد عبداللہ بن ابی فروہ سے راوی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زیارت شہدائے احد کو تشریف لے گئے اور عرض کی:

اللهم ان عبدك و نبيك يشهد ان هؤلاء شهداء و انه من زارهم و سلم عليهم الى يوم القيمة ردوا عليه.

الٰہی تیرا بندہ اور تیرا نبی گواہی دیتا ہے کہ یہ شہید ہیں اور قیامت تک جو ان کی زیارت کو آئے گا اور ان پر سلام کرے گا یہ جواب دیں گے۔

تتمہ حدیث، عطاف کہتے ہیں میری خالہ مجھ سے بیان کرتی تھیں میں ایک بار زیارت قبور شہداء کو

گئی میرے ساتھ دو لڑکوں کے سوا کوئی نہ تھا جو میری سواری کا جانور تھامے تھے میں نے مزارات پر سلام کیا، جواب سنا اور آواز آئی و **الله انا نعرفکم کما یعرف بعضنا بعضا.**

خدا کی قسم تم لوگوں کو ایسا پہچانتے ہیں جیسے آپس میں ایک دوسرے کو، میرے بدن پر بال کھڑے ہو گئے سوار ہوئی اور واپس آئی۔

امام بیہقی نے ہاشم بن محمد عمر سے روایت کی، مجھے میرے باپ مدینہ طیبہ سے زیارت قبور احد کو لے گئے جمعہ کا روز تھا صبح ہو چکی تھی، آفتاب نہ نکلا تھا، میں اپنے باپ کے پیچھے تھا جب مقابر کے پاس پہنچے انھوں نے باآواز بلند کہا۔ **سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار.**

جواب آیا **و علیک السلام یا ابا عبد الله .**

باپ نے میری طرف پھر کر دیکھا اور کہا کہ اے میرے بیٹے تو نے جواب دیا؟ میں نے کہا نہ، انھوں نے میرا ہاتھ پکڑ کر اپنی داہنی طرف کر لیا اور کلام مذکور کا اعادہ کیا، دوبارہ ویسا ہی جواب ملا، سہ بارہ کیا، پھر وہی جواب ہوا۔ میرے باپ اللہ تعالیٰ کے حضور سجدۂ شکر میں گر پڑے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۶۴۔ حیات الموات)

حضرت حمزہ کی شہادت اور نماز جنازہ

وحشی جو ایک حبشی غلام تھا اور اس کا آقا جبیر بن مطعم اس سے وعدہ کر چکا تھا تو اگر حضرت حمزہ کو قتل کر دے تو میں تجھ کو آزاد کر دوں گا۔ وحشی ایک چٹان کے پیچھے چھپا ہوا تھا اور حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تاک میں تھا جوں ہی آپ اس کے قریب پہنچے اس نے دور سے اپنا نیزہ پھینک کر مارا جو آپ کی ناف میں لگا اور پشت کے پار ہو گیا۔ اس حال میں بھی حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تلوار لے کر اس کی طرف بڑھے مگر

زخم کی تاب نہ لا کر گر پڑے اور شہادت سے سرفراز ہو گئے۔(مولف) (سیرت مصطفیٰ)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے تحریر فرمایا ہے:

ایک اثر مرسل ابوداؤد نے مراسیل میں بسند ثقات ابو مالک غفاری تابعی سے روایت کیا۔

ان النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم صلی علی قتلی احد عشرۃ عشرۃ فی کل عشرۃ حمزۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حتی صلی علیہ سبعین صلاۃ۔

بے شک نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے شہدائے احد پر دس دس کر کے نماز جنازہ پڑھائی ہر دس میں حضرت حمزہ رضی اللہ تعالی عنہ تھے یہاں تک کہ ان پر ۷۰ مرتبہ نماز پڑھی گئی۔ (مولف)

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں

شہدائے احد رضی اللہ تعالی عنہم ۷۰ ستر تھے جب دس دس پر نماز ہوئی سات نمازیں ہوں گی ستر کیوں کر۔

ثم اقول و باللہ التوفیق: بعد تسلیم صحت حدیث غایت درجہ جو ثابت ہوگا وہ اس قدر کہ شہداء پر حسب بدل بدل کر نمازیں ہوئیں اور نعش مبارک سید الشہداء رضی اللہ تعالی عنہم بدستور رکھی رہی، مجرد نہ اٹھایا جانا مستلزم اعادۂ صلاۃ نہیں کہ یہ امر نیت حضور پرنور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے علم پر موقوف اور نیت غیبت ہے اور غیب پر اطلاع نہیں، ممکن کہ ان کی نعش ہر بار کے برکات نازلہ میں شمول کے لیے رکھی گئی ہو۔ ظاہر ہے کہ ایسی جگہ روایت کا مبلغ صرف صورت ظاہرہ تک ہے نہ معنی باطن تک اور مطلب مستدل کا ثبوت اسی معنی باطن پر موقوف اور اس پر دلیل نہیں تو استدلال راسا ساقط، ہاں اگر حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم خود اپنی زبان مبارک سے ایسا بیان فرماتے تو احتجاج صحیح تھا۔ و اذ لیس فلیس۔

(فتاوی رضویہ ج ۴، ص ۴۶_البنی الحاجز)

حضرت حمزہ کا مقام معرفت

ابن ابی الدنیا اور بیہقی دلائل میں عطاف مخزومی کی خالہ سے راوی، ایک دن میں نے قبر سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس نماز پڑھی اس وقت جنگل بھر میں کسی آدمی کا نام ونشان نہ تھا بعد نماز مزار مطہر پر سلام کیا جواب آیا اور اس کے ساتھ یہ فرمایا۔

من یخرج من تحت قبر اعرفہ کما اعرف ان اللہ خلقنی و کما اعرف اللیل و النھار.

جو میری قبر کے نیچے سے گزرتا ہے میں اسے ایسا پہچانتا ہوں جیسا یہ پہچانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا کیا ہے اور جس طرح رات اور دن کو پہچانتا ہوں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۶۴، حیات الموات)

حضرت حمزہ دافع بلا ہیں

ابن شاذان عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جنازہ پر فرمایا:

یا حمزۃ یا کاشف الکربات

یا ذاب عن وجہ رسول اللہ

اے حمزہ، اے دافع بلا، اے حمزہ، اے چہرۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دشمنوں کے دفع کرنے والے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۸۱)

حضور ﷺ مصعب بن عمیر کی قبر پر

لشکر اسلام کے علمبردار حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ابن قمیہ کافر جھپٹا اور ان کے

دائیں ہاتھ پر اس زور سے تلوار چلادی کہ ان کا دایاں ہاتھ کٹ کر گر پڑا۔ اس جاں باز مہاجر نے جھپٹ کر اسلامی جھنڈے کو بائیں ہاتھ سے سنبھال لیا مگر ابن قمیہ نے تلوار مار کر ان کے بائیں ہاتھ کو بھی شہید کر دیا دونوں ہاتھ کٹ چکے تھے مگر حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے دونوں کٹے ہوئے بازوؤں سے پرچم اسلام کو اپنے سینے سے لگائے ہوئے کھڑے رہے اور بلند آواز سے یہ آیت پڑھتے رہے کہ

و ما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل .

پھر ابن قمیہ نے ان کو تیر مار کر شہید کر دیا۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ)

طبرانی معجم اوسط میں عبد اللہ بن فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مصعب بن عمیر اور ان کے ساتھیوں کے قبور پر ٹھہرے اور فرمایا:

و الذی نفسی بیده لا یسلم علیهم احد الا ردوا الی یوم القیمة .

قسم اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے قیامت تک جو ان پر سلام کرے گا، جواب دیں گے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۶۳۔ حیات الموات)

غزوۂ غطفان

ربیع الاول ۳ھ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ اطلاع ملی کہ نجد کے ایک مشہور بہادر "دعثور بن الحارث محاربی" نے ایک لشکر تیار کرلیا ہے تاکہ مدینہ پر حملہ کرے۔ اس خبر کے بعد آپ چار سو صحابہ کرام کی فوج لے کر مقابلہ کے لیے روانہ ہو گئے جب دعثور کو خبر ملی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے دیار میں آ گئے تو وہ بھاگ نکلا اور اپنے لشکر کو لے کر پہاڑوں پر چڑھ گیا مگر اس کی فوج کا ایک آدمی جس کا نام "حبان" تھا گرفتار ہو گیا اور فوراً ہی کلمہ پڑھ کر وہ مسلمان ہو گیا۔

اتفاق سے اس روز زوردار بارش ہوگئی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک درخت کے نیچے لیٹ کر اپنے کپڑے سکھانے لگے پہاڑ کی بلندی سے کافروں نے دیکھ لیا کہ آپ بالکل اکیلے اور اپنے اصحاب سے دور بھی ہیں۔ ایک دم دعثور بجلی کی طرح پہاڑ سے اتر کر ننگی شمشیر ہاتھ میں لیے ہوئے آیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک پر تلوار بلند کر کے بولا کہ بتائیے اب کون ہے جو آپ کو مجھ سے بچالے؟ آپ نے جواب دیا کہ مجھ کو میرا اللہ بچالے گا۔ چنانچہ جبریل امین علیہ السلام دم زدن میں زمین پر اتر پڑے اور دعثور کے سینے میں ایک ایسا گھونسہ مارا کہ تلوار اس کے ہاتھ سے گر پڑی اور دعثور عین غین ہو کر رہ گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فوراً تلوار اٹھالی اور فرمایا کہ بول اب تجھ کو میری تلوار سے کون بچائے گا؟ دعثور نے کانپتے ہوئے بھرائی ہوئی آواز میں کہا کہ ''کوئی نہیں'' رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کی بے کسی پر رحم آ گیا اور آپ نے اس کا قصور معاف فرمادیا۔ دعثور اس اخلاق نبوت سے بے حد متاثر ہوا اور کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گیا اور اپنی قوم میں اسلام کی تبلیغ کرنے لگا۔

اس غزوہ میں کوئی لڑائی نہیں ہوئی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گیارہ یا پندرہ دن مدینہ سے باہر رہ کر واپس آ گئے۔

بعض مورخین نے اس تلوار کھینچنے والے واقعہ کو ''غزوۂ ذات الرقاع'' کے موقع پر بتایا ہے مگر حق یہ ہے کہ تاریخ نبوی میں اس قسم کے دو واقعات ہوئے ہیں۔ غزوۂ غطفان کے موقع پر سر انور کے اوپر تلوار اٹھانے والا ''دعثور بن حارث محاربی'' تھا جو مسلمان ہو کر اپنی قوم کے اسلام کا باعث بنا۔ اور غزوۂ ذات الرقاع میں جس شخص نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر تلوار اٹھائی تھی اس کا نام ''غورث'' تھا اس نے اسلام قبول نہیں کیا بلکہ مرتے وقت تک اپنے کفر پر اڑا رہا البتہ اس نے یہ معاہدہ کر لیا تھا کہ وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کبھی جنگ نہیں کرے گا۔

۳ھ کے واقعات متفرقہ

ہجرت کے تیسرے سال میں مندرجہ ذیل واقعات بھی ظہور پذیر ہوئے۔

(۱) ۱۵ رمضان ۳ھ کو حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت ہوئی۔

(۲) اسی سال حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بی بی حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمایا۔ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحب زادی ہیں جو غزوۂ بدر کے زمانہ میں بیوہ ہو گئی تھیں۔

(۳) اسی سال حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحب زادی حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کیا۔

(۴) میراث کے احکام وقوانین بھی اسی سال نازل ہوئے اب تک میراث میں ذوی الارحام کا کوئی حصہ نہ تھا ان کے حقوق کا مفصل بیان نازل ہو گیا۔

(۵) اب تک مشرکہ عورتوں کا نکاح مسلمانوں سے جائز تھا مگر ۳ھ میں اس کی حرمت نازل ہو گئی اور ہمیشہ کے لیے مشرکہ عورتوں کا نکاح مسلمانوں سے حرام کر دیا گیا۔

(۶) اسی سال کعب بن اشرف یہودی کو قتل کیا گیا، یہ یہودیوں میں بہت ہی دولت مند تھا یہودی علماء اور یہود کے مذہبی پیشواؤں کو اپنے خزانہ سے تنخواہ دیتا تھا، دولت کے ساتھ شاعری میں بھی با کمال تھا جس کی وجہ سے نہ صرف یہودیوں بلکہ تمام قبائل عرب پر اس کا ایک خاص اثر تھا۔ اس کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سخت عداوت تھی۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ)

ہجرت کا چوتھا سال

لست ابالی حین اقتل مسلما
علی ای شق کان فی اللہ مصرعی

جب میں مسلمان ہو کر قتل کیا جا رہا ہوں تو مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے کہ میں کس پہلو پر قتل کیا جاؤں گا۔

(از: حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

ہجرت کا چوتھا سال

ہجرت کا چوتھا سال بھی کفار کے ساتھ چھوٹی بڑی لڑائیوں ہی میں گزرا۔ جنگ بدر کی فتح مبین سے مسلمانوں کا رعب تمام قبائل عرب پر بیٹھ گیا تھا۔ اس لیے تمام قبیلے کچھ دنوں کے لیے خاموش بیٹھ گئے لیکن جنگ احد میں مسلمانوں کے جانی نقصان کا چرچا ہو جانے سے دوبارہ تمام قبائل دفعۃ اسلام اور مسلمانوں کو مٹانے کے لیے کھڑے ہو گئے اور مجبوراً مسلمانوں کو بھی اپنے دفاع کے لیے لڑائیوں میں حصہ لینا پڑا۔ ۴ھ کی مشہور لڑائیوں میں سے چند یہ ہیں:

سریہ ابو سلمہ

یکم محرم ۴ھ کو ناگہاں ایک شخص نے مدینہ میں یہ خبر پہنچائی کہ طلیحہ بن خویلد اور سلمہ بن خویلد دونوں بھائی کفار کا لشکر جمع کر کے مدینہ پر چڑھائی کرنے کے لیے نکل پڑے ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس لشکر کے مقابلہ میں حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ڈیڑھ سو مجاہدین کے ساتھ روانہ فرمایا جس میں حضرت ابو سبرہ اور حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما جیسے معزز مہاجرین و انصار بھی تھے لیکن کفار کو جب پتہ چلا کہ مسلمانوں کا لشکر آ رہا ہے تو وہ لوگ بہت سے اونٹ اور بکریاں چھوڑ کر بھاگ گئے، جن کو مسلمان مجاہدین نے مال غنیمت بنا لیا اور لڑائی کی نوبت ہی نہیں آئی۔

سریہ عبداللہ بن انیس

محرم ۴ھ کو اطلاع ملی کہ، خالد بن سفیان ہزلی، مدینہ پر حملہ کرنے کے لیے فوج جمع کر رہا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے مقابلہ کے لیے حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیج دیا۔ آپ نے موقع پا کر خالد بن سفیان ہزلی کو قتل کر دیا اور اس کا سر کاٹ کر مدینہ لائے اور تاجدار دو عالم صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدموں میں ڈال دیا۔ حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے حضرت عبداللہ بن انیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بہادری اور جاں بازی سے خوش ہو کر ان کو اپنا عصا عطا فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ تم اسی عصا کو ہاتھ میں لے کر جنت میں چہل قدمی کرو گے۔ انھوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! قیامت کے دن یہ مبارک عصا میرے پاس نشانی کے طور پر رہے گا۔ چنانچہ انتقال کے وقت انھوں نے وصیت فرمائی کہ اس عصا کو میرے کفن میں رکھ دیا جائے۔

حادثۂ رجیع

عسفان و مکہ کے درمیان ایک مقام کا نام "رجیع" ہے یہاں کی زمین سات مقدس صحابۂ کرام کے خون سے رنگین ہوئی، اس لیے یہ واقعہ سریہ رجیع کے نام سے مشہور ہے۔ یہ دردناک سانحہ بھی ۴ھ میں پیش آیا۔

اس کا واقعہ یہ ہے کہ قبیلۂ عضل و قارہ کے چند آدمی بارگاہ رسالت میں آئے اور عرض کیا کہ ہمارے قبیلہ والوں نے اسلام قبول کرلیا ہے۔ اب آپ چند صحابہ کرام کو وہاں بھیج دیں تا کہ وہ ہماری قوم کو عقائد و اعمال اسلام سکھا دیں، ان لوگوں کی درخواست پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دس منتخب صحابہ کو حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ماتحتی میں بھیج دیا جب یہ مقدس قافلہ مقام رجیع پر پہنچا تو غدار کفار نے بدعہدی کی اور قبیلہ بنولحیان کے کافروں نے دو سو کی تعداد میں جمع ہو کر ان دس مسلمانوں پر حملہ کر دیا، مسلمان اپنے بچاؤ کے لیے ایک اونچے ٹیلہ پر چڑھ گئے کافروں نے تیر چلانا شروع کیا اور مسلمانوں نے ٹیلے کی بلندی سے سنگ باری کی کفار نے سمجھ لیا کہ ہم ہتھیاروں سے ان مسلمانوں کو ختم نہیں کر سکتے تو ان لوگوں نے دھوکہ دیا اور کہا کہ اے مسلمانو! ہم تم لوگوں کو امان دیتے ہیں اور اپنی پناہ میں لیتے ہیں اس لیے تم لوگ ٹیلے سے اتر آؤ۔ حضرت عاصم بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں کسی کافر کی پناہ میں

آنا گوارا نہیں کر سکتا یہ کہہ کر خدا سے دعا مانگی کہ یا اللہ! تو اپنے رسول کو ہمارے حال سے مطلع فرمادے۔ پھر وہ جوش جہاد میں بھرے ہوئے ٹیلے سے اترے اور کفار سے دست بدست لڑتے ہوئے اپنے چھ ساتھیوں کے ساتھ شہید ہو گئے۔

چوں کہ حضرت عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنگ بدر کے دن بڑے بڑے کفار قریش کو قتل کیا تھا اس لیے جب کفار مکہ کو حضرت عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کا پتہ چلا تو کفار مکہ نے چند آدمیوں کو مقام رجیع میں بھیجا ان کے بدن کا کوئی ایسا حصہ کاٹ کر لائیں جن سے شناخت ہو جائے کہ واقعی حضرت عاصم قتل ہو گئے ہیں۔ لیکن جب کفار آپ کی لاش کی تلاش میں اس مقام پر پہنچے تو اس شہید کی یہ کرامت دیکھی کہ لاکھوں کی تعداد میں شہد کی مکھیوں نے ان کی لاش کے پاس اس طرح گھیرا ڈال رکھا ہے جس سے وہاں تک پہنچنا ہی ناممکن ہو گیا ہے اس لیے کفار مکہ ناکام و نامراد واپس چلے گئے۔

باقی تین اشخاص حضرت خبیب و حضرت زید بن دثنہ و حضرت عبداللہ بن طارق رضی اللہ تعالیٰ عنہم کفار کی پناہ پر اعتماد کر کے نیچے اترے تو کفار نے بدعہدی کی اور اپنی کمان کی تانتوں سے ان لوگوں کو باندھنا شروع کر دیا۔ یہ منظر دیکھ کر حضرت عبداللہ بن طارق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ یہ تم لوگوں کی پہلی بد عہدی ہے اور میرے لیے اپنے ساتھیوں کی طرح شہید ہو جانا بہتر ہے۔ چنانچہ وہ ان کافروں سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔

لیکن حضرت خبیب اور حضرت زید بن دثنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو کافروں نے باندھ دیا تھا اس لیے یہ دونوں مجبور ہو گئے تھے۔ ان دونوں کو کفار نے مکہ میں لے جا کر بیچ ڈالا۔ حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنگ احد میں حارث بن عامر کو قتل کیا تھا اس لیے اس کے لڑکوں نے ان کو خرید لیا تا کہ ان کو قتل کر کے باپ کے خون کا بدلہ لیا جائے۔ اور حضرت زید بن دثنہ کو امیہ کے بیٹے صفوان نے قتل کرنے کے ارادہ سے

خریدا۔ حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کافروں نے چند دن قید میں رکھا پھر حدود حرم کے باہر لے جا کر سولی پر چڑھا کر قتل کر دیا حضرت خبیب نے قاتلوں سے دو رکعت نماز پڑھنے کی اجازت طلب کی قاتلوں نے اجازت دے دی آپ نے بہت مختصر طور پر دو رکعت نماز ادا فرمائی اور فرمایا کہ اے گروہ کفار! میرا دل تو یہی چاہتا تھا کہ دیر تک نماز پڑھتا رہوں کیوں کہ یہ میری زندگی کی آخری نماز تھی مگر مجھ کو یہ خیال آ گیا کہ کہیں تم لوگ یہ نہ سمجھو کہ میں موت سے ڈر رہا ہوں۔ کفار نے آپ کو سولی پر چڑھا دیا اس وقت آپ نے یہ اشعار پڑھے۔

و لست ابالی حین اقتل مسلما

علی ای شق کان فی اللہ مصرعی

جب میں مسلمان ہو کر قتل کیا جا رہا ہوں تو مجھے کوئی پرواہ نہیں ہے کہ میں کس پہلو پر قتل کیا جاؤں گا۔

و ذلک فی ذات الالہ و ان یشاء

یبارک علی اوصال شلو ممزع

یہ سب کچھ خدا کے لیے ہے اگر وہ چاہے گا تو میرے کٹے پٹے جسم کے ٹکڑوں پر برکت نازل فرمائے گا۔

حارث بن عامر کے لڑکے ابوسروعہ نے آپ کو قتل کیا مگر خدا کی شان کہ یہی ابوسروعہ اور ان کے دونوں بھائی عقبہ اور حجیر پھر بعد میں مشرف بہ اسلام ہو کر صحابیت کے شرف و اعزاز سے سرفراز ہو گئے۔

حضرت خبیب کی قبر

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعہ حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت سے مطلع فرمایا آپ نے صحابہ کرام سے فرمایا کہ جو شخص خبیب کی لاش کو سولی سے اتار لائے اس کے لیے جنت ہے۔ یہ بشارت سن کر حضرت زبیر بن العوام و حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ تعالیٰ عنہما راتوں کو سفر کرتے اور دن کو چھپتے ہوئے مقام تنعیم میں حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سولی کے پاس پہنچے۔ چالیس کفار سولی کے پہرہ دار بن کر سو رہے تھے ان دونوں حضرات نے سولی سے لاش کو اتارا اور گھوڑے پر رکھ کر چل دیے۔ چالیس دن گزر جانے کے باوجود لاش تر و تازہ تھی اور زخموں سے تازہ خون ٹپک رہا تھا صبح کو قریش کے ستر سوار تیز رفتار گھوڑوں پر تعاقب میں چل پڑے اور ان دونوں حضرات کے پاس پہنچ گئے ان حضرات نے جب دیکھا کہ قریش کے سوار ہم کو گرفتار کر لیں گے تو انھوں نے حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی لاش مبارک کو گھوڑے سے اتار کر زمین پر رکھ دیا خدا کی شان کہ ایک دم زمین پھٹی اور لاش مبارک کو نگل گئی اور پھر زمین اس طرح برابر ہو گئی کہ پھٹنے کا نشان بھی باقی نہیں رہا یہی وجہ ہے کہ حضرت خبیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لقب " بلیع الارض " (جن کو زمین نگل گئی) ہے۔

حضرت زید کی شہادت

حضرت زید بن دثنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قتل کا تماشہ دیکھنے کے لیے کفار قریش کثیر تعداد میں جمع ہو گئے جن میں ابو سفیان بھی تھے جب ان کو سولی پر چڑھا کر قاتل نے تلوار ہاتھ میں لی تو ابو سفیان نے کہا کہ کیوں اے زید! سچ کہنا اگر اس وقت تمہاری جگہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اس طرح قتل کیے جاتے تو کیا تم اس کو پسند کرتے؟ حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابو سفیان کی اس طعنہ زنی کو سن کر تڑپ گئے اور جذبات سے بھری ہوئی آواز میں فرمایا کہ اے ابو سفیان! خدا کی قسم میں اپنی جان کو قربان کر دینا عزیز سمجھتا

ہوں مگر میرے پیارے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقدس پاؤں کے تلوے میں ایک کانٹا بھی چبھ جائے مجھے کبھی بھی یہ گوارا نہیں ہوسکتا۔ یہ سن کر ابوسفیان نے کہا کہ میں نے بڑے بڑے محبت کرنے والوں کو دیکھا ہے مگر محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے عاشقوں کی مثال نہیں مل سکتی۔ صفوان کے غلام نسطاس نے تلوار سے ان کی گردن ماردی۔ (مولف) (مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

واقعۂ بیر معونہ

يتدارسون القرآن بالليل و يصلون.

اصحاب بیر معونہ رات کو درس و تلاوت قرآن مجید اور نماز میں مشغول رہتے تھے۔

(الحدیث)

واقعۂ بیر معونہ ۴ ھ

ماہ صفر ۴ ھ میں ''بیر معونہ'' کا مشہور واقعہ پیش آیا ابو براء عامر بن مالک جو اپنی بہادری کی وجہ سے ملاعب الاسنۃ (برچھیوں سے کھیلنے والا) کہلاتا تھا بارگاہ رسالت میں آیا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو اسلام کی دعوت دی، اس نے نہ تو اسلام قبول کیا نہ اس سے کوئی نفرت ظاہر کی بلکہ یہ درخواست کی کہ آپ اپنے چند منتخب صحابہ کو ہمارے دیار میں بھیج دیجیے مجھے امید ہے کہ وہ لوگ اسلام کی دعوت قبول کرلیں گے۔ آپ نے فرمایا کہ مجھے نجد کے کفار کی طرف سے خطرہ ہے ابو براء نے کہا کہ میں آپ کے اصحاب کی جان و مال کی حفاظت کا ضامن ہوں۔

اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ میں سے ستر منتخب صالحین کو جو ''قراء'' کہلاتے تھے بھیج دیا، یہ حضرات جب مقام ''بیر معونہ'' پر پہنچے تو ٹھہر گئے اور صحابہ کے قافلہ سالار حضرت حرام بن ملحان رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خط لے کر عامر بن طفیل کے پاس اکیلے تشریف لے گئے جو قبیلہ کا رئیس اور ابو براء کا بھتیجا تھا اس نے خط کو پڑھا بھی نہیں اور ایک شخص کو اشارہ کر دیا جس نے پیچھے سے حضرت حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نیزہ مار کر شہید کر دیا اور آس پاس کے قبائل یعنی رعل و ذکوان اور عصیہ و بنولحیان وغیرہ کو جمع کر کے ایک لشکر تیار کرلیا اور صحابہ کرام پر حملہ کے لیے روانہ ہوگیا۔ حضرات صحابہ کرام بیر معونہ کے پاس بہت دیر تک حضرت حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی واپسی کا انتظار کرتے رہے مگر جب بہت زیادہ دیر ہوگئی تو یہ لوگ آگے بڑھے راستہ میں عامر بن طفیل کی فوج کا سامنا ہوا اور جنگ شروع ہوگئی، کفار نے حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سوا تمام صحابہ کرام کو شہید کر دیا۔

انھیں شہدائے کرام میں حضرت عامر بن فہیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے جن کے بارے میں عامر بن طفیل کا بیان ہے کہ قتل ہونے کے بعد ان کی لاش بلند ہو کر آسمان تک پہنچی پھر زمین پر آگئی اس کے بعد ان

کی لاش تلاش کرنے پر نہیں ملی کیوں کہ فرشتوں نے انھیں دفن کر دیا۔

حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عامر بن طفیل نے یہ کہہ کر چھوڑ دیا کہ میری ماں نے ایک غلام آزاد کرنے کی منت مانی تھی اس لیے میں تم کو آزاد کرتا ہوں یہ کہا اور ان کی چوٹی کا بال کاٹ کر ان کو چھوڑ دیا۔ حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہاں سے چل کر جب مقام ''قرقرہ'' میں آئے تو ایک درخت کے سائے میں ٹھہرے وہیں قبیلۂ بنو کلاب کے دو آدمی بھی ٹھہرے ہوئے تھے جب وہ دونوں سو گئے تو حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان دونوں کافروں کو قتل کر دیا اور یہ سوچ کر دل میں خوش ہو رہے تھے کہ میں نے صحابہ کرام کے خون کا بدلہ لے لیا ہے۔ مگر ان دونوں شخصوں کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امان دے چکے تھے جس کا حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو علم نہ تھا۔

جب مدینہ پہنچ کر انھوں نے سارا حال دربار رسالت میں بیان کیا تو اصحاب بیر معونہ کی شہادت کی خبر سن کر سرکار رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اتنا عظیم صدمہ پہنچا کہ تمام عمر شریف میں کبھی بھی اتنا رنج و صدمہ نہیں پہنچا تھا چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مہینہ بھر تک قبائل رعل و ذکوان اور عصیہ و بنو لحیان پر نماز فجر میں لعنت بھیجتے رہے۔

اور حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جن دو شخصوں کو قتل کر دیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان دونوں کے خون بہا ادا کرنے کا اعلان فرمایا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

روسائے نجد کے نام حضور کا مکتوب گرامی

امام احمد رضا بریلوی واقعۂ بیر معونہ سے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان اقدس روسائے نجد و بنی عامر کے نام تھا۔

خمیس میں ہے :

و کتب کتابا إلی روساء نجد و بنی عامر

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجد و بنی عامر کے رؤسا کے نام مکتوب گرامی لکھا۔ (مولف)

مدارج میں ہے، مکتوبے بروٴسائے نجد و بنی عامر نوشت

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجد اور بنی عامر کے سرداروں کو خط لکھا۔ (مولف)

کتب سیر میں تصریح ہے کہ اس (عامر بن طفیل) خبیث نے فرمان اقدس دیکھا تک نہیں، سیرت ابن اسحاق و سیرت ابن ہشام و مواہب لدنیہ میں ہے

لما اتاه لم ینظر الی الکتاب .

جب اس کے پاس حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان اقدس آیا تو اس نے دیکھا تک نہیں ۔

(مولف)

حرام بن ملحان کی شہادت

(حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مکتوب گرامی حضرت حرام بن ملحان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کافروں کو دیا اور وہ ان سے بات کر رہے تھے کہ کسی نے پیچھے سے ان کو نیزہ مار کر شہید کر دیا۔)

صحیح بخاری شریف میں ہے:

جعل یحدثهم فاوماوا الی رجل فاتاه من خلفه فطعنه .

یعنی حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کافروں کو پیام اقدس پہنچاتے اور ان سے باتیں فرما رہے تھے کہ

انھوں نے کسی کو اشارہ کیا اس نے پیچھے سے آ کر نیزہ مارا (اور وہ شہید ہو گئے)

امام حافظ الشان عسقلانی نے فتح الباری میں فرمایا:

لم اعرف اسم الرجل الذی طعنہ .

مجھے اس نیزہ مارنے والے کا نام نہ معلوم ہوا۔

زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں کہ طبرانی میں بطریق ثابت حضرت انس سے ہے۔

ان قاتل حرام بن ملحان اسلم و عامر بن الطفیل مات کافرا.

حضرت حرام بن ملحان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قاتل بعد کو اسلام لے آیا اور عامر بن طفیل کافر ہی مرا۔ (مولف)

عامر بن طفیل کی امداد طلبی

(عامر بن طفیل نے مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیے مختلف قبائل سے جب مدد اور کمک مانگی تو بعض قبیلے نے معاہدہ کی وجہ سے مدد نہیں کی۔)

خمیس میں ہے :

استصرخ عامر بن الطفیل بنی عامر علی المسلمین فامتنعوا و قالوا لا نخفر ذمة ابی براء عمک . الخ .

عامر بن طفیل نے مسلمانوں پر بنی عامر سے مدد طلب کی تو وہ لوگ باز رہے اور کہا کہ ہم تمھارے چچا ابو براء کا ذمہ نہ توڑیں گے۔ (مولف)

مواہب لدنیہ میں ہے :

استصرخ عليهم بنى عامر فلم يجيبوه و قالوا لن نخفرا بابراء و قد عقدلهم عقدا و جوارا.

سیرت ابن ہشام میں ہے :

استصرخ عليهم بنى عامر فابوا ان يجيبوه الى ما دعاهم اليه و قالوا لن نخفر.

مسلمانوں پر لشکر کشی کے لیے بنی عامر سے مدد طلب کی گئی تو بنی عامر نے اسے قبول نہ کیا اور کہا کہ ہمارا ان سے عقد و معاہدہ ہے ہم ابو براء کا ذمہ اور عہد ہرگز نہ توڑیں گے۔ (مولف)

مدارج میں ہے۔ تمامۂ بنی عامر از جنگ مسلماناں ابا آوردند۔

بنی عامر کے سب لوگوں نے مسلمانوں کے ساتھ لڑائی کرنے سے انکار کیا۔ (مولف)

اصحاب معونہ کے رہبر

حدیث میں ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مطلب سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (اصحاب بیر معونہ کی) رہبری کے لیے ہمراہ فرما دیا تھا۔

طبرانی بطریق عبداللہ بن لہیعہ حضرت عروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی۔

قال ثم بعث النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم المنذر بن عمرو الساعدی و بعث معه المطلب السلمی ليدلهم على الطريق الحديث. ذكر فى الاصابة فى ترجمة المطلب.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منذر بن عمرو ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا اور ان کے ہمراہ انھیں راستہ بتانے کے لیے مطلب سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا۔ (مولف)

حضرت منذر کی شہادت

منذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ عین معرکہ میں شہید ہوئے۔

معالم التنزیل میں ہے:

قتل المنذر بن عمرو و اصحابه الا ثلثة نفر كانوا فى طلب ضالة لهم الخ.

حضرت منذر بن عمرو ساعدی اوران کے ساتھی رضی اللہ تعالیٰ عنہم شہید ہو گئے سوا ان تین لوگوں کے جو کسی گم شدہ چیز کی تلاش میں گئے تھے۔ (مولف)

مدارج میں ہے:

تمامہ اصحاب شہید شدند الا منذر بن عمرو با او گفتند اگر خواہی ترا امان دہیم او امان ایشاں را قبول نہ کرد و با ایشاں مقاتلہ کرد تا شہید شد۔

منذر بن عمرو کے علاوہ تمام اصحاب شہید ہو گئے کافروں نے ان سے کہا کہ اگر تم چاہو تو ہم تم کو امان دے دیں گے حضرت منذر بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کے امان کو قبول نہیں کیا اور لڑائی کرتے ہوئے شہید ہو گئے۔ (مولف)

اکعب بن زید

سیرتین ابنائے اسحاق و ہشام میں ہے:

لما راؤهم اخذوا سيوفهم ثم قاتلوهم حتى قتلوا من عند آخرهم يرحمهم الله الا كعب بن زيد اخا ابن دينار بن النجار فانهم تركوه وبه رمق فارتث من بين القتلى فعاش حتى قتل يوم الخندق شهيدا يرحمه الله.

صحابہ کرام نے جب کافروں کو دیکھا تو تلواریں لیں اور ان سے لڑنے لگے یہاں تک کہ سب سے آخر میں اکعب بن زید کو قتل کیا اور انھیں اس حال میں چھوڑ دیا کہ ان میں زندگی کا کچھ اثر باقی تھا تو وہ مقتولین کے درمیان سے زندہ بچ کر نکلے اور بعد تک زندہ رہے یہاں تک کہ جنگ خندق کے دن شہید ہوئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ (مولف)

مواہب میں ہے :

قتلوا الی آخرھم الا کعب بن زید.

خمیس میں ہے :

قتلوا من عند آخرھم الا کعب بن زید .

کافروں نے سب سے آخر میں اکعب بن زید کو قتل کیا۔ (مولف)

شہداء معونہ کی حضور نے خبر دی

(جب تمام صحابہ کرام شہید ہو گئے اور کوئی خبر دینے والا نہیں تھا تو بذات خود غیب داں رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی۔) حدیث میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی۔

ان اخوانکم لقوا المشرکین فاقتطعوھم فلم یبق احد و انھم قالوا ربنا بلغ قومنا انا قد رضینا و قد رضی عنا ربنا فانا رسولھم الیکم قد رضوا و رضی عنھم (ربھم) رواہ الحاکم عن ابن مسعودؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ .

تمھارے کچھ بھائی مشرکین سے ملے تو مشرکوں نے ان سے لڑائی کی، ان مومنوں میں سے کوئی باقی نہ رہا اور انھوں نے کہا کہ اے رب ہمارے ہماری قوم کو ہماری خبر دے دے کہ ہم راضی بالقضاء ہیں اور

ہم سے ہمارا رب راضی ہے تو ہم تمھاری طرف ان کے فرستادہ ہیں بیشک وہ راضی ہو گئے اور وہ ان سے راضی ہو گیا۔ اسے حاکم نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (مولف)

بیر معونہ کے اصحاب قراء تھے

اصحاب بیر معونہ کو قرا کہنے کی وجہ یہ ہے کہ شب کو درس و تلاوت قرآن مجید میں مشغول رہتے تھے۔ صحیح بخاری میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

یتدا رسون القرآن باللیل و یصلون .

رات کو درس و تلاوت قرآن مجید اور نماز میں مشغول رہتے تھے۔ (مولف)

عمدۃ القاری کتاب الجہاد باب العون بالمدد میں ہے

سموا به لکثرة قراتهم .

کثرت سے پڑھنے کے سبب سے ان کا نام قراء رکھا گیا۔ (مولف)

انصار و مہاجرین

بیر معونہ کے اصحاب سب انصاری نہ تھے، بعض مہاجر بھی تھے۔

خمیس میں ہے

کان اکثرهم من الانصار و اربعة من المهاجرین .

زیادہ تر اصحاب انصاری تھے اور چار مہاجر تھے۔ (مولف)

مدارج میں ہے۔ اکثر ایشاں انصار بودند و بعضے از مہاجراں۔

ان میں سے اکثر لوگ انصاری تھے اور بعض مہاجر۔ (مولف)

نیز خمیس میں ہے:

لـم یـكـن القراء المذكورون كلهم من الانصار بل كان بعضهم من المهاجرين مثل عامر بن فهيرة مولىٰ ابى بكر الصديق و نافع بن بديل بن ورقاء الخزاعى و غيرهما رضى الله تعالىٰ عنهم .

قراء میں سے سب کے سب انصاری نہیں تھے بلکہ بعض مہاجرین بھی تھے جیسے حضرت ابو بکر صدیق کے غلام حضرت عامر بن فہیرہ اور حضرت نافع بن بدیل بن ورقاء خزاعی وغیرہما رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۵۰۳۔اجتناب العمال)

قنوت نازلہ

جب قراء اصحاب رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قتل ہونے کی خبر پہنچی تو بہت غمزدہ اور ملول ہوئے اور بہت کرب محسوس فرمایا یہاں تک کہ ایک ماہ تک اور ایک روایت میں ہے کہ چالیس روز تک فجر کی نماز میں قنوت پڑھی اور رعل و ذکوان، عصیہ اور تمام قبائل نجد پر بددعا فرمائی۔(مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر فرماتے ہیں:

مدینہ طیبہ کے ستر (۷۰) جگر پاروں، محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاص پیاروں، اجلۂ علماء صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو کفار نے دغا سے شہید کر دیا۔ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کا سخت و شدید غم والم ہوا۔ ایک مہینہ کامل خاص نماز کے اندر کفار ناہنجار پر لعنت فرماتے رہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۶۹۔الہادی الحاجب)

حدیث میں ہے: قنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شھرا علی عدۃ قبائل من الکفار

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کفار کے چند قبائل پر ایک مہینہ تک قنوت پڑھی۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۵۱۰)

غزوۂ بنو نضیر

ما قطعتم من لینۃ او ترکتموھا قائمۃ علی اصولھا فباذن اللہ و لیخزی الفاسقین

جو درخت تم نے کاٹے یا ان کی جڑوں پر قائم چھوڑ دیے یہ سب اللہ کی اجازت سے تھا اور اس لیے کہ فاسقوں کو رسوا کرے۔ (الحشر،۵)

غزوۂ بنونضیر ۴ھ

حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قبیلہ بنوکلاب کے جن دو شخصوں کو قتل کر دیا تھا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان دونوں کا خون بہا ادا کرنے کا اعلان فرما دیا تھا۔ اسی معاملہ کے متعلق گفتگو کرنے کے لیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبیلۂ بنونضیر کے یہودیوں کے پاس تشریف لے گئے کیوں کہ ان یہودیوں سے آپ کا معاہدہ تھا مگر یہودی درحقیقت بہت ہی بد باطن ذہنیت والی قوم ہیں۔ معاہدہ کر لینے کے باوجود ان خبیثوں کے دلوں میں پیغمبر اسلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دشمنی اور عناد کی آگ بھری ہوئی تھی ہر چند حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان بد باطنوں سے اہل کتاب ہونے کی بناء پر اچھا سلوک فرماتے تھے مگر یہ لوگ ہمیشہ اسلام کی بیخ کنی اور بانی اسلام کی دشمنی میں مصروف رہے۔ مسلمانوں سے بغض وعناد اور کفار ومنافقین سے ساز باز اور اتحاد ہی ہمیشہ ان غداروں کا طرز عمل رہا۔

چنانچہ اس موقع پر جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان یہودیوں کے پاس تشریف لے گئے تو ان لوگوں نے تو بظاہر بڑے اخلاق کا مظاہرہ کیا مگر اندرونی طور پر بڑی ہی خوفناک سازش اور انتہائی خطرناک منصوبہ بنالیا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکر وحضرت عمر وحضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی تھے۔ یہودیوں نے ان سب حضرات کو ایک دیوار کے نیچے بڑے احترام کے ساتھ بٹھایا اور آپس میں یہ مشورہ کیا کہ چھت پر سے ایک بہت ہی بڑا اور وزنی پتھر ان حضرات پر گرا دیں تاکہ یہ سب لوگ دب کر ہلاک ہو جائیں چنانچہ عمرو بن جحاش اس مقصد کے لیے چھت پر چڑھ گیا۔

محافظ حقیقی پروردگار عالم نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہودیوں کی اس ناپاک سازش سے بذریعہ وحی مطلع فرما دیا اس لیے فوراً ہی آپ وہاں سے اٹھ کر چپ چاپ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ چلے آئے اور مدینہ تشریف لا کر صحابہ کرام کو یہودیوں کی اس سازش سے آگاہ فرما دیا اور انصار

ومہاجرین سے مشورہ کے بعد ان یہودیوں کے پاس قاصد بھیج دیا کہ چوں کہ تم لوگوں نے اپنی اس دسیسہ کاری اور قاتلانہ سازش سے معاہدہ توڑ دیا اس لیے اب تم لوگوں کو دس دن کی مہلت دی جاتی ہے کہ تم اس مدت میں مدینہ سے نکل جاؤ اس کے بعد جو شخص بھی تم میں کا یہاں پایا جائے گا قتل کر دیا جائے گا۔

شہنشاہ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ فرمان سن کر بنو نضیر کے یہودی جلاوطن ہونے کے لیے تیار ہو گئے تھے مگر منافقوں کا سردار عبداللہ بن ابی ان یہودیوں کا حامی بن گیا اور اس نے کہلا بھیجا کہ تم لوگ ہرگز ہرگز مدینہ سے نہ نکلو ہم دو ہزار آدمیوں سے تمہاری مدد کرنے کو تیار ہیں اس کے علاوہ بنو قریظہ اور بنو غطفان یہودیوں کے دو طاقتور قبیلے بھی تمہاری مدد کریں گے۔ بنو نضیر کے یہودیوں کو جب اتنا سہارا مل گیا تو وہ شیر ہو گئے اور انھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس کہلا بھیجا کہ ہم مدینہ چھوڑ کر نہیں جا سکتے آپ کے دل میں جو آئے کر لیجیے۔

یہودیوں کے اس جواب کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد نبوی کی امامت حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سپرد فرما کر خود بنو نضیر کا قصد فرمایا اور ان یہودیوں کے قلعہ کا محاصرہ کر لیا۔ یہ محاصرہ پندرہ دن تک قائم رہا قلعہ میں باہر سے ہر قسم کے سامانوں کا آنا جانا بند ہو گیا اور یہودی بالکل ہی محصور و مجبور ہو کر رہ گئے۔ مگر اس موقع پر نہ تو منافقوں کا سردار عبداللہ بن ابی یہودیوں کی مدد کے لیے آیا نہ بنو قریظہ اور غطفان نے کوئی مدد کی۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قلعہ کے محاصرہ کے ساتھ قلعہ کے آس پاس کھجوروں کے کچھ درختوں کو بھی کٹوا دیا کیوں کہ ممکن تھا کہ درختوں کے جھنڈ میں یہودی چھپ کر اسلامی لشکر پر چھاپہ مارتے۔ اور جنگ میں مسلمانوں کو دشواری ہو جاتی۔ ان درختوں کو کاٹنے کے بارے میں مسلمانوں کے دو گروہ ہو گئے۔

کچھ لوگوں کا یہ خیال تھا کہ یہ درخت نہ کاٹے جائیں کیوں کہ فتح کے بعد یہ سب درخت مال غنیمت بن جائیں گے اور مسلمان ان سے نفع اٹھائیں گے۔

اور کچھ لوگوں کا یہ کہنا تھا کہ درختوں کے جھنڈ کو کاٹ کر صاف کر دینے سے یہودیوں کی کمین گاہوں کو برباد کرنا اور ان کو نقصان پہنچا کر غیظ و غضب میں ڈالنا مقصود ہے۔ لہٰذا ان درختوں کو کاٹ دینا ہی بہتر ہے۔

اس موقع پر سورۂ حشر کی یہ آیت اتری :

ما قطعتم من لينة او تركتموها قائمة على اصولها فباذن الله و ليخزى الفاسقين.

جو درخت تم نے کاٹے یا جن کو ان کی جڑوں پر قائم چھوڑ دیئے یہ سب اللہ کے حکم سے تھا تاکہ خدا فاسقوں کو رسوا کرے۔

مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں میں جو درخت کاٹنے والے ہیں ان کا عمل بھی درست ہے اور کاٹنا نہیں چاہتے وہ بھی ٹھیک کہتے ہیں کیوں کہ کچھ درختوں کو کاٹنا اور کچھ کو چھوڑ دینا یہ دونوں اللہ تعالیٰ کے حکم اور اس کی اجازت سے ہیں۔

بہر حال آخر کار محاصرہ سے تنگ آ کر بنونضیر کے یہودی اس بات پر تیار ہو گئے کہ وہ اپنا اپنا مکان اور قلعہ چھوڑ کر اس شرط پر مدینہ سے باہر چلے جائیں گے کہ جس قدر مال و اسباب وہ اونٹوں پر لے جاسکیں لے جائیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہودیوں کی اس شرط کو منظور فرما لیا اور بنونضیر کے سب یہودی چھ سو اونٹوں پر اپنا مال و سامان لاد کر ایک جلوس کی شکل میں گاتے بجاتے ہوئے مدینہ سے نکلے۔ کچھ تو خیبر چلے گئے اور زیادہ تعداد میں ملک شام جا کر ''اذرعات'' اور ''آریحا'' میں آباد ہو گئے۔

ان لوگوں کے چلے جانے کے بعد ان کے گھروں کی مسلمانوں نے جب تلاشی لی تو پچاس لوہے کی ٹوپیاں، پچاس زرہیں، تین سو چالیس تلواریں نکلیں جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قبضہ میں آئیں۔ (مولف)
(مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

ازواج مطہرات کا نفقہ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنو نضیر کے اموال غنیمت سے ازواج مطہرات کے لیے سال بھر کے اخراجات نکال لیتے تھے اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

صحیحین میں امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے:

كان صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ينفق منه (اى مما افاء الله على رسوله من اموال بنى النضير) على اهله رزق سنة ثم يجمع ما بقى منه مجمع مال الله عزوجل.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنو نضیر کے اموال غنیمت میں سے اپنی ازواج مطہرات کے لیے ایک سال کا خرچ نکال لیا کرتے تھے پھر جو بچتا تھا اس کو اللہ کے بیت المال میں جمع فرمایا کرتے تھے۔
(مولف)

صحیحین میں امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے :

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان ينفق على اهله نفقة سنتهم من هذا المال ثم ياخذ ما بقى فيجعله مجعل مال الله .

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس (بنو نضیر کے) مال غنیمت سے اپنی ازواج کے

لیے ایک سال کا نفقہ نکال لیا کرتے تھے اور جو باقی بچتا اس کو لے کر راہ خدا میں صرف فرمایا کرتے تھے۔(مولف) (فتاوی رضویہ ج ۴،ص ۵۰۸)

بدر صغریٰ

جنگ احد سے لوٹتے وقت ابوسفیان نے کہا تھا کہ آئندہ سال بدر میں ہمارا تمہارا مقابلہ ہوگا چنانچہ شعبان یا ذوالقعدہ ۴ھ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ کا نظم و نسق حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سپرد فرما کر لشکر کے ساتھ بدر میں تشریف لے گئے۔ آٹھ روز تک کفار کا انتظار کیا ادھر ابوسفیان بھی فوج کے ساتھ چلا ایک منزل چلا تھا کہ اس نے اپنے لشکر سے یہ کہا کہ یہ سال جنگ کے لیے مناسب نہیں ہے کیوں کہ اتنا زبردست قحط پڑا ہوا ہے کہ نہ آدمیوں کے لیے دانہ پانی ہے نہ جانوروں کے لیے گھاس چارا۔ یہ کہہ کر ابوسفیان مکہ واپس چلا گیا۔ مسلمانوں کے پاس کچھ مال تجارت بھی ساتھ تھا جب جنگ نہیں ہوئی تو مسلمانوں نے تجارت کر کے خوب نفع کمایا اور مدینہ واپس چلے آئے۔

۴ھ کے متفرق واقعات

(۱) اسی غزوۂ بنونضیر کے بعد جب انصار نے کہا کہ یارسول اللہ بنونضیر کے جو اموال غنیمت میں ملے ہیں وہ سب آپ ہمارے مہاجر بھائیوں کو دے دیجیے ہم ان میں سے کسی چیز کے طلب گار نہیں ہیں تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خوش ہو کر یہ دعا فرمائی۔

اللهم ارحم الانصار و ابناء الانصار و ابناء ابناء الانصار .

اے اللہ انصار پر اور انصار کے بیٹوں پر اور انصار کے بیٹوں کے بیٹوں پر رحم فرما۔

(۲) اسی سال حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نواسے حضرت عبداللہ بن حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ

عنہا کی آنکھ میں ایک مرغ نے چونچ ماردی جس کے صدمے سے وہ دورات تڑپ کر وفات پا گئے۔

(۳) اسی سال حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجہ مطہرہ حضرت بی بی زینب بنت خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات ہوئی۔

(۴) اسی سال حضور نے حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمایا۔

(۵) اسی سال حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے وفات پائی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا مقدس پیرہن ان کے کفن کے لیے عطا فرمایا اور ان کی قبر میں اتر کر ان کی میت کو اپنے دست مبارک سے قبر میں اتارا اور فرمایا کہ فاطمہ بنت اسد کے سوا کوئی شخص بھی قبر کے دبوچنے سے نہیں بچا ہے۔

حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ صرف پانچ ہی میت ایسی خوش نصیب ہوئی ہیں جن کی قبر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود اترے۔

اول : حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

دوم : حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ایک لڑکا۔

سوم : عبداللہ مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن کا لقب ذوالبجادین ہے۔

چہارم : حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی والدہ حضرت ام رومان رضی اللہ تعالیٰ عنہا

پنجم : حضرت فاطمہ بنت اسد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی والدہ محترمہ۔

(۶) اسی سال ۴ شعبان ۴ھ کو حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیدائش ہوئی۔

(۷) اسی سال ایک یہودی نے ایک یہودیہ عورت کے ساتھ زنا کیا اور یہودیوں نے یہ مقدمہ بارگاہ نبوت میں پیش کیا تو آپ نے توارت وقرآن دونوں کتابوں کے فرمان سے اس کو سنگسار کرنے کا فیصلہ فرمایا۔

(۸) اسی سال طعمہ بن ابیرق نے جو مسلمان تھا، چوری کی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قرآن کے حکم سے اس کا ہاتھ کٹوادیا اس کے بعد طعمہ مکہ بھاگ گیا وہاں بھی اس نے چوری کی اہل مکہ نے اس کو قتل کرڈالا یا اس نے دیوار سے گرکر خودکشی کرلی یا دریا میں پھینک دیا گیا۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ وہ مرتد ہوگیا تھا۔

(۹) بعض مورخین کے نزدیک شراب کی حرمت کا حکم بھی اسی سال نازل ہوا اور بعض کے نزدیک ۶ھ میں اور بعض نے کہا کہ ۸ھ میں شراب حرام کی گئی۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

الله

غزوۂ ذات الرقاع

وَ اِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَ لْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ الآية

اور اے محبوب جب تم ان میں تشریف فرما ہو پھر نماز میں ان کی امامت کرو تو چاہیئے کہ ان میں ایک جماعت تمھارے ساتھ ہو اور وہ اپنے ہتھیار لیے رہیں۔ (النسآء:۱۰۲)

غزوۂ ذات الرقاع ۵ھ

سب سے پہلے قبائل، انمار و ثعلبہ، نے مدینہ پر چڑھائی کرنے کا ارادہ کیا جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع ملی تو آپ نے چار یا چھ سو صحابہ کا لشکر اپنے ساتھ لیا اور ۱۰ ارمحرم ۵ھ کو مدینہ سے روانہ ہو کر مقام، ذات الرقاع تک تشریف لے گئے لیکن آپ کی آمد کا حال سن کر یہ کفار پہاڑوں میں بھاگ کر چھپ گئے اس لیے کوئی جنگ نہیں ہوئی۔ مشرکین کی چند عورتیں ملیں جن کو صحابہ کرام نے گرفتار کر لیا۔

اس وقت مسلمان بہت ہی مفلس اور تنگ دستی کی حالت میں تھے چنانچہ ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ سواریوں کی اتنی کمی تھی کہ چھ چھ آدمیوں کی سواری کے لیے ایک ایک اونٹ تھا جس پر ہم لوگ باری باری سوار ہو کر سفر کرتے تھے۔ پہاڑی یا پتھریلی زمین میں پیدل چلنے سے ہمارے قدم زخمی اور پاؤں کے ناخن جھڑ گئے تھے اس لیے ہم لوگوں نے اپنے پاؤں پر کپڑوں کے چیتھڑے لپیٹ لیے تھے یہی وجہ ہے کہ اس غزوۂ کا نام ''ذات الرقاع'' (پیوندوں والا غزوہ) ہو گیا۔

بعض مورخین نے کہا کہ چوں کہ وہاں کی زمین کے پتھر سفید و سیاہ رنگ کے تھے اور زمین ایسی نظر آتی تھی گویا سفید اور کالے پیوند ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں لہٰذا اس غزوہ کو ''ذات الرقاع'' کہا جانے لگا۔ اور بعض کا قول ہے کہ یہاں پر ایک درخت کا نام ''ذات الرقاع'' تھا اس لیے لوگ اس کو غزوۂ ذات الرقاع کہنے لگے۔ ہو سکتا ہے کہ یہ ساری باتیں ہوں۔

امام سیرت ابن اسحاق کا قول ہے کہ سب سے پہلے اس غزوہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ''صلوٰۃ الخوف'' پڑھی۔

ایک اعرابی کی شرارت

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس غزوہ میں ایک درخت کے سایہ میں محوخواب تھے ایک اعرابی آیا اور اپنی تلوار کھینچ کر حضور کے سرہانے کھڑا ہو گیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیدار ہو گئے۔ اعرابی نے کہا کون ہے جو آپ کو مجھ سے بچائے؟ حضور نے فرمایا کہ اللہ! یہ سن کر اس کے ہاتھ سے تلوار گر پڑی، حضور اٹھے اور اپنے ہاتھ میں تلوار لے کر فرمایا کون ہے جو تجھے مجھ سے روکے گا؟ اعرابی نے کہا مجھے بخش دیجیے فرمایا کیا تو گواہی دیتا ہے کہ میں خدا کا رسول ہوں اعرابی نے کہا میں عہد کرتا ہوں کہ آپ سے کبھی جنگ نہ کروں گا اور نہ اس جماعت میں شریک ہوں گا جو آپ سے لڑے۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے معاف کر دیا وہ اعرابی لوٹ کر اپنی قوم میں گیا اور کہا میں تمھارے پاس سب سے بہتر شخص کے پاس سے آیا ہوں۔ اس کی مانند ایک اور قصہ غزوہ غطفان میں گزر چکا ہے۔

حضرت جابر کی شادی

اس غزوے کے واقعات میں سے ایک واقعہ یہ ہے کہ حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما ایک اونٹ پر سوار تھے وہ چاہتے تھے کہ اونٹ تیز چلے مگر وہ اونٹ بہت کمزور اور سست رفتار تھا، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس پر اپنا عصا شریف مارا تو وہ اونٹ تند و تیز رفتار ہو گیا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جابر سے پوچھا اتنی تیز کیوں چلتے ہو؟ عرض کیا یا رسول اللہ میں نے نئی شادی کی ہے، حضور نے فرمایا باکرہ سے کی ہے یا ثیبہ سے؟ عرض کی، ثیبہ سے، فرمایا باکرہ سے کیوں نہ کی تا کہ وہ تم سے کھیلتی اور تم اس سے کھیلتے۔ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا میرے والد غزوۂ احد میں شہید ہو گئے اور نو یا سات بیٹیاں چھوڑی ہیں اس لیے میں نے زن ثیبہ کی ہے تا کہ وہ ان کی خدمت و تربیت کر سکے۔ اس وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جابر سے اونٹ کو اس شرط پر خرید لیا کہ مدینہ تک اس پر سوار ہو کر

جائیں اور مدینہ میں سپرد کر کے اس کی قیمت وصول کر لیں جب مدینہ منورہ پہنچ گئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اونٹ کی قیمت ان کو دے دی اور اونٹ بھی انھیں کو عطا فرما دیا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

حضرت جابر کا اونٹ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اونٹ خریدنے والی روایت امام احمد رضا بریلوی نے اس طرح پیش کی ہے۔

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی :

قال غدوت مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و انا على ناضح قداعى فلا يكاد يسير فتلاحق بى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال ما لبعيرك فقلت قداعى فتخلف رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فزجره فدعا له فما زال بين يدى الابل قدامها يسير فقال لى كيف ترى بعيرك فقلت بخير قد اصابته بركتك فقال افتبيعه باوقية فبعته على ان لى فقار ظهره الى المدينة فلما قدم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم المدينة غدوت عليه بالبعير فاعطانى ثمنه ورده على.

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ میں صبح سویرے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ چلا اور میں بار بردار اونٹ پر سوار تھا وہ اونٹ چلنے سے اس طرح عاجز آ گیا کہ گویا چلے گا ہی نہیں۔ اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا جابر تمھارے اونٹ کو کیا ہو گیا بس نے عرض کی نہیں چل رہا ہے۔ آپ اس کے پیچھے آئے اور اس کو ڈانٹا اور اس کے لیے تیز چلنے کی دعا فرمائی پھر اونٹ کے آگے چلتے رہے اور فرمایا اپنے اونٹ کو کیسا پاتے ہو میں نے عرض کی بہتر ہے آپ ہی کی برکت ہے۔


حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم اس کو ایک اوقیہ میں فروخت کرو گے؟ تو میں نے اسے اس شرط پر بیچ دیا کہ مدینہ شریف تک اس پر سوار ہو کر جاؤں گا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لا چکے تو میں صبح کو اونٹ لے کر حاضر ہوا تو حضور نے مجھے اس کی قیمت واپس دے دی اور اونٹ بھی مرحمت فرما دیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ، جلد ۷، ص ۶۴)

❁......❁......❁

وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ

سیرتِ مصطفیٰ جانِ رحمت ﷺ

جلد د



افادات

شیخ الاسلام والمسلمین

امام احمد رضا خاں محدث بریلوی

رحمۃ اللہ علیہ



شبیر برادرز

وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعالمین



تصانیفِ اعلیٰ حضرت سے ماخوذ سیرت الرسول ﷺ کا

عظیم علمی و تحقیقی مجموعہ

سیرتِ مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت

افادات

شیخ الاسلام والمسلمین
امام احمد رضا خاں محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

جمع و ترتیب

محمد عیسیٰ قادری رضوی

جلد دوم

شبیر برادرز
فون 042-7246006

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

سیرتِ مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت

جلد 2

افادات	شیخ الاسلام والمسلمین امام احمد رضا خاں محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
جمع و ترتیب	محمد علی قادری رضوی
ناشر	ملک شبیر حسین
سن اشاعت	مئی 2007ء / ربیع الثانی 1428ھ
طابع	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
سرورق	فیضی گرافکس دربار مارکیٹ لاہور
قیمت	1600 روپے مکمل سیٹ

فہرست مضامین

مشمولات

● غزوات نبوی ● سلاطین کے نام خطوط ● فتح مکہ ● وفود العرب
● حجۃ الوداع ● وفات اقدس ● زیارت روضہ ● آثار و تبرکات
● شمائل و خصائل ● عبادات نبوی

فہرست مضامین

جلد دوم

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

■ غزوۂ تبوک 213

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین
316	• صدیق کے بعد کسی نے نماز نہ پڑھی
317	• نبی کا ترکہ صدقہ ہے
317	• حضور کی وصیت
319	• حضور نے اپنی وفات کی خبر دی
320	• حدیث قرطاس
322	• حضرت صدیق کو امامت کا حکم فرمانا
324	• نیابت دو قسم ہے
327	• حضور نے اپنا جانشین نہیں بنایا
330	• حضور کے خواب
331	• ابوبکر و عمر کی معیت
331	• حضور کے بعد ابوبکر
332	• ابوبکر کی امامت
333	• ابوبکر کی اقتدا کا حکم
333	• حدیث قرطاس اور ابوبکر کے لیے اشارہ
335	■ **روضۂ انور کی زیارت**
340	• ایک شبہ کا ازالہ
342	• حضرت بلال کا سفر زیارت
343	• کعب احبار کا سفر زیارت

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

غزوۂ دومۃ الجندل

تبارک سائق البقرات انی
رأیت اللہ یہدی کل ہاد

(بجیر طائی)

غزوۂ دومۃ الجندل ۵ھ

۵ھ میں غزوۂ دومۃ الجندل واقع ہوا۔ یہ اس پہاڑ کا نام ہے جو وہاں سے کوفہ تک دس منزل پر ہے اور دمشق تک بھی دس منزل ہیں۔

ارباب سیر کہتے ہیں کہ دومۃ الجندل ایک قلعہ کا نام ہے اس کی بنیاد پتھر پر رکھی گئی ہے، یہاں کی پیداوار کھجوریں اور جو ہیں۔ مواہب میں کہا گیا ہے کہ یہ ایک شہر ہے اس کے اور دمشق کے درمیان پانچ رات کی مسافت ہے اور مدینہ منورہ سے پندرہ و سولہ راتوں کی مسافت ہے۔ یہ نام دومی بن اسماعیل کے نام پر ہے جس نے وہاں قیام کیا تھا، قاموس میں کہا گیا ہے کہ اسے ''دوما جندل'' بھی کہتے ہیں۔

غزوۂ دومۃ الجندل کا سبب

اس غزوہ کا سبب یہ تھا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں خبر پہنچی کہ اس سر زمین میں بہت بڑی جمعیت اکٹھی ہوئی ہے جو مسافروں کو تنگ کرتی ہے اور ظلم و تعدی کے ساتھ پیش آتی ہے اکیدر جو اس جگہ کا حاکم ہے نصرانی ہے وہ بہت بڑا لشکر جمع کر کے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقابلہ و مقاتلہ کے لیے کھڑا ہو گیا ہے۔

اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ہزار صحابہ کرام کے ساتھ تشریف لے چلے۔ سباع بن عرفطہ کو مدینہ میں خلیفہ بنایا اور راہ بتانے کے لیے راہبر کا تعین فرمایا اور سرکشوں کے قلع قمع فرمانے کے لیے روانہ ہو گئے۔ رات کو قطع مسافت فرماتے اور دن کو قیام فرماتے اور راستہ چھوڑ کر نزول فرماتے تھے جب ان شہروں کے نواح میں پہنچے تو راہبر نے عرض کیا کہ دشمنوں کے جانور اور مویشی قریب ہیں۔ وہ ان سب کو گھیر کر لے آئے، ان کے چرواہے بھاگ کھڑے ہوئے اور جدھر منہ اٹھا منتشر ہو گئے۔ اور حضور صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے میدان میں اقامت فرمائی اور وہاں کوئی باقی نہ رہا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہاں کئی دن توقف فرمایا اور ہر طرف لشکر کے چھوٹے چھوٹے رسالے (سرایا) بھیجے وہ ہر طرف پھیل گئے مگر کسی کو نہ پایا۔ البتہ محمد بن مسلمہ نے ایک شخص کو پکڑا اور اسے حضور کی بارگاہ میں لے آئے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے اس قوم کی خبر پوچھی اس نے کہا جب لشکر اسلام کے آنے کی خبر یہاں کے رہنے والوں کو پہنچی تو وہ تیزی کے ساتھ بھاگ کھڑے ہوئے۔ اور یہ شخص ایمان لے آیا اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحیح وسالم اطمینان وسکون کے ساتھ غنیمت لے کر واپس آئے۔ اس سفر کی مدت ایک ماہ سے زیادہ تھی۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

بجیر طائی کے لیے حضور کی دعا

واقعۂ دومۃ الجندل میں بجیر طائی کے کلام سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

اکیدر بادشاہ دومۃ الجندل کے واقعہ میں حضرت بجیر طائی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

تبارک سائق البقرات انی
رایت اللہ یھدی کل ھاد

سائق بقرات تو بلند وبالا ہے میں نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ ہر ہدایت چاہنے والے کو ہدایت دیتا ہے۔ (مولف)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا کلام پسند فرمایا اور فرمایا: **لا یفضض اللہ فاک.**

اللہ تیرا منہ بے دنداں نہ کرے۔ نوے برس جیے کسی دانت کو جنبش نہ ہوئی۔ اسے ابن السکن وابو نعیم وابن مندہ نے روایت کیا۔ (فقہ شہنشاہ)

غزوۂ مریسیع

ان الذین جاء و بالافک عصبۃ منکم لا تحسبوہ شرالکم بل ھو خیر لکم لکل امرئ منھم ما اکتسب من الاثم و الذی تولی کبرہ منھم لھم عذاب عظیم

تمھارا پردہ کھول دیتا بیشک وہ کہ یہ بڑا بہتان لائے ہیں تمھیں میں کی ایک جماعت اسے اپنے لیے برا نہ سمجھو بلکہ وہ تمھارے لیے بہتر ہے ان میں ہر شخص کے لیے وہ گناہ ہے جو اس نے کمایا اور ان میں وہ جس نے سب سے بڑا حصہ لیا اس کے لیے بڑا عذاب ہے۔ (النور:١١)

غزوۂ مریسیع ۵ھ

اس کا دوسرا نام ''غزوۂ بنی المصطلق'' بھی ہے۔ ''مریسیع'' ایک مقام کا نام ہے جو مدینہ سے آٹھ منزل دور ہے قبیلہ خزاعہ کا ایک خاندان ''بنوالمصطلق'' یہاں آباد تھا اور اس قبیلہ کا سردار حارث بن ضرار تھا اس نے بھی مدینہ پر فوج کشی کے لیے لشکر جمع کیا تھا۔ جب یہ خبر مدینہ پہنچی تو ۲ رشعبان ۵ھ کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ پر حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنا خلیفہ بنا کر لشکر کے ساتھ روانہ ہوئے۔

اس غزوہ میں حضرت بی بی عائشہ اور حضرت بی بی ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی آپ کے ساتھ تھیں۔ جب حارث بن ضرار کو آپ کی تشریف آوری کی خبر ہوگئی تو اس پر ایسی دہشت سوار ہوگئی کہ وہ اور اس کی فوج بھاگ کر منتشر ہوگئی مگر خود مریسیع کے باشندوں نے لشکر اسلام کا سامنا کیا اور جم کر مسلمانوں پر تیر برسانے لگے لیکن جب مسلمانوں نے ایک ساتھ مل کر حملہ کر دیا تو دس کفار مارے گئے اور ایک مسلمان بھی شہادت سے سرفراز ہوئے باقی سب کفار گرفتار ہوگئے جن کی تعداد سات سو سے زائد تھی۔ دو ہزار اونٹ اور پانچ ہزار بکریاں مال غنیمت میں صحابہ کرام کے ہاتھ آئیں۔

غزوۂ مریسیع میں کوئی خاص جنگ تو نہیں ہوئی مگر اس جنگ میں بعض ایسے اہم واقعات درپیش ہوئے کہ یہ غزوہ تاریخ نبوی کا ایک بہت ہی اہم عنوان بن گیا ہے۔ ان مشہور واقعات میں سے چند یہ ہیں:

منافقین کی شرارت

اس جنگ میں مال غنیمت کے لالچ سے بہت سے منافقین بھی شریک ہوگئے تھے۔ ایک دن پانی لینے پر ایک مہاجر اور ایک انصاری میں کچھ تکرار ہوگئی۔ مہاجر نے بلند آواز سے یا للمھاجرین (اے

مہاجرو فریاد ہے) اور انصار نے یا للانصار (اے انصار یو فریاد ہے) کا نعرہ مارا، یہ نعرہ سنتے ہی انصار و مہاجرین دوڑ پڑے اور اس قدر بات بڑھ گئی کہ آپس میں جنگ کی نوبت آ گئی۔

رئیس المنافقین عبد اللہ بن ابی کو شرارت کا ایک موقع مل گیا اس نے اشتعال دلانے کے لیے انصاریوں سے کہا کہ لو، یہ تو وہی مثل ہوئی کہ سمن کلبک لیا کلک (تم اپنے کتے کو فربہ کرو تا کہ وہ تمھیں کو کھا ڈالے) تم انصاریوں ہی نے ان مہاجرین کا حوصلہ بڑھا دیا ہے لہٰذا اب ان مہاجرین کی مالی امداد و مدد بالکل بند کر دو۔ یہ لوگ ذلیل و خوار ہیں اور ہم انصار عزت دار ہیں اگر ہم مدینہ پہنچے تو یقیناً ان ذلیل لوگوں کو مدینہ سے نکال باہر کر دیں گے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب اس ہنگامہ کا شور و غوغا سنا تو انصار و مہاجرین سے فرمایا کہ کیا تم لوگ زمانۂ جاہلیت کی نعرہ بازی کر رہے ہو؟ جمال نبوت دیکھتے ہی انصار و مہاجرین برف کی طرح ٹھنڈے پڑ گئے اور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چند فقروں نے محبت کا ایسا دریا بہا دیا کہ پھر انصار و مہاجرین شیر و شکر کی طرح گھل مل گئے۔ دیکھیے

جب عبد اللہ بن ابی کی بیہودہ بات حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کان میں پڑی تو وہ اس قدر طیش میں آ گئے کہ ننگی تلوار لے کر آئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ مجھے اجازت دیجیے کہ میں اس منافق کی گردن اڑا دوں۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہایت نرمی کے ساتھ ارشاد فرمایا کہ اے عمر! خبردار ایسا نہ کرو ورنہ کفار میں یہ خبر پھیل جائے گی کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اپنے ساتھیوں کو بھی قتل کرنے لگے ہیں۔ یہ سن کر عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بالکل ہی خاموش ہو گئے مگر اس خبر کا پورے لشکر میں چرچا ہو گیا۔

یہ عجیب بات ہے کہ عبد اللہ بن ابی جتنا بڑا اسلام اور بانی اسلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دشمن تھا اس سے کہیں بڑھ کر اس کے بیٹے اسلام کے سچے شیدائی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جاں نثار صحابی تھے۔

ان کا نام بھی عبداللہ تھا جب اپنے باپ کی بکواس کا پتہ چلا تو وہ غیظ و غضب میں بھرے ہوئے بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یارسول اللہ اگر آپ میرے باپ کے قتل کو پسند فرماتے ہوں تو میری تمنا ہے کہ کسی دوسرے کی بجائے میں خود اپنی تلوار سے اپنے باپ کا سر کاٹ کر آپ کے قدموں میں ڈال دوں۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ نہیں ہرگز نہیں میں تمھارے باپ کے ساتھ کبھی بھی کوئی برا سلوک نہیں کروں گا۔

اور ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ مدینہ کے قریب وادی عقیق میں وہ اپنے باپ عبداللہ بن ابی کا راستہ روک کر کھڑے ہو گئے اور کہا کہ تم نے مہاجرین اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ذلیل کہا ہے خدا کی قسم میں اس وقت تک تم کو مدینہ میں داخل نہیں ہونے دوں گا جب تک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اجازت عطا نہ فرمائیں اور جب تک تم اپنی زبان سے یہ نہ کہو کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام اولاد آدم میں سب سے زیادہ عزت والے ہیں۔ اور تم سارے جہان میں سب سے زیادہ ذلیل ہو۔ تمام لوگ انتہائی حیرت اور تعجب کے ساتھ یہ منظر دیکھ رہے تھے جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہاں پہنچے اور یہ دیکھا کہ بیٹا باپ کا راستہ روکے ہوئے کھڑا ہے اور عبداللہ بن ابی زور زور سے کہہ رہا ہے کہ میں سب سے زیادہ ذلیل ہوں اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سب سے زیادہ عزت دار ہیں آپ نے یہ دیکھتے ہی حکم دیا کہ اس کا راستہ چھوڑ دو تا کہ یہ مدینہ میں داخل ہو جائے۔

حضرت جویریہ سے نکاح

غزوۂ مریسیع کی جنگ میں جو کفار مسلمانوں کے ہاتھ میں گرفتار ہوئے ان میں سردار قوم حارث بن ضرار کی بیٹی حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی تھیں۔ جب تمام قیدی لونڈی غلام بنا کر مجاہدین اسلام میں تقسیم کر دیے گئے تو حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حصہ میں آئیں انھوں نے حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے یہ کہہ دیا کہ تم مجھے اتنی رقم دے دو تو میں تمھیں

آزاد کر دوں گا۔ حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس رقم نہیں تھی وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دربار میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ یارسول اللہ! میں اپنے قبیلے کے سردار حارث بن ضرار کی بیٹی ہوں اور میں مسلمان ہو چکی ہوں حضرت ثابت بن قیس نے اتنی رقم لے کر مجھے آزاد کر دینے کا وعدہ کر لیا ہے آپ میری امداد فرمائیں تا کہ میں یہ رقم ادا کر کے آزاد ہو جاؤں آپ نے ارشاد فرمایا کہ اگر میں اس سے بہتر سلوک تمھارے ساتھ کروں تو کیا تم منظور کر لوگی؟ انھوں نے پوچھا کہ وہ کیا ہے؟

آپ نے فرمایا کہ میں چاہتا ہوں کہ میں خود تنہا تمھاری طرف سے ساری رقم ادا کر دوں اور تم کو آزاد کر کے میں تم سے نکاح کر لوں تا کہ تمھارا خاندانی اعزاز و وقار برقرار رہ جائے۔ حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خوشی خوشی اس کو منظور کر لیا چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ساری رقم اپنے پاس سے ادا فرما کر حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمالیا۔

جب یہ خبر لشکر میں پھیل گئی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمالیا تو مجاہدین اسلام کے لشکر میں اس خاندان کے جتنے لونڈی غلام تھے مجاہدین نے سب کو فوراً ہی آزاد کر کے رہا کر دیا اور لشکر اسلام کا ہر سپاہی یہ کہنے لگا کہ جس خاندان میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شادی کر لی اس خاندان کا کوئی آدمی لونڈی غلام نہیں رہ سکتا۔

اور حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہنے لگیں کہ ہم نے کسی عورت کا نکاح حضرت جویریہ کے نکاح سے بڑھ کر خیر و برکت والا نہیں دیکھا کہ اس کی وجہ سے تمام خاندان بنی المصطلق کو غلامی سے آزادی نصیب ہوگئی۔

حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اصلی نام ''برہ'' تھا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس نام کو بدل کر ''جویریہ'' نام رکھا۔

واقعہ افک

اسی غزوہ سے جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ واپس آنے لگے تو ایک منزل پر رات میں پڑاؤ کیا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک بند ہودج میں سوار ہو کر سفر کرتی تھیں اور چند مخصوص آدمی اس ہودج کو اونٹ پر لادنے اور اتارنے کے لیے مقرر تھے۔ حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا لشکر کی روانگی سے کچھ پہلے لشکر سے باہر رفع حاجت کے لیے تشریف لے گئیں جب واپس ہوئیں تو دیکھا کہ ان کے گلے کا ہار کہیں ٹوٹ کر گر پڑا ہے وہ دوبارہ اس ہار کی تلاش میں لشکر سے باہر چلی گئیں اس مرتبہ واپسی میں کچھ دیر لگ گئی اور لشکر روانہ ہو گیا۔ آپ کا ہودج لادنے والوں نے یہ خیال کر کے کہ ام المومنین ہودج کے اندر تشریف فرما ہیں ہودج کو اونٹ پر لاد دیا اور پورا قافلہ منزل سے روانہ ہو گیا۔

جب حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا منزل پر واپس آئیں تو یہاں کوئی آدمی موجود نہیں تھا، تنہائی سے سخت گھبرائیں اور اندھیری رات میں اکیلے چلنا بھی خطرناک تھا اس لیے وہ یہ سوچ کر وہیں لیٹ گئیں کہ جب اگلی منزل پر لوگ مجھے نہ پائیں گے، تو ضرور ہی میری تلاش میں یہاں آئیں گے وہ لیٹی لیٹی سو گئیں۔

ایک صحابی جن کا نام حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھا وہ ہمیشہ لشکر کے پیچھے پیچھے اس خیال سے چلا کرتے تھے تا کہ لشکر کا گرا پڑا سامان اٹھاتے چلیں وہ جب اس منزل پر پہنچے تو حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دیکھا اور چوں کہ پردہ کی آیت نازل ہونے سے پہلے وہ بارہا ام المومنین کو دیکھ چکے تھے اس لیے دیکھتے ہی پہچان لیا اور انھیں مردہ سمجھ کر انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا۔ اس آواز سے وہ جاگ اٹھیں۔ حضرت صفوان بن معطل سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فوراً ہی ان کو اپنے اونٹ پر سوار کر لیا اور خود اونٹ کی مہار تھام کر پیدل چلتے ہوئے اگلی منزل پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس پہنچ گئے۔

منافقوں کے سردار عبد اللہ بن ابی نے اس واقعہ کو حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر تہمت

لگانے کا ذریعہ بنالیا اور خوب خوب اس تہمت کا چرچا کیا یہاں تک کہ مدینہ میں اس منافق نے اس شرمناک تہمت کو اس قدر اچھالا اور اتنا شور وغل مچایا کہ مدینہ میں ہر طرف اس افترا اور تہمت کا چرچا ہونے لگا۔ اور بعض مسلمان مثلاً حضرت حسان بن ثابت اور حضرت مسطح بن اثاثہ اور حضرت حمنہ بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بھی اس تہمت کو پھیلانے میں کچھ حصہ لیا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس شرانگیز تہمت سے بے حد رنج وصدمہ پہنچا اور مخلص مسلمانوں کو بھی انتہائی رنج وغم ہوا۔ حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مدینہ پہنچتے ہی سخت بیمار ہوگئیں پردہ نشین تو تھیں ہی صاحب فراش ہوگئیں اور انھیں اس تہمت تراشی کی بالکل خبر ہی نہیں ہوئی۔

گو کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پاکدامنی کا پورا پورا علم ویقین تھا مگر چوں کہ اپنی بیوی کا معاملہ تھا اس لیے آپ نے اپنی طرف سے اپنی بیوی کی برأت اور پاکدامنی کا اعلان کرنا مناسب نہیں سمجھا اور وحی الٰہی کا انتظار فرمانے لگے اس درمیان آپ اپنے مخلص اصحاب سے اس معاملہ میں مشورہ فرماتے رہے تا کہ ان لوگوں کے خیالات کا پتہ چل سکے۔

چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جب آپ نے اس تہمت کے بارے میں گفتگو فرمائی تو انھوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ منافق یقیناً جھوٹے ہیں اس لیے کہ جب اللہ تعالیٰ کو یہ گوارا نہیں ہے کہ آپ کے جسم اطہر پر ایک مکھی بھی بیٹھ جائے کیوں کہ مکھی نجاست پر بیٹھتی ہے تو بھلا جو عورت ایسی برائی کی مرتکب ہو خداوند قدوس کب اور کیسے برداشت فرمائے گا کہ وہ آپ کی زوجیت میں رہ سکے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب اللہ تعالیٰ نے آپ کے سایہ کو زمین پر نہیں پڑنے دیا تا کہ اس پر کسی کا پاؤں نہ پڑ سکے تو بھلا اس معبود برحق کی غیرت کب

یہ گوارا کرے گی کہ کوئی انسان آپ کی زوجہ محترمہ کے ساتھ ایسی قباحت کا مرتکب ہو سکے؟

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ گزارش کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مرتبہ آپ کی نعلین اقدس میں نجاست لگ گئی تھی تو اللہ تعالیٰ نے جبریل علیہ السلام کو بھیج کر آپ کو خبر دی کہ آپ اپنی نعلین مقدس اتار دیں اس لیے اگر بی بی عائشہ معاذ اللہ ایسی ہوتیں تو ضرور اللہ تعالیٰ آپ پر وحی نازل فرما دیتا کہ آپ ان کو اپنی زوجیت سے نکال دیں۔

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب اس تہمت کی خبر سنی تو انھوں نے اپنی بیوی سے کہا کہ اے بیوی! تو سچ بتا اگر حضرت صفوان بن معطل کی جگہ میں ہوتا تو کیا تو یہ گمان کر سکتی ہے کہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حرم پاک کے ساتھ ایسا کر سکتا تھا؟ تو ان کی بیوی نے جواب دیا کہ اگر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی جگہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بیوی ہوتی تو خدا کی قسم میں کبھی ایسی خیانت نہیں کر سکتی تھی۔ وہ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو مجھ سے لاکھوں درجے بہتر ہیں اور حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو بدرجہا تم سے بہتر ہیں بھلا کیوں کر ممکن ہے کہ یہ دونوں ایسی خیانت کر سکتے ہیں۔

بخاری شریف کی روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس معاملہ میں حضرت علی اور اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے جب مشورہ طلب فرمایا تو حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے برجستہ کہا کہ **اھلک و لا نعلم الا خیرا.**

کہ یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہ آپ کی بیوی ہیں اور ہم انھیں اچھی ہی جانتے ہیں۔

اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ جواب دیا کہ یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ پر کوئی تنگی نہیں ڈالی ہے عورتیں ان کے سوا بہت ہیں اور آپ ان کے بارے میں ان کی لونڈی (حضرت بریرہ) سے

پوچھ لیں وہ آپ سے سچ سچ کہہ دے گی۔

حضرت بریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے جب آپ نے سوال فرمایا تو انھوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس ذات پاک کی قسم جس نے آپ کو رسول برحق بنا کر بھیجا ہے کہ میں نے حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں کوئی عیب نہیں دیکھا ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ وہ ابھی کمسن لڑکی ہیں وہ گوندھا ہوا آٹا چھوڑ کر سو جاتی ہیں اور بکری آ کر کھا ڈالتی ہے۔

پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی زوجہ محترمہ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت فرمایا جو حسن و جمال میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مثل تھیں تو انھوں نے قسم کھا کر یہ عرض کیا کہ یا رسول اللہ

احمی سمعی و بصری و اللہ ما علمت الا خیرا.

میں اپنے کان اور آنکھ کی حفاظت کرتی ہوں خدا کی قسم میں تو حضرت بی بی عائشہ کو اچھی ہی جانتی ہوں۔

اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دن منبر پر کھڑے ہو کر مسلمانوں سے فرمایا کہ اس شخص کی طرف سے مجھے کون معذور سمجھے گا یا میری مدد کرے گا جس نے میری بیوی پر بہتان تراشی کر کے میری دل آزاری کی ہے۔

و اللہ ما علمت علی اھلی الا خیرا.

خدا کی قسم میں اپنی بیوی کو ہر طرح کی اچھی ہی جانتا ہوں۔

و لقد ذکروا رجلا ما علمت علیہ الا خیرا.

اور ان لوگوں (منافقوں) نے (اس بہتان میں) ایک ایسے مرد (صفوان بن معطل) کا ذکر کیا ہے جس کو میں بالکل اچھا ہی جانتا ہوں۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بر سرِ منبر اس تقریر سے معلوم ہوا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت عائشہ اور حضرت صفوان بن معطل رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں کی براءت وطہارت اور عفت و پاکدامنی کا پورا پورا علم اور یقین تھا اور وحی نازل ہونے سے پہلے ہی آپ کو یقینی طور پر معلوم تھا کہ منافق جھوٹے اور ام المومنین پاکدامن ہیں۔ ورنہ آپ بر سرِ منبر قسم کھا کر ان دونوں کی اچھائی کا مجمع عام میں ہرگز اعلان نہ فرماتے مگر پہلے ہی اعلان عام نہ فرمانے کی وجہ یہ تھی کہ اپنی بیوی کی پاکدامنی کا اپنی زبان سے اعلان کرنا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مناسب نہیں سمجھتے تھے۔ جب حد سے زیادہ منافقین نے شور وغوغا شروع کر دیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منبر پر اپنے خیالِ اقدس کا اظہار فرما دیا مگر اب بھی اعلان عام کے لیے آپ کو وحی الٰہی کا انتظار ہی رہا۔

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سفر سے آتے ہی بیمار ہو کر صاحبِ فراش ہو گئی تھیں اس لیے وہ اس بہتان کے طوفان سے بالکل ہی بے خبر تھیں جب انھیں مرض سے کچھ صحت حاصل ہوئی اور وہ ایک رات حضرت ام مسطح صحابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ رفع حاجت کے لیے صحرا میں تشریف لے گئیں تو ان کی زبانی انھوں نے اس دلخراش اور روح فرسا خبر کو سنا جس سے انھیں بڑا دھچکا لگا اور وہ شدتِ رنج وغم سے نڈھال ہو گئیں چنانچہ ان کی بیماری میں مزید اضافہ ہو گیا اور وہ دن رات بلک بلک کر روتی رہیں۔

آخر جب ان سے یہ صدمہ جانکاہ برداشت نہ ہو سکا تو وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اجازت لے کر اپنی والدہ کے گھر چلی گئیں اور اس منحوس خبر کا تذکرہ اپنی والدہ سے کیا، ماں نے کافی تسلی وتشفی دی مگر یہ برابر لگاتار روتی ہی رہیں۔ اسی حالت میں ناگہاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا

کہ اے عائشہ! تمھارے بارے میں ایسی خبر اڑائی گئی ہے اگر تم پاکدامن ہو اور یہ خبر جھوٹی ہے تو عنقریب خداوند تعالیٰ تمھاری برأت کا بذریعہ وحی اعلان فرمادے گا ورنہ تم توبہ واستغفار کرلو۔ کیوں کہ جب کوئی بندہ خدا سے توبہ کرتا ہے اور بخشش مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرمادیتا ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ گفتگو سن کر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے آنسو بالکل تھم گئے اور انھوں نے اپنے والد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جواب دیجیے تو انھوں نے فرمایا کہ خدا کی قسم میں نہیں جانتا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کیا جواب دوں؟ پھر انھوں نے ماں سے جواب دینے کی درخواست کی تو ان کی ماں نے بھی یہی کہا۔

پھر خود حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ جواب دیا کہ لوگوں نے جو ایک بے بنیاد بات اڑائی ہے اور یہ لوگوں کے دلوں میں بیٹھ چکی ہے اور کچھ لوگ اس کو سچ سمجھ چکے ہیں اس صورت میں اگر میں یہ کہوں کہ میں پاکدامن ہوں تو لوگ اس کی تصدیق نہیں کریں گے اور اگر میں اس برائی کا اقرار کرلوں تو سب مان لیں گے حالاں کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں اس الزام سے بری اور پاکدامن ہوں۔ اس وقت میری مثال حضرت یوسف علیہ السلام کے باپ (حضرت یعقوب علیہ السلام) جیسی ہے لہٰذا میں بھی وہی کہتی ہوں جو انھوں نے کہا تھا **فصبر جمیل واللہ المستعان علی ما تصفون** یہ کہتی ہوئی انھوں نے کروٹ بدل کر منھ پھیرلیا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں اس تہمت سے بری اور پاکدامن ہوں۔ اور مجھے یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ ضرور میری برأت کو ظاہر فرمادے گا۔

حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا جواب سن کر ابھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی جگہ سے اٹھے بھی نہ تھے اور ہر شخص اپنی اپنی جگہ پر بیٹھا ہی ہوا تھا کہ ناگہاں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر وحی نازل ہونے لگی اور آپ پر نزول وحی کے وقت کی بے چینی شروع ہوگئی اور باوجودیکہ شدید سردی کا وقت تھا مگر پسینے کے قطرات موتیوں کی طرح آپ کے بدن سے ٹپکنے لگے جب وحی اتر چکی تو ہنستے ہوئے حضور صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عائشہ تم خدا کا شکر ادا کرتے ہوئے اس کی حمد کرو کہ اس نے تمھاری برأت اور پاکدامنی کا اعلان فرما دیا اور پھر آپ نے قرآن کی سورۂ نور میں سے دس آیتوں کی تلاوت فرمائی جو ان الذین جاؤ بالافک سے شروع ہوکر و ان اللہ روف رحیم پر ختم ہوتی ہیں۔

ان آیات کے نازل ہوجانے کے بعد منافقوں کا منھ کالا ہوگیا اور حضرت ام المومنین بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پاکدامنی کا آفتاب اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ اس طرح چمک اٹھا کہ قیامت تک آنے والے مسلمانوں کے دلوں کی دنیا میں نور ایمان سے اجالا ہوگیا۔

پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد نبوی میں ایک خطبہ پڑھا اور سورۂ نور کی آیتیں تلاوت فرما کر مجمع عام میں سنا دیں اور تہمت لگانے والوں میں سے حضرت حسان بن ثابت و حضرت مسطح بن اثاثہ و حضرت حمنہ بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی ان چاروں کو حد قذف کی سزا میں اسی اسی درے مارے گئے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

غزوۂ بنی المصطلق میں نمازیں

غزوۂ بنی المصطلق میں دو نمازوں کو ایک ساتھ مگر اپنے اپنے وقت پر ادا کرنے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے تحریر فرمایا ہے :

احمد و ابن ابی شیبہ بطریق حجاج بن ارطاۃ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال جمع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بین الصلاتین فی غزوۃ بنی المصطلق.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوہ بنی المصطلق میں دو نمازیں جمع فرمائیں۔ (مولف)

احمد بطریق ابن لہیعہ ابوالزبیر سے راوی:

قالت سألت جابرا رضی الله تعالیٰ عنه هل جمع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بین المغرب و العشا قال نعم عام غزونا بنی المصطلق .

ابوزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال کیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عشا کو جمع فرمایا ہے حضرت جابر نے کہا ہاں غزوہ بنی المصطلق کے سال جمع فرمائی ہیں۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۱۶، ۳۱۷۔ حاجز البحرین)

غزوۂ خندق

نعرہائے دلیراں سے بن گونجتے
عرش کوس جرأت پہ لاکھوں سلام

ولما راء المومنون الاحزاب قالوا ھذا ما وعدنا اللہ و رسولہ و صدق اللہ و رسولہ ما زادھم الا ایمانا و تسلیما۔

اور جب مسلمانوں نے کافروں کے لشکر دیکھے بولے یہ ہے وہ جو ہمیں وعدہ دیا تھا اللہ اور اس کے رسول نے اور سچ فرمایا اللہ اور اس کے رسول نے اور اس سے انھیں نہ بڑھا مگر ایمان اور اللہ کی رضا پر راضی ہونا۔

(الاحزاب،۲۲)

غزوۂ خندق ۵ھ

۵ھ کی تمام لڑائیوں میں یہ جنگ سب سے زیادہ مشہور اور فیصلہ کن جنگ ہے چوں کہ دشمنوں سے حفاظت کے لیے شہر مدینہ کے گرد خندق کھودی گئی تھی اس لیے یہ لڑائی ''جنگ خندق'' کہلاتی ہے۔ اور چوں کہ تمام کفار عرب نے متحد ہو کر اسلام کے خلاف یہ جنگ کی تھی اس لیے اس لڑائی کا دوسرا نام ''جنگ احزاب'' (تمام جماعتوں کی متحدہ جنگ) ہے قرآن مجید میں اس لڑائی کا تذکرہ اسی نام کے ساتھ آیا ہے۔

جنگ خندق کا سبب

قبیلہ بنو نضیر کے یہودی جب مدینہ سے نکال دیئے گئے تو ان میں سے یہودیوں کے چند رؤساء خیبر میں جا کر آباد ہو گئے اور خیبر کے یہودیوں نے ان لوگوں کا اتنا اعزاز و اکرام کیا کہ سلام بن الحقیق وحی بن اخطب و کنانہ بن الربیع کو اپنا سردار مان لیا۔ یہ لوگ چوں کہ مسلمانوں کے خلاف غیظ و غضب میں بھرے ہوئے تھے اور انتقام کی آگ ان کے سینوں میں دہک رہی تھی اس لیے ان لوگوں نے مدینہ پر ایک زبردست حملہ کی اسکیم بنائی۔

چنانچہ یہ تینوں اس مقصد کے پیش نظر مکہ گئے، اور کفار قریش سے مل کر یہ کہا کہ اگر تم لوگ ہمارا ساتھ دو تو ہم لوگ مسلمانوں کو صفحۂ ہستی سے نیست و نابود کر سکتے ہیں۔ کفار قریش تو اس کے بھوکے تھے ہی فوراً یہودیوں کی ہاں میں ہاں ملا دی کفار قریش سے ساز باز کر لینے کے بعد ان تینوں یہودیوں نے قبیلۂ بنو غطفان کا رخ کیا اور خیبر کی آدھی آمدنی دینے کا لالچ دے کر ان لوگوں کو بھی مسلمانوں کے خلاف جنگ کرنے کے لیے آمادہ کر لیا پھر بنو غطفان نے اپنے حلیف بنو اسد کو بھی جنگ کے لیے تیار کر لیا ادھر یہودیوں نے اپنے حلیف قبیلہ بنو اسعد کو بھی اپنا ہمنوا بنا لیا اور کفار قریش نے اپنی رشتہ داریوں کی بناء پر قبیلہ بنو سلیم کو بھی اپنے ساتھ ملا لیا۔ غرض اس طرح تمام قبائل عرب کے کفار نے مل جل کر ایک لشکر جرار تیار کر لیا

جس کی تعداد دس ہزار تھی اور ابوسفیان اس پورے لشکر کا سپہ سالار بن گیا۔

مسلمانوں کی تیاری

جب قبائل عرب کے تمام کافروں کے اس گٹھ جوڑ اور حملہ کی خبریں مدینہ پہنچیں تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو جمع فرما کر مشورہ فرمایا کہ اس حملہ کا مقابلہ کس طرح کیا جائے؟ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ رائے دی کہ جنگ احد کی طرح شہر سے باہر نکل کر اتنی بڑی فوج کے حملہ کو میدانی لڑائی میں روکنا مصلحت کے خلاف ہے لہٰذا مناسب یہ ہے کہ شہر کے اندر رہ کر اس حملہ کا دفاع کیا جائے اور شہر کے گرد جس طرف سے کفار کی چڑھائی کا خطرہ ہے ایک خندق کھود لی جائے تا کہ کفار کی پوری فوج بہ یک وقت حملہ آور نہ ہو سکے۔

مدینہ کی تین طرف چوں کہ مکانات کی تنگ گلیاں اور کھجوروں کے جھنڈ تھے اس لیے ان تینوں جانب سے حملہ کا امکان نہیں تھا۔ مدینہ کا صرف ایک رخ کھلا ہوا تھا اس لیے یہ طے کیا گیا کہ اسی طرف پانچ گز گہری خندق کھودی جائے چنانچہ ۸ ذی قعدہ ۵ ھ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین ہزار صحابہ کرام کو ساتھ لے کر خندق کھودنے میں مصروف ہو گئے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود اپنے دست مبارک سے خندق کی حد بندی فرمائی اور دس دس آدمیوں پر دس دس گز زمین تقسیم فرمادی اور تقریباً بیس دن میں یہ خندق تیار ہو گئی۔

ایک عجیب چٹان

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا کہ خندق کھودتے وقت ناگہاں ایک ایسی چٹان نمودار ہو گئی جو کسی سے بھی نہیں ٹوٹی جب ہم نے بارگاہ رسالت میں یہ ماجرا عرض کیا تو آپ اٹھے، تین دن کا فاقہ تھا اور شکم مبارک پر پتھر بندھا ہوا تھا آپ نے اپنے دست مبارک سے پھاوڑا مارا تو وہ چٹان ریت کے بھر بھرے کی طرح بکھر گئی۔

اور ایک روایت میں یہ ہے کہ آپ نے اس چٹان پر تین مرتبہ پھاوڑا مارا ہر ضرب پر اس میں سے ایک روشنی نکلتی تھی اور اس روشنی میں شام و ایران اور یمن کے شہروں کو دیکھ لیا اور ان تینوں ملکوں کے فتح ہونے کی صحابہ کرام کو بشارت دی۔

اور نسائی کی روایت میں ہے کہ آپ نے مدائن کسریٰ و مدائن قیصر اور مدائن حبشہ کی فتوحات کا اعلان فرمایا۔

اسلامی افواج کی مورچہ بندی

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خندق تیار ہو جانے کے بعد عورتوں اور بچوں کو مدینہ کے محفوظ قلعوں میں جمع فرما دیا اور مدینہ پر حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنا خلیفہ بنا کر تین ہزار انصار و مہاجرین کی فوج کے ساتھ مدینہ سے نکل کر ''سلع'' پہاڑ کے دامن میں ٹھہرے۔ سلع آپ کی پشت پر تھا اور آپ کے سامنے خندق تھی مہاجرین کا جھنڈا حضرت زید بن حارثہ کے ہاتھ میں دیا اور انصار کا علمبردار حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بنایا۔

بنو قریظہ کی غداری

قبیلہ بنو قریظہ کے یہودی اب تک غیر جانب دار تھے لیکن بنو نضیر کے یہودیوں نے ان کو بھی اپنے ساتھ ملا کر لشکر کفار میں شامل کر لینے کی کوشش شروع کر دی۔ چنانچہ حی بن اخطب ابو سفیان کے مشورے سے بنو قریظہ کے سردار کعب بن اسد کے پاس گیا پہلے تو اس نے اپنا دروازہ نہیں کھولا اور کہا کہ ہم محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے حلیف ہیں اور ہم نے ان کو ہمیشہ اپنے عہد کا پابند پایا ہے اس لیے ہم ان سے عہد شکنی کرنا خلاف مروت سمجھتے ہیں مگر بنو نضیر کے یہودیوں نے اس قدر شدید اصرار کیا اور طرح طرح سے ورغلایا کہ بالآخر کعب بن اسد معاہدہ توڑنے کے لیے راضی ہو گیا۔ بنو قریظہ نے جب معاہدہ توڑ دیا اور کفار سے مل

گئے تو کفار مکہ اور ابو سفیان خوشی سے باغ باغ ہو گئے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب اس کی خبر ملی تو آپ نے حضرت سعد بن معاذ اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو تحقیق حال کے لیے بنو قریظہ کے پاس بھیجا وہاں جا کر معلوم ہوا کہ واقعی بنو قریظہ نے معاہدہ توڑ دیا ہے جب ان دونوں معزز صحابیوں نے بنو قریظہ کو ان کا معاہدہ یاد دلایا تو ان بدذات یہودیوں نے انتہائی بے حیائی کے ساتھ یہاں تک کہہ دیا کہ ہم کچھ نہیں جانتے کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کون ہیں اور معاہدہ کس کو کہتے ہیں۔ ہمارا کوئی معاہدہ ہوا ہی نہیں تھا۔

یہ سن کر دونوں حضرات واپس آ گئے اور صورت حال سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مطلع کیا تو آپ نے بلند آواز سے اللہ اکبر کہا اور فرمایا کہ مسلمانو تم اس سے نہ گھبراؤ، نہ اس کا غم کرو اس میں تمھارے لیے بشارت ہے۔

انصار کی ایمانی شجاعت

محاصرہ کی وجہ سے مسلمانوں کی پریشانی دیکھ کر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ خیال کیا کہ کہیں مہاجرین و انصار ہمت نہ ہار جائیں اس لیے آپ نے ارادہ فرمایا کہ قبیلہ غطفان کے سردار عیینہ بن حصن سے اس شرط پر معاہدہ کر لیں کہ وہ مدینہ کی ایک تہائی پیداوار لے لیا کرے اور کفار مکہ کا ساتھ چھوڑ دے مگر جب آپ نے سعد بن معاذ اور حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اپنا یہ خیال ظاہر فرمایا تو ان دونوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اگر اس بارے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی اتر چکی ہے جب تو ہمیں اس سے انکار کی مجال ہی نہیں ہو سکتی اور اگر یہ ایک رائے ہے تو یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب ہم کفر کی حالت میں تھے اس وقت تو قبیلۂ غطفان کے سرکش کبھی ہماری ایک کھجور نہ لے سکے اور اب جب کہ اللہ تعالیٰ نے ہم لوگوں کو اسلام اور آپ کی غلامی کی عزت سے سرفراز فرما دیا ہے تو بھلا کیوں کر ممکن ہے کہ ہم اپنا مال ان کافروں کو دے دیں گے؟

ہم ان کفار کو کھجوروں کا انبار نہیں بلکہ نیزوں اور تلواروں کی مار کا تحفہ دیتے رہیں گے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ فرمادے گا۔ یہ سن کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خوش ہو گئے اور آپ کو پورا پورا اطمینان ہو گیا۔

کفار کا حملہ

کفار قریش اور ان کے اتحادیوں نے دس ہزار کے لشکر کے ساتھ مسلمانوں پر ہلہ بول دیا اور تین طرف سے کافروں کا لشکر اس زور وشور کے ساتھ مدینہ پر امنڈ پڑا کہ شہر کی فضاؤں میں گرد وغبار کا طوفان اٹھ گیا۔

منافقین جو مسلمانوں کے دوش بدوش کھڑے تھے وہ کفار کے اس لشکر کو دیکھتے ہی بزدل ہو کر پھسل گئے اور اس وقت ان کے نفاق کا پردہ چاک ہو گیا۔

لیکن اسلام کے سچے جاں نثار مہاجرین وانصار نے جب لشکر کفار کی طوفانی یلغار کو دیکھا تو اس طرح سینہ سپر ہو کر ڈٹ گئے کہ سلع اور احد کی پہاڑیاں سر اٹھا اٹھا کر ان مجاہدین کی اولوالعزمی کو حیرت سے دیکھنے لگیں۔

کفار کا لشکر جب آگے بڑھا تو سامنے خندق دیکھ کر ٹھہر گیا اور شہر مدینہ کا محاصرہ کر لیا اور تقریباً ایک مہینے تک کفار شہر مدینہ کے گرد گھیرا ڈالے ہوئے پڑے رہے اور یہ محاصرہ اس سختی کے ساتھ قائم رہا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ پر کئی کئی فاقے گزر گئے۔

کفار نے ایک طرف تو خندق کا محاصرہ کر رکھا تھا اور دوسری طرف اس لیے حملہ کرنا چاہتے تھے کہ مسلمانوں کی عورتیں اور بچے قلعوں میں پناہ گزیں تھے مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جہاں خندق کے مختلف حصوں پر صحابہ کرام کو مقرر فرما دیا تھا کہ وہ کفار کے حملوں کا مقابلہ کرتے رہیں اسی طرح عورتوں اور بچوں کی حفاظت کے لیے بھی کچھ صحابہ کرام کو متعین کر دیا تھا۔

خندق کی وجہ سے دست بدست لڑائی نہیں ہوسکتی تھی کفار حیران تھے کہ اس خندق کو کیوں کر پار کریں مگر دونوں طرف سے روزانہ برابر تیر اور پتھر چلا کرتے تھے آخر ایک روز عمر بن عبدود وعکرمہ بن ابی جہل وہبیرہ بن وہب وضرار بن الخطاب وغیرہ کفار کے چند بہادروں نے بنو کنانہ سے کہا کہ اٹھو آج مسلمانوں سے جنگ کر کے بتادو کہ شہسوار کون ہے؟ چنانچہ یہ سب خندق کے پاس آگئے اور ایک ایسی جگہ سے جہاں خندق کی چوڑائی کچھ کم تھی گھوڑے کودا کر خندق پار کرلیا۔

عمر بن عبدود کو جو ایک ہزار سوار کے برابر مانا جاتا تھا۔ حضرت علی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قتل کر دیا اور حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نوفل کو دو ٹکڑے کر دیا اور دیگر کفار نے بھاگ کر خندق پار کرلیا۔

کفار کا فرار

حضرت نعیم بن مسعود اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قبیلہ غطفان کے بہت ہی معزز سردار تھے اور قریش و یہود دونوں کو ان کی ذات پر پورا پورا اعتماد تھا یہ مسلمان ہو چکے تھے لیکن کفار کو ان کے اسلام کا علم نہ تھا انھوں نے بارگاہ رسالت میں یہ درخواست کی کہ یا رسول اللہ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں یہود اور قریش دونوں سے ایسی گفتگو کروں کہ دونوں میں پھوٹ پڑ جائے آپ نے اس کی اجازت دے دی۔ چنانچہ انھوں نے یہود اور قریش سے الگ الگ کچھ اس قسم کی باتیں کیں جس سے واقعی دونوں میں پھوٹ پڑ گئی۔

ابوسفیان شدید سردی کے موسم، طویل محاصرہ اور فوج کا راشن ختم ہو جانے سے حیران و پریشان تھا جب اس کو یہ پتہ چلا کہ یہودیوں نے ہمارا ساتھ چھوڑ دیا ہے تو اس کا حوصلہ پست ہو گیا اور وہ بالکل ہی بددل ہو گیا پھر ناگہاں کفار کے لشکر پر قہر قہار و غضب جبار کی ایسی مار پڑی کہ اچانک مشرق کی جانب سے ایسی طوفان خیز آندھی آئی کہ دیگیں چولھوں پر سے الٹ پلٹ ہو گئیں، خیمے اکھڑ کر اڑ گئے اور کافروں پر ایسی وحشت اور دہشت سوار ہو گئی کہ انھیں راہ فرار اختیار کرنے کے سوا کوئی چارۂ کار ہی نہیں رہا۔

ابو سفیان نے اپنی فوج میں اعلان کرا دیا کہ راشن ختم ہو چکا ہے، موسم انتہائی خراب ہے، یہودیوں نے ہمارا ساتھ چھوڑ دیا لہٰذا اب محاصرہ بے کار ہے یہ کہہ کر کوچ کا نقارہ بجا دینے کا حکم دے دیا اور بھاگ نکلا قبیلۂ غطفان کا لشکر بھی چل دیا، بنوقریظہ بھی محاصرہ چھوڑ کر اپنے قلعوں میں چلے آئے اور ان لوگوں کے بھاگ جانے سے مدینہ کا مطلع کفار کے گرد و غبار سے صاف ہو گیا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

حضرت جابر کی دعوت

جنگ خندق کے موقع پر حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام پر کئی فاقے ہو گئے یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شکم اطہر پر تین پتھر بندھے ہوئے تھے اس منظر کو دیکھ کر حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور کی دعوت کی اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے غزوہ خندق میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعوت کی اور دو صاحبوں کے قابل کھانا پکایا جب یہ دعوت کو عرض کرنے گئے ہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باآواز بلند ارشاد فرمایا کہ اہل خندق جابر تمھاری ضیافت کرتا ہے وہ ایک ہزار صحابہ کرام تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا جب تک ہم تشریف نہ لائیں کھانا نہ اتارا جائے او کما قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھبرائے ہوئے اپنے گھر تشریف لائے اور اپنی زوجہ مقدسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حال بیان کیا کہ یہاں دو ہی آدمیوں کے قابل کھانا ہے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع ایک ہزار صحابہ کے تشریف لاتے ہیں۔ ان بی بی نے کہا آپ کو اس کی فکر کیا ہے جو لاتے ہیں وہی سامان فرمانے والے ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے آئے اور ہانڈی میں لعاب دہن اقدس ڈالا اور

ارشاد فرمایا کہ روٹی پکانے والی بلالو اور ہانڈی چولھے پر رہنے دو۔اس قلیل آٹے اور گوشت سے ایک ہزار صحابہ کو پیٹ بھر کر کھلا دیا اور ہانڈی ویسا ہی جوش مارتی رہی اور آٹا ذرا کم نہ ہوا۔ (فتاویٰ رضویہ ج۹،ص ۳۸۰)

ہوا سے مدد کی گئی

جنگ خندق میں مسلمانوں کی ہوا سے مدد کی گئی اور اس سے کفار و مشرکین پر خوف و وہشت طاری ہوئی اور وہ بھاگ گئے اس کے متعلق ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

جب مجمع ہوا کفار کا مدینہ طیبہ پر کہ اسلام کا قلع قمع کر دیں غزوۂ احزاب کا واقعہ ہے رب عزوجل نے مدد فرمانا چاہی اپنے حبیب کی۔شمالی ہوا کو حکم ہوا جا اور کافروں کو نیست و نابود کر دے۔اس نے کہا:

الحلائل لا يخرجن بالليل

بیبیاں رات کو باہر نہیں نکلتیں۔

فاعقمها الله تعالىٰ .

تو اللہ نے اس کو بانجھ کر دیا۔

اسی وجہ سے شمالی ہوا سے کبھی پانی نہیں برستا۔پھر صبا یعنی پروائی سے فرمایا۔

فقالت سمعنا و اطعنا.

تو اس نے عرض کیا ہم نے سنا اور اطاعت کی۔

وہ گئی اور کفار کو برباد کرنا شروع کیا صرف ایک خندق درمیان تھی اس پار مسلمان تھے اس پار کفار ادھر صبح تک چراغ جلتے رہے اور دوسری طرف اونٹ بارہ بارہ کوس پر گرے۔تو پروائی کو یہ نعمت دی کہ بارش اسی کے ساتھ ہوتی ہے۔ (الملفوظ، چہارم)

غزوۂ بنی قریظہ

ذاک جبریل الی بنی قریظۃ ، یزلزل بہم حصونہم و یقذف الرعب فی قلوبہم

(الحدیث)

غزوۂ بنی قریظہ ۵ھ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنگ خندق سے فارغ ہوکر اپنے مکان میں تشریف لائے اور ہتھیار اتار کر غسل فرمایا ابھی اطمینان کے ساتھ بیٹھے بھی نہ تھے کہ ناگہاں حضرت جبریل علیہ السلام تشریف لائے اور کہا کہ یارسول اللہ! (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ نے ہتھیار اتار دیا لیکن ہم فرشتوں کی جماعت نے ابھی تک ہتھیار نہیں اتارا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ حکم ہے کہ آپ بنو قریظہ کی طرف چلیں کیوں کہ ان لوگوں نے معاہدہ توڑ کر علانیہ جنگ خندق میں کفار کے ساتھ مل کر مدینہ پر حملہ کیا ہے۔

چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعلان کر دیا کہ لوگ ابھی ہتھیار نہ اتاریں اور بنی قریظہ کی طرف روانہ ہو جائیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود بھی ہتھیار زیب تن فرمایا اپنے گھوڑے پر جس کا نام ''لحیف'' تھا سوار ہو کر لشکر کے ساتھ چل پڑے اور بنو قریظہ کے ایک کنویں کے پاس پہنچ کر نزول فرمایا۔

بنی قریظہ بھی جنگ کے لیے بالکل تیار تھے چنانچہ جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے قلعوں کے پاس پہنچے تو ان ظالم اور عہد شکن یہودیوں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو (معاذ اللہ) گالیاں دیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے قلعوں کا محاصرہ فرمالیا اور تقریباً ایک مہینہ تک یہ محاصرہ جاری رہا۔ یہودیوں نے تنگ آکر یہ درخواست پیش کی کہ۔

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے بارے میں جو فیصلہ کر دیں۔ وہ ہمیں منظور ہے۔

حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنگ خندق میں ایک تیر کھا کر شدید طور پر زخمی تھے مگر اسی حالت میں وہ ایک گدھے پر سوار ہو کر بنی قریظہ گئے اور انھوں نے یہودیوں کے بارے میں یہ فیصلہ فرمایا کہ

''لڑنے والی فوجوں کو قتل کر دیا جائے، عورتیں اور بچے قیدی بنا لیے جائیں اور یہودیوں کا مال و

اسباب مال غنیمت بنا کر مجاہدوں میں تقسیم کر دیا جائے۔"

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی زبان سے یہ فیصلہ سن کر ارشاد فرمایا کہ یقیناً بلاشبہ تم نے ان یہودیوں کے بارے میں وہی فیصلہ سنایا ہے جو اللہ کا فیصلہ ہے۔

اس فیصلہ کے مطابق بنی قریظہ کی لڑاکا فوجیں قتل کی گئیں اور عورتوں، بچوں کو قیدی بنالیا گیا اور ان کے مال و سامان کو مجاہدین اسلام نے مال غنیمت بنالیا اور اس شریر و بدعہد قبیلہ کے شر و فساد سے ہمیشہ کے لیے پر امن مسلمان محفوظ ہو گئے۔

یہودیوں کا سردار حی بن اخطب جب قتل کے لیے مقتل میں لایا گیا تو اس نے قتل ہونے سے پہلے یہ الفاظ کہے کہ

اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) خدا کی قسم مجھے اس کا ذرا بھی افسوس نہیں ہے کہ میں نے کیوں تم سے عداوت کی لیکن حقیقت یہ ہے کہ جو خدا کو چھوڑ دیتا ہے خدا بھی اس کو چھوڑ دیتا ہے۔ لوگو! خدا کے حکم کی تعمیل میں کوئی مضائقہ نہیں۔ بنی قریظہ کا قتل ہونا یہ ایک حکم الٰہی تھا یہ (توراۃ میں) لکھا ہوا تھا یہ ایک سزا تھی جو خدا نے بنی اسرائیل پر لکھی تھی۔

.. یہ حی بن اخطب وہی بدنصیب ہے، کہ جب وہ مدینہ سے جلاوطن ہو کر خیبر جا رہا تھا تو اس نے یہ معاہدہ کیا تھا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مخالفت پر میں کسی کو مدد نہ دوں گا اور اس عہد پر اس نے خدا کو ضامن بنالیا تھا لیکن جنگ خندق کے موقع پر اس نے اس معاہدہ کو توڑ ڈالا کہ اس ظالم نے تمام کفار عرب کے پاس دورہ کر کے سب کو مدینہ پر حملہ کرنے کے لیے ابھارا پھر بنو قریظہ کو بھی معاہدہ توڑنے پر اکسایا۔ پھر خود جنگ خندق میں کفار کے ساتھ مل کر لڑائی میں شریک ہوا۔ (مولف)

(مدارج النبوہ، جلد۲۔ سیرت مصطفیٰ)

نمازعصر کا معاملہ

جب بنوقریظہ پرلشکرکشی اوران پر حملے کا حکم ہواتو حضوراقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو بعجلت پہنچنے کی تاکید فرمائی امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

جب یہودی بنی قریظہ پرلشکرکشی فرمائی، عسکرظفر پیکر میں اس منادی کا حکم فرمایا کہ **من کان سامعا مطیعا فلا یصلین العصر الا فی بنی قریظة.**

جو بات سنتا اور حکم مانتا ہو وہ ہرگز عصر نہ پڑھے مگر آبادی بنی قریظہ میں۔

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم رواں ہوئے راہ میں وقت عصر ہوا، اس پر دوفرقے ہوگئے۔

بعض نے کہا **لا نصلی حتی نأتیها**

ہم تو جب تک اس آبادی میں نہ پہنچ جائیں نماز نہ پڑھیں گے، کہ ہمیں ارشاد فرمادیا ہے کہ نماز وہیں پہنچ کر پڑھنا۔

بعض نے کہا **بل نصلی لم یرد منا ذلک .**

بلکہ ہم نماز راہ ہی میں پڑھ لیں گے۔ ارشاد سے مقصود جلدی تھی نہ یہ کہ نماز قضا کردی جائے۔

غرض کچھ نے نماز راہ میں پڑھ لی اور جاملے۔ کچھ نے نہ پڑھی یہاں تک کہ عشا کے وقت وہاں پہنچے۔ دونوں فریق کا حال بارگاہ اقدس میں معروض ہوا۔ **و لم یعنف واحدا منهم**

حضوراقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان میں سے کسی پر اعتراض نہ فرمایا۔ اسے امام بخاری و مسلم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

علماء فرماتے ہیں ایک فریق نے مقصود پرنظر کی اور دوسرے نے لفظ کو دیکھا۔ (فقہ شہنشاہ)

بنی قریظہ میں جبریل کی آمد

بنی قریظہ میں جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام کی آمد سے متعلق امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں :

رای الصحابة رضی الله تعالیٰ عنهم فی مسیرهم الی بنی قریظة د حیة بن خلیفة متوجها الیهم علی بغلة بیضاء فاخبروا به النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال ذاک جبریل بعث الی بنی قریظة یزلزل بهم حصونهم و یقذف الرعب فی قلوبهم

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بنو قریظہ کو جاتے ہوئے دحیہ بن خلیفہ کلبی کو دیکھا کہ وہ سپید خچر پر بنو قریظہ کی طرف جا رہے ہیں صحابہ کرام نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ بتایا تو حضور نے فرمایا کہ وہ جبریل ہیں جو بنو قریظہ کی طرف بھیجے گئے ہیں وہ ان کے قلعوں کو ہلا دیں گے اور ان کے دلوں میں رعب ڈالیں گے۔ (مولف) (انوار المنان ص ۲۴۱)

۵ ھ کے متفرق واقعات

(۱) اس سال حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمایا۔

(۲) اسی سال مسلمان عورتوں پر پردہ فرض کیا گیا۔

(۳) اسی سال حد قذف (کسی پر زنا کی تہمت لگانے کی سزا) اور لعان و ظہار کے احکام نازل ہوئے۔

(۴) اسی سال تیمم کی آیت نازل ہوئی۔

(۴) اسی سال نماز خوف کا حکم نازل ہوا۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ)

قضیہ عکل

الله

قضیۂ عکل

۶ھ میں عکل اور عرینہ کا قضیہ واقع ہوا۔ اس کو سریہ کرز بن جابر فہری بھی کہتے ہیں، ابن اسحاق نے کہا کہ یہ بعد غزوۂ ذی قرد ماہ جمادی الاخریٰ میں واقع ہوا اور بخاری نے اس کا ذکر حدیبیہ کے بعد ماہ ذی قعدہ میں کیا ہے اور واقدی نے ماہ شوال میں ذکر کیا ہے ابن سعد و ابن حبان نے انھیں کا اتباع کیا ہے۔

صحیح بخاری کتاب المغازی میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

عکل اور عرینہ کے لوگ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور زبان سے اسلام کا اظہار و اقرار کیا۔ پھر وہ کہنے لگے یا نبی اللہ ہم اونٹ اور بکریوں والے ہیں اور ہم اہل زراعت نہیں ہیں، ہماری زمینیں چارا اور کھجوریں نہیں اگاتی ہیں، ہم شہری زندگی کے بھی عادی نہیں ہیں۔ انھوں نے مدینہ کی آب و ہوا کو ناگوار اور گراں جانا یہ ان کے مزاج کے موافق نہ آئی اور وہ بیمار ہو گئے ان کے پیٹوں پر ورم آ گیا اور ان کا رنگ و روپ پیلا پڑ گیا۔ اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ ان کو اونٹ دے دو، دو یا تین یا دس تک حکم فرمایا اور فرمایا ان کا دودھ اور ان کا پیشاب پیو۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اونٹ مسجد قبا کے نواح میں جبل عیر کے قریب تھے انھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان کے بموجب اونٹوں کا دودھ اور پیشاب پیا وہ سب صحت مند اور تندرست ہو گئے۔

اس مسئلہ میں علماء کے کئی قول ہیں۔

ایک یہ کہ جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے ان کا پیشاب پاک ہے اگر وہ پاک نہ ہوتا تو حضور

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پینے کا حکم نہ دیتے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ یہ پینا علاج کی غرض سے تھا۔

تیسرا قول یہ ہے کہ وہ نجس وحرام تو ہے لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمانا وحی کے ذریعہ اس قوم کے لیے مخصوص تھا تو جس سے وہ تندرست ہو کر اپنے حال پر آ گئے لیکن پھر وہ اظہار اسلام کے بعد کافر ہو گئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چرواہوں کو شہید کر کے اونٹ لے گئے۔

جب یہ خبر بارگاہ رسالت میں پہنچی تو ان کے تعاقب وتلاش میں بھیجا اور حکم دیا کہ ان کی آنکھوں میں سلاخ پھیر کے دھوپ میں ڈال دیں تاکہ مر جائیں۔ ایک روایت میں ہے کہ مقطوع الاعضا کو داغا نہ جائے جیسا کہ عام عادت ہے دست بریدہ کو داغ دیتے ہیں تاکہ خون بند ہو جائے اور ہلاکت کی طرف نہ لے جائے بخلاف ان لوگوں کے کہ انھیں داغ نہ دیں تاکہ خون جاری رہے اور وہ ہلاک ہو جائیں۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ان میں سے ایک کو دیکھا ہے جو دانتوں سے زمین کو کاٹتا تھا یہاں تک کہ وہ مر گیا۔ مروی ہے کہ وہ پانی مانگتے تھے مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے تمھارے لیے جہنم کی آگ ہے۔

آنکھوں میں سلاخ پھیرنا اور ہاتھ کاٹنا اور دھوپ میں ڈالنا اور داغ نہ دینا بطریق قصاص تھا چوں کہ انھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چرواہوں کے ساتھ ایسا ہی کیا تھا۔

ارباب سیر بیان کرتے ہیں کہ یہ لوگ اونٹ لے جانے سے پہلے اصحاب صفہ کی جانب آ کے بیٹھے تھے، اس مقام میں ممکن ہے کہ بعض نادان اور کم فہم لوگ یہ خیال کریں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ان کی حرکتیں اور ان کا کفر پہلے ہی کیوں نہ مکشوف ہوا اور ان کو کیوں مسلمانوں کے درمیان چھوڑ دیا اور کیوں نہ

انھیں ان کے پاس سے نکال دیا؟

یہ سب جاہلانہ باتیں ہیں اس لیے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا باخبر ہونا اور ان کے انجام سے مطلع ہونا وحی اور اعلام الٰہی سے ہوتا ہے اور اس وقت ایسا نہ ہوا تھا اس میں ایسی حکمتیں ہوں گی جسے بجز علام الغیوب کے کوئی نہیں جانتا۔

یہی حکم تمام اہل کشف اور ارباب خبر اولیاء کا ہے۔

ان ناپاکوں کی تعداد آٹھ تھی اور اونٹوں کی تعداد پندرہ تھی اور لشکر بیس سواروں کا تھا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ، جلد اول)

عکل کے لوگ صفہ میں ٹھہرے تھے

قبیلہ عکل کے لوگ جب بارگاہ رسالت میں آئے تو ان کے قیام سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں :

صحیح بخاری شریف میں ہے

(باب نوم الرجال فی المسجد) و قال ابو قلابة عن انس رضی الله تعالیٰ عنه قدم رهط من عکل علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فکانوا فی الصفة .

ابو قلابہ نے کہا حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ عکل کے کچھ لوگ بارگاہ رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں آئے تو وہ لوگ صفہ میں ٹھہرے۔

صفہ، مسجد نبوی کا وہ چبوترہ جس میں اصحاب صفہ رہا کرتے تھے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۷۹۔ التبصیر المنجد)

صلح حدیبیہ

إنا فتحنا لك فتحا مبينا ۔ ليغفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تأخر ويتم نعمته عليك ويهديك صراطا مستقيما

بے شک ہم نے تمھارے لیے روشن فتح فرمادی تا کہ اللہ تمھارے سبب سے گناہ بخشے تمھارے اگلوں کے اور تمھارے پچھلوں کے اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کردے اور تمھیں سیدھی راہ دکھاوے۔ (الفتح،۱۔۲)

صلح حدیبیہ ۶ ھ

حدیبیہ ایک مقام کا نام ہے جو مکہ مکرمہ سے نو میل کے فاصلہ پر واقع ہے یہ مقام حل وحرم کا جامع ہے۔علماء فرماتے ہیں کہ زیادہ تر علاقہ حرم ہے۔اصل میں حدیبیہ ایک کنوئیں کا نام ہے یا کسی درخت کا جو اس مقام میں ہے اب یہ اس مقام کا نام ہی ہوگیا ہے۔وہ خاص جگہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں متعین ومعلوم تھی اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانہ میں وہ جگہ مبہم ومجہول ہوگئی،لوگ اس کے پانے اور زیارت کرنے سے محروم ہوگئے،آپ کے سفر کی سمت تو معلوم ہے لیکن مخصوص جگہ غیر یقینی ہوگئی ہے۔

صحیح بخاری میں سعید بن المسیب جو اکابر تابعین سے ہیں اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ ان حضرات میں سے تھے جنھوں نے درخت کے نیچے بیعت کی تھی،وہ فرماتے ہیں کہ جب دوسرے سال گئے تو ہم نے بتایا لیکن اس جگہ کو پہچان نہ سکے۔

طارق بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں کہ میں حج کے لیے گیا تو میں نے ایک جماعت کو پایا جو حدیبیہ میں نماز پڑھ رہی تھی،اس زمانہ میں مکہ مکرمہ آنے کا راستہ یہی حدیبیہ تھا اب حدیبیہ داہنے ہاتھ پر رہ جاتا ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک جماعت دیکھی جو اس مقام کی مسجد میں نماز پڑھ رہی تھی۔میں نے پوچھا یہ مسجد کیسی ہے اور کیوں اس جگہ بنائی گئی ہے؟لوگوں نے بتایا کہ یہ جگہ اس درخت کی ہے جہاں صحابہ کرام نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس درخت کے نیچے بیعت کی تھی جسے بیعت رضوان کہتے ہیں۔

بیعۃ الرضوان

ذوالقعدہ ۶ ھ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چودہ سو صحابہ کرام کے ساتھ عمرہ کا احرام باندھ کر مکہ کے لیے روانہ ہوئے۔حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اندیشہ تھا کہ شاید کفار مکہ ہمیں عمرہ ادا کرنے سے

روکیں گے اس لیے آپ نے پہلے ہی قبیلۂ خزاعہ کے ایک شخص کو مکہ بھیج دیا تھا تا کہ وہ کفار مکہ کے ارادوں کی خبر لائے ۔ جب آپ کا قافلہ مقام عسفان کے قریب پہنچا تو وہ شخص یہ خبر لے کر آیا کہ کفار مکہ نے تمام قبائل عرب کے کافروں کو جمع کر کے یہ کہہ دیا ہے کہ مسلمانوں کو ہرگز ہرگز مکہ میں داخل نہ ہونے دیا جائے ۔

چنانچہ کفار قریش نے اپنے تمام ہمنوا قبائل کو جمع کر کے ایک فوج تیار کر لی اور مسلمانوں کا راستہ روکنے کے لیے مکہ سے باہر نکل کر مقام بلدح میں پڑاؤ ڈال دیا۔ اور خالد بن ولید اور ابوجہل کا بیٹا عکرمہ یہ دونوں دوسو چنے ہوئے سواروں کا دستہ لے کر مقام ''غمیم'' تک پہنچ گئے ۔

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو راستہ میں خالد بن الولید کے سواروں کی گرد نظر آئی تو آپ نے شاہراہ سے ہٹ کر سفر شروع کر دیا اور عام راستہ سے کٹ کر آگے بڑھے اور مقام ''حدیبیہ'' میں پہنچ کر پڑاؤ ڈالا۔

مقام حدیبیہ میں پہنچ کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ دیکھا کہ کفار قریش کا ایک عظیم لشکر جنگ کے لیے آمادہ ہے اور ادھر یہ حال ہے کہ سب لوگ احرام باندھے ہوئے ہیں، اس حالت میں جوئیں بھی نہیں مار سکتے ۔ تو آپ نے مناسب سمجھا کہ کفار مکہ سے مصالحت کی گفتگو کرنے کے لیے کسی کو مکہ بھیج دیا جائے ۔

چنانچہ اس کام کے لیے آپ نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو منتخب فرمایا لیکن انھوں نے یہ کہہ کر معذرت کر دی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کفار قریش میرے بہت ہی سخت دشمن ہیں اور مکہ میں میرے قبیلے کا کوئی ایک شخص بھی ایسا نہیں ہے جو مجھ کو ان کافروں سے بچا سکے ۔

یہ سن کر آپ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مکہ بھیجا۔ انھوں نے مکہ پہنچ کر کفار قریش کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے صلح کا پیغام پہنچایا۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی مالداری اور اپنے قبیلہ والوں کی حمایت و پاسداری کی وجہ سے کفار قریش کی نگاہوں میں بہت زیادہ معزز تھے اس لیے کفار قریش ان پر کوئی دست درازی نہیں کر سکے بلکہ ان سے یہ کہا کہ ہم آپ کو اجازت دیتے ہیں کہ آپ

کعبہ کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کر کے اپنا عمرہ ادا کر لیں مگر ہم محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو کبھی ہرگز ہرگز کعبہ کے قریب نہ آنے دیں گے۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انکار کر دیا اور کہا کہ میں بغیر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ساتھ لیے کبھی ہرگز اکیلے اپنا عمرہ نہیں ادا کر سکتا۔ اس پر بات بڑھ گئی اور کفار نے آپ کو مکہ میں روک لیا۔ مگر حدیبیہ کے میدان میں یہ خبر مشہور ہو گئی کہ کفار قریش نے ان کو شہید کر دیا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب یہ خبر پہنچی تو آپ نے فرمایا کہ عثمان کے خون کا بدلہ لینا فرض ہے یہ فرما کر آپ ایک ببول کے درخت کے نیچے بیٹھ گئے اور صحابہ کرام سے فرمایا کہ تم سب لوگ میرے ہاتھ پر اس بات کی بیعت کرو کہ آخری دم تک تم لوگ میرے وفادار اور جاں نثار رہو گے۔ تمام صحابہ کرام نے نہایت ہی ولولہ انگیز جوش و خروش کے ساتھ جاں نثاری کا عہد کرتے ہوئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست حق پرست پر بیعت کر لی۔ یہی وہ بیعت ہے جس کا نام تاریخ اسلام میں ''بیعۃ الرضوان'' ہے۔

لیکن بیعۃ الرضوان ہو جانے کے بعد پتہ چلا کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کی خبر غلط تھی وہ باعزت طور پر مکہ میں زندہ و سلامت تھے اور پھر وہ بخیر و عافیت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر بھی ہو گئے۔

صلح حدیبیہ کیوں کر ہوئی

حدیبیہ میں سب سے پہلا شخص جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا وہ بدیل بن ورقا خزاعی تھا اس کا قبیلہ اگرچہ ابھی تک مسلمان نہیں ہوا تھا مگر یہ لوگ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حلیف اور انتہائی مخلص و خیر خواہ تھے۔ بدیل بن ورقا نے آپ کو خبر دی کہ کفار قریش نے کثیر تعداد میں فوج جمع کر لی ہے اور فوج کے ساتھ راشن کے لیے دودھ والی اونٹنیاں بھی ہیں یہ لوگ آپ سے جنگ کریں گے اور آپ کو خانہ کعبہ تک نہیں پہنچنے دیں گے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم قریش کو میرا یہ پیغام پہنچا دو کہ ہم جنگ کے ارادے سے نہیں آئے ہیں اور نہ ہم جنگ چاہتے ہیں۔ہم یہاں صرف عمرہ ادا کرنے کی غرض سے آئے ہیں۔ مسلسل لڑائیوں سے قریش کو بہت کافی جانی و مالی نقصان پہنچ چکا ہے۔لہٰذا ان کے حق میں یہی بہتر ہے کہ وہ جنگ نہ کریں بلکہ مجھ سے ایک مدت معینہ تک کے لیے صلح کا معاہدہ کرلیں اور مجھ کو اہل عرب کے ہاتھ میں چھوڑ دیں۔ اگر قریش میری بات مان لیں تو بہتر ہوگا اور اگر انھوں نے مجھ سے جنگ کی تو مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ میں ان سے اس وقت تک لڑوں گا کہ میری گردن میرے بدن سے الگ ہو جائے۔

بدیل بن ورقا آپ کا یہ پیغام لے کر کفار قریش کے پاس گیا اور کہا کہ میں محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کا ایک پیغام لے کر آیا ہوں اگر تم لوگوں کی مرضی ہو تو میں ان کا پیغام تم لوگوں کو سناؤں۔ کفار قریش کے شرارت پسند لونڈے جن کا جوش ان کے ہوش پر غالب تھا شور مچانے لگے کہ نہیں، ہرگز نہیں، ہمیں ان کا پیغام سننے کی کوئی ضرورت نہیں ہے لیکن کفار قریش کے سنجیدہ اور سمجھ دار لوگوں نے پیغام سنانے کی اجازت دے دی اور بدیل بن ورقا نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعوت صلح کو ان لوگوں کے سامنے پیش کر دیا۔

یہ سن کر قبیلہ قریش کا ایک بہت ہی معمر اور معزز سردار عروہ بن مسعود ثقفی کھڑا ہو گیا اور اس نے کہا کہ اے قریش کیا میں تمہارا باپ نہیں؟ سب نے کہا کہ کیوں نہیں پھر اس نے کہا کہ کیا تم لوگ میرے بچے نہیں؟ سب نے کہا کہ کیوں نہیں پھر اس نے کہا کہ میرے بارے میں تم لوگوں کو کوئی بدگمانی تو نہیں؟ سب نے کہا کہ نہیں ہرگز نہیں۔ اس کے بعد عروہ بن مسعود نے کہا کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے بہت سمجھداری اور بھلائی کی بات پیش کر دی لہٰذا تم لوگ مجھے اجازت دو کہ میں ان سے مل کر معاملات طے کروں۔ سب نے اجازت دے دی کہ بہت اچھا، آپ جایئے۔

عروہ بن مسعود وہاں سے چل کر حدیبیہ کے میدان میں پہنچا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو

مخاطب کر کے یہ کہا کہ بدیل بن ورقا کی زبانی آپ کا پیغام ہمیں ملا۔ اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) مجھے آپ سے یہ کہنا ہے کہ اگر آپ نے لڑ کر قریش کو برباد کر کے دنیا سے نیست و نابود کر دیا تو مجھے بتائیے کہ کیا آپ سے پہلے کبھی کسی عرب نے اپنی ہی قوم کو برباد کیا ہے؟ اور اگر لڑائی میں قریش کا پلہ بھاری پڑا تو آپ کے ساتھ جو یہ لشکر ہے میں ان میں سے ایسے چہروں کو دیکھ رہا ہوں کہ یہ سب آپ کو تنہا چھوڑ کر بھاگ جائیں گے۔ عروہ بن مسعود کا یہ جملہ سن کر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صبر و ضبط کی تاب نہ رہی انھوں نے تڑپ کر کہا اے عروہ! چپ تو جا، اپنی دیوی ''لات'' کی شرمگاہ چوس کیا ہم بھلا اللہ کے رسول کو چھوڑ کر بھاگ جائیں گے۔

عروہ بن مسعود نے تعجب سے پوچھا کہ یہ کون شخص ہے؟ لوگوں نے کہا کہ یہ ابوبکر ہیں، عروہ بن مسعود نے کہا کہ مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ اے ابوبکر اگر تیرا ایک احسان مجھ پر نہ ہوتا جس کا بدلہ میں اب تک تجھ کو نہیں دے سکا ہوں تو میں تیری اس تلخ گفتگو کا جواب دیتا۔

عروہ بن مسعود اپنے کو سب سے بڑا آدمی سمجھتا تھا اس لیے جب بھی وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کوئی بات کہتا تو ہاتھ بڑھا کر آپ کی ریش مبارک پکڑ لیتا تھا اور بار بار آپ کی مقدس داڑھی پر ہاتھ ڈالتا تھا۔ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو ننگی تلوار لے کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے کھڑے تھے وہ عروہ بن مسعود کی اس جرأت اور حرکت کو برداشت نہ کر سکے اور عروہ بن مسعود جب ریش مبارک کی طرف ہاتھ بڑھاتا تو وہ تلوار کا قبضہ اس کے ہاتھ پر مار کر اس سے کہتے کہ ریش مبارک سے اپنا ہاتھ ہٹا لے۔ عروہ بن مسعود نے اپنا سر اٹھایا اور پوچھا کہ یہ کون آدمی ہے لوگوں نے بتایا کہ یہ مغیرہ بن شعبہ ہیں تو عروہ بن مسعود نے ڈانٹ کر کہا کہ اے دغاباز! کیا میں تیری عہد شکنی کو سنبھالنے کی کوشش نہیں کر رہا ہوں (حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چند آدمیوں کو قتل کر دیا تھا جس کا خون بہا عروہ بن مسعود نے اپنے پاس سے ادا کیا تھا، یہ اسی طرف اشارہ تھا)

اس کے بعد عروہ بن مسعود صحابہ کرام کو دیکھنے لگا اور پوری لشکر گاہ کو دیکھ بھال کر وہاں سے روانہ ہوگیا۔ عروہ بن مسعود نے حدیبیہ کے میدان میں صحابہ کرام کی حیرت انگیز اور تعجب خیز عقیدت و محبت کا جو منظر دیکھا تھا اس نے اس کے دل پر بڑا عجیب اثر ڈالا چنانچہ اس نے قریش کے لشکر میں پہنچ کر اپنا تأثر ان لفظوں میں بیان کیا۔

اے میری قوم! خدا کی قسم جب محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اپنا کھنکھار تھوکتے ہیں تو وہ کسی نہ کسی صحابی کی ہتھیلی میں پڑتا ہے اور وہ فرط عقیدت سے اس کو اپنے چہرے اور اپنی کھال پر مل لیتا ہے اور اگر وہ کسی بات کا ان لوگوں کو حکم دیتے ہیں تو سب کے سب اس کی تعمیل کے لیے جھپٹ پڑتے ہیں اور وہ جب وضو کرتے ہیں تو ان کے اصحاب ان کے وضو کے دھوون کو اس طرح لوٹتے ہیں گویا ان میں تلوار چل پڑے گی اور وہ جب کوئی گفتگو کرتے ہیں تو تمام اصحاب خاموش ہو جاتے ہیں اور ان کے ساتھیوں کے دلوں میں ان کی اتنی زبردست عظمت ہے کہ کوئی شخص ان کی طرف نظر بھر کر دیکھ نہیں سکتا۔

اے میری قوم! خدا کی قسم میں نے بہت سے بادشاہوں کا دربار دیکھا ہے۔ میں قیصر و کسریٰ اور نجاشی کے درباروں میں بھی باریاب ہو چکا ہوں مگر خدا کی قسم میں نے کسی بادشاہ کے درباریوں کو اپنے بادشاہ کی اتنی تعظیم کرتے ہوئے نہیں دیکھا ہے جتنی تعظیم محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے ساتھی محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی کرتے ہیں۔

عروہ بن مسعود کی یہ گفتگو سن کر قبیلۂ بنی کنانہ کے ایک شخص نے جس کا نام "حلیس" تھا کہا کہ تم لوگ مجھ کو اجازت دو کہ میں ان کے پاس جاؤں قریش نے کہا کہ ضرور جایئے۔ چنانچہ یہ شخص جب بارگاہ رسالت کے قریب پہنچا تو آپ نے صحابہ سے فرمایا کہ یہ فلاں شخص ہے اور یہ اس قوم سے تعلق رکھتا ہے جو قربانی کے جانوروں کی تعظیم کرتے ہیں لہٰذا تم لوگ قربانی کے جانوروں کو اس کے سامنے کھڑا کر دو اور سب لوگ "لبیک" پڑھنا شروع کر دو۔ اس شخص نے جب قربانی کے جانوروں کو دیکھا اور احرام کی حالت

میں صحابہ کرام کو" لبیک "پڑھتے ہوئے سنا تو کہا کہ سبحان اللہ! بھلا ان لوگوں کو کس طرح مناسب ہے کہ بیت اللہ سے روک دیا جائے؟

وہ فوراً ہی پلٹ کر کفار قریش کے پاس پہنچا اور کہا کہ میں اپنی آنکھوں سے دیکھ کر آرہا ہوں کہ قربانی کے جانور ان لوگوں کے ساتھ ہیں اور سب احرام کی حالت میں ہیں لہٰذا میں کبھی بھی یہ رائے نہیں دے سکتا کہ ان لوگوں کو خانہ کعبہ سے روک دیا جائے۔

اس کے بعد ایک شخص کفار قریش کے لشکر میں سے کھڑا ہو گیا جس کا نام مکرز بن حفص تھا اس نے کہا کہ مجھ کو تم لوگ وہاں جانے دو، قریش نے کہا تم بھی جاؤ۔ چنانچہ یہ چلا جب یہ نزدیک پہنچا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ مکرز ہے یہ بہت ہی لچا آدمی ہے۔ اس نے آپ سے گفتگو شروع کی ابھی اس کی بات پوری بھی نہ ہوئی تھی کہ ناگہاں سہیل بن عمرو آ گیا اس کو دیکھ کر آپ نے نیک فالی کے طور پر یہ فرمایا کہ سہیل آ گیا لو اب تمہارا معاملہ سہل ہو گیا۔

چنانچہ سہیل نے آتے ہی کہا کہ آیئے ہم اور آپ اپنے اور آپ کے درمیان معاہدہ کی ایک دستاویز لکھ لیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو منظور فرما لیا اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دستاویز لکھنے کے لیے طلب فرمایا۔ سہیل بن عمرو اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے درمیان دیر تک صلح کے شرائط پر گفتگو ہوتی رہی۔ بالآخر چند شرطوں پر دونوں کا اتفاق ہو گیا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ لکھو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم.

سہیل نے کہا کہ ہم "رحمٰن" کو نہیں جانتے کہ یہ کیا ہے؟ آپ باسمک اللھم لکھوایئے جو ہمارا اور آپ کا پرانا دستور ہے۔

مسلمانوں نے کہا کہ ہم بسم اللہ الرحمن الرحیم کے سوا کوئی دوسرا لفظ نہیں لکھیں گے۔ مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سہیل کی بات مان لی اور فرمایا کہ اچھا اے علی باسمک اللھم ہی لکھ دو۔

پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ عبارت لکھوائی

هذا ما قضى عليه محمد رسول الله .

یعنی یہ وہ شرائط ہیں جن پر قریش کے ساتھ محمد رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے صلح کا فیصلہ کیا۔

سہیل پھر بھڑک گیا اور کہنے لگا کہ خدا کی قسم اگر ہم جان لیتے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو نہ ہم آپ کو بیت اللہ سے روکتے نہ آپ کے ساتھ جنگ کرتے۔ لیکن آپ ''محمد بن عبداللہ'' لکھیے۔

آپ نے فرمایا کہ خدا کی قسم میں محمد رسول اللہ بھی ہوں اور محمد بن عبداللہ بھی ہوں۔ یہ اور بات ہے کہ تم لوگ میری رسالت کو جھٹلاتے ہو۔ یہ کہہ کر آپ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ محمد رسول اللہ کو مٹا دو اور اس کی جگہ محمد بن عبداللہ لکھ دو۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے زیادہ کون مسلمان آپ کا فرماں بردار ہو سکتا ہے لیکن محبت کے عالم میں کبھی کبھی ایسا مقام بھی آجاتا ہے کہ سچے محب کو بھی اپنے محبوب کی فرماں برداری سے محبت ہی کے جذبے میں انکار کرنا پڑتا ہے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں آپ کے نام کو تو کبھی ہرگز ہرگز نہیں مٹاؤں گا۔ آپ نے فرمایا کہ اچھا مجھے دکھاؤ میرا نام کہاں ہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس جگہ پر انگلی رکھ دی آپ نے وہاں سے ''رسول اللہ'' کا لفظ مٹا دیا، بہر حال صلح کی تحریر مکمل ہوگئی۔

اس دستاویز میں یہ طے کر دیا گیا کہ فریقین کے درمیان دس سال تک لڑائی بالکل موقوف رہے گی۔

صلح نامہ کی باقی دفعات اور شرطیں یہ تھیں کہ :

(۱) مسلمان اس سال بغیر عمرہ ادا کیے واپس چلے جائیں۔

(۲) آئندہ سال عمرہ کے لیے آئیں اور صرف تین دن مکہ میں ٹھہر کر واپس چلے جائیں۔

(۳) تلوار کے سوا کوئی دوسرا ہتھیار لے کر نہ آئیں تلوار بھی نیام کے اندر رکھ کر تھیلے وغیرہ میں بند ہو۔

(۴) مکہ میں جو مسلمان پہلے سے مقیم ہیں ان میں سے کسی کو اپنے ساتھ نہ لے جائیں اور مسلمانوں میں سے اگر کوئی مکہ میں رہنا چاہے تو اس کو نہ روکیں۔

(۵) کافروں یا مسلمانوں میں سے کوئی شخص اگر مدینہ چلا جائے تو واپس کر دیا جائے لیکن اگر کوئی مسلمان مدینہ سے مکہ میں چلا جائے تو وہ واپس نہیں کیا جائے گا۔

(۶) قبائل عرب کو اختیار ہوگا کہ وہ فریقین میں سے جس کے ساتھ چاہیں دوستی کا معاہدہ کر لیں۔

یہ شرطیں ظاہر ہے کہ مسلمانوں کے سخت خلاف تھیں اور صحابہ کرام کو اس پر بڑی زبردست ناگواری ہو رہی تھی مگر وہ فرمان رسالت کے خلاف دم مارنے سے مجبور تھے۔

جب صلح نامہ مکمل ہو گیا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو حکم دیا کہ اٹھو اور قربانی کرو اور سر منڈا کر احرام کھول دو۔ مسلمانوں کی ناگواری اور ان کے غیظ و غضب کا یہ عالم تھا کہ فرمان نبوی سن کر ایک شخص بھی نہیں اٹھا مگر ادب کے خیال سے کوئی ایک لفظ بول بھی نہ سکا۔ آپ نے حضرت بی بی ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس کا تذکرہ فرمایا تو انھوں نے عرض کیا کہ میری رائے یہ ہے کہ آپ کسی سے کچھ بھی نہ کہیں اور خود آپ اپنی قربانی کر لیں اور بال ترشوالیں۔ چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا۔

جب صحابہ کرام نے آپ کو قربانی کر کے احرام اتارتے دیکھ لیا تو پھر وہ لوگ مایوس ہو گئے کہ اب آپ اپنا فیصلہ نہیں بدل سکتے تو سب لوگ قربانی کرنے لگے اور ایک دوسرے کے بال تراشنے لگے مگر اس

قدر رنج وغم میں بھرے ہوئے تھے کہ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ایک دوسرے کو قتل کر ڈالے گا۔اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے ساتھ مدینہ منورہ کے لیے روانہ ہو گئے۔

فتح مبین

اس صلح کو تمام صحابہ نے ایک مغلوبانہ صلح اور ذلت آمیز معاہدہ سمجھا اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس سے جو رنج وصدمہ گزرا وہ بیان سے باہر ہے مگر اس کے بعد یہ آیت نازل ہوئی کہ

انا فتحنا لک فتحا مبینا .

اے حبیب ہم نے آپ کو فتح مبین عطا کی۔

خداوند قدوس نے اس صلح کو ''فتح مبین'' بتایا۔حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کیا یہ فتح ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں یہ فتح ہے۔

گو اس وقت اس صلح نامہ کے بارے میں صحابہ کے خیالات اچھے نہیں تھے مگر اس کے بعد کے واقعات نے بتادیا کہ درحقیقت یہی صلح تمام فتوحات کی کنجی ثابت ہوئی اور سب نے مان لیا کہ واقعی صلح حدیبیہ ایک ایسی فتح مبین تھی جو مکہ میں اشاعت اسلام بلکہ فتح مکہ کا ذریعہ بن گئی۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

صلح حدیبیہ میں حکمتیں

صلح حدیبیہ کی بعض دفعات اگرچہ مسلمانوں کے لیے ذلت انگیز وتوہین آمیز تھیں مگر ان میں جو اسرار وحکمتیں مضمر وپوشیدہ تھیں انھیں نگاہ نبوت کے سوا کوئی نہ دیکھ سکا اور یہ کہ مصلحت خداوندی بھی یہی تھی اس مضمون کو امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ قرآن کے حوالے سے انداز میں تحریر فرماتے ہیں:

و لو لا رجال مومنون و نساء مومنات لم تعلموھم ان تطؤھم فتصیبکم منھم معرة بغیر علم لیدخل اللہ فی رحمتہ من یشاء و لو تزیلوا لعذبنا الذین کفروا منھم عذابا الیما.

اور اگر نہ ہوتے ایمان والے مرد اور ایمان والی عورتیں جن کی تمھیں خبر نہیں کہیں تم انھیں روند ڈالو تو ان سے تمھیں انجانے میں مشقت پہنچے تاکہ اللہ جسے چاہے اپنی رحمت میں لے لے وہ اگر الگ ہو جاتے تو ہم ان میں سے کافروں کو دردناک عذاب دیتے۔

یہ فتح مکہ سے پہلے کا ذکر ہے۔ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عمرے کے لیے مکہ معظمہ تشریف لائے ہیں اور کافروں نے مقام حدیبیہ میں روکا، شہر میں نہ جانے دیا، صلح پر فیصلہ ہوا۔ ظاہر کی نظر میں اسلام کے لیے ایک دبتی ہوئی بات تھی اور حقیقت میں ایک بڑی فتح نمایاں تھی جسے اللہ عزوجل نے **انا فتحنا لک فتحا مبینا** فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی تسکین کو یہ آیت نازل فرمائی کہ اس سال تمھیں داخل مکہ نہ ہونے دینے میں کئی حکمتیں تھیں۔ مکہ معظمہ میں بہت مرد و عورت مغلوبی کے سبب خفیہ مسلمان ہیں جن کی تمھیں خبر نہیں تم قہراً جاتے تو وہ بھی تیغ و بند کے روندنے میں آ جاتے اور ان کے سوا بھی وہ لوگ ہیں جو ہنوز کافر ہیں اور عنقریب اللہ انھیں اپنی رحمت میں لے گا، اسلام دے گا، ان کا قتل منظور نہیں، ان وجوہ سے کفار مکہ پر سے عذاب قتل و قہر موقوف رکھا گیا یہ سب لوگ الگ ہو جاتے تو ہم ان کافروں پر عذاب فرماتے۔ (الامن والعلی)

عمر فاروق کا جوش و جذبہ

صلح حدیبیہ کی بعض شرائط صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر بے حد گراں گزریں خصوصاً امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس سے بے انتہا غمگین وملول ہوئے اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک موقع پر فرماتے ہیں:

جب صلح حدیبیہ ہوئی اور مسلمان اس سال مکہ معظمہ جانے سے باز رکھے گئے یہ امر ان پر بالخصوص امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر سخت شاق گزرا۔ حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو رب عزوجل نے سفر حدیبیہ سے پہلے خواب دکھایا تھا کہ حضور مع صحابہ کرام مسجد الحرام میں بامن وامان داخل ہوئے اور مناسک حج ادا فرمائے۔

صحابہ کا گمان تھا کہ اس خواب کی تصدیق اسی سفر میں واقع ہوگی جب کہ اس سال واپسی کی ٹھہری۔ امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کی :

یارسول اللہ: کیا ہم حق پر اور ہمارے دشمن باطل پر نہیں؟

فرمایا : ضرور۔

عرض کی : کیا ہمارے شہداء جنت میں اور ان کے مقتولین نار میں نہیں؟

فرمایا : کیوں نہیں

عرض کی : پھر ہم اپنے دین میں دبی کیوں رکھیں؟

فرمایا : میں اللہ کا رسول ہوں اور اس کی نافرمانی نہ کروں گا اور وہ ضرور میری مدد فرمائے گا۔

عرض کی : کیا حضور نے ہمیں خبر نہ دی تھی کہ ہم کعبہ معظمہ جائیں گے اور طواف بجالائیں گے؟

فرمایا : ہاں خبر دی تھی پھر کیا یہ فرمادیا تھا کہ اسی سال؟

عرض کی : نہ

فرمایا : تو ضرور تم کعبہ جاؤ گے اور طواف بجالاؤ گے۔

فاروق اعظم اس تمنا پر کہ شاید صدیق شفاعت کریں اور ان کی مراد کہ کفار سے جہاد اور بالجبر داخلہ کعبہ معظمہ سے حاصل ہو جائے خدمت صدیق میں حاضر ہوئے اور گزارش کی۔

کیا ہم حق پر اور ہمارے دشمن باطل پر نہیں؟

فرمایا : ضرور

کہا : کیا ہمارے شہداء جنت میں اور ان کے مقتولین نار میں نہیں؟

فرمایا : کیوں نہیں۔

کہا : پھر ہم اپنے دین میں دبتی کیوں رکھیں؟

فرمایا : اے شخص وہ اللہ کے رسول ہیں اور اس کی نافرمانی نہ کریں گے اور وہ ضرور ان کی مدد فرمائے گا ان کی رکاب تھام لے کہ خدا کی قسم وہ حق پر ہیں۔

کہا : کیا ہمیں خبر نہ دی تھی کہ ہم کعبہ معظمہ جائیں گے اور طواف بجالائیں گے؟

فرمایا : ہاں، خبر دی تھی پھر کیا یہ فرمادیا تھا کہ اسی سال؟

کہا : نہ۔

فرمایا : تو ضرور تم کعبہ جاؤ گے اور طواف بجالاؤ گے۔

دیکھو بعینہٖ حرف بحرف وہی جواب ہیں۔ جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائے۔ یہ وہی بات ہے کہ قلب صدیقی آئینۂ قلب حضور سید الکائنات ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وبارک وکرم۔ (ماخوذ از: حیات اعلیٰ حضرت، جلد اول)

صحابہ کی غایت تعظیم

صحابہ کرام حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بے پناہ تعظیم وتکریم بجالاتے تھے خواہ سفر میں ہو یا حضر میں، رزم میں ہو یا بزم میں زندگی کے ہر موڑ پر صحابہ کرام حضور کے ادب واحترام کا خیال رکھتے تھے اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے حدیبیہ میں صحابہ کرام کی غایت تعظیم کا واقعہ یوں بیان فرمایا ہے۔

عن مسور بن مخرمة و مروان بن الحكم فى حديث طويل فى قصة الحديبية ثم ان عروة جعل يرمق اصحاب النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بعينيه قال فو الله ما تنخم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نخامة الا وقعت فى كف رجل منهم فدلك بها وجهه و جلده و اذا امرهم ابتدروا امره و اذا توضأ كادوا يقتتلون على وضوئه و اذا تكلم خفضوا اصواتهم عنده و ما يحدون النظر اليه تعظيما له فرجع عروة الى اصحابه فقال اى قوم و الله لقد وفدت على الملوك و وفدت على قيصر و كسرىٰ و النجاشى و الله ان ما رأيت ملكا قط يعظمه اصحابه ما يعظم اصحاب محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم محمدا.

مسور بن مخرمہ اور مروان بن الحکم حدیبیہ کے طویل مقدمے میں ذکر کرتے ہیں کہ عروہ اصحاب نبی کو گھور رہا تھا اس نے کہا کہ بخدا رسول اللہ نے جب بھی ناک سنکی تو کسی نہ کسی صحابی کے ہاتھ میں پڑی اور اس نے اپنے چہرے پر ملی اور اپنے جسم پر لگائی جب آپ نے حکم دیا تو انھوں نے ماننے میں جلدی کی، جب آپ وضو فرماتے تو وہ وضو کا پانی لینے پر لڑنے کے قریب ہو جاتے اور جب گفتگو فرماتے تو صحابہ اپنی آوازیں پست کر لیتے اور آپ کی تعظیم کی وجہ سے آپ کی طرف نگاہ نہ کر پاتے تھے تو وہ اپنے ساتھیوں کی طرف لوٹ آیا اور کہا میں قیصر وکسریٰ ونجاشی کے درباروں میں آیا مگر ایسا کوئی بادشاہ نہ دیکھا جس کی تعظیم اس کے ساتھی ایسے کرتے ہوں جیسی محمد کی ان کے اصحاب کرتے ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(قمر التمام از مجموعہ رسائل ۸۷)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے۔

صحیح بخاری شریف وغیرہ کتب حدیث میں ہے جب عروہ بن مسعود ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سال حدیبیہ قریش کی طرف سے خدمت اقدس حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ میں حاضر ہوئے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو دیکھا۔

انہ لا یتوضا الا ابتدروا وضوء ہ و کادوا یقتتلون علیہ و لا یبصق بصاقا و لا یتنخم نخامة الا تلقوھا باکفھم فدلکوا بھا وجوھھم و اجسادھم . الحدیث .

یعنی جب حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وضو فرماتے ہیں حضور کے آب وضو پر بے تابانہ دوڑتے ہیں قریب ہوتا ہے کہ آپس میں کٹ مریں اور جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لعاب دہن مبارک ڈالتے یا کھنکھارتے ہیں اسے ہاتھوں میں لیتے اور اپنے چہروں اور بدنوں پر ملتے ہیں۔

(ابر المقال فی استحسان قبلۃ الاجلال)

ناقہ قصواء

واقعۂ حدیبیہ کے موقع پر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس ناقہ پر تشریف فرما تھے اس کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی نے ایک مقام پر تحریر فرمایا ہے۔

جب واقعۂ حدیبیہ میں ناقۂ قصواء شریف بیٹھ گیا اور لوگوں نے کہا ناقہ نے سرکشی کی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نہ اس نے سرکشی کی نہ اس کی یہ عادت و لکن حبسھا حابس الفیل .

بلکہ اسے حابس فیل نے روک دیا۔ یعنی جس نے ابرہہ کے ہاتھی کو بٹھا دیا اور کعبہ معظمہ پر حملہ کرنے سے روکا تھا۔ عز جلالہ۔ (فقہ شہنشاہ)

انگلیوں سے پانی کا چشمہ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگشتان مبارک سے بارہا پانی کا چشمہ رحمت جاری ہوا جس سے صحابہ کرام سیراب وشادکام ہوئے مقام حدیبیہ میں بھی اسی طرح کا ایک معجزہ سامنے آیا، امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر فرماتے ہیں کہ :

واقعہ حدیبیہ میں انگشتان اقدس سے پانی کا دریا کی طرح جوش مارنا اور چودہ پندرہ سو آدمی کا علیٰ اختلاف الروایات اسے پینا اور وضو کرنا اور بقیہ توشہ کو جمع کر کے دعا فرمانا اور اس سے لشکر کے سب برتن بھر دینا اور اسی قدر باقی بچ رہنا، ایسے معجزات ہیں جن کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

(قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

درخت کاٹ دیا گیا

نسیم الریاض میں ہے:

روی عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما من انه قطع الشجرة التی وقعت تحتها البیعة لئلا یفتتن الناس لقرب عهدهم بالجاهلیة .

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ انھوں نے اس درخت کو کاٹ دیا تھا جس کے نیچے بیعت رضوان ہوئی تھی کیوں کہ لوگ زمانہ جاہلیت سے قریب تھے تو فتنے کا احتمال تھا۔ یعنی اس کی پرستش و پوجا کا احتمال تھا جیسا کہ لوگ جاہلیت کے زمانہ میں کرتے تھے۔ (مولف)

(ابر المقال فی استحسان قبلۃ الاجلال)

سلاطین عالم کے نام خطوط

و

دعوت اسلام

اندھے شیشے جھلا جھل دمکنے لگے
جلوہ ریزی دعوت پہ لاکھوں سلام

یا اھل الکتاب تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا و بینکم ان لا نعبد الا اللہ و لا نشرک بہ شیئا و لا یتخذ
بعضنا اربابا من دون اللہ فان تولوا فقولوا اشھدوا بانا مسلمون

تم فرماؤ اے کتابیوں ایسے کلمہ کی طرف آؤ جو ہم میں تم میں یکساں ہے یہ کہ عبادت نہ کریں مگر خدا کی اور اس کا شریک کسی کو نہ کریں اور ہم مین کوئی ایک دوسرے کو رب نہ بنالے اللہ کے سوا پھر اگر وہ نہ مانین تو کہہ دو تم گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں۔ (آل عمران:۶۴)

سلاطین عالم کے نام خطوط ودعوت اسلام

۶ ھ میں صلح حدیبیہ کے بعد جب جنگ وجدال کے خطرات ٹل گئے اور ہر طرف امن وسکون کی فضا پیدا ہوگئی تو چوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت ورسالت کا دائرہ صرف خطہ عرب ہی تک محدود نہیں تھا بلکہ آپ تمام عالم کے لیے نبی بنا کر بھیجے گئے تھے اس لیے آپ نے ارادہ فرمایا کہ اسلام کا پیغام تمام دنیا میں پہنچا دیا جائے۔

چنانچہ آپ نے روم کے بادشاہ 'قیصر'' فارس کے بادشاہ ''کسریٰ'' حبشہ کے بادشاہ ''نجاشی'' مصر کے بادشاہ ''عزیز'' اور دوسرے سلاطین عرب وعجم کے نام دعوت اسلام کے خطوط روانہ فرمائے۔

صحابہ کرام میں سے کون کون حضرات ان خطوط کو لے کر کن کن بادشاہوں کے دربار میں گئے ان کی فہرست کافی طویل ہے مگر ایک ہی دن چھ خطوط لکھوا کر اور اپنی مہر لگا کر جن چھ قاصدوں کو جہاں جہاں آپ نے روانہ فرمایا وہ یہ ہیں۔

(۱)	حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	ہرقل قیصر روم کے دربار میں
(۲)	حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ	خسرو پرویز شاہ ایران کے دربار میں
(۳)	حضرت حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ	مقوقس عزیز مصر کے دربار میں
(۴)	حضرت عمرو بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ	نجاشی بادشاہ حبشہ کے دربار میں
(۵)	حضرت سلیط بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ	ہوزہ بادشاہ یمامہ کے دربار میں
(۶)	حضرت شجاع بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ	حارث غسانی والی غسان کے دربار میں

نامہ مبارک اور قیصر

حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مقدس خط لے کر بصریٰ تشریف لے گئے اور وہاں قیصر روم کے گورنر شام حارث غسانی کو دیا، اس نے اس نامہ مبارک کو بیت المقدس بھیج دیا کیوں کہ قیصر روم (ہرقل) ان دنوں بیت المقدس کے دورہ پر آیا ہوا تھا۔ قیصر کو جب یہ مبارک خط ملا تو اس نے حکم دیا کہ قریش کا کوئی آدمی ملے تو اس کو ہمارے دربار میں حاضر کرو۔ قیصر کے حکام نے تلاش کیا تو اتفاق سے ابوسفیان اور عرب کے کچھ دوسرے تاجرل گئے یہ سب لوگ قیصر کے دربار میں لائے گئے قیصر نے بڑے طمطراق کے ساتھ دربار منعقد کیا اور تاج شاہی پہن کر تخت پر بیٹھا اور تخت کے گرد اراکین سلطنت، بطارقہ اور احبار ورہبان وغیرہ صف باندھے کھڑے ہو گئے، اسی حالت میں عرب کے تاجروں کا گروہ دربار میں حاضر کیا گیا اور شاہی محل کے تمام دروازے بند کر دیئے گئے پھر قیصر نے ترجمان کو بلایا اور اس کے ذریعہ گفتگو شروع کی۔

سب سے پہلے قیصر نے یہ سوال کیا کہ عرب میں جس شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے تم میں سے ان کا سب سے قریبی رشتہ دار کون ہے؟ ابوسفیان نے کہا کہ میں، قیصر نے ان کو سب سے آگے کیا اور دوسرے عربوں کو ان کے پیچھے کھڑا کیا اور کہا کہ دیکھو اگر ابوسفیان کوئی غلط بات کہے تو تم لوگ اس کا جھوٹ ظاہر کر دینا، پھر قیصر اور ابوسفیان میں جو مکالمہ ہوا وہ یہ ہے۔

قیصر : مدعیٔ نبوت کا خاندان کیسا ہے؟

ابوسفیان : ان کا خاندان شریف ہے۔

قیصر : کیا اس خاندان میں ان سے پہلے بھی کسی نے نبوت کا دعویٰ کیا تھا؟

ابوسفیان : نہیں۔

قیصر : کیاان کے باپ داداؤں میں کوئی بادشاہ تھا؟

ابوسفیان : نہیں۔

قیصر : جن لوگوں نے ان کا دین قبول کیا ہے وہ کمزور لوگ ہیں یا صاحب اثر؟

ابوسفیان : کمزور لوگ ہیں۔

قیصر : ان کے متبعین بڑھ رہے ہیں یا گھٹتے جارہے ہیں؟

ابوسفیان : بڑھتے جارہے ہیں۔

قیصر : کیا کوئی ان کے دین میں داخل ہوکر پھراس کو ناپسند کر کے پلٹ بھی جاتا ہے؟

ابوسفیان : نہیں۔

قیصر : کیا نبوت کا دعویٰ کرنے سے پہلے تم لوگ انھیں جھوٹا سمجھتے تھے؟

ابوسفیان : نہیں۔

قیصر : کیا وہ کبھی عہد شکنی اور وعدہ خلافی بھی کرتے ہیں؟

ابوسفیان : ابھی تک تونہیں کی ہے لیکن اب ہمارے اوران کے درمیان (حدیبیہ) میں جوایک نیا معاہدہ ہوا ہے معلوم نہیں اس میں وہ کیا کریں گے۔

قیصر : کیا کبھی تم لوگوں نے ان سے جنگ بھی کی؟

ابوسفیان : ہاں۔

قیصر : نتیجۂ جنگ کیا رہا؟

ابوسفیان : کبھی ہم جیتے کبھی وہ۔

قیصر : وہ تمھیں کن باتوں کا حکم دیتے ہیں؟

ابوسفیان : وہ کہتے ہیں کہ صرف ایک خدا کی عبادت کرو کسی اور کو خدا کا شریک نہ ٹھہراؤ۔ بتوں کو چھوڑو، نماز پڑھو، سچ بولو، پاکدامنی اختیار کرو، رشتہ داروں کے ساتھ نیک سلوک کرو۔

اس سوال و جواب کے بعد قیصر نے کہا کہ تم نے ان کو خاندانی شریف بتایا اور تمام پیغمبروں کا یہی حال ہے کہ ہمیشہ پیغمبر اچھے خاندانوں ہی میں پیدا ہوتے ہیں۔ تم نے کہا کہ ان کے خاندان میں کبھی کسی اور نے نبوت کا دعویٰ نہیں کیا، اگر ایسا ہوتا تو میں کہہ دیتا کہ یہ شخص اوروں کی نقل اتار رہا ہے۔ تم نے اقرار کیا ہے کہ ان کے خاندان میں کبھی کوئی بادشاہ نہیں ہوا ہے اگر یہ بات ہوتی تو میں سمجھ لیتا کہ یہ شخص اپنے آباواجداد کی بادشاہی کا طلب گار ہے۔

تم مانتے ہو کہ نبوت کا دعویٰ کرنے سے پہلے وہ کبھی کوئی جھوٹ نہیں بولے تو جو شخص انسانوں سے جھوٹ نہیں بولتا بھلا وہ خدا پر کیوں کر جھوٹ باندھ سکتا ہے تم کہتے ہو کہ کمزور لوگوں نے ان کے دین کو قبول کیا ہے تو سن لو ہمیشہ ابتدا میں پیغمبروں کے متبعین مفلس اور کمزور ہی لوگ ہوتے رہے ہیں۔ تم نے یہ تسلیم کیا ہے کہ ان کی پیروی کرنے والے بڑھتے ہی جارہے ہیں تو ایمان کا معاملہ ہمیشہ ایسا ہی رہا ہے کہ اس کے ماننے والوں کی تعداد ہمیشہ بڑھتی ہی جاتی ہے۔

تم کو یہ تسلیم ہے کہ کوئی ان کے دین سے پھر کر مرتد نہیں ہو رہا ہے تو تمھیں معلوم ہونا چاہیئے کہ ایمان کی شان ایسی ہی ہوا کرتی ہے کہ جب اس کی لذت کسی کے دل میں گھر کر لیتی ہے تو پھر وہ کبھی نکل نہیں سکتی۔ تمھیں اس کا اعتراف ہے کہ انھوں نے کبھی کوئی غداری اور بدعہدی نہیں کی ہے تو رسولوں کا یہی حال ہوتا ہے کہ وہ کبھی کوئی دغا فریب کا کام کرتے ہی نہیں۔

تم نے ہمیں بتایا کہ وہ خدائے واحد کی عبادت، شرک سے پرہیز، بت پرستی سے ممانعت، پاکدامنی اور صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں، تو سن لو کہ تم نے جو کچھ کہا ہے اگر یہ صحیح ہے تو وہ عنقریب اس جگہ کے

مالک ہو جائیں گے جہاں اس وقت میرے قدم ہیں۔

اور میں جانتا ہوں کہ ایک رسول کا ظہور ہونے والا ہے مگر میرا یہ گمان نہیں تھا کہ وہ رسول تم عربوں میں سے ہوگا اگر میں یہ جان لیتا کہ میں ان کی بارگاہ میں پہنچ سکوں گا تو میں تکلیف اٹھا کر وہاں تک پہنچتا اور اگر میں ان کے پاس ہوتا تو میں ان کا پاؤں دھوتا۔

قیصر نے اپنی اس تقریر کے بعد حکم دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خط پڑھ کر سنایا جائے۔

نامہ مبارک کی عبارت یہ تھی:

بسم الله الرحمن الرحيم

من محمد عبد الله و رسوله الى هرقل عظيم الروم سلام على من اتبع الهدى .

أما بعد فاني ادعوک بدعاية الاسلام اسلم تسلم يوتک الله اجرک مرتين فان توليت فان عليک اثم الاريسيين ، يا اهل الكتاب تعالوا الى كلمة سواء بيننا و بينكم ان لا نعبد الا الله و لا نشرک به شيئا و لا يتخذ بعضنا اربابا من دون الله فان تولوا فقولوا اشهدوا بانا مسلمون .

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔ اللہ کے بندے اور رسول محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی طرف سے یہ خط ہرقل کے نام ہے جو روم کا بادشاہ ہے۔ اس شخص پر سلامتی ہو جو ہدایت کا پیرو ہے اس کے بعد میں تجھ کو اسلام کی دعوت دیتا ہوں تو مسلمان ہو جا تو سلامت رہے گا، خدا تجھ کو دو گنا ثواب دے گا اور اگر تو نے روگردانی کی تو تیری تمام رعایا کا گناہ تجھ پر ہوگا، اے اہل کتاب ایک ایسی بات کی طرف آؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان یکساں ہے اور وہ یہ ہے کہ ہم خدا کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور ہم میں سے بعض لوگ دوسرے بعض لوگوں کو خدا نہ بنائیں اور اگر تم نہیں مانتے تو گواہ ہو جاؤ کہ ہم مسلمان ہیں۔

قیصر نے ابوسفیان سے جو گفتگو کی اس سے اس کے درباری پہلے ہی انتہائی برہم اور بیزار ہو چکے تھے، اب یہ خط سنا، پھر جب قیصر نے ان لوگوں سے یہ کہا اے جماعت روم! اگر تم اپنی فلاح اور اپنی بادشاہی کی بقا چاہتے ہو تو اس نبی کی بیعت کرلو تو درباریوں میں اس قدر ناراضگی اور بیزاری پھیل گئی کہ وہ لوگ جنگلی گدھوں کی طرح بدک بدک کر دربار سے دروازوں کی طرف بھاگنے لگے مگر چوں کہ تمام دروازے بند تھے اس لیے وہ لوگ باہر نہ نکل سکے، جب قیصر نے اپنے درباریوں کی نفرت کا یہ منظر دیکھا تو وہ ان لوگوں کے ایمان لانے سے مایوس ہو گیا اور اس نے کہا کہ ان درباریوں کو بلاؤ جب سب آ گئے تو قیصر نے کہا کہ ابھی ابھی میں نے تمہارے سامنے جو کچھ کہا اس سے میرا مقصد تمہارے دین کی پختگی کا امتحان لینا تھا تو میں نے دیکھ لیا کہ تم لوگ اپنے دین میں بہت پکے ہو۔ یہ سن کر تمام درباری قیصر کے سامنے سجدہ میں گر پڑے اور ابوسفیان وغیرہ دربار سے نکال دیئے گئے اور دربار برخواست ہو گیا۔ چلتے وقت ابوسفیان نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ اب یقیناً ابوکبشہ کے بیٹے (محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کا معاملہ بہت بڑھ گیا دیکھ لو رومیوں کا بادشاہ ان سے ڈر رہا ہے۔

قیصر چوں کہ توراۃ وانجیل کا ماہر اور علم نجوم سے واقف تھا اس لیے وہ نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ظہور سے باخبر تھا اور ابوسفیان کی زبان سے حالات سن کر اس کے دل میں ہدایت کا چراغ روشن ہو گیا تھا مگر سلطنت کی حرص وہوس کی آندھیوں نے اس چراغ ہدایت کو بجھا دیا اور وہ اسلام کی دولت سے محروم رہ گیا۔

کسریٰ کا انجام

تقریباً اسی مضمون کے خطوط دوسرے بادشاہوں کے پاس بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے روانہ فرمائے شہنشاہ ایران خسرو پرویز کے دربار میں جب نامہ مبارک پہنچا تو صرف اتنی سی بات پر اس کے غرور اور گھمنڈ کا پارہ اتنا چڑھ گیا کہ اس نے کہا کہ اس خط میں محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے میرے نام

سے پہلے اپنا نام کیوں لکھا؟ یہ کہہ کر اس نے فرمان رسالت کو پھاڑ ڈالا اور پرزے پرزے کر کے خط کو زمین پر پھینک دیا جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ خبر ملی تو آپ نے فرمایا کہ

مزق كتابى مزق الله ملكه

اس نے میرے خط کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا خدا اس کی سلطنت کو ٹکڑے ٹکڑے کر دے۔

چنانچہ اس کے بعد ہی خسرو پرویز کو اس کے بیٹے ''شیرویہ'' نے رات میں سوتے ہوئے اس کا شکم پھاڑ کر اس کو قتل کر دیا اور اس کی بادشاہی ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی یہاں تک کہ حضرت امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں یہ حکومت صفحۂ ہستی سے مٹ گئی۔

نجاشی کا کردار

نجاشی بادشاہ حبشہ کے پاس جب فرمان رسالت پہنچا تو اس نے کوئی بے ادبی نہیں کی، اس معاملہ میں مورخین کا اختلاف ہے کہ اس نجاشی نے اسلام قبول کیا یا نہیں؟

مگر مواہب لدنیہ میں لکھا ہوا ہے کہ یہ نجاشی جس کے پاس اعلان نبوت کے پانچویں سال مسلمان مکہ سے ہجرت کر کے گئے تھے اور ۶ھ میں جس کے پاس حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خط بھیجا اور ۹ھ میں جس کا انتقال ہوا اور مدینہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس کی نماز جنازہ پڑھائی اس کا نام ''اصحمہ'' تھا اور یہ بلاشبہ مسلمان ہوگیا تھا۔ لیکن اس کے بعد جو نجاشی تخت پر بیٹھا اس کے پاس بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسلام کا دعوت نامہ بھیجا تھا مگر اس کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہوتا کہ اس نجاشی کا نام کیا تھا اور اس نے اسلام قبول کیا یا نہیں؟

مشہور یہ ہے کہ یہ دونوں مقدس خطوط اب تک سلاطین حبشہ کے پاس موجود ہیں اور وہ لوگ اس کا بے حد ادب و احترام کرتے ہیں۔

شاہ مصر کا برتاؤ

حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ''مقوقس''، مصرو اسکندریہ کے بادشاہ کے پاس قاصد بنا کر بھیجا۔ وہ نہایت ہی اخلاق کے ساتھ قاصد سے ملا اور فرمان نبوی کو بہت ہی تعظیم و تکریم کے ساتھ پڑھا مگر مسلمان نہیں ہوا۔

ہاں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں چند چیزوں کا تحفہ بھیجا۔ دو لونڈیاں جن میں ایک حضرت ماریہ قبطیہ تھیں جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حرم میں داخل ہوئیں اور انھیں کے شکم مبارک سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرزند حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدا ہوئے۔ دوسری حضرت سیرین تھیں جن کو آپ نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عطا فرما دیا۔ ان کے بطن سے حضرت حسان کے صاحبزادے حضرت عبدالرحمٰن پیدا ہوئے۔

ان دونوں لونڈیوں کے علاوہ ایک سفید گدھا جس کا نام ''یعفور'' تھا اور ایک سفید خچر جو ''دلدل'' کہلاتا تھا۔ ایک ہزار مثقال سونا، ایک غلام کچھ شہد اور کچھ کپڑے بھی تھے۔

بادشاہ یمامہ کا جواب

حضرت سلیط رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب ''ہوزہ'' بادشاہ یمامہ کے پاس خط لے کر پہنچے تو اس نے بھی قاصد کا احترام کیا لیکن اسلام قبول نہیں کیا اور جواب میں یہ لکھا کہ آپ جو باتیں کہتے ہیں وہ نہایت اچھی ہیں اگر آپ اپنی حکومت میں سے کچھ مجھے بھی حصہ دیں تو میں آپ کی پیروی کروں گا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا خط پڑھ کر فرمایا کہ اسلام ملک گیری کی ہوس کے لیے نہیں آیا ہے اگر زمین کا ایک ٹکڑا بھی ہو تو میں نہ دوں گا۔

حارث غسانی کا گھمنڈ

حضرت شجاع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب حارث غسانی والی غسان کے سامنے نامۂ اقدس کو پیش کیا تو وہ مغرور خط کو پڑھ کر برہم ہوگیا اور اپنی فوج کو تیاری کا حکم دے دیا۔ چنانچہ مدینہ کے مسلمان ہر وقت اس کے حملہ کے منتظر رہنے لگے اور بالآخر ''غزوۂ موتہ'' اور ''غزوۂ تبوک'' کے واقعات در پیش ہوئے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان بادشاہوں کے علاوہ اور بھی بہت سے سلاطین و امراء کو دعوت اسلام کے خطوط تحریر فرمائے، جن میں سے کچھ نے اسلام قبول کرنے سے انکار کر دیا اور کچھ خوش نصیبوں نے اسلام قبول کر کے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں نیازمندیوں سے بھرے ہوئے خطوط بھی بھیجے۔ مثلاً یمن کے شاہان حمیر میں سے جن جن بادشاہوں نے مسلمان ہو کر بارگاہ نبوت میں عرضیاں بھیجیں جو غزوۂ تبوک سے واپسی پر آپ کی خدمت میں پہنچیں۔ ان بادشاہوں کے نام یہ ہیں :

(۱) حارث بن عبد کلال (۲) نعیم بن عبد کلال

(۳) نعمان حاکم ذورعین و معافر و ہمدان (۴) زرعہ

یہ سب یمن کے بادشاہ ہیں ان کے علاوہ ''فروہ بن عمرو'' جو کہ سلطنت روم کی جانب سے گورنر تھا اپنے اسلام لانے کی خبر قاصد کے ذریعہ بارگاہ رسالت میں بھیجی، اسی طرح باذان جو بادشاہ ایران کسریٰ کی طرف سے صوبہ یمن کا صوبہ دار تھا اپنے دو بیٹوں کے ساتھ مسلمان ہوگیا اور ایک عرضی تحریر کر کے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے اسلام کی خبر دی۔ ان سب کا مفصل تذکرہ سیرت ابن ہشام و زرقانی وغیرہ میں موجود ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول، سیرت مصطفیٰ)

حضور کے فرامین اور سلاطین کا سلوک

یہ معلوم ہو چکا کہ حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سلاطین عالم کے نام اپنا جو فرمان نامہ ارسال فرمایا بعض نے اس کی عزت و توقیر کی اور بعض نے توہین و گستاخی کا مظاہرہ کیا اور حضور کے مکتوب گرامی کے ساتھ کس نے کیسا سلوک و برتاؤ کیا اب اسے مزید امام احمد رضا بریلوی کی تحریر میں ملاحظہ فرمائیں:

كتاب الخميس في احوال انفس نفيس صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وغیرہ کتب معتمدہ میں ہے کہ :

جب حضور پرنور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہدایت اسلام کے فرامین بنام سلاطین جہاں نافذ فرمائے۔

قیصر ملک روم نے تصدیق نبوت کی مگر بجہت دنیا اسلام نہ لایا۔

مقوقس بادشاہ مصر نے شقہ والا کی کمال تعظیم کی اور ہدایا حاضر بارگاہ رسالت کیے۔

سگ ایران خسرو پرویز قتلہ اللہ نے فرمان اقدس چاک کر دیا اور باذان صوبہ یمن کو لکھا دو مضبوط آدمی بھیج کر انھیں یہاں بلائے باذان نے اپنے داروغہ بابویہ اور ایک پارسی خرخسرہ نامی کو مدینہ طیبہ روانہ کیا۔

انهما حين دخلا على رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كا ناقد حلقا لحاهما و اعفيا شوار بهما فكره النظر اليهما و قال ويلكما من امر كما بهذا قال ربنا يعنيان كسرى فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لكن ربي امرني باعفاء لحتيي و قص شواربي .

یہ دونوں جب بارگاہ اقدس میں حاضر ہوئے داڑھیاں منڈائے اور مونچھیں بڑھائے ہوئے تھے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کی طرف نظر فرماتے کراہت آئی اور فرمایا خرابی ہو تمہارے لیے کس نے

تمھیں اس کا حکم دیا؟ وہ بولے ہمارے رب یعنی خسرو پرویز خبیث نے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مگر مجھے تو میرے رب نے داڑھی بڑھانے اور لبیں تراشنے کا حکم فرمایا۔

اس کے بعد حدیث میں معجزۂ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ظہور، خسرو پرویز مردود کی ہلاکت، باذان و بابویہ وخرخسرہ وغیرہم بہت اہل یمن کا مشرف باسلام ہونا مذکور ہے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۲۸۔ لمعۃ الضحیٰ)

مقوقس کے دربار میں فرمان نبوی

امام واقدی اور ابوالقاسم بن عبدالحکیم فتوح مصر میں بطریق ابان بن صالح راوی، جب حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمان اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لے کر مقوقس نصرانی بادشاہ مصر واسکندریہ کے پاس تشریف لے گئے اس نے ان سے دریافت کیا کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کس بات کی طرف بلاتے ہیں انھوں نے فرمایا توحید ونماز پنج گانہ وروزۂ رمضان وحج اور وفائے عہد پھر اس نے حضور کا حلیہ پوچھا انھوں نے باختصار بیان کیا وہ بولا۔

قد بقيت اشياً لم تذكرها في عينيه حمرة قلما تفارقه وبين كتفيه خاتم النبوة.

ابھی اور باتیں باقی رہیں کہ تم نے نہ بیان کیں ان کی آنکھوں میں سرخ ڈورے ہیں کہ کم کسی وقت جدا ہوتے ہیں اور ان کے دونوں شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے۔

پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اور صفات کریمہ بیان کر کے بولا

و قد كنت اعلم ان نبيا قد بقي و قد كنت اظن مخرجه بالشام و هناک كانت تخرج الانبياء من قبله فاراه قد خرج في ارض العرب في ارض جهد و بؤس و القبط لا تطاوعني في اتباعه و سيظهر على البلاد .

مجھے یقیناً معلوم تھا کہ ایک نبی باقی ہے اور مجھے گمان تھا کہ وہ شام میں ظاہر ہوگا کہ اگلے انبیاء نے وہاں ظہور کیا اب میں دیکھتا ہوں کہ انھوں نے عرب میں ظہور فرمایا محنت و مشقت کی زمین میں اور قبطی ان کی پیروی میں میری نہ مانیں گے عنقریب وہ ان شہروں پر غلبہ پائیں گے۔

مقوقس کا جواب

ابو القاسم نے بطریق ہشام بن اسحاق وغیرہ اور ابن سعد طبقات میں بطریق محمد بن عمر بن واقد ان کے شیوخ سے روایت کیا کہ مقوقس نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس مضمون کی عرضی لکھی کہ

قد علمت ان نبيا بقي و كنت اظن انه يخرج بالشام و قد اكرمتک رسولک و بعثت اليک بهدية .

مجھے یقین تھا کہ ایک نبی باقی ہے اور میرے گمان میں وہ شام سے ظہور کرتا اور میں نے حضور کے قاصد کا اعزاز کیا اور حضور کے لیے نذر حاضر کرتا ہوں۔ (مقوقس نے بارگاہ رسالت میں دو کنیزیں اور ایک دلدل بھیجا تھا)

حاطب بن ابی بلتعہ کی حاضر جوابی

مقوقس بادشاہ مصر نے حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے امتحاناً پوچھا کہ جب تم انھیں نبی کہتے ہو تو انھوں نے دعا کر کے اپنی قوم کو کیوں نہ ہلاک فرما دیا جب انھوں نے ان سے ان کا شہر مکہ چھڑایا تھا۔ حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کیا تو عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو رسول اللہ نہیں مانتا انھوں نے دعا کر کے اپنی قوم کو کیوں نہ ہلاک کر دیا جب انھوں نے انھیں پکڑا اور سولی دینے کا ارادہ کیا تھا مقوقس بولا۔

انت الحكيم الذى جاء من عند الحكيم

تم حکیم ہو کہ حکیم کامل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے آئے۔ اسے بیہقی نے حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (جزاء اللہ عدوہ بابانہ ختم النبوۃ)

۶ھ کی بعض لڑائیاں

۶ھ میں صلح حدیبیہ سے قبل چند چھوٹے چھوٹے لشکروں کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مختلف اطراف میں روانہ فرمایا تا کہ وہ کفار کے حملوں کی مدافعت کرتے رہیں۔ ان کا مفصل تذکرہ سیرت و تاریخ کی کتابوں میں موجود ہے مگر ان لڑائیوں کی ترتیب اور ان کی تاریخوں میں مورخین کا بڑا اختلاف ہے اس لیے ٹھیک طور پر ان کی تاریخوں کی تعیین بہت مشکل ہے ان واقعات کا چیدہ چیدہ بیان حدیثوں میں موجود ہے مگر احادیث میں بھی ان کی تاریخیں مذکور نہیں ہیں البتہ بعض قرائن و شواہد سے اتنا پتہ چلتا ہے کہ یہ سب صلح حدیبیہ سے قبل کے واقعات ہیں، نیز ان لڑائیوں کے ناموں میں بھی اختلاف ہے۔ پھر بھی ان میں سے چند کے نام یہ ہیں۔

(۱) غزوۂ بنولحیان

(۲) غزوۂ ذی قرد یا غزوۃ الغابۃ

(۳) سریہ محمد بن مسلمۃ الاشہلی

(۴) سریہ نجد، ثمامہ بن اثال کی آمد اور قبول اسلام

(۵) سریہ عکاشہ بن محصن الاسدی، بسوئے بنی اسد

(۶) سریہ محمد بن مسلمۃ ذی القصہ

(۷) سریہ ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۸) سریہ زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بجانب عیص

(۹) سریہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ بسوئے بنی کعب

(۱۰) سریہ زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جموم کی طرف

(۱۱) سریہ زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ الطرف کی جانب

(۱۲) سریہ کرز بن جابر

(۱۳) سریہ سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بجانب فدک۔

(۱۴) سریہ زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ام قرفہ کی طرف

(۱۵) سریہ عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

۶ھ میں نازل شدہ احکام ومسائل

(۱) اس سال حج کی فرضیت کا حکم نازل ہوا۔

(۲) حالت احرام میں جنگلی جانوروں کے شکار پر پابندی۔

(۳) حضرت کعب بن عجرہ کو جوؤں کی وجہ سے حالت احرام میں سر منڈانے کی اجازت دے دی گئی۔

(۴) نماز استسقاء کی ابتداء۔

(۵) ظہار کا حکم نازل ہوا۔

(۶) مسلم خواتین، مشرکین پر حرام قرار دے دی گئیں۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ دوم، سیرت الرسول، سیرت مصطفیٰ)

غزوۂ ذات القرد

انـــا ســلــمة بـــن اكـــوع
و الـيــوم يـــوم الـــرضـــع
(سلمہ بن اکوع)

غزوۂ ذات القرد ۷ھ

مدینہ کے قریب ''ذات القرد'' ایک چراگاہ کا نام ہے جہاں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اونٹنیاں چرتی تھیں عبد الرحمٰن بن عیینہ فزاری نے جو قبیلہ غطفان سے تعلق رکھتا تھا اپنے چند آدمیوں کے ساتھ ناگہاں اس چراگاہ پر چھاپہ مارا اور بیس اونٹوں کو پکڑ کر لے بھاگے۔ مشہور تیر انداز صحابی حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سب سے پہلے اس کی خبر معلوم ہوئی انھوں نے اس خطرہ کا اعلان کرنے کے لیے بلند آواز سے یہ نعرہ مارا کہ یا صباحاہ پھر اکیلے ہی ان ڈاکوؤں کے تعاقب میں دوڑ پڑے اور ان ڈاکوؤں کو تیر مار مار کر تمام اونٹنیوں کو بھی چھین لیا۔ اور ڈاکو بھاگتے ہوئے جو تیس چادریں پھینکتے گئے تھے ان چادروں پر بھی قبضہ کر لیا۔

اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لشکر لے کر پہنچے۔ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں نے ان چھاپہ ماروں کو ابھی تک پانی نہیں پینے دیا ہے یہ سب پیاسے ہیں، ان لوگوں کے تعاقب میں لشکر بھیج دیجیے تو یہ سب گرفتار ہو جائیں گے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم اپنی اونٹنیوں کے مالک ہو چکے ہو اب ان لوگوں کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرو۔ پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنے اونٹ پر اپنے پیچھے بٹھا لیا اور مدینہ واپس تشریف لائے۔

حضرت امام بخاری کا بیان ہے کہ یہ غزوہ جنگ خیبر کے لیے روانہ ہونے سے تین دن قبل ہوا۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ)

سلمہ بن اکوع کی بیعت

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیعت اور غزوۂ ذات القرد میں ان کی شجاعت و

بہادری سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سلمہ بن اکوع سے ایک جلسہ میں تین بار بیعت لی، جہاد کو جارہے تھے پہلی بار فرمایا سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیعت کی، تھوڑی دیر بعد حضور نے فرمایا سلمہ تم بیعت نہ کروگے؟ عرض کی حضور ابھی کر چکا ہوں فرمایا وایضاً پھر بھی، انھوں نے پھر بیعت کی اخیر میں جب سب حضرات بیعت سے فارغ ہوئے پھر ارشاد ہوا سلمہ تم بیعت نہ کروگے؟ عرض کی یارسول اللہ میں دوبار بیعت کر چکا فرمایا وایضاً پھر بھی، غرض ایک جلسہ میں سلمہ سے تین بار بیعت لی، ان پر تاکید بیعت میں راز یہ تھا کہ وہ ہمیشہ پیادہ جہاد فرمایا کرتے تھے اور مجمع کفار کا تنہا مقابلہ کرنا ان کے نزدیک کچھ نہ تھا۔

سلمہ بن اکوع کی شجاعت

ایک بار عبدالرحمن قاری کہ کافر تھا (اسے قراءت سے قاری نہ سمجھ لیں بلکہ قبیلہ بنی قارہ سے تھا) اپنے ہمراہیوں کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اونٹوں پر آپڑا، چرانے والے کو قتل کیا اور اونٹ لے گیا۔ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خبر ہوئی پہاڑ پر جا کر ایک آواز تو دی کہ یا صباحاہ یعنی دشمن ہے مگر اس کا انتظار نہ کیا کہ کسی نے سنی یا نہیں یا کوئی آتا ہے یا نہیں۔ تنہا ان کافروں کا تعاقب کیا وہ چار سو تھے اور یہ اکیلے، وہ سوار تھے اور یہ پیادہ، مگر نبوی مددان کے ساتھ، اس محمدی شیر کے سامنے سے انھیں بھاگتے ہی بنی، اب یہ تعاقب میں ہیں، اپنا رجز پڑھتے جاتے ہیں۔

انا سلمۃ بن اکوع   والیوم یوم الرضع

میں سلمہ بن اکوع ہوں اور تمھاری ذلت وخواری کا دن ہے۔

ایک ہاتھ گھوڑے کی کونچوں پر مارتے ہیں وہ گرتا ہے سوار زمین پر آتا ہے، دوسرا ہاتھ اس پر پڑتا

ہے وہ جہنم جاتا ہے یہاں تک کہ کافروں کو بھاگنا دشوار ہوگیا اور وہ گھوڑوں پر سے اپنے اسباب پھینکنے لگے کہ ہلکے ہوکر زیادہ بھاگیں، حضرت سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ اسباب سب ایک جگہ جمع فرماتے اور پھر وہی رجز پڑھتے ہوئے ان کا تعاقب کرتے اور انھیں جہنم پہنچاتے، یہاں تک کہ شام ہوگئی کافر ایک پہاڑی پر ٹھہرے اس کے قریب دوسری پہاڑی پر انھوں نے آرام فرمایا، دن ہونے پر وہ اتر کر چلے، وہ اسی طرح ان کے پیچھے اور وہی رجز، وہی قتل یہاں تک کہ گرد اٹھی یہ قتل و تعاقب کرتے کرتے تھک گئے تھے اور اندیشہ ہوا کہ مبادا کفار کی مدد آگئی ہو جب دامن گرد پھٹا تکبیروں کی آوازیں آئیں اور دیکھا کہ حضرت ابوقتادہ مع بعض دیگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم گھوڑوں پر تشریف لا رہے ہیں۔ اب کیا تھا کفار کو گھیر لیا۔

ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فارس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہا جاتا تھا یعنی لشکر حضور کے سوار، جس طرح سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو راجل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یعنی لشکر اقدس کے پیادے، ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خود بارگاہ رسالت میں اسد من اسد الله و رسوله فرمایا، اللہ و رسول کے شیروں میں سے ایک شیر۔

گھوڑے نے جہاد کی خبر دی

ان کو اس جہاد کی خبر ان کے گھوڑے نے دی، تھانَ پر بندھا ہوا چکا، انھوں نے چمکارا، پھر چمکا، فرمایا واللہ کہیں جہاد ہے اور گھوڑا کس کر سوار ہوئے۔ اب یہ تو معلوم نہیں کہ کدھر جائیں باگ چھوڑ دی اور کہا جدھر تو جانتا ہے چل، گھوڑا اڑا اور یہاں لے آیا۔

اس عبدالرحمٰن فاری سے پہلے کسی لڑائی میں ان سے وعدہ جنگ ہولیا تھا یہ وقت اس کے اس وعدہ کے پورا ہونے کا آیا وہ پہلوان تھا اس نے کشتی مانگی انھوں نے قبول فرمائی، اس محمدی شیر نے خوک شیطان کو دے مارا خنجر لے کر اس کے سینے پر سوار ہوئے اس نے کہا میری بی بی کے لیے کون ہوگا؟ فرمایا نار اور اس کا

گلا کاٹ دیا۔ سرکاری اونٹ اور تمام غنیمتیں اور وہ اسباب کہ جا بجا کفار پھینکتے اور سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ راستے میں جمع فرماتے گئے تھے سب لاکر حاضر بارگاہ انور کیا۔ (الملفوظ حصہ دوم)

غزوۂ خیبر

شور تکبیر سے تھر تھرائی زمین
جنبش جیش نصرت پہ لاکھوں سلام

و مغانم کثیرۃ یاخذونہا و کان اللہ عزیزا حکیما

اور بہت سی غنیمتیں جن کو لیں اور اللہ عزت و حکمت والا ہے۔

(الفتح، ۱۹)

غزوۂ خیبر ۷ھ

خیبر مدینہ طیبہ سے آٹھ منزل کی دوری پر ایک شہر ہے۔ ایک انگریز سیاح نے لکھا ہے کہ خیبر مدینہ سے تین سو بیس (۳۲۰) کلومیٹر دور ہے۔ یہ بڑا زرخیز علاقہ تھا اور یہاں عمدہ کھجوریں بکثرت پیدا ہوتی تھیں۔ عرب میں یہودیوں کا سب سے بڑا مرکز یہی خیبر تھا۔ یہاں کے یہودی، عرب میں سب سے زیادہ مال دار اور جنگجو تھے اور ان کو اپنی مالی اور جنگی طاقتوں پر بڑا ناز اور گھمنڈ تھا۔ یہ لوگ اسلام اور بانی اسلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بدترین دشمن تھے یہاں یہودیوں نے بہت سے مضبوط قلعے بنا رکھے تھے۔ جن میں سے بعض کے آثار اب تک موجود ہیں ان میں سے آٹھ قلعے بہت مشہور ہیں جن کے نام یہ ہیں۔

کتیبہ، ناعم، شق، قموص، نطاۃ، صعب، وطیح، سلالم۔

غزوۂ خیبر کب ہوا؟

تمام مورخین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جنگ خیبر محرم کے مہینے میں ہوئی۔ لیکن اس میں اختلاف ہے کہ ۶ھ تھا یا ۷ھ

غالباً اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ بعض لوگ سن ہجری کی ابتداء محرم سے کرتے ہیں اس لیے ان کے نزدیک محرم میں ۷ھ شروع ہو گیا۔ اور بعض لوگ سن ہجری کی ابتداء ربیع الاول سے کرتے ہیں کیوں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہجرت ربیع الاول میں ہوئی لہٰذا ان لوگوں کے نزدیک یہ محرم و صفر ۶ھ کے تھے۔

جنگ خیبر کا سبب

جنگ خندق میں جن جن کفار عرب نے مدینہ پر حملہ کیا تھا ان میں خیبر کے یہودی بھی تھے بلکہ در

حقیقت وہی اس حملہ کے بانی اور سب سے بڑے محرک تھے۔ چنانچہ ''بنونضیر'' کے یہودی جب مدینہ سے جلا وطن کیے گئے تو یہودیوں کے جوروسا خیبر چلے گئے تھے ان میں سے حی بن اخطب اور ابورافع سلام بن ابی الحقیق نے تو مکہ جا کر کفار قریش کو مدینہ پر حملہ کرنے کے لیے ابھارا۔ اور تمام قبائل کا دورہ کر کے کفار عرب کو جوش دلا کر برانگیختہ کیا اور حملہ آوروں کی مالی امداد کے لیے پانی کی طرح روپیہ بہایا اور خیبر کے تمام یہودیوں کو ساتھ لے کر یہودیوں کے یہ دونوں سردار حملہ کرنے والوں میں شامل رہے۔

حی بن اخطب تو جنگ قریظہ میں قتل ہو گیا اور ابورافع سلام بن ابی الحقیق کو ٦ھ میں حضرت عبداللہ بن عتیک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے محل میں داخل ہو کر قتل کر دیا۔ لیکن ان سب واقعات کے بعد بھی خیبر کے یہودی بیٹھ نہیں رہے بلکہ اور زیادہ انتقام کی آگ ان کے سینوں میں بھڑکنے لگی۔ چنانچہ یہ لوگ مدینہ پر پھر ایک دوسرا حملہ کرنے کی تیاریاں کرنے لگے اور اس مقصد کے لیے قبیلۂ غطفان کو بھی آمادہ کر لیا۔ قبیلۂ غطفان عرب کا ایک بہت ہی طاقتور اور جنگجو قبیلہ تھا اور اس کی آبادی خیبر سے بالکل ہی متصل تھی۔ اور خیبر کے یہودی خود بھی عرب کے سب سے بڑے سرمایہ دار ہونے کے ساتھ بہت ہی جنگ باز اور تلوار کے دھنی تھے ان دونوں کے گٹھ جوڑ سے ایک بڑی طاقتور فوج تیار ہو گئی اور ان لوگوں نے مدینہ پر حملہ کر کے مسلمانوں کو تہس نہس کر دینے کا پلان بنالیا۔

مسلمان خیبر کی طرف

جب رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خبر ملی کہ خیبر کے یہودی قبیلۂ غطفان کو ساتھ لے کر مدینہ پر حملہ کرنے والے ہیں تو ان کی اس چڑھائی کو روکنے کے لیے سولہ سو صحابہ کرام کا لشکر ساتھ لے کر آپ خیبر روانہ ہوئے۔

مدینہ پر حضرت سباع بن عرفطہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو افسر مقرر فرمایا اور تین جھنڈے تیار کرائے،

ایک جھنڈا حضرت حباب بن منذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیا اور ایک جھنڈے کا علمبردار حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بنایا اور خاص علم نبوی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دست مبارک میں عنایت فرمایا اور ازواج مطہرات میں سے حضرت بی بی ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ساتھ لیا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رات کے وقت حدود خیبر میں اپنی فوج ظفر موج کے ساتھ پہنچ گئے اور نماز فجر کے بعد شہر میں داخل ہوئے تو خیبر کے یہودی اپنے اپنے ہنسیا اور ٹوکری لے کر کھیتوں اور باغوں میں کام کاج کے لیے قلعہ سے نکلے جب انھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا تو شور مچانے لگے اور چلا چلا کر کہنے لگے کہ خدا کی قسم لشکر کے ساتھ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ہیں۔ اس وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

خیبر برباد ہو گیا بلاشبہ ہم جب کسی قوم کے میدان میں اتر پڑتے ہیں تو کفار کی صبح بری ہو جاتی ہے۔

یہودیوں کی تیاری

یہودیوں نے اپنی عورتوں اور بچوں کو ایک محفوظ قلعہ میں پہنچا دیا اور راشن کا ذخیرہ قلعہ ناعم میں جمع کر دیا اور فوجوں کو "نطاۃ" اور قموص کے قلعوں میں اکٹھا کر دیا۔ ان میں سب سے زیادہ مضبوط اور محفوظ قلعہ قموص تھا۔ اور مرحب یہودی جو عرب کے پہلوانوں میں ایک ہزار سوار کے برابر مانا جاتا تھا اسی قلعہ کا رئیس تھا سلام بن مشکم یہودی گو بیمار تھا مگر وہ بھی قلعہ نطاۃ میں فوجیں لے کر ڈٹا ہوا تھا۔ یہودیوں کے پاس تقریباً بیس ہزار فوج تھی جو مختلف قلعوں کی حفاظت کے لیے مورچہ بندی کیے ہوئے تھی۔

محمود بن مسلمہ کی شہادت

سب سے پہلے قلعہ ناعم پر معرکہ آرائی اور جم کر لڑائی ہوئی حضرت محمود بن مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

نے بڑی بہادری اور جاں نثاری کے ساتھ جنگ کی مگر سخت گرمی اور لو کے تھپیڑوں کی وجہ سے ان پر پیاس کا غلبہ ہو گیا۔ وہ قلعہ ناعم کی دیوار کے نیچے سو گئے۔ کنانہ بن ابی الحقیق یہودی نے ان کو دیکھ لیا اور چھت سے ایک بہت بڑا پتھران کے اوپر گرادیا جس سے ان کا سر کچل گیا اور یہ شہید ہو گئے۔ اس قلعہ کو فتح کرنے میں پچاس مسلمان زخمی ہو گئے لیکن قلعہ فتح ہو گیا۔

خیبر کی فتح

قلعہ ناعم کے بعد دوسرے قلعے بھی بہ آسانی اور بہت جلد فتح ہو گئے لیکن قلعہ قموص چوں کہ بہت ہی مضبوط اور محفوظ قلعہ تھا اور یہاں یہودیوں کی فوجیں بھی بہت زیادہ تھیں اور یہودیوں کا سب سے بڑا بہادر ''مرحب'' خود اس قلعہ کی حفاظت کرتا تھا اس لیے اس قلعہ کو فتح کرنے میں بڑی دشواری ہوئی۔ کئی روز تک یہ مہم سر نہ ہو سکی۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس قلعہ پر پہلے دن حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کمان میں اسلامی فوجوں کو چڑھائی کے لیے بھیجا اور انھوں نے بہت ہی شجاعت اور جاں بازی کے ساتھ حملہ فرمایا مگر یہودیوں نے قلعہ کی فصیل پر سے اس زور کی تیر اندازی اور سنگ باری کی کہ مسلمان قلعہ کے پھاٹک تک نہ پہنچ سکے اور رات ہو گئی۔

دوسرے دن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زبردست حملہ کیا اور مسلمان بڑی گرم جوشی کے ساتھ بڑھ بڑھ کر دن بھر قلعہ پر حملہ کرتے رہے مگر قلعہ فتح نہ ہو سکا۔ اور کیوں کر فتح ہوتا فاتح خیبر ہونا تو علی حیدر کے مقدر میں لکھا تھا چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ :

لا عطين الراية غدا رجلا يفتح الله على يديه . يحب الله و رسوله و يحبه الله و رسوله قال فبات الناس يدوكون ليلتهم ايهم يعطاها.

کل میں اس آدمی کو جھنڈا دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح دے گا۔ وہ اللہ و رسول کا محب بھی ہے اور محبوب بھی۔ راوی نے کہا کہ لوگوں نے یہ رات بڑے اضطراب میں گزاری کہ دیکھئے کل کس کو جھنڈا دیا جاتا ہے؟

صبح ہوئی تو صحابہ کرام خدمت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بڑے اشتیاق کے ساتھ یہ تمنا لے کر حاضر ہوئے کہ یہ اعزاز و شرف ہمیں مل جائے اس لیے کہ جس کو جھنڈا ملے گا اس کے لیے تین بشارتیں ہیں۔

(۱) وہ اللہ و رسول کا محب ہے۔

(۲) وہ اللہ و رسول کا محبوب ہے۔

(۳) خیبر اس کے ہاتھ سے فتح ہوگا۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ اس روز مجھے بڑی تمنا تھی کہ کاش آج مجھے جھنڈا عنایت ہوتا۔ وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ اس موقع کے سوا مجھے کبھی بھی فوج کی سرداری اور افسری کی تمنا نہ تھی۔ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ دوسرے صحابہ کرام بھی اس نعمت عظمیٰ کے لیے ترس رہے تھے۔

لیکن صبح کو اچانک یہ صدا لوگوں کے کان میں آئی کہ علی کہاں ہیں؟ لوگوں نے عرض کیا کہ ان کی آنکھوں میں آشوب ہے۔ آپ نے قاصد بھیج کر ان کو بلایا اور ان کی دکھتی ہوئی آنکھوں میں اپنا لعاب دہن لگا دیا اور دعا فرمائی تو فوراً ہی انھیں ایسی شفا حاصل ہوگئی کہ گویا انھیں کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔ پھر تاجدار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اپنا علم نبوی جو حضرت ام المومنین بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سیاہ چادر سے تیار کیا گیا تھا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ میں عطا فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ:

تم بڑے سکون کے ساتھ جاؤ اور ان یہودیوں کو اسلام کی دعوت دو اور بتاؤ کہ مسلمان ہو جانے کے بعد تم پر اللہ کے فلاں فلاں حقوق واجب ہیں۔ خدا کی قسم اگر ایک آدمی نے بھی تمھاری بدولت اسلام قبول کر لیا تو یہ دولت تمھارے لیے سرخ اونٹوں سے بھی زیادہ بہتر ہے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قلعہ قموص کے پاس پہنچ کر یہودیوں کو اسلام کی دعوت دی لیکن انھوں نے اس دعوت کا جواب اینٹ، پتھر اور تیر و تلوار سے دیا اور قلعہ کا رئیس اعظم "مرحب" خود بڑے طنطنہ کے ساتھ نکلا، سر پر یمنی زرد رنگ کا ڈھاٹا باندھے ہوئے اور اس کے اوپر پتھر کا خود پہنے ہوئے رجز کا یہ شعر پڑھتے ہوئے حملہ کے لیے آگے بڑھا۔

قد علمت خیبر انی مرحب

شاکی السلاح بطل مجرب

خیبر خوب جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں، اسلحہ پوش ہوں، بہت ہی بہادر اور تجربہ کار ہوں۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے جواب میں رجز کا یہ شعر پڑھا۔

انا الذی سمتنی امی حیدرہ

کلیث غابات کریہ المنظرہ

میں وہ ہوں کہ میری ماں نے میرا نام حیدر (شیر) رکھا ہے میں کچھار کے شیر کی طرح ہیبت ناک ہوں۔

مرحب نے بڑے طمطراق کے ساتھ آگے بڑھ کر حضرت شیر خدا پر اپنی تلوار سے وار کیا مگر آپ نے ایسا پینترا بدلا کہ مرحب کا وار خالی گیا پھر آپ نے بڑھ کر اس کے سر پر اس زور کی تلوار ماری کہ ایک ہی ضرب سے خود کٹا، مغفر کٹا اور ذوالفقار حیدری سر کو کاٹتی ہوئی دانتوں تک اتر آئی اور تلوار کی مار کا تڑاکہ فوج

تک پہنچا اور مرحب زمین پر گر کر ڈھیر ہو گیا۔

مرحب کی لاش کو زمین پر تڑپتے ہوئے دیکھ کر اس کی فوج حضرت شیر خدا پر ٹوٹ پڑی، لیکن ذو الفقار حیدری بجلی کی طرح چمک چمک کر گرتی تھی جس سے صفیں کی صفیں الٹ گئیں اور یہودیوں کے مایہ ناز بہادر مرحب، حارث، اسیر، عامر وغیرہ کٹ گئے۔ اسی گھمسان کی جنگ میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ڈھال کٹ کر گر پڑی تو آپ نے آگے بڑھ کر قلعہ قموص کا پھاٹک اکھاڑ دیا اور کواڑ کو ڈھال بنا کر اس پر دشمنوں کی تلواریں روکتے رہے۔ یہ کواڑ اتنا بڑا اور وزنی تھا کہ بعد کو چالیس آدمی اسکو نہ اٹھا سکے۔

جنگ جاری تھی کہ حضرت علی شیر خدا نے کمال شجاعت کے ساتھ لڑتے ہوئے خیبر کو فتح کر لیا اور حضرت صادق الوعد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان صداقت کا نشان بن کر فضاؤں میں لہرانے لگا کہ۔

کل میں اس آدمی کو جھنڈا دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح دے گا اور وہ اللہ ورسول کا محب بھی ہے اور اللہ ورسول کا محبوب بھی۔

اللہ تعالیٰ نے آپ کے ہاتھ سے خیبر کی فتح عطا فرمائی اور قیامت تک کے لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کو فاتح خیبر کے معزز لقب سے سرفراز فرما دیا۔ اور یہ وہ فتح عظیم ہے جس نے پورے جزیرۃ العرب میں یہودیوں کی جنگی طاقت کا جنازہ نکال دیا۔ فتح خیبر سے قبل اسلام، یہودیوں اور مشرکین کے گٹھ جوڑ سے نازک حالت میں تھا لیکن خیبر فتح ہو جانے کے بعد اسلام اس خوفناک حالت سے نکل گیا اور آگے اسلامی فتوحات کے دروازے کھل گئے۔ چنانچہ اس کے بعد ہی مکہ بھی فتح ہو گیا اس لیے یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ فاتح خیبر کی ذات سے اسلامی فتوحات کا سلسلہ وابستہ ہے۔

بہر حال خیبر کا قلعہ قموص بیس دن کے محاصرہ اور زبردست معرکہ آرائی کے بعد فتح ہو گیا۔ ان معرکوں میں ۹۳ یہودی قتل ہوئے اور پندرہ مسلمان جام شہادت سے سیراب ہوئے۔

خیبر کا انتظام

فتح کے بعد خیبر کی زمین پر مسلمانوں کا قبضہ ہوگیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا کہ بنو نضیر کی طرح اہل خیبر کو بھی جلا وطن کر دیں لیکن یہودیوں نے یہ درخواست کی کہ ہم کو خیبر سے نہ نکالا جائے اور زمین ہمارے ہی قبضہ میں رہنے دی جائے ہم یہاں کی پیداوار کا آدھا حصہ آپ کو دیتے رہیں گے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی یہ درخواست منظور فرمالی۔ چنانچہ جب کھجوریں پک جاتیں اور غلہ تیار ہو جاتا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خیبر بھیج دیتے وہ کھجوروں اور اناجوں کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیتے اور یہودیوں سے فرماتے کہ اس میں سے جو حصہ تم کو پسند ہو وہ لے لو۔ یہودی اس عدل پر حیران ہو کر کہتے تھے کہ زمین و آسمان ایسے ہی عدل سے قائم ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ خیبر فتح ہو جانے کے بعد یہودیوں سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس طور پر صلح فرمائی کہ یہودی اپنا سونا، چاندی اور ہتھیار سب مسلمانوں کے سپرد کر دیں اور جانوروں پر جو کچھ لدا ہوا ہے وہ یہودی اپنے پاس ہی رکھیں مگر شرط یہ ہے کہ یہودی کوئی چیز مسلمانوں سے نہ چھپائیں۔ مگر اس شرط کو قبول کر لینے کے باوجود حی بن اخطب کا وہ چرمی تھیلا یہودیوں نے غائب کر دیا جس میں بنو نضیر سے جلا وطنی کے وقت وہ سونا چاندی بھر کر لایا تھا جب یہودیوں سے پوچھ گچھ کی گئی تو وہ جھوٹ بولے اور کہا کہ وہ ساری رقم لڑائیوں میں خرچ ہوگئی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے بذریعۂ وحی اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بتا دیا کہ وہ تھیلا کہاں ہے؟ چنانچہ مسلمانوں نے اس تھیلے کو برآمد کر لیا۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کنانہ بن ابی الحقیق کو حضرت محمود بن مسلمہ کے قصاص میں قتل کرا دیا۔ (چوں کہ کنانہ بن ابی الحقیق نے حضرت محمود بن مسلمہ کو چھت سے پتھر گرا کر قتل کر دیا تھا) اور اس کی عورتوں کو قیدی بنا لیا۔

خیبر میں اعلان مسائل

جنگ خیبر کے موقع پر چند مندرجہ ذیل فقہی مسائل کا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعلان فرمایا۔

(۱) پنجہ دار پرندوں کو حرام فرمایا۔

(۲) تمام درندہ جانوروں کی حرمت کا اعلان فرمادیا۔

(۳) گدھا اور خچر حرام کردیا گیا۔

(۴) چاندی سونے کی خرید و فروخت میں کمی بیشی کے ساتھ خریدنے اور بیچنے کو حرام فرمایا اور حکم دیا کہ چاندی کو چاندی کے بدلے اور سونے کو سونے کے بدلے برابر برابر بیچنا ضروری ہے اگر کمی بیشی ہوگی تو وہ سود ہوگا جو حرام ہے۔

(۵) اب تک یہ حکم تھا کہ لونڈیوں سے ہاتھ آتے ہی صحبت کرنا جائز تھا لیکن اب استبراء ضروری قرار دے دیا گیا یعنی اگر وہ حاملہ ہوں تو بچہ پیدا ہونے تک ورنہ ایک مہینہ ان سے صحبت جائز نہیں۔

(۶) عورتوں سے متعہ کرنا بھی اسی غزوہ میں حرام کردیا گیا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

عامر بن اکوع کے رجزیہ اشعار

امام احمد رضا بریلوی حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی راہ خیبر میں رجز خوانی کا ذکر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں :

غزوۂ خیبر شریف میں خیبر کو جاتے ہوئے حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور میں رجز پڑھتے چلے۔

اللھم لولا انت ما اھتدینا
و لا تصدقنا و لا صلینا

●

فاغفر فداء لک ما ابقینا
و القین سکینة علینا

●

و ثبت الا قدام ان لا قینا
و نحن عن فضلک ما استغنینا

خدا گواہ ہے یارسول اللہ اگر حضور نہ ہوتے تو ہم ہدایت نہ پاتے، نہ زکوۃ دیتے، نہ نماز پڑھتے تو بخش دیجیے۔ ہم حضور پر قربان جو گناہ ہمارے رہ گئے ہیں اور ہم پر حضور سکینہ اتاریں اور جب ہم دشمنوں سے مقابل ہوں تو حضور ہمیں ثابت قدم رکھیں، ہم حضور کے فضل سے بے نیاز نہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہ حدیث صحیح بخاری و صحیح مسلم و سنن ابی داؤد و سنن نسائی و مسند امام احمد وغیر ہا میں سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بطریق عدیدہ ہے اور پچھلا مصرع زیادات صحیح مسلم و امام احمد سے ہے۔

ہم حدیث صحیح بخاری مع شرح امام احمد قسطلانی مسمّی بہ ارشاد الساری کے الفاظ کریمہ مختصراً ذکر کریں۔

(عن یزید بن ابی عبید عن سلمة بن الاکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال خرجنا مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی خیبر فسرنا لیلا فقال رجلا من القوم) ھو اسید

ابن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (لعامر یا عامر الا تسمعنا من هیهاتک) و عند بن اسحق من حدیث نصر بن دهر ن الاسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول فی مسیرہ الی خیبر لعامر بن الاکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ انزل یا ابن الاکوع فخذ لنا من هناتک ، ففیہ انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم هو الذی امرہ بذلک افکان عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رجلا شاعرا فنزل یحدو بالقوم یقول

اللهم لو لا انت ما اهتدینا
و لا تصدقنا و لا صلینا

(فاغفر فداء لک) المخاطب بذلک النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ای اغفر لنا تقصیرنا فی حقک و نصرک اذ لا یتصور ان یقال مثل هذ الکلام للباری تعالیٰ و قولہ اللهم لم یقصد بها الدعاء و انما افتح بها الکلام .

(ما ابقینا) ای ما خلفنا و رعنا من الاثام (القین) اوسل ربک ان یلقین (سکینة علینا و ثبت اقدام) ای و ان یثبت الاقدام (ان لا قینا) العدو (فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من هذا السائق قالوا عامر بن الاکوع قال یرحمه اللہ)

و عند احمد من روایة ایاس بن سلمة فقال غفرلک ربک قال و ما استغفر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لانسان یخصہ الا استشهد قال رجل من القوم هو عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کما فی مسلم (وجبت) لہ الشهادة بدعائک لہ (یا نبی اللہ لولا امتعتنا بہ) ابقیتہ لنا لنتمتع بہ .

یعنی یزید بن عبید اپنے مولیٰ سیدنا سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ رکاب اقدس خیبر کو چلے رات کا سفر تھا حاضرین سے ایک صاحب حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چچا حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا اے عامر ہمیں کچھ اشعار اپنے نہیں سناتے۔

اور ابن اسحاق نے نصر بن دہر اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یوں روایت کی کہ میں نے سفر خیبر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عامر بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے سنا اے ابن اکوع اتر کر کچھ اپنے اشعار ہمارے لیے شروع کرو، اس روایت سے معلوم ہوا کہ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں اس امر کا امر فرمایا عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ شاعر تھے اترے اور قوم کے سامنے یوں حدی خوانی کرتے چلے کہ

یارب اگر حضور نہ ہوتے ہم راہ نہ پاتے نہ زکوۃ و نماز بجالاتے ہم حضور پر بلا گرداں ہوں ہمارے جو گناہ باقی رہے ہیں بخش دیجیے۔ ان اشعار میں مخاطب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں یعنی حضور کے حقوق حضور کی مدد میں جو قصور ہم سے ہوئے حضور معاف فرمادیں۔ حضور کے لیے خطاب ہونے کی دلیل یہ ہے کہ اللہ عزوجل سے ایسا خطاب کرنا معقول نہیں (ائمہ فرماتے ہیں کہ کسی پر فدا ہونے کے معنی یہ ہیں کہ اس پر اگر کوئی بلا یا تکلیف آتی ہو تو وہ اپنے اوپر لے لی جائے، اس کی محافظت میں اپنی جان دے دی جائے تو اللہ عزوجل کو اس کلام کا مخاطب کیوں کر بنا سکتے ہیں) رہا یہ کہ ابتدا میں **اللھم** ہے اس سے مقصود حضرت عزت جل جلالہ کو پکارنا نہیں (کہ یہ اللہ عزوجل سے عرض قرار پائے) بلکہ اس کے نام سے ابتدائے کلام ہے۔ اور حضور ہم پر سکینہ اتاریں مقابلۂ دشمن کے وقت اور ہمیں ثابت قدم رکھیں یعنی اپنے رب جل و علا سے ان مراعات کی دعا فرمادیں۔

یہ اشعار سن کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا یہ کون اونٹوں کو رواں کرتا ہے صحابہ نے عرض کی عامر بن اکوع، حضور نے فرمایا اللہ اس پر رحمت کرے۔

اور مسند احمد (وصحیح مسلم) میں بروایت ایاس بن سلمہ (اپنے والد ماجد سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے) ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے (عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے) فرمایا تیرا رب تیری مغفرت فرمائے اور حضور (ایسی جگہ) جب کسی خاص شخص کا نام لے کر دعائے مغفرت فرماتے تھے وہ شہید ہوجاتا تھا (لہٰذا) حاضرین میں سے ایک صاحب یعنی امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسا کہ صحیح مسلم میں تصریح ہے عرض کی یارسول اللہ حضور کی دعا سے عامر کے لیے شہادت واجب ہوگئی، حضور نے ہمیں ان سے نفع کیوں نہ لینے دیا یعنی حضور انھیں ابھی زندہ رکھتے کہ ہم ان سے بہرہ مند ہوتے۔

یہ پچھلے لفظ بھی یاد رکھنے کے قابل ہیں کہ حضور انھیں زندہ رکھتے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہ حدیث ابن اسحاق نے اس سند سے روایت کی۔

حدثنی محمد بن ابراهیم بن الحارث عن ابی الهیثم بن نصر بن دهرن الاسلمی ان اباه حدثه انه سمع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول فی مسیره الی خیبر لعامر بن الاکوع فذکره.

عامر بن اکوع کی شہادت

اسی میں ہے: **فقال عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه وجبت والله یا رسول الله لو امتعتنا به فقتل یوم خیبر شهیدا.**

امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی خدا کی قسم شہادت واجب ہوگئی یارسول اللہ! کاش حضور ہمیں ان کی زندگی سے بہرہ یاب رکھتے وہ روز خیبر شہید ہوئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ (الامن والعلی)

و عامر بن الاکوع کان یحدو بین یدیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و استشهد یوم خیبر.

حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے حدی پڑھتے تھے اور وہ روز خیبر شہید ہوئے۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۹،ص ۱۷۲)

خیبر کے عامل سے حضور کا فرمان

خیبر کے خرمے اور وہاں کے عامل سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان مقدس کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

صحیحین میں حضرت ابوسعید وحضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک صاحب کو خیبر پر عامل بنا کر بھیجا وہ عمدہ خرمے وہاں سے لائے فرمایا کیا خیبر کے سب خرمے ایسے ہی ہیں عرض کی نہیں یارسول اللہ، واللہ کہ ہم چھ سیر خرموں کے بدلے یہ خرمے تین سیر اور نو سیر دے کر اس کے چھ سیر خریدتے ہیں فرمایا

لا تفعل بع الجمع بالدراهم ثم ابتع بالدراهم جنيبا.

ایسا نہ کرو بلکہ ناقص یا پچپل خرمے پہلے روپیوں کے عوض بیچو پھر ان روپیوں سے یہ عمدہ خرمے خریدو۔اور ہر موزون کے بارے میں یہی حکم فرمایا۔

نیز صحیحین میں ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ برنی چھوہارے کہ عمدہ قسم ہیں خدمت اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر لائے فرمایا یہ کہاں سے آئے عرض کی ہمارے پاس ناقص چھوہارے تھے ان کے چھ سیر دے کر یہ تین سیر لیے فرمایا۔

اوه عين الربا عين الربا لا تفعل و لكن اذا اردت ان تشترى فبع التمر ببيع اخر ثم اشتر به.

اف خاص سود ہے ایسا نہ کرو ہاں جب بدلنا چاہو تو اپنے چھوہارے اور چیز سے پہلے بیچ کر پھر اس سے اچھے چھوہارے مول لے لو۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۴۶۔ رادع التعسف)

خیبر کے دن متعہ حرام ہوا

امام احمد رضا بریلوی نے ایک سوال کے جواب میں حرمت متعہ کی وضاحت یوں فرمائی ہے۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے: **و الذین هم لفروجهم حفظون . الاعلی ازواجهم او ما ملکت ایمانهم فانهم غیر ملومین . فمن ابتغی وراء ذلک فاولئک هم العادون .**

وہ لوگ جو اپنی شرمگاہوں کو بچائے ہوئے ہیں مگر اپنی بی بیوں یا اپنی شرعی کنیزوں پر کہ ان پر کچھ ملامت نہیں تو جو اس کے سوا کوئی اور راہ طلب کرے تو وہی لوگ ہیں حد سے بڑھنے والے۔

ظاہر ہے کہ زن ممنوعہ نہ اس کی بی بی نہ کنیز شرعی تو یہ وہی تیسری راہ ہے جو خدا کی باندھی ہوئی حد سے جدا اور حرام و گناہ ہے۔

رب تبارک وتعالیٰ مردوں سے فرماتا ہے **محصنین غیر مسافحین و لا متخذی اخدان.**

نکاح کرو بی بی بنا کر قید میں رکھنے کو نہ پانی گرانے اور نہ آشنا بنانے کو۔

عورتوں سے فرماتا ہے: **محصنین غیر مسافحات و لا متخذات اخدان .**

قید میں آتیاں نہ مستی نکالتیاں نہ یار بناتیاں۔

ظاہر ہے کہ متعہ بھی مستی نکالنے، پانی گرانے کا صیغہ ہے نہ قید میں رکھنے، بی بی بنانے کا۔

صحیح مسلم شریف میں حدیث حضرت سبرہ بن معبد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

یا ایها الناس انی کنت اذنت لکم فی الاستمتاع من النسأ و ان الله عزوجل قد حرم ذلک الی یوم القیامة

اے لوگوں میں نے پہلے تمھیں اجازت دی تھی عورتوں کے ساتھ متعہ کرنے کی اور اب بیشک اللہ عزوجل نے اسے حرام فرما دیا قیامت تک۔

صحیح بخاری و صحیح مسلم میں حضرت امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے ہے۔

ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نهی عن متعة النساء یوم خیبر و عن لحوم الحمر الانسیة .

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر کے دن عورتوں سے متعہ اور گدھے کا گوشت حرام فرما دیا۔

ابتدائے اسلام میں متعہ جائز تھا

جامع ترمذی شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے۔

قال انما کانت المتعة فی اول الاسلام کان الرجل یقدم البلدة لیس له معرفة فیتزوج للمرأة بقدر ما یری انه یقیم فتحفظ له متاعه و تصلح له شانه حتی اذا نزلت الایة الاعلی ازواجهم او ما ملکت ایمانهم ، قال ابن عباس فکل فرج سواهما فهو حرام.

متعہ ابتدائے اسلام میں تھا مرد کسی شہر میں جاتا جہاں کسی سے جان پہچان نہ ہوتی تو کسی عورت سے اتنے دنوں کے لیے عقد کر لیتا جتنے روز اس کے خیال میں وہاں ٹھہرنا ہوتا وہ عورت اس کے اسباب کی

حفاظت اس کے کاموں کی درستی کرتی۔ جب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی کہ سب سے اپنی شرمگاہیں محفوظ رکھو سوا بی بیوں اور کنیزوں کے اس دن سے ان دو کے سوا جو فرج ہے وہ حرام ہو گئی۔

حازمی کتاب الناسخ والمنسوخ میں حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی غزوۂ تبوک میں ہم نے کچھ عورتوں سے متعہ کیا۔

فجاء رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فنظر اليهن و قال من هولاء النسوة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے انھیں دیکھا فرمایا یہ عورتیں کون ہیں؟

قلنا يا رسول الله تمتعنا منهن.

ہم نے عرض کی یا رسول اللہ ان سے ہم نے متعہ کیا ہے۔

قال فغضب رسول الله صلىٰ الله تعالىٰ عليه وسلم حتى احمرت و جنتاه و تمعر وجهه و قام فينا خطيبا فحمد الله و اثنى عليه ثم نهى عن المتعة .

یہ سن کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غضب فرمایا یہاں تک کہ دونوں رخسارۂ مبارک سرخ ہو گئے اور چہرۂ انور کا رنگ بدل گیا۔ خطبہ فرمایا اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی پھر متعہ کا حرام ہونا بیان فرمایا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۲۴۳)

سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ابتداء میں جواز متعہ کے مدتوں قائل رہے ہیں یہاں تک کہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنے زمانۂ خلافت میں ان سے فرمایا کہ اپنے ہی اوپر آزما دیکھئے اگر متعہ کرو تو میں سنگسار کروں۔ آخر زمانہ میں اس سے رجوع کی اور فرمایا اللہ عزوجل نے زوجہ و کنیز شرعی بس ان دونوں کو حلال فرمایا۔

فكل فرج سواهما حرام .

ان دو کے سوا جو فرج ہے حرام ہے۔اسے ترمذی نے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۴۴، رادع التعسف)

ایک مدعی اسلام کا جہاد

صحیحین میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، غزوۂ خیبر میں ایک مدعی اسلام نے ہمراہ رکاب اقدس سخت جہاد اور کافروں نے عظیم قتال کیا صحابہ اس کے مداح ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ دوزخی ہے اس پر قریب تھا کہ بعض لوگ متزلزل ہو جائیں (یعنی ایسے عالی درجہ کے عمدہ کام ایسے جلیل وجمیل نصرت اسلام اور اس پر ناری ہونے کے احکام) بالآخر خبر پائی کہ وہ معرکہ میں زخمی ہوا درد کی تاب نہ لایا اور رات کو اپنا گلا کاٹ کر مر گیا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ خبر سن کر فرمایا اللہ اکبر! میں گواہی دیتا ہوں کہ میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔ پھر بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ لوگوں میں منادی کر دیں۔

انه لا يدخل الجنة الا نفس مسلمة و ان الله ليؤيد هذا الدين بالرجل الفاجر.

بیشک جنت میں کوئی نہ جائے گا مگر مسلمان جان اور بیشک اللہ تعالیٰ اس دین کی مدد کرتا ہے فاسق کے ہاتھ پر۔

اسی کے قریب طبرانی نے کبیر میں عمرو بن نعمان بن مقرن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

نسائی و ابن حبان حضرت انس بن مالک اور احمد و طبرانی حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند جید راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان الله تعالىٰ يؤيد هذا الدين باقوام لاخلاق لهم .

بے شک اللہ عزوجل اس دین کی مدد ایسے لوگوں سے فرماتا ہے جن کا کوئی حصہ نہیں۔

طبرانی کبیر میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان اللہ لیؤید الاسلام برجال ما ھم من اھلہ ۔

بے شک اللہ تعالیٰ اسلام کی تائید ایسے لوگوں سے کراتا ہے جو خود اہل اسلام سے نہیں۔

(شرح المطالب فی مبحث ابی طالب)

خیبر کا دراز گوش

ابن حبان وابن عساکر حضرت ابو منظور اور ابونعیم بروجہ آخر حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، جب خیبر فتح ہوا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دراز گوش سیاہ رنگ دیکھا اس سے کلام فرمایا وہ جانور بھی تکلم میں آیا ارشاد ہوا تیرا کیا نام ہے عرض کی یزید بیٹا شہاب کا اللہ تعالیٰ نے میرے دادا کی نسل سے ساٹھ دراز گوش پیدا کیے۔

کلھم لا یرکبہ الا نبی ۔

ان سب پر انبیاء سوار ہوا کیے۔

و قد کنت اتوقعک ان ترکبنی لم یبق من نسل جدی غیری و لا من الانبیاء غیرک ۔

مجھے یقینی توقع تھی کہ حضور مجھے اپنی سواری سے مشرف فرمائیں گے کہ اب اس نسل میں سوا میرے اور انبیاء میں سوا حضور کے کوئی باقی نہیں۔

میں پہلے ایک یہودی کے پاس تھا اسے قصداً گرادیا کرتا وہ مجھے بھوکا رکھتا اور مارتا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا نام ''یعفور'' رکھا جسے بلانا چاہتے اسے بھیج دیتے چوکھٹ پر سر مارتا جب صاحب خانہ باہر آتا اسے اشارے سے بتاتا کہ اقدس حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یاد فرماتے ہیں، جب حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا وہ مفارقت کی تاب نہ لایا ابوالھیثم بن التیھان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کنوئیں میں گر کر مر گیا۔ (جزاء اللہ عدوہ بابانہ ختم النبوۃ)

فتح خیبر کی بشارت

صحیحین میں سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے خیبر کی حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

لا عطین ھذہ الرایۃ غدا رجلا یفتح اللہ علی یدہ . یحب اللہ و رسولہ و یحبہ اللہ و رسولہ فاعطاھا علیا کرم اللہ تعالیٰ وجھہ .

واللہ کل ضرور یہ نشان اس مرد کو دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ فتح کرے۔ وہ اللہ و رسول کو دوست رکھتا ہے اور اللہ و رسول اسے دوست رکھتے ہیں دوسرے دن وہ نشان حضور نے مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو عطا فرمایا۔ تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ بات قسم کی روش پر لام تاکید اور نون تاکید سے مؤکد کر کے بیان فرمائی تو حضور کو یقیناً معلوم تھا کہ میں کل کیا کروں گا۔ (الدولۃ المکیۃ)

حضرت علی کی نماز عصر

غزوۂ خیبر سے واپسی میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز عصر مقام صہبا میں قضا ہوگئی حضور اقدس علیہ الصلاۃ والسلام کے معجزہ سے سورج لوٹ آیا اور علی نے نماز ادا کی اس سلسلے میں ایک موقع پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

اہم فرائض ارکان ہیں اور اہم ارکان اربعہ نماز اور تعظیم ومحبت حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قطعاً نماز سے اہم واعظم۔

غزوۂ خیبر سے پلٹتے ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منزل صہبا میں بعد نماز عصر سیدنا امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے زانوئے مبارک پر سر اقدس رکھ کر آرام فرمایا، مولیٰ علی مشکل کشا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی نے ابھی نماز نہ پڑھی تھی۔ جب وقت تنگ ہونے پر آیا مضطرب ہوئے کہ اگر اٹھتا ہوں محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خواب راحت میں خلل آتا ہے۔ معہذا کیا معلوم کہ حضور کو خواب میں کیا وحی ہو رہی ہو۔ اور اگر بیٹھا رہتا ہوں نماز جاتی ہے۔ آخر وہی تعظیم ومحبت کا پلہ غالب آیا اور اسد اللہ الغالب نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جگا دینے پر نماز جانے کو گوارا کیا۔

حتی توارت بالحجاب.

یہاں تک کہ آفتاب ڈوب گیا۔

اب کہ وقت مغرب ہوا سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چشم حق بیں کھلی، مولیٰ علی کو مضطرب پایا سبب دریافت کیا عرض کی یارسول اللہ میں نے عصر کی نماز نہ پڑھی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دست مشکل کشائی بلند فرمائے اور اپنے رب عزوجل سے عرض کی۔

الٰہی! علی تیرے رسول کے کام میں تھا اور آفتاب کو حکم دیا کہ پلٹ آئے فوراً ڈوبا ہوا آفتاب افق غربی سے حکم باندھا ہوا کھنچا چلا آیا۔ وقت عصر ہو گیا امیر المومنین نے نماز ادا فرمائی پھر ڈوب گیا۔

امام اجل ابوجعفر طحاوی وغیرہ ائمہ نے اس حدیث کی تصحیح فرمائی۔

(ماخوذ از: حیات اعلیٰ حضرت جلد اول)

فتح فدک

''فدک'' ایک موضع کا نام ہے جو خیبر کے نزدیک ہے۔ اہل سیر بیان کرتے ہیں کہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیبر کے حوالی میں تشریف لائے تو محیصہ بن مسعود حارثی کو (جو حویصہ بن مسعود حارثی کے بھائی ہیں) فدک میں بھیجا تاکہ وہاں کے رہنے والوں کو اسلام کی دعوت دیں اور خبر دے دیں کہ خدا کے نبی تم سے جنگ کرنے تشریف لائیں گے جس طرح کہ خیبر والوں سے جنگ کرنے کے لیے تشریف لائے ہیں۔ فدک کے لوگوں نے کہا خیبر والوں کے پاس دس ہزار جنگجو ہیں ہمیں گمان نہیں کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ان کے سامنے ٹھہر سکیں۔ محیصہ نے جب دیکھا کہ یہ لوگ صلح صفائی کی طرف نہیں آئے تو لوٹ آئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں سارا حال عرض کر دیا۔ اس کے بعد ان کے سرداروں کی ایک جماعت فدک کے کچھ یہودیوں کے ساتھ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آئی تاکہ صلح کا معاملہ پختہ کرلیں۔ بحث وتمحیص اور گفتگو کے بعد یہ طے پایا کہ آدھی زمین فدک کی حضور کو دے دیں اور آدھی زمین اپنے لیے رکھ لیں۔ یہ سلسلہ امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت تک رہا اس وقت امیر المومنین سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو زمین فدک سے نکال دیا اور شام کی طرف بھیج دیا اور وہ آدھی زمین جو ان کے پاس تھی اسے پچاس ہزار درہم میں بیت المال سے خرید لیا۔

اسی طرح اہل خیبر کو خیبر سے نکالا۔ یہود نے کہا اے عمر کیا وجہ ہے جس چیز کو ابو القاسم (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے مقرر فرمایا تم اس کے خلاف کرتے ہو۔ فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جان لو میں اس دن موجود نہ تھا اور نہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تم سے فرمایا جب تک ہماری مرضی رہی تم اس پر قائم رہے اب ہم نہیں چاہتے، ہماری مرضی نہیں ہے۔ بخاری کی حدیث ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہوگئے اور اپنا مصمم اور پختہ ارادہ فرمایا کہ ان یہودیوں کو نکال کے رہیں گے۔ پھر بنی الحقیق کے ایک شخص نے آکر کہا اے امیر المومنین ہمیں نکالتے ہو

حالاں کہ ابوالقاسم (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے ہمیں مقرر فرمایا اس پر حضرت عمر نے فرمایا کیا تیرا گمان ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول کو بھلا دوں گا جو تجھ سے کہا کہ اس وقت تیرا کیا حال ہوگا جب تو نکالا جائے گا اور راتوں رات اونٹ دوڑیں گے مطلب یہ کہ تم لوگ کئی راتوں میں یہاں سے نکلو گے۔ اس یہودی نے کہا یہ بات تو ابوالقاسم (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے بطریق ہزل ومزاح فرمائی تھی نہ کہ یقین وجزم کے طریقے پر۔ اس پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا او دشمن خدا! تو جھوٹ بکتا ہے۔ اس کے بعد ان کو جلا وطن کر دیا۔ اور ان کے اموال کی قیمت دے دی جو بھی کچھ ان کا ساز وسامان، اونٹ وغیرہ تھے حتیٰ کہ رسیوں اور پالان وغیرہ کی بھی قیمت دے دی۔

جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیبر سے واپس ہوئے تو وادی القریٰ کی جانب توجہ فرمائی اور منزل صہبا میں قیام فرمایا اور وہیں سیدہ صفیہ سے زفاف ہوا۔ اور اسی منزل میں حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے لیے ردشمس واقع ہوا۔

غزوۂ وادی القریٰ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب وادی القریٰ میں نزول فرمایا تو ان لوگوں کا چار دن تک محاصرہ فرمایا وہ بھی جنگ کے لیے آمادہ ہوگئے اور قتال کے لیے نکل آئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی قتال کے لیے صف بندی فرمائی اور ایک صحابی کو علم مرحمت فرمایا اور ان کو اسلام کی دعوت دی اور فرمایا کہ اگر تم مسلمان ہو جاؤ تو تمھارے جان و مال محفوظ ومصون رہیں گے اور تمھارا حساب حق تعالیٰ پر ہوگا۔ انھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ نصیحت قبول نہ کی اور جنگ پر ہی مصر رہے۔ اس دن شام تک جنگ جاری رہی یہودیوں کے دس آدمی جہنم رسید ہوئے دوسرے دن صبح کے وقت فتح واقع ہوئی اور بکثرت اثاثہ اور بے شمار مال ومتاع مسلمانوں کے ہاتھ آیا۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وادی

القریٰ کے یہودیوں پر احسان فرمایا اور ان کے آراضی اور ان کے باغات کو انھیں کے قبضہ میں رہنے دیا تا کہ وہ مزدوری پر کام کریں۔ وادی القریٰ کے یہودیوں کی خبر "تیما" کے یہودیوں کو پہنچی تو وہ ڈر گئے اور صلح کر کے جزیہ دینا قبول کرلیا۔

غزوۂ خیبر کے بعد جنگی مہمات

نبی مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ خیبر سے واپسی کے بعد موسم خزاں اور موسم سرما مدینہ طیبہ میں گزارا۔ اس عرصہ میں بذات خود کسی غزوہ پر تشریف نہیں لے گئے البتہ متعدد فوجی مہمیں صحابہ کرام کی سرکردگی میں مختلف اطراف میں روانہ فرمائیں۔ ان میں سے چند کے نام یہ ہیں۔

(۱) سریہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

(۲) سریہ فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

(۳) سریہ عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

(۴) سریہ بشیر بن سعد الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

(۵) سریہ غالب بن عبداللہ لیثی۔

(۶) بشیر بن سعد کی زیر قیادت دوسرا سریہ۔

(۷) سریہ ابی حدرد اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(۸) سریہ عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ دوم، سیرت الرسول)

عمرۃ القضاء

خلوا بنی الکفار عن سبیله
الیوم نضربکم علی تنزیله

(عبداللہ بن رواحہ)

عمرۃ القضاء ۷ھ

حدیبیہ کے صلح نامہ میں ایک دفعہ یہ بھی تھی کہ آئندہ سال حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ آ کر عمرہ ادا کریں گے اور تین دن مکہ میں ٹھہریں گے۔

اس دفعہ کے مطابق ماہ ذو القعدہ ۷ ھ میں آپ نے عمرہ ادا کرنے لے لیے مکہ روانہ ہونے کا عزم فرمایا اور اعلان کرا دیا کہ جو لوگ گزشتہ سال حدیبیہ میں شریک تھے وہ سب میرے ساتھ چلیں۔ چنانچہ بجز ان لوگوں کے جو جنگ خیبر میں شہید یا وفات پا چکے تھے سب نے یہ سعادت حاصل کی۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چوں کہ کفار مکہ پر بھروسہ نہیں تھا کہ وہ اپنے عہد کو پورا کریں گے اس لیے آپ جنگ کی پوری تیاری کے ساتھ روانہ ہوئے۔ بوقت روانگی حضرت ابو رہم غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آپ نے مدینہ پر حاکم بنا دیا اور دو ہزار مسلمانوں کے ساتھ جن میں ایک سو گھوڑوں پر سوار تھے آپ مکہ لے لیے روانہ ہوئے۔ ساٹھ اونٹ قربانی لے لیے ساتھ تھے جب کفار مکہ کو خبر لگی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہتھیاروں اور سامان جنگ کے ساتھ مکہ آ رہے ہیں تو وہ بہت گھبرائے اور انھوں نے چند آدمیوں کو صورت حال کی تحقیقات لے لیے ''مرالظہران'' تک بھیجا۔ حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اسپ سواروں کے افسر تھے قریش کے قاصدوں نے ان سے ملاقات کی انھوں نے اطمینان دلایا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلح نامہ کی شرط کے مطابق بغیر ہتھیار کے مکہ میں داخل ہوں گے یہ سن کر کفار قریش مطمئن ہو گئے۔

چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مقام ''یاجج'' میں پہنچے جو مکہ سے آٹھ میل دور ہے تو تمام ہتھیاروں کو اس جگہ رکھ دیا اور حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ماتحتی میں چند صحابہ کرام کو ان ہتھیاروں کی حفاظت لے لیے متعین فرما دیا اور اپنے ساتھ ایک تلوار کے سوا کوئی ہتھیار نہیں رکھا اور صحابہ کرام کے مجمع کے ساتھ ''لبیک'' پڑھتے ہوئے حرم کی طرف بڑھے جب مکہ میں داخل ہونے لگے تو دربار نبوت کے شاعر

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اونٹ کی مہار تھامے ہوئے آگے آگے رجز کے اشعار جوش وخروش کے ساتھ بلند آواز سے پڑھتے جاتے تھے۔(مولف) (مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

اب آگے کا واقعہ امام احمد رضا بریلوی کی تحریر میں ملاحظہ فرمائیں، آپ نے تحریر فرمایا ہے :

ابن رواحہ کی رجز خوانی

ترمذی میں حضرت انس سے ہے۔

انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دخل مکۃ فی عمرۃ القضیۃ ابن رواحۃ یمشی بین یدیہ و یقول .

خلو ابنی الکفار عن سبیلہ الیوم نضربکم علی تنزیلہ
ضربا یزیل الھام عن مقیلہ یذھل الخلیل عن خلیلہ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز عمرۃ القضا جب داخل مکہ ہوئے عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آگے آگے رجز کے اشعار سناتے جا رہے تھے۔

یعنی کافروں کی اولاد حضور کا راستہ چھوڑ دو، آج تو ہم ان کی جائے نزول پر حملہ کریں گے، ایسا حملہ کہ ان کے دماغ کا مغز آنکھوں کے راستے سے باہر ہو جائے گا، اور ایک دوست دوسرے دوست کو بھول جائے گا۔ **(مولف)**

فقال عمر یا ابن رواحۃ بین یدی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و فی حرم اللہ تقول الشعر فقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خل عنہ یا عمر فلھی فیھم اسرع من نضح النبل .

امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منع کیا کہ اے ابن رواحہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آگے اور اللہ جل جلالہ کے حرم میں یہ شعر خوانی؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھنے دو کہ یہ ان

پر تیروں سے زیادہ کارگر ہے۔ (مولف)

و فی روایۃ انہ لما انکر عمر علیہ قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا عمر انی اسمع فاسکت یا عمر.

اور ایک روایت میں ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابن رواحہ کو منع کیا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے عمر ہم سن رہے ہیں تم بھی خاموش رہو۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۷۲)

طواف و رمل

جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاص حرم کعبہ میں داخل ہوئے تو کچھ کفار قریش مارے جلن کے اس منظر کی تاب نہ لا سکے اور پہاڑوں پر چلے گئے مگر کچھ کفار اپنے دار الندوہ کے پاس کھڑے آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر بادۂ توحید و رسالت سے مست ہونے والے مسلمانوں کے طواف کا نظارہ کرنے لگے اور آپس میں کہنے لگے کہ مسلمان بھلا کیا طواف کریں گے؟ ان کو تو بھوک اور مدینہ کے بخار نے کچل کر رکھ دیا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد حرام میں پہنچ کر ''اضطباع'' کر لیا یعنی چادر کو اس طرح اوڑھ لیا کہ آپ کا داہنا شانہ اور بازو کھل گیا اور آپ نے فرمایا کہ خدا اس پر اپنی رحمت نازل فرمائے جو ان کفار کے سامنے اپنی قوت کا اظہار کرے۔

پھر آپ نے اپنے اصحاب کے ساتھ شروع کے تین پھیروں میں شانوں کو ہلا ہلا کر اور خوب اکڑتے ہوئے چل کر طواف کیا اس کو عربی زبان میں ''رمل'' کہتے ہیں۔ چنانچہ یہ سنت آج تک باقی ہے اور قیامت تک باقی رہے گی کہ ہر طواف کعبہ کرنے والا شروع طواف کے تین پھیروں میں ''رمل'' کرتا ہے۔

مکہ سے روانگی

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین دن مکہ مکرمہ میں رہے جب چوتھا روز ہوا تو قریش نے کسی کو حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیجا کہ وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کریں کہ مکہ مکرمہ سے باہر تشریف لے جائیں حضرت علی نے عرض کیا کہ قریش ایسا کہتے ہیں، فرمایا ہاں ایسا ہی کرتا ہوں۔

ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی کو قریش کے پاس بھیجا کہ ان سے کہو کہ اتنی مہلت دے دو کہ سیدہ میمونہ کا ولیمہ میں اس جگہ کرلوں (کیوں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اسی عمرۃ القضاء کے موقع پر عقد فرمایا تھا) اور تمھارے لیے کھانا تیار کرلوں۔ کفار قریش نے کہا ہمیں تمھارے کھانے کی ضرورت نہیں ہے ہماری زمین سے باہر چلے جاؤ۔

حضرت سعد بن عبادہ مجلس شریف میں حاضر تھے جب مبالغہ اور درشت خوئی ان بدبختوں کی حد سے بڑھی تو برداشت نہ کر سکے اور فرمانے لگے ہم اس وقت تک یہاں سے نہیں جائیں گے جب تک کہ ہماری مرضی نہ ہو۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تبسم فرمایا اور حضرت سعد کی تسلی و تسکین فرمائی اور حکم دیا کہ اعلان کردو کہ صحابہ میں سے کوئی شخص رات مکہ میں نہ گزارے۔ اور اپنے غلام ابو رافع سے فرمایا کہ سیدہ میمونہ کو ہمارے بعد لے آنا اور خود مکہ مکرمہ سے باہر تشریف لے آئے اور جو عہد و پیمان فرمایا اس پر صبر و تحمل سے کام لیا اور ذرہ بھر خلاف ورزی نہیں فرمائی۔

حضرت حمزہ کی صاحبزادی

جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ سے تشریف لے جا رہے تھے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ بن عبد المطلب کی صاحبزادی عمارہ (انھیں کی نسبت سے حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ابو عمارہ تھی) اپنی والدہ سلمیٰ بنت عمیس کے ساتھ مکہ میں رہتی تھیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم کے پیچھے پیچھے ''یاعم یاعم'' کہتی ہوئی آئیں انھوں نے حضور کو عم یعنی چچا اس بناء پر پکارا کہ یہ عرب کی عادت ہے یا اس بناء پر کہ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی بھی تھے۔

تو حضرت مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو جا لیا اور عرض کیا یا رسول اللہ اپنے چچا کی بیٹی کو مشرکوں کے درمیان کیوں بے باپ (یتیم) چھوڑتے ہیں، میں ان کو اپنے ساتھ لے چلوں گا۔ اس کے بعد علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا کہ اپنے چچا کی بیٹی سے کہو کہ وہ ہودج میں آجائے۔

جب مدینہ منورہ پہنچے تو ان تینوں کے درمیان جھگڑا ہوا۔ حضرت علی مرتضیٰ نے فرمایا میں لایا ہوں میرے چچا کی بیٹی ہے۔

اور حضرت جعفر بن ابی طالب نے فرمایا میرے چچا کی بیٹی ہے اور ان کی خالہ اسماء بنت عمیس میری زوجیت میں ہیں۔

اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میرے بھائی کی بیٹی ہے۔ (ان کے اور حضرت حمزہ کے درمیان مواخات تھی جو حضور نے مہاجرین وانصار کے درمیان قائم فرمائی تھی)

اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جعفر کے حق میں فیصلہ فرمایا اور فرمایا : **الخالة بمنزلة الام.**

خالہ ماں کے قائم مقام ہے۔ تم ان کی نگہداشت اور پرورش کے زیادہ حقدار ہو۔

اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دلجمعی اور تسکین کے لیے فرمایا : **انت منی و انا منک.**

تم مجھ سے ہو اور میں تم سے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

ما وقع لجعفر بن ابی طالب لما قال له علیه الصلاة و السلام اشبهت خلقی و خلقی و فی لفظ جعفر اشبه الناس بی خلقا و خلقا فحجل ای مشی علی رجل واحدة و فی روایة رقص من لذة هذا الخطاب .

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب فرمایا کہ جعفر تمام لوگوں میں میرے اخلاق و صفت میں میرے مشابہ ہیں تو وہ خوشی سے ایک پیر پر چلنے لگے اور ایک روایت میں یہ ہے کہ وہ اس خطاب کی لذت و سرور سے گھومنے لگے۔ (مولف)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے دریافت فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ انھوں نے عرض کیا کہ میں نے حبشہ میں دیکھا ہے کہ وہ اپنے بادشاہوں کے ساتھ ایسا کرتے ہیں اور نجاشی بھی جب کسی کو اپنے کسی بات سے خوش کرتا ہے تو وہ شخص اس کے گرد ایک پاؤں سے چکر لگاتا ہے۔ (مولف)

نہایہ ابن اثیر و مجمع البحار میں ہے :

قال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لزید انت مولانا فحجل

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زید سے فرمایا کہ تم میرے محب و محبوب ہو تو وہ فرح و سرور سے گھومنے لگے۔ (مولف)

الحجل ان یرفع رجلا و یقفز علی الاخری من الفرح.

یعنی ایک پاؤں اٹھا کر خوشی سے دوسرے پر کودنے کو حجل کہتے ہیں۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج۹، ص۴۴۵)

❁......❁......❁

سریہ موتہ

ان اللہ اشتری من المومنین انفسہم و اموالہم بان لہم الجنۃ یقاتلون فی سبیل اللہ فیقتلون و یقتلون وعدا علیہ حقا فی التوراۃ و الانجیل و القرآن و من اوفی بعہدہ من اللہ فاستبشروا ببیعکم الذی بایعتم بہ و ذلک ہو الفوز العظیم۔

بیشک اللہ نے مسلمانوں سے ان کے مال اور جان خرید لیے ہیں اس بدلے پر کہ ان کے لیے جنت ہے اللہ کی راہ میں لڑیں تو ماریں اور مریں اس کے ذمہ کرم پر سچا وعدہ توریت اور انجیل اور قرآن میں اور اللہ سے زیادہ قول کا پورا کون تو خوشیاں مناؤ اپنے سودے کی جو تم نے اس سے کیا ہے اور یہی بڑی کامیابی ہے۔
(التوبہ،۱۱۱)

سریہ موتہ ۸ ھ

''موتہ'' ملک شام میں ایک مقام کا نام ہے یہاں ۸ ھ میں کفر و اسلام کا وہ عظیم معرکہ ہوا جس میں ایک لاکھ لشکر کفار سے صرف تین ہزار جاں نثار مسلمانوں نے اپنی جان پر کھیل کر ایسی معرکہ آرائی کی کہ یہ لڑائی تاریخ اسلام میں ایک تاریخی یادگار بن کر قیامت تک باقی رہے گی اور اس جنگ میں صحابہ کرام کی بڑی بڑی اولوالعزم ہستیاں شرف شہادت سے سرفراز ہوئیں۔

جنگ موتہ کا سبب

اس جنگ کا سبب یہ ہوا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ''بصریٰ'' کے بادشاہ یا قیصر روم کے نام ایک خط لکھ کر حضرت حارث بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذریعہ روانہ فرمایا۔ راستہ میں بلقاء کے بادشاہ شرحبیل بن عمرو غسانی نے جو قیصر روم کا باج گزار تھا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس قاصد کو نہایت بے دردی کے ساتھ رسی میں باندھ کر قتل کر دیا۔ جب بارگاہ رسالت میں اس حادثہ کی اطلاع پہنچی تو قلب مبارک پر انتہائی رنج و صدمہ پہنچا۔ اس وقت آپ نے تین ہزار مسلمانوں کا لشکر تیار فرمایا اور اپنے دست مبارک سے سفید رنگ کا جھنڈا باندھ کر حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ میں دیا اور ان کو اس فوج کا سپہ سالار بنایا اور ارشاد فرمایا کہ اگر زید بن حارثہ شہید ہو جائیں تو حضرت جعفر سپہ سالار ہوں گے۔ اور جب وہ شہادت سے سرفراز ہو جائیں تو اس جھنڈے کے علمبردار حضرت عبداللہ بن رواحہ ہوں گے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ ان کے بعد لشکر اسلام جس کو منتخب کرے وہ سپہ سالار ہوگا۔

اس لشکر کو رخصت کرنے کے لیے خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مقام ''ثنیۃ الوداع'' تک تشریف لے گئے اور لشکر کے سپہ سالار کو حکم فرمایا کہ تم ہمارے قاصد حضرت حارث بن عمیر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کی شہادت گاہ میں جاؤ جہاں اس جاں نثار نے ادائے فرض میں اپنی جان دی ہے۔ پہلے وہاں کے کفار کو اسلام

کی دعوت دو اگر وہ لوگ اسلام قبول کرلیں تو پھر وہ تمھارے اسلامی بھائی ہیں ورنہ تم اللہ کی مدد طلب کرتے ہوئے ان سے جہاد کرو۔ جب لشکر چل پڑا تو مسلمانوں نے بلند آواز سے یہ دعا دی کہ خدا سلامت اور کامیاب واپس لائے۔

جب فوج مدینہ سے کچھ دور آگے نکل گئی تو خبر ملی کہ خود قیصر روم مشرکین کی ایک لاکھ فوج لے کر بلقاء کی سرزمین میں خیمہ زن ہو گیا ہے۔ یہ خبر پا کر امیر لشکر حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے لشکر کو پڑاؤ کا حکم دے دیا اور ارادہ کیا کہ بارگاہ رسالت میں اس کی اطلاع دی جائے اور حکم کا انتظار کیا جائے مگر حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہمارا مقصد فتح یا مال غنیمت نہیں بلکہ ہمارا مطلوب تو شہادت ہے۔ کیوں کہ :

شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن
نہ مال غنیمت نہ کشور کشائی

اور یہ مقصد بلند ہر وقت اور ہر حالت میں حاصل ہو سکتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن رواحہ کی یہ تقریر سن کر ہر مجاہد جوش جہاد میں بے خود ہو گیا۔

غرض یہ مجاہدین اسلام موتہ کی سرزمین میں داخل ہو گئے اور وہاں پہنچ کر دیکھا کہ واقعی ایک بہت بڑا لشکر ریشمی زرق برق وردیاں پہنے ہوئے بے پناہ تیاریوں کے ساتھ جنگ کے لیے کھڑا ہے۔ ایک لاکھ سے زائد لشکر کا بھلا تین ہزار سے مقابلہ ہی کیا؟ مگر مسلمان خدا کے بھروسہ پر مقابلہ کے لیے ڈٹ گئے۔

معرکہ آرائی کا منظر

سب سے پہلے مسلمانوں کے امیر لشکر حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آگے بڑھ کر کفار کے لشکر کو اسلام کی دعوت دی، جس کا جواب کفار نے تیروں کی مار اور تلواروں کی وار سے دیا۔ یہ منظر

دیکھ کر مسلمان بھی جنگ کے لیے تیار ہو گئے اور لشکر اسلام کے سپہ سالار حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھوڑے سے اتر کر پا پیادہ میدان جنگ میں کود پڑے اور مسلمانوں نے بھی نہایت جوش وخروش کے ساتھ لڑنا شروع کر دیا لیکن اس گھمسان کی لڑائی میں کافروں نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نیزوں اور برچھیوں سے چھید ڈالا اور وہ جواں مردی کے ساتھ لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔

فوراً ہی جھپٹ کر حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پرچم اسلام کو اٹھا لیا مگر ان کو ایک رومی مشرک نے ایسی تلوار ماری کہ یہ کٹ کر دو ٹکڑے ہو گئے۔ لوگوں کا بیان ہے کہ ہم نے ان کی لاش دیکھی تھی ان کے بدن پر نیزوں اور تلواروں کے نوے سے کچھ زائد زخم تھے۔ لیکن کوئی زخم ان کے پیٹھ کے پیچھے نہیں لگا تھا بلکہ سب کے سب زخم سامنے ہی کی جانب لگے تھے۔

حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے علم اسلام ہاتھ میں لیا فوراً ان کے چچازاد بھائی نے گوشت سے بھری ہوئی ایک ہڈی پیش کی اور عرض کی کہ بھائی جان آپ نے کچھ کھایا پیا نہیں ہے لہٰذا اس کو کھا لیجیے آپ نے ایک ہی مرتبہ دانت سے نوچ کر کھایا تھا کہ کفار کا بے پناہ ہجوم آپ پر ٹوٹ پڑا آپ نے ہڈی پھینک دی اور تلوار نکال کر دشمنوں کے نرغہ میں گھس کر رجز کے اشعار پڑھتے ہوئے انتہائی دلیری اور جاں بازی کے ساتھ لڑنے لگے مگر زخموں سے نڈھال ہو کر زمین پر گر پڑے اور شربت شہادت سے سیراب ہو گئے۔

اب لوگوں کے مشورہ سے حضرت خالد بن الولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ جھنڈے کے علمبردار بنے اور اس قدر شجاعت اور بہادری کے ساتھ لڑے کہ نو تلواریں ٹوٹ ٹوٹ کر ان کے ہاتھ سے گر پڑیں اور اپنی جنگی مہارت اور کمال ہنرمندی سے اسلامی فوج کو دشمنوں کے نرغہ سے نکال لائے۔

اسلامی لشکر نے بہت سے کفار کو قتل کیا اور کچھ مال غنیمت بھی حاصل کیا اور سلامتی کے ساتھ مدینہ

واپس آ گئے۔

نگاہ نبوت کا معجزہ

جنگ موتہ کی معرکہ آرائی میں جب گھمسان کا رن پڑا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ سے میدان جنگ کو دیکھ لیا اور آپ کی نگاہوں سے تمام حجابات اس طرح اٹھ گئے کہ میدان جنگ کی ایک ایک سرگزشت کو آپ کی نگاہ نبوت نے دیکھا۔ چنانچہ بخاری کی روایت ہے کہ حضرت زید و حضرت جعفر و حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی شہادتوں کی خبر آپ نے میدان جنگ سے خبر آنے سے قبل ہی اپنے اصحاب کو سنا دی۔

چنانچہ آپ نے انتہائی رنج و غم کی حالت میں صحابہ کرام کے بھرے مجمع میں یہ ارشاد فرمایا کہ زید نے جھنڈا لیا وہ بھی شہید ہو گئے۔ پھر عبداللہ بن رواحہ علمبردار بنے اور وہ بھی شہید ہو گئے یہاں تک کہ جھنڈے کو خدا کی تلواروں میں سے ایک تلوار (خالد بن ولید) نے اپنے ہاتھوں میں لیا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابہ کرام کو یہ خبریں سناتے رہے اور آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

موسیٰ بن عقبہ نے اپنے مغازی میں لکھا ہے کہ جب یعلی بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنگ موتہ کی خبر لے کر بارگاہ نبوت میں پہنچے تو حضور نے ان سے فرمایا کہ تم مجھے وہاں کی خبر سناؤ گے یا میں تمہیں وہاں کی خبر سناؤں؟ حضرت یعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ ہی سنائیے۔ جب آپ نے وہاں کا پورا پورا حال و ماحول سنایا تو حضرت یعلی نے کہا کہ اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے آپ نے ایک بات بھی نہیں چھوڑی کہ جس کو میں بیان کروں۔

حضور ﷺ حضرت جعفر کے گھر

حضرت جعفر شہید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیوی حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے

کہ میں نے اپنے بچوں کو نہلا دھلا کر تیل کاجل سے آراستہ کر کے آٹا گوندھ لیا تھا کہ بچوں کے لیے روٹیاں پکاؤں، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے گھر میں تشریف لائے اور فرمایا کہ جعفر کے بچوں کو میرے سامنے لاؤ جب میں نے بچوں کو پیش کیا تو آپ بچوں کو سونگھنے اور چومنے لگے اور آپ کی آنکھوں سے آنسوؤں کی دھار رخسار پرانوار پر بہنے لگی تو میں نے عرض کیا کہ کیا حضرت جعفر اور ان کے ساتھیوں کے بارے میں کوئی خبر آئی ہے؟ تو ارشاد فرمایا کہ ہاں! وہ لوگ آج ہی شہید ہو گئے ہیں، یہ سن کر میری چیخ نکل گئی اور میرا گھر عورتوں سے بھر گیا۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے کاشانۂ نبوت میں تشریف لے گئے اور ازواج مطہرات سے فرمایا کہ جعفر کے گھر والوں کے لیے کھانا تیار کراؤ۔

حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دونوں ہاتھ شہادت کے وقت کٹ کر گر پڑے تھے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت جعفر کو ان کے دونوں ہاتھ کے بدلے دو بازو عطا فرمائے ہیں جن سے اڑ اڑ کر وہ جنت میں جہاں چاہتے ہیں چلے جاتے ہیں۔

مجاہدین کی واپسی

جب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے لشکر کے ساتھ مدینہ کے قریب پہنچے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھوڑے پر سوار ہو کر ان لوگوں کے استقبال کے لیے تشریف لے گئے اور مدینہ کے مسلمان اور چھوٹے چھوٹے بچے بھی دوڑتے ہوئے مجاہدین اسلام کی ملاقات کے لیے گئے اور حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنگ موتہ کے شہداء کرام کا ایسا پر درد مرثیہ سنایا کہ تمام سامعین رونے لگے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

جنگ موتہ کا منظر

جب مقام موتہ میں کفر و اسلام کی جنگ جاری تھی ٹھیک اسی وقت مدینہ منورہ میں رسول غیب داں

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جنگ کی کیفیت بتائی اور جو شہادت سے سرفراز ہوئے ان کا نام بتایا اس واقعہ کی منظر کشی کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

واقدی نے مغازی میں عاصم بن عمر بن قتادہ اور عبداللہ بن ابی بکر سے روایت کی۔

لما التقى الناس بموتة جلس رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على المنبر و كشف له ما بينه و بين الشام فهو ينظر الى معركتهم فقال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اخذ الراية زيد بن حارثة فمضى حتى استشهد و صلى عليه و دعا له و قال استغفروا له و قد دخل الجنة و هو يسعى ثم اخذ الراية جعفر بن ابى طالب فمضى حتى استشهد فصلى عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و دعا له و قال استغفروا له و قد دخل الجنة فهو يطير فيها بجناحين حيث شاء.

جب مقام موتہ میں لڑائی شروع ہوئی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے اور اللہ عزوجل نے حضور کے لیے پردے اٹھا دیئے کہ ملک شام اور وہ معرکہ حضور دیکھ رہے تھے۔ اتنے میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا زید بن حارثہ نے نشان اٹھایا اور لڑتا رہا یہاں تک کہ شہید ہوا۔ حضور نے انھیں اپنی صلاۃ و دعا سے مشرف فرمایا اور صحابہ کو ارشاد ہوا اس کے لیے استغفار کرو بیشک وہ دوڑتا ہوا جنت میں داخل ہوا۔ حضور نے فرمایا پھر جعفر بن ابی طالب نے نشان اٹھایا اور لڑتا رہا یہاں تک کہ شہید ہوا۔ حضور نے ان کو اپنی صلاۃ و دعا سے شرف بخشا اور صحابہ کو ارشاد ہوا اس کے لیے استغفار کرو وہ جنت میں داخل ہوا اور اس میں جہاں چاہے اپنے پروں سے اڑتا پھرتا ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۷۴۳۔ الہادی الحاجب)

بخاری و مسلم ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی۔ **لما جاء النبى صلى الله تعالىٰ**

علیہ وسلم قتل ابن حارثۃ و جعفر و ابن رواحۃ لما جلس یعرف فیہ الحزن . الحدیث.

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زید و جعفر و ابن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی خبر شہادت سن کر مغموم و محزون مسجد میں تشریف رکھی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۷۹)

حضرت جعفر کا مرتبہ

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رأیت جعفر یطیر ملکا فی الجنۃ تدمی تادمتاہ و رأیت زیدا دون ذلک فقلت ما کنت اظن ان زیدا دون جعفر فقال جبریل ان زیدا بدون جعفر و لکنا فضلنا جعفر لقرابتہ منک۔

میں نے جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ملاحظہ فرمایا کہ فرشتہ بن کر جنت میں اڑ رہے ہیں اور ان کے بازوؤں کے اگلے دونوں شہ پروں سے خون رواں ہے اور زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میں نے ان سے کم مرتبہ میں پایا میں نے فرمایا مجھے گمان نہ تھا کہ زید کا مرتبہ جعفر سے کم ہوگا جبریل امین علیہ الصلاۃ و التسلیم نے عرض کی زید جعفر سے کم نہیں مگر ہم نے جعفر کا مرتبہ زید سے بڑھا دیا ہے اس لیے کہ وہ حضور سے قرابت رکھتے ہیں۔ اسے ابن سعد نے محمد بن عمرو بن علی سے مرسلاً روایت کیا۔

حضور ﷺ حضرت جعفر کے گھر والوں کے ولی ہیں

جب سیدنا جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت ہوئی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے یہاں تشریف لے گئے اور ان کے یتیم بچوں کو خدمت اقدس میں یاد فرمایا وہ حاضر ہوئے۔

حضرت عبداللہ بن جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہما اسے بیان کر کے فرماتے ہیں۔ فجاء ت امنا فذکرت یتیمنا فقال رسول اللہ العیلۃ تخافین علیھم و انا ولیھم فی الدنیا و الآخرۃ.

میری ماں نے حاضر ہو کر حضور پناہ بے کساں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہماری یتیمی کی شکایت عرض کی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا ان پر محتاجی کا اندیشہ کرتی ہے؟ حالاں کہ میں ان کا ولی وکارساز ہوں دنیا وآخرت میں۔

غم نخورد آں کہ حفیظش توئی
والی و مولیٰ و ولیش توئی

یارسول اللہ! جس کے محافظ ونگہبان آپ ہیں اسے کچھ غم واندوہ نہیں۔ آپ تو اس کے والی و مولیٰ وکارساز اور ولی ہیں، بلکہ آپ دنیا وآخرت میں مومنین کے ولی وسہارا ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (مولف)

اسے احمد وطبرانی وابن عساکر نے روایت کیا۔ (الامن والعلی)

سریہ غالب لیثی

۸ھ میں غالب بن عبداللہ لیثی کو قبیلہ بنی الملوح پر بھیجا تا کہ موضع کدید جائیں جب رات ہوئی تو ان پر شب خون مارا اور ان کے اونٹوں کو گھیر کے لے چلے۔ اچانک ان کے عقب میں ایک جماعت نمودار ہوئی جب خبر ہوئی تو دیکھا کہ وہ قریب آچکے ہیں یہاں تک کہ صرف ایک نالہ درمیان میں باقی تھا اور وہ ان کے مقابلہ کی طاقت نہ رکھتے تھے اس وقت حق تعالیٰ نے پانی کی ایک رو بھیجی جس سے وہ نالہ بھر گیا اور کسی ایک میں بھی اس کے عبور کرنے کی ہمت نہ رہی حالاں کہ اس سے پہلے کوئی ابر وباراں نہ ہوا تھا وہ سلامتی کے ساتھ مدینہ منورہ لوٹ آئے۔

سریہ فدک

اسی سال ان ہی غالب بن عبداللہ لیثی کو فدک بھیجا گیا تا کہ وہاں کے کفار کی سرکوبی کریں۔ غالب بن

عبداللہ لیثی کے اس سریہ کو بعض اہل سیر نے ساتویں سال میں منفعہ پر جو کہ بطن نخلہ کے قریب ہے بیان کیا ہے۔

سریہ عمرو بن العاص

اسی سال حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سریہ ''ذات السلاسل'' کی طرف واقع ہوا۔ اس لشکر کشی کو ''ذات السلاسل'' کے ساتھ موسوم کیا گیا ہے اس بنا پر کہ مشرکوں نے اپنے آپ کو ایک دوسرے کے ساتھ زنجیروں سے باندھ رکھا تھا تا کہ کوئی بھاگ نہ سکے۔ بعض کہتے ہیں کہ سلاسل ایک چشمہ کا نام تھا جو وہاں وادی القریٰ کے پیچھے تھا یہ مقام مدینہ طیبہ سے دس روز کے فاصلہ پر تھا۔ اس قضیہ کا وقوع ماہ جمادی الاخریٰ سنہ ۸ ھ ہے۔ بعض سنہ ۷ ھ کہتے ہیں اور ابن ابی خالد نے کتاب ''صحیح التاریخ'' میں اسی پر جزم کیا ہے اسے ابن عساکر نے بھی نقل کیا ہے۔ اور اس پر اتفاق ہے کہ یہ سریہ ''غزوۂ موتہ'' کے بعد واقع ہوا تھا مگر ابن اسحاق نے غزوۂ موتہ سے پہلے کہا ہے۔

اس کے وقوع کا سبب یہ ہے کہ بارگاہ رسالت میں خبر پہنچی کہ قبائل قضاعہ، بلی اور بنو القین نے متفقہ طور پر اطراف مدینہ پر تاخت وتاراج کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ اس پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امیر لشکر بنا کر بھیجا اس لشکر میں حضرت ابو بکر صدیق وعمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی تھے اس لشکر نے دشمن کی سرکوبی کی اور حصول مقصد کے بعد واپس آیا۔

سریہ الخبط

اس سریہ کو حضرت امام بخاری نے ''غزوۂ سیف البحر'' کے نام سے ذکر کیا ہے۔ رجب سنہ ۸ ھ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تین سو صحابہ کرام کے لشکر پر امیر بنا کر ساحل سمندر کی جانب روانہ فرمایا تا کہ یہ لوگ قبیلہ جہینہ کے کفار کی شرارتوں پر نظر رکھیں۔ اس لشکر میں خوراک کی اس قدر کمی پڑ گئی کہ امیر لشکر مجاہدین کو روزانہ ایک ایک کھجور راشن میں دیتے تھے یہاں

تک کہ ایک وقت ایسا بھی آ گیا کہ یہ کھجوریں بھی ختم ہو گئیں اور لوگ بھوک سے بے چین ہو کر درختوں کے پتے کھانے لگے یہی وجہ ہے کہ عام طور پر مورخین نے اس سریہ کا نام سریۃ الخبط یا جیش الخبط رکھا ہے۔ خبط عربی زبان میں درخت کے پتوں کو کہتے ہیں۔

ایک عجیب الخلقت مچھلی

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ہم لوگوں کو اس سفر میں تقریباً ایک مہینہ رہنا پڑا اور جب بھوک کی شدت سے ہم لوگ درختوں کے پتے کھانے لگے تو اللہ تعالیٰ نے غیب سے ہمارے رزق کا یہ سامان پیدا فرما دیا کہ سمندر کی موجوں نے ایک اتنی بڑی مچھلی ساحل پر پھینک دی جو ایک پہاڑ کی مانند تھی چنانچہ تین سو صحابہ اٹھارہ دنوں تک اس مچھلی کا گوشت کھاتے رہے اور اس کی چربی اپنے بدن پر ملتے رہے اور جب وہاں سے روانہ ہونے لگے تو اس کا گوشت کاٹ کاٹ کر مدینہ تک لائے جب یہ لوگ بارگاہ نبوت میں پہنچے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا تذکرہ کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تمہارے لیے رزق کا سامان ہوا تھا پھر آپ نے اس مچھلی کا گوشت طلب فرمایا اور اس میں سے کچھ تناول بھی فرمایا۔ یہ اتنی بڑی مچھلی تھی کہ امیر لشکر حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی دو پسلیاں زمین میں گاڑ کر کھڑی کر دیں تو کجاوہ بندھا ہوا اونٹ اس محراب کے اندر سے گزر گیا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

فتح مکہ مکرمہ

جس کے آگے کھچی گردنیں جھک گئیں

اس خدا داد شوکت پہ لاکھوں سلام

وقل جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا۔

اور فرماؤ کہ حق آیا اور باطل مٹ گیا بیشک باطل کو مٹنا ہی تھا۔

(بنی اسرائیل،۸۱)

فتح مکہ مکرمہ ۸ ھ

رمضان ۸ ھ تاریخ نبوت کا نہایت ہی عظیم الشان عنوان ہے اور سیرت مقدسہ کا یہ وہ سنہرا باب ہے کہ جس کی آب و تاب سے ہر مومن کا قلب قیامت تک مسرتوں کا آفتاب بنا رہے گا کیوں کہ تاجدار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس تاریخ سے آٹھ سال قبل انتہائی رنجیدگی کے عالم میں اپنے یار غار کو ساتھ لے کر رات کی تاریکی میں مکہ سے ہجرت فرما کر اپنے وطن عزیز کو خیر باد کہہ دیا تھا اور مکہ سے نکلتے وقت خدا کے مقدس گھر خانہ کعبہ پر ایک حسرت بھری نگاہ ڈال کر یہ فرماتے ہوئے مدینہ روانہ ہوئے تھے کہ

اے مکہ! خدا کی قسم تو میری نگاہ محبت میں تمام دنیا کے شہروں سے زیادہ پیارا ہے اگر میری قوم مجھے نہ نکالتی تو میں ہرگز تجھے نہ چھوڑتا۔

لیکن آٹھ برس کے بعد یہی وہ مسرت خیز تاریخ ہے کہ آپ نے ایک فاتح اعظم کی شان و شوکت کے ساتھ اسی شہر مکہ میں نزول اجلال فرمایا اور کعبۃ اللہ میں داخل ہو کر اپنے سجدوں کے جلال و جمال سے خدا کے مقدس گھر کی عظمت کو سرفراز فرمایا۔

لیکن ناظرین کے ذہنوں میں یہ سوال سر اٹھاتا ہوگا کہ جب کہ حدیبیہ کے صلح نامہ میں یہ تحریر کیا جا چکا تھا کہ دس برس تک فریقین کے مابین کوئی جنگ نہ ہوگی تو پھر آخر وہ کون سا سبب نمودار ہو گیا کہ صلح نامہ کے فقط دو سال ہی بعد تاجدار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اہل مکہ کے سامنے ہتھیار اٹھانے کی ضرورت پیش آ گئی اور آپ ایک عظیم لشکر کے ساتھ فاتحانہ حیثیت سے مکہ میں داخل ہوئے۔

تو اس سوال کا جواب یہ ہے کہ اس کا سبب کفار مکہ کی عہد شکنی اور حدیبیہ کے صلح نامہ سے غداری ہے۔

کفار قریش کی عہد شکنی

حدیبیہ کے صلح نامہ میں ایک یہ شرط بھی درج تھی کہ قبائل عرب میں سے جو قبیلہ قریش کے ساتھ معاہدہ کرنا چاہے وہ قریش کے ساتھ معاہدہ کرے اور جو حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معاہدہ کرنا چاہے وہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ معاہدہ کرے۔

چنانچہ اسی بناء پر قبیلہ بنی بکر نے قریش سے باہمی معاہدہ کرلیا اور قبیلہ بنی خزاعہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے امداد باہمی کا معاہدہ کرلیا یہ دونوں قبیلے مکہ کے قریب ہی میں آباد تھے لیکن ان دونوں میں عرصہ دراز سے سخت عداوت اور مخالفت چلی آ رہی تھی۔

ایک مدت سے تو کفار قریش اور دوسرے قبائل عرب کے کفار مسلمانوں سے جنگ کرنے میں اپنا سارا زور صرف کر رہے تھے لیکن صلح حدیبیہ کی بدولت جب مسلمانوں کی جنگ سے کفار قریش اور دوسرے قبائل کفار کو اطمینان ملا تو قبیلہ بنی بکر نے قبیلہ بنی خزاعہ سے اپنی پرانی عداوت کا انتقام لینا چاہا اور اپنے حلیف کفار قریش سے مل کر بالکل اچانک طور پر قبیلہ بنی خزاعہ پر حملہ کر دیا اور اس حملہ میں کفار قریش کے تمام رؤسا یعنی عکرمہ بن ابی جہل، صفوان بن امیہ و سہیل بن عمرو وغیرہ بڑے بڑے سرداروں نے علانیہ بنی خزاعہ کو قتل کیا۔

بیچارے بنی خزاعہ اس خوفناک ظالمانہ حملہ کی تاب نہ لا سکے اور اپنی جان بچانے کے لیے حرم کعبہ میں پناہ لینے کے لیے بھاگے۔ بنی بکر کے عوام نے تو حرم میں تلوار چلانے سے ہاتھ روک لیا اور حرم الٰہی کا احترام کیا۔ لیکن بنی بکر کا سردار، نوفل، اس قدر جوش انتقام میں آپے سے باہر ہو چکا تھا کہ وہ حرم میں بھی بنی خزاعہ کو نہایت بے دردی کے ساتھ قتل کرتا رہا اور چلا چلا کر اپنی قوم کو للکارتا رہا کہ پھر یہ موقع کبھی ہاتھ نہیں آ سکتا چنانچہ ان درندہ صفت خوں خوار انسانوں نے حرم الٰہی کے احترام کو بھی خاک میں ملا دیا اور حرم کعبہ

کے حدود میں نہایت ہی ظالمانہ طور پر بنی خزاعہ کا خون بہایا اور کفار قریش نے بھی اس قتل و غارت اور کشت و خون میں خوب خوب حصہ لیا۔

ظاہر ہے کہ قریش نے اپنی اس حرکت سے حدیبیہ کے معاہدہ کو عملی طور پر توڑ ڈالا۔ کیوں کہ بنی خزاعہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معاہدہ کر کے آپ کے حلیف بن چکے تھے اس لیے بنی خزاعہ پر حملہ کرنا یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر حملہ کرنے کے برابر تھا۔ اس حملہ میں بنی خزاعہ کے ۲۳ تئیس آدمی قتل ہو گئے۔

اس حادثہ کے بعد قبیلہ بنی خزاعہ کے سردار عمرو بن سالم خزاعی چالیس آدمیوں کا وفد لے کر فریاد کرنے اور امداد طلب کرنے کے لیے مدینہ بارگاہ رسالت میں پہنچے اور یہی فتح مکہ کی تمہید ہوئی۔

حضور کی امن پسندی

اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قریش کے پاس قاصد بھیجا اور تین شرطیں پیش فرمائیں کہ ان میں سے کوئی ایک شرط قریش منظور کر لیں۔

(۱) بنی خزاعہ کے مقتولوں کا خون بہا دیا جائے۔

(۲) قریش، قبیلہ بنی بکر کی حمایت سے الگ ہو جائیں۔

(۳) اعلان کر دیا جائے کہ حدیبیہ کا معاہدہ ٹوٹ گیا۔

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قاصد نے ان شرطوں کو قریش کے سامنے رکھا تو قرطہ بن عبد عمرو نے قریش کا نمائندہ بن کر جواب دیا کہ، نہ ہم مقتولوں کے خون کا معاوضہ دیں گے نہ اپنے حلیف قبیلہ بنی بکر کی حمایت چھوڑیں گے ہاں تیسری شرط ہمیں منظور ہے اور ہم اعلان کرتے ہیں کہ حدیبیہ کا

معاہدہ ٹوٹ گیا۔

لیکن قاصد کے چلے جانے کے بعد قریش کو اپنے اس جواب پر ندامت ہوئی ۔ چنانچہ چند رؤسائے قریش ابوسفیان کے پاس گئے اور یہ کہا کہ اگر یہ معاملہ نہ سلجھا تو پھر سمجھ لو کہ یقیناً محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ہم پر حملہ کر دیں گے ۔ ابوسفیان نے کہا کہ میری بیوی ہند بنت عتبہ نے ایک خواب دیکھا ہے کہ مقام ''حجون'' سے مقام ''خندمہ'' تک ایک خون کی نہر بہتی ہوئی آئی ہے پھر نا گہاں وہ خون غائب ہو گیا۔ قریش نے اس خواب کو بہت ہی منحوس سمجھا اور خوف و دہشت سے سہم گئے اور ابوسفیان پر بہت زیادہ دباؤ ڈالا کہ وہ فوراً مدینہ جا کر معاہدۂ حدیبیہ کی تجدید کرے۔

ابوسفیان کی کوشش

اس کے بعد بہت تیزی کے ساتھ ابوسفیان مدینہ گیا اور پہلے اپنی لڑکی ام المومنین حضرت بی بی ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مکان پر پہنچا اور بستر پر بیٹھنا ہی چاہتا تھا کہ حضرت بی بی ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جلدی سے بستر اٹھالیا۔ ابوسفیان نے حیران ہو کر پوچھا کہ بیٹی تم نے بستر کیوں اٹھالیا؟ کیا بستر کو میرے قابل نہیں سمجھا یا مجھ کو بستر کے قابل نہیں سمجھا؟ ام المومنین نے جواب دیا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بستر ہے اور تم مشرک اور نجس ہو اس لیے میں نے یہ گوارا نہیں کیا کہ تم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بستر پر بیٹھو۔

یہ سن کر ابوسفیان کے دل پر چوٹ لگی اور وہ رنجیدہ ہو کر وہاں سے چلا آیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا مقصد بیان کیا۔ آپ نے کوئی جواب نہیں دیا پھر ابوسفیان حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عمر و حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پاس گیا۔ ان سب حضرات نے جواب دیا کہ ہم کچھ نہیں کر سکتے۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس جب ابوسفیان پہنچا تو وہاں حضرت بی بی فاطمہ اور حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی تھے۔ ابوسفیان نے بڑی لجاجت سے کہا کہ اے علی تم قوم میں بہت ہی رحم دل ہو ہم ایک مقصد لے کر یہاں آئے ہیں کیا ہم یوں ہی ناکام چلے جائیں ہم صرف یہی چاہتے ہیں کہ تم محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) سے ہماری سفارش کرو، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اے ابوسفیان ہم لوگوں کی یہ مجال نہیں ہے کہ ہم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارادہ اور ان کی مرضی میں کوئی مداخلت کر سکیں۔

ہر طرف سے مایوس ہو کر ابوسفیان نے حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا کہ اے فاطمہ! یہ تمہارا پانچ برس کا بچہ (امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ایک مرتبہ اپنی زبان سے اتنا کہہ دے کہ میں نے دونوں فریق میں صلح کرا دی تو آج سے یہ بچہ عرب کا سردار کہہ کر پکارا جائے گا۔ حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جواب دیا کہ بچوں کو ان معاملات میں کیا دخل؟

بالآخر ابوسفیان نے کہا کہ اے علی معاملہ بہت کٹھن نظر آتا ہے کوئی تدبیر بتاؤ؟ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں اس سلسلے میں تم کو کوئی مفید رائے تو نہیں دے سکتا لیکن تم بنی کنانہ کے سردار ہو تم خود ہی لوگوں کے سامنے اعلان کر دو کہ میں نے حدیبیہ کے معاہدہ کی تجدید کر دی۔ ابوسفیان نے کہا کہ کیا میرا یہ اعلان کچھ مفید ہو سکتا ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ایک طرفہ اعلان ظاہر ہے کہ کچھ مفید نہیں ہو سکتا مگر اب تمہارے پاس اس کے سوا اور چارۂ کار ہی کیا ہے۔ ابوسفیان وہاں سے مسجد نبوی میں آیا اور بلند آواز سے مسجد میں اعلان کر دیا کہ میں نے معاہدۂ حدیبیہ کی تجدید کر دی مگر مسلمانوں میں سے کسی نے بھی کوئی جواب نہیں دیا۔

ابوسفیان یہ اعلان کر کے مکہ روانہ ہو گیا جب مکہ پہنچا تو قریش نے پوچھا کہ مدینہ میں کیا ہوا؟ ابوسفیان نے ساری داستان بیان کر دی تو قریش نے سوال کیا کہ جب تم نے اپنی طرف سے معاہدۂ حدیبیہ

کی تجدید کا اعلان کیا تو کیا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے اس کو قبول کر لیا؟ ابوسفیان نے کہا کہ نہیں۔ یہ سن کر قریش نے کہا کہ یہ تو کچھ بھی نہ ہوا یہ نہ تو صلح ہے کہ ہم اطمینان سے بیٹھیں نہ یہ جنگ ہے کہ لڑائی کا سامان کیا جائے۔

اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو جنگ کی تیاری کا حکم دے دیا اور حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بھی فرما دیا کہ جنگ کے ہتھیار درست کریں اور اپنے حلیف قبائل کو بھی جنگی تیاریوں کے لیے حکم نامہ بھیج دیا۔ مگر کسی کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ نہیں بتایا کہ کس سے جنگ کا ارادہ ہے؟ یہاں تک کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی آپ نے کچھ نہیں فرمایا۔ چنانچہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس آئے اور دیکھا کہ وہ جنگی ہتھیاروں کو نکال رہی ہیں تو آپ نے دریافت کیا کہ کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے؟ عرض کی جی ہاں! پھر آپ نے پوچھا کہ کیا تمھیں کچھ معلوم ہے کہ کہاں کا ارادہ ہے؟ حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ واللہ مجھے یہ معلوم نہیں۔

غرض انتہائی خاموشی اور راز داری کے ساتھ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جنگ کی تیاری فرمائی اور مقصد یہ تھا کہ اہل مکہ کو خبر نہ ہونے پائے اور اچانک ان پر حملہ کر دیا جائے۔

لشکر اسلام مکہ کی طرف

غرض ۱۰ / رمضان ۸ ھ کو رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ سے دس ہزار کا لشکر پر انوار ساتھ لے کر مکہ کی طرف روانہ ہوئے۔ بعض روایتوں میں ہے کہ فتح مکہ میں آپ کے ساتھ بارہ ہزار کا لشکر تھا ان دونوں روایتوں میں کوئی تعارض نہیں، ہو سکتا ہے کہ مدینہ سے روانگی کے وقت دس ہزار کا لشکر رہا ہو پھر راستہ میں بعض قبائل اس لشکر میں شامل ہو گئے ہوں تو مکہ پہنچ اس لشکر کی تعداد بارہ ہزار ہو گئی ہو۔ بہر حال

مدینہ سے چلتے وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور تمام صحابہ کبار روزہ دار تھے جب آپ مقام ''کدید'' میں پہنچے تو پانی مانگا اور اپنی سواری پر بیٹھے ہوئے پورے لشکر کو دکھا کر آپ نے دن میں پانی نوش فرمایا اور سب کو روزہ چھوڑ دینے کا حکم دیا۔ چنانچہ آپ اور آپ کے اصحاب نے سفر اور جہاد میں ہونے کی وجہ سے روزہ رکھنا موقوف کر دیا۔

میلوں تک آگ ہی آگ

مکہ سے ایک منزل کے فاصلہ پر ''مرالظہر ان'' میں پہنچ کر اسلامی لشکر نے پڑاؤ ڈالا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فوج کو حکم دیا کہ ہر مجاہد اپنا الگ الگ چولھا جلائے۔ دس ہزار مجاہدین نے جو الگ الگ چولھے جلائے تو ''مرالظہر ان'' کے پورے میدان میں میلوں تک آگ ہی آگ نظر آنے لگی۔

قریش کے جاسوس

گو قریش کو معلوم ہی ہو چکا تھا کہ مدینہ سے فوجیں آ رہی ہیں مگر صورت حال کی تحقیق کے لیے قریش نے ابوسفیان بن حرب، حکیم بن حزام و بدیل بن ورقا کو اپنا جاسوس بنا کر بھیجا۔ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ (یہ اس سے پہلے ہی مسلمان ہو چکے تھے اور انھوں نے مقام ''جحفہ'' میں آ کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ملاقات کی تھی۔) بے حد فکر مند ہو کر قریش کے انجام پر افسوس کر رہے تھے وہ یہ سوچتے تھے کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اتنے عظیم لشکر کے ساتھ مکہ میں فاتحانہ داخل ہوئے تو آج قریش کا خاتمہ ہو جائے گا۔ چنانچہ وہ رات کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سفید خچر پر سوار ہو کر اس ارادہ سے مکہ چلے کہ قریش کو اس خطرہ سے آگاہ کر کے انھیں آمادہ کریں کہ چل کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معافی مانگ کر صلح کر لو ورنہ تمھاری خیر نہیں۔

مگر بخاری کی روایت میں ہے کہ قریش کو یہ خبر تو مل گئی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ

سے روانہ ہو گئے ہیں مگر انھیں یہ پتہ نہ تھا کہ آپ کا لشکر "مرالظہر ان" تک آ گیا ہے۔

فاتح مکہ کا فرمان

پھر فاتحانہ شان و شوکت کے ساتھ بانی کعبہ کے جانشین حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ کی سرزمین میں نزول اجلال فرمایا اور حکم دیا کہ میرا جھنڈا مقام حجون کے پاس گاڑا جائے اور حضرت خالد بن الولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام فرمان جاری فرمایا کہ وہ فوجوں کے ساتھ مکہ کے بالائی حصہ یعنی "کدا" کی طرف سے مکہ میں داخل ہوں۔

تاجدار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ کی سرزمین میں قدم رکھتے ہی جو فرمان جاری فرمایا وہ یہ اعلان تھا کہ جس کے لفظ لفظ میں رحمتوں کے دریا موجیں مار رہے ہیں۔

- جو شخص ہتھیار ڈال دے گا اس کے لیے امان ہے۔
- جو شخص اپنا دروازہ بند کر لے گا اس کے لیے امان ہے
- جو کعبہ میں داخل ہو جائے گا اس کے لیے امان ہے۔

اس موقع پر حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابو سفیان (انھوں نے ابھی ابھی اسلام قبول کیا) ایک فخر پسند آدمی ہے اس کے لیے کوئی ایسی امتیازی بات فرما دیجیے کہ اس کا سر فخر سے اونچا ہو جائے تو آپ نے فرمایا۔

- جو ابو سفیان کے گھر میں داخل ہو جائے اس کے لیے امان ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس اعلان رحمت نشان یعنی مکمل امن و امان کا فرمان جاری کر دینے کے بعد ایک قطرہ خون بہنے کا کوئی امکان ہی نہ تھا لیکن عکرمہ بن ابی جہل و صفوان بن امیہ و سہیل

بن عمرو اور جماش بن قیس نے مقام ''خندمہ'' میں مختلف قبائل کے اوباش قسم کے لوگوں کو جمع کیا تھا۔ ان لوگوں نے حضرت خالد بن الولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فوج میں سے دو آدمیوں حضرت کرز بن جابر فہری اور جیش بن اشعر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو شہید کر دیا اور اسلامی لشکر پر تیر برسانا شروع کر دیا۔

بخاری کی روایت میں انھیں دو حضرات کی شہادت کا ذکر ہے مگر زرقانی وغیرہ کتابوں سے پتہ چلتا ہے کہ تین صحابہ کرام کو کفار قریش نے قتل کر دیا۔ دو وہ جو اوپر ذکر کیے گئے اور ایک حضرت سلمہ بن المیلا رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور بارہ یا تیرہ کفار بھی مارے گئے اور باقی میدان چھوڑ کر بھاگ نکلے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب دیکھا کہ تلواریں چمک رہی ہیں تو آپ نے دریافت فرمایا کہ میں نے تو خالد بن الولید کو جنگ کرنے سے منع کر دیا تھا پھر یہ تلواریں کیسی چل رہی ہیں؟ لوگوں نے عرض کیا کہ پہل کفار کی طرف سے ہوئی ہے اس لیے لڑنے کے سوا حضرت خالد بن الولید کی فوج کے لیے کوئی چارہ کار ہی نہیں رہ گیا تھا یہ سن کر آپ نے ارشاد فرمایا کہ قضا الٰہی یہی تھی اور خدا نے جو چاہا وہی بہتر ہے۔

بیت اللہ میں داخلہ

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جھنڈا ''حجون'' میں جس کو آج کل ''جنت المعلیٰ'' کہتے ہیں مسجد الفتح کے قریب میں گاڑا گیا پھر آپ اپنی اونٹنی پر سوار ہو کر اور حضرت اسامہ بن زید کو اونٹنی پر اپنے پیچھے بٹھا کر مسجد حرام کی طرف روانہ ہوئے اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور کعبہ کے کلید بردار عثمان بن طلحہ حجبی بھی آپ کے ساتھ تھے۔ آپ نے مسجد حرام میں اپنی اونٹنی کو بٹھایا اور کعبہ کا طواف کیا اور حجر اسود کو بوسہ دیا۔

یہ انقلاب زمانہ کی ایک حیرت انگیز مثال ہے کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلاۃ والسلام جن کا لقب ''بت شکن'' ہے ان کی یادگار خانہ کعبہ کے اندرون حصار (اردگرد) تین سو ساٹھ بتوں کی قطار تھی۔ فاتح

مکہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حضرت خلیل کا جانشین جلیل ہونے کی حیثیت سے فرض اولین تھا کہ یادگار خلیل کو بتوں کی نجس اور گندی آلائشوں سے پاک کریں چنانچہ آپ خود بہ نفس نفیس ایک چھڑی لے کر کھڑے ہوئے اوران بتوں کو چھڑی کی نوک سے ٹھونکے مار مار کر گراتے جاتے تھے اور جاء الحق و زهق الباطل ان الباطل كان زهوقا تلاوت فرماتے جاتے تھے۔ یعنی حق آگیا اور باطل مٹ گیا اور باطل مٹنے ہی کی چیز ہے۔

پھران بتوں کو جوعین کعبہ کے اندر تھے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ وہ سب نکالے جائیں چنانچہ وہ سب بت نکال باہر کیے گئے انھیں بتوں میں حضرت ابراہیم وحضرت اسماعیل علیہم السلام کے مجسمے بھی تھے جن کے ہاتھوں میں فال کھولنے کے تیر تھے آپ نے ان کو دیکھ کر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ان کافروں کو مارڈالے۔ ان کافروں کو خوب معلوم ہے کہ ان دونوں پیغمبروں نے کبھی بھی فال نہیں کھولا۔ جب تک ایک ایک بت کعبہ کے اندر سے نہ نکل گیا آپ نے کعبہ کے اندر قدم نہیں رکھا جب تمام بتوں سے کعبہ پاک ہوگیا تو آپ اپنے ساتھ حضرت اسامہ بن زید اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور عثمان بن طلحہ حجبی کو ساتھ لے کر خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے اور بیت اللہ شریف کے تمام گوشوں میں تکبیر پڑھی اور دو رکعت نماز بھی ادا فرمائی اس کے بعد باہر تشریف لائے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ ملخصاً)

حضور کعبہ میں

کعبہ مقدسہ کو بتوں کی آلائش وگندگیوں سے پاک وصاف کرنے کے بعد حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قدم کرم رکھا اور نماز ادا فرمائی اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

احمد وابوداؤد عثمان بن طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ان النبی صلى الله تعالىٰ عليه

وسلم دعاه بعد دخوله الكعبة فقال انی کنت رایت قرنی الکبش حین دخلت البیت فنسیت ان آمرک ان تخمرها فخمرها فانه لا ینبغی ان یکون فی قبلة البیت شئ یلهی المصلی .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کعبہ معظمہ میں تشریف فرما ہوئے عثمان بن طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کلید بردار کعبہ کو طلب فرما کر ارشاد فرمایا ہم نے کعبہ میں دنبے کے سینگ ملاحظہ فرمائے تھے (دنبہ کہ سیدنا اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام کا فدیہ ہوا اس کے سینگ کعبہ معظمہ کی دیوار غربی میں لگے ہوئے تھے) ہمیں تم سے یہ فرمانا یاد نہ رہا کہ ان کو ڈھانک دو۔ اب ڈھانکو کہ نمازی کے سامنے کوئی چیز ایسی نہ چاہیئے جس سے دل بٹے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۶۰۷)

فتح مکہ کی برکت

اہل عرب تمام اطراف واکناف میں راہ اختیار میں چشم انتظار کھولے بیٹھے تھے کہ اگر یہ ہستی مقدس یعنی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی قوم میں واپس تشریف لے آئے اور یہ بلد معظم اور بیت مکرم ان کے قبضۂ اقتدار میں آجائے تو ہم بھی داخل اسلام ہو کر توقف وتردد کی قید سے نجات پا جائیں گے جب نصرت عظیم اور فتح مبین وجود میں آئی تو ہر طرف سے لوگ دوڑتے، بھاگتے حاضر ہو کر اسلام لانے لگے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ، ج ۲)

اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی نے فتاویٰ رضویہ میں لوگوں کے اسلام میں داخل ہونے اور انھیں نمازوں کی تاکید فرمانے کے بارے میں یہ روایت پیش کی ہے۔

عن عمرو بن سلمة قال لما کانت وقعة الفتح بادر کل قوم باسلامهم و بدر ابی قومه باسلامهم فلما قدم قال جئتکم و الله من عند النبی صلی الله تعالیٰ

علیہ وسلم حقا فقال صلوا صلاۃ کذا فی حین کذا و صلاۃ کذا فی حین کذا فاذا حضرت الصلوہ فلیؤذن احدکم و یؤمکم اکثرکم قرانا فنظروا فلم یکن احد اکثر قرانا منی لما کنت اتلقی من الرکبان فقدمونی بین ایدیھم و انا ابن ست او سبع سنین و کانت علی بردۃ کنت اذا سجدت فقلصت عنی فقالت امراءۃ من الحی الا تغطوا عنا است قارئکم فاشتروا فقطعوا لی قمیصا فما فرحت بشیئ فرحی بذلک القمیص . رواہ البخاری.

و فی روایۃ النسائی کنت اؤمھم و انا بن ثمان سنین .

و فی روایۃ لابی داؤد و انا ابن سبع سنین او ثمان سنین.

و فی روایۃ لاحمد وابی داؤد فما شھدت مجمعا من جرم الا کنت امامھم الی یوم ھذا.

عمرو بن سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب مکہ فتح ہوا تو ہر ایک قوم نے اسلام لانے میں جلدی کی اور میرے والد نے اپنی قوم سے اسلام لانے میں جلدی کی پس جب وہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت سے واپس آئے تو انھوں نے فرمایا میں تمھارے پاس اس سچے نبی اور حق کے پاس سے آیا ہوں۔ پس تم لوگ نماز ایسے وقت میں پڑھا کرو پس جب نماز کا وقت آجائے تو تم میں سے ایک اذان کہے اور تم میں سے زیادہ قرآن پڑھا ہوا تمھاری امامت کرے جب انھوں نے دیکھا تو مجھ سے زیادہ قرآن خواں کسی کو نہ پایا کیوں کہ میں قافلہ والوں سے (جو ہمارے پاس سے گزرتے تھے) سیکھ لیا کرتا تھا انھوں نے مجھ کو اپنا امام بنالیا اور میں سات برس کا چھوٹا لڑکا تھا اور مجھ پر ایک چادر ہوتی تھی، جب میں سجدہ کرتا تھا تو وہ چادر مجھ سے سکڑ جاتی تھی تو قبیلہ کی ایک عورت نے کہا تم ہم سے اپنے قاری امام کے سرین

نہیں ڈھانکتے پھرانھوں نے کپڑا خریدا اور میرے لیے ایک کرتا بنایا تو میں جیسا اس کپڑے سے خوش ہوا اور کسی چیز سے خوش نہیں ہوا۔اسے امام بخاری نے روایت کیا۔

اورنسائی کی روایت میں ہے کہ میں ان کی امامت کرتا تھا اور میں آٹھ برس کا تھا۔

اورابوداؤد کی روایت میں زیادہ ہے کہ سات یا آٹھ برس کالڑکا تھا۔

اوراحمد وابوداؤد کی ایک روایت میں زیادہ ہے کہ میں جرم قبیلہ کے کسی مجمع میں نہیں حاضر ہوا مگر وہ آج تک وہاں مجھ کو ہی امام بناتے ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۲۶۷)

کعبہ میں نماز

حضوراقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کعبہ معظمہ میں تشریف لے گئے ستونوں کے درمیان نماز پڑھی۔

جیسا کہ صحاح کی حدیثوں میں ابن عمرو بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ثابت ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۴۳)

کعبہ پاک ہونے کے بعد حضور داخل ہوئے

صحیح بخاری شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے :

انه قال دخل النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم البیت فوجد فیه صورة ابراهیم و صورة مریم علیهما الصلاة و السلام فقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم امالهم فقد سمعوا ان الملائکة لا تدخل بیتا فیه صورة . الحدیث. هذا لفظه فی الحج.

بخاری کتاب الانبیاء میں ہے:

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لما رأی الصور فی البیت لم یدخل حتی امر بها فمحیت. الحدیث.

بخاری کتاب المغازی میں ہے:

فاخرج صورة ابراهیم و اسماعیل علیهما الصلاة و السلام. الحدیث،

ابن ہشام کی روایت میں ہے:

قال و حدثنی بعض اهل العلم ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم دخل البیت یوم الفتح فرأی فیه صور الملائکة وغیرهم فرای ابراهیم علیه الصلاة والسلام مصورا، فذکر الحدیث الی ان قال ثم امر بتلک الصور کلها فطمست.

ان احادیث کا حاصل یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز فتح مکہ کعبہ معظمہ کے اندر تشریف فرما ہوئے اس میں حضرت ابراہیم وحضرت اسماعیل وحضرت مریم وملائکہ کرام علیہم الصلاۃ والسلام وغیرہم کی تصویریں نظر پڑیں کچھ پیکردار کچھ نقش دیوار، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ویسے ہی پلٹ آئے اور فرمایا خبردار ہو بیشک ان بنانے والوں کے کان تک بھی یہ بات پہنچی ہوئی تھی کہ جس گھر میں کوئی تصویر ہو اس میں ملائکہ رحمت نہیں جاتے، پھر حکم فرمایا کہ جتنی تصویریں منقوش تھیں سب مٹادی گئیں اور جتنی مجسم تھیں سب باہر نکال دی گئیں، انھیں میں حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ وحضرت سیدنا اسماعیل ذبیح اللہ صلی اللہ تعالیٰ علی ابیہما الاکرم وعلیہما وبارک وسلم کی تصویریں بھی باہر لائی گئیں، جب تک کعبہ معظمہ سب تصاویر سے پاک نہ ہوگیا حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے قدم اکرم سے اسے شرف نہ بخشا۔

مسند امام احمد میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے۔

قال کان فی الکعبة صور فامر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عمر بن الخطاب ان یمحوها فبل عمر رضی الله تعالیٰ عنه ثوبا و محاها به فدخلها صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و ما فیها شیٔ.

امام واقدی کی روایت میں ہے :

و کان عمر قد ترک صورة ابراهیم فلما دخل صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رأها فقال یا عمر الم آمرک ان لا تدع فیها صورة ثم رأی صورة مریم فقال امحوا ما فیها من الصور قاتل الله قوما یصورون ما لا یخلقون .

عمر بن شیبہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

أن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم دخل الکعبة فامرنی فاتیته بماء فی دلو فجعل یبل الثوب و یضرب به علی الصور و یقول قاتل الله قوما یصورون ما لا یخلقون.

ابوبکر بن ابی شیبہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

ان المسلمین تجردوا فی الازر و اخذوا الدلاء و انجروا علی زمزم یغسلون الکعبة ظهرها و بطنها فلم یدعوا اثرا من المشرکین الا محوه و غسلوه .

حاصل ان احادیث کا یہ ہے کہ کعبہ میں جو تصویریں تھیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم فرمایا کہ انھیں مٹادو عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دیگر صحابہ کرام چادریں اتار اتار کر امتثال حکم اقدس میں سرگرم ہوئے زم زم شریف سے ڈول کے ڈول بھر کر آتے اور کعبہ کو اندر باہر سے دھویا جاتا، کپڑے بھگو بھگو کر تصویریں مٹائی جاتیں یہاں تک کہ وہ مشرکوں کے آثار سب دھو کر

مٹا دیے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر پائی کہ اب کوئی نشان باقی نہ رہا اس وقت اندر رونق افروز ہوئے۔ اتفاق سے بعض تصاویر مثل تصویر ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلاۃ والسلام کا نشان رہ گیا تھا پھر نظر فرمائی تو حضرت مریم کی تصویر بھی صاف نہ دھلی تھی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک ڈول پانی منگا کر بہ نفس نفیس کپڑا تر کر کے ان کے مٹانے میں شرکت فرمائی اور ارشاد فرمایا اللہ کی مار ان تصویر بنانے والوں پر۔

فتح الباری شرح صحیح بخاری میں ہے۔

فی حدیث اسامة انه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم دخل الکعبة فرأی صورا فدعا بماء فجعل یمحوها .

حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کعبہ میں تشریف فرما ہوئے تو اس میں تصویریں نظر پڑیں تو پانی منگا کر انھیں مٹا دیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۴۵۔ ۱۴۶۔ شفاء الوالہ۔)

کفر کی نشانیاں مٹا دی گئیں

مسلم و ابوداؤد و ترمذی حبان بن حصین سے راوی :

قال لی علی رضی اللہ تعالیٰ عنه الا ابعثک علی ما بعثنی علیه رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ان لا تدع صورة الا طمستها و لا قبرا مشرفا الا سویته.

مجھ سے امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ میں تمھیں اس کام پر نہ بھیجوں جس پر مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مامور فرما کر بھیجا کہ جو تصویر دیکھو اسے مٹا دو اور جو قبر حد شرع

سے زیادہ اونچی پاؤ اسے حد شرع کے برابر کردو۔ بلندی قبر میں حد شرع ایک بالشت ہے۔

امام احمد بسند جید امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک جنازے میں تھے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ایکم ینطلق الی المدینة فلا یدع بها وثنا الا کسره و لا قبرا الا سواه و لا صورة الا طمحها.

تم میں کون ایسا ہے جو مدینے جا کر ہر بت کو توڑ دے اور ہر قبر برابر کر دے اور ہر تصویر مٹا دے۔

ایک صاحب نے عرض کی میں، یارسول اللہ! فرمایا تو جاؤ، وہ جا کر واپس آئے اور عرض کی یارسول اللہ! میں نے سب بت توڑ دیئے اور سب قبریں برابر کر دیں اور سب تصویریں مٹا دیں۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

من عاد الی صنعة شئ من هذا فقد کفر بما انزل علی محمد

اب جو یہ سب چیزیں بنائے گا وہ کفر وانکار کرے گا اس چیز کے ساتھ جو محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل ہوئی۔ (فتاوی رضویہ ج ۹ ص ۱۴۵۔ شفاء الوالہ)

فتح مکہ کا ایک خطبہ

امام محی السنہ بغوی حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں:

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم طاف یوم الفتح علی راحلته یستلم الارکان بمحجنه فلما خرج لم یجد مناخا فنزل علی ایدی الرجال ثم قام فخطبهم فحمد الله واثنی علیه و قال الحمد لله الذی اذهب عنکم عیبة الجاهلیة و تکبرها

یا ایھا الناس رجلان برتقی کریم علی اللہ و فاجر شقی ھین علی اللہ ثم تلایا ایھا الناس انا خلقنکم من ذکر وَ انثی ثم قال اقول قولی ھذا و استغفر اللہ لی و لکم .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن اپنی سواری پر طواف کیا اپنے عصائے مبارک سے ارکان کعبہ کا بوسہ لیتے تھے جب باہر تشریف لائے تو سواری کو ٹھہرانے کی جگہ نہ پائی تو لوگوں میں سواری سے اتر گئے پھر کھڑے ہوکر خطبہ دیا اور اللہ تبارک وتعالیٰ کی حمد وثنا کی اور فرمایا اللہ کے لیے حمد ہے جس نے تم سے جاہلیت کا گھمنڈ اور اس کا غرور دور کیا۔ اے لوگو! لوگوں میں دو قسم کے مرد ہیں ایک نیک متقی اللہ کے یہاں عزت والا۔ دوسرا بدکار بدبخت اللہ کی بارگاہ میں ذلیل پھر یہ آیت پڑھی یا ایھا الناس الآیہ۔ اے لوگو ہم نے تم کو مرد وعورت سے پیدا کیا پھر فرمایا میں یہ بات کہتا ہوں اور اللہ سے اپنے لیے اور تمھارے لیے مغفرت چاہتا ہوں۔ (الزلال الانقی من بحر سبقۃ الاتقی)

❁......❁......❁

غزوۂ حنین

انـــا الـــنبـــی لا کـــذب

انـــا ابـــن عبـــد الـــمـــطـــلـــب

ولقد نصرکم اللہ فی مواطن کثیرۃ و یوم حنین اذ اعجبتکم کثرتکم فلم تغن عنکم شیئا وضاقت علیکم الارض بما رحبت ثم ولیتم مدبرین۔

بے شک اللہ نے بہت جگہ تمھاری مدد کی اور حنین کے دن جب تم اپنی کثرت پر اترا گئے تھے تو وہ تمھارے کچھ کام نہ آئی اور زمین اتنی وسیع ہو کر تم پر تنگ ہوگئی پھر تم پیٹھ دے کر پھر گئے۔ (التوبہ،۲۵)

غزوۂ حنین ۸ ھ

''حنین'' مکہ اور طائف کے درمیان ایک مقام کا نام ہے تاریخ اسلام میں اس جنگ کا دوسرا نام ''غزوۂ ہوازن'' بھی ہے اس لیے کہ اس لڑائی میں ''بنی ہوازن'' سے مقابلہ تھا۔

فتح مکہ کے بعد عام طور سے تمام عرب کے لوگ اسلام کے حلقہ بگوش ہو گئے کیوں کہ ان میں اکثر وہ لوگ تھے جو اسلام کی حقانیت کا پورا پورا یقین رکھنے کے باوجود قریش کے ڈر سے مسلمان ہونے میں توقف کر رہے تھے اور فتح مکہ کا انتظار کر رہے تھے۔ پھر چوں کہ عرب کے دلوں میں کعبہ کا بے حد احترام تھا اور ان کا اعتقاد تھا کہ کعبہ پر کسی باطل پرست کا قبضہ نہیں ہو سکتا اس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب مکہ کو فتح کر لیا تو عرب کے بچے بچے کو اسلام کی حقانیت کا پورا پورا یقین ہو گیا اور وہ سب کے سب جوق در جوق بلکہ فوج در فوج اسلام میں داخل ہونے لگے۔ باقی ماندہ عرب کی بھی ہمت نہ رہی کہ اب اسلام کے مقابلہ میں ہتھیار اٹھا سکیں۔

لیکن مقام حنین میں ''ہوازن اور ثقیف'' نام کے دو قبیلے آباد تھے جو بہت ہی جنگ جو اور فنون جنگ سے واقف تھے ان لوگوں پر فتح مکہ کا الٹا اثر پڑا، ان لوگوں پر غیرت سوار ہو گئی اور ان لوگوں نے یہ خیال قائم کر لیا کہ فتح مکہ کے بعد ہماری باری ہے اس لیے ان لوگوں نے یہ طے کر لیا کہ مسلمانوں پر جو اس وقت مکہ میں جمع ہیں ایک زبردست حملہ کر دیا جائے۔

چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن ابی حدرد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تحقیقات کے لیے بھیجا جب انھوں نے وہاں سے واپس آکر ان قبائل کی جنگی تیاریوں کا حال بیان کیا اور بتایا کہ قبیلہ ہوازن اور ثقیف نے اپنے تمام قبائل کو جمع کر لیا ہے اور قبیلہ ہوازن کا رئیس اعظم مالک بن عوف ان تمام افواج کا سپہ سالار ہے۔ اور سو برس سے زائد عمر کا بوڑھا ''درید بن الصمہ'' جو عرب کا مشہور شاعر اور مانا ہوا

بہادر تھا بطور مشیر کے میدان جنگ میں لایا گیا اور یہ لوگ اپنی عورتوں، بچوں بلکہ جانوروں تک کو میدان جنگ میں لائے ہیں تا کہ کوئی سپاہی میدان سے بھاگنے کا خیال بھی نہ کر سکے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی شوال ۸ ھ میں بارہ ہزار کا لشکر جمع فرمایا دس ہزار تو مہاجرین و انصار وغیرہ کا وہ لشکر تھا جو مدینہ سے آپ کے ساتھ آیا تھا اور دو ہزار نو مسلم تھے جو فتح مکہ میں مسلمان ہوئے تھے۔ آپ نے اس لشکر کو ساتھ لے کر اس شان و شوکت کے ساتھ حنین کا رخ کیا کہ اسلامی افواج کی کثرت اور اس کے جاہ و جلال کو دیکھ کر بے اختیار بعض صحابہ کی زبان سے یہ لفظ نکل گیا کہ

آج بھلا ہم پر کون غالب آسکتا ہے۔

لیکن خداوند عالم کو صحابہ کرام کا اپنی فوج کی کثرت پر ناز کرنا پسند نہیں آیا چنانچہ اس فخر و نازش کا یہ انجام ہوا کہ پہلے ہی حملہ میں قبیلۂ ہوازن و ثقیف کے تیر اندازوں نے جو تیروں کی بارش کی اور ہزاروں کی تعداد میں تلواریں لے کر مسلمانوں پر ٹوٹ پڑے تو وہ دو ہزار نو مسلم اور کفار مکہ جو لشکر اسلام میں شامل ہو کر مکہ سے آئے تھے ایک دم سر پر پیر رکھ کر بھاگ نکلے۔ ان لوگوں کی بھگدڑ دیکھ کر انصار و مہاجرین کے بھی پاؤں اکھڑ گئے۔

حضور تاجدار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو نظر اٹھا کر دیکھا تو گنتی کے چند جاں نثاروں کے سوا سب فرار ہو چکے تھے، تیروں کی بارش ہو رہی تھی، بارہ ہزار کا لشکر فرار ہو چکا تھا مگر خدا کے رسول کے پائے استقامت میں بال برابر بھی لغزش نہیں ہوئی بلکہ آپ اکیلے ایک لشکر بلکہ عالم کائنات کا مجموعہ بنے ہوئے نہ صرف پہاڑ کی طرح ڈٹے رہے بلکہ اپنے سفید خچر پر سوار برابر آگے ہی بڑھتے رہے اور آپ کی زبان مبارک پر یہ الفاظ جاری تھے کہ

انا النبی لا کذب

انا ابن عبد المطلب

میں نبی ہوں یہ جھوٹ نہیں ہے، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔

اسی حالت میں آپ نے داہنی طرف دیکھ کر بلند آواز سے پکارا **یا معشر الانصار** فوراً آواز آئی کہ ہم حاضر ہیں یارسول اللہ۔ پھر بائیں جانب رخ کر کے فرمایا **یا للمہاجرین** فوراً آواز آئی کہ ہم حاضر ہیں یارسول اللہ!

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ چوں کہ بہت ہی بلند آواز تھے آپ نے ان کو حکم دیا کہ انصار و مہاجرین کو پکارو انھوں نے جو **یا معشر الانصار** اور **یا للمہاجرین** کا نعرہ مارا تو ایک دم تمام فوجیں پلٹ پڑیں اور لوگ اس قدر تیزی کے ساتھ دوڑ پڑے کہ جن لوگوں کے گھوڑے ازدحام کی وجہ سے نہ مڑ سکے انھوں نے ہلکا ہونے کے لیے اپنی زرہیں پھینک دیں اور گھوڑوں سے کود کود کر دوڑے اور کفار کے لشکر سے جھپٹ پڑے اور اس طرح جاں بازی کے ساتھ لڑنے لگے کہ دم زدن میں جنگ کا پانسہ پلٹ گیا۔ کفار بھاگ نکلے، کچھ قتل ہو گئے، جو رہ گئے گرفتار ہو گئے۔

قبیلہ ثقیف کی فوجیں بڑی بہادری کے ساتھ جم کر مسلمانوں سے لڑتی رہیں یہاں تک کہ ان کے ستر بہادر کٹ گئے لیکن جب ان کا علمبردار عثمان بن عبداللہ قتل ہو گیا تو ان کے پاؤں بھی اکھڑ گئے۔ اور فتح مبین نے حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدموں کا بوسہ لیا اور کثیر تعداد و مقدار میں مال غنیمت ہاتھ آیا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

حضور کی شجاعت واستقامت

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شجاعت و بہادری یکتائے روزگار اور تمام انسانوں میں بے مثل و بے مثال ہے حضور کے مثل کسی انسان کو ہمت و حوصلہ نہیں دیا گیا جنگ حنین کے موقع پر حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس کمال شجاعت و دلیری کا مظاہرہ فرمایا اسے ملاحظہ فرمائیں، امام

احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

روز حنین جب حسب ارادۂ الہیہ تھوڑی دیر کے لیے کفار نے غلبہ پایا معدود بندے رکاب رسالت میں باقی رہے اللہ الغالب کے رسول غالب پر شان جلال طاری تھی ارشاد فرماتے تھے۔

انا النبی لا کذب

انا ابن عبد المطلب

میں نبی ہوں کچھ جھوٹ نہیں، میں ہوں بیٹا عبدالمطلب کا۔ اسے احمد و بخاری و مسلم اور نسائی نے براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حضور قصد فرما رہے ہیں کہ تنہا ان ہزاروں کے مجمع پر حملہ فرمائیں حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما بغلۂ شریفہ کی لگام مضبوط کھینچے ہوئے ہیں کہ بڑھ نہ جائے اور حضور فرما رہے ہیں۔

انا النبی لا کذب

انا ابن عبد المطلب

میں سچا نبی ہوں اللہ کا پیارا، میں ہوں عبدالمطلب کی آنکھ کا تارا، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے ابوبکر بن ابی شیبہ و ابونعیم نے براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

امیر المومنین عمر لگام روکے ہیں اور حضرت عباس دمچی تھامے اور حضور فرما رہے ہیں۔

قدما ها انا النبی لا کذب

انا ابن عبد المطلب

اسے بڑھنے دو میں ہوں نبی صریح حق پر میں ہوں عبدالمطلب کا پسر۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اسے ابن عساکر نے مصعب بن شیبہ عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

جب کافر نہایت قریب آگئے بغلہ طیبہ سے نزول اجلال فرمایا اس وقت بھی یہی فرماتے تھے۔

انا النبی لا کذب، انا ابن عبد المطلب، اللھم انصر نصرک .

میں ہوں نبی برحق سچا، میں ہوں عبدالمطلب کا بیٹا، الٰہی اپنی مدد نازل فرما۔ اسے ابن ابی شیبہ وابن جریر نے براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

پھر ایک مٹھی خاک دست پاک میں لے کر کافروں کی طرف پھینکی اور فرمایا **شاھت الوجوہ** بگڑ گئے چہرے۔ وہ خاک ان ہزاروں کافروں پر ایک ایک کی آنکھ میں پہنچی اور سب کے منہ پھر گئے۔ ان میں جو مشرف باسلام ہوئے وہ بیان فرماتے ہیں جس وقت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ کنکریاں ہماری طرف پھینکی ہمیں یہ نظر آیا کہ آسمان سے زمین تک تانبے کی دیوار قائم کی گئی اور اس پر سے پہاڑ ہم پر لڑھکائے گئے سوا بھاگنے کے کچھ بن نہ آئی۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی الحق المبین سید المنصورین والہ وبارک وسلم۔

اسی غزوہ کے رجز میں ارشاد فرمایا

انا ابن العواتک من سلیم

میں بنی سلیم سے ان چند خواتین کا بیٹا ہوں جن کا نام عاتکہ تھا۔ اسے سعید بن منصور نے اپنی سنن میں اور طبرانی کبیر میں سبابۃ بن عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ایک حدیث میں ہے کہ بعض غزوات میں فرمایا :

انا النبی لا کذب ، انا ابن عبد المطلب ، انا ابن العواتک .

میں نبی ہوں کچھ جھوٹ نہیں، میں ہوں عبدالمطلب کا بیٹا، میں ہوں ان بی بیوں کا بیٹا جن کا نام

عاتکہ تھا۔

اسے ابن عساکر نے قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۱۵۹، شمول الاسلام)

عمامہ والے فرشتے

روز حنین فرشتوں کے مقدس لشکر سے مسلمانوں کی مدد کی گئی اس دن جن فرشتوں کی مدد آئی وہ عمامہ والے تھے اس پر امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

ابو بکر بن ابی شیبہ مصنف اور ابوداؤد طیالسی و ابن منیع مسانید اور بیہقی سنن میں امیر المومنین مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان اللـه امدني يوم بدر و حنين بملائكة يعتمون هذه العمة ان العمامة حاجزة بين الكفر و الايمان .

بیشک اللہ عزوجل نے بدر و حنین کے دن ایسے ملائکہ سے میری مدد فرمائی جو اس طرز کا عمامہ باندھتے ہیں۔ بیشک عمامہ کفر و ایمان میں فارق ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۷۷)

زہیر بن صرد جشمی کی فریاد

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے روز حنین زنان و صبیان بنی ہوازن کو اسیر فرمایا اور اموال و غلام و کنیز مجاہدین پر تقسیم فرمادیئے اب سرداران قبیلہ اپنے اہل و عیال و اموال حضور سے مانگنے کو حاضر ہوئے زہیر بن صرد جشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی:

امنن علينا رسول اللـه في كرم

فـانـك الـمـرء تـرجـوه و تـدخـر

●

امنن علی بیضة قدعاقهما قدر

مشتت شملها فی دهرها خیر

●

ابقت لنا الدهر هنا فاعلی حزن

علی قلوبهم الغماء و الغمر

ان لم تدارکهم نعماء تنشرها یا ارجح الناس حلما حین یختبر

یارسول اللہ! ہم پر احسان فرمایئے اپنے کرم سے حضور ہی وہ مرد کامل و جامع فواضل ومحاسن وشمائل ہیں جس سے ہم امید کریں اور جسے وقت مصیبت کے لیے ذخیرہ بنائیں، احسان فرمایئے اس خاندان پر کہ تقدیر جس کے آڑے آئے اس کی جماعت تتر بتر ہوگئی، اس کے وقت کی حالتیں بدل گئیں، یہ بدحالیاں ہمیشہ کے لیے ہم میں غم کے وہ مرثیہ خواں باقی رکھیں گی جن کے دلوں پر رنج وغیظ مستولی ہوگا اور حضور کی نعمتیں جنھیں حضور نے فرمادیا ہے ان کی مدد کو نہ پہنچیں تو ان کا کہیں ٹھکانہ نہیں اے آزمائش کے وقت تمام جہان سے زیادہ عقل والے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

قال فلما سمع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم هذا الشعر قال ما کان لی و لعبد المطلب فهو لکم و قالت قریش ما کان لنا فهو للہ و لرسوله و قالت الانصار ما کان لنا فهو للہ و رسوله.

یہ اشعار سن کر سید ارحم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو کچھ میرے اور بنی عبد المطلب کے حصے میں آیا وہ میں نے تمھیں بخش دیا، قریش نے عرض کی جو کچھ ہمارا ہے وہ سب اللہ کا ہے اور اللہ کے رسول کا ہے، انصار نے عرض کی جو کچھ ہمارا ہے وہ سب اللہ کا ہے اور اللہ کے رسول کا ہے۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم۔

اسے طبرانی نے معجم صغیر میں روایت کیا۔ (الامن والعلی)

وفد ہوازن کو استعانت کی تعلیم

جب وفد ہوازن خدمت حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور اپنے اموال و اہل و عیال کہ مسلمان غنیمت میں لائے تھے حضور سے مانگے اور طالب احسان والا ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اذا صلیتم الظهر فقولوا انا نستعین برسول الله علی المومنین و المسلمین فی نسائنا و ابنائنا.

جب ظہر کی نماز پڑھ چکو تو کھڑے ہونا اور یوں کہنا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استعانت کرتے ہیں مومنین پر اپنی عورتوں اور بچوں کے باب میں۔نسائی نے اسے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔ (الامن والعلی)

مال غنیمت کی تقسیم

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ حنین کے تمام مال غنیمت کو "جعرانہ" میں جمع کردیں اور اسے مضبوط و محفوظ رکھیں تاکہ فراغت کے بعد تقسیم کیا جائے۔

''جعرانہ'' اوطاس کے قریب ایک جگہ کا نام ہے جو حنین اور مکہ سے ایک منزل کے فاصلہ پر ہے۔

جعرانہ ایک عورت کا نام ہے اس کے نام سے یہ جگہ موسوم ہوئی۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب طائف سے کوچ کرکے جعرانہ تشریف لائے جہاں حنین کی

غنیمتیں جمع کی گئی تھیں اور وہ چھ ہزار بردے، چوبیس ہزار اونٹ، چالیس ہزار سے زیادہ بکریاں، اور چار ہزار اوقیہ چاندی تھا (ایک اوقیہ چالیس درہم وزن کا ہوتا ہے)

ایک روایت میں ہے کہ بکریاں اتنی زیادہ تھیں کہ ان کا شمار ہی نہ ہوسکتا تھا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دست جود و سخا کو لوگوں پر کشادہ فرمایا بالخصوص ان مولفۃ القلوب پر جن کے دلوں میں ابھی نور ایمان قوی نہ ہوا تھا اور حضرت زید بن ثابت کو لوگوں کو جمع کر کے لانے کا حکم دیا پھر بکریوں اور اونٹوں کو شمار کر کے لوگوں پر تقسیم فرمایا۔ ہر شخص کو چار اونٹ اور چالیس بکریاں اگر وہ پیادہ تھا عنایت فرمائے اور اگر سوار تھا تو بارہ اونٹ اور ایک سوبیس بکریاں مرحمت فرمائیں اور ایک گھوڑے سے زیادہ کا حصہ نہ دیا۔

خلاصہ کلام یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمام اموال ونقود کو لشکر اسلام اور اہل مکہ وغیرہ پر صرف فرمایا۔ اور انھیں خوش کیا کچھ وہ لوگ جو ایمان نہیں لائے تھے ایمان لے آئے اور وہ لوگ جو ضعیف الایمان تھے حصول رضا و خوشنودی کے سبب ان میں تقویت پیدا ہوئی۔

غرضیکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر خاص و عام کو انعام وعطایا سے سرفراز فرمایا اور مخلوق کے ظاہر و باطن کو محظوظ و معمور فرمایا خصوصاً اہل مکہ کو جو مولفۃ القلوب وغیرہ میں سے ہیں حد و شمار سے زیادہ نوازا اور وہ انصار جو بارگاہ بے کس پناہ کے مخلصوں اور مخصوصوں میں سے تھے ان کو منزہ ''مبراء'' معاف اور محروم رکھا، اہل مکہ کی مانند ان پر داد و دہش نہ فرمائی۔

اہل سیر کہتے ہیں کہ اس سلسلہ میں انصار اندوہگیں ہوئے کہ وہ قریش جنھیں حسد و نفاق کی بو ابھی بس رہی ہے اور مخلص نہیں ہیں اور دیگر وہ قبائل عرب جنھوں نے راہ خدا میں کوئی محنت و مشقت نہیں اٹھائی ہے انھیں تو مالا مال کر دیا گیا اور ہمیں محروم رکھا گیا ہے حالاں کہ کافروں کا خون ہماری تلواروں سے ابھی

خشک بھی نہیں ہوا ہے۔

انصار کی یہ چہ میگوئیاں جب سمع مبارک تک پہنچیں تو حضور نے کسی کو بھیج کر انھیں بلایا اور ایک خیمہ میں صرف انصار کو جمع کیا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

اس کے بعد کا واقعہ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی تحریر میں ملاحظہ فرمائیں:

جب جعرانہ کے اموال غنیمت حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قریش و دیگر اقوام عرب کو عطا فرمائے اور انصار کرام نے اس میں سے کوئی شی نہ پائی انھیں (اس خیال سے کہ شاید حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اب ہم پر وہ نظر توجہ و کرم نہ رہی شاید اب اپنی قوم قریش کی طرف زیادہ التفات فرمائیں بمقتضائے سنت عشاق کہ دوسروں پر لطف محبوب زائد دیکھ کر رنجیدہ و کبیدہ ہوتے ہیں) ملال گزرا یہاں تک کہ بعض کی زبان پر بعض کلمات شکایت آمیز آئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سنا خاطر انور پر ناگوار گزرا انھیں جمع کر کے ارشاد فرمایا۔

الم اجد کم ضلالا فهداکم الله الم اجد کم عالة فاغناکم الله .

کیا میں نے تمھیں نہ پایا گمراہ پس اللہ عزوجل نے تمھیں راہ دکھائی، کیا میں نے تمھیں نہ پایا محتاج پس اللہ عزوجل نے تمھیں تونگری دی۔

اور صحیح بخاری و صحیح مسلم و مسند امام احمد میں یوں ہے :

یا معشر الانصار الم اجد کم ضلالا فهداکم الله بی و کنتم متفرقین فالفکم الله بی و کنتم عالة فاغناکم الله بی .

اے گروہ انصار کیا میں نے نہ پایا تمھیں گمراہ پس اللہ عزوجل نے تمھیں میرے ذریعے سے ہدایت کی اور تمھارے آپس میں پھوٹ تھی اللہ تعالیٰ نے میرے وسیلہ سے تم میں موافقت کردی اور تم محتاج

تھے اللہ عزوجل نے میرے واسطے سے تمھیں تونگری بخشی۔

بخاری نے اسے عبداللہ بن زید بن عاصم سے اور احمد نے حضرت انس سے اور ضیاء مقدسی نے ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا۔

انصار ہر کلمے پر عرض کرتے جاتے تھے : نعوذ باللہ من غضب اللہ و من غضب رسوله.

ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اور اللہ کے غضب اور رسول اللہ کے غضب سے۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : الا تجیبون.

جواب کیوں نہیں دیتے؟

انصار نے عرض کی : اللہ و رسوله امن و افضل

اللہ اور رسول کا احسان زائد ہے، اللہ ورسول کا فضل بڑا ہے۔

حضور نے فرمایا تم جواب چاہو تو جواب دے سکتے ہو۔

انصار کرام روئے اور بار بار عرض کرنے لگے : اللہ و رسوله امن و افضل

اللہ ورسول کا احسان زائد ہے، اللہ ورسول کا فضل بڑا ہے۔

ابو بکر بن ابی شیبہ نے مصنف میں ابو سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسے روایت کیا۔

(الامن والعلی)

اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی تسلی کے لیے اور قریش کے ساتھ دنیاوی عطایا

ونعم کی تخصیص کا سبب بیان کرنے کے لیے فرمایا کہ قریش جاہلیت سے قریب العہد ہیں اوران کو بہت مصیبتیں پہنچی ہیں میں نے چاہا کہ اس مال وعطا کے ذریعہ ان کی مصیبتوں کی تلافی کردوں اوران کے دلوں کوایمان واسلام کی طرف مائل کردوں۔

اور فرمایا اے گروہ انصار کیا تم اس سے راضی نہیں کہ اور لوگ تو اونٹ وبکریاں لے کراپنے گھروں کو جائیں اور تم خدا اور رسول خدا کے ساتھ گھروں کو واپس ہو؟ خدا کی قسم جس شان کے ساتھ تم گھروں کو لوٹو گے وہ ان لوگوں سے بہتر ہے جو اونٹ وبکریاں لے کر جائیں گے۔

اور فرمایا کہ اگر لوگ وادی اور کھائیوں میں چلیں گے تو میں انصار کی وادی اور گھاٹیوں میں چلوں گا۔

عمرۂ جعرانہ

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تقسیم غنائم اور یہاں کے معاملات سے فارغ ہوگئے تو مدینہ طیبہ کی طرف مراجعت فرمانے کا عزم کیا بدھ کی رات کو جب کہ ماہ ذی قعدہ کی بارہ راتیں باقی تھیں جعرانہ کے مقام میں عمرہ کا احرام باندھا اور مکہ مکرمہ تشریف لائے اور عمرہ ادا کر کے واپس لوٹ گئے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم)

مالک بن عوف کے لیے حضور کا فرمان

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی شان عطاو بخشش میں سے یہ بھی ہے کہ حضور نے مالک بن عوف کیلیے اعلان فرمایا کہ اگر وہ مسلمان ہوکر ہماری بارگاہ میں آجائے تو اس کی تقصیر معاف ہوجائیگی اوراس کے اہل و عیال سے واپس مل جائیں گے، امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

محمد بن اسحاق، تابعی امام السیر والمغازی نے ابو وجزہ یزید بن عبید سعدی سے روایت کی جب (غزوۂ حنین میں) مشرکین بھاگ گئے مالک بن عوف (کہ اس لڑائی میں سردار کفار ہوازن تھے) بھاگ کر طائف میں پناہ گزیں ہوئے رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر وہ ایمان لا کر حاضر ہو تو ہم اس کے اہل وعیال اسے واپس دیں یہ خبر مالک بن عوف کو پہنچی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے جب کہ حضور مقام جعرانہ سے نہضت فرما چکے تھے سید اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے اہل وعیال انھیں واپس دیے اور سو (۱۰۰) اونٹ اپنے خزانۂ کرم سے عطا کیے۔

فقال مالک بن عوف رضی الله تعالیٰ عنه یخاطب رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی قصیدة

ما ان رأیت و لا سمعت بواحد　　فی الناس کلهم کمثل محمد

اوفی و اعطی للجزیل لمجتد　　و متی تشاء یخبرک عما فی غد

حضرت مالک بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مخاطب کر کے قصیدے میں یہ عرض کیا:

میں نے تمام جہان کے لوگوں میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مثل نہ کوئی دیکھا نہ سنا، سب سے زیادہ وفا فرمانے والے اور سب سے فزوں تر سائل نفع کو کثیر عطا بخشنے والے اور جب تو چاہے تجھے آئندہ کل کی خبر بتا دیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں ان کی قوم ہوازن اور قبائل ثمالہ وسلمہ وفہم پر سردار فرمایا۔

معانی نے کتاب الجلیس والانیس میں بطریق حرمازی ابو عبیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی، مالک بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ رئیس ہوازن اسلام لا کر خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور حضور پرنور صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنا وہ قصیدۂ نعتیہ سنایا (جس میں اسی مضمون کے شعر ذکر کیے)

فقال له خيرا و كساه حلة.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے حق میں کلمہ خیر فرمایا اور انھیں خلعت پہنایا۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے ان دونوں روایتوں کو اصابہ میں ذکر فرمایا ہے۔

حضور کی عطا و بخشش

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوازن کی غنیمتیں حنین میں تقسیم فرمار ہے تھے ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کی یارسول اللہ حضور نے مجھ سے کچھ وعدہ فرمایا تھا ارشاد ہوا۔

صدقت فاحتكم ما شئت.

تو نے سچ کہا اچھا جو جی میں آئے حکم لگا دے۔

عرض کی اسی دنبے اور ان کا چرانے والا غلام عطا ہو۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تجھے عطا ہوا اور تو نے بہت تھوڑی چیز مانگی۔

و لصاحبة موسىٰ التي دلته على عظام يوسف كانت احلم منك حين حكمها موسىٰ فقالت حكمي ان تردني شابة و ادخل معك الجنة .

اور بیشک موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی مصاحبہ جس نے انھیں یوسف علیہ الصلاۃ والسلام کا تابوت بتایا تھا تجھ سے زیادہ دانش مند تھی جب کہ اسے موسیٰ نے اختیار دیا تھا کہ جو چاہے مانگ لے اس نے کہا میں قطعی طور پر یہی مانگتی ہوں کہ آپ میری جوانی واپس فرما دیں اور میں آپ کے ساتھ جنت میں جاؤں۔

یوں ہی ہوا کہ وہ ضعیفہ فوراً نوجوان ہوگئی اس کا حسن و جمال واپس آیا اور جنت میں بھی معیت کا

وعدہ کلیم کریم نے عطا فرمایا۔ ابن حبان وحاکم نے مستدرک میں اسے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ حاکم نے کہا یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ (الامن والعلی)

تقسیم غنائم اور ایک منافق کی گستاخی

غزوۂ حنین میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو غنائم تقسیم فرمائے اس پر ایک وہابی (منافق) نے کہا کہ میں اس تقسیم میں عدل نہیں پاتا کیوں کہ کسی کو زیادہ کسی کو کم عطا فرمایا، اس پر فاروق اعظم نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اجازت دیجیے کہ میں اس منافق کی گردن ماردوں، فرمایا کہ اسے رہنے دے کہ اس کی نسل سے ایسے ایسے لوگ پیدا ہونے والے ہیں (وہابیہ کی طرف اشارہ فرمایا) اس سے فرمایا افسوس اگر میں تجھ پر عدل نہ کروں تو کون عدل کرے گا۔ اور فرمایا اللہ رحم فرمائے میرے بھائی موسیٰ پر کہ اس سے زائد ایذا دیئے گئے۔

علماء فرماتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس دن کی عطا تخی بادشاہوں کی عمر بھر کی دادودہش سے زائد تھی، جنگل غنائم سے بھرے ہوئے ہیں اور حضور عطا فرمارہے ہیں اور مانگنے والے ہجوم کرتے چلے آتے ہیں اور حضور پیچھے ہٹتے جاتے ہیں یہاں تک کہ جب سب اموال تقسیم ہولیے ایک اعرابی نے ردائے مبارک بدن اقدس پر سے کھینچ لی کہ شانہ و پشت مبارک پر اس کا نشان بن گیا اس پر اتنا فرمایا اے لوگو جلدی نہ کرو۔ واللہ! کہ تم مجھ کو کسی وقت بخیل نہ پاؤ گے۔

حق ہے اے مالک عرش کے نائب اکبر قسم ہے اس کی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا کہ دونوں جہاں کی نعمتیں حضور ہی کی عطا ہیں، دونوں جہاں حضور کی عطا سے ایک حصہ ہیں۔

فان من جودک الدنیا وضرتھا
و من علومک علم اللوح و القلم

بیشک دنیا و آخرت حضور کی بخشش سے ایک حصہ ہیں اور لوح و قلم کے تمام علوم ما کان و ما یکون حضور کے علم سے ایک ٹکڑا۔ (الملفوظ حصہ اول)

❁......❁......❁

غزوۂ طائف

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

غزوۂ طائف ۸ھ

حنین سے بھاگنے والی کفار کی فوجیں کچھ تو اوطاس میں جا کر ٹھہری تھیں اور کچھ طائف کے قلعہ میں جا کر پناہ گزیں ہوگئی تھیں۔ اوطاس کی فوجیں شکست کھا کر ہتھیار ڈال دینے پر مجبور ہوگئیں اور سب گرفتار ہوگئیں۔ لیکن طائف میں پناہ لینے والوں سے بھی جنگ ضروری تھی اس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حنین اور اوطاس کے اموال غنیمت اور قیدیوں کو مقام ''جعرانہ'' میں جمع کر کے طائف کا رخ فرمایا۔

طائف کا محاصرہ

طائف خود ایک بہت ہی محفوظ شہر تھا جس کے چاروں طرف شہر پناہ کی دیوار بنی ہوئی تھی اور یہاں ایک بہت ہی مضبوط قلعہ بھی تھا۔ یہاں کا رئیس اعظم عروہ بن مسعود ثقفی جو ابوسفیان کا داماد تھا۔ یہاں ثقیف کا جو خاندان آباد تھا وہ عزت و شرافت میں قریش کا ہم پلہ شمار کیا جاتا تھا۔ کفار کی تمام فوجیں سال بھر کا راشن لے کر طائف کے قلعہ میں پناہ گزیں ہوگئی تھیں۔

اسلامی افواج نے طائف پہنچ کر شہر کا محاصرہ کرلیا مگر قلعہ کے اندر سے کفار نے اس زور وشور کے ساتھ تیروں کی بارش شروع کردی کہ لشکر اسلام اس کی تاب نہ لا سکا اور مجبوراً اس کو پسپا ہونا پڑا۔ اٹھارہ دن تک شہر کا محاصرہ جاری رہا مگر طائف فتح نہیں ہو سکا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب جنگ کے ماہروں سے مشورہ فرمایا تو حضرت نوفل بن معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ!

لومڑی اپنے بھٹ میں گھس گئی ہے اگر کوشش جاری رہی تو پکڑ لی جائے گی لیکن اگر چھوڑ دی جائے تو بھی اس سے کوئی اندیشہ نہیں ہے۔

یہ سن کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے محاصرہ اٹھا لینے کا حکم دے دیا۔

طائف کے محاصرہ میں بہت سے مسلمان زخمی ہوئے اور کل بارہ اصحاب شہید ہوئے۔ سات قریش، چار انصار اور ایک شخص بنی لیث کے۔

زخمیوں میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاجزادے عبداللہ بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی تھے یہ ایک تیر سے زخمی ہو گئے تھے پھر اچھے بھی ہو گئے۔ لیکن ایک مدت کے بعد پھر ان کا زخم پھٹ گیا اور اپنے والد ماجد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں اسی زخم سے ان کی وفات ہوگئی۔

طائف میں بت شکنی

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طائف کا ارادہ فرمایا تو حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک لشکر کے ساتھ بھیجا کہ وہ ''ذوالکفین'' کے بت خانہ کو برباد کردیں۔ یہاں عمرو بن حممہ دوسی کا بت تھا جو لکڑی کا بنا ہوا تھا۔ چنانچہ حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہاں جا کر بت خانہ کو منہدم کردیا اور بت کو جلا دیا۔

حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ چار دن میں اس مہم سے فارغ ہو کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس طائف میں پہنچ گئے، یہ ذوالکفین سے قلعہ توڑنے کے آلات، منجنیق وغیرہ بھی لائے تھے چنانچہ اسلام میں سب سے پہلی یہی منجنیق ہے جو طائف کا قلعہ توڑنے کے لیے لگائی گئی مگر کفار کی فوجوں نے تیراندازی کے ساتھ ساتھ گرم گرم لوہے کی سلاخیں پھینکنی شروع کردیں اس وجہ سے قلعہ توڑنے میں کامیابی نہ ہوسکی۔

اسی طرح حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا کہ طائف کے اطراف میں جو جابجا ثقیف کے بت خانے ہیں ان سب کو منہدم کردیں چنانچہ آپ نے ان سب بتوں اور

بت خانوں کو توڑ پھوڑ کر مسمار و برباد کر دیا اور جب لوٹ کر خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کو دیکھ کر بے حد خوش ہوئے اور بہت دیر تک تنہائی میں ان سے گفتگو فرماتے رہے جس سے لوگوں کو بہت تعجب ہوا۔

طائف سے روانگی کے وقت صحابہ کرام نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ ثقیف کے کفار کے لیے ہلاکت کی دعا فرما دیجیے تو آپ نے دعا مانگی کہ اللھم اھد ثقیفا و ات بھم۔

یا اللہ! ثقیف کو ہدایت دے اور ان کو میرے پاس پہنچا دے۔

چنانچہ آپ کی یہ دعا مقبول ہوئی کہ قبیلہ ثقیف کا وفد مدینہ پہنچا اور پورا قبیلہ مشرف باسلام ہو گیا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ ج ۲، سیرت مصطفیٰ)

ابو محذورہ کو موذن بنایا گیا

طائف کی فتح کے بعد اس کا گوشہ گوشہ صدائے توحید سے گونج گیا وہاں پر اذان دینے کے لیے حضرت ابو محذورہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مؤذن مقرر کیا گیا، اس پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طائف شریف فتح فرمایا اذان ہوئی بچوں نے اس کی نقل کی ان میں ابو محذورہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے ان کی آواز بہت اچھی تھی حضور نے ان کو بلایا اور سر پر دست مبارک رکھا اور ان کو موذن مقرر فرما دیا۔ ماں نے برکت کے لیے پیشانی کے ان بالوں کو جن پر دست اقدس رکھا گیا تھا محفوظ رکھا۔ جس وقت بال کھولے جاتے تو زمین پر آ جاتے تھے۔

(الملفوظ حصہ دوم)

۸ ھ کے متفرق واقعات

(۱) اسی سال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرزند حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شکم سے پیدا ہوئے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان سے بے پناہ محبت تھی تقریباً ڈیڑھ سال کی عمر میں ان کی وفات ہوگئی۔

اتفاق سے جس دن ان کی وفات ہوئی سورج گہن ہوا چوں کہ عربوں کا عقیدہ تھا کہ عظیم الشان انسان کی موت پر سورج گہن لگتا ہے اس لیے لوگوں نے یہ خیال کرلیا کہ یہ سورج گہن حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کا نتیجہ ہے۔ جاہلیت کے اس عقیدہ کو دور فرمانے کے لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک خطبہ دیا جس میں آپ نے ارشاد فرمایا کہ

چاند اور سورج میں کسی کی موت وحیات کی وجہ سے گرہن نہیں لگتا بلکہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ اپنے بندوں کو خوف دلاتا ہے اس کے بعد آپ نے نماز کسوف جماعت کے ساتھ پڑھی۔

(۲) اسی سال حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے وفات پائی۔ یہ صاحبزادی صاحبہ حضرت ابوالعاص بن ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی منکوحہ تھیں۔ انھوں نے ایک فرزند جن کا نام علی تھا اور ایک لڑکی جن کا نام امامہ تھا اپنے بعد چھوڑا۔ حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو وصیت کی تھی کہ میری وفات کے بعد آپ حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کرلیں چنانچہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وصیت پر عمل کرتے ہوئے حضرت امامہ سے نکاح کرلیا۔

(۳) اسی سال مدینہ میں غلہ کی گرانی بہت زیادہ بڑھ گئی تو صحابہ کرام نے درخواست کی کہ یارسول اللہ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ غلہ کا بھاؤ مقرر فرما دیں تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غلہ کی قیمت پر کنٹرول فرمانے سے انکار کر دیا اور ارشاد فرمایا کہ :

ان الله هو المسعر القابض الباسط الرزاق.

اللہ ہی بھاؤ مقرر فرمانے والا ہے، وہی روزی کو تنگ کرنے والا، کشادہ کرنے والا، روزی رساں ہے۔

(۴) بعض مورخین کے بقول اسی سال مسجد نبوی میں منبر شریف رکھا گیا۔ اس سے قبل حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ستون سے ٹیک لگا کر خطبہ پڑھا کرتے تھے۔ اور بعض مورخین کا قول ہے کہ منبر ے ھ میں رکھا گیا۔ یہ منبر لکڑی کا بنا ہوا تھا جو ایک انصاری عورت نے بنوا کر مسجد میں رکھوایا تھا۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے چاہا کہ میں اس منبر کو تبرکاً ملک شام لے جاؤں مگر انھوں نے جب اس کو اس کی جگہ سے ہٹایا تو اچانک سارے شہر میں ایسا اندھیرا چھا گیا کہ دن میں تارے نظر آنے لگے یہ منظر دیکھ کر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت شرمندہ ہوئے اور صحابہ کرام سے معذرت خواہ ہوئے اور انھوں نے اس منبر کے نیچے تین سیڑھیوں کا اضافہ کر دیا جس سے منبر نبوی کی تینوں پرانی سیڑھیاں اوپر ہو گئیں تاکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین جن سیڑھیوں پر کھڑے ہو کر خطبہ پڑھتے تھے اب دوسرا کوئی خطیب ان پر قدم نہ رکھے جب یہ منبر بہت زیادہ پرانا ہو کر انتہائی کمزور ہو گیا تو خلفائے عباسیہ نے بھی اس کی مرمت کرائی۔

(۵) اسی سال قبیلہ عبدالقیس کا وفد حاضر خدمت ہوا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو خوش آمدید کہا اور ان لوگوں کے حق میں یوں دعا فرمائی کہ: اے اللہ تو عبدالقیس کو بخش دے، جب یہ

لوگ بارگاہ رسالت میں پہنچے تو اپنی سواریوں سے کود کر دوڑ پڑے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقدس قدم کو چومنے لگے اور آپ نے ان لوگوں کو منع نہیں فرمایا۔

(۶) اسی سال اسلام کے بطل جلیل حضرت سیف اللہ خالد بن الولید اور حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما دولت اسلام سے مالا مال ہوئے جس سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بے پناہ مسرت ہوئی۔ جب یہ لوگ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آگے بڑھ کر ان کا استقبال کیا۔

ایک روایت میں ہے کہ کلید بردار کعبہ حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی اسی سال اسلام قبول کیا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

غزوۂ تبوک

انفروا خفافا و ثقالا و جاھدوا باموالکم و انفسکم فی سبیل اللہ ذلکم خیر لکم ان کنتم تعلمون۔

کوچ کرو ہلکی جان سے چاہے بھاری دل سے اور اللہ کی راہ میں لڑو اپنے مال اور جان سے یہ تمھارے لیے بہتر ہے اگر جانو۔ (التوبہ،۴۱)

غزوۂ تبوک ۸ھ

''تبوک'' مدینہ اور شام کے درمیان ایک مقام کا نام ہے جو مدینہ سے چودہ منزل دور ہے۔ بعض مورخین کا قول ہے کہ ''تبوک'' ایک قلعہ کا نام ہے اور بعض کا قول ہے کہ تبوک ایک چشمہ کا نام ہے ممکن ہے یہ سب باتیں موجود ہوں۔

یہ غزوہ سخت قحط کے دنوں میں ہوا طویل سفر، ہوا گرم، سواری کم، کھانے پینے کی تکلیف، لشکر کی تعداد بہت زیادہ، اس لیے اس غزوہ میں مسلمانوں کو بڑی تنگی اور تنگ دستی کا سامنا کرنا پڑا یہی وجہ ہے کہ اس غزوہ کو ''جیش العسرۃ'' (تنگدستی کا لشکر) بھی کہتے ہیں اور چوں کہ منافقوں کو اس غزوہ میں بڑی شرمندگی اور شرمساری اٹھانی پڑی تھی اس وجہ سے اس کا ایک نام ''غزوۂ فاضحہ'' (رسوا کرنے والا غزوہ) بھی ہے۔ اس پر تمام مورخین کا اتفاق ہے کہ اس غزوہ کے لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ماہ رجب ۹ھ جمعرات کے دن روانہ ہوئے۔

غزوۂ تبوک کا سبب

عرب کا غسانی خاندان جو قیصر روم کے زیر اثر ملک شام پر حکومت کرتا تھا چوں کہ وہ عیسائی تھا اس لیے قیصر روم نے اس کو اپنا آلہ کار بنا کر مدینہ پر فوج کشی کا عزم کرلیا۔ چنانچہ ملک شام کے جو سوداگر روغن زیتون بیچنے مدینہ آیا کرتے تھے۔ انہوں نے خبر دی کہ قیصر روم کی حکومت نے ملک شام میں بہت بڑی فوج جمع کر دی ہے اور اس فوج میں رومیوں کے علاوہ قبائل لخم و جذام اور غسان کے تمام عرب بھی شامل ہیں۔

ان خبروں کا تمام عرب میں ہر طرف چرچا تھا اور رومیوں کی اسلام دشمنی کوئی ڈھکی چھپی چیز نہیں تھی اس لیے ان خبروں کو غلط سمجھ کر نظر انداز کر دینے کی بھی کوئی وجہ نہیں تھی اس لیے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم نے بھی فوج کی تیاری کا حکم دے دیا۔

اس وقت حجاز مقدس میں شدید قحط تھا اور بے پناہ شدت کی گرمی پڑ رہی تھی ان وجوہ سے لوگوں کو گھر سے نکلنا شاق گزر رہا تھا۔ مدینہ کے منافقین جن کے نفاق کا بھانڈا پھوٹ چکا تھا وہ خود بھی فوج میں شامل ہونے سے جی چراتے تھے اور دوسروں کو بھی منع کرتے تھے لیکن اس کے باوجود تیس ہزار کا لشکر جمع ہو گیا۔

مگر ان تمام مجاہدین کے لیے سواریوں اور سامان جنگ کا انتظام کرنا ایک بڑا ہی کٹھن مرحلہ تھا کیوں کہ لوگ قحط کی وجہ سے انتہائی مفلوک الحال اور پریشان تھے اس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمام قبائل عرب سے فوجیں اور مالی امداد طلب فرمائی۔ اس طرح اسلام میں کسی کار خیر کے لیے چندہ کرنے کی سنت قائم ہوئی۔

فوج کی تیاری

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اب تک یہ طریقہ تھا کہ غزوات کے معاملہ میں بہت زیادہ راز داری کے ساتھ تیاری فرماتے تھے۔ یہاں تک کہ عساکر اسلامیہ کو عین وقت یہ بھی نہ معلوم ہوتا تھا کہ کہاں اور کس طرف جانا ہے؟ مگر جنگ تبوک کے موقع پر سب کچھ انتظام اعلانیہ طور پر کیا اور یہ بھی بتا دیا کہ تبوک چلنا ہے اور قیصر روم کی فوجوں سے جہاد کرنا ہے تا کہ لوگ زیادہ سے زیادہ تیاری کر لیں۔

حضرات صحابہ کرام نے دل کھول کر چندہ دیا مگر پھر بھی پوری فوج کے لیے سواریوں کا انتظام نہ ہو سکا چنانچہ بہت سے جاں باز مسلمان اسی بناء پر اس جہاد میں شریک نہ ہو سکے کہ ان کے پاس سفر کا سامان نہیں تھا۔ یہ لوگ دربار رسالت میں سواری طلب کرنے کے لیے حاضر ہوئے مگر جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس سواری نہیں ہے تو یہ لوگ اپنی بے سروسامانی پر اس طرح بلبلا کر

روئے کہ حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کی آہ وزاری اور بے قراری پر رحم آ گیا۔

تبوک کو روانگی

بہر حال حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تیس ہزار کا لشکر ساتھ لے کر تبوک کے لیے روانہ ہوئے اور مدینہ کا نظم ونسق چلانے کے لیے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنا خلیفہ بنایا۔ جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نہایت ہی حسرت وافسوس کے ساتھ عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا آپ مجھے عورتوں اور بچوں میں چھوڑ کر جہاد کے لیے تشریف لے جا رہے ہیں تو ارشاد فرمایا کہ:

الا ترضی ان تکون منی بمنزلة هارون من موسیٰ الا انه لیس نبی بعدی .

کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ تم کو مجھ سے وہ نسبت ہے جو حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھی مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

یعنی جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کوہ طور پر جاتے وقت حضرت ہارون علیہ السلام کو اپنی امت بنی اسرائیل کی دیکھ بھال کے لیے اپنا خلیفہ بنا کر گئے تھے اسی طرح میں تم کو اپنی امت سونپ کر جہاد کے لیے جا رہا ہوں۔

مدینہ سے چل کر مقام ''ثنیۃ الوداع'' میں آپ نے قیام فرمایا پھر فوج کا جائزہ لیا اور فوج کا مقدمہ، میمنہ، میسرہ وغیرہ مرتب فرمایا پھر وہاں سے کوچ کیا۔

راستے میں قوم عاد وثمود کی وہ بستیاں ملیں جو قہر الٰہی کے عذابوں سے الٹ پلٹ کر دی گئی تھیں آپ نے حکم دیا کہ یہ وہ جگہیں ہیں جہاں خدا کا عذاب نازل ہو چکا ہے اس لیے کوئی شخص یہاں قیام نہ کرے بلکہ نہایت تیزی کے ساتھ سب لوگ یہاں سے سفر کر کے ان عذاب کی وادیوں سے جلد باہر نکل جائیں اور کوئی یہاں کا پانی نہ پیئے اور نہ کسی کام میں لائے۔

اس غزوہ میں پانی کی قلت، شدید گرمی، سواریوں کی کمی سے مجاہدین نے بے حد تکلیف اٹھائی مگر منزل مقصود پر پہنچ کر ہی دم لیا۔

تبوک کا چشمہ

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبوک کے قریب میں پہنچے تو ارشاد فرمایا کہ انشاء اللہ تعالیٰ کل تم لوگ تبوک کے چشمہ پر پہنچو گے اور سورج بلند ہونے کے بعد پہنچو گے لیکن کوئی شخص وہاں پہنچے تو پانی کو ہاتھ نہ لگائے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب وہاں پہنچے تو جوتے کے تسمے کے برابر اس میں ایک پانی کی دھار بہہ رہی تھی۔ آپ نے اس میں سے تھوڑا سا پانی منگا کر ہاتھ منہ دھویا اور اس پانی میں کلی فرمائی پھر حکم فرمایا کہ اس پانی کو چشمہ میں انڈیل دو لوگوں نے جب اس پانی کو چشمہ میں ڈالا تو چشمہ سے زوردار پانی کی موٹی دھار بہنے لگی اور تیس ہزار کا لشکر اور تمام جانور اس چشمہ کے پانی سے سیراب ہو گئے۔

رومی لشکر ڈر گیا

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تبوک میں پہنچ کر لشکر کو پڑاؤ کا حکم دیا مگر دور دور تک رومی لشکر کا کوئی پتہ نہیں چلا۔ واقعہ یہ ہوا کہ جب رومیوں کے جاسوسوں نے قیصر کو خبر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تیس ہزار کا لشکر لے کر تبوک میں آ رہے ہیں تو رومیوں کے دلوں پر ہیبت چھا گئی کہ وہ جنگ سے ہمت ہار گئے اور اپنے گھروں سے باہر نہ نکل سکے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیس دن تبوک میں قیام فرمایا اور اطراف و جوانب میں افواج الٰہی کا جلال دکھا کر اور کفار کے دلوں پر اسلام کا رعب بٹھا کر مدینہ واپس تشریف لائے اور تبوک میں کوئی جنگ نہیں ہوئی۔

تخلف کرنے والے

اس غزوہ میں جو لوگ غیر حاضر رہے ان میں اکثر منافقین تھے جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبوک سے مدینہ واپس آئے اور مسجد نبوی میں اجلال فرمایا تو منافقین قسمیں کھا کھا کر اپنا اپنا عذر بیان کرنے لگے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی سے مواخذہ نہیں فرمایا لیکن تین مخلص صحابیوں حضرت کعب بن مالک و ہلال بن امیہ و مرارہ بن الربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا پچاس دنوں تک آپ نے بائیکاٹ فرمادیا پھر ان تینوں کی توبہ قبول ہوئی اور ان لوگوں کے بارے میں قرآن کی آیت نازل ہوئی۔

ان کے علاوہ تین اور صحابی ہیں جنھوں نے غزوۂ تبوک سے تخلف کیا۔ ایک حضرت ابوذر غفاری، دوسرے ابوخیثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما یہ دونوں بعد میں تبوک پہنچ گئے۔ اور تیسرے صحابی حضرت ابولبابہ بن منذر ہیں۔

جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبوک کی جانب تشریف لے جارہے تھے تو ابولبابہ نے تخلف کیا اور متخلفین کی جماعت میں قرار پائے جب انھوں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر سلام کیا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے اپنا رخ انور پھیر لیا۔ اس پر حضرت ابولبابہ ڈرے اور خود کو مسجد نبوی کے ستون سے باندھ لیا اور کہا یہ میری جگہ ہے میں اس وقت تک جدا نہ ہوں گا جب تک کہ حق تعالیٰ یا تو مجھے دنیا سے رخصت کردے یا میری توبہ قبول فرمائے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ وہ دس اشخاص تھے جنھوں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے تبوک میں تخلف کیا جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے تو ان میں سے سات نے مسجد شریف کے ستونوں سے اپنے آپ کو باندھ دیا۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے آگے سے گزر گئے جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے تو فرمایا یہ کون ہیں؟ صحابہ

نے عرض کیا یہ ابولبابہ اور ان کے وہ ساتھی ہیں جنھوں نے یارسول اللہ آپ سے تخلف کیا اور عرض کیا یارسول اللہ! انھیں معاف فرما کر کھول دیں فرمایا خدا کی قسم نہ میں انھیں کھولوں گا اور نہ انھیں معذور رکھوں گا۔ جب تک کہ حق تعالیٰ انھیں نہ کھلوائے اور انھیں معاف نہ فرمائے، انھوں نے مجھ سے اعراض کیا اور غزوے سے تخلف کیا اس پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی و آخرون اعترفوا بذنوبھم الآیۃ.

پھر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی کو بھیجا تا کہ انھیں کھول دیں اور معافی کی بشارت دے دیں۔

مہاجرین میں سے ابوامیہ برادر ام المومنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام بھی متخلفین کے زمرے میں ہے۔ جن کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سیدہ ام سلمہ کی معذرت خواہی سے معذور رکھا اور ان کی غلطی سے درگزر فرمایا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد۲، سیرت مصطفیٰ)

حضرت ابولبابہ کی توبہ

جو مخلص مسلمان غزوۂ تبوک میں شریک نہ ہوئے اس سے تخلف کیا ان پر خدا اور رسول کا عتاب نازل ہوا جس کے سبب سے ان کا بائیکاٹ و مقاطعہ کیا گیا پھر کچھ دنوں کے بعد ان حضرات کی توبہ قبول ہوئی ان میں سے حضرت ابولبابہ اور حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی توبہ کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

جب ابولبابہ وغیرہ بعض صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے غزوۂ تبوک میں ہمراہ رکاب سعادت حاضر نہ ہوئے تھے اپنے آپ کو مسجد اقدس کے ستونوں سے باندھ دیا کہ جب تک حضور والا صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ نہ کھولیں گے نہ کھلیں گے۔ آیت اتری

خذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم و تزکیھم بھا و صل علیھم ان صلوتک

سکن لھم .

اے نبی لے لو ان توبہ کرنے والوں کے مالوں سے صدقہ کہ تم پاک کرو انھیں اور تم ستھرا کر دو انھیں گناہوں سے اس صدقے کے سبب اور دعائے رحمت کرو ان کے حق میں کہ تمھاری دعا ان کے دلوں کا چین ہے۔

امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر اور فرماتے ہیں :

جب حضرت ابولبابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی توبہ قبول ہوئی انھوں نے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی :

یا رسول اللہ انی اھجر دار قومی التی اصبت بھا الذنب و انخلع من مالی صدقۃ الی اللہ و الی رسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

یارسول اللہ میں اپنی قوم کا محلہ جس میں مجھ سے خطا سرزد ہوئی چھوڑتا ہوں اور اپنے مال سے اللہ و رسول کے نام پر تصدق کر کے باہر آتا ہوں۔ جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابولبابہ تہائی مال کافی ہے انھوں نے ثلث مال اللہ و رسول کے لیے صدقہ کر دیا۔ عز جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

طبرانی نے کبیر میں اور ابونعیم نے ابولبابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

حضرت کعب بن مالک کی توبہ

صحیح بخاری وصحیح مسلم میں حضرت کعب بن مالک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے جب ان کی توبہ قبول ہوئی انھوں نے مولائے دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی :

یا رسول اللہ ان من توبتی ان انخلع من مالی صدقة الی اللہ و الی رسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

یارسول اللہ میری توبہ کی تمامی یہ ہے کہ میں اپنے سارے مال سے نکل جاؤں اللہ اور اللہ کے رسول کے لیے صدقہ کر کے۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں ہے: **ای صدقة خالصة للہ و لرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم. فالی بمعنی اللام.**

یعنی اس حدیث میں اللہ ورسول کی طرف صدقہ کرنے کے معنی اللہ ورسول کے لیے تصدق ہیں۔

تو حاصل یہ ہے کہ اپنا سارا مال خاص خدا ورسول کے نام پر تصدق کر دوں۔ تبارک وتعالیٰ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (الامن والعلی)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جنگ تبوک کے لیے جب چندے کا اعلان فرمایا تو حضرت ابوبکر صدیق وحضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بصد خلوص وعقیدت اپنا اپنا مال لاکر بارگاہ رسالت میں حاضر کیا اور اپنی اپنی نیازمندیوں کا ثبوت دیا، اس مضمون کو امام احمد رضا بریلوی اس طرح بیان فرماتے ہیں:

حضرت عثمان کی سخاوت

بعث النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی عثمان یستعینہ فی جیش العسرة فبعث الیہ عثمان بعشرة آلاف دینار.

یعنی جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک کے لیے لشکر اسلام کو تیاری کا حکم دیا

مسلمانوں پر بہت حالت تنگی وعسرت تھی اس باب میں حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے استعانت فرمائی، ان سے مدد چاہی۔ ذوالنورین رضی اللہ تعالٰی عنہ نے دس ہزار اشرفیاں حاضر کیں حضور پرنور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا اے عثمان اللہ تیری چھپی اور ظاہر خطائیں اور آج سے قیامت تک جو کچھ تجھ سے واقع ہو سب کی مغفرت فرمائے اس کے بعد عثمان کو کچھ پرواہ نہیں کوئی عمل کرے۔ ابن عدی ودارقطنی وابونعیم نے فضائل الصحابہ رضی اللہ تعالٰی عنہم میں حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالٰی عنہما سے اسے روایت کیا۔ (الامن والعلی)

تبوک کے دن عثمان نے جنت خریدی

ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں: اشتری عثمان بن عفان من رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الجنة مرتین یوم رومۃ و یوم جیش العسرۃ .

عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ نے دو بار نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے جنت خرید لی بیر رومہ کے دن اور لشکر کی تنگ دستی کے روز۔

حاکم وابن عدی وابن عساکر نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے اسے روایت کیا۔

(الامن والعلی)

ابوبکر وعمر کا چندہ

امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ہمیں صدقہ دینے کا حکم فرمایا اتفاق سے ان دنوں میں کافی مالدار تھا میں نے اپنے جی میں کہا اگر کبھی میں ابوبکر سے سبقت لے جاؤں گا تو وہ دن آج ہے میں اپنا آدھا مال حاضر لایا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا

ما ابقیت لا ھلک .

تم نے اپنے گھر والوں کے لیے کیا باقی رکھا۔

میں نے عرض کی **ابقیت لھم .**

ان کے لیے بھی باقی چھوڑ آیا ہوں۔

فرمایا **ما ابقیت لھم .**

آخر کتنا باقی چھوڑ آئے ہو

عرض کی **مثلہ**

اتنا ہی اور

صدیق اکبر اپنا سارا مال تمام وکمال لے کر حاضر ہوئے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **یا ابا بکر ما ابقیت لاھلک .**

اے ابو بکر گھر والوں کے لیے کیا باقی رکھا

عرض کی **ابقیت لھم اللہ و رسولہ .**

میں نے گھر والوں کے لیے اللہ ورسول کو باقی رکھا ہے۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

میں نے کہا میں ابو بکر سے کبھی سبقت نہ لے جاؤں گا۔

دارمی، ابو داؤد، ترمذی، شاشی، ابن ابی عاصم اور ابن شاہین نے کتاب السنۃ میں، حاکم نے مستدرک میں، ابونعیم نے حلیہ میں، بیہقی نے سنن میں، ضیاء مقدسی نے مختارہ میں امیر المومنین عمر فاروق اعظم

رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسے روایت کیا۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ (الامن والعلی)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک بار صدقہ کا حکم فرمایا، امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں خوش ہوا کہ اگر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر سبقت لے جاؤں گا تو اس بار کہ مال بہت ہے اوران کے پاس کم، فاروق اپنے تمام مال کا نصف حاضر لائے ارشاد ہوا عیال کے لیے کیا چھوڑا، عرض کی اتنا ہی، صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام وکمال اپنا سارا مال حاضر لائے ارشاد ہوا عیال کے لیے کیا چھوڑا عرض کی اللہ اوراس کا رسول۔ جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم دونوں میں اتنا ہی فرق ہے جتنا تم دونوں کے کلاموں میں فرق ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۰۸)

ثمود کے کنوئیں

صحاح میں ہے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہمراہ رکاب اقدس حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (تبوک کو جاتے ہوئے) زمین ثمود پر اترے وہاں کے کنوؤں سے پانی بھرا، اس سے آٹے گوندھے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ پانی پھینک دیں اور آٹا اونٹوں کو کھلا دیں، چاہ ناقہ سے پانی لیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج اول، ص ۴۱۶ ۔ النور والنورق)

متعہ کی ممانعت پر ایک روایت

حازمی کتاب الناسخ والمنسوخ میں حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی غزوۂ تبوک میں ہم نے کچھ عورتوں سے متعہ کیا۔

فجاء رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فنظر اليهن و قال من هولاء النسوة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے انھیں دیکھا فرمایا یہ عورتیں کون ہیں؟

قلنا يا رسول الله تمتعنا منهن.

ہم نے عرض کی یا رسول اللہ ان سے ہم نے متعہ کیا ہے۔

قال فغضب رسول الله حتى احمرت و جنتاه و تمعر وجهه و قام فينا خطيبا فحمد الله و اثنى عليه ثم نهى عن المتعة .

یہ سن کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غضب فرمایا یہاں تک کہ دونوں رخسار مبارک سرخ ہو گئے اور چہرۂ انور کا رنگ بدل گیا، خطبہ فرمایا اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی پھر متعہ کا حرام ہونا بیان فرمایا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۲۴۳)

غزوۂ تبوک میں نمازیں

غزوۂ تبوک میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نمازوں سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

بطریق لیث بن سعد ابوالطفیل مروی ہے :

ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان فى غزوة تبوك اذا ارتحل قبل ان تزيغ الشمس اخر الظهر حتى يجمعها الى العصر فيصليهما جميعا و اذا ارتحل بعد زيغ الشمس صلى الظهر و العصر جميعا ثم سار و كان اذا ارتحل قبل المغرب اخر

المغرب حتی یصلیھا مع العشا و اذا ارتحل بعد المغرب عجل العشاء فصلاھا مع المغرب . رواہ احمد و ابو داؤد و الترمذی و ابن حبان و الحاکم و الدار قطنی و البیھقی .

ترمذی نے زیادہ کیا۔

اذا ارتحل بعد زیغ الشمس عجل العصر الی الظھر و صلی الظھر و العصر جمیعا .

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غزوۂ تبوک میں جب سورج ڈھلنے سے پہلے کوچ فرماتے تو ظہر میں دیر کرتے یہاں تک کہ اسے عصر سے ملاتے تو دونوں کو ساتھ پڑھتے اور جب دوپہر کے بعد کوچ فرماتے تو عصر میں تعجیل کرتے اور ظہر و عصر ساتھ پڑھتے پھر چلتے اور جب مغرب سے پہلے کوچ کرتے مغرب میں تاخیر فرماتے یہاں تک کہ عشا کے ساتھ پڑھتے اور مغرب کے بعد کوچ فرماتے تو عشا میں تعجیل کرتے اسے مغرب کے ساتھ پڑھتے۔

روایت ابی الزبیر ہے۔ عن معاذ ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جمع فی غزوۃ تبوک بین الظھر و العصر و بین المغرب و العشا ، رواہ قرۃ بن خالد و سفیان الثوری و مالک عن ابی الزبیر المکی .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوہ تبوک میں ظہر و عصر اور مغرب و عشا کو جمع فرمایا۔ اسے قرہ بن خالد و سفیان ثوری اور مالک نے ابوالزبیر مکی سے روایت کیا۔ (مولف)

بخاری تعلیقاً اور بیہقی موصولاً ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی : کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یجمع بین صلاۃ الظھر و العصر اذا کان علی ظھر سیر و یجمع

بین المغرب و العشاء ، و هو عند مسلم و آخرین بذکر غزوة تبوک .

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سفر میں ہوتے تو ظہر وعصر اور مغرب وعشا کو جمع فرماتے ۔ امام مسلم اور دوسروں کے نزدیک یہ غزوۂ تبوک کے ذکر میں ہے۔ (مولف)

ابن ماجہ بطریق ابراہیم بن اسماعیل ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

انہ اخبرھم ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یجمع بین المغرب و العشا فی السفر من غیر ان یعجلہ شیٔ و لا یطلبہ عدو و لا یخاف شیئا.

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بغیر عجلت سفر اور بغیر طلب دشمن یا کسی خوف کے مغرب وعشا کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

امام مالک وشافعی ومسلم وابوداؤد وترمذی ونسائی وابن ماجہ اور طحاوی مطولاً ومختصراً معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال جمع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی غزوة تبوک بین الظھر و العصر و بین المغرب و العشاء قال فقلت ما حملہ علی ذلک قال فقال اراد ان لا یحرج امتہ .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک میں ظہر وعصر اور مغرب وعشا جمع فرمائیں۔ راوی نے کہا میں نے کہا کہ حضور نے ایسا کیوں کیا فرمایا تا کہ ان کی امت میں کوئی حرج میں نہ پڑ جائے۔ (مولف)

امام مالک بطریق مسلم فضائل میں راوی :

خرجنا مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عام غزوة تبوک فکان یجمع الصلاة فصلی الظهر و العصر جمیعا و المغرب و العشاء جمیعا حتی اذا کان یوما اخر الصلاة ثم خرج فصلی الظهر و العصر جمیعا ثم دخل ثم خرج بعد ذلک فصلی المغرب و العشاء جمیعا.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ہم غزوہ تبوک کے سال نکلے تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نمازوں کو جمع فرماتے تھے تو ظہر وعصر ایک ساتھ اور مغرب وعشا ایک ساتھ ادا فرمائیں جب دن ہوا تو نماز موخر فرمائی پھر تشریف لاکر ظہر وعصر ایک ساتھ پڑھیں پھر تشریف لے گئے اور تشریف لانے کے بعد مغرب وعشا ایک ساتھ ادا فرمائیں۔ (مولف)

امام مالک مرسلاً ومسند أبطریق داؤد بن الحصین حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یجمع بین الظهر و العصر فی سفره الی تبوک .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر تبوک میں ظہر وعصر کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

بزار ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یجمع بین الصلاتین فی السفر.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حالت سفر میں دو نمازوں کو جمع فرماتے تھے۔ یعنی ہر نماز اپنے وقت پر ہوتی مثلاً ظہر کو آخرت وقت میں پڑھتے اور عصر کو شروع وقت میں، اسی طرح مغرب کو تاخیر سے اور عشا کو اول وقت میں ادا فرماتے۔ یہ جمع صوری ہے جمع حقیقی نہیں، جمع صوری سفر وحضر ہر جگہ جائز ہے جمع حقیقی عرفہ ومزدلفہ کے سوا کہیں جائز نہیں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۱۵، ۳۱۶)

علی کو حضور کی نیابت حاصل ہوئی

متعدد احادیث میں مروی ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک کو تشریف لے جاتے وقت امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو مدینہ میں چھوڑا امیر المومنین نے عرض کی یارسول اللہ مجھے حضور عورتوں اور بچوں میں چھوڑے جاتے ہیں فرمایا :

اما ترضی ان تکون منی منزلة هارون من موسیٰ غیر انه لا نبی بعدی .

یعنی کیا تم اس پر راضی نہیں کہ تم یہاں میری نیابت میں ایسے رہو جیسے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام جب اپنے رب سے کلام کے لیے حاضر ہوئے ہارون علیہ الصلاۃ والسلام کو اپنی نیابت میں چھوڑ گئے تھے ہاں یہ فرق ہے کہ ہارون نبی تھے میں جب سے نبی ہوا دوسرے کے لیے نبوت نہیں۔

(جزاء اللہ بابانہ ختم النبوۃ)

۹ھ میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات

۹ھ بہت سے واقعات عجیبہ سے لبریز ہے لیکن جو واقعات بہت ہی اہم ہیں جن کو مورخین نے بہت ہی بسط و تفصیل کے ساتھ ذکر کیا ہے ان واقعات میں سے چند یہ ہیں۔

آیت تخییر و ایلاء

تخییر اور ایلاء۔ یہ شریعت کے دو اصطلاحی الفاظ ہیں۔شوہر اپنی بیوی کو اپنی طرف سے یہ اختیار دے دے کہ وہ چاہے تو طلاق لے لے اور چاہے تو اپنے شوہر ہی کے نکاح میں رہ جائے اس کو تخییر کہتے ہیں۔

اور ایلاء یہ ہے کہ شوہر یہ قسم کھالے کہ میں اپنی بیوی سے صحبت نہیں کروں گا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ اپنی ازواج مطہرات سے ناراض ہو کر ایک مہینہ کا ایلا فرمایا یعنی آپ نے یہ قسم کھالی کہ میں ایک ماہ تک اپنی ازواج مقدسہ سے صحبت نہیں کروں گا پھر اس کے بعد آپ نے اپنی تمام مقدس بیویوں کو طلاق حاصل کرنے کا اختیار بھی سونپ دیا مگر کسی نے بھی طلاق لینا پسند نہیں کیا۔

عاملوں کا تقرر

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ۹ ھ محرم کے مہینے میں زکاۃ و صدقات کی وصولی کے لیے عاملوں اور محصلوں کو مختلف قبائل میں روانہ فرمایا۔ ان امراء و عاملین کی فہرست میں مندرج ذیل حضرات خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔

	اسماء محصلین	کس قبیلے کی طرف
(۱)	حضرت عیینہ بن حصن رضی اللہ تعالیٰ عنہ	بنی تمیم
(۲)	حضرت یزید بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ	اسلم و غفار
(۳)	حضرت عباد بن بشر رضی اللہ تعالیٰ عنہ	سلیم و مزینہ
(۴)	حضرت رافع بن مکیث رضی اللہ تعالیٰ عنہ	جہینہ
(۵)	حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ	بنی فزارہ
(۶)	حضرت ضحاک بن سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ	بنی کلاب
(۷)	حضرت بشر بن سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ	بنی کعب
(۸)	حضرت ابن اللتبیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ	بنی ذبیان

(۹)	حضرت مہاجر بن ابی امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ	صنعاء
(۱۰)	حضرت زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ	حضرموت
(۱۱)	حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ	قبیلہ طی و بنی اسد
(۱۲)	حضرت مالک بن نویرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ	بنی حنظلہ
(۱۳)	حضرت زبرقان رضی اللہ تعالیٰ عنہ	بنی سعد (نصف)
(۱۴)	حضرت قیس بن عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ	بنی سعد (نصف)
(۱۵)	حضرت علاء بن الحضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	بحرین
(۱۶)	حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	نجران

یہ حضور شہنشاہ رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امراء وعاملین ہیں جن کو آپ نے زکاۃ وصدقات اور جزیہ وصول کرنے کے لیے مقرر فرمایا تھا۔

بنی تمیم کا وفد

محرم ۹ھ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بشر بن سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بنی خزاعہ کے صدقات وصول کرنے کے لیے بھیجا انھوں نے صدقات وصول کر کے جمع کیا کہ ناگہاں ان پر بنی تمیم نے حملہ کر دیا وہ اپنی جان بچا کر کسی طرح مدینہ منورہ آگئے اور سارا ماجرا بیان کیا۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنی تمیم کی سرکوبی کے لیے حضرت عیینہ بن حصن فزاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پچاس سواروں کے ساتھ بھیجا انھوں نے بنی تمیم پر ان کے صحرا میں حملہ کر کے ان کے گیارہ مردوں، اکیس عورتوں، اور تیس لڑکوں کو گرفتار کر لیا اور ان سب قیدیوں کو مدینہ لائے۔

اس کے بعد بنی تمیم کا ایک وفد مدینہ آیا جس میں اس قبیلے کے بڑے بڑے سردار تھے ان کا رئیس اعظم اقرع بن حابس، ان کا خطیب عطارد اور شاعر زبرقان بن بدر بھی اس وفد میں ساتھ آئے تھے۔ ان لوگوں کی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گفتگو ہوئی اور یہ لوگ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مطیع و فرماں بردار ہو گئے اور کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو گئے پھر ان لوگوں کی درخواست پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے قیدیوں کو رہا فرما دیا۔ اور یہ لوگ اپنے قبیلے میں واپس چلے گئے۔

مسجد ضرار

منافقوں نے اسلام کی بیخ کنی اور مسلمانوں میں پھوٹ ڈالنے کے لیے مسجد قباء کے مقابلہ میں ایک مسجد تعمیر کی تھی جو درحقیقت منافقین کی سازشوں اور ان کی دسیسہ کاریوں کا ایک زبردست اڈہ تھا۔ ابو عامر راہب جو انصار میں سے عیسائی ہو گیا تھا جس کا نام حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابو عامر فاسق رکھا تھا۔ اس نے منافقین سے کہا کہ تم لوگ خفیہ طریقے پر جنگ کی تیاریاں کرتے رہو میں قیصر روم کے پاس جا کر وہاں سے فوجیں لاتا ہوں تا کہ اس ملک سے اسلام کا نام و نشان مٹا دوں۔ چنانچہ اسی مسجد میں بیٹھ بیٹھ کر اسلام کے خلاف منافقین کمیٹیاں کرتے تھے اور اسلام و بانی اسلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خاتمہ کر دینے کی تدبیریں سوچا کرتے تھے۔

جب آقائے نامدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنگ تبوک سے واپس تشریف لائے تو منافقین کی چال بازیوں اور ان کی مکاریوں، دغابازیوں کے بارے میں سورۂ توبہ کی بہت سی آیتیں نازل ہو گئیں اور منافقین کے نفاق اور ان کی اسلام دشمنی کے تمام رموز و اسرار بے نقاب ہو کر نظروں کے سامنے آ گئے، نزول وحی کے بعد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت مالک بن دخشم و حضرت معن بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو حکم دیا کہ اس مسجد کو منہدم کر کے اس میں آگ لگا دیں۔

صدیق اکبر امیر الحج

غزوۂ تبوک سے واپسی کے بعد حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے ذوالقعدہ ۹ھ میں تین سو مسلمانوں کا ایک قافلہ مدینہ منورہ سے حج کے لیے مکہ مکرمہ بھیجا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ''امیر الحج'' اور حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو ''نقیب اسلام'' اور حضرت سعد بن ابی وقاص و حضرت جابر بن عبداللہ و حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو معلم بنا دیا اور اپنی طرف سے قربانی کے لیے بیس اونٹ بھی بھیجے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حرم کعبہ اور عرفات و منیٰ میں خطبہ پڑھا اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہوئے اور سورۂ براءت کی چالیس آیتیں پڑھ کر سنائیں اور اعلان کر دیا کہ اب کوئی مشرک خانہ کعبہ میں داخل نہ ہو سکے گا نہ کوئی برہنہ بدن اور ننگا ہو کر طواف کر سکے گا اور چار مہینے کے بعد کفار و مشرکین کے لیے امان ختم کر دی جائے گی۔ حضرت ابوہریرہ اور دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس اعلان کی اس قدر زور زور سے منادی کی کہ ان لوگوں کا گلا بیٹھ گیا۔ اس اعلان کے بعد کفار و مشرکین فوج کی فوج، گروہ در گروہ آ کر مسلمان ہونے لگے۔

۹ھ کے واقعات متفرقہ

(۱) اس سال پورے ملک میں ہر طرف امن و امان کی فضا پیدا ہو گئی اور زکاۃ کا حکم نازل ہوا، زکوۃ کی وصولی کے لیے عاملین اور محصلین کا تقرر ہوا۔

(۲) جو غیر مسلم قومیں اسلامی سلطنت کے زیر سایہ رہیں ان کے لیے جزیہ کا حکم نازل ہوا۔

(۳) سود کی حرمت نازل ہوئی اور اس کے ایک سال بعد ۱۰ھ میں حجۃ الوداع کے موقع پر اپنے خطبوں میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا خوب خوب اعلان فرمایا۔

(۴) حبشہ کے بادشاہ جن کا نام ''اصحمہ'' تھا (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) جن کے زیر سایہ مسلمان مہاجرین نے چند سال حبشہ میں پناہ لی تھی ان کی وفات ہوگئی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ میں ان کی نماز جنازہ پڑھی اور ان کے لیے مغفرت کی دعا مانگی۔

(۵) اسی سال منافقوں کا سردار عبداللہ بن ابی مر گیا۔ اس کے بیٹے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی درخواست پر ان کی دل جوئی کے واسطے حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے اس منافق کے واسطے کفن کے لیے اپنا پیرہن عطا فرمایا اور اس کی لاش کو اپنے زانوئے اقدس پر رکھ کر اس کے کفن میں لعاب دہن ڈالا۔ چوں کہ ابھی تک منافق پر نماز جنازہ کی ممانعت نازل نہیں ہوئی تھی اس لیے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بار بار منع کرنے کے باوجود حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے اس کے جنازہ کی نماز پڑھائی۔ اس کے بعد ہی یہ آیت نازل ہوگئی۔

و لا تصل علی احد منهم مات ابدا و لا تقم علی قبره انهم کفروا بالله و رسوله و ماتوهم فاسقون.

(اے رسول) ان (منافقوں) میں سے جو مریں کبھی آپ ان پر نماز جنازہ نہ پڑھئے اور ان کی قبر کے پاس آپ کھڑے بھی نہ ہوں یقیناً ان لوگوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا ہے اور کفر کی حالت میں یہ لوگ مرے ہیں۔

اس آیت کے نزول کے بعد پھر کبھی آپ نے کسی منافق کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی نہ اس کی قبر کے پاس کھڑے ہوئے۔

(۶) سریہ ولید بن عقبہ بن ابی معیط۔ قبیلہ بنی المصطلق کی طرف

(۷) سریہ قطبہ بن عامر۔ قبیلہ خثعم کی طرف۔

(۸) سریہ ضحاک بن سفیان الکلابی۔ قبیلہ بنو کلاب کی طرف۔

(۹) سریہ علقمہ بن مجزر۔ حبشہ کی طرف۔

(۱۰) سریہ سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ فلس کی طرف۔

(۱۱) سریہ عکاشہ بن محصن۔ حباب کی طرف۔

(۱۲) کعب بن زہیر کا مشرف بہ اسلام ہونا۔

(۱۳) وفود کی آمد۔

(۱۴) سریہ خالد بن ولید۔ تبوک سے اکیدر کی طرف۔

(۱۵) سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گرامی نامہ تبوک سے ہرقل کی طرف۔

(۱۶) حضرت عبداللہ ذوالبجادین کی وفات

(۱۷) کعب بن مالک اور ان کے دو ساتھیوں کا قصہ اور قبول توبہ۔

(۱۸) قصۃ اللعان۔

(۱۹) قبیلہ ثقیف کا مشرف بہ اسلام ہونا۔

(۲۰) شاہان حمیر کی طرف سے بارگاہ رسالت میں خطوط و پیغامات۔

(۲۱) سزائے رجم کا نفاذ۔

(۲۲) حضرت ام کلثوم کی وفات۔

(مولف)

(مدارج النبوۃ دوم، سیرت الرسول، سیرت مصطفیٰ)

وفود العرب

إذا جاء نصر الله والفتح ورأيت الناس يدخلون في دين الله أفواجا۔

جب اللہ کی مدد اور فتح آئے اور لوگوں کو تم دیکھو کہ اللہ کے دین میں فوج فوج داخل ہوتے ہیں۔

(النصر۔۱،۲)

وفود العرب

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبلیغ اسلام کے لیے تمام اطراف و اکناف میں مبلغین اسلام اور عاملین و مجاہدین کو بھیجا کرتے تھے۔ ان میں سے بعض قبائل تو مبلغین کے سامنے ہی دعوت اسلام قبول کر کے مسلمان ہو جاتے تھے مگر بعض قبائل اس بات کے خواہش مند ہوتے تھے کہ براہ راست خود بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر اپنے اسلام کا اعلان کریں۔ چنانچہ کچھ لوگ اپنے اپنے قبیلوں کے نمائندہ بن کر مدینہ منورہ آتے تھے اور خود بانی اسلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان فیض ترجمان سے دعوت اسلام کا پیغام سن کر اپنے اسلام کا اعلان کرتے تھے اور پھر اپنے اپنے قبیلوں میں واپس جا کر پورے قبیلہ والوں کو مشرف بہ اسلام کرتے تھے ان ہی قبائل کے نمائندوں کو ہم ''وفود العرب'' کے عنوان سے بیان کرتے ہیں۔

اس قسم کے وفود اور نمائندگان قبائل مختلف زمانوں میں مدینہ منورہ آتے رہے مگر فتح مکہ کے بعد ناگہاں سارے عرب کے خیالات میں ایک عظیم تغیر پیدا ہو گیا اور سب لوگ اسلام کی طرف مائل ہونے لگے کیوں کہ اسلام کی حقانیت واضح اور ظاہر ہو جانے کے باوجود بہت سے قبائل محض قریش کے دباؤ اور اہل مکہ کے ڈر سے اسلام قبول نہیں کر سکتے تھے فتح مکہ نے اس رکاوٹ کو بھی دور کر دیا اور اب دعوت اسلام اور قرآن کے مقدس پیغام نے گھر گھر پہنچ کر اپنی حقانیت اور اعجازی تصرفات سے سب کے قلوب پر سکہ بٹھا دیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہی لوگ جو ایک لمحہ کے لیے اسلام کا نام سننا اور مسلمانوں کی صورت دیکھنا گوارا نہیں کر سکتے تھے آج پروانوں کی طرح شمع نبوت پر نثار ہونے لگے اور جوق در جوق بلکہ فوج در فوج حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں دور و دراز کے سفر طے کرتے ہوئے وفود کی شکل میں آنے لگے اور بہ رضا و رغبت اسلام کے حلقہ بگوش بننے لگے چوں کہ اس قسم کے وفود اکثر و بیشتر فتح مکہ کے بعد ۹ ھ میں مدینہ منورہ آئے اس لیے ۹ ھ کو لوگ ''سنۃ الوفود'' (نمائندوں کا سال) کہنے لگے۔

اس قسم کے وفود کی تعداد میں مصنفین سیرت کا بہت زیادہ اختلاف ہے۔ حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی علیہ الرحمۃ نے ان وفود کی تعداد ساٹھ سے زیادہ بتائی ہے۔ اور علامہ قسطلانی و حافظ ابن قیم نے اس قسم کے چودہ وفدوں کا تذکرہ کیا ہے۔

مشہور وفود یہ ہیں۔

وفد ثقیف۔ وفد کندہ۔ وفد بنی اشعر۔ وفد بنی اسد۔ وفد بنی فزارہ۔ وفد بنی مرہ۔ وفد بنی البکاء۔ وفد بنی کنانہ۔ وفد بنی ہلال۔ وفد ضمام بن ثعلبہ۔ وفد بلی۔ وفد تجیب۔ وفد مزینہ۔ وفد دوس۔ وفد بنی عبس۔ وفد دارم۔ وفد غامد۔ وفد نجران اور وفد عبد القیس۔

استقبال وفود

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبائل سے آنے والے وفدوں کے استقبال اور ان کی ملاقات کا خاص طور پر اہتمام فرماتے تھے۔ چنانچہ ہر وفد کے آنے پر آپ نہایت ہی عمدہ پوشاک زیب تن فرما کر کاشانۂ اقدس سے نکلتے اور اپنے خصوصی اصحاب کو بھی حکم دیتے تھے کہ بہترین لباس پہن کر آئیں پھر ان مہمانوں کو اچھے سے اچھے مکانوں میں ٹھہراتے اور ان لوگوں کی مہمان نوازی اور خاطر مدارات کا خاص طور پر خیال فرماتے تھے اور ان مہمانوں سے ملاقات کے لیے مسجد نبوی میں ایک ستون سے ٹیک لگا کر نشست فرماتے پھر ہر ایک وفد سے نہایت ہی خوش روئی اور خندہ پیشانی کے ساتھ گفتگو فرماتے اور ان کی حاجتوں اور حالتوں کو پوری توجہ کے ساتھ سنتے اور پھر ان کو ضروری عقائد و احکام اسلام کی تعلیم و تلقین بھی فرماتے اور ہر وفد کو ان کے درجات و مراتب کے لحاظ سے کچھ نہ کچھ نقد یا سامان بھی تحائف اور انعامات کے طور پر عطا فرماتے۔

وفد عبد القیس کی آمد

۸ ھ میں عبد القیس کا وفد بارگاہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوا، اس وفد میں

بیس آدمی تھے اوران کا سردار وہ شخص تھا جس کو وہ ''اشج'' کہتے تھے۔اس وفد کے آنے سے ایک دن پہلے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مشرق کی طرف سے کچھ سوار تمھارے پاس آرہے ہیں جو اپنی خوشی ورغبت سے اسلام میں داخل ہوں گے اوران کے سردار کی یہ یہ نشانیاں ہیں اور فرمایا :

اللھم اغفر لعبد القیس.

اے خدا عبدالقیس والوں کی بخشش فرما۔

جب یہ لوگ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو فرمایا **من القوم** کس قبیلہ سے ہو، یا فرمایا **من العوقد** کس کی طرف سے آئے ہو؟ انھوں نے کہا ہم ربیعہ ہیں یعنی ربیعہ بن معد بن عدنان کی اولاد واحفاد میں سے ہیں۔اس قبیلہ کا جداعلیٰ قریش سے اور حضور کے اجداد میں سے ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

مرحبا بالقوم و الوفد .

اے لوگو! اے قاصدو! تمھارا آنا تمھیں مبارک ہو، اور تم کشادہ وفراخ جگہ میں آئے۔اور فرمایا کہ یہ قوم خوار ورسوا اور پشیماں نہ ہو۔

اس کے بعد عبدالقیس کے وفد نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ ہمیں مفصل واضح ایسا حکم فرمایئے جو حق وباطل کے درمیان فارق ہو، جس میں کوئی اشتباہ والتباس باقی نہ رہے تاکہ ہم اپنی قوم کو جا کر بتائیں جسے ہم اپنے پیچھے چھوڑ آئے ہیں، یا جو ہمارے سامنے آئے اسے بتائیں تاکہ ہم اور وہ اس پر عمل کر کے جنت میں داخل ہوں۔اس پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو ایمان، نماز، روزہ، زکوۃ اور غنیمت میں سے ادائے خمس کا حکم دیا۔

پھر انھوں نے اپنی قوم کے لیے ان برتنوں کا حکم پوچھا جن میں وہ پیتے اور نبیذ وغیرہ ڈالتے تھے۔

مقصود یہ کہ جس وقت شراب حلال تھی اور جن برتنوں میں اسے رکھتے اور استعمال کرتے تھے اب جب کہ شراب حرام ہوگئی ہے کیا ان برتنوں کو وہ کسی اور استعمال میں لا سکتے ہیں اور ان سے کوئی اور کام لے سکتے ہیں یا ان برتنوں سے شراب پینے کی مشابہت کی بنا پر پرہیز واجتناب کریں؟

اس پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو ایسے چار برتنوں کے استعمال سے منع فرمایا جو شراب کے استعمال کے لیے خاص ہیں۔

ایک : حنتم، یعنی سبز منکا جس میں شراب ونبیذ بناتے ہیں۔

دوسرا : برتن دبا، یعنی خشک کدو، جس کو رنگ کر کے صراحی نما بناتے ہیں۔

تیسرا : برتن نقیر، یہ ایک درخت کی جڑ ہوتی ہے جسے کھوکھلا کر کے برتن بناتے ہیں اور اس میں نبیذ ڈالتے ہیں۔

چوتھا : برتن مزفت، جو زفت سے رنگ کر بناتے ہیں، زفت اور قیر اس رنگ کو کہتے ہیں جو کشتی وغیرہ پر لگایا جاتا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ان امور واحکام کو یاد رکھنا اور اپنی قوم کو اور اس کو جو تم سے ملے اور وہ یہاں نہ آسکے اس کی خبر دینا۔

اور ان کا سردار جسے اشج عبدالقیس کہتے ہیں وہ اپنی سواری کو لے کر جائے قیام چلا گیا جہاں اس نے غسل کر کے عمدہ و پاکیزہ کپڑے پہنے اور حلم و وقار کے ساتھ آہستہ آہستہ چل کر مسجد نبوی شریف میں آیا یہاں دوگانہ پڑھا اور دعا مانگی اس کے بعد وہ حضور کی مجلس مبارک میں حاضر ہوا، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے اس وضع وآداب کو پسند کیا اور تحسین فرمائی اور ارشاد فرمایا۔

ان فیک لخصلتین یحبهما الله الحلم و الاناة .

بلاشبہ دو خوبیاں تم میں ایسی ہیں جو خدا کو محبوب ہیں ایک حلم دوسرا وقار۔

ارباب سیر بیان کرتے ہیں کہ یہ وفد جب بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا اور جمال باکمال کو دیکھا تو سواریوں پر سے زمین پر اتر پڑے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست اقدس اور پائے اقدس کو بوسہ دے کر محبت وشوق کا اظہار کیا۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے اس جذبۂ شوق کو جائز وبرقرار رکھا اور اس سے انھیں منع نہ فرمایا۔

یہ وفد مدینہ طیبہ میں دس دن رہا اور قرآن واحکام شرعیہ کو سیکھا، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان میں سے ہر ایک کو تحائف دیے اور اشج کو سب سے زیادہ عنایت فرمایا، پھر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو جانے کی اجازت مرحمت فرمائی۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

وفد عبد القیس کی وارفتگی

وفد عبد القیس کی بارگاہ رسالت میں باریابی کے وقت اس کی عقیدت و وارفتگی سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

وفد عبد القیس رضی اللہ تعالیٰ عنہم چوں بخدمت اقدس حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رسیدند واز دور نگاہ شاں بر جمال جہاں آرائے حضور اقدس سید المحبوبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم افتاد بے تابانہ خود را از پشت سواریہا افگندند ودواں دواں بحضور رسیدہ بوسہ بر دست وپائے اقدس دادند سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انکار نہ فرمودہ۔

امام بخاری در ادب مفرد وامام ابوداؤد در سنن وبیہقی از زارع بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کنند۔

فجعلنا نتبادر فنتقبل يد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و رجله .

وفد عبد القیس جب حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچے اور دور ہی سے حضور اقدس سید المحبوبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جمال جہاں آرا پر نظر پڑی تو ان لوگوں نے بے تابانہ اپنے کو سواریوں سے گرادیا اور دوڑ دوڑ کر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہاتھ اور پائے اقدس پر بوسہ دینے لگے۔ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے اس فعل سے انکار نہ فرمایا بلکہ اسے جائز و برقرار رکھا۔

امام بخاری وغیرہ نے روایت کی ہے کہ زارع بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست اقدس و پائے مبارک کے چومنے اور بوسہ دینے میں ایک دوسرے پر سبقت کرنے لگے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ٦٦)

وفد ثقیف

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنگ حنین کے بعد طائف سے واپس تشریف لائے اور جعرانہ سے عمرہ ادا کرنے کے بعد مدینہ تشریف لے جا رہے تھے تو راستے ہی میں قبیلۂ ثقیف کے سردار اعظم ''عروہ بن مسعود ثقفی'' بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر برضا و رغبت دامن اسلام میں آگئے، یہ بہت ہی شاندار اور باوفا آدمی تھے، انھوں نے مسلمان ہونے کے بعد عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ مجھے اجازت عطا فرمائیں کہ میں اپنی قوم میں جا کر اسلام کی تبلیغ کروں، آپ نے اجازت دے دی اور یہ وہیں سے لوٹ کر اپنے قبیلہ میں گئے اور اپنے مکان کی چھت پر چڑھ کر اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کیا اور اپنے قبیلہ والوں کو اسلام کی دعوت دی۔

اس علانیہ دعوت اسلام کو سن کر قبیلہ ثقیف کے لوگ غیظ و غضب میں بھر کر اس قدر طیش میں آگئے کہ چاروں طرف سے ان پر تیروں کی بارش کرنے لگے یہاں تک کہ ان کو ایک تیر لگا اور یہ شہید ہو گئے۔

قبیلہ ثقیف کے لوگوں نے ان کو قتل تو کر دیا لیکن پھر یہ سوچا کہ تمام قبائل عرب اسلام قبول کر چکے

ہیں اب ہم بھلا اسلام کے خلاف کب تک اور کتنے لوگوں سے لڑتے رہیں گے؟ پھر مسلمانوں کے انتقام اور ایک لمبی جنگ کے انجام کو سوچ کر دن میں تارے نظر آنے لگے۔ اس لیے ان لوگوں نے اپنے ایک معزز رئیس عبدیالیل بن عمرو کو چند ممتاز سرداروں کے ساتھ مدینہ طیبہ بھیجا۔

اس وفد نے مدینہ پہنچ کر بارگاہ اقدس میں عرض کیا کہ ہم اس شرط پر اسلام قبول کرتے ہیں کہ تین سال تک ہمارے بت ''لات'' کو توڑا نہ جائے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس شرط کو قبول کرنے سے صاف انکار فرما دیا اور ارشاد فرمایا کہ اسلام کسی حال میں بھی بت پرستی کو ایک لمحے کے لیے بھی برداشت نہیں کر سکتا لہٰذا بت تو ضرور توڑا جائے گا یہ اور بات ہے کہ تم لوگ اس کو اپنے ہاتھ سے نہ توڑو بلکہ میں حضرت ابوسفیان اور حضرت مغیرہ بن شعبہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کو بھیج دوں گا وہ اس بت کو توڑ ڈالیں گے۔

چنانچہ یہ لوگ مسلمان ہو گئے اور حضرت عثمان بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جو اس قوم کے ایک معزز اور ممتاز فرد تھے اس قبیلے کا امیر مقرر فرما دیا۔ اور ان لوگوں کے ساتھ حضرت ابوسفیان اور حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو طائف بھیجا اور ان دونوں حضرات نے ان کے بت ''لات'' کو توڑ پھوڑ کر ریزہ ریزہ کر ڈالا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

وفد ثقیف کی بیعت

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ وفد ثقیف کی حاضری اور اس کی بیعت کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں:

جب وفد ثقیف حاضر بارگاہ اقدس ہوئے اور دست انور پر بیعتیں کیں، ان میں ایک صاحب کو یہ (جذام کا) عارضہ تھا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرما بھیجا:

ارجع فقد بایعناک.

واپس جاؤ تمھاری بیعت ہوگئی، یعنی زبانی کافی ہے، مصافحہ نہ ہونا مانع بیعت نہیں۔ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۲۴۱۔ الحق المجتلی)

حجۃ الوداع

آخریں حج غم امت میں پریشاں ہوکر
تیرہ بختوں کی شفاعت کو سدھارے گیسو

الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم الاسلام دینا۔

آج میں نے تمھارے لیے تمھارا دین کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمھارے لیے اسلام کو دین پسند کیا۔ (المائدۃ۔۳)

حجۃ الوداع

۱۰ھ کے تمام واقعات میں سب سے زیادہ شاندار اور اہم ترین واقعہ ''حجۃ الوداع'' ہے حج کی فرضیت چھٹے یا نویں سال میں ہوئی ہے۔ نویں سال میں دعوت اسلام، تعلیم احکام، دین اسلام کی بنیادوں کے استحکام میں مشغولیت کی وجہ سے تشریف نہ لے جا سکے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مکہ مکرمہ بھیجا تاکہ لوگوں کو حج ادا کرائیں۔

اور ۱۰ھ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود حج کے لیے متوجہ ہوئے اس حج کو حجۃ الاسلام اور حجۃ الوداع بھی کہتے ہیں۔ اس بنا پر کہ اس میں لوگوں کو حج کے مسائل و احکام سکھائے اور سفر آخرت کے ساتھ رخصت فرمایا۔ جیسا کہ فرمایا مجھ سے اپنے مناسک حج معلوم کرلو ممکن ہے کہ آئندہ سال میں حج نہ کروں اور زندہ نہ رہوں۔ یہ آپ کا آخری حج تھا اور ہجرت کے بعد یہی آپ کا پہلا حج تھا۔

ذی قعدہ ۱۰ھ میں آپ نے حج کے لیے روانگی کا اعلان فرمایا یہ خبر بجلی کی طرح سارے عرب میں پھیل گئی اور تمام عرب شرف ہمرکابی کے لیے امنڈ پڑا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آخر ذی قعدہ میں جمعرات کے دن مدینہ میں غسل فرما کر تہبند اور چادر زیب تن فرمایا اور نماز ظہر مسجد نبوی میں ادا فرما کر مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے اور اپنی تمام ازواج مطہرات کو بھی ساتھ چلنے کا حکم دیا۔ مدینہ منورہ سے چھ میل دور اہل مدینہ کی میقات ''ذوالحلیفہ'' پر پہنچ کر رات بھر قیام فرمایا پھر احرام کے لیے غسل فرمایا اور حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے ہاتھ سے جسم اطہر پر خوشبو لگائی پھر آپ نے دو رکعت نماز ادا فرمائی اور اپنی اونٹنی ''قصوا'' پر سوار ہو کر احرام باندھا اور بلند آواز سے ''لبیک'' پڑھا اور روانہ ہو گئے۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو آگے پیچھے، دائیں بائیں حدنگاہ تک آدمیوں کا جنگل نظر آتا تھا۔ بیہقی کی روایت ہے کہ ایک لاکھ چودہ ہزار اور دوسری روایتوں میں ہے ایک لاکھ چوبیس ہزار مسلمان حجۃ الوداع میں آپ کے ساتھ تھے۔

چوتھی ذی الحجہ کو آپ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے آپ کے خاندان بنی ہاشم کے لڑکوں نے تشریف آوری کی خبر سنی تو خوشی سے دوڑ پڑے اور آپ نے نہایت ہی محبت و پیار کے ساتھ کسی کو آگے کسی کو پیچھے اپنی اونٹنی پر بٹھالیا۔

فجر کی نماز آپ نے مقام ''ذی طویٰ'' میں ادا فرمائی اور غسل فرمایا پھر آپ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے اور چاشت کے وقت یعنی جب آفتاب بلند ہو چکا تھا تو آپ مسجد حرام میں داخل ہوئے جب کعبہ معظمہ پر نگاہ نبوت پڑی تو آپ نے یہ دعا پڑھی۔

اللھم انت السلام و منک السلام حینا ربنا بالسلام اللھم زد ھذا البیت تشریفا و تعظیما و تکریما و مھابۃ و زد من حجہ و اعتمرہ تکریما و تشریفا و تعظیما.

اے اللہ تو سلامتی دینے والا ہے اور تیری ہی طرف سے سلامتی ہے اے رب ہمیں سلامتی کے ساتھ زندہ رکھ اے اللہ اس گھر کی عظمت و شرف اور عزت و ہیبت کو زیادہ کر۔ اور جو اس گھر کا حج اور عمرہ کرے تو اس کی بزرگی اور شرف و عظمت کو زیادہ کر۔

جب حجر اسود کے سامنے آپ تشریف لے گئے تو حجر اسود پر ہاتھ رکھ کر اس کو بوسہ دیا پھر خانہ کعبہ کا طواف فرمایا، شروع کے تین پھیروں میں آپ نے ''رمل'' کیا اور باقی چار چکروں میں معمولی چال سے چلے ہر چکر میں جب حجر اسود کے سامنے پہنچتے تو اپنی چھڑی سے حجر اسود کی طرف اشارہ کر کے

چھڑی کو چوم لیتے تھے۔ حجر اسود کا استلام کبھی آپ نے چھڑی کے ذریعہ سے کیا، کبھی ہاتھ سے چھو کر ہاتھ کو چوم لیا، کبھی لب مبارک کو حجر اسود پر رکھ کر بوسہ دیا۔ اور یہ بھی ثابت ہے کہ کبھی رکن یمانی کا بھی آپ نے استلام کیا۔

جب طواف سے فارغ ہوئے تو مقام ابراہیم کے پاس تشریف لائے اور وہاں دو رکعت نماز ادا کی نماز سے فارغ ہو کر پھر حجر اسود کا استلام فرمایا اور اس کے سامنے دروازہ سے صفا کی جانب روانہ ہوئے قریب پہنچے تو اس آیت کی تلاوت فرمائی :

ان الصفا و المروة من شعائر الله .

بیشک صفا اور مروہ اللہ کے دین کے نشانوں میں سے ہیں۔

پھر صفا اور مروہ کی سعی فرمائی اور چوں کہ آپ کے ساتھ قربانی کے جانور تھے اس لیے عمرہ ادا کرنے کے بعد آپ نے احرام نہیں اتارا۔

آٹھویں ذی الحجہ جمعرات کے دن آپ منیٰ تشریف لے گئے اور پانچ نماز ،ظہر ،عصر ،مغرب ،عشا اور فجر منیٰ میں ادا فرما کر نویں ذی الحجہ جمعہ کے دن آپ عرفات میں تشریف لے گئے۔

زمانۂ جاہلیت میں چون کہ قریش اپنے کو سارے عرب میں افضل و اعلیٰ شمار کرتے تھے اس لیے وہ عرفات کی بجائے ''مزدلفہ'' میں قیام کرتے تھے اور دوسرے تمام عرب ''عرفات'' میں ٹھہرتے تھے اسلامی مساوات نے قریش کے لیے اس تخصیص کو گوارا نہیں کیا اور اللہ عزوجل نے یہ حکم دیا کہ

ثم افیضوا من حیث افاض الناس

(اے قریش) تم بھی وہیں (عرفات) میں پلٹ کر آؤ جہاں سے سب لوگ پلٹ کر آتے ہیں۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرفات پہنچ کر ایک کمبل کے خیمہ میں قیام فرمایا جب سورج ڈھل گیا تو آپ نے اپنی اونٹنی ''قصوا'' پر سوار ہو کر خطبہ پڑھا۔ اس خطبہ میں آپ نے بہت ضروری احکام اسلام کا اعلان فرمایا اور زمانۂ جاہلیت کی تمام برائیوں اور بیہودہ رسموں کو آپ نے مٹاتے ہوئے اعلان فرمایا کہ :

الا کل شی من امر الجاھلیة تحت قدمی موضوع.

سن لو جاہلیت کے تمام دستور میرے دونوں قدموں کے نیچے پامال ہیں۔

اسی طرح زمانۂ جاہلیت کے خاندانی تفاخر اور رنگ و نسل کی برتری اور قومیت میں نیچ اونچ وغیرہ تصورات جاہلیت کے بتوں کو پاش پاش کرتے ہوئے اور مساوات اسلامی کا علم بلند فرماتے ہوئے تاجدار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اس تاریخی خطبہ میں ارشاد فرمایا کہ :

ایھا الناس الا ان ربکم واحد وان اباکم واحد لافضل لعربی علیٰ عجمی و لا حمر علی اسود و لا لاسود علی علی احمر الا بالتقوی .

اے لوگو! بیشک تمہارا رب ایک ہے، اور بیشک تمہارا باپ (آدم علیہ السلام) ایک ہے سن لو کسی عربی کو کسی عجمی پر کسی سرخ کو کسی کالے پر اور کسی کالے کو کسی سرخ پر کوئی فضیلت نہیں مگر تقویٰ کے سبب سے۔

اسی طرح تمام دنیا میں امن وامان قائم فرمانے کے لیے امن وسلامتی کے شہنشاہ تاجدار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ خدائی فرمان جاری فرمایا کہ :

ان دماء کم و اموالکم علیکم حرام کحرمة یومکم ھذا فی شھر کم ھذا فی بلدکم ھذا یوم تلقون ربکم .

تمھارا خون اور تمھارا مال تم پر تا قیامت اسی طرح حرام ہے جس طرح تمھارا یہ دن، تمھارا یہ مہینہ، تمھارا یہ شہر محترم ہے۔

اپنا خطبہ ختم فرماتے ہوئے آپ نے سامعین سے فرمایا کہ :

و انتم مسئولون عنی فما انتم قائلون .

تم سے خدا کے یہاں میری نسبت پوچھا جائے گا تو تم لوگ کیا جواب دو گے؟

تمام سامعین نے کہا ہم لوگ خدا سے کہہ دیں گے کہ آپ نے خدا کا پیغام پہنچا دیا اور رسالت کا حق ادا کر دیا یہ سن کر آپ نے آسمان کی طرف انگلی اٹھائی اور تین بار فرمایا کہ :

اللھم اشھد

اللہ! تو گواہ رہنا۔

عین اسی حالت میں جب کہ خطبہ میں آپ اپنا فرض رسالت ادا فرما رہے تھے یہ آیت نازل ہوئی کہ :

الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی و رضیت لکم الاسلام دینا .

آج میں نے تمھارے لیے تمھارے دین کو مکمل کر دیا اور اپنی نعمت تمام کر دی اور تمھارے لیے دین اسلام کو پسند کر لیا۔

شہنشاہ کونین کا تخت شاہی

یہ حیرت انگیز و عبرت خیز واقعہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جس وقت شہنشاہ کونین خدا کے نائب

اکرم اور خلیفۂ اعظم ہونے کی حیثیت سے فرمان ربانی کا اعلان فرما رہے تھے آپ کا تخت شہنشاہی یعنی اونٹنی کا کجاوہ اور عرق گیر شاید دس روپیہ سے زیادہ قیمت کا نہ تھا نہ اس اونٹنی پر کوئی شاندار کجاوہ تھا نہ کوئی ہودج نہ کوئی محمل نہ کوئی چتر اور نہ کوئی تاج۔

کیا تاریخ عالم میں کسی اور بادشاہ نے بھی ایسی سادگی کا نمونہ پیش کیا ہے؟

اس کا جواب یہی اور فقط یہی ہے کہ ''نہیں''

یہ وہ زاہدانہ شہنشاہی ہے جو صرف شہنشاہ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شہنشاہیت کا طرۂ امتیاز ہے۔ خطبہ کے بعد آپ نے ظہر و عصر ایک اذان اور دو اقامتوں سے ادا فرمائی پھر موقف میں تشریف لے گئے اور جبل رحمت کے نیچے غروب آفتاب تک دعاؤں میں مصروف رہے۔ غروب آفتاب کے بعد عرفات سے ایک لاکھ سے زائد حجاج کے ازدحام میں ''مزدلفہ'' پہنچے۔ یہاں پہلے مغرب پھر عشا ایک اذان دو اقامتوں سے ادا فرمائی۔ مشعر حرام کے پاس رات بھر امت کے لیے دعائیں مانگتے رہے اور سورج نکلنے سے پہلے مزدلفہ سے منیٰ کے لیے روانہ ہو گئے اور ''وادی محسر'' کے راستہ سے منیٰ میں آپ ''جمرہ'' کے پاس تشریف لائے اور کنکریاں ماریں پھر آپ نے بآواز بلند فرمایا کہ :

لتاخذوا مناسککم فانی لا ادری لعلی لا احج بعد حجتی هذه .

حج کے مسائل سیکھ لو میں نہیں جانتا کہ شاید اس کے بعد میں دوسرا حج نہ کروں گا۔

منیٰ میں بھی آپ نے ایک طویل خطبہ دیا جس میں عرفات کے خطبہ کی طرح بہت سے مسائل و احکام کا اعلان فرمایا پھر قربان گاہ میں تشریف لے گئے آپ کے ساتھ قربانی کے ایک سو اونٹ تھے کچھ اونٹوں کو آپ نے اپنے دست مبارک سے ذبح فرمایا اور باقی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سونپ دیا اور گوشت، پوست، جھول و نکیل سب کو خیرات کر دینے کا حکم دیا اور فرمایا کہ قصاب کی مزدوری اس میں سے نہ ادا کی

جائے بلکہ الگ سے دی جائے۔

موئے مبارک

قربانی کے بعد حضرت معمر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے آپ نے سر کے بال اتروائے اور کچھ حصہ حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عطا فرمایا اور باقی موئے مبارک کو مسلمانوں میں تقسیم کر دینے کا حکم صادر فرمایا۔

اس کے بعد آپ مکہ تشریف لائے اور طواف زیارت فرمایا۔

ساقی کوثر چاہ زم زم پر

پھر چاہ زم زم کے پاس تشریف لائے خاندان عبدالمطلب کے لوگ حاجیوں کو زم زم پلا رہے تھے آپ نے ارشاد فرمایا کہ مجھے یہ خوف نہ ہوتا کہ مجھ کو ایسا کرتے دیکھ کر دوسرے لوگ بھی تمہارے ہاتھ سے ڈول چھین کر خود اپنے ہاتھ سے پانی بھر کر پینے لگیں گے تو میں خود اپنے ہاتھ سے پانی بھر کر پیتا۔ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زمزم شریف پیش کیا اور آپ نے قبلہ رخ کھڑے ہو کر زم زم شریف نوش فرمایا۔

پھر منیٰ واپس تشریف لے گئے اور بارہ ذی الحجہ تک منیٰ میں مقیم رہے اور ہر روز سورج ڈھلنے کے بعد جمروں کو کنکری مارتے رہے۔ تیرہ ذی الحجہ منگل کے دن آپ نے سورج ڈھلنے کے بعد منیٰ سے روانہ ہو کر ''محصب'' میں رات بھر قیام فرمایا اور صبح کو نماز فجر کعبہ کی مسجد میں ادا فرمائی اور طواف کعبہ کر کے انصار و مہاجرین کے ساتھ مدینہ منورہ کے لیے روانہ ہو گئے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

جبریل کا پیام اور بشارت مغفرت

حجۃ الوداع کے موقع پر جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے مژدہ دیا کہ اللہ تعالیٰ نے عرفات اور مشعر حرام والوں کی مغفرت فرمادی ہے، امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے :

قال وقف النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعرفات و قد کادت الشمس ان تغرب فقال یا بلال انصت لی الناس فقام بلال فقال انصتوا لرسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فانصت الناس فقال یا معشر الناس اتانی جبریل انفا قراء نی من ربی السلام و قال ان اللہ عزوجل غفر لاھل عرفات و اھل المشعر و ضمن عنھم التبعات فقام عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فقال یا رسول اللہ ھذا لنا خاصۃ قال ھذا لکم و لمن اتی من بعدکم الی یوم القیمۃ فقال عمر بن الخطاب کثر خیر اللہ و طاب.

یعنی حضور اقدس رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرفات میں وقوف فرمایا یہاں تک کہ آفتاب ڈوبنے پر آیا اس وقت ارشاد ہوا اے بلال لوگوں کو میرے لیے خاموش کرو، بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کھڑے ہو کر پکارا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے خاموش ہو لوگ ساکت ہوئے حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ نے فرمایا اے لوگو! ابھی جبریل نے حاضر ہو کر میرے رب کا سلام و پیام پہنچایا کہ اللہ عزوجل نے عرفات و مشعر الحرام والوں کی مغفرت فرمائی اور ان کے باہمی حقوق کا خود ضامن ہو گیا امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کھڑے ہو کر عرض کی یا رسول اللہ کیا یہ دولت خاص ہمارے لیے ہے فرمایا تمھارے لیے اور جو تمھارے بعد قیامت تک آئیں گے سب کے لیے، عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا اللہ عزوجل کی خیر کثیر و پاکیزہ ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۵۱۔ اجب الامداد)

حجۃ الوداع کی تاریخ

حجۃ الوداع کی تاریخ پر کلام کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

حجۃ الوداع شریف کھلی بہار کے موسم میں تھا، فقیر نے حساب کیا ۹ ذی الحجہ ۱۰ھ ہجریہ روز جمعہ کو چھٹی مارچ ۶۳۲ء تھی (یعنی اس وقت کی تعبیر میں، ورنہ آغاز سن عیسوی کے حساب سے دسویں مارچ تھی جیسا کہ ہم نے اپنے ایک رسالہ متعلق "تحقیق سال عیسوی" میں ثابت کیا ہے) ولہذا علماء اسے ماہ تحویل حمل میں بتاتے ہیں۔

امام ابن حجر نے فتح الباری کتاب بدء الخلق میں، پھر امام قسطلانی نے ارشاد الساری میں نقل کیا کہ یہ ارشاد اقدس (یعنی خطبہ حجۃ الوداع) تحویل حمل کے مہینے میں تھا۔

حيث قال زعم يوسف بن عبد الملك فى كتابه تفضيل الازمنة ، ان هذه المقالة صدرت من النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى شهر مارس و هو آذار و هو برمهات بالقبطية و فيه يستوى اليل و النهار عند حلول الشمس برج الحمل :

اقول : مراد یہ ہے کہ اس مہینے میں تحویل حمل ہوتی ہے نہ کہ اس دن تحویل حمل تھی، ہم نے زیج الغ بیگی سلطانی اور زیج احد بہادر خانی، دو زیجوں سے نصف النہار حقیقی مکہ معظمہ دہم ذی الحجہ ۱۰ھ ہجریہ مطابق یازدہم ذی الحجہ وسطیہ روز شنبہ کی تقویم نکالی، دونوں سے حوت کے اکیسویں درجے میں آئی اول سے حوت کے بیس درجے سینتیس دقیقے انتالیس ثانیے، دوم سے بیس درجے چھتیس دقیقے پچاس ثانیے۔ بلا شبہ اس تقویم کا موسم ان ملکوں خصوصاً مکہ معظمہ اور اس کے قریب العرض شہروں میں نہایت معتدل موسم ہوتا ہے نہ رات کو برف، نہ دن کو لوہ، نہ برسات کی مکھیاں۔

حجۃ الوداع کا خطبہ

صحیح بخاری میں خطبہ حجۃ الوداع ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دہم ذی الحجہ کو ارشاد فرمایا:

الزمان قد استدار کھیئتة یوم خلق الله السموات و الارض .

و فیه قوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ای شهر هذا قلنا الله و رسوله اعلم، قال الیس ذو الحجة ، قال فای یوم هذا قلنا الله و رسوله اعلم قال الیس یوم النحر .

زمانہ اپنی حالت میں گھومتا ہے جب سے اللہ تعالیٰ نے آسمان وزمین کی تخلیق فرمائی ہے۔

اسی میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ یہ کون سا مہینہ ہے ہم نے عرض کی اللہ و رسول زیادہ جانتے ہیں فرمایا کیا یہ ذوالحجہ نہیں ہے؟ حضور نے فرمایا یہ کونسا دن ہے؟ ہم نے عرض کی اللہ و رسول زیادہ جانیں فرمایا کیا یہ قربانی کا دن نہیں ہے؟

یعنی حضور نے اس انداز سے تخاطب اس لیے فرمایا تا کہ یوم نحر کی عظمت کا حال لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ جس طرح اس دن کی حرمت ہے اسی طرح میرے بعد بھی تم لوگ اس کا احترام کرو گے۔ اور یہ کہ حضور نے اسی دن فرمایا کہ کیا میں نے خدا کا پیغام تم تک نہیں پہنچایا؟ **(مولف)**

(فتاویٰ رضویہ ۸/۵۳۶)

حجۃ الوداع کی قربانیاں

حجۃ الوداع کے مبارک موقع پر جن جانوروں کو قربان کیا گیا ان کے گوشت پوست وغیرہ کو حضور

اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تقسیم کر دینے کا حکم فرمایا اس مضمون پر امام احمد رضا بریلوی نے متعدد روایات پیش کی ہیں۔

بخاری میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے ہے :

امرنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اتصدق بجلال البدن التی نحرت و بجلودھا.

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے حکم فرمایا کہ قربانی کے اونٹوں کی جھولیں اور ان کی کھالیں صدقہ کر دوں۔ (مولف)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے :

امرنی فقسمت لحومھا ثم امرنی فقسمت جلالھا و جلودھا.

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم فرمایا تو میں نے قربانی کا گوشت تقسیم کر دیا پھر حکم فرمایا تو ان کی جھولیں اور چمڑے تقسیم کر دیئے۔ (مولف)

(ان ہی سے روایت ہے) **ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امرہ ان یقوم علی بدنہ و ان یقسم بدنہ کلھا لحومھا و جلودھا و جلالھا.**

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو حکم فرمایا کہ وہ قربانی کے جانوروں کے پاس کھڑے رہیں اور ان کے تمام گوشت، پوست، اور جھول کو تقسیم کر دیں۔ (مولف)

(روایت علی) **اھدی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مائۃ بدنۃ فامرنی بلحومھا فقسمتھا ثم امرنی بجلالھا فقسمتھا ثم بجلودھا فقسمتھا.**

سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سو اونٹ کی قربانی فرمائی۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ حضور نے مجھے ان کے گوشت، پوست اور ان کی جھول کو تقسیم کرنے کا حکم فرمایا تو میں نے ان سب کو تقسیم کر دیا۔ (مولف)

صحیح مسلم شریف میں ہے :

امرنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اقوم علی بدنہ و ان اتصدق لحومھا و جلودھا و اجلتھا.

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ آقائے نامدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے حکم فرمایا کہ جانوروں کے پاس کھڑا رہوں اور ان کے گوشت و پوست اور جھول کو صدقہ کر دوں۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۸، ص ۵۳۳)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع شریف میں سو اونٹ ہدی بھیجے۔ ان پر جھولیں تھیں کہ بحکم اقدس بعد نحر تصدق کی گئیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۸، ص ۵۳۶)

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی اس طرح فرماتے ہیں :

حجۃ الوداع شریف میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سو کے سو اونٹ یوں ہی نحر فرمائے۔ ۶۳ بدست انور اور ۳۷ بدست امیر المومنین حیدر۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۸، ص ۵۳۸)

عرفہ کی دعا

حدیث میں ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں سب میں بہتر وہ چیز جو آج کے دن میں نے اور مجھ سے پہلے انبیاء نے کہی ہے :

لا اله الا الله وحده لا شریک له له الملک و له الحمد یحیی و یمیت و هو حی لا یموت بیده الخیر و هو علی کل شئ قدیر.

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۷۰۶۔ انوار البشارۃ)

صحیحین میں ہے :

عن انس ان انجشة حدا بالنساء فی حجة الوداع فاسرعت الابل فقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یا انجشة رفقا بالقواریر.

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انجشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حجۃ الوداع شریف میں حدی پڑھی تو اونٹ گرمائے، بہت تیز چل نکلے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے انجشہ! شیشیوں کے ساتھ نرمی کرو۔

یعنی شیشیوں سے مراد عورتیں ہیں یعنی اونٹ اتنے تیز نہ کرو کہ تکلیف ہوگی یا عورتوں کا مجمع ہے خوش الحانی حد سے نہ گزارو۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۷۳)

منیٰ میں سائبان بنانے کی گزارش

جاء الاثر عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وحدث باسناده الی عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت قلت یا رسول الله الا نتخذ لک بمنی شیئا تستظل فیه فقال یا عائشة انها مناخ لمن سبق.

مثلاً موقف عرفات و منیٰ میں کوئی شخص ایک حجرہ بنائے کہ جس سال یہ حج کو جائے دوسرا وہاں وقوف نہ کر سکے اس کی ہرگز اجازت نہیں اس سلسلے میں) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول

ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی یا رسول اللہ ہم منیٰ میں آپ کے لیے کوئی سائبان بنادیں جس میں آپ آرام فرمائیں تو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے عائشہ یہ تو اس کے اونٹ بٹھانے کی جگہ ہے جو پہلے آئے۔ یعنی یہ پہلے آنے والے کا حق ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۳۴۶)

منیٰ میں نمازیں

صفت حجۃ الوداع میں حدیث طویل سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما صحیح وغیرہ میں ملاحظہ ہو فرماتے ہیں۔

فلما كان يوم التروية توجهوا الى منى فاهلوا بالحج و ركب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فصلى بها الظهر و العصر و المغرب و العشاء و الفجر.

جب آٹھویں ذی الحجہ کی ہوئی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم حج کا احرام باندھ کر منیٰ کو چلے اور حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سوار ہوئے تو منیٰ میں ظہر وعصر ومغرب وعشا وفجر پانچوں نمازیں پڑھیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۲۵۔ حاجز البحرین)

مزدلفہ میں نمازیں

حجۃ الوداع میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز اور دو نمازوں کو ایک ساتھ ادا فرمانے کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

صحیح بخاری وصحیح مسلم وسنن ابی داؤد وسنن نسائی ومصنف طحاوی میں بطریق عدیدہ والفاظ مجملہ و مفصلہ مختصرہ ومطولہ مروی۔

بخاری کے لفظ حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ ہیں :

قال ما رأيت النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صلى صلاة لغير ميقاتها الا صلاتين جمع بين المغرب و العشاء و صلى الفجر قبل ميقاتها.

مسلم وابوبکر بن ابی شیبہ اور ابوکریب عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال ما رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صلى صلاة الا لميقاتها الا صلاة المغرب و العشاء بجمع و صلى الفجر يومئذ قبل ميقاتها.

عثمان بن ابی شیبہ واسحاق بن ابراہیم دونوں اعمش سے راوی ہے :

قال قبل وقتها بغلس.

یعنی حضرت حاضر سفر وحضر ومصاحب وملازم جلوت وخلوت سید البشر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ سابقین اولین فی الاسلام وملازمین خاص حضور سید الانام علیہ افضل الصلاۃ والسلام سے تھے بوجہ کمال قرب بارگاہ اہل بیت رسالت سے سمجھے جاتے اور سفر وحضر میں خدمت والامنزلت بستر گستری ومسواک ومطہرہ داری وکفش برداری محبوب باری صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معزز و ممتاز رہتے ارشاد فرماتے ہیں، میں نے کبھی نہ دیکھا کہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی کوئی نماز اس کے غیر وقت میں پڑھی ہو مگر دو نمازیں کہ ایک ان میں سے نماز مغرب ہے جسے مزدلفہ میں عشا کے وقت پڑھا تھا اور وہاں فجر بھی روز کے معمولی وقت سے پیشتر تاریکی میں پڑھی۔

سنن ابی داؤد میں ہے :

حدثنا قتيبة نا عبد الله بن نافع عن ابى مودود عن سليمان بن ابى يحيى عن ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما قال ما جمع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بين

المغرب و العشا قط فی السفر الامرة .

یعنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی کسی سفر میں مغرب وعشا ملا کر نہ پڑھی سوا ایک بار کے۔

ظاہر ہے کہ وہ بار وہی سفر حجۃ الوداع ہے کہ شب نہم ذی الحجہ مزدلفہ میں جمع فرمائی جس پر سب کا اتفاق ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۹۱۔۳۹۲۔ حاجز البحرین)

سنن نسائی کتاب المناسک باب الجمع بین الظہر والعصر بعرفۃ میں ہے۔

اخبرنا اسمعیل بن مسعود عن خالد عن شعبة عن سلیمن عن عمارة بن عمیر عن عبد الرحمن بن یزید عن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنه قال کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یصلی الصلاة لوقتها الا بجمع و عرفات .

یعنی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر نماز اس کے وقت ہی میں پڑھتے مگر مزدلفہ وعرفات میں۔

سنن نسائی کتاب المناسک، باب جمع الصلاتین بالمزدلفۃ میں ہے۔

اخبرنا القاسم بن زکریا ثنا مصعب بن المقدام عن داؤد عن الاعمش عن عمارة عن عبد الرحمن بن یزید عن ابن مسعود ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم جمع بین المغرب و العشا بجمع .

بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مزدلفہ میں مغرب وعشا کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۴۰۱۔۴۰۲۔ حاجز البحرین)

حج کا ایک خطبہ

حضور سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے موقع پر جو عظیم وجلیل تاریخی خطبہ ارشاد فرمایا اس کی ایک جھلک یہ ہے، امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

بیہقی جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حجۃ الوداع میں بارہویں ذی الحجہ کو خطبہ فرمایا اس میں ارشاد کیا۔

یا ایھا الناس ان ربکم واحد و ان اباکم واحد.

اے لوگوں تمھارا رب ایک اور تمھارا باپ ایک یعنی آدم علیہ الصلاۃ والسلام اس وقت انھیں اپنا باپ نہ فرمایا حالاں کہ عالم صورت میں بیشک وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باپ ہیں اگر چہ عالم معنی میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آدم و عالم سب کے باپ ہیں۔

ولہذا مدخل امام ابن الحاج مکی میں ہے۔

سیدنا آدم علیہ الصلاۃ والسلام جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یاد کرتے یوں کہتے۔

یا ابنی صورۃ و ابائی معنی .

اے ظاہر میں میرے بیٹے اور حقیقت میں میرے باپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیہ وعلی الانبیاء و کرم۔ (فتاویٰ افریقہ، ۲۱-۲۳)

ایک اور خطبہ میں اس طرح مروی ہے جس کی روایت حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے آئی ہے انھوں نے فرمایا کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایام تشریق کے درمیانی دن میں خطبۃ الوداع دیا اور فرمایا :

یـا ایھا الناس ان ربکم واحد و ان اباکم واحد الا لا فضل لعربی علی عجمی و لا لعجمی علی عربی و لا لاحمر علی اسود و لا لاسود علی احمر إلا بالتقوی ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم الا ھل بلغت قالوا بلی یا رسول اللہ قال فلیبلغ الشاھد الغائب.

اے لوگو! بیشک تمھارا رب ایک ہے اور بے شک تمھارا باپ ایک ہے، سنتے ہو عربی کو عجمی پر فضیلت نہیں اور نہ عجمی کو عربی پر، نہ سرخ کو کالے پر اور نہ کالے کو سرخ پر فضیلت ہے مگر تقویٰ سے۔ بیشک اللہ کے نزدیک تم میں سب سے عزت والا وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ متقی ہے سنتے ہو کیا میں نے رب کا پیغام پہنچا دیا صحابہ نے عرض کی ہاں کیوں نہیں یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ فرمایا اب جو حاضر ہیں وہ غائبین کو پیغام پہنچا دیں۔ پھر لوگوں کے خون و مال اور آبرو کی حرمت میں کچھ باتیں ارشاد فرمائیں۔

(الزلال الانقی من بحر سبقۃ الاتقی)

ازواج مطہرات سے فرمان اقدس

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ رکاب اقدس حجۃ الوداع میں امہات المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن بھی تھیں اس کے بعد ان سے فرمایا۔

ھذہ ثم ظھور الحصر.

جو حج ضروری تھا وہ تو یہ ہولیا آگے چٹائیوں کی نشست۔

اسے امام احمد نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

(فتاویٰ افریقہ ۹۵)

۱۰ھ کے متفرق واقعات

دسویں سال کے واقعات میں سے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک جماعت کے ساتھ بنی الحارث بن کعب کی جانب بھیجنا ہے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت خالد کو نصیحت فرمائی کہ تین مرتبہ ان کو دعوت اسلام دینا اگر وہ قبول کرلیں تو ان میں رہنا اور انھیں قرآن وسنت کی تعلیم دینا اور اگر وہ قبول نہ کریں تو مقابلہ کرنا، چنانچہ حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہاں پہنچے اور دعوت اسلام دی وہ مسلمان ہو گئے اور فرمان نبوی کے پیش نظر حضرت خالد نے وہاں اقامت فرمائی اور قرآن کریم اور احکام شرعیہ انھیں بتائے۔ اس کے بعد حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک عریضہ بھیجا اور کیفیت احوال ظاہر کی حکم ہوا کہ ان کی ایک جماعت کو ساتھ لے کر آجاؤ۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کی ایک جماعت کے ساتھ مدینہ طیبہ آگئے۔ بارگاہ رسالت میں پہنچ کر سلام عرض کیا۔ اور بلند آواز سے کہا **اشھد ان لا الہ الا اللہ و انک رسول اللہ** حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں بھی حق تعالیٰ کی وحدانیت اور اپنی رسالت کی گواہی دیتا ہوں۔ اور پھر ان میں سے ایک شخص کو جس کا نام قیس بن حصین تھا ان پر امیر بنایا اور اپنے وطن مالوف واپس ہونے کی اجازت دی۔

نجران کے نصاریٰ سے مباہلہ

اسی سال نجران کے نصرانیوں سے مباہلہ ہونا طے پایا مگر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب ان کے مباہلہ کا قصہ بیان فرمایا تو ان میں جو صاحب مشورہ تھا اس سے پوچھنے لگے کہ تیری رائے اس بارے میں کیا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ اے نصرانیو! قسم ہے خدا کی تم خوب جانتے ہو کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نبی برحق ہیں ان کے ساتھ مباہلہ نہ کرو جس نے بھی کسی نبی کے ساتھ مباہلہ کیا ہے وہ ضرور ہلاک ہوا ہے اور جب کہ تم یہ چاہتے ہو کہ ہم اپنے دین پر قائم وثابت رہیں تو ان سے مصالحت کر کے اپنے شہروں کی

طرف لوٹ چلو۔

دوسرے دن صبح کو جب وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے تو حضور کو خود مباہلہ کے لیے آمادہ وتیار پایا اور حسین بن علی کو اپنی آغوش میں اور حسن مجتبیٰ کو اپنے دست مبارک میں لیے ہوئے اور سیدہ فاطمۃ الزہراء حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عقب میں اور حضرت علی مرتضیٰ سیدہ فاطمۃ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے عقب میں موجود تھے حضور نے ان سے فرمایا جب میں دعا کروں تو تم سب آمین کہنا۔ سبحان اللہ کیا وقت اور کیا سماں ہوگا کیا شان شاہد کی ہے اور کیا مرتبہ مشہود کا ہے۔

گروہ نصاریٰ نے جب ان پنجتن پاک کو دیکھا اور کلمات دعا و آمین سنے تو لرزنے اور کانپنے لگے ابوالحارث بن علقمہ جوان میں دانشمند تھا کہنے لگا اے لوگو! میں ایسی پاکیزہ صورتوں کو دیکھ رہا ہوں کہ اگر وہ خدا سے چاہیں کہ پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل جائے تو ان کی دعا سے وہ ٹل جائے۔ خبردار ان سے مباہلہ نہ کرنا ورنہ اب ہلاک ہو جاؤ گے اور کوئی نصرانی روئے زمین پر باقی نہ رہے گا۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اگر یہ لوگ مباہلہ کرتے تو بندر اور خنزیر کی مانند ان کی صورتیں مسخ ہو جاتیں اور یہ وادی ان پر آگ برساتی اور تمام اہل نجران کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکتی یہاں تک کہ وہ جانور جو درختوں پر بیٹھے ہوتے وہ سب ہلاک ہو جاتے اور ایک سال نہ گزرتا کہ تمام نصاریٰ ہلاک ہو جاتے۔ پھر جزیہ دینے کے معاہدہ پر نصاریٰ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مصالحت کی۔

تقسیم مملکت باذان

اسی سال یمن کے حاکم باذان نے وفات پائی جب اس کی وفات کی خبر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کے سمع مبارک میں پہنچی تو اس مملکت کو تقسیم فرمایا کچھ حصے اس کے بیٹے شہر بن باذان کو دیا کچھ حصہ ابوموسیٰ اشعری کو، کچھ حصہ یعلی بن امیہ کو، اور کچھ حصہ معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو مرحمت فرمایا۔ یہ باذان اصل میں کسریٰ کی جانب سے حاکم تھا پھر وہ مسلمان ہوگیا۔

اس کے بعد حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھی حجۃ الوداع سے پہلے ۱۰ھ کے ماہ ربیع الاول یا ربیع الآخر یا جمادی الاولیٰ میں عبدالمدان کی جانب جو کہ نجران کا قبیلہ ہے بھیجا وہ اسلام لائے۔

اس کے بعد حضرت مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو یمن کی طرف ماہ رمضان مبارک ۱۰ھ میں تین سو سواروں کے ساتھ بھیجا۔

جیش جریر بن عبداللہ بجلی

اسی سال حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ذی الکلاع بن کور بن حبیب بن مالک بن حسان بن تبع کی جانب بھیجا جو طائف کے بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ تھا خلق کثیر اسے خدا جان کر پوجتی تھی اور اس کی پیروی کرتی تھی۔ حضرت جریر کی دعوت پر وہ لوگ مسلمان ہوگئے ذی الکلاع کے اٹھارہ ہزار غلام تھے اسلام قبول کرنے کے بعد انھوں نے سب کو آزاد کر دیا اور تخت وتاج کو ٹھوکر ماردی۔

انسانی شکل میں جبریل کی آمد

اسی سال حضرت جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام خوبصورت انسان، خوب سیاہ بالوں والے، بہت سفید لباس، نہایت حسین وجمیل شکل میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مجلس شریف میں نمودار ہوئے اس طرح کہ تمام حاضرین مجلس حیرت وتعجب میں رہ گئے۔ اور انھوں نے اسلام، ایمان، احسان قیامت اور اس کی نشانیوں کے بارے میں سوال کیا اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سب کا جواب

عنایت فرمایا۔اس کے بعد وہ مجلس شریف سے چلے گئے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جاؤ اسے تلاش کرو صحابہ باہر نکلے اور بہت تلاش کیا مگر نہ پایا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ جبریل تھے جو تمھیں تمھارے دین کی باتیں سکھانے آئے تھے۔اس حدیث کو حدیث جبریل کہتے ہیں اور حدیث کی اکثر کتابوں میں یہ حدیث موجود ہے۔(مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

جھوٹے مدعیان نبوت

أنا خاتم النبيين لا نبي بعدي

میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

(الحدیث)

جھوٹے مدعیان نبوت

ارباب سیر بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حجۃ الوداع سے واپس تشریف لائے تو بعض اشقیاء و جہال کو دعوائے نبوت کا خبط سمایا چنانچہ مسیلمہ بن ثمامہ، اسود بن کعب عنسی، طلیحہ بن خویلد اسدی، اور ایک عورت جس کا نام سجاح بنت الحارث بن سوید تمیمیہ تھا ان سب نے دعوائے نبوت کیا۔

مسیلمہ کذاب

ان بدبختوں میں مسیلمہ بہت مشہور شقی تھا اسے مسیلمہ کذاب کہا جاتا ہے اور یہ خود کو رحمٰن الیمامہ کہلواتا تھا اس لیے کہ وہ کہتا تھا کہ جو شخص مجھ پر وحی لاتا ہے اس کا نام رحمٰن ہے اور ظاہر یہ ہے کہ وہ خود کو جاہلوں سے رحمٰن کہلواتا تھا وہ نادان تھے کیوں کہ یہ نام حضرت رب العزت جل جلالہ کے ساتھ مخصوص ہے۔

یہ ملعون بہت بوڑھا انتہائی مکار اور حیلہ جو تھا یہ بنی حنیفہ کے وفد کے ساتھ مدینہ منورہ آیا تھا جب اس کی قوم مجلس شریف میں آئی تھی اور مسلمان ہوئی تو اس نے تخلف کیا اور کہا کہ اگر محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) مجھے اپنے بعد خلیفہ بنا دیں تو میں مسلمان ہو جاؤں اور ان کی متابعت کرلوں۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی قیام گاہ پر تشریف لے گئے اور اس کے سر پر کھڑے ہوئے اس وقت حضور کے دست اقدس میں کھجور کی ایک شاخ تھی فرمایا اگر تو مجھ سے اس شاخ کو بھی مانگے تو میں تجھے نہ دوں۔ بجز اس کے جو مسلمانوں کے بارے میں حکم الٰہی ہے۔ اور فرمایا اگر تو میرے بعد زندہ رہا تو تجھے حق تعالیٰ ہلاک فرمائے گا یہ ارشاد اس خواب کی تعبیر میں تھا جو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دکھایا گیا تھا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا کہ آپ کے دونوں دست مبارک میں دو سونے کے کنگن ہیں اس سے آپ غمگین ہوئے پھر حکم ہوا کہ آپ ان پر پھونک ماریں آپ نے ان پر پھونک مارا تو وہ دونوں ناپید ہو گئے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس خواب کی تعبیر یہ لی کہ دو کذاب ہوں گے۔ ایک یمامہ کا اور دوسرا صنعا کا یعنی ایک تو یہی مسیلمہ کذاب تھا اور دوسرا اسود عنسی۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ یہ ملعون دائرۂ اسلام میں آ گیا تھا جب وہ اپنے علاقہ میں واپس گیا تو مرتد ہو گیا اور نبوت کا دعویٰ کر دیا اور شراب و زنا کو حلال کر کے نماز کی فرضیت کو ساقط کیا، مفسدوں کی ایک جماعت اس کا مطیع و منقاد ہو گئی اس نے ایک خط حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا اس میں لکھا۔

من مسيلمة رسول الله الى محمد رسول الله ، اما بعد فان الارض لنا نصف و لقريش نصف و لكن قريش يعتدون .

آدھی زمین مسیلمہ کے لیے ہے اور آدھی قریش کے لیے ہے لیکن قریش زیادتی کرتے ہیں۔

جب یہ خط حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا تو جواب میں تحریر فرمایا۔

من رسول الله إلى مسيلمة الكذاب ، اما بعد فان الارض لله يورثها من يشاء من عباده و العاقبة للمتقين .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب سے مسیلمہ کذاب کے نام، اما بعد، جان لے کہ بلاشبہ زمین اللہ کی ہے وہ جسے چاہے گا وہ اس کا وارث ہوگا اور عاقبت پرہیزگاروں کے لیے ہے۔

اس کے بعد مسیلمہ کذاب کفر پر اصرار کرتا رہا قرآن کریم کے مقابل مکروہ ہذیانات باندھتا رہا جو عقلائے عالم کے نزدیک مضحکہ خیز ہیں عجیب و غریب شعبدے اور کارنامے دکھاتا رہا اور جو کچھ بھی وہ دکھاتا

خوارق و معجزات کے برعکس اور اس کے مدعا کے برخلاف ہوتا۔ چنانچہ وہ اگر کسی کے لیے درازی عمر کی دعا کرتا تو وہ اسی وقت مر جاتا اور اگر کسی کے لیے آنکھوں میں روشنی کے لیے دعا کرتا تو وہ اسی وقت اندھا ہو جاتا۔ جب اس نے یہ سنا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کلی فرما کر اس پانی کو کنوئیں میں ڈالتے ہیں جس سے وہ پانی زیادہ اور شیریں ہو جاتا ہے جب کبھی اس نے بھی ایسا کیا تو کنوئیں کا پانی زمین میں اتر جاتا اور وہ کنواں کھارا اور کڑوا ہو جاتا۔ لوگ ایک بچہ اس کے پاس لائے اس نے اپنا ہاتھ اس کے سر پر پھیرا تو وہ گنجا ہو گیا۔ ایک بچہ کے حلق میں اس نے انگلی ٹھونسی تو اس کی زبان پھٹ گئی ایک مرتبہ کسی باغ میں اس نے اپنا سیاہ منہ دھویا اور اس کا پانی وہاں چھڑ کا وہاں پھر کبھی گھاس نہ اگی۔

دستور خداوندی یہی ہے کہ جھوٹے کے ہاتھ پر خوارق مدعا کے موافق ظاہر نہیں ہوتے، ایک شخص اس کے پاس گیا اس نے کہا کہ میرے دو لڑکے ہیں ان کی خیر و برکت کی دعا کے لیے ہاتھ اٹھا اس نے ہاتھ اٹھا کر دعا کی جب وہ شخص گھر پہنچا تو اس کے ایک لڑکے کو تو بھیڑیے نے پھاڑ ڈالا اور دوسرا کنوئیں میں گر کر مر گیا تھا۔

ان لوگوں پر تعجب ہے کہ اس ملعون کے ایسے کرتوتوں کے مشاہدے کے باوجود اس کے پیچھے لگ گئے اور اس سے بیزار نہ ہوئے چوں کہ جاہلوں کی اس جماعت میں غرض کے بندے تھے اور دنیاوی اغراض کے ماتحت اس کے پیچھے لگ گئے تھے چنانچہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس جہان سے تشریف لے گئے تو اس کا کاروبار چمک گیا اور ایک لاکھ سے زائد جہال اس کے گرد جمع ہو گئے۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے زمانہ خلافت کے آخر میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو چوبیس ہزار مسلمانوں کے لشکر کے ساتھ بھیجا، ان کے مقابلہ میں مسیلمہ کے چالیس ہزار جنگی آدمی میدان میں آئے فریقین میں خوب شدت کی جنگ ہوئی اگرچہ شروع میں مسلمانوں کے قدم ڈگمگا گئے تھے مگر آخر میں بحکم الاسلام یعلو و لا یعلی (اسلام غالب رہتا ہے مغلوب نہیں) دشمنوں کو

شکست ہوئی اور وہ بھاگ گئے مسلمانوں کی ایک جماعت نے ان کا تعاقب کیا اور وہ وحشی جس نے حضرت حمزہ بن عبدالمطلب کو جنگ احد میں قتل کیا تھا مسیلمہ کے قریب پہنچے اور وہی نیزہ جس سے وحشی نے حضرت حمزہ کو شہید کیا تھا اس پر پھینکا اور اسے جہنم رسید کیا اس وقت حضرت وحشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا :

انا قاتل خير الناس فى الكفر و انا قاتل شر الناس فى الاسلام .

میں نے حالت کفر میں بہترین شخص کو قتل کیا یعنی حضرت حمزہ کو اور حالت اسلام میں بدترین شخص کو قتل کیا یعنی مسیلمہ کذاب کو۔

اسود عنسی مدعی نبوت

دوسرا مدعی نبوت اسود عنسی ہے جو عنس بن قدحج سے منسوب تھا اس کا نام عیلہ تھا اور اسے ذوالخمار بھی کہتے تھے خمار کے معنی دوپٹہ کے ہیں چونکہ یہ اپنے منہ پر دوپٹہ ڈالا کرتا تھا اور بعض اس کو ذوالحمار (حاء کیساتھ) بتاتے ہیں اور اس کی وجہ تسمیہ یہ بتاتے ہیں کہ وہ کہتا تھا کہ جو شخص مجھ پر ظاہر ہوتا ہے وہ گدھے پر سوار ہوتا ہے۔

ارباب سیر کہتے ہیں کہ وہ ایک کاہن تھا اور اس سے عجیب وغریب باتیں ظاہر ہوتی تھیں وہ لوگوں کے دلوں کو اپنی چرب زبانی سے گرویدہ کر لیتا تھا اور اس کے ساتھ دو ہمزاد شیطان تھے جس طرح کاہنوں کے ساتھ ہوتے ہیں اور ان کو زمانہ کی خبریں لاکر بتاتے ہیں۔

اس ملعون کا پورا قصہ اور اس کا انجام یہ ہے کہ باذان جو ابنائے فارس سے تھا اور کسریٰ کی جانب سے یمن کا حاکم تھا اس نے آخر میں توفیق اسلام پائی اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باذان کو صنعاء کی حکومت پر یمن میں برقرار رکھا جب اس نے وفات پائی تو اس کی مملکت کو تقسیم فرما کے کچھ اس کے بیٹے شہر بن باذان کو دیا، کچھ حضرت ابوموسیٰ اشعری کو اور کچھ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو مرحمت

فرمایا۔ پھر اسود عنسی نے خروج کیا اور نبوت کا مدعی بنا اور اپنے لشکر کے ساتھ اہل صنعا پر غالب آیا اور وہ مملکت اپنے قبضۂ تصرف میں لے آیا۔ شہر بن باذان کو قتل کر دیا اور مرزبانہ کی خواست گاری کی جو شہر بن باذان کی بیوی تھی۔ فروہ بن مسیک جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب سے وہاں کے عامل تھے اور قبیلہ مراد سے تعلق رکھتے تھے انھوں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک خط لکھا جس میں تمام حالات وواقعات بیان کیے۔ حضرت معاذ بن جبل وحضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہما جو اس نواح میں تھے باہمی اتفاق رائے سے حضر موت چلے گئے۔ جب یہ خبر بارگاہ رسالت میں پہنچی تو اس جماعت کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لکھا کہ متفقہ طور سے جس طرح بھی ممکن ہو اسود عنسی کے شر وفساد کے دفع کرنے کی کوشش کریں اور مادۂ فساد کا استیصال کریں۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم پر تمام فرماں برداران نبوت جمع ہو گئے اور مرزبانہ کو پیغام بھیجا کہ اسود عنسی وہ شخص ہے جس نے تیرے باپ اور تیرے شوہر کو قتل کیا ہے اس کے ساتھ تیری زندگی کیسے گزرے گی؟ مرزبانہ نے کہلوایا کہ میرے نزدیک یہ شخص دشمن ترین مخلوق خدا ہے۔ اس پر مسلمانوں کی جماعت نے دوبارہ پیغام بھیجا کہ جس طرح تمھاری سمجھ میں آئے اور جیسے بھی ممکن ہو اس ملعون کو ہلاک کرنے کی تدبیر کرو۔ چنانچہ مرزبانہ نے فیروز دیلمی (جو مرزبانہ کے چچا کا بیٹا اور نجاشی کا بھانجا تھا اور وہ دسویں سال میں آکر مسلمان ہو گیا تھا) اور ایک اور شخص کو جس کا نام داویہ تھا آمادہ کیا کہ رات کے وقت دیوار میں نقب لگا کر اسود کی خواب گاہ میں داخل ہو کر اسے قتل کر دیں۔ جب وہ مقررہ رات آئی تو مرزبانہ نے اسود کو خالص شراب بہت زیادہ پلا دی یہاں تک کہ وہ مدہوش ہو کر سو گیا۔ وہ اپنے دروازہ پر ایک ہزار پہرے دار رکھتا تھا۔ فیروز دیلمی نے ایک جماعت کے ساتھ دیوان خانہ میں نقب لگائی اور اس بدبخت کے سر کو تن سے جدا کر دیا اسے ذبح کرنے کے دوران میں اس کے منہ سے گائے کے ڈکارنے کی مانند بڑی شدید آوازیں نکلی پہرے داروں نے جو یہ آواز سنی تو اس کی طرف دوڑے مرزبانہ گھر سے نکل کر ان کے

سامنے آگئی اور کہا خاموش رہو کیوں کہ تمھارے نبی پر وحی آئی ہوئی ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عمال نے یہ خبر بارگاہ رسالت میں بھیجی مگر یہ خبر حضور کی رحلت فرمانے کے بعد مدینہ منورہ میں پہنچی لیکن رحلت فرمانے سے ایک دن پہلے ہی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی اس واقعہ کی کیفیت معلوم ہوگئی تھی اور فرمادیا تھا کہ آج رات اسود عنسی مارا گیا ہے اور ایک مرد مبارک نے اس کی اہل کی مدد سے اسے قتل کیا ہے اس کا نام فیروز ہے اور فرمایا **فـــاز فیـــروز** فیروز کامیاب ہوا۔

طلحہ بن خویلد مدعی نبوت

طلیحہ بن خویلد قبیلہ بنی اسد سے تھا اس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال اقدس کے بعد خروج کیا اور عروج پایا۔ عینیہ بن حصین فرازی جو قبیلہ فرازہ سے تھا اسلام سے منحرف ہوکر مرتد ہوگیا اور طلیحہ کا گرویدہ بن گیا۔ طلیحہ دعویٰ کرتا تھا جبریل علیہ الصلاۃ والسلام اس پر آتے ہیں اور وحی لاتے ہیں۔

پہلا استدراج اس سے جو صادر ہوا اور جس کے سبب لوگ گمراہ ہوئے وہ یہ تھا کہ ایک روز یہ اپنی قوم کے ساتھ سفر میں تھا ان کے ساتھ پانی نہ تھا لوگ پیاسے ہوگئے تو اس نے کہا :

ارکبوا اعلالا و رای امیالا تجدوا ابلالا.

سوار ہو گھوڑوں پر اور چند میل سفر کرو تو پانی کو پالو گے۔

یہ اتفاق تھا کہ قوم نے ایسا کیا اور پانی پالیا۔ اس وجہ سے بدوی لوگ فتنہ میں پڑ گئے جب یہ خبر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہنچی تو ایک لشکر تیار کر کے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امیر لشکر مقرر فرمایا اور طلیحہ کی جانب بھیجا۔ حضرت خالد روانہ ہوکر قبیلہ طے پہنچے اور دو پہاڑوں کوہ سلمہ اور کوہ اجاہ کے درمیان لشکر کو ٹھہرایا۔ وہ قبائل جو گرد و نواح میں اسلام پر ثابت و قائم تھے ان کے ساتھ آکر شامل

ہوگئے اور سب نے مل کر دشمنوں سے جنگ کی۔لشکر فرازہ نے راہ فرار دکھائی، عینیہ بن حصین فرازی کو اس کا کذب معلوم ہوا تو وہ بھی فرازہ کے ساتھ بھاگ گیا۔اس کے بعد طلیحہ واپس آیا اور مسلمان ہو گیا اور نہاوند کی جنگ میں انھوں نے شہادت حاصل کی۔(رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

سجاح بنت الحارث مدعیہ نبوت

چوتھی مدعیہ نبوت سجاح بنت الحارث بن موید بن یربوع کی ایک عورت تھی جو بنی تغلب میں نبوت کا دعویٰ کرتی تھی اور ایک جماعت اس کی گرویدہ ہوگئی اور اس کا زمانہ ومسکن مسیلمہ کذاب کے قریب تھا۔مسیلمہ کا ایک گروہ اس کے موافق بن گیا تھا مسیلمہ ڈرتا تھا کہ اگر اس سے معترض ہوا تو مبادا وہ قبائل جو اس کے گردونواح میں ہیں اور اس سے متفق ہیں تمام یمامہ پر غالب نہ آجائیں اس بناء پر سجاح کے پاس تحفے اور ہدایا روانہ کیے اور اس سے ملاقات کی استدعاء کی اور کہلوایا کہ کچھ مخفی باتیں ہیں جو آمنے سامنے کہی جائیں گی۔سجاح نے حکم دیا کہ خیمہ لگایا جائے چنانچہ خیمہ لگایا گیا اور طرح طرح کے عطریات، خوشبوجات ،فرش وفروش اور برتنوں سے خیمہ سجایا گیا پھر مسیلمہ اس جگہ پہنچا اور دونوں خیمہ میں داخل ہوئے اور ہر باب میں باہمی گفتگو ہوئی اور مسیلمہ نے اپنے ہذیانات ومخترعات کو اس کے سامنے رکھا اور کہا کہ بہتر ہوگا کہ ہم میں مناکحت کی نسبت پیدا ہو جائے۔ جو کچھ مسیلمہ نے کہا سجاح نے یقین جانا اور اس کی نبوت کو برقرار رکھا اور تین روز دونوں ایک ساتھ خیمہ کے اندر رہے اور تعجب نہیں کہ ان تین دنوں میں ایک دوسرے نے زنا کیا ہو۔

عقد مناکحت کے بعد سجاح اپنی قوم میں چلی گئی اور مسیلمہ اپنی ٹولی میں جا ملا۔سجاح کی قوم نے پوچھا تیرا قصہ کیا ہوا؟ اس نے کہا کہ اس کی نبوت کی حقیقت مجھ پر ظاہر ہوئی اور میں اس کے نکاح میں داخل ہوگئی لوگوں نے پوچھا مہر کیا قرار پایا ہے؟ اس نے کہا مہر کے تعین کی فرصت نہ ملی، لوگوں نے کہا بغیر مہر کے تو

نکاح نہیں ہوتا جاؤ مہر معین کرو۔ اس پر سجاح، مسیلمہ کے پاس آئی اور مہر طلب کیا۔ اس نے کہا یمامہ کا نصف غلہ تجھے سونپنا ہوگا اور اس پر مزید یہ کہ صبح اور عشا کی نماز تیری امت پر تخفیف کرتا ہوں۔ اور ایک جماعت کو مذکورہ غلہ حاصل کرنے کے لیے کہا۔ یہ لوگ انھیں معاملات میں مصروف تھے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا غلغلہ ایک لشکر عظیم کے ساتھ پہنچا اور سجاح کے عاملوں کو ان کے عمل سے معزول کیا۔

اس سلسلے میں دو روایتیں ہیں۔

ایک یہ کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ امارت میں وہ مع اپنی امت مسلمان ہوگئی اور ان کا اسلام نیک و مقبول ہوا۔

اور دوسری روایت یہ ہے کہ مسیلمہ جس جزیرہ میں رہتا تھا وہاں وہ چھپ گئی اور وہیں ہلاک ہوگئی اور پھر کسی نے اس کا نام ونشان تک نہ سنا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

کذاب ودجال

کچھ جھوٹے مدعیان نبوت نے زمانہ رسالت میں اور کچھ کذاب نے بعد میں نبوت کا دعویٰ کیا ہر زمانہ میں اہل حق نے ان کی سرکوبی فرمائی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جھوٹے مدعیان نبوت اور دجال کذاب کے بارے میں جو پیشین گوئیاں فرمائی ہیں ان میں سے چند روایات یہ ہیں امام احمد رضا بریلوی کے حوالے سے ملاحظہ فرمائیں:

بعد طلوع آفتاب عالم تاب خاتمیت صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ وعلی آلہ الکرام جو کسی کے لیے ادعائے نبوت کرے دجال کذاب مستحق لعنت وعذاب ہے۔

امام بخاری حضرت ابوہریرہ اور احمد ومسلم وابوداؤد وترمذی وابن ماجہ حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انه سیکون فی امتی کذابون ثلثون کلهم یزعم انه نبی و انا خاتم النبیین لا نبی بعدی. لفظ البخاری دجالون کذابون قریبا من ثلثین .

عنقریب اس امت میں قریب تیس کے دجال کذاب نکلیں گے ہر ایک ادعا کرے گا کہ وہ نبی ہے حالاں کہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ۔صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

امام احمد وطبرانی وضیاء حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

فی امتی کذابون و دجالون سبعة و عشرون منهم اربعة نسوة و انی خاتم النبیین لا نبی بعدی .

میری امت دعوت میں (کہ مومن وکافر سب کو شامل ہے) ستائیس دجال کذاب ہوں گے ان میں چار عورتیں ہیں حالاں کہ میں خاتم الانبیاء ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں ۔صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ابن عساکر علاء بن زیاد سے مرسلاً راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں ۔

لا تقوم الساعة حتی یخرج ثلثون دجالون کذابون کلهم یزعم انه نبی .

قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ تیس دجال کذاب مدعی نبوت نکلیں ۔

ابویعلی مسند میں بسند حسن حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں ۔

لا تقوم الساعة حتی یخرج ثلثون کذابون منهم مسیلمة و العنسی و المختار.

قیامت نہ آئے گی جب تک کہ تیس کذاب نکلیں ان میں سے مسیلمہ اور اسود عنسی ومختار ثقفی ہیں ۔

بفضلہٖ تعالیٰ یہ تینوں خبیث کتے کہ شیران اسلام کے ہاتھ سے مارے گئے۔ اسود مردود خود زمانہ اقدس اور مسیلمہ ملعون زمانہ خلافت صدیقی اور مختار بدکار حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے عہد خلافت میں۔

مسیلمہ خبیث کے قاتل وحشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جنھوں نے زمانہ کفر میں سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کیا وہ فرمایا کرتے۔

قتلت خير الناس و شر الناس.

میں نے بہتر شخص کو شہید کیا (یعنی حضرت حمزہ کو) پھر سب سے بدتر کو مارا (یعنی مسیلمہ کذاب کو)

(جزاءاللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

جیش اسامہ

اس لشکر کا دوسرا نام ''سریہ اسامہ'' بھی ہے یہ سب سے آخری فوج ہے جس کے روانہ کرنے کا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا۔ ۲۶ رصفر ۱۱ھ دوشنبہ کے دن حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رومیوں سے جنگ کی تیاری کا حکم دیا اور دوسرے دن حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو بلا کر فرمایا کہ میں نے تم کو اس فوج کا امیر لشکر مقرر کیا تم اپنے باپ کی شہادت گاہ مقام ''اُبنیٰ'' میں جاؤ اور نہایت تیزی کے ساتھ سفر کر کے ان کفار پر اچانک حملہ کر دو تا کہ وہ لوگ جنگ کی تیاری نہ کر سکیں باوجودیکہ مزاج اقدس ناساز تھا مگر اسی حالت میں آپ نے خود اپنے دست مبارک سے جھنڈا باندھا اور یہ نشان اسلام حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ میں دے کر ارشاد فرمایا:

اغز بسم الله و فى سبيل الله فقاتل من كفر بالله .

اللہ کے نام سے اور اللہ کی راہ میں جہاد کرو اور کافروں کے ساتھ جنگ کرو۔

حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت بریدہ بن الخصیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو علمبردار بنایا اور مدینہ سے نکل کر ایک کوس دور مقام ''جرف'' میں پڑاؤ کیا تا کہ وہاں پورا لشکر جمع ہو جائے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انصار و مہاجرین کے تمام معززین کو بھی اس لشکر میں شامل ہو جانے کا حکم دے دیا۔ بعض لوگوں پر یہ شاق گزرا کہ ایسا لشکر جس میں انصار و مہاجرین کے اکابر و عمائد موجود ہیں ایک نو عمر لڑکا جس کی عمر بیس برس سے زائد نہیں کس طرح امیر لشکر بنا دیا گیا؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس اعتراض کی خبر ملی تو آپ کے قلب نازک پر صدمہ گزرا اور آپ نے علالت کے باوجود سر میں پٹی باندھے ہوئے ایک چادر اوڑھ کر منبر پر ایک خطبہ دیا جس میں ارشاد فرمایا کہ۔

اگر تم لوگوں نے اسامہ کی سپہ سالاری پر طعنہ زنی کی ہے تو تم لوگوں نے اس سے قبل اس کے باپ کے سپہ سالار ہونے پر بھی طعنہ زنی کی تھی حالاں کہ خدا کی قسم اس کا باپ (زید بن حارثہ) سپہ سالار ہونے کے لائق تھا اور اس کے بعد اس کا بیٹا (اسامہ بن زید) بھی سپہ سالار ہونے کے قابل ہے اور یہ میرے نزدیک میرے محبوب ترین صحابہ میں سے ہے جیسا کہ اس کا باپ میرے محبوب ترین اصحاب میں سے تھا لہٰذا اسامہ کے بارے میں تم لوگ میری نیک وصیت کو قبول کرو کہ وہ تمھارے بہترین لوگوں میں سے ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ خطبہ دے کر مکان میں تشریف لے گئے اور آپ کی علالت میں کچھ اور بھی اضافہ ہو گیا۔

حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حکم نبوی کی تکمیل کرتے ہوئے مقام جرف میں پہنچ گئے تھے اور وہاں لشکر اسلام کا اجتماع ہوتا رہا یہاں تک کہ ایک عظیم لشکر تیار ہو گیا۔ ۱۰ ربیع الاول ۱۱ھ کو جہاد میں جانے والے خواص حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے رخصت ہونے کے لیے آئے اور رخصت ہو کر مقام

جرف میں پہنچ گئے اس کے دوسرے دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی علالت نے اور زیادہ شدت اختیار کر لی حضرت اسامہ بھی آپ کی مزاج پرسی اور رخصت ہونے کے لیے خدمت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے آپ نے حضرت اسامہ کو دیکھا مگر ضعف کی وجہ سے کچھ بول نہ سکے بار بار دست مبارک کو آسمان کی طرف اٹھاتے تھے اور ان کے بدن پر اپنا مقدس ہاتھ پھیرتے تھے۔حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ اس سے میں نے یہ سمجھا کہ حضور میرے لیے دعا فرما رہے ہیں اس کے بعد حضرت اسامہ رخصت ہو کر اپنی فوج میں تشریف لے گئے اور ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ کو کوچ کرنے کا اعلان بھی فرما دیا۔ اب سوار ہونے کے لیے تیاری کر ہی رہے تھے کہ ان کی والدہ حضرت ام ایمن کا فرستادہ آدمی پہنچا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نزع کی حالت میں ہیں یہ ہوش ربا خبر سن کر حضرت اسامہ و حضرت عمر و حضرت ابو عبیدہ وغیرہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم فوراً ہی مدینہ آئے تو یہ دیکھا کہ آپ سکرات کے عالم میں ہیں اور اسی دن دوپہر یا سہ پہر کے وقت آپ کا وصال ہو گیا۔**انا للہ و انا الیہ راجعون .**

یہ خبر سن کر حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا لشکر مدینہ واپس چلا آیا مگر جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسند خلافت پر رونق افروز ہو گئے تو آپ نے بعض لوگوں کی مخالفت کے باوجود ربیع الآخر کی آخری تاریخوں میں اس لشکر کو روانہ فرمایا اور حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مقام ''ابنیٰ'' میں تشریف لے گئے اور وہاں بہت ہی خوں ریز جنگ کے بعد لشکر اسلام فتح یاب ہوا اور آپ نے اپنے باپ کے قاتل اور دوسرے کفار کو قتل کیا اور بے شمار مال غنیمت لے کر چالیس دن کے بعد مدینہ واپس تشریف لائے۔(مولف) (مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

❁……❁……❁

وفاتِ اقدس ﷺ

إِنَّكَ مَيِّتٌ وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ۔

بیشک تمھیں انتقال فرمانا ہے اور ان کو بھی مرنا ہے۔

(الزمر۔۳۰)

وفات اقدس ﷺ ۱۱ھ

حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس عالم میں تشریف لانا صرف اس لیے تھا کہ آپ خدا کے آخری اور قطعی پیغام یعنی دین اسلام کے احکام اس کے بندوں تک پہنچا دیں اور خدا کی حجت تمام فرما دیں۔اس کام کو آپ نے کیوں کر انجام دیا؟ اور اس میں آپ کو کتنی کامیابی حاصل ہوئی؟ اس کا اجمالی جواب یہ ہے کہ جب یہ دنیا عالم وجود میں آئی ہزاروں انبیاء و رسل علیہم السلام اس عظیم الشان کام کو انجام دینے کے لیے اس عالم میں تشریف لائے مگر تمام انبیاء و مرسلین کے تبلیغی کارناموں کو اگر جمع کر لیا جائے تو وہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تبلیغی شاہکاروں کے مقابلہ میں ایسے ہی نظر آئیں گے جیسے آفتاب عالم تاب کے مقابلے میں ایک چراغ، یا ایک صحرا کے مقابلے میں ایک ذرہ یا ایک سمندر کے مقابلہ میں ایک قطرہ۔

آپ کی تبلیغ نے عالم میں ایسا انقلاب برپا کر دیا کہ کائنات ہستی کی ہر پستی کو معراج کمال کی سربلندی عطا فرما کر ذلت کی سرزمین کو عزت کا آسمان بنا دیا اور دین حنیف کے اس مقدس اور نورانی محل کو جس کی تعمیر کے لیے حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک تمام انبیاء و رسل معمار بنا کر بھیجے جاتے رہے آپ نے خاتم النبیین کی شان سے اس قصر ہدایت کو اس طرح مکمل فرما دیا کہ حضرت حق جل جلالہ نے اس پر **الیوم اکملت لکم دینکم** کی مہر لگا دی۔

جب دین اسلام مکمل ہو چکا اور دنیا میں آپ کے تشریف لانے کا مقصد پورا ہو چکا تو اللہ تعالیٰ کے وعدہ محکم **انک میت و انھم میتون** کے پورا ہونے کا وقت آ گیا۔

حضور کو اپنی وفات کا علم

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بہت پہلے سے اپنی وفات کا علم حاصل ہو گیا تھا اور آپ نے مختلف مواقع پر لوگوں کو اس کی خبر بھی دے دی تھی۔ چنانچہ حجۃ الوداع کے موقع پر آپ نے لوگوں کو یہ فرما کر

رخصت فرمایا تھا کہ۔

شاید اس کے بعد میں تمھارے ساتھ حج نہ کرسکوں گا۔

اسی طرح ''غدیر خم'' کے خطبہ میں اسی انداز سے کچھ اسی قسم کے الفاظ آپ کی زبان اقدس سے ادا ہوئے تھے اگرچہ ان دونوں خطبات میں لفظ لعل (شاید) فرما کر ذرا پردہ ڈالتے ہوئے اپنی وفات کی خبر دی مگر حجۃ الوداع سے واپس آکر آپ نے جو خطبات ارشاد فرمائے اس میں لعل کا لفظ آپ نے نہیں فرمایا بلکہ صاف صاف اور یقین کے ساتھ اپنی وفات کی خبر سے لوگوں کو آگاہ فرمادیا۔

چنانچہ بخاری شریف میں حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھر سے باہر تشریف لے گئے اور شہدائے احد کی قبروں پر اس طرح نماز پڑھی جیسے میت پر نماز پڑھی جاتی ہے، پھر پلٹ کر منبر پر رونق افروز ہوئے اور ارشاد فرمایا کہ میں تمھارا پیش رو تم سے پہلے وفات پانے والا ہوں اور تمھارا گواہ ہوں اور میں خدا کی قسم اپنے حوض کو اس وقت دیکھ رہا ہوں۔

اس حدیث میں انی فرط لکم فرمایا یعنی میں اب تم لوگوں سے پہلے ہی وفات پا کر جارہا ہوں تاکہ وہاں جاکر تم لوگوں کے لیے حوض کوثر وغیرہ کا انتظام کروں۔

یہ قصہ مرض وفات شروع ہونے سے پہلے کا ہے لیکن اس قصہ کو بیان فرمانے کے وقت آپ کو اس کا یقینی علم حاصل ہو چکا تھا کہ میں کب اور کس وقت دنیا سے جانے والا ہوں اور مرض وفات شروع ہونے کے بعد تو اپنی صاحبزادی حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو صاف صاف لفظوں میں بغیر ''شاید'' کا لفظ فرماتے ہوئے اپنی وفات کی خبر دے دی۔

چنانچہ بخاری شریف کی روایت ہے کہ اپنے مرض وفات میں آپ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بلایا اور چپکے چپکے ان سے کچھ فرمایا تو وہ رو پڑیں پھر بلایا اور چپکے چپکے کچھ فرمایا تو وہ ہنس پڑیں،

جب ازواج مطہرات نے اس کے بارے میں حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا تو انھوں نے کہا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آہستہ آہستہ مجھ سے یہ فرمایا کہ میں اسی بیماری میں وفات پاجاؤں گا تو میں رو پڑی پھر چپکے چپکے مجھ سے فرمایا کہ میرے بعد میرے گھر والوں میں سب سے پہلے تم وفات پا کر میرے پیچھے آؤ گی تو میں ہنس پڑی۔

بہر حال حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنی وفات سے پہلے اپنی وفات کے وقت کا علم حاصل ہو چکا تھا کیوں ہو نہ کہ جب دوسرے لوگوں کی وفات کے اوقات سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ عزوجل نے آگاہ فرما دیا تھا تو اگر خداوند علام الغیوب کے بتا دینے سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنی وفات کے وقت کا قبل از وقت علم ہو گیا تو اس میں کون سا استبعاد ہے؟ اللہ تعالیٰ نے تو آپ کو علم ما کان و ما یکون عطا فرمایا یعنی جو کچھ ہو چکا اور جو کچھ ہو رہا ہے اور جو کچھ ہونے والا ہے سب کا علم عطا فرما کر آپ کو دنیا سے اٹھایا۔

علالت کی ابتداء

مرض کی ابتداء کب ہوئی؟ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کتنے دنوں تک علیل رہے؟ اس میں مورخین کا اختلاف ہے بہر حال ۲۰ یا ۲۲ رصفر ۱۱ھ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنت البقیع میں جو عام مسلمانوں کا قبرستان ہے آدھی رات میں تشریف لے گئے وہاں سے واپس تشریف لائے تو مزاج اقدس ناساز ہو گیا یہ حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی باری کا دن تھا۔

دوشنبہ کے دن آپ کی علالت بہت شدید ہو گئی آپ کی خواہش پر تمام ازواج مطہرات نے اجازت دے دی کہ آپ حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے یہاں قیام فرمائیں۔ چنانچہ حضرت عباس و حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے سہارا دے کر آپ کو حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرۂ مبارکہ میں پہنچا دیا۔ جب تک طاقت رہی آپ خود مسجد نبوی میں نمازیں پڑھاتے رہے، جب کمزوری بہت زیادہ بڑھ گئی تو آپ نے حکم دیا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ میرے مصلٰی پر امامت کریں چنانچہ

سترہ نمازیں حضرت ابوبکر صدیق نے پڑھائیں۔

ایک دن ظہر کی نماز کے وقت کچھ افاقہ محسوس ہوا تو آپ نے حکم دیا کہ سات پانی کی مشکیں میرے اوپر ڈالی جائیں جب آپ غسل فرما چکے تو حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما آپ کا مقدس بازو تھام کر آپ کو مسجد میں لائے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز پڑھا رہے تھے آہٹ پا کر پیچھے ہٹنے لگے مگر آپ نے اشارہ سے ان کو روکا اور ان کے پہلو میں بیٹھ کر نماز پڑھائی۔ آپ کو دیکھ کر حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دوسرے مقتدی لوگ ارکان نماز ادا کرتے رہے، نماز کے بعد آپ نے ایک خطبہ بھی دیا جس میں بہت سی وصیتیں اور احکام اسلام بیان فرما کر انصار کے فضائل اور ان کے حقوق کے بارے میں کچھ کلمات ارشاد فرمائے اور سورۂ والعصر اور ایک آیت بھی تلاوت فرمائی۔

گھر میں سات دینار رکھے ہوئے تھے آپ نے حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا کہ تم ان دیناروں کو لاؤ تاکہ میں ان دیناروں کو خدا کی راہ میں خرچ کر دوں۔ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ذریعہ آپ نے ان دیناروں کو تقسیم کر دیا اور اپنے گھر میں ایک ذرہ بھر بھی سونا یا چاندی نہیں چھوڑا۔

آپ کے مرض میں کمی بیشی ہوتی رہتی تھی خاص وفات کے دن یعنی دوشنبہ کے روز طبیعت اچھی تھی حجرہ مسجد سے متصل ہی تھا آپ نے پردہ اٹھا کر دیکھا تو لوگ نماز فجر پڑھ رہے تھے یہ دیکھ کر خوشی سے آپ ہنس پڑے لوگوں نے سمجھا کہ آپ مسجد میں آنا چاہتے ہیں مارے خوشی کے تمام لوگ بے قابو ہو گئے مگر آپ نے اشارہ سے روکا اور حجرہ میں داخل ہو کر پردہ ڈال دیا یہ سب سے آخری موقع تھا کہ صحابہ کرام نے جمال نبوت کی زیارت کی۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ آپ کا رخ انور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا قرآن کا کوئی ورق ہے یعنی سفید ہو گیا تھا۔

اس کے بعد بار بار غشی کا دورہ پڑنے لگا حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی زبان سے شدت غم میں یہ لفظ نکل گیا و اکرب اباہ ہائے رے میرے باپ کی بے چینی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

فرمایا کہ اے بیٹی تمھارا باپ آج کے بعد کبھی بے چین نہ ہوگا۔

اس کے بعد بار بار آپ یہ فرماتے رہے کہ **مع الذین انعم اللہ علیھم** یعنی ان لوگوں کے ساتھ جن پر خدا کا انعام ہے اور کبھی یہ فرماتے کہ **اللھم فی الرفیق الاعلیٰ** خداوند ابڑے رفیق میں، اور لا الہ الا اللہ بھی پڑھتے تھے اور فرماتے تھے کہ بیشک موت کے لیے سختیاں ہیں۔

حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ تندرستی کی حالت میں آپ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ پیغمبروں کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ خواہ وفات کو قبول کرلیں یا حیات دنیا کو، جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر یہ کلمات جاری ہوئے تو میں نے سمجھ لیا کہ آپ نے آخرت کو قبول فرمالیا۔

وفات سے تھوڑی دیر پہلے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تازہ مسواک ہاتھ میں لیے حاضر ہوئے آپ نے ان کی طرف نظر جما کر دیکھا، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے سمجھا کہ مسواک کی خواہش ہے انھوں نے فوراً ہی مسواک لے کر اپنے دانتوں سے نرم کی اور دست اقدس میں دے دی آپ نے مسواک فرمائی، سہ پہر کا وقت تھا کہ سینۂ اقدس میں سانس کی گھر گھراہٹ محسوس ہونے لگی اتنے میں لب مبارک ہلے تو لوگوں نے یہ الفاظ سنے کہ

الصلوٰۃ و ما ملکت ایمانکم .

نماز اور لونڈی، غلاموں کا خیال رکھو۔

پاس میں پانی کی ایک لگن تھی اس میں بار بار ہاتھ ڈالتے اور چہرۂ اقدس پر ملتے اور کلمہ پڑھتے، چادر مبارک کو کبھی منہ پر ڈالتے کبھی ہٹا دیتے، حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اقدس کو اپنے سینے سے لگائے بیٹھی ہوئی تھیں اتنے میں آپ نے ہاتھ اٹھا کر انگلی سے اشارہ فرمایا اور تین مرتبہ یہ فرمایا کہ

بل الرفیق الاعلیٰ .

(اب کوئی نہیں) بلکہ وہ بڑا رفیق چاہیے۔

یہی الفاظ زبان اقدس پر تھے کہ ناگہاں مقدس ہاتھ لٹک گئے اور آنکھیں چھت کی طرف دیکھتے ہوئے کھلی کی کھلی رہیں اور آپ کی قدسی روح عالم قدس میں پہنچ گئی۔ (انا للہ و انا الیہ راجعون)

اللھم صل و سلم و بارک علی سیدنا محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین۔

تاریخ وفات میں مورخین کا بڑا اختلاف ہے لیکن اس پر تمام علماء سیرت کا اتفاق ہے کہ دوشنبہ کا دن اور ربیع الاول کا مہینہ تھا۔ بہر حال عام طور پر یہی مشہور ہے کہ ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ دوشنبہ کے دن تیسرے پہر آپ نے وصال فرمایا۔

وفات کا اثر

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات سے حضرات صحابہ کرام اور اہل بیت کرام کو کتنا بڑا صدمہ پہنچا اور اہل مدینہ کا کیا حال ہو گیا؟ اس کی تصویر کشی کے لیے ہزاروں صفحات بھی متحمل نہیں ہو سکتے، وہ شمع نبوت کے پروانے جو چند دنوں تک جمال نبوت کا دیدار نہ کرتے تو ان کے دل بے قرار اور ان کی آنکھیں اشک بار ہو جاتی تھیں۔ ظاہر ہے کہ ان عاشقان رسول پر جان عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دائمی فراق کا کتنا روح فرسا اور کس قدر جانکاہ صدمۂ عظیمہ ہوا ہوگا۔

جلیل القدر صحابہ کرام بلا مبالغہ ہوش و حواس کھو بیٹھے، ان کی عقلیں گم ہو گئیں، آوازیں بند ہو گئیں اور وہ اس قدر مخبوط الحواس ہو گئے کہ ان کے لیے یہ سوچنا بھی مشکل ہو گیا کہ کیا کہیں اور کیا کریں؟ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ایسا سکتہ طاری ہو گیا کہ وہ ادھر ادھر بھاگے پھرتے تھے مگر کسی سے نہ کچھ کہتے تھے، نہ کسی کی کچھ سنتے تھے، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ رنج و ملال میں نڈھال ہو کر اس طرح بیٹھ رہے کہ ان میں اٹھنے بیٹھنے اور چلنے پھرنے کی سکت ہی نہ رہی۔ حضرت عبد اللہ بن انیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قلب

پر ایسا دھچکا لگا کہ وہ اس صدمہ کو برداشت نہ کر سکے اور ان کا ہارٹ فیل ہو گیا۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس قدر ہوش و حواس کھو بیٹھے کہ انھوں نے تلوار کھینچ لی اور ننگی تلوار لے کر مدینہ کی گلیوں میں ادھر ادھر آتے جاتے تھے اور یہ کہتے پھرتے تھے کہ اگر کسی نے یہ کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات ہو گئی تو میں اس تلوار سے اس کی گردن اڑا دوں گا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ وفات کے بعد حضرت عمر و حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما اجازت لے کر مکان میں داخل ہوئے، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھ کر کہا کہ بہت ہی سخت غشی کا دورہ پڑ گیا ہے۔ جب وہ وہاں سے چلنے لگے تو حضرت مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ اے عمر تمھیں کچھ خبر بھی ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہو چکا ہے۔ یہ سن کر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپے سے باہر ہو گئے اور تڑپ کر بولے کہ اے مغیرہ تم جھوٹے ہو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس وقت تک انتقال نہیں ہو سکتا جب تک دنیا سے ایک ایک منافق کا خاتمہ نہ ہو جائے۔

مواہب لدنیہ میں طبری سے منقول ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات کے وقت حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ "سنح" میں تھے جو مسجد نبوی سے ایک میل کے فاصلہ پر ہے ان کی بیوی حضرت حبیبہ بنت خارجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا وہیں رہتی تھیں۔ چوں کہ دوشنبہ کی صبح کو مرض میں کمی نظر آئی، کچھ سکون معلوم ہوا اس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اجازت دے دی تھی کہ تم سنح چلے جاؤ اور بیوی بچوں کو دیکھتے آؤ۔

بخاری شریف وغیرہ میں ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر سنح سے آئے اور کسی سے کوئی بات نہ کہی نہ سنی سیدھے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حجرے میں چلے گئے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رخ انور سے چادر ہٹا کر آپ پر جھکے اور آپ کی دونوں آنکھوں کے درمیان نہایت گرم جوشی کے ساتھ ایک بوسہ دیا اور کہا کہ آپ اپنی حیات اور وفات دونوں حالتوں میں

پاکیزہ رہے۔ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں ہرگز خداوند تعالیٰ آپ پر دو موتوں کو جمع نہیں فرمائے گا۔ آپ کی جو موت لکھی ہوئی تھی آپ اس موت کے ساتھ وفات پا چکے اس کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد میں تشریف لائے تو اس وقت حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں کے سامنے تقریر کر رہے تھے۔ آپ نے فرمایا کہ اے عمر بیٹھ جاؤ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیٹھنے سے انکار کر دیا۔ تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں چھوڑ دیا اور خود لوگوں کو متوجہ کرنے کے لیے خطبہ دینا شروع کر دیا۔

امابعد، جو شخص تم میں سے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عبادت کرتا تھا (وہ جان لے) کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا اور جو شخص تم میں سے خدا کی پرستش کرتا تھا تو خدا زندہ ہے وہ کبھی نہیں مرے گا۔

پھر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سورۂ آل عمران کی یہ آیت تلاوت فرمائی۔

وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل افان مات او قتل انقلبتم على اعقابكم و من ينقلب على عقبيه فلن يضر الله شيئا و سيجزى الله الشاكرين.

اور محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) تو ایک رسول ہیں ان سے پہلے بہت سے رسول ہو چکے تو کیا اگر وہ انتقال فرما جائیں یا شہید ہو جائیں تو تم لٹے پاؤں پھر جاؤ گے اور جو الٹے پاؤں پھرے گا اللہ کا کچھ نقصان نہ کرے گا اور عنقریب اللہ شکر ادا کرنے والوں کو ثواب دے گا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ آیت تلاوت کی تو معلوم ہوتا تھا کہ گویا کوئی اس آیت کو جانتا ہی نہ تھا ان سے سن کر ہر شخص اسی آیت کو پڑھنے لگا۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبان سے سورۂ آل عمران کی یہ آیت سنی تو مجھے معلوم ہو گیا کہ واقعی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اضطراب کی حالت میں ننگی شمشیر لے کر جو اعلان کرتے پھرتے تھے کہ حضور

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال نہیں ہوا اس سے رجوع کیا۔ اور ان کے صاحبزادے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ گویا ہم پر ایک پردہ پڑا ہوا تھا کہ اس آیت کی طرف ہمارا دھیان ہی نہیں گیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خطبہ نے اس پردہ کو اٹھا دیا۔

تجہیز و تکفین

چوں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وصیت فرمادی تھی کہ میری تجہیز و تکفین میرے اہل بیت اور اہل خاندان کریں اس لیے یہ خدمت آپ کے خاندان ہی کے لوگوں نے انجام دی۔ چنانچہ حضرت فضل بن عباس و حضرت قثم بن عباس و حضرت علی و حضرت عباس و حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے مل جل کر آپ کو غسل دیا، اور ناف مبارک اور پلکوں پر جو پانی کے قطرات اور تری جمع تھی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جوش محبت اور فرط عقیدت سے اس کو زبان سے چاٹ کر پی لیا۔

غسل کے بعد تین سوتی کپڑوں کا جو ''سحول'' گاؤں کے بنے ہوئے تھے کفن بنایا گیا ان میں قمیص و عمامہ نہ تھا۔

جنازے کی نماز

جنازہ تیار ہوا تو لوگ نماز جنازہ کے لیے ٹوٹ پڑے پہلے مردوں نے، پھر عورتوں نے، پھر بچوں نے نماز جنازہ پڑھی، جنازہ مبارکہ حجرۂ مقدسہ کے اندر ہی تھا باری باری سے تھوڑے تھوڑے لوگ اندر جاتے تھے اور نماز پڑھ کر چلے آتے تھے لیکن کوئی امام نہ تھا۔

قبر انور

حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قبر شریف تیار کی جو بغلی تھی جسم اطہر کو حضرت علی و

حضرت فضل بن عباس، حضرت عباس وحضرت قثم بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے قبر منور میں اتارا۔

لیکن ابوداؤد کی روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت اسامہ وحضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی قبر میں اترے تھے۔

صحابہ کرام میں یہ اختلاف رونما ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کہاں دفن کیا جائے؟ کچھ لوگوں نے کہا کہ مسجد نبوی میں آپ کا مدفن ہونا چاہیئے۔ اس موقع پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے کہ ہر نبی اپنی وفات کے بعد اسی جگہ دفن کیا جاتا ہے جس جگہ اس کی وفات ہوئی ہو۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو سن کر لوگوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بچھونے کو اٹھایا اور اسی جگہ (حجرۂ عائشہ میں) آپ کی قبر تیار کی اور آپ اسی میں مدفون ہوئے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

وصال اقدس کی تاریخ وتفصیل

امام احمد رضا بریلوی سے سوال ہوا کہ وفات شریف حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تاریخ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا:

قول مشہور ومعتمد جمہور دوازدہم ربیع الاول شریف ہے۔

ابن سعد نے طبقات میں بطریق عمر بن علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کی

قال مات رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يوم الاثنين لاثنتى عشرة مضت من ربيع الاول .

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات شریف روز دوشنبہ بارہویں تاریخ ربیع الاول شریف کو ہوئی (مولف)

شرح مواہب علامہ زرقانی آخر مقصد اول میں ہے

الذی عند ابن اسحق و الجمهور انه صلی الله تعالی علیه وسلم مات لاثنتی عشرة لیلة خلت من شهر ربیع الاول .

اسی میں آغاز مقصد دہم میں ہے

قول الجمهوریه توفی ثانی عشرة ربیع الاول

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال اقدس ۱۲ ربیع الاول شریف کو ہوا۔ (مولف)

خمیس فی احوال انفس نفیس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ہے :

توفی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوم الاثنین نصف النهار لاثنتی عشره لیلة خلت من ربیع الاول سنة احدی عشرة من الهجرة ضحی فی مثل الوقت الذی دخل فیه المدینة .

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات اقدس ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ بروز دوشنبہ چاشت کے ایسے وقت میں ہوئی جس وقت ہجرت کے موقع پر حضور مدینہ منورہ میں داخل ہوئے تھے۔ (مولف)

اسی میں امام ابوحاتم رازی وامام رزین عبدری وکتاب الوفا امام ابن جوزی سے ہے:

مرض فی صفر لعشر بقین منه و توفی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لاثنتی عشرة لیلة خلت من ربیع الاول یوم الاثنین .

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۲۰ رصفر کو مرض میں مبتلا ہوئے اور ۱۲ ربیع الاول روز دوشنبہ کو وفات ہوئی۔ (مولف)

کامل ابن اثیر جزری میں ہے :

کان موته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوم الاثنین لثنتی عشرة خلت من ربیع الاول .

۱۲ ربیع الاول روز دوشنبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات ہوئی۔ (مولف)

مجمع بحار الانوار میں ہے :

وصل بالحق فی نصف نهاره لاثنی عشر من ربیع الاول ، و قیل لمستهلة و قیل للیلتین خلتا منه الاول اکثر من الاخرین .

۱۲ ربیع الاول نصف النھار کے وقت حضور واصل بحق ہوئے۔ اور کہا گیا ہے چاندرات کو، اور کہا گیا کہ دوسری شب کی آخر پہر کو۔ (مولف)

اسعاف الراغبین فاضل محمد صبان میں ہے :

توفی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی بیت عائشة یوم الاثنین قبیل الزوال للیلتین مضتا من ربیع الاول و قیل لیلة مضت منه و قیل لاثنتی عشرة لیلة مضت منه و علیه الجمهور.

ربیع الاول کی دوسری شب روز دوشنبہ حجرۂ عائشہ میں زوال سے پہلے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات ہوئی۔ ایک قول میں ہے کہ پہلی شب کو اور دوسرے قول میں ہے کہ بارھویں ربیع الاول

شریف کواور اسی پر جمہور ہیں۔ (مولف)

اور تحقیق یہ ہے کہ حقیقۃً بحسب رویت مکہ معظمہ ربیع الاول شریف کی تیرہویں تھی مدینہ طیبہ میں رویت نہ ہوئی لہٰذا ان کے حساب سے بارہویں ٹھہری، وہی روات نے اپنے حساب کی بناء پر روایت کی اور مشہور ومقبول جمہور ہوئی۔ یہ حاصل تحقیق امام ماورزی وامام عماد الدین بن کثیر وامام بدر الدین بن جماعہ وغیرہم اکابر محدثین ومحققین ہے اس کے سوا دو قول، ایک یکم ربیع الاول شریف۔ اسے موسیٰ بن عقبہ ولیث و خوارزمی اور ابن زبیر نے بیان کیا ہے۔

اور دوسرا دوم ربیع الاول شریف کو دو رافضیان کذاب ابو مخنف وکلبی کا قول ہے یہ دونوں اقوال محض باطل و نامعتبر بلکہ سراسر محال ونا متصور ہیں۔

تفصیل مقام وتوضیح مرام یہ ہے کہ وفات اقدس ماہ ربیع الاول شریف روز دوشنبہ میں واقع ہوئی اس قدر ثابت ومستحکم ویقینی ہے جس میں اصلاً جائے نزاع نہیں۔

فتح الباری شرح صحیح بخاری ومواہب لدنیہ وشرح زرقانی میں ہے :

ثم ان وفاته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في يوم الاثنين) كما ثبت في الصحيحين عن انس رضى الله تعالىٰ عنه .

حاصل یہ ہے کہ وفات اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ماہ ربیع الاول روز دوشنبہ کو ہوئی۔ جیسا کہ صحیحین میں حضرت انس سے ثابت ہے۔ (مولف)

ادھر یہ بلا شبہ ثابت کہ اس ربیع الاول سے پہلے جو ذی الحجہ تھا اس کی پہلی روز پنج شنبہ تھی کہ حجۃ الوداع شریف بالاجماع روز جمعہ ہے۔

اور جب ذی الحجہ ۱۰ھ کی ۲۹ روز پنج شنبہ تھی تو ربیع الاول ۱۱ھ کی ۱۲ رکسی طرح روز دو

شنبہ نہیں آتی کہ اگر ذی الحجہ محرم صفر تینوں مہینے ۳۰/ کے لیے جائیں تو غرہ ربیع الاول روز چہار شنبہ ہوتا ہے اور پیر کی چھٹی اور تیرہویں اور اگر تینوں ۲۹ کے لیں تو غرہ روز یک شنبہ پڑتا ہے اور پیر کی دوسری اور نویں اور اگر ان میں کوئی سا ایک ناقص اور باقی دو کامل لیجیے تو پہلی سہ شنبہ کی ہوتی ہے اور پیر کی ساتویں چودھویں اور اگر ایک کامل دو ناقص مانیئے تو پہلی پیر کی ہوتی ہے پھر پیر کی آٹھویں اور پندرہویں غرض بارہویں کسی حساب سے نہیں آتی اور ان چار کے سوا پانچویں کوئی صورت نہیں، قول جمہور پر یہ اشکال پہلے امام سہیلی کے خیال میں آیا اور اسے لاحل سمجھ کر انھوں نے قول یکم اور امام ابن حجر عسقلانی نے دوم کی طرف عدول فرمایا۔

مگر امام بدر بن جماعہ نے قول جمہور کی یہ تاویل کی کہ **اثنتی عشرۃ خلت** سے بارہ دن گزرنا مراد ہے نہ کہ صرف بارہ راتیں اور یہ ظاہر کہ بارہ دن گزرنا تیرھویں ہی تاریخ پر صادق آئے گا اور دوشنبہ کی تیرہویں بے تکلف صحیح ہے جب کہ پہلے تینوں مہینے کامل ہوں کما علمت اور امام مارزی و امام ابن کثیر نے یوں توجیہ فرمائی کہ مکہ معظمہ میں ہلال ذی الحجہ کی رویت شام چار شنبہ کو ہوئی پنج شنبہ کا غرہ اور جمعہ کا عرفہ مگر مدینہ طیبہ میں رویت دوسرے دن ہوئی تو ذی الحجہ کی پہلی جمعہ کی ٹھہری اور تینوں مہینے ذی الحجہ محرم صفر ۳۰، ۳۰ کے ہوئے تو غرہ ربیع الاول پنج شنبہ اور بارہویں دوشنبہ آئی۔ **ذکرھا الحافظ فی الفتح.**

اقول: مدینہ طیبہ مکہ معظمہ سے اگرچہ طول میں غربی اور عرض میں شمالی ہے۔

اما الثانی فظاھر معروف لکل من حج و زار و اما الاول فثابت مثبت کالثانی فی الزیجات و الاطالس من قدیم الاعصار

مگر ثانی ہر حج و زیارت کرنے والے کے لیے ظاہر و مشہور ہے اور اول زیجات اور قدیم زمانے کے اٹلس میں ثانی کی طرح ثابت و مقرر ہے۔ **(مولف)**

اور ان دونوں اختلافوں کو اختلاف رویت میں دخل بین ہے کہ اختلاف طول سے بعد نیرین کم

بیش ہوتا ہے اور اختلاف عرض سے قمر کے ارتفاع مدار کے انتصاب اور بالائے افق اس کی بقا میں تفاوت پڑتا ہے اور کثرت بعد وزیادت انتصاب مدار وارتفاع قمر طول مکث سب معین رویت ہیں اور ان کی کمی مخل رویت مگر بلدین کریمین کے طول وعرض میں چنداں تفاوت کثیر نہیں اور جو کچھ ہے یعنی طول میں دو درجے اور عرض میں تین درجے وہ ما نحن فیہ میں ہرگز یہ نہ چاہے گا کہ مکہ معظمہ میں تو رویت ہو اور مدینہ طیبہ میں نہ ہو بلکہ اگر مقتضی ہوگا تو اس کے عکس کا کہ مقام جس قدر غربی تر ہو امکان رویت بیشتر ہوگا کہ دورۂ معدل میں مواضع غربیہ پر نیرین کا گزر مواضع شرقیہ کے بعد ہوتا ہے اور حرکت قمر توالی بروج بر غرب سے شرق کو ہے تو جب موضع شرقی میں فصل قمرین حد رویت پر ہو غربی میں اور زیادہ ہوگا کہ وہاں تک پہنچنے میں قمر نے قدرے اور حرکت شرق کو کی اور شمس سے اس کا فاصلہ بڑھ گیا۔ یوں ہی جب عرض مرئی قمر شمالی ہو جیسا کہ یہاں تھا تو عرض بلد کا شمالی تر ہونا موجب زیادت تعدیل الغروب زائد ہو کر باعث زیادت بعد معدل وطول مکث قمر ہوگا مگر ہے یہ کہ موانع رویت حد انضباط سے خارج ہیں تو دفع استحالہ وتوجیہ مقالہ کے لیے احتمال کافی اور قواعد پر نظر کیجیے تو واقعی وہ دن مدینہ طیبہ میں رویت عادیہ کا نہ تھا سلخ ذی القعدہ وسطیہ روز چارشنبہ کو غروب شرعی شمس کے وقت افق کریم مدینہ منورہ میں موامرہ رویت کے مقدمات یہ تھے۔

ا ج یا	تقویم شمس
ا غ مد	تقویم مرئی قمر
ہ ح لب	عرض مرئی قمر شمالی
ط ق	تعدیل الغروب
ا ع لح	قمر معدل
ط ح لو لح	بُعد معدل
ح ھ ک	بُعد سوا

پر ظاہر کہ جب بعد معدل و بعد سوا دونوں دس درجے سے کم ہیں تو یہ حالت حالت رویت نہیں قریب قریب اسی حالت کے مکہ معظمہ میں تھی مگر ازانجا کہ وہ نو درجے یہ آٹھ درجے سے زائد ہے رویت پر حکم استحالہ بھی نہ تھا حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برکات بے نہایات کے حضور یہ کیا بات تھی کہ ایسے امکان غیر متوقع کی حالت میں فضل وقفہ جمعہ ملنے کے لیے بحکم الٰہی مکہ معظمہ میں شام چارشنبہ کو رویت واقع ہوگئی افق مدینہ طیبہ میں حسب عادت معہودہ نہ ہوئی پھر روز رویت ایام حمل ثور و جوزا خصوصاً ان بلاد گرم سیر میں گرد و غبار ہونا کوئی نا متوقع بات نہیں یہ تحقیق کلام علماء ہے مگر امام عسقلانی نے ان توجیہوں پر قناعت نہ کی پہلی پر مخالفت محاورہ سے اعتراض پایا کہ اہل زبان جب یہ لفظ بولتے ہیں بارہ راتیں ہی گزرنا مراد لیتے ہیں نہ کہ بارہ دن کہ یہ تیرہویں پر صادق ہو اور اول و دوم دونوں میں یہ استبعاد بتایا کہ چار مہینے متواتر تیس دن کے ہوئے جاتے ہیں

فی المواھب عن الفتح ھذا الجواب بعید من حیث انه یلزم منه توالی اربعة اشھر کوامل .

مواہب میں فتح سے منقول ہے کہ یہ جواب اس حیثیت سے بعید ہے کہ اس سے لازم آئے گا کہ چار مہینے متواتر تیس کے ہوں۔ **(مولف)**

اقول: اگر ندرت مقصود تو الزام مفقود کہ دفع استحالہ کو احتمال کافی خود امام عسقلانی نے جو قول اختیار فرمایا اس پر تین مہینے متوالی ناقص آتے ہیں یہ کیا نادر نہیں اور اگر امتناع مراد تو ظاہر الفساد تین سے زیادہ متواتر ۲۹ کے مہینے نہیں ہوتے۔ ۳۰ ر کے چار تک آتے ہیں ہاں پانچ نہیں ہوتے۔

تحفہ شاہیہ علامہ قطب الدین شیرازی و زیج الغ بیگی میں ہے :

واللفظ لہ اہل شرع ماہ ہائے این تاریخ از رویت ہلال گیرند و آن ہرگز از سی روز زیادہ نباشد و از

بست و نہ روز کمتر نے و تا چہار ماہ متوالی سی سی آید و زیادہ نے و تا سہ ماہ متوالی بست و نہ آید و زیادہ نے۔

اہل شرع اس تاریخ کے مہینوں کو رویت ہلال سے شمار کرتے ہیں اور وہ مہینے تیس دن سے زیادہ اور انتیس دن سے کم نہیں ہوتے، چار مہینے تک لگا تار تیس تیس کے آتے ہیں اس سے زیادہ نہیں آتے اور تین مہینے تک لگا تار انتیس کے آتے ہیں اس سے زیادہ نہیں آتے۔ (مولف)

ثم اقول و باللہ التوفیق: قول جمہور سے قول مہجور کی طرف عدول نامقبول ہونے کے لیے اسی قدر بس تھا کہ اس کے لیے توجیہ وجیہ موجود ہے نہ کہ جب وہ اقوال مہجورہ دلائل قاطعہ سے باطل ہوں کہ اب تو ان کی طرف کوئی راہ نہیں اوپر واضح ہوا کہ ان دونوں حضرات کا منشائے عدول تمسک بالحساب ہے کہ پیر کا دن یقینی تھا اور وہ بارہویں پر منطبق نہیں آتا پہلی دوسری پر آسکتا ہے مگر حساب ہی شاہد عدل ہے کہ اس سال ربیع الاول شریف کی پہلی یا دوسری پیر کی ہونا باطل و محال ہے فقیر اس پر دو حجت قاطعہ رکھتا ہے۔ دلیل اول غرہ وسطیہ کہ علمائے زیج بحساب اوسط لیتے ہیں نیرین کے اجتماعی وسطی سے اخذ کرتے ہیں اور بداہۃ واضح کہ رویت ہلال اجتماع قمرین سے ایک مدت معتد بہا کے بعد واقع ہوتی ہے تو غرۂ ہلالیہ کبھی غرۂ وسطیہ سے مقدم نہ آئے گا **و انما غایۃ التساوی** اور اجتماع و رویت میں کبھی اتنا فصل بھی نہیں ہوتا کہ قمر ڈیڑھ دو برج طے کر جائے لہٰذا تقدم وسطیہ کی نہایت ایک دو دن ہے وبس **کل ذلک ظاھر من لہ اشتغال بالفن** اور آشنائے فن جانتا ہے کہ ۱۱ھ ہجریہ میں ماہ مبارک ربیع الاول شریف کا غرہ وسطیہ روز سہ شنبہ تھا تو غرہ ہلالیہ یک شنبہ یا دوشنبہ کیوں کر متصور کہ اگر یہ سہ شنبہ متاخر ہے تو ہلالیہ کا وسطیہ پر تقدم لازم آتا ہے اور اگر مقدم ہے تو اجتماع سے چار پانچ روز تک رویت نہ ہونے کا لزوم ہوتا ہے اور دونوں باطل ہیں۔

دلیل دوم: فقیر نے شام دوشنبہ ۲۹ رصفر وسطے ۱۱ھ کے لیے افق کریم مدینہ طیبہ میں نیرین کی تقویمات استخراج کیں اور حساب صحیح معتمد نے شہادت دی کہ اس وقت تک فصل قمرین حد رویت معتادہ پر نہ تھا آفتاب جوزا کے ۶ درجے سترہ دقیقے باون ثانیے پر تھا اور چاند کی تقویم مرئی جوزا کے پندرہ درجے

ستائس دقیقے اکتیس ثانیے ۔ فاصلہ صرف ۹ درجے ۹ دقیقے ۳۹ ثانیے تھا ۔ اور حسب قول متعارف اہل عمل رویت کے لیے کم سے کم دس درجے سے زیادہ فاصلہ چاہیئے ۔

حاشیہ شرح چغمینی للعلامۃ عبدالعلی البرجندی میں ہے :

المذکور فی الکتب المشهورة انه ینبغی ان یکون البعد بین تقویمی النیرین اکثر من عشرة اجزاء و قیل ینبغی ان یکون ما بین مغاربیهما عشرة اجزاء او اکثر حتی یکون القمر فوق الارض بعد غروب الشمس مقدار ثلثی ساعة او اکثر و المشهور فی هذا الزمان بین اهل العمل انه ینبغی ان یتحقق الشرطان حتی تمکن الروية و یسمون البعد الاول بعد السواء و البعد الثانی بعد المعدل .

کتب مشہورہ میں بیان کیا گیا ہے کہ نیرین کی دونوں تقویم کے درمیان دس اجزاء یا اس سے زیادہ دوری ہونی چاہیئے ، بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ دونوں نیرین کے مغارب کے درمیان دس اجزاء یا اس سے زیادہ بعد ہونا چاہیئے یہاں تک کہ غروب آفتاب کے بعد چاند پون گھنٹہ یا اس سے زیادہ مدت تک زمین کے اوپر رہا اور اس زمانے میں اہل عمل کے درمیان مشہور یہ ہے کہ دو شرطوں کا وجود ہونا چاہیئے تا کہ رویت ہلال ممکن ہو ۔ اور بعد اول کو بعد سوا اور بعد ثانی کو بعد معدل کہتے ہیں ۔ **(مولف)**

شرح زیج سلطانی میں ہے:

باید کہ بعد معدل دہ درجہ باشد یا زیادہ و بعد میان دو تقویم ایشاں از دہ زیادہ باشد تا ہر دو شرط وجود نگیرد ہلال مرئی نہ شود و متعارف دریں زمان ایں ست ۔

دس درجہ یا اس سے زیادہ بعد معدل ہو ۔ چاہیئے اور ان دونوں تقویم کے درمیان دس درجہ سے زیادہ دوری ہونی چاہیئے جب تک دونوں شرط نہ پائی جائے تو رویت ہلال نہ ہوگی ، اس زمانے میں مشہور و متعارف یہی ہے ۔ **(مولف)**

جزئیات مو امرہ کی جدول یہ ہے۔

وقت م	وقت غروب شرعی بعد نصف النہار وسطے زیجی
ج و ر ن	تقویم حقیقی شمس بوقت مذکور
ح و ے الف	تقویم حقیقی قمر بوقت مذکور
ح سم	عرض حقیقی قمر شمالی
مه نا	اختلاف منظر قمر طولی جدولی
الح ح	اختلاف منظر قمر عرضی جدولی
ج مه الرلا	تقویم مرئی قمر ....
ج مح لب	عرض مرئی قمر شمالی ....
ا م	تعدیل الغروب ....
ج سو لدلا	قمر معدل ....
زند حه لم	مطالع نظیر جزء الشمس ......
زسو لو	مطالع نظیر جزء القمر المعدل ....
ما مه لم	بعد معدل ....
ط لط	بعد سوا ....
غیر متوقع	حکم رویت ہلال ....

جب شب سہ شنبہ تک نیرین کا یہ حال تھا کہ وقوع رویت ہلال ایک مخفی غیر متوقع احتمال تھا تو اس سے دو ایک رات پہلے کا وقوع بداہۃ محال تھا جب اس رات قمر صرف نو درجے آفتاب سے شرقی ہوا تھا تو شام ایک شنبہ کو قطعاً کئی درجے اس سے غربی تھا اور غروب شمس سے کوئی پاؤ گھنٹے پہلے ڈوبا اور شام شنبہ کو تو عصر کا اعلیٰ مستحب وقت تھا جب چاند حجلہ نشین مغرب ہو چکا پھر رات کو رویت ہلال کیا ز مین چیر کر ہوئی۔ غرض دلائل ساطعہ سے ثابت ہے کہ اس ماہ مبارک کی پہلی یا دوسری دوشنبہ کی ہرگز نہ تھی اور روز وفات اقدس یقیناً دوشنبہ ہے تو وہ دونوں قول قطعاً باطل ہیں اور حق وصواب وہی قول جمہور بمعنی مذکور ہے یعنی واقع میں تیرہویں اور بوجہ مسطور تعبیر میں بارہویں کہ بحساب شمسی نہم جزیران ۹۴۳ء رومی نو سو

تینتالیس رومی اسکندرانی ہشتم (یعنی اس وقت جوشمار رائج تھا اس کے حساب سے ۸؍جون اور اصلی حساب سے ۱۲؍تھی زیچ بہادر خانی سے بستم جون آتی ہے مگر یہ اس کی غلطی ہے جیسا کہ ہم نے اپنے رسالہ تحقیقات سال مسیحی میں واضح کیا ہے) جون ۶۳۲ھ چھ سو بتیس عیسوی تھی۔

(نطق الہلال بارخ ولاد الحبیب والوصال)

وفات اقدس پر غم کرنا منع ہے

اسلام کی کوئی یادگار غم کی یادگار نہیں کیوں کہ شریعت اسلامیہ میں غم منانا جائز و درست نہیں بعض لوگ محرم میں شہادت حسین کا غم مناتے ہیں حالاں کہ وہ اسلام کی سربلندی کی خوشی و مسرت کا مہینہ ہے اسی مضمون کو مختصر انداز میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں:

حضور اقدس صلوات اللہ تعالٰی وسلامہ علیہ وعلٰی آلہ کا ماہ ولادت و ماہ وفات وہی ماہ مبارک ربیع الاول شریف ہے پھر علمائے امت و حامیان سنت نے اسے ماتم وفات نہ ٹھہرایا بلکہ موسم شادی ولادت اقدس بنایا۔ (اعالی الافادۃ فی تعزیۃ الہند و بیان الشہادۃ)

وقت رحلت یہود پر لعنت

صحیحین میں ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے ہے:

لما اشتکی النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ذکر بعض نسائہ کنیسۃ یقال لہا ماریۃ و کانت ام سلمۃ و ام حبیبۃ اتتا ارض الحبشۃ فذکرتا من حسنہا و تصاویر فیہا فرفع راسہ فقال اولئک اذا مات فیہم الرجل الصالح بنوا علی قبرہ مسجدا ثم صوروا فیہ تلک الصور اولئک شرار خلق اللہ.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مرض میں بعض ازواج مطہرات نے ایک گرجا کا ذکر کیا جس کا نام ماریہ تھا اور حضرت ام المومنین ام سلمہ وام المومنین ام حبیبہ ملک حبشہ میں ہو آئی تھیں ان دونوں بیبیوں نے ماریہ کی خوبصورتی اور اس کی تصویروں کا ذکر کیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سر اٹھا کر فرمایا یہ لوگ جب ان میں کوئی نیک بندہ نبی یا ولی انتقال کرتا ہے اس کی قبر پر مسجد بنا کر اس میں تبرکاً اس کی تصویر لگاتے ہیں یہ لوگ بدترین خلق ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹ ص ۱۴۶۔ شفاء الوالہ)

احمد بخاری مسلم نسائی ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی

ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال فی مرضه الذی لم یقم منه لعن الله الیهود و النصاریٰ اتخذوا قبور انبیائهم مساجد قالت و لولا ذلک لا برز قبره غیر انه خشی ان یتخذ مسجدا.

انھیں کی دوسری روایت میں یہ ہے :

عنه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اولئک شرار الخلق عند الله عزوجل یوم القیامة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی وفات اقدس کے مرض میں فرمایا یہود ونصاریٰ پر اللہ کی لعنت ہو انھوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو محل سجدہ بنالیا۔ اور فرمایا ایسا کرنے والے اللہ عزوجل کے نزدیک روز قیامت بدترین خلق ہیں ام المومنین نے فرمایا یہ نہ ہوتا تو مزار اطہر کھول دیا جاتا مگر اندیشہ ہوا کہ کہیں سجدہ نہ ہونے لگے لہٰذا احاطہ میں مخفی رکھا گیا۔

مسلم اپنی صحیح اور عبدالرزاق مصنف اور دارمی سنن میں ام المومنین و عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی :

قالا لما نزلت برسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم طفق یطرح خمیصة له

علی وجهه فاذا اغتم کشفها عن وجهه فقال و هو کذلک لعنة الله علی الیهود و النصاریٰ اتخذوا قبور انبیائهم مساجد یحذر مثل ما صنعوا.

نزع روح اقدس کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چادر روئے انور پر ڈال لیتے جب ناگوار ہوتی منہ کھول دیتے اسی حالت میں فرمایا یہود و نصاریٰ پر اللہ کی لعنت انھوں نے اپنے انبیاء کی قبریں مساجد کرلیں۔ ڈراتے تھے کہ ہمارے مزار پرانوار کے ساتھ ایسا نہ ہو۔

بزار مسند میں امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی :

قال لی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی مرضه الذی مات فیه ائذن للناس علی فاذنت للناس علیه فقال لعن الله قوما اتخذوا قبور انبیائهم مسجدا ثم اغمی علیه فلما افاق قال یا علی ائذن للناس فاذنت لهم فقال لعن الله قوما اتخذوا قبور انبیائهم مسجدا ثلثا فی مرض موته .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وفات انور کے مرض میں مجھ سے فرمایا لوگوں کو ہمارے حضورؐ حاضر ہونے کا اذن دو میں نے اذن دیا جب لوگ حاضر ہوئے فرمایا اللہ کی لعنت ہے اس قوم پر جس نے اپنے انبیاء کی قبریں جائے سجدہ ٹھہرالیں۔ پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر غشی طاری ہوئی جب افاقہ ہوا ۔۔۔ اے علی لوگوں کو اذن دو میں نے اذن دیا فرمایا اللہ کی لعنت ہے اس قوم پر جس نے اپنے انبیاء کی قبریں جائے سجدہ کرلیں۔ تین بار ایسا ہی ہوا۔

ابوداؤد طیالسی و امام احمد مسند اور طبرانی کبیر میں بسند جید اور ابونعیم معرفۃ الصحابہ اور ضیاء صحیح مختارہ میں اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال فی مرضه الذی مات فیه ادخلوا

علی اصحابی فدخلوا علیه و هو متقنع ببرد معافری فکشف القناع ثم قال لعن الله الیهود و النصاریٰ اتخذوا قبور انبیائهم مساجد.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مرض وفات شریف میں فرمایا میرے اصحاب کو میرے حضور لاؤ حاضر ہوئے حضور نے روئے انور سے کپڑا اٹھا کر فرمایا یہود و نصاریٰ پر اللہ کی لعنت انھوں نے اپنے انبیاء کی قبریں محل سجدہ قرار دے لیں۔

صحیح مسلم میں جندب اور معجم طبرانی میں کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے :

قال سمعت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قبل ان یموت بخمس و هو یقول الا ان کان من قبلکم کانوا یتخذون قبور انبیائهم مساجد الا فلا تتخذوا القبور مساجد انی انهاکم عن ذلک .

میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات پاک سے پانچ روز پہلے حضور کو فرماتے سنا خبردار تم سے اگلے اپنے انبیاء و اولیاء کی قبروں کو محل سجدہ قرار دیتے تھے خبردار تم ایسا نہ کرنا ضرور میں تمھیں اس سے منع فرماتا ہوں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹ ص ۴۸۶ ۔ زبدۃ الزکیۃ)

بتول زہراء کا اظہار غم

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مرض سے گرانی ہوئی بے چینی نے غلبہ کیا حضرت بتول زہراء نے کہا ''ہائے میرے باپ کی بے چینی''۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا آج کے بعد تیرے باپ پر کبھی کسی قسم کی بے چینی نہیں۔ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا حضرت بتول زہراء نے کہا۔

اے میرے باپ اللہ کے بلانے پر تشریف لے گئے، اے باپ میرے وہ کہ فردوس کے باغ میں

جن کا ٹھکانہ، اے باپ میرے ہم ان کے انتقال کی مصیبت جبریل سے بیان کرتے ہیں۔

جب سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دفن کر چکے حضرت بتول زہراء نے فرمایا اے انس تمہارے دلوں نے کیوں کر گوارا کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم اطہر کو خاک میں پنہاں کرو۔

یہ حدیث بخاری نے روایت کی حضرت بتول زہراء نے یہ کلمات نہ صیحہ وفریاد کے ساتھ کہے نہ ان میں کوئی غلطی یا بے تحقیق وصف بیان فرمایا نہ کوئی کلمہ شکایت رب العزت وناراضی قضائے الٰہی پر دال تھا لہٰذا اس میں کوئی وجہ ممانعت نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۷۴)

سات مشک پانی ڈالنے کی تاکید

صحیح بخاری شریف میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔

انه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لما دخل بيتي و اشتد وجعه قال اهريقوا على من سبع قرب لم تحلل او كيتهن لعلي اعهد الى الناس.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب میرے گھر میں تشریف لائے اور مرض شدید تھا فرمایا کہ مجھ پر سربستہ سات مشک پانی ڈالو تاکہ میں لوگوں کو وصیت کروں۔ (سات کے عدد میں زہر اور سحر کے ضرر کو دفع کرنے کی ایک خاص تاثیر ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۷۵)

جنازۂ اقدس کا کوئی امام نہ تھا

ابن سعد طبقات میں امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی :

قال لما وضع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على السرير قال لا يقوم عليه احد هو امامكم حيا و ميتا فكان يدخل الناس رسلا رسلا فيصلون عليه صفا صفا

لیس لهم امام و یکبرون و علی قائم بحیال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول السلام علیک ایها النبی و رحمة الله و برکاته اللهم انا نشهد ان قد بلغ ما انزل الیه و نصح لامته وجاهد فی سبیل الله حتی اعز الله دینه و تمت کلمته اللهم فاجعلنا ممن تبع ما انزل الیه و ثبتنا بعده و اجمع بیننا و بینه فیقول الناس آمین حتی صلی علیه الرجال ثم النساء ثم الصبیان.

یعنی حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غسل دے کر سریر منبر پر لٹایا حضرت مولیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے فرمایا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آگے کوئی امام بن کر نہ کھڑا ہو کہ وہ تمھارے امام ہیں اپنی زندگی دنیاوی میں اور بعد وصال بھی، پس لوگ گروہ در گروہ آتے اور پرے کے پرے حضور پر صلاۃ کرتے کوئی ان کا امام نہ تھا۔ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے عرض کرتے تھے۔ سلام حضور پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں الٰہی ہم گواہی دیتے ہیں کہ حضور نے پہنچا دیا جو کچھ ان کی طرف اتارا گیا اور ہر بات میں اپنی امت کی بھلائی کی اور راہ خدا میں جہاد فرمایا یہاں تک کہ اللہ عزوجل نے اپنے دین کو غالب کیا اور اللہ کا قول پورا ہوا۔ الٰہی تو ہم کو ان پر اتاری ہوئی کتاب کے پیروؤں میں سے کر اور ان کے بعد بھی ان کے دین پر قائم رکھ اور روز قیامت ہمیں ان سے ملا۔ مولیٰ علی یہ دعا کرتے اور حاضرین آمین کہتے یہاں تک کہ ان پر مردوں پھر عورتوں پھر لڑکوں نے صلاۃ کی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ابوبکر و عمر نے سلام عرض کیا

اور یہی ظاہر اس حدیث کا ہے جو ابن سعد و بیہقی نے محمد ابراہیم تیمی مدنی سے روایت کی :

لما کفن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وضع علی سریره دخل ابوبکر

و عمر فقالا السلام علیک یا ایها النبی و رحمته و برکاته و معهما نفر من المهاجرین و الانصار قدر ما یسع البیت فسلموا کما سلم ابو بکر و عمر و همافی الصف الاول حیال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اللهم انا اشهد ان قد بلغ ما انزل علیه و نصح لامته و جاهد فی سبیل الله حتی اعز الله دینه و تمت کلماته فاومن به وحده لا شریک له فاجعلنا یا الهنا ممن یتبع القول الذی انزل معه و اجمع بیننا و بینه حتی نعرفه و تعرفه بنا فانه کان بالمومنین رؤفا رحیما لا ینبغی بالایمان بدلا و لا نشتری به ثمنا ابدا فیقول الناس آمین آمین ثم یخرجون و یدخل علیه آخرون حتی صلوا علیه الرجال ثم النساء ثم الصبیان .

یعنی جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کفن دے کر سریر مبارک پر آرام دیا صدیق وفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حاضر ہو کر عرض کی سلام حضور پر اے نبی اور اللہ کی مہر اور اس کی افزونیاں اور دونوں حضرات کے ساتھ ایک گروہ مہاجرین اور انصار کا تھا جس قدر اس حجرۂ پاک میں سما جاتا۔ ان سب نے بھی یوں ہی سلام عرض کیا اور صدیق وفاروق پہلی صف میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے کھڑے یہ دعا کرتے کہ الٰہی میں گواہی دیتا ہوں کہ جو کچھ تو نے اپنے نبی پر اتارا حضور نے امت کو پہنچایا اور اس کی خیر خواہی میں رہے اور راہ خدا میں جہاد فرمایا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کو غلبہ دیا اور اللہ کی باتیں پوری ہوئیں میں ایک اللہ پر ایمان لاتا ہوں اس کا کوئی شریک نہیں تو اے معبود ہمارے ہمیں ان کی کتاب کے پیرووں میں کر جو ان کے ساتھ اتری اور ہمیں ان سے ملا کہ ہم انھیں پہچانیں اور تو ہماری پہچان انھیں کرا دے کہ وہ مسلمانوں پر مہربان رحم دل تھے۔ ہم نہ ایمان کسی چیز سے بدلنا چاہیں نہ اس کے عوض کچھ قیمت لینا۔ لوگ اس دعا پر آمین آمین کہتے پھر باہر جاتے اور آتے یہاں تک کہ مردوں پھر عورتوں پھر بچوں نے حضور پر صلاۃ کی۔

جبریل و میکائیل نے صلاۃ کی

بزار و حاکم و ابن سعد و ابن منیع و بیہقی اور طبرانی معجم اوسط میں حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

اذا غسلتمونی و کفنتمونی فضعونی علی سریری ثم اخرجوا عنی فان اول من یصلی علی جبریل ثم میکائیل ثم اسرافیل ثم ملک الموت مع جنوده من الملائکة باجمعهم ثم ادخلوا علی فوجا بعد فوج فصلوا علی و سلموا تسلیما.

جب میرے غسل و کفن مبارک سے فارغ ہو مجھے نعش مبارک پر رکھ کر باہر چلے جاؤ۔ سب میں پہلے جبریل مجھ پر صلاۃ کریں گے پھر میکائیل پھر اسرافیل پھر ملک الموت اپنے سارے لشکروں کے ساتھ۔ پھر گروہ گروہ میرے پاس حاضر ہو کر مجھ پر درود و سلام عرض کرتے جاؤ۔

اس حدیث سے بھی ظاہر ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود اپنے جنازۂ اقدس کی نسبت اسی قدر تعلیم فرمائی کہ گروہ گروہ حاضر ہو کر درود و سلام پڑھتے جانا۔

شرح موطا امام مالک للعلامۃ الزرقانی میں بعد ذکر حدیث مذکور امیر المومنین علی ہے۔

ظاهر هذا ان المراد بالصلاة علیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ما ذهب الیه جماعة ان من خصائصه انه لم یصل علیه اصلاً و انما کان الناس یدخلون فیدعون و یفرقون.

اس کا ظاہر یہ کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صلاۃ سے مراد یہ ہے جس کی طرف ایک جماعت گئی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ خصوصیت میں سے ہے کہ حضور پر نماز نہیں پڑھی گئی ہاں لوگ آ کر دعا کرتے اور چلے جاتے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۰، ۴۱۔ التہی الحاجز)

جنازۂ اقدس پر امامت نہ ہونے کی حکمت

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جنازۂ اقدس کا کوئی امام نہ تھا اس کی حکمت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

نعش مبارک کا مقابر کی طرف نہ لے جانا، جہاں روح اقدس نے رفیق اعلیٰ کی طرف عروج فرمایا، خاص اس جگہ دفن ہونا، نہلانے میں قمیص مقدس بدن اقدس سے نہ جدا کیا جانا، سب صحابہ کے مشرف ہونے کے لیے جنازۂ مبارک کا پونے دودن رکھا رہنا، جنازۂ اقدس پر کسی کی امامت روانہ ہونا (حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے ہیں) خصوصاً جب کہ حدیث میں وارد ہے کہ یہ صورت حسب وصیت اقدس واقع ہوئی۔

نماز جنازہ مسلمان کا حق مسلمان پر ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

حق المسلم على المسلم خمس رد السلام و عيادة المريض و اتباع الجنازة و اجابة الدعوة و تشميت العاطس.

ایک مسلمان پر دوسرے مسلمان کے پانچ حقوق ہیں۔ سلام کا جواب دینا، مریض کی عیادت کرنا، جنازہ کا اتباع کرنا، دعوت قبول کرنا اور چھینکنے والے کا جواب دینا۔ اسے بخاری و مسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ **(مولف)**

عام مومنین کا حق ایسا ہونا آسان کہ حضار سے بعض نے ادا کر دیا ادا ہو گیا مگر مولائے نعمت ہر دو جہاں محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حق عظیم کہ بعد حضرت حق عزوجل اعظم حقوق ہے۔ اگر تمام حضار پر لازم عین ہو کیا مستبعد۔ معہذا اعظم مقاصد مہمہ سے ہر مسلمان حاضر کا بالذات اس شرف اجل واعظم سے مشرف ہونا ہے۔

متعدد احادیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ بندۂ مقبول کو بعد وفات پہلا تحفہ جو بارگاہ عزت سے ملتا ہے یہ ہے کہ جتنے لوگ اس کے جنازہ کی نماز پڑھتے ہین اللہ عزوجل سب کی مغفرت فرمادیتا ہے نہ کہ نبی کا جنازہ نہ کہ سید الانبیاء علیہ وعلیہم افضل الصلاۃ والثناء کا۔ اس کے فضل کی مقدار کون قیاس کرسکتا ہے، شریعت محمدیہ علی صاحبہا افضل الصلاۃ والتحیۃ مسلمان کے لیے خیر محض ونفع خاص لے کر آئی ہے، نہ کہ معاذ اللہ انھیں ایسے فضل عظیم سے محروم کرنا تو حکمت شرعیہ اسی کی مقتضی تھی کہ یہاں اجازت عامہ دی جائے۔ حجرۂ اقدس میں جگہ کتنی اور حضار تیں ہزار جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔ اب اگر یہ حکم ہوتا کہ اول بار جو پڑھ لیں پڑھ لیں تو ایک تو ہزار ہا صحابہ کی محرومی، دوسرے اس پر تنافس شدید واقع ہونا مظنون بلکہ یقینی۔ جب معلوم ہوتا کہ یہاں بھی مثل تمام جنائز ایک ہی بار کی اجازت ملے گی تو ہر ایک یہ چاہتا کہ میں ہی پڑھ لوں۔ لہٰذا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم عظیم وجود عمیم مقتضی ہوا کہ اپنے معاملہ میں خود فوج فوج حاضری کی وصیت فرمادی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہی سر جلیل جنازۂ اقدس پر امامت نہ ہونے کی بھی ایک حکمت نفیسہ ہے۔ تاکہ تمام حضار بالذات بلاواسطہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شرف یاب ہوں۔

امام اجل سہیلی یہاں امامت نہ ہونے کی وجہ فرماتے ہیں :

اخبر اللہ انہ و ملائکتہ یصلون علیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و امر کل واحد من المومنین ان یصلی علیہ فوجب علی کل واحد ان یباشر الصلوٰۃ علیہ منہ الیہ و الصلاۃ علیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعد موتہ من ھذا القبیل .

یعنی اللہ عزوجل نے خبر دی کہ وہ اور اس کے سب فرشتے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں اور ہر مسلمان پر حکم فرمایا کہ ان پر درود بھیجے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وبارک وسلم۔ تو ہر شخص پر واجب ہوا کہ

محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایسے درود بھیجے کہ بلاواسطہ دیگرے اس شخص کی طرف سے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پہنچے اللھم صل و سلم و بارک علیہ و علی آلہ و صحبہ و امتہ اجمعین آمین اور محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر بعد وصال شریف صلاۃ بھی اسی قبیل سے ہے۔ یعنی تو اس کا بھی بے وساطت احدے ہونا چاہیئے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۷۔ النہی الحاجز)

صدیق کے بعد کسی نے نماز نہ پڑھی

جنازۂ اقدس پر امامت نہ ہونے کی ایک اور وجہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں:

مبسوط امام شمس الائمہ سرخسی میں ہے۔ ان ابا بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کان مشغولا بتسویۃ الامور و تسکین الفتنۃ فکانوا یصلون علیہ قبل حضورہ و کان الحق لہ لانہ ھو الخلیفۃ فلما فرغ صلی علیہ ثم لم یصل علیہ بعدہ علیہ .

حاصل یہ ہے کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تسکین فتن وانتظام امت میں مشغول تھے، جب تک ان کے دست حق پرست پر بیعت نہ ہوئی تھی لوگ فوج فوج آتے اور جنازۂ انور پر نماز پڑھتے جاتے، جب بیعت ہولی ولی شرعی صدیق ہوئے انھوں نے جنازۂ مقدسہ پر نماز پڑھی پھر کسی نے نہ پڑھی کہ بعد صلاۃ ولی پھر اعادۂ نماز جنازہ کا اختیار نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۴)

اس لیے امام احمد رضا بریلوی تکرار نماز جنازہ کی عدم مشروعیت واضح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

حاشیہ نور الایضاح کے لفظ سراج وغنیۃ و امداد سے یوں ہے۔

و الا یصلی علی قبرہ الشریف الی یوم القیمۃ لبقائہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کما دفن طریا بل ھو حی یرزق و یتنعم بسائر الملاذ و العبادات و کذا سائر

الانبیاء علیهم الصلاة و السلام و قد اجتمعت الامة علی ترکها.

اس نماز کی تکرار جائز ہوتی تو مزار اقدس پر قیامت تک نماز پڑھی جاتی کہ حضور ہمیشہ ویسے ہی تر و تازہ ہیں جیسے وقت دفن مبارک تھے بلکہ وہ زندہ ہیں روزی دیئے جاتے ہیں اور تمام لذتوں اور عبادتوں کے ناز و نعم میں ہیں اور ایسے ہی باقی انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء حالاں کہ تمام امت نے اس نماز کے ترک پر اجماع کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴ ص ٦٦ ۔ الھادی الحاجب)

نبی کا ترکہ صدقہ ہے

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **لا نورث ما ترکناہ صدقة.**

ہمارا کوئی وارث نہ ہوگا ہم جو کچھ چھوڑیں صدقہ ہے۔ اسے احمد و بخاری و مسلم و ابوداؤد اور نسائی نے ابوبکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۵ ۔ النبی الحاجز)

حضور کی وصیت

امام اجل فقیہ محدث ابواللیث سمرقندی تنبیہ الغافلین میں فرماتے ہیں:

جب سورۂ **إذا جاء نصر الله** حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مرض وصال شریف میں نازل ہوئی حضور فوراً برآمد ہوئے پنج شنبہ کا دن تھا۔ منبر پر جلوس فرمایا بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ مدینہ میں ندا کردو لوگو! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وصیت سننے چلو یہ آواز سنتے ہی سب چھوٹے بڑے جمع ہوئے گھروں کے دروازے ویسے ہی کھلے چھوڑ دیئے یہاں تک کہ کنواریاں پردوں سے نکل آئیں حد یہ کہ مسجد شریف حاضرین پر تنگ ہوئی اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرما رہے ہیں اپنے پچھلوں کے لیے جگہ وسیع کرو اپنے پچھلوں کے لیے جگہ وسیع کرو پھر حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر قیام فرما کر حمد

وثنائے الٰہی بجالائے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر درود بھیجی پھر ارشاد ہوا۔

انا محمد بن عبد الله بن عبد المطلب بن هاشم العربي الحرمي المكي لا نبي بعدي .

میں محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم عربی صاحب حرم محترم ومکہ معظمہ ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

اللہ، اللہ ایک وہ دن تھا کہ مدینہ طیبہ میں حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی دھوم ہے زمین وآسمان میں خیر مقدم کی صدائیں گونج رہی ہیں خوشی وشادمانی ہے کہ درودیوار سے ٹپکی پڑتی ہے مدینے کے ایک ایک بچے کا دمکتا چہرہ انار دانہ ہورہا ہے باچھیں کھلی جاتی ہیں دل ہیں کہ سینوں میں نہیں سماتے، سینوں پر جامے تنگ جاموں میں قبائے گل رنگ نور ہے کہ جھما جھم برس رہا ہے فرش سے عرش تک نور کا بقعہ بنا ہے پردہ نشیں کنواریاں شوق دیدار محبوب کردگار میں گاتی ہوئی باہر آئی ہیں کہ

طلع البدر علینا من ثنیات الوداع
وجب الشکر علینا ما دعا للہ داع

بنی نجار کی لڑکیاں کوچے کوچے محو نغمہ سرائی ہیں کہ

نحن جوار من بنی النجار
یا حبذا محمد من جار

ایک دن آج ہے کہ اس محبوب کی رخصت ہے مجلس آخری وصیت کی ہے مجمع تو آج بھی وہی ہے بچوں سے بوڑھوں تک مردوں سے پردہ نشینوں تک سب کا ہجوم ہے ندائے بلال سنتے ہی چھوٹے بڑے سینوں سے دل کی طرح بے تابانہ نکلے ہیں شہر بھر نے مکانوں کے دروازے کھلے چھوڑ دیئے ہیں دل کھلائے چہرے مرجھائے دن کی روشنی دھیمی پڑ گئی کہ آفتاب جہاں تاب کی وداع نزدیک ہے آسمان پژمردہ زمین افسردہ جدھر دیکھو سناٹے کا عالم اتنا ازدحام اور ہو کا مقام، آخری نگاہیں اس محبوب کے روئے

حق نما تک کس حسرت و یاس کے ساتھ جاتی اور ضعف و نامیدی سے ہلکان ہو کر، بے خودانہ قدموں پر گر جاتی ہیں فرط ادب سے دل بند مگر دل کے دھوئیں سے یہ صدا بلند :

کنت السواد لناظری فعمی علیک الناظر

من شاء بعدک فلیمت فعلیک کنت احاذر

اللہ کا محبوب، امت کا راعی کس پیار کی نظر سے اپنی پالی ہوئی بکریوں کو دیکھتا اور محبت بھرے دل سے انھیں حافظ حقیقی کے سپرد کر رہا ہے شان رحمت کو ان کی جدائی کا غم بھی ہے اور فوج فوج امنڈتے ہوئے آنے کی خوشی بھی کہ محنت ٹھکانے لگی جس خدمت کو ملک العرش نے بھیجا تھا باحسن الوجوہ انجام کو پہنچی۔

نوح کی ساڑھے نو سو برس وہ سخت مشقت اور صرف پچاس شخصوں کو ہدایت، یہاں بیس تیس ہی سال میں بحمد اللہ یہ روز افزوں کثرت، کنیز و غلام جوق جوق آرہے ہیں جگہ بار بار تنگ ہوتی جاتی ہے دفعہ دفعہ ارشاد ہوتا ہے آنے والوں کو جگہ دو، آنے والوں کو جگہ دو، اس عام دعوت پر جب یہ مجمع ہولیا ہے سلطان عالم نے منبر اکرم پر قیام کیا ہے۔ بعد حمد وصلاۃ اپنے نسب و نام وقوم ومقام وفضائل عظام کا بیان ارشاد ہوا ہے۔ (جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

حضور نے اپنی وفات کی خبر دی

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو معلوم تھا کہ حضور کا وصال اقدس مدینہ طیبہ میں ہوگا تو انصار کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے فرمایا :

المحیا محیاکم و الممات مماتکم .

ہماری زندگی وہاں ہے جہاں تمھاری زندگی ہے اور ہمارا انتقال وہاں ہے جہاں تمھاری موت۔

یہ حدیث مسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا تو ان سے ارشاد فرمایا :

یا معاذ انک عسی ان لا تلقانی بعد عامی هذا و لعلک ان تمر بمسجدی هذا وقبری.

اے معاذ قریب ہے کہ تو مجھ سے اس سال کے بعد (دنیا میں) نہ ملے گا اور امید ہے کہ تو میری اس مسجد اور میرے مزار پاک پر گزرے۔ یہ حدیث امام احمد نے اپنی مسند میں روایت کی۔ (الدولۃ المکیۃ)

حدیث قرطاس

ایام مرض کے واقعات میں سے ایک واقعہ یہ ہے کہ جب جمعرات کے دن حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر مرض نے شدت کی تو چاہا کہ ایک خط یا عہد نامہ تحریر فرمائیں۔ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرمایا کہ کاغذ قلم اور دوات لاؤ کہ میں ابو بکر کے لیے لکھوا دوں تا کہ اس میں اختلاف نہ ہو۔ جب عبدالرحمٰن نے ارادہ کیا کہ جا کر لائیں تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا حق تعالیٰ منع فرماتا ہے کہ مومنین حضرت ابو بکر کے بارے میں اختلاف کریں۔ اہل سنت و جماعت کی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کی تنصیص میں یہی دلیل ہے۔

اہل تشیع کہتے ہیں کہ اگر یہ بات ہوتی کہ روز غدیر امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو مقرر فرما دیا ہوتا اور خلیفہ بنا دیا ہوتا تو آخر وقت میں ایسا نہ فرماتے۔

ان واقعات میں سے مشہور واقعہ یہ ہے جو کتب صحاح میں مذکور و مسطور ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اشتداد مرض کے وقت جب کہ صحابہ کرام حجرہ شریف میں مجتمع تھے فرمایا دوات و کاغذ لاؤ،

ایک روایت میں ہے کہ خامہ لے آؤ، تاکہ تمھارے لیے میں ایک وصیت لکھ دوں کہ میرے بعد ہرگز گمراہ نہ ہو۔اس پر صحابہ نے اختلاف کیا کسی نے کہا جو حکم ہے اس پر عمل کیا جائے اور دوات و کاغذ لایا جائے تاکہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس پر جو چاہیں لکھوائیں اور کسی نے کہا مناسب نہیں ہے کہ ایسی حالت میں آپ کو لکھوانے کی زحمت دی جائے کیوں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وقت تنگ ہے۔حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسی جانب تھے کہ درد والم حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر غالب ہے اور قرآن کریم ہمارے درمیان موجود ہے اور وہی ہم کو کافی ہے۔

بعض روایتوں میں اتنا زیادہ بھی آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شدت مرض میں ایسی باتیں فرمارہے ہیں مطلب یہ کہ منافقین وغیرہ کو اس بات میں باتیں بنانے کا موقع مل جائے گا اور وہ کہیں گے اور خیال کریں گے کہ آپ نے یہ باتیں ہذیان میں فرمائی ہیں جس طرح کہ اور لوگ بیماری کی سختی میں کہا کرتے ہیں ایک جماعت حضرت عمر کی موافقت میں تھی اور ایک جماعت مخالفت میں، یہاں تک کہ اختلاف بڑھ گیا اور آوازیں بلند ہوگئیں اس پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس سے تم سب اٹھ جاؤ کیوں کہ جھگڑا اور رسول خدا کے حضور میں آوازیں اونچی کرنا رسول خدا کے حضور میں مناسب نہیں ہے۔اس کے باوجود تین وصیتیں فرمائیں۔

ایک یہ کہ مشرکوں کو جزیرۂ عرب سے نکال باہر کردو۔

دوسری یہ کہ جو جماعتیں اور وفود تمھارے پاس آئیں ان کو صلہ اور انعام دیا کرو جیسا کہ میں دیتا رہا ہوں۔

اور تیسری وصیت کو راوی بھول گیا یا اس کے اظہار میں مصلحت نہ دیکھی جیسا کہ علماء فرماتے ہیں۔

حضرت صدیق کو امامت کا حکم فرمانا

ان میں سے ایک واقعہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم فرمانا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ ارباب سیر بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو مدت مرض میں تین دن نماز پڑھائی۔ اس کے بعد حکم فرمایا کہ ابوبکر سے کہیں کہ نماز پڑھائیں۔ اور بعض سترہ نمازیں پڑھانا بیان کرتے ہیں اور جب عشا کی اذان کہی گئی تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ابوبکر سے کہیں کہ لوگوں کے ساتھ نماز پڑھیں اور ان کی امامت کریں۔

زہری سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عبداللہ بن ربیعہ سے فرمایا کہ جاؤ اور کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں، عبداللہ بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ باہر آئے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ انھیں ملے ان سے کہا کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں اور حضرت عمر نے نماز پڑھائی چوں کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ جہیر الصوت تھے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب حضرت عمر کی آواز سنی تو فرمایا کیا یہ عمر کی آواز ہے، عرض کیا گیا یا رسول اللہ ہاں، فرمایا اللہ تعالیٰ منع فرماتا ہے مسلمانوں کو چاہیے کہ ابوبکر سے کہیں کہ نماز پڑھائیں۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے وہ بیان کرتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علیل ہوئے اور مسجد میں آنے کی طاقت نہ رہی، عشاء کی نماز کا وقت تھا مسجد میں لوگ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انتظار میں بیٹھے ہوئے تھے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی ہے؟ عرض کیا گیا نہیں یا رسول اللہ! لوگ آپ کے انتظار میں بیٹھے ہوئے ہیں فرمایا برتن میں میرے لیے پانی لاؤ پانی آیا اور حضور نے پانی کو خود پر بہایا اور اٹھنے کا ارادہ فرمایا لیکن بے ہوش ہوگئے کچھ عرصہ بعد ہوش آیا فرمایا کیا لوگوں نے نماز پڑھ لی؟ میں نے عرض کیا لوگ آپ کے انتظار میں

بیٹھے ہوئے ہیں، فرمایا میرے لیے برتن میں پانی لاؤ، آپ نے غسل فرمایا اور بے ہوش ہو گئے تین مرتبہ ایسا ہی ہوا کہ اٹھے غسل کیا اور بے ہوش ہو گئے تیسری مرتبہ کسی کو حضرت ابوبکر صدیق کے پاس بھیجا کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔اس کے بعد حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ آئے کہ حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نماز کی اطلاع دیں۔جیسی کہ ان کی عادت تھی کہ اذان دینے کے بعد در اقدس پر آتے اور نماز و مسجد میں صحابہ کے آجانے کی اطلاع دیا کرتے تھے۔پھر حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوبکر صدیق سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے والد رقیق القلب ہیں جب وہ آپ کے مصلے پر کھڑے ہوں گے تو لوگوں کو قرآن نہ سنا سکیں گے۔ اگر عمر کو فرمائیں تو ہو سکتا ہے۔حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر صدیق سے کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔پھر حضرت عائشہ نے حضرت حفصہ سے کہا کہ تم حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرو کہ ابوبکر نرم دل شخص ہیں جب وہ آپ کے مصلے پر کھڑے ہوں گے تو لوگوں کو قرآن نہ سنا سکیں گے اس پر حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اے عورتو! تم یوسف کی صواحب ہو، مطلب یہ کہ تم زبان سے کچھ کہتی ہو اور دل میں کچھ اور ہے۔ابوبکر صدیق سے کہو کہ نماز پڑھائیں۔

پھر جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز شروع فرمائی تو حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے آپ میں کچھ افاقہ محسوس فرمایا اٹھے اور اس حال میں تشریف لے چلے کہ دو آدمیوں کا سہارا لیے ہوئے تھے اور آپ کا قدم اقدس زمین پر نقش کھینچتا جاتا تھا یہاں تک کہ مسجد شریف میں تشریف لائے۔ جب حضرت ابوبکر صدیق نے محسوس کیا کہ حضور تشریف لا رہے ہیں تو چاہا کہ پیچھے ہٹ آئیں مگر حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اشارہ فرمایا کہ اپنی جگہ کھڑے رہو، اس کے بعد حضور حضرت ابوبکر کی بائیں جانب آ کے بیٹھ گئے، حضرت ابوبکر کھڑے رہے۔حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اقتدا کر رہے تھے اور لوگ حضرت ابوبکر کی اقتداء کر رہے تھے، مطلب یہ کہ حضرت ابوبکر کی تکبیر

کے ذریعہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انتقالات اور افعال پر مطلع ہو رہے تھے، بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ امام تھے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مقتدی، علماء فرماتے ہیں کہ حضرت صدیق اکبر کی امامت میں روایتیں متعدد ہیں۔ (مدارج النبوۃ جلد دوم مترجم)

نیابت دو قسم ہے

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ :

رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وقت رحلت یا کسی اور وقت اپنے بعد اپنا جانشیں کس کو مقرر کیا؟

آپ نے ارشاد فرمایا:

جانشینی و نیابت دو قسم ہے۔

اول : جزئی مقید کہ امام کسی خاص کام یا خاص مقام پر عارضی طور پر کسی خاص وقت کے لیے دوسرے کو اپنا نائب کرے جیسے بادشاہ کا لڑائی میں کسی کو سردار بنا کر بھیجنا یا کسی ضلع کی حکومت دینا یا تحصیل خراج پر مامور کرنا، یا کہیں جاتے ہوئے انتظام شہر سپرد کر جانا اس قسم کا استخلاف صریح حضور پر نور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وعترتہ وازواجہ وصحابتہ اجمعین وبارک وسلم سے بارہا واقع ہوا۔ جیسے:

بعض غزوات میں امیر المؤمنین صدیق اکبر۔

بعض میں حضرت اسامہ بن زید۔

غزوۂ ذات السلاسل میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو سپہ سالار بنا کر بھیجا۔

تحصیل زکاۃ پر امیر المومنین فاروق اعظم و حضرت خالد بن ولید وغیرہما رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو

مقرر فرمایا۔

یہ بھی یقیناً حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نیابت تھی کہ اخذ صدقات اصل کام حضور والا صلوات اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ کا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

خذ من اموالهم صدقة تطهرهم و تزكيهم بها وصل عليهم ان صلوتک سكن لهم.

ان کے اموال سے صدقہ لے کر انھیں طیب وطاہر بنائیں اور ان کے لیے دعائے خیر کریں۔ بے شک تمھاری دعا ان کے لیے وجہ سکون ہے۔

تعلیم قرآن ودین کے لیے قراء کرام، شہداء عظام کو مقرر فرمایا۔

حضرت عتاب بن اسید کو مکہ معظمہ۔

حضرت معاذ بن جبل کو ولایت جند

حضرت ابوموسیٰ کو زبید وعدن

حضرت ابوسفیان والد امیر معاویہ یا حضرت عمر بن حزم کو شہر نجران

حضرت زیاد بن لبید کو حضر موت

حضرت خالد بن سعید اموی کو صنعا اور

حضرت عمرو بن العاص کو عمان کا ناظم صوبہ مقرر کیا۔

باذان بن ساسان کیانی مغل کو صوبہ داری یمن پر مقرر رکھا۔

امیر المؤمنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو ملک یمن کا عہدہ وقضا بخشا۔

۸ ھ میں حضرت عتاب کو۔

۹ ھ میں حضرت صدیق اکبر کو امیر الحاج بنایا۔

بعض وقائع میں امیر المومنین فاروق اعظم۔

بعض میں حضرت معقل بن یسار اور

بعض میں حضرت عقبہ کو حکم قضا دیا۔

غزوۂ تبوک کو تشریف لے جاتے وقت امیر المومنین علی مرتضٰی کو اہل بیت کرام۔

اور غزوۂ بدر میں حضرت ابولبابہ۔

اور تیرہ غزوات واسفار کو نہضت (تشریف لے جانا) فرماتے وقت حضرت عبداللہ بن ام مکتوم کو مدینہ طیبہ کا امیر ووالی فرمایا۔

جن غزوات واسفار میں حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مدینہ طیبہ کا امیر ووالی بنایا گیا وہ یہ ہیں۔

ازاں جملہ غزوۂ ابواء کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پہلا غزوہ تھا، وغزوۂ بواط، وغزوۂ ذی العشیرۃ، وغزوۂ طلب کرز بن جابر، وغزوۂ سویق، وغزوۂ غطفان، وغزوۂ احد، وغزوۂ حمراء الاسد، وغزوۂ نجران، وغزوۂ ذات الرقاع، وسفر حجۃ الوداع کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پچھلا سفر تھا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

دوم: کلی مطلق کہ حیات مستخلف سے جمع نہیں ہوسکتی۔ یعنی امام کا اپنے بعد کسی کے لیے امامت کبریٰ کی وصیت فرمانا۔ اس کی نص صریح علی الاعلان بتصریح تام حضور اعلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی

کے واسطے نہ فرمائی ورنہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم ضرور پیش کرتے اور قریش وانصار میں دربارۂ خلافت مباحثے مشورے نہ ہوتے۔

امیر المومنین امام الاشجعین اسد اللہ الغالب علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے باسانید صحیحہ تو یہ ثابت کہ جب ان سے عرض کی گئی۔

استخلف علینا.

ہم پر کسی کو خلیفہ کر دیجیے۔

فرمایا:

لا ولکن اترککم کما ترککم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم .

اخرجه احمد و البزار و الدار قطنی .

میں کسی کو خلیفہ نہ کروں گا بلکہ یوں ہی چھوڑ دوں گا جیسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چھوڑ گئے تھے۔ اسے احمد و بزار اور دارقطنی نے روایت کیا۔ بزار کی روایت بسند صحیح ہے مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا:

ما استخلف رسول اللہ فاستخلف علیکم .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی کو خلیفہ نہ کیا کہ میں کروں۔

حضور نے اپنا جانشین نہیں بنایا

دارقطنی کی روایت میں فرمایا:

دخلنا علی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقلنا یا رسول اللہ استخلف

علینا قال لا ان یعلم اللہ فیکم خیرا یول علیکم خیر کم ، قال علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فعلم اللہ فینا خیرا فولی علینا ابا بکر .

ہم نے خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوکر عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم پر کسی کو خلیفہ فرما دیجیے ارشاد ہوا، نہ، اگر اللہ تعالیٰ تم میں بھلائی جانے گا تو جو تم میں سب سے بہتر ہے اسے تم پر والی فرمادے گا۔ حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا رب العزت جل وعلا نے ہم میں بھلائی جانی پس ابوبکر کو ہمارا والی فرمایا۔

امام اسحاق بن راہویہ ودارقطنی ابن عساکر وغیرہم بطریق عدیدہ واسانید کثیرہ راوی۔

دو شخصوں نے امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے ان کے زمانۂ خلافت مین دربارۂ خلافت استفسار کیا۔

أ عهد عهده الیک النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ام رای رایته .

کیا یہ کوئی عہد وقرارداد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے ہے یا آپ کی رائے ہے؟

فرمایا :

بل رای رأیته .

بلکہ ہماری رائے ہے۔

اما ان یکون عهد من النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عهده الی فی ذلک فلا و اللہ لئن کنت اول من صدق به فلا اکون اول من کذب علیه و لو کان عندی منه عهد فی ذلک ما ترکت اخا بنی تمیم بن مرة یثوبان علی منبره و لقاتلتهما و لو لم اجد

الابردتی هذه و لکن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لم یقتل قتلا و لم یمت فجاءة مکث فی مرضه ایاما و لیا لی یأتیه الموذن یوذنه بالصلاة فیامر ابا بکر لیصلی بالناس و هو یری مکانی و لقد ارادت امراء ة من نسائه تصرفه عن ابی بکر فابی و غضب و قال انتن صواحب یوسف مروا ابا بکر فلیصل بالناس فلما قبض رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نظرنا فی امورنا فاخترنا لدنیا نا من رضیه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لدیننا و کانت الصلاة عظم الاسلام و قوم الدین فبایعنا ابا بکر رضی الله تعالی عنه و کان بذلک اصلاً لم یختلف منا اثنان .

رہا یہ کہ اس باب میں میرے لیے حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کوئی عہد وقرارداد فرمایا ہو، سو خدا کی قسم ایسا نہیں ۔اگر سب سے پہلے میں نے حضور کی تصدیق کی تو میں سب سے پہلے حضور پر افترا کرنے والا نہ ہوں گا۔اور اگر اس باب میں حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے میرے پاس کوئی عہد ہوتا تو میں ابوبکر وعمر کو منبر اطہر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جست کرنے نہ دیتا اور بیشک میں اپنے ہاتھ سے ان کے ساتھ قتال کرتا اگر چہ اپنی اس چادر کے سوا کوئی ساتھی نہ پاتا ۔بات یہ ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معاذ اللہ کچھ قتل نہ ہوئے نہ یکا یک انتقال فرمایا بلکہ کئی دن رات حضور کو مرض میں گزرے، مؤذن آتا نماز کی اطلاع دیتا،حضور ابوبکر کو امامت کا حکم فرماتے حالاں کہ میں کہیں غائب نہ تھا۔ اور خدا کی قسم ازواج مطہرات سے ایک بی بی نے اس معاملہ کو ابوبکر سے پھیرنا چاہا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ مانا اور غضب کیا اور فرمایا تم وہی یوسف والیاں ہو ابوبکر کو حکم دو کہ امامت کرے پس جب کہ حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا ہم نے اپنے کاموں میں نظر کی تو اپنی دنیا یعنی خلافت کے لیے اسے پسند کرلیا جسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارے دین یعنی نماز کے لیے پسند فرمایا تھا کہ نماز تو اسلام کی بزرگی اور دین کی درستی تھی ۔لہٰذا ہم نے ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیعت کی اور وہ اس کے

لائق تھے ہم میں سے کسی نے اس بارے میں اس کا خلاف نہ کیا۔

یہ سب کچھ ارشاد کر کے مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنیٰ نے فرمایا۔

فادیت الی ابی بکر حقه و عرفت له طاعته و غزوت معه فی جنوده و کنت آخذا اذا اعطانی و اغزوا اذا اغزانی و اضرب بین یدیه الحدود بسوطی .

پس میں نے ابو بکر کو ان کا حق دیا اور ان کی طاعت لازم جانی اور ان کے ساتھ ہو کر ان کے لشکروں میں جہاد کیا اور جب وہ مجھے بیت المال سے کچھ دیتے میں لے لیتا اور جب مجھے لڑائی پر بھیجتے میں جاتا اور ان کے سامنے تازیانے سے حد لگاتا۔

پھر بعینہ یہی مضمون امیر المومنین فاروق اعظم و امیر المومنین عثمان غنی کی نسبت ارشاد فرمایا رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

حضور کے خواب

ہاں البتہ (حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے) ارشادات جلیلہ واضحہ بارہا فرمائے مثلاً ایک بار ارشاد ہوا: میں نے خواب دیکھا کہ میں ایک کنوئیں پر ہوں اس پر ایک ڈول ہے، میں اس سے پانی بھرتا رہا جب تک اللہ نے چاہا، پھر ابو بکر نے ڈول لیا دو ایک بار کھینچا پھر وہ ڈول ایک پل ہو گیا جسے چرسہ (بڑا ڈول) کہتے ہیں، اسے عمر نے لیا تو میں نے کسی سردار زبردست کو اس کام میں اس کے مثل نہ دیکھا، یہاں تک کہ تمام لوگوں کو سیراب کر دیا کہ پانی پی پی کر اپنی فرودگاہ کو واپس ہوئے۔

امام بخاری و مسلم نے اسے ابو ہریرہ و ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا۔

ایک بار حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

آج کی رات ایک مرد صالح (یعنی خود حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے خواب دیکھا کہ ابوبکر، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے متعلق ہیں اور عمر، ابوبکر سے اور عثمان، عمر سے۔

جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں، جب ہم خدمت اقدس حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اٹھے آپس میں تذکرہ کیا کہ وہ مرد صالح تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اور بعض کا بعض سے تعلق وہ اس امر کا والی ہونا جس کے ساتھ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مبعوث ہوئے ہیں۔

ابوداؤد و حاکم نے اسے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

ابوبکر و عمر کی معیت

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں :

میں نے بارہا بکثرت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ، ہوا میں اور ابوبکر و عمر، کیا میں نے اور ابوبکر و عمر نے، چلا میں اور ابوبکر و عمر۔ امام بخاری و مسلم نے اسے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

حضور کے بعد ابوبکر

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: مجھے بنی مصطلق نے خدمت حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بھیجا کہ حضور سے دریافت کروں، حضور کے بعد ہم اپنے اموال زکاۃ کس کے پاس بھیجیں؟ فرمایا ابوبکر کے پاس، عرض کی اگر انھیں کوئی حادثہ پیش آئے تو کسے دیں؟ فرمایا عمر کو، عرض کی: جب ان کا بھی واقعہ ہو تو فرمایا عثمان کو۔

اسے حاکم نے مستدرک میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا اور کہا کہ یہ صحیح ہے۔

ایک بی بی خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں اور کچھ سوال کیا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر حاضر ہو، انھوں نے عرض کیا آؤں اور حضور کو نہ پاؤں، فرمایا مجھے نہ پائے تو ابو بکر کے پاس آنا۔

امام بخاری و مسلم نے اسے جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

یوں ہی ایک مرد سے ارشاد فرمانا مروی کہ میں نہ ہوں تو ابو بکر کے پاس آنا، عرض کی جب انھیں نہ پاؤں؟ فرمایا تو عمر کے پاس، عرض کی جب وہ بھی نہ ملیں فرمایا عثمان کے پاس۔

ابو نعیم نے اسے حلیہ میں اور طبرانی نے سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ایک شخص سے کچھ اونٹ قرضوں پر خریدے یہ واپس جا تا تھا کہ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ ملے حال پوچھا اس نے بیان کیا فرمایا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پھر حاضر ہو وہ پھر حاضر ہوا اور عرض کیا اگر حضور کو کچھ حادثہ پیش آجائے تو میری قیمت کون ادا کرے گا؟ فرمایا ابو بکر، پھر دریافت کیا اور جو ابو بکر کو کچھ حادثہ پیش آجائے تو کون دے گا؟ فرمایا عمر، پھر دریافت کیا کہ انھیں بھی کچھ حادثہ در پیش ہو فرمایا۔

و یحک اذا مات عمر فان استطعت ان تموت فمت.

ہائے نادان جب عمر مر جائے تو اگر مر سکے تو مر جانا۔ طبرانی نے کبیر میں اسے عصمہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ابو بکر کی امامت

ان ہی ارشادات جلیلہ سے ہے حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایام مرض وفات اقدس میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی جگہ امامت مسلمین پر قائم کرنا اور دوسرے کی امامت پر راضی نہ ہونا،

غضب فرمانا جس سے امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے استناد فرمایا کہ :

رضیه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لدیننا افلا نرضاه لدنیانا.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں چن لیا ہمارے دین کی پیشوائی کو کیا انھیں ہم پسند نہ کریں اپنی دنیا کی امامت کو۔

ابوبکر کی اقتدا کا حکم

اور نہایت روشن وصریح قریب نص وتصریح وہ ارشاد اقدس ہے کہ امام احمد وترمذی نے بافادۂ تحسین وابن ماجہ وابن حبان وحاکم نے بافادۂ تصحیح اور ابوالمحاسن رویانی نے حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ترمذی وحاکم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور طبرانی نے حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ حضور پرنور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

انی لا ادری ما بقائی فیکم فاقتدوا بالذین من بعدی ابی بکر ، و فی لفظ اقتدوا بالذین من بعدی من اصحابی ابا بکر و عمر.

میں نہیں جانتا میرا رہنا تم میں کب تک ہو لہٰذا تمھیں فرماتا ہوں کہ میرے ان دوصحابیوں کی پیروی کرو جو میرے بعد ہوں گے ۔ ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

حدیث قرطاس اور ابوبکر کے لیے اشارہ

ایک بار آخر حیات اقدس میں عین صریح حکم بھی فرما دینا چاہا تھا پھر خدا اور مسلمانوں پر چھوڑ کر حاجت نہ سمجھی۔

امام احمد وامام بخاری وامام مسلم ام المومنین صدیقہ محبوبۂ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وعلیہا

وسلم سے راوی کہ وہ ارشاد فرماتی ہیں :

قال لی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی مرضہ الذی مات فیہ ادعی لی اباک و اخاک حتی اکتب کتابا فانی اخاف ان یتمنی متمن و یقول قائل انا اولی و یابی اللہ و المومنون الا ابا بکر.

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس مرض میں انتقال فرمانے کو ہیں اس میں مجھ سے فرمایا اپنے باپ اور بھائی کو بلا لے کہ میں ایک نوشتہ تحریر فرمادوں مجھے خوف ہے کہ کوئی تمنا کرنے والا تمنا کرے اور کہنے والا کہہ اٹھے کہ میں زیادہ مستحق ہوں اور اللہ نہ مانے گا اور مسلمان نہ مانیں گے مگر ابو بکر کو۔

امام احمد کے لفظ یہ ہیں کہ فرمایا:

ادعی لی عبد الرحمن بن ابی بکر اکتب لابی بکر کتابا لا یختلف علیہ احد ثم قال دعیہ معاذ اللہ ان یختلف المومنون فی ابی بکر.

عبدالرحمٰن بن ابی بکر کو بلا لاؤ، کہ میں ابو بکر کے لیے نوشتہ لکھ دوں کہ ان پر کوئی اختلاف نہ کرے پھر فرمایا رہنے دو خدا کی پناہ کہ مسلمان اختلاف کریں ابو بکر کے بارے میں۔

(غایۃ التحقیق فی امامۃ العلی والصدیق)

روضۂ انور کی زیارت

من زار قبری وجبت لہ شفاعتی

ان پر درود جن سے نوید ان بشر کی ہے

من زار قبری وجبت لہ شفاعتی

جس نے میرے روضۂ کریم کی زیارت کی اس پر میری شفاعت واجب ہوگئی

(الحدیث)

روضۂ انور کی زیارت

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضۂ مقدسہ کی زیارت سنت موکدہ قریب واجب ہے، اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا:

و لو انهم اذ ظلموا انفسهم جاؤك فاستغفروا الله و استغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحيما.

اور اگر یہ لوگ جس وقت کہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں آپ کے پاس آجاتے اور خدا سے بخشش مانگتے اور رسول ان کے لیے بخشش کی دعا فرماتے تو یہ لوگ خدا کو بہت زیادہ بخشنے والا مہربان پاتے۔

اس آیت میں گنہگاروں کے گناہوں کی بخشش کے لیے ارحم الراحمین نے تین شرطیں لگائی ہیں۔

اول : دربار رسول میں حاضری۔

دوم : استغفار۔

سوم : رسول کی دعائے مغفرت۔

اور یہ حکم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ظاہری دنیاوی حیات ہی تک محدود نہیں بلکہ روضۂ اقدس میں حاضری بھی یقیناً دربار رسول ہی میں حاضری ہے اسی لیے علمائے عظام نے تصریح فرمادی ہے کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے دربار کا یہ فیض آپ کی وفات اقدس سے منقطع نہیں ہوا ہے اس لیے جو گنہگار قبر انور کے پاس حاضر ہو جائے اور وہاں سے خدا سے استغفار کرے اور چوں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو اپنی قبر انور میں اپنی امت کے لیے استغفار فرماتے ہی رہتے ہیں لہٰذا اس گنہگار کے لیے مغفرت کی تینوں شرطیں پائی گئیں اس لیے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی ضرور مغفرت ہو جائے گی۔

یہی وجہ ہے کہ چاروں مذاہب کے علمائے کرام نے مناسک حج و زیارت کی کتابوں میں یہ تحریر فرمایا ہے کہ جو شخص بھی روضۂ منورہ پر حاضری دے اس کے لیے مستحب ہے کہ اس آیت کو پڑھے اور پھر خدا سے اپنی مغفرت کی دعا مانگے۔

مذکورہ بالا آیات کریمہ کے علاوہ بہت سی حدیثیں بھی روضۂ منورہ کی زیارت کے فضائل میں وارد ہوئی ہیں، مثلاً۔

من زار قبری وجبت له شفاعتی .

جو شخص میری قبر شریف کی زیارت کرے میری شفاعت اس کے لیے واجب اور لازم ہے۔

من جاء نی زائرا لا تعمله حاجة الا زیارتی کان حقا علی ان اکون له شفیعا یوم القیامة .

جو شخص میری زیارت کے لیے آئے اور اسے میری زیارت کے علاوہ کوئی حاجت نہ ہو تو ہم پر واجب ہے کہ قیامت کے دن ہم اس کے شفیع ہو جائیں۔

من زارنی الی المدینة کنت له شفیعا و شهیدا.

جو شخص مدینہ میں ہماری زیارت کرے ہم اس کے لیے شفیع اور گواہ ہوں گے۔

اسی لیے صحابہ کرام کے مقدس زمانے سے لے کر آج تک تمام دنیا کے مسلمان قبر منور کی زیارت کرتے اور آپ کی مقدس جناب میں توسل اور استغاثہ کرتے رہے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ قیامت تک یہ مبارک سلسلہ جاری رہے گا۔

چنانچہ حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وفات اقدس کے تین

دن بعد ایک اعرابی مسلمان ہو کر آیا اور قبر انور پر گر کر لپٹ گیا پھر کچھ مٹی اپنے سر پر ڈال کر یوں عرض کرنے لگا کہ

یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ نے جو کچھ فرمایا ہم اس پر ایمان لائے ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ پر قرآن نازل فرمایا جس میں اس نے ارشاد فرمایا **و لو انهم اذ ظلموا انفسهم الآية** تو یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) میں نے اپنی جان پر (گناہ کر کے) ظلم کیا ہے اس لیے میں آپ کے پاس آیا ہوں تا کہ آپ میرے حق میں مغفرت کی دعا فرمائیں۔ اعرابی کی اس فریاد کے جواب میں قبر انور سے آواز آئی کہ اے اعرابی تو بخش دیا گیا۔

سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دربار کی زیارت علمائے دین کے نزدیک بالاتفاق قولاً وفعلاً بہترین سنن اور موکدترین مستحبات میں سے ہے۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف کی زیارت ایک متفق علیہ سنت اور مرغوب فضیلت ہے۔ بعض علمائے مالکیہ اس کے وجوب کے قائل ہیں اور دوسروں نے اس قول کی تاویل سنت واجبہ سے کی ہے، گویا سنت واجبہ سے مراد موکدہ غایت تاکید ہے۔

اکثر علماء فرماتے ہیں کہ بعد ادائے حج فریضہ زیارت کرنا سنت ہے، قاضی حسین جو ائمہ شافعیہ کے مشاہیر میں سے ہیں فرماتے ہیں کہ جب فریضۂ حج سے فارغ ہو جائے تو ملتزم کے پاس وقوف کرے اور دعا کر کے مدینہ منورہ آ کر سید کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو۔ قاضی ابوالطیب کہتے ہیں کہ حج و عمرہ کے بعد مستحب ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کا قصد کرے۔

حسن بن زیاد امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حاجیوں کے لیے سب سے یہ ہے کہ مکہ معظمہ سے ابتدا کریں اور حج کے ارکان بجالا کر اس کے بعد مدینہ منورہ آئیں اور حضور صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کریں۔

امام اعظم ابوحنیفہ کے نزدیک زیارت بہترین مستحسنات اور موکدترین مستحبات درجہ واجبات کے قریب ہے۔ چاروں مذاہب کے علماء نے حج کو مقدم کرنے کی تصریح فرمادی ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اگر حج کے راستے میں مدینہ شریف پڑے تو بہتر یہ ہے کہ ابتدا مدینہ سے کرے اس کے بعد حج کو متوجہ ہو۔ اور بعض بزرگان دین نے تو یہاں تک کہا ہے کہ اگر حج کا راستہ مدینہ کی جانب سے نہ ہو لیکن دیار محبوب ان سے قریب ہو تو مدینہ کی حاضر کو مقدم کرنا لوازم وقت میں شمار کیا جائے۔ اور بعض تابعین کو مکہ کے عازمین کے لیے مدینہ منورہ کی زیارت کو مقدم قرار دینے پر کوئی اختلاف نہیں ہے۔

ایک شبہ کا ازالہ

قبر شریف کی زیارت کے لیے سفر اختیار کرنا اور اس سعادت عظمیٰ کے حصول کے لیے کجاوے کسنا جائز و مستحب ہے، دلائل کے عام ہونے کی وجہ سے قرب اور بعد دونوں ایک ہی حکم میں ہیں۔

لیکن حدیث ہے: **لا تشدوا الرحال الا الی ثلثة مساجد.**

تین مسجدوں کے علاوہ کسی کی طرف سفر کے لیے کجاوے مت کسو۔

اس حدیث سے مراد ان تین مسجدوں کے علاوہ کسی اور مسجد کے لیے سفر کرنے کی ممانعت ہے۔

مگر جیسا کہ نحو کا قاعدہ ہے کہ مستثنیٰ منہ کو مستثنیٰ کی جنس سے ہونا چاہیے۔ تو مطلق سفر کی ممانعت جو ان مساجد کے علاوہ ہو لازم نہیں آتی اور ان تین مساجد کے علاوہ سفر کرنا کس طرح منع ہو سکتا ہے۔ حالاں کہ بالاتفاق سفر حج و سفر جہاد اور دار کفر سے ہجرت کرنا نیز تجارت اور تمام مصالح دنیویہ کے لیے سفر کرنا جائز ہے۔

بعض نے کہا ہے کہ اس فرمان سے حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مقصود یہ ہے کہ قربت مقصودہ مساجد کے قصد میں تین ہیں۔

مسجد حرام و مسجد النبی اور مسجد اقصیٰ

ان کے علاوہ ایسی مسجدیں نہیں ہیں باوجودیکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کا قصد آپ کی مسجد شریفہ کے قصد کو مستلزم ہے اور آپ کی قربت کی وجہ سے ہے اور اس مقام کی برکت سے مقصد وہاں کے موجودین کی تعظیم ہے۔ جس طرح سے آپ کی حالت حیات میں آپ کے شرف صحبت حاصل کرنے کی غرض سے سفر کرتے تھے نہ کہ محض مقام کی وجہ سے۔

بعض نے کہا ہے کہ تین مسجدوں کے علاوہ جو سفر کرنے کی ممانعت کی گئی ہے وہ باعتبار تعظیم و فضیلت اور ثواب دو چند ہونے کی غرض سے ہے جیسا کہ ان مساجد کی حاضری میں ہے۔ ورنہ اس اعتقاد کے بغیر کوئی ممانعت اور کراہت نہیں ہے۔ لیکن جو مساجد متبرکہ شہروں سے قریب ہوں ان کی سوار یا پیادہ پا زیارت کرنا جائز ہے جس طرح سے کہ مسجد قبا کو بعض علماء نے کہا ہے۔ اور جمہور علماء کہتے ہیں کہ ان تین مسجدوں کے علاوہ زیارت کی نذر ماننا جائز نہیں ہے اور بعض نے مطلقاً جائز رکھا ہے۔

بعض نے کہا ہے کہ اگر سفر بے شد رحال (بغیر کجاوے کسے) ہے تو جائز ہے ورنہ نہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس شخص کے متعلق پوچھا گیا جس نے مسجد قبا تک پیدل جانے کی مدینے میں نذر مانی تھی، فرمایا کہ اس پر اس کا پورا کرنا لازم ہے۔ ظاہراً آپ نے یہ حکم اس کے فضائل کی وجہ سے دیا ہے۔

چنانچہ وارد ہوا ہے کہ اس میں نماز پڑھنا عمرہ کے برابر ہے۔ اور اس میں دو رکعت پڑھ لینا مسجد اقصیٰ میں ہزار رکعت پڑھنے سے افضل ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس مسجد کی طرف سوار و پیادہ سفر کرنا اور عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمانا کہ اگر یہ مسجد کسی سمت سے اطراف زمین کے ہوتی تو افسوس ہے ان اونٹوں پر جو اس کی طلب میں ہلاک نہ ہوتے۔

ان فضائل کا خیال کرتے ہوئے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے یہ سمجھا کہ گویا یہ مسجد بھی مقصود برکت کے اعتبار سے مساجد ثلثہ کے حکم میں ہے اس لیے انھوں نے نذر کو پورا کرنے کا حکم فرمایا۔

اور سفر و شد رحال کے اختیار کرنے کے سلسلے میں مساجد ثلثہ کے مذکورہ حکم میں اس مسجد کا ذکر نہ کرنا اکتفا کرنے کی وجہ سے تھا کیوں کہ مدینہ منورہ سے قریب ہونے کی وجہ سے دوسری جگہ اس کی فضیلت کا ذکر کیا جا چکا تھا۔

جب کوئی آدمی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کی نذر مان لے تو اس کے پورا کرنے میں کسی کو اختلاف نہیں ہے لیکن غیر نبی کی زیارت کی نذر میں اختلاف ہے۔ سلف صالحین کا سید کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کی غرض سے سفر کرنا کثرت سے ثابت ہے۔

حضرت بلال کا سفر زیارت

امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے زمانہ میں بلال موذن کا شام سے مدینہ آنے کا قصہ مشہور ہے۔ ابن عساکر ابی درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا آپ نے فرمایا کہ اے بلال یہ کیا ظلم ہے کہ کبھی ہماری زیارت کو نہیں آتے، اسی وقت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی سواری کے ذریعہ مدینہ کے قصد سے روانہ ہو گئے، جب قبر شریف پر پہنچے تو اشک بار ہو کر عاجزی کے ساتھ روئے نیاز خاک پر رکھا، حسن اور حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما حجرے سے باہر نکلے تو بلال نے ان کو گود میں لے کر سر و چشم کو چوما تھوڑا ہی زمانہ گزرا تھا کہ

حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی دار بقا کو تشریف لے جا چکی تھیں۔ لوگوں نے بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اذان سننے کی خواہش کی سب نے مشورہ کیا حسن اور حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمائیں تو بلال کو اذان کہنے سے گریز نہ ہوگا۔ ورنہ حضرت بلال نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کسی کے لیے اذان نہیں کہی ہے یہاں تک کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وفات کے بعد بلال سے چاہا تھا کہ ابوبکر کے لیے اذان پکارا کریں تو بلال نے کہہ دیا تھا اے ابوبکر تم نے مال دے کر مجھے خریدا اور راہ خدا میں آزاد کر دیا، یہ سب آپ نے اپنے لیے کیا تھا یا خدا کے لیے؟ ابوبکر نے فرمایا کہ میں نے خدا کے لیے کیا تھا، بلال نے کہا مجھ کو اب بھی خدا ہی کے لیے چھوڑ دو تا کہ میں خود مختار رہوں۔ مجھ میں اتنی طاقت نہیں ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کسی دوسرے کے لیے اذان کہوں۔ اس کے بعد حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام کو چلے گئے تھے اور وہاں سے زیارت کرنے کو مدینہ منورہ تشریف لائے۔

الغرض جب امام حسن و امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ان سے فرمایا کہ اذان کہیئے تو بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد کی چھت پر جس جگہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں کھڑے ہوتے تھے چڑھے، جب **اللہ اکبر اللہ اکبر** کہا تو لوگوں میں شور مچ گیا گویا تمام شہر مدینہ حرکت میں آ گیا جب **اشھد ان لا الہ الا اللہ** کہا تزلزل بہت زائد ہو گیا، ساکنان مدینہ میں گریہ وزاری اور شور بہت زیادہ پیدا ہو گیا جب **اشھد ان محمد رسول اللہ** فرمایا ایک دوسری قیامت قائم ہوگئی۔ کوئی عورت و مرد خورد و کلاں مدینہ میں ایسا نہ تھا جو گھر سے باہر نہ نکل آیا ہو اور نہ رویا ہو گویا کہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت کا دن تازہ ہو گیا، کہتے ہیں کہ انتہائی بے چینی اور غم کی وجہ سے اذان کو پورا نہ کر سکے اور اتر آئے۔

کعب احبار کا سفر زیارت

کہتے ہیں کہ جب امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ملک شام فتح کیا اور بیت المقدس کے

باشندوں سے صلح کی اور کعب احبار آ کر مشرف بہ اسلام ہوئے تو عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان کے اسلام سے بے انتہا مسرت ہوئی۔ واپسی کے وقت ان سے فرمایا کہ اے کعب اگر چاہو تو ہمارے ساتھ مدینہ چلو اور سرور انبیا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کرلو، کعب احبار نے کہا بہت خوب! اے امیر المومنین میں ایسا ہی کروں گا مدینہ منورہ میں آنے کے بعد سب سے پہلا کام جو امیر المومنین نے کیا وہ پیغمبر خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام تھا۔

ابن عمر کا سلام

عبد الرزاق نے صحیح سندوں سے روایت کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جب سفر سے واپس آتے تو پہلے قبر شریف پر پہنچتے اور کہتے:

السلام علیک یا رسول الله، السلام علیک یا ابا بکر، السلام علیک یا ابتاه

ایک شخص نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے غلام نافع سے دریافت کیا کہ کیا تم نے یہ دیکھا تھا کہ ابن عمر قبر شریف پر سلام کرتے تھے انھوں نے کہا کہ ہاں میں نے دیکھا اور سو بار سے زائد دیکھا کہ وہ قبر شریف کے پاس کھڑے ہو کر کہتے تھے۔

السلام علی النبی، السلام علی ابی بکر، السلام علی ابی۔

مسند امام اعظم ابو حنیفہ میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے انھوں نے فرمایا کہ سنت یہ ہے کہ تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف پر قبلہ کی جانب سے آئے اور قبلہ کی طرف سے پشت کر کے کہے۔

السلام علیک ایها النبی و رحمة الله وبركاته۔ (مولف)

(سیرت مصطفیٰ ...)

خواب میں جمال جہاں آراء کا دیدار

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص میں سے یہ ہے کہ جس نے حضور کو خواب میں دیکھا بلاشبہ اس نے حق اور بے شک وشبہ آپ ہی کو دیکھا اس لیے کہ شیطان آپ کی صورت میں متمثل نہیں ہوسکتا اور نہ اسے اس کی قدرت دی گئی ہے کہ وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہم شکل بن کر فریب ودھوکہ دے سکے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ :

من رانی فقد رای الحق

جس نے مجھے دیکھا اس نے حق ہی دیکھا۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں آیا ہے کہ

من رانی فی المنام فقد رانی

یعنی جس نے مجھے خواب میں دیکھا یقیناً اس نے مجھے ہی دیکھا۔

مطلب یہ ہے کہ اگر چہ حق تعالیٰ نے شیطان کو قدرت دی ہے کہ وہ جو صورت چاہے اختیار کرے لیکن اسے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت مبارکہ میں آنے کی قدرت نہیں دی گئی اس لیے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مظہر ہدایت ہیں۔ اور شیطان مظہر ضلالت وگمراہی، اور ہدایت وضلالت ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ یہاں تک کہ شیطان بصورت پروردگار عالم آسکتا ہے اور دھوکہ وفریب دے سکتا ہے کیوں کہ حق سبحانہ وتعالیٰ ہدایت وضلالت کا خالق ہے مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات مبارک دونوں کے لیے محل اشتباہ نہیں ہے۔

بعض علماء کہتے ہیں کہ یہ فضیلت تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے لیے عام ہے اور شیطان کسی نبی کی صورت اختیار نہیں کر سکتا، لیکن صاحب مواہب لدنیہ اس فضیلت کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص کے بیان میں لائے ہیں۔ اور یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھنے میں کسی خاص شکل و صورت میں دیکھنے کی شرط نہیں ہے جو شخص جس صورت میں بھی دیدار سے بہرہ ور ہو یقیناً اس نے آپ ہی کا دیدار کیا۔

اور بعض نے راہ شک اختیار کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ یہ اس تقدیر پر ہے کہ اس نے بصورت خاص دیکھا ہو، مطلب یہ ہے کہ اس نے اس شکل وصورت میں دیکھا جو واقعۃً حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت مبارکہ رہی ہے۔

اور بعض نے اس سے زیادہ تنگی اختیار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپ کو اسی خاص صورت میں دیکھا ہے جو صورت مبارکہ دنیا سے رحلت کے وقت تھی حتیٰ کہ وہ آپ کی داڑھی شریف میں سفید بالوں کی گنتی کا بھی شمار ملحوظ رکھتے تھے یعنی آپ کی داڑھی شریف میں بیس سے زیادہ سفید بال نہ تھے۔ اور کہتے ہیں کہ ابن سیرین جو کہ خواب کی تعبیر میں ماہر تھے ان کے پاس اگر کوئی شخص آکر کہتا کہ میں نے خواب میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دیدار کیا ہے تو وہ اس سے پوچھتے بتاؤ کس صورت میں تم نے دیکھا ہے، اگر وہ ویسی صورت نہ بتاتا جیسی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت تھی تو ابن سیرین کہتے کہ تو نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت نہیں کی ہے، علماء بیان کرتے ہیں کہ اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

کسی شخص نے سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہا کہ میں نے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ہے آپ نے دریافت کیا کہ کس صورت میں دیکھا اس نے کہا میں نے سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہم شکل دیکھا ہے، اس پر ابن عباس نے رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ تو نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو درست دیکھا۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ آپ کی خاص صورت اور جانی پہچانی

صفات کے ساتھ آپ کی حقیقت کا ادراک ہے اور اس کے سوا میں دیکھنا مثال کا ادراک ہے۔لیکن درست بات یہی ہے جس پر تمام محدثین متفق ہیں کہ جس صورت میں بھی دیکھے حقیقۃً حضور ہی کا دیکھنا ہے۔صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔لیکن آپ کی خاص صورت میں دیکھنا اتم واکمل ہے۔اور صورتوں میں تفاوت، آئینہ خیال کا تفاوت ہے جس کا آئینۂ خیال نوراسلام سے جتنا صاف تر اور منور ہوگا اس کی رویت اتنی ہی درست اور کامل تر ہوگی۔

مسلم شریف کی حدیث میں ہے:

من رأني في المنام فسيراني في اليقظة .

جس نے مجھے خواب میں دیکھا تو وہ بہت جلد مجھے بیداری میں دیکھے گا۔

اس حدیث کی چند وجوہ سے توجیہیں کی گئی ہیں

ایک، یہ کہ وہ آخرت میں دیکھے گا، حالاں کہ علماء بیان کرتے ہیں کہ آخرت میں ساری امت ہی دیدار مصطفیٰ سے بہرہ ور ہوگی، خواب میں رویت کی تخصیص کیا ہے۔علماء کہتے ہیں کہ ایسی رویت کے لیے خاص قسم کی رویت اور مخصوص قسم کی قربت ہوگی۔ممکن ہے بعض گنہگاران امت بعض اوقات میں جمال جہاں آراء کی رویت سے اپنے گناہوں کی بدبختی سے محروم رہیں، بخلاف ایسی رویت کے کہ وہ اس محرومی اور ناکامی سے محفوظ ہو جائیں۔

دوسری، وجہ یہ کہ بیداری میں دیکھنے سے مراد خواب میں دیکھنے کی تاویل اور اسکی صحت ہے اور یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اہل زمانہ کے ساتھ مخصوص ہے، گویا کہ انھیں بشارت دی گئی ہے کہ اہل زمانہ میں جو بھی خواب میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھنے سے مشرف ہوگیا امید ہے کہ وہ شرف صحبت سے بھی مشرف ہوگا۔یہ معنی اظہر ہیں۔

جیسا کہ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ ایک شخص حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور عرض کیا میرا باپ بہت بوڑھا ہے وہ حضور کی خدمت میں حاضر ہونے کی طاقت نہیں رکھتا لیکن وہ خواب میں حضور کے دیدار سے مشرف ہوگیا ہے تو آپ نے فرمایا:

من رانی فی المنام فسیرانی فی الیقظة

اور یہ بھی ممکن ہے کہ بعض مستعد و مقربان بارگاہ اور سالکان راہ کے لیے بشارت ہو کہ وہ گاہ بگاہ اس نعمت سے مشرف ہو کر بیداری میں دیدار کرنے کے مرتبہ و سعادت سے ہمکنار ہو جائیں۔ مگر علمائے کرام حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دنیا سے رحلت فرما جانے کے بعد بیداری میں رویت ہونے کے خلاف ہیں۔

صاحب مواہب لدنیہ اپنے شیخ سے نقل کرتے ہیں کہ انھوں نے فرمایا ہم میں سے کوئی ایک بھی خواہ وہ صحابہ کرام میں سے ہو، یا ان کے بعد والوں میں سے بیداری میں شرف دیدار سے مشرف نہ ہوا۔

اور یہ بات تو بخوبی تحقیق سے ثابت ہے کہ سیدتنا فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رحلت پر انتہائی غم واندوہ میں رہیں حتیٰ کہ بقول صحیح اسی غم نہانی میں گھل گھل کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رحلت کے چھ ماہ بعد دنیا سے رخصت فرما گئیں۔ حالاں کہ آپ کا گھر قبر انور کے جوار میں تھا۔ مگر اس ساری مدت فراق میں کسی ایک نے بھی ان سے بیداری میں حضور کے دیدار کی روایت نقل نہیں کی۔

نیز مواہب لدنیہ میں ابن ابی حمیرہ کی عبارت نقل کی ہے انھوں نے کہا کہ سلف وخلف کی ایک ایسی جماعت نے ذکر کیا ہے جو اس حدیث ''من رانی فی المنام الخ '' کی تصدیق کرتی ہے کہ ہم نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اس کے بعد بیداری میں دیدار سے مشرف ہوئے۔ اور انھوں نے

حضور سے اپنی پریشانیوں اور مشکلات سے نجات پانے کا ذریعہ معلوم کیا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں اس سے رو خلاصی کی راہیں ہدایت فرمائیں۔

اگر انسان کرامات اولیاء پر اعتقاد نہ رکھے تو اس سے بحث ہی نہیں ہوسکتی، اس لیے کہ اس سے جو بھی کہا جائے گا وہ اس کی تکذیب کرے گا اور اگر وہ اعتقاد رکھتا ہے اور تصدیق کرتا ہے تو اس سے کہنا چاہیے کہ بیداری میں دیدار سے مشرف ہونا بھی انھیں کرامتوں کے زمرہ میں سے ہے۔ اس لیے کہ اولیائے کرام کے لیے ایسے ایسے خرق عادات اور عجیب وغریب واقعات خواہ وہ عالم علوی سے ہوں یا عالم سفلی سے منکشف ہوتے ہیں جن پر کسی اور انسان کی دسترس ناممکن ہے ۔ ہاں وہ ارباب قلوب جو ہمیشہ مراقبہ وتوجہ میں قائم رہتے ہیں اور نفسانی کدورتوں سے پاک وصاف اور دنیا واہل دنیا سے مطلقاً کنارہ کش اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جمال پر انوار کے عاشق ومشتاق رہتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک ولی اپنے تمام اہل و عیال اور مال ومنال سے جدا ہو جاتا ہے پھر وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دیدار اس شان کے ساتھ کرتا ہے جس طرح کہ حضور سیدنا غوث الاعظم شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عالم شہود میں اپنی آنکھوں سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت متمثلہ کی زیارت کی۔ اور ان کو اتنا اختیار تھا کہ وہ ہر عالم میں جہاں جسمانی علائق سے مبرا ہوتے ہیں حالت ذوق میں کلام کرتے ہیں۔

حضرت شیخ ابو العباس مرسی سے مروی ہے کہ انھوں نے کہا کہ اگر مجھ سے ایک لحظہ کے لیے جمال جہاں آراء سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پوشیدہ ہو جائے تو میں اپنے آپ کو مسلمان میں شمار نہ کروں۔ یہ بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سنن وآداب اور سلوک ومناہج میں دوامی مشاہدہ وحضور پر محمول ہے۔ دوامی مراقبہ، حضور غلبۂ شوق ومحبت، رویت بچشم خیال اور مثال کا تصور کرنا یہ اہل طلب اور اصحاب سلوک کا ایک مرتبہ ہے جس سے وہ متمتع اور محظوظ ہوتے ہیں۔ جیسا کہ خواب میں جائز ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جو ہر شریف متصور ومتمثل ہو جائے اور اس میں شیطان کے متصور ومتمثل ہونے کا شبہ تک نہ رہے۔

یہ بات بیداری میں بھی حاصل ہوتی ہے جیسا کہ سونے والا نیند میں دیکھتا ہے۔ جاگنے والا بیداری میں دیکھتا ہے۔

خلاصہ مبحث یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بعد از رحلت دیکھنا مثالی ہے جیسا کہ نیند میں دیکھا جاتا ہے اسی طرح بیداری میں بھی مشرف ہوا جا سکتا ہے۔ اور وہ وجود مبارک جو مدینہ منورہ میں اپنی قبر شریف میں آسودہ ہے وہی متمثل ہوتا ہے اور ایک آن میں متعدد مقامات میں جلوہ افروز ہوتا ہے جو عوام کو خواب میں اور خواص کو بیداری میں دیدار سے مشرف فرماتا ہے۔

صاحب مواہب لدنیہ خود فرماتے ہیں کہ جو شخص اولیائے کرام کی کرامتوں کی تصدیق کرتا ہے اور یہ کہ اولیائے کرام اس قابل ہیں کہ ان پر زمین و آسمان کی ہر چیز بے شک و شبہ منکشف ہو جائے تو یہ دیدار بھی اسی قبیل سے ہے۔

امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ عوام میں سے ہر وہ شخص جو کچھ خواب میں دیکھتا ہے اسے خواص حالت بیداری میں پاتے ہیں، اور عوام جو کچھ محنت و مشقت سے حاصل کرتے ہیں اولیائے کرام ان کو اللہ تعالیٰ کی موہبت و عطا سے پاتے ہیں۔

تنبیہ

اگر چہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خواب میں دیدار سے مشرف ہونا حق و ثابت ہے لیکن علماء فرماتے ہیں کہ خواب میں جو کچھ از قبیل احکام سنے اس پر عمل نہ کرے، یہ اس بناء پر نہیں کہ رویت میں کوئی شک یا تردد ہے بلکہ اس لیے کہ خواب میں یعنی نیند کی حالت میں ضبط و حفظ ناپید ہے، جیسا کہ علماء فرماتے ہیں:

اور احکام سننے سے مراد ایسے شرعی احکام ہیں جو دین و شریعت کے مخالف ہوں (ان پر عمل نہیں کیا

جائے گا) ورنہ بعض وہ علوم جو اس قبیل سے نہیں ہیں ان کے ماننے اور ان پر عمل کرنے میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ کیوں کہ بکثرت محدثین کرام نے احادیث کریمہ کی تصحیح حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کی ہے اور عرض کیا ہے کہ فلاں حدیث آپ سے روایت کی گئی؟ اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں یا نہیں۔ اور بیداری میں رویت سے بھی بعض مشائخ نے استفادۂ علوم کیا ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ، جلد اول)

زیارت اور اس کے لیے سفر

روضۂ منورہ کی زیارت، اس کے ثواب وفوائد اور اس کے لیے سفر کرنے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

علماء فرماتے ہیں زیارت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اعظم قربات وافضل طاعات سے ہے بہت برآرندۂ مقاصد وحاجات، قریب بدرجۂ موکدہ واجبات، بلکہ بعض نے وجوب کی تصریح فرمائی۔ فقیر کہتا ہے دلیل اسی کو مقتضی۔

علماء مختلف ہیں کہ پہلے حج کرے یا زیارت، لباب میں ہے حج نفل میں مختار ہے اور فرض ہو تو پہلے حج، مگر مدینہ طیبہ راہ میں آئے تو تقدیم زیارت لازم۔ یعنی بے زیارت گزر جانا گستاخی، اور فقیر کو علامہ سبکی کا یہ ارشاد بہت بھایا کہ پہلے حج کرے تا کہ پاک کی زیارت پاک ہو کر ملے۔ ع

پاک شو اول و پس دیدہ براں پاک انداز

اور سفر مدینہ طیبہ خاص بقصد زیارت شریفہ ہو اور بیشک یہ امر شرعاً محمود، اور زیارت اقدس اعظم مقصود، اور حدیث میں لا تعمله الا زيارتي موجود، یعنی اسے کوئی کام نہ ہو میری زیارت کے سوا۔ اسے طبرانی نے روایت کیا۔

دوسری حدیث میں ہے زارنی متعمداً

بالقصد میری زیارت کرے۔ اسے عقیلی نے روایت کیا۔

تیسری حدیث میں ہے زارنی بالمدینة محتسبا ثواب کی نیت سے میری زیارت کے لیے مدینہ میں حاضر ہو۔ اسے ابن ابی الدنیا اور بیہقی نے روایت کیا۔

چوتھی حدیث میں ہے قصدنی فی مسجدی

میرا قصد کرے میری مسجد میں آئے۔

اسے شیخ محقق نے جذب القلوب میں ذکر کیا ہے۔

(بخاری شریف کی حدیث ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا لا تشدوا الرحال الا الی ثلثة مساجد المسجد الحرام و مسجد الرسول و المسجد الاقصی .

کجاوے نہ باندھے جائیں مگر تین ہی مسجدوں یعنی مسجد حرام و مسجد رسول و مسجد اقصی کی طرف۔

اس حدیث کا سیدھا سادہ مطلب جس کو تمام شراح حدیث نے سمجھا ہے، یہی ہے کہ تمام دنیا میں تین ہی مسجدیں یعنی مسجد حرام، مسجد رسول، مسجد اقصی ایسی مساجد ہیں جن کو تمام دنیا کی مسجدوں پر اجر وثواب کے معاملہ میں ایک خاص فضیلت حاصل ہے۔ لہٰذا ان تین مسجدوں کی طرف کجاوے باندھ کر دور دور سے سفر کر کے جانا چاہیئے لیکن ان تین مسجدوں کے سوا چونکہ دنیا بھر کی تمام مسجدیں اجر وثواب کے معاملہ میں برابر ہیں اس لیے ان تین مسجدوں کے سوا کسی دوسری مسجد کی طرف کجاوے باندھ کر دور دور سے سفر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ۔ اس حدیث کو مشاہدۂ مقابر کی طرف نسبت کرنے یا نہ کرنے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ)

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

اقول: علاوہ بریں وہ تمام احادیث جن میں زیارت قبر شریف کی ترغیب وتاکید اور اس کے ترک پر وعید وتہدید ہمارے مدعا کے گواہ وشہید، طرفہ بات یہ ہے کہ شارع صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس امر کی طرف بتاکید بلائے اور اس کے ترک پر وعید فرمائے اس کا قصد ناجائز قرار پائے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **انما الاعمال بالنیات** یہ عجیب کار ثواب ہے جس کی نیت موجب عذاب ہے۔ **و لا حول و لا قوة إلا بالله العلی العظیم .**

رہی حدیث، **لا تشدوا الرحال** ائمہ دین نے تصریح فرمائی کہ وہاں ان تینوں مسجدوں کے سوا اور مسجد کے لیے بالقصد سفر کرنے سے مانع نہیں۔ اور قاطع نزاع یہ ہے کہ بعینہ یہی حدیث بروایت حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ امام احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی مسند میں بسند حسن یوں روایت کی:

لا ینبغی للمسعی ان تشد رحاله الی مسجد تبتغی فیه الصلوٰة غیر المسجد الحرام و الاقصی و مسجدی هذا.

ناقہ کو سزاوار نہیں کہ اس کے کجاوے کسی مسجد کی طرف بغرض نماز کسے جائیں سوا مسجد حرام ومسجد اقصیٰ اور میری اس مسجد کے۔

تو خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد سے حضور کی مراد واضح ہوگئی۔

امام ابن الہمام فرماتے ہیں میرے نزدیک افضل یہ ہے کہ سفر خاص بقصد زیارت والا کرے یہاں تک کہ اس کے ساتھ مسجد شریف کا بھی ارادہ نہ ہو کہ اس میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم زیادہ ہے جب حاضر ہوگا حاضری مسجد خود ہو جائے گی یا اس کی نیت دوسرے سفر پر رکھے۔

روضۂ انور کی زیارت باعث شفاعت ہے

حدیث صحیح میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جس نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوگئی۔ اسے ابن خزیمہ وغیرہ نے اپنی صحیح میں روایت کیا۔

حدیث: جو میری زیارت کو آیا کہ اسے سوا زیارت کے کچھ کام نہ تھا مجھ پر حق ہوگیا کہ روز قیامت اس کا شفیع ہوں۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

حدیث: جو مدینہ میں بہ نیت ثواب میری زیارت کرنے آئے میں ان کا شفیع و گواہ ہوں۔

اسے ابن ابی الدنیا وغیرہ نے روایت کیا۔

حدیث: جو میرے انتقال کے بعد میری زیارت کرے گویا اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی اور میں روز قیامت اپنے زائر کا گواہ یا شفیع ہوں گا۔ اسے عقیلی وغیرہ نے روایت کیا۔

حدیث: جو میری قبر کی یا فرمایا میری زیارت کرے میں اس کا شافع و شاہد ہوں۔ اسے ابو داؤد الطیالسی وغیرہ نے روایت کیا۔

حج اور زیارت

حدیث: جو مکہ جا کر حج کرے پھر میرے قصد سے میری مسجد میں حاضر ہو اس کے لیے دو حج مبرور لکھے جائیں۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: حج مبرور کی جزا سوائے جنت کے کچھ نہیں۔ اسے مالک وغیرہ نے روایت کیا۔

حدیث: جس نے حج کیا اور میری زیارت کو نہ آیا اس نے مجھ پر جفا کی۔ اسے ابن حبان و دارقطنی وغیرہما

نے روایت کیا۔

زیارت کے فوائد

حدیث: جو بالقصد میری زیارت کو حاضر ہو روز قیامت میرے سایہ دامان میں ہو۔

حدیث: جو حجۃ الاسلام بجالائے اور میری قبر کی زیارت سے مشرف ہو اور ایک جہاد کرے اور بیت المقدس میں نماز پڑھے اللہ تعالیٰ اس سے فرائض کا حساب نہ لے۔ اسے ابوالفتح الازدی نے روایت کیا۔

حدیث: جو امتی میری مقدرت رکھتا ہو پھر میری زیارت نہ کرے اس کے لیے کوئی عذر نہیں۔ اسے ابن النجار نے روایت کیا۔

خواب میں زیارت اقدس

امام احمد رضا بریلوی سے سوال ہوا کہ

جناب رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شکل مبارک میں شیطان متمثل نہیں ہوتا۔ نفس بھی متمثل ہوتا ہے یا نہیں؟ اگر ہوتا ہے تو شناخت کیا ہے؟

آپ نے فرمایا:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم متواتر حدیث میں فرماتے ہیں:

من رآنی فقد رأی الحق فان الشیطان لا یتمثل بی .

جس نے مجھے دیکھا حق دیکھا کہ شیطان میری وضع نہیں بنا سکتا۔

اسے احمد و بخاری و مسلم نے ابوقتادہ سے اور ترمذی نے انس سے اور ابوداؤد نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا۔

نفس کا کسی دوسری شکل میں متشکل ہو کر دھوکہ دینا مسموع نہیں۔ واقع میں بھی اگر اسے تمثل کی قدرت ہی نہ دی گئی جب تو جواب ہے کہ شیطان سے معنی عام مراد ہو جو نفس امارہ کو بھی شامل، یا حدیث بحکم دلالۃ النص اسے مشتمل، و الا لزم ان یکون الدلیل اخص من المدعی بہرحال نفس کا بھی شکل اقدس میں متمثل ہونا ہرگز ممکن نہیں۔ اور وجہ اس کی وہی مباینت کلیہ ہے۔ حق عزوجل حقیقت جامعہ ہے۔ یھدی من یشاء و یضل من یشاء اور حضور انور اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خالص ہدایت ہیں اور نفس و شیطان محض اضلال تو ان کا صورت کریمہ میں تمثل باطل و محال۔ و الحمد لله ذی الجلال .

اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے کسی شناخت کی کیا حاجت، وہ خود اپنی آپ شناخت ہیں۔

آفتاب آمد دلیل آفتاب

(فتاویٰ رضویہ ج۱۱، ص۱۷)

زیارت اقدس ہی سے متعلق ایک دوسرے سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

خواب میں زیارت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ضرور حق ہے اور اس میں شیطان کی مداخلت نہیں، خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحاح احادیث میں فرماتے ہیں:

من رانی فقد رأی الحق فان الشیطان لا یتمثل بی .

جس نے خواب میں مجھے دیکھا تو صحیح دیکھا کہ شیطان میری صورت نہیں بن سکتا۔

بایں ہمہ اگر خواب میں کوئی شخص ارشاد اقدس سے ایسی بات سنے جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شریعت ثابتہ کے خلاف ہے وہ ہرگز نہ مانی جائے گی۔ اور اس خواب دیکھنے والے کے سننے کی خطا سمجھی جائے گی۔

سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں کسی شخص نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اور اس کی سمجھ میں یہ فرمانا آیا کہ ''شراب پی'' جاگا تو اس خواب سے متحیر تھا، بہت لوگوں سے پوچھا کسی سے شافی جواب نہ پایا، بالآخر امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا، ارشاد یہ ہوا ہے کہ شراب نہ پی، تیرے سننے کی غلطی ہے، بعد کو معلوم ہوا واقع میں وہ شخص شراب پیتا تھا اور اسے ترک کی طرف ہدایت فرمائی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۳۰)

زیارت روضۂ انور کا ادب

اختیار شرح مختار و فتاویٰ عالمگیریہ وغیرہا میں حاضری روضۂ اقدس کی نسبت فرماتے ہیں:

یقف کما یقف فی الصلاة .

حضور روضۂ انور میں نماز کی طرح کھڑا ہو۔

منسک متوسط و مسلک متقسط میں ہے (**ثم توجه**) **ای بالقلب و القالب مع رعایته غایة الادب فقام اتجاه الوجه الشریف خاضعا خاشعا مع الذلة و الانکسار و الھیبة و الافتقار واضعا یمینه علی شماله ای تادبا فی حال اجلاله .**

یعنی پھر نہایت ادب کی رعایت کے ساتھ روضۂ اقدس کی طرف دل اور بدن دونوں سے منہ کر کے چہرۂ انور کے مقابل خضوع و خشوع و ذلت و انکسار اور حضوری کی ہیبت اور حضور کی طرف محتاجی کے ساتھ سیدھا ہاتھ بائیں پر حضور کے ادب و تعظیم کے لیے باندھے ہوئے کھڑا ہو۔

صحیح حدیث میں ہے صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم حضور کے سامنے ایسے بیٹھتے

کان رؤسھم الطیر .

گویا ان کے سروں پر پرندے ہیں، یعنی بے حس وحرکت کہ پرندے لکڑی سمجھ کر سر پر آ بیٹھیں۔

شفاء شریف میں ہے کان مالک اذا ذکر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتغیر لونہ و ینحنی حتی یصعب ذلک علی جلسائہ .

سیدنا امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر پاک آتا ان کا رنگ بدل جاتا اور جھک جاتے یہاں تک کہ حاضران مجلس کو ان کی وہ حالت دشوار گزرتی۔

(فتاوی رضویہ ج ۹، ص ۳۴۵)

مزار کریم کا بوسہ

روضۂ اقدس کی زیارت اور مزار انور کے بوسہ سے متعلق امام احمد رضا بریلوی ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:

عالم مدینہ علامہ سید نور الدین سمہودی قدس اللہ سرہ خلاصۃ الوفا شریف میں جدار مزار انور کے لمس وتقبیل وطواف سے ممانعت کے اقوال نقل کر کے فرماتے ہیں:

کتاب العلل و السوالات بعبد اللہ بن احمد بن حنبل میں ہے

سالت ابی عن الرجل یمس منبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتبرک و یمسہ و یقبلہ و یفعل بالقبر مثل ذلک رجاء ثواب اللہ تعالیٰ فقال لا باس بہ .

یعنی احمد بن حنبل کے صاحبزادے فرماتے ہیں میں نے باپ سے پوچھا کوئی شخص رسول اللہ صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منبر کو چھوئے اور بوسہ دے اور ثواب الٰہی کی امید پر ایسا ہی قبر شریف کے ساتھ کرے فرمایا اس میں کوئی حرج نہیں۔

امام اجل تقی الملۃ والدین علی بن عبدالکافی سبکی قدس سرہ الملکی شفاء السقام پھر سید نور الدین خلاصۃ الوفاء میں بروایت یحییٰ بن الحسن عن عمر بن خالد عن ابی نباتۃ عن کثیر بن یزید عن المطلب بن عبداللہ بن حطب ذکر فرماتے ہیں۔

کہ مروان نے ایک صاحب کو دیکھا کہ مزار اعطر سید اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لپٹے ہوئے ہیں قبر شریف پر اپنا منہ رکھے ہیں مروان نے ان کی گردن پکڑ کر کہا جانتے ہو یہ تم کیا کر رہے ہو انھوں نے اس کی طرف منہ کیا اور فرمایا:

نعم انی لم آت الحجر انما جئت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

ہاں میں سنگ وگل کے پاس نہ آیا میں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور حاضر ہوا ہوں۔

میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا، **لا تبکوا علی الدین اذا ولیہ اھلہ و لکن ابکوا علی الدین اذا ولیہ غیر اھلہ .**

دین پر نہ رو جب اس کا والی اس کا اہل ہو ہاں دین پر رو جب نا اہل اس کا والی ہو۔

سید قدس سرہ فرماتے ہیں: **رواہ احمد بسند حسن** امام احمد نے یہ حدیث بسند حسن روایت فرمائی۔

نیز فرماتے ہیں: **روی ابن عساکر بسند جید عن ابی الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان بلالا رای النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ھو یقول ما ھذہ الجفوۃ یا بلال اما ان لک ان تزورنی فانتبہ حزینا خائفا فرکب راحلتہ و قصد المدینۃ فاتی قبر رسول اللہ**

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فجعل یبکی عندہ و یمرغ وجھہ علیہ .

یعنی ابن عسا کرنے بسند صحیح ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام کو چلے گئے تھے ایک رات خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان سے فرماتے ہیں یہ کیا جفا ہے کیا وہ وقت نہ آیا کہ تو ہماری زیارت کو حاضر ہو بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ غمگین اور ڈرتے ہوئے جاگے اور بقصد زیارت اقدس سوار ہوئے مزار انور پر حاضر ہوکر رونا شروع کیا اور اپنا منہ قبر شریف پر ملتے تھے۔

امام حافظ عبدالغنی وغیرہ اکابر فرماتے ہیں :

لیس الاعتماد فی السفر للزیارۃ علی مجرد منامہ بل علی فعلہ ذلک و الصحابۃ متوفرون و لم تخف علیھم القصۃ .

یعنی زیارت اقدس کے لیے شد الرحال کرنے میں ہم فقط خواب پر اعتماد نہیں کرتے بلکہ اس پر کہ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ کیا اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم بکثرت موجود تھے اور انھیں معلوم ہوا اور کسی نے اس پر انکار نہ فرمایا۔

عالم مدینہ فرماتے ہیں : ذکر الخطیب بن حملۃ ان بلالا رضی اللہ تعالیٰ عنہ وضع خدیہ علی القبر الشریف و ان ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما کان یضع یدہ الیمین علیہ ثم قال و لا شک ان الاستغراق فی المحبۃ یحمل علی الاذن فی ذلک و القصد بہ التعظیم و الناس تختلف مراتبھم کما فی الحیواۃ فمنھم من لا یملک نفسہ بل یبادر الیہ و منھم من فیہ اناۃ فیتاخر اھ .

و نقل عن ابن ابی الصیف و المحب الطبری جواز تقبیل قبور الصالحین و عن

اسمٰعیل التیمی قال کان ابن المنکدر یصیبه الصمات فکان یقوم فیضع خده علی قبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فعوقب فی ذلک فقال انه یستشفی بقبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم.

یعنی خطیب بن حملہ نے ذکر کیا کہ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قبر انور پر اپنے دونوں رخسارے رکھے اور ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنا داہنا ہاتھ اس پر رکھتے، پھر کہا شک نہیں کہ محبت میں استغراق اس میں اذن پر باعث ہوتا ہے اور اس سے مقصود تعظیم ہے اور لوگوں کے مرتبے مختلف ہیں جیسے زندگی میں، تو کوئی بے اختیارانہ اِس کی طرف سبقت کرتا ہے اور کسی میں تحمل ہے وہ پیچھے رہتا ہے۔

اور ابن ابی الصیف اور امام محب الطبری سے نقل کیا کہ مزارات اولیاء کو بوسہ دینا جائز ہے۔ اور اسماعیل تیمی سے نقل کیا کہ ابن المنکدر تابعی کو ایک مرض لاحق ہوتا کہ کلام دشوار ہو جاتا تو وہ کھڑے ہوتے اور اپنا رخسارہ قبر انور سید اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر رکھتے کسی نے اس پر اعتراض کیا فرمایا میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مزار اقدس سے شفا حاصل کرتا ہوں۔

علامہ شیخ عبدالقادر فاکہی مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کتاب مستطاب حسن التوسل فی زیارۃ افضل الرسل میں فرماتے ہیں :

تمریغ الوجه و الخد و اللحیة بتراب الحضرة الشریفة و اعتابها فی زمن الخلوۃ المأمون فیها توهم عامی محذورا شرعیا بسببه امر محبوب حسن لطلابها و امر لا بأس به فیما یظهر لکن لمن کان له فی ذلک قصد صالح و حمله علیه فرط الشوق و الحب الطافح.

یعنی خلوت میں جہاں اس کا اندیشہ نہ ہو کہ کسی جاہل کا وہم اس کے سبب کسی ناجائز شرعی کی طرف

جائے گا ایسے وقت بارگاہ اقدس کی مٹی اور آستانے پر اپنا منہ اور رخسارہ اور داڑھی رگڑنا مستحب و مستحسن ہے جس میں کوئی حرج معلوم نہیں مگر اس کے لیے جس کی نیت اچھی ہو اور افراط شوق اور غلبۂ محبت اسے اس پر باعث ہو۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۳۴۹، ۳۵۰)

روضۂ انور میں قندیلیں

عالم مدینہ طیبہ امام اجل سید ابوالحسن علی نور الدین بن عبد اللہ سمہودی مدنی قدس سرہ معاصر امام اجل جلال الملۃ والدین سیوطی رحمہما اللہ تعالیٰ نے (کہ دونوں حضرات کی وفات شریف ۹۱۱ھ میں ہوئی) کتاب مستطاب خلاصۃ الوفاء باخبار دار المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تصنیف ۸۹۳ھ کے باب رابع کی شانزدگانہ فصلوں میں فصل ۱۱، روضۂ اقدس کے تزک و احتشام وشیشہ آلات وسامان روشنی کے بیان میں وضع فرمائی۔ اسی فصل روضۂ انور میں فرماتے ہیں :

اما معاليق الحجرة الشريفة التى تعلق حولها من قناديل الذهب و الفضة و نحوهما و لم اعلم على ابتداء حدوثها الا ان ابن النجار قال فى سقف المسجد الذى بين القبلة و الحجرة على راس الزوار اذوقفوا معلق نيف و اربعون قنديلا كبارا و صغارا من الفضة المنقوشة و الساذجة و فيها اثنان من بلور و واحد من ذهب و قمر من فضة مغموس فى الذهب و هذه تنفذ من البلد ان من الملوك و ارباب الحشمة . انتهى .

و عمل من ذكر مستمر بذلك لم تزل هذه القناديل فى زيادة و من احسن ما رايت من معاليق الحجرة قنديل من فولاد كبيرا حسن التكوين مخرما مكفتا بذهب يضئ اذا اسرج فيه و عليه مكتوب ان الناصر محمد بن قلادون علقه بيدها هناك .

حاصل یہ کہ روضۂ انور کا سامان روشنی، سونے کی قندیلیں اور چاندی کی اور ان کے مثل اور قیمتی چیزوں کی کہ روضۂ مطہرہ کے گرد آویزاں کی جاتی ہیں۔ مجھے معلوم نہ ہوا کہ ان کی ابتدا کب سے ہے ہاں امام حافظ الحدیث محمد بن محمد بن النجار متوفی ۶۴۶ھ نے اپنی کتاب "الدرۃ الثمینۃ فی اخبار المدینۃ" میں فرمایا کہ سقف مسجد کریم کے اتنے ٹکڑے میں کہ دیوار قبلہ سے حجرۂ مقدسہ تک ہے۔ جب زائرین مواجہہ اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کھڑے ہوں، ان کے سروں پر چالیس سے زائد قندیلیں آویزاں ہیں، بڑی بڑی اور چھوٹی چاندی کی نقشی اور سادی اوران میں دو بلور کی ہیں ایک سونے کی، اور ایک چاندی کا چاند ہے سونے میں مغرق ہے، اور یہ شہروں شہروں سے سلاطین وامراء حاضر کیا کرتے ہیں۔ انتہیٰ۔

اور یہ دستور برابر چلا آتا ہے ہمیشہ ان قندیلوں میں ترقی ہوتی رہی اور روضۂ مطہرہ کی تمام آویزاں روشنیوں میں سب سے زیادہ خوبصورت جو میں نے دیکھی وہ فولادی بڑی قندیل ہے کہ نہایت خوبصورت بنی ہوئی ہے اس کے پیٹ اور کناروں پر سونا چڑھا ہوا ہے کہ اس میں روشنی کرنے سے دکمنے لگتا ہے۔ اس پر لکھا ہوا ہے کہ ناصر محمد بن قلادون نے اسے یہاں اپنے ہاتھ سے لٹکایا۔

یہاں یہ معلوم ہوا کہ روشنی خاص روضۂ منورہ کے لیے ہی ہے اور یہ کہ کتنی کثیر وشاندار ہے اور یہ کہ صدہا سال سے ہے اور یہ کہ عثمانی سلطنت سے بھی بہت پہلے سے ہے۔

علامہ قطب الدین مکی حنفی معاصر امام ابن حجر مکی رحمہما اللہ تعالیٰ کتاب الاعلام باعلام بیت اللہ الحرام ص ۳۰، میں اس واقعہ کا ذکر فرماتے ہیں۔ جب سلطان مراد خاں بن سلطان سلیم خاں بن سلیمان خاں رحمہم الرحمٰن نے ۹۸۴ھ میں باب عالی سے سونے کی تین قندیلیں بیش بہا جواہرات سے مرصع محمد چاویش خاں کے ہاتھ حاضر کی ہیں کہ وہ کعبہ معظمہ کے اندر آویزاں کی جائیں۔

اور ایک حجرہ مزار اطہر میں چہرۂ انور کے مقابل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

جب مکہ معظمہ میں آئے حضرت شریف مکہ سیدی حسن بن ابی نمی حسنی اور ناظر حرم محترم قاضی مدینہ منورہ شیخ الاسلام سید العلماء سیدی حسین حسینی مکی اور قاضی مکہ معظمہ مولانا مصلح الدین لطفی بگ زادہ مع جملہ اعیان واکابر حرم محترم میں حاضر ہوئے۔

فرماتے ہیں و كافة العلماء و الفقهاء و الموالى .

یعنی مکہ معظمہ کے تمام علماء وفقہاء وسردار، گرد کعبہ معظمہ جمع ہوئے، پھر آستانہ عالیہ کی طرف سے حضرت شریف ودیگر عظماء کو خلعت پہنائے گئے۔ کعبہ معظمہ کا دروازہ کھولا گیا، سیدنا الشریف نے خلعت پہنا اور طواف کعبہ معظمہ کیا، ادھر وہ طواف میں ہیں ادھر رئیس موذناں قبہ زمزم پر سلطنت وشریف کے لیے بآواز بلند دعا کر رہا ہے اور تمام حاضر دعا وآمین میں مشغول ہیں۔ بعد فراغ طواف ورکعتین طواف حضرت شریف کعبہ معظمہ کے اندر حاضر ہوئے اور اپنے دست مبارک سے قندیلیں آویزاں کیں۔ سب حاضرین جملہ علماء و فقہاء و امراء و عظماء نے فاتحہ پڑھی اور دعائیں کیں اور جلسہ ختم ہوا۔

علامہ ممدوح فرماتے ہیں و كان يوما شريفا مشهودا ووقتا مبار كا متيمنا مسعودا.

وہ دن بزرگ اور تمام اعیان مکہ کی حاضری کا تھا اور وہ وقت مبارک اور فرخندہ باسعادت تھا۔

پھر محمد چاویش باقی قندیلیں لے کر سرکار اعظم مدینہ طیبہ حاضر ہوئے۔

علامہ فرماتے ہیں و اجتمعت له اكابر المدينة الشريفة و اعيانها و علمائها و صلحائها.

ان کے پاس مدینہ طیبہ کے اکابر وعمائد وعلماء وصلحاء سب جمع ہوئے۔

و عمل موكب شريف فى الحرم الشريف النبوى .

حرم کریم میں محفل عظیم منعقد کی گئی۔

و فتحت الحجرة الشريفة النبوية على ساكنها افضل الصلاة و السلام.

حجرۂ طاہرہ مزار پرانوار حضرت سید ابرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھول دیا گیا۔

و علق ذلك القنديل تجاه وجهه النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم.

اور وہ سونے کی قندیل جواہر بے بہا سے مرصع روئے انور سید اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مواجہہ اقدس میں آویزاں کی گئی۔

و قرء ت الفواتح و حصل الدعاء.

حاضرین نے فاتحہ پڑھی اور دعا کی۔ اور مجلس بخیر و خوب ختم ہوئی۔

سلطان مراد خاں نے سب سے پہلے سونے کی قندیل لگائی

علامہ ممدوح اس حکایت کا خاتمہ ان لفظوں پر فرماتے ہیں :

وهو اول من علق قناديل الذهب فی الحرمين الشريفين من سلاطين آل عثمان خلد الله تعالیٰ سلطنتهم و قد سبق بهذه المنقبة الشريفة آباء ه السلاطين العظام.

یعنی سلاطین آل عثمان میں کہ اللہ عزوجل ان کی سلطنت کو ہمیشہ رکھے، سلطان مراد خاں نے اس کی پہل کی کہ حرمین محترمین میں سونے کی قندیلیں آویزاں کیں۔ وہ اس عظیم منقبت میں اپنے باپ دادا سلاطین پر سبقت لے گئے۔

اس خاتمہ سے دو فائدے ظاہر ہوئے۔

ایک یہ کہ سلاطین عثمانیہ سے پہلے سلاطین بھی سونے کی قندیلیں حاضر کرتے، سلاطین عثمانیہ میں پہلے یہ سعادت سلطان محمد مراد خان نے پائی۔

دوسرے یہ کہ علامہ ممدوح اس کا استحسان فرماتے اور اسے منقبت شریفہ بتاتے ہیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۵۵، ۱۵۶۔ بریق المنار)

زیارت کا ادب واحترام

روضۂ انور کی زیارت کے آداب واصول سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں :

اختیار شرح مختار اور عالمگیری میں ہے۔

ثم ینهض فیتوجه الی قبره صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و لا یضع یده علی جدار التربة فهو اهیب و اعظم للحرمة و یقف کما یقف فی الصلاة .

یعنی پھر کھڑا ہو کہ قبر اکرم حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہو، اور تربت کریمہ کی دیوار پر ہاتھ نہ رکھے کہ اس میں زیادہ ہیبت و تعظیم حرمت کریمہ ہے اور یوں ہاتھ باندھ کر کھڑا ہو جیسا نماز میں کھڑا ہوتا ہے۔

منسک متوسط اور اس کی شرح مسلک متقسط علی قاری میں ہے۔

و لیغتنم ایام مقامه بالمدینة المشرفة فیحرص علی ملازمة المسجد و ادامة النظر الی الحجرة الشریفة ان تیسر و القبة المنیفة ان تعسر مع المهابة و الخضوع و الخشوع و الخشیة ظاهرا و باطنا فانه عبادة کالنظر الی الکعبة الشریفة .

یعنی مدینہ طیبہ میں حاضری کے دنوں کو غنیمت جانے، اکثر اوقات مسجد کریم میں حاضر رہے اور ہو سکے تو مزار اطہر کے حجرۂ مقدسہ ورنہ اس کے گنبد مبارک ہی کو دیکھتا رہے، خوف وادب اور خشوع وخضوع کے ساتھ کہ اس پر نگاہ ہی عبادت ہے جیسے کعبہ معظمہ پر نظر۔

مزارانور کی طرف پشت نہ کرے

علامہ عبدالقادر فاکہی مکی تلمیذ امام ابن حجر مکی رحمہما اللہ تعالیٰ، حسن التوسل فی زیارۃ افضل الرسل، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں فرماتے ہیں:

و منها ان لا يستدبر القبر الشريف.

یعنی آداب میں سے ہے کہ قبر اقدس کو پشت نہ کرے۔

سید قدس سرہ نے خلاصۃ الوفاء میں فرمایا:

فی الصلاة و لا فی غیرها.

نہ نماز میں ادھر پیٹھ کرے نہ نماز کے غیر میں۔

پھر امام عزالدین بن عبدالسلام سے نقل فرمایا۔

اذا اردت صلاة فلا تجعل حجرته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وراء ظهرک و لا بین یدیک و الادب معه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بعد وفاته مثله فی حیاته فما کنت صانعه فی حیاته فاصنعه بعد وفاته من احترامه و الاطراق بین یدیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

جب تو نماز پڑھنا چاہے تو حجرۂ مطہرہ مزار اطہر کو پیٹھ نہ کر نہ نماز میں اپنے سامنے رکھ، حضور اقدس

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ادب بعد وفات بھی ویسا ہی ہے جیسا عالم حیات ظاہر میں تھا تو جیسا تو اس وقت ادب کرتا اور حضور کے سامنے سر جھکاتا ایسا ہی مزار اطہر کے حضور کر۔

خواب میں حصول زیارت کی درود

حدیث شریف میں ہے کہ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خواب میں جمال جہاں آراء کی زیارت سے مشرف ہونے کے لیے تعلیم فرمائی۔

در منظم امام ابوالقاسم محمد لولوی بستی میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

من صلی علی روح محمد فی الارواح و علی جسده فی الاجساد و علی قبره فی القبور رانی فی منامه و من رانی فی منامه رانی یوم القیمة و من رانی یوم القیمة شفعت له و من شفعت له شرب من حوضی و حرم الله جسده علی النار.

جو محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح اقدس پر ارواح میں اور جسم اطہر پر اجسام میں اور قبر انور پر قبور میں درود بھیجے وہ مجھے خواب میں دیکھے اور جو خواب میں دیکھے مجھے قیامت میں دیکھے گا اور جو مجھے قیامت میں دیکھے گا میں اس کی شفاعت فرماؤں گا اور جس کی میں شفاعت فرماؤں گا وہ میرے حوض کریم سے پئے گا اور اللہ عزوجل اس کے بدن پر دوزخ کو حرام فرمائے گا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۵۸، بریق المنار)

مروان کی نااہلی

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مسند شریف میں بسند حسن روایت فرماتے ہیں :

اقبل مروان یوما فوجد رجلا واضعا وجهه علی القبر فاخذ مروان برقبته ثم قال هل تدری ما تصنع فاقبل علیه فقال نعم انی لم آت الحجر انما جئت رسول الله صلی الله

تعالیٰ علیہ وسلم و لم آت الحجر سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم یقول لا تبکوا علی الدین اذ ولیہ اھلہ و لکن ابکوا علی الدین اذا ولیہ غیر اھلہ.

یعنی مروان نے اپنے زمانہ تسلط میں ایک صاحب کو دیکھا کہ قبر اکرم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اپنا منھ رکھے ہوئے ہیں، مروان نے ان کی گردن مبارک پکڑ کر کہا جانتے ہو کیا کر رہے ہو، اس پر ان صاحب نے اس کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا ہاں میں سنگ وگل کے پاس نہیں آیا ہوں میں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور حاضر ہوا ہوں، میں اینٹ پتھر کے پاس نہ آیا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا، دین پر نہ روؤ جب اس کا اہل اس پر والی ہو، ہاں اس وقت دین پر روؤ جب کہ نا اہل والی ہو۔ یہ صحابی سیدنا ابوایوب انصاری تھے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۶۰۔ بریق المنار)

زیارت کے بعد

روضۂ انور کے زائرین زیارت اقدس سے فارغ ہونے کے بعد کیا کریں؟ اس کی توضیح کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

منسک متوسط ومسلک متقسط واختیار شرح مختار وفتاویٰ عالمگیری میں ہے و اللفظ للاخیرین فانہ ابسط. کہ بعد زیارت سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہاتھ بھر ہٹ کر سر اقدس صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقابل ہو اور بعد سلام عرض کرے۔

جزاک اللہ عنا افضل ما جزی اماما عن امۃ نبیہ و لقد خلفتہ باحسن خلف و سلکت طریقہ و منھاجہ خیر مسلک و قاتلت اھل الردۃ و البدع و مھدت الاسلام و وصلت الارحام و لم تزل قائلا للحق ناصرا لاھلہ حتی اتاک الیقین.

آپ کو اللہ تعالیٰ ہم سے جزا وعوض نیک دے بہتر اس عوض کا جو کسی امام کو اس کے نبی کی امت سے عطا فرمایا ہو بیشک آپ نے بہترین خلافت سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نیابت کی اور بہترین روش سے حضور کی راہ وطریقہ پر چلے، آپ نے اہل ارتداد و بدعت سے قتال کیا آپ نے اسلام کو آراستگی دی، آپ نے صلہ رحم فرمایا، آپ ہمیشہ حق گو اور اہل حق کے ناصر رہے یہاں تک کہ آپ کو موت آئی۔

پھر ہٹ کر قبر مبارک حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے محاذی ہو اور بعد سلام عرض کرے۔

جزاک الله عنا افضل الجزاء و رضی عمن استخلفک فقد نظر للاسلام و المسلمین حیا و میتا فکفلت الایتام و وصلت الارحام و قوی بک الاسلام کنت للمسلمین اماما مرضیا و هادیا و مهدیا جمعت شملهم و اغنیت فقیرهم و جبرت کسیرهم.

اللہ تعالیٰ آپ کو بہتر بدلہ دے اور ان سے راضی ہو جنھوں نے آپ کو خلیفہ کیا (یعنی صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کہ انھوں نے اپنی زندگی اور موت دونوں حال میں اسلام و مسلمین کی رعایت فرمائی، آپ نے یتیموں کی کفالت اور رحم کا صلہ کیا، اسلام نے آپ سے قوت پائی، آپ مسلمانوں کے پسندیدہ پیشوا اور رہنمائے راہ یاب ہوئے، آپ نے ان کا جتھا باندھا اور ان کے محتاجوں کو غنی کر دیا اور ان کی شکستہ دلی کو دور فرمایا۔ (فتاوی رضویہ ج ۴، ص ۲۹۳۔ حیات الموات)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے۔

لباب وشرح لباب واختیار وفتاوی ہندیہ میں ہے **واللفظ للاولین فانه اتم بعد زیارت**

فاروق بقدر ایک بالشت کے سرہانے کی طرف پلٹے اور وزیرین جلیلین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے درمیان کھڑا ہو کر بعد اعادۂ سلام وذکر مآثر اسلام عرض کرے۔

جزاکما الله من ذلک مرافقته في جنته و ايانا معكما برحمته انه ارحم الراحمين و جزاكما الله عن الاسلام و اهله خير الجزا جئنا يا صاحبي رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم زائرين لنبينا و صديقنا و فاروقنا و نحن نتوسل بكما الى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ليشفع لنا الى ربنا.

اللہ تعالیٰ آپ دونوں صاحبوں کو ان خوبیوں کے عوض اپنی جنت میں اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رفاقت عطا فرمائے اور آپ کے ساتھ ہمیں بھی، بیشک وہ ہر مہر والے سے زیادہ مہر والا ہے اللہ آپ دونوں کو اسلام و اہل اسلام کی طرف سے بہتر بدلہ کرامت فرمائے۔ اے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دونوں یارو! ہم اپنے نبی اور اپنے صدیق اور اپنے فاروق کی زیارت کو حاضر ہوئے اور ہم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف آپ دونوں سے توسل کرتے ہیں تاکہ حضور ہمارے رب کے پاس ہماری شفاعت فرمائیں۔

اسی طرح مدخل میں ہے:

يتوسل بهما الى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و يقدمهما بين يديه شفيعين في حوائجه.

یعنی حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف توسل کرے اور انھیں حاجتوں میں شفیع بنا کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آگے کرے۔

(فتاویٰ رضویہ ج۴، ص۳۰۱۔ حیات الموات)

قبر انور کی طرف رخ کرے

امام ابن الہمام فتح القدیر کے آخر کتاب الحج میں فرماتے ہیں:

یأتی القبر الشریف و یستقبل جداره و یستدبر القبلة و ما عن ابی اللیث یقف مستقبل القبلة مردود بما روی ابو حنیفة رضی الله تعالیٰ عنه فی مسنده عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال من السنة ان تأتی قبر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من قبل القبلة و تجعل ظهرک الی القبلة و تستقبل القبلة بوجهک ثم تقول السلام علیک ایها النبی و رحمة الله و برکاته الا ان یحمل علی نوع ما من الاستقبال و ذلک انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی القبرا الشریف المکرم علی شقة الایمن مستقبل القبلة و قالوا فی زیارة القبور مطلقاً الاولیٰ ان یاتی الزائر من قبل رجل المتوفی لامن قبل راسه فانه اتعب لبصر المیت . بخلاف الاول لانه یکون مقابل بصره ناظر الی جهة قدمیه اذا کان علی جنبیه فعلی هذا تکون القبلة عن یسارا الواقف من جهة قدمیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بخلاف ما کان من جهة وجهه الکریم فاذا اکثر الاستقبال الیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لاکل الاستقبال یکون استدباره القبلة اکثر من اخذه الی جهتها فیصدق الاستدبار و نوع من الاستقبال الخ.

یعنی مزار انور حضور سید اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کو حاضر ہو روضہ اقدس کی طرف منہ اور قبلہ کو پیٹھ کرے اور وہ جو فقیہ ابو اللیث سے نقل کیا گیا کہ قبلہ رو کھڑا ہو مردود ہے۔ اس حدیث سے کہ امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی مسند میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ سنت یوں

ہے کہ مزار اقدس کے حضور قبلہ کی طرف سے آئے قبلہ کو پشت اور قبر انور کی طرف منہ کرے، پھر عرض رسا ہو سلام حضور پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں، ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ ایک گونہ قبلے کی طرف ہونا مراد لیں اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبر منور میں دہنی کروٹ پر قبلہ رو تشریف فرما ہیں۔ اور علماء کرام نے عام قبروں کی زیارت میں حکم دیا ہے کہ زائر کو چاہیے کہ میت کی پائنتی کی طرف سے آئے نہ سرہانے کی جانب سے کہ اس میں مردے کی نگاہ کو تکلیف ہوتی ہے بخلاف پہلی صورت کے کہ یوں آنے والا میت کی نگاہ کے سامنے ہوگا اس لیے کہ میت جب کروٹ سے ہو تو اس کی نظر اپنے پاؤں کی طرف ہے تو اس تقدیر پر جب یہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاؤں کی طرف سے حاضر ہوگا قبلہ اس کے بائیں ہاتھ کو ہوگا زیادہ رخ جانب قبر ہوگا اور ایک گوشہ جانب قبلہ ہوگا تو پشت بقبلہ بھی ہوا اور ایک گونہ قبلہ کی طرف جھکا ہونا بھی صادق آیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۳۴۶۔ الوفاق المتین)

جسم اقدس سے متصل زمین

قبر انور کی جو زمین جسم اقدس سے متصل ہے اس سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

تربت اطہر یعنی وہ زمین کہ جسم انور سے متصل ہے کعبہ معظمہ بلکہ عرش سے بھی افضل ہے۔ صرح **به ابن عقیل الحنبلی و تلقاه العلماء بالقبول .**

باقی مزار شریف کا بالائی حصہ اس میں داخل نہیں۔ کعبہ معظمہ مدینہ طیبہ سے افضل ہے ہاں اس میں اختلاف ہے کہ مدینہ طیبہ سوائے موضع تربت اطہر اور مکہ معظمہ سوائے کعبہ مکرمہ ان دونوں میں کون افضل ہے۔ اکثر جانب ثانی ہیں اور اپنا مسلک اول، اور یہی مذہب فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے۔ طبرانی کی حدیث میں تصریح ہے کہ :

المدينة افضل من مكة

مدینہ، مکہ سے افضل ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۶۸۷)

زیارت کے احکام وآداب

سرکار اعظم مدینہ طیبہ حضور حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ عالی میں حاضری کے احکام و آداب پر مشتمل امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی عاشقانہ تحریر یہ ہے۔

(۱) زیارت اقدس قریب بواجب ہے۔

(۲) حاضری میں خاص زیارت اقدس کی نیت کرو یہاں تک کہ امام ابن الہمام فرماتے ہیں، اس بار مسجد شریف کی بھی نیت نہ کرے۔

(۳) راستہ بھر درود وذکر شریف میں ڈوب جاؤ۔

(۴) جب حرم مدینہ نظر آئے بہتر یہ ہے کہ پیادہ ہولو، روتے، سر جھکاتے، آنکھیں نیچی کیے اور ہو سکے تو ننگے پاؤں چلو بلکہ۔

جائے سر است ایں کہ تو پای نہی
پائے نہ بینی کہ کجا می نہی

حرم کی زمیں اور قدم رکھ کے چلنا
ارے سر کا موقع ہے او جانے والے

(۵) جب قبہ انور پر نگاہ پڑے درود وسلام کی کثرت کرو۔

(۶) جب شہر اقدس تک پہنچو جلال و جمال محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تصور میں غرق ہو جاؤ۔

(۷) حاضری مسجد سے پہلے تمام ضروریات جن کا لگاؤ دل بٹنے کا باعث ہو نہایت جلد فارغ ہو، ان کے سوا کسی بے کار بات میں مشغول نہ ہو، معاً وضو اور مسواک کرو اور غسل بہتر، سفید و پاکیزہ کپڑے پہنو اور نئے بہتر، سرمہ اور خوشبو لگاؤ اور مشک افضل ہے۔

(۸) اب فوراً آستانہ اقدس کی طرف نہایت خشوع و خضوع سے متوجہ ہو، رونا نہ آئے تو رونے کا منہ بناؤ اور دل کو بزور رونے پر لاؤ اور اپنی سنگ دلی سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف التجا کرو۔

(۹) جب در مسجد پر حاضر ہو صلاۃ وسلام عرض کر کے تھوڑا ٹھہرو جیسے سرکار سے حاضری کی اجازت مانگتے ہو، بسم اللہ کہہ کر سیدھا پاؤں پہلے رکھ کر ہمہ تن ادب ہو کر داخل ہو۔

(۱۰) اس وقت جو ادب و تعظیم فرض ہے ہر مسلمان کا دل جانتا ہے آنکھوں، کان، زبان، ہاتھ، پاؤں دل سب خیال غیر سے پاک کرو، مسجد اقدس کے نقش و نگار نہ دیکھو۔

(۱۱) اگر کوئی ایسا سامنے آ جائے جس سے سلام کلام ضرور ہو تو جہاں تک بنے کترا جاؤ ورنہ ضرورت سے زیادہ نہ بڑھو پھر بھی دل سرکار ہی کی طرف ہو۔

(۱۲) ہرگز ہرگز مسجد اقدس میں کوئی حرف چلا کر نہ نکلے۔

(۱۳) یقین جانو کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سچی حقیقی دنیاوی جسمانی حیات سے ویسے ہی زندہ ہیں جیسے وفات شریف سے پہلے تھے ان کی اور تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی موت صرف وعدۂ خدا کی تصدیق کو ایک آن کے لیے تھی، ان کا انتقال صرف نظر عوام سے چھپ جانا ہے۔

امام محمد بن الحاج مکی مدخل اور امام احمد قسطلانی مواہب لدنیہ میں اور ائمہ دین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین فرماتے ہیں :

لا فرق بین موته و حیاته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی مشاهدته لامته و معرفته باحوالهم و نیاتهم و عزائمهم و خواطرهم و ذلک عنده جلی لا خفاء به .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات و وفات میں اس بات میں کچھ فرق نہیں کہ وہ اپنی امت کو دیکھ رہے ہیں اور ان کی حالتوں اور ان کی نیتوں، ان کے ارادوں، ان کے دلوں کے خیالوں کو پہچانتے ہیں اور یہ سب حضور پر ایسا ہی روشن ہے جس میں اصلاً پوشیدگی نہیں۔

امام رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تلمیذ امام محقق ابن الہمام منسک متوسط اور علی قاری مکی اس کی شرح مسلک متقسط میں فرماتے ہیں:

انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عالم بحضورک و قیامک و سلامک ای بجمیع احوالک و افعالک و ارتحالک و مقامک .

بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تیری حاضری اور تیرے کھڑے ہونے اور تیرے سلام بلکہ تیرے تمام احوال و افعال و کوچ و مقام سے آگاہ ہیں۔

(۱۴) اب کمال ادب میں ڈوبے ہوئے گردن جھکائے، آنکھیں نیچی کیے، لرزتے، کانپتے، گناہوں کی ندامت سے پسینہ پسینہ ہوتے، حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عفو و کرم کی امید رکھتے حضور والا کی پائیں یعنی مشرق کی طرف سے مواجہہ عالیہ میں حاضر ہو کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مزار انور میں روبقبلہ جلوہ فرما ہیں، اس سمت سے حاضر ہو کہ حضور کی نگاہ بے کس پناہ تمھاری

طرف ہوگی اور یہ بات تمھارے لیے دونوں جہاں میں کافی ہے۔

(۱۵) اب کمال ادب وہیبت وخوف وامید کے ساتھ زیر قندیل اس چاندی کی کیل کے جو حجرۂ مطہرہ کے جنوبی دیوار میں چہرۂ انور کے مقابل لگی ہے کم از کم چار ہاتھ کے فاصلہ سے قبلہ کو پیٹھ اور مزار انور کو منھ کر کے نماز کی طرح ہاتھ باندھے کھڑے ہو۔

لباب وشرح لباب واختیار شرح مختار فتاوٰی عالمگیری وغیرہا معتمد کتابوں میں ادب کی تصریح فرمائی کہ :

یقف کما فی الصلوٰۃ .

حضور کے سامنے ایسا کھڑا ہو جیسا نماز میں کھڑا ہوتا ہے۔ یہ عبارت عالمگیری واختیار کی ہے۔

اور لباب میں فرمایا: **واضعا یمینه علی شماله .**

دست بستہ داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھ کر کھڑا ہو۔

(۱۶) خبردار جالی شریف کو بوسہ دینے یا ہاتھ لگانے سے بچو کہ خلاف ادب ہے بلکہ چار ہاتھ فاصلہ سے زیادہ قریب نہ جاؤ۔ یہ ان کی رحمت کیا کم ہے کہ تم کو اپنے حضور بلایا، اپنے مواجہہ اقدس میں جگہ بخشی، ان کی نگاہ کریم اگرچہ ہر جگہ تمھاری طرف تھی اب خصوصیت اور اس درجہ قرب کے ساتھ ہے۔

(۱۷) الحمد للہ اب کہ دل کی طرح تمھارا منھ بھی اس پاک جالی کی طرف ہے جو اللہ عزوجل کے محبوب عظیم الشان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آرام گاہ ہے نہایت ادب و وقار کے ساتھ بآواز حزیں و صورت درد آگیں و دل شرمناک وجگر چاک چاک معتدل آواز سے نہ بلند وسخت (کہ ان کے حضور آواز بلند کرنے سے عمل اکارت ہوجاتے ہیں) نہ نہایت نرم وپست (کہ سنت کے خلاف

ہے اگرچہ وہ تمھارے دلوں کے خطروں تک سے آگاہ ہیں جیسا کہ ابھی تصریحات ائمہ سے گزرا) مجری وتسلیم بجالاؤ اور عرض کرو۔

السلام علیک ایھا النبی و رحمة الله و بر کاته، السلام علیک یا رسول الله ، السلام علیک یا خیر خلق الله ، السلام علیک یا شفیع المذنبین ، السلام علیک و علی آلک و اصحابک و امتک اجمعین .

(۱۸) جہاں تک ممکن ہو اور زبان یاری دے اور ملال وکسل نہ ہو صلاۃ وسلام کی کثرت کرو، حضور سے اپنے لیے اور اپنے ماں باپ، پیر، استاذ، اولاد، عزیزوں، دوستوں اور سب مسلمانوں کے لیے شفاعت مانگو، بار بار عرض کرو **اسئلک الشفاعة یا رسول الله .**

(۱۹) پھر اگر کسی نے عرض سلام کی وصیت کی بجالاؤ، شرعاً اس کا حکم ہے۔

(۲۰) پھر اپنے دہنے ہاتھ یعنی مشرق کی طرف ہاتھ بھر ہٹ کر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چہرۂ نورانی کے سامنے کھڑے ہو کر عرض کرو **السلام علیک یا خلیفة رسول الله ، السلام علیک یا صاحب رسول الله فی الغار و رحمة الله و بر کاته.**

(۲۱) پھر اتنا ہی اور ہٹ کر حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رو برو کھڑے ہو کر عرض کرو **السلام علیک یا امیر المومنین ، السلام علیک یا متمم الاربعین ، السلام علیک یا عز الاسلام و المسلمین و رحمة الله وبر کاته .**

(۲۲) پھر بالشت بھر مغرب کی طرف پلٹو اور صدیق و فاروق کے درمیان کھڑے ہو کر عرض کرو **السلام علیکما یا خلیفتی رسول الله ، السلام علیکما یا وزیری رسول الله ، السلام علیکما یا ضجیعی رسول الله و رحمة الله و بر کاته اسئلکما**

الشفاعۃ عند رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و علیکما یا بارک و سلم۔

(۲۳) روضۂ انور پر نظر بھی عبادت ہے جیسے کعبہ معظمہ یا قرآن مجید کا دیکھنا، تو ادب کے ساتھ اس کی کثرت کرو اور درود و سلام عرض کرو۔

(۲۴) پنج گانہ یا کم از کم صبح و شام مواجہہ شریف میں عرض سلام کے لیے حاضر ہو۔

(۲۵) شہر میں یا شہر سے باہر جہاں کہیں گنبد مبارک پر نظر پڑے فوراً دست بستہ ادھر منہ کر کے صلاۃ و سلام عرض کرو، بغیر اس کے ہرگز نہ گزرو کہ خلاف ادب ہے۔

(۲۶) قبر کریم کو ہرگز پیٹھ نہ کرو اور حتی الامکان نماز میں بھی ایسی جگہ کھڑے ہو کہ پیٹھ کرنی نہ پڑے۔

(۲۷) روضۂ انور کا نہ طواف کرو نہ سجدہ نہ اتنا جھکنا کہ رکوع کے برابر ہو، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ان کی اطاعت میں ہے۔

(۲۸) وقت رخصت مواجہ انور میں حاضر ہو اور حضور سے بار بار اس نعمت کی عطا کا سوال کرو اور سچے دل سے دعا کرو کہ الٰہی ایمان و سنت پر مدینہ طیبہ میں مرنا اور بقیع پاک میں دفن ہونا نصیب ہو۔

(فتاویٰ رضویہ، ج ۴، ص ۷۲۰ تا ۷۲۴۔ انوار البشارۃ)

روضۂ انور کی طرف پشت کرنا منع ہے

زیارت اقدس کے آداب و احترام کو مزید واضح و آشکارا کرتے ہوئے ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

سرکار اعظم مدینہ طیبہ صلی اللہ تعالیٰ علی من طیبھا وآلہ وسلم میں روضۂ انور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کے سامنے نمازیوں کی صفیں کی صفیں ہوتی ہیں جن کا سجدہ خاص روضۂ انور کی طرف ہوتا ہے مگر نیت استقبال قبلہ کی ہے نہ استقبال روضۂ اطہر کی، لہٰذا ہمیشہ علمائے کرام نے اسے جائز رکھا ہاں بلا مجبوری مزار اقدس کو پیٹھ کرنے سے منع فرمایا اگرچہ نماز میں ہو۔

منسک متوسط اور اس کی شرح مسلک متقسط ملا علی قاری میں ہے۔

(لا یستد بر القبر المقدس) ای فی صلاۃ و لا غیرھا الا بضرورۃ ملجئۃ الیہ.

ضرورت شدیدہ کے علاوہ نماز اور غیر نماز میں روضۂ انور کی طرف پشت نہ کرے۔ (مولف)

نیز شرح مذکور میں ہے۔

لا تکرہ الصلاۃ خلف الحجرۃ الشریفۃ الا اذا قصد التوجہ الی قبرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

روضۂ انور کے پیچھے نماز مکروہ نہیں ہے مگر جب کہ قبر شریف کی طرف توجہ مقصود ہو تو مکروہ ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۲۰)

اختیار شرح مختار و فتاویٰ عالمگیریہ میں تصریح ہے۔

یتوجہ الی قبرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و یقف کما یقف فی الصلاۃ و یمثل صورتہ الکریمۃ البھیۃ . اھ . .

یعنی قبر شریف سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف توجہ کرے اور یوں کھڑا ہو جیسے نماز میں کھڑا ہوتا ہے۔ اور حضور کی صورت مبارک کا تصور باندھے۔

(فتاویٰ رضویہ، جلد ۴، ص ۵۲۳۔ انہار الانوار)

زیارت میں کمال ادب

منسک متوسط اور اس کی شرح مسلک متقسط میں ہے۔

فاذا فرغ من ذلک قصد التوجه الی القبر المقدس و فرغ القلب من کل شئ من امور الدنیا و اقبل بکلیته لما هو بصدده لیصلح قلبه للاستمداد منه صلی الله تعالی علیه وسلم و لیلاحظ مع ذلک الاستمداد من سعة عفوه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و عطفه و رافته (ای شدة رحمته علی سائر العباد) ان یسامحه فیما عجز عن ازالته من قلبه ثم توجه (ای بالقلب و القالب) مع رعایة غایة الادب فقام تجاه الوجه الشریف متواضعا خاضعا خاشعا مع الذلة و الانکسار و الخشیة و الوقار و الهیبة و الافتقار غاض الطرف مکفوف الجوارح (من الحرکات) فارغ القلب (عمن سوی مقصوده و مرامه) واضعا یمینه علی شماله (تادبا فی حال اجلاله مستقبلا للوجه الکریم مستدبرا للقبلة ناظرا الی الارض متمثلا صورته الکریمة فی خیالک مستشعرا بانه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عالم بحضورک و قیامک و سلامک (بل بجمیع افعالک و احوالک و ارتحالک و مقامک) مستحضرا عظمته و جلالته و شرفه و قدره صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ثم قال من غیر رفع صوت (لقوله تعالیٰ ان الذین یغضون اصواتهم عند رسول الله الآیة) و لا اخفاء (ای بالمرة لفوت الاسماع الذی هو السنة و ان کان لا یخفی شئ علی الحضرة) بحضور (قلب و استحیاء) السلام علیک ایها النبی و رحمة الله و برکاته ثم یقول یا رسول الله اسألک الشفاعة ثلثا (لانه اقل مراقب الالحاح لتحصیل المنال فی مقام الدعاء و السوال)

یعنی جب مقدمات زیارت سے فارغ ہو قبر انور کی طرف توجہ کا قصد اور دل کو تمام خیالات دنیویہ سے فارغ کرے اور ہمہ تن اس طرف متوجہ ہو جائے تا کہ اس کا قلب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استمداد کے لائق ہو بایں ہمہ جو خیال مجبورانہ دل میں باقی رہے جس کے ازالہ پر قادر نہ ہو اس کی معافی کے لیے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کمال مغفرت ومہربانی ورافت اور تمام بندوں پر حضور کی شدت رحمت سے مدد مانگے پھر دل بدن دونوں سے نہایت ادب کے ساتھ مواجہ شریفہ میں حاضر ہو تواضع وخضوع وخشوع و تذلل وانکسار وخوف ووقار وہیبت واحتیاج کے ساتھ آنکھیں بند کیے اعضا کو حرکت سے روکے دل اس مقصود مبارک کے سوا سب سے فارغ کیے ہوئے ادب وتعظیم حضور کے لیے داہنا ہاتھ بائیں پر رکھے حضور کی طرف منہ اور قبلے کو پیٹھ کرے نگاہ زمین پر جمائے رہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت کریمہ کا تصور باندھے اور ہوشیار ہو کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی حاضری وقیام وسلام بلکہ تمام افعال و احوال اور منزل بمنزل کے قیام وارتحال پر مطلع ہیں اور حضور کی عظمت وجلال وشرف ومنزلت کو خوب خیال کرے پھر نہ تو آواز بلند ہو کہ اللہ تعالیٰ ان کے حضور پست آواز کا حکم دیتا ہے نہ بالکل آہستہ جس میں سنانے کی سنت فوت ہو اگر چہ سرکار پر کچھ پوشیدہ نہیں اس طرح حضور قلب وشرم وحیاء کے ساتھ عرض کرے السلام علیک ایھا النبی و رحمۃ اللہ و برکاتہ پھر کہے یارسول اللہ میں حضور سے شفاعت مانگتا ہوں، یارسول اللہ میں حضور سے شفاعت مانگتا ہوں، یارسول اللہ میں حضور سے شفاعت مانگتا ہوں۔ تین بار اس لیے کہے کہ یہ دعا وسوال میں حصول مقصود کے واسطے ادنیٰ مرتبہ الحاح کا ہے۔

اس کے بعد امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

ان کلمات طیبات سے آفتاب نیمروز کی طرح روشن وآشکار ہو گیا کہ ہنگام توسل محبوبان خدا کی طرف منہ کرنا چاہیے اگر چہ قبلہ کو پیٹھ ہو اور دل کو ان کی طرف خوب متوجہ کرے یہاں تک کہ ہر این وآں خاطر سے محو ہو جائے اور ان کے لیے خضوع وخشوع محمود ومشروع اور اس میں ان کا زمانہ وفات ظاہری و

حضور مرقد و ذکر مجرد سب برابر ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۳۵، ۵۳۶۔ انہار الانوار)

خواب میں حضور کے ارشاد کا حکم

خواب میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد اقدس سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت سے خواب میں مشرف ہونا اگرچہ بلاشبہ حق ہوتا ہے یہ خواب کبھی اضغاث احلام سے نہیں ہوتا حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ فرماتے ہیں:

من رأني في المنام فقد رأني فان الشيطان لا يتمثل بي .

جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھی کو دیکھا کہ شیطان میری مثال بن کر نہیں آسکتا۔

یہ حدیث احمد و بخاری و ترمذی نے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت فرمائی۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

من رأني فقد رأى الحق فان الشيطان لا يتزيابي .

جس نے مجھے دیکھا اس نے حق دیکھا کہ شیطان میری وضع نہ بنائے گا۔

اسے احمد بخاری و مسلم نے ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

مگر ازانجا کہ حالت خواب میں ہوش و حواس عالم بیداری کی طرح ضبط و تیقظ پر نہیں ہوتے لہٰذا خواب میں جو ارشاد سنے مثل سماع بیداری مورث یقین نہیں ہوتا۔ اس کا ضابطہ یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جو ارشادات بیداری میں ثابت ہو چکے ان پر عرض کریں اگر ان سے مخالف نہیں تو ٹھیک

ہے خواہ ارشاد صریح کے مطابق ہو یا نہ ہو، ایسی حالت میں اس ارشاد کا ماننا چاہئے، اور مخالف ہے تو یقین کریں گے کہ صاحب خواب کے سننے میں فرق ہوا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حق فرمایا اور بوجہ تکدر حواس کہ اثر خواب ہے اس کے سننے میں غلط آیا۔

جیسے ایک شخص نے خواب دیکھا کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے مے کشی کا حکم دیتے ہیں امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا حضور نے مے کشی سے نہی فرمائی تیرے سننے میں الٹی آئی۔

اس امر میں فاسق و متقی برابر ہیں نہ متقی کا سماع واجب الصحۃ نہ فاسق کا بیان یقینی الکذب بلکہ ضابطہ مطلقۃ یہی ہے جو مذکور ہوا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۲۳، ۲۲۴)

ثواب کی بات پر عمل کا حکم

خلعی اپنے فوائد میں حمزہ بن عبد المجید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے راوی:

رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی النوم فی الحجر فقلت بابی انت و امی یا رسول اللہ انہ قد بلغنا عنک انک قلت من سمع حدیثا فیہ ثواب فعمل بذلک الحدیث رجاء ذلک الثواب اعطاہ اللہ ذلک الثواب و ان کان الحدیث باطلا فقال ای و رب ہذہ البلدۃ انہ لمنی و انا قلتہ۔

میں نے حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں حطیم کعبہ میں دیکھا عرض کی یا رسول اللہ میرے ماں باپ حضور پر قربان ہمیں حضور سے حدیث پہنچی ہے کہ حضور نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص کوئی حدیث ایسی سنے جس میں کسی ثواب کا ذکر ہو وہ اس حدیث پر بامید ثواب عمل کرے اللہ عزوجل اسے وہ ثواب عطا فرمائے اگرچہ حدیث باطل ہو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں قسم اس شہر کے رب

کی بیشک یہ حدیث مجھ سے ہے اور میں نے فرمائی ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حدیث ۴: حسن بن عرفہ اپنے جزء حدیثی اور ابوالشیخ مکارم الاخلاق میں سیدنا جابر بن عبداللہ الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور دارقطنی اور موہبی کتاب فضل العلم میں سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور کامل جحدری اپنے نسخہ میں اور عبداللہ بن محمد بغوی ان کے طریق سے اور ابن حبان اور ابوعمر بن عبدالبر کتاب العلم اور ابواحمد بن عدی کامل میں سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیہم اجمعین فرماتے ہیں:

من بلغه عن الله عزوجل شئ فيه فضيلة فاخذ به ايمانا به و رجاء ثوابه اعطاه الله تعالىٰ ذلك و ان لم يكن كذلك .

جسے اللہ تبارک وتعالیٰ سے کسی بات میں کچھ فضیلت کی خبر پہنچے وہ اپنے یقین اور اس ثواب کی امید سے اس بات پر عمل کرے اللہ تعالیٰ اسے وہ فضیلت عطا فرمائے اگرچہ خبر ٹھیک نہ ہو۔

امام احمد وابن ماجہ وعقیلی سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ما جاء كم عني من خير قلته او لم اقله فاني اقوله و ما جاء كم عني من شر فاني لا اقول الشر.

تمہیں جس بھلائی کی مجھ سے خبر پہنچے خواہ وہ میں نے فرمائی ہو یا نہ فرمائی ہو میں اسے فرماتا ہوں اور جس بری بات کی خبر پہنچے تو میں بری بات نہیں فرماتا۔

ابویعلی اور طبرانی معجم اوسط میں سیدنا ابی حمزہ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من بلغه عن الله تعالیٰ فضيلة فلم يصدق بها لم ينلها.

جسے اللہ تعالیٰ سے کسی فضیلت کی خبر پہنچے وہ اسے نہ مانے اس فضل سے محروم رہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۵۵۷، منیر العین)

بدھ کے دن پچھنا لگانے کی ممانعت

ایک حدیث ضعیف میں بدھ کے دن پچھنے لگانے کی ممانعت آئی ہے کہ

من احتجم يوم الاربعاء و يوم السبت فاصابه برص فلا يلومن الا نفسه.

جو بدھ یا ہفتہ کے روز پچھنے لگائے پھر اس کے بدن پر سفید داغ ہو جائے تو اپنے ہی آپ کو ملامت کرے۔

امام سیوطی لآلی وتعقبات میں مسند الفردوس دیلمی سے نقل فرماتے ہیں:

سمعت ابی يقول سمعت ابا عمر و محمد بن جعفر بن مطر النيسابوری قال قلت يوما ان هذا الحديث ليس بصحيح فافتصدت يوم الاربعاء فاصابني البرص فرأيت رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم في النوم فشكوت اليه حالي فقال اياك و الاستهانة بحديثي فقلت تبت يا رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم فانتهبت و قد عافاني الله تعالیٰ و ذهب ذلك عني.

ایک صاحب محمد بن جعفر بن مطر نیشاپوری کو فصد کی ضرورت تھی بدھ کا دن تھا خیال کیا کہ حدیث مذکور تو صحیح نہیں فصد لے لی فوراً برص ہو گئی خواب میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے حضور سے فریاد کی حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ایاک و الاستهانة بحدیثی.

خبردار میری حدیث کو ہلکا نہ سمجھنا۔

انھوں نے توبہ کی آنکھ کھلی تو اچھے تھے۔

ہفتہ کے دن پچھنا لگانے کی ممانعت

لآلی میں ہے :

اخرج ابن عساکر فی تاریخه من طریق ابی علی مهران بن هارون الحافظ الرازی قال سمعت ابا معین الحسین بن الحسن الطبری یقول اردت الحجامة یوم السبت فقلت للغلام ادع الحجام فلما ولی الغلام ذکرت خبر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فاصابه وضح فلا یلومن الا نفسه قال فدعوت الغلام ثم تفکرت فقلت هذا حدیث فی اسناده بعض الضعف فقلت للغلام ادع الحجام لی فدعاه فاحتجمت فاصابنی البرص فرأیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی النوم فشکوت الیه حالی فقال ایاک و الاستهانة بحدیثی فنذرت لله نذرا لئن اذهب الله مابی من البرص لم اتهاون فی خبر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صحیحا کان او سقیما فذهب الله عنی ذلک البرص.

امام ابن عساکر روایت فرماتے ہیں ابومعین حسین بن حسن طبری نے پچھنے لگانے چاہے ہفتہ کا دن تھا غلام سے کہا حجام کو بلا لا جب وہ چلا حدیث یاد آئی پھر کچھ سوچ کر کہا حدیث میں تو ضعف ہے غرض لگا لیے برص ہوگئی خواب میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فریاد کی فرمایا :

ایاک و الاستهانة بحدیثی .

دیکھ میری حدیث کا معاملہ آسان نہ جاننا۔

انھوں نے منت مانی اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات دے تو اب کبھی حدیث کے معاملہ میں سہل انگاری نہ کروں گا صحیح ہو یا ضعیف اللہ عزوجل نے شفا بخشی۔

بدھ کے دن ناخن کتروانے کی ممانعت

علامہ شہاب الدین خفاجی مصری حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نسیم الریاض شرح امام قاضی عیاض میں فرماتے ہیں:

قص الاظفار و تقليمها سنة و رد النهى عنه فى يوم الاربعاء و انه يورث البرص. وحكى عن بعض العلماء انه فعله فنهى عنه فقال لم يثبت هذا فلحقه البرص من ساعته فرأى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى منامه فشكى اليه فقال له الم تسمع نهي عنه فقال لم يصح عندى فقال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يكفيك انه سمع ثم مسح بدنه بيده الشريفة فذهب ما به فتاب عن مخالفة ما سمع . اهـ.

علامہ طحطاوی حاشیہ درمختار میں فرماتے ہیں:

ورد فى بعض الاثار النهى عن قص الاظفار يوم الاربعاء فانه يورث و عن ابن الحاج صاحب المدخل انه هم بقص اظفاره يوم الاربعاء فتذكر ذلك فترك ثم رأى ان قص الاظفار سنة حاضرة و لم يصح عنده النهى فقصها فلحقه اى اصابه البرص فراى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى النوم فقال الم تسمع نهي عن ذلك فقال يا رسول الله لم يصح عندى ذلك فقال يكفيك ان تسمع ثم مسح صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على بدنه فزال البرص جميعا قال ابن الحاج رحمه

اللہ تعالیٰ فجددت مع اللہ توبۃ انی لا اخالف ما سمعت عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابدا.

حاصل یہ ہے کہ ایک حدیث ضعیف میں بدھ کے دن ناخن کتروانے کو آیا کہ مورث برص ہوتا ہے بعض علماء نے کتروائے کسی نے بر بنائے حدیث منع کیا فرمایا حدیث صحیح نہیں فوراً مبتلا ہو گئے خواب میں زیارت جمال بے مثال حضور پرنور محبوب ذی الجلال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہوئے شافی کافی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور اپنے حال کی شکایت عرض کی حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے نہ سنا تھا کہ ہم نے اس سے نہی فرمائی ہے عرض کی حدیث میرے نزدیک صحت کو نہ پہنچی تھی ارشاد ہوا تمھیں اتنا کافی تھا کہ حدیث ہمارے نام پاک سے تمھارے کان تک پہنچی یہ فرما کر حضور مبری الاکمہ والابرص محی الموتی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دست اقدس کہ پناہ دو جہاں و دستگیر بیکساں ہے ان کے بدن پر لگا دیا فوراً اچھے ہو گئے اور اسی وقت توبہ کی کہ اب کبھی حدیث سن کر مخالفت نہ کروں گا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲ ص ۵۶۵، ۵۶۶، ۵۶۷، منیر العین)

خواب کی رویت دل سے ہوتی ہے

خواب میں جمال جہاں آراء کی رویت و زیارت دل سے ہوتی ہے اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

عارف باللہ سیدی عبد الوہاب شعرانی قدس سرہ الربانی کتاب الیواقیت والجواہر کی بحث ثانی میں سیدی شیخ محمد مغربی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے نقل کرتے ہیں۔

انہ کان رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقول ان من ادعی رویۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کما رأتہ الصحابۃ فھو کاذب و ان ادعی انہ یراہ بقلبہ حال کون

القلب یقظانا فھذ الا یمنع منه و ذلک لان من بالغ فی کمال الاستعداد بتنظیف القلب من الرزائل المذمومة حتی من خلاف الاولیٰ صار محبوبا للحق تعالیٰ و اذا احب الحق تعالیٰ عبدا کان فی نومه من کثرۃ نورانیة قلبه کانه یقظان الخ.

شیخ محمد مغربی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو صحابۂ کرام کے مثل دیکھنے کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے اور اگر دل کے بیدار رہنے کی حالت میں دل سے دیکھنے کا دعویٰ کرے تو یہ ممنوع نہیں ہے اس لیے کہ جس کا دل بری باتوں اور خلاف اولیٰ چیزوں سے پاک ہوکر کمال استعداد کو پہنچتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا محبوب ہو جاتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو محبوب رکھتا ہے تو وہ نورانیت قلب کی کثرت سے خواب میں بیداری کی طرح دیکھتا ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۹۲ ۔ نبہ القوم)

روضۂ انور کے پاس دعا کا ادب

جب خلیفہ ابو جعفر منصور عباسی نے سیدنا امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا دعا میں قبلہ کی طرف منہ کروں یا مزار مبارک حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف فرمایا :

و لم تصرف وجھک عنه و ھو وسیلتک و وسیلة ابیک آدم علیه الصلاۃ و السلام الی اللہ تعالیٰ یوم القیامة بل استقبله و استشفع به فیشفعک اللہ تعالیٰ .

کیوں اپنا منہ ان سے پھیرتا ہے وہ قیامت کو تیرا اور تیرے باپ آدم علیہ الصلاۃ والسلام کا اللہ تعالیٰ کی طرف وسیلہ ہیں بلکہ انھیں کی طرف منہ کر اور شفاعت مانگ کہ اللہ تعالیٰ تیری درخواست قبول فرمائے۔

امام قاضی عیاض وغیرہ نے اسے شفاء وغیرہ میں بیان فرمایا ہے۔

گنہ گار حضور کو وسیلہ بنائے

اللہ تعالیٰ قرآن عظیم میں ارشاد فرماتا ہے:

و لو انهم اذ ظلموا انفسهم جاؤك فاستغفروا الله و استغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحيما.

اور اگر وہ جب اپنی جانوں پر ظلم کریں تیرے حضور حاضر ہو کر خدا سے بخشش چاہیں اور رسول ان کے لیے استغفار کرے تو بیشک اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

سبحان اللہ! خدا ہر جگہ سنتا ہے اور بے سبب مغفرت فرماتا ہے مگر ارشاد یوں ہوتا ہے کہ گنہ گار بندے تیری خدمت میں حاضر ہو کر ہم سے دعائے بخشش کریں، اور قدیماً وحدیثاً علماء وصلحاء اس آیہ کریمہ کو زمانہ حیات و وفات سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں عام اور حاضری مزار مبارک کو حاضری مجلس اقدس کی مثل سمجھا کیے اور اوقات زیارت میں یہی آیہ کریمہ تلاوت کر کے اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتے رہے۔

اس مضمون کی بہت روایات وحکایات مواہب لدنیہ ومنح محمدیہ ومدارج النبوۃ وجذب القلوب الی دیار المحبوب وخلاصۃ الوفا فی اخبار دار المصطفیٰ وغیرہا تصانیف علماء میں مذکور ومشہور بعض ان سے حضرت مقدم المحققین خدمت والد قدس سرہ الماجد (حضرت علامہ مولانا نقی علی رضا خاں صاحب بریلوی والد ماجد اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی) نے سرور القلوب فی ذکر المحبوب میں ذکر کر کے اس مسئلہ کا اثبات فرمایا من شاء فليتشرف بمطالعته. جو چاہے اس کے مطالعہ کا شرف حاصل کرے۔

اسی طرح بہت علماء مصنفان مناسک باب زیارت شریفۂ مدینہ طیبہ میں وقت حاضری اس آیت کو پڑھ کر استغفار کا حکم دیتے ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۳۸۔ انہار الانوار)

کنگرہ اقدس کو مس کر کے صحابہ کی دعا

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم سے مروی کہ رمانہ منیر اعطر کو جو مزار اقدس واز ہر پر ہے یعنی اس کے بازو پر جو گول شکل کا ایک کنگرہ سا بنا دیتے ہیں اسے داہنے ہاتھ سے مس کر کے دعا مانگا کرتے۔

قاضی عیاض شفا شریف میں فرماتے ہیں :

قال نافع كان ابن عمر رضى الله تعالىٰ عنهما يسلم على القبر رأيته مائة مرة او اكثر يجئ الى القبر فيقول السلام على النبى السلام على ابى بكر ثم ينصرف وروى و اضعا يده على مقعد النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من المنبر ثم وضعها على وجهه.

نافع نے کہا کہ میں نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضۂ اطہر کو سلام کرتے ہوئے سو مرتبہ یا اس سے بھی زائد دیکھا آپ قبر پر تشریف لاتے اور کہتے نبی علیہ السلام اور ابو بکر کو سلام ہو، پھر واپس چلے جاتے اور یہ بھی دیکھا گیا کہ منبر پر حضور کے بیٹھنے کی جگہ کو مس کر کے اپنے چہرہ پر لگاتے تھے۔

و عن ابن قسيط و العتبى كان اصحاب النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا خلا المسجد حسوا برمانة المنبر على (تلى) القبر بميا منهم ثم استقبلوا القبلة يدعون.

اور ابن قسیط وعتبی سے مروی ہے کہ جب مسجد خالی ہو جاتی تو صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس کنگرے کو اپنے داہنے ہاتھ سے چھوتے تھے جو قبر انور پر ہے پھر قبلہ رو ہو کر دعا مانگتے تھے۔

یہ دونوں حدیثیں امام ابن سعد نے کتاب الطبقات میں روایت کیں۔

(ابر المقال فی استحسان قبلۃ الاجلال)

اشعار

روضۂ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تعلق سے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے یہ مدح سرائی کی ہے :

اے مدعیو! خاک کو تم خاک نہ سمجھے — اس خاک میں مدفون شہ بطحا ہے ہمارا
ہے خاک سے تعمیر مزار شہ کونین — معمور اسی خاک سے قبلہ ہے ہمارا

●

مدد اے جوشش گریہ بہادے کوہ اور صحرا — نظر آجائے جلوۂ حجاب اس پاک تربت کا
ہوئے کم خوابی ہجراں میں ساتوں پردے کم خوابی — تصور خوب باندھا آنکھوں نے استار تربت کا
سرہانے ان کے بسمل کے یہ بے تابی کا ماتم ہے — شہ کوثر ترحم تشنہ جاتا ہے زیارت کا
وہ چمکیں بجلیاں یا رب تجلی ہائے جاناں سے — کہ چشم طور کا سرمہ ہو دل مشتاق رویت کا

●

بجا تھا عرش پہ خاک مزار پاک کو ناز
کہ تجھ سا عرش نشیں آفریدہ ہونا تھا

●

ہر چراغ مزار پر قدسی — کیسے پروانہ وار پھرتے ہیں
لاکھوں قدسی ہیں کام خدمت پر — لاکھوں گرد مزار پھرتے ہیں

●

آہ وہ عالم کہ آنکھیں بند اور لب پر درود
وقف سنگ در جبیں روضہ کی جالی ہاتھ میں

•

اس طرف روضہ کا نور اس سمت منبر کی بہار
بیچ میں جنت کی پیاری پیاری کیاری واہ واہ

•

اس میں روضہ کا سجدہ ہو کہ طواف
ہوش میں جو نہ ہو وہ کیا نہ کرے

•

پیش نظر وہ نو بہار سجدے کو دل ہے بے قرار
روکیے سر کو روکیے ہاں یہی امتحان ہے

•

جو مقصد زیارت کا بر آئے پھر تو
نہ کچھ قصد کیجئے یہ قصد دلی ہے

•

من زار تربتی وجبت لہ شفاعتی
ان پر درود جن سے نوید ان بشر کی ہے

ان کے طفیل حج بھی خدا نے کرادیے
اصل مراد حاضری اس پاک در کی ہے

کعبہ کا نام تک نہ لیا طیبہ ہی کہا
پوچھا ہم سے جس نے کہ نہضت کدھر کی ہے

عشاق روضہ سجدہ میں سوئے حرم جھکے
اللہ جانتا ہے کہ نیت کدھر کی ہے

محبوب رب عرش ہے اس سبز قبہ میں
پہلو میں جلوہ گاہ عتیق و عمر کی ہے

چھائے ملائکہ ہیں لگا تار ہے درود
بدلے ہیں پہرے بدلی میں بارش درر کی ہے

سعدین کا قران ہے پہلوئے ماہ میں
جھرمٹ کیے ہیں تارے تجلی قمر کی ہے

ستر ہزار صبح ہیں ستر ہزار شام
یوں بندگی زلف و رخ آٹھوں پہر کی ہے
جو ایک بار آئے دو بارہ نہ آئیں گے
رخصت ہی بارگاہ سے بس اس قدر کی ہے
تڑپا کریں بدل کے پھر آنا کہاں نصیب
بے حکم کب مجال پرندے کو پر کی ہے
اے وائے بے کسی تمنا کہ اب امید
دن کو نہ شام کی ہے نہ شب کو سحر کی ہے
یہ بدلیاں نہ ہوں تو کروروں کی آس جائے
اور بارگاہ مرحمت عام تر کی ہے
معصوموں کو ہے عمر میں صرف ایک بار بار
عاصی پڑے رہیں تو صلا عمر بھر کی ہے
ہیں چتر و تخت سایہ دیوار و خاک در
شاہوں کو کب نصیب یہ دھج کروفر کی ہے
کعبہ دلھن ہے تربت اطہر نئی دلھن
یہ رشک آفتاب وہ غیرت قمر کی ہے

•

کعبہ سے اگر تربت شہ فاضل ہے
کیوں بائیں طرف اس کے لیے منزل ہے
اس فکر میں جو دل کی طرف دھیان گیا
سمجھا کہ وہ جسم ہے یہ مرقد دل ہے

•

حاجیو! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو
کعبہ تو دیکھ چکے کعبہ کا کعبہ دیکھو
رکن شامی سے مٹی وحشت شام غربت
اب مدینہ کو چلو صبح دل آرا دیکھو
آب زم زم تو پیا خوب بجھائیں پیاسیں
آؤ جود شہ کوثر کا بھی دریا دیکھو
زیر میزاب ملے خوب کرم کے چھینٹے
ابر رحمت کا یہاں زور برسنا دیکھو
دھوم دیکھی ہے در کعبہ پہ بے تابوں کی
ان کے مشتاقوں میں حسرت کا تڑپنا دیکھو

مثل پروانہ پھرا کرتے تھے جس شمع کے گرد
اپنی اس شمع کو پروانہ یہاں کا دیکھو

خوب آنکھوں سے لگایا ہے غلاف کعبہ
قصر محبوب کے پردے کا بھی جلوہ دیکھو

واں مطیعوں کا جگر خوف سے پانی پایا
یاں سیہ کاروں کا دامن پہ مچلنا دیکھو

اولیں خانۂ حق کی تو ضیائیں دیکھیں
آخریں بیت نبی کا بھی تجلا دیکھو

زینت کعبہ میں تھا لاکھ عروسوں کا بناؤ
جلوہ فرما یہاں کونین کا دولھا دیکھو

ایمن طور کا تھا رکن یمانی میں فروغ
شعلہ طور یہاں انجمن آرا دیکھو

مہر مادر کا مزہ دیتی ہے آغوش حطیم
جن پہ ماں باپ فدایاں کرم ان کا دیکھو

عرض حاجت میں رہا کعبہ کفیل الحجاج
آؤ اب داد رسی شہ طیبہ دیکھو

دھو چکا ظلمت دل بوسہ سنگ اسود
خاکی بوسیِ مدینہ کا بھی رتبہ دیکھو

کر چکی رفعت کعبہ پہ نظر پروازیں
ٹوپی اب تھام کے خاک در والا دیکھو

بے نیازی سے وہاں کانپتی پائی طاعت
جوش رحمت پہ یہاں ناز گنہ کا دیکھو

جمعہ مکہ تھا عید اہل عبادت کے لیے
مجرمو آؤ یہاں عید دو شنبہ دیکھو

ملتزم سے تو گلے لگ کے نکالے ارماں
ادب و شوق کا یاں باہم الجھنا دیکھو

خوب مسعیٰ میں بامید صفا دوڑ لیے
رہ جاناں کی صفا کا بھی تماشا دیکھو

رقص بسمل کی بہاریں تو منیٰ میں دیکھیں
دل خونناِ بہ فشاں کا بھی تڑپنا دیکھو

غور سے سن تو رضاؔ کعبہ سے آتی ہے صدا
میری آنکھوں سے میرے پیارے کا روضہ دیکھو

•

قبر انور کہیے یا قصر معلّٰی نور کا
چرخ اطلس یا کوئی سادہ سا قبہ نور کا

•

وہ کلس روضے کا چمکا
سر جھکاؤ کج کلا ہو

•

سر سوئے روضہ جھکا پھر تجھ کو کیا   دل تھا ساجد نجدیا پھر تجھ کو کیا
بے خودی میں سجدۂ در یا طواف   جو کیا اچھا کیا پھر تجھ کو کیا

•

چرخ گردوں تیرے روضۂ پاک کا
سائباں سائباں سائباں ہوگیا
جس کو اس کے مکاں کا پتہ مل گیا
بے نشاں بے نشاں بے نشاں ہوگیا

•

بے ادب پا منہ ایں جا کہ عجب درگاہ ست
سجدہ گاہ ملک و روضۂ شاہنشاہ ست

•

کھلے کیا راز محبوب و محب مستان غفلت پر
شراب قد رأى الحق زیب جام من رانی ہے

•

من رانی قد رای الحق جو کہے
کیا بیاں اس کی حقیقت کیجیے

●

جنت نہ دیں، نہ دیں تیری رویت ہو خیر سے
اس گل کے آگے کس کو ہوس برگ و بر کی ہے

●

دیکھنے والوں نے کچھ دیکھا نہ بھالا نور کا
مـــــــــن رأی کیسا؟ یہ آئینہ دکھایا نور کا

●

وصف جس کا ہے آئینہ حق نما
اس خدا ساز طلعت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

سواری کے جانور وغیرہ

نور کی خیرات لینے دوڑتے ہیں مہر و ماہ
اٹھتی ہے کس شان سے گرد سواری واہ واہ

سواری کے جانوروغیرہ

زرقانی علی المواہب وغیرہ میں لکھا ہوا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ملکیت میں سات گھوڑے، پانچ خچر، تین گدھے اور دو اونٹنیاں تھیں۔ لیکن اس میں یہ تشریح نہیں ہے کہ بوقت وفات ان میں سے کتنے جانور موجود تھے کیوں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے جانور دوسروں کو عطا فرماتے رہتے تھے، کچھ نئے خریدتے، کچھ ہدایا اور نذرانوں میں ملتے بھی رہے۔

بہرحال روایات صحیحہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وفات اقدس کے وقت جو سواری کے جانور موجود تھے ان میں ایک گھوڑا تھا جس کا نام ''لحیف'' تھا۔ ایک سفید خچر تھا جس کا نام ''دلدل'' تھا یہ بہت ہی عمر دراز ہوا۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ تک زندہ رہا اتنا بوڑھا ہو گیا تھا کہ اس کے تمام دانت گر گئے تھے اور آخر میں اندھا بھی ہو گیا تھا ابن عساکر کی تاریخ میں ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی جنگ خوارج میں اس پر سوار ہوئے تھے۔

ایک عربی گدھا تھا جس کا نام ''عفیر'' تھا۔ ایک اونٹنی تھی جس کا نام ''عضباء و قصواء'' تھا یہ وہی اونٹنی تھی جس کو بوقت ہجرت آپ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے خریدا تھا اس اونٹنی پر آپ نے ہجرت فرمائی اور اسی کی پشت پر حجۃ الوداع میں آپ نے عرفات و منیٰ کا خطبہ پڑھا تھا۔

ہتھیار

چوں کہ جہاد کی ضرورت ہر وقت در پیش ہوتی رہتی تھی اس لیے آپ کے اسلحہ خانہ میں نو یا دس تلواریں، سات لوہے کی زرہیں، چھ کمانیں، ایک تیر دان، ایک ڈھال، پانچ برچھیاں، دو مغفر، تین جبے، ایک سیاہ رنگ کا بڑا جھنڈا باقی سفید و زرد رنگ کے چھوٹے چھوٹے جھنڈے تھے ایک خیمہ بھی تھا۔

ہتھیاروں میں تلواروں کے بارے میں حضرت شیخ محدث دہلوی علیہ الرحمہ نے تحریر فرمایا کہ مجھے اس کا علم نہیں کہ یہ سب تلواریں بیک وقت جمع تھیں یا مختلف اوقات میں آپ کے پاس رہیں۔

ظروف ومختلف سامان

ظروف اور برتنوں میں کئی پیالے تھے ایک شیشہ کا پیالہ بھی تھا، ایک پیالہ لکڑی کا تھا جو پھٹ گیا تھا تو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے شگاف کو بند کرنے کے لیے ایک چاندی کی زنجیر سے اس کو جکڑ دیا تھا۔

چمڑے کا ایک ڈول، ایک پرانی مشک، ایک پتھر کا تغار، ایک بڑا سا پیالہ جس کا نام ''السعہ'' تھا ایک چمڑے کا تھیلا جس میں آپ آئینہ، قینچی، اور مسواک رکھتے تھے۔ ایک کنگھی، ایک سرمہ دانی، ایک بہت بڑا پیالہ جس کا نام ''الغراء'' تھا۔ صاع اور مد دوناپنے کے پیمانے۔

ان کے علاوہ ایک چارپائی جس کے پائے سیاہ لکڑی کے تھے یہ چارپائی حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہدیۃً خدمت اقدس میں پیش کی تھی، بچھونا اور تکیہ چمڑے کا تھا جس میں کھجور کی چھال بھری ہوئی تھی اور مقدس جوتیاں۔

یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسباب وسامانوں کی ایک فہرست ہے جن کا تذکرہ احادیث میں متفرق طور پر آتا ہے۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ)

ناقہ قصواء

بعض وہ جانور جن پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سوار ہوتے تھے ان کے اسماء واحوال امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی تحریر میں ملاحظہ فرمائیں

جب واقعہ حدیبیہ میں ناقہ قصواء شریف بیٹھ گئی اور لوگوں نے کہا ناقہ نے سرکشی کی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نہ اس نے سرکشی کی نہ اس کی یہ عادت۔

ولکن حبسها حابس الفیل .

بلکہ اسے حابس فیل نے روک دیا۔ یعنی جس نے ابرہہ کے ہاتھی کو بٹھا دیا اور کعبہ معظمہ پر حملہ کرنے سے روکا تھا۔ عز جلالہ۔ (فتنہ شہنشاہ)

گھوڑا

امام بخاری جامع صحیح میں ابی بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال کان للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی حائطنا فرس یقال له اللحیف.

حضرت ابی بن عباس فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک گھوڑا ہمارے باغ میں رہتا تھا جسے "لحیف" کہا جاتا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۵۷۳۔ منیر العین)

سفید مرغ

حدیث: **الدیک الابیض صدیقی و صدیق صدیقی و عدو عدو اللہ و کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یبیته معه فی البیت**

مرغ سپید میرا خیر خواہ اور میرے دوست کا خیر خواہ، اللہ تعالیٰ کے دشمن کا دشمن ہے۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے شب کو مکان خواب گاہ اقدس میں اپنے ساتھ رکھتے تھے۔

اسے ابوبکر برقی نے ابوزید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۵۸۳، منیر العین)

حضور کا جانور بوڑھا نہیں ہوتا

ابن سبع نے فرمایا جس جانور پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سوار ہوتے عمر بھر ویسا ہی رہتا اور حضور کی برکت سے بوڑھا نہ ہوتا۔

علامہ سیوطی خصائص میں فرماتے ہیں :

قال ابن سبع من خصائصه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان کل دابة رکبها بقیت علی القدر الذی کانت علیه و لم تهرم ببرکته .

ابن سبع نے کہا کہ آپ کے خصائص میں سے یہ تھا کہ آپ جس جانور پر سوار ہوتے تو وہ عمر بھر ویسا ہی رہتا اور آپ کی برکت کے باعث بوڑھا نہ ہوتا۔ (قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

یعفور

ابن حبان و ابن عساکر حضرت ابو منظور اور ابو نعیم بروجہ آخر حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی جب خیبر فتح ہوا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دراز گوش سیاہ رنگ دیکھا اس سے کلام فرمایا وہ جانور بھی تکلم میں آیا ارشاد ہوا تیرا کیا نام ہے عرض کی یزید بیٹا شہاب کا اللہ تعالیٰ نے میرے دادا کی نسل سے ساٹھ دراز گوش پیدا کیے۔

کلهم لا یرکبه الا نبی .

ان سب پر انبیاء سوار ہوا کیے

و قد کنت اتوقعک ان ترکبنی لم یبق من نسل جدی غیری و لا من الانبیاء غیرک .

مجھے یقینی توقع تھی کہ حضور مجھے اپنی سواری سے مشرف فرمائیں گے کہ اب نسل میں سوا میرے اور انبیاء میں سوا حضور کے کوئی باقی نہیں۔

میں پہلے ایک یہودی کے پاس تھا اسے قصداً گرادیا کرتا وہ مجھے بھوکا رکھتا اور مارتا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا نام یعفور رکھا جسے بلانا چاہتے اسے بھیج دیتے چوکھٹ پر سر مارتا۔ جب صاحب خانہ باہر آتا اسے اشارے سے بتاتا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یاد فرماتے ہیں جب حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا وہ مفارقت کی تاب نہ لایا۔ ابوالہیثم بن التیہان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کنوئیں میں گر کر مر گیا۔ (جزاء اللہ عدوہ باباء ہ ختم النبوۃ)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ اپنے دیوان میں فرماتے ہیں :

اشعار

عصائے کلیم اژدہائے غضب تھا
گروں کا سہارا عصائے محمد

•

رضا نہ سبزۂ گردوں ہیں کوتل جس کے موکب کے
کوئی کیا لکھ سکے اس کی سواری کے تجمل کو

•

نور کی خیرات لینے دوڑتے ہیں مہر و ماہ
اٹھتی ہے کس شان سے گرد سواری واہ واہ

سبحانہ وتعالیٰ

آثارشریفہ

و

تبرکات مقدسہ

جو سر پہ رکھنے کو مل جائے نعل پاک حضور
تو پھر کہیں گے کہ ہاں تاجدار ہم بھی ہیں

(حسن رضا بریلوی)

وقال لھم نبیھم ان آیۃ ملکہ ان یاتیکم التابوت فیہ سکینۃ من ربکم وبقیۃ مما ترک آل موسیٰ و آل ھارون
تحملہ الملائکۃ ان فی ذلک لآیۃ لکم ان کنتم مومنین

اور ان سے ان کے نبی نے فرمایا اس کی بادشاہی کی نشانی یہ ہے کہ آئے تمھارے پاس تابوت جس میں تمھارے رب کی طرف سے دلوں کا چین ہے اور کچھ بچی ہوئی چیزیں معزز موسیٰ اور معزز ہارون کے ترکہ کی اٹھاتے لائیں گے اسے فرشتے بیشک اس میں بڑی نشانی ہے تمھارے لیے۔ (سورۃ البقرہ، ۲۴۸)

آثار شریفہ و تبرکات مقدسہ

یعنی مقامات مقدسہ اور حضور سے منسوب چیزوں کی تعظیم و توقیر۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر میں یہ بھی ہے کہ ہر وہ چیز جو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے تعلق رکھے خواہ وہ اماکن متبرکہ ہوں یا مقامات مقدسہ یا وہ چیز جو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست اقدس سے چھوگئی ہو یا وہ چیز حضور سے منسوب ہو یا حضور نے اس کی معرفت کرائی ہو ان سب کی تعظیم و توقیر ہر مسلمان کے لیے لازم و ضروری ہے۔

منقول ہے کہ حضرت ابومحذورہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پیشانی کے بال اتنے لمبے تھے کہ جب بیٹھتے تو ان کے بال زمین تک پہنچ جاتے تھے، لوگوں نے ان سے پوچھا ان بالوں کو اتنا لمبا کیوں کر رکھا ہے انھیں ترشواتے کیوں نہیں؟ جواب میں فرمایا میں انھیں اس بناء پر نہیں ترشواتا کہ ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دست مبارک اس سے مس کر گیا تھا، میں تبرکاً ان کی حفاظت کرتا ہوں۔

امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مدینہ منورہ میں اپنی سواری کے جانور پر سوار نہ ہوتے اور فرماتے کہ میں خدا سے شرم رکھتا ہوں کہ اس زمین کو گھوڑوں کے سموں سے روندوں جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آرام فرما ہیں، اور اس زمین مقدس پر حضور نے اپنے مبارک قدم رکھے ہیں۔ حضرت امام مالک نے اپنے تمام گھوڑے امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے حوالے کر دیے، اس پر امام شافعی نے کہا اپنے لیے بھی ایک گھوڑا روک لیجیے تو انھیں بھی یہی مذکورہ جواب ملا۔

احمد بن فضلویہ زاہد سے منقول ہے کہ یہ بزرگ بڑے غازیوں اور تیراندازوں میں سے تھے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے کبھی اپنی کمان کو اپنے ہاتھ سے بغیر وضو نہیں چھوا، جب سے میں نے یہ سنا ہے کہ اس کمان کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک میں لیا تھا۔

امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس شخص کو قید کرنے اور اس پر تین درے مارنے کا حکم دیا جس نے یہ کہا تھا کہ مدینہ طیبہ کی مٹی خراب ہے، باوجودیکہ وہ شخص لوگوں میں بڑی قدر و منزلت والا شخص تھا۔ اور کیا تعجب ہے کہ اس شخص کی گردن اڑا دینے کا حکم دیا جائے جو معاذ اللہ یہ کہے کہ وہ مٹی جس میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں خراب اور غیر خوشبودار ہے۔

خالد بن الولید کی ٹوپی

حضرت خالد بن ولید کی ٹوپی میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے مبارک کے چند بال تبرکاً رکھے ہوئے تھے ایک جنگ میں میدان کارزار میں ان کی یہ ٹوپی سر سے اتر کر گر پڑی تو انھوں نے اس کے حاصل کرنے کا عزم صمیم کر لیا۔ اور شدت کے ساتھ جنگ کی اس جنگ میں بہت سے مسلمان شہید ہوئے، اس پر بہت سے صحابہ کرام نے حضرت خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اعتراض کیا انھوں نے فرمایا میں نے یہ جنگ محض ٹوپی کے حاصل کرنے کے لیے شدت کے ساتھ نہ لڑی بلکہ ان موہائے مبارک کے لیے لڑی ہے جو اس ٹوپی میں سلے ہوئے تھے اور میں نے اس کی حفاظت کے لیے یہ شدت اختیار کی ہے تاکہ وہ مشرکوں کے ہاتھوں میں پڑ کر ضائع نہ ہو جائیں اور مجھ سے یہ تبرک جاتا رہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو دیکھا گیا ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نشست گاہ پر اپنے ہاتھوں کو پھیرتے پھر ان ہاتھوں کو اپنے چہرہ پر ملتے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ، جلد اول)

امام احمد رضا بریلوی سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص اپنے وعظ میں صاف انکار کرتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کوئی تبرک اور حضور کے آثار شریفہ سے کوئی چیز اصلاً باقی نہیں، نہ صحابہ کے پاس تبرکات شریفہ سے کچھ تھا نہ کبھی کسی نبی کے آثار سے کچھ تھا۔

آپ نے اس کا جو مدلل اور محققانہ جواب تحریر فرمایا ہے وہ ملاحظہ ہو :

ایسا شخص آیات واحادیث کا منکر اور سخت جاہل خاسر یا کمال گمراہ فاجر ہے اس پر توبہ فرض ہے اور بعد اطلاع بھی تائب نہ ہو تو ضرور گمراہ بددین ہے۔

مقام ابراہیم

اللہ عزوجل فرماتا ہے۔

ان اول بیت وضع للناس للذی ببکۃ مبرکا و ھدی للعلمین فیه آیات بینت مقام ابراھیم .

بیشک سب میں پہلا گھر کہ لوگوں کے لیے مقرر فرمایا گیا وہ ہے جو مکہ میں ہے برکت والا اور سارے جہان کو راہ دکھاتا اس میں کھلی نشانیاں ہیں ابراہیم کے کھڑے ہونے کا پتھر۔ جس پر کھڑے ہو کر انھوں نے کعبہ معظمہ بنایا ان کے قدم پاک کا نشان اس میں بن گیا۔

اجلہ محدثین عبد بن حمید و ابن جریر و ابن المنذر و ابن ابی حاتم و ارزقی نے امام اجل مجاہد تلمیذ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اس آیت کریمہ کی تفسیر میں روایت کی۔

قال اثر قدمیه فی المقام آیة بینة .

فرمایا کہ سیدنا ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے دونوں قدم پاک کا اس پتھر میں نشان ہو جانا یہ کھلی نشانی ہے جسے اللہ عزوجل آیات بینات فرما رہا ہے۔

تفسیر کبیر میں ہے :

الفضیلة الثانیة لھذا البیت مقام ابراھیم و ھو الحجر الذی وضع ابراھیم قدمه

علیه فجعل الله ما تحت قدم ابراهیم علیه الصلاة و السلام من ذلک الحجر دون سائر اجزانه کالطین حتی غاص فیه قدم ابراهیم علیه الصلاة و السلام و هذا فما لا یقدر علیه الا الله تعالیٰ و لا یظهره الا علی انبیاء ثم لما رفع ابراهیم علیه الصلاة و السلام قدمه عنه خلق فیه الصلابة الحجریة مرة اخری ثم انه تعالیٰ ابقی ذلک الحجر علی سبیل الاستمرار و الدوام فهذه انواع من الآیات العجیبة و المعجزات الباهرة اظهر الله تعالیٰ فی ذلک الحجر.

یعنی کعبہ معظمہ کی ایک فضیلت مقام ابراھیم ہے یہ وہ پتھر ہے جس پر ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنا قدم مبارک رکھا تو جتنا ٹکڑا ان کے زیرِ قدم آیا تر مٹی کی طرح نرم ہوگیا یہاں تک کہ ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کا قدم اس میں پیر گیا اور یہ خاص قدرتِ الٰہیہ ومعجزۂ انبیاء ہے پھر جب ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے قدم اٹھایا اللہ تعالیٰ نے دوبارہ اس ٹکڑے میں پتھر کی سختی پیدا کردی کہ وہ نشان قدم محفوظ رہ گیا پھر اسے حق سبحانہ نے مدتہا مدت باقی رکھا تو اقسام اقسام کے عجیب وغریب معجزے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس پتھر میں ظاہر فرمائے۔

ارشاد العقل السلیم میں ہے :

ان کل واحد من اثر قدمیه فی صخرة صماء و غوصه فیها الی الکعبین و الانة بعض دون بعض و ابقائه دون سائر آیات الانبیاء علیهم الصلاة و السلام و حفظه مع کثرة الاعداء الوف سنة آیة مستقلة .

یعنی اسی ایک پتھر کو اللہ تعالیٰ نے متعدد آیات فرمایا اس لیے کہ اس میں ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کا نشان قدم ہوجانا ایک، اور ان کے قدموں کا اس میں گٹوں تک پیر جانا دو، اور پتھر کا ایک ٹکڑا نرم

ہو جانا باقی کا اپنے حال پر رہنا تین اور معجزات انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام میں اس معجزے کا باقی رکھنا چار، اور باوصف کثرت اعدا ہزاروں برس اس کا محفوظ رہنا پانچ، یہ ہر ایک بجائے خود ایک آیت و معجزہ ہے۔

تابوت سکینہ

مولیٰ سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے :

قال لهم نبيهم ان آية ملكه ان ياتيكم التابوت فيه سكينة من ربكم و بقية مما ترک آل موسىٰ و آل هارون تحمله الملائكة ان في ذلك لاية لكم ان كنتم مومنين:

بنی اسرائیل کے نبی شمویل علیہ الصلاۃ والسلام نے ان سے فرمایا کہ سلطنت طالوت کی نشانی یہ ہے کہ آئے تمھارے پاس تابوت جس میں تمھارے رب کی طرف سے سکینہ ہے اور موسیٰ و ہارون کے چھوڑے ہوئے تبرکات ہیں فرشتے اسے اٹھا کر لائیں بیشک اس میں تمھارے لیے عظیم نشانی ہے اگر تم ایمان رکھتے ہو۔

وہ تبرکات کیا تھے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا عصا اور ان کی نعلین مبارک اور ہارون علیہ الصلاۃ والسلام کا عمامہ مقدسہ وغیرہا ان کی برکات تھیں کہ بنی اسرائیل اس تابوت کو جس لڑائی میں آگے کرتے فتح پاتے اور جس مراد میں اس سے توسل کرتے اجابت دیکھتے۔

ابن جریر و ابن ابی حاتم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

و بقية مما ترک آل موسىٰ عصاه و رضاض الالواح .

تابوت سکینہ میں تبرکات موسویہ سے ان کا عصا تھا اور تختیوں کی کرچیں۔

وکیع بن الجراح وسعید بن منصور عبد بن حمید وابن ابی حاتم ابو صالح تلمیذ عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال كان فی التابوت عصا موسی و عصا هارون و ثياب موسیٰ و ثياب هارون و لوحان من التوراة و المن و كلمة الفرج لا اله الا الله الحليم الكريم و سبحان الله رب السموات السبع و رب العرش العظيم و الحمد لله رب العالمين .

تابوت میں موسیٰ و ہارون علیہما الصلاۃ والسلام کے عصا اور دونوں حضرات کے ملبوس اور توریت کی دو تختیاں اور قدرے من کہ بنی اسرائیل پر اترا اور یہ دعائے کشایش **لا اله الا الله الحليم الخ.**

معالم التنزیل میں ہے۔

كان فيه عصا موسیٰ و نعلاه و عمامة هارون و عصاه الخ .

تابوت میں موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا عصا اور ان کی نعلین اور ہارون علیہ الصلاۃ والسلام کا عمامہ وعصا۔

موہائے مبارک کی تقسیم

صحیح بخاری وصحیح مسلم میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے :

ان النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم دعا بالحلاق و ناول الحالق شقه الايمن فحلقه ثم دعا ابا طلحة الانصاری فاعطاه اياه ثم ناول الشق الا يسر فقال احلق فحلقه

فاعطاه ابا طلحة فقال اقسمه بين الناس .

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجام کو بلا کر سر مبارک کے داہنی جانب کے بال مونڈ نے کا حکم فرمایا پھر ابوطلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر وہ سب بال انھیں عطا فرما دیئے پھر بائیں جانب کے بالوں کو حکم فرمایا اور وہ ابوطلحہ کو دیے کہ انھیں لوگوں میں تقسیم کر دو۔

نعلین مقدس

صحیح بخاری شریف کتاب اللباس میں عیسیٰ بن طہمان سے ہے۔

قال اخرج الينا انس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه نعلين لهما قبالان فقال ثابت البنانى هذا نعل النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم.

انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ دو نعل مبارک ہمارے پاس لائے کہ ہر ایک میں بندش کے دو تسمے تھے ان کے شاگرد رشید ثابت بنانی نے کہا یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعل مقدس ہے۔

ازار وغیرہ کی زیارت

صحیحین میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

قال اخرجت الينا عائشة رضى الله تعالىٰ عنها كساء ملبدا و ازارا غليظا فقالت قبض رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى هذين .

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایک رضائی یا کمبل اور ایک موٹا تہبند نکال کر ہمیں دکھایا اور فرمایا کہ وقت وصال اقدس حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ دو کپڑے تھے۔

جبۂ مقدس سے شفایابی

صحیح مسلم شریف میں حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے :

انها اخرجت جبة طيالسية كسروانية لها لبنة ديباج و فرجيها مكفوفين بالديباج و قالت هذه جبة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كانت عند عائشة فلما قبضت قبضتها و كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يلبسها فنحن نغسلها للمرضى نستشفى بها.

یعنی انھوں نے ایک اونی جبہ کسروانی ساخت نکالا اس کی پلیٹ ریشمین تھی اور دونوں چاکوں پر ریشم کا کام تھا اور کہا یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جبہ ہے ام المومنین صدیقہ کے پاس تھا ان کے انتقال کے بعد میں نے لے لیا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے پہنا کرتے تھے تو ہم اسے دھودھو کر مریضوں کو پلاتے اور اس سے شفا چاہتے ہیں۔

موئے مبارک کی زیارت

صحیح بخاری میں عثمان بن عبداللہ بن مواہب سے ہے :

قال دخلت على ام سلمة فاخرجت الينا شعرا من شعر النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مخضوبا.

میں حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا انھوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے مبارک کی ہمیں زیارت کرائی اس پر خضاب کا اثر تھا۔

آثار شریفہ کی شرعی حیثیت، ان کی تعظیم و تکریم اور ان سے تبرک و شفایابی کو دلائل و براہین سے

ثابت کرنے کے بعد امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں۔

یہ چند احادیث خاص صحیحین سے لکھ دیں اور یہاں احادیث میں کثرت اور اقوال ائمہ کا تواتر بشدت اور مسئلہ خود واضح اور اس کا انکار جہل فاضح ہے۔ لہٰذا صرف ایک عبارت شفا پر اقتصار کریں فرماتے ہیں۔

آثار شریفہ کی تعظیم اور خالد بن ولید کی ٹوپی

ومن اعظامه و اكباره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اعظام جميع اسبابه و ما لمسه او عرف به و كانت في قلنسوة خالد بن الوليد رضي الله تعالىٰ عنه شعرات من شعره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فسقطت قلنسوته في بعض حروبه فشد عليها شدة انكر عليه اصحاب النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كثرة من قتل فيها فقال لم افعلها بسبب القلنسوة بل لما تضمنته من شعره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لئلا تسلب بركتها و تقع في ايدى المشركين . و راى ابن عمر رضي الله تعالىٰ عنهما واضعا يده على مقعد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من المنبر ثم وضعها على وجهه.

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم کا ایک جزیہ بھی ہے کہ جس چیز کو حضور سے کچھ علاقہ ہو حضور کی طرف منسوب ہو حضور نے اسے چھوا ہو یا حضور کے نام پاک سے پہچانی جاتی ہو اس سب کی تعظیم کی جائے۔ خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ٹوپی میں چند موئے مبارک تھے کسی لڑائی میں وہ ٹوپی گر گئی خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے لیے ایسا شدید حملہ فرمایا جس پر اور صحابہ کرام نے انکار کیا اس لیے کہ اس شدید و سخت حملہ میں بہت مسلمان کام آئے خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میرا یہ حملہ ٹوپی کے لیے نہ تھا بلکہ موئے مبارک کے لیے تھا کہ مبادا اس کی برکت میرے پاس نہ رہے اور وہ کافروں کے ہاتھ لگیں۔ اور ابن

عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو دیکھا گیا کہ منبر اطہر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں جو جگہ جلوس اقدس کی تھی اسے ہاتھ سے مس کر کے وہ ہاتھ اپنے منہ پر پھیر لیا۔

خالد بن ولید کی حدیث ابو یعلی اور عبداللہ بن عمر کی حدیث ابن سعد نے طبقات میں روایت کی۔

(بدر الانوار فی آداب الآثار)

حضور اور آثار صالحین سے تبرک

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور سلف صالحین کے آثار و باقیات سے تبرک و فیض حاصل کرنے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

برکت آثار بزرگاں سے انکار آفتاب روشن کا انکار ہے معہذا جب برکت آثار شریفہ حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسلم اور پر ظاہر کہ اولیاء و علماء حضور کے ورثاء ہیں تو ان کے آثار میں برکت کیوں نہ ہوگی کہ آخر وارث برکات و وارث ایراث برکات ہیں۔

فقیر (امام احمد رضا بریلوی) غفر اللہ تعالیٰ کہ اتمام حجت کے لیے چند عبارات ائمہ و علماء کہ وہ سب آج سے سو برس پہلے اور بعض پانسو چھ سو برس پہلے کے تھے حاضر کرتا ہے کتب مطبوعہ کا نشان جلد و صفحہ بھی ظاہر کر دیا جائے گا کہ مراجعت میں آسانی ہو۔

حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے۔

انی احب ان تاتینی و تصلی فی منزلی فاتخذہ مصلی۔

حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گزارش کی کہ یارسول اللہ آپ ہمارے گھر تشریف لا کر نماز ادا فرما دیں تا کہ میں اس جگہ کو نماز کے لیے مقرر کر لوں۔

عتبان بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عذر کے سبب سے یہ عرض کیا کہ وہ بروقت جماعت میں حاضر نہ ہو سکتے تھے جسے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منظور فرمالیا۔ (مولف)

امام اجل ابوزکریا نووی جن کی ولادت باسعادت ۶۳۱ھ اور وفات شریف ۶۷۷ھ میں ہوئی شرح صحیح مسلم میں زیر حدیث عتبان بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

فی هذا الحديث انواع من العلم و فيه التبرک باثار الصالحين و فيه زيارة العلماء و الصلحاء الكبار و اتباعهم و تبريكم اياهم.

اس حدیث میں بہت سارے علوم ہیں، اس میں آثار صالحین سے برکت حاصل کرنے کا ثبوت ہے اور اس حدیث میں بڑے بڑے علماء وصلحاء اور ان کے متبعین کی زیارت اور ان سے برکت کا حصول بھی ثابت ہے۔ (مولف)

نیز جلد اول ص ۱۴۷ اسی حدیث کے نیچے لکھتے ہیں۔

فی حديث عتبان فی هذا فوائد كثيرة منها التبرک بالصالحين و اثارهم و الصلوٰة فی المواضع التی صلوا بها و طلب التبرک منهم.

عتبان بن مالک کی اس حدیث میں بہت سارے فوائد ہیں ان فوائد میں سے یہ ہے کہ صالحین اور ان کے آثار و تبرکات سے برکت لینا اور ان مقامات میں نماز پڑھنا جہاں پر صالحین نے نماز پڑھی ہے اور ان سے برکت طلب کرنا، یہ سب جائز و درست ہے۔ (مولف)

حدیث حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہے۔

فخرج بلال بوضوئه فمن نائل و ناضح.

حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا آب وضو نکالا تو کچھ لوگ اسے لینے لگے اور کچھ لوگ لے کر اپنے اوپر چھڑکنے لگے۔ (مولف)

اس حدیث کے تحت شرح صحیح مسلم جلد اول، ص ۳۴۲ میں ہے۔

فیہ التبرک بآثار الصالحین و استعمال فضل طھورھم و طعامھم و شرابھم و لباسھم .

اس حدیث میں آثار صالحین سے تبرک کا ثبوت ہے اور ان کے وضو، ان کے کھانے پینے اور ان کے لباس کا استعمال کرنا بھی ثابت ہے۔ (مولف)

حضرت ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے۔

اکل منہ و بعث بفضلہ الی .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھانا تناول فرمانے کے بعد بچا ہوا میرے پاس بھیج دیتے تھے۔

(مولف)

شرح صحیح مسلم جلد دوم، ص ۲۵۶ میں امام نووی فرماتے ہیں۔

قال العلماء فی ھذہ انہ یستحب للاکل و الشارب ان یفضل مما یاکل و یشرب فضلۃ لیواسی بھا من بعدہ لا سیما ان کان ممن یتبرک بفضلہ .

علماء فرماتے ہیں کہ کھانے پینے والے کے لیے مستحب ہے کہ وہ کچھ کھانا اور پینا ضرور بچائے تا کہ بعد والے اس سے استفادہ کریں خصوصاً جب کہ کھانے اور پینے والا اہل علم وفضل میں سے ہو اور ان کے بچے ہوئے کو تبرک سمجھا جاتا ہو۔ اسے ضرور بچانا چاہیے۔ (مولف)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے

سأل عن موضع اصابعه فتتبع موضع اصابعه .

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سالن میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگلیاں ڈالنے کی جگہ کو پوچھا پھر حضور کے انگلیاں رکھنے کی جگہ میں (کدو) تلاش کرنے لگے۔ (مولف)

شرح صحیح مسلم ج ۲، ص ۱۸۳ میں اس حدیث کے تحت میں ہے۔

فيه التبرک بآثار الخير فی الطعام وغيره .

اس حدیث میں کھانا وغیرہ میں آثار خیر سے حصول تبرک ثابت ہے۔ (مولف)

ابوجحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے۔

فجعل الناس يتمسحون بوضوئه .

پھر لوگ حضور جان رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا آب وضو لے کر چہرے اور بدن پر ملنے لگے۔

(مولف)

امام احمد بن محمد قسطلانی متوفی ۹۲۳ھ ارشاد الساری شرح صحیح بخاری جلد اول، ص ۱۸۳ پر اسی حدیث کے ضمن میں فرماتے ہیں۔

استنبط منه التبرک لما يلامس اجساد الصالحين .

اس حدیث سے استدلال کیا جاتا ہے کہ جو چیز صالحین کے جسم کو چھو جائے اس میں برکت ہی برکت ہے۔ (مولف)

حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے۔

انی و الله ما سالته لالبسها انما سألته لتكون كفني .

انھوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک چادر مانگی لوگوں نے اعتراض کیا کہ حضور کو خود اس وقت چادر کی ضرورت ہے اور تم نے مانگ لی جب کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی کا سوال رد نہیں فرماتے ہیں اس پر حضرت سعد بن وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ قسم خدا کی میں نے پہننے کے لیے سوال نہیں کیا میں نے اس لیے چادر مانگی تا کہ وہ میرا کفن بنے۔ (مولف)

اس حدیث کے تحت ارشاد الساری جلد اول ص ۳۸۱ پر ہے۔

فيه التبرك باثار الصالحين قال اصحابنا لا يندب ان يعد لنفسه كفنا الا ان يكون من اثر ذى صلاح فحسن اعداده كما هنا.

اس حدیث میں آثار صالحین سے حصول برکت کا ثبوت ہے ہمارے علماء واصحاب فرماتے ہیں کہ اپنے لیے کفن تیار کر کے رکھنا مندوب نہیں ہے ہاں اگر کوئی کپڑا نیک آدمی کا تبرک ہو تو اسے کفن بنا کر رکھنا مستحسن ہے جیسا کہ سعد بن وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور کی چادر اطہر کا کفن بنا کر رکھا۔ (مولف)

جلد دوم ص ۳۲۴ مولانا علی قاری مکی متوفی ۱۰۱۴ھ نے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں اس حدیث نسائی کے نیچے کہ طلق بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بقیۂ آب وضو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضور سے مانگ کر اپنے ملک کو لے گئے یہ فائدہ لکھا۔

فيه التبرك بفضله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و نقله الى البلاد نظير ماء زمزم.

اس حدیث میں یہ ثابت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بقیۂ وضو سے برکت حاصل کرنا اور اسے دور دراز شہروں میں لے جانا جائز ہے اور یہ ایسا ہی ہے جیسے آب زمزم کو دور دراز شہروں میں

لے جاتے ہیں۔

ملا علی قاری اسی کے ضمن میں فرماتے ہیں:

ویوخذ من ذٰلك ان فضلة وارثيه من العلماء والصلحاء كذٰلك

اور اس حدیث سے یہ حکم بھی اخذ کیا جاتا ہے کہ علماء وصلحاء جو حضور کے وارث ہیں ان کا بقیہ وضو وغیرہ بھی ایسا ہی متبرک ہے۔ (مؤلف)

مولانا شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی متوفی ۱۰۵۲ھ نے اشعۃ اللمعات میں فرمایا۔

دریں حدیث استحباب تبرک است بہ بقیہ آب وضوے وپس ماندہ آنحضرت ونقل آن ببلاد ومواضع بعیدہ مانند آب زمزم وآنحضرت چوں در مدینہ می بود آب زم زم را از حاکم مکہ می طلبید وتبرک می ساخت وفضلہ وارثان او کہ علماء وصلحا اندو تبرک بآثار وانوار ایشاں ہم بریں قیاس ست۔

اس حدیث میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باقی ماندہ آب وضو سے برکت لینے اور اسے دور دراز شہروں وملکوں میں لے جانے کا استحباب ثابت ہے جیسا کہ آب زم زم کو مختلف مقامات پر لے جایا جاتا ہے۔ حضور سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ میں تشریف فرما تھے تو مکہ کے حاکم سے آب زم زم طلب فرمایا اور اسے تبرک بنایا۔ علماء وصلحاء جو حضور کے وارث و نائب ہیں ان کا باقی ماندہ آب وضو اور ان کے آثار وانوار اسی طرح متبرک و بابرکت ہیں۔ (مؤلف)

آثار مسلمین سے حضور کا تبرک

اس بحث کے آخر میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ فقیر غفر اللہ تعالیٰ لہ حدیث صحیح سے ثابت کرے کہ خود حضور پُرنور سیّد یوم النشور افضل صلوات اللہ تعالیٰ واجل تسلیماتہ علیہ وعلیٰ آلہ وذریاتہ

آثار مسلمین سے تبرک فرماتے۔ و لله الحجة البالغة.

طبرانی معجم اوسط اور ابونعیم حلیہ میں حضرت سیدنا وابن سیدنا عبداللہ بن عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

قال کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یبعث الی المطاھر فیوتی بالماء فیشربہ یرجو بہ برکۃ ایدی المسلمین.

یعنی حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسلمانوں کی طہارت گاہوں مثل حوض وغیرہ سے جہاں اہل اسلام وضو کیا کرتے پانی منگا کر نوش فرماتے اور اس سے مسلمانوں کے ہاتھوں کی برکت لینا چاہتے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وبارک وسلم۔

علامہ عبدالرؤف مناوی تیسیر ج ۲، ص ۲۶۹ پھر علامہ علی بن احمد عزیزی سراج المنیر ج ۳، ص ۱۴۷ شروح جامع صغیر میں اس حدیث کی نسبت فرماتے ہیں باسناد صحیح، علامہ محمد حفنی اپنی تعلیقات علی الجامع میں فرماتے ہیں۔

یرجو بہ برکۃ الخ لانھم محبوبون للہ تعالیٰ بدلیل ان اللہ یحب التوابین و یحب المتطھرین.

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بقیہ آب وضوئے مسلمین میں اس وجہ سے امید برکت رکھتے کہ وہ محبوبان خدا ہیں قرآن عظیم میں فرمایا بیشک اللہ دوست رکھتا ہے بہت توبہ کرنے والوں کو اور دوست رکھتا ہے طہارت والوں کو۔ اللہ اکبر، اللہ اکبر.

یہ حضور پرنور سید المبارکین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں جن کی خاک نعلین پاک تمام جہان کے لیے تبرک دل و جان و سرمہ چشم دین و ایمان ہے وہ اس پانی کو جس میں مسلمانوں کے ہاتھ دھلے تبرک

ٹھہرائیں اور اسے منگا کر بغرض حصول برکت نوش فرمائیں حالاں کہ واللہ! مسلمانوں کے دست وزبان و دل و جان میں جو برکتیں ہیں سب انھیں نے عطا فرمائیں انھیں کی نعلین پاک کے صدقے میں ہاتھ آئیں۔

یہ سب تعلیم امت و تنبیہ مشغولان خواب غفلت کے لیے تھا کہ یوں نہ سمجھیں تو اپنے مولیٰ و آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فعل سن کر بیدار اور برکت آثار اولیاء وعلماء کے طلب گار ہوں پھر کیسا جاہل ومحروم وہ نافہم ملوم کہ محبوبان خدا کے آثار کو تبرک نہ جانے اور اس سے حصول برکت نہ مانے۔ و لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم . (بدرالانوار فی آداب الآثار)

آثار وتبرکات کے لیے سند کی حاجت نہیں

آثار وتبرکات کی شرعی حیثیت سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آثار وتبرکات شریفہ کی تعظیم دین ومسلمان کا فرض عظیم ہے، تابوت سکینہ جس کا ذکر قرآن عظیم میں ہے جس کی برکت سے بنی اسرائیل ہمیشہ کافروں پر فتح پاتے اس میں کیا تھا؟

بقیة مما ترک آل موسیٰ و آل ھارون .

موسیٰ وہارون علیہما الصلاۃ والسلام کے چھوڑے ہوئے تبرکات سے کچھ بقیہ تھا۔ موسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام کا عصا اور ان کی نعلین مبارک اور ہارون علیہ الصلاۃ والسلام کا عمامہ وغیرہا۔

ولہٰذا تواتر سے ثابت کہ جس چیز کو کسی طرح حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کوئی علاقہ بدن اقدس سے چھونے کا ہوتا صحابہ وتابعین وائمہ دین ہمیشہ اس کی تعظیم وحرمت اور اس سے طلب برکت

فرماتے آئے۔

اور دین حق کے معظم اماموں نے تصریح فرمائی کہ اس کے لیے کسی سند کی بھی حاجت نہیں بلکہ جو چیز حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نام پاک سے مشہور ہو اس کی تعظیم شعائر دین سے ہے۔

شفاء شریف ومواہب لدنیہ ومدارج شریف وغیرہا میں ہے۔

من اعظامه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اعظام جميع اسبابه و ما لمسه او عرف به صلى الله تعالىٰ عليه وسلم .

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم میں سے ہے ان تمام اشیاء کی تعظیم جن کو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کچھ علاقہ ہو اور جسے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چھوا ہو یا جو حضور کے نام پاک سے مشہور ہو۔

یہاں تک کہ برابر ائمہ دین وعلماء معتمدین نعل اقدس کی شبیہ ومثال کی تعظیم فرماتے رہے اور اس سے صدہا عجیب مددیں پائیں اور اس کے باب میں مستقل کتابیں تصنیف فرمائیں، جب نقشے کی یہ برکت و عظمت ہے تو خود نعل اقدس کی برکت وعظمت کو خیال کیجیے پھر ردائے اقدس و جبہ مقدسہ وعمامہ مکرمہ پر نظر کیجیے پھر ان تمام آثار وتبرکات شریفہ سے ہزاروں درجے اعظم واعلیٰ واکرم واولیٰ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ناخن پاک کا تراشہ ہے کہ یہ سب ملبوسات تھے اور وہ جزء بدن والا ہے اور اس سے اجل واعظم وارفع واکرم حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ریش مبارک کا موئے مطہر ہے۔ مسلمان کا ایمان گواہ ہے کہ ہفت آسمان وزمین ہرگز اس ایک موئے مبارک کی عظمت کو نہیں پہنچتے۔

اور ابھی تصریحات ائمہ سے معلوم ہولیا کہ تعظیم کے لیے نہ یقین درکار ہے نہ کوئی خاص سند بلکہ صرف نام پاک سے اس شی کا اشتہار کافی ہے ایسی جگہ بے ادراک سند تعظیم سے باز نہ رہے گا مگر بیمار دل پر

آزار دل جس میں نہ عظمت شان محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بروجہ کافی نہ ایمان کامل۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے۔

ان یک فعلیہ کذبہ و ان یک صادقا یصبکم بعض الذی یعدکم .

اگر وہ جھوٹا ہے تو اس کے جھوٹ کا وبال اس پر اور اگر سچا ہے تو تمھیں پہنچ جائیں گے بعض وہ عذاب جن کا وہ تمھیں وعدہ دیتا ہے۔

اور خصوصاً جہاں سند بھی موجود ہو پھر تو تعظیم واعزاز وتکریم سے باز نہیں رہ سکتا مگر کوئی کھلا کافر یا چھپا منافق۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

مصنوعی تبرکات کا حکم

اور یہ کہنا کہ آج کل اکثر لوگ مصنوعی تبرکات لیے پھرتے ہیں اگر یوں ہی مجمل بلاتعین شخص ہو یعنی کسی شخص معین پر اس کی وجہ سے الزام یا بدگمانی مقصود نہ ہو تو اس میں کچھ گناہ نہیں اور بلاثبوت شرعی کسی شخص کی نسبت حکم لگا دینا کہ یہ ان ہی میں سے ہے جو مصنوعی تبرکات لیے پھرتے ہیں ضرور ناجائز و گناہ و حرام ہے کہ اس کا منشاء صرف بدگمانی ہے اور بدگمانی سے بڑھ کر کوئی جھوٹی بات نہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

ایاکم و الظن فان الظن اکذب الحدیث.

بدگمانی سے بچو کہ بدگمانی سب سے بڑھ کر جھوٹی بات ہے۔

ائمہ دین فرماتے ہیں :

انما ینشوء الظن الخبیث من القلب الخبیث .

خبیث گمان خبیث ہی دل سے پیدا ہوتا ہے۔

تبرکات شریفہ جس کے پاس ہوں ان کی زیارت کرنے پر لوگوں سے اس کا کچھ مانگنا سخت شنیع ہے جو تندرست ہو اعضا صحیح رکھتا ہو نوکری خواہ مزدوری اگرچہ ڈلیا ڈھونے کے ذریعہ سے روٹی کما سکتا ہو اسے سوال کرنا حرام ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لا تحل الصدقة لغنی و لا لذی مرة سوی .

غنی یا سکت والے تندرست کے لیے صدقہ حلال نہیں۔

علماء فرماتے ہیں :

- **ما جمع السائل بالتکدی فھو الخبیث .**

سائل جو مانگ کر جمع کرتا ہے وہ خبیث ہے۔

اس پر ایک شناعت یہ ہوئی دوسری شناعت سخت تر یہ ہے کہ دین کے نام سے دنیا کماتا ہے اور **یشترون بایتی ثمنا قلیلا** کے قبیل میں داخل ہوتا ہے۔ تبرکات شریفہ بھی اللہ عزوجل کی نشانیوں سے عمدہ نشانیاں ہیں ان کے ذریعہ سے دنیا کی ذلیل قلیل پونجی حاصل کرنے والا دنیا کے بدلے دین بیچنے والا ہے۔ شناعت سخت تر یہ ہے کہ اپنے اس مقصد فاسد کے لیے تبرکات شریفہ کو شہر شہر در بدر لیے پھرتے ہیں اور ہرکس وناکس کے پاس لے جاتے ہیں یہ آثار شریفہ کی سخت توہین ہے۔

خلیفہ ہارون رشید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے عالم دار الہجرۃ سیدنا امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے درخواست کی تھی کہ ان کے یہاں جا کر خلیفہ زادوں کو پڑھا دیا کریں ارشاد فرمایا میں علم کو ذلیل نہ کروں گا

انھیں پڑھنا منظور ہے تو خود حاضر ہوا کریں عرض کی وہیں حاضر ہوں گے مگر اور طلبہ پر ان کو تقدیم دی جائے فرمایا یہ بھی نہ ہوگا سب یکساں رکھے جائیں گے آخر خلیفہ کو یہی منظور کرنا پڑا۔

یوں ہی امام شریک نخعی سے خلیفہ وقت نے چاہا تھا کہ ان کے گھر جا کر شاہزادوں کو پڑھا دیا کریں انکار کیا کہا آپ امیر المومنین کا حکم ماننا نہیں چاہتے فرمایا یہ نہیں بلکہ میں علم کو ذلیل نہیں کرنا چاہتا۔

رہا یہ کہ بے اس کے مانگے زائرین کچھ اسے دیں اور یہ لے، اس میں تفصیل ہے، شرع مطہر کا قاعدہ کلیہ ہے کہ **المعهود عرفا كالمشروط لفظا**. جو لوگ تبرکات شریفہ شہر بہ شہر لیے پھرتے ہیں ان کی نیت و عادت قطعاً معلوم کہ اس کے عوض تحصیل زر و جمع مال چاہتے ہیں یہ قصد نہ ہو تو کیوں دور دراز سفر کی مشقت اٹھائیں ریلوں کے کرائے دیں اگر کوئی ان میں زبانی کہے بھی کہ ہماری نیت فقط مسلمانوں کو زیارت سے بہرہ مند کرنا ہے تو ان کا حال ان کے قال کی صریح تکذیب کر رہا ہے۔ ان میں علی العموم وہ لوگ ہیں جو ضروری ضروری طہارت و صلاۃ سے بھی آگاہ نہیں اس فرض قطعی کے حاصل کرنے کو کبھی دس پانچ کوس یا شہر ہی کے کسی عالم کے پاس گھر سے آدھ میل جانا پسند نہ کیا مسلمانوں کو زیارت کرانے کے لیے ہزاروں کوس سفر کرتے ہیں پھر جہاں زیارتیں ہوں اور لوگ کچھ نہ دیں وہاں ان صاحبوں کے غصے دیکھیے پہلا یہ حکم لگایا جاتا ہے کہ تم لوگوں کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کچھ محبت نہیں گویا ان کے نزدیک محبت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ایمان اسی میں منحصر ہے کہ حرام طور پر کچھ ان کی نذر کر دیا جائے۔ پھر جہاں نہیں ملے بھی مگر ان کے خیال سے تھوڑا ہو ان کی سخت شکایتیں اور مذمتیں ان سے سن لیجیے اگر چہ وہ دینے والے علماء و صلحا ہوں اور مال حلال سے دیا ہو اور جہاں پیٹ بھر کے مل گیا وہاں کی لمبی چوڑی تعریفیں لے لیجیے اگر چہ وہ دینے والے فساق فجار بلکہ بد مذہب ہوں اور مال حرام سے دیا ہو۔ تو قطعاً معلوم کہ وہ زیارت نہیں کراتے مگر لینے کے لیے اور زیارت کرنے والے بھی جانتے ہیں کہ ضرور کچھ دینا پڑے گا تو اب یہ صرف سوال ہی نہ ہوا بلکہ بحسب عرف زیارت شریفہ پر اجارہ ہو گیا اور وہ بچند وجہ

حرام ہے۔

اولاً: زیارت آثار شریفہ کوئی ایسی چیز نہیں جو زیر اجارہ داخل ہو سکے۔

کما صرح به فی رد المحتار وغیره ان ما یوخذ من النصاریٰ علی زیارة بیت المقدس حرام و هذا اذا کان حراما اخذه من کفار دور الحرب کالروس وغیرهم فکیف من المسلمین ان هو الا ضلال مبین.

جیسا کہ ردالمحتار وغیرہ میں تصریح ہے کہ بیت المقدس کی زیارت پر نصاریٰ سے کچھ لینا حرام ہے اور یہ تو روس وغیرہ دارالحرب کے کفار سے لینا حرام ہے تو مسلمانوں سے لینا کیوں کر حلال ہوگا۔ یہ تو کھلی ہوئی گمراہی ہے۔ (مولف)

ثانیاً: اجرت مقرر نہیں ہوئی کیا دیا جائے گا اور جو اجارے شرعاً جائز ہیں ان میں بھی اجرت مجہول رکھی جانا اسے حرام کر دیتا ہے نہ کہ جو سرے سے حرام ہے کہ حرام در حرام ہوا اور یہ حکم جس طرح گشتی صاحبوں کو شامل ہے مقامی حضرات بھی اس سے محفوظ نہیں جب کہ اسی نیت سے زیارت کراتے ہوں اور ان کا یہ طریقہ معلوم و معروف ہو ہاں اگر کسی بندۂ خدا کے پاس کچھ آثار شریفہ ہوں اور وہ انھیں بہ تعظیم اپنے مکان میں رکھے اور جو مسلمان اس کی درخواست کرے محض لوجہ اللہ اسے زیارت کرا دیا کرے کبھی کسی معاوضہ، نذرانہ کی تمنا نہ رکھے پھر اگر وہ آسودہ حال نہیں اور مسلمان بطور خود قلیل یا کثیر بنظر اعانت اسے کچھ دے تو اس کے لیے لینے میں اس کو کچھ حرج نہیں۔ باقی گشتی صاحبوں کو عموماً اور مقامی صاحبوں میں خاص ان کو جو اس امر پر اخذ نذور کے ساتھ معروف و مشہور ہیں شرعاً جواز کی کوئی صورت نہیں ہو سکتی۔ مگر ایک وہ یہ کہ خدائے تعالیٰ ان کو توفیق دے نیت اپنی درست کریں اور اس شرط عرفی کے رد کے لیے صراحۃً اعلان کے ساتھ ہر جلسے میں کہہ دیا کریں کہ مسلمانو! یہ آثار شریفہ تمھارے نبی

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا فلاں ولی معزز و مکرم کے ہیں کہ محض خالصاً لوجہ اللہ تمھیں ان کی زیارت کرائی جاتی ہے ہرگز ہرگز کوئی بدلہ یا معاوضہ مطلوب نہیں اس کے بعد اگر مسلمان کچھ نذر کریں تو اسے قبول کرنے میں کچھ حرج نہ ہوگا۔

فتاویٰ قاضی خان وغیرہا میں ہے۔

ان الصریح یفوق الدلالة .

بیشک صراحت دلالت سے بڑھ کر ہے۔ (مولف)

اور اس کی صحت نیت پر دلیل یہ ہوگی کہ کم پر ناراض نہ ہو بلکہ اگر چلے گزر جائیں لوگ فوج فوج زیارتیں کر کے یوں ہی چلے جائیں اور کوئی پیسہ نہ دے جب بھی اصلاً دل تنگ نہ ہو اور اسی خوشی و شادمانی کے ساتھ مسلمانوں کو زیارت کرایا کرے اس صورت میں یہ لینا دینا دونوں جائز و حلال ہوں گے اور زائرین و مزور دونوں اعانت مسلمین کا ثواب پائیں گے اس نے سعادت و برکت دے کر ان کی مدد کی انھوں نے دنیا کی متاع قلیل سے فائدہ پہنچایا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

من استطاع منکم ان ینفع اخاہ فلینفعه .

تم میں جس سے ہو سکے کہ اپنے مسلمان بھائی کو نفع پہنچائے تو پہنچائے۔

اسے امام مسلم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اللہ فی عون العبد ما دام العبد فی عون اخیه

اللہ اپنے بندہ کی مدد میں ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں ہے۔ یہ حدیث بخاری و مسلم نے روایت فرمائی۔

علی الخصوص جب یہ تبرکات والے سادات کرام ہوں تو اب ان کی خدمت اعلیٰ درجہ کی برکت و سعادت ہے۔

حدیث میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو شخص اولاد عبدالمطلب میں سے کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرے اور اس کا صلہ دنیا میں نہ پائے میں بہ نفس نفیس روز قیامت اس کا صلہ عطا فرماؤں گا۔

اور اگر زیارت کرانے والے کو اس کی توفیق نہ ہو تو زیارت کرنے والے کو چاہئے خود ان سے صاف صراحۃً کہہ دے کہ نذر کچھ نہیں دی جائے گی خالصاً لوجہ اللہ اگر آپ زیارت کراتے ہیں کرایئے اس پر اگر وہ صاحب نہ مانیں ہرگز زیارت نہ کرے کہ زیارت ایک مستحب ہے اور یہ لین دین حرام، کسی مستحب شی کے حاصل کرنے کے واسطے حرام کو اختیار نہیں کر سکتے۔

اشباہ و نظائر وغیرہا میں ہے۔

ما حرم اخذه حرم اعطاء ه .

جس کا لینا حرام اس کا دینا بھی حرام ہے۔ (مولف)

در مختار میں ہے۔

الاخذ و المعطی آثمان .

لینے والے اور دینے والے دونوں گنہ گار ہیں۔ (مولف)

اسی در مختار میں تصریح ہے کہ جو تندرست ہو اور کسب پر قادر ہو اسے دینا حرام ہے کہ دینے والے اس سوال حرام پر اس کی اعانت کرتے ہیں اگر نہ دیں خواہی نہ خواہی عاجز ہو اور کسب کرے اور اگر اس کی غرض زیارت کرنے والے صاحب نے قبول کرلی تو اب سوال و اجرت کا قدم درمیان سے اٹھ گیا بے تکلف زیارت کرے دونوں کے لیے اجر ہے اس کے بعد حسب استطاعت ان کی نذر کردے یہ لینا دینا دونوں کے لیے حلال اور دونوں کے لیے اجر ہے۔ بحمدہ تعالیٰ فقیر کا یہی معمول ہے اور توفیق خیر اللہ تعالیٰ سے مسئول ہے۔ (بدرالانوار فی آداب الآثار)

روضۂ منورہ کی نقل اور آثار شریفہ کو دیکھ کر درود پڑھنا

روضۂ انور کی نقل صحیح اور دیگر آثار مقدسہ کو دیکھ کر درود شریف پڑھنے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ارشاد فرماتے ہیں :

روضۂ منورہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نقل صحیح بلاشبہ معظمات دینیہ سے ہے اس کی تعظیم و تکریم بروجہ شرعی ہر مسلمان صحیح الایمان کا مقتضائے ایمان ہے۔ ع

اے گل بتو خرسندم تو بوئے کسی داری

اس کی زیارت بآداب شریعت اور اس وقت درود شریف کی کثرت ہر مومن کی شہادت قلب و بداہت عقل سے مستحب و مطلوب ہے۔

علامہ تاج خاکہانی فجر منیر میں فرماتے ہیں :

من فوائد ذلک ان من لم یمکنه زیارة الروضة فلیبرز مثالها و لیلثمه مشتاقا لانه ناب مناب الاصل کما قد ناب مثال نعله الشریف مناب عینها فی المنافع و الخواص بشهادة التجربة الصحیحة و لذا جعلوا له من الاکرام و الاحترام ما یجعلون

للمنوب عنه .

یعنی روضۂ مبارک سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نقل میں ایک فائدہ یہ ہے کہ جسے اصل روضۂ اقدس کی زیارت نہ ملے وہ اس کی زیارت کرے اور شوق دل کے ساتھ اسے بوسہ دے کہ یہ نقل اسی اصل کے قائم مقام ہے جیسے نعل مبارک کا نقشہ منافع وخواص میں یقیناً خود اس کا قائم مقام ہے جس پر صحیح تجربہ گواہ ہے ولہٰذا علماء دین نے اس کی نقل کا اعزاز واکرام وہی رکھا جو اصل کا رکھتے ہیں۔

اسی طرح دلائل الخیرات ومطالع المسرات وغیرہما معتبرات میں ہے۔

اس بحث کی تفصیل جمیل فقیر (امام احمد رضا بریلوی) کے رسالہ ''شفاء الوالہ فی صور الحبیب ومزارہ ونعالہ ۱۳۱۵ھ'' میں ہے یہاں لفظ زیارت کی ممانعت محض جہالت ہے اور معاذ اللہ درود شریف کی ممانعت اور سخت حماقت اور صراحۃً شریعت مطہرہ پر افتراء وتہمت ہے۔

علامہ طاہر فتنی مجمع البحار میں اپنے استاذ حضرت عارف باللہ سیدی علی متقی مکی وہ اپنے استاذ امام ابن حجر مکی رحمہم اللہ تعالیٰ سے نقل فرماتے ہیں۔

من استيقظ عند اخذ الطيب و شمه الى ما كان عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من صحبته للطيب و صلى عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لما وقر فى قلبه من جلالته و استحقاقه على كل امته ان يلحظوا بعين نهاية الاجلال عند روية شئ من آثاره او ما يدل عليها فهو آت بما له فيه اكمل الثواب الجزيل و قد استحبه العلماء لمن رأى شيئا من آثاره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و لا شك ان من استحضر ما ذكرته عند شمه للطيب يكون كالرائى بشئ من آثاره الشريفة فى المعنى فليس به الاكثار من الصلاة و السلام عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حينئذ.

اسی ارشاد جمیل میں صاف تصریح جمیل ہے کہ تمام امت پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حق ہے کہ جب حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آثار شریفہ سے کوئی چیز دیکھیں یا وہ شئ دیکھیں جو حضور کے آثار شریفہ سے کسی چیز پر دلالت کرتی ہو تو اس وقت کمال ادب و تعظیم کے ساتھ حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تصور لائیں اور درود و سلام کی کثرت کریں ولہذا جو خوشبو لیتے یا سونگھتے وقت یاد کرے کہ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے دوست رکھتے تھے وہ بھی گویا معنی آثار شریفہ کی زیارت کر رہا ہے اسے اس وقت درود پڑھنے کی کثرت مسنون ہونی چاہیئے۔

تو نقل روضۂ مبارکہ کہ صاف صاف مایدل علیہا میں داخل ہے اس کی زیارت کے وقت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم وتکریم اور حضور پر درود وتسلیم کیوں نہ مستحب ہوگی۔

(بدرالانوار فی آداب الآثار)

ابومحذورہ کے گیسو

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طائف شریف فتح فرمایا اذان ہوئی بچوں نے اس کی نقل کی ان میں ابومحذورہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے ان کی آواز بہت اچھی تھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آپ کو بلایا اور سر پر دست مبارک رکھا اور ان کو موذن مقرر فرمادیا ماں نے برکت کے لیے پیشانی کے ان بالوں کو جن پر دست اقدس رکھا گیا تھا محفوظ رکھا۔ جس وقت بال کھولے جاتے تو زمین پر آجاتے تھے۔

(الملفوظ حصہ دوم)

اعضائے شریفہ سے تبرک کا طریقہ

اعضائے شریفہ سے استفادہ اوران سے حصول برکت کا طریقہ بیان کرتے ہوئے امام احمد رضا

بریلوی فرماتے ہیں:

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے اعضائے شریفہ مثلاً موئے مبارک اور دندان شریف اور ناخن شریف کا کھانا ناجائز وحرام ہے، ابتذال وتوہین ہے اور جو چیز حرام کی گئی ہے اس کی حلت کی کوئی وجہ نہیں وہ مباح نہیں ہوسکتی اگر تبرک چاہتا ہے پانی میں دھوکر پیئے۔ (الملفوظ، حصہ چہارم)

حضور کا آب وضو

سنن نسائی شریف میں ہے طلق بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حضور کا بقیہ وضو مانگا حضور نے پانی منگا کر وضو فرمایا اور اس میں کلی ڈالی پھر ان کے برتن میں کر دیا اور ارشاد فرمایا جب اپنے شہر میں پہنچو

فاكسروا بيعتكم و انضحوا مكانها بهذا الماء و اتخذوها مسجدا.

اپنا گرجا توڑ و اور اس زمین پر یہ پانی چھڑکو اور وہاں مسجد بناؤ۔

انھوں نے اور ان کے ساتھیوں نے عرض کی شہر دور ہے اور گرمی سخت وہاں تک جاتے جاتے پانی خشک ہو جائے گا فرمایا

مدوه من الماء فانه لا يزيده الا طيبا.

اس میں اور پانی ملاتے رہنا کہ پاکیزگی ہی بڑھے گی۔

چاہ اہاب میں حضور نے کلی فرمائی

مدینہ طیبہ کے عوالی میں جانب غرب کے سنگستان میں ایک کنواں ہے جس میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کلی فرمائی تھی، جب سے برابر اہل مدینہ اس سے تبرک کرتے ہیں اہل اسلام اس کا پانی

زم زم شریف کی طرح دور دور لے جاتے ہیں یہاں تک کہ اس کا نام ہی زم زم ہوگیا ہے۔

امام سید نور الدین علی سمہودی مدنی قدس سرہ خلاصۃ الوفاء شریف میں فرماتے ہیں

بئر اهاب بصق رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فیها و هی بالحرة الغربیة معروفة الیوم بزمزم و قد قال المطری لم یزل اهل المدینة قدیما و خلفا یتبرکون بها و ینقل الی الافاق من ماء ها کما ینقل من زمزم یسمونها ایضا زمزم لبرکتها.

چاہ اہاب میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کلی فرمائی وہ پچھم کی پتھریلی زمین میں ہے آج زم زم کے نام سے مشہور ہے اور بیشک مطری نے کہا کہ ہمیشہ اہل مدینہ سلف سے خلف تک اس سے تبرک کرتے ہیں دور دور شہروں کو زم زم کی طرح اس کا پانی مسلمان لے جاتے ہیں اس کی برکت کے سبب اسے بھی زم زم کہتے ہیں۔ (فتاویٰ افریقہ)

موئے مبارک سے شفایابی

صحیح بخاری و مسند امام احمد و سنن ابن ماجہ میں عثمان بن عبد اللہ بن موہب سے مروی:

قال دخلت علی ام سلمة رضی الله تعالیٰ عنها فاخرجت شعرا من شعر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم (مخضوبا [زاد الاخیران] (بالحناء و الکتم)

یعنی میں ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور انھوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے مبارک (جو ان کے پاس تبرکات شریفہ میں رکھے تھے جس بیمار کو اس کا پانی دھو کر پلاتیں فوراً شفا پاتا تھا) نکالے (مہندی اور کتم سے رنگے ہوئے تھے)

ان ہی عثمان بن عبداللہ سے ان ہی موئے اقدس کی نسبت صحیح بخاری شریف میں مروی

ان ام سلمة رضی الله تعالیٰ عنها ارته شعر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم احمر.

یعنی ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انھیں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے مبارک سرخ رنگ دکھائے۔

اسی حدیث میں امام احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی دوسری روایت یوں ہے۔

شعرا احمر مخضوبا بالحناء و الکتم.

یعنی ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے موئے مبارک سرخ رنگ دکھائے جن پر حنا و کتم کا خضاب تھا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۴۲)

آثار شریفہ سے تبرک

آثار مقدسہ سے ہر زمانے میں تبرک حاصل کیا گیا اور ان کی تعظیم و تکریم کی گئی اور یہ کہ آثار مقدسہ کے ثبوت کیلیے کسی سند کی حاجت نہیں ان کا مشہور و معروف ہو جانا ہی کافی ہے، اس مضمون سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

فی الواقع آثار شریفہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے تبرک سلفاً و خلفاً زمانہ اقدس حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے آج تک بلا نکیر رائج و معمول اور باجماع مسلمین مندوب و محبوب بکثرت احادیث صحیحہ صحیح بخاری و مسلم وغیرہما صحاح و سنن و کتب حدیث اس پر ناطق جن میں بعض کی تفصیل فقیر نے کتاب ''البارقۃ الشارقۃ علیٰ مارقۃ المشارقۃ'' میں ذکر کی اور ایسی جگہ ثبوت یقینی

یا سند محدثانہ کی اصلاً حاجت نہیں، اس کی تحقیق وتنقیح کے پیچھے پڑنا اور بغیر اس کے تعظیم وتبرک سے باز رہنا سخت محرومی وکم نصیبی ہے، ائمہ دین نے صرف حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نام سے اس شی کا معروف ہونا کافی سمجھا ہے۔

امام قاضی عیاض ''شفا شریف'' میں فرماتے ہیں:

من اعظامه و اكباره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اعظام جميع اسبابه و اكرام مشاهده و امكنته من مكة و المدينة و معاهده و ما منه عليه الصلاة و السلام او عرف به .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم وبڑائی میں سے یہ ہے کہ حضور کے تمام اسباب ومشاہد اور حضور کے رہنے کی جگہ جیسے مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ اور حضور کے معاہد وما من یا حضور سے منسوب جو چیز مشہور ہے ان سب کی تعظیم وتکریم کرنا۔ (مولف)

نعل مطہر کے نقشے اور اس سے تبرک

اسی طرح طبقۃً فطبقۃً، شرقاً، غرباً، عجماً، عرباً، علمائے دین وائمہ معتمدین نعل مطہر حضور سید البشر علیہ افضل الصلاۃ واکمل السلام کے نقشے کاغذوں پر بناتے، کتابوں پر تحریر فرماتے آئے اور انھیں بوسہ دینے، آنکھوں سے لگانے، سر پر رکھنے کا حکم فرماتے اور دفع امراض وحصول اغراض میں اس سے توسل فرمایا کیے اور بفضل الٰہی عظیم وجلیل برکات وآثار اس سے پایا کیے۔

علامہ ابوالیمن ابن عساکر وشیخ ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن خلف سلمی وغیرہما علماء نے اس باب میں مستقل کتابیں تصنیف کیں۔

اور علامہ احمد مقری کی فتح المتعال فی مدح خیر النعال اس مسئلہ میں اجمع وانفع تصانیف سے ہے۔

علامہ ابو الربیع سلیمان بن سالم کلاعی، وقاضی شمس الدین ضیف اللہ رشیدی وشیخ فتح اللہ بیلونی طبی معاصر علامہ مقری وسید محمد موسیٰ حسینی مالکی معاصر علامہ ممدوح وشیخ محمد بن فرج سبتی وشیخ محمد بن رشید فہری سبتی وعلامہ ابو الیمن ابن عساکر وعلامہ ابو الحکم مالک بن عبد الرحمٰن بن علی مغربی وامام ابو بکر احمد بن امام ابو محمد عبد اللہ بن حسین انصاری قرطبی وغیرہم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے نقشۂ نعل مقدس کی مدح میں قصائد عالیہ تصنیف فرمائے۔ ان سب میں اسے بوسہ دینے، سر پر رکھنے کا حکم واستحسان مذکور اور یہی مواہب لدنیہ امام علامہ احمد قسطلانی وشرح مواہب علامہ زرقانی وغیرہما کتب جلیلہ میں مسطور۔

نقشۂ نعل مقدس کے فوائد

علماء فرماتے ہیں جس کے پاس یہ نقشہ متبرکہ ہو ظلم ظالمین وشر شیاطین وچشم زخم حاسدین سے محفوظ رہے۔ عورت دردِزہ کے وقت اپنے ہاتھ میں لے آسانی ہو۔ جو ہمیشہ پاس رکھے نگاہ خلق میں معزز ہو، زیارت روضۂ اقدس نصیب ہو، یا خواب میں زیارت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشرف ہو جس لشکر میں ہو نہ بھاگے، جس قافلہ میں ہو نہ لٹے، جس کشتی میں ہو نہ ڈوبے، جس مال میں ہو نہ چرے، جس حاجت میں اس سے توسل کیا جائے پوری ہو، جس مراد کی نیت سے پاس رکھیں حاصل ہو، موضع درد ومرض پر اسے رکھ کر شفائیں ملی ہیں، مہلکوں، مصیبتوں میں اس سے توسل کر کے نجات وفلاح کی راہیں کھلی ہیں، اس باب میں حکایات صلحاء وروایات علماء بکثرت ہیں کہ امام تلمسانی وغیرہ نے فتح المتعال وغیرہ میں ذکر فرمائیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۹۲)

نعل مبارک اور اس کے نقشے کا احترام

علامہ محمد بن احمد بن علی فاسی قصری مطالع میں فرماتے ہیں :

و قد استنابو امثال النعل عن النعل و جعلوا له من الاکرام و الاحترام ما للمنوب عنه و ذکروا له خواص و برکات و قد جربت و قالوا فیه اشعارا کثیرة و الفوا فی صورته و رووه بالاسانید و قد قال القائل .

اذا مـا الشـوق اقـلـقـنـی الیهـا

و لـم اظـفـر بـمـطـلـوبـی لـدیهـا

•

نـقـشـت مثـالهـا فـی الـکف نـقـشـا

و قـلـت لـنـاظـری قـصـرا عـلیهـا

علمائے کرام نے نعل مقدس کے نقشے کو نعل مقدس کا قائم مقام بنایا اور اس کے لیے وہی اکرام و احترام جو اصل کے لیے تھا ثابت ٹھہرایا اور اس نقشۂ مبارک کے لیے خواص و برکات ذکر فرمائے اور بلاشبہ وہ تجربے میں آئے اور اس میں بکثرت اشعار کہے اور اس کی تصویر میں رسالے تصنیف کیے اور اسے سندوں کے ساتھ روایت کیا اور کہنے والے نے کہا۔

جب اس کی آتش شوق میرے سینے میں بھڑکتی ہے اور اس کا دیدار میسر نہیں ہوتا، اس کی تصویر ہاتھ پر کھینچ کر آنکھ سے کہتا ہوں اسی پر بس کر۔

نقشۂ نعل مبارک کی توصیف

امام احمد بن محمد خطیب قسطلانی صاحب ارشاد الساری شرح صحیح بخاری مواہب لدنیہ و منح محمدیہ میں فرماتے ہیں :

- قد ذکر ابو الیمن ابن عساکر تمثال نعله الکریم علیه افضل الصلاة و التسلیم

فی جزء مفرد رویته قراء ة و سماعا و کذا افرده بالتالیف ابو اسحٰق ابراهیم بن محمد بن خلف السلمی المشهور بابن الحاج من اهل المریة بالاندلس و کذا غیرهما لله و در ابی الیمن ابن عساکر حیث قال :

یا منشدا فی رسم ربع خال
و منا شد الدواس الاطلال

دع ندب آثار و ذکر مآثر
لاحبة بانوا و عصر خال

و الثم ثری الاثر الکریم محبدا
ان فزت هنه بلثم ذو التمثال

صافح بها خدا و عفر وجنة
فی تربها وجد وفرط تفال

یا شبه نعل المصطفیٰ روح الفداء
لحلک الاسمی الشریف العالی

هملت لمراک العیون و قد نآی
و قا العیون بخیر ما اهمال

و تذکرت عهد العقیق فتأثرت
شوقا عقیق المدمع الهطال

اذکرتنی قدما لها قدم العلی
و الجود و المعروف و الافضال

لو ان خدی یحتذی نعلا لھا
لبلغت من نیل المنی آمال

او ان اجفانی لوط و نعالھا
ارض سمت عزا بذا الاذلال

خلاصہ یہ کہ ابوالیمن ابن عساکر نے نقشہ نعل اقدس کے باب میں ایک مستقل جز تالیف کیا جسے میں نے استاذ پر پڑھ کر اور استاد سے سن کر روایت کیا اور اسی طرح ابن الحاج اندلسی وغیرہما علماء نے اس بارہ میں مستقل تصنیفیں کیں۔اور اللہ عزوجل کے لیے ہے خوبی ابوالیمن وابن عساکر کی کیا خوب قصیدہ مدح شبیہ شریف میں لکھا ہے جس میں فرماتے ہیں۔

اے فانی کی یاد کرنے والے ان چیزوں کی یاد چھوڑ اور تبرکات شریفہ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حاک بوسی کر، زہے نصیب اگر تجھے اس تصویر نعل مبارک کا بوسہ ملے اپنا رخسار اس پر رکھ اور اس کی خاک پر اپنا چہرہ مل۔اے نعل مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصویر تیری عزت وشرف بلندی پر میری جان قربان تجھے دیکھ کر آنکھیں ایسی بہہ نکلیں کہ اب تھمنا بہت دور ہے تجھے دیکھ کر انھیں مدینے کی وادی عقیق میں مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رفتار یاد آ گئی۔لہٰذا اپنے اشک رواں کے سرخ سرخ عقیق نچھاور کر رہے ہیں، اے تصویر نعل مبارک تو نے مجھے وہ قدم پاک یاد دلا دیا جس کے بلندی وجود واحسان وفضل قدیم سے ہیں اگر میرا رخسارہ تراش کر اس قدم پاک کے لیے کفش بنائے تو دل کی تمنا برآتی یا میری آنکھ ان کی کفش مبارک کے لیے زمین ہوتی تو اس زمین ہونے سے عزت کا آسمان بن جاتی۔ع جزاک اللہ خیرا یا ابا الیمن

نقشہ نعل کے اوصاف

ابوالحکم بن عبدالرحمٰن الشہیر بابن الرحل کہ فضلائے مغاربہ سے ہیں امام بقیۃ الحفاظ ابن حجر

عسقلانی نے تبصیر میں ان کا ذکر لکھا وصف نقش نعل مبارک میں ان کا قصیدۂ غرا شیخ ابن الحاج نے اپنی کتاب مذکور میں ذکر کیا امام قسطلانی نے اسے ما احسنھا کہا یعنی کیا خوب فرمایا اس کے بعض ابیات کریمہ مواہب میں یہ ہیں۔

مثال نعلی من احب ھویتہ	فھا انا فی یومی و لیل لاثمر
اجر علی رای وو جھہ ادیمہ	و الثمہ طورا و طورا لازمہ
اشد فی رجل اکرم من مشی	فتبصرہ عینی و کانما حاملہ
اجرک خدی ثم احسب وقعہ	علی و جنتی خطوا ھناک یداومہ
و من لی بوقع النصل فی حروجنتی	لماش علت فوق النجوم براحمہ
سا جعلہ فوق الترائب عوذۃ	لقلبی لعل القلب یبرد حاجمہ
وار بطہ فوق الشئون تمیمہ	لجفنی لعل الجفن یرقا سا جمہ
الا بابی تمثال نعل محمد	لطاب لحاذیہ و قدم خادمہ
یود ھلال الافق لو انہ ھوی	یزاحمنا فی لثمہ و نزاحمہ
سلام علیہ کلما ھبت الصبا	و غنت باغصان الاراک حمائمہ

اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصویر نعل پاک کو میں دوست رکھتا اور رات دن اسے بوسہ دیتا ہوں اپنے سر اور منہ پر رکھتا ہوں اور کبھی چومتا کبھی سینے سے لگا تا ہوں میں اپنے دھیان میں اسے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پائے اقدس میں تصور کرتا ہوں تو شدت صدق تصور سے گویا اپنی آنکھوں سے جاگتے میں دیکھ لیتا ہوں اس نقشہ پاک کو اپنے رخسارے پر رکھ کر جنبش دیتا اور یہ خیال کرتا ہوں کہ گویا وہ اسے پہنے ہوئے میرے رخسارے پر چل رہے ہیں، آہ کوئی ایسی صورت کردے کہ وہ پائے مبارک جو ستارگان آسمان ہشتم کے سروں پر بلند ہوئے ان کی کفش مبارک چلنے میں میرے رخسارے پر پڑے۔ میں

نقشہ نعل مبارک کو اپنے سینہ پر دل کا تعویذ بنا کر رکھوں گا شاید دل کی آنکھ ٹھنڈی ہو میں اسے سر پر آنکھوں کا تعویذ بنا کر باندھوں گا شاید بہتی پلکیں رکیں، بن لو تصویر کفش مقدس پر میرا باپ نثار کیا اچھا ہے اسکا بنانے والا اور جو اس کی خدمت کرے پاک ہو جائے ماہ نو کی تمنا ہے کاش آسمان سے اتر کر اس نقشہ مبارک کے بوسے میں ہم اور وہ باہم مزاحمت کرتے اللہ عزوجل کا سلام اترے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جب تک باد صبا چلے اور جب تک درخت اراک کی ڈالیوں پر کبوتر گونجیں۔ اللھم صل و سلم و بارک علیه و علی آله و امته ابدا آمین.

درد سے شفایابی

نیز مواہب لدنیہ میں ہے

من بعض ما ذكر من فضلها و جرب من نفعها و بركتها ما ذكره ابو جعفر احمد بن عبد المجيد و كان شيخا صالحا و رعا قال حرزت هذا المثال لبعض الطلبة فجاء ني يوما فقال رايت البارحة من بركة هذا النعل عجبا اصاب زوجي شديد كاد يهلكا فجعلت النعل على موضع الوجع و قلت اللهم اشف ببركة هذا النعل فشفاها الله للحين.

اس مثال مبارک کے فضائل جو ذکر کیے گئے اور اس کے منافع و برکات جو تجربے میں آئے ان میں سے وہ ہیں جو شیخ صالح صاحب ورع وتقویٰ ابو جعفر احمد بن عبد المجید نے بیان فرمایا کہ میں نے نعل مقدس کی مثال اپنے بعض تلامذہ کو بنادی تھی ایک روز انھوں نے آکر کہا رات میں نے اس مثال مبارک کی عجب برکت دیکھی میری زوجہ کو ایک سخت درد لاحق ہوا کہ مرنے کے قریب ہوگئی میں نے مثال مبارک موضع درد پر رکھ کر دعا کی کہ الٰہی اس کی برکت سے شفا دے اللہ عزوجل نے فوراً شفا بخشی۔

نقشہ نعل مبارک کی برکتیں

نیز امام قسطلانی فرماتے ہیں کہ ابو اسحاق ابراہیم بن الحاج فرماتے ہیں کہ ان کے شیخ الشیخ ابو القاسم ابن محمد فرماتے ہیں :

ومما جرب من برکته ان امسکه عنده متبرکا به کان اماناله من بغی النجاة و غلبة العداة و حرزا من کل شیطان مارد و من کل حاسد و ان امسکته الحامل بیمینها و قد اشتد علیها الطلق تیسر امرها بحول الله تعالیٰ و قوته .

نقشہ نعل مبارک کی آزمائی ہوئی برکات سے ہے کہ جو شخص بہ نیت تبرک اسے اپنے پاس رکھے ظالموں کے ظلم اور دشمنوں کے غلبہ سے امان پائے اور وہ نقشہ ہر شیطان سرکش اور ہر حاسد کے چشم زخم سے اس کی پناہ ہو جائے اور زن حاملہ شدت دردزہ میں اگر اسے اپنے داہنے ہاتھ میں لے بعنایت الٰہی اس کا کام آسان ہو۔ (فتاویٰ رضویہ ج۹،ص ۱۵۰،۱۵۱۔شفاء الوالہ)

نقشہ روضہ مبارکہ

نقشہ روضۂ مبارکہ کے جواز میں اصلاً مجال سخن و جائے دم زدن نہیں جس طرح ان (ذی روح) تصویروں کی حرمت یقینی ہے یوں ہی اس کا جواز اجماعی ہے۔ شرع مطہر میں ہر ذی روح کی تصویر حرام فرمائی۔

حدیث میں ہے کہ ایک مصور نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی خدمت والا میں حاضر ہو کر عرض کی میں تصویریں بنایا کرتا ہوں اس کا فتویٰ دیجیے فرمایا پاس آوہ پاس آیا فرمایا پاس آوہ اور پاس آیا یہاں تک کہ حضرت نے اپنا دست مبارک اس کے سر پر رکھ کر فرمایا کیا میں تجھے نہ بتادوں وہ حدیث جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنی پھر مصوروں کے جہنمی ہونے کی حدیث ارشاد فرمائی۔ اس نے نہایت ٹھنڈی سانس لی حضرت نے فرمایا۔

و یحک ان ابیت الا ان تصنع فعلیک بھذہ الشجرۃ و کل شئ لیس فیہ روح.

افسوس تجھ پر اگر بے بنائے نہ بن آئے تو پیڑ اور غیر ذی روح چیزوں کی تصویریں بنایا کر۔

ائمہ مذاہب اربعہ وغیرہم نے اس کے جواز کی تصریحیں فرمائیں تمام کتب مذاہب اس سے مملوو مشحون ہیں۔ ہر چند مسئلہ واضح اور حق لائح ہے مگر تسکین اوہام و تثبیت عوام کے لیے ائمہ کرام و علماء اعلام کی بعض سندیں اس باب میں پیش کروں کہ کن اکابر دین و اعاظم معتمدین نے مزار مقدس اور اس کے مثل نعل اقدس کے نقشے بنائے اور ان کی تعظیم اور ان سے تبرک کرتے آئے اور اس باب میں کیا کیا کلمات روح افزائے مومنین و جاں گزائے مومنین ارشاد فرمائے۔

امام عثیم بن نسطاس تابعی مدنی،

امام محدث جلیل القدر ابونعیم صاحب حلیۃ الاولیاء،

امام محدث علامہ ابوالفرج عبدالرحمٰن بن الجوزی حنبلی،

امام ابوالیمن بن عساکر،

امام تاج الدین خاکہانی صاحب فجر منیر،

علامہ سید نورالدین علی بن احمد سمہودی مدنی شافعی صاحب کتاب الوفاء و وفاء الوفاء،

سیدی عارف باللہ محمد بن سلیمان جزولی صاحب الدلائل،

امام محدث فقیہ احمد بن حجر مکی شافعی صاحب جوہر منظم،

علامہ حسین بن محمد بن حسن دیار بکری صاحب الخمیس فی احوال انفس نفیس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم،

علامہ سیدی محمد بن عبدالباقی زرقانی مالکی شارح مواہب لدنیہ و منح محمدیہ،

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی صاحب جذب القلوب،

محمد العاشق بن عمر الحافظ الرومی الحنفی صاحب خلاصۃ الاخبار ترجمۃ خلاصۃ الوفاء۔

وغیرہم ائمہ وعلماء نے مزار اقدس واکرم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وقبور مقدسہ حضرات صدیق اکبر وفاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے نقشے بنائے۔

حضور اور ابوبکر وعمر کی تربت

مواہب اور اس کی شرح میں ہے۔ابوداؤد وحاکم بطریق قاسم بن محمد بن ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم روایت کرتے ہیں :

(قال دخلت علی عائشة فقلت یا ام اکشفی لی من قبر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم) و صاحبیه ، الحدیث . (زاد الحاکم فرأیت رسول الله) ای قبره (صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مقدما و ابا بکر راسه بین کتفی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و عمر رأسه عند رجلی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال ابو الیمن بن عساکر و هذه صفته .

حضرت قاسم بن محمد بن ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں کہ میں ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس آیا اور کہا کہ اے میری مادر محترمہ میرے لیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تربت کو کھول دیجیے پھر میں نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تربت اطہر کو دیکھا کہ آگے ہے اور ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر کا اگلا حصہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مونڈھوں کے درمیان ہے اور قبر عمر کا اگلا حصہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدموں کے پاس ہے۔ابو الیمن بن عساکر نے فرمایا کہ اس کی صورت یہ ہے۔ (مولف)

النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم		عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ
	ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ	

(و روی ابو بکر الآجری) الحافظ الامام توفی فی محرم سنة ست و ثلثماة (فی کتاب صفة قبر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عن عثیم بن نسطاس المدنی) تابعی مقبول کما فی التقریب (قال رأیت قبر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی امارة عمر بن عبد العزیز فرأیته مرتفعا نحوا من اربع اصابع و رأیت قبر ابی بکر و راء قبره و رایت قبر عمر اسفل منه) و رواه ابو نعیم بزیادة و صوره لنا.

امام حافظ ابو بکر آجری متوفی محرم ۳۰۶ھ نے اپنی کتاب صفۃ قبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں عثیم بن نسطاس مدنی تابعی (جو کہ مقبول ہیں جیسا کہ تقریب میں ہے) سے روایت کیا وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس کو عمر بن عبد العزیز کے دور خلافت میں دیکھا کہ چار انگلی کی مانند بلند ہے اور ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر کو دیکھا کہ حضور کی تربت انور کے پیچھے ہے اور عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر کو دیکھا کہ اس سے نیچے ہے۔ ابو نعیم نے اس کو کچھ زیادتی کے ساتھ روایت کیا اور ہمارے لیے اس کی صورت یہ بنائی۔ (مولف)

المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

(و قد اختلف اهل السیر و غیرهم فی صفة القبور المقدسة علی سبع روایات اوردها) ابو الیمن (ابن عساکر) فی کتابه (تحفة الزائر) و الصحیح منها روایتان

احدهما ما تقدم عن القاسم و الاخرى و بها جزم رزين وغيره عليها الاكثر كما قال المصنف في الفصل الثاني و قال النووى انها المشهورة و الشهودى انها اشهر الروايات ان قبره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الى القبلة مقدما بجدارثم قبر ابى بكر حذاء منكبى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و قبر عمر حذاء منكبى ابى بكر رضى الله تعالىٰ عنهما و هذا صفتها.

اہل سیر وغیرہ نے قبور مقدسہ کی صفت میں سات روایتوں پر اختلاف کیا ہے جنھیں ابوالیمن بن عساکر نے اپنی کتاب تحفۃ الزائر میں ذکر کیا ہے، ان میں سے صحیح دو روایتیں ہیں ایک وہ ہے جو قاسم بن محمد بن ابی بکر الصدیق سے اوپر مذکور ہوئی اور دوسری روایت وہ ہے جس پر رزین وغیرہ نے جزم کیا ہے اور اسی پر اکثر لوگ ہیں جیسا کہ مصنف نے فصل ثانی میں فرمایا ہے اور امام نووی نے فرمایا کہ یہی مشہور ہے اور شہودی نے فرمایا کہ یہ زیادہ مشہور ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تربت انور قبلہ کی جانب دیوار سے متصل آگے ہے پھر ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مونڈھوں کے مقابل ہے اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر ابو بکر کے مونڈھوں کے مقابل ہے اور اس کی صورت یہ ہے۔ (مولف)

| المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم |

| ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ |

| عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ |

و مرت واحدة من الضعيفة و لا حاجة لذكر باقيها ما في المواهب و شرحها

ملتقطا قلت و قد ذکر السبع جمیعا الامام البدر محمود العینی فی عمدة القاری فراجعها ان هویت.

اور ایک ضعیف روایت گزری اور باقی کی حاجت نہیں ہے۔ جو مواہب اور اس کی شرح میں ہے وہ ملخصاً ہے اور بیشک امام عینی نے عمدۃ القاری میں ساتوں روایات کو ذکر کیا ہے اگر مقصود ہو تو وہاں رجوع کرو۔

مطالع المسرات میں ہے و دع المولف صفة الروضة هكذا.

مولف نے روضۂ کریم کا نشان اس طرح بنایا ہے۔ (مولف)

قبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

قبر عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

قبر ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ابو بکر مؤخر قلیلا عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خلفه و عمر خلف رجلی ابی بکر و روی ابو داؤد و الحاکم و صحیح اسناده عن القاسم بن محمد الحدیث قال السمهودی و هذا ارجح ما روی عن القاسم ثم صورها عن ابن عساکر هكذا.

ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تربت اطہر سے کچھ فاصلے پر پیچھے ہے اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر حضرت ابو بکر کے پیروں کے پیچھے ہے۔ ابو داؤد و حاکم نے اسے قاسم بن محمد سے صحیح سندوں کے ساتھ روایت کیا ہے، سمہودی نے کہا کہ یہ قاسم کی روایتوں میں سب سے راجح روایت ہے پھر ابن عساکر سے روایت کرکے اس کی صورت یوں بنائی۔ (مولف)

عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ		النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
	ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ	

ابو الفرج بن الجوزی، ابن حجر، سید مرتضی، وغیرہم نے قبر انور کی ایک صورت یہ بتائی ہے۔ ملخصاً (مولف)

المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ
عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بالجملہ مزار اقدس کا نقشہ تابعین کرام اور نعل مبارک کی تصویر تبع تابعین اعلام سے ثابت، اور جب سے آج تک ہر قرن وطبقہ کے علماء وصلحاء میں معمول ورائج ہمیشہ اکابر دین ان سے تبرک کرتے اور ان کی تکریم وتعظیم رکھتے آئے ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۴۷۔ ۱۴۸۔ شفاء الوالہ)

حضرت امیر معاویہ کی وصیت

امام ابوعمر یوسف بن عبد البر کتاب الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب میں فرماتے ہیں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے انتقال کے وقت وصیت میں فرمایا:

انی صحبت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فخرج لحاجته فتبعته بادواۃ فکسانی احد ثوبیه الذی یلی جسده فخبأته لهذا الیوم و اخذ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم من اظفاره و شعره ذات یوم فاخذته فخبأته لهذا الیوم فاذا انامت

فاجعل ذلک القمیص دون کفنی مما یلی جسدی و خذ ذلک الشعر و الاظفار فاجعله فی فمی و علی عینی و مواضع السجود منی .

یعنی میں صحبت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شرف یاب ہوا ایک دن حضور اقدس صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ حاجت کے لیے تشریف فرما ہوئے ہیں میں لوٹا لے کر ہمراہ رکاب سعادت مآب ہوا۔ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے جوڑے سے کرتا کہ بدن اقدس سے متصل تھا مجھے انعام فرمایا۔ وہ کرتا میں نے آج کے لیے چھپا رکھا تھا۔ اور ایک روز حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ناخن وموئے مبارک تراشے وہ میں نے لے کر اس دن کے لیے اٹھا رکھے۔ جب میں مر جاؤں تو قمیص مبارک تقدیس کو میرے کفن کے نیچے بدن کے متصل رکھنا۔ وموئے مبارک و ناخن ہائے مقدسہ کو میرے منہ میں اور آنکھوں اور پیشانی وغیرہ مواضع سجود پر رکھ دینا۔

حضرت علی نے مشک کی وصیت کی

حاکم نے مستدرک میں بطریق حمید بن عبدالرحمن روایت کی :

قال حدثنا الحسن بن صالح عن هارون بن سعید عن ابی وائل قال عند علی رضی الله تعالیٰ عنه مسک فاوصی ان یحنط به و قال هو الفضل حنوط رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم . سکت علیه الحاکم و رواه ابن ابی شیبة فی مصنفه قال حدثنا حمید بن عبد الرحمن به و رواه البیهقی فی سننه قال النووی اسناده حسن ذکره فی نصب الرایة من الجنائز.

یعنی مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے پاس مشک تھا وصیت فرمائی کہ میرے حنوط میں یہ مشک استعمال کیا جائے۔ اور فرمایا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حنوط کا بچا ہوا ہے۔ اسے ابن ابی شیبہ

نے مصنف میں اور بیہقی نے سنن میں روایت کیا۔نووی نے فرمایا اس کی سند حسن ہے اور اسے نصب الرایۃ میں بھی بیان کیا گیا ہے۔

حضرت انس کی وصیت

ابن السکن نے بطریق صفوان بن ہبیرہ عن ابیہ روایت کی :

قال قال ثابت البنانی قال لی انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ ھذہ شعرۃ من شعر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فضعھا تحت لسانی قال فوضعتھا تحت لسانہ فدفن و ھی تحت لسانہ . ذکرہ فی الاصابۃ .

یعنی ثابت بنانی فرماتے ہیں مجھ سے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا یہ موئے مبارک سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہے اسے میری زبان کے نیچے رکھ دو میں نے رکھ دیا وہ یوں ہی دفن کیے گئے کہ موئے مبارک ان کی زبان کے نیچے تھا۔

بیہقی وابن عساکر امام محمد بن سیرین سے راوی :

عن انس بن مالک انہ کان عندہ عصیۃ لرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فمات فدفنت معہ بین جنبیہ و بین قمیصہ .

یعنی انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک چھڑی تھی وہ ان کے سینہ پر قمیص کے نیچے ان کے ساتھ دفن کی گئی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۳۱، ۱۳۲۔ الحرف الحسن)

آب وضو کے لیے اشتیاق

صحیح بخاری شریف باب صفۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بطریق مالک بن مغول عن عون عن

ابیہ ہے :

و فیہ خرج بلال فنادی بالصلاۃ ثم دخل فاخرج فضل وضوء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فوقع الناس علیہ یاخذون منہ ثم دخل فاخرج العنزۃ و خرج رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کانی انظر الی و بیض ساقیۃ فرکز العنزۃ ثم صلی الظھر رکعتین و العصر رکعتین .

حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نکل کر نماز کی ندا دی پھر جا کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وضو کا بچا ہوا پانی لائے تو لوگ اس کے لینے کے لیے جھپٹ پڑے پھر جا کر نیزہ لائے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے ، راوی نے کہا گویا کہ میں حضور کی پنڈلیوں کی سفیدی دیکھ رہا ہوں پھر نیزہ گاڑ کر دو رکعت ظہر اور دو رکعت عصر پڑھیں ۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲،ص ۳۲۷ ۔ حاجز البحرین)

آثار شریفہ کا غسالہ قابل وضو ہے

جس پانی سے آثار مقدسہ کو دھویا جائے یا انھیں برکت کے لیے پانی میں رکھا جائے وہ پانی پاک اور وضو کے قابل اس سلسلے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا موئے مبارک یا جبۂ مقدسہ یا نعل شریف یا کاسۂ مطہرہ تبرک کے لیے جس پانی میں دھویا قابل وضو ہے اگر چہ اس میں قصد قربت بھی ہوا۔ ہاں پاؤں پر نہ ڈالا جائے کہ خلاف ادب ہے ۔ اگر منھ پر جاری کیا منھ کا وضو ہو گیا ان کا تو نام پاک لینے سے دل کا وضو ہو جاتا ہے ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اور فرماتے ہیں :

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آثار شریفہ مثل جبہ اقدس و نعل مبارک کا غسالہ شفا و برکت و قابل وضوء مطہر طہارت ہے مگر پاؤں پر نہ ڈالا جائے۔

(فتاویٰ رضویہ ج۱، ص ۴۵۶۔ النور والنورق)

شمائل وخصائل

تیرے خلق کو حق نے عظیم کہا تیری خلق حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا تیرے خالق حسن وادا کی قسم

وانک لعلیٰ خلق عظیم

اور بے شک تمھاری خو بو بڑی شان کی ہے۔

(القلم، ۲۱)

شمائل وخصائل

حضوراقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کواللہ تعالیٰ نے جس طرح کمال سیرت میں تمام اولین وآخرین سے ممتاز اورافضل واعلیٰ بنایا اسی طرح آپ کو جمال صورت میں بھی بے مثل و بے مثال پیدا فرمایا۔ ہم اور آپ حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان بے مثال کو بھلا کیا سمجھ سکتے ہیں؟ حضرات صحابہ کرام جو دن رات سفروحضر میں جمال نبوت کی تجلیاں دیکھتے رہے انھوں نے محبوب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جمال بے مثال کے فضل وکمال کی جو مصوری کی ہے اس کو سن کر یہی کہنا پڑتا ہے جو کسی مداح رسول نے کیا خوب کہا ہے کہ

لم یخلق الرحمن مثل محمد

ابدا و علمی انہ لا یخلق

یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مثل پیدا فرمایا ہی نہیں اور میں یہی جانتا ہوں کہ وہ کبھی نہ پیدا کرے گا۔

صحابی رسول اور تاجدار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے درباری شاعر حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے قصیدۂ ہمزیہ میں جمال نبوت کی شان بے مثال کو اس شان کے ساتھ بیان فرمایا کہ:

و احسن منک لم ترقط عینی

و اجمل منک لم تلد النساء

یعنی یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ سے زیادہ حسن و جمال والا میری آنکھ نے کبھی کسی کو دیکھا ہی نہیں اور آپ سے زیادہ کمال والا کسی عورت نے جنا ہی نہیں۔

خلقت مبرء من کل عیب

کانک قد خلقت کما تشاء

(یارسول اللہ) آپ ہرعیب ونقصان سے پاک پیدا کیے گئے ہیں گویا آپ ایسے ہی پیدا کیے گئے جیسے حسین وجمیل پیدا ہونا چاہتے تھے۔

حضرت علامہ بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے قصیدۂ بردہ میں فرمایا کہ :

منزہ عن شریک فی محاسنہ

فجوھر الحسن فیہ غیر منقسم

یعنی حضرت محبوب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی خوبیوں میں ایسے یکتا ہیں کہ اس معاملہ میں ان کا کوئی شریک ہی نہیں ہے کیوں کہ ان میں جو حسن کا جوہر ہے وہ قابل تقسیم ہی نہیں۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے بھی اس مضمون کی عکاسی فرماتے ہوئے کتنے نفیس انداز میں فرمایا کہ ۔

تیرے خلق کو حق نے عظیم کہا تیری خلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہے نہ ہوگا شہا تیرے خالق حسن و ادا کی قسم

بہر حال اس پر تمام امت کا ایمان ہے کہ تناسب اعضا اور حسن و جمال میں حضور نبی آخرالزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بے مثل و بے مثال ہیں چنانچہ حضرات محدثین ومصنفین سیرت نے روایات صحیحہ کے ساتھ آپ کے ہر ہر عضو شریفہ کے تناسب اور حسن و جمال کو بیان کیا ہے۔(مولف) (سیرت مصطفیٰ)

جسم اطہر

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم اقدس کا

ک گورا سپید تھا، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا آپ کا مقدس بدن چاندی سے ڈھال کر بنایا گیا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ آپ کا جسم مبارک نہایت نرم و نازک تھا، میں نے
یباوحریر (ریشمین کپڑے) کو بھی آپ کے بدن سے زیادہ نرم و نازک نہیں دیکھا اور آپ کے جسم مبارک
ی خوشبو سے زیادہ اچھی کوئی خوشبو نہیں سونگھی۔

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خوش
تے تھے تو آپ کا چہرۂ انور اس طرح چمک اٹھتا تھا کہ گویا چاند کا ایک ٹکڑا ہے اور ہم لوگ اسی کیفیت سے
ضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شادمانی ومسرت کو پہچان لیتے تھے۔

آپ کے رخ انور پر پسینہ کے قطرات موتیوں کی طرح ڈھلکتے تھے اور اس میں مشک وعنبر سے بڑھ
ر خوشبو رہتی تھی، چنانچہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ حضرت بی بی ام سلیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک
ڑے کا بستر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے بچھا دیتی تھیں اور آپ اس پر دوپہر کو قیلولہ فرمایا کرتے تھے
آپ کے جسم اطہر کے پسینے کو وہ ایک شیشی میں جمع فرما لیتی تھیں پھر اس کو اپنی خوشبو میں ملایا کرتی تھیں،
انچہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وصیت کی تھی کہ میری وفات کے بعد میرے بدن اور کفن میں وہی
شبو لگائی جائے جس میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم اطہر کا پسینہ ملا ہوا ہے۔ (مولف)

(سیرت مصطفیٰ)

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم اطہر اور اس کی نظافت و پاکیزگی کے بارے میں امام احمد
ضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہے **کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم**
حسن الناس قواما و احسن الناس وجها و اطیب الناس ریحا و الین الناس کفا و کانت

لہ جمۃ الی شحمۃ اذنیہ و کانت لحیۃ قد ملاء ت من ھھنا الی ھھنا و امر یدیہ علی عارضیہ .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم پاک کی بناوٹ تمام جہان سے بہتر، چہرہ تمام عالم سے خوب تر، مہک سارے زمانہ سے خوشبوتر، ہتھیلیاں سب لوگوں سے نرم تر، بال کانوں کی لوتک (پھر اپنے رخساروں پر اشارہ کر کے بتایا کہ) ریش مبارک یہاں سے یہاں تک بھری ہوئی تھی۔ اسے ابن عساکر نے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج۹، ص۱۲۳۔ لمعۃ الضحیٰ)

نورہ کا استعمال

ابن ماجہ ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی :

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان اذا طلی بدأ بعورتہ فطلاھا بالنورۃ و سائر جسدہ اھلہ .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نورہ کا استعمال فرماتے تو ستر مقدس پر اپنے دست مبارک سے لگاتے اور باقی بدن منور پر ازواج مطہرات لگا دیتیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہن وبارک وسلم۔

(فتاویٰ رضویہ ج۱، ص۲۱۰۔ بارق النور)

جسم اقدس پر مکھی نہیں بیٹھی

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص میں سے جسم اقدس ولباس انفس پر مکھی کا نہ بیٹھنا ہے، علامہ ابن سبع نے خصائص میں ذکر فرمایا، علماء نے تصریح کی، اس کا راوی معلوم نہ ہوا اور باوجود اس کے بلانکیر اپنی کتابوں میں اسے ذکر فرماتے آئے۔

شفائے قاضی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ میں ہے

و ان الذباب کان لا یقع علی جسدہ و لا ثیابہ .

مکھی آپ کے جسم اقدس اور لباس اطہر پر نہ بیٹھتی تھی۔

امام علامہ جلال الدین سیوطی خصائص کبریٰ میں فرماتے ہیں۔

ذکر القاضی عیاض فی الشفاء و العراقی فی مولدہ ان من خصائصہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ کان لا ینزل علیہ الذباب.

و ذکرہ ابن سبع فی الخصائص بلفظ انہ لم یقع علی ثیابہ ذباب قط ، و زاد ان من خصائصہ ان القمل لم تکن یوذیہ .

قاضی عیاض نے شفا میں اور عراقی نے اپنے مولد میں ذکر کیا کہ حضور کی خصوصیات میں سے یہ بھی ہے کہ مکھی آپ پر نہ بیٹھتی تھی۔

ابن سبع نے خصائص میں ان لفظوں سے ذکر کیا کہ مکھی آپ کے کپڑوں پر نہیں بیٹھی اور یہ بھی زیادہ کیا کہ جوئیں آپ کو نہیں ستاتی تھیں۔

شیخ ملاعلی قاری شرح شمائل میں فرماتے ہیں:

و نقل الفخر الرازی ان الذباب کان لا یقع علی ثیابہ و ان البعوض لا یمتص دمہ.

رازی نے نقل کیا کہ مکھیاں آپ کے کپڑوں پر نہیں بیٹھتی تھیں اور مچھر آپ کا خون نہیں چوستے تھے۔

علامہ خفاجی نے نسیم الریاض میں علماء کا وہ قول کہ اس کا راوی نہ معلوم ہوا، نقل کیا اور اس خاصہ کی نسبت لکھا کہ ایک کرامت ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو عطا کی اور اپنے نتائج افکار سے ایک رباعی لکھی کہ اس میں بھی اس خاصہ کی تصریح ہے۔

ان کی مکمل عبارت یہ ہے :

ومن دلائل نبوته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان الذباب كان لا يقع على ثيابه ، هذا مما قاله ابن سبع الا انهم قالوا لا يعلم من روى هذه ، و الذباب واحده ذبابة قيل انه سمى به لانه كلما ذب اب اى كلما طرد رجع وهذا مما اكرمه الله به لانه طهره الله من جميع الاقذار و هو مع استقذاره قد يجئ من مستقذر و فى رباعية لى .

من اكرم مرسل عظيم حلا

لم تدن ذبابة اذما حلا

●

هذا عجب و لم يذق ذو نظر

فى الموجودات من حلاه احلا

آپ کے دلائل نبوت سے یہ بھی ہے کہ مکھی نہ آپ کے ظاہری جسم پر بیٹھتی تھی اور نہ لباس پر، یہ ابن سبع نے کہا، محدثین نے کہا کہ اس کا راوی معلوم نہیں، ذباب، کا واحد، ذبابہ ہے، کہتے ہیں اس کا یہ نام اس لیے کہ اس کو جب بھی بھگایا جاتا ہے واپس آجاتی ہے۔ یہ کرامت آپ کو اس لیے عطا ہوئی کہ اللہ نے آپ کو پاک رکھا تھا اور میں (خفاجی) نے ایک رباعی کہی ہے۔

آپ بزرگ ترین عظیم مٹھاس والے رسول ہیں یہ عجیب بات ہے کہ آپ کی مٹھاس کے باوجود

مکھی آپ کے قریب نہ جاتی تھی اور کسی بھی صاحب نظر نے موجودات میں آپ کی مٹھاس سے زیادہ مٹھاس نہ چکھی۔

مکھی نہ بیٹھنے میں حکمت

بعض علمائے عجم نے اس بناء پر کہ کلمہ ''محمد رسول اللہ'' کے سب حروف بے نقطہ ہوتے ہیں، ایک لطیفہ لکھا کہ آپ کے جسم مبارک پر مکھی نہ بیٹھتی تھی، لہٰذا یہ کلمۂ پاک کل نقطوں سے محفوظ رہا کہ وہ شبیہ مکھیوں کے ہیں۔

عربی عبارت یہ ہے :

و تظرف بعض علماء العجم فقال محمد رسول الله ليس فيه حرف منقوط لان الموجود ان النقط تشبه الذباب فصين اسمه و نعته كما قلت فى مدحه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم.

لقد ذب الذباب فليس يعلو
رسول الله محمودا محمد

●

و نقط الحرف يحكيه بشكل
لذاک الخط عنه قد تجرد

اور بعض علمائے عجم نے کہا کہ محمد رسول اللہ میں کوئی نقطہ نہیں ہے اس لیے کہ نقطہ مکھی کے مشابہ ہوتا ہے عیب سے بچانے کے لیے اور آپ کی تعریف کے لیے میں نے آپ کی مدح میں کہا ہے۔

بلاشبہ اللہ نے مکھیوں کو آپ سے دور کر دیا تو آپ پر مکھی نہیں بیٹھتی ہے اللہ کے رسول محمود و محمد ہیں

اورحروف کے نقطے جوشکل میں مکھی کی طرح ہیں ان سے بھی اللہ نے اس لیے آپ کومحفوظ رکھا۔

جوں ایذا نہ دیتی

ابن سبع نے حضور کے خصائص میں کہا، جوں آپ کوایذا نہ دیتی۔

علامہ سیوطی نے خصائص کبریٰ میں اس طرح ابن سبع سے نقل کیا اور برقرار رکھا۔

اور ملاعلی قاری شرح شمائل میں فرماتے ہیں۔

ومن خواصه ان ثوبه لم يقمل

حضور سرورکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص میں سے یہ ہے کہ جوں آپ کوایذا نہیں دیتی تھی۔(مولف) (قمرالتمام فی نفی الظل عن سیدالانام)

قامت زیبا

حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قامت زیبا یعنی قد مبارک باغ قدس اور بوستان انس کی شاخ تھا یعنی لطیف، درست اور چست تھا، نہ کوتاہ نہ بہت دراز، لیکن مائل بہ درازی تھا، لہٰذا حدیث میں آیا ہے کہ:

كان ربعته من القوم .

قوم میں متوسط القامت تھے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ

اطول من المربوع و اقصر من المشذب.

پستہ قد سے طویل قامت اور طویل قامت سے کوتاہ تھے۔مطلب یہ کہ پستہ قد سے درازتر اس بناء

پر کہ مائل بجانب درازی تھے۔

مشذب، بمعنی بسیار دراز جسکے کھڑے ہونے میں خوف واضطراب لاحق رہے۔

اور ابن ابی ہالہ کی حدیث میں ہے کہ

لم یکن الطویل الممغط و لا بالقصیر المتردد.

بہت زیادہ دراز قد نہ تھے، نہ متردد کی مانند کوتاہ قد۔

ممغط، اسے کہتے ہیں جو دراز قد میں غایت درجہ طویل ہے۔

متردد، اسے کہتے ہیں جس کے جسم کے کچھ اعضا باہر نکل آئیں جیسے کو بڑ وغیرہ۔

بعض حضرات اس عبارت سے اثبات قصر بھی کرتے ہیں مگر زیادہ نہیں جتنا کہ توسط و اعتدال کو لازم ہے۔

اور ایک اور حدیث میں ہے

لم یکن الطویل البائن یعنی مفرطا

یعنی طول میں سب سے جدا اور دراز قد نہ تھے۔

حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی حدیث میں ہے۔

لیس بالذهب طولا و فوق الربعة اذا جاء مع القوم غمرهم .

یعنی آپ بہت زیادہ دراز قد نہ تھے لیکن مائل بہ طول ہونے کے اعتبار سے، ''ربعہ'' سے بلند تھے۔

جب آپ کسی قوم میں تشریف لاتے تو انھیں چھپا لیتے اور ان کے پست و کوتاہ قد لوگ آپ کے

قریب چھپ جاتے۔

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث میں ہے کہ جب تنہا ہوتے تو ربعہ یعنی متوسط القامت معلوم ہوتے اور جب قوم کے درمیان ہوتے تو سب سے بلند و بالا معلوم ہوتے اور اس وقت منسوب بہ طویل القامت کہلاتے، اور اگر دو آدمی داہنے بائیں ہوتے تو دونوں سے بلند نظر آتے اور جب ان کے درمیان سے جدا ہو جاتے تو پھر منسوب بہ متوسط القامت ہوتے نیز مجلس میں آپ کے دونوں شانے مبارک بلند سے بلند تر ہوتے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اس پر صحابہ کا اتفاق ہے کہ آپ میانہ قد تھے لیکن یہ آپ کی معجزانہ شان ہے کہ میانہ قد ہونے کے باوجود اگر آپ ہزاروں انسانوں کے مجمع میں کھڑے ہوتے تو آپ کا سر مبارک سب سے زیادہ اونچا نظر آتا تھا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول، سیرت مصطفیٰ)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قامت زیبا سے متعلق امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں:

بابی و امی کان ربعة ابیض مشربا بحمرة کث اللحیة .

میرے ماں باپ آپ پر قربان میانہ قد تھے، گورا رنگ جس میں سرخی جھلکتی، گھنی داڑھی۔

اسے ابن عساکر نے ابو ہریرہ و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۲۳۔ لمعۃ الضحیٰ)

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قامت زیبا اور جسم اطہر کی توصیف و تعریف میں امام

احمد رضا بریلوی نغمہ سرا ہیں :

شاخ قامت شہ میں زلف وچشم و رخسار ولب ہیں
سنبل نرگس گل پنکھڑیاں قدرت کی کیا پھولی شاخ

●

گزرے جس راہ سے وہ سید والا ہوکر
رہ گئی ساری زمیں عنبر سارا ہوکر

●

سر تا بقدم ہے تن سلطان زمن پھول
لب پھول، دہن پھول، ذقن پھول، بدن پھول
واللہ جو مل جائے میرے گل کا پسینہ
مانگے نہ کبھی عطر نہ پھر چاہے دلھن پھول

●

تیرے خلق کو حق نے عظیم کہا تیری خلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا تیرے خالق حسن وادا کی قسم

●

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں
جس راہ چل گئے ہیں کوچے بسا دیئے ہیں

●

تیرا قد تو نادر دہر ہے کوئی مثل ہو تو مثال دے
نہیں گل کے پودوں میں ڈالیاں کہ چمن میں سرو چماں نہیں
نہیں جس کے رنگ کا دوسرا نہ تو ہو کوئی نہ کبھی ہوا
کہو اس کو گل کہے کیا کوئی کہ گلوں کا ڈھیر کہاں نہیں

•

خامۂ قدرت کا حسن دست کاری واہ واہ
کیا ہی تصویر اپنے پیارے کی سنواری واہ واہ

نیم جلوے کی نہ تاب آئے قمر سا تو سہی
مہر اور ان تلووں کی آئینہ داری واہ واہ

•

جس کے تلووں کا دھوون ہے آب حیات
ہے وہ جان مسیحا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حسن کھاتا ہے جس کے نمک کی قسم
وہ ملیح دل آرا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ذکر سب پھیکے جب تک نہ مذکور ہو
نمکین حسن والا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

•

ہے گل باغ قدس رخسار زیبائے حضور
سرو گل زار قدم قامت رسول اللہ کی

•

حسن تیرا سا نہ دیکھا نہ سنا
کہتے ہیں اگلے زمانے والے

وہی دھوم ہے ان کی ما شاء اللہ
مٹ گئے آپ مٹانے والے

•

کیا مہکتے ہیں مہکنے والے
بو پہ چلتے ہیں بھٹکنے والے

•

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے
باغ خلیل کا گل زیبا کہوں تجھے

گل زار قدس کا گل رنگیں ادا کہوں
درمان درد بلبل شیدا کہوں تجھے

اللہ رے جسم منور کی تابشیں
اے جان جاں میں جان تجلا کہوں تجھے

بے داغ لالہ یا قمر بے کلف کہوں
بے خار گلبن چمن آراء کہوں تجھے

انھیں کی بو مایۂ سمن ہے انھیں کا جلوہ چمن چمن ہے
انھیں سے گلشن مہک رہے ہیں انھیں کی رنگت گلاب میں ہے

وہ گل ہیں لب ہائے نازک ان کے ہزاروں جھڑتے ہیں پھول جن سے
گلاب گلشن میں دیکھے بلبل یہ دیکھ گلشن گلاب میں ہے

تیرا قد مبارک گلبن رحمت کی ڈالی ہے
اسے بو کر تیرے رب نے بنا رحمت کی ڈالی ہے
تمھاری شرم سے شان جلال حق ٹپکتی ہے
خم گردن ہلال آسمان ذو الجلالی ہے

ان کے حسن با ملاحت پر نثار
شیرۂ جاں کی حلاوت کیجیے
یاد قامت کرتے اٹھئے قبر سے
جان محشر پر قیامت کیجیے
جس کا حسن اللہ کو بھی بھا گیا
ایسے پیارے سے محبت کیجیے

ایسی بندھی نصیب کھلے مشکلیں کھلیں
دونوں جہاں میں دھوم تمھاری کمر کی ہے

ہاں شبہ شبیہ کا گزرنا کیسا
بے مثل کی تمثال سنورنا کیسا
ان کا متعلق ہے ترقی پہ مدام
تصویر کا پھر کہیئے اترنا کیسا

میل سے کس درجہ ستھرا ہے وہ پتلا نور کا
ہے گلے میں آج تک کورا ہی کرتا نور کا

وضع واضع میں تیری صورت ہے معنی نور کا یوں مجازاً چاہیں جس کو کہہ دیں کلمہ نور کا

●

طائران قدس جس کی ہیں قمریاں
اس سہی سرو قامت پہ لاکھوں سلام

●

قد نبی کے سوا کچھ ہمیں نہیں بھاتا
ہمارے آگے کوئی ذکر سرو کا نہ کرے

(حدائق بخشش)

چہرۂ انور

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چہرۂ منور جمال الٰہی کا آئینہ اور انور تجلی کا مظہر تھا، نہایت ہی وجیہ، پر گوشت اور کسی قدر گولائی لیے ہوئے تھا، حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک مرتبہ چاندنی رات میں دیکھا میں ایک مرتبہ چاند کی طرف دیکھتا اور ایک مرتبہ آپ کے چہرۂ انور کو دیکھتا تو مجھے آپ کا چہرہ چاند سے بھی زیادہ خوبصورت نظر آتا تھا۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چہرہ (چمک دمک میں) تلوار کی مانند تھا، تو آپ نے فرمایا کہ نہیں بلکہ آپ کا چہرہ چاند کے مثل تھا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کے حلیہ مبارکہ کو بیان کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ

من راہ بداھة ھابه و من خالطه معرفة احبه .

جو آپ کو اچانک دیکھتا وہ آپ کے رعب داب سے ڈر جاتا اور جو پہچاننے کے بعد آپ سے ملتا وہ آپ سے محبت کرنے لگتا تھا۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام انسانوں سے بڑھ کر خوب رو اور سب سے زیادہ اچھے اخلاق والے تھے۔

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کے چہرۂ انور کے بارے میں یہ کہا :

فلما تبینت وجهه عرفت ان وجهه لیس بوجه کذاب.

یعنی میں نے جب حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کو بغور دیکھا تو میں نے پہچان لیا کہ آپ کا چہرہ کسی جھوٹے آدمی کا چہرہ نہیں ہے۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی علیہ الرحمۃ نے کیا خوب کہا کہ

چاند سے منھ پہ تاباں درخشاں درود
نمک آگیں صباحت پہ لاکھوں سلام

●

جن سے تاریک دل جگمگانے لگے
اس چمک والی رنگت پہ لاکھوں سلام

عربی زبان میں بھی کسی مداح رسول نے آپ کے رخ انور کے حسن و جمال کا کتنا حسین منظر اور کتنی بہترین تشریح پیش کی ہے۔

نبی جمال کل ما فیہ معجز من
الحسن لکن وجهہ الایۃ الکبریٰ

•

ینادی بلال الخال فی صحن خده
یطالع من لألأ غرته الفجرا

یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حسن و جمال کے بھی نبی ہیں یوں تو ان کی ہر ہر چیز حسن کا معجزہ ہے لیکن خاص کر ان کا چہرہ تو آیت کبریٰ (بہت ہی بڑا معجزہ) ہے۔

ان کے رخسار کے صحن میں ان کے تل کا بلال ان کی روشن پیشانی کی چمک سے صبح صادق کو دیکھ کر اذان کہا کرتا تھا۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ)

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چہرۂ انور سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں **کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فخما مفخما یتلالوء وجھہ تلألوء القمر لیلۃ البدر ازھراللون واسع الجبین کث اللحیۃ.**

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عظمت والے نگاہوں میں عظیم دلوں میں معظم تھے، چہرۂ مبارک ماہ دو ہفتہ کی طرح چمکتا، جگمگاتی رنگت، کشادہ پیشانی، گھنی داڑھی۔ اسے ترمذی نے شمائل میں، طبرانی نے کبیر میں، بیہقی نے شعب الایمان میں اور ابن عساکر نے تاریخ میں روایت کیا۔

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں **کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابیض الوجہ کث اللحیۃ احمر الماء فی اھداب الاشفار.**

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا منہ گورا، داڑھی گھنی، آنکھوں کے کووں میں سرخی، پلکیں دراز۔ اسے ابن عساکر نے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۲۳۔ لمعۃ الضحیٰ)

روئے تاباں

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روئے زیبا سے متعلق ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

کتب حدیث و سیر مطالعہ کیجیے بہت خوش ذی عقل لبیب صرف جمال جہاں آرائے حضور پر نور سید عالم سرور اکرم مولائے اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دیکھ کر ایمان لائے کہ لیس ھذا وجہ الکذاب.

یہ منہ جھوٹ بولنے والے کا نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۲۲۷۔ سبحان السبوح)

چہرۂ انور کی چمک

وصاف کی حدیث میں وارد ہے۔

یتلألوء وجهہ تلألؤ القمر لیلة البدر اقنی العرنین له نور یعلوہ یحسبه من لم یتأمله اشم انور المتجرد.

یعنی حضور کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتا، بینی بلند تھی اور اس پر ایک نور کا بکا متجلی رہتا کہ آدمی خیال نہ کرے تو ناک اس روشن نور کے سبب بہت اونچی معلوم ہو، کپڑوں سے باہر جو بدن تھا یعنی چہرہ اور ہتھیلیاں وغیرہ، نہایت روشن وتابندہ تھا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

کان الشمس تجری فی وجهہ.

گویا آفتاب ان کے چہرے میں رواں تھا۔

اورفرماتے ہیں :

اذ اضحک یتلألو الجدر

جب حضور ہنستے دیواریں روشن ہوجاتیں۔

ربیع بنت معوذ فرماتی ہیں۔

لو رأیته لقلت الشمس طالعة .

اگرتو انھیں دیکھتا، کہتا آفتاب طلوع کررہاہے۔

ابوقرصافہ کی ماں اور خالہ فرماتی ہیں

رأینا کالنور یخرج من فیه .

ہم نے نورسانکلتے دیکھاان کے دہان پاک سے۔

سوزن گمشدہ ظاہر ہوگئی

ابن عساکر نے ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی، میں سیتی تھی، سوئی گر پڑی، تلاش کی، نہ ملی، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے حضور کے نوررخ کی شعاع سے سوئی ظاہر ہوگئی۔

علامہ فاسی مطالع المسرات میں علامہ ابن سبع سے نقل کرتے ہیں۔

کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یضیئ البیت المظلم من نوره .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے خانۂ تاریک روشن ہوجاتاہے۔

(نفی الفیٔ عمن استنار بنورہ کل شئ)

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رخ روشن کے متعلق امام احمد رضا بریلوی رقم طراز ہیں:

لک بدر فی الوجہ الاجمل خط ہالۂ مہ زلف ابر اجل
تورے چندن چندر پرو کنڈل رحمت کی بھرن برسا جانا

●

رخ انور کی تجلی جو قمر نے دیکھی — رہ گیا بوسہ دہ نقش کف پا ہوکر

●

میں تو کیا چیز ہوں خود صاحب قرآں کو شہا
لاکھ مصحف سے پسند آئی بہار عارض

جیسے قرآں ہے ورد اس گل محبوبی کا
یوں ہی قرآں کا وظیفہ ہے وقار عارض

مشک بو زلف سے رخ چہرہ سے بالوں میں شعاع
معجزہ ہے حلب زلف و تتار عارض

●

کیا ٹھیک ہو رخ نبوی پر مثال گل — پامال جلوۂ کف پا ہے جمال گل
جنت ہے ان کے جلوہ سے جویائے رنگ وبو — اے گل ہمارے گل سے ہے گل کو سوال گل
ہیں عکس چہرہ سے لب گل گوں میں سرخیاں — ڈوبا ہے بدر گل سے شفق میں ہلال گل

●

دل بستہ و خون گشتہ نہ خوشبو نہ لطافت — کیوں غنچہ کہوں ہے میرے آقا کا دہن پھول
بو ہو کے نہاں ہوگئے تاب رخ شہ میں — لو بن گئے ہیں اب تو حسینوں کا دہن پھول

•

ہے کلام الٰہی میں شمس وضحیٰ تیرے چہرۂ نور فزا کی قسم
قسم شب تار میں راز یہ تھا کہ حبیب کی زلف دوتا کی قسم

•

رخ دن ہے یا مہر سما یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
شب زلف یا مشک ختا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
خورشید تھا کس زور پر کیا بڑھ کے چمکا تھا قمر
بے پردہ جب وہ رخ ہوا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

•

وصف رخ ان کا کیا کرتے ہیں شرح والشمس وضحیٰ کرتے ہیں
ان کی ہم مدح وثنا کرتے ہیں جن کو محمود کہا کرتے ہیں

•

پردہ اس چہرۂ انور سے اٹھا کر ایک بار
اپنا آئینہ بنا اے مہ تاباں ہم کو
اے رضا وصف رخ پاک سنانے کے لیے
نذر دیتے ہیں چمن مرغ غزل خواں ہم کو

•

قبر میں لہرائیں گے تا حشر چشمے نور کے
جلوہ فرما ہوگی جب طلعت رسول اللہ کی

•

مہ بے داغ کے صدقے جاؤں
یوں دمکتے ہیں دمکنے والے
عرش تک پھیلی ہے تاب عارض
کیا جھلکتے ہیں جھلکنے والے

شمع یاد رخ جاناں نہ بجھے ۔۔۔ خاک ہوجائیں بھڑکنے والے

•

تم چاہو تو قسمت کی مصیبت ٹل جائے ۔۔۔ کیوں کر کہوں ساعت سے قیامت ٹل جائے
للہ اٹھا دو رخ روشن سے نقاب ۔۔۔ مولیٰ میری آئی ہوئی شامت ٹل جائے

•

تیری ہی جانب پانچوں وقت سجدہ نور کا ۔۔۔ رخ ہے قبلہ نور کا ابرو ہے کعبہ نور کا
ہیبت عارض سے تھراتا ہے شعلہ نور کا ۔۔۔ کفش پا پر گر کے بن جاتا ہے گپھا نور کا
وصف رخ میں گاتی ہیں حوریں ترانہ نور کا ۔۔۔ قدرتی بینوں میں کیا بجتا ہے لہرا نور کا
کٓ گیسو ہٰ دہن یٰ ابرو آنکھیں عٓ صٓ ۔۔۔ کھیعص ان کا ہے چہرہ نور کا
آب زر بنتا ہے عارض پر پسینہ نور کا ۔۔۔ مصحف اعجاز پر چڑھتا ہے سونا نور کا

•

لحد میں عشق رخ شہ کا داغ لے کے چلے
اندھیری رات سنی تھی چراغ لے کے چلے

•

ہے جلوہ گہہ نور الٰہی . وہ رو ۔۔۔ قوسین کی مانند ہے دونوں ابرو
آنکھیں یہ نہیں سبزۂ مژگاں کے قریب ۔۔۔ چرتے ہیں فضائے لا مکاں میں آہو

•

ان کی خد کی سہولت پہ بیحد درود ۔۔۔ ان کے قد کی رشاقت پہ لاکھوں سلام
شبنم باغ حق یعنی رخ کا عرق ۔۔۔ اس کی سچی براقت پہ لاکھوں سلام

جن کے آگے چراغ قمر جھلملائے ان غذاروں کی طلعت پہ لاکھوں سلام
چاند سے منہ پہ تاباں درخشاں درود نمک آگیں صباحت پہ لاکھوں سلام

●

گل مست شداز بوئے تو بلبل فدائے روئے تو
سنبل نثار موئے تو طوطی بیادت نغمہ خواں

●

کس کے روئے منور کی یاد آگئی دل تپاں دل تپاں دل تپاں ہوگیا
طوطی سدرہ مدح رخ پاک میں گل فشاں گل فشاں گل فشاں ہوگیا

●

جب ہوا چرخ میرے ماہ رسالت کا مسیر چاند حیرت سے بنا ابرو نقش تصویر
ان کے آگے نہ چلی ایک بھی لاف تنویر کیا ضیاء ہیں رخ انور کی کہ مہتاب منیر
چرخ اخضر سے جو نکلا تو مکدر نکلا

●

رخ نبی سے ہے پھر لاف بندگی گل کو
خدا کسی کو بس اتنا بھی نا سزا نہ کرے

●

نور رخ سرور کا عجب جلوہ ہے آٹھوں پہر اس کوچہ میں دن رہتا ہے
یہ شام مدینہ نہ سمجھنا اے دل آہ دل عاشق کا دھواں چھایا ہے
(حدائق بخشش)

ابروئے مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بھوؤں کی توصیف میں حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے اپنی حدیث میں بیان فرمایا کہ

واضح الجبین مقرون الحاجبین.

یعنی پیشانی کشادہ اور بھنویں ملی ہوئی تھیں۔

قرن ابرو کا مطلب بھوؤں کے بالوں کا ملا ہوا ہونا ہے۔ لیکن ابن ابی ہالہ جو کہ واصفان حلیہ شریف میں سے ہیں ان کی حدیث میں **من غیر قرن** (ابرو کے بال ملے ہوئے نہ تھے) آیا ہے۔ ان دونوں روایتوں میں اختلاف ہے۔

ارباب سیر کہتے ہیں کہ صحیح روایت یہ ہے کہ آپ غیر متصل ابرو تھے اور بظاہر یہ اتصال بہت گہرا نہ تھا جس سے دونوں ابرو کے بال باہم خوب پیوست ہو گئے ہوں اور نہ درمیان میں اتنی خالی جگہ تھی جسے غیر متصل کہا جائے۔ بلکہ چند خفیف بالوں کا اتصال تھا، اس بناء پر اتصال وعدم اتصال کا اطلاق بادی النظر و الخیال میں ہوسکتا ہے۔

اہل سیر فرماتے ہیں کہ دونوں ابرو کے درمیان ایک رگ تھی جو حالت غضب میں نمودار ہوتی تھی۔

نیز ابن ابی ہالہ کی حدیث میں **ازج الحواجب** آیا ہے۔ ازج کے معنی لمبی کمان، کثیر بال اور کشیدہ ابرو کے ہیں۔ اور دوسری روایت میں **ازج الحواجب سوابغ** (کشیدہ ابرو گھنے بال) آیا ہے، قاموس اور صحاح میں زج کے معنی باریکی ابرو یا درازی ابرو کے ہیں جیسے فارسی میں کمان ابرو کہتے ہیں۔

اور بیہقی میں بعض صحابہ سے منقول ہے کہ انھوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو

احسن الوجه عظیم الجبهة دقیق الحاجبین .

دیکھا ہے، یعنی آپ کا چہرہ نہایت حسین، عظیم پیشانی اور ابرو باریک تھے، باریکی کا مطلب یہ ہے کہ ابرو کے بالوں کا گھنا نہ تھا، اور بالوں کی کثرت کا یہ مطلب ہے کہ بال کم اور کہیں کہیں نہ تھے، یہ نہ تو پراگندہ تھے نہ چھدرے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ابرو مبارک کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابیض الوجہ کث اللحیة احمر الماء فی اھداب الاشفار. رواہ ابن عساکر.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا منہ گورا، داڑھی گھنی، آنکھوں کے کووں میں سرخی، پلکیں دراز۔ اسے ابن عساکر نے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج۹، ص۱۲۳۔ لمعۃ الضحیٰ)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ابروے مبارک کی توصیف میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

خم زلف بنی ساجد ہے محراب دو ابرو میں
کہ یارب تو ہی والی ہے سیہ کاران امت کا

●

یاد ابرو کرکے تڑپو بلبلو
ٹکڑے ٹکڑے دام ہو ہی جائے گا

●

ہلال کیسے نہ بنتا کہ ماہ کامل کو
سلام ابروئے شہ میں خمیدہ ہونا تھا

●

جن کے سجدے کو محراب کعبہ جھکی ان بھوؤں کی لطافت پہ لاکھوں سلام
اشک باری مژگاں پہ برسے درود سلک در شفاعت پہ لاکھوں سلام

●

عشق ابرو میں میں رمز قوسین کا
نکتہ داں نکتہ داں نکتہ داں ہوگیا

●

اشارہ کردیں اگر وہ کمان ابرو کا
ہمارا تیر دعا پھر کبھی خطا نہ کرے

(حدائق بخشش)

بینی مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بینی مبارک کے بارے میں **اقنی الانف و اقنی العرنین** وارد ہے۔ عرنین بمعنی بلندی جو موئے ابرو کے اتصال کے نیچے ہے۔ اور **اقنی** کی تفسیر **سائل الحاجبین** یعنی مرتفع الوسط سے کی گئی۔ سائل سیلان سے مشتق ہے جس کے معنی ناک کی لمبائی اور باریکی میں یک گونہ ہمواری کے بھی منقول ہیں اور لفظ دقت (باریکی) سیلان کے ہم معنی بھی آتا ہے جسکا مطلب ناک کے

موٹاپے کی نفی کرنا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بینی مبارک ایسی نورانی اور روشن تھی کہ دیکھنے والا جب تک بغور نہ دیکھے یہی گمان کرتا تھا کہ آپ کی بینی شریف بلند ہے حالاں کہ بلند نہ تھی بلکہ یہ بلندی نور کی تھی جو ہر ایک شیٔ کو نمایاں دکھاتا تھا۔ نیز اس خوبی میں نیک بختی اور سعادتمندی کی نشانی بھی ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بینی مقدس کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں :

وصاف کی حدیث میں وارد ہے

یتلألو وجهه تلألو القمر ليلة البدر اقنى العرنين له نور يعلوه يحسبه من لم يتامله اشم انور المتجرد.

یعنی حضور کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتا، بلند بینی تھی اور اس پر ایک نور کا بکا متجلی رہتا کہ آدمی خیال نہ کرے تو ناک اس روشن نور کے سبب بہت اونچی معلوم ہو، کپڑوں سے باہر جو بدن تھا یعنی چہرہ اور ہتھیلیاں وغیرہ، نہایت روشن و تابندہ تھا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(نفی الفیٔ عمن استنار بنورہ کل شیٔ)

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بینی مبارک کی توصیف میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

بینی پُر نور پر رخشاں ہے بکہ نور کا
ہے لواء الحمد پر اڑتا پھریرا نور کا

(حدائق بخشش)

دہن شریف

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دہن مبارک کے بارے میں صحیح مسلم میں سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ہے کہ

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ضلیع الفم .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فراخ دہان تھے۔

اسی طرح حضرت ابن ابی ہالہ نے بیان کیا ہے جو شمائل ترمذی میں حلیہ مبارک کی طویل حدیث میں مذکور ہے۔

اہل عرب مردوں کے لیے فراخ دہنی کو قابل تعریف اور تنگ دہنی کو لائق مذمت ٹھہراتے تھے عرب کے شعراء تنگ دہن کو معشوق اور محبوب سے نسبت دیتے تھے گویا کہ ان کے نزدیک وہ عورتوں کے حکم میں تھے لیکن بعضوں نے کہا کہ یہ کم سخنی اور محبوبی سے کنایہ ہے۔

دوسری حدیث میں لفظ ''**ضلیع الفم**'' (فراخ دہنی) کے بعد یہ عبارت زیادہ کی ہے جس سے فراخ دہن مراد لیتے ہیں۔ **یفتح الکلام و یختمه باشداقه .**

یعنی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کلام کو کشادگی دہن سے آغاز فرماتے اور اپنے شدق سے اسے ختم کرتے (شدق، کنج دہاں اور فراخی دہاں کو کہتے ہیں)

مطلب یہ کہ آپ کے دہن مبارک سے کلام تام، کامل اور بھرا ہوا نکلتا تھا، شکستہ و ناقص الفاظ نہ نکلتے تھے لہٰذا اس بیان سے فصاحت اور اثبات فصاحت دونوں کا اجتماع حاصل ہو گیا اور معلوم ہوا کہ آپ فصیح کامل تھے۔ اور اہل سیر نے کشادگی دہن سے ہونٹوں کی نزدیکی مراد لی ہے۔

حضرت ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ آپ کے رخسار نرم و نازک اور ہموار تھے

اور آپ کا منہ فراخ، دانت کشادہ اور روشن تھے جب آپ گفتگو فرماتے تو آپ کے دونوں اگلے دانتوں کے درمیان سے ایک نور نکلتا تھا اور جب کبھی اندھیرے میں آپ مسکرا دیتے تو دندان مبارک کی چمک سے روشنی ہو جاتی۔

آپ کو کبھی جمائی آئی نہیں اور یہ تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا خاصہ ہے کہ ان کو کبھی جمائی نہیں آتی کیوں کہ جمائی شیطان کی طرف سے ہوا کرتی ہے اور حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام شیطان کے تسلط سے محفوظ و معصوم ہیں۔ (مولف)

وہ دہن جس کی ہر بات وحی خدا
چشمہ علم و حکمت پہ لاکھوں سلام

(مدارج النبوۃ، جلد اول و سیرت مصطفیٰ)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دہن شریف سے متعلق امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

حدیث میں ہے، ابو قرصافہ کی ماں اور خالہ فرماتی ہیں :

رأينا كالنور يخرج من فيه

ہم نے نور سا نکلتے دیکھا ان کے دہان پاک سے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

اذ ضحک يتلألؤ الجدر

جب حضور ہنستے دیواریں روشن ہو جاتیں۔ (نفی الفیٔ عمن استنار بنورہ کل شیٔ)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دہن مبارک کی توصیف و تعریف میں امام احمد رضا بریلوی

نے یہ اشعار نظم فرمائے ہیں:

پتلی پتلی گل قدس کی پتیاں
ان لبوں کی نزاکت پہ لاکھوں سلام

وہ دہن جس کی ہر بات وحی خدا
چشمۂ علم و حکمت پہ لاکھوں سلام

جس کے پانی سے شاداب جان و جناں
اس دہن کی طراوت پہ لاکھوں سلام

جس سے کھاری کنویں شیرۂ جاں بنے
اس زلال حلاوت پہ لاکھوں سلام

وہ زبان جس کو سب کن کی کنجی کہیں
اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

اس کی پیاری فصاحت پہ بے حد درود
اس کی دل کش بلاغت پہ لاکھوں سلام

اس کی باتوں کی لذت پہ لاکھوں درود
اس کے خطبے کی ہیبت پہ لاکھوں سلام

جس کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام

جس میں نہریں ہیں شیر و شکر کی رواں
اس گلے کی نضارت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

دندان مبارک

آپ مفلج الاسنان تھے، یعنی سامنے کے دانت کشادہ تھے۔ صراح میں فلج کے معنی سامنے کے دانتوں کی کشادگی ہے۔ ایک اور حدیث میں اشنب مفلج الثنایا یعنی سامنے کے دانت روشن تر، آب دار اور کشادہ مروی ہے۔ اشنب کے معنی دانتوں کی آب داری وتابانی کے ہیں۔

علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں مبلج الثنایا سامنے کے دانت روشن وتاباں آیا ہے اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث میں ہے انھوں نے بیان کیا کہ آپ کے لب ہائے مبارک کشادہ تھے جب گفتگو فرماتے تو ایسا دیکھا جاتا کہ گویا سامنے کے دندان ہائے مبارک کی کشادگی کے درمیان سے نور نکل رہا ہے۔

امام بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں :

کانھا اللؤلوء المکنون فی صدف
من معدنہ منطق منہ و مبتسم

گویا کہ دندانہائے مبارک صدف میں چھپے ہوئے موتی ہیں جو اپنے معدن میں بولتے اور تبسم فرماتے ہیں۔

طبرانی نے اوسط میں روایت کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لبہائے مبارک اور دہن شریف کا مہرہ تمام لوگوں سے زیادہ حسین ولطیف تھا۔ اور ایک روایت میں عظیم الاسنان دندانہائے مبارک عظیم تھے بھی آیا ہے۔ ان سب روایتوں کا مفہوم یہی ہے کہ آپ کا دہن شریف حسن و جمال کے مطابق درست وصحیح تھا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دندان شریف کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی

قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

ابن عباس کی حدیث میں ہے۔

اذا تکلم رئ کالنور یخرج من بین ثنایاه .

جب کلام فرماتے دانتوں سے نور چھنتا نظر آتا۔

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

اذا ضحک یتلالوء الجدر

جب حضور ہنستے دیواریں روشن ہو جاتیں۔

ابو قرصافہ کی ماں اور خالہ فرماتی ہیں۔

رأینا کالنور یخرج من فیه .

ہم نے نور سا نکلتے دیکھا ان کے دہان پاک سے۔ (نفی الفئ عمن استنار بنورہ کل شئ)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ دندان مبارک کی توصیف میں فرماتے ہیں :

آب در دندان سے عدن ڈوب گیا
رشک لب لعلیں سے یمن ڈوب گیا

●

خجلت یہ ہوئی دیکھ کے روئے شہ کو
شبنم کے پسینہ میں چمن ڈوب گیا

(حدائق بخشش)

جبین اقدس

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جبین مبارک کی تعریف وتوصیف میں سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں کہ واضح الجبین (کشادہ پیشانی) تھی، ایک دوسری روایت میں صلت الجبین بمعنی کشادہ پیشانی آیا ہے، ایک اور حدیث میں واسع الجبین ایک اور روایت میں واسع الجبھۃ منقول ہے۔ ان سب کے معنی فراخی پیشانی ہے۔

چہرۂ انور کے تذکرے میں حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے گزر چکا ہے کہ جب آپ کی پیشانی شکن آلود ہوتی تو ایسا معلوم ہوتا کہ گویا چاند کا ٹکڑا ہے۔

اہل سیر بیان کرتے ہیں کہ آپ کی پیشانی مبارک سے نیک بختی، سعادت مندی اور نورانیت مترشح ہوتی رہتی تھی۔ اور سرنوشت (جو شکم مادر میں لکھا جاتا ہے) کا مقام پیشانی ہے۔

بسا اوقات اس معنی کا مشاہدہ خانۂ کعبہ کے دروازے میں ہوتا ہے جب یہاں عادۃً پیشانی کو اس سے رگڑتے اور ملتے ہیں تو پیشانی سے نیک بختی اور سعادت مندی کے آثار خوب واضح طریقہ پر ظاہر ہو جاتے ہیں۔

قدرتی طور سے آپ کی پیشانی پر ایک نورانی چمک تھی، چنانچہ دربار رسالت کے شاعر مداح رسول حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسی حسین وجمیل نورانی منظر کو دیکھ کر یہ کہا ہے کہ

متی تبدو فی الداجی البھیم جبینہ
یلح مثل مصباح الدجی المتوقد

یعنی جب اندھیری رات میں آپ کی مقدس پیشانی ظاہر ہوتی ہے تو اس طرح چمکتی ہے جس طرح رات کی تاریکی میں روشن چراغ چمکتے ہیں۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول، سیرت مصطفیٰ)

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جبین مبارک کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فخما مفخما یتلالو وجھہ تلألو القمر لیلۃ البدر ازھر اللون واسع الجبین کث اللحیۃ .

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عظمت والی نگاہوں میں عظیم دلوں میں معظم تھے، چہرۂ مبارک ماہ دو ہفتہ کی طرح چمکتا، جگمگاتا رنگ، کشادہ پیشانی، گھنی داڑھی۔

اسے ترمذی نے شمائل میں، طبرانی نے کبیر میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۲۳۔ لمعۃ الضحیٰ)

جبین اقدس کی توصیف میں امام احمد رضا بریلوی عرض گزار ہیں۔

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبین سعادت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

رنگ مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رنگ مبارک روشن وتاباں تھا، جمہور صحابہ کا اتفاق ہے کہ آپ کا رنگ مبارک مائل بہ سفیدی تھا، سفیدی کے ساتھ ہی آپ کی تعریف وتوصیف کی ہے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ **کان ابیض ملیحا** . ایک اور روایت میں **ابیض ملیح الوجہ** آیا ہے

یعنی سپید رنگ ملیح بشرہ تھا۔ اس توصیف سے مراد سفیدی و ملاحت ہے حالاں کہ ملاحت آپ کے حسن و جمال اور دیدار جاں فزا کی دل ربائی ولذت بخشی کے اظہار بیان کے لیے علیحدہ صفت ہے۔

یا خالص سفیدی بغیر نمکینی جسے امہق کہتے ہیں اس سے بچنے کے لیے ہو، اور امہق کی تفسیر وہ اس طرح کرتے ہیں کہ امہق وہ سفیدی ہے جس میں نہ سرخی ہو نہ زردی اور نہ گندم گوں ہو، اور اس سفیدی کے مشابہ ہے جو برص کے مریضوں کے چہرہ پر ہوتی ہے اور جست کے ہم رنگ ہو۔

ایک روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ آپ کا چہرۂ انور بہت سفید اور آپ کے موہائے مبارک سخت سیاہ تھے۔

ابو طالب کے اس شعر میں جو انھوں نے آپ کی مدح میں کہا ہے اس میں ہے کہ

ابیض یستسقی الغمام بوجهه
ثمال الیتامی عصمة للارامل

یعنی آپ کے چہرۂ انور کی سفیدی سے برسنے والا سفید بادل بارش کی بھیک مانگتا ہے اور آپ یتیموں، بیواؤں کی پرورش فرمانے والے ہیں۔

حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی حدیث میں ہے کہ

ابیض مشرب و انه شراب خلط لون بلون .

یعنی آپ کا رنگ سفید مشربی تھا، مشرب اس شراب کو کہتے ہیں جس میں ایک رنگ میں دوسرے رنگ کی آمیزش ہو، گویا کہ ایک رنگ پلا کر دوسرا رنگ پلایا گیا ہو، اس جگہ مشرب سے مراد سرخی ہے۔

دوسری روایت میں تصریح بھی آئی ہے **ابیض مشرب بحمرة**

یعنی آپ کا رنگ سرخ و سفید تھا۔

اور بعض نے ''ازھر اللون'' کہا ہے جو کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے، اس کی بھی یہی تفسیر کرتے ہیں ظاہر یہ ہے کہ اس سے ان کی مراد چمک اور تابانی ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رنگ پر نور کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں:

بابی و امی کان ربعة ابیض مشربا بحمرة کث اللحیة .

میرے ماں باپ ان پر قربان میانہ قد تھے، گورا رنگ جس میں سرخی جھلکتی، گھنی داڑھی۔

اسے ابن عساکر نے ابو ہریرہ و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۲۳۔ لمعۃ الضحیٰ)

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رنگ مبارک کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی یوں مدح سرا ہیں:

جس سے تاریک دل جگمگانے لگے
اس چمک والی رنگت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

چشمان مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چشم مبارک سے دو وجہوں پر بحث کی جاتی ہے۔

پہلی وجہ : خانۂ چشم اور اس کی شکل وہیئت کے وصف میں ہے۔

چنانچہ سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے مروی ہے کہ آپ کی چشم مبارک بڑی اور بھنویں دراز تھیں، چشم مبارک کے بڑی ہونے کا مطلب تنگی اور کوتاہی کی نفی کرنا ہے نہ کہ اتنی بڑی کہ آنکھیں باہر نکلی ہوئی تھیں، آپ کے اعضائے شریفہ کے اظہار میں قاعدہ کلیہ توسط واعتدال ہے کیوں کہ مدار حسن و جمال اور بنائے فضل وکمال یہی توسط واعتدال ہے۔

ایک حدیث میں، اشکل العینین آیا ہے یعنی آپ کی چشمان مبارک سفیدی میں سرخی لیے ہوئے تھیں، مطلب یہ کہ آنکھوں کی باریک رگیں سرخ تھیں۔

اور ''شهله'' یعنی سیاہی میں سرخی ہونا، یہ صفت آپ کی چشمان مبارک کی تعریف میں بہت ہی کم مذکور ہے لیکن نہایہ میں کہا گیا ہے کہ

كان اشهل العينين و كفته اشهل حمرة فی سواد

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دونوں چشم مبارک اشہل تھیں اور سیاہی میں سرخی کو اشہل کہا جاتا ہے۔

ایک روایت میں ''ادعج العينين'' بھی آیا ہے، ادعج گہری سیاہ آنکھ کو کہتے ہیں اور قاموس نے اس کے معنی فراخ وکشادہ کے بھی لیے ہیں۔

اور ایک روایت میں ''اكحل العينين'' ہے یعنی سرمگیں آنکھیں تھیں۔

بسا سرمہ سیاہ کردہ خانہ مردم

دو چشم تو سیاہ اند سرمہ نا کردہ

یعنی آپ کی چشمان مبارک بغیر سرمہ لگائے سرگیں نظر آتی تھیں۔

دوسری وجہ : حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بصارت و بینائی کی تعریف میں ہے۔

چنانچہ سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رات کی تاریکی میں بھی ویسا ہی دیکھتے تھے جیسا دن کی روشنی میں (اسے بخاری نے روایت کیا) بیہقی نے بھی سیدتنا عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ایسا ہی روایت کیا ہے۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کتاب الشفاء میں بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ثریا میں گیارہ ستارے ملاحظہ فرماتے تھے۔ اور سہیلی کے نزدیک بارہ منقول ہیں۔

آپ کی نظریں آسمان کی نسبت زمین کی طرف زیادہ رہتی تھیں، یہ حد درجہ شرم وحیاء کی دلیل ہے۔ حدیثوں میں جو یہ آیا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آسمان کی طرف نظر اٹھاتے تھے کبھی کم اور کبھی زیادہ تو ایسا انتظار وحی کے سلسلے میں ہوتا تھا ورنہ نظر مبارک کا زمین کی طرف رکھنا روزمرہ کے معمولات میں تھا۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اکثر گوشۂ چشم سے نظر فرماتے تھے۔ (جو نظر براہ راست ہوا سے جوق وماق کہتے ہیں) آپ کا گوشۂ چشم سے ملاحظہ فرمانا انتہائی حیا و وقار کے سبب تھا لیکن جب آپ کسی کی جانب التفات فرماتے تو مکمل طور پر گھوم جاتے تھے، دائیں بائیں پہلو بدلنے یا محض گردن گھما لینے یا دزدیدہ نظری سے آپ گریز فرماتے تھے کیوں کہ یہ متکبروں اور سہل انگاروں کا شیوہ ہے۔

آپ کی نظر مبارک سامنے اور پس پشت یکساں تھی۔ چنانچہ صحیح حدیثوں میں وارد ہے کہ آپ

مقتدیوں سے فرمایا کرتے تھے کہ رکوع وسجود میں مجھ سے پہل نہ کیا کرو۔ کیوں کہ میں تمہیں اپنے آگے اور پیچھے سے یکساں دیکھتا ہوں اور مجھ سے تمھارا رکوع وسجود پوشیدہ نہیں ہے۔

اس روایت کی حقیقت کو خدا ہی جانتا ہے کہ کیا تھی، یہی نہیں بلکہ آپ کے تمام اعضائے شریفہ کا یہی حال ہے کیوں کہ ان کی کنۂ حقیقت کو کوئی نہیں پہنچ سکتا اور ان کی کنہ تک جاننے کا دعویٰ ایسا ہی ہے جیسا کہ متشابہات کی تاویل وتفسیر کا حکم ہے۔ عقل وقیاس اور فکر ونظر کی رو سے یہ آپ کی فضیلت ہے۔ لیکن آپ کی یہ بینائی چشم رخ سے ہے یا دل کی آنکھ سے؟ یا تو یہ حالت نماز کے ساتھ مخصوص ہوگی جو محل انکشاف انام اور موجب از دیار نور ہے، یا پھر یہ صفت تمام احوال واوقات میں عام ہوگی اور یہ روایت بصری چہرۂ مبارک کی چشم ہی میں ہوگی ورنہ پروردگار عالم اس پر بھی قادر ہے کہ قوت بصر یہ بدن کے ہر حصہ اور جزو میں پیدا فرمادے۔ یا یہ کہ یہ بینائی آپ کو بطریق اعجاز بلاشرط مقابلہ حاصل تھی۔

بعض کہتے ہیں کہ آپ کے دونوں شانوں کے درمیان سوئی کے ناکہ کی مانند دو آنکھیں تھیں جن سے آپ پس پشت بھی دیکھ لیا کرتے تھے۔ آپ اسے کپڑوں سے نہیں ڈھانپتے تھے۔ (ایک روایت میں ہے کہ ان آنکھوں کو دیکھنے سے کوئی حجاب مانع نہیں ہوتا) یا یہ کہ قبلہ کی دیوار پر مثل آئینہ مقتدیوں کی صورتیں منعکس ہو جاتی تھیں اور آپ ان کے افعال کا مشاہدہ فرمالیتے تھے۔ یہ دونوں باتیں عجیب وغریب ہیں اگر یہ کسی صحیح روایت میں ہوں تو ہم ان پر ایمان لے آئیں گے ورنہ محل تامل ہے کیوں کہ اہل سیر کے نزدیک باسناد صحیحہ ثابت نہیں ہے۔

اگر یہاں رویت قلبی مراد ہے تو یہ وہ علم ہے جو بطریق وحی واعلام اور کشف والہام آپ کو حاصل تھا، اہل سیر کے نزدیک درست بات یہی ہے کیوں کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے آپ کے قلب اطہر کو معقولات کے علم وادراک میں وسعت اور احاطہ عنایت فرمایا ہے اسی طرح آپ کے خواس لطیف میں بھی

محسوسات کے ادراک میں احاطہ مرحمت فرمایا ہو اور شش جہات کو ایک ہی جہت بنا دیا ہو۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چشمان مبارک کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیض اللون مشربا حمرۃ ادعج العینین کث اللحیۃ .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رنگ گورا سرخی آمیز، آنکھیں بڑی خوب سیاہ، داڑھی گھنی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹ ص ۱۲۳ لمعۃ الضحیٰ)

تاریکی میں دیکھنا

امام ابو عبد الرحمٰن بقی بن مخلد قرطبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے جو اکابر اعیان مائۃ ثلثہ سے ہیں حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حکایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جیسا روشنی میں دیکھتے ویسا ہی تاریکی میں دیکھتے۔

اس حدیث کو بیہقی نے موصولاً مسنداً روایت کیا اور علامہ خفاجی نے اکابر علماء مثل ابن بشکوال و عقیلی و ابن جوزی و سہیلی سے اس کی تضعیف نقل کی یہاں تک کہ ذہبی نے میزان الاعتدال میں موضوع ہی کہہ دیا۔ بایں ہمہ خود علامہ خفاجی فرماتے ہیں جیسا بقی بن مخلد وغیرہ ثقات نے اسے ذکر کیا اور حضور والا کی شان سے بعید نہیں تو اس کا انکار کس وجہ سے کیا جائے۔

و حكى بقي بن مخلد ابو عبد الرحمن القرطبي مولده رمضان سنة احدى و مائتين و توفي سنة ست و سبعين و مائتين عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها انها قالت كان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يرى في الظلمة كما يرى في الضوء . و في رواية كما يرى في النور و لا شك انه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان كامل الخلقة قوى الحواس فوقوع مثل هذا منه غير بعيد و قد رواه الثقات كابن مخلد هذا فلا وجه لا نكاره .

بقی بن مخلد ابوعبدالرحمٰن قرطبی (رمضان ۲۰۱ھ/ ۲۷۶ھ) نے کہا، عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے انھوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تاریکی میں دیکھا کرتے تھے اور ایک روایت میں ہے جس طرح کہ روشنی میں دیکھتے تھے۔ اس میں کچھ شک نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کامل الخلقۃ قوی الحواس تھے تو آپ سے اس کیفیت کا وقوع بعید نہیں، پھر اس کو ثقات نے روایت کیا ہے لہٰذا اس کے انکار کی کوئی وجہ نہیں۔ (قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

امام احمد رضا بریلوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چشمان مبارک کے کمال واوصاف کے بارے میں یوں گویا ہیں۔

جب آ گئی ہیں جوش رحمت پہ ان کی آنکھیں
جلتے بجھا دیئے ہیں روتے ہنسا دیئے ہیں

●

دل نکل جانے کی جا ہے آہ کن آنکھوں سے وہ
ہم سے پیاسوں کے لیے دریا بہاتے جائیں گے

•

شش جہت سمت مقابل شب وروز ایک ہی حال
دھوم و النجم میں ہے آپ کی بینائی کی

•

سرگیں آنکھیں حریم حق کے وہ مشکیں غزال
ہے فضائے لا مکاں تک جن کا رمنا نور کا

•

چشمۂ مہر میں موج نور جلال
اس رگ ہاشمیت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آگیا
اس نگاہ عنایت پہ لاکھوں سلام

نیچی آنکھوں کی شرم و حیاء پر درود
اونچی بینی کی رفعت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

سراقدس

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توصیف میں ابن ابی ہالہ کی حدیث میں مرقوم ہے۔

كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عظيم الهامة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سر مبارک عظیم تھا۔

سر کی بزرگی، وفور عقل اور جودت فکر کی اس بناء پر دلیل ہے کہ سر جوہر دماغ کا عامل ہوتا ہے، یہاں پر سر کو عظیم کہنے سے کوتاہی اور اس کی چھوٹائی کی نفی کرنا مقصود ہے ورنہ آپ کے تمام اعضاء و جوارح میں وجود و عتدال کی رعایت کی گئی ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر انور سے متعلق امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں:

كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ضخم الهامة عظيم اللحية .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سر مبارک بزرگ اور ریش مطہر بڑی تھی۔

اسے امام بیہقی نے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج۹، ص۱۲۳۔ لمعۃ الضحیٰ)

امام احمد رضا بریلوی نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک کے بارے میں یہ اشعار لکھے ہیں۔

تیرے ہی ماتھے رہا اے جان سہرا نور کا
بخت جاگا نور کا چمکا ستارا نور کا
تیرے آگے خاک پر جھکتا ہے ماتھا نور کا
نور نے پایا تیرے سجدے سے سیما نور کا

●

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبین سعادت پہ لاکھوں سلام
جس کے آگے سر سروراں خم رہیں
اس سرتاج رفعت پہ لاکھوں سلام
لیلۃ القدر میں مطلع الفجر حق
مانگ کی استقامت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

ریش مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی لحیہ مبارکہ یعنی ریش مبارک کے بارے میں ابن ابی ہالہ کی حدیث میں ہے کہ

كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كث اللحية .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ریش مبارک میں بال بکثرت تھے۔

شفائے قاضی عیاض میں کہا گیا ہے

اللحية يملأ صدره .

یعنی آپ کی ریش مبارک کے بال اس کثرت سے تھے کہ جس سے آپ کا سینہ مبارک بھر گیا تھا۔

اور ریش مبارک کی لمبائی میں کوئی معین انداز کتابوں میں نظر سے نہیں گزرا، وظائف النبی میں کہا گیا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ریش مبارک طبعاً چار انگل تھی، اس سے کم نہ ہوتی تھی، اس پر کوئی سند نہیں پائی جاتی۔ اور داڑھی کا لمبا کرنا موجب حسن وجمال ہے خصوصاً جب داڑھی گھنی ہو۔

صحیحین میں مذکور ہے کہ مشرکوں کی شکل کی مخالفت کرو اور ایک روایت میں ہے کہ مجوس یعنی آتش پرستوں کی مخالفت کرو اور بہت کرو، اور اپنی داڑھیوں کو بڑھاؤ اور لبوں کے پست کرنے اور اس کے ترشوانے میں مبالغہ کرو۔

اور ائمہ کا مذہب لبوں کے ترشوانے میں مختلف ہے کم سے کم یہ ہے کہ اطراف لب ظاہر ہوں اور لبوں کا منڈوانا بدعت ہے اور بعض کے نزدیک سنت ہے اور احناف کے نزدیک احفاء یعنی کترنا ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ریش مقدس کے تعلق سے امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كثير شعر اللحية .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ریش مبارک میں بال کثیر وانبوہ تھے۔ اسے مسلم نے روایت کیا۔

و عنه عند ابن عساكر كثير شعر الراس و اللحية .

ابن عساکر جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک اور ریش اقدس میں بال زیادہ اور گھنے تھے۔ (مولف)

امام قاضی عیاض شفا شریف میں فرماتے ہیں:

كث اللحية تملاء صدره .

ریش مطہر گھنی سینہ منور کو بھرے ہوئے۔ یہاں سینہ سے مراد اس کا بالائی کنارہ ہے کہ گلے کی انتہا ہے۔

امام اجل عارف باللہ سیدی محمد بن علی بن عباس مکی قدس سرہ الملکی کتاب مستطاب طریق المرید للوصول الیٰ مقام التوحید میں فرماتے ہیں:

وفي وصف رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم انه كان كث اللحية .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حلیہ شریف میں ہے ریش مبارک گھنی تھی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۲۵۔ لمعۃ الضحیٰ)

جامع ترمذی شریف میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان یاخذ من لحیته من عرضھا و طولھا.

یعنی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ریش مبارک کے بال عرض وطول سے لیتے تھے۔

علماء فرماتے ہیں یہ اس وقت ہوتا جب ریش اقدس ایک مشت سے تجاوز فرماتی۔ بلکہ بعض نے یہ قید نفس حدیث میں ذکر کی ہے۔

مدارج النبوۃ میں ہے درلحیہ شریف درطول قدرے معین در کتب بنظرنمی آید و در وظائف النبی گفتہ کہ لحیہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چہار انگشت بود طبعا یعنی ہمیں مقدار بوداز روئے خلقت و دراز و کم نمی شد بریں سندے یافتہ نمی شود۔

ریش مبارک کی لمبائی میں کوئی معین انداز کتابوں میں نظر سے نہیں گزرا۔ وظائف النبی میں کہا گیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ریش مبارک طبعاً چار انگل تھی، اس سے کم نہ ہوتی تھی، اس پر کوئی سند نہیں پائی جاتی۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۷۰)

ریش مبارک کے سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی رقم طراز ہیں :

شب لحیہ و شارب ہے رخ روشن دن
گیسو و شب قدر و برات مومن

●

مژگاں کی صفیں چار ہیں دو ابرو ہیں
والفجر کے پہلو میں لیال عشر

ریش خوش معتدل مرہم ریش دل ہالۂ ماہ ندرت پہ لاکھوں سلام
خط کی گرد دہن وہ دل آرا پھبن سبزۂ نہر رحمت پہ لاکھوں سلام
(حدائق بخشش)

زلف معنبر

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بالوں کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا آپ کے بال نرم تھے، بعض حدیثوں میں آپ کے موئے مبارک کو ''جعد'' بمعنی سخت پیچیدہ بتایا گیا ہے حالاں کہ مکمل جعد نہ تھے۔ بلکہ قطط اور جعد یعنی نرم، دراز اور گھونگریالے تھے۔ سبط (نرم و لٹکے ہوئے بال) وقطط (ایسے بال جو سخت اور پیچیدہ ہوں جیسے حبشیوں کے ہوتے ہیں اردو میں انھیں گھونگریالے بال کہا جاتا ہے) کی ضد کے معنی میں جعد کا اطلاق جائز نہ ہوگا۔ اور بعض حدیثوں میں جعد کی نفی کی گئی ہے۔ جعد بہت سخت اور بل کھائے ہوئے بالوں کو کہتے ہیں اور صراح میں جعد بمعنی مرغول اور قطط بمعنی مرغول اور بسط بمعنی لٹکے ہوئے بال لکھا ہے۔ لہٰذا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بال بسط تھے نہ قطط بلکہ دونوں کے درمیان تھے جسے رجل (نرم) کہتے ہیں۔

آپ کے بالوں کی لمبائی کانوں کے درمیان تک، دوسری روایت میں کانوں تک اور تیسری روایت کے بموجب کانوں کی لو تک تھی۔ ان کے علاوہ کندھوں تک یا کندھوں کے قریب تک کی روایتیں بھی ہیں۔ ان سب روایتوں میں باہم مطابقت اس طرح ہے کہ آپ کبھی تیل لگاتے یا کنگھی فرماتے تو بال دراز ہوجاتے ورنہ اس کے برعکس رہتے یا پھر بال ترشوانے سے پہلے اور بعد ان میں اختصار و طول ہوتا

رہتا تھا۔

مواہب لدنیہ اوراس کے موافق مجمع البحار میں یہ مذکور ہے کہ جب بالوں کے ترشوانے میں طویل وقفہ ہوجاتا تو بال لمبے اور جب ترشواتے تو چھوٹے ہوجاتے تھے۔اس عبارت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بالوں کو ترشواتے تھے منڈواتے نہ تھے۔لیکن حلق (مونڈوانے) کے بارے میں خود فرماتے ہیں کہ آپ حج وعمرہ کے دوموقعوں کے سوابال نہیں منڈواتے تھے۔

اورام ہانی کی روایت میں ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں رونق افروز ہوئے تو آپ کے بالوں کی چارلٹیں تھیں۔

اورسر کے بالوں کا چھوڑنا سنت ہے۔زمانۂ قدیم سے عربوں میں یہ عادت تھی،لیکن یہ ضروری ہے کہ بالوں کی نگہداشت کی جائے یعنی تیل اور کنگھی وغیرہ ہوتی رہنی چاہیئے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بالوں میں کثرت سے کنگھی کیا کرتے تھے۔آپ جس کسی کے پراگندہ اور ابتر بال دیکھتے تو کراہت سے فرماتے کہ تم میں سے کسی کو وہ نظر آیا ہے، یہ اشارہ شیطان کی طرف ہے،اسی طرح آپ بہت زیادہ بننے سنورنے اور لمبے بالوں سے بھی کراہت فرماتے تھے،اعتدال اور درمیانہ روئی آپ کو بہت پسند تھی جو کوئی بالوں میں تیل کنگھی نہیں کرسکتا اس کے بالوں کا ترشوانا بہتر ہے۔

خلاصہ یہ کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے مبارک نہ گھونگردار تھے نہ بالکل سیدھے بلکہ ان دونوں کیفیتوں کے درمیان تھے۔آپ کے مقدس بال پہلے کانوں کی لو تک تھے پھر شانوں تک خوبصورت گیسو لٹکتے رہتے تھے مگر حجۃ الوداع کے موقع پر آپ نے اپنے بالوں کو اتروادیا۔اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی نے آپ کے مقدس بالوں کی ان تینوں صورتوں کو اس لطیف انداز میں بیان فرمایا کہ

گوش تک سنتے تھے فریاد کہ اب آئے تا بدوش
تا بنیں خانہ بدوشوں کے سہارے گیسو

•

آخریں حج غم امت میں پریشاں ہوکر
تیرہ بختوں کی شفاعت کو سدھارے گیسو

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں جب اپنے مقدس بال اتروائے تو وہ صحابہ کرام میں بطور تبرک تقسیم ہوئے اور صحابہ کرام نے نہایت ہی عقیدت کے ساتھ اس موئے مبارک کو اپنے پاس محفوظ رکھا اور اس کو اپنی جانوں سے زیادہ عزیز رکھتے تھے۔

حضرت بی بی ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ان مقدس بالوں کو ایک شیشی میں رکھ لیا تھا جب کسی انسان کو نظر لگ جاتی یا کوئی مرض ہوتا تو آپ اس شیشی کو پانی میں ڈبو کر دیتی تھیں اور اس پانی سے شفاء حاصل ہوتی تھی۔

آپ اکثر بالوں میں تیل بھی ڈالتے تھے اور کبھی کبھی کنگھی بھی کرتے تھے اور اخیر زمانہ میں بیچ سر میں مانگ بھی نکالتے تھے۔ آپ کے مقدس بال آخر عمر تک سیاہ رہے سر اور داڑھی شریف میں بیس بالوں سے زیادہ سفید نہیں ہوئے تھے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول، سیرت المصطفیٰ)

حلق راس میں معمول اقدس

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک کے مقدس بالوں کا مونڈنا ثابت ہے یا نہیں؟ اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:

عادت کریمہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بر تمام سر موئے داشتن است از گوش تا دوش در غیر

حج وحجامت ہیچ گاہ حلق ثابت نیست۔

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ پورے سر پر بال رکھتے تھے اور یہ کان کی لو سے کندھے تک ہوتے تھے، حج اور حجامت (پچھنا، نشتر) کے علاوہ کبھی بھی بالوں کا مونڈنا ثابت نہیں ہے۔ (مولف) (فتاوی رضویہ ج ۹، ص ۵۲۱)

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

پورے سر پر بال رکھنا اور مانگ نکالنا خاص سنت حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہے۔ حج وحجامت یعنی پچھنوں کی ضرورت کے سوا حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حلق شعر ثابت نہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دس سال مدینہ میں قیام فرمایا اس مدت میں صرف تین بار یعنی سال حدیبیہ و عمرۃ القضاء وحجۃ الوداع میں حلق فرمایا۔ علی ما نقله علی القاری فی جمع الوسائل عن بعض شراح المصابیح. (فتاوی رضویہ ج ۹، ص ۳۹)

شانہ مبارک

بیہقی حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یمتشط بمشط من عاج .

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عاج کا کنگھا کرتے۔ (فتاوی رضویہ ج ۲، ص ۴۲)

موئے مبارک کثیر وانبوہ تھے

ابو اسحاق و ابو جعفر سے راوی:

انه کان عند جابر بن عبد الله هو و ابوه رضی الله تعالی عنهم و عنده قوم

فسألوه عن الغسل فقال یکفیک صاع فقال رجل ما یکفینی فقال جابر کان یکفی من هو اوفی منک شعرا و خیرا منک ثم امنافی ثوب.

حضرت ابوجعفر اوران کے والد دونوں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پاس تھے اوران کے پاس اور دوسرے لوگ بھی تھے لوگوں نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے غسل کے بارے میں پوچھا کہ کتنا پانی ہونا چاہیئے فرمایا کہ تمھیں ایک صاع پانی کافی ہے تو ایک آدمی نے کہا کہ مجھ کو ایک صاع پانی کفایت نہیں کرتا ہے اس پر حضرت جابر نے فرمایا کہ اتنا پانی ان کو کافی ہوتا تھا جو تم سے زیادہ زلف والے اور تم سے بہتر تھے یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ پھر آپ نے ایک کپڑے میں ہماری امامت فرمائی۔

ایک روایت میں ہے کہ امام حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوئے اور دوسری روایت میں ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ امام ہوئے۔ (مولف)

حسن بن محمد کی حدیث صحیحین میں ابوجعفر سے اس طرح مروی ہے۔

قال لی جابر اتانی ابن عمک یعرض بالحسن بن محمد بن الحنفیة قال کیف الغسل من الجنابة فقلت کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یاخذ ثلث اکف فیفضیها علی رأسه ثم یفیض علی سائر جسده فقال لی الحسن انی رجل کثیر الشعر فقلت کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اکثر منک شعرا . هذ الفظ خ.

حضرت ابوجعفر سے مروی ہے کہ جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے کہا کہ میرے پاس آپ کے چچا کے لڑکے آئے ان کی مراد حسن بن محمد بن حنفیہ سے تھی اور پوچھا کہ جنابت کا غسل کس طرح کیا جائے میں نے کہا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین لپ پانی لے کر سر مبارک پر بہاتے پھر پورے جسم اطہر پر پانی

بہاتے تو حسن نے مجھ سے کہا کہ میں زیادہ بال والا مرد ہوں مجھے اتنا پانی کافی نہ ہوگا تو میں نے کہا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم سے زیادہ زلف والے تھے۔ (مولف)

ونحوہ عندم و فیه قال جابر فقلت له یا ابن اخی کان شعر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اکثر من شعرک و اطیب .

دوسری روایت یہ ہے کہ حضرت جابر نے کہا کہ اے بھتیجے رسول اللہ کے موئے مبارک تم سے کثیر اور عمدہ تھے۔ (مولف)

نسائی ابو جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال تمارینا فی الغسل عند جابر بن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنهما فقال جابر یکفی من الغسل من الجنابة صاع من ماء قلنا ما یکفی صاع و لا صاعان قال جابر قد کان یکفی من کان خیرا منکم و اکثر شعرا. صلی الله تعالیٰ علیه وسلم .

ابو جعفر نے کہا کہ غسل کے بارے میں باہم جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ہم جھگڑا کر رہے تھے اس پر حضرت جابر نے فرمایا کہ غسل جنابت کے لیے ایک صاع پانی کافی ہے ہم نے کہا نہ ایک صاع کافی ہے اور نہ دو صاع، حضرت جابر نے کہا ان کو کافی ہوتا تھا جو تم سے زیادہ بہتر اور کثیر بال والے تھے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ا، ص ۱۶۰، ۱۶۱۔ بارق النور)

امام احمد رضا بریلوی محبوب کردگار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زلف معنبر کی مدح میں نوا سنج ہیں۔

بڑھ چلی تیری ضیاء اندھیر عالم سے گھٹا
کھل گیا گیسو تیرا رحمت کا بادل گھر گیا

•

دندان و لب و زلف و رخ شہ کے فدائی
ہیں در عدن لعل یمن مشک ختن پھول

•

مشک سا زلف شہ و نور فشاں روئے حضور
اللہ اللہ حلب حبیب و تتار دامن

•

بزم ثنائے زلف میں میری عروس فکر کو
ساری بہار ہشت خلد چھوٹا سا عطردان ہے

•

چمن طیبہ میں سنبل جو سنوارے گیسو
حور بڑھ کر شکن ناز پہ وارے گیسو
کی جو بالوں سے تیرے روضہ کی جاروب کشی
شب کو شبنم نے تبرک کو ہیں دھارے گیسو
ہم سیہ کاروں پہ یا رب تپش محشر میں
سایہ افگن ہوں تیرے پیارے کے پیارے گیسو
چرچے حوروں میں ہیں دیکھو تو ذرا یال براق
سنبل خلد کے قربان اتارے گیسو
آخریں حج غم امت میں پریشاں ہوکر
تیرہ بختوں کی شفاعت کو سدھارے گیسو

گوش تک سنتے تھے فریاد اب آئے تا دوش
کہ بنیں خانہ بدوشوں کو سہارے گیسو

سوکھے دھانوں پہ ہمارے بھی کرم ہوجائے
چھائے رحمت کی گھٹا بن کے تمھارے گیسو

کعبۂ جاں کو پنہایا ہے غلاف مشکیں
اڑ کے آئے ہیں جو ابرو پہ تمھارے گیسو

سلسلہ پا کے شفاعت کا جھکے پڑتے ہیں
سجدۂ شکر کے کرتے ہیں اشارے گیسو

مشک بو کوچہ یہ کس پھول کا جھاڑا ان سے
حوریو! عنبر سارا ہوئے سارے گیسو

دیکھو قرآں میں شب قدر ہے تا مطلع فجر
یعنی نزدیک ہیں عارض کے وہ پیارے گیسو

بھینی خوشبو سے مہک جاتی ہیں گلیاں واللہ
کیسے پھولوں میں بسائے ہیں تمھارے گیسو

شان رحمت ہے کہ شانہ نہ جدا ہو دم بھر
سینہ چاکوں پہ کچھ اس درجہ ہیں پیارے گیسو

شانہ ہے پنجۂ قدرت تیرے بالوں کے لیے
کیسے ہاتھوں نے شہا تیرے سنوارے گیسو

احد پاک کی چوٹی سے الجھ لے شب بھر
صبح ہونے دو شب عید نے ہارے گیسو

مژدہ ہو قبلہ سے گھنگھور گھٹائیں اُمڈیں
ابرووں پر وہ جھکے جھوم کے بارے گیسو

تار شیرازہ مجموعۂ کونین ہیں یہ
حال کھل جائے جو اک دم ہوں کنارے گیسو

تیل کی بوندیں ٹپکتی نہیں بالوں سے رضا
صبح عارض پہ لٹاتے ہیں ستارے گیسو

●

کے گیسو ہ دہن ی ابرو آنکھیں ع ص
کھیعص ان کا ہے چہرہ نور کا

لیلۃ القدر ان کے گیسو مطلع الفجر ان کی مانگ
ان کے بندوں پر سلام رب سے مژدہ نور کا

●

گیسو و قد لام الف کردو بلا منصرف
لا کے تہ تیغ لا تم پہ کروروں درود

●

وہ کرم کی گھٹا گیسوئے مشک زا
لکۂ ابر رافت پہ لاکھوں سلام

لیلۃ القدر میں مطلع الفجر حق
مانگ کی استقامت پہ لاکھوں سلام

لخت لخت دل ہر جگر چاک سے
شانہ کرنے کی حالت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

پشت انور و مہر نبوت

آپ کی پشت مبارک ایسی تھی جیسے پگھلی ہوئی چاندی یعنی پاک وصاف اور سفید ہموار، اور میم

نبوت، ایک ایسی ابھری ہوئی چیز تھی جو ہم رنگ بدن، مشابہ جسد اطہر اور صاف نورانی تھی اسی کو خاتم النبوۃ یا مہر نبوت کہتے ہیں۔ یہ وہ علامت ہے جس سے آپ پہچان لیے جائیں کہ آپ ہی وہ نبی آخر الزماں ہیں جس کی بشارت دی گئی ہے۔

مستدرک میں حضرت وہب بن منبہ سے روایت ہے کہ کوئی نبی مبعوث نہ ہوا مگر یہ کہ ان کے داہنے ہاتھ میں کوئی علامت نبوت ہوتی لیکن ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی علامت نبوت آپ کے دونوں شانوں کے درمیان تھی۔ روایتوں میں مرقوم ہے کہ مہر نبوت نوری تھی جو چمکتی تھی۔ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ آپ کی وفات کے بعد وہ مہر نبوت روپوش ہوگئی تھی اور اسی علامت سے معلوم ہوا کہ آپ نے وفات پائی ہے، کیوں کہ لوگوں میں شبہ اور اختلاف واقع ہوگیا تھا یا اس لیے کہ یہ دلیل نبوت تھی اب اس کے اثبات کی حاجت نہ رہی تھی یا کہ اللہ تعالیٰ کا کوئی خاص بھید ہو جسے وہی خوب جانتا ہے لیکن یہ غلط ہے کہ بعد از وفات نبوت باقی نہ رہی کیوں کہ نبوت و رسالت موت کے بعد بھی برقرار و باقی رہتی ہے۔

متعدد روایتوں کا حاصل یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دونوں شانوں کے درمیان کبوتر کے انڈے کے برابر مہر نبوت تھی۔ یہ بظاہر سرخی مائل ابھرا ہوا گوشت تھا۔ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دونوں شانوں کے بیچ میں مہر نبوت کو دیکھا جو کبوتر کے انڈے کی مقدار میں سرخ ابھرا ہوا ایک غدود تھا۔ لیکن ایک روایت میں یہ بھی ہے کہ مہر نبوت کبوتر کے انڈے کے برابر تھی اور اس پر یہ عبارت لکھی ہوئی تھی۔

الله وحده لا شريک له توجه حيث کنت فانک منصور.

یعنی اللہ ایک ہے اس کا کوئی شریک نہیں آپ جس حال میں بھی ہیں توجہ فرمائیں بلاشبہ آپ ہی

فتح یاب ہیں۔

راویوں نے مہر نبوت کی ظاہری شکل وصورت اور مقدار کو کبوتر کے انڈے سے تشبیہ دی ہے۔لیکن اس کے پیچھے خدا کا عظیم اثر کارفرما ہے جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص تھا اور جو کسی نبی کو حاصل نہ تھا۔(مولف) (مدارج النبوۃ مترجم،اول۔سیرت مصطفیٰ)

زید بن عمرو کی شہادت

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پشت اطہر میں مہر نبوت، رسالت ونبوت کی علامت ونشانی تھی توریت وانجیل وغیرہ میں بھی حضور کا یہ وصف بیان کیا گیا تھا جس سے علمائے اہل کتاب آگاہ ومطلع تھے اور بعض لوگ اسی سے حضور نبی آخرالزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کی شہادت وگواہی دیتے اور حضور کو پہچانتے تھے۔اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

زید بن عمرو بن نفیل موحدان ومومنان عہد جاہلیت سے تھے طلوع آفتاب عالم تاب اسلام سے پہلے انتقال کیا مگر اسی زمانہ میں توحید الٰہی ورسالت حضرت ختمی پناہی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شہادت دیتے۔

ابن سعد وابونعیم حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، میں زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملا مکہ معظمہ سے کوہ حرا کو جاتے تھے انھوں نے قریش کی مخالفت اور ان کے معبودان باطل سے جدائی کی تھی، اس پر آج ان سے اور قریش سے کچھ لڑائی رنجش ہو چکی تھی مجھے دیکھ کر بولے اے عامر میں اپنی قوم کا مخالف اور ملت ابراہیم کا پیرو ہوا اسی کو معبود مانتا ہوں جسے ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام پوجتے تھے۔میں ایک نبی کا منتظر ہوں جو بنی اسماعیل اور اولاد عبدالمطلب سے ہوں گے ان کا نام پاک احمد ہے میرے خیال میں میں ان کا زمانہ نہ پاؤں گا میں ابھی ان پر ایمان لاتا اور ان کی تصدیق کرتا، ان کی نبوت کی گواہی دیتا

ہوں تمھیں اگر اتنی عمر ملے کہ انھیں پاؤ تو میرا اسلام انھیں پہنچانا۔ اے عامر میں تم سے ان کی نعت وصفت بیان کیے دیتا ہوں کہ تم خوب پہچان لو۔

درمیانہ قد ہیں سر کے بال کثرت وقلت میں معتدل ان کی آنکھوں میں ہمیشہ سرخ ڈورے رہیں گے ان کے شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے ان کا نام احمد ہے اور یہ شہر ان کا مولد ہے یہیں ان کی رسالت ظاہر ہوگی ان کی قوم انھیں مکے میں نہ رہنے دے گی کہ ان کا دین اسے ناگوار ہوگا وہ ہجرت فرما کر مدینے جائیں گے وہاں سے ان کا دین ظاہر وغالب ہوگا دیکھو تم کسی دھوکے فریب میں آکر ان کی اطاعت سے محروم نہ رہنا کہ میں دین ابراہیمی کی تلاش میں شہروں شہروں پھرا یہود ونصاریٰ مجوس جس سے پوچھا سب نے یہی جواب دیا کہ یہ دین تمھارے پیچھے آتا ہے اور اس نبی کی وہی صفت بیان کی جو میں تم سے کہہ چکا اور سب کہتے تھے کہ ان کے سوا کوئی نبی باقی نہ رہا۔

ایک یہودی کا اعلان

ابن سعد وحاکم وبیہقی وابونعیم حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی مکہ معظمہ میں ایک یہودی بغرض تجارت رہتا جس رات حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدا ہوئے قریش کی مجلس میں گیا اور پوچھا کیا آج تم میں کوئی لڑکا پیدا ہوا انھوں نے کہا ہمیں نہیں معلوم کہا :

احفظوا ما اقول لکم ولد ھذہ اللیلۃ نبی ھذہ الامۃ الاخیرۃ بین کتفیہ علامۃ.

جو تم سے کہہ رہا ہوں اسے حفظ کر رکھو آج کی رات اس پچھلی امت کا نبی پیدا ہوا اس کے شانوں کے درمیان علامت ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حضرت علی کا فرمان

ترمذی حدیث طویل حلیۂ اقدس میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی کہ

انھوں نے فرمایا:

بین کتفیہ خاتم النبوۃ و ھو خاتم النبیین.

حضور کے دونوں شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے اور حضور خاتم النبیین ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

شاہ مصر مقوقس کی گواہی

امام واقدی اور ابوالقاسم بن عبدالحکم فتوح مصر میں بطریق ابان بن صالح راوی، جب حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمان اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لے کر مقوقس نصرانی بادشاہ مصر واسکندریہ کے پاس تشریف لے گئے اس نے ان سے دریافت کیا کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کس بات کی طرف بلاتے ہیں انھوں نے فرمایا توحید و نماز پنج گانہ و روزۂ رمضان و حج و وفائے عہد پھر اس نے حضور کا حلیہ پوچھا انھوں نے باختصار بیان کیا وہ بولا:

قد بقیت اشیاء لم تذکرھا فی عینیہ حمرۃ قلما تفارقہ و بین کتفیہ خاتم النبوۃ.

ابھی اور باتیں باقی رہیں کہ تم نے نہ بیان کیں ان کی آنکھوں میں سرخ ڈورے ہیں کہ کم کسی وقت جدا ہوتے ہوں اور ان کے دونوں شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے۔

پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اور صفات کریمہ بیان کر کے بولا۔

مجھے یقیناً معلوم تھا کہ ایک نبی باقی ہے اور مجھے گمان تھا کہ وہ شام میں ظاہر ہوگا کہ اگلے انبیاء نے وہاں ظہور کیا اب میں دیکھتا ہوں کہ انھوں نے عرب میں ظہور فرمایا محنت و مشقت کی زمین میں اور قبطی ان کی پیروی میں میری نہ مانیں گے عنقریب وہ ان شہروں پر غلبہ پائیں گے۔ (جزاء اللہ عدوہ باباء ختم النبوۃ)

مہر نبوت کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی نے یہ خیال آرائی فرمائی ہے

بوسہ گہہ اصحاب و مہر سامی
وہ شانہ چپ میں اس کی عنبر فامی

•

یہ طرفہ کہ ہے کعبہ جان و دل میں
سنگ اسود نصیب رکن شامی

•

حجر اسود کعبہ جان و دل — یعنی مہر نبوت پہ لاکھوں سلام
دوش بر دوش ہے جن سے شان شرف — ایسے شانوں کی شوکت پہ لاکھوں سلام
روئے آئینہ علم پشت حضور — پشتی قصر ملت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

کلام اقدس و بیان فصاحت

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان مبارک کی فصاحت، جوامع الکلم، انوکھا اظہار بیان اور عجیب وغریب حکم وفیصلے اتنے زیادہ ہیں کہ شاید ہی کوئی فکر واندیشہ کا محاسب اس کے حصر واحاطہ کے گرد پھر سکے۔ آپ کے اوصاف کا بیان اوران کے بیان کا زبان کے ساتھ اظہار ممکن ہی نہیں ہے۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ فصیح وشیریں بیان دوسرا پیدا ہی نہ فرمایا۔

ایک مرتبہ حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دریافت کیا یا رسول اللہ! نہ تو آپ کہیں باہر تشریف لے گئے اور نہ آپ نے لوگوں میں نشست و برخاست رکھی پھر آپ ایسی فصاحت کہاں سے

لے آئے، آپ نے فرمایا حضرت اسمٰعیل علیہ الصلاۃ والسلام کی لغت اور اصطلاح جو نا پید اور فنا ہو چکی تھی اسے میرے پاس جبریل علیہ الصلاۃ والسلام لے کر آئے جسے میں نے یاد کر لیا ہے۔ نیز آپ نے فرمایا ہے :

ادبنی ربی فاحسن تادیبی .

میرے رب نے مجھے ادب سکھایا تو میرے ادب کو بہت اچھا کر دیا۔

عربیت کا وہ علم جو زبان عرب اور اس کی فصاحت و بلاغت سے تعلق رکھتا ہے اسے ادب کہتے ہیں۔ نیز آپ نے فرمایا میری نشو ونما قبیلہ بنی سعد بن بکر میں ہوئی ہے، یہ آپ کی دائی حلیمہ سعدیہ کا قبیلہ ہے، بنی سعد کے لوگ پورے عرب میں سب سے زیادہ فصیح اللسان تھے۔

اور یہ جو منقول ہے کہ آپ نے فرمایا میں ضاد کو اس کے مخرج سے ادا کرنے میں اس سے زیادہ فصیح ہوں جو ضاد کو ادا کرتا ہے۔ اگرچہ اس حدیث کی صحت میں بعض اپنی مقرر کردہ اصطلاح حدیث کے تحت کلام کرتے ہیں لیکن اس کے معنی صحیح ہیں۔ حاصل کلام اس طرف راجع ہے کہ آپ نے فرمایا میں تمام عرب میں افصح ہوں کیوں کہ حرف ضاد عرب کے ساتھ ہی مخصوص ہے۔ دنیا کی کسی دوسری زبان میں یہ حرف نہیں ہے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا اہل عرب میں ایک بھی ایسا نہیں ہے جو اس حرف کو کماحقہٗ ادا کر سکے۔ اس حرف ضاد کا مخرج داہنے یا بائیں اضراس یعنی عقل ڈاڑھ ہے، کہتے ہیں کہ بائیں طرف سے اس کی ادائیگی زیادہ آسان ہے لیکن صحابہ کبار میں سے کچھ حضرات اس کا دونوں جانب سے اخراج کرتے تھے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خوب واضح اور مفصل کلام کے ساتھ تکلم فرماتے تھے اور جدا جدا ان کلمات کو گنا جا سکتا تھا۔ آپ ایک کلمہ کی تین تین بار تکرار فرمایا کرتے تھے تا کہ خوب سمجھ لیا جائے، یہ تکرار

گفتگو کے ابہام واشتباہ کو دور کرنے کے لیے ہوتی ہوگی ورنہ آپ ہر بات اور ہر کلام میں ایسا نہ کرتے ہوں گے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہت تیزی کے ساتھ جلدی جلدی گفتگو نہیں فرماتے تھے بلکہ نہایت ہی متانت اور سنجیدگی سے ٹھہر ٹھہر کر کلام فرماتے تھے بلکہ کلام اتنا صاف اور واضح ہوتا تھا کہ سننے والے اس کو سمجھ کر یاد کر لیتے تھے اگر کوئی اہم بات ہوتی تو اس جملہ کو کبھی کبھی تین تین مرتبہ فرما دیتے تاکہ سامعین اس کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیں۔

آپ کو جوامع الکلم (اس سے مراد وہ کلمات ہیں جو غایت اختصار میں ہوں اور معانی کثیرہ کے حامل ہوں) کا معجزہ عطا کیا گیا تھا کہ مختصر سے جملہ میں لمبی چوڑی بات کو بیان فرما دیا کرتے تھے۔

حضرت ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ آپ بلا ضرورت گفتگو نہیں فرماتے تھے بلکہ اکثر خاموش ہی رہتے تھے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول، سیرت المصطفیٰ)

شانِ تکلم

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طرز تکلم، شان تکلم اور اس کی کیفیت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

ہند بن ابی ہالہ اوصاف النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورضی عنہ کی حدیث حلیہ اقدس میں ہے۔

اذا تکلم اطرق جلساوہ ، کان علی رؤسھم الطیر.

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کلام فرماتے جتنے حاضران مجلس ہوتے سب گردنیں جھکا لیتے گویا ان کے سروں پر پرندے ہیں۔

عجب ست باوجودت کہ وجود من بماند
تو بگفتن اندر آئی و مرا سخن بماند

(فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۵۳۴۔انہار الانوار)

ابن عباس کی حدیث میں ہے

اذا تکلم رئی کالنور یخرج من بین ثنایاہ .

جب کلام فرماتے دانتوں سے نور چھنتا نظر آتا۔

ابوقرصافہ کی ماں اور خالہ فرماتی ہیں

رأینا کالنور یخرج من فیه

ہم نے نور سا نکلتے دیکھا ان کے دہان پاک سے۔ (نفی الفئی عمن استنار بنورہ کل شئی)

جوامع الکلم

صحیح مسلم شریف میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

فضلت علی الانبیاء بست اعطیت جوامع الکلم و نصرت بالرعب و احلت لی الغنائم و جعلت لی الارض مسجدا و طهورا و ارسلت الی الخلق کافة و ختم بی النبیون .

میں تمام انبیاء پر چھ وجہ سے فضیلت دیا گیا مجھے جامع باتیں عطا ہوئیں اور مخالفوں کے دل میں میرا رعب ڈالنے سے میری مدد کی گئی اور میرے لیے غنیمتیں حلال ہوئیں اور میرے لیے زمین پاک کرنے والی اور نماز کی جگہ قرار دی گئی اور میں تمام جہاں کے لیے سب ماسوی اللہ کا رسول ہوا اور مجھ سے انبیاء ختم

کیے گئے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (جزاء اللہ عدوہ بابا ءہ ختم النبوۃ)

علماء نے اپنی وسعت اور طاقت کے اعتبار سے بعض ایسے کلمات جمع فرمائے ہیں اور خاص کر وہ خطوط و پیغامات جن کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بادشاہوں، حاکموں اور بڑے بڑے امرائے وقت کو ارسال فرمایا تھا ان میں ہر قوم کو اسی کی زبان میں مخاطب فرمایا تھا علماء نے انھیں جمع کر کے ان کی شرح وتفسیر بیان کی ہے ان میں سے کچھ کلمات جو آپ کے حلیہ کمال اور زینت جمال کے حکم میں ہیں انھیں اس تصور و خیال سے بیان کیا جاتا ہے کہ یہ کلمات آپ کی زبان مبارک سے صادر ہوئے ہوں گے۔

(۱)	**انما الاعمال بالنیات**	ہر عمل کا دارومدار نیت پر ہے۔
(۲)	**الدین النصیحۃ**	دین سراسر نصیحت و بھلائی ہے۔
(۳)	**البلاء مو کل بالنطق**	گویائی مصیبتیں پیدا کرتی ہے۔
(۴)	**المجالس بالامانۃ**	محفلوں کی باتیں امانت ہیں۔
(۵)	**المستشار موتمن**	جس سے مشورہ لیا جائے وہ بات کا امین ہے۔
(۶)	**ترک الشر صدقۃ**	برائی کو چھوڑنا صدقہ ہے۔
(۷)	**الحیاء خیر کلہ**	حیا کامل بھلائی ہے۔
(۸)	**فضل العلم خیر من فضل العبادۃ**	علم کی فضیلت عبادت کی فضیلت سے بہتر ہے۔
(۹)	**من غشنا فلیس منا**	جس نے ملاوٹ کی وہ ہم میں سے نہیں۔
(۱۰)	**الدال علی الخیر کفا علہ**	نیکی کی راہ دکھانے والا ایسا ہی ہے جیسے اس نے نیکی کی۔
(۱۱)	**حب الشیٔ یعمی و یصم**	کسی چیز کی محبت اسے اندھا اور بہرا کر دیتی ہے۔

(۱۲) المرأمع من احب	آدم اسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت رکھتا ہے۔
(۱۳) لا ترفع عصاک عن اهلک	اپنی اہل سے اپنی لاٹھی کو نہ اٹھاؤ۔
(۱۴) خیرکم خیرکم لاهله	تم میں بہتر وہ ہے جو اپنی اہل کے لیے بہتر ہے۔
(۱۵) من ابطاء به عمله لم یسرع به نسبه	جس کا عمل سست ہے اس کا نسب اسے چست نہ کرے گا۔
(۱۶) زرغبا تزدد حبا	زیارت کرناغہ کے ساتھ محبت میں زیادتی ہوگی۔
(۱۷) ایاکم و خضر الدمن	بچو تم امن کی فراخیوں سے۔
(۱۸) الثناء ربیع المومن	حمد وثنا کرنا مومن کی بہار ہے۔
(۱۹) القناعة کنز لا یفنی	قناعت ایسا خزانہ ہے جو کبھی ناپید نہیں ہوتا۔
(۲۰) الاقتصاد فی النفقة نصف المعیشة	خرچ میں میانہ روی نصف معیشت ہے۔
(۲۱) التودد الی الناس نصف العقل	لوگوں سے محبت کا برتاؤ کرنا آدھی عقل مندی ہے۔
(۲۲) حسن السوال نصف العلم	عمدہ طریق سے پوچھنا آدھا علم ہے۔
(۲۳) لا عقل کالتدبیر	تدبیر کی مانند عقل نہیں ہے۔
(۲۴) لا ورع کالکف	زبان روکنے کی مانند پارسائی نہیں ہے۔
(۲۵) لا حب کحسن الخلق	خوش اخلاقی کی مانند محبت نہیں ہے۔
(۲۶) الرضاع بغیر الطباع	رضاعت غیر طبعی ہے۔

(۲۷) الایمان یمان	ایمان حفاظت ہے۔
(۲۸) لا ایمان لمن لا امانة له	جو امانت دار نہیں وہ ایمان دار نہیں۔
(۲۹) لا دین لمن لا عهد له	جو عہد کو پورا نہ کرے وہ دیندار نہیں۔
(۳۰) جمال الرجل فصاحة لسانه	آدمی کی خوبصورتی اس کی زبان کی فصاحت ہے۔
(۳۱) لا فقر اشد من الجهل	جہالت سے بڑھ کر سخت محتاجی نہیں ہے۔
(۳۲) لا مال اعز من العقل	عقل سے زیادہ پیاری تونگری نہیں ہے۔
(۳۳) کن فی الدنیا کانک غریب	دنیا میں مسافر کی مانند رہو۔
(۳۴) العفو لا یزید العبد الا عزا	درگزری بندے میں عزت کو بڑھاتی ہے۔
(۳۵) التواضع لا یزید الا رفعة	انکساری درجہ کی بلندی ہی کو زیادہ کرتی ہے۔
(۳۶) ما نقص مال من صدقته	صدقہ دینے سے مال کم نہیں ہوتا۔
(۳۷) کنوز البر کتمان المصائب	نیکی کا خزانہ مصائب کے چھپانے میں ہے۔
(۳۸) عد نفسک من اصحاب القبور	اپنے آپ کو صاحب قبر شمار کرو۔
(۳۹) ما جمع شیء احسن من علم الی علم	علم کو علم سے جمع کرنا ہر چیز کے جمع کرنے سے اچھا ہے۔
(۴۰) من حسن اسلام المرء ترکه ما لا یعنیه.	آدمی کا عمدہ اسلام یہ ہے کہ وہ لایعنی اور لغو بات چھوڑ دے۔

(مدارج النبوۃ جلد اول)

امام احمد رضا بریلوی نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تکلم و گفتگو اور حضور کی شیریں سخنی کی

توصیف میں یہ اشعار نظم کیے ہیں۔

میٹھی باتیں تیری، دین عجم ایمان عرب
نمکین حسن تیرا، جان عجم شان عرب

•

میں نثار تیرے کلام پر ملی یوں تو کسی کو زباں نہیں
وہ سخن ہے جس میں سخن نہ ہو وہ بیاں ہے جس کا بیاں نہیں
تیرے آگے یوں ہیں دبے لچے فصحاء عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے منہ میں زباں نہیں، نہیں بلکہ جسم میں جاں نہیں

•

اس کی پیاری فصاحت پہ بے حد درود   اس کی دل کش بلاغت پہ لاکھوں سلام
(حدائق بخشش)

قلب مبارک

یہ حقیقت پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ جس مرتبۂ کمال پر اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم کو فائز فرمایا ہے کسی اور کے لیے یہ منزلت رفیعہ ثابت نہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے راز اور اخلاص کا مقام دل کو بنایا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس بندے کے دل کو چن لیتا ہے اس کو اپنے راز کا امین بنا لیتا ہے۔ اور سب سے پہلے جس مبارک دل کو اللہ تعالیٰ نے اپنے راز کا امین بنایا وہ قلب مبارک سید الخلق رحمۃ للعالمین محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے کیوں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خلق میں سب سے پہلے ہیں اور ظہور میں سب انبیاء سے آخر میں ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی حکمت نے اجسام وقوالب کے اخلاق کو دلوں میں مخفی رازوں کی علامت اورنشانی بنایا ہے پس جس کے دل میں راز خداوندی متحقق ہوگیا اس کے اخلاق میں بڑی وسعتیں پیدا ہو جاتی ہیں اور اس کی شفقت کا سایہ کسی ایک نوع اور جنس کے ساتھ مخصوص نہیں رہتا بلکہ اللہ تعالیٰ کی ساری مخلوق اس کا تعلق نباتات سے ہو، جمادات سے ہو یا حیوانات سے ہو سب پر یکساں رہتا ہے۔ وہ نوع انسانی میں ہر فرد کے ساتھ ایسے اخلاق سے پیش آتا ہے جس سے اس کا بگاڑ دور ہوتا ہے اور اس میں خوبیاں نمودار ہوتی ہیں اور اسی شفقت کے پیش نظر کبھی اس کو سختی سے بھی پیش آنا پڑتا ہے۔ بعض اوقات اس کی خیر خواہی کے لیے اس پر حدود بھی نافذ کی جاتی ہیں اس طرح ہر نرمی اور ہر سختی ہر پیار اور ہر شدت میں اس کی بہتری ملحوظ ہوتی ہے۔

طبرانی نے ابی عقبہ الخولانی سے ایک حدیث مرفوع نقل کی ہے۔

ان للہ آنیة من اهل الارض و آنیة ربکم قلوب عبادہ الصالحین و احبها الیه الینها و ارقها.

ساکنان زمین میں سے بعض ایسے ہیں جو اللہ تعالیٰ کے برتن ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے برتن اس کے نیک بندوں کے قلوب ہوا کرتے ہیں اور ان میں سے بھی اللہ کو پیارا وہ ہوتا ہے جو اس کی مخلوق کے لیے بڑا نرم اور رقیق ہوتا ہے۔

دارمی وابن عساکر کی ایک روایت میں ہے۔

جبریل امین سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل ہوئے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شکم مبارک کو شق کیا اور پھر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضور کا قلب مبارک، جو چیز اس میں ڈالی جاتی ہے وہ اس کو سمجھتا بھی ہے اور یاد بھی رکھتا ہے۔ اس قلب کے دو کان ہیں جو خوب سننے والے

ہیں، دو آنکھیں ہیں جو خوب دیکھنے والی ہیں آپ کا نام محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے آپ اللہ کے رسول ہیں آپ کی پیروی کی جائے گی ساری مخلوق قیامت کے روز آپ کے پیچھے ہوگی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خلق قیم یعنی مستحکم ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان سچی ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نفس مطمئن ہے۔ (مولف) (سیرت الرسول المعروف ضیاء النبی جلد ۵)

قلب اقدس سوتا نہیں

حضور انور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قلب اطہر کی عظمت وکمال سے متعلق امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

حدیث میں ہے :

قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان عینی تنامان و لا ینام قلبی . رواہ الشیخان عن ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری آنکھیں سوتی ہیں اور دل نہیں سوتا۔ اسے بخاری ومسلم نے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔

صحیحین میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الانبیاء تنام اعینہم و لا تنام قلوبہم.

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی آنکھیں سوتی ہیں دل کبھی نہیں سوتے۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ

افکار صالحہ اور متواتر وحی والہام اور معارف الٰہیہ کی وجہ سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قلب مبارک نہیں سوتا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۹۱۔ نبہ القوم)

اللہ نے حضور کے قلب کو پسند فرمایا

احمد بزار طبرانی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان اللہ تعالیٰ نظر الی قلوب العباد فاختار منها قلب محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فاصطفاه لنفسه .

اللہ تعالیٰ نے بندوں کے دلوں پر نظر فرمائی تو ان میں سے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دل کو پسند فرمایا اسے اپنی ذات کریم کے لیے چن لیا۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

قلب اقدس کی عظمت و وسعت

صحیح حدیث میں آیا کہ ساتوں آسمان و زمین کرسی کے سامنے ایسے ہیں کہ ایک لق و دق میدان میں جس کا کنارہ نظر نہیں آتا ایک چھلا پڑا ہو۔

ما السموات و الارض السبع مع الکرسی الا کحلقة ملقاة فی ارض فلاة.

یہ سب زمین و آسمان کرسی کے آگے ایسے ہیں کہ ایک لق و دق میدان میں ایک چھلا پڑا ہو۔

اور ان سب عرش و کرسی و زمین و آسمان کی وسعت ایسی ہی ہے عظمت قلب مبارک سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے اور قلب مبارک کی عظمت کو کوئی نسبت ہی نہیں ہو سکتی عظمت رب العزۃ جل جلالہ سے، یہ غیر متناہی وہ متناہی اور متناہی کو غیر متناہی سے نسبت محال۔

اولیائے کرام فرماتے ہیں :

ما السموات السبع والارضون السبع فی نظر العبد المومن الا کحلقة ملقاة فی فلاة من الارض .

سیدی شریف عبد العزیز رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں مومن کامل کی وسعت نگاہ میں ایسے ہیں جیسے کسی لق ودق میدان میں ایک چھلا پڑا ہو۔

اللہ اکبر جب غلاموں کی یہ شان ہے تو عظمت شان اقدس کو کون خیال کر سکے۔

(الملفوظ چہارم)

حضور مصطفٰی جان رحمت صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے قلب مبارک کے بارے میں امام احمد رضا یوں رقمطراز ہیں۔

شمع دل مشکوٰۃ تن سینہ زجاجہ نور کا
تیری صورت کے لیے آیا ہے سورہ نور کا

(حدائق بخشش)

گوش مبارک

حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی آنکھوں کی طرح حضور کے کان میں بھی معجزانہ شان تھی، چنانچہ آپ نے خود اپنی زبان اقدس سے ارشاد فرمایا کہ

انی اری ما لا ترون و اسمع ما لا تسمعون.

یعنی میں ان چیزوں کو دیکھتا ہوں جن کو تم میں سے کوئی نہیں دیکھتا اور میں ان آوازوں کو سنتا ہوں جن کو تم میں سے کوئی نہیں سنتا۔

اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کے سمع و بصر کی قوت بے مثال اور معجزانہ شان رکھتی تھی کیوں کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دور و نزدیک کی آوازوں کو یکساں طور پر سن لیا کرتے تھے۔ جیسا کہ آپ کے حلیف بنی خزاعہ نے تین دن کی مسافت سے آپ کو اپنی امداد و نصرت کے لیے پکارا تو آپ نے ان کی فریاد سن لی، علامہ زرقانی اس کی شرح میں فرماتے ہیں کہ

لا بعد فی سماعۃ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقد کان یسمع اطیط السماء .

یعنی اگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین دن کی مسافت سے ایک فریادی کی فریاد سن لی تو یہ آپ سے کوئی بعید نہیں ہے کیوں کہ آپ تو زمین پر بیٹھے ہوئے آسمان کی چرچراہٹ کو سن لیا کرتے تھے بلکہ عرش کے نیچے چاند کے سجدہ میں گرنے کی آواز کو بھی سن لیا کرتے تھے۔ (حاشیۂ الدولۃ المکیۃ)

دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان
کان لعل کرامت پہ لاکھوں سلام

زبان اقدس

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان اقدس وحی الٰہی کی ترجمان اور سرچشمہ آیات و مخزن معجزات ہے اس کی فصاحت و بلاغت اس قدر حد اعجاز کو پہنچی ہوئی ہے کہ بڑے بڑے فصحاء و بلغاء حضور کے کلام کو سن کر دنگ رہ جاتے تھے۔

تیرے آگے ہیں یوں دبے لچے فصحاء عرب کے بڑے بڑے
کوئی جانے منہ میں زباں نہیں، نہیں بلکہ جسم میں جاں نہیں

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مقدس زبان کی حکمرانی اور شان کا یہ اعجاز تھا کہ زبان سے جو فرمادیا وہ ایک آن میں معجزہ بن کر عالم وجود میں آگیا۔

وہ زباں جس کو سب کن کی کنجی کہیں
اس کی نافذ حکومت پہ لاکھوں سلام

●

اس کی پیاری فصاحت پہ بے حد درود
اس کی دل کش بلاغت پہ لاکھوں سلام

لعاب دہن

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا لعاب دہن زخمیوں اور بیماروں کے لیے شفا اور زہروں کے لیے تریاق اعظم تھا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاؤں میں غار ثور کے اندر سانپ نے کاٹا اس کا زہر آپ کے لعاب دہن سے اتر گیا اور زخم اچھا ہو گیا، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آشوب چشم کے لیے یہ لعاب دہن شفاء العین بن گیا، حضرت رفاعہ بن رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آنکھ میں جنگ بدر کے دن تیر لگا اور آنکھ پھوٹ گئی مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لعاب دہن سے ایسی شفا حاصل ہوئی کہ درد بھی جاتا رہا اور آنکھ کی روشنی بھی برقرار رہی۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چہرے پر تیر لگا حضور نے اس پر اپنا لعاب دہن لگا دیا فوراً ہی خون بند ہو گیا اور پھر زندگی بھر ان کو کبھی تیر و تلوار کا زخم نہ لگا۔

شفاء کے علاوہ لعاب دہن سے اور بھی بڑی بڑی معجزانہ برکات کا ظہور ہوا۔ چنانچہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر میں ایک کنواں تھا آپ نے اس میں اپنا لعاب دہن ڈال دیا تو اس کا پانی اتنا شیریں ہو گیا کہ مدینہ منورہ میں اس سے بڑھ کر کوئی شیریں کنواں نہ تھا۔

امام بیہقی نے یہ حدیث روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عاشوراء کے دن دودھ

پیتے بچوں کو بلاتے تھے اوران کے منہ میں اپنا لعاب دہن ڈال دیتے تھے اوران کی ماؤں کو حکم دیتے تھے کہ وہ رات تک اپنے بچوں کو دودھ نہ پلائیں۔آپ کا یہی لعاب دہن ان بچوں کو اس قدر شکم سیر اور سیراب کر دیتا تھا کہ ان بچوں کو دن بھر نہ بھوک لگتی تھی نہ پیاس۔

جس کے پانی سے شاداب جان جناں
اس دہن کی طراوت پہ لاکھوں سلام

●

جس سے کھاری کنوئیں شیرۂ جاں بنے
اس زلال حلاوت پہ لاکھوں سلام

آواز مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آواز مبارک غایت درجہ پیاری تھی ،آپ کی آواز اوراس کی شیرینی تمام آوازوں سے زیادہ حسین ودل کش تھی اورکوئی شخص بھی آپ سے بڑھ کرخوش آواز وشیریں کلام نہیں گزرا۔

سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی نبی کو نہ بھیجا مگرخوش آواز اورخوش روحتیٰ کہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اوصاف میں سب سے فائق تھے۔

جہاں تک کسی کی آواز نہ پہنچ سکتی تھی وہاں تک آپ کی آواز مبارک بے تکلف پہنچ جاتی تھی خصوصاً ایسے خطبوں کی آواز جس میں نصیحت ،تخویف یا خدا سے ڈرانا ہوتا تھا چنانچہ پردہ میں بیٹھی ہوئی مستورات بھی آپ کی آواز سنتی تھیں آپ نے ایام حج میں منیٰ میں جو خطبہ دیا تھا اس نے تمام لوگوں کے کان کھول دیئے اور ہرایک نے اس خطبہ کو اپنی اپنی منزلوں میں سنا۔

جس میں نہریں ہیں شیر و شکر کی رواں
اس گلے کی نضارت پہ لاکھوں سلام

پرنور گردن

حضرت ہند بن ابی ہالہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی گردن مبارک نہایت ہی معتدل، صراحی دار اور سڈول تھی خوبصورت اور صفائی میں نہایت ہی بے مثل خوبصورت اور چاندی کی طرح صاف وشفاف تھی۔

قال ابو هريرة كان جيد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ابيض كانما صنع من فضة

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ آپ کی گردن مبارک سفید تھی گویا کہ چاندی سے بنائی گئی ہے۔

دستہائے رحمت

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مقدس ہتھیلیاں چوڑی پر گوشت، کلائیاں، لمبی، بازو دراز اور گوشت سے بھرے ہوئے تھے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے کسی ریشم اور دیبا کو آپ کی ہتھیلیوں سے زیادہ نرم و نازک نہیں پایا اور نہ کسی خوشبو کو آپ کی خوشبو سے بہتر اور بڑھ کر خوشبودار پایا۔

جس شخص سے آپ مصافحہ فرماتے وہ دن بھر اپنے ہاتھوں کو خوشبودار پاتا۔ جس بچے کے سر پر آپ اپنا دست اقدس پھیر دیتے تھے وہ خوشبو میں تمام بچوں سے ممتاز ہوتا۔

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز ظہر ادا کی پھر آپ اپنے گھر کی طرف روانہ ہوئے اور میں بھی آپ کے ساتھ ہی نکلا۔ آپ کو دیکھ کر چھوٹے چھوٹے بچے آپ کی طرف دوڑ پڑے تو آپ ان میں سے ہر ایک کے رخسار پر اپنا دست رحمت پھیرنے لگے میں سامنے آیا تو میرے رخسار پر بھی آپ نے اپنا دست مبارک لگا دیا تو میں نے اپنے گالوں پر آپ کے دست مبارک کی ٹھنڈک محسوس کی اور ایسی خوشبو آئی کہ گویا آپ نے اپنا ہاتھ کسی عطر فروش کی صندوقچی میں سے نکالا ہے۔

ہاتھ جس سمت اٹھا غنی کر دیا
موج بحر سماحت پہ لاکھوں سلام

جس کو بار دو عالم کی پروا نہیں
ایسے بازوؤں کی قوت پہ لاکھوں سلام

کعبہ دین و ایمان کے دونوں ستوں
ساعدین رسالت پہ لاکھوں سلام

جس کے ہر خط میں ہے موج نور کرم
اس کف بحر ہمت پہ لاکھوں سلام

نور کے چشمے لہرائیں دریا بہیں
انگلیوں کی کرامت پہ لاکھوں سلام

شکم وسینہ

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شکم وسینہ اقدس دونوں ہموار اور برابر تھے نہ سینہ شکم سے اونچا تھا نہ شکم سینہ سے۔ آپ کا سینہ چوڑا تھا اور سینہ کے اوپر کے حصہ سے ناف تک مقدس بالوں کی ایک پتلی سی لکیر

چلی گئی تھی مقدس چھاتیاں اور پورا شکم بالوں سے خالی تھا ہاں شانوں اور کلائیوں پر قدرے بال تھے۔

آپ کا شکم صبر و قناعت کی ایک دنیا اور آپ کا سینہ معرفت الٰہی کے انوار کا سفینہ اور وحی الٰہی کا گنجینہ تھا۔

کل جہاں ملک اور جو کی روٹی غذا
اس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام

پائے اقدس

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقدس پاؤں چوڑے، پر گوشت، ایڑیاں کم گوشت والی، تلوا اونچا جو زمین میں نہ لگتا تھا۔ دونوں پنڈلیاں قدرے پتلی اور صاف وشفاف، پاؤں کی نرمی اور نزاکت کا یہ عالم تھا کہ ان پر پانی ذرا بھی نہیں ٹھہرتا تھا۔

آپ چلنے میں بہت ہی وقار و تواضع کے ساتھ قدم شریف کو زمین پر رکھتے تھے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ چلنے میں میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بڑھ کر تیز رفتار کسی کو نہیں دیکھا گویا زمین آپ کے لیے لپٹی جاتی تھی ہم لوگ آپ کے ساتھ دوڑا کرتے تھے اور تیز چلنے سے مشقت میں پڑ جاتے تھے مگر آپ نہایت ہی وقار و سکون کے ساتھ چلتے رہتے تھے مگر پھر بھی ہم سب لوگوں سے آپ آگے ہی رہتے تھے۔

ساق اصل قدم شاخ نخل کرم　　شمع راہ ہدایت پہ لاکھوں سلام
کھائی قرآں نے خاک گزر کی قسم　　اس کف پا کی حرمت پہ لاکھوں سلام

(مدارج النبوۃ جلد اول، سیرت مصطفیٰ)

امام احمد رضا بریلوی نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایڑیوں کی توصیف وتعریف میں

جس حسین وجمیل انداز میں نغمہ سرائی کی ہے وہ انھیں کا حصہ ہے آپ فرماتے ہیں :

عارض شمس و قمر سے بھی ہیں انور ایڑیاں
عرش کی آنکھوں کے تارے ہیں وہ خوشتر ایڑیاں

جابجا پر تو فگن ہیں آسماں پر ایڑیاں
دن کو ہیں خورشید شب کو ماہ و اختر ایڑیاں

نجم گردوں تو نظر آتے ہیں چھوٹے اور وہ پاؤں
عرش پر پھر کیوں نہ ہوں محسوس لاغر ایڑیاں

دب کے زیر پا نہ گنجائش سمانے کی رہی
بن گیا جلوہ کف پا کا ابھر کر ایڑیاں

ان کا منگتا پاؤں سے ٹھکرا دے وہ دنیا کا تاج
جس کی خاطر مر گئے منعم رگڑ کر ایڑیاں

دو قمر دو پنجۂ خور دو ستارے دس ہلال
ان کے تلوے پنجے ناخن پائے اطہر ایڑیاں

ہائے اس پتھر سے اس سینہ کی قسمت پھوڑیئے
بے تکلف جس کے دل میں یوں کریں گھر ایڑیاں

تاج روح القدس کے موتی جسے سجدہ کریں
رکھتی ہیں واللہ وہ پاکیزہ گوہر ایڑیاں

ایک ٹھوکر میں احد کا زلزلہ جاتا رہا
رکھتی ہیں کتنا وقار اللہ اکبر ایڑیاں

چرخ پر چڑھتے ہی چاندی میں سیاہی آگئی
کرچکی ہیں بدر کو ٹکسال باہر ایڑیاں

اے رضاؔ طوفان محشر کے تلاطم سے نہ ڈر
شاد ہو ہیں کشتی امت کو لنگر ایڑیاں

(حدائق بخشش)

تبسم شریف

امام بخاری نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا ہے

ما رأيت رسول الله مستجمعا قط ضاحكا اى ضحكا تاما

میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کبھی قہقہہ لگاتے نہیں سنا کہ حضور کا منہ پورا کھل جائے اور حلق کا گوشت نظر آنے لگے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنسے یہاں تک کہ دندان مبارک نظر آنے لگے۔ اور یہ نادر ہوا کرتا تھا جسے حضرت صدیقہ نے نہیں دیکھا اور ابو ہریرہ نے دیکھا۔

حضرت ابن ابی ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہنسی اکثر تبسم ہوا کرتی تھی۔

حافظ ابن حجر لکھتے ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اکثر معمول یہ تھا کہ حضور تبسم فرمایا کرتے اور کبھی کبھی ہنسنے کی نوبت بھی آتی تھی لیکن وہ ہنسی بھی قہقہہ سے کم ہوتی تھی۔ اور ہنسی سے مکروہ یہ ہے کہ کثرت سے ہنسا جائے کیوں کہ یہ وقار کو ختم کر دیتا ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جن افعال کی پیروی ضروری ہے وہ ایسے افعال ہیں جن کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیشہ کیا کرتے تھے اور وہ تبسم تھا۔ اور اونچی آواز سے ہنسا وہ محض بیان جواز کے لیے تھا۔

جس کی تسکیں سے روتے ہوئے ہنس پڑیں
اس تبسم کی عادت پہ لاکھوں سلام

جس تبسم نے گلستاں پہ گرائی بجلی
پھر دکھادے وہ ادائے گل خنداں ہم کو

حضور کا گریہ وفغاں

جس طرح سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنستے وقت قہقہہ نہیں لگایا کرتے تھے اسی طرح جب روتے تھے تو آواز بلند نہیں ہوتی تھی بلکہ آنکھوں سے آنسو ٹپکتے تھے اور موسلا دھار بہتے تھے البتہ سینے میں رونے کی آواز سنائی دیتی تھی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی کسی میت پر از راہ رحمت اشک فشانی کرتے اور کبھی اپنی امت پر عذاب الٰہی کے خوف سے رویا کرتے اور کبھی قرآن کریم سنتے وقت چشم مبارک سے آنسوؤں کے موتی ٹپکنے لگتے کبھی حالت نماز میں گریہ طاری ہو جاتا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے جماہی لینے سے محفوظ رکھا تھا۔ ام المومنین میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بھائی فرماتے ہیں۔

ما تثاء ب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قط.

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی جماہی نہیں لی۔

اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جماہی لینے سے محفوظ رکھا ہے کیوں کہ جماہی کسل مندی اور اعضاء کی سستی کی نشانی ہے۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ جماہی شیطان کی طرف سے ہے۔ اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند کرتا ہے اور جماہی لینے کو ناپسند کرتا ہے۔

اشک باری مژگاں پہ برسے درود
سلک در شفاعت پہ لاکھوں سلام

●

خندۂ صبح عشرت پہ نوری درود
گریہ ابر رحمت پہ لاکھوں سلام

بغل شریف

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بغل شریف سارے بدن مبارک کی مانند سفید تھی۔ طبری کہتے ہیں کہ یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے ہے ورنہ حضور کے سوا تمام لوگوں کی بغل کا رنگ جدا اور اس میں سیاہی کی جھلک ہوتی ہے۔ اسی طرح قرطبی کے بیان میں اتنا زیادہ ہے کہ آپ کی بغل میں بال نہ تھے لیکن کچھ لوگ اس میں کلام کرتے ہیں کہ یہ ثابت نہیں ہے۔ جلد کی سفیدی سے یہ لازم نہیں آتا کہ بغل میں بال ہی نہ ہوں۔ اور بعض حدیث میں نتف ابطیہ آیا ہے۔ یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم بغل کے بالوں کو اکھیڑ ڈالا کرتے تھے۔اور بعض حدیث میں عفر ابطیه واقع ہوا ہے۔عفرہ ایسی سرخ وسفیدی جس میں سرخی کی جھلک ہو۔

ایک صحابی بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھ سے بغل گیر ہوئے تو آپ کی بغل شریف کے پسینہ سے مشک کی مانند خوشبو مہکنے لگی۔

بھینی بھینی مہک پر مہکتی درود
پیاری پیاری نفاست پہ لاکھوں سلام

قدم مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدم مبارک کی توصیف میں شثن القدمین (یعنی دونوں قدم مبارک فربہ تھے) وارد ہوا ہے جس طرح شثن الکفین (دونوں دست اقدس نرم وفربہ تھے) واقع ہوا ہے۔ایک روایت میں خمصان الاخمصین آیا ہے۔"خمص" قدم کے اس باطنی حصہ کو کہتے ہیں جو زمین پر قدم رکھتے وقت زمین سے نہ ملے۔"الاخمص" اسے کہتے ہیں جس کے پاؤں زمین سے بہت بلند ہوں۔اور ایک روایت میں مسیح القدمین آیا ہے۔یعنی آپ کے دونوں قدم مبارک ہموار تھے جن میں آلودگی اور شکستگی بالکل نہ تھی۔ ینبو عهما الماء اگر اس پر پانی ڈالا جائے تو اپنی لطافت وپاکیزگی کی وجہ سے بہہ جائے اور تیزی سے پانی گزر جائے۔ابن ابی ہالہ کی حدیث میں بھی اسی طرح آیا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے کہ جب آپ زمین پر قدم مبارک رکھ کر چلتے تو پورے قدم رکھ کر چلتے اور اخمص یعنی ابھری ہوئی جگہ نہ تھی۔اسے بیہقی نے روایت کیا۔

ابو امامہ سے مروی ہے کہ آپ کے پائے اقدس میں اخمص یعنی ابھار نہ تھا۔اور زمین پر پورا قدم

مبارک رکھتے۔ اسے ابن عساکر نے بیان کیا۔

حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے۔

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم احسن البشر قدما

رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدم مبارک کی ظاہری شکل بہت حسین تھی۔ اسے ابن سعد نے روایت کیا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایڑیوں کے بارے میں مروی ہے کہ آپ کی ایڑیوں پر گوشت کم تھا۔ اور بعض نے کہا ہے کہ حضور کی ایڑیاں ابھری ہوئی تھیں۔

مواہب لدنیہ میں کہا گیا ہے کہ سیدہ میمونہ بنت کرزم سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ہے میں آپ کے پائے اقدس میں انگشت سبابہ کی درازی کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی آپ کی انگوٹھے کے برابر کی انگلی پاؤں کی تمام انگلیوں سے بڑی تھی۔ اسے احمد و طبرانی نے روایت کیا ہے۔

جس خاک پر رکھتے تھے قدم سید عالم
اس خاک پہ قرباں دل شیدا ہے ہمارا

●

دل کرو ٹھنڈا مرا وہ کف پا چاند سا
سینہ پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروروں درود

●

ساق اصل قدم شاخ نخل کرم
شمع راہ اصابت پہ لاکھوں سلام

کھائی قرآن نے خاک گزر کی قسم
اس کف پا کی حرمت پہ لاکھوں سلام

پنڈلیاں مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پنڈلیوں کے بارے میں ہے۔

کان فی ساقیه خموشة .

یعنی آپ کی دونوں پنڈلیاں باریک ولطیف تھیں پر گوشت نہ تھیں۔

ایک اور حدیث میں ہے۔

نظرت الی ساقیه کانها حجارة .

یعنی میں نے آپ کی پنڈلیوں کی طرف نظر ڈالی تو وہ گویا درخت خرما تھا۔

ساق اصل قدم شاخ نخل کرم
شمع راہ اصابت پہ لاکھوں سلام

پسینہ مبارک اور اس کی خوشبو

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نرالی اور عجیب صفتوں میں سے ایک پاکیزہ وطیب خوشبو ہے۔ یہ آپ کی ذاتی تھی کسی قسم کی خوشبو استعمال کیے بغیر ہی دنیا کی کوئی خوشبو آپ کے جسم اطہر کی خوشبو سے ہمسری نہ کرسکتی تھی۔

سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے ہر ایک خوشبو خواہ مشک ہو یا عنبر سونگھی

ہے لیکن نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خوشبوئے اطہر سے زیادہ کوئی خوشبو نہ تھی۔

ام عاصم زوجہ عتبہ بن فرقد سلمی بیان کرتی ہیں کہ ہم چار عورتیں عتبہ کی زوجیت میں تھیں اور ہم میں سے ہر ایک یہی کوشش کرتی کہ زیادہ سے زیادہ خوشبو میں بس کر عتبہ کے قریب جائیں ہم سب اس کوشش میں خوب خوشبو کا استعمال کرتے لیکن ہم میں سے کسی کی خوشبو عتبہ کی خوشبو تک نہ پہنچتی تھی۔ حالاں کہ عتبہ خوشبو صرف اس حد تک استعمال کرتے تھے کہ روغن کو اپنے ہاتھوں سے چھواتے اور اسے اپنی داڑھی پر ملتے مگر اس کی خوشبو ہم سب پر غالب رہتی۔ اور جب عتبہ باہر جاتے تو لوگ کہتے کہ ہم خوشبو استعمال کرتے ہیں لیکن کوئی خوشبو عتبہ کی خوشبو سے زیادہ تیز نہیں ہے۔

ام عاصم کہتی ہیں کہ میں نے ایک دن عتبہ سے کہا ہم سب خوشبو کے استعمال میں خوب کوشش کرتے ہیں لیکن تمھاری خوشبو تک ہماری خوشبو نہیں پہنچتی اس کی کیا وجہ ہے؟ تو انھوں نے کہا کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک مرتبہ مجھے "شریٰ" یعنی گرمی کے دانے نکل آئے جسے پت کہتے ہیں (اس مرض میں ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے سارے بدن میں چنگاریاں لگی ہوئی ہیں) تو میں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں جا کر اپنے اس مرض کی شکایت کی تا کہ حضور اس کا علاج فرما دیں۔ اس پر حضور نے فرمایا اپنے بدن سے کپڑے اتار دو تو میں کپڑے اتار کر آپ کے سامنے بیٹھ گیا پھر آپ نے اپنا دست مبارک ملا اور میری پشت وشکم پر اس وقت سے یہ خوشبو مجھ میں پیدا ہو گئی ہے۔ اسے طبرانی نے معجم صغیر میں روایت کیا۔

ایک شخص نے اپنی لڑکی کو اس کے شوہر کے گھر بھیجنے کے لیے خوشبو کی جستجو کی مگر اسے نہ مل سکی تو اس نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس لیے عرض کیا کہ حضور کوئی خوشبو عطا فرما دیں مگر اس وقت کوئی خوشبو موجود نہ تھی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شیشی طلب فرمائی تا کہ اس میں خوشبو ڈال دی جائے پھر آپ نے اپنے جسم اقدس سے پسینہ لے کر اسی شیشی میں بھر دیا اور فرمایا جا کر اسے اپنی لڑکی کے

جسم پر مل دو۔ جب اسے ملا گیا تو سارا مدینہ اس کی خوشبو سے مہک گیا تھا اور اس گھر کا نام ہی ''بیت المطیبین'' (خوشبو کا گھر) پڑ گیا۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے گھر تشریف لائے اور دوپہر کے وقت قیلولہ فرمایا چوں کہ حضور کو خواب میں بہت پسینہ آیا کرتا تھا تو میری والدہ نے جن کا نام ام سلیم ہے شیشی لے کر آپ کا پسینہ مبارک اس میں جمع کرنے لگیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آنکھ کھل گئی فرمایا اے ام سلیم کیا کر رہی ہو عرض کیا یا رسول اللہ آپ کا پسینہ مبارک جمع کر رہی ہوں تا کہ میں بطور خوشبو استعمال کروں کیوں کہ اس کی خوشبو سب سے زیادہ بہتر ہے۔

اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ بھی منقول ہے کہ جب کوئی صحابی بقصد حضوری آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوتے اور آپ کو کاشانہ اقدس میں نہ پاتے تو وہ راہ میں آپ کی اس خوشبو کو سونگھتے جو آپ کی گزرگاہ ہونے کے سبب راہ میں پھیلی ہوتی تھی۔ مدینہ منورہ کے جس جس کوچے میں وہ خوشبو محسوس کرتے چلتے جاتے تھے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس راہ سے گزرے ہیں۔

ابوعبداللہ عطار مدینہ طیبہ کی مدح میں کہتے ہیں :

بطیب رسول اللہ طاب نسیمها

فما المسک و الکافور المندل الرطب

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خوشبو سے مدینہ طیبہ کی فضا مہک رہی ہے، مشک و کافور کیا ہیں ان کی مانند تو وہاں کھجوروں میں خوشبو ہے۔

بروایت ابونعیم حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چہرۂ انور پر پسینہ مبارک موتی کی مانند اور اس کی خوشبو مشک سے زیادہ ہوتی تھی۔

ان کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں
جس راہ چل گئے ہیں کوچے بسا دیئے ہیں

●

کیا مہکتے ہیں مہکنے والے
بو پہ چلتے ہیں بھٹکنے والے

●

بھینی خوشبو سے مہک جاتی ہیں گلیاں واللہ
کیسے پھولوں میں بسائے ہیں تمہارے گیسو

●

بھینی بھینی مہک پر مہکتی درود
پیاری پیاری نفاست پہ لاکھوں سلام

فضلات شریفہ

جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قضائے حاجت کا ارادہ فرماتے تو زمین میں شگاف پڑ جاتا اور زمین آپ کا بول و براز اپنے اندر سمو لیتی اور اس جگہ ایک خوشبو پھیل جاتی تھی۔ آپ کے براز کو کسی نے بھی نہ دیکھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم استنجا کر کے بیت الخلاء سے تشریف لاتے میں جا کر دیکھتی تو اس جگہ از قسم براز کچھ نہ دیکھتی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ تم نہیں جانتیں انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام سے جو کچھ ان کے بطن اطہر سے خارج ہوتا ہے زمین اسے نگل جاتی ہے لہٰذا اسے دیکھا نہیں جاتا۔

ایک صحابی سے مروی ہے انھوں نے فرمایا کہ میں ایک سفر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے

ساتھ تھا آپ قضائے حاجت کے لیے ایک جگہ تشریف لے گئے جب آپ واپس تشریف لے آئے تو میں اس جگہ گیا جہاں حضور نے فراغت فرمائی تھی میں نے اس جگہ بول و براز شریف کا کوئی نشان تک نہ دیکھا البتہ چند ڈھیلے وہاں پڑے تھے میں نے انھیں اٹھالیا تو ان سے نہایت لطیف و پاکیزہ خوشبو آ رہی تھی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول، سیرت الرسول)

انبیاء کرام اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیہم کے فضلات شریفہ سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے فضلات شریفہ پاک ہیں اوران کے والدین کریمین کے وہ نطفے بھی پاک ہیں جن سے یہ حضرات پیدا ہوئے۔ پھر فرمایا۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا حضور کو قضائے حاجت کی ضرورت ہوئی۔ دو متفرق پیڑ الگ الگ کھڑے تھے اور کچھ پتھر ادھر ادھر پڑے تھے۔ حضور نے ارشاد فرمایا اے جابر ان پیڑوں اور پتھروں سے جا کر کہہ دو کہ رسول اللہ کا حکم ہے کہ تم آپس میں مل جاؤ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جا کر فرمایا دونوں پیڑوں نے جنبش کی اور اپنے تمام رگ وریشہ زمین سے نکالے ایک ادھر سے چلا اور دوسرا ادھر سے اور دونوں مل گئے اور پتھروں نے ایک دیوار کی مثل ہو کر اڑنا شروع کیا۔ اور درختوں کے پاس آ کر کھڑے ہو گئے پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہاں تشریف لے گئے اور قضائے حاجت فرمائی۔ جب فارغ ہو کر تشریف لائے میں گیا اس قصد سے کہ جو کچھ خارج ہوا ہو اس کو کھاؤں وہاں کچھ نہ تھا البتہ اس جگہ مشک کی خوشبو آ رہی تھی۔ فرمایا ان پیڑوں اور پتھروں سے کہو اپنی اپنی جگہ چلے جاؤ وہ اپنی اپنی جگہ چلے گئے میں نے عرض کیا کہ حضور میں اس نیت سے گیا تھا کہ جو کچھ ملے اس کو تبرکاً کھاؤں وہاں سوائے مشک کی خوشبو کے اور کچھ نہ پایا فرمایا کیا تم کو معلوم نہیں کہ زمین نگل لیتی ہے۔ جو انبیاء سے خارج ہوتا ہے جو اچھی چیز ہوتی ہے اس کو زمین ہی نہیں چھوڑتی۔

پھر فرمایا سب انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام طاہر محض ہیں اور جوشی ان سے علاقہ رکھنے والی ہے سب طاہر ہاں ان کے فضلات خود ان کے حق میں ایسے ہی نجس ہیں جیسے ہمارے نزدیک ہمارے فضلات نجس ہیں اور اگر ان سے کوئی فضلہ خارج ہو جو ہمارے لیے ناقص وضو ہے تو بیشک ان کا وضو بھی ٹوٹ جائے گا۔

پھر امام احمد رضا بریلوی عاشقانہ انداز میں فرماتے ہیں کہ :

میری نظر میں امام ابن حجر عسقلانی شارح صحیح بخاری کی وقعت ابتداءً امام بدر الدین محمود عینی شارح صحیح بخاری سے زیادہ تھی فضلات شریفہ کی طہارت کی بحث ان دونوں صاحبوں نے کی ہے۔ امام ابن حجر نے ابحاث محدثانہ لکھی ہیں کہ یوں کہا جاتا ہے اور اس پر یہ اعتراض ہے یوں کہا جاتا ہے اور اس پر یہ اعتراض ہے اخیر میں لکھا ہے کہ فضلات شریفہ کی طہارت ان کے نزدیک ثابت نہیں۔ امام عینی نے بھی شرح بخاری میں اس بحث کو بہت بسط سے لکھا ہے آخر میں لکھتے ہیں کہ یہ سب کچھ ابحاث ہیں جو شخص طہارت کا قائل ہو اس کو میں مانتا ہوں اور جو اس کے خلاف کہے اس کے لیے میرے کان بہرے ہیں میں سنتا نہیں۔ یہ لفظ ان کی کمال محبت کو ثابت کرتا ہے اور میرے دل میں ایسا اثر کر گیا کہ ان کی وقعت بہت ہو گئی۔

ایک جگہ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے جسمانی اعضاء مقدسہ سے متعلق فرماتے ہیں :

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے اعضاء شریفہ مثلاً موئے مبارک اور دندان شریف اور ناخن شریف کا کھانا ناجائز وحرام ہے ابتذال وتوہین ہے جو چیز حرام کی گئی اس کی حلت کی کوئی وجہ نہیں وہ مباح نہیں ہو سکتی اگر تبرک چاہتا ہے پانی میں دھو کر پیئے۔ (الملفوظ حصہ چہارم)

بول مبارک

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے براز کو زمین نگل لیتی تھی اس لیے کسی نے کوشش کے باوجود اسے نہیں دیکھا لیکن حضور کے بول مبارک کی کیفیت یہ ہے بکثرت صحابہ کرام نے اس کا مشاہدہ کیا ہے۔ حضرت ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو آپ کی خدمت میں رہا کرتی تھیں انھوں نے اسے پیا بھی ہے۔ چنانچہ منقول ہے کہ رات کے وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تخت مبارک کے نیچے پیالہ رکھا جاتا کہ رات میں اس میں بول مبارک فرمادیں لہٰذا ایک رات جب آپ نے اس میں بول مبارک فرمایا اور صبح ہوئی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ام ایمن سے فرمایا کہ اس تخت کے نیچے ایک پیالہ ہے اسے زمین کے سپرد کردو مگر انھوں نے کچھ نہ پایا۔ ام ایمن نے عرض کیا خدا کی قسم رات مجھے پیاس معلوم ہوئی میں نے اسے پی لیا تھا اس پر حضور نے تبسم فرمایا اور نہ انھیں اپنا منہ دھونے کا حکم فرمایا اور نہ دوبارہ ایسا کرنے سے منع فرمایا بلکہ یہ فرمایا کہ اب تمھیں کبھی پیٹ کا درد لاحق نہ ہوگا۔

برکہ، نامی ایک عورت آپ کی خدمت میں رہا کرتی تھی اس نے بھی آپ کا بول شریف پی لیا تھا اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **اصحمت یا ام یوسف** اے ام یوسف (برکہ اس کی کنیت تھی) تم ہمیشہ کے لیے تندرست بن گئیں تم کبھی بیمار نہ ہوگی۔ چنانچہ وہ عورت کبھی بیمار نہ ہوئی بجز اس بیماری کے جس میں اس نے دنیا سے کوچ کیا۔ بعض روایتوں میں ہے کہ ایک شخص نے آپ کا بول شریف پی لیا تھا تو اس کے جسم سے ہمیشہ خوشبو مہکتی رہی حتیٰ کہ اس کی اولاد میں کئی نسلوں تک یہ خوشبو رہی۔

خون مبارک

ایک روایت میں ہے کہ صحابہ کرام آپ کے بول مبارک اور لہو شریف کو تبرک گردانتے تھے۔ لہو شریف کا پینا صحابہ سے متعدد بار واقع ہوا ہے۔ چنانچہ اس حجام نے جس نے آپ کے پچھنے لگائے تھے تو

سنگھی یا چسکی سے جتنا لہو شریف نکلتا وہ اسے حلق سے اپنے شکم میں اتارتا جاتا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا تم خون کا کیا کرتے ہو؟ اس نے عرض کیا میں خون نکال کر اپنے شکم میں پنہاں کرتا جاتا ہوں میں نہیں چاہتا کہ حضور کا خون مبارک زمین پر بہے آپ نے فرمایا بلاشبہ تم نے اپنی پناہ تلاش کر لی اور اپنے نفس کو محفوظ بنالیا یعنی بلا اور امراض سے بچ گئے۔

غزوۂ احد میں جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجروح ہوئے تو حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے والد مالک بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کے زخموں کو اپنے منہ سے چوس کر زبان سے پاک وصاف کیا لوگوں نے ان سے کہا کہ اپنے منہ سے خون باہر نکالو انھوں نے کہا نہیں خدا کی قسم زمین پر آپ کے خون کو ہرگز نہ گرنے دوں گا وہ خون کو نگل گئے اس پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص خواہش رکھتا ہے کہ وہ کسی جنتی شخص کو دیکھے تو وہ انھیں دیکھ لے۔

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے اور اپنا خون مبارک مجھے دے کر فرمایا کہ اسے کسی ایسی جگہ غائب کر دو جہاں کسی کی نظر نہ پڑے میں نے اسے پی لیا کیوں کہ اس سے زیادہ پوشیدہ جگہ میں نہیں پاتا تھا۔ اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وائے تمھیں لوگوں سے اور وائے لوگوں کو تم سے۔ یہ ان کی قوت، مردانگی، شجاعت اور بہادری سے کنایہ تھا جو انھیں اس خون مبارک کے پی لینے سے حاصل ہوئی۔ یہی وہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں جنھوں نے یزید پلید کی بیعت نہ فرمائی۔ اور مکہ مکرمہ میں اقامت رکھی اور ان کے حلقہ میں حجاز و یمن اور عراق وخراسان کے لوگ آکر جمع ہوئے لیکن عبدالملک بن مروان کے عہد امارت میں حجاج بن یوسف نے ان کو شہید کیا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے خون مبارک کے پی لینے کے بعد حضور نے فرمایا

لا تمسک النار الا قسم الیمین .

یعنی تمھیں دوزخ کی آگ نہ چھوئے گی مگر قسم کے لیے۔

یہ روایات دلالت کرتی ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بول ودم طیب وطاہر ہے اور اسی قیاس پر آپ کے تمام فضلات کا حکم ہے اور عینی شارح صحیح بخاری فرماتے ہیں کہ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہی مذہب ہے اور شیخ ابن حجر مکی فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضلات کی طہارت پر بکثرت روشن دلائل ہیں اور ہمارے ائمہ کرام اسے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیات میں شمار کرتے ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (مولف) (مدارج النبوۃ، جلد اول)

رفتار مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رفتار مبارک کے متعلق حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی حدیث میں ہے۔

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا مشی تکفأ کانما ینحط من صبب .

رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب چلتے تو جھک جھک کر چلتے گویا کہ اوپر سے اتر رہے ہیں۔

تکفأ کی تفسیر میل کردن بجانب مشی، یعنی آگے کی طرف جھک کر چلنا، سے کی ہے جس طرح پھولوں والی ٹہنی جھکتی ہے۔ اور قدم مبارک چستی، طاقت اور سرعت کے ساتھ اٹھاتے ہیں۔

بزار نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زمین پر ہمیشہ پورا قدم رکھتے تھے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ آپ کی رفتار مجمعاً یعنی قوت سے بھرپور بے استرخاء وسستی اعضاء تھی۔

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک اور حدیث مروی ہے کہ آپ چلتے میں زمین سے پورا قدم اٹھاتے اور کشادہ رکھتے اور آسان وسبک اور بغیر حرکت واضطراب کے چلتے۔ اور ان کا قول'' کانما ینحط من صبب '' گویا کہ زمین کی بلندی سے اس کے نشیب وپستی میں اتر رہے ہیں۔ بلاشبہ یہ تمثیل پورے قدم پاک کے اٹھانے کی قوت کے لیے ہے نہ کہ سبکی تحرک اور اضطراب کے لیے ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کسی کو راہ میں رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ تیز چلتے نہیں دیکھا، گویا کہ زمین آپ کے قدموں کے نیچے لپٹی جاتی ہے اور ہم آپ کی ہمراہی میں تکان اور محنت محسوس کرتے تھے، آپ کے ساتھ رہنے کے لیے ہمیں دوڑنا پڑتا تھا جس سے ہمارے سانس پھول جاتے تھے لیکن آپ کو کچھ بھی محسوس نہ ہوتا تھا اور آپ معمول کے مطابق بے تکلف چلتے تھے اور اصلاً اضطراب نہ فرماتے تھے۔ یہ چلنا اولوالعزم، اہل ہمت اور شجاعت کا آئینہ دار ہے اور یہ چلنا اقسام رفتار میں قوی واعتدال پر ہے اس سے اعضا کو راحت وآرام ملتا ہے۔

آپ کبھی نعلین مبارک پہن کر چلتے اور کبھی بغیر نعلین کے، کبھی آپ پا پیادہ چلتے اور کبھی سواری پر، خصوصاً غزوات میں۔ اور جب آپ صحابہ کرام کے ساتھ چلتے تو صحابہ کو اپنے آگے آگے چلاتے اور خود ان کے پیچھے رہتے، فرماتے میری پشت کو فرشتوں کے لیے خالی چھوڑ دو۔ (مولف) **(مدارج النبوۃ جلد اول)**

صحابہ کو آگے چلنے کا حکم

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مشی و رفتار مبارک اور ساتھ میں صحابہ کرام کے چلنے کی کیفیت واحوال کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی پیش کردہ روایات ملاحظہ فرمائیں:

ترمذی نے شمائل کی حدیث طویل میں حضرت ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا

یسوق اصحابه.

یعنی حضور والا صحابہ کو اپنے آگے چلاتے۔

امام احمد نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ! سے روایت کیا۔

ما رأیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یطأ عقبه رجلان.

حاصل یہ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہ دیکھا کہ دو آدمی بھی حضور کے پیچھے چلے ہوں۔

جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

کان اصحاب رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یمشون امامه و یکون ظهره للملائکة.

اصحاب، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آگے چلتے اور پشت اقدس فرشتوں کے لیے چھوڑتے۔

دارمی نے باسناد صحیح مرفوعاً روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

خلوا ظهری للملائکة. میری پیٹھ فرشتوں کے لیے چھوڑ دو۔

(قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

نعلین مقدس

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعل مقدس کی توصیف میں امام احمد رضا بریلوی نے یہ خیال آرائی فرمائی ہے۔

تمھارے ذرے کے پر تو ستارہائے فلک
تمھارے نعل کی ناقص مثل ضیائے فلک

(حدائق بخشش)

نوٹ : نعل مقدس اوراس کے نقشے سے متعلق تحقیق وتفصیل آثار شریفہ کے بیان میں گزر چکی ہے۔ (مولف)

دربار نبوت

حضور تاجدار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دربار سلاطین اور بادشاہوں جیسادربار نہ تھا، یہ دربار تخت وتاج، نقیب ودربان، پہرہ دار اور باڈی گارڈ وغیرہ کے تکلفات سے قطعاً بے نیاز تھا مسجد نبوی کے صحن میں صحابہ کرام نے ایک چھوٹا سا مٹی کا چبوترہ بنادیا تھا یہی تاجدار رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وہ تخت شاہی تھا جس پر ایک چٹائی بچھا کر دونوں عالم کے تاجدار اور شہنشاہ کونین رونق افروز ہوتے تھے مگر اس سادگی کے باوجود جلال نبوت سے ہر شخص اس دربار میں پیکر تصویر نظر آتا تھا۔

بخاری شریف وغیرہ کی روایات میں آیا ہے کہ لوگ آپ کے دربار میں بیٹھتے تو ایسا معلوم ہوتا تھا گویا کہ ان کے سروں پر چڑیاں بیٹھی ہوئی ہیں کوئی ذرا جنبش نہیں کرتا تھا۔

آپ اپنے اس دربار میں سب سے پہلے اہل حاجت کی طرف توجہ فرماتے اور سب کی درخواستوں کو سن کر ان کی حاجت روائی فرماتے، قبائل کے نمائندوں سے ملاقاتیں فرماتے، تمام حاضرین کمال ادب سے سر جھکائے رہتے اور جب آپ کچھ ارشاد فرماتے تو مجلس پر سناٹا چھاجاتا اور سب لوگ ہمہ تن گوش ہوکر شہنشاہ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان نبوت کو سنتے۔

آپ کے دربار میں آنے والوں کے لیے کوئی روک ٹوک نہیں تھی امیر وفقیر، شہری اور بدوی سب

قسم کے لوگ حاضر دربار ہوتے اور اپنے اپنے لہجوں میں سوال وجواب کرتے کوئی شخص اگر بولتا تو خواہ وہ کتنا ہی غریب ومسکین کیوں نہ ہو مگر دوسرا شخص اگرچہ وہ کتنا ہی بڑا امیر کبیر کیوں نہ ہو اس کی بات کاٹ کر بول نہیں سکتا تھا۔

جو لوگ سوال وجواب میں حد سے زیادہ بڑھ جاتے تو آپ کمال حلم سے برداشت فرماتے اور سب کو مسائل واحکام اسلام کی تعلیم وتلقین اور مواعظ ونصائح فرماتے رہتے۔ اور اپنے مخصوص اصحاب سے مشورہ بھی فرماتے رہتے اور صلح وجنگ اور امت کے نظام وانتظام کے بارے میں ضروری احکام بھی صادر فرمایا کرتے تھے اسی دربار میں آپ مقدمات کا فیصلہ بھی فرماتے تھے۔ (مولف) (سیرت المصطفیٰ)

بارگاہ رسالت میں صحابہ کا ادب

دربار نبوت میں صحابہ کرام کے ادب واحترام سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

ابوداؤد ونسائی وترمذی ابن ماجہ اسامہ بن شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

قال اتیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اصحابہ حولہ کان علی رؤسھم الطیر

میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا حضور کے اصحاب حضور کے گرد تھے گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔ یعنی سر جھکائے، گردنیں خم کیے، بے حس وحرکت کہ پرندے لکڑی یا پتھر جان کر سروں پر آ بیٹھیں۔

ہند بن ابی ہالہ وصاف النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورضی عنہ کی حدیث حلیہ اقدس میں ہے۔

اذا تکلم اطرق جلساؤہ کان علی رؤوسھم الطیر

• جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کلام فرماتے جتنے حاضران مجلس ہوتے سب گردنیں جھکا لیتے گویا ان کے سروں پر پرندے ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۳۴ ۔ انہار الانوار)

دربار نبوی کا مقام و شان واضح کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی یوں نغمہ سرا ہیں۔

آنکھ مل سکتی نہیں در پر ہے پہرا نور کا
تاب ہے بے حکم پر مارے پرندہ نور کا

•

سب تمھارے در کے رستے
ایک تم راہ خدا ہو

•

میرے آقا کا وہ در ہے جس پر
ماتھے گھس جاتے ہیں سرداروں کے

(حدائق بخشش)

لباس مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت کریمہ، لباس شریف میں وسعت اور ترک تکلف تھا، مطلب یہ کہ جو پاتے زیب تن فرما لیتے اور تعیین کی تنگی اختیار نہ فرماتے اور کسی خاص قسم کی جستجو نہ فرماتے اور کسی حال میں عمدہ و نفیس کی خواہش نہ فرماتے اور نہ ادنیٰ و حقیر کا تکلف فرماتے جو کچھ موجود و میسر ہوتا پہن لیتے اور جو لباس ضرورت کو پورا کردے اسی پر اکتفا فرماتے، اکثر حالتوں میں چادر، پیرہن اور ازار ہوتا جو کہ سخت اور موٹے کپڑے کے ہوتے اور پشمینہ بھی پہنتے۔

منقول ہے کہ آپ کی چادر شریف میں متعدد پیوند لگے ہوئے تھے جسے آپ اوڑھا کرتے تھے اور

فرماتے میں بندہ ہی ہوں اور بندوں ہی جیسا لباس پہنتا ہوں، اسے شیخین نے روایت کیا ہے۔

اگر کبھی شاہان عجم عمدہ اور نفیس بیش بہا (لباس) ہدیے میں بھیجتے تو ان کی تالیف قلوب کی خاطر زیب تن فرماتے مگر جلد ہی بدن شریف سے اتار دیتے اور لوگوں کو عطا فرما دیتے۔ اور لوگوں میں انصاف اور علو ہمتی کے پیش نظر تقسیم میں برابری فرماتے۔ اور عمدہ و نفیس پہننا اور اس کے ساتھ مزین کرنا اور اس پر فخر و مباہات کرنا صاحبان شرف و جلالت کے شایان شان نہیں ہے۔ بلکہ عورتوں کی صفات اور ان کی نشانیاں ہیں۔ لیکن صاف ستھرا اور پاکیزہ لباس رکھنا اور اس میں میانہ روی اختیار کرنا، ہم جنسوں کے مشابہ ہونا محمود ہے۔ یہ خلاف مروت نہیں ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے نزدیک مومن کی تمام خوبیوں میں لباس کا ستھرا رکھنا اور کم پر راضی ہونا بہت پسند ہے۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میلے اور گندے کپڑوں کو مکروہ و ناپسند جانتے تھے، ایک مرتبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا جو بہت میلے اور غلیظ کپڑے پہنے ہوئے تھا، فرمایا کیا یہ شخص کوئی ایسی چیز نہیں رکھتا جس سے یہ کپڑوں کو دھولے۔

اور آپ نے ایک شخص کو دیکھا جس کے بال الجھے ہوئے اور میل بھرا ہوا ہے اور بری حالت میں ہے فرمایا کیا تم میں کوئی ایسا آیا ہے؟ مطلب یہ کہ شیطان ہے۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تزئین میں تکلف اور مبالغہ کو بھی محمود نہ جانتے تھے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زیادہ تر سوتی لباس پہنتے تھے، اون اور کتان کا لباس بھی کبھی کبھی آپ نے استعمال فرمایا ہے، لباس کے بارے میں کسی خاص پوشاک یا امتیازی لباس کی پابندی نہیں فرماتے تھے، جبہ، قبا، پیرہن، تہبند، حلہ، چادر، عمامہ، ٹوپی، موزہ ان سب کو آپ نے زیب تن فرمایا ہے۔

پائجامہ پہننے کی بحث

پائجامہ کو آپ نے پسند فرمایا اور منیٰ کے بازار میں ایک پائجامہ خریدا بھی تھا لیکن یہ ثابت نہیں کہ کبھی آپ نے پائجامہ پہنا ہو۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ بازار آیا اور ایک پائجامہ کو چار درہم میں خریدا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وزن کرنے والے سے فرمایا قیمت میں مال کو خوب خوب کھینچ کر تولو (یعنی وزن میں کم یا برابر نہ لو بلکہ زیادہ لو) وہ وزن کرنے والا شخص حیرت زدہ ہو کر بولا میں نے کبھی بھی کسی کو قیمت کی ادائیگی میں ایسا کہتے نہیں سنا اس پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا افسوس ہے تجھ پر کہ تو اپنے نبی کو نہیں پہچانتا پھر وہ شخص ترازو کو ہاتھ سے چھوڑ کر کھڑا ہو گیا اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست مبارک کو بوسہ دیا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک کھینچ کر فرمایا یہ عجمیوں کا دستور ہے وہ اپنے بادشاہوں اور سرداروں کے ساتھ ایسا کرتے ہیں میں بادشاہ نہیں ہوں میں تو تم میں سے ایک شخص ہوں۔ (یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے از راہ تواضع فرمایا جیسا کہ آپ کی عادت کریمہ تھی) اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سراویل کو اٹھالیا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے آگے بڑھ کر ارادہ کیا کہ آپ سے سراویل کو لے لوں مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سامان کے مالک ہی کو حق ہے کہ وہ اپنے سامان کو اٹھائے مگر وہ شخص جو کمزور ہے اور اٹھا نہ سکے تو اپنے اس بھائی کی مدد کرنی چاہیئے۔

تنبیہ

سراویل سے مراد تبان یعنی پائجامہ ہے جو عجمیوں کا پہناوا ہے اس حدیث سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خریدنا تو معلوم ہو گیا لیکن آپ کا اس کے پہننے میں اختلاف ہے۔

چنانچہ ابن قیم جو کتاب الھدیٰ میں کہتے ہیں کہ ظاہر یہ ہے کہ خریدنا پہننے کے لیے ہی تھا۔ اور ایک روایت میں یہ بھی مذکور ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی سراویل کو پہنا۔ اور صحابہ کرام نے آپ کے زمانہ مبارک میں آپ کی اجازت سے پہنا۔ لیکن ابن قیم کی اس بات کو محدثین ضعیف قرار دیتے ہیں۔

بعض روایتوں میں باسناد ضعیف آیا ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا آپ سراویل کو پہنیں گے؟ فرمایا ہاں میں اسے سفر و حضر اور شب و روز پہنتا ہوں کیوں کہ مجھے ستر پوشی کا حکم دیا گیا ہے اور اس سے زیادہ ستر پوش دوسرا جامہ نہیں پاتا۔

منقول ہے کہ حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جس دن شہید کیا گیا تو وہ سراویل پہنے ہوئے تھے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول، سیرت المصطفیٰ)

پائجامہ

پائجامہ پہننے کی بحث و تفصیل اب مزید امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی تحریر میں ملاحظہ فرمائیں:

ایک حدیث میں مروی ہوا ہے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور پر نور صلوات اللہ تعالیٰ و سلامہ علیہ سے عرض کی کیا حضور پاجامہ پہنتے ہیں؟ فرمایا:

اجل فی السفر و الحضر وبالیل و النهار فانی امرت بالستر فلم اجد شیئا استر منه .

ہاں سفر و حضر میں شب و روز پہنتا ہوں اس لیے کہ مجھے ستر کا حکم ہوا میں نے اس سے زیادہ ساتر کسی شی کو نہ پایا۔

اسے ابویعلی وابن حبان نے کتاب الضعفاء میں، طبرانی نے اوسط میں، دارقطنی نے کتاب الافراد میں اور عقیلی نے کتاب الضعفاء میں ابوہریرہ سے روایت کیا۔

مگر یہ حدیث بشدت ضعیف ہے۔

ہاں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسے خریدنا بسند صحیح ثابت ہے۔ اسے احمد، بخاری، مسلم، ترمذی، ابوداؤد اور ابن حبان نے سوید بن قیس سے اور نسائی نے مالک بن عمیرہ الاسدی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

اور ظاہر یہی ہے کہ خریدنا پہننے ہی کے لیے ہوگا۔ بہرحال اس میں شک نہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم زمانہ اقدس میں باذن اقدس پاجامہ پہنتے۔ **کما فی الھدی و المواھب و شرح سفر السعادۃ و غیرھا .**

امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ روز شہادت پاجامہ پہنے تھے۔ جیسا کہ امام نووی کی کتاب التہذیب میں ہے۔

ایک حدیث میں ہے کہ سیدنا موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام روز مکالمۂ طور اون کا پاجامہ پہنے تھے۔ **رواہ الترمذی و استغربہ و الحاکم و صححہ عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان علی موسیٰ کلمہ ربہ کساء صوف و کمۃ صوف و جبۃ صوف و سراویل صوف و کانت نعلاہ من جلد حما رمیت .**

عالم ماکان و ما یکون صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے جس دن رب نے کلام فرمایا اس دن حضرت موسیٰ علیہ السلام اون کی چادر، اون کی قمیص، اون کا جبہ اور اون کا

پاجامہ زیب تن کیے ہوئے تھے اوران کے جوتے مردہ گدھا کے چمڑے کے تھے۔ (مولف)

دوسری حدیث میں ہے کہ سب میں پہلے جس نے پاجامہ پہنا ابراہیم خلیل صلوات اللہ تعالیٰ و سلامہ علیہ ہیں۔

ابونعیم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اول من لبس السراویل ابراهیم الخلیل.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلاۃ والسلام نے سب سے پہلے پاجامہ زیب تن فرمایا۔ (مولف)

تیسری حدیث میں ہے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی امت سے پاجامہ پہننے والی عورتوں کے لیے دعائے مغفرت کی اور مردوں کو تاکید فرمائی کہ خود بھی پہنیں اور اپنی عورتوں کو پہنائیں کہ اس میں ستر زیادہ ہے۔

اسے ترمذی، ابن عدی و دیلمی اور عقیلی نے کتاب الضعفاء میں امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کیا۔

بالجملہ پاجامہ پہننا مستحب بلکہ سنت ہے۔

ایک دوسرے مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تہبند باندھا اور پاجامہ خریدنا اور پاجامہ پہننے کی تعریف فرمانا ثابت ہے پہننا ثابت نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۸۳۔۳۵۷)

اور ایک جگہ فرماتے ہیں

خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک پاجامہ خریدا اور قیمت کی چاندی وزن کرنے والے سے ارشاد فرمایا زن و ارجح تول اور زیادہ دے۔

و قد قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم للوزان فی ثمن سراویل اشتراھا زن و ارجح.

اور بیشک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو ایک پاجامہ خریدا (اور وہاں قیمت تول کر دی جاتی تھی) تو لنے والے سے فرمایا کہ تول اور زیادہ دے۔

بعض نے کہا ہے کہ یہ وزن کرنے والا مکہ میں تھا اور بعض نے کہا ہے کہ مدینہ میں تھا۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۷، ص ۱۱۱، ۱۹۲، ۹۰)

جبہ شریف

حدیث میں آیا ہے کہ حضور پر نور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جبہ پہنا جس کے گریبان اور آستینوں اور چاکوں پر ریشم کی خیاطت تھی۔ جیسا کہ اسماء بنت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث میں ہے اور اسے امام احمد نے مسند میں اور امام بخاری نے ادب المفرد میں اور مسلم نے صحیح میں اور ابوداؤد نے سنن میں روایت کیا۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۹ ص ۳۴)

تبیین میں حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔

انھا اخرجت جبۃ طیالسۃ علیھا شبر من دیباج کسروانی و فرجاھا مکفوفان بہ فقالت ھذہ جبۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یلبسھا.

حضرت اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ ایک اونی جبہ کسروانی ساخت کا نکالا اس کی پلیٹ ریشمی تھی اور دونوں چاکوں پر کام تھا اور کہا یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جبہ ہے جسے زیب تن فرماتے تھے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۴۱)

تہبند شریف

اصل سنت مستمرہ فعلیہ حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیہم اجمعین ازار یعنی تہبند ہے۔

قمیص مبارک

قمیص مبارک نیم ساق تک تھی۔

مواہب شریف میں ہے:

کان قمیصه و ردائه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الی انصاف الساقین.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قمیص مبارک کی لمبائی اور چادر مبارک نصف ساق تک رہتی تھی۔ (مولف)

حاکم نے بتصریح اور ابوالشیخ نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے:

ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لبس قمیصا و کان فوق الکعبین.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قمیص مبارک زیب تن فرماتے اور وہ ٹخنوں سے اوپر ہوتی تھی۔ (مولف)

اور کم طول کا بھی وارد ہے۔

بیہقی نے شعب الایمان میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کان له صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قمیص من قطن قصیر الطول قصیرا لکم.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک سوتی قمیص مبارک تھا لمبائی میں کچھ کم تھی اور آستین مبارک بھی چھوٹی تھی۔ (مولف)

گریبان مبارک سینۂ اقدس پر تھا۔

اشعۃ اللمعات میں ہے جیب قمیص آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بر سینۂ مبارک وے بود چنانکہ احادیث بسیار برآں ولالت دارد وعلمائے حدیث تحقیق ایں نمودہ اند۔

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قمیص مبارک کا گریبان سینۂ اطہر پر تھا جیسا کہ اس پر کافی حدیثیں ولالت کرتی ہیں اور علمائے حدیث نے بھی یہی تحقیق کی ہے۔ (مولف)

اسی میں ہے تحقیق آنست کہ گریبان پیراہن نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بر سینہ بود۔

تحقیق یہ ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیرہن اقدس کا گریبان سینہ مطہر پر تھا۔

(مولف)

دامن کے چاک کھلے ہونا ثابت ہے کہ ان پر ریشمی کپڑے کی گوٹ تھی، اور گوٹ کھلے ہوئے چاکوں پر لگاتے ہیں۔

اس زمانہ میں گھنڈی تکمے ہوتے جن کو زرو عروہ کہتے ہیں بٹن ثابت نہیں نہ ان میں کوئی حرج ہے۔

رنگ سبز و سرخ بھی ثابت ہے اور محبوب تر سفید۔ (فتاویٰ رضویہ ج۹ص۱۰۴)

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لباس مبارک کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی اس طرح گویا ہوئے۔

تیری قبا کے نہ کیوں نیچے نیچے دامن ہوں
کہ خاکساروں سے یاں کب کشیدہ ہونا تھا

•

کوچہ کوچہ میں مہکتی ہے یہاں بوئے قیص
یوسفستان ہے ہر اک گوشہ کنعان عرب

•

بسی عطر محبوبی کبریا سے
عبائے محمد قبائے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(حدائق بخشش)

عمامہ مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عمامہ شریف نہ اتنا وزنی و بڑا ہوتا جس سے سر مبارک پر بار معلوم ہوتا اور نہ اتنا چھوٹا اور ہلکا ہوتا کہ سر مبارک پر تنگ ہو۔ مروی ہے کہ عمامہ شریف چودہ گز شرعی سے متجاوز نہ ہوتا اور کبھی سات گز شرعی ہوتا۔ شرعی گز ایک ہاتھ کا ہے جو بیچ کی انگلی سے کہنی تک ہے اس کی مقدار دو بالشت یعنی چوبیس انگل بمقدار" لا اله الا الله محمد رسول الله" کے حروف کی گنتی کے، یہ چوبیس حروف ہیں۔

علماء فرماتے ہیں کہ قدر معہود پر کچھ زیادہ کرلے تو اس میں مسامحت کی جاتی ہے۔

ایک حدیث میں آیا ہے کہ عمامہ مشرکوں اور مسلمانوں کے درمیان حاجز یعنی امتیاز ہے تو وہ عمامہ، عذبہ یعنی شملہ کے ساتھ ہے (عذبہ یا شملہ اسے کہا جاتا ہے جو عمامہ کے سرے کو دونوں شانوں کے درمیان چھوڑا جاتا ہے)

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک عمامہ تھا جس کا نام ''سحاب'' رکھا ہوا تھا۔ اور حضور کے پاس جتنے کپڑے، گھوڑے اور سواری کے جانور تھے ہر ایک کے اپنے تجویز کردہ نام ہوتے تھے۔

عمامہ کے نیچے سر مبارک سے چمٹی ہوئی ٹوپی ہوتی تھی یہ ٹوپی سر سے پست و پیوست تھی بلند نہ تھی۔ طاقیہ (جسے آج کل کلاہ کہتے ہیں) کی مانند اور حضور کی ٹوپی سفید تھی، مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اور مشرکوں کے درمیان فرق، ٹوپیوں پر عمامہ باندھنا ہے۔ یہ عبارت دو معنی کا احتمال رکھتی ہے۔

ایک یہ کہ ہمارے عمامے ٹوپیوں پر باندھے جاتے ہیں اور ان کے عمامے ٹوپیوں پر نہیں ہوتے۔

دوسرے معنی یہ کہ وہ بغیر عماموں کے ٹوپیاں پہنتے ہیں اور مراد پہلے ہی معنی ہیں اس لیے کہ عمامہ پہننا مشرکوں سے بھی ثابت ہے۔

اور جب عمامہ باندھتے تو سدل فرماتے یعنی سرا چھوڑتے اسے ترمذی نے شمائل میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔ مسلم نے اتنا زیادہ کیا کہ قد ارخی طرفیها بین کتفیه.

بیشک عمامہ کے سرے کو دونوں شانوں کے درمیان لٹکاتے۔ اسے عذبہ، ذوابہ اور شملہ بھی کہتے ہیں اور اسے سنت عمامہ کہتے ہیں۔

نیز حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عمامہ باندھتے

میں تدویر یعنی گولائی فرماتے اور دستار کے پیچ کو سر مبارک پر لپیٹتے اور اس کے سرے کو عمامہ سے اڑستے اور دوسرے کو چھوڑتے اور لٹکاتے تھے۔

صحیح مسلم میں عمرو بن حریث کی حدیث مروی ہے انھوں نے کہا کہ میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منبر پر اس حال میں دیکھا کہ حضور کے سر مبارک پر سیاہ عمامہ تھا اور اس کے ایک سرے کو دونوں شانوں کے درمیان چھوڑا ہوا تھا۔

اور حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ رونق افروز ہوئے تو سر مبارک پر سیاہ عمامہ تھا۔

علماء فرماتے ہیں کہ کم سے کم شملہ چار انگل ہے اور زیادہ سے زیادہ نصف کمر تک۔ اس سے زیادہ اسبال میں داخل ہے جو حرام و مکروہ ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ مترجم جلد اول)

عمامہ کا حکم و امتیاز

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عمامہ مقدسہ کے احکام و تفصیل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

عمامہ مبارک میں سنت یہ ہے کہ ڈھائی گز سے کم نہ ہو نہ چھ گز سے زیادہ اور اس کی بندش گنبد نما ہو، عرب شریف کے لوگ جیسا اب باندھتے ہیں طریقہ سنت نہیں اسے اعتجار کہتے ہیں کہ بیچ میں سر کھلا ہے اور اعتجار کو علماء نے مکروہ لکھا ہے۔

عمامۂ اقدس کے طول میں کچھ ثابت نہیں، امام ابن الحاج مکی سات ہاتھ یا اس کے قریب کہتے ہیں اور حفظ فقیر میں کلمات علماء سے ہے کہ کم از کم پانچ ہاتھ ہو اور زیادہ سے زیادہ بارہ ہاتھ اور شیخ عبد الحق کے رسالہ میں بارہ ہاتھ تک لکھا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۳۵۷، ۱۰۴)

امام احمد رضا بریلوی عمامہ کے شملے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:

حدیث سے میرے خیال میں ہے کہ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو شملے چھوڑے ہیں۔ خیال میں ہے کہ معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سر پر دست اقدس سے عمامہ باندھا اور دو شملے چھوڑے۔ اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سر پر اپنے دست انور سے عمامہ باندھنا اور آگے پیچھے دو شملے چھوڑنا سنن ابی داؤد میں ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۷۵)

عمامہ سے متعلق ایک اور جگہ امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

عمامہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت متواترہ ہے جس کا تواتر یقیناً سرحد ضروریات دین تک پہنچا ہے ولہٰذا علمائے کرام نے عمامہ تو عمامہ ارسال عذبہ یعنی شملہ چھوڑنا کہ اس کی فرع اور سنت غیر موکدہ ہے یہاں تک کہ مرقاۃ میں فرمایا۔

قد ثبت فی السیر بروایات صحیحة ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یرخی عمامته احیانا بین کتفیه و احیانا یلبس العمامة من غیر علامة فعلم ان الاتیان بکل واحد من تلک الامور سنة .

.. سیرت کی کتابوں میں صحیح روایتوں سے ثابت ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی دونوں مونڈھوں کے درمیان عمامے کا شملہ چھوڑتے تھے اور کبھی بغیر شملہ وعلامت کے تو اس سے معلوم ہوا کہ دونوں طریقہ اختیار کرنا سنت ہے۔ (مولف)

اس کے ساتھ استہزاء کو کفر ٹھہرایا۔

کما نص علیه الفقهاء الکرام و امروا بترکه حیث یستهزی به العوام کیلا یقعوا فی الهلاک بسوء الکلام .

جیسا کہ اس پر فقہاء کرام کی نص موجود ہے اور جہاں پر شملہ کے ساتھ عوام کے مذاق اڑانے کا اندیشہ ہو وہاں پر فقہاء کرام نے شملہ نہ چھوڑنے کا حکم فرمایا ہے تا کہ اس بری بات کے سبب سے عوام بلا ء ت میں نہ پڑ جائیں۔ (مؤلف)

تو عمامہ کہ سنت لازمہ دائمہ ہے یہاں تک کہ علماء نے خالی ٹوپی پہننے کو مشرکین کی وضع قرار دیا۔ علامہ علی قاری نے شرح مشکوٰۃ میں فرمایا ہے۔

لم یرو انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لبس القلنسوة بغیر العمامة . فیتعین ان یکون هذا زی المشرکین .

یعنی اصلاً مروی نہ ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی بغیر عمامہ کے ٹوپی پہنی ہو متعین ہوا کہ یہ کافروں کی وضع ہے۔

سنن ابی داؤد و جامع ترمذی میں رکانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

فرق ما بیننا و بین المشرکین العمائم علی القلانس

ہم میں اور مشرکوں میں فرق ٹوپیوں پر عمامے ہیں۔

علامہ مناوی تیسیر شرح جامع صغیر میں اس حدیث کے نیچے لکھتے ہیں۔

فالمسلمون یلبسون القلنسوة و فوقها العمامة اما لبس القلنسوة وحدها فزی المشرکین فالعمامة سنة .

مسلمان ٹوپیاں پہن کر اوپر سے عمامہ باندھتے ہیں تنہا ٹوپی کافروں کی وضع ہے تو عمامہ

سنت ہے۔

یہی حدیث باوردی نے ان لفظوں سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

العمامة على القلنسوة فصل ما بيننا و بين المشركين يعطى بكل كورة يدورها على رأسه نورا.

ٹوپی پر عمامہ ہمارا اور مشرکین کا فرق ہے ہر پیچ کہ مسلمان اپنے سر پر دے گا اس پر روز قیامت ایک نور عطا کیا جائے گا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۷۶، ۷۷)

امام احمد رضا بریلوی نے حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عمامہ شریف کی توصیف میں یہ اشعار نظم فرمائے ہیں۔

پشت پر ڈھلکا سر انور سے شملہ نور کا
دیکھیں موسیٰ طور سے اترا صحیفہ نور کا

تاج والے دیکھ کر تیرا عمامہ نور کا
سر جھکاتے ہیں الٰہی بول بالا نور کا

پیچ کرتا ہے فدا ہونے کو لمعہ نور کا
گرد سر پھرنے کو بنتا ہے عمامہ نور کا

(حدائق بخشش)

انگشتری مبارک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لباسہائے مبارک میں سے انگشتری بھی تھی جسے آپ پہنا کرتے تھے۔

صحیحین میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگشتری چاندی کی تھی اور اس میں حبشی نگینہ تھا۔

حبشی کے معنی میں کئی قول ہیں۔

بعض کہتے ہیں کہ سنگ سیاہ تھا۔

بعض کہتے ہیں، کہ وہ پتھر تھا جو حبشہ میں ہوتا ہے اور اس کی کان حبشہ میں تھی۔

بعض کہتے ہیں کہ اس کا بنانے والا حبشی تھا۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انگشتری کے نگ کو ہتھیلی کی جانب رکھتے۔

اور انگوٹھی کے نقش کے بارے میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی اور اس میں ''محمد رسول اللہ'' نقش کرایا۔ اور لوگوں کو منع فرمادیا کہ اپنی انگوٹھیوں میں اسے نقش نہ کریں۔ اور بخاری و مسلم میں ہے کہ انگوٹھی کا نقش تین سطر میں تھا ایک سطر میں ''محمد'' دوسری سطر میں ''رسول'' اور تیسری سطر میں ''اللہ'' اور فتح الباری میں ہے کہ ظاہر یہ ہے کہ کتابت اس طرح ہوگی کہ ''محمد'' کی سطر اوپر ''رسول'' کی سطر درمیان میں اور اس کے بعد ''اللہ'' اور فرمایا لیکن بعض مشائخ کا یہ کہنا ہے کہ اسم جلالت اوپر تھا اور اسم حضور نیچے اور درمیان میں رسول تھا۔

صحیح مسلم میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس انگلی میں انگشتری پہنتے تھے اور بائیں ہاتھ کی چھنگلیاں کی طرف اشارہ کیا۔ اسی طرح ابوداؤد میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

بعض حفاظ حدیث بیان کرتے ہیں کہ بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا عام صحابہ و تابعین سے مروی ہے اور بعض علماء داہنے ہاتھ کو ترجیح دیتے ہیں۔ یہ قول حضرت ابن عباس اور حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ

تعالیٰ عنہم اجمعین کا ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بھی داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کو روایت کرتے ہیں۔

دراصل انگوٹھی پہننے میں بھی اختلاف ہے اکثر اس کو مباح رکھتے ہیں اور غیر مکروہ یعنی جائز، اور بعض بقصد زینت مکروہ قرار دیتے ہیں اور بعض مطلقاً مکروہ کہتے ہیں مگر بادشاہ، صاحب سلطنت اور حکم کے لیے مکروہ نہیں ہے۔ حدیث میں بھی ایسا ہی آیا ہے کیوں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی جو انگوٹھی بنوائی تھی وہ اسی غرض کے لیے تھی۔ مطلب یہ کہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بادشاہوں اور امرائے وقت یعنی قیصر و کسریٰ اور حبشہ کو فرمان لکھنا چاہا تو آپ سے عرض کیا گیا کہ یہ لوگ بغیر مہر کے خط کو قبول نہیں کرتے اور نہ اسے پڑھتے ہیں، اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انگوٹھی بنوائی اور اس پر "محمد رسول اللہ" نقش کرایا۔

صحیحین میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی بنوائی، اس کے بعد صحابہ نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنوائیں، پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر تشریف لائے اور دست مبارک سے اس انگوٹھی کو نکال کر پھینک دیا اور صحابہ نے بھی نکال کر پھینک دیا۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی بنوانے سے منع فرمادیا، ائمہ اربعہ اور اکثر علماء کا مذہب یہی ہے۔ (مولف) **(مدارج النبوۃ جلد اول ملتقطاً)**

انگشتری پر نقش

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگشتری مبارک اور اس پر نقش معظم کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

مروی ہوا کہ انگشتری مبارک حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کہ محمد رسول اللہ منقوش

تھا، سطر بالا میں کلمۂ جلالت تھا اور سطر دوم میں رسول، سوم میں نام اقدس، اس شکل پر :

الله
رسول
محمد

ظاہر جبھی سے مہروں میں یہ رسم ہے کہ نیچے سے اوپر کو پڑھی جاتی ہے۔

علامہ اسنوی پھر علامہ ابن رجب وغیرہما فرماتے ہیں۔

کتابتہ کانت من اسفل الی فوق یعنی الجلالة اعلی الاسطر الثلثة و محمد اسفلها و یقرء من اسفل .

مہر اقدس کی کتابت نیچے سے اوپر کو تھی یعنی اسم جلالت تینوں سطروں میں سب سے اوپر اور محمد سب سے نیچے، اور وہ نیچے سے پڑھی جاتی ہے۔

شیخ محقق اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں: بود نقش خاتم کہ سطر یک پایاں محمد، وسطر میانہ رسول، و سطر دیگر بالا اللہ۔

شیخ محقق عبد الحق محدث دہلوی اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں کہ انگشتری مبارک اس طرح منقوش تھی کہ نیچے کی سطر میں محمد اور بیچ کی سطر میں رسول اور اوپر کی سطر میں اللہ۔ (مولف)

شیخ محی الدین نووی گفتہ۔ سطر اول اللہ، وسطر دوم رسول، وسطر سوم محمد بدیں ہیئات:

الله
رسول
محمد

(فتاوی رضویہ ج ۹ ص ۴۵۹)

ابوداؤد و ترمذی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا دخل الخلأ نزع خاتمه ای لان نقشه محمد رسول الله .

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بیت الخلاء میں تشریف لے جاتے تو انگوٹھی اتار لیتے اس لیے کہ اس کا نقش محمد رسول اللہ تھا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص، ۱۶۸)

حضور احتلام سے محفوظ ہیں

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم احتلام سے محفوظ تھے، ابن سیدنا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے، انھوں نے فرمایا کوئی نبی کبھی بھی محتلم نہ ہوا کیوں کہ احتلام شیطان کے اثر سے ہے۔ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

بخاری و مسلم کی حدیث میں ہے کہ رمضان مبارک میں نماز فجر کے وقت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بغیر احتلام کے جنبی ہوتے تھے (بیوی سے شب باشی کرنے کے بعد وجوب غسل کا نام جنبی ہے) پھر آپ غسل فرماتے اور روزہ رکھتے۔

اس عبارت میں بغیر احتلام کی قید سے مفہوم پیدا ہوتا ہے کہ آپ پر احتلام کی نسبت جائز ہے ورنہ استثناء کرنے کا کیا فائدہ؟

تو اس کا جواب یہ ہے کہ استثناء کی بنیاد عدم جواز پر ہے اور یہ قید اتفاقی ہے اور بیان واقع ہے۔ یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا غسل جماع سے تھا نہ کہ احتلام سے، کیوں کہ احتلام آپ پر جائز نہیں ہے۔

اگر یہ معنی نہ ہوں تو لازم آتا ہے کہ احتلام کے ساتھ جنابت میں غسل فرض نہیں ہوتا حالاں کہ یہ فاسد خیال ہے۔

قرطبی فرماتے ہیں کہ صحیح یہ ہے کہ احتلام آپ پر جائز نہیں ہے کیوں کہ احتلام فعل شیطان سے ہے اور حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس سے معصوم تھے۔ اور روزے والی حدیث میں احتلام کا مطلب یہ بتایا ہے کہ خواب میں بغیر کچھ دیکھے انزال ہو جائے اور جو خواب میں دکھائی دیتا ہے وہ شیطان ہے۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں آپ کا غسل فرمانا جماع کے بعد دیر ہو جانے سے تھا، جو کہ لوگوں کی کثرت اجتماع کی بناء پر تھا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور اور دیگر انبیاء احتلام سے محفوظ ہیں

انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو احتلام ہو سکتا ہے یا نہیں؟ اس کے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی ارشاد فرماتے ہیں:

فی الواقع حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور تمام انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام احتلام سے پاک و منزہ ہیں:

قال اللہ تعالیٰ ان عبادی لیس لک علیھم سلطان و کفی بربک وکیلا.

بیشک جو میرے بندے ہیں ان پر تیرا کچھ قابو نہیں اور تیرا رب کافی ہے کام بنانے کو۔

طبرانی معجم کبیر میں بطریق عکرمہ اور دینوری مجالس میں بطریق مجاہد حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی کہ فرمایا:

ما احتلم نبی قط و انما الاحتلام من الشیطان.

کبھی کسی نبی کو احتلام نہ ہوا، احتلام تو نہیں مگر شیطان کی طرف سے۔

کعب احبار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے جو مروی ہوا کہ یاجوج وماجوج نطفۂ سیدنا آدم علیہ السلام سے بنے ہیں، اول کعب ہی سے اس کا ثبوت صحت کو نہ پہنچا اس کا ناقل ثعلبی حاطب لیل ہے **کما فی عمدة القاری.**

نووی نے حسب عادت ان کا اتباع کیا، پھر کعب صاحب اسرائیلیات ہیں ان کی روایت کہ مقررات دین کے خلاف ہو مقبول نہیں۔

ہاں امام نووی وحافظ عسقلانی نے شروح صحیح مسلم وصحیح بخاری میں اس کی یہ تاویل نقل کی کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر فیضان زیادت فضلہ بسبب ابتلائے اوعیہ منع نہیں اور اسے مقرر رکھا۔

اقول: مگر لفظ شنیع ومکروہ ہے اور حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے خلاف کہ احتلام نہیں مگر شیطان کی طرف سے ولہذا عامۂ علمائے کرام نے اسے مقبول نہ رکھا۔

فتح الباری بدء الخلق میں ہے :

هو قول منكر جدا لا اصل له الا من بعض اهل الكتاب.

وہ سخت واجب الانکار بات ہے اس کی اصل نہیں مگر بعض اہل کتاب سے۔

امام علامہ بدر الدین محمود عینی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں۔

حكاه الثعلبی عن كعب الاحبار و النووی ایضا فی شرح مسلم وغیره و لكن العلماء ضعفوه و قال ابن كثیر و هو جدیر بذلک اذلا دلیل معید بل هو مخالف لما

ذکروا من ان جمیع الناس الیوم من ذریة نوح علیه الصلاۃ و السلام بنص القرآن قلت جاء فی الحدیث ایضا امتناع الاحتلام علی الانبیاء علیھم الصلاۃ و السلام .

یعنی اسے ثعلبی نے کعب احبار سے حکایت کیا نیز نووی نے شرح مسلم وغیرہ میں، مگر علماء نے اسے ضعیف بتایا اور امام ابن کثیر نے کہا وہ تضعیف ہی کے لائق ہے کہ بے دلیل محض ہے بلکہ اس ارشاد علماء کے خلاف ہے کہ آج بنص قطعی قرآن مجید تمام آدمی ذریت نوح علیہ الصلاۃ والسلام سے ہیں (قال اللہ تعالیٰ و جعلنا ذریته هم الباقین). ہم نے نوح ہی کی اولاد باقی رکھی) امام عینی نے فرمایا میں کہتا ہوں نیز حدیث وارد ہے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر احتلام محال ہے۔

بالجملہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر احتلام منع ہے اور خود حضور اقدس انور اطیب اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف اس کی نسبت اور اس پر جزم اور اس کی تکرار اور اس پر اصرار کہ ہاں ہوا، ہاں ہوا، یقیناً حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صریح افتراء ہے۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر افترا جہنم کا سیدھا راستہ۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی متواتر حدیث میں ہے:

من کذب علی متعمداً فلیتبوء مقعده من النار.

جو مجھ پر دانستہ جھوٹ باندھے وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

اہل سنت کسی کبیرہ کے ارتکاب کو کفر نہیں کہتے جب تک استحلال وغیرہ مکفرات کے ساتھ نہ ہو، مگر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر افتراء کو امام ابو محمد جوینی والد امام الحرمین نے کفر بتایا۔ خصائص کبریٰ میں ہے:

قال النووی وغیرہ الکذب علیه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم من الکبائر ولا

یکفر فاعلم علی الصحیح و قول الجمھور و قال الجوینی ھو کفر.

امام نووی وغیرہ نے فرمایا کہ مذہب صحیح اور جمہور کے قول پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کذب وافترا کبیرہ ہے کفر نہیں اور امام جوینی نے فرمایا کہ کفر ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۶ ص ۱۷۸، ۱۷۹، ۱۸۰)

غذائے مبارک

کل جہاں ملک اور جو کی روٹی غذا
اس شکم کی قناعت پہ لاکھوں سلام

كان رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم يحب الحلواء والعسل۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حلوا اور شہد پسند فرماتے تھے۔

(الحدیث)

غذائے مبارک

جاننا چاہیئے کہ کھانا پینا ضروریات زندگی میں سے ہے اور قوت و طاقت کا قیام اور عبادات میں صدور حرکات اس کے بغیر محال عادی کی قسم سے ہے۔ لہٰذا عبادت گزاروں پر لازم ہے کہ بقدر احتیاج ان کا استعمال کریں اور حرص وطمع سے اجتناب کریں اور ان کی شہوتوں میں مبتلا نہ ہوں۔ مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تاعمر شریف شکم سیر نہ فرمائی۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ریاضت نفس، طعام کی جانب عدم التفات اور قضائے شہوت اور اس کے مقتضیات کو پورا نہ کرنے کے باوجود جس نفس میں کسی مخصوص غذاؤں کا تکلف نہ فرماتے تھے اور تکلف کی روش اختیار نہ کرتے اور امت پر وسعت ملحوظ خاطر رکھنے اور رہبانیت کی راہوں کو مسدود کرنے کی وجہ سے اہل مدینہ کی عادت کے موافق تناول فرماتے تھے اور جو کچھ موجود ہوتا گوشت، ترکاری، پھل اور کھجور وغیرہ میں سے جو کچھ آتا تو نوش فرماتے تھے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ اول)

مرغوب غذائیں

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مقدس زندگی چوں کہ بالکل ہی زاہدانہ اور صبر وقناعت کا مکمل نمونہ تھی اس لیے آپ کبھی لذیذ اور پر تکلف کھانوں کی خواہش ہی نہیں فرماتے تھے یہاں تک کہ کبھی آپ نے چپاتی نہیں کھائی پھر بھی بعض کھانے آپ کو بہت پسند تھے جن کو بڑی رغبت کے ساتھ آپ تناول فرماتے تھے۔ مثلاً عرب میں ایک کھانا ہوتا ہے جو ''حیس'' کہلاتا ہے۔ یہ گھی، پنیر اور کھجور ملا کر پکایا جاتا ہے اس کو آپ بڑی رغبت کے ساتھ کھاتے تھے۔

جو کی موٹی موٹی روٹیاں اکثر غذا میں استعمال فرماتے۔ سالنوں میں گوشت، سرکہ، شہد، روغن،

زیتون اور کدو خصوصیت کے ساتھ مرغوب تھے گوشت میں کدو پڑا ہوتا تو پیالہ میں سے کدو کے ٹکڑے تلاش کر کے کھاتے تھے۔

آپ نے بکری، دنبہ، بھیڑ، اونٹ، گورخر، خرگوش، مرغ، بٹیر اور مچھلی کا گوشت کھایا ہے اس طرح کھجور اور ستو بھی بکثرت تناول فرماتے تھے۔ تربوز کو کھجور کے ساتھ ملا کر، کھجور کے ساتھ ککڑی ملا کر، روٹی کے ساتھ کھجور بھی کبھی کبھی تناول فرمایا کرتے تھے۔ انگور، انار وغیرہ پھل فروٹ بھی کھایا کرتے تھے۔

ٹھنڈا پانی بہت مرغوب تھا دودھ میں کبھی پانی ملا کر اور کبھی خالص دودھ نوش فرماتے، کبھی کشمش اور کھجور پانی میں ملا کر اس کا رس پیتے تھے جو کچھ پیتے تین سانس میں نوش فرماتے۔

ٹیبل (میز) پر کبھی کھانا تناول نہیں فرمایا ہمیشہ کپڑے یا چمڑے کے دستر خوان پر کھانا کھاتے، مسند یا تکیہ پر ٹیک لگا کر، یا لیٹ کر کبھی کچھ نہ کھاتے نہ اس کو پسند فرماتے، کھانا صرف انگلیوں سے تناول فرماتے، چمچہ کانٹا وغیرہ سے کھانا پسند نہیں فرماتے تھے ہاں ابلے ہوئے گوشت کو کبھی کبھی چھری سے کاٹ کاٹ کر بھی کھاتے تھے۔ (مولف) (شمائل الترمذی بحوالہ سیرت المصطفیٰ)

گوشت

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بکری کا گوشت تناول فرمایا اور گائے کا گوشت خصوصی طور سے تناول فرمانا معلوم نہیں ہوا جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات کی جانب سے ایک گائے ذبح فرمائی، ظاہر ہے کہ اسے آپ نے بھی تناول فرمایا ہوگا۔

بعض آثار میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نزدیک کھانوں میں پسندیدہ تر گوشت تھا، فرمایا کرتے گوشت کھانا سماعت کو زیادہ کرتا ہے اور دنیا میں بھی گوشت تمام کھانوں میں بہترین ہے اگر میں اپنے رب سے چاہوں کہ وہ گوشت کھلائے تو وہ روزانہ ضرور مجھے گوشت کھلائے۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دست کے گوشت کی پسندیدگی اس وجہ سے تھی کہ نہ تو روزانہ گوشت ہوتا تھا اور نہ روزانہ تناول فرماتے تھے البتہ کبھی کبھی تناول فرماتے تھے تو دست کا گوشت جلدی پک جاتا ہے تو حضور اس کے تناول فرمانے میں جلدی کرتے تھے۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ''قدید'' یعنی خشک شدہ گوشت کو تناول فرمایا اور بھنا ہوا جگر اور مرغی کا گوشت تناول فرمایا ہے، اور حمار وحشی کا گوشت تناول فرمایا ہے اسے گورخر اور نیل گائے بھی کہتے ہیں اور اونٹ کا گوشت تو سفر و حضر میں تناول کیا ہے، خرگوش کا گوشت بھی کبھی تناول کیا ہے اور بحری دواب یعنی دریائی جانور تناول کیے ہیں، دریائی جانور سے مراد یہاں پر ہمارے مذہب میں مچھلی مراد ہے۔

ثرید

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ثرید تناول فرمایا ہے۔ ''ثرید'' روٹی کو توڑ کر گوشت کے شوربے میں اور کبھی گوشت کے ساتھ بھی تیار کرتے ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نزدیک تمام کھانوں میں پسندیدہ ثرید خبز اور ثرید حیس تھا۔ ثرید خبز تو روٹی اور شوربے سے بنایا جاتا ہے۔ اور ثرید حیس، کھجور گھی اور روٹی سے بنایا جاتا ہے۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گھی اور مکھن سے روٹی تر کر کے تناول فرمائی ہے اور روغن زیتون چپڑ کر بھی روٹی تناول فرمائی ہے اور ہریسا تناول فرمانے میں بھی بہت سی حدیثیں مروی ہیں۔

کدو

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کدو تناول فرمایا اور اسے پسند فرمایا ہے، اگر کسی سالن میں پکا ہوتا تو پیالے کے کناروں سے تلاش فرما کر اسے تناول فرماتے، یہ اسے پسند کرنے کی بناء پر ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس فعل کو دیکھا ہے مجھے کدو سے محبت ہوگئی ہے۔

امام نووی فرماتے ہیں کہ مستحب ہے کہ کدو سے محبت رکھیں اور ہر اس چیز سے محبت رکھیں جسے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پسند فرمایا ہے۔ اور حضور نے سلق یعنی چقندر کو جو کی روٹی کے ساتھ تناول فرمایا ہے۔

ایک دن امام حسن بن علی، عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سلمیٰ کے پاس پہنچے جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خادمہ تھیں انھوں نے کہا اے سلمیٰ ہمارے لیے وہ کھانا تیار کرو جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بہت پسند تھا۔ سلمیٰ نے کہا اے صاحبزادو! آج میں تمھیں اس کھانے سے خوش نہیں کرسکتی، مطلب یہ کہ تم لذیذ ومرغوب کھانے کھاتے ہو یہ کھانا تمھیں کیا خوش کرے گا، انھوں نے کہا کہ ہاں ہمیں اچھا معلوم ہوگا ہمارے لیے تیار کرو، اس کے بعد آش جو لے کر اسے دیگچی میں ڈالکر اوپر سے کچھ زیتون کا تیل اور مرچ اور دیگر ضروری چیزیں ڈال کر تیار کر دیا اور دیگچی ان کے سامنے رکھ کر کہا یہ وہ کھانا ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رغبت سے تناول فرماتے اور پسند فرماتے تھے۔

لپٹا

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خزیرہ یعنی لپٹے کو بھی تناول فرمایا ہے جسے آٹے سے پتلا کر کے بنایا جاتا ہے، ایسا ہی طبری نے کہا ہے۔ اور جوہری کہتے ہیں کہ گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے بہت سا پانی ڈال کر پکایا جاتا ہے، جب پک کر نرم وملائم ہوجاتا ہے تو آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں، اگر گوشت نہ ہو، تو اس کو عصید کہتے ہیں۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اقط یعنی پنیر کو تناول فرمایا ہے جسے دودھ سے مسکہ نکال کر

جماتے ہیں جو ترش اور سخت ہوتا ہے پھر پگھلا کر کھانوں اور سالنوں میں ڈالتے ہیں۔

پھل

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خشک کھجور، تر کھجور اور گدری کھجور تناول فرمائی ہے اور حضور نے کباث کو تناول فرمایا ہے کباث اراک کا پھل ہے جو پکا ہو اور اراک مسواک کے درخت کو کہتے ہیں جسے ہندی میں پیلو کہتے ہیں۔ اور کھجور کے گودے کو بہت پسند فرماتے تھے جو کھجور کے درخت سے گوند کی مانند نکلتا ہے۔ اسے ''شحمة النخل'' کہتے ہیں۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جبن تناول فرمایا۔ اور حضور نے خربوزے کو کھجور سے تناول فرمایا اور خربوزہ حضور کے پسندیدہ پھلوں میں سے تھا، خربوزے کی تعریف میں کئی حدیثیں آئی ہیں۔

ایک روایت میں ککڑی تناول کرنا کھجور کے ساتھ اس طرح آیا ہے کہ ایک دست مبارک میں ککڑی تھی اور دوسرے دست مبارک میں کھجور تھی کبھی اسے تناول فرماتے اور کبھی اسے، اسی طرح خربوزے اور کھجور کو، کیوں کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے کہ کھجور اور خربوزہ ملا کر تناول فرماتے۔ اور حضور نے کھجور کو مکھن کے ساتھ تناول فرمایا اور اسے پسند فرمایا۔ اور حضور روٹی کو سالن کے ساتھ تناول فرماتے جو بھی موجود ہوتا، کبھی گوشت کا سالن، کبھی ترکاری کا، کبھی کھجور کا اور کبھی سرکہ سے تناول کرتے اور فرماتے **نعم الادام الخل** سرکہ بہترین سالن ہے۔

اس ارشاد سے مراد کھانے کی چیزوں میں میانہ روی اور لذیذ کھانوں سے اجتناب کرنے کی تلقین ہے۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے شہر مبارک کی ترکاریوں اور پھلوں کو پکنے کے بعد تناول فرماتے اور ان سے اجتناب نہ فرماتے تھے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کو انگور کے خوشے تناول کرتے دیکھا ہے۔اور حضور نے پیاز کو تناول نہیں فرمایا اور نہ امت کو اس سے منع فرمایا اور فرمایا جو پیاز کھاتا ہے اسے چاہیئے کہ مسجد میں نہ آئے۔

حضور کے کھانے کا طریقہ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ آپ تین انگلیوں یعنی انگوٹھا، کلمہ کی انگلی اور بیچ کی انگلی سے کھانا تناول فرماتے تھے۔اور ایک حدیث مرسل میں ہے کہ حضور نے پانچوں انگلیوں سے کھایا ہے۔یعنی اکثر اوقات تین انگلیوں سے تناول فرماتے اور بعض اوقات پانچوں سے، اور کھانے کے بعد حضور انگلیاں چاٹ لیا کرتے تھے اور بعض روایتوں میں چاٹنے اور برتن صاف کرنے کا حکم آیا ہے، بعض اوقات حضور انگلیوں کو بچوں یا خادموں کو چٹایا کرتے تھے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ٹیک لگا کر کھانا تناول نہ فرماتے، آپ فرماتے ہیں میں بندہ ہوں اور بندوں کی مانند بیٹھتا ہوں اور ایسے ہی کھاتا ہوں جیسے بندے کھاتے ہیں۔اور جب حضور اپنے دست مبارک کو کھانے کی جانب بڑھاتے تو بسم اللہ کہتے، اور حضور کھانے کے بعد حمد الٰہی کہتے اور داہنے ہاتھ سے تناول فرماتے اور اس کا حکم دیتے، اور حضور کھانے سے پہلے دستہائے مبارک کو دھویا کرتے اور کھانا کھانے کے بعد بھی، اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گرم کھانا تناول نہ فرماتے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں کھانے کا ایک پیالہ لایا گیا جس سے بھاپ اٹھ رہی تھی اس پر آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ہمیں آگ کھانے کا حکم نہیں فرمایا ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گرم کھانے اور اسے بگھار یعنی داغ دینے کو مکروہ جانتے اور فرماتے ٹھنڈا کر کے کھانا کھاؤ کیوں کہ اس میں برکت ہے اور

گرم کھانے میں برکت نہیں ہے۔

اور حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس گرم کھانا لایا جاتا تو آپ اسے اس وقت تک ڈھانپ کر رکھے رہتے جب تک کہ اس کا جوش نہ ختم ہو جاتا، اور حضرت اسماء نے فرمایا کہ میں نے حضور سے سنا ہے کہ سرد کھانے میں عظیم برکت ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک لکڑی کا پیالہ تھا جس پر لوہے کی چادر منڈھی ہوئی تھی۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور کو اس پیالے میں پانی، نبیذ اور شہد وغیرہ تمام مشروبات پلائے ہیں۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی خوان (میز) پر کھانا نہ کھایا، چپاتیاں کھائیں لیکن سفرہ پر تناول کیا اور وہ سفرہ چمڑے یا پتے کا ہوتا تھا۔

پانی پینا

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آب شیریں و سرد کو پسند فرماتے تھے، اور صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین آپ کے لیے بیر سقیا سے پانی لاتے تھے۔ بیر سقیا مدینہ سے دو منزل کے فاصلے پر ہے اور چھتیس میل کی مسافت ہے۔ اور حضور نے شہد میں پانی ملا کر نوش فرمایا اور علی الصباح نوش جان فرماتے اور جب اس پر کچھ گھڑی گزر جاتی اور بھوک معلوم ہوتی تو جو کچھ کھانے کی قسم سے موجود ہوتا تناول فرماتے۔

پینے میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دودھ کو پسند فرماتے تھے، آپ نے فرمایا کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو کھانے اور پینے دونوں کا کام دے سوائے دودھ کے، اور آپ کبھی خالص دودھ نوش فرماتے اور کبھی سرد پانی ملا لیتے، حضور کھانے کے بعد پانی نوش نہ فرماتے کیوں کہ مفسد ہضم ہے جب تک کہ کھانا ہاضمہ کے قریب نہ ہو پانی پینا نہ چاہیئے۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ پانی بیٹھ کر نوش فرماتے،

اور مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھڑے ہوکر پانی پینے سے منع فرمایا ہے۔

بخاری و مسلم میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آب زم زم کا ڈول لایا تو حضور نے اسے کھڑے ہوکر نوش فرمایا۔

بعض کہتے ہیں کہ کھڑے ہوکر پانی پینا آب وضو اور آب زم زم کے ساتھ خاص ہے۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ آپ تین سانسوں میں پانی نوش فرماتے اور فرماتے کہ یہ سیراب کرنے والا پسندیدہ تر اور شفاء بخشنے والا ہے۔ ہر سانس میں منہ سے پیالہ جدا کرتے پھر سانس لیتے اور پیالے میں پھونکنے سے منع فرماتے۔ اور جب دہن شریف سے پیالے کو قریب لاتے تو بسم اللہ پڑھتے اور جب جدا فرماتے تو حمد بجالاتے اس طرح تین مرتبہ کرتے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے مہمانوں سے کھانے کے لیے اصرار فرماتے اور بار بار کہتے۔ ایک مرتبہ ایک شخص کو دودھ پلانے کے بعد اس سے بار بار فرمایا اشرب اور پیو اور پیو، یہاں تک کہ اس شخص نے قسم کھا کر عرض کیا قسم ہے اس خدائے برتر کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا اور گنجائش نہیں ہے۔ اسے بخاری نے روایت کیا۔

اور جب آپ جماعت کو کھانا کھلاتے پلاتے تو آپ ان سب کے بعد تناول فرماتے، مطلب یہ کہ ابتداء میں تناول نہ فرماتے آخر میں ان کے ساتھ موافقت فرماتے، اور اگر کوئی حضور کی دعوت کرتا اور میزبانی کا شرف پاتا اور کوئی اور شخص آپ کے پیچھے آجاتا تو حضور میزبان کو خبر کر دیتے کہ یہ شخص میرے ساتھ چلا آیا ہے اگر تم چاہو تو لوٹ جائے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی جماعت کے ساتھ کھانا تناول فرماتے تو جب تک ان کے لیے دعائے خیر نہ فرماتے باہر تشریف نہ لاتے اور فرماتے اللھم بارک لھم فیما رزقتھم و

اغفرلھم و ارحمھم (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

ٹھنڈا مشروب

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مشروبات اور دیگر غذائے مقدس کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی کھانے، پینے، پہننے کی کوئی چیز کسی سے طلب نہ فرمائی مگر ٹھنڈا پانی دو بار طلب فرمایا، ایک بار فرمائش فرمائی رات کا باسی پانی لاؤ۔ (الملفوظ اول)

تیز نبیذ سے حضور نے انکار فرمایا

عن ابن عمر قال شهدت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اتى بشراب فادناه الى فيه فقطب فرده فقال رجل يا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم احرام هو فرد الشراب ثم دعا بماء فصبه عليه ذكر مرتين او ثلثا ثم قال اذا اغتلمت هذه الاسقية عليكم فاكسروا متونها بالماء قلت و رواه النسائى فى سننه.

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں بارگاہ رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر تھا، حضور کی خدمت میں پینے کی چیز لائی گئی، حضور نے جب اس کو دہن اقدس کے قریب کیا تو آمیزش پائی اور رد فرما دیا اس شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا یہ حرام ہے؟ ایسا دو یا تین مرتبہ کہا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پانی منگا کر اس میں ملا دیا اور فرمایا جب یہ مشروبات جوش ماریں تو ان کی تیزی کو پانی ملا کر نرم کر دو۔ نسائی نے یہ حدیث روایت کی ہے۔

نبیذ میں زم زم ملا کر نوش فرمایا

عن ابى مسعود رضى الله تعالىٰ عنه قال عطش النبى صلى الله تعالىٰ عليه

وسلم حول الكعبة فاستسقى فاتى بنبيذ من نبيذ السقاية فشمه فقطب فصب عليه من ماء زمزم ثم شرب فقال رجل احرام هو فقال لا . رواه النسائی .

حضرت ابو مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گرد کعبہ میں پیاس لگی، حضور نے پانی طلب فرمایا تو حضور کی خدمت میں حوض کی نبیذ حاضر کی گئی حضور نے اسے سونگھا تو آمیزش معلوم ہوئی پھر اس میں زم زم ملا کر نوش فرمایا ایک شخص نے عرض کیا کیا وہ حرام ہے؟ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں۔ اسے نسائی نے روایت کیا۔ (مولف)

تیز نبیذ سے چہرۂ انور متغیر ہو گیا

مجاہد سے مرسلاً مروی ہے :

قال عمد النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الی السقاية سقاية زمزم فشرب من النبيذ فشد وجهه ثم امر به فكسر بالماء ثم شربه فشد وجهه ثم امر به الثالثة فكسر بالماء ثم شرب .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چاہ زم زم سے پینے کا قصد فرمایا لیکن نبیذ نوش فرمالیا تو چہرۂ انور متغیر ہو گیا (کہ نبیذ تیز تھی) اس میں پانی ملانے کا حکم فرمایا اس کے بعد نوش فرمایا پھر چہرہ متغیر ہو گیا پھر تیسری بار پانی ملانے کا حکم دیا اور نوش فرمایا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱۰، ص ۶۱، ۶۲۔ الفقہ التجلی)

تیز نبیذ کو حضور نے پانی سے نرم کر لیا

سنن دارقطنی میں ہے عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال مر رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی قوم بالمدینة قالوا یا رسول الله ان عندنا شرابا لنا افلا

نسقیک منه قال بلی فاتی بقعب او قدح غلیظ فیه نبیذ فلما اخذه النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و قربه الی فیه فقطب قال فدعا الذی جاء به فقال خذه فاهرقه فلما ان ذهب به قالوا یا رسول الله هذا شرابنا ان کان حراما لم نشربه فدعا به فاخذه ثم دعا بماء فصب علیه ثم شرب و سقی و قال اذا کان هکذا فاصنعوا به هکذا.

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ کی ایک قوم کے پاس تشریف لے گئے قوم نے عرض کی یا رسول اللہ ہمارے پاس مشروب ہے کیا ہم آپ کو اس میں سے نہ پلائیں حضور نے فرمایا کیوں نہیں، پھر ایک غلیظ پیالہ لایا گیا جس میں نبیذ تھی جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیالہ لے کر دہن اقدس کے قریب کیا تو اس میں آمیزش معلوم ہوئی، راوی نے کہا کہ حضور نے اس کو بلایا جو پیالہ لایا تھا اور فرمایا کہ اسے لو اور بہا دو۔ وہ لے جانا ہی چاہتا تھا کہ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ ہمارا مشروب ہے اگر حرام ہے تو ہم نہیں پئیں گے پھر حضور نے اس سے پیالہ لے لیا اور پانی منگا کر اس میں ملا دیا اور حضور نے خود پیا اور دوسروں کو بھی پلایا اور فرمایا کہ جب مشروب اس طرح ہو جائے تو ایسا کر لو۔ یعنی جب بودار یا تیز ہو جائے تو اس میں پانی ملا کر اسے درست کر لو۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۰، ص ۶۸۔ الفقہ التسجیلی)

ٹیک لگا کر کھانا تناول فرمانا

ابونعیم عبداللہ بن سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال رأیت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یاکل ثریدا متکئا علی سریر ثم یشرب من فخاره.

عبداللہ بن سائب نے کہا کہ ہم نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ تخت پر ٹیک

لگائے ثرید (ایک قسم کا کھانا) تناول فرمارہے ہیں پھر ثرید کے تہہ نشین کو نوش فرمایا۔ بیان جواز کے لیے حضور نے ٹیک لگا کر کھانا تناول فرمایا۔ (مولف)

حضور کا طریقہ خورد و نوش

امام احمد کتاب الزہد میں حسن سے مرسلاً اسی طرح بزار ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا اتى بطعام وضعه على الارض.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے جب کھانا حاضر کیا جاتا تو کھانے کو زمین پر رکھتے تھے۔ (مولف)

دیلمی مسند الفردوس میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً راوی

انما انا عبد اكل كما ياكل العبد و اشرب كما يشرب العبد.

میں بندہ ہی تو ہوں اور بندہ کی طرح کھاتا پیتا ہوں۔ از راہ تواضع و انکسار اور تعلیم امت کے لیے حضور نے ایسا فرمایا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج۹ ص ۱۳۸)

میٹھی چیزیں حضور کو مرغوب ہیں

كان صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يحب الحلواء و العسل ، كما اخرجه الستة عن ام المومنين رضى الله تعالىٰ عنها .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حلوا اور شہد پسند فرماتے تھے۔ جیسا کہ ائمہ ستہ نے اسے ام المومنین سے روایت کیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج۱، ص ۱۵۹۔ بارق النور)

پیالے کو چاٹنے کی فضیلت

حسن بن سفیان رائطہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لان العق القصعة احب الی من ان اتصدق بمثلھا طعاما.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پیالہ چاٹ لینا مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ اس پیالے بھر کھانا تصدق کروں۔ (مولف)

طبرانی کبیر میں عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من لعق الصحفة و لعق اصابعہ اشبعہ اللہ تعالیٰ فی الدنیا و الآخرة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو رکابی اور اپنی انگلیاں چاٹے اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اس کا پیٹ بھرے۔ (مولف)

احمد و ابوداؤد و ترمذی اور نسائی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امرنا ان نسلت القصعة و قال فانکم لا تدرون فی ای طعامکم البرکة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں کھانا کھا کر پیالہ خوب صاف کر دینے کا حکم فرمایا اور فرمایا کہ تم کیا جانو کہ تمھارے کون سے کھانے میں برکت ہے۔ (مولف)

امام احمد و ترمذی و نسائی اور ابن ماجہ نبشہ ہذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من اکل فی قصعة ثم لحسها استغفرت له القصعة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو کسی پیالے میں کھانا کھائے پھر اسے چاٹ لے وہ پیالہ اس کے لیے دعائے مغفرت کرے۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱،ص ۱۴۳۔الطرس المعدل)

کھجور

بخاری جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

قال جئت بقليل رطب ووضعته بين يدى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فاكل .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے تھوڑی تر کھجوریں رکھیں تو حضور نے انھیں تناول فرمایا۔ (مولف)

کدو کی تلاش

بخاری انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

فجعلت اتتبع الدباء واضعة بين يديه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم .

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے رکھے ہوئے کدو کو (جو شوربے میں تھا اور وہ حضور کے ہمراہ کھا رہے تھے) تلاش کرنے لگا۔ (مولف)

(شمائم العنبر)

طہارت و پاکی

بھینی بھینی مہک پر مہکتی درود
پیاری پیاری نفاست پہ لاکھوں سلام

يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ

اے بالا پوش اوڑھنے والے کھڑے ہو جاؤ پھر ڈر سناؤ اور اپنے رب ہی کی بڑائی بولو اور اپنے کپڑے پاک رکھو۔ (المدثر: ۱،۲،۳،۴)

طہارت وپاکی

طہارت، پاکیزگی انسانی زندگی کے لیے ضروری اور اچھی چیز ہے بدن کے ساتھ کپڑوں کا بھی پاک وصاف رکھنالازم ہے اللہ تعالیٰ نے جہاں پر عبادات وطاعات کا حکم فرمایا ہے وہیں پر عبادات کی صحت ودرستگی کے لیے وضو وغسل اور طہارت ونظافت کا بھی حکم فرمایا ہے۔ حضور انور اطیب اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی طہارت و پاکی کی تعلیم وترغیب فرمائی ہے اور بذات خود اس پر عمل کر کے اپنی امت کے لیے نمونہ پیش فرمایا ہے۔ (مولف)

پانی سے استنجاء

امام احمد رضا بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پانی سے استنجاء کرنے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں :

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی عادت اس باب میں مختلف تھی امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکثر مٹی سے استنجا فرماتے اور حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پانی سے۔

کشف الغمہ میں ہے۔

كان عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه يبول كثيرا ثم يمسح بالتراب او الحائط ثم يقول هكذا علمنا و لم يبلغنا انه كان يغسله بالماء بعد و كان حذيفة لا يجمع بين الماء و الحجر اذا بال و كذلک عائشة رضی الله تعالیٰ عنهما فكانا يغسلان بالماء فقط.

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب بھی پیشاب کرتے تھے تو مٹی یا دیوار سے صاف کر لیتے

تھے، صاحب کشف الغمہ فرماتے ہیں کہ مجھے ایسا ہی معلوم ہے اور مجھے یہ خبر نہیں پہنچی کہ وہ اس کے بعد پانی سے دھوتے تھے۔ اور حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب پیشاب کرتے تھے تو پانی اور پتھر کو جمع نہیں کرتے اور یہی عمل حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بھی تھا یعنی دونوں صرف پانی سے دھوتے تھے۔

(مولف)

اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دونوں صورتیں (یعنی پانی اور مٹی) ثابت ہیں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے روایت کی کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیشاب کے بعد پانی سے استنجا فرماتے۔

احمد وترمذی بسند صحیح اور نسائی ام المومنین صدیقہ سے راوی

قالت مرن ازواجکن ان یغسلوا اثر الغائط و البول فان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یفعلہ .

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے خواتین سے فرمایا کہ تم اپنے شوہروں سے کہو کہ پیشاب، پاخانہ کے بعد پانی سے استنجا کریں کیوں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایسا ہی کرتے تھے۔

(مولف)

مٹی سے استنجا

ابوداؤد وابن ماجہ بسند حسن ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی

قالت بال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقام عمر خلفہ بکوز من ماء فقال ما ھذا یا عمر فقال ماء تتوضؤ بہ قال ما امرت کلما بلت ان اتوضأ و لو فعلت

لكانت سنة .

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ ایک بار حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیشاب فرمایا امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پانی لے کر حاضر ہوئے فرمایا یہ کیا ہے عرض کی استنجے کے لیے پانی، فرمایا مجھ پر واجب نہیں کیا گیا کہ ہر پیشاب کے بعد پانی سے طہارت کروں اور اگر ایسا کروں تو سنت ہو جائے۔ (مولف)

حلیہ میں ہے

المراد بالوضوء هنا الاستنجاء بالماء . كما ذكره النووى .

یہاں پر وضو سے مراد پانی سے استنجا کرنا ہے جیسا کہ امام نووی نے بیان فرمایا ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲ ص ۶۶،۱۶۵)

رفع حاجت کے وقت انگوٹھی اتار لیتے

ابوداؤد و ترمذی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا دخل الخلاء نزع خاتمه لان نقشه محمد رسول الله .

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بیت الخلاء میں تشریف لے جاتے تو انگشتری مبارک اتار لیتے تھے۔ اس لیے کہ اس کا نقش "محمد رسول اللہ" تھا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲ ص ۱۶۸)

کھڑے ہوکر پیشاب کرنے کی بحث

حدیث حذیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ

اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سباطۃ قوم فبال قائما.

نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ایک گھورے پر تشریف لے گئے اور وہاں کھڑے ہوکر پیشاب فرمایا۔

اسے بخاری و مسلم نے روایت کیا۔

ائمہ کرام وعلمائے اعلام نے اس سے بہت جواب دیے ہیں۔

اول : یہ حدیث ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے منسوخ ہے۔

امام احمد و ترمذی و نسائی اور ابن حبان صحیح میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے راوی۔

من حدثکم ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یبول قائما فلا تصدقوہ ما کان یبول الا قاعدا.

جو تم سے کہے کہ حضور اقدس اطہر صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کھڑے ہوکر پیشاب فرماتے اسے سچا نہ جاننا حضور پیشاب نہ فرماتے تھے مگر بیٹھ کر۔

امام ترمذی فرماتے ہیں **حدیث عائشۃ احسن فی ھذا الباب و اصح.**

جتنی حدیثیں اس مسئلہ میں آئیں ان سب سے یہ حدیث بہتر و صحیح تر ہے۔

یہی حدیث صحیح ابوعوانہ و مستدرک حاکم میں ان لفظوں سے ہے۔

ما بال قائما منذ انزل علیہ القرآن .

جب سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قرآن مجید اترا کبھی کھڑے ہو کر پیشاب نہ فرمایا۔

دوم : اس وقت زانوئے مبارک میں زخم تھا بیٹھ نہ سکتے تھے۔

یہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہوا، حاکم ودارقطنی وبیہقی ان سے راوی۔

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بال قائما من جرح.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زخم کے سبب کھڑے ہو کر پیشاب فرمایا۔ (مولف)

سوم : وہاں نجاسات کے سبب بیٹھنے کی جگہ نہ تھی۔

امام عبدالعظیم زکی الدین منذری نے اس کی ترجی کی۔

قال العینی قال المنذری لعلہ کانت فی السباطۃ نجاسات رطبۃ و ھی رخوۃ فخشی ان یتطایر علیہ .

امام منذری فرماتے ہیں کہ شاید گھورے میں تر نجاستیں تھیں اور گھورا نرم تھا تو چھینٹ اڑنے کا خوف ہوا، اس لیے کھڑے ہو کر پیشاب فرمایا۔ (مولف)

چہارم : اس میں ڈھال ایسا تھا کہ بیٹھنے کا موقع نہ تھا۔

اسے ابہری وغیرہ نے نقل کیا

قال العینی قال بعضھم لانہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لم یجد مکانا للقعود لکون الطرف الذی یلیہ من السباطۃ عالیا مرتفعا.

امام عینی فرماتے ہیں کہ بعض نے کہا ہے کہ گھورا کا کنارا بلند ہونے کے سبب سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بیٹھنے کی جگہ نہ ملی۔ (مولف)

و قال القاری فی المرقاۃ قال الابھری قیل کان ما یقابلہ من السباطۃ عالیا و من خلفہ منحدرا مستفلا لو جلس مستقبل السباطۃ سقط الی خلفہ و لو جلس مستدبرا لھا بدا عورتہ للناس۔

ملاعلی قاری مرقاۃ میں امام ابہری کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ گھورے کا سامنے والا حصہ بلند تھا اور پیچھے کا حصہ ڈھال دار نیچے، اگر گھورے کی طرف رخ کر کے بیٹھتے تو پیچھے کی طرف گر جاتے اور اگر گھورے کی طرف پیٹھ کر کے بیٹھتے تو لوگوں کے لیے عورت ظاہر ہو جاتی۔ (مولف)

و قال بعد اسطر قیل فعل ذلک لانہ ان استدبر السباطۃ تبدو العورۃ للمارۃ و ان استقبلھا خیف ان یقع علی ظھرہ مع احتمال ارتداد البول الیہ۔

اور چند سطروں کے بعد فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا اس لیے کیا کہ اگر گھورے کی طرف پشت انور کرتے تو گزرنے والوں کے لیے عورت ظاہر ہو جاتی اور اس کی طرف رخ فرماتے تو پیٹھ کے بل گر جانے کا اندیشہ تھا اور پیشاب کا بھی ادھر ہی بہہ کر آنے کا احتمال تھا۔ (مولف)

پنجم : اس وقت پشت مبارک میں درد تھا اور عرب کے نزدیک یہ فعل اس سے استشفا ہے۔

یہ جواب امام شافعی و امام احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ہے، چالیس طبیبوں کا اتفاق ہے کہ حمام میں ایسا کرنا ستر مرض کی دوا ہے۔

ششم : قال العینی تکلموا فی سبب بولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قائما فقال القاضی عیاض انما فعل لشغلہ بامور المسلمین فلعلہ طال علیہ المجلس حتی حصرہ البول و لم یمکن التباعد کعادتہ و اراد السباطۃ لدمثھا و اقام حذیفۃ

لیستره عن الناس .

امام عینی فرماتے ہیں کہ لوگ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کے سبب میں کلام کرتے ہیں تو امام قاضی عیاض نے فرمایا کہ مسلمانوں کے معاملہ میں مشغول ہونے کے سبب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا کیا شاید کافی دیر تک بیٹھنا ہوا یہاں تک کہ پیشاب نے حضور کو روک دیا اور عادت کریمہ کے مطابق دور جانا ممکن نہ ہوا اور گھورا کے نرم ہونے کے سبب سے اس کا ارادہ فرمایا اور حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پیچھے کھڑا کر دیا تا کہ لوگوں سے پردہ ہو جائے۔ (مولف)

اس بحث کے آخر میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں۔

اقول و باللہ التوفیق : نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک بار یہ فعل وارد ہوا اور صحیح حدیث سے ثابت کہ روز نزول قرآن کریم سے آخر عمر اقدس تک عادت کریمہ ہمیشہ بیٹھ کر ہی پیشاب فرمانے کی تھی اور صحیح حدیث سے ثابت ہوا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کو جفا و بے ادبی فرمایا اور متعدد احادیث میں اس سے نہی و ممانعت آئی تو واجب کہ ممنوع ہو اور انھیں احادیث کو ان پر ترجیح بوجوہ ہو۔

اولاً : وہ ایک بار کا واقعہ حال ہے کہ محل صد گونہ احتمال ہے۔

ثانیاً : فعل و قول میں جب تعارض ہو قول واجب العمل ہے کہ فعل احتمال خصوص وغیرہ رکھتا ہے۔

ثالثاً : مبیح و حاظر جب متعارض ہوں حاظر مقدم ہے۔

ثم اقول : نفس حدیث حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان مقلدان نصرانیت پر رد ہے، وہاں کافی بلندی تھی اور نیچے ڈھال اور زمین گھورے کے سبب نرم کہ کسی طرح چھینٹ آنے کا احتمال نہ

تھا، سامنے دیوار تھی اور گھور افنائے دار میں تھا نہ کہ گزرگاہ، پس پشت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کھڑا کرلیا تھا اس طرف کا بھی پردہ فرمایا اس حالت میں پشت اقدس پر بھی نظر پڑنا پسند نہ آیا، ان احتیاطوں کے ساتھ تمام عمر مبارک میں ایک بار ایسا منقول ہوا۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲، ص ۱۷۲ تا ۱۷۸)

وضوئے مبارک

حدیثوں میں آیا ہے کہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ابتدائے وحی میں نماز اور وضو کا طریقہ سکھادیا تھا۔ نیز حدیث میں ہے کہ سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس روتی ہوئی آئیں اور کہنے لگیں کہ قریش نے آپ کے قتل کا عہد اٹھایا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وضو کے لیے پانی لاؤ پھر حضور نے وضو فرمایا۔

ابن عبدالبر نقل کرتے ہیں کہ مفسرین کا اس پر اتفاق ہے کہ غسل جنابت مکہ مکرمہ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر فرض کیا گیا جس طرح کہ نماز فرض کی گئی۔ اور نماز کبھی بھی بغیر وضو کے نہیں ادا کی گئی۔ اور ابن عبدالبر یہ بھی فرماتے ہیں کہ اس سے کوئی عالم بھی ناواقف نہیں ہے۔

شیخ ابن الہمام فرماتے ہیں کہ یہ رد اس شخص کا کیا گیا ہے جو وضو کے وجود کا قبل ہجرت منکر ہے نہ کہ اس شخص کا جو قبل ہجرت اس کے وجوب کا منکر ہے۔ انتہی۔

اس کلام کا حاصل یہ ہے کہ وضو کا وجوب آیہ کریمہ **اذا قمتم الی الصلاۃ فاغسلوا وجوھکم** (جب تم نماز کا ارادہ کرو تو اپنے چہرے کو دھوؤ، آخر تک) سے ہوا جو کہ مدنی ہے۔ ہاں یہ کہا جا سکتا ہے کہ قبل ہجرت وضو مستحب تھا نہ کہ واجب، لیکن اس تقدیر پر یہ لازم آتا ہے کہ بے وضو نماز جائز ہے حالاں کہ یہ خلاف اجماع ہے۔

اور ممکن ہے کہا گیا ہو کہ آیہ کریمہ کا نزول وضو کے وجوب اور قیام نماز کے لیے ہے اور تم لوگ جو بے وضو اور ناپاک ہو ایسا خیال نہ کرنا جیسا کہ بعض لوگ کہتے ہیں کیوں کہ ابتداء میں مطلقاً قیام نماز کے وقت وضو فرض تھا جو آخر میں منسوخ ہوا اور حدیث یعنی بے وضو ہونے کے وجود کے ساتھ مقید فرمایا۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر نماز کے لیے وضو کیا اور بعض اوقات ایک ہی وضو سے چند فریضے گزارے ہیں۔ مسلم میں ہے حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے وضو کرتے تھے اور روز فتح مکہ ایک وضو سے چند نمازیں ادا فرمائیں۔ ایک روایت کے مطابق پانچ نمازیں ایک وضو سے ادا فرمائیں، اس پر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ! آج آپ نے ایسا عمل کیا ہے جو کبھی آپ نے نہیں فرمایا؟ ارشاد فرمایا اے عمر میں نے قصداً ایسا کیا ہے بیان جواز کے لیے تاکہ لوگ جان لیں کہ ہر نماز کے لیے نیا وضو کرنا فرض نہیں ہے۔

بخاری ابوداؤد اور ترمذی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے نیا وضو کرتے تھے، اس پر حضرت انس سے کہا گیا کہ آپ کیا کرتے ہیں؟ فرمایا ایک وضو ہمیں اس وقت تک کفایت کرتا ہے جب تک کہ میں محدث یعنی بے وضو نہ ہوں۔

اور اس جگہ علماء فرماتے ہیں کہ ہر نماز کے لیے نیا وضو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص میں سے نہیں ہے۔

چنانچہ امام احمد و ابوداؤد کی روایت میں حضرت عبداللہ بن حنظلہ غسیل ملائکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر نماز کے لیے وضو کرنے پر مامور ہوئے تھے خواہ طاہر ہوں

یا غیر طاہر۔ اور جب آپ پر شاق ہوا تو ہر نماز کے لیے مسواک کا حکم دیا گیا اور آپ سے نیا وضو کرنے کا حکم اٹھا لیا گیا مگر جب کہ حدث لاحق ہو چکا ہو۔

کبھی کبھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اعضاء وضو کو ایک مرتبہ سے زیادہ نہیں دھوتے تھے اور یہ تعلیم امت کی بناء پر تھا کیوں کہ اتنی مقدار کافی ہے اور مقدار فرض پر انحصار فرمانا اس لیے ہے کہ اس سے کم پر وضو درست نہیں ہے جیسا کہ فرمایا۔

هذا وضوء لا يقبل الله الصلوٰة الابه .

یہ وضو ہے اس کے بغیر اللہ تعالیٰ نماز کو قبول نہیں فرماتا۔

ابوداؤد میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ انھوں نے فرمایا کیا میں تمھیں بتاؤں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وضو کیا تھا؟ اس کے بعد انھوں نے اعضائے وضو کو ایک ایک مرتبہ دھویا۔

اور کسی وضو کو طہارت میں مبالغہ کے لیے دو مرتبہ دھویا اور اسے ''نور علیٰ نور'' فرمایا اور ثواب میں زیادتی اور اجر کو بڑھانے کا سبب قرار دیا ہے جیسا کہ رزین میں عبد اللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔ جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وضو کے راوی ہیں وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وضو میں عضو کو دو دو مرتبہ دھویا اور فرمایا'' **نور علیٰ نور** ''

اور کبھی کبھی تین تین مرتبہ دھویا اور یہ طہارت کے مرتبہ میں آخری حد ہے۔

وضو کے بعد رومال سے پانی خشک کرنا

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث ہے انھوں نے فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس بدن مبارک کو خشک کرنے کے لیے رومال تھا جس سے وضو کرنے کے بعد پانی کو خشک فرماتے

تھے، لیکن یہ ضعیف ہے۔

اور بعضوں نے کہا کہ یہ حدیث اور کپڑے کے کنارہ سے چہرۂ انور خشک کرنے کی حدیث دونوں ضعیف ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ یہ دونوں حدیثیں جامع ترمذی میں مذکور ہیں اور وہ بھی ضعیف قرار دیتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ اس ضمن میں کوئی چیز صحت کو نہیں پہنچی ہے۔

اور صحابہ و تابعین اور اہل علم کی ایک جماعت فرماتی ہے کہ اس باب میں رخصت دی گئی ہے اور بعض مکروہ جانتے ہیں اور وہ اعضاء کو خشک ہونے کے لیے اپنے حال پر چھوڑتے ہیں کیوں کہ یہ نورانیت اور میزان عمل کو بھاری کرنے کا موجب ہے اور یہ قول سعید بن مسیب اور زہری سے روایت کیا گیا اور کتب حنفیہ میں مذکور ہے کہ اگر تنزہ اور تکبر کا قصد نہ ہو تو کراہت نہیں ہے۔

اور بعض شروح مشکوۃ میں ازہار سے منقول ہے کہ کپڑے وغیرہ سے خشک نہ کرنا مستحب ہے اس لیے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا نہیں کیا اور اگر خشک کرے تو قول اصح پر مکروہ بھی نہیں ہے اور بعض کے نزدیک مکروہ ہے۔

وضو اور غسل میں پانی کی مقدار

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غسل اور وضو میں پانی کی مقدار کے بارے میں علماء فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غسل ایک صاع پانی سے کرتے جو کہ پانچ مد کے برابر ہے۔ اور وضو ایک مد پانی سے کرتے تھے اور ایک حدیث میں ہے کہ وضو دو رطل پانی سے کرتے۔ بایں ہمہ علماء فرماتے ہیں کہ ان حدیثوں سے مراد تعیین و تحدید نہیں ہے۔

چنانچہ اگر اس مقدار مذکور سے کم یا زیادہ پانی ہو تب بھی جائز ہے، اصل قاعدہ یہ ہے کہ جتنا پانی بھی مقصود برآری میں کفایت کرے کام میں لائے جب تک کہ پانی چپڑنے اور حد اسراف تک نہ پہنچے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آب وضو کی کمی اور اس کے کم بہانے میں مبالغہ فرماتے تھے اور امت کو وضو میں اسراف اور زیادہ پانی بہانے سے منع فرماتے اور تنبیہ فرمایا کرتے تھے اور فرماتے میری امت میں کچھ لوگ ایسے پیدا ہوں گے جو وضو میں تعدی اور حد سے تجاوز کریں گے اور پانی بہانے میں بہت اسراف کریں گے۔

اور فرماتے ہیں کہ وضو کے لیے ایک شیطان ہے جس کا نام "ولہان" ہے جو آدمی کو وضو میں اور پانی کے اسراف میں وسوسے ڈالتا ہے لہٰذا اس کے وسوسوں سے بچو۔ اور اس کے وسوسوں سے بچنے اور اسے دفع کرنے کی تدبیر یہ ہے کہ براہ تغافل مارو اور دلوں سے بکوشش اسے دور کرو اور اس کے وسوسوں کی پیروی نہ کرو نیز رخصت پر عمل کرو۔ اور اگر شیطان بہت مزاحمت کرے تو کہو یہ جو تو عمل کرتا ہے ناقص اور نادرست ہے درگاہ حق میں اس کی پذیرائی نہیں ہے۔ اور اس کے گمان پر کہو دور ہو جا میرے پاس سے، میں اس سے زیادہ ہرگز نہیں کروں گا اور میرا مولیٰ یعنی اللہ تعالیٰ وتقدس وکریم ہے وہ اتنا ہی قبول فرمالے گا اور اس کا فضل و کرم بہت وسیع ہے۔ یہی صورت نماز اور دیگر مواقع عبادات وغیرہ میں وسوسوں کا ہے اور اصل وسوسہ اس میں کمی و ناقص رہنے کا خیال پیدا کرنا ہے اور جب شیطان ان راہوں میں دخل انداز ہو تو چاہیے کہ استعاذہ اور لاحول و لا قوة الا بالله کہے یہ اس کے ازالہ اور دفعیہ میں انتہائی موثر ہے جیسا کہ حدیثوں میں آیا ہے۔

مسند امام احمد اور ابن ماجہ میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس سے گزرے تو دیکھا کہ وہ وضو کر رہے تھے فرمایا۔

لا تسرف بالماء .

پانی میں اسراف نہ کرو۔

اور ایک روایت میں ہے کہ ما ھذا السرف یا سعد.

اے سعد یہ کیا اسراف ہے؟

حضرت سعد نے عرض کیا هل فی الماء اسراف

کیا پانی میں اسراف ہے؟

کیوں کہ پانی میں کوئی چیز کمیاب اور عزیز الوجود نہیں ہے، اسراف کیسے ہوگا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نعم و ان کنت علی نهر جار.

ہاں پانی میں بھی اسراف ہے اگرچہ تم نہر جاری پر ہو۔

اور یہ منع و تعزیز اور تنبیہ میں مبالغہ ہے کہ پانی میں ہرگز کسی جگہ اسراف نہ کیا جائے، غالباً حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بطریق دفع وسواس میں یہ ارشاد ہے کہ کوئی چیز حضور نے اس قسم کی محسوس فرمائی ہوگی یہاں تک کہ اس کے دفع کرنے میں اتنا مبالغہ ظاہر فرمایا۔ اور مسائل فقہ میں مذکور ہے کہ اگر وضو کرنے والا نہر کے کنارے پر ہوتو پانی کے بہانے میں وہاں اسراف نہیں ہے اس لیے کہ جتنا پانی بہائے گا وہ لوٹ کر نہر ہی میں چلا جائے گا۔ بجز اس صورت کے کہ اگر غسالہ نہر کے باہر بہایا جائے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

وضو میں پاؤں دھونا فرض ہے

فرضیت وضو سے متعلق امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

ابن ماجہ وغیرہ بطریق عبداللہ بن محمد بن عقیل ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی :

قالت اتانی ابن عباس فسألنی عن هذ الحدیث تعنی حدیثها الذی ذکرت ان رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم توضا و غسل رجلیه فقال ابن عباس رضی الله تعالی عنهما ان الناس ابوا الا الغسل و لا اجد فی کتاب الله الا المسح.

حضرت ربیع رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے آ کر مجھ سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وضو کا ذکر ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وضو فرمایا اور پیروں کو دھویا پھر ابن عباس نے کہا کہ لوگ بجز دھونے کے اور کچھ نہیں مانتے (یعنی جواز مسح کا انکار کرتے ہیں) حالاں کہ میں کتاب اللہ میں صرف مسح پاتا ہوں۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج۱ص۱۶_الجودالحلو)

حضور کی نیند ناقض وضو نہیں

امام احمد وابوداؤد وترمذی وابوبکر بن شیبہ مصنف میں اور طبرانی معجم کبیر میں اور دار قطنی وبیہقی سنن میں بطریق ابوخالد یزید بن عبدالرحمٰن والانی ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

انہ رأی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هو ساجد حتی غط او نفخ ثم قام یصلی فقلت یا رسول الله انک قد نمت قال ان الوضو لا یجب الا علی من نام مضطجعا فانه اذا اضطجع استرخت مفاصله .

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انھوں نے دیکھا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سجدے میں سو گئے ہیں یہاں تک کہ خراٹے کی آواز آئی پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے، میں نے عرض کی یا رسول اللہ آپ تو سو گئے تھے فرمایا کہ وضو اس پر واجب ہوتا ہے جو لیٹ کر سو جائے کیوں کہ جب لیٹے گا تو اس کے جوڑ ڈھیلے پڑ جائیں گے۔ (مولف)

امام احمد کے لفظ یہ ہیں

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لیس علی من نام ساجدا وضوء حتی یضطجع فانہ اذا اضطجع استرخت مفاصلہ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس پر وضو واجب نہیں جو سجدے میں سو جائے یہاں تک کہ لیٹے کیوں کہ جب لیٹے گا تو اس کے مفاصل ڈھیلے پڑ جائیں گے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج۱،ص۸۵۔نبہ القوم)

قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان عینی تنامان و لا ینام قلبی . رواہ الشیخان عن ام المومنین الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری آنکھیں سوتی ہیں اور دل نہیں سوتا۔ اسے بخاری و مسلم نے حضرت صدیقہ سے روایت کیا۔ (مولف)

افکار صالحہ اور متواتر وحی و الہام اور معارف الٰہیہ کی وجہ سے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قلب مبارک نہیں سوتا ہے۔

صحیحین میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے :

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الانبیاء تنام اعینھم و لا تنام قلوبھم .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی آنکھیں سوتی ہیں اور ان کے دل کبھی نہیں سوتے ہیں۔ (مولف)

حدیث الصحاح انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نام حتی نفخ فاتاه بلال فاذنه بالصلاة فقام و صلی و لم یتوضأ.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سو گئے یہاں تک کہ سانس چلنے کی آواز آنے لگی تو حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ آئے اور نماز کا وقت ہو جانے کی خبر گوش گزار کی تو حضور نے اٹھ کر نماز پڑھائی اور وضو نہیں فرمایا۔ (مولف)

فائدہ

بعض نواقض وضو انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے لیے یوں ناقض نہیں کہ ان کا وقوع ہی ان سے محال ہے جیسے جنون یا نماز میں قہقہہ۔

نیند کے سوا باقی اور نواقض سے بھی انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا وضو جاتا ہے یا نہیں اس میں اختلاف ہے۔

علامہ قہستانی وغیرہ نے فرمایا انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا وضو کسی طرح نہیں جاتا۔

اور امام احمد رضا بریلوی کی تحقیق یہ ہے کہ نواقض حکمیہ مثل خواب و غشی سے نہیں جاتا، اور نواقض حقیقیہ مثل بول وغیرہ سے ان کی عظمت شان کے سبب جاتا رہتا ہے۔

غش بھی انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے جسم پر طاری ہو سکتی ہے دل مبارک اس حالت میں بھی بیدار و خبردار رہتا ہے۔

انتباہ

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضلات شریفہ مثل پیشاب وغیرہ سب طیب طاہر تھے۔

جن کا کھانا پینا ہمیں حلال و باعث شفا و سعادت مگر حضور کی عظمت شان کے سبب حضور کے حق میں حکم نجاست رکھتے ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ا،ص ۹۱، ۹۲، ۹۳۔نبہ القوم)

اعضائے وضو کا مکرر دھونا

احادیث سے ثابت ہے کہ وضو میں عادت کریمہ تثلیث تھی یعنی ہر عضو تین بار دھونا اور کبھی دو دو بار بھی اعضائے وضو دھوئے۔

بخاری عبداللہ بن زید سے اور ابوداؤد و ترمذی بسند صحیح اور ابن حبان ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم توضأ مرتین مرتین .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعضائے وضو دو دو بار دھوئے۔ (مولف)

اور کبھی ایک ہی بار دھونے پر قناعت فرمائی

بخاری و دارمی و ابوداؤد و نسائی و طحاوی و ابن خزیمہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

قال توضأ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مرۃ مرۃ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعضائے وضو ایک ایک بار دھوئے۔ (مولف)

اسی کے مثل طحاوی عبداللہ بن عمر اور امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔

قال رایت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم توضأ مرۃ مرۃ .

نیز امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو وضو میں اعضاء کو ایک ایک بار دھوتے دیکھا ہے۔ (مولف)

و عن ابی رافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم توضأ ثلثا ثلثا و رأیتہ غسل مرۃ مرۃ.

حضرت ابو رافع رضی اللہ تعالٰی عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو اعضائے وضو تین تین بار اور ایک ایک بار دھوتے دیکھا ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۴۰۔ بارق النور)

عبد الرزاق مصنف میں ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی

انہ توضأ فغسل کل عضو منہ غسلۃ واحدۃ ثم ذکر ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یفعلہ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما نے وضو فرمایا تو ہر عضو کو ایک ایک مرتبہ دھویا پھر فرمایا کہ نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ایسا ہی کرتے تھے۔ (مولف)

سعید بن منصور سنن میں اس لفظ سے راوی

توضأ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فادخل یدہ فی الاناء فمضمض و استنشق مرۃ واحدۃ ثم ادخل یدہ فصب علی وجھہ مرۃ و صب علی یدیہ مرۃ و مسح براسہ و اذنیہ مرۃ ثم اخذ ملاء کفہ من ماء فرش علی قدمیہ و ھو منتعل .

حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے وضو فرماتے وقت دست اقدس برتن میں داخل فرمایا اور ایک ایک مرتبہ کلی کی اور ناک میں پانی پہنچایا پھر دست اقدس داخل فرما کر چہرۂ مبارک پر ایک بار بہایا اور ایک ایک بار ہاتھ پر اور سر اور کانوں کا مسح ایک ایک بار فرمایا پھر ایک لپ پانی لے کر قدموں پر چھڑکا کہ

پیروں میں موزے تھے۔ یعنی خف پر مسح فرمایا یا پیروں کو دھویا۔ (مولف)

روی البخاری قال حدثنا محمد بن یوسف حدثنا سفین عن زید بلفظ توضأ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مرۃ مرۃ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک ایک بار اعضائے وضو دھوئے۔ (مولف)

ابوداؤد و امام طحاوی زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

الا اخبر کم بوضوء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فتوضا مرۃ مرۃ . و بمعناہ لفظ الطحاوی .

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر عضو کو ایک ایک بار دھویا۔ طحاوی کے لفظ اسی کے مثل ہیں۔ (مولف)

نسائی بطریق ابن عجلان راوی

غسل وجھہ و غسل یدیہ مرۃ مرۃ و مسح براسہ و اذنیہ مرۃ الحدیث.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چہرہ اور ہاتھوں کو ایک ایک مرتبہ دھویا اور سر اور کانوں کا مسح ایک مرتبہ فرمایا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۶۴۔ بارق النور)

دارقطنی غرائب مالک میں زید بن ثابت و ابو ہریرہ دونوں سے راوی

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم توضأ مرۃ مرۃ و قال ھذا وضوء لا یقبل اللہ صلاۃ الابہ .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعضائے وضو ایک ایک بار دھو کر فرمایا کہ یہ وضو ہے کہ جس

کے بغیر نماز مقبول نہیں ہوتی۔ (مولف)

امام احمد وابوداؤد وابن خزیمہ وابویعلی وطحاوی وابن حبان اور ضیاء امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے راوی

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اخذ بکفہ الیمنی قبضۃ من ماء فصبھا علی ناصیۃ فترکھا تستن علی وجھہ ثم غسل ذراعیہ الی المرفقین ثلثا ثلثا الحدیث.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے داہنے ہاتھ سے ایک لپ پانی لے کر پیشانی پر بہادیا اور چہرہ کو سیراب کیا پھر دونوں ہاتھوں کو کہنیوں سمیت تین تین بار دھویا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ۱/۱۶۵۔ بارق النور)

رزین نے عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم توضا مرتین مرتین و قال ھو نور علی نور.

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وضو میں اعضائے کریمہ دو دو بار دھوئے اور فرمایا یہ نور پر نور ہے۔

رزین کی حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

الوضوء علی الوضوء نور علیٰ نور.

وضو پر وضو نور پر نور ہے۔

ابوداؤد وترمذی وابن ماجہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم فرماتے ہیں

من توضأ علی طهر کتب له عشر حسنات

جو باوضو، وضو کرے اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۱۸۶۔ بارق النور)

وضو کے بعد رومالی پر چھینٹا دینا

ابوداؤد و نسائی ابن ماجہ حکم بن سفیان یا سفین بن حکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا بال توضأ و نضح فرجه .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب پیشاب فرماتے وضو فرماتے اور شرمگاہ اقدس پر چھینٹا دیتے۔

ابن ماجہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال توضأ رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فنضح فرجه .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وضو فرما کر ستر مبارک پر چھینٹا دیا۔

احمد و ابن ماجہ و دارقطنی و حاکم و حارث بن ابی اسامہ حضرت محبوب ابن المحبوب سیدنا وابن سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما وہ اپنے والد ماجد حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

اتانی جبریل فی اول ما اوحی الی فعلمنی الوضوء و الصلاة فلما فرغ الوضوء

اخذ غرفة من الماء فنضح بها فرجه.

یعنی اول اول جو مجھ پر وحی اتری ہے جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے حاضر ہو کر مجھے وضو ونماز کی تعلیم دی جبریل نے وضو خود کر کے دکھایا جب وضو کر چکے ایک چلو پانی لے کر اپنی اس صورت مثالیہ کے موضع شرمگاہ پر چھڑک دیا۔

دارقطنی کے لفظ یہ ہیں۔

علمنی جبریل الوضوء و امرنی ان انضح تحت ثوبی لما یخرج من البول بعد الوضوء.

جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے مجھے وضو سکھانے کے بعد بتایا کہ میانی میں چھینٹا دے دوں اس سبب سے کہ جو وضو کے بعد پیشاب میں سے نکلتا ہے۔ (مولف)

ترمذی ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

جاء نی جبریل فقال یا محمد اذا توضأت فانتضح.

جبریل نے حاضر ہو کر مجھ سے عرض کی یا رسول اللہ جب حضور وضو فرمائیں چھینٹا دے لیا کریں۔

جبریل کا اپنی صورت مثالیہ کے ستر پر چھڑکنا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور طریقہ وضو عرض کرنے کے لیے تھا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فعل تعلیم امت کے لیے۔

مرقاۃ میں ہے:

نضح فرجه ای ورش ازاره بقلیل من الماء او سراویله به لدفع الوسوسة تعلیما للامة.

یعنی تہبند یا پائجامہ کی میانی میں تھوڑے سے پانی سے چھینٹا دینا وسوسہ دور کرنے اور امت کی تعلیم کے لیے ہے۔ (مولف)

سیدنا امام محمد کتاب الآثار میں فرماتے ہیں

اخبرنا ابو حنیفة عن حماد عن سعید بن جبیر عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال اذا وجدت شیئا من البلة فانضحه و ما یلیه من ثوبک بالماء ثم قل هو من الماء.

قال حماد قال سعید بن جبیر انضحه بالماء ثم اذا وجدته فقل هو من الماء.

قال محمد و بهذانا خذ اذا کان کثر ذلک من الانسان و هو قول ابی حنیفة.

یعنی سیدنا امام اعظم حماد بن سلیمان سے وہ سعید بن جبیر سے وہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت فرماتے ہیں کہ انھوں نے فرمایا تری پاؤ تو شرمگاہ اور وہاں کے کپڑے پر چھینٹا دے لیا کرو پھر شبہ گزرے تو خیال کرو کہ پانی کا اثر ہے۔

امام احمد نے فرمایا کہ ایسا ہی سعید بن جبیر نے مجھ سے فرمایا کہ پانی چھڑک دو اور جب تری پاؤ تو خیال کرو کہ وہ پانی کا اثر ہے۔

امام محمد فرماتے ہیں کہ ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں جب آدمی کو شبہ زیادہ ہوا کرے تو یہی طریقہ برتے اور یہی قول امام اعظم کا ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۲۱۳۔ بارق النور)

وضو میں اسراف کی ممانعت

امام احمد و ابن ماجہ و ابو یعلی اور بیہقی شعب الایمان میں عبداللہ بن عمر و رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امر بسعد و ھو یتوضأ فقال ما ھذا السرف فقال افی الوضو اسراف قال نعم و ان کنت علی نھر جار.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر گزرے وہ وضو کررہے تھے ارشاد فرمایا۔ یہ اسراف کیسا، عرض کی وضو میں اسراف ہے فرمایا ہاں اگرچہ تم نہر رواں پر ہو۔

سنن ابن ماجہ میں عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے

رأی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رجلا یتوضا فقال لا تسرف لا تسرف.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو وضو کرتے دیکھا فرمایا اسراف نہ کر اسراف نہ کر۔

سعید بن منصور سنن اور حاکم کنیٰ اور ابن عساکر تاریخ میں ابن شہاب زہری سے مرسلاً راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو وضو کرتے دیکھا فرمایا۔

یا عبد اللہ لا تسرف.

اللہ کے بندے اسراف نہ کر۔

انھوں نے عرض کی

یا نبی اللہ افی الوضوء اسراف قال نعم (زاد الاخیران) و فی کل شیٔ اسراف.

یارسول اللہ کیا وضو میں بھی اسراف ہے فرمایا ہاں اور ہر شیٔ میں اسراف کو دخل ہے۔

مرسل یحییٰ بن ابی عمرو میں ہے۔

فی الوضوء اسراف و فی کل شیٔ اسراف.

وضو میں اسراف ہے اور ہر شئی میں اسراف ہے۔

ترمذی وابن ماجہ وحاکم حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

ان للوضوء شیطانا یقال له الولهان فاتقوا وسواس الماء .

بیشک وضو کے لیے شیطان ہے جس کا نام ولہان ہے تو پانی کے وسواس سے بچو۔

ایک اعرابی کو وضو کی تعلیم

احمد وسعید بن منصور وابن ابی شیبہ وابوداؤد ونسائی وابن ماجہ وطحاوی عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

ایک اعرابی نے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوکر وضو کو پوچھا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں وضو کر کے دکھایا جس میں ہر عضو تین بار دھویا پھر فرمایا۔

هكذا الوضو فمن زاد على هذا او نقص فقد اساء و ظلم او ظلم و اساء .

وضو اس طرح ہے جس نے اس پر بڑھایا یا گھٹایا اس نے برا کیا اور حد سے بڑھا اور ظلم کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۱۹۶۔ بارق النور)

نبیذ تمر سے وضو

ذکر ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه فی تفسیر نبیذ التمر الذی توضا به رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لیلة الجن فقال تمیرات القیتها فی الماء .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نبیذ تمر (جس پانی میں چھوہارا یا کشمش ڈالا جائے) سے لیلۃ الجن میں وضو فرمایا اس نبیذ کے بارے میں ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ کچھ چھوہارے تھے جنھیں میں نے پانی میں ڈالا تھا۔ (مولف)

ابن ابی شیبہ کی حدیث میں یہ لفظ ہیں۔

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لہ ھل معک من وضوء قال قلت لا قال فما فی اداوتک قلت نبیذ تمر قال تمرۃ حلوۃ و ماء طیب.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کیا تمہارے ساتھ وضو کا پانی ہے؟ عرض کی نہیں حضور نے فرمایا تمہارے برتن میں کیا ہے ابن مسعود نے عرض کی نبیذ تمر ہے، فرمایا کھجور شیریں ہے اور پانی پاک ہے۔ (مولف)

فائدہ

صرف نبیذ تمر پائے تو مستحب ہے کہ اس سے وضو بھی کرے اور تیمم بھی کرے کہ بالاتفاق طہارت ہو جائے اور اگر صرف تیمم کیا جب بھی حرج نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۵۱۵ المتورد المتورق)

مشرکہ عورت کے برتن سے وضو

بخاری و مسلم حدیث طویل میں عمران بن حصین اور جمیع صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و اصحابہ توضؤا من مزادۃ امرأۃ مشرکۃ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام نے ایک مشرکہ عورت کے مشکیزہ کے پانی سے

وضوفرمایا۔

یعنی جب کسی پانی کے ناپاک ہونے کا یقین نہ ہوتو اس سے وضو جائز ہے۔ (مولف)

امام شافعی وعبدالرزاق زید بن اسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

ان عمر رضی الله تعالیٰ عنه توضأ من ماء فی جرة النصرانية .

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک نصرانیہ عورت کے گھڑے کے پانی سے وضوفرمایا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۰۵۔ الاحلی من السکر)

وضو کے بعد رومال سے پانی پونچھنا

جامع ترمذی میں ام المومنین صدیقہ بنت الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے۔

قالت كان لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خرقة يتنشف بها بعد الوضو.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک رومال رکھتے کہ وضو کے بعد اس سے اعضائے منور صاف فرماتے۔

نیز جامع ترمذی میں معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

قال رايت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا توضأ مسح وجهه بطرف ثوبه .

میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب وضوفرماتے اپنے آنچل سے روئے مبارک صاف کرتے۔

سنن ابن ماجہ میں سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم توضأ فقلب جبة صوف كانت عليه فمسح بها وجهه .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وضو فرما کر اونی کرتا کہ زیب بدن اقدس تھا الٹ کر اس سے چہرۂ انور پونچھا۔

تمام فوائد میں ابن عساکر کی تاریخ میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

عن النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من توضأ فمسح بثوب نظيف فلا باس به و من لم يفعل فهو افضل لان الوضوء يوزن يوم القيمة مع سائر الاعمال .

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو وضو کر کے پاکیزہ کپڑے سے بدن پونچھ لے تو کچھ حرج نہیں جو ایسا نہ کرے تو بہتر ہے اس لیے کہ قیامت کے دن آب وضو بھی سب اعمال کے ساتھ تولا جائے گا۔

عن انس رضى الله تعالىٰ عنه قال قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا باس بالمنديل بعد الوضوء.

یعنی انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وضو کے بعد رومال میں کچھ حرج نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۲۵۔۲۶۔ تنویر القندیل)

بقیۂ وضو کھڑے ہو کر پینا

وضو کا بچا ہوا پانی پینے کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

بقیۂ وضو کے لیے شرعاً عظمت و احترام ہے اور نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے ثابت کہ حضور نے وضو فرما کر بقیہ آب کو کھڑے ہو کر نوش فرمایا۔

اور ایک حدیث میں روایت کیا گیا کہ اس کا پینا ستر مرض سے شفا ہے۔

جامع ترمذی میں سیدنا علی کرم اللہ تعالٰی وجہہ الکریم سے مروی ہے کہ انھوں نے کھڑے ہو کر بقیہ وضو پیا پھر فرمایا

احببت ان اریکم کیف کان طهور رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

میں نے چاہا کہ تمھیں دکھادوں نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا طریقۂ وضو کیوں کر تھا۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۲ ۱۶۲، ۱۶۳)

وضو میں ریش مبارک کا خلال

طبرانی ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی، لیکن نصب الرایہ کے لفظ یہ ہیں

کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا توضأ تمضمض و استنشق و ادخل اصابعه من تحت لحيته فخللها.

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم جب وضو فرماتے تو کلی فرماتے، ناک میں پانی چڑھاتے اور انگشتان مبارک داڑھی کے نیچے سے داخل کر کے داڑھی کا خلال فرماتے تھے۔ (مؤلف)

(فتاوٰی رضویہ ج ۱ ص ۱۴۷، بارق نور)

وضو میں پانی کی مقدار

صحیح مسلم و مسند احمد و جامع ترمذی و سنن ابن ماجہ و شرح معانی الآثار امام طحاوی میں حضرت سفینہ

اور مسند احمد وسنن ابی داؤد وابن ماجہ وطحاوی میں بسند صحیح حضرت جابر بن عبداللہ، نیز انھیں کتب میں بطریق کثیرہ ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔

كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يتوضأ بالمد و يغتسل بالصاع

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مد سے وضو اور ایک صاع سے غسل فرماتے۔

اکثر احادیث اسی طرف ہیں اور انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث امام طحاوی کے یہاں یوں ہے۔

كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يتوضأ من مد فيسبغ الوضوء و عسى ان يفضل منه ، الحديث.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مد سے تمام وکمال وضو وسعت وفراغت کے ساتھ فرمالیتے اور قریب تھا کہ کچھ پانی بچ بھی رہتا۔

اور ابویعلی وطبرانی وبیہقی نے ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند ضعیف روایت کیا۔

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم توضأ بنصف مد.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نصف مد سے وضو فرمایا۔

سنن ابی داؤد ونسائی میں ام عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔

ان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم توضأ فاتى باناء فيه ماء قدر ثلثي المد

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وضو فرمانا چاہا تو ایک برتن حاضر لایا گیا جس میں دو تہائی مد کے قدر پانی تھا۔

نسائی کے لفظ یہ ہیں۔

فاتی بماء فی اناء قدر ثلثی المد.

ایک برتن میں کہ دو ثلث مد کے قدر تھا پانی حاضر کیا گیا۔

ابن خزیمہ و ابن حبان و حاکم کی صحاح میں عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

انه رأى النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم توضأ بثلث مد .

انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ایک تہائی مد سے وضو فرمایا۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں

غالبًا جب ایک ایک بار اعضائے کریمہ دھوئے تہائی مد پانی خرچ ہوا اور دو دو بار میں دو تہائی اور تین تین بار دھونے میں پورا مد خرچ ہوتا تھا۔

شرح المواہب اور ابوداؤد میں ام عمارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔

انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم توضأ بثلثی مد .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو تہائی مد پانی سے وضو فرمایا۔ (مولف)

بالجملہ وضو میں کم سے کم تہائی مد اور زیادہ سے زیادہ ایک مد کی حدیثیں آئی ہیں اور حدیث ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

وضأت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی اناء نحوا من هذا الاناء و هی تشیر الی رکوة فاخذ مدا او مدا او ثلثا . رواه سعید بن منصور فی سننه .

و فی لفظ بعضهم یکون مدا او مدا او ربعا ، و اصل الحدیث عنها فی السنن الاربعة .

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس برتن سے وضو فرمایا جس میں ایک مد یا سوا مد، اور دوسری روایت میں ہے ایک مد یا تہائی مد پانی تھا۔ اسے سعید بن منصور نے سنن میں روایت کیا اور اصل حدیث سنن اربعہ میں ہے۔

صحیحین و سنن ابی داؤد و نسائی و طحاوی میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث یوں ہے۔

کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یتوضأ بمکوک و یغتسل بخمسة مکاکی.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مکوک سے وضو اور پانچ سے غسل فرماتے۔

مکوک تین کیلہ ہے اور کیلہ نصف صاع، تو مکوک ڈیڑھ صاع ہوا، جیسا کہ صحاح و قاموس وغیرہما میں اور بھی دوسرے اقوال ہیں۔

اور ایک صاع کو بھی کہتے ہیں، بعض علماء نے حدیث میں یہی مراد لی تو وضو کے لیے چار مد ہو جائیں گے مگر راجح یہ ہے کہ یہاں مکوک سے مد مراد ہے جیسا کہ خود انھیں کی دیگر روایات میں تصریح ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۳۹، ۱۴۰۔ بارق النور)

ابن ماجہ سنن میں حضرت عقیل بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

یجزی من الوضوء مد و من الغسل صاع.

وضو میں ایک مد، غسل میں ایک صاع کافی ہے۔

احمد و انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

یکفی احدکم مد من الوضوء

تم میں ایک شخص کو وضو کو ایک مد بہت ہے۔

ابونعیم معرفۃ الصحابۃ میں ام سعد بنت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالٰی عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

الوضو مد و الغسل صاع.

وضو ایک مد اور غسل ایک صاع ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۴۳۔ بارق النور)

حضرت انس کی حدیث میں ہے

کان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتوضأ بالمد و یغتسل بالصاع

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ایک مد سے وضو اور ایک صاع سے غسل فرماتے تھے۔ (مولف)

انس رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے ہیں

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتوضأ برطلین و یغتسل بالصاع رواہ الامام الطحاوی.

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم دو رطل سے وضو اور ایک صاع سے غسل فرماتے تھے۔ یہ حدیث امام طحاوی نے روایت کی۔ (مولف)

امام طحاوی انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی

قال کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتوضأ بالمد و ھو رطلان.

رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ایک مد سے وضو فرماتے تھے اور مد دو رطل ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۴۳، ۱۴۴۔ بارق النور)

بخاری و نسائی و ابو بکر بن ابی شیبہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

انه توضأ فغسل وجهه اخذ غرفة من ماء فتمضمض بها و استنشق ثم اخذ غرفة من ماء فجعل بها هكذا اضافها الى يده الاخرى فغسل بها وجهه ثم اخذ غرفة من ماء فغسل بها يده اليمنى ثم اخذ غرفة من ماء فغسل بها يده اليسرىٰ ثم مسح براسه ثم اخذ غرفة من ماء فرش على رجله اليمنى حتى غسلها ثم اخذ غرفة اخرى فغسل بها رجله اليسرى ثم قال هكذا ا رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يتوضأ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے وضو فرمایا تو چہرہ کو دھویا، ایک چلو پانی لے کر اس سے کلی کی اور ناک میں چڑھایا پھر ایک چلو پانی لے کر اسی طرح کر کے دوسرے ہاتھ کے ساتھ ملا کر (یعنی دونوں ہاتھوں کے لپ سے) چہرہ دھویا، پھر ایک چلو سے داہنے ہاتھ کو دھویا پھر ایک چلو سے بائیں ہاتھ کو پھر سر کا مسح کیا اس کے بعد ایک چلو لے کر داہنے پیر پر چھڑکنے لگے یہاں تک کہ اس کو دھو لیا پھر دوسرے چلو پانی سے بائیں پیر کو دھویا اور کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اسی طرح وضو فرماتے ہوئے دیکھا ہے۔ (مولف)

ائمہ ستہ زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روای

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مضمض و استنشق من غرفة واحدة.

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک چلو پانی سے کلی فرمائی اور ناک میں چڑھایا۔

(مولف)

نسائی زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

و فيه رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم توضأ فغسل يديه ثم

مضمض و استنشق من غرفة واحدة . الحديث.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وضو کے لیے ہاتھوں کو دھویا پھر ایک چلو پانی سے کلی فرمائی اور ناک میں چڑھایا۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۶۲۳۔ بارق النور)

ابوداؤد و امام طحاوی امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و فیہ ثم ادخل یدیہ جمیعا فاخذ حفنة من ماء فضرب بھا علی رجلہ و فیھا النعل فغسلھا بھا ثم الاخری مثل ذلک .

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھوں سے پانی لے کر ایک پیر پر ڈال کر اسے دھویا اور اس میں نعل مقدس تھی پھر دوسرے میں بھی اسی طرح کیا۔ (مولف)

و لفظ الطحاوی ثم اخذ بیدیہ جمیعًا حفنة من ماء فصک بھا علی قدمہ الیمنی و الیسری کذلک .

طحاوی کے لفظ یہ ہیں کہ دونوں ہاتھوں سے ایک لپ پانی لے کر داہنے قدم اقدس پر ڈالا اور اسی طرح بائیں پر بھی بہایا۔ (مولف)

ابن ماجہ زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

و فیہ رایت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم توضأ غرفة غرفة

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک ایک چلو پانی سے وضو فرمایا۔ (مولف)

ابن عساکر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم توضا غرفة غرفة و قال لا یقبل اللہ صلاة

الا به .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک ایک چلو پانی سے وضو فرمایا اور فرمایا کہ اس کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی۔ (مولف)

ابن عباس اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی حدیث میں ہے۔

عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ادخل يده اليمنى فافرغ بها على الاخرى ثم غسل كفيه ثم تمضمض و استنثر ثم ادخل يده في الاناء جميعا فاخذ بهما حفنة من ماء فضرب بها على وجهه ثم الثانية ثم الثالثة مثل ذلك .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دست راست (ٹب وغیرہ کسی بڑے برتن میں) داخل فرمایا تو اس سے دوسرے ہاتھ پر پانی ڈالا پھر دونوں ہتھیلیوں کو دھویا پھر کلی فرمائی اور ناک میں پانی چڑھایا پھر دونوں ہاتھ ایک ساتھ برتن میں داخل فرما کر ایک لپ پانی لیا اور اسے چہرۂ اقدس پر بہایا اس کے بعد دوسری اور تیسری بار ایسا ہی کیا۔ (مولف)

و رواه الطحاوی مختصرا فقال اخذ حفنة من ماء بيديه جميعا فصك بهما وجهه ثم الثانية مثل ذلك ثم الثالثة .

امام طحاوی نے مختصراً اسی طرح روایت کیا کہ دونوں ہاتھوں سے ایک ساتھ ایک لپ پانی لیا اور چہرے پر بہایا پھر دوسری اور تیسری بار ایسا ہی کیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۶۵۔ بارق النور)

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں

مسلمانوں کا اجماع ہے کہ وضو و غسل میں پانی کی کوئی مقدار خاص لازم نہیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۵۷۔ بارق النور)

غسل شریف

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غسل سے پہلے شروع میں وضو کرتے اور اس میں سر کے مسح کے بارے میں دو روایتیں ہیں لیکن افضل یہی ہے کہ وضو کامل کرے جیسا کہ غیر حالت غسل میں کیا جاتا ہے، اور امام مالک کے نزدیک غسل کے وضو میں مسح نہ کرے بلکہ اس میں سر کا غسل کافی ہے اور دونوں پاؤں پہلے دھولے، اور اس کی تاخیر میں بھی دو روایتیں ہیں اکثر کے نزدیک یہی ہے کہ تاخیر کرے اور بعض روایتوں میں آیا ہے کہ تقدیم کرے۔

اور علماء فرماتے ہیں کہ یہ تاخیر اس صورت میں ہو جب کہ غسل کی جگہ پاک وصاف نہ ہو۔ اور تقدیم فرمانا، لطافت اور آپ کی عادت شریفہ کی تقدیر پر تھی کہ وضو کے بعد انگلیوں کو پانی میں ڈالتے اور اس سے بالوں کی جڑوں میں خلال کرتے، اس کے بعد تین چلو پانی دونوں ہاتھوں پر ڈالتے اس کے بعد تمام بدن پر پانی بہاتے تھے۔

بالوں کی جڑوں میں خلال کرنے سے مراد، سر کے بال ہیں جیسا کہ حدیث سے بھی معلوم ہوتا ہے ۔اور بعض داڑھی کے بال بھی مراد لیتے ہیں۔ یا اس بناء پر کہ بالوں کی جڑیں، مطلق آیا ہے اس سے داڑھی اور سر کے بال دونوں قیاس کرتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ داڑھی میں خلال کرنا واجب نہیں ہے مگر یہ کہ بالوں میں کوئی چیز ملی ہو جو کہ بالوں کی جڑوں میں پانی پہنچنے سے مانع ہو۔ غسل کے بعد وضو کرنا کوئی چیز نہیں بلکہ خلاف سنت ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب جنبی ہوتے اور خواب استراحت فرمانے کا ارادہ فرماتے تو وضوئے نماز کی مانند وضو کرتے اور خواب فرماتے۔ اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ یہ نیند کی طہارت ہے اس شخص کے لیے جو جنبی ہو اور سونے کا ارادہ کرے تو وہ وضو کر کے طہارت کے ساتھ نیند میں جائے۔

اور بعض تیمم کو بھی وضو کا قائم مقام رکھتے ہیں۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ایک حدیث بھی روایت کرتے ہیں۔

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ہی غسل کے ساتھ کبھی اپنی ازواج مطہرات پر دورہ فرماتے اور کبھی جدا جدا غسل کر کے۔

غسل کے بعد رومال یا تولیہ سے پانی پونچھنا

غسل کے بعد رومال و تولیہ وغیرہ سے بدن کو خشک کرنے میں اختلاف ہے اور حدیث میمونہ میں مروی ہے کہ سیدہ میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غسل فرمانے کے بعد رومال پیش کرتیں تا کہ اس سے بدن مبارک خشک فرمالیں مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رومال نہ لیتے۔ اس سے خشک کرنے کی کراہت لازم نہیں آتی کیوں کہ ممکن ہے کہ رومال نہ لینا کسی اور وجہ سے ہو جو کپڑے سے متعلق ہے مثلاً وہ ریشم کا ہو یا میلا ہو یا تواضع فرمائی ہو۔

بعض کہتے ہیں کہ گرمیوں میں مکروہ ہے اور سردیوں میں مباح ہے اور ہاتھ سے پانی نچوڑنا مکروہ نہیں ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور کا غسل اقدس

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غسل اقدس اور اس سے متعلقہ چیزوں کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

فی التبیین اغتسل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و غسل رأسه بالخطمی و هو جنب و اکتفی به و لم یصب علیه الماء .

تبیین میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غسل جنابت فرمایا اور سر اقدس صرف خطمی سے دھویا اور پانی نہیں ڈالا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۴۴۸۔ النور والنورق)

اغتسل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم الفتح من قصعة فیھا اثر العجین .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن ایک ایسے پیالے سے غسل فرمایا جس میں خمیر کا اثر تھا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۴۴۲۔ النور والنورق)

حدیث مسلم، **ان میمونة قالت اغتسلت من جفنة فیھا فضلة فجاء النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یغتسل فقلت انی قد اغتسلت منه فقال الماء لیس علیه جنابة.**

حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے ایک ٹب سے غسل کیا اس میں کچھ پانی بچ رہا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور غسل فرمانے لگے، میں نے کہا کہ میں نے اس سے غسل کیا ہے حضور نے فرمایا پانی میں کوئی ناپاکی نہیں آگئی۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۴۱۳۔ النور والنورق)

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یغتسل ھو و عائشة من اناء واحد یتنازعان الغسل جمیعا.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایک ہی برتن سے غسل فرماتے تھے اور دونوں غسل میں تنازع کرتے یعنی غسل سے متعلق بات کرتے تھے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۲۷۱۔ النمیقة الانقی)

اغتسل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بماء فیہ اثر العجین .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسے پانی سے غسل فرمایا جس میں خمیر کا اثر تھا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ا ص ۵۱۰ ۔ النور والنورق)

نماز میں جنابت یاد آئی

صحیحین میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

قال اقیمت الصلاۃ و عدلت الصفوف فخرج الینا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فلما قام فی مصلاہ ذکر انہ جنب فقال لنا مکانکم ثم رجع فاغتسل ثم خرج الینا و رأسہ یقطر فکبر فصلینا معہ .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جماعت قائم ہوئی اور صفیں برابر کی گئیں پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لا کر جب مصلّی پر کھڑے ہوئے تو خیال آیا کہ جنب ہیں فرمایا اپنی اپنی جگہ رکے رہو، پھر واپس گئے اور غسل فرما کر تشریف لائے تو سر اقدس سے پانی کے قطرے ٹپک رہے تھے پھر تکبیر کہی اور ہم نے آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ا ص ۶۳۸ ۔ حسن التعمم)

حاجت غسل میں کھانا تناول فرمانا

امام طحاوی شرح معانی الآثار میں مالک بن عبادۃ غافقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ انھوں نے حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حاجت غسل میں کھانا تناول فرمایا انھوں نے فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے اس کا ذکر کیا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اعتبار نہ آیا انھیں کھینچتے ہوئے بارگاہ انور میں حاضر لائے اور عرض کی یا رسول اللہ یہ کہتے ہیں کہ حضور نے بحال جنابت کھانا تناول کیا، فرمایا۔

نعم اذا توضأت اکلت و شربت و لکنی لا اصلی و لا اقرأ حتی اغتسل .

ہاں جب میں وضوفرمالوں تو کھاتا پیتا ہوں مگر نماز وقرآن بے نہائے نہیں پڑھتا۔

(فتاویٰ رضویہ ج۱،ص،۲۲۰)

دھوپ کا گرم شدہ پانی

دار قطنی وابونعیم حضرت صدیقہ سے راوی

انھا سخنت للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ماء فی الشمس فقال لا تفعلی یا حمیرا فانہ یورث البرص.

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے دھوپ میں پانی گرم کیا تو حضور نے فرمایا کہ اے حمیرا ایسانہ کرو کہ وہ برص لاتا ہے۔ (مولف)

دار قطنی اور شافعی عمر فاروق سے موقوفاً راوی

لا تغتسلوا بالماء المشمس فانہ یورث البرص.

امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ دھوپ کے گرم شدہ پانی سے غسل نہ کرو کہ وہ برص لاتا ہے۔(مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج۱،ص،۴۱۲۔النور والنورق)

غسل عیدین

ابن ماجہ کی روایت میں ہے کان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یغتسل یوم العیدین.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عیدین کے دن غسل فرمایا کرتے تھے۔ (مولف)

فاکہہ بن سعد صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے

انه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يغتسل يوم عرفة و يوم النحر و يوم الفطر.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز عرفہ اور عیدین کے دن غسل فرمایا کرتے تھے۔(مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۱، الجود الحلو)

غسل میں پانی کی مقدار

صحیحین میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يغتسل بالصاع الى خمسة امداد و يتوضأ بالمد.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک صاع سے پانچ مد پانی تک سے نہاتے اور ایک مد پانی سے وضو فرماتے۔

صحیح مسلم میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔

انها كانت تغتسل هي و النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم في اناء واحد يسع ثلثة امداد او قريبا من ذلك.

وہ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک برتن میں کہ تین مد یا اس کے قریب کی گنجائش رکھتا، نہالیتے۔

اس کے ایک معنی یہ ہوتے ہیں کہ دونوں کا غسل اسی تین مد پانی سے ہو جاتا تو ایک غسل کو ڈیڑھ ہی مد رہا مگر علماء نے اسے بعید جان کر تین توجیہیں فرمائیں۔

اول : یہ کہ یہ ہرایک کے جداگانہ غسل کا بیان ہے کہ حضوراسی ایک برتن سے جوتین مد کی قدر تھا غسل فرمالیتے۔

دوم : یہاں مد سے صاع مراد ہے۔

اقول، یہ اس کا محتاج ہے کہ مد بمعنی صاع زبان عرب میں آتا ہواوراس میں سخت تامل ہے۔

سوم : یہ کہ حدیث میں زیادہ کا انکارنہیں حضور وام المومنین معاً تین مد سے نہائے ہوں اور جب پانی ہو چکا ہواور زیادہ فرمالیا ہو۔

اقول، یہ بھی بعید ہے کہ اس تقدیر پر ذکر مقدار عبث وبیکار ہوا جاتا ہے تو قریب تر وہی توجیہ اول ہے۔

موطائے مالک وصحیح مسلم وسنن ابی داؤد میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يغتسل من اناء واحد و هو الفرق من الجنابة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک فرق سے غسل فرماتے۔

فرق میں اختلاف ہے اکثر تین صاع کہتے ہیں اور بعض دوصاع۔

یہی حدیث صحیح بخاری میں یوں ہے۔

كنت اغتسل انا و النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من اناء واحد من قدح يقال له الفرق.

میں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک برتن سے نہاتے وہ ایک قدح تھا جسے فرق کہتے۔

مسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یغتسل فی القدح و ھو الفرق و کنت اغتسل انا و ھو فی الاناء الواحد ، و لفظ سفیان من اناء واحد.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک برتن سے غسل فرماتے جسے فرق کہتے ہیں، اور ہم دونوں ایک ہی برتن میں غسل کرتے تھے۔ (مولف)

امام احمد وابوبکر بن ابی شیبہ وعبد بن حمید واثرم وحاکم وبیہقی جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

یجزی من الغسل الصاع و من الوضو المد .

غسل میں ایک صاع اور وضو میں ایک مد کفایت کرتا ہے۔

ابن ماجہ سنن میں حضرت عقیل بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

یجزی من الوضو مد و من الغسل صاع.

وضو میں ایک مد غسل میں ایک صاع کافی ہے۔

حدیث میں ہے **کنت اغتسل انا و رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من اناء واحد تختلف ایدینا فیہ من الجنابۃ . رواہ الشیخان .**

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتی ہیں کہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک برتن

سے غسل جنابت کرتے جس میں ہم دونوں کے ہاتھ بار بار پڑتے۔امام بخاری ومسلم نے اسے روایت کیا۔

(مولف)

و فی اخری لمسلم من اناء بینی و بینہ واحد فیبادر نی حتی اقول دع لی

یعنی میں اور حضور دونوں ایک ایسے برتن سے غسل کرتے جو میرے اور حضور کے بیچ میں رہتا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سبقت فرماتے یہاں تک کہ میں کہتی کہ میرے لیے چھوڑ دیجیے۔

(مولف)

و للنسائی من اناء واحد یبادر نی و ابادرہ حتی یقول دع لی و انا اقول دع لی.

اور نسائی میں ہے کہ ایک ہی برتن میں حضور مجھ پر سبقت فرماتے اور میں حضور پر، یہاں تک کہ فرماتے میرے لیے چھوڑ دو اور میں کہتی میرے لیے چھوڑ دیجیے۔

(مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۱۳۹، ۱۴۰، ۱۴۲۔ بارق النور)

ابوجعفر کی حدیث ابواسحاق سے مروی ہے

انہ کان عند جابر بن عبد اللہ ھو و ابوہ رضی اللہ تعالیٰ عنھم و عندہ قوم فسألوہ عن الغسل فقال یکفیک صاع فقال رجل ما یکفینی فقال جابر یکفی من ھو اوفی منک شعرا و خیرا منک ثم امنافی ثوب.

حضرت ابوجعفر اور ان کے والد، حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس تھے اور ان کے پاس اور دوسرے لوگ بھی تھے لوگوں نے حضرت جابر سے غسل کے بارے میں پوچھا فرمایا کہ تمھیں

ایک صاع پانی کافی ہے تو ایک شخص نے کہا کہ مجھ کو کفایت نہیں کرتا ہے حضرت جابر نے فرمایا کہ اتنا پانی ان کو کافی ہوتا تھا جو تم سے زیادہ زلف والے اور تم سے بہتر تھے۔ یعنی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پھر آپ نے ایک کپڑے میں ہماری امامت فرمائی۔ (مولف)

حسن بن محمد کی حدیث صحیحین میں ابو جعفر سے اس طرح ہے

قال لی جابر اتانی ابن عمک یعرض بالحسن بن محمد بن الحنفیة قال کیف الغسل من الجنابة فقلت کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یاخذ ثلث اکف فیفضیها علی راسه ثم یفیض علی سائر جسده فقال لی الحسن انی رجل کثیر الشعر فقلت کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اکثر منک شعرا ھذا لفظ خ.

حضرت ابو جعفر سے مروی ہے کہ جابر نے مجھ سے کہا کہ میرے پاس آپ کے چچا کے لڑکے آئے ان کی مراد حسن بن محمد بن حنفیہ سے تھی اور پوچھا کہ جنابت کا غسل کس طرح کیا جائے میں نے کہا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین لپ پانی لے کر سر مبارک پر بہاتے پھر پورے جسم اطہر پر تو حسن نے مجھ سے کہا کہ میں زیادہ بال والا مرد ہوں تو میں نے کہا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم سے زیادہ زلف والے تھے۔ یہ لفظ بخاری کے ہیں۔ (مولف)

مسلم کی روایت میں ہے۔

قال جابر فقلت له یا ابن اخی کان شعر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اکثر من شعرک و اطیب.

اس روایت میں یہ ہے کہ جابر نے کہا اے بھتیجے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے مبارک تم سے کثیر اور عمدہ تھے۔ (مولف)

نسائی ابوجعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال تمارينا في الغسل عند جابر بن عبد الله رضي الله تعالىٰ عنهما فقال جابر يكفي من الغسل من الجنابة صاع من ماء قلنا ما يكفي صاع و لا صاعان قال جابر قد كان يكفي من كان خيرا منكم و اكثر شعرا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم .

ابوجعفر نے کہا کہ غسل کے بارے میں باہم جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ہم جھگڑا کر رہے تھے اس پر جابر نے فرمایا کہ غسل جنابت کے لیے ایک صاع پانی کافی ہے ہم نے کہا نہ ایک صاع کافی ہے اور نہ دو صاع، اس پر حضرت جابر نے کہا یہ پانی ان کو کافی ہوتا تھا جو تم سے بہتر اور کثیر بال والے تھے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ا،ص ۱۶۰،۱۶۱۔ بارق النور)

بخاری حضرت صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی

فيما حكت غسله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ثم يصب على راسه ثلث غرف بيديه .

ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طریقہ غسل میں روایت فرماتی ہیں کہ سر مبارک پر تین لپ پانی ڈالتے تھے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ا،ص ۱۶۴۔ بارق النور)

اور خود اپنا فرماتی ہیں **لقد كنت اغتسل انا و رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من اناء واحد و ما ازيد على ان افرغ على راسي ثلث افراغات .**

میں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک برتن سے نہایا کرتے اور میں اپنے سر پر تین ہی بار پانی ڈالتی یعنی جعد مبارک نہ کھولتیں۔ اسے احمد و مسلم نے روایت کیا۔

بایں ہمہ یہی ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں۔

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یتوضأ وضوء ہ للصلاۃ ثم یفیض علی راسہ ثلث مرار و نحن نفیض علی رؤسنا خمسا من اجل الضفر.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز کا سا وضو کر کے سر اقدس پر تین بار پانی بہاتے تھے اور ہم بی بیاں سر گندھے ہونے کی وجہ سے اپنے سروں پر پانچ بار پانی بہاتی ہیں۔ اسے ابو داؤد نے روایت کیا۔ (فتاوی رضویہ ج۱،ص۱۹۵۔ بارق النور)

غسل کے بعد کپڑے سے بدن پونچھنا

مسلم ونسائی میں ہے۔

عن میمونۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اغتسل اتی بمندیل فلم یمسہ و جعل یقول ھکذا یعنی ینفضہ .

یعنی حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس غسل کے وقت ایک رومال لایا گیا تو حضور نے اس کو نہیں چھوا اور پانی جھاڑنے لگے۔ (مولف)

بطریق عبد اللہ بن داؤد ابو داؤد کے لفظ یہ ہیں :

عن الاعمش فناولتہ المندیل فلم یاخذہ و جعل ینفض الماء عن جسدہ .

اعمش سے روایت ہے کہ حضرت میمونہ نے کہا کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو رومال دیا تو اس کو حضور نے نہیں لیا اور جسد مبارک سے پانی نچوڑنے لگے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج۱،ص۲۸۔ تنویر القندیل)

صحیحین کی حدیث میں ام المومنین میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔

انها اتت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بخرقة بعد الغسل فلم یردها و جعل ینفض الماء بیده .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہائے یہ کپڑا جسم اقدس صاف کرنے کو حاضر لائیں حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ لیا اور ہاتھ سے پانی پونچھ پونچھ کر جھاڑا۔

کپڑا نہ لینے میں حکمتیں

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ اس سے کراہت ثابت نہیں ہوتی۔

ممکن ہے کہ وہ کپڑا میلا تھا پسند نہ فرمایا۔

ممکن ہے کہ نماز کی جلدی تھی اس لیے نہ لیا

ممکن ہے کہ اپنے رب عزوجل کے حضور تواضع کے لیے ایسا کیا۔

اقول: یعنی رومالوں سے بدن صاف کرنا ارباب تنعم کی عادت ہے اور ہاتھ سے پانی پونچھ ڈالنا مساکین کا طریقہ تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تواضعاً طریقہ مساکین پر اکتفاء فرمایا۔

ممکن ہے کہ وقت گرم تھا اس وقت بقائے تری ہی مطلوب تھی۔

بلکہ ام المومنین کا کپڑا پیش کرنا ظاہراً اسی طرف ناظر کہ ایسا ہوتا تھا مگر اس وقت کسی خاص وجہ سے قبول نہ فرمایا۔

بالجملہ اس قدر میں شک نہیں کہ ترک احیانا دلیل کراہت نہیں ہوسکتا بلکہ وہ تتمۂ دلیل سنیت ہوتا ہے اور احسن تاویلات حدیث وہ ہے جو امام اجل ابراہیم نخعی استاذ الاستاذ سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے افادہ فرمائی کہ سلف کرام کپڑے سے پونچھنے میں حرج نہ جانتے مگر اس کی عادت ڈالنا پسند نہ فرماتے کہ

وہ باب ترفہ وتنعم (خوشحالی) سے ہے۔ پھر نفس حدیث میں دلیل جواز موجود کہ ہاتھ سے پانی صاف فرمایا اور صاف کرنے میں جیسا کپڑا ویسا ہاتھ۔

اس لیے وضو یا غسل کے بعد کپڑے سے پانی پونچھنے میں کوئی حرج نہیں ہے وضو کے بعد کپڑے سے پانی خشک کرنے کی روایتیں وضو کے بیان میں گزر چکی ہیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ا ص، ۲۶، ۲۷۔ تنویر القندیل)

مسواک

مسواک کی فضیلت واستحباب میں بکثرت احادیث مروی ہیں، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر امت پر دشوار ہونے کا خوف نہ ہوتا تو میں ان پر ہر نماز کے لیے مسواک کو واجب قرار دیتا۔

اور فرمایا مسواک کرنا منہ کی پاکیزگی کا ذریعہ اور موجب رضائے حق سبحانہ وتعالیٰ ہے۔

اور فرمایا جب بھی جبریل علیہ الصلاۃ والسلام آئے تو انھوں نے مجھے مسواک کرنے کا حکم سنایا، بلاشبہ میں ڈرا کہ اپنے منہ کو گھسوں اور پست کروں۔

اور حضرت عبداللہ بن حنظلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مذکورہ بالا حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ مسواک کرنا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر واجب تھا، لیکن اس حدیث کی صحت میں کلام ہے اور خصائص دلیل صحیح ہی سے ثابت ہوتے ہیں۔

طبرانی اور بیہقی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں ہیں جو مجھ پر تو فرض ہیں لیکن امتی کے لیے سنت ہیں۔ وتر، مسواک، اور قیام لیل (نماز تہجد)

ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے مسواک کا حکم دیا گیا ہے یہاں تک کہ میں ڈرا کہ کہیں مجھ پر فرض نہ کر دیا گیا ہو۔ یہ حدیث عدم وجوب میں صریح ہے لیکن اس سے پہلی حدیث میں وجوب واقع ہوا ہے لیکن امت پر اجماع یہ ہے کہ یہ واجب نہیں ہے بلکہ سنت موکدہ ہے وضو کے وقت باتفاق اور امام شافعی کے نزدیک بوقت نماز اور خواب سے اٹھنے کے بعد۔

جیسا کہ صحیحین میں حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب رات کے وقت خواب سے اٹھتے تو مسواک کو ملتے اور دہن مبارک کو پاکیزہ تر بناتے تھے۔

اور ظاہر ہے کہ قیام لیل سے مراد نماز (تہجد) کے لیے قیام کرنا ہے، لہٰذا مسواک سے مراد نماز کے وضو کے لیے ہے اور وضو کا تعلق خواب سے اٹھنے کے وقت سے ہے نہ کہ نماز شب کے لیے، یہ علیحدہ سنت ہے۔

اور قراءت قرآن اور سونے کا ارادہ کرتے وقت بھی مسواک کرتے تھے اور تغیر غم کے وقت (خواہ تغیر منہ کی بدبو کا ہو یا دانتوں کی رنگت کا تغیر) اور گھر میں داخل ہونے کے وقت بھی مسواک کرتے تھے۔

چنانچہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شانۂ اقدس میں داخل ہونے کے بعد سب سے پہلا کام جو کرتے وہ مسواک کرنا ہوتا تھا۔

اور ظاہر ہے کہ ایسا وضو اور نماز کے وقت بھی کرتے تھے۔ کذا قیل۔ اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسواک میں خوب مبالغہ کرتے تھے جیسا کہ صحیح بخاری میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسواک کرتے تھے چنانچہ آپ کے دہن مبارک سے اع اع کی مانند آواز نکلتی تھی۔ گویا کہ قے کرتے ہیں۔ اور ایک روایت میں غین سے اغ اغ آیا ہے۔ اور نسائی کی روایت میں اعا اعا آیا ہے۔ ابوداؤد کی رواجت میں آہ آہ اور بعض روایتوں میں اخ اخ آیا ہے۔

مستحب ہے کہ مسواک درخت اراک کی ہو اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود بھی اسی سے کرتے اور اسی سے کرنے کا حکم بھی فرماتے تھے اور انگلی سے مسواک کرنا بھی کافی ہے خواہ اپنی انگلی سے ہو یا دوسرے کی انگلی سے، اور اگر سخت درشت کپڑے سے ہو تب بھی کافی ہے۔ اور شوافع جو ہر نماز کے لیے کرتے ہیں زیادہ تر ایسے ہی کپڑے سے کرتے ہیں۔

ابونعیم اور بیہقی روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دانتوں کی عرض پر مسواک کرتے تھے اور مواہب لدنیہ میں کہا گیا ہے کہ مسواک داہنے ہاتھ سے کرنی چاہیئے یا بائیں ہاتھ سے کون سا مستحب واولیٰ ہے؟

بعض کہتے ہیں کہ چوں کہ حدیث میں ہے کہ سواری پر چڑھنے اور جوتا پہننے اور طہارت کرنے اور مسواک کرنے میں داہنی جانب کو اختیار کرنا چاہیئے اس لیے کہ داہنے ہاتھ ہی سے مسواک کرنا مستحب ہے کیوں کہ مسواک کرنا یا تو تطہیر وتطییب کی قبیل سے ہوگا یا گندگی وآلائش وغیرہ کے دور کرنے کی قبیل سے۔ اگر ہم کہیں کہ اول قبیل سے ہے تو یہی مستحب ہوگا یعنی داہنے ہاتھ سے۔ اور اگر دوسری قبیل سے کہیں تو بائیں ہاتھ سے مستحب ہوگا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور کا مسواک فرمانا

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مسواک فرمانے اور اس کے احکام واحوال سے متعلق امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

صحیح مسلم میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے

عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ تسوک و توضا ثم قام فصلی.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسواک کرتے تھے اور وضو کرتے پھر نماز ادا فرماتے (مولف)

سنن ابوداؤد میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان لا یرقد من لیل و لا نہار فیستیقظ الا یتسوک قبل ان یتوضا.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رات ودن میں جب بھی استراحت فرماتے تو بیدار ہونے کے بعد وضو سے پہلے مسواک فرماتے تھے۔ (مولف)

طبرانی ایوب سے راوی

قال کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا توضأ استنشق ثلثا و تمضمض و ادخل اصبعہ فی فمہ.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب وضو فرماتے تھے تو ناک میں پانی چڑھاتے، کلی کرتے اور دہن مبارک میں انگشت شریف داخل فرمالیتے، یعنی دانتوں کو ملتے۔ (مولف)

امام احمد مسند میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

انہ دعا بکوز من ماء فغسل وجہہ و کفیہ ثلثا و تمضمض ثلثا فادخل بعض اصابعہ فی فیہ و قال فی آخرہ ھکذا کان وضوء نبی اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے پانی کا ایک کوزہ منگا کر اپنے چہرہ اور ہتھیلیوں کو تین تین بار دھویا اور تین بار کلی فرمائی پھر بعض انگلی کو منہ میں ڈالا (دانتوں کو صاف کرنے کے لیے) اور آخر میں فرمایا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وضو اسی طرح کا تھا۔ (مولف)

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یجزی من السواک الاصابع.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسواک نہ ہونے کی صورت میں انگلیاں کافی ہیں۔

(مولف)

ابونعیم کتاب السواک میں عمرو بن عوف مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الا صابع تجزی مجزی السواک اذا لم یکن سواک .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب مسواک نہ ہو تو انگلیاں مسواک کی جگہ کافی ہیں۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۱۴۷، ۱۴۸۔ بارق النور)

صحیحین میں ہے۔

قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لو لا ان اشق علیٰ امتی لامرتھم بالسواک مع کل صلاۃ او عند کل صلاۃ ، و عند النسائی فی روایۃ عند کل وضو.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اگر مجھے امت پر مشقت کا خوف نہ ہوتا تو ہر نماز اور ہر وضو کے وقت مسواک کرنے کا حکم فرماتا۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ، ج ۱ ص ۱۵۱۔ بارق النور)

سنن بیہقی میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

عنہ ان رجلا من الانصار من بنی عمرو بن عوف قال یا رسول اللہ انک رغبتنا فی السواک فھل دونک ذلک من شیٔ قال اصبعک سواک عند وضوئک تمر بھا علی اسنانک انہ لا عمل لمن لانیۃ لہ و لا اجر لمن لا خشیۃ لہ .

ایک انصاری نے عرض کی یارسول اللہ حضور نے مسواک کی طرف ہمیں ترغیب فرمائی کیا اس کے

سوا بھی کوئی صورت ہے فرمایا وضو کے وقت تیری انگلی مسواک ہے کہ اپنے دانتوں پر پھیرے بیشک بے نیت کے کوئی عمل نہیں اور بے خوف الٰہی کے ثواب نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۵۳، بارق النور)

دیلمی ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم السواک سنة فاستاکوا

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مسواک کرنا سنت ہے تو تم لوگ بھی مسواک کیا کرو، یعنی جب وضو کا ارادہ کرے تو مسواک کرنا سنت ہے یعنی مسواک وضو کی سنتوں میں سے ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۵۴، بارق النور)

مسواک کی ترغیب

بیہقی شعب الایمان میں اور تمام فوائد میں اور دیلمی مسند الفردوس میں اور ضیائی مختارہ میں بسند صحیح حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذ قام احدکم یصلی من اللیل فلیستک فان احدکم اذا قراء فی صلاته وضع ملک فاه علی فیه و لا یخرج من فیه شئ الا دخل فم الملک .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں کوئی رات کو نماز پڑھے تو چاہیئے کہ وہ مسواک کر لے کہ جب وہ نماز میں قراءت کرتا ہے تو ایک فرشتہ اس کے منہ پر اپنا منہ رکھ دیتا ہے اور یہ جو کچھ پڑھتا ہے اس کے منہ سے نکل کر فرشتہ کے منہ میں جاتا ہے۔ (مولف)

طبرانی کبیر میں حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لیس شیٔ اشد علی الملکین من ان یریا بین اسنان صاحبھا طعاما و ھو قائم یصلی.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ بندہ جب نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے اور اس وقت اگر کھانے کی کوئی شیٔ اس کے دانتوں میں ہوتی ہے تو ملائکہ کو اس سے ایسی سخت ایذا ہوتی ہے کہ کسی اور شیٔ سے نہیں ہوتی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۵۶۔ بارق النور)

تیمم

تیمم کتاب وسنت اور اجماع امت سے ثابت ہے اور یہ اس امت کی خصوصیت میں سے ہے۔
حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس زمین پر چاہتے نماز ادا کرتے تھے، خواہ پتھر ہو یا مٹی یا ریت، تیمم کرتے اور مٹی اور ریت وغیرہ میں فرق و امتیاز نہ فرماتے۔

اور امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تیمم کو مٹی کے ساتھ مخصوص رکھتے ہیں اور اس کے سوا سے درست نہیں جانتے۔

امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ مٹی اور ریت کے سوا درست نہیں۔

امام اعظم کا مذہب یہ ہے کہ مٹی، ریت، پتھر، اور ہر وہ چیز جو جنس ارض سے ہو اس پر تیمم جائز ہے۔
جنس ارض سے ان کی مراد یہ ہے کہ آگ سے پکائی نہ گئی ہو اور اسے خاکستر نہ بنایا گیا ہو اور وہ پتھر جس پر قطعاً گرد وغبار نہ ہو امام اعظم کے نزدیک تیمم درست ہے۔

اور ابو امامہ کی حدیث میں ارض آیا ہے اور حضرت حذیفہ کی حدیث میں تربت، تراب یعنی مٹی آیا ہے۔

ہمارے نزدیک تیمم کا حکم وضو کی مانند ہے اور ایک تیمم سے چند نمازیں ادا کی جاسکتی ہیں جس طرح کہ وضو سے ہوتی ہیں کتاب وسنت کا ظاہر اسی کے موافق ہے۔

اور امام شافعی کے نزدیک تیمم ایک ضروری طہارت ہے جو دفع حرج کے لیے ہے، جس طرح عذر والے کے لیے طہارت ہوتی ہے۔

صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ کسی حدیث صحیح میں ایسا نہیں پاتا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر ایک فریضہ کی ادائیگی کے لیے جدید تیمم کیا ہو۔

تیمم کی مشروعیت

تیمم کی ابتداء یہ ہے کہ ایک غزوہ میں سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ہار گم ہو گیا تھا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو اس کی تلاش کے لیے مقرر فرما کر قیام فرمایا، اس وقت نماز کا وقت آ گیا اور صحابہ کے پاس پانی نہ تھا کہ جس سے وہ وضو کر سکتے، اس وقت حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی صاحبزادی زوجۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر اظہار ناراضگی کیا کہ تم نے حضور کو روک رکھا ہے اور مسلمان پانی کے بغیر ہیں اس وقت تیمم کی آیت نازل ہوئی اور اسید بن حضیر نے کہا اے ابو بکر! تمہاری بدولت مسلمانوں پر کیسی کیسی برکتیں نازل ہوئی ہیں، اللہ تعالیٰ تم پر اپنی برکتیں نازل فرمائے، اے عائشہ! میں نہیں دیکھتا کہ کوئی معاملہ تمہاری طرف سے ایسا درپیش ہو جو اگرچہ بظاہر ناگوار و مکروہ معلوم ہوتا ہو مگر یہ کہ حق تعالیٰ اس میں مسلمانوں کے لیے فراخی اور کشادگی فرما دیتا ہے۔

پھر کچھ دیر کے بعد ان کا ہار کجاوے کے نیچے سے مل گیا اور حکمت الٰہیہ نے اس کا اقتضاء کیا کہ اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بھی اسے پوشیدہ فرما دیا۔

تیمم کی کیفیت

تیمم کی کیفیت میں اختلاف ہے کیوں کہ تیمم کے دوضربہ ہیں یعنی دومرتبہ زمین پر ہاتھ مارنا، ایک بار چہرہ کے لیے اور ایک بار کہنیوں تک دونوں ہاتھوں کے لیے یہ امام اعظم ابوحنیفہ اور امام مالک وامام شافعی اور بعض اصحاب امام احمد رحمہم اللہ کا مذہب ہے اور علی مرتضٰی، ابن عمر، حسن بصری شعبی، سالم بن عبداللہ بن عمر اور سفیان ثوری کا قول۔

اور بعض کا مذہب یہ ہے کہ تیمم ایک مرتبہ زمین پر ہاتھ مارنا اور چہرے پر اور دونوں ہاتھوں پر ملنا ہے۔ اور بعض روایتوں میں ہاتھوں پر چہرے کے ذکر کی تقدیم بھی ہے اور بعض میں اس کے برعکس اور بعض میں ہاتھوں کی تقدیم چہرے پر ہے، اور یہ مذہب مشہور امام احمد کا اور امام شافعی کا قدیم قول ہے مگر محفوظ ومختار ان کے مذہب میں پہلا ہی ہے۔

مگر حق یہی ہے کہ تیمم کی حدیث دوضربہ ہی کی صحیح ہے ایک ضربہ چہرے کے لیے اور دوسرا ضربہ کہنیوں تک دونوں ہاتھوں کے لیے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

تیمم کے بعد سلام کا جواب

تیمم کے مسائل وفرضیت اور تیمم میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عمل وفعل سے متعلق امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

صحیحین میں ہے : **اقبل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من نحو بئر جمل فلقيه رجل فسلم عليه فلم يرد عليه حتى اقبل على جدار فمسح وجهه و يديه ثم رد عليه السلام .**

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چاہ جمل کی طرف تشریف لے گئے تو ایک آدمی نے حضور کو دیکھ کر سلام عرض کیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جواب نہیں دیا یہاں تک کہ ایک دیوار کے پاس جا کر چہرے اور ہاتھوں کا مسح فرمایا پھر سلام کا جواب دیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ا،ص ۶۶۸۔ حسن التعمم)

ایک صاحب گزرے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سلام کیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جواب نہ دیا یہاں تک کہ قریب ہوا کہ وہ گلی سے گزر جائیں حضور نے تیمم فرما کر جواب دیا اور ارشاد فرمایا۔

انه لم یمنعنی ان ارد علیک السلام الا انی لم اکن علی طهر

ہم کو جواب دینے سے مانع نہ ہوا مگر یہ کہ اس وقت وضو نہ تھا۔ اسے ابوداؤد نے نافع عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت فرمایا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ا،ص ۶۱۹۔ حسن التعمم)

تیمم کا طریقہ

عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال التیمم ضربتان ضربة للوجه و ضربة للذراعین الی المرفقین .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تیمم کی ایک ضرب چہرہ کے لیے اور دوسری ضرب کہنیوں سمیت کلائیوں کے لیے ہے۔ (مولف)

عن عمار بن یاسر رضی الله تعالیٰ عنهما قال کنت فی القوم حین نزلت الرخصة فامرنا بضربتین واحدة للوجه ثم ضربة اخری للیدین الی المرفقین . اخرجه البزار باسناد حسن .

عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا میں اس وقت قوم میں تھا جب آیت رخصت نازل ہوئی تو ہم کو تیمم کے لیے دو ضرب کا حکم دیا گیا ایک ضرب چہرہ کے لیے اور دوسری ضرب کہنیوں سمیت ہاتھوں کے لیے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۵۹۳، ۵۹۸۔ حسن التعمم)

عبادات نبوی ﷺ

روز گرم و شب تیرہ و تار میں
کوہ و صحرا کی خلوت پہ لاکھوں سلام

ولقد نعلم انک یضیق صدرک بما یقولون فسبح بحمد ربک وکن من الساجدین واعبد ربک حتی یاتیک الیقین۔

اور بے شک ہمیں معلوم ہے کہ ان کی باتوں سے تم دل تنگ ہوتے ہو تو اپنے رب کو سراہتے ہوئے اس کی پاکی بولو اور سجدہ والوں میں ہو اور مرتے دم تک اپنے رب کی عبادت میں رہو۔ (الحدیث)

عبادات نبوی ﷺ

مقصود آفرینش عبادت رب ہے

اس میں شک وشبہ نہیں کہ جہان کی تخلیق وآفرینش کا مقصود عبادت ہے کیوں کہ حق تبارک وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے و ما خلقت الجن و الانس الا لیعبدون ہم نے جن وانسان کو اسی لیے پیدا فرمایا کہ وہ عبادت کریں۔ اور حق تعالیٰ سے قرب ووصول کے لیے سیدھا راستہ عبادت ہے جیسا کہ فرماتا ہے ان اللہ ربی و ربکم فاعبدوہ ھذا صراط مستقیم.

بیشک اللہ میرا اور تمہارا رب ہے تو اس کی عبادت کرو یہی سیدھا راستہ ہے۔

اور فرماتا ہے:

و لقد نعلم انک یضیق صدرک بما یقولون فسبح بحمد ربک و کن من السجدین و اعبد ربک حتی یاتیک الیقین.

ہم جانتے ہیں کہ ان کی باتوں سے آپ کا سینہ تنگ ہوتا ہے تو آپ اپنے رب کی حمد کیجیے اور سجدہ کرنے والوں میں ہو جایئے اور اپنے رب کی عبادت کیجیے یہاں تک کہ یقینی امر آپ کے پاس آ جائے۔

اس آیہ کریمہ میں یقین سے مراد موت ہے اس بناء پر کہ وہ ضیق صدر، تنگ دلی اور حزن وغم کے زوال کے سبب میں امر یقینی ہے۔ اور عبادت سے اس کا زوال اس بناء پر ہے کہ جب انسان عبادت میں مشغول ہو جاتا ہے تو اس پر عام ربوبیت کی شعاعیں منکشف ہوتی ہیں اور جب اسے یہ انکشاف حاصل ہو جاتا ہے تو اس کی نظر میں ساری دنیا چیونٹی سے زیادہ حقیر وذلیل ہو جاتی ہے اور دل پر سے اس کے وجود کا

مٹانا آسان ہوجاتا ہے اس کے بعد وہ اس کے ناپید ہونے پر پریشان نہیں ہوتا اور اس کے خیالات پراگندہ نہیں ہوتے لہٰذا حزن وغم بھی زائل ہوجاتا ہے۔ اور جب بندے پر مکروہات وشدائد نازل ہوں اور اس سے بھاگ کر مولیٰ کی طاعت کی طرف آئے گویا وہ کہتا ہے مجھ پر تیری عبادت واجب ہے خواہ تو مجھے بھلائی عطا فرمائے یا مکروہات میں ڈالے اس پر وہ مکروہ کو بھلا دیتا ہے اور اس کی امیدوں کو کشادہ کر دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

فاعبده و اصطبر لعبادته .

تو اس کی عبادت کرو اور اس کی عبادت میں قائم رہو اور جب بندہ بارگاہ حق کی طرف مسافر ہے اور اس کی مسافت ختم نہیں ہوئی ہے تو جب تک وہ قید حیات میں ہے راستہ کے توشہ کا محتاج ہے اور اسی کو عبادت سے تعبیر کرتے ہیں۔ وہ اس سے مستغنی نہیں ہے خواہ وہ کتنا ہی مقرب ہوجائے اور اس کی عبادت کتنی ہی زیادہ اور عظیم ہوجائے۔

قبل بعثت حضور کی عبادت

علماء کا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قبل بعثت عبادت کرنے کے بارے میں اختلاف ہے آیا آپ کسی سابقہ شریعت کے مطابق عبادت کرتے تھے؟ اس میں جمہور کا مذہب یہ ہے کہ شرائع سابقہ میں کسی چیز کی آپ پیروی نہیں کرتے تھے بلکہ آپ کے دل میں عبادت کی جو شکل وصورت آتی اسے کرتے اور اس پر عقل کو اس کا تابع بناتے۔ بعض علماء اس مسئلہ میں توقف کرتے ہیں۔ نیز اس میں بھی اختلاف ہے کہ عبادت ذکر کے ساتھ تھی یا فکر کے ساتھ۔ اس میں مختار یہ ہے کہ ذکر کے ساتھ تھی اور اگر ذکر وفکر دونوں ہوں تو ممکن ہے کہ ذکر کی نورانیت سے فکر صاف ہوجاتا ہو اور علو حقائق منکشف ہوجاتے ہوں، جیسا کہ مولانا

رومی مثنوی میں فرماتے ہیں:

ایں ہمہ گفتیم و باقی فکر کن
فکر گر جامد بود رو ذکر کن

اور ذکر کا مرتبہ بلند ہے کیوں کہ بے واسطہ ذات حق سے اتصال حاصل ہو کر فیوضات کا ورود ہوتا ہے اور فکر کا نفس، اور ان معلومات سے تعلق ہے جو مودع کے منہ میں ہے اور اسے خاص طریقہ پر ترتیب دینے سے مجہول حاصل ہوتا ہے۔

اور بعض علماء اس کے قائل ہیں کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی شریعتوں پر عمل کرتے خصوصاً حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی شریعت پر عمل فرماتے تھے اور وہ اس سے استدلال فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قرآن میں حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی اقتدا و اتباع کا بعثت کے بعد مامور بنایا گیا۔ چنانچہ حق تعالیٰ فرماتا ہے اولئک الذین هدی الله فبهداهم اقتده .

یہ وہ حضرات ہیں جن کو اللہ نے ہدایت فرمائی تو ان کی ہدایت کی تم پیروی کرو۔

اور حق سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا ثم اوحینا الیک ان اتبع ملة ابراهیم .

پھر ہم نے تمہاری طرف وحی فرمائی کہ ملت ابراہیمی کی پیروی کرو۔ لہٰذا اگر قبل از بعثت اس کے عامل ہوں تو کیا تعجب ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ فبهداهم سے مراد ایمان باللہ، توحید اور باہمی متفق علیہ اصول دین ہیں نہ کہ فروع و شرائع، کیوں کہ یہ مختلف ہیں اور بجائے خود ان کا اتباع بر بنائے اختلاف شرائع ممکن نہیں ہے۔ اور ان میں منسوخ بھی ہیں اور نسخ کے بعد ان میں ہدایت نہیں رہتی لہٰذا اس پر اس سے استدلال درست نہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شرائع انبیاء سابق علیٰ نبینا وعلیہم الصلاۃ والسلام پر عبادت کرتے تھے تا کہ کوئی یہ نہ کہے کہ جب بعد از بعثت حسبد ہیں تو قبل از بعثت بھی ہوں گے ہاں اس کا احتمال ہے کہ ان میں سے کسی ایک شریعت پر عبادت کرتے ہوں۔ اور اگر حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی

شریعت پر ہوتو اولیٰ وانسب ہے اور بعض کہتے ہیں حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر تھی کیوں کہ وہ اقرب زمانہ تھے۔

اس جگہ ایک نکتہ یہ متوہم ہوتا ہے کہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے متبع اور مقتدی ہوں گے تو آپ کی فضیلت ان پر کیسے ہوگی۔ تو اس توہم کا ازالہ اس طرح کرتے ہیں کہ جب آپ سب کے متبع ومقتدی ہوں گے تو ان سب کے کمالات بھی آپ میں جمع ہوں گے لہٰذا آپ سب میں کامل تر ہوئے۔

سرورکائنات کی عبادات

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باوجود بے شمار مشاغل کے اتنے بڑے عبادت گزار تھے کہ تمام انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والتسلیم کی مقدس زندگیوں میں اس کی مثال ملنی دشوار ہے۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ تمام انبیاء سابقین کے بارے میں صحیح طور سے یہ بھی نہیں معلوم ہوسکتا کہ ان کا طریقہ عبادت کیا تھا؟ اور ان کے کون کون سے اوقات عبادتوں کے لیے مخصوص تھے؟

تمام انبیاء کرام کی امتوں میں یہ فخر وشرف صرف حضور خاتم الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ ہی کو حاصل ہے کہ انھوں نے اپنے پیارے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عبادات کے تمام طریقوں، ان کے اوقات وکیفیات غرض اس کے ایک ایک جزئیہ کو محفوظ رکھا ہے۔ گھروں کے اندر اور راتوں کی تاریکیوں میں آپ جو اور جس قدر عبادتیں فرماتے تھے ان کو ازواج مطہرات نے دیکھ کر یاد رکھا اور ساری امت کو بتا دیا۔ اور گھر کے باہر کی عبادتوں کو حضرات صحابہ کرام نے نہایت ہی اہتمام کے ساتھ اپنی آنکھوں سے دیکھ دیکھ کر اپنے ذہنوں میں محفوظ کرلیا۔ اور آپ کے قیام وقعود، رکوع وسجود اور ان کی کمیات وکیفیات، اذکار اور دعاؤں کے بعینہٖ الفاظ یہاں تک کہ آپ کے ارشادات، اور خضوع وخشوع کی کیفیات کو بھی اپنی یادداشت

کے خزانوں میں محفوظ کرلیا۔ پھر امت کے سامنے ان عبادتوں کا اس قدر چرچا کیا کہ نہ صرف کتابوں کے اوراق میں وہ محفوظ ہو کر رہ گئے بلکہ امت کے ایک ایک فرد، یہاں تک کہ پردہ نشیں خواتین کو بھی ان کا علم حاصل ہوگیا۔ اور آج مسلمانوں کا ایک ایک بچہ خواہ وہ کرۂ ارض کے کسی بھی گوشہ میں رہتا ہو اس کو اپنے نبی کی عبادتوں کے مکمل حالات معلوم ہیں اور وہ ان عبادتوں پر اپنے نبی کے اتباع میں جوش ایمان اور جذبۂ عمل کے ساتھ کاربند ہے۔

آپ کی عبادتوں کا ایک اجمالی خاکہ حسب ذیل ہے۔

نماز

اعلان نبوت سے قبل بھی آپ غار حرا میں قیام و مراقبہ اور ذکر و فکر کے طور پر خدا کی عبادت میں مصروف رہتے تھے۔ نزول وحی کے بعد ہی آپ کو نماز کا طریقہ بھی بتا دیا گیا پھر شب معراج میں نماز پنج گانہ فرض ہوئی۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز پنج گانہ کے علاوہ نماز اشراق، نماز چاشت، تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد، صلوٰۃ الاوابین وغیرہ سنن و نوافل بھی ادا فرماتے تھے۔ راتوں کو اٹھ اٹھ کر نمازیں پڑھا کرتے تھے تمام عمر نماز تہجد کے پابند رہے۔

راتوں کے نوافل کے بارے میں مختلف روایات ہیں۔ بعض روایتوں میں یہ آیا ہے کہ آپ نماز عشا کے بعد کچھ دیر سوتے، پھر کچھ دیر تک اٹھ کر نماز پڑھتے، پھر سو جاتے، پھر اٹھ کر نماز پڑھتے غرض صبح تک یہی حالت قائم رہتی۔ کبھی دو تہائی رات گزر جانے کے بعد بیدار ہوتے اور صبح صادق تک نمازوں میں مشغول رہتے۔ کبھی نصف رات گزر جانے کے بعد بستر سے اٹھ جاتے اور پھر ساری رات بستر پر پیٹھ نہیں لگاتے تھے۔ اور لمبی لمبی سورتیں نمازوں میں پڑھا کرتے کبھی رکوع و سجود طویل ہوتا، کبھی قیام طویل ہوتا، کبھی چھ رکعت، کبھی آٹھ رکعت، کبھی اس سے کم، کبھی اس سے زیادہ، اخیر عمر شریف میں کچھ رکعتیں کھڑے ہو کر،

کچھ بیٹھ کرادا فرماتے، نماز وتر نماز تہجد کے ساتھ ادا فرماتے، رمضان شریف خصوصاً آخری عشرہ میں آپ کی عبادت بہت زیادہ بڑھ جاتی تھی، آپ ساری رات بیدار رہتے اور ازواج مطہرات سے بے تعلق ہو جاتے تھے، اور گھر والوں کو نمازوں کے لیے جگایا کرتے تھے اور عموماً اعتکاف فرماتے تھے۔ نمازوں کے ساتھ ساتھ کبھی کھڑے ہو کر، کبھی بیٹھ کر، کبھی سربسجود ہو کر نہایت آہ و زاری اور گریہ و بکا کے ساتھ گڑ گڑا گڑ گڑا کر راتوں میں دعائیں بھی مانگا کرتے۔ رمضان شریف میں حضرت جبریل علیہ الصلاۃ والسلام کے ساتھ قرآن عظیم کا دورہ بھی فرماتے اور تلاوت قرآن مجید کے ساتھ ساتھ طرح طرح کی مختلف دعاؤں کا ورد بھی فرماتے تھے اور کبھی ساری رات نمازوں اور دعاؤں میں کھڑے رہتے یہاں تک کہ پائے اقدس میں ورم آجایا کرتا تھا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

روزہ

رمضان شریف کے روزوں کے علاوہ شعبان میں بھی قریب قریب مہینہ بھر آپ روزہ دار ہی رہتے تھے۔ سال کے باقی مہینوں میں بھی یہی کیفیت رہتی تھی کہ اگر روزہ رکھنا شروع فرما دیتے تو معلوم ہوتا تھا کہ اب کبھی روزہ نہیں چھوڑیں گے، پھر ترک فرما دیتے تو معلوم ہوتا تھا کہ اب کبھی روزہ نہیں رکھیں گے۔ خاص کر ہر مہینے میں تین دن ایام بیض کے روزے، دوشنبہ و جمعرات کے روزے، عاشوراء کے روزے، عشرہ ذوالحجہ کے روزے، شوال کے چھ روزے معمولاً رکھا کرتے تھے، کبھی کبھی آپ صوم وصال بھی رکھتے تھے یعنی کئی کئی دن رات کا ایک روزہ جس میں کچھ کھانا پینا نہیں ہوتا مگر اپنی امت کو ایسا روزہ رکھنے سے منع فرماتے تھے۔ بعض صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ تو صوم وصال رکھتے ہیں ارشاد فرمایا کہ تم میں مجھ جیسا کون ہے؟ میں اپنے رب کے دربار میں رات بسر کرتا ہوں اور وہ مجھ کو (روحانی غذا) کھلاتا اور پلاتا ہے۔

زکاۃ

چوں کہ حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر خداوند عالم نے زکاۃ فرض ہی نہیں فرمائی ہے اس لیے آپ پر زکوۃ فرض ہی نہیں تھی۔

لیکن آپ کے صدقات وخیرات کا یہ عالم تھا کہ آپ اپنے پاس سونا چاندی یا تجارت کا کوئی سامان یا مویشیوں کا کوئی ریوڑ رکھتے ہی نہیں تھے۔ بلکہ جو کچھ بھی آپ کے پاس آتا سب خدا کی راہ میں مستحقین پر تقسیم فرمادیا کرتے تھے آپ کو یہ گوارا ہی نہیں تھا کہ رات بھر کوئی مال و دولت کاشانۂ نبوت میں رہ جائے۔ ایک مرتبہ ایسا اتفاق پڑا کہ خراج کی رقم اس قدر زیادہ آگئی کہ وہ شام تک تقسیم کرنے کے باوجود ختم نہ ہوسکی تو آپ رات بھر مسجد ہی میں رہ گئے۔ جب حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آکر یہ خبر دی کہ یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ساری رقم تقسیم ہو چکی تو آپ نے اپنے مکان میں قدم رکھا۔

حج

اعلان نبوت کے بعد مکہ مکرمہ میں آپ نے دو یا تین حج کیے۔ لیکن ہجرت کے بعد مدینہ منورہ سے ۱۰ھ میں آپ نے ایک حج فرمایا جو حجۃ الوداع کے نام سے مشہور ہے۔ حج کے علاوہ ہجرت کے بعد آپ نے چار عمرے بھی ادا فرمائے۔

ذکر الٰہی

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ آپ ہر وقت، ہر گھڑی، ہر لحہ ذکر الٰہی میں مصروف رہتے تھے۔ اٹھتے، بیٹھتے، چلتے، پھرتے، کھاتے، پیتے، سوتے، جاگتے، وضو کرتے، نئے کپڑے پہنتے، سوار

ہوتے، سواری سے اترتے، سفر میں جاتے، سفر سے واپس ہوتے بیت الخلاء میں داخل ہوتے اور نکلتے، مسجد میں آتے جاتے، جنگ کے وقت، آندھی، بارش، بجلی کڑکتے وقت، ہر وقت ہر حال میں دعائیں ورد زبان رہتی تھیں، خوشی اور غمی کے اوقات میں، صبح صادق طلوع ہونے کے وقت، غروب آفتاب کے وقت، مرغ کی آواز سن کر، گدھے کی آواز سن کر، غرض کون سا ایسا موقع تھا کہ آپ کوئی دعا نہ پڑھتے، دن ہی میں نہیں بلکہ رات کے سناٹوں میں بھی برابر دعا خوانی اور ذکر الٰہی میں مشغول رہتے یہاں تک کہ بوقت وفات بھی جو فقرہ بار بار ورد زبان رہا وہ اللھم الرفیق الاعلیٰ کی دعا تھی۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ اول، سیرت المصطفیٰ)

● ...... ● ...... ●

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی نماز

حضور کی کثرت عبادت

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عبادت اور عبادات میں حضور کے معمولات سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

حضور نماز کی کثرت فرماتے یہاں تک کہ پائے مبارک سوج جاتے صحابہ کرام عرض کرتے، حضور اس قدر کیوں تکلیف گوارا فرماتے ہیں، مولیٰ تعالیٰ نے حضور کو ہر طرح کی معافی عطا فرمائی ہے، فرماتے

افلا اکون عبدا شکورا

تو کیا میں کامل شکر گزار بندہ نہ ہوں۔ یہاں تک کہ رب عزوجل نے خود ہی بکمال محبت ارشاد فرمایا **طه ما انزلنا علیک القران لتشقی .**

اے چودھویں رات کے چاند ہم نے تم پر قرآن اس لیے نہ اتارا کہ تم مشقت میں پڑو۔ (الملفوظ دوم)

عبادت میں میانہ روی

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شارع ہیں، حضور کا فعل عام امت کی اقتدا کے لیے ہے۔ حضور اگر اپنے مقام عالی سے عامۂ خلق کے لیے تنزل نہ فرمائیں، اتباع سنت تمام جہان کو محال ہو جائے۔ و لہٰذا تمام رات شب بیداری اور رمضان کے سوا پورے مہینے کے روزے کبھی حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول نہیں۔

شب کو قیام بھی فرماتے اور آرام بھی، نفلی روزے بھی رکھتے اور افطار بھی۔

ایک بار استنجاء فرمایا فاروق اعظم پانی حاضر لائے ارشاد ہوا یہ کیا ہے؟ عرض کی حضور کے وضو کو پانی، فرمایا مجھے نہ حکم دیا گیا کہ ہر پیشاب کے بعد وضو فرماؤں ولو فعلت لکانت سنة . اور میں ایسا کرتا تو سنت ہو جاتا۔ (ذیل المدعا لاحسن الوعا)

ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا

ابوبکر بن ابی شیبہ مصنف میں علقمہ بن وائل بن حجر عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

قال رایت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وضع یمینه علی شماله فی الصلاہ تحت السرة .

علقمہ بن وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد گرامی سے راوی انھوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ اپنے داہنے ہاتھ کو بائیں ہاتھ کے اوپر نماز میں ناف کے نیچے رکھے ہیں۔ مردوں کے لیے سنت ہے کہ وہ ناف کے نیچے ہاتھ باندھیں۔ (مولف)

سینے پر ہاتھ باندھنا

ابن خزیمہ وائل بن حجر سے روایت کرتے ہیں :

قال صلیت مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فوضع یده الیمنی علی یده الیسری علی صدره .

وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی تو دیکھا کہ حضور نے اپنا داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ کے اوپر سینہ پر رکھا ہے۔ عورتوں کے لیے سنت ہے کہ وہ سینہ کے اوپر ہاتھ باندھیں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۶)

التحیات میں انگلی سے اشارہ

مسلم اپنی صحیح میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں:

قال فیہ وضع (یرید رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کفہ الیمنی علی فخذہ الیمنی و قبض اصابعہ کلھا و اشار باصبعہ التی تلی الابھام .

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا داہنا ہاتھ داہنی ران پر رکھا اور سب انگلیاں بند کر کے انگوٹھے کے پاس کی انگلی سے اشارہ فرمایا۔

ابوداؤد و بیہقی وغیرہما وائل بن حجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عقد فی جلوس التشھد الخنصر و البنصر ثم حلق الوسطی بالابھام و اشار بالسبابۃ .

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے جلسہ تشہد میں چھوٹی انگلی اور اس کی برابر والی کو بند کیا پھر بیچ کی انگلی کو انگوٹھے کے ساتھ حلقہ بنایا اور انگشت شہادت سے اشارہ فرمایا۔

ابن سکن صحیح میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں:

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الاشارۃ بالاصبع اشد علی الشیطان من الحدید.

یعنی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انگلی سے اشارہ کرنا شیطان پر دھار دار ہتھیار سے زیادہ سخت ہے۔

نیز ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ھی مذعرۃ للشیطا ن

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شیطان کے دل میں خوف ڈالنے والا ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۸)

رفع یدین

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ رفع یدین سے متعلق ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہرگز کسی حدیث میں ثابت نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیشہ رفع یدین فرمایا بلکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا خلاف ثابت ہے نہ احادیث میں اس کی مدت مذکور ہاں حدیثیں اس کے فعل وترک دونوں میں وارد ہیں۔

سنن ابی داؤد و سنن نسائی و جامع ترمذی وغیرہا میں ایسی سند سے ہے، جس کے رجال صحیح مسلم ہیں بطریق عاصم بن کلیب عن عبدالرحمٰن بن الاسود عن علقمہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی:

قال الا اخبرکم بصلاۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال فقام فرفع یدیہ اول مرۃ ثم لم یعد.

یعنی انھوں نے فرمایا کیا میں تمھیں خبر نہ دوں کہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز کس طرح پڑھتے تھے یہ کہہ کر نماز کو کھڑے ہوئے تو صرف تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ اٹھائے پھر نہ اٹھائے۔

ترمذی نے کہا:

حدیث ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ حدیث حسن و بہ یقول غیر واحد من

اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و التابعین و ھو قول سفیان و اھل الکوفة .

یعنی حدیث بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث حسن ہے اور یہی مذہب تھا متعدد علماء مجملۂ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتابعین کرام وامام سفین وعلمائے کوفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا۔

مسند امام الائمہ مالک الازمہ امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہے۔

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان لا یرفع یدیہ الا عند افتتاح الصلاة ثم لا یعود لشی من ذلک

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صرف نماز کے شروع میں رفع یدین فرماتے پھر کسی جگہ ہاتھ نہ اٹھاتے۔

امام ابوجعفر طحاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرح معانی الآثار میں فرماتے ہیں۔

مغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

قال قلت لابراھیم حدیث وائل انہ رأی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یرفع یدیہ اذا افتتح الصلاة و اذا رکع و اذا رفع رأسہ من الرکوع فقال ان کان وائل رأہ مرة یفعل ذلک فقد راہ عبد اللہ خمسین مرة لا یفعل ذلک .

یعنی مغیرہ کہتے ہیں میں نے امام ابراہیم نخعی سے حدیث وائل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت دریافت کی کہ انھوں نے حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور نے نماز شروع کرتے اور رکوع

میں جاتے اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع یدین فرمایا، ابراہیم نے فرمایا وائل نے اگر ایک بار حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو رفع یدین کرتے دیکھا تو عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پچاس بار دیکھا کہ حضور نے رفع یدین نہ کیا۔

صحیح مسلم شریف میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

مالی اراکم رافعی ایدیکم کانها أذ ناب خیل شمس اسکنوا فی الصلاة .

کیا ہوا کہ میں تمھیں رفع یدین کرتے دیکھتا ہوں گویا تمھارے ہاتھ چنچل گھوڑوں کی دمیں ہیں قرار سے رہو نماز میں۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۳، ص ۴۹، ۵۰)

مقتدی کو قرأت کی ممانعت

امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں

قال صلی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بالناس فقراء رجل خلفه فلما قضی الصلاة قال ایکم قراء خلفی ثلث مرات قال رجل انا یا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من صلی خلف الامام فان قرأة الإمام له قرأة.

خلاصہ مضمون یہ ہے کہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی ایک شخص نے حضور کے پیچھے قرأت کی سید اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز سے فارغ ہو کر ارشاد فرمایا کس نے میرے پیچھے پڑھا تھا؟ لوگ بسبب خوف حضور کے خاموش ہو رہے یہاں تک کہ تین بار بتکرار یہی استفسار فرمایا آخر ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم! میں نے، ارشاد ہوا کہ جو امام کے پیچھے ہو اس کے لیے امام کا پڑھنا کافی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۳، ص ۸۹)

نماز میں سبحان اللہ کہنا

مسند امام احمد میں ہے

عن علی کرم اللہ تعالیٰ وجھہ الکریم قال کان لی ساعۃ من السحر ادخل فیھا علی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فان کان قائما یصلی سبح لی . الحدیث.

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں میرے لیے وقت سحر یعنی صبح صادق سے پہلے کی ایک گھڑی حاصل تھی جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتا پس اگر حضور نماز ادا فرمارہے ہوتے تو میرے لیے سبحان اللہ کہتے۔ (مولف)

حضور سید عالم نے فرمایا کہ جب تم میں کسی کو نماز میں کوئی ضرورت پیش آئے تو چاہیئے کہ سبحان اللہ کہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۰۳)

سات اعضا پر سجدہ کا حکم

صحاح ستہ میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

امرت ان اسجد علی سبعۃ اعضاء و ان لا اکف شعرا و لا ثوبا.

مجھے سات اعضا پر سجدہ کرنے کا حکم ہوا ہے اور یہ کہ بال اور کپڑا نہ سمیٹا کروں۔ (مولف)

کپڑا نہ سمیٹنے کا حکم

صحیحین میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

امرت ان لا اکف الشعر و الا الثیاب .

مجھے حکم ہوا ہے کہ نماز میں بال اور کپڑا نہ سمیٹوں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۲۳)

مصلائے رسول

حدیث میں ہے:

کان بین مصلی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و بین الجدار ممرشاۃ .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مصلیٰ شریف اور دیوار قبلہ کے درمیان ایک بکری گزرنے کا فاصلہ ہوتا تھا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۳۳)

ایک کپڑے میں نماز

صحیحین میں عمرو ابن ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے۔

قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یصلی فی ثوب واحد مشتملا فی بیت ام سلمة واضعا طرفیه علی عاتقیه .

عمرو بن ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ام سلمہ کے گھر میں ایک ہی کپڑے میں نماز ادا فرما رہے ہیں اور اس کے دونوں کناروں کو کندھوں پر ڈالے ہوئے ہیں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۳۶)

نماز مع کلاہ و عمامہ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کریمہ نماز مع کلاہ و عمامہ ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۴۹)

نوافل حضور گھر میں ادا فرماتے

تراویح وتحیۃ المسجد کے سوا تمام نوافل سنن راتبہ ہوں یا غیر راتبہ، موکدہ ہوں یا غیر موکدہ گھر میں پڑھنا افضل اور باعث ثواب اکمل ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

علیکم بالصلاۃ فی بیوتکم فان خیر صلاۃ المرء فی بیتہ الا المکتوبۃ.

تم پر لازم ہے گھروں میں نماز پڑھنا کہ بہتر نماز مرد کے لیے اس کے گھر میں ہے سوا فرض کے۔ اسے بخاری و مسلم نے روایت کیا۔

خود عادت کریمہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اسی طرح کی تھی احادیث صحیحہ سے حضور والا کا تمام سنن کا کاشانۂ فلک آستانہ میں پڑھنا ثابت۔

مسلم صحیح میں اور ابوداؤد سنن میں عبداللہ بن سفیان سے راوی

قال سألت عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عن صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن تطوعہ فقالت ان یصلی فی بیتی قبل الظہر اربعا ثم یخرج فیصلی بالناس ثم یدخل فیصلی رکعتین و کان یصلی بالناس المغرب ثم یدخل فیصلی رکعتین و یصلی بالناس العشاء و یدخل بیتی فیصلی رکعتین ثم ذکرت صلاۃ اللیل و الوتر الی ان قالت و کان اذا طلع الفجر صلی رکعتین.

ابوداؤد کی روایت میں یہ زیادہ ہے۔

ثم یخرج فیصلی بالناس صلاۃ الفجر.

یعنی حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نماز نفل کے بارے میں فرماتی ہیں، رسول

اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھر میں چار رکعت ظہر سے پہلے پڑھتے پھر باہر تشریف لے جاتے اور لوگوں کو نماز پڑھاتے پھر گھر میں رونق افروز ہوکر دو رکعتیں پڑھتے اور مغرب کی نماز پڑھ کر گھر میں جلوہ فرما ہوتے اور دو رکعتیں پڑھتے اور عشا کی امامت کر کے گھر میں آتے اور دو رکعتیں پڑھتے جب صبح چمکتی دو رکعتیں پڑھ کر باہر تشریف لے جاتے اور نماز فجر پڑھاتے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۵۷)

روی عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انه کان یصلی جمیع السنن و الوتر فی البیت.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام سنتیں اور وتر کی نماز کاشانۂ نبوت میں پڑھا کرتے تھے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۰۸)

وتر کے بعد کی نفل

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ وتر کے بعد کی نفل بیٹھ کر پڑھنا بہتر ہے یا کھڑے ہوکر؟

آپ نے فرمایا :

کھڑے ہوکر پڑھنا افضل ہے، بیٹھ کر پڑھنے میں آدھا ثواب ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

ان صلی قائما فھو افضل و من صلی قاعدا فله نصف اجر القائم .

اور اگر کھڑے ہوکر پڑھے تو وہ افضل ہے اور جو بیٹھ کر پڑھے اس کے لیے کھڑے ہوکر پڑھنے والے سے نصف ثواب ہے۔

اسے بخاری نے عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت فرمایا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ رکعتیں بیٹھ کر بھی پڑھی ہیں۔

جیسا کہ مسلم میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔

قالت بعد ما ذكرت وتره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ثم يصلي ركعتين بعد ما يسلم و هو قاعد.

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وتر کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا کہ حضور وتر کا سلام پھیرنے کے بعد دو رکعت بیٹھ کر ادا فرماتے تھے۔ (مولف)

و لاحمد عن ابى امامة رضى الله تعالىٰ عنه انه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يصليهما بعد الوتر و هو جالس.

مسند احمد میں ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتر کے بعد دو رکعت بیٹھ کر ادا فرماتے تھے۔ (مولف)

اور کبھی ان میں قعود و قیام کو جمع فرمایا کہ بیٹھ کر پڑھتے رہے جب رکوع کا وقت آیا کھڑے ہو کر رکوع فرمایا۔

فلابن ماجة عن ام المومنين ام سلمة رضى الله تعالىٰ عنها انه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يصلي بعد الوتر ركعتين خفيفتين و هو جالس فاذا اراد ان يركع قام فركع.

ابن ماجہ میں ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

وتر کے بعد دو رکعت خفیف بیٹھ کر ادا فرماتے تھے پھر جب رکوع کا ارادہ فرماتے تو کھڑے ہو کر رکوع کرتے۔

مگر بیٹھ کر پڑھنا دوامًا نہ تھا بلکہ اس بات کے بیان کے لیے کہ بیٹھ کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسا کہ خود ان نفلوں کا پڑھنا بھی اس بیان کے واسطے تھا کہ وتر کے بعد نوافل جائز ہیں اگرچہ اولیٰ یہ ہے کہ جتنے نوافل پڑھنے ہوں سب پڑھ کر آخر میں وتر پڑھے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

اجعلوا آخر صلاتکم باللیل وترا.

اپنی نماز شب میں سب سے آخر وتر رکھو، اسے مسلم نے ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔

امام نووی منہاج پھر علامہ قاری مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں۔

ھاتان الرکعتان فعلھما رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جالسا لبیان جواز الصلاۃ بعد الوتر و ھو بیان جواز النفل جالسا و لم یواظب علی ذلک.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وتر کے بعد کی دو رکعتوں کو بیٹھ کر ادا فرمایا ہے یہ بتانے کے لیے کہ وتر کے بعد نماز جائز ہے۔ اور یہ بتانے کے لیے کہ نفل بیٹھ کر پڑھنا جائز ہے اور حضور نے اس پر ہمیشگی نہیں فرمائی بلکہ احیانًا ایسا فرمایا ہے۔ **(مولف)**

بلکہ اگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیشہ یہ نفل بیٹھ کر پڑھتے جب بھی ہمارے لیے کھڑے ہو کر پڑھنا ہی افضل ہوتا کہ یہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اپنے لیے فعل ہوتا۔ اور ہمارے لیے صاف وہ ارشاد قولی ہے کہ کھڑے ہو کر پڑھنا افضل ہے اور بیٹھے کا ثواب آدھا اور اصول کا قاعدہ ہے

کہ قول و فعل میں ترجیح قول کو ہے کہ فعل میں احتمال خصوصیت ہے نہ کہ یہاں تو صریحاً بیان خصوصیت فرمایا ہے۔

صحیح مسلم شریف میں عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے مجھے حدیث پہنچی تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیٹھے کی نماز آدھی ہے میں خدمت اقدس میں حاضر ہوا تو خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بیٹھ کر نماز پڑھتے پایا میں نے سر انور پر ہاتھ رکھا (اقول: یعنی یہ خیال گزرا کہ شاید بخار وغیرہ کے سبب بیٹھ کر پڑھ رہے ہوں) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے عبداللہ بن عمرو کیا ہے؟ میں نے عرض کی یا رسول اللہ میں نے سنا تھا کہ حضور نے فرمایا بیٹھے کی نماز آدھی ہے اور حضور خود بیٹھ کر پڑھ رہے ہیں فرمایا اجل و لکن لست کاحد منکم۔

ہاں بات وہی ہے کہ بیٹھے کا ثواب آدھا ہے مگر میں تمھارے مثل نہیں۔ میرے لیے ہر طرح پورا کامل اکمل ثواب ہے۔ یہ میرے لیے خصوصیت و فضل رب الارباب ہے۔

مرقاۃ میں ہے

یعنی ھذا من خصوصیاتی ان لا ینقص ثواب صلاتی علی ای وجہ تکون من جلداتی و ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء و قال تعالیٰ و کان فضل اللہ علیک عظیما۔

یعنی یہ میری خصوصیات میں سے ہے کہ جس طریقے اور جن اعضاء کے ساتھ میری نماز ہو تو اس کا ثواب کم نہیں ہوتا اور یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ آپ پر اللہ کا عظیم فضل ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۶۸)

اور ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

حضور پرنور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ نفل بیٹھ کر پڑھی مگر ساتھ ہی فرمادیا کہ میں تمھارے مثل نہیں میرا ثواب قیام وقعود دونوں میں یکساں ہے۔تو امت کے لیے کھڑے ہوکر پڑھنا افضل اور دونا ثواب ہے اور بیٹھ کر پڑھنے میں بھی کوئی اعتراض نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۴۶۱)

سنت وفرض کے درمیان فاصلہ

مسلم وترمذی میں عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے

قالت كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا يقعد الا بمقدار ما يقول اللهم انت السلام و منك السلام تباركت يا ذا الجلال و الاكرام .

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سلام پھیرنے کے بعد صرف اللهم انت السلام الخ کہنے کی مقدار بیٹھتے۔(پھر سنت کے لیے قیام فرماتے) (مولف)

نعلین میں نماز

صحیحین وغیرہما میں سعید بن زید سے ہے :

قال سألت انس بن مالك كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يصلى في نعليه فقال نعم .

سعید بن زید کہتے ہیں کہ میں نے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال کیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نعلین اقدس میں نماز پڑھتے تھے انھوں نے فرمایا کہ ہاں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۷۸۹، ۷۹۰۔سرورالعید)

نماز کی فرضیت

فرضیت نماز پنجگانہ سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

نماز پنج گانہ اللہ عزوجل کی وہ نعمت عظمیٰ ہے کہ اس نے اپنے کرم عظیم سے خاص ہم کو عطا فرمائی ہم سے پہلے کسی امت کو نہ ملی بنی اسرائیل پر دو ہی وقت کی فرض تھی وہ بھی صرف چار رکعتیں دو صبح، دو شام وہ بھی ان سے نہ نبھی۔

سنن نسائی شریف میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حدیث معراج مبارک میں ارشاد فرماتے ہیں :

ثم ردت الی خمس صلوات قال فارجع الی ربک فاسأله التخفیف فانه فرض علی بنی اسرائیل صلاتین فما قاموا بهما .

یعنی پھر پچاس نماز کی پانچ رہیں۔ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی کہ حضور پھر جائیں اور اپنے رب سے تخفیف چاہیں کہ اس نے بنی اسرائیل پر دو نمازیں فرض فرمائی تھیں وہ انھیں بھی بجانہ لائے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۹۳)

صحیح مسلم میں ہے :

عن عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه فی خبر الاسراء فاعطی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ثلثا اعطی الصلوات الخمس و اعطی خواتیم سورة البقرة و غفر لمن لم یشرک بالله من امته شیئا.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حدیث اسراء میں فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کو تین چیزیں عطا کی گئیں۔ پانچ نمازیں اور سورۂ بقرۃ کی آخری آیتیں اور آپ کی امت میں سے ان کی مغفرت جنھوں نے شرک نہیں کیا۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲،ص ۱۹۵)

ابن جریر و ابویعلی اور بزار ابو ہریرہ سے اور بیہقی ابو ہریرہ اور ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

(فیہ قولہ عزوجل لنبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حین ذکر ما اعطی الانبیاء السابقین علیہم الصلاۃ و التسلیم من الفضائل) اعطیتک ثمانیۃ اسھم الاسلام و الھجرۃ و الجھاد و الصلاۃ و الصدقۃ و صوم رمضان و الامر بالمعروف و النھی عن المنکر.

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی (اس میں یہ ہے کہ جب انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام کے فضائل و مناقب کا ذکر اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا) تو فرمایا کہ میں نے تم کو آٹھ حصے عطا فرمائے اسلام اور ہجرت و جہاد اور نماز و صدقہ اور رمضان کے روزے و امر بالمعروف و نہی عن المنکر۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲،ص ۱۹۶)

نماز پنج گانہ

نقل الامام الفقیہ ابو اللیث سمرقندی رحمہ اللہ تعالیٰ فی تنبیہ الغافلین عن کعب الاحبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قرأت فی بعض ما انزل اللہ تعالیٰ علی موسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام یا موسیٰ رکعتان یصلیھما احمد و امتہ و ھی صلاۃ الغداۃ من یصلیھما غفرت لہ ما اصاب من الذنوب من لیلہ و یومہ ذلک و یکون فی ذمتی .

یا موسیٰ اربع رکعات یصلیها احمد و امته و هی صلاۃ الظهر اعطیهم باول رکعة منها المغفرۃ و بالثانیة اثقل میزانهم و بالثالثة اوکل علیهم الملائکة . یسبحون و یستغفرون لهم و بالرابعة افتح لهم ابواب السماء و یشرفن علیهم الحور العین .

یا موسیٰ اربع رکعات یصلیها احمد و امته و هی صلاۃ العصر فلا یبقی ملک فی السموات و الارض الا استغفرلهم و من استغفر له الملائکة لم اعذبه .

یا موسیٰ ثلث رکعات یصلیها احمد و امته حین تغرب الشمس افتح لهم ابواب السماء لا یسألون من حاجة الا قضیتها لهم .

یا موسیٰ اربع رکعات یصلیها احمد و امته حین یغیب الشفق هی خیر لهم من الدنیا و ما فیها یخرجون من ذنوبهم کیوم ولدتهم امهم.

یا موسیٰ یتوضأ احمد و امته کما امرتهم اعطیهم بکل قطرۃ تقطر من الماء جنة عرضها کعرض السماء و الارض .

یا موسیٰ یصوم احمد و امته شهر ا فی کل سنة و هو شهر رمضان اعطیهم بصیام کل یوم مدینة فی الجنة و اعطیهم بکل خیر یعملون فیه من التطوع اجر فریضة و اجعل فیه لیله القدر من استغفر منهم مرۃ واحدۃ نادما صادقا من قلبه ان مات من لیلة او شهر اعطیته اجر ثلثین شهیدا.

یا موسیٰ ان فی امة محمد (صلی الله تعالیٰ علیه وسلم) رجالا یقومون علی کل شرف یشهدون بشهادۃ ان لا اله الا الله فجزاء هم بذلک جزاء الانبیاء علیهم

الصلاۃ و السلام و رحمتی علیھم واجبۃ و غضبی بعید منھم و لا احجب باب التوبۃ عن واحد منھم ماداموا یشھدون ان لا الہ الا اللہ .

امام فقیہ ابواللیث سمرقندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے حضرت کعب احبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا کہ انھوں نے فرمایا میں نے توریت مقدس کے کسی مقام میں پڑھا اے موسیٰ فجر کی دو رکعتیں احمد اور اس کی امت ادا کرے گی جو انھیں پڑھے گا اس دن رات کے سارے گناہ بخش دوں گا اور وہ میرے ذمہ میں ہوگا۔

اے موسیٰ! ظہر کی چار رکعتیں احمد اور اسکی امت پڑھے گی انھیں پہلی رکعت کے عوض بخش دوں گا اور دوسری کے بدلے ان کا پلہ بھاری کروں گا اور تیسری کے عوض فرشتے موکل کردوں گا کہ تسبیح کریں گے اور ان کے لیے دعائے مغفرت کرتے رہیں گے اور چوتھی کے بدلے ان کے لیے آسمان کے دروازے کشادہ کروں گا بڑی بڑی آنکھوں والی حوریں ان پر مشتاقانہ نظر ڈالیں گی۔

اے موسیٰ! عصر کی چار رکعتیں احمد اور ان کی امت ادا کرے گی تو ہفت آسمان وزمین میں کوئی فرشتہ باقی نہ بچے گا سب ہی ان کی مغفرت چاہیں گے میں اسے ہرگز عذاب نہ دوں گا۔

اے موسیٰ! مغرب کی تین رکعتیں ہیں انھیں احمد اور اس کی امت پڑھے گی آسمان کے سارے دروازے ان کے لیے کھول دوں گا جس حاجت کا سوال کریں گے اسے پورا ہی کروں گا۔

اے موسیٰ شفق ڈوب جانے کے وقت یعنی عشاء کی چار رکعتیں ہیں پڑھیں گے انھیں احمد اور اس کی امت وہ دنیا و مافیہا سے ان کے لیے بہتر ہیں وہ انھیں گناہوں سے ایسا نکال دیں گی جیسی اپنی ماؤں کے پیٹ سے پیدا ہوئے۔

اے موسیٰ! وضو کرے گا احمد اور اس کی امت جیسا کہ میرا حکم ہے میں انھیں عطا فرماؤں گا ہر قطرہ

کے عوض کہ آسمان سے ٹپکے ایک جنت جس کا عرض آسمان وزمین کی چوڑائی کے برابر ہوگا۔

اے موسیٰ ایک مہینے کے سالانہ روزے رکھے گا احمد اور اس کی امت اور وہ ماہ رمضان ہے میں عطا فرماؤں گا ہر روز ان کے روزوں کے عوض ایک شہر جنت میں اور عطا کروں گا اس میں نفل کے عوض فرض کا ثواب اور اس میں لیلۃ القدر کروں گا جو اس مہینے میں شرمساری وصدق قلب سے ایک بار استغفار کرے گا اگر اسی شب یا اس مہینے بھر میں مرگیا اسے تیس شہیدوں کا ثواب عطا فرماؤں گا۔

اے موسیٰ! امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کچھ ایسے مرد ہیں کہ ہر شرف پر قائم ہیں، لا الہ الا اللہ کی شہادت دیتے ہیں تو ان کی جزا اس کے عوض انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا ثواب ہے اور میری رحمت ان پر واجب اور میرا غضب ان سے دور اور ان میں سے کسی پر باب توبہ بند نہ کروں گا جب تک وہ لا الہ الا اللہ کی گواہی دیتے رہیں گے۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۲۔ ص ۱۹۷)

پہلی نماز

طبرانی ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

قال صلى النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اول يوم الاثنين و صلت الخديجة آخره و صلى على يوم الثلثاء.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیر کے دن پہلی ساعت میں نماز پڑھی اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسی دن کی آخری گھڑی میں اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منگل کے دن نماز پڑھی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۱۵۔ جمان التاج)

عند ابن اسحاق ثم قام به جبريل فصلى به و صلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بصلاته (الى ان قال فى خديجة صلى بها رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه

وسلم کما صلی به جبریل فصلت بصلاته .

ابن اسحاق کے نزدیک ہے کہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کھڑے ہوئے پھر نماز پڑھائی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی ان کی طرح نماز پڑھی (یہاں تک کہ راوی نے حضرت خدیجہ کے بارے میں کہا کہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو نماز پڑھائی جس طرح حضور کو جبریل نے پڑھائی تھی پھر حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے تنہا حضور علیہ السلام کی سی نماز پڑھی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۱۶۔ جمان التاج)

کفار کے نرغے میں نماز

فی حدیث ایذاء ابی جهل وغیره من الکفرة لعنهم الله تعالیٰ حین صلی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عند الکعبة فرمقوا سجوده فالقوا علیه ما القوا به فی قلیب بدر ملعونین .

ابوجہل اور دوسرے کفار کی ایذا والی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب کعبہ شریف کے پاس نماز پڑھی تو کفار حضور کے سجدہ کو ٹکٹکی لگا کر دیکھتے رہے پھر آپ کے اوپر کفار نے وہ چیز ڈال دی جس کے بدلے ان ملعونوں کو چاہ بدر میں پھینکا گیا۔ (مولف)

صحیحین وغیرہما میں ہے :

عن ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه و فیه من قول الکفار یجیء به ثم یمهله حتی اذا سجد وضع بین کتفیه قال فانبعث اشقاهم فلما سجد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وضعه بین کتفیه و ثبت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ساجدا. الحدیث .

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں کفار کی باتوں میں سے یہ ہے کہ سرکار علیہ الصلاۃ والسلام جب کعبہ کے پاس آئے تو کفار نے گندی چیز لانے کا حکم دیا اور تاک میں رہے جب یہ سجدہ میں جائیں تو اسے ان کے دونوں کندھوں کے درمیان رکھ دے چنانچہ ان میں سب سے بڑا بد بخت اٹھا اور جا کر لے آیا جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سجدہ میں گئے تو اس نے آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان رکھ دیا اس لیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سجدہ ہی میں رہ گئے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۱۶۔ جمان التاج)

تین نفوس قدسیہ کی نماز

ابن عدی کامل میں اور ابن عساکر تاریخ میں راوی

عن عفیف الکندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال جئت فی الجاھلیۃ الی مکۃ و انا ارید ان ابتاع لاھلی من ثیابھا و عطرھا فاتیت العباس و کان رجلا تاجرا فانی عندہ جالس انظر الی الکعبۃ و قد کلفت الشمس و ارتفعت فی السماء فذھبت اذا قبل شاب فنظر الی السماء ثم قام مستقبل الکعبۃ فلم البث الا یسیرا حتی جاء غلام فقام عن یمینہ ثم لم یلبث الا یسیرا حتی جاء ت امراۃ فقامت خلفھا فرکع الشاب فرکع الغلام و المرأۃ فرفع الشاب فرفع الغلام و المرأۃ فسجد الشاب فسجد الغلام و المرأۃ فقلت یا عباس امر عظیم فقال امر عظیم تدری من ھذا الشاب ھذا محمد بن عبد اللہ ابن اخی تدری من ھذا الغلام ھذا علی ابن اخی تدری من ھذا المرأۃ ھذہ خدیجۃ بنت خویلد زوجتہ ان ابن اخی ھذا حدثنی ان ربہ رب السموات و الارض امرہ بھذا الدین و لم یسلم معہ غیر ھولاء الثلثۃ .

عفیف کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ میں زمانۂ جاہلیت میں مکہ معظمہ آیا اور ارادہ کرتا تھا کہ اپنے اہل وعیال کے لیے کپڑا اور عطر وغیرہ خریدوں تو حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا وہ ان دنوں تاجر تھے تو میں ان کے پاس بیٹھا ہوا کعبہ کو دیکھ رہا تھا دن خوب چڑھ گیا تھا کہ ایک جوان تشریف لائے اور آسمان کو دیکھ کر روبکعبہ کھڑے ہو گئے ذرا دیر میں ایک لڑکے تشریف لائے وہ ان کے داہنے ہاتھ پر قائم ہوئے تھوڑی دیر میں ایک بی بی تشریف لائیں وہ پیچھے کھڑی ہوئیں پھر جوان نے رکوع فرمایا تو یہ دونوں رکوع میں گئے پھر جوان نے سر مبارک اٹھایا تو ان دونوں نے سر اٹھایا، جوان سجدے میں گئے تو یہ دونوں بھی گئے ۔تو میں نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حال پوچھا کہا یہ جوان میرے بھتیجے محمد بن عبداللہ ہیں اور یہ لڑکے میرے بھتیجے علی اور یہ بی بی خدیجۃ الکبریٰ ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ میرے یہ بھتیجے کہتے ہیں کہ آسمان وزمین کے مالک نے انھیں اس دین کا حکم دیا ہے اور ان کے ساتھ ابھی یہی دو مسلمان ہوئے ہیں ۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ، ج ۲، ص ۲۱۹ ۔ جمان التاج)

نماز میں سترہ

ابوداؤد ضباعہ بنت مقداد کی حدیث میں حضرت مقداد بن اسود سے راوی

قال ما رأیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یصلی الی عود و لا عمود و لا شجرة الا جعله علی حاجبه الا یمن او الایسر و لا یصمد له صمدا.

حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کسی لکڑی یا ستون یا درخت کی طرف بالکل سیدھا نماز پڑھتے ہوئے نہیں دیکھا ہاں دائیں یا بائیں ابرو کی جانب کر لیتے اور سترہ کو سیدھا اپنے سامنے نہیں رکھتے تھے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ، ج ۲، ص ۶۳۱ ۔ منیر العین)

محل عذاب میں نماز نہ پڑھے

جس جگہ پر آسمانی عذاب نازل ہوا اس جگہ نماز پڑھنے سے متعلق ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

محل نزول لعنت میں نماز نہ پڑھنی چاہیئے اس لیے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قوم ثمود کی جائے ہلاک میں نماز نہ پڑھی کہ وہاں عذاب نازل ہوا تھا۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۲، ص ۴۴۷)

نماز میں کن انکھیوں سے دیکھنا

حالت نماز میں گردن کو گھما کر ادھر ادھر دیکھنا سخت منع اور مکروہ ہے اور اگر آنکھوں کے کنارے سے گردن کو گھمائے بغیر دیکھے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

نماز میں اگر کن انکھیوں سے بے گردن پھیرے ادھر ادھر دیکھے تو مکروہ نہیں ہاں بے حاجت ہو تو خلاف اولیٰ ہے۔ حدیث میں ہے۔

انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یلاحظ اصحابه فی صلاته بمؤق عینیه .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے اصحاب کو نماز میں کن انکھیوں سے دیکھتے تھے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ، ج ۱، ص ۱۷۱۔ بارق النور)

نماز میں پسینہ پونچھنا

روی انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عرق فی صلاته لیلة فسلت العرق عن جبینه .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک شب کی نماز میں پسینہ آیا تو جبین اقدس سے پسینہ پونچھ دیا۔ (مولف)

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ سلت العرق عن جبینہ و کان اذا قام من سجودہ نفض ثوبہ یمنۃ و یسرۃ.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیشانی اقدس سے پسینہ پونچھتے اور جب سجدہ سے کھڑے ہوتے تو دائیں بائیں کپڑا جھاڑ دیتے۔ سجدہ میں ماتھے پر لگی ہوئی چیز اگر ضرر دے تو مطلقاً اسے پونچھنے میں حرج نہیں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ۱/ص ۲۰۲، ۲۰۳۔ بارق النور)

اوقات نماز

نماز کی فرضیت معراج شریف کی رات ہوئی، سب سے پہلے پچاس نمازوں کا حکم ہوا تھا اس کے بعد پچاس سے پانچ ہوئیں، فرمان باری تعالیٰ ہوا یہ پانچ ہی پچاس کے حکم میں ہیں کیوں کہ میرے حکم میں تبدیلی نہیں ہوتی۔ اور ان پانچ نمازوں کے اوقات کا تعین سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معراج شریف سے واپسی کے بعد ہوا۔

مواہب میں محمد بن اسحاق سے منقول ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج کے بعد جب صبح فرمائی تو جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے آکر نماز پنج گانہ کے اوقات بتائے۔ اور بعضوں کا خیال ہے کہ ہجرت کے بعد کا ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ ہجرت سے پہلے جبریل کے بیان کرنے سے قبل کا ہے اس کے بعد جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے بیان کیا۔ بہر تقریر جبریل امین ظہر کے وقت میں دو دن برابر آئے اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اذان دینے کا حکم فرمایا کہ الصلاۃ جامعۃ پکاریں۔ پھر جب صحابہ جمع ہو گئے تو جبریل نے ظہر کے شروع وقت میں امامت کی اور نماز ظہر ادا کرائی یہ وقت زوال کے وقت

کے فوراً بعد کا تھا۔ اس کے بعد پھر امامت کی اور نماز عصر ادا کی، یہ وقت ایک مثل سایہ ہو جانے کے بعد کا تھا۔ پھر مغرب ادا کی اور یہ وقت غروب آفتاب کے فوراً بعد تھا اور غروب شفق کے بعد عشاء کی نماز ادا کی۔ پھر نماز فجر ادا کی جب کہ طلوع صبح صادق ہو چکی تھی۔

دوسرے دن پھر جبریل علیہ الصلاۃ والسلام آئے، امامت کی اور ظہر کی نماز ادا کی یہ وہ وقت تھا جب کہ سایہ ایک مثل کے قریب پہنچ گیا تھا۔ اور نماز عصر ادا کی جب کہ سایہ دو مثل سے متجاوز ہو گیا تھا۔ اور مغرب کی نماز ادا کی جب کہ آفتاب غروب ہو گیا تھا۔ نماز مغرب دونوں دن ایک وقت میں گزاری، اور عشاء کی نماز تہائی رات یا نصف رات کے وقت گزاری۔ اور نماز فجر ادا کی جب کہ وقت دراز ہو چکا تھا۔

ایک روایت میں ہے کہ روشنی پھیلنے کے بعد (قبل طلوع آفتاب) ادا کی اس کے بعد جبریل نے کہا اے حبیب خدا! یہ ان انبیاء کا وقت ہے جو آپ سے پہلے گزرے اور نماز کے اوقات ان دونوں وقتوں کے درمیان ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

جبریل کی تعیین اوقات

فرضیت نماز کے بعد نماز کے اوقات بھی متعین و مقرر ہوئے اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

جبریل امین علیہ الصلاۃ والتسلیم نے صبح اسراء بعد فرضیت نماز اوقات نماز معین کرنے اور ان کا اول آخر بتانے کے لیے دو روز حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امامت کی۔ پہلے دن ظہر سے فجر تک پانچوں نمازیں اول وقت پڑھیں اور دوسرے دن ہر نماز آخر وقت، اس کے بعد گزارش کی :

الوقت ما بین ھذین الوقتین .

وقت ان دونوں وقتوں کے بیچ میں ہے۔

اس حدیث میں ابوداؤد وترمذی وشافعی وطحاوی وابن حبان وحاکم کے یہاں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

صلی بی العصر حین کان ظله مثله فلما کان الغد صلی بی الظهر حین کان ظله مثله .

جبریل نے مجھے عصر کی نماز اس وقت پڑھائی جب شی کا سایہ اس کے ایک مثل ہوا، پھر کل ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب شیٔ کا سایہ اس کے ایک مثل ہوا۔ (مولف)

ترمذی کے لفظ یوں ہیں۔

صلی المرة الثانیة الظهر حین کان ظل کل شئ مثله لوقت العصر بالامس.

دوسری بار ظہر اس وقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ اس کے ایک مثل ہوا کل گزشتہ نماز عصر کے وقت میں۔ (مولف)

شافعی کے لفظ یوں ہیں۔

ثم صلی المرة الاخری الظهر حین کان ظل کل شئ قدر ظله قدر العصر بالامس.

پھر دوسری مرتبہ ظہر اس وقت پڑھی جب کہ ہر چیز کا سایہ گزشتہ عصر کی مقدار کا ہوا۔

اس سے مقصود اوقات کی تمیز اور ہر نماز کا اول وآخر وقت جدا جدا بتانا ہے۔ (مولف)

نسائی وطحاوی وحاکم وبزار نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی، حضور اقدس صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

ھذا جبریل جاء کم یعلمکم دینکم و فیہ ثم صلی العصر حین رأی الظل مثلہ ثم جاء ہ الغد ثم صلی بہ الظھر حین کان الظل مثلہ .

یہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام ہیں تمھیں تمھارا دین سکھانے آئے ہیں اور اسی میں ہے کہ پھر عصر اس وقت پڑھی جب شئ کا سایہ اس کے ایک مثل دیکھا پھر کل تشریف لا کر ظہر اس وقت پڑھی جب شئ کا سایہ ایک مثل ہوا۔ (مولف)

بزار کے لفظ یوں ہیں :

جاء نی فصلی بی العصر حین کان فئي مثلی ثم جاء نی من الغد فصلی بی الظھر حین کان الفئ مثلی .

جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے میرے پاس آ کر عصر اس وقت پڑھائی جب میرا سایہ میرے مثل ہوا پھر کل تشریف لا کر ظہر کی نماز اس وقت پڑھائی جب سایہ دو چند ہو گیا۔ (مولف)

نسائی و امام احمد و اسحاق بن راہویہ و ابن حبان و حاکم جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

ان جبریل اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حین کان الظل مثل شخصہ فصلی العصر ثم اتاہ فی الیوم الثانی حین کان ظل الرجل مثل شخصہ فصلی الظھر .

جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہو کر عصر اس وقت پڑھی جب سایہ آدمی کے مثل ہوا پھر دوسرے دن حاضر ہو کر ظہر کی نماز اسی وقت پڑھی۔ (مولف)

امام اسحاق بن راہویہ اپنی مسند میں حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے، بطریق

حدثنا بشر بن عمرو النهرانی حدثنی مسلمة بن بلال ثنا یحیی بن سعید ثنی ابو بکر بن عمرو بن حزم عن ابی مسعود الانصاری.

اور بیہقی کتاب المعرفۃ میں:

بطریق ایوب بن عتبة ثنا ابو بکر عمرو بن حزم عن عروۃ بن الزبیر عن ابن ابی مسعود عن ابیه راوی ،اور یہ لفظ حدیث اسحاق ہیں۔

قال جاء جبریل الی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال قم فصل و ذلک لدلوک الشمس حین مالت فقام رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فصلی الظهر اربعا ثم اتاه حین کان ظله مثله فقال قم فصل فقام فصلی العصر اربعا ثم اتاه من الغد حین کان ظله مثله فقال له قم فصل فقام فصلی الظهر اربعا.

حضرت جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے زوال شمس کے وقت بارگاہ رسالت میں آ کر عرض کی کہ اٹھئے اور نماز پڑھئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر ظہر کی چار رکعتیں پڑھیں پھر جب سایہ ایک مثل ہوا تو جبریل نے آ کر عرض کی کہ نماز پڑھئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر عصر کی چار رکعتیں پڑھیں، پھر دوسرے دن جب سایہ ایک مثل ہوا تو آئے اور عرض کی کہ نماز پڑھئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ظہر کی چار رکعتیں پڑھیں۔ (مولف)

ابن راہویہ مسند میں عبدالرزاق سے اور عبدالرزاق مصنف میں بطریق اخبرنا معمر عن عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابیہ عن جدہ عمرو بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال جاء جبریل فصلی بالنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و صلی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بالناس حین زالت الشمس الظهر ثم صلی العصر حین کان ظله

مثلہ قال ثم جاء جبریل من الغد فصلی الظهر بالنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و صلی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بالناس الظهر حین ظله مثله .

جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے آکر زوال شمس کے وقت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ظہر پڑھائی اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کی امامت فرمائی پھر عصر اس وقت پڑھی جب شی کا سایہ اس کے ایک مثل ہوا۔ راوی نے کہا کہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے دوسرے دن نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ظہر پڑھائی اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کی امامت فرمائی جب کہ شی کا سایہ اس کے ایک مثل ہوا یعنی ظہر میں تاخیر اور عصر میں تعجیل فرمائی۔ (مولف)

دار قطنی سنن اور طبرانی معجم کبیر اور ابن عبداللہ تمہید میں بطریق ایوب بن عتبہ عن ابی بکر بن حزم عن عروۃ بن الزبیر حضرت ابو مسعود انصاری و بشیر بن ابی مسعود دونوں صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

ان جبریل جاء الی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حین دلکت الشمس فقال یا محمد صل الظهر فصلی ثم جاء حین کان ظل کل شی مثله فقال یا محمد صل العصر فصلی ثم جاء ہ الغد حین کان ظل کل شی مثله فقال صل الظهر. الحدیث . و الکل مختصر.

جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے سورج ڈھلنے کے وقت بارگاہ رسالت میں آکر عرض کی یا رسول اللہ نماز ظہر پڑھیے حضور نے نماز ظہر پڑھی، پھر جبریل علیہ السلام اس وقت آئے جب ہر چیز کا سایہ اس کے مثل ہوا اور عرض کی نماز عصر پڑھیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز عصر پڑھی پھر دوسرے دن جبریل امین اس وقت آئے جب کہ ہر چیز کا سایہ اس کے ایک مثل ہوا اور عرض کی نماز ظہر پڑھیے یعنی ظہر اول وقت اور عصر آخر وقت میں ادا فرمائی۔ (مولف)

سائل کو اوقات کی تعلیم

سائل نے جو خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوکر اوقات نماز پوچھے اور حضور والا نے ارشاد فرمایا ہے کہ دو دن حاضر رہ کر ہمارے پیچھے نماز پڑھ پہلے دن ہر نماز اپنے اول وقت اور دوسرے دن ہر نماز آخر وقت پڑھا کر ارشاد ہوا ہے

الوقت بين هذين.

وقت ان دونوں وقتوں کے درمیان ہے۔

اس حدیث میں نسائی وطحاوی نے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

سأل رجل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عن مواقيت الصلاة فقال صل معي فصلى الظهر حين زاغت الشمس و العصر حين كان فئ كل شئ مثله قال ثم صلى الظهر حين كان فئ الانسان مثله .

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک آدمی نے اوقات نماز کے بارے میں پوچھا حضور نے فرمایا میرے ساتھ نماز پڑھو تو ظہر اس وقت پڑھی جب سورج ڈھل گیا اور عصر اس وقت پڑھی جب کہ ہر چیز کا سایہ اس کے ایک مثل ہوا۔ راوی نے کہا کہ پھر ظہر اس وقت پڑھی جب کہ انسان کا سایہ اس کے قد کے برابر ہوا۔ **(مولف)**

سنن ابی داؤد میں بسند صحیح ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ حدیث سائل یوں ہے۔

ان سائلا سأل النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فلم يرد عليه شيئا حتى امر بلالا فاقام الفجر حين انشق الفجر و فيه فلما كان من الغد اقام الظهر فی وقت العصر

الذی کان قبلہ و صلی العصر و قد اصفرت الشمس او قال امسی .

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک سائل نے سوال کیا تو اس کو کچھ جواب نہیں دیا یہاں تک کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو (اقامت کہنے کا) حکم فرمایا تو انھوں نے فجر کی اقامت اس وقت کہی جب فجر طلوع ہو چکا تھا۔ اور اسی میں یہ ہے کہ، دوسرے دن جماعت ظہر دیروزہ وقت عصر سے پہلے قائم ہوئی اور عصر پڑھی کہ سورج زرد ہو چکا تھا یا کہا کہ شام ہوگئی۔ شام سے مراد قریب بغروب ہے۔ (مولف)

مسلم ونسائی وابن ابان وطحاوی کے یہاں ان لفظوں سے ہے۔

ثم اخر الظهر حتی کان قریبا من وقت العصر بالامس ، و لفظ النسائی الی قریب.

پھر ظہر کی تاخیر فرمائی یہاں تک کہ وقت عصر دیروزہ سے قریب ہوگئی۔ نسائی کے الفاظ بھی اسی سے ملتے جلتے ہیں۔

صحیح مسلم شریف میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

وقت الظهر اذا زالت الشمس و کان ظل الرجل کطوله مالم یحضر العصر.

ظہر کا وقت اس وقت ہے جب سورج ڈھلے اور سایہ آدمی کا اس کے قد کے برابر ہو جائے جب تک عصر کا وقت نہ آئے۔

امامت جبریل

امام طحاوی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث امامت جبریل میں راوی حضور والا

صلوات اللہ تعالیٰ علیہ وسلامہ نے فرمایا۔

صلی الظھر و فیٔ کل شیٔ مثلہ .

ظہر اس وقت پڑھی کہ سایہ ہر چیز کا اس کے برابر ہو گیا۔

(فتاوی رضویہ ج ۲، ص ۳۴۲ تا ۳۴۶۔ حاجز البحرین)

ایک اور مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وہ حدیث جلیل کہ جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے دو روز حضور کی امامت کی ایک دن پانچوں نمازیں اول وقت، دوسرے دن آخر وقت پڑھیں پھر حضور پر نور صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علیہ سے عرض کی

هذا وقت الانبیاء من قبلک .

یہی وقت حضور سے پہلے انبیاء کے تھے۔ اسے ابوداؤد نے روایت کیا۔

(فتاوی رضویہ ج ۲، ص ۲۰۲)

اور فرماتے ہیں :

حدیث امامت جبریل علیہ الصلاۃ والسلام جس میں انھوں نے ہر نماز کے لیے جدا وقت معین کیا۔

بخاری و مسلم صحاح اور امام مالک و امام ابن ابی ذئب موطا اور ابو محمد عبداللہ داری مسند میں حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی جبریل امین نے بعد تعیین اوقات عرض کی :

بھذا امرت.

اسی کا حضور کو حکم دیا گیا ہے۔

ابن ابی الذئب کے لفظ یوں ہیں۔

ابن ابی ذئب میں عمر بن عبدالعزیز کی حدیث میں ہے کہ مغیرہ بن شعبہ نے ایک دن نماز تاخیر سے پڑھی اس وقت ان کے پاس ابومسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما آئے اور کہا

ان جبریل نزل علی محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فصلی و صلی و صلی و صلی و صلی و صلی ثم صلی ثم صلیٰ ثم صلی ثم صلی ثم قال هکذا امرت.

یعنی جبریل امین نے دونوں روز امامت سے تعیین اوقات کر کے عرض کی ایسا ہی حضور کو حکم ہے۔

مسند امام ابن راہویہ میں مطول و مفصل ہے۔

فی آخره ثم قال جبریل ما بین هذین وقت صلاة .

پھر جبریل نے عرض کی ان دونوں کے درمیان وقت نماز ہے۔

دارقطنی وطبرانی وابوعمر بن عبدالبر ابومسعود وبشیر بن ابی مسعود دونوں صحابیوں رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی جبریل نے عرض کی :

ما بین هذین وقت یعنی امس و الیوم .

کل اور آج کے وقتوں کے درمیان ہر نماز کا وقت ہے۔

ابوداؤد وترمذی شافعی طحاوی ابن حبان حاکم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی جبریل نے گزارش کی

الوقت ما بین هذین الوقتین .

وقت وہ ہے جو ان دونوں وقتوں کے درمیان ہے۔

نسائی وطحاوی وحاکم وبزار ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبریل نے عرض کی

الصلاۃ ما بین صلاتک امس و صلاتک الیوم .

نماز دیروزہ وامروزہ کے بیچ میں نماز ہے۔

بزار کے یہاں ہے **ثم قال ما بین ھذین وقت .**

ان دو کے اندر وقت ہے۔

نسائی واحمد واسحاق وابن حبان وحاکم جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی جبریل نے گزارش کی

ما بین ھاتین الصلاتین وقت .

ان دو نمازوں کے اندر وقت ہے۔

طحاوی ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبریل نے گزارش کی **الصلاۃ فیما بین ھذین الوقتین.**

نماز ان دو وقتوں کے درمیان ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۸۰ تا ۳۸۱۔ حاجز البحرین)

ایک سائل کو حضور نے وقت بتایا

حدیث سائل جسے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امامتیں فرما کر ہر نماز کا اول آخر وقت بتایا۔

مسلم، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، طحاوی حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

وقت صلاتکم بین ما رأیتم .

تمھاری نماز کا وقت اس کے درمیان ہے جو تم نے دیکھا

مسلم کے دوسرے طریق میں ہے:

ما بین ما رأیت وقت.

اے سائل جو تو نے دیکھا اس کے اندر وقت ہے۔

ترمذی کے یہاں یوں ہے:

مواقیت الصلاۃ کما بین ھذین .

نمازوں کے وقت ایسے ہیں جیسے ان دو کے درمیان۔

مسلم ابوداؤد ونسائی ابن ابان طحاوی حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

الوقت بین ھذین .

وقت ان دو کے درمیان ہے۔

طحاوی بطریق عطاء بن ابی رباح بعض صحابہ یعنی جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اور امام عیسیٰ بن ابان بلفظ **عن عطاء بن ابی رباح قال بلغنی ان رجلا اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم** راوی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

ما بين صلاتی فی هذين الوقتين وقت كله .

جن دو وقتوں پر میں نے نمازیں پڑھیں ان کے اندر اندر سب وقت ہے۔

ولفظ الحجج ، ثم قال ما بينهما وقت .

ان دونوں کے درمیان وقت ہے۔

مالک ونسائی و بزار حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ما بين هذين وقت.

ان دو کے درمیان وقت ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۲، ص ۳۸۱، حاجز البحرین)

وقت پر نمازیں

سنن نسائی کتاب المناسک باب الجمع بین الظہر والعصر بعرفۃ میں ہے۔

عن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال كان رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم يصلی الصلاة لوقتها الا بجمع و عرفات.

یعنی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر نماز اس کے وقت ہی میں پڑھتے تھے مگر مزدلفہ وعرفات میں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۴۰۱۔ حاجز البحرین)

حضور کا طریقہ

جماعت وحاضری مسجد میں حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معمول وطریقہ کیا تھا اس سلسلے

میں امام احمد رضا بریلوی ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں :

حدیث میں سنت اقدس یوں مروی ہے کہ جب لوگ جلد حاضر ہو جاتے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز جلد پڑھ لیتے اور حاضری میں دیر ملاحظہ فرماتے تو تاخیر فرماتے اور کبھی سب لوگ حاضر ہو جاتے اور تاخیر فرماتے، یہاں تک کہ ایک بار نماز عشا میں تشریف آوری کا بہت انتظار طویل صحابہ کرام نے کیا بہت دیر کے بعد مجبور ہو کر امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے در اقدس پر عرض کی کہ عورتیں اور بچے سو گئے اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برآمد ہوئے اور فرمایا روئے زمین پر تمھارے سوا کوئی نہیں جو اس نماز کا انتظار کرتا ہو اور تم نماز ہی میں ہو جب تک نماز کے انتظار میں رہو۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۴۲۶)

نماز فجر میں تخفیف قرأت

صحیح حدیث سے ثابت کہ ایک بچہ جس کی ماں شریک جماعت تھیں اس کے رونے کی آواز سن کر حضور پرنور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فجر کی نماز صرف معوذتین سے پڑھائی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۱۶۷)

سنت فجر

صحیحین میں ہے :

عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قالت لم یکن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی شی من النوافل اشد تعاهد منه علی رکعتی الفجر.

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام نوافل

میں فجر کی دو رکعت سے زیادہ کسی کی محافظت نہیں فرماتے تھے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۳۳۳۔ القلادۃ المرصعۃ)

ابوداؤد حضرت قیس بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال رأى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم رجلا يصلى بعد صلاة الصبح ركعتين فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم صلاة الصبح ركعتان فقال الرجل انى لم اكن صليت الركعتين اللتين قبلهما فصليتهما الآن فسكت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم .

یعنی قیس انصاری فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو بعد صلاۃ صبح دو رکعتیں پڑھتے دیکھا فرمایا صبح کی دو ہی رکعتیں ہیں عرض کی سنتیں میں نے نہ پڑھی تھیں وہ اب پڑھ لیں اس پر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا۔

ابن ماجہ وابوبکر بن ابی شیبہ اسی سند ومتن سے عبداللہ بن نمیر سے راوی مگر اس میں یہ ہے

قال قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أ صلاة الصبح مرتين .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا صبح کی نماز دو مرتبہ ہے؟ (مولف)

اور اسی حدیث میں ترمذی کی روایت یوں ہے

عن قيس قال خرج رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فاقيمت الصلاة فصليت معه الصبح ثم انصرف النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فوجدنى اصلى فقال مهلا يا قيس أ صلاتان معا قلت يا رسول الله انى لم اكن ركعت ركعتى الفجر قال

فلا اذن .

قیس فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے تو نماز کی اقامت ہوئی میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز فجر پڑھی جب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انصراف فرمایا تو میں نماز پڑھ رہا تھا فرمایا اے قیس چھوڑو کیا دو نمازیں ایک ساتھ؟ میں نے عرض کی یارسول اللہ میں نے فجر کی دو سنتیں نہیں پڑھی تھیں یہ سن کر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تو اب حرج نہیں۔ (مولف)

امام ترمذی نے کہا اس کی سند منقطع ہے اور بعض نے اسے مرسلا روایت کیا۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۳، ص ۶۱۸)

جنوں کی آمد

بخاری و مسلم میں ہے :

عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما فی حدیث مجیٔ الجن الیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اول البعث انھم اتوہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ھو یصلی باصحابہ صلاۃ الفجر.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جنات کے آنے کی حدیث میں ہے کہ حضور کے زمانہ بعثت کے آغاز میں جنوں کی بھیجی ہوئی جماعت حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں اس وقت آئی کہ جب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابہ کرام کے ساتھ نماز فجر پڑھ رہے تھے۔ (مولف)

قال الزرقانی المراد بالفجر رکعتان اللتان کان یصلیهما قبل طلوع الشمس.

زرقانی نے کہا کہ فجر سے مراد وہ دو رکعت ہیں جنھیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم طلوع آفتاب سے پہلے پڑھتے تھے۔(مولف) (فتاوی رضویہ، ج ۲، ص ۲۱۶۔ جمان التاج)

قصۂ لیلۃ التعریس

تعریس، آخر شب میں سونے کے لیے مسافر کے اترنے اور ٹھہرنے کو کہتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر غزوۂ خیبر کی واپسی میں ایک رات سفر میں نیند کا غلبہ ہوا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آخر شب میں خواب و استراحت کے لیے قیام فرمایا اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم فرمایا کہ ہم سو جائیں تو ہمارے لیے رات کی نگہبانی کرنا اور جاگتے رہنا اور صبح سے ہوشیار رہنا جب صبح ہو جائے تو ہمیں بیدار کر دینا تاکہ صبح کی نماز ہاتھ سے نہ جائے لیکن نماز تہجد سونے سے پہلے ادا فرمالی تھی۔ یہاں تک کہ نیند کا اتنا غلبہ ہوا کہ اس نے مہلت نہ دی۔

حدیث میں آیا ہے کہ اگر خواب یا ضعف یا بیماری مانع ہوتی تو قیام شب قضا فرما دیتے اور ان میں زوال آفتاب سے پہلے شب کی نماز کو ادا فرماتے۔ اس واقعہ میں کوئی بعید ہو گا کہ اس کا نفع ضعفائے امت کو پہنچے۔ اس کے بعد حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ شب بیداری کے لیے آمادہ و تیار ہوئے اور نماز میں مشغول ہو گئے اور اتنی نمازیں پڑھیں جتنی خدا نے ان کو توفیق دی۔ اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ جن میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم بھی تھے سو گئے۔

روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تاکیداً فرما دیا تھا کہ اے بلال اپنی آنکھوں کو نیند سے خبردار رکھنا، یہ بار گراں حضرت بلال رضی

اللہ تعالیٰ عنہ کی گردن پہ پڑا جب صبح کا وقت قریب ہوا تو حضرت بلال نے اپنے کجاوے سے ٹیک لگائی اور طلوع فجر کی طرف متوجہ ہوئے اور غور سے آسمان کی طرف دیکھنے لگے اچانک حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آنکھیں بوجھل ہونے لگیں اور بے اختیار نیند آ گئی حالاں کہ اپنے اونٹ سے تکیہ لگائے ہوئے تھے اور ایک روایت میں ہے کہ اپنی دستار کو کھول کر اس سے احتباء کیا۔

چنانچہ نہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی بیدار ہوئے اور نہ کوئی اور صحابی۔ یہاں تک کہ سورج طلوع کر آیا اس کے بعد سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیدار ہوئے اور حضور سونے اور نماز کے فوت ہو جانے سے حق تعالیٰ کے قہر و جلال اور اس کی تجلی سے ڈرے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد اور حضرات بھی بیدار ہو گئے، حضور نے بلال کو آواز دی اور فرمایا اے بلال یہ کیا ہوا تم کیوں سو گئے تھے؟

اس پر حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا، میں کیا عرض کروں مجھے بھی اسی نے آ گھیرا تھا جس نے آپ کو گھیرا تھا اس وقت بیداری کے باوجود جو آپ کو حاصل ہے۔

دوسری حدیث میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا، بلال کے پاس شیطان آیا حالاں کہ وہ نماز میں کھڑے تھے شیطان نے بلال کے سینہ پر ہاتھ مارا اور انھیں اس طرح تھپک تھپک کر سلا دیا، جس طرح بچے کو تھپک تھپک کر سلاتے ہیں، اور بلال سو گئے۔

اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلایا اور ان سے ان کے سو جانے کی کیفیت دریافت فرمائی تو انھوں نے ویسا ہی عرض کیا جیسا کہ حضور نے حضرت صدیق سے فرمایا تھا، حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا اشهد انک رسول الله والحق یہ مقام تجدید ایمان

اور تصدیق وشہادت رسالت کا ہے تا کہ کسی قسم کا وسوسہ شیطانی دخل انداز نہ ہو۔اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ سے فرمایا اپنے اونٹوں کو یہاں سے اٹھا کر لے چلو صحابہ نے اپنے اونٹوں کو اٹھایا اور وہاں سے چل دیے۔

دوسری جگہ پہنچنے کے بعد پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وضو فرمایا اور بلال کو اذان دینے کا حکم فرمایا اور اقامت کے ساتھ انھیں صحابہ کے ساتھ فجر کی نماز پڑھی۔

جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو اس حال میں مضطرب و پریشان دیکھا تو ان کی تسلی کے لیے فرمایا کہ اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے ہماری روحوں کو قبض کر لیا تھا اگر وہ چاہتا تو اس کے سوا زمانہ میں بیدار کرتا، اور فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی نماز بھول جائے یا سو جائے، تو اسے چاہیئے کہ جب یاد آئے اسی وقت پڑھ لے۔(مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

لیلۃ التعریس اور اس میں قضائے نماز سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ القوی فرماتے ہیں :

سنت نبویہ علیٰ صاحبہا الصلاۃ والتحیۃ ہے کہ جہاں انسان سے کوئی تقصیر واقع ہو عمل صالح وہاں سے ہٹ کر کرے، اسی لیے جب ایک بار سفر میں آخر شب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے نزول فرمایا اور آنکھ نہ کھلی یہاں تک کہ آفتاب چمکا حضور نے وہاں نماز نہ پڑھی اور فرمایا اس جگہ شیطان حاضر ہوا تھا اپنے مرکبوں کو یوں ہی لیے چلے آؤ پھر وہاں سے تجاوز فرما کر نماز قضا کی۔

صحیح مسلم شریف میں ہے :

عن ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال عرسنا مع نبی اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فلم نستیقظ حتی طلعت الشمس فقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لیاخذ کل

كل رجل براس راحلته فان هذا منزل حضرنا فيه الشيطان قال ففعلنا ثم دعا بالماء فتوضأ. الحديث.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک سفر میں رات کو ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سو گئے اور بیدار نہیں ہوئے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو گیا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر آدمی اپنی سواریوں کو لے چلے کیوں کہ یہ وہ جگہ ہے جس میں شیطان حاضر ہوا تھا حضرت ابو ہریرہ فرماتے ہیں کہ پھر ہم نے وہی کیا جو حضور نے فرمایا پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پانی منگا کر وضو فرمایا اور نماز ادا فرمائی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ، ج ۳، ص ۵۳۹۔ انہار الانوار)

یہی مضمون دوسری جگہ اس طرح ہے۔

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب تعریس جب نماز فجر سوتے میں قضا ہوئی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو حکم فرمایا کہ نماز آگے چل کر پڑھو کہ یہاں تمھارے پاس شیطان حاضر ہوا تھا۔

(فتاویٰ رضویہ، ج ۲، ص ۴۴۷)

لیلۃ التعریس میں حضور کا فرمان

مسلم واحمد وابوداؤد وابن ماجہ وطحاوی وابن حبان حضرت ابو قتادہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ليس في النوم تفريط و انما التفريط في اليقظة ان تو خر صلاة حتى يدخل وقت صلاة اخرى.

سونے میں کچھ تقصیر نہیں تقصیر تو جاگتے میں ہے کہ تو ایک نماز کو اتنا پیچھے ہٹائے کہ دوسری نماز کا

وقت آ جائے۔

یہ حدیث خود حالت سفر میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی تھی۔

حين فاتتهم صلاة الصبح ليلة التعريس .

جب ان کی نماز صبح لیلۃ التعریس میں قضا ہوگئی تھی۔

(فتاوی رضویہ ج ۲،ص ۳۸۳۔حاجز البحرین)

سحری اور فجر میں فاصلہ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تناول سحری اور نماز فجر شروع کرنے کے درمیان کتنا فاصلہ ہوتا تھا احادیث وروایات کے حوالے سے امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، طحاوی بطریق انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال تسحرنا مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ثم قمنا الى الصلاة قلت كم كان قدر ما بينهما قال خمسين آية .

ہم نے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سحری کھائی پھر نماز فجر کے لیے کھڑے ہوگئے میں نے پوچھا بیچ میں کتنا فاصلہ دیا کہا پچاس آیت پڑھنے کا۔

بخاری ونسائی بطریق قتادہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و زيد بن ثابت تسحرا فلما فرغا من سحورهما قام نبي الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الى الصلاة فصلى قلت لانس كم

کان بین فراغهما من سحورهما و دخولهما فی الصلاۃ قال قدر ما یقراء الرجل خمسین آیۃ .

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وزید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سحری تناول فرمائی جب کھانے سے فارغ ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز صبح کے لیے کھڑے ہوگئے نماز پڑھ لی، میں نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا سحری سے فارغ اور نماز میں داخل ہونے میں کتنا فصل ہوا کہا اس قدر کہ آدمی پچاس آیتیں پڑھ لے۔

امام تورپشتی حنفی پھر علامہ طیبی شافعی پھر علامہ علی قاری شرح مشکوٰۃ میں اس حدیث کے نیچے فرماتے ہیں

ھذا تقدیر لا یجوز لعموم المومنین الأ خذ به و انما اخذہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لاطلاع اللہ تعالیٰ ایاہ و کان صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم معصوما عن الخطاء فی الدین .

یہ اندازہ وہ ہے کہ عام امت کو اسے اختیار کرنا جائز نہیں سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے اس لیے اختیار فرمایا کہ رب العزت جل وعلا نے حضور کو وقت حقیقی پر اطلاع فرمائی تھی اور حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دین میں خطا سے معصوم تھے۔ (فتاویٰ رضویہ، ج۲۔ص ۳۵۹۔حاجز البحرین)

اذان فجر کے لیے بلال کو حضور کا حکم

قوله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لبلال رضی اللہ تعالیٰ عنه لا توذن حتی یستبین لک الفجر ھکذا و مد یدیه عرضا . اھ

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا اس وقت

تک اذان نہ دو جب تک صبح یوں روشن نہ ہو جائے اور آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو عرض میں پھیلا دیا۔(مولف) (شمائم العنبر)

نماز صبح کے بعد حضور کا وظیفہ

بیہقی سنن میں حضرت ابن زمل جھنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل رویا میں راوی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعد نماز صبح پاؤں بدلنے سے پہلے ستر بار فرماتے :

سبحان الله و بحمده و استغفر الله ان الله كان توابا.

پھر فرماتے یہ ستر سات سو کے برابر ہیں۔نرا بے خیر ہے جو ایک دن میں سات سو سے زیادہ گناہ کرے یعنی ہر نیکی کم از کم دس ہے۔ **من جاء بالحسنة فله عشر امثالها** تو یہ ستر کلمے سات سو نیکیاں ہوئے اور ہر نیکی کم از کم ایک بدی کو محو کرتی ہے **ان الحسنات يذهبن السيئات** تو اس کے پڑھنے والے کی نیکیاں ہی غالب رہیں گی مگر وہ کہ دن میں سات سو گناہ سے زیادہ کرے اور ایسا سخت ہی بے خیر ہو گا۔ (جزاء اللہ عدوہ بابانہ ختم النبوۃ)

چار رکعت سنت ظہر

عن عائشة رضي الله تعالىٰ عنها ان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان اذا فاتته الاربع قبل الظهر قضاهن بعده .

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جب ظہر کی چار سنتیں قضا ہو جاتیں تو فرض کے بعد ادا فرماتے تھے۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ، ج ۳، ص ۴۶۱)

نماز ظہر میں قرأت

ابو سعید خدری وغیرہ کی حدیث میں ہے :

انه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان یقراء فی الصلاۃ فی الرکعتین الاولیین قدر ثلثین آیة و فی الآخریین قدر خمسة عشر آیة او قال نصف ذلک .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں تقریباً تیس آیتیں پڑھتے تھے اور آخری دو رکعتوں میں پندرہ آیتیں پڑھتے یا کہا کہ ان کا نصف پڑھتے تھے۔ (مولف)

صحیحین میں ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے :

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان یقراء فی الظهر فی الاولیین بام القران و سورتین و فی الرکعتین الاخریین بام الکتاب . الحدیث.

بیشک حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ظہر کی پہلی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ اور دو سورتیں پڑھتے تھے اور پچھلی دو رکعتوں میں صرف سورۂ فاتحہ پڑھتے تھے۔ (مولف) (فتاوی رضویہ ج ۳، ص ۶۳۷، ۶۳۸)

سفر میں نماز ظہر

ابو داؤد نے اپنے سنن میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی :

قال کنا اذا کنا مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی السفر فقلنا زالت الشمس او لم تزل صلی الظهر ثم ارتحل .

جب ہم حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ رکاب سفر میں ہوتے ہم کہتے سورج ڈھلا یا ابھی ڈھلا بھی نہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس وقت نماز ظہر پڑھ کر کوچ فرما دیتے۔

ابوداؤد ونسائی وطحاوی ان ہی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

کان رسول الله صلى الله تعالیٰ علیه وسلم اذا نزل منزلا لم یرتحل حتی یصلی الظهر فقال له رجل و ان کان نصف النهار قال و ان کان نصف النهار .

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی منزل میں اترتے بے ظہر پڑھے کوچ نہ فرماتے کسی نے کہا اگرچہ دوپہر کو فرمایا اگرچہ دوپہر کو۔

نسائی کے لفظ یوں ہیں :

فقال رجل و ان کانت بنصف النهار قال و ان کانت بنصف النهار .

یعنی کسی نے پوچھا اگرچہ وہ نماز دوپہر میں ہوتی فرمایا اگرچہ دوپہر میں ہوتی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۶۰۔ حاجز البحرین)

ظہر کے لیے جبریل کی آمد

حدیث جبریل بروایت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں نسائی کے یہاں یوں ہے۔

ان جبریل اتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حین کان الظل مثل شخصه فصلی العصر ثم اتاه فی الیوم الثانی حین کان ظل الرجل مثل شخصه فصلی الظهر

جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں اس وقت آئے جب آدمی کا سایہ اس کے برابر ہوا اور نماز عصر پڑھی پھر دوسرے دن اسی وقت آئے اور نماز ظہر پڑھی۔ (مولف)

دوسری روایت میں ہے :

ثم مكث حتى اذا كان فئ الرجل مثله جاء ه للعصر فقال قم يا محمد فصل العصر ثم جاء ه من الغد حين كان فئ الرجل مثله فقال قم يا محمد فصل فصلى الظهر.

پھر دوسری مرتبہ عصر کے لیے اس وقت آئے جب کہ آدمی کا سایہ اس کے برابر ہوا اور عرض کیا کہ اے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اٹھئے اور نماز عصر پڑھئے، پھر دوسرے دن اسی وقت آئے اور عرض کیا کہ اٹھئے اور نماز ظہر پڑھئے۔ (مولف)

مسند اسحاق میں بروایت ابی مسعود بدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ یوں ہے۔

اتاه حين كان ظله مثله فقال قم فصل فقام فصلى العصر اربعا ثم اتاه من الغد حين كان ظله مثله فقال له قم فصل فقام فصلى الظهر اربعا.

جب سایہ شئی کے برابر ہوا جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام آئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ اٹھئے اور نماز پڑھئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عصر کی چار رکعتیں پڑھیں پھر دوسرے دن اسی وقت جبریل آئے اور گزارش کی کہ نماز پڑھئے تو حضور نے ظہر کی چار رکعتیں پڑھیں۔ (مولف)

دار قطنی وطبرانی وابوعمر کے یہاں بروایت عقبہ بن عمرو وبشیر بن عقبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما یوں ہے۔

جاء ه حين كان ظل كل شئ مثله فقال يا محمد صل العصر فصلى ثم جاء ه الغد حين كان ظل كل شئ مثله فقال صل الظهر فصلى .

ہر چیز کا سایہ اس کے ایک مثل ہونے کے وقت جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام آئے اور گزارش کی کہ یا رسول اللہ نماز عصر پڑھئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پڑھی پھر دوسرے دن اسی وقت آئے اور گزارش کی کہ نماز ظہر پڑھئے حضور نے پڑھی۔ (مولف)

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

یہ سب حدیثیں تصریح صریح ہیں کہ روح امین علیہ الصلاۃ والسلام ظہر کے لیے اس وقت ہوئے جب سایہ ایک مثل کو پہنچ چکا تھا اس وقت نماز پڑھنے کے لیے عرض کی اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پڑھی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۸۷۔ حاجز البحرین)

گرمی میں نماز ظہر

بخاری و نسائی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، یہ نسائی کے لفظ ہیں :

قال کان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا كان الحر ابرد بالصلاة و اذا كان البرد عجل .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب گرمی ہوتی نماز ٹھنڈی کرتے اور جب سردی ہوتی تعجیل فرماتے۔

اور بخاری، مسلم، ابوداؤد و ابن ماجہ نے سیدنا ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

قال اذن موذن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الظهر فقال ابرد ابرد او قال انتظر انتظر و قال شدة الحر من فيح جهنم فاذا اشتد الحر فابردوا عن الصلاة حتى رأينا فئ التلول .

یعنی موذن نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اذان ظہر دی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ٹھنڈا کر ٹھنڈا کر یا فرمایا انتظار کر انتظار کر اور فرمایا سخت گرما جہنم کی وسعت نفس سے ہے تو جب گرمی زائد ہو نماز ٹھنڈی کرو یہاں تک کہ ہم نے دیکھا ٹیلوں کا سایہ۔

دوسرے طریق میں ہے :

کنا مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی السفر فاراد الموذن ان یوذن الظھر فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابرد ثم اراد ان یوذن فقال لہ ابرد حتی رأینا فیئ التلول . الحدیث.

ہم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے موذن نے ارادہ کیا کہ ظہر کی اذان دے حضور نے ارشاد فرمایا ٹھنڈا کر پھر چاہا کہ اذان دے، پھر فرمایا ٹھنڈا کر یہاں تک کہ ہم نے ٹیلوں کے سائے دیکھے۔

اور مسلم میں ابراہیم کے طریق میں شعبہ سے موذن کا تین بار ارادہ کرنا اور حضور کا یہی حکم فرمانا وارد ہوا۔

ابوداؤد ونسائی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں

قال کان قدر صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الظھر فی الصیف ثلثۃ اقدام الی خمسۃ اقدام .

گرمی میں نماز حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مقدار تین قدم سے پانچ قدم تک تھی۔ یعنی جب سایہ ہر چیز کا اس کے ساتویں حصہ کے تین یا پانچ مثل ہو جاتا۔ تو حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز ادا فرماتے۔
(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۴۴۲، ۴۴۳)

ابوداؤد وترمذی ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امنی جبریل عند البیت مرتین فصلی بی الظھر حین زالت الشمس و کان قدر الشراک . الحدیث.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے بیت اللہ کے پاس دو بار میری امامت کی، ظہر کی نماز زوال شمس کے وقت پڑھائی اور سورج کا سایہ پشت قدم پر تھا۔ زوال شمس کے بعد وقت ظہر شروع ہو جاتا ہے بلکہ زوال ہی عین ظہر کا وقت ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۴۴۴)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

اذا اشتد الحر فابردوا بالظهر فان شدة الحر من فيح جهنم .

جب گرمی سخت ہو تو ظہر کو ٹھنڈا کرو کہ شدت گرمی وسعت دم دوزخ سے ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۴۴۲)

صحیح بخاری شریف کی حدیث باب الاذان للمسافر میں ہے کہ ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہم ایک سفر میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ رکاب اقدس تھے موذن نے اذان ظہر دینی چاہی فرمایا ابرد، وقت ٹھنڈا کرو۔

دیر کے بعد پھر موذن نے اذان دینی چاہی فرمایا **ابرد** وقت ٹھنڈا کر۔ دیر کے بعد موذن نے سہ بارہ اذان کا ارادہ کیا فرمایا **ابرد** وقت ٹھنڈا کر۔

اور یوں ہی تاخیر کا حکم فرماتے رہے **حتی ساوی الظل التلول .**

یہاں تک کہ سایہ ٹیلوں کے برابر ہو گیا۔

اس وقت اذان کی اجازت فرمائی اور ارشاد فرمایا گرمی کی شدت جہنم کی سانس سے ہے تو جب گرمی سخت ہو ظہر ٹھنڈے وقت پڑھو۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۲، ص ۲۵۵)

نماز عصر میں پہلا رکوع

بزار و طبرانی اوسط میں ہے:

عن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال اول صلاۃ رکعنا فیھا العصر فقلنا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما ھذا قال بھذا امرت.

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جس نماز میں ہم نے سب سے پہلی بار رکوع کیا وہ نماز عصر ہے ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ کیا ہے فرمایا مجھے یہی حکم ہوا ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲/ ۲۱۸۔ جمان التاج)

مسجد بنی عبدالاشہل میں نماز مغرب

ابوداؤد و ترمذی اور نسائی کعب بن عجرہ سے اور ابن ماجہ رافع بن خدیج کی حدیث میں راوی

قال ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اتی مسجد بنی عبد الاشھل فصلی فیہ المغرب فلما قضوا صلاتھم رأھم یسبحون بعدھا فقال ھذہ صلاۃ البیوت.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد بنی عبدالاشہل میں تشریف لائے اور اس میں نماز مغرب ادا فرمائی پھر جب نماز پوری ہوئی تو لوگوں کو دیکھا کہ مسجد میں سنتیں پڑھنے لگے ارشاد فرمایا یہ نماز گھر میں پڑھا کرو۔ (مولف)

ترمذی اور نسائی کے لفظ یہ ہیں:

علیکم بھذۃ الصلاۃ فی البیوت.

تم لوگوں پر اس نماز کا گھروں میں پڑھنا لازم ہے۔ (مولف)

ابن ماجہ میں یہ ہے :

ارکعوا هاتین الرکعتین فی بیوتکم .

یعنی ان دونوں رکعتوں کو اپنے گھروں میں پڑھا کرو۔ (مولف)

شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی قدس اللہ سرہ العزیز شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں:

ہر گاہ تمام کردندن مردم نماز فرض را دید آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایشاں را کہ نماز نفل می گزارند کہ مراد بوے سنت مغرب است بعد از فرض یعنی در مسجد پس گفت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایں یعنی سنت مغرب یا مطلق نماز نفل نماز خانہا است کہ در خانہا باید گزارد نہ در مسجد بدانکہ افضل آنست کہ نماز نفل غیر فرض در خانہ بگزارند ہمچنیں بود عمل آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مگر بسببے یا عذرے خصوصاً سنت مغرب کہ ہرگز در مسجد نگزارد۔

وبعضے از علماء گفتہ اند کہ اگر سنت مغرب را در مسجد بگزارد از سنت واقع نمی شود، وبعض گفتہ اند کہ عاصی می گردد از جہت مخالفت امر کہ ظاہرش در وجوب است و جمہور بر آنند کہ امر برائے استحباب است۔

یعنی جب لوگوں نے نماز فرض پوری کر لی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو دیکھا کہ فرض کے بعد مسجد ہی میں نماز نفل یعنی مغرب کی سنت ادا کر رہے ہیں تو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سنت یا نماز نفل تو گھر کی نماز ہے کہ انھیں گھر میں ادا کرنا چاہیئے نہ کہ مسجد میں۔ افضل یہی ہے کہ فرض کے علاوہ جو بھی نفل ہے وہ گھر میں ادا کی جائے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہی عمل تھا مگر کسی سبب یا کسی عذر کے باعث کبھی مسجد میں ادا کی جائے تو ہو جائے گی خصوصاً مغرب کی سنت کو مسجد میں

ہرگز ادا نہ کرے۔

بعض علماء نے فرمایا ہے کہ اگر مغرب کی سنت کو مسجد میں ادا کیا جائے تو وہ سنت ادا نہ ہوگی اور بعض کہتے ہیں کہ گنہ گار ہوں گے امر کی مخالفت کے سبب سے کیوں کہ امر وجوب کے لیے ہے اور جمہور علماء اس پر ہیں کہ امر استحباب کے لیے ہے۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ، ج ۳۔ص ۴۵۸)

نمازعشاء

حدیث شریف میں نمازعشا کی نسبت ہے کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یصلیھا لسقوط القمر الثالثۃ.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ نماز اس وقت پڑھا کرتے جس وقت تیسری رات کا چاند ڈوبتا ہے۔اسے ابوداؤد نے نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۵۷۹۔نورالادلۃ)

نمازعشاء کی تاکید

سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کاشانۂ اطہر سے مسجد انور میں قریب امامت جلوہ فرما ہوتے، ایک دن نمازعشاء کو تشریف لائے جماعت میں قلت دیکھی کچھ لوگ حاضر نہ پائے نہایت شدید غضب و جلال محبوب ذی الجلال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چہرۂ اقدس سے ظاہر ہوا ارشاد فرمایا خدا کی قسم میرے جی میں آتا ہے کہ موذن کو تکبیر کا حکم دوں پھر کسی کو امامت کے لیے فرماؤں پھر بھڑکتی ہوئی مشعلیں لے جاؤں اور ان لوگوں پر ان لوگوں کے گھر پھونک دوں جنھیں یہ اذان سنے یہ وقت ہوگیا اب تک گھروں سے نماز کو نہیں نکلتے۔

بخاری ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لیس صلاۃ اثقل علی المنافقین من الفجر و العشاء و لو یعلمون ما فیھما لا توھما و لو حبوا لقد ھممت ان آمر الموذن فیقیم ثم آمر رجلا یؤم الناس ثم آخذ شعلا من نار فاحرق علی من لا یخرج الی الصلاۃ بعد.

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ منافقین پر نماز فجر وعشا سے زیادہ کوئی نماز بھاری نہیں ہے اگر وہ جانتے کہ ان میں کیا ثواب ہے تو ضرور آتے اگرچہ گھسیٹ کر آنا پڑتا، خدا کی قسم میرے جی میں آتا ہے کہ موذن کو تکبیر کا حکم دوں پھر کسی کو امامت کے لیے فرماؤں پھر بھڑکتی ہوئی مشعلیں لے جاؤں اور ان لوگوں پر ان لوگوں کے گھر پھونک دوں جنھیں یہ اذان سنے یہ وقت ہوگیا اب تک گھروں سے نماز کو نہیں نکلتے۔ (مولف)

عبداللہ بن وہب اپنی مسند میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

لینتھین رجال من حول المسجد لا یشھدون العشاء اولاً حرقن بیوتھم.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ لوگ مسجد کے اردگرد رہتے ہیں اور نماز عشاء کے لیے نہیں آتے یا تو میں ان لوگوں کے گھروں کو جلا دوں، یا وہ لوگ نماز کو آئیں۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۳۳۶ ـ القلادۃ المرصعۃ)

نماز عشاء میں تاخیر

بخاری اور امام سیوطی کی الباب المزبور میں ہے :

عن ابی موسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالی عنہ قال اعتم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لیلۃ بالعشاء حتی ابھار اللیل ثم خرج فصلی فلما قضی صلاتہ قال لمن حضرہ ابشروا ان من نعمۃ اللہ علیکم انہ لیس احد من الناس یصلی ھذہ الساعۃ غیرکم او قال ما صلی ھذہ الساعۃ احد غیرکم .

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک رات عشا کی نماز میں آدھی رات تک تاخیر فرمائی پھر تشریف لائے اور نماز پڑھی نماز پوری کرنے کے بعد فرمایا جو حاضر ہے اس کو بشارت دے دو کہ اللہ تعالیٰ کی تم پر یہ نعمت ہے کہ اس وقت تمھارے علاوہ کوئی دوسرا نماز نہیں پڑھ رہا ہے۔ یا یہ فرمایا کہ اس وقت تمھارے علاوہ کسی نے نماز نہیں پڑھی۔ (مولف)

امام سیوطی نے فرمایا کہ احمد ونسائی کی روایت میں یوں ہے

عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال اخر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلاۃ العشاء ثم خرج الی المسجد فاذا الناس ینتظرون الصلاۃ فقال اما انہ لیس من اھل ھذہ الادیان احد یذکر اللہ تعالیٰ ھذہ الساعۃ غیرکم .

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عشاء میں تاخیر فرمائی پھر جب مسجد میں تشریف لائے تو لوگ نماز کا انتظار کر رہے تھے فرمایا کہ ان دین والوں میں تمھارے سوا کوئی اس وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کر رہا ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ، ج ۲، ص ۱۹۹)

اولیت عشاء

امام اجل ابوجعفر طحاوی نے شرح معانی الآثار میں امام عبیداللہ بن محمد بن عائشہ سے روایت کیا کہ انھوں نے فرمایا

اول من صلی العشاء الآخرة نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

سب سے پہلے عشاء ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پڑھی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۰۱)

کون سی نماز کس نبی نے پہلے پڑھی، اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ رقم طراز ہیں:

قول امام عبید اللہ بن عائشہ، کہ جب آدم علیہ الصلاۃ والسلام کی توبہ وقت فجر قبول ہوئی انھوں نے دو رکعتیں پڑھیں، وہ نماز صبح ہوئی۔ اور اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام کا فدیہ وقت ظہر آیا ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے چار پڑھیں وہ ظہر مقرر ہوئی۔ عزیر علیہ الصلاۃ والسلام سو برس کے بعد عصر کے وقت زندہ کیے گئے انھوں نے چار پڑھیں، وہ عصر ہوئیں، داؤد علیہ الصلاۃ والسلام کی توبہ وقت مغرب قبول ہوئی چار رکعتیں پڑھنے کھڑے ہوئے تھک کر تیسری پر بیٹھ گئے مغرب کی تین ہی رہیں۔

اور عشا سب سے پہلے ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پڑھی۔

اسے امام طحاوی نے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۲۔ ص ۲۰۶)

اور بعض علماء کا قول ہے کہ فجر آدم، ظہر ابراہیم، عصر سلیمان، مغرب عیسیٰ علیہم الصلاۃ والسلام نے پڑھی اور عشا خاص اس امت کو ملی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۰۸)

صحابہ کی نماز جماعت

بعض اوقات حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مدینہ طیبہ میں کسی اور محلہ میں تشریف لے گئے ہیں اور واپس تشریف لانے میں دیر ہوئی ہے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے جماعت ادا کر لی ہے۔ ایک بار صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امام کیا، ایک بار عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو

اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے پسند فرمایا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۳۴۵)

اہل بیت کے ساتھ حضور کی نماز

انہ علیہ الصلاۃ و السلام خرج لیصلح بین قوم فعاد الی المسجد و قد صلی اهل المسجد رجع الی منزله فجمع اهله و صلی .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک قوم کی اصلاح کے لیے تشریف لے گئے تھے جب مسجد کو واپس تشریف لائے تو لوگ نماز پڑھ چکے تھے پھر دولت کدہ کو تشریف لے گئے اور اہل بیت کو جمع فرما کر نماز پڑھائی۔ (مولف)

جماعت کے بعد ایک شخص کی نماز

و صح ان رجلا دخل المسجد و قد صلی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم باصحابه فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من یتصدق علی ذا فیصلی معه فقام رجل من القوم فصلی معه .

ایک آدمی مسجد میں آیا اس حال میں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابہ کو نماز پڑھا چکے تھے، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے جو اس شخص پر احسان کرے کہ اس کے ساتھ نماز پڑھے تو ان میں سے ایک آدمی اٹھے اور ان کے ساتھ نماز پڑھی۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا اس لیے فرمایا تا کہ اس آدمی کو جماعت کا ثواب مل جائے اور دوبارہ پڑھنے والے کو نفل کا ثواب ملے۔ (مولف)

اسے احمد و ابوداؤد و ترمذی و ابوبکر بن ابی شیبہ و دارمی و ابویعلی وغیرہم نے ابوسعید خدری رضی اللہ

تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

و فی بعضھا ان ذلک المتصدق علی الرجل ابو بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ.

بعض روایت میں ہے کہ اس آدمی پر صدقہ کرنے والے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۳۵۸، ۳۵۹)

جماعت تراویح

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جماعت تراویح اسی خیال سے ترک فرمادی کہ مداومت کیے سے فرض نہ ہو جائے۔ ائمہ ستہ نے زید بن ثابت سے اور بخاری و مسلم نے اسے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۳۹۔ النہی الحاجز)

قیام لیل اور نماز تہجد

تہجد، ہجود سے ہے۔ ہجود کے معنی نوم یعنی نیند کے ہیں اور تہجد کے معنی ترک نوم یعنی سونے کو چھوڑنا، اور اس جگہ ترک نوم کے معنی استیقاظ یعنی بیداری کے ہیں اس لیے کہ نماز تہجد سونے اور اس سے بیدار ہونے کے بعد ہوتی ہے۔

اور اس میں اختلاف ہے کہ قیام لیل جس کے معنی نماز تہجد کے ہیں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر فرض تھی یا سنت؟ ہر ایک گروہ کی دلیل یہی آیہ کریمہ **فتھجد بہ فافلۃ لک** ہے، تو وہ گروہ جو اسے سنت کہتا ہے وہ نافلہ کو نفل سے مانتے ہیں جس کے معنی فرض پر زیادتی کے ہیں اور جو فرض کہتا ہے وہ نافلہ کو بمعنی زیادہ کہتے ہیں جس کا لغوی معنی نفل ہے یعنی فرائض پر زائد فریضہ۔ اور اگر نافلہ بمعنی تطوع ہوتا تو **نافلۃ لک** جو مفید اختصاص حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے نہ فرمایا جاتا اس لیے کہ نفل و تطوع حضور کے ساتھ مخصوص نہیں ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ مراد درجات کی زیادتی ہے اس لیے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

کے حق میں تطوع ہے کیوں کہ آپ مغفور مطلق اور معصوم ہیں۔ بجز رفع درجات کے کچھ اور مراد نہیں۔ اور یہ خصوصیت آپ ہی کے لیے ہے اور آپ کے سوا دوسروں کے حق میں کفارۂ ذنوب بھی ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی بھی حالت میں قیام لیل کو ترک نہ فرماتے اور سفر و حضر میں اس کی محافظت فرماتے۔ اور اگر کبھی کسی مرض یا غلبۂ نوم کے سبب قیام شب فوت ہو جاتا تو دن چڑھنے کے بعد زوال آفتاب سے پہلے اس کے بدلے بارہ رکعتیں ادا فرماتے، اور یہ بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر وجوب تہجد پر بظاہر دلالت کرتا ہے۔

اور آپ اتنا قیام فرماتے کہ آپ کے پائے مبارک ورم کر جاتے۔ اور ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث میں ہے کہ آپ کے قدمہائے مبارک میں شگاف پڑ جاتے۔

اور بعض مفسرین اس آیہ کریمہ **ان لن تحصوہ فتاب علیکم** کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ قیام لیل واجب ہے۔ اس تفسیر کے ساتھ جس کے حفظ اوقات میں قرآن کریم میں ہے کہ تہائی شب یا نصف شب یا دو تہائی شب قیام کیجیے۔

اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب نے ایک سال تک قیام کیا اس کے بعد یہ آیت منسوخ کر دی گئی۔ اور اس میں اختلاف ہے کہ نسخ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی شامل ہیں یا امت کے ساتھ مخصوص ہے اور اس کا حکم حضور پر باقی ہے۔

اہل علم فرماتے ہیں کہ نماز تہجد حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شب میں تیرہ رکعتیں تھیں۔ انھیں میں وتر کی تین رکعتیں بھی ہوتی تھیں۔ ہمارے مذہب میں وتر کی تین رکعتیں ہیں اور امام شافعی کے نزدیک ایک رکعت وتر ہے۔ لیکن اس طرح کہ اس سے پہلے دو رکعت پڑھے اور سلام پھیر کر ایک رکعت وتر کی پڑھے۔

بعض علمائے حدیث فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز شب گیارہ رکعتوں سے زیادہ نہ ہوتی اور تیرہ رکعت کی روایت بھی صحیح ہے۔ لیکن مراد دو رکعت سنت فجر ہے یعنی نماز شب کی تو گیارہ ہی رکعتیں ہیں مگر دو رکعت سنت فجر محسوب کر کے تیرہ رکعت شمار کرتے ہیں اور صحیح یہ ہے کہ سنت فجر کو خارج کر کے تیرہ رکعتیں ہیں اور نو اور سات اور پانچ کی بھی روایتیں ہیں جن میں وتر شامل ہے اور کبھی تمام شب کی نمازوں پر وتر کا اطلاق بھی آیا ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز شب کو کھڑے ہو کر ادا کرتے اور ان میں قرأت کو طویل فرمایا کرتے مثلاً سورۂ بقر، سورۂ آل عمران، سورۂ نساء، سورۂ مائدہ یا سورۂ انعام وغیرہ اور طویل سورتیں پڑھا کرتے تھے اور رکوع و سجود اور قومہ کو بھی قرأت کے اندازے پر طویل فرماتے۔ اور بعض راتوں میں تو نماز میں ایک ہی آیت بار بار پڑھ کر گزار دیتے وہ آیت یہ ہے **ان تعذبهم فانهم عبادک و ان تغفرلهم فانک انت العزیز الحکیم** . (اگر تو ان کو عذاب دے تو تیرے بندے ہیں اور اگر تو انھیں بخش دے تو تو ہی غالب حکمت والا ہے) اور ہر آخری دوگانہ کو پہلے دوگانہ سے ہلکا کرتے۔ اور آخر عمر شریف میں بیٹھ کر ہی دوگانے پڑھے ہیں اور جب بیٹھ کر پڑھتے تو رکوع و سجود بیٹھ کر ادا کرتے اور کبھی بیٹھ کر پڑھ رہے ہوتے اور جب قرأت کا حصہ ختم کے قریب ہوتا تو اٹھ کر کھڑے ہو کر پڑھتے اور رکوع کرتے اور سجدہ میں چلے جاتے۔ اور دوسری رکعت میں بھی ایسا ہی کرتے یا دوسری رکعت کو مکمل ہی بیٹھ کر پڑھتے یا کھڑے ہو کر گزار دیتے۔

ترمذی میں حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کبھی بیٹھ کر نماز نفل پڑھتے نہ دیکھا مگر قبل از وفات چند برسوں میں۔

اور صحیحین میں سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے انھوں نے فرمایا کہ جب آخر عمر شریف میں گرانی رونما ہوئی تو اکثر اپنی رات کی نمازیں بیٹھ بیٹھ کر ادا فرماتے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز شب کو ہلکی دو رکعت سے شروع فرماتے اس کے بعد بتدریج طویل فرماتے جاتے۔

اور کیفیت قیام اور تعداد و کمیت رکعات میں متعدد روایتیں آئی ہیں اور عبادت کرنے والوں کو اختیار دیا گیا ہے کہ ان اقسام وانواع میں ہمیشگی کرے اور ان میں سے ہر ایک فعل کو اوقات مختلفہ میں عمل میں لائے، یہی طریقہ سلوک اور اتباع سنت میں داخل وانسب ہے اور یہ تمام طریقے اور انواع احادیث صحاح میں مذکور ہیں۔

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتر کو کبھی اول شب میں ادا فرماتے اور کبھی آخر شب میں اور اکثر آخر شب میں ادا کرتے۔

جامع الاصول میں ترمذی سے حدیث مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وتر آخر عمر شریف میں جب کہ آپ نے اس جہان سے کوچ فرمایا سحر کے وقت تمام ہوا۔

اور ترمذی میں سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو خوف رکھتا ہے کہ آخر شب میں نہ اٹھ سکے گا اسے چاہیئے کہ اول شب میں (بعد نماز عشاء) ادا کرے اور سو جائے اور جو امید رکھتا ہے کہ آخر شب میں اٹھ جائے گا تو یقیناً آخر شب میں نماز مشہود و محظوظ ہے اور یہ افضل ہے۔

اور بعض اصفیاء سے سنا گیا ہے کہ آخر شب میں وتر ادا کرنا قرب بارگاہ رب العزت جل وعلا میں بہت بلند مقام رکھتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا غالب و اکثر احوال یہ تھا کہ آپ وتر کو آخر شب میں طلوع صبح صادق سے پہلے ادا فرماتے۔ اور بعض اوقات اول شب یا درمیان شب میں ادا کرتے اور اس

کے بعد تہجد کے لیے اٹھتے تو وتر کا اعادہ نہ فرماتے۔ترمذی میں حدیث ہے لا وتران فی لیلة . ایک رات میں دو وتر نہیں ہے۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وتر کے بعد دو رکعت ہلکی گزارتے اور اس میں اذا زلزلت الارض اور قل یا ایھا الکافرون پڑھتے۔امام مالک ان دونوں رکعتوں کے منکر ہیں اور امام احمد فرماتے ہیں کہ میں اسے کرتا بھی نہیں اور نہ اس سے منع ہی کرتا ہوں۔اور علماء فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے بیان جواز کے لیے عمل کر کے بتایا اور بعض کہتے ہیں کہ اس سے سنت فجر کی دو رکعتیں مراد ہیں۔اور بعض کہتے ہیں کہ یہ دو رکعتیں وتر کی ہیں۔اور ایک حدیث میں مروی ہے کہ وتر کے بعد ان دو رکعتوں کا ادا کرنا قیام لیل کے قائم مقام ہوتا ہے۔یہ اس تقدیر پر ہوگا کہ کسی نے اول شب میں وتر پڑھ کر ان دو رکعتوں کو ادا کر لیا۔(مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

نماز تہجد

نماز تہجد، قیام لیل کی فرضیت پھر عام لوگوں سے اس کا نسخ اور نماز شب میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معمول اقدس سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

تہجد ابتدائے امر میں حضور اقدس صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ اور حضور کی امت سب پر فرض تھا مگر بعد میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تو فرض ہی رہا اور امت کے لیے نفل ہو گیا۔

ابو جعفر طبری حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

امر صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بقیام اللیل و کتب علیه دون امته .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قیام شب کا حکم تھا، حضور پر فرض تھا امت پر نہیں۔

طبرانی معجم اوسط اور بیہقی سنن میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

ثلث هن علی فرائض و هن لکم سنة الوتر والسواک و قیام اللیل .

تین چیزیں مجھ پر فرض اور تمھارے لیے سنت ہیں۔ وتر و مسواک و قیام شب۔

امام محی السنۃ بغوی معالم میں فرماتے ہیں :

کانت صلاة اللیل فریضة علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی الابتداء و علی الامة ثم صار الوجوب منسوخا فی حق الامة و بقی فی حق النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم . اھ ملخصا.

ابتدائے امر میں رات کی نماز حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور امت پر فرض تھی پھر یہ وجوب تو امت کے حق میں منسوخ ہوگیا اور حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں باقی رہا۔ (مولف)

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں

مختار آنست کہ از امت منسوخ شد بر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باقی ماند تا آخر عمر۔

صحیح یہ ہے کہ تہجد کا حکم امت سے منسوخ ہوگیا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر آخر عمر شریف تک باقی رہا۔ (مولف)

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث میں ہے۔

ان الله عزوجل افترض قیام اللیل فی اول هذه السورة فقام نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و اصحابه حولا و امسک الله خاتمتها اثنی عشر شهرا فی السماء

حتی انزل اللہ فی آخر ھذہ السورۃ التخفیف فصار قیام اللیل تطوعا بعد فریضۃ . رواہ مسلم و ابو داؤد و النسائی .

بیشک اللہ عزوجل نے سورۂ مزمل کے ابتدائی حصے میں قیام لیل کو فرض فرمایا تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام نے ایک سال تک قیام فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے اس کے آخری حصے کو آسمان پر ہی ایک سال تک روک لیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس سورہ کی آخری آیتوں میں قیام کی تخفیف کا حکم فرمایا تو رات کا قیام فرض ہونے کے بعد اب نفل ہوگیا۔ اسے مسلم وابوداؤد اور نسائی نے روایت کیا۔ **(مولف)**

اسی حدیث میں لفظ ابی داؤد یوں ہیں :

قال (ای سعد بن ھشام) قلت حدثنی من قیام اللیل قالت الست تقراء یا ایھا المزمل قال قلت بلی قالت فان اول ھذہ السورۃ نزلت فقام اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حتی انتفخت اقدامھم و حبس خاتمتھا فی السماء اثنی عشر شھرا ثم نزل آخرھا فصار قیام اللیل تطوعا بعد فریضۃ.

سعد بن ہشام نے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہا کہ آپ قیام لیل کے بارے میں حدیث بیان کیجیے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کیا تم نے سورۂ مزمل نہیں پڑھی ہے؟ سعد نے کہا ہاں کیوں نہیں حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ اس سورۂ کی ابتداء جب نازل ہوئی تو صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے ایسا قیام کیا کہ ان کے قدم متورم ہوگئے پھر جب اس کی آخری آیتیں ایک سال کے بعد نازل ہوئیں تو قیام شب جو فرض تھا وہ نفل ہوگیا۔ **(مولف)**

صحیحین میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے :

کملت صلاتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی شھر رمضان وغیرہ ثلث عشر

رکعة باللیل و منها رکعتا الفجر.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز شب رمضان وغیر رمضان میں تیرہ رکعات ہوتی تھیں ان ہی میں فجر کی دو رکعتیں بھی ہیں۔ (مولف)

صلاۃ لیل ہر وہ نماز نفل کہ بعد فرض عشاء رات میں پڑھی جائے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

ما کان بعد صلاۃ العشاء فھو من اللیل.

جو نماز بعد عشاء پڑھی جائے وہ سب نماز شب ہے۔ اسے طبرانی نے ایاس بن معاویہ المزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳ ص ۴۵۵۔۴۵۶)

قدمان مبارک متورم ہو گئے

جامع صحیح امام بخاری میں ہے

ثنا زیاد انه سمع المغیرة یقول قام النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حتی تورمت قدماہ فقیل له قد غفر الله لک ما تقدم من ذنبک و ما تأخر قال افلا اکون عبدا شکورا.

زیاد نے مغیرہ کو کہتے ہوئے سنا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اتنا قیام فرمایا کہ قدمان مبارک متورم ہو گئے تو عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ نے آپ کے سبب سے آپ کی امت کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرما دیئے ہیں تو حضور نے ارشاد فرمایا کیا میں شکر گزار بندہ نہ بنوں۔ (مولف)

عن عائشة رضي الله تعالیٰ عنها ان نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یقوم من اللیل حتی تنفطر قدماه فقالت عائشة لم تصنع هذا یا رسول الله و قد غفر الله لک ما تقدم من ذنبک و ما تاخر قال افلا احب ان اکون عبدا شکورا . الحدیث.

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شب کو اس طرح قیام فرماتے تھے کہ قدمان مبارک شگافتہ ہو جاتے، حضرت عائشہ عرض کرتیں یا رسول اللہ! آپ ایسا کیوں کرتے ہیں جب کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے سبب آپ کی امت کے اگلے پچھلے گناہوں کو معاف فرمادیا ہے ارشاد فرمایا کیا مجھے یہ محبوب نہ ہو کہ عبد شکور ہو جاؤں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ، ج۳، ص۴۶۰)

تہجد میں قرأت صحابہ

سنن ابی داؤد میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز تہجد میں ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بہت پست آواز سے پڑھتے دیکھا، اور فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بہت بلند آواز سے اور بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا کہ کچھ ایک سورت سے پڑھا اور کچھ دوسری سورت سے لیا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تینوں صاحبوں سے وجہ دریافت فرمائی۔

صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی :

قد اسمعت من ناجیت.

یا رسول اللہ میں جس سے مناجات کرتا ہوں وہ اس پست آواز کو بھی سنتا ہے۔

فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی :

یا رسول الله اوقظ الوسنان و اطرد الشیطان.

یارسول اللہ میں اس لیے اتنی آواز سے پڑھتا ہوں کہ اونگھنا جاگے اور شیطان بھاگے۔

بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی :

كلام طيب يجمعه الله بعضه الى بعض .

یارسول اللہ قرآن مجید سب پاکیزہ کلام ہے کچھ یہاں سے اور کچھ وہاں سے میں ملالیتا ہوں، ارادۂ الٰہیہ یوں ہی ہوتا ہے۔

فرمایا :

كلكم قد أصاب.

تم تینوں نے ٹھیک بات کی درست کام کیا۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۳، ص ۴۸۱)

قنوت نازلہ

واقعۂ بیر معونہ میں ستر اصحاب شہید ہوئے اور جب ان کی شہادت کی خبر دربار رسالت میں پہنچی تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہت غم زدہ اور ملول ہوئے اور بہت کرب محسوس فرمایا یہاں تک کہ ایک ماہ تک اور ایک روایت میں ہے کہ چالیس روز تک فجر کی نماز میں قنوت پڑھی۔ اور قبیلۂ رعل، وذکوان، عصیہ اور تمام قبائل نجد پر دعائے ہلاکت فرمائی۔

مسلم میں بروایت حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعائے ہلاکت میں قبیلۂ بنی لحیان کا ذکر بھی آیا ہے۔ بنی لحیان واقعہ بیر معونہ میں شریک نہیں ہیں بلکہ قضیۂ رجیع میں ہیں لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان پر بھی دعائے ہلاکت فرمائی اور انھیں کے ساتھ شامل کیا۔

صاحب مواہب کہتے ہیں کہ سب کی خبریں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک ہی وقت میں پہنچیں، اس بناء پر ایک دعا میں تمام طوائف وقبائل کو شامل کرلیا۔ بخاری کی حدیث میں لحیان کا ذکر ہے اس کی توجیہ بھی یہی ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قنوت نازلہ سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

ابن حبان نے اپنی صحیح بالتقاسیم والانواع میں بطریق ابراہیم بن سعد عن الزہری عن سعید وابی سلمۃ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

قال كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا يقنت فى الصبح الا ان يدعو لقوم او على قوم .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز صبح میں قنوت نہ پڑھتے مگر جب کسی قوم کے لیے ان کے فائدے کی دعا فرماتے یا کسی قوم پر ان کے نقصان کی دعا فرماتے۔

خطیب بغدادی نے کتاب القنوت میں بطریق محمد بن عبداللہ انصاری **ثنا سعيد بن ابى عروبة عن قتادة** حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی

ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان لا يقنت الا اذا دعا لقوم او دعا على قوم .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قنوت نہ پڑھتے مگر جب کسی قوم کے لیے یا کسی قوم پر دعا فرمائی ہوتی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۹۲۔ اجتناب العمال)

فائدہ

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

قنوت فجر کے بارے میں ہمارے مشائخ کرام تصریح فرماتے ہیں کہ منسوخ ہے ولہٰذا حکم دیتے ہیں کہ حنفی اگر فجر میں شافعی کی اقتدا کرے قنوت میں اس کا اتباع نہ کرے کہ منسوخ میں پیروی نہیں۔ اس قدر پر تو کلمات علماء متفق ہیں۔

ہاں محل نظر یہ ہے کہ یہاں عموم نسخ ہے یا نسخ عموم۔

عموم نسخ یہ کہ نازلہ و بے نازلہ کسی حال میں قنوت فجر کی مشروعیت باقی نہیں عموماً نسخ ہو گیا۔

اور نسخ عموم یہ کہ نازلہ و بے نازلہ ہر حال میں عموماً قنوت کا پڑھا جانا، یہ منسوخ ہوا صرف بحالت نازلہ باقی رہا۔

نسخ عموم پر تو بہت احادیث صحیحہ دلیل ہیں جن کی تفصیل امام محقق علی الاطلاق نے فتح القدیر میں افادہ فرمائی۔

اور مسند احمد و صحیح مسلم و سنن نسائی و ابن ماجہ میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قنت شهرا يدعو على احياء من احياء العرب ثم تركه .زاد ابن ماجة في صلاة الصبح .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مہینے تک نماز صبح میں قنوت پڑھی عرب کے کچھ قبیلوں پر دعائے ہلاکت فرماتے تھے پھر چھوڑ دی۔

اور صحاح ستہ میں بضمن حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے کہ ترک کا سبب نزول آیہ کریمہ

لیس لک من الامر شیٔ او یتوب علیھم او یعذبھم فانھم ظلمون. (یہ بات تمھارے ہاتھ نہیں یا انھیں توبہ کی توفیق دے یا ان پر عذاب کرے کہ وہ ظالم ہیں) ہے۔

یہاں دو طرف نظر جاتی ہے اگر معنی آیت مطلقاً ممانعت اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ترک فرمانا بر بنائے ارتفاع شریعت ہو یعنی فجر میں قنوت اصلاً مشروع نہ رہی تو عموم نسخ ثابت ہوگا اور اب قنوت نازلہ بھی منسوخ ٹھہرے گی۔

اور اگر معنی آیت ان خاص لوگوں پر دعائے ہلاک سے ممانعت ہو کہ ان میں بعض علم الٰہی میں مشرف باسلام ہونے والے تھے اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ترک انھیں کے بارے میں ہو نہ مطلقاً تو صرف نسخ عموم ہی ثابت ہوگا اور قنوت نازلہ مشروع رہے گی۔

یہی دونوں نظریں امام محقق علی الاطلاق نے فتح القدیر پھر ان کی تبعیت سے علامہ محقق حلبی نے شرح کبیر میں افادہ فرمائیں۔

ان دونوں کتابوں اور مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں ہے۔

و اذا ثبت النسخ و جب حمل الذی عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ما زال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقنت فی الصبح حتی فارق الدنیا.

اما علی الغلط او علی طول القیام فانہ یقال علیہ ایضا او یحمل علی قنوت النوازل و یکون قولہ (ای قول انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ثم ترکہ، فی الحدیث الآخر) یعنی الدعاء علی اولئک القوم لا مطلقا.

اور جب نسخ ثابت ہوگیا تو حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اس حدیث کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے جانے تک نماز صبح میں قنوت پڑھتے رہے، کو محمول کیا جائے غلط پر یا طول قیام

پر تو اس کو اسی پر بولا جائے گا یا قنوت نازلہ پر محمول کیا جائے گا اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک قول دوسری حدیث میں ہے کہ پھر حضور نے قنوت ترک فرمادی، تو اس کا مطلب یہ ہو جائے گا کہ اس قوم پر دعائے ہلاک مراد ہے مطلق نہیں۔ (مولف)

بطریق حماد بن سلیمان وابو حمزہ قصاب عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے

قال لم یقنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الصبح الا شھرا ثم ترکہ لم یقنت قبلہ و لا بعدہ.

و لفظ حماد لم یر قبل ذلک و لا بعدہ.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک نماز صبح میں قنوت پڑھی پھر ترک فرمادی نہ اس سے پہلے پڑھی نہ بعد میں۔ حماد کے لفظ میں ہے کہ نہ اس سے پہلے کسی نے دیکھا نہ بعد میں۔ (مولف)

حدیث طارق اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ در بارۂ انکار قنوت فجر (جس طرح معمول شافعیہ ہے) نسائی نے اس طرح روایت کی کہ

میں نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی کسی نے قنوت نہ پڑھی وہ بدعت ہے۔

اور ترمذی و ابن ماجہ نے یوں کہ:

ان کے صاحبزادے سعد ابو مالک نے ان سے پوچھا آپ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پیچھے نمازیں پڑھیں کیا وہ فجر میں قنوت پڑھتے تھے فرمایا نئی نکالی ہوئی ہے۔

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث میں ہے:

نھی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عن القنوت فی الفجر.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قنوت فجر سے منع فرمایا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۹۵، ۴۹۶، ۴۹۷۔ اجتناب العمال)

قبائل کفار پر قنوت

حدیث میں ہے :

قنت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم شهرا علی عدة قبائل من الکفار.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مہینہ تک کافروں کے مختلف قبیلوں پر قنوت پڑھی۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۱۰)

بخاری و مسلم صحیح میں اور نسائی سنن میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال قنت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم شهرا یدعو علی رعل و ذکوان.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبیلہ رعل و ذکوان پر دعائے ہلاک کے لیے ایک مہینہ تک قنوت پڑھی۔ (مولف)

بطریق معتمر مسلم کے لفظ یہ ہیں :

عن انس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه قنت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم شهرا بعد الرکوع فی صلاة الصبح یدعو علی رعل و ذکوان و یقول عصیة عصت الله و رسوله.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبیلۂ رعل وذکوان پر دعائے ہلاک کے لیے ایک مہینہ فجر میں بعد رکوع قنوت پڑھی اور فرماتے کہ قبیلہ عصیہ نے اللہ ورسول کی نافرمانی کی۔جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (مولف)

مسلم حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قنت بعد الرکعة فی صلوٰة شهرا اذا قال سمع الله لمن حمده یقول فی قنوته اللهم انج الولید بن الولید اللهم انج سلمة بن هشام نج عیاش بن ابی ربیعة اللهم نج المستضعفین من المومنین ، اللهم اشدد وطأتک علی مضر اللهم اجعلها علیهم سنین کسنی یوسف قال ابو هریرة ثم رأیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ترک الدعاء بعد فقلت اری رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ترک الدعاء لهم قال فقیل و ما تراهم قد قدموا.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ماہ تک نماز کے اندر جب رکوع کے بعد سمع اللہ لمن حمدہ کہتے تو دعائے قنوت پڑھتے رہے،قنوت میں عرض کرتے اے اللہ ولید بن ولید کو نجات دے،سلمہ بن ہشام کو نجات دے،عیاش بن ابی ربیعہ اور ضعفا مومنین کو نجات دے،اے اللہ سختی کے ساتھ (قبائل) مضر کو پامال کردے اے اللہ ان پر ایسی قحط سالی مسلط فرما جیسی یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں ہوئی۔حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ اس کے بعد دعا ترک فرمادی۔میں نے کہا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے لیے دعا ترک فرمادی ہے۔راوی نے کہا کہ ان سے کہا گیا کہ یہ جو دیکھ رہے ہو تو وہ لوگ اپنے کیے کو پہنچ گئے ہیں۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۵۱۲)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے۔

صحیح بخاری شریف میں ہے۔

عن ابی هريرة ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان اذا رفع راسه من الرکعة الاخرة يقول اللهم انج عياش بن ابی ربيعة اللهم انج سلمة بن هشام اللهم انج الوليد بن الوليد اللهم انج المستضعفين من المومنين ، اللهم اشدد وطأتک علی مضر اللهم اجعلها سنين کسنی يوسف و ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال غفار غفر الله لها و اسلم سالمها الله .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب فجر کے آخری رکوع سے سر اٹھاتے تو فرماتے اے اللہ عیاش بن ابی ربیعہ کو نجات دے، سلمہ بن ہشام کو نجات دے، ولید بن الولید کو اور ضعفائے مومنین کو نجات دے، اے اللہ مضر کو سختی کے ساتھ پامال کردے اور انھیں قحط سالیوں میں مبتلا فرما جس طرح یوسف علیہ السلام کے زمانہ میں قحط ہوا تھا اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (قبیلہ) غفار کو اللہ تعالیٰ نے بخش دیا اور (قبیلہ) سالم کو سلامت رکھا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۰۲۔ اجتناب العمال)

رکوع سے پہلے قنوت

عن عبد الله عن امه انها قالت رأيت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قنت فی الوتر قبل الرکوع . کما فی الميزان

حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وتر میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھتے دیکھا ہے۔ جیسا کہ میزان میں ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۳۷۔ منیر العین)

قرأت نبوی ﷺ

حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی قرأت ترتیل وتفسیر کے ساتھ ایک ایک حرف صاف ہوتی تھی۔حروف مد میں مد کرتے اور آیت کے سرے پر وقف کرتے تھے چنانچہ پڑھتے الحمد للہ رب العالمین اور وقف فرماتے اس کے بعد پڑھتے الرحمن الرحیم وقف کرتے، اس کے بعد پڑھتے ملک یوم الدین اور وقف کرتے۔اسے ترمذی نے روایت کیا ہے اسے وقف النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کہتے ہیں۔

اور حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم سورت کو ترتیل سے پڑھتے یہاں تک کہ وہ سورت اس سورت سے بھی بڑھ جاتی جو سورۃ اس سے درازتر ہے۔اور حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی خوش آوازی اور خوش قرأت سے زیادہ کوئی دوسرا نہ تھا اور حضور اپنی قرأت میں تغنی یعنی لحن صوت کا بھی لحاظ فرماتے اور بسا اوقات اس سے آواز کو بلند فرماتے جیسا کہ فتح مکہ کے روز سورۂ انا فتحنا کی قرأت میں آواز کی خوش اسلوبی کا لحاظ فرمایا۔

عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالی عنہ نے حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی ترجیع کو تین الف سے تعبیر کیا ہے۔اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔ظاہر ہے کہ حضور کی ترجیع کا عمل یعنی آواز کو بڑھا بڑھا کر پڑھنا آپ کا اختیاری عمل تھا نہ کہ بطریق اضطرار اور اونٹنی کی جنبش سے، جیسا کہ لوگ خیال کرتے ہیں۔اگر اونٹنی کی جنبش سے ہوتا تو حضرت عبداللہ بن مغفل اسے بیان نہ کرتے اور اس کی خبر نہ دیتے کہ لوگ اس میں آپ کی پیروی کرتے اور ترجیع کو فعل رسول کی طرف نسبت نہ کرتے اور یہ نہ کہتے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ترجیع فرمائی جیسا کہ ظاہر ہے۔

صحیح حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا :

زینوا القران باصواتکم ۔

یعنی اپنی خوش آوازی سے قرآن کو آرائش دو۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :

لیس منا من لم یتغن بالقران

یعنی وہ ہم سے نہیں جس نے قرآن کو خوش آوازی سے نہ پڑھا۔

اور فرمایا کہ حق تعالیٰ کسی چیز کو ایسا نہیں سنتا اور متوجہ نہیں ہوتا جیسا کہ نبی کی خوش آواز سے پڑھنے کو سنتا اور متوجہ ہوتا ہے یعنی وہ جب قرآن کو خوش آوازی اور جہر سے پڑھتا ہے۔

سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

لکل شیٔ حلیۃ و حلیۃ القرآن حسن الصوت.

یعنی ہر چیز کی ایک زیبائش ہے اور قرآن کی زیبائش خوش آوازی ہے۔

مروی ہے کہ ایک رات حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قرأت توجہ سے سماعت فرمائی کیوں کہ وہ حد درجہ خوش آواز اور خوش خواں تھے ان کی مدح میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

اعطی مزمار من مزامیر آل داؤد

یعنی آل داؤد کے لحنوں میں سے ایک لحن انھیں عطا کیا گیا ہے۔

جب دن ہوا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں اپنی سماعت فرمانے کی خبر دی، حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا افسوس! اگر میں جانتا کہ یا رسول اللہ آپ سن رہے ہیں تو میں اس سے

زیادہ تحسین وتزئین کے ساتھ پڑھتا۔(مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

ایک آیت چھوٹ گئی

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قرأت قرآن اور اس کے طریقے کے بارے میں امام احمد رضہ بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

ابوداؤد وعبداللہ بن امام احمد زوائد مسند میں مسور بن یزید سے راوی :

قال صلی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فترک آیة فقال له رجل یا رسول الله آیة کذا و کذا قال فهلا اذکرتنیها .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز پڑھائی تو ایک آیت چھوڑ دی (بعد نماز) ایک آدمی نے عرض کیا یا رسول اللہ آیت تو اس طرح سے ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے مجھے کیوں نہیں یاد دلایا، یعنی لقمہ کیوں نہیں دیا۔ (مولف)

انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قراء فی الصلاة سورة المومنین فترک کلمة فلما فرغ قال الم یکن فیکم ابی قال بلی قال هلا فتحت علی .

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز میں سورۂ مومنین تلاوت فرمائی ایک کلمہ چھوٹ گیا تو بعد فراغت فرمایا کہ کیا تم میں ابی نہیں تھا؟ ابی نے عرض کیا کیوں نہیں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پھر تم نے مجھے لقمہ کیوں نہیں دیا۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۰۲)

حضور کی قرأت

امام ابوداؤد وغیرہ روایت کرتے ہیں :

عن ام سلمة رضی الله تعالیٰ عنها نعتت قرأة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مفسرة حرفا حرفا الخ.

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قرأت بہت عمدہ ہوتی اور ایک ایک حرف علیٰحدہ علیٰحدہ ہوتا۔ (مولف)

حدیث میں ہے

لا تنثروه نثر الدقل و لا تهذوه هذا الشعر قفوا عند عجائبه و حركوا به القلوب و لا يكن هم احد كم آخر السورة .

یعنی قرآن کو سوکھے چھوہاروں کی طرح نہ جھاڑو (جس طرح ڈالیاں ہلانے سے خشک کھجوریں جلد جلد جھڑ جھڑ پڑتی ہیں) اور شعر کی طرح سے گھاس نہ کاٹو، عجائب کے پاس ٹھہرتے جاؤ اور اپنے دلوں کو اس سے تدبر سے جنبش دو یہ نہ ہو کہ سورت شروع کی تو اب دھیان اسی میں لگا ہے کہ کہیں جلد اسے ختم کریں۔

اسے ابوبکر آجری نے کتاب حملۃ القرآن میں اور بغوی نے معالم التنزیل میں عبداللہ بن مسعود اور دیلمی نے حضرت ابن عباس سے اور عسکری نے کتاب المواعظ میں امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۱۰۳)

حضور بسم اللہ کو نماز میں آہستہ پڑھتے تھے

طبرانی نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی :

ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم كان يسر ببسم الله الرحمن الرحيم و ابا بكر و عمر و عثمان و عليا .

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وابوبکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہم بسم اللہ شریف آہستہ پڑھتے تھے۔

امام الائمہ امام ابوحنیفہ اور امام محمد وترمذی ونسائی وابن ماجہ وغیرہم ابن عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی،

قال سمعنی ابی و انا اقول بسم الله الرحمن الرحيم فقال ای بنی ایاک و الحدث قال و لم ار احد من اصحاب رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان ابغض اليه الحدث فی الاسلام یعنی منه قال و صليت مع النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و مع ابی بکر و مع عمر و مع عثمان فلم اسمع احدا منهم یقولها فلا تقلها انت اذا صليت فقل الحمد لله رب العالمين .

یعنی مجھے میرے باپ نے نماز میں بسم اللہ شریف پڑھتے سنا فرمایا اے میرے بیٹے بدعت سے بچ، ابن عبداللہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ میں ان سے زیادہ کسی کو اسلام میں نئی بات نکالنے کا دشمن نہ دیکھا انھوں نے فرمایا میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وابوبکر صدیق وعمر فاروق وعثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ساتھ نماز پڑھی کسی کو بسم اللہ شریف پڑھتے نہیں سنا تم بھی نہ کہو جب نماز پڑھو الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرو۔

انھیں عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کسی امام کو بسم اللہ جہر سے پڑھتے سنا پکار کر فرمایا :

یا عبد الله انی صليت خلف رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و ابی بکر و عمر و عثمان رضی الله تعالیٰ عنهم فلم اسمع احدا منهم یجهر بها.

اے خدا کے بندے میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم

کے پیچھے نمازیں پڑھیں ان میں کسی کو بسم اللہ جہر سے پڑھتے نہ سنا۔ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے فتح میں روایت فرمایا۔

امام اعظم ابوحنیفہ و امام مالک و امام شافعی و امام احمد چاروں ائمہ مذہب۔

اور بخاری و مسلم و ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ چھوں ائمہ حدیث۔

اور دارمی و طحاوی و ابن خزیمہ و ابن حبان و دارقطنی و طبرانی و ابویعلی و ابن عدی و بیہقی و ابونعیم و ابن عبدالبر وغیرہم اکابر حفاظ و اجلہ محدثین اپنی صحاح و سنن و مسانید و معاجیم میں باسانید کثیرہ حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں :

مسلم کے لفظ میں ہے :

صلیت خلف رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و خلف ابی بکر و عمر و عثمان فلم اسمع احدا منهم یقرء بسم الله الرحمن الرحیم

احمد و نسائی و ابن حبان صحیح میں برشرط سند صحیح روایت کرتے ہیں جیسا کہ فتح میں افادہ فرمایا :

کانوا لا یجهرون ببسم الله الرحمن الرحیم

ابن خزیمہ و طبرانی اور ابونعیم کے لفظ میں ہے :

کانوا یسرون ببسم الله الرحمن الرحیم

ابن ماجہ کے لفظ یہ ہیں:

فکلهم یخفون بسم الله الرحمن الرحیم

ان روایات کا حاصل یہ کہ، میں نے حضور اقدس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ابوبکر صدیق

وعمر فاروق وعثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی ان میں کسی کو بسم اللہ شریف پڑھتے نہ سنا، وہ بسم اللہ شریف کا جہر نہ فرماتے تھے، وہ بسم اللہ شریف آہستہ پڑھتے تھے۔

یہ وہ حدیث جلیل ہے جس کی تخریج پر چاروں ائمہ مذہب اور چھوں اصحاب صحاح متفق ہیں۔

امام اعظم وامام محمد وامام احمد وامام طحاوی وامام ابوعمر بن عبدالبر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

الجهر بسم الله الرحمن الرحيم قراءة الاعراب.

بسم اللہ شریف آواز سے پڑھنی گنواروں کی قرأت ہے۔

نیز اسی جناب سے مروی ہوا :

لم يجهر النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بالبسملة حتى مات.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی بسم اللہ شریف کا جہر نہ فرمایا یہاں تک کہ دنیا سے تشریف لے گئے۔ اسے فتح القدیر میں بیان کیا گیا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۳۶۵۔ وصاف الرجیح)

قول انس رضى الله تعالىٰ عنه صليت خلف النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ابى بكر و عمر و عثمان فكانوا يستفتحون بالحمد لله رب العالمين . رواه احمد و مسلم

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ابوبکر صدیق و عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی اقتداء میں نماز پڑھی ہے تو یہ سبھی حضرات سورۂ فاتحہ سے ابتدا فرماتے تھے۔ (نہ کہ بسم اللہ سے)۔ اسے امام احمد و مسلم نے روایت کیا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۳۵۹، وصاف الرجیح)

نزول بسم اللہ

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں

كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا يعرف فصل السور حتى ينزل عليه بسم الله الرحمن الرحيم . و هو مذهب مالك و ابى حنيفة و الثورى و حكى عن احمد و غيره .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نازل ہونے سے قبل انفصال سورت معلوم نہ تھا۔ امام مالک و امام اعظم اور ثوری کا مذہب یہی ہے اور امام احمد وغیرہ سے یہی مروی ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۵۸۔ وصاف الرجیح)

جمع بین الصلوٰتین

جمع یعنی دو نمازوں کو اکٹھا کر کے پڑھنے کی صورت یہ ہے کہ جب زوال آفتاب سے پہلے کوچ کرنا واقع ہوتا تو ظہر کی نماز کو تاخیر کر دیتے یہاں تک کہ عصر کے وقت میں اقامت فرماتے تو ظہر و عصر کے درمیان جمع فرما دیتے، اسے جمع تاخیر کہتے ہیں اور اگر سفر شروع کرنے سے پہلے ظہر کا وقت داخل ہو جاتا تو اس صورت میں کبھی ظہر پڑھ کر سوار ہوتے بعد ازاں جب وقت عصر آتا تو اتر کر نماز عصر ادا کرتے، اس صورت میں جمع واقع نہیں ہوتا اور بعض اوقات ظہر کو عصر سے ملا دیتے اور دونوں کو ایک ساتھ پڑھتے اور اس وقت سوار ہوتے، اس کا جمع تقدیم نام رکھتے ہیں۔

اور مغرب و عشاء میں ایسا ہی ہوتا یعنی اگر قبل از غروب کوچ واقع ہوتا اور نماز مغرب کا وقت راہ میں آتا تو نماز مغرب میں تاخیر کرتے یہاں تک کہ نزول کے وقت مغرب و عشا ملا کر پڑھتے یہ جمع تاخیر

ہے۔ اور اگر کوچ سے پہلے مغرب کا وقت ہو جاتا تو مغرب وعشا دونوں کو جمع کر کے پڑھتے اور سوار ہو جاتے یہ جمع تقدیم ہے۔

احادیث میں ''جمع بین الصلوٰتین'' واقع ہوا ہے اور بعض حدیثوں میں مطلق ہے اور بعض میں مقید بحالت روانگی اور سفر۔ اور بعض میں قطع مسافت کو جلد تر کرنے کی قید ہے اور یہی وہ محل ہے جس میں ان علماء کا اختلاف ہے جو جمع کے جواز کے قائل ہیں۔ بعض علی الاطلاق قائل ہیں اور امام شافعی انھیں میں سے ہیں۔ اور بعض حالت روانگی اور سفر میں مخصوص قرار دیتے ہیں نہ کہ نزول کی حالت میں اور کہتے ہیں کہ سفر میں جمع کی عادت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دائمی نہ تھی بلکہ جب سفر رواں دواں ہوتا تو جمع کرتے لیکن حالت نزول وقرار میں جمع مروی نہیں ہے اور بعض قطع مسافت میں جلدی کی صورت کے ساتھ مخصوص گردانتے ہیں۔

فتح الباری میں ہے کہ امام مالک سے یہی مشہور ہے، نیز بحالت عذر اور سفر کے ساتھ مخصوص قرار دیتے ہیں اور بعض جمع تاخیر کو جائز قرار دیتے ہیں اور جمع تقدیم کو ناجائز، اور یہ امام احمد سے مروی ہے نیز ان کے نزدیک بھی یہ بحالت سیر ہے مگر ان کے مذہب میں مشہور مطلقاً جواز ہے۔

اور فتح الباری میں ہے کہ امام مالک سے بھی جمع تاخیر کا جواز مروی ہے نہ کہ جمع تقدیم۔

اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک مطلقاً جائز نہیں ہے ان کے قول کی وجہ یہ ہے کہ اوقات نماز تعیین قطعی ہے اور تواتر کے ساتھ ثابت ہے جس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ یہاں تک کہ وقت سے نماز کو تاخیر کرنا اور اس پر اسے مقدم کرنا کبائر میں سے شمار کرتے ہیں۔

امام محمد رحمہ اللہ اپنی موطا میں نقل کرتے ہیں کہ ہمیں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت پہنچی ہے کہ انھوں نے ہر طرف کے اپنے حکام کو خط لکھا اور انھیں منع فرمایا کہ وہ جمع بین الصلاتین

ایک وقت میں نہ کریں اور ان کو خبردار کیا کہ ایک وقت میں جمع بین الصلاتین کبائر میں سے ہے۔

امام محمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ خبر ہمیں ثقہ علماء سے پہنچی ہے کہ انھوں نے ابن الحارث اور انھوں نے مکحول سے روایت کی ہے اور چوں کہ تعیین اوقات قطعی اور متواتر ہے لہٰذا خبر واحد اس کے معارض نہیں ہوسکتی۔

جمع بین الصلاتین سے مراد یہ ہے کہ پہلی نماز کو اتنا موخر کیا جائے کہ اسے اس کے آخری وقت میں پڑھا جائے اور دوسری نماز میں اتنی تعجیل کی جائے کہ اسے اس کے شروع وقت میں پڑھا جائے۔ اور بعض اسے جمع صوری کا نام دیتے ہیں کیوں کہ یہ ظاہراً صورت میں تو جمع ہے مگر حقیقت و معنی میں جمع نہیں ہے اور یہی وہ صورت ہے جس پر احناف سفر میں جمع کا اطلاق کرتے ہیں۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ، ''حاجز البحرین الواقی عن جمع الصلاتین'' میں دو نمازوں کو ملا کر پڑھنے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:

اللہ عزوجل نے نبی کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے ارشادات سے ہر نماز فرض کا ایک خاص وقت جداگانہ مقرر فرمایا ہے کہ نہ اس سے پہلے نماز کی صحت نہ اس کے بعد تاخیر کی اجازت۔

ظہرین عرفہ و عشائین مزدلفہ کے سوا دو نمازوں کا قصداً ایک وقت میں جمع کرنا سفراً حضراً ہرگز کسی طرح جائز نہیں۔ قرآن مجید و احادیث صحاح سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی ممانعت پر شاہد عدل ہیں یہی صحابہ و تابعین اور ائمہ کا مذہب ہے۔

جمع کی دو صورتیں ہیں۔

جمع صوری، جمع حقیقی۔

جمع صوری یہ ہے کہ ایک نماز اس کے آخری وقت اور دوسری نماز اس کے وقت کی ابتداء میں پڑھی

جائے اور یہ بالاتفاق جائز ہے۔

جمع حقیقی یہ ہے کہ دو نمازیں ایک وقت میں ادا کی جائیں۔

اس کی بھی صورتیں ہیں۔

جمع تقدیم، جمع تاخیر۔

جمع تقدیم: مثلاً ظہر و عصر دونوں ظہر کے وقت میں پڑھی جائیں ایسی صورت میں عصر کی نماز نہیں ہوئی کیوں کہ اس کا وقت ہی شروع نہیں ہوا۔

جمع تاخیر: مثلاً دونوں عصر کے وقت میں پڑھی جائیں اس صورت میں ظہر قضا ہوگی نہ کہ ادا۔

ائمہ احناف کے نزدیک یہ دونوں صورتیں ناجائز ہیں۔

مغرب وعشاء کے درمیان جمع صوری

سنن ابوداؤد میں بسند صحیح ہے:

عن نافع و عبد الله بن واقد ان موذن ابن عمر قال الصلاة قال سرحتی اذا کان قبل غیوب الشفق نزل فصلی المغرب ثم انتظر حتی غاب الشفق فصلی العشاء ثم قال ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان اذا عجل به امر صنع مثل الذی صنعت فسار فی ذلک الیوم و اللیلة مسیرة ثلث.

یعنی نافع وعبداللہ بن واقد دونوں تلامذہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے مؤذن نے نماز کا تقاضا کیا فرمایا چلو یہاں تک کہ شفق ڈوبنے سے پہلے اتر کر مغرب پڑھی پھر انتظار فرمایا یہاں تک کہ شفق ڈوب گئی اس وقت عشاء پڑھی پھر فرمایا حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

کو جب کوئی جلدی ہوتی تو ایسا ہی کرتے جیسا میں نے کیا ابن عمر نے اس دن رات میں تین رات دن کی راہ قطع کی۔

نسائی کی روایت بسند صحیح یوں ہے :

حدثنی نافع قال خرجت مع عبد الله بن عمر فی سفر یریدا رضاله فاتاه آت فقال ان صفیة بنت ابی عبید لما بها فانظر ان تدرکها فخرج مسرعا و معه رجل من قریش یسایره و غابت الشمس فلم یصل الصلوٰة و کان عهدی به و هو یحافظ علی الصلوٰة فلما ابطأ قلت الصلوٰة یرحمک الله فالتفت الی و مضی حتی اذا کان فی آخر الشفق نزل فصلی المغرب ثم اقام العشاء و قد تواری الشفق فصلی بنا ثم اقبل علینا فقال ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان اذا عجل به السیر صنع هکذا.

یعنی نافع فرماتے ہیں عبداللہ بن عمر اپنی ایک زمین کو تشریف لیے جاتے تھے کسی نے آکر کہا آپ کی زوجہ صفیہ بنت ابی عبید اپنے حال میں مشغول ہیں شاید ہی آپ انھیں زندہ پائیں یہ سن کر بہ سرعت چلے اوران کے ساتھ ایک مرد قریشی تھا سورج ڈوب گیا اور نماز نہ پڑھی اور میں نے ہمیشہ ان کی عادت یہی پائی تھی کہ نماز کی محافظت فرماتے تھے جب دیر لگائی میں نے کہا نماز، خدا آپ پر رحم فرمائے میری طرف پھر کر دیکھا اور آگے روانہ ہوئے جب شفق کا اخیر حصہ رہا اتر کر مغرب پڑھی پھر عشا کی تکبیر اس حال میں کہی کہ شفق ڈوب چکی اس وقت عشا پڑھی پھر ہماری طرف منہ کر کے کہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب سفر میں جلدی ہوتی ایسا ہی کرتے۔ (فتاوىٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۸۹، ۲۹۰۔ حاجز البحرین)

اورامام فقیہ ابو جعفر نے حج میں بلا واسطہ روایت کی :

اخبرنا نافع قال اقبلنا مع ابن عمر من مکة حتی اذا کان ببعض الطریق

استصرخ علی زوجته فقیل له انها فی الموت فاسرع السیر و کان اذا نودی بالمغرب نزل مکانه فصلی فلما کان تلک اللیلة نودی بالمغرب فسار حتی امسینا فظننا انه نسی فقلنا الصلاة فسار حتی اذا کان الشفق قرب ان یغیب نزل فصلی المغرب و غاب الشفق فصلی العشاء ثم اقبل علینا فقال ھکذا کنا نصنع مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اذا جدبنا السیر.

یعنی امام نافع فرماتے ہیں راہ مکہ میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جب شفق ڈوبنے کے قریب ہوئی اتر کر مغرب پڑھی اور شفق ڈوب گئی اب عشا پڑھی پھر ہماری طرف منہ کر کے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایسا ہی کیا کرتے تھے جب چلنے میں کوشش ہوتی تھی۔

امام اعظم کا فرمان

و ھکذا قال ابو حنیفة فی الجمع بین الصلاتین ان یصلی الاول منھما فی آخر وقتھا و الاخری فی اول وقتھا کما فعل عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما. رواہ عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم.

یعنی دو نمازیں جمع کرنے میں یہی طریقہ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب ہے کہ پہلے کو اس کے آخر وقت اور پچھلی کو اس کے اول وقت میں پڑھے۔ جیسا کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے خود کیا اور حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت فرمایا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲،ص ۲۹۱۔ حاجز البحرین)

جمع عشائین

نیز امام طحاوی نے اور طریق سے یوں روایت کی۔

حتی اذا کان عند غیوبة الشفق فجمع بینهما و قال رأیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یصنع هکذا اذا جدبه السیر.

یعنی جب شفق ڈوبنے کے نزدیک ہوئی اتر کر دونوں نمازیں جمع کیں اور فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یوں ہی کرتے دیکھا جب حضور کو سفر میں جلدی ہوتی۔

اور صحیح بخاری ابواب التقصیر باب ھل یوذن اویقیم اذا جمع بین المغرب والعشاء میں یوں ہے :

عن عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال رأیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا عجله السیر فی السفر یؤخر صلاة المغرب حتی یجمع بینهما و بین العشاء قال سالم و کان عبد الله یفعله اذا عجله السیر و یقیم المغرب فیصلیها ثلثا ثم یسلم ثم قلما یلبث حتی یقیم العشاء فیصلیها رکعتین. الحدیث.

اسی کے باب یصلی المغرب ثلثا فی السفر میں بطریق مذکور و کان عبد الله یفعله اذا عجله السیر تک روایت کرکے فرمایا۔

کان ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما یجمع بین المغرب و العشاء بالمزدلفة قال سالم و اخر ابن عمر المغرب و کان استصرخ علی امرأته صفیة بنت ابی عبید فقلت له الصلاة فقال سر فقلت له الصلاة قال سر حتی سار میلین او ثلثة ثم نزل فصلی ثم قال هکذا رایت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا اعجله السیر یوخر المغرب فیصلیها ثلثا ثم یسلم ثم قلما یلبث حتی یقیم العشاء فیصلبها رکعتین . الحدیث.

ان دونوں روایتوں کا حاصل یہ کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ایام حج میں ذی الحجہ کی دسویں رات مزدلفہ میں مغرب و عشا جمع کرکے پڑھتے اور جب اپنی بی بی کی خبر گیری کو تشریف لے گئے تھے تو یوں کیا کہ

مغرب کو آخر کیا میں نے کہا نماز، فرمایا چلو میں نے پھر کہا نماز، فرمایا چلو، دو تین میل چل کر اترے اور نماز پڑھی پھر فرمایا میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب سفر میں جلدی ہوتی ایسا ہی کرتے مغرب اخیر کر کے تین رکعت پڑھتے پھر سلام پھیر کر تھوڑی دیر انتظار فرماتے پھر عشاء کی اقامت فرما کر دو رکعت پڑھتے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۹۲۔ حاجز البحرین)

نسائی کے یہاں یوں ہے:

اخبرنی محمد بن عبد الله بن بزیع حدثنا یزید بن زریع حدثنا کثیر بن قاروندا قال سالت سالم بن عبد الله عن صلاة ابیه فی السفر و سألناه هل کان یجمع بین شیٔ من صلاته فی سفره فذکر ان صفیة بنت ابی عبید کانت تحته فکتبت الیه و هو فی زراعة له انی فی اخر یوم من ایام الدنیا و یوم اول من الاخرة فرکب فاسرع السیر الیها حتی اذا حانت صلاة الظهر قال له الموذن الصلاة یا ابا عبد الرحمن فلم یلتفت حی اذا کان بین الصلاتین نزل فقال اقم فاذا سلمت فاقم فصلی ثم رکب حتی اذا غابت الشمس قال له الموذن الصلاة فقال کفعلک فی صلاة الظهر و العصر ثم سار حتی اذا اشتبکت النجوم نزل ثم قال الموذن اقم فاذا سلمت فاقم فصلی ثم انصرف فالتفت الینا فقال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا حضر احدکم الامر الذی یخاف فوته فلیصل هذه الصلاة .

خلاصہ یہ کہ جب صفیہ کا خط پہنچا کہ اب میرا دم واپسیں ہے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما شتاباں چلے نماز کے لیے ایسے وقت اترے کہ ظہر کا وقت جانے کو تھا اور عصر کا وقت آنے کو اس وقت ظہر پڑھ کر عصر پڑھی اور مغرب کے لیے اس وقت اترے جب تارے خوب کھل آئے تھے (جس وقت تک بلا عذر مغرب میں دیر لگانی مکروہ ہے) اسے پڑھ کر عشا پڑھی اور کہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں کسی کو ایسی

ضرورت پیش آئے جس کے فوت ہونے کا اندیشہ ہو تو اس طرح نماز پڑھے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۹۳۔ حاجز البحرین)

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

اس حدیث جلیل کے اتنے طرق کثیرہ ہیں جن سے آفتاب کی طرح روشن کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے سفر میں بحالت شتاب وضرورت جمع صوری فرمائی ہے اور یہی ائمہ کرام کا مذہب ہے۔

ابوداؤد اپنی سنن باب متی یتم السفر اور ابوبکر بن ابی شیبہ اپنے مصنف میں بسند حسن جید متصل حضرت عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب وہ اپنے والد ماجد محمد بن عمر بن علی وہ اپنے والد ماجد عمر بن علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کرتے ہیں۔

ان علیا کان اذا سافر بعد ما تغرب الشمس حتی تکادان تظلم ثم ینزل فیصلی المغرب ثم یدعو بعشائه فیتعشی ثم یصلی العشاء ثم یرتحل و یقول هکذا کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یصنع.

یعنی امیر المومنین مولی المسلمین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی جب سفر فرماتے سورج ڈوبے پر چلتے رہتے یہاں تک کہ قریب ہوتا کہ تاریکی ہو جائے پھر اتر کر مغرب پڑھتے پھر کھانا منگا کر تناول فرماتے پھر عشا پڑھ کر کوچ کرتے اور کہتے اسی طرح حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔

ظہر وعصر اور مغرب وعشاء میں جمع

امام اجل احمد بن حنبل مسند اور ابوبکر بن ابی شیبہ استاذ بخاری ومسلم مصنف میں بسند حسن بطریق

اپنے شیخ وکیع بن الجراح کے اور امام طحاوی معانی الآثار میں بطریق حدثنا فھدثنا الحسن بن البشیر ثنا المعافی بن عمران کلاھما عن مغیرة بن زیاد الموصلی عن عطاء بن ابی رباح ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنھا سے راوی :

قالت کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی السفر یوخر الظھر و یقدم العصر و یؤخر المغرب و یقدم العشاء .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر میں ظہر کو دیر فرماتے عصر کو اول وقت پڑھتے مغرب کی تاخیر فرماتے عشاء کو اول وقت پڑھتے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۹۴۔ حاجز البحرین)

احمد بخاری مسلم ابوداؤد ونسائی طحاوی وغیرہم بطریق عمرو بن دینار عن جابر بن زید حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی۔ یہ مسلم کے لفظ ہیں۔

قال صلیت مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ثمانیا جمعا قلت یا ابا الشعثاء اظنه اخر الظھر و عجل العصر و اخر المغرب و عجل العشاء قال و انا اظن ذلک .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ پوری آٹھ رکعات اور پوری سات رکعات اکٹھی کر کے پڑھی ہیں میں نے کہا اے ابوشعثاء میں سمجھتا ہوں کہ ظہر کو موخر اور عصر میں عجلت فرمائی اور مغرب میں تاخیر اور عشاء میں عجلت کی ابوشعثاء نے کہا کہ مجھے بھی یہی گمان ہو رہا ہے۔ (مولف)

مالک احمد مسلم ابوداؤد ترمذی نسائی طحاوی وغیرہم اسی جناب سے بطریق شتی والفاظ عدیدہ راوی :

عن ابن عباس قال صلی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم الظھر و العصر جمیعا بالمدینة فی غیر خوف و لا سفر قال ابو الزبیر فسألت سعیدا لم فعل ذلک

فقال سالت ابن عباس کما سألتنی فقال اراد ان لا یحرج احد من امته .

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ظہر وعصر دونوں نمازیں ایک ساتھ مدینہ شریف میں بغیر کسی خوف اور غیر حالت سفر کے پڑھیں، ابوزبیر نے کہا کہ میں نے سعید سے سوال کیا کہ حضور نے ایسا کیوں کیا تو انھوں نے کہا کہ میں نے بھی ابن عباس سے تمھاری طرح سوال کیا تھا تو انھوں نے فرمایا تھا کہ حضور نے ایسا اس لیے کیا تھا تا کہ ان کی امت میں کوئی حرج میں نہ پڑ جائے۔ یعنی ظہر کی نماز اخیر وقت اور عصر کی نماز اول وقت میں ادا فرمائی۔ (مولف)

ترمذی بطریق حبیب بن ابی ثابت روایت کرتے ہیں

عن ابن عباس قال جمع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بین الظهر و العصر و المغرب و العشاء بالمدینة فی غیر خوف و لا مطر.

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ظہر وعصر اور مغرب وعشاء مدینہ شریف میں بغیر کسی خوف وبارش کے جمع فرمائیں۔ یہ جمع صوری تھی نہ کہ جمع حقیقی۔ (مولف)

امام طحاوی کی روایت میں ہے :

عن ابن عباس فی غیر سفر و لا مطر.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دوسری روایت میں ہے کہ بغیر سفر و بارش کے جمع فرمائیں۔ (مولف)

نسائی کے لفظ یہ ہیں :

عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما قال صلیت مع النبی صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم بالمدینۃ ثمانیا جمعا و سبعا جمیعا اخر الظھر و عجل العصر و اخر المغرب و عجل العشاء.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ مدینہ شریف میں نماز پڑھی آٹھ رکعات جمع کر کے اور سات رکعات جمع کر کے جن میں ظہر میں تاخیر اور عصر میں تعجیل اور مغرب میں تاخیر اور عشا میں تعجیل فرمائی۔ (مولف)

نسائی کی دوسری روایت میں یہ ہے

عن ابن عباس انہ صلی بالبصرۃ الاولی و العصر لیس بینھما شیء و المغرب و العشاء لیس بینھما شیء فعل ذلک من شغل و زعم ابن عباس انہ صلی مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بالمدینۃ الاولی و العصر ثمان سجدات لیس بینھما شیء.

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ظہر و عصر اور مغرب و عشا بصرہ میں پڑھی جن کے درمیان کچھ نہیں تھا انھوں نے مشغولیت کی وجہ سے ایسا کیا، اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ منورہ میں ظہر و عصر آٹھ رکعتیں پڑھیں جن کے مابین کچھ نہیں تھا۔ (مولف)

مسلم بطریق زبیر بن الخریت عبداللہ بن شقیق سے راوی :

ان التاخیر کان لاجل خطبۃ خطبھا .

عبداللہ بن شقیق سے مروی ہے کہ یہ تاخیر خطبہ کی وجہ سے تھی۔ (مولف)

مسلم بطریق عمران بن حدیر روایت کرتے ہیں :

عن ابن عباس فی القصة قال کنا نجمع بین الصلاتین علی عهد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں دو نمازوں کو جمع کر لیتے تھے۔ (مولف)

طحاوی میں یوں ہے :

قد کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ربما جمع بینهما بالمدینة .

کبھی کبھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ شریف میں دو نمازوں کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج۲،ص۳۱۰۔۳۱۱۔حاجز البحرین)

عبدالرزاق مصنف میں بطریق عمرو بن شعیب راوی :

قال قال عبد الله جمع لنا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مقیما غیر مسافر بین الظهر و العصر و المغرب و العشاء فقال رجل لابن عمر لم تری النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فعل ذلک قال لان لا تحرج امته ان جمع رجل .

عبداللہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارے لیے حالت اقامت میں ظہر وعصر اور مغرب وعشاء جمع فرمائیں ایک آدمی نے ابن عمر سے کہا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا کیوں کیا تو ابن عمر نے فرمایا کہ ان کی امت میں اگر کوئی آدمی ایسا کرے تو کوئی حرج میں نہ پڑ جائے۔ (مولف)

ابن جریر اس جناب سے بایں الفاظ راوی :

خرج علینا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فکان یوخر الظهر و یعجل

العصر فجمع بينهما و يوخر المغرب و يعجل العشاء فجمع بينهما.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم میں تشریف لائے پھر ظہر میں تاخیر اور عصر میں تعجیل فرما کر دونوں کو جمع فرماتے تھے اور مغرب میں تاخیر اور عشاء میں تعجیل فرما کر دونوں کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۱۳۔ حاجز البحرین)

جمع بین المغرب والعشاء

طبرانی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یجمع بین المغرب و العشاء یوخر هذه فی آخر وقتها و یعجل هذه فی اول وقتها.

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مغرب وعشاء کو جمع فرماتے مغرب کو اس کے آخر وقت میں پڑھتے اور عشاء کو اس کے اول وقت میں۔

بخاری ومسلم ومالک ودارمی ونسائی وطحاوی وبیہقی بطریق سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم، مسلم ومالک ونسائی وطحاوی بطریق نافع۔

عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یجمع بین المغرب و العشاء اذا جد به السیر.

ابن عمر سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب سفر کی عجلت رہتی تو مغرب وعشا کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

بطریق سالم مسلم ونسائی کے لفظ میں ہے:

رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا اعجلہ السیر فی السفر یؤخر صلاۃ المغرب حتی یجمع بینھما و بین صلاۃ العشاء .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب سفر کی جلدی رہتی تو مغرب کو مؤخر کر کے عشاء کے ساتھ جمع فرماتے تھے۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲،ص ۳۱۴۔حاجز البحرین)

غزوۂ تبوک میں دو نمازوں کے درمیان جمع

بخاری تعلیقاً اور بیہقی موصولاً راوی

عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یجمع بین صلاۃ الظھر و العصر اذا کان علی ظھر سیر و یجمع بین المغرب و العشاء و ھو عند مسلم و آخرین بذکر غزوۃ تبوک .

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سفر میں ہوتے تو ظہر وعصر اور مغرب وعشا کو جمع فرماتے۔امام مسلم اور دوسروں کے نزدیک یہ غزوۂ تبوک کے ذکر میں ہے۔ (مولف)

ابن ماجہ بطریق ابراہیم بن اسماعیل راوی :

عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما انہ اخبرھم ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یجمع بین المغرب و العشاء فی السفر من غیر ان یعجلہ شیء و لا یطلبہ عدو و لا یخاف شیئا.

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بغیر

عجلت سفراور بغیر طلب دشمن یا کسی خوف کے مغرب وعشاء کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

بخاری تعلیقاً و وصلاً وطحاوی وصلاً انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يجمع بين هاتين الصلاتين فى السفر يعنى المغرب و العشاء .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر میں مغرب وعشاء کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

مالک وشافعی ودارمی ومسلم وابوداؤد وترمذی ونسائی وابن ماجہ وطحاوی مطولاً ومختصراً معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں

قال جمع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى غزوة تبوك ﷺ بين الظهر و العصر و بين المغرب و العشاء قال فقلت ما حمله على ذلك قال فقال اراد ان لا يحرج امته . هذا لفظ مسلم فى الصلاة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک میں ظہر وعصر اور مغرب وعشاء جمع فرمائیں۔ راوی نے کہا میں نے کہا کہ حضور نے ایسا کیوں کیا فرمایا تا کہ ان کی امت میں کوئی حرج میں نہ پڑ جائے۔ (مولف)

امام مالک ومسلم کے طریق میں ہے :

خرجنا مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عام غزوة تبوك فكان يجمع الصلاة فصلى الظهر و العصر جميعا و المغرب و العشاء جميعا حتى اذا كان يوما اخر الصلاة ثم خرج فصلى الظهر و العصر جميعا ثم دخل ثم خرج بعد ذلك فصلى المغرب و العشا جميعا الحديث بطوله .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ہم غزوۂ تبوک کے سال نکلے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نمازوں کو جمع فرماتے تھے تو ظہر وعصر ایک ساتھ اور مغرب وعشاء ایک ساتھ ادا فرمائیں جب دن ہوا تو نماز موخر فرمائی پھر تشریف لاکر ظہر وعصر ایک ساتھ پڑھیں پھر تشریف لے گئے اور تشریف لانے کے بعد مغرب وعشا کو ایک ساتھ ادا فرمایا۔ (مولف)

امام مالک بطریق داؤد بن الحصین ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یجمع بین الظھر و العصر فی سفرہ الی تبوک .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر تبوک میں ظہر وعصر کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

بزار ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یجمع بین الصلاتین فی السفر .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حالت سفر میں دو نمازوں کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

(فتاوی رضویہ ج ۲، ص ۳۱۵، ۳۱۶۔ حاجز البحرین)

ایک روایت غریبہ شاذہ بطریق لیث بن سعد عن یزید بن ابی حبیب عن ابی الطفیل یوں آئی

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان فی غزوۃ تبوک اذا ارتحل قبل ان تزیغ الشمس اخر الظھر حتی یجمعھا الی العصر فیصلیھما جمیعا و اذا ارتحل بعد زیغ الشمس صلی الظھر و العصر ثم سار و کان اذا ارتحل قبل المغرب اخر المغرب حتی یصلیھا مع العشاء و اذا ارتحل بعد المغرب عجل العشاء فصلاھا مع

المغرب . رواه احمد و ابو داؤد و الترمذی و ابن حبان و الحاکم و الدار قطنی والبیهقی .

زاد الترمذی بعد قوله اذا ارتحل بعد زیغ الشمس عجل العصر الی الظهر وصلی الظهر و العصر جمیعا . الحدیث.

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غزوۂ تبوک میں جب سورج ڈھلنے سے پہلے کوچ فرماتے تو ظہر میں دیر کرتے یہاں تک کہ اسے عصر سے ملاتے تو دونوں کو ساتھ پڑھتے اور جب دوپہر کے بعد کوچ فرماتے تو عصر میں تعجیل کرتے اور ظہر و عصر ساتھ پڑھتے پھر چلتے اور جب مغرب سے پہلے کوچ کرتے مغرب میں تاخیر فرماتے یہاں تک کہ عشاء کے ساتھ پڑھتے اور مغرب کے بعد کوچ فرماتے تو عشاء میں تعجیل کرتے اسے مغرب کے ساتھ پڑھتے

امام ترمذی فرماتے ہیں یہ غریب ہے معروف روایت ابی الزبیر ہے۔

عن معاذ ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جمع فی غزوۃ تبوک بین الظهر و العصر و بین المغرب و العشاء . رواه قرة بن خالد و سفین الثوری و مالک و غیر واحد عن ابی الزبیر المکی .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک میں ظہر و عصر اور مغرب و عشاء کو جمع فرمایا۔
اسے قرہ بن خالد سفیان ثوری اور مالک وغیرہ نے ابوالزبیر مکی سے روایت کیا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۱۹ ۔ حاجز البحرین)

غزوۂ بنی المصطلق میں جمع نماز

احمد و ابن ابی شیبہ بطریق حجاج بن ارطاۃ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

قال جمع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بین الصلاتین فی غزوة بنی المصطلق .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ بنی المصطلق میں دونمازیں جمع فرمائیں۔ (مولف)

احمد بطریق ابن لھیعہ راوی

عن ابی الزبیر قال سألت جابرا رضی الله تعالیٰ عنه هل جمع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بین المغرب و العشاء قال نعم عام غزونا بنی المصطلق.

ابوزبیر نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال کیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مغرب وعشاء کو جمع فرمایا ہے؟ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ہاں غزوۂ بنی المصطلق کے سال جمع فرمائی ہیں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۱۶۔ ۳۱۷۔ حاجز البحرین)

سفر میں جمع بین الصلاتین

ترمذی کی کتاب العلل میں ہے

عن اسامة بن زید رضی الله تعالیٰ عنهما قال کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا جدبه السیر جمع بین الظهر و العصر و المغرب و العشاء .

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب چلنے میں عجلت ہوتی تو ظہر وعصر اور مغرب وعشا کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

ابن ابی شیبہ بطریق ابن ابی لیلی اور ابوجعفر طحاوی بطریق ابوقیس اودی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں :

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جمع ، و لفظ الآخر کان یجمع بین الصلاتین فی السفر.

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر میں دو نمازوں کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

طبرانی معجم کبیر واوسط میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال جمع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بین الظھر و العصر و المغرب و العشاء فقیل لہ فی ذلک فقال صنعت ذلک لئلا تحرج امتی .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ظہر وعصر اور مغرب وعشاء جمع فرمائیں تو اس کے بارے میں حضور سے پوچھا گیا کہ آپ نے ایسا کیوں کیا؟ تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے ایسا اس لیے کیا تا کہ میری امت حرج میں نہ پڑ جائے۔ (مولف)

طبرانی معجم اوسط میں ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یجمع بین الصلاتین فی السفر.

بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر میں دو نمازوں کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

مرسل و بلاغ مالک میں ہے :

عن علی بن حسین ھو ابن علی رضی اللہ تعالیٰ عنھم انہ کان یقول کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا اراد ان یسیر یومہ جمع بین الظھر و العصر و اذا اراد ان یسیر لیلہ جمع بین المغرب و العشاء .

حضرت علی بن حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرمایا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب دن کو چلنے کا ارادہ فرماتے تو ظہر وعصر کو جمع فرماتے اور جب رات کو چلنے کا ارادہ فرماتے تو مغرب و

عشاء کو جمع فرماتے تھے۔(مولف) (فتاوی رضویہ ج ۲ ص ۳۱۷۔حاجز البحرین)

جمع صوری

نسائی میں یوں ہے :

عن ابن عباس بلفظ صليت مع النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم الظهر و العصر جميعا و المغرب و العشاء جميعا اخر الظهر و عجل العصر و اخر المغرب و عجل العشاء.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ ظہر وعصر اور مغرب وعشاء پڑھیں تو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ظہر کو موخر کیا اور عصر میں تعجیل فرمائی اور مغرب کو موخر کر کے عشاء میں عجلت فرمائی۔ (مولف)

ابن جریر روایت کرتے ہیں :

عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال خرج علينا رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم فكان يؤخر الظهر و يعجل العصر فيجمع بينهما و يؤخر المغرب و يعجل العشاء فيجمع بينهما.

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہم میں تشریف فرما ہوئے تو ظہر کو موخر اور عصر میں جلدی کی اور دونوں کو جمع فرمایا اور مغرب میں تاخیر اور عشاء میں تعجیل کی اور دونوں کو جمع فرمایا۔(مولف) (فتاوی رضویہ ج ۲ ص ۳۲۳۔حاجز البحرین)

صحیحین میں ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے :

خرج علينا النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم بالهاجرة الی البطحاء فتوضأ

فصلی لنا الظہر و العصر۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دوپہر کے وقت بطحا تشریف لائے پھر وضو فرما کر ظہر و عصر دونوں ایک ساتھ پڑھائیں۔ (مولف)

بخاری کے لفظ یہ ہیں

خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بالھاجرۃ فصلی بالبطحاء الظہر رکعتین و العصر رکعتین۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دوپہر کے وقت تشریف لائے اور بطحا میں دو رکعت ظہر اور دو رکعت عصر پڑھائی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۲۴۔ حاجز البحرین)

سفر میں حضور نے نمازیں جمع فرمائیں

احمد و شافعی و عبدالرزاق و بیہقی راوی

عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال الا اخبرکم عن صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی السفر قلنا بلی قال کان اذا زاغت الشمس فی منزلہ جمع بین الظہر و العصر قبل ان یرکب و اذا لم تزغ لہ فی منزلہ سار حتی اذا کانت العصر نزل فجمع بین الظہر و العصر۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ میں تم لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سفر میں نماز پڑھنے کے بارے میں بتاؤں؟ ہم نے کہا کیوں نہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ جب سورج ڈھل جاتا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منزل میں قیام پذیر ہوتے تو سوار

ہونے سے پہلے ظہر وعصر کو جمع فرماتے، اور جب سورج نہیں ڈھلتا تو چلتے رہتے یہاں تک کہ جب وقت عصر ہونے کو آتا تو اتر کر ظہر وعصر کو جمع فرماتے۔ (مولف)

امام شافعی کی روایت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یوں ہے

و فیہ جمع بین الظہر و العصر فی الزوال ۔

اس حدیث میں یہ مذکور ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زوال کے وقت ظہر وعصر جمع فرمائیں۔ (مولف)

اس کی سند پر امام احمد رضا بریلوی نے کلام فرمایا ہے اور یہ لکھا ہے کہ اس کا راوی ائمہ محدثین کے نزدیک متروک ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۲۹، ۳۳۰۔ حاجز البحرین)

دارقطنی حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے راوی

قال کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا ارتحل حین تزول الشمس جمع بین الظہر و العصر فاذا جدبہ السیر اخر الظہر و عجل العصر ثم جمع بینھما.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب زوال شمس کے وقت کوچ فرماتے تو ظہر وعصر کو جمع فرماتے پھر جب چلنے کی عجلت رہتی تو ظہر کو موخر اور عصر کی تعجیل کرکے دونوں کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

اس میں سوا عترت طاہرہ کے کوئی راوی ثقہ معروف نہیں۔ عمدۃ القاری میں فرمایا **لا یصح اسنادہ .**

حاکم نے اربعین میں بطریق ابی العباس انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

فان زاغت الشمس قبل ان یرتحل صلی الظہر و العصر ثم رکب.

فریابی نے بتفرد خود اسحاق بن راہویہ سے روایت کی۔

عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا کان فی سفر فزالت الشمس صلی الظهر و العصر جمیعا ثم ارتحل ۔

اوسط طبرانی میں ہے، انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان اذا کان فی سفر فزاغت الشمس قبل ان یرتحل صلی الظهر و العصر جمیعا۔

ان تینوں روایتوں کا حاصل یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سفر میں ہوتے اور کوچ کرنے سے پہلے سورج ڈھل جاتا تو سوار ہونے سے پہلے ظہر وعصر کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

روایت اسحاق پر امام ابو داؤد نے انکار کیا، اسماعیلی نے اسے معلول بتایا۔ جیسا کہ عمدۃ القاری وغیرہا میں ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۲، ص ۳۳۱۔۳۳۲۔ حاجز البحرین)

جمع بین الصلاتین پر مزید چند روایات

روایت بخاری :

اخبرنی زید هو ابن اسلم عن ابیه قال کنت مع عبد الله بن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما بطریق مکة فبلغه عن صفیة بنت ابی عبید شدة وجع فاسرع السیر حتی اذا کان بعد غروب الشفق ثم نزل فصلی المغرب و العتمة جمع بینهما فقال انی رأیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا جد به السیر اخر المغرب و جمع بینهما۔

زید نے اپنے باپ سے روایت کر کے کہا کہ میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ہمراہ مکہ کی راہ میں تھا تو صفیہ بنت ابی عبید کی شدت مرض کی خبر پہنچی تو حضرت ابن عمر نے چلنے میں عجلت فرمائی یہاں تک کہ جب افق کی سرخی غائب ہوگئی تو اتر کر مغرب وعشا ایک ساتھ ادا فرمائی پھر فرمایا کہ میں نے رسول

اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ جب چلنے کی عجلت رہتی تو مغرب کو موخر فرماتے اور مغرب وعشاء دونوں کو جمع فرماتے۔ (مولف)

روایت مسلم

عن نافع ان ابن عمر كان اذا جد به السير جمع بين المغرب و العشاء بعد ان يغيب الشفق و يقول ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان اذا جدبه السير جمع بين المغرب و العشاء.

نافع سے روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو جب چلنے کی عجلت رہتی تو سرخی غائب ہونے کے بعد مغرب وعشاء کو جمع فرماتے تھے اور ارشاد فرماتے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب چلنے کی عجلت رہتی تو مغرب وعشاء کو جمع فرماتے تھے۔ (مولف)

روایت ابی داؤد

عن نافع ان ابن عمر استصرخ على صفية و هو بمكة فسار حتى غربت الشمس و بدت النجوم فقال ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان اذا عجل به امر فى السفر جمع بين هاتين الصلاتين فسار حتى غاب الشمس (الشفق) فنزل فجمع بينهما.

نافع سے روایت ہے کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جب مکہ میں تھے تو حضرت صفیہ کی فریادرسی کے لیے چلے یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا اور ستارے چمکنے لگے تو فرمایا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب سفر میں کسی معاملہ کی جلدی رہتی تو ان دونوں نمازوں کو جمع فرماتے تھے۔ پھر ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سورج کا اجالا (شفق) غائب ہونے تک چلتے رہتے پھر اتر کر دونوں نمازوں کو جمع فرماتے

تھے۔(مولف) (فتاوی رضویہ ج ۲،ص ۳۳۷۔حاجز البحرین)

روایت طحاوی :

ان ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما استصرخ علی صفیة بنت ابی عبید وھو بمکة فاقبل الی المدینة فسار حتی غربت الشمس و بدت النجوم و کان رجل یصحبه یقول الصلاة الصلاة و قال له سالم الصلاة فقال ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان اذا عجل به السیر فی سفر جمع بین ھاتین الصلاتین و انی ارید ان اجمع بینھما فسار حتی غاب الشفق ثم نزل فجمع بینھما.

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جب مکہ میں تھے صفیہ بنت ابی عبید کی فریادرسی کے لیے مدینہ کو چل پڑے تو غروب ضیائے شمس اور ستارے چمکنے تک چلتے رہے اور ان کے ساتھ ایک آدمی تھا جو کہہ رہا تھا نماز، نماز اور سالم نے بھی ان کو کہا کہ نماز، تو ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب سفر میں چلنے کی عجلت رہتی تو ان دونوں (مغرب وعشاء) نمازوں کو جمع فرماتے تھے اور میں بھی دونوں نمازوں کو جمع کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں پھر ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سرخی کے غائب ہونے تک چلتے رہے پھر اتر کے دونوں کو جمع فرمایا۔ (مولف)

روایت ابی داؤد :

حدثنی عبد اللہ بن دینار قال غابت الشمس و انا عند عبد اللہ بن عمر فسرنا فلما رأیناه قدامسی قلنا الصلاة فسار حتی غاب الشفق و تصوبت النجوم ثم انه نزل فصلی الصلاتین جمیعا ثم قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اذا جده السیر صلی صلاتی ھذه یقول یجمع بینھما بعد لیل .

عبداللہ بن دینار نے کہا کہ سورج غروب ہوتے وقت میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس تھا جب چلے تو دیکھا کہ شام ہونے کو ہے ہم نے کہا نماز، پھر بھی غروب شفق اور ستارے چمکنے تک چلتے رہے پھر اتر کر دونوں نمازیں پڑھیں اور کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ جب چلنے کی جلدی رہتی یہ دونوں نمازیں یعنی مغرب وعشاء ایک ساتھ ادا فرماتے تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ ایک رات کے بعد دونوں کو جمع فرماتے۔ (مولف)

روایت ترمذی :

عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما انہ استغیث علی بعض اهله فجدبه السیر و اخر المغرب حتی غاب الشفق ثم نزل فجمع بینهما ثم اخبرهم ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان یفعل ذلک اذا جدبه السیر.

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنی بعض اہل کی فریادرسی کے لیے چلنے میں عجلت کی اور مغرب کو غروب شفق تک موخر فرمایا پھر اتر کر دونوں نمازیں یعنی مغرب وعشاء جمع فرمائیں اس کے بعد اصحاب کو بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب عجلت رہتی تو ایسا ہی کرتے تھے۔ (مولف)

روایت نسائی :

عن اسمٰعیل بن عبد الرحمن شیخ من قریش قال صحبت ابن عمر الی الحمی فلما غربت الشمس هبت ان اقول له الصلاة فسار حتی ذهب بیاض الافق و فحمة العشاء ثم نزل فصلی المغرب ثلث رکعات ثم صلی رکعتین علی اثرهما قال هکذا رایت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یفعل.

قریش کے ایک شیخ اسماعیل بن عبدالرحمٰن نے کہا کہ میں چراگاہ تک ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے

ساتھ رہا جب سورج غروب ہو گیا تو میں نے ان کو کہنا چاہا کہ نماز پھر افق کی سفیدی اور عشاء کی سیاہی جانے تک چلتے رہے پھر اتر کر مغرب کی تین رکعتیں پڑھیں اور اس کے بعد دو رکعت پڑھ کر کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایسا ہی کرتے دیکھا ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۳۸۔ حاجز البحرین)

یہی حدیث اسی طریق مذکور سفیان سے امام طحاوی نے یوں روایت فرمائی:

عن اسمعیل بن ابی ذویب قال کنت مع ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما فلما غربت الشمس هبنا ان نقول الصلاة فسار حتی ذهبت فحمة العشاء و رأینا بیاض الافق فنزل فصلی ثلثا المغرب و العشاء و قال هکذا رأیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یفعل .

اسماعیل بن ابی ذویب نے کہا کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ہمراہ تھا اور جب سورج غروب ہو گیا تو ہم نے کہنا چاہا کہ نماز، مگر وہ چلتے رہے یہاں تک کہ عشاء کی سیاہی چلی گئی اور ہم نے افق کی سفیدی دیکھی تو اتر کر اس وقت مغرب کی تین رکعتیں اور عشاء کی دو رکعتیں پڑھیں اور کہا کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایسا ہی کرتے دیکھا ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۴۸۔ حاجز البحرین)

حدیث انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، مروی بطریق عقیل بن خالد عن ابن شہاب عن انس، جس کے ایک لفظ میں ہے کہ ظہر کو وقت عصر تک تاخیر فرماتے۔

بخاری و مسلم و ابوداؤد و نسائی انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

عن انس بن مالک قال کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا ارتحل

قبل ان تزيغ الشمس اخر الظهر الى وقت العصر ثم يجمع بينهما و اذا زاغت صلى الظهر ثم ركب.

قتیبہ کے لفظ یہ ہیں:

ثم نزل فجمع بينهما فان زاغت الشمس قبل ان يرتحل صلى الظهر ثم ركب.

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب زوال شمس سے پہلے کوچ فرماتے تو ظہر کو وقت عصر تک موخر فرما کر دونوں کو جمع فرماتے اور جب کوچ سے پہلے سورج ڈھل جاتا تو ظہر پڑھ کر سوار ہوتے۔ (مولف)

دوسرے لفظ میں ہے، وفيه اخر الظهر حتى يدخل اول وقت العصر ثم يجمع بينهما.

ظہر کو موخر فرماتے یہاں تک کہ عصر کا اول وقت داخل ہوتا پھر جمع کرتے۔

تیسرے لفظ میں یہ لفظ زائد ہے :

و فيه يوخر المغرب حتى يجمع بينهما و بين العشاء حين يغيب الشفق.

مغرب کو تاخیر کرتے یہاں تک کہ شفق ڈوبنے کے وقت اسے اور عشا کو ملاتے یا انھیں جمع فرماتے کہ شفق ڈوب جاتی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۵۱۔ حاجز البحرین)

مقام سرف میں جمع نماز

سنن ابوداؤد و سنن نسائی میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم غابت له الشمس بمكة فجمع بينهما بسرف. (زاد نعيم) يعني الصلاة.

موطا کے لفظ میں ہے :

غابت الشمس و رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بمکة فجمع بین الصلاتین بسرف

قال ابو داؤد عن هشام بن سعد قال بینهما عشرة امیال یعنی بین مکة و سرف.

یعنی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مکہ معظمہ میں آفتاب ڈوبا پس مغرب وعشاء موضع سرف میں جمع فرمائیں۔ ابوداؤد نے ہشام بن سعد سے نقل کی کہ مکہ وسرف میں دس میل کا فاصلہ ہے۔
(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۶۸۔ حاجز البحرین)

مزدلفہ میں جمع بین الصلاتین

صحیح بخاری وصحیح مسلم وسنن ابی داؤد وسنن نسائی ومصنف طحاوی میں بطریق عدیدہ والفاظ مجملہ و مفصلہ مختصرہ ومطولہ مروی

بخاری کے لفظ یہ ہیں :

عن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال ما رأیت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صلی صلاة لغیر میقاتها الا صلاتین جمع بین المغرب و العشاء و صلی الفجر قبل میقاتها.

مسلم کے لفظ یہ ہیں :

عن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال ما رأیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صلی صلاة الا لمیقاتها الا صلاتین صلاة المغرب و العشاء بجمع و صلی الفجر

یومئذ قبل میقاتھا.

ایک روایت میں ہے: **قبل وقتھا بغلس**

یعنی حضرت حاضر سفر و حضر و مصاحب و ملازم جلوت و خلوت سید البشر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ سابقین اولین فی الاسلام و ملازمین خاص حضور سید الانام علیہ افضل الصلاۃ والسلام سے تھے بوجہ کمال قرب بارگاہ اہل بیت رسالت سے سمجھے جاتے اور سفر و حضر میں خدمت والا منزلت بستر گستری و مسواک و مطہرہ داری و کفش برداری محبوب باری صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معزز و ممتاز رہتے ارشاد فرماتے ہیں میں نے کبھی نہ دیکھا کہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی کوئی نماز اس کے غیر وقت میں پڑھی ہو مگر دو نمازیں کہ ایک ان میں سے نماز مغرب ہے جسے مزدلفہ میں عشا کے وقت پڑھا تھا اور وہاں فجر بھی روز کے معمولی وقت سے پیشتر تاریکی میں پڑھی۔

سنن ابی داؤد میں ہے:

عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال ما جمع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بین المغرب و العشاء قط فی السفر الا مرۃ.

یعنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی کسی سفر میں مغرب و عشا ملا کر نہ پڑھی سوا ایک بار کے۔

ظاہر ہے کہ وہ بار وہی سفر حجۃ الوداع ہے کہ شب نہم ذی الحجہ مزدلفہ میں جمع فرمائی جس پر سب کا اتفاق ہے۔ (فتاوی رضویہ ج ۲، ص ۳۹۱، ۳۹۲۔ حاجز البحرین)

سنن نسائی کتاب المناسک باب الجمع بین الظہر والعصر بعرفہ، میں ہے

عن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یصلی الصلاة لوقتها الا بجمع و عرفات.

یعنی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر نماز اس کے وقت ہی میں پڑھتے مگر مزدلفہ وعرفات میں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲ ص ۱۰۱ ۔ حاجز البحرین)

نسائی کتاب المناسک باب جمع الصلاۃ بالمزدلفہ، میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں

ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم جمع بین المغرب و العشاء بجمع.

بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مزدلفہ میں مغرب وعشاء کو جمع فرماتے تھے۔ (مؤلف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲ ص ۲۰۲ ۔ حاجز البحرین)

جمعہ

جمعہ اسلامی نام ہے اس بناء پر کہ اس دن نماز کے لیے اجتماع ہوتا ہے۔ زمانہ جاہلیت میں اس دن کو عروبہ کہتے تھے۔ اور تحقیق یہ ہے کہ عروبہ جاہلیت میں اس کا قدیمی نام ہے۔ نیز جاہلیت سے اسے جمعہ کے ساتھ بدل دیا گیا کیوں کہ اس دن میں اجتماع آفرینش ہے یا اس بنا پر کہ اس میں آدم علیہ السلام کی پیدائش تمام ہوئی اور روح وجسم کو جمع کیا گیا، اسی طرح ہفتہ کے تمام دنوں کو بدل دیا گیا۔

فائدہ

قدیم زمانہ میں ہفتہ کے نام یہ تھے

اول، اہون، جبار، دبار، مونس، عروبہ، شیار۔

روز جمعہ

جمعہ کا دن زمانہ جاہلیت میں شرافت و بزرگی رکھتا تھا اور اسلام میں دیگر امتیازی خصائص وفضائل کے ساتھ موسوم ہوا۔ اور حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم سے پہلے والوں کو جمعہ کے دن سے گمراہ رکھا۔ اس سے مراد یہود و نصاریٰ ہیں۔ کیوں کہ یہودیوں کے لیے سبت یعنی شنبہ کا دن اور نصاریٰ کے لیے یکشنبہ یعنی اتوار تھا۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ ہمیں لایا اور مسلمانوں کو پیدا فرمایا تو ہمیں روز جمعہ کی راہ دکھائی۔

اور یہود و نصاریٰ کے روز جمعہ سے گمراہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ انھیں اس دن عبادت کرنے اور اس دن عبادت کے ذریعہ شکر و نعمت بجالانے کے لیے مجتمع ہونے کا حکم دیا تو انھوں نے مخالفت کی اور تمرد و سرکشی کا مظاہرہ کیا اور انکار کی زبان کھولی اور اس کے بدلے شنبہ کو یہودی چاہنے لگے اور یہ سبب بتانے لگے کہ یہ دن انتہائے آفرینش کا ہے اور صانع کا آفرینش کی مشغولیت سے فارغ ہونے کا دن ہے لہٰذا مخلوق کو بھی چاہیئے کہ مشاغل سے یکسو ہو کر عبادت میں مصروف ہوں۔

اور نصاریٰ باتیں بنانے لگے کہ اتوار آفرینش کی ابتدا کا دن ہے۔ لہٰذا یہ دن تعظیم شکر و نعمت اور قبولیت عبادت کے لیے زیادہ سزاوار ہے۔ اور اکثر اس کے قائل کہ جمعہ کا دن ان پر معین کر کے فرض نہیں کیا گیا تھا بلکہ انھیں کسی ایک دن کے اختیار کر لینے اور عبادت کے لیے مخصوص کر لینے کا حکم دیا گیا تھا کہ وہ اپنے فکر و اجتہاد سے کام لے کر تلاش کریں کہ یہ دن کون سا ہونا چاہیئے۔ لہٰذا یہود نے شنبہ کو اور نصاریٰ نے اتوار کو مذکورہ علت و سبب کے تحت دریافت کیا۔

اسی قیاس کے بموجب مسلمانوں کو جمعہ کے دن کی ہدایت دینے اور راہ دکھانے کے بارے میں بھی دو قول کہے گئے ہیں۔

ایک یہ کہ مسلمانوں پر جمعہ کا دن فرض کیا گیا اور اس کا انھیں حکم دیا گیا۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

یا ایها الذین آمنوا اذا نودی للصلوٰة من یوم الجمعة فاسعوا إلى ذکر الله .

اے ایمان والو جب جمعہ کی نماز کے لیے اذان ہو تو اللہ کے ذکر کی طرف سعی کرو۔

تو حق تعالیٰ نے مسلمانوں کو ہدایت فرمائی اور گمراہ نہ رکھا اور تمرد و سرکشی میں انھوں نے زبان انکار نہ کھولی اور اسباب وعلل کے لحاظ سے غور و فکر اور اجتہاد کرنے میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی رہنمائی فرمائی اور اصابت فکر عنایت فرمائی۔

اہل علم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو عبادت کے لیے پیدا فرمایا اور جب ان کی تخلیق جمعہ کے دن ہے تو اولیٰ اور انسب ہے کہ یہی دن عبادت کے لیے بھی ہو۔

نیز حق تعالیٰ نے باقی دنوں میں ان چیزوں کو پیدا فرمایا جن سے وہ منتفع ہوں اور جمعہ کے دن خود ان کی ذات کو پیدا کیا لہٰذا نعمت وجود کا شکر بہ نسبت ان نعمتوں کے جو ان کی ذات سے خارج ہیں اولیٰ، افضل ہے۔ اور ظاہر اس جگہ پہلے معنی ہیں۔ بلکہ یہود و نصاریٰ کے باب میں بھی۔

لیکن ابن حجر شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری اور اس کا حکم قرآن میں نازل ہونے سے پہلے جمع ہوئے اور کہنے لگے کہ جب کہ یہود و نصاریٰ کا ایک ایک دن خاص ہے جس میں وہ ہر ہفتہ جمع ہوتے ہیں تو ہم بھی عبادت کے لیے ہر ہفتہ ایک دن خاص کرتے ہیں تاکہ ہم اس دن جمع ہو کر حق تبارک وتعالیٰ کا ذکر کریں، نماز پڑھیں اور شکر عبادت کے آداب بجالائیں تو اس کے لیے انھوں نے یوم عروبہ کو جس کا قدیمی نام روز جمعہ ہے متعین کیا اگرچہ ان خصوصیات کے ساتھ نہ تھا جو نماز کے بارے میں قرآن کریم میں

خصوصیات نازل ہوئیں۔

اوس بن اوس کی حدیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تمھارے تمام دنوں میں سب سے بہتر دن جمعہ کا ہے اور یہ حدیث بتاتی ہے کہ افاضل ایام بہت ہیں مثلاً یوم عرفہ، یوم عیدین وغیرہ اور روز جمعہ بھی انھیں دنوں میں سے ایک دن ہے۔

علماء کا اختلاف ہے کہ روز جمعہ اور روز عرفہ میں کونسا دن افضل ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ ہفتہ کے دنوں میں روز جمعہ افضل ہے اور سال کے دنوں میں روز عرفہ، یہ بات بغیر غور وفکر کے حاصل نہیں ہوتی۔

اسی طرح شب قدر اور شب جمعہ میں علماء اختلاف رکھتے ہیں، امام احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ شب جمعہ افضل ہے، اس لیے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلب حضرت عبداللہ سے رحم آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں جمعہ کی رات ہی میں تشریف لائے اور ایام منیٰ میں تھے۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ تمام دنوں کا سردار یوم جمعہ ہے اسی دن خلق عالم جمع ہوئی اور اسی دن حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور جمعہ کے دن ہی انھیں جنت میں داخل کیا گیا اور جمعہ کے دن انھیں جنت سے زمین پر لایا گیا اور جمعہ کے دن ہی حضرت آدم علیہ السلام نے وفات پائی۔ اور اسی دن قیامت قائم ہوگی اسی دن صور پھونکا جائے گا، اسی دن مخلوق بے ہوش ہوگی۔

ان واقعات کے بیان کرنے کا مقصد اس دن میں امور عظیمہ کے ہونے کا تذکرہ ہے یا اس بناء پر کہ حضرت آدم علیہ السلام کا جنت سے باہر آنا اور ان کا اس عالم میں تشریف لانا بے شمار حکمتوں پر مبنی ہے جن کا احاطہ دائرہ امکان سے باہر ہے۔

یوم جمعہ کے خصائص

روز جمعہ کے خصائص وفضائل بہت ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس دن میں ایک گھڑی ایسی ہے کہ اس گھڑی میں بندہ خدا سے جو مانگے گا پائے گا۔

صحابہ وتابعین اور بعد کے علماء کے درمیان اس گھڑی کے بارے میں دو مختلف قول ہیں۔

بعض کہتے ہیں کہ یہ گھڑی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ کرامت نشان کی خصوصیات میں سے تھی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد یہ مرفوع ہوگئی۔ یہ قول مردود ہے۔ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لوگوں نے دریافت کیا کہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ جمعہ کے دن وہ گھڑی جس میں دعا مقبول ہوتی تھی اٹھالی گئی ہے۔ حضرت ابو ہریرہ نے فرمایا جو ایسا کہتا ہے جھوٹ ہے وہ گھڑی اب بھی روز جمعہ میں موجود ہے۔ یہ دوسرا قول ہے اور یہی صحیح ہے۔

مطلب یہ کہ جس طرح سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارکہ میں وہ گھڑی تھی اب بھی وہ گھڑی باقی ہے۔

نیز اس قول میں دو رائے ہیں

ایک جماعت یہ کہتی ہے کہ اس گھڑی کو روز جمعہ میں پوشیدہ اور مخفی رکھا گیا ہے جس طرح کہ شب قدر کو اخیر عشرۂ رمضان المبارک میں رکھا گیا۔

اور اکثر اس کے قائل ہیں کہ یہ گھڑی متعین ہے۔ اس میں تئیس ۲۳ سے زیادہ اقوال ہیں جسے شیخ ابن حجر عسقلانی نے شرح بخاری میں ہر ایک قائل کے نام کے ساتھ ان کے قول کا ذکر کیا ہے اور اس کے دلائل بیان کیے ہیں اور ان کی تصحیح، تضعیف، رفع اور توقف کو بیان کر کے باہم تطبیق ظاہر کی ہے۔

ان میں سب سے زیادہ راجح دو قول ہیں

پہلا قول یہ ہے کہ وہ گھڑی منبر پر امام کے بیٹھنے سے نماز کے مکمل ہونے تک ہے۔

دوسرا قول یہ ہے کہ اس دن کی آخری گھڑی ہے (یعنی نماز عصر کے بعد سے غروب آفتاب تک)

اس کے بعد دونوں قولوں کے درمیان ترجیح میں بھی علماء کے دو قول ہیں۔

اکثر دوسرے قول کو ترجیح دیتے ہیں اور اس قول کی تقویت و تائید میں احادیث کریمہ سے استدلال کرتے ہیں۔

صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ سنن سعید بن منصور میں باسناد صحیح ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مروی ہے کہ صحابہ کرام کی ایک جماعت مجتمع ہوئی اور اس گھڑی کی تعیین میں بحث کرنے لگی اور جب یہ مجلس برخاست ہوئی تو کسی ایک نے اس میں اختلاف نہ کیا کہ وہ گھڑی جمعہ کے دن کی آخری ساعت ہے۔

اور سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے منقول ہے کہ انھوں نے اپنے خادم کو مقرر کیا کہ روز جمعہ کی آخری گھڑی کا خیال رکھیں اور آخر ساعت کی انھیں خبر دیں اور جب انھیں باخبر کیا گیا تو وہ دعا میں مشغول ہو گئیں۔

روز آخرت یوم جمعہ کی فضیلت

جمعہ کا دن دنیا و آخرت میں بڑی عظمت و شرافت والا دن ہے، آخرت میں اس کی عظمت و شرافت میں ایک ایسی حدیث ہے جو فوائد شریفہ اور حقائق عظیمہ پر مشتمل وارد شدہ ہے کیوں کہ وہ حدیث ان لوگوں کی کیفیت پر دلالت کرتی ہے جو جمعہ کے دن نماز جمعہ کے لیے حاضر ہوتے ہیں اور انھیں انوار شہود اور عظمت و جلال حق سبحانہ و تعالیٰ سے ایک پرتو حاصل ہوتا ہے اور یہ ایک نمونہ ہے اس چیز کا جو انھیں روز

آخرت، قرب پروردگار اور دیدار حق سبحانہ وتعالیٰ حاصل ہوگا اور اس حدیث کو امام شافعی اور دیگر ائمہ حدیث نے روایت کیا ہے وہ یہ کہ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس جبریل علیہ السلام اس حال میں آئے کہ ان کے پاس ایک سفید آئینہ ہے اور اس میں ایک سیاہ نقطہ تھا میں نے کہا اے جبریل یہ سفید آئینہ کیسا ہے اور اس میں سیاہ نقطہ کیسا ہے؟

جبریل نے کہا یہ آئینہ تمام دنوں سے روز جمعہ کی مثال ہے جو صفا و نورانیت کے ساتھ مخصوص ہے اور اس میں جو نقطہ ہے یہ وہ گھڑی ہے جو روز جمعہ میں ہے اور یہ تمام اجزاء میں باعتبار اس کے امتیاز کے ہے کیوں کہ سفیدی پر سیاہی خوب روشن و واضح ہوتی ہے۔ (اسی لیے کتابت یعنی تحریر کے لیے تمام رنگوں میں سیاہی کو اختیار کیا گیا ہے۔)

اور جبریل نے کہا روز جمعہ کا نام "یوم المزید" ہے۔ میں نے دریافت کیا یوم المزید کا کیا مطلب ہے اور جمعہ کا یوم المزید کس لیے نام رکھا گیا ہے؟

جبریل نے کہا فردوس میں جو کہ جنت کے درجوں میں اعلیٰ درجہ ہے۔ ایک کشادہ میدان پیدا کیا گیا ہے جس کے طول وعرض کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا اس میں مشک کے ٹیلے ہیں جن کی سربلندیاں آسمانوں تک پہنچی ہوئی ہیں اور جب جمعہ کا دن آتا ہے تو حق تعالیٰ اپنے فرشتوں میں سے جس قدر فرشتوں کو چاہے وہاں بھیجتا ہے۔ اور اس کشادہ میدان کے گرد نور کے منبر ہیں اور ان منبروں پر انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام جلوہ افروز ہیں اور ان نوری منبروں کے گرد سونے سے مرصع یاقوت و زبرجد کے اور منبر ہیں جن پر شہدا و صدیقین ان نوری منبروں کے پیچھے بیٹھے ہیں۔

اس کے بعد حق تعالیٰ ان مشکوں کو ان کے لباسوں، چادروں اور بالوں میں بساتا ہے پھر حق تعالیٰ

فرماتا ہے میں تمھارا رب ہوں میں نے تم سے جو وعدہ کیا تھا اسے پورا کر دیا اور تمھیں جنت میں لے آیا اب تم مانگو جو مانگنا چاہو میں تمھیں عطا فرماؤں گا وہ عرض کریں گے اے رب ہم تیری ہی رضا چاہتے ہیں اس پر حق تعالیٰ فرمائے گا اگر میں تم سے راضی نہ ہوتا تو تمھیں اپنے محل یعنی جنت میں نہ ٹھہراتا تم مجھ سے اس سے بالاتر چیز اور اس سے زیادہ مانگو اور میرے پاس ہر چیز میں بلند چیز ہے کیوں کہ میری نعمتیں اور میرا درجات فضل بے نہایت و بے اندازہ ہے۔

اور آج کا دن یوم مزید ہے اس پر سب یک زبان ہو کر عرض کریں گے اے رب اب ہمیں وجہ کریم کا جلوہ دکھا تا کہ ہم دیدار کریں اور چشم سر سے عیاں طور پر دیکھیں کیوں کہ تمام مقاصد و مطالب کی نہایت و منتہا یہی ہے اس سے بالاتر اور کوئی مطلوب نہیں ہے، اس کے بعد کسی سوال کی گنجائش نہیں۔

اس کے بعد حق تبارک وتعالیٰ ان پر تجلی فرمائے گا اور خود کو بے حجاب دکھائے گا پھر ان کو اپنے نظر جمال وجلال سے حق سبحانہ وتعالیٰ کو کوئی چیز ڈھانپ لے گی کیوں کہ اگر اس پر حق تبارک وتعالیٰ کی یہ تقدیر حاصل نہ ہوتی کہ ان کو نہ جلائے اور وہ جنت میں باقی رہیں اس لیے کہ وہ جگہ فنا و زوال کی نہیں ہے تو یقیناً وہ سب جل کر خاکستر ہو جاتے پھر جب وہ سب دیدار باری تعالیٰ سے مشرف اور اس کے نور جمال سے منور ہو جائیں گے تو حق تعالیٰ ان سے فرمائے گا اب تم سب اپنی اپنی منزلوں میں جاؤ یہ ارشاد بھی بندوں پر لطف ومہربانی میں سے ہے اس لیے کہ ہمیشہ بارگاہ رب العزت میں ہونا اور نوادرات کریم میں مستغرق ہونا ان کی تاب وتواں سے باہر ہے۔

وہ سب اپنی اپنی منزلوں میں چلے جائیں گے اور اپنے اپنے حال پر آجائیں گے اور پردہائے صفات میں جو کہ اس کی رویت کا مقام ومحل ہے اور وہ جنت کی نعمتیں ہیں مشاہدہ کریں گے اور دوسری تجلی کے لیے مستعد و مستحق ہوں گے دونوں صورتوں میں مشہود ایک ہی ہے یعنی ذات باری تبارک وتعالیٰ۔ البتہ شہود

کی کیفیت میں فرق وتفاوت ہے اس کے بعد وہ اپنی منزلوں میں آ جائیں گے حالاں کہ ان میں سے ہر ایک کو اس مقام سے بلند تر مقام دیا گیا ہوگا جو وقت تجلی سے پہلے انھیں حاصل تھا۔

مطلب یہ کہ جنت میں ان کے حسن و جمال اور نورانیت کو دو بالا کر دیا جائے گا کیوں کہ وہ جمال صفات ہے اور یہ جمال نور ذات ہے پھر وہ اپنے حال پر آتے ہیں حالاں کہ یہ مرد، عورتوں سے اور یہ عورتیں، مردوں سے پوشیدہ ہوں گے اور ایک دوسرے کو دیکھتے ہوئے بھی نہ دیکھ سکیں گے۔ اس بناء پر کہ ان کو نور ذات حق نے جو کہ ان پر تاباں ہوا تھا ان کے نوروں پر ڈھانپا ہوا ہوگا۔

ان حضرات کو اپنے حال پر آتے آتے ایک زمانہ گزر جائے گا پھر کہیں وہ اس غلبہ سے رجوع ہو کر اپنی ان صورتوں پر آئیں گے جو اس سے پہلے ان کی تھی ایک دوسرے کو دیکھیں گے اور پہچانیں گے۔ ان کی عورتیں ان سے کہیں گی تمھاری صورتیں ہمارے سامنے بدل گئیں تھیں اور وہ اگلی صورت اور ہیئت نہ رہی تھی اور اب تو اور ہی صورت ہوگئی ہے۔

مطلب یہ کہ ایسا حسن و جمال تم پہلے تو نہ رکھتے تھے اب یہ کہاں سے تمھیں حاصل ہوگیا، وہ مرد کہیں گے یہ حسن و جمال اس بنا پر ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے اپنے جمال سے ہم پر تجلی فرمائی تھی اور ہم نے جس طرح اس نے چاہا دیدار باری تعالیٰ کیا۔

اس جگہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں قسم ہے ذات باری تعالیٰ کی بلا شبہ کسی نے نہ اس ذات باری تعالیٰ کا احاطہ کیا ہے اور نہ اس کا ادراک کیا اور نہ مخلوق میں سے کوئی اس کی کنہ ذات تک پہنچ سکتا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنی عظمت وجلال کو جس طرح چاہا ان کو دکھایا اور فرمایا ذات باری تعالیٰ پر نظر کرنے کے معنی یہی ہیں۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

جمعہ کی فرضیت

جمعہ کے احکام وفرضیت کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

حدیث میں ہے، **ان الجمعة فرضت علی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و هو بمکة قبل الهجرة کما اخرجه الطبرانی عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنهما.**

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قبل ہجرت مکہ میں جمعہ فرض ہوا۔

فلم یکن اقامتها من اجل الکفار فلما هاجر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و من هاجر معه من اصحابه الی المدینة لبث رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی بنی عمرو بن عوف بضع اربعة عشر ایام و لم یصل الجمعة .

یعنی غلبہ کفار کے سبب سے مکے میں جمعہ قائم نہیں ہوا پھر جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور بعض صحابہ نے حضور کے ہمراہ مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ کے قریب یعنی قبا میں عمرو بن عوف کے خاندان میں تقریباً چودہ دن ٹھہرے اور جمعہ کی نماز نہیں پڑھی۔ (مولف) (فتاوی رضویہ ج ۳، ص ۷۳۸)

مکہ میں جمعہ کے فرض ہونے کی خبر غریب ومرجوح ہے صحیح یہ ہے کہ بعد ہجرت سال اول بنی سالم میں فرض ہوا۔

فی شرح الموطا للزرقانی الایة (یا ایها الذین آمنوا اذا نودی للصلوٰة من یوم الجمعة فاسعوا الی ذکر اللہ) مدنیة فتدل علی انها فرضت بالمدینة و علیه الأکثر.

و قال الشیخ ابو حامد فرضت بمکة ، قال الحافظ و هو غریب.

زرقانی کی شرح موطا میں ہے کہ آیت جمعہ مدنیہ ہے اور یہ اس بات کی دلیل ہے کہ جمعہ مدینہ منورہ میں فرض ہوا اور اسی پر اکثر مشائخ ہیں۔

اور شیخ ابو حامد نے کہا کہ جمعہ مکہ مکرمہ میں فرض ہوا۔ حافظ نے کہا کہ یہ غریب ہے۔ (مولف)

پہلا جمعہ

و فی شرح الموطا للزرقانی انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی سفر الهجرة لما خرج من قبا یوم الجمعة حین ارتفع النهار ادرکته الجمعة فی بنی سالم بن عوف فصلاها بمسجد هم فسمی مسجد الجمعة و هی اول جمعة صلاها صلی الله تعالیٰ علیه وسلم . ذکره ابن اسحق.

امام زرقانی کی شرح موطا میں ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر ہجرت میں قبا سے جمعہ کے دن اس وقت تشریف لے چلے جب دن کچھ بلند ہو چکا تھا تو بنی سالم میں جمعہ کا وقت ہو گیا۔ تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد بنی سالم میں نماز جمعہ پڑھی، ان لوگوں نے اس مسجد کا نام ''مسجد جمعہ'' رکھ دیا اور یہی سب سے پہلا جمعہ ہے جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ادا فرمایا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۶۸۸)

جمعہ کی تاکید

مسلم صحیح میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال لقوم یتخلفون عن الجمعة لقد هممت ان آمر رجلا یصلی بالناس ثم احرق علی رجال یتخلفون عن الجمعة بیوتهم.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے لیے فرمایا جو لوگ جمعہ سے غائب رہتے ہیں جی میں آتا ہے کہ کسی کو امامت کے لیے فرماؤں پھر ان لوگوں پر ان کے گھروں کو جلا دوں جو لوگ جمعہ میں حاضر نہیں رہتے ہیں۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۳۳۶۔القلادۃ المرصعۃ)

ساعت جمعہ

صحیح مسلم شریف میں بروایت حضرت ابی موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ مروی کہ حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے در بارۂ ساعت جمعہ فرمایا

ھی ما بین ان یجلس الامام الی ان تقضی الصلاۃ .

وہ امام کے جلوس سے نماز ختم ہونے تک ہے۔

دوسری حدیث میں آیا حضور پر نور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ نے فرمایا شروع خطبہ سے ختم خطبہ تک ہے۔اسے ابن عبدالبر نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

انھیں ابن عمر و ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مروی کہ خروج امام سے ختم نماز تک ہے۔یوں ہی امام عامر شعبی تابعی سے منقول ہے۔اسے ابن جریر الطبری نے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۷۶۳۔رعایۃ المذھبین)

قرأت جمعہ

جمعہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلی رکعت میں سورۂ جمعہ دوسری میں سورۂ منافقون،اور کبھی پہلی میں **سبح اسمک ربک الاعلیٰ** اور دوسری میں **ھل اتک حدیث الغاشیۃ** ثابت ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۷۷۰)

سرورکونین کے خطبات

نبی ورسول چوں کہ دین کے داعی اور شریعت وملت کے مبلغ ہوتے ہیں اور تعلیم شریعت اور تلقین دین کا بہترین ذریعہ خطبہ اور وعظ ہی ہے اس لیے ہر نبی ورسول کا خطیب اور واعظ ہونا ضروریات ولوازم نبوت میں ہے یہی وجہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو اپنی رسالت سے سرفراز فرما کر فرعون کے پاس بھیجا تو حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے اس وقت یہ دعا مانگی کہ

رب اشرح لی صدری و یسرلی امری و احلل عقدۃ من لسانی یفقھو قولی.

اے میرے رب میرا سینہ کھول دے میرے لیے میرا کام آسان کر اور میری زبان کی گرہ کھول دے کہ وہ لوگ میری بات سمجھیں۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چوں کہ تمام رسولوں کے سردار اور سب نبیوں کے خاتم ہیں اس لیے خداوند قدوس نے آپ کو خطابت وتقریر میں ایسا بے مثل کمال عطا فرمایا کہ آپ افصح العرب (تمام عرب میں سب سے بڑھ کر فصیح) ہوئے اور آپ کو جوامع الکلم کا معجزہ بخشا گیا کہ آپ کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے ایک ایک لفظ میں معانی ومطالب کا سمندر موجیں مارتا ہوا نظر آتا ہے اور آپ کے جوش تکلم کی تاثیرات سے سامعین کے دلوں کی دنیا میں انقلاب عظیم پیدا ہو جاتا تھا۔

چنانچہ جمعہ وعیدین کے خطبوں کے سوا سینکڑوں مواقع پر آپ نے ایسے ایسے فصیح وبلیغ خطبات اور موثر مواعظ ارشاد فرمائے کہ فصحائے عرب حیران رہ گئے اور ان خطبوں کے اثرات وتاثیرات سے بڑے بڑے سنگ دلوں کے دل موم کی طرح پگھل گئے اور دم زدن میں ان کے قلوب کی دنیا ہی بدل گئی۔

چوں کہ آپ مختلف حیثیتوں کے جامع تھے اس لیے آپ کی یہ مختلف حیثیات آپ کے خطبات کے طرز بیان پر اثر انداز ہوا کرتی تھیں۔ آپ ایک دین کے داعی بھی تھے، فاتح بھی تھے، امیر لشکر بھی تھے، مصلح

قوم بھی تھے، فرماں روا بھی تھے۔ اس لیے ان حیثیتوں کے لحاظ سے آپ کے خطبات میں قسم قسم کا زور بیان اور طرح طرح کا جوش کلام ہوا کرتا تھا۔ جوش بیان کا یہ عالم تھا کہ بسا اوقات خطبہ کے دوران میں آپ کی آنکھیں سرخ اور آواز بہت ہی بلند ہو جاتی تھی اور جلال نبوت کے جذبات سے آپ کے چہرۂ انور پر غضب کے آثار نمودار ہو جاتے تھے۔ بار بار انگلیوں کو اٹھا اٹھا کر اشارہ فرماتے تھے گویا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آپ کسی لشکر کو للکار رہے ہیں۔

چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما آپ کے پر جوش خطبہ اور تقریر کے جوش و خروش کی بہترین تصویر کھینچتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ

میں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منبر پر خطبہ دیتے سنا آپ فرما رہے تھے کہ خداوند جبار آسمانوں اور زمین کو اپنے ہاتھ میں لے لے گا پھر فرمائے گا کہ میں جبار ہوں، میں بادشاہ ہوں،، کہاں ہیں جبار لوگ؟ کدھر ہیں متکبرین؟ یہ فرماتے ہوئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی مٹھی بند کر لیتے، کبھی مٹھی کھول دیتے اور آپ کا جسم اقدس (جوش میں) کبھی دائیں کبھی بائیں جھک جاتا، یہاں تک کہ میں نے یہ دیکھا کہ منبر کا نچلا حصہ بھی اس قدر ہل رہا تھا کہ میں (اپنے دل میں) یہ کہنے لگا کہ کہیں یہ منبر آپ کو لے کر گر تو نہیں پڑے گا۔

آپ نے منبر پر، زمین پر، اونٹ کی پیٹھ پر کھڑے ہو کر جیسا موقعہ پیش آیا خطبہ دیا ہے کبھی کبھی آپ نے طویل خطبات بھی دیے لیکن عام طور پر آپ کے خطبات بہت مختصر مگر جامع ہوتے تھے، میدان جنگ میں آپ کمان پر ٹیک لگا کر خطبہ ارشاد فرماتے اور مسجدوں میں جمعہ کا خطبہ پڑھتے وقت دست مبارک میں عصا ہوتا تھا۔

آپ کے خطبوں کے اثرات کا یہ عالم ہوتا تھا کہ بعض مرتبہ سخت سے سخت اشتعال انگیز موقعوں پر

آپ کے چند جملے محبت کا دریا بہا دیتے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ایک دن آپ نے ایسا اثر انگیز اور ولولہ خیز خطبہ پڑھا کہ میں نے کبھی ایسا خطبہ نہیں سنا تھا، درمیان خطبہ میں آپ نے یہ ارشاد فرمایا کہ اے لوگو جو میں جانتا ہوں اگر تم جان لیتے تو ہنستے کم اور روتے زیادہ، زبان مبارک سے اس جملہ کا نکلنا تھا کہ سامعین کا یہ حال ہو گیا کہ لوگ کپڑوں میں منہ چھپا چھپا کر زاروقطار رونے لگے۔

خطبہ جمعہ

جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ کے لیے منبر پر تشریف لاتے تو حضرت بلال آپ کے سامنے اذان شروع کر دیتے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں صرف یہی اذان تھی اور اسی طرح حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے زمانہ میں رہی۔

جب دور خلافت حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ آیا اور لوگوں کی کثرت اور ان کا ازدحام بڑھا تو دوسری اذان کا، اس اذان سے پہلے جو خطیب کے سامنے ہوتی ہے حکم دیا اور یہ اذان زوراء پر جو کہ مدینہ طیبہ کے بازار میں مسجد کے باہر ایک مقام کا نام ہے دی جاتی۔

حضور کا طرز خطبہ

اور جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ دیتے تو حاضرین کے شوق کی زیادتی اور خطبہ کے سننے میں مبالغہ کرنے کی بنا پر حضور کی آواز مبارک اس حد تک بلند ہو جاتی کہ ابتداء کی بہ نسبت آپ کی آنکھیں سرخ اور عظمت وجلال کے انوار کی تابانیوں سے مجلیٰ ہو جاتیں اور تبلیغ کی چمک دمک کا ظہور اور اقدار میں آپ کا جوش اس حد تک سخت ہو جاتا کہ گویا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لشکر کو ڈراتے، دھمکاتے ہوئے فرمارہے ہیں کہ صبحکم و مساکم کہ تمھاری صبح وشام ہونے والی ہے۔

اور لشکر کو ڈرانا اس وقت کہا جاتا ہے جب کہ لشکر کو کسی قوم کی خبر سے ڈرایا جاتا ہے کہ فلاں قوم کا

لشکران پر حملہ کرنا ہی چاہتا ہے اور خبردار کیا جاتا ہے کہ صبح کے وقت تم پر حملہ کر کے تاخت وتاراج کرنے والا ہے یا بوقت شام حملہ آور ہوتا ہے اور شبخون مارتا ہے۔

اس کے بعد فرماتے **اما بعد فان خیر الحدیث کتاب اللہ و خیر الھدی ھدی محمد و شر الامور محدثاتھا و کل محدثۃ بدعۃ و کل بدعۃ ضلالۃ . و فی روایۃ و کل ضلالۃ فی النار.**

اس لیے'' اما بعد '' کا کلمہ خطبہ میں حمد وثنا کے بعد کہنا مسنون ہے۔

خطبہ دینے میں کمان یا عصا پر ٹیک لگاتے اور تلوار و نیزہ ہاتھ میں نہ پکڑتے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ جب میدان جنگ میں خطبہ دیتے تو کمان اور تلوار پر ٹیک لگاتے تھے اور خطبہ جمعہ میں عصا پر۔

اور بعض روایات فقہیہ حنفیہ میں ہے کہ تلوار یا عصا پر ٹیک لگانا مکروہ ہے مگر صحیح یہ ہے کہ مکروہ نہیں ہے کیوں کہ سنت میں وارد ہوا ہے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ ہر اس شہر میں جس کو غلبہ و جنگ سے فتح فرمایا ہے جیسے مکہ معظمہ وغیرہ وہاں ہتھیاروں پر ٹیک لگاتے تھے۔ اور جہاں صلح کے ساتھ جیسے مدینہ منورہ میں تو وہاں عصا پر ٹیک لگاتے تھے۔

صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ کمان یا عصا پر ٹیک لگانا منبر شریف بنائے جانے سے پہلے تھا، لیکن منبر بن جانے کے بعد محفوظ نہیں ہے کہ کس چیز سے ٹیک لگاتے تھے نہ کمان سے اور نہ عصا وغیرہ سے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ کو مختصر کہتے، مطلب یہ کہ نماز کی نسبت سے خطبہ مختصر کرتے اور نماز کو بہت بہ نسبت خطبہ کے طویل فرماتے، ورنہ مسلم و ترمذی میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز معتدل ہوتی تھی نہ طویل نہ مختصر۔ اور ابوداؤد کی حدیث میں ہے کہ حضور کی نماز اور حضور کا خطبہ درمیانہ ہوتا تھا۔ اور فرماتے کہ آدمی کا نماز کو دراز کرنا اور اپنے خطبہ کو مختصر کرنا اس کی سمجھ اور دانشوری کی نشانی ہے۔

مانا کہ اس کی وجہ یہ تھی کہ وعظ ونصیحت میں ایک حرف کافی ہے خصوصاً نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جانب سے کیوں کہ آپ مصدر جوامع الکلم اور مظہر غرائب حکم ہیں۔ آدمی کو چاہیئے کہ طاعت وعبادت میں کوشش کرے اور اپنے آپ کو آراستہ وپیراستہ کرنے میں مشغول رہے۔

اور جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد شریف میں داخل ہوتے تو حاضرین کو سلام فرماتے اور جب منبر شریف پر تشریف فرما ہوتے تو چہرۂ انور لوگوں کے سامنے کرتے اور دوسری مرتبہ پھر سلام کرتے اس کے بعد منبر پر بیٹھتے اور اگر خطبہ کے دوران کوئی ضرورت لاحق ہوتی یا کوئی سائل سوال کرتا تو خطبہ کو قطع کر کے ضرورت پوری کرتے یا سائل کا جواب مرحمت فرماتے اس کے بعد خطبہ کو مکمل فرماتے۔ جب آپ ملاحظہ کرتے کہ امام حسن وامام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما گرتے پڑتے آرہے ہیں تو منبر شریف سے اتر کر ان کو اٹھا لیتے۔

اسی طرح ایک سائل آیا اس نے دین اسلام کے بارے میں پوچھا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر شریف سے اتر کر کرسی پر تشریف فرما ہوئے اور اسے تعلیم فرمائی، اس کے بعد پھر منبر پر تشریف لے گئے اور خطبہ کو تمام فرمایا، اور اگر کسی محتاج وفقیر کو لوگوں کے مجمع میں ملاحظہ فرماتے تو حاضرین کو صدقہ وخیرات دینے کی ترغیب دیتے اور اسے کچھ عطا فرماتے مثلاً کپڑا اور روپے وغیرہ۔

علماء نے ان باتوں کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص میں شمار کیا ہے۔

اور جب تمام جماعت حاضر ہوتی تو اگر گھر میں تشریف فرما ہوتے تو خطبہ کے لیے حجرہ شریف

سے باہر تشریف لاتے اور اگر مسجد میں ہوتے تو صف سے نکل کر منبر شریف پر تشریف لاتے اس وقت آپ تنہا ہوتے اور کوئی خادم آپ کے آگے نہ ہوتا۔ جیسا کہ آج لوگوں میں رائج و متعارف ہے اور حرمین شریفین وغیرہما میں خطبہ جمعہ یا خطبہ عیدین کے لیے جماعت کثیرہ کے ساتھ شان و شوکت سے نکلتے ہیں لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آگے کوئی ہٹو بچو کہنے والا نہ ہوتا تھا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول، سیرت مصطفیٰ)

اذان خطبہ

جمعہ کے دن اذان خطبہ سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں یہ (خطبہ کی) اذان مسجد سے باہر دروازے پر ہوتی تھی۔ سنن ابی داؤد شریف جلد اول، ص ۱۵۶ میں ہے

عن السائب بن یزد رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کان یؤذن بین یدی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا جلس علی المنبر یوم الجمعۃ علی باب المسجد و ابی بکر و عمر .

یعنی جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جمعہ کے دن منبر پر تشریف رکھتے تو حضور کے سامنے مسجد کے دروازے پر اذان ہوتی اور ایسا ہی ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے زمانے میں۔

اور کبھی منقول نہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا خلفائے راشدین نے مسجد کے اندر اذان دلوائی ہو اگر اس کی اجازت ہوتی تو بیان جواز کے لیے کبھی ایسا ضرور فرماتے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۴۸۹)

ایک اور سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

زمانہ اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں صرف ایک اذان ہوتی تھی جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوتے حضور کے سامنے مواجہہ اقدس میں مسجد کریم کے دروازہ پر۔

زمانۂ اقدس میں مسجد شریف کے تین دروازے تھے

ایک مشرق کو جو حجرۂ شریفہ کے متصل تھا۔ جس میں سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لاتے اس کی سمت پر باب جبریل ہے۔

دوسرا مغرب میں جس کی سمت پر اب باب الرحمۃ ہے

تیسرا شمال میں جو خاص محاذی منبر اطہر تھا۔

صحیح بخاری شریف میں انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

دخل رجل یوم الجمعة من باب کان وجاه المنبر و رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قائم یخطب فاستقبل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قائما فقال یا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الحدیث.

جمعہ کے دن ایک شخص اس دروازے سے داخل ہوا جو منبر کے سامنے تھا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہو کر خطبہ ارشاد فرما رہے تھے اس شخص نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حالت قیام میں حضور کا سامنا کیا اور عرض کیا یا رسول اللہ۔ الحدیث (مولف)

اس دروازے پر اذان جمعہ ہوتی تھی کہ منبر کے سامنے بھی ہوئی اور مسجد سے باہر بھی۔

زمانۂ صدیق اکبر و عمر فاروق و ابتدائے خلافت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں یہی ایک اذان

ہوتی رہی جب لوگوں کی کثرت ہوئی اور شتابی حاضری میں قدرے کسل واقع ہوا، امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک اذان شروع خطبہ سے پہلے بازار میں دلوانی شروع کی۔

مسجد کے اندر اذان کا ہونا ائمہ نے منع فرمایا اور مکروہ لکھا ہے اور خلاف سنت ہے یہ زمانۂ اقدس میں تھا نہ زمانۂ خلفائے راشدین نہ کسی صحابی کی خلافت میں، نہ تحقیق معلوم کہ یہ بدعت کب سے ایجا ہوئی نہ ہمارے ذمہ اس کا جاننا ضرور۔ بعض کہتے ہیں کہ ہشام بن عبدالملک مروانی بادشاہ ظالم کی ایجاد ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۴۹۵)

یہی مضمون ایک اور مقام پر اس طرح ہے

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مسجد کے اندر اذان دلوانا کبھی ایک بار کا بھی ثابت نہیں جو لوگ اس کا دعویٰ کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر افترا کرتے ہیں۔

ہشام سے بھی اس اذان کا مسجد کے اندر دلوانا ہرگز ثابت نہیں البتہ پہلی اذان کی نسبت بعض نے لکھا ہے کہ اسے ہشام مسجد کی طرف منتقل کر لایا اور اس کے بھی یہ معنی نہیں کہ مسجد کے اندر دلوائی بلکہ امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بازار میں پہلی اذان دلواتے تھے ہشام نے مسجد کے منارہ پر دلوائی۔

رہی یہ دوسری اذان خطبہ اس کی نسبت تصریح ہے کہ ہشام نے کچھ اس میں تغیر نہ کیا اسی حالت پر باقی رکھی جیسے زمانۂ رسالت وزمانۂ خلافت میں تھی۔

امام محمد بن عبدالباقی زرقانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرح مواہب شریف جلد ہفتم طبع مصر ۴۳۵ میں فرماتے ہیں:

لما کان عثمن امر بالاذان قبله علی الزوراء ثم نقله هشام الی المسجد ای امر بفعله فیه و جعل الاخر الذی بعد جلوس الخطیب علی المنبر بین یدیه بمعنی انه ابقاه بالمکان الذی یفعل فیه فلم یغیره بخلاف ما کان بالزوراء فحوله الی المسجد علی المنار.

یعنی جب عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ ہوئے اذان خطبہ سے پہلے ایک اذان بازار میں ایک مکان کی چھت پر دلوائی پھر اس پہلی اذان کو ہشام مسجد کی طرف منتقل کرلایا، اس کے مسجد میں ہونے کا حکم دیا اور دوسری کہ خطیب کے منبر پر بیٹھنے کے وقت ہوتی ہے وہ خطیب کے مواجہہ میں کی یعنی جہاں ہوا کرتی تھی وہیں باقی رکھی اس اذان ثانی میں ہشام نے کوئی تبدیلی نہ کی بخلاف بازار والی اذان اول کے کہ اسے مسجد کی طرف منارہ پر لے آیا۔

ہاں وہ جمہور مالکیہ کہ اذان ثانی کو امام کی محاذات میں ہونا بدعت کہتے ہیں اور اس کا بھی منارہ پر ہی ہونا سنت بتاتے ہیں ان میں بعض کے کلام میں واقع ہوا کہ سب میں پہلے اذان ثانی امام کے روبرو ہشام نے کہلوائی۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وخلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانہ میں یہ اذان بھی محاذات امام میں نہ ہوتی تھی منارہ ہی پر تھی۔ پھر اس سے کیا ہوا غرض ہشام بیچارے سے بھی ہرگز اس کا ثبوت نہیں کہ اس نے اذان خطبہ مسجد کے اندر منبر کے برابر کہلوائی ہو جیسی اب کہی جانے لگی اس کا کچھ پتہ نہیں کہ کس نے یہ ایجاد نکالی اور اگر ہشام سے ثبوت ہوتا بھی تو اس کا قول و فعل کیا حجت تھا وہ ایک مروانی ظالم بادشاہ ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۵۰۰)

سائب بن یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں

لم یکن للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مؤذن غیر واحد و کان التاذین یوم

الجمعة حين يجلس الامام يعنى على المنبر .

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد مسعود میں ایک ہی موذن ہوتا جو امام کے منبر پر بیٹھتے ہی اذان دیتا۔(مولف) (شمائم العنبر)

تفسیر جو یبر میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

ان عمر رضی الله تعالیٰ عنه امر مؤذنين ان يؤذنا للناس الجمعة خارجا من المسجد حتى يسمع الناس و امر ان يؤذن بين يديه كما كان فى عهد النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ابى بكر رضى الله تعالىٰ عنه ثم قال عمر نحن ابتد عناه لكثرة المسلمين .

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے موذنون کو حکم دیا کہ جمعہ کے روز لوگوں کے لیے خارج مسجد اذان دیں تا کہ لوگ سن لیں، اور یہ حکم دیا کہ آپ کے سامنے اذان دی جائے جیسا کہ عہد رسالت اور عہد صدیقی میں ہوتا تھا۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا ہم نے آدمیوں کی کثرت کی وجہ سے یہ نئی اذان شروع کی۔

مگر مشہور یہ ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ نئی اذان دلوانی شروع کی تھی۔ (مولف)

ابن عبد البر نقل کرتے ہیں

عن مالک ان الاذان بين يدى الامام ليس من الامر القديم .

امام مالک سے روایت ہے کہ امام کے سامنے اذان ہونا امر قدیم نہیں۔ (مولف)

محمد بن اسحاق بیان کرتے ہیں

عند الطبرانی وغیرہ فی ھذا الحدیث ان بلالا کان یؤذن علی باب المسجد.

اوراسی حدیث میں طبرانی کی روایت یہ ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ دروازہ مسجد پراذان دیتے تھے۔(مولف) (شمائم العنبر)

خطبہ میں لوگوں کی طرف استقبال

حالت خطبہ میں خطیب کولوگوں کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے حضوراقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہی معمول تھا کہ حالت خطبہ میں رخ انور سامعین کی طرف فرماتے ،امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

بدائع میں ہے، و من السنة ان یستقبل الناس بوجهه و یستد بر القبلة لان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یخطب ھکذا.

خطبہ میں لوگوں کی طرف متوجہ ہونا اورقبلہ کی جانب پیٹھ کرنا سنت ہے کیوں کہ حضوراقدس سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسی طرح خطبہ فرمایا کرتے۔(مولف) (فتاوی رضویہ ج ۳،ص ۷۰۰)

دوخطبوں کے درمیان جلوس

خطیب کا دوخطبوں کے درمیان بیٹھنا سنت ہے صحیح بخاری شریف میں باب القعدۃ بین الخطبتین یوم الجمعۃ میں مرقوم ہے۔

عن عبد الله بن عمر قال کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یخطب خطبتین یقعد بینهما.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضوراقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دوخطبے

ارشاد فرماتے اور دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھتے تھے۔ (مولف)

دونوں خطبوں کے درمیان قرأت ودعا

دونوں خطبوں کے درمیان آیات قرآنیہ کی تلاوت اور دعا کرنا جائز ہے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ائمہ کرام وعلمائے عظام کی عبارات وفرمودات کے حوالے سے تحریر فرماتے ہیں :

علمائے کرام نے شروح حدیث وغیرہ کتب میں صاف اس کا جواز افادہ فرمایا۔

مولانا علی قاری مکی حنفی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں زیر حدیث **يخطب ثم يجلس فلا يتكلم** فرماتے ہیں۔

لا يتكلم اى حال جلوسه بغير الذكر او الدعاء او القراءة سرا و الاولى لرواية ابن حبان كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقراء فى جلوسه كتاب الله الخ.

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دونوں خطبوں کے درمیان جلوس کی حالت میں ذکر یا دعا یا آہستہ قرأت قرآن کے علاوہ کچھ کلام نہیں فرماتے تھے اور بہتر قرأت کرنا ہے ابن حبان کی اس روایت سے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم درمیان خطبہ جب جلوس فرماتے تو اس میں قرآن کریم میں سے کچھ پڑھتے تھے۔ (مولف)

حافظ الشان شہاب الدین احمد بن حجر عسقلانی شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فتح الباری شرح بخاری شریف میں اسی حدیث کی نسبت فرماتے ہیں۔

مفاده ان الجلوس بينهما لا كلام فيه و ليس فيه نفى ان يذكر الله او يدعوه سرا.

اس حدیث کا مفاد یہ ہے کہ دو خطبوں کے مابین جلوس میں کلام نہیں ہوتا اور اس میں ذکر اللہ

یا آہستہ دعا مانگنے کی نفی نہیں ہے۔ (مولف)

علامہ زرقانی مالکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرح مواہب لدنیہ ومنح محمدیہ میں فرماتے ہیں

ثم یجلس فلا یتکلم جهرا فلا ینافی روایة ابن حبان انه کان یقراء فیه ای الجلوس۔

پھر جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دو خطبوں کے درمیان بیٹھتے تو کلام نہیں فرماتے یعنی بلند آواز سے کلام نہیں کرتے تو یہ حدیث ابن حبان کی اس روایت کے منافی نہیں ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جلوس کی حالت میں قرأت قرآن حکیم کرتے تھے۔ (مولف)

بلکہ صحیح حدیث حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ومتعدد اقوال صحابہ وتابعین کی رو سے یہ جلسہ ان اوقات میں ہے جن میں ساعت اجابت جمعہ کی امید ہے۔ صحیح مسلم شریف میں بروایت حضرت ابی موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ مروی کہ حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دربارۂ ساعت جمعہ فرمایا۔

هی ما بین ان یجلس الامام الی ان تقضی الصلاة۔

وہ امام کے جلوس سے نماز ختم ہونے تک ہے۔

دوسری حدیث میں آیا حضور پر نور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ نے فرمایا شروع خطبہ سے ختم خطبہ تک ہے۔ اسے ابن منذر نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳ ص ۷۶۳۔ رعایۃ المذہبین)

امداد الفتاح شرح نور الایضاح علامہ شرنبلالی میں ہے

فی المحیط یقراء فی الخطبة سورة من القران او آیة فالاخبار قد تواترت ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان یقراء القران فی خطبته لا تخلو عن سورة او آیة .

محیط سرخسی میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ میں قرآن کی کوئی ایک سورۃ یا ایک آیت پڑھتے تھے کیوں کہ اس بارے میں خبریں متواتر ہیں کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ میں قرآن کریم ضرور پڑھتے تھے جو ایک سورت یا ایک آیت سے کم نہیں ہوتا۔ (مولف)

علامہ طحطاوی نے حاشیہ شرح تنویر میں خطبۂ ثانیہ کی نسبت فرمایا

یزید فیھا الدعاء للمومنین و المومنات بدل الوعظ فی الاولی و لا یعظ فیھا.

خطبۂ اولیٰ میں وعظ و نصیحت کے عوض خطبۂ ثانیہ میں مسلمان مردوں عورتوں کے لیے دعا کا اضافہ فرماتے اور خطبۂ ثانیہ میں پند و موعظت نہیں کرتے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۶۸۵)

حالت خطبہ میں بارش کی دعا مانگنا

صحیح بخاری شریف باب رفع الیدین فی الخطبۃ میں ہے

عن انس قال بینما النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یخطب یوم الجمعة اذ قام رجل فقال یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ھلک الکراع و ھلک الشاة فادع اللہ ان یسقینا فمد یدیه و دعا.

روز جمعہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا یا رسول اللہ چوپائے اور بکریاں ہلاک ہو گئیں آپ اللہ سے دعا فرمائیں کہ وہ ہمیں بارش دے،

ہمیں سیراب کر دے تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دست ہائے مبارک پھیلا کر دعا
فرمائی۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۷۶۹۔رعایۃ المذھبین)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے

حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عین خطبہ میں دست مبارک بلند فرما کر ایک جمعہ کو مینھ برسنے دوسرے جمعہ کو مدینہ طیبہ پر سے کھل جانے کی دعا مانگنا صحیح بخاری و مسلم وغیرہما میں حدیث انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۷۶۳۔رعایۃ المذھبین)

حالت خطبہ میں صدقے کا حکم

حدیث میں ثابت ہے کہ ایک بار خطبہ فرماتے (حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے) ایک صاحب کو ملاحظہ فرمایا کہ بہت حالت فقر و مسکنت میں تھے حاضرین سے ارشاد فرمایا: تصدقوا صدقہ دو۔

ایک صاحب نے ایک کپڑا دوسرے صاحب نے دوسرا کپڑا دیا۔پھر ارشاد فرمایا تصدقوا صدقہ دو۔

یہ مسکین جن کو ابھی دو کپڑے ملے تھے اٹھے اور ان دو کپڑوں میں سے ایک حاضر کیا۔یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم کہ تصدقوا حاضرین کے لیے عام ہے اور میں بھی حاضرین میں ہوں اور اس وقت دو کپڑے رکھتا ہوں ایک حاضر کر سکتا ہوں۔

ان کو اس سے باز رکھا گیا تو تمھارے ہی لیے تصدق کا حکم فرمایا جاتا ہے نہ کہ تم کو۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۸۰۰)

نمازعید

روزعید کواس وجہ سے عید کہتے ہیں کہ وہ عود کر کے اور اپنے وقت میں بار بار لوٹ کے آتا ہے، لیکن یہ مثال عام ہے جو دیگر موسموں پر بھی صادق آتی ہے اسی بنا پر اس پر بعض نے کچھ دیگر قیود کا بھی اضافہ کیا ہے اور کہا کہ یہ فرحت وسرور کے ساتھ عود کرتا ہے اور عید الفطر کا یہ فرحت وسرور، نعمت صیام کے مکمل ہونے پر شکرانہ ہے، اور عید الاضحیٰ میں نعمت عظمیٰ کا پورا ہونا ہے کیوں کہ وقوف عرفہ اس کا بہترین مرکز ہے اور وہ مکمل کا حکم رکھتا ہے اور جمعہ جو کہ ہر ہفتہ کی عید ہے یہ ہفتہ بھر کی تمام نمازوں کی تکمیل پر شکرانہ ہے لہٰذا اسلام کے تمام ارکان کی تکمیل میں بطور شکرانہ ایک دن عید کا مقرر کیا گیا جو اہل اسلام کے فرحت وسرور کے اجتماع کا باعث ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ عید کا بطور نیک فالی کے سال آئندہ لوٹ کر آنے کی وجہ سے کہا ہے مطلب یہ کہ اس کو بقا ہے اور سال آئندہ پھر آئے گا جس طرح ابتداء میں قافلہ کے نکلتے وقت بطور تفاول کے کہتے ہیں کہ خیریت وسلامتی کے ساتھ لوٹ کر آؤ۔

ہدایہ کے بعض حواشی میں ہے کہ اس کو عید اس بناء پر کہتے ہیں کہ پروردگار عالم نے اس دن میں بندوں کے ساتھ فرحت وسرور اور اپنے فضل وکرم کا وعدہ فرمایا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ نماز عید، عید گاہ میں ادا فرماتے اور یہ عید گاہ مدینہ منورہ کے باہر جانب غرب مصری دروازہ کے باہر ہے اور اسی جانب سے مکہ کے قافلے مدینہ منورہ میں داخل ہوتے ہیں۔ اس عید گاہ اور مسجد نبوی شریف کے درمیان ہزار گز کا فاصلہ ہے۔

یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز عید کے لیے میدان میں نکلنا مسجد میں نماز عید گزارنے سے افضل ہے، اس لیے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باوجود اس فضل وشرف کے جو آپ کی مسجد شریف کو حاصل

ہے نماز عید کے لیے عید گاہ (میدان) میں باہر تشریف لے جاتے تھے لہٰذا دیگر بلاد و امصار میں تو یہ بطریق اولیٰ ہے اسی پر شہروں میں عمل ہے۔

اور بعض شہروں میں جو مسجد میں نماز عید پڑھتے ہیں یہ خلاف سنت ہے مگر یہ کہ کوئی عذر لاحق ہو تو ٹھیک ہے جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ بارش کی وجہ سے ایسا کیا اور یہ صرف ایک مرتبہ ہوا۔

مکہ مکرمہ کے حضرات تو پہلے ہی سے اس کے عادی ہیں اور مسجد حرام میں عید ادا کرتے ہیں وہ شہر کے باہر نہیں نکلتے اور اب تو مدینہ منورہ کے حضرات بھی مسجد نبوی میں عید کی نماز پڑھتے ہیں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برکت و شرف سے مفارقت گوارا نہیں کرتے۔ اس وقت مسجد نبوی شریف کی وسعت بھی بہت کافی ہے اور یہ اہل شہر کی آبادی سے زیادہ ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں مدینہ منورہ کی آبادی زیادہ تھی اور مسجد نبوی کی وسعت کم۔

عید کے لیے لباس

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عید کے دن خوبصورت اور عمدہ لباس زیب تن فرماتے اور حضور کا ایک حلہ فاخرہ تھا جو عید و جمعہ کے موقع پر عزت و شعائر اسلام کے لیے زیب تن فرمایا کرتے تھے۔

حلہ، جوڑے کو کہتے ہیں جس میں ازار و چادر دونوں شامل ہیں نہ یہ کہ وہ ریشمی وغیرہ کپڑوں کے لیے ہی بولا جائے جیسا کہ بعض خیال کرتے تھے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی سبز و سرخ دھاری دار چادر شریف اوڑھتے یہ چادر یمن کی ہوتی اور جسے ''برد یمانی'' کہا جاتا ہے وہ یہی چادر ہے۔ اور عید کے لیے زیب و زینت کرنا مستحب ہے مگر لباس مشروع کے ساتھ ہو۔

عیدین میں طریقہ تناول

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت کریمہ یہ تھی کہ روز عید، عید گاہ جانے سے پہلے چند کھجوریں تناول فرماتے تھے ان کی تعداد طاق ہوتی یعنی تین، پانچ، سات وغیرہ۔

عید الاضحیٰ کے دن نماز سے واپس آنے سے پہلے کچھ نہ کھاتے چنانچہ حدیث میں ہے کہ عید الفطر کو بغیر کچھ کھائے نہ نکلتے اور عید الاضحیٰ کو بغیر کچھ کھائے نکلتے جب تک کہ نماز عید نہ پڑھ لیتے۔

اہل علم نماز عید الفطر سے پہلے کھانے کی حکمت فرماتے ہیں کہ روزے کے وجوب کے بعد چوں کہ فطرہ واجب ہے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فطر میں فطر کی جلدی فرماتے تا کہ حکم الٰہی کو بسرعت بجا لایا جائے ورنہ اگر محض حکم الٰہی بجالانا ہی مقصود ہوتا تو خوب سیر ہو کر کھاتے۔

بعض کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دونوں عیدوں میں کھانا صدقہ نکالنے کی مشروعیت کے وقت میں تھا جو ہر ایک پر لازم و مخصوص ہے اور چوں کہ صدقہ فطر کا نکالنا عید گاہ جانے سے پہلے ہوتا ہے اس لیے صدقہ نکالتے وقت چند دانے کھا لیے اور عید گاہ تشریف لے گئے۔ اور عید الاضحیٰ میں صدقہ کا اخراج چوں کہ بعد از ذبح تھا اور اس کا وقت نماز کے بعد ہے اس لیے نماز کے بعد ذبح کرتے اس کے بعد صدقہ فرماتے اور اس کے بعد کھاتے۔

عید کے لیے غسل

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دونوں عیدوں میں غسل کرنے کے سلسلے میں دو حدیثیں مروی ہیں۔

ایک فا کہہ بن سعد سے جن کی صحبت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے صحت کو پہنچی ہوئی ہے اور یہ

درجۂ شہرت کو پہنچ گئی ہے اور اس حدیث کے علاوہ کسی اور طرح سے ان کی صحابیت جانی پہچانی نہیں گئی، وہ فرماتے ہیں کہ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ روز عید الفطر، یوم النحر، یوم عرفہ میں غسل فرمایا کرتے تھے۔

دوسری حدیث زیاد بن عیاض اشعری سے مروی ہے کہ انھوں نے ایک قوم سے کہا کہ جس فعل کو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کرتے دیکھا ہے اسے تم بھی کرتے ہو مگر تم لوگ دونوں عیدوں میں غسل نہیں کرتے۔

عیدگاہ میں تشریف آوری

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عیدگاہ پاپیادہ تشریف لے جاتے اور اس پر عمل کرنا سنت ہے اور اکثر اہل علم کے نزدیک مستحب ہے کہ عیدگاہ پاپیادہ جائے، سواری وغیرہ سے نہ جائے مگر کسی عذر سے۔

امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے زہری سے روایت پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عید میں اور جنازہ میں کبھی سوار ہو کر تشریف نہ لے جاتے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز عید الفطر میں تاخیر فرماتے اور نماز عید الاضحیٰ کو جلد تر پڑھتے۔

غالباً عید الفطر میں اس تاخیر کی حکمت یہ ہوگی کہ چوں کہ صدقۂ فطر بھی ادا کر چکتے اور کچھ طعام بھی ملاحظہ فرما لیے ہوتے اور کوئی امر مہم بھی درپیش نہ ہوتی اس لیے اجتماع کی زیادتی کی خاطر تاخیر فرماتے ہوں گے بخلاف عید الاضحیٰ کے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب عیدگاہ پہنچ جاتے تو فوراً ہی نماز شروع کر دیتے نہ اذان

ہوتی نہ اقامت اور نہ الصلاۃ جامعۃ وغیرہ کی ندا۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں عیدگاہ میں منبر نہ تھا سب سے پہلے جس نے عیدگاہ میں منبر کا رواج دیا وہ مروان بن الحکم ہے جب کہ وہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں ان کی جانب سے امیر مدینہ تھا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ امیر المومنین سیدنا عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں اس کی بناء پڑی۔ یہ کثیر بن الصلت سے مروی ہے جس کا گھر عیدگاہ کے قریب تھا۔

تکبیرات عید

عیدین کی تکبیروں میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عمل میں اختلاف ہے اور مذہب حنفیہ میں مختار یہ ہے کہ تین تکبیریں رکعت اول میں قرأت سے پہلے اور تین تکبیریں دوسری رکعت میں قرأت کے بعد ہے۔

خطبہ عید

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز عید خطبہ سے پہلے پڑھتے اور جب نماز سے فارغ ہوتے تو کھڑے ہو کر خطبہ شروع فرماتے۔ تمام اصحاب کتب کا اس روایت پر اتفاق ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز عید الاضحیٰ اور عید الفطر خطبہ سے پہلے پڑھتے اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی آپ کے بعد ایسا ہی کرتے رہے۔ ترمذی نے کہا اسی پر تمام اہل علم صحابہ کرام کا عمل ہے۔

راستہ کی تبدیلی اور اس میں حکمتیں

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس راہ سے عیدگاہ تشریف لے جاتے اس راہ سے واپس

تشریف نہ لاتے بلکہ دوسرے راستے سے واپس تشریف لاتے۔

علماء نے اس میں کئی نکتے ظاہر فرمائے ہیں ممکن ہے کہ ان میں سے کچھ یا تمام ہی نکتے حضور کے پیش نظر اور متصور ہوں۔

حق یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے افعال میں جو اسرار و معانی پنہاں ہیں ان تک مخلوق کی رسائی دشوار ہے اور ان کو پانا محال ہے۔

علماء فرماتے ہیں کہ راہ کی تبدیلی اس بناء پر تھی تا کہ مقامات مختلفہ، اماکن متعددہ اور مواضع متفرقہ اور وہاں کے رہنے والے انسان و جنات اور فرشتے طاعات و نیکیوں پر گواہ بن جائیں۔

یا یہ وجہ ہو کہ دونوں راستے حضور کو سلام کر سکیں اور اس عمل کے ثواب و بزرگی سے مشرف ہوسکیں اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سلام کے جواب دینے میں جو خیر و برکت اور خوش نصیبی مضمر ہے اس سے دونوں راستوں کے لوگ متمتع اور بہرہ ور ہوسکیں۔

یا یہ وجہ ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برکتیں دونوں راستوں اور وہاں کے رہنے والوں کو حاصل ہوسکیں اور وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تشریف لے جانے کی فضیلت و برکت اور شرف حضوری میں برابر کے شریک ہو جائیں۔

یا یہ ہو کہ دونوں راستے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طیب و طاہر جانفزا خوشبو کو سونگھیں۔

یا یہ وجہ ہو کہ دونوں راستوں کے رہنے والوں کی ضرورتیں، تعلیم و ارشاد فرما کر، صدقات و خیرات عطا فرما کر اور اپنے جہاں فزا جمال کے مشاہدے سے سرور مرحمت فرما کر ان کی خواہشیں پوری فرمائیں۔

یا یہ وجہ ہے کہ دونوں راستوں میں شعائر و شرائع اسلام کا اظہار حاصل ہو اور دونوں راستوں کو ذکر

الٰہی اوراس کی برکتیں ان کوشامل ہوجائیں۔

یا یہ وجہ ہے کہ اہل کفرونفاق کومشاہدۂ عزت اسلام اور رفعت اعلام دین کے ذریعہ بحکم لیغیظ بھم الکفار اور قل موتوا بغیظکم سے انھیں غمناک اوراندوہگیں بنائیں اور لشکر اسلام کی کثرت اور اس کی عزت سے ان کے دلوں میں رعب ڈالا جائے۔

نیز علماء فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عیدگاہ تشریف لے جانا داہنی جانب تھا اور اگر واپسی بھی اسی راستے سے ہوتی تو یہ بائیں جانب واقع ہوتا اس بنا پر واپسی کے لیے دوسری راہ اختیار فرماتے تاکہ وہ بھی داہنی جانب واقع ہوجائے۔

اور لوگوں میں مشہور وجہ یہ ہے کہ راستہ کی تبدیلی کو اختیار فرمانا اعدائے دین کے مکر سے خوف کی بنا پر تھا کہ وہ ہلاکت کی گھات میں نہ بیٹھیں۔

یا یہ وجہ ہے کہ زندہ اور وفات پائے ہوئے اقارب سے ملاقات اور صلہ رحمی کے لیے دوسرا راستہ اختیار فرماتے۔

یا یہ وجہ ہے کہ تخفیف ازدحام اور ہجوم خلائق کی بناء پر یہ عادت تھی۔

یا یہ وجہ ہے کہ تشریف لے جاتے وقت فقراء کو صدقہ مرحمت فرماتے تھے اور واپسی کے بعد کچھ باقی نہ رہتا تھا اس لیے واپسی پر ایسا دوسرا راستہ اختیار فرماتے جہاں فقیروں اور سائلوں کا ہجوم نہ ہوتا کہ سائلوں کو جھڑکنا اور منع کرنا لازم نہ آئے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ راستوں کی یہ تبدیلی بر طریق تفاول اختیار فرماتے تھے۔ مطلب یہ کہ جس طرح کہ پہلے راستہ میں مغفرت ورضا اور مقام قرب و وصال میں ترقی کی جانب ایک حالت تھی یہ حالت دوسرے راستہ میں بھی برقرار رہے۔

یا یہ وجہ ہو کہ عیدگاہ کی جانب جاتے وقت راستہ طول وطویل ہوتا تھا اور واپسی میں ایسا نہ ہوتا تھا تا کہ جاتے وقت قدموں کی زیادتی سے جو کہ عبادت کے لیے جاتا تھا اس سے زیادتی ثواب کا حصول مقصود تھا لیکن جب منزل شریف کی جانب واپسی ہوتی تو جلدی وسرعت دکھاتے کیوں کہ اس میں عبادت کا مقصد شامل نہ تھا۔

غرضیکہ ان تمام وجوہ کی بنیاد احتمال پر ہے۔(مؤلف) (مدارج النبوۃ، جلد اول)

زمانۂ رسالت میں عیدگاہ نہ تھی

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آبادی سے باہر میدان میں نماز عید ادا فرماتے تھے اس وقت عید گاہ کی شکل میں کوئی عمارت نہ تھی امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

زمانۂ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں مصلائے عید کف دست میدان تھا۔ جس میں اصلاً کسی عمارت کا نام نہ تھا جب حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز عید کو تشریف لے جاتے مواجہ اقدس میں سترہ کے لیے ایک نیزہ نصب کر دیا جاتا۔

زمانۂ خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین میں بھی یوں ہی رہا۔ عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نماز پڑھنے کے سب مواضع میں تبرک کے لیے مسجدیں بنائیں، ظاہراً انھیں کے وقت میں مصلائے عید میں بھی عمارت بنی۔ جیسا کہ سید نورالدین سمہودی نے اسے تاریخ مدینہ منورہ میں بیان کیا ہے۔

صحیح بخاری شریف میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے۔

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان ترکز لہ الحربۃ قدامہ یوم الفطر و النحر ثم یصلی ۔

بیشک نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن نیزہ نصب کیا جاتا پھر حضور نماز پڑھتے تھے۔ (مولف)

انھیں کی دوسری روایت میں ہے:

قال کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یغدو الی المصلی و العنزۃ بین یدیہ تحمل و تنصب بالمصلی بین یدیہ فیصلی الیھا.

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عید گاہ تشریف لے جاتے اور نیزہ حضور کے سامنے لے جایا جاتا اور عید گاہ میں حضور کے سامنے نصب کر دیا جاتا پھر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے سترہ بنا کر اس کی طرف نماز پڑھتے تھے۔ (مولف)

سنن ابن ماجہ وصحیح ابن خزیمہ مستخرج اسماعیلی میں زائد کیا

و ذلک لان المصلی کان فضاء لیس فیہ شیء یستتر بہ.

یعنی عید گاہ میں نیزہ اس لیے نصب کرتے کہ عید گاہ کھلا میدان ہوتی اس میں سترہ کے لیے کچھ نہیں ہوتا تھا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳ ص ۱۵۔ ہدایۃ المتعال)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے

زمانہ اکرم حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں مصلائے عید کف دست میدان تھا جس میں اصلاً تعمیر نہ تھی مدینہ طیبہ کے شرقی دروازے پر مسجد اطہر کے باب السلام سے ہزار قدم کے فاصلے پر۔

سنن ابن ماجہ وصحیح ابن خزیمہ ومستخرج اسماعیلی میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یغدو الی المصلی فی یوم عید

و العنزة تحمل بين يديه فاذا بلغ المصلى نصبت بين يديه فصلى اليها و ذلك ان المصلى كان فضأ ليس فيه يستتر به .

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عید کے دن عیدگاہ تشریف لے جاتے تھے اور نیزہ حضور کے آگے لے جایا جاتا جب عیدگاہ پہنچ جاتے تو حضور کے سامنے گاڑ دیا جاتا پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی طرف نماز پڑھتے تھے اور ایسا اس لیے ہوتا تھا کہ عیدگاہ کھلے میدان میں ہوتا اس میں کوئی سترہ نہیں ہوتا تھا۔ (مولف)

اب صدہا سال سے اس کا احاطہ بن گیا، علامہ سید نورالدین سمہودی قدس سرہ استظہار فرماتے ہیں کہ یہ عمارت زمانۂ امیر المومنین عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں تعمیر ہوئی اور واقعی جب امیر المومنین ممدوح نے مسجد اقدس حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ کی تجدید تعمیر فرمائی ہے جہاں جہاں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نماز پڑھنا معلوم ہوا ان سب کی بھی تعمیر جدید خواہ تجدید فرمائی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۷۹۸)

عیدین میں تناول طعام

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عید قرباں میں نماز سے پہلے کچھ نہ کھاتے بعد نماز گوشت قربانی سے تناول فرماتے۔

ترمذی و ابن ماجہ بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان لا يخرج يوم الفطر حتى ياكل و كان لا ياكل يوم النحر حتى يصلى .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عید الفطر کے دن تناول کیے بغیر نہیں نکلتے تھے اور عید اضحیٰ کے دن نماز پڑھے بغیر کچھ تناول نہیں فرماتے تھے۔ (مولف)

و رواه الدار قطني في سننه و فيه حتى يرجع فيا كل من اضحيته ، صححه ابن قطان .

دار قطنی کی روایت میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مراجعت کے بعد قربانی کے گوشت میں سے تناول فرماتے۔ (مولف)

طبرانی اوسط میں ہے

عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما قال من السنة ان لا يخرج يوم الفطر حتى يطعم و لا يا كل يوم النحر حتى يرجع.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ سنت یہ ہے کہ عید الفطر کے دن کھانے سے پہلے عید گاہ نہ جائے اور عید اضحیٰ کے دن واپسی تک کچھ نہ کھائے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۸۱۱)

خطبۂ عیدین

صحیحین میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے

قال شهدت صلاة الفطر مع النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ابى بكر و عمر و عثمان رضى الله تعالىٰ عنهم فكلهم يصليها قبل الخطبة ثم يخطب.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نماز عید میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ابوبکر صدیق اور عمر فاروق و عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے ساتھ حاضر ہوا سبھوں نے نماز ادا

فرما کر خطبہ ارشاد فرمایا۔ (مولف)

صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یصلی فی الاضحی و الفطر ثم یخطب بعد الصلاۃ .

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عید الفطر اور عید الاضحیٰ میں نماز کے بعد خطبہ ارشاد فرماتے تھے۔ (مولف)

اسی کے باب استقبال الامام الناس فی خطبۃ العید میں حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

خرج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم اضحی فصلی العید رکعتین ثم اقبل علینا بوجھہ و قال الحدیث.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عید کے دن تشریف لائے اور دو رکعت نماز عید ادا فرمائی پھر ہماری طرف رخ انور فرما کر خطبہ دیا۔ (مولف)

اسی میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلی یوم النحر ثم خطب. الحدیث.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عید اضحیٰ کے دن نماز پڑھ کر خطبہ ارشاد فرمایا۔ (مولف)

اسی میں حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

صلی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوم النحر ثم خطب ثم ذبح.

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عید اضحیٰ کو نماز پڑھ کر خطبہ ارشاد فرمایا پھر قربانی فرمائی۔

(مولف)

جامع ترمذی میں بافادۂ تحسین وتصحیح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے

کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و ابو بکر و عمر یصلون فی العیدین قبل الخطبة ثم یخطبون .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ابو بکر و عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما عیدین کی نماز پڑھ کر خطبہ فرماتے تھے۔ (مولف)

سنن نسائی میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یخرج یوم العید فیصلی رکعتین ثم یخطب.

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عید کے دن تشریف لاتے پھر دو رکعت نماز پڑھ کر خطبہ ارشاد فرماتے تھے۔ (مولف)

صحیحین میں حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یخرج یوم الفطر و الاضحی الی المصلی فاول شئ یبدء به الصلاة ثم ینصرف فیقوم مقابل الناس و الناس جلوس علی صفوفهم فیعظهم و یوصیهم و یأمرهم فان کان یرید ان یقطع بعثا قطعه او یأمر بشئ امر

به ثم ینصرف.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دن عید گاہ تشریف لاتے پہلے جس چیز سے ابتداء فرماتے وہ نماز ہوتی پھر انصراف فرما کر لوگوں کے سامنے کھڑے ہوتے اور لوگ صفوں میں بیٹھے ہوتے پھر ان کو وعظ و نصیحت فرماتے اور اگر لشکر جدا کرنے کا ارادہ فرماتے تو جدا کر دیتے یا کسی چیز کا حکم فرمانا چاہتے تو حکم فرما دیتے پھر انصراف فرماتے تھے۔ (مولف)

ابوداؤد و نسائی و ابن ماجہ نے حضرت عبداللہ بن سائب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی

قال حضرت العید مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فصلی بنا العید ثم قال قد قضینا الصلاۃ فمن احب ان یجلس للخطبة فلیجلس و من احب ان یذهب فلیذهب.

میں عید میں حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر ہوا حضور نے نماز عید پڑھائی پھر فرمایا ہم نماز تو پڑھ چکے اب جو سننے کے لیے بیٹھنا چاہے بیٹھے اور جو جانا چاہے چلا جائے۔

فائدہ

یہ حدیثیں ظاہر کرتی ہیں کہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صدیق و فاروق و عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم نماز عیدین کا سلام پھیر کر کچھ دیر کے بعد خطبہ شروع فرماتے۔

خطبہ کے بعد وعظ و تذکیر اور صدقے کا حکم

ایک روایت بخاری و مسلم و ابوداؤد و نسائی کے یہاں یوں ہے

صلی (یعنی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ثم خطب ثم اتی النساء و معه

بلال فوعظهن و ذکرهن و امرهن بالصدقة فرأيتهن يهوين بايديهن يقذفنه فی ثوب بلال ثم انطلق هو و بلال الی بيته .

یعنی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز عید پڑھی پھر بعد نماز خطبہ فرمایا پھر بعد ازاں صفوف زناں پر تشریف لا کر انھیں وعظ وارشاد کیا اور صدقہ کا حکم دیا تو میں نے دیکھا کہ بی بیاں اپنے ہاتھوں سے گہنا اتار اتار کر حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کپڑے میں ڈالتی تھیں پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کاشانۂ نبوت کو تشریف فرما ہوئے۔ بخاری ومسلم ودارمی وابوداؤد ونسائی و ابن ماجہ حضرت حبر الامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال خرجت مع النبی صلی الله تعالیٰ عليه وسلم يوم فطر او اضحی فصلی ثم خطب ثم اتی النساء فوعظهن و ذکرهن و امرهن بالصدقة .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں عید الفطر یا عید الاضحیٰ کے دن حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ نکلا حضور نے پہلے نماز پڑھی پھر خطبہ ارشاد فرمایا اس کے بعد عورتوں کے پاس تشریف لائے اور انھیں وعظ وتذکیر فرمائی اور صدقہ کا حکم دیا۔ (مولف)

صحیحین میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے

ثم خطب النساء بعد فلما فرغ نبی الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم نزل فاتی النساء فذکرهن. الحدث.

یعنی پھر بعد نماز حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ فرمایا جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ سے فارغ ہوئے اتر کر بی بیوں کے پاس تشریف لائے اور انھیں تذکیر فرمائی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۷۹۰، ۷۹۱۔ سرور العید)

حدیث میں ثابت ہے کہ ایک بار خطبہ فرماتے ایک صاحب کو (حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے) ملاحظہ فرمایا کہ بہت حالت فقر و مسکنت میں تھے حاضرین سے ارشاد فرمایا تصدقوا صدقہ دو۔

ایک صاحب نے ایک کپڑا دوسرے صاحب نے دوسرا کپڑا دیا پھر ارشاد فرمایا تصدقوا صدقہ دو۔

یہ مسکین جن کو ابھی دو کپڑے ملے تھے اٹھے اور ان دو کپڑوں میں سے ایک حاضر کیا۔ یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم تصدقوا، حاضرین کے لیے عام ہے اور میں بھی حاضرین میں ہوں اور اس وقت دو کپڑے رکھتا ہوں ایک حاضر کر سکتا ہوں، ان کو اس سے باز رکھا گیا کہ تمھارے ہی لیے تصدق کا حکم فرمایا جاتا ہے نہ کہ تم کو۔

صحیحین میں ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خطبہ عید تمام فرما کر گروہ نساء پر تشریف لے گئے اور ان کو تصدق کا حکم فرمایا وہ اپنے زیور اتار اتار کر حاضر کرتی تھیں اور بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے دامن میں لیتے تھے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۸۰۰)

عید میں اذان واقامت نہ ہوتی

روی مسلم عن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان لا اذان للصلاۃ یوم الفطر و لا اقامۃ و لا نداء و لا شئ.

مسلم شریف میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ عید الفطر کے دن نماز کے لیے نہ اذان ہوتی نہ اقامت اور نہ ندا وغیرہ۔ (مولف)

حدیث جابر بن سمرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صلیت مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم العیدین غیر مرۃ و لا مرتین بغیر اذان و لا اقامۃ . انہ زاد فی روایۃ و لا

الصلوٰۃ جامعۃ . اھ

جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ عیدین کی نماز دو سے زائد مرتبہ پڑھی تو اس میں نہ اذان ہوتی نہ اقامت اور نہ الصلاۃ جامعۃ کی ندا۔

(مولف)

الصلاۃ جامعۃ کہنے کا حکم

خود صاحب شریعت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول کہ عیدین میں مؤذن کو حکم فرماتے کہ الصلاۃ جامعۃ، پکارے۔

امام شافعی روایت کرتے ہیں

عن الزهری قال كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يأمر المؤذن فى العيدين فيقول الصلاة جامعة .

امام زہری فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عیدین میں مؤذن کو حکم فرماتے اور وہ الصلوٰۃ جامعۃ پکارتا۔ موذن کو یہ حکم بعد میں دیا گیا (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۵۰۶)

عید کا تحفہ

امام بیہقی اور ابوالشیخ ابن حبان کتاب الثواب حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

انه سمع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول اذا كانت غداة الفطر بعث الله عزوجل الملائكة فى كل بلد (و ذكر الحديث الى ان قال) فاذا برزوا الى

مصلاهم فیقول اللہ عزوجل للملائکۃ (و ساق الحدیث الی ان قال) و یقول یا عبادی سلونی فوعزتی و جلالی لا تسألونی الیوم شیئا فی جمعکم لاخرتکم الا اعطیتکم و لا لدنیاکم الا نظرت لکم فوعزتی لا سترن علیکم عثراتکم ما راقبتمونی و عزتی و جلالی لا اخزیکم و لا افضحکم بین اصحاب الحدود و انصرفوا مغفورا لکم قد ارضیتمونی و رضیت عنکم (مختصر من حدیث طویل)

یعنی حضور پرنور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب عید کی صبح ہوتی ہے مولیٰ سبحانہ و تعالیٰ ہر شہر میں فرشتے بھیجتا ہے (اس کے بعد حدیث میں ان فرشتوں کا شہر کے ہر ناکہ پر کھڑا ہونا اور مسلمانوں کو عیدگاہ کی طرف بلانا بیان فرمایا پھر ارشاد ہوا) جب مسلمان عیدگاہ کی طرف میدان میں آتے ہیں مولیٰ سبحانہ وتعالیٰ فرشتوں سے یوں فرماتا ہے اور ملائکہ اس سے یوں عرض کرتے ہیں، پھر فرمایا رب تبارک وتعالیٰ مسلمانوں سے ارشاد فرماتا ہے اے میرے بندو مانگو کہ مجھے قسم اپنے عزت وجلال کی آج اس مجمع میں جو چیز اپنی آخرت کے لیے مانگو گے میں تمھیں عطا فرماؤں گا اور جو کچھ دنیا کا سوال کرو گے اس میں تمھارے لیے نظر کروں گا (یعنی دنیا کی چیزیں خیر وشر دونوں کو محتمل ہیں اور آدمی اکثر اپنی نادانی سے خیر کو شر، شر کو خیر سمجھ لیتا ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے لہٰذا دنیا کے لیے جو کچھ مانگو گے اس میں بکمال رحمت نظر فرمائی جائے گی اگر وہ چیز تمھارے حق میں بہتر ہوئی عطا ہوگی ورنہ اس کی برابر بلا دفع کریں گے یا دعا روز قیامت کے لیے ذخیرہ رکھیں گے اور یہ بندے کے لیے ہر صورت سے بہتر ہے) مجھے اپنی عزت کی قسم ہے جب تک تم میرا مراقبہ رکھو گے میں تمھاری لغزشوں کی ستاری فرماؤں گا مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم میں تمھیں اہل کبائر میں فضیحت ورسوانہ کروں گا پلٹ جاؤ مغفرت پائے ہوئے بیشک تم نے مجھے راضی کیا اور میں تم سے خوشنود ہوا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۷۸۲۔ سرور العید)

غسل عیدین

ابن ماجہ روایت کرتے ہیں

كان صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يغتسل يوم العيدين .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عیدین کے دن غسل فرمایا کرتے تھے۔ (مولف)

فاکہہ بن سعد صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے

انه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يغتسل يوم عرفة و يوم النحر و يوم الفطر.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرفہ اور عیدین کے دن غسل فرمایا کرتے تھے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۱۱۔ الجود الحلو)

دعائے استسقاء

ہجرت کے چھٹے سال رمضان المبارک میں مدینہ منورہ میں قحط پڑا لوگوں نے بارگاہ رسالت میں استسقاء اور استغاثہ کے لیے عرض کیا پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی اور حق تعالیٰ نے بارش عطا فرمائی۔

امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک استسقاء میں کوئی مسنون نماز نہیں ہے اور ارشاد باری تعالیٰ (واستغفروا ربكم انه كان غفارا يرسل السماء عليكم مدرارا: اپنے بخشنے والے رب سے تم استغفار کرو وہی آسمان سے تم پر موسلا دھار بارش برساتا ہے) کے بموجب یہی دعا و استغفار کا نام استسقاء ہے۔

صاحبین اور ائمہ ثلثہ رحمہم اللہ کے نزدیک استقاء میں جماعت کے ساتھ نماز اور خطبہ ہے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم استقاء کی دعا میں بہت تضرع و ابتہال فرماتے اور اپنے دست ہائے مبارک کو مبالغہ کے ساتھ اٹھاتے یہاں تک کہ آپ کی بغل شریف کی سفیدی ظاہر ہو جاتی اور آپ کے دست مبارک سر مبارک سے اونچے اٹھ جاتے۔

علماء فرماتے ہیں کہ چوں کہ واقعہ بہت دشوار تر ہے اور سوال وطلب بھی قوی تر ہے اس لیے دستہائے مبارک بھی بلند تر ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دعائے استقاء چھ صورتوں میں واقع ہوئی ہے۔

اول، وجہ یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں قحط پڑا تو حضور جمعہ کے دن خطبہ دے رہے تھے۔اس وقت ایک اعرابی نے کھڑے ہو کر عرض کیا: یارسول اللہ!

هلک المال و جاع العيال فادع لنا.

مال تباہ ہو گیا گھر والے بھوک سے بلکنے لگے ہمارے لیے دعا فرمایئے۔

اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا مانگی :

اللهم اغثنا اللهم اسقنا.

اے خدا ہم پر بارش فرما، اے خدا ہمیں سیراب فرما۔

تو پہاڑوں کی مانند بادل اٹھے اور برسنے لگے۔

دوسری صورت، وہ ہے کہ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قحط اور خشک سالی کی شکایت کی اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ عیدگاہ کے میدان میں منبر رکھا جائے اور صحابہ کو

ایک خاص دن معین کر کے بتایا کہ وہاں پہنچ جائیں۔ چنانچہ معینہ دن میں صحابہ وہاں پہنچ گئے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم طلوع آفتاب کے بعد نہایت تواضع وخشوع اور انکساری کے ساتھ باہر تشریف لائے جب عید گاہ پہنچے تو منبر پر کھڑے ہو کر خطبہ دیا۔

تیسری مرتبہ، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں منبر شریف پر جمعہ کے علاوہ دعائے استسقاء فرمائی جیسا کہ بیہقی دلائل النبوۃ میں نقل کرتے ہیں کہ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غزوۂ تبوک سے تشریف لائے تو قبیلہ بنی فزارہ کا ایک وفد عورتوں اور بچوں کے ساتھ تباہ حال حاضر ہوا اور اس نے قحط کی شکایت کی اور عرض کیا یا رسول اللہ اپنے رب سے دعا مانگئے تاکہ ہم پر وہ بارش فرمائے اور آپ کو اپنے رب کے حضور ہماری شفاعت کرنی چاہیئے اور حق تعالیٰ کو بھی آپ کی شفاعت قبول کرنی چاہیئے اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ویلکم افسوس ہے تم پر، تم سب حق تعالیٰ کی شکایت کرتے ہو کون ہے کہ اس کی پروردگار شفاعت کرے۔ **لا اله الا هو العلى العظيم .**

اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی برتر وعظمت والا ہے۔

پھر فرمایا تمھاری اس فریاد وزاری اور خوف پر حق تعالیٰ خندہ فرماتا ہے ان میں سے ایک اعرابی کھڑا ہوا اور اس نے کہا ہمارا رب خندہ فرماتا ہے؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں خندہ فرماتا ہے۔ اس اعرابی نے کہا اب تو ہم اپنے رب سے مانگنے میں ہرگز کوتاہی نہ کریں گے کیوں کہ وہ ہمارے مانگنے پر خندہ فرماتا اور ہمارے حال پر خوش ہوتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس اعرابی کی بات پر تبسم فرمایا اس کے بعد منبر شریف پر تشریف لائے اور دعا کے لیے دستہائے مبارک اٹھائے اور بارش کی دعا کی یہاں تک کہ پورا ایک ہفتہ بارش ہوئی۔

چوتھی مرتبہ، مسجد مدینہ مطہرہ میں تشریف رکھ کر استسقاء فرمائی نہ قیام فرمایا نہ دعا کے لیے منبر شریف پر قدم رنجہ ہوئے۔

پانچویں صورت، یہ کہ مدینہ طیبہ کے ایک مکان میں دعا فرمائی جو مسجد کے باہر ''زوراء'' کے قریب ہے جسے احجار الزیت بھی کہتے ہیں اور وہ مسجد نبوی کے باب السلام کے قریب واقع ہے اس جگہ ایک مرتبہ استسقاء فرمائی۔

چھٹی صورت، غزوات میں واقع ہوئی ہے کہ بعض غزوات میں مشرکوں نے چشموں پر قبضہ کر لیا اور پانی کے کنارے پڑاؤ ڈالا، اور مسلمان بے آب رہ گئے اور جب ان پر تشنگی غالب ہوئی تو بارگاہ رسالت میں عرض حال کیا۔

اور منافقوں اور مشرکوں نے کہا کہ اگر محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نبی ہوتے (معاذ اللہ) تو مسلمانوں کے لیے بارش کی دعا مانگتے جس طرح کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کے لیے استسقاء کیا اور پتھر پر عصا مارا کر اس سے بارہ چشمے نکالے۔

یہ خبر جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہنچی تو فرمایا وہ ایسا کہتے ہیں تو اے مسلمانو! تم ناامید نہ ہو ممکن ہے کہ حق تعالیٰ تمھیں بھی پانی عطا فرمائے۔ اس وقت آپ نے اپنے دونوں دست مبارک اٹھائے اور دعا کی اسی وقت بادل نمودار ہوا جس سے عالم تاریک ہو گیا اور بارش ہونے لگی جس سے بڑی بڑی وادیاں لبریز ہو گئیں۔

استسقاء میں قلب ردا

علماء فرماتے ہیں کہ استسقاء میں چادر کا الٹنا پلٹنا تغیر حالت اور بارش کے نہ ہونے کی تبدیلی کے لیے تفاؤل ہے اور تنگی کو فراخی سے اور خشک سالی کو باران رحمت سے بدلنے کی جانب نیک فال ہے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ بلکہ یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد کردہ حکم بجالانا ہے اور حکم دیا گیا ہوگا کہ ایسا کروتا کہ حالت بدل جائے اور محض نیک فالی ہی نہ رہے۔

قلب ردا یہ ہے کہ چادر کو اس طرح پلٹنے کہ داہنا کنارہ بائیں کو اور بایاں کنارہ داہنے کو، اور اندر کا حصہ باہر کو اور باہر کا حصہ اندر کی طرف ہو جائے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول و دوم)

استسقاء میں چادر اقدس پلٹنے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

صاحب شرع صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ کو باب دعا میں تفاول پر بہت نظر ہے اسی لیے استسقاء میں قلب ردا فرمایا کہ تبدل حال کی فال ہو۔

دارقطنی بسند صحیح امام جعفر بن محمد بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کرتے ہیں

انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حول رداء ہ لیتحول القحط.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چادر مبارک پھیر دی تا کہ قحط پھر جائے۔

امام نووی شرح صحیح مسلم میں فرماتے ہیں

قالوا و التحویل شرع تفاؤلا بتغیر الحال من القحط الی نزول الغیث و الخصب و من ضیق الحال الی سعته .

یعنی تحویل ردا شرعاً نیک فالی کے لیے ہے کہ قحط سے بارش اور شادابی کی حالت کا بدلنا اور تنگیٔ حالت سے وسعت و فراخی کی طرف جانا ہے۔ (مولف)

اسی لیے ہنگام استسقاء پشت دست جانب آسمان رکھے کہ ابر چھانے اور باران آنے کی فال ہو۔

مسلم انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم استسقی فاشار بظهر کفیه الی السماء .

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طلب باراں کے وقت پشت دست سے آسمان کی طرف اشارہ فرمایا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۵۴۰۔انہار الانوار)

بارش کے لیے ایک اعرابی کی فریاد

ایک اعرابی نے خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی :

اتیناک و العذراء یدمی لبابها — و قد شغلت ام الصبی عن الطفل

و القت بکفیها الفتی لا ستکانة — من الجوع ضعفا لا یمر و لا یحلی

و لیس لنا الا الیک فرارنا — و این قرار الخلق الا الی الرسل

ہم در دولت پر شدت قحط کی ایسی حالت میں حاضر ہوئے کہ جو کنواری لڑکیاں ہیں (جنھیں ان کے والدین بہت عزیز رکھتے ہیں ناداری کے باعث خادمہ رکھنے کی طاقت نہیں کام کاج کرتے کرتے ان کے سینے شق ہو گئے) ان کی چھاتی سے خون بہہ رہا ہے مائیں بچوں کو بھول گئی ہیں جوان قوی کو اگر کوئی لڑکی دونوں ہاتھوں سے دھکا دے تو ضعف گرسنگی سے عاجزانہ زمین پر ایسا گر پڑتا ہے کہ منہ سے کڑوی میٹھی کوئی بات نہیں نکلتی اور ہمارا حضور کے سوا کون ہے جس کے پاس مصیبت میں بھاگ کر جائیں اور خود مخلوق کو جائے پناہ ہے ہی کہاں مگر رسولوں کی بارگاہ میں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہم و بارک وسلم

یہ فریاد سن کر حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فوراً نہایت عجلت منبر اطہر پر جلوہ فرما ہوئے اور دونوں دست مبارک بلند فرما کر اپنے رب عزوجل سے پانی مانگا۔ ابھی وہ پاک مبارک ہاتھ جھک کر گلوئے پرنور تک نہ آئے تھے کہ آسمان اپنی بجلیوں کے ساتھ امڈ آیا اور بیرون شہر کے لوگ فریاد کرتے آئے کہ یارسول اللہ ہم ڈوبے جاتے ہیں۔

حضور نے فرمایا **حوالینا لا علینا**. ہمارے گرد برس ہم پر نہ برس فوراً ابر مدینے پر سے کھل گیا آس پاس گھرا تھا اور مدینہ طیبہ پر سے کھلا ہوا۔ یہ ملاحظہ فرما کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خندۂ دنداں نمایاں کیا اور فرمایا اللہ کے لیے خوبی ابو طالب کی اس وقت وہ زندہ ہوتا تو اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتیں کون ہے جو ہمیں اس کے اشعار سنائے۔ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے عرض کی یارسول اللہ شاید حضور یہ اشعار سننا چاہتے ہیں جو ابو طالب نے نعت اقدس میں عرض کیے تھے کہ

و ابیض یستسقی الغمام بوجهه ثمال الیتامی عصمة للارامل

تلوذ به الهلاک من آل هاشم فهم عنده فی نعمة و فواضل

وہ گورے رنگ والے کہ ان کے منہ کے صدقے میں ابر کا پانی مانگا جاتا، یتیموں کے جائے پناہ بیواؤں کے نگہبان بنی ہاشم (جیسے غیور لوگ) تباہی کے وقت ان کی پناہ میں آتے ہیں، ان کے پاس ان کی نعمت و فضل میں بسر کرتے ہیں۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **اجل ذلک اردت**.

ہاں یہی نظم مقصود تھی۔

بیہقی نے دلائل النبوۃ میں سند صالح سے اور دیلمی نے مسند الفردوس میں اسے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حضرت اسود کی عرض

اسعد بن مسعود ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی

انت الرسول الذی ترجی فواضله

عند القحوط اذا ما اخطاء المطر

حضور وہ رسول ہیں کہ حضور کے فضل کی امید کی جاتی ہے جب قحط کے وقت مہینہ خطا کرے۔

اسے حافظ ابن حجر عسقلانی نے اصابہ میں اور ابن فتحون نے کتاب الذیل میں بیان کیا ہے۔

(الامن والعلی)

نماز کسوف

لغت میں چاند گہن کے لیے خسوف اور سورج گہن کے لیے کسوف مشہور ہے لیکن حدیث کی روایتوں میں دونوں جگہ کاف سے مروی ہے اور کہیں دونوں خاء سے بھی ہے اور جماعت محدثین خاء سے چاند میں اور کاف سے سورج میں گہن لگنے کو استعمال کرتی ہے۔ اور جس قدر حدیثیں اس بارے میں مروی ہیں وہ سب سورج گہن میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عمل مبارک کی خبر دیتی ہیں۔

ظاہر یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں ایک ہی مرتبہ گہن واقع ہوا تھا اور کسی نے بھی کئی مرتبہ گہن واقع ہونے کی روایت نہیں کی ہے، دس سال کی قلیل مدت میں اس کا تعدد بعید از قیاس اور خلاف عادت ہے۔

اور حدیثوں میں جو یہ آیا ہے کہ اس کا وقوع حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرزند جلیل حضرت ابراہیم کی وفات کے وقت ہوا تھا (حضرت ابراہیم حضرت ماریہ قبطیہ سے ۸ھ میں پیدا ہوئے تھے اور ۱۰ھ میں ایام رضاعت ہی میں انتقال فرما گئے) لوگ کہتے ہیں کہ ان کی موت کے سبب سے سورج میں گہن پڑا تھا چوں کہ لوگوں میں مشہور تھا کہ کسی عظیم حادثہ کے سبب گہن واقع ہوتا ہے چنانچہ صاحبزادۂ رسول کی وفات ایک عظیم حادثہ تھی اسی بناء پر گہن واقع ہوا۔

جیسا کہ حدیث میں فرمایا سورج و چاند خدا کی نشانیوں میں سے دو نشانی ہیں، جو قدرت الٰہی اور اس کی صنعت کمال پر دلالت کرتی ہے، حالاں کہ کسوف و خسوف بجائے خود حق تعالیٰ کی کمال قدرت و

سلطنت پر دلالت کرتے ہیں اور اہل بصیرت کے لیے موجب عبرت و نصیحت ہیں کہ جس طرح حق تعالیٰ ایک گھڑی میں ان کی نورانیت و تابانیوں کو سلب کر کے تاریک و سیاہ بنا دیتا ہے، اسی طرح حق تعالیٰ قادر ہے کہ وہ لوگوں کے علم و ایمان کے نور کی روشنی کو سلب کر کے تاریک و سیاہ کر دے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

نماز کسوف میں جنت اور اس کے پھل

نماز کسوف میں جنت اور اس کے پھلوں کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیش نظر انور کر دیا گیا، اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

صحیح مسلم شریف میں بروایت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ثابت کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عین نماز میں چند قدم آگے بڑھے جب جنت خدمت اقدس میں اتنی قریب حاضر کی گئی کہ دیوار قبلہ میں نظر آئی یہاں تک کہ حضور بڑھے تو اس کے خوشہ ہائے انگور دستِ اقدس کے قابو میں تھے اور یہ نماز صلاۃ الکسوف تھی۔

و ذلک قوله (بعد ما وصف صلاة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی الکسوف) ثم تأخر (یعنی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم) و تأخرت الصفوف خلفه حتی انتهینا (قال مسلم و قال ابو بکر یعنی ابن شیبة شیخه حتی انتهی) الی النساء ثم تقدم و تقدم الناس معه حتی قام فی مقامه فانصرف حین انصرف ، و قد آضت الشمس فقال (و قص الحدیث حتی قال) ما من شئ توعدونه الا و قد رأیته فی صلاتی هذه لقد جئ بالنار و ذلکم حین رأیتمونی تأخرت (و ساق الخبر الی ان قال) ثم جئ بالجنة و ذلکم حین رأیتمونی تقدمت حتی قمت فی مقامی و لقد مددت یدی و انا ارید ان

اتناول من ثمرھا. (الحدیث مختصر)

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز کسوف میں یہ ہے کہ حضور نماز پڑھتے ہوئے پیچھے ہٹنے لگے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے جو مردوں کی صفیں تھیں وہ پیچھے ہٹتے ہٹتے عورتوں کی صفوں تک پہنچ گئیں پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آگے بڑھے اور لوگ بھی حضور کے ساتھ آگے بڑھے یہاں تک کہ اپنی جگہ پر حضور کھڑے ہوگئے اور انصراف فرمایا اور نماز سے اس وقت فارغ ہوئے کہ سورج روشن ہو چکا تھا۔ اور فرمایا کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ میں نے اپنی اس نماز میں ملاحظہ فرمائی اور جہنم کو بھی حاضر کیا گیا اور یہ اس وقت ہوا کہ جب تم لوگوں نے مجھے دیکھا تو میں پیچھے ہٹ آیا پھر جنت حاضر کی گئی اور یہ اس وقت ہوا کہ جب تم لوگوں نے مجھے دیکھا تو میں آگے بڑھ گیا یہاں تک کہ اپنی جگہ مین کھڑا ہو گیا اور میں نے ہاتھ بڑھایا کہ جنتی پھلوں کو لے لوں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۴۰۔ انہار الانوار)

سفر میں عبادت

قصر کا مسئلہ تمام علماء امت کے درمیان متفق علیہ ہے کسی کا اس میں اختلاف نہیں ہے، لیکن مذہب حنفی میں قصر عزیمت ہے اور چار رکعت درست نہیں ہے۔ اگر چار رکعت پڑھے اور وہ پہلے تشہد میں بیٹھا ہے تو جائز ہو جاتی ہے اگر نہیں بیٹھا ہے تو فاسد ہو جاتی ہے۔

امام مالک کے مذہب میں بھی یہی ہے لیکن امام شافعی کے نزدیک رخصت ہے اور چار پڑھنی بھی جائز ہے حالاں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے کہ حضور نے چار رکعتی نماز سفر میں پوری پڑھی ہو۔

اور وہ حدیث جو ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ حضور قصر بھی کرتے اور پوری نماز بھی پڑھتے اور افطار بھی کرتے اور روزہ بھی رکھتے۔

یہ روایت صحت کو شامل نہیں ہے اور صحابہ عظام میں سے کسی نے بھی چار رکعتیں نہیں پڑھیں، مگر امیر المومنین حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی خلافت کے آخری دنوں میں موسم حج میں چار پڑھیں، اور علماء اس کی متعدد تاویلیں کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ سیدہ عائشہ کا مذہب بھی یہی ہے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ سفر میں نماز فرض پر اکتفا فرماتے۔ اور یہ محفوظ نہیں ہے کہ حضور نے فجر کی دو رکعت سنت اور تین وتر کے سوا سفر میں فرض سے پہلے یا فرض کے بعد سنتیں پڑھی ہوں، اور ظہر کے فرض کے بعد سنت پڑھنا بھی مروی ہے۔

اور جماعت صحابہ سے ثابت ہے کہ سفر میں نماز سنت کو پڑھتے تھے۔ مگر حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ادا نہ کرتے، اگرچہ بعض روایتوں میں ان کا پڑھنا بھی آیا ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رات کی نماز (تہجد) کو ترک نہ فرماتے اگرچہ سفر میں ہوتے، اور کبھی تہجد کو سواری کی پیٹھ پر اشارہ سے پڑھتے اور وتر بھی پڑھتے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور کی نماز قصر

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نماز قصر سے متعلق بعض احادیث و روایات امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

حدیث صحیح بخاری:

خرج علینا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بالهاجرة فصلی بالبطحاء الظهر رکعتین و العصر رکعتین .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دو پہر کے وقت تشریف لائے اور بطحا میں دو رُکعت ظہر اور دو

رکعت عصر پڑھائی۔ (مولف)

صحیح بخاری شریف باب صفۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بطریق شعبہ ابوجحیفہ سے مروی ہے

قال خرج رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بالهاجرة الى البطحاء فتوضا ثم صلى الظهر ركعتين و العصر ركعتين.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دوپہر کے وقت بطحا تشریف لائے پھر وضوفرما کر دو رکعت ظہر اور دو رکعت عصر پڑھیں۔ (مولف)

نیز باب مذکور بطریق مالک بن مغول عون سے مروی ہے

و فيه خرج بلال فنادى بالصلاة ثم دخل فاخرج فضل وضوء رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فوقع الناس عليه ياخذون منه ثم دخل فاخرج العنزة و خرج رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كانى انظر الى و بيض ساقيه فركز العنزة ثم صلى الظهر ركعتين و العصر ركعتين.

اس روایت میں ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نکل کر نماز کی ندادی پھر جا کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وضو کا بچا ہوا پانی لائے تو لوگ اس کو لینے کے لیے جھپٹ پڑے پھر جا کر نیزہ لائے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے، راوی نے کہا گویا کہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پنڈلیوں کی سفیدی دیکھ رہا ہوں پھر نیزہ گاڑ دیا اور حضور نے دو رکعت ظہر اور دو رکعت عصر پڑھائی۔ (مولف)

صحیح مسلم شریف میں بطریق سفین عون بن ابی جحیفہ سے مروی ہے

و فيه فخرج النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فتوضأ و اذن بلال ثم ركزت

العنزة فتقدم فصلى الظهر ركعتين ثم صلى العصر ركعتين ثم لم يزل يصلى ركعتين حتى رجع الى المدينة.

اس روایت میں ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور وضوفرمایا، حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اذان دی اور نیزہ گاڑ دیا گیا حضور نے دورکعت ظہر اور دورکعت عصر پڑھائیں پھر مدینہ شریف کی واپسی تک دورکعت ہی پڑھتے رہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲،ص ۳۲۴، ۳۲۷۔حاجز البحرین)

حضور علیہ السلام کا روزہ

رمضان المبارک کے روزوں کی فرضیت ۲ھ میں ہوئی اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ماہ رمضان میں روزہ رکھا کرتے تھے۔ اگر رمضان کی راتوں میں غسل کی حاجت ہوتی تو رات ہی میں غسل فرمالیتے اور بعض راتوں میں تاخیر بھی کرتے اور صبح صادق کے بعد غسل فرماتے۔ علماء فرماتے ہیں کہ رات میں غسل کرنا افضل واولیٰ ہے۔ اور رمضان کے دنوں میں پچھنے لگواتے، مسواک کرتے، کلی کرتے اور ناک میں پانی چڑھانے میں مبالغہ نہ کرتے۔ رمضان میں مسواک اور سرمہ لگانے کی ممانعت میں کوئی حدیث صحیح نہیں ہے اور امام اعظم ابوحنیفہ کا مذہب بھی اس کے جواز میں ہے۔

اور نفلی روزے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی اتنے پے در پے اور مسلسل رکھتے کہ لوگوں کو گمان ہوتا کہ اب افطار کریں گے ہی نہیں اور کبھی افطار کرتے تو لوگوں کو گمان ہوتا کہ کبھی روزہ رکھیں گے ہی نہیں کیوں کہ کوئی مہینہ روزہ سے خالی نہیں گزرتا، اور ایام بیض (چاندنی راتوں) میں روزہ رکھنے کا خوب اہتمام فرماتے یہاں تک کہ سفر میں بھی نہ چھوڑتے۔ اور دائمی روزے سے منع فرماتے اور صائم الدہر کے بارے میں فرمایا لا صام و لا افطر نہ وہ روزے سے ہے نہ افطار سے۔ اگر رمضان

میں سفر کرتے تو کبھی افطار کرتے اور کبھی روزے رکھتے اور دوسروں کو بھی سفر میں روزہ وافطار کا اختیار دیتے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیر اور جمعرات کے دن بھی روزے رکھتے اور عشرۂ ذوالحجہ کے نو روزے رکھتے اور فرماتے کہ عشرۂ ذی الحجہ سے بہتر روزہ رکھنے کے لیے اور کوئی دن افضل نہیں ہے۔ البتہ عاشورہ یعنی دسویں محرم کا روزہ ضرور رکھتے۔ اور آخر عمر شریف میں فرمایا اگر تم لوگوں میں رہا تو آئندہ نویں محرم کا بھی روزہ رکھوں گا۔ اور روز عرفہ یعنی نویں ذی الحجہ کو اگر حج میں ہوتے تو افطار فرماتے۔ اور ماہ شوال کے چھ روزوں کے بارے میں فرمایا کہ یہ چھ روزے رمضان کے ساتھ صیام دہر کے برابر ہیں۔

صوم وصال

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رمضان مبارک کی بعض راتوں میں وصال فرماتے یعنی پے در پے روزے رکھتے بغیر اس کے کہ کچھ کھائیں یا پئیں اور افطار کریں۔ اور صحابہ کرام کو رحمت وشفقت اور دور اندیشی کی خاطر اس سے منع فرماتے اور ناپسند کرتے جیسا کہ ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صوم وصال سے منع فرمایا تو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ جب آپ صوم وصال رکھتے ہیں تو ہمیں کیوں منع فرماتے ہیں، باوجودیکہ ہم حضور کی متابعت وپیروی کی تمنا رکھتے ہیں فرمایا

لست کاحدکم.

میں تم میں سے کسی کی مانند نہیں۔

اور ایک روایت میں آیا ہے کہ

ایکم مثلی انی ابیت عند ربی یطعمنی و یسقینی .

تم میں سے کون میرے مثل ہے میں اپنے رب کے حضور شب باشی کرتا ہوں کیوں کہ وہ میرا پالنے والا اور تربیت فرمانے والا ہے وہ مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔اور ایک روایت میں ہے وہ کھلانے والا اور پلانے والا ہے جو کھلاتا اور پلاتا ہے۔

علماء کے اس کھانے پینے کے بارے میں کئی قول ہیں

ایک یہ کہ یہی محسوس کھانا پینا مراد ہے یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ہر شب جنت سے کھانا پینا آتا ہے تاکہ حضور کھائیں اور پئیں اور یہ خدا کی جانب سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر خاص اکرام تھا۔اور یہ نہ صوم وصال کے منافی ہے اور نہ بطلان صوم کا موجب ہے اس لیے کہ جو چیز شرعاً افطار کا موجب ہے وہ عام دنیاوی چیزیں ہیں لیکن جو چیز بطریق معجزہ اور خارق عادت جنت سے پروردگار کی جانب سے آئی وہ موجب افطار اور بطلان صوم نہیں بناتی اور در حقیقت اجر وثواب کی جنس سے ہے کہ نہ اعمال کی قبیل سے۔

اور بعض علماء کہتے ہیں کہ اس کھانے پینے سے مراد قوت ہے گویا فرماتے ہیں کہ مجھے حق تعالیٰ کھانے پینے کی قوت مرحمت فرماتا ہے اور ایسی چیز افاضہ فرماتا ہے جو کھانے پینے کے قائم مقام ہوتی ہے جس کی بدولت طاعت وعبادت کی قوت پاتا ہوں اور کسی قسم کا فتور یا عارضہ لاحق نہیں ہوتا اور اس میں کوئی استحالہ نہیں ہے۔

اور محققین کے نزدیک مختار یہ ہے کہ غذائے روحانی مراد ہے جو از قسم ذوق ولذت مناجات اور فیضان معارف ولطائف رہی ہے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قلب اطہر پر اور آپ کی روح پرفتوح پر وارد ونازل ہوتی ہے جس سے احوال شریف کو ایسی خوشی ومسرت اور شادمانی حاصل ہوتی ہے کہ وہ

اس کی وجہ سے غذائے جسمانی سے مستغنی ہو جاتی ہے۔ اور یہ بات مجازی محبتوں اور ظاہری خوشیوں سے بھی تجربے میں آتی رہتی ہے کہ غذائی احتیاج ہی لاحق نہیں ہوتی اور اس کی یاد تک نہیں آتی تو جو محبت حقیقی اور مسرت معنوی سے تعلق رکھتی ہو اس کا کیا اندازہ !

افطار و سحری

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غروب آفتاب کے یقین ہو جانے پر افطار میں جلدی فرماتے، اور سحری تناول فرمانے میں تاخیر کرتے اور صحابہ کو بھی اس تعجیل و تاخیر کا شوق دلاتے اور تعریف فرماتے تھے۔ اور چند کھجوروں سے افطار فرماتے اور اگر کھجوریں نہ ہوتیں تو چند گھونٹ پانی پیتے اور افطار کے وقت پڑھتے۔

اللھم لک صمت و علی رزقک افطرت فتقبل منی .

اور یہ کلمات بھی پڑھتے

ذھب الظماء و ابتلت العروق و ثبت الاجر.

یعنی پیاس گئی، رگیں تر ہوئیں، اور اجر ثابت ہوا۔

اور سحری کے بارے میں فرمایا۔

نعم سحور المومن التمر.

مسلمان کی بہترین سحری کھجور ہے۔

نزول قرآن

نزول قرآن کی ابتداء ماہ رمضان میں ہوئی اسی طرح اس کا نزول آسمان دنیا کی طرف یکبارگی ماہ

رمضان میں ہوا۔

علماء کہتے ہیں کہ صحف ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کا نزول رمضان کی پہلی رات میں ہوا اور توریت کا نزول رمضان کی چھٹی رات میں ہوا اور انجیل کا نزول رمضان کی تیرہویں رات میں ہوا اور قرآن کریم کا نزول چوبیسویں رات میں ہوا۔

اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رمضان مبارک میں ہر سال جبریل کے ساتھ ایک مرتبہ قرآن کا دورہ فرماتے اور جس سال وصال اقدس ہوا اس سال دو مرتبہ دورہ فرمایا۔

رمضان میں حضور کی سخاوت

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یوں تو ہمیشہ ہی ساری مخلوق سے بہت زیادہ بخشش وسخاوت فرمانے کی عادت کریمہ تھی مگر خاص کر رمضان مبارک میں سب سے زیادہ تھی، مطلب یہ کہ آپ کی سخاوت و بخشش تمام لوگوں پر ہمہ وقت ہی زیادہ تھی مگر رمضان مبارک کے دن اور رات میں خیرات وصدقات بہت ہی زیادہ فرماتے اور ذکر و نماز، اعتکاف اور تلاوت سے دن رات کی ہر گھڑی کو معمور ولبریز رکھتے۔ جب کہ یہ ماہ مبارک عظیم ہے اور برکات وکرامات کا منبع ہے اور نعم الٰہیہ وفیوض ربانیہ، بندوں پر بہت اجل واعظم ہے تو اس کا شکرانہ بھی انواع عبادات میں بہت زیادہ اکثر ووافر فرماتے۔ اور چوں کہ واہب البرکات جل وعلا کی بخشش اس ماہ میں دونی ہوتی جو حضور سید کائنات علیہ التحیۃ والتسلیمات جو مظہر انوار وصفات اور محل آثار کمالات حق سبحانہ وتعالیٰ ہیں آپ کا جود وسخا بھی اتنا ہی متکاثر ووافر ہوتا۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رمضان کی ہر رات میں جبریل سے ملاقات کرتے تھے اور جبریل سے ملاقات کے وقت خیر واحسان کی تیز تر ہوائیں اتنی چلتیں کہ وہ سب کو ہی پہنچتیں اور سب کے شامل حال بنتیں۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، جبریل علیہ الصلاۃ والسلام کو قرآن سناتے اور وہ حضور کو

سناتے اسی طرح باہم دور کرتے جس طرح کہ حفاظ ایک دوسرے کے ساتھ دور کرتے ہیں۔ (مولف)
(مدارج النبوۃ جلد اول)

جنابت سے روزے میں خلل نہیں آتا

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا روزہ اور اس کے احکام و مسائل سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ احادیث کے حوالے سے تحریر فرماتے ہیں :

صحیحین میں ام المومنین عائشہ صدیقہ و ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یدرکه الفجر و هو جنب من اهله ثم یغتسل و یصوم.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ازواج مطہرات سے قربت فرماتے اور صبح ہو جاتی جب تک نہ نہاتے اس کے بعد غسل فرماتے اور روزہ رکھتے۔

صحیح مسلم و موطا مالک، وسنن ابی داؤد و نسائی میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے

ان رجلا قال لرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و هو واقف علی الباب و انا اسمع یا رسول اللہ انی اصبح جنبا و انا ارید الصیام فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و انا اصبح جنبا و انا ارید الصیام فاغتسل و اصوم فقال الرجل یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انک لست مثلنا قد غفر اللہ لک ما تقدم و ما تاخر فغضب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و قال انی ارجو ان اکون اخشاکم للہ و اعلمکم بما اتقی.

یعنی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے دروازۂ اقدس کے پاس کھڑے تھے ایک شخص نے

حضور سے عرض کی اور میں سن رہی تھی کہ یا رسول اللہ میں صبح کو جب اٹھتا ہوں اور نیت روزے کی ہوتی ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں خود ایسا کرتا ہوں اس نے عرض کی کہ حضور کی ہماری کیا برابری حضور کو اللہ عزوجل نے ہمیشہ کے لیے پوری معافی عطا فرمائی ہے اس پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غضبناک ہوئے اور فرمایا بیشک میں امید رکھتا ہوں کہ مجھے تم سب سے زیادہ اللہ عزوجل کا خوف ہے اور میں تم سب سے زیادہ جانتا ہوں جن جن باتوں سے مجھے بچنا چاہیئے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۶۱۵)

تاخیر سحری میں حضور کا امتیاز

سحری میں عادت مستمرہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تاخیر تھی، ہاں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے برابر کسی کا علم نہیں ہوسکتا۔ حضور صاحب وحی، صاحب علم علم الاولین و الآخرین و صاحب **علمک ما لم تکن تعلم و کان فضل الله علیک عظیما** ہیں۔ اوقات حقیقۃً جن میں حد مشترک صرف ایک آن کو ہوتی ہے ان کا امتیاز حقیقی طاقت بشری سے خارج ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس پر مطلع تھے۔ ولہٰذا احیانا ایسی تاخیر ہوئی کہ دوسرا اس پر قادر نہیں۔

ایک شب سحری تناول فرمانے کے بعد صرف اتنے وقفہ پر کہ آدمی پچاس آیات پڑھ لے نماز صبح شروع فرمادی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۶۱۸)

نماز مغرب سے پہلے افطار

سنن ابی داؤد و جامع ترمذی میں بسند حسن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یفطر قبل ان یصلی علی رطبات فان لم تکن رطبات فتمیرات و ان لم تکن تمیرات فحسا حسوات من ماء .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز سے قبل کھجوروں سے افطار فرماتے تھے اگر کھجوریں نہ ہوتیں تو چھوہاروں سے اگر یہ بھی نہ ہوتے تو پانی کے چند گھونٹ نوش فرماتے۔ (مولف)

دعائے افطار

ابوداؤد معاذ بن زہرہ سے راوی

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان اذا افطر قال اللھم لک صمت و علی رزقک افطرت.

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم افطار کے وقت عرض کرتے، اے اللہ میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تیرے ہی رزق سے افطار کیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۶۵۱)

ابن السنی کتاب عمل الیوم واللیلۃ۔ اور بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کی،

عن معاذ بن زھرۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا افطر قال الحمد للہ الذی اعاننی فصمت و رزقنی فافطرت.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وقت افطار فرماتے تھے اللہ کا شکر ہے کہ اس نے میری اعانت فرمائی تو میں نے روزہ رکھا اور مجھے رزق عطا فرمایا تو میں نے افطار کیا۔ (مولف)

ابن السنی کتاب مذکور اور طبرانی نے معجم کبیر اور دارقطنی نے سنن میں موصولاً یوں تخریج کی۔

عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا افطر قال اللھم لک صمنا و علی رزقک افطرنا فتقبل منا انک انت السمیع العلیم .

ابن عباس سے مروی ہے، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وقت افطار فرماتے اے اللہ میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تیرے ہی رزق سے افطار کیا تو تو قبول فرما کہ تو سنتا جانتا ہے۔ (مولف)

نیز حدیث ابی داؤد و نسائی و دار قطنی و حاکم وغیرہم

عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال كان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا افطر قال ذهب الظمأ و ابتلت العروق و ثبت الاجر ان شاء الله تعالیٰ .

ابن عمر سے مروی ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم افطار کے وقت فرماتے تھے کہ پیاس ختم ہوگئی اور رگیں تر ہوگئیں اور اجر ثابت ہوگیا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ (مولف)

افطار میں تعجیل

(حدیث قدسی) رب العزت تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے

ان احبی عبادی الی اعجلهم فطرا.

مجھے اپنے بندوں میں وہ زیادہ پیارا ہے جو ان میں سب سے زیادہ جلد افطار کرتا ہے۔

اسے امام احمد و ترمذی وغیرہما نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا

عادت کریمہ تھی کہ قریب غروب کسی کو حکم فرماتے کہ بلندی پر جا کر آفتاب کو دیکھتا رہے وہ نظر کرتا ہوتا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی خبر کے منتظر ہوتے ادھر اس نے عرض کی کہ سورج ڈوبا ادھر حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خرما وغیرہ تناول فرمایا۔

حاکم بسند صحیح سہل بن سعد اور طبرانی کبیر میں ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی یہ سہل کی حدیث ہے

قال كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا كان صائما امر رجلا فاوفى على شئ فاذا قال غابت الشمس افطر.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب روزہ رکھتے تو کسی آدمی کو حکم فرماتے کہ بلندی سے آفتاب کو دیکھتا رہے جب وہ کہتا کہ سورج ڈوب گیا تو حضور تناول فرمالیتے۔ (مولف)

و لفظ حديث ابى الدرداء امر رجلا يقوم على نشز من الارض فاذا قال وجبت الشمس افطر.

ابودرداء کی حدیث میں ہے کہ قریب غروب کسی کو حکم فرماتے کہ بلندی پر کھڑا ہو کر آفتاب کو دیکھتا رہے جب وہ عرض کرتا کہ سورج ڈوب گیا تو حضور تناول فرماتے۔

عارف باللہ سیدی عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ الربانی کی کشف الغمۃ عن جمیع الامۃ میں ہے

كانت عائشة رضى الله تعالىٰ عنها تقول رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و هو صائم يترصد غروب الشمس بتمرة فلما توارت القاها فى فيه.

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حالت روزہ میں دیکھا کہ چھوہارا لے کر غروب شمس کا انتظار فرماتے جب سورج ڈوب جاتا تو چھوہارا تناول فرمالیتے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۶۵۳۔۶۵۴ العروس المعطار)

بعد افطار حضور نے دعا دی

ابوداؤد وغیرہ بسند صحیح انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم جاء الى سعد بن عباد فجاء بخبز و زيت

فاکل ثم قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم افطر عندکم الصائمون و اکل طعامکم الابرار وصلت علیکم الملائکۃ۔

حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سعد بن عباد کے یہاں تشریف لائے انھوں نے روٹی اور زیتون پیش کیا حضور نے تناول فرمانے کے بعد فرمایا تمھارے پاس روزہ داروں نے افطار کیا اور تمھارا کھانا نیکوں نے کھایا اور ملائکہ نے تم کو دعائے رحمت ومغفرت دی۔ (مولف)

و فی لفظ افطرنا مرۃ مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقربوا الیہ زیتا فاکل و اکلنا حتی فرغ قال اکل طعامکم الابرار وصلت علیکم الملائکۃ۔ وافطر عندکم الصائمون۔

دوسری روایت میں یوں ہے کہ ہم نے ایک بار رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ افطار کیا تو زیتون پیش کیا گیا تناول فرمانے کے بعد حضور نے فرمایا کہ تمھارا کھانا ابرار نے کھایا اور فرشتوں نے دعائے مغفرت کی اور روزہ داروں نے افطار کیا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۶۵۷۔ العروس المعطار)

صوم نفل

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر پیر کو نفل روزہ رکھتے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۲۴)

حضور کے لیے صوم رمضان کی تخصیص

ابن جریر وابویعلی و بزار ابو ہریرہ سے اور بیہقی ابو ہریرہ وابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

(فیہ قولہ عزوجل لنبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حین ذکر ما اعطی الانبیاء

السابقین علیھم الصلاۃ و التسلیم من الفضائل) اعطیتک ثمانیۃ اسھم الاسلام و الھجرۃ و الجھاد و الصلاۃ و الصدقۃ و صوم رمضان و الامر بالمعروف و النھی عن المنکر.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی (اس میں یہ ہے کہ جب انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام کے فضائل ومناقب کا ذکر اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا) تو فرمایا کہ میں نے تم کو آٹھ حصے عطا کیے۔ اسلام اور ہجرت و جہاد اور نماز وصدقہ اور رمضان کے روزے وامر بالمعروف اور نہی عن المنکر۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۹۶)

سحری میں تاخیر

نسائی وطحاوی وزر بن جیش سے راوی

قال قلنا لحذیفۃ ای ساعۃ تسحرت مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ھو النھار الا ان الشمس لم تطلع.

ہم نے حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا آپ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کس وقت سحری کھائی تھی کہا دن ہی تھا مگر یہ کہ سورج نہ چمکا تھا۔

امام طحاوی کی روایت میں یوں صاف تر ہے۔

قلت بعد الصبح قال بعد الصبح غیر ان الشمس لم تطلع.

میں نے کہا بعد صبح کے کہا ہاں بعد صبح کے مگر آفتاب نہ نکلا تھا۔

ان روایات کی جمع وتطبیق میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

رائے فقیر میں ان روایات کا عمدہ محمل یہی ہے کہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے علم نبوت کے مطابق حقیقی منتہائے لیل پر سحری تناول فرمائی کہ فراغ کے ساتھ ہی صبح چمک آئی۔ حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گمان ہوا کہ سحری دن میں کھائی بعد صبح، اور واقعی جو شخص سحری کا پچھلا نوالہ کھا کر آسمان پر نظر اٹھائے تو صبح طالع پائے وہ سوا اس کے کیا گمان کر سکتا ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۶۰۔ حاجز البحرین)

فضائل رمضان پر حضور کا خطبہ

صحیح ابن خزیمہ میں سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے سلخ شعبان کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ فرمایا اور اس میں رمضان مبارک کے فضائل ورغائب ارشاد کیے ازاں جملہ فرمایا۔

استکثروا فیه من اربع خصال خصلتین ترضون بهما ربکم و خصلتین لاغنی بکم عنهما فاما الخصلتان اللتان ترضون بهما ربکم فشهادة ان لا اله الا الله و تستغفرونه و اما الخصلتان اللتان لا غنی بکم عنهما فتسألون الله الجنة و تعوذون به من النار.

اس مہینے میں چار باتوں کی کثرت کرو دو باتیں وہ جن سے تمھارا رب راضی ہو اور دو کی تمھیں ہر وقت ضرورت۔ وہ دو جن سے تمھارا رب راضی ہو کلمہ شہادت و استغفار ہیں اور دو جن کی تمھیں ہمیشہ ضرورت ہے وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ سے جنت مانگو اور دوزخ سے اس کی پناہ چاہو۔

(فتاویٰ افریقہ، ص ۲۲)

حضور علیہ السلام کا اعتکاف

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام رمضانوں میں صرف آخری عشرہ میں اعتکاف فرماتے۔

صرف ایک رمضان میں آپ سے اعتکاف فوت ہوا اور ماہ شوال میں قضا فرمائی۔ اور ایک مرتبہ اول عشرہ میں اعتکاف فرمایا اور ایک مرتبہ درمیانی عشرہ میں اور ایک مرتبہ عشرۂ اخیرہ میں اور جب یہ معلوم ہوا کہ شب قدر آخری عشرہ میں ہے تو اس کے بعد آخر عمر شریف تک عشرۂ اخیرہ میں ہی اعتکاف فرمایا۔ اور اعتکاف کے لیے مسجد میں خیمہ لگایا اور کبھی تخت بچھایا جاتا اور اس پر فرش بچھایا جاتا۔ اور ہر سال دس دن معتکف رہتے اور آخری سال میں بیس دن اعتکاف فرمایا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

اعتکاف کی مواظبت

حضور سرورکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اعتکاف اور اس کے بعض احوال سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

اعتکاف عشرۂ اخیرہ کہ سنت موکدہ علی وجہ الکفایہ ہے جس پر حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مواظبت و مداومت فرمائی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۶۶۱)

اعتکاف میں سر مبارک کا دھونا

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یدنی رأسه الکریم لام المومنین الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنها و هی فی بیتها و هو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معتکف فی المسجد لتغسله فتقول انا حائض فیقول حیضتک لیست فی یدک .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مسجد میں معتکف ہوتے اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا گھر میں ہوتیں تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سر اقدس کو دھونے کے لیے حضرت عائشہ کے قریب کر دیتے، حضرت عائشہ عرض کرتیں میں حائضہ ہوں، تو حضور فرماتے کہ حیض تمھارے ہاتھ میں نہیں ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۷)

رویت ہلال

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

یسئلونک عن الاھلة قل ھی مواقیت للناس و الحج.

تم سے نئے چاند کو پوچھتے ہیں تم فرمادو وہ وقت کی علامتیں ہیں لوگوں اور حج کے لیے۔

(البقرة،۱۸۹)

یہ آیت حضرت معاذ بن جبل اور ثعلبہ بن غنم انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے جواب میں نازل ہوئی ان دونوں نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چاند کا کیا حال ہے ابتدا میں بہت باریک نکلتا ہے پھر روز بروز بڑھتا ہے یہاں تک کہ پورا روشن ہو جاتا ہے پھر گھٹنے لگتا ہے اور یہاں تک گھٹتا ہے کہ پہلے کی طرح باریک ہو جاتا ہے ایک حال پر نہیں رہتا۔

اس سوال سے مقصد چاند کے گھٹنے بڑھنے کی حکمت دریافت کرنا تھا۔ بعض مفسرین کا خیال ہے کہ سوال کا مقصود چاند کے اختلافات کا سبب دریافت کرنا تھا۔

جواب میں ارشاد ہوا کہ چاند کے گھٹنے بڑھنے کے فوائد میں سے یہ ہے کہ وہ وقت کی علامتیں ہیں اور آدمیوں کے ہزارہا دینی و دنیوی کام اس سے متعلق ہیں زراعت، تجارت، لین دین کی معاملات، روزے اور عید کے اوقات، عورتوں کی عدتیں، حیض کے ایام، حمل اور دودھ پلانے کی مدتیں، دودھ چھڑانے کے وقت اور حج کے اوقات اس سے معلوم ہوتے ہیں۔ کیوں کہ اول میں جب چاند باریک ہوتا ہے تو دیکھنے والا جان لیتا ہے کہ یہ ابتدائی تاریخیں ہیں اور جب چاند پورا روشن ہوتا ہے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ مہینے کی درمیانی تاریخ ہے اور جب چاند چھپ جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ مہینہ ختم پر ہے۔ اسی طرح ان کے مابین ایام میں چاند کی حالتیں دلالت کیا کرتی ہیں پھر مہینوں سے سال کا حساب ہوتا ہے۔ یہ وہ قدرتی

جنتری ہے جو آسمان کے صفحہ پر ہمیشہ کھلی رہتی ہے اور ہر ملک اور ہر زبان کے لوگ پڑھے بے پڑھے سب اس سے اپنا حساب معلوم کر لیتے ہیں۔(مولف) (خزائن العرفان)

چاند دیکھ کر چہرہ پھیر لینا

چاند دیکھ کر چہرہ پھیر لینے اور رویت ہلال کی دعا وغیرہ سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

حدیث میں ہے

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان اذا رأی الھلال صرف وجھہ .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نیا چاند دیکھتے اپنا چہرہ اس کی طرف سے پھیر لیتے۔

اسے ابوداؤد نے قتادہ سے مرسلاً روایت کیا۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ شر کی چیز ہے اسے مناوی نے تیسیر میں افادہ کیا۔

اقول، یا یہ کہ کفار نے اس کی عبادت کی، اور شرع میں اسے دیکھ کر اللہ جل جلالہ سے دعا کرنی آئی تو پسندیدہ ہوا کہ منھ پھیر کر کی جائے تا کہ کفار سے مشابہت نہ لازم آئے۔

رویت ہلال کی دعائیں

حدیث میں رویت ہلال کی بہت دعائیں آئیں ،بعض حصن حصین میں مذکور ہیں۔

ترمذی، نسائی، حاکم ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم نے چاند کو دیکھ کر فرمایا

یا عائشة استعیذی باللہ من شر ھذا فان ھذا ھو الغاسق اذا وقب.

اے عائشہ اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگ اس شر سے کہ یہی ہے وہ اندھیری ڈالنے والا جب ڈوبے یا گہنائے یعنی قرآن عظیم میں جس غاسق کا ذکر فرمایا **و من شر غاسق۔** اور اس کے شر سے پناہ مانگنے کا حکم آیا، اس سے یہی چاند مراد ہے۔

امام احمد رضا بریلوی نے احادیث سے رویت ہلال کی جن دعاؤں کا استخراج فرمایا ہے وہ یہ ہیں۔

(۱) اللہ اکبر اللہ اکبر الحمد للہ لا حول و لا قوۃ الا باللہ ، اللھم انی اسئلک من خیر ھذا الشھر . و اعوذ بک من شر القدر و من شر یوم المحشر.

(۲) عن عبادۃ بن الصامت ھلال خیر و رشد آمنت بالذی خلقک .

(۳) عن قتادۃ بلاغا اللھم انی اسئلک من خیر ھذا.

(۴) اللھم انی اسئلک من خیر ھذا الشھر و خیر القدر و اعوذ بک من شرہ .

(۵) عن رافع بن خدیج باسناد حسن اللھم اھلہ علینا بالیمن و الایمان و السلامۃ و الاسلام .

(۶) عن طلحۃ بن عبید اللہ باسناد حسن التوفیق لما تحب و ترضی

(۷) عن طلحۃ ، عن ابن عمر و السکینۃ و العافیۃ و الرزق الحسن .

(۸) عن حدیر السلمی مرسلاً ربی و ربک الله .

(۹) عن طلحة، عن ابن عمر الحمد لله الذی ذهب بشهر کذا.

(۱۰) و عن قتادة بلاغا سن عن عبد الله بن مطرف اسئلک من خیر هذا الشهر و نوره و برکته و هداه و طهوره و معافاته ، سن مثله اللهم ارزقنا خیره و نصره و برکته و فتحه و نوره و نعوذبک من شر و شر ما بعده مومص عن علی موقوفاً.

رویت ہلال کے لیے حکم شارع

شارع صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صوم وفطر کا حکم رویت پر معلق فرمایا۔ صحیحین وغیر ہا میں بطریق کثیرہ بہت صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے مروی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں :

صوموا لرویته و افطر لرویته فان اغمی علیکم فاکملوا عدة شعبان ثلثین.

چاند دیکھ کر روزہ رکھو، چاند دیکھ کر ختم کرو اور اگر مطلع صاف نہ ہو تو تیس کی گنتی پوری کرلو۔

باقی رہا حساب اسے خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک لخت ساقط کر دیا صاف ارشاد فرماتے ہیں۔

انا امة امیة لا نکتب و لا نحسب الشهر هکذا و هکذا و الشهر هکذا وهکذا.

ہم امی امت ہیں نہ لکھیں نہ حساب کریں، دونوں انگلیاں تین بار اٹھا کر فرمایا مہینہ یوں اور یوں اور یوں ہوتا ہے تیسری دفعہ میں انگلیاں بند فرمالیا یعنی انتیس۔ اور مہینہ یوں اور یوں ہوتا ہے ہر بار سب

انگلیاں کھلی رکھیں یعنی تمیں۔ اسے بخاری و مسلم وابوداؤد ونسائی نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۷۳۔۵۷۴۔۵۷۵۔ البدور الاجلہ مع شرح وحاشیہ)

حج

حج کے لغوی معنی قصد وارادے کے ہیں، اور شریعت مطہرہ میں مخصوص شکل میں بیت اللہ کی طرف قصد کرنے کا نام ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد ایک حج کیا جسے حجۃ الوداع اور حجۃ الاسلام کہتے ہیں اور لوگوں کو تعلیم احکام ومسائل فرمائی اور فرمایا شاید تم مجھے آئندہ سال نہ پاؤ اور ان کو سفر آخرت کی بنا پر رخصت فرمایا اور خطبہ دیا۔ اور فرمایا کہ وہ وقت قریب ہے جب تم اپنے رب کے حضور حاضر ہوگے اور وہ تم سے تمھارے اعمال کی پرسش فرمائے گا۔ آگاہ وخبردار ہو جاؤ میرے بعد گمراہ نہ ہونا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ پھر کفر کی طرف نہ لوٹ جانا کیوں کہ تم میں سے کچھ لوگ ایک دوسرے کو قتل کریں گے اور آگاہ وخبردار ہو جاؤ میں نے تم کو تمھارے احکام پہنچا دیئے ہیں۔

اور فرمایا خداوندا تو گواہ رہ تمھیں لازم ہے کہ یہ حاضرین غائب کو احکام پہنچائیں اور جس کو یہ احکام پہنچائے جائیں وہ پہنچانے والے سے زیادہ یاد رکھنے والا اور زیادہ جاننے والا ہے۔ اور فرمایا حج کے مناسک ومسائل سیکھ لو شاید کہ میں دوسری بار حج نہ کرسکوں، اور فرمایا اپنے رب کی عبادت کرو، پنجگانہ نمازیں پڑھو، ماہ رمضان کے روزے رکھو، اور اپنے اولی الامر کی اطاعت کرو تا کہ حق تعالیٰ تمھیں جنت میں داخل کرے۔

یہ ہجرت کا دسواں سال تھا لیکن ہجرت سے پہلے بعض کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو حج کیے اور بعض کہتے ہیں کہ تین، اور بعض اس سے زیادہ کہتے ہیں۔ قول محقق یہ ہے کہ کوئی عدد معین ومحفوظ

نہیں ہے۔

اور حج کی فرضیت جمہور کے نزدیک ہجرت کے آٹھویں سال میں ہوئی ہے اور تحقیق یہ ہے کہ نویں سال میں ہے اور اسی سال اسباب سفر کی تیاری میں مشغول ہوئے لیکن غزوات کی بناء پر اس سال آپ کو تشریف لے جانا میسر نہ آیا اور بارگاہ نبوت میں مسلسل وفود کے آنے کی وجہ سے احکام کی تعلیم نہ فرما سکے۔

چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امیر الحج بنا کر مکہ مکرمہ بھیج دیا اور ان کے پیچھے حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو سورہ برأت کا حکم مشرکوں پر سنانے کے لیے بھیجا۔ جب حضرت علی مرتضیٰ مکہ مکرمہ پہنچے تو ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے فرمایا تم امیر ہو یا مامور، فرمایا نہیں مامور ہوں، اور حضرت علی مرتضیٰ کو سورۂ برأت کا حکم لے کر خاص طور سے بھیجنا اس وجہ سے ہوا کہ اس سورۃ میں مشرکوں کے نقض عہد اور عقد عہد کا ذکر ہے کہ نقض عہد کا ذمہ دار خود وہ شخص ہوگا یا اس کے گھر والے ہوں گے۔

اور جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حج کا ارادہ فرمایا اور صحابہ کرام کو اس کی خبر دی تو سب کے سب حج کے لیے تیاری کرنے لگے اور یہ خبر جب شہروں اور دیہاتوں میں پہنچی تو اطراف و جوانب سے لوگ مدینہ منورہ پہنچنا شروع ہو گئے اور سب ہی مسلمان یا تو مدینہ منورہ آ گئے یا مکہ کی راہ میں ہر طرف سے آ کر ملنے لگے اور حجاج کی اتنی تعداد ہوگئی جو حد حصر و حساب سے باہر ہوگئی یہاں تک کہ لوگ کہتے ہیں کہ آگے پیچھے، داہنے بائیں جس طرف بھی نظر اٹھائی جاتی آدمی ہی آدمی نظر آتے تھے کتنے پیادہ تھے اور کتنے سوار، ان کی تعداد معلوم ہی نہیں ہے، ایک روایت میں ہے کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار تھے۔ غرضیکہ ذوالحجہ میں احرام باندھ کر نکلے مکہ پہنچے اور حج ادا کیا۔

حضور چاہ زم زم پر

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چاہ زمزم پر تشریف لائے تو حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی اولاد نے (چوں کہ چاہ زمزم ان کی تحویل میں تھا) پانی کھینچا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے عبد المطلب کی اولاد پانی نکالو کیوں کہ یہ نیک عمل ہے اگر اس کا خطرہ نہ ہوتا کہ لوگ تم پر غلبہ کریں گے تو میں خود اتر کر کنواں سے پانی نکالتا اور پانی پلانے میں تمھاری مدد و اعانت کرتا کیوں کہ پانی پلانے میں فضل و برکت اور بزرگی ہے۔ مطلب یہ کہ اگر میں خود اس کو کروں تو میرے بعد میری امت پر سنت ہو جائے گی اور تمام لوگ میرے اتباع کے ارادے سے اختیار کر لیں گے اور تم پر غالب آجائیں گے اور تمھاری نوبت نہ آئے گی اور یہ منصب تمھارے ہاتھ سے چلا جائے گا تو انھوں نے ایک ڈول حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا اور حضور نے کھڑے ہو کر نوش فرمایا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کھڑے ہو کر پانی پینا یا تو بیان جواز کے لیے تھا یا ضرورت و حاجت کی وجہ سے تھا کیوں کہ ہجوم کی زیادتی سے بیٹھنے کی جگہ نہ تھی یا کوئی اور ضرورت و حاجت ہوگی۔ بعض کہتے ہیں کہ کھڑے ہو کر پینا آب زمزم اور آب وضو کے ساتھ خاص ہے۔

چاہ زم زم

چاہ زم زم کے نام کی وجہ یہ ہے کہ اس کا پانی بہت زیادہ ہے اور زم زم یا زازم، کثیر پانی کو کہتے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ یہ لفظ کسی چیز سے مشتق نہیں ہے بلکہ شروع ہی سے اس کا یہی نام ہے۔ سب سے پہلے جس نے زم زم کو نمودار کیا وہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام تھے، جس وقت حضرت اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام پیاسے ہوئے اور زمین پر اپنا قدم مبارک مارا تو اس جگہ چشمہ نمودار ہو گیا اور مشکیزہ بھرنے کے لیے پانی کو احاطہ میں لے لیا تاکہ پھیلے نہیں۔ اگر اس کو اپنے حال پر چھوڑ دیا جاتا تو چشمہ جاری ہو جاتا جیسا کہ حدیث

میں آیا ہے۔

اس کے بعد حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے اس جگہ کنواں بنایا اور جب قبیلۂ جرہم نے مکہ مکرمہ میں سکونت اختیار کی تو انھوں نے اسے پاٹ دیا یہاں تک کہ اس کا کوئی نشان تک نہ چھوڑا، بعدازاں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دادا حضرت عبدالمطلب کو جب حق تعالیٰ نے اس کرامت کے ساتھ مخصوص فرمایا تو خواب میں یہ کنواں دکھایا تو انھوں نے عام الفیل میں اسے کھودا۔ ایک روایت میں ہے کہ عام الفیل سے پہلے اس کے بعد ابوطالب نے اسے تعمیر کیا اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود بہ نفس نفیس پتھر لاتے تھے جیسا کہ تاریخ مکہ میں مذکور ہے اور اس کے فضل وخواص میں اخبار وآثار بکثرت ہیں جیسا کہ احادیث میں وارد ہیں۔

عمرہ

عمرہ کے لغوی معنی زیادتی کے ہیں اور عمرہ حج پر اضافہ ہے اور عمرہ مسجد حرام پر تعمیر وتعظیم ہے۔

اور شریعت میں افعال مخصوصہ کا نام ہے جو طواف اور سعی ہے اس میں وقوف عرفہ نہیں ہے کیوں کہ یہ حج کے ساتھ مخصوص ہے اور حج کے ساتھ عمرے کی نسبت ایسی ہے جیسی نماز فرض کے ساتھ نماز نفل کی ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عمرے کی تعداد چار بتاتے ہیں

پہلا عمرہ حدیبیہ کا ہے، جو ہجرت کے چھٹے سال بقصد عمرہ نکلے تھے اور جب حدیبیہ کے مقام پر جو مکہ مکرمہ سے ایک منزل کے فاصلے پر ہے تو یہاں تمام مشرکین جنگ کے لیے نکل کھڑے ہوئے اور مکہ مکرمہ میں داخل ہونے سے باز رکھا چوں کہ فتح کی میعاد ابھی پوری نہ ہوئی تھی، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بحکم الٰہی صلح کر کے احرام سے باہر آگئے اور مدینہ منورہ واپس تشریف لے آئے اور قرار پایا کہ آئندہ تشریف لائیں اور عمرہ بجالائیں۔

اور دوسرا عمرہ ۷ ھ میں قرارداد صلح کے بموجب ہے۔ آپ مکہ مکرمہ تشریف لائے عمرہ کیا اور تین دن کے بعد مدینہ منورہ واپس تشریف لے آئے۔

اور تیسرا عمرہ ۸ ھ میں ہوا جو فتح مکہ کا سال ہے آپ نے حنین کی غنیمتوں کی تقسیم کے بعد جعرانہ سے جو مکہ سے ایک منزل کے فاصلے پر ہے رات کو آئے اور عمرہ کیا اور اسی رات جعرانہ واپس تشریف لائے۔

اور چوتھا عمرہ دسویں سال اس حج کے ساتھ ہے جسے حجۃ الوداع کہتے ہیں

بعض علماء تین عمرے کہتے ہیں کہ کیوں کہ حدیبیہ میں حقیقۃً عمرہ نہ ہوا تھا اس لیے کہ مکہ مکرمہ میں اخلہ نہ ہوا تھا اور حدیبیہ میں ہی احرام کھول کر مدینہ منورہ واپس تشریف لے آئے تھے لیکن جمہور علماء اسے عمرہ کا حکم دیتے ہیں۔ (مؤلف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور کا طواف کعبہ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طواف کعبہ اور کعبہ معظمہ سے حضور کے خطاب فرمانے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں :

سنن ابن ماجہ میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے، میں نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ کعبہ معظمہ کا طواف کرتے اور فرماتے۔

ما اطیبک و اطیب ریحک ما اعظمک و ما اعظم حرمتک و الذی نفس محمد بیدہ لحرمۃ مومن اعظم عند اللہ من حرمتک.

اے کعبہ تو کتنا پاکیزہ ہے اور تیری خوشبو کتنی پاکیزہ ہے، تو کیسا عظیم ہے اور تیری حرمت کتنی بڑی ہے۔ قسم اس کی جس کے قبضۂ قدرت میں محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی جان ہے بیشک اللہ تعالیٰ کے

نزدیک مسلمانوں کی حرمت تیری حرمت سے بہت زیادہ ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱ ص ۳۰)

نوٹ : حضور سرورکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حج کا تفصیلی ذکر ''حجۃ الوداع'' کے بیان میں گزر چکا ہے۔ (مولف)

قربانی

حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اپنے دست مبارک سے تریسٹھ اونٹ ذبح فرمائے اور تریسٹھ کا عدد آپ کی عمر مبارک کے سال کا عدد تھا۔

ابوداؤد میں ہے کہ پانچ چھ اونٹ خود قریب ہوتے اور ہجوم کر کے آتے تا کہ حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے انھیں ذبح فرمائیں اور ہر اونٹ قریب ہونے کی کوشش کرتا اور دوسروں کو دھکا دیتا تا کہ اسے پہلے ذبح فرمائیں۔

امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تقریباً سینتیس (۳۷) اونٹ صحابہ کے ذبح فرمائے جن میں سے تین اونٹ خود ان کے تھے یہ تمام اونٹ اپنے اور دوسروں کے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے ساتھ لائے تھے کل سو اونٹ ذبح فرمائے۔

اور مسلم میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کی جانب سے گائے ذبح فرمائی۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی جانب سے ایک اونٹ ذبح فرمایا۔

مسلم ابوداؤد اور ترمذی ونسائی نے ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا کہ وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم ماہ ذی الحجہ کو دیکھو اور کوئی تم میں سے قربانی کرنا چاہتا ہے تو اسے چاہیئے کہ اپنے جسم سے بال اور ناخن کو قربانی کے وقت تک دور نہ کرے۔ اور بعض علمائے مذہب

اور امام احمد کا مذہب اسی پر ہے کہ یہ نہی اور ممانعت بر سبیل تحریم ہے اور بعض کا مذہب یہ ہے کہ یہ بر طریق کراہت ہے۔

جاننا چاہیئے کہ ذبح میں جہاں تقرب وعبادت مقصود ہے وہ تین ہیں۔

ایک ہدی یعنی حج کی قربانی جسے حرم میں جانور ساتھ لے جا کر یا بھیج کر ذبح کرتے ہیں۔

دوسرا اضحیہ یعنی روز عید اضحیٰ قربانی دی جاتی ہے۔

تیسرا عقیقہ جو نومولود بچے کے لیے ذبح کرتے ہیں۔(مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور نے گائے کی قربانی فرمائی

قربانی تقرب الی اللہ کا ذریعہ ہے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود اپنی اور ازواج مطہرات اور اپنی امت کی طرف سے قربانیاں فرمائیں، اس مضمون سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود گائے کی قربانی کی اور مسلمانوں کو ایک گائے کی قربانی میں سات سات آدمیوں کے شریک ہونے کا حکم فرمایا۔ مذہب اسلام میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احکام کی چھ کتابیں سب سے زیادہ مشہور ہیں، جنھیں صحاح ستہ کہتے ہیں ان سب کتابوں میں یہ مضمون صراحۃً موجود ہے۔

صحیح بخاری شریف میں حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ انھوں نے فرمایا

ضحی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عن نسائه بالبقرۃ .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی بی بیوں کی طرف سے گائے کی قربانی کی۔

ترمذی ونسائی وابن ماجہ میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے

قال کنا مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فحضر الاضحیٰ فذبحنا البقر عن سبعة .

ہم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ بقرعید آئی تو ہم نے سات آدمیوں کی طرف سے ایک گائے ذبح کی۔

اونٹ کی قربانی

صحیح مسلم شریف میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے

اشترکنا مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الحج و العمرة کل سبعة منافی بدنة فقال رجل لجابرا یشترک فی البقرة ما یشترک فی الجزور فقال ما ھی الا من البدن.

حج وعمرہ میں ہم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ قربانی کے ایک ڈیل دار جانور میں سات سات آدمی شریک ہوئے کسی نے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کیا گائے کی قربانی میں بھی اتنے ہی آدمی شریک ہوسکتے ہیں جتنے اونٹ میں فرمایا گائے بھی بدنہ ہی میں داخل ہے۔ (النفس الفکر فی قربان البقر)

دنبے کی قربانی

شرح معانی الآثار شریف میں ہے

قد رأینا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ضحی بکبشین موجوئین .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو خصی دنبے قربانی کیے۔

(فتاویٰ رضویہ ج۹،ص ۲۹۰۔الکشف شافیا)

مینڈھے کی قربانی

احمد و دارمی و ابوداؤد و ابن ماجہ جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال ذبح النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یوم الذبح کبشین اقرنین املحین موجوئین فلما وجههما قال انی وجهت وجهی للذی فطر السموات و الارض . الحدیث.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذبح یعنی بقرعید کے دن دو مینڈھے سینگ والے چت کبرے خصی کیے ہوئے ذبح فرمائے جب ان کا منہ قبلہ کو کیا تو یہ پڑھا انی وجهت وجهی الخ . (مولف)

بخاری و مسلم و دارمی و ابن ماجہ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں

قال ضحی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بکبشین املحین فرأیته واضعا قدمه علی صفائحهما یسمی و یکبر فذبحهما بیده .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو مینڈھے چت کبرے سینگ والوں کی قربانی کی انھیں اپنے دست مبارک سے ذبح فرمایا اور بسم اللہ اللہ اکبر کہا، حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور کو دیکھا کہ حضور نے اپنا پاؤں ان کے پہلو پر رکھا اور بسم اللہ اللہ اکبر کہا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج۸،ص ۳۱۷)

گائے کا گوشت

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گائے کی قربانی فرمائی اور اس کے کھانے کھلانے کا حکم فرمایا۔ خود بھی ملاحظہ فرمایا یا نہیں اس کا ثبوت نہیں۔ (فتاوی رضویہ ج ۸،ص ۳۶۹)

حدیبیہ کی قربانی

سنن ابی داؤد میں عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اھدی عام الحدیبیۃ جملا کان لابی جھل فی رأسہ برۃ من فضۃ و فی روایۃ من ذھب یغیظ بذلک المشرکین .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صلح حدیبیہ کے سال ایک اونٹ قربانی کے لیے بھیجا جو ابوجہل کا تھا (جو جنگ بدر میں اموال غنیمت میں ہاتھ آیا تھا) اس کے سر یعنی ناک میں چاندی یا سونے کا ایک حلقہ تھا جس سے مشرکین جلتے تھے۔ (مولف) (فتاوی رضویہ ج ۸،ص ۵۳۲)

امت کی طرف سے قربانی

صحیحین میں ہے :

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ضحی بکبشین املحین احدھما عن نفسہ و الاخر عن امتہ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو مینڈھے کی قربانی فرمائی ایک اپنی جانب سے اور دوسرا اپنی امت کی طرف سے۔ (مولف)

و زاد ابن ماجۃ ذبح احدھما عن امتہ لمن شھد لہ بالتوحید و شھد لہ بالبلاغ

و ذبح الآخر عن محمد و آل محمد.

اور ابن ماجہ کے یہاں یہ ہے کہ ایک ذبح فرمایا امت کے ان لوگوں کی طرف سے جنھوں نے حضور کے لیے وحدانیت کی اور رسالت پہچاننے کی گواہی دی اور دوسرا محمد و آل محمد کی جانب سے۔

(مولف)

امام احمد وغیرہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

عنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قولہ عند التضحیۃ اللھم لک و منک عن محمد و امتہ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذبح کے وقت کہا! اے اللہ یہ تیرے لیے اور تیری عطا سے محمد اور ان کی امت کی طرف سے ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۰۶)

● ...... ● ...... ●

نماز جنازہ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میت پر ایسے امور سے احسان فرماتے جو اس کے لیے قبر اور قیامت میں سودمند و نافع ہو جائے اور اس کے اقارب اور گھر والوں کے ساتھ تعزیت، طعام، پرسش احوال اور تجہیز و تکفین میں مدد کے ساتھ احسان فرماتے، اور صحابہ کی جماعت کے ساتھ نماز جنازہ پڑھتے، اس کے لیے استغفار فرماتے اور اس کے بعد صحابہ کے ساتھ مدفن تک جنازہ کے ساتھ جاتے اور قبر کے سرہانے کھڑے ہو کر اس کے لیے دعا فرماتے اور کلمۂ ایمان پر ثابت رہنے کی تلقین فرماتے۔ اور منکر و نکیر کے سوال و جواب سکھاتے اور اس کی قبر پر مٹی وغیرہ ڈال کر تیار کرتے اور حصول روح و راحت کے بموجب اور رحمت و مغفرت کے نزول کی خاطر سلام و دعا سے مخصوص فرماتے۔

ایک عرصہ تک صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی یہ عادت رہی کہ جب کسی کے انتقال کا وقت قریب آتا اور سکرات کا عالم طاری ہوتا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بلاتے اور حضور تشریف لاتے تاکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حضوری میں وہ جان قربان کرے اس کے بعد تجہیز و تکفین فرماتے، نماز پڑھتے اور قبر تک جنازہ کے ساتھ مشایعت فرماتے، اور جب صحابہ کرام نے دیکھا کہ اس میں بڑی مشقت و دشواری ہے تو انھوں نے اس میں اختصار سے کام لیا۔

چنانچہ جب کوئی انتقال کر جاتا تو حضور کو اطلاع دیتے تاکہ تجہیز و تکفین اور نماز و دفن میں تشریف فرما ہوں۔ اس کے بعد جب صحابہ نے دیکھا کہ یہ بھی مشقت سے خالی نہیں ہے تو میت کی تجہیز و تکفین کر کے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کا انتظار کرتے تاکہ نماز پڑھائیں۔ اور نادر اوقات میں مثلاً رات ہوتی یا کوئی اور مانع ہوتا تو صحابہ نماز کے لیے بھی خبر نہ دیتے اور خود ہی نماز پڑھا دیتے اور دفن کر دیتے۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے جاتے اور اس کی قبر پر نماز پڑھتے۔

ابتدائی زمانہ میں ایسا تھا کہ جب میت کو لایا جاتا تو دریافت فرماتے کہ اس پر کوئی قرض کا بار ہے یا نہیں اور کچھ مال چھوڑا ہے یا نہیں جس سے بار قرض اتارا جا سکے۔ اگر وہ کہتے کہ کچھ مال چھوڑا ہے یا کسی نے اپنے ذمہ قرض کو لے لیا ہے تو پڑھاتے ورنہ صحابہ کو فرماتے کہ اپنے ساتھی کی نماز تم ہی پڑھاؤ اور خود نہ پڑھاتے۔ اور جب حق تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے شہروں کو فتح فرمایا اور اموال میں وسعت بخشی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بار قرض کے بارے میں سوال کرنا اور پوچھنا چھوڑ دیا۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس کسی نے مال چھوڑا ہے وہ اس کے اہل وعیال کا ہے اور جس نے قرض چھوڑا ہے یا اہل وعیال چھوڑے ہیں وہ میرے ذمۂ کرم پر ہے۔

نماز جنازہ میں کبھی چار، کبھی پانچ، کبھی چھ تکبیریں فرماتے اور صحابہ کا عمل بھی مختلف مروی ہے اور جو حضرات چار سے زیادہ تکبیر کہنے سے منع کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ثابت شدہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو آخری نماز جنازہ پڑھائی اس میں چار تکبیریں تھیں اور یہی مقرر و متعین ہو گیا۔ اس باب میں اخبار و آثار چار تکبیروں کی ہی مستفیض و مشہور ہیں اور یہی روایات کثیرہ اور طرق متعددہ سے ثابت ہو چکا ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ فرشتوں نے حضرت آدم علیہ الصلاۃ و السلام کی جب نماز جنازہ گزاری تو انھوں نے چار تکبیریں کہیں، اور کہا **هذا سنتكم يا بني آدم**۔

اے بنی آدم یہ تمھارے لیے تمھاری سنت ہے۔ اسے حاکم نے مستدرک میں اور ابو نعیم نے حلیہ میں روایت کیا ہے۔

اور جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نماز جنازہ فوت ہو جاتی تو حضور قبر پر نماز ادا فرماتے

،ایک مرتبہ ایک دن رات کے بعد، اور ایک مرتبہ تین دن کے بعد، بلکہ ایک ماہ کے بعد آیا، حدیث میں ایسا ہی آیا ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ جب تک میت پھولے پھٹے نہیں جائز ہے اور اس کا اندازہ تین دن کا کرتے ہیں۔اور بعض کے نزدیک اس وقت تک جائز ہے جب تک کہ میت گل سڑ نہ جائے۔اور ایسا ایک سے زیادہ کا بھی احتمال رکھتا ہے۔

اس مسئلہ میں فقہاء اختلاف رکھتے ہیں۔بعض اسے خصائص نبوت میں شمار کرتے ہیں کیوں کہ حدیث میں ہے کہ فرمایا قبر تاریکی سے لبریز ہے اور میری نماز اسے روشن بنانے والی ہے۔اور حق وصواب یہ ہے کہ یہ عام ہے۔اور بعض کہتے ہیں کہ جس کی نماز جنازہ نہ پڑھی گئی ہو اور بغیر نماز کے دفن کر دیا گیا ہو تو درست ہے ورنہ نہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنازہ کے ساتھ پیادہ پا تشریف لے جاتے، ترمذی و ابوداؤد حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے کہا ہم ایک جنازہ میں گئے تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سواروں کی ایک جماعت دیکھی جو ہمراہ جارہی تھی، فرمایا یہ لوگ شرم نہیں رکھتے کہ حق تعالیٰ کے فرشتے تو پیدل جارہے ہیں اور یہ سواری کی پشت پر سوار ہیں۔

ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک گھوڑا سواری کے لیے پیش کیا گیا تا کہ سوار ہوں تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سواری سے انکار فرمادیا مگر واپسی پر سواری سے تشریف لائے۔

اور جنازہ جب تک کندھوں سے اتارا نہ جاتا نہ بیٹھتے۔فرماتے ہیں

اذا اتیتم الجنازة فلا تجلسوا حتی توضع.

جب جنازہ آئے تو اس کے رکھے جانے تک نہ بیٹھو۔

اور ایک روایت میں ہے کہ جب تک لحد میں نہ رکھا جائے، نہ بیٹھو۔

غائبانہ نماز جنازہ کی بحث

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غائبانہ نماز جنازہ نہیں پڑھتے تھے لیکن یہ صحیح ہے کہ شاہ حبشہ نجاشی کے جنازہ کی نماز پڑھی حالاں کہ حبش میں انتقال ہوا تھا اور آپ نے صحابہ سے فرمایا تمھارے ایک بھائی کا انتقال ہو گیا ہے اس کی نماز جنازہ پڑھو تو نماز پڑھنے کی جگہ میدان میں تشریف لائے اور صحابہ کے ساتھ نماز پڑھی اور چار تکبیریں کہیں۔

اور معاویہ لیثی پر نماز پڑھی ہے جس وقت آپ غزوۂ تبوک میں تھے اور معاویہ لیثی مدینہ میں۔ تو جبریل علیہ السلام نے آکر خبر دی اور کہا کیا آپ پسند فرماتے ہیں کہ آپ کے لیے زمین لپیٹی جائے اور حضور ان پر نماز پڑھیں فرمایا ہاں، اس پر جبریل علیہ السلام نے اپنے پر مار کے درمیان سے پہاڑ، ٹیلے، درخت وغیرہ تمام حجابات اٹھا دیئے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ ان کے جنازے کو اٹھا کر بارگاہ رسالت میں پیش کر دیا پھر حضور نے نماز پڑھی اور فرشتوں کی دو صفیں آپ کے پیچھے تھیں اور ہر صف ستر ہزار فرشتوں کی تھی۔ اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جبریل امین سے پوچھا انھیں یہ مرتبہ کس عمل کی بدولت ملا جبریل نے کہا یہ **قل ھو اللہ احد** کو محبوب رکھتا تھا اور اٹھتے بیٹھے، آتے جاتے ہر وقت اسے پڑھتا رہتا تھا۔

جنازۂ غائب پر نماز پڑھنے میں فقہاء اختلاف رکھتے ہیں، امام شافعی و احمد فرماتے ہیں کہ غائب پر نماز جنازہ مطلقاً سنت ہے، اور امام اعظم ابو حنیفہ اور امام مالک رحمہم اللہ مطلقاً منع کرتے ہیں۔

اور بعض اس طرح تفصیل بیان کرتے ہیں کہ میت اگر ایسے شہر میں ہے جہاں کوئی نماز پڑھنے والا

نہیں ہے تو نماز غائبانہ پڑھیں اور اگر نماز پڑھنے والے ہیں تو فرض ساقط ہو جاتا ہے اب اس نماز غائبانہ کی حاجت وضرورت نہیں اور بعض کہتے ہیں کہ اس کا جواز اسی دن میں ہے جس دن وہ مرا ہے یا اس کے دوسرے روز، مگر اس کا طول طویل زمانہ تک جواز نہیں ہے۔

اور احناف ومو الک جو مطلقاً منع کے قائل ہیں نجاشی کے قصہ کا جواب یہ دیتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے نجاشی کا جنازہ عیاں کر دیا گیا تھا اور درمیان سے تمام حجابات اٹھا دیئے گئے تھے یا جنازے ہی کو لا کر حضور کے آگے رکھ دیا گیا ہوگا۔ اور تمام مسافت کو دور کر دیا گیا ہوگا اور جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس پر نماز پڑھی تو اسے ملاحظہ فرما رہے تھے مگر صحابہ اس جنازہ کو نہیں دیکھ رہے تھے تو یہ ایسی صورت بن گئی کہ امام تو جنازہ کو دیکھتا ہے اور مقتدی وقوم جنازہ کو نہیں دیکھ رہے ہوتے۔ اس صورت میں بھی باتفاق جائز ہے۔

نیز لیثی کے جنازے میں بھی ایسی صورت واقع ہوئی ہوگی، اور بعض کہتے ہیں کہ یہ محض نجاشی کے ساتھ مخصوص ہے اور یہ معاویہ لیثی کے قصہ سے خصوصیت جاتی رہی۔

اور یہ بھی مروی ہے کہ جعفر بن ابی طالب اور زید بن حارثہ اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی نماز جنازہ پڑھی جو کہ غزوۂ موتہ میں شہید ہوئے تھے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

خادمۂ مسجد کی نماز جنازہ

مسجد اقدس کی ایک خادمہ کی نماز جنازہ سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

موطائے امام مالک وغیرہ میں حدیث ابی امامہ سعد بن سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے جب مسکینہ سودا خادمۂ مسجد ام محجن بیمار ہوئیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا

اذا ماتت فاذنونی

جب اس کا انتقال ہو مجھے خبر کر دینا۔

ان کا جنازہ شب کو تیار ہوا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جگانا خلاف ادب جانا۔ (ابن ابی شیبہ کی روایت موصولہ میں حدیث سہل بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے) یہ بھی خوف ہوا کہ رات اندھیری ہے زمین میں ہر طرح کے کیڑے ہوتے ہیں اس وقت حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تشریف لے جانا مناسب نہیں قال فدفنها.

یہ خیال کر کے دفن کر دیا۔

صبح حضور کو خبر ہوئی فرمایا، الم آمرکم ان توذنونی بها.

کیا میں نے تمھیں حکم نہ دیا تھا کہ مجھے اس کی خبر کر دینا۔

عرض کی یا رسول اللہ کرهنا ان نخرجک لیلا و نوقظک یا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

ہمارے دلوں کو گوارا نہ ہوا کہ رات میں حضور کو باہر تشریف لانے کی تکلیف دیں اور حضور کو خواب راحت سے جگائیں۔ (کہ حضور کا خواب بھی تو وحی ہے کیا معلوم کہ اس وقت حضور خواب میں کیا دیکھتے سنتے ہوں)

صحیح بخاری میں حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے فحقروا شانها صحیح مسلم میں انھیں سے ہے وکانهم صغروا امرها.

یعنی یہ خیال کیا کہ وہ کیا اس قابل تھی کہ اس کے جنازے کے لیے حضور کو جگا کر اندھیری رات میں باہر لے جائیں۔

سنن ابن ماجہ میں عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا فلا تفعلوا ادعونی لجنائزکم۔

ایسا نہ کرو مجھے اپنے جنازوں کے لیے بلایا کرو۔

ابوالشیخ عبید بن مرزوق سے راوی

کانت امراءۃ تقم المسجد فماتت فلم یعلم بھا النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فمر علی قبرھا فقال ما ھذا القبر قالوا ام محجن قال التی کانت تقم المسجد قالوا نعم فصف الناس فصلی علیھا ثم قال ای العمل وجدت افضل قالوا یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تسمع قال ما انتم باسمع منھا فذکر انھا اجابت ان اقم المسجد۔

یعنی ایک بی بی مسجد میں جھاڑو دیا کرتی تھیں ان کا انتقال ہوگیا۔ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کسی نے خبر نہ دی، حضور ان کی قبر پر گزرے دریافت فرمایا یہ قبر کیسی ہے؟ لوگوں نے عرض کی ام محجن کی، فرمایا وہی جو مسجد میں جھاڑو دیا کرتی تھیں، عرض کی ہاں، حضور نے صف باندھ کر نماز پڑھائی۔ پھر ان بی بی کی طرف خطاب کر کے فرمایا تو نے کون سا عمل افضل پایا؟ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا وہ سنتی ہے؟ فرمایا کچھ تم اس سے زیادہ نہیں سنتے، پھر فرمایا اس نے جواب دیا کہ مسجد میں جھاڑو دینی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۶۸۔ حیات الموات)

حضور کی نماز رحمت ہے

مسند امام احمد میں حدیث زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، حضور نے فرمایا

فلا تفعلوا لا یموتن فیکم میت ما کنت بین اظھرکم الا آذنتمونی بہ فان

صلاتی علیه رحمة.

ایسا کبھی نہ کرنا جب تک میں تم میں تشریف رکھوں جو شخص مرے مجھے ضرور خبر دینا کہ میری نماز اس کے حق میں رحمت ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابن حبان اپنی صحیح اور حاکم مستدرک میں حضرت یزید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی ہیں۔

قال خرجنا مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فلما وردنا البقيع اذا هو بقبر فسأل عنه فقالوا فلانة فعرفها فقال الا آذنتموني بها قالوا كنت قائلا صائما قال فلا تفعلوا الا اعرفى ما مات منكم ميت ما كنت بين اظهركم الا آذنتموني به فان صلاتي عليه رحمة.

یعنی ہم ہمراہ رکاب اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر چلے جب بقیع پر پہنچے ایک قبر تازہ نظر آئی حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا لوگوں نے عرض کی فلاں عورت، حضور نے انھیں پہچانا، فرمایا مجھے کیوں نہ خبر کی، عرض کی حضور دوپہر کو آرام فرماتے تھے اور حضور کا روزہ تھا۔ فرمایا تو ایسا نہ کرو جب تم میں کوئی مسلمان مرے مجھے خبر دیا کرو کہ اس پر میرا نماز پڑھنا رحمت ہے۔

اس روایت کو پیش کرنے کے بعد امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

ظاہر ہے کہ یہ واقعہ، واقعہ حضرت مسکینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا غیر ہے۔ وہاں یہ تھا کہ اندھیری رات تھی ہمیں گوارا نہ ہوا کہ حضور کو جگائیں۔ یہاں یہ ہے کہ دوپہر کا وقت تھا حضور آرام میں تھے، حضور کو روزہ تھا۔

اور دونوں حدیثوں میں وہی ارشاد اقدس ہے کہ ایسا نہ کرو ہمیں اطلاع دیا کرو۔

اب خواہ یوں ہو کہ ایک واقعہ کے حضار اور تھے اور دوسرے واقعہ کے لوگوں کو اس حکم کی خبر نہ تھی۔

خواہ یوں کہ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس امر کو ارشادی محض بنظر رحمت تامہ حضور رؤف رحیم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم خیال کیا نہ ایجابی، لہٰذا جہاں تکلیف کا خیال ہوا ادب و آرام کو مقدم رکھا۔ بہر حال ایسے وقائع ان سب وجوہ مذکورہ کے مورد ہیں۔ایک بار کے فرمان سے کہ خبر دے دیا کرو باقی بار کا بعد اطلاع اقدس ہونا ثابت نہیں ہوسکتا۔کما لایخفی۔ (فتاوی رضویہ ج ۴، ص ۴۳۔النھی الحاجز)

خادمہ مسجد رضی اللہ تعالیٰ عنہا وغیرہا کی قبر پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز پڑھ کر وجہ خود ارشاد فرمائی

ان هذه القبور مملوءة علی اهلها ظلمة . و انی انورها بصلاتی علیهم .

بیشک یہ قبریں اپنے ساکنوں پر اندھیرے سے بھری ہیں اور بیشک میں اپنی نماز سے انھیں روشن کر دیتا ہوں۔صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قدر نور و جماله اسے مسلم و ابن حبان نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

اوپر یہ گزرا کہ بے میری اطلاع کے دفن نہ کر دیا کرو کہ میری نماز اس کے حق میں رحمت ہے۔

اقول، خود نظر ایمانی گواہ ہے کہ کروڑوں صلحاء و اتقیاء کسی جنازہ کی نماز پڑھیں مگر وہ بات کہاں جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پڑھنے میں ہے۔وہ برکات و درجات و مثوبات دوسرے کی نماز میں حاصل ہی نہیں ہوسکتیں اور حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنص قطعی قرآن عظیم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم بالمؤمنین رؤف رحیم ہیں کہ ہر مسلمان کی کلفت ان پر گراں، ایک ایک امتی کی بھلائی پر حریص، ہر مومن پر نہایت نرم دل مہربان۔وہ کیوں کر گوارا فرمائیں کہ دنیا میں ان کے تشریف رکھتے ہوئے مسلمان سخت منزل کا سفر کرے۔ان کی رحمت، ان کی برکت کا توشہ اس کے ساتھ نہ ہو، اور وں

کی نماز ان کی نماز سے کیا مانع ہو سکتی ہے۔

شرح موطائے امام مالک میں ہے

والدليل على الخصوصية ما زاد مسلم (فذكره قال) و هذا لا يتحقق في غيره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم .

یہ بات خصوصیت پر دلیل ہے اور یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علاوہ کسی اور کے لیے ثابت نہیں۔ (مولف)

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں علامہ ابن ملک سے ہے

صلاته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كانت لتنوير القبر و ذا لا يوجد في صلاة غيره .

حضور اقدس رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نماز پڑھنا قبر کو روشن و منور کرنے کے لیے ہے اور یہ بات کسی اور کی نماز میں نہیں ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۷۔ النہی الحاجز)

حضور کی عیادت اور طلحہ کی وصیت

طبرانی نے حصین بن وحوح انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی

ان طلحة بن البراء مرض فاتاه النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يعوده فقال انى لا ارى طلحة الا قد حدث فيه الموت فاذنونى به و عجلوا فلم يبلغ النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بنى سالم بن عوف حتى توفى و كان قال لاهله لما دخل اليل اذا مت فادفنونى و لا تدعوا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فانى اخاف عليه يهودا ان يصابه بسبئ فاخبر النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حين الصبح . الحديث.

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت طلحہ بن براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عیادت کے لیے تشریف لائے اور یہ فرما گئے کہ اب ان کا وقت آیا معلوم ہوتا ہے مجھے خبر کر دینا اور تجہیز میں جلدی کرنا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم محلہ بنی سالم تک نہ پہنچے تھے کہ ان کا انتقال ہو گیا۔ اور انھوں نے رات آنے پر اپنے گھر والوں کو وصیت کر دی تھی کہ جب میں مروں تو مجھے دفن کر دینا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہ بلانا، رات کا وقت ہے مجھے یہود سے اندیشہ ہے مبادا حضور کو میرے سبب سے کوئی کلفت پہنچے۔ ان کے گھر والوں نے ایسا ہی کیا صبح نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خبر ہوئی۔ (فتاوی رضویہ ج ۴ ص ۴۴۔ النہی الحاجز)

معاویہ بن معاویہ مزنی کی نماز جنازہ

حدیث ابی امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لفظ طبرانی کے یہاں یہ ہیں

جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ معاویہ بن معاویہ مزنی نے مدینہ میں انتقال کیا۔

اتحب ان اطوی لک الارض فتصلی علیہ قال نعم فضرب بجناحه علی الارض فرفع له سریره فصلی علیه و خلفه صفان من الملائکة کل صف سبعون الف ملک.

کیا حضور چاہتے ہیں کہ میں حضور کے لیے زمین لپیٹ دوں تا کہ حضور ان پر نماز پڑھیں، فرمایا ہاں، جبریل نے اپنا پر زمین پر مارا جنازہ حضور کے سامنے ہو گیا، اس وقت حضور نے اس پر نماز پڑھی، اور فرشتوں کی دو صفیں حضور کے پیچھے تھیں ہر صف میں ستر ہزار فرشتے۔

ابو احمد حاکم کے یہاں یوں ہے۔

وضع جناحه الایمن علی الجبال فتواضعت ووضع جناحه الایسر علی

الارضين فتواضعت حتي نظرنا الى مكة و المدينة فصلى عليه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و جبريل و الملائكة .

جبریل نے اپنا داہنا پر پہاڑوں پر رکھا وہ جھک گئے، بایاں زمینوں پر رکھا وہ پست ہوگئیں یہاں تک کہ مکہ مدینہ ہم کو نظر آنے لگے، اس وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور جبریل وملائکہ علیہم الصلاۃ والسلام نے ان پر نماز پڑھی۔

حدیث انس بطریق محبوب کے لفظ یہ ہیں۔

جبریل نے عرض کی کیا حضور اس پر نماز پڑھنا چاہتے ہیں فرمایا ہاں،

فضرب بجناحه الارض فلم تبق شجرة و لا اكمة الا تضعضعت و رفع سريره حتى نظر اليه فصلى عليه .

پس جبریل نے اپنا پر زمین پر مارا کوئی پیڑ اور ٹیلہ نہ رہا جو پست نہ ہوگیا اور ان کا جنازہ حضور کے سامنے بلند کیا گیا یہاں تک کہ پیش نظر اقدس ہوگیا اس وقت حضور نے اس پر نماز پڑھی۔

بطریق علاء کے لفظ یوں ہیں۔

هل لك ان تصلى عليه فاقبض لك الارض قال نعم فصلى عليه .

جبریل نے عرض کی حضور ان پر نماز پڑھنی چاہیں تو میں زمین سمیٹ دوں فرمایا ہاں، جبریل نے ایسا ہی کیا اس وقت حضور نے ان پر نماز پڑھی۔

فائدہ

مذہب مہذب حنفی میں جنازۂ غائب پر نماز محض ناجائز ہے ائمہ حنفیہ کا اس کے عدم جواز پر اجماع

ہے۔اس پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے کثیر دلیلیں پیش فرمائی ہیں۔

دوسرے شہر کی میت پر صلاۃ کا ذکر صرف تین واقعوں میں روایت کیا جاتا ہے۔

(۱) واقعہ نجاشی (۲) واقعہ معاویہ لیثی (۳) واقعہ امرائے موتہ ۔رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

معاویہ بن معاویہ کا واقعہ مذکورہ ذکر کر کے امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں

اقول ،طرز کلام مشیر ہے کہ نماز پڑھنے کے لیے جنازہ سامنے ہونے کی حاجت سمجھی گئی جب تو جبریل نے عرض کی کہ حضور نماز پڑھنی چاہیں تو میں زمین لپیٹ دوں تا کہ حضور نماز پڑھیں۔

اور خود اسی میں تصریح ہے کہ جنازہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیش نظر انور کر دیا گیا تھا تو نماز جنازہ حاضر ہوئی نہ کہ غائب پر۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۳۷۔الهادی الحاجب)

نجاشی کا جنازہ

جب اصحمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بادشاہ حبشہ نے حبشہ میں انتقال کیا،سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ میں صحابہ کو خبر دی اور مصلی میں جا کر صفیں باندھ کر چار تکبیریں کہیں ،اسے ائمہ ستہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور امام بخاری ومسلم نے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا حضرت جابر فرماتے ہیں کہ میں دوسری یا تیسری صف میں تھا۔

صحیح ابن حبان میں عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ وعن الصحابۃ جمیعاً سے ہے :

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ان اخاکم النجاشی توفی فقوموا صلوا علیه فقام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم وصفوا خلفه فکبر اربعا و هم لا یظنون الا ان جنازته بین یدیه .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تمھارا بھائی نجاشی مرگیا، اٹھواس پر نماز پڑھو، پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوئے، صحابہ نے پیچھے صفیں باندھیں حضور نے چار تکبیریں کہیں، صحابہ کو یہی ظن تھا کہ ان کا جنازہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے حاضر ہے۔

صحیح ابوعوانہ میں انھیں سے ہے

فصلينا خلفه و نحن لا نرى الا ان الجنازة قدامنا .

ہم نے حضور کے پیچھے نماز پڑھی اور ہم یہی اعتقاد کرتے تھے کہ جنازہ ہمارے آگے موجود ہے۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے

كشف للنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عن سرير النجاشي حتى راٰه وصلى عليه.

نجاشی کا جنازہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ظاہر کر دیا گیا تھا حضور نے اسے دیکھا اور اس پر نماز پڑھی۔

نجاشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال دارالکفر میں ہوا وہاں ان پر نماز نہ ہوئی تھی، لہٰذا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہاں پر پڑھی۔

احمد وابن ماجہ حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خرج بهم فقال صلوا على اخ لكم مات بغير ارضكم قالوا من هو قال النجاشي .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے اصحاب کو لے کر (عیدگاہ کی طرف) نکلے اور فرمایا کہ اپنے بھائی پر نماز پڑھو جن کا انتقال دارالکفر میں ہوا صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ وہ کون ہیں؟ فرمایا کہ

شاہ حبشہ نجاشی۔ (مولف)

مسند ابوداؤد طیالسی میں حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اتاه موت النجاشی فقال ان اخاکم مات بغیر ارضکم فقوموا فصلوا علیه .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس نجاشی کے مرنے کی خبر آئی تو فرمایا کہ تمھارے بھائی کا انتقال دارالکفر میں ہوا، اٹھو اور نماز پڑھو۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴ ص ۶۹، ۷۰۔ الحادی الحاجب)

احمد عن ابی هريرة رضی اللہ تعالیٰ عنه ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم نعی النجاشی لاصحابه ثم قال استغفروا له ثم خرج باصحابه الی المصلی ثم قام فصلی بهم کما یصلی علی الجنازة .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کو نجاشی بادشاہ کے مرنے کی خبر دی اور فرمایا کہ ان کے لیے دعائے مغفرت کرو اور اپنے اصحاب کو لے کر عید گاہ کی طرف نکلے پھر اس طرح نماز پڑھائی، جس طرح جنازہ پر نماز ہوتی ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۴ ص ۲۰)

جنت البقیع میں حضور کی تشریف آوری

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت فرماتی ہیں کہ میری ہر شب نوبت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آخر شب مقبرۂ بقیع پر تشریف لے جاتے اور فرماتے۔

السلام علیکم دار قوم مومنین و اتاکم ما توعدون غدا مؤجلون و انا انشاء اللہ

بکم لاحقون. رواہ مسلم

و لفظ النسائی مکان قولہ اتاکم الی مؤجلون و انا و ایاکم متواعدون غدا و مواکلون .

و لابن ماجة من وجه آخر و اشار الیہ النسائی ایضا بعد السلام انتم لنا فرط و انا بکم لاحقون.

سلام تم پر اے ان گھروں والے مسلمانو اب تم کو ملا چاہتا ہے جس کا تم سے وعدہ ہے تمھاری میعاد کل کے دن ہے ہم اور تم آپس میں کل کے وعدے پر ہیں اور اسی پر بھروسہ کیے ہیں تم ہم سے پہلے پہنچ لیے اور خدا چاہے تو ہم تم سے ملنے والے ہیں۔

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ جب میں مدفونان بقیع کی زیارتوں کو جاؤں تو ان سے کیا کہوں؟ حکم ہوا تھا سلام کر کے یوں کہو کہ انشاء اللہ ہم تم سے ملنے والے ہیں۔

قالت قلت کیف اقول لهم یا رسول الله قال قولی السلام علیکم اهل الدیار من المومنین و المسلمین و یرحم المستقدمین منا و المستاخرین و انا انشاء الله بکم لاحقون. مسلم و نسائی وغیرہما نے اسے حدیث طویل میں روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۳۵۹۔ الوفاق المتین)

موطائے امام مالک و سنن نسائی میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

انی بعثت الی اهل البقیع لاصلی علیهم .

میں اہل بقیع کی طرف بھیجا گیا کہ ان پر صلاۃ کروں علماء نے اس حدیث میں صلاۃ کو بمعنی استغفار و دعا لیا۔

سنن نسائی کی دوسری روایت میں ہے

ان جبریل اتانی (فذکر الحدیث قال) فامرنی ان آتی البقیع فاستغفر لهم قلت له کیف اقول یا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال قولی السلام علی اهل الدار من المومنین و المسلمین و یرحم الله المستقدمین منا و المستاخرین و انا ان شاء الله بکم لاحقون.

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبریل میرے پاس آئے مجھے حکم فرمایا کہ بقیع جا کر اہل بقیع کے لیے دعائے مغفرت کروں۔ ام المومنین فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کس طرح کہوں؟ حضور نے دعائے زیارت قبور تعلیم فرمائی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۰۔ انتھی الحاجز)

ابن السنی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا دخل الجبانة یقول السلام علیکم ایتها الارواح الفانیة و الابدان البالیة و العظام النخرة التی خرجت من الدنیا و هی بالله المومنة اللهم ادخل علیهم روحا منک و سلاما منا.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب قبرستان میں تشریف لے جاتے تو فرماتے اے وہ روحو جن کے بدن فنا ہو گئے اور جسم گل گئے اور ہڈیاں بوسیدہ ہو گئیں تم پر سلام ہو جو دنیا سے اس حال میں نکلی کہ وہ اللہ پر ایمان رکھتی تھی اے اللہ تو ان میں اپنی جانب سے راحت داخل فرما اور ہماری طرف سے ان پر سلام۔ (مولف)

اس حدیث میں روح پر فانی کا اطلاق باعتبار جسم واقع ہوا ہے ورنہ خود روح کے لیے ہرگز فنا نہیں۔(مولف منہ) (فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۳۲۷۔الوفاق المتین)

سعد بن معاذ کی قبر پر تسبیح و تکبیر

امام احمد وطبرانی وبیہقی حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

قال لما دفن سعد بن معاذ (زاد فی روایة) و سوی علیه سبح النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و سبح الناس معه طویلا ثم کبر و کبر الناس ثم قالوا یا رسول الله لم سبحت (زاد فی روایة) ثم کبرت قال لقد تضایق علی هذا الرجل الصالح قبره حتی فرج الله تعالیٰ عنه .

یعنی جب سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دفن ہو چکے اور قبر درست کردی گئی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دیر تک سبحان اللہ، سبحان اللہ۔فرماتے رہے اور صحابہ کرام بھی حضور کے ساتھ کہتے رہے پھر حضور اللہ اکبر، اللہ اکبر فرماتے رہے اور صحابہ بھی حضور کے ساتھ کہا کیے، پھر صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ حضور اول تسبیح پھر تکبیر کیوں فرماتے رہے ارشاد فرمایا اس نیک مرد پر اس کی قبر تنگ ہوئی تھی یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے وہ تکلیف اس سے دور کی اور قبر کشادہ فرمادی۔

علامہ طیبی شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں

ای مازلت اکبر و تکبرون و اسبح و تسبحون حتی فرجه الله .

یعنی حدیث کے معنی یہ ہیں کہ برابر میں اور تم اللہ اکبر اللہ اکبر، سبحان اللہ سبحان اللہ کہتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس تنگی سے انھیں نجات بخشی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲،ص ۶۶۷۔ایذان الاجر)

میت کے لیے دعا

ابوداؤد وحاکم وبیہقی امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

كان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذ فرغ من دفن الميت وقف عليه قال استغفروا لاخيكم و سلوا له بالتثبت فانه الان يسأل .

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب دفن میت سے فارغ ہوتے قبر پر وقوف فرماتے اور ارشاد کرتے اپنے بھائی کے لیے استغفار کرو اور اس کے لیے جواب نکیرین میں ثابت قدم رہنے کی دعا مانگو کہ اب اس سے سوال ہوگا۔

سعید بن منصور اپنے سنن میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقف على القبر بعد ما سوى عليه فيقول اللهم نزل بك صاحبنا و خلف الدنيا خلف ظهره اللهم ثبت عند السئلة نطقه و لا تبتله فى خيره بما لا طاقة له به .

یعنی جب مردہ دفن ہوکر قبر درست ہوجاتی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبر پر کھڑے ہوکر دعا کرتے الٰہی ہمارا ساتھی تیرا مہمان ہوا اور دنیا اپنے پس پشت چھوڑ آیا الٰہی سوال کے وقت اس کی زبان درست رکھ اور قبر میں اس پر وہ بلا نہ ڈال جس کی اسے طاقت نہ ہو۔

ابن ماجہ وبیہقی سعید بن مسیب سے راوی

قال حضرت ابن عمر فى جنازة فلما وضعها فى اللحد قال بسم الله و فى سبيل الله فلما اخذ فى تسوية اللحد قال اللهم اجرها من الشيطان و من عذاب القبر ثم قال سمعته من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم . هذا مختصر .

یعنی میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ ایک جنازہ میں حاضر ہوا حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب اسے لحد میں رکھا کہا بسم اللہ و فی سبیل اللہ جب لحد برابر کرنے لگے کہا الٰہی اسے شیطان سے بچا اور عذاب قبر سے امان دے پھر فرمایا میں نے اسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا۔

امام ترمذی حکیم قدس سرہ الکریم بسند جید عمرو بن مرۃ تابعی سے روایت کرتے ہیں

کانوا یستحبون اذا وضع المیت فی اللحد یقولوا اللھم اعذہ من الشیطان الرجیم.

یعنی صحابہ کرام یا تابعین عظام مستحب جانتے تھے کہ جب میت لحد میں رکھا جائے تو دعا کریں الٰہی اسے شیطان رجیم سے پناہ دے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۷۰، ۶۷۱۔ ایذان الاجر)

چار تکبیروں سے آخری نماز جنازہ

حاکم مستدرک میں اور طبرانی وبیہقی سنن میں روایت کرتے ہیں

عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال آخر ما کبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی الجنازۃ اربع تکبیرات و کبر عمر علی ابی بکر اربعا و کبر ابن عمر علی عمر اربعا و کبر الحسن بن علی علی علی اربعا و کبر الحسین بن علی علی الحسن بن علی اربعا و کبرت الملائکۃ علی آدم اربعا و لم تشرع فی الاسلام الا فی المدینۃ المنورۃ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سب سے اخیر میں نماز جنازہ چار تکبیروں سے پڑھی اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز جنازہ چار تکبیروں سے پڑھی اور ابن عمر نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی چار تکبیروں سے اور

حسن بن علی نے حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی چار تکبیروں سے اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی چار تکبیروں سے اور فرشتوں نے بھی حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کی نماز جنازہ چار تکبیروں سے پڑھی اور اسلام میں سب سے پہلے جنازہ مدینہ منورہ ہی میں مشروع ہوا۔ (مولف)

حضرت خدیجہ کی نماز جنازہ نہ ہوئی

امام واقدی حکیم بن حرام کی حدیث میں ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بارے میں راوی

انها توفيت سنة عشر من البعثت بعد خروج بنى هاشم من الشعب و دفنت بالجحون و نزل النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى حفرتها و لم تكن شرعت الصلاة على الجنازة .

ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات بنی ہاشم کے شعب ابی طالب سے نکلنے کے بعد اعلان نبوت کے دسویں سال میں ہوئی اور وہ مقبرۂ حجون میں دفن ہوئیں اور حضور اقدس رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کی قبر میں اترے اور ان دنوں جنازہ پر نماز مشروع نہیں ہوئی تھی۔ (مولف)

سب سے پہلے اسعد بن زرارہ پر نماز پڑھی گئی

وقال الامام ابن الحجر العسقلانى فى الاصابة فى ترجمة اسعد بن زرارة رضى الله تعالىٰ عنه ذكر الواقدى انه مات على رأس تسعة اشهر من الهجرة . رواه الحاكم فى المستدرك .

و قال الواقدى كان ذلك فى شوال

قال البغوی بلغنی انه اول من مات من الصحابة بعد الهجرة و انه اول میت صلی علیه النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

یعنی امام ابن حجر عسقلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ امام واقدی کے حوالے سے فرماتے ہیں کہ حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ہجرت کے نویں مہینے میں ہوا۔ اسے مستدرک حاکم میں روایت کیا گیا ہے۔

اور امام واقدی نے فرمایا کہ وہ شوال کا مہینہ تھا۔

امام بغوی نے فرمایا کہ ہجرت کے بعد صحابہ کرام میں سب سے پہلے حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات ہوئی اور یہی سب سے پہلے مرنے والے شخص ہیں جس پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز پڑھی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۴۶۷، ۴۶۸)

دوبارہ نماز جنازہ سے عمر کو ممانعت

روی ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلی علی جنازة فلما فرغ جاء عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ و معہ قوم فاراد ان یصلی ثانیاً فقال لہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الصلاة علی الجنازہ لا تعاد و لکن ادع للمیت و استغفر لہ.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب ایک جنازہ پر نماز ادا فرما کر فارغ ہوئے تو امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک جماعت کے ہمراہ آئے اور دوبارہ نماز کا ارادہ کیا۔ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ جنازہ پر نماز دہرائی نہیں جاتی، ہاں میت کے لیے دعا اور استغفار کرو۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۳۶۸)

●......●......●

حضور کا ذکر اللہ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر فرمانے کے بارے میں سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، حق تعالیٰ کا ذکر ہر لحہ اور تمام اوقات میں کرتے تھے اور ہمیشہ یاد الٰہی میں مشغول رہتے تھے اور کوئی چیز آپ کو ذکر الٰہی سے باز نہ رکھتی تھی اور آپ کی ہر بات یاد حق، حمد وثنا، توحید وتمجید، تسبیح وتقدیس اور تکبیر وتہلیل میں ہوتی تھی اور اسماء وصفات الٰہی، وعد، وعید، امر ونہی، احکام شرع کی تعلیم، ذکر جنت ونار اور ترغیب وترہیب کا بیان، یہ سب ذکر حق تھا۔

اور خاموشی کے وقت اللہ تعالیٰ ہی کی یاد قلب اطہر میں رہتی تھی۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہر سانس اور آپ کے قلب وزبان اور آپ کا اٹھنا، بیٹھنا، کھڑا ہونا، لیٹنا، چلنا، کھانا پینا، سونگھنا، آنا جانا، سفر و اقامت، پیدل وسواری غرضیکہ کسی حالت میں آپ کا کوئی لحہ ذکر حق سے جدا نہ تھا۔

اور ذکر کے معنی یاد کرنے کے ہیں اور اس کی ضد نسیان ہے جس کے معنی فراموشی کے ہیں، جو بھی صورت یاد کرنے کی ہوتی خواہ دل میں یا زبان سے ہر فعل میں یا شان میں ذکر الٰہی ہوتا۔ اور یہ لازمی امر ہے کہ اگر زبان، دل کے ساتھ موافقت کرے تو یہ افضل واتم اور اکمل ہوگا۔

اور یہ جو بعض فقہاء کے کلام میں آیا ہے کہ جو زبان پر نہ ہو وہ ذکر نہیں ہوتا اور نہ اس کا اعتبار ہے، تو اس سے ان کی مراد وہ ذکر لسانی ہے جس کا زبان سے ذکر کرنا شریعت نے واجب قرار دیا ہے جیسے تسبیحات و اذکار جو نماز میں واقع ہیں اور وہ اذکار واوراد جو بعد نماز وارد ہیں نہ کہ مطلق ذکر۔

قاموس میں ذکر کو نسیان کی ضد بتایا گیا ہے لہٰذا یہ ذکر قلبی کو بھی بلا شبہ شامل ہے اور فعل قلب پر ثواب کا مرتب نہ ہونا اور اس کا اعتبار نہ کرنا باطل ہے اور اسے ان چیزوں پر قیاس کرنا جسے شرع نے بغیر

زبانی اقرار کے معتبر قرار نہیں دیا ہے بغیر دلیل شرعی اور نص شارع کے صحیح نہیں ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوہ جلد اول)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر اللہ سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں :

كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يذكر الله على كل احيانه .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے جمیع اوقات میں ذکر الٰہی فرماتے تھے۔ اسے مسلم وابوداؤد و ترمذی وابن ماجہ نے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۶۱۷)

معمولات اقدس

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہفتہ بھر کے معمولات ومشغولیات کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

- حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شہدائے احد کی زیارت کے لیے سال کا شروع مقرر فرمایا تھا۔
- مسجد قبا میں تشریف لانے کے لیے دوشنبہ کا دن مقرر فرمایا تھا۔
- رسالت ونبوت کے شکرانے میں روزہ کے لیے دوشنبہ کا دن تھا۔
- صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مشاورت دینیہ کے لیے صبح وشام کا وقت تھا۔
- سفر جہاد کی ابتداء زیادہ تر پنج شنبہ کے دن سے ہوتی تھی۔
- اور طلب علم کے لیے روز دوشنبہ مقرر کیا گیا تھا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۹۰۔ الحجۃ الفائحہ)

دعائے نبوی ﷺ

وہ دعا جس کا جوبن بہار قبول
اس نسیم اجابت پہ لاکھوں سلام

وقال ربکم ادعونی استجب لکم

اور تمھارے رب نے فرمایا مجھ سے دعا کرو میں قبول کروں گا۔

(المؤمن، آیت ٦٠)

دعائے نبوی ﷺ

دن اور رات کے اعمال و اشغال وقت تہجد سے سونے کے وقت تک مختلف اوقات و لمحات اور حالات و اوضاع اور اطوار میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دعائیں وغیرہ پڑھا کرتے تھے اور ادعیہ ماثورہ جو تمام مقاصد و مطالب اور حاجات کو شامل و حاوی ہیں اور ہر خاص مطلب و مقصد کے لیے بھی جداگانہ بیان فرمانے سے نہیں چھوڑی ہیں۔ اور دعا کی فضیلت اور اس کی ترغیب و تحریص میں اس قدر آیات و احادیث اور آثار مروی ہیں جن کا کوئی حد و شمار ہی نہیں۔ اس خصوص میں حق تعالیٰ کا یہ ارشاد ہی کافی ہے کہ فرمایا:

ادعونی استجب لکم .

مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے

الدعاء مخ العبادة .

دعا عبادت کا مغز ہے۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

من لم یسأل اللہ یغضب علیه .

جو بندہ حق تعالیٰ سے دعا نہیں کرتا وہ اس پر غضب فرماتا ہے۔

اور دعا میں توجہ و اخلاص ہے کیوں کہ بندہ ہر طرف سے منہ پھیر کر جناب باری تعالیٰ سے لو لگاتا ہے اور دعا حق تعالیٰ کے لیے حمد و شکر ہے اور اس کے کمالات کا اثبات ہے خواہ صراحۃً ہو یا ضمناً۔ اور توحید و

رغبت ومناجات وتضرع وتذلل اور استعانت واستغاثہ یہ تمام باتیں عبادتوں کا خلاصہ اور مغز ہیں اور اسی وجہ سے وارد ہوا کہ **الدعاء مخ العبادة**.

ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کا اس میں اختلاف ہے کہ دعا افضل ہے یا سکوت ورضا۔

بعض کا خیال ہے کہ دعا افضل ہے کیوں کہ دعا فی نفسہ عبادت ہے اور عبادت کرنا اور اس پر قیام کرنا اس کے نہ کرنے سے افضل واولیٰ ہے۔

اور دعا حق تعالیٰ کا حق ہے اگر وہ بندے کے حق میں اسے قبول نہ فرمائے اور اس کی خواہش کے مطابق دعا کا اثر مرتب نہ ہوتو کوئی نقصان وحرج نہیں اس لیے کہ بندہ پر جو حق تعالیٰ کا حق تھا وہ اس نے ادا کر دیا اس لیے کہ دعا کا مقصود اظہار فقر واحتیاج اور بندگی ہے اور یہ اس سے حاصل ہوتا ہے۔

ابو حازم اعرجی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک دعا سے محروم ہونا اس کی قبولیت سے محروم ہونے سے زیادہ سخت ہے۔

امیر المومنین سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں دعا مانگتا ہوں اور اس کی قبولیت کا امیدوار رہتا ہوں بلکہ جب دعا کو ختم کرتا ہوں تو میں یقین رکھتا ہوں کہ قبولیت بھی اس کے ساتھ ہی شامل ہے۔

اور بعض کا خیال ہے کہ حکم وتقدیر کی محرومی کے تحت سکوت وخاموشی زیادہ اتم اور خدا کے فرمان پر رضا وتسلیم کو اختیار کرنا اولیٰ ہے۔ ان میں سے کچھ لوگوں کا یہ حال ہے کہ بارگاہ ایزدی کا اتنا ادب ملحوظ رکھتے ہیں کہ طلب وسوال میں زبان تک نہیں کھولتے اور ہمہ وقت ذکر الٰہی میں مشغول رہتے ہیں اور وہ اسی میں مستغرق رہتے ہیں اور جو کچھ حق تعالیٰ کی جانب سے ظہور میں آتا ہے، وہ اس پر راضی رہتے ہیں۔ رسول اللہ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب تعالیٰ کی جانب سے حکایت کرتے ہوئے فرمایا:

من شغل ذکری عن مسئلتی اعطیته ما اعطی السائلین .

جو میری یاد میں اپنے لیے سوال کرنے سے مستغنی رہے میں اسے مانگنے والے سے زیادہ دیتا ہوں۔

اور بعض کا خیال ہے کہ زبان کو دعا میں مشغول رکھے اور دل کو مقام رضا پر قائم رکھے تا کہ اس میں دونوں خوبیاں جمع ہوسکیں اور اس حال کی صحت کی علامت یہ ہے کہ دعا بحکم عبودیت و تذلل اور امتثال امر الٰہی میں ہو اور کسی خواہش کے ارادے اور حصول مقصد کی تمنا کے بغیر ہو اور قبولیت کی تاخیر سے ناراضگی کا اظہار نہ کرے اور اپنے رب کریم پر تہمت نہ رکھے کیوں کہ قبول فرمانا اور نہ قبول فرمانا دونوں اس کے حضور برابر ہیں۔

امام قشیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اوقات مختلف ہیں۔ بعض حالتوں میں سکوت سے دعا بہتر ہوتی ہے اور وقت کا ادب اسی میں ہوتا ہے۔ اور بعض حالتوں میں دعا سے سکوت افضل ہوتا ہے اور اس میں ادب یہی ہوتا ہے اور اس بات کی شناسائی بھی وقت میں ہی ظاہر ہوتی ہے اس لیے کہ علم بھی وقت میں ہی حاصل ہوتا ہے اور اگر اپنا دل دعا کی جانب اشارہ کرے تو دعا اولیٰ ہوتی ہے اور اگر سکوت کی جانب اشارہ کرے تو سکوت اولیٰ نیز اگر علم، وقت میں غالب ہو تو دعا اولیٰ ہے۔ اس لیے کہ اس کا ہونا عبادت ہے اور اگر غالب، معرفت و حال ہے تو سکوت و سکون اولیٰ ہے۔ نیز جو کچھ مسلمانوں کے نصیب میں ہے بامر الٰہی اس میں دعا حق ہے اور جہاں نفس کی لذت اور خواہش ہو وہاں سکوت احسن و بہتر ہے۔

حضرت شیخ محقق عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ دعا کبھی بزبان قال ہوتی ہے جیسا کہ زبان سے اپنی حاجت کا مانگنا اور کبھی بزبان حال کہ بندے کی حالت خود عرض کناں ہوتی ہے اور کبھی بزبان تعرض ہوتی ہے جیسے حق تبارک و تعالیٰ کی مدح و ثنا اس کی صفات کرم و احسان اور جود و عطا سے

کرے اور یہ بھی دعا ہی ہے اس لیے کہ حضرت کریم کی مدح وثنا کرنا ہی دعا وسوال کا عرض کرنا ہے۔

اور سکوت کا دعا سے فائق ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس میں خالص تسلیم ورضا ہے۔اور بعض عرفا نے دعا، استعداد کی زبان سے بھی مانگی ہے اور یہ بزبان حال کی دعا سے فائق ہے اور یہ سکوت میں بھی حاصل ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا کے کچھ آداب وشرائط بیان فرمائے ہیں۔

ان میں سے کچھ عمدہ ترین آداب یہ ہیں کہ حلال روزی، راست گوئی، دعا میں گڑگڑانا قبولیت کے لیے جلدی نہ کرنا، شروع میں خدا کی حمد وثنا کرنا، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود وسلام پڑھنا، آپ کے آل واصحاب پر بھی سلام بھیجنا وغیرہ ہیں۔

دعا کے آداب میں سے ایک یہ ہے کہ دونوں ہاتھ کو کھول کر چہرہ کے مقابل اٹھانا، ایک روایت میں ہے کہ کندھے کے محاذ میں رکھنا ہے، یہ روایت اس بات کی دلیل ہے کہ دونوں ہاتھ جدا جدا ہوں اور کھلے ہوئے ہوں جس طرح کہ چلو بنا کر پانی پیتے ہیں، اسی طرح مواہب میں مذکور ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب دعا کرتے تو اپنے دونوں ہاتھ کو ملا کر ان کے بطون کو چہرے کے مقابل کرتے تھے، ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کو اتنا بلند کیا کہ بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی (یہ دعائے استسقاء میں ہے)

علماء فرماتے ہیں کہ یہ اس صورت میں زیادہ ہاتھوں کو بلند فرمانا ہے جب کہ معاملہ نہایت سخت و دشوار ہو جاتا ہے۔اور ختم دعا کے بعد ہاتھوں کو چہرے پر ملنا بھی آداب دعا میں سے ہے جب کہ حالت نماز کے سوا میں ہو۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک جماعت کے لیے دعا مانگی اور وہ سب کے لیے مقبول

ہوئی اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تمام دعاؤں کا یہی حال تھا۔

بخاری میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نبی کے لیے ایک دعا مستجاب ہے مگر میں چاہتا ہوں کہ اپنی اس دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لیے محفوظ کر کے آخرت کے لیے اٹھا رکھوں۔

بظاہر یہ ایک اشکال ہے اس لیے کہ ہر نبی سے اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بے شمار مقبول دعائیں واقع ہوئی ہیں اور اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہر نبی کے لیے صرف ایک ہی دعا مقبول ہوتی ہے۔

اس اشکال کا علماء یہ جواب دیتے ہیں کہ مقبول دعا کا مطلب یہ ہے کہ اس کی مقبولیت کو قطعی اور یقینی طور پر ذکر کر دیا گیا ہو اور اس کے ماسوا ان کی جتنی دعائیں ہیں وہ قبولیت کی امید کے درجہ میں ہیں۔

اور بعض علماء یہ جواب دیتے ہیں کہ ان کی تمام دعاؤں میں افضل دعا ایک ہی ہے اگرچہ ان کے لیے اور بھی دعائیں ہوں۔

اور بعض کہتے ہیں کہ ہر نبی کے لیے ایک دعائے عام ہے جو ان کی امت کے حق میں مستجاب ہے خواہ امت کی ہلاکت میں ہو یا ان کی نجات میں۔ لیکن مخصوص دعائیں تو کچھ مقبول ہیں اور کچھ نامقبول۔

یا یہ مراد ہے کہ ہر نبی کے لیے ایک دعا ہے خواہ امت کے بارے میں ہو، جیسا کہ حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام نے مانگی۔

رب لا تذر علی الارض من الکافرین دیارا.

اے میرے رب روئے زمین پر کسی کافر کو بستا نہ چھوڑ۔

یا نبی کی وہ دعا جو اپنی ذات خاص کے لیے ہو جیسا کہ حضرت زکریا علیہ الصلاۃ والسلام نے مانگی

فهب لی من لدنک ولیا یرثنی .

تو میرے لیے اپنی طرف سے ایسا ولی دے جو میرا وارث ہو۔

یا جیسے حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام نے مانگی

رب هب لی ملکا لا ینبغی لاحد من بعدی .

اے میرے رب مجھے ایسی حکومت عطا فرما جو میرے بعد کسی کے لیے سزاوار نہ ہو۔

بعض محققین فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس سے زیادہ معزز و مکرم ہیں کہ آپ اپنے رب سے کوئی دعا مانگیں اور وہ اسے قبول نہ فرمائے اور ایسی کوئی دعا منقول نہیں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مانگی ہو اور وہ قبول نہ ہوئی ہو مگر یہ کہ اس میں کوئی کامل مصلحت ہو جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ میں نے اپنی امت کے لیے تین دعائیں مانگیں۔

ایک یہ کہ میری امت کو زمین میں نہ دھنسایا جائے۔

دوسری یہ کہ ان کو قحط سے ہلاک نہ کیا جائے۔

تیسری یہ کہ ان میں آپس میں خوں ریزی واقع نہ ہو۔

تو پہلی دو دعاؤں کو تو شرف قبول حاصل ہوا اور تیسری دعا سے منع کر دیا گیا، اس میں یہ احتمال اور منع کرنے کا مطلب یہ ہے کہ رب تعالیٰ نے آپ سے فرمایا ہوگا کہ آپ ایسی دعا نہ کریں یہ مطلب نہیں کہ دعا کرنے کے بعد قبولیت سے منع کر دیا گیا۔ اگرچہ یہ بات اس عبارت میں غیر متعارف ہے۔

حضور کا استغفار

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر گھڑی استغفار کرتے تھے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی

حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

انی لاستغفر الله کل یوم سبعین مرة .

بلاشبہ میں اللہ تعالیٰ سے روزانہ ستر مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔

ایک روایت میں ستر مرتبہ سے زیادہ ہے اور ایک روایت میں سو مرتبہ ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ کثرت استغفار اور اس میں مبالغہ مراد ہے نہ کہ یہ مخصوص عدد۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث میں ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک مجلس میں کھڑے ہونے سے پہلے سو مرتبہ **استغفر الله الذی لا اله الا هو الحی القیوم و اتوب الیه** پڑھتے ہوئے سنتے اور ہم شمار کیا کرتے تھے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم گنا کرتے تھے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مجلس میں **رب اغفرلی و تب علی انک انت التواب الغفور** ،سو مرتبہ پڑھتے تھے۔

علماء فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا استغفار کرنا امت کی تعلیم وتشریع کے لیے ہے تا کہ وہ ہمیشہ استغفار کرنے اور توبہ کرنے والے رہیں۔ ورنہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو معصوم و مغفور ہیں آپ کو استغفار وتوبہ کی کیا ضرورت ہے۔ یا یہ استغفار امت کے لیے فرماتے تھے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

دست قدرت کے خزانے

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا اور ترغیب دعا سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

حاکم وغیرہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی دعا میں عرض کرتے۔

اللھم انی اسئلک من کل خیر خزائنہ بیدک فاعوذبک من کل شر خزائنہ بیدک .

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں ان سب بھلائیوں سے جن کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں اور تیری پناہ مانگتا ہوں ان سب برائیوں سے جن کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں،۔

(صفائح اللجین فی کون التصافح بکفی الیدین)

مسجد فتح میں دعا

امام احمد بسند جید اور بزار وغیرہما جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد فتح میں تین دن دعا فرمائی، دوشنبہ، سہ شنبہ، چہار شنبہ، چہار شنبہ کے دن دونوں نمازوں کے بیچ میں اجابت فرمائی گئی کہ خوشی کے آثار چہرۂ انور پر نمودار ہوئے۔

جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جب مجھے کوئی امر مہم بشدت پیش آتا ہے میں اس ساعت میں دعا کرتا ہوں اجابت ظاہر ہوتی ہے۔

پراثر دعا

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث میں ہے حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبریل میرے پاس کچھ دعائیں لائے اور عرض کی جب حضور کو کوئی حاجت پیش آئے انھیں پڑھ کر دعا مانگیے۔

یا بدیع السموات و الارض یا ذا الجلال و الاکرام یا صریخ المستصرخین یا غیاث المستغیثین یا کاشف السوء یا ارحم الراحمین یا مجیب الدعوات المضطرین یا اله العالمین بک انزل حاجتی و انت اعلم بها فاقضها.

عفووعافیت کی دعا

حدیث شریف میں ہے اللهم انی اسئلک العافیة و تمام العافیة و دوام العافیة .

الٰہی میں تجھ سے مانگتا ہوں عافیت اور عافیت کی تمامی اور عافیت کی ہمیشگی۔

حدیث شریف میں ہے :

اعوذبک من سیئ الاسقام .

میں برے امراض سے پناہ مانگتا ہوں۔ (مولف)

پیارے کے لیے بددعا اور اس کی توضیح

دیلمی وغیرہ نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

انی سئلت الله ان لا یقبل دعاء حبیب علی حبیبه .

بیشک میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا کہ کسی پیارے کی پیارے پر بددعا قبول نہ کرے۔

علامہ شمس الدین اسے لکھ کر فرماتے ہیں صحیح حدیثوں سے ثابت کہ اولاد پر ماں باپ کی بددعا رد نہیں ہوتی۔ تو اس حدیث کو ان سے توفیق دیا چاہیئے۔

اقول، بددعا دو طور پر ہوتی ہے۔

ایک یہ کہ داعی کا قلب حقیقۃً اس کا یہ ضرر نہیں چاہتا یہاں تک کہ اگر واقع ہو تو خود سخت صدمے میں گرفتار ہو۔ جیسے ماں باپ غصے میں اپنی اولاد کو کوس لیتے ہیں مگر دل سے اس کا مرنا یا تباہ ہونا نہیں چاہتے۔ اور اگر ایسا ہو تو اس پر ان سے زیادہ بے چین ہونے والا کوئی نہ ہوگا۔

دیلمی کی حدیث میں اسی قسم کی بددعا کے لیے وارد کہ حضور رؤف رحیم رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا مقبول نہ ہونا اللہ تعالیٰ سے مانگا۔

نظیر اس کی وہ حدیث صحیح ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرض کی الٰہی میں بشر ہوں، بشر کی طرح غضب فرماتا ہوں تو جسے میں لعنت کروں یا بددعا دوں اسے تو اس کے حق میں کفارہ واجر و باعث طہارت کر۔

دوسرے، اس کے خلاف کہ داعی کا دل حقیقۃً اس سے بیزار اور اس کے اس ضرر کا خواستگار ہے اور یہ بات ماں باپ کو معاذ اللہ اسی وقت ہوگی جب اولاد اپنی شقاوت سے عقوق کو اس درجہ حد سے گزار دے کہ ان کا دل واقعی اس کی طرف سے سیاہ ہو جائے اور اصلاً محبت نام کو نہ رہے بلکہ عداوت آ جائے۔ ماں باپ کی ایسی ہی بددعا کے لیے فرماتے ہیں کہ رد نہیں ہوتی۔ (ذیل المدعا لاحسن الوعا)

بیت الخلاء کے لیے دعا

ایک حدیث میں ہے کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا دخل الخلاء قال اللھم انی اعوذبک من الخبث و الخبائث.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب بیت الخلاء جاتے تو فرماتے **اللھم انی الخ** **(مولف)**

(فتاوٰی رضویہ ج ۴، ص ۶۵۴۔ العروس المعطار)

سفر میں دعا

صحیحین میں ہے :

عن ابی موسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کنا مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی سفر فکنا اذا علونا کبرنا فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایھا الناس اربعوا علی انفسکم فانکم لا تدعون اصما و لا غائبا و لکن تدعون سمیعا بصیرا.

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک سفر میں تھے جب ہم بلندی پر چڑھتے تو باآواز بلند اللہ اکبر اللہ اکبر کہتے تو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو اپنی جانوں پر نرمی کرو تم کسی بہرے یا غائب سے دعا نہیں کرتے سمیع وبصیر سے دعا کرتے ہو۔ (مولف)

عرفہ کی دعا

جامع ترمذی میں ہے :

عن عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیر الدعا دعاء عرفۃ و خیر ما قلت انا و النبیون من قبلی لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک و لہ الحمد و ھو علی کل شی قدیر . قال الترمذی حدیث حسن غریب .

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہترین دعا عرفہ کی دعا ہے اور اس سے بہتر دعا وہ ہے جو میں نے اور مجھ سے پہلے کے

نبیوں نے فرمائی وہ یہ ہے لا الہ الا اللہ وحدہ الخ ۔ (مولف)

افضل دعا

ترمذی نسائی ابن ماجہ ابن حبان وحاکم جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم افضل الذکر لا اله الا الله و افضل الدعاء الحمد لله . حسنه الترمذی و صححه الحاکم .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا افضل ذکر لا الہ الا اللہ اور افضل دعا الحمد للہ ہے۔ (مولف)

افطار کی دعا

ابوداؤد وغیرہ بسند صحیح انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں

ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم جاء الی سعد بن عباد فجاء بخبز و زیت فاکل ثم قال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم افطر عندکم الصائمون و اکل طعامکم الابرار و صلت علیکم الملائکة .

حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سعد بن عباد کے یہاں تشریف لائے انھوں نے روٹی اور زیتون پیش کیا حضور نے تناول فرمانے کے بعد فرمایا تمھارے پاس روزہ داروں نے افطار کیا اور تمھارا کھانا نیکوں نے کھایا اور ملائکہ نے تم کو دعائے رحمت ومغفرت دی۔ (مولف)

و فی لفظ افطرنا مرة مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقربوا الیه زیتا فاکل واکلنا حتی فرغ قال اکل طعامکم الابرار وصلت علیکم الملائکة و افطر

عندکم الصائمون.

دوسری روایت میں یوں ہے کہ ہم نے ایک بار رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ افطار کیا تو زیتون پیش کیا گیا تناول کے بعد حضور نے فرمایا کہ تمھارا کھانا ابرار نے کھایا اور فرشتوں نے دعائے مغفرت کی اور روزہ داروں نے افطار کیا۔ (مولف)

طبرانی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا افطر قال بسم اللہ اللھم لک صمت و علی رزقک افطرت

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وقت افطار فرماتے بسم اللہ اللھم الخ (مولف)

دارقطنی کتاب الافراد میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا قرب الی احدکم طعامه و ھو صائم فلیقل بسم اللہ و الحمد للہ اللھم لک صمت و علی رزقک افطرت و علیک توکلت سبحانک و بحمدک تقبل منی انک انت السمیع العلیم.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کے سامنے کھانا (وقت افطار) پیش کیا جائے اور وہ روزہ دار ہو تو کہے بسم اللہ و الحمد للہ الخ. (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۶۵۷۔ العروس المعطار)

نماز کے بعد حضور کی دعا

ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ و احمد و دارمی و بزار و طبرانی و ابن السنی سب ثوبان رضی اللہ تعالیٰ

عنہ مولائے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں

قال کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا انصرف من صلاتہ استغفر ثلثا و قال اللھم انت السلام و منک السلام تبارکت یا ذا الجلال و الاکرام .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز سے انصراف فرماتے اور سلام پھیرتے تو تین بار استغفار فرماتے اور یہ دعا پڑھتے اللھم انت السلام الخ . (مولف)

بخاری و مسلم و ابوداؤد و نسائی و ابوبکر بن السنی و ابوالقاسم طبرانی مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ و بزار و طبرانی عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما و نیز بزار جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔

قال کتب معاویة الی مغیرة بن شعبة اخبرنی بشیء سمعته من رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا قضی الصلاة قال لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک و لہ الحمد و ھو علی کل شی قدیر اللھم لا مانع لما اعطیت و لا معطی لما منعت و لا ینفع ذا الجد منک الجد .

حضرت معاویہ نے مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھا کہ مجھے وہ چیز بتایئے جس کو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا ہے مغیرہ نے فرمایا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز مکمل فرمالیتے تو یہ دعا کہتے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الخ. (مولف)

توریت کی ایک دعا

سنن نسائی میں عطاء بن ابی مروان اپنے باپ سے راوی

ان کعبا حلف له بالله الذی فلق البحر لموسیٰ انا لنجد فی التوراة ان داؤد نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان اذا انصرف من صلاته قال اللهم اصلح لی دینی الذی جعلته لی عصمة و اصلح لی دنیای التی جعلت فیها معاشی اللهم انی اعوذ برضاک من سخطک و اعوذ یعنی بعفوک من نقمتک و اعوذ بک منک لا مانع لما اعطیت و لا معطی لما منعت و لا ینفع ذا الجد منک الجد.

قال وحدثنی کعب ان صهیبا حدثه ان محمدا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان یقولهن عند انصرافه من الصلاة .

بیشک کعب احبار نے خدا کی قسم کھائی جس نے موسیٰ علیہ السلام کے لیے دریا کو پھاڑ دیا کہ میں توریت میں پاتا ہوں کہ اللہ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام جب نماز سے پھرتے تو فرماتے اللهم اصلح لی دینی الذی جلعته لی عصمة الخ.

اور صہیب نے بیان کیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی نماز سے پھرنے کے بعد اس دعا کو کہتے تھے۔ (مولف)

سلام پھیرنے کے بعد کی دعا

صحیح مسلم میں براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے

قال کنا اذا صلینا خلف رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم احببنا ان نکون عن یمینه یقبل علینا بوجهه قال فسمعته یقول رب قنی عذابک یوم تبعث او تجمع عبادک .

ہم جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھتے تھے تو یہ پسند کرتے کہ ہم حضور کی

دابنی طرف ہوں تاکہ روئے مبارک ہماری طرف کریں اور ہم نے فرماتے ہوئے سنا ہے اے رب اپنے عذاب سے محفوظ رکھ جس دن تو اٹھائے گا یا یہ فرمایا کہ جس دن تو اپنے بندوں کو جمع فرمائے گا۔ (مولف)

سر پہ ہاتھ رکھ کر دعا

بزار و مسند و طبرانی معجم اوسط و ابن السنی کتاب عمل الیوم واللیلۃ و خطیب بغدادی تاریخ میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

كان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا صلی و فرغ من صلاته مسح بیمینه علی رأسه و قال بسم الله الذی لا اله الا هو الرحمن الرحیم اللهم اذهب عنی الهم و الحزن .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز سے فارغ ہوتے تھے تو دست راست سرانور پر پھیرتے اور یہ دعا پڑھتے بسم الله الذی الخ. (مولف)

دعا کے وقت ہاتھ اٹھانا

ابوبکر بن ابی شیبہ مصنف میں راوی :

عن الاسود العامری عن ابیه قال صلیت مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الفجر فلما سلم انصرف و رفع یدیه و دعا . الحدیث.

اسود عامری نے اپنے باپ سے روایت کر کے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز فجر پڑھی جب حضور نے سلام پھیرا تو انصراف قبلہ فرمایا اور دونوں ہاتھ کو اٹھا کر دعا فرمائی۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۸۳،۸۴،۸۵)

بلند آواز سے دعا

مسلم وغیرہ میں ہے۔

عن عبد الله بن الزبير رضى الله تعالىٰ عنهما كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذ سلم من صلاته قال بصوته الاعلىٰ لا اله الا الله وحده لا شريک له الملک و له الحمد و هو على كل شى قدير و لا حول و لا قوة الا بالله لا نعبد الا اياه و له النعمة و له الفضل و له الثناء الحسن لا اله الا الله مخلصين له الدين و لو كره الكافرون.

عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز کا سلام پھیرتے تو بلند آواز سے یہ دعا پڑھتے لا اله الا الله وحده الخ. (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۸۷)

دعا کے بعد چہرے پر ہاتھ پھیرنا

ترمذی وحاکم کی حدیث میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے :

كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا رفع يديه فى الدعاء لم يحطهما حتى يمسح بهما وجهه.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب دعا کے لیے ہاتھوں کو اٹھاتے تو چہرے پر پھیرنے سے پہلے نہیں جھکاتے تھے۔ (مولف)

حدیث حسن ابوداؤد، سائب بن یزید اپنے باپ سے راوی

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان اذا دعا فرفع یدیہ مسح وجھہ بیدیہ .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب دعا کے لیے ہاتھوں کو اٹھاتے تو ہاتھوں کو چہرۂ انور پر پھیرتے تھے۔ (مولف)

ہاتھوں کو روئے انور پر اس لیے پھیرتے تھے تاکہ حصول مراد وقبول دعا کی فال ہو اور چہرہ چوں کہ اشرف اعضا ہے اس کے ذریعہ سے خیر و برکت پورے بدن کو پہنچ جائے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۴۰۔ انہار الانوار)

چند ماثورہ دعائیں

احادیث میں جو دعائیں وارد ہوئی ہیں جنھیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حسب حال ومقام پڑھتے تھے ان میں سے بعض دعائیں یہ ہیں۔

منھا، اللھم ربنا لک الحمد حمدا کثیرا طیبا مبارکا فیہ کما تحب ربنا و ترضی ملٔ السموات و ملٔ الارض و ملٔ ما شئت من شیٔ بعد.

منھا، اللھم لک الحمد حمدا دائما مع دوامک و لک الحمد حمدا خالدا مع خلودک و لک الحمد حمدا لا منتھی لہ دون مشیتک و لک الحمد حمدا دائما لا یرید قائلہ الا رضاک و لک الحمد حمدا عند کل طرفۃ عین و تنفس کل نفس.

و منھا، اللھم لک الحمد کما ینبغی لجلال و جھک و عظیم سلطنک

و منھا، اللھم لک الحمد شکرا و لک المن فضلا.

و منھا، اللھم لک الحمد کما تقول و خیرا مما نقول .

و من احسنها ، اللهم لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک .

(فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۵۵۰۔از ہارالانوار)

اختتام مجلس پر دعا

ابوداؤدودارمی وابوبکر بن ابی شیبہ استاذ بخاری و مسلم حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

کان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا جلس مجلسا يقول فی آخره اذا اراد ان يقوم من المجلس سبحانک اللهم و بحمدک اشهد ان لا اله الا انت استغفرک و اتوب اليک .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کوئی جلسہ فرماتے تو اس کے ختم میں اٹھتے وقت یہ دعا کرتے (تیری پاکی بولتا اور تیری حمد میں مشغول ہوتا ہوں اے اللہ میں گواہی دیتا ہوں تیرے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں میں تیری مغفرت مانگتا اور تیری طرف توبہ کرتا ہوں)

اسی طرح رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں لفظ اراد ان ینهض ہے۔

یعنی جب اٹھنا چاہتے یہ دعا فرماتے۔

اور انھوں نے بعد الفاظ مذکورہ دعا میں اتنے لفظ اور زائد کیے۔

عملت سوءً و ظلمت نفسی فاغفرلی انه لا يغفر الذنوب الا انت .

میں نے برا کیا اور اپنی ہی جان کو آزار پہنچایا اب میری مغفرت فرمادے بیشک تیرے سوا کوئی گناہ معاف کرنے والا نہیں۔

حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دعا میں مثل حدیث ابو برزہ ہے اس میں بھی ارشاد ہوا۔

قال قبل ان یقوم من مجلسه .

کھڑے ہونے سے پہلے یہ دعا کرلے۔

حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عام ارشاد وہدایت قولی وفعلی فرماتے ہیں کہ آدمی کوئی جلسہ کرے اس سے اٹھتے وقت یہ دعا ضرور کرنی چاہیئے کہ اگر جلسہ خیر کا تھا تو وہ نیکی قیامت تک سر بمہر محفوظ رہے گی اور لغو کا تھا تو وہ لغو باذن اللہ محو ہو جائے گا۔

نسائی وابن ابی الدنیا وحاکم وبیہقی حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

اذا جلس احدکم فی مجلس فلا یبرحن منه حتی یقول ثلث مرات سبحانک اللهم ربنا و بحمدک لا اله الا انت اغفرلی و تب علی فان کان اتی خیرا کان کالطابع علیه و ان کان مجلس لغو کان کفارة لما کان فی ذلک المجلس.

جب تم میں کوئی کسی جلسے میں بیٹھے تو زنہار وہاں سے نہ ہٹے جب تک تین بار یہ دعا نہ کرلے (پاکی ہے تجھے اے رب ہمارے اور تیری تعریف بجالاتا ہوں تیرے سوا کوئی سچا معبود نہیں میرے گناہ بخش اور مجھے توبہ دے) کہ اگر اس جلسے میں اس نے کوئی نیک بات کہی ہے تو یہ دعا اس پر مہر ہو جائے گی اور اگر وہ جلسہ لغو کا تھا تو جو کچھ اس میں گزرا یہ دعا اس کا کفارہ ہو جائے گی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص۔۷۸۳، سرور العید)

سنن نسائی کی نوع من الذکر بعد التسلیم میں ہے۔

عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها قال ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان اذا جلس مجلسا او صلی تکلم بکلمات فسألته عن الکلمات فقال ان تکلم بخیر

کان طابعا علیھن الی یوم القیمة و ان تکلم بشر کان کفارة له سبحانک اللھم و بحمدک استغفرک و اتوب الیک .

یعنی ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی مجلس میں بیٹھتے یا نماز پڑھتے کچھ کلمات فرماتے، ام المومنین نے وہ کلمات پوچھے فرمایا وہ ایسے ہیں کہ اگر اس جلسہ میں کوئی نیک بات کہی ہے تو یہ قیامت تک اس پر مہر ہو جائیں گے اور بری کہی ہے تو کفارہ، (الٰہی میں تیری تسبیح وحمد بجالاتا اور تجھ سے استغفار و توبہ کرتا ہوں) (فتاویٰ رضویہ ج ۳،ص ۷۸۴)

شام و یمن کے لیے دعا

صحیح بخاری شریف میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے :

قال ذکر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال اللھم بارک لنا فی شامنا اللھم بارک لنا فی یمننا قالوا یا رسول الله و فی نجدنا قال اللھم بارک لنا فی شامنا اللھم بارک لنا فی یمننا قالوا یا رسول الله و فی نجدنا فاظنه قال فی الثالثة ھناک الزلازل و الفتن و بھا یطلع قرن الشیطان .

یعنی حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی الٰہی ہمارے لیے برکت دے ہمارے شام میں، الٰہی ہمارے لیے برکت رکھ ہمارے یمن میں صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ اور ہمارے نجد میں حضور نے دوبارہ وہی دعا کی الٰہی ہمارے لیے برکت کر ہمارے شام میں الٰہی ہمارے لیے برکت بخش ہمارے یمن میں، صحابہ نے پھر عرض کی یارسول اللہ اور ہمارے نجد میں، عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں میرے گمان میں تیسری دفعہ پر حضور نے نجد کی نسبت فرمایا وہاں زلزلے اور فتنے ہیں اور وہیں سے نکلے گی سنگت شیطان کی۔

(اس خبر صادق مخبر صادق صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مطابق عبدالوہاب نجدی کے پسر واتباع نے تیرہویں صدی میں حرمین طیبین پر خروج کیا اور نا کردنی کاموں، نا گفتنی باتوں سے کوئی دقیقہ زلزلہ وفتنہ کا اٹھا نہ رکھا۔) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۲۸۵۔ انتھی الاکید)

اشعار

نبوی دعاؤں سے متعلق امام احمد رضا بریلوی یہ ارشاد فرماتے ہیں :

جلو میں اجابت خواصی میں رحمت
بڑھی کس تزک سے دعائے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اجابت نے جھک کر گلے سے لگایا
بڑھی ناز سے جب دعائے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اجابت کا سہرا عنایت کا جوڑا
دلھن بن کے نکلی دعائے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

•

عمر بھر تو یاد رکھا
وقت پر کیا بھولنا ہو

وقت پیدائش نہ بھولے
کیف ینسی کیوں قضا ہو

وہ ہو جس کے رد کی خاطر
رات دن وقف دعا ہو

•

وہ دعا جس کا جوبن بہار قبول
اس نسیم اجابت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعالمین

سیرتِ مصطفیٰ جانِ رحمت

صلی اللہ علیہ والہ وسلم

جلد ۳



افادات

شیخ الاسلام والمسلمین

امام احمد رضا خاں محدث بریلوی

رحمۃ اللہ علیہ

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ

تصانیفِ اعلیٰ حضرت سے ماخوذ سیرت الرسول ﷺ کا

عظیم علمی و تحقیقی مجموعہ

سیرتِ مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت

افادات

شیخ الاسلام والمسلمین

امام احمد رضا خاں محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

جمع و ترتیب

محمد علی قادری رضوی

جلد سوئم

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر نزد مسلم ماڈل ہائی سکول ۴۰ اردو بازار لاہور
فون: 042-7246006

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

سیرتِ مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت

جلد 3

افادات	شیخ الاسلام والمسلمین امام احمد رضا خاں محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
جمع و ترتیب	محمد علی قادری رضوی
ناشر	ملک شبیر حسین
سن اشاعت	مئی 2007ء / ربیع الثانی 1428ھ
طابع	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
سرورق	فیضی گرافکس دربار مارکیٹ لاہور
قیمت	1600 روپے مکمل سیٹ

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

فہرست مضامین

مشمولات

● اخلاق نبوت ● اسماء نبوی ● ازواج واہل بیت ● معجزات نبوی

● معراج النبی ● علوم غیبیہ ● نور محمدی ● سیادت مطلقہ ● خاتمیت محمدی

● حیات النبی ● شان محبوبیت ● انفرادی خصوصیات ● اول وآخر ظاہر و باطن

فہرست مضامین

جلد سوم

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

اولادکرام 201

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات
■ **نور محمدی ﷺ**	545

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

■ اول وآخر، ظاہر و باطن 897

اخلاق نبوت

تیرے خلق کو حق نے عظیم کہا، تیری خلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا، تیرے خالق حسن و ادا کی قسم

وانک لعلی خلق عظیم
اور بے شک تمھاری خو بو بڑی شان کی ہے

(القلم/۴)

اخلاق نبوت

یہ اعتقادرکھنالازم ہے کہ تمام انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والسلام کی صورت وسیرت میں مکارم اخلاق ومحامد صفات اور ہر قسم کے کمالات وفضائل اور محاسن موجود ہوتے ہیں۔اور انھیں تمام بنی نوع انسان اور افراد بشری پر فوقیت اور ترجیح حاصل ہوتی ہے۔رتبوں میں ان کا رتبہ سب سے بڑا اور درجوں میں ان کا درجہ سب سے بڑا ہوتا ہے۔اوران حضرات قدس کا درجہ اور مقام کتنا بلند وبالا جن کو حق سبحانہ وتعالیٰ نے برگزیدگی میں منتخب فرمایا اور درجہ اجتبا واصطفا سے سرفراز فرما کر اپنی کتاب میں ان کی فضیلت اور مدح وثنا بیان فرمائی۔صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہم اجمعین۔

شفائے قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ میں مذکور ہے کہ تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے اخلاق کریمہ سب کے سب فطری،جبلی اور پیدائشی ہیں نہ کہ اکتسابی اور اعمال سے حاصل کردہ ہیں بلکہ اول خلقت اور اصل فطرت میں بغیر اکتساب وریاضت کی محنت اٹھائے حاصل ہیں اور وہ سب وجود الٰہی کے اجتباء اور اس کے نامتناہی فضل کے فیض سے ہیں۔

حضور اکرم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات بابرکات،عالی صفات،منبع البرکات اپنے تمام اخلاق وخصائل،صفات جلال وجمال میں اس قدر اعلیٰ واشرف،اتم واکمل،احسن واجمل اور خوب روشن واقویٰ ہیں جو حد عدد اور حیطۂ ضبط وحصر سے باہر ہیں اور کمالات میں جو کچھ خزانۂ قدرت اور مرتبۂ امکان میں متصور ہے وہ تمام آپ کو حاصل ہیں اور تمام انبیاء ومرسلین آپ کے آفتاب کمال کے چاند اور انوار جمال کے مظاہر ہیں۔امام بوصیری علیہ الرحمۃ نے کیا خوب کہا۔

و کل آی أتی الرسل و الکرام بھا
فـإنـمـا اتـصـلـت من نوره بھم

فان شمس فضلهم کواکبها
یظهرن انوارها للناس فی الظلم

و کلهم من رسول اللہ ملتمس
غرفا من الیم او رشفا من الدیم

یعنی تمام انبیاء ومرسلین جونشانی بھی لے کر تشریف لائے وہ سب آپ ہی کے انوار و جمال وجلال کا پرتو ہیں۔ بلاشبہ آپ ہی فضل کے آفتاب ہیں اور وہ سب آپ کے ستارے ہیں۔ جن کے انوار تاریکی میں لوگوں کے لیے مشعل نور ہیں وہ تمام رسول اللہ کے خوشہ چیں ہیں۔ اور آپ کے دریائے فضل کا ایک گھونٹ اور سمندر کا ایک قطرہ ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وبارک وسلم۔

اللہ تعالیٰ حضور کی ذات کریم میں مکارم اخلاق، محامد صفات اور ان کی کثرت وقوت اور عظمت جمع ہونے کے لحاظ سے قرآن کریم میں مدح وثنا فرمائی۔ ارشاد ہے **إنک لعلی خلق عظیم** بلاشبہ آپ بڑے ہی صاحب اخلاق ہیں۔ اور فرمایا **کان فضل اللہ علیک عظیما** آپ پر اللہ کا بہت بڑا فضل ہے۔

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا **اکمل محاسن الأفعال** یعنی مجھے مکارم اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا۔ اور ایک روایت میں ہے **بعثت لأتمم مکارم الأخلاق** یعنی میں اچھے کاموں کو مکمل کرنے کے لیے بھیجا گیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ آپ کی ذات شریف میں تمام محاسن و مکارم اخلاق جمع تھے۔

بعض علماء فرماتے ہیں کہ جس طرح قرآن کے معنی غیر متناہی ہیں اسی طرح حضور انور صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کے انوار و آثار اور اخلاق و اوصاف جمیلہ غیر متناہی ہیں۔ اور آپ کے مکارم اخلاق اور محاسن جمیلہ ہر آن اور ہر حال میں تازہ بہ تازہ، نو بہ نو ہوتے ہیں۔ اور جو کچھ اللہ تعالیٰ آپ پر علوم و معارف کا افاضہ فرماتا ہے اسے بجز خدا کے کوئی نہیں جان سکتا۔ لہٰذا آپ کے اوصاف کے جزئیات کے احاطہ کی طرف درپے ہونا ایسا ہی ہے جیسے کسی ایسی چیز کی طرف جو انسان کے مقدور میں نہ ہو اور نہ وہ ممکنات عادیہ میں سے ہو۔

حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم محاسن اخلاق کے تمام گوشوں کے جامع تھے یعنی حلم وعفو، رحم و کرم، عدل وانصاف، جود وسخا، ایثار و قربانی، مہمان نوازی، عدم تشدد، شجاعت، ایفائے عہد، حسن معاملہ، صبر وقناعت، نرم گفتاری، خوشروئی، ملنساری، مساوات وغم خواری، سادگی و بے تکلفی، تواضع وانکساری، حیاداری کی اتنی بلند منزلوں پر آپ فائز و سرفراز ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایک جملے میں اس کی صحیح تصویر کھینچتے ہوئے ارشاد فرمایا **کان خلقه القرآن**۔

یعنی تعلیمات قرآن پر پورا پورا عمل یہی آپ کے اخلاق تھے۔ (مولف)

تواضع

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان تواضع بھی سارے عالم سے نرالی تھی، اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ اختیار عطا فرمایا کہ اے حبیب اگر آپ چاہیں تو شاہانہ زندگی بسر فرمائیں اور اگر آپ چاہیں تو ایک بندے کی زندگی گزاریں تو آپ نے بندہ بن کر زندگی گزارنے کو پسند فرمایا۔ حضرت اسرافیل علیہ الصلاۃ والسلام نے آپ کی یہ تواضع دیکھ کر فرمایا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ کی اس تواضع کے سبب سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ جلیل القدر مرتبہ عطا فرمایا ہے کہ آپ تمام اولاد آدم میں سب سے زیادہ بزرگ اور بلند مرتبہ ہیں اور قیامت کے دن سب سے پہلے آپ اپنی قبر انور سے اٹھائے جائیں گے اور میدان حشر میں سب سے پہلے آپ شفاعت فرمائیں گے۔

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے عصائے مبارک پر ٹیک لگاتے ہوئے کاشانۂ نبوت سے باہر تشریف لائے تو ہم سب صحابہ تعظیم کے لیے کھڑے ہوگئے، یہ دیکھ کر تواضع کے طور پر ارشاد فرمایا کہ تم لوگ اس طرح نہ کھڑے رہا کرو جس طرح عجمی لوگ ایک دوسرے کی تعظیم کے لیے کھڑے رہا کرتے ہیں میں تو ایک بندہ ہوں، بندوں کی طرح کھاتا ہوں اور بندوں کی طرح بیٹھتا ہوں۔

حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ حضور تاجدار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی کبھی اپنے پیچھے سواری پر اپنے کسی خادم کو بھی بٹھالیا کرتے تھے۔ ترمذی شریف کی روایت ہے کہ جنگ قریظہ کے دن آپ کی سواری کے جانور کی لگام چھال کی رسی سے بنی ہوئی تھی۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غلاموں کی دعوت کو بھی قبول فرماتے تھے جو کی روٹی اور پرانی چربی کھانے کی دعوت دی جاتی تھی تو آپ اس دعوت کو قبول فرماتے تھے۔ مسکینوں کی بیمار پرسی فرماتے، فقراء کے ساتھ ہم نشینی فرماتے اور اپنے صحابہ کے درمیان مل جل کر نشست فرماتے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے گھریلو کام خود اپنے دست مبارک سے کرلیا کرتے تھے، اپنے خادموں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا تناول فرماتے تھے اور گھر کے کاموں میں آپ اپنے خادموں کی مدد فرمایا کرتے تھے۔

ایک شخص دربار رسالت میں حاضر ہوا تو جلالت نبوت کی ہیبت سے ایک دم خائف ہوکر لرزہ براندام ہوگیا اور کانپنے لگا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم بالکل مت ڈرو، میں نہ کوئی بادشاہ ہوں، نہ کوئی جبار حاکم، میں تو قریش کی ایک عورت کا بیٹا ہوں جو خشک گوشت کی بوٹیاں کھایا کرتی تھیں۔

فتح مکہ کے دن جب فاتحانہ شان کے ساتھ آپ اپنے لشکروں کے ہجوم میں شہر کے اندر داخل ہونے لگے تو اس وقت آپ پر تواضع اور انکساری کی ایسی تجلی نمودار تھی کہ آپ اونٹنی کی پیٹھ پر اس طرح سر جھکائے ہوئے بیٹھے تھے کہ آپ کا سر مبارک کجاوہ کے اگلے حصہ سے لگا ہوا تھا۔

اسی طرح جب حجۃ الوداع میں آپ ایک لاکھ شمع نبوت کے پروانوں کے ساتھ اپنی مقدس زندگی کے آخری حج میں تشریف لے گئے تو آپ کی اونٹنی پر ایک پرانا پالان تھا اور آپ کے جسم انور پر ایک چادر تھی جس کی قیمت چار درہم سے زیادہ نہ تھی، اسی اونٹنی کی پشت پر اور اسی لباس میں آپ نے خداوند ذوالجلال کے نائب اکرم اور تاجدار دو عالم ہونے کی حیثیت سے اپنا شہنشاہی خطبہ پڑھا جس کو ایک لاکھ سے زائد فرزندان توحید ہمہ تن گوش بن کر سن رہے تھے۔

حسن معاشرت

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ازواج مطہرات، اپنے احباب، اپنے اصحاب، اپنے رشتہ داروں، اپنے پڑوسیوں ہر ایک کے ساتھ اتنی خوش اخلاقی اور ملنساری کا برتاؤ فرماتے تھے کہ ان میں سے ہر ایک آپ کے اخلاق حسنہ کا گرویدہ اور مداح تھا۔

خادم خاص حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے دس برس تک سفر و وطن میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت کا شرف حاصل کیا مگر کبھی بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ مجھے ڈانٹا، نہ جھڑکا اور نہ کبھی یہ فرمایا کہ تو نے فلاں کام کیوں کیا اور فلاں کام کیوں نہیں کیا؟

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ کوئی خوش اخلاق نہیں تھا آپ کے اصحاب یا آپ کے گھر والوں میں سے جو کوئی بھی آپ کو پکارتا تو آپ لبیک (حاضر جناب) کہہ کر جواب دیتے۔

حضرت جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں جب سے مسلمان ہوا کبھی بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے پاس آنے سے نہیں روکا اور جس وقت بھی مجھے دیکھتے تو مسکرا دیتے، اور آپ اپنے اصحاب سے خوش طبعی بھی فرماتے اور سب کے ساتھ مل جل کر رہتے اور ہر ایک سے گفتگو فرماتے اور صحابہ کرام کے بچوں سے بھی خوش طبعی فرماتے اور ان بچوں کو اپنی مقدس گود میں بٹھا لیتے، اور آزاد نیز لونڈی غلام اور مسکین سب کی دعوتیں قبول فرماتے اور مدینہ کے انتہائی حصہ میں رہنے والے مریضوں کی بیمار پرسی کے لیے تشریف لے جاتے۔ اور عذر پیش کرنے والوں کے عذر قبول فرماتے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ اگر کوئی شخص حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کان میں کوئی سرگوشی کی بات کرتا تو آپ اس وقت تک اپنا سر اس کے منہ سے الگ نہ فرماتے جب تک وہ کان میں کچھ کہتا رہتا۔ اور آپ اپنے اصحاب کی مجلس میں کبھی پاؤں پھیلا کر نہیں بیٹھتے تھے۔ اور جو آپ کے سامنے آتا آپ سلام کرنے میں پہل کرتے اور ملاقاتیوں سے مصافحہ فرماتے اور اکثر اوقات اپنے پاس آنے والے ملاقاتیوں کے لیے آپ اپنی چادر مبارک بچھا دیتے اور اپنی مسند بھی پیش کر دیتے اور اپنے اصحاب کو ان کی کنیتوں اور اچھے ناموں سے پکارتے۔ کبھی کسی بات کرنے والے کی بات کو کاٹتے نہیں تھے۔ ہر شخص سے خوشروئی کے ساتھ مسکرا کر ملاقات فرماتے، مدینہ کے خدام اور نوکر چاکر برتنوں میں صبح کو پانی لے کر آتے تا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے برتنوں میں اپنا مقدس ہاتھ ڈبو دیں اور پانی متبرک ہو جائے تو سخت جاڑے کے موسم میں بھی صبح کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر ایک کے برتن میں اپنا مقدس ہاتھ ڈال دیا کرتے تھے اور جاڑے کی سردی کے باوجود کسی کو محروم نہیں فرماتے تھے۔

زاہدانہ زندگی

آپ شہنشاہ کونین اور تاجدار دو عالم ہوتے ہوئے ایسی زاہدانہ اور سادہ زندگی بسر فرماتے تھے کہ

تاریخ عالم میں اس کی مثال نہیں مل سکتی۔ خوراک و پوشاک، مکان و سامان، رہن سہن غرض حیات مبارکہ کے ہر گوشہ میں آپ کا زہد اور دنیا سے بے رغبتی کا عالم اس درجہ نمایاں تھا کہ جس کو دیکھ کر یہی کہا جا سکتا ہے کہ دنیا کی نعمتیں اور لذتیں آپ کی نگاہ نبوت میں ایک مچھر کے پر سے بھی زیادہ ذلیل وحقیر ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مقدس زندگی میں کبھی تین دن لگاتار ایسے نہیں گزرے کہ آپ نے شکم سیر ہو کر روٹی کھائی ہو۔ ایک ایک مہینہ تک کاشانۂ نبوت میں چولہا نہیں جلتا تھا اور کھجور و پانی کے سوا آپ کے گھر والوں کی کوئی دوسری خوراک نہیں ہوا کرتی تھی۔

حالاں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے فرمایا کہ اے حبیب اگر آپ چاہیں تو میں مکہ کی پہاڑیوں کو سونا بنادوں، اور وہ آپ کے ساتھ چلتی رہیں اور آپ ان کو جس طرح چاہیں خرچ کرتے رہیں مگر آپ نے اس کو پسند نہیں کیا اور بارگاہ خداوندی میں عرض کی اے میرے رب مجھے یہی زیادہ محبوب ہے کہ میں ایک دن بھوکا رہوں اور ایک دن کھانا کھاؤں تاکہ بھوک کے دن خوب گڑگڑا کر تجھ سے دعائیں مانگوں اور آسودگی کے دن تیری حمد کروں اور تیرا شکر بجالاؤں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بتایا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس بستر پر سوتے تھے وہ چمڑے کا گدا تھا جس میں روئی کی جگہ درختوں کی چھال بھری ہوئی تھی۔

حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ میری باری کے دن حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک موٹے ٹاٹ پر سویا کرتے تھے جس کو میں دو تہہ کر کے بچھا دیا کرتی تھی۔ ایک مرتبہ میں نے اس ٹاٹ کو چار تہہ کر کے بچھا دیا تو صبح کو آپ نے ارشاد فرمایا کہ پہلے کی طرح تم اس ٹاٹ کو دہرا کر کے بچھا دیا کرو کیوں کہ مجھے اندیشہ ہے کہ اس بستر کی نرمی سے کہیں مجھ پر گہری نیند کا حملہ ہو جائے تو میری نماز تہجد میں خلل

پیدا ہو جائے گا۔

جود و سخا

سخاوت نام ہے بہ آسانی خرچ کرنے اور جو چیز اچھی نہ ہو اس کے حاصل کرنے سے پرہیز کرنے کا، اور یہی جود کے معنی ہیں۔ اس کی ضد ''تقتیر'' ہے جس کے معنی خرچ میں تنگی کرنے کے ہیں۔ صراح میں ہے کہ تقتیر عیال پر خرچ کی تنگی کو کہتے ہیں۔

قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام ایسے اخلاق وصفات جن سے سب واقف ہوتے تھے اس میں کسی کے ساتھ ہمسری وبرابری نہیں کی جاتی تھی۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان سخاوت محتاج بیان نہیں۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام انسانوں سے زیادہ بڑھ کر سخی تھے۔ خصوصاً ماہ رمضان میں آپ کی سخاوت اس قدر بڑھ جاتی تھی کہ برسنے والی بدلیوں کو اٹھانے والی ہواؤں سے بھی زیادہ آپ سخی ہو جاتے تھے۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی سائل کے جواب میں خواہ وہ کتنی ہی بڑی چیز کا سوال کیوں نہ کرے آپ نے لا (نہیں) کا لفظ نہیں فرمایا۔

یہی وہ مضمون ہے جس کو فرزدق شاعر تابعی (متوفی ۱۱۰ھ) نے کیا خوب کہا ہے کہ ؎

مـا قـال لا قـط إلا فـي تشهـده

لـولا التشهـد كـانـت لاءه نـعـم

یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی سائل کے جواب میں لا (نہیں) کا لفظ نہیں فرمایا بلکہ

ہمیشہ نعم (ہاں) ہی کہا۔ مگر کلمہ شہادت میں لا کا لفظ ضرور آپ کی زبان مبارک پر آتا تھا اور اگر کلمہ شہادت میں لا کہنے کی ضرورت نہ ہوتی تو اس میں بھی لا کی جگہ آپ نعم ہی فرماتے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سخاوت کسی سائل ہی کے سوال پر محدود و منحصر نہیں تھی بلکہ بغیر مانگے ہوئے بھی آپ نے لوگوں کو اس قدر زیادہ مال عطا فرمایا کہ عالم سخاوت میں اس کی مثال نادر و نایاب ہے۔

آپ کے بہت بڑے دشمن امیہ بن خلف کافر کا بیٹا صفوان بن امیہ جب مقام ''جعرانہ'' میں حاضر دربار ہوا تو آپ نے اس کو اتنی کثیر تعداد میں اونٹوں اور بکریوں کا ریوڑ عطا فرمادیا کہ دو پہاڑیوں کے درمیان کا میدان بھر گیا۔ چنانچہ مکہ مکرمہ جا کر چلا چلا کر اپنی قوم سے کہنے لگا کہ اے لوگو! دامن اسلام میں آجاؤ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اس قدر زیادہ مال عطا فرماتے ہیں کہ فقیری کا کوئی اندیشہ ہی باقی نہیں رہتا، اس کے بعد صفوان خود بھی مسلمان ہو گئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بخاری و مسلم میں سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لوگوں میں سب سے زیادہ حسین، بہادر اور اجود تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کی ذات اشرف نفوس، اور آپ کا مزاج سب سے زیادہ معتدل المزاج تھا اور جو ان خوبیوں سے متصف ہو اس کا فعل، احسن افعال، اس کی صورت، املح اشکال اور اس کا خلق، احسن اخلاق ہوگا۔ اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جملہ جسمانی و روحانی کمالات کے جامع اور خوب صورتی و خوب سیرتی پر حاوی تھے۔ اور سب سے زیادہ کریم، سب سے بڑھ کر سخی اور سب سے بڑھ کر جود والے تھے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

نیز یہ جو آیا ہے کہ، ہر کوئی جو مانگتا اسے مل جاتا، تو اس سے جود و سخا کا اثبات ہے اور اس کا یہ مطلب ہے کہ سائل کے لائق جو چیز ہوتی اس کی لیاقت کے مطابق عطا فرماتے تھے، اور بسا اوقات ایسا بھی

ہوتا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سائل کی مصلحت کی خاطر نہ دینے میں مصلحت وقت ملاحظہ فرماتے تھے، مثلاً عمل اور حکومت وغیرہ کو مانگنے کے باوجود نہ عطا فرمائی تا کہ مسلمانوں کے معاملات کے انتظام اور اس شخص کے حال کی درستگی میں کوئی خلل واقع نہ ہو جائے۔ اور کبھی مخالفت اس غرض سے ہوتی کہ وہ شخص طمع سوال اور حرص کی ذلیل عادتوں میں مبتلا نہ ہو جائے۔

جس طرح کہ حکیم بن حزام کا معاملہ ہے باوجودیکہ وہ مقبول بارگاہ اور ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بہن کے صاحبزادے تھے، انھوں نے کوئی چیز مانگی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عطا نہ فرمائی اور فرمایا میں خود بھی دے سکتا ہوں لیکن ایک قسم کی کدورت اور کراہیت اس کے ہمراہ ہوگی۔ اور انھیں نصیحت فرمائی کہ جہاں تک ہو سکے کسی شخص سے سوال نہ کرنا۔

بیان کرتے ہیں کہ اس کے بعد حکیم بن حزام کا یہ حال ہو گیا کہ اگر کوڑا زمین پر گر جاتا تو کسی سے نہ کہتے کہ اسے اٹھا کر دے دو۔

اسی طرح حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کسی عمل کی خواہش کی، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوذر! تم ضعیف و ناتواں ہو عمل کی خواہش نہ کرو۔ اور کبھی سے کسی چیز کا سوال نہ کرو۔ یہاں تک کہ اگر تمھارا کوڑا زمین پر گر جائے تو اسے بھی کسی سے نہ اٹھواؤ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اکابر صحابہ اور ان میں بہت بڑے زاہد تھے اور ان کا مذہب یہ تھا کہ مال جمع کرنا اور ذخیرہ اندوزی کرنا حرام ہے اگرچہ ادائے زکوۃ کے بعد ہی کیوں نہ ہو۔

خلاصہ کلام یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سائل کو رد نہ فرماتے اگر کوئی چیز نہ ہوتی تو فرماتے ہمارے نام پر قرض لے لو جب ہمارے پاس کچھ آ جائے گا تو ادا کر دیں گے۔ ایک مرتبہ ایک سائل آیا فرمایا میرے پاس تو کچھ نہیں ہے تم جاؤ قرض لے لو۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول

اللہ! اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس چیز کا مکلف نہیں بنایا جو آپ کی مقدرت میں نہ ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ بات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ناگوار معلوم ہوئی۔ پھر ایک انصاری نے عرض کی یا رسول اللہ خوب داد و دہش فرمایئے اور مالک عرش سے کمی کا خوف نہ کھایئے، تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تبسم فرمایا اور آپ کے چہرۂ انور پر بشاشت و تازگی اور خوش حالی نمودار ہوگئی اور فرمایا مجھے یہی حکم دیا گیا ہے۔

ترمذی روایت کرتے ہیں کہ آپ کی خدمت میں نوے ہزار درہم لائے گئے آپ نے انھیں چٹائی پر رکھ کر تقسیم کرنا شروع کر دیا اور کسی سائل کو محروم نہ رکھا یہاں تک کہ سب تقسیم فرما دیئے۔

صحیح بخاری میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ''بحرین'' سے کچھ مال لایا گیا آپ نے فرمایا اسے مسجد میں پھیلا دو؛ پھر آپ مسجد سے باہر تشریف لائے اور اس مال کی طرف نظر تک نہ ڈالی اور جب واپس تشریف لائے تو نماز سے فارغ ہو کر مال کے نزدیک تشریف فرما ہوئے اور ہر کسی کو وہ مال عطا ہوا۔ پھر جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اٹھے تو ایک درہم بھی باقی نہ رہا تھا۔

ابن ابی شیبہ کی روایت میں ہے کہ ایک لاکھ درہم تھے جسے علاء بن حضرمی نے بحرین کے خراج سے بھیجا تھا اور یہ پہلا مال تھا جو حضور کی خدمت میں لایا گیا تھا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جود و سخا کے اثر کا ظہور اور ابواب کرم و بخشش کا فتوح حنین کے دن حد و شمار اور حصر و قیاس سے زیادہ تھا کیوں کہ اس دن ہر عربی کو سو سو اونٹ اور ہزار ہزار بکریاں ملی تھیں۔ اس دن کی بیشتر عطا تالیف قلب کے لیے تھی تا کہ ضعیف الایمان اشخاص دنیاوی امداد کے ذریعہ دین میں ثابت قدم ہو جائیں۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جود و سخا، حد و شمار اور اندازہ و قیاس سے باہر تھا اور جو کچھ موجود

تھا اسی پر آپ کا جود وسخا منحصر نہ تھا لاکھ درلاکھ گنا بھی ہوتا تو بھی ان کا یہی حال ہوتا۔

حقیقت جود وسخا اور کرم وعطا کے متحقق ہونے کے لیے بالفعل صفت کا ہونا شرط نہیں ہے یہ صفت ذاتی، طبعی اور پیدائشی ہے اور اس کے اثر کا ظہور اور ہے جو کچھ ہاتھ میں آتا عطا فرما دیتے اور اس شان سے عطا کرتے کہ فقر اور مال نہ رہنے کا خوف کرتے اور نہ اندیشہ رکھتے۔

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی ضرورت مند محتاج کو ملاحظہ فرماتے تو اپنا کھانا پینا تک اٹھا کر عنایت فرما دیتے حالاں کہ اس کی آپ کو بھی ضرورت ہوتی۔ آپ عطا وتصدق میں تنوع فرمایا کرتے، کسی کو ہبہ فرماتے، کسی کو حق دیتے، کسی کو بارِ قرض سے چھڑاتے، کسی کو صدقہ دیتے، کسی کو ہدیہ فرماتے، اور کبھی کپڑا خریدتے اور اس کی قیمت ادا کر کے اس کپڑے والے کو وہی کپڑا بخش دیتے اور کبھی قرض لیتے اور مبلغ سے زیادہ عطا فرماتے اور کبھی کپڑا خرید کر اس کی قیمت سے زیادہ رقم عنایت فرما دیتے اور کبھی ہدیہ قبول فرماتے اور اس سے کئی گنا انعام عطا فرما دیتے۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنی آدم میں علی الاطلاق سب سے زیادہ صاحب جود وسخا تھے آپ کے جود وسخا کی مختلف قسمیں تھیں یہ خواہ علم ومال کی عطا میں ہو یا بندوں کی ہدایت کے لیے دین حق کے اظہار میں ذاتی جہد وکوشش میں ہو۔

عدل

عدل کے معنی خواہ عدالت وانصاف اور دادگستری کے لیے جائیں یا اخلاق وصفات میں اعتدال و توسط لیے جائیں، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات گرامی میں دونوں معنی تھے اور دونوں ہی متصوّر ہیں۔

خدا کے مقدس رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام جہان میں سب سے زیادہ امین، سب سے بڑھ کر عادل اور پاک دامن وراست باز تھے۔ یہ وہ روشن حقیقت ہے کہ آپ کے بڑے بڑے دشمنوں نے بھی اس

کا اعتراف کیا، چنانچہ اعلان نبوت سے پہلے اہل مکہ آپ کو ''صادق الوعد'' اور ''امین'' کے معزز لقب سے یاد کرتے تھے۔ حضرت ربیع بن خثیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ مکہ والوں کا اس بات پر اتفاق تھا کہ آپ اعلیٰ درجہ کے امین اور عادل ہیں۔ اسی لیے اعلان نبوت سے پہلے اہل مکہ اپنے مقدمات اور جھگڑوں کا آپ سے فیصلہ کرایا کرتے تھے اور آپ کے تمام فیصلوں کو انتہائی احترام کے ساتھ بلا چون و چرا تسلیم کر لیتے تھے اور کہا کرتے تھے کہ یہ امین کا فیصلہ ہے۔

ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مال غنیمت تقسیم فرما رہے تھے تو ذوالخویصرہ تمیمی نے کہا عدل فرمایئے، اور ایک روایت میں ہے کہ اس نے کہا جو تقسیم فرما رہے ہیں مبنی بر انصاف نہیں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا افسوس ہے تجھ پر اگر میں عدل نہیں کروں گا تو دوسرا کون کرے گا۔

ابو العباس مبرد جو علم نحو کا امام ہے نے کہا کہ کسریٰ شاہ فارس نے اپنے دنوں کی تقسیم کر رکھی ہے۔

ہوا کا دن سونے کے لیے۔

ابر آلود کا دن شکار کے لیے۔

اور بارش والا دن شراب پینے کے لیے موزوں ہے۔

اور روز آفتاب یعنی کھلا دن لوگوں کی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے اچھا ہے۔

بیان کرتے ہیں کہ کسریٰ لوگوں کی سیاسی سوجھ بوجھ میں عقلمند نہ تھا تو وہ اپنے دین میں کہاں ہوگا۔

لیکن ہمارے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے دن کو تین جز پر تقسیم کر رکھا تھا۔

دن کا ایک حصہ خدا کی عبادت کے لیے۔

اور ایک حصہ اہل و عیال کے لیے۔

اور ایک حصہ خاص اپنے لیے۔

پھر اس تیسرے حصہ کو بھی اپنے لیے اور لوگوں کی حاجتیں پوری فرمانے کے لیے تقسیم کر دیا تھا۔

ابو جعفر طبری سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے نقل کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے دو مرتبہ کے سوا کبھی بھی جاہلیت کے اعمال کا قصد نہ کیا اور ان دو مرتبہ میں بھی ہر بار اللہ تعالیٰ میرے اور میرے ارادہ کے درمیان حائل ہو گیا پھر میں نے کبھی ایسا قصد نہ کیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اپنی رسالت سے سرفراز فرمایا۔

ایک مرتبہ تو ایسا ہوا کہ میں نے ایک رات اپنے اس ساتھی سے کہا جو میرے ساتھ بکریاں چرایا کرتا تھا کہ تم میری بکریوں کا خیال رکھنا، میں مکہ مکرمہ ہو آؤں اور افسانے کہوں اور سنوں جس طرح نوجوان کہتے اور سنتے ہیں۔ میں وہاں سے چلا اور مکہ مکرمہ کی ایک سرائے میں آیا وہاں لوگ نشانہ بازی کر رہے تھے اور دف و مزامیر بجا رہے تھے، اس دن کسی کے گھر میں شادی تھی میں بیٹھ گیا تا کہ اسے سنوں لیکن اللہ تعالیٰ نے مجھے سلا دیا اور مجھے اس وقت بیدار کیا جب کہ آفتاب کی گرمی پھیل چکی تھی میں لوٹ آیا۔ دوسری مرتبہ بھی ایسا ہی واقعہ پیش آیا، پھر میں نے کبھی بھی اس برائی کا قصد نہ کیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

وقار و دبدبہ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات مبارک میں حلم و وقار اور آپ کے حرکات و سکنات میں بردباری و آہستگی ایسی تھی جو کسی دوسرے میں ممکن نہیں۔ حدیث پاک میں مروی ہے کہ آپ مجلس مبارک میں سب لوگوں سے بڑھ کر باوقار تھے۔ اور آپ کے جسم و اعضا کا کوئی عضو باہر نہ نکلتا تھا جس طرح عام طور پر کوئی ہاتھوں کو گھماتا ہے کوئی پاؤں پھیلاتا ہے وغیرہ۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہت زیادہ خاموش پسند تھے اور ضرورت کے وقت ہی کلام فرمایا

کرتے تھے اور جو کوئی غیر جمیل یعنی بغیر حسن وخوبی کے بات کرتا آپ اس سے رخ پھیر لیا کرتے، آپ کا کلام قول فیصل ہوتا اظہار مطلب میں الفاظ نہ زیادہ ہوتے نہ کم۔

ابن ابی ہالہ کی حدیث میں ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خاموش پسندی کا سبب چار چیزیں تھیں۔ حلم، حذر یعنی خشیت الٰہی، تقدیر، اور تفکر یعنی غور وخوض۔ آپ کا ہنسا مسکرانے کی حد تک تھا اور آپ کے حضور میں صحابہ کا ہنسنا بھی آپ کی پیروی اور اتباع ہی میں تھا۔ آپ کی مجلس مبارک، حلم وحیا اور خیر و امانت کی مجلس تھی جس میں آوازیں بلند واونچی نہ ہوتیں، بری باتوں سے اجتناب کیا جاتا تھا۔ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کلام فرماتے تو تمام صحابہ اپنے سروں کو جھکا لیتے گویا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں۔ اگر سر اٹھایا تو وہ اڑ جائیں گے۔ صاحب الشفاء نے صحابہ کرام کی اس حالت کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کلام فرمانے کی حالت کے ساتھ مخصوص ومقید کیا ہے۔ حالاں کہ دیگر کتابوں میں مطلقاً آیا ہے کہ مجلس نبوی کی حاضری میں صحابہ کرام کی ہمہ وقت یہی حالت رہتی تھی۔

ایک حدیث میں ہے کہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مجلس میں منہ میں سنگ ریزہ رکھ کر بیٹھا کرتے تھے تاکہ سانس نہ گھٹے اور بات نہ کر سکیں، یہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جمال پر محبت کی لڑی میں پرو کر نظر جمائے رکھتے تھے۔

آپ کی نشست وبرخاست، رفتار وگفتار ہر ادا میں ایک خاص پیغمبرانہ وقار پایا جاتا تھا جس سے آپ کی عظمت نبوت کا جاہ وجلال آفتاب عالم تاب کی طرح ہر خاص وعام کی نظروں میں نمودار رہتا تھا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول، سیرت المصطفیٰ)

اوصاف کریمانہ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اوصاف کریمانہ کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس

سرہ تحریر فرماتے ہیں :

علامہ ابن ظفر کتاب خیر البشر بخیر البشر پھر قسطلانی وشامی وحلبی و دلجی وغیرہم علماء اپنی تصانیف جلیلہ میں ناقل، رب العزت تبارک وتعالیٰ کتاب شعیا علیہ الصلاۃ والسلام میں فرماتا ہے۔

عبدی الذی سرت به نفسی انزل علیه وحي فیظهر فی الامم عدلی و یوصیهم الوصایا و لا یضحک و لا یسمع صوته فی الاسواق یفتح العیون العور و الاذان الصم و یحي القلوب الغلف و ما اعطیه لا اعطی احدا مشفح بحمد الله حمدا جدیدا.

میرا بندہ جس سے میرا نفس شاد ہے میں اس پر اپنی وحی اتاروں گا وہ تمام امتوں میں میرا عدل ظاہر کرے گا اور انھیں نیک باتوں پر تاکید فرمائے گا بے جانہ ہنسے گا اور بازاروں میں اس کی آواز نہ سنی جائے گی اندھی آنکھیں اور بہرے کان کھول دے گا اور غافل دلوں کو زندہ کرے گا میں اسے جو عطا کروں گا وہ کسی کو نہ دوں گا مشفح اللہ کی نئی حمد کرے گا۔

مشفح ہمارے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام اور محمد سے ہم وزن وہم معنی ہے، یعنی بکثرت وبار بار سراہا گیا۔ **(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)**

عقل مبارک

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اخلاق حمیدہ اعظم واتم اور کامل تر اخلاق ہیں، اور ان اخلاق کی اصل ومنبع اور جائے نشو عقل ہے۔ کیوں کہ عقل ہی سے علم ومعرفت کے سوتے پھوٹتے ہیں اور اسی سے رائے کی قوت، تدبیر میں جودت، فکر ونظر میں اصابت، انجام کار پر صحیح نتیجہ کی برآمد، مصالح نفس، مجاہدۂ شہوت، حسن سیاست وتدبیر، خوبیوں کی اشاعت، اور رذائل سے اجتناب جیسی صفات متفرع ہوتی ہیں۔

عقل کی حقیقت میں لوگوں کا اختلاف ہے۔ قاموس میں کہا گیا ہے کہ عقل، چیزوں کے حسن وقبح

اوراس کے کمال ونقصان کی صفات کے علم کا نام ہے۔اور یہ علم عقل کے نتائج وثمرات سے حاصل ہوتا ہے اور عقل ایسی قوت ہے جواس علم کا مبداءاور سرچشمہ ہے۔اور بیان کیا جاتا ہے کہ انسان کی حرکات وسکنات میں ہیئت محمودہ کا نام عقل ہے۔حالاں کہ یہ بھی عقل کے خواص وآثار کے قبیل سے ہے۔

قول حق جسے علماء نے بیان کیا ہے کہ عقل ایک روحانی نور ہے جس سے علوم ضرور یہ اور نظر یہ معلوم ہوتے ہیں۔اور عقل کا آغاز وجود بچے کی پیدائش کے ساتھ ہے پھر وہ رفتہ رفتہ نشو ونما پاتا جاتا ہے یہاں تک کہ بلوغ کے وقت کامل ہو جاتا ہے۔

اور حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کمال عقل وعلم میں اس مرتبہ پر تھے کہ کوئی بشر آپ کے سوااس درجہ تک نہیں پہنچا،اللہ تعالیٰ نے جو کچھ آپ پر افاضہ فرمایاان میں سے بعض پر عقول وافکار حیران ہیں اور جو بھی آپ کے احوال کی کیفیتوں اور آپ کی صفات حمیدہ اور محاسن افعال کی تلاش وجستجو کرتا ہے اور جوامع الکلم، حسن شمائل، نادر ولطیف خصائل،لوگوں کی سیاسی تدبیر،شرعی احکام کا اظہار و بیان،آداب جلیلہ کی تفاصیل، اخلاق حسنہ کی ترغیب وتحریص،آسمانی کتابوں اور ربانی صحیفوں پر آپ کا علم،گزشتہ امتوں کے تاریخی حالات، ایام ماضیہ کے احوال،کہاوتوں اوران کے وقائع واحوال کا بیان،اہل عرب جو مانند درندوں اور چو پائے کے تھے جن کی طبائع جہل و جفا اور نادانی وشقاوت کی بناء پر متنفر اور دور رہنے والی تھیں،ان کی اصلاح وتدبیر،ان کے ظلم و جفا وتکلیفوں پر آپ کا صبر وتحمل، پھران کو علم وعمل،حسن اخلاق واعمال میں غایت درجہ تک پہنچانا،انھیں دنیاوآخرت کی سعادتوں سے بہرہ ورکرنا،پھر کس طرح ان سعادتوں کو اپنے نفسوں پران کا اختیار کرنا،اوراپنے گھروں،دوستوں،عزیزوں کو آپ کی خوشنودی کی خاطران کا چھوڑنا،ان سب کا اگر کوئی مطالعہ کرے تو وہ جان لے گا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عقل کامل اور آپ کا علم کس مرتبہ ومقام پر تھا۔

نگار من کہ بمکتب نرفت و خط ننوشت
بغمزہ مسئلہ آموز صد مدرس شد

جو بھی آپ کے احوال شریف کو ابتداء سے انتہاء تک مطالعہ کرے گا دیکھے گا کہ پروردگار عالم نے آپ کو کتنا علم عطا فرمایا اور آپ پر اس کا کتنا فیضان ہے اور ما کان و ما یکون یعنی گزشتہ و آئندہ کے علوم واسرار بدیہی طور پر کس طرح حاصل ہیں تو وہ بے شک وشبہ اور بغیر وہم وخیال علم نبوت کو جان لے گا۔

عوارف المعارف میں بعض علماء سے نقل کیا ہے کہ پوری عقل کے سو حصے ہیں ان میں سے ننانوے حصے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ہیں اور ایک حصہ تمام مسلمانوں میں۔

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ اگر وہ یوں کہیں کہ عقل کے ہزار حصے ہیں جن میں سے نو سو ننانوے حصے حضور میں ہیں اور ایک حصہ تمام لوگوں میں تو اس کی بھی گنجائش ہے اس لیے کہ جب آپ میں بے نہایت کمال ثابت ہے تو جو بھی کہا جائے گا بجا ہوگا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

حضور کی عقل سب سے زیادہ وکامل ہے

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عقل مبارک اور دیگر اوصاف حمیدہ کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

دہب بن منبہ فرماتے ہیں میں نے اکہتر کتب سماویہ میں لکھا دیکھا کہ روز آفرینش دنیا سے قیام قیامت تک تمام جہان کے لوگوں کو جتنی عقل عطا کی گئی ہے وہ سب مل کر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عقل کے آگے ایسی ہے جیسے تمام ریگستان دنیا کے سامنے ریت کا ایک دانہ۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

خوف خداوندی

ایک حدیث میں ہے اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ایک مہینے کے وعدے پر ایک کنیز سو

دینار کو خریدی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

الا تعجبون من اسامة المشترى الى شهر ان اسامة تطويل الامل و الذى نفسى بيده ما طرفت عيناى الا و ظننت ان شفرى لا يلتقيان حتى يقبض الله روحى و لا رفعت قدحا الى فى فظننت انى واضعه حتى اقبض و لا لقمت لقمة الا ظننت انى لا اسيغها حتى اغص بها من الموت و الذى نفسى بيده ان ما توعدون لات و ما انت بمعجزين .

کیا اسامہ سے تعجب نہیں کرتے جس نے ایک مہینے کے وعدے پر خریدی بیشک اسامہ کی امید لمبی ہے قسم اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں تو جب آنکھ کھولتا ہوں یہ گمان ہوتا ہے کہ پلک جھپکنے سے پہلے موت آجائے گی اور جب پیالہ منہ تک لے جاتا ہوں کبھی یہ گمان نہیں کرتا کہ اس کے رکھنے تک زندہ رہوں گا اور جب کوئی لقمہ لیتا ہوں گمان ہوتا ہے کہ اسے حلق سے نیچے اتارنے نہ پاؤں گا کہ موت اسے گلے میں روک دے گی۔ قسم اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ بے شک جس بات کا تمھیں وعدہ دیا جاتا ہے ضرور آنے والی ہے اور تم تھکا نہ سکو گے۔

اسے ابن ابی الدنیا نے قصر الامل میں، ابونعیم نے حلیہ میں، اصبہانی نے ترغیب میں اور بیہقی نے ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو دیوار پر کہگل اور ٹٹی درست کرتے دیکھا فرمایا اے عبداللہ کیا ہے؟ عرض کی اسے درست کرتا ہوں۔ فرمایا **الامر اسرع من ذلک .**

معاملہ اس سے قریب تر ہے۔

اسے ابوداؤد و ترمذی اور ابن ماجہ و ابن حبان نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

ایک بار حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گردن مبارک پر دست اقدس رکھ کر فرمایا

هذی ابن آدم و هذا اجله .

یہ ابن آدم ہے اور یہ اس کی موت ہے۔

پھر دست انور پھیلا کر فرمایا ثم امله و ثم امله .

اور وہ اتنی دور اس کی امید ہے اتنی دور اس کی امید ہے۔

اسے ترمذی و ابن حبان و نسائی اور ابن ماجہ نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

توکل علی اللہ

ایک حدیث میں ہے فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من کنز دنیا یریدہ حیاۃ باقیۃ فان الحیاۃ بید اللہ الا و انی لا اکنز دینارا و لا درھما و لا اخباء رزقا لغد.

جو دنیا جوڑ کر رکھے کہ بقائے زندگی چاہتا ہو تو زندگی تو اللہ کے ہاتھ ہے، سن لو میں نہ اشرفی جوڑ کر رکھتا ہوں نہ روپیہ نہ کل کے لیے کھانا اٹھا کر رکھوں۔ اسے ابوالشیخ نے کتاب الثواب میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

حضور پر نور سید المتوکلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے نفس کریم کے لیے کل کا کھانا بچا رکھنا پسند نہ فرماتے۔

ایک بار خادمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پرند کا گوشت کہ آج تناول فرمایا تھا بچا ہوا دوسرے دن حاضر کیا، فرمایا :

الم انھک ان ترفعی شیئا لغد فان اللہ تعالیٰ یأتی برزق غد.

کیا ہم نے منع نہ فرمایا کہ کل کے لیے کچھ اٹھا کر نہ رکھنا کل کی روزی اللہ کل دے گا۔

اسے ابو یعلی نے سند صحیح کے ساتھ اور بیہقی نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

توکل سے متعلق چند ارشادات

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

کن فی الدنیا کانک غریب او عابر سبیل و عد نفسک فی اصحاب القبور اذا اصبحت فلا تحدث نفسک بالمساء و اذا امسیت فلا تحدث نفسک بالصباح.

دنیا میں یوں رہ گویا تو مسافر بلکہ راہ چلتا ہے اور اپنے آپ کو قبر میں سمجھ صبح کرے تو دل میں یہ خیال نہ لا کہ شام ہوگی اور شام ہو تو یہ نہ سمجھ کہ صبح ہوگی۔ اسے ترمذی و بیہقی نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

ایک حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

یا ایھا الناس الا تستحیون.

اے لوگو کیا تمھیں شرم نہیں آتی؟

حاضرین نے عرض کی یا رسول اللہ کس بات سے؟ فرمایا، **تجمعون ما لا تاکلون و تبنون ما لا تعمرون و تاملون ما لا تدرکون الا تستحیون من ذلک.**

جمع کرتے ہو جو نہ کھاؤ گے اور عمارت بناتے ہو تو جس میں نہ رہو گے اور وہ آرزوئیں باندھتے ہو جن تک نہ پہنچو گے اس سے شرماتے نہیں۔ اسے طبرانی نے ام الولید بنت عمر الفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

ایک حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: **من الدنیا دار من لا دار**

له و لها يجمع من لا عقل له .

دنیا بے گھروں کا گھر ہے اور اس کے لیے وہ جمع کرتا ہے جو بے عقل ہے۔ اسے احمد اور بیہقی نے شعب الایمان میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۰۶، ۵۰۷)

پانی اور کھجور پر قناعت

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرمایا :

و اللہ یا ابن اختی و انا کنا لننظر الی الھلال ثم الھلال ثم الھلال ثلثة اھلة فی شھرین و ما اوقد فی ابیات النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم نار قلت یا خالة فما کان یعیشکم قالت الاسودان التمر و الماء .

اے میرے بھانجے خدا کی قسم ہم ایک ہلال دیکھتے پھر دوسرا پھر تیسرا دو مہینوں میں تین چاند اور کاشانہائے نبوت میں آگ روشن نہ ہوتی عروہ نے عرض کی اے خالہ پھر اہل بیت کرام مہینوں کیا کھاتے تھے؟ فرمایا بس دو سیاہ چیزیں چھوہارے اور پانی۔

اسے امام بخاری و مسلم نے ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۵۵۰۔ النور والنورق)

عفو و درگزر

ایک مرتبہ نبی کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم کے کاشانہ اقدس میں ایک کافر مسلمان ہوا اور اس خیال سے کہ اہل بیت اطہار بھوکے رہیں سب کھانا کھا گیا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حجرہ شریف میں

ٹھہرایا پچھلی رات کے وقت پیٹ میں گرانی معلوم ہوئی اور تھوڑی دیر بعد اجابت کی ضرورت ہوئی شرمندگی کی وجہ سے کہ کہیں کوئی دیکھ نہ لے حجرہ شریف میں غلاظت پھیلائی اور تمام بستر وغیرہ خراب کر دیا اور صبح ہوتے ہی وہاں سے چل دیا جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حجرہ شریف میں مہمان کی خیرت معلوم کرنے کی غرض سے تشریف لائے تو یہ کیفیت ملاحظہ فرمائی آپ نے خود نجاست کو صاف کیا۔ صحابہ کرام کو اس کی اس ناشائستہ حرکت پر سخت غصہ آیا۔ اتفاقاً عجلت میں وہ اپنی تلوار بھول گیا اور تلوار بہت اچھی تھی جس کے لیے مجبوراً پھر اسے لوٹنا پڑا۔ یہاں آکر دیکھا کہ حضور اپنے دست اقدس سے بستر دھورہے ہیں امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سزا دینے کا ارادہ کیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ یہ میرا مہمان ہے اور اس سے فرمایا تم اپنی تلوار بھول گئے تھے جہاں رکھی تھی وہاں سے اٹھالو وہ حضور کے اس خلق عظیم کو دیکھ کر فوراً مشرف باسلام ہو گیا۔

اس کے قریب روایت مثنوی شریف میں مذکور ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انھیں سے خلق فرماتے جو رجوع لانے والے ہوتے۔ جیسا کہ اس روایت سے ظاہر ہے اور کفار ومرتدین کے ساتھ ہمیشہ سختی فرماتے۔ (الملفوظ، حصہ اول)

مریض کی عیادت

روی ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دخل علی سعد یعودہ فقال یا رسول اللہ ان لی مالا و لا یرثنی الا ابنتی .

حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت سعد کی عیادت کو تشریف لائے سعد نے عرض کی یارسول اللہ میرے پاس کچھ مال ہیں اور میری دختر کے سوا کوئی وارث نہیں ہے۔ یعنی حضرت سعد نے سارا مال اپنی دختر کو دے دیا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انکار نہیں فرمایا۔ یہ حدیث امام بخاری نے

روایت کی ہے۔

لما دخل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی سعد بن ابی وقاص یعودہ قال سعد اما انہ لا یرثنی الا ابنۃ لی افاوصی بجمیع مالی قال لا قال فاوصی بنصفہ قال لا، الحدیث الی ان قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الثلث خیر و الثلث کثیر.

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سعد بن ابی وقاص کی عیادت کو تشریف لے گئے سعد نے عرض کی میری بیٹی کے سوا میرا کوئی وارث نہیں۔ کیا میں اپنے تمام مال کی وصیت کر دوں؟ حضور نے فرمایا نہیں، سعد نے عرض کی تو نصف مال کی وصیت کرتا ہوں، فرمایا نہیں، یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ثلث بہتر ہے اور ثلث بہت زیادہ ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱۰، ۲۴۷، ۲۴۸)

مریض کے ساتھ شفقت

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجذوم کو اپنے ساتھ کھلایا اور فرمایا **کل معی بسم اللہ ثقۃ باللہ و توکلا علی اللہ.**

اللہ کا نام لے کر میرے ساتھ کھاؤ، اللہ پر تکیہ ہے اور اللہ پر بھروسہ۔ (مولف)

اسے ابوداؤد وترمذی وابن ماجہ نے سند حسن کے ساتھ وابن حبان اور حاکم نے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۵)

دوسری جگہ یہی روایت اس طرح ہے

حدیث میں ہے **ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اخذ بید رجل مجذوم فادخلھا معہ فی القصعۃ ثم قال ثقۃ باللہ و توکلا علی اللہ.**

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک جذامی صاحب کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ پیالے میں رکھا اور فرمایا اللہ پر تکیہ ہے اور اللہ پر بھروسہ۔ اسے ابوداؤد و ترمذی اور ابن ماجہ وغیرہم نے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۲۴۳ ـ الحق المجتلی)

کافروں کے ہدایا کے بارے میں حضور کا موقف

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کافروں کے ہدیئے قبول بھی فرمائے ہیں اور رد بھی فرمائے۔ کسریٰ بادشاہ ایران نے ایک خچر نذر کیا قبول فرمایا۔

الحاکم فی المستدرک عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال ان کسری اھدی للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بغلۃ . فرکبھا بحبل من شعر ثم اردفنی خلفہ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ بادشاہ ایران نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت مبارکہ میں ایک خچر نذر کیا حضور نے قبول فرمایا اور بالوں کی رسی سے اس پر سواری فرمائی پھر مجھے اپنے پیچھے بٹھایا۔ (مولف)

یوں ہی بادشاہ فدک نے چار اونٹنیاں پر بار نذر کیں قبول فرمائیں۔ اور بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بخش دیں۔

ابوداؤد بلال موذن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لبلال فاقبضھن و اقض دینک.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ اونٹنیاں حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عطا کر دیں اور فرمایا کہ انھیں لو اور اپنا قرض ادا کر دو۔ (مولف)

یوں ہی قیصر روم وغیرہ سلاطین کفار کے ہدایا قبول فرمائے۔

احمد وترمذی امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے راوی

قال اھدی کسری لرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقبل منہ و اھدی قیصر فقبل منہ و اھدت لہ الملوک فقبل منھا.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں کسریٰ شاہ ایران نے ہدیہ بھیجا تو قبول فرمایا اور قیصر روم اور دیگر سلاطین نے ہدیئے بھیجے تو حضور نے قبول فرمائے۔ (مولف)

قتیلہ بنت عبدالعزی بن سعد اپنی بیٹی حضرت سیدتنا اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس آئی اور کچھ گوشت کے زندہ جانور، پنیر، گھی ہدیہ لائی۔ بنت الصدیق نے نہ ہدیہ لیا نہ ماں کو گھر میں آنے دیا کہ تو کافرہ ہے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مسئلہ پوچھا آیت اتری :

لا ینھکم اللہ عن الذین لم یقاتلوکم فی الدین.

اللہ تعالیٰ ان کافروں کے ساتھ نیک سلوک سے تمھیں منع نہیں فرماتا جوتم سے دین میں نہ لڑیں۔

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ہدیہ لو اور گھر میں آنے دو۔ اسے امام احمد نے عامر بن عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا۔

یہ حدیثیں کافروں سے ہدیہ لینے کے جواز کی ہیں اور نیچے کچھ ایسی روایتیں آرہی ہیں جن میں کافروں کا ہدیہ رد فرمادینے کا ذکر ہے۔ انھیں ملاحظہ فرمائیں۔ (مولف)

عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پیش از اسلام کوئی ہدیہ یا ناقہ نذر کیا فرمایا تو مسلمان ہے عرض کی نہ،

فرمایا انی نهیت عن زبد المشرکین.

میں کافروں کی دی ہوئی چیز لینے سے منع کیا گیا ہوں۔ اسے احمد وابوداؤد وترمذی نے عیاض رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

یوں ہی ملاعب الاسنہ نے کچھ ہدیہ نذر کیا فرمایا اسلام لا انکار کیا فرمایا **انی لا اقبل هدية مشرک.**

میں کسی مشرک کا ہدیہ قبول نہیں فرماتا۔ اسے طبرانی نے کبیر میں کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا۔

ایک حدیث میں ارشاد فرمایا

انا لا نقبل شيئا من المشركين.

ہم مشرکوں سے کوئی چیز قبول نہیں فرماتے۔ اسے احمد اور حاکم نے حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا۔

اسی طرح اور بھی حدیثیں رد وقبول دونوں میں وارد ہیں۔

اس بارہ میں تحقیق یہ ہے کہ یہ امر مصلحت وقت وحالت ہدیہ آرندہ وہدیہ گیرندہ پر ہے، اگر تالیف قلب کی نیت ہے اور امید رکھتا ہے کہ اس سے ہدایا وتحائف لینے دینے کا معاملہ رکھنے میں اسے اسلام کی طرف رغبت ہوگی تو ضرور لے۔ اور اگر حالت ایسی ہے کہ نہ لینے میں اسے کوفت پہنچے گی اور اپنے مذہب باطل سے بیزار ہوگا تو ہرگز نہ لے۔ اور اگر اندیشہ ہے کہ لینے کے باعث معاذ اللہ اپنے قلب میں کافر کی طرف کچھ میل یا اس کے ساتھ کسی امر دینی میں نرمی ومداہنت راہ پائے گی تو اس ہدیہ کو آگ جانے۔

اور بیشک تحفوں کا محبت و رغبت پیدا کرنے میں بڑا اثر ہوتا ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **تهادوا تحابوا.**

یعنی ہدیہ دو ہدیہ لو آپس میں محبت بڑھاؤ۔ اسے ابو یعلی نے بسند جیّد ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

و عنده عن ام المومنين الصديقة رضى الله تعالىٰ عنها رفعته تهادوا تزدادوا حبا . الحديث.

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مرفوعاً مروی ہے کہ ہدیہ دو ہدیہ لو اور محبت زیادہ کرو۔

(مولف)

ایک حدیث میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

الهدية تذهب بالسمع و القلب و البصر.

ہدیہ آدمی کو اندھا بہرا دیوانہ کر دیتا ہے۔ اسے طبرانی نے کبیر میں عصمۃ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

نیز حدیث میں ہے، فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **الهدية تعور عين الحكيم .**

ہدیہ حکیم کی آنکھ اندھی کر دیتا ہے۔ اسے دیلمی نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے سند ضعیف کے ساتھ روایت کیا۔

اور اگر نہ کچھ مصلحت ہو نہ کچھ اندیشہ تو مباح ہے چاہے لے چاہے نہ لے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۹۳۔۹۴)

سلام کرنے میں حضور پہل کرتے

امام ترمذی حضرت اسماء بنت یزید سے روایت کرتے ہیں۔

ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مرفی فی المسجد یوما و عصبة من النساء قعود فالوی بیده . هذا حدیث حسن .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک دن مسجد سے تشریف لے گئے وہاں عورتوں کی ایک جماعت بیٹھی تھی، تو حضور نے ہاتھ کے اشارہ سے انھیں سلام کیا۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج۹ ص۱۹۸)

کسی سائل کو حضور نے منع نہیں فرمایا

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی کسی سائل کو جس کا سوال ناحق نہ تھا زجر نہ فرمایا، نالشیوں کی ہمیشہ بات سنی اور اگر حق پر تھا تو دادرسی وفریادرسی فرمائی، جس نے توبہ کی اس کی توبہ قبول فرمائی، جس نے معافی مانگی اسے معافی دی اگر چہ بعض مصلحت دینیہ سے بدیر، مگر حدود اللہ میں کہ بعد وجوب حد اس سے درگزر کا حکم نہیں۔

حضور کی غریب نوازی

امام احمد رضا بریلوی غریب ومسکین کے ساتھ برتاؤ کرنے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں :

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غریب نوازی ہی کو تشریف لائے ہیں شبانہ روز سرکار سے غریبوں، امیروں سب کی پرورش جاری ہے۔مگر یہ بھی حکم فرمایا ہے انزلوا الناس منازلهم.

لوگوں سے اس کے مقام ومرتبہ کے اعتبار سے برتاؤ کرو۔ (مولف)

اور حدیث میں ہے اذا اتاکم کریم قوم فاکرموہ.

جب کسی قوم کا معزز تمھارے یہاں آئے تو اس کی عزت کرو۔

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حضور ایک سائل حاضر ہوا اسے ٹکڑا عطا فرمایا۔ ایک ذی عزت مسافر گھوڑے پر سوار حاضر ہوا اس کی نسبت فرمایا کہ باعزاز اتار کر کھانا کھلایا جائے۔

لہٰذا فرق مراتب ضرور ہے اور اصل مدار نیت پر ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۴۳۳)

حضور کو تیامن محبوب ہے

حدیث میں ہے

کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یحب التیامن فی کل شی حتی فی تنعلہ.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر بات میں داہنی طرف سے ابتدا کو پسند فرماتے یہاں تک کہ جوتا پہننے میں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۵۴۲)

حضور کی پسندیدہ چیزیں

خوشبو کی چیزیں پھول پتی، وغیرہ پسند بارگاہ رسالت ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

حبب الی من دنیا کم النساء و الطیب و جعلت قرۃ عینی فی الصلاۃ .

تمھاری دنیا میں سے دو چیزوں کی محبت میرے دل میں ڈالی گئی نکاح اور خوشبو اور میری آنکھ کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی۔

اسے امام احمد ونسائی اور حاکم وبیہقی نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند جید روایت کیا۔

حضور خوشبو کو رد نہیں فرماتے

صحیح بخاری شریف میں ہے :

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان لا یرد الطیب .

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خوشبو کی چیز رد نہ فرماتے تھے۔

اسے امام احمد وترمذی اور نسائی نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **من عرض علیہ ریحان فلا یردہ فانہ خفیف المحمل طیب الریح.**

جس کے سامنے خوشبو، نبات، پھول، پتی وغیرہ پیش کی جائے تو اسے رد نہ کرے کہ اس کا بوجھ ہلکا اور بو اچھی ہے۔

بوجھ ہلکا یہ کہ پیش کرنے والے پر مشقت نہیں کوئی بھاری احسان نہیں۔ اسے مسلم وابوداؤد نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **اربع من سنن المرسلین ، الختان و التعطر و النکاح و السواک.**

چار باتیں انبیاء مرسلین علیہم الصلاۃ والسلام کی سنتوں سے ہیں، ختنہ کرانا خوشبو لگانا اور نکاح اور مسواک۔ اسے امام ترمذی اور بیہقی نے شعب الایمان میں ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج۹، ص۲۲۵، ۲۲۶)

حضور نے اونٹ اور قیمت واپس فرمادی

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی

قال غدوت مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و انا على ناضح قداعى فلا يكاد يسير فتلاحق بى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال ما لبعيرك فقلت قداعى فتخلف رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فزجره فدعا له فما زال بين يدى الابل قدامها يسير فقال لى كيف ترى بعيرك فقلت بخير قد اصابته بركتك فقال افتبيعه باوقية فبعته على ان لى فقار ظهره الى المدينة فلما قدم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم المدينة غدوت عليه بالبعير فاعطانى ثمنه و رده على .

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ میں صبح سویرے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ چلا اور میں بار بردار اونٹ پر سوار تھا وہ اونٹ چلنے سے اس طرح عاجز آگیا کہ گویا چلے گا ہی نہیں اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا کیا تم اس کو ایک اوقیہ میں فروخت کرو گے؟ تو میں نے اسے اس شرط پر بیچ دیا کہ مدینہ شریف تک اس کی پشت پر جاؤں گا۔ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لا چکے تو میں صبح کو اونٹ لے کر حاضر ہوا تو حضور نے مجھے اس کی قیمت واپس دے دی اور اونٹ بھی مرحمت فرمادیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۷، ص ۶۴)

ادائیگی قرض میں احسان

صحیح بخاری و صحیح مسلم میں حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے

قال اتيت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و كان لى عليه دين فقضانى و زادنى .

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کہا کہ میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور حضور پر میرا دین تھا تو حضور نے مجھے میرا دین ادا فرمادیا اور زیادہ کر کے عطا فرمایا۔ کسی قرض خواہ کو اس کا قرض بطور احسان و اکرام اور مروت کے زیادہ دینا جائز ہے جب کہ اس کو زیادہ کی تمنا نہ ہو۔ (مولف)

بخاری و مسلم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال كان لرجل على النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم سن من الابل فجأ يتقاضاه فقال اعطوه فطلبوا سنة فلم يجدوا الاسنا فوقها فقال اعطوه فقال اوفيتني اوفاک الله فقال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان خيركم احسنكم قضاء.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایک شخص کا دو سالہ قرض تھا وہ شخص بارگاہ رسالت میں تقاضا کرنے کے لیے آیا۔ تو حضور نے خدام سے فرمایا کہ اسے ایک دو سالہ اونٹ دے دو۔ صحابہ کرام نے دو سالہ اونٹ طلب کیا مگر تین سالہ کے سوا کوئی دوسرا دستیاب نہ ہوا۔ حضور نے فرمایا کہ اسی کو دے دو، اس شخص نے عرض کی یا رسول اللہ آپ نے وفا فرمایا تو اللہ عزوجل آپ سے وفا کرے۔ یعنی آپ نے میرا قرض پورا کیا تو اللہ تعالیٰ آپ کا کام پورا کرے اس پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں بہتر وہ شخص ہے جس کی ادائیگی خوب تر ہو۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۷، ص ۹۰)

حضور کا انعام واکرام

احمد و ترمذی و نسائی بسند صحیح حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان فلانا اهدى الى ناقة فعوضته

منها ست بكرات . الحديث.

کسی صاحب نے ایک اونٹنی نذر بارگاہ عالم پناہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے عوض چھ ناتے جوان عطا فرمائے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۷، ص ۲۰۱)

ایک صحابی کو کفن کے لیے ازار عطا فرمایا

صحیح بخاری میں ہے :

باب من استعد الكفن في زمن النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فلم ينكر عليه، حدثنا عبد الله بن مسلمة فذكر باسناده عن سهل رضي الله تعالىٰ عنه ان امراء ة جاء ت النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ببردة منسوجة فيها حاشيتها اتدرون ما البردة قالوا الشملة قال نعم قالت نسجتها بيدي فجئت لا كسوكها فاخذها النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم محتاجا اليها فخرج الينا و انها ازاره فحسنها فلان فقال اكسينها ما احسنها قال القوم ما احسنت لبسها النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم محتاجا اليها ثم سألته و علمت انه لا يرد قال اني والله ما سألته لا لبسها انما سألته لتكون كفني قال سهل فكانت كفنه .

حاصل یہ کہ بعض اجلۂ صحابہ نے کہ غالباً سیدنا عبد الرحمٰن بن عوف یا سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے تہبند اقدس (جو کہ ایک بی بی نے بہت محنت سے خوبصورت بن کر نذر کیا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کی ضرورت تھی) مانگا، حضور اجود الاجودین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عطا فرمایا، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے انھیں ملامت کی کہ اس وقت اس ازار شریف کے سوا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس اور تہبند نہ تھا اور آپ جانتے ہیں کہ حضور

اکرم الاکرماء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی سائل کو رد نہیں فرماتے پھر آپ نے کیوں مانگ لیا، انھوں نے کہا واللہ میں نے استعمال کو نہ لیا بلکہ اس لیے کہ اس میں کفن دیا جاؤں، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی اس نیت پر انکار نہ فرمایا آخر اسی میں کفن دیے گئے۔

کفن کے لیے اپنی صاحبزادی کو تہبند عطا فرمایا

حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ نے اپنی صاحبزادی حضرت زینب یا ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے کفن میں اپنا تہبند اقدس عطا کیا اور غسل دینے والی بی بیوں کو حکم دیا کہ اسے ان کے بدن کے متصل رکھیں۔

صحیحین میں ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے :

قالت دخل علینا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و نحن نغسل ابنته فقال اغسلنها ثلثا او خمسا او اکثر من ذلک ان رائیتن ذلک بماء و سدر وا جعلن فی الآخرہ کافورا او شیئا من کافور فاذا فرغتن فاذننی فلما فرغنا اذناہ فالقی الینا حقوہ فقال اشعرنها ایاہ .

ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے جب ہم ان کی صاحبزادی (زینب یا ام کلثوم) کو غسل دے رہے تھے فرمایا اگر بہتر سمجھو تو اس کو تین یا پانچ یا اس سے زیادہ مرتبہ پانی اور بیری کے پتے سے غسل دو اور آخر میں کچھ کافور ملاؤ جب تم لوگ فارغ ہو جاؤ تو ہمیں مطلع کرو (ام عطیہ نے کہا) جب ہم فارغ ہوئے تو حضور کو بتلایا حضور نے اپنا تہبند دیا اور فرمایا اس سے اس کا جسم لپیٹ دو۔ (مولف)

علماء فرماتے ہیں یہ حدیث مریدوں کو پیروں کے لباس میں کفن دینے کی اصل ہے۔

لمعات میں ہے :

هذ الحديث اصل في التبرک بآثار الصالحين و لباسهم كما يفعله بعض مريد المشائخ من لبس اقمصتهم في القبر.

یہ حدیث صالحین کے آثار اوران کے لباس سے تبرک حاصل کرنے کی اصل ہے جیسا کہ مشائخ کے بعض مریدین نے اپنے شیوخ کی قمیص میں کفن دینے کی وصیت کی ہے۔ (مولف)

فاطمہ بنت اسد کواپنی قمیص میں کفن دیا

یوں ہی حضرت فاطمہ بنت اسد والدہ ماجدہ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اپنی قمیص اطہر میں کفن دیا۔ اسے طبرانی نے کبیر واوسط میں اور ابن حبان وحاکم اور ابونعیم نے حلیہ میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

اور ارشاد فرمایا کہ میں نے انھیں اپنی قمیص مبارک اس لیے پہنائی کہ یہ جنت کا لباس پہنیں۔

ابونعیم نے معرفۃ الصحابہ اور دیلمی نے مسند الفردوس میں بسند حسن حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔

قال لما ماتت فاطمة ام على رضى الله تعالىٰ عنهما خلع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قميصه و البسها اياه و اضطجع في قبرها فلما سوى عليها التراب قال بعضهم يا رسول الله رأيناک صنعت شيئا لم تصنعه باحد قال اني البستها قميصي لتلبس من ثياب الجنة و اضطجعت معها في قبرها لا خفف عنها من ضغطة القبر انها كانت احسن خلق الله صنيعا الى بعد ابى طالب.

جب حضرت علی کی والدہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی قمیص مبارک اتار کر ان کو پہنوایا اور ان کی قبر میں تھوڑی دیر حضور لیٹے جب مٹی برابر کر دی گئی تو بعض صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ ہم نے آپ کو وہ کرتے دیکھا جو آپ نے کسی کے ساتھ نہیں کیا۔ حضور نے ارشاد فرمایا کہ میں نے انھیں اپنی قمیص مبارک اس لیے پہنائی کہ یہ جنت کا لباس پہنیں اور ان کی قبر میں اس لیے لیٹا تا کہ فشار قبر خفیف ہو جائے کہ یہ ابو طالب کے بعد مجھ پر زیادہ حسن خلق کرنے والی خاتون تھیں۔ (مولف)

ابن ابی منافق کے لیے قمیص مبارک عطا فرمانا

صحاح ستہ سے ثابت کہ جب عبد اللہ بن ابی منافق کہ سخت دشمن حضور سید المحبوبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھا جس نے وہ کلمہ ملعونہ لئن رجعنا الی المدینة کہا واصل جہنم ہوا، حضور پر نور حلیم غیور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے بیٹے حضرت عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابن عبد اللہ بن ابی کی درخواست سے کہ صحابی جلیل و مومن کامل تھے اس کے کفن کے واسطے اپنی قمیص مقدس عطا فرمائی۔ پھر اس کی قبر پر تشریف فرما ہوئے، لوگ اسے رکھ چکے تھے، حضور طیب و طاہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس خبیث کو نکلوا کر لعاب دہن اقدس اس کے بدن پر ڈالا اور قمیص مبارک میں کفن دیا اور یہ بدلہ اس کا تھا کہ روز بدر جب سیدنا عباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما گرفتار آئے برہنہ تھے بوجہ طول قامت کسی کا کرتا ٹھیک نہ آتا اس مردک نے انھیں اپنی قمیص دیا تھا حضور عزیز غیور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ چاہا کہ منافق کا کوئی احسان حضور کے اہل بیت کرام پر بے معاوضہ رہ جائے لہٰذا اپنی دو قمیص مبارک اس کے کفن میں عطا فرمائے۔ و نیز مرتے وقت وہ ریا کار نفاق شعار خود عرض کر گیا تھا کہ حضور مجھے اپنی قمیص مبارک میں کفن دیں۔ پھر اس کے بیٹے رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے درخواست کی اور ہمارے کریم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم کا داب قدیم ہے کہ کسی کا سوال رد نہیں فرماتے۔ یا رسول اللہ یا کریم یا رؤف یا رحیم اسئلک الشفاعة عند المولی

العظیم و الوقایة من نار الجحیم.

پھر حکمت الٰہی اس عطائے بے مثال میں یہ ہوئی کہ حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ شان رحمت دیکھ کر کہ اپنے کتنے بڑے دشمن کو کیسا نوازا ہے ہزار آدمی قوم ابن ابی سے مشرف بہ اسلام ہوئے کہ واقعی یہ حلم ورحمت وعفو ومغفرت نبی برحق کے سوا دوسرے سے متصور نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ اجمعین وبارک وسلم۔

صحیحین وغیرہما صحاح وسنن میں ہے :

عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما ان عبد الله بن ابی لما توفی جاء ابنه الی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال یا رسول الله اعطنی قمیصک اکفنه فیه و صل علیه و استغفر له فاعطاه النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قمیصه . الحدیث.

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ عبداللہ بن ابی منافق جب مرا تو اس کے بیٹے عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں آکر عرض کی یارسول اللہ آپ اپنا پیرہن مقدس دے دیجیے کہ اسی میں اس کو کفن دوں گا اور اس کے لیے مغفرت کی دعا فرمایئے، تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی قمیص عطا کر دی۔ (مولف)

نیز بخاری وغیرہ میں ہے :

عن جابر رضی الله تعالیٰ عنه قال اتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عبد الله بن ابی بعد ما دفن فاخرجه فنفث من ریقه و البسه قمیصه .

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عبداللہ بن ابی کے دفن کے بعد تشریف لائے تو اس کو نکلوایا پھر لعاب دہن ڈالا اور قمیص مبارک پہنائی۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۳۰، ۱۳۱۔ الحرف الحسن)

حضور میت کے گھر تشریف فرما ہوئے

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب ایک صحابی کو دفن کر کے پلٹے اور صحابہ کرام حاضر رکاب سعادت تھے میت مرحوم کی زوجہ مطہرہ کا بھیجا ہوا آدمی ملا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے مکان پر تشریف لے گئے۔

امام احمد بسند صحیح اور ابوداؤد ایک انصاری شخص سے راوی

قال خرجنا مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی جنازة فلما رجع استقبله داعی امراته فجاء وجی بالطعام . الحدیث ملخصا.

انصار کے ایک آدمی نے کہا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک جنازہ میں گئے جب واپس تشریف لے چلے تو میت کی زوجہ مطہرہ کا بھیجا ہوا آدمی حضور کو ملا اور انھوں نے حضور کو مدعو کیا تو حضور تشریف فرما ہوئے اور کھانا پیش کیا گیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۷۹)

ایک لڑکے کی موت پر اظہار تعزیت

نسائی معاویہ بن قرہ سے راوی

کان نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا جلس یجلس الیه نفر من اصحابه فیهم رجل له ابن صغیر ففقده النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال مالی لا اری فلانا قالوا یا رسول الله بنیه الذی رایته هلک فلقیه النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فسأله عن بنیه فاخبره انه هلک فعزاه علیه . الحدیث اه ملخصا.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مجلس میں تشریف فرما ہوتے تو صحابہ کرام کی جماعت بھی

ہوتی انھیں میں ایک صحابی کا چھوٹا بچہ بھی تھا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو ایک مرتبہ موجود نہیں پایا تو فرمایا کیا وجہ ہے کہ فلاں نہیں ہے صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ جس لڑکے کو آپ نے دیکھا تھا وہ فوت ہو گیا ہے پھر حضور تشریف لائے اور بچے کے بارے میں پوچھا تو بتایا گیا کہ وہ ہلاک ہو گیا ہے تو حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس پر اظہار تعزیت فرمایا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۷۸)

فاروق اعظم سے طلب دعا

حضور مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دعا چاہی۔ جب وہ مکہ جاتے تھے ارشاد فرمایا۔ **لا تنسنا یا اخی من دعائک .**

اے بھائی اپنی دعا میں ہمیں نہ بھول جانا۔ اسے ابو داؤد نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

احمد و ابن ماجہ کی روایت میں ہے فرمایا **اشر کنا یا اخی فی صالح دعائک و لا تنسانا.**

بھائی اپنی نیک دعاء میں ہمیں بھی شریک کر لینا اور بھول نہ جانا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۴۶۔ حیات الموات)

کفار کی دعوت

حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بکمال رافت و رحمت اور تواضع و تالیف کفار کی دعوت قبول فرمائی

امام احمد انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان یھودیا دعا النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی خبز شعیر و اھالة سنخة فاجابه .

ایک یہودی نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جو کی روٹی اور چربی کی دعوت دی تو حضور نے قبول فرمائی۔ (مولف)

کفار کے برتن کا استعمال

صحابہ کرام حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے غنیمت کے برتن، بے تکلف استعمال کرتے اور حضور منع نہ فرماتے۔

امام احمد مسند میں ابوداؤد سنن میں جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال کان نغزو مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فنصیب من آنیۃ المشرکین و اسقیتھم و نستمتع بھا فلا یعیب ذلک علینا.

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوہ میں جاتے تو مشرکوں کے برتنوں اور مشک کی ضرورت پڑتی اور ان سے ہم کام نکالتے تو حضور اس کو ہمارے لیے معیوب نہیں سمجھتے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۰۴، ۱۰۵۔ الاحلی من السکر)

امام احمد و بخاری و مسلم اور ابوداؤد و ترمذی وغیرہم ابوثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال قلت یا رسول اللہ انا بارض قوم اھل الکتاب افناکل فی آنیتھم قال و ان وجدتم غیرھا فلا تاکلوا فیھا و ان لم تجدوا فاغسلوھا و کلوا فیھا.

حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ ہم اہل کتاب کی سرزمین میں ہوتے ہیں کیا ان کے برتن میں کھائیں؟ فرمایا اگر دوسرے برتن ملیں تو ان میں کھاؤ ورنہ ان برتنوں کو دھونے کے بعد کھاؤ۔ (مولف)

امام احمد ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

ان ابا ثعلبة رضی الله تعالیٰ عنه سأل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم افتنافی آنية المجوس اذا اضطررنا الیها قال اذا اضطررتم الیها فاغسلوها بالماء و اطبخوا فیها.

حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مجوسیوں کے برتنوں کے بارے میں فتویٰ پوچھا کہ جب ان برتنوں کی شدید ضرورت محسوس کریں تو کیا کریں؟ فرمایا جب زیادہ ہی مضطرب ہو جاؤ تو ان برتنوں کو پانی سے دھو لینے کے بعد پکاؤ۔ **(مولف)**

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۱۳۔ الاحلی من السکر)

لوگوں سے مدارات ومحبت

مدارات خلق والفت وموانست اہم امور سے ہے۔

عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بعثت بمداراة الناس

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں لوگوں کی دل جوئی اور مدارات کے لیے مبعوث ہوا ہوں۔ **(مولف)**

اسے طبرانی نے کبیر میں جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

و قال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم راس العقل بعد الایمان بالله التحبب الی الناس .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان باللہ کے بعد عقل مندی یہ ہے کہ لوگوں سے

محبت کی جائے۔

اسے طبرانی نے اوسط میں حضرت علی سے اور بزار نے مسند میں ابو ہریرہ سے اور شیرازی نے القاب میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۲۶۔ الاحلی من السکر)

بشارت وآسانی کی تاکید

امام احمد و بخاری ونسائی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں

یسروا و لا تعسروا و بشروا و لا تنفروا .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں آسانی کرو اور وقت میں نہ ڈالو اور خوش خبری دو اور نفرت نہ دلاؤ۔ (مولف)

امام احمد وائمہ ستہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انما بعثتم میسرین و لم تبعثوا معسرین .

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم آسانی کرنے والے بھیجے گئے ہو نہ کہ دشواری میں ڈالنے والے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۴۲۔ الاحلی من السکر)

اشعار

اخلاق نبوت کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی نے یہ نغمہ سرائی کی ہے :

تیرے خلق کو حق نے عظیم کہا، تیری خلق کو حق نے جمیل کیا
کوئی تجھ سا ہوا ہے نہ ہوگا شہا تیرے خالق حسن وادا کی قسم

•

خلق تمھاری جمیل ، خلق تمھارا جلیل — خلق تمھاری گدا تم پہ کروروں درود
(حدائق بخشش)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جود و کرم کے تعلق سے جو اشعار نظم کیے وہ یہ ہیں۔

واہ کیا جود و کرم ہے شہ بطحا تیرا — نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا
دھارے چلتے ہیں عطا کے وہ ہے قطرہ تیرا — تارے کھلتے ہیں سخا کے وہ ہے ذرہ تیرا
فیض ہے یا شہ تسنیم نرالا تیرا — آپ پیاسوں کے تجسس میں ہے دریا تیرا
اغنیا پلتے ہیں در سے وہ ہے باڑا تیرا — اصفیا چلتے ہیں سر سے وہ ہے رستا تیرا
مفت پالا تھا کبھی کام کی عادت نہ پڑی — اب عمل پوچھتے ہیں ہائے نکما تیرا
تیرے ٹکڑوں سے پلے غیر کی ٹھوکر پہ نہ ڈال — جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کے صدقہ تیرا

•

سائلو دامن سخی کا تھام لو — کچھ نہ کچھ انعام ہو ہی جائے گا
مفلسو ان کی گلی میں جا پڑو — باغ خلد اکرام ہو ہی جائے گا

•

انا فی عطش وسخاک اتم اے گیسوئے پاک اے ابر کرم
برسن ہارے رم جھم رم جھم دو بوند ادھر بھی گرا جانا

•

اپنے مہمانوں کا صدقہ ایک بوند — مر مٹے پیاسے ادھر سرکار ہم

اپنے کوچہ سے نکالا تو نہ دو
ہیں تو حد بھر کے خدائی خوار ہم
ہاتھ اٹھا کر ایک ٹکڑا اے کریم
ہیں سخی کے مال میں حقدار ہم

•

بار نہ تھے حبیب کو پالتے ہی غریب کو
روئیں جواب نصیب کو چین کھو گنوائے کیوں
اب تو نہ روک اے غنی عادت سگ بگڑ گئی
میرے کریم پہلے ہی لقمہ تر کھلائے کیوں

•

بد ہیں تو آپ کے ہیں بھلے ہیں تو آپ کے
ٹکڑوں سے تو یہاں کے پلے رخ کدھر کریں
سرکار ہم کمینوں کے اطوار پر نہ جائیں
آقا حضور اپنے کرم پر نظر کریں

•

اس گلی کا گدا ہوں میں جس میں
مانگتے تاجدار پھرتے ہیں

•

ہم سے فقیر بھی اب پھیری کو اٹھتے ہوں گے
اب تو غنی کے در پر بستر جما دیئے ہیں
میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیئے ہیں در بے بہا دیئے ہیں

•

جود شاہ کوثر اپنے پیاسوں کا جویا ہے آپ
کیا عجب اڑ کر جو آپ آئے پیالی ہاتھ میں

•

صدقے اس انعام کے قربان اس اکرام کے
ہو رہی ہے دونوں عالم میں تمھاری واہ واہ

•

جس کی دو بوند ہیں کوثر و سلسبیل ہے وہ رحمت کا دریا ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کون دیتا ہے دینے کو منہ چاہیئے دینے والا ہے سچا ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم

•

ہم بھکاری وہ کریم ان کا خدا ان سے فزوں
اور نا کہنا نہیں عادت رسول اللہ کی

•

مانگ من مانتی منہ مانگی مرادیں لے گا
نہ یہاں نا ہے نہ منگتا سے یہ کہنا کیا ہے

•

سیہ لباسان دار دنیا و سبز پوشان عرش اعلیٰ
ہر اک ہے ان کے کرم کا پیاسا یہ فیض ان کی جناب میں ہے

•

ان کے در پر جیسے ہو مٹ جایئے نا توانو کچھ تو ہمت کیجیے
ان کے در پر بیٹھیے بن کر فقیر بے نواؤ فکر ثروت کیجیے

•

مومن ہوں مومنوں پہ رؤف رحیم ہو سائل ہوں سائلوں کو خوشی لا نھر کی ہے
سرکار ہم گنواروں میں طرز ادب کہاں ہم کو تو بس تمیز یہی بھیک بھر کی ہے
مانگیں گے مانگے جائینگے منہ مانگی مرادیں پائینگے سرکار میں نہ لا ہے نہ حاجت اگر کی ہے

اف بے حیائیاں کہ یہ منہ اور تیرے حضور
تجھ سے چھپاؤں منہ تو کروں کس کے سامنے
جاؤں کہاں پکاروں کسے کس کا منہ تکوں
باب عطا تو یہ ہے جو بہکا ادھر ادھر
آباد ایک در ہے تیرا اور تیرے سوا
لب واہیں آنکھیں بند ہیں پھیلی ہیں جھولیاں
منگتا کا ہاتھ اٹھتے ہی داتا کی دین تھی

ہاں تو کریم ہے تیری خو در گزر کی ہے
کیا اور بھی کسی سے توقع نظر کی ہے
کیا پرسش اور جا بھی سگ بے ہنر کی ہے
کیسی خرابی اس نگھرے در بدر کی ہے
جو بارگاہ دیکھئے غیرت کھنڈر کی ہے
کتنے مزے کی بھیک تیرے پاک در کی ہے
دوری قبول وعرض میں بس ہاتھ بھر کی ہے

•

میں گدا تو بادشاہ بھر دے پیالہ نور کا
جو گدا دیکھو لیے جاتا ہے توڑا نور کا
بھیک لے سرکار سے لا جلد کاسہ نور کا

نور دن دونا تیرا دے ڈال صدقہ نور کا
نور کی سرکار ہے کیا اس میں توڑا نور کا
ماہ نو طیبہ میں بٹتا ہے مہینہ نور کا

•

تم سے کھلا باب جود تم سے ہے سب کا وجود
تم ہو جواد و کریم تم ہو رؤف و رحیم
خلق کے حاکم ہو تم رزق کے قاسم ہو تم

تم سے ہے سب کی بقا تم پہ کروروں درود
بھیک ہو داتا عطا تم پہ کروروں درود
تم سے ملا جو ملا تم پہ کروروں درود

•

ہیں تیرے سپرد سب امیدیں
اے جود و نوال مصطفائی

وہی رب ہے جس نے تجھ کو ہمہ تن کرم بنایا

ہمیں بھیک مانگنے کو تیرا آستاں بتایا، تجھے حمد ہے خدایا۔

(حدائق بخشش)

اسماءِ نبوی ﷺ

وہ نامی کہ نام خدا نام تیرا
رؤف و رحیم و علیم و علی ہے

محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)

اسماءِ نبوی ﷺ

اعظم کرامات اور جامع ترین فضائل و کمالات میں سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسماء گرامی ہیں جو محامد اخلاق، محاسن افعال اور جامع جمال و جلال پر مبنی ہیں۔ واضح رہنا چاہیئے کہ حق تعالیٰ عز اسمہ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسماء گرامی قرآن کریم اور دیگر آسمانی کتابوں میں اور انبیاء و رسل علیہم السلام کی زبانوں پر بکثرت بیان فرمائے ہیں، اسماء کی کثرت مسمیٰ کی عظمت و بزرگی پر دلالت کرتی ہے اس لیے کہ اسماء، صفات و افعال سے ماخوذ ہوتے ہیں اور ہر اسم کسی صفت و فعل سے ہی بنا ہے۔

سب سے زیادہ مشہور و اعظم اسماء میں اسم محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ہے جس طرح کہ اسم ''اللہ'' کہ وہ اسم ذات باری تعالیٰ ہے باقی اسماء صفات ہیں اور انھیں پر محمول ہیں۔ اور حق سبحانہ وتعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسم مبارک آپ کے دادا حضرت عبدالمطلب جن کو ''شیبۃ الحمد'' کہتے ہیں کی زبان پر رکھا، لوگوں نے عبدالمطلب سے دریافت کیا کہ کیوں آپ نے اپنے فرزند کا نام محمد رکھا؟ حالاں کہ یہ نام آپ کے اجداد اور آپ کے خاندان میں کسی کا نہ تھا، جواب میں فرمایا کہ اس بناء پر کہ میں امید رکھتا ہوں کہ سارا جہان اس کی تعریف و ستائش کرے۔

اور منقول ہے کہ حضرت عبدالمطلب نے خواب میں دیکھا تھا کہ گویا ان کی پشت سے چاندی کی ایک زنجیر نکلی ہے جس کا ایک سرا آسمان میں ہے اور دوسرا سرا مشرق و مغرب میں، اس کے بعد دیکھا کہ وہ زنجیر ایک درخت بن گیا ہے جس کے ہر پتے پر نور ہے اور مشرق و مغرب کے لوگ اس سے معلق ہیں، اس زمانے کے تعبیر گویوں نے تعبیر دی کہ ان کے صلب سے ایک بچہ پیدا ہوگا جس کی مشرق و مغرب والے پیروی کریں گے۔ اور آسمان و زمین کے باشندے اس کی حمد و ستائش کریں گے، اس بنا پر ''محمد'' نام رکھا۔ یا

وہ گفتگو ہے جو حضرت عبد المطلب نے حضور کی والدہ ماجدہ سیدہ آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمائی۔ آپ نے فرمایا مجھے خواب میں بتایا گیا ہے کہ اے آمنہ تم اس مولود کی حاملہ ہوئی ہے جو اس امت کا سردار ہے جب تم سے وہ تولد ہو تو اس کا نام محمد رکھنا۔ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

اہل علم بیان کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت کی نشانیوں میں سے ہے کہ آپ سے پہلے کسی کا نام محمد نہ رکھا گیا، اس کی وجہ یہ ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے اس نام معظم کی حفاظت و صیانت اپنے ذمہ لے لی تھی تاکہ اس نام مبارک میں کسی کے ساتھ اشتراک واشتباہ نہ رہے، لیکن جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ظہور عالم تاب کا زمانہ قریب آیا تو آپ کے قریبی زمانہ کے اہل کتاب کو بشارتیں دیں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسم شریف انھیں بتایا۔ بعض قبیلہ کے لوگوں نے اپنے بچوں کا یہ نام اس امید پر رکھا کہ شاید یہی وہ ہو جائے۔ (واللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ)

عظیم اور مشہور تر اسم نبوی

صاحب مواہب لدنیہ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسماء شریفہ چار سو سے زیادہ شمار کرائے ہیں اور ان کا ذکر حروف تہجی پر کیا ہے۔

اور سب سے زیادہ مشہور و اعظم اسم مبارک احمد و محمد ہیں جو کہ بمنزلۂ اسم ذات ہیں اور دیگر اسماء صفاتی ہیں اور یہ دونوں نام بھی حقیقت میں ایک اسم ہیں جو حمد سے مشتق اور مبالغہ کے معنی میں مقید ہیں۔ پہلا نام باعتبار کیفیت ہے اور دوسرا نام باعتبار کمیت، تو آپ حق تعالیٰ کی حمد، افضل محامد سے کرتے ہیں اور دنیا و آخرت میں کثرت محامد سے آپ کی حمد و ستائش کی گئی۔ اور آپ احمد الحامدین ہیں (حمد کرنے والوں میں سب سے زیادہ حمد کرنے والے) اور احمد المحمودین (تمام تعریف کیے ہوؤں میں سب سے زیادہ تعریف کردہ) و افضل من حمد (جو بھی حمد کرے ان سب سے برتر حمد کرنے والے) ہیں۔ اور روز قیامت

آپ کے ساتھ لواء الحمد ہوگا تا کہ آپ پر کمال حمد تمام ہو جائے اور حامدیت ومحمودیت کی صفت سے عرصات محشر میں مشہور کیے جائیں گے اور اللہ تعالیٰ آپ کو مقام محمود پر فائز فرمائے گا جیسا کہ اپنے ارشاد میں وعدہ فرمایا ہے کہ عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا (عنقریب آپ کا رب آپ کو مقام محمود عطا فرمائے گا) اور باب شفاعت کھولتے وقت اگلے پچھلے سب ہی آپ کی حمد کریں گے اور حق تعالیٰ اس وقت آپ کو ایسی حمد کی تعلیم فرمائے گا جس کی کسی اور کو تعلیم نہ فرمائی گئی۔ اور حق تعالیٰ نے آپ کی امت کا نام حمادون (بہت زیادہ حمد بجالانے والے) رکھا۔ لہٰذا سزاوار ہے کہ آپ کا اسم گرامی احمد ومحمد رکھا جائے۔

اس تقریر سے ظاہر ہے کہ احمد بمعنی حامد تر، اسم تفضیل برائے فاعل ہے جیسا کہ استعمال میں یہ معنی بہت زیادہ ہے۔ اور ممکن ہے کہ بمعنی محمود تر ہو، جو مفعول کے لیے مشتق ہے اس بناء پر یہاں بیان محمودیت مقصود ہوگا خواہ بلحاظ کمال ہو خواہ باعتبار کثرت ہو۔

بعض کہتے ہیں کہ پچھلوں میں نام احمد مشہور ہے کیوں کہ حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام اسی نام سے یاد کرتے تھے اور کتب سابقہ میں یہی مذکور ہے اور قرآن کریم میں نام محمد بیان کیا گیا۔ اور حق یہ ہے کہ دونوں ہی نام پرانے ہیں۔ لیکن حضرت موسیٰ وعیسیٰ علیہما الصلاۃ والسلام نے کثرت تعظیم کے لحاظ سے نام احمد سے یاد کیا کیوں کہ یہ صیغہ تفضیل کا ہے۔

اور بعض روایتوں میں مذکور ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے آپ کو اسم شریف کے ساتھ تخلیق عالم سے ہزار سال پہلے موسوم فرمایا۔

اور ابن عساکر کعب الاحبار سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت آدم نے حضرت شیث علیہما الصلاۃ والسلام سے فرمایا، اے فرزند تم میرے بعد خلیفہ اور جانشین ہو، تم عماد تقویٰ اور عروہ وثقی کو تھامے رہنا اور

جب بھی تم خدا کا ذکر کرو تو ساتھ ہی اسم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یاد کرنا اس لیے کہ میں نے اس نام مبارک کو ساق عرش پر لکھا دیکھا ہے۔ حالاں کہ میں روح اور مٹی میں تھا اس کے بعد میں نے تمام آسمانوں کی سیر کی ، وہاں میں نے کوئی جگہ ایسی نہ دیکھی جہاں اسم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہ لکھا ہو۔

بلاشبہ میرے رب نے مجھے جنت میں ٹھہرایا اور میں نے جنت کا کوئی محل اور کوئی دریچہ ایسا نہ دیکھا جس پر اسم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہ لکھا ہو۔ اور میں نے حور العین کی پیشانیوں پر اور طوبیٰ کے درختوں کے پتوں پر اور سدرۃ المنتہی کے ہر پتہ پر اور اطراف حجابات پر اور فرشتوں کی آنکھوں پر نام محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لکھا دیکھا ہے۔ لہٰذا اے فرزند! ذکر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہت زیادہ کرنا۔

اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ آدم علیہ الصلاۃ والسلام اپنی مصیبت کے وقت پڑھتے

اللهم بحق محمد اغفر لی خطیئتی.

اور ایک روایت میں آیا ہے کہ **تقبل توبتی .**

خداوندا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے سے میری حفاظت فرما، اور میری توبہ قبول فرمالے۔

حق تعالیٰ نے ان سے فرمایا تم نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کہاں سے پہچانا؟ عرض کیا میں نے جنت میں ہر جگہ لکھا دیکھا کہ :

''لا اله الا الله محمد رسول الله ''

ایک روایت میں ہے کہ لکھا ہوا ہے کہ وہ میرا بندہ اور میرا رسول ہے تو میں نے جان لیا کہ وہ تیرے نزدیک ساری مخلوق سے افضل و اکرم ہے۔ اس کے بعد حق تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمالی۔

اور بعض کے نزدیک حق تعالیٰ کا ارشاد، **فتلقی آدم من ربہ کلمات** کی تفسیر و تاویل ہے۔

شجر و حجر اور گل و برگ پر اسم محمد

کتاب الشفاء میں عجیب وغریب لکھا ہے کہ عالم سفلیات یعنی نچلی دنیا بھی ثبوت اسم شریف پر دلالت رکھتی ہے مثلاً ایک قدیم ویرانے پتھر پر محمد تقی مصلح امین لکھا ہوا پایا گیا۔

اور منقول ہے کہ ایک پتھر پر عبرانی خط میں لکھا ہوا پایا گیا۔

باسمک اللھم جاء الحق من ربک بلسان عربی مبین لا اله الا الله محمد رسول الله . کتبه موسیٰ بن عمران .

اسے ابن ظفر نے ''السیر'' میں معمر و زہری سے ذکر کیا۔

اور خراسان کے ایک شہر میں مشاہدہ کیا گیا ہے کہ ایک بچہ پیدا ہوا جس کے ایک پہلو پر **لا اله الا الله محمد رسول الله** لکھا ہوا ہے۔

اور بلادِ ہند میں ایک پھول کی پتی ہے جس پر بخط سفید **لا اله الا الله محمد رسول الله** لکھا ہوا ہے۔

اور علامہ ابن مرزوق عبداللہ بن صوحان سے نقل کرتے ہیں انھوں نے بیان کیا کہ ہم بحر ہند میں سفر کر رہے تھے کہ ہم پر تیز ہوائیں چلنے لگیں اور سمندر میں موجیں اٹھنے لگیں تو ہم نے اپنی کشتی ایک جزیرے میں لنگر انداز کر دی، وہاں ہم نے ایک گلاب کا پھول دیکھا جس کی تیز بھینی بھینی خوشبو تھی اس پر بخط سفید لکھا ہوا تھا۔

لا اله الا الله محمد رسول الله .

اور ایک اور سفید پھول دیکھا جس پر بخط زرد یکھا لکھا ہوا تھا۔

براء ۃ من الرحمن الرحیم الی جنات النعیم لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔

اور تاریخ ابن العزیم میں علی بن عبداللہ ہاشمی شرقی سے منقول ہے کہ ہند کے ایک دیہات میں تیز خوشبو کا ایک بڑا پھول پایا گیا جس پر بخط سفید

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ، ابو بکر الصدیق ، عمر الفاروق لکھا ہوا تھا۔

وہ بیان کرتے ہیں کہ میرے دل میں شک گزرا اور خیال ہوا کہ یہ کسی کی کاری گری ہے اس کے بعد میں ایک اور پھول کی طرف متوجہ ہوا جو ابھی نہ کھلا تھا اور نہ پھیلا تھا تو اس میں بھی میں نے اسی خط میں لکھا دیکھا۔

میں نے اس شہر میں چیزیں بڑی ارزاں اور سستی دیکھیں۔ وہاں کے لوگ پتھروں کو پوجتے تھے اور اللہ عزوجل کو جانتے تک نہ تھے۔

ابوعبداللہ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ میں بلادِ ہند گیا اور میں نے ایک شہر کی سیر کی جسے نمیلہ (نون کے ساتھ) یا تمیلہ (تا کے ساتھ) کہتے ہیں وہاں میں نے ایک بہت بڑا درخت دیکھا جس کے پھل بادام کی مانند ہیں اور اس کا چھلکا ہے یعنی پھل پر پوست ہے، پھر جب پھل کو توڑا گیا اور اس میں سے گری نکالی گئی اور اسے چیرا گیا تو بیچ میں ایک سبز پتہ نکلا جس پر سرخ لکھا ہوا تھا۔

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔

اہل ہند اس سے برکت حاصل کرتے ہیں اور اس کے ذریعہ خشک سالی میں بارش مانگتے ہیں۔ اس کو ابوالبقائن صافی نے اپنی کتاب ''منسک'' میں بیان کیا ہے۔

اور ''روضۃ الریاحین'' میں یافعی بعض علماء سے اس کی مانند نقل کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ مجھ سے یہ بات ابویعقوب صیاد نے سنائی کہ میں نہر ابلہ میں شکار کر رہا تھا تو میں نے ایک مچھلی ایسی پکڑی

جس کے داہنے پہلو پر **لا الہ الا اللہ** اور بائیں پہلو پر **محمد رسول اللہ** لکھا ہوا ہے۔ جب میں نے یہ دیکھا تو تعظیم واحترام کی خاطر پانی میں ہی اسے دفن کر دیا۔

بعض لوگ قصیدہ بردہ شریف کی شرح میں ابن مرزوق سے نقل کر کے بیان کرتے ہیں کہ مچھلی لائی گئی جس کے ایک کان کی جلد پر **لا الہ الا اللہ** اور دوسرے پر **محمد رسول اللہ** لکھا ہوا تھا۔

اور ایک جماعت سے منقول ہے کہ انھوں نے زرد رنگ کا خربوزہ پایا جس پر سفید لکیریں تھیں اور ہر لکیر پر عربی میں ایک جانب **اللہ** اور دوسری جانب **احمد** خوب واضح لکھا ہوا تھا جس میں کوئی عقل مند تحریر شناس شک نہیں کر سکتا تھا۔

اور کہتے ہیں کہ ۸۰۹ ھ میں انگور کا ایک دانہ پایا گیا جس پر بخط ظاہر برنگ سیاہ محمد لکھا ہوا تھا۔

اور ابن ظفر بن سیاف کی کتاب 'بطن مفہوم'' میں کسی سے منقول ہے کہ انھوں نے ایک بڑے درخت کو دیکھا جس کے پتے بڑے اور خوشبودار تھے اور ہر پتے پر پیدائشی طور پر سرخی وسفیدی سے خوب روشن اور واضح خط میں قدرت الٰہی سے تین سطریں لکھی ہوئی تھیں، پہلی سطر میں **لا الہ الا اللہ** دوسری سطر میں **محمد رسول اللہ** اور تیسری سطر میں **ان الدین عند اللہ الاسلام** لکھا تھا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

راقم الحروف (محمد عیسیٰ رضوی قادری) نے بھی بریلی شریف کے ایک درخت کے بعض پتے پر ''محمد'' واضح انداز میں لکھا دیکھا۔ (مولف)

حضور کے اسماء گرامی

حضور اقدس سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسمائے مبارکہ کی معنویت وافادیت اوران کی

عظمت واہمیت کو امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے حسین وجمیل انداز میں بیان فرمایا ہے ان کے اوصاف و خصائص کو الگ الگ عنوان کے تحت میں ملاحظہ فرمائیں۔ آپ ایک مقام پر فرماتے ہیں :

صحیحین میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان لی اسماء انا محمد و انا احمد و انا الماحی الذی یمحو اللہ بی الکفر و انا الحاشر الذی یحشر علی قدمی .

بیشک میرے متعدد نام ہیں میں محمد ہوں میں احمد ہوں میں ماحی یعنی کفر وشرک کا مٹانے والا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ سے کفر مٹاتا ہے میں حاشر یعنی مخلوق کو حشر دینے والا ہوں کہ میرے قدموں پر تمام لوگوں کا حشر ہوگا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

مالک، احمد، ابوداؤد طیالسی، ابن سعد، بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی، طبرانی، حاکم، بیہقی اور ابونعیم نے حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسے روایت کیا۔

صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا محمد و احمد و المقفی و الحاشر و نبی التوبة و نبی الرحمة .

میں محمد ہوں اور احمد اور سب انبیاء کے بعد آنے والا اور خلائق کو حشر دینے والا اور توبہ کا نبی اور رحمت کا نبی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اسے احمد ومسلم اور طبرانی نے کبیر میں ابوموسیٰ اشعری سے اور ابن سعد و ابن ابی شیبہ اور بخاری نے تاریخ میں اور ترمذی نے شمائل میں حذیفہ سے اور ابن مردویہ نے تفسیر میں اور ابونعیم نے دلائل النبوۃ میں اور ابن عدی نے کامل میں اور ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں اور دیلمی نے مسند الفردوس میں ابوالطفیل سے اور ابن عدی نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اور ابن سعد نے مجاہد سے

مرسلاً روایت کیا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک کنیسۂ یہود میں تشریف لے جا کر دعوت اسلام فرمائی کسی نے جواب نہ دیا، دوبارہ فرمائی کوئی نہ بولا، حضور نے فرمایا

ابیتم فو اللہ لانا الحاشر و انا العاقب و انا النبی المصطفیٰ آمنتم او کذبتم۔

تم نے نہ مانا تو سن لو خدا کی قسم میں ہی حشر دینے والا ہوں میں ہی خاتم الانبیاء ہوں میں ہی نبی مصطفیٰ ہوں چاہے تم مانو یا نہ مانو۔ حاکم نے اسے عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **انا احمد و انا محمد و انا الحاشر الذی احشر الناس علی قدمی و انا الماحی الذی یمحو اللہ بی الکفر۔**

میں احمد ہوں میں محمد ہوں میں حاشر ہوں کہ لوگوں کو اپنے قدموں پر حشر دوں گا میں ماحی ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے ذریعہ سے کفر کی بالمحو فرماتا ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرا نام قرآن میں محمد اور انجیل میں احمد اور توریت میں احید ہے

و انما سمیت احیدا لانی احید عن امتی نار جھنم۔

اور میرا نام احید اس لیے ہوا کہ میں اپنی امت سے آتش دوزخ کو دفع فرماتا ہوں۔ اسے ابن عدی و ابن عساکر نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

(الامن والعلی لناعتی المصطفیٰ بدافع البلاء)

اسماء کی تعداد

حضور کے اسم ذات دو ہیں کتب سابقہ میں احمد ہے اور قرآن کریم میں محمد ہے صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم اور حضور کے اسماء صفات بے گنتی ہیں۔ علامہ احمد خطیب قسطلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے پانچ سو جمع فرمائے۔ سیرت شامی میں تین سو اور اضافہ کیے اور میں (امام احمد رضا) نے چھ سو اور ملائے کل چودہ سو ہوئے۔ اور حضور کے اسماء ہر طبقہ میں مختلف ہیں اور ہر ہر جنس میں جدا گانہ ہیں دریا میں اور نام ہیں پہاڑوں میں اور۔ اور یہ کثرت اسماء کثرت صفات پر دلالت کرتی ہے۔ ہر طبقہ اور ہر جنس میں جدا جدا نام ہونا اس لیے کہ ہر جگہ حضور کی ایک خاص تجلی ہے جس جگہ صفت کا ظہور ہے اسی کے مناسب نام بھی ہے۔

انجیل شریف کی بہت سی آیات ہیں جو حضور کے اوصاف بیان کر رہی ہیں اگرچہ نصاریٰ نے بہت تحریف کی ہے اور اپنی چلتی وہ کل آیتیں جو حضور کے اوصاف میں تھیں نکال ڈالیں۔ مگر جس امر کو اللہ تعالیٰ پورا کرنا چاہے اس کو کون ناقص کر سکتا ہے بہت سی آیتیں اب بھی رہ گئیں مگر انھیں سوجھتی نہیں علیٰ ہذا القیاس توراۃ وزبور میں۔ (الملفوظ اول)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کثرت اسماء سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک جگہ اور فرماتے ہیں :

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسماء پاک بکثرت ہیں کہ کثرت اسماء شرف مسمّیٰ سے ناشی ہے۔ آٹھ سو سے زیادہ مواہب وشرح مواہب میں ہیں۔ اور فقیر نے تقریباً چودہ سو پائے اور حصر ناممکن۔ (احکام شریعت حصہ دوم)

حضور احمد واحد ہیں

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے اسمائے گرامی سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

حضور بیشک احمد واحد ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، دونوں حضور کے اسماء طیبہ سے ہیں اور معنی یہ کہ حضور مظہر شان احدیت ہیں تجلی احدیت حضور کی عبدیت میں جلوہ گر ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶ ص ۲۰۶)

حضور عالم کی جان ہیں

مطالع المسرات شریف میں ہے:

اسمه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم محى حيوة جميع الكون به صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فهو روحه و حياته و سبب وجوده و بقائه.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک محی ہے، زندہ فرمانے والے اس لیے کہ سارے جہان کی زندگی حضور سے ہے تو حضور تمام عالم کی جان و زندگی اور اس کے وجود و بقا کے سبب ہیں۔

اسی میں ہے:

هو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم روح الاكوان و حياتها و سر وجودها و لولاه لذهبت و تلاشت كما قال سيدى عبد السلام رضى الله تعالىٰ عنه و نفعنا به لا شى الا وهو به منوط اذلولا الواسطة لذهب كما قيل الموسوط.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام عالم کی جان و حیات و سبب وجود ہیں حضور نہ ہوں تو عالم نیست و نابود ہو جائے کہ حضرت سیدی عبد السلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ عالم میں کوئی ایسا نہیں جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دامن سے وابستہ نہ ہو، اس لیے کہ واسطہ نہ رہے تو جو اس کے واسطہ سے تھا آپ ہی فنا ہو جائے۔

ہمزیہ شریف میں ارشاد فرمایا:

کل فضل فی العالمین فمن فضل

النبی استعارۃ الفضلاء

جہاں والوں میں جو خوبی جس کسی میں ہے وہ اس نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضل سے مانگے کو لی ہے۔ (صلات الصفاء فی نور المصطفیٰ)

زبور مقدس کی وحی

بیہقی وہب بن منبہ سے راوی :

اللہ تعالیٰ نے زبور مقدس میں وحی بھیجی اے داؤد عنقریب تیرے بعد وہ سچا نبی آئے گا جس کا نام احمد و محمد ہے میں کبھی اس سے ناراض نہ ہوں گا نہ وہ کبھی میری نافرمانی کرے گا اس کی امت امت مرحومہ ہے میں نے انھیں وہ نوافل عطا کیے جو پیغمبروں کو دیے اور ان پر وہ احکام فرض ٹھہرائے جو انبیاء اور رسل پر فرض تھے یہاں تک کہ وہ لوگ میرے پاس روز قیامت اس حال پہ حاضر ہوں گے کہ ان کا نور مثل نور انبیاء کے ہوگا۔ اے داؤد میں نے محمد کو سب سے افضل کیا اور اس کی امت کو تمام امتوں پر فضیلت بخشی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

آسمان میں احمد زمین میں محمد

امام قسطلانی مواہب لدنیہ و منح محمدیہ میں رسالہ میلاد و امام علامہ ابن طغربک سے ناقل :

مروی ہوا آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی الٰہی تو نے میری کنیت ابو محمد کس لیے رکھی حکم ہوا اے آدم اپنا سر اٹھا، آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے سر اٹھایا سراپردۂ عرش میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور نظر آیا عرض کی الٰہی یہ نور کیسا ہے؟ فرمایا :

هذا نور نبی من ذریتک اسمه فی السماء احمد و فی الارض محمد لو لاہ ماخلقتک و لا خلقتک سماء و لا ارضا.

یہ نور ایک نبی کا نور ہے تیری ذریت یعنی اولادِ آدم سے اس کا نام آسمان میں احمد ہے اور زمین میں محمد، اگر وہ نہ ہوتا میں تجھے نہ بناتا نہ آسمان وزمین کو پیدا کرتا۔

حضرت آمنہ کو نام رکھنے کی بشارت

ابونعیم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے حدیث طویل میلادِ جمیل میں راوی :

حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں جب حملِ اقدس میں چھ مہینے گزرے ایک شخص نے سوتے میں مجھے ٹھوکر ماری اور کہا :

یا آمنة انک قد حملت بخیر العالمین طرا فاذا ولدته فسمیه محمدا.

اے آمنہ تمھارے حمل میں وہ ہے جو تمام جہان سے بہتر ہے جب پیدا ہوں ان کا نام محمد رکھنا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ابونعیم حضرت بریدہ و ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی :

حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ایامِ حملِ مقدس میں خواب دیکھا کوئی کہنے والا کہتا ہے۔

انک قد حملت بخیر البریة و سید العالمین فاذا ولدته فسمیه احمد و محمدا.

تمھارے حمل میں بہترِ عالم وسردارِ عالمیاں ہیں پیدا ہوں تو ان کا نام احمد و محمد رکھنا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابن سعد وحسن بن جراح زید بن اسلم سے راوی :

حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جناب حلیمہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہا سے فرمایا مجھ سے خواب میں کہا گیا۔

انک ستلدین غلاما فسمیه احمد و هو سید العالمین.

عنقریب تمھارے لڑکا ہوگا ان کا نام احمد رکھنا وہ تمام عالم کے سردار ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

حشر، حضور کے قدموں پر

بخاری ومسلم وترمذی ونسائی وامام مالک وامام احمد وابو داؤد طیالسی وابن سعد، طبرانی وحاکم وبیہقی وابو نعیم وغیرہم حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان لی اسماء انا محمد و انا احمد و انا الماحی الذی .یمحو الله بی الکفر و انا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی و انا العاقب الذی لیس بعده نبی .

بیشک میرے متعدد نام ہیں میں محمد ہوں اور میں احمد ہوں اور میں ماحی ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے سبب سے کفر مٹاتا ہے میں حاشر ہوں میرے قدموں پر لوگوں کا حشر ہوگا میں عاقب ہوں اور عاقب وہ جس کے بعد کوئی نبی نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

امام احمد مسند اور مسلم صحیح اور طبرانی معجم کبیر میں حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا محمد و احمد و المقفی و الحاشر و نبی التوبة و نبی الرحمة۔

میں محمد ہوں اور احمد اور سب انبیاء کے بعد آنے والا اور خلائق کو حشر دینے والا اور رحمت کا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

نام مبارک نبی التوبة کے خصائص

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسماء مبارکہ میں ایک اسم مقدس نبی التوبہ بھی ہے اس کے خصائص ونکات سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

نام مبارک ''نبی التوبہ'' عجیب جامع وکثیر المنافع نام پاک ہے، اس کی تیرہ توجیہیں فقیر غفرلہ المولیٰ القدیر نے متعدد کتب سیرت واحادیث سے التقاط کیں اور چار بتوفیق اللہ تعالیٰ اپنی طرف سے بڑھائیں سب سترہ ہوئیں۔

(۱) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہدایت سے عالم نے توبہ ورجوع الی اللہ کی دولتیں پائیں حضور کی آواز پر متفرق جماعتیں مختلف امتیں اللہ عزوجل کی طرف پلٹ آئیں۔ اسے مطالع المسرات وشرح شفا ملا علی قاری اور اشعۃ اللمعات شیخ محقق دہلوی میں ذکر کیا گیا ہے۔

(۲) ان کی برکت سے خلائق کو توبہ نصیب ہوئی، اسے شیخ محقق عبد الحق دہلوی نے لمعات و اشعۃ اللمعات میں تحریر فرمایا ہے۔

(۳) ان کے ہاتھ پر جس قدر بندوں نے توبہ کی اور انبیاء کرام کے ہاتھوں پر نہ ہوئی۔ شیخ محقق نے لمعات میں صراحۃ اور اشعۃ اللمعات میں اشارۃً ذکر کر کے فرمایا

ایں صفت در جمیع انبیاء مشترک ست و در ذات شریف آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم از ہمہ

بیشتر ووافر وکامل تر است۔

یہ صفت جملہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام میں مشترک ہے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات اقدس میں تمام انبیاء کرام سے زیادہ اور وافر وکامل ہے۔ (مولف)

صحیح حدیثوں سے ثابت کہ روز قیامت یہ امت سب امتوں سے شمار میں زائد ہوگی نہ فقط ہر ایک امت جداگانہ بلکہ مجموع جمیع امم سے۔ اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں بحمد اللہ تعالیٰ اسی (۸۰) ہماری اور چالیس میں باقی سب امتیں۔ والحمد للہ رب العالمین۔

(۴) وہ توبہ کا حکم لے کر آئے۔ اسے امام نووی نے شرح مسلم وملا علی قاری نے جمع الوسائل اور زرقانی نے شرح المواہب میں ذکر فرمایا ہے۔

(۵) اللہ عزوجل کے حضور سے قبول توبہ کی بشارت لائے۔ یہ شرح مواہب اور تیسیر مناوی میں ہے۔

(۶) اقول، بلکہ وہ توبہ عام لائے ہر نبی صرف اپنی قوم کے لیے توبہ لاتے وہ تمام جہان سے توبہ لینے آئے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(۷) بلکہ توبہ کا حکم وہی لے کر آئے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سب ان کے نائب ہیں۔ تو روز اول سے آج تک اور آج سے قیامت تک جو توبہ خلق سے طلب کی گئی یا کی جائے گی واقع ہوئی یا وقوع پائے گی سب کے نبی ہمارے نبی توبہ ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علامہ فاسی نے اسے مطالع المسرات میں تحریر فرمایا ہے۔

(۸) توبہ سے مراد اہل توبہ ہیں یعنی توابین کے نبی، اقول: اب اوفق یہ ہے کہ توبہ سے مراد ایمان لیں، حاصل یہ کہ تمام اہل ایمان کے نبی۔ جیسا کہ علامہ فاسی ومناوی پھر عزیزی نے شرح جامع صغیر میں مراد لیا ہے۔

(۹) ان کی امت توابین ہیں وصف توبہ میں سب امتوں سے ممتاز ہیں۔ قرآن ان کی صفت میں التائبون فرماتا ہے، جب گناہ کرتے ہیں توبہ لاتے ہیں یہ امت کا فضل ہے اور امت کا ہر فضل اس کے نبی کی طرف راجع، یہ جمع الوسائل اور مطالع المسرات میں ہے۔

(۱۰) ان کی امت کی توبہ سب امتوں سے زائد مقبول ہوئی کہ ان کی توبہ میں ندامت وترک فی الحال و عزم امتناع پر کفایت کی گئی۔ نبی الرحمۃ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے بوجھ اتار لیے اگلی امتوں کے سخت وشدید باران پر نہ آنے دیئے اگلوں کی توبہ سخت سخت شرائط سے مشروط کی جاتی تھی۔ گوسالہ پرستی سے بنی اسرائیل کی توبہ اپنی جانوں کے قتل سے رکھی گئی۔ جب ستر ہزار آپس میں کٹ چکے ہیں اس وقت توبہ قبول ہوئی۔ یہ توضیح ملا علی قاری کی شرح شفا ومرقاۃ وقاضی عیاض کی نسیم الریاض وعلامہ فاسی کی مطالع المسرات اور امام نووی کی مجمع البحار میں موجود ہے۔

(۱۱) وہ خود کثیر التوبہ ہیں۔ صحیح بخاری میں ہے میں روز اللہ سبحانہ سے سو بار استغفار کرتا ہوں ہر ایک کی توبہ اس کے لائق ہے **حسنات الابرار سیئات المقربین** حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر آن ترقی مقامات قرب ومشاہدہ میں ہیں **و للاخرۃ خیر لک من الاولیٰ** جب ایک مقام اجل واعلیٰ پر ترقی فرماتے گزشتہ مقام کو بہ نسبت اس کے ایک نوع تقصیر تصور فرما کر اپنے رب کے حضور توبہ واستغفار لاتے تو وہ ہمیشہ ترقی اور ہمیشہ توبہ بے تقصیر میں ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ یہ شرح شفاء، مرقاۃ، لمعات، زرقانی، اور مطالع المسرات میں ہے۔

(۱۲) **باب توبہ:** انھیں کی امت کے آخری عہد میں باب توبہ بند ہوگا، اگلی نبوتوں میں اگر کوئی ایک نبی کے ہاتھ پر تائب نہ ہوتا امکان رہتا کہ دوسرا نبی آئے اس کے ہاتھ پر توبہ لائے، یہاں باب نبوت مسدود اور ختم ملت پر توبہ مفقود تو جوان کے دست اقدس پر توبہ نہ لائے اس کے لیے کہیں

توبہ نہیں۔

(۱۳) فاتح باب توبہ: وہ فاتح باب توبہ ہیں سب میں پہلے سیدنا آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے توبہ کی وہ انھیں کے توسل سے تھی تو وہی اصل توبہ ہیں اور وہی وسیلۂ توبہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ یہ مطالع المسرات میں ہے۔

(۱۴) کعب کا خون: وہ توبہ قبول کرنے والے ہیں ان کا دروازۂ کرم توبہ ومعذرت کرنے والوں کے لیے ہمیشہ مفتوح ہے۔ جب سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کعب بن زہیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خون ان کے زمانۂ نصرانیت میں مباح فرمادیا ہے، ان کے بھائی بجیر بن زہیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں لکھا:

طر الیه فانه لا یرد من جاء تائبا.

ان کے حضور اڑ کر آؤ جوان کے سامنے توبہ کرتا حاضر ہو یا اسے کبھی رد نہیں فرماتے۔

اسی بناء پر کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب حاضر ہوئے راہ میں قصیدۂ نعتیہ بانت سعاد نظم کیا جس میں عرض رسا ہیں۔

انبئت ان رسول الله اوعدنی
و العفو عند رسول الله مامول
انی اتیت رسول الله معتذرا
و العذر عند رسول الله مقبول

مجھے خبر پہنچی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے لیے سزا کا حکم فرمایا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور معذرت کرتا حاضر ہوا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں

عذر دولت قبول پاتا ہے۔

توراۃ مقدس میں ہے :

لا یجزی بالسیئة السیئة و لکن یعفو و یغفر.

احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بدی کا بدلہ بدی نہ دیں گے بلکہ بخش دیں گے اور مغفرت فرمائیں گے۔

ولہٰذا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسمائے طیبہ ہیں عفو غفور۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(۱۵) **نبی توبہ** : اقول، وہ نبی توبہ ہیں۔ بندوں کو حکم ہے کہ ان کی بارگاہ میں حاضر ہو کر توبہ و استغفار کریں اللہ تو ہر جگہ سنتا ہے اس کا علم اس کا سمع اس کا شہود سب جگہ ایک سا ہے مگر حکم یہی فرمایا کہ میری طرف توبہ چاہو تو میرے محبوب کے حضور حاضر ہو۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

و لو انهم اذ ظلموا انفسهم جاؤک فاستغفروا الله و استغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحیما.

اگر وہ جو اپنی جانوں پر ظلم کریں تیرے پاس حاضر ہو کر خدا سے بخشش چاہیں اور رسول ان کی مغفرت مانگے تو ضرور خدا کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

حضور کے عالم حیات ظاہری میں حضور ظاہر تھا اور اب حضور مزار پر انوار ہے اور جہاں یہ بھی میسر نہ ہو تو دل سے حضور پر نور کی طرف توجہ حضور سے فریاد استغاثہ طلب شفاعت، کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اب بھی ہر مسلمان کے گھر میں جلوہ فرما ہیں۔ مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری شرح شفا شریف میں فرماتے ہیں۔

روح النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حاضرة فی بیوت اهل الإسلام .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر مسلمان کے گھر میں جلوہ فرما ہیں۔

(۱۶) اقول: وہ مفیض توبہ ہیں توبہ لیتے بھی یہی ہیں اور دیتے بھی یہی یہ توبہ نہ دیں تو کوئی توبہ نہ کر سکے توبہ ایک نعمت عظمٰی، بلکہ اجل نعم ہے اور نصوص متواترہ اولیائے کرام وائمہ عظام وعلمائے اعلام سے مبرہن ہو چکا کہ ہر نعمت قلیل یا کثیر، صغیر یا کبیر، جسمانی یا روحانی، دینی یا دنیوی، ظاہری و باطنی، روز اول سے اب تک، اب سے قیامت تک، قیامت سے آخرت، آخرت سے ابد تک، مومن یا کافر، مطیع یا فاجر، ملک یا انسان، جن یا حیوان بلکہ تمام ما سوا اللہ میں جسے جو کچھ ملی یا ملتی ہے یا ملے گی اس کی کلی انھیں کے صبائے کرم سے کھلی اور کھلتی ہے اور کھلے گی انہیں کے ہاتھوں پر بٹی اور بٹتی ہے، یہ سر الوجود واصل الوجود وخلیفۃ اللہ الاعظم وولی نعمت عالم ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ یہ خود فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

انا ابو القاسم و الله يعطى و انا اقسم .

میں ابو القاسم ہوں اللہ دیتا ہے اور میں تقسیم فرماتا ہوں۔

ان کا رب عزوجل فرماتا ہے :

و ما ارسلنک إلا رحمة للعلمين .

ہم نے نہ بھیجا تمھیں مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔

(۱۷) اقول: وہ نبی توبہ ہیں کہ گناہوں سے ان کی طرف توبہ کی جاتی ہے توبہ میں ان کا نام پاک نام جلالت حضرت عزت عز جلالہ کے ساتھ لیا جاتا ہے کہ میں اللہ و رسول کی طرف توبہ کرتا ہوں۔ جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

صحیح بخاری و صحیح مسلم شریف میں ہے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی :

یا رسول الله اتوب الی الله و الی رسوله ماذا اذنبت.

یارسول اللہ میں اللہ اور اللہ کے رسول کی طرف توبہ کرتی ہوں مجھ سے کیا خطا ہوئی۔

معجم کبیر میں حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، ابوبکر صدیق وعمر فاروق وغیرہما چالیس اجلۂ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف کھڑے ہوکر ہاتھ پھیلائے لرزتے کانپتے حضور سے عرض کی :

تبنا الی الله و الی رسوله .

ہم اللہ اور اس کے رسول کی طرف توبہ کرتے ہیں۔

اقول، توبہ کے معنی ہیں نافرمانی سے باز آنا جس کی معصیت کی ہے، اس سے عہد اطاعت کی تجدید کر کے اسے راضی کرنا، اور نص قطعی قرآن سے ثابت کہ اللہ عزوجل کا ہر گنہگار حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گنہگار ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

من يطع الرسول فقد اطاع الله .

جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

اس کا عکس نقیض یہ ہوگا کہ جس نے اللہ کی اطاعت نہیں کی اس نے رسول کی اطاعت نہ کی۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ اللہ کا گنہ گار حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گنہ گار ہے۔ اور قرآن عظیم حکم دیتا کہ اللہ ورسول کو راضی کرو۔

و الله و رسوله احق ان يرضوه ان كانوا مومنين

سب سے زیادہ راضی کرنے کے مستحق اللہ اور رسول ہیں۔ اگر یہ لوگ ایمان رکھتے ہیں۔

نبی رحمت و نبی توبہ

امام احمد و ابن سعد و ابن ابی شیبہ و امام بخاری تاریخ اور ترمذی شمائل میں حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، مدینہ طیبہ کے ایک راستے میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے ملے، ارشاد فرمایا:

انا محمد و انا احمد و انا نبی الرحمة و نبی التوبة و انا المقفی و انا الحاشر و نبی الملاحم.

میں محمد میں احمد ہوں میں رحمت کا نبی ہوں میں توبہ کا نبی ہوں میں سب میں آخری نبی ہوں میں حشر دینے والا ہوں میں جہادوں کا نبی ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حاشر و ماحی

طبرانی معجم کبیر اور سعید بن منصور سنن میں حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا احمد و انا محمد و انا الحاشر الذی احشر الناس علی قدمی و انا ماحی الذی یمحو الله بی الکفر، فاذا کان یوم القیمة کان لواء الحمد معی و کنت امام المرسلین و صاحب شفاعتهم.

میں احمد و محمد ہوں میں حاشر ہوں کہ لوگوں کو اپنے قدموں پر حشر دوں گا ماحی ہوں کہ اللہ تعالیٰ میرے سبب سے کفر کو محو فرماتا ہے، قیامت کے دن لواء الحمد میرے ہاتھ میں ہوگا میں سب پیغمبروں کا امام و

اوران کی شفاعتوں کا مالک ہوں گا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

دس اسمائے مبارکہ

ابن مردویہ تفسیر اور ابونعیم دلائل میں اور ابن عدی و ابن عساکر و دیلمی حضرت ابوالطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لی عشرة اسماء عندی ربی انا محمد و احمد و الفاتح و الخاتم و ابو القاسم و الحاشر و العاقب و الماحی و یٰسین و طه .

میرے رب کے یہاں میرے دس نام ہیں محمد واحمد وفاتح عالم ایجاد وخاتم نبوت وابوالقاسم وحاشر وآخرالانبیاء وماحی کفر ویسین وطہ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابن عدی کامل میں حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

ان لی عند ربی عشرة اسماء .

میرے رب کے پاس میرے لیے دس نام ہیں۔ ازاں جملہ محمد واحمد وماحی وحاشر وعاقب یعنی ختم الانبیاء ورسول الرحمۃ ورسول التوبۃ ورسول الملاحم ذکر کر کے فرمایا:

ؤ انا المقفی قفیت النبیین عامة و انا قثم.

میں مقفی ہوں کہ تمام پیغمبروں کے بعد آیا اور میں کامل جامع ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

عاقب و نبی مصطفیٰ

حاکم مستدرک میں بافادۂ تصحیح حضرت عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، سید المرسلین صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کنیسۂ یہود میں تشریف لے گئے میں ہمرکاب اقدس تھا، فرمایا: اے گروہ یہود مجھے بارہ آدمی دکھاؤ جو گواہی دینے والے ہوں کہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ عزوجل سب یہود سے اپنا غضب (جس میں وہ زمانہ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے گرفتار ہیں کہ و باؤا بغضب من اللہ فباؤا بغضب.) اٹھالے گا یہود سن کر چپ رہے کسی نے جواب نہ دیا حضور نے فرمایا:

ابیتم فو اللہ لانا الحاشر و انا العاقب و انا النبی المصطفیٰ آمنتم او کذبتم.

تم نے نہ مانا خدا کی قسم بیشک میں حاشر ہوں اور میں خاتم الانبیاء اور میں نبی مصطفیٰ ہوں خواہ تم مانو یا نہ مانو۔

رسول جہاد

ابن سعد مجاہد مکی سے مرسلاً راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا محمد و احمد انا رسول الرحمۃ انا رسول الملحمۃ، انا المقفی و الحاشر.

میں محمد و احمد ہوں، میں رسول رحمت ہوں میں رسول جہاد ہوں، میں خاتم الانبیاء ہوں میں لوگوں کو حشر دینے والا ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

مقفی وخاتم

خطیب وابن عساکر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا احمد و محمد و الحاشر و المقفی و الخاتم.

میں احمد ہوں اور محمد اور تمام جہان کو حشر دینے والا اور سب انبیاء کے پیچھے آنے والا اور نبوت ختم فرمانے والا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

آسمانی کتابوں میں اسم اقدس

ابن عساکر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یسمی فی الکتب القدیمة احمد و محمد و الماحی و المقفی و نبی الملاحم و حمطایا و فار قلیطا و ماذ ماذ.

اگلی کتابوں میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے یہ نام تھے احمد، محمد۔ ماحی (کفر و شرک کو مٹانے والے) مقفی (سب پیغمبروں سے پیچھے تشریف لانے والے) نبی الملاحم (جہادوں کے پیغمبر) حمطایا (حرم الٰہی کے حمایتی) فارقلیطا (حق کو باطل سے جدا کرنے والے)۔ ماذ ماذ (ستھرے پاکیزہ۔) صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (جزاء اللہ عدوہ بابا ء ہ ختم النبوۃ)

اشعار

اسماءِ نبوی کے جلال و جمال کو واضح کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

لب پہ آجاتا ہے جب نام جناب، منہ میں گھل جاتا ہے شہد نایاب
وجد میں ہو کے ہم اے جان بے تاب، اپنے لب چوم لیا کرتے ہیں

●

وہ نامی کے نام خدا نام تیرا
رؤف و رحیم و علیم و علی ہے

ذات ہوئی انتخاب وصف ہوئے لا جواب
نام ہوا مصطفیٰ تم پہ کروروں درود

(حدائقِ بخشش)

اسم مبارک پر نام رکھنا

ان کے ہر نام و نسبت پہ نامی درود
ان کے ہر وقت و حالت پہ لاکھوں سلام

سموا بأسماء الأنبياء

انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے ناموں پر نام رکھو۔

(الحدیث)

اسم مبارک پر نام رکھنا

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسم مبارک پر نام رکھنا مبارک و نافع اور دنیا و آخرت میں حفاظت میں لینے والا ہے۔ چنانچہ سیدنا انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بارگاہ حق میں دو بندے کھڑے کیے جائیں گے اس پر حق تعالیٰ انھیں جنت میں داخل کرنے کا حکم فرمائے گا۔ یہ دونوں بندے عرض کریں گے کہ اے خدا کس چیز نے ہمیں جنت کا اہل اور مستحق بنایا حالاں کہ ہم نے کوئی نیک عمل نہیں کیا۔ بجز اس کے کہ تیری رحمت سے ہم جنت میں جانے کے امیدوار تھے۔ اس پر اللہ رب العزت جل وعلاء فرمائے گا۔ تم جنت میں داخل ہو جاؤ اس لیے کہ ہم نے اپنی ذات کی قسم اپنے اوپر لازم کرلیا ہے میں اسے جہنم کی آگ میں ہرگز نہ بھیجوں گا جس کا نام محمد و احمد ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا مجھے قسم ہے اپنی عزت وجلال کی کسی ایک پر عذاب نہ کروں گا جس کا نام تمھارے نام پر ہے۔

سیدنا علی بن ابی طالب کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے مروی ہے کہ فرمایا کوئی دستر خوان نہیں ہے کہ بچھایا گیا ہو اور اس پر لوگ کھانے کے لیے آئیں اور ان میں احمد یا محمد کے نام والے ہوں مگر یہ کہ حق تعالیٰ اس گھر کو جس میں یہ دستر خوان کھانے کا بچھایا گیا ہو اسے روزانہ دو مرتبہ پاک نہ فرمائے۔ اسے ابو منصور دیلمی نے روایت کیا۔

نیز یہ بھی مروی ہے کہ کوئی گھر نہیں ہے جس میں محمد نام والے ہوں مگر یہ کہ حق تعالیٰ انھیں برکت دے۔

ایک حدیث میں ہے جو قوم کسی مشورہ کے لیے جمع ہوئی اور ان میں کوئی شخص ایسا موجود ہے جس کا نام محمد ہے تو یقیناً اللہ تعالیٰ ان کے نام میں برکت عطا فرمائے گا۔

ایک حدیث میں یہ بھی ہے کہ جس کا نام محمد ہوگا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی شفاعت کریں گے اور جنت میں داخل کرائیں گے۔

امام بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کیا خوب فرمایا ہے:

فان لی ذمة منه بتسمیتی

محمد و هو اوفی الخلق بالذمم

جس کا نام میرے نام پاک پر محمد ہے اس کے لیے میرا ذمہ ہے اور وہ مخلوق میں سب سے زیادہ آراستہ ومزین کرنے کے لائق ہے۔

بعض علماء اسم مبارک اور آپ کی کنیت دونوں کو جمع کر کے نام رکھنے کو منع فرماتے ہیں اور ایک ایک کر کے رکھنے کو جائز کہتے ہیں (یعنی یا تو ابوالقاسم نام رکھو یا محمد نام رکھو) یہ قول زیادہ صحیح ہے۔

امام نووی فرماتے ہیں کہ اس مسئلہ میں کئی مذہب ہیں۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ مطلقاً ممنوع ہے۔

اور امام مالک رحمۃ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ مطلقاً جائز ہے۔

اور تیسرا مذہب یہ ہے کہ ابوالقاسم نام رکھنا اس شخص کے لیے جائز ہے جس کا نام محمد نہیں ہے۔

اور جو حضرات مطلقاً جائز کہتے ہیں وہ ممانعت والی حدیثوں کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کی حالت کے ساتھ مخصوص ومقید کرتے ہیں۔ یہ قول اقرب الی الصواب ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

محمد واحمد نام کی فضیلت

حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسماء مقدسہ اور محبوبان خدا کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب

وفضیلت سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں:

محبوبان خدا انبیاء واولیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے اسماء طیبہ پر نام رکھنا مستحب ہے جب کہ ان کی مخصوصات سے نہ ہو، اور محمد واحمد ناموں کے فضائل میں احادیث کثیرہ عظیمہ جلیلہ وارد ہیں۔

صحیحین ومسند احمد وجامع ترمذی وسنن ابن ماجہ میں حضرت انس، صحیحین وابن ماجہ میں حضرت جابر، معجم کبیر طبرانی میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **سموا باسمی و لا تکنوا بکنیتی .**

میرے نام پاک پر نام رکھو اور میری کنیت نہ رکھو۔

ابن عساکر وحافظ حسین بن احمد عبداللہ بن بکیر حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من ولد له مولود فسماه محمد احبا لی و تبر کا باسمی کان هو و مولوده فی الجنة.

جس کے لڑکا پیدا ہو اور وہ میری محبت اور میرے نام پاک سے تبرک کے لیے اس کا نام محمد رکھے وہ اور اس کا لڑکا دونوں بہشت میں جائیں۔ امام خاتم الحفاظ جلال الملۃ والدین سیوطی فرماتے ہیں:

هذا امثل حديث و رد فی هذا الباب و اسناده حسن .

جس قدر حدیثیں اس باب میں آئیں یہ سب میں بہتر ہے اور اس کی سند حسن ہے۔

محمد واحمد نام کا شخص دوزخ میں نہ جائے گا

حافظ ابوطاہر سلفی وحافظ ابن بکیر حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم فرماتے ہیں روز قیامت دو شخص حضرت عزت کے حضور کھڑے کیے جائیں گے حکم ہوگا انھیں جنت میں لے جاؤ، عرض کریں گے الٰہی ہم کس عمل پر جنت کے قابل ہوئے ہم نے تو کوئی کام جنت کا نہ کیا، رب عزوجل فرمائے گا **ادخلا الجنة فانی آلیت علی نفسی ان لا یدخل النار من اسمه احمد و لا محمد.**

جنت میں جاؤ میں نے حلف فرمایا ہے کہ جس کا نام احمد یا محمد ہو دوزخ میں نہ جائے گا، یعنی جب کہ مومن ہو، اور مومن عرف قرآن وحدیث وصحابہ میں اسی کو کہتے ہو جو سنی صحیح العقیدہ ہو۔ **کما نص علیه الائمة فی التوضیح وغیرہ** ورنہ بدمذہبوں کے لیے تو حدیثیں یہ ارشاد فرماتی ہیں کہ وہ جہنم کے کتے ہیں ان کا کوئی عمل قبول نہیں۔ بدمذہب اگر چہ حجر اسود ومقام ابراہیم کے درمیان مظلوم قتل کیا جائے اور اپنے اس مارے جانے پر صابر وطالب ثواب رہے جب بھی اللہ عزوجل اس کی کسی بات پر نظر نہ فرمائے اور اسے جہنم میں ڈالے۔ یہ حدیثیں دارقطنی وابن ماجہ وبیہقی وابن الجوزی وغیرہم نے حضرت ابوامامہ وحذیفہ وانس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیں۔

ابونعیم حلیۃ الاولیاء میں حضرت نبیط بن شریط رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **قال اللہ تعالیٰ عزوجل و عزتی و جلالی لا عذبت احدا تسمی باسمک فی النار.**

رب عزوجل نے مجھ سے فرمایا اپنی عزت وجلال کی قسم جس کا نام تمھارے نام پر ہوگا اسے دوزخ کا عذاب نہ دوں گا۔

دسترخوان بابرکت ہوگا

حافظ ابن بکیر امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

دیلمی مسند الفردوس میں موقوفا راوی کہ مولیٰ علی فرماتے ہیں۔

ابن عدی کامل اور ابوسعید نقاش بسند صحیح اپنے معجم شیوخ میں راوی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

ما اطعم طعام علی مائدة و لا جلس علیها و فیها اسمی الا وقد سوا کل یوم مرتین.

جس دسترخوان پر لوگ بیٹھ کر کھانا کھائیں اور ان میں کوئی محمد یا احمد نام کا ہو وہ لوگ ہر روز دو بار مقدس کیے جائیں۔

حاصل یہ کہ جس گھر میں ان پاک ناموں کا کوئی شخص ہو، دن میں دو بار اس مکان میں رحمت الٰہی کا نزول ہو، لہٰذا حدیث امیر المومنین کے لفظ یہ ہیں

ما من مائدة وضعت فحضر علیها من اسمه احمد و محمد الاقدس الله ذلک المنزل کل یوم مرتین .

ابن سعد طبقات میں عثمان عمری سے مرسلاً راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

ماضر احدکم لو کان فی بیته محمد و محمدان و ثلثة .

تم میں کسی کا کیا نقصان ہے اگر اس کے گھر میں ایک محمد یا دو محمد یا تین محمد ہوں۔

مشورے میں برکت نہ ہوگی

طرانی و ابن الجوزی امیر المومنین مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنیٰ سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ما اجتمع قوم قط فی مشورۃ و فیھم رجل اسمہ محمد لم یدخلوہ فی مشورتھم الالم یبارک لھم فیہ.

جب کوئی قوم کسی مشورے کے لیے جمع ہو اور ان میں کوئی شخص محمد نام کا ہو اور اسے اپنے مشورے میں شریک نہ کریں ان کے ملیے اس مشورے میں برکت نہ رکھی جائے۔

محمد نام نہ رکھنا جہالت ہے

طبرانی کبیر میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

من ولدلہ ثلثۃ اولاد فلم یسم احدا منھم محمدا فقد جھل.

جس کے تین بیٹے پیدا ہوں اور وہ ان میں کسی کا نام محمد نہ رکھے ضرور جاہل ہے۔

محمد نام والے کی تکریم کی جائے

حاکم وخطیب تاریخ اور دیلمی مسند میں امیر المومنین مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

اذا سمیتم الولد محمدا فاکرموہ و اوسعوا لہ فی المجلس و لا تقبحوا لہ وجھا.

جب لڑکے کا نام محمد رکھو تو اس کی عزت کرو اور مجلس میں اس کے لیے جگہ کشادہ اور اسے برائی کی طرف نسبت نہ کرو یا اس پر برائی کی دعا نہ کرو۔

بزار مسند میں حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اذا سميتم محمدا فلا تضربوه و لا تحرموه .

جب لڑکے کا نام محمد رکھو تو اسے نہ مارو اور نہ محروم کرو۔

لڑکا پیدا ہوگا

فتاویٰ امام شمس الدین سخاوی میں ہے ابوشعیب حرانی امام عطا (تابعی جلیل الشان استاذ امام الائمہ سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما) سے روایت کی :

من اراد ان يكون حمل زوجته ذكرا فليضع يده على بطنها و ليقل ان كان ذكرا فقد سميته محمدا فانه يكون ذكرا.

جو چاہے کہ اس کی عورت کے حمل میں لڑکا ہو اسے چاہیئے اپنا ہاتھ عورت کے پیٹ پر رکھ کر کہے۔

ان كان ذكرا فسميته محمدا اگر لڑکا ہے تو میں نے اس کا نام محمد رکھا، انشاء اللہ العزیز لڑکا ہی پیدا ہوگا۔

گھر میں برکت ہوگی

سیدنا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں :

ما كان فى اهل بيت اسم محمد الا كثرت بركته .

جس گھر والوں میں کوئی محمد نام کا ہوتا ہے اس گھر کی برکت زیادہ ہوتی ہے۔

مناوی نے اسے شرح تیسیر میں اور زرقانی نے شرح مواہب میں بیان فرمایا ہے۔

بہتر یہ ہے کہ صرف محمد یا احمد نام رکھے اس کے ساتھ جان وغیرہ اور کوئی لفظ نہ ملائے کہ فضائل تنہا انھیں اسمائے مبارکہ کے وارد ہوئے ہیں۔ (النور والضیاء فی احکام بعض الاسماء)

محمد نام رکھنے کی برکت

ایک حدیث میں ہے، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو میری محبت کی وجہ سے اپنے لڑکے کا نام محمد یا احمد رکھے گا اللہ تعالیٰ باپ اور بیٹے دونوں کو بخشے گا۔

ایک روایت میں ہے قیامت کے دن ملائکہ کہیں گے جن کا نام محمد یا احمد ہے جنت میں چلے جاؤ۔

ایک روایت میں ہے ملائکہ اس گھر کی زیارت کو آتے ہیں جس میں کسی کا نام محمد یا احمد ہے۔

ایک روایت میں ہے جس مشورے میں اس نام کا آدمی شریک ہو اس میں برکت رکھی جاتی ہے۔

ایک روایت میں ہے تمھارا کیا نقصان ہے کہ تمھارے گھروں میں دو یا تین محمد ہوں۔

(الملفوظ اول)

نام پاک سن کر انگوٹھے چومنا

لب پہ آ جاتا ہے جب نام جناب منہ میں گھل جاتا ہے شہد نایاب
وجد میں ہم ہو کے اے جان بیتاب اپنے لب چوم لیا کرتے ہیں

من فعل مثل ما فعل خلیلی فقد حلت علیہ شفاعتی

جو ایسا کرے جیسا میرے پیارے نے کیا اس پر میری شفاعت حلال ہو جائے۔

(الحدیث)

نام پاک سن کر انگوٹھے چومنا

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک سن کر انگوٹھے چومنا جائز ومستحب ہے اور اس میں حضور کی تعظیم اور دلی محبت ہے، ہر وہ جائز بات کہ محبت وتعظیم میں جس کا دخل ہے اس کا بجالانا، اس پر عمل کرنا ایمان کا ایک عظیم حصہ ہے۔ اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ سے سوال ہوا کہ

اذان میں کلمہ اشھد ان محمدا رسول اللہ سن کر انگوٹھے چومنا، آنکھوں سے لگانا کیسا ہے؟

آپ نے فرمایا:

انگوٹھے چومنا جائز ہے

حضور پر نور شفیع یوم النشور صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک اذان میں سنتے وقت انگوٹھے یا انگشتان شہادت چوم کر آنکھوں سے لگانا قطعاً جائز جس کے جواز پر مقام تبرع میں دلائل کثیرہ قائم، اور خود اگر کوئی دلیل خاص نہ بھی ہوتی تو منع پر شرع سے دلیل نہ ہونا ہی جواز کے لیے دلیل کافی تھی۔ جو ناجائز بتائے ثبوت دینا اس کے ذمہ ہے کہ قائل جواز متمسک باصل ہے اور متمسک باصل محتاج دلیل نہیں۔ پھر یہاں تو حدیث وفقہ، ارشاد علماء وعمل قدیم سلف صلحاء سب کچھ موجود۔

علمائے محدثین نے اس باب میں حضرت خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیدنا صدیق اکبر و حضرت ریحانۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیدنا امام حسن وحسین وحضرت نقیب اولیائے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیدنا ابو العباس خضر علی الحبیب الکریم وعلیہم الصلاۃ والتسلیم وغیرہم اکابر دین سے حدیثیں روایت فرمائیں جس کی قدرے تفصیل امام علامہ شمس الدین سخاوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کتاب مستطاب مقاصد حسنہ میں ذکر فرمائی۔ اور جامع الرموز شرح نقایہ مختصر الوقایہ وفتاویٰ صوفیہ وکنز العباد ورد المحتار حاشیہ در

مختار وغیرہا کتب فقہ میں اس فعل کے استحباب واستحسان کی صاف تصریح آئی۔ ان میں اکثر کتابیں خود مانعین اوران کے اکابر وعمائد مثل متکلم قنوجی وغیرہ کے مستندات سے ہیں۔

اوران حدیثوں کے بارے میں ان محدثین کرام ومحققین اعلام نے جو تصحیح وتضعیف وتجریح وتوثیق میں دائرہ اعتدال سے نہیں نکلتے اورراہ تساہل وتشدد نہیں چلتے حکم اخیر وخلاصۂ بحث وتنقیر یہ قرار دیا کہ خود حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جو حدیثیں یہاں روایت کی گئیں وہ باصطلاح محدثین درجۂ صحت کو فائز نہ ہوئیں۔

مقاصد میں فرمایا لا یصح فی المرفوع من کل ھذا شی . ان میں سے کوئی حدیث صحیح مرفوع نہیں۔

مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری موضوعات کبیر میں فرماتے ہیں کل ما یروی فی ھذا فلا یصح رفعہ البتۃ اس سلسلے میں جو مروی ہوا وہ مرفوع ہونے میں صحیح نہیں ہے۔

علامہ ابن عابدین شامی قدس سرہ السامی ردالمحتار میں علامہ اسماعیل جراحی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے نقل فرماتے ہیں لم یصح فی المرفوع من ھذا شئ ان میں سے کوئی حدیث صحیح مرفوع نہیں۔

پھر خادم حدیث پر روشن کہ اصطلاح محدثین میں نفی صحت، نفی حسن کو بھی مستلزم نہیں نہ کہ نفی صلاح و تماسک وصلوح تمسک نہ کہ دعوے وضع کذب تو عندالتحقیق ان احادیث پر جیسے باصطلاح محدثین حکم صحت صحیح نہیں یوں ہی حکم وضع وکذب بھی ہرگز مقبول نہیں بلکہ بتصریح ائمہ فن کثرت طرق سے جبر نقصان متصور اورعمل علماء وقبول قدماء حدیث کے لیے قوی دیگر اور نہ سہی تو فضائل اعمال میں حدیث ضعیف بالاجماع مقبول اوراس سے بھی گزریئے تو بلاشبہ یہ فعل اکابردین سے مروی ومنقول، اور سلف صالح میں حفظ صحت بصر وروشنی چشم کے لیے مجرب اور معمول، ایسے محل پر بالفرض اگر کچھ نہ ہوتو اسی قدر سند کافی، بلکہ اصلاً نقل

بھی نہ ہوصرف تجربہ والی کہ آخر اس میں کسی حکم شرعی کا ازالہ نہیں، نہ کسی سنت ثابت کا خلاف، اور نفع حاصل تو منع باطل، بلکہ انصاف کیجیے تو محدثین کا نفی صحت کو احادیث مرفوعہ سے خاص کرنا صاف کہہ رہا ہے کہ وہ احادیث موقوفہ کو غیر صحیح نہیں کہتے پھر یہاں حدیث موقوف کیا کم ہے۔

ولہذا مولانا علی قاری نے عبارت مذکورہ کے بعد فرمایا قلت و اذا ثبت رفعه الی الصدیق رضی الله تعالیٰ عنه فیکفی للعمل به لقوله علیه الصلاة و السلام علیکم بسنتی و سنة الخلفاء الراشدین .

یعنی صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہی اس فعل کا ثبوت عمل کو بس ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں تم پر لازم کرتا ہوں اپنی سنت اور اپنے خلفائے راشدین کی سنت۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

تو صدیق سے کسی شئ کا ثبوت بعینہٖ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثبوت ہے اگر چہ بالخصوص حدیث مرفوع درجۂ صحت تک مرفوع نہ ہو۔

انگوٹھے چومنا سنت صدیقی ہے

امام سخاوی المقاصد الحسنہ فی الاحادیث الدائرۃ علی الالسنۃ میں فرماتے ہیں :

مسح العینین بباطن انملتی السبابتین بعد تقبیلهما عند قول المؤذن اشهد ان محمد رسول الله مع قوله اشهد ان محمدا عبده و رسوله رضیت بالله ربا و بالاسلام دینا و بمحمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نبینا . ذکره الدیلمی فی مسند الفردوس من حدیث ابی بکر الصدیق رضی الله تعالیٰ عنه انه لما سمع قول المؤذن اشهد ان محمد رسول الله فقال هذا و قبل باطن الانملتین السبابتین و مسح عینیه فقال صلی الله تعالیٰ

عليه وسلم من فعل مثل ما فعل خليلى فقد حلت عليه شفاعتى . و لا يصح

یعنی موذن سے **اشهد ان محمدا رسول الله** سن کر انگشتان شہادت کے پورے جانب باطن سے چوم کر آنکھوں پر ملنا اور یہ دعا پڑھنا **اشهد ان محمدا عبده و رسوله رضيت بالله ربا و بالاسلام دينا و بمحمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نبيا** اس حدیث کو دیلمی نے مسند الفردوس میں حدیث سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ جب اس جناب نے موذن کو **اشهد ان محمد رسول الله** کہتے سنا یہ دعا پڑھی اور دونوں کلمے کی انگلیوں کے پورے جانب زیریں سے چوم کر آنکھوں سے لگائے۔ اس پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو ایسا کرے جیسا میرے پیارے نے کیا اس پر میری شفاعت حلال ہو جائے۔ اور یہ حدیث اس درجہ کو نہ پہنچی جسے محدثین اپنی اصطلاح میں درجۂ صحت نام رکھتے ہیں۔

خضر علیہ السلام کی روایت

پھر فرمایا:

و كذا ما اورده ابو العباس احمد بن ابى بكر الرواد اليمانى المتصوف فى كتابه موجبات الرحمة و عزائم المغفرة بسند فيه مجاهيل مع انقطاعه عن الخضر عليه السلام انه قال من قال حين يسمع الموذن يقول اشهد ان محمد رسول الله مرحبا بحبيبى و قرة عينى محمد بن عبد الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ثم يقبل ابهاميه و يجعلهما على عينيه لم يرمد ابدا.

یعنی ایسے ہی وہ حدیث کہ حضرت ابو العباس احمد بن ابی بکر رواد یمنی صوفی نے اپنی کتاب موجبات الرحمۃ وعزائم المغفرۃ میں ایسی سند سے جس میں مجاہیل ہیں اور منقطع بھی ہیں، حضرت سیدنا خضر

علیہ الصلاۃ والسلام سے روایت کی کہ وہ ارشاد فرماتے ہیں جو شخص موذن سے اشھد ان محمد رسول الله سن کر مرحبا بحبیبی و قرة عینی محمد بن عبد الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کہے پھر دونوں انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر رکھے اس کی آنکھیں کبھی نہ دکھیں۔

آنکھ سے کنکری نکل گئی

پھر فرمایا:

ثم روی بسند فیه من لم اعرفه عن اخی الفقیه محمد بن البابا فیما حکی عن نفسه انه هبت ریح فوقعت منه حصاة فی عینه واعیاه خروجها و المته اشد الالم و انه لما سمع الموذن اشهد ان محمد رسول الله قال ذلک فخرجت الحصاة من فوره. قال الرواد رحمه الله تعالیٰ و هذا یسیر فی جنب فضائل الرسول صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

یعنی پھر ایسی سند کے ساتھ جس کے بعض رواۃ کو میں نہیں پہچانتا۔ فقیہ محمد بن البابا کے بھائی سے روایت کی کہ وہ اپنا حال بیان کرتے تھے ایک بار ہوا چلی ایک کنکری ان کی آنکھ میں پڑ گئی نکالتے نکالتے تھک گئے ہرگز نہ نکلی اور نہایت سخت درد پہنچایا انھوں نے موذن کو اشھد ان محمد رسول الله کہتے ہوئے یہی کہا فوراً نکل گئی۔ رواد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل کے حضور اتنی بات کیا چیز ہے۔

آنکھوں میں تکلیف نہ ہوگی

پھر فرمایا:

و حکی الشمس محمد بن صالح بالمدنی امامها و خطیبها فی تاریخه عن

المجد احد القدماء من المصريين انه سمعه يقول من صلى على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا سمع ذكره فى الاذان و جمع اصبعيه المسبحة و الابهام و قبلها و مسح بهما عينيه لم يرمد ابدا.

یعنی شمس الدین محمد بن صالح مدنی مسجد مدینہ طیبہ کے امام وخطیب نے اپنی تاریخ میں مجد مصری سے کہ سلف صالح میں تھے نقل کیا کہ میں نے انھیں فرماتے سنا جو شخص نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر پاک اذان میں سن کر کلمہ کی انگلی اور انگوٹھے ملائے اور انھیں بوسہ دے کر آنکھوں سے لگائے اس کی آنکھیں کبھی نہ دکھیں۔

پھر فرمایا :

قال ابن صالح و سمعت ذلك ايضا من الفقيه محمد بن الزرندى عن بعض شيوخ العراق و العجم و انه يقول عند ما يمسح عينيه صلى الله عليك يا سيدى يا رسول الله يا حبيب قلبى و يا نور بصرى و يا قرة عينى و قال لى كل منهما منذ فعلته لم ترمد عينى .

یعنی ابن صالح فرماتے ہیں میں نے یہ امر فقیہ محمد بن زرندی سے بھی سنا کہ بعض مشائخ عراق یا عجم سے راوی تھے اور ان کی روایت میں یوں ہے کہ آنکھوں پر مس کرتے وقت یہ درود عرض کرے صلى الله عليك يا سيدى يا رسول الله يا حبيب قلبى و يا نور بصرى و يا قرة عينى اور دونوں صاحبوں یعنی شیخ مجد وفقیہ محمد نے مجھ سے بیان کیا کہ جب سے ہم یہ عمل کرتے ہیں ہماری آنکھیں نہ دکھیں۔

کبھی اندھا نہ ہوگا

پھر فرمایا :

قال ابن صالح و انا و لله الحمد و الشكر منذ سمعته منهما استعملته فلم ترمد

عینی و ارجو ان عافیتھما تدوم و انی اسلم من العمی انشاء اللہ تعالیٰ

یعنی امام ابن صالح ممدوح نے فرمایا اللہ کے لیے حمد و شکر ہے جب سے میں نے یہ عمل ان دونوں صاحبوں سے سنا اپنے عمل میں رکھا آج تک میری آنکھیں نہ دکھیں اور امید کرتا ہوں کہ ہمیشہ اچھی رہیں گی اور میں کبھی اندھا نہ ہوں گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

پھر فرمایا :

قال روی عن الفقیہ محمد بن سعید الخولانی قال اخبرنی الفقیہ العالم ابو الحسن علی بن محمد بن حدید الحسینی اخبرنی الفقیہ الزاھد البلالی عن الحسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ قال من قال حین یسمع الموذن یقول اشھد ان محمد رسول اللہ مرحبا بحبیبی و قرۃ عینی محمد بن عبد اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و یقبل ابھامیہ و یجعلھما علی عینیہ لم یعم و لم یرمد.

یعنی امام مدنی فرماتے ہیں فقیہ محمد بن سعید خولانی سے مروی ہوا کہ انھوں نے فرمایا مجھے فقیہ عالم ابوالحسن علی بن محمد بن حدید حسینی نے خبر دی کہ مجھے فقیہ زاہد بلالی نے حضرت امام حسن علی جدہ الکریم و علیہ الصلاۃ والسلام سے خبر دی کہ حضرت امام نے فرمایا کہ جو شخص موذن کو **اشھد ان محمد رسول اللہ** کہتے سن کر یہ دعا پڑھے **مرحبا بحبیبی و قرۃ عینی محمد بن عبد اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم** اور اپنے انگوٹھے چوم کر آنکھوں پر رکھے نہ کبھی اندھا ہو نہ آنکھیں دکھیں۔

پھر فرمایا :

و قال الطاؤسی انہ سمع من الشمس محمد بن ابی نصر البخاری خواجہ حدیث من قبل عند سماعہ من الموذن کلمۃ الشھادۃ ظفری ابھامیہ و مسھما علی

عینیہ و قال عند المس اللهم احفظ حدقتی و نورھما ببرکة حدقتی محمد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و نور ھما لم یعم .

یعنی طاؤسی فرماتے ہیں انھوں نے خواجہ شمس الدین محمد بن نصر بخاری سے یہ حدیث سنی کہ جو شخص موذن سے کلمہ شہادت سن کر انگوٹھوں کے ناخن چومے اور آنکھوں سے ملے اور یہ دعا پڑھے اللھم احفظ حدقتی و نورھما ببرکة حدقتی محمد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و نورھما اندھا نہ ہو۔

حضور کی قیادت نصیب ہوگی

شرح نقایہ میں ہے :

و اعلم انه یستحب ان یقال عند سماع الاولی من الشھادة صلی الله علیک یا رسول الله و عند الثانیة منھا قرة عینی بک یا رسول الله ثم یقال اللھم متعنی بالسمع و البصر بعد وضع ظفری الابھامین علی العینین فانه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یکون له قائدا الی الجنة . کذا فی کنز العباد.

یعنی خبردار ہو بیشک مستحب ہے کہ جب اذان میں پہلی بار اشھد ان محمد رسول الله سنے صلی الله علیک یا رسول الله کہے۔اور دوسری بار قرة عینی بک یا رسول الله پھر انگوٹھوں کے ناخن آنکھوں پر رکھ کر کہے اللھم متعنی بالسمع و البصر کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے پیچھے پیچھے اسے جنت میں لے جائیں گے۔ایسا ہی کنز العباد میں ہے۔

علامہ شامی اسے نقل کر کے فرماتے ہیں و نحوہ فی الفتاویٰ الصوفیة یعنی اسی طرح امام فقیہ عارف باللہ سیدی فضل اللہ بن محمد بن ایوب سہروردی تلمیذ امام علامہ یوسف بن عمر صاحب جامع

المضمرات شرح قدوری قدس سرہما نے فتاویٰ صوفیہ میں فرمایا۔

انگوٹھے چومنا مستحب ہے

شیخ مشائخنا، خاتم المحققین سید العلماء الحنفیہ بمکۃ المحمیہ مولانا جمال بن عبداللہ عمر مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے فتاویٰ میں فرماتے ہیں۔

سئلت عن تقبیل الابھامین و وضعھما علی العینین عند ذکر اسمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الاذان ھل ھو جائز ام لا اجبت بما نصہ نعم تقبیل الابھامین و وضعھما علی العینین عند ذکر اسمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی الاذان جائز بل ھو مستحب صرح بہ مشائخنا فی غیر ما کتاب.

یعنی مجھ سے سوال ہوا کہ اذان میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر شریف سن کر انگوٹھے چومنا اور آنکھوں پر رکھنا جائز ہے یا نہیں؟ میں نے ان لفظوں سے جواب دیا کہ ہاں اذان میں حضور والا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک سن کر انگوٹھے چومنا آنکھوں پر رکھنا جائز بلکہ مستحب ہے۔ ہمارے مشائخ مذہب نے متعدد کتابوں میں اس کے مستحب ہونے کی تصریح فرمائی۔

علامہ محدث محمد طاہر فتنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تکملہ مجمع بحار الانوار میں حدیث کو صرف لا یصح فرما کر لکھتے ہیں **و روی تجربۃ ذلک عن کثیرین** یعنی اس کے تجربہ کی روایات بکثرت آئیں۔

(منیر العین فی حکم تقبیل الابہامین۔ مشمولہ فتاویٰ رضویہ جلد دوم)

انگوٹھے چومنے ہی سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

اذان میں نام اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سن کر ناخن چوم کر آنکھوں سے لگانے کو

علماء نے مستحب فرمایا۔ (احکام شریعت اول)

نام پاک چومنے سے مغفرت ہوگئی

ایک روایت ہے کہ بنی اسرائیل میں ایک شخص دوسو برس تک فسق وفجور میں مبتلا رہا اور بعد انتقال اس کی مغفرت فرمادی گئی اس وجہ سے کہ اس نے توریت شریف میں نام پاک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دیکھ کر چوم لیا تھا۔ان کا نام مسطح تھا۔

اس کے بعد امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے فرمایا اس کے کرم کی کوئی انتہا نہیں اس کی رحمت چاہے تو کروروں برس کے گناہ دھودے۔غلامی ہونا چاہیے سرکار کی،ایک نیکی سے معاف فرمادے بلکہ ان گناہوں کو نیکیوں سے بدل دے اور اگر عدل فرمائے تو کروروں برس کی نیکیاں ایک صغیرہ کے عوض رد فرمادے۔حدیث میں ارشاد ہوا کوئی شخص بغیر اللہ کی رحمت کے اپنے اعمال سے جنت میں نہیں جاسکتا صحابہ نے عرض کی و لا انت یا رسول الله آپ بھی نہیں یارسول اللہ،ارشادفرمایا و لا انا الا ان یتغمدنی رحمته اور میں بھی جب تک کہ میرا رب رحمت نہ فرمائے۔

گناہ نہ سہی استحقاق کس بات کا ہے دنیا ہی کا قاعدہ دیکھئے اگر اجیر ہے مزدوری کرے گا اجرت پائے گا اور اگر عبد ہے مملوک ہے کتنی ہی خدمت کرے کچھ نہ پائے گا۔ہم سب تو اسی کی مخلوق ومملوک ہیں اس کی رحمت ہی رحمت ہے۔آپ ہی بندوں کو توفیق دی،آپ ہی ان کو اسباب دیئے۔آپ ہی آسان فرمایا ،اور فرماتا ہے بدلہ ہے ان کے نیک عملوں کا۔

نعم العبد کیا اچھا بندہ ہے ایوب علیہ الصلاۃ والسلام کتنے عرصہ تک بلا میں مبتلا رہے اور صبر بھی کیسا جمیل فرمایا جب اس سے نجات ملی عرض کیا الٰہی میں نے کیسا صبر کیا،ارشاد ہوا اور توفیق کس گھر سے لایا، ایوب علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے سر پر خاک اڑائی عرض کیا بیشک اگر تو توفیق نہ عطا فرماتا تو میں صبر کہاں

سے کرتا۔ (الملفوظ حصہ سوم)

انگوٹھے چومنا تعظیم ہے

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

اذان میں نام اقدس سن کر بوسہ دینا بتصریح کتب فقہ مستحب ہے۔ رہی یہ صورت کہ اذان و اقامت کے سوا بھی جہاں نام اقدس سنے اس کے جواز میں بھی شبہ نہیں جب کہ مانع شرعی نہ ہو جیسے حالت نماز میں۔ جواز کو یہی کافی کہ شرعاً ممانعت نہیں جس چیز کو اللہ و رسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منع نہ فرمائیں اسے منع کرنا خود شارع بننا اور نئی شریعت گڑھنا ہے۔ اور جب اسے بنظر تعظیم و محبت کیا جاتا ہے تو ضرور پسندیدہ و محبوب ہوگا کہ ہر مباح نیت حسن سے مستحب و مستحسن ہو جاتا ہے۔

امام محقق علی الاطلاق وغیرہ اکابر نے فرمایا کل ما کان ادخل فی الادب و الاجلال کان حسنا۔

جو بات ادب و تعظیم میں جتنی زیادہ دخل رکھتی ہے خوب ہے۔

ظاہر ہے کہ یہ انگوٹھے چومنا حسب نیت وعرف ادب کی بات میں داخل ہے۔ (فتاویٰ افریقہ)

انگوٹھے چومنا باعث شفاعت ہے

مسند الفردوس کی حدیث میں بروایت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے کہ انھوں نے اذان میں نام سن کر انگلیوں کے پوروں کو بوسہ دے کر آنکھوں پر پھیرا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

من فعل مثل ما فعل خلیلی فقد حلت علیه شفاعتی .

جو ایسا کرے جیسا میرے اس پیارے نے کیا اس پر میری شفاعت حلال ہو جائے۔

جامع الرموز وکنز العباد وغیرہما میں ہے :

فانه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یکون له قائدا الی الجنة .

جو ایسا کرے گا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے پیچھے پیچھے اسے جنت میں لے جائیں گے۔

اور یہ تو روایات عدیدہ میں ہے جو ایسا کرے کبھی اندھا نہ ہوگا نہ اس کی آنکھیں دکھیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۵۵ ۔ نہج السلامۃ)

اقامت کے وقت انگوٹھے چومنا

اقامت کے وقت نام پاک سن کر انگوٹھے چومنے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر فرماتے ہیں :

مسلمان اگر وقت اقامت بھی تقبیل کرے ہرگز کوئی وجہ ممانعت نہیں اور اسے شرعاً ناجائز نہ کہے گا مگر وہ کہ شرع پر افتراء کرتا یا نام واکرام سید الانام علیہ افضل الصلاۃ والسلام سے جلتا ہے۔ اسی طرح نماز و استماع قرآن مجید و استماع خطبہ جن میں حرکت منع ہے اور ان کے امثال مواضع لزوم محذور کے سوا جہاں کہیں بھی یہ فعل بنظر تعظیم و محبت حضرت رسالت علیہ افضل الصلاۃ والسلام ہو جیسا کہ بعض محبان سرکار سے مشہور ہے بہر حال محبوب و محمود ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۶۵، نہج السلامۃ)

ازواج مطہرات

اہل اسلام کی مادران شفیق
بانوان طہارت پہ لاکھوں سلام

وازواجہ امہاتہم

نبی کریم (صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم) کی ازواج مطہرات مسلمانوں کی مائیں ہیں۔

(الاحزاب/٦)

ازواج مطہرات

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت مبارکہ کی وجہ سے ازواج مطہرات کا بھی بہت ہی بلند مرتبہ ہے ان کی شان میں قرآن کی بہت سی آیات بینات نازل ہوئیں جن میں ان کی عظمتوں کا تذکرہ اور ان کی رفعت شان کا بیان ہے چنانچہ خداوند قدوس نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا ینساء النبی لستن کاحد من النساء ان اتقیتن.

اے نبی کی بیویو! تم اور عورتوں کی طرح نہیں ہو اگر اللہ سے ڈرو۔

پھر دوسری آیت میں ارشاد فرمایا : و ازواجه امهاتهم.

اور اس (نبی) کی بیویاں ان (مومنین) کی مائیں ہیں۔

یہ تمام امت کا متفق علیہ مسئلہ ہے کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی مقدس بیویاں دو باتوں میں حقیقی ماں کی مثل ہیں۔

ایک یہ کہ ان کے ساتھ ہمیشہ کے لیے کسی کا نکاح جائز نہیں۔

دوم یہ کہ ان کی تعظیم و تکریم ہر امتی پر اسی طرح لازم ہے جس طرح حقیقی ماں کی بلکہ اس سے بھی بہت زیادہ لیکن نظر اور خلوت کے معاملہ میں ازواج مطہرات کا حکم حقیقی ماں کی طرح نہیں ہے کیوں کہ قرآن مجید میں حضرت حق جلا وعلا کا ارشاد ہے و اذا سألتموهن متاعا فاسئلوهن من وراء حجاب.

جب نبی کی بی بیوں سے تم لوگ کوئی چیز مانگو تو پردے کے پیچھے سے مانگو۔

مسلمان اپنی حقیقی ماں کو تو دیکھ بھی سکتا ہے اور تنہائی میں بیٹھ کر اس سے بات چیت بھی کر سکتا ہے مگر حضور علیہ السلام کی مقدس بیویوں سے ہر مسلمان کے لیے پردہ فرض ہے اور تنہائی میں ان کے پاس اٹھنا

بیٹھنا حرام ہے۔

یہ حکم حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی ان تمام ازواج مطہرات کے لیے ہے جن سے حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے نکاح فرمایا چاہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلے ان کا انتقال ہوا ہو یا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد انھوں نے وفات پائی ہو۔ یہ سب کی سب امت کی مائیں ہیں اور ہر امتی کے لیے اس کی حقیقی ماں سے بڑھ کر لائق تعظیم و واجب الاحترام ہیں۔

ازواج مطہرات کی تعداد اور ان کے نکاحوں کی ترتیب کے بارے میں مورخین کا قدرے اختلاف ہے مگر گیارہ امہات المومنین کے بارے میں کسی کا بھی اختلاف نہیں، ان میں سے حضرت خدیجہ اور حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ہی انتقال ہو گیا تھا مگر نو بیویاں حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی وفات اقدس کے وقت موجود تھیں۔ ان گیارہ امت کی ماؤں کے اسماء مبارکہ یہ ہیں۔

(۱) خدیجہ بنت خویلد (۲) عائشہ بنت ابو بکر صدیق

(۳) حفصہ بنت عمر فاروق (۴) ام حبیبہ بنت ابوسفیان

(۵) ام سلمہ بنت ابوامیہ (۶) سودہ بنت زمعہ

(۷) زینب بنت جحش (۸) میمونہ بنت حارث

(۹) ام المساکین زینب بنت خزیمہ (۱۰) جویریہ بنت حارث

اور ایک بیوی یعنی صفیہ بنت حی یہ عربی النسل نہیں تھیں بلکہ قوم بنی اسرائیل کی ایک شریف النسب رئیس زادی تھیں۔

اس بات میں بھی کسی مورخ کا اختلاف نہیں ہے کہ سب سے پہلے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمایا اور جب تک وہ زندہ رہیں آپ نے کسی دوسری عورت سے نکاح نہیں فرمایا۔

تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام صاحبان اولاد وازواج ہوئے۔ بجز حضرت عیسیٰ اور حضرت یحییٰ علیہما السلام کے، روایتوں میں آیا ہے کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام روزانہ اپنے براق پر سوار ہوکر شوق صحبت میں شام سے مکہ مکرمہ سیدہ ہاجرہ والدہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور یہ ان کے ساتھ کمال شغف اور ان سے قلت صبر کی بناء پر واقع ہوتا تھا۔ اور حضرت داؤد نبی اللہ علیہ السلام کی ننانوے ازواج مطہرات تھیں اس کے باوجود وہ ایک اور سے نکاح کرنا چاہتے تھے تا کہ سو پوری ہوجائیں۔

حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کی تین سو منکوحہ ازواج اور ہزار باندیاں تھیں۔ اور ایک رات میں سو پر دورہ فرماتے تھے۔

بخاری میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک رات میں اپنی تمام ازواج پر دورہ فرماتے تھے اور وہ گیارہ تھیں، ایک روایت میں ہے کہ نو تھیں اور تحدیث نعمت میں فرماتے کہ آپ کو تیس مردوں کی طاقت عطا کی گئی ہے۔

طاؤس اور مجاہد سے مروی ہے کہ چالیس مردوں کی قوت دی گئی، ایک روایت میں مجاہد سے مروی ہے کہ چالیس جنتی جوانوں کی قوت دی گئی۔ اور صحیح روایت میں آیا ہے کہ ہر جنتی جوان کو سو مردوں کی قوت کھانے پینے اور جماع میں ہوتی ہے۔ لہٰذا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مباح تھا کہ جتنی تعداد میں چاہیں عورتوں کو نکاح میں لائیں اس میں کمال فضل وشرف اور تمام مردوں سے آپ کا امتیاز ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ اپنی ازواج مطہرات کے ساتھ از حد بہترین تھی۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے تم میں وہ شخص بہترین ہے جو اپنے اہل وعیال کے ساتھ سیرت و معاشرت میں بہتر ہے اور میں تم سب سے زیادہ اپنے اہل وعیال کے ساتھ بہتر ہوں۔

جب سفر کا ارادہ فرماتے تو ان کے درمیان قرعہ ڈالتے ،جن کا نام قرعہ میں نکل آتا ان کو اپنے ہمراہ لے جاتے۔

حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کو امہات المومنین فرمایا، یہ ارشاد حرمت نکاح اور وجوب احترام میں ہے نہ کہ دیکھنے اور تنہا رہنے میں۔اس کے باوجود ان کی بیٹیاں مسلمانوں کی بہنوں کے حکم میں نہیں ہیں اور نہ ان کی مائیں، آباء، اجداد اور دادیاں اور نہ ان کی بہنیں اور بھائی، ماموں اور خالاؤں کے حکم میں ہیں۔

ازواج مطہرات کو امت کی تمام عورتوں پر افضلیت حاصل ہے اور ان کا ثواب وعقاب ان سے دونا ہے۔

ازواج مطہرات میں سب سے افضل سیدہ خدیجۃ الکبریٰ اور سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں۔اور ان دونوں کے درمیان فضل میں اختلاف ہے۔

کثرت تزویج میں حکمت

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ازواج کی زیادتی میں حکمت یہ تھی کہ اندرونی اور خلوت کے احکام مردوں تک ان کے ذریعہ سکھائے جاسکیں اور وہ امت میں نقل کریں اور قیام حقوق اور حسن معاشرت میں تکلیف کی زیادتی اور ان کی صحبت پر صبر فرمانا باوجود بار رسالت کو برداشت فرمانے اور عبادت شاقہ کے ساتھ اس پر قائم رہنے کے آپ کا یہ عالم تھا یہ بھی نکاح کے فوائد میں سے ہے۔

ازواج کے درمیان عدل و برابری

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شب باشی میں باری کا تمام ازواج مطہرات میں اور ادائے نفقہ وسکنی اور ان کے حقوق و معاملات میں برابری کا لحاظ فرماتے تھے جن پر کہ آپ کو قدرت تھی۔ لیکن محبت کے بارے میں فرماتے اے خدا یہ تقسیم اور انصاف میرا ان چیزوں میں ہے جس میں مجھے قدرت واختیار حاصل ہے اور جن چیزوں میں مجھے مالک نہیں فرمایا ہے ان میں تو مجھے ملامت نہ فرمانا یعنی محبت اور مجامعت میں۔

اور ازواج مطہرات کے درمیان مساوات کی رعایت کے وجوب میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں اختلاف ہے۔ آیا یہ کہ آپ پر بھی واجب تھا یا یہ محض آپ کا ان پر کرم، تفضل، مروت اور ان کے دلوں کو خوش رکھنا تھا؟

امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول یہ ہے کہ باوجود اس کے اتنی رعایت کا پاس ولحاظ فرماتے کہ گویا یہ آپ پر واجب ہے حالاں کہ یہ آپ کا محض فضل وکرم تھا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

حضور ازواج کو سلام کرتے

ازواج مطہرات کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حسن سلوک فرمانے اور گھر میں تشریف لانے کے بعد ازواج کو سلام کرنے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

علامہ مجدالدین فیروز آبادی صراط مستقیم میں فرماتے ہیں **کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا جاء الی البیت بلیل سلم سلاما یستمعہ المستیقظون و لا ینتبہ منہ الراقدون.**

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب رات کو مکان میں تشریف فرما ہوتے ایسی آواز سے سلام فرماتے کہ جاگتے سن لیتے اور سوتے نہ جاگتے۔

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی شرح سفر السعادۃ میں فرماتے ہیں :

سلام سنت است نزد درآمدن درخانہ براہل خانہ

گھر میں داخل ہوتے وقت گھر والوں پر سلام کرنا سنت ہے۔ (مولف)

صحیح مسلم وسنن ابوداؤد ونسائی وابن ماجہ میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے

کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا دخل بیتہ بداء بالسواک .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کاشانۂ اقدس میں تشریف فرما ہوتے پہلے مسواک فرماتے۔

علامہ مناوی تیسیر شرح جامع صغیر میں فرماتے ہیں :

لاجل السلام علی اھلہ فان السلام اسم شریف فاستعمل السواک للاتیان بہ .

یہ مسواک اپنے اہل پاک پر سلام فرمانے کے لیے تھی کہ سلام معظم نام ہے تو اس کے ادا کو مسواک فرماتے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

عین العلم میں ہے :

یسلم عند الدخول فی بیتہ لئلا یدخل الشیطان معہ و ھو مامور بہ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کاشانۂ اطہر میں داخل ہوتے وقت سلام کرتے تاکہ حضور کے ساتھ شیطان داخل نہ ہو اور حضور کو اس کا حکم دیا گیا۔ (مولف)

صحیح مسلم شریف کتاب النکاح باب فضیلة اعتاقه امته ثم یتزوج ، حدیث طویل انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ام المومنین صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا وام المومنین زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں ہے۔

فجعل یمر علی نسائه فیسلم علی کل واحدة منهن سلام علیکم کیف یا اهل البیت.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات پر گزرنا شروع کیا ان میں ہر ایک پر سلام فرماتے اور سلام علیکم کے بعد مزاج پرسی کرتے۔

دوسری روایت میں ہے

فخرج رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و اتبعته فجعل یتبع حجر نسائه یسلم علیهن .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور میں سایہ دار ہمراہ تھا ازواج مطہرات کے حجروں پر تشریف لے جاتے اور انھیں سلام فرماتے۔ (فتاویٰ رضویہ ج۹، ص۹۰)

ازواج مطہرات پر حضور کا طواف

صحیح مسلم شریف میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یطوف علی النساء بغسل واحد.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ہی غسل سے اپنی ازواج مطہرات پر طواف فرماتے۔

(فتاویٰ رضویہ ج۹، ص۳۴۴)

حضور نے غیر عورت کو ہاتھ نہ لگایا

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ کوئی پیر نہیں وہ خود اپنے سامنے عورتوں کو بیبا کانہ آنے سے منع فرماتے اور کبھی حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نامحرم عورت کو ہاتھ نہ لگایا جو بیبیاں حاضر خدمت ہوکر بیعت چاہتیں آپ ان سے زبانی بیعت لیتے اور فرماتے تمھاری بیعت ہوگئی کبھی ہاتھ میں ہاتھ لے کر بیعت نہ لی۔ (فتاویٰ رضویہ ج۵،ص۲۲۶)

ازواج مطہرات کا مہر

ازواج مطہرات کے مہر کی مقدار سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی نے تحریر فرمایا ہے :

عامۂ ازواج مطہرات و بنات مکرمات حضور پر نور سید الکائنات علیہ وعلیہن افضل الصلاۃ واکمل التحیات کا مہر اقدس پانچ سو درہم سے زائد نہ تھا۔

امام مسلم اپنی صحیح میں ابو سلمہ سے راوی

قال سالت عائشة رضی الله تعالیٰ عنها کم کان صداق النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قالت کان صداقه لا زواجه ثنتی عشرة اوقیة و نش قالت اتدری ما النش قلت لا قالت نصف اوقیة فتلک خمسة مائة دراهم .

حضرت ابوسلمہ نے کہا کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پوچھا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کا مہر کتنا تھا حضرت عائشہ نے فرمایا کہ بارہ اوقیہ اور ایک نش تھا۔ حضرت عائشہ نے فرمایا کیا تجھے معلوم ہے کہ نش کیا ہے؟ میں نے کہا نہیں، فرمایا نصف اوقیہ، تو مہر کے کل

پانچسو درہم ہوئے۔ (مولف)

احمد و دارمی اور ائمہ اربعہ امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں

قال ما علمت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نکح شیئا من نسائہ و لا انکح شیئا من بناتہ علی اکثر من اثنتی عشر اوقیۃ .

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نہیں جانتا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ازواج مطہرات و بنات مکرمات کا نکاح بارہ اوقیہ سے زیادہ پر کیا ہو۔ (مولف)

امہات المومنین مردوں کی ماں ہیں

ازواج مطہرات امت کے مردوں کی ماں ہیں عورتوں کی نہیں، اسی لیے انھیں امہات المومنین کہا جاتا ہے، امہات المومنات نہیں۔ اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے ایک مقام پر حدیث کے حوالے سے لکھا ہے کہ :

ازواج مطہرات امہات المومنین ہیں امہات المومنات نہیں، ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں :

انا ام رجالکم لا ام نسائکم

میں تم مردوں کی ماں ہوں تمھاری عورتوں کی ماں نہیں ہوں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۵۱۱)

ازواج سے حسن معاشرت

جناب رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ازواج مطہرات سے دل جوئی کرتے اور فرماتے :

ان من اکمل المومنین ایمانا احسنھم خلقا و الطفھم باھلہ .

یعنی جو سب سے زائد خوش خلق ہو اپنے اہل کے ساتھ سب سے اچھے برتاؤ والا ہو وہ سب سے زائد ایمان میں کامل ہوگا۔ (مولف)

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :

خیر کم خیر کم لاهله و انا خیر کم لاهلی.

تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو اپنے اہل کے لیے بہتر ہو اور میں اپنے اہل کے لیے تم سب سے بہتر ہوں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۵۷۱)

ضباعہ بنت عامر کو پیام نکاح

حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ضباعہ بنت عامر بن قرط رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو نکاح کا پیام دیا انھوں نے قبول کیا پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مصلحت پیش آئی ترک فرمایا۔

مواہب لدنیہ اور علامہ زرقانی کی شرح مواہب میں ہے۔

ان ضباعة اسلمت قديما بمكة و هاجرت و كانت من اجمل نساء العرب خطبها صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الى ابنها سلمة بن هشام فقال يا رسول الله ما عنك مدفع افا ستامرها قال نعم فاتاها فقالت الله اكبر افى رسول ا لله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم تستامرني انى ابتغى ان احشر مع ازواجه ارجع اليه فقل له نعم قبل ان يبدو له فقيل النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم انها كبرت فلما عاد ابنها و قد اذنت له سكت عنها صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فلم ينكحها رضى الله تعالىٰ عنها . اه ملخصا.

یعنی ضباعہ بنت عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے مکے میں اسلام قبول کیا اور ہجرت کی اور یہ عرب کی حسین وجمیل عورتوں میں سے تھیں ان کے لیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے بیٹے سلمہ بن

ہشام کو پیغام نکاح دیا، سلمہ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ سے تو اعراض نہ کیا جائے گا تو کیا میں اپنی ماں سے اجازت لے لوں؟ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں! سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی ماں کے پاس آکر واقعہ بتایا تو ان کی ماں نے (خوشی میں) اللہ اکبر کہا اور یہ کہا کہ کیا تم مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں اجازت مانگ رہے ہو میں تو یہ چاہتی ہوں کہ ان کی ازواج مطہرات کے ساتھ قیامت کے دن اٹھائی جاؤں، حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں جا کر ہاں کہہ دو، حضور کے لیے کوئی بات پیدا ہونے سے پہلے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ ضباعہ کی عمر زیادہ ہوگئی ہے، جب ان کے بیٹے سلمہ اجازت لے کر واپس ہوئے تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا اور ضباعہ سے نکاح نہیں فرمایا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۵۷۶)

ام ہانی بنت ابی طالب کو پیام نکاح

صحیح حدیث میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ام ہانی بنت ابی طالب خواہر امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو پیام نکاح دیا عرض کی۔

ما لی عنک رغبة یا رسول الله و لکن لا احب ان اتزوج و بنی صغار.

یا رسول اللہ کچھ حضور سے مجھے بے رغبتی تو ہے نہیں مگر مجھے یہ نہیں بھاتا کہ میں نکاح کروں اور میرے بچے چھوٹے چھوٹے ہیں۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

خیر نساء رکبن الابل نساء قریش احناه علی طفل فی صغره و ارعاه علی بعل فی ذات یده.

عرب کی تمام عورتوں میں بہتر زنان قریش ہیں اپنے بچے پر اس کے چھٹپن میں سب سے زیادہ

مہربان اور خاوند کے مال کی سب سے زیادہ نگاہ رکھنے والیاں۔

اسے طبرانی نے ثقہ راویوں سے ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔

دوسری صحیح حدیث میں ہے جب حضور والاصلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ نے انھیں پیام دیا یوں عرض کی :

یا رسول الله لانت احب الی من سمعی و بصری و حق الزوج عظیم فاخشی ان اضیع حق الزوج .

یارسول اللہ بیشک حضور مجھے اپنے کانوں اور اپنی آنکھوں سے زیادہ پیارے ہیں اور شوہر کا حق بڑا ہے میں ڈرتی ہوں کہ حق شوہر مجھ سے فوت نہ ہو۔ ابن سعد نے سند صحیح کے ساتھ اسے شعبی سے مرسلاً روایت کیا۔

تیسری حدیث میں ہے :

خطبها صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقالت لولدين بين يديها كفى بهذا رضيعا و بهذا ضجيعا.

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے نکاح کے لیے فرمایا اپنے دو بچوں کی طرف کہ سامنے موجود تھے اشارہ کر کے عرض کی یہ دودھ پینے اور یہ ساتھ سونے کو بہت ہے۔ اسے ابی نوفل بن عقرب نے مرسلاً روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۵ ص ۵۸۷۔ اطائب التھانی)

امہات المومنین سے حضور کا ارشاد

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

حج کی فرضیت میں عورت کا مرد کا ایک حکم ہے جو راہ کی طاقت رکھتا ہو اس پر فرض ہے مرد ہو یا عورت جو ادا نہ کرے گا عذاب جہنم کا مستحق ہوگا، عورت میں اتنی بات زیادہ ہے کہ اسے بغیر شوہر یا محرم کے ساتھ لیے سفر کو جانا حرام ہے اس میں کچھ حج کی خصوصیت نہیں کہیں ایک دن کے راستہ پر بے شوہر یا محرم کے جائے گی تو گنہ گار ہوگی ہاں جب فرض ادا ہو جائے تو بار بار سفر کرنا عورت کو مناسب نہیں کہ وہ جس قدر پردہ کے اندر ہے اس قدر بہتر ہے۔ حدیث میں اس قدر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امہات المومنین کو حج کرا کر فرمایا **هذه ثم حصر البيوت**.

یہ ایک حج ہو گیا اس کے بعد گھر کی چٹائیاں۔

پھر یہ بھی اولویت کا ارشاد ہے نہ کہ عورت کو دوسرا حج ناجائز ہے ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس کے بعد پھر حج کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۶۶۱)

ازواج مطہرات کا نفقہ

صحیحین میں امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے :

كان صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ينفق منه (اى مما افاء الله على رسوله من اموال بني النضير) على اهله رزق سنة ثم يجمع ما بقي منه مجمع مال الله عزوجل .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس سے (یعنی بنو نضیر کے اموال غنیمت سے) اپنی ازواج مطہرات پر ایک سال کا خرچ نکال لیا کرتے تھے پھر جو بچتا تھا اس کو اللہ کی راہ میں خرچ فرمایا کرتے تھے۔ (مولف)

صحیحین میں امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے :

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان ينفق على اهله نفقة سنتهم من هذا المال ثم ياخذ ما بقى فيجعله مجعل مال الله.

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس مال (غنیمت) سے اپنی ازواج کے لیے ایک سال کا نفقہ نکال لیا کرتے تھے اور جو باقی بچتا اس کو لے کر راہ خدا میں صرف فرمایا کرتے تھے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۰۸)

●……●……●

حضرت خدیجۃ الکبریٰ

یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سب سے پہلی رفیقۂ حیات ہیں، ان کے والد کا نام خویلد بن اسد اور ان کی والدہ کا نام فاطمہ بنت زائدہ ہے۔ یہ خاندان قریش کی بہت ہی معزز اور نہایت ہی دولت مند خاتون تھیں۔ اہل مکہ ان کی پاک دامنی اور پارسائی کی بنا پر ان کو "طاہرہ" کے لقب سے یاد کرتے تھے۔ انھوں نے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے اخلاق و عادات اور جمال صورت و کمال سیرت کو دیکھ کر خود ہی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نکاح کی رغبت ظاہر کی اور پھر باقاعدہ نکاح ہو گیا۔

علامہ بن اثیر اور ذہبی کا بیان ہے کہ اس بات پر تمام امت کا اجماع ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سب سے پہلے یہی ایمان لائیں اور ابتداء اسلام میں جب کہ ہر طرف سے آپ کی مخالفت کا طوفان اٹھ رہا تھا ایسے کٹھن وقت میں صرف انھیں کی ایک ذات تھی جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مونس حیات بن کر تسکین خاطر کی باعث تھی انھوں نے اتنے خوفناک اور خطرناک اوقات میں جس استقلال اور استقامت کے ساتھ خطرات و مصائب کا مقابلہ کیا اور جس طرح تن من دھن سے بارگاہ نبوت میں اپنی قربانی پیش کی، اس خصوصیت میں تمام ازواج مطہرات پر ان کو ایک خصوصی فضیلت حاصل ہے۔

امام احمد وابوداؤد ونسائی حضر[illegible] عبد[illegible] عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی ہیں کہ اہل جنت کی عورتوں میں سب سے افضل حضرت خ[illegible]یجہ، حضرت فاطمہ، حضرت مریم و حضرت آسیہ ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہن۔

اسی طرح روایت ہے کہ ایک مرتبہ جب حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی زبان مبارک سے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بہت زیادہ تعریف سنی تو انھیں غیرت آ گئی اور انھوں نے یہ کہہ دیا کہ اب تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان سے بہتر بیوی عطا فرما دی ہے یہ سن کر آپ نے

ارشاد فرمایا کہ نہیں خدا کی قسم خدیجہ سے بہتر مجھے کوئی بیوی نہیں ملی۔ جب سب لوگوں نے میرے ساتھ کفر کیا اس وقت وہ مجھ پر ایمان لائیں، اور جب سب لوگ مجھے جھٹلا رہے تھے اس وقت انھوں نے میری تصدیق کی اور جس وقت کوئی شخص مجھے کوئی چیز دینے کے لیے تیار نہ تھا اس وقت خدیجہ نے مجھے اپنا سارا مال دے دیا اور انھیں کے شکم سے اللہ تعالیٰ نے مجھے اولاد عطا فرمائی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ ازواج مطہرات میں سب سے زیادہ مجھے حضرت خدیجہ کے بارے میں غیرت آیا کرتی تھی حالاں کہ میں نے ان کو دیکھا بھی نہیں تھا۔ غیرت کی وجہ یہ تھی کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہت زیادہ ان کا ذکر خیر فرماتے رہتے تھے اور اکثر ایسا ہوا کرتا تھا کہ آپ جب کوئی بکری ذبح فرماتے تھے تو کچھ گوشت حضرت خدیجہ کی سہیلیوں کے گھر میں ضرور بھیج دیا کرتے تھے، اس سے میں چڑ جایا کرتی تھی اور کبھی کبھی یہ کہہ دیا کرتی تھی کہ دنیا میں بس ایک خدیجہ ہی تو آپ کی بیوی تھیں، میرا یہ جملہ سن کر آپ فرمایا کرتے تھے کہ ہاں ہاں بیشک وہ تھیں وہ تھیں انھیں کے شکم سے اللہ تعالیٰ نے مجھے اولاد عطا فرمائی۔

امام طبرانی نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ایک حدیث نقل کی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو دنیا میں جنت کا انگور کھلایا۔ اس حدیث کو امام سہیلی نے بھی نقل فرمائی ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت جبریل علیہ الصلاۃ والسلام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس تشریف لائے اور عرض کیا کہ اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) یہ خدیجہ ہیں جو آپ کے پاس ایک برتن لے کر آرہی ہیں جس میں کھانا ہے جب یہ آپ کے پاس آجائیں تو آپ ان سے ان کے رب کا اور میرا سلام کہہ دیں اور ان کو یہ خوش خبری سنا دیں کہ جنت میں ان کے کے لیے موتی کا ایک گھر بنا ہے جس میں نہ کوئی شور ہوگا نہ کوئی تکلیف ہوگی۔

پچیس سال تک حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی خدمت گزاری سے سرفراز رہیں، ہجرت سے تین برس قبل پینسٹھ برس کی عمر پا کر ماہ رمضان میں مکہ معظمہ کے اندر انھوں نے وفات پائی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ کے مشہور قبرستان حجون (جنت المعلیٰ) میں خود بہ نفس نفیس ان کی قبر میں اتر کر اپنے مقدس ہاتھوں سے ان کو سپرد خاک فرمایا۔ چوں کہ اس وقت تک نماز جنازہ کا حکم نازل نہیں ہوا تھا اس لیے آپ نے ان کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ، سیرت مصطفیٰ)

خدیجۃ الکبریٰ پہلی ام المومنین ہیں

نبی کے لیے اپنی امت کی عورتوں سے نکاح جائز ہے۔ اسی طرح پیر اپنی مریدہ سے نکاح کر سکتا ہے اس سلسلے میں سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

حضور والا صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ نے اپنی امتی بی بیوں ہی سے نکاح فرمایا جن میں حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ وحضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما اعلیٰ درجہ کی مریدہ اور علیٰ درجہ کی بیبیاں ہیں۔ باتفاق علماء ثابت ہے کہ جب اللہ عزوجل نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت عامہ کو ظاہر فرمایا سب سے پہلے ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا شرف ارادت سے مشرف ہوئیں۔ (فتاوی رضویہ ج ۵، ص ۲۲۶)

حضرت خدیجہ کی نماز جنازہ نہیں ہوئی

ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ اور تدفین سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

فی الواقع کتب سیر میں علماء نے یہی لکھا ہے کہ ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے جنازہ مبارکہ کی نماز نہ ہوئی کہ اس وقت تک یہ نماز ہوئی ہی نہ تھی، اس کے بعد اس کا حکم ہوا۔

زرقانی علی المواہب میں ہے :

فی رمضان بعد البعث بعشر سنین ماتت الصدیقة الطاهرة خدیجة رضی الله تعالیٰ عنها و دفنت بالحجون و نزل صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حفرتها و لم یکن یومئذ الصلاة علی الجنازة .

ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا انتقال بعثت اقدس کے دس سال بعد رمضان میں ہوا اور حجون میں دفن ہوئیں، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کی قبر میں اترے اور ان دنوں جنازہ پر نماز نہیں ہوتی تھی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۶)

حضرت عائشہ صدیقہ

یہ امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نور نظر اور دختر نیک اختر ہیں، ان کی والدہ ماجدہ کا نام ''ام رومان'' ہے۔ یہ چھ برس کی تھیں جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعلان نبوت کے دسویں سال ماہ شوال میں ہجرت سے تین سال قبل نکاح فرمایا۔ اور شوال ۲ھ میں مدینہ منورہ کے اندر یہ کاشانۂ نبوت میں داخل ہو گئیں اور نو برس تک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحبت سے سرفراز رہیں۔

ازواج مطہرات میں یہی کنواری تھیں اور سب سے زیادہ بارگاہ نبوت میں محبوب ترین بیوی تھیں، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ان کے بارے میں ارشاد ہے کہ کسی بیوی کے لحاف میں میرے اوپر وحی نازل نہیں ہوئی مگر حضرت عائشہ جب میرے ساتھ بستر نبوت پر سوتی رہتی ہیں تو اس حالت میں بھی مجھ پر وحی الٰہی اترتی رہتی ہے۔

بخاری و مسلم کی روایت ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا کہ تین راتیں میں خواب میں دیکھتا رہا کہ ایک فرشتہ تم کو ایک ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر میرے پاس لاتا رہا اور مجھ سے یہ کہتا رہا کہ یہ آپ کی بیوی ہیں۔ جب میں نے تمھارے چہرے سے کپڑا ہٹا کر دیکھا تو ناگہاں وہ تم ہی تھیں۔ اس کے بعد میں نے اپنے دل میں کہا کہ اگر یہ خواب اللہ کی طرف سے ہے تو وہ اس خواب کو پورا کر دکھائے گا۔

فقہ و حدیث کے علوم میں ازواج مطہرات کے درمیان ان کا درجہ بہت ہی بلند ہے۔ دو ہزار دو سو دس حدیثیں انھوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی ہیں۔ ان کی روایت کی ہوئی حدیثوں میں سے ایک سو چوہتر حدیثیں ایسی ہیں جو بخاری و مسلم دونوں کتابوں میں ہیں۔ اور چون حدیثیں ایسی ہیں جو صرف بخاری شریف میں ہیں اور اڑسٹھ حدیثیں وہ ہیں جن کو صرف امام مسلم نے اپنی کتاب صحیح مسلم میں تحریر

کیا ہےان کے علاوہ باقی حدیثیں احادیث کی دوسری کتابوں میں مذکور ہیں۔

ابن سعد نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نقل کیا ہے کہ خود حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرمایا کرتی تھیں کہ مجھے تمام ازواج مطہرات پر ایسی دس فضیلتیں حاصل ہیں جو دوسری ازواج مطہرات کو حاصل نہیں ہوئیں۔

(۱) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے سوا کسی دوسری کنواری عورت سے نکاح نہیں فرمایا۔

(۲) میرے سوا ازواج مطہرات میں سے کوئی بھی ایسی نہیں جس کے ماں باپ دونوں مہاجر ہوں۔

(۳) اللہ تعالیٰ نے میری براءت اور پاک دامنی کا بیان آسمان سے قرآن میں نازل فرمایا۔

(۴) نکاح سے قبل حضرت جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے ایک ریشمی کپڑے میں میری صورت لاکر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دکھلا دی تھی اور آپ تین رات خواب میں مجھے دیکھتے رہے۔

(۵) میں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک ہی برتن میں سے پانی لے لے کر غسل کیا کرتے تھے یہ شرف میرے سوا ازواج مطہرات میں سے کسی کو بھی نصیب نہیں ہوا۔

(۶) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز تہجد پڑھتے تھے اور میں آپ کے آگے سوئی رہتی تھی۔ امہات المومنین میں سے کوئی بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس کریمانہ محبت سے سرفراز نہیں ہوئیں۔

(۷) میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک لحاف میں سوتی رہتی تھی اور آپ پر خدا کی وحی نازل ہوا کرتی تھی یہ وہ اعزاز خداوندی ہے جو میرے سوا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کسی زوجہ مطہرہ کو حاصل نہیں ہوا۔

(۸) وفات اقدس کے وقت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنی گود میں لیے ہوئی بیٹھی تھی اور آپ کا سر انور میرے سینے اور حلق کے درمیان تھا اور اسی حالت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہوا۔

(۹) حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میری باری کے دن وفات پائی

(۱۰) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر انور خاص میرے گھر میں بنی۔

عبادت میں بھی آپ کا مرتبہ بہت ہی بلند ہے آپ کے بھتیجے حضرت امام قاسم بن محمد بن ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا بیان ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روزانہ بلا ناغہ نماز تہجد پڑھنے کی پابند تھیں اور اکثر روزہ دار بھی رہا کرتی تھیں۔

سخاوت اور صدقات وخیرات کے معاملہ میں بھی تمام امہات المومنین میں خاص طور پر بہت ممتاز تھیں۔ام دردہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تھی۔اس وقت ایک لاکھ درہم کہیں سے آپ کے پاس آیا آپ نے اسی وقت ان سب درہموں کو لوگوں میں تقسیم کر دیا اور ایک درہم بھی گھر میں باقی نہیں چھوڑا۔اس دن وہ روزہ دار تھیں میں نے عرض کیا کہ آپ نے سب درہموں کو بانٹ دیا اور ایک درہم بھی باقی نہیں رکھا تا کہ آپ گوشت خرید کر روزہ افطار کرتیں تو آپ نے فرمایا کہ تم نے اگر مجھ سے پہلے کہا ہوتا تو میں ایک درہم کا گوشت منگا لیتی۔

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جو آپ کے بھانجے تھے ان کا بیان ہے کہ فقہ وحدیث کے علاوہ میں نے حضرت عائشہ سے بڑھ کر کسی کو اشعار عرب کا جاننے والا نہیں پایا۔وہ دوران گفتگو میں ہر موقع پر کوئی نہ کوئی شعر پڑھ دیا کرتی تھیں جو بہت ہی برمحل ہوا کرتا تھا۔

علم طب اور مریضوں کے علاج معالجہ میں بھی انھیں کافی مہارت تھی۔حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہتے ہیں کہ میں نے ایک دن حیران ہو کر حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے عرض کیا کہ

اے اماں جان! مجھے آپ کے علم حدیث وفقہ پر کوئی تعجب نہیں کیوں کہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجیت اور صحبت کا شرف پایا ہے اور آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سب سے زیادہ محبوب ترین زوجہ مقدسہ ہیں۔ اسی طرح مجھے اس پر بھی کوئی تعجب اور حیرانی نہیں ہے کہ آپ کو اس قدر زیادہ عرب کے اشعار کیوں اور کس طرح یاد ہو گئے؟

اس لیے کہ میں جانتا ہوں کہ آپ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نور نظر ہیں اور وہ اشعار عرب کے بہت بڑے حافظ و ماہر تھے مگر میں اس بات پر بہت ہی حیران ہوں کہ آخر یہ طبی معلومات اور علاج و معالجہ کی مہارت آپ کو کہاں سے اور کیسے حاصل ہو گئی؟

یہ سن کر حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی آخری عمر شریف میں اکثر علیل ہو جایا کرتے تھے اور عرب و عجم کے اطباء آپ کے لیے دوائیں تجویز کرتے تھے اور میں ان دواؤں سے آپ کا علاج کیا کرتی تھی اس لیے مجھے طبی معلومات بھی حاصل ہو گئیں۔

آپ کے شاگردوں میں صحابہ و تابعین کی ایک بہت بڑی جماعت ہے اور آپ کے فضائل و مناقب میں بہت سی حدیثیں بھی وارد ہوئی ہیں۔

۱۷ رمضان شب سہ شنبہ ۵۷ھ یا ۵۸ھ میں مدینہ منورہ کے اندر آپ کا وصال ہوا۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور آپ کی وصیت کے مطابق رات میں لوگوں نے آپ کو جنت البقیع کے قبرستان میں دوسری ازواج مطہرات کی قبروں کے پہلو میں دفن کیا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

عائشہ کا وصال کب ہوا؟

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تاریخ وصال اور مقام تدفین سے متعلق

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

جس وقت آپ کی عمر شریف چھیاسٹھ سال تھی ۵۸ھ ۱۷ر تاریخ رمضان المبارک شب سہ شنبہ کو وصال فرمایا بقیع میں دفن کرنے کی اپنے بھانجے کو وصیت کی اور موافق وصیت رات کے وقت بقیع میں دفن فرمائی گئیں، آپ کے جنازہ میں اکثر اہل مدینہ حاضر تھے اور آپ کو قبر میں آپ کے بھتیجوں حضرت قاسم بن محمد اور عبداللہ بن عبدالرحمٰن اور عبداللہ بن ابی عتیق اور آپ کے بھانجوں عروہ بن زبیر اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اتارا اور آپ کی نماز حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پڑھائی۔

زرقانی شریف میں ہے :

ماتت بالمدينة سنة سبع و خمسين و قال الواقدى ليلة الثلثاء سبع عشر خلت من رمضان سنة ثمان و خمسين و عليه اقتصر المصنف فى الشرح و صدره به فى الفتح كالاصابة و عزاها فيها للاكثرين و تبعه الشامى و زاد انه الصحيح . و هى ابنة ست و ستين سنة و اوصت ابن اختها عروة ان تدفن بالبقيع فدفنت به ليلا و نزل فى قبرها القاسم بن محمد و ابن عمه عبد الله بن عبد الرحمن و عبد الله بن ابى عتيق و عروة و عبد الله بن الزبير كما فى العيون . و حضر جنازتها اكثر اهل المدينة و صلى عليها ابو هريرة رضى الله تعالىٰ عنه . (عرفان شریعت حصہ دوم)

حضرت عائشہ کی سخاوت

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سخاوت اس درجہ تھی کہ ان کے بھانجے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے زمانۂ خلافت میں ان کے تصرفات مجور کر دیئے تھے ہزار ہا روپے ایک جلسے میں محتاجوں کو تقسیم فرما دیتیں۔

ایک مرتبہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لاکھ روپے نذر بھیجے، ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کنیز کو حکم دیا، ہزار فلاں کو دے آؤ، سو فلاں کو، یہاں تک کہ ایک پیسہ نہ رکھا۔ اور خود حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا روزہ تھا۔ کنیز نے عرض کی حضور کا روزہ ہے اور گھر میں افطار کو بھی کچھ نہیں فرمایا پہلے سے کہتی تو کچھ رکھ لیا جاتا۔

ام المومنین نے ایک بار سائل کو ایک دانہ انگور کا دیا، دیکھنے والے نے تعجب کیا فرمایا:

کم تری فیہا من مثاقیل ذرۃ .

اس میں کتنے ذرے نکل سکیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ **فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ .**

جو ایک ذرہ برابر بھلائی کرے گا اس کا اجر دیکھے گا۔ (ذیل المدعا لاحسن الوعاء)

حضرت عائشہ کا برتاؤ

ام المومنین صدیقہ صلی اللہ تعالیٰ علی بعلہا الکریم وعلیہا وسلم کی خدمت اقدس میں ایک سائل کا گزر ہوا ایک ٹکڑا عطا فرما دیا، ایک شخص خوش لباس شاندار گزرا اسے بٹھا کر کھانا کھلایا اس بارہ میں ام المومنین سے استفسار ہوا، فرمایا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہر شخص سے اس کے مرتبہ کے لائق برتاؤ کرو۔

ابو داؤد فی سننہ عن میمون بن ابی شبیب ان عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مربھا رجل علیہ ثیاب و ہیأۃ فاقعدتہ فاکل فقیل لہا فی ذلک فقالت قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انزلوا الناس منازلہم. (فتاویٰ رضویہ ج۹، ص ۷۳)

وقت نکاح حضرت عائشہ کی عمر

و قد تزوج رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ

عنہا و ھی بنت ست سنین و بنی بہا و ھی بنت تسع سنین ۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اس وقت نکاح فرمایا جب کہ وہ چھ سال کی تھیں اور جب حضور نے ان سے زفاف فرمایا تو وہ نو سال کی تھیں۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵،ص ۶۳۴)

اس لیے امام احمد رضا بریلوی نے تحریر فرمایا کہ :

ام المومنین صدیقہ بنت الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے سوا تمام ازواج مطہرات حضور سید الکائنات علیہ وعلیہم الصلوات والتحیات ثیبات تھیں۔جیسا کہ بخاری کی حدیث عائشہ اور حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ثابت ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۵،ص ۵۹۱۔اطائب التھانی)

حضرت عائشہ قبر انور کی زیارت کرتیں

کشف بزودی میں ہے :

روی ان عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنہا کانت تزور قبر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی کل وقت و انہا لما خرجت حاجة زارت قبر اخیہا عبد الرحمن ۔

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قبر انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہر وقت زیارت کیا کرتیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب کسی ضرورت سے ایک جگہ گئیں تو اپنے بھائی حضرت عبد الرحمن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر کی زیارت کی۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۱۷۵۔جمل النور)

ام المومنین صدیقہ بنت الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ارشاد جو مشکوٰۃ شریف میں بروایت امام احمد منقول اور اسے حاکم نے بھی صحیح مستدرک میں روایت کیا اور برشرط بخاری ومسلم صحیح کہا کہ فرماتیں۔

كنت ادخل بيت الذى فيه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و انى واضع ثوبى و اقول انما هو زوجى و ابى فلما دفن عمر فوالله ما دخلته الا و انا مشدودة على ثيابى حياء من عمر.

میں اس مکان جنت آستان میں جہاں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مزار پاک ہے یوں ہی بے لحاظ ستر وحجاب چلی جاتی اور جی میں کہتی وہاں کون ہے یہی میرے شوہر یا میرے باپ صلی اللہ تعالیٰ علیٰ زوجہا ثم ابیہا ثم علیہا و بارک وسلم۔ جب سے عمر دفن ہوئے خدا کی قسم میں بغیر سراپا بدن چھپائے نہ گئی، عمر سے شرم کے باعث۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۵۸۔ حیات الموات)

حضرت عائشہ عبدالرحمٰن کی قبر پر

حدیث جلیل ام المومنین منقول بہ نقل ائمہ اجلہ ثقات وعدول رجال بخاری ومسلم مروی جامع ترمذی شریف میں یہ ہے:

حدثنا الحسين بن حريث (ثقة من رجال الشيخين) ناعيسىٰ بن يونس (ثقة مامون من رجال الستة كسائر السند) عن ابن جريج عن عبد الله بن ابى مليكة . قال توفى عبد الرحمن بن ابى بكر رضى الله تعالىٰ عنهما بالحبشى قال فحمل الى مكة فدفن فيها فلما قدمت عائشة رضى الله تعالىٰ عنها اتت قبر عبد الرحمن بن ابى بكر فقالت

و كنا كندمانى جذيمة حقبة
من الدهر حتى قيل لن يتصدعا

فلما تفرقنا كأني و مالكا

لطول اجتماع لم نبت ليلة معا

ثم قالت و الله لو حضرتک ما دفنت الا حيث مت و لو شهدتک ما زرتک.

یعنی حضرت سیدنا عبدالرحمٰن بن ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما برادر حقیقی ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے مکہ معظمہ کے قریب موضع حبشی میں انتقال فرمایا ان کی نعش مبارکہ مکہ معظمہ لائی گئی۔ جنت المعلیٰ میں دفن ہوئے جب ام المومنین مکہ معظمہ آئیں تو ان کے مزار پاک پر گئیں دو شعر (کہ تمیم بن نویرہ نے اپنے بھائی مالک بن نویرہ کے مرثیہ میں کہے تھے) پڑھے کہ ایک مدت دراز تک جذیمہ (بادشاہ عرب و عراق و جزیرہ مقتول ملک جزیرہ زبا) کے دونوں مصاحبوں کی طرح (کہ چالیس سال تک صحبت بادشاہ میں یکجا رہے تھے) ساتھ رہے یہاں تک کہ لوگوں نے کہا کہ یہ ہرگز جدا نہ ہوں گے اب کہ جدا ہوئے گویا اس قدر طول یکجائی پر کسی شب ایک جگہ نہ رہے تھے۔ پھر اپنے برادر مکرم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مخاطب ہو کر یہ باتیں کیں، خدا کی قسم اگر میں آپ کے انتقال کے وقت موجود ہوتی تو آپ وہیں دفن ہوتے جہاں آپ کا انتقال ہوا تھا اور اگر میں اس وقت آپ کے پاس ہوتی تو اب آپ کی زیارت کو نہ آتی۔

وہیں دفن ہونا اسی لیے کہ یہی سنت ہے نعش کو دور لے جانا نہ چاہیئے، اور زیارت کو نہ آنا یوں کہ زیارت قبور میں عورات کا حصہ کم ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۳۵۸۔ الوفاق المتین)

بعد عصر دو رکعت کی خصوصیت

حدیث مشہور میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز عصر کے بعد نماز سے ممانعت

فرمائی، خود ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی اس ممانعت کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں، بایں ہمہ ام المومنین عصر کے بعد دو رکعت پڑھا کرتیں۔

رواہ الشیخان عن کریب عن ابن عباس و عبد الرحمن بن ازھر و المسور بن مخرمة رضی اللہ تعالیٰ عنھم انھم ارسلوہ الی عائشة زوج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقالوا اقراء علیھا السلام منا جمیعا و سلھا عن الرکعتین بعد العصر و قل لھا بلغنا انک قد تصلینھما و ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نھی عنھما۔

یعنی حضرت عباس وعبدالرحمٰن بن ازہر اور مسور بن مخرمہ نے حضرت کریب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس بھیجا اور کہا کہ ان سے ہمارا سلام کہنا اور ان سے عصر کے بعد دو رکعت کے بارے میں پوچھنا اور کہنا کہ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ آپ وہ دو رکعت نماز پابندی سے پڑھتی ہیں حالاں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے منع فرمایا ہے۔ (مولف)

علماء فرماتے ہیں یہ ام المومنین کی خصوصیت تھی، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے جائز کر دیا تھا۔

خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی نے اسے انموذج اللبیب میں، پھر زرقانی نے شرح مواہب میں بیان فرمایا ہے۔ (الامن والعلی)

●......●......●

حضرت ام سلمہ

ان کا نام ہند ہے اور کنیت ''ام سلمہ'' ہے مگر یہ اپنی کنیت کے ساتھ ہی زیادہ مشہور ہیں۔ان کے باپ کا نام ''حذیفہ'' اور بعض مورخین کے نزدیک ''سہیل'' ہے۔مگر اس پر تمام مورخین کا اتفاق ہے کہ ان کی والدہ ''عاتکہ بنت عامر'' ہیں۔ان کا نکاح پہلے عبداللہ بن اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوا تھا۔جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی تھے۔یہ دونوں میاں بیوی اعلان نبوت کے بعد جلد ہی دامن اسلام میں آگئے تھے اور سب سے پہلے ان دونوں نے حبشہ کی جانب ہجرت کی، پھر یہ دونوں حبشہ سے مکہ مکرمہ آگئے اور مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کا ارادہ کیا۔

چنانچہ ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اونٹ پر کجاوہ باندھا اور حضرت بی بی ام سلمہ اور اپنے فرزند سلمہ کو کجاوہ میں سوار کر دیا۔مگر جب اونٹ کی نکیل پکڑ کر حضرت ابوسلمہ روانہ ہوئے تو حضرت ام سلمہ کے میکے والے بنو مغیرہ دوڑ پڑے اور ان لوگوں نے یہ کہا کہ ہم اپنے خاندان کی اس لڑکی کو ہرگز ہرگز مدینہ نہیں جانے دیں گے اور زبردستی ان کو اونٹ سے اتار لیا۔یہ دیکھ کر حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خاندانی لوگوں کو بھی طیش آگیا اور ان لوگوں نے غضب ناک ہو کر کہا کہ تم لوگ ام سلمہ کو محض اس بنا پر روکتے ہو کہ یہ تمھارے خاندان کی لڑکی ہے تو ہم اس کے بچہ ''سلمہ'' کو ہرگز ہرگز تمھارے پاس نہیں رہنے دیں گے اس لیے کہ یہ بچہ ہمارے خاندان کا ایک فرد ہے یہ کہہ کر ان لوگوں نے بچہ کو اس کی ماں کی گود سے چھین لیا۔مگر حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہجرت کا ارادہ ترک نہیں کیا بلکہ بیوی اور بچہ دونوں کو چھوڑ کر تنہا مدینہ منورہ چلے گئے۔

حضرت بی بی ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے شوہر اور بچے کی جدائی پر صبح سے شام تک مکہ کی پتھریلی زمین میں کسی چٹان پر بیٹھی ہوئی تقریباً سات دنوں تک روتی رہیں۔ان کا یہ حال دیکھ کر ان کے ایک چچازاد بھائی کو ان پر رحم آگیا اور اس نے بنو مغیرہ کو سمجھا بجھا کر یہ کہا کہ آخر اس مسکینہ کو تم لوگوں نے اس کے

شوہر اور بچے سے کیوں جدا کر رکھا ہے؟ تم لوگ کیوں نہیں اس کو اجازت دے دیتے ہو کہ وہ اپنے بچہ کو ساتھ لے کر اپنے شوہر کے پاس چلی جائے۔ بالآخر بنو مغیرہ اس پر رضامند ہو گئے کہ یہ مدینہ چلی جائے۔ پھر حضرت ابو سلمہ کے خاندان والے بنو عبد الاسد نے بھی بچے کو حضرت ام سلمہ کے سپرد کر دیا۔

اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بچہ کو گود میں لے کر اونٹ پر سوار ہو گئیں اور اکیلی مدینہ کو چل پڑیں مگر جب مقام ''تنعیم'' میں پہنچیں تو عثمان بن طلحہ سے ملاقات ہو گئی جو مکہ کا مانا ہوا ایک نہایت ہی شریف انسان تھا اس نے پوچھا کہ اے ام سلمہ کہاں کا ارادہ ہے؟ انھوں نے کہا کہ میں اپنے شوہر کے پاس مدینہ جا رہی ہوں، اس نے کہا کہ کیا تمھارے ساتھ کوئی دوسرا نہیں حضرت ام سلمہ نے درد بھری آواز میں جواب دیا کہ نہیں میرے ساتھ اللہ اور میرے اس بچہ کے سوا کوئی نہیں ہے۔

یہ سن کر عثمان بن طلحہ کی رگ شرافت پھڑک اٹھی اور اس نے کہا کہ خدا کی قسم میرے لیے یہ زیب نہیں دیتا کہ تمھاری جیسی ایک شریف زادی اور ایک شریف انسان کی بیوی کو تنہا چھوڑ دوں، یہ کہہ کر اس نے اونٹ کی مہار اپنے ہاتھ میں لے لی اور پیدل چلنے لگا۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ خدا کی قسم میں نے عثمان بن طلحہ سے زیادہ شریف کسی عرب کو نہیں پایا جب ہم کسی منزل پر اترتے تو وہ الگ کسی درخت کے نیچے لیٹ جاتا اور میں اپنے اونٹ کے پاس سو رہتی، پھر روانگی کے وقت جب میں اپنے بچہ کو گود میں لے کر اونٹ پر سوار ہو جاتی تو وہ اونٹ کی مہار پکڑ کر چلنے لگتا اسی طرح اس نے مجھے قبا تک پہنچا دیا اور وہاں سے وہ یہ کہہ کر مکہ چلا گیا کہ اب تم چلی جاؤ تمھارا شوہر اسی گاؤں میں ہے۔ چنانچہ ام سلمہ اس طرح بخیریت مدینہ منورہ پہنچ گئیں۔

یہ دونوں میاں بیوی عافیت کے ساتھ مدینہ منورہ میں رہنے لگے مگر ۴ ھ میں جب ان کے شوہر حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا انتقال ہو گیا، تو باوجودیکہ ان کے چند بچے تھے مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم نے ان سے نکاح فرمالیا اور یہ اپنے بچوں کے ساتھ کاشانۂ نبوت میں رہنے لگیں اور ام المومنین کے معزز لقب سے سرفراز ہوگئیں۔

حضرت بی بی ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حسن و جمال کے ساتھ ساتھ عقل وفہم کے کمال کا بھی ایک بے مثال نمونہ تھیں، امام الحرمین کا بیان ہے کہ میں حضرت ام سلمہ کے سوا کسی عورت کو نہیں جانتا کہ اس کی رائے ہمیشہ درست ثابت ہوئی ہو۔

صلح حدیبیہ کے دن جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لوگوں کو حکم دیا کہ اپنی اپنی قربانیاں کر کے سب لوگ احرام کھول دیں اور بغیر عمرہ ادا کیے سب لوگ مدینہ واپس چلے جائیں کیوں کہ اسی شرط پر صلح حدیبیہ ہوئی ہے تو لوگ اس قدر رنج وغم میں تھے کہ ایک شخص بھی قربانی کے لیے تیار نہیں تھا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو صحابہ کرام کے اس طرز عمل سے روحانی کوفت ہوئی اور آپ نے معاملہ کا حضرت بی بی ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے تذکرہ کیا تو انھوں نے یہ رائے دی کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ کسی سے بھی کچھ نہ فرمائیں اور خود اپنی قربانی ذبح کر کے اپنا احرام اتار دیں، چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا۔ یہ دیکھ کر کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے احرام کھول دیا ہے سب صحابہ کرام مایوس ہو گئے کہ اب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلح حدیبیہ کے معاہدہ کو ہرگز ہرگز نہ بدلیں گے اس لیے سب صحابہ نے بھی اپنی اپنی قربانیاں کر کے احرام اتار دیا اور سب لوگ مدینہ منورہ واپس چلے گئے۔

حسن و جمال اور عقل و رائے کے ساتھ ساتھ فقہ و حدیث میں بھی ان کی مہارت خصوصی طور پر ممتاز تھی، تین سو اٹھہتر حدیثیں انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی ہیں اور بہت سے صحابہ و تابعین حدیث میں ان کے شاگرد ہیں۔ اور ان کے شاگردوں میں حضرت عبد اللہ بن عباس اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی شامل ہیں۔

مدینہ منورہ میں چوراسی برس کی عمر پاکر وفات پائیں اوران کی وفات کا سال ۵۳ھ ہے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور یہ جنت البقیع میں ازواج مطہرات کے قبرستان میں مدفون ہوئیں۔

بعض مورخین کا قول ہے کہ ان کے وصال کا سال ۵۹ھ ہے اور ابراہیم حربی نے فرمایا کہ ۶۲ھ میں ان کا انتقال ہوا اور بعض کہتے ہیں کہ ۶۳ھ کے بعد ان کی وفات ہوئی ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

ام سلمہ کو پیغام نکاح

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیام نکاح دینے اور ان کے رشتۂ زوجیت میں شامل ہونے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں :

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہ پہلے حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں تھیں جب ان کی وفات ہوئی اور عدت گزری سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں پیام نکاح دیا انھوں نے عرض کی یارسول اللہ مجھ میں تین باتیں ہیں **انا امراء ۃ کبیرۃ** میری عمر زائد ہے، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **انا اکبر منک** میں تم سے بڑا ہوں، عرض کی **و انا امراء ۃ غیور** میں رشک ناک عورت ہوں (یعنی ازواج مطہرات کے ساتھ شکر رنجی کا اندیشہ ہے) فرمایا **ادعو اللہ عزوجل فیذھب عنک غیرتک** میں اللہ عزوجل سے دعا کروں گا وہ تمھارا رشک دور فرمائے گا۔ عرض کی **یا رسول اللہ و انا امراء ۃ مصبیۃ** ۔یارسول اللہ اور میرے بچے ہیں (یعنی ان کی پرورش کا خیال ہے) فرمایا **ھم الی اللہ و الی رسولہ** ۔ بچے اللہ ورسول کے سپرد ہیں۔

اسے امام احمد نے مسند میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا اور یہ حدیث صحیح نسائی

وغیرہ میں بھی موجود ہے۔ (الامن والعلی)

یہی مضمون ایک مقام پر اس طرح ہے :

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے شوہر اول حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیوہ ہوئیں۔ امیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں پیام نکاح دیا انکار کردیا، پھر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پیام دیا انکار کردیا۔

پھر حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیام دیا عرض کی انی امراء ۃ غیری و انی امراء ۃ مصبیۃ و لیس احد من اولیائی شاھدا.

میں رشک ناک عورت ہوں (یعنی ازواج مطہرات سے شکر رنجی کا خیال ہے) اور عیال دار ہوں اور میرا کوئی ولی حاضر نہیں۔

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے عذروں پر کچھ عتاب نہ فرمایا، بلکہ عذر سن کر ان کے علاج و جواب ارشاد فرمادیئے کہ تمھارے رشک کے لیے ہم دعا فرمائیں گے کہ اللہ تعالیٰ اسے دور کردے۔ (چنانچہ ایسا ہی ہوا، ام المومنین ام سلمہ باقی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کے ساتھ اس طرح رہتی تھیں گویا یہ ازواج مطہرات ہی میں نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیٰ بعلہن وعلیہن و بارک وسلم) اور تمھارے بچے اللہ ورسول کے سپرد ہیں اور تمھارا کوئی حاضر و غائب میرے ساتھ نکاح کو ناپسند نہ کرے گا۔

اسے احمد ونسائی وغیرہما نے ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا۔

ابن ابی عاصم کی روایت میں ہے منجملہ عذروں کے یہ بھی عرض کی کہ اما انا فکبیرۃ السن میری عمر زیادہ ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا انا اکبر منک میں تم سے بڑا ہوں ۔ ابن ابی عاصم نے اسے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔

اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آخر شوال ۴ھ میں ان سے نکاح فرمایا۔ یہی صحیح ہے جیسا کہ زرقانی میں ہے۔

تو جس وقت انھوں نے ترک نکاح کے لیے عمر زیادہ ہونے کا عذر عرض کیا تیس سال کی نہ تھیں، یہی کوئی چھبیس ستائس برس کی عمر تھیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، یہ نکتہ بھی یاد رکھنے کے قابل ہے۔

ابن سعد انھیں ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی کہ انھوں نے فرمایا:

بلغنی انه لیس المراء ۃ یموت زوجها و هو من اهل الجنة و هی من اهل الجنة ثم لم تتزوج بعده الا جمع الله بینهما فی الجنة .

جس عورت کا شوہر مرجائے اور وہ دونوں جنتی ہوں پھر عورت اس کے بعد نکاح نہ کرے تو اللہ تعالیٰ ان دونوں کو جنت میں جمع فرمائے۔

اسی بناء پر انھوں نے حضرت ابو سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا تھا آؤ ہم تم عہد کریں کہ جو پہلے مر جائے دوسرا اس کے بعد نکاح نہ کرے، مگر یہ علم الٰہی میں امہات المومنین میں داخل ہونے والی تھیں حضرت ابو سلمہ نے قبول نہ فرمایا۔

ابن ابی عاصم نے اسے ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔

امام احمد اپنی مسند میں سلمٰی بنت جابر سے روایت کرتے ہیں۔

ان زوجها استشهد فاتت عبد الله بن مسعود فقالت انی امراء ۃ استشهد زوجی و قد خطبنی الرجال فابیت ان اتزوج حتی القاه فترجو لی ان اجتمعت انا و هو ان اکون من ازواجه قال نعم .

فقال له رجل ما رایناک نقلت هذا مذ قاعدناک قال انی سمعت رسول الله

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول ان اسرع امتی لی لحوقا فی الجنۃ امراء ۃ من احمس.

حضرت سلمہ بنت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر شہید ہوئے وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئیں اور کہا میرے شوہر نے شہادت پائی اور لوگ مجھے پیام دے رہے ہیں میں نکاح سے انکار رکھتی ہوں کیا آپ امید کرتے ہیں کہ اگر میں اور وہ جمع ہوئے تو میں آخرت میں ان کی زوجہ ہوں فرمایا ہاں۔

ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک شخص نے کہا کہ ہم جب سے آپ کے پاس بیٹھتے ہیں اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے آپ کو نہیں دیکھا، انھوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بیشک جنت میں مجھ سے جلدی ملنے والوں میں میری امت میں سے قبیلۂ احمس کی ایک عورت ہے۔ (مولف)

حضرت سید سعید شہید سیدنا امام حسین صلی اللہ تعالیٰ علی جدہ الکریم وعلیہ وبارک وسلم کی زوجہ مطہرہ رباب بنت امراء القیس کہ حضرت اصغر وحضرت سکینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی والدہ ماجدہ ہیں بعد شہادت امام مظلوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت شرفائے قریش نے انھیں پیام نکاح دیا فرمایا **ما کنت لا تخذ صھرا بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.**

میں وہ نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کسی کو اپنا خسر بناؤں۔ جب تک زندہ رہیں نکاح نہ کیا۔ **ذکرہ ابن الاثیر فی الکامل.**

اسے ابن اثیر نے کامل میں بیان کیا ہے۔

مرثیہ حضرت امام انام رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں فرماتی ہیں :

واللہ لا ابتغی صھرا بصھرکم

حتی اغیب بین الرمل و الطین

خدا کی قسم میں تمھارے رشتہ کے بعد کسی سے رشتہ نہ چاہوں گی یہاں تک کہ ریت اور مٹی میں دفن کردی جاؤں۔ ذکرہ هشام بن الکلبی .

اسے ہشام بن کلبی نے بیان کیا ہے۔

بلکہ علامہ ابوالقاسم عمادالدین محمود بن احمد فارابی کتاب ''خلاصۃ الحقائق لمافیہ من اسالیب الدقائق'' میں صحابیات حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک بی بی رباب نامی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ذکر کرتے ہیں۔

انها كانت زوجا لرجل يقال له عمر و فتعاهدا ايهما مات قبل الآخر لا يتزوج الذى يبقى حتى يموت فمات فاقامت مدة فزوجها ابو ها فراء ت فى تلك الليلة عمرو انشدها ابياتا فاصبحت مذعورة و قصت على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم القصة فامرها ان تستأنس بالوحدة حتى تموت و امر زوجها بفراقها ففعل ذلك

یعنی وہ ایک شخص عمرو نامی کی زوجہ تھیں ان کے آپس میں عہد ہولیا تھا کہ جو پہلے مرے دوسرا تادم مرگ نکاح نہ کرے، عمرو کا انتقال ہوا رباب ایک مدت تک بیوہ رہیں پھران کے باپ نے ان کا نکاح کردیا اسی رات اپنے پہلے شوہر کو خواب میں دیکھا انھوں نے کچھ شعر اس معاملے کی شکایت میں پڑھے یہ صبح کو خائف وترساں اٹھیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حال عرض کیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ مرتے دم تک تنہائی سے جی بہلائیں اوران کے شوہر کو حکم دیا کہ انھیں چھوڑ دیں انھوں نے چھوڑ دیا۔ حافظ ابن حجر عسقلانی نے اسے اصابہ میں تحریر فرمایا ہے اور کہا ہے کہ یہ مشہور واقعہ ہے۔

بلکہ احادیث میں ہے خود حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بیوہ کی نہایت تعریف فرمائی جو اپنے یتیم بچوں کو لیے بیٹھی رہے اوران کے خیال سے نکاح ثانی نہ کرے۔

حدیث : سنن ابی داوٗد میں حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور

سیدالمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا انا و امراء ۃ سفعاء الخدین کھاتین یوم القیامۃ و اومی بیدہ یزید بن زریع السبابۃ و الوسطی امراء ۃ ایمت من زوجھا ذات منصب و جمال حبست نفسھا علی یتاما ھا حتی بانوا او ماتوا.

میں اور چہرہ کا رنگ بدلی ہوئی عورت روز قیامت ان دو انگلیوں کے مثل ہوں گے (راوی نے انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کی طرف اشارہ کر کے بتایا یعنی جیسے یہ دو انگلیاں پاس پاس ہیں یوں ہی اسے روز قیامت میرا قرب نصیب ہوگا۔) وہ عورت کہ اپنے شوہر سے بیوہ ہوئی عزت والی صورت والی باایں ہمہ اس نے اپنے یتیم بچوں پر اپنی جان کو روک رکھا یہاں تک کہ وہ اس سے جدا ہوئے یا مر گئے۔

چہرہ کی رنگت بدلی ہوئی سیاہی مائل ہونا یہ کہ بے شوہری کے سبب بناؤ سنگار کی حاجت نہیں۔

حدیث : ابن بشران انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ایما امراء ۃ قعدت علی بیت اولادھا فھی معی نی الجنۃ .

جو عورت اپنی اولاد پر بیٹھی رہے گی وہ جنت میں میرے ساتھ ہوگی۔

حدیث : ابو یعلی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا اول من یفتح باب الجنۃ الا انی اری امراء ۃ تبادر فی فاقول لھا مالک و من انت فتقول انا امراء ۃ فقدت علی ایتام لی .

سب سے پہلے جو دروازۂ جنت کھولے گا وہ میں ہوں مگر میں ایک عورت کو دیکھوں گا کہ مجھ سے آگے جلدی کرے گی میں فرماؤں گا تجھے کیا ہے اور تو کون ہے وہ عرض کرے گی میں وہ عورت ہوں کہ اپنے

تیسوں پر بیٹھی رہی۔امام عبدالعظیم منذری فرماتے ہیں اسنادہ حسن انشاء اللہ تعالیٰ۔

تنبیہ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بہشت میں تشریف لے جانا بار ہا ہوگا اولیت مطلقہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے خاص ہے۔دروازہ کھلنا حضور والا ہی کے لیے ہوگا،رضوان داروغہ جنت عرض کرے گا مجھے یہی حکم تھا کہ حضور سے پہلے کسی کے لیے نہ کھولوں،حضور پر کوئی نبی مرسل بھی تقدیم نہیں پا سکتا،صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اجمعین،یہ سب مضامین احادیث صحیحہ سے ثابت ہیں جن کی بعض فقیر نے اپنے رسالہ مبارکہ''تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین''میں ذکر کیں۔حضور کے بعد اور بندگان خدا جائیں گے دروازہ کھلا پائیں گے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے سے فتح باب فرما چکے ہوں گے۔قال تعالیٰ جنت عدن مفتحۃ لھم الابواب۔

یہاں جو اس عورت کا آگے ہونا وارد ہوا یہ اور بار کے تشریف لے جانے میں ہے جب اہتمام کارامت میں آمدورفت فرماتے ہوں گے نہ کہ خاص بار اول میں۔

حضرت ام سلمہ کی وفات

ام المومنین ام سلمہ نے ۶۰ھ یا ۶۱ھ یا ۶۲ھ میں وفات پائی عمر شریف چوراسی برس کی ہوئی۔

یہ واقدی اور کثیر علماء کا قول ہے،حافظ ابن حجر نے اسے اصابہ میں تحریر فرمایا ہے اور یہی درست و صواب ہے۔جیسا کہ زرقانی میں ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج۵،ص۵۸۸،۵۸۹،۵۹۰۔اطائب التہانی)

● ...... ● ...... ●

حضرت ام حبیبہ

ان کا اصلی نام "رملہ" ہے یہ سردار مکہ ابوسفیان بن حرب کی صاحبزادی ہیں اوران کی والدہ کا نام صفیہ بنت العاص ہے جوامیر المومنین حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی پھوپھی ہیں۔

یہ پہلے عبیداللہ بن جحش کے نکاح میں تھیں اور میاں بیوی دونوں نے اسلام قبول کیااور دونوں ہجرت کر کے حبشہ چلے گئے تھےلیکن حبشہ پہنچ کران کے شوہر عبیداللہ بن جحش پر ایسی بدنصیبی سوار ہوگئی کہ وہ اسلام سے مرتد ہوکر نصرانی ہوگیااور شراب پیتے پیتے نصرانیت ہی پر وہ مرگیا۔

ابن سعد نے حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے یہ روایت کی ہے کہ انھوں نے حبشہ میں ایک رات یہ خواب دیکھا کہ ان کے شوہر عبیداللہ بن جحش کی صورت اچانک بہت ہی بدنما اور بدشکل ہوگئی وہ اس خواب سے بہت زیادہ گھبرا گئیں۔ جب صبح ہوئی تو انھوں نے اچانک یہ دیکھا کہ ان کے شوہر عبیداللہ بن جحش نے اسلام سے مرتد ہوکر نصرانی دین قبول کرلیا۔لیکن حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہانے اپنے شوہر کواپنا خواب سنا کرڈرایااوراسلام کی طرف بلایا،مگراس بدنصیب نے اس پر کان نہیں دھرااور مرتد ہونے ہی کی حالت میں مرگیا مگر حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے اسلام پر استقامت کے ساتھ ثابت قدم رہیں۔

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کوان کی حالت معلوم ہوئی تو قلب نازک پر بے حد صدمہ گزرا، اورآپ نے ان کی دل جوئی کے لیے حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کونجاشی بادشاہ حبشہ کے پاس بھیجااور خط لکھا کہ تم میرے وکیل بن کرحضرت ام حبیبہ کے ساتھ میرا نکاح کردو۔نجاشی کو جب یہ فرمان نبوت پہنچاتواس نے اپنی ایک خاص لونڈی کوجس کا نام "ابرہہ" تھا،حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس بھیجااوررسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیغام کی خبردی۔حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہااس خبرکو

سن کر اس قدر خوش ہوئیں کہ اپنے کچھ زیورات اس بشارت کے انعام میں ابرہہ لونڈی کو انعام کے طور پر دے دیے اور حضرت خالد بن سعید بن ابی العاص کو جوان کے ماموں کے لڑکے تھے اپنے نکاح کا وکیل بنا کر نجاشی کے پاس بھیج دیا۔

نجاشی نے اپنے شاہی محل میں نکاح کی مجلس منعقد کی اور حضرت جعفر بن ابی طالب اور دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جو اس وقت حبشہ میں موجود تھے اس مجلس میں بلایا اور خود ہی خطبہ پڑھ کر سب کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حضرت بی بی ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کر دیا اور چار ہزار دینار اپنے پاس سے مہر ادا کیا جو اسی وقت حضرت خالد بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سپرد کر دیا گیا۔

جب صحابہ کرام اس نکاح کی مجلس سے اٹھنے لگے تو نجاشی بادشاہ نے کہا کہ آپ لوگ بیٹھے رہیئے، انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا یہ طریقہ ہے کہ نکاح کے وقت کھانا کھلایا جاتا ہے یہ کہہ کر نجاشی نے کھانا منگایا اور تمام صحابہ کرام شکم سیر کھانا کھا کر اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہوئے۔

پھر نجاشی نے حضرت شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو مدینہ منورہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیج دیا اور حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حرم نبوی میں داخل ہو کر ام المومنین کا معزز لقب پالیا۔

حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بہت پاکیزہ ذات وحمیدہ صفات کی جامع اور نہایت ہی بلند ہمت اور سخی طبیعت کی مالک تھیں اور بہت ہی قوی الایمان تھیں، ان کے والد ابوسفیان جب کفر کی حالت میں تھے اور صلح حدیبیہ کی تجدید کے لیے مدینہ آئے تو بے تکلف ان کے مکان میں جا کر بستر نبوت پر بیٹھ گئے، حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے باپ کی ذرا بھی پرواہ نہ کی اور یہ کہہ کر اپنے باپ کو بستر سے اٹھا دیا کہ یہ بستر نبوت ہے میں کبھی یہ گوارا نہیں کر سکتی کہ ایک ناپاک مشرک اس پاک بستر پر بیٹھے۔

حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ٦٥ حدیثیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی ہیں جن میں سے دو حدیثیں بخاری و مسلم دونوں کتابوں میں موجود ہیں اور ایک حدیث وہ ہے جس کو تنہا مسلم نے روایت کی ہے۔ باقی حدیثیں حدیث کی دوسری کتابوں میں موجود ہیں۔

ان کے شاگردوں میں ان کے بھائی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی صاحبزادی حضرت حبیبہ اور ان کے بھانجے ابوسفیان بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہم بہت مشہور ہیں۔

٤٤ھ میں مدینہ منورہ کے اندر ان کی وفات ہوئی اور جنت البقیع میں ازواج مطہرات کے حظیرہ میں مدفون ہوئیں۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

ام المومنین ام حبیبہ کا مہر

ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مہر کے تعلق سے ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی نے تحریر فرمایا ہے۔

ام المومنین ام حبیبہ بنت ابی سفیان خواہر جناب امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا مہر ایک روایت پر چار ہزار درہم۔ جیسا کہ سنن ابی داؤد میں ہے۔

دوسری میں چار ہزار دینار تھا۔ جیسا کہ حاکم نے مستدرک میں اسے صحت کے ساتھ روایت کیا ہے۔

ام حبیبہ کا مہر نجاشی نے طے کیا تھا

فان هذا الامهار لم يكن من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بل من ملك الحبشة سيدنا النجاشي رضى الله تعالىٰ عنه .

ام المومنین ام حبیبہ کا مہر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے نہیں تھا بلکہ اسے شاہ حبشہ

نجاشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے متعین کیا تھا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۴۸۶)

ازواج مطہرات و بنات مکرمات کا مہر پانچسو درہم سے زائد نہ تھا مگر ام المومنین ام حبیبہ کا مہر کہ چار ہزار درہم یا چار ہزار دینار تھا چوں کہ ام حبیبہ کا مہر نجاشی نے مقرر کیا تھا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے نہیں تھا اس لیے یہ بات ان حدیثوں کے خلاف نہیں جن میں چار سو یا پانچ سو درہم مہر کا ذکر ہے یہی وجہ ہے کہ محدثین نے اس روایت کو برقرار رکھا ہے۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں

و اقره الذهبی و لا یخالف هذا ما مرمن حدیثی ام المومنین و امیر المومنین رضی الله تعالیٰ عنهما .

امام ذہبی نے اسے برقرار رکھا ہے اور یہ ام المومنین صدیقہ و امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیثوں کے خلاف نہیں ہے۔ (مولف)

●……●……●

حضرت سودہ

ان کے والد کا نام ''زمعہ'' اور ان کی والدہ کا نام شموس بنت عمرو ہے۔ یہ پہلے اپنے چچازاد بھائی سکران بن عمرو سے بیاہی گئی تھیں۔ یہ میاں بیوی دونوں ابتدائے اسلام میں ہی مسلمان ہو گئے تھے اور ان دونوں نے حبشہ کی ہجرت ثانیہ میں حبشہ کی طرف ہجرت بھی کی تھی لیکن جب حبشہ سے واپس آ کر یہ دونوں میاں بیوی مکہ مکرمہ آئے تو ان کے شوہر سکران بن عمرو وفات پا گئے اور یہ بیوہ ہو گئیں ان کے ایک لڑکا بھی تھا جن کا نام ''عبدالرحمٰن'' تھا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات سے ہر وقت بہت زیادہ مغموم اور اداس رہا کرتے تھے یہ دیکھ کر حضرت خولہ بنت حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ درخواست پیش کی کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمالیں تاکہ آپ کا خانۂ معیشت آباد ہو جائے اور ایک وفادار اور خدمت گزار بیوی کی صحبت و رفاقت سے آپ کا غم مٹ جائے۔ آپ نے ان کے اس مخلصانہ مشورہ کو قبول فرمالیا۔ چنانچہ حضرت خولہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے باپ سے بات چیت کر کے نسبت طے کرادی اور نکاح ہو گیا۔ اور یہ امہات المؤمنین کے زمرے میں داخل ہو گئیں اور اپنی زندگی بھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زوجیت کے شرف سے سرفراز رہیں اور انتہائی والہانہ عقیدت و محبت کے ساتھ آپ کی وفادار اور خدمت گزار رہیں۔

یہ بہت ہی سخی اور فیاض تھیں، ایک مرتبہ حضرت امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے درہموں سے بھرا ہوا ایک تھیلا ان کی خدمت میں بھیجا آپ نے پوچھا یہ کیا ہے؟ لانے والے نے بتایا کہ درہم ہیں آپ نے فرمایا کہ بھلا درہم کھجوروں کے تھیلے میں بھیجے جاتے ہیں یہ کہا اور اٹھ کر اسی وقت ان تمام درہموں کو

مدینہ کے فقراء ومساکین پر تقسیم کردیا۔

ان کی وفات کے سال میں مختلف اور متضاد اقوال ہیں۔

امام ذہبی اور امام بخاری نے اس روایت کو صحیح بتایا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آخری دور خلافت ۲۳ھ میں مدینہ منورہ کے اندران کی وفات ہوئی۔

لیکن واقدی نے اس قول کو ترجیح دی ہے کہ ان کی وفات کا سال ۵۴ھ ہے۔

اور صاحب اکمال نے بھی ان کا سن وفات شوال ۵۴ھ ہی تحریر کیا ہے۔

مگر حضرت علامہ ابن حجر عسقلانی نے اپنی کتاب ''تقریب التہذیب'' میں یہ لکھا ہے کہ ان کی وفات شوال ۵۵ھ میں ہوئی۔

●......●.. ...●

حضرت حفصہ

ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے والد ماجد حضرت امیر المومنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں اوران کی والدہ ماجدہ حضرت زینب بنت مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں جو ایک مشہور صحابیہ ہیں۔ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی پہلی شادی حضرت خنیس بن حذافہ سہمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوئی اور انھوں نے اپنے شوہر کے ساتھ مدینہ طیبہ کو ہجرت بھی کی تھی لیکن ان کے شوہر جنگ بدر یا جنگ احد میں زخمی ہو کر وفات پا گئے اور یہ بیوہ ہو گئیں۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ۳ ھ میں ان سے نکاح فرمایا اور یہ ام المومنین کی حیثیت سے کاشانۂ نبوی کی سکونت سے مشرف ہو گئیں۔

یہ بہت ہی شاندار بلند ہمت اور سخاوت شعار خاتون ہیں۔ حق گوئی، حاضر جوابی اور فہم وفراست میں اپنے والد بزرگوار کا مزاج پایا تھا، اکثر روزہ دار رہا کرتی تھیں اور تلاوت قرآن مجید اور دوسری قسم قسم کی عبادتوں میں مصروف رہا کرتی تھیں۔

ان کے مزاج میں کچھ سختی تھی اسی لیے حضرت امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہر وقت اس فکر میں رہتے تھے کہ کہیں ان کی کسی سخت کلامی سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دل آزاری نہ ہو جائے۔ چنانچہ آپ بار بار ان سے فرمایا کرتے تھے کہ اے حفصہ! تم کو جس چیز کی ضرورت ہو مجھ سے طلب کر لیا کرو، خبردار کبھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کسی چیز کا تقاضا نہ کرنا نہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کبھی ہرگز ہرگز دل آزاری کرنا ورنہ یاد رکھو کہ اگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم سے ناراض ہو گئے تو تم خدا کے غضب میں گرفتار ہو جاؤ گی۔

یہ بہت بڑی عبادت گزار ہونے کے ساتھ ساتھ فقہ و حدیث میں بھی ایک ممتاز درجہ رکھتی ہیں

انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ساٹھ حدیثیں روایت کی ہیں۔

علم حدیث میں بہت سے صحابہ اور تابعین ان کے شاگردوں کی فہرست میں نظر آتے ہیں خود ان کے بھائی عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بہت مشہور ہیں۔

شعبان ۴۵ھ میں مدینہ منورہ کے اندر ان کی وفات ہوئی اور جنت البقیع میں دوسری ازواج مطہرات کے پہلو میں مدفون ہوئیں، بوقت وفات ان کی عمر ساٹھ یا تریسٹھ برس کی تھی۔

حضرت زینب بنت جحش

یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پھوپھی حضرت امیمہ بنت عبدالمطلب کی صاحبزادی ہیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے آزاد کردہ غلام حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ان کا نکاح کرادیا تھا مگر چوں کہ حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا خاندان قریش کی ایک بہت ہی شاندار خاتون تھیں اور حسن و جمال میں بھی یہ خاندان قریش کی بے مثال عورت تھیں اور حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گو کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آزاد کر کے اپنا متبنّٰی (منہ بولا بیٹا) بنالیا تھا مگر پھر بھی چوں کہ وہ پہلے غلام تھے اس لیے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا ان سے خوش نہیں تھیں اور اکثر میاں بیوی میں ان بن رہا کرتی تھی یہاں تک کہ حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو طلاق دے دی۔

اس واقعہ سے فطری طور پر حضور کے قلب نازک پر صدمہ گزرا۔ چنانچہ جب ان کی عدت گزر گئی تو محض حضرت زینب کی دل جوئی کے لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زینب کے پاس اپنے نکاح کا پیغام بھیجا۔

روایت ہے کہ یہ پیغام بشارت سن کر حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دو رکعت نماز ادا کی اور سجدہ میں سر رکھ کر یہ دعا مانگی کہ خداوندا! تیرے رسول نے مجھے نکاح کا پیغام دیا ہے اگر میں تیرے نزدیک ان کی زوجیت میں داخل ہونے کے لائق عورت ہوں تو یا اللہ! تو ان کے ساتھ میرا نکاح فرمادے ان کی یہ دعا فوراً ہی قبول ہوگئی اور یہ آیت نازل ہوگئی کہ

فلما قضی زید منها وطرا زوجنکها.

جب زید نے اس سے حاجت پوری کرلی (زینب کو طلاق دے دی اور عدت گزر گئی) تو ہم نے اس (زینب) کا نکاح آپ کے ساتھ کردیا۔

اس آیت کے نزول کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسکراتے ہوئے فرمایا کہ کون ہے؟ جو زینب کے پاس جائے اور اس کو یہ خوش خبری سنائے کہ اللہ تعالیٰ نے میرا نکاح اس کے ساتھ فرما دیا ہے۔ یہ سن کر آپ کی ایک خادمہ دوڑتی ہوئی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس پہنچیں اور یہ آیت سنا کر خوش خبری دی۔ حضرت زینب اس بشارت سے اس قدر خوش ہوئیں کہ اپنا زیور اتار کر اس خادمہ کو انعام میں دے دیا اور خود سجدہ میں گر پڑیں اور اس نعمت کے شکریہ میں دو ماہ لگاتار روزہ دار رہیں۔

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے بعد ناگہاں حضرت زینب کے مکان میں تشریف لے گئے انھوں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) بغیر خطبہ اور بغیر گواہ کے آپ نے میرے ساتھ نکاح فرمالیا؟ ارشاد فرمایا کہ تیرے ساتھ میرا نکاح اللہ تعالیٰ نے کر دیا ہے اور حضرت جبریل علیہ الصلاۃ والسلام اور دو فرشتے اس نکاح کے گواہ ہیں۔

حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے ان کے نکاح پر جتنی بڑی دعوت ولیمہ فرمائی اتنی بڑی دعوت ولیمہ ازواج مطہرات میں سے کسی کے نکاح کے موقع پر نہیں فرمائی، آپ نے حضرت زینب کے ساتھ نکاح کی دعوت ولیمہ میں تمام صحابہ کرام کو نان و گوشت کھلایا۔

منقول ہے کہ جب حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کا حال امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو معلوم ہوا تو آپ نے حکم دے دیا کہ مدینہ کے ہر کوچہ و بازار میں یہ اعلان کر دیا جائے کہ تمام اہل مدینہ اپنی مقدس ماں کی نماز جنازہ کے لیے حاضر ہو جائیں۔ امیر المومنین نے خود ہی ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور یہ جنت البقیع میں دفن کی گئیں ۲۰ھ یا ۲۱ھ میں ۵۳ برس کی عمر پا کر مدینہ منورہ میں دنیا سے رخصت ہوئیں۔

• ...... • ...... •

حضرت زینب بنت خزیمہ

زمانہ جاہلیت میں یہ چوں کہ غرباء اور مساکین کو بکثرت کھانا کھلایا کرتی تھیں اس لیے ان کا لقب ''ام المساکین'' (مسکینوں کی ماں) ہے پہلے ان کا نکاح حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوا تھا مگر جب وہ جنگ احد میں شہید ہو گئے تو ۳ھ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے نکاح فرمالیا اور یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نکاح کے بعد صرف دو مہینے یا تین مہینے زندہ رہیں۔ اور ربیع الآخر ۴ھ میں تیس برس کی عمر پا کر وفات پا گئیں اور جنت البقیع کے قبرستان میں دوسری ازواج مطہرات کے ساتھ دفن ہوئیں۔ یہ ماں کی جانب سے حضرت ام المومنین بی بی میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بہن ہیں

حضرت میمونہ

ان کے والد کا نام حارث بن حزن ہے اور ان کی والدہ ہند بنت عوف ہے۔ حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نام پہلے ''برہ'' تھا لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بدل کر میمونہ (برکت دہندہ) رکھ دیا۔

یہ پہلے ابورہم بن عبدالعزی کے نکاح میں تھیں مگر جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۷ھ میں عمرۃ القضاء کے لیے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے تو یہ بیوہ ہو چکی تھیں۔ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کے بارے میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گفتگو کی اور آپ نے ان سے نکاح فرمالیا اور عمرۃ القضاء سے واپسی پر مقام ''سرف'' میں ان کو اپنی صحبت سے سرفراز فرمایا۔

یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آخری زوجۂ مبارکہ ہیں ان کے بعد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی دوسری عورت سے نکاح نہیں فرمایا۔

ان کے انتقال کے سال میں مورخین کا اختلاف ہے مگر قول مشہور یہ ہے کہ انھوں نے ۵۱ھ میں بمقام ''سرف'' وفات پائی جہاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے زفاف فرمایا تھا۔

ابن سعد نے واقدی سے نقل کیا ہے کہ انھوں نے ۶۱ھ میں وفات پائی۔

اور ابن اسحاق کا قول ہے کہ ۶۳ھ ان کے انتقال کا سال ہے۔

● ...... ● ...... ●

حضرت جویریہ

یہ قبیلۂ بنو مصطلق کے سردار اعظم حارث بن ضرار کی بیٹی ہیں۔ ''غزوۂ مریسیع'' میں جو کفار مسلمانوں کے ہاتھوں میں گرفتار ہو کر قیدی بنائے گئے تھے ان ہی قیدیوں میں حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی تھیں۔ جب قیدیوں کو لونڈی غلام بنا کر مجاہدین پر تقسیم کر دیا گیا تو حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حصہ میں آئیں، انھوں نے ان سے مکاتبت کر لی یعنی یہ لکھ کر دے دیا کہ تم اتنی اتنی رقم مجھے دے دو تو میں تم کو آزاد کر دوں گا۔ حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) میں اپنے قبیلے کے سردار اعظم حارث بن ضرار کی بیٹی ہوں اور مسلمان ہو چکی ہوں، ثابت بن قیس نے مجھے مکاتبہ بنا دیا ہے مگر میرے پاس اتنی رقم نہیں ہے کہ میں بدل کتابت ادا کر کے آزاد ہو جاؤں اس لیے آپ اس وقت میں میری امداد فرمائیں کیوں کہ میرا تمام خاندان اس جنگ میں گرفتار ہو چکا ہے اور ہمارے تمام مال و سامان مسلمانوں کے ہاتھوں میں مال غنیمت بن چکے ہیں اور میں اس وقت بالکل ہی مفلسی اور بے کسی کے عالم میں ہوں۔

حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کی فریاد سن کر ان پر رحم آ گیا آپ نے ارشاد فرمایا کہ اگر میں اس سے بہتر سلوک تمھارے ساتھ کروں تو کیا تم اس کو منظور کر لوگی؟ انھوں نے پوچھا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) آپ میرے ساتھ اس سے بہتر سلوک کیا فرمائیں گے؟ آپ نے فرمایا کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ تمھارے بدل کتابت کی تمام رقم میں خود تمھاری طرف سے ادا کر دوں اور پھر تم کو آزاد کر کے میں خود تم سے نکاح کر لوں تا کہ تمھارا خاندانی اعزاز و وقار برقرار رہ جائے، یہ سن کر حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادمانی و مسرت کی کوئی انتہا نہ رہی، انھوں نے اس اعزاز کو خوشی خوشی منظور فرما لیا، چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بدل کتابت کی ساری رقم ادا فرما کر اور ان کو آزاد کر کے اپنی ازواج

مطہرات میں شامل فرمالیا اور یہ ام المومنین کے اعزاز سے سرفراز ہوگئیں۔

جب اسلامی لشکر میں یہ خبر پھیلی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جویریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمالیا ہے تو تمام مجاہدین ایک زبان ہو کر کہنے لگے کہ جس خاندان میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نکاح فرمالیا اس خاندان کا کوئی فرد لونڈی غلام نہیں رہ سکتا، چنانچہ اس خاندان کے جتنے لونڈی غلام مجاہدین اسلام کے قبضے میں تھے فوراً سب کے سب آزاد کر دیئے گئے۔

یہی وجہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرمایا کرتی تھیں کہ دنیا میں کسی عورت کا نکاح حضرت جویریہ کے نکاح سے بڑھ مبارک نہیں ثابت ہوا کیوں کہ اس نکاح کی وجہ سے تمام خاندان بنی المصطلق کو غلامی سے نجات حاصل ہوگئی۔

ان کا اصلی نام ''برہ'' (نیکوکار) تھا لیکن چوں کہ اس نام سے بزرگی اور بڑائی کا اظہار ہوتا تھا اس لیے آپ نے ان کا نام بدل کر ''جویریہ'' (چھوٹی لڑکی) رکھ دیا۔

یہ بہت ہی عبادت گزار عورت تھیں، نماز فجر سے نماز چاشت تک ہمیشہ اپنے اوراد و وظائف میں مشغول رہا کرتی تھیں۔

۵۰ھ میں ۶۵ برس کی عمر پا کر انھوں نے مدینہ طیبہ میں وفات پائی اور حاکم مدینہ مروان نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور یہ جنت البقیع کے قبرستان میں مدفون ہوئیں۔

حضرت صفیہ

ان کا اصلی نام زینب تھا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا نام ''صفیہ'' رکھ دیا۔ یہ یہودیوں کے قبیلہ بنونضیر کے سردار اعظم حی بن اخطب کی بیٹی ہیں اور ان کی ماں کا نام ''ضرہ بنت سموئل'' ہے۔ یہ خاندان بنی اسرائیل میں سے حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے بھائی حضرت ہارون علیہ الصلاۃ والسلام کی اولاد میں سے ہیں اور ان کا شوہر کنانہ بن ابی الحقیق بھی بنونضیر کا رئیس اعظم تھا جو جنگ خیبر میں قتل ہو گیا۔

محرم ۷ ھ میں جب خیبر کو مسلمانوں نے فتح کر لیا اور تمام اسیران جنگ گرفتار کر کے اکٹھا جمع کیے گئے تو اس وقت حضرت دحیہ بن خلیفہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور ایک لونڈی طلب کی، آپ نے ارشاد فرمایا کہ تم اپنی پسند سے ان قیدیوں میں سے کوئی لونڈی لے لو انھوں نے حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو لے لیا، مگر ایک صحابی نے عرض کیا کہ یارسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) حضرت صفیہ بنو قریظہ اور بنونضیر کی شہزادی ہیں انکے خاندانی اعزاز کا تقاضا ہے کہ آپ ان کو اپنی ازواج مطہرات میں شامل فرمالیں۔

چنانچہ آپ نے ان کو حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لے لیا اور ان کے بدلے میں انھیں ایک دوسری لونڈی عطا فرمادی، پھر حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو آزاد کر کے ان سے نکاح فرمالیا، اور جنگ خیبر سے واپسی میں منزل صہبا میں ان کو اپنی قربت سے سرفراز فرمایا۔ اور دعوت ولیمہ میں کھجور، گھی، پنیر کا مالیدہ صحابہ کرام کو کھلایا۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت بی بی صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر بہت ہی خصوصی توجہ اور انتہائی کریمانہ عنایت فرماتے تھے اور اس قدر ان کا خیال رکھتے تھے کہ حضرت بی بی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

پر غیرت سولد ہو جایا کرتی تھی۔

ان کی وفات کے سال میں اختلاف ہے۔

واقدی کا قول ہے کہ ۵۰ھ میں ان کی وفات ہوئی۔

اور ابن سعد نے لکھا ہے کہ ۵۲ھ میں ان کا انتقال ہوا۔

بوقت رحلت ان کی عمر ساٹھ برس کی تھی، یہ بھی مدینہ کے مشہور قبرستان جنت البقیع میں سپرد خاک کی گئیں۔

● ..... ● ..... ●

مقدس باندیاں

ازواج مطہرات کے علاوہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چار باندیاں بھی تھیں جو آپ کے زیر تصرف تھیں جن کے نام حسب ذیل ہیں :

(۱) حضرت ماریہ قبطیہ

(۲) حضرت ریحانہ

(۳) حضرت نفیسہ

(۴) حضرت جمیلہ۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہن۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم و سیرت مصطفیٰ ملتقطاً)

●......●......●

اشعار

ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن کی توصیف میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

اہل اسلام کی مادران شفیق ۔۔۔ بانوان طہارت پہ لاکھوں سلام
جلو گیان بیت الشرف پر درود ۔۔۔ پردگیان عفت پہ لاکھوں سلام
سیما پہلی ماں کہف امن و اماں ۔۔۔ حق گزار رفاقت پہ لاکھوں سلام
عرش سے جس پہ تسلیم نازل ہوئی ۔۔۔ اس سرائے سلامت پہ لاکھوں سلام
منزل من قصب لا نصب لا صخب ۔۔۔ ایسے کوشک کی زینت پہ لاکھوں سلام

بنت صدیق آرام جان نبی — اس حریم برأت پہ لاکھوں سلام
یعنی ہے سورۂ نور جن کی گواہ — ان کی پر نور صورت پہ لاکھوں سلام
جن میں روح القدس بے اجازت نہ جائیں — ان سرا دق کی عصمت پہ لاکھوں سلام
شمع تابان کاشانۂ اجتہاد — مفتی چار ملت پہ لاکھوں سلام

●

تن اقدس میں لباس آیہ تطہیر کا ہو — سورۂ نور ہو سر پر گہر آمان معجر
یا حمیرا کا تن پاک پہ گل گوں جوڑا — کلمینی کے در آویزۂ گوش اطہر
باغ تطہیر کی کلیوں سے بنائیں کنگن — آیہ نور کا ماتھے پہ منور جھومر
کوئی خاتون تیری طرح کہاں سے لائے — باپ صدیق سا اور ختم رسل سا شوہر
تیرے جلوے سے رہی مسند افتاد روشن — عہد صدیق سے تا دور جناب حیدر

(حدائق بخشش)

اولادکرام

ان کے مولیٰ کے ان پر کروروں درود
ان کے اصحاب وعترت پہ لاکھوں سلام

اور جتنے ہیں شہزادے اس شاہ کے
ان سب اہل مکانت پہ لاکھوں سلام

کل سبب و نسب منقطع یوم القیامۃ الا سببی و نسبی

ہر علاقہ اور رشتہ قیامت کے دن قطع ہو جائے گا مگر میرا علاقہ اور رشتہ

(الحدیث)

اولاد کرام

اس بات پر تمام مورخین کا اتفاق ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اولاد کرام کی تعداد چھ ہے، دوفرزند حضرت قاسم وحضرت ابراہیم، اور چار صاحبزادیاں، حضرت زینب وحضرت رقیہ حضرت ام کلثوم وحضرت فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہن)

لیکن بعض مورخین نے یہ بیان فرمایا ہے کہ آپ کے ایک صاحبزادے عبداللہ بھی ہیں جن کا لقب طیب وطاہر ہے، اس قول کی بناء پر حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی مقدس اولاد کی تعداد سات ہے تین صاحبزادگان اور چار صاحبزادیاں، اس کے علاوہ حضور کی مقدس اولاد کے بارے میں دوسرے اقوال بھی ہیں۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ان ساتوں مقدس اولاد میں سے حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت ماریہ قبطیہ کے شکم سے تولد ہوئے تھے۔ باقی تمام اولاد کرام حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن مبارک سے پیدا ہوئیں۔

حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

یہ سب سے پہلے فرزند ہیں جو حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی آغوش مبارک میں اعلان نبوت سے قبل پیدا ہوئے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کنیت ابو القاسم انھیں کے نام پر ہے، جمہور علماء کا یہی قول ہے کہ یہ پاؤں پر چلنا سیکھ گئے تھے کہ ان کی وفات ہوگئی اور ابن سعد کا بیان ہے کہ ان کی عمر شریف دو برس کی ہوئی۔ مگر علامہ غلابی کہتے ہیں کہ یہ فقط سترہ ماہ زندہ رہے۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

انھیں کا لقب طیب وطاہر ہے۔ اعلان نبوت سے قبل مکہ معظمہ میں پیدا ہوئے اور بچپن ہی میں

وفات پاگئے۔

حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

یہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اولاد کرام میں سب سے آخری فرزند ہیں یہ ذی الحجہ ۸ھ میں مدینہ منورہ کے قریب مقام عالیہ کے اندر حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شکم مبارک سے پیدا ہوئے۔اس لیے مقام عالیہ کا دوسرا نام ''مشربۂ ابراہیم'' بھی ہے۔

ان کی ولادت کی خبر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مقام عالیہ سے مدینہ آکر بارگاہ اقدس میں سنائی، یہ خوش خبری سن کر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انعام کے طور پر حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک غلام عطا فرمایا۔اس کے بعد فوراً ہی حضرت جبریل علیہ السلام نازل ہوئے اور آپ کو یا أبا إبراهيم کہہ کر پکارا،حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بے حد خوش ہوئے اور ان کے عقیقہ میں دو مینڈھے آپ نے ذبح فرمائے اور ان کے سر کے بال کے وزن کے برابر چاندی خیرات فرمائی اور ان کے بالوں کو دفن کرادیا اور ابراہیم نام رکھا۔

حضرت ابراہیم کا انتقال بچپن ہی میں ہوا۔ایک روایت میں ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جنت البقیع میں حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی قبر کے پاس دفن فرمایا اور اپنے دست مبارک سے ان کی قبر پر پانی کا چھڑکاؤ کیا۔بوقت وفات حضرت ابراہیم کی عمر شریف سترہ یا اٹھارہ ماہ کی تھی۔

حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا

یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادیوں میں سب سے بڑی تھیں،اعلان نبوت سے دس سال قبل جب کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عمر شریف تیس سال کی تھی مکہ مکرمہ میں ان کی ولادت

ہوئی۔ یہ ابتداء اسلام ہی میں مسلمان ہوگئی تھیں اور جنگ بدر کے بعد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ بلالیا تھا اور یہ ہجرت کر کے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ تشریف لے گئیں۔

اعلان نبوت سے قبل ہی ان کی شادی ان کے خالہ زاد بھائی ابو العاص بن ربیع سے ہوگئی تھی، ابوالعاص حضرت بی بی خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بہن حضرت ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بیٹے تھے، حضرت زینب تو مسلمان ہوگئی تھیں مگر ابوالعاص شرک و کفر میں پڑا رہا، ۸ھ میں حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات ہوگئی اور حضرت ام ایمن و حضرت سودہ بنت زمعہ و حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن نے ان کو غسل دیا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے کفن کے لیے اپنا تہبند شریف عطا فرمایا اور اپنے دست مبارک سے ان کو قبر میں اتارا۔

حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

یہ اعلان نبوت سے سات برس پہلے جب کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عمر شریف کا تینتیسواں سال تھا پیدا ہوئیں اور ابتداء اسلام ہی میں مشرف بہ اسلام ہوگئیں۔ پہلے ان کا نکاح ابولہب کے بیٹے عتبہ سے ہوا تھا لیکن ابھی ان کی رخصتی نہیں ہوئی تھی کہ ''سورۂ تبت یدا'' نازل ہوگئی۔ ابولہب قرآن میں اپنی اس دائمی رسوائی کا بیان سن کر غصہ میں آگ بگولہ ہوگیا اور اپنے بیٹے عتبہ کو مجبور کر دیا کہ وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو طلاق دے دے چنانچہ عتبہ نے طلاق دے دی۔

اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کر دیا۔ نکاح کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت بی بی رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ساتھ لے کر مکہ سے حبشہ کی طرف ہجرت کی پھر حبشہ سے مکہ واپس آکر مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی اور یہ میاں بیوی دونوں صاحب الہجرتین کے معزز لقب سے سرفراز ہو گئے۔

جنگ بدر کے دنوں میں حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بہت سخت بیمار تھیں چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جنگ بدر میں شریک ہونے سے روک دیا اور یہ حکم دیا کہ وہ حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تیمارداری کریں۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جس دن جنگ بدر میں مسلمانوں کو فتح مبین کی خوش خبری لے کر مدینہ پہنچے اسی دن حضرت بی بی رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیس سال کی عمر پا کر وفات پائی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنگ بدر کے سبب سے ان کے جنازہ میں شریک نہ ہو سکے۔

حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا

یہ پہلے ابولہب کے بیٹے عتیبہ کے نکاح میں تھیں لیکن ابولہب کے مجبور کر دینے سے بدنصیب عتبہ نے ان کو رخصتی کے قبل ہی طلاق دے دی اور اس ظالم نے بارگاہ نبوت میں انتہائی گستاخی بھی کی یہاں تک کہ بدزبانی کرتے ہوئے حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جھپٹ پڑا اور آپ کے مقدس پیراہن کو پھاڑ ڈالا اس گستاخی و بے ادبی سے آپ کے قلب نازک پر انتہائی رنج و صدمہ گزرا اور جوش غم میں آپ کی زبان مبارک سے یہ الفاظ نکل پڑے کہ :

یا اللہ اپنے کتوں میں سے کسی کتے کو اس پر مسلط فرما دے۔

اس دعاء نبوی کا یہ اثر ہوا کہ ابولہب اور عتیبہ دونوں تجارت کے لیے ایک قافلہ کے ساتھ ملک شام گئے اور مقام زرقا میں ایک راہب کے پاس رات میں ٹھہرے، راہب نے قافلہ والوں کو بتایا کہ یہاں درندے بہت ہیں آپ لوگ ذرا ہوشیار ہو کر سوئیں، یہ سن کر ابولہب نے قافلہ والوں سے کہا کہ اے لوگو محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے میرے بیٹے عتیبہ کے لیے ہلاکت کی دعا کر دی ہے لہٰذا تم لوگ تمام تجارتی سامانوں کو اکٹھا کر کے اس کے اوپر عتیبہ کا بستر لگا دو اور سب لوگ اس کے اردگرد چاروں طرف سو رہو تا کہ

میرا بیٹا درندوں کے حملہ سے محفوظ رہے۔ چنانچہ قافلہ والوں نے عتیبہ کی حفاظت کا پورا پورا بندوبست کیا لیکن رات میں بالکل ناگہاں ایک شیر آیا اور سب کو سونگھتے ہوئے کود کر عتیبہ کے بستر پر پہنچا اور اس کے سر کو چباڈالا۔ لوگوں نے ہر چند شیر کو تلاش کیا مگر کچھ بھی پتہ نہیں چل سکا کہ یہ شیر کہاں سے آیا تھا اور کدھر چلا گیا۔

حضرت بی بی رقیہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کی وفات کے بعد ربیع الاول ۳ھ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے حضرت بی بی ام کلثوم رضی اللہ تعالٰی عنہا کا نکاح حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے کر دیا۔

شعبان ۹ھ میں حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالٰی عنہا نے وفات پائی اور حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور یہ جنت البقیع میں مدفون ہوئیں۔

حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالٰی عنہا

یہ شہنشاہ کونین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی سب سے چھوٹی مگر سب سے زیادہ پیاری اور لاڈلی شہزادی ہیں۔ ان کا نام فاطمہ اور لقب زہرا اور بتول ہے۔ ان کی پیدائش کے سال میں علماء مورخین کا اختلاف ہے۔

ابو عمر کا قول ہے کہ اعلان نبوت کے پہلے سال جب کہ حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی عمر شریف اکتالیس برس کی تھی یہ پیدا ہوئیں۔

اور بعض نے لکھا ہے کہ اعلان نبوت سے ایک سال قبل ان کی ولادت ہوئی۔

اور علامہ ابن الجوزی نے یہ تحریر فرمایا کہ اعلان نبوت سے پانچ سال قبل ان کی پیدائش ہوئی۔

۲ھ میں حضرت علی شیر خدا رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ان کا نکاح ہوا اور ان کے شکم مبارک سے تین

صاحبزادگان حضرت حسن، حضرت حسین، حضرت محسن رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور تین صاحبزادیوں زینب اور ام کلثوم ورقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن کی ولادت ہوئی۔ حضرت محسن ورقیہ تو بچپن ہی میں وفات پا گئے۔ ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوا جن کے شکم مبارک سے آپ کے ایک فرزند حضرت زید اور ایک صاحبزادی حضرت رقیہ کی پیدائش ہوئی اور حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوئی۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال شریف کا حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قلب مبارک پر بہت ہی جانکاہ صدمہ گزرا۔ چنانچہ وصال اقدس کے بعد حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کبھی ہنستی ہوئی نہیں دیکھی گئیں۔ یہاں تک کہ وصال نبوی کے چھ ماہ بعد ۳؍رمضان ۱۱ھ منگل کی رات میں آپ نے داعی اجل کو لبیک کہا۔ حضرت علی یا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے نماز جنازہ پڑھائی اور سب سے زیادہ اور مختار قول یہی ہے کہ جنت البقیع میں مدفون ہوئیں۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ وسیرت المصطفیٰ)

فاطمہ کی وجہ تسمیہ

حضرت بتول زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اوصاف ومحامد سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں

حدیث میں ہے:

انما سمیت فاطمة لان اللہ تعالیٰ حرمها و ذریتها علی النار.

ان کا فاطمہ اس لیے نام ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اور ان کی تمام ذریت کو نار پر حرام فرما دیا۔

دوسری حدیث میں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بتول زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا

ان اللہ غیر معذبک و لا احدا من ولدک او کما قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

اے فاطمہ اللہ نہ تجھے عذاب کرے گا نہ تیری اولاد میں کسی کو۔

نسب میں خصوصیت

حدیث : کل بنی اب ینتمون الی عصبتھم و ابیھم الا بنی فاطمة فانا ابوھم.

سب اولادیں اپنے باپ کی طرف نسبت کی جاتی ہیں سوا اولاد فاطمہ کے کہ میں ان کا باپ ہوں۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : فاطمة بضعة منی .

فاطمہ میرا ٹکڑا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ۱۲، ص ۲۰۷)

فاطمہ کی خصوصیت

حدیث میں ہے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

اسے بزار وابویعلی اور طبرانی نے کبیر میں اور حاکم نے سند صحیح کے ساتھ اور تمام نے فوائد میں عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ان فاطمة احصنت فرجھا فحرمھا اللہ و ذریتھا علی النار .

بیشک فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پاک دامن رہیں تو اللہ تعالیٰ نے انھیں اور ان کی ذریت کو آگ پر

حرام فرما دیا۔ (مولف)

حدیث میں آیا ہے۔ ان ابنتی فاطمة حوراء آدمیة لم تحض و لم تطمث .

بیشک میری صاحبزادی بتول زہرا انسانی شکل میں حوروں کی طرح حیض ونفاس سے پاک ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۲،ص ۲۱۶)

فاطمہ کی رضا خدا کی رضا

و اخرج ابو سعید فی شرف النبوة انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال یا فاطمة ان الله یغضب بغضبک و یرضی لرضاک فمن اذی احدا من ولدها فقد تعرض لهذا الخطر العظیم لانه اغضبها و من احبهم فقد تعرض لرضاها.

امام ابوسعید نے کتاب شرف النبوۃ میں یہ روایت نقل کی ،اے فاطمہ تیری ناراضی سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے اور تیری رضا سے خدا راضی ہوتا ہے تو جو ان کی اولاد میں سے کسی کو اذیت دے تو اس نے بڑی خطرناک بات مول لی کیوں کہ ان کی اذیت حضرت فاطمہ کو ضرور دکھ پہنچائے گی اور جس نے ان سے محبت کی تو جناب زہراء کی رضا مندی کا حقدار ہوا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱،ص ۲۷)

مولیٰ علی کو فاطمہ کی وصیت

مصنف عبدالرزاق اوران کے طریق سے معجم طبرانی اوران کے طریق سے حلیہ ابونعیم میں ہے۔

اخبرنا معمر عن عبد الله بن محمد بن عقیل ان فاطمة رضی الله تعالیٰ عنها لما حضرتها الوفاة امرت علیا فوضع لها غسلا فاغتسلت و تطهرت و دعت بثیاب اکفانها فلبستها و مست من الحنوط ثم امرت علیا ان لا تکشف اذا هی قبضت و ان

تدرج کما هی فی اکفانها فقلت له هل علمت احدا فعل نحو ذلک قال نعم کثیر بن عباس و کتب فی اطراف اکفانه یشهد کثیر بن عباس ان لا اله الا الله .

حضرت بتول زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے انتقال کے قریب امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے اپنے غسل کے لیے پانی رکھوایا، پھر نہائیں اور کفن منگا کر پہنا اور حنوط کی خوشبو لگائی، پھر مولیٰ علی کو وصیت فرمائی کہ میرے انتقال کے بعد کوئی مجھے نہ کھولے۔ اور اسی کفن میں دفن فرما دی جاؤں۔ میں نے پوچھا کسی اور نے بھی ایسا کیا کہا ہاں کثیر بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔ اور انھوں نے اپنے کفن کے کناروں پر لکھا تھا کثیر بن عباس گواہی دیتا ہے کہ لا اله الا الله . (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۲۸۔ الحرف الحسن)

غسل کی بحث

حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے غسل جنازہ کے متعلق وہ جو منقول ہوا کہ سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے حضرت بتول زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو غسل دیا، اس پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں :

اولاً : اس کی ایسی صحت ولیاقت حجیت محل نظر ہے۔

ثانیاً : دوسری روایت یوں ہے کہ اس جناب کو حضرت ام ایمن رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دائی نے غسل دیا۔

ثالثاً: فعل بمعنی امر شائع، یقال قتل الامیر فلانا و قاتل الملک القوم الفلانی و فی الحدیث اذن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ای امر بالتاذین.

یعنی کہا جاتا ہے کہ امیر نے فلاں کو قتل کیا (بلکہ امیر کے حکم سے قتل کیا گیا ہے) اور بادشاہ نے فلاں قوم سے لڑائی کی (بلکہ بادشاہ کی فوج نے لڑائی کی) اور حدیث میں ہے کہ حضور اقدس صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اذان دی، یعنی حضور نے اذان دینے کا حکم فرمایا۔ (مولف)

رابعاً: اضافت بسوئے مسبب غیر مستنکر اور حدیث علی ان وجوہ پر محمول کرنے سے تعارض مرتفع یعنی حضرت ام ایمن نے اپنے ہاتھوں سے نہلایا اور سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے حکم دیا یا اسباب غسل کو مہیا فرمایا۔

خامساً: مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے لیے خصوصیت تھی اوروں کا قیاس ان پر روا نہیں۔

ہمارے علماء جو شوہر کو غسل زوجہ سے منع فرماتے ہیں اس کی وجہ یہی ہے کہ بعد موت بہ سبب انعدام محل ملک نکاح ختم ہو جاتی ہے تو شوہر اجنبی ہو گیا۔ مگر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رشتہ ابدالآباد تک باقی ہے کہ کبھی منقطع نہ ہوگا۔

حدیث میں ہے، **عن ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنهما عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انه قال کل سبب و نسب منقطع یوم القیامة الا سببی و نسبی .**

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر علاقہ اور رشتہ قیامت کے دن قطع ہو جائے گا مگر میرا علاقہ اور رشتہ۔ (مولف)

و عن عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه انه سمع النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول کل صهر او سبب او نسب ینقطع یوم القیامة الا صهری و نسبی .

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہر علاقہ اور رشتہ قیامت کے دن منقطع ہو جائے گا بجز میرے رشتے اور علاقے کے۔ (مولف)

اسی لیے منقول ہوا کہ جب سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم پر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس امر پر اعتراض کیا حضرت مرتضیٰ نے جواب میں ارشاد فرمایا:

اما علمت ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ان فاطمة زوجتک فی الدنیا و الآخرة .

کیا تمھیں خبر نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا فاطمہ تیری بی بی ہے دنیا وآخرت میں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۴)

بتول زہراء نے تعزیت کی

ابوداؤد ونسائی کی حدیث میں ہے :

قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لسیدتنا البتول الزہراء رضی اللہ تعالی عنہا ما اخرجک من بیتک یا فاطمة قالت اتیت ہذا المیت (البیت) فترحمت الیہم و عزیتہم بمیتہم.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بتول زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا اے فاطمہ تمھارے گھر سے نکلنے کا سبب کیا ہے حضرت فاطمہ نے عرض کی اس میت کے گھر والوں کے لیے دعائے رحمت اوران کی تعزیت کے لیے آئی تھی۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۱۷۸)

بتول زہراء کی وصیت

شاہ عبدالعزیز صاحب تحفہ اثناعشریہ میں لکھتے ہیں :

دربعض روایت آمدہ کہ روز دیگر ابوبکر صدیق وعمر فاروق ودیگر اصحاب کہ بخانہ علی مرتضٰی بجہت تعزیت آمدند شکایت کردند کہ چرا ما را خبر نہ کردی تا شرف نماز وحضوری دریافتیم۔علی مرتضٰی گفت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا وصیت کردہ بود کہ چوں از دنیا بروم مرا بہ شب دفن کنی تا چشم نامحرم بر جنازۂ من نیفتد پس

بموجب وصیت وے عمل کردم، ایں ست روایت مشہور۔

بعض روایت میں آیا ہے کہ جب حضرت بتول زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تجہیز و تکفین ہو چکی اس کے دوسرے دن حضرت ابوبکر صدیق وعمر فاروق اعظم اور دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے گھر میں تعزیت کے لیے آئے اور شکایت کی کہ آپ نے ہمیں خبر کیوں نہ دی کہ ہم لوگ بھی نماز جنازہ اور حاضری کا شرف حاصل کرتے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ خاتون جنت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے وصیت کر دی تھی کہ جب میں دنیا سے جاؤں تو مجھے رات کو دفن کرنا تاکہ نا محرم کی نظر میرے جنازہ پر بھی نہ پڑے تو میں نے ان کی وصیت پر عمل کیا اور میں نے کسی کو اطلاع نہ دی۔ یہ مشہور روایت ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۹۔ النہی الحاجز)

فاطمہ انسانی حور ہیں

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :

ابنتی فاطمة حوراء آدمية لم تحض و لم تطمث و انما سماها فاطمة لان الله تعالیٰ فطمها و محبيها من النار .

میری صاحبزادی فاطمہ آدمیوں میں حور ہے کہ نجاستوں کے عارضے جو عورت کو ہوتے ہیں ان سے پاک و منزہ ہے۔ اللہ عزوجل نے اس کا فاطمہ اس لیے نام رکھا کہ اسے اور اس سے محبت رکھنے والوں کو آتش دوزخ سے آزاد فرما دیا۔ اسے خطیب نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔ (الامن والعلی)

فاطمہ کا صراط پر گزر

جب (حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) صراط پر گزر فرمائیں گی زیرِ عرش سے منادی ندا کرے گا

اے اہل محشر اپنے سر جھکالو اور اپنی آنکھیں بند کرلو کہ فاطمہ بنت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صراط پر گزر فرماتی ہیں۔ پھر وہ نور الہٰی ایک برق کی طرح ستر ہزار حوریں جلو میں لیے ہوئے گزر فرمائے گا۔

(احکام شریعت دوم)

بتول زہراء کی مقبولیت رسول

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بتول زہراء سے فرمایا کہ عورت کے حق میں سب سے بہتر کیا ہے؟ عرض کی نامحرم شخص اسے نہ دیکھے حضور نے گلے لگایا اور فرمایا ذریة بعضها من بعض او كما ورد عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه و آله و بارک و سلم.

(وشاح الجید فی تحلیل معانقۃ العید)

حضرت فاطمہ کی محبوبیت

حدیث حضرت بتول زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہ سنن ابی داؤد میں بروایت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مروی:

كانت اذا دخلت علیه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قام الیها فاخذ بیدها فقبلها و اجلسها فی مجلسه و کان اذا دخل علیها قامت الیه فاخذته بیده فقبلته و اجلسته فی مجلسها.

جب حضرت زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا خدمت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوتیں حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قیام فرماتے اور ان کا ہاتھ پکڑ کر بوسہ دیتے اور اپنی جگہ بٹھاتے۔ اور جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے یہاں تشریف لے جاتے وہ

حضور کے لیے قیام کرتیں اور دست اقدس لے کر بوسہ دیتیں اور حضور والا کو اپنی جگہ بٹھاتیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہا وبارک وسلم۔ (صفائح اللجین فی کون التصافح بکفی الیدین)

اہل بیت کون کون ہیں

امام احمد رضا بریلوی ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:

حضرت بتول زہرا کی اولاد امجاد اہل بیت ہیں پھر علی وعقیل وجعفر وعباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی اولاد اہل بیت ہیں، ازواج مطہرات رضوان اللہ تعالیٰ علیہن اہل بیت ہیں۔ (عرفان شریعت حصہ اول)

زینب یا ام کلثوم کا کفن

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں:

حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ نے اپنی صاحبزادی حضرت زینب یا حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے کفن میں اپنا تہبند اقدس عطا کیا اور غسل دینے والی بی بیوں کو حکم دیا کہ اسے ان کے بدن کے متصل رکھیں۔

صحیحین میں ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے:

قالت دخل علینا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و نحن نغسل ابنته فقال اغسلنها ثلثا او خمسا او اکثر من ذلک ان رأیتن ذلک بماء و سدر و اجعلن فی الآخرۃ کافورا او شیئا من کافور فاذا فرغتن فاذننی فلما فرغنا اذناہ فالقی الینا حقوہ فقال اشعرنها ایاہ .

ام عطیہ روایت کرتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے جب ہم

آپ کی صاحبزادی کو غسل دے رہے تھے آپ نے فرمایا اسے تین یا پانچ بار یا اس سے بھی زیادہ پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور آخر میں کافور لگا دو، جب تم لوگ فارغ ہو جاؤ تو ہمیں مطلع کرو جب ہم فارغ ہوئے تو آپ کو بتلایا آپ نے اپنا تہبند دیا اور فرمایا اسے ازار بنا دو۔ (مولف)

(فتاوی رضویہ ج ۴ ص ۱۳۰۔ الحرف الحسن)

ایک صاحبزادی کے دفن میں حضور کا فرمان

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ایک صاحبزادی کے دفن میں فرمایا ان کی قبر میں وہی اترے جو آج کی رات اپنی عورت کے پاس نہ گیا ہو۔

اس سے اپنی عورت کے پاس جانے کی مذمت ثابت نہیں ہوئی۔ یہ مصالح خاصہ ہیں جن کے اسرار اہل باطن جانتے ہیں۔ (فتاوی رضویہ ج ۹، ص ۳۸۴)

حضرت ابراہیم کی دایہ

حضرت ابراہیم ابن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

احمد و مسلم حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان ابراھیم ابنی و انہ مات فی الثدی و ان لہ ظئرین یکملان رضاعہ فی الجنۃ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ابراہیم کا انتقال ایام رضاعت میں ہوا اور جنت میں دو دایہ ان کی مدت رضاعت پوری کرتی ہیں۔ (مولف) (عرفان شریعت، حصہ سوم)

ابراہیم اگر زندہ رہتے تو نبی ہوتے

صحیح بخاری شریف میں اسماعیل بن خالد سے ہے

قلت لعبد الله بن ابی اوفی رضی الله تعالیٰ عنهما ا رأیت ابراهیم ابن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال مات صغیرا و لو قضی ان یکون بعد محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نبی عاش ابنه ابراهیم .

میں نے حضرت عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا آپ نے حضرت ابراہیم صاحبزادۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا تھا فرمایا ان کا بچپن میں انتقال ہوا اور اگر مقتدر ہوتا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی ہو تو حضور کے صاحبزادے ابراہیم زندہ رہتے مگر حضور کے بعد نبی نہیں۔

امام احمد کی روایت انھیں سے یوں ہے میں نے حضرت ابن ابی اوفی کو فرماتے سنا۔

لو کان بعد النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نبی ما مات ابنه ابراهیم .

اگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی ہوتا حضور کے صاحبزادے ابراہیم انتقال نہ فرماتے۔

امام ابوعمر بن عبد البر بطریق اسماعیل بن عبد الرحمٰن سدی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی انھوں نے فرمایا :

کان ابراهیم قد ملأ المهد و لو عاش لکان نبیا لکن لم یکن لیبقی فان نبیکم آخر الانبیاء .

حضرت ابراہیم اتنے ہو گئے تھے کہ ان کا جسم مبارک گہوارے کو بھر دیتا اگر زندہ رہتے نبی ہوتے مگر زندہ نہ رہ سکتے تھے کہ تمھارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آخر الانبیاء ہیں۔

ماوردی حضرت انس اورابن عساکر حضرات جابر بن عبداللہ وابن عباس وعبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لو عاش ابراهيم لكان صديقا نبيا.

اگرابراہیم زندہ رہتا تو صدیق وپیغمبر ہوتا۔ (جزاء اللہ عدوہ باباء ختم النبوۃ)

ابراہیم کی بشارت دی گئی

طبرانی کبیراورابن عساکر نے سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی:

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم دخل على ام ابراهيم المارية القبطية و هى حامل منه بابراهيم (فذكر الحديث و فيه) ان جبرئيل اتانى فبشرنى ان فى بطنها منى غلاما و هو اشبه الخلق بى و امرنى ان اسميه ابراهيم و كنالى بابى ابرٰاهيم .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ام ابراہیم ماریہ قبطیہ کے پاس تشریف لائے جب کہ ابراہیم ان کے شکم مبارک میں تھے کہ جبریل میرے پاس آئے اور مجھے مژدہ سنایا کہ ماریہ کے پیٹ میں مجھ سے لڑکا ہے وہ تمام مخلوق سے زائد مجھ سے مشابہ تر ہے۔ انھوں نے مجھ سے کہا کہ میں ان کا نام ابراہیم رکھوں اور جبریل نے میری کنیت ابوابراہیم رکھی۔ امام جلال الدین سیوطی نے جامع کبیر میں کہا کہ اس کی سند حسن ہے۔

(الدولۃ المکیۃ)

اشعار

حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ارشاد فرماتے ہیں:

مولیٰ گلبن رحمت زہرا سبطین اس کی کلیاں پھول
صدیق و فاروق وعثمان وحیدر ہراک اس کی شاخ

●

کیا بات رضا اس چمنستان کرم کی
زہرا ہے کلی جس میں حسین اور حسن پھول

●

خون خیر الرسل سے ہے جن کا خمیر
ان کی بے لوث طینت پہ لاکھوں سلام
اس بتول جگر پارۂ مصطفیٰ
حجلہ آرائے عفت پہ لاکھوں سلام
جس کا آنچل نہ دیکھا مہ و مہر نے
اس ردائے نزاہت پہ لاکھوں سلام
سیدہ زاہرہ طیبہ طاہرہ
جان احمد کی راحت پہ لاکھوں سلام
اور جتنے ہیں شہزادے اس شاہ کے
ان سب اہل مکانت پہ لاکھوں سلام

●

نور و بنت نور و زوج نور و ام نور و نور
نور مطلق کی کنیز اللہ دے لہنا نور کا
باد لے کی اوڑھنی ہے تار باران درود
گو کھرو چٹکی بنت لچکا مسالہ نور کا
تابش عقدا نامل سے ہیں چھلے پور پور
ہے علی بند اس کف انور میں سبحہ نور کا
مجھ کو کیا منھ عرض کا لیکن ملائک یوں کہیں
شاہزادی در پہ حاضر ہے یہ منگتا نور کا
(حدائق بخشش)

اہل بیت کے فضائل

پارہائے صحف غنچہائے قدس
اہل بیت نبوت پہ لاکھوں سلام

انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اہل البیت و یطھرکم تطہیرا

اللہ تو یہی چاہتا ہے اے نبی کے گھر والو کہ تم سے ہر ناپاکی دور فرما دے اور تمھیں پاک کر کے خوب ستھرا کر دے۔ (الاحزاب/۳۳)

اہل بیت کے فضائل

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر کے ضمن میں آپ کے اہل بیت جو کہ جگر گوشہ ہیں اورازواج مطہرات جوام المومنین ہیں کی تعظیم وتوقیراوران کاادب واحترام بھی کرنا ہے، جیسا کہ خاص طور پر ان حضرات قدس کے لیے حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ترغیب دی ہےاور جس پر سلف صالحین عمل پیرا رہے ہیں چوں کہ حق تعالیٰ عزاسمہ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کواپنے ماسوا پر ہر چیز سے برگزیدہ فرمایا ہےاور عمومی فضیلت سے آپ کومخصوص فرمایا ہےتو آپ کی برکت سے یہ فضیلت ہراس شخص کو شامل ہے جونسب،نسبت،صحبت،قربت قریب یابعید سے آپ کے ساتھ منتسب ہے۔

حقیقت میں ہراس شخص سے محبت لازمی ہے جورسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے محبت رکھتا ہے چنانچہ اہل بیت اطہار سے محبت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے محبت رکھنے کی بنا پر ہے، جس طرح کہ رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے محبت، اللہ تعالیٰ سے محبت رکھنے کی وجہ سے ہے یہی حال ان سے بغض وعداوت رکھنے میں ہے (والعیاذ باللہ) قاعدہ ہے کہ جوشخص جس سے محبت رکھتا ہے وہ ہراس چیز سے محبت رکھتا ہے جومحبوب سے نسبت وعلاقہ رکھے، اور ہراس شئ سے دشمنی و بیزاری ہوتی ہے جومحبوب سے بے گانہ یااس کامخالف ہو۔

اہل بیت کی تفسیر میں چنداقوال واطلاق ہیں۔

کبھی ان لوگوں پراہل بیت کااطلاق ہوتا ہےجن پرصدقہ حرام ہے وہ آل علی، آل جعفر، آل عقیل اورآل عباس ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

اورکبھی اس میں اولادرسول اورازواج مطہرات بھی شامل ہوتی ہیں۔

اور کبھی مخصوص سیدہ فاطمہ، امام حسن و حسین اور علی مراد ہوتے ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ اس بناء پر کہ ان میں فضیلت بکثرت ہیں

اہل بیت کے اطلاق میں ان تفسیری اقوال کے درمیان تطبیق اس طرح ہے کہ بیت کی تین صورتیں ہیں۔

ایک، بیت نسب۔

دوم، بیت سکنیٰ۔

سوم، بیت ولادت۔

لہٰذا حضرت عبدالمطلب کی اولاد، اہل بیت نسب ہیں۔ اور ازواج مطہرات اہل بیت سکنی ہیں اور اولاد کرام اہل بیت ولادت ہیں۔ اور سیدنا علی مرتضیٰ اگرچہ اولاد سے ہیں سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وساطت سے اہل بیت ولادت سے ملحق ہیں۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ میں تم میں دو چیزیں ایسی چھوڑ رہا ہوں کہ اگر تم نے اسے لازم رکھا اور اسے مضبوط تھامے رکھا تو گمراہ نہ ہوگے۔

ایک خدا کی کتاب۔

دوسری میری عترت۔

تو اب غور کرو کہ ان دونوں سے تم کس طرح خلاف ورزی کر سکتے ہو۔

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آل محمد کو پہچاننا آتش دوزخ سے نجات کا ذریعہ ہے، اور آل محمد سے محبت رکھنا صراط سے گزارتا ہے، اور آل محمد سے عقیدت، عذاب الٰہی سے امان ہے۔

اور پہچاننے سے مراد ان کی منزلت اور مرتبہ کو پہچاننا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے انھیں کیا قرب حاصل ہے؟ اور جب ان کی اس نسبت کو جسے حق تعالیٰ نے نازل فرمایا ہے پہچان لیا تو معلوم ہو جائے گا کہ کس طرح ان کی خلاف ورزی سے گمراہی لازم آتی ہے اور ان کے احترام و پیروی سے گمراہی و عذاب سے نجات ملتی ہے۔

عمر بن ابی سلمہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ جس وقت یہ آیہ کریمہ نازل ہوئی:

انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت . الآیۃ.

تو اس وقت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیدہ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے یہاں تشریف فرما تھے اس وقت حضور نے سیدہ فاطمہ، حسن وحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بلایا اور انھیں ایک چادر شریف میں ڈھانک کر بارگاہ الٰہی میں عرض کیا اے خدا! یہ ہیں میرے اہل بیت! اور حضرت علی مرتضیٰ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پس پشت مبارک کھڑے تھے۔

ایک روایت میں ہے کہ حسن وحسین کو گود میں لیا اور ایک ہاتھ سے علی مرتضیٰ کو اور دوسرے ہاتھ سے سیدہ فاطمہ زہرا کو پکڑ کر اپنے سے ملا لیا اور کہا اے خدا یہ میرے اہل بیت ہیں اور ان کو رجس یعنی ناپاکی سے دور کر کے انھیں خوب پاک وستھرا بنا۔

مفسرین کا اس میں اختلاف ہے کہ آیہ کریمہ میں اہل بیت سے کون مراد ہیں اکثر اس پر ہیں کہ اس سے مراد سیدہ فاطمہ، حسن وحسین اور علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں۔ جیسا کہ اکثر روایتیں اس پر دلالت کرتی ہیں لیکن تقاضائے انصاف یہ ہے کہ اس میں ازواج مطہرات بھی داخل ہیں اس بناء پر کہ آیہ کریمہ کا سیاق وسباق اور اس کا نزول انھیں ازواج مطہرات کے ضمن میں ہے۔ جس طرح کہ ارشاد باری تعالیٰ میں حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی زوجہ شامل ہیں۔ ارشاد باری ہے۔ رحمة الله عليكم و

برکاته اهل البیت.

اور جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اہل بیت میں سے کسی ایک کے ساتھ بھی دشمنی نہیں رکھے گا مگر وہی جسے حق تعالیٰ جہنم میں داخل کرے۔

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ان چاروں تن پاک کو بلانا اور آغوش میں لے کر چادر شریف اڑھانا پھر یہ دعا مانگنی کہ اللهم ان هولاء اهل بیتی. اے خدا یہ ہیں میرے اہل بیت۔

اس میں ازواج مطہرات کے دخول، ناپاکی سے دور کرنے کی فضیلت اور پاکی وصفائی میں ان کی شمولیت میں کوئی منافات یا تعارض نہیں ہے۔

نیز جریر کی روایت جو سیدہ ام سلمہ سے مروی ہے اس میں وہ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ میں بھی آپ کی اہل میں سے ہوں؟ فرمایا تم بھی میری اہل میں سے ہو اور ایک روایت میں ہے کہ تم بھلائی پر ہو۔

اسی طرح آیہ کریمہ قل لا اسئلکم علیه اجرا الا المؤدة فی القربی.

فرمادو میں تم سے اس پر اجر نہیں مانگتا مگر قرابت داروں میں محبت۔

اس آیت کی تفسیر میں بھی اختلاف ہے چنانچہ مروی ہے کہ جب یہ آیہ کریمہ نازل ہوئی تو صحابہ کرام نے دریافت کیا من اهل قرابتک آپ کی قرابت والے کون ہیں؟ فرمایا علی، فاطمہ اور ان کے دونوں فرزند ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ لیکن درست یہی ہے کہ اس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام قرابت دار حضرات شامل ہیں اور ان میں یہ چاروں تن عمدہ ہیں اور باقی سب ان کے تحت ہیں۔

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اس میں صحابہ کرام کا مکمل حصہ ہے کیوں کہ انھیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معنوی قرابت بدرجۂ اتم حاصل ہے۔ رضوان اللہ تعالیٰ

علیہم اجمعین ۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

اہل بیت آگ سے محفوظ ہیں

اہل بیت اطہار کی طہارت اور عذاب دوزخ سے ان کی حفاظت کے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

اللہ عزوجل فرماتا ہے :

انما یرید الله لیذهب عنکم الرجس اهل البیت و یطهرکم تطهیرا.

اللہ یہی چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی دور رکھے اے نبی کے گھر والو، اور تمھیں ستھرا کر دے خوب پاک فرما کر۔

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **ان فاطمة احصنت فحرمها الله و ذریتها علی النار.**

بیشک فاطمہ نے اپنی حرمت نگاہ رکھی تو اللہ تعالیٰ نے اسے اور اس کی تمام نسل کو آگ پر حرام فرما دیا۔

اسے تمام نے فوائد میں اور بزار و ابو یعلی و طبرانی اور حاکم نے سند صحیح سے حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **سالت ربی ان لا یدخل احدا من اهل بیتی النار فاعطانیها.**

میں نے اپنے رب عزوجل سے مانگا کہ میرے اہل بیت سے کسی کو دوزخ میں نہ لے جائے اس

نے میری یہ مراد عطا فرمائی۔

اسے ابوالقاسم بن بشران نے اپنی امالی میں عمران بن حصین اور دیگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا۔

حدیث : رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بتول زہراء سے فرمایا **ان الله غير معذبك ولا ولدك .**

بیشک اللہ تعالیٰ نہ تجھے عذاب فرمائے گا نہ تیری اولاد کو۔

اسے طبرانی نے سند صحیح کے ساتھ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **انما سميت فاطمة لان الله تعالىٰ فطمها و ذريتها عن النار يوم القيامة .**

فاطمہ زہرا کا فاطمہ زہرا نام اس لیے ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اور اس کی نسل کو قیامت میں آگ سے محفوظ فرما دیا۔ اسے ابن عساکر نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

اہل بیت جنتی ہیں

حدیث: عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما آیہ کریمہ **و لسوف يعطيك ربك فترضى** کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

من رضا محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان لا يدخل احد من اهل بيته النار .

یعنی اللہ عزوجل حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے وعدہ فرماتا ہے کہ بیشک عنقریب تمہیں تمہارا رب اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔ اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رضا یہ ہے کہ حضور کے

اہل بیت سے کوئی شخص دوزخ میں نہ جائے۔

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **وعدنی ربی فی اهل بیتی من اقرمنهم بالتوحید و لی بالبلاغ ان لا یعذبهم .**

میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ میرے اہل بیت سے جو شخص اللہ کی وحدانیت اور میری رسالت پر ایمان لائے گا اسے عذاب نہ فرمائے گا۔

اسے حاکم نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بافادۂ تصحیح اور علامہ ابن حجر نے صواعق میں روایت کیا۔

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **یا علی ان اول اربعة یدخلون الجنة انا و انت الحسن و الحسین و ذرارینا خلف ظهورنا.**

اے علی سب میں پہلے وہ چار کہ جنت میں داخل ہوں گے میں ہوں اور تم حسن اور حسین اور ہماری ذریتیں ہمارے پس پشت ہوں گی۔

اسے ابن عساکر نے حضرت علی سے اور طبرانی نے کبیر میں ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **اول من یرد علی حوضی اهل بیتی و من احبنی من امتی .**

سب سے پہلے میرے پاس حوض کوثر پر آنے والے میرے اہل بیت ہیں اور میری امت سے میرے چاہنے والے۔

اسے دیلمی نے علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کیا۔

اہل بیت کے لیے دعا

حدیث : حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا کی **اللھم انھم عترۃ رسولک فھب مسیئھم لمحسنھم وھبھم لی**۔

الٰہی وہ تیرے رسول کی آل ہیں تو ان کے بدکار، ان کے نکوکاروں کو دے ڈال اور ان سب کو مجھے ہبہ فرما دے۔

پھر فرمایا، **ففعل** مولیٰ تعالیٰ نے ایسا ہی کیا، امیر المومنین نے عرض کی **ما فعل** کیا کیا؟ فرمایا:

فعلہ ربکم بکم و یفعلہ بمن بعدکم۔

یہ تمھارے ساتھ کیا جو تمھارے بعد آنے والے ہیں ان کے ساتھ بھی ایسا ہی کرے گا۔

اسے حافظ المحب الطبری نے امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کیا۔

حضور اہل بیت کے بھی شفیع ہیں

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی بہن حضرت ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بالیاں ایک بار ظاہر ہو گئیں اس پر ان سے کہا گیا

ان محمدا لا یغنی عنک من اللہ شیئا

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمھیں نہ بچائیں گے، وہ خدمت اقدس میں حاضر ہوئیں اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ واقعہ عرض کیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

ما بال اقوام یزعمون ان شفاعتی لا تنال اهل بیتی ان شفاعتی لیتناول حاء و حکم.

کیا حال ہے ان لوگوں کا جو زعم کرتے ہیں کہ میری شفاعت میرے اہل بیت کو نہ پہنچے گی۔ بیشک میری شفاعت ضرور قبیلۂ حاء وحکم کو بھی شامل ہے۔

اسے طبرانی نے کبیر میں ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔

اسی طرح حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے مروی ہے کہ وہ اپنے ایک پسر کی وفات پر بآواز روئیں، ان سے وہی کہا گیا

ان قرابتک من محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا تغنی عنک من اللہ شیئا.

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قرابت اللہ کے یہاں کچھ کام نہ دے گی۔

ایک موقع پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جمع فرما کر برسر منبر ان کا وہ رد جلیل ارشاد فرمایا کہ :

کیا ہوا انھیں جو میری قرابت نافع نہیں بتاتے؟ ہر رشتہ وعلاقہ قیامت سے قطع ہو جائے گا مگر میرا رشتہ وعلاقہ کہ دنیا وآخرت میں پیوستہ ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے بزار نے روایت کیا۔

امام ابن حجر مکی صواعق میں فرماتے ہیں:

قال المحب الطبری وغیره من العلماء انه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لا یملک لاحد شیئا لا نفعا و لا ضرا لکن اللہ عزوجل یملکه نفع اقاربه بل و جمیع امته بالشفاعة العامة و الخاصة فهو لا یملک لکن یملک له مولاه کما اشار الیه بقوله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم غیر ان لکم رحما و کذا معنی قوله صلی اللہ تعالیٰ علیه

وسلم لا اغنی عنکم من اللہ شیئا ای بمجرد نفسی من غیر ما یکرمنی بہ اللہ تعالیٰ من نحو شفاعة و مغفرة و خاطبھم بذلک رعایة لمقام التخویف و الحث علی العمل و الحرص علی ان یکونوا اولی الناس حظا فی تقوی اللہ تعالیٰ و خشیتہ ثم اوما الی حق رحمہ اشارة الی ان قال طمانیة علیھم.

و قیل ھذا قبل علمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بان الانتساب الیہ تنفع و بانہ یشفع فی ادخال قوم الجنة بغیر حساب و رفع درجات آخرین و اخراج قوم من النار.

محب طبری وغیرہ علماء نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (بالذات) کسی چیز کے مالک نہیں، نہ نفع کے نہ نقصان کے، ہاں اللہ عزوجل نے ان کو مالک بنایا ہے اپنے اقارب بلکہ اپنی تمام امت کے نفع کا، شفاعت عامہ وخاصہ کے ذریعہ، تو وہ بذات خود مالک نہیں ہیں ہاں ان کے مولیٰ نے ان کو مالک بنایا ہے جیسا کہ اس طرف اپنے ارشاد گرامی سے اشارہ فرمایا، مگر یہ کہ تمھارے لیے ایک تعلق ہے۔ اور یہی معنی ہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس فرمان کا کہ میں اللہ کے نزدیک تمھیں کوئی کام نہ آؤں گا یعنی بطور خود اس کے علاوہ جس کی اللہ تعالیٰ مجھے کرامت بخشے گا جیسے شفاعت یا مغفرت، اور ان سے خطاب فرمایا اس کے ساتھ (تمھیں نفع نہ دوں گا) مقام تخویف کی رعایت کرتے ہوئے اور عمل پر ابھارنے اور اس بات پر حرص دلانے کے لیے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے اور اس کی خشیت میں لوگوں میں بہتر نصیبے والے ہوں۔ پھر اشارہ فرمایا اپنے حق تعلق کی جانب اس قول تک کہ فرمایا، انھیں اطمینان دلا دیا۔

اور کہا گیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس بات کے جاننے سے پہلے کی بات ہے کہ آپ کی طرف انتساب نفع دیتا ہے، اور اس بات کے جاننے سے پہلے کہ وہ امت کو جنت میں بغیر حساب کے داخل کریں گے اور درجوں پر درجہ بلند کرنے اور امت کو دوزخ سے نکالنے میں شفیع ہوں گے۔ (مولف)

اسی میں بعض احادیث نفع نسب کریم ذکر کر کے فرماتے ہیں:

و لا ینافی هذه الاحادیث ما فی الصحیحین و غیرهما انه لما نزل قوله تعالی و انذر عشیرتک الاقربین فجمع قومه ثم عم و خص بقوله لا اغنی عنکم من الله شیئا حتی قال یا فاطمة بنت محمد صلی الله تعالیٰ علیه و علیها و سلم . اما لان هذه الروایة محمولة علی من مات کافرا او انها اخرجت ، فخرج التغلیظ و التنفیر او انها قبل علمه بانه یشفع عموماً و خصوصاً.

اور یہ احادیث منافی نہیں ہیں، ان احادیث کے جو صحیحین وغیرہما میں ہیں کہ جب اللہ تعالیٰ کا فرمان و انذر عشیرتک الاقربین نازل ہوا تو آپ نے اپنی قوم کو جمع فرمایا پھر اپنے قول لا اغنی عنکم من الله شیئا کو عام و خاص دونوں طریقے سے بیان فرمایا یہاں تک کہ فرمایا اے فاطمہ بنت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہا وسلم، یا تو اس لیے کہ یہ روایت محمول ہے اس شخص پر جو کافر مرا، یا یہ کہ روایت اس سے خارج ہے پس تغلیظ وتنفیر خارج ہوگئی، یا یہ کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس بات کے علم سے پہلے کی بات ہے کہ وہ شفاعت عامہ وخاصہ فرمائیں گے۔ (مولف)

علامہ مناوی تیسیر میں زیر حدیث کل سبب و نسب فرماتے ہیں

لا یعارضه قوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لاهل بیته و لا اغنی عنکم من الله شیئا لان معناه ان لا یملک لهم نفعا لکن الله یملک نفعهم بالشفاعة فهو لا یملک الا ما ملکه ربه .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اپنے اہل بیت سے لا اغنی عنکم فرمانا اس حدیث کے معارض نہیں، اس لیے کہ معنی یہ ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے نفع کے مالک نہیں، لیکن اللہ تعالیٰ

شفاعت کے ذریعہ ان کے نفع کا مالک بنائے گا پس وہ مالک نہیں بنائے گا پس وہ مالک نہیں ہیں مگر اس کے جس کا ان کو ان کے رب نے مالک بنایا۔ (مولف)

حضرت شیخ محقق قدس سرہ اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں :

غایت وانذار ومبالغہ در آنست ولا فضل ،بعضے ازیں مذکورین ودر آمدن ایشاں بہشت راو شفاعت آن سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مرعصاۃ امت مارا چہ جائے اقربائے خویشاں، ولے باحادیث صحیحہ ثابت شدہ است و باوجود آنخوف لا ابالی باقی ست وایں مقام تقاضائے ایں حال کرد، وتواند کہ احادیث فضل و شفاعت بعد ازاں وردو دیافتہ باشند، وبالجملہ مامور شد از جانب پروردگار تعالیٰ بانذار پس امتثال کرد ایں امر را۔

اس میں غایت وانذار اور مبالغہ ہے نہ کہ فضل ،بعض نے یہ ذکر کیا کہ ان کا بہشت میں آنا اور سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہم گنہگاران امت کی شفاعت کرنا چہ جائیکہ اپنے اقرباء کی ،لیکن احادیث صحیحہ سے ثابت ہوا ہے اس کے باوجود وہ خوف لا ابالی باقی ہے اور یہ مقام اس حال کا متقاضی ہے ،اور ممکن ہے کہ فضل وشفاعت کی حدیثیں اس کے بعد وارد ہوئی ہیں، حاصل یہ کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی جانب سے انذار کے لیے مامور ہیں تو حضور نے اس قسم کی تمثیل بیان فرمائی۔ (مولف)

اہل بیت کی تعظیم نہ کرنے والا مستحق وعید ہے

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **من لم یعرف حق عترتی و الانصار و العرب فھو لاحدی ثلث اما منافق و اما الزنیة و اما امرء حملته امه بغیر طھر.**

جو میری عترت، انصار اور عرب کا حق نہ پہچانے وہ تین حال سے خالی نہیں یا تو منافق ہے یا حرامی یا حیضی بچہ۔ اسے باوردی وابن عدی اور بیہقی نے شعب الایمان میں امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کیا۔

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: ستة لعنتهم لعنهم الله و كل نبى مجاب الزائد في كتاب الله و المكذب بقدر الله و المتسلط بالجبروت فيعز بذلک من اذل الله يذل من اعز الله و المستحل لحرام الله و المستحل من عترتى ما حرم الله و التارک لسنتى .

چھ شخص ہیں جن پر میں نے لعنت کی، اللہ انھیں لعنت کرے اور ہر نبی کی دعا قبول ہے، کتاب اللہ میں بڑھانے والا (جیسے رافضی کچھ آیتیں سورتیں جدا بتاتے ہیں) اور تقدیر الٰہی کا جھٹلانے والا، اور وہ جو ظلم کے ساتھ تسلط کرے کہ جسے خدا نے ذلیل بنایا اسے عزت دے اور جسے خدا نے معزز کیا اسے ذلیل کرے اور حرم مکہ کی بے حرمتی کرنے والا اور جو میری سنت کو برا ٹھہرا کر چھوڑے۔ اسے ترمذی و حاکم نے ام المومنین صدیقہ اور حاکم نے ام الدرداء اور طبرانی نے عمرو بن شغوی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا اور کہا کہ اس کی سند حسن ہے۔

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: من احب ان يبارک له في اجله و ان يمتعه الله بما خوله فليخلفني في اهلي خلافة حسنة و من لم يخلفني فيهم بتک عمره و ورد علي يوم القيامة مسودا وجهه .

جسے پسند ہو کہ اس کی عمر میں برکت ہو اور خدا اسے اپنی دی ہوئی نعمت سے بہرہ مند کرے تو اسے لازم ہے کہ میرے بعد میرے اہل بیت سے اچھا سلوک کرے، جو ایسا نہ کرے اس کی عمر کی برکت اڑ جائے اور قیامت میں میرے سامنے کالا منہ کر کے آئے۔ اسے ابوالشیخ نے تفسیر و ابونعیم نے عبداللہ بن بدر الخطمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حدیث : فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : ان لله عزوجل ثلث حرمات فمن حفظهن حفظه

الله دينه و دنياه و من لم يحفظهن لم يحفظ الله دينه و لا دنياه ، حرمة الاسلام و حرمتي و حرمة رحمي .

بیشک اللہ عزوجل کی تین حرمتیں ہیں جوان کی حفاظت کرے اللہ تعالیٰ اس کے دین و دنیا محفوظ رکھے اور جو ان کی حفاظت نہ کرے اللہ اس کے دین کی حفاظت فرمائے نہ دنیا کی، ایک اسلام کی حرمت، دوسری میری حرمت، تیسری میری قرابت کی حرمت۔ اسے ابوالشیخ ابن حبان اور طبرانی نے روایت کیا۔ (اراءة الادب لفاضل النسب)

اہل بیت امت کے لیے امان ہیں

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **النجوم امان لاهل السماء و اهل بيتي امان لامتي .**

ستارے آسمان والوں کے لیے امان ہیں اور میرے اہل بیت میری امت کے لیے پناہ۔

اقول: اگر اہل بیت کرام میں تعمیم ہو جیسا کہ ظاہر حدیث ہے تو غالباً یہاں ہلاک مطلق و ارتفاع قرآن عظیم و ہدم کعبہ معظمہ و ویرانی مدینہ طیبہ سے پناہ مراد ہو کہ جب تک اہل بیت اطہار رہیں گے یہ جانگزا بلائیں پیش نہ آئیں گی۔ اور بر تقدیر خصوص ظہور طوائف ضالہ مراد ہو، جیسا کہ مسند ابویعلی میں سلمہ بن اکوع سند حسن کے ساتھ اور حاکم کی مستدرک میں صحت کے ساتھ مروی ہے اس کے بعد ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے یہ الفاظ مروی ہیں۔

النجوم امان لاهل الارض من الغرق و اهل بيتي امان لامتي من الاختلاف ، الحديث

ستارے زمین والوں کے لیے غرق سے امان ہیں اور میری امت کے لیے میرے اہل بیت اختلاف سے پناہ ہیں۔ (مولف)

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **اهل بیتی امان لامتی فاذا ذهب اهل بیتی اتاهم ما یوعدون.**

میرے اہل بیت میری امت کے لیے امان ہیں جب اہل بیت نہ رہیں گے امت پر وہ آئے گا جو ان سے عدہ ہے۔ حاکم نے اسے جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

حضرت جعفر کا جنت میں اڑنا

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **رایت جعفرا یطیر ملکا فی الجنة تدمی تادمتاه و رایت زیدا دون ذلک فقلت ما کنت اظن ان زیدا دون جعفر فقال جبریل ان زیدا لیس بدون جعفر و لکنا فضلنا جعفر بقرابته منک.**

میں نے جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ملاحظہ فرمایا کہ فرشتہ بن کر جنت میں اڑ رہے ہیں اور ان کے بازوؤں کے اگلے دونوں شہپروں سے خون رواں ہے، اور زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو میں نے ان سے کم مرتبہ پایا میں نے فرمایا مجھے گمان نہ تھا کہ زید کا مرتبہ جعفر سے کم ہوگا جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی، زید جعفر سے کم نہیں مگر ہم نے جعفر کا مرتبہ زید سے بڑھا دیا ہے اس لیے کہ وہ حضور سے قرابت رکھتے ہیں۔ ابن سعد نے محمد بن عمرو بن علی سے مرسلاً روایت کیا۔ (الامن والعلی)

امام باقر کو حضور نے سلام کہا

امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بشارت بتصریح نام گرامی صحیح حدیث میں ہے، حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا ذکر فرمایا کہ ان سے ہمارا اسلام کہنا۔

سیدنا امام محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ طلب علم کے لیے سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے انھوں نے ان کی غایت تکریم کی اور کہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یسلم علیک.
رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ کو سلام فرماتے ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۲۱۸)

اہل بیت سے حسن سلوک کا صلہ

ابن عساکر امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من صنع الی اھل بیتی یدا کافأته علیها یوم القیامة .

جو میری اہل بیت میں کسی کے ساتھ اچھا سلوک کرے گا میں روز قیامت اس کا صلہ اسے عطا فرماؤں گا۔

خطیب بغدادی امیر المومنین عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من صنع صنیعة الی احد من خلف عبد المطلب فی الدنیا فعلی مکافأته اذا لقینی.

جو شخص اولاد عبد المطلب میں سے کسی کے ساتھ دنیا میں نیکی کرے اس کا صلہ دینا مجھ پر لازم ہے جب وہ روز قیامت مجھ سے ملے گا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۹۴۔ تجلی المشکوٰۃ)

بنی ہاشم کو صدقہ دینا جائز نہیں

امام احمد رضا بریلوی ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:

بنی ہاشم کو زکوۃ وصدقات واجبات دینا زنہار جائز نہیں نہ انھیں لینا حلال، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے متواتر حدیثیں اس کی تحریم میں آئیں اور علت تحریم ان کی عزت وکرامت ہے کہ زکوۃ مال کا میل ہے اور مثل سائر صدقات واجبہ غاسل ذنوب، توان کا مثل ماء مستعمل کے ہے جو گناہوں کی نجاست اور حدثات کے قاذورات دھوکر لایا ان پاک لطیف ستھرے نظیف اہل بیت طیب وطہارت کی شان اس سے بس ارفع واعلیٰ ہے کہ ایسی چیزوں سے آلودگی کریں خود احادیث صحیحہ میں اس علت کی تصریح فرمائی۔

احمد ومسلم مطلب بن ربیعہ بن الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان الصدقة لا تنبغی لمحمد و لا لآل محمد انما ھی اوساخ الناس.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ محمد اور آل محمد کے لیے صدقہ جائز نہیں ہے کہ یہ لوگوں کا میل ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (مولف)

طبرانی ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

انه لا یحل لکم اهل البیت من الصدقات شی انما ھی غسالة الایدی . ھذا مختصر الطحاوی .

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ اہل بیت اطہار کے لیے صدقہ کی کوئی چیز حلال نہیں کہ یہ ہاتھوں کا دھون ہے۔ (مولف)

عن علی کرم اللہ تعالیٰ وجهه الکریم قال قلت لعباس سل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم یستعملک علی الصدقات فساله فقال ما کنت لاستعملک علی غسالة ذنوب الناس.

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے کہا کہ آپ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے درخواست کیجیے کہ حضور آپ کو تحصیل صدقات پر عامل بنادیں تو انھوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے درخواست کردی تو حضور نے فرمایا کہ میں اس لیے نہیں کہ آپ کو لوگوں کے گناہوں کے دھون پر عامل بناؤں۔ یعنی یہ خدمت آپ کے شایان شان نہیں ہے۔ (مولف)

ابن ابی شیبہ اور طبرانی خصیف ومجاہد سے راوی :

قال کان آل محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لا تحل لهم الصدقة فجعل لهم خمس الخمس.

آل محمد کے لیے صدقہ حلال نہیں ہے البتہ ان کے لیے غنیمت کا پانچواں حصہ ہے۔ (مولف)

حدیث میں ہے، حضرت ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی :

ان آل محمد لا یحل لهم الصدقة و ان مولیٰ القوم من انفسهم .

بیشک آل محمد کے لیے صدقہ حلال نہیں ہے اور قوم کا آزاد کردہ غلام قوم کا فرد ہوتا ہے۔ (مولف)

(رضویہ ج ۴، ص ۴۷۸، ۴۷۹، ۴۸۲۔ الزہر الباسم)

بخاری ومسلم ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انا لاتحل لنا الصدقة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمارے لیے صدقہ حلال نہیں ہے۔ (مولف)

احمد وابوداؤد وترمذی ونسائی وحاکم برشرط شیخین وابن خزیمہ وابن حبان اور طحاوی ابورافع مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے راوی :

عن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان الصدقة لا تحل لنا.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہمارے لیے صدقہ حلال نہیں ہے۔ (مولف)

احمد وابن حبان بسند صحیح الحسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انا آل محمد لا تحل لنا الصدقة.

یعنی حضرت حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں بتایا کہ ہم آل محمد ہیں ہمارے لیے صدقہ حلال نہیں ہے۔ (مولف)

الطبرانی عن ابن عباس یرفعه الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انه لا یحل لکم اهل البیت من الصدقات شئ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مرفوعاً روایت ہے کہ اہل بیت کے لیے صدقات کی کوئی چیز جائز نہیں۔ (مولف)

احمد وابوداؤد ونسائی وحاکم بر شرط صحت اور طحاوی نہر بن حکیم کے دادا سے راوی:

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یحل لآل محمد منها شئ.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ آل محمد کے لیے صدقہ کی کوئی چیز حلال نہیں ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۸۵، ص ۴۸۶)

جفر کی ایک کتاب

ابن قتیبہ پھر ابن خلکان پھر امام دمیری پھر علامہ زرقانی شرح مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں:

الجفر جلد کتبہ جعفر الصادق کتب فیہ لاھل البیت کل ما یحتاجون الی علمہ و کل ما یکون الیٰ یوم القیامۃ ۔

جفر ایک جلد ہے کہ امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لکھی اور اس میں اہل بیت کرام کے لیے جس چیز کے علم کی انھیں حاجت پڑے اور جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے سب تحریر فرمادیا۔

(خالص الاعتقاد)

اہل بیت کا ادب

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں جب میں بغرض تحصیل علم حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے در دولت پر جاتا اور وہ باہر تشریف نہ رکھتے ہوتے تو براہ ادب ان کو آواز نہ دیتا ان کی چوکھٹ پر سر رکھ کر لیٹ رہتا، ہوا خاک اور ریتا اڑا کر مجھ پر ڈالتی پھر جب حضرت زید کاشانہ اقدس سے تشریف لاتے فرماتے اے ابن عم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ نے مجھے اطلاع کیوں نہ کرادی میں عرض کرتا مجھے لائق نہ تھا کہ میں آپ کو اطلاع کراتا یہ وہ ادب ہے جس کی تعلیم قرآن عظیم نے فرمائی۔

ان الذین ینادونک من وراء الحجرات اکثرھم لا یعقلون و لوانھم صبروا حتی تخرج الیھم لکان خیرا لھم و اللہ غفور رحیم.

وہ جو حجروں کے باہر سے تمھیں آواز دیتے ہیں ان میں بہت کو عقل نہیں اور اگر وہ صبر کرتے یہاں تک کہ تم باہر تشریف لاؤ تو ان کے لیے بہتر تھا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

ایک مرتبہ حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھوڑے پر سوار ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے رکاب تھامی حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ یہ کیا ہے اے ابن عم رسول اللہ انھوں نے کہا ہمیں یہی تعلیم دی گئی ہے کہ علماء کے ساتھ ادب کریں اس پر حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھوڑے

سے اترے اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ہاتھ پر بوسہ دیا اور فرمایا ہمیں یہی حکم ہے کہ اہل بیت اطہار کے ساتھ ایسا ہی کریں۔ (الملفوظ حصہ اول)

اشعار

اہل بیت کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

یہ اہل بیت کی چکی سے چال سیکھی ہے
رواں ہے بے مدد دست آسیائے فلک

●

اہل سنت کا ہے بیڑا پار اصحاب حضور
نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسول اللہ کی

●

پارہائے صحف غنچہائے قدس   اہل بیت نبوت پہ لاکھوں سلام
آب تطہیر جس میں پودے جمے   اس ریاض نجابت پہ لاکھوں سلام
(حدائق بخشش)

صلی اللہ علیہ وسلم

حضرات حسنین کریمین

معدوم نہ تھا سایہ شاہ ثقلین
اس نور کی جلوہ گہہ تھی ذات حسنین
تمثیل نے اس سایہ کے دو حصے کیے
آدھے سے حسن بنے ہیں آدھے سے حسین

هما ریحانی من الدنیا

وہ دونوں دنیا کے پھول ہیں

(الحدیث)

حضرات حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما

حضرت حسن کی ولادت

آپ کی کنیت ابو محمد اور القاب تقی و سید ہیں۔ آپ ہجرت نبویہ علیٰ صاحبہا الصلاۃ و السلام کے تیسرے سال نصف رمضان المبارک مدینہ منورہ میں متولد ہوئے۔ حضرت جبریل علیہ الصلاۃ والسلام آپ کے نام کو بہشت سے ایک نہایت عمدہ کپڑے پر لکھ کر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیۃً لائے۔ آپ شکل وصورت میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے مشابہ تھے۔

ایک دن حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کو اپنے کندھوں پر اٹھایا اور قسم کھا کر کہا کہ یہ ہم شکل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ہم شکل علی ہیں، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی وہاں موجود تھے انھوں نے دیکھا تو تبسم فرمایا، آپ نے پچیس حج پیدل کیے۔

حضرت حسن اور امیر معاویہ

حدیث شریف میں ہے کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر جلوہ افروز ہوئے حضرت حسن بھی آپ کے ساتھ تھے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی لوگوں کی طرف اور کبھی حضرت حسن کی طرف دیکھتے اور فرماتے کہ یہ میرا بیٹا سید ہے جس کی وساطت سے خداوند کریم مسلمانوں کے دو گروہوں میں صلح کرائے گا۔ اس سے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف اشارہ تھا۔

چنانچہ جناب امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سیدنا حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مصالحت کر لی اور عہد کیا کہ اگر انھیں کوئی حادثہ پیش آجائے تو ان کے بعد حضرت حسن خلیفہ ہوں گے۔ اس کے بعد حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خطبہ دیا اور کہا کہ

اے لوگو! میری ہمیشہ یہ خواہش رہی ہے کہ میں فتنہ کو برا جانوں اس لیے میں نے آج مصالحت کی طرف ہاتھ بڑھایا ہے اور اس کار عظیمہ (خلافت) کو امیر معاویہ پر چھوڑ دیا ہے اور اگر ان کا حق تھا تو انھیں مل گیا اور اگر میرا تھا تو میں نے اپنا حق صرف اصلاح امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خاطر انھیں بخش دیا۔ اللہ تعالیٰ نے تم پر حضرت معاویہ کو حاکم بنایا اس بھلائی کی خاطر جو اسے معلوم ہے اور اس بدی کی خاطر جو اس نے تم میں دیکھی ہے۔ میں جانتا ہوں یہ ایک مدت کے لیے ہے فتنہ ثابت ہو یا منفعت بعد ازاں وہ منبر سے نیچے اتر آئے۔

امام حسن کی کرامات

حج کے کسی موسم میں جب آپ پیدل مکہ معظمہ تشریف لے جا رہے تھے تو آپ کے پاؤں میں ورم آ گیا آپ کے کسی غلام نے عرض کی کاش! کہ آپ کسی سواری پر سوار ہو جائیں تا کہ ورم کم ہو جائے، آپ نے اس کی درخواست قبول نہ کی اور فرمایا جب تم گھر پہنچو گے تو تمھیں ایک حبشی ملے گا جس کے پاس کچھ تیل ہوگا اس سے خرید لینا اور جھگڑا مت کرنا۔

آپ کے غلام نے کہا میرے ماں باپ آپ پر قربان! ہم نے کسی جگہ بھی کوئی ایسا آدمی نہیں دیکھا جس کے پاس ایسی دوا ہو، اس جگہ کہاں دستیاب ہوگی، جب وہ منزل پر پہنچے تو وہ حبشی دکھائی دیا، انھوں نے کہا یہ ہے وہ حبشی جس کے متعلق میں نے بتایا تھا جاؤ اور اس سے تیل خرید لاؤ اور قیمت ادا کرآؤ۔ جوں ہی وہ غلام اس حبشی کے پاس گیا اور تیل طلب کیا اس نے کہا اے غلام یہ تیل کس لیے خرید رہے ہو؟ غلام بولا حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے، اس نے کہا مجھے ان کے پاس لے چلو میں ان کا غلام ہوں۔ جب وہ حبشی آپ کے پاس پہنچا تو کہا کہ میں آپ کا غلام ہوں تیل کی قیمت نہیں لوں گا۔ آپ بس میری بیوی کے لیے جو درد زہ میں مبتلا ہے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ اسے صحیح الاعضا بچہ عطا کرے۔ آپ نے فرمایا اپنے

گھر لوٹ جاؤ اللہ تمھیں ایسا ہی بیٹا عطا کرے گا جیسا تم چاہتے ہو وہ ہمارا پیرو کار رہو گا۔ حبشی گھر گیا تو گھر کی حالت ویسی ہی پائی جیسی سنی تھی۔

ایک دن آپ حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کسی بچے کے ساتھ کہیں سفر پر تھے کہ ایک خشک باغ میں ڈیرا ڈال دیا۔ حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے، باغ کے ایک دامن میں اور ابن زبیر کے لیے، باغ کے دوسرے دامن میں فرش بچھایا گیا۔ ابن زبیر بولے کاش! کہ اس نخلستان میں تازہ کھجوریں ہوتیں جنھیں ہم کھاتے حضرت حسن نے فرمایا کیا تازہ کھجوریں چاہتے ہو؟ ابن زبیر بولے ہاں آپ نے دست دعا اٹھایا اور زیر لب کچھ پڑھا جو کسی کو معلوم نہ ہوا فوراً کھجور کا ایک درخت تر و تازہ اور بار آور ہو گیا، اس میں تازہ کھجوریں لگ گئیں۔ ان کا ساتھی شتربان بولا بخدا یہ تو جادو ہے۔ حضرت حسن نے کہا یہ جادو نہیں یہ اس دعائے مستجاب کا اثر ہے جو پیغمبر علیہ الصلاۃ والسلام کے بیٹے نے مانگی تھی۔ اس کے بعد لوگوں نے اس درخت خرما پر چڑھ کر تمام کھجوریں توڑلیں جن سے سب لوگ سیر ہو گئے۔

آپ کے علم، سخاوت، فیاضی وغیرہ جتنے بھی اعلیٰ اخلاق احاطہ تحریر میں آئے ہیں سب درست ہیں اور اتنے زیادہ ہیں کہ بیان سے باہر ہیں۔

امام حسن پر زہر کا اثر

آپ کی وفات کے وقت حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے سرہانے بیٹھے ہوئے تھے چوں کہ امام حسن کو زہر دیا گیا تھا اس لیے حضرت حسین نے پوچھا اے میرے بھائی تمھیں زہر خورانی کا کس پر شبہ ہے؟ آپ نے فرمایا بھائی اس لیے پوچھتے ہو کہ تم اسے جان سے مار ڈالو۔ حسین نے کہا ہاں، آپ نے کہا اگر وہی شخص ہے جس پر مجھے شک و شبہ ہے تو بدلہ لینے کے لیے خداوند تعالیٰ کافی ہے اور اگر وہ نہیں تو میں نہیں چاہتا کہ کسی بے گناہ کا خون ہو۔

عام لوگوں میں یہ بات مشہور ہے کہ آپ کو حضرت امیر معاویہ کے کہنے پر آپ کی بیوی جعدہ نے زہر دیا تھا۔

آپ کی وفات ربیع الاول کے اوائل ۵۰ ھ میں ہوئی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

●......●......●

امام حسین کی ولادت

آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے اور لقب شہید و سید تھا۔ آپ کی ولادت بروز سہ شنبہ چار شعبان المبارک ۴ھ مدینہ منورہ میں ہوئی۔ آپ کی مدت حمل چھ مہینے تھی۔ حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما الصلاۃ والسلام اور آپ کے سوا کوئی بچہ زندہ نہ رہا جس کی مدت حمل چھ ماہ ہوئی۔

حضرت حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت سے علوق فاطمہ تک صرف پچاس دن کا فاصلہ تھا یعنی حضرت حسن کی پیدائش کے صرف پچاس دن بعد آپ شکم مادر میں تشریف فرما ہوئے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آپ کا نام حسین رکھا۔ آپ کا حسن و جمال کچھ اس طرح تھا کہ آپ اندھیرے میں بیٹھتے تو آپ کی پیشانی اور رخساروں سے روشنی نکل کر قرب و جوار کو منور کر دیتی۔ آپ حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے سینہ سے پاؤں تک اور امام حسن سینہ سے سر تک مشابہ تھے۔

حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں، جو حسین کو دوست رکھتا ہے تو بھی اسے دوست رکھ کیوں کہ حسین میرے بیٹوں میں سے ایک بیٹا ہے۔

حسنین کی کشتی

ایک دن حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کشتی لڑنے لگے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حسن سے فرمایا اے حسن حسین کو پکڑلو، حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بولیں یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ بڑے کو کہتے ہیں کہ چھوٹے کو پکڑ لے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبریل بھی تو حسین سے کہہ رہے ہیں کہ حسن کو پکڑلو۔

ام الحارث کا خواب

حضرت ام الحارث سے روایت ہے کہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی حضور! میں نے ایک خواب دیکھا ہے جس سے میں ڈر گئی ہوں، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا دیکھا ہے تو نے؟ میں نے کہا میں نے دیکھا ہے کہ آپ کے جسم سے ایک ٹکڑا کاٹ کر میری گود میں رکھ دیا گیا ہے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ابھی فاطمہ ایک بچہ لائیں گی جو تمھاری گود میں ہوگا، اس واقعہ کے بعد حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدا ہوئے۔

حسین کو ابراہیم پر ترجیح

ایک دن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت حسین کو اپنے دائیں بازو اور اپنے بیٹے حضرت ابراہیم کو بائیں بازو پر بٹھائے ہوئے تھے کہ جبرئیل علیہ الصلاۃ والسلام حاضر ہوئے اور کہا خداوند تعالیٰ ان دونوں کو آپ کے ہاں یکجا نہ رہنے دے گا، ان میں سے ایک کو واپس بلا لے گا، اب دونوں میں سے آپ جسے چاہیں پسند کرلیں حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا اگر حسین رخصت ہو جائیں تو ان کے فراق میں حضرت فاطمہ، حضرت علی اور میری جاں سوزی ہوگی اور اگر ابراہیم وفات پا جائیں تو زیادہ الم میری جان پر ہی ٹوٹے گا اس لیے مجھے اپنا غم ہی پسند ہے۔ اس واقعہ کے تین روز بعد حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ وفات پا گئے۔

جب بھی حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی خدمت میں آتے تو حضور ان کی پیشانی پر بوسہ دیتے اور خوش آمدید کہتے ہوئے فرماتے، اس پر میں نے اپنے بیٹے ابراہیم کو قربان کردیا۔

حضرت ام سلمہ اور خاک کربلا

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں ایک رات حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھر سے باہر تشریف لے گئے اور کافی عرصہ کے بعد واپس گھر آئے، میں نے آپ کے بال پریشان اور غبار آلود دیکھے تو عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیک وسلم میں آج آپ کو کس حال میں دیکھ رہی ہوں؟ حضور علیہ الصلاۃ و السلام نے فرمایا مجھے آج (کارکنان قدرت) ایک ایسے مقام پر لے گئے جو عراق میں ہے اور جسے کربلا کہتے ہیں اور یہی حسین کی شہادت گاہ ہے۔ وہاں میں نے اپنی اولاد کا مشاہدہ کیا اور ان کے خون کو زمین سے اٹھالیا جو میرے ہاتھ میں ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مٹھی کھولی اور فرمایا اسے پکڑلو اور حفاظت سے رکھو، میں نے اسے لے کر دیکھا تو یہ سرخ مٹی تھی۔ پھر میں نے اسے بوتل میں رکھ لیا اور اس بوتل کا سر اچھی طرح سے باندھ دیا۔

جب حضرت حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے عراق کا سفر اختیار کیا تو میں ہر روز اس شیشی کو باہر لاکر دیکھتی رہی اس میں مٹی اسی طرح تھی۔ جب میں نے اسے عاشورا کے روز دیکھا تو اس میں خون تازہ ہو چکا تھا میں سمجھ گئی کہ لوگوں نے حضرت حسین کو شہید کر دیا ہے۔ میں بہت روئی لیکن دشمنوں کی فوری شماتت سے میں گریہ وزاری سے رک گئی۔ جب آپ کی شہادت کی خبر آئی تو وہی دن تھا (جس دن مٹی خون بن گئی تھی)

آپ کی شہادت عاشورا کے روز ۶۱ ھ میں ہوئی اس وقت آپ کی عمر ستاون برس کی تھی۔

شہادت حسین کی خبر

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم جبریل علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس تھے اچانک حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے پاس آگئے، حضرت جبریل علیہ السلام نے پوچھا یہ کون ہیں؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ میرا بیٹا ہے یہ کہہ کر آپ نے حضرت حسین کو اپنی گود میں بٹھالیا۔

حضرت جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے کہا انھیں بہت جلد شہید کر دیا جائے گا۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پوچھا انھیں کون شہید کرے گا؟

جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے کہا، آپ کی امت۔ اگر آپ فرمادیں تو آپ کو وہ مقام بھی بتادوں جہاں انھیں شہید کیا جائے گا۔ بعدازاں حضرت جبریل نے کربلا کی طرف اشارہ کیا اور کچھ سرخ مٹی لے کر حضور علیہ الصلاۃ والسلام کو دکھائی اور کہا یہ شہادت گاہ حسین کی مٹی ہے۔

حضرت سیدنا امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب ہم کوفہ کی طرف روانہ ہوئے تو ہمارے کوچ اور قیام کی کوئی ہی جگہ ہوگی کہ جناب حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت یحییٰ بن زکریا علیہما الصلاۃ والسلام کا ذکر نہ کیا ہو۔ ایک روز فرمایا کہ دنیا کی ذلت و پستی کی یہ واضح دلیل ہے کہ حضرت یحییٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے سر مبارک کو ایک عورت کی وساطت سے بنی اسرائیل کے نابکاروں کو ہدیۃً پیش کیا گیا۔

سعید بن جبیر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وحی آئی کہ ہم نے حضرت یحییٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے قتل کے بدلہ میں ستر ہزار افراد کو ہلاک کیا اور آپ کے فرزند کے بدلہ دوگنا افراد کو ہلاک کریں گے۔

یہ بات بصحت ثابت ہو چکی ہے کہ قاتلان حسین اور ان کے ساتھیوں میں سے کوئی ایسا شخص نہ رہا

جو موت سے پہلے ذلیل نہ ہوا ہو، وہ سب کے سب قتل ہوئے یا اکثر مصائب میں گرفتار ہوئے۔

ایک روایت میں ہے کہ جب حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید ہوئے تو آسمان سے خون برسنے لگا اور ہماری ہر چیز خون آلود ہوگئی نیز آسمان کئی روز تک خون آلود نظر آتا تھا۔ اس دن بیت المقدس کے جس پتھر کو بھی اٹھاتے تھے اس کے نیچے تازہ خون پاتے تھے۔ (مولف) (شواہد النبوۃ)

حضرات حسنین کے لیے فاروقی اقوال

حضرات حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے مقام و مرتبہ اور ان کے اوصاف حمیدہ سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ تحریر فرماتے ہیں:

ایک بار امیر المومنین حسن مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیٰ جدہ الکریم وعلیہ وسلم نے کاشانۂ خلافت فاروقی پر اذن طلب کیا ابھی اجازت نہ آئی تھی کہ امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے صاحبزادے حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دروازے پر حاضر ہو کر اذن مانگا، امیر المومنین نے انھیں اجازت نہ دی۔ یہ حال دیکھ کر سیدنا امام مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی واپس ہوگئے امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بلا بھیجا انھوں نے آکر کہا یا امیر المومنین میں نے خیال کیا کہ اپنے صاحبزادے کو تو اذن دیا نہیں مجھے کیوں دیں گے فرمایا:

انت احق بالاذن منه و هل انبت الشعر فی الراس بعد الله الا انتم .

آپ ان سے زیادہ مستحق اذن ہیں اور یہ بال سر پر اللہ عزوجل کے بعد کسی نے اگائے ہیں سوا آپ کے۔ اسے دارقطنی نے روایت کیا۔

سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

مجھ سے کہا لو جعلت تغشانا اے میرے بیٹے میری تمنا ہے کہ آپ ہمارے پاس آیا کریں، ایک دن میں گیا تو معلوم ہوا کہ تنہائی میں معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے باتیں کر رہے ہیں اور عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دروازے پر رکے ہیں عبداللہ پلٹے ان کے ساتھ میں بھی واپس آیا۔ اس کے بعد امیر المومنین مجھے نے فرمایا لم ارک جب سے پھر میں نے آپ کو نہ دیکھا یعنی تشریف نہ لائے میں نے کہا یا امیر المومنین میں آیا تھا آپ معاویہ کے ساتھ خلوت میں تھے آپ کے صاحبزادے کے ساتھ واپس گیا امیر المومنین نے فرمایا :

انت احق من ابن عمر فانما انبت ما ترى فى روسنا الله ثم انتم .

آپ ابن عمر سے مستحق تر ہیں یہ جو آپ ہمارے سروں پر دیکھتے ہیں یہ اللہ ہی نے تو اگائے ہیں پھر آپ نے۔

ایک اور روایت میں ہے :

هل انبت الشعر غيركم .

کیا سر پر بال کسی اور نے اگائے ہیں سوا آپ کے۔

خطیب نے بطریق یحییٰ بن سعید حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اور ابن سعد و ابن راہویہ اور حافظ محب الدین طبری نے ریاض النضرۃ میں بطریق عبید بن حنین حضرت حسن یا حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسے روایت کیا۔

حافظ الشان امام عسقلانی اصابہ فی تمیز الصحابہ میں اسے بروایت خطیب ذکر کر کے فرماتے ہیں سندہ صحیح اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

حلم و کرم

حضرت بتول زہراء صلی اللہ تعالیٰ علیٰ ابیہا وعلیہا وعلیٰ بعلہا وابنیہا وبارک وسلم اپنے شہزادوں کو لے کر خدمت انور سید اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئیں اور عرض کی **یا رسول الله انحلهما** یا رسول اللہ ان دونوں کو کچھ عطا فرمائیے **قال نعم** قاسم خزائن الٰہی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں منظور **اما الحسن فقد نحلته حلمی و هیبتی و اما الحسین فقد نحلته نجدتی و جودی.**

حسن کو تو میں نے اپنا حلم اور ہیبت عطا کی اور حسین کو اپنی شجاعت اور اپنا کرم بخشا۔ اسے ابن عساکر نے محمد بن عبید اللہ بن ابی رافع عن ابیہ عن جدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ہیبت و محبت

جب حضرت خاتون فردوس رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی **یا نبی الله انحلهما** یا نبی اللہ کچھ عطا ہو، فرمایا **نحلت هذا الكبير المهابة و الحلم و نحلت هذا الصغير المحبة و الرضا.**

میں نے اس بڑے کو ہیبت و بردباری عطا کی اور اس چھوٹے کو محبت و رضا کی نعمت۔ اسے عسکری نے کتاب الامثال میں جابر بن سمرہ عن ام ایمن برکۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا۔

کرم و سرداری

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جس مرض میں وصال مبارک ہوا ہے اس میں دو جہاں کی شہزادی اپنے دونوں شاہزادوں کو لیے اپنے پدر کریم علیہ وعلیہم الصلاۃ والتسلیم کے پاس حاضر ہوئیں اور عرض کی **یا رسول الله هذان ابنای فورثهما شيئا.**

یا رسول اللہ یہ میرے دونوں بیٹے ہیں انھیں اپنی میراث کریم سے کچھ عطا فرمائیے ارشاد ہوا۔ **اما**

حسن فله هیبتی و سروری و اما حسین فله جراءتی و جودی .

حسن کے لیے تو میری ہیبت اور میری سرداری ہے اور حسین کے لیے میری جرأت اور میرا کرم۔

اسے طبرانی نے کبیر میں اور ابن مندہ و ابن عسا کر نے بتول الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

(الامن والعلی)

واقعہ کربلا

امام احمد رضا بریلوی ایک جگہ امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کوفیوں کے بلانے اور واقعۂ کربلا کا ذکر اس طرح فرماتے ہیں۔

اس لڑائی میں ہرگز حضرت امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے پہل نہ تھی امام نے خبیث کوفیوں کے وعدوں پر قصد فرمایا تھا جب ان غداروں نے بدعہدی کی قصد رجوع فرمایا اور جب سے شروع جنگ تک اسے بار بار احباب و اعداء سب پر اظہار فرمایا۔

(الف) جب حر بن یزید ریاحی تمیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اول بار ہزار سواروں کے ساتھ حضرت امام عالی مقام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مزاحم ہوئے امام نے خطبہ فرمایا۔ اے لوگو میں تمھارا بلایا آیا ہوں، تمھارے ایلچی اور خطوط آیئے کہ تشریف لائیے ہم بے امام ہیں، میں آیا اب تم اگر عہد پر قائم ہوتو میں تمھارے شہر میں جلوہ فرما ہوں۔ **و ان لم تفعلوا او کنتم بمقدمی کارهین انصرفت عنکم الی المکان الذی اقبلت منه :**

اور اگر تم عہد پر نہ رہو یا میرا تشریف لانا تمھیں ناپسند ہو تو میں جہاں سے آیا وہیں واپس جاؤں، وہ خاموش رہے۔

(ب) پھر بعد نماز عصر خطبہ فرمایا اور اس کے آخر میں وہی ارشاد کیا کہ ان انتم کرھتمونا انصرفت عنکم. اگر تم ہمیں ناپسند رکھتے ہو میں واپس جاؤں۔ حر نے کہا ہمیں تو یہ حکم ہے کہ آپ سے جدا نہ ہوں جب تک ابن زیاد کے پاس کوفے نہ پہنچا دیں۔

(ج) امام نے اس پر بھی ہمراہیوں کو معاودت کا حکم دیا وہ بقصد واپسی سوار ہوئے حر نے واپس نہ ہونے دیا۔

(د) جب نینوا پہنچے حر کے نام ابن زیاد خبیث کا خط آیا کہ حسین کو پٹیر میدان میں اتارو جہاں پانی نہ ہو اور یہ میرا ایلچی تمھارے ساتھ رہے گا کہ تم میرا حکم بجالاتے ہو یا نہیں۔ حر نے حضرت امام کو ناپاک خط کا مضمون سنایا اور ایسی جگہ ہی اترنے پر مجبور کیا۔ فدایان امام سے زہیر بن القین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے عرض کی اے ابن رسول اللہ! آگے جو لشکر آنے والے ہیں وہ ان سے بہت زائد ہیں ہمیں اذن دیجیے کہ ان سے لڑیں فرمایا ما کنت لابدأھم بالقتال.

میں ان سے قتال کی پہل کرنے کو نہیں۔

(ھ) جب خبیث ابن طیب یعنی ابن سعد اپنا لشکر لے کر پہنچا حضرت امام سے دریافت کیا کیسے آئے؟ فرمایا تمھارے شہر والوں نے بلایا تھا۔ فاما اذ کرھونی فانی انصرف عنھم.

اب کہ میں انھیں ناگوار ہوں واپس جاتا ہوں۔ ابن سعد نے یہ ارشاد ابن زیاد کو لکھا اس خبیث نے نہ مانا قاتلہ اللہ.

(و) شب کو ابن سعد سے خلوت میں گفتگو ہوئی اس میں بھی حضرت امام نے فرمایا دعونی ارجع الی المکان الذی اقبلت منہ.

مجھے چھوڑ دو کہ میں مدینہ طیبہ واپس جاؤں ابن سعد نے ابن زیاد کو لکھا اس بار وہ راضی ہوا تھا کہ شمر مردود خبیث نے باز رکھا۔

(ز) عین معرکۂ قتال سے پہلے فرمایا **ایھا الناس اذکرھتمونی فدعونی انصرف الی مامنی من الارض** اے لوگو! جب کہ تم مجھے پسند نہیں کرتے تو چھوڑ دو کہ اپنی امن کی جگہ چلا جاؤں۔

اشقیاء نے نہ مانا، غرض جب سے برابر قصد عود رہا مگر ممکن نہ ہوا کہ منظور رب یوں ہی تھا، جنت آراستہ ہو چکی تھی اپنے دولھا کا انتظار کر رہی تھی، وصال محبوب حقیقی کی گھڑی آ لگی تھی، تو ہرگز لڑائی میں امام کی طرف سے پہل نہ تھی ان خبیثوں ہی نے مجبور کیا۔

اب دو صورتیں تھیں یا بخوف جان اس پلید کی وہ ملعون بیعت قبول کی جاتی کہ یزید کا حکم ماننا ہوگا اگرچہ خلاف قرآن وسنت ہو، یہ رخصت تھی ثواب کچھ نہ تھا قال تعالیٰ **الا من اکرہ و قلبہ مطمئن بالایمان.**

مگر جو مجبور کیا جائے اور اس کا دل ایمان پر برقرار ہو۔

یا جان دے دی جاتی اور وہ ناپاک بیعت نہ کی جاتی، یہ عزیمت تھی اور اس پر ثواب عظیم، اور یہی ان کی شان رفیع کی شایان تھی، اسی کو اختیار فرمایا۔ (الحجۃ الموتمنۃ فی آیۃ الممتحنۃ)

حضور نے حسن کو گلے لگایا

بخاری و مسلم ونسائی وابن ماجہ بطرق عدیدہ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال خرج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فجلس بفناء بیت فاطمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فقال ادعی الحسن بن علی فحبستہ شیئا فظننت انھا تلبسہ سخابا او تغسلہ

فجاء یشتد و فی عنقه السخاب فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بیده هکذا فقال الحسن بیده هکذا حتی اعتنق کل منهما صاحبه فقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اللهم انی احبه فاحبه و احب من یحبه .

یعنی ایک بار سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت بتول زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مکان پر تشریف لے گئے اور سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلایا، حضرت زہرا نے بھیجنے میں کچھ دیر کی، میں سمجھا انھیں ہار پہناتی ہوں گی یا نہلا رہی ہوں۔ اتنے میں دوڑتے ہوئے حاضر آئے، گلے میں ہار پڑا تھا، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دست مبارک بڑھائے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھ کر امام حسن نے بھی ہاتھ پھیلائے یہاں تک کہ ایک دوسرے کو لپٹ گئے حضور نے گلے لگا کر دعا کی۔ الٰہی میں اسے دوست رکھتا ہوں تو اسے دوست رکھ اور جو اسے دوست رکھے اسے دوست رکھ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی حبہ و بارک وسلم۔

حسنین کو حضور نے گلے لگایا

صحیح بخاری میں حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی :

کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یا خذ بیدی فیقعد نی علی فخذه و یقعد الحسین علی فخذه الاخری و یضمنا ثم یقول رب انی ارحمهما فارحمهما.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرا ہاتھ پکڑ کر ایک ران پر مجھے بیٹھا لیتے اور دوسری ران پر امام حسین کو اور ہمیں لپٹا لیتے پھر دعا فرماتے الٰہی میں ان پر رحم کرتا ہوں تو ان پر رحم فرما۔

امام احمد اپنی مسند میں یعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان حسنا و حسینا رضی الله تعالیٰ عنهما استقبلا الی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فضمهما الیه .

ایک بار دونوں صاحبزادے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آپس میں دوڑ کرتے ہوئے آئے حضور نے دونوں کو لپٹالیا۔

جامع ترمذی میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث ہے:

سئل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ای اهل بیتک احب الیک قال الحسن و الحسین و کان یقول لفاطمة ادعی لی ابنی فیشمهما و یضمهما.

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا حضور کو اپنے اہل بیت میں زیادہ پیارا کون ہے؟ فرمایا حسن اور حسین۔ اور دونوں صاحبزادوں کو حضرت زہراء سے بلوا کر سینے سے لگاتے اور ان کی خوشبو سونگھتے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وبارک وسلم۔ (وشاح الجید فی تحلیل معانقۃ العید)

حسین کی محبوبیت

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بے پناہ محبت فرماتے تھے اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر فرماتے ہیں:

کیا کہنا ہے ہمارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جنھیں تمام اوصاف حمیدہ میں اعلیٰ کمال اور جن کا ہر کمال ابدی ولا زوال اور جو ہر عیب ونقص سے منزہ و بے مثال، ان کا ہر علاقہ والا سنی کے سر کا تاج ہے صحابہ ہوں خواہ ازواج خواہ اہل بیت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، پھر کیا کہنا ان کا جو حضور کے جگر پارے اور عرش کی آنکھ کے تارے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

حسین منی و انا من حسین احب اللہ من احب حسینا حسین سبط من الاسباط.

حسین میرا اور میں حسین کا اللہ دوست رکھے اسے جو حسین کو دوست رکھے حسین ایک نسلی ثبوت کی اصل ہے۔

یہ حدیث کس قدر محبت کے رنگ میں ڈوبی ہوئی ہے ایک بار نام لے کر تین بار ضمیر کافی تھی مگر نہیں ہر بار لذت محبت کے لیے نام ہی کا اعادہ فرمایا۔ کما قالوا فی قول القائل .

تاللہ یا ظبیات القاع قلن لنا

الیلای منکن ام لیلی من البشر

خدا کی قسم اے جنگل کے ہرنو! ہم سے کہو کہ کیا میری لیلیٰ تم میں سے ہے یا لیلیٰ انسانوں میں سے ہے۔ یعنی یہاں پر ایک بار لیلیٰ کا نام لے کر بعد میں ضمیر کا استعمال کافی تھا مگر لذت محبت کے لیے ہر بار نام کا اعادہ کیا گیا۔ (اعالی الافادۃ فی تعزیۃ الہند و بیان الشہادۃ)

حسنین کی جزئی فضیلت

حضرات حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما بوجہ جزئیت کریمہ ایک فضل جزئی حضرات عالیہ خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر رکھتے ہیں اور مرتبہ حضرات خلفاء کا اعظم واعلیٰ ہے۔

(عرفان شریعت، حصہ سوم)

حسنین کا نام

حدیث میں ہے سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے گئے اور ارشاد فرمایا ارونی ابنی ماذا سمیتموہ .

مجھے میرا بیٹا دکھاؤ تم نے اس کا کیا نام رکھا ہے۔

مولیٰ علی نے عرض کی حرب، فرمایا نہیں بلکہ وہ حسن ہے۔

پھر سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ولادت پر تشریف لے گئے اور فرمایا۔ مجھے میرا بیٹا دکھاؤ تم نے اس کا کیا نام رکھا؟ مولیٰ علی نے عرض کی حرب، فرمایا نہیں بلکہ وہ حسین ہے۔

پھر امام محسن کی ولادت پر وہی فرمایا، مولیٰ علی نے وہی عرض کی فرمایا نہیں بلکہ وہ محسن ہے۔

پھر فرمایا میں نے اپنے بیٹوں کے نام داؤد علیہ الصلاۃ والسلام کے بیٹوں پر رکھے شبر شبیر مشبر . حسن حسین محسن ان میں سے ہم وزن و ہم معنی ہیں۔

اس سے مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو تنبیہ ہوئی کہ اولاد کے نام اخیار کے ناموں پر رکھنا چاہیئے۔ لہٰذا ان کے بعد اپنے صاحبزادوں کے نام ابوبکر، عمر، عثمان عباس، وغیرہا رکھے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۲۷۱)

حسین کی شہادت اور اہل مدینہ کا یزید پر خروج

ریحانۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ یزید کے دست ناپاک پر بیعت نہ کرنے ہی کے باعث شہید ہوئے۔ اہل مدینہ نے یزید پر خروج کیا۔ عبداللہ بن حنظلہ غسیل الملائکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا :

و اللہ ما خرجنا علی یزید حتی خفنا ان نرمی بالحجارۃ من السماء ان رجلا ینکح امہات الاولاد والبنات و الاخوات و یشرب الخمر و یدع الصلوٰۃ

خدا کی قسم ہم نے یزید پر خروج نہ کیا جب تک یہ خوف نہ ہوا کہ آسمان سے پتھر آئیں۔ ایسا شخص کہ بہن بیٹی کی آبروریزی کرے اور شراب پیئے اور تارک الصلوٰۃ ہو۔ (فتاویٰ رضویہ ج۱۱ص۵۹)

جوانان اہل جنت کے سردار

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سرداری حضرات سبطین کریمین کو حفظ تعیم کے لیے جوانان اہل جنت سے خاص فرمایا الحسن و الحسین سید اشباب اہل الجنۃ کہ خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو شامل نہ ہو۔ اور متعدد صحیح حدیثوں میں اسی کے تتمہ میں فرمایا و ابوھما خیر منھما.

حسن و حسین جوانان اہل جنت کے سردار ہیں اور ان کا باپ ان سے افضل ہے۔

اسے ابن ماجہ و حاکم نے ابن عمر سے اور طبرانی نے کبیر میں قرہ بن ایاس سے سند حسن کے ساتھ اور حاکم نے بافادۂ تصحیح ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے

اور ارشاد ہوا ابو بکر و عمر خیر الاولین و الآخرین و خیر اھل السموات و خیر اھل الارضین الا النبیین و المرسلین.

ابو بکر و عمر سب اگلوں پچھلوں سے افضل ہیں اور سب آسمان والوں اور سب زمین والوں سے افضل ہیں سوا انبیاء و مرسلین کے۔ علیہم الصلاۃ والسلام۔ (فتاویٰ رضویہ ج۱۱ص۹۴)

حضرت حسن نے امیر معاویہ کو خلافت تفویض کی

بیشک امام مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خلافت سپرد فرمائی اور اس سے

صلح و بندش جنگ مقصود تھی اور یہ صلح وتفویض خلافت، اللہ ورسول کی پسند سے ہوئی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امام حسن کو گود میں لے کر فرمایا تھا۔

ان ابنی هذا سيد لعل الله ان يصلح به بين فئتين عظيمتين من المسلمين.

بیشک میرا یہ بیٹا سید ہے، میں امید کرتا ہوں کہ اللہ اس کے سبب سے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح کرادے گا۔

امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اگر خلافت کے اہل نہ ہوتے امام مجتبیٰ ہر گز انھیں تفویض نہ فرماتے نہ اللہ ورسول اسے جائز رکھتے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۱۰۵)

حسنین کا عقیقہ

ان النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عق عن الحسن و الحسين رضي الله تعالىٰ عنهما كبشا كبشا.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حسن وحسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا عقیقہ ایک ایک مینڈھے سے فرمایا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۸، ص ۵۴۲)

یزید کا ظلم اور حسین کی مظلومیت

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مظلومیت اور یزید کے ظلم وزیادتی کا نقشہ درد انگیز انداز میں اس طرح کھینچا ہے:

شک نہیں کہ یزید نے والی ملک ہو کر زمین میں فساد پھیلایا حرمین طیبین وخود کعبہ معظمہ وروضہ طیبہ کی سخت بے حرمتیاں کیں مسجد کریم میں گھوڑے باندھے ان کی لید اور پیشاب منبر اطہر پر پڑے تین دن مسجد

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بے اذان ونماز رہی مکہ ومدینہ وحجاز میں ہزاروں صحابہ وتابعین بے گناہ شہید کیے کعبہ معظمہ پر پتھر پھینکے غلاف شریف پھاڑااور جلایا مدینہ طیبہ کی پاک دامن پارسائیں تین شبانہ روز اپنے خبیث لشکر پر حلال کردیں۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جگر پارے کو تین دن بے آب ودانہ رکھ کر مع ہمراہیوں کے تیغ ظلم سے پیاسا ذبح کیا، مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گود کے پالے ہوئے تن نازنین پر بعد شہادت گھوڑے دوڑائے گئے کہ تمام استخوان مبارک چور ہوگئے، سرانور کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بوسہ گاہ تھا کاٹ کر نیزہ پر چڑھایا اور منزلوں پھرایا حرم محترم مخدرات مشکوئے رسالت قید کیے گئے اور بے حرمتی کے ساتھ اس خبیث کے دربار میں لائے گئے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۱۰۷)

جنت کو وجد آگیا

خطیب نے تاریخ بغداد میں عقبہ بن عامر جہنی اور طبرانی نے معجم اوسط میں عقبہ اور انس دونوں اور ازدی نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب جنت کو دونوں شہزادوں امام حسن وامام حسین علیٰ جدہما الکریم وعلیہما الصلاۃ والتسلیم کا اس میں تشریف رکھنا معلوم ہوا ماست الجنة میسا کما تمیس العروس .

جنت خوشی سے جھومنے لگی جیسے نئی دولھن فرحت سے جھومے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۱۹۹)

حسنین کی سیادت

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں:

شرع مطہر میں نسب باپ سے لیا جاتا ہے، ہاں اللہ تعالیٰ نے یہ فضیلت خاص امام حسن وامام حسین

اوران کے حقیقی بھائی بہنوں کو عطا فرمائی، رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ کہ وہ رسول اللہ کے بیٹے ٹھہرے پھران کی جو خاص اولاد ہے ان میں وہی قاعدۂ عام جاری ہوا کہ اپنے باپ کی طرف منسوب ہوں اس لیے سبطین کریمین کی اولاد سید ہیں نہ بنات فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کہ وہ اپنے والدوں ہی کی طرف نسبت کی جائیں گی۔ یعنی حسنین کریمین کی اولاد کو سادات ہونے کا شرف حاصل ہے، فاطمہ زہرا کی لڑکیوں کی اولاد کو یہ سعادت حاصل نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۵ ص ۸۶۵)

امام حسین کے ایک پوتے کا واقعہ

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

ہشام ایک مروانی ظالم بادشاہ ہے جس نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بیٹے امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پوتے امام زین العابدین کے صاحبزادے امام باقر کے بھائی سیدنا امام زید بن علی بن علی بن حسین بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو شہید کرایا، سولی دلوائی اور اس پر یہ شدید ظلم کہ نعش مبارک کو دفن نہ ہونے دیا برسوں سولی ہی پر رہی۔ جب ہشام مرگیا تو نعش مبارک دفن ہوئی، ان برسوں میں بدن مبارک کے کپڑے گل گئے تھے قریب تھا کہ بے ستری ہو اللہ عزوجل نے مکڑی کو حکم فرمایا کہ اس نے جسم مبارک پر ایسا جالا تان دیا کہ بجائے تہبند ہوگیا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بعض صالحین نے دیکھا کہ امام مظلوم زید شہید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سولی سے پشت اقدس لگائے کھڑے ہیں اور فرماتے ہیں یہ کچھ کیا جاتا ہے میرے بیٹوں کیساتھ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲ ص ۵۰۱)

دینی بھائی سے امام حسن کی محبت

سیدنا امام حسن مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیٰ جدہ الکریم وعلیہ وبارک وسلم کی حدیث میں ہے:

لان اطعم اخالی فی اللہ لقمة احب الی من ان اتصدق علی مسکین بدرهم و لان اعطی اخالی فی اللہ درهما احب الی من ان اتصدق علی مسکین بمائة درهم .

بیشک میرا اپنے کسی دینی بھائی کو ایک نوالہ کھلانا مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ مسکین کو ایک روپیہ دوں اور اپنے بھائی کو ایک روپیہ دینا مجھے اس سے زیادہ پیارا ہے کہ مسکین پر سو روپیہ خیرات کروں۔

ابوالشیخ نے اسے کتاب الثواب میں سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

(رادالقحط والوباء)

نکتہ

امام احمد رضا بریلوی ایک نکتہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں :

یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ بعض جہال ضعیف الایمان اس پر شک کرنے لگتے ہیں کہ اولیاء اگر اللہ کی طرف سے کچھ قدرت رکھتے تو امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیوں ایسی مظلومی کے ساتھ شہید ہو جاتے، ایک اشارے میں یزید پلید کے لشکر کو کیوں نہ غارت فرمادیا، مگر یہ سفہاء نہیں جانتے کہ ان کی قدرت جو انھیں ان کے رب نے عطا فرمائی رضا و تسلیم و عبدیت کے ساتھ ہے نہ کہ معاذ اللہ جباری و سرکشی و خودسری کے ساتھ۔

مقوقس بادشاہ مصر نے حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے (جب یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مکتوب گرامی لے کر وہاں گئے تھے) امتحاناً پوچھا کہ جب تم انھیں نبی کہتے ہو تو انھوں نے دعا کر کے اپنی قوم کو کیوں نہ ہلاک فرمادیا جب انھوں نے ان سے ان کا شہر مکہ چھڑایا تھا۔ حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کیا تو عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو رسول اللہ نہیں مانتا؟ انھوں نے دعا کر کے اپنی قوم کو کیوں نہ ہلاک کر دیا جب انھوں نے انھیں پکڑا اور سولی دینے کا ارادہ کیا تھا مقوقس بولا۔

انت الحکیم الذی جاء من عند الحکیم .

تم حکیم ہو کہ حکیم کامل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے آئے۔

(جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

اشعار

حضرات حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ذکر جمیل میں امام احمد رضا بریلوی یوں گویا ہوئے :

اب تو ہے گریہ خوں گوہر دامان عرب
جس میں دو لعل تھے زہراء کے وہ تھی کان عرب

•

ان دو کا صدقہ جن کو کہا میرے پھول ہیں
کیجیے رضا کو حشر میں خنداں مثال گل

•

دستگیر ہر دو عالم کر دیا سبطین کو
اے میں قرباں جان جاں انگشت کیا لی ہاتھ میں

•

ہم تمھارے ہو کے کس کے پاس جائیں
صدقہ شہزادوں کا رحمت کیجیے

•

ایک سینہ تک مشابہ اک وہاں سے پاؤں تک
حسن سبطین ان کے جاموں میں ہے نیا نور کا

صاف شکلِ پاک ہے دونوں کے ملنے سے عیاں　　　خط توام میں لکھا ہے یہ دو ورقہ نور کا

•

یا شہید کر بلا یا دافع کرب و بلا
گل رخا شہزادۂ گل گوں قبا امداد کن

اے حسین اے مصطفیٰ را راحت جاں نورعین
راحت جاں نور عینم دہ بیا امداد کن

اے زحسن خلق و حسن خلق احمد نسخہ
سینہ تا پا شکل محبوب خدا امداد کن

جان زہرا و شہید زہر را زور و ظہیر
زہرت از بار تسلیم و رضا امداد کن

اے گلوت گہہ لبان مصطفیٰ را بوسہ گاہ
گہہ لب تیغ لعیں را حسرتا امداد کن

•

معدوم نہ تھا سایہ شاہ ثقلین　　　اس نور کی جلوہ گہہ تھی ذات حسنین
تمثیل نے اس سایہ کے دو حصے کیے　　　آدھے سے حسن بنے ہیں آدھے سے حسین

•

شہد خوار لعاب زبان نبی　　　چاشنی گیر عصمت پہ لاکھوں سلام
اس شہید بلا شاہ گل گوں قبا　　　بیکس دشت غربت پہ لاکھوں سلام

راکب دوش نبی زیب کنار زہرا
بوئے گل زار علی باغ و بہار زہرا

(حدائق بخشش)

معجزات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

جس نے ٹکڑے کیے ہیں قمر کے وہ ہے
نور وحدت کا ٹکڑا ہمارا نبی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

وإن كنتم في ريب مما نزلنا على عبدنا فأتوا بسورة من مثله وادعوا شهداءكم من دون الله إن كنتم صدقين۔

اور اگر تمہیں کچھ شک ہو اس میں جو ہم نے اپنے (ان خاص) بندے پر اتارا تو اس جیسی ایک سورت تو لے آؤ اور اللہ کے سوا اپنے سب حمایتیوں کو بلا لو اگر تم سچے ہو۔ (البقرۃ/۲۳)

معجزات نبوی ﷺ

معجزہ کیا ہے؟

معجزہ خرق عادت کو کہتے ہیں جو مدعیٔ نبوت و رسالت کے ہاتھ سے ظاہر ہوتا ہے جس سے مقصود تحدی ہے۔ تحدی کے معنی کسی کام میں برابری کرنا اور دشمن کو عاجز کر کے غلبہ حاصل کرنا ہے۔ تحقیق یہی ہے کہ معجزہ میں تحدی شرط نہیں ہے۔ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایسے بہت سے معجزے ظاہر ہوئے جن میں تحدی نہیں تھی مگر کہتے یہ ہیں کہ مراد یہ ہے کہ اس کی شان سے تحدی ہو۔ اس تصدیق پر مدعی رسالت سے واقع ہونے کی قید کافی ہے۔

اور یہ بات مشہور ہے کہ جو کچھ مدعی رسالت سے واقع ہوتا ہے اسے معجزہ کہتے ہیں۔

اور جو کسی غیر نبی سے واقع ہوتا ہے اگر اس کے ساتھ کمال ایمان وتقویٰ اور معرفت واستقامت شامل ہے جسے ولایت کہتے ہیں تو اس کا نام کرامت ہے۔

اور اگر کسی عام مومن وصالح سے صادر ہو تو اسے معونت کہتے ہیں۔

اور جو فاسقوں اور کافروں سے صادر ہوتا ہے اسے استدراج کہتے ہیں مگر یہ کہ توبہ واسلام پر منتج ہو۔

حضرات انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام سے ان کی نبوت کی صداقت ظاہر کرنے کے لیے کسی ایسی تعجب خیز چیز کا ظاہر ہونا جو عادۃً نہیں ہوا کرتی اسی خلاف ظاہر ہونے والی چیز کا نام معجزہ ہے۔

معجزہ چوں کہ نبی کی صداقت ظاہر کرنے کے لیے ایک خداوندی نشان ہوا کرتا ہے اس لیے معجزہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ خارق عادت ہو یعنی ظاہری علل واسباب اور عادات جاریہ کے بالکل ہی خلاف

ہو ورنہ ظاہر ہے کہ کفار اس کو دیکھ کر کہہ سکتے ہیں کہ یہ تو فلاں سبب سے ہوا ہے اور ایسا تو ہمیشہ عادۃً ہوا ہی کرتا ہے۔ اس بناء پر یہ معجزہ کے لیے لازمی شرط ہے بلکہ یہ معجزہ کے مفہوم میں داخل ہے کہ وہ کسی نہ کسی اعتبار سے اسباب عادیہ اور عادات جاریہ کے خلاف ہو اور ظاہری اسباب و علل کے عمل دخل سے بالکل ہی بالاتر ہوتا کہ اس کو دیکھ کر کفار یہ ماننے پر مجبور ہو جائیں کہ چوں کہ اس چیز کا کوئی ظاہری سبب بھی نہیں ہے اور عادۃً کبھی ایسا ہوا بھی نہیں کرتا۔ اس لیے بلاشبہ اس چیز کا کسی شخص سے ظاہر ہونا انسانی طاقتوں سے بالاتر کارنامہ ہے۔ لہٰذا یقیناً یہ شخص اللہ کی طرف سے بھیجا ہوا اور اس کا نبی ہے۔

معجزات کی چار قسمیں

جب معجزہ کے لیے یہ ضروری اور لازمی شرط ہے کہ وہ کسی نہ کسی لحاظ سے انسانی طاقتوں سے بالاتر اور عادات جاریہ کے خلاف ہو، اس بناء پر اگر بغور دیکھا جائے تو خارق عادت ہونے کے اعتبار سے معجزات کی چار قسمیں ملیں گی جو حسب ذیل ہیں۔

اول : بذات خود وہ چیز ہی ایسی ہو جو ظاہری اسباب و عادات کے بالکل ہی خلاف ہو، جیسے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چاند کو دو ٹکڑے کر کے دکھا دینا، حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے عصا کا سانپ بن کر جادوگروں کے سانپوں کو نگل جانا، حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا مردوں کو زندہ کر دینا وغیرہ وغیرہ۔

دوم : بذات خود وہ چیز تو خلاف عادت نہیں ہوتی مگر کسی خاص وقت پر بالکل ہی ناگہاں اس کا ظہور ہو جانا اس اعتبار سے یہ چیز خارق عادت ہو جایا کرتی ہے لہٰذا یہ بھی معجزہ ہی کہلائے گا۔ مثلاً جنگ خندق میں اچانک ایک خوفناک آندھی کا آ جانا جس سے کفار کے خیمے اکھڑ گئے اور بھاری بھاری دیگیں چولھوں پر سے الٹ پلٹ کر دور جا کر گر پڑیں، یا جنگ بدر میں تین سو تیرہ مسلمانوں کے

مقابلہ میں کفار کے ایک ہزار لشکر جرار کا جو مکمل طور پر مسلح تھے شکست کھا کر مقتول و گرفتار ہو جانا ظاہر ہے کہ آندھی کا آنا یا کسی لشکر کا شکست کھا جانا یہ بذات خود کوئی خلاف عادت بات نہیں ہے بلکہ یہ تو ہمیشہ ہوا ہی کرتا ہے لیکن اس ایک خاص موقع پر جب کہ رسول اللہ کو تائید ربانی کی خاص ضرورت محسوس ہوئی بغیر کسی ظاہری سبب کے بالکل ہی اچانک آندھی کا آجانا اور کفار کا باوجود کثرت تعداد کے قلیل مسلمانوں سے شکست کھا جانا اس کو تائید خداوندی اور غیبی امداد و نصرت کے سوا کچھ بھی نہیں کہا جا سکتا، اس لحاظ سے یقیناً یہ عادات جاریہ کے خلاف اور ظاہری اسباب و علل سے بالاتر ہے لہٰذا یہ بھی یقیناً معجزہ ہے۔

سوم : ایک صورت یہ بھی ہے کہ نہ تو بذات خود وہ واقعہ خلاف عادت ہوتا ہے نہ اس کے ظاہر ہونے کے وقت خاص میں خلاف عادت کوئی بات ہوتی ہے مگر اس واقعہ کے ظاہر ہونے کا طریقہ بالکل ہی نادر الوجود اور خلاف عادت ہوا کرتا ہے۔ مثلاً انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی دعاؤں سے بالکل ہی ناگہاں پانی کا برسنا، بیماروں کا شفایاب ہو جانا، آفتوں کا ٹل جانا۔

ظاہر ہے کہ یہ باتیں نہ تو خلاف عادت ہیں نہ ان کے ظاہر ہونے کا کوئی خاص وقت ہے بلکہ یہ باتیں تو ہمیشہ ہوا ہی کرتی ہیں لیکن جن طریقوں اور جن اسباب سے یہ چیزیں وقوع پذیر ہوئیں کہ ایک دم نبی نے دعا مانگی اور بالکل ہی اچانک یہ چیزیں ظہور میں آگئیں۔ اس اعتبار سے یقیناً بلاشبہ یہ ساری چیزیں خارق عادات اور ظاہر اسباب سے الگ اور بالاتر ہیں لہٰذا یہ سب بھی معجزات ہی کہلائیں گے۔

چہارم : کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ نہ تو خود واقعہ عادت جاریہ کے خلاف ہوتا ہے نہ اس کا طریقۂ ظہور خارق عادت ہوتا ہے لیکن بلا کسی ظاہری سبب کے نبی کو اس واقعہ کا قبل از وقت علم غیب حاصل ہو جانا اور

واقعہ کے وقوع سے پہلے ہی نبی کا اس واقعہ کی خبر دے دینا یہ خلاف عادت ہوتا ہے۔ مثلاً حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام نے واقعات کے ظہور سے بہت پہلے جو غیب کی خبریں دی ہیں یہ سب واقعات اس اعتبار سے خارق عادات اور معجزات ہیں۔

چنانچہ مسلم شریف کی روایت ہے کہ ایک روز بہت ہی زوردار آندھی چلی، اس وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ سے باہر تشریف فرماتے تھے، آپ نے اسی جگہ فرمایا کہ یہ آندھی مدینہ کے ایک منافق کی موت کے لیے چلی ہے چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ جب لوگ مدینہ پہنچے تو معلوم ہوا کہ مدینہ کا ایک منافق اس آندھی سے ہلاک ہوگیا۔

غور کیجیے کہ اس واقعہ میں نہ تو آندھی کا چلنا خلاف عادت ہے نہ کسی آدمی کا آندھی سے ہلاک ہونا اسباب و عادات کے خلاف ہے کیوں کہ آندھی ہمیشہ آتی ہی رہتی ہے اور آندھی میں آدمی ہمیشہ مرتے ہی رہتے ہیں۔ لیکن اس واقعہ کا قبل از وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم ہو جانا اور آپ کا لوگوں کو اس غیب کی خبر پر قبل از وقت مطلع کر دینا یقیناً بلاشبہ یہ خرق عادات اور معجزات میں سے ہے۔

حضور اور نبیاء سابقین کے معجزات

ہر نبی کا معجزہ چوں کہ اس کی نبوت کے ثبوت کی دلیل ہوا کرتا ہے اس لیے خداوند عالم نے ہر نبی کو اس دور کے ماحول اور اس کی امت کے مزاج و عقل و فہم کے مطابق معجزات سے نوازا۔ مثلاً حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے دور میں چوں کہ جادو اور ساحرانہ کارنامے اپنی ترقی کی اعلیٰ ترین منزل پر پہنچے ہوئے تھے اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ید بیضا اور عصا کے معجزات عطا فرمائے جن سے آپ نے جادوگروں کے ساحرانہ کارناموں پر اس طرح غلبہ حاصل فرمایا کہ تمام جادوگر سجدہ میں گر پڑے اور آپ کی نبوت پر ایمان لائے۔

اسی طرح حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے زمانہ میں علم طب انتہائی معراج ترقی پر پہنچا ہوا تھا اور اس دور کے طبیبوں اور ڈاکٹروں نے بڑے بڑے امراض کا علاج کر کے اپنی فنی مہارت سے تمام انسانوں کو مسحور کر رکھا تھا اس لیے اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو مادر زاد اندھوں اور کوڑھیوں کو شفا دینے اور مردوں کو زندہ کر دینے کا معجزہ عطا فرمایا جس کو دیکھ کر دور مسیحی کے اطباء اور ڈاکٹروں کے ہوش اڑ گئے اور وہ حیران و ششدر رہ گئے اور بالآخر انھوں نے ان معجزات کو انسانی کمالات سے بالاتر مان کر آپ کی نبوت کا اقرار کر لیا۔

اسی طرح حضرت صالح علیہ الصلاۃ والسلام کے دور بعثت میں سنگ تراشی اور مجسمہ سازی کے کمالات کا بہت ہی چرچا تھا اس لیے خداوند قدوس نے آپ کو یہ معجزہ عطا فرما کر بھیجا کہ آپ نے ایک پہاڑی کی طرف اشارہ فرما دیا تو اس کی ایک چٹان شق ہو گئی اور اس میں سے ایک بہت ہی خوبصورت اور تندرست اونٹنی اور اس کا بچہ نکل پڑا اور آپ نے فرمایا کہ :

هذه ناقة الله لكم آية .

یہ اللہ کی اونٹنی ہے جو تمھارے لیے معجزہ بن کر آئی ہے۔

حضرت صالح علیہ الصلاۃ والسلام کی قوم آپ کا یہ معجزہ دیکھ کر ایمان لائی۔

الغرض اسی طرح ہر نبی کو اس دور کے ماحول کے مطابق اور اس کی قوم کے مزاج اور ان کی افتاد طبع کے مناسب کسی کو ایک کسی کو دو کسی کو اس سے زیادہ معجزات ملے۔ مگر ہمارے حضور نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چوں کہ تمام نبیوں کے بھی نبی ہیں اور آپ کی سیرت مقدسہ تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی مقدس زندگیوں کا خلاصہ، اور آپ کی تعلیم تمام انبیاء کرام کی تعلیمات کا عطر ہے۔ اور آپ دنیا میں ایک عالمگیر اور ابدی دین لے کر تشریف لائے تھے اور عالم کائنات میں اولین و آخرین کے تمام اقوام و ملل آپ کی مقدس

دعوت کے مخاطب تھے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کی ذات مقدسہ کو انبیاء سابقین کے تمام معجزات کا مجموعہ بنا دیا۔ اور آپ کو قسم قسم کے ایسے بے شمار معجزات سے سرفراز فرمایا جو ہر طبقہ، ہر گروہ، ہر قوم اور تمام اہل مذاہب کے مزاج اور عقل وفہم کے لیے ضروری تھے۔ اسی لیے آپ کی صورت وسیرت، آپ کی سنت و شریعت، آپ کے اخلاق وعادات، آپ کے دن رات کے معمولات، غرض آپ کی ذات وصفات کی ہر ہر ادا اور ایک ایک بات اپنے دامن میں معجزات کی ایک دنیا لیے ہوئے ہے۔

آپ پر جو کتاب نازل ہوئی وہ آپ کا سب سے بڑا اور قیامت تک باقی رہنے والا ایسا ابدی معجزہ ہے جس کی ہر ہر آیت، آیات بینات کی کتاب اور اس کی سطر سطر معجزات کا دفتر ہے۔ آپ کے معجزات عالم اعلیٰ اور عالم اسفل کی کائنات میں اس طرح جلوہ فگن ہوئے کہ فرش سے عرش تک آپ کے معجزات کی عظمت کا ڈنکا بج رہا ہے۔ روئے زمین پر جمادات، نباتات، حیوانات کے تمام عالموں میں آپ کے طرح طرح کے معجزات کی ایسی ہمہ گیر حکمرانی وسلطنت کا پرچم لہرایا کہ بڑے بڑے منکروں کو بھی آپ کی صداقت ونبوت کے آگے سرنگوں ہونا پڑا۔ اور معاندین کے سوا ہر انسان خواہ وہ کسی قوم ومذہب سے تعلق رکھتا ہو اور اپنی افتاد طبع اور مزاج عقل کے لحاظ سے کتنی ہی بلند منزل پر فائز کیوں نہ ہو مگر آپ کے معجزات کی کثرت اور ان کی نوعیت وعظمت کو دیکھ کر اس کو اس بات پر ایمان لانا ہی پڑا کہ بلاشبہ آپ نبی برحق اور خدا کے سچے رسول ہیں۔

خود آپ کے جسمانی وروحانی خداداد طاقتوں پر اگر نظر ڈالی جائے تو پتہ چلتا ہے کہ آپ کی حیات مقدسہ کے مختلف دور کے محیر العقول کارنامے بجائے خود عظیم سے عظیم تر معجزات ہی معجزات ہیں۔ کبھی عرب کے ناقابل تسخیر پہلوانوں سے کشتی لڑ کر ان کو پچھاڑ دینا، کبھی دم زدن میں فرش زمین سے سدرۃ المنتہیٰ پر گزرتے ہوئے عرش معلیٰ کی سیر، کبھی انگلی کے اشارے سے چاند کے دو ٹکڑے کر دینا، کبھی ڈوبے ہوئے سورج کو واپس لوٹا دینا، کبھی خندق کی چٹان پر پھاوڑا مار کر روم وفارس کی سلطنتوں میں اپنی امت کو پرچم لہراتا

ہوا دکھا دینا، کبھی انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری کر دینا، کبھی مٹھی بھر کھجور سے بھوکے لشکر کو اس طرح راشن دینا کہ ہر سپاہی نے شکم سیر ہو کر کھالیا، وغیرہ وغیرہ معجزات کا ظاہر کر دینا یقیناً بلاشبہ یہ وہ معجزانہ واقعات ہیں کہ دنیا کا کوئی بھی سلیم العقل انسان ان سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

مختلف معجزات کا اجمالی تذکرہ

حضور سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزات میں سب سے عظیم و اعلیٰ معجزہ قرآن مجید ہے لیکن چاند کا ٹکڑے کرنا، پانی کا چشمہ بہانا، کھانے کو زیادہ کرنا اور جمادات کا بولنا وغیرہ بھی عظیم معجزے ہیں۔ ان میں سے بعض معجزے تو حد تواتر و شہرت تک پہنچ گئے ہیں اور بعض معجزے اگرچہ خبر واحد سے ہیں لیکن تعدد طرق و اسناد سے منجر بحد تواتر ہیں۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کچھ معجزے تو قبل از زمان بعثت ظاہر ہوئے جنھیں، ارہاصات کہا جاتا ہے ارہاص کے معنی بنیاد رکھنے کے ہیں گویا وہ نبوت و رسالت کی تاسیس کے حکم میں ہیں۔

اور کچھ معجزے زمانۂ اظہار نبوت میں ظاہر ہوئے۔

معجزے کی ایک قسم اور بھی ہے، یہ بعد از رحلت ظاہر ہوتے رہتے ہیں جیسے اولیائے کرام کی کرامات وغیرہ۔ کیوں کہ یہ سب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کے معجزے ہیں اور وہ آپ کی نبوت کی صحت اور آپ کی رسالت کی صداقت پر دلالت کرتے ہیں۔

لیکن شق قمر یعنی چاند کا ٹکڑے کرنا معجزات میں روشن و تابندہ تر ہے کیوں کہ اس سے عالم علوی میں تصرف فرمایا گیا ہے جو کسی نبی سے واقع نہیں ہوا یہ معجزہ قرآن کریم میں بھی بیان کیا گیا ہے چنانچہ فرمایا:

اقتربت الساعة و انشق القمر.

قیامت قریب آگئی اور چاند ٹکڑے ہو گیا۔

ردشمس یعنی غروب ہونے کے بعد سورج کا لوٹنا بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معجزہ ہے۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مشہور معجزوں میں سے ایک پانی کا معجزہ بھی ہے جو بار بار متعدد مقامات پر اجتماع عظیم کے سامنے رونما ہوا ہے۔ اور یہ اس قدر کثیر سندوں سے مروی ہے جو علم قطعی بتواتر معنوی کا افادہ کرتا ہے۔ چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگشتہائے مبارک کے درمیان سے پانی کا چشمہ جاری ہوا ہے، ایسا معجزہ کسی نبی کے بارے میں نہیں سنا گیا اگرچہ حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے دست مبارک کے ذریعہ پتھر پر عصا مارنے سے پانی کے چشمے جاری ہوئے تھے، مگر اس میں شک نہیں کہ انگلیوں سے پانی نکالنا پتھر سے پانی نکالنے کے اعجاز کے مقابلے میں زیادہ بلیغ ہے۔ کیوں کہ پتھر سے پانی عادۃً نکلا ہی کرتا ہے بخلاف گوشت و پوست اور ہڈیوں سے پانی نکالنا۔ بلاشبہ اس حدیث کو صحابہ کرام کی جماعت کثیرہ نے روایت کیا ہے۔

اسی کے مشابہ اور اسی زمرہ میں کم پانی کو زیادہ کرنے اور اس کے جاری کرنے کا معجزہ ہے یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا و برکت سے ہوتا تھا۔

جس طرح کم پانی کے زیادہ کرنے میں احادیث مروی ہیں اسی طرح کم کھانے کو زیادہ فرمانے میں بھی مروی ہیں۔ یہ دونوں معجزے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تربیت اور مالک نعمت ہونے کے اثرات کو ظاہر کرتے ہیں۔ جس طرح کہ روحانیت کے اعتبار سے آپ عالم جسمانیت میں قلوب وارواح کی تربیت فرماتے اور انھیں کامل بناتے ہیں۔ نیز آپ ہی پرورش فرمانے والے اور جسموں کو کھانا پینا وغیرہ عطا فرمانے والے ہیں

شکر فیض تو چمن چوں کند اے ابر بہار
کہ اگر خار و گر گل ہمہ پروردۂ تست

جس طرح انسان پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احکام اور آپ کے دین و شریعت کی اطاعت وفرماں برداری اور امتثال امر واجب وفرض ہے اسی طرح جانوروں کو بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مطیع وفرماں بردار کیا ہے، کیوں کہ سعادت مندی کا طغریٰ انسانوں میں سے اہل ایمان کو حاصل ہوا اسی طرح حق سبحانہ وتعالیٰ نے بطریق اعجاز وخرق عادات، تمام حیوانات کو آپ کا مطیع ومنقاد بنایا۔

اسی بناء پر ارباب تحقیق واہل باطن فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت تمام حیوانات، نباتات، جمادات اور ساری مخلوق کی طرف ہے لیکن چوں کہ وہ دائرۂ عقل اور امر ونہی کی تکلیف سے خارج ہیں اس لیے ان سے بجز طاعت وایمان اور صدق رسالت کی شہادت کے کچھ اور متصور نہیں اور وہ معصیت سے موسوم نہیں ہوتے جس طرح کہ آدمی ہوتے ہیں۔

حیوانات میں معجزات کے ظہور میں سے اونٹوں کا سجدہ کرنا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اپنی شکایتیں پیش کرنا ہے وغیرہ۔ اسی ضمن میں بھیڑیئے کا کلام کرنا اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت پر شہادت دینے کا واقعہ بھی ہے۔ اسی باب سے حدیث غزالہ ہے، ان ہی میں سے گدھے کا کلام کرنا ہے، اور اسی باب سے شیر کا مسخر ہونا اور حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اس کی چاپلوسی کرنا ہے، جب کہ حضرت سفینہ لشکر سے دور ہو کر راہ بھٹک گئے تھے اور انھوں نے شیر سے کہا تھا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا غلام ہوں مجھے راہ بتاؤ تو شیر نے ان کو لشکر تک پہنچا دیا تھا۔

ابن وہب روایت کرتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جن کبوتروں نے مکہ معظمہ پر سایہ کیا تھا پھر حضور نے ان کے لیے برکت کی دعا فرمائی، اسی طرح غار ثور میں ہجرت کے وقت مکڑی کا جالا بننے اور ان پر کبوتروں کا انڈے دینے کا واقعہ مشہور ہے۔

کہتے ہیں کہ غار ثور میں جن کبوتروں نے انڈے دیئے تھے ان ہی کی نسل سے حرم کے کبوتر ہیں۔

جس طرح تمام حیوانات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مطیع و منقاد تھے اسی طرح آپ کی فرماں برداری و طاعت میں نباتات بھی ہیں۔ اس باب میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے درختوں کا کلام کرنا، آپ پر سلام عرض کرنا آپ کی رسالت کی گواہی دینا اور آپ کے حکم کی اطاعت کرنا ہے۔

ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب سے میری طرف وحی بھیجی گئی اس وقت سے ہر شجر و حجر مجھ پر السلام علیک یارسول اللہ کرتا ہے۔

جس طرح نباتات کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم کا مطیع و فرماں بردار بنایا گیا ہے اسی طرح جمادات بھی حکم کے مطیع و منقاد ہیں۔ وہ بھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں سلام عرض کرتے ہیں اور آپ سے باتیں کرتے ہیں۔

اسی طرح راہب والی وہ حدیث جب کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابو طالب کے ہمراہ قبل بعثت اوائل عمر شریف میں سفر کے لیے نکلے تھے تو کوئی شجر و حجر ایسا نہ تھا جس نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ نہ کیا ہو۔

امام بیہقی فرماتے ہیں کہ حنین جذع (استن حنانہ) کا قصہ امور ظاہر سے ہے جسے خلف نے سلف سے ان اکبر آیات اور ابہر معجزات پر محمول کیا ہے جو ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت پر دلالت کرتے ہیں امام شافعی فرماتے ہیں کہ ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جتنا کچھ عطا فرمایا گیا ہے اتنا کسی نبی کو حق تعالیٰ نے نہیں عطا فرمایا۔ اس کے بعد امام شافعی فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو مردے زندہ کرنے کا معجزہ عطا فرمایا۔ اور ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حنین جذع کا معجزہ مرحمت فرمایا۔ یہاں تک کہ اس کھجور کے تنہ کے آہ و نالہ کی آواز کو سب نے سنا۔ یہ احیاء موتی

کے معجزے سے اعظم واکبر ہے۔

اسی طرح حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پہاڑ سے کلام فرمانا اور اس کا حضور سے باتیں کرنا بھی مشہور ہے۔ اور اسی باب میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست مبارک پر کنکریوں کا تسبیح کرنا اور طعام کا بھی تسبیح کرنا ہے۔ اور اسی حکم میں شیر خوار بچوں کا بولنا اور ان سے اپنی رسالت کی شہادت لینا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزات کے انواع واقسام میں اجابت دعا بھی ہے۔ کتاب الشفاء میں کہا گیا ہے کہ یہ باب بہت وسیع ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا کی قبولیت کسی جماعت کے بارے میں خواہ نفع میں ہو یا ضرر میں بداہۃً متواتر المعنی ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول ملتقطا، سیرت مصطفیٰ)

اونٹ کی فریاد

معجزات نبوی کے چند واقعات امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی تحریر میں ملاحظہ فرمائیں۔ آپ نے تحریر فرمایا ہے :

ابن ماجہ حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال کنا جلوسا عند رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا اقبل بعیر تعدوا حتی وقف علی ہامۃ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایہا البعیر امکن فان تک صادقا فلک صدقک و ان تک کاذبا فعلیک کذبک مع ان اللہ تعالیٰ قدامن عائذنا و لیس بخائب لائذنا فقلنا یا رسول اللہ ما یقول ھذا البعیر فقال ھذا بعیرھم اھلہ بنحرہ و اکل لحمہ فھرب منھم و استغاث

بنبيكم فبينا نحن كذلک اذا اقبل صاحبه او قال اصحابه يتعادون فلما نظر اليهم البعير عاد الى هامة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فلاذبها.

فقالوا يا رسول الله هذا بعيرنا هرب منذ ثلثة ايام فلم نلقه الابين يديک فقال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اما انه يشكو الى فبئست الشكاية فقالوا يا رسول الله ما يقول قال يقول انه ربى فى امنكم اخوالا و كنتم تحملون عليه فى الصيف الى مواضع الكلاء فاذا كان الشتاء رحلتم الى موضع الدفاء فلما كبر استفحلتم فرزقكم الله تعالىٰ ابلا سائما فلما ادركته هذه السنة الخفيفة هممتم بذبحه و اكل لحمه فقالوا والله كان ذلک يا رسول الله فقال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ما هذا جزاء المملوک الصالح من مواليه قالوا يا رسول الله فانا لا نبيعه و لا ننحره فقال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كذبتم قد استغاث بكم فلم تغيثوه و انا اولى بالرحمة منكم فان الله نزع الرحمة من قلوب المنافقين و اسكنها فى قلوب المومنين فاشتراه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم منهم بمائة درهم و قال يا ايها البعير انطلق فانت حرلوجه الله تعالىٰ فرغى على هامة رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم آمين ثم رغى فقال آمين ثم رغى فقال آمين.

ثم رغى الرابعة فبكى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقلنا يا رسول الله ما يقول هذا البعير قال قال جزاک الله ايها النبى عن الاسلام و القران خيرا فقلت آمين ثم قال سكن الله رعب امتک يوم القيامة كما سكنت رعبى فقلت آمين ثم قال حقن الله دماء امتک من اعدائها كما حقنت دمى فقلت آمين ثم قال لاجعل الله بأس امتک بينها فبكيت فان هذه الخصال سألت ربى فاعطانيها و منعنى هذه و اخبرنى

جبريل عليه السلام عن الله عزوجل ان فناء امتى بالسيف جرى القلم بما هو كائن كذا او رده عازيا له الامام الحافظ زكى الدين عبد العظيم المنذرى رحمة الله تعالى عليه فى كتاب الترغيب و الترهيب.

یعنی ہم خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے ناگاہ ایک اونٹ دوڑتا آیا یہاں تک کہ حضور کے سر مبارک کے قریب آکر کھڑا ہوا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے اونٹ ٹھہر اگر تو سچا ہے تو تیرے سچ کا پھل تیرے لیے ہے اور جھوٹا ہے تو تیرے جھوٹ کا وبال تجھ پر ہے اس کے ساتھ یہ بات بیشک کہ جو ہماری پناہ میں آئے اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے امان رکھی ہے اور جو ہمارے حضور التجاء لائے وہ نامرادی سے بری ہے صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ یہ اونٹ کیا عرض کرتا ہے فرمایا اس کے مالکوں نے اسے حلال کر کے کھالینا چاہا تھا یہ ان کے پاس سے بھاگ آیا اور تمھارے نبی کے حضور فریاد لایا ہم یوں بیٹھے تھے کہ اتنے میں اس کا مالک یا کہا اس کے مالک لوگ دوڑتے آئے اونٹ نے جب انھیں دیکھا پھر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر انور کے پاس آگیا اور حضور کی پناہ پکڑی۔

اس کے مالکوں نے عرض کی یا رسول اللہ! ہمارا اونٹ تین دن سے بھاگا ہوا ہے آج حضور کے پاس ملا ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سنتے ہو اس نے میرے حضور نالش کی ہے اور بہت ہی بری نالش ہے، وہ بولے یا رسول اللہ یہ کیا کہتا ہے فرمایا یہ کہتا ہے کہ وہ برسوں تمھاری امان میں پلا گرمی میں اس پر اسباب لاد کر سبزہ ملنے کی جگہ تک جاتے اور جاڑے میں گرم مقام تک کوچ کرتے جب وہ بڑا ہوا تو تم نے اسے سانڈ بنالیا اللہ تعالیٰ نے اس کے نطفے سے تمھارے بہت اونٹ کر دیئے جو چرتے پھرتے ہیں اب جو اسے یہ شاداب برس آیا تم نے اسے ذبح کر کے کھالینا چاہا۔ وہ بولے یا رسول اللہ خدا کی قسم یوں ہی ہوا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نیک مملوک کا بدلہ اس کے مالکوں کی طرف سے یہ نہیں ہے وہ بولے یا رسول اللہ تو ہم اسے نہ بیچیں گے نہ ذبح کریں گے فرمایا غلط کہتے ہو اس نے تم سے فریاد کی تو تم اس

کی فریاد کو نہ پہنچے، اور میں تم سے زیادہ اس کا مستحق ولائق ہوں کہ فریادی پر رحم فرماؤں اللہ عزوجل نے منافقوں کے دلوں سے رحمت نکال لی اور ایمان والوں کے دلوں میں رکھی ہے۔ پس حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ اونٹ ان سے سو روپے کو خرید لیا اور اس سے ارشاد فرمایا اے اونٹ چلا جا کہ تو اللہ عزوجل کے لیے آزاد ہے یہ سن کر اس نے سر اقدس پر اپنی بولی میں کچھ آواز کی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آمین کہی، اس نے دوبارہ آواز کی حضور نے پھر آمین کہی، اس نے سہ بارہ عرض کی حضور نے پھر آمین کہی۔

اس نے چوتھی بار کچھ آواز کی اس پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گریہ فرمایا صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ یہ کیا کہتا ہے فرمایا اس نے کہا اے نبی اللہ عزوجل حضور کو اسلام وقرآن کی طرف سے بہتر جزاعطا فرمائے میں نے کہا آمین پھر اس نے کہا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن حضور کی امت سے خوف دور کرے جس طرح حضور نے میرا خوف دور کیا میں نے کہا آمین پھر اس نے کہا اللہ جل وعلا حضور کی امت کے خون ان کے دشمنوں کے ہاتھوں سے محفوظ رکھے (کہ کفار کبھی استیصال نہ کرسکیں) جیسا حضور نے میرا خون بچایا میں نے کہا آمین پھر اس نے کہا اللہ سبحانہ امت والا کی سختی ان کے آپس میں نہ رکھے (باہمی خونریزی سے دور رہیں) اس پر میں نے گریہ فرمایا کہ یہ سب مرادیں میں نے اپنے رب عزوجل سے مانگ چکا اور اس نے مجھے عطا فرمادیں مگر یہ پچھلی منع فرمائی اور مجھے جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے اللہ عزوجل کی طرف سے خبر دی کہ میری امت کی فنا تلوار سے ہے قلم چل کا شدنی پر۔

اونٹ نے حضور کو سجدہ کیا

دو اونٹ مست ہو کر بگڑ گئے تھے کسی کو پاس نہ آنے دیتے مالکوں نے باغ میں بند کر دیئے تھے باغ جاڑتے تھے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور شکایت آئی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف

فرماہوئے دروازہ کھولنے کا حکم دیا مامور نے اندیشہ کیا مبادا حضور کو ایذا دیں فرمایا خوف نہ کر کھول دے کھول دیا ایک دروازے ہی کے پاس کھڑا تھا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھتے ہی سجدے میں گر پڑا حضور نے مہار ڈال کر حوالہ کیا دوسرا منتہائے باغ پر تھا جب وہاں تشریف لے گئے اس نے حضور کو دیکھتے ہی سجدہ کیا حضور نے اسے بھی باندھ کر سپرد فرمایا صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے یہ حال دیکھ کر عرض کی یـــا نبـــی اللـه تـسـجـد لک البهـائـم فـمـا لـلـه عندنا بک احسن من هذا اجرتنا من الضلالة و استنقذتنا من الهلكة افلا تاذن لنا بالسجود.

یارسول اللہ چوپائے تک حضور کو سجدہ کرتے ہیں تو اللہ کے لیے حضور کے ذریعہ سے ہمارے پاس جو کچھ ہے وہ تو اس سے بہت بہتر ہے حضور نے ہمیں گمراہی سے پناہ دی، حضور نے ہمیں ہلاکت سے نجات بخشی تو کیا حضور ہمیں اجازت نہیں دیتے کہ ہم حضور کو سجدہ کریں۔ اسے ابن قانع وابونعیم نے غیلان بن سلمۃ الثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

سورج ٹھہر گیا

طبرانی معجم کبیر میں بسند حسن سیدنا جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم امر الشمس فتاخرت ساعة من نهار.

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آفتاب کو حکم دیا کہ کچھ دیر چلنے سے باز رہ فوراً ٹھہر گیا۔

اقول: اس حدیث حسن کا واقعہ اس حدیث صحیح کے واقعہ عظیمہ سے جدا ہے جس میں ڈوبا ہوا سورج حضور کے لیے پلٹا ہے یہاں تک کہ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے نماز عصر کی خدمت گزاری محبوب باری صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں قضا ہوئی تھی، ادا فرمائی، امام اجل طحاوی وغیرہ اکابر نے اس حدیث کی تصحیح کی۔

الحمد للہ اسے خلافت رب العزت کہتے ہیں کہ ملک السماوات والارض میں ان کا حکم جاری ہے تمام مخلوق الٰہی کو ان کے لیے حکم اطاعت وفرماں برداری ہے وہ خدا کے ہیں اور جو کچھ خدا کا ہے سب ان کا ہے۔

چاند جھک جاتا جدھر انگلی اٹھاتے مہد میں

وہ محبوب اجل واکرم وخلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم جب دودھ پیتے تھے گہواہ میں چاند ان کی غلامی بجالاتا جدھر اشارہ فرماتے اسی طرف جھک جاتا۔ حدیث میں ہے سیدنا عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالٰی عنہما عم مکرم سید اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے حضور سے عرض کی مجھے اسلام پر باعث حضور کے ایک معجزے کا دیکھنا ہوا **رایتک فی المهد تناغی القمر و الیه باصبعک فحیث اشرت الیه مال.**

میں نے حضور کو دیکھا کہ حضور گہوارے میں چاند سے باتیں فرماتے جس طرف انگشت مبارک سے اشارہ کرتے چاند اسی طرف جھک جاتا، سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا **انی کنت احدثه و یحدثنی و یلهینی عن البکاء و اسمع و جبته حین یسجد تحت العرش.**

ہاں میں اس سے باتیں کرتا تھا وہ مجھ سے باتیں کرتا اور مجھے رونے سے بہلاتا میں اس کے گرنے کا دھماکہ سنتا تھا جب وہ زیر عرش سجدے میں گرتا۔ بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور امام شیخ الاسلام ابواسماعیل بن عبدالرحمٰن صابونی نے مائتین میں اور خطیب نے تاریخ بغداد میں اور ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں اسے روایت کیا۔ امام شیخ الاسلام صابونی فرماتے ہیں **فی المعجزات حسن** یہ حدیث معجزات میں حسن ہے۔

جب دودھ پیتوں کی یہ حکومت قاہرہ ہے تو اب کہ خلافت الکبریٰ کا ظہور عین شباب پر ہے آفتاب

کی کیا جان کہ ان کے حکم سے سرتابی کرے۔ آفتاب و ماہتاب در کنار، واللہ العظیم ملائکہ مدبرات الامر کہ تمام نظم ونسق عالم جن کے ہاتھوں میں ہے محمد رسول اللہ خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دائرۂ حکم سے باہر نہیں نکل سکتے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ارسلت الی الخلق کافه .

میں تمام مخلوق الٰہی کی طرف رسول بھیجا گیا۔ اسے مسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

قرآن فرماتا ہے :

تبرک الذی نزل الفرقان علی عبده لیکون للعالمین نذیرا.

برکت والا ہے وہ جس نے اتارا قرآن اپنے بندے پر کہ تمام اہل عالم کو ڈر سنانے والا ہو۔ اہل عالم میں جمع ملائکہ بھی داخل ہیں۔ علیہم الصلاۃ والسلام۔ (الامن والعلی)

استن حنانہ

استن حنانہ شریف میں علماء کا اختلاف ہے ایک روایت آئی ہے کہ حضور نے ارشاد فرمایا اگر تو چاہے تو تجھے باغ کے اندر پھر لگا دیا جائے تجھ میں پتے پھول آئیں یا جنت کا ایک پیڑ ہو جنت کے لوگ تجھ سے فائدہ اٹھائیں اس نے عرض کیا دنیا دار الفناء ہے میں نے دار الفناء پر دار البقاء کو اختیار کیا۔ حضور نے اس کو منبر کے نیچے دفن فرما دیا۔ حضرت مولانا رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں۔

آں ستوں را دفن کرد اندر زمین
تا چو مردم حشر یابد روز دیں

تابدانی ہر کرا یزداں بخواند
از ہمہ کار جہاں بیکار ماند

(الملفوظ حصہ سوم)

معجزۂ شق القمر

شق قمر یعنی چاند کا ٹکڑے کرنا معجزات میں روشن و تابندہ تر ہے کیوں کہ اس سے عالم علوی میں تصرف فرمایا گیا ہے جو کسی نبی سے واقع نہیں ہوا۔ یہ معجزہ قرآن کریم میں بھی بیان کیا گیا ہے چنانچہ فرمایا اقتربت الساعة و انشق القمر . (قیامت قریب آگئی اور چاند ٹکڑے ہوگیا) اس آیت کریمہ کا اشارہ دنیا میں اسی واقعہ کی طرف ہے اور مفسرین اس کی یہی تفسیر کرتے ہیں۔

رہا اس کا روز قیامت انشقاق پر محمول کرنا تو اس کا رد اللہ تعالیٰ کے اس قول سے کر دیتے ہیں و ان یرو آیة یعرضوا و یقولوا سحر مستمر (اگر وہ کوئی نشانی کو دیکھتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تو پرانا جادو ہے) اس لیے کہ کفار سحر مستمر روز قیامت کے لیے نہیں کہتے۔

حضور خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزات میں ''شق القمر'' کا معجزہ بہت ہی عظیم الشان اور فیصلہ کن معجزہ ہے۔ حدیثوں میں آیا ہے کہ کفار مکہ نے آپ سے یہ مطالبہ کیا کہ آپ اپنی نبوت کی صداقت پر بطور دلیل کے کوئی معجزہ اور نشانی دکھایئے، اس وقت آپ نے ان لوگوں کو شق القمر کا معجزہ دکھایا کہ چاند دو ٹکڑے ہو کر نظر آیا۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود و حضرت عبداللہ بن عباس و حضرت انس بن

مالک وحضرت جبیر بن مطعم وحضرت علی بن ابی طالب وحضرت عبداللہ بن عمر وحضرت حذیفہ بن یمان وغیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس واقعہ کی روایت کی ہے۔(مولف) (مدارج النبوۃ اول، سیرت المصطفیٰ)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

: شق القمر آدھی رات میں واقع ہوا تھا صحابہ بھی حضور کے ساتھ کم تھے، اس کی حدیث متواتر نہیں، قرآن عظیم سے استناد کیا جائے گا (اسی سلسلے میں فرمایا) فلسفہ میں توغل کی وجہ سے قاضی بیضاوی نے ایک اور تاویل نکالی انھوں نے لکھا ای سینشق یعنی قیامت کے دن شق ہو جائے گا چوں کہ یقنی الوقوع ہے اس لیے بصیغۂ ماضی فرمایا گیا لیکن اس تاویل کو خود آگے کی آیت رد فرماتی ہے و ان یروا آیة یعرضوا و یقولوا سحر مستمر.

اور اگر وہ دیکھیں معجزہ کو تو اعتراض کریں گے اور کہیں گے یہ بڑا زبردست جادو ہے۔قیامت کے دن کوئی اعتراض کرنے والا نہ ہوگا اس دن کیوں کر کوئی کہہ سکتا ہے کہ جادو ہے۔شاہ ولی اللہ نے تفہیمات الٰہیہ میں لکھا ہے کہ شق القمر کوئی معجزہ نہیں محض اس وجہ سے کہہ دیا جائے کہ حضور نے خبر دی تھی چاند شق ہو جائے گا اور یہ محض غلط ہے۔صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی حدیثیں اس کو مردود کر رہی ہیں۔

حدیث میں مصرح ہے کہ حضور نے انگشت شہادت سے اشارہ فرمایا اور وہ شق ہوا اور ارشاد فرمایا اللھم اشھد اے اللہ گواہ ہو جا، اس کی احادیث مشہورہ ہیں اور ان سے اجماع مسلمین لاحق ہو گیا۔

(الملفوظ حصہ چہارم)

درخت آپس میں مل گئے

جس طرح تمام حیوانات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مطیع ومنقاد تھے اسی طرح آپ کی فرماں برداری وطاعت میں نباتات بھی ہیں۔(مولف) (مدارج النبوۃ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا حضور کو قضائے حاجت کی ضرورت ہوئی۔ دو متفرق پیڑ الگ الگ کھڑے تھے اور کچھ ادھر ادھر پڑے تھے حضور نے ارشاد فرمایا اے جابر ان پیڑوں اور پتھروں سے جا کر کہہ دو کہ رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کا حکم ہے کہ تم آپس میں مل جاؤ، حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جا کر فرمایا دونوں پیڑوں نے جنبش کی اور اپنے تمام رگ و ریشہ زمین سے نکالے ایک ادھر سے چلا اور دوسرا ادھر سے اور دونوں مل گئے۔ اور پتھروں نے ایک دیوار کی مثل ہو کر اڑنا شروع کیا۔ اور درختوں کے پاس آ کر کھڑے ہو گئے پھر حضور وہاں تشریف لے گئے اور قضائے حاجت فرمائی۔ جب فارغ ہو کر تشریف لائے میں گیا اس قصد سے کہ جو کچھ خارج ہوا ہو اس کو کھاؤں وہاں کچھ نہ تھا البتہ اس جگہ مشک کی خوشبو آ رہی تھی۔ فرمایا ان پیڑوں اور پتھروں سے کہو اپنی اپنی جگہ چلے جاؤ وہ اپنی اپنی جگہ چلے گئے میں نے عرض کیا کہ حضور میں اس نیت سے گیا تھا کہ جو کچھ ملے اس کو تبرکاً کھاؤں وہاں سوائے مشک کی خوشبو کے اور کچھ نہ پایا فرمایا کیا تم کو معلوم نہیں کہ زمین نگل لیتی ہے جو انبیاء سے خارج ہوتا ہے۔ (امام احمد رضا نے پھر مسکرا کر فرمایا) جو اچھی چیز ہوتی ہے اس کو زمین ہی نہیں چھوڑتی۔

(پھر فرمایا) سب انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام طاہر محض ہیں اور جو شیٔ اُن سے علاقہ رکھنے والی ہے سب طاہر، ہاں ان کے فضلات خود ان کے حق میں ایسے ہی نجس ہیں جیسے ہمارے نزدیک ہمارے فضلات نجس ہیں۔ اور اگر ان سے کوئی فضلہ خارج ہو جو ہمارے لیے ناقض وضو ہے تو بیشک ان کا وضو بھی ٹوٹ جائے گا۔

(پھر فرمایا) میری نظر میں امام ابن حجر عسقلانی شارح صحیح بخاری کی وقعت ابتداءً امام بدرالدین محمود عینی شارح صحیح بخاری سے زیادہ تھی، فضلات شریفہ کی طہارت کی بحث ان دونوں صاحبوں نے کی ہے۔ امام ابن حجر نے ابحاث محدثانہ لکھی ہیں کہ یوں کہا جاتا ہے اور اس پر یہ اعتراض ہے یوں کہا جاتا ہے

اوراس پر یہ اعتراض ہے۔ اخیر میں لکھا ہے کہ فضلات شریفہ کی طہارت ان کے نزدیک ثابت نہیں۔

امام عینی نے بھی شرح بخاری میں اس بحث کو بہت بسط سے لکھا ہے آخر میں لکھتے ہیں کہ یہ سب کچھ ابحاث ہیں جو شخص طہارت کا قائل ہو اس کو میں مانتا ہوں اور جو اس کے خلاف کہے اس کے لیے میرے کان بہرے ہیں میں سنتا نہیں۔ یہ لفظ ان کی کمال محبت کو ثابت کرتا ہے اور میرے دل میں ایسا اثر کر گیا کہ ان کی وقعت بہت ہوگئی۔

پہاڑ نے حضور کو آواز دی

ابتدائے اسلام میں کفار سخت دشمن تھے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لیے جارہے تھے راہ میں ایک پہاڑ پر تشریف لے جانے کا ارادہ فرمایا پہاڑ سے آواز آئی حضور مجھ پر تشریف نہ لائیں کہ مجھ پر کوئی جگہ امن کی نہیں مجھے خوف ہے کہ اگر کفار نے حضور کو مجھ پر پالیا اور ایذا دی تو اللہ مجھ پر وہ سخت عذاب نازل کرے گا کہ کبھی نہ نازل کیا ہوگا۔ سامنے دوسرا پہاڑ تھا اس نے آواز دی إلی یا رسول الله. یارسول اللہ حضور میری طرف تشریف لائیں، سرکار اس پر تشریف لے گئے۔ (الملفوظ حصہ چہارم)

زوجین میں الفت ہوگئی

بیہقی ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

ان امراء شكت زوجها النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال اتبغضنيه قالت نعم قال ادنيا روسكما فوضع جبهتها علی جبهة زوجها ثم قال اللهم الف بينهما و حبب احدهما الی صاحبه ثم لقيته المراء ة بعد ذلک فقبلت رجليه فقال كيف انت و زوجک قالت ما طارف ولا تالد و لا ولد باحب الی منه فقال اشهد انی رسول الله قال عمر و انا اشهد انک رسول الله.

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک عورت نے اپنے شوہر کی شکایت کی حضور نے فرمایا کیا تم اس کو مبغوض رکھتی ہو یعنی برا جانتی ہو عرض کی ہاں، حضور نے فرمایا دونوں اپنے اپنے سر میرے قریب لاؤ پھر حضور نے عورت کی پیشانی کو اس کے شوہر کی پیشانی پر رکھا اور فرمایا اے اللہ ان دونوں کے درمیان محبت والفت استوار فرمادے۔ پھر کچھ دنوں کے بعد عورت نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ملاقات کی اور قدمان مبارک کو بوسہ دیا۔ حضور نے فرمایا کہ تم اور تمھارے شوہر کیسے ہو عرض کی کوئی نیا اور کہنہ اور کوئی لڑکا مجھے ان سے زیادہ محبوب نہیں ہے۔ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں گواہی دیتا ہوں بیشک میں اللہ کا رسول ہوں، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا اور میں بھی گواہی دیتا ہوں کہ آپ یقیناً اللہ کے رسول ہیں۔ (مولف)

درخت نے حضور کو سلام کیا

حاکم مستدرک میں سند صحیح سے راوی :

ان رجلا اتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال یا رسول الله ارنی شیئا ازداد به یقینا فقال اذهب الی تلک الشجرة فادعها فذهب الیها فقال ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یدعوک فجاء ت حتی سلمت علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال لها ارجعی فرجعت قال ثم اذن فقبل راسه و رجلیه و قال لو کنت آمرا احدا ان یسجد لاحد لامرت المراء ة ان تسجد لزوجها.

ایک آدمی نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آ کر عرض کیا یا رسول اللہ مجھے کچھ ایسی چیز دکھایئے کہ میرا یقین بڑھے، حضور نے فرمایا کہ جاؤ اس درخت کو بلا لاؤ اس شخص نے اس درخت کے پاس جا کر کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تجھے بلا رہے ہیں وہ درخت آیا اور حضور کو سلام کیا حضور

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے درخت سے فرمایا جاؤ واپس جاؤ اس شخص نے حضور سے ہاتھ پاؤں چومنے کی اجازت مانگی پھر اس نے حضور کے سر مبارک اور قدمان مبارک کا بوسہ دیا۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں کسی کے لیے سجدہ کا حکم کرتا تو عورت کو حکم فرماتا کہ وہ شوہروں کو سجدہ کریں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ [illegible] ۲۶)

ہرنی کی رہائی

حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جنگل میں تشریف رکھتے تھے کہ کسی کے پکارنے کی آواز آئی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیکھا کسی کو نہ پایا پھر نظر فرمائی تو ایک ہرنی بندھی ہوئی پائی اور اس نے عرض کی ادن منی یا رسول اللہ یارسول اللہ حضور میرے پاس تشریف لائیں رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہرنی کے قریب تشریف لے گئے فرمایا تیری کیا حاجت ہے عرض کی

ان لی ولدین فی هذا الجبل فتحلنی حتی ارضعهما ثم ارجع الیک .

اسی پہاڑ میں میرے دو بچے ہیں حضور مجھے کھول دیں کہ میں جا کر انھیں دودھ پلاؤں پھر حضور کے پاس حاضر ہو جاؤں گی، حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تو اپنا وعدہ سچا کرے گی ہرنی عرض کی غدبنی الله عذاب العشار ان لم افعل .

میں ایسا نہ کروں تو اللہ تعالیٰ مجھ پر ان لوگوں کا عذاب کرے جو ظلماً لوگوں سے مال تحصیلتے تھے۔

رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے کھول دیا وہ گئی بچوں کو دودھ پلا کر واپس آئی۔ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے پھر باندھ دیا۔ وہ بادیہ نشیں جس نے یہ ہرنی باندھی تھی ہوشیار ہوا اور عرض کی کہ یارسول اللہ حضور کا کوئی کام ہے کہ میں بجالاؤں فرمایا ہاں کہ تو اس ہرنی کو چھوڑ دے اس نے چھوڑ دی وہ ہرنی دوڑتی ہوئی یہ کہتی ہوئی چلی گئی کہ اشهد ان لا اله الا الله و انک رسول الله میں گواہی دیتی

ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور یہ کہ بیشک آپ اللہ کے رسول ہیں۔ یہ حدیث طبرانی نے معجم کبیر میں حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹ ص ۱۸۹)

قرض کی ادائیگی

صحیح بخاری شریف میں جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے میرے والد عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہت قرض اور تھوڑے خرمے چھوڑ کر شہید ہوئے پس نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی حضور کو معلوم ہے کہ میرے باپ احد میں شہید ہوئے اور بہت قرض چھوڑ گئے ہیں میں چاہتا ہوں کہ حضور قدم رنجہ فرمائیں کہ قرض خواہ حضور کو دیکھیں یعنی شاید حضور کے خیال سے اپنے مطالبہ میں کمی کر دیں ارشاد فرمایا جاؤ ہر قسم کے چھوہاروں کے الگ الگ ڈھیر لگاؤ پھر تشریف فرما ہوئے قرض خواہوں نے حضور کو دیکھا مجھ سے نہایت سخت تقاضے کرنے لگے کہ اس سے پہلے ایسا کبھی نہ کیا تھا یعنی ان کے خیال کے برعکس ہوا حضور کے تشریف لے جانے سے قرض خواہ اپنا پلہ بھاری سمجھے کہ حضور ضرور ہمارا پورا حق دلا دیں گے۔ جب حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ حال ملاحظہ فرمایا **فطاف حول اعظمها بيدرا ثلث مرات ثم جلس عليه.**

حضور نے ان سب میں بڑے ڈھیر کے گرد تین بار طواف فرمایا اور اس پر تشریف رکھی پھر ناپ ناپ کر انھیں دینا شروع فرمایا **حتی ادی الله عن والدی امانة و سلم الله السيار كلها**

یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرے باپ کا سب قرض ادا کر دیا اور سب ڈھیر سلامت بچ رہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۳۴۳)

حضرت جابر کی دعوت

جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے غزوۂ خندق میں حضور اقدس اور سیدنا صدیق اکبر

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعوت کی اور دو صاحبوں کے قابل کھانا پکایا جب یہ دعوت کو عرض کرنے گئے ہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بآواز بلند ارشاد فرمایا کہ اہل خندق، جابر تمھاری ضیافت کرتا ہے وہ ایک ہزار صحابہ کرام تھے، رضی اللہ تعالیٰ عنہم، اور جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا جب تک ہم تشریف نہ لائیں کھانا نہ اتارا جائے۔ او کما قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھبرائے ہوئے اپنے گھر تشریف لائے اور اپنی زوجہ مقدسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حال بیان کیا کہ یہاں دو ہی آدمی کے قابل کھانا ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع ایک ہزار صحابہ کے تشریف لاتے ہیں ان بی بی نے کہا آپ کو اس کی فکر کیا ہے جو لاتے ہیں وہی سامان فرمانے والے ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے آٹے اور ہانڈی میں لعاب دہن اقدس ڈالا اور ارشاد فرمایا کہ روٹی پکانے والی بلالو اور ہانڈی چولھے پر رہنے دو۔ اس قلیل آٹے اور گوشت سے ایک ہزار صحابہ کو پیٹ بھر کر کھلا دیا اور ہانڈی ویسا ہی جوش مارتی رہی اور آٹا ذرا کم نہ ہوا۔ (فتاویٰ رضویہ، ج۹، ص۳۸۰)

جانور نے حضور کو سجدہ کیا

بزار نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی:

قال دخل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حائطا فجاء بعیر فسجد له فقالوا ھذه بھیمة لا تعقل سجدت لک و نحن نعقل فنحن احق ان نسجد لک فقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یصلح لبشر ان یسجد لبشر لو صلح لامرت المراۃ ان تسجد لزوجھا لماله من الحق علیھا.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک باغ میں تشریف لے گئے ایک اونٹ نے حاضر ہو کر حضور کو سجدہ کیا صحابہ نے عرض کی یہ بے عقل چوپایہ ہے اس نے حضور کو سجدہ کیا ہم تو عقل رکھتے ہیں ہم زیادہ

لائق ہے کہ حضور کو سجدہ کریں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آدمی کو لائق نہیں کہ آدمی کو سجدہ کرے ایسا مناسب ہوتا تو میں عورت کو فرماتا کہ شوہر کو سجدہ کرے اس حق کے سبب جو اس کا اس پر ہے۔

امام جلال الدین سیوطی نے مناہل الصفاء میں فرمایا اس حدیث کی سند حسن ہے۔

احمد و نسائی و بزار و ابو نعیم انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال كان اهل بيت من الانصار لهم جمل يسنون عليه و انه استصعب عليهم (فذكر القصة الى قوله) فلما نظر الجمل الى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خر ساجدا بين يديه فقال له اصحابه يا رسول الله هذه بهيمة لا تعقل تسجد لك و نحن نعقل فنحن احق ان نسجد لك قال لا يصلح لبشر ان يسجد لبشر و لو صلح ان يسجد بشر لبشر لامرت المرأة ان تسجد لزوجها من عظم حقه عليها و عند النسائى مختصر.

یعنی انصار میں ایک گھر کا آب کشی کا اونٹ بگڑ گیا کسی کو پاس نہ آنے دیتا کھیتی اور کھجوریں پیاسی ہوئیں سرکار میں شکایت عرض کی صحابہ سے ارشاد ہوا چلو باغ میں تشریف فرما ہوں اونٹ اس کنارے تھا حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی طرف چلے انصار نے عرض کی یا رسول اللہ وہ بورانے کتے کی طرح ہو گیا ہے مبادا حملہ کرے فرمایا ہمیں اس کا اندیشہ نہیں اونٹ حضور کو دیکھ کر چلا اور قریب آ کر حضور کے لیے سجدہ میں گرا حضور نے اس کے ماتھے کے بال پکڑ کر کام میں دے دیا بکری کی طرح ہو گیا۔ آگے وہی ہے کہ صحابہ نے عرض کی ہم تو ذی عقل ہیں، ہم زیادہ مستحق ہیں کہ حضور کو سجدہ کریں فرمایا آدمی کو لائق نہیں کہ کسی بشر کو سجدہ کرے ورنہ میں عورت کو مرد کے سجدے کا حکم فرماتا۔

امام منذری نے کہا اس حدیث کی سند جید ہے اور اس کے راوی مشاہیر ثقہ امام احمد و بزار و ابو نعیم

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال دخل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حائطا للانصار و معہ ابو بکر و عمر فی رجال من الانصار و فی الحائط غنم فسجدن لہ فقال ابو بکر یا رسول اللہ کنا نحن احق بالسجود لک من ھذہ الغنم قال انہ لا ینبغی فی امتی ان یسجد احد لاحد و لو کان ینبغی ان یسجد احد لاحد لامرت المراء ۃ ان تسجد لزوجھا.

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انصار کے ایک باغ میں تشریف فرما ہوئے صدیق وفاروق اور کچھ انصار رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہمراہ رکاب تھے باغ میں بکریاں تھیں انھوں نے حضور کو سجدہ کیا صدیق نے عرض کی یا رسول اللہ ان بکریوں سے ہم زیادہ حقدار ہیں اس کے کہ حضور کو سجدہ کریں، فرمایا بیشک میری امت میں نہ چاہیئے کہ کوئی کسی کو سجدہ کرے اور ایسا مناسب ہوتا تو میں عورت کو شوہر کے سجدے کا حکم فرماتا۔

ملا علی قاری نے شرح شفا امام قاضی عیاض میں کہا اس حدیث کی سند صحیح ہے۔ علامہ خفاجی نے ''نسیم الریاض'' میں کہا یہ حدیث صحیح ہے۔

بیہقی و ابونعیم دلائل النبوۃ میں عبد اللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

بینما نحن قعود مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا اتاہ آت فقال یا رسول اللہ ناضح آل فلان قد ابق علیھم فنھض رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (فذکر القصۃ و فیہ سجود البعیر لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) قال فقال اصحابہ یا رسول اللہ بھیمۃ من البھائم تسجد لک لتعظیم حقک فنحن احق ان نسجد لک قال لا لو کنت آمرا احدا من امتی ان یسجد بعضھم لبعض لامرت النساء ان یسجدن لازواجھن.

ہم خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر تھے کسی نے آ کر عرض کی فلاں گھر کا شتر آب کش بے قابو ہوگیا حضور اٹھے اور ہم ہمراہ رکاب اٹھے ہم نے عرض کی حضور اس کے پاس نہ جائیں حضور تشریف لے گئے اونٹ کی نظر جمال انور پر پڑنا اور اس کا سجدے میں گرنا صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ ایک چوپایہ تو حضور کی تعظیم حق کے لیےء حضور کو سجدہ کرے ہم زیادہ اس کے لائق ہیں کہ حضور کو سجدہ کریں فرمایا نہیں۔ اگر میں اپنی امت میں ایک دوسرے کو سجدہ کا حکم دیتا تو عورتوں کو فرماتا کہ شوہروں کو سجدہ کریں۔

احمد مسند اور حاکم مستدرک اور طبرانی جامع کبیر اور بیہقی وابونعیم دلائل النبوۃ اور بغوی شرح سنہ میں یعلی بن مرہ ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال خرج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوما فجأ بعیر یرغو حتی سجد لہ فقال المسلمون نحن احق ان نسجد للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال لو کنت آمرا احدا ان یسجد بغیر اللہ تعالیٰ لامرت المراء ۃ ان تسجد لزوجھا. الحدیث.

ایک روز حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر تشریف لیے جاتے تھے ایک اونٹ بولتا ہوا آیا قریب آ کر حضور کو سجدہ کیا مسلمانوں نے کہا ہمیں تو زیادہ لائق ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ کریں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں کسی کو غیر خدا کے سجدے کا حکم دیتا تو عورت کو فرماتا کہ شوہر کو سجدہ کرے۔

جانتے ہو یہ اونٹ کیا کہتا ہے یہ کہہ رہا ہے کہ اس نے چالیس برس اپنے آقاؤں کی خدمت کی جب بوڑھا ہوا انھوں نے اس کا چارہ کم اور کام زیادہ کر دیا اب کہ ان کے یہاں شادی ہے چھری لی کہ حلال کریں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے مالکوں سے فرما بھیجا کہ اونٹ یہ شکایت کرتا ہے

انھوں نے عرض کی یا رسول اللہ وہ سچ کہتا ہے فرمایا تو میں چاہتا ہوں کہ تم اسے میری خاطر چھوڑ دو انھوں نے چھوڑ دیا۔

مطالع المسرات میں کہا اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

مسند میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے:

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان فى نفر من المهاجرين و الانصار فجا بعير فسجد له فقال له اصحابه يا رسول الله تسجد لک البهائم و الشجر فنحن احق ان نسجد لک فقال اعبدوا ربكم و اكرموا اخاكم ولو كنت آمرا احدا ان يسجد لاحد لامرت المرأة ان تسجد لزوجها.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک جماعت مہاجرین وانصار میں تشریف فرما تھے کہ ایک اونٹ نے آکر حضور کو سجدہ کیا صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ چوپائے اور درخت حضور کو سجدہ کرتے ہیں تو ہم تو زیادہ مستحق ہیں کہ حضور کو سجدہ کریں فرمایا اللہ کی عبادت کرو اور ہماری تعظیم، اگر میں کسی کو کسی کے سجدہ کا حکم کرتا تو عورت کو حکم دیتا کہ شوہر کو سجدہ کرے۔

اس حدیث کا صرف اخیر ٹکڑا کہ اگر میں کسی کو سجدہ کا حکم کرتا تو عورت کو سجدۂ شوہر کا، سنن ابن ماجہ میں بھی ہے اور اسی قدر ترغیب میں، ابن حبان اور درمنثور ابوبکر بن ابی شیبہ کی طرف نسبت کیا۔

ابونعیم دلائل میں ثعلبہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال اشترى انسان من بنى سلمة جملا ينضح عليه فادخله فى مربد فجرد كيما يحمل فلم يقدر احد ان يدخل عليه الا تخبطه فجاء رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فذكر له ذلک فقال افتحوا عنه فقالوا انا نخشى عليک يا رسول الله قال

افتحوا عنه ففتحوا فلما راه الجمل خر ساجدا فسبح القوم و قالوا یا رسول الله کنا احق بالسجود من هذه البهیمة قال لو ینبغی لشی من الخلق ان یسجد لشی دون الله لینبغی للمرأة ان تسجد لزوجها.

بنی سلمہ میں کسی نے ایک اونٹ آب کشی کو خرید کر سار مین کر دیا جب اسے لادنا چاہا جو پاس جاتا اس پر حملہ کرتا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جلوہ افروز ہوئے سرکار میں یہ حال معروض ہوا ارشاد ہوا دروازہ کھولو، عرض کی حضور اندیشہ ہے فرمایا کھولو، کھول دیا اونٹ کی نگاہ جمال انور پر پڑی تھی کہ حضور کے لیے سجدہ میں گرا حاضرین میں سبحان اللہ سبحان اللہ کا شور پڑ گیا پھر عرض کی یا رسول اللہ ہم تو اس چوپائے سے زیادہ سجدہ کرنے کے سزاوار ہیں۔ فرمایا اگر مخلوق میں کسی کو کسی غیر خدا کے لیے سجدہ مناسب ہوتا تو عورت کو چاہیئے تھا کہ شوہر کو سجدہ کرے۔

ابونعیم غیلان بن سلمہ ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال خرجنا مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی بعض اسفاره فرأینا منه عجبا من ذلک انا مضینا فنزلنا منزلا فجاء رجل فقال یا نبی الله انه کان لی حائط فیه عیشی و عیش عیالی و لی فیه ناضحان فاغتلما علی فمنعانی انفسهما و حائطی و ما فیه لا یقدر احد ان یدنو منهما فنهض نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم باصحابه حتی اتی الحائط فقال لصاحبه افتح فقال یا نبی الله امرهما اعظم من ذلک قال افتح فلما حرک الباب اقبلا لهما جلبة کخفیف الریح فلما انفرج الباب ونظرا الی نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم برکا ثم سجدا فاخذ نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم براسهما ثم دفعهما الی صاحبهما فقال استعملهما و احسن علفهما فقال القوم یا نبی الله تسجد لک البهائم فالاء الله عندنا بک احسن حین هدانا الله من الضلالة و استنقذنا بک

من المهالک افلا تأذن لنا فی السجود لک فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان السجود لیس لی الا للحی الذی لا یموت و لو انی آمر احدا من ھذہ الامۃ بالسجود لامرت المراء ۃ ان تسجد لزوجھا.

ہم ایک سفر میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رکاب انور میں تھے ہم نے ایک عجب دیکھا ایک منزل میں اترے وہاں ایک شخص نے حاضر ہوکر عرض کی یا نبی اللہ میرا ایک باغ ہے کہ میری اور میرے عیال کی وہی وجہ معاش ہے اس میں میرے دو شتر آب کش تھے دونوں مست ہوگئے ہیں نہ اپنے پاس آنے دیں نہ باغ میں قدم رکھنے دیں کسی کی طاقت نہیں کہ قریب جائے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع صحابہ کرام اٹھ کر اس کے باغ کو گئے فرمایا کھول دے عرض کی یا نبی اللہ ان کا معاملہ اس سے سخت تر ہے، فرمایا کھول، دروازے کو جنبش ہونی تھی کہ دونوں شور کرتے ہوا کی طرح جھپٹے دروازہ کھلا اور انھوں نے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا فوراً سجدے میں گر پڑے حضور نے ان کے سر پکڑ کر مالک کے سپرد کر دیئے اور فرمایا ان سے کام لے اور چارہ بخوبی دے، حاضرین نے عرض کی یا نبی اللہ چوپائے حضور کو سجدہ کرتے ہیں تو حضور کے سبب ہم پر اللہ کی نعمت تو بہتر ہے، اللہ نے گمراہی سے ہم کو راہ دکھائی اور حضور کے ہاتھوں پر ہمیں دنیا و آخرت کے مہلکوں سے نجات دی کیا حضور ہم کو اجازت نہ دیں گے کہ ہم حضور کو سجدہ کریں؟ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک میرے لیے نہیں وہ تو اسی زندہ کے لیے ہے جو کبھی نہ مرے گا میں امت میں کسی کو سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو سجدۂ شوہر کا۔

طبرانی کبیر میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

ان رجلا من الانصار کان لہ فحلان فاغتلما فادخلھما حائطا فسد علیھما الباب ثم جاء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاراد ان یدعو لہ و النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قاعد معہ نفر من الانصار (فساق الحدیث و فیہ) فقال افتح ففتح

فاذا احد الفحلين قريبا من الباب فلما رأى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم سجد له فشد رأسه و امكنه منه ثم مشى الى اقصى الحائط الى الفحل الآخر فلما راه وقع له ساجدا فشد رأسه و امكنه منه و قال اذهب فانهما لا يعصيانک و فيه قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا آمر احدا ان يسجد لاحد و لو امرت احدا ان يسجد لاحد لامرت المرأة ان تسجد لزوجها.

اس میں بھی حدیث ہشتم کی طرح دو اونٹوں کا مست ہونا ہے وہ سفر کا قصہ تھا اس میں یہ ہے کہ ان کے مالک انصاری دعا کرانے آئے کہ اللہ تعالیٰ ان اونٹوں کو مسخر فرمادے اور حضور تشریف لے گئے دروازہ کھلوایا، ایک دروازہ کے قریب تھا دیکھتے ہی سجدے میں گرا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باندھ کر حوالۂ مالک کیا، پھر منتہائے باغ پر تشریف لے گئے دوسرا وہاں ملا اس نے بھی سجدہ کیا اسے بھی باندھ کر حوالہ کیا اور درخواست سجدہ پر ارشاد ہوا میں کسی کو کسی کے سجدہ کے لیے نہیں فرماتا ایسا فرماتا ہوتا تو عورت کو سجدۂ شوہر کا حکم کرتا۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ تغایر سیاق دلیل ہے کہ یہ جدا واقعہ ہے۔

عبداللہ بن حمید وابوبکر بن ابی شیبہ ودارمی واحمد و بزار و بیہقی جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

و هذا لفظ الدارمى فى حديث طويل مشتمل على معجزات قال خرجت مع النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى سفر)فذكر معجزتين الى ان قال) ثم سرنا و رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بيننا كانما علينا الطير تظلنا فاذا جمل فار حتى اذا كان بين سماطين خر ساجدا (ثم ساق الحديث الى ان قال) قال المسلمون عند

ذلک یا رسول اللہ نحن احق بالسجود لک من البھائم قال لا ینبغی لشیٔ ان یسجد لشی و لو کان ذلک کان النساء لازواجھن.

میں ایک سفر میں ہمراہ رکاب والا تھا قضائے حاجت کے لیے پردے کی ضرورت تھی دو پیڑ چار گز کے فاصلے سے تھے مجھ سے فرمایا اے جابر اس پیڑ سے کہہ دے کہ دوسرے سے مل جا فوراً مل گئے بعد فراغ اپنی اپنی جگہ چلے گئے۔ پھر سوار ہوا راہ میں ایک عورت اپنا بچہ لیے ملی عرض کی یارسول اللہ اسے ہر روز تین دفعہ شیطان دباتا ہے۔ بچہ اس سے لے کر تین بار فرمایا دور ہوائے خدا کے دشمن میں اللہ کا رسول ہوں پھر بچہ اس کی ماں کو دے دیا جب ہم پلٹتے ہوئے اسی منزل میں پہنچے وہی بی بی اپنا بچہ اور دو دنبے لیے حاضر ہوئی عرض کی یارسول اللہ میرا ہدیہ قبول فرمائیں قسم اس کی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا کہ جب سے بچے کو خلل نہ ہوا حضور نے فرمایا ایک دنبہ لے لو ایک پھیر دو پھر ہم چلے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے بیچ میں تھے گویا ہمارے سروں پر پرندے سایہ کیے ہیں۔ ناگاہ ایک اونٹ چھوٹا ہوا آیا جب دونوں قطاروں کے بیچ میں ہوا سجدہ کیا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس کا مالک حاضر ہو کچھ انصاری جوان حاضر ہوئے کہ یارسول اللہ یہ ہمارا ہے فرمایا اس کا کیا قصہ ہے عرض کی بیس برس سے ہم نے اس پر آب کشی نہ کی یہ فربہ چربی دار ہے۔ اب چاہا کہ اسے حلال کر کے بانٹ لیں یہ ہم سے چھوٹ آیا۔ فرمایا یہ ہمارے ہاتھ فروخت کر دو عرض کی بلکہ یارسول اللہ وہ حضور کی نذر ہے فرمایا میرا ہے تو اس کے مرتے دم تک اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو یہ دیکھ کر مسلمانوں نے عرض کی یارسول اللہ چوپایوں سے زیادہ ہمیں لائق ہے کہ حضور کو سجدہ کریں۔ فرمایا کسی کو کسی کا سجدہ مناسب نہیں ورنہ عورتیں شوہروں کو کرتیں۔

امام جلیل سیوطی نے مناہل میں فرمایا اس حدیث کی سند صحیح ہے، امام قسطلانی نے مواہب شریف اور علامہ فاسی نے مطالع میں فرمایا جید ہے زرقانی نے کہا اس کے سب راوی ثقہ ہیں۔

درخت بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا

بزار مسند اور حاکم مستدرک اور ابونعیم دلائل اور امام فقیہ ابواللیث تنبیہ الغافلین میں باسانید خود ہا بریدہ بن الحصیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

و اللفظ لابی نعیم قال جاء اعرابی الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ قد اسلمت فارنی شیئا ازداد بہ یقینا فقال ماالذی ترید قال ادع تلک الشجرۃ ان تاتیک قال اذھب فادعھا فاتاھا الاعرابی فقال اجیبی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فمالت علی جانب من جوانبھا فقطعت عروقھا ثم مالت علی الجانب الآخر فقطعت عروقھا حتی اتت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقالت السلام علیک یا رسول اللہ فقال الاعرابی حسبی حسبی فقال لھا النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارجعی فرجعت فجلست علی عروقھا و فروعھا فقال الاعرابی ائذن لی یا رسول اللہ ان اقبل راسک و رجلیک ففعل ثم قال ائذن لی ان اسجد لک قال لا یسجد احد لاحد و لو امرت احدا ان یسجد لاحد لامرت المراۃ ان تسجد لزوجھا لعظم حقہ علیھا .

ولفظ الفقیہ قال اتاذن لی ان اسجد لک قال لا تسجد لی و لا یسجد احد لاحد من الخلق و لو کنت آمرا احدا بذلک لامرت المراۃ ان تسجد لزوجھا تعظیما لحقہ .

ایک اعرابی نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی یارسول اللہ میں اسلام لایا ہوں مجھے کچھ ایسی چیز دکھائیے کہ میرا یقین بڑھے فرمایا کیا چاہتا ہے۔ عرض کی حضور اس درخت کو بلائیں

کہ حضور میں حاضر ہو، فرمایا جا بلا، وہ اعرابی درخت کے پاس گئے اور کہا تجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یاد فرماتے ہیں وہ فوراً ایک طرف کو اتنا جھکا کہ ادھر کے ریشے ٹوٹ گئے پھر ادھر اتنا جھکا کہ ادھر کے ریشے ٹوٹ گئے پھر چلا اور حضور انور میں حاضر ہو کر صاف زبان سے کہا سلام حضور پر اے اللہ کے رسول، اعرابی نے کہا مجھے کافی مجھے کافی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے درخت سے فرمایا پلٹ جا، فوراً واپس ہوا اور انھیں ریشوں پر مع شاخوں کے بدستور جم گیا۔ اعرابی نے عرض کی یا رسول اللہ مجھے اجازت عطا ہو کہ سر اقدس اور دونوں پائے مبارک کو بوسہ دوں حضور نے اجازت دی، پھر عرض کی اجازت عطا ہو کہ حضور کو سجدہ کروں فرمایا مجھے سجدہ نہ کرنا مخلوق میں کوئی کسی کو سجدہ نہ کرے میں کسی کے لیے اس کا حکم کرتا تو عورت کو حکم فرماتا کہ حق شوہر کی تعظیم کے لیے اسے سجدہ کرے۔

حاکم نے کہا یہ حدیث صحیح ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹ ص ۴۸۰ تا ۴۸۴۔ زبدۃ الزکیۃ)

دل کے اشعار

حدیث میں ہے ایک شخص حاضر خدمت ہو کر عرض رساں ہوئے ان ابیہ یرید ان یاخذ ماله .

یا رسول اللہ میرے باپ میرا مال لے لینا چاہتے ہیں، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ادعـه لی . انھیں ہمارے حضور میں حاضر لاؤ، جب حاضر ہوئے ان سے ارشاد ہوا تمھارا بیٹا کہتا ہے تم اس کا مال لے لینا چاہتے ہو عرض کی حضور اس سے پوچھ دیکھیں کہ میں وہ مال لے کر کیا کرتا ہوں، یہی اس کی مہمانی اور اس کی قرابتی میں یا میرا اور میرے بال بچوں کا خرچ، اتنے میں جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس مرد پیر نے اپنے دل میں کچھ اشعار تصنیف کیے ہیں جو ابھی خود اس کے کان نے نہیں سنے ہیں یعنی ہنوز زبان تک نہ لایا، حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے اپنے دل میں کچھ اشعار تصنیف کیے ہیں جو ابھی تمھارے کان نے بھی نہ سنے، وہ سناؤ

ان صاحب نے عرض کی واللہ ہمیشہ حضور کے معجزات سے ہمارے دل کی نگاہ ہمارا یقین بڑھاتی ہے۔ پھر یہ اشعار عرض کرنے لگے۔

غذوتک مولودا و منتک یافعا	تعل بما احنی علیک و تنہل
اذا لیلة ضاقتک بالسقم لم ابت	لسقمک الا ساھرا اتململ
تخاف الردی نفسی علیک و انھا	لتعلم ان الموت حتم موکل
کانی انا المطروق دونک بالذی	طرقت بہ دونی فعینی تھمل
فلما بلغت السن و الغایة التی	الیک مراما فیک کنت اومل
جعلت جزائی غلظة و فظاظة	کانک انت المنعم المتفضل
فلیتک اذا لم ترع حق ابوتی	فعلت کما الجار المجاور یفعل
و اولیتنی حق الجوار و لم تکن	علی بما لی دون مالک تبخل

میں نے تجھے غذا پہنچائی جب سے تو پیدا ہوا اور تیرا بار اٹھایا جب سے تو ننھا ہوا میری کمائی سے تو بار بار مکرر سیراب کیا جاتا، جب کوئی رات بیماری کا غم لے کر تجھ پر اترتی میں تیری ناسازی کے باعث جاگ کر، لوٹ کر صبح کرتا، میرا جی تیرے مرنے سے ڈرتا حالاں کہ اسے خوب معلوم تھا کہ موت یقینی ہے اور سب پر مسلط کی گئی ہے، میری آنکھیں یوں بہتیں کہ گویا وہ مرض جو شب کو تجھے ہوا تھا نہ مجھے، مجھے ہوا تھا نہ تجھے، میں نے تجھے یوں پالا اور جب تو پروان چڑھا اور اس حد کو پہنچا جس میں مجھے امید لگی ہوئی تھی کہ اس عمر کا ہو کر تو میرے کام آئے گا تو تو نے میرا بدلہ سختی و درشت خوئی کیا گویا تیرا ہی مجھ پر فضل و احسان ہے، اے کاش! جب تو نے حق پدری کا لحاظ نہ کیا تھا تو ایسا ہی کرتا جیسا پاس کا ہمسایہ کرتا ہے۔ ہمسایہ میں کا حق تو تجھے دیا ہوتا اور مجھ پر اس مال سے کہ اصل میں تیرا نہیں میرا ہی تھا بخل نہ کرتا۔

ان اشعار کو استماع فرما کر حضور پرنور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گریہ کیا اور بیٹے کا

گریبان پکڑکر ارشاد فرمایا اذھب انت و مالک لابیک .

جا تو اور تیرا مال سب تیرے باپ کا ہے۔ اسے طبرانی نے معجم صغیر میں اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۷، ص ۳۹۵)

معجزات انبیاء کا منکر کافر ہے

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی تحریر کرتے ہیں

جو شخص معجزات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو غلط بتائے کافر مرتد ہے، مستحق لعنت ابد ہے، حضور سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے معجزۂ احیائے موتی کا غلط کہنے والا بھی یقیناً کافر مرتد ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۵۲)

انگشتان مبارک سے پانی کا چشمہ

حضرت انس کی حدیث میں ہے :

قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم هل مع احد منكم ماء فوضع يده فى الاناء و قال توضوا بسم الله قال فرأيت الماء يخرج من بين اصابعه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حتى توضوا من عند آخرهم و كانوا نحوا من سبعين . اخرجه النسائى و ابن خزيمة و البيهقى.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم میں سے کسی کے ساتھ پانی ہے پھر دست اقدس برتن میں ڈالا اور فرمایا کہ اللہ کا نام لے کر وضو کرو۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انگشتان مبارک سے پانی نکل رہا تھا، یہاں تک کہ صحابہ کرام میں

کے سب سے پیچھے والے صاحب نے بھی وضو کرلیا اور وہ لوگ تقریباً ستر تھے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ا،ص ۲۱، الجود الحلو)

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

واقعہ حدیبیہ میں انگشتان اقدس سے پانی کا دریا کی طرح جوش مارنا اور چودہ پندرہ سو آدمی کا علیٰ اختلاف الروایات اسے پینا اور وضو کرنا اور بقیہ توشہ کو جمع کر کے دعا فرمانا اور اس سے لشکر کے سب برتن بھر دینا اور اسی قدر باقی بچ رہنا، ایسے معجزات ہیں جن کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

(قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

سب سے افضل پانی

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک جگہ فرماتے ہیں:

دونوں جہاں کے سب پانیوں سے افضل، زم زم سے افضل، کوثر سے افضل وہ مبارک پانی ہے کہ بار ہا براہ اعجاز حضور انور سید اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگشتان مبارک سے دریا کی طرح بہا اور ہزاروں نے پیا اور وضو کیا۔

علماء تصریح فرماتے ہیں کہ وہ پانی زم زم و کوثر سب سے افضل ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ا،ص ۴۰۸، الجود الحلو)

اعجاز قرآن سے عمر کے دل میں اسلام کی عظمت

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزات میں قرآن عظیم سب سے بڑا اور دائمی معجزہ

ہے۔ جتنے معجزانہ واقعات ہیں وہ سب تھوڑی دیر کے لیے اور حضور کی ظاہری زندگی میں واقع ہوئے، مگر قرآن کریم ایسا معجزہ ہے جو اپنی شان اعجاز کے ساتھ قیامت تک باقی رہے گا۔ یہ آپ کی ظاہری حیات میں بھی معجزہ تھا اور اب بھی معجزہ ہے۔

عرب میں جتنے فصحاء و بلغاء اور زباں داں تھے اور انھیں اپنی زباں دانی پر ناز و غرور تھا جب انھوں نے قرآن سنا تو اس کی فصاحت و بلاغت سے حیران و ششدر رہ گئے یہی وجہ ہے کہ جس نے بھی قرآن مقدس کو بغور سنا وہ قرآن اور صاحب قرآن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہو گیا۔

اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دل میں قرآن سن کر عظمت اسلام پیدا ہونے کا واقعہ تحریر فرماتے ہیں :

ابن اسحاق اپنی سیرت میں اسلام عمر کی حدیث متعدد راویوں سے روایت کرتے ہیں

فساق حديث اسلام عمر رضى الله تعالىٰ عنه و فيه فجعلت امشى رويدا و رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قائم يصلى يقراء القرآن حتى قمت فى قبلته مستقبلة ما بينى و بينه الا ثياب الكعبة قال فلما سمعت القرآن رق له قلبى . الحديث.

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام لانے کے واقعہ میں ہے کہ وہ فرماتے ہیں میں آہستہ آہستہ چلنے لگا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہو کر نماز میں قرآن پڑھ رہے تھے کہ میں جانب قبلہ ان کی طرف منھ کر کے اس طرح کھڑا ہوا کہ میرے اور ان کے درمیان صرف غلاف کعبہ حائل تھا حضرت عمر نے فرمایا کہ جب میں نے قرآن سنا تو میرے دل میں رقت پیدا ہو گئی۔ (مولف)

ابن سنجر اپنی مسند میں امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

خرجت اتعرض رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قبل ان اسلم فوجدته

قد سبقنی الی المسجد فقمت خلفه فاستفتح سورة الحاقة فجعلت اتعجب من تالیف القرآن فقلت ھو شاعر کما قالت قریش فقراء انه لقول رسول کریم و ما ھو بقول شاعر فقلیلا ما تومنون فقلت کاھن علم ما فی نفسی فقراء و لا بقول کاھن فقلیلا ما تذکرون الی آخر السورة فوقع الاسلام فی قلبی کل موقع.

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اسلام لانے سے قبل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چھیڑنے کے لیے نکلا تو دیکھا کہ وہ مجھ سے پہلے مسجد جا چکے ہیں میں ان کے پیچھے کھڑا ہو گیا انھوں نے سورۃ الحاقہ شروع کیا تو میں تالیف قرآن کے حسن وخوبی سے متعجب ہو گیا میں نے اپنے دل میں کہا کہ وہ شاعر ہیں جیسا کہ قریش نے کہا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تلاوت کی کہ بیشک یہ قرآن ایک کرم والے رسول سے باتیں ہیں، اور وہ کسی شاعر کی بات نہیں کتنا کم یقین رکھتے ہو میں نے کہا یہ کاہن ہیں، میرے دل کی بات جان لی تو پھر تلاوت کی کہ اور نہ کسی کاہن کی بات کتنا کم دھیان کرتے ہو، آخر سورہ تک پڑھا تو میرے دل میں اسلام پورا پورا اتر گیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۱۵، ۲۱۷۔ جمان التاج)

درخت اور ابر کا سایہ

احادیث سے ثابت کہ سفر میں صحابہ کرام حضور کے لیے سایہ دار پیڑ چھوڑ دیتے اور جو کہیں سایہ نہ ملا تو کپڑے وغیرہ کا سایہ کر لیا جیسا کہ روز قدوم مدینہ طیبہ سیدنا ابوبکر صدیق، اور حجۃ الوداع میں واقع ہوا، اور قبل از بعثت تو ابر سایہ کے لیے متعین تھا ہی، جب چلتے ساتھ چلتا اور جب ٹھہرتے ٹھہر جاتا، اور ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے غلام میسرہ نے فرشتوں کو سر اقدس پر سایہ کرتے دیکھا، اور سفر شام میں آپ کسی حاجت کے لیے تشریف لے گئے تھے، لوگوں نے پیڑ کا سایہ گھیر لیا تھا، حضور دھوپ میں بیٹھ گئے، سایہ حضور پر جھک گیا۔ بحیرا عالم نصاریٰ نے کہا دیکھو سایہ ان کی طرف جھکتا ہے۔ اور بعض

اسفار میں ایک درخت خشک و بے برگ کے نیچے جلوس فرمایا، فوراً زمین حضور کے گرد کی سبزہ زار ہوگئی اور پیڑ ہرا ہوگیا، شاخیں اسی ساعت بڑھ گئیں اور اپنی کمال بلندی کو پہنچ کر سائے کے لیے حضور پر لٹک آئیں، یہ سب حدیثیں کتب سیر میں تفصیلاً مذکور ہیں۔

والدین کا زندہ ہونا

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہوا، حجۃ الوداع میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھیں جب عقبہ حجون پر گزر رہا حضور اشک بار و رنجیدہ و مغموم ہوئے، پھر تشریف لے گئے جب لوٹ کر آئے چہرہ بشاش تھا اور لب تبسم ریز، میں نے سبب پوچھا، فرمایا میں اپنی ماں کی قبر پر گیا اور خدا سے عرض کیا کہ انھیں زندہ کردے، وہ قبول ہوئی اور زندہ ہوکر ایمان لائیں اور پھر قبر میں آرام کیا۔

خطیب حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی :

قالت حج بنا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فمر بى عقبة الحجون و هو باك حزين مغتم ثم ذهب و عاد و هو فرح متبسم قالت سألته فقال ذهبت الى قبر امى فسالت الله ان يحييها فامنت بى وردها الله .

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارے ساتھ حج کیا جب عقبہ حجون پر پہنچے تو رو رہے تھے اور غمگین تھے، پھر آپ کہیں تشریف لے گئے جب واپس آئے تو مسرور تھے اور فرما رہے تھے، عائشہ فرماتی ہیں، میں نے سبب دریافت کیا تو آپ نے فرمایا میں اپنی ماں کی قبر پر گیا تھا میں نے اپنے اللہ سے سوال کیا اس نے ان کو زندہ کیا وہ ایمان لائیں اور پھر انتقال فرما گئیں۔

امام جلال الدین سیوطی خصائص میں فرماتے ہیں اس کی سند میں مجاہیل ہیں اور سہیل نے ام

المومنین سے احیائے والدین ذکر کر کے کہا اس کے اسناد میں مجہولین ہیں اور حدیث سخت منکر اور صحیح کے معارض۔

بایں ہمہ اسی مجمع البحار میں لکھتے ہیں:

و فی المقاصد الحسنة و ما احسن ما قال

جاء اللہ النبی مزید فضل
علی فضل و کان به رؤفا

•

فاحییٰ امه و کذا اباه
لایمان به فضلا لطیفا

•

نسلم فالقدیم بذا قدیر
و ان کان الحدیث به ضعیفا

حاصل یہ کہ مقاصد حسنہ میں ہے اور کیا خوب کہا، خدا نے نبی کو فضل پر فضل زیادہ عطا فرمائے اور ان پر نہایت مہربان تھا پس ان کے والدین کو ان پر ایمان لانے کے لیے زندہ کیا اپنے فضل لطیف سے، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ قدیم تو اس پر قدرت رکھتا ہے اگر چہ جو حدیث اس معنی میں وارد ہوئی ضعیف ہے۔

(قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

شجر و حجر نے سجدہ کیا

ابن ابی شیبہ و ترمذی اور حاکم وابونعیم و خرائطی ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

ابو طالب چند سرداران قریش کے ساتھ ملک شام کو گئے حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمراہ تشریف فرما تھے جب صومعہ راہب یعنی بحیرا کے پاس اترے راہب صومعہ سے نکل کران کے پاس آیا اوراس سے پہلے جو یہ قافلہ جاتا تھا راہب نہ آتا نہ اصلاً ملتفت ہوتا اب کی بار خود آیا اور لوگوں کے بیچ گزرتا ہوا حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دست مبارک تھام کر بولا۔

هذا سيد العالمين هذا رسول رب العالمين يبعه الله رحمة للعالمين.

یہ تمام جہاں کے سردار ہیں، یہ رب العالمین کے رسول ہیں، اللہ تعالیٰ انھیں تمام عالم کے لیے رحمت بھیجے گا۔

سرداران قریش نے کہا تجھے کیا معلوم ہے کہا جب تم اس گھاٹی سے بڑھے کوئی درخت وسنگ نہ تھا جو سجدے میں نہ گرے اور وہ نبی کے سوا دوسرے کو سجدہ نہیں کرتے اور میں انھیں مہر نبوت سے پہچانتا ہوں ان کے استخوان شانہ کے نیچے سیب کی مانند ہے۔ پھر راہب واپس گیا اور قافلہ کے لیے کھانا لایا حضور تشریف نہ رکھتے۔ آدمی طلب کو گیا تشریف لائے ابر سر پر سایہ گستر تھا راہب بولا :

انظروا اليه غمامة تظله . وہ دیکھو ابران پر سایہ کیے ہے۔

قوم نے پہلے سے درخت کا سایہ گھیر لیا تھا حضور نے جگہ نہ پائی دھوپ میں تشریف رکھی فوراً پیڑ کا سایہ حضور پر جھک آیا، راہب نے کہا :

انظروا الى فئ الشجرة مال اليه .

وہ دیکھو پیڑ کا سایہ ان کی طرف جھکتا ہے۔

ہاتف کی پکار

ابونعیم حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، یہ ایک شب صحرائے شام میں تھے ہاتف جن نے انھیں بعثت حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خبر دی، صبح راہب کے پاس جا کر قصہ بیان کیا کہا

قد صدقوک یخرج من الحرم و مهاجره الحرم و هو خير الانبياء .

جنوں نے تجھ سے سچ کہا حرم سے ظاہر ہوں گے اور حرم کو ہجرت فرمائیں گے اور وہ تمام انبیاء سے بہتر ہیں۔

ابن عساکر، ابونعیم، خرائطی، بعض صحابہ خثعمیین سے راوی :

ہم ایک شب اپنے بت کے پاس تھے اور اسے ایک مقدمہ میں پنچ کیا تھا ناگاہ ہاتف نے پکارا۔

یا ایها الناس ذوی الاصنام ما انتم و طائش الاحلام

و سند الحکم الی الاصنام هذا نبی سید الانام

اعدل ذی حکم من الحکام یصدع بالنور و بالاسلام

مستعلن فی البلد الحرام

اے بت پرستو! کیا حال ہے تمھارا اور یہ کم عقلیاں اور پتھروں کو پنچ بنانا یہ ہے نبی تمام جہاں کا سردار ہر حاکم سے زیادہ عادل نور و اسلام کا آشکارا کرنے والا، حرم محترم میں ظہور فرمانے والا۔

ہم سب ڈر کر بت کو چھوڑ گئے اور اس شعر کے چرچے رہے یہاں تک کہ ہمیں خبر ملی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ میں ظہور فرما کر مدینہ تشریف لائے ہیں میں حاضر ہو کر مشرف باسلام ہوا۔ (تجلی الیقین)

چارپائے کلام کرتے ہیں

ابن حبان وابن عساکر حضرت ابومنظور اور ابونعیم بروجہ آخر حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی جب خیبر فتح ہوا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دراز گوش سیاہ رنگ دیکھا اس سے کلام فرمایا وہ جانور بھی تکلم میں آیا ارشاد ہوا تیرا کیا نام ہے عرض کی یزید بیٹا شہاب کا، اللہ تعالیٰ نے میرے دادا کی نسل سے ساٹھ دراز گوش پیدا کیے۔

کلهم لا یرکبه الا نبی .

ان پر سب انبیاء سوار ہوا کیے۔

و قد کنت اتوقعک ان ترکبنی لم یبق من نسل جدی غیری و لا من الانبیاء غیرک.

مجھے یقینی توقع تھی کہ حضور مجھے اپنی سواری سے مشرف فرمائیں گے کہ اب اس نسل میں سوا میرے اور انبیاء میں سوا حضور کے کوئی باقی نہیں۔

میں پہلے ایک یہودی کے پاس تھا اسے قصداً گرا دیا کرتا وہ مجھے بھوکا رکھتا اور مارتا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا نام یعفور رکھا جسے بلانا چاہتے اسے بھیج دیتے چوکھٹ پر سر مارتا جب صاحب خانہ باہر آتا اسے اشارے سے بتاتا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یاد فرماتے ہیں، جب حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا وہ مفارقت کی تاب نہ لایا، ابوالہیثم بن التیہان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کنویں میں گر کر مر گیا۔ (جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

ڈوبا ہوا سورج پلٹ آیا

حضور پرنور سید الانوار ماہ عرب مہر عجم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ڈوبا ہوا آفتاب پلٹ آیا

مغرب ہو کر پھر عصر کا وقت ہو گیا، یہاں تک کہ امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے نماز عصر ادا کی۔

اسے طحاوی و امام قاضی عیاض و امام مغلطائی و امام قطب خیضری و امام حافظ الشان عسقلانی و امام خاتم الحفاظ سیوطی وغیرہم اجلۂ کرام نے حسن و صحیح کہا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۳۴، منیر العین)

ایک موقع پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

اہم فرائض ارکان ہیں اور اہم ارکان اربعہ نماز اور تعظیم و محبت حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قطعاً نماز سے اہم و اعظم۔

غزوۂ خیبر سے پلٹتے ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منزل صہبا میں بعد نماز عصر سیدنا امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے زانوئے مبارک پر سر اقدس رکھ کر آرام فرمایا۔ مولیٰ علی مشکل کشا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی نے ابھی نماز نہ پڑھی تھی، جب وقت تنگ ہونے پر آیا مضطرب ہوئے کہ اگر اٹھتا ہوں محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خواب راحت میں خلل آتا ہے۔ معہٰذا کیا معلوم کہ حضور کو خواب میں کیا وحی ہو رہی ہے اور اگر بیٹھا رہتا ہوں نماز جاتی ہے۔ آخر وہی تعظیم و محبت کا پلہ غالب آیا اور اسد اللہ الغالب نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جگا دینے پر نماز جانے کو گوارا کیا۔

حتی توارت بالحجاب.

یہاں تک کہ آفتاب ڈوب گیا۔

اب کہ وقت مغرب ہوا سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چشم حق بین کھلی مولیٰ علی کو مضطرب پایا سبب دریافت کیا عرض کیا یا رسول اللہ، میں نے عصر کی نماز نہ پڑھی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دست مشکل کشائی بلند فرمائے اور اپنے رب عزوجل سے عرض کی:

الٰہی! علی تیرے رسول کے کام میں تھا اور آفتاب کو حکم دیا کہ پلٹ آئے فوراً ڈوبا ہوا آفتاب افق غربی سے حکم باندھا ہوا کھنچا چلا آیا وقت عصر ہو گیا، امیر المومنین نے نماز ادا فرمائی پھر ڈوب گیا۔

امام اجل ابو جعفر طحاوی وغیرہ ائمہ نے اس حدیث کی تصحیح فرمائی۔

(ماخوذ از حیات اعلیٰ حضرت جلد اول)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ معجزات نبوی سے متعلق اس طرح نغمہ سرا ہیں :

تیری مرضی پا گیا سورج پھرا الٹے قدم
تیری انگلی اٹھ گئی مہ کا کلیجہ چر گیا

میں تیرے ہاتھوں کے صدقے کیسی کنکریاں تھیں وہ
جن سے اتنے کافروں کا دفعتاً منہ پھر گیا

کیوں جناب بو ہریرہ تھا وہ کیسا جام شیر
جس سے ستر صاحبوں کا دودھ سے منہ پھر گیا

•

ان کے جلال کا اثر دل سے لگائے ہے قمر
جو کہ ہو لوٹ زخم پر داغ جگر مٹائے کیوں

•

ہے لب عیسیٰ سے جاں بخشی نرالی ہاتھ میں
سنگ ریزے پاتے ہیں شیریں مقالی ہاتھ میں

•

پنجۂ مہر عرب ہے جس سے دریا بہہ گئے
چشمۂ خورشید میں تو نام کو بھی نم نہیں

•

ممکن میں یہ قدرت کہاں واجب میں عبدیت کہاں
حیراں ہوں یہ بھی ہے خطا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
حق یہ کہ ہیں عبد الہ اور عالم امکاں کے شاہ
برزخ ہیں وہ سر خدا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

•

ماہ شق گشتہ کی صورت دیکھو کانپ کر مہر کی رجعت دیکھو
مصطفیٰ پیارے کی قدرت دیکھو کیسے اعجاز ہوا کرتے ہیں
اپنے مولیٰ کی ہے بس شان عظیم جانور بھی کریں جن کی تعظیم
سنگ کرتے ہیں ادب سے تسلیم پیڑ سجدے میں گرا کرتے ہیں
انگلیاں پائیں وہ پیاری پیاری جن سے دریائے کرم ہیں جاری
جوش پر آتی ہے جب غمخواری تشنے سیراب ہوا کرتے ہیں
ہاں یہیں کرتی ہیں چڑیا فریاد ہاں یہیں چاہتی ہے ہرنی داد
اسی در پہ شتران ناشاد گلہ رنج و عنا کرتے ہیں

•

انگلیاں ہیں فیض پر ٹوٹے ہیں پیاسے جھوم کر ندیاں پنجاب رحمت کی ہیں جاری واہ واہ

•

برق انگشت نبی چمکی تھی اس پر ایک بار
آج تک ہے سینہ مہ میں نشان سوختہ

●

جس نے ٹکڑے کیے ہیں قمر کے وہ ہے
نور وحدت کا ٹکڑا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

●

سورج الٹے پاؤں پلٹے چاند اشارے سے ہو چاک
اندھے نجدی دیکھ لے قدرت رسول اللہ کی

●

چاند اشارے کا ہلا حکم کا باندھا سورج
واہ کیا بات شہا تیری توانائی کی

●

کف دریائے کرم میں ہیں رضا
پانچ فوارے چھلکنے والے

●

چاند شق ہو پیڑ بولیں جانور سجدے کریں
بارک اللہ مرجع عالم یہی سرکار ہے

●

چاند جھک جاتا جدھر انگلی اٹھاتے مہد میں
کیا ہی چلتا تھا اشاروں پر کھلونا نور کا

چو انگشت توشد جولاں دہ برق
قمر را بہر قرباں آفریدند

اشارے سے چاند چیر دیا، چھپے ہوئے خور کو پھیر لیا
گئے ہوئے دن کو عصر کیا یہ تاب وتواں تمھارے لیے

صاحب رجعت شمس شق القمر
نائب دست قدرت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

معراج النبی صلی اللہ علیہ وسلم

وہ سرور کشور رسالت ، جو عرش پر جلوہ گر ہوئے تھے
نئے نرالے طرب کے ساماں عرب کے مہماں کے لیے تھے

سبحن الذی اسری بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی الذی بارکنا حولہ لنریہ من آیتنا انہ ہو السمیع البصیر۔

پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک جس کے گرداگرد ہم نے برکت رکھی کہ ہم اسے اپنی عظیم نشانیاں دکھائیں بیشک وہ سنتا دیکھتا ہے۔ (بنی اسرائیل، ۱)

معراج النبی ﷺ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آسمانی معجزات میں سے معراج کا واقعہ بہت زیادہ اہمیت کا حامل اور ہماری مادی دنیا سے بالکل ماوراء اور عقل انسانی کے قیاس وگمان کی سرحدوں سے بہت زیادہ بالاتر ہے۔

معراج کا دوسرا نام ''اسریٰ'' بھی ہے۔ اسریٰ کے معنی رات کو چلانا یا رات کو لے جانا، چوں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واقعہ معراج کو خداوند عالم نے قرآن مجید میں سبحن الذی اسریٰ بعبدہ لیلا کے الفاظ سے بیان فرمایا ہے اس لیے معراج کا نام اسریٰ پڑ گیا۔ اور چوں کہ حدیثوں میں معراج کا واقعہ بیان فرماتے ہوئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرج بی ، (مجھ کو اوپر چڑھایا گیا) کا لفظ ارشاد فرمایا اس لیے اس واقعہ کا نام ''معراج'' پڑا۔

احادیث وسیر کی کتابوں میں اس واقعہ کو بہت کثیر التعداد صحابہ نے بیان کیا ہے۔ چنانچہ علامہ زرقانی نے ۴۵ رصحابیوں کا نام گنایا ہے جنھوں نے حدیث معراج کو روایت کیا ہے۔

معراج کب ہوئی؟

معراج کی تاریخ، دن اور مہینہ میں بہت زیادہ اختلافات ہیں لیکن اتنی بات پر بلا اختلاف سب کا اتفاق ہے کہ معراج نزول وحی کے بعد اور ہجرت سے پہلے کا واقعہ ہے جو مکہ معظمہ میں پیش آیا اور ابن قتیبہ دینوری (م ۲۶۷ھ) اور ابن عبد البر (م ۴۶۳ھ) اور امام رافعی و امام نووی نے تحریر فرمایا کہ واقعہ معراج رجب کے مہینے میں ہوا، اور محدث عبد الغنی مقدسی نے رجب کی ستائیسویں بھی متعین کر دی ہے اور علامہ زرقانی نے تحریر فرمایا ہے کہ لوگوں کا اسی پر عمل ہے اور بعض مورخین کی رائے ہے کہ یہی سب سے زیادہ

قوی روایت ہے۔

معراج کتنی باراور کیسے ہوئی؟

جمہور علماء ملت کا صحیح مذہب یہی ہے کہ معراج بحالت بیداری جسم وروح کے ساتھ صرف ایک بار ہوئی، جمہور صحابہ وتابعین اور فقہاء محدثین نیز صوفیائے کرام کا یہی مذہب ہے، چنانچہ علامہ ملا احمد جیون علیہ الرحمۃ (استاذ اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ) نے تفسیرات احمدیہ میں لکھا ہے۔

و الا صح انه كان في اليقظة بجسده مع روحه و عليه اهل السنة و الجماعة فمن قال انه بروح فقط اوفي النوم فقط فمبتدع ضال مضل فاسق.

اور سب سے زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ معراج بحالت بیداری جسم وروح کے ساتھ ہوئی یہی اہل سنت وجماعت کا مذہب ہے۔لہٰذا جو شخص یہ کہے کہ معراج فقط روحانی ہوئی یا معراج فقط خواب میں ہوئی وہ شخص بدعتی وگمراہ اور گمراہ کن وفاسق ہے۔

بعض عارفین فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اسرات اور معاریج بہت تھیں،اور بعض نے ۳۴ رکہا ہے،جن میں سے ایک تو بچشم سر بیداری سے تھی باقی خواب میں روحانی تھیں،ایک گروہ یہ کہتا ہے کہ اسریٰ مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک جسمانی بیداری میں تھی اور وہاں سے معراج آسماں تک خواب میں روحانی تھی۔

مختصر تذکرۂ معراج

معراج کی رات آپ کے گھر کی چھت کھلی اور ناگہاں حضرت جبریل علیہ السلام چند فرشتوں کے ساتھ نازل ہوئے اور آپ کو حرم کعبہ میں لے جا کر آپ کے سینہ مبارک کو چاک کیا اور قلب انور کو نکال کر

آب زم زم سے دھویا پھر ایمان وحکمت سے بھرے ہوئے ایک طشت کو آپ کے سینے میں انڈیل کر شکم کا چاک برابر کر دیا، پھر آپ براق پر سوار ہو کر بیت المقدس تشریف لائے، براق کی تیز رفتاری کا یہ عالم تھا کہ اس کا قدم وہاں پڑتا تھا جہاں اس کی نگاہ کی آخری حد ہوتی تھی، بیت المقدس پہنچ کر براق کو آپ نے اس حلقہ میں باندھ دیا جس میں انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام اپنی اپنی سواریوں کو باندھا کرتے تھے، پھر آپ نے تمام انبیاء اور رسولوں کو جو وہاں حاضر تھے دو رکعت نماز نفل جماعت سے پڑھائی۔

جب یہاں سے نکلے تو حضرت جبریل علیہ السلام نے شراب اور دودھ کے دو پیالے آپ کے سامنے پیش کیے، آپ نے دودھ کا پیالہ اٹھالیا، یہ دیکھ کر حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا کہ آپ نے فطرت کو پسند فرمایا، اگر آپ شراب کا پیالہ اٹھالیتے تو آپ کی امت گمراہ ہو جاتی، پھر حضرت جبریل علیہ السلام آپ کو ساتھ لے کر آسمان پر چڑھے، پہلے آسمان میں حضرت آدم علیہ السلام سے، دوسرے آسمان میں حضرت یحیٰی و حضرت عیسیٰ علیہما السلام سے، جو دونوں خالہ زاد بھائی تھے ملاقاتیں ہوئیں اور کچھ گفتگو بھی ہوئی، تیسرے آسمان میں حضرت یوسف علیہ السلام، چوتھے آسمان پر حضرت ادریس علیہ السلام، اور پانچویں آسمان میں حضرت ہارون علیہ السلام اور چھٹے آسمان میں حضرت موسیٰ علیہ السلام ملے اور ساتویں آسمان پر پہنچے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ملاقات ہوئی وہ بیت المعمور سے پیٹھ لگائے بیٹھے تھے، جس میں روزانہ ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں، بوقت ملاقات ہر پیغمبر نے خوش آمدید، اے پیغمبر صالح کہہ کر آپ کا استقبال کیا، پھر آپ کو جنت کی سیر کرائی گئی، اس کے بعد آپ سدرۃ المنتہیٰ پر پہنچے اس درخت پر جب انوار الٰہی کا پرتو پڑا تو ایک دم اس کی صورت بدل گئی اور اس میں رنگ برنگ کے انوار کی ایسی تجلی نظر آئی جن کی کیفیتوں کو الفاظ ادا نہیں کر سکتے، یہاں پہنچ کر حضرت جبریل علیہ السلام یہ کہہ کر ٹھہر گئے کہ اب اس سے آگے میں نہیں بڑھ سکتا۔

پھر حضرت حق جل جلالہ نے آپ کو عرش بلکہ عرش کے اوپر جہاں تک اس نے چاہا بلا کر آپ کو

باریاب فرمایا اور خلوت گاہ راز میں راز و نیاز کے وہ پیغام ادا ہوئے جن کی لطافت ونزاکت الفاظ کے بوجھ کو برداشت نہیں کرسکتی، چنانچہ قرآن مجید میں فاوحی الی عبدہ ما اوحی کے رمز واشارہ میں خداوند قدوس نے اس حقیقت کو بیان فرمایا ہے۔

بارگاہ الٰہی میں بے شمار عطیات کے علاوہ تین خاص انعامات مرحمت ہوئے جن کی عظمتوں کو اللہ و رسول کے سوا اور کون جان سکتا ہے۔

(۱) سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں۔

(۲) یہ خوش خبری کہ آپ کی امت کا ہر وہ شخص جس نے شرک نہ کیا ہو بخش دیا جائے گا۔

(۳) امت پر پچاس وقت کی نماز۔

جب آپ ان خداوندی عطیات کو لے کر واپس آئے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آپ سے عرض کیا کہ آپ کی امت سے ان پچاس نمازوں کا بار نہ اٹھ سکے گا، لہٰذا آپ واپس جائیے اور اللہ تعالیٰ سے تخفیف کی درخواست کیجیے، چنانچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مشورہ سے چند بار آپ بارگاہ الٰہی میں آتے جاتے اور عرض پرداز ہوتے رہے یہاں تک کہ صرف پانچ وقت کی نمازیں رہ گئیں اور اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا کہ میرا قول بدل نہیں سکتا، اے محبوب آپ کی امت کے لیے یہ پانچ نمازیں بھی پچاس ہوں گی، نمازیں تو پانچ ہوں گی مگر میں آپ کی امت کو ان پانچ نمازوں پر پچاس نمازوں کا اجر وثواب عطا کروں گا۔

پھر آپ عالم ملکوت کی اچھی طرح سیر فرما کر اور آیات الٰہیہ کا معائنہ ومشاہدہ فرما کر آسمان سے زمین پر تشریف لائے، اور بیت المقدس میں داخل ہوئے اور براق پر سوار ہو کر مکہ مکرمہ کے لیے روانہ ہوئے، راستہ میں آپ نے بیت المقدس سے مکہ تک کی تمام منزلوں اور قریش کے قافلہ کو بھی دیکھا، ان تمام

مراحل کے طے ہونے کے بعد آپ مسجد حرام میں پہنچ کر چوں کہ ابھی رات کا کافی حصہ باقی تھا سو گئے اور صبح کو بیدار ہوئے اور جب رات کے واقعات کا آپ نے قریش کے سامنے تذکرہ فرمایا تو روساء قریش کو سخت تعجب ہوا، یہاں تک کہ بعض کور باطنوں نے آپ کو جھوٹا کہا، اور بعض نے مختلف سوالات کیے چوں کہ اکثر روسائے قریش نے بار بار بیت المقدس کو دیکھا تھا اور یہ بھی جانتے تھے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی بھی بیت المقدس نہیں گئے ہیں اس لیے امتحان کے طور پر ان لوگوں نے آپ سے بیت المقدس کے در و دیوار اور اس کی محرابوں وغیرہ کے بارے میں سوالوں کی بوچھار شروع کر دی، اس وقت اللہ تعالیٰ نے فوراً ہی آپ کی نگاہ نبوت کے سامنے بیت المقدس کی پوری عمارت کا نقشہ پیش فرما دیا چنانچہ کفار قریش آپ سے سوال کرتے جاتے تھے اور آپ عمارت کو دیکھ دیکھ کر ان کے سوالوں کا ٹھیک ٹھیک جواب دیتے جاتے تھے۔

دیدار الٰہی

کیا معراج میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خداوند تعالیٰ کو دیکھا؟ اس مسئلہ میں سلف صالحین کا اختلاف ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور بعض صحابہ نے فرمایا کہ معراج میں آپ نے اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھا اور ان حضرات نے ما کذب الفواد ما رایٰ کی تفسیر میں یہ فرمایا کہ آپ نے خدا کو نہیں دیکھا بلکہ معراج میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کو ان کی اصلی شکل و صورت میں دیکھا کہ ان کے چھ سو بازو تھے۔

اور بعض سلف مثلاً حضرت سعید بن جبیر تابعی نے اس مسئلہ میں کہ دیکھا یا نہیں دیکھا؟ کچھ کہنے سے توقف فرمایا مگر صحابہ کرام اور تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی ایک بہت بڑی جماعت نے یہ فرمایا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے سر کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کو دیکھا۔

چنانچہ عبداللہ بن الحارث نے روایت کی ہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس اور حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہم ایک مجلس میں جمع ہوئے حضرت عبداللہ بن عباس نے فرمایا کہ ہم بنی ہاشم کہتے ہیں کہ حضور نے

کے لوگ یہی کہتے ہیں کہ بلاشبہ حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یقیناً اپنے رب کو معراج میں دومرتبہ دیکھا، یہ سن کر حضرت کعب نے اس زور کے ساتھ نعرہ مارا کہ پہاڑیاں گونج اٹھیں اور فرمایا کہ بیشک حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے خدا سے کلام کیا اور حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خدا کو دیکھا۔

اسی طرح حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے **ما کذب الفواد ما رای** کی تفسیر میں فرمایا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا، اسی طرح حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ **رایت ربی** یعنی میں نے اپنے رب کو دیکھا۔

محدث عبد الرزاق ناقل ہیں کہ حضرت امام حسن بصری اس بات پر حلف اٹھاتے تھے کہ یقیناً حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا، اور بعض متکلمین نے نقل کیا ہے کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بھی یہی مذہب تھا۔

اور ابن اسحاق ناقل ہیں کہ حاکم مدینہ مروان نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال کیا کہ کیا حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا؟ تو آپ نے جواب دیا کہ جی ہاں۔

اسی طرح نقاش نے حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں ذکر کیا ہے کہ آپ نے یہ فرمایا کہ میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے مذہب کا قائل ہوں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خدا کو دیکھا، دیکھا، دیکھا، اتنی دیر تک وہ دیکھا دیکھا کرتے رہے کہ ان کی سانس ٹوٹ گئی۔

بہرحال علماء اہل سنت کا یہی مسلک ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج میں اپنے سر کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کی ذات مقدسہ کا دیدار کیا۔

شق صدر مبارک

حضرت مولانا شاہ عبد العزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے سورۂ الم نشرح کی تفسیر میں فرمایا

ہے کہ چار مرتبہ آپ کا مقدس سینہ چاک کیا گیا اور اس میں نور و حکمت کا خزینہ بھرا گیا۔

پہلی مرتبہ: جب آپ حضرت حلیمہ کے گھر تھے اس کی حکمت یہ تھی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان وسوسوں اور خیالات سے محفوظ رہیں جن میں بچے مبتلا ہو کر کھیل کود اور شرارتوں کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔

دوسری بار: دس برس کی عمر میں ہوا تا کہ جوانی کی پر آشوب شہوتوں کے خطرات سے آپ بے خوف ہو جائیں۔

تیسری بار: غار حرا میں شق صدر ہوا اور آپ کے قلب میں نور سکینہ بھر دیا گیا تا کہ آپ وحی الٰہی کے عظیم اور گراں بار بوجھ کو برداشت کر سکیں۔

چوتھی بار: شب معراج میں آپ کا مبارک سینہ چاک کر کے نور و حکمت کے خزانوں سے معمور کیا گیا تا کہ آپ کے قلب مبارک میں اتنی وسعت اور صلاحیت پیدا ہو جائے کہ آپ دیدار الٰہی کی تجلیوں اور کلام ربانی کی ہیبتوں اور عظمتوں کے متحمل ہو سکیں۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ و سیرت مصطفیٰ)

حضور نے رب کو دیکھا

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ شب معراج نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اپنے رب کو دیکھنا کس حدیث سے ثابت ہے؟

آپ نے احادیث و آثار سے جو جواب تحریر فرمایا ہے وہ بعینہٖ یہ ہے۔

حدیث: امام احمد اپنی مسند میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رایت ربی عزوجل ۔

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں نے اپنے رب عزوجل کو دیکھا۔

امام علامہ جلال الدین سیوطی خصائص کبریٰ اور علامہ عبدالروف مناوی تیسیر شرح جامع صغیر میں فرماتے ہیں یہ حدیث بسند صحیح ہے۔

حدیث : ابن عساکر حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لان الله اعطی موسیٰ الکلام و اعطانی الرویة لوجهه و فضلنی بالمقام المحمود و الحوض المورود.

بیشک اللہ تعالیٰ نے موسیٰ کو دولت کلام بخشی اور مجھے اپنا دیدار عطا فرمایا مجھ کو شفاعت کبریٰ وحوض کوثر سے فضیلت بخشی۔

حدیث : وہی محدث حضرت عبداللہ بن مسعود سے راوی :

قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال لی ربی نحلت ابراهیم خلتی و کلمت موسیٰ تکلیما و اعطیتک یا محمد کفاحا.

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں مجھے میرے رب عزوجل نے فرمایا میں نے ابراہیم کو اپنی دوستی دی اور موسیٰ سے کلام فرمایا اور تمھیں اے محمد مواجہ، بخشا کہ بے پردہ وحجاب تم نے میرا جمال پاک دیکھا۔

فی مجمع البحار کفاحا ای مواجهة لیس بینهما حجاب و لا رسول ۔

مجمع البحار میں ہے کہ ایسا آمنا سامنا کہ درمیان میں کوئی پردہ اور قاصد نہ تھا۔ (مولف)

حدیث : ابن مردویہ حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و هو يصف سدرة المنتهىٰ (و ذكر الحديث الى ان قال) فقلت يا رسول الله ما رأيت عندها قال رأيت عندها يعني ربه .

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سدرۃ المنتہیٰ کا وصف بیان فرماتے تھے میں نے عرض کی یارسول اللہ حضور نے اس کے پاس کیا دیکھا فرمایا مجھے اس کے پاس دیدار ہوا۔

حدیث : ترمذی شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی :

اما نحن بنو هاشم فنقول ان محمد ارأى ربه مرتين.

ہم بنی ہاشم اہل بیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو فرماتے ہیں کہ بیشک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دوبار دیکھا۔

حدیث : ابن اسحاق عبداللہ بن ابی سلمہ سے راوی :

ان ابن عمر ارسل الى ابن عباس يسأله هل رأى محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ربه فقال نعم .

یعنی عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دریافت کرا بھیجا کیا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا؟ انھوں نے جواب دیا ہاں۔

جامع ترمذی و معجم طبرانی میں عکرمہ سے مروی :

و اللفظ للطبرانی عن ابن عباس قال نظر محمد الی ربه قال عکرمة فقلت له نظر محمد الی ربه قال نعم جعل الکلام لموسیٰ و الخلة لابراهیم و النظر لمحمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم (زاد الترمذی) فقد رای ربه مرتین.

یعنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا عکرمہ ان کے شاگرد کہتے ہیں میں نے عرض کی کیا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا فرمایا ہاں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ کے لیے کلام رکھا اور ابراہیم کے لیے دوستی اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے دیدار اور بیشک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دوبار دیکھا۔

امام ترمذی فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔

حدیث : امام نسائی اور امام ابن خزیمہ و حاکم و بیہقی کی روایت میں ہے :

و اللفظ للبیهقی ان تعجبون ان تکون الخلة لابراهیم و الکلام لموسیٰ و الرویة لمحمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم .

کیا ابراہیم کے لیے دوستی اور موسیٰ کے لیے کلام اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے دیدار ہونے میں تمھیں کچھ اچنبھا ہے۔

حاکم نے کہا یہ حدیث صحیح ہے امام قسطلانی و زرقانی نے فرمایا اس کی سند جید ہے۔

حدیث : طبرانی معجم اوسط میں راوی :

عن عبد الله بن عباس انه کان یقول ان محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رأی ربه مرتین مرة ببصرة و مرة بفؤاده .

یعنی حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرمایا کرتے، بیشک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دو بار اپنے رب کو دیکھا ایک بار اس آنکھ سے اور ایک بار دل کی آنکھ سے۔

امام سیوطی و امام قسطلانی و علامہ شامی و علامہ زرقانی فرماتے ہیں اس حدیث کی سند صحیح ہے۔

حدیث : امام الائمہ ابن خزیمہ و امام بزار حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان محمدا صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم رأی ربه عزوجل .

بیشک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب عزوجل کو دیکھا۔

امام احمد قسطلانی و عبدالباقی زرقانی فرماتے ہیں اس کی سند قوی ہے۔

حدیث : محمد بن اسحاق کی حدیث میں ہے:

ان مروان سأل ابا هريرة رضی اللہ تعالیٰ عنه هل رأی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ربه فقال نعم .

یعنی مروان نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کیا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا فرمایا ہاں۔

حدیث : مصنف عبدالرزاق میں ہے۔

عن معمر عن الحسن البصری انه کان یحلف باللہ لقد رأی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ربه .

یعنی حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ قسم کھا کر فرمایا کرتے بیشک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا۔

اسی طرح امام ابن خزیمۃ حضرت عروہ بن زبیر سے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد بھائی کے بیٹے اور صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نواسے ہیں راوی کہ وہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شب معراج دیدار الٰہی ہونا مانتے ہیں۔

و انہ کان یشتد علیہ انکارھا.

اور ان پر اس کا انکار سخت گراں گزرتا۔

یوں ہی کعب احبار عالم کتب سابقہ و امام ابن شہاب زہری قرشی و امام مجاہد مخزومی مکی و امام عکرمہ بن عبد اللہ مدنی ہاشمی و امام عطاء بن رباح قرشی مکی استاذ امام اعظم ابوحنیفہ و امام مسلم بن صبیح ابوالضحیٰ کوفی وغیرھم جمیع تلامذۂ عالم قرآن حبر الامہ عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا بھی یہی مذہب ہے۔ امام قسطلانی مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں۔ ابن خزیمہ نے اسے عروہ بن الزبیر سے روایت کیا اور اسے باقی رکھا۔ یہی ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے جملہ اصحاب کا قول ہے اور اسی پر کعب احبار و زہری نے جزم کیا ہے۔

حضور کے رویت باری پر اقوال ائمہ

امام خلال کتاب السنۃ میں اسحاق بن مروزی سے راوی حضرت امام احمد بن حنبل رویت کو ثابت مانتے اور اس کی دلیل فرماتے **قول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رأیت ربی** نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے میں نے اپنے رب کو دیکھا۔

نقاش اپنی تفسیر میں اس امام سند الامام رحمہ اللہ تعالیٰ سے راوی :

انہ قال اقول بحدیث ابن عباس بعینہ رأی ربہ راہ راہ راہ حتی انقطع نفسہ .

یعنی انھوں نے فرمایا میں حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا معتقد ہوں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب کو اسی آنکھ سے دیکھا دیکھا دیکھا یہاں تک فرماتے رہے کہ سانس ٹوٹ گئی۔

امام ابن الخطیب مصری مواہب شریف میں فرماتے ہیں :

جزم به معمر و آخرون و هو قول الاشعری و غالب اتباعه .

یعنی امام معمر بن راشد بصری اوران کے سوااور علماء نے اس پر جزم کیا۔اور یہی مذہب ہے امام اہل سنت امام ابوالحسن اشعری اوران کے غالب پیرووں کا۔

علامہ شہاب خفاجی نسیم الریاض شرح شفائے امام قاضی عیاض میں فرماتے ہیں :

الاصح الراجح انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رأی ربه بعین رأسه حین اسری به کما ذهب الیه اکثر الصحابة .

مذہب اصح وراجح یہی ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب اسریٰ اپنے رب کو بچشم سر دیکھا جیسا کہ جمہور صحابہ کرام کا یہی مذہب ہے۔

امام نووی شرح صحیح مسلم میں پھر علامہ محمد بن عبدالباقی شرح مواہب میں فرماتے ہیں :

الراجح عند اکثر العلماء انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رأی ربه بعین رأسه لیلة المعراج.

جمہور علماء کے نزدیک راجح یہی ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج اپنے رب کو انھیں آنکھوں سے دیکھا۔ (منبہ المنیہ لوصول الحبیب الی العرش والرویۃ)

حضور کا عرش پر تشریف لے جانا

امام احمد رضا بریلوی سے سوال ہوا کہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شب معراج مبارک عرش عظیم تک تشریف لے جانا ثابت ہے یا نہیں؟ زید کہتا ہے یہ محض جھوٹ ہے اس کا یہ کہنا کیسا ہے؟

آپ فرماتے ہیں :

بیشک علماء کرام ائمہ دین عدول ثقات معتمدین اپنی تصانیف جلیلہ میں اس کی اور اس سے زائد کی تصریحات جلیلہ فرماتے ہیں اور یہ سب احادیث ہیں اگرچہ احادیث مرسل یا ایک اصطلاح پر معضل ہیں اور حدیث مرسل و معضل باب فضائل میں بالاجماع مقبول ہے خصوصاً جب کہ ناقلین ثقات عدول ہیں اور یہ امر ایسا نہیں جس میں رائے کو دخل ہو تو ضرور ثبوت سند پر محمول اور مثبت نافی پر مقدم اور عدم اطلاع، اطلاع عدم نہیں تو جھوٹ کہنے والا محض جھوٹا مجازف فی الدین ہے۔

امام اجل سیدی محمد بوصیری قدس سرہ قصیدہ بردہ شریف میں فرماتے ہیں :

سریت من حرم لیلا الی الحرم — کما سری البدر فی داج من الظلم
وبت ترقی الی ان نلت منزلة — من قاب قوسین لم تدرک و لم ترم
خفضت کل مقام بالاضافة اذ — نودیت بالرفع مثل المفرد العلم
فخرت کل فخار غیر مشترک — و جزت کل مقام غیر مزدحم

یعنی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضور رات کے ایک تھوڑے سے حصہ میں حرم مکہ معظمہ سے بیت الاقصیٰ کی طرف تشریف فرما ہوئے جیسے اندھیری رات میں چودھویں کا چاند چلے اور حضور اس شب میں ترقی فرماتے رہے یہاں تک کہ قاب قوسین کی منزل پہنچے جو نہ کسی نے پائی نہ کسی کو اس کی ہمت ہوئی حضور نے اپنی نسبت سے تمام مقامات کو پست فرما دیا جب حضور رفع کے لیے مفرد علم کی طرح ندا فرمائے

گئے حضور نے ہر ایسا فخر جمع فرمالیا جو قابل شرکت نہ تھا اور حضور ہر اس مقام سے گزر گئے جس میں اوروں کا ہجوم نہ تھا یا کہ حضور نے سب فخر بلا شرکت جمع فرمالیے اور حضور تمام مقامات سے بے مزاحم گزر گئے یعنی عالم امکان میں جتنے مقام ہیں حضور سب سے تنہا گزر گئے کہ دوسرے کو یہ امر نصیب نہ ہوا۔

ملاعلی قاری اس کی شرح میں فرماتے ہیں :

ای انت دخلت الباب و قطعت الحجاب الی ان لم تترک غایة لساع الی السبق من کمال القرب المطلق الی جناب الحق و لا ترکت موضع رقی و صعود و قیام لطالب رفعة فی عالم الوجود بل تجاوزت ذلک الی مقام قاب قوسین او ادنی فاوحی الیک ربک ما اوحی .

یعنی حضور نے یہاں تک کہ حجاب طے فرمائے کہ حضرت عزت کی جناب میں قرب مطلق کامل کے سبب کسی ایسے کے لیے جو سبقت کی طرف دوڑے کوئی نہایت نہ چھوڑی اور تمام عالم وجود میں کسی طالب بلندی کے لیے کوئی جگہ عروج وترقی یا اٹھنے بیٹھنے کی باقی نہ رکھی بلکہ حضور عالم مکان سے تجاوز فرما کر مقام قاب قوسین اوادنیٰ تک پہنچے تو حضور کے رب نے حضور کو وحی فرمائی جو وحی فرمائی۔

نیز امام ہمام ابوعبداللہ شرف الدین محمد قدس سرہ ام القریٰ میں فرماتے ہیں:

و ترقی به الی قاب قوسین
و تلک السیارة القعساء

●

رتب تسقط الامانی حسری
دونها ما وراهن وراء

حضور کو قاب قوسین تک ترقی ہوئی اور یہ سرداری لازوال ہے یہ وہ مقامات ہیں کہ آرزوئیں ان سے تھک کر گر جاتی ہیں ان کے اس طرف کوئی مقام ہی نہیں۔

امام ابن حجر مکی قدس سرہ الملکی اس کی شرح افضل القریٰ میں فرماتے ہیں :

قال بعض الائمة المعاريج ليلة الاسراء عشرة سبعة فى السموات و الثامن الى سدرة المنتهىٰ و التاسع الى المستوى و العاشر الى العرش الخ.

بعض ائمہ نے فرمایا شب اسریٰ دس معراجیں تھیں سات ساتوں آسمانوں میں اور آٹھویں سدرۃ المنتہیٰ نویں مستویٰ دسویں عرش تک۔

سیدی علامہ عارف باللہ عبدالغنی نابلسی قدس سرہ القدسی نے حدیقہ ندیہ شرح طریقہ محمدیہ میں اسے نقل فرما کر مقرر رکھا۔

حيث قال شهاب الدين المكى فى شرح الهمزية للبوصيرى عن بعض الائمة ان المعاريج عشرة الى قوله و العاشر الى العرش و الروية.

معراجیں دس ہیں دسویں عرش و دیدار تک۔

نیز شرح ہمزیہ امام مکی میں ہے :

لما اعطى سلمين عليه السلام الريح التى غدوها شهر و رواحها شهر اعطى نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم البراق فحمله من الفرش الى العرش فى لحظة واحدة و اقل مسافة فى ذلك سبعة آلاف سنة و مافوق العرش الى المستوى و الرفرف لا يعلمه الا الله تعالىٰ .

جب سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کو ہوا دی گئی کہ صبح شام ایک ایک مہینے کی راہ پر لے جاتی ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو براق عطا ہوا کہ حضور کو فرش سے عرش تک ایک لحہ میں لے گیا اور اس میں ادنیٰ مسافت (یعنی آسمان ہفتم سے زمین تک) سات ہزار برس کی راہ ہے اور وہ جو فوق العرش سے مستویٰ و رفرف تک رہی اسے تو خدا ہی جانے۔

اسی میں ہے :

لما اعطی موسیٰ علیه الصلاة و السلام الکلام اعطی نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مثله لیلة الاسراء و زیارة الدنو و الرویة بعین البصر و مثتان ما بین جبل الطور الذی نوجی به موسیٰ علیه الصلاة و السلام و ما فوق العرش الذی نوجی به نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

جب کہ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو دولت کلام عطا ہوئی ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ویسی ہی شب اسرائی اور زیادت قرب اور چشم سر سے دیدار الٰہی اس کے علاوہ اور بھلا کہاں کوہ طور جس پر موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے مناجات ہوئی اور کہاں مافوق العرش جہاں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کلام ہوا۔

اسی میں ہے :

رقیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ببدنه یقظة لیلة الاسراء الی السماء ثم الی سدرة المنتهی ثم الی المستوی ثم الی العرش و الرفرف و الروية .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے جسم پاک کے ساتھ بیداری میں شب اسریٰ آسمانوں تک ترقی فرمائی پھر سدرۃ المنتہیٰ پھر مقام مستویٰ پھر عرش و رفرف و دیدار تک۔

علامہ احمد بن محمد صاوی مالکی خلوتی رحمہ اللہ تعالیٰ تعلیقات افضل القریٰ میں فرماتے ہیں :

الاسراء به صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على يقظة بالجسد و الروح من المسجد الحرام الى المسجد الاقصى ثم عرج به الى السموات العلى ثم الى سدرة المنتهى ثم الى المستوى، ثم الى العرش و الرفرف.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معراج بیداری میں بدن وروح کے ساتھ مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک ہوئی پھر آسمانوں پھر سدرۃ المنتہیٰ پھر مستویٰ پھر عرش ورفرف تک۔

فتوحات احمدیہ شرح الہمزیہ للشیخ سلیمان الجمل میں ہے :

رقيه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ليلة الاسراء من بيت المقدس الى السموات السبع الى حيث شاء الله تعالىٰ لكنه لم يجاوز العرش على الراجح.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ترقی شب اسراء بیت المقدس سے ساتویں آسمان اور وہاں سے اس مقام تک ہے جہاں تک اللہ عزوجل نے چاہا مگر راجح یہ ہے کہ عرش سے آگے تجاوز نہ فرمایا۔

اسی میں ہے :

المعاريج ليلة الاسراء عشرة سبعة فى السموات و الثامن الى سدرة المنتهى و التاسع الى المستوى و العاشر الى العرش لكن لم يجاوز العرش كما هو التحقيق عند اهل المعاريج.

معراجیں شب اسراء دس ہوئیں سات آسمانوں میں اور آٹھویں سدرۃ نویں مستویٰ دسویں عرش تک مگر راویان معراج کے نزدیک تحقیق یہ ہے کہ عرش سے اوپر تجاوز نہ فرمایا۔

اسی میں ہے :

بعد ان جاوز السماء السابعة رفعت له سدرة المنتهى ثم جاوزها الى مستوى ثم زج به في النور فخرق سبعين الف حجاب من نور مسيرة كل حجاب خمسمأة عام ثم دلى له رفرف خضر فارتقى به حتى وصل الى العرش و لم يجاوزه فكان من ربه قاب قوسين او ادنىٰ .

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آسمان ہفتم سے گزرے سدرہ حضور کے سامنے بلند کی گئی اس سے گزر کر مقام مستویٰ پر پہنچے پھر حضور عالم نور میں ڈالے گئے وہاں ستر ہزار پردے نور کے طے فرمائے ہر پردے کی مسافت پانسو برس کی راہ، پھر ایک سبز بچھونا حضور کے لیے لٹکایا گیا حضور اس پر ترقی فرما کر عرش تک پہنچے اور عرش سے ادھر گزر نہ فرمایا وہاں اپنے رب سے قاب قوسین او ادنیٰ پایا۔

اقول (امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں) :

شیخ سلیمان نے عرش سے اوپر تجاوز نہ فرمانے کو ترجیح دی اور امام ابن حجر مکی وغیرہ کی عبارات ماضیہ وآتیہ وغیرہا میں فوق العرش ولا مکاں کی تصریح ہے۔ لا مکاں یقیناً فوق العرش ہے اور حقیقۃً دونوں قولوں میں کچھ اختلاف نہیں۔ عرش تک منتہائے مکان ہے اس سے آگے لا مکاں ہے اور جسم نہ ہوگا مگر مکان میں تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جسم اقدس سے منتہائے عرش تک تشریف لے گئے اور روح اقدس نے وراء الوراء تک ترقی فرمائی جسے ان کا رب جانے جو لے گیا پھر وہ جانیں جو تشریف لے گئے۔ اسی طرف کلام امام شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں اشارہ عنقریب آتا ہے کہ ان پاؤں سے سیر کا منتہیٰ عرش ہے، تو سیر قدم عرش پر ختم ہوئی نہ اس لیے کہ سیر اقدس میں معاذ اللہ کوئی کمی رہی بلکہ اس لیے کہ تمام اماکن کا احاطہ فرمالیا اوپر کوئی مکان ہی نہیں جسے کہیئے کہ قدم پاک وہاں نہ پہنچا اور سیر قلب انور کی انتہا قاب قوسین۔ اگر وسوسہ

گزرے کہ عرش سے وراء کیا ہوگا کہ حضور نے اس سے تجاوز فرمایا، تو امام اجل سیدی علی وفا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد سنئے جسے امام عبدالوہاب شعرانی نے کتاب الیواقیت والجواہر فی عقائد الاکابر میں نقل فرمایا کہ فرماتے ہیں :

لیس الرجل من یقیدہ العرش و ما حواہ عن الافلاک و الجنة و النار و ان الرجل من نفذ بصرہ الی خارج لھذا الوجود کلہ و ھناک یعرف قدر عظمة موجدہ سبحنہ و تعالیٰ.

مرد وہ نہیں جسے عرش اور جو کچھ اس کے احاطہ میں ہے افلاک و جنت و نار یہی چیزیں محدود و مقید کرلیں، مرد وہ ہے جس کی نگاہ اس تمام عالم کے پار گزر جائے وہاں اسے موجد عالم جل جلالہٗ کی عظمت کی قدر کھلے گی۔

امام علامہ احمد قسطلانی مواہب لدنیہ و منح محمدیہ اور علامہ محمد زرقانی اس کی شرح میں فرماتے ہیں:

(و منھا انہ رأی اللہ بعینہ) یقظة علی الراجح (و کلمہ اللہ تعالیٰ فی الرفیع الاعلیٰ) علی سائر الامکنة و قد روی ابن عساکر عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ مرفوعاً لما اسری لی قربنی ربی حتی کان بینی و بینہ قاب قوسین او ادنیٰ .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص سے ہے کہ حضور نے اللہ عزوجل کو اپنی آنکھوں سے بیداری میں دیکھا یہی مذہب راجح ہے اور اللہ عزوجل نے حضور سے اس بلند و بالاتر مقام میں کلام فرمایا جو تمام امکنہ سے اعلیٰ تھا اور بیشک ابن عساکر نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا شب اسرا مجھے میرے رب نے اتنا نزدیک کیا کہ مجھ میں اور اس میں دو کمانوں بلکہ اس سے کم کا فاصلہ رہ گیا۔

اسی میں ہے:

قد اختلف العلماء فی الاسراء بل ھو اسراء و احد او اسراء ان مرۃ بروحہ و بدنہ یقظۃ و مرۃ مناما او یقظۃ بروحہ و جسدہ من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی ثم مناما من المسجد الاقصی الی العرش فالحق انہ اسراء واحد بروحہ و جسدہ یقظۃ فی القصۃ کلھا و الی ھذا ذھب الجمھور من علماء المحدثین و الفقھاء و المتکلمین .

علماء کو اختلاف ہوا کہ معراج ایک ہے یا دو ایک بار روح و بدن اقدس کے ساتھ بیداری میں اور ایک بار خواب میں یا بیداری میں روح و بدن مبارک کے ساتھ مسجد الحرام سے مسجد اقصیٰ تک پھر خواب میں وہاں سے عرش تک اور حق یہ ہے کہ وہ ایک ہی اسراء ہے اور سارے قصے میں یعنی مسجد الحرام سے عرش اعلیٰ تک بیداری میں روح و بدن اطہر ہی کے ساتھ ہے جمہور علماء محدثین وفقہاء و متکلمین سب کا یہی مذہب ہے۔

اسی میں ہے :

المعاریج عشرۃ (الی قولہ) العاشر الی العرش .

معراجیں دس ہوئیں دسویں عرش تک۔

اسی میں ہے :

قد ورد فی الصحیح عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال عرج لی بی جبریل الی السدرۃ المنتھی و دنا الجبار رب العزۃ فتدلی فکان قاب قوسین او ادنیٰ تدلیۃ علی ما فی حدیث شریک کان فوق العرش.

صحیح بخاری شریف میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں میرے ساتھ جبریل نے سدرۃ المنتہیٰ تک عروج کیا اور جبار رب العزت جل جلالہ نے دنو و تدلی فرمائی تو فاصلہ دو کمانوں بلکہ ان سے کم کا رہا یہ تدلی بالائے عرش تھی جیسا کہ حدیث شریف میں ہے۔

علامہ شہاب خفاجی نسیم الریاض شرح شفائے امام قاضی عیاض میں فرماتے ہیں:

و رد فی المعراج انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لما بلغ سدرة المنتهیٰ جاء بالرفرف جبریل علیه الصلاة و السلام فتناوله فطار به الی العرش.

حدیث معراج میں وارد ہوا کہ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سدرۃ المنتہیٰ پہنچے جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام رفرف حاضر لائے وہ حضور کو لے کر عرش تک اڑ گیا۔

اسی میں ہے :

علیه یدل صحیح الاحادیث الاحاد الدالة علی دخوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الجنة ووصوله الی العرش او طرف العالم کما سیاتی کل ذلک بجسده یقظة .

صحیح احاد حدیثیں دلالت کرتی ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شب اسریٰ جنت میں تشریف لے گئے اور عرش تک پہنچے یا عالم کے اس کنارے تک کہ آگے لامکاں ہے اور یہ سب بیداری میں مع جسم مبارک تھا۔

حضرت سیدی شیخ اکبر امام محی الدین بن عربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتوحات مکیہ شریف باب ۳۱۶ میں فرماتے ہیں۔

اعلم ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لما کان خلقه القران و تخلق بالاسماء و کان الله سبحانه و تعالیٰ ذکر فی کتابه العزیز انه تعالیٰ استوی علی العرش

علی طریق التمدح و الثناء علی نفسه اذ کان العرش اعظم الاجسام فجعل لنبیه علیه الصلاۃ و السلام من هذا الاستواء نسبة علی طریق التمدح و الثناء به علیه حیث کان اعلی مقام ینتهی الیه من اسری به من الرسل علیهم الصلاۃ و السلام و ذلک یدل علی انه اسری به صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی جسمه و لو کان الاسراء به رؤیا لما کان الاسراء و لا الوصول الی هذا المقام تمدح و لا وقع من الاعراب انکار علی ذلک .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خلق قرآن تھا اور حضور اسماء الٰہیہ کی خود خصلت رکھتے تھے اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے قرآن کریم میں اپنی صفات مدح سے عرش پر استوا بیان فرمایا تو اس نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی اس صفت استوا علی العرش کے پرتو سے مدح ومنقبت بخشی کہ عرش وہ اعلیٰ مقام ہے جس تک رسولوں کا اسراء منتہیٰ ہوا اور اس سے ثابت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسراء مع جسم مبارک تھا کہ اگر خواب ہوتا تو اسراء اور اس مقام استوی علی العرش تک پہنچنا مدح نہ ہوتا نہ گنوار اس پر انکار کرتے۔

امام علامہ عارف باللہ سیدی عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ الربانی کتاب الیواقیت والجواہر میں حضرت موصوف سے ناقل :

انما قال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی سبیل التمدح حتی ظهرت لمستوی اشارة لما قلنا من ان منتهی السیر بالقدم المحسوس العرش.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بطور مدح ارشاد فرمانا کہ یہاں تک کہ میں مستویٰ پر بلند ہوا اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ قدم جسم سے سیر کا منتہیٰ عرش ہے۔

مدارج النبوۃ شریف میں ہے :

فرمود صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پس گسترانیدہ شد برائے من رفرف سبز کہ غالب بود نور او برنور آفتاب پس درخشید باں نور بصر من و نہادہ شدم من براں رفرف و برداشتہ شدم تا برسیدم بعرش۔

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کے بعد میرے لیے سبز رنگ کی رفرف بچھائی گئی (رفرف بچھونے کو کہتے ہیں دراصل یہ اس بچھونے کو کہا جاتا ہے جو نرم ہو اور دیبا وغیرہ سے بنایا گیا ہو) جس کا نور آفتاب کے نور پر غالب تھا اس سے میری آنکھوں کا نور چمکنے لگا مجھے اس رفرف پر بٹھا دیا گیا وہ مجھے لے کر روانہ ہوا یہاں تک کہ میں عرش پر پہنچا۔ (مولف)

اسی میں ہے :

آوردہ اند کہ چوں رسید آں حضرت صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بعرش دست زد عرش بداماں اجلال وے۔

بیان کیا جاتا ہے جب حضور سید عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم عرش پر پہنچے تو عرش نے دامن اجلال کو تھام لیا۔ (مولف)

اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ شریف میں ہے

جز حضرت پیغمبر ما صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بالاتر ازاں ہیچ کس نہ رفتہ وآں حضرت بجائے رفت کہ آنجا جا نیست۔

عرش کی بلندی پر حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے سوا کوئی نہ گیا اور حضور وہاں تشریف لے گئے جہاں کوئی جگہ ہی نہیں ہے یعنی وہ لامکاں ہے۔ (مولف)

برداشت از طبیعت امکاں قدم کہ آں
اسری بعبدہ است من المسجد الحرام

تا عرصۂ وجوب کہ اقصائے عالم ست

کانجا نہ جاست نے جہت و نے نشاں و نام

سرورکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدودامکان سے باہر قدم رکھا جن کی شان اطہر میں یہ آیہ کریمہ نازل ہوئی ہے **سبحان الذی اسری بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی** اور جو وجوب کے میدان میں قدم رکھا جہاں عالم کی انتہا ہےاور وہاں نہ جگہ ہے نہ جہت وسمت نہ کوئی نام ونشان۔

نیز اسی کے باب رویۃ اللہ تعالیٰ فصل سوم زیر حدیث **قد رأی ربہ مرتین** ارشادفرمایا۔

بتحقیق دید آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پروردگار خودرا جل وعلا دوبار، یکے چوں نزدیک سدرۃ المنتہیٰ بوددوم چوں بالائے عرش برآمد۔

بیشک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب عزوجل کو دوبار دیکھا ایک مرتبہ سدرۃ المنتہیٰ کے قریب اوردوسری بار جب عرش اعظم کےاوپر تشریف فرما ہوئے۔ (مولف)

مکتوبات حضرت شیخ مجددالف ثانی جلداول مکتوب ۲۸۳ میں ہے۔

آں سرور علیہ الصلاۃ والسلام دراں شب از دائرہ مکان وزمان بیروں جست وازتنگی امکاں برآمدہ ازل وابدراآں واحد یافت وبدایت ونہایت رادریک نقطہ متحد دید۔

سرورکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شب معراج مکان وزمان کے دائرے وحد سے باہر تشریف لے گئےاورامکان کی تنگی سے باہر گئے ازل وابد کوایک پایااورابتداء وانتہاء کوایک نقطہ میں متحد دیکھا۔ (مولف)

نیز مکتوب ۲۷۲ میں ہے :

محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ محبوب رب العالمین ست و بہترین موجودات اولین و آخرین بدولت معراج بدنی مشرف شد واز عرش وکرسی درگزشت واز مکان وزمان بالا رفت۔

محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دونوں جہاں کے رب کے محبوب ہیں اور اولین و آخرین میں سب سے بہتر و افضل ہیں انھیں معراج جسمانی کی دولت عطا ہوئی عرش وکرسی سے آگے اور زمان ومکان سے اوپر تشریف لے گئے۔ (مولف) (منبہ المنیہ لوصول الحبیب الی العرش والرویۃ)

ایک مرد خدا

امام ابوبکر بن ابی الدنیا ابوالمخارق سے مرسلاً راوی حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ فرماتے ہیں:

مررت لیلة اسری برجل مغیب فی نور العرش قلت من هذا ملک قیل لا قلت نبی قیل لا قلت من هو قال هذا رجل کان فی الدنیا لسانه رطبا من ذکر الله تعالیٰ و قلبه معلق بالمساجد و لم یستسب لوالدیه قط.

یعنی شب اسریٰ میرا گزر ایک مرد پر ہوا کہ عرش کے نور میں غائب تھا میں نے فرمایا یہ کون ہے؟ کوئی فرشتہ ہے عرض کی گئی نہ، میں نے فرمایا نبی ہے؟ عرض کی گئی نہ، میں نے فرمایا کون ہے؟ عرض کرنے والے نے عرض کی یہ ایک مرد ہے کہ دنیا میں اس کی زبان یاد الٰہی سے تر تھی اور دل مسجدوں سے لگا ہوا اور (اس نے کسی کے ماں باپ کو برا کہہ کر) کبھی اپنے ماں باپ کو برا نہ کہلوایا۔

بیت المعمور میں نماز

ابن جریر وابن ابی حاتم و بزار وابو یعلی وابن مردویہ وبیہقی نے وابن عساکر حضرت ابوسعید خدری

رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل معراج میں راوی حضور اقدس سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ثم صعدت الی السماء السابعة فاذا انا بابراھیم الخلیل مسندة ظھره الی البیت المعمور (فذکر الحدیث الی ان قال) و اذا بامتی شطرین شطر علیھم ثیاب بیض کانھا القراطیس و شطر علیھم ثیاب رمد فدخلت البیت المعمور و دخل معی الذین علیھم الثیاب البیض و حجب الاخرون الذین علیھم ثیاب رمد و ھم علی خیر فصلیت انا و معی من المومنین فی البیت المعمور ثم خرجت انا و من معی . الحدیث.

پھر میں ساتویں آسمان پر تشریف لے گیا ناگاہ وہاں ابراہیم خلیل اللہ ملے کہ بیت المعمور سے پیٹھ لگائے تشریف فرما ہیں، اورناگاہ اپنی امت دو قسم پر پائی ایک قسم کے سفید کپڑے ہیں کاغذ کی طرح اور دوسری قسم کا خاکستری لباس۔ میں بیت المعمور کے اندر تشریف لے گیا اور میرے ساتھ وہ سفید پوش بھی گئے، میلے کپڑے والے روکے گئے مگر وہ بھی ہیں خیر وخوبی پر پھر میں نے اور میرے ساتھ کے مسلمانوں نے بیت المعمور میں نماز پڑھی پھر میں اور میرے ساتھ والے باہر آئے۔ (عرفان شریعت، حصہ سوم)

حضرت عائشہ کے شبہ کا جواب

معراج سے متعلق حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ معراج جسمانی نہیں ہوئی بلکہ روحانی ہوئی کیوں کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا جسم اقدس بستر مبارک سے غائب نہ ہوا اس لیے جو یہ کہے کہ معراج جسمانی ہوئی اس کی تصدیق نہ کی جائے حالاں کہ معراج جسمانی ہوئی اور حضرت عائشہ کو شبہ ہوا اس شبہ کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا شب معراج تک خدمت اقدس میں حاضر بھی نہ ہوئی تھیں

بہت صغیر السن بچہ تھیں وہ جو فرماتی ہیں حق فرماتی ہیں، ان روحانی معراجوں کی نسبت فرماتی ہیں جوان کے زمانے میں ہوئیں، معراج جسمانی ان کی حاضری سے کئی سال پیشتر ہو چکی تھی۔

معراج ایک عجیب معجزہ ہے

حضرت عزت جلا و علا اپنے محبوبوں کی مدح سے اپنی حمد فرمایا کرتا ہے اس کی ابتداء کہیں **ھو الذی** سے ہوئی ہے جیسے **ھو الذی بعث فی الامین رسولا منھم ، ھو الذی ارسل رسوله بالھدی و دین الحق .**

کہیں، **تبارک الذی** سے **تبارک الذی نزل الفرقان علی عبده لیکون للعلمین نذیرا.**

کہیں، حمد سے جیسے **الحمد لله الذی نزل علی عبده الکتاب و لم یجعل له عوجا.**

یہاں (معراج میں) تسبیح سے ابتداء فرمائی ہے کہ **سبحن الذی اسری بعبده لیلا من المسجد الحرام .**

اس میں ایک صریح نکتہ یہ ہے کہ جو بات نہایت عجیب ہوتی ہے اس پر تسبیح کی جاتی ہے، سبحن الذی کیسی عمدہ چیز ہے۔ سبحن کیسی عجیب بات ہے۔ جسم کے ساتھ آسمانوں پر تشریف لے جانا، کرۂ زمہریر طے فرمانا، کرۂ نار طے فرمانا، کروروں برس کی راہ کو چند ساعت میں طے فرمانا، تمام ملک وملکوت کی سیر فرمانا، یہ تو انتہائی عجب کی آیات بینات ہیں ہی اتنی بات کہ کفار مکہ پر حجت قائم فرمانے کے لیے ارشاد ہوئی کہ شب کو مکہ معظمہ میں آرام فرمائیں، صبح بھی مکہ معظمہ میں تشریف فرما ہوں اور رات ہی رات بیت المقدس تشریف لے جائیں اور واپس تشریف لائیں کیا کم عجیب ہے؟ اس لیے سبحن الذی ، ارشاد ہوا۔

کفار نے آسمان کہاں دیکھے ان پر تشریف لے جانے کا ان کے سامنے ذکر ایک ایسا دعویٰ ہوتا جس کی وہ جانچ نہ کرسکتے، بخلاف بیت المقدس جس میں ہر سال ان کے دو پھیرے ہوتے رحلة الشتا و الصیف اور وہ خوب جانتے تھے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی وہاں تشریف نہ لے گئے تو اس معجزے کی خوب جانچ کرسکتے تھے اور ان پر حجت الٰہی پوری قائم ہوسکتی تھی۔ چنانچہ بحمدہ تعالیٰ یہ ہی ہوا کہ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بیت المقدس تشریف لے جانا اور شب ہی شب میں واپس آنا بیان فرمایا۔

ابوجہل کی تکذیب

ابوجہل لعین اپنے دل میں بہت خوش ہوا کہ اب ایک صریح حجت معاذ اللہ ان کے غلط فرمانے کی مل گئی ولہٰذا ملعون نے تکذیب ظاہر نہ کی بلکہ یہ عرض کی کہ آج ہی ~~رات تشریف~~ لے گئے فرمایا ہاں، کہا اور آج شب میں واپس آئے فرمایا ہاں، کہا اوروں کے سامنے بھی ایسا ہی فرمادیجیے گا فرمایا ہاں، اب اس نے قریش کو آواز دی اور وہ جمع ہوئے اور حضور سے پھر اس ارشاد کا اعادہ چاہا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اعادہ فرمادیا۔

ابوبکر صدیق کی تصدیق

کافر بغلیں بجاتے صدیق اکبر کے پاس حاضر ہوئے، یہ گمان تھا کہ ایسی ناممکن بات سن کر وہ بھی معاذ اللہ تصدیق سے پھر جائیں گے، صدیق سے عرض کی آپ نے کچھ اور بھی سنا آپ کے یار فرماتے ہیں کہ میں آج کی رات بیت المقدس گیا اور شب ہی میں واپس ہوا، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کیا وہ ایسا فرماتے ہیں کہا ہاں وہ یہ حرم میں تشریف فرما ہیں صدیق نے فرمایا اگر انھوں نے یہ فرمایا تو واللہ حق فرمایا، یہ تو مکہ سے بیت المقدس تک کا فاصلہ ہے میں تو اس پر ان کی تصدیق کرتا ہوں کہ صبح شام آسمان کی خبر

ان کے پاس آتی ہے۔

حضور نے بیت المقدس کی نشانیاں بتائیں

پھر کافروں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بیت المقدس کے نشان پوچھے جانتے تھے کہ یہ تو کبھی تشریف لے گئے نہیں کیوں کر بتائیں گے وہ جو کچھ پوچھتے گئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے گئے کافروں نے کہا واللہ نشان تو پورے صحیح ہیں۔

قافلے کا حال بتادیا

پھر اپنے ایک قافلہ کا حال پوچھا جو بیت المقدس کو گیا ہوا تھا کہ وہ بھی راستہ میں حضور کو ملا تھا اور کہاں ملا تھا اور کیا حالت تھی کب تک آئے گا؟ حضور نے ارشاد فرمایا فلاں منزل میں ہم کو ملا تھا اور یہ کہ اتر کر ہم نے اس میں ایک پیالہ سے پانی پیا تھا اور اس میں ایک اونٹ بھاگا اور ایک شخص کا پاؤں ٹوٹ گیا، اور قافلہ فلاں دن طلوع شمس کے وقت آئے گا، یہ مدت جو ارشاد ہوئی منزلوں کے حساب سے قافلہ کے لیے کسی طرح کافی نہ تھی جب وہ دن آیا کفار پہاڑ پر چڑھ گئے کہ کسی طرح آفتاب چمک آئے اور قافلہ نہ آئے تو ہم کہہ دیں کہ دیکھو (معاذ اللہ) وہ خبر غلط ہوئی۔ کچھ جانب شرق طلوع آفتاب کو دیکھ رہے تھے، کچھ جانب شام راہ قافلہ پر نظر رکھتے تھے ان میں سے ایک نے کہا وہ آفتاب چمکا کہ ان میں سے دوسرا بولا کہ وہ قافلہ آیا، یہ ہوتی ہے سچی نبوت جس کی خبر میں سر مو فرق آنا محال ہے۔

معراج، رات کو کیوں ہوئی؟

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

رات تجلی لطفی ہے اور دن تجلی قہری اور معراج کمال لطف ہے جس سے مافوق متصور نہیں، لہٰذا تجلی لطفی

ہی کا وقت مناسب تھا۔ معراج وصل محبوب ومحب ہے اور وصال کے لیے عادۃً شب ہی انسب مانی جاتی ہے۔

معراج ایک معجزۂ عظیمہ قاہرہ ظاہرہ تھا اور سنت الٰہیہ ہے کہ ایسے واضح معجزہ کو دیکھ کر جو قوم نہ مانے ہلاک کردی جاتی ہے، ان پر عذاب عام بھیجا جاتا جیسے اگلی امتوں میں بکثرت واقع ہوا۔

معراج کو تشریف لے جانا اگر دن میں ہوتا تو یا سب ایمان لے آتے یا سب ہلاک کیے جاتے۔ ایمان تو کفار کے مقدر میں تھا نہیں تو یہی شق رہی کہ ان پر عذاب عام اترتا اور حضور بھیجے گئے سارے جہان کے لیے رحمت، جنھیں ان کا رب فرماتا ہے **و ما کان اللہ لیعذبھم و انت فیھم**۔

اے رحمت عالم جب تک تم ان پر تشریف فرما ہو اللہ انھیں عذاب کرنے والا نہیں۔

لہٰذا شب ہی مناسب ہوئی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۱۰۳ تا ۱۰۶)

معراج جسمانی ہوئی

معراج شریف یقیناً قطعاً اسی جسم مبارک کے ساتھ ہوئی نہ کہ فقط روحانی، جو ان کی عطا سے ان کے غلاموں کو بھی ہوتی ہے۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

سبحٰن الذی اسری بعبدہ

پاکی ہے اسے جو رات میں لے گیا اپنے بندہ کو۔

یہ نہ فرمایا کہ لے گیا اپنے بندہ کی روح کو۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۱۷۰)

سلطنت الٰہی کے دولھا

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیشک تمام سلطنت الٰہی کے دولھا ہیں۔

امام احمد قسطلانی مواہب لدنیہ شریف میں نقل فرماتے ہیں :

ھو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رأی صورۃ ذاتہ المبارکۃ فی الملکوت فاذا ھو عروس المملکۃ .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج عالم ملکوت میں اپنی ذات مبارک کی تصویر ملاحظہ فرمائی تو دیکھا کہ حضور تمام سلطنت الٰہی کے دولھا ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (فتاویٰ رضویہ ج ۶ ص ۱۹۹)

حضرت ابراھیم کا ارشاد

شیخ الانبیاء خلیل کبریا علیہ الصلاۃ والثناء نے شب معراج حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خطبۂ فضائل سن کر تمام انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والتسلیم سے فرمایا:

بھذا فضلکم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم .

ان وجوہ سے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم سب سے افضل ہوئے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۶ ص ۱۴۵)

جہنم میں عورتوں کی کثرت

حدیث صحیح میں حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد کہ:

رایت النار فلم ار کالیوم منظرا قط افظع و رایت اکثر اھلھا النساء .

میں نے دوزخ ملاحظہ فرمائی تو آج کی برابر کوئی چیز سخت وشنیع نہ دیکھی اور میں نے اہل دوزخ میں عورتیں زیادہ دیکھیں۔ فقالوا یا رسول اللہ صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہ، یعنی حضور اس کا سبب کیا

ہے۔

قال بکفرھن فرمایاان کے کفر کے باعث قیل یکفرن باللہ عرض کی گئی کیا اللہ عزوجل سے کفر کرتی ہیں۔

قال یکفرن العشیر و یکفرن الاحسان .

فرمایا شوہر کی ناشکری کرتی ہیں اور احسان نہیں مانتی ہیں۔

لو احسنت الی احداھن الدھر ثم رأت منک شیئا قالت ما رأیت منک خیرا قط.

اگر تو ان میں کسی کے ساتھ عمر بھر احسان کرے پھر ذرا سی بات خلاف مزاج تجھ سے دیکھے تو کہے میں نے کبھی تم سے کوئی بھلائی نہ دیکھی۔ اسے بخاری و مسلم نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۵۸۳۔ اطائب التہانی)

فرضیت نماز

نماز پنج گانہ اللہ عزوجل کی وہ نعمت عظمیٰ ہے کہ اس نے اپنے کرم عظیم سے خاص ہم کو عطا فرمائی ہم سے پہلے کسی امت کو نہ ملی بنی اسرائیل پر دو ہی وقت کی فرض تھی وہ بھی صرف چار رکعتیں دو صبح، دو شام وہ بھی ان سے نہ نبھی۔

سنن نسائی شریف میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حدیث معراج مبارک میں ارشاد فرماتے ہیں:

ثم ردت الی خمس صلوات قال فارجع الی ربک فاسأله التخفیف فانه فرض

علی بنی اسرائیل صلاتین فما قاموا بهما.

یعنی پھر پچاس نمازوں کی پانچ رہیں موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی کہ حضور پھر جائیں اور اپنے رب سے تخفیف چاہیں کہ اس نے بنی اسرائیل پر دو نمازیں فرض فرمائی تھی وہ انھیں بھی بجا نہ لائے۔

(فتاویٰ رضویہ ۲،ص ۱۹۳)

صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث معراج میں ہے:

فاعطی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ثلثا اعطی الصلوات الخمس و اعطی خواتیم سورة البقرة و غفرلمن لم یشرک بالله من امته شیئا.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حدیث اسراء میں فرمایا کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تین چیزیں عطا کی گئیں، پانچ نمازیں، اور سورۂ بقرہ کی آخری آیتیں اور آپ کی امت میں سے ان کی مغفرت جنھوں نے شرک نہیں کیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲،ص ۱۹۵)

معراج سے پہلے نماز

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:

پیش از اسراء دو وقت یعنی قبل طلوع شمس وقبل غروب کے نمازیں مقرر ہونے میں علماء کو اختلاف ہے اور اصح یہ ہے کہ اس سے پہلے صرف قیام لیل کی فرضیت ثابت باقی پر کوئی دلیل صریح قائم نہیں۔

درمختار کتاب الصلاۃ کے آغاز میں ہے:

فرضت فی الاسراء و کانت قبله الصلاتین قبل طلوع الشمس و قبل غروبها.

نماز معراج میں فرض ہوئی اس سے پہلے دو نمازیں تھیں ایک طلوع آفتاب سے پہلے اور دوسری

غروب آفتاب سے پہلے۔ (مولف)

مواہب کے مقصد اول میں ہے

قال مقاتل كانت الصلاة اول فرضها ركعتين بالغداة و ركعتين بالعشى، لقوله تعالىٰ و سبح بحمد ربک بالعشى و الابكار.

مقاتل نے کہا کہ سب سے پہلے جو نماز فرض ہوئی وہ صبح کو دو رکعت اور شام کو دو رکعت ہیں، اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے کہ صبح وشام اپنے رب کی پاکی اور حمد بیان کیجیے۔ (مولف)

قال فى فتح البارى كان صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قبل الاسراء يصلى قطعا كذلک اصحابه، و لكن اختلف هل افترض قبل الخمس شى من الصلاة ام لا، فقيل ان الفرض كان صلاة قبل طلوع الشمس و قبل غروبها.

فتح الباری میں یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم معراج سے پہلے نماز پڑھتے تھے لیکن اختلاف یہ ہے کہ کیا پانچ نمازوں سے پہلے بھی کوئی نماز فرض تھی یا نہیں؟ تو بعض نے یہ کہا کہ صبح وشام نماز فرض تھی۔ (مولف)

و قال النووى اول ما وجب الانذار و الدعاء الى التوحيد ثم فرض الله تعالىٰ من قيام الليل ما ذكره فى اول سورة المزمل ثم نسخه بما فى آخرها ثم نسخه بايجاب الصلوات الخمس ليلة الاسراء بمكة .

امام نووی نے فرمایا کہ سب سے پہلے انذار اور دعوت توحید واجب ہوئی پھر اللہ عزوجل نے قیام لیل کو فرض فرمایا جس کا ذکر سورۂ مزمل کے آغاز میں ہے پھر سورۂ مزمل کی آخری آیتوں سے قیام لیل کی فرضیت منسوخ ہوگئی پھر اسے شب معراج نماز پنج گانہ کی فرضیت سے منسوخ فرما دیا اور یہ مکے میں ہوا۔ (مولف)

مواہب اور شرح علامہ زرقانی کے مقصد تاسع میں ہے

ذهب جماعة الى انه لم تكن قبل الاسراء صلاة مفروضة الا ما وقع الامر به من صلاة الليل بلا تحديد.

اور ایک جماعت کا خیال یہ ہے کہ معراج سے پہلے کوئی نماز فرض نہیں تھی مگر رات کی وہ نماز جس کا حکم بلا تخصیص تھا۔ (مولف)

و ذهب الحربى الى ان الصلاة كانت مفروضة ركعتين بالغداة و ركعتين بالعشى و رده جماعة من اهل العلم.

اور حربی نے یہ کہا کہ صبح و شام دو دو رکعتیں فرض تھیں، اور اہل علم کی ایک جماعت نے اس کا رد کر دیا ہے۔ (مولف)

مواہب اور شرح علامہ زرقانی کے مقصد خامس حدیث معراج میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بیت المقدس میں انبیاء کرام کو نماز پڑھانے کے ذکر میں ہے۔

قد اختلف فی هذه الصلاة هل هی فرض او نفل و اذ قلنا انها فرض فای صلاة هی قال بعضهم الاقرب انها الصبح و يحتمل ان تكون العشاء .

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بیت المقدس میں شب معراج انبیاء کرام علیہم الصلاۃ و السلام کو جو نماز پڑھائی اس نماز کے بارے میں اختلاف ہے کہ وہ نماز فرض تھی یا نفل؟ جب یہ کہیں کہ وہ فرض تھی تو کون سی تھی؟ بعض نے کہا کہ وہ صبح کی ہے اور عشا کا بھی احتمال ہے۔ (مولف)

و الاحتمالان كما قال الشامى ليسا بشئ سواء قلنا صلى بهم قبل العروج او بعده لان اول صلاة صلاها النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من الخمس مطلقا الظهر

بمكة بالاتفاق و من حمل اوليته على مكة فعليه الدليل قال و الذى يظهر انها كانت من النفل المطلق او كانت من الصلاة المفروضة عليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قبل ليلة الاسراء .

شامی نے کہا کہ یہ دونوں احتمال کچھ نہیں ہیں خواہ یہ کہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی امامت فرمائی معراج کے لیے تشریف لے جانے سے پہلے یا معراج سے آنے کے بعد، اس لیے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز پنجگانہ میں سے سب سے پہلے ظہر کی نماز کے میں پڑھی، اس پر علماء کا اتفاق ہے اور جس نے سب سے پہلی نماز کو کے میں ادا کرنے پر محمول کیا ہے تو اس پر دلیل ہے۔ اور اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ محض نفل نماز تھی یا وہ نماز تھی جو معراج سے پہلے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر فرض تھی۔ (مولف)

ابن ابی حاتم اپنی تفسیر میں حضرت انس سے حدیث معراج میں اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بیت المقدس تشریف لے جانے کے ذکر میں راوی :

لم البث الا يسيرا حتى اجتمع ناس كثير ثم اذن موذن و اقيمت الصلاة قال فقمنا صفوفا ننتظر من يومنا فاخذ جبريل عليه الصلاة و السلام بيدى فقدمنى فصليت بهم فلما انصرفت قال لى جبريل اتدرى من صلى خلفك قلت لا قال صلى خلفك كل نبى بعثه الله .

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھوڑی دیر ہی ٹھہرے تھے کہ بہت سارے لوگ جمع ہوئے پھر اذان ہوئی اور اقامت کہی گئی حضور نے فرمایا کہ ہم صفوں میں کھڑے ہو کر انتظار کرنے لگے کہ امامت کون کرے گا تو جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے آگے کر دیا میں نے نماز پڑھائی جب میں

سلام پھیر کر نماز سے باہر ہوا تو جبریل نے عرض کی کیا آپ کو معلوم ہے کہ آپ کے پیچھے کس نے نماز پڑھی فرمایا نہیں جبریل نے عرض کی آپ کی اقتدا میں تمام انبیاء سابقین نے نماز پڑھی۔ (مولف)

روی مسلم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی حدیث الاسراء حانت الصلاہ فامتھم.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث اسراء میں مروی ہے کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ جب نماز کا وقت ہوا تو میں نے سب کی امامت فرمائی۔ (مولف)

ان اقوال وروایات کو پیش کرنے کے بعد امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

تاہم اس قدر یقیناً معلوم کہ معراج مبارک سے پہلے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نمازیں پڑھتے نماز شب کی فرضیت تو خود سورۂ مزمل شریف سے ثابت اور اس کے سوا اور اوقات میں بھی نماز پڑھنا وارد، عام از ینکہ فرض ہو یا نفل۔

حدیث میں ہے:

کان المسلمون قبل ان تفرض الصلوات الخمس یصلون الضحی و العصر فکان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و اصحابہ اذا صلوا آخر النہار تفرقوا فی الشعاب فصلوھا فرادی.

فرضیت پنج گانہ سے پہلے مسلمان چاشت اور عصر پڑھا کرتے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصحابہ کرام جب آخر روز کی نماز پڑھتے گھاٹیوں میں متفرق ہو کر تنہا پڑھتے۔

اسے ابن سعد وغیرہ نے عزیزہ بنت تجراۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔

احادیث اس باب میں بکثرت ہیں اوران کی جمع وتلفیق کی حاجت نہیں بلکہ نماز شروع روز بعثت شریفہ سے مقرر ومشروع ہے۔حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اول بار جس وقت وحی اتری اور نبوت کریمہ ظاہر ہوئی اسی وقت حضور نے بہ تعلیم جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نماز پڑھی اوراسی دن بہ تعلیم اقدس حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پڑھی دوسرے دن امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی نے حضور کے ساتھ پڑھی کہ ابھی سورۂ مزمل نازل بھی نہ ہوئی تھی تو ایمان کے بعد پہلی شریعت نماز تھی۔

احمد وابن ماجہ اور حارث اپنی مسند میں حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

ان جبریل اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی اول ما اوحی الیہ فاراہ الوضوء و الصلاۃ فلما فرغ من الوضوء اخذ غرفۃ من ماء فنضح بھا فرجہ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام وحی کے روز اول تشریف لائے اور وضو و نماز کا طریقہ دکھایا پھر وضو سے فارغ ہونے کے بعد ایک چلو پانی لے کر اس صورت مثالیہ کی شرمگاہ پر چھڑک دیا۔ (مولف)

قد روی ان جبریل بدا له صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (و ھو باعلی مکۃ) فی احسن صورۃ و اطیب رائحۃ فقال یا محمد ان اللہ یقرئک السلام و یقول لک انت رسولی الی الجن و الانس فادعھم الی قول لا الہ الا اللہ ثم ضرب برجلہ الارض فنبعت عین ماء فتوضأ منھا جبریل (زاد ابن اسحٰق و رسول اللہ ینظر الیہ لیریہ کیف الطھور الی الصلاۃ) ثم امرہ ان یتوضأ و قام جبریل یصلی و امرہ ان یصلی معہ (زاد فی روایۃ ابی نعیم عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھا فصلی رکعتین نحو الکعبۃ) فعلمہ

الوضوء و الصلاة ثم عرج الی السماء و رجع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لا یمر بحجر و لا مدر و لا شجر الا و هو یقول السلام علیک یا رسول الله حتی اتی خدیجة فاخبرها فغشی علیها من الفرح ثم امرها فتوضأت و صلی بها کما صلی به جبریل (زاد فی روایة و کانت اول من صلی)فکان ذلک اول فرضها رکعتین.

حضرت جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام اچھی صورت اوراچھی خوشبو کے ساتھ حضوراقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس مکہ مکرمہ میں آئے اورعرض کیا کہ اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اللہ تعالیٰ آپ کو سلام کہتا ہے اورفرماتا ہے کہ آپ انسان وجن کی طرف میرے رسول اور پیغمبر ہیں تو آپ ان کو کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ کی طرف بلایئے اورانہیں توحید کی دعوت دیجیے پھر جبریل علیہ السلام نے اپنا پیر زمین پر مارا جس سے پانی کا ایک چشمہ نکلا اس سے جبریل نے وضو کیا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کی طرف دیکھ رہے تھے کہ نماز کے لیے طہارت کس طرح ہوتی ہے پھر جبریل نے حضور کو وضو کرنے کے لیے کہا اور جبریل علیہ السلام کھڑے ہوکر نماز پڑھنے لگے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی اپنے ساتھ نماز پڑھنے کی تلقین کی اور کعبہ کی طرف رخ کر کے دو رکعت نماز پڑھی اس طرح حضرت جبریل امین نے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وضو اور نماز کا طریقہ بتا دیا پھر آسمان پر چلے گئے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب واپس ہوئے تو راستے کے شجر وحجر اور ڈھیلا کنکر وغیرہ سب حضور کو کہتے تھے السلام علیک یا رسول اللہ، یہاں تک کہ حضور خدیجۃ الکبریٰ کے پاس تشریف لائے اور انھیں سارا حال بتایا تو حضرت خدیجہ کو اس سے بے پناہ خوشی ہوئی پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت خدیجہ کو وضو کرنے کا حکم دیا انھوں نے وضو کیا اور حضور نے خدیجہ کو نماز پڑھائی جس طرح جبریل نے حضور کو پڑھایا تھا اور یہی سب سے پہلے نماز پڑھنے والی خاتون تھیں اور سب سے پہلے یہی دو رکعت فرض ہوئی تھی۔ (مولف)

طبرانی ابورافع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال صلی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اول یوم الاثنین و صلت الخدیجۃ آخرہ و صلی علی یوم الثلثاء.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیر کے دن پہلی ساعت میں نماز پڑھی اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسی دن کی آخری گھڑی میں اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منگل کے دن نماز پڑھی۔
(مولف)

بالجملہ یہ سوال ضرور متوجہ ہے کہ معراج سے پہلے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز کس طرح پڑھتے تھے۔

اقول، ملاحظہ آیات و احادیث سے ظاہر کہ وہ نماز اسی انداز کی تھی، اس میں

طہارت ثوب بھی تھی، قال تعالیٰ فی سورۃ المدثر و ثیابک فطھر.

وضو بھی تھا، جیسا کہ ابھی گزرا۔

استقبال قبلہ بھی تھا، جیسا کہ ام المومنین صدیقہ کی حدیث سے گزرا۔

ابن اسحاق اپنی سیرت میں اسلام عمر کی حدیث میں متعدد راویوں سے روایت کرتے ہیں:

فجعلت امشی رویدا و رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قائم یصلی یقرأ القرآن حتی قمت فی قبلتہ مستقبلہ ما بینی و بینہ الا ثیاب الکعبۃ قال فلما سمعت القرآن رق لہ قلبی . الحدیث.

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام لانے کے واقعہ میں ہے کہ وہ فرماتے ہیں میں آہستہ آہستہ چلا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہو کر نماز میں قرآن پڑھ رہے تھے کہ میں جانب قبلہ ان کی

طرف منھ کر کے اس طرح کھڑا ہوا کہ میرے اوران کے درمیان صرف غلاف کعبہ حائل تھا حضرت عمر نے فرمایا کہ جب میں نے قرآن سنا تو میرے دل میں رقت پیدا ہوگئی۔ (مولف)

تکبیر تحریمہ بھی تھی ، قال تعالیٰ و ربک فکبر.

قیام بھی تھا، قال تعالیٰ یا ایھا المزمل قم اللیل، الی الایات.

قرأت بھی تھی، قال تعالیٰ فی سورۃ المزمل فاقروا ما تیسر من القرآن

رکوع بھی تھا، جیسا کہ ابھی گزرا

سجود بھی تھا، کما فی حدیث ایذاء ابی جھل وغیرہ من الکفرۃ لعنھم اللہ تعالیٰ حین صلی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عند الکعبۃ فرمقوا سجودہ فالقوا علیہ ما القوا بہ فی قلیب بدر ملعونین.

ابو جہل اور دوسرے کفار کی ایذا والی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب کعبہ شریف کے پاس نماز پڑھی تو کفار حضور کے سجدہ کو ٹکٹکی لگا کر دیکھتے رہے پھر آپ کے اوپر کفار نے وہ چیز ڈال دی جس کے بدلے ان ملعونوں کو چاہ بدر میں پھینکا گیا۔ (مولف)

صحیحین وغیرہما میں ہے:

عن ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ و فیہ من قول الکفار یجیء بہ ثم یمھلہ حتی اذا سجد وضع بین کتفیہ قال فانبعث اشقاھم فلما سجد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وضعہ بین کتفیہ و ثبت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ساجدا. الحدیث.

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت میں کفار کی باتوں میں سے یہ ہے کہ سرکار علیہ

الصلاۃ والسلام جب کعبہ کے پاس آئے تو کفار نے گندی چیزوں کے لانے کا حکم دیا اور تاک میں رہے جب یہ سجدہ میں جائیں تو انھیں ان کے دونوں کندھوں کے درمیان رکھ دیں چنانچہ ان میں سب سے بڑا بد بخت اٹھا اور جا کر لے آیا جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سجدہ میں گئے تو اس نے آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان رکھ دی، اس لیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سجدہ ہی میں رہ گئے۔ (مولف)

جماعت بھی تھی، **كما تقدم من حديث المبعث .**

و لفظه عند ابن اسحق ثم قام به جبريل فصلى به و صلى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بصلاته (الى ان قال فى خديجة) صلى بها رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كما صلى به جبريل فصلت بصلاته .

ابن اسحاق کے نزدیک ہے کہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کھڑے ہوئے پھر نماز پڑھائی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی ان کی طرح نماز پڑھی (یہاں تک کہ راوی نے حضرت خدیجہ کے بارے میں کہا کہ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو نماز پڑھائی جس طرح حضور کو جبریل نے پڑھائی تھی پھر حضرت خدیجہ نے تنہا حضور علیہ السلام کی سی نماز پڑھی۔

(مولف)

و اخرج الشيخان عن ابن عباس رضى الله تعالىٰ عنهما فى حديث مجئ الجن اليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اول البعث انهم اتوه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و هو يصلى باصحابه صلاة الفجر.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جنات کے آنے کی حدیث میں ہے کہ حضور کے زمانہ بعثت کے آغاز میں جنوں کی بھیجی ہوئی جماعت حضور اقدس

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں اس وقت آئی تھی کہ جب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابہ کرام کے ساتھ نماز فجر پڑھ رہے تھے۔ (مولف)

قال الزرقانی المراد بالفجر رکعتان اللتان کان یصلیهما قبل طلوع الشمس

زرقانی نے کہا کہ فجر سے مراد وہ دو رکعت ہیں جنھیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم طلوع آفتاب سے پہلے پڑھتے تھے۔ (مولف)

جہر بھی تھا، قال تعالیٰ قل اوحی الی انه استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرآنا عجبا یهدی الی الرشد فامنا به

و قد کانوا سمعوه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی صلاة الفجر کما تقدم.

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تم فرماؤ مجھے وحی ہوئی کہ کچھ جنوں نے میرا پڑھنا کان لگا کر سنا تو بولے ہم نے ایک عجیب قرآن سنا کہ بھلائی کی راہ بتاتا ہے۔ تو ہم اس پر ایمان لائے۔

اور جنوں نے اسے نماز فجر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس نماز میں جہر تھا۔

ابن سنجر اپنی مسند میں حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

خرجت اتعرض رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قبل ان اسلم فوجدته قد سبقنی الی المسجد فقمت خلفه فاستفتح سورة الحاقة فجعلت اتعجب من تالیف القرآن فقلت هو شاعر کما قالت قریش فقراء انه لقول رسول کریم و ما هو بقول شاعر قلیلا ما تومنون فقلت کاهن علم ما فی نفسی فقراء و لا بقول کاهن قلیلا ما تذکرون، الی آخر السورة فوقع الاسلام فی قلبی کل موقع.

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اسلام لانے سے قبل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چھیڑنے کے لیے نکلا تو دیکھا کہ وہ مجھ سے پہلے مسجد جا چکے ہیں میں ان کے پیچھے کھڑا ہو گیا انھوں نے سورۂ الحاقہ سے شروع کیا تو میں تالیف قرآن کے حسن وخوبی سے متعجب ہو گیا میں نے اپنے دل میں کہا کہ وہ شاعر ہیں جیسا کہ قریش نے کہا تو حضور نے تلاوت کی کہ بیشک یہ قرآن کرم والے رسول سے باتیں ہیں اور وہ کسی شاعر کی بات نہیں کتنا کم یقین رکھتے ہو، میں نے کہا یہ کاہن ہیں میرے دل کی بات جان لی تو پھر تلاوت کی کہ اور نہ کسی کاہن کی بات کتنا کم دھیان کرتے ہو، آخر سورہ تک پڑھا، تو میرے دل میں اسلام پورا پورا اتر گیا۔ (مولف)

پھر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

بالجملہ جہاں تک نظر کی جاتی ہے نماز سابق، اصول وارکان میں اسی نماز مستقر کے موافق نظر آتی ہے بلکہ حدیث مذکور بلفظ مواہب میں بعد **فکان ذلک اول فرضھا رکعتین** کے فرمایا **ثم ان اللہ تعالیٰ قرھا فی السفر کذلک و اتمھا فی الحضر**.

اللہ تعالیٰ نے سفر میں اسی طرح یعنی دو رکعت باقی رکھی اور حضر میں چار پوری کر دی۔ (مولف)

شرح زرقانی میں ہے **اقرھا ای شرعھا علی ھیأۃ ما کان یصلیھا قبل** .

یعنی نماز اسی حالت پر مشروع رہی جس طرح حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبل معراج پڑھتے تھے۔ (مولف)

اس سے ظاہر یہ کہ پیش از معراج دو رکعتیں اسی طرح کی تھیں جیسی اب ہیں۔ مگر بعض علماء فرماتے ہیں معراج سے پہلے رکوع اصلاً نہ تھا نہ اس شریعت میں نہ اگلے شرائع میں، رکوع ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اوران کی امت مرحومہ کے خصائص سے ہے کہ بعد اسراء عطا ہوا بلکہ معراج مبارک کی صبح کو جو پہلی

نماز ظہر پڑھی گئی اس تک رکوع نہ تھا اس کے بعد عصر میں اس کا حکم آیا اور حضور وصحابہ نے ادا فرمایا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وبارک وسلم۔

مسند بزار و معجم اوسط طبرانی میں امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی حدیث اسی معنی کو مفید، امام جلال الدین سیوطی خصائص کبریٰ میں فرماتے ہیں: **باب اختصاصه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بالرکوع فی الصلوٰة ذکر جماعة من المفسرین فی قوله تعالیٰ و ارکعوا مع الراکعین ان مشروعیة الرکوع فی الصلاة خاص بهذه الملة و انه لا رکوع فی صلاة بنی اسرائیل و لذا امرهم بالرکوع مع امة محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.**

اللہ تعالیٰ کا فرمان وارکعوا مع الراکعین (رکوع کرو رکوع کرنے والوں کے ساتھ) کی تفسیر میں مفسرین کی ایک جماعت نے یہ بیان کیا ہے کہ نماز میں رکوع کی مشروعیت اسی ملت کے ساتھ خاص ہے کیوں کہ بنی اسرائیل کی نماز میں رکوع نہیں تھا اس لیے بنی اسرائیل کو امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ رکوع کا حکم فرمایا۔ (مولف)

بزار وطبرانی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال اول صلاة رکعنا فیها العصر فقلنا یا رسول الله ما هذا قال بهذا امرت.

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جس نماز میں ہم نے سب سے پہلی بار رکوع کیا وہ نماز عصر ہے، ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ کیا ہے فرمایا مجھے یہی حکم ہوا ہے۔ (مولف)

شرح زرقانی مقصد خامس میں ہے:

الرکوع من خصائص الامة و ما صلاه المصطفیٰ صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قبل الاسراء لارکوع فیه و کذا ظهر عقب الاسراء و اول صلاة برکوع العصر بعدها.

رکوع اس امت کی خصوصیات میں سے ہے اور مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معراج سے پہلے جو نماز پڑھی اس میں رکوع نہیں تھا اور معراج کے بعد بھی یہی ظاہر ہے اور معراج کے بعد جس نماز میں سب سے پہلے رکوع کا حکم ہوا وہ نماز عصر ہے۔ (مولف)

بعض روایت میں یہ ہے کہ معراج سے پہلے کی نماز میں رکوع تھا۔

ابن عدی کامل میں اور ابن عساکر تاریخ میں عفیف کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال جئت فی الجاهلية الی مكة و انا اريد ان ابتاع لاهلی من ثيابها و عطرها فاتيت العباس و كان رجلا تاجرا فانی عنده جالس انظر الی الكعبة و قد حلقت الشمس و ارتفعت فی السماء فذهبت اذ اقبل شاب فنظر الی السماء ثم قام مستقبل الكعبة فلم البث الا يسيرا حتی جاء غلام فقام عن يمينه ثم لم يلبث الا يسيرا حتی جاء ت امراءة فقامت خلفهما فركع الشاب فركع الغلام و المراء ة فرفع الشاب فرفع الغلام و المراء ة فسجد الشاب فسجد الغلام و المرأ ة فقلت يا عباس امر عظيم فقال امر عظيم تدری من هذا الشاب هذا محمد بن عبد الله بن اخی تدری من هذا الغلام هذا علی ابن اخی تدری من هذه المرأة هذه خديجة بنت خويلد زوجته ان ابن اخی هذا حدثنی ان ربه رب السموات و الارض امره بهذا الدين و لم يسلم معه غير هولاء الثلثة .

عفیف کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں کہ میں زمانۂ جاہلیت میں مکہ معظمہ آیا اور ارادہ کرتا تھا کہ اپنے اہل و عیال کے لیے کپڑا اور عطر وغیرہ خریدوں تو حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آیا وہ ان دنوں تاجر تھے تو میں ان کے پاس بیٹھا ہوا کعبہ کو دیکھ رہا تھا دن خوب چڑھ گیا تھا کہ ایک

جوان تشریف لائے اور آسمان کو دیکھ کر روبکعبہ کھڑے ہوگئے ذرا دیر میں ایک لڑکے تشریف لائے وہ ان کے داہنے ہاتھ پر قائم ہوئے تھوڑی دیر میں ایک بی بی تشریف لائیں وہ پیچھے کھڑی ہوئیں پھر جوان نے رکوع فرمایا تو یہ دونوں رکوع میں گئے پھر جوان نے سر مبارک اٹھایا تو ان دونوں نے اٹھایا، جوان سجدے میں گئے تو یہ دونوں بھی گئے تو میں نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حال پوچھا کہا یہ جوان میرے بھتیجے محمد بن عبداللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اور یہ لڑکے میرے بھتیجے علی اور یہ بی بی خدیجہ الکبریٰ ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہما، میرے یہ بھتیجے کہتے ہیں کہ آسمان وزمین کے مالک نے انھیں اس دین کا حکم دیا ہے اور ان کے ساتھ ابھی یہی دو مسلمان ہوئے ہیں۔ **(مولف)**

حدیث شب معراج میں ہے **ثم دخلت المسجد فعرفت النبیین ما بین قائم و راکع و ساجد.**

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں جب مسجد اقصیٰ میں داخل ہوا تو تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو ملاحظہ فرمایا کہ کوئی قیام میں، کوئی رکوع میں اور کوئی سجدے میں تھے۔ **(مولف)**

اس بحث کے آخر میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں

بالجملہ مدار کار صحت حدیث مذکور طبرانی و بزار پر ہے اگر وہ صحیح ہے تو ثابت ہوگا کہ معراج شریف سے پہلے کی نمازیں بلکہ ایک نماز بعد کی بھی بے رکوع تھی ورنہ ظاہر احادیث یہی ہے کہ نماز سابق ولاحق باہم یکساں ومتوافق ہیں۔ **(فتاویٰ رضویہ ۲، ص ۲۱۰ تا ۲۲۱۔ جمان التاج)**

قاب قوسین او ادنیٰ

ابن عساکر وخطیب بغدادی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لما اسری بی قربنی ربی حتی کان بینی و بینه کقاب قوسین او ادنیٰ و قال لی یا محمد هل غمک ان جعلتک آخر النبیین قلت لا (یا رب) قال فهل غم امتک ان جعلتهم آخر الامم قلت لا (یا رب) قال اخبر امتک انی جعلتهم آخر الامم لا فضح الامم عندهم و لا افضحهم عند الامم.

شب اسرا مجھے میرے رب نے اتنا نزدیک کیا کہ مجھ میں اس میں دو کمانوں بلکہ اس سے کم کا فاصلہ رہا رب نے مجھ سے فرمایا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کیا تجھے کچھ برا معلوم ہوا کہ میں نے تجھے سب انبیاء سے متاخر کیا، عرض کی نہیں اے رب میرے فرمایا کیا تیری امت کو غم ہوا کہ میں نے انھیں سب امتوں سے پیچھے کیا میں نے عرض کی نہیں اے رب میرے فرمایا اپنی امت کو خبر دے میں نے انھیں سب امتوں سے اس لیے پیچھے کیا کہ اور امتوں کو ان کے سامنے رسوا کروں اور انھیں کسی کے سامنے رسوا نہ کروں۔

یاد خدا اور یاد نبی

ابونعیم انس بن مالک اور بیہقی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دلائل النبوۃ میں راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

جب میں حسب ارشاد الٰہی سیر سماوات سے فارغ ہوا اللہ تعالیٰ سے عرض کی اے رب میرے مجھ سے پہلے جتنے انبیاء تھے سب کو تو نے فضائل بخشے، ابراہیم کو خلیل کیا، موسیٰ کو کلیم، داؤد کے لیے پہاڑ مسخر کیے، سلیمان کے لیے ہوا اور شیاطین، عیسیٰ کے لیے مردے جلائے، میرے لیے کیا کیا۔ ارشاد ہوا کیا میں نے تجھے ان سب سے بزرگی عطا نہ کی کہ میری یاد نہ ہو جب تک تو میرے ساتھ یاد نہ کیا جائے اور اس کے سوا اور فضائل ذکر فرمائے۔

فاتح باب رسالت وخاتم دور نبوت

ابن جریر ابن مردویہ ابن ابی حاتم بزار وابویعلی بیہقی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے معراج کی حدیث طویل میں راوی انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام نے اپنے رب کی حمد وثنا کی اور اپنے فضائل جلیلہ کے خطبے پڑھے سب کے بعد حضور پرنور خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

تم سب نے اپنے رب کی ثنا کی اور اب میں اپنے رب کی ثنا کرتا ہوں حمد اس خدا کو جس نے مجھے تمام جہان کے لیے رحمت بنا کر بھیجا اور کافہ ناس کا رسول بنایا خوش خبری دیتا اور ڈر سناتا اور مجھ پر قرآن اتارا اس میں ہر چیز کا روشن بیان ہے اور میری امت سب امتوں سے بہتر اور امت عادل اور زمانہ میں موخر اور مرتبہ میں مقدم کی اور میرے لیے میرا سینہ کھول دیا اور مجھ سے میرا بوجھ اتار لیا اور میرے لیے میرا ذکر بلند فرمایا اور مجھے فاتح باب رسالت وخاتم دور نبوت کیا۔

جب حضور اس خطبۂ جلیلہ سے فارغ ہوئے ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے حضرات انبیاء سے فرمایا۔

بهذا فضلكم محمد.

اسی لیے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم، سے افضل ہوئے۔

پھر جب حضور اپنے رب سے ملے رب تبارک وتعالیٰ نے فرمایا سل مانگ کیا مانگتا ہے۔

حضور نے اور انبیاء کے فضائل عرض کیے کہ تم نے انھیں یہ یہ کرامتیں دیں حق جل وعلا نے حضور کے فضائل اعلیٰ واشرف ارشاد فرمائے کہ تمھیں یہ کچھ بخشا حضور نے یہ واقعہ بیان فرما کر ارشاد فرمایا :

فضلنی ربی .

مجھے میرے رب نے افضل کیا۔

اور اپنے فضائل وخصائص عظیمہ بیان فرمائے۔

براق کی شوخی اور حیا

احمد ترمذی عبد بن حمید ابن مردویہ بیہقی ابونعیم حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور بزار حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے بصورت موقوف، اور ابن سعد عبد اللہ بن عباس و ام المومنین صدیقہ وام المومنین ام سلمہ وام ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف مرفوعاً راوی:

شب اسرا جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے براق پر سوار ہونا چاہا وہ چمکا جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا:

ابمحمد تفعل هذا الا تستحيين يا براق اسكني فو الله ما ركبك خلق قط اكرم على الله منه .

کیا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ یہ گستاخی اے براق تجھے شرم نہیں آتی ٹھہر کہ خدا کی قسم تجھ پر کبھی کوئی ایسا شخص نہ سوار ہوا جو اللہ کے نزدیک ان سے زیادت عزت والا ہو۔

فارفض عرقا

اس کہنے سے براق کو پسینہ چھوٹ پڑا۔

بیہقی وابن جریر وابن مردویہ نے یوں روایت کی کہ روح القدس علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا:

مه يا براق فوالله ما ركبك مثله .

ہیں اے براق اللہ کی قسم تجھ پر کوئی ان کا ہم مرتبہ سوار نہ ہوا۔

اور یہی تینوں محدث ابن ابی حاتم و ابن عساکر ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

كانت الانبياء تركبها قبلي .

مجھ سے پہلے انبیاء اس پر سوار ہوا کرتے تھے۔ (تجلی الیقین)

اور براق کا حیا کے سبب براہ تذلل و انقیاد پست ہو کر زمین سے لپٹ جانا بھی حدیث میں وارد ہے۔

ابن اسحاق کی روایت مرفوعہ میں ہے :

قال فارتعشت حتى لصقت بالارض فاستويت عليها

یعنی حضور پر نور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ فرماتے ہیں جب جبریل امین نے اس سے یہ کہا براق تھرایا اور کانپ کر زمین سے چسپاں ہو گیا پس میں اس پر سوار ہو لیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وبارک وسلم۔ (مسائل المعراج)

حضور نے انبیاء کی امامت فرمائی

شب اسراء حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا انبیاء کرام علیہ الصلاۃ والسلام کی امامت فرمانا، حدیث ابو ہریرہ وحدیث انس وحدیث ابن عباس وحدیث ابن مسعود، وحدیث ابی لیلیٰ وحدیث ابو سعید وحدیث ام ہانی وحدیث ام المومنین صدیقہ وحدیث ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم واثر کعب احبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہوا۔

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صحیح مسلم میں ہے حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، میں نے اپنے کو جماعت انبیاء میں دیکھا موسیٰ وعیسیٰ وابراہیم علیہم الصلاۃ والتسلیم کو نماز پڑھتے پایا۔

فحانت الصلاۃ فاممتهم .

پھر نماز کا وقت آیا میں نے ان سب کی امامت کی۔

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نسائی کی روایت میں ہے۔

جمع لی الانبیاءَ فقدمنی جبریل حین امهتم .

میرے لیے انبیاء جمع کیے گئے جبریل نے مجھے آگے کیا میں نے امامت فرمائی۔

ابن ابی حاتم کی روایت میں ہے۔

فلم البث الایسرا حتی اجتمع ناس کثیر ثم اذن موذن و اقیمت الصلاۃ فتممنا صفوفا ننتظر من یومنا فاخذ بیدی جبریل فقدمنی فصلیت بهم فلما انصرفت قال جبریل یا محمد اتدری من صلی خلفک قلت لا قال صلی خلفک کل نبی بعثه اللہ .

مجھے کچھ ہی دیر ہوئی تھی کہ بہت لوگ جمع ہو گئے موذن نے اذان کہی اور نماز برپا ہوئی ہم سب صف باندھے منتظر تھے کہ کون امام ہوتا ہے جبریل نے میرا ہاتھ پکڑ کر آگے کیا میں نے نماز پڑھائی سلام پھیرا تو جبریل نے عرض کی حضور نے جانا یہ کس کس نے آپ کے پیچھے نماز پڑھی فرمایا نہ عرض کی ہر نبی کہ خدا نے بھیجا حضور کے پیچھے نماز میں تھا۔

طبرانی وبیہقی وابن جریر وابن مردویہ کی روایت موقوفہ میں ہے۔

ثم بعث له آدم فمن دونه من الانبیاء فامهم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم.

حضور کے لیے آدم اوران کے بعد جتنے نبی ہوئے سب اٹھائے گئے حضور نے ان کی امامت فرمائی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے احمد ابونعیم وابن مردویہ بسند صحیح راوی :

جب حضور مسجد اقصیٰ میں تشریف لائے نماز کو کھڑے ہوئے۔

فاذا النبیون اجمعون یصلون معه .

کیا دیکھتے ہیں کہ سارے انبیاء حضور کے ساتھ نماز میں ہیں۔

ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حسن بن عرفہ وابونعیم وابن عساکر نے روایت کی۔

میں مسجد تشریف لے گیا انبیاء کو پہچانا کوئی قیام میں ہے کوئی رکوع میں کوئی سجود میں۔

ثم اقیمت الصلاة فاممتهم.

پھر نماز برپا ہوئی میں ان سب کا امام ہوا۔

ابویعلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے طبرانی وابن مردویہ راوی

حضور پرنور و جبریل امین صلی اللہ تعالیٰ علیہما وسلم بیت المقدس پہنچے وہاں کچھ لوگ بیٹھے دیکھے انھوں نے کہا مرحبا بالنبی الامی اوران میں ایک پیر تشریف فرما تھے حضور نے پوچھا جبریل یہ کون ہیں؟ عرض کی یہ حضور کے باپ ابراہیم اور یہ موسیٰ وعیسیٰ ہیں۔

ثم اقیمت الصلاة فتدافعوا حتی قدموا محمدا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

پھر نماز قائم ہوئی امامت ایک نے دوسرے پر ڈالی یہاں تک کہ سب نے مل کر محمد صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کو امام کیا۔

ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ابن اسحاق راوی:

ملاقات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام ذکر کر کے کہتے ہیں۔

فصلی بهم ثم اتی باناء فیه لبن .

حضور نے انھیں نماز پڑھائی پھر ایک برتن میں دودھ حاضر کیا گیا۔

ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ابو یعلی و ابن عساکر راوی :

نشر لی رهط من الانبیاء فیهم ابراهیم و موسیٰ عیسیٰ فصلیت بهم .

ایک جماعت جس میں ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ تھے میرے لیے اٹھائی گئی میں نے انھیں نماز پڑھائی۔

امہات المومنین وام ہانی وابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ابن سعد نے روایت کی۔

رأیت الانبیاء جمعوا لی فرأیت ابراهیم و موسیٰ و عیسیٰ فظننت انه لا بد لهم ان یکون لهم امام فقدمنی جبریل حتی صلیت بین ایدیهم .

میں نے ملاحظہ فرمایا کہ انبیاء میرے لیے جمع کیے گئے میں نے ان میں خلیل وکلیم ومسیح کو بھی دیکھا میں سمجھا اس جماعت کا کوئی امام ضرور چاہیئے جبریل نے مجھے آگے کیا میں نے ان کی امامت فرمائی۔

(تجلی الیقین)

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اقتداء میں انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی نماز سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک اور مقام پر فرماتے ہیں :

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جملہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی لقا ثابت ہے۔سب

اولین وآخرین وانبیاء ومرسلین نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے بیت المقدس میں نماز پڑھی۔

حضرت جامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں :

دراں مسجد امام انبیاء شد

صف پیشیاں را پیشوا شد

●

نماز اسریٰ میں تھا یہی سر عیاں ہوں یعنی اول آخر

کہ دست بستہ ہیں پیچھے حاضر جو سلطنت آگے کر گئے تھے

امام احمد رضا بریلوی پھر فرماتے ہیں :

یہاں تمام انبیاء ومرسلین کے ساتھ نماز پڑھی اور بیت المعمور میں سب انبیاء اور امت مرحومہ نے بھی۔ کچھ لوگ پہلی صف میں تھے، کچھ دوسری، کچھ تیسری اور کچھ ان صفوں میں تھے جو بیت المعمور کے باہر تھیں۔ فرق، مراتب میں تھا۔ ان میں کچھ کے کپڑے سفید تھے اور کچھ کے میلے۔ سپید والے صالحین ہیں اور میلے ہم جیسے گنہ گار۔ پڑھی سب نے بیت المعمور میں۔ (الملفوظ حصہ چہارم)

حضور نے ملائکہ کی امامت فرمائی

کعب احبار رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے امام واسطی راوی :

فاذن جبریل و نزلت الملائکة من السماء و حشر الله له المرسلین فصلی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بالملائکة و المرسلین.

جبریل نے اذان کہی اور آسمان سے فرشتے اترے اور اللہ تعالیٰ نے حضور کے لیے مرسلین جمع فرما کر بھیجے حضور نے ملائکہ ومرسلین کی امامت فرمائی۔

ابن مردویہ راوی :

عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لما اسرى بى الى السماء اذن جبريل فظننت الملائكة انه يصلى بهم فقدمنى فصليت بالملائكة .

شب معراج جب میں آسمان پر تشریف لے گیا جبریل نے اذان دی ملائکہ سمجھے ہمیں جبریل نماز پڑھائیں گے۔ جبریل نے مجھے آگے کیا میں نے ملائکہ کی امامت فرمائی۔

(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

شب معراج انبیاء سے ملاقات اوران کا بیان فضائل

ابن جریر وابن حاتم وابن مردویہ وبزار وابویعلی وبیہقی بطریق ابوالعالیہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل اسریٰ میں راوی

پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارواح انبیاء علیہم الصلاۃ والثنا سے ملے پیغمبروں نے اپنے رب عزوجل کی حمد کی ابراہیم پھر موسیٰ پھر داؤد پھر سلیمان پھر عیسیٰ علیہم الصلاۃ والسلام بہ ترتیب حمد الٰہی بجالائے اوراس کے ضمن میں اپنے فضائل وخصائص بیان فرمائے سب کے بعد محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب جل جلالہ کی ثنا کی اور فرمایا تم سب اپنے رب کی تعریف کر چکے اوراب میں اپنے رب کی حمد کرتا ہوں سب خوبیاں اللہ کو جس نے مجھے سارے جہاں کے لیے رحمت بھیجا اور تمام آدمیوں کی طرف بشارت دیتا اور ڈرسناتا مبعوث کیا اور مجھ پر قرآن اتارا جس میں ہر شئی کا روشن بیان ہے اور میری امت کو تمام امتوں پر فضیلت دی اورانھیں عدل وعدالت واعتدال والی امت کیا اورانھیں کو اول اورانھیں کو آخر رکھا اور میرے واسطے میرا ذکر بلند فرمایا اور مجھے فاتحۂ دیوان نبوت وخاتمہ دفتر رسالت بنایا۔

ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا ان وجوہ سے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم سے افضل ہوئے پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سدرہ تک پہنچے۔اس وقت رب عز جلالہ نے ان سے کلام کیا اور فرمایا میں نے تجھے اپنا خالص پیارا بنایا اور تیرا نام توریت میں حبیب الرحمٰن لکھا ہے میں نے تیرے لیے تیرا ذکر اونچا کیا کہ میرا ذکر نہ ہو جب تک میرے ساتھ تیری یاد نہ آئے اور میں نے تیری امت کو یہ فضل دیا کہ وہی سب سے اگلے اور وہی سب سے پچھلے اور میں نے تجھے سب پیغمبروں سے پہلے پیدا کیا اور سب کے بعد بھیجا اور تجھے فاتح و خاتم کیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (جزاء اللہ وعدوہ بابا ہٗ ختم النبوۃ)

غوث اعظم اور براق کی گردن پر حضور کا قدم

عبدالقادر قادری ابن شیخ محی الدین اربلی کتاب ''تفریح الخاطر فی مناقب شیخ عبدالقادر'' میں لکھتے ہیں کہ جامع شریعت وحقیقت شیخ رشید بن محمد جنیدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کتاب ''حرز العاشقین'' میں فرماتے ہیں

ان لیلۃ المعراج جاء جبریل علیہ السلام ببراق الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسرع من البراق الخاطف الظاھر و نعل رجلہ کالھلال الباھر و مسمارہ کالانجم الظواھر و لم یاخذہ السکون و التمکین لیرکب علیہ النبی الامین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

یعنی شب معراج جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام خدمت اقدس حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں براق حاضر لائے کہ چمکتی، اچک لے جانے والی بجلی سے زیادہ شتاب رو تھا اور اس کے پاؤں کا آنکھوں میں چکا چوند ڈالنے والا ہلال اور اس کی کیلیں جیسے روشن تارے۔ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سواری کے لیے اسے قرار و سکون نہ ہوا۔

فقال له النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لم لم تسکن یا براق حتی ارکب علی ظهرک فقال روحی فداک لتراب نعلک یا رسول الله اتمنی ان تعاهدنی ان لا ترکب یوم القیامة علی غیری حین دخولک الجنة فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یکون لک ما تمنیت.

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے سبب پوچھا بولا میری جان حضور کی خاک نعل پر قربان ،میری آرزو یہ ہے کہ حضور مجھ سے وعدہ فرمالیں کہ بروز قیامت مجھ ہی پر سوار ہو کر جنت میں تشریف لے جائیں گے، حضور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ نے فرمایا ایسا ہی ہوگا۔

فقال البراق التمس ان تضرب یدک المبارکة علی رقبتی لیکون علامة لی یوم القیامة فضرب النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یده علی رقبة البراق ففرح البراق فرحا حتی لم یسع جسده روحه و نمی اربعین ذراعا من فرحه .

براق نے عرض کی میں چاہتا ہوں حضور میری گردن پر دست مبارک لگادیں کہ وہ روز قیامت میرے لیے علامت ہو۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبول فرمایا دست اقدس لگتے ہی براق کو وہ فرحت وشادمانی ہوئی کہ روح اس مقدار جسم میں نہ سمائی اور نہایت طرب سے پھول کر چالیس ہاتھ اونچا ہوگیا۔

و توقف فی رکوبه لحکمة خفیة ازلیة فظهرت روح الغوث الاعظم رضی الله تعالیٰ عنه و قال یا سیدی ضع قدمک علی رقبتی و ارکب فوضع النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قدمه علی رقبته و رکب فقال قدمی علی رقبتک و قدمک علی رقبة کل اولیاء الله .

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک حکمت نہانی، ازلی کے باعث ایک لحظہ سواری میں توقف ہوا کہ حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روح مطہر نے حاضر ہو کر عرض کی اے میرے آقا حضور اپنا قدم مبارک میری گردن پر رکھ کر سوار ہوں، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضور غوث اعظم کی گردن پر قدم رکھ کر سوار ہوئے اور ارشاد فرمایا میرا قدم تیری گردن پر اور تیرا قدم تمام اولیاء اللہ کی گردن پر۔

تنبیہ

اس کے بعد فاضل عبدالقادر اربلی فرماتے ہیں :

فایاک و ایاک یا اخی ان تکون من المنکرین المتعجبین من حضور روحه لیلة المعراج لانه وقع من غیره فی تلک اللیلة کما هو ثابت بالاحادیث الصحیحه کرویته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ارواح الانبیاء فی السموات و بلالا فی الجنة و اویس القرنی فی مقعد الصدق و امراء ة ابی طلحة فی الجنة و سماعه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خشخة الغمیصاء بنت ملحان فی الجنة .

یعنی اے برادر بچ اور ڈر اس سے کہ کہیں تو انکار کر بیٹھے اور شب معراج حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حاضری پر تعجب کرے کہ یہ امر تو صحیح حدیثوں میں اوروں کے لیے وارد ہوا مثلاً حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آسمانوں میں ارواح انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو ملاحظہ فرمایا اور جنت میں بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا، اور مقعد صدق میں اویس قرنی اور بہشت میں زوجہ ابوطلحہ کو اور جنت میں غمیصاء بنت ملحان کی پہچل سنی، رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

و ذکر فی حرز العاشقین وغیره من الکتب ان نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لقی لیلة المعراج سیدنا موسیٰ علیه الصلاة و السلام فقال موسیٰ مرحبا بالنبی الصالح

و الاخ الصالح انت قلت علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل ، ارید ان یحضر احد من علماء امتک لیتکلم معی فاحضر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روح الغزالی رحمہ اللہ تعالیٰ الی موسیٰ علیہ السلام.

اورحرز العاشقین وغیرہ کتابوں میں ہے کہ حضرت سیدنا موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی درخواست سے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے روح امام غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کوحکم حاضری دیا روح امام نے حاضر ہوکر موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے کلام کیا۔

و فی کتب رفیق الطلاب لاجل العارفین الشیخ محمد الجشتی نقلا عن شیخ الشیوخ قال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انی رایت رجالا من امتی فی لیلۃ المعراج ارانیھم اللہ تعالیٰ .

اور عارف اجل شیخ محمد چشتی نے کتاب "رفیق الطلاب" میں حضرت شیخ الشیوخ قدست اسرارہم سے نقل کیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہم نے شب معراج کچھ لوگ اپنی امت کے ملاحظہ فرمائے۔

و قال الشیخ نظام الدین الکنجوی کان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم راکبا علی البراق و غاشیتہ علی کتفی.

اور شیخ نظام الدین گنجوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے تھے جب حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ رونق افروز پشت براق تھے غاشیہ برداری کی سعادت مجھے حاصل تھی۔

و قال عمدۃ المحدثین الامام نجم الدین الغیطی فی کتاب المعراج ثم رفع الی سدرۃ المنتھیٰ فغشیہ سحابۃ فیھا من کل لون فتاخر جبریل علیہ السلام ثم عرج

لمستوی سمع فیه صریف الاقلام و رای رجلا مغیبا فی نور العرش فقال من ھذا املک قیل لاقال ا نبی قیل لا ھذا رجل کان فی الدنیا لسانه رطب من ذکر الله تعالیٰ و قلبه متعلق بالمساجد و لم یستسب لوالدیه قط۔

اور عمدۃ المحدثین امام نجم الدین غیطی کتاب المعراج میں فرماتے ہیں کہ جب حضور معلیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سدرۃ المنتہیٰ تک تشریف لے گئے اس پر ایک ابر چھایا جس میں ہر قسم کا رنگ تھا جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام پیچھے رہ گئے، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مقام مستویٰ پر جلوہ فرما ہوئے وہاں قلموں کے لکھنے کی آواز گوش اقدس میں آئی اور ایک شخص کو ملاحظہ فرمایا کہ نور عرش میں چھپا ہوا ہے حضور نے دریافت فرمایا کیا یہ فرشتہ ہے؟ جواب ہوا نہیں پوچھا کیا نبی ہے؟ کہا نہیں بلکہ یہ ایک مرد ہے کہ دنیا میں اس کی زبان یاد خدا میں تر رہتی اور دل مسجدوں میں لگا رہتا کبھی کسی کے ماں باپ کو برا کہہ کر اپنے والدین کو برا نہ کہلوایا۔

یعنی جب معراج میں اتنے لوگوں کی ارواح کا حاضر ہونا احادیث واقوال علماء واولیاء سے ثابت تو روح اقدس حضور پرنور سید الاولیاء غوث اصفیاء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حاضری معاذ اللہ کیا جائے تعجب وانکار ہے بلکہ ایسی حالت میں نہ حاضر ہونا ہی محل استعجاب ہے۔ اک ذرا انصاف وانداز ہ قدر رقادیت درکار ہے۔

بالجملہ روح مقدس کا شب معراج حاضر ہونا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حضرت غوثیت کی گردن مبارک پر قدم اکرم رکھ کر براق یا عرش پر جلوہ فرمانا، اور سرکار ابد قرار سے فرزند ارجمند کو اس خدمت کے صلہ میں یہ انعام عظیم عطا ہونا، ان میں کوئی امر نہ عقلاً نہ شرعاً مجور اور کلمات مشائخ میں مسطور و ماثور۔ اور کتب حدیث میں ذکر معدوم، نہ کہ عدم مذکور، نہ روایات مشائخ اس طریقہ سندی ظاہری میں محصور اور قدرت قادر وسیع، موفور، اور قدر رقادری کی بلندی مشہور، پھر ردوانکار کیا مقتضائے ادب وشعور۔

اب رہا یہ کہ اس حدیث میں براق برق رفتار زمین سے لپٹ گیا اور اس روایت میں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گردن حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر قدم رکھ کر زیب پشت براق ہوئے بظاہر تنافی ہے۔

اقول: اصلاً منافات نہیں، بلکہ جب خود اسی روایت میں مذکور کہ براق فرط فرحت سے چالیس ہاتھ اونچا ہو گیا اور ظاہر کہ جو مرکب اس قدر بلند ہو وہ کیسا ہی زمین سے ملصق ہو جائے تاہم قامت انسان سے بہت بلند رہے گا اور اس پر سواری کے لیے ضرور حاجت نردبان (سیڑھی) ہوگی۔ اب ایک چھوٹے سے جانور فیل (ہاتھی) ہی کو دیکھئے کہ جب ذرا بلند بالا ہوتا ہے اسے بٹھا کر بھی بے زینہ سواری قدرے دقت رکھتی ہے تو اگر براق بوجہ حیا وتذلل حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سواری کے لیے زمین سے لپٹ گیا ہو اور پھر بھی بوجہ طول ارتفاع، حاجت زینہ ہو جس کے لیے روح سرکار غوثیت مدار رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حاضر ہو کر اپنے مہربان آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زیر قدم اکرم اپنا شانۂ مبارک رکھا ہو کیا جائے استعجاب ہے۔

ایک اور سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

شب معراج میں روح پرفتوح حضور غوث الثقلین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حاضر ہو کر پائے اقدس حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نیچے گردن رکھنا اور وقت رکوب براق یا صعود عرش، زینہ بننا شرعاً وعقلاً اس میں بھی کوئی استحالہ نہیں۔

سدرۃ المنتہیٰ اگر منتہائے عروج ہے تو باعتبار جسم نہ کہ بنظر ارواح، عروج روحانی ہزاروں اکابر اولیاء عرش بلکہ مافوق العرش تک ثابت وواقع جس کا انکار نہ کرے گا مگر علوم اولیاء کا منکر۔ بلکہ باوضو سونے والے کے لیے حدیث میں وارد کہ اس کی روح عرش تک بلند کی جاتی ہے، ایسا ہی سجدہ میں سو جانے والے

کے حق میں آیا، نہ اس قصہ میں معاذ اللہ بوئے تفضیل یا ہمسری حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے نکلتی ہے نہ اس کی عبارت یا اشارت سے کوئی ذہن سلیم اس طرف جا سکتا ہے۔

کیا عجب سواریٔ براق سے بھی یہی معنی تراشے جائیں کہ یہ اوپر جانے کا کام حضرت جبریل علیہ السلام اور رسول کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم سے انجام کو نہ پہنچا، براق نے یہ مہم سرانجام کو پہنچائی تو در پردہ اس میں براق کو فضیلت دینا لازم آتا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہ نفس نفیس تو نہ پہنچ سکے اور براق پہنچ گیا اس کے ذریعہ سے حضور کی رسائی ہوئی۔

یا ھذا، خدمت کے افعال جو بنظر تعظیم واجلال سلاطین بجالائے جاتے ہیں کیا ان کے یہ معنی ہوتے ہیں کہ بادشاہ ان امور میں عاجز اور ہمارا محتاج ہے۔ علاوہ بریں کسی بلندی پر جانے کے لیے زینہ بننے سے یہ کیوں کر مفہوم کہ زینہ بننے والا خود بے زینہ وصول پر قادر، نردبان (سیڑھی) ہی کو دیکھیں کہ زینۂ صعود ہے اور خود اصلاً صعود پر قادر نہیں۔

فرض کیجیے کہ اگر ہنگام بت شکنی حضرت امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی عرض قبول فرمائی جاتی اور حضور پرنور افضل صلوات اللہ تعالیٰ واکمل تسلیماتہ علیہ وآلہ، ان کے دوش مبارک پر قدم اکرم رکھ کر بت گراتے تو کیا اس کا یہ مفاد ہوتا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معاذ اللہ اس کام میں عاجز اور حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم قادر تھے۔

غرض ایسے معنی محال نہ ہرگز عبارت قصہ سے مستفاد نہ اس کے قائلین بیچاروں کی مراد، واللہ الھادی الی سبیل الرشاد . (مسائل المعراج)

اشعار

معراج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق امام احمد رضا بریلوی نے جو اشعار نظم کیے وہ یہ ہیں :

طور پر کوئی کوئی چرخ پہ یہ عرش سے پار
سارے بالاؤں پہ بالا رہی بالائی دوست

●

زہے عزت و اعتلائے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کہ ہے عرش حق زیر پائے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
مکان عرش ان کا فلک فرش ان کا
ملک خادمان سرائے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

●

سر فلک نہ کبھی تابہ آسمان پہنچا — کہ ابتدائے بلندی تھی انتہائے فلک
یہ ان کے جلوے نے کیں گرمیاں شب اسرا — کہ جب سے چرخ میں ہیں نقرہ وطلائے فلک
تجمل شب اسرا ابھی سمٹ نہ چکا — کہ جب سے ویسی ہی کوتل ہیں سبز ہائے فلک

●

پوچھتے کیا ہو عرش پر یوں گئے مصطفیٰ کہ یوں
کیف کے پر جہاں جلیں کوئی بتائے کیا کہ یوں
قصر دنی کے راز میں عقلیں تو گم ہیں جیسی ہیں
روح قدس سے پوچھئے تم نے بھی کچھ سنا کہ یوں

●

اسریٰ میں گزرے جس دم بیڑے پہ قدسیوں کے
ہونے لگی سلامی پرچم جھکادیئے ہیں

•

غنچے ما اوحی کے جو چٹکے دنیٰ کے باغ میں
بلبل سدرہ تک ان کی بو سے بھی محرم نہیں

•

وہی لا مکاں کے مکیں ہوئے سر عرش تخت نشیں ہوئے
وہ نبی ہے جس کے ہیں یہ مکاں وہ خدا ہے جس کا مکاں نہیں

سر عرش پر ہے تیری گزر دل فرش پر ہے تیری نظر
ملکوت و ملک میں کوئی شئ نہیں وہ جو تجھ پہ عیاں نہیں

•

عرش جس خوبی رفتار کا پامال ہوا
دو قدم چل کے دکھا سرو خراماں ہم کو

•

کہتی تھی یہ براق سے اس کی سبک روی
یوں جایئے کہ گرد سفر کو خبر نہ ہو

•

لطف براق جلوۂ معراج لایا وجد میں
شعلۂ جوالہ ساں ہے آسمان سوختہ

•

جس کو شایاں ہے عرش خدا پر جلوس
ہے وہ سلطان والا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

عرش و کرسی کی تھی آئینہ بندیاں
سوئے حق جب سدھارا ہمارا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

•

عرش کی عقل دنگ ہے چرخ میں آسمان ہے
جان مراد اب کدھر ہائے یہ تیرا مکان ہے

عرش پہ جا کر مرغ عقل تھک کے گرا غش آ گیا
اور ابھی منزلوں پرے پہلا ہی آستان ہے

عرش پہ تازہ چھیڑ چھاڑ فرش پہ طرفہ دھوم دھام
کان جدھر لگایئے تیری ہی داستان ہے

•

ہے بیتاب جس کے لیے عرش اعظم
وہ اس رہرو لا مکاں کی گلی ہے

•

عرش پر جس کی کمانیں چڑھ گئیں
صدقے اس بازو پہ قوت کیجیے

•

وہ کشور رسالت جو عرش پر جلوہ گر ہوئے تھے
نئے نرالے طرب کے ساماں عرب کے مہمان کے لیے تھے

بہار ہے شادیاں مبارک چمن کو آبادیاں مبارک
ملک فلک اپنی اپنی لے میں یہ گھر عنادل کا بولتے تھے

وہاں فلک پر یہاں زمیں میں رچی تھی شادی مچی تھی دھومیں
ادھر سے انوار ہنستے آتے ادھر سے نفحات اٹھ رہے تھے

یہ چھوٹ پڑتی تھی ان کے رخ کی کہ عرش تک چاندنی تھی چھٹکی
وہ رات کیا جگمگا رہی تھی جگہ جگہ نصب آئینے تھے

غبار بن کر نثار جائیں کہاں اب اس رہ گزر کو پائیں
ہمارے دل حوروں کی آنکھیں فرشتوں کے پر جہاں بچھے تھے

خدا ہی دے صبر جان پر غم دکھاؤں کیوں کر تجھے وہ عالم
جب ان کو جھرمٹ میں لے کے قدسی جناں کا دولھا بنا رہے تھے

تجلی حق کا سہرا سر پر صلاۃ و تسلیم کی نچھاور
دو رویہ قدسی پرے جما کر کھڑے سلامی کے واسطے تھے

براق کے نقش سم کے صدقے وہ گل کھلائے کہ سارے رستے
مہکتے گلبن لہکتے گلشن ہرے بھرے لہلہا رہے تھے

نماز اقصیٰ میں تھا یہی سر عیاں ہوں معنی اول آخر
کہ دست بستہ ہیں پیچھے حاضر جو سلطنت آگے کر گئے تھے

بڑھا یہ لہرا کے بحر وحدت کہ دھل گیا نام ریگ کثرت
فلک کے ٹیلوں کی کیا حقیقت یہ عرش و کرسی دو بلبلے تھے

چلا وہ سرو چماں خراماں نہ رک سکا سدرہ سے بھی داماں
پلک جھپکتی رہی وہ کب کے سب این و آں سے گزر چکے تھے

تھکے تھے روح الامیں کے بازو چھٹا وہ دامن کہاں وہ پہلو
رکاب چھوٹی امید ٹوٹی نگاہ حسرت کے ولولے تھے

جھکا تھا مجرے کو عرش اعلیٰ گرے تھے سجدے میں بزم بالا
یہ آنکھیں قدموں سے مل رہا تھا وہ گرد قربان ہو رہے تھے

یہی سماں تھا کہ پیک رحمت خبر یہ لایا کہ چلیے حضرت
تمھاری خاطر کشادہ ہیں جو کلیم پر بند راستے تھے

بڑھ اے محمد قریں ہو احمد قریب آ سرور مجد
نثار جاؤں یہ کیا ندا تھی یہ کیا سماں تھا یہ کیا مزے تھے

تبارک اللہ شان تیری تجھی کو زیبا ہے بے نیازی
کہیں تو وہ جوش لن ترانی کہیں تقاضے وصال کے تھے

ادھر سے پیہم تقاضے آنا ادھر تھا مشکل قدم بڑھانا
جلال و ہیبت کا سامنا تھا جمال و رحمت ابھارتے تھے

پر ان کا بڑھنا تو نام کو تھا حقیقۃً فعل تھا ادھر کا
تنزلوں میں ترقی افزا دنیٰ تدلیٰ کے سلسلے تھے

ہوا نہ آخر کہ ایک بجرا تموج بحر ہو میں ابھرا
دنیٰ کی گودی میں ان کو لے کر فنا کے لنگر اٹھا دیئے تھے

اٹھے جو قصر دنیٰ کے پردے کوئی خبر دے تو کیا خبر دے
وہاں تو جا ہی نہیں دوئی کی نہ کہہ کہ وہ بھی نہ تھے ارے تھے

حجاب اٹھنے میں لاکھوں پردے ہر ایک پردے میں لاکھوں جلوے
عجب گھڑی تھی کہ وصل و فرقت جنم کے بچھڑے گلے ملے تھے

وہی ہے اول وہی ہے آخر وہی ہے باطن وہی ہے ظاہر
اسی کے جلوے اسی سے ملنے اسی سے اس کی طرف گئے تھے

ادھر سے تھیں نذر شہ نمازیں ادھر سے انعام خسروی میں
سلام و رحمت کے ہار گندھ کر گلوے پرنور میں پڑے تھے

وہ برج بطحا کا ماہ پارہ بہشت کی سیر کو سدھارا
چمک پہ تھا خلد کا ستارہ کہ اس قمر کے قدم گئے تھے

خدا کی قدرت کہ چاند حق کی کروروں منزل میں جلوہ کر کے
ابھی نہ تاروں کی چھاؤں بدلی کہ نور کے تڑکے آلیے تھے

•

کیا بنا نام خدا اسرا کا دولھا نور کا
سر پہ سہرا نور کا بر میں شہانہ نور کا

بزم وحدت میں مزا ہوگا دوبالا نور کا
ملنے شمع طور سے جاتا ہے اکا نور کا

ذرے مہر قدس تک تیرے توسط سے گئے
حد اوسط نے کیا صغریٰ کو کبریٰ نور کا

سبزہ گردوں جھکا تھا بہر پابوس براق
پھر نہ سیدھا ہو سکا کھایا وہ کوڑا نور کا

تاب سم سے چوندھیا کر چاند انھیں قدموں پھرا
ہنس کے بجلی نے کہا دیکھا چھلاوا نور کا

دید نقش سم کو نکلی سات پردوں سے نگاہ
پتلیاں بولیں چلو آیا تماشا نور کا

عکس سم نے چاند و سورج کو لگائے چار چاند
پڑ گیا سیم و زر گردوں پہ سکہ نور کا

•

لائیں تو یہ دوسرا دوسرا جس کو ملا
کوشک عرش و دنیٰ تم پہ کروروں درود

اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروروں درود

وہ شب معراج راج وہ صف محشر کا تاج
کوئی بھی ایسا ہوا تم پہ کروروں درود

طارم اعلیٰ کا عرش جس کف پا کا ہے فرش
آنکھوں پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروروں درود

•

اے مسندت عرش بریں وے خادمت روح امیں

مہر فلک ماہ زمیں شاہ جہاں زیب جناں

•

طور موسیٰ چرخ عیسیٰ کیا مساوی دنیٰ ہو
سب جہت کے دائرے میں شش جہت سے تم ورا ہو
سب مکاں تم لا مکاں میں تن ہیں تم جان صفا ہو

•

نہ روح امیں نہ عرش بریں نہ لوح مبیں کوئی بھی کہیں
خبر ہی نہیں جو رمزیں کھلیں ازل کی نہاں تمھارے لیے

یہ طور کجا سپہر تو کیا کہ عرش علا بھی دور رہا
جہت سے وراء وصال ملا یہ رفعت شاں تمھارے لیے

بغور صدا سماں یہ بندھا یہ سدرہ اٹھا وہ عرش جھکا
صفوف سما نے سجدہ کیا ہوئی جو اذاں تمھارے لیے

•

نہ حجاب چرخ و مسیح پر نہ کلیم و طور نہاں مگر
جو گیا ہے عرش سے بھی ادھر وہ عرب کا ناقہ سوار ہے

•

شب اسریٰ کے دولھا پہ دائم درود نوشہ بزم جنت پہ لاکھوں سلام
عرش کی زیب و زینت پہ عرشی درود فرش کی طیب و نزہت پہ لاکھوں سلام

ماہ لاہوت خلوت پہ لاکھوں درود
شاہ ناسوت جلوت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم دنیٰ میں گم کن انا
شرح متن ہویت پہ لاکھوں سلام
معنی قد رأی مقصد ما طغی
نرگس باغ قدرت پہ لاکھوں سلام

•

شب اسرا قمر حیرت زدہ پھرتا رہا شب بھر
بھلایا ڈھنگ ان کی چال نے سیر منازل کا
بڑھا اس درجہ رعب حسن والا لیلۃ الاسریٰ
سمٹ کر بن گیا چرخ ایک پایہ ان کے محمل کا
حجاب نور تک پہنچا کے آنکھیں ہوگئیں خیرہ
فغاں کرتا ہوا لوٹ آیا قاصد نالۂ دل کا

•

تھا براق نبی یا کہ نور نظر
یہ گیا وہ گیا وہ نہاں ہوگیا

•

قصر دنیٰ تک کس کی رسائی
جاتے یہ ہیں آتے یہ ہیں

(حدائق بخشش)

سرورکونین ﷺ کے

علوم ومعارف

خدا نے کیا تجھ کو آگاہ سب سے
دو عالم میں جو کچھ خفی و جلی ہے

وعلمک ما لم تکن تعلم وکان فضل اللہ علیک عظیما۔

اور تمھیں سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے۔

(النساء/۱۱۳)

سرور کونین ﷺ کے علوم و معارف

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات جامع الکمالات میں معجزات باہرہ، آیات بینہ اور علوم و معارف کے خزانے جمع فرمائے ہیں۔ اور ان خصائص و خصائل اور اسوۂ کامل سے مخصوص فرمایا ہے جو تمام مصالح دنیا و دین اور مغفرت الٰہی پر مشتمل ہیں جنھیں احکام شرعیہ، اصول دینیہ، سیاست مدنیہ اور مصالح عبادیہ کہا جاتا ہے اور امم سابقہ اور قرون ماضیہ زمانۂ آدم سے تا ایں دم احوال و اخبار اور ان کی شریعتوں، کتابوں، سیرتوں اور شخصی صنعتوں اور ان کے مذاہب و اختلاف آراء اور ان کی معرفت اور طویل عمروں اور ان کے دانشوروں کی حکمت کی باتیں اور ہر امت کے کفار پر حجتوں اور اہل کتاب کے ہر فرقہ کے ان معارضوں کو جو ان کی کتابوں میں ہیں اور ان کے علوم و اسرار و مخفیات اور ان خبروں کو جو وہ چھپاتے ہیں اور انھیں بدلتے ہیں اور عرب کی لغتوں، نادر لفظوں اور احاطۂ اقسام فصاحت اور حفظ ایام و امثال و حکم، ضرب امثال صحیحہ اور ان کی مرادوں پر حکم، گہری فہم رکھنے والوں کے انداز کے مطابق اور ان کی مشکلات کے بیان و ضاحت وغیرہ کے علوم کا علم عطا فرمایا۔ اور آپ کی شریعت مطہرہ ان محاسن و اخلاق، محامد و آداب، حفظ نفس کے اصول و قواعد اور ان کے اعراض و احوال پر مشتمل ہے جو ارباب عقل کے نزدیک مستحسن ہیں حتیٰ کہ ان کفار و جہال و ملاحدہ کے نزدیک بھی مستحسن ہیں جو عقل سلیم و انصاف رکھتے ہیں، برخلاف ان کے جو معاند مخذول اور مخالف معقول ہیں۔

اور آپ کا کلام جوامع الکلم ہے یعنی لفظوں میں اختصار ہوتا ہے اور یہ معانی بے شمار رکھتے ہیں اور وہ جانے پہچانے علوم و فنون کے اقسام پر حاوی ہیں مثلاً طب، تعبیر، فرائض و حساب وغیرہ۔ یہ وہ علوم ہیں جنھیں ہر وہ شخص جانتا ہے جو معاملات علمیہ میں شغف رکھتا ہے اور کتب بینی کا مشغلہ رکھتا ہے اور جو اہل کتاب کی مجلسوں میں اٹھتا بیٹھتا ہے اور اس میں ریاضت و مشقت اٹھاتا ہے۔

باوجودیکہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہ تو (بظاہر) پڑھے لکھے تھے اور نہ ان مجلسوں میں بیٹھے اٹھے تھے جو ان اوصاف کے ساتھ متصف ہیں۔ اور نہ اپنی قوم کے درمیان سے باہر نکلے اور نہ ان کے طلب وحصول کے لیے کوئی سفر کیا اور اہل عرب کا زیادہ سے زیادہ عرفان، علم انساب، پچھلوں کی کہانیاں اور ان کے شعر و بیان پر ہے اور ان کا حصول بھی خوب اچھی طرح سیکھنے، مشغول رہنے اور اہل فن کے ساتھ بحث و مباحثہ کرنے کے بعد ہوتا ہے۔ حالاں کہ یہ فن آپ کی کتاب فضل و کمال کے بحرِ علم کا ایک قطرہ ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ اول)

آیاتِ علم وحکمت

اللہ عزوجل نے حضور مصطفیٰ جانِ رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جو علوم و معارف عطا فرمائے، ان پر قرآن عظیم شاہد و ناطق ہے۔ چوں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذریعہ علم قرآن کریم اور وحی ربانی ہے حضور کے علوم و معارف سے متعلق چند آیات قرآنیہ ملاحظہ فرمائیں۔

امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

آیت : سیدنا ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے رب عزوجل سے عرض کی **ربنا و ابعث فیھم رسولا منھم یتلو علیھم آیاتک و یعلمھم الکتب و الحکمۃ و یزکیھم انک انت العزیز الحکیم.**

اے رب ہمارے اور ان میں انھیں میں سے ایک پیغمبر بھیج کہ ان پر تیری آیتیں پڑھے اور انھیں کتاب و حکمت سکھائے اور وہ پیمبر انھیں گناہوں سے پاک کردے بیشک تو ہی غالب حکمت والا ہے۔

یہ ہمارے نبی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوئے کہ **انا دعوۃ ابراھیم** میں اپنے باپ ابراہیم کی دعا ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہما وسلم

آیت: خود رب العزت جل وعلا فرماتا ہے کما ارسلنا فیکم رسولا منکم یتلو علیکم آیاتنا و یزکیکم و یعلمکم الکتاب و الحکمة و یعلمکم ما لم تکونوا تعلمون.

جس طرح بھیجا ہم نے تم میں ایک رسول تمھیں سے کہ تم پر ہماری آیتیں تلاوت کرتا اور تمھیں پاکیزہ بناتا اور تمھیں قرآن وعلم سکھاتا اور ان باتوں کا تم کو علم دیتا ہے جو تم نہ جانتے تھے۔

آیت: لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیھم رسولا من انفسھم یتلو علیھم آیتہ و یزکیھم و یعلمھم الکتاب و الحکمة و ان کانوا من قبل لفی ضلال مبین.

بیشک اللہ کا بڑا احسان ہوا ایمان والوں پر جب کہ بھیجا ان میں ایک رسول انھیں میں سے کہ پڑھتا ہے ان پر آیتیں اللہ کی اور پاک کرتا ہے انھیں گناہوں سے اور علم دیتا ہے انھیں قرآن وحکمت کا اگرچہ تھے اس سے پہلے بیشک کھلی گمراہی میں۔

آیت: ھو الذی بعث فی الامیین رسولا منھم یتلو علیھم آیتہ و یزکیھم و یعلمھم الکتاب و الحکمة و ان کانوا من قبل لفی ضلال مبین آخرین منھم لما یلحقوا بھم و ھو العزیز الحکیم ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء و اللہ ذو الفضل العظیم.

اللہ ہے جس نے بھیجا ان پڑھوں میں ایک رسول انھیں میں سے کہ ان پر آیات الٰہیہ پڑھتا اور انھیں ستھرا کرتا اور کتاب وحقائق کا علم بخشتا ہے اگرچہ وہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔ نیز پاک کرے گا اور علم عطا فرمائے گا ان کی جنس کے اور لوگوں کو جو اب تک ان سے نہیں ملے اور وہی غالب حکمت والا ہے، یہ خدا کا فضل ہے جسے چاہے عطا فرمائے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

الحمد للہ اس آیہ کریمہ نے بیان فرمایا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عطا فرمانا، گناہوں سے پاک کرنا، ستھرا بنانا صرف صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے خاص نہیں بلکہ قیام قیامت تک امت مرحومہ حضور کی

ان نعمتوں سے محظوظ اور حضور کی نظر رحمت سے محفوظ رہے۔

بیضاوی شریف میں ہے هم الذين جاء وا بعد الصحابة الى يوم الدين یہ دوسرے جنہیں مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علم دیتے اور خرابیوں سے پاک کرتے ہیں تمام مسلمان ہیں کہ صحابہ کرام کے بعد قیامت تک ہوں گے۔

معالم شریف میں ہے قال ابن زيد هم جميع من دخل في الاسلام بعد النبي صلى الله تعالى عليه وسلم الى يوم القيامة و هي رواية ابن ابي نجيح عن مجاهد امام ابن زید نے فرمایا یہ دوسرے لوگ تمام اہل اسلام ہیں کہ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد قیامت تک اسلام میں داخل ہوں گے اور یہی معنی امام مجاہد شاگرد حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ابن ابی نجیح نے روایت کیے۔

بحمد اللہ قرآن عظیم اور حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ان تعریفوں کا اس قدر اہتمام ہے کہ چار جگہ یہ وصف بیان فرمائے۔ دو جگہ سورۂ بقرہ، تیسرے آل عمران، چوتھے سورۂ جمعہ، اور اس کے آخر میں تو وہ جان فزا کلمے ارشاد ہوئے جنہوں نے ہم خفتہ بختوں کی تقدیر جگادی، یہ رحلوں پر تجلی فرمادی۔ (الامن والعلیٰ)

علم شعر

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ علم ما کان وما یکون حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاصل ہے مگر وما علمنه الشعر و ما ينبغي له فرمایا گیا تو شعر کا علم نہ ہوا۔

آپ نے فرمایا:

جب علم کی فن کی طرف نسبت کیا جائے تو اس کے معنی دانستن نہیں ہوتے بلکہ ملکہ واقتدار، جیسے کہا جاتا ہے کہ فلاں گھوڑے پر چڑھنا جانتا ہے اس کے یہ معنی نہیں کہ اس کا جو مفہوم ہے وہ اس کے ذہن میں ہے۔ بلکہ یہ کہ قدرت رکھتا ہے۔ یہ کہ گھوڑے پر چڑھنا نہیں جانتا تو یہ مطلب نہیں کہ جو اس کا مفہوم

ہے وہ اس کے ذہن میں نہیں کہ غیر کو گھوڑے پر سوار دیکھا تو اس کا مفہوم اس نے ضرور جانا باقی قدرت نہیں رکھتا۔ حدیث میں ارشاد ہوا۔ علموا بنیکم الرمی و المباحة .

اپنے بیٹوں کو تیراندازی اور تیرنا سکھاؤ۔ کیا اس کے یہ معنی ہیں کہ ان کے مفہوموں کا ان کو تصور کرادو؟ بلکہ یہ کہ ان فنون کو ان کے قابو میں کردو کہ تیر نشانے پر لگا سکیں اور دریا تیر سکیں۔ تو آیہ کریمہ کے یہ معنی نہیں کہ اوروں کے اشعار حضور کے علم میں نہیں بلکہ یہ معنی کہ حضور کو ہم نے شعر گوئی پر قدرت نہیں دی اور نہ یہ حضور کے لائق۔

صحابہ قصائد عرض کرتے کیا ان کے اشعار ہمارے حضور کے علم میں نہ آتے، بلکہ بعض بعض مواقع پر اصلاح فرمائی ہے کعب بن اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قصیدۂ نعتیہ میں عرض کیا:

ان الرسول لنار یستضا بہ

و صارم من سیوف الھند مسلول

ارشاد ہوا نار کی جگہ نور کہو اور سیوف الھند کی جگہ سیوف اللہ۔

جب بعض اشعار دیگراں علم اقدس میں آنا منافی کریمہ و ما علمنه الشعر نہ ہوا تو جمیع اشعار اولین و آخرین مکتوبات لوح مبین کو علم اقدس کا محیط ہونا کیا منافی ہوسکتا ہے۔ جو ایجاب جزئی کسی سلب کلی کا نقیض نہیں اس کا ایجاب کلی بھی یقیناً منافی نہیں البتہ ملکہ شعر گوئی حضور کو عطا نہ ہوا اور اس پر رب العزت نے دفع وہم فرمادیا کہ یہ کوئی خوبی نہ تھی جو ہم نے ان کو نہ دی بلکہ و ما ینبغی له یہ ان کی شان رفیع کے لائق ہی نہیں تو ان کے حق میں منقصت تھی اور وہ جمیع نقائص سے منزہ ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ بلکہ شعر گوئی بالائے طاق اگر نادراً کبھی دوسرے کا شعر پڑھتے تو اسے وزن سے ساقط فرمادیتے۔ لبید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شعر:

ستبدی لک الایام ما کنت جاھلا

و یاتیک بالاخبار من لم تزود

کا مصرعۂ دوم یوں پڑھتے ع **و یاتیک من لم تزود بالاخبار**

اس پر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو شعر سے منزہ فرمایا ہے شاعر نے یوں کہا ہے

و یاتیک بالاخبار من لم تزود

خواب اور علم تعبیر

احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خواب کو امر عظیم جانتے اور اس کے سننے، پوچھنے، بتانے، بیان فرمانے میں نہایت درجہ کا اہتمام فرماتے۔

صحیح بخاری وغیرہ میں حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز صبح پڑھ کر حاضرین سے دریافت فرماتے **هل رای احد الليلة رؤیا**

آج کی شب کسی نے کوئی خواب دیکھا، جس نے دیکھا ہوتا عرض کرتے حضور تعبیر فرماتے۔

صحیح بخاری میں ابو ہریرہ اور صحیح مسلم و سنن ابی داؤد میں عبداللہ بن عباس اور احمد و ابنائے ماجہ و خزیمہ و حبان کے یہاں بسند صحیح ام کرز کعبیہ، اور مسند احمد میں ام المومنین صدیقہ، اور معجم کبیر طبرانی میں بسند صحیح حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مروی **و هذا لفظ الطبرانی** حضور لامع النور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

ذهبت النبوة فلا نبوة بعدی الا المبشرات الرؤیا الصالحة یراها الرجل او تری له .

نبوت گئی اب میرے بعد نبوت نہ ہوگی مگر بشارتیں وہ کیا ہیں نیک آدمی کہ خواب خود دیکھے یا اس کے لیے دیکھا جائے۔

متعدد احادیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان کا خواب نبوت کے

ٹکڑوں میں سے ایک ٹکڑا ہے۔

حدیثیں اس بارے میں مختلف آئیں چوبیسواں، پچیسواں، چالیسواں، چوالیسواں، پینتالیسواں، چھیالیسواں، پچاسواں، ستر واں، چھہتر واں ٹکڑا سب وارد ہیں۔ لہٰذا فقیر نے مطلق ایک ٹکڑا کہا اور اکثر احادیث صحیحہ میں چھیالیسواں ہے۔ (صفائح اللجین بکون التصافح بکفی الیدین)

حضور اعلم الخلق ہیں

نسیم الریاض میں ہے:

من قال فلانی اعلم منه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم فقد عاب و نقصه (الی قوله) فهو ساب ای کالساب و الحکم فیه حکم الساب من غیر فرق فیهما.

جس نے کہا کہ فلاں شخص حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ علم والا ہے تو اس نے حضور پر عیب لگایا اور کمی بیان کی تو وہ حضور کی شان میں گستاخی کرنے والا ہے۔ یعنی اس میں اور گستاخی کرنے والے میں کوئی فرق نہیں ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ۱۲، ص ۱۹)

مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **انما انا لکم بمنز الوالد اعلمکم.**

بیشک میں تمہارے لیے باپ کے مرتبے میں ہوں میں تم کو علم سکھاتا ہوں۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۲۰)

حضور علم میں سب سے بڑھ کر ہیں

امام ابوزکریا یحیٰ بن عائذ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قصۂ ولادت اقدس میں فرماتی ہیں مجھے تین شخص نظر آئے گویا

آفتاب ان کے چہروں سے طلوع کرتا ہے ان میں ایک نے حضور کو اٹھا کر ایک ساعت حضور کو اپنے پروں میں چھپایا اور گوش اقدس میں کچھ کہا کہ میری سمجھ میں نہ آیا اتنی بات میں نے بھی سنی کہ عرض کرتا ہے، اے محمد مژدہ ہو کہ کسی نبی کا کوئی علم باقی نہ رہا جو حضور کو نہ ملا ہو تو حضور ان سب سے علم میں زائد اور شجاعت میں فائق ہیں جو نصرت کی کنجیاں حضور کے ساتھ ہیں حضور کو رعب و دبدبہ کا جامہ پہنایا ہے جو حضور کا نام پاک سنے گا اس کا جی ڈر جائے گا اور دل سہم جائے گا اگرچہ حضور کو دیکھا نہ ہوا اے اللہ کے نائب۔

ابن عباس فرماتے ہیں :

کان ذلک رضوان خازن الجنان .

یہ رضوان داروغۂ جنت تھے۔ علیہ الصلاۃ والسلام۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

اشعار

حضور سرورِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم و معارف سے متعلق امام احمد رضا بریلوی نے یہ ارشاد فرمایا ہے :

غنچے ما اوحی کے جو چٹکے دنیٰ کے باغ میں بلبل سدرہ تک ان کی بو سے بھی محرم نہیں
ایسا امی کس لیے منت کش استاد ہو کیا کفایت اس کو اقراء ربک الاکرم نہیں

•

فرش تا عرش سب آئینہ ضمائر حاضر
بس قسم کھایئے امی تیری دانائی کی

(حدائق بخشش)

علم غیب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروروں درود

و ما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء

اور اللہ کی شان یہ نہیں کہ اے عام لوگو تمہیں غیب کا علم دے دے ہاں اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں سے جسے چاہے۔ (آل عمران/۱۷۹)

علم غیب مصطفیٰ ﷺ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روشن ترین معجزات میں آپ کا غیب پر مطلع ہونا اور جو کچھ آئندہ ہونے والا ہے ان علوم غیبیہ کی خبر دینا ہے۔

اصالۃ اور بالذات علم غیب اللہ تعالیٰ عزاسمہ کے ساتھ مخصوص ہے کیوں کہ وہی علام الغیوب ہے، اور وہ علم غیب جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان مبارک اور آپ کے بعض متبعین سے ظاہر ہوا ہے خواہ وحی کے ذریعہ ہو یا الہام سے، اس کے متعلق حدیث پاک میں آیا ہے کہ فرمایا **واللہ انی لا اعلم الا ما علمنی ربی** خدا کی قسم میں اپنے آپ سے کچھ نہیں جانتا مگر وہ سب کچھ جس کا میرے رب نے مجھے علم مرحمت فرمایا۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مغیبات کی خبریں دینا دو قسم کی ہیں۔

ایک تو یہ کہ قرآن کریم ناطق وشاہد ہے، مطلب یہ کہ قرآن کریم گزشتہ وآئندہ کی خبریں دیتا ہے اور گزشتہ وموجودہ امتوں کے احوال اور زمانہ حال کی باتیں بتاتا ہے اور مخلوق کے مبدا ومعاد کے احوال کی اطلاع بخشتا ہے۔

اور دوسری قسم یہ ہے کہ جو آئندہ ہونے والا ہے، اس کی خبر دینا، اس قسم کا تذکرہ احادیث میں بکثرت ہے۔

اب رہا یہ کہ جو کچھ قرآن کریم میں ارشاد ہے تو ان میں سے ایک تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے معارضۂ قرآن کے وقت اس کی خبر دینا ہے کہ کوئی بھی قرآن کی مانند ایک سورۃ بھی نہیں لا سکتا، جیسا کہ فرمایا **و ان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا فاتوا بسورۃ من مثلہ** (یعنی ہم نے جو اپنے بندۂ

خاص پر اتارا ہے اگر تمھیں اس میں شک ہے تو تم اس کی مانند ایک سورۃ ہی لے آؤ) پھر حق تعالیٰ نے فرمایا و لن تفعلوا و لا یاتون بمثلہ (وہ ہرگز نہ کر سکیں گے اور اس کی مانند نہ لا سکیں گے) چنانچہ ان کافروں پر اس خبر کی صداقت ظاہر ہوگئی۔

اس بات پر تمام امت کا اتفاق ہے کہ علم غیب ذاتی تو خدا کے سوا کسی اور کو نہیں مگر اللہ تعالیٰ اپنے برگزیدہ بندوں یعنی اپنے نبیوں اور رسولوں وغیرہ کو علم غیب عطا فرماتا ہے یہ علم غیب عطائی کہلاتا ہے قرآن مجید میں ہے کہ :

عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول

(اللہ) عالم الغیب ہے وہ اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

اسی طرح قرآن مجید میں دوسری جگہ اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا کہ:

ما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب و لکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء .

اللہ کی شان نہیں کہ اے عام لوگو! تمھیں غیب کا علم دے دے ہاں اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں میں سے جسے چاہے۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بے شمار غیوب کا علم عطا فرمایا اور آپ نے ہزاروں غیب کی خبریں اپنی امت کو دیں جن میں سے کچھ کا تذکرہ تو قرآن مجید میں ہے، باقی ہزاروں غیب کی خبروں کا ذکر احادیث کی کتابوں اور سیر و تواریخ کے دفتروں میں مذکور ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا کہ:

تلک من انباء الغیب نوحیھا الیک .

یہ غیب کی خبریں ہیں جن کو ہم آپ کی طرف وحی کرتے ہیں۔

قیامت تک کے احوال کی خبر

ایک روایت میں حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک، دن خطبہ دیا اور اس میں کوئی ایسی چیز جو قیامت تک ہونے والی ہے بیان کرنے سے نہ چھوڑی، اس میں سے کسی کو کچھ یاد رہا اور کسی نے کچھ بھلا دیا۔

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ہم کسی چیز کو بظاہر بھلا چکے ہوتے ہیں لیکن جب وہ سامنے آتی ہے اور اسے دیکھتے ہیں تو جان لیتے ہیں اور بات یاد آجاتی ہے جیسے کہ وہ شخص جس کا چہرہ عرصہ تک غائب رہا ہو مگر وہ سامنے آتا ہے تو اسے پہچان لیا جاتا ہے۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں یہ گمان نہیں کرتا کہ میرے ساتھیوں نے ان باتوں کو جان بوجھ کر بھلا دیا ہے بلکہ خدا کی قسم انھیں بھلا دیا گیا ہے۔ یقیناً قیامت تک اٹھنے والے ہر ایک فتنہ کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خوب واضح اور صاف صاف بیان فرما دیا یہاں تک کہ فتنہ گروں کے نام، ان کے باپ، کے نام اور ان کے قبیلوں کے نام تک بیان فرما دیئے، ابتداء فتنہ گروں کی تعداد تین سو تک ہوگی لیکن ان کے پیروکاروں کی کوئی حد نہیں۔

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سے کوئی چیز بیان کرنے سے نہ چھوڑی حتیٰ کہ وہ پرندہ جو آسمان میں بازو پھیلاتا ہے اس کا علم بھی ہم سے بیان فرما دیا۔

صحیح مسلم میں بروایت سیدنا ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ ذکر دجال کے باب میں مذکور ہے کہ مسلمانوں کو دس سواروں کا رسالہ پہنچے گا، میں ان کے ناموں اور ان کے باپوں کے ناموں کو جانتا ہوں، اور ان کے گھوڑوں کی رنگتوں کو بھی پہچانتا ہوں وہ روئے زمین پر بہترین گھوڑ سوار ہوں گے۔

مختلف احوال غیبیہ کی خبر

اور بلاشبہ ائمہ حدیث نے احادیث صحیحہ میں بیان فرمایا ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی امت کو خبردار کر دیا اور ان سے دشمنوں پر غلبہ پانے، مکہ مکرمہ، بیت المقدس، یمن، شام، عراق کے فتح ہونے، اور راہ میں ایسا امن و امان کا وعدہ فرمایا ہے کہ اگر کوئی عورت تنہا حرہ سے مکہ کی جانب سفر کرے تو اسے بجز خدا کے کسی کا خوف نہ ہوگا۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔

اور مدینہ منورہ میں قیام فرمانا اور حق تعالیٰ کا آپ کی امت پر دنیا کو فتح کرانا اور قیصر و کسریٰ کے خزانوں کا ان میں تقسیم ہونا، اور کسریٰ و فارس کے جانے کے بعد نہ کسریٰ ہوگا نہ قیصر، اس کی خبر دینا، تو کسریٰ اور اس کا ملک تو مکمل طور پر ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا جیسا کہ اس نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مکتوب گرامی کو پارہ پارہ کیا تھا، اور قیصر نے شام سے راہ فرار اختیار کی اور اس کے ممالک اسلامی سرحدوں میں شامل ہوگئے اور مسلمانوں نے اس کے دیگر ممالک کو فتح کیا اور یہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت میں ہوا۔

اور یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فتنوں کے پیدا ہونے، خواہشات کے پیرو بننے اور گزشتہ یہود و نصاریٰ کی روش پر چلنے اور امت کے تہتر فرقوں میں بٹنے اور ایک فرقہ کی نجات پانے اور عیش و عشرت کے خوگر ہونے اور صبح و شام جدا جدا لباس پہننے، زرق برق پوشاکیں پہننے، گھروں میں اچھے فرش و فروش بچھانے، چھت گیریاں اور دیواروں پر پردے لٹکانے، جیسے کہ خانۂ کعبہ میں لٹکے ہوئے ہیں۔ اترا اترا کر چلنے اور قسم قسم کے کھانے پکانے اور فارس و روم کی لڑکیوں کی مانند عورتوں سے خدمت لینے کی خبر دی ہے۔

اور فرمایا کہ جب وہ ایسا کریں گے تو حق تعالیٰ ان پر عذاب برپا کرے گا اور ان میں جنگ و جدال

بر پا ہوگا۔ اور نیکوں کی جگہ بدلوگ لیں گے، اور نیک لوگوں کو ان کے درمیان سے اٹھالے گا اور خبر دی کہ یہ وقت اور زمانہ بہت تیزی سے گزرے گا، اور قرب قیامت علم اٹھ جائے گا اور اہل علم دنیا سے اٹھ جائیں گے اور فتنے ظاہر ہوں گے اور ہرج مرج رونما ہوگا جس کی ابتداء واقعہ عثان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے واقعہ حرہ تک ہے اور واقعہ حرہ شناعتوں میں سب سے بدتر شنیع واقعہ ہے جو کہ یزید کے زمانے میں رونما ہوا (یعنی یزید کے حکم سے مدینہ پر چڑھائی کی گئی مدینہ منورہ کے ادب واحترام کو پامال کیا گیا صدہا صحابہ کرام کو بے دردی کے ساتھ قتل کیا گیا اور مستورات کی عصمت دری کی گئی)

اور مسیلمہ کذاب کے فتنہ وفساد کی خبر دی گئی اور اس کی ردت سے ڈرایا گیا اور فرمایا عرب پر افسوس ہے کہ اس کا نشان قریب آ گیا ہے۔ اور فرمایا میرے لیے زمین کو لپیٹا گیا اور مجھے اس کے مشارق و مغارب دکھائے گئے۔ اور وہ زمانہ نزدیک ہے کہ جہاں تک مجھے زمین کو لپیٹ کر دکھایا گیا وہاں تک میری امت کا قبضہ ہے اور اس طرح مشرق ومغرب میں مابین ارض ہند کے حکومت دراز ہوگی جو کہ اقصائے شرق سے بحر طنجہ تک ہے جس کے بعد کوئی عمارت یا آبادی نہیں ہے۔ اور گزشتہ امتوں میں کسی امت کی حکومت اتنی دراز نہ ہوئی نہ جنوب میں اور نہ شمال میں۔

اور فرمایا اہل عرب ہمیشہ حق پر رہیں گے یہاں تک کہ قیامت قائم ہو، اہل عرب سے مراد بعض عرب لیتے ہیں اور بعض روایتوں میں اہل مغرب بھی واقع ہوا ہے یہ روایت معنوی اعتبار سے بھلائی اور خیر کے معنی میں ہے۔ اور ایک اور حدیث میں بروایت ابی امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آیا ہے کہ میری امت کی ایک جماعت ہمیشہ حق پر قائم اور دشمنان دین پر قاہر وغالب رہے گی یہاں تک کہ حکم رب یعنی قیامت آ جائے ان کا حال ہمیشہ حق پر ہی ہوگا۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ یہ لوگ کہاں ہونگے؟ فرمایا بیت المقدس میں۔

اور خبر دی کہ میرے بعد خلافت (مسلسل) تیس سال ہوگی اس کے بعد ملوکیت و بادشاہت ہوگی اور ایک روایت میں ''ملک عضوض'' فرمایا اس امر کی ابتداء نبوت و رحمت ہے۔ اس کے بعد خلافت پر

رحمت ہے پھر ملک عضوض اس کے بعد عبود جبروت اور فساد ہوگا۔ اور اس کے ظہور کی خبر دی، اس کے بعد ایک سینگ نکلے گا، اور امراء کو نشانی دی کہ نماز کی ادائیگی میں تاخیر وقت سے کام لیں گے۔

اور فرمایا آخر زمانہ میں میری امت میں تیس دجال کذاب پیدا ہوں گے اور ان میں چار عورتیں بھی ہوں گی اور ان میں کا ہر ایک خدا اور اس کے رسول پر جھوٹ باندھے گا ان کا آخر دجال کذاب سے ہوگا یعنی وہ جو آخر زمانے میں نکلے گا۔ اور ایک جگہ آیا ہے کہ وہ سب کے سب نبوت کا دعویٰ کریں گے۔

اور فرمایا عنقریب تم میں بکثرت عجمی لوگ ایسے ہوں گے جو تمھاری گردنوں کو ماریں گے، اور قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک کہ قحطان کا ایک شخص جو تم پر حاکم و بادشاہ ہوگا وہ لوگوں کو اپنی لاٹھی سے نہ مارے۔

اور آخر زمانے میں امت کے اندر برائیاں ظاہر ہونے کی خبر دی کہ امانت جاتی رہے گی، شیطان کا سینگ نکلے گا، خیانت پھیل جائے گی، ہم زمانوں سے حسد کریں گے، مردوں کی کمی ہوگی اور عورتوں کی کثرت ہوگی، اور مال کے کم ہونے، فتنوں کے واقع ہونے، صلہ رحمی اٹھ جانے، زلزلے آنے، حجاز سے آگ ظاہر ہونے کی خبر دی۔ وغیرہ وغیرہ۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول۔ و سیرت مصطفیٰ)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے علم غیب کے بارے میں سوال ہوا

زید آیات و احادیث اور اقوال علماء کی روشنی میں کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حق تعالیٰ نے علم غیب عطا فرمایا ہے اور حضور کو ما کان و ما یکون اور جمیع اولین و آخرین کا علم حاصل ہے۔

بکر اس عقیدے کو کفر و شرک کہتا ہے اور دعویٰ کرتا ہے کہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کچھ نہیں جانتے، اس سلسلے میں وہ کچھ کتابوں کی عبارات پیش کرتا ہے۔

دونوں میں کون حق پر ہے اور کس کا دعویٰ قرآن و حدیث اور اقوال علماء کے موافق ہے؟

امام احمد رضا نے جہاں پر نفس مسئلہ کا مدلل اور محققانہ جواب تحریر فرمایا ہے وہیں پر بد مذہبوں اور بدعقیدہ لوگوں کا خوب واضح انداز میں رد فرمایا ہے۔ بد مذہبوں اور بدعقیدوں کا رد و ابطال اگر چہ سیرت کا موضوع نہیں مگر جب کسی کی بدعقیدگی اور مخترعات سے ذات رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور سیرت النبی کے مسلمہ پہلوؤں پر حملہ ہوگا تو اس کا رد کرنا سیرت کے موضوع سے خارج نہ ہوگا بلکہ وہ بعینہٖ سیرت الرسول کا ایک اہم عنوان ہو جائے گا اور اگر رد و ابطال کے مضامین کو بحث سے خارج وجدا کر دیا جائے تو جواب نامکمل اور ناقص سمجھا جائے گا اس لیے آپ امام احمد رضا بریلوی کا جواب بعینہٖ ملاحظہ فرمائیں۔

آپ فرماتے ہیں :

حضور کو اولین وآخرین کے علوم عطا ہوئے

زید کا قول حق وصحیح اور بکر کا زعم مردود وقبیح ہے بیشک حضرت عزت عظمتہ نے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام اولین وآخرین کا علم عطا فرمایا۔ شرق تا غرب، عرش تا فرش، سب انھیں دکھایا، ملک السمٰوات والارض کا شاہد بنایا، روز اول سے روز آخر تک سب ما کان وما یکون انھیں بتایا، اشیائے مذکورہ سے کوئی ذرہ حضور کے علم سے باہر نہ رہا، علم عظیم حبیب کریم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم ان سب کو محیط ہوا نہ صرف اجمالاً بلکہ ہر صغیر وکبیر، ہر رطب ویابس جو پتہ گرتا ہے زمین کی اندھیریوں میں جو دانہ کہیں پڑا ہے سب کو جدا جدا تفصیلاً جان لیا۔ بلکہ یہ جو کچھ بیان ہوا ہرگز ہرگز محمد رسول اللہ کا پورا علم نہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، بلکہ علم حضور سے ایک چھوٹا حصہ ہے ہنوز احاطہ علم محمدی میں وہ ہزار در ہزار بے حد و بے کنار سمندر لہرا رہے ہیں، جن کی حقیقت کو وہ خود جانیں یا ان کا عطا کرنے والا ان کا مالک ومولیٰ جل وعلا۔

کتب حدیث وتصانیف علمائے قدیم وحدیث میں اس کے دلائل کا بسط شافی اور بیان وافی ہے

اور اگر کچھ نہ ہوتو بحمد اللہ قرآن عظیم خود شاہد عدل وحکم فصل ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

و نزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شئ و ھدی و رحمة و بشری للمسلمین.

اتاری ہم نے تم پر کتاب جو ہر چیز کا روشن بیان ہے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت و رحمت و بشارت۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

ما کان حدیثا یفتری و لکن تصدیق الذی بین یدیه و تفصیل کل شی

قرآن، وہ بات نہیں جو بنائی جائے بلکہ اگلی کتابوں کی تصدیق ہے اور ہر شی کا صاف جدا جدا بیان ہے۔

اور فرماتا ہے :

ما فرطنا فی الکتاب من شی

ہم نے کتاب میں کوئی شی اٹھا نہیں رکھی۔

اقول و باللہ التوفیق : جب فرقان مجید ہر شی کا بیان ہے اور بیان بھی کیسا روشن اور روشن بھی کس درجہ کا، مفصل، اور اہل سنت کے مذہب میں شی ہر موجود کو کہتے ہیں تو عرش تا فرش تمام کائنات جملہ موجودات اس بیان کے احاطے میں داخل ہوئے اور منجملہ موجودات کتابت لوح محفوظ بھی ہے، تام بالضرورت یہ بیانات محیط، اس کے مکتوبات بھی بالتفصیل شامل ہوئے، اب یہ بھی قرآن عظیم ہی سے پوچھ دیکھئے کہ لوح محفوظ میں کیا کیا لکھا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

کل صغیر و کبیر مستطر

ہر چھوٹی بڑی چیز لکھی ہوئی ہے۔

اور فرماتا ہے :

و کل شی احصینه فی امام مبین .

ہر شی ہم نے ایک روشن پیشوا میں جمع فرمادی ہے۔

اور فرماتا ہے :

و لا حبة فی ظلمات الارض و لا رطب و لا یابس الا فی کتاب مبین .

کوئی دانہ نہیں زمین کے اندھیروں میں اور نہ کوئی تر اور نہ کوئی خشک مگر یہ کہ سب ایک روشن کتاب میں لکھا ہے۔

اور اصول میں مبرہن ہو چکا کہ نکرہ حیز نفی میں مفید عموم ہے اور لفظ کل تو ایسا عام ہے کہ کبھی خاص ہو کر مستعمل ہی نہیں ہوتا اور عام افادہ استغراق میں قطعی ہے اور نصوص ہمیشہ ظاہر پر محمول رہیں گی بے دلیل شرعی تخصیص وتاویل کی اجازت نہیں ورنہ شریعت سے امان اٹھ جائے، نہ احادیث احاد اگرچہ کیسے ہی اعلیٰ درجے کی ہوں، عموم قرآن کی تخصیص کر سکیں بلکہ اس کے حضور مضمحل ہو جائیں گی بلکہ تخصیص متراخی نسخ ہے اور اخبار کا نسخ ناممکن اور تخصیص عقلی عام کو قطعیت سے نازل نہیں کرتی نہ اس کے اعتماد پر کسی ظنی سے تخصیص ہو سکے تو بحمد اللہ تعالیٰ کیسے نص صحیح قطعی سے روشن ہوا کہ ہمارے حضور صاحب قرآن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ وصحبہ وبارک وسلم کو اللہ عزوجل نے تمام موجودات جملہ ما کان وما یکون الیٰ یوم القیامۃ جمیع مندرجات

لوح محفوظ کا علم دیا اور شرق وغرب وسما وارض عرش وفرش میں کوئی ذرہ حضور کے علم سے باہر نہ رہا۔ وللہ الحجة الساطعة.

کسی روایت وحکایت سے نفی غیب کا جواب

اور جب کہ یہ علم قرآن عظیم کے تبیانا لکل شیء ہونے نے دیا، اور پر ظاہر کہ یہ وصف تمام کلام مجید کا ہے نہ ہر آیت یا سورت کا تو نزول جمیع قرآن شریف سے پہلے اگر بعض انبیاء علیہم الصلاۃ والتسلیم کی نسبت ارشاد ہو، لم نقصص علیک، یا منافقین کے باب میں فرمایا جائے، لا تعلمھم ہرگز ان آیات کے منافی اور علم مصطفوی کا نافی نہیں۔

الحمد للہ جس قدر قصص وروایات واخبار وحکایات علم عظیم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گھٹانے کو آیات قطعیہ قرآنیہ میں پیش کی جاتی ہیں ان سب کا جواب انھیں دو فقروں میں ہوگیا، دو حال سے خالی نہیں، یا تو ان قصص سے تاریخ معلوم ہوگی یا نہیں؟ اگر نہیں تو ان سے استدلال درست نہیں کہ جب تاریخ مجہول تو ان کا تمامی نزول قرآن سے پہلے ہونا صاف معقول اور اگر ہاں تو دو حال سے خالی نہیں یا وہ تاریخ تمامی نزول سے پہلے کی ہوگی یا بعد کی، پہلی صورت میں استدلال کرنا درست نہیں بر تقدیر ثانی اگر مدعائے مخالف میں نص صریح نہ ہو تو استناد محض خرط القتاد، مخالفین جو کچھ پیش کرتے ہیں سب انھیں اقسام کی ہیں، ان آیات کے خلاف پر اصلاً ایک دلیل صحیح صریح قطعی الافادہ نہیں دکھا سکتے اور اگر بالفرض غلط تسلیم ہی کرلیں تو ایک ہی جواب جامع ونافع ونافی وقامع سب کے لیے شافی وکافی، کہ عموم آیات قطعیہ قرآنیہ کی مخالفت اخبار احاد سے استناد محض غلط ہے اس مطلب پر تصریحات ائمہ اصول سے احتجاج کروں اس سے یہی بہتر ہے کہ خود مخالفین کے بزرگوں کی شہادت پیش کروں۔ ع

مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

نصوص قطعیہ قرآن عظیم کے خلاف پر احادیث احاد کا سنا جانا بالائے طاق، یہ بزرگوار صاف تصریح کرتے ہیں کہ یہاں خبر واحد سے استدلال ہی جائز نہیں نہ اصلاً اس پر التفات ہو سکے۔

اسی براہین قاطعہ ما امر اللہ بہ ان یوصل میں اسی مسئلہ علم غیب کی تقریر یوں لکھتے ہیں:

عقائد کے مسائل قیاسی نہیں کہ قیاس سے ثابت ہو جائیں، بلکہ قطعی ہیں، قطعیات نصوص سے ثابت ہوتے ہیں کہ خبر واحد بھی یہاں مفید نہیں۔ لہٰذا اس کا اثبات اس وقت قابل التفات ہو کہ قطعیات سے اس کو ثابت کرے۔

نیز ص ۸۱ پر لکھا ہے:

اعتقادات میں قطعیات کا اعتبار ہوتا ہے نہ ظنیات صحاح کا۔

ص ۸۷ پر ہے:

احاد صحاح بھی معتبر نہیں چنانچہ فن اصول میں مبرہن ہے۔

(مولوی رشید احمد گنگوہی از براہین قاطعہ)

الحمد للہ، تمام مخالفین کو دعوت عام ہے، فاجمعوا شرکاء کم چھوٹے بڑے سب اکٹھے ہو کر ایک ایک قطعی الدلالۃ یا ایک حدیث متواتر یقینی الافادہ چھانٹ لائیں جس سے صاف صریح طور پر ثابت ہو کہ تمام نزول قرآن عظیم کے بعد بھی اشیائے مذکورہ ما کان و ما یکون سے فلاں امر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر مخفی رہا جس کا علم حضور کو دیا ہی نہ گیا۔

فان لم تفعلوا و لن تفعلوا فاعلموا ان اللہ لا یھدی کید الخائنین.

اگر ایسی نص نہ لا سکو اور ہم کہے دیتے ہیں کہ ہرگز نہ لا سکو گے تو خوب جان لو کہ اللہ راہ نہیں دیتا دغا

بازوں کے مکر کو۔

ازالۂ شبہات

یہی مولوی رشید احمد صاحب لکھتے ہیں :

خودفخر عالم علیہ السلام فرماتے ہیں **واللہ لا ادری ما یفعل بی و لا بکم الحدیث** اور شیخ عبدالحق روایت کرتے ہیں کہ مجھ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں۔

قطع نظر اس کے کہ حدیث اول خود احاد ہے، سلیم الحواس کو سند ا بانی تھی تو وہ مضمون خود آیت میں تھا اور قطع نظر اس کے کہ اس آیت وحدیث کے کیا معنی ہیں اور قطع نظر اس سے کہ یہ کس وقت کے ارشاد ہیں اور قطع نظر اس سے کہ خود قرآن عظیم واحادیث صحیحہ وصحیح بخاری وصحیح مسلم میں اس کا ناسخ موجود کہ آیۂ کریمہ نازل ہوئی :

لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک و ما تاخر .

تا کہ اللہ بخش دے تمھارے واسطے سے سب اگلے پچھلے گناہ۔

صحابہ نے عرض کی :

ھنینا لک یا رسول اللہ لقد بین اللہ لک ماذا یفعل بک فماذا یفعل بنا.

یارسول اللہ آپ کو مبارک ہو خدا کی قسم اللہ عزوجل نے یہ تو صاف بیان فرمادیا کہ حضور کے ساتھ کیا کرے گا اب رہا یہ کہ ہمارے ساتھ کیا کرے گا۔

اس پر یہ آیت اتری :

لیدخل المومنین (الی قولہ تعالیٰ) فوزا عظیما.

تا کہ داخل کرے اللہ ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو باغوں میں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں ہمیشہ رہیں گے ان میں اور مٹا دیئے ان سے ان کے گناہ اور یہ اللہ کے یہاں بڑی مراد پانا ہے۔

یہ آیت اوران کے امثال بے نظیر اور یہ حدیث جلیل وشہیر۔

رہا شیخ عبدالحق کا حوالہ قطع نظر اس سے کہ روایت و حکایت میں فرق ہے اس بے اصل حکایت سے استناد اور شیخ محقق قدس سرہ العزیز کی طرف اسناد کیسی جرأت و وقاحت ہے۔ شیخ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے مدارج شریف میں یوں فرمایا ہے۔

ایں جا اشکال می آرند کہ در بعض روایات آمدہ است کہ گفت آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من بندہ ام، نمی دانم آں چہ در پس ایں دیوار است، جوابش آنست کہ ایں سخن اصلے نہ دارد و روایت بداں صحیح نشدہ است۔

اس موقع پر ایک اعتراض کیا جاتا ہے کہ بعض روایات میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں بندہ ہوں مجھے معلوم نہیں کہ اس دیوار کے پیچھے کیا ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اس کی کوئی اصل نہیں اور یہ روایت صحیح نہیں۔

ایسا ہی **لا تقربوا الصلوٰۃ** پر عمل کرو گے تو خوب چین سے رہو گے۔ ع

اس آنکھ سے ڈریئے جو خدا سے نہ ڈرے آنکھ

امام ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں **لا اصل له** یہ حکایت محض بے اصل ہے۔

امام ابن حجر مکی نے افضل القریٰ میں فرمایا **لم یعرف سند** اس کے لیے کوئی سند نہ پہچانی گئی۔

افسوس اسی منہ سے مقام اعتقادیات بتانا، احادیث صحاح بھی نامقبول ٹھہرانا، اسی منہ سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم عظیم گھٹا کر ایسی بے اصل حکایت سے سند لانا اور ملمع کاری کے لیے شیخ محقق کا نام لکھ

جانا جو صراحۃً فرماتے ہیں کہ اس حکایت کی جڑ نہ بنیاد، آپ اس کے سوا کیا کہیئے کہ ایسوں کی داد نہ فریاد، اللہ اللہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مناقب عظیمہ اور باب فضائل سے نکلوا کر اس تنگنائے میں داخل کرائیں تا کہ صحیحین بخاری و مسلم کی حدیثیں بھی مردود بنائیں، اور حضور کی تنقیص شان میں یہ فراخی دکھائیں کہ بے اصل بے سند مقولے سب سما جائیں۔ ع

حال ایماں کا معلوم ہے بس جانے دو

بالجملہ بحمد اللہ تعالیٰ زید سنی حفظہ اللہ تعالیٰ کا دعویٰ آیات قطعیہ قرآنیہ سے ایسے جلیل وجمیل طور سے ثابت جس میں اصلاً مجال دم زدن نہیں، اگر یہاں کوئی دلیل ظنی تخصیص سے قائم بھی ہوتی تو عموم قطعی قرآن عظیم کے حضور مضمحل ہو جاتی نہ کہ صحیح مسلم وصحیح بخاری وغیرہا سنن وصحاح ومسانید ومعاجیم کی احادیث صریحہ، صحیحہ، کثیرہ، شہیرہ، اس عموم واطلاق کی اور تاکید وتائید فرما رہی ہیں۔

ثبوت غیب پر حدیثیں

حدیث : صحیح بخاری ومسلم میں حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے :

قام فینا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مقاما ما ترک شیئا یکون فی مقامه ذلک الی قیام الساعة الا حدث به حفظه من حفظه و نسیه من نسیه.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک بار ہم میں کھڑے ہو کر جب سے قیامت تک جو کچھ ہونے والا تھا سب بیان فرما دیا کوئی چیز نہ چھوڑی، جسے یاد رہا یاد رہا جو بھول گیا بھول گیا۔

یہی مضمون احمد نے مسند بخاری نے تاریخ طبرانی نے کبیر میں حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حدیث : صحیح بخاری شریف میں حضرت امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

قام فینا النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مقاما فاخبرنا عن بدء الخلق حتی دخل اهل الجنة منازلهم و اهل النار منازلهم حفظ ذلک من حفظه و نسیه من نسیه .

ایک بار سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم میں کھڑے ہوکر ابتدائے آفرینش سے لے کر جنتیوں کے جنت اور دوزخیوں کے دوزخ جانے تک کا حال ہم سے بیان فرمادیا، یادرکھا جس نے یادرکھا اور بھول گیا جو بھول گیا۔

حدیث : صحیح مسلم شریف میں حضرت عمر بن اخطب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے :

ایک دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز فجر سے غروب آفتاب تک خطبہ فرمایا، بیچ میں ظہر وعصر کی نمازوں کے علاوہ کچھ کام نہ کیا۔

فاخبرنا بما هو کائن الی یوم القیامة فاعلمنا احفظه .

اس میں سب کچھ ہم سے بیان فرمادیا جو کچھ قیامت تک ہونے والا تھا ہم میں زیادہ علم والا وہ ہے جسے زیادہ یادرہا۔

حدیث : جامع ترمذی شریف وغیرہ کتب کثیرہ ائمہ حدیث میں باسانید عدیدہ وطرق متنوعہ دس صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

فرأیته عزوجل وضع کفه بین کتفی فوجدت بردا نامله بین ثدی فتجلی لی کل شیٔ و عرفت .

میں نے اپنے رب عزوجل کو دیکھا اس نے اپنا دست قدرت میری پشت پر رکھا کہ میرے سینے میں اس کی ٹھنڈک محسوس ہوئی اسی وقت ہر چیز مجھ پر روشن ہوگئی اور میں نے سب کچھ پہچان لیا۔

حدیث : اسی میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اسی معراج منامی کے بیان میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

فعلمت ما فی السموات و الارض

جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے سب میرے علم میں آ گیا۔

شیخ محقق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرح مشکوٰۃ میں اس حدیث کے نیچے فرماتے ہیں

پس دانستم ہر چہ در آسمانہا و ہر چہ در زمین ہا بود، عبارت است از حصول عامہ علوم جزوی و کلی و احاطہ آں۔

پھر آسمان و زمین میں جو کچھ ہے سب میں نے جان لیا، یعنی تمام جزوی و کلی علوم کا حصول و احاطہ ہو گیا۔ (مولف)

حدیث : امام احمد مسند اور ابن سعد طبقات اور طبرانی معجم میں بسند صحیح حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابو یعلی و ابن منیع و طبرانی حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

لقد ترکنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ما یحرک طائر جناحیہ فی السماء الا ذکر لنا منہ علما.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں اس حال پر چھوڑا کہ ہوا میں کوئی پرندہ پر مارنے والا ایسا نہیں جس کا علم حضور نے ہمارے سامنے بیان نہ فرما دیا ہو۔

نسیم الریاض شرح شفا قاضی عیاض و شروح زرقانی للمواہب میں ہے :

ھذا تمثیل لبیان کل شئ تفصیلاً تارۃ و اجمالاً اخری .

یہ ایک مثال دی ہے اس کی کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر چیز بیان فرما دی کبھی تفصیلاً کبھی اجمالاً۔

مواہب امام احمد قسطلانی میں ہے :

ولا شک ان الله تعالیٰ قد اطلعه علی ازید من ذلک و القی علیه علم الاولین و الاخرین .

اور کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس سے زیادہ علم دیا اور تمام اگلے پچھلوں کا علم حضور پر القا کیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حدیث : طبرانی معجم کبیر اور نعیم بن حماد کتاب الفتن اور ابونعیم حلیہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان الله قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیها و الی ما هو کائن فیها الی یوم القیامة کانما انظر الی کفی هذه تجلیا من الله جلاه لنبیه کما جلاه للنبیین من قبله .

بیشک میرے سامنے سے اللہ عزوجل نے دنیا اٹھالی ہے اور میں اسے اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے سب کچھ ایسا دیکھ رہا ہوں جیسے اپنی ہتھیلی کو دیکھ رہا ہوں۔ اس روشنی کے سبب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کے لیے روشن فرمائی جیسے محمد سے پہلے انبیاء کے لیے روشن کی تھی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم۔

اس حدیث سے روشن ہے کہ جو کچھ سماوات وارض میں ہے اور جو قیامت تک ہوگا اس سب کا علم اگلے انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو بھی عطا ہوا تھا، اور حضرت عزت عز جلالہ اس تمام ما کان و ما یکون کو اپنے ان محبوبوں کے پیش نظر فرما دیا۔ مثلاً مشرق سے مغرب تک، سماک سے سمک تک، ارض سے فلک تک

اس وقت جو کچھ ہو رہا ہے، سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلاۃ والسلام ہزار ہا برس پہلے اس سب کو ایسا دیکھ رہے تھے گویا اس وقت ہر جگہ موجود ہیں۔ ایمانی نگاہ میں یہ نہ قدرت الٰہی پر دشوار نہ عزت و وجاہت انبیاء کے مقابل بسیار۔

مگر معترض بیچارے جن کے یہاں خدائی کی حقیقت اتنی ہو کہ ایک پیڑ کے پتے گن دیئے وہ آپ ہی ان حدیثوں کو شرک اکبر کہنا چاہیں اور جو ائمہ کرام و علمائے اعلام ان سے سند لائے انھیں مقبول و مسلم رکھتے آئے انھیں مشرک کہیں، والعیاذ باللہ رب العالمین۔

حضور پر مخلوقات اور امت کی پیشی

صحیح مسلم و مسند امام احمد و سنن ابن ماجہ میں ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

عرضت علی امتی باعمالها حسنها و قبيحها.

میری ساری امت اپنے سب اعمال نیک وبد کے ساتھ میرے حضور پیش کی گئی۔

طبرانی اور ضیاء مختارہ میں حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

عرضت علی امتی البارحة لدی هذه الحجرة حتی لانا اعرف بالرجل منهم من احدكم بصاحبه .

گزشتہ رات مجھ پر میری امت اس حجرے کے پاس میرے سامنے پیش کی گئی بیشک ان کے ہر شخص کو اس سے زیادہ پہچانتا ہوں جیسا تم میں کوئی اپنے ساتھی کو پہچانے۔

امام اجل سیدی بوصیری قدس سرہ ام القریٰ میں فرماتے ہیں:

وسع العالمین علما و حکما.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم تمام جہان کو محیط ہوا۔

امام ابن حجر مکی اس کی شرح افضل القریٰ میں فرماتے ہیں :

لان اللہ تعالیٰ اطلعه علی العالم فعلم علم الاولین و الآخرین و ما کان و ما یکون .

یہ اس لیے کہ بیشک اللہ عزوجل نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام جہان پر اطلاع بخشی تو سب اگلے پچھلوں اور ما کان وما یکون کا علم حضور پرنور کو حاصل ہو گیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

امام جلیل قدوۃ المحدثین سیدی زین الدین عراقی استاذ امام حافظ الشان ابن حجر عسقلانی شرح مہذب میں پھر علامہ خفاجی نسیم الریاض میں فرماتے ہیں :

انه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم عرضت علیه الخلائق من لدن آدم علیه الصلاة و السلام الی قیام الساعة فعرفهم کلهم کما علم آدم الاسماء .

حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لے کر قیام قیامت تک کی تمام مخلوقات الٰہی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پیش کی گئی حضور نے جمیع مخلوقات گزشتہ اور آئندہ سب کو پہچان لیا جس طرح آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو تمام نام سکھا دیے گئے تھے۔

علامہ عبدالرؤف مناوی تیسیر میں فرماتے ہیں :

النفوس القدسیة اذا تجردت عن العلائق البدنیة اتصلت بالملاء الاعلیٰ و لم

یبق لھا حجاب فتری و تسمع الکل کالمشاھد.

پاکیزہ جانیں جب بدن کے علاقوں سے جدا ہوکر عالم بالا سے ملتی ہیں ان کے لیے کوئی پردہ نہیں رہتا ہے وہ ہر چیز کو ایسا دیکھتی اور سنتی ہیں جیسے پاس حاضر ہیں۔

امام ابن الحاج مکی مدخل اور امام قسطلانی مواہب میں فرماتے ہیں :

قد قال علماء نا رحمھم اللہ تعالیٰ لا فرق بین موتہ و حیاتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی مشاھدتہ لامتہ و معرفتہ باحوالھم ونیاتھم و عزائمھم و خواطرھم و ذلک جلی عندہ لاخفاء بہ .

بیشک ہمارے علمائے کرام رحمہم اللہ تعالیٰ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حالت حیات دنیوی اور اس وقت کی حالت میں کچھ فرق نہیں ہے اسباب میں کہ حضور اپنی امت کو دیکھ رہے ہیں، ان کے ہر حال، ان کی ہر نیت، ان کے ہر ارادے، ان کے دلوں کے ہر خطرے کو پہچانتے ہیں اور یہ چیزیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایسی روشن ہیں جن میں اصلاً کسی طرح کی پوشیدگی نہیں۔

یہ عقیدے ہیں علمائے ربانیین کے محمد رسول اللہ کی جناب ارفع میں۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور پر جملہ احوال واشیاء کا انکشاف

شیخ شیوخ علمائے ہند مولانا شیخ محقق نور اللہ تعالیٰ مرقدہ الکرم مدارج شریف میں فرماتے ہیں:

ذکر کن او را و درود بفرست بروے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و باش در حال ذکر گویا حاضر ہست پیش تو در حالت حیات وی بینی تو او را متادب باجلال و تعظیم و ہیبت و امید بداں کہ وے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم می بیند

وی شنود کلام ترا زیرا کہ وے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم متصف است بصفات اللہ و یکے از صفات الٰہی آنست کہ انا جلیس من ذکرنی۔

ان کی یاد کر اور ان پر درود بھیج، اور ذکر کے وقت ایسے ہو جاؤ گویا تم ان کی زندگی میں ان کے سامنے حاضر ہو اور ان کو دیکھ رہے ہو، پورے ادب اور تعظیم سے رہو، ہیبت بھی اور امید بھی، اور جان لو کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمھیں دیکھ رہے ہیں اور تمھارا کلام سن رہے ہیں کیوں کہ وہ صفات الٰہیہ سے متصف ہیں اور اللہ کی ایک صفت یہ ہے کہ جو مجھے یاد کرتا ہے میں اس کے پاس ہوتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ کی بے شمار رحمتیں شیخ محقق پر، جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہمارا دیکھنا ذکر کیا گویا فرمایا، اور جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دیکھنا ہمیں بیان کیا، بدانکہ بڑھا دیا، تا کہ اسے کوئی، گویا، کے نیچے داخل نہ سمجھے۔ غرض ایمانی نگاہوں کے سامنے اس حدیث پاک کی تصویر کھینچ دی کہ :

اعبد اللہ کانک تراہ فان لم تراہ فانہ یراک .

اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو گویا تو اسے دیکھ رہا ہے اور اگر تو اسے نہ دیکھے تو وہ تو یقیناً تجھے دیکھتا ہے۔ جل جلالہ، صلی اللہ تعالیٰ علیٰ نبیہ وآلہ وبارک وسلم۔

نیز فرماتے ہیں :

ہر چہ در دنیا است از زمان آدم تا نفحہ اولیٰ بروے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منکشف ساختند تا ہمہ احوال او را از اول تا آخر معلوم گردید یاران خود را نیز از بعضے ازاں احوال خبر داد۔

جو کچھ دنیا میں پہلے صور کے پھونکے جانے تک ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر منکشف کر دیا تا کہ انھیں اول سے آخر تک تمام احوال معلوم ہو جائیں، انھوں نے بعض اصحاب کو ان احوال میں سے بعض کی اطلاع دی۔

شیخ محقق نیز فرماتے ہیں:

و ھو بکل شیٔ علیم ووے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دانا است ہمہ چیز از شیونات و احکام الٰہی و احکام صفات حق و اسماء و افعال و آثار و جمیع علوم ظاہر و باطن و اول و آخر احاطہ نمودہ و مصداق فوق کل ذی علم علیم۔

و ھو بکل شیٔ علیم، اور وہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) سب چیزوں کو جاننے والے ہیں احوال، احکام الٰہی، احکام صفات حق، اسماء، افعال اور آثار تمام علوم ظاہر و باطن اول و آخر کا احاطہ کیے ہوئے ہیں اور فوق کل ذی علم علیم کے مصداق ہیں۔

شاہ ولی اللہ دہلوی ''فیوض الحرمین'' میں لکھتے ہیں:

فاض علی من جنابه المقدس صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کیفیة العبد من حیزه الی حیز القدس فیتجلی له کل شی کما اخبر عن هذه المشهد فی قصة المعراج المنامی .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس سے مجھ پر اس حالت کا علم فائض ہوا کہ بندہ اپنے مقام سے مقام مقدس تک کیوں کر ترقی کرتا ہے کہ اس پر ہر چیز روشن ہو جاتی ہے جس طرح حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اس مقام سے معراج خواب کے قصے میں خبر دی۔

خالق و مخلوق کے علم میں فرق

علم الٰہی ذاتی ہے اور علم خلق عطائی، وہ واجب یہ ممکن، وہ قدیم یہ حادث، وہ نامخلوق یہ مخلوق، وہ نا مقدور یہ مقدور، وہ ضروری البقاء یہ جائز الفناء، وہ ممتنع التغیر، یہ ممکن التبدل، ان عظیم تفرقوں کے بعد احتمال شرک نہ ہوگا مگر کسی مجنون کو۔ بصیرت کے اندھے اس علم ما کان و ما یکون بمعنی مذکورہ ثابت جاننے کو معاذ اللہ

علم الٰہی سے مساوات مان لینا سمجھتے ہیں حالاں کہ العظمۃ للہ۔ علم الٰہی تو علم الٰہی جس میں غیر متناہی علوم تفصیلی فراوانی بالفصل کے غیر متناہی سلسلے غیر متناہی یا وہ جسے گویا مصطلح حساب کے طور پر غیر متناہی کا مکعب کہیئے بالفعل و بالدوام ازلاً ابداً موموود ہیں۔ یہ شرق تا غرب وسماوات وارض وعرش تا فرش و ما کان و ما یکون من اول یوم الیٰ آخر الایام، سب کے ذرے ذرے کا حال تفصیل سے جاننا۔

وبالجملہ جملہ مکتوبات لوح ومکنونات قلم کو تفصیلاً محیط ہونا علوم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہے۔ یہ تو ان کے طفیل سے ان کے بھائیوں حضرات مرسلین کرام علیہ وعلیہم افضل الصلاۃ واکمل السلام بلکہ ان کی عطا سے ان کے غلاموں، بعض اعاظم اولیائے عظام قدست اسرارہم کو ملا اور ملتا ہے، ہنوز علوم محمدیہ میں وہ بحار ذخار ناپیدا کنار ہیں جن پر ان کی فضیلت کلیہ اور افضلیت مطلقہ کی بنا ہے۔

اللہ عزوجل کی بے شمار رحمتیں امام اجل محمد بوصیری شرف الحق والدین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ قصیدہ بردہ شریف میں فرماتے ہیں :

فان من جودک الدنیا و ضرتها

و من علومک علم اللوح و القلم

یعنی یارسول اللہ! دنیا اور آخرت دونوں حضور کے خوان جود وکرم سے ایک ٹکڑا ہیں اور لوح وقلم کا تمام علم جن میں ما کان وما یکون مندرج ہے حضور کے علوم سے ایک حصہ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری زبدہ شرح بردہ میں فرماتے ہیں :

توضیحه ان المراد بعلم اللوح ما اثبت فيه من النقوش القدسية و الصور الغيبية و بعلم القلم ما اثبت فيه كما شاء و الاضافة لادنىٰ ملابسة و كون علمها من علومه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان علومه تتنوع الى الكليات و الجزئيات و حقائق و

معارف و عوارف تتعلق بالذات و الصفات و علمهما انها یکون سطرا من سطور علمه و نهرا من بحور علمه ثم مع هذا هو من بر کته و جوده صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

یعنی توضیح اس کی یہ ہے کہ علوم سے مراد نقوش قدس وصور غیب ہیں جو اس میں منقوش ہوئے اور قلم کے علم سے مراد وہ ہیں جو اللہ عزوجل نے جس طرح چاہا اس میں ودیعت رکھی، ان دونوں کی طرف علم کی اضافت ادنیٰ علاقے یعنی محلیت نقش واثبات کے باعث ہے اور ان دونوں میں جس قدر علوم ثبت ہیں ان کا علم علوم محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک پارہ ہونا، اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم بہت اقسام کے ہیں علوم کلیہ، علوم جزئیہ، علوم حقائق اشیاء وعلوم اسرار خفیہ اور وہ علوم اور معرفتیں کہ ذات و صفات حضرت جل جلالہ سے متعلق ہیں اور لوح وقلم کے جملہ علوم، علوم محمدیہ کی سطروں سے ایک سطر، اور ان کے دریاؤں سے ایک نہر ہیں پھر بایں ہمہ وہ حضور ہی کی برکت وجود سے تو ہیں، کہ اگر حضور نہ ہوتے تو نہ لوح وقلم ہوتے نہ ان کے علوم۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

منکرین کو صدمہ ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے روز اول سے قیامت تک کے تمام ما کان وما یکون کا علم تفصیلی مانا جاتا ہے لیکن بحمد اللہ تعالیٰ وہ جمیع علم ما کان وما یکون علوم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عظیم سمندروں سے ایک نہر بلکہ بے پایاں موجوں سے ایک لہر قرار پاتا ہے۔

نصوص حصر

یعنی جن آیات واحادیث میں ارشاد ہوا ہے کہ علم غیب خاصہ خدا تعالیٰ ہے، مولیٰ عزوجل کے سوا کوئی نہیں جانتا قطعاً حق اور بحمد اللہ تعالیٰ مسلمان کے ایمان ہیں، مگر مستکبر کا اپنے دعوائے باطلہ پر ان سے استدلال اور اس کی بناء پر حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم ما کان وما یکون بمعنی مذکور ماننے والے پر حکم کفر وضلال، نص جنون وخام خیال بلکہ خود مستلزم کفر وضلال ہے۔

علم کی قسمیں

علم باعتبار منشاء دو قسم کا ہے۔

(۱) ذاتی : کہ اپنی ذات سے بے عطائے غیر ہو۔ اور

(۲) عطائی : کہ اللہ عزوجل کا عطیہ ہو۔

اور باعتبار متعلق بھی دو قسم ہے۔

(۱) علم مطلق : یعنی محیط حقیقی تفصیلی فعلی فراوانی کہ جمیع معلومات الٰہیہ عزوعلا کو جن میں غیر متناہی معلومات کے سلاسل وہ بھی غیر متناہیہ، وہ بھی غیر متناہی بار داخل اور خود کنہ ذات الٰہی و احاطۂ تام صفات الٰہیہ نا متناہی سب کو شامل فرداً فرداً تفصیلاً مستغرق ہو۔ اور

(۲) مطلق علم: یعنی جاننا، اگر محیط باحاطہ حقیقیہ نہ ہو۔

ان تقسیمات میں علم ذاتی و علم مطلق یعنی مذکور بلا شبہ اللہ عزوجل کے لیے خاص ہیں اور ہرگز کسی غیر خدا کے لیے ان کے حصول کا کوئی بھی قائل نہیں ہے۔

ہم ابھی بیان کر آئے ہیں کہ علم ما کان و ما یکون بمعنی مسطور اگر چہ کیسا ہی تفصیلی بروجہ اتم و اکمل ہو، علوم محمدیہ کی وسعت عظیمہ کو نہیں پہنچتا پھر علوم محمدیہ تو علوم الٰہیہ ہیں۔ جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اور مطلق علم ہرگز حضرت حق عزوعلا سے خاص نہیں بلکہ قسم عطائی تو مخلوق ہی کے ساتھ خاص ہے مولیٰ عزوجل کا علم عطائی ہونے سے پاک ہے۔ تو نصوص حصر میں یقیناً قطعاً وہی قسم اول مراد ہو سکتی ہے نہ کہ قسم اخیر۔ اور بداہۃً ظاہر کہ علم تفصیلی جملہ ذرات ما کان و ما یکون، بمعنی مزبور بلکہ اس سے ہزار در ہزار ازید و افزوں علم بھی کہ بعطائے الٰہی مانا جائے، اسی قسم اخیر سے ہوگا، تو نصوص حصر کو مدعائے مخالف سے اصلاً مس نہیں بلکہ وہ

اس کی صریح جہالت پر نص ہیں۔ وللہ الحمد، یہ معنی ہاں کہ خود بدیہی وواضح ہے ائمہ دین نے اس کی تصریح بھی فرمائی ہے۔

امام اجل ابوزکریا نووی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے فتاویٰ پھر امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنے فتاویٰ حدیثیہ میں فرماتے ہیں:

لا یعلم ذلک استقلالا و علم احاطة بکل المعلومات الا اللہ تعالیٰ اما المعجزات و الکرامات فبا علام اللہ تعالیٰ لھم علمت و کذا من علم باجراء العادة .

یعنی آیت میں غیر خدا سے نفی علم غیب کے یہ معنی ہیں کہ غیب اپنی ذات سے بے کسی کے بتائے جاننا اور ایسا علم کہ جمیع معلومات الٰہیہ کو محیط ہو جائے، یہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں، رہے انبیاء کے معجزے اور اولیاء کی کرامتیں یہاں تو اللہ عزوجل کے بتانے سے انھیں علم ہوا ہے یوں ہی وہ باتیں کہ عادت کی مطابقت سے جن کا علم ہوتا ہے۔

مخالفین کا استدلال محض باطل وخیال محال ہونا تو یہیں سے ظاہر ہو گیا مگر فقیر نے اپنے رسائل میں ثابت کیا ہے کہ یہ استدلال ان ضلال کے خود اقراری کفر وضلال کا تمغہ ہے۔ نیز انھیں میں روشن کیا کہ خلق کے لیے ادعائے علم غیب پر فقہاء کا حکم کفر بھی درجہ اولائے حقیقت حق میں اسی صورت علم ذاتی اور درجہ اخرائے طرز فقہاء میں علم مطلق بمعنی مرقوم کے ساتھ مخصوص ہے جیسا کہ محققین کے کلام میں منصوص ہے۔

منکرین علم غیب کا حکم

اس کے بعد سوال کے دوسرے حصہ کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

بکر پر مکر کا وہ زعم مردود جس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت (کچھ نہیں جانتے) کا لفظ ناپاک ہے وہ بھی کلمہ کفر وضلال بے باک ہے، بکر نے جس عقیدے کو کفر وشرک کہا اور اس کے رد میں یہ کلام

بدفرجام بکا، خود اسی میں تصریح ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت حق جل شانہ نے یہ علم عطا فرمایا ہے لاجرم بکر کی یہ نفی مطلق شامل علم عطائی بھی ہے اور خود بعض شیاطین الانس کے قول سے استناد بھی اس تعلیم پر دلیل جلی ہے کہ اس قول میں خواہ یوں اور خواہ یوں، دونوں صورت پر حکم شرک دیا ہے، اب اس لفظ قبیح کے کلمہ کفر صریح ہونے میں کیا تامل ہوسکتا ہے۔ قرآن عظیم کی روشن آیتوں کی تکذیب بلکہ سارے قرآن کی تکذیب، رسالت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا انکار بلکہ نبوت تمام انبیاء کا انکار، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تنقیص مکان بلکہ رب العزت جلالہ کی توہین شان ایک دو کفر ہوں تو گنے جائیں۔ **والعیاذ باللہ رب العالمین.**

یوں ہی اس کا قول کہ، اپنے خاتمے کا بھی حال معلوم نہ تھا، صریح کلمہ کفر و خسار اور بیشمار آیات قرآنیہ واحادیث متواترہ کا انکار ہے۔ آیہ کریمہ، **لیغفر لک اللہ** مع حدیث صحیحین بخاری و مسلم۔ بعض اور سنیئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

و للآخرة خیر لک من الاولیٰ

اے نبی بے شک آخرت تمھارے لیے دنیا سے بہتر ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

یوم لا یخزی اللہ النبی و الذین امنوا معه نورهم یسعی بین ایدیهم و بایمانهم.

جس دن اللہ رسوانہ کرے گا نبی اور ان کے صحابہ کو ان کا نور ان کے آگے اور داہنے جولان کرے گا۔

اور فرماتا ہے :

عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا

قریب ہے کہ تمھارا رب تمھیں تعریف کے مکان میں بھیجے گا جہاں اولین وآخرین سب تمھاری حمد کریں گے۔

اور فرماتا ہے :

تبرک الذی انشاء جعل لک خیرا من ذلک جنات تجری من تحتھا الانھر و یجعل لک قصورا.

بڑی برکت والا ہے وہ جس نے اپنی مشیت سے تمھارے لیے اس خزانہ و باغ سے (جس کی طلب یہ کافر کر رہے ہیں) بہتر چیزیں کر دیں جنتیں جن کے نیچے نہریں رواں اور وہ تمھیں بہشت بریں کے اونچے اونچے محل بخشے گا۔

اور احادیث کریمہ میں تو جس تفصیل جلیل سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل و خصائص وقت وفات مبارک و برزخ مطہر و حشر منور و شفاعت وکوثر و خلافت عظمیٰ و سیادت کبریٰ و دخول جنت و رویت باری وغیرہا وارد ہیں انھیں جمع کیجیے تو ایک دفتر طویل ہوتا ہے یہاں صرف ایک حدیث تبرکاً سن لیجیے۔

جامع ترمذی شریف میں انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا اول الناس خروجا اذا بعثوا و انا خطیبھم اذا وفدوا و انا خطیبھم اذا انصتوا و انا مستشفعھم اذا حبسوا و انا مبشرھم اذا ئیسوا الکرامۃ و المفاتیح یومئذ بیدی و انا اکرم ولد آدم علی ربی یطوف علی الف خادم کانھم بیض مکنون او لؤ لؤ منثور.

جب لوگوں کا حشر ہوگا تو سب سے پہلے میں مزار اطہر سے باہر تشریف لاؤں گا اور جب وہ دم

بخود رہیں گے تو ان کا خطبہ خواں میں ہوں گا اور جب وہ رو کے جائیں گے تو ان کا شفاعت خواہ میں ہوں گا اور جب وہ ناامید ہو جائیں گے تو ان کا بشارت دینے والا میں ہوں گا عزت دنیا اور تمام کنجیاں اس دن میرے ہاتھ ہوں گی، لواء الحمد اس دن میرے ہاتھ میں ہوگا، بارگاہ عزت میں مری عزت تمام اولاد آدم سے زائد ہے، ہزار خدمت گار میرے اردگرد گویا وہ گرد و غبار سے پاکیزہ انڈے ہیں محفوظ رکھے ہوئے یا جگمگاتے موتی ہیں بکھرے ہوئے۔

بالجملہ بکر کے گمراہ بددین ہونے میں اصلاً شبہ نہیں، وہ شخص جو شیطان کے علم ملعون کو علم اقدس حضور پرنور عالم ماکان و مایکون سے زائد کہے اس کا جواب اس کفرستان ہند میں کیا ہوسکتا ہے انشاء اللہ القہار روز جزا وہ ناپاک نانہجار اپنے کیفر کفری گفتار کو پہنچے گا۔ یہاں اسی قدر کافی ہے کہ یہ ناپاک کلمہ صراحۃً محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عیب لگاتا ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عیب لگانا کلمۂ کفر نہ ہوا تو اور کیا کلمہ کفر ہوگا۔

و الذين يوذون رسول الله لهم عذاب اليم .

اور جو لوگ رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں ان کے لیے دکھ کی مار ہے۔

ان الذين يوذون الله و رسوله لعنهم الله فى الدنيا و الآخرة و اعدلهم عذابا مهينا.

جو لوگ ایذا دیتے ہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کو اللہ نے ان پر لعنت فرمائی ہے دنیا اور آخرت میں اور ان کے لیے تیار کر رکھی ہے ذلت کی مار۔

توہین نبی کا حکم

شفائے امام اجل قاضی عیاض وشرح علامہ شہاب خفاجی مسمّٰی بہ نسیم الریاض میں ہے :

جمیع من سب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم او شتمہ ای عابہ ھواعم من السب فان من قال فلان اعلم منہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقد عاب و نقصہ و ان لم یسبہ (فھو ساب و الحکم فیہ حکم الساب) من غیر فرق بینھما (لا تستثنی منہ) فصلا ای صورۃ (ولا نمتری) فیہ تصریحا کان او تلویحا و ھذا کلہ اجماع من العلماء و ائمۃ الفتویٰ من لدن الصحابۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھم الی ھلم جرا.

یعنی جو شخص نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گالی دے یا حضور کو عیب لگائے اور یہ گالی دینے سے عام تر ہے کہ جس نے کسی کی نسبت کہا کہ فلاں کا علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے اس نے ضرور حضور کو عیب لگایا، حضور کی توہین کی اگر چہ گالی نہ دی یہ سب گالی دینے والے کے حکم میں ہیں۔ان کے اور گالی دینے والے کے حکم میں کوئی فرق نہیں، نہ ہم اس سے کسی صورت کا استثناء کریں نہ اس میں شک وتر دد کو راہ دیں ، صاف صاف کہا ہو یا کنایہ سے ان سب احکام پر تمام علماء وائمہ فتویٰ کا اجماع ہے کہ زمانہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے آج تک برابر چلا آیا ہے۔ (انباء المصطفیٰ بحال سر واخفی)

بندوں کو علم غیب عطا ہونے کی سندیں اور آیات نفی کی مراد

امام احمد رضا بریلوی علم غیب سے متعلق ایک استفسار کے جواب میں مزید واضح انداز میں فرماتے ہیں :

علم غیب کا خاصہ حضرت عزت ہونا بیشک حق ہے اور کیوں نہ ہو کہ رب عزوجل فرماتا ہے :

قل لا یعلم من فی السموات و الارض الغیب الا اللہ .

تم فرمادو کہ آسمان اور زمین میں اللہ کے سوا کوئی عالم الغیب نہیں۔

اور اس سے مراد وہی علم ذاتی وعلم محیط ہے کہ وہی باری عزوجل کے لیے ثابت ہے اور اس سے

مخصوص ہے علم عطائی کہ دوسرے کا دیا ہوا ہو، علم غیر محیط کہ بعض اشیاء سے مطلع بعض سے ناواقف ہو اللہ عزوجل کے لیے ہو ہی نہیں سکتا، اس سے مخصوص ہونا تو دوسرا درجہ ہے۔ اور اللہ عزوجل کی عطا سے علوم غیب غیر محیط کا انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو ملنا بھی قطعاً حق ہے اور کیوں نہ ہو کہ رب عزوجل فرماتا ہے :

و ما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب و لکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء .

اللہ اس لیے نہیں کہ تم لوگوں کو غیب پر مطلع کرے ہاں اللہ اپنے رسولوں سے جسے چاہتا ہے چن لیتا ہے۔

اور فرماتا ہے :

عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول .

اللہ عالم الغیب ہے تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوا اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

اور فرماتا ہے:

و ما ھو علی الغیب بضنین

یہ نبی غیب کے بتانے میں بخیل نہیں۔

اور فرماتا ہے :

ذلک من انباء الغیب نوحیہ الیک .

اے نبی یہ غیب کی باتیں ہم تم کو مخفی طور پر بتاتے ہیں۔

حتیٰ کہ مسلمانوں کو فرماتا ہے :

یومنون بالغیب .

غیب پر ایمان لاتے ہیں۔

ایمان تصدیق ہے اور تصدیق علم ہے جس شی کا اصلاً علم ہی نہ ہو اس پر ایمان لانا کیوں کر ممکن، لاجرم تفسیر کبیر میں ہے۔

لا یمتنع ان نقول نعلم من الغیب ما لنا علیه دلیل .

یہ کہنا کچھ منع نہیں کہ ہم کو اس غیب کا علم ہے جس پر ہمارے لیے دلیل ہے۔

نسیم الریاض میں ہے :

لم یکلفنا الله الایمان بالغیب الاو قدفتح لنا باب غیبه.

ہمیں اللہ تعالیٰ نے ایمان بالغیب کا جبھی حکم دیا ہے کہ اپنے غیب کا دروازہ ہمارے لیے کھول دیا ہے۔

امام شعرانی کتاب الیواقیت والجواہر میں حضرت شیخ اکبر سے نقل فرماتے ہیں :

للمجتهدین القدم الراسخ فی علوم الغیب.

علم غیب میں ائمہ مجتہدین کے لیے مضبوط قدم ہے۔

مولانا علی قاری مرقاۃ شرح مشکوۃ شریف میں کتاب عقائد تالیف حضرت شیخ ابوعبداللہ شیرازی سے نقل فرماتے ہیں :

نعتقد ان العبد ینقل فی الاحوال حتی یصیر الی نعت الروحانیة ، فیعلم الغیب .

ہمارا عقیدہ ہے کہ بندہ ترقیٔ مقامات پا کر صفت روحانی تک پہنچتا ہے اس وقت اسے علم غیب حاصل ہوتا ہے۔

یہی علی قاری مرقاۃ میں اسی کتاب سے ناقل :

یطلع العبد علی حقائق الاشیاء و یتجلی له الغیب و غیب الغیب .

نور ایمان کی قوت بڑھ کر بندہ حقائق اشیاء پر مطلع ہوتا ہے اور اس پر غیب نہ صرف غیب بلکہ غیب کا غیب روشن ہو جاتا ہے۔

یہی علی قاری اسی مرقاۃ میں فرماتے ہیں :

الناس ینقسم الی فطن یدرک الغائب کالمشاهدة و هم الانبیاء والی من الغالب علیهم متابعة الحس والوهم فقط و هم اکثر الخلائق فلا بد لهم من معلم یکشف لهم المغیبات و ما هو الا النبی المبعوث لهذا الامر .

آدمی دو قسم کے ہیں۔

ایک وہ زیرک کہ غیب کو شہادت کی طرح جانتے ہیں اور یہ انبیاء ہیں۔

دوسرے وہ جن پر صرف حس و وہم کی پیروی غالب ہے۔ اکثر مخلوق اسی قسم کی ہے۔ تو ان کو ایک بتانے والے کی ضرورت ہے جو ان پر غیبوں کو کھول دے اور وہ بتانے والا نہیں مگر نبی کہ خود اس کام کے لیے بھیجا جاتا ہے۔

یہی قاری شرح فقہ اکبر میں حضرت ابو سلیمان دارانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ناقل :

الفراسة مکاشفة النفس و معاینة الغیب و هی من مقامات الایمان .

فراست مومن (جس کا ذکر حدیث میں ارشاد ہوا ہے) وہ روح کا کشف اور غیب کا معاینہ ہے اور یہ ایمان کے مقاموں میں سے ایک مقام ہے۔

امام ابن حجر مکی کتاب الاعلام، پھر علامہ شامی سل الحسام میں فرماتے ہیں :

الخواص یجوز ان یعلموا الغیب فی قضیۃ اوقضایا کما وقع لکثیر منھم و اشتھر.

جائز ہے کہ اولیاء کو کسی واقعہ یا وقائع میں علم غیب ملے جیسا کہ ان میں بہت سے واقع ہو کر مشتہر ہوئے۔

تفسیر معالم وتفسیر خازن میں زیر قولہ تعالیٰ، **و ما ھو علی الغیب بضنین** ہے :

یقول انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یاتیہ علم الغیب فلا یبخل بہ علیکم بل یعلمکم .

یعنی اللہ عزوجل فرماتا ہے میرے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غیب کا علم آتا ہے وہ تمھیں بتانے میں بخل نہیں فرماتے بلکہ تم کو بھی اس کا علم دیتے ہیں۔

تفسیر بیضاوی میں زیر قولہ تعالیٰ، **و علمنہ من لدنا علما** ہے :

ای مما یختص بنا و لا یعلم الا بتوفیقنا و ھو علم الغیب .

یعنی اللہ عزوجل فرماتا ہے وہ علم کہ ہمارے ساتھ خاص ہے اور بے ہمارے بتائے ہوئے معلوم نہیں ہوتا وہ علم غیب ہے ہم نے خضر کو عطا فرمایا ہے۔

تفسیر ابن جریر میں حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے :

قال انک لن تستطیع معی صبرا و کان رجل یعلم علم الغیب قد علم ذلک .

خضر علیہ الصلاۃ والسلام نے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے کہا آپ میرے ساتھ نہ ٹھہر سکیں گے

خضر علم غیب جانتے تھے انھیں علم غیب دیا گیا تھا۔

اسی میں ہے عبداللہ بن عباس نے فرمایا خضر علیہ الصلاۃ والسلام نے کہا :

لم تحط من علم الغيب بما اعلم .

جو علم غیب میں جانتا ہوں آپ کا علم اسے محیط نہیں۔

امام قسطلانی مواہب لدنیہ شریف میں فرماتے ہیں:

النبوة هي الاطلاع على الغيب .

نبوت کے معنی ہی یہ ہیں کہ علم غیب جاننا۔

اسی میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسم مبارک نبی کے بیان میں فرمایا:

النبوة ما خوذة من النباء و هو الخبر اى ان الله تعالىٰ اطلعه على غيبه .

حضور کو نبی اس لیے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو اپنے غیب کا علم دیا۔

اسی میں ہے:

قد اشتهر و انتشر امره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بين اصحابه بالاطلاع على الغيب .

بیشک صحابہ کرام میں مشہور و معروف تھا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غیبوں کا علم ہے۔

اسی کی شرح زرقانی میں ہے:

اصحابه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم جازمون باطلاعه على الغيب

صحابہ کرام یقین کے ساتھ حکم لگاتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غیب کا علم ہے۔

علی قاری شرح بردہ شریف میں فرماتے ہیں:

علمه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حاو لفنون العلم (الی ان قال) و منها علمه بالامور الغیبیة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم اقسام علوم کو حاوی ہے غیبوں کا علم بھی علم حضور کی شاخوں سے ایک شاخ ہے۔

منافق کا استہزا

تفسیر امام طبری میں اور تفسیر درمنثور میں بروایت ابوبکر بن ابی شیبہ استاذ امام بخاری ومسلم وغیرہ ائمہ محدثین سیدنا امام مجاہد تلمیذ خاص حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ہے۔

انه قال فی قوله تعالیٰ و لئن سالتم لیقولن انما کنا نخوض و نلعب قال رجل من المنافقین یحدثنا محمد ان ناقة فلان بواد کذا او کذا و ما یدریه بالغیب.

انھوں نے فرمایا اللہ کے قول، ولئن سالتھم الخ کی تفسیر میں کہ منافقین میں سے ایک شخص نے کہا کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ہم سے بیان کرتے ہیں کہ فلاں کی اونٹنی فلاں فلاں وادی میں ہے بھلا وہ غیب کی بات کیا جانیں۔ (مولف)

یعنی کسی کا ناقہ گم ہوگیا تھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ فلاں جنگل میں ہے، ایک منافق بولا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) غیب کیا جانیں اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت کریمہ اتاری کہ ان سے فرمادیجیے کہ اللہ اور اس کے رسول اور اس کی آیتوں سے ٹھٹھا کرتے ہو بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے

ایمان کے بعد۔

انقسام علم اور علماء کی تصریحات

مخالفین کو تو محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل کریمہ کی دشمنی نے اندھا، بہرا کر دیا انھیں حق نہیں سوجھتا مگر تھوڑی سی عقل والا سمجھتا ہے کہ یہاں کچھ بھی دشواری نہیں۔

علم یقیناً ان صفات میں ہے کہ غیر خدا کو بعطائے خدا مل سکتا ہے تو ذاتی وعطائی کی طرف اس کا انقسام یقینی، یوں ہی محیط وغیر محیط کی تقسیم بدیہی، ان میں اللہ عزوجل کے ساتھ خاص ہونے کے قابل صرف ہر تقسیم کی قسم اول ہے یعنی علم ذاتی وعلم محیط وحقیقی۔

تو آیات واحادیث واقوال علماء جن میں دوسرے کے لیے اثبات علم غیب سے انکار ہے ان میں قطعاً یہی قسمیں مراد ہیں، فقہاء کہ حکم تکفیر کرتے ہیں انھیں قسموں پر حکم لگاتے ہیں کہ آخر بنائے تکفیر یہی تو ہے کہ خدا کی صفت خاصہ دوسرے کے لیے ثابت کی۔ اب یہ دیکھ لیجیے کہ خدا کے لیے علم ذاتی خاص ہے یا عطائی، حاش للہ! علم عطائی خدا کے ساتھ خاص ہونا درکنار خدا کے لیے محال قطعی ہے کہ دوسرے کے دیئے سے اسے علم حاصل ہو، پھر خدا کے لیے علم محیط حقیقی خاص ہے یا غیر محیط، حاش للہ! علم غیر محیط خدا کے لیے محال قطعی ہے، جس میں بعض معلومات مجہول رہیں، تو علم عطائی غیر محیط قطعی، غیر خدا کے لیے ثابت کرنا، خدا کی صفت خاصہ ثابت کرنا کیوں کر ہوا۔

تکفیر فقہاء اگر اس طرف ناظر ہو تو معنی یہ دیکھیں گے کہ دیکھو تم غیر خدا کے لیے وہ صفت ثابت کرتے ہو جو زنہار خدا کی صفت نہیں ہو سکتی لہٰذا کافر ہو، یعنی وہ صفت غیر کے لیے ثابت کرنی چاہیئے تھی جو خاص خدا کی صفت ہے، کیا کوئی احمق سا احمق ایسا اخبث جنون گوارا کر سکتا ہے؟

امام ابن حجر مکی فتاویٰ حدیثیہ میں فرماتے ہیں :

و ما ذکرناه فی الایة صرح به النووی رحمه الله تعالیٰ فی فتاواه فقال معناها لا یعلم ذلک استقلالا و علم احاطة بکل المعلومات الا الله تعالیٰ .

یعنی ہم نے جو آیت کی تفسیر کی امام نووی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنے فتاویٰ میں اس کی تصریح کی، فرماتے ہیں آیت کے معنی یہ ہیں کہ غیب کا ایسا علم صرف خدا کو ہے جو بذات خود ہو اور جمیع معلومات الٰہیہ کو محیط ہو۔

نیز شرح ہمزیہ میں فرماتے ہیں :

انہ تعالیٰ اختص بہ لکن من حیث الاحاطة فلا ینافی اطلاع الله تعالیٰ لبعض خواصہ علی کثیر من المغیبات حتی من الخمس التی قال صلی الله تعالیٰ علیہ وسلم لا یعلمهن الا الله.

غیب اللہ کے لیے خاص ہے مگر بمعنی احاطہ تو اس کے منافی نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بعض خاصوں کو بہت سے غیبوں کا علم دیا یہاں تک کہ ان پانچ میں سے جن کو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا ہے۔

تفسیر کبیر میں ہے :

قولہ و لا اعلم الغیب یدل علی اعترافه بانه غیر عالم بکل المعلومات

یعنی آیت میں جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ارشاد ہوا، تم فرمادو میں غیب نہیں جانتا، اس کے یہ معنی ہیں کہ میرا علم جمیع معلومات الٰہیہ کو حاوی نہیں۔

امام قاضی عیاض شفا شریف اور علامہ شہاب الدین خفاجی اس کی شرح نسیم الریاض میں فرماتے ہیں :

(هذه المعجزة) فی اطلاعه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی الغیب (معلومة علی القطع) بحیث لا یمکن انکارها او التردد فیها لاحد من العقلاء (لکثرة رواتها و اتفاق معانیها علی الاطلاع علی الغیب) و هذا لا ینافی الایات الدالة علی انه لا یعلم الغیب الا الله و قوله، ولو کنت اعلم الغیب لا استکثرت من الخیر، فان المنفی علمه من غیر واسطة و اما اطلاعه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علیه باعلام الله تعالیٰ له فامر بتحقق لقوله تعالیٰ فلا یظهر علی غیبه احدا الا من ارتضی من رسول .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معجزہ علم غیب یقیناً ثابت ہے جس میں کسی عاقل کو انکار یا تردد کی گنجائش نہیں کہ اس میں احادیث بکثرت آئیں اور ان سب سے بالاتفاق حضور کا علم غیب ثابت ہے اور یہ ان آیتوں کے کچھ منافی نہیں جو بتاتی ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی غیب نہیں جانتا اور یہ کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کہنے کا حکم ہوا کہ میں غیب جانتا تو اپنے لیے بہت خیر جمع کر لیتا۔ اس لیے کہ آیتوں میں نفی اس علم کی ہے جو بغیر خدا کے بتائے ہو اور اللہ تعالیٰ کے بتائے سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم غیب ملنا تو قرآن عظیم سے ثابت ہے کہ اللہ اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا سوا اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

تفسیر نیشاپوری میں ہے:

لا اعلم الغیب فیه دلالة علی ان الغیب بالاستقلال لا یعلمه الا الله.

آیت کے یہ معنی ہیں کہ علم غیب جو بذات خود ہو وہ خدا کے ساتھ خاص ہے۔

تفسیر انموذج جلیل میں ہے:

معناه لا یعلم الغیب بلا دلیل الا الله و بلا تعلیم الا الله او جمیع الغیب الا الله.

آیت کے یہ معنی ہیں کہ غیب کو بلا دلیل و بلا تعلیم جاننا یا جمیع غیب کو محیط ہونا یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ

خاص ہے۔

جامع الفصولین میں ہے :

یجاب بانه یمکن التوفیق بان المعنی هو العلم بالاستقلال لا العلم بالاعلام او المنفی هو المجزوم به لا المظنون و یؤیده قوله تعالیٰ اتجعل فیها من یفسد فیها الآیة . لانه غیب اخبر به الملائکة ظنا منهم او باعلام الحق فینبغی ان یکفر لو ادعاه مستقلا لا لو اخبر به باعلام فی نومه او یقظته بنوع من الکشف اذ لا منافاة بینه و بین الآیة لما مر من التوفیق .

یعنی فقہاء نے دعوے علم غیب پر حکم کفر کیا اور حدیثوں اور ائمہ ثقات کی کتابوں میں بہت غیب کی خبریں موجود ہیں جن کا انکار نہیں ہوسکتا اس کا جواب یہ ہے کہ ان میں تطبیق یوں ہوسکتی ہے کہ فقہاء نے اس کی نفی کی ہے کہ کسی کے لیے بذات خود علم غیب مانا جائے خدا کے بتائے سے علم غیب کی نفی نہ کی یا نفی قطعی کی ہے نہ ظنی کی، اور اس کی تائید یہ آیت کریمہ کرتی ہے فرشتوں نے عرض کی کیا تو زمین میں ایسوں کو خلیفہ کرے گا جو اس میں فساد وخوں ریزی کریں گے، ملائکہ غیب کی خبر بولے مگر ظناً یا خدا کے بتائے سے تو تکفیر اس پر چاہیئے کہ کوئی بے خدا کے بتائے علم غیب ملنے کا دعویٰ کرے نہ یوں کہ براہ کشف جاگتے یا سوتے میں خدا کے بتائے سے، ایسا علم غیب آیت کے کچھ منافی نہیں۔

ردالمحتار میں امام صاحب ہدایہ کی مختارات النوازل سے ہے۔

لو ادعی علم الغیب بنفسه یکفر.

اگر بذات خود علم غیب حاصل کر لینے کا دعویٰ کرے تو کافر ہے۔

اسی میں ہے :

قال فی التاتارخانیة و فی الحجة ذکر فی الملتقط انه لا... یکفر لان الاشیاء تعرض علی روح النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و ان الرسل یعرفون بعض الغیب قال اللہ تعالیٰ عالم الغیب فلا یظهر علی غیبه احدا الا من ارتضی من رسول .

قلت بل ذکروا فی کتب العقائد ان من جملة کرامات الاولیاء الا طلاع علی بعض المغیبات و ردوا علی المعتزلة المستدلین بهذه الآیة علی نفیها.

تاتارخانیہ میں فتاویٰ حجہ میں ہے ملتقط میں فرمایا کہ جس نے اللہ ورسول کو گواہ کر کے نکاح کیا کافر نہ ہوگا، اس لیے کہ اشیاء نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر عرض کی جاتی ہیں اور بیشک رسولوں کو بعض علم غیب ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا مگر اپنے پسندیدہ رسولوں کو، علامہ شامی نے فرمایا کہ بلکہ ائمہ اہل سنت نے کتب عقائد میں ذکر فرمایا کہ بعض غیبوں کا علم ہونا اولیاء کی کرامت سے ہے، اور معتزلہ نے اس آیت کو اولیاء کرام سے اس کی نفی پر دلیل قرار دیا ہمارے ائمہ نے اس کا رد کیا یعنی ثابت فرمایا کہ آیہ کریمہ اولیاء سے بھی مطلقاً علم غیب کی نفی نہیں فرماتی۔

تفسیر غرائب القرآن ورغائب الفرقان میں ہے :

لم ینف الا الدرایة من قبل نفسه و ما نفی الدرایة من قبل الوحی .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ذات سے جاننے کی نفی فرمائی ہے خدا کے بتانے سے جاننے کی نفی نہیں فرمائی۔

تفسیر جمل شرح جلالین وتفسیر خازن میں ہے :

المعنی لا اعلم الغیب الا ان یطلعنی اللہ تعالیٰ .

آیت میں جو ارشاد ہوا کہ میں غیب نہیں جانتا اس کے معنی یہ ہیں کہ میں بے خدا کے بتائے

نہیں جانتا۔

تفسیر عنایۃ القاضی میں ہے :

لا اعلم الغیب ما لم یوحی الی و لم ینصب علیه دلیل

آیت کے معنی یہ ہیں کہ جب تک وحی یا کوئی دلیل قائم نہ ہو مجھے بذات خود غیب کا علم نہیں ہوتا۔

اسی میں ہے :

و عنده مفاتیح الغیب وجه اختصاصها به تعالیٰ انه لا یعلمها کما هی ابتداء الا هو.

یہ جو آیت میں فرمایا کہ غیب کی کنجیاں اللہ ہی کے پاس ہیں اس کے سوا انھیں کوئی نہیں جانتا اس خصوصیت کے یہ معنی ہیں کہ ابتداءً بغیر بتائے ان کی حقیقت دوسرے پر نہیں کھلتی۔

تفسیر علامہ نیشاپوری میں ہے :

(قل لا اقول لکم) لم یقل لیس عندی خزائن الله لیعلم ان خزائن الله و هو العلم بحقائق الاشیاء و ما هیاتها عنده صلی الله تعالیٰ علیه وسلم باستجابته دعاءه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی قوله ارنا الاشیاء کما هی ، ولکنه یکلم الناس علی قدر عقولهم (ولا اعلم الغیب) ای لا اقول لکم هذا مع انه قال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علمت ما کان و ما یکون .

یعنی ارشاد ہوا کہ اے نبی! فرمادو کہ میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں، یہ نہیں فرمایا کہ اللہ کے خزانے میرے پاس نہیں، بلکہ یہ فرمایا کہ میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس ہیں تا کہ معلوم

ہو جائے کہ اللہ کے خزانے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ہیں، مگر حضور لوگوں سے ان کی سمجھ کے قابل باتیں فرماتے ہیں، اور وہ خزانے کیا ہیں؟ تمام اشیاء کی حقیقت و ماہیت، کا علم، حضور نے اسی کے ملنے کی دعا کی اور اللہ عزوجل نے قبول فرمائی، پھر فرمایا میں غیب نہیں جانتا یعنی تم سے نہیں کہتا کہ مجھے غیب کا علم ہے ورنہ حضور تو خود فرماتے ہیں مجھے ماکان و مایکون کا علم ملا یعنی جو کچھ گزرا اور جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے۔

الحمد للہ! اس آیہ کریمہ کی کہ، فرمادو میں غیب نہیں جانتا، ایک تفسیر وہ تھی جو تفسیر کبیر سے گزری کہ احاطۂ جمیع غیوب کی نفی ہے نہ کہ غیب کا علم ہی نہیں۔ دوسری وہ تھی جو بہت کتب سے گزری کہ بے خدا کے بتائے جاننے کی نفی ہے۔ نہ یہ کہ بتائے سے بھی مجھے علم نہیں۔ اب بحمد اللہ تعالیٰ سب سے لطیف تر یہ تیسری تفسیر ہے کہ میں تم سے نہیں کہتا کہ مجھے علم غیب ہے۔ اس لیے کہ اے کافرو! تم ان باتوں کے اہل نہیں ہو ورنہ واقع میں مجھے ماکان و مایکون کا علم ملا ہے۔

علم غیب سے متعلق اجماعی مسائل

یہاں تک جو کچھ بیان ہوا جمہور ائمہ دین کا متفق علیہ ہے۔

(۱) بلاشبہ غیر خدا کے لیے ایک ذرہ کا علم ذاتی نہیں اس قدر خود ضروریات دین سے اور منکر کافر۔

(۲) بلاشبہ غیر خدا کا علم معلومات الٰہیہ کو حاوی نہیں ہوسکتا، مساوی درکنار تمام اولین و آخرین وانبیاء و مرسلین و ملائکہ مقربین سب کے علوم مل کر علوم الٰہیہ سے وہ نسبت نہیں رکھ سکتے جو کروڑہا کروڑ سمندروں سے ایک ذراسی بوند کے کروڑویں حصے کو کہ وہ تمام سمندر اور یہ بوند کا کروڑواں حصہ دونوں متناہی ہیں اور متناہی کو متناہی سے نسبت ضرور ہے۔ بخلاف علوم الٰہیہ کہ غیر متناہی در غیر متناہی در غیر متناہی ہیں اور مخلوق کے علوم اگرچہ عرش وفرش، شرق وغرب و جملہ کائنات از روز اول

تا روز آخر کو محیط ہو جائیں آخر متناہی ہی ہیں کہ عرش و فرش دو حدیں ہیں، شرق و غرب دو حدیں ہیں، روز اول و روز آخر دو حدیں ہیں اور جو کچھ دو حدوں کے اندر ہو سب متناہی ہے۔

بالفعل غیر متناہی کا علم تفصیلی مخلوق کو مل ہی نہیں سکتا، تو جملہ علوم خلق کو علم الٰہی سے اصلاً نسبت ہونی ہی محال قطعی ہے نہ کہ معاذ اللہ تو ہم مساوات۔

(۳) یوں ہی اس پر اجماع ہے کہ اللہ عزوجل کے دیئے سے انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو کثیر و افر غیبوں کا علم ہے یہ بھی ضروریات دین سے ہے جو اس کا منکر ہو کافر ہے کہ سرے سے نبوت ہی کا منکر ہے۔

(۴) اس پر بھی اجماع ہے کہ اس فضل جلیل میں محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حصہ تمام انبیاء، تمام جہان سے اتم و اعظم ہے اللہ عزوجل کی عطا سے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اتنے غیبوں کا علم ہے جن کا شمار اللہ عزوجل ہی جانتا ہے۔

علم غیب کی اختلافی حدود اور مسلک عرفاء

فضل محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منکروں کو جہنم میں جانے دیجیے تتمہ کلام استماع فرمایئے، ان تمام اجماعات کے بعد ہمارے علماء میں اختلاف ہوا کہ بے شمار علوم غیب جو مولیٰ عزوجل نے اپنے محبوب اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمائے آیا وہ روز اول سے یوم آخر تک تمام کائنات کو شامل ہیں جیسا کہ عموم آیات و احادیث کا مفاد ہے یا ان میں تخصیص ہے؟

بہت اہل ظاہر جانب خصوص گئے ہیں کسی نے کہا متشابہات کا، کسی نے خمس کا، کثیر نے کہا ساعت کا۔ اور عام علماء باطن اور ان کے اتباع سے بکثرت علماء ظاہر نے آیات و احادیث کو ان کے عموم پر رکھا ماکان و مایکون بمعنی مذکور میں از انجا کہ غایت میں دخول و خروج دونوں متحمل ہیں ساعت داخل ہو یا نہیں۔

میں (امام احمد رضا) نے قصیدہ بردہ شریف اوراس کی شرح ملا علی قاری سے ثابت کیا ہے کہ علم الٰہی تو علم الٰہی جو غیر متناہی در غیر متناہی در غیر متناہی ہے یہ مجموعۂ ما کان و ما یکون کا علم، علوم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سمندر سے ایک لہر ہے۔ پھر علم الٰہی غیر متناہی کے آگے اس کی کیا گنتی، اللہ کی قدر نہ جاننے والے اسی کو معاذ اللہ علم الٰہی سے مساوات ٹھہراتے ہیں، و ما قدروا اللہ حق قدرہ.

اللہ کی ویسی قدر نہ کی جیسی قدر کرنے کا حق ہے۔

ہاں ہمارا مختار قول اخیر ہے (یعنی آیات واحادیث کا عموم) جو عام عرفائے کرام و بکثرت ائمہ اعلام کا مسلک ہے، اس بارے میں بعض آیات واحادیث واقوال ائمہ فقیر (امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ) کے رسالے ''انباء المصطفیٰ بحال سر واخفیٰ'' اور ''اللؤلؤ المکنون فی علم البشیر ما کان و ما یکون'' وغیرہ رسائل فقیر میں بحمد اللہ تعالیٰ کثیر و وافر ہیں اور اقوال اولیائے کرام وعلمائے عظام کی کثرت تو اس درجہ ہے کہ ان کے شمار کو ایک دفتر عظیم درکار یہاں بطور نمونہ صرف بعض اشارات ائمہ پر اقتصار۔

حدیث صحیح جامع ترمذی جس میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

تجلی کل شیء و عرفت.

ہر چیز مجھ پر روشن ہوگئی اور میں نے پہچان لی۔

اور فرمایا:

ما فی السموات و الارض

میں نے جان لیا جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔

امام بوصیری مدحیہ ہمزیہ میں عرض کرتے ہیں :

لک ذات العلوم من عالم

الغیب و منها لا دم الا سماء

عالم غیب سے حضور کے لیے علوم کی ذات ہے اور آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے نام۔

ملا علی قاری شرح شفا شریف میں فرماتے ہیں

ان روح النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضرۃ فی بیوت اھل الاسلام .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح کریم تمام جہان میں ہر مسلمان کے گھر میں تشریف فرما ہے۔

شاہ ولی اللہ صاحب فیوض الحرمین میں فرماتے ہیں

العارف ینجذب الی حیز الحق فیصیر عند اللہ فیتجلی لہ کل شئ .

عارف مقام حق تک کھینچ کر بارگاہ قرب میں ہوتا ہے تو ہر چیز اس پر روشن ہو جاتی ہے۔

حضور علم کتابت سے واقف تھے

امام قاضی عیاض شفا شریف میں فرماتے ہیں :

ھذا مع انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان لا یکتب و لکنہ اوتی علم کل شی حتی قد وردت اثار بمعرفتہ حروف الخط و حسن تصویرھا کقولہ لا تمد بسم اللہ الرحمن الرحیم . رواہ ابن شعبان من طریق ابن عباس، و قولہ الحدیث الاخر الذی روی عن معویۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ کان یکتب بین یدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال لہ التی الدواۃ و حرف القلم و اقم الباء و فرق السین و لا تعور المیم و حسن اللہ و مد الرحمن و جود الرحیم.

یعنی حالاں کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لکھتے نہ تھے مگر حضور کو ہر چیز کا علم عطا ہوا تھا یہاں تک کہ بیشک حدیثیں آئی ہیں کہ حضور کتابت کے حروف پہچانتے تھے اور یہ کہ کس طرح لکھے جائیں تو خوبصورت ہوں گے جیسے ایک حدیث ابن شعبان نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ نبی صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بسم اللہ، کشش سے نہ لکھو، (یعنی سین میں دندانے ہوں نری کشش نہ ہو) دوسری حدیث (مسند الفردوس) میں امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہوئی کہ یہ حضور کے سامنے لکھ رہے تھے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ دوات میں صوف ڈالو اور قلم پر ترچھا قط دو اور بسم اللہ کی ب کھڑی لکھو اور سین کے دندانے جدا رکھو اور میم اندھا نہ کرو (اس کے چشمہ کی سفیدی کھلی رہے) اور لفظ اللہ خوبصورت لکھو اور لفظ رحمٰن میں کشش ہو (رحـــمـــن یا رحـــــن یا رحمـــــن یا رحمــــــن) اور لفظ رحیم اچھا لکھو۔

شب معراج انکشاف اشیاء

امام شعرانی قدس سرہ کتاب الجواہر والدرر نیز کتاب درۃ الغواص میں سیدی علی خواص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ناقل :

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہو الاول و الآخر و الظاہر و الباطن قد ولج حین اسری بہ علم الاسماء اولھا مرکز الارض و آخرھا السماء الدنیا بجمیع احکامہا و تعلقاتھا ثم ولج البرزخ الی انتہانہ وھو السماء السابعۃ ثم ولج عالم العرش الی مالا نہایۃ لہ و الفتح فی برزخیتہ صور العوالم الالھیۃ و الکونیۃ .

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی اول وآخر وظاہر و باطن ہیں وہ شب معراج مرکز زمین سے آسمان تک تشریف لے گئے اور اس عالم کے جملہ احکام اور تعلقات جان لیے پھر آسمان سے عرش اور عرش سے لا انتہاء تک اور حضور کے برزخ میں تمام عالم علوی و سفلی کی صورتیں منکشف ہو گئیں۔

حقیقت اشیاء کا انکشاف

تفسیر کبیر میں زیر آیہ کریمہ، و کذلک نری ابراھیم ملکو ت السموات و الارض ،

فرمایا :

الاطلاع علی آثار حکمة الله فی کل واحد من مخلوقات هذا العالم بحسب اجناسها و انواعها و اصنافها و اشخاصها و اجرامها مما لا یحصل الا للاکابر من الانبیاء علیهم الصلاة و السلام و لهذا المعنی کان رسولنا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول فی دعائه اللهم ارنا الاشیاء کما هی .

اس عالم کی تمام جنسوں اور نوعوں اور صنفوں اور شخصوں اور بدنوں ہر ہر مخلوق میں حکمت الٰہیہ کے آثار پرانھیں اکابر کو اطلاع ہوتی ہے جو انبیاء ہیں علیہم الصلاۃ والسلام اسی لیے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی کہ الٰہی ہم کو تمام چیزیں جیسی وہ ہیں دکھادے۔

اقول : یہاں مقصود اس قدر ہے کہ ان امام اہل سنت (امام رازی) کے نزدیک انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام اس عالم کی تمام مخلوقات کے ایک ایک ذرہ کی جنس نوع صنف شخص جسم اور ان سب میں اللہ کی حکمتیں بالتفصیل جانتے ہیں۔

یہی مضمون شریف تفسیر نیشاپوری میں بایں عبارت ہے :

الاطلاع علی تفاصیل آثار حکمة الله تعالیٰ فی کل احد من مخلوقات هذه العوالم بحسب اجناسها و انواعها و اصنافها و اشخاصها و عوارضها و لواحقها کما هی لا تحصل الا لا کابر الانبیاء و لهذا قال صلی الله تعالی علیه وسلم ارنی الاشیاء کما هی.

ان عالموں کی مخلوقات میں سے ہر ایک کے تمام آثار حکمت الٰہیہ پر ان کی جنسوں، نوعوں، قسموں اور فردوں نیز عوارض ولواحق حقیقیہ پر مطلع ہونا اکابر انبیاء کے علاوہ کسی کو حاصل نہیں ہوتا اسی وجہ سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا میں عرض کیا کہ مجھے اشیاء کی حقیقتیں دکھا۔ (مولف)

اس میں آثار حکمۃ اللہ کے ساتھ تفاصیل زائد ہیں۔ اور ھذا العالم کی جگہ ھذہ العوالم ہے کہ نظر تفصیلی پر زیادہ دلالت کرتا ہے۔ اور اجناس وانواع واصناف واشخاص کے ساتھ عوارض ولواحق بھی مذکور ہیں، کہ احاطۂ جملہ جواہر واعراض میں تصریح تر ہو اگرچہ اجناس عالم میں عوارض بھی داخل تھے۔ پھر ان کے کماھی کا لفظ اور زیادہ ہے کہ صحت علم غیر مشوب بالخطاء والوہم کی تاکید ہو۔

حضور کی روح انور کا مشاہدہ

تفسیر نیشاپوری میں زیر آیہ کریمہ و جئنابک علی ھولاء شھیدا۔ فرمایا:

لان روحه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم شاھد علی جمیع الارواح و القلوب و النفوس لقوله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اول ما خلق اللہ روحی۔

یہ جواب اللہ عزوجل نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا کہ ہم تمھیں ان سب پر گواہ بنا کر لائیں گے اس کی وجہ یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح انور تمام جہان میں ہر ایک کی روح، ہر ایک کے دل، ہر ایک کے نفس کا مشاہدہ فرماتی ہے (کوئی روح، کوئی دل، کوئی نفس، ان کی نظر کریم سے اوجھل نہیں جب تو سب پر گواہ بنا کر لائے جائیں گے کہ شاہد کو مشاہدہ ضرور ہے) اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میری روح کریم کو پیدا فرمایا (تو عالم میں جو کچھ ہوا حضور کے سامنے ہی ہوا۔)

ہمارے حضور اور انبیاء کے علوم میں فرق

حافظ الحدیث سیدی احمد سجلماسی قدس سرہ اپنے شیخ کریم حضرت سیدی عبدالعزیز بن مسعود دباغ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کتاب مستطاب ابریز میں روایت فرماتے ہیں کہ انھوں نے آیہ کریمہ و علم آدم الاسماء کے متعلق فرمایا (صرف ترجمہ ملاحظہ فرمائیں)

ہر چیز کے دو نام ہیں۔علوی و سفلی۔

سفلی، نام تو صرف مسمیٰ سے ایک گونہ آگاہی دیتا ہے۔اور

علوی، نام سنتے ہی یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ مسمیٰ کی حقیقت و ماہیت کیا ہے اور کیوں کر پیدا ہوا اور کاہے سے بنا اور کس لیے بنا۔

آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو تمام اشیاء کے یہ علوی نام تعلیم فرمائے گئے، جس سے انھوں نے حسب طاقت و حاجت بشری تمام اشیاء جان لیں، اور یہ زیر عرش سے زیر فرش تک کی تمام چیزیں ہیں جس میں جنت و دوزخ و ہفت آسمان اور جو کچھ ان میں ہے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اور جو کچھ آسمان و زمین کے درمیان ہے اور جنگل و صحراء اور نالے اور دریا و درخت وغیرہ جو کچھ زمین میں ہے۔غرض یہ تمام مخلوقات ناطق وغیر ناطق ان کے صرف نام سننے سے آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو معلوم ہو گیا کہ عرش سے فرش تک ہر شئی کی حقیقت یہ ہے اور فائدہ یہ ہے اور اس ترتیب سے اس شکل پر ہے۔جنت کا نام سنتے ہی انھوں نے جان لیا کہ کہاں سے بنی اور کس لیے بنی اور اس کے مرتبوں کی ترتیب کیا ہے اور جس قدر اس میں حوریں ہیں اور قیامت کے بعد اتنے لوگ اس میں جائیں گے اسی طرح دوزخ، یوں ہی آسمان، اور یہ کہ پہلا آسمان وہاں کیوں ہوا اور دوسرا دوسری جگہ کیوں ہوا، اسی طرح ملائکہ کا لفظ سننے سے انھوں نے جان لیا کہ کاہے سے بنے اور کیوں کر بنے اور ان کے مرتبوں کی ترتیب کیا ہے اور کس لیے یہ فرشتہ اس مقام کا مستحق ہوا اور دوسرا دوسرے کا۔اسی طرح عرش سے زیر زمین تک ہر فرشتہ کا حال۔

اور یہ تمام علوم صرف آدم علیہ الصلاۃ والسلام ہی کو نہیں بلکہ ہر نبی اور ہر ولی کامل کو عطا ہوئے ہیں، علیہم الصلاۃ والسلام۔آدم نام خاص اس لیے لیا کہ ان کو یہ علوم پہلے ملے۔پھر فرمایا کہ ہم نے بقدر طاقت و حاجت کی قید لگا کر صرف عرش تا فرش کی تمام اشیاء کا احاطہ اس لیے رکھا کہ جملہ معلومات الٰہیہ کا احاطہ نہ

،لازم آئے۔اوران علوم میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و دیگر انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام میں یہ فرق ہے کہ اور جب ان علوم کی طرف متوجہ ہوتے ہیں تو ان کا مشاہدۂ حضرت عزت جلالہ سے ایک گونہ غفلت سی ہوجاتی ہے اور جب مشاہدہ حق کی طرف توجہ فرمائیں تو ان علوم کی طرف سے ایک نیندی آجاتی ہے مگر ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کی کمال قوت کے سبب ایک علم دوسرے علم سے مشغول نہیں کرتا وہ عین مشاہدۂ حق کے وقت ان تمام علوم اوران کے سوااور علموں کو جانتے ہیں جن کی طاقت کسی میں نہیں اوران علوم کی طرف عین توجہ میں مشاہدۂ حق فرماتے ہیں اوران کو نہ مشاہدہ حق ،مشاہدۂ خلق سے پردہ ہو نہ مشاہدۂ خلق ، مشاہدۂ حق سے، پاکی وبلندی اسے جس نے ان کو یہ علوم اور یہ قوتیں بخشیں۔صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

دل کا مشاہدہ

حضرت مولوی معنوی قدس سرہ العلوی دفتر ثالث مثنوی شریف میں مورو عقاب کی حدیث مستطاب میں فرماتے ہیں حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

گرچہ ہر غیبے خدا مارا نمود
دل دراں لحظہ بخود مشغول بود

اگر چہ ہر غیب خدا نے ہم کو دکھایا ہے لیکن دل اس وقت اپنی ذات میں مشغول تھا۔

مولانا بحر العلوم ملک العلماء قدس سرہ شرح میں فرماتے ہیں :

ای فکر تن نداشت واز جہت استغراق بعضے مغیبات برانبیاء مستور شوند، انتہی۔

معنی بیت ایں چنیں است کہ دل بخود مشغول بود کہ دل نفس دل را مشاہدہ می کرد وذات باحدیت جمیع اسماء در دل است پس بسبب استغراق دریں مشاہدہ توجہ بسوئے اکوان نبود بعض اکوان مغفول عنہ ماندو ایں وجہ وجیہ است۔

یعنی دل کو بدن کی فکر نہ تھی اور استغراق کی وجہ سے بعض غیوب انبیاء سے چھپ جاتے ہیں۔

شعر کے معنی یہ ہیں کہ دل ذات دل کا مشاہدہ کر رہا تھا اور ذات احدیت تمام اسماء کے ساتھ دل میں ہے۔ پس اس مشاہدہ میں مغفول ہونے کی وجہ سے توجہ عالم کی طرف نہ تھی، اس لیے بعض حالات پوشیدہ رہے۔ یہ بہترین توجیہ ہے۔ (مولف)

حضور کے بتانے سے دوسرے کے لیے ثبوت غیب

امام قرطبی شارح صبح پھر امام عینی بدر محمود پھر امام احمد قسطلانی شروح صحیح بخاری پھر علامہ علی قاری مرقاۃ شرح مشکوٰۃ حدیث، و خمس لا یعلمھن الا اللہ کی شرح میں فرماتے ہیں :

فمن ادعی علم شی منھا غیر مسند الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان کاذبا فی دعواہ .

یعنی تو جو کوئی قیامت وغیرہ خمس سے کسی شئ کے علم کا ادعا کرے اور اسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف نسبت نہ کرے کہ حضور کے بتائے سے مجھے یہ علم آیا وہ اپنے دعوے میں جھوٹا ہے۔

صاف معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان پانچوں غیبوں کو جانتے ہیں اور اس میں سے جو چاہیں اپنے جس غلام کو چاہیں بتا سکتے ہیں۔ جب تو جو حضور کی تعلیم سے ان کے علم کا دعویٰ کرے اس کی تکذیب نہ ہوگی۔

روض النضیر شرح جامع صغیر امام کبیر جلال الملۃ والدین سے اس حدیث کے متعلق ہے۔

اما قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الا ھو فمفسر بانہ لا یعلمھا احد بذاتہ و من ذاتہ الا ھو لکن قد تعلم باعلام اللہ تعالیٰ فان ثمہ من یعلم و قد وجدنا ذلک لغیر واحد

کما راینا جماعة علموا متی یموتون و علموا ما فی الارحام حال حمل المراة و قبله .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ جو فرمایا کہ ان پانچوں غیبوں کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اس کے یہ معنی ہیں کہ بذات خود اپنی ذات سے انھیں اللہ ہی جانتا ہے مگر خدا کے بتائے سے کبھی ان کو بھی ان کا علم ملتا ہے۔ بیشک ایسے لوگ موجود ہیں جو ان غیبوں کو جانتے ہیں اور ہم نے متعدد اشخاص ان کے جاننے والے پائے ایک جماعت کو ہم نے دیکھا کہ ان کو معلوم تھا کب مریں گے اور انھوں نے عورت کے حمل کے زمانے میں بلکہ حمل سے پہلے بھی جان لیا کہ پیٹ میں کیا ہے۔

شیخ محقق قدس سرہ لمعات شرح مشکوٰۃ میں اسی حدیث کے ماتحت فرماتے ہیں :

المراد لا تعلم بدون تعلیم اللہ تعالیٰ .

مراد یہ ہے کہ قیامت وغیرہ غیب بے خدا کے بتائے معلوم نہ ہوئے۔

حضور کو علوم خمسہ حاصل ہیں

علامہ بیجوری شرح بردہ شریف میں فرماتے ہیں :

لم یخرج صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من الدنیا الا بعد ان اعلمه اللہ تعالیٰ بھذہ الامور ای الخمسة .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا سے تشریف نہ لے گئے مگر بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو ان پانچوں غیبوں کا علم دے دیا۔

علامہ شنوانی نے جمع النہایۃ میں اسے بطور حدیث بیان کیا کہ

قد ورد ان اللہ تعالیٰ لم یخرج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حتی اطلعه

علی کل شی .

بیشک وارد ہوا کہ اللہ تعالیٰ، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دنیا سے نہ لے گیا جب تک کہ حضور کو تمام اشیاء کا علم نہ عطا فرمایا۔

حافظ الحدیث سیدی احمد مالکی غوث الزماں سید شریف عبدالعزیز مسعود حسنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

هو صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لا یخفی علیه شئ من الخمس المذکورة فی الایة الشریفة و کیف یخفی علیه ذلک و الاقطاب السبعة من امته الشریفة یعلمونها و هم دون الغوث فکیف بالغوث فکیف بسید الاولین و الآخرین الذی هو سبب کل شئ و منه کل شئ .

یعنی قیامت کب آئے گی، مینھ کب اور کہاں اور کتنا برسے گا، مادہ کے پیٹ میں کیا ہے، کل کیا ہوگا، فلاں کہاں مرے گا، یہ پانچوں غیب جو آیت کریمہ میں مذکور ہیں ان میں سے کوئی چیز رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر مخفی نہیں اور کیوں کر یہ چیزیں حضور سے پوشیدہ ہوں حالاں کہ حضور کی امت سے ساتوں قطب ان کو جانتے ہیں اور ان کا مرتبہ غوث کے نیچے ہے غوث کا کیا کہنا پھر ان کا کیا پوچھنا جو سب اگلوں پچھلوں سارے جہان کے سردار اور ہر چیز کے سبب ہیں اور ہر شئ انھیں سے ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

نیز ابریز غزیز میں فرمایا :

قلت للشیخ رضی الله تعالیٰ عنه ان علماء الظاهر من المحدثین وغیرهم اختلفوا فی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هل کان یعلم الخمس فقال رضی الله تعالیٰ عنه کیف یخفی امر الخمس علیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و الواحدمن اهل

التصرف من امته الشریفة لا یمکن التصرف الا بمعرفته هذه الخمس.

یعنی میں نے حضرت شیخ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی کہ علماء ظاہر محدثین مسئلہ خمس میں باہم اختلاف رکھتے ہیں، علماء کا ایک گروہ کہتا ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کا علم تھا دوسرا انکار کرتا ہے اس میں حق کیا ہے۔ فرمایا (جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پانچوں غیبوں کا علم مانتے ہیں وہ حق پر ہیں) حضور سے یہ غیب کیوں کر چھپے رہیں گے حالاں کہ حضور کی امت شریفہ میں جو اولیاء کرام اہل تصرف ہیں (کہ عالم میں تصرف فرماتے ہیں) وہ جب تک ان پانچوں غیبوں کو جان نہ لیں تصرف نہیں کر سکتے۔

تفسیر کبیر میں زیر آیہ کریمہ عالم الغیب فلا یظهر علی غیبه احدا الا من ارتضی من رسول فرمایا۔

ای وقت وقوع القیمة من غیب الذی لا یظهره الله لاحد. فان قیل فاذا حملتم ذلک علی القیامة فکیف قال الا من ارتضی من رسول مع انه لا یظهر هذا الغیب لاحد. قلنا بل یظهره عند قرب القیمة.

یعنی قیامت کے واقع ہونے کا وقت اس غیب میں سے ہے۔ جس کو اللہ تعالیٰ کسی پر ظاہر نہیں کرتا۔ اگر کہا جائے کہ جب تم نے آیت کو علم قیامت پر محمول کیا تو کیسے اللہ نے فرمایا الا من ارتضی من رسول باوجودیکہ یہ غیب اللہ کسی پر ظاہر نہیں کرے گا ہم جواب دیں گے کہ قیامت کے قریب ظاہر کرے گا۔ (مولف)

اس نفیس تفسیر نے صاف معنیٰ آیت یہ ٹھہرائے کہ اللہ عالم الغیب ہے وہ وقت قیامت کا علم کسی کو نہیں دیتا سوا اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

علامہ سعد الدین تفتازانی شرح مقاصد میں فرقہ باطلہ معتزلہ خذلہم اللہ تعالیٰ کی کرامات اولیاء سے

انکاراوران کے شبہات فاسدہ کے ذکروابطال میں فرماتے ہیں :

الخامس و هو فی الاخبار بالمغیبات قوله تعالیٰ عالم الغیب فلا یظهر علی غیبه احدا الا من ارتضی من رسول خص الرسول بالاطلاع علی الغیب فلا یطلع غیرهم و ان کانوا اولیاء . الجواب ان الغیب ههنا لیس للعموم بل مطلق او معین هو وقت وقوع القیامة بقرینة السابق و لا یبعد ان یطلع علیه بعض الرسول من الملائکة او البشر فصح الاستثناء .

یعنی معتزلہ کی پانچویں دلیل خاص علم غیب کے بارے میں ہے وہ گمراہ کہتے ہیں کہ اولیاء کو غیب کا علم نہیں ہوسکتا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے غیب کا جاننے والا تو اپنے غیب پر مسلط نہیں کرتا مگر اپنے پسندیدہ رسولوں کو، جب غیب پر اطلاع رسولوں کے ساتھ خاص ہے تو اولیاء کیوں کر غیب جان سکتے ہیں۔ ائمہ اہل سنت نے جواب دیا کہ یہاں غیب عام نہیں (جس کے یہ معنی ہوں کہ کوئی غیب رسولوں کے سوا کسی کو نہیں بتاتا جس سے مطلقاً اولیاء کے علوم غیب کی نفی ہو سکے) بلکہ یہ تو مطلق ہے (یعنی کچھ غیب ایسے ہیں کہ غیر رسول کو نہیں معلوم ہوتے) یا خاص وقت وقوع قیامت مراد ہے (کہ خاص اس غیب کی اطلاع رسولوں کے سوااوروں کو نہیں دیتے) اوراس پر قرینہ یہ ہے کہ اوپر کی آیت میں غیب قیامت ہی کا ذکر ہے (تو آیت سے صرف اتنا نکلا کہ بعض غیبوں یا خاص وقت قیامت کے تعیین پر اولیاء کو اطلاع نہیں ہوتی نہ یہ کہ اولیاء کوئی غیب نہیں جانتے اس پر اگر شبہ کیجیے کہ اللہ تو رسول کو استثناء فرمارہا ہے کہ وہ ان غیبوں پر مطلع ہوتے ہیں جن کو اورلوگ نہیں جانتے اب اگر اس سے تعیین وقت قیامت لیجیے تو رسولوں کا بھی استثناء نہ رہے گا کہ یہ تو ان کو بھی نہیں بتایا جاتا۔ اس کا جواب یہ فرمایا) کہ ملائکہ یا بشر سے بعض رسولوں کو تعیین وقت قیامت کا علم ملنا کچھ بعید نہیں تو استثناء کہ اللہ عزوجل نے فرمایا ضرور صحیح ہے۔

امام قسطلانی شرح بخاری تفسیر سورۂ رعد میں فرماتے ہیں :

لا یعلم متی تقوم الساعة الا الله الا من ارتضی من رسول فانه یطلعه علی من یشاء من غیبه و الو لی تابع له یاخذ عنه .

کوئی غیر خدانہیں جانتا کہ قیامت کب آئے گی سوااس کے پسندیدہ رسولوں کے کہ انھیں اپنے جس غیب پر چاہے اطلاع دیتا ہے (یعنی وقت قیامت کا علم بھی ان پر بند نہیں) رہے اولیاء وہ رسولوں کے تابع ہیں ان سے علم حاصل کرتے ہیں۔

یہاں اس خاص غیب کے علم میں بھی اولیاء کے لیے راہ رکھی مگر یوں کہ اصالۃً انبیاء کو ہے اور ان کو ان سے ملتا ہے اور حق یہی ہے کہ آیہ کریمہ غیر رسل سے علم غیوب میں اصالۃً کی نفی فرمائی ہے نہ کہ مطلق علم کی۔

علامہ حسن بن علی مدابغی حاشیہ فتح المبین، امام ابن حجر مکی اور فاضل ابن عطیہ فتوحات وھبیہ شرح اربعین، امام نووی میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم قیامت عطا ہونے کے باب میں فرماتے ہیں :

الحق کما قال جمع ان الله سبحانه و تعالیٰ لم یقبض نبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حتی اطلعه علی کل ما ابهمه عنه الا انه امر بکتم بعض و الاعلام ببعض.

یعنی حق مذہب وہ ہے جو ایک جماعت علماء نے فرمایا کہ اللہ عزوجل ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دنیا سے نہ لے گیا یہاں تک کہ جو کچھ حضور سے مخفی رہا تھا اس سب کا علم حضور کو عطا فرمادیا ہاں بعض علوم کی نسبت حضور کو حکم دیا کہ کسی کو نہ بتائیں اور بعض کے بتانے کا حکم کیا۔

علامہ عشاوی کتاب مستطاب عجب العجاب شرح صلاۃ حضرت سیدی احمد بدوی کبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں فرماتے ہیں :

قیل انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اوتی علمها (ای الخمس) فی آخر الامر

لکنه امر فیها بالکتمان و هذا القیل هو الصحیح.

یعنی کہا گیا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آخر میں ان پانچوں غیبوں کا بھی علم عطا ہو گیا، مگر ان کے چھپانے کا حکم تھا اور یہی قول صحیح ہے۔ (خالص الاعتقاد)

غنیمت کی پیشین گوئی

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک جگہ تحریر کرتے ہیں:

عبداللہ بن سلامہ بن عمیر اسلمی صحابی ابن صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں تزوجت ابنة سراقة بن حارث النجاری و قتل ببدر فلم اصب شیئا من الدنیا کان احب الی من نکاحها و اصدقتها مائتی درهم فلم اجد شیئا اسوقه الیها فقلت علی الله ورسوله المعول فجئت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فاخبرته . الحدیث.

میں نے سراقہ نجاری شہید بدر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحبزادی سے نکاح کیا دنیا کی کوئی چیز میں نے ایسی نہ پائی جوان کے ساتھ شادی ہونے سے مجھے زیادہ پیاری ہو میں نے دوسو روپے ان کا مہر کیا تھا اور پاس کچھ نہ تھا جو انھیں بھیجوں میں نے کہا اللہ اور اللہ کے رسول ہی پر بھروسہ ہے پس میں خدمت انور حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوا اور حال عرض کیا حضور نے ایک جہاد پر انھیں بھیجا اور فرمایا ارجو ان یغنمک الله مهر زوجتک .

میں امید کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل تمھیں اتنی غنیمت دلا دے گا کہ اپنی بیوی کا مہر ادا کر دو، ایسا ہی ہوا۔

اسے امام ثقہ محمد بن عمر واقدی ابوحدرد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا، امام محقق علی الاطلاق نے فتح القدیر میں اس کی توثیق واضح کی ہے۔

بچیوں کی نوا سنجی

صحیح بخاری ومسند احمد وسنن ابی داؤد وترمذی وابن ماجہ ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری شادی میں تشریف لائے چھوکریاں دف بجا کر میرے باپ چچا جو بدر میں شہید ہوئے تھے ان کے اوصاف گاتی تھیں اس میں کوئی بولی ع

و فینا نبی یعلم ما فی غد

ہم میں وہ نبی ہیں جنھیں آئندہ کا حال معلوم ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اس پر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا دعی هذه و قولی بالذی کنت تقولین. اسے رہنے دے اور جو پہلے کہہ رہی تھی وہی کہے جا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بچیوں کو تذکرۂ غیب سے منع فرمایا؛ اس کی وجوہ بظاہر یہ ہیں۔

اولاً : ممکن ہے کہ لہو ولعب کے وقت اپنی نعت اور وہ بھی زنانے گانے اور وہ بھی دف بجانے میں پسند نہ فرمائی لہٰذا ارشاد ہوا اسے رہنے دو اور وہی پہلے گیت گاؤ، ارشاد الساری ولمعات ومرقاۃ وغیرہ میں اس احتمال کی تصریح ہے۔

ثانیاً: اقول: ممکن کہ مجلس عورتوں، کنیزوں، کم فہم لوگوں کی تھی ان میں منع فرمایا کہ توہم ذاتیت کا سد باب ہو۔

ثالثاً: وجہ ممانعت علم غیب کی اسناد مطلق بے ذکر تعلیم الٰہی عزوجل ہے۔ شیخ محقق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے لمعات میں اس طرف ایما فرمایا۔

مالک بن عوف کی التجا

محمد بن اسحاق تابعی ثقہ امام السیر والمغازی نے ابو وجزہ یزید بن عبید سعدی سے روایت کی (غزوۂ حنین میں) مشرکین بھاگ گئے مالک بن عوف (کہ اس لڑائی میں سردار کفار ہوازن تھے) بھاگ کر طائف میں پناہ گزیں ہوئے رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر وہ ایمان لا کر حاضر ہو تو ہم اس کے اہل و مال اسے واپس دیں یہ خبر مالک بن عوف کو پہنچی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے جب کہ حضور مقام جعرانہ سے نہضت فرما چکے تھے سید اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے اہل و مال انھیں واپس دیئے اور سو اونٹ اپنے خزانہ کرم سے عطا کیے **فقال مالک بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ یخاطب رسول اللہ من قصیدۃ .**

مالک بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مخاطب کرتے ہوئے عرض کیا:

ما ان رایت و لا سمعت بواحد
فی الناس کلھم کمثل محمد
اوفی و اعطی للجزیل لمجتد
و متی تشاء یخبرک عما فی غد

میں نے تمام جہان کے لوگوں میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مثل نہ کوئی دیکھا نہ سنا سب سے زیادہ وفا فرمانے والے اور سب سے فزوں تر سائل کو نفع کثیر عطا بخشنے والے اور جب تو چاہے تجھے آئندہ کل کی خبر بتا دیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں ان کی قوم ہوازن اور قبائل سلمہ وثمالہ وفہم پر سردار فرمایا۔ (الامن والعلی)

اثبات غیب پر قرآنی دلائل

قرآن عظیم فرماتا ہے، و ما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب و لکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء

اے عام لوگو! اللہ اس لیے نہیں کہ تمھیں غیب پر مطلع فرمادے ہاں اپنے رسولوں سے چن لیتا ہے جسے چاہے۔

اور فرماتا ہے عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احدا من ارتضی من رسول ۔

اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہے تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں فرماتا مگر اپنے پسندیدہ رسول کو۔ صرف اظہار ہی نہیں بلکہ رسولوں کو غیب پر مسلط فرمادیا۔

علمائے اہل سنت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا اتفاق ہے کہ جو فضائل اور انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو عنایت فرمائے گئے وہ سب باکمل وجوہ اوران سے بدرجہا زائد حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مرحمت ہوئے۔ اور اہل باطن کا اس پر اتفاق ہے کہ جو کچھ فضائل اور انبیاء صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیٰ سیدہم وعلیہم کو ملے وہ سب حضور کے دیئے سے اور حضور کے طفیل میں۔

اصحاب صحیح بخاری نے روایت کی قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انما انا قاسم و اللہ یعطی ۔

میں بانٹنے والا ہوں اور اللہ تعالیٰ عطا فرماتا ہے۔

اللہ تعالیٰ سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلاۃ والسلام کی بابت فرماتا ہے و کذلک نری ابراھیم ملکوت السموات و الارض ۔

یعنی ایسا ہی ہم ابراہیم کو آسمان و زمین کی ساری سلطنت دکھاتے ہیں۔ اور لفظ نری استمرار و تجدد پر دال ہے جسکا یہ مطلب کہ وہ دکھانا ایک بار کے لیے نہ تھا بلکہ مستمر ہے تو یہ صفت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں اکمل طور پر ثابت۔ حضور کے دیئے سے اور حضور کے طفیل میں حضور کے جد اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علی ابیہ و بارک وسلم کو یہ فضیلت ملی اس کا انکار نہ کرے گا مگر کور باطن۔ اور لفظ کذٰلک تشبیہ کے واسطے ہے جسے ہر معمولی عربی داں جانتا ہے اور تشبیہ کے لیے مشبہ اور مشبہ بہ ضرور ہے۔ مشبہ تو خود قرآن کریم میں مذکور ہے یعنی حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام۔ باقی رہا مشبہ بہ وہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ مطلب یہ ہوا کہ اے حبیب لبیب جیسے ہم آپ کو آسمانوں اور زمینوں کی سلطنتیں دکھا رہے ہیں یوں ہی آپ کے طفیل میں آپ کے والد ماجد حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو بھی ان کا معائنہ کرا رہے ہیں۔

اور قرآن کریم میں ارشاد فرماتا ہے:

و ما ھو علی الغیب بضنین.

یعنی میرا محبوب غیب پر بخیل نہیں۔ جس میں استعداد پاتے ہیں اسے بتاتے بھی ہیں۔ اور ظاہر کہ بخیل وہ کہ جس کے پاس مال ہو اور صرف نہ کرے، وہ کہ جس کے پاس مال ہی نہیں کیا بخیل کہا جائے گا اور یہاں بخیل کی نفی کی گئی ہے تو جب تک کوئی چیز صرف کی نہ ہو کیا مفاد ہوا لہٰذا معلوم ہوا کہ حضور غیب پر مطلع ہیں اور اپنے غلاموں کو اس پر اطلاع بخشتے ہیں۔

اور فرماتا ہے:

و نزلنا علیک الکتب تبیانا لکل شیٔ .

ہم نے تم پر یہ کتاب ہر شئ کا روشن بیان کر دینے کے لیے اتاری۔

تبیاناً ارشاد فرمایا بیاناً نہ فرمایا کہ معلوم ہو جائے کہ اس میں بیان اشیاء اس طرح پر ہے کہ

اصلاً خفا نہیں۔

رب کی تجلی اور معرفت اشیاء

اور حدیث میں ہے جسے امام ترمذی وغیرہ نے دس صحابہ سے روایت کیا کہ صحابہ کرام فرماتے ہیں کہ ایک روز ہم صبح کو نماز فجر کے لیے مسجد نبوی میں حاضر ہوئے، اور حضور کی تشریف آوری میں دیر ہوئی حتی کدنا ان نترای الشمس، یعنی قریب تھا کہ آفتاب طلوع کر آئے اتنے میں حضور تشریف فرما ہوئے اور نماز پڑھائی پھر صحابہ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ تم جانتے ہو کیوں دیر ہوئی سب نے عرض کی اللہ و رسولہ اعلم ۔اللہ ورسول خوب جانتے ہیں ارشاد فرمایا اتانی ربی فی احسن صورۃ ۔میرا رب سب سے اچھی تجلی میں میرے پاس تشریف لایا۔یعنی میں ایک دوسری نماز میں مشغول تھا اس نماز میں عبد درگاہ معبود میں حاضر ہوتا ہے اور وہاں خود ہی معبود کی عبد پر تجلی ہوئی قال یا محمد فیما یختصم الملاء الاعلیٰ .

اس نے فرمایا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) یہ فرشتے کس بات پر مخاصمہ اور مباہات کرتے ہیں فقلت لا ادری میں نے عرض کی کہ میں بے تیرے بتائے کیا جانوں۔

فوضع کفہ بین کتفی فوجدت برد انامله بین ثدی فتجلی لی کل شی و عرفت.

تو رب العزت نے اپنا دست قدرت میرے دونوں شانوں کے درمیان رکھا اور اس کی ٹھنڈک میں نے اپنے سینے میں پائی اور میرے سامنے ہر چیز روشن ہوگئی اور میں نے پہچان لی۔صرف اسی پر اکتفا نہ فرمایا کہ کسی کو یہ کہنے کی گنجائش نہ رہے کہ کل شیء سے مراد ہر شی متعلق بشرائع ہے بلکہ ایک روایت میں فرمایا ما فی السماء و الارض ۔میں نے جان لیا جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے۔

اور دوسری روایت میں فرمایا فعلمت ما بین المشرق و المغرب ۔اور میں نے جان لیا جو

کچھ مشرق سے مغرب تک ہے۔ یہ تینوں روایتیں صحیح ہیں تو تینوں لفظ ارشاد اقدس سے ثابت ہیں یعنی میں نے جان لیا جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اور جو کچھ مشرق سے مغرب تک ہے۔ ہر چیز مجھ پر روشن ہوگئی اور میں نے پہچان لی۔ اور روشن ہونے کے ساتھ پہچان لینا اس لیے فرمایا کہ کبھی شئی معروف ہوتی ہے پیش نظر نہیں اور کبھی شئی پیش نظر ہوتی ہے اور معروف نہیں جسے ہزار آدمیوں کی مجلس کو چھت پر سے دیکھو وہ سب تمھارے پیش نظر ہوں گے مگر ان میں بہت کو پہچانتے نہ ہوگے اس لیے ارشاد فرمایا کہ تمام اشیائے عالم ہمارے پیش نظر بھی ہوگئیں اور ہم نے پہچان بھی لیں کہ اان میں نہ کوئی ہماری نگاہ سے باہر رہی نہ علم سے خارج۔

علم ماکان وما یکون

مسلمان دیکھیں نصوص میں بلاضرورت تاویل و تخصیص باطل و نا مسموع ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر چیز مجھ پر روشن ہوگئی اور میں نے پہچان لی تو بلاشبہ یہ رویت و معرفت جمیع مکنونات قلم و مکتوبات لوح کو شامل ہے جس میں سب ماکان و ما یکون من الیوم الاول الی یوم الآخر و جملہ ضمائر و خواطر سب کچھ داخل۔ ولہذا طبرانی و نعیم بن حماد استاذ امام بخاری وغیرہما نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان اللہ قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیھا و الی ما ھو کائن فیھا الی یوم القیامۃ کانھما انظر الی کفی ھذہ .

بیشک اللہ نے میرے سامنے دنیا اٹھالی ہے تو میں اسے اور اس میں جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے سب کو ایسا دیکھ رہا ہوں جیسے اپنی اس ہتھیلی کو۔

حضور کا علم عطائی ہے

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

اہل سنت کا مسئلہ علم غیب میں یہ عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو علم غیب عنایت فرمایا۔ رب عزوجل فرماتا ہے و ما ھو علی الغیب بضنین یہ نبی غیب کے بتانے میں بخیل نہیں۔ تفسیر معالم وتفسیر خازن میں ہے یعنی حضور کو علم غیب آتا ہے وہ تمھیں بھی تعلیم فرماتے ہیں (پھر امام احمد رضا بریلوی نے فرمایا) اگر تمام اولین وآخرین کا علم جمع کیا جائے تو اس علم کو علم الٰہی سے وہ نسبت ہرگز نہیں ہوسکتی جو ایک قطرے کے کروڑویں حصہ کو کروڑ سمندر سے ہے کہ یہ نسبت متناہی کی متناہی کے ساتھ ہے اور وہ غیر متناہی۔ متناہی کو غیر متناہی سے کیا نسبت ہوسکتی ہے۔

حضور نے فرقہ وہابیہ کی خبر دی ہے

متعدد احادیث میں گستاخ فرقوں کی نشان دہی اور ان کے زمانۂ ظہور کی طرف اشارہ کیا گیا ہے انھیں گستاخ وبے دین فرقوں میں سے وہابیہ وغیرہ بھی ہیں، اس سلسلے میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیشین گوئی اور امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی نشان دہی اور بعض وہابیہ کی گستاخی کے نمونے ملاحظہ فرمائیں، امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

وہابیہ ہی وہ فرقہ ہے جسے عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے فہمائش کی اجازت چاہی تھی اور بحکم امیر المومنین تشریف لے گئے اور ان سے پوچھا کیا بات امیر المومنین کی تم کو ناپسند آئی انھوں نے کہا واقعہ صفین میں ابوموسیٰ اشعری کو حکم بنایا یہ شرک ہوا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ان الحکم الا للہ حکم نہیں مگر اللہ کے لیے۔ امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اس قرآن کریم میں یہ آیت بھی تو ہے فابعثوا حکما من اهله و حکما من اهلها زن وشوہر میں

خصومت ہوایک حکم اس کی طرف سے بھیجوایک حکم اس کی طرف سے اگروہ دونوں اصلاح چاہیں گےتو اللہ ان میں میل کردے گا۔

اس جواب کوسن کران میں سے پانچ ہزارتائب ہوئے اور پانچ ہزار کے سر پر موت سوارتھی وہ اپنی شیطنت پر قائم رہے امیر المومنین نے ان کے قتل کا حکم فرمایا۔امام حسن وامام حسین اور دیگراکابر رضی اللہ تعالیٰ عنہم کوان کے قتل میں تامل ہوا کہ یہ قوم رات بھر تہجد اوردن بھر تلاوت میں بسر کرتی ہے ہم کیوں کران پر تلوار اٹھائیں مگر امیر المومنین کوتو حضور عالم ما کان وما یکون صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی تھی کہ نماز روزہ وغیرہ ظاہری اعمال کے بشدت پابند ہوں گے بایں ہمہ دین سے ایسا نکل جائیں گے جیسے تیرنشانے سے، قرآن پڑھیں گے مگران کے گلوں سے نیچے نہیں اترے گا۔امیرالمومنین کے حکم سے لشکران کے قتل پر مجبور ہوا عین معرکہ میں خبرآئی کہ وہ نہر کے اس پاراتر گئے۔

مولیٰ علی نے ذوالثدیہ کی خبردی

امیر المومنین نے فرمایا واللہ ان میں سے دس اس پار نہ جانے پائیں گے سب اسی طرف قتل ہوں گے جب سب قتل ہو چکے امیر المومنین نے لوگوں کے دلوں سے ان کے تقویٰ وطہارت اور تہجد و تلاوت کا وہ خدشہ دفع کرنے کے لیے فرمایا تلاش کرواگران میں ذوالثدیہ پایا جائے توتم نے بدترین اہل زمین کوقتل کیا۔تلاش کیا گیالاشوں کے نیچے نکلا جس کاایک ہاتھ پستان زن کے مشابہ تھا۔امیرالمومنین نے تکبیر کہی اورحمد الٰہی بجالائے اورلشکر کے دل کا شبہ اس غیب کی خبر بتانے اورمطابق آنے سے زائل ہوگیا کسی نے کہا حمد ہے اسے جس نے ان کی نجاست سے زمین کو پاک کیا۔امیر المومنین نے فرمایا کیا سمجھتے ہو کہ یہ لوگ ختم ہو گئے؟ ہرگز نہیں ان میں سے کچھ ماں کے پیٹ میں ہیں کچھ باپ کی پیٹھ میں۔جب ان میں سے ایک گروہ ہلاک ہوگا دوسرا سراٹھائے گا حتی یخرج آخرھم مع الدجال .

یہاں تک کہ ان کا پچھلا گروہ دجال کے ساتھ نکلے گا۔ یہی وہ فرقہ ہے کہ ہر زمانے میں نئے رنگ نئے نام سے ظاہر ہوتا رہا اور اب اخیر وقت میں وہابیہ کے نام سے پیدا ہوا۔

وہابیہ کی علامتیں

ان کی جو جو علامتیں صحیح حدیثوں میں ارشاد فرمائی ہیں سب ان میں موجود ہیں **تحقرون صلاتکم عند صلاتھم و صیامکم عند صیامھم و اعمالکم عند اعمالھم.**

تم ان کی نماز کے آگے اپنی نماز کو حقیر جانو گے اور ان کے روزوں کے آگے اپنے روزوں کو اور ان کے اعمال کے آگے اپنے اعمال کو۔ **یقرؤن القرآن لا یجاوز طراقیھم.**

قرآن پڑھیں گے ان کے گلوں سے نیچے نہ اترے گا۔ **یقولون من قول خیر البریة .**

بظاہر وہ بات کہیں گے کہ سب کی باتوں سے اچھی معلوم ہو۔ **یمرقون من الدین کما یمرق السھم من الرمیة .**

دین سے نکل جائیں گے جیسے تیر نشانہ سے۔ **سیماھم التحلیق** ان کی علامت یہ ہے کہ ان میں سے اکثر سر مونڈے۔ **مشمر الازر** ۔ گھٹی ازاروں والے۔

(ان کے پیشوا ابن عبد الوہاب نجدی کو سر منڈانے میں یہاں تک غلو تھا کہ جو عورت اس کے دین ناپاک میں داخل ہوتی اس کا سر بھی منڈا دیتا کہ یہ زمانہ کفر کے بال ہیں انھیں دور کر۔ یہاں تک کہ ایک عورت نے کہا جو مرد تمھارے دین میں آتے ہیں ان کی داڑھیاں منڈوایا کرو کہ وہ بھی تو زمانہ کفر کے بال ہیں اس وقت سے باز آیا۔ اور اب وہابیہ کو دیکھئے انہی میں اکثر وہی سر منڈانے اور گھٹنے پائچے والے ہیں۔ منہ)

غنائم کی تقسیم اور وہابیہ کے بارے میں پیشین گوئی

غزوۂ حنین میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو غنائم تقسیم فرمائے اس پر ایک وہابی (منافق) نے کہا کہ میں اس تقسیم میں عدل نہیں پاتا کیوں کہ کسی کو زیادہ کسی کو کم عطا فرمایا۔ اس پر فاروق اعظم نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اجازت دیجیے کہ میں اس منافق کی گردن ماردوں۔ فرمایا کہ اسے رہنے دے کہ اس کی نسل سے ایسے ایسے لوگ پیدا ہونے والے ہیں (وہابیہ کی طرف اشارہ فرمایا) اس سے فرمایا افسوس اگر میں تجھ پر عدل نہ کروں تو کون عدل کرے گا؟ اور فرمایا اللہ رحم فرمائے میرے بھائی موسیٰ پر کہ اس سے زائد ایذا دیئے گئے۔

حضور کی شان عطا

علماء فرماتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ایک اس دن کی عطا سخی بادشاہوں کی عمر بھر کی داد و دہش سے زائد تھی جنگل غنام سے بھرے ہوئے ہیں اور حضور عطا فرما رہے ہیں اور مانگنے والے ہجوم کرتے چلے آتے ہیں اور حضور پیچھے ہٹتے جاتے ہیں یہاں تک کہ جب سب اموال تقسیم ہولیے ایک اعرابی نے ردائے مبارک بدن اقدس پر سے کھینچ لی کہ شانہ و پشت مبارک پر اس کا نشان بن گیا اس پر اتنا فرمایا اے لوگو جلدی نہ کرو واللہ کہ تم مجھ کو کسی وقت بخیل نہ پاؤ گے، حق ہے اے مالک عرش کے نائب اکبر قسم ہے اس کی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا کہ دونوں جہاں کی نعمتیں حضور ہی کی عطا ہیں، دونوں جہاں حضور کی عطا سے اک حصہ ہیں۔

فان من جودک الدنیا و ضرتها
و من علومک علم اللوح و القلم

بیشک دنیا و آخرت حضور کی بخشش سے ایک حصہ ہیں اور لوح و قلم کے تمام علوم ما کان و ما یکون

حضور کے علوم سے ایک ٹکڑا۔ (الملفوظ حصہ اول)

حضور نے ناقہ بتا دیا

اتفاقاً ایک سفر میں کسی کا ناقہ گم ہوگیا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا فلاں جنگل میں ہے اس کی مہار پیڑ سے اٹک گئی ہے زید بن لصیت منافق نے کہا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کہتے ہیں کہ ناقہ فلاں جنگل میں ہے حضور غیب کی خبر کیا جانیں قل اباللہ و ایتہ و رسولہ انتم تستھزون لا تعتذروا قد کفرتم بعد ایمانکم.

تم فرمادو کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ٹھٹھا کرتے ہو بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے اپنے ایمان کے بعد۔ (الملفوظ حصہ دوم)

مطلقاً علم غیب کا منکر کافر ہے

مطلقاً علم غیب کا منکر کافر ہے کہ وہ سرے سے ہی نبوت کا منکر ہے نبوت کہتے ہی ہیں علم غیب دینے کو۔

امام قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شفا شریف میں فرماتے ہیں النبوۃ ھی الاطلاع علی الغیب.

امام ابن حجر مکی مدخل میں اور امام قسطلانی مواہب اللدنیہ میں فرماتے ہیں النبوۃ ماخوذۃ من النباء بمعنی الخبر ای اطلعہ اللہ علی الغیب

نبوت غیب پر مطلع ہونے کا نام ہے۔

علم بالواسطہ

امام احمد رضا بریلوی سے سوال ہوا کہ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ ہم غیب کی تعریف کرتے ہیں وہ علم جو

بلاواسطہ ہو اور اس معنی سے علم غیب کا مطلقاً منکر ہو تو اس پر کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا:

علم بلاواسطہ کے ساتھ غیب کو خاص کرنا قرآن کے خلاف ہے قرآن فرماتا ہے **وما ھو علی الغیب بضنین .** کیا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علم بلاواسطہ کے بتانے پر بخیل نہیں ہے؟ یہ تو کفر ہو جائے گا جو شخص ذرہ برابر غیر خدا کے لیے علم بلاواسطہ مانے کافر ہے۔ اگر کوئی انسان کے معنی پاگل کے گڑھ لے تو وہ خود پاگل ہے۔ اللہ فرماتا ہے **عالم الغیب فلا یظھر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول** کیا بلاواسطہ اپنے رسولوں کو علم دیتا ہے؟

نگاہ نبوت

شان نبوت میں سے ہے کہ آگے پیچھے یکساں دیکھنا۔ بعض صحابہ کرام نے جو نئے مسلمان ہوئے تھے نماز میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سبقت کی بعد نماز کے حضور نے ارشاد فرمایا:

اترون ان قبلتی امامی انی اری من خلفی کما اری من امامی .

کیا تم دیکھتے ہو کہ میرا منھ قبلہ کو ہے میں ایسا ہی اپنے پیچھے دیکھتا ہوں جیسا آگے۔

(الملفوظ حصہ سوم)

غیب کی کنجیاں

غیب کی کنجیوں کو مفاتیح اور شہادت کی کنجیوں کو مقالید کہتے ہیں۔ قرآن عظیم میں ارشاد ہوتا ہے **و عندہ مفاتیح الغیب لا یعلمھا الا ھو.** اللہ ہی کے پاس ہیں غیب کی مفاتیح (کنجیاں) ان کو خدا کے سوا کوئی (بذات خود) نہیں جانتا۔ اور دوسری جگہ فرمایا **لہ مقالید السموات و الارض** خدا ہی کے لیے ہیں مقالید (کنجیاں) آسمان و زمین کی۔ اور مفاتیح کا حرف اول (م) و حرف آخر (ح) اور مقالید کا حرف اول (م) و حرف آخر (د) انھیں مرکب کرنے سے نام اقدس ظاہر ہوتا ہے محمد۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اس سے یا تو اس طرف اشارہ ہے کہ غیب وشہادت کی کنجیاں سب دے دی گئی ہیں محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو۔ کوئی شی ان کے حکم سے باہر نہیں۔

دو جہاں کی بہتریاں نہیں کہ امانی دل و جاں نہیں
کہو کیا ہے وہ جو یہاں نہیں مگر اک نہیں کہ وہاں نہیں

اور یا اس طرف اشارہ ہو سکتا ہے کہ مفاتیح ومقالید وغیب وشہادت سب حجرہ خفا یا عدم میں مقفل تھیں وہ مفتاح ومقلاد جس سے ان کا قفل کھولا گیا اور میدان ظہور میں لایا گیا وہ ذات اقدس ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اگر یہ تشریف نہ لاتے تو سب اسی طرح مقفل حجرہ عدم یا خفا میں رہتے۔

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

(الملفوظ حصہ چہارم)

غیب ذاتی وعطائی

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

علم ذاتی کہ بے عطائے غیر ہو اور علم مطلق تفصیلی کہ جملہ معلومات الٰہیہ کو محیط ہو اللہ عزوجل سے خاص ہیں مگر مغیبات کا مطلق علم تفصیلی بعطائے الٰہی ضرور تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے لیے ثابت ہے۔ انبیاء سے اس کی نفی مطلقاً ان کی نبوت ہی سے منکر ہونا ہے۔

امام حجۃ الاسلام محمد غزالی قدس سرہ العالی فرماتے ہیں:

النبی هو المطلع علی الغیب .

یعنی نبی کہتے ہیں اسے جو غیب پر مطلع ہو۔

ابن جریر و ابن المنذر و ابن ابی حاتم و ابو الشیخ امام مجاہد تلمیذ خاص سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت فرماتے ہیں **انه قال فی قوله تعالیٰ و لئن سالتهم ليقولن انما كنا نخوض و نلعب قال من المنافقين يحدثنا محمد ان ناقة فلان بوادی كذا و كذا و ما يدريه بالغيب .**

یعنی کسی شخص کی اونٹنی گم ہو گئی اس کی تلاش تھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اونٹنی فلاں جنگل میں فلاں جگہ ہے اس پر ایک منافق بولا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) بتاتے ہیں کہ اونٹنی فلاں جگہ ہے محمد غیب کیا جانیں۔

اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت اتاری کہ اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ٹھٹھا کرتے ہو بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے اپنے ایمان کے بعد۔

تو جو نفی مطلق کرے بلاشبہ کافر ہے اور اگر علم ذاتی یا علم محیط جملہ معلومات الٰہیہ سے تاویل کرے تو کفر سے بچ جائے گا مگر شان اقدس میں ایسا موہوم کلام بولنے کا اس پر الزام قائم ہے کہ اس کا ظاہر بعینہ وہی ہے جو اس منافق نے کہا اور اللہ عزوجل نے اس کے کفر کا فتویٰ دیا کیوں کہ نہ کہا کہ بے اللہ کے بتائے کچھ معلوم نہیں ہوتا۔ (احکام شریعت حصہ سوم)

ایک اور سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

علم غیب ذاتی کہ اپنی ذات سے بے کسی کے دیے ہوئے اللہ عزوجل کے لیے خاص ہے (جن آیات میں بظاہر کسی کے لیے علم غیب کی نفی ہے) ان آیتوں میں یہی معنی مراد ہیں کہ بے خدا کے دیے کوئی نہیں جان سکتا اور اللہ کے بتائے سے انبیاء کو معلوم ہونا ضروریات دین سے ہے۔ قرآن مجید کی بہت آیتیں اس کے ثبوت میں ہیں۔ (فتاوی رضویہ ج ۱۱، ص ۳۶)

ختم دنیا کا حال

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک حدیث میں ختم دنیا کا حال ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ایک پاکیزہ ہوا بھیجے گا جو ساری دنیا سے مسلمانوں کو اٹھالے گی جس کے دل میں رائی برابر بھی ایمان ہوگا وفات پائے گا زمین میں نرے کافرہ جائیں گے پھر بتوں کی پوجا بدستور جاری ہوجائے گی۔

(سل السیوف الھندیۃ علیٰ کفریات بابا النجدیۃ)

جنات کی غیب دانی کا اعتقاد کفر ہے

زمانہ کہانت میں جن آسمانوں تک جاتے اور ملائکہ کی باتیں سنا کرتے ان کو جو احکام پہنچے ہوتے وہ آپس میں تذکرہ کرتے یہ چوری سے سن آتے اور بیچ میں دل سے جھوٹ ملا کر کاہنوں سے کہہ دیتے جتنی بات سچی تھی واقع ہوتی، زمانہ اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا دروازہ بند ہوگیا، آسمانوں پر پہرے بیٹھ گئے اب جن کی طاقت نہیں کہ سننے جائیں جو جاتا ہے ملائکہ اس پر شہاب مارتے ہیں جس کا بیان سورۂ جن شریف میں ہے۔ تو اب جن غیب سے نرے جاہل ہیں ان سے آئندہ کی بات پوچھنی عقلاً حماقت اور شرعاً حرام اور ان کی غیب دانی کا اعتقاد ہو تو کفر۔

مسند احمد و سنن اربعہ میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے:

من اتی کاهنا فصدقه بما یقول او اتی امراة حائضا او اتی امراة فی دبرها فقد بریٔ مما انزل علی محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

جو کسی کاہن کے پاس جائے اور اس کی بات سچی سمجھے یا حالت حیض میں عورت سے قربت کرے یا دوسری طرف دخول کرے وہ بیزار ہوا اس چیز سے کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اتاری گئی۔

مسند احمد و صحیح مسلم میں ام المومنین حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

من اتی عرافا فسأله عن شئ لم تقبل له صلاة اربعین لیلة

جو کسی غیب گو کے پاس جا کر اس سے غیب کی کوئی بات پوچھے چالیس دن اس کی نماز قبول نہ ہو۔

مسند احمد و صحیح مستدرک میں بسند صحیح ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور مسند بزار میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

من اتی عرافا او کاهنا فصدقة بما یقول فقد کفربما انزل علی محمد . صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم

جو کسی غیب گو یا کاہن کے پاس جائے اور اس کی بات کو سچ اعتقاد کرے وہ کافر ہوا اس چیز سے جو اتاری گئی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر۔

معجم کبیر طبرانی میں واثلہ بن اسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

من اتی کاهنا فسأله عن شی حجبت عنه التوبة اربعین لیلة فان صدقه بما قال کفر.

جو کسی کاہن کے پاس جا کر اس سے کچھ پوچھے اسے چالیس دن توبہ نصیب نہ ہو اور اگر اس کی بات پر یقین رکھے تو کافر ہو۔

جن سے سوال غیب بھی اسی میں داخل ہے۔

حدیقہ ندیہ میں زیر حدیث عمران بن حصین در بارۂ کہانت ہے۔

المراد هنا الا ستخبار من الجن امر من الامور كعمل المندل فی زماننا.

یہاں کہانت سے مراد جن سے کسی غیب کا پوچھنا ہے جیسے ہمارے زمانے میں مندل کا عمل۔

اقول: پہلی دو حدیثیں صورت حرمت سے متعلق ہیں ولہذا حدیث اول میں اسے جماع حائض و وطی فی الدبر کے ساتھ شمار فرمایا تو وہاں تصدیق سے مراد ایک ظنی طور پر ماننا ہے اور تیسری اور چوتھی حدیث صورت کفر سے متعلق ہیں تو یہاں تصدیق سے مراد یقین لانا اور پانچویں حدیث میں دونوں صورتیں جمع فرمائیں۔صورت حرمت کا وہ حکم کہ چالیس دن تو بہ نصیب نہ ہو اور دوسری صورت پر حکم کفر۔

اس حدیث نے یہ بھی افادہ فرمایا کہ مجرد استفسار اعتقاد علم غیب کو مستلزم نہیں کہ سوال پر وہ حکم فرمایا اور تکفیر کو مشروط بہ تصدیق۔اس کی تحقیق یہ ہے کہ سوال بر بنائے ظن بھی ہوسکتا ہے اور کسی کی نسبت ظنی طور پر غیب جاننے کا اعتقاد کفر نہیں ہاں غیب کا علم یقینی بے وساطت رسول کسی کو ملنے کا اعتقاد کفر ہے۔

قال تعالیٰ علم الغیب فلا یظهر علی غیبه احدا الا من ارتضی من رسول .

اللہ عالم الغیب ہے تو اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا مگر اپنے پسندیدہ رسولوں کو۔

جامع الفصولین میں ہے **المنفی هو المجزوم به لا المظنون .**

اوروں سے علم غیب یقینی کی نفی ہے نہ کہ ظنی کی۔

تو اس طرح تاتارخانیہ میں ہے کہ **یکفر بقوله انا اعلم المسروقات او انا اخبر با اخبار الجن ایای .**

یعنی جو کہے میں گمی ہوئی چیز کو جان لیتا ہوں یا جن کے بتانے سے بتادیتا ہوں وہ کافر ہے۔

یہی صورت ادعائے علم یقینی مراد ہے ورنہ کفر نہیں ہوسکتا۔ (فتاویٰ افریقہ)

امام احمد رضا بریلوی ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں :

حضور کو علم غیب تدریجاً عطا ہوا

اللہ عزوجل نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قرآن عظیم اتارا کہ ہر چیز ان پر روشن فرمادی قال اللہ تعالیٰ نزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شی قرآن عظیم تھوڑا تھوڑا کر کے تیئس برس میں نازل ہوا جتنا قرآن عظیم اترتا گیا حضور پر غیب روشن ہوتا گیا۔ جب قرآن عظیم پورا نازل ہو چکا روز اول سے روز آخر تک کا جمیع ما کان و ما یکون کا علم محیط حضور کو حاصل ہوگیا۔ تمامی نزول قرآن سے پہلے اگر کوئی واقعہ کسی حکمت الٰہیہ کے سبب منکشف نہ ہوا ہو تو احاطہ علم اقدس کا منافی نہیں۔

معہذا زمانۂ افک میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سکوت فرمایا جس سے یہ لازم نہیں آتا کہ حضور کو علم نہ تھا۔ اپنی اہل کی برأت اپنی زبان سے ظاہر فرمانا یہ بہتر ہوتا یا یہ کہ رب السماوات والارض نے قرآن کریم میں سترہ آیتیں ان کی برأت میں نازل فرمائیں۔ جو قیام قیامت تک مساجد و مجالس و مجامع میں تلاوت کی جائیں گی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۴۴)

عالم الغیب کا اطلاق

ایک جگہ امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

علم غیب عطا ہونا اور، اور لفظ عالم العیب کا اطلاق اور، بعض اجلۂ اکابر کے کلام میں اگرچہ بندہ مومن کی نسبت صریح لفظ یعلم الغیب وارد ہے۔ جیسا کہ ملا علی قاری کی مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح میں موجود ہے۔

بلکہ خود حدیث سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں سیدنا خضر علیہ الصلاۃ والسلام کی نسبت ارشاد ہے کان یعلم الغیب ۔

مگر ہماری تحقیق میں لفظ عالم الغیب کا اطلاق حضرت عزت عز جلالہ کے ساتھ خاص ہے کہ اس سے عرفاً علم بالذات مراد ہے۔ کشاف میں ہے المراد به الخفی الذی لا ینفذ فیه ابتداء الا علم اللطیف الا حبیر و لهذا لا یجوز ان یطلق فیقال فلان یعلم الغیب ۔

یعنی مراد اس سے وہ خفی ہے کہ ابتداءً علم باری تعالیٰ کے سوا نافذ نہیں ہوتا اس لیے یہ کہنا جائز نہیں کہ فلاں عالم الغیب ہے۔ (مولف)

اور اس سے انکار معنی لازم نہیں آ ۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قطعاً بے شمار غیوب ما کان و ما یکون کے عالم ہیں مگر عالم الغیب صرف اللہ جل کو کہا جائے گا۔ جس طرح حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قطعاً عزت وجلالت والے ہیں تمام عالم ۔ ان کے برابر کوئی عزیز وجلیل نہ ہے نہ ہوسکتا ہے مگر محمد عزوجل کہنا جائز نہیں بلکہ اللہ عزوجل ومحمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غرض صدق وصورت معنی کو جواز اطلاق لفظ لازم نہیں نہ منع اطلاق لفظ کو نفی صحت معنی ۔ (فتاویٰ رضویہ ۱۱، ص ۱۱۵)

حضور کو ما کان و ما یکون کا علم ہے

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

یہ حق ہے کہ غیب کا حال سوا رب عزوجل کے کوئی نہیں جانتا یعنی اپنی ذات سے بے اس کے بتائے۔ اور یہ باطل ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی نہیں معلوم تھا۔ قرآن کریم واحادیث صحیحہ سے یہ ثابت ہے کہ ما کان و ما یکون الیٰ آخر الایام کے تمام غیب حضور اقدس علیہ افضل الصلاۃ والسلام پر منکشف فرما دیئے گئے۔ (فتاویٰ رضویہ ۱۱، ص ۱۲۰)

نیز فرماتے ہیں :

قرآن مجید واحادیث صحیحہ کا ارشاد یہ ہے کہ حضور اقدس علیہ افضل الصلاۃ والسلام کو روز اول سے روز آخر تک کے تمام غیوب کا علم عطا فرمایا گیا۔ یہ بیشک حق ہے کہ انبیاء غیب اسی قدر جانتے ہیں جتنا ان کو ان کے رب نے بتایا بلاشبہ بے اس کے بتائے کوئی نہیں جان سکتا اور یہ بھی حق ہے کہ احیاناً بتایا گیا کہ وحی حینا بعد حین ہی اترتی نہ کہ وقت بعثت سے وقت وفات تک ہر آن علی الاتصال۔

مگر اس سے یہ سمجھ لینا کہ گنتی کی چیزیں معلوم ہوئیں اور ان کے علم کو قلیل وذلیل قرار دینا مسلمان کا کام نہیں اسی احیاناً تعلیم میں شرق وغرب وعرش وفرش کے ذرہ ذرہ کا حال روز اول سے روز آخر تک تمام منکشف کر دیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۱۲۱)

حضور کو ہر چیز کا تفصیلی علم ہے

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

اللہ عزوجل نے روز اول سے روز آخر تک جو کچھ ہوا اور جو کچھ ہے اور جو کچھ ہونے والا ہے ایک ایک ذرہ کا تفصیلی علم اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمایا، ہزار تاریکیوں میں جو ذرہ یا ریگ کا دانہ پڑا ہے حضور کا علم اس کو محیط ہے اور فقط علم ہی نہیں بلکہ تمام دنیا بھر اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے سب کو ایسا دیکھ رہے ہیں جیسا اپنی اس ہتھیلی کو، آسمانوں اور زمینوں میں کوئی ذرہ ان کی نگاہ سے مخفی نہیں بلکہ یہ جو کچھ مذکور ہے ان کے علم کے سمندروں میں سے ایک چھوٹی سی لہر ہے۔ اپنی تمام امت کو اس سے زیادہ پہچانتے ہیں جیسا آدمی اپنے پاس بیٹھنے والوں کو، اور فقط پہچانتے ہی نہیں بلکہ ان کے ایک ایک عمل، ایک ایک حرکت کو دیکھ رہے ہیں، دلوں میں جو خطرہ گزرتا ہے اس سے آگاہ ہیں۔ اور پھر ان کے علم کے وہ تمام سمندر اور جمیع علوم اولین وآخرین مل کر علم الٰہی سے وہ نسبت نہیں رکھتے جو ایک ذرہ سے قطرہ کو

کرور سمندروں سے ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۱۷۰)

ایک مقام پر اور فرماتے ہیں :

ماکان و مایکون جس کے ذرہ ذرہ کا احاطہ کلیہ قرآن عظیم و احادیث صحیحہ و ارشادات ائمہ سے آفتاب روشن کی طرح ثابت ہے، اس کے معنی ماکان من اول یوم و یکون الیٰ آخر الایام ہیں یعنی روز اول آفرینش سے روز قیامت تک جو کچھ ہوا اور ہونے والا ہے ایک ایک ذرے کا علم تفصیلی حضور کو عطا ہوا، شرق و غرب میں، سماوات و ارض میں، عرش و فرش میں کوئی ذرہ حضور کے علم سے باہر نہیں۔

ذات و صفات حضرت عزت احاطہ و تناہی سے بری ہیں، ممکن نہیں کہ جمیع مخلوقات کا علم مل کر اس کی ذات علیہ یا کسی صفت کریمہ کو محیط ہو سکے، کبھی کوئی اسے پورا نہ جان سکے گا، مومنین و اولیاء و انبیاء اور خود حضور سید الانبیاء علیہ وعلیہم افضل الصلوات و اکمل التسلیمات ابد الاباد تک اس کی معرفت میں ترقی فرمائیں گے۔ ہر روز اس کے وہ محامد معلوم ہوں گے جو کل تک نہ معلوم تھے اور یہ سلسلہ ابد تک رہے گا۔ کبھی ختم نہ ہوگا، روزانہ بے شمار علوم متعلق ذات و صفات ان پر منکشف ہوں گے اور ہمیشہ ذات و صفات میں نامتناہی غیر معلوم رہے گا کہ وہ محیط کل ہے کسی کے احاطہ میں نہیں آسکتا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۱۹۳)

حضور نے گستاخی کی خبر دی

رب عزوجل فرماتا ہے :

یحلفون باللہ ما قالوا و لقد قالو کلمة الکفر و کفروا بعد اسلامھم .

خدا کی قسم کھاتے ہیں کہ انھوں نے نبی کی شان میں گستاخی نہ کی اور البتہ بیشک وہ یہ کفر کا بول بولے اور مسلمان ہو کر کافر ہو گئے۔

ابن جریر وطبرانی وابوالشیخ وابن مردویہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک پیڑ کے سایہ میں تشریف فرما تھے ارشاد فرمایا عنقریب ایک شخص آئے گا کہ تمھیں شیطان کی آنکھوں سے دیکھے گا وہ آئے تو اس سے بات نہ کرنا، کچھ دیر نہ ہوئی تھی کہ ایک کرنجی آنکھوں والا سامنے سے گزرا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلا کر فرمایا تو اور تیرے رفیق کس بات پر میری شان میں گستاخی کے لفظ بولتے ہیں وہ گیا اور اپنے رفیقوں کو بلا لایا سب نے آکر قسمیں کھائیں کہ ہم نے کوئی کلمہ حضور کی شان میں بے ادبی کا نہ کہا اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت اتاری کہ خدا کی قسم کھاتے ہیں کہ انھوں نے گستاخی نہ کی اور بیشک ضرور وہ یہ کفر کا کلمہ بولے اور تیری شان میں بے ادبی کر کے اسلام کے بعد کافر ہو گئے۔

رب عزوجل فرماتا ہے:

و لئن سألتهم ليقولن انا كنا نخوض و نلعب قل ابا الله و آياته و رسوله كنتم تستهزون لا تعتذروا قد كفرتم بعد ايمانكم .

اور اگر تم ان سے پوچھو تو بیشک ضرور کہیں گے کہ ہم تو یوں ہی ہنسی کھیل میں تھے تم فرما دو کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ٹھٹھا کرتے تھے بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے اپنے ایمان کے بعد۔

ابن ابی شیبہ وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم وابوالشیخ امام مجاہد تلمیذ خاص سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت فرماتے ہیں :

انه قال فی قوله تعالیٰ و لئن سالتهم ليقولن انما كنا نخوض و نلعب . قال رجل من المنافقين يحدثنا محمد ان ناقة فلان بوادی كذا و ما يدريه بالغيب.

یعنی کسی شخص کی اونٹنی گم ہوگئی اس کی تلاش تھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اونٹنی فلاں

جنگل میں فلاں جگہ ہے اس پر ایک منافق بولا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) بتاتے ہیں کہ اونٹنی فلاں جگہ ہے محمد غیب کیا جانیں۔

اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت کریمہ اتاری کہ کیا اللہ و رسول سے ٹھٹھا کرتے ہو بہانے نہ بناؤ، تم مسلمان کہلا کر اس لفظ کے کہنے سے کافر ہو گئے۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

مسلمانو! دیکھو محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں اتنی گستاخی کرنے سے کہ وہ غیب کیا جانیں، کلمہ گوئی کام نہ آئی اور اللہ تعالیٰ نے صاف فرمادیا کہ بہانے نہ بناؤ تم اسلام کے بعد کافر ہو گئے۔ یہاں سے وہ حضرات بھی سبق لیں جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم غیب سے مطلقاً منکر ہیں۔ دیکھو یہ قول منافق کا ہے اور اس کے قائل کو اللہ تعالیٰ نے اللہ و قرآن و رسول سے ٹھٹھا کرنے والا بتایا اور صاف صاف کافر مرتد ٹھہرایا اور کیوں نہ ہو کہ غیب کی بات جاننی شان نبوت ہے۔ جیسا کہ امام حجۃ الاسلام محمد غزالی و امام احمد قسطلانی و مولانا علی قاری و علامہ محمد زرقانی وغیرہم اکابر نے تصریح فرمائی، جس کی تفصیل رسائل علم غیب میں بفضلہٖ تعالیٰ بر وجہ اعلیٰ مذکور ہوئی۔ (تمہید ایمان)

دجال کی خبر

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے :

قال قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يخرج الدجال فيمكث اربعين فيبعث الله عسىي بن مريم فيهلكه ثم يمكث فى الناس سبع سنين ليس بين اثنين عداوة ثم يرسل الله ريحا باردة من قبل الشام فلا يبقى على وجه الارض من فى قلبه مثقال ذرة من خيرا و ايمان الا قبضته حتى لو ان واحدكم دخل فى كبد جبل لدخلته عليه حتى

تقبضہ قال فیبقی شرار الناس فی خفۃ الطیر و احلام السباع لا یعرفون معروفا و لا ینکرون منکرا فیتمثل لھم الشیطان فیقول الا تستحیون فیقولون ماتامرنا فیامرھم بعبادۃ الاوثان ثم ینفخ فی الصور . **(رواہ مسلم)**

یعنی حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں دجال نکل کر چالیس تک ٹھہرے گا (راوی نے کہا مجھے نہیں معلوم کہ چالیس دن فرمایا یا مہینے یا برس، اور دوسری حدیث میں چالیس دن کی تصریح ہے پہلا دن سال بھر کا دوسرا ایک مہینہ کا تیسرا ایک ہفتہ کا باقی دن عام دنوں کی طرح، پھر اللہ تعالیٰ عیسیٰ بن مریم علیہم الصلاۃ والسلام کو بھیجے گا وہ اسے ہلاک کریں گے پھر سات برس تک لوگوں میں اس طرح تشریف رکھیں گے کہ کوئی دو دل آپس میں عداوت نہ رکھتے ہوں گے اس کے بعد اللہ تعالیٰ شام کی طرف سے ایک ٹھنڈی ہوا بھیجے گا کہ روئے زمین پر جس کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہوگا اس کی روح قبض کرلے گی یہاں تک کہ اگر تم میں کوئی پہاڑ کے جگر میں چلا جائے گا تو وہ ہوا وہاں جا کر بھی اس کی جان نکال لے گی اب بدترین خلق باقی رہ جائیں گے فسق و شہوت میں پرندوں کی طرح ہلکے سبک اور ظلم و شدت میں درندوں کی طرح گراں و سخت جو اصلاً نہ کبھی بھلائی سے آگاہ ہوں گے نہ کسی بدی پر انکار کریں گے شیطان ان کے پاس آدمی کی شکل بن کر آئے گا اور کہے گا تمھیں شرم نہیں آتی یہ کہیں گے پھر تو ہمیں کیا حکم کرتا ہے وہ انھیں بت پرستی کا حکم دے گا اس کے بعد نفخ صور ہوگا۔ اسے امام مسلم نے روایت کیا۔

خوارج وہابیہ کی خبر

خیر البریہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سچ فرمایا :

یاتی فی آخر الزمان قوم حدثاء الاسنان سفھا الاحلام یقولون من خیر قول البریۃ یمرقون من الاسلام کما یمرق السھم من الرمیۃ لا یجاوز ایمانھم حناجرھم .

آخر زمانہ میں کچھ لوگ حدیث السن سفیہ العقل آئیں گے کہ اپنے زعم میں قرآن یا حدیث سے سند پکڑیں گے اسلام سے نکل جائیں گے جیسے تیر نشانہ سے نکل جاتا ہے ایمان ان کے گلوں کے نیچے نہ اترے گا۔ اخرجه البخاری و مسلم .

اسے بخاری و مسلم نے امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کیا۔ یہ لفظ بخاری کی جامع صحیح باب فضائل القرآن کے ہیں۔

ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحیح حدیث میں فرمایا:

تحقرون صلاتکم مع صلاتھم و صیامکم مع صیامھم و عملکم مع عملھم.

تم اپنی نمازان کے آگے حقیر جانو گے اور اپنے روزے ان کے روزوں کے سامنے اور اپنے اعمال ان کے اعمال کے مقابل۔

بایں ہمہ ارشاد فرمایا:

و یقرؤن القرآن لا یجاوز حناجرھم یمرقون من الدین کما یمرق السھم من الرمیة.

ان اعمال پر ان کا یہ حال ہوگا کہ قرآن پڑھیں گے گلوں سے نیچے تجاوز نہ کرے گا دین سے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے۔ اسے بخاری و مسلم نے ابو سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

انھیں ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے:

قیل ما سیماھم قال سیماھم التحلیق.

عرض کی گئی یا رسول اللہ ان کی علامت کیا ہوگی فرمایا سر منڈانا یعنی ان کے اکثر سر منڈے ہوں گے۔

اسے امام بخاری نے روایت کیا:

بعض احادیث میں یہ بھی آیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا پتہ بتایا۔

مشمری الازر.

گھٹنی ازار والے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۲۸۶، ۲۸۷، ۲۸۸، انھی الاکید)

امراء کی خبر

سنن ابوداؤد میں عبادہ بن صامت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے:

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال سیکون علیکم بعدی امراء تشغلھم اشیاء عن الصلوٰۃ لوقتھا حتی یذھب و قتھا فصلوا الصلاۃ لوقتھا فقال رجل یا رسول اللہ اصلی معھم قال نعم ان شئت.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے بعد تم پر کچھ حاکم ہوں گے کہ ان کے کام وقت پر انھیں نماز سے روکیں گے یہاں تک کہ وقت نکل جائے گا تو تم وقت پر نماز پڑھنا ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ میں ان کے ساتھ نماز پڑھوں؟ فرمایا ہاں اگر چاہو تو پڑھ لو۔ (مولف)

مسند احمد و صحیح مسلم میں ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے:

قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیف انت اذا کانت علیک امراء یمیتون الصلاۃ او قال یوخرون الصلاۃ عن وقتھا قال قلت فما تامرنی قال صل الصلاۃ لوقتھا فان ادرکتھا معھم فصل فانھا لک نافلۃ.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگوں کا کیا حال ہوگا جب تم پر وہ حکام آئیں

گے کہ غیر وقت پر نماز پڑھیں گے میں نے عرض کی یا رسول اللہ جب میں ایسا وقت پاؤں تو حضور مجھے کیا حکم دیتے ہیں فرمایا نماز وقت پر پڑھ لینا پھر اگر ان کے ساتھ جماعت پالو تو شریک ہو جاؤ وہ نفل ہو جائے گی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۳۶۶)

یہی مضمون دوسری روایت میں اس طرح ہے :

مسلم ابوداؤد و ترمذی و نسائی احمد دارمی حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ضرب فخذى كيف انت اذا بقيت فى قوم يوخرون الصلاة عن وقتها قال قلت فما تامرنى قال صل الصلوٰة لوقتها. الحديث.

حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میری ران پر ہاتھ مار کر فرمایا تیرا کیا حال ہوگا جب تو ایسے لوگوں میں رہ جائے گا جو نماز کو اس کے وقت سے تاخیر کریں گے میں نے عرض کی حضور مجھے کیا حکم دیتے ہیں فرمایا تو وقت پر پڑھ لینا۔

ابوداؤد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال قال لى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كيف بكم اذا اتت عليكم امراء يصلون الصلاة لغير ميقاتها قلت فما تامرنى اذا ادركنى ذلك يا رسول الله قال صل الصلاة لميقاتها و اجعل صلاتك معهم سبحة .

مجھ سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم لوگوں کا کیا حال ہوگا جب تم پر وہ حکام آئیں گے کہ غیر وقت پر نماز پڑھیں گے میں نے عرض کی یا رسول اللہ جب میں ایسا وقت پاؤں تو حضور مجھے کیا حکم دیتے ہیں فرمایا نماز وقت پر پڑھ اور ان کے ساتھ نفل کے ساتھ شریک ہو جا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۸۲، ۳۸۳، حاجز البحرین)

لوگوں کے گمراہ ہونے کی خبر

صحیح بخاری و صحیح مسلم و مسند امام احمد و جامع ترمذی و سنن ابن ماجہ میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

اتخذ الناس روسا جهالا فسئلوا فافتوا بغير علم فضلوا و اضلوا.

لوگ جاہلوں کو سردار بنائیں گے ان سے مسئلے پوچھیں گے وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے آپ بھی گمراہ ہوں گے اوروں کو بھی گمراہ بنائیں گے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۰۶، اجتناب العمال)

ایک شخص کے قتل کا حکم اور اس کے فتنہ کی خبر

ابن ابی شیبہ و ابویعلی و بزار و بیہقی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں :

قال ذكروا رجلا عند النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فذكروا قوته في الجهاد و اجتهاده في العبادة فاذا هم بالرجل مقبل فقال النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اني لاجد في وجهه سفة من الشيطان فلما دنى فسلم فقال له رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم هل حدثت نفسك بانه ليس في القوم احد خير منك قال نعم ثم ذهب فاختط مسجدا و وقف يصلي فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من يقوم اليه فيقتله فقام ابو بكر فانطلق فوجده يصلي فرجع فقال وجدته يصلي فهبت ان اقتله فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ايكم يقوم فيقتله فقام عمر فصنع كما صنع ابوبكر فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ايكم يقوم فيقتله فقال علي انا قال انت ان ادركته فذهب فوجده قد انصرف فرجع فقال رسول الله هذا اول قرن خرج من امتي لوقتلته ما اختلف اثنان بعده من امتي.

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے ایک شخص کی تعریف کی کہ جہاد میں ایسی قوت رکھتا ہے اور عبادت میں ایسی کوشش کرتا ہے اتنے میں وہ سامنے سے گزرا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں اس کے چہرہ پر شیطان کا داغ پاتا ہوں، اس نے پاس آکر سلام کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے دل کی بات بتائی کہ کیوں تو نے اپنے دل میں یہ کہا کہ اس قوم میں تجھ سے بہتر کوئی نہیں، کہا ہاں پھر چلا گیا اور ایک مسجد مقرر کر کے نماز پڑھنے کھڑا ہوا حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کون ایسا ہے جو اٹھ کر جائے اور اسے قتل کر دے، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ گئے دیکھا نماز پڑھتا ہے واپس آئے اور عرض کیا کہ میں نے اسے نماز میں دیکھا مجھے قتل کرتے خوف آیا، حضور نے پھر فرمایا تم میں کون ایسا ہے کہ اٹھ کر جائے اور اسے قتل کر دے، فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ گئے اور نماز پڑھتا دیکھ کر چھوڑ آئے اور وہی عذر کیا ،حضور نے پھر فرمایا تم میں کون ایسا ہے کہ اٹھ کر جائے اور اسے قتل کر دے مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے عرض کی میں، حضور نے فرمایا ہاں تم اگر اسے پاؤ، یہ گئے وہ جا چکا تھا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ میری امت سے پہلا سینگ نکلا تھا اگر یہ قتل ہو جاتا تو آئندہ امت میں کچھ اختلاف نہ پڑتا۔

(ازاحۃ العیب)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے مکہ مکرمہ میں علم غیب سے متعلق پانچ سوالات ہوئے آپ نے ان کا ایسا مبسوط و مصرح جواب تحریر فرمایا جس سے علمائے حرمین طیبین انگشت بدنداں رہ گئے اور انھوں نے نہایت کھلے دل سے آپ کے اس جواب کی تائید و توثیق کی اور جلیل القدر تقریظات و تصدیقات ثبت فرمائیں۔

یہ پورا جواب خالص عربی زبان میں ہے بعد میں اس کا اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ یہ بحث چوں کہ علمی و تحقیقی ہے اس پر فاضلانہ انداز میں انتہائی شرح و بسط کے ساتھ گفتگو کی گئی ہے اس لیے ہم پوری بحث کو نقل نہ کر کے صرف اس کے ترجمہ سے خاص خاص اقتباسات پیش کرتے ہیں۔ امام احمد رضا بریلوی

اس کے ابتدائیہ میں فرماتے ہیں۔

سب خوبیاں اللہ کو جو جمیع غیوب کا کمال جاننے والا ہے، گناہوں کا بڑا بخشنے والا، عیبوں کا بہت چھپانے والا، پوشیدہ راز پر اپنے پسندیدہ رسولوں کو مسلط کرنے والا، اور سب افضل سے درود اور سب سے کامل تر سلام ان پر جو ہر پسندیدہ سے زیادہ پسندیدہ اور ہر پیارے سے بڑھ کر پیارے ہیں۔ غیبوں پر اطلاع پانے والوں کے سردار جن کو ان کے رب نے خوب سکھایا اور اللہ کا ان پر فضل بہت بڑا ہے اور وہ ہر غیب پر امین اور غیب کے بتانے میں بخیل نہیں اور نہ وہ اپنے رب کے احسان سے کچھ پوشیدگی میں ہیں کہ جو ہو گزرا یا آنے والا ہو، ان سے چھپا ہو تو وہ ملک اور ملکوت کے مشاہدہ فرمانے والے ہیں اور اللہ عزوجل کی ذات وصفات کے ایسے دیکھنے والے ہیں کہ نہ آنکھ کج ہوئی اور نہ حد سے بڑھی، تو کیا تم جو کچھ وہ دیکھ رہے ہیں اس میں ان سے جھگڑتے ہو، اللہ نے ان پر قرآن اتارا ہر چیز کا روشن بیان کردینے کو تو حضور نے تمام اگلے پچھلے علوم پر احاطہ فرمایا اور ایسے علموں پر جو کسی حد پر نہ رکیں اور گنتی ان تک پہنچنے سے تھک رہے اور تمام جہان میں ان کو کوئی نہیں جانتا۔ تو آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے علم اور تمام عالم کے علم اور لوح وقلم کے علم یہ سب مل کر ہمارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علموں کے سمندروں سے ایک بوند ہیں اس واسطے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم سب سے بڑا چھینٹا اور عظم تر چلو ہیں اسی غیر متناہی سمندر یعنی علم قدیم الٰہی سے تو حضور اپنے رب سے مدد لیتے ہیں اور تمام جہان حضور سے مدد لیتا ہے تو اہل عالم کے پاس جو کچھ علوم ہیں وہ سب حضور کے علم ہیں اور حضور کے سبب ہیں اور حضور کی سرکار سے آئے اور حضور سے اخذ کیے گئے۔

و کلھم من رسول اللہ ملتمس

غرفا من البحر او رشفا من الدیم

•

وواقفون لدیه عند حدهم
من نقطة العلم او من شکلة الحکم

•

رسول اللہ! تجھ سے مانگتا ہے ہر بڑا چھوٹا
تیرے دریا سے چلو یا تیرے باراں سے اک چھینٹا
تیرے آگے کھڑے ہیں اپنی حد پر تیرے علموں سے
کوئی نقطہ ہی پر ٹھہرا کوئی اعراب پر ٹھٹکا

علم غیب پر آیات قرآنیہ

(۱) لا یعلم من فی السموات و الارض الغیب الا الله .

زمین وآسمان والوں میں کوئی غیب نہیں جانتا سوا خدا کے۔

(۲) لا یظهر علی غیبه احدا الا من ارتضی من رسول

اللہ مسلط نہیں کرتا اپنے غیب پر کسی کو سوا اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔

(۳) و ما کان الله لیطلعکم علی الغیب و لکن الله یجتبی من رسله من یشاء .

اے لوگو! اللہ اس لیے نہیں کہ تم کو غیب پر مطلع کردے ہاں اللہ اپنے رسولوں سے جسے چاہے چن لیتا ہے۔

(۴) و ما هو علی الغیب بضنین .

وہ (یعنی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) غیب پر بخیل نہیں۔

(۵) **و علمک ما لم تکن تعلم و کان فضل الله علیک عظیما**

اے نبی اللہ نے تمھیں سکھایا جو کچھ تم نہ جانتے تھے اور اللہ کا فضل تم پر بہت بڑا ہے۔

(۶) **ذلک من انباء الغیب نوحیه الیک و ما کنت لدیهم اذ اجمعوا امرهم و هم یمکرون.**

یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم تمھاری طرف وحی کرتے ہیں اور تم ان کے پاس نہ تھے جب انھوں نے اپنے کام پر اپکا کیا اور یوسف کے ساتھ داؤں کھیلے۔

(۷) **ذلک من انباء الغیب نوحیه الیک و ما کنت لدیهم اذ یلقون اقلامهم ایهم یکفل مریم و ما کنت لدیهم اذ یختصمون .**

یہ غیب کی خبریں ہیں جن کی وحی ہم تمھاری طرف بھیجتے ہیں اور تم ان کے پاس نہ تھے جب وہ اپنے قلموں کا قرعہ ڈالتے تھے کہ ان میں کون مریم کی پرورش کرے اور تم ان کے پاس نہ تھے جب وہ جھگڑ رہے تھے۔

(۸) **تلک من انباء الغیب نوحیها الیک .**

یہ غیب کی خبریں ہیں جن کی وحی ہم تمھاری طرف بھیجتے ہیں۔

علوم غیبیہ سے متعلق ان آیات کو پیش کرنے کے بعد امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں۔

تو یہ ہے ہمارا رب تبارک وتعالیٰ جس نے نفی بھی ایسی کی جو ٹل نہیں سکتی اور ثابت بھی ایسا کیا جس میں اصلاً شبہ نہیں تو نفی و اثبات دونوں حق ہیں دونوں ایمان ہیں اور ان دونوں میں سے جو کوئی کسی بات کا

انکار کرے اس نے قرآن کا انکار کیا۔تو جو غیر خدا سے علم غیب کی مطلقاً ایسی نفی کرے کہ کسی طرح ثابت ہی نہ مانے وہ ان آیتوں سے کفر کر رہا ہے جو ثابت فرماتی ہیں اور جو مطلقاً اس طرح ثابت کرے کہ کسی وجہ سے نفی مانے ہی نہیں وہ ان آیتوں سے کفر کرتا ہے جو نفی فرماتی ہیں اور مسلمان سب پر ایمان لاتا ہے اور وہ مختلف راہوں میں نہیں پڑتا۔اور نفی واثبات دونوں ایک چیز پر تو وارد ہو نہیں سکتے تو ان کے جدا جدا مورد تلاش کرنا واجب ہوا۔

علم کی تقسیم

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

علم کی ایک تقسیم اس کے مصدر کے اعتبار سے ہے جہاں سے وہ صادر ہوا۔اور دوسری تقسیم اس کے متعلق (بفتح لام) کے اعتبار سے ہے جس سے وہ متعلق ہوا اور ان سے ایک اور تقسیم نکلتی ہے اس اعتبار سے کہ تعلق کس طرح کا ہوا۔

پہلی تقسیم تو یہ ہے کہ علم یا تو ذاتی ہے جب کہ نفس ذات عالم سے صادر ہو اس کے غیر کو اس میں کچھ دخل نہ ہو، نہ یوں کہ غیر کی عطا سے ہو نہ یوں کہ غیر اس میں کسی طرح سبب پڑے۔

اور یا عطائی ہے جب کہ غیر کی عطا سے ہو۔

پہلی قسم مولیٰ سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ خاص اس کے غیر کے لیے محال ہے اور جو اس میں سے کوئی حصہ جہاں بھر میں کسی کے لیے ثابت کرے اگرچہ ایک ذرہ سے کمتر سے کمتر وہ یقیناً مشرک ہے اور تباہ و برباد ہوا۔

اور دوسری قسم مولیٰ تعالیٰ کے بندوں کے ساتھ خاص ہے۔اللہ کے لیے ممکن نہیں اور جو اس طرح کا کوئی علم اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت کرے وہ کافر ہوا اور ایسی چیز لایا جو شرک اکبر سے بھی زیادہ خبیث وشنیع

ہے اس لیے کہ مشرک تو وہ ہے جو اللہ کے برابر دوسرے کو جانے۔ اور اس نے غیر خدا کو خدا سے بہتر سمجھایا کہ اس نے اپنے علم و خیر کا فیض خدا کو پہنچادیا۔

دوسری تقسیم یہ ہے کہ علم دو قسم ہے۔

ایک مطلق علم، اور اس سے میری مراد وہ مطلق ہے جو علم اصول کی اصطلاح ہے جس کا ثابت کرنا کسی ایک فرد کا ثبوت چاہتا ہے اور نفی کرنا کل افراد کی نفی بتاتا ہے۔ اور یہ مطلق یا تو فرد غیر معین ہے یا نفس ماہیت جو کسی فرد میں ہو کر پائی جائے۔

دوسری قسم علم مطلق، اور اس سے میری مراد وہ ہے جو عموم و استغراق حقیقی کا مفاد ہے جس کا ثبوت نہیں ہوتا جب تک جملہ افراد نہ موجود ہوں اور صرف کسی ایک فرد کی نفی سے منتفی ہو جاتا ہے تو موجبہ یہاں کلیہ ہوگا اور سالبہ جزئیہ۔ اور یہ علم کا تعلق دو وجہ پر ہوتا ہے۔ ایک اجمال، دوسرے تفصیل کہ جس میں ہر معلوم جدا اور ہر مفہوم دوسرے سے ممتاز ہو۔ یعنی عالم کو جتنے معلومات ہوں کل یا بعض تو اس دوسری تقسیم میں یہ چار قسمیں ہیں۔

ان میں سے ایک اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ خاص ہے اور وہ علم مطلق تفصیلی ہے جس پر یہ آیہ کریمہ دلالت کرتی ہے کہ :

و کان اللہ بکل شیٔ علیما.

اللہ تعالیٰ ہر شیٔ کا جاننے والا ہے۔

اس لیے کہ ہمارا رب تبارک وتعالیٰ اپنی ذات کریم اور اپنی غیر متناہی صفتوں اور ان سب حادثوں کو جو موجود ہو لیے اور ان کو جو ابد کے ابد تک موجود ہوتے رہیں گے اور تمام ممکنات کو جو نہ کبھی موجود ہوئے اور نہ کبھی موجود ہوں بلکہ تمام محالات کو بھی، ان سب کو جانتا ہے۔ تو تمام مفہومات میں سے کوئی چیز علم الٰہی

سے باہر نہیں ان سب کو پوری تفصیل کے ساتھ جانتا ہے۔ ازل سے ابد تک ۔ اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی ذات غیر متناہی اور اس کی صفتیں غیر متناہی اور ان میں ہر صفت غیر متناہی اور عدد کے سلسلے غیر متناہی ہیں اور ایسے ہی ابد کے دن، اور اس کی گھڑیاں اور اس کی آنیں اور جنت کی نعمتوں سے ہر نعمت اور جہنم کے عذابوں سے ہر عذاب اور جنتیوں اور دوزخیوں کی سانسیں اور ان کی پلک جھپکنا اور ان کی جنبش اور ان کے سوا اور چیزیں یہ سب غیر متناہی ہیں اور یہ سب اللہ تعالیٰ کو ازل وابد میں پوری تفصیلی احاطہ کے ساتھ معلوم ہیں تو اللہ تعالیٰ کے علم میں غیر متناہی کے سلسلے غیر متناہی بار ہیں ۔ بلکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لیے ہر ہر ذرہ میں غیر متناہی علم ہیں اس لیے کہ ہر ذرہ کو ہر ذرہ سے جو ہو گزرا یا آئندہ ہوگا یا ممکن ہے کہ ہو کوئی نہ کوئی نسبت قرب و بعد و جہت میں ہوگی جو زمانوں میں بدلے گی ان مکانوں کے بدلنے سے جو واقع ہو لیے یا ممکن ہے روز اول زمانہ نامحدود تک اور یہ سب اللہ عزوجل کو بالفعل معلوم ہیں تو مولیٰ تعالیٰ کا علم غیر متناہی در غیر متناہی در غیر متناہی ہے۔ گویا وہ اہل حساب کی اصطلاح پر غیر متناہی کی تیسری قوت ہے جسے مکعب (یا کعب) کہتے ہیں کہ عدد جب اپنے نفس میں ضرب دیا جائے تو یہ مجذور ہوا اور جب مجذور کو اسی عدد میں ضرب دو تو مکعب ہوا اور یہ سب باتیں روشن ہیں ہر اس شخص کے نزدیک جو اسلام میں حصہ رکھتا ہے۔ اور معلوم ہے کہ کسی مخلوق کا علم آن واحد میں غیر متناہی بالفعل کو پوری تفصیل کے ساتھ کہ ہر فرد دوسرے سے بروجہ کامل ممتاز ہو محیط نہیں ہو سکتا اس لیے کہ امتیاز جب ہی ہوگا کہ ہر فرد کی جانب خصوصیت کے ساتھ لحاظ کیا جائے اور غیر متناہی لحاظ ایک آن میں نہیں حاصل ہو سکتے ۔ تو مخلوق کا علم اگر چہ کتنا ہی کثیر و بسیار ہو یہاں تک کہ عرش وفرش میں روز اول سے آخر تک اور اس کے کروروں مثل سب کو محیط ہو جائے جب بھی نہ ہوگا مگر محدود بالفعل، اس لیے کہ عرش وفرش دو کنارے گھیرنے والے ہیں اور روز اول سے روز آخر تک یہ دوسری دو حدیں ہیں اور جو چیز دو گھیرنے والوں میں گھری ہو وہ نہ ہوگی مگر متناہی۔

ہاں علم مخلوق میں بایں معنی غیر متناہی ہونا ٹھیک ہو سکتا ہے کہ آئندہ کسی حد پر اس کی روک نہ کردی

جائے ہمیشہ بڑھتا رہے، اور بایں معنی لاتناہی اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے علم میں محال ہے اس واسطے کہ اس کے علم اور اس کی سب صفتیں تو نو پید ہونے سے برتر ہیں تو ثابت ہوا کہ غیر متناہی بالفعل ہونا اللہ تعالیٰ ہی کے علموں سے خاص ہے۔ اور وہ عدم متناہی کہ بڑھنا کسی حد پر نہ رکے اس کے بندوں کے علم سے خاص ہے اور پہلا اس کے غیر کے لیے حاصل نہ ہوگا۔

اقول: اور اگر ہم تمام تقریر سے قطع نظر بھی کریں تو اس پر دلیل قاطع ہونے کے لیے یہ آیہ کریمہ ہی بس ہے کہ

و کان اللہ بکل شیٔ محیطا.

اللہ ہر شی کو محیط ہے۔

اس لیے کہ ذات الٰہی محدود نہیں تو اس کی مخلوق میں کسی کو ممکن نہیں کہ اللہ عزوجل کو جیسا وہ ہے تمام وکمال ایسا پہچان لے کہ یہ کہنا صحیح ہو جائے کہ اب اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہوگئی جس کے بعد اس کی معرفت سے کچھ باقی نہ رہا۔ اس لیے ایسا ہوتا تو یہ علم اللہ عزوجل کی ذات کو محیط ہو جاتا تو اللہ عزوجل اس کے احاطہ میں آجاتا اور وہ برتر ہے کہ اسے کوئی چیز احاطہ کر سکے بلکہ وہی ہر چیز کو محیط ہے۔ اور اللہ عزوجل کو جاننے والے انبیاء واولیاء اور صالحین ومومنین ان میں جو باہم مراتب کا فرق ہے وہ اللہ تعالیٰ کو جاننے ہی میں فرق کی بناء پر ہے (جو جتنا زیادہ جانتا ہے اتنا ہی زیادہ اس کا مرتبہ ہے) تو ہمیشہ ابدالآباد تک انھیں علم پر علم بڑھتا رہے گا اور کبھی اس کے علم میں سے قادر نہ ہوں گے مگر قدر متناہی پر۔ اور ہمیشہ معرفت الٰہی سے غیر متناہی باقی رہے گا تو ثابت ہوا کہ جمیع معلومات الٰہیہ کو پوری تفصیل کے ساتھ کسی مخلوق کا محیط ہو جانا عقلاً و شرعاً دونوں طرح محال ہے بلکہ اگر تمام اولین وآخرین سب کے علوم جمع کر لیے جائیں تو ان کے مجموعہ کو علوم الٰہیہ سے اصلاً کوئی نسبت نہ ہوگی یہاں تک کہ وہ نسبت بھی نہیں ہو سکتی جو ایک بوند کے دس لاکھ حصوں میں

سے ایک حصہ کو دس لاکھ سمندروں سے، اس واسطے کہ بوند کا یہ حصہ بھی محدود ہے اور وہ دریائے ذخار بھی متناہی ہیں اور متناہی کو متناہی سے ضرور کوئی نسبت ہوتی ہے اس لیے کہ ہم بوند کے اس حصہ کے برابر یکے بعد دیگرے ان سمندروں میں سے پانی لیتے جائیں تو ضرور ان سمندروں پر ایک دن وہ آئے گا کہ ختم و فنا ہو جائیں گے کہ آخر متناہی ہیں لیکن غیر متناہی میں سے کتنے ہی بڑے متناہی حصے کے امثال لیتے جاؤ تو حاصل ہمیشہ متناہی ہی ہوگا۔ اور اس میں ہمیشہ غیر متناہی باقی رہے گا تو کبھی کوئی نسبت حاصل نہیں ہوسکتی، یہ ہے ہمارا ایمان اللہ عزوجل پر۔ اسی طرف حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام نے اشارہ فرمایا اپنے اس قول میں جو موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے کہا جس وقت چڑیا نے سمندر سے ایک چونچ بھر کر پانی لیا، تو یہ قسم اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے، رہیں باقی تین قسمیں یعنی

(۱) علم مطلق اجمالی

(۲) مطلق علم اجمالی

(۳) مطلق علم تفصیلی

یہ قسمیں اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص نہیں۔ بلکہ اگر اجمال کو ہم مرتبۂ بشرط لاشئ میں لیں یعنی وہ جس میں ایک معلوم دوسرے سے پورے طور پر ممتاز نہ ہو جب تو اجمالی کی دو قسمیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لیے محال ہوں گی اور بندوں کے ساتھ ان کا خاص ہونا واجب ہوگا۔ علم مطلق اجمالی کا بندوں کے لیے حاصل ہونا عقلاً بدیہی اور ضروریات دین سے ہے۔ اس لیے کہ ہم ایمان لائے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہر شئ جانتا ہے تو ہر شئ کہنے میں ہم نے جمیع معلومات الٰہیہ کا لحاظ کر لیا اور ان سب کو ایک اجمالی طور پر جان لیا تو جسے اپنے لیے ثابت نہ جانے وہ اپنے نفس سے اس آیت پر ایمان کی نفی کرتا ہے تو خود اپنے کفر کا مقر ہوا۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

اور معلوم ہے کہ جب علم مطلق اجمالی بندوں کے لیے ثابت ہوا تو مطلق علم اجمالی اپنے آپ

ثابت ہو گیا اور اسی طرح مطلق علم تفصیلی، اس لیے کہ ہم قیامت و جنت و نار اور اللہ تعالیٰ اور اس کی صفتوں میں سے ساتوں صفات اصول پر ایمان لائے اور یہ سب کا سب غیب ہے اور ان میں ہر ایک ہم نے علیحدہ علیحدہ دوسرے سے ممتاز پہچانا تو واجب ہوا کہ غیبوں کا مطلق علم تفصیلی ہر مسلمان کو حاصل ہو پھر انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا کیا کہنا، اور کیوں کر نہ ہو۔ حالاں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے غیب پر ایمان لانے کا حکم دیا ہے اور ایمان تصدیق ہے اور تصدیق علم ہے تو جو غیب کو جانتا نہیں اس کی تصدیق کیوں کر کرے گا اور جو تصدیق نہ کرے گا اس پر ایمان کیوں کر لائے گا تو ثابت ہوا کہ وہ علم جو اللہ عزوجل کے ساتھ خاص ہونے کے لائق ہے وہ نہیں مگر علم ذاتی اور علم مطلق تفصیلی، کہ جمیع معلومات الٰہیہ کو استغراق حقیقی کے ساتھ محیط ہو۔ تو جن آیتوں میں غیر خدا سے نفی فرمائی ان میں ضرور ہے کہ یہی دونوں معنی مراد ہیں اور یہ بھی ثابت ہوا کہ وہ علم جسے بندوں کے لیے ثابت کر سکتے ہیں وہ علم عطائی ہے خواہ علم مطلق اجمالی ہو یا مطلق علم تفصیلی اور مدح اسی قسم اخیر سے ہوتی ہے۔

علم سے بندوں کی مدح

اور بیشک اللہ تعالیٰ نے علم سے اپنے بندوں کی مدح فرمائی کہ فرماتا ہے:

و بشروہ بغلام علیم .

ملائکہ نے ابراہیم کو ایک علم والے لڑکے کی خوش خبری دی۔

و انہ لذو علم لما علمنہ .

بیشک یعقوب ہمارے لیے علم دیئے سے ضرور علم والا ہے۔

علمنہ من لدنا علما.

اور ہم نے خضر کو علم لدنی عطا کیا۔

و علمک ما لم تکن تعلم .

اے نبی اللہ تعالیٰ نے تمھیں سکھا دیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے۔

تو یہی قسم ان آیتوں میں مراد ہے جن میں بندوں کے لیے علم غیب دیا جانا ثابت فرمایا ہے تو آیات کے یہ وہ سچے معنی ہیں جن سے اصلاً مفر نہیں اور نہ ان کے غیر کا امکان اور تجھے روشن ہو گیا کہ جو کچھ ہم نے یہاں تک بیان کیا سب دین متین سے ایسا بالضرور ثابت ہے کہ جو ان میں سے کسی شیُ کا انکار کرے وہ دین کا انکار کرتا ہے اور اسلامی جماعت سے جدا ہوتا ہے۔

آیات نفی واثبات میں تطبیق

اور یہ وہ معنی ہیں جن سے معتمد عالموں نے آیات نفی واثبات میں تطبیق کی ہے جیسا کہ امام اجل ابو زکریا نووی، امام ابن حجر مکی و دیگر علماء نے اپنی اپنی کتابوں میں فرمایا کہ غیر خدا سے نفی علم غیب کے معنی یہ ہیں کہ اپنی ذات سے کوئی نہیں جانتا اور نہ کسی کا علم جمیع معلومات الٰہیہ کو محیط ہے تو آفتاب اور گزرے ہوئے کل کی طرح روشن ہو گیا کہ وہ جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غیبوں کے مطلق علم کی نفی کرتا ہے اگر چہ خدا کی عطا سے ہو تو ایسا شخص اس چیز کی نفی کر رہا ہے جو اللہ تعالیٰ نے قرآن عظیم میں ثابت فرمائی اور اس کا یہ قول اس کے ایمان کی نفی کرتا ہے اور اس کے زیاں کار ہونے کے لیے کافی ووافی ہے وہ اپنے اس کفران کے سبب کافر و مرتد ہے۔

خالق ومخلوق کے علم میں فرق وامتیاز

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ :

تقریر سابق سے ایسا چمک اٹھا جس کی نگاہ خیرہ ہو کہ تمام وکمال جملہ مخلوقات کے مجموعہ علوم کی ہمارے رب الہ العالمین کے علوم سے برابری کے شبہ اس قابل نہیں کہ مسلمان کے دل میں اس کا خطرہ بھی گزرے کیا اندھوں کو یہ نہیں سوجھتا کہ اللہ کا علم ذاتی ہے اور خلق کا علم عطائی، اور اللہ کا علم اس کی ذات کے لیے واجب ہے اور خلق کا علم اس کے لیے ممکن، اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا علم ازلی سرمدی قدیم حقیقی ہے اور مخلوق کا علم حادث، اس لیے کہ تمام مخلوق حادث ہے اور صفت موصوف سے پہلے نہیں ہو سکتی اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا علم مخلوق نہیں اور خلق کا علم مخلوق ہے۔ اللہ تعالیٰ کا علم کسی کے زیر قدرت نہیں اور خلق کا علم اللہ کی قدرت میں اور اس کا زیر دست ہے، علم الٰہی کا ہمیشہ رہنا واجب اور علم مخلوق کی فنا ممکن، علم الٰہی کسی طرح بدل نہیں سکتا اور علم خلق میں تغیر روا۔

ان فرقوں کے ہوتے ہوئے برابری کا وہم نہ کرے گا مگر وہ جن پر اللہ نے لعنت کی اور انھیں بہرا کر دیا اور ان کی آنکھیں پھوڑ دیں۔ تو اگر ہم فرض کریں کہ کوئی گمان کرنے والا علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جمیع معلومات الٰہیہ کا محیط جانے تو اتنا تو ضرور ہے کہ اس کا گمان باطل اور اس کا وہم خطا مگر علم الٰہی سے برابری اب بھی نہ ہوئی۔ ان ہولناک فرقوں کے سبب جو ہم اوپر ذکر کر آئے جو علم خالق سے علم مخلوق کے لیے سواع ل م، یعنی شرکت نام کے کچھ باقی نہیں رکھتے نہ کہ اس حالت میں کہ ہم دلائل قطعیہ قائم کر آئے کہ علم مخلوق کا جمیع معلومات الٰہیہ کو محیط ہونا یقیناً عقل سے بھی باطل اور شرع سے بھی باطل۔ اور وہابیہ وہ کہ جب ائمہ کے پیرووں کو سنتے ہیں کہ وہ ائمہ کی پیروی اور قرآن وحدیث کے اتباع سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے روز اول سے روز آخر تک کی تمام گزشتہ وآئندہ باتوں کا علم ثابت کرتے ہیں تو یہ وہابی ان پر شرک و کفر کا حکم لگاتے ہیں اور یہ کہ انھوں نے علم الٰہی سے علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو برابر کر دیا۔ یہ حکم لگانے والے خود ہی خبط وغلطی میں پڑے ہیں اور آپ ہی شرک وکفر کے گڑھے میں گرے ہیں اس لیے کہ جب انھوں نے اس گھرے ہوئے حد باندھے ہوئے گنتی کے علم کے ثابت کرنے میں علم الٰہی سے مساوات

ٹھہرادی تو وہ گواہی دے چکے کہ اللہ تعالیٰ کا علم بس اسی قدر ہے کم چھوٹا قلیل تھوڑا، کیوں کہ علم الٰہی ان کے نزدیک اس مقدار سے زیادہ ہوتا تو زیادہ کم کے کیسے برابر ہو جاتا تو وہ مساوات کا حکم نہ کرتے لیکن وہ اس کا حکم لگا رہے ہیں تو اللہ ہی کے علم سے ٹھٹھا کر رہے ہیں اور زبردستی اسے ناقص بتا رہے ہیں۔ قاتلهم الله انی یؤفکون .

امام احمد رضا بریلوی مزید فرماتے ہیں کہ :

یہ تقریر جو ہم نے بیان کی کہ علم ذاتی اور علم مطلق محیط تفصیلی اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہیں اور بندوں کے لیے نہیں مگر مطلق علم عطائی، اور یہ ہر مسلمان کو حاصل ہے چہ جائے انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام، اس لیے کہ یہ علم نہ ہو تو ایمان ہی ٹھیک نہیں جیسا کہ اوپر بیان گزرا عجب کہ اس تقریر سے کسی وہمی کو وہم گزرے یوں کہ ہم میں اور ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں کوئی فرق نہ رہا پھر اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا کیا ذکر ہے کہ جیسا علم حضور اور دیگر انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو حاصل ہے ویسا ہم کو بھی حاصل ہوا اور جس قسم کا ہم کو نہیں ان کو بھی نہیں تو ہم برابر ہو لیے اور یہ ایسی بات ہے کہ عالم درکنار کسی عاقل کے بھی کہنے کی نہیں۔

علوم انبیاء علیہم السلام

اور ہٹ دھرم مردود نے نہ جانا کہ غیبوں کا مطلق علم عطائی اصالۃ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے ساتھ خاص ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

عالم الغيب فلا يظهر على غيبه احدا الا من ارتضى من رسول

اللہ غیب کا جاننے والا ہے تو اپنے غیب پر مطلع نہیں کرتا مگر اپنے پسندیدہ رسولوں کو۔

و ما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب و لکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء .

خدا اس لیے نہیں کہ تم کو اپنے غیب پر مطلع کر دے ہاں اللہ اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہے چن لیتا ہے۔

تو ان کے غیر کو جو علم حاصل ہوگا وہ انھیں کے فیض و مدد اور فائدہ عطا فرمانے اور راہ دکھانے سے ملے گا تو برابری کیسی؟ علاوہ بریں علوم انبیاء میں سے ان کے غیر نہیں جانتے مگر تھوڑا قلیل کہ انبیاء کے علوم غیب کے جو سمندر چھلک رہے ہیں ان کے سامنے کسی گنتی شمار میں نہیں اس لیے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام روز اول سے روز آخر تک کے تمام ما کان و ما یکون کو جانتے بلکہ دیکھ رہے اور مشاہدہ فرما رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

و کذلک نری ابراھیم ملکوت السموات و الارض .

اور اسی طرح دکھاتے ہیں ہم ابراہیم کو ساری سلطنت آسمانوں اور زمین کی۔

طبرانی نے معجم کبیر اور نعیم بن حماد نے کتاب الفتن اور ابو نعیم نے حلیۃ الالیاء میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ان اللہ قد رفع لی الدنیا فانا انظر الیھا و الی ما ھو کائن فیھا الی یوم القیامۃ کانما انظر الی کفی ھذہ جلیا من اللہ تعالیٰ جلاہ لنبیہ کما جلاہ للنبیین من قبلہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و علیھم اجمعین .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک یقیناً اللہ تعالیٰ نے میرے سامنے دنیا اٹھالی تو میں اسے اور ان میں قیامت تک جو کچھ ہونے والا ہے سب کو اسی طرح دیکھ رہا ہوں جیسے اپنی اس ہتھیلی کو یہ ایک روشنی ہے اللہ کی طرف سے جو اللہ نے اپنے نبی کے لیے چمکائی جس طرح اگلے انبیاء کے لیے چمکائی تھی۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم وحلم سارے جہان کو وسیع ہے اور اللہ نے انھیں سکھا دیا جو کچھ وہ نہ جانتے تھے اور اللہ کا فضل ان پر بہت بڑا ہے تو انھوں نے سب اگلوں پچھلوں کا علم جان لیا اور جو ہو گزر رہا ہے اور آنے والا ہے سب ان کے علم میں آ گیا اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب انھیں معلوم ہو گیا اور مشرق سے مغرب تک جو کچھ ہے سب سے خبر دار ہو گئے اور ہر چیز ان پر روشن ہو گئی اور انھوں نے پہچان لی اور ان پر قرآن اترا ہر چیز کا روشن بیان اور اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ہر چیز خوب مفصل بیان فرمادی۔

لوح محفوظ اور حضور کا علم

امام احمد رضا بریلوی دلائل و براہین کی روشنی میں فرماتے ہیں :

ہم گروہ اہل حق بحمد اللہ تعالیٰ جانتے ہیں کہ روز اول سے جو کچھ ہو گزرا اور روز آخر تک جو کچھ آئے گا اس سب کی تفصیل ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم کے حضور نہیں مگر ایک تھوڑی چیز اور اس پر دلیل، رب عزوجل کا ارشاد ہے کہ :

علمک ما لم تکن تعلم و کان فضل اللہ علیک عظیما.

اس نے بتادیا تمھیں جو کچھ تم نہ جانتے تھے اور اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے۔

اقول: اس آیہ کریمہ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر منت رکھی ہے کہ جو کچھ وہ نہ جانتے تھے اللہ نے انھیں بتادیا۔ اور اس احسان جتانے کو ایسی بات سے ختم فرمایا جو اس عظیم منت کی عظمت اور اس بڑی نعمت کی بڑائی پر دلالت کرتی ہے کہ فرمایا اللہ کا تم پر بڑا فضل ہے کہ ما کان وما یکون بہ معنی مذکور جس کا ہر ہر فرد بہ تفصیل تام لوح محفوظ میں ثبت ہے یہ نہیں مگر دنیا، اس لیے کہ آخرت تو قیامت کے بعد آئے گی اور دنیا و آخرت دونوں سے باہر اللہ عزوجل کی ذات وصفات ہیں جو نہ لوح محفوظ میں آسکیں نہ قلم میں۔ اور اللہ تعالیٰ نے دنیا کے بارے میں فرمایا :

قل متاع الدنیا قلیل .

تم کہہ دو کہ دنیا کی پونجی تھوڑی ہے۔

تو وہ جسے اللہ تعالیٰ قلیل بتا رہا ہے اس چیز سے کیا نسبت رکھے جسے اللہ تعالیٰ نے عظیم بتایا اور اس کی شان کی بڑائی کی ۔ معہذا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم روز آخر سے بعد کی اشیاء تک بڑھا۔ جیسا حشر ونشر وحساب وکتاب اور وہاں جو ثواب وعقاب ہے۔ اس کی تفصیلیں یہاں تک کہ لوگ جنت و دوزخ میں اپنے اپنے ٹھکانے پہنچیں اور اس کے بعد کی اور باتیں جتنی خدا تعالیٰ نے بتانی چاہیں اور بیشک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اللہ عزوجل کی ذات وصفات سے اتنا پہچانا جس کی قدر خدا ہی جانے ،جس نے یہ بخششیں اپنے مصطفیٰ کو عطا کیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو ثابت ہوا کہ تمام گزشتہ وآئندہ کا علم جو لوح محفوظ میں لکھا ہے وہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم سے نہیں مگر ایک ٹکڑا نہ کہ وہ ان کے حق میں بہت ٹھہرے اور انھیں حاصل نہ ہو۔

امام اجل بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرتے ہیں :

فان من جودک الدنیا و ضرتھا
و من علومک علم اللوح و القلم

تمھارے جود سے دنیا اور اس کی سوت ایک حصہ۔ تمھارے علم سے لوح وقلم کے علم ایک ٹکڑا۔

علامہ علی قاری زبدہ شرح بردہ میں شعر مذکور کے تحت میں فرماتے ہیں :

اس مطلب کا ایضاح یہ ہے کہ علم لوح سے مراد وہ قدسی نقش اور غیبی صورتیں ہیں جو اس میں ثبت کی گئیں اور علم قلم سے مراد وہ ہے جو اللہ تعالیٰ نے جس طرح چاہا اس میں ودیعت رکھا اور یہ اضافت ادنیٰ علاقے کے سبب ہے اور لوح وقلم کے علوم علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک حصہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علموں میں بہت اقسام ہیں۔ کلیات و جزئیات وحقائق ودقائق اور عوارف و معارف کہ ذات وصفات الٰہیہ سے متعلق ہیں۔ اور لوح وقلم کا علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مکتوب علوم سے نہیں مگر ایک سطر، اور علم حضور کے سمندروں سے ایک نہر، پھر بایں ہمہ ان کا علم حضور والا ہی کی برکت سے ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

علم غیب پر اقوال ائمہ وعلماء

شیخ عبدالحق محدث دہلوی شرح مشکوٰۃ میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد پر ''کہ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب میں نے جان لیا'' فرماتے ہیں :

یہ ارشاد عبارت ہے تمام علوم کلی اور جزئی کے حاصل ہونے اور ان کو احاطہ فرما لینے سے۔

علامہ خفاجی نسیم الریاض شرح شفا امام قاضی عیاض میں اور علامہ زرقانی شرح مواہب لدنیہ ومنح محمدیہ میں شرح حدیث ابوذر اور ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہما جس میں ذکر تھا کہ زمین وآسمان کے درمیان جو پرندہ پر مارتا ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے حال سے خبر دے دی فرماتے ہیں :

یہ اس بات کی تمثیل کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر شئ بیان فرمادی کبھی مفصل اور کبھی مجمل۔

امام احمد قسطلانی مواہب میں فرماتے ہیں:

اور کچھ شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو اس سے زیادہ پر اطلاع بخشی اور حضور پر تمام اگلوں پچھلوں کے علم القا فرمائے۔

امام بوصیری فرماتے ہیں :

وسع العلمین علما و حلما

محیط جملہ عالم علم و حلم مصطفائی ہے

امام ابن حجر مکی اس کی شرح افضل القریٰ لقراء ام القریٰ میں فرماتے ہیں

یہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو سارے جہان کا علم دیا تو حضور نے تمام اگلوں پچھلوں کا علم اور جو کچھ ہو گزرا ہے اور ہونے والا ہے سب جان لیا۔

نسیم الریاض میں ہے :

کہ تمام مخلوقات آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے قیام قیامت تک سب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر پیش کی گئیں تو حضور ﷺ نے ان سب کو پہچان لیا جیسا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو سب نام سکھائے گئے۔

امام قاضی عیاض پھر علامہ قاری پھر علامہ مناوی نے تیسیر شرح جامع صغیر امام سیوطی میں فرمایا۔

پاک جانیں جب بدن کے علاقوں سے جدا ہو جاتی ہیں عالم بالا سے مل جاتی ہیں اور ان کے لیے کچھ پردہ نہیں رہتا تو سب کچھ ایسا دیکھتی اور سنتی ہیں جیسا سامنے ہو رہا ہے۔

امام ابن الحاج نے مدخل اور امام قسطلانی نے مواہب میں فرمایا :

بیشک ہمارے علماء رحمہم اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات و وفات میں اس بات میں کچھ فرق نہیں کہ حضور اپنی امت کو دیکھ رہے ہیں اور ان کی حالتوں اور نیتوں اور ارادوں اور دل کے خطروں کو پہچانتے ہیں اور یہ سب حضور پر ایسا روشن جس میں کچھ پوشیدگی نہیں۔

رب تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

یا ایھا النبی انا ارسلناک شاھدا.

اے نبی ہم نے تمہیں بھیجا حاضر و ناظر۔

شفا شریف میں جو یہ مسئلہ لکھا کہ جب خالی گھروں میں جاؤ جن میں کوئی نہ ہو تو نبی صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم پر سلام عرض کرو، علامہ علی قاری اس کی شرح میں اس مسئلہ کی وجہ یہ لکھتے ہیں۔

کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح پاک تمام مسلمانوں کے گھر میں تشریف فرما ہے۔

شیخ محدث عبدالحق بخاری دہلوی مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں :

دنیا میں آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لے کر صور پھکنے تک جو کچھ ہے سب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ظاہر کر دیا یہاں تک کہ اول سے آخر تک تمام احوال نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جان لیے۔

نیز اسی میں ہے:

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام اشیاء کو جانتے ہیں اللہ کے کام اور احکام اور صفات و اسماء و افعال اور آثار تمام علوم ظاہر و باطن و اول و آخر کا احاطہ فرمالیا اور حضور اس آیت کے مصداق ہوئے۔

فوق کل ذی علم علیم .

ہر علم والے سے اوپر علم والا ہے۔ علیہ افضل الصلوات واکمل التحیات۔

اقول: یہ آیت عام ہے جس میں سے کسی شئ کی تخصیص نہیں تو اگر تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا تمام جہان میں جس کی طرف نظر کرے تو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر علم والے سے بلند و بالا علم والے ہیں اور جب تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف نظر کرے تو اللہ وہ علم والا ہے جس سے اوپر کوئی علم والا نہیں۔ اور ذی علم کا اطلاق اللہ تعالیٰ پر نہیں ہوسکتا کہ تنکیر بعضیت پر دلالت کرتی ہے تو تخصیص کی کچھ حاجت نہیں۔

شاہ ولی اللہ دہلوی فیوض الحرمین میں لکھتے ہیں :

مجھ پر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ پاک سے اس کا فیضان ہوا کہ بندہ کیوں کر اپنے مقام سے مقام قدس تک ترقی کرتا ہے تو ہر چیز اس پر روشن ہو جاتی ہے جیسا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قصہ معراج خواب میں اس مقام سے خبر دی ہے۔

حضور کے علم کا ذریعہ قرآن اور وحی ہے

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم قرآن عظیم سے مستفاد ہے ہر چیز کا روشن بیان اور ہر شئ کی تفصیل ہونا یہ اس کتاب کریم کی صفت ہے نہ کہ اس کی ہر ہر آیت یا ہر ہر سورۃ کی۔اور قرآن عظیم دفعۃً نہ اترا بلکہ تقریباً تیئس برس میں تھوڑا تھوڑا جب کوئی آیت یا سورت اترتی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علموں پر اور علوم بڑھاتی یہاں تک کہ جب قرآن عظیم کا نزول پورا ہوا ہر چیز کا مفصل روشن بیان پورا ہو گیا اور اللہ عزوجل نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اپنی نعمت تمام کر دی جیسا کہ قرآن عظیم میں اس کا وعدہ فرمایا تھا تو تمامی نزول قرآن سے پہلے اگر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بعض انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے بارے میں فرمایا گیا کہ ہم نے ان کا ذکر تم سے نہ کیا اور منافقوں کے بارے میں فرمایا کہ تم انھیں نہیں جانتے یا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی قصہ یا معاملہ میں توقف فرمایا یہاں تک کہ وحی اتری اور علم لائی تو یہ نہ ان آیتوں کے منافی ہے اور نہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احاطہ علم کا نافی جیسا کہ اہل انصاف پر مخفی نہیں تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انکار علم میں جتنے قصوں اور روایتوں سے وہابی سند لاتے ہیں تو اگر اس قصہ کی تاریخ نہ معلوم ہو جب تو اس سے سند لانا احمق کی جہالت اور جاہل کی حماقت ہے اس لیے کہ ہو سکتا ہے کہ یہ قصہ تمام نزول قرآن سے پہلے کا ہو اور اگر معلوم ہو کہ اس کی تاریخ تمامی نزول سے پہلے کی ہے تو اس سے سند لانا خاردار درخت کو ہاتھ سے سونتنا ہے بلکہ نرا جنون ہے۔اور اگر تاریخ بعد کی ہو اور وہ مدعائے مدلول میں نص نہیں تو مستدل احمق ہے اور دلیل واہی۔

علوم خمسہ

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ علوم خمسہ کی بحث میں فرماتے ہیں :

عجب نہیں بعض وہ شخص جسے نصوص کے معانی اور عموم وخصوص کے مواقع کی پہچان نہیں، یوں کہنے لگے کہ جب تم نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے روز اول سے روز آخر تک کے تمام ما کان و ما یکون کا علم ثابت کیا تو اس میں وہ پانچ چیزیں بھی داخل ہو گئیں جنھیں سوا خدا کے کوئی نہیں جانتا پھر ان کا خدا سے مخصوص ہونا کدھر گیا؟

اقول: اے شخص تو کتنی جلدی بھول گیا کیا ہم نے تجھے القا نہ کیا کہ اللہ تعالیٰ سے یہ خاص ہے کہ اپنی ذات سے علم ہو اور جمیع معلومات الٰہیہ کو محیط ہو، رہا مطلق علم عطائی خود اللہ عزوجل کے ثابت کرنے اور ارشاد فرمانے سے اس کے بندوں کے لیے ثابت ہے۔ کیا تو نے نہ جانا کہ ما کان و ما یکون کا علم اس نبی کریم علیہ وعلیٰ آلہ واکرم الصلاۃ والتسلیم کے لیے ہم نے اپنی طرف سے ثابت نہ کیا بلکہ اللہ تعالیٰ نے ثابت کیا اور قرآن نے ثابت کیا اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ثابت کیا اور صحابہ نے ثابت کیا اور ان کے بعد کے ائمہ نے ثابت کیا۔

اب اگر تو کہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پانچ چیزوں کو گنا اور خاص ان کا ذکر کیا تو ضرور ہے کہ ان کو اپنے غیر پر اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہونے میں کوئی زیادتی ہو تو اللہ کا بتانا اور غیبوں میں جاری ہوتا ہے نہ ان میں، ورنہ ان کے خاص ہونے کی خصوصیت باطل ہو جائے گی کہ اب یہ بھی مثل اور غیبوں کے ہو گئیں کہ بتانے سے معلوم ہو جاتی ہیں۔

اقول: تو یہ دعویٰ تو نے کہاں سے نکال لیا کہ خاص ہونے میں ان کی کوئی خصوصیت ہے آیت تو اس طرح ہے :

ان اللہ عندہ علم الساعۃ و ینزل الغیث و یعلم ما فی الارحام و ما تدری نفس ماذا تکسب غدا و ما تدری نفس بای ارض تموت ان اللہ علیم خبیر.

بیشک اللہ کے پاس ہے علم قیامت کا اور اتارتا ہے پانی اور جانتا ہے جو کچھ مادہ کے پیٹ میں ہے اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کل کیا کرے گی اور کوئی جان نہیں جانتی کہ کس زمین میں مرے گی بیشک اللہ ہے جاننے والا بتانے والا۔

تو اس آیت میں اس کا بیان کہاں ہے کہ یہ پانچوں سب کے سب اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہیں نہ کہ خاص ہونے میں اور زیادہ خصوصیت، کیا تو نہیں دیکھتا کہ ان پانچ سے بعض میں تو کوئی چیز ایسی ہے ہی نہیں جو حصر و تخصیص پر دلالت کرے جیسے ارشاد کہ ینزل الغیث، پانی اتارتا ہے۔ اور یہ ارشاد کہ یعلم ما فی الارحام پیٹ کی چیزیں جانتا ہے۔ اور ہم نہیں مانتے کہ صرف مقام حمد میں ذکر کرنا مطلقاً اختصاص کا موجب ہو کہ اللہ تعالیٰ نے سمع و بصر و علم سے اپنی ذات کی مدح فرمائی اور ان سے اپنے بندوں کا بھی وصف کیا کہ فرماتا ہے۔

جعل لکم السمع و الابصار و الافئدۃ

اس نے تمہارے لیے بنائے کان اور آنکھ اور دل۔

ثانیاً: ہم نے اختصاص مانا مگر پانچ کو ان میں ایسی خصوصیت کیا ہے کہ اللہ کے بتانے کو بھی ان کی طرف راہ نہ رہے کہ یہ اگر ہو تو مفہوم اللقب سے استدلال کے قبیل سے ہوگا (یعنی بعض اشیاء کا نام لے کر جو حکم بیان کیا جائے وہ اس پر دلالت کرے کہ وہ حکم ان کے غیر میں نہیں) اور وہ باطل ہے اصول میں اس کے بطلان پر دلائل قائم ہو چکے اس لیے کہ آیت میں تو پانچ کا لفظ بھی نہیں جسے مفہوم اوب کی طرف پھیرو (یعنی کچھ گنتی گنا کر جو حکم بیان کیا جائے وہ دلالت کرے کہ اس سے زائد کے لیے یہ حکم نہیں) اور

حدیث میں اگر پانچ کا لفظ آیا ہے تو اس سے قطع نظر کر کے جو اوپر ہم بیان کر آئے کہ حدیث احاد در بارۂ اعتقاد نا مفید اعتماد، ہم نہیں مانتے کہ ایسی جگہ عدد زیادہ کی نفی کرتا ہو۔ایسی جگہ عدد کہیں حصر کا حکم نہیں کرتی ،مگر خاص ان پانچ کے ذکر فرمانے میں کوئی نکتہ تو ہونا چاہیئے؟

اقول: ہاں نکتہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے القا فرمایا کہ ان پانچ کے سوا غیب اور بہت کثرت سے ہیں یہاں تک کہ ان پانچ کے جملہ افراد سب مل کر بھی اور غیبوں کے ہزارویں حصہ کو بھی نہیں پہنچتے تو اللہ تعالیٰ غیب کا غیب ہے اور وہ ہر چیز پر شاہد ہے اور اس کی ہر صفت غیب ہے اور برزخ غیب ہے اور بہشت غیب ہے اور دوزخ غیب ہے اور حساب غیب ہے اور نامہ اعمال غیب ہے اور قیامت کے میدان میں جمع کیا جانا غیب ہے، قبروں سے اٹھانا غیب ہے، اور فرشتے غیب ہیں اور ان کے سوا تیرے رب کے لشکر غیب ہیں اور ان کے سوا اور غیب ہیں جن کی جنسیں تک ہم نہیں گنا سکتے نہ کہ فرد مایں ۔اور معلوم ہیں کہ یہ سب کے سب یا ان میں اکثر غیب ہونے میں ان پانچ سے بڑھ کر ہیں ۔اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس آیہ کریمہ میں ان میں سے کچھ ذکر نہیں فرمایا صرف یہی پانچ ذکر فرمائے تو انھیں اس لیے نہ گنایا کہ یہ غیبت وخفا کے اندر زیادہ دال ہیں۔

بلکہ بات یہ ہے کہ وہ زمانہ کاہنوں کا تھا اور کافر علم غیب کا ادعا رکھتے تھے رمل سے، نجوم سے، قیافہ سے، عیافہ سے، زجر سے، طیر سے اور پانسوں سے، ان کے سوا اور اپنی ہوسوں سے جو اندھیریوں سے ڈھانپی ہوئی تھیں اور وہ ان چیزوں سے جو ہم نے ذکر کیں مثلاً ذات وصفات الٰہی، آخرت اور فرشتے کچھ بحث نہ رکھتے تھے اور نہ ان چیزوں کے جاننے کی ان بربادی کی طرف بلانے والے فنون میں کوئی راہ تھی وہ تو یہی بات بکا کرتے تھے کہ مینھ کب ہوگا کہاں ہوگا اور پیٹ کا بچہ لڑکی ہے یا لڑکا اور کسب اور تجارتوں کے حال اور یہ کہ ان میں کسے فائدہ ہوگا اور کسے نقصان اور یہ کہ مسافر اپنے گھر پلٹے گا یا وہیں پردیس میں مرجائے گا۔ تو یہ چار چیزیں خاص ذکر کی گئیں بایں معنی کہ یہی چیزیں جن کے علم کا تم اپنے باطل فنون سے ادعا کرتے ہو

ان کا علم تو اسی بادشاہ جلیل کے پاس ہے بے اس کے بتائے اس کی طرف کوئی راہ نہیں، اور ان چار کے ساتھ علم قیامت کو بھی شامل فرمالیا کہ یہ بھی انھیں باتوں کی جنس سے تھی جن سے بحث کرتے تھے یعنی موت، تو اکا دکا آدمیوں کی موت سے بحث کرتے تھے اور قیامت تمام اہل زمین کی موت ہے۔ تو ان پانچوں چیزوں کے خاص ذکر کا یہ نکتہ ہے۔ اور اللہ خوب جانتا ہے۔

ثالثاً : ہاں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ چیزیں ہیں جنھیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور اللہ عزوجل نے فرمایا۔

قل لا یعلم من فی السموات و الارض الغیب الا اللہ .

تم فرمادو کہ آسمان وزمین میں کوئی غیب نہیں جانتا سوا اللہ کے۔

تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خاص پانچ چیزوں کو فرمایا اور اللہ عزوجل نے عام حکم فرمایا اور ہم سب پر ایمان لائے اس لیے کہ خاص عام کی نفی نہیں کرتا تو ان پانچ کو کوئی نہیں جانتا سوا اللہ کے اور اس کے سوا اور غیب جو ان سے علو وشرف ودقت ولطافت میں زائد ہیں انھیں بھی کوئی نہیں جانتا سوا اللہ کے۔

علوم خمسہ میں علماء وائمہ کا موقف

ائمہ کرام نے تحقیق فرمادی کہ نفی اس کی ہے کہ کوئی بذات خود بے عطائے الٰہی جانے اور ہمارے بعض اصحاب نے ''روض النضیر شرح جامع صغیر من احادیث البشیر والنذیر'' سے نقل کیا کہ فرماتے ہیں

رہا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد کہ ان پانچ کو کوئی نہیں جانتا سوا اس کے، اس کے معنی یہ ہیں کہ ان پانچ کو خود بخود کوئی نہیں جانتا سوا اس کے لیکن کبھی خدا کے بتائے سے معلوم ہوتی ہیں کہ یہاں ان کے جاننے والے موجود ہیں اور ہم نے ان کا علم کئی شخصوں کے پاس پایا جیسا کہ ہم نے ایک گروہ کو دیکھا کہ انھیں معلوم تھا کہ کب انتقال کریں گے اور پیٹ کے بچہ کو عورت کے زمانہ حمل میں جان لیا اور اس سے پہلے۔

امام ابن حجر نے شرح ہمزیہ میں ان پانچ میں سے علم غیب عطا ہونے کی تصریح فرمائی جہاں فرماتے ہیں انبیاء اور اولیاء کا علم اللہ کے بتانے ہی سے ہے اور ہم جو کچھ ان میں سے جانتے ہیں وہ انبیاء واولیاء کے بتانے ہی سے ہے اور یہ وہ علم الٰہی نہیں جو اس کے ساتھ خاص ہے۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کی ان صفتوں میں سے ہے جو قدیم ازلی دائم ابدی ہیں بدلنے اور حدوث ونقصان کی علامتوں اور ساجھے اور بانٹنے سے منزہ ہیں یہاں تک فرمایا کہ اس کے منافی نہیں ہے اللہ تعالیٰ کا اپنے بعض خاص بندوں کو غیبوں کا علم دینا یہاں تک کہ ان پانچ میں سے جن کی نسبت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

خمس لا یعلمھن الا اللہ .

پانچ علم ہیں ان کو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے شرح مشکوٰۃ میں اسی حدیث کے نیچے کہ پانچ چیزیں ہیں جنھیں خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا، یوں فرمایا کہ اس کے معنی یہ ہیں کہ :

ان پانچ چیزوں کو بے خدا کے بتائے اپنی عقل سے کوئی نہیں جانتا اس لیے کہ یہ پانچوں ان غیبوں میں سے ہیں جو اللہ عزوجل کے بے بتائے معلوم نہیں ہوتے۔

امام اجل بدرالدین محمود عینی عمدۃ القاری شرح بخاری میں فرماتے ہیں کہ امام قرطبی نے فرمایا اس حدیث سے ثابت ہے کہ ان پانچ غیبوں کو جاننے میں کسی کے لیے طمع کی جگہ نہیں اور بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس آیہ کریمہ "عندہ مفاتیح الغیب " کہ اللہ ہی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں ،کو ان پانچ سے تفسیر فرمایا تو جو کوئی ان پانچ میں سے کسی کا دعویٰ کرے اور اس علم کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعلیم سے نہ بتائے وہ اپنے دعویٰ میں جھوٹا ہے۔

تو دیکھو صرف اسے جھوٹا بتایا جو ان پانچ علم کا اپنے لیے بغیر واسطہ عالم ما کان و ما یکون صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بتائے تو نہایت بلند آواز سے پکار کر یہ فائدہ بتادیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان

پانچ غیبوں کو جانتے ہیں، اور اولیاء میں سے جسے چاہتے ہیں بتادیتے ہیں۔

ناگزیر علامہ ابراہیم بیجوری نے شرح بردہ شریف میں تصریح فرمادی کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا سے تشریف نہ لے گئے مگر بعد اس کے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو یہ پانچوں غیب بتادیئے۔

اقول: یہ پانچ تو جیسا ہم اوپر بیان کر آئے نہایت کھلے ہوئے غیبوں میں سے ہیں جن کا شمار وہی جانے جس نے بتایا اور جن کو بتایا۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اس مضمون کو شنوانی نے جمع النہایہ میں بطور حدیث کے بیان کیا کہ بیشک مروی ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہ لے گیا یہاں تک کہ حضور کو ہر شئ پر اطلاع بخشی۔

ابریز میں ہمارے سردار عبدالعزیز قدس سرہ العزیز سے نقل فرمایا:

کہ اس آیت میں جو پانچ غیب مذکور ہیں ان میں سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔ اور یہ پانچوں غیب حضور پر کیوں کر مخفی رہیں حالاں کہ حضور کی امت میں سے ساتوں قطب ان پانچوں کو جانتے ہیں حالاں کہ وہ ساتوں غوث سے نیچے ہیں پھر کجا غوث پھر کجا وہ تمام اگلوں پچھلوں کے سردار ہیں وہ جو ہر شئ کے سبب ہیں، وہ کہ ہر شئ انھیں سے ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

نیز ابریز میں انھیں سید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ ان پانچ غیبوں کا معاملہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کیوں کر چھپا ہے حالاں کہ حضور کی امت مرحومہ میں سے کوئی صاحب تصرف، تصرف نہیں کرسکتا جب تک کہ ان پانچوں کو نہ جانے۔

ام الفضل کو عبداللہ کی بشارت

خطیب اور ابونعیم نے دلائل النبوۃ میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ مجھ

سے ام الفضل رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حدیث بیان فرمائی:

قال مررت بالنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال انک حامل بغلام فاذا ولدته فاتینی به قالت یا رسول اللہ انی لی ذلک و قد تحالفت قریش ان لا یاتوا النساء قال هو ما اخبرتک قالت فلما ولدته اتیته فاذن فی اذنه الیمنی و اقام فی الیسری و القاه من ریقه و سماه عبد اللہ و قال اذهبی بابی الخلفاء فاخبرت العباس فاتاه فذکر له فقال و ما اخبرتها هذا ابو الخلفاء حتی یکون منهم السفاح حتی یکون منهم المهدی.

میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ہو کر گزری حضور نے فرمایا تو حاملہ ہے اور تیرے پیٹ میں لڑکا ہے جب وہ پیدا ہو تو اسے میرے حضور لانا، ام الفضل نے عرض کی یا رسول اللہ میرے حمل کہاں سے آیا حالاں کہ قریش نے قسمیں کھالی ہیں کہ عورتوں کے پاس نہ جائیں ارشاد ہوا بات وہی ہے جو ہم نے تم سے ارشاد فرمائی، ام الفضل فرماتی ہیں جب لڑکا پیدا ہوا میں خدمت اقدس میں حاضر ہوئی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بچے کے داہنے کان میں اذان اور بائیں میں اقامت فرمائی اور اپنا لعاب دہن اقدس اس کے منہ میں ڈالا اور اس کا عبد اللہ نام رکھا اور فرمایا لے جاؤ خلفاء کے باپ کو۔ میں نے عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضور کا ارشادِ بیان کیا وہ خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ ام الفضل نے ایسا کہا، فرمایا بات وہی ہے جو ہم نے ان سے کہی یہ خلیفوں کا باپ ہے یہاں تک کہ ان میں سے سفاح ہوگا یہاں تک کہ ان میں سے مہدی ہوگا۔

اقول: تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ جان لیا جو پیٹ میں تھا اور وہ جانا جو اس سے بہت زیادہ ہے وہ جان لیا جو پیٹ کے بچے کی پیٹھ میں ہے اور وہ جان لیا کہ جو پیٹ کے بچے کی پیٹھ والے کی پیٹھ میں ہے اور وہ جان لیا جو کئی پشت نیچے تک پیٹ کے بچے کے پیٹھ والے کے پیٹھ والے کی پیٹھ میں ہے اس لیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ خلیفوں کے باپ کو لے جاؤ اور فرمایا کہ انھیں

میں سے سفاح ہے انھیں میں سے مہدی ہے۔

صدیق اکبر نے اپنی دختر کی خبر دی

عالم مدینہ امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کا مال جو غابہ میں تھا اس میں سے بیس وسق چھوہارے ام المومنین کو ہبہ فرمائے تھے کہ درختوں پر سے اتروالیں جب صدیق اکبر کے وصال کا وقت آیا ام المومنین سے فرمایا اے پیاری بیٹی خدا کی قسم کسی شخص کی تونگری مجھے تم سے محبوب نہیں اور اپنے بعد کسی کی محتاجی تمھارے برابر مجھ پر دشوار نہیں۔ اور میں نے تم کو بیس وسق چھوہارے ہبہ کیے تھے کہ درختوں پر سے اتروالو تو اگر تم نے وہ کٹوا کر قبضے میں کر لیے ہوتے تو وہ تمھارے ہوتے اور آج تو وارث کا مال ہے اور وارث تمھارے دو بھائی اور تمھاری دو بہنیں ہیں تو اسے حسب فرائض اللہ تقسیم کر لینا۔ ام المومنین نے عرض کی اے میرے باپ خدا کی قسم اگر اتنا مال اور اتنا مال ہوتا میں جب بھی چھوڑ دیتی میری بہن تو ایک اسماء ہے اور دوسری کون؟ فرمایا وہ جو بنت خارجہ کے پیٹ میں ہے اور میرے علم میں وہ لڑکی ہے۔

ابن سعد نے طبقات میں یوں روایت کی، کہ صدیق نے فرمایا کہ وہ بنت خارجہ کے پیٹ میں ہے میرے دل میں الہام کیا گیا کہ وہ لڑکی ہے تم اس کے بارے میں بھلائی کی وصیت قبول کرو، اس پر ام کلثوم پیدا ہوئیں۔

فتح خیبر کی بشارت اور علی

صحیحین میں سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے خیبر کی حدیث میں ہے :

قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا عطين هذه الراية غدا رجلا يفتح الله على يديه يحب الله و رسوله و يحبه الله و رسوله فاعطاها عليا كرم الله تعالىٰ وجهه .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا واللہ کل ضرور یہ نشان اس مرد کو دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ فتح کرے گا وہ اللہ و رسول کو دوست رکھتا ہے اور اللہ و رسول اسے دوست رکھتے ہیں، دوسرے دن وہ نشان حضور نے مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو عطا فرمایا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ بات قسم کی روش پر لام تاکید اور نون تاکید سے موکد کر کے بیان فرمائی تو حضور کو یقیناً معلوم تھا کہ میں کل کیا کروں گا۔

حضور نے اپنے وصال کی خبر دی

بیشک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو معلوم تھا کہ حضور کا وصال اقدس مدینہ طیبہ میں ہوگا تو انصار کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے فرمایا :

المحيا محياكم و الممات مماتكم.

ہماری زندگی وہاں ہے جہاں تمھاری زندگی ہے اور ہمارا انتقال وہاں ہے جہاں تمھاری موت۔ یہ حدیث مسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

اور جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا تو ان سے ارشاد فرمایا :

يا معاذ انک عسى ان لا تلقاني بعد عامي هذا و لعلک ان تمر بمسجدی هذا و قبری .

اے معاذ قریب ہے کہ تو مجھ سے اس سال کے بعد (دنیا میں) نہ ملے گا اور امید ہے کہ تو میری اس مسجد اور میرے مزار پاک پر گزرے۔ یہ حدیث امام احمد نے اپنی مسند میں روایت کی۔

بدر میں کفار کے موضع موت کی نشان دہی

صحیح مسلم میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے :

ندب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الناس فانطلقوا حتى نزلوا بدرا فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم هذا مصرع فلان و يضع يده على الارض ههنا و ههنا قال فما ماط اى مازال و ما تجاوز احدهم عن موضع يد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو اعلان دیا تو وہ چلے یہاں تک کہ بدر میں اترے وہاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زمین پر جگہ جگہ دست اقدس رکھ کر بتایا کہ یہ فلاں کافر کے پچھڑنے کی جگہ ہے اور یہ فلاں کی۔ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جس کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جہاں ہاتھ رکھ کر فرمایا تھا وہیں اس کی لاش گری اس سے اصلاً تجاوز نہ کی۔

اور انھیں کی حدیث میں امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے :

و الذى بعثه بالحق ما اخطوا الحدود التى حدها رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم.

قسم اس کی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا جو حدیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے مقرر فرمادی تھیں کسی نے اس حد سے خطا نہ کی۔ یہ بھی مسلم کی روایت ہے۔

حضرت علی کو اپنی شہادت کی خبر ہوگئی

جب وہ رات آئی جس کی صبح حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ عنہ نے شہادت پائی اس رات میں بار بار

مکان سے باہر تشریف لاتے اور آسمان کی طرف نظر کرتے اور فرماتے خدا کی قسم نہ میں غلط کہتا ہوں نہ مجھ سے غلط کہا گیا، یہ وہی رات ہے جس کا مجھ سے وعدہ کیا گیا اور بطیں حضور کی طرف حضور کے مواجہہ میں چلاتی ہوئی آئیں لوگوں نے ان کو ہانکا فرمایا رہنے دو کہ یہ نوحہ کررہی ہیں۔

ایک صحابی کو مقام موت کی خبر دی

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک صحابی اقرع بن شفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقیناً جانتے تھے کہ کس زمین میں ان کا انتقال ہوگا یہ حدیث ان سے ابن سکن اور ابن مندہ وابن عساکر نے روایت کی انھوں نے فرمایا :

دخل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی مرض یعودنی فقلت ما احسب الانی امیت من مرضی قال کلا لتبقین و لتھا جرن الی ارض الشام و تموت بالربوۃ من فلسطین فمات فی خلافۃ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ و دفن بالرملۃ .

میری ایک بیماری میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے پوچھنے کو تشریف لائے میں نے عرض کی مجھے یہی گمان ہے کہ میں اپنے اس مرض میں مرجاؤں گا ارشاد فرمایا ہرگز نہیں ضرور تو زندہ رہے گا اور شام کی طرف ہجرت کرے گا اور فلسطین میں ایک ٹیلے پر مرے گا، امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت میں ان کا انتقال ہوا اور رملہ میں دفن ہوئے۔

حضور نے بارش کی خبر دی

امام جلال الدین سیوطی نے خصائص الکبریٰ میں بروایت بیہقی فرمایا :

کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ بادل چھایا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم برآمد ہوئے ارشاد فرمایا کہ ایک فرشتہ بادلوں کا موکل میری خدمت میں حاضر ہوا مجھے اس نے سلام کیا اور خبر دی کہ وہ چلائے گا بادلوں کو یمن کے ایک نالہ کی طرف جسے ضریح کہا جاتا ہے تو ہمارے پاس اس کے بعد ایک سوار آیا ہم نے اس سے بادل کی نسبت دریافت کیا تو اس نے خبر دی کہ اس دن پانی برسا، علامہ بیہقی نے فرمایا اس حدیث کے لیے شاہد مرسل ہے بکر بن عبداللہ مزنی سے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم کو خبر دی بادل کے فرشتے سے کہ وہ آرہا ہے فلاں شہر کو اور بلاشک اس دن وہاں پانی برسا اور بلاشبہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس ملک علیہ السلام سے دریافت کیا کہ ہمارے شہر میں کب پانی برسے گا تو اس نے کہا فلاں دن۔ حضور کے پاس بعض منافق لوگ تھے تو انھوں نے اسے یاد رکھا پھر انھوں نے اس کے متعلق پوچھا تو اس کی تصدیق پائی تو ایمان لائے اور اس کا تذکرہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیا حضور نے ارشاد فرمایا اللہ تمھارا ایمان زائد کرے۔

یوسف علیہ السلام نے مصریوں کو قحط کی خبر دی

اللہ کے نبی یوسف صدیق علیہ الصلاۃ والسلام نے مصریوں سے فرمایا تم سات برس حسب دستور کھیتی کرو گے فرمایا پھر اس کے بعد سات برس کڑے آئیں گے، فرمایا پھر اس کے بعد وہ سال آئے گا کہ لوگ مینھ دیئے جائیں گے تو انھوں نے یقیناً جانا کہ سات برس مصریوں کو مینھ وقت پر ملے گا پھر سات برس تک نہ برسے گا پھر پندرھویں سال ان پر برسے گا اور انگور اگیں گے تو وہ ان کا شیرہ نکالیں گے۔

علم قیامت

رب تبارک وتعالیٰ برکت والی رات شب برأت کے بارے میں فرماتا ہے :

فیھا یفرق کل امر حکیم امرا من عندنا.

اس رات میں بانٹ دیئے جاتے ہیں سب حکمت والے کام ہمارے حکم سے۔

تو اللہ عزوجل کی گواہی سے ثابت ہوا کہ ان پانچ غیبوں میں سے قیامت کے سوا چار کے جمیع افراد ان کے وقوع سے پہلے اللہ تعالیٰ ان فرشتوں سے بتا دیتا ہے جو کام کی تدبیر کرنے والے ہیں۔

اقول: اور اسی طرح واجب ہوا کہ سیدنا اسرافیل علیہ الصلاۃ والسلام بالتعجیل قیامت کا خاص وقت تعین کے ساتھ اس کے وقوع سے پہلے جان لیں گے اگرچہ ایک لحظہ، اور یہ اس دن جب صور پھونکنے کا حکم دیا جائے گا تو وہ اپنا دوسرا پر بھی گرا دیں گے اور ایک پر تو اس وقت گرا چکے ہیں جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدا ہوئے، اس کے گراتے ہی فرشتہ نے کہ ان کا ماتحت ہے صور منہ میں اٹھالیا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں :

کیف انعم و صاحب الصور قد التقمہ و اصغی سمعہ و حناجبھتہ ینتظر متی یومر بالنفخ.

کہ میں کیوں کر چین لوں حالاں کہ صور والے نے صور منہ میں لے لیا اور کان لگائے ہوئے ہے اور ماتھا جھکائے ہوئے ہے انتظار کر رہا ہے کہ کب پھونکنے کا حکم دیا جائے، یہ حدیث ترمذی نے ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

اور وہ فرشتہ اپنے دونوں زانو پر کھڑا ہوا اسرافیل علیہ الصلاۃ والسلام کے اس پر کی طرف نگاہ جمائے ہوئے ہے جو ابھی پھیلا ہوا ہے تو جب وہ اس پر کو گرائیں گے تو یہ صور پھونک دے گا تو صور پھونکنے کی اجازت اور قیام قیامت میں ان کے پر گرانے کا فاصلہ ہے اور یہ ایک جنبش ہے اور جنبش زمانہ میں ہوتی ہے تو ضرور ہے کہ وقوع سے پہلے قیامت کا انھیں علم ہولے گا اگرچہ ایک لمحہ،

تو جب یہ ایک مقرب فرشتہ کے لیے واجب ہوا تو سب سے بڑھ کر پیارے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے کون محال کرنے والا ہے کہ قیامت کو اس کے وقوع سے مثلاً دو ہزار برس پہلے جان لیں اور حضور کو حکم

ہوا کہ اوروں کو نہ بتائیں۔

امام قسطلانی نے ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں فرمایا:

اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ قیامت کب ہوگی مگر اس کے پسندیدہ رسول کہ اللہ ان کو اپنے جس غیب پر چاہے مطلع فرما دیتا ہے۔

اربعین امام نووی کی شرح فتوحات الٰہیہ نیز اس کی دوسری فتح المبین کے حاشیہ میں قیامت کا علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ملنے کے بارے میں ہے حق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دنیا سے نہ لے گیا یہاں تک کہ جو کچھ حضور پر پوشیدہ رہ گیا تھا جب حضور کو بتا دیا ہاں یہ ہے کہ بعض باتیں چھپانے کا حضور کو حکم دیا اور بعض باتیں بتانے کا۔

ذات الٰہی کے مظہر اتم

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے الذین بدلوا نعمة الله کی تفسیر میں فرمایا:

کہ نعمت الٰہی سے مراد محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کی نعمت قرآن کی منت ہیں، اور خاص اس آیت کا ذکر مناسبت مقام کے سبب کیا اس لیے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آفرینش میں تمام جہاں سے اول ہیں تو تمام مخلوقات الٰہی کو حضور نے دیکھا کہ حضور ان سب سے پہلے موجود ہوئے اور تمام پیغمبروں سے بعثت میں آخر ہیں تو تمام انبیاء پر جتنے علم اترے وہ سب حضور نے جمع فرما لیے، اور حضور اپنے معجزوں سے ظاہر ہیں کہ وہ اللہ عزوجل کی ذات اور اس کی قدیم صفات کے مظہر، تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز اول سے روز آخر تک جو کچھ ہوا اور ہوگا اپنے رب کو بتانے سے اس سب کو جانتے ہیں تو اللہ عزوجل نے حضور پر ان پانچوں کی تجلی سے منت فرمائی اور ہم پر حضور کے بھیجنے سے احسان فرمایا تو حضور اس آیت عظمیٰ کی منت ہوئے۔

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ذات الٰہی کی شانوں اور صفت حق کے احکام اور اسماء وافعال وآثار، غرض جمیع اشیاء کا علم ہے اور حضور نے جمیع علوم اول وآخر وظاہر و باطن کو احاطہ فرمایا۔

سواد بن قارب کے اشعار

سواد بن قارب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور یہ اشعار پڑھے۔

فاشھد ان اللہ لا شئ غیرہ
و انک مامون علی کل غائب
و انک ادنیٰ المرسلین شفاعة
الی اللہ یا ابن الاکر مین الاطائب
فکن لی شفیعا یوم لا ذو شفاعة
سواک بمغن عن سواد بن قارب

میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک اللہ ہے اور اس کے سوا کوئی نہیں اور بیشک آپ تمام مغیبات کے امین ہیں اور بیشک آپ اے طیب وطاہر آباء وامہات کے فرزند تمام رسولوں سے زیادہ شفاعت کے معاملہ میں اللہ سے قریب ہیں، آپ میرے سفارشی بن جایئے جس دن آپ کے سوا کوئی سفارشی سواد بن قارب کو نفع نہیں پہنچا سکتا۔

اقول: سواد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اول، اللہ کے سوا ہر چیز سے وجود کی نفی فرمائی۔ دوم، ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے غیبوں کا علم ثابت کیا کہ حضور کو تمام غیبو ں پر امین بنایا اور جو کسی چیز کو نہ جانتا ہو اس پر امین کیا ہوگا۔

ازل سے ابد تک کا علم ہونے کی تحقیق

امام احمد رضا بریلوی دوسرے سوال کے جواب میں فرماتے ہیں :

بے شک جملہ" ما لم تکن تعلم " شامل ہے ان تمام مغیبات کو جو ازل سے ہو گزریں اور ابد تک ہوں گی۔ رہا علم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ازل سے ابد تک کے تمام کائنات کو شامل ہونا تو آگاہ ہو کہ ازل و ابد بولے جاتے ہیں اور ان سے وہ مراد ہوتی ہے جو متکلمین کی اصطلاح ہے یعنی وہ جس کے وجود کی ابتداء نہیں اور وہ جس کے بقا کی انتہا نہیں۔ اور اس معنی پر جمیع اشیاء کو علم کا شامل ہونا ہم تجھے بتا چکے کہ مولیٰ سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ خاص ہے بندوں کے لیے عقل ونقل دونوں کی رو سے محال ہے مگر بارہا ازل و ابد بولتے ہیں اور ان سے گزشتہ وآئندہ کا طویل زمانہ مراد ہوتا ہے۔

عارف باللہ مولانا نظامی قدس سرہ السامی نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت میں کہا :

محمد کازل تا ابد ہرچہ ہست
بہ آرایش نام او نقش ست

یعنی ازل سے ابد تک جو کچھ موجود ہے اس نے اسی لیے صورت پکڑی اور موجود ہوا کہ نام محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیبائش بنے۔ یعنی حضور کے خدم وحشم سے ہو اور حضور کی عزت وجلالت کے جلوس میں شامل ہو۔

حضور کے علم غیب پر بعض علماء کے اقوال

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم غیبیہ سے متعلق بعض علماء فرماتے ہیں

- حضور کو تمام جزئی وکلی علم حاصل ہو گئے اور سب کا احاطہ فرما لیا۔
- نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر شی بیان فرما دی۔

- حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم نے تمام عالم کو گھیر لیا۔
- جو کچھ ہو گزرا اور جو کچھ ہو گا سب کو حضور نے جان لیا۔
- حضور سب کچھ ایسا دیکھتے اور سنتے ہیں جیسا آنکھوں کے سامنے ہے۔
- حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام اشیاء کے عالم ہیں۔
- حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جمیع علوم ظاہر و باطن و اول و آخر کا احاطہ فرما لیا۔

حضور کے علم کی ابتدا و انتہا

امام احمد رضا بریلوی چوتھے سوال (کیا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم کی ابتداء اور انتہاء یا کسی حد سے محدود) کے جواب میں فرماتے ہیں :

ابتداء تو ضرور ہے اس لیے کہ مخلوق کا علم حادث ہی ہو کر ممکن ہے۔ اگر اس سے مراد یہ ہو کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معلومات کی ہر زمانہ میں کوئی گنتی ہے جسے اللہ تعالیٰ جانتا ہے اگر چہ کوئی آدمی اور فرشتہ اسے شمار نہ کر سکے تو یہ بھی بلا شبہ صحیح ہے اور اگر یہ مراد ہو کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم کسی حد پر ٹھہر جائے کہ اس سے آگے نہ بڑھے تو یہ باطل ہے اور اللہ اسے نہیں مانتا۔ بلکہ ہمارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابد الاباد تک ذات و صفات الٰہی کے علم میں ترقی فرماتے رہیں گے۔

(الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیہ، الفیوضات الملکیہ لمحب الدولۃ المکیۃ)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی نے علم غیب مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے متعلق یہ اشعار نظم فرمائے ہیں۔

فریاد امتی جو کرے حال زار میں
ممکن نہیں کہ خیر بشر کو خبر نہ ہو

●

خدا نے کیا تجھ کو آگاہ سب سے　　　دو عالم میں جو کچھ خفی و جلی ہے
کروں عرض کیا تجھ سے اے عالم السر　　　کہ تجھ پر میری حالت دل کھلی ہے

●

عالم علم دو عالم ہیں حضور
آپ سے کیا عرض حاجت کیجیے

●

فضل خدا سے غیب شہادت ہوا انھیں　　　اس پر شہادت آیت و وحی و اثر کی ہے
کہنا نہ کہنے والے تھے جب سے تو اطلاع　　　مولیٰ کو قول و قائل و ہر خشک و تر کی ہے

●

اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروروں درود

(حدائق بخشش)

علم تعبیر رؤیا

عالم علم دو عالم ہیں حضور
آپ سے کیا عرض حاجت کیجیے

علم تعبیر رؤیا

قاضی ابوبکر بن العربی جو کہ اعاظم علمائے مالکیہ سے ہیں فرماتے ہیں کہ رؤیا یعنی خواب وہ ادراک ہے جسے حق تبارک وتعالیٰ بندے کے دل میں کسی فرشتے یا کسی شیطان کے ہاتھ سے اس کی حقیقتوں کے ساتھ یا اس کی تعبیرات کے ساتھ ظاہر فرماتا ہے۔

حاکم وعقیلی روایت کرتے ہیں کہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے ملاقات کی اور کہا اے ابوالحسن ایک شخص خواب دیکھتا ہے تو اس کا کچھ حصہ تو صادق ہوتا ہے اور کچھ حصہ کاذب نکلتا ہے؟ فرمایا ہاں! میں نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ مرد و عورت جو خوب گہری نیند سو جائے تو اس کی روح عرش کی جانب پرواز کر جاتی ہے اس عرش سے وہ رؤیا ظاہر ہوتی ہے اور جو روح عرش سے نیچے رہ جاتی ہے وہ جھوٹی ہوتی ہے۔

بخاری میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے کہ مرد صالح کا خواب حسن، نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ اور کہتے ہیں کہ رؤیائے صالحین کی اکثریت مراد ہے ورنہ مرد صالح تو بسا اوقات اضغاث یعنی پریشان خوابوں کو بھی دیکھتا ہے لیکن یہ نادر ہے بایں وجہ کہ صلحاء پر شیطان کا تسلط بہت کم ہے بخلاف غیر صلحاء کے کہ اس میں صدق نادر ہے بایں وجہ کہ ان پر شیطان کا تسلط غالب ہے۔

اس جگہ یہ مشکل بیان کرتے ہیں کہ رؤیا یعنی خواب نبوت کا حصہ ہے اس کے کیا معنی ہیں حالاں کہ نبوت، نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر منقطع ہو چکی؟ تو اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ اگر خواب نبی یعنی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیکھا ہے تو وہ حقیقۃً اجزائے نبوت کا جزو ہے۔ اور اگر غیر نبی نے دیکھا ہے تو بر سبیل مجاز باعتبار تشبیہ رؤیائے نبوت وہ افادہ علم میں اجزائے نبوت کا جزو ہے۔ اور بعض کہتے ہیں جزو سے مراد، علم نبوت کا جزو ہے کیوں کہ نبوت اگرچہ منقطع ہو چکی ہے مگر اس کا علم باقی ہے۔

ویعلمک من تاویل الاحادیث

اور تجھے باتوں کا انجام نکالنا سکھائے گا

(یوسف/۶)

قاضی ابو بکر بن العربی فرماتے ہیں کہ کوئی اسے حقیقۃً اجزائے نبوت نہیں جانتا مگر فرشتہ یا نبی۔ اور رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے جو کچھ مراد لیا ہے اسی قدر ہے کہ رؤیا باقی الجملہ اجزائے نبوت کا ایک جز ہے اس لیے کہ اس میں من وجہ یک گونہ غیوبات میں سے کسی غیب پر اطلاع ہے لیکن تفصیلی نسبت درجۂ نبوت اور اس کی مغفرت کے ساتھ مخصوص ہے۔

امام رازی فرماتے ہیں کہ عالم کے لیے لازم ہے ہر چیز کو مکمل اور تفصیلی طور پر جانے اور یقیناً اللہ تعالیٰ نے ہر عالم کے لیے واقفیت کی اس کے نزدیک ایک حد رکھی ہے لہٰذا ان میں سے کچھ کو تو وہ مکمل اور تفصیلی طور پر جان لیتا ہے اور کچھ کو مختصراً۔ رؤیا یعنی خواب اسی قبیل سے ہے اور حدیث میں بھی روایتیں مختلف آئی ہیں بعض میں پینتالیسواں حصہ ہے، بعض میں سترواں، بعض میں چھترواں، بعض میں چھیالیسواں، بعض میں چوبیسواں اس بناء پر ان کی صحت پر وثوق نہ رہا لیکن مشہور چھیالیسواں ہے۔ اس روایت مشہور میں ایک خاص مناسبت یہ ہے۔

کہتے ہیں کہ حق تبارک وتعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف چھ مہینے خواب میں وحی فرمائی اس کے بعد باقی تمام مدت حیات، بیداری میں وحی فرمائی۔ مکمل دور نبوت تیئس سال ہے اور ان چھ مہینوں کی نسبت تیئس سال سے چھیالیسواں حصہ ہے۔ یہ وجہ مناسب ومعقول ہے اگر ثابت ہو جائے کہ ابتدا میں اس خواب میں وحی کی مدت چھ مہینے ہے۔

نیز حدیث شریف میں ہے کہ جب تم میں سے کوئی خواب میں ایسی چیز دیکھے جو اسے محبوب وپسند ہے تو وہ خدا کی جانب سے ہے اس پر لازم ہے کہ حمد وشکر الٰہی بجالائے اور اس کی تحدیث کرے یعنی لوگوں کو بتائے اور اگر خواب میں ایسی چیز دیکھی ہو جو اسے ناپسند وناگوار ہے تو وہ شیطان کی طرف سے ہوگی لہٰذا ضروری ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ سے اس کے شر وفساد سے پناہ مانگے اور اس کا ذکر کسی سے نہ کرے اور کسی کو ضرر نہ پہنچائے۔

تمام رؤیا دو قسم پر منحصر ہیں۔ ایک اضغاث احلام یعنی وہ خواب جو پراگندہ، اور جھوٹے ہوں جس طرح بیداری میں خیالات فاسد و پریشان پیدا ہوتے ہیں یہی حال خواب کا ہے۔ یہ قسم نامعتبر ہے یہ کوئی تعبیر نہیں رکھتا اور بسا اوقات اس قسم کا خواب شیطان کے دکھانے سے ہوتا ہے کہ وہ مسلمان کے خواب کو اندوہگیں کر کے اسے غمزدہ کرے۔

خواب کی دوسری قسم رؤیائے صادقہ ہے مثلاً انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے رؤیا یا صلحائے امت کے خواب اور کبھی بر سبیل ندرت ان کے غیر کو بھی اس کا اتفاق پڑ جاتا ہے۔

حدیث میں آیا ہے **اصدق الرؤیا بالاسحار** سب سے زیادہ سچا خواب صبح کا ہے۔

بعض اہل علم کہتے ہیں کہ رات کے پہلے پہر کے خواب کی تاویل دیر میں پڑتی ہے اور نصف ثانی کا خواب متفاوت الاجزا ہوتا ہے۔ خوابوں میں سب سے جلدی اور سرعت سے رونما ہونے والا خواب صبح کے وقت کا ہوتا ہے خصوصاً طلوع فجر کے وقت کا خواب۔

امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ تاویل میں جلد تر ہونے والا خواب، قیلولہ کا خواب ہے اور محمد بن سیرین نقل کرتے ہیں کہ دن کا خواب رات کے خواب کی مانند ہے۔ اور عورتوں کے خواب کا حکم مردوں کی مانند ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ عورت جب خواب میں ایسی چیز دیکھے جو اس کے اہل سے نہ ہو تو وہ خواب اس کے شوہر کا ہے یہی حال غلام کے خواب کا ہے کہ اس کے آقا کے لیے ہے اسی طرح بچوں کا خواب ماں باپ کے لیے ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب نماز فجر ادا فرما چکتے تو رخ انور پھیر کر صحابہ سے دریافت فرماتے کہ کیا تم میں سے کوئی ہے جس نے آج رات خواب دیکھا ہو؟ اس کے بعد حضور سے وہ حضرات جنھوں نے خواب دیکھا ہوتا عرض کرتے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انھیں تعبیر ارشاد فرمایا

کرتے تھے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا صحابہ کرام سے استفسار خواب کی حکمت میں اہل علم کہتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فتح مکہ کی بشارت کے منتظر تھے اور چاہتے تھے کہ کہیں سے ظاہر ہو جائے کہ فتح کب اور کس طرح ہوگی (معلوم نہیں انھوں نے یہ مطلب کہاں سے اخذ کیا؟) حالاں کہ اس سوال کرنے کا ظاہر مطلب و مقصد یہ ہے کہ صحابہ کرام کے احوال کو جانیں کہ ہر ایک کا سلوک کہاں تک پہنچا ہے اور اس کی تدبیر کیا ہونی چاہیے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

سچے خواب اور مبشرات

مومنین و صالحین کے اچھے اور سچے خواب ایک طرح کی بشارت و خوش خبری ہے اس کے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

صحیح بخاری شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لم یبق من النبوۃ الا المبشرات الرؤیا الصالحۃ .

نبوت سے کچھ باقی نہ رہا صرف بشارتیں باقی ہیں اچھے خواب ہیں۔

طبرانی معجم کبیر میں حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند صحیح راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ذھبت النبوۃ فلا نبوۃ بعدی الا المبشرات الرؤیا یراھا الرجل او تری لہ .

نبوت گئی اب میرے بعد نبوت نہیں مگر بشارتیں ہیں اچھا خواب کہ انسان آپ دیکھے یا اس کے

لیے دیکھا جائے۔

احمد وابنائے ماجہ وخزیمہ وحبان حضرت ام کرز رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بسند حسن راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ذهبت النبوة و بقيت المبشرات.

نبوت ہوگئی اور بشارتیں باقی ہیں۔

صحیح مسلم وسنن ابی داؤد وسنن ابن ماجہ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے مرض مبارک میں جس میں وصال اقدس واقع ہوا پردہ اٹھایا سر انور پر پٹی بندھی تھی لوگ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے صف بستہ تھے حضور نے ارشاد فرمایا۔

يا ايها الناس انه لم يبق من مبشرات النبوة الا الرويا الصالحة يراها المسلم او ترى له .

اے لوگو! نبوت کی بشارت سے کچھ نہ رہا مگر اچھا خواب کہ مسلمان دیکھے یا اس کے لیے دوسرے کو دکھایا جائے۔

سعید بن منصور وامام احمد وابن مردویہ حضرت ابوالطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لا نبوة بعدى الا المبشرات الرويا الصالحة

میرے بعد نبوت نہیں مگر بشارتیں ہیں اچھا خواب۔

احمد وخطیب اور بیہقی شعب الایمان میں اس کے قریب ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لا یبقی بعدی من النبوۃ شی الا المبشرات الرؤیا الصالحۃ یراھا العبد او تری لہ .

میرے بعد نبوت سے کچھ باقی نہ رہے گا مگر بشارتیں اچھا خواب کہ بندہ آپ دیکھے یا اس کے لیے دوسرے کو دکھایا جائے۔

ابن زمل کا خواب

بیہقی سنن میں حضرت ابن زمل جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل رؤیا میں راوی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعد نماز صبح پاؤں بدلنے سے پہلے ستر بار فرماتے :

سبحان اللہ و بحمدہ و استغفر اللہ ان اللہ کان توابا.

پھر فرماتے یہ ستر سات سو کے برابر ہیں نرا بے خیر ہے جو ایک دن میں سات سو سے زیادہ گناہ کرے۔

پھر لوگوں کی طرف منہ کر کے تشریف رکھتے اور اچھا خواب حضور کو خوش آتا دریافت فرماتے کسی نے کچھ دیکھا ہے۔ ابن زمل نے عرض کی یا رسول اللہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے فرمایا بھلائی پاؤ اور برائی سے بچو ہمیں اچھا اور ہمارے دشمنوں پر برا۔ رب العالمین کے لیے ساری خوبیاں ہیں، خواب بیان کرو، انھوں نے عرض کی میں نے دیکھا کہ سب لوگ ایک وسیع نرم بے نہایت راستے پر بیچ شارع عام میں چل رہے ہیں ناگہاں اس راہ کے لبوں پر خوبصورت سبزہ زار نظر آیا کہ ایسا کبھی نہ دیکھا تھا اس کا لہلہاتا سبزہ چمک رہا ہے شادابی کا پانی ٹپک رہا ہے اس میں ہر قسم کی گھاس ہے پہلا ہجوم آیا جب اس سبزہ زار پر پہنچے تکبیر کہی اور سواریاں سیدھے راستے پر ڈالے چلے گئے ادھر ادھر اصلاً نہ پھرے، اس مرغزار کی طرف کچھ التفات نہ کیا

پھر دوسرا ابلا آیا کہ پہلوں سے کئی گنا زائد تھا جب سبزہ زار پر پہنچے تکبیر کہی راہ پر چلے مگر کوئی کوئی اس چراگاہ میں چرانے بھی لگا اور کسی نے چلتے میں ایک مٹھالے لیا پھر روانہ ہوئے پھر عام ازدحام آیا جب یہ سبزہ زار پر پہنچے تکبیر کہی اور بولے یہ منزل سب سے اچھی ہے یہ ادھرادھر پڑ گئے میں ماجرا دیکھ کر سیدھا راہ پر پڑ لیا، جب سبزہ زار سے گزر گیا تو دیکھا کہ سات زینے کا ایک منبر ہے اور حضور اس کے سب سے اونچے درجے پر جلوہ فرما ہیں حضور کے آگے ایک سال خوردلاغر ناقہ ہے حضور اس کے پیچھے تشریف لیے جاتے ہیں۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ راہ نرم ووسیع وہدایت ہے جس پر میں تمھیں لایا اور تم اس پر قائم ہوا اور وہ سبزہ زار دنیا اور اس کے عیش کی تازگی ہے میں اور میرے صحابہ تو چلے گئے کہ دنیا سے اصلاً علاقہ نہ رکھا نہ اسے ہم سے تعلق ہوا نہ ہم نے اسے چاہا نہ اس نے ہمیں چاہا پھر دوسرا ہجوم ہمارے بعد آیا وہ ہم سے کئی گنا زیادہ ہے ان میں سے کسی نے چرایا کسی نے گھاس کا مٹھالیا اور نجات پا گئے پھر بڑا ہجوم آیا وہ سبزہ زار میں دہنے بائیں پڑ گئے تو انا للہ و انا الیہ راجعون اور اے ابن زمل تم اچھی راہ پر چلتے رہو گے یہاں تک کہ مجھ سے ملو اور وہ سات زینے کا منبر جس کے درجۂ اعلیٰ پر مجھے دیکھا یہ جہان ہے اس کی عمر سات ہزار برس کی ہے اور میں اخیر ہزار میں ہوں۔

واما الناقة التی رأیت و رأیتنی اتبعها فهی الساعة علینا تقوم لا نبی بعدی و لا امة بعد امتی.

اور وہ ناقہ جس کے پیچھے مجھے جاتا دیکھا قیامت ہے ہمارے ہی زمانے میں آئے گی نہ میرے بعد کوئی نبی نہ میری امت کے بعد کوئی امت۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (جزاء اللہ عدوہ بابا ء ہ ختم النبوۃ)

حضرت عائشہ کی بشارت

قوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لام المومنین رضی الله تعالیٰ عنها رأیتک فی

المنام ثلث لیال یجیء بک الملک فی سرقة من حریر فقال لی ھذہ امرأتک فکشفت عن وجھک الثوب فاذا انت ھی فقلت ان یکن ھذا من عند اللہ یمضہ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا کہ میں نے تجھے تین راتیں مسلسل خواب میں دیکھا کہ ایک فرشتہ نے ریشم کے کپڑے میں لپیٹ کر میرے حضور پیش کیا پھر فرشتے نے عرض کی کہ یہ آپ کی زوجہ مقدسہ ہیں اور میں نے تمھارے چہرے سے کپڑا اٹھایا تو وہ تم تھیں میں نے کہا اگر یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو ایسا ضرور ہوگا۔ (مولف)

(شمول الاسلام لاصول الرسول الکرام)

نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

تو ہے سایہ نور کا ہر عضو ٹکڑا نور کا
سایہ کا سایہ نہ ہوتا ہے نہ سایہ نور کا

قد جاءکم من اللہ نور و کتاب مبین

بے شک تمھارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب۔

(المائدہ/۱۵)

نور محمدی ﷺ

حق سبحانہ وتعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسم گرامی انتہائی روشن اور منور ہونے کی بناء پر نور اور سراج منیر رکھا، اس لیے کہ آپ کے ذریعہ قرب ووصال حق کا طریقہ روشن وظاہر ہوا اور آپ کے جمال وکمال سے آنکھوں میں بینائی اور روشنی حاصل ہوئی۔ چنانچہ ارشاد باری ہے **قد جاء کم من اللہ نور و کتاب مبین** بے شک تمھارے پاس اللہ کی جانب سے نور اور روشن کتاب آئی۔ اور فرمایا **یا ایھا النبی انا ارسلناک شاھدا و مبشرا و نذیرا و داعیا الی اللہ باذنہ و سراجا منیرا** اے نبی ہم نے آپ کو گواہی دینے والا (حاضر وناظر) بشارت دینے والا، ڈرانے والا، اللہ کے حکم سے اس کی طرف بلانے والا اور روشن چراغ بھیجا۔

علماء فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے آپ کو چراغ سے تشبیہ دی، باوجودیکہ تشبیہ میں مبالغہ شمس وقمر سے زیادہ ہے۔ چراغ سے تشبیہ دینے میں حکمت یہ ہے کہ آپ کا وجود عنصری ارضی ہے۔ دوسری حکمت یہ کہ چراغ اپنا قائم مقام بناتا ہے چنانچہ ایک چراغ سے لاکھوں چراغ روشن کیے جاسکتے ہیں اس کے برعکس چاند وسورج قائم مقام نہیں رکھتے۔

بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ حق تعالیٰ نے جو سراج سے تشبیہ دی ہے اس سے مراد تشبیہ ہے تو بعید نہ ہوگا اس لیے کہ حق تعالیٰ سبحانہ وتعالیٰ نے آفتاب کو سراج فرمایا، ارشاد ہے **و جعل فیھا سراجا و قمرا منیرا** (اور بنائے آسمان میں آفتاب وماہتاب روشن) اور فرمایا **و جعلنا سراجا وھاجا** (اور بنایا آفتاب کو چمکتا دمکتا) لہٰذا جس طرح عالم اجسام میں آفتاب افادۂ نور کرتا ہے اور اپنے غیر سے مستفید نہیں ہے اسی طرح حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات قدسی تمام نفوس بشریہ کے لیے افادۂ انور عقلیہ فرماتا ہے اور بجز ذات باری تبارک وتعالیٰ کے کسی سے استفادہ نہیں فرماتا، اس اعتبار سے کہ حضور ذات الٰہی سے استفادہ

فرماتے ہیں۔اگر چاند سے تشبیہ دی جائے تو بھی درست ہوگا اللہ نور السموات و الارض ۔اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نور فرمانے میں اپنے اس ارشاد سے تلمیح ہے کہ اللہ نور السموات و الارض (اللہ آسمانوں اور زمینوں کا نور ہے) لہٰذا آسمان وزمین میں نہیں ہے مگر نور الٰہی جو تمام موجودات میں ہویدا ہے اور وہی وجود و حیات کا مالک ہے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جمال و کمال اس نور الٰہی کا مظہر اتم اور اس کے ظہور کا واسطہ ہے چنانچہ مثل نـــوره الآية ،کی تفسیر میں مفسرین کہتے ہیں کہ قلب محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ایمان کی مثال، اس مشکوٰۃ کی مانند ہے جس میں شمع روشن ہو۔ مشکوٰۃ آپ کے صدر مبارک کی مثال ہے، اور زجاجہ آپ کے قلب اطہر کی مثال ہے، اور مصباح آپ کے قلب شریف میں جو نور معرفت و ایمان ہے اس کی مثال ہے۔(مولف) (مدارج النبوۃ اول)

حدیث نوری

امام احمد رضا بریلوی سے سوال ہوا کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے نور سے پیدا ہوئے اور ان کے نور سے باقی مخلوقات، یہ کس حدیث سے ثابت ہے؟

آپ نے فرمایا :

امام اجل سیدنا امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد اور امام اجل سیدنا امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے استاذ اور امام بخاری و امام مسلم کے استاذ الاستاذ حافظ الحدیث احد الاعلام عبد الرزاق ابو بکر بن ہمام نے اپنی مصنف میں سیدنا وابن سیدنا جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔

قال قلت یا رسول الله بابی انت و امی اخبرنی عن اول شی خلقه الله تعالیٰ قبل الاشیاء قال یا جابر ان الله تعالیٰ قد خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نوره فجعل ذلک النور یدور بالقدرة حیث شاء الله تعالیٰ و لم یکن فی ذلک الوقت لوح و لا قلم

و لا جنة و لا نار و لا ملک و لا سماء و لا ارض و لا شمس و لا قمر و لا جنی و لا انسی فلما اراد اللہ تعالیٰ ان یخلق الخلق قسم ذلک النور اربعة اجزاء فخلق من الجزء الاول القلم و من الثانی اللوح و من الثالث العرش ثم قسم الجزء الرابع اربعة اجزاء فخلق من الاول حملة العرش و من الثانی الکرسی و من الثالث باقی الملائکة ثم قسم الرابع اربعة اجزاء فخلق من الاول السموات و من الثانی الارضین و من الثالث الجنة و النار ثم قسم الرابع اربعة اجزاء ، الحدیث بطوله .

یعنی وہ فرماتے ہیں میں نے عرض کی یا رسول اللہ میرے ماں باپ حضور پر قربان مجھے بتا دیجیے کہ سب سے پہلے اللہ عزوجل نے کیا چیز بنائی ،فرمایا اے جابر بیشک بالیقین اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات سے پہلے تیرے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور اپنے نور سے پیدا فرمایا، وہ نور قدرت الٰہی سے جہاں خدا نے چاہا دورہ کرتا رہا، اس وقت لوح ،قلم ، جنت ، دوزخ ،فرشتے ،آسمان ، زمین ،سورج ، چاند ،جن ،آدمی کچھ نہ تھا، پھر جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کرنا چاہا اس نور کے چار حصے فرمائے پہلے سے قلم ، دوسرے سے لوح ، تیسرے سے عرش بنایا، پھر چوتھے کے چار حصے کیے، پہلے سے فرشتگان حامل عرش، دوسرے سے کرسی ، تیسرے سے باقی ملائکہ پیدا کیے، پھر چوتھے کے چار حصے فرمائے ، پہلے سے آسمان، دوسرے سے زمینیں، تیسرے سے بہشت دوزخ بنائے۔ پھر چوتھے کے چار حصے کیے، الی آخر الحدیث۔

یہ حدیث امام بیہقی نے بھی دلائل النبوۃ میں بنحوہ روایت کی ، اجلہ ائمہ دین مثل امام قسطلانی مواہب لدنیہ، اور امام ابن حجر مکی ، افضل القریٰ ، اور علامہ فاسی مطالع المسرات ، اور علامہ زرقانی شرح مواہب ، اور علامہ دیار بکری خمیس اور شیخ محقق دہلوی مدارج وغیرہا میں اس حدیث سے استناد اور اس پر تعویل واعتماد فرماتے ہیں۔ بالجملہ وہ تلقی امت بالقبول کا منصب جلیل پائے ہوئے ہے۔تو بلا شبہ حدیث حسن صالح مقبول معتمد ہے۔تلقی علماء بالقبول وہ شئ عظیم ہے جس کے بعد ملاحظہ سند کی حاجت نہیں رہتی

بلکہ سند ضعیف بھی ہوتو حرج نہیں کرتی۔ جیسا کہ ہم نے منیر العین فی حکم تقبیل الابہامین میں بیان کیا ہے۔

لا جرم علامہ محقق عارف باللہ سیدی عبدالغنی نابلسی قدس سرہ القدسی حدیقہ ندیہ شرح طریقہ محمدیہ میں فرماتے ہیں **قد خلق کل شی من نورہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کما ورد بہ الحدیث الصحیح ۔**

نورِ نبی ہر چیز کی اصل

بیشک ہر چیز نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے بنی جیسا کہ حدیث صحیح اس معنی میں وارد ہوئی۔

اسے ''آفات اللسان فی مسئلۃ ذم الطعام'' کی نوع ستین کے بعد بحث ثانی میں بیان کیا گیا ہے۔

مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات میں ہے :

قد قال الاشعری انہ تعالیٰ نور لیس کالانوار و الروح النبویۃ القدسیۃ لمعۃ من نورہ و الملائکۃ شرر تلک الانوار و قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اول ما خلق اللہ نوری و من نوری خلق کل شیٔ وغیرہ فما فی معناہ .

یعنی امام اجل امام اہل سنت سیدنا ابوالحسن اشعری قدس سرہ (جن کی طرف نسبت کرکے اہل سنت کو اشاعرہ کہا جاتا ہے) ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل نور ہے نہ اور نوروں کی مانند اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح پاک اسی نور کی تابش ہے اور ملائکہ ان نوروں کے ایک پھول ہیں۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرا نور بنایا اور میرے ہی نور سے ہر چیز پیدا فرمائی۔ اور اس کے سوا اور حدیثیں ہیں جو اسی مضمون میں وارد ہیں۔

ایک دوسرے مقام پر یہی مضمون اس طرح ہے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

نور احدیت کے پرتو سے نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنا، اور اس کے پرتو سے تمام عالم ظاہر ہوا، تو ہر چیز کی اصل حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور سراپا ظہور ہے۔ پس مرتبۂ ایجاد میں بس وہی وہ ہیں اور مرتبۂ وجود میں صرف حق عزوجل ہے کہ ہستی حقیقۃً اسی کی ذات پاک سے خاص ہے۔

(کشف حقائق واسرار دقائق)

نور محمدی میں مذہب اسلم

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ بعض مولود شریف میں جو نور محمدی کو نور خدا سے پیدا ہوا، لکھا ہے اس میں زید کہتا ہے بشرط صحت یہ متشابہ کے حکم میں ہے، اور عمر کہتا یہ انفکاک ذات سے ہوا ہے، بکر کہتا ہے کہ یہ مثل شمع سے شمع روشن کر لینے کے، ہوا ہے۔ اور خالد کہتا ہے متشابہات میں مذہب اسلم رکھتا ہوں اور سالم کو برا نہیں جانتا اس میں چوں وچرا بیجا ہے۔

آپ نے فرمایا :

عبدالرزاق نے اپنی مصنف میں حضرت سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا یا جابر ان الله خلق قبل الاشياء نور نبيك من نوره .

اے جابر بیشک اللہ تعالیٰ نے تمام عالم سے پہلے نبی کا نور اپنے نور سے پیدا فرمایا۔

اسے امام قسطلانی نے مواہب وغیرہ میں علمائے کرام کے حوالے سے بیان کیا ہے۔

عمر کا قول سخت باطل وشنیع وگمراہی فظیع بلکہ سخت تر امر کی طرف منجر ہے، اللہ عزوجل اس سے پاک ہے کہ کوئی چیز اس کی ذات سے جدا ہو کر مخلوق بنے، اور قول زید میں لفظ ''بشرط صحت'' بوئے انکار دیتا ہے،

یہ جہالت ہے۔ باجماع علماء دربارۂ صحت مصطلحہ محدثین کی حاجت نہیں، مع ہذا علامہ عارف باللہ سیدی عبدالغنی نابلسی قدس سرہ القدسی نے اس حدیث کی تصریح فرمائی، علاوہ بریں یہ معنی قدیماً وحدیثاً تصانیف و کلمات ائمہ وعلماء واولیاء وعرفاء میں مذکور ومشہور وملقی بالقبول رہنے پر خود صحت حدیث کی دلیل کافی ہے کیوں کہ تلقی امت بالقبول سے حدیث قوی ہو جاتی ہے جیسا کہ اس کی طرف امام ترمذی نے جامع صحیح میں اشارہ کیا ہے اور ہمارے علماء نے اصول میں اس کی صراحت کی ہے۔

ہاں اسے باعتبار کنہ کیفیت متشابہات سے کہنا وجہ صحت رکھتا ہے، واقعی نہ رب العزت جل وعلانہ اس کے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں بتایا کہ مولیٰ تعالیٰ نے اپنے نور سے نور مطہر سید انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیوں کر بنایا نہ بے بتائے اس کی پوری حقیقت ہمیں خود معلوم ہو سکتی ہے اور یہی معنی متشابہات ہیں۔

بکر نے جو کہا وہ دفع خیال ضلال عمرو کے لیے کافی ہے، شمع سے شمع روشن ہو جاتی ہے بے اس کے کہ اس شمع سے کوئی حصہ جدا ہو کر یہ شمع بنے، اس سے بہتر آفتاب اور دھوپ کی مثال ہے کہ نور شمس نے جس پر تجلی کی وہ روشن ہو گیا اور ذات شمس سے کچھ جدا نہ ہوا، مگر ٹھیک مثال کی وہاں مجال نہیں، جو کہا جائے گا ہزاراں ہزار وجوہ پر ناقص و ناتمام ہوگا، بلاشبہ طریق اسلم قول خالد ہے اور وہی مذہب ائمہ سلف رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

نور محمدی کو چراغ سے تشبیہ دینے میں حکمت

امام احمد رضا بریلوی سے سوال ہوا کہ نور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چراغ سے تشبیہ دینا درست ہے یا نہیں؟ اور یہ کہ انسان غلاظت آلودہ پیدا ہوتے ہیں تو کیا اس میں تمام مخلوق شریک ہیں؟

آپ نے فرمایا:

نجاست سے آلودہ پیدا ہونے میں سب مخلوق شریک نہیں، تمام انبیاء علیہم السلام پاک ومنزہ پیدا ہوئے، بلکہ حدیث سے ثابت ہے کہ حضرات حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی صاف ستھرے پیدا ہوئے، نور کے معنی فضل کے نہیں، مثال سمجھانے کو ہوتی ہے نہ کہ ہر طرح برابری بتانے کو، قرآن عظیم میں نور الٰہی کی مثال دی کمشکوٰۃ فیھا مصباح، کہاں چراغ اور قندیل اور کہاں نور رب جلیل، یہ مثال وہابیہ کے اس اعتراض کے دفع کو تھی کہ نور الٰہی سے نور نبوی پیدا ہوا تو نور الٰہی کا ٹکڑا جدا ہونا لازم آیا، اسے بتایا گیا کہ چراغ سے چراغ روشن ہونے میں اس کا ٹکڑا کٹ کر اس میں نہیں آجاتا، جب یہ فانی مجازی نور اپنے نور سے دوسرا نور روشن کر دیتا ہے تو اس نور الٰہی کا کیا کہنا، نور سے نور پیدا ہونے کو نام وروشنی میں مساوات بھی ضرور نہیں، چاند کا نور آفتاب کی ضیاء سے ہے، پھر کہاں وہ اور کہاں یہ، علم ہیئت میں بتایا گیا ہے کہ اگر چودھویں رات کے کامل چاند کے برابر نوے ہزار چاند ہوں تو روشنی آفتاب تک پہنچیں گے۔

نور کی تعریف

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ رسول مقبول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کے نور سے پیدا ہیں یا نہیں؟ اگر اللہ کے نور سے پیدا ہیں تو نور ذاتی یا نور صفاتی سے یا دونوں سے؟ اور نور کیا چیز ہے۔

نور عرف عامہ میں ایک کیفیت ہے کہ نگاہ پہلے اسے ادراک کرتی ہے اور اس کے واسطے سے دوسری اشیاء دیدنی کو۔

قال السید فی تعریفاته، النور کیفیة تدرکها الباصرة اولا و بواسطتها سائر المبصرات.

سید شریف جرجانی اپنی کتاب ''تعریفات'' میں فرماتے ہیں کہ نور اس کیفیت کا نام ہے جسے نگاہ پہلے ادراک کرتی ہے اور اس کے واسطے سے تمام نظر آنے والی چیزوں کو۔ (مولف)

اور حق یہ کہ نور اس سے اجلی ہے کہ اس کی تعریف کی جائے، یہ جو بیان ہوا تعریف الجلی بالخفی ہے، نور بایں معنی ایک عرض و حادث ہے اور رب عزوجل اس سے منزہ۔

محققین کے نزدیک نور وہ کہ خود ظاہر ہو اور دوسروں کا مظہر۔

بایں معنی اللہ عزوجل نور حقیقی ہے بلکہ حقیقۃً وہی نور ہے اور آیہ کریمہ **اللہ نور السموات و الارض** بلا تکلف و بلا تاویل اپنے معنی حقیقی پر ہے۔

فان اللہ عزوجل ھو الظاھر بنفسہ و المظھر لغیرہ من السموات و الارض و من فیھم و سائر المخلوقات.

اللہ عزوجل بذات خود ظاہر و روشن ہے اور دوسروں کو روشنی عطا فرماتا ہے جیسے آسمان و زمین اور جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور تمام مخلوقات اسی سے روشن ہیں۔ **(مولف)**

اللہ کے نور ذاتی سے حضور کی آفرینش

حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بلاشبہ اللہ عزوجل کے نور ذاتی سے پیدا ہیں، حدیث شریف میں وارد ہے عبدالرزاق و بیہقی روایت کرتے ہیں۔

ان اللہ تعالیٰ خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہ .

اے جابر! بیشک اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء سے پہلے تیرے نبی کا نور اپنے نور سے پیدا فرمایا۔

حدیث میں **نورہ** فرمایا جس کی ضمیر اللہ کی طرف ہے کہ اسم ذات ہے۔ **من نور جمالہ یا نور علمہ یا نور رحمتہ** وغیرہ نہ فرمایا کہ نور صفات سے تخلیق ہو۔

علامہ زرقانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اسی حدیث کے تحت میں فرماتے ہیں :

(من نوره) ای من نور هو ذاته .

یعنی اللہ عزوجل نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس نور سے پیدا کیا جو عین ذات الٰہی ہے۔ یعنی اپنی ذات سے بلاواسطہ پیدا فرمایا۔

امام احمد قسطلانی مواہب شریف میں فرماتے ہیں :

لما تعلقت ارادة الحق تعالیٰ بایجاد خلقه ابرز الحقیقة المحمدیة من الانوار الصمدیة فی الحضرة الاحدیة ثم سلخ منها العوالم کلها علوها و سفلها .

یعنی اللہ عزوجل جب مخلوقات کو پیدا کرنا چاہا صمدی نوروں سے مرتبۂ ذات صرف میں حقیقت محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ظاہر فرمایا پھر اس سے تمام عالم علوی وسفلی نکالے۔

شرح علامہ میں ہے :

و الحضرة الاحدیة هی اول تعینات الذات و اول رتبها الذی لا اعتبار فیه لغیر الذات کما هو المشار الیه لقوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان الله و لا شئ معه . ذکره الکاشی .

یعنی مرتبہ احدیت ذات کا پہلا تعین اور پہلا مرتبہ ہے جس میں غیر ذات کا اصلاً لحاظ نہیں جس کی طرف نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس ارشاد میں اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تھا اور اس کے ساتھ کچھ نہ تھا، اسے سیدی کاشانی قدس سرہ نے ذکر فرمایا۔

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں :

انبیاء مخلوق اند از اسماء ذاتیہ حق و اولیاء از اسماء صفاتیہ و بقیہ کائنات از صفات فعلیہ و سید رسل مخلوق

از ذات حق وظہور حق در روے بالذات است۔

انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام اللہ کے اسمائے ذاتیہ سے پیدا ہوئے اور اولیاء اسماء صفاتیہ سے، بقیہ کائنات صفات فعلیہ سے اور سید رسل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم ذات حق سے اور حق کا ظہور بالذات ہے۔

ہاں عین ذات الٰہی سے پیدا ہونے کے یہ معنی نہیں کہ معاذ اللہ ذات الٰہی ذات رسالت کے لیے مادہ ہے، جیسے مٹی سے انسان پیدا ہو، یا عیاذ اًباللہ، ذات الٰہی کا کوئی حصہ یا کل، ذات نبی ہو گیا۔ اللہ عزوجل حصے اور ٹکڑے اور کسی کے ساتھ متحد ہو جانے یا کسی شئی میں حلول فرمانے سے پاک ومنزہ ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خواہ کسی شی کو جزء ذات الٰہی خواہ کسی مخلوق کو عین وذات الٰہی ماننا کفر ہے۔ اس تخلیق کے اصل معنی تو اللہ و رسول جانیں، جل وعلیٰ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔ عالم میں ذات رسول کو تو کوئی پہچانتا نہیں۔

حدیث میں ہے :

یا ابا بکر لم یعرفنی حقیقة غیر ربی .

اے ابوبکر مجھے جیسا میں حقیقت میں ہوں میرے رب کے سوا کسی نے نہ جانا۔

ذات الٰہی سے اس کے پیدا ہونے کی حقیقت کسے مفہوم ہو مگر اس میں فہم ظاہر بیں کا جتنا حصہ ہے وہ یہ ہے کہ حضرت حق عز جلالہ نے تمام جہان کو حضور پر نور محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے پیدا فرمایا، حضور نہ ہوتے تو کچھ نہ ہوتا۔ **لولاک ما خلقت الدنیا.**

آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے ارشاد ہوا۔

لولا محمد ما خلقتک و لا رضا و لا سماء.

اگر محمد نہ ہوتے تو میں نہ تمھیں بناتا نہ زمین نہ آسمان کو۔

تو سارا جہان ذات الٰہی بواسطہ حضور صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدا ہوا یعنی حضور کے واسطے، حضور کے صدقے، حضور کے طفیل میں۔

لا انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم استفاض الوجود من حضرة الوجود من حضرة العزت ثم ھو افاض الوجود علی سائر البریة کما تزعم کفرة الفلاسفة من توسیط العقول ، تعالیٰ اللہ عما یقول الظالمون علوا کبیرا ھل من خالق غیر اللہ .

یہ بات نہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اللہ سے وجود حاصل کیا پھر باقی مخلوق کو آپ نے وجود دیا جیسے فلاسفہ کا فرگمان کرتے ہیں کہ عقول کے واسطے دوسری چیزیں پیدا ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان ظالموں کے اس قول سے بلند و بالا ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ کے علاوہ بھی کوئی خالق ہوسکتا ہے۔

بخلاف ہمارے حضور عین النور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کہ وہ کسی کے طفیل میں نہیں، اپنے رب کے سوا کسی کے واسطے نہیں، تو وہ ذات الٰہی سے بلا واسطہ پیدا ہیں۔

زرقانی شریف میں ہے :

ای من نور ھو ذاتہ لا بمعنی انھا مادة خلق نورہ منھا بل بمعنی تعلق الارادة بہ بلاواسطة شی فی وجودہ .

یعنی اس نور سے جو اللہ کی ذات ہے یہ مقصد نہیں کہ وہ کوئی مادہ ہے جس سے آپ کا نور پیدا ہوا بلکہ مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ آپ کے نور سے بلا کسی واسطہ فی الوجود کے متعلق ہوا۔

نورِ محمدی کی تفہیم کے لیے ایک مثال

زیادہ سے زیادہ بغرض توضیح ایک کمال ناقص مثال یوں خیال کیجیے کہ آفتاب نے ایک عظیم و جمیل و

جلیل آئینہ پر تجلی کی، آئینہ چمک اٹھا اور اس کے نور سے اور آئینے اور پانیوں کے چشمے اور ہوائیں اور سائے ہوئے ۔ آئینوں اور چشموں میں صرف ظہور نہیں بلکہ اپنی اپنی استعداد کے لائق شعاع بھی پیدا ہوئی کہ اور چیز کو روشن کر سکے، کچھ دیواروں پر دھوپ پڑی، یہ کیفیت نور سے متکیف ہیں، اگرچہ اور کو روشن نہ کریں جن تک دھوپ بھی نہ پہنچی، وہ ہوائے متوسط نے ظاہر کیں جیسے دن میں مسقف دالان کی اندرونی دیواریں ان کا حصہ صرف اسقدر ہوا، کیفیت نور سے بہرہ نہ پایا، پہلا آئینہ خود ذات آفتاب سے بلاواسطہ روشن ہے اور باقی آئینے، چشمے اس کے واسطے سے اور دیواریں وغیرہا واسطہ در واسطہ، پھر جس طرح وہ نور کہ آئینہ اول پر پڑا بعینہ آفتاب کا نور ہے بغیر اس کے آفتاب خود یا اس کا کوئی حصہ آئینہ ہوگیا ہو، یوں ہی باقی آئینے اور چشمے کہ اس اس آئینے سے روشن ہوئے اور دیواریں وغیرہ اشیاء پر ان کی دھوپ پڑی یا صرف ظاہر ہوئیں، ان سب پر بھی یقیناً آفتاب ہی کا نور اور اسی سے ظہور ہے، آئینے اور چشمے فقط واسطۂ وصول ہیں، ان کی حد ذات میں دیکھو تو یہ خود نور تو نور ظہور سے بھی حصہ نہیں رکھتے ۔

یک چراغ است دریں خانہ کی از پرتو آن
ہر کجا می نگری انجمنے ساختہ اند

گھر میں ایک چراغ ہے مگر اس کی روشنی سے جہاں دیکھو وہاں پر انجمن ہی انجمن ہے ۔(مولف)

یہ نظیر محض ایک طرح کی تقریب فہم کے لیے ہے جس طرح ارشاد ہوا۔ **مثل نورہ کمشکوۃ فیھا**، ورنہ کجا چراغ اور کجا وہ نور حقیقی۔ **و للہ المثل الاعلیٰ** ۔

توضیح صرف ان دو باتوں کی منظور ہے ایک یہ کہ دیکھو آفتاب سے تمام اشیاء منور ہوئیں بے اس کے کہ آفتاب خود آئینہ ہوگیا یا اس میں سے کچھ جدا ہو کر آئینہ بنا، دوسرے یہ کہ ایک آئینہ نفس ذات آفتاب سے بلاواسطہ روشن ہے باقی بوسائط، ورنہ حاشا کہاں مثال اور کہاں وہ بارگاہ جلال، باقی اشیاء سے کہ مثال میں بالواسطہ منور مانیں، آفتاب حجاب میں ہے اور اللہ عزوجل ظاہر فوق کل ظاہر ہے، آفتاب ان اشیاء تک

اپنے وصول نور میں وسائط کا محتاج ہے اور اللہ عزوجل احتیاج سے پاک، غرض کسی بات میں نہ تطبیق مراد نہ ہرگز ممکن، حتیٰ کہ نفس وسائط بھی یکساں نہیں۔

سیدی ابو سالم عبد اللہ عیاشی، ہم استاذ علامہ محمد زرقانی، تلمیذ علامہ ابو الحسن شبراملسی اپنی کتاب الرحلہ پھر سیدی علامہ عثمادی رحمہم اللہ تعالیٰ جمیعا، شرح صلاۃ، حضرت سیدی احمد بدوی کبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں فرماتے ہیں۔

انما يدركه على حقيقة من عرف معنى قوله تعالىٰ الله نور السموات و الارض ، و تحقيق ذلك على ما ينبغي ليس مما يدرك ببضاعة العقول و لا مما تسلط عليه الاوهام و انما يدرك بكشف الهي و اشراق حقه من اشعة ذلك النور في قلب العبد فيدرك نور الله بنوره .

و اقرب تقرير يعطى القرب من فهم مضى الحديث انه لما كان النور المحمدى اول الانوار الحادثة التي تجلى بها النور القديم الازلى و هو اول التعينات للوجود المطلق الحقاني و هو مدد كل نور كائن او يكون و كما اشرق النور الاول في حقيقته فتنورت بحيث صارت هو نورا اشرق نوره المحمدى على حقائق الموجودات شيئا فشيئا فهي تستمد منه على قدر تنورها بحسب كثرة الوسائط و قلتها و عدمها و كلما اشرق نوره على نوع من انواع الحقائق ظهر النور في مظهر الاقسام فقد كان النور الحادث اولا شيئا واحدا ثم اشرق في حقيقة اخرى فاستنارت بنوره تنورا كاملا بحسب ما تقتضيه حقيقتها فحصل في الوجود الحادث نوران مفيض و مفاض و في نفس الامر ليس هناك الانور واحد اشرق في قابل الاستنارة فتنور بتعددات المظاهر و الظاهر واحد ثم كذلك كلما اشرق في محل ظهر بصورة الانقسام و قد يشرق نور

المفاض عليه ايضا بحسب قوته على قوابل آخر فتنور بنوره فيحصل انقسام آخر بحسب المظاهر و كلها راجعة الى النور الاول الحادث اما بواسطة او بدونها.

قال و هذا غاية ما اتصل اليه العبارة فى هذا التقرير و مثل فى قصر باعه و عدم تضلعه من العلوم الالهية ان زاد فى التقرير خشى على واقرب مثال يضرب لذلك نور المصباح تصبح منه مصابيح كثيرة و هو فى نفسه باق على ما هو عليه لم ينقص منه شى و اقرب من هذا المثال الى التحقيق و ابعد عن الافهام نور الشمس المشرق فى الاهلة ، و الكواكب على القول بان الكل مستنير بنوره و ليس لها نور من ذاتها فقد يقال بحسب النظر الاول ان نور الشمس منقسم فى هذا الاجرام العلوية و فى الحقيقة ليس هذا الا نورها و هو قائم بها لم ينقص منه شى و لم يزايلها منه شى و لكنه اشرق فى اجرام قابلة الاستنارة فاستنارت.

و اقرب من هذا للفهم ما يحصل فى الاجرام السفلية من اشراق اشعة الشمس على الماء او قوارير الزجاج فيستنير ما يقابلها من الجدران بحيث يلمح فيها نور كنور الشمس مشرق باشراقه و لم ينفصل شئ من نور الشمس عن محله الى ذلك المحل، و من كشف الله حجاب الغفلة عن قلبه و اشرقت الانوار المحمدية على قلبه بصدق اتباعه له ادرك الامر ادراكا آخر لا يحتمل شكا و لاوهما.

و نسأل الله تعالىٰ ان ينور بنور العلم الالهى بصائرنا و يحجب عن ظلمات الجهل سرائرنا و يغفر لنا ما اجترأنا عليه من الخوض فيما لسنا له باهل و نساله ان لا يواخذنا ما تقتضيه العبارة من تقصير فى حق ذلك الجناب.

(ترجمہ) اس کا ادراک حقیقۃً وہی شخص کرسکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے ارشاد، اللہ نور السموات و الارض کا معنی جانتا ہے، کیوں کہ وہم اور عقل کے ذرائع اس کا حقیقی ادراک نہیں کرسکتے، اس کو تو صرف بندے کے دل میں اس نور کو اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ شعاعوں سے ہی سمجھا جاسکتا ہے پس ''نور اللہ'' کو اس نور ہی کے ذریعہ سمجھا جاسکتا ہے۔

حدیث کے معنی کو سمجھنے کے لیے قریب ترین یہ ہے کہ نور محمدی جب قدیم اور ازلی نور کی پہلی تجلی ہے تو کائنات میں بھی اللہ تعالیٰ کے وجود کا سب سے پہلا مظہر ہے اور وجود میں آنے والے تمام نوروں کی اصل قوت ہے جب یہ نور اول چمکا اور منور ہوا تو اس نور محمدی نے تمام موجودات پر درجہ بدرجہ اپنی چمک ڈالی تو بلا واسطہ یا واسطوں کی کمی بیشی کے اعتبار سے ہر چیز اپنی استعداد کے مطابق چمک اٹھی اور تمام حقائق و اقسام اس نور کی چمک سے اس کے مظہر بن گئے، یوں وجود میں آنے والا پہلا نور ایک تھا لیکن اس کی چمک سے دوسرے حقائق بھی اپنی حقیقت کے مطابق اس نور سے منور ہوتے چلے گئے اور کائنات میں نور در نور بن گئے جب کہ وجود میں نور کی صرف دو ہی قسمیں ہیں، ایک فیض دینے والا اور دوسرا فیض پانے والا حالاں کہ نفس الامری حقیقت میں یہ دونوں نور ایک ہی ہیں۔ یہ ایک حقیقی نور ہی قابل اشیاء میں چمک پیدا کرکے متعدد مظاہر میں ظاہر ہوتا ہے اور تمام اقسام میں ہر قسم کی صورت میں چمکتا ہے اسی طرح فیض یافتہ نور بھی اپنی استعداد کے مطابق دوسری قابل اشیاء میں چمک پیدا کرکے ان کو منور کرتا ہے جس سے مزید مظاہرات کی اقسام حاصل ہوتی ہیں جب کہ یہ تمام انوار بالواسطہ یا بلا واسطہ سب سے پہلے نور سے ہی مستفیض ہیں۔

اس تقریر کے لیے یہ انتہائی محتاط عبارت ہے جو علوم الٰہیہ کے موافق ہے اس سے زائد عبارت خطرناک ہوسکتی ہے۔ اس تقریر کی مناسب مثال وہ چراغ ہے جس سے بیشمار چراغ روشن ہوئے اس کے باوجود وہ اپنی اصل حالت پر باقی ہے اور اس کے نور میں کوئی کمی واقع نہیں ہوئی۔ مزید واضح مثال سورج ہے جس سے تمام سیارے روشن ہیں جن کا اپنا کوئی نور نہیں۔ بظاہر یوں معلوم ہوتا ہے کہ سورج کا نور ان

سیاروں میں منقسم ہوگیا ہے جب کہ فی الواقع ان سیاروں میں سورج ہی کا نور ہے جو سورج سے نہ تو جدا ہوا اور نہ ہی کم ہوا، سیارے تو صرف اپنی قابلیت کی بناء پر چمکے اور سورج کی روشنی سے منور ہوئے۔

مزید سمجھ کے لیے پانی اور شیشے پر پڑنے والی سورج کی شعاعوں کو دیکھا جائے جن کا عکس پانی و شیشے کے بالمقابل دیوار پر پڑتا ہے جس سے دیوار روشن ہوجاتی ہے، دیوار پر یہ روشنی سورج ہی کا نور ہے جو بالواسطہ دیوار پر پڑا کیوں کہ براہ راست دیوار پر سورج کا نور نہیں پڑا اور نہ ہی یہ نور سورج سے جدا ہوا، اس کے باوجود یہ نور سورج کا ہی ہے، جب اللہ تعالیٰ کسی کے قلب کو حجاب غفلت سے پاک کرتا ہے اور وہ دل انوار محمدیہ سے منور ہوتا ہے تو پھر اس کا ادراک ایسا کامل ہوتا ہے کہ اس میں شک اور وہم کا احتمال نہیں ہوتا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہماری بصیرت کو اپنے علم کے نور سے منور فرمائے اور ہمارے باطن کو جہالت کے اندھیروں سے محفوظ فرمائے اور جن امور میں غور کرنے کے اہل نہیں، ان پر ہماری جسارت کو معاف فرمائے اور اس جناب میں ہماری عبارت کی کوتاہیوں پر مواخذہ نہ فرمائے۔ آمین۔

چند فوائد

اس تقریر منیر سے مقاصد مذکورہ کے سوا چند فائدے اور حاصل ہوئے۔

اولاً : یہ بھی روشن ہوگیا کہ تمام عالم نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیوں کر بنا، بے اس کے کہ نور حضور تقسیم ہوا یا اس کا کوئی حصہ ایں وآں بنا ہو۔ اور یہ کہ وہ جو حدیث میں ارشاد ہوا کہ پھر اس نور کے چار حصے کیے، تین سے قلم ولوح وعرش بنائے، چوتھے کے پھر چار حصے کیے، الیٰ آخرہ۔ یہ اس کی شعاعوں کا انقسام جیسے ہزار آئینوں میں آفتاب کا نور چمکے تو وہ ہزار حصے پر منقسم نظر آئے گا حالاں کہ آفتاب نہ منقسم ہوا نہ اس کا کوئی حصہ آئینوں میں آیا۔

و اندفع ما استشكله العلامة الشبراملسی ان الحقيقة الواحدة لا تنقسم و

ليست الحقيقة المحمدية الا واحد من تلك الاقسام و الباقى كان منها ايضا فقد انقسمت و انكان غير ها فما معنى الاقسام و حاصل الجواب و تبعه فيه تلميذه العلامة الزرقانى بان المعنى انه زاد فيه لانه قسم ذلك النور الذى هو نور المصطفىٰ صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اذا الظاهر انه حيث ظهوره بصورة مماثلة كصورة التى سيصير عليه لا يقسمه اليه و الى غيره .

و حاصل جوابه كما قرره تلميذه العياشىٰ و ان معنى الانقسام زيادة نور على ذلك النور المحمدى فيوخذ ذلك الزائد ثم يزاد عليه نور آخر ثم كذلك الى آخر الاقسام قال العياشى و هذا جواب مقنع بحسب الظاهر و التحقيق و الله تعالىٰ اعلم .

اقول تبع فيه شيخه الشبرابلسى الحق انه لا معنى له فانه اذن لا يكون التخليق من نوره صلى الله تعالى عليه وسلم و هو خلاف المنصوص و المراد.

اقول ، و يمكن الجواب بان المراد انه تعالىٰ كساه شعاعا اكثر فما كان ثم فصل من شعاعه شيئا و قسمه كما تاخذه الملائكة شيئا من الاشعة المحيطة بالكواكب فترمى به مسترقى السمع و يقال بذلك ان النجوم لها رجوم.

اس (مذکورہ تقریر) سے علامہ شبراملسی کا اعتراض ختم ہوا (اعتراض) حقیقت واحدہ تقسیم نہیں ہوتی کیوں کہ حقیقت محمدیہ ان اقسام میں ایک قسم ہے اور اگر باقی اقسام اسی (حقیقت) سے ہیں تو یہ حقیقت تقسیم ہوگئی اور اگر باقی چیزیں اس حقیقت کی غیر ہیں تو انقسام کا کیا مطلب، پھر انھوں نے (علامہ شبراملسی) خود ہی جواب دیا اور علامہ زرقانی شاگرد رشید علامہ شبراملسی نے ان کی پیروی کی ۔ (جواب) حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس میں اضافہ کیا نہ کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور کو تقسیم کیا کیوں کہ یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو ایک ایسی صورت مثالی عطا کی جس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تخلیق

ہونی تھی تو اسے تقسیم نہیں کیا جائے گا۔

ان کے جواب کا خلاصہ جسے ان کے شاگرد علامہ عیاشی نے بیان کیا ہے کہ انقسام کا معنی نورمحمدی پر اضافے کے ہیں پھر اس زائد کو لے لیا اس پر ایک دوسرے نور کا اضافہ کیا اسی طرح آخری تقسیم تک سلسلہ جاری رہا۔ عیاشی نے کہا کہ ظاہر کے لحاظ سے یہ جواب کافی ہے اور تحقیق اس کے علاوہ اللہ جانتا ہے۔

میں (امام احمد رضا بریلوی) کہتا ہوں کہ انھوں (عیاشی) نے اس مسئلہ میں اپنے شیخ شبراملسی کی پیروی کی لیکن حق یہ ہے کہ یہ ایک بے معنی بات ہے کیوں کہ اس صورت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے تخلیق نہ ہوگی، یہ نص اور مراد کے خلاف ہے۔

میں کہتا ہوں اس کا جواب یہ بھی ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے نور کو پہلی شعاع سے زائد شعاع عطا کی، پھر اس سے کچھ جدا کیا، پھر اس کی تقسیم کی جیسے فرشتے ان شعاعوں میں سے جو ستاروں کو محیط ہیں، لے کر چھپ کر سننے والے شیطانوں کو مارتے ہیں اس لیے کہا جاتا ہے نجوم کے لیے رجوم ہے۔

ثانیاً : اقول، یہ شبہ بھی دفع ہوگیا کہ خلق میں کفار ومشرکین بھی ہیں وہ محض ظلمت ہیں تو نور مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کیوں کر بنے اور نرے نجس ہیں تو اس نور پاک سے کیوں کر مخلوق مانے گئے، وجہ اندفاع ہماری تقریر سے روشن، ظلمت ہو یا نور، جس نے خلعت وجود پایا ہے اس کے لیے تجلی آفتاب وجود سے ضرور حصہ ہے اگر چہ نور نہ ہو صرف ظہور ہو اور شعاع شمس ہر پاک وناپاک جگہ پڑتی ہے وہ جگہ فی نفسہٖ ناپاک ہے اس سے دھوپ ناپاک نہیں ہوسکتی۔

ثالثاً : اقول، یہ بھی ظاہر ہوگیا کہ جس طرح مرتبہ وجود میں صرف ایک ذات حق ہے باقی سب اسی کے پرتو وجود سے موجود، یوں ہی مرتبہ ایجاد میں صرف ایک ذات مصطفیٰ ہے باقی سب پر اسی کے عکس کا فیض وجود۔ مرتبۂ کون میں نور احدی آفتاب ہے اور تمام عالم اس کے آئینے، اور مرتبہ تکوین میں نور احمدی آفتاب ہے اور سارا جہان اس کے آبگینے۔

خــالـق کـل الـوری ربـک لا غیـره

نـورک کل الوری غیرک لم لیس لن

ای لم یوجد و لیس موجودا و لن یوجد ابدا.

کل مخلوق کا پیدا کرنے والا آپ کا رب ہی ہے آپ کا ہی نور کل مخلوق ہے اور آپ کا منیر کچھ بھی نہ تھا نہ ہے نہ ہوگا۔

رابعاً : اقول، نور احدی تو نور احدی، نور احمدی پر بھی آفتاب کی یہ مثال غیر مثال چراغ سے احسن واکمل ہے ایک چراغ سے بھی اگر چہ ہزاروں چراغ روشن ہو سکتے ہیں بے اس کے کہ ان چراغوں میں اس کا کوئی حصہ آئے مگر دوسرے سے، چراغ صرف حصول نور میں اسی چراغ کے محتاج ہوئے بقاء میں اس سے مستغنی ہیں۔ اگر انھیں روشن کر کے پہلے چراغ کو ٹھنڈا کر دیجیے ان کی روشنی میں فرق نہ آئے گا نہ روشن ہونے کے بعد ان کو اس سے کوئی مدد پہنچ رہی ہے، مع ہذا کسب نور کے بعد ان میں اور اس چراغ اول میں کچھ فرق نہیں رہتا سب یکساں معلوم ہوتے ہیں بخلاف نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ عالم جس طرح اپنی ابتدائے وجود میں اس کا محتاج تھا کہ وہ نہ ہوتا تو کچھ نہ بنتا یوں ہی ہر شی اپنی بقا میں اس کی دست نگر ہے، آج اس کا قدم درمیان سے نکال لیں تو عالم دفعۃً فنائے محض ہو جائے۔

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو

جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

حضور باعث ایجاد عالم ہیں

نیز جس طرح ابتدائے وجود میں تمام جہان اس سے مستفیض ہوا بعد وجود بھی ہر آن اسی کی مدد سے بہرہ یاب ہے پھر تمام جہان میں کوئی اس کے مساوی نہیں ہوسکتا، یہ تینوں باتیں مثال آفتاب سے روشن

ہیں، آئینے اس سے روشن ہوئے اور جب تک روشن ہیں اسی کی مدد پہنچ رہی ہے اور آفتاب سے علاقہ چھوٹتے ہی فوراً اندھیرے ہیں پھر کتنے ہی چمکیں سورج کی برابری نہیں پاتے، یہی حال ایک ذرہ عالم عرش وفرش اور جو کچھ ان میں ہے اور دنیا و آخرت اور ان کے اہل اور انس و جان و جن و ملک و شمس و قمر و جملہ انوار ظاہر و باطن حتیٰ کہ شموس رسالت علیہم الصلاۃ والتحیہ کا ہمارے آفتاب جہاں تاب عالم مآب علیہ الصلاۃ و السلام من الملک الوھاب کے ساتھ ہے کہ ہر ایک ایجاد و امداد و ابتداو بقا میں ہر حال، ہر آن ان کا دست نگر، ان کا محتاج ہے وللہ الحمد۔

امام اجل محمد بوصیری قدس سرہ ام القریٰ میں عرض کرتے ہیں :

کیف ترقی رقیک الانبیاء
یا سماء ما طاولتھا سماء

●

لم یاووک فی علاک و قدحا
ل سنامک دونھم و سناء

●

انما مثلوا صفاتک للنا
س کما مثل النجوم الماء

یعنی انبیاء حضور کی سی ترقی کیوں کر کریں اے وہ آسمان رفعت جس سے کسی آسمان نے بلندی میں مقابلہ نہ کیا، انبیاء حضور کے کمالات عالیہ میں حضور کے ہمسر نہ ہوئے، حضور کی جھلک اور بلندی نے ان کو حضور تک پہنچنے سے روک دیا، وہ تو حضور کی صفتوں کی ایک شبیہ لوگوں کو دکھاتے ہیں، جیسے ستاروں کا عکس پانی دکھاتا ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وبارک وسلم

یہ وہی تشبیہ وتقریر ہے جو ہم نے ذکر کی، وہاں ذات کریم وافاضۂ انوار کا ذکر تھا لہٰذا آفتاب سے تمثیل دی، یہاں صفات کریمہ کا بیان ہے لہٰذا استاروں سے تشبیہ مناسب ہوئی۔

مطالع المسرات شریف میں ہے :

اسمه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم محی حیوة جمیع الکون به صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فهو روحه و حیاته و سبب وجوده و بقائه .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک محی ہے زندہ فرمانے والے، اس لیے کہ سارے جہان کی زندگی حضور سے ہے تو حضور تمام عالم کی جان وزندگی اور اسی کے وجود وبقاء کے سبب ہیں۔

اسی میں ہے :

هو صلی الله تعالیٰ علیه وسلم روح الاکوان و حیاتها و سر وجودها و لو لاه لذهبت و تلاشت کما قال سیدی عبد السلام رضی الله تعالیٰ عنه و نفعنا به لا شی الا و هو به منوط اذلولا الواسطة لذهب کما قیل الموسوط.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام عالم کی جان وحیات وسبب وجود ہیں حضور نہ ہوں تو عالم نیست ونابود ہو جائے کہ حضرت سیدی عبد السلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ عالم میں کوئی ایسا نہیں جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دامن سے وابستہ نہ ہو، اس لیے کہ واسطہ نہ رہے تو جو اس کے واسطہ سے تھا آپ ہی فنا ہو جائے۔

ہمزیہ شریف میں ارشاد فرمایا :

کل فضل فی العلمین فمن فضل

النبی استعارة الفضلاء

جہان والوں میں جو خوبی جس کسی میں ہے وہ اس نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضل سے مانگے کو لی ہے۔

مدد و نعمت حضور سے ملتی ہے

امام ابن حجر مکی افضل القریٰ میں فرماتے ہیں :

لانه الممد لهم اذ هو الوارث للحضرة الالهية و المستمد منها بلا واسطة دون غيرها فانه لا يستمد منها الا بواسطته فلا يصل لكامل منها شي الا و هو من بعض مدده و على يديه .

تمام جہان کی امداد کرنے والے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اس لیے کہ حضور ہی بارگاہ الٰہی کے وارث ہیں بلا واسطہ خدا سے حضور ہی مدد لیتے ہیں اور تمام عالم مدد الٰہی، حضور کی وساطت سے لیتا ہے تو جس کامل کو خوبی ملی وہ حضور ہی کی مدد اور حضور ہی کے ہاتھ سے ملی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

شرح سیدی عثماوی میں ہے :

نعمتان ما خلا موجود منها، نعمة الايجاد، و نعمة الامداد ، هو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الواسطة فيهما اذ لولا سبقت وجوده ما وجد موجود و لو لا وجود نوره في ضمائر الكون لتهدمت دعائم الوجود فهو الذي وجد اولا و له تبع الوجود و صار مرتبطا به لا استغناء له عنه .

کوئی موجود دو نعمتوں سے خالی نہیں، نعمت ایجاد، نعمت امداد، اور ان دونوں میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی واسطہ ہیں کہ حضور پہلے موجود نہ ہو لیتے تو کوئی چیز وجود نہ پاتی اور عالم کے اندر حضور کا نور موجود نہ ہو تو وجود کے ستون ڈھے جائیں، تو حضور ہی پہلے موجود ہوئے اور تمام جہان حضور کا طفیلی اور حضور سے

وابستہ ہوا جسے کسی طرح حضور سے بے نیازی نہیں۔

خامساً: ہماری تقریر سے یہ بھی واضح ہوگیا کہ حضور خود نور ہیں تو حدیث مذکور میں نور نبیک کی اضافت بھی من نورہ کی طرح بیانیہ ہے۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اظہار نعمت الٰہیہ کے لیے عرض کی واجعلنی نورا (مجھے نور بنادے) اور خود رب العزت جل جلالہ نے قرآن عظیم میں ان کو نور فرمایا قد جاء کم من اللہ نور و کتاب مبین، پھر حضور کے نور ہونے میں کیا شبہ رہا۔

اقول: اگر نور نبیک، میں اضافت بیانیہ نہ لو بلکہ نور سے وہی معنی مشہور یعنی روشنی کہ عرض و کیفیت ہے، مراد لو تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اول مخلوق نہ ہوئے بلکہ ایک عرض وصفت، پھر وجود موصوف سے پہلے صفت کا وجود کیوں کر ممکن؟ لاجرم حضور ہی خود وہ نور ہیں کہ سب سے پہلے مخلوق ہوا۔

بالجملہ حاصل حدیث یہ ٹھہرا کہ اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات پاک کو اپنی ذات کریم سے پیدا کیا، یعنی عین ذات کی تجلی بلا واسطہ ہمارے حضور ہیں باقی سب ہمارے حضور کے نور وظہور ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وبارک وسلم۔

حضور کی تخلیق

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور بلا شبہ اللہ عزوجل کے نور ذاتی یعنی عین ذات الٰہی سے پیدا ہے، حاش للہ، یہ مسلمان کا عقیدہ کیا گمان بھی نہیں ہوسکتا کہ نور رسالت یا کوئی چیز معاذ اللہ ذات الٰہی کا جزء یا اس کا عین ونفس ہے، ایسا اعتقاد ضرور کفر وارتداد۔ مگر نور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اللہ عزوجل کا نور ذاتی کہنے سے نہ عین ذات یا جزء ذات ہونا لازم، نہ مسلمانوں پر بدگمانی جائز۔ نہ عرف عام علماء وعوام میں اس سے یہ معنی مفہوم، نہ نور ذات کہنے کو نور ذاتی کہنے پر کچھ ترجیح جس سے وہ جائز اور یہ ناجائز ہو۔

جسم انور کا سایہ نہ تھا

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے سایہ تھا یا نہیں؟

آپ نے فرمایا:

بے شک اس مہر سپہر اصطفاء، ماہ منیر اجتباء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے سایہ نہ تھا، اور یہ امر احادیث واقوال علمائے کرام سے ثابت اور اکابر جہابذ فضلاء مثل:

حافظ رزین محدث۔

وعلامہ ابن سبع صاحب شفاء الصدور۔

وامام علامہ قاضی عیاض صاحب کتاب الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ۔

وامام عارف باللہ سیدی جلال الملۃ والدین محمد بلخی رومی قدس سرہ۔

وعلامہ حسین بن محمد دیار بکری۔

واصحاب سیرت شامی وسیرت حلبی۔

وامام علامہ جلال الملۃ والدین سیوطی۔

وامام شمس الدین ابوالفرج ابن جوزی محدث صاحب کتاب الوفاء۔

وعلامہ شہاب الحق والدین خفاجی صاحب نسیم الریاض۔

وامام احمد بن محمد خطیب قسطلانی صاحب مواہب لدنیہ ومنح محمدیہ۔

وفاضل اجل محمد زرقانی مالکی شارح مواہب۔

وشیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی۔

وجناب شیخ مجدد الف ثانی فاروقی سرہندی۔

وبحر العلوم مولانا عبدالعلی لکھنوی۔

وشیخ الحدیث مولانا عبدالعزیز صاحب دہلوی، وغیرہم اجلۂ فاضلین ومقتدایان

کہ آج کل کے مدعیان خام کار کوان کی شاگردی بلکہ کلام سمجھنے کی بھی لیاقت نہیں، خلفاعن سلف دائما اپنی تصانیف میں اس کی تصریح کرتے آئے اور مفتیٔ عقل وقاضی نقل نے باہم اتفاق کر کے اس کی تاسیس وتشید کی۔

حدیث میں ہے حکیم ترمذی حضرت ذکوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لم يكن يرى له ظل في شمس و لا قمر.

یعنی سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سایہ نظر نہ آتا تھا دھوپ میں نہ چاندنی میں۔

سیدنا عبداللہ بن مبارک وحافظ علامہ ابن الجوزی رحمہما اللہ تعالیٰ حضرت سیدنا وابن سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں:

قال لم يكن لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ظل و لم يقم مع شمس قط الا غلب ضوء ه ضوء الشمس و لم يقم مع السراج قط الا غلب ضوء ه على ضوء السراج.

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے سایہ نہ تھا اور نہ کھڑے ہوئے آفتاب کے سامنے مگر یہ کہ ان کا نور عالم افروز خورشید کی روشنی پر غالب آ گیا اور نہ قیام فرمایا چراغ کی ضیاء میں مگر یہ کہ حضور کی تابش نور نے اس کی چمک کو دبا لیا۔

امام علام حافظ جلال الملۃ والدین سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب خصائص کبریٰ میں اس معنی کے لیے ایک باب وضع فرمایا اور اس میں حدیث ذکر کر کے نقل کیا۔

قال ابن سبع من خصائصه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان ظله كان لا يقع على الارض و انه كان نورا فكان اذا مشى فى الشمس او القمر لا ينظر له ظل قال بعضهم و يشهد له حديث قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى دعائه و اجعلنى نورا.

یعنی ابن سبع نے کہا حضور کے خصائص کریمہ سے ہے کہ آپ کا سایہ زمین پر نہ پڑتا اور آپ نور محض تھے تو جب دھوپ یا چاندنی میں چلتے آپ کا سایہ نظر نہ آتا، بعض علماء نے فرمایا اور اس کی شاہد ہے وہ حدیث کہ حضور نے اپنی دعاء میں عرض کی کہ مجھے نور کر دے۔

نیز انموذج اللبیب فی خصائص الحبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باب ثانی فصل رابع میں فرماتے ہیں:

لم يقع ظله على الارض و لارئ له ظل فى شمس و لا قمر، قال ابن سبع لانه كان نورا، قال رزين لغلبة انواره.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سایہ زمین پر نہ پڑا، حضور کا سایہ نظر نہ آیا نہ دھوپ میں نہ چاندنی میں، ابن سبع نے فرمایا اس لیے کہ حضور نور ہیں، امام رزین نے فرمایا اس لیے کہ حضور کے انوار سب پر غالب ہیں۔

امام علامہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شفاء شریف میں فرماتے ہیں :

و ما ذکر من انه لا ظل تشخصه فی شمس و لا قمر لانه کان نورا.

یعنی حضور کے دلائل نبوت و آیات رسالت سے ہے وہ بات جو مذکور ہوئی کہ آپ کے جسم انور کا سایہ نہ دھوپ میں ہوتا نہ چاندنی میں اس لیے کہ حضور نور ہیں۔

علامہ شہاب الدین خفاجی رحمہ اللہ تعالیٰ اس کی شرح نسیم الریاض میں فرماتے ہیں :

دھوپ اور چاندنی اور جو روشنیاں کہ ان میں بسبب اس کے کہ اجسام، انوار کے حاجب ہوتے ہیں لہٰذا ان کا سایہ نہیں پڑتا جیسا کہ انوار حقیقت میں مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ پھر حدیث کتاب الوفاء ذکر کر کے اپنی ایک رباعی انشاء کی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ سایہ احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دامن بسبب حضور کی کرامت وفضیلت کے زمین پر نہ کھینچا گیا اور تعجب ہے کہ باوجود اس کے تمام آدمی ان کے سایہ میں آرام کرتے ہیں۔ پھر فرماتے ہیں بہ تحقیق قرآن عظیم ناطق ہے کہ آپ نور روشن ہیں اور آپ کا بشر ہونا اس کے منافی نہیں جیسا کہ وہم کیا گیا اگر تو سمجھے تو وہ نور علیٰ نور ہیں۔

وہ رباعی یہ ہے :

ما جر لظل احمد اذیال

فی الارض کرامته کما قد قالوا

●

هذا عجب و کم به من عجب

و الناس بظله جمیعا قالوا

حضرت مولوی معنوی قدس سرہ القوی دفتر پنجم مثنوی شریف میں فرماتے ہیں :

چو فناش از فقر پیرایہ شود
او محمد وار بے سایہ شود

فقر ومحتاجی سے جب اسے فنا حاصل ہوگی تو یہ اس کے لیے زینت وآرائش ہوگی کیوں کہ وہ ایسے پیغمبر کا امتی ہے جس کا سایہ نہیں۔ (مولف)

مولانا بحرالعلوم نے شرح میں فرمایا :

درمصرع ثانی اشارہ بمعجزہ آں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ آں سرور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم را سایہ نمی افتاد۔

دوسرے مصرع میں حضور سرورکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزہ کی طرف اشارہ ہے کہ حضور کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا تھا۔ (مولف)

امام علامہ احمد بن محمد خطیب قسطلانی مواہب لدنیہ ومنح محمدیہ میں فرماتے ہیں :

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے سایہ نہ تھا دھوپ میں نہ چاندنی میں۔

اسے امام حکیم ترمذی نے ذکوان سے پھر ابن سبع کا حضور کے نور سے استدلال اور حدیث واجعلنی نورا سے استشہاد ذکر کیا۔

سایہ نہ ہونے میں حکمت

سیرت شامی میں ہے :

و زاد عن الامام الحکیم قال معناه لئلا لیطاء علیه کافر فیکون مذلة له .

یعنی امام ترمذی نے فرمایا اس میں حکمت یہ تھی کہ کوئی کافر سایہ اقدس پر پاؤں نہ رکھے۔

اقول، سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما تشریف لیے جاتے تھے، ایک یہودی حضرت کے گرد عجب حرکات اپنے پاؤں سے کرتا جاتا، اس سے دریافت فرمایا، بولا بات یہ ہے کہ اور تو کچھ ہم تم پر نہیں پاتے، جہاں جہاں تمھارا سایہ پڑتا ہے اسے اپنے پاؤں سے روندتا چلتا ہوں۔

ایسے خبیثوں کی شرارتوں سے حضرت حق عز جلالہ نے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو محفوظ فرمایا، نیز اسی طرح سیرت حلبیہ میں ہے۔

محمد زرقانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرح میں فرماتے ہیں۔

حضور کے لیے سایہ نہ تھا اور وجہ اس کی یہ ہے کہ حضور نور ہیں جیسا کہ ابن سبع نے کہا۔

اور حافظ رزین محدث فرماتے ہیں :

سبب اس کا یہ تھا کہ حضور کا نور ساطع تمام انوار عالم پر غالب تھا، اور بعض علماء نے کہا کہ حکمت اس کی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بچانا ہے اس سے کہ کسی کافر کا پاؤں ان کے سایہ پر پڑے۔

علامہ حسین بن دیار بکری کتاب الخمیس فی احوال انفس نفیس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، النوع الرابع ما اختص صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم به من الکرامات میں فرماتے ہیں :

لم یقع ظل علی الارض و لاری له ظل فی شمس و لا قمر.

حضور کا سایہ زمین پر نہ پڑتا نہ دھوپ میں نہ چاندنی میں نظر آتا۔

بعینہٖ اسی طرح کتاب نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی الاطہار میں ہے۔

امام نسفی تفسیر مدارک شریف میں زیر قولہ تعالیٰ **لولا اذ سمعتموه ظن المومنون و المومنات بانفسهم خیرا** فرماتے ہیں۔

قال عثمان رضی الله تعالیٰ عنه ان الله ما اوقع ظلک علی الارض لئلا یضع انسان قدمه علی ذلک الظل .

امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی بیشک اللہ تعالیٰ نے حضور کا سایہ زمین پر نہ ڈالا کہ کوئی شخص اس پر پاؤں نہ رکھ دے۔

حضور نور ہیں اور نور کا سایہ نہیں ہوتا

امام ابن حجر مکی افضل القری میں زیر قول ماتن قدس سرہ، لم یاووک فی علاک و قد حال سنامک دونهم و سناء (انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام فضائل میں حضور کے برابر نہ ہوئے حضور کی چمک اور رفعت، حضور تک ان کے پہنچنے سے مانع ہوئی) فرماتے ہیں۔

هو مقتبس من تسمیته تعالیٰ لنبیه نورا فی نحو قدجاء کم من الله نور و کتاب مبین و کان صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یکثر الدعاء بان الله یجعل کلا من حواسه و اعضائه و بدنه نورا اظهارا لوقوع ذلک و تفضل الله تعالیٰ علیه به لیزداد شکره و شکر امته علی ذلک کما امرنا بالدعاء الذی فی آخر البقرة مع وقوعه و تفضل الله تعالیٰ به لذلک و مما یوید انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صار نورا و انه کان اذا مشی فی الشمس و القمر لا یظهر له ظل لانه لا یظهر الا لکثیف و هو صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قد خلصه الله من سائر الکثافات الجسمانیة و صیره نورا صرفا لا یظهر له ظل اصلاً.

یعنی یہ معنی اس لیے لیے گئے ہیں کہ اللہ عزوجل نے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام نور رکھا مثلاً اس آیت میں کہ بے شک تمہارے پاس اللہ کی طرف سے نور تشریف لائے اور روشن کتاب، اور حضور اقدس

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بکثرت یہ دعا فرماتے کہ الٰہی میرے تمام حواس و اعضاء، سارے بدن کو نور کر دے، اوراس دعاء سے یہ مقصود نہ تھا، کہ نور ہونا ابھی حاصل نہ تھا اس کا حصول مانگتے تھے بلکہ یہ دعاء اس امر کے ظاہر فرمانے کے لیے تھی کہ واقع میں حضور کا تمام جسم پاک نور ہے اور یہ فضل اللہ عزّوجل نے حضور پر کر دیا جیسے ہمیں حکم ہوا ہے کہ سورۂ بقرہ شریف کے آخر کی دعاء عرض کریں وہ بھی اسی اظہار وقوع وحصول فضل الٰہی کے لیے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور محض ہوجانے کی تائید اس سے ہے کہ دھوپ یا چاندنی میں حضور کا سایہ نہ پیدا ہوتا اس لیے کہ سایہ تو کثیف کا ہوتا ہے اور حضور کو اللہ تعالیٰ نے تمام جسمانی کثافتوں سے خالی کر کے نرا نور کر دیا لہٰذا حضور کے لیے سایہ اصلاً نہ تھا۔

علامہ سلیمان جمل فتوحات احمدیہ شرح ہمزیہ میں فرماتے ہیں :

لم یکن له صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ظل یظهر فی شمس و لا قمر.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سایہ نہ دھوپ میں ہوتا نہ چاندنی میں۔

فاضل محمد بن فہمیہ کی، اسعاف الراغبین فی سیرت المصطفیٰ واہل بیت الطاہرین میں ذکر خصائص نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ہے۔

و انه لا فیٔ له .

حضور کا ایک خاصہ یہ کہ حضور کے لیے سایہ نہ تھا۔

مجمع البحار میں برمز ''ش'' یعنی زبدہ شرح شفاء شریف میں ہے :

من اسمائه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم النور قیل من خصائصه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انه اذا مشی فی الشمس و القمر لا یظهر له ظل .

حضور کا ایک نام مبارک نور ہے حضور کے خصائص سے شمار کیا گیا کہ دھوپ اور چاندنی میں چلتے تو سایہ نہ پیدا ہوتا۔

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ العزیز مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں:

ونبود مر آں حضرت را صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سایہ نہ در آفتاب ونہ در قمر۔

رواہ الحکیم الترمذی عن ذکوان فی نوادر الاصول۔

وعجب است ازیں بزرگاں کہ ذکر نہ کردند چراغ را ونور یکے از اسماء آں حضرت است صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ونور را سایہ نمی باشد۔

سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سایہ سورج اور چاند کی روشنی میں نہ تھا، اسے حکیم ترمذی نے نوادر الاصول میں ذکوان سے روایت کیا۔

اور تعجب یہ ہے کہ ان بزرگوں نے اس ضمن میں چراغ کا ذکر نہیں کیا اور نور حضور کے اسماء مبارکہ میں سے ہے اور نور کا سایہ نہیں ہوتا۔

جناب شیخ مجدد جلد سوم مکتوبات، مکتوب صدم میں فرماتے ہیں:

اور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سایہ نبود در عالم شہادت سایہ ہر شخص از شخص لطیف تر است، چوں لطیف ترے از وے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم در عالم نباشد اورا سایہ چہ صورت دارد۔

سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سایہ نہ تھا، عالم شہادت میں ہر شخص کا سایہ اس سے بہت لطیف ہوتا ہے اور چوں کہ جہاں بھر میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کوئی چیز لطیف نہیں ہے لہذا آپ کا سایہ کیوں کر ہو سکتا ہے؟

نیز اسی کے آخری مکتوب ۱۲۲ میں فرماتے ہیں :

واجب را تعالیٰ چرا ظل بود کہ ظل موہم تولید مثل است ومنبی از شائبہ عدم کمال لطافت اصل، ہر گاہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم را از لطافت ظل نہ بود خدائے محمد را چگونہ ظل باشد۔

اللہ تعالیٰ کا سایہ کیوں کر ہو، سایہ تو وہم پیدا کرتا ہے کہ اس کی کوئی مثل ہے اور یہ شائبہ ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ میں کمال لطافت نہیں ہے، دیکھئے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کمال لطافت کی وجہ سے سایہ نہ تھا تو خدائے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سایہ کیوں کر ممکن ہے۔

مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب تفسیر عزیزی سورۂ والضحیٰ میں لکھتے ہیں :

سایۂ ایشاں برزمیں نمی افتاد۔

آپ کا سایہ زمین پر نہ پڑا۔

دلیل عقلی ونقلی سے حضور کے نور ہونے کا ثبوت

فقیر (امام احمد رضا بریلوی) کہتا ہے غفر اللہ لہ، استدلال امام ابن سبع کا حضور کے سراپا نور ہونے سے جس پر بعض علماء نے حدیث **و اجعلنی نورا** سے استشہاد اور علمائے لاحقین نے اسے اپنے کلمات میں بنظر احتجاج یاد کیا۔

ہمارے مدعا پر دلیل واضحہ یہ ہے۔ دلیل شکل اول بدیہی الانتاج دو مقدموں سے مرکب۔

صغریٰ یہ کہ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نور ہیں۔

اور کبریٰ یہ کہ، نور کے لیے سایہ نہیں۔

جو ان دونوں مقدموں کو تسلیم کرے گا۔

نتیجہ، یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے سایہ نہ تھا۔

آپ ہی پائے گا، مگر دونوں مقدموں میں کوئی مقدمہ ایسا نہیں جس میں مسلمان ذی عقل کو گنجائش گفتگو ہو، کبریٰ تو ہر عاقل کے نزدیک بدیہی اور مشاہدۂ بصر وشہادت بصیرت سے ثابت، سایہ اس جسم کا پڑے گا جو کثیف ہو اور انوار کو اپنے ماوراء سے حاجب، نور کا سایہ پڑے تو تنویر کون کرے، اس لیے دیکھو آفتاب کے لیے سایہ نہیں۔ اور صغریٰ یعنی حضور والا کا نور ہونا مسلمان کا تو ایمان ہے حاجت بیان حجت نہیں مگر تبکیت معاندین کے لیے اس قدر اشارہ ضرور کہ حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ فرماتا ہے۔

یا ایھا النبی انا ارسلناک شاھدا و مبشرا و نذیرا و داعیا الی اللہ باذنہ و سراجا منیرا.

اے نبی! ہم نے تمھیں بھیجا گواہ اور خوش خبری دینے والا اور ڈر سنانے والا اور خدا کی طرف بلانے والا اور چراغ چمکتا۔

یہاں ''سراج'' سے مراد چراغ ہے یا ماہ یا مہر، سب صورتیں ممکن ہیں اور خود قرآن عظیم میں آفتاب کو سراج فرمایا۔

و جعل القمر فیھن نورا و جعل الشمس سراجا.

اور بنایا پروردگار نے چاند کو نور آسمانوں میں اور بنایا سورج کو چراغ۔

اور فرماتا ہے :

قد جاء کم من اللہ نور و کتاب مبین.

بتحقیق آیا تمھارے پاس خدا کی طرف سے ایک نور اور کتاب روشن۔

علماء فرماتے ہیں، یہاں نور سے مراد محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔

اسی طرح آیہ کریمہ و النجم اذا ھوی میں امام جعفر صادق اور آیہ کریمہ و ما ادراک ما الطارق النجم الثاقب میں بعض مفسرین نجم اور نجم الثاقب سے ذات پاک سید لولاک مراد لیتے ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

دعائے نور

بخاری و مسلم وغیرہما کی احادیث میں بروایت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک دعا منقول جس کا خلاصہ یہ ہے۔

اللھم اجعل فی قلبی نورا و فی بصری نورا و فی سمعی نورا و فی عصبی نورا و فی لحمی نورا و فی دمی نورا و فی شعری نورا و فی بشری نورا و عن یمینی نورا و عَن شمالی نورا و امامی نورا و خلفی نورا و فوقی نورا و تحتی نورا و اجعلنی نورا.

کہ الٰہی میرے دل اور میری جان اور میری آنکھ اور میرے کان اور میرے گوشت و پوست وخون و استخواں اور میرے زیر و بالا و پس و پیش و چپ و راست اور ہر عضو میں نور اور خود مجھے نور کر دے۔

جب وہ یہ دعاء فرماتے اور ان کے سننے والے نے انھیں ضیائے تابندہ و مہر درخشندہ و نور الٰہی کہا پھر اس جناب کے نور ہونے میں مسلمان کو کیا شبہ رہا؟

نورنبی کی چمک وتابش

حدیث ابن عباس میں ہے کہ ان کا نور چراغ و خورشید پر غالب آتا۔

اب خدا جانے غالب آنے سے یہ مراد ہے کہ ان کی روشنیاں اس کے حضور پھیکی پڑ جاتیں جیسے

چراغ پیش مہتاب، یا یکسر ناپدید و کالعدم ہو جاتیں جیسے ستارے حضور آفتاب۔

ابن عباس کی حدیث میں ہے۔

و اذا تکلم کالنور یخرج من بین ثنایاہ .

جب کلام فرماتے دانتوں سے نور چھنتا نظر آتا۔

وصاف کی حدیث میں وارد ہے۔

یتلألؤ وجھہ تلألؤ القمر لیلۃ البدر اقنی العرنین لہ نور یعلوہ یحسبہ من لم یتأملہ اشم انور المتجرد.

یعنی حضور کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح چمکتا، بلند بینی تھی اور اس پر ایک نور کا بکا متجلی رہتا کہ آدمی خیال نہ کرے تو ناک اس روشن نور کے سبب بہت اونچی معلوم ہو، کپڑوں سے باہر جو بدن تھا یعنی چہرہ اور ہتھیلیاں وغیرہ نہایت روشن و تابندہ تھا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

کان الشمس تجری فی وجھہ .

گویا آفتاب ان کے چہرے میں رواں تھا۔

اور فرماتے ہیں :

اذا ضحک یتلألؤ الجدر .

جب حضور ہنستے دیواریں روشن ہو جاتیں۔

ربیع بنت معوذ فرماتی ہیں :

لو رأيته لقلت الشمس طالعة .

اگرتوانھیں دیکھتا، کہتا آفتاب طلوع کررہا ہے۔

ابوقرصافہ کی ماں اور خالہ فرماتی ہیں:

رأينا كالنور يخرج من فيه .

ہم نے نور سا نکلتے دیکھا ان کے دہان پاک سے۔

وقت ولادت نور حضور

احادیث کثیرہ مشہورہ میں وارد جب حضور پیدا ہوئے ان کی روشنی سے بصرہ اور روم وشام کے محل روشن ہوگئے، چند روایتوں میں ہے۔

اضاء له ما بين المشرق و المغرب .

شرق سے غرب تک منور ہوگیا۔

اور بعض میں ہے :

امتلأت الدنيا كلها نورا.

تمام دنیا نور سے بھرگئی۔

آمنہ حضور کی والدہ فرماتی ہیں :

رأيت نورا ساطعا من رأسه قد بلغ السماء .

میں نے ان کے سر سے ایک نور بلند ہوتا دیکھا کہ آسمان تک پہنچا۔

سوزن گم شدہ مل گئی

ابن عسا کر نے ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی،

میں سیتی تھی، سوئی گر پڑی، تلاش کی نہ ملی، اتنے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے حضور کے نور رخ کی شعاع سے سوئی ظاہر ہوگئی۔

علامہ فاسی مطالع المسرات میں علامہ ابن سبع سے نقل کرتے ہیں:

كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يضىء البيت المظلم من نوره .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے خانہ تاریک روشن ہو جاتا۔

بشریت نورانیت کے منافی نہیں

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

وہ بشر ہیں مگر عالم علوی سے لاکھ درجہ اشرف اور جسم انسانی رکھتے ہیں مگر ارواح وملائکہ سے ہزار جگہ الطف، وہ خود فرماتے ہیں۔

لست كمثلكم.

میں تم جیسا نہیں۔

و يروى لست كهيئتكم .

میں تمھاری ہیئت پر نہیں۔

و يروى ايكم مثلى .

تم میں سے کون مجھ جیسا ہے۔

آخر علامہ خفاجی کا ارشاد نہ سنا کہ حضور کا بشر ہونا نور درخشندہ ہونے کے منافی نہیں کہ اگر تو سمجھے تو وہ نور علیٰ نور ہیں، پھر صرف اس قیاس فاسد پر کہ ہم سب کا سایہ ہوتا ہے، ان کا بھی ہوگا، ثبوت سایہ ماننا یا اس کی نفی میں کلام کرنا عقل وادب سے کس قدر دور پڑتا ہے۔

الا ان محمدا بشر لا کالبشر

بل ھو یاقوت بین الحجر

حضور انسانوں میں ایسے ہیں جیسے یاقوت پتھروں کے درمیان، یعنی حضور افضل البشر ہیں جیسے یاقوت، پتھروں میں ممتاز ومنفرد ہے اسی طرح حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عام انسانوں سے افضل و اعلیٰ ہیں ان کے مثل کوئی نہیں وہ کسی کے مثل نہیں۔(مولف) (نفی الفئی عمن استنار بنورہ کل شئ)

فرشتوں کا بھی سایہ نہیں

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

مطالع المسرات شریف میں امام اہلسنت سیدنا امام ابوالحسن اشعری سے ہے

انه تعالیٰ نور لیس کالانوار و الروح النبویة القدسیة لمعة من نوره و الملائکة شرر تلک الانوار.

اللہ تعالیٰ نور ہے لیکن انوار کی طرح نہیں اور روح نبویہ قدسیہ اسی نور کی ایک چمک وتابش ہے اور فرشتے نور محمدی کے شرارے اور شعاعیں ہیں۔ (مولف)

پھر اس کی تائید میں حدیث کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اول ما خلق اللہ نوری و من نوری خلق کل شی .

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے میرے نور کو پیدا فرمایا اور میرے نور سے ہر چیز کی تخلیق ہوئی۔

(مولف)

جب ملائکہ کہ حضور کے نور سے بنے، سایہ نہیں رکھتے تو حضور کہ اصل نور ہیں جن کی ایک جھلک سے سب ملک بنے، کیوں کر سایہ سے منزہ نہ ہوں گے۔ عجب کہ ملائکہ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے بنے، بے سایہ ہوں اور مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ نور الٰہی سے بنے، سایہ رکھیں؟

حدیث میں ہے کہ آسمانوں میں چار انگل جگہ نہیں جہاں کوئی فرشتہ اپنی پیشانی رکھے سجدہ میں نہ ہو، ملائکہ کے سایہ ہوتا تو آفتاب کی روشنی ہم تک کیوں کر پہنچتی، یا شاید پہنچتی تو ایسی جیسے گھنے پیڑ میں سے چھن کر خال خال نہ کیا نور کی، سائے کے اندر نظر آتی ہیں، ملائکہ تو لطیف تر ہیں، نار کے لیے، سایہ نہیں بلکہ ہوا کے لیے سایہ نہیں بلکہ نسیم کی ہوا کہ ہوائے بالا سے کثیف تر ہے، اس کا بھی سایہ نہیں ورنہ روشنی کبھی نہ ہوتی بلکہ ہوا میں ہزاروں لاکھوں ذرے اور قسم قسم کے جانور بھرے پڑے ہیں کہ خوردبین سے نظر آتے ہیں اور بعض بے خوردبین بھی، جب کہ دھوپ کسی بند مکان میں روزن سے داخل ہو ان میں کسی کے سایہ نہیں، یہ سب تو قبول کر لیں گے مگر محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تن اقدس کی ایسی لطافت کس دل سے گوارا ہو کہ حضور کے لیے سایہ نہ تھا، جانے دو یہاں ان ذروں کی اور جانوروں کی باریکی جسم کا حیلہ لو گے، آسمان میں کیا کہو گے؟ اتنا بڑا جسم عظیم کہ تمام زمین کو محیط اور اس کا ایک ذرا سا ٹکڑا، جس میں آفتاب ہے سارے کرۂ زمین سے تین سو چھتیس حصے بڑا ہے، اسی کا سایہ دکھا دیجیے اس کا سایہ پڑتا تو قیامت تک تمہیں دن کا منھ دیکھنا نصیب نہ ہوتا، ہاں ہاں یہی جو نیلگوں چھت ہمیں نظر آتی ہے یہی پہلا آسمان ہے، قرآن عظیم یہی بتاتا ہے۔

قال تعالیٰ، افلم ینظروا الی السماء فوقھم کیف بنینھا و زینھا و ما لھا من فروج.

کیا نہیں دیکھتے اپنے اوپر آسمان کو ہم نے اسے کیسا بنایا اور آراستہ کیا اور اس میں کہیں شگاف نہیں۔

اور فرماتا ہے:

و زینھا للنظرین.

ہم نے آسمان کو دیکھنے والوں کے لیے آراستہ کیا۔ (صلاۃ الصفاء فی نور المصطفیٰ)

عدم سایہ کا ثبوت اور امام احمد رضا کا عشق بھرا پیغام

حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم اقدس کے سایہ سے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے فرزندان اسلام کے لیے جو عشق وعرفان میں ڈوبا ہوا پیغام نشر فرمایا وہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہے جس سے ان کے عشق رسالت اور ملت اسلامیہ کے لیے ان کے درد و کرب کا اندازہ ہوتا ہے انھوں نے ہر حال و ہر گام پر محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت و بزرگی کا خطبہ پڑھا اور ہر اس موڑ سے فرزندان توحید کو بچانے کی سعی بلیغ فرمائی جہاں انھوں نے لغزش پا کا شکار ہو کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت و رفعت کا انکار کیا یا کسی طرح کی کوئی تخفیف و توہین کی۔ اصل سوال کے جواب کے ساتھ امام احمد رضا بریلوی کے ناصحانہ کلمات و مومنانہ بصیرت ملاحظہ فرمائیں۔

بے شک اس مہر سپہر اصطفا، ماہ منیر اجتباء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے سایہ نہ تھا اور یہ امر احادیث واقوال ائمہ کرام سے ثابت، اکابر ائمہ وعلماء وفضلاء کہ آج کل کے مدعیان خام کاروں کی شاگردی بلکہ ان کے کلام کے سمجھنے کی لیاقت نہیں، خلفا سلفا دائما اپنی تصانیف میں اس معنی کی تصریح فرماتے آئے اور

اس پر دلائل باہرہ وحجج قاہرہ قائم فرمائے، جن پر مفتی عقل وقاضی نقل نے باہم اتفاق کر کے ان کی تاسیس و تشید کی، آج تک کسی عالم دین سے اس کا انکار منقول نہ ہوا، یہاں تک کہ وہ لوگ پیدا ہوئے جنھوں نے دین میں ابتداع اور نیا مذہب اختراع اور ہوائے نفس کا اتباع کیا، اور بہ سبب اس سوء رنجش کے جوان کے دلوں میں اس رؤف رحیم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے تھی، ان کے محو فضائل ورد معجزات کی فکر میں پڑے حتی کہ معجزہ شق القمر جو بخاری ومسلم کی احادیث صحیحہ بلکہ خود قرآن عظیم ووحی حکیم کی شہادت حقہ اور اہل سنت و جماعت کے اجماع سے ثابت، ان صاحبوں میں سے بعض جری بہادروں نے اسے بھی غلط ٹھہرایا اور اسلام کی پیشانی پر کلف کا دھبہ لگایا، فقیر (امام احمد رضا بریلوی) کو حیرت ہے کہ ان بزرگواروں نے اس میں اپنا کیا فائدہ دینی یا دنیاوی سمجھا ہے۔

اے عزیز! ایمان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت سے مربوط ہے اور آتش جاں سوز جہنم سے نجات ان کی الفت پر منوط (منحصر) جوان سے محبت نہیں رکھتا واللہ! کہ ایمان کی بو اس کے مشام تک نہ آئی۔ وہ خود فرماتے ہیں۔

لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ و الناس اجمعین۔

تم میں سے کسی کو ایمان حاصل نہیں ہوتا جب تک میں اس کے ماں باپ اور اولاد سب آدمیوں سے زیادہ پیارا نہ ہوں۔

اور آفتاب نیم روز کی طرح روشن کہ آدمی ہمہ تن اپنے محبوب کے نشر فضائل وتکثیر مدائح میں مشغول رہتا ہے اور جو بات اس کی خوبی اور تعریف کی سنتا ہے، کیسی خوشی اور طیب خاطر سے اظہار کرتا ہے، سچی فضیلتوں کا مٹانا اور شام وسحر نفی اوصاف کی فکر میں رہنا، کام دشمن کا ہے نہ کہ دوست کا۔

جان برادر! تو نے کبھی سنا ہے کہ جس شخص کو تجھ سے الفت صادقہ ہے وہ تیری اچھی بات سن کر

چیں بہ جبیں ہو اور اس کے محو کی فکر میں رہے اور پھر محبوب بھی کیسا جان ایمان و کان احسان، جس کے جمال جہاں آرا کا نظیر کہیں نہ ملے گا۔ اور خامۂ قدرت نے اس کی تصویر بنا کر ہاتھ کھینچ لیا کہ پھر کبھی ایسا نہ لکھے گا، کیسا محبوب! جسے اس کے مالک نے تمام جہان کے لیے رحمت بھیجا، کیسا محبوب! جس نے اپنے تن پر ایک عالم کا بار اٹھالیا، کیسا محبوب! جس نے تمھارے غم میں دن کا کھانا رات کا سونا ترک کر دیا، تم رات دن اس کی نافرمانیوں میں منہمک اور لہو و لعب میں مشغول ہو اور وہ تمھاری بخشش کے لیے شب و روز گریاں و ملول۔

شب، کہ اللہ جل جلالہ نے آسائش کے لیے بنائی، اپنے تسکین بخش پردے چھوڑے ہوئے موقوف ہے، صبح قریب ہے، ٹھنڈی نسیموں کا پنکھا ہو رہا ہے، ہر ایک کا جی اس وقت آرام کی طرف جھکتا ہے، بادشاہ اپنے گرم بستروں، نرم تکیوں میں مست خواب ناز ہے اور جو محتاج بے نوا ہے اس کے بھی پاؤں دو گز کی کمل میں دراز ایسے سہانے وقت، ٹھنڈے زمانہ میں، وہ معصوم، بے گناہ، پاک داماں، عصمت پناہ اپنی راحت و آسائش کو چھوڑ کر، خواب و آرام سے منہ موڑ، جبین نیاز آستانۂ عزت پر رکھے ہے کہ الٰہی! میری امت سیاہ کار ہے، درگزر فرمانا اور ان کے تمام جسموں کو آتش دوزخ سے بچا۔

جب وہ جان راحت کان رافت پیدا ہوا، بارگاہ الٰہی میں سجدہ کیا اور رب ھب لی امتی فرمایا، جب قبر شریف میں اتارا، لب جاں بخش کو جنبش تھی بعض صحابہ نے کان لگا کر سنا آہستہ آہستہ امتی فرماتے تھے۔ قیامت کے روز کہ عجب سختی کا دن ہے، تانبے کی زمین، ننگے پاؤں، زبانیں پیاس سے باہر، آفتاب سروں پر، سائے کا پتہ نہیں، حساب کا دغدغہ، ملک قہار کا سامنا، عالم اپنی فکر میں گرفتار ہوگا، مجرمان بے یار دام آفت کے گرفتار، جدھر جائیں گے سوا نفسی نفسی اذھبوا إلى غيري کچھ جواب نہ پائیں گے، اس وقت یہی محبوب غم گسار کام آئے گا، قفل شفاعت اس کے زور بازو سے کھل جائے گا، عمامہ سر اقدس سے اتاریں گے اور سربسجود ہو کر امتی فرمائیں گے۔

وائے بے انصافی! ایسے غم خوار پیارے کے نام پر جان نثار کرنا اور مدح و ستائش و نشر فضائل سے

اپنی آنکھوں کو روشنی اور دل کو ٹھنڈک دینا واجب یا یہ کہ حتی الوسع چاند پر خاک ڈالے اور ان روشن خوبیوں میں انکار کی شاخیں نکالے۔

مانا کہ ہمیں احسان شناسی سے حصہ نہ ملا، نہ قلب عشق آشنا ہے کہ حسن پسند یا احسان دوست، مگر یہ تو وہاں چل سکے جس کا احسان اگر نہ مانیئے، اس کی مخالفت کیجیے تو کوئی مضرت نہ پہنچے اور یہ محبوب تو ایسا ہے کہ بے اس کی کفش بوسی کے جہنم سے نجات میسر نہ دنیا و عقبیٰ میں کہیں ٹھکانا متصور، پھر اگر اس کے حسن واحسان پر والہ وشیدا نہ ہو تو اپنے نفع وضرر کے لحاظ سے عقیدت رکھو۔

اے عزیز! چشم خرد میں سرمۂ انصاف لگا اور گوش قبول سے پنبۂ انکار نکال، پھر تمام اہل اسلام بلکہ ہر مذہب وملت کے عقلاء سے پوچھتا پھر کہ عشاق کا اپنے محبوب کے ساتھ کیا طریقہ ہوتا ہے اور غلاموں کو مولیٰ کے ساتھ کیا کرنا چاہیئے۔ آیا نشر فضائل وتکثیر مدائح اور ان کی خوبی حسن سن کر باغ باغ ہو جانا، جامے میں پھولا نہ سمانا یا رد محاسن، نفی کمالات اور ان کے اوصاف حمیدہ سے بہ انکار وتکذیب پیش آنا، اگر ایک عاقل منصف بھی تجھ سے کہہ دے کہ نہ وہ دوستی کا مقتضا نہ یہ غلامی کے خلاف ہے تو تجھے اختیار ہے ورنہ خدا اور رسول سے شرما اور اس حرکت بے جا سے باز آ۔ یقین جان لے کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خوبیاں تیرے مٹائے نہ مٹیں گی۔

جان برادر! اپنے ایمان پر رحم کر، خدائے قہار جبار جل جلالہ سے لڑائی نہ باندھ، وہ تیرے اور تمام جہان کی پیدائش سے پہلے ازل میں لکھ چکا **و رفعنا لک ذکرک** یعنی ارشاد ہوتا ہے اے محبوب ہمارے ہم نے تمہارے لیے تمہارا ذکر بلند کیا کہ جہاں ہماری یاد ہوگی تمہارا بھی چرچا ہوگا اور ایمان بے تمہاری یاد کے ہرگز پورا نہ ہوگا، آسمانوں کے طبقے اور زمینوں کے پردے تمہارے نام نامی سے گونجیں گے، موذن اذانوں اور خطیب خطبوں اور ذاکرین اپنی مجالس اور واعظین اپنے منابر پر ہمارے ذکر کے ساتھ تمہاری یاد کریں گے، اشجار واحجار، آہو وسوسمار ودیگر جاندار واطفال شیر خوار ومعبودان کفار جس طرح ہماری

توحید بتائیں گے ویسا ہی بزبان فصیح و بیان صحیح تمھارا منشور رسالت پڑھ کر سنائیں گے، چار اکناف عالم میں **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** کا غلغلہ ہوگا، جزء لایتجزٰی ازل ہر ذرہ کلمۂ شہادت پڑھتا ہوگا، مسبحان ملأ اعلیٰ کو ادھر اپنی تسبیح و تقدیس میں مصروف کروں گا، ادھر تمھارے محمود درود و مسعود کا حکم دوں گا، عرش وکرسی ہفت اوراق سدرہ، قصور جناں، جہاں پر ''اللہ'' لکھوں گا ''محمد رسول اللہ'' بھی تحریر فرماؤں گا، اپنے پیغمبروں اور اولوالعزم رسولوں کو ارشاد کروں گا کہ ہر وقت تمھارا دم بھریں اور تمھاری یاد سے اپنی آنکھوں کو روشنی اور جگر کو ٹھنڈک اور قلب کو تسکین اور بزم کو تزئین دیں۔

جو کتاب نازل کروں گا اس میں تمھاری مدح و ستائش اور جمال صورت و کمال سیرت ایسی تشریح و توضیح سے بیان کروں گا کہ سننے والوں کے دل بے اختیار تمھاری طرف جھک جائیں گے اور نادیدہ تمھارے عشق کی شمع ان کے کانوں، سینوں میں بھڑک اٹھے گی، ایک عالم اگر تمھارا دشمن ہو کر تمھاری تنقیص شان اور محو فضائل میں مشغول ہو تو میں قادر مطلق ہوں، میرے ساتھ کسی کا کیا بس چلے گا، آخر اسی وعدے کا اثر تھا کہ یہود صدہا برس سے اپنی کتابوں سے ان کا ذکر نکالتے اور چاند پر خاک ڈالتے ہیں تو اہل ایمان اس بلند آواز سے ان کی نعت سناتے ہیں کہ سامع اگر انصاف کرے بے ساختہ پکار اٹھے، لاکھوں بے دینوں نے ان کے محو فضائل پر کمر باندھی مگر مٹانے والے خود مٹ گئے اور ان کی خوبی روز بروز مترقی رہی، پھر اپنے مقصود سے تو یاس و ناامیدی کر لینا مناسب ہے ورنہ برب کعبہ ان کا کچھ نقصان نہیں، بالآخر ایک دن تو نہیں ، تیرا ایمان نہیں۔

اے عزیز! سلف صالح کی روش اختیار کر اور ان کے قدم پر قدم رکھ، ائمہ دین کا وطیرہ ایسے معاملات میں دائما تسلیم و قبول رہا ہے، جب کسی ثقہ معتمد علیہ نے کوئی معجزہ یا خاصہ کا ذکر کیا، اسے مرحبا کہہ کر لیا اور حبیب جان میں بہ طیب خاطر جگہ دی یہاں تک کہ اگر اپنے آپ احادیث میں اس کی اصل نہ پائی، قصور اپنی نظر کا جانا، یہ کبھی نہ کہا کہ غلط ہے، باطل ہے، کسی حدیث میں وارد نہیں، نہ یہی ہوا کہ جب حدیث

سے ثبوت نہ ملا تھا اس کے ذکر سے باز رہتے بلکہ اسی طرح اپنی تصانیف میں اس ثقہ کے اعتماد پر اسے لکھتے آئے، اور کیوں نہ ہو، مقتضیٰ عقل سلیم کا یہی ہے کہ۔

فائدہ جلیلہ

جب ہم اسے ثقہ معتمد علیہ مان چکے اور وقوع ایسے معجزے کا باختصاص ایسے خاصہ کا ذات پاک سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بعید نہیں کہ اس سے عجب تر معجزات بہ تواتر حضور سے ثابت اور ان کا رب اس سے زیادہ پر قادر، اور ان کے لیے اس سے بہتر خصائص بالقطع مہیا اور ان کی شان اس سے بھی ارفع واعلیٰ، پھر انکار کی وجہ کیا ہے، تکذیب میں تو اس راوی سے ثقہ معتمد علیہ ہونا ثابت ہو چکا اور وثوق واعتماد اس کا بتاتا ہے کہ اگر من عندنفسہ کہہ دیتا، خدا اور رسول پر مفتری ہوتا۔

و من اظلم ممن افتری علی اللہ کذبا

اور اس سے بڑھ کر ظالم کون جو اللہ پر جھوٹ باندھے۔

پھر دلائل وتمثیلات کے بعد امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

اے عزیز! سنا تو نے، یہ ہے طریقہ اراکین دین متین واساطین شرع متین، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ومحبت میں، نہ یہ کہ جو معجزہ وخاصہ حضور کی احادیث صحیحہ سے ثابت اور اکابر علماء برابر اپنی تصانیف معتبرہ مستندہ میں، جن کا اعتبار واستناد آفتاب نیم روز سے روشن تر ہے، بلانکیر ومنکر اس کی تصریح کرتے آئے ہوں اور اس کے ساتھ عقل سلیم نے ان پر وہ دلائل ساطعہ قائم کیے ہوں جن پر کوئی حرف نہ رکھ سکے، بایں ہمہ اس سے انکار کیجیے اور حق ثابت کے رد پر اصرار، حالاں کہ ان حدیثوں میں کوئی سقم مقبول و جرح معقول می دارد، نہ ان ائمہ کے مستند بادلائل معتمد ہونے میں کلام کرسکو، پھر اس مکابرہ کج بحثی اور تحکم و زبردستی کا کیا علاج، زبان ہر ایک کی اس کے اختیار میں ہے، چاہے دن کو رات کہہ دے یا شمس کو ظلمات۔

آخرتم جو انکار کرتے ہو تو تمھارے پاس بھی کوئی دلیل ہے یا فقط اپنے منھ سے کہہ دینا، اگر بفرض محال حدیثیں اس باب میں وارد ہوئیں، نا معتبر ہوں، اور جن جن علماء نے اس کی تصریح فرمائی انھیں بھی قابل اعتماد نہ مانو اور جو دلائل قاطعہ اس پر قائم ہوئے وہ بھی صالح التفات نہ کہے جائیں تا ہم انکار کا کیا ثبوت اور وجود سایہ کا کس بناء پر، اگر کوئی حدیث اس بارے میں آئی ہو تو دکھاؤ یا گھر بیٹھے تمھیں الہام ہوا ہے تو بتاؤ، مجرد ماو من پر قیاس تو ایمان کے خلاف ہے۔

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

وہ بشر ہیں مگر عالم علوی سے لاکھ درجہ اشرف واحسن، وہ انسان ہیں مگر ارواح وملائکہ سے ہزار درجہ الطف، وہ خود فرماتے ہیں

لست مثلکم .

میں تم جیسا نہیں۔

و یروی لست کھیئتکم .

میں تمھاری ہیئت پر نہیں۔

و یروی ایکم مثلی .

تم میں کون مجھ جیسا ہے۔

آخر علامہ خفاجی کو فرماتے سنا، آپ کا بشر ہونا اور نور درخشندہ ہونا منافی نہیں کہ اگر سمجھے تو وہ نور علیٰ نور ہیں۔ پھر اس خیال فاسد پر کہ ہم سب کا سایہ ہوتا ہے ان کا بھی ہوگا تو ثبوت سایہ کا قائل ہونا عقل و ایمان سے کس درجہ دور پڑتا ہے۔

حضور تاریکی میں بھی دیکھتے تھے

امام ابوعبدالرحمٰن بقی بن مخلد قرطبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے جو اکابر اعیان مائۃ ثلثہ سے ہیں، حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جیسا روشنی میں دیکھتے ویسا ہی تاریکی میں دیکھتے۔

اس حدیث کو بیہقی نے موصولاً مسند روایت کیا اور علامہ خفاجی نے اکابر علماء مثل ابن بشکوال و عقیلی و ابن جوزی و سہیل سے اس کی تضعیف نقل کی یہاں تک کہ ذہبی نے تو میزان الاعتدال میں موضوع ہی کہہ دیا، بہ ایں ہمہ خود علامہ خفاجی فرماتے ہیں جیسا بقی بن مخلد وغیرہ ثقات نے اسے ذکر کیا اور حضور والا کی شان سے بعید نہیں تو اس کا انکار کس وجہ سے کیا جائے۔

و حکی بقی بن مخلد ابو عبد الرحمن القرطبی مولده فی رمضان سنة احدی و مائتین و توفی سنة ست و سبعین و مائتین ، عن عائشة رضی الله تعالیٰ عنها انها قالت کان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یری فی الظلمة کما یری فی الضوء ، و فی روایة کما یری فی النور و لا شک انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کان کامل الخلقة قوی الحواس فوقوع مثل هذا منه غیر بعید و قد رواه الثقات کابن مخلد هذا فلا وجه لانکاره .

بقی بن مخلد ابوعبدالرحمٰن (رمضان ۲۰۱ھ / ۲۷۶ھ) نے کہا، عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے انھوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تاریکی میں دیکھا کرتے تھے، اور ایک روایت میں ہے جس طرح کہ روشنی میں دیکھتے تھے، اس میں کچھ شک نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کامل الخلقۃ قوی الحواس تھے تو آپ سے اس کیفیت کا وقوع بعید نہیں، پھر اس کو ثقات نے روایت کیا ہے لہٰذا اس

کے انکار کی کوئی وجہ نہیں۔

عدم سایہ اور صحابہ کا ادب

امام احمد رضا بریلوی دلائل عقلیہ ونقلیہ سے حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے سایہ نہ ہونے کی توضیح وتشریح کے بعد مزید فرماتے ہیں کہ

ایقاظ دفع بعض اوہام وامراض میں اس مقام پر باوجودیکہ قلب بحمد اللہ غایت اطمینان وتسلیم پر تھا مگر مرتبہ کاوش وتنقیح میں بوسوسہ ایک خوشہ ذہن ناقص میں گزرا تھا یہاں تک کہ حق جل وعلاء نے اپنے کرم عمیم سے فقیر کو اس کا جواب القاء فرمایا جس سے چشم تصور کو نور اور دل ختنظر کو سرور حاصل ہوا۔

احادیث صحیحہ سے ثابت کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین حضور رسالت میں نہایت ادب ووقار سے سر جھکائے آنکھیں نیچے کیے بیٹھے رعب جلال سلطانی ان کے قلوب صافیہ پر ایسا مستولی ہوتا کہ اوپر نگاہ اٹھانا ممکن نہ تھا۔

عن مسور بن مخرمة و مروان بن الحكم فى حديث طويل فى قصة الحديبية ثم ان عروة جعل يرمق اصحاب النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بعينيه قال فوالله ما تنخم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نخامة الا وقعت فى كف رجل منهم فدلك بها وجهه و جلده و اذا امرهم ابتدروا امره و اذا توضاء كادوا يقتلون على وضوئه و اذا تكلم خفضوا اصواتهم عنده و ما يحدون الى النظر اليه تعظيما له فرجع عروة الى اصحابه فقال اى قوم و الله لقد وفدت على الملوك و وفدت على قيصر و كسرىٰ و النجاشى و الله ان ما رأيته ملكا قط يعظمه اصحابه ما يعظم اصحاب محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم محمد رسول الله .

مسور بن مخرمہ اور مروان بن حکم حدیبیہ کے طویل مقدمے میں ذکر کرتے ہیں کہ عروہ اصحاب نبی کو گھور رہا تھا اس نے کہا کہ بخدا رسول اللہ نے جب بھی ناک سنی تو کسی نہ کسی صحابی کے ہاتھ میں پڑی اور اس نے اپنے چہرے پر ملی اور اپنے جسم پر لگائی، جب آپ نے حکم دیا تو انھوں نے ماننے میں جلدی کی، جب آپ وضو فرماتے تو وہ وضو کا پانی لینے پر لڑنے کے قریب ہو جاتے اور جب گفتگو فرماتے تو صحابہ اپنی آوازیں پست کر لیتے اور آپ کی تعظیم کی وجہ سے آپ کی طرف نگاہ نہ کر پاتے تھے، تو وہ اپنے ساتھیوں کی طرف لوٹ آیا اور کہا میں قیصر و کسریٰ و نجاشی کے درباروں میں آیا مگر ایسا کوئی بادشاہ نہ دیکھا جس کی تعظیم اس کے ساتھی ایسی کرتے ہوں جیسی محمد کی ان کے صحابی کرتے ہیں۔

اسی وجہ سے حلیہ شریف میں اکثر اکابر صحابہ سے حدیثیں وارد ہیں کہ وہ نگاہ بھر کر نہ دیکھ سکتے بلکہ نظر اوپر نہ اٹھاتے، بلکہ اس معنی میں کسی حدیث کے ورود کی بھی حاجت کیا تھی، عقل سلیم خود گواہی دیتی ہے کہ ادنیٰ ادنیٰ نوابوں اور والیوں کے حاضرین درباران کے ساتھ کس ادب سے پیش آتے ہیں، اگر کھڑے ہیں تو نگاہ قدموں سے تجاوز نہیں کرتی، بیٹھے ہیں تو زانو سے آگے قدم نہیں رکھتے، خود اس حاکم سے نگاہ چار نہیں کرتے، پس و پیش یا دائیں بائیں دیکھنا تو بڑی بات ہے حالاں کہ اس ادب کو صحابہ کرام کے ادب سے کیا نسبت، ایمان ان کے دلوں میں پہاڑ سے زیادہ گراں تھا اور دربار اقدس کی حضوری ان کے نزدیک ملک السماوات والارض کا سامنا اور کیوں نہ ہوتا کہ خود قرآن عزیز نے انھیں صدہا جگہ کان کھول کھول کر سنا دیا کہ ہمارا اور ہمارے محبوب کا معاملہ واحد ہے، اس کا مطیع ہمارا فرماں بردار اور اس کا عاصی ہمارا گنہگار، ان سے الفت ہمارے ساتھ محبت اور ان سے رنجش ہم سے عداوت، ان کی تکریم ہماری تعظیم، اور ان کے ساتھ گستاخی ہماری بے ادبی، لہٰذا جب ملازمت والا حاصل ہوئی، قلب ان کے خوف خدا سے ممتلی اور گردنیں خم اور آنکھیں نیچی اور آوازیں پست اور اعضا ساکن ہو جاتے، ایسی حالت میں نظر ایں و آں کی طرف کب ہو سکتی ہے جو سایہ کے عدم یا وجود کی طرف خیال جائے اور بالضرور ایسے سراپا ادب، ہمہ تن تعظیم لوگوں کی نگاہ،

اپنے عرش پائے گاہ کی طرف بے غرض مہم نہ ہوگی، اس حالت میں نفس کو اس مقصود کی طرف توجہ ہوگی۔

مثلاً نظارۂ جمال با کمال یا حضور کا مطالعہ افعال و اعمال، تا کہ خود ان کا اتباع کریں اور غائبین تک روایت پہنچائیں کہ وہ حاملان شریعت تھے اور راویان ملت اور حاضر دربار اقدس سے ان کی غرض اعظم یہی تھی، جب نگاہ اس رعب و ہیبت اور اس ضرورت و حاجت کے ساتھ اٹھے تو عقل گواہ ہے کہ ایسی حالت میں ادھر ادھر دھیان نہیں جائے گا کہ قامت اقدس کا سایہ ہمیں نظر نہ آیا، آخر نہ سنا کہ ایک ان کا نماز میں مصروف ہوتا، تکبیر کے ساتھ دونوں جہاں سے ہاتھ اٹھاتا، کوئی چیز سامنے گزرے اطلاع نہ ہوتی اور کیسا ہی شور و غوغا ہو، کان تک آواز نہ جاتی، یہاں تک کہ مسلم بن یسار کہ تابعین میں ہیں نماز پڑھتے تھے، مسجد کا ستون گر پڑا، لوگ جمع ہوئے، شور و غوغا ہوا، انھیں مطلق خبر نہ ہوئی، یہی حالت صحابہ کی حضور رسالت میں تھی اور دربار نبوت میں بارگاہ عزت باری۔

اے عزیز! زیادہ خوض بیکار ہے، تو اپنے ہی نفس کی طرف رجوع کر، اگر کسی مقام پر عالم رعب و ہیبت میں تیرا گزر ہوا ہو، وہاں جو کچھ پیش نظر آتا ہے اسے بھی اچھے طور پر ادراک کامل نہیں کر سکتا، نہ امر معدوم کی طرف خیال کیا جائے، کہ مثلاً اگر تجھے کسی والی ملک سے ایسی ضرورت پیش آئے جس کی فکر تجھے دنیا و مافیھا پر مقدم ہو اور اس کے دربار تک رسائی کر کے اپنا عرض حال کرے تو تجھے اول تو رعب سلطانی، دوسرے اپنی اس ضرورت کی طرف قلب کو نگرانی ہر چیز کی طرف توجہ سے مانع ہوں گے، پھر اگر تو واپس آئے اور تجھ سے سوال ہو، وہاں دیواروں میں سنگ موسیٰ تھا یا سنگ مرمر اور تخت کے پائے سیمیں تھے یا زریں اور مسند کا رنگ سبز تھا یا سرخ؟ ہرگز ایک بات کا جواب نہ دے سکے گا بلکہ خود اسی بات کو پوچھا جائے کہ بادشاہ کا سایہ تھا یا نہ تھا، تو اگر چہ اس قیاس پر کہ سب آدمیوں کے لیے ظل ہے، ہاں کہہ دے مگر اپنے معائنے سے جواب نہ دے سکے گا۔

صحابہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر تو اول روز ملازمت سے تا آخر حیات جو کیفیت رعب و

ہیبت کی طاری رہی، ہماری عقول ناقصہ اس کی مقدار کے ادراک سے بھی عاجز ہیں، پھر ان کی نظر اوپر اٹھ سکتی اور چپ وراست دیکھ سکتی کہ سائے کے عدم یا وجود پر اطلاع ہوتی۔

ثم اقول: اپنے نفس پر قیاس کر کے گمان نہ کرنا چاہیئے کہ بعد مرور زمان وتکرر حضور کے ان کی اس حالت میں کمی ہو جاتی بلکہ بالیقین روز بروز زیادہ ہوتی کہ باعث اس پر دوامر ہیں۔

ایک خوف کہ اس کی عظمت کے تصور سے پیدا ہو جو اس سلطان دو عالم کو بارگاہ ملک السماوات و الارض جل جلالہ میں حاصل ہے۔

دوسری محبت ایمانی کہ مستلزم خشوع کو اور منافی جرأت و بے باکی۔

اور یہ ظاہر کہ جس قدر دربار والا میں حضوری زائد ہوتی ہے، یہ دونوں امر جو اس پر باعث ہیں، بڑھتے جاتے۔ حضور کے اخلاق و عادات اور رحمت والطاف معائنے میں آتے، حسن واحسان کے جلوے ہر دم لطف تازہ دکھاتے، قرآن آنکھوں کے سامنے نازل ہوتا اور طرح سے اس بارگاہ کے آداب سکھاتا کہ

آداب بارگاہ اقدس

ہمارا ان کا معاملہ واحد ہے، جو ان کا غلام ہے وہ ہمارا قائد ہے، ان کے حضور آواز بلند کرنے سے عمل حبط ہو جاتے ہیں، انھیں نام لے کر پکارنے والے سخت سزائیں پاتے ہیں، اپنے جان و دل کا انھیں مالک جانو، ان کے حضور زندہ بدست مردہ ہو جاؤ، ہمارا ذکر ان کی یاد کے ساتھ ہے، ان کا ہاتھ بعینہٖ ہمارا ہاتھ ہے، ان کی رحمت ہماری مہر، ان کا غضب ہمارا قہر، جس قدر ملازمت زیادہ ہوتی حضور کی عظمت ومحبت ترقی پاتی اور وہ حال مذکور یعنی خشوع وخضوع ورعب وہیبت روز افزوں کرتی **قال تعالیٰ زادتھم ایمانا** اور ایمان حضور کی تعظیم ومحبت کا نام ہے۔

اکثر صحابہ کا سایہ نہ دیکھنے کی وجہ

عدم سایہ کی روایت اصحاب کبار سے مروی نہیں صرف بعض صحابہ نے اسے روایت کیا ہے جب کہ بڑے بڑے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم بارگاہ اقدس میں زیادہ حاضر رہتے تھے اس کی وجہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں۔

پرظاہر کہ آدمی بلاوجہ کسی بات کے درپے تفتیش نہیں ہوتا اور جو بات عام وشامل ہوتی ہے اور تمام آدمی اس میں یکساں کسی شخص خاص میں بالقصد اس کی طرف غور نہیں کرتا، مثلاً ہر ہاتھ کی پانچ انگلیاں ہونا ایک امر عام ہے لہٰذا بلا سبب کسی آدمی کی انگلیوں کو کوئی شخص اس مقصد خاص سے نہیں دیکھتا کہ اس کی انگلیاں پانچ ہیں یا کم، ہاں اگر پہلے سے سن رکھا ہو کہ زید کی انگلیاں چار ہیں یا چھ تو اس صورت میں البتہ بقصد مذکور نظر کی جائے گی۔اسی طرح سایہ ایک امر عام شامل ہے اگر بعض آدمیوں کا سایہ پڑتا اور بعض کا نہیں تو البتہ بیشک خیال جانے کی بات تھی کہ دیکھیں حضور کے بھی سایہ ہے یا نہیں۔نہ اس سے کوئی امر دینی مثل اتباع واقتداء کے متعلق تھا کہ اس کے خیال سے بالقصد اس طرف لحاظ کیا جاتا ہاں ایسی صورت میں ادراک کا طریقہ یہ ہے کہ بے قصد وتوجہ خاص نظر پڑ جائے اور وہ صورت بعد تکرر مشاہدہ ذہن میں منقش اور مثل مرئیات قصدیہ کے خزانہ خیال میں مخزون ہوجائے مثلاً زید کہ ہمارا دوست ہے، ہم اپنے مشاہدہ کے رو سے بتاسکتے ہیں کہ اس کے ہر ہاتھ کی انگلیاں پانچ ہیں اگرچہ ہم نے کبھی اس قصد سے اس کے ہاتھوں کو نہیں دیکھا ہے، مگر ہم نے اس کے ہاتھوں کو بارہا دیکھا ہے، وہ صورت خزانہ میں محفوظ، نفس اسے اپنے حضور حاضر کر کے بتاسکتا ہے، لیکن ہم ثابت کر آئے ہیں کہ یہ طریقہ ادراک وہاں معدوم تھا کہ رعب وہیبت اور امور مہمہ کی طرف توجہ اور حضور کے استماع اقوال ومطالعۂ افعال ہمہ تن صرف ہمت اور نگاہ کا بسبب غایت ادب وخوف الٰہی کے اپنے زانو وپشت پا سے تجاوز نہ کرنا، اس ادراک بلاقصد سے مانع قوی تھا، علی الخصوص کسی شئ کا عدم کہ وہ تو کوئی امر محسوس نہیں جس پر بے ارادہ بھی نگاہ پڑ جائے اور نفس اسے یاد رکھے، یہاں تو

جب تک خیال نہ کیا جائے، علم عدم حاصل نہ ہوگا، آدمی جب ایسے مقام رعب وہیبت اور قلب کی مشغولی و مشغوفی میں ہوتا ہے تو کسی چیز کی عدم رویت سے اس کے عدم پر استدلال نہیں کرتا اور جب اذہان میں بناء بر عادت اس کا عموم وشمول متمکن ہوتا ہے تو برخلاف عادت اس کے معدوم ہونے کی طرف خیال نہیں جاتا بلکہ اس سے اگر تفتیش کی جائے اور اس امر کی طرف خیال دلایا جائے تو خواہ مخواہ اس کا گمان اس طرف مسارعت کرتا ہے کہ جب یہ امر عام ہے تو ظاہراً یہاں بھی ہوگا، میرا نہ دیکھنا کچھ نہ ہونے پر دلیل نہیں، میری نظر میں نہ آنا اس وجہ سے تھا کہ اول میری نگاہ ادھر ادھر نہ اٹھتی تھی اور جو اٹھی بھی تو ہزار رعب وہیبت اور نفس کے امور دیگر کی طرف صرف ہمت کے ساتھ ایسی حالت میں کیسے کہہ سکوں کہ تھا کہ نہ تھا۔

ثم اقول: یہ کیفیت تو اس وقت کی تھی جب صحابہ کرام حضور سے ملاقی ہوتے اور جو ہمراہ رکاب سعادت انتساب ہوتے تو وہاں باوجود ان وجوہ کے ایک وجہ اور بھی تھی کہ غالب اوقات صحابہ کرام کو آگے چلنے کا حکم ہوتا اور حضور ان کے پیچھے چلتے۔

ترمذی نے شمائل کی حدیث طویل میں حضرت ہند بن ابی ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا

یسوق اصحابہ .

یعنی حضور والا صحابہ کرام کو اپنے آگے چلاتے۔

امام احمد نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

ما رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یطأ عقبہ رجلان .

حاصل یہ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہ دیکھا کہ دو آدمی بھی حضور کے پیچھے چلے ہوں۔

جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

كان اصحاب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يمشون امامه و يكون ظهره للملائكة.

اصحاب، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آگے چلتے اور پشت اقدس فرشتوں کے لیے چھوڑتے۔

دارمی نے باسناد صحیح مرفوعاً روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

خلوا ظهري للملائكة .

میری پیٹھ فرشتوں کے لیے چھوڑ دو۔

بالجملہ ہماری اس تقریر سے جو بالکل وجدانیات پر مشتمل ہے کوئی شخص اگر مکابرہ نہ کرے، بالیقین اس کا دل ان سب کیفیات کے صدق پر گواہی دے، بخوبی ظاہر ہو گیا کہ ظاہراً اکثر صحابہ کرام کا خیال اس طرف نہ گیا اور اس معجزے کی انھیں اطلاع نہ ہوئی، اور اگر بر سبیل تنزل ثابت و مبرہن ہو جانا نہ مانیے تو ان تقریروں کی بناء پر یہ تو کہہ سکتے ہیں کہ عدم اطلاع کا احتمال قوی ہے، قوت بھی جانے دو اتنا ہی سہی کہ شک واقع ہو گیا، پھر یہی استدلال سن کر کہ اگر ایسا ہوتا تو مثل حدیث ستون حنانہ مشہور و مستفیض ہوتا، کب باقی رہا ، خصم کہہ سکتا ہے کہ ممکن ہے عدم شہرت بسبب عدم اطلاع کے ہو۔

عدم سایہ پر مطلع نہ ہونے کی ایک اور وجہ

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

صحابہ کرام میں ہزاروں ایسے ہیں جنھیں طول صحبت نصیب نہ ہوا اور بہت ایسے ہیں جنھوں نے سوائے مجامع عظیم کے شرف زیارت نہ پایا، غیر مدینہ کے گروہ کے گروہ حاضر ہوتے اور عرصۂ قلیلہ میں واپس جاتے، ایسی صورت اور مجمع کی کثرت میں موقع سایہ پر نظر اور اس کے ساتھ عدم سایہ کی طرف خیال

جانا کیا ضرور، ظاہر ہے کہ مجمع میں سایہ ایک کا دوسرے سے ممتاز نہیں ہوتا اور کسی شخص کی نسبت امتیاز کرنا کہ اس کے لیے ظل ہے یا نہیں دشوار ہوتا ہے۔ علاوہ بریں یہ کس نے واجب کیا کہ ان اوقات پر حضور والا دھوپ یا چاندنی میں جلوہ فرما ہوں، کیا مدینہ طیبہ میں سایہ دار مکان نہ تھے؟ یا مسجد شریف کہ اکثر وہیں تشریف رکھتے، بے سقف تھی؟

احادیث سے ثابت کہ سفر میں صحابہ کرام حضور کے لیے سایہ دار پیڑ چھوڑ دیتے اور جو کہیں سایہ نہ ملا تو کپڑے وغیرہ کا سایہ کر لیا جیسا کہ روز قدوم مدینہ طیبہ سیدنا ابوبکر صدیق اور حجۃ الوداع میں واقع ہوا اور قبل از بعثت تو ابر سایہ کے لیے متعین تھا ہی، جب چلتے ساتھ چلتا اور جب ٹھہرتے ٹھہر جاتا، اور ام المومنین خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ان کے غلام میسرہ نے فرشتوں کو سر اقدس پر سایہ کرتے دیکھا، اور سفر شام میں آپ کسی حاجت کو تشریف لے گئے تھے، لوگوں نے پیڑ کا سایہ گھر لیا تھا، حضور دھوپ میں بیٹھ گئے، سایہ حضور پر جھک گیا، بحیرا عالم نصاریٰ نے کہا دیکھو سایہ ان کی طرف جھکتا ہے، اور بعض اسفار میں ایک درخت خشک و بے برگ کے نیچے جلوس فرمایا، فوراً زمین حضور کے گرد کی سبزہ زار ہوگئی اور پیڑ ہرا ہو گیا، شاخیں اسی ساعت بڑھ گئیں اور اپنی کمال بلندی کو پہنچ کر سائے کے لیے حضور پر لٹک آئیں۔ چنانچہ یہ سب حدیثیں کتب سیر میں تفصیلاً مذکور ہیں۔

اب نہ رہے مگر وہ لوگ جنہیں طول صحبت روزی نہ ہوا اور حضور کو آفتاب یا ماہتاب یا چراغ کی روشنی میں ایسی حالت میں دیکھا کہ مجمع بھی کم تھا اور موقع سایہ پر بالقصد نظر بھی کی اور ادراک کیا کہ جسم انور ہمسائیگی سایہ سے دور ہے اور ظاہر ہے کہ ان سب کا احساس وانکشاف جن لوگوں کے لیے ہوا وہ بہت کم ہیں جن کے واسطے نہ ہوا، پھر اس طائفہ قلیلہ سے یہ کیا ضرور ہے کہ ہر شخص یا اکثر اس معجزے کو روایت کرے، ہم نہیں تسلیم کرتے کہ مجرد خرق عادت باعث توفر دواعی ونقل جمیع اکثر حاضرین ہے۔

خادم حدیث پر کالشمس فی نصف النہار روشن کہ صدہا معجزات قاہرہ حضور سے غزوات واسفار و

مجامع عامہ میں واقع ہوئے کہ سینکڑوں ہزاروں آدمیوں نے ان پر اطلاع پائی مگر ان کی ہم تک نقل صرف آحاد سے پہنچی۔

واقعۂ حدیبیہ میں انگشتان اقدس سے پانی کا دریا کی طرح جوش مارنا اور چودہ پندرہ سو آدمی کا علیٰ اختلاف الروایات اسے پینا اور وضو کرنا اور بقیہ توشہ کو جمع کر کے دعا فرمانا اور اس سے لشکر کے سب برتن بھر دینا اور اسی قدر باقی بچ رہنا، ایسے معجزات ہیں اور بالضرور چودہ پندرہ سو آدمی سب کے سامنے اس کا وقوع ہوا اور سب نے اس پر اطلاع پائی مگر ان میں سے چودہ نے بھی اسے روایت نہ فرمائی۔

فقیر (امام احمد رضا بریلوی) نے کتب حاضرۂ احادیث خصوصاً وہ کتابیں سیر و فضائل کی جن کا موضوع ہی اس قسم کی باتوں کا تذکرہ ہے مانند شفائے قاضی عیاض و شرح خفاجی و مواہب لدنیہ و شرح زرقانی و مدارج النبوۃ و خصائص کبریٰ علامہ جلال الدین سیوطی وغیرہا مطالعہ کیں، پانچ سے زیادہ راوی اس واقعے کے نہ پائے۔

اسی طرح ردشمس یعنی غروب ہو کر سورج کا لوٹ آنا اور مغرب سے عصر کا وقت ہو جانا جو غزوۂ خیبر میں مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے لیے واقع ہوا، کیسی عجیب بات ہے کہ عدم ظل کو اس سے اصلاً نسبت نہیں اور اس کا وقوع بھی ایک غزوہ میں ہوا، اور تعداد لشکر خیبر کی سولہ سو، بالضرور یہ سب حضرات اس پر گواہ ہوں گے کہ ہر نمازی مسلمان خصوصاً صحابہ کرام کو بغرض نماز آفتاب کے طلوع وغروب و زوال کی طرف لاجرم نظر ہوتی ہے۔ جب آفتاب نے غروب کیا ہو گا بالضرور تمام لشکر نے نماز کا تہیہ کیا ہو گا دفعۃً شام سے دن ہو گیا اور خورشید الٹے پاؤں آیا، کیا ایسے عجیب واقعہ کو دریافت نہ کیا اور نہ معلوم ہوا ہو گا کہ اس کے حکم سے لوٹا ہے جسے قادر مطلق کی نیابت مطلقہ اور عالم علوی میں دست بالا حاصل ہے۔ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) لیکن اس کے سوا اگر کسی صاحب کو معلوم ہو کہ اتنی بڑی جماعت سے دو چار آدمیوں نے اور بھی اس معجزے کو روایت کیا تو نشان دیں۔

بالجملہ یہ حدیث واہیہ ہے جس کی بناء پر ہم عقل ونقل واتباع حدیث وعلماء کوترک نہیں کرسکتے کیا یہ اکابراس قدر نہ سمجھتے تھے یا انھوں نے دیدہ ودانستہ خدااور رسول پر افترا گوارا کیا؟ **لا حول و لا قوة الا باللہ** بلکہ جب ایک راوی اس حدیث عدم ظل کے ذکوان ہیں اور وہ صالح سمان زیات ہوں یا ابوعمرو مدنی مولائے صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما، بہر تقدیر تابعی ثقہ معتمد علیہ ہیں اور تابعین وعلماء ثقات اہل ورع واحتیاط سے مظنون یہی ہے کہ غالب حدیث کو مرسلاً اسی وقت ذکر کریں گے، جب انھیں شیوخ وصحابہ کثیرین سے اسے سن کر مرتبہ قرب ویقین حاصل کرلیا ہو۔ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں اور وجہ اس کی ظاہر ہے کہ درصورت اسناد صدق وکذب سے اپنے آپ کو غرض نہ رہی، جب ہم نے کلام کو اس کی طرف نسبت کردیا جس سے سنا ہے تو ہم بری الذمہ ہوگئے بخلاف اس کے کہ اس کا ذکر ترک کریں اور خود لکھیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا کیا، ایسا فرمایا، اس صورت میں بار اپنے سر پر رہا تو عالم ثقہ متورع محتاط، بے کثرت سماع و اطمینان کلی قلب کے ایسی بات سے دور رہے گا، اس طور پر ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سایہ نہ ہونا بہت صحابہ نے دیکھا اور ان سب سے ذکوان کو سماع حاصل ہوا اگرچہ ان کی روایات ہم تک نہ پہنچیں۔

(قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

حضور کی نماز نور ہے

صحیح مسلم شریف میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان هذه القبور مملوء ة على اهلها ظلمة و انى انورها بصلاتى عليهم.

بیشک یہ قبریں ان کے ساکنوں پر اندھیرے سے بھری ہیں اور بیشک میں اپنی نماز سے انھیں روشن کردیتا ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ وبارک وسلم **قدر نوره و جماله وجوده و نواله عليه و على آله** امین. ۔اسے مسلم وابن حبان نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (الامن والعلی)

حضور نورِ عرش ہیں

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

بلاشبہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نورِ عرش اللہ ہیں عرش انھیں کے نور سے بنا اور انہیں کے نور سے منور ہے۔ جیسا کہ مصنف عبدالرزاق میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ٦، ص ١٢٠)

نورِ نبی مخلوق ہے

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور یقیناً مخلوقِ الٰہی ہے۔

مصنف عبدالرزاق میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

یا جابر ان اللہ خلق قبل الاشیا نور نبیک من نورہ .

اے جابر بیشک اللہ تعالیٰ نے تمام جہان سے پہلے تیرے نبی کا نور اپنے نور سے پیدا فرمایا۔

جو حضور کے نور کو غیر مخلوق کہے منکر قرآن عظیم ہے **قال اللہ تعالیٰ خالق کل شی فاعبدوہ** اللہ تعالیٰ ہر شی کا خالق ہے تو تم اسی کی بندگی کرو۔ (فتاویٰ رضویہ ج ٦، ص ١٤٠)

آدم کو فرشتوں کا سجدہ

تفسیر کبیر امام فخر الدین رازی ج ۲، ص ۴۵۵ زیر قولہ تعالیٰ **تلک الرسل فضلنا ان**

الملائکة امروا بالسجود لادم لاجل ان نور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فی جبهة آدم .

تفسیر نیشاپوری ج ۳،ص ۷ سجود الملائکة لادم انما کان لاجل نور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم الذی کان فی جبهته .

دونوں عبارتوں کا حاصل یہ ہے کہ فرشتوں کا آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو سجدہ کرنا اس لیے تھا کہ ان کی پیشانی میں نور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھا۔ (تمہید ایمان)

حضور کا سراپائے اقدس منور ہے

ابونعیم وبیہقی حضرت کعب احبار سے راوی، ان کے سامنے ایک شخص نے خواب بیان کیا گویا لوگ حساب کے لیے جمع کیے گئے اور حضرات انبیاء بلائے گئے، ہر نبی کے ساتھ اس کی امت آئی، ہر نبی کے لیے دو نور ہیں اور ان کے ہر پیرو کے لیے ایک نور جس کی روشنی میں چلتا ہے۔ پھر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بلائے گئے ان کے سر انور وروئے منور کے ہر بال سے جدا جدا نور کے بکے بلند ہیں جنھیں دیکھنے والا تمیز کرے اور ان کے پیرو کے لیے انبیاء کی طرح دو نور ہیں جس کی روشنی میں راہ چلتا ہے۔ کعب نے خواب سن کر فرمایا۔

بالله الذی لا اله الا هو لقد رأیت هذا فی منامک.

تجھے قسم اللہ کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں تو نے یہ واقعہ خواب میں دیکھا کہا ہاں، کہا۔

و الذی نفسی بیده انها لصفة محمد و امته و صفة الانبیاء و اممها فی کتاب اللہ تعالیٰ فکانما قرأته فی التوراة .

قسم اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے بیشک بعینہ کتاب اللہ میں یوں ہی صفت لکھی ہے محمد

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اوران کی امت اور انبیائے سابقین اوران کی امتوں کی گویا تو نے توریت میں پڑھ کر بیان کیا۔

سراپردہ عرش میں نور محمدی

امام قسطلانی مواہب لدنیہ ومنح محمدیہ میں رسالہ میلاد وامام علامہ ابن طغربک سے ناقل، مروی ہوا آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی الٰہی تو نے میری کنیت ابو محمد کس لیے رکھی حکم ہوا اے آدم اپنا سر اٹھا، آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے سر اٹھایا سراپردہ عرش میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور نظر آیا عرض کی الٰہی یہ نور کیسا ہے فرمایا

هذا نور نبی من ذریتک اسمه فی السماء احمد و فی الارض محمد لولاه ما خلقتک و لاخلقت سماء و لا ارضا .

یہ نور ایک نبی کا ہے تیری ذریت یعنی اولاد سے اس کا نام آسمان میں احمد ہے اور زمین میں محمد اگر وہ نہ ہوتا میں تجھے نہ بناتا، نہ آسمان وزمین کو پیدا کرتا۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

روز قیامت نور محمدی کی جولانی

حاکم صحیح مستدرک میں وہب بن منبہ سے وہ حضرت عبد اللہ بن عباس اور سات دیگر صحابہ کرام سے کہ سب اہل بدر تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

بیشک اللہ عزوجل روز قیامت اوروں سے پہلے نوح علیہ الصلاۃ والسلام اور ان کی قوم کو بلاکر فرمائے گا تم نے نوح کو کیا جواب دیا وہ کہیں گے نوح نے نہ ہمیں تیری طرف بلایا نہ تیرا کوئی حکم پہنچایا نہ کچھ

نصیحت کی نہ ہاں یا نہ کا کوئی حکم سنایا نوح علیہ الصلاۃ والسلام عرض کریں گے۔

دعوتهم يا رب دعافاشيا في الاولين و الآخرين امة بعد امة حتى انتهى الى آخر النبيين احمد فانتسخه و قراه و امن به و صدقه .

الٰہی میں نے انھیں ایسی دعوت کی جس کی خبر یکے بعد دیگرے سب اگلوں پچھلوں میں پھیل گئی یہاں تک کہ سب سے پچھلے نبی احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچی انھوں نے اسے لکھا اور پڑھا اور اس پر ایمان لائے اور اس کی تصدیق فرمائی حق سبحانہ وتعالیٰ فرمائے گا احمد وامت احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بلاؤ۔

فياتي رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و امته يسعى نورهم بين ايديهم .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کی امت حاضر آئیں گے یوں کہ ان کے نور ان کے آگے جولان کرتے ہوں گے نوح علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے شہادت ادا کریں گے۔

(جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

چمکتے آفتاب

سیدنا شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتوحات مکیہ میں فرماتے ہیں :

کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پہلے نائب وخلیفہ، حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام ہیں پھر پیدائش ہوئی اور نسل کا اتصال ہوتا رہا اور ہر زمانے میں خلفاء متعین ہوتے رہے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جسم طاہر کا زمانہ پیدائش پہنچا وہ چمکتے آفتاب کی طرح ظاہر ہوئے کہ ہر نور ان کے چمکتے نور میں مندرج ہوا اور ہر حکم ان کے حکم میں پوشیدہ ہو گیا اور سب شریعتیں ان کی جانب کھنچ آئیں اور ان کی سرداری کہ چھپی ہوئی تھی ظاہر ہو گئی تو وہی اول و آخر ظاہر و باطن اور وہی ہر چیز کے جاننے والے ہیں۔ (الدولۃ المکیۃ)

نور نبی اور عالم کی تخلیق

ایک موقع پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

جب حضرت عزت جلالہ نے عالم بنانا چاہا اپنے نور بے کیف سے نور منیر بشیر و نذیر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدا فرمایا۔ عبدالرزاق نے اپنے مصنف میں سیدنا جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

یا جابر ان اللہ خلق قبل الاشیاء نور نبیک من نورہ .

اے جابر بیشک اللہ تعالیٰ نے تمام جہان سے پہلے تیرے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور کو اپنے نور کریم سے پیدا فرمایا۔

پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور سے تمام عالم کو جلوۂ ظہور میں لایا، تو جس طرح مرتبۂ وجود میں صرف اللہ ہے کل شئ ھالک الا وجھہ ع

الا کل شئ ما خلا اللہ باطل

حقیقت وجود اسی کی ذات کریم سے خاص ہے جہاں و جہانیان کا اس میں کچھ حصہ نہیں مگر جس پر وجود حقیقی کے آفتاب عالم تاب نے اپنے نور کا پرتو ڈالا۔ وہ بقدر نسبت و قابلیت تام موجودیت سے بہرور ہوا۔

یوں ہی مرتبۂ ایجاد میں صرف ذات کریم حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے وبس۔ حضور ہی سر الوجود و منبع الوجود و اصل ہر بود ہیں۔ وجودات عالم ضرور وجود حقیقی کے ظلال و پرتو ہیں۔

مگر اولاً، و بالذات پرتو ذات و ظل صفات، جامع الکمالات حضور سید الکائنات علیہ افضل

الصلوات والتسلیمات ہیں۔

پھر ثانیاً، وبالعرض حضور کی وساطت سے مرتبہ بہ مرتبہ تمام عالم اس تجلی نور سے روشن ہے۔

یک چراغ ست دریں خانہ کہ از پرتو آں
ہر کجا می نگری انجمنے ساختہ اند

جیسے بلاتشبیہ شب چہاردہ کو اشیاء کہ آفتاب سے حجاب میں ہیں بذات خود اس سے نور لینے کے قابل نہیں۔ چودھویں رات کا چمکتا چاند متوسط ہو کر خود آفتاب سے نور لیتا اور اپنے نور سے تمام روئے زمین کو روشن کر دیتا ہے تو اگرچہ جس قدر چاندنی پھیلی ہوئی ہے سب روشنی آفتاب ہی کی ہے مگر چاند کی وساطت سے ملی ہے۔

اور یہیں سے ظاہر ہوا کہ نور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور الٰہی سے پیدا ہونا عیاذاً باللہ تجزی حضرت وحدت سے اصلاً علاقہ نہیں رکھتا، ان مجازی فانی انوار میں دیکھئے، آفتاب سے چاند روشن ہوا، چاند سے زمین، چراغ سے چراغ جلایا، آفتاب و ماہتاب و چراغ اول کے نور سے کوئی حصہ جدا ہو کر ان مستنیروں میں نہ آیا اور انھیں انوار سے ان روشنیوں نے ظہور پایا۔

انوار کی قسمیں

انوار دو قسم ہیں۔ معنوی وحسی

معنوی: کہ چشم جسم ان کے ادراک کی قابلیت نہیں رکھتے جیسے نور قرآن ونور نماز ونور وضو۔

بعضے مریدین بعد وضو اپنے حجرۂ خلوت میں گئے ایک نور عظیم چمکا بے اختیار پکار اٹھے رأیت ربی میں نے اپنے رب عزوجل کو دیکھا، شیخ نے فرمایا اے شخص کہاں تو اور کہاں یہ رتبہ؟ یہ تیرے وضو کا نور تھا کہ یوں چمکا۔

صحیح حدیث میں ارشاد ہوا کہ روز جمعہ سورۂ کہف کی تلاوت کی جائے، مقام تلاوت سے مکہ معظمہ اوراس جمعہ سے جمعہ آئندہ اور تین روز زائد تک روشن کردیتی ہے۔

حسی: کہ لائق احساس بصر ہیں۔ پھر دو قسم ہیں۔

ظاہر: جیسے انوار کواکب، چراغاں، اور

باطن: جیسے حجر اسود و مقام ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی روشنیاں۔

حدیث میں ہے یہ جنت کے یاقوتوں سے دو یاقوت ہیں کہ اللہ عزوجل نے ان کا نور نظروں سے چھپادیا ورنہ دنیا کو روشن کردیتے۔

مروی ہے جب حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے کعبہ معظمہ بنایا اور حجر اسود آیا اس وقت اس کا نور صرف اس قدر چمکا کہ مکہ معظمہ کے گرداگرد چند میل مختلف تک روشن ہوگیا، جہاں تک وہ روشنی پہنچی وہی حدود حرم قرار پائیں۔

حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ اصل انوار و معدن انوار ومنبع انوار ہیں، جمیع اقسام نور کے بروجہ اکمل واتم جامع ہیں، حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور معنوی کو کون جان سکتا ہے؟ انبیاء و مرسلین وملائکہ مقربین واولیاء کاملین وعباداللہ الصالحین صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہم اجمعین سب حسب استعداد اسی نور منیر سے روشن ومستنیر ہیں۔

علامہ فاسی مطالع المسرات میں حدیث نقل کرتے ہیں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں

یا ابا بکر لم یعرفنی حقیقۃ غیر ربی.

اے ابوبکر مجھے جیسا میں ہوں سوا میرے رب کے کسی نے نہ پہچانا۔

ترا چنانکہ توئی دیدۂ کجا بیند
بقدر بینش خود ہر کسے کند ادراک

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نور حسی ہی کی جھلک آفتاب و ماہتاب و جملہ مضیات میں چمک رہی ہے۔ ملائکہ کے چہروں میں اسی کی چمک، انسان کی مردمک میں اسی کی دمک، مستفیض و ظاہر ہیں۔ اور اس مفیض کریم پر بجمال رحمت و کمال عظمت ستر ہزار ہا پردہائے ہیبت و جلال و رحمت و جمال ڈالے گئے ہیں کہ چشم عالمیاں اس کے ادراک سے دور و مہجور ہے۔ **العظمة لله** ۔اگر حجاب اٹھادیں عالم کی کیا جان؟ کہ اس کی تجلیات کی تاب لا سکے جہاں و جہانیاں ایک جھلک میں جل کر خاک ہوں۔

تجلی کلیم سے تشبیہ

سلطان الاولیاء حضرت نظام الحق والدین سیدنا محبوب الٰہی فرماتے ہیں :

جب سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلاۃ والسلام بعد تجلی طور واپس آئے کسی کو تاب نہ تھی کہ ان کے جمال مبارک سے نظر ملائے، کلیم علیہ الصلاۃ والسلام نے نقاب ڈالا فوراً جل گیا یہاں تک کہ کوہ کا نقاب بنا کر روئے مبارک پر ڈالا وہ بھی خاک ہوگیا، آخر بامر الٰہی بعض عاشقان حضرت عزت کے دامن سے نقاب بنایا وہ قائم رہا۔

ہاں! چہرۂ کلیم مہر سپہر جلال تھا، نور آفتاب ہلکا ہونے کے لیے قمر درکار ہے کہ اس کی تجلیوں کا بار اپنے اوپر لے اور اس سے ٹھنڈی ہلکی روشنی اوروں پر منکشف ہو۔ جب جمال کلیم علیہ الصلاۃ والسلام کا اس آسان تر تجلی سے یہ حال تھا تو اس ذات کریم کا کیا پوچھنا جو نور حقیقی کے مظہر اول اتم و اکمل و جامع تجلیات

ذات وصفات علیٰ اقصی الغایات بلکہ بے حد ونہایات ہے جسے جمال ازلی نے اپنا خاص آئینہ بنایا جس کے ہر جلوہ میں **من رانی فقد رای الحق** کا دریا لہرایا، اس کے تاب کی کسے تاب؟

کیا منہ ہے آئینے کا تیری تاب لا سکے
خورشید پہلے آنکھ تو تجھ سے ملا سکے

تو لازم ہوا کہ نور کریم حجاب رحمت و تعظیم میں رہے، وہ حجاب کیا ہے؟ کیا غیر اس کا حجاب ہو سکتا ہے، غیر اسے چھپا سکتا ہے؟ حاشا، بلکہ خود اس کا کمال ظہور ہی اس کا پردۂ نور ہوا۔ نور کے لیے ایک حد ظہور ہے کہ جب اس حد تک رہے نظر اس پر کام کرے اور جب اس سے ترقی کرے اس کی تابش ہی اس کے لیے حجاب ہو کہ نظر بوجہ خیرگی اس پر کام نہیں کرتی۔ آخر نہ دیکھا کہ آفتاب افق میں حجاب سحاب رقیق سے بروجہ کمال نظر آتا ہے اور نصف النہار پر روز صاف میں طائر نظر کے پر جلاتا ہے پھر جس قدر ترقی زائد احتجاب زائد۔

نور کریم کی ترقی بے نہایت کے حضور ابصار تو ابصار، بصیرت کی وہ حالت ہوگی جو مہر عالم تاب کے حضور خفاش (چمگادڑ) کی۔ لاجرم غایت ظہور ہی مستلزم غایت بطون ہوئی پھر بھی اسی کی خفیف جھلک جس میں نگاہ ظاہر کا حصہ رہا کہ اس بارگاہ کرم سے محروم مطلق نہ رہے وہ ہے جو حدیث صحیح میں آیا۔

کان الشمس تجری فی وجهه .

گویا آفتاب چہرۂ پرنور میں رواں ہے۔

دوسری حدیث میں ہے جب تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھتا گمان کرتا کہ آفتاب طلوع کر رہا ہے۔

تیسری حدیث میں ہے :

اذا تکلم رأی کالنور یخرج من بین ثنایاه .

جب کلام فرماتے دندان پیشیں کے درمیان سے نور سا چھنتا نظر آتا۔

چوتھی حدیث میں ہے :

له نور یعلوه یحسبه من لم یتأمل اشم .

بینی پرنور پر نور کا بکا بلند تھا جو غور سے نہ دیکھتا بینی اقدس کو اس کے نور کے سبب بہت بلند گمان کرتا۔

پانچویں حدیث میں ہے :

لم یقع مع الشمس الا غلب ضوء ه ضوء ها

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب آفتاب کے سامنے کھڑے ہوتے حضور کا نور آفتاب کو دبالیتا۔

عرفان ونور ایمان سب اسی نور والاظہور کے پرتو ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(ماخوذ از حیات اعلیٰ حضرت جلد اول)

اشعار

نور مصطفیٰ کے عنوان سے امام احمد رضا بریلوی نے یہ اشعار رقم فرمائے ہیں :

حرم و طیبہ و بغداد جدھر کیجے نگاہ
جوت پڑتی ہے تیری نور ہے چھنتا تیرا

●

جلتی تھی زمین کیسی تھی دھوپ کڑی کیسی
لو وہ قد بے سایہ اب سایہ کناں آیا

•

مہر کس منہ سے جلو داری جاناں کرتا
سایہ کے نام سے بیزار ہے یکتائی دوست

•

ہر خط کف ہے یہاں اے دست بیضائے کلیم
موجزن دریائے نور بے مثالی ہاتھ میں

•

ہے انھیں کے نور سے سب عیاں ہے انھیں کے جلوہ میں سب نہاں
بنے صبح تابش مہر سے رہے پیش مہر یہ جاں نہیں
وہی نور حق وہی ظل رب ہے انھیں سے سب ہے انھیں کا سب
نہیں ان کی ملک میں آسماں کہ زمیں نہیں کہ زماں نہیں

•

تو ہے خورشید رسالت پیارے چھپ گئے تیری ضیاء میں تارے
انبیاء اور ہیں سب مہ پارے تجھ سے ہی نور لیا کرتے ہیں
جس کے جلوے سے احد ہے تاباں معدن نور ہے اس کا داماں
ہم بھی اس چاند پہ ہوکر قرباں دل سنگیں کی جلا کرتے ہیں

•

بزم آخر کا شمع فروزاں ہوا نور اول کا جلوہ ہمارا نبی
بجھ گئیں جس کے آگے سبھی مشعلیں شمع وہ لے کر آیا ہمارا نبی

لا مکاں تک اجالا ہے جس کا وہ ہے ہر مکاں کا اجالا ہمارا نبی
سب چمک والے اجلوں میں چمکا کیے اندھے شیشوں میں چمکا ہمارا نبی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

•

چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے
میرا دل بھی چمکا دے چمکانے والے

•

گود میں عالم شباب حال شباب کچھ نہ پوچھ
گلبن باغ نور کی اور ہی کچھ اٹھان ہے

•

کعبہ بھی ہے انھیں کی تجلی کا ایک ظل
روشن انھیں کے عکس سے پتلی حجر کی ہے
شکل بشر میں نور الٰہی اگر نہ ہو
کیا قدر اس خمیرۂ ما و مدر کی ہے
نور اللہ کیا ہے محبت حبیب کی
جس دل میں یہ نہ ہو وہ جگہ خوک و خر کی ہے

•

تو ہے سایہ نور کا ہر عضو ٹکڑا نور کا سایہ کا سایہ نہ ہوتا نہ سایہ نور کا
یہ کتاب کن میں آیا طرفہ آیہ نور کا غیر قائل کچھ نہ سمجھا کوئی معنی نور کا

تیری نسل پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا
تو ہے عین نور تیرا سب گھرانا نور کا

انبیاء اجزاء ہیں تو بالکل ہے جملہ نور کا
اس علاقے سے ہے ان پر نام سچا نور کا

یہ جو مہر و مہ پہ ہے اطلاق آتا نور کا
بھیک تیرے نام کی ہے استعارہ نور کا

●

مہر خدا نور نور دل ہے سیہ دن ہے دور
شب میں کرو چاند نا تم پہ کروروں درود

●

ز عکست ماہ تاباں آفریدند
ز بوئے تو گلستاں آفریدند

ز مہر و چرخ بہر خوان جودت
عجب قرص و نمک داں آفریدند

●

اے مقتداء شمع ہدیٰ نور خدا ظلمت زدا
مہرت فدا ماہت گدا نورت جدا از ایں و آں

آئینہ ہا حیران تو شمس و قمر جویان تو
سیارہا قربان تو شمعت فدا پروانہ ساں

●

روشن کر قبر بے کسوں کی
اے شمع جمال مصطفائی

اندھیر ہے بے تیرے مرا گھر
اے شمع جمال مصطفائی

آنکھوں میں چمک کے دل میں آجا
اے شمع جمال مصطفائی

پر نور ہے تجھ سے بزم عالم
اے شمع جمال مصطفائی

شرق انوار قدرت پہ نوری درود　　فتق ازہار قربت پہ لاکھوں سلام
قد بے سایہ کے سایہ مرحمت　　ظل ممدود رافت پہ لاکھوں سلام
(حدائق بخشش)

حضور ﷺ کی سیادت مطلقہ

خلق سے اولیاء اولیاء سے رسل
اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

وما ارسلناک إلا رحمۃ للعلمین

اور بیشک ہم نے تمھیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہاں کے لیے

(الانبیاء/۱۰۷)

حضور ﷺ کی سیادت مطلقہ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کچھ فضائل تو آپ کے اور تمام انبیائے کرام صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہم اجمعین کے مابین مشترک ہیں اور کچھ فضائل و کمالات وہ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے صرف آپ کے ساتھ مخصوص کیا ہے، اوران میں دنیا و آخرت میں کوئی نبی بھی آپ کا شریک و سہیم نہیں ہے۔ حق تبارک و تعالیٰ نے جواہر نفوس انسانیہ کو مختلف فرمایا ہے، بعض مرتبہ صفا کے انتہائی مقام جودت و طہارت کے غایت درجہ میں ہیں۔ بعض متوسط ہیں اور بعض انتہائی کدورت اور غایت ردایت میں ہیں، چنانچہ ہر قسم میں مراتب و درجات جداگانہ ہیں۔

مگر انبیاء کرام علیہم السلام کے تمام نفوس قدسیہ سب سے زیادہ صاف وجید ہیں اوران کے ابدان مبارکہ بھی جملہ نفوس بشری کے مقابلے میں سب سے زیادہ پاکیزہ اور ہر نقص وعیب سے محفوظ و منزہ ہیں۔ باوجودیکہ یہ انبیاء کرام دائرہ کمال میں داخل اور اپنے غیر سے کامل و افضل ہیں مگر باہم ان کے درمیان بھی تفاوت و تفاضل ہے، اور حضور سید عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان سب سے ازروئے مزاج اصح و اعدل اور اسلم، اور ازروئے بدن اطہر ان سب سے ازکیٰ و اصفیٰ ہیں اور باعتبار روحانیت سب سے اکمل و اتم ہیں اور تخلیق کے لحاظ سے بھی ان سب سے لطیف تر اور اشرف ہیں۔ آپ کے افضل البشر، سید ولد آدم اور افضل الناس ہونے میں کسی کو اختلاف نہیں ہے۔ انبیاء کرام کو از قسم کمالات و کرامات جو کچھ حاصل تھا وہ تمام یا اس کے مثل اور ان مخصوص فضائل و کمالات کے ساتھ جو خاص طور پر آپ کو حاصل ہیں دوسرا کوئی نبی آپ کا شریک و سہیم نہیں۔ (مولف) (مدارج النبوۃ اول)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ وہابیہ نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے افضل المرسلین ہونے سے انکار کیا اور قرآن وحدیث سے اس کی دلیل مانگی، لہٰذا آپ قرآن وحدیث سے اس کا

ثبوت دے کر مسلمانوں کو ممنون فرمائیں۔

آپ نے اس کے جواب میں فرمایا :

حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا افضل المرسلین و سید الاولین والآخرین ہونا قطعی ایمانی یقینی اذعانی اجماعی ایقانی مسئلہ ہے جس میں خلاف نہ کرے گا مگر گمراہ بددین بندۂ شیاطین۔ والعیاذ باللہ رب العالمین، کلمہ پڑھ کر اس میں شک عجیب ہے آج نہ کھلا تو کل قریب ہے، جس دن تمام مخلوق کو جمع فرمائیں گے سارے مجمع کا دولھا حضور کو بنائیں گے، انبیائے جلیل تا حضرت خلیل سب حضور ہی کے نیاز مند ہوں گے، موافق و مخالف کی حاجتوں کے ہاتھ انھیں کی جانب بلند ہوں گے انھیں کا کلمہ پڑھا جاتا ہوگا انھیں کی حمد کا ڈنکا بجتا ہوگا جو آج بیان ہے کل عیاں ہے اس دن جو مومن و مقربین نور بار عشرتوں سے شادیاں رچائیں گے۔ یا لیتنا اطعنا اللہ و اطعنا الرسول اللھم اجعلنا من المھتدن و لا تجعلنا فتنة للقوم الظالمین ۔

گروہ معتزلہ کہ ملائکہ کرام کو حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سے افضل مانتے ہیں وہ بھی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وعلیٰ آلہ اجمعین کو بالیقین مخصوص و مستثنیٰ جانتے ہیں ان کے نزدیک بھی حضور پرنور انبیاء و مرسلین و ملائکہ مقربین و خلق اللہ اجمعین سب سے افضل و اعلیٰ و بلند و بالا علیہ صلوٰۃ المولیٰ تعالیٰ، کلمات علماء کرام میں اس کی تصریح اور فقیر (امام احمد رضا) کے رسالہ اجلال جبریل بجعلہ خادما للمحبوب الجمیل میں تحقیق و توضیح۔ (تجلی الیقین)

پھر امام احمد رضا بریلوی نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے افضل المرسلین و سید الاولین والآخرین ہونے کی آیات و احادیث اور وحی ربانی سے جو نفیس تحقیق فرمائی ہے وہ ملاحظہ فرمائیں۔

انبیاء سے عہد و میثاق

اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے :

و اذا اخذ الله ميثاق النبيين لما آتيكم من كتاب و حكمة ثم جاء كم رسول مصدق لما معكم لتؤمنن به و لتنصرنه قال أ اقررتم و اخذتم على ذلكم اصرى قالوا اقررنا قال فاشهدوا و انا معكم من الشاهدين فمن تولى بعد ذلك فأولئك هم الفاسقون.

اور یاد کرا ے محبوب جب خدا نے عہد لیا پیغمبروں سے کہ جو میں تم کو کتاب وحکمت دوں پھر تمھارے پاس آئے رسول تصدیق فرماتا اس کی جو تمھارے ساتھ ہے تو تم ضرور ہی اس پر ایمان لانا، اور بہت ضرور اس کی مدد کرنا پھر فرمایا کیا تم نے اقرار کیا اور اس پر میرا بھاری ذمہ لیا سب انبیاء نے عرض کی کہ ہم ایمان لائے فرمایا تو ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ اور میں بھی تمھارے ساتھ گواہوں سے ہوں اب جو اس کے بعد پھرے گا تو وہی لوگ بے حکم ہیں۔

امام اجل ابو جعفر طبری وغیرہ محدثین اس آیت کی تفسیر میں حضرت مولی المسلمین امیر المومنین جناب مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی :

لم يبعث الله نبيا من آدم فمن دونه الا اخذ عليه العهد فى محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لئن بعث و هو حي ليومنن به و لينصرنه و ياخذ العهد بذلك على قومه.

یعنی اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لے کر آخر تک جتنے انبیاء بھیجے سب سے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں عہد لیا کہ اگر یہ اس نبی کی زندگی میں مبعوث ہوں تو وہ ان پر ایمان لائے اور ان کی مدد فرمائے اور اپنی امت سے اس مضمون کا عہد لے۔

اسی طرح حبر الامۃ عالم القرآن حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہوا

اسے ابن جریر وعساکر نے روایت کیا، بلکہ امام بدرزرکشی وحافظ عماد بن کثیر وامام الحفاظ علامہ ابن حجر عسقلانی نے اسے صحیح بخاری کی طرف نسبت کیا۔

اس عہد ربانی کے مطابق ہمیشہ حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء نشر مناقب وذکر مناصب حضور سید المرسلین صلواۃ اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ وعلیہم اجمعین سے رطب اللسان رہتے اور اپنی پاک مبارک مجالس ومحافل ملائک منزل کو حضور کی یاد و مدح سے زینت دیتے اور اپنی امتوں سے حضور پرنور پر ایمان لانے اور مدد کرنے کا عہد لیتے یہاں تک کہ وہ پچھلا مژدہ رساں کنواری بتول کا ستھرا بیٹا مسیح کلمۃ اللہ علیہ صلوات اللہ مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمه احمد کہتا تشریف لایا اور جب سب ستارے روشن مہ پارے مکمن غیب میں گئے آفتاب عالم تاب ختمیت نے باہزاراں ہزار جاہ وجلال طلوع اجلال فرمایا۔

ابن عساکر سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

لم یزل الله یتقدم فی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الی آدم فمن بعده و لم تزل الامم تتبا شربه و تستفتح به حتیٰ اخرجه الله فی خیر امته و فی خیر قرن و فی خیر اصحاب و فی خیر بلد.

ہمیشہ اللہ تعالیٰ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں آدم اور ان کے بعد کے سب انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سے پیشین گوئی فرماتا رہا اور قدیم سے سب امتیں تشریف آوری حضور کی خوشیاں مناتیں اور حضور کے توسل سے اپنے اعداء پر فتح مانگتی آئیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو بہترین امم وبہترین قرون وبہترین اصحاب وبہترین بلاد میں ظاہر فرمایا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اور اس کی تصدیق قرآن عظیم میں ہے :

و کانوا من قبل یستفتحون علی الذین کفروا فلما جاء هم ما عرفوا کفروا به

فلعنة الله على الكفرين .

یعنی اس نبی کے ظہور سے پہلے کافروں پر اس کے وسیلہ سے فتح چاہتے پھر جب وہ جانا پہچانا ان کے پاس تشریف لایا منکر ہو بیٹھے تو خدا کی پھٹکار منکروں پر۔

علماء فرماتے ہیں جب یہود مشرکوں سے لڑتے دعا کرتے۔

اللهم انصر عليهم بالنبى المبعوث فى آخر الزمان الذى نجد صفته فى التوراة.

الٰہی ہمیں مدد دے ان پر صدقہ اس نبی آخر الزمان کا جس کی نعت ہم توریت میں پاتے ہیں۔

اس دعا کی برکت سے انھیں فتح دی جاتی۔

اسی پیمان الٰہی کا سبب ہے کہ حدیث میں آیا حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا

و الذى نفسى بيده لو ان موسى كان حيا اليوم ما وسعه الا ان يتبعنى .

قسم اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے آج اگر موسیٰ دنیا میں ہوتے میری پیروی کے سوا ان کو کچھ گنجائش نہ ہوتی۔

اسے امام احمد و دارمی نے اور بیہقی نے شعب الایمان میں اور ابونعیم نے دلائل النبوۃ میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت کیا۔

اور یہی باعث ہے کہ جب آخر الزمان میں حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام نزول فرمائیں گے باں کہ بدستور منصب رفیع نبوت و رسالت پر ہوں گے حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے امتی بن کر رہیں گے، حضور ہی کی شریعت پر عمل کریں گے، حضور کے ایک امتی و نائب یعنی امام مہدی کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔

حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم و امامکم منکم .

کیسا حال ہوگا تمھارا جب ابن مریم تم میں اتریں گے اور تمھارا امام تم میں سے ہوگا۔

اسے بخاری ومسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

اور اس عہد واثق کی پوری تائید وتوکید حق عز جلالہ نے تورات مقدس میں فرمائی۔

امام علامہ تقی الملۃ والدین ابوالحسن علی بن عبدالکافی سبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اس آیت کی تفسیر میں ایک نفیس رسالہ ''التعظیم والمنۃ فی لتومنن بہ ولتنصرنہ'' لکھا اور اس میں آیت مذکورہ سے ثابت فرمایا کہ ہمارے حضور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ سب انبیاء کے نبی ہیں اور تمام انبیاء ومرسلین اور ان کی امتیں سب حضور کے امتی حضور کی نبوت ورسالت زمانہ سیدنا ابوالبشر علیہ الصلاۃ والسلام سے روز قیامت تک جمیع خلق اللہ کو عام شامل ہے اور حضور کا ارشاد **و کنت نبیا و آدم بین الروح و الجسد** اپنے معنی حقیقی پر ہے۔

اگر ہمارے حضور حضرت آدم ونوح وابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم کے زمانہ میں ظہور فرماتے ان پر فرض ہوتا کہ حضور پر ایمان لاتے اور حضور کے مددگار ہوتے اسی کا اللہ تعالیٰ نے ان سے عہد لیا تھا۔ اور حضور کے نبی الانبیاء ہونے ہی کا باعث ہے کہ شب اسرا تمام انبیاء ومرسلین نے حضور کی اقتداء کی اور اس کا پورا ظہور روز نشور ہوگا جب حضور کے زیر لوا آدم ومن سواکافہ رسل وانبیاء ہوں گے۔ صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ وعلیہم اجمعین۔

بالجملہ مسلمان بہ نگاہ ایمان اس آیت کریمہ کے مفادات عظیمہ پر غور کرے صاف صریح ارشاد فرما رہی ہے کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اصل الاصول ہیں، محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رسولوں کے رسول ہیں،

امتیوں کو جو نسبت انبیاء ورسل سے ہے وہ نسبت انبیاء ورسل کو اس سید الکل سے ہے، امتیوں پر فرض کرتے ہیں رسولوں پر ایمان لاؤ، رسولوں سے عہد و پیمان لیتے ہیں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گرویدگی فرماؤ، غرض صاف صاف جتا رہے ہیں کہ مقصود اصل ایک وہی ہیں باقی تم سب تابع وطفیلی۔ ع

مقصود ذات اوست دگر جملگی طفیل

آیت میثاق کی تاکیدات

پھر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں

اقول وباللہ التوفیق: پھر یہ بھی دیکھنا ہے کہ اس مضمون کو قرآن عظیم نے کس قدر مہتم بالشان ٹھہرایا اور طرح طرح سے موکد فرمایا۔

اولاً : انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء معصومین ہیں زنہار حکم الٰہی کا خلاف ان سے محتمل نہیں، کافی تھا کہ رب تبارک وتعالیٰ بطریق امر انھیں ارشاد فرماتا اگر وہ نبی تمھارے پاس آئے اس پر ایمان لانا اور اس کی مدد کرنا، مگر اس قدر پر اکتفا نہ فرمایا بلکہ ان سے عہد و پیمان لیا یہ عہد، عهد الست بربكم کے بعد دوسرا پیمان تھا جیسے کلمہ طیبہ میں لا اله الا الله کے ساتھ محمد رسول الله، تاکہ ظاہر ہو کہ تمام ماسوائے اللہ پر فرض ربوبیت الٰہیہ کا اذعان ہے پھر اس کے برابر رسالت محمدیہ پر ایمان۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ثانیاً : اس عہد کو لام قسم سے موکد فرمایا، لتومنن به و لتنصرنه جس طرح نوابوں سے بیعت سلاطین پر قسمیں لی جاتی ہیں، امام سبکی فرماتے ہیں شاید سوگند بیعت اسی آیت سے ماخوذ ہوئی ہے۔

ثالثاً : نون تاکید۔

رابعاً : وہ بھی ثقیلہ لا کر ثقل تاکید کو اور دو بالا فرمایا۔

خامسا : یہ کمال اہتمام ملاحظہ کیجیے کہ حضرات انبیاء ابھی جواب نہ دینے پائے کہ خود ہی تقدیم فرما کر پوچھتے ہیں أ اقررتم کیا تم اس امر پر اقرار کرتے ہو؟ یعنی کمال تعجیل وتسجیل مقصود ہے۔

سادسا: اس قدر پر بھی بس نہ فرمائی بلکہ ارشاد ہوا و اخذتم علی ذلکم اصری خالی اقرار نہیں بلکہ اس پر میرا بھاری ذمہ لو۔

سابعا: علیہ یا علی ھذا کی جگہ علی ذلکم فرمایا کہ بعد اشارت دلیل عظمت ہو۔

ثامنا : اور ترقی ہوئی کہ فاشھدوا ایک دوسرے پر گواہ ہو جاؤ حالاں کہ معاذ اللہ اقرار کر کے مکر جانا ان پاک مقدس جنابوں سے معقول نہ تھا۔

تاسعا : کمال یہ ہے کہ فقط ان کی گواہیوں پر بھی اکتفانہ ہوئی بلکہ ارشاد فرمایا و انا معکم من الشاھدین میں خود بھی تمہارے ساتھ گواہوں سے ہوں۔

عاشرا: سب سے زیادہ نہایت کار یہ ہے کہ اس قدر عظیم جلیل تاکیدوں کے بعد بآں کہ انبیاء کو عصمت عطا فرمائی یہ سخت شدید تہدید بھی فرمادی گئی کہ فمن تولی بعد ذلک فاولئک ھم الفاسقون اب جو اس اقرار سے پھرے گا فاسق ٹھہرے گا۔

اللہ، اللہ! یہ وہی اعتنائے تام واہتمام تمام ہے جو باری تعالٰی کو اپنی توحید کے بارے میں منظور ہوا کہ ملائکہ معصومین کے حق میں ارشاد کرتا ہے۔

و من یقل منھم انی الہ من دونہ فذلک نجزیہ جھنم کذلک نجزی الظّٰلمین.

جو ان میں سے کہے گا میں اللہ کے سوا معبود ہوں اسے ہم جہنم کی سزا دیں گے ہم ایسی ہی سزا دیتے ہیں ستم گروں کو۔

گویا اشارہ فرمایا جس طرح ہمیں ایمان کے جز اول **لا الہ الا اللہ** کا اہتمام ہے یوں ہی جز دوم **محمد رسول اللہ** سے اعتنائے تام ہے۔ میں تمام جہان کا خدا کہ ملائکہ مقربین بھی میری بندگی سے سر نہیں پھیر سکتے اور میرا محبوب سارے عالم کا رسول و مقتداء کہ انبیاء و مرسلین بھی اس کی بیعت و خدمت کے محیط دائرہ میں داخل ہوئے۔ اس سے بڑھ کر حضور کی سیادت عامہ وفضیلت تامہ پر کون سی دلیل درکار ہے۔

حضور کی رحمت وافضلیت

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

و ما ارسلنک إلا رحمة للعالمین .

اے محبوب ہم نے تجھے نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔

عالم، ماسوائے اللہ کو کہتے ہیں، جس میں انبیاء و ملائکہ سب داخل، تو لا جرم حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان سب پر رحمت ونعمت رب الارباب ہوئے اور وہ سب حضور کی سرکار عالم مدار سے بہرہ مند وفیض یاب، اس لیے اولیائے کاملین وعلمائے عاملین تصریحیں فرماتے ہیں کہ ازل سے ابد تک ارض وسماء میں، اولیٰ و آخرت میں، دنیا و دین میں، روح وجسم میں، چھوٹی یا بڑی، بہت یا تھوڑی جو نعمت ودولت کسی کو ملی یا اب ملتی ہے یا آئندہ ملے گی سب حضور کی بارگاہ جہان پناہ سے بٹی اور بٹتی ہے اور ہمیشہ بٹے گی۔

امام فخر الدین رازی نے اس آیہ کریمہ کے تحت میں لکھا ہے۔

لما کان رحمة للعالمین لزم ان یکون افضل من کل العالمین .

جب حضور تمام عالم کے لیے رحمت ہیں واجب ہوا کہ تمام ماسوائے اللہ سے افضل ہوں۔

حضور جمیع مخلوقات کے رسول ہیں

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

و ما ارسلنک من رسول الا بلسان قومه .

نہ بھیجا ہم نے کوئی رسول مگر ساتھ زبان اس کی قوم کے۔

علماء فرماتے ہیں کہ یہ آیہ کریمہ دلیل ہے کہ انبیائے سابقین سب خاص اپنی قوم پر رسول کر کے بھیجے جاتے۔

اقول : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے **لقد ارسلنا نوحا إلى قومه .**

اورفرماتا ہے، **و إلى عاد اخاهم هودا.**

اورفرماتا ہے، **و إلى ثمود اخاهم صالحا.**

اللہ عزوجل فرماتا ہے، **و لوطا اذ قال لقومه .**

اورفرماتا ہے، **و الى مدين اخاهم شعيبا**

اورفرماتا ہے، **ثم بعثنا من بعدهم موسى باياتنا إلى فرعون و ملائه.**

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے **و تلک حجتنا اتيناها ابراهيم على قومه .**

اورفرماتا ہے **في يونس و ارسلنه إلى مائة الف او يزيدون.**

حق تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے **ان عيسىٰ و رسولا الى بنى اسرائيل .**

اسی لیے صحیح حدیث میں فرمایا :

كان النبي يبعث إلى قومه خاصة .

نبی خاص اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا۔

اسے بخاری و مسلم نے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

دوسری روایت میں آیا

كان النبي يبعث إلى قرية لا يعدوها.

نبی ایک بستی کی طرف مبعوث ہوتا جس کے آگے تجاوز نہ کرتا۔

اسے ابویعلی نے عوف بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

اور حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے فرماتا ہے۔

وما ارسلناک إلا كافة للناس بشيرا و نذيرا و لكن اكثر الناس لا يعلمون .

نہ بھیجا ہم نے تمھیں مگر سب لوگوں کے لیے خوش خبری دیتا اور ڈر سناتا پر بہت لوگ بے خبر ہیں۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے :

قل يا ايها الناس انی رسول الله اليكم جميعا.

تو فرما اے لوگو! میں خدا کا رسول ہوں تم سب کی طرف۔

اور فرماتا ہے :

تبارک الذی نزل الفرقان علی عبده ليكون للعالمين نذيرا.

بڑی برکت والا ہے وہ جس نے اتارا قرآن اپنے بندے پر کہ ڈر سنانے والا ہو سارے جہان کو۔

اسی لیے خود حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ارسلت إلى الخلق كافة .

میں تمام مخلوق الٰہی کی طرف بھیجا گیا۔

اسے مسلم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حضور کی افضلیت مطلقہ کی یہ دلیل حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ارشادات سے ہے، دارمی ابو یعلی طبرانی بیہقی روایت کرتے ہیں اس جناب نے فرمایا :

ان الله تعالىٰ فضل محمدا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على الانبياء و على اهل السماء .

بیشک اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام انبیاء وملائکہ سے افضل کیا۔

حاضرین نے انبیاء پر وجہ تفضیل پوچھی، فرمایا :

ان الله تعالىٰ قال و ما ارسلنا من رسول الا بلسان قومه و قال لمحمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ما ارسلناک الا كافة للناس ، فارسله الى الانس و الجن.

یعنی اللہ نے اور رسولوں کے لیے فرمایا ہم نے نہ بھیجا کوئی رسول مگر ساتھ زبان اس کی قوم کے، اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رسول سب لوگوں کے لیے تو حضور کو تمام انس و جن کا رسول بنایا۔

علماء فرماتے ہیں رسالت والا کا تمام انس و جن کو شامل ہونا اجماعی ہے اور محققین کے نزدیک

ملائکہ کو بھی شامل، بلکہ تحقیق یہ ہے کہ حجر وشجر وارض وسماء و جبال و بحار تمام ماسوا اللہ اس کے احاطہ عامہ ودائرہ تامہ میں داخل۔اور خود قرآن عظیم میں لفظ عالمین اور روایت صحیح مسلم میں لفظ خلق وہ بھی موکد بہ کلمہ کافۃ اس مطلب پر احسن الدلائل۔

طبرانی معجم کبیر میں یعلی بن مرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

ما من شئ الا يعلم انى رسول الله الا كفرة الجن و الانس .

کوئی چیز نہیں جو مجھے رسول اللہ نہ جانتی ہو مگر بے ایمان جن وآدمی۔

آیت افضلیت مطلقہ پر دلیل ہے

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ آیت کریمہ **قل یا ایها الناس انی رسول الله الیکم جمیعا** کی توضیح وتفسیر نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی افضلیت مطلقہ ثابت کرنے کے بعد فرماتے ہیں۔

اب نظر کیجیے کہ یہ آیت کتنی وجہ سے افضلیت مطلقہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر حجت ہے۔

اولاً : اس موازنہ سے خود واضح ہے کہ انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام ایک شہر کے ناظم تھے اور حضور پر نور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سلطان ہفت کشور بلکہ بادشاہ زمین وآسمان۔

ثانیاً : اعبائے رسالت سخت گراں بار ہیں اور ان کا تحمل بغایت دشوار **انا سنلقی علیک قولا ثقیلا** اسی لیے موسیٰ وہارون سے عالی ہمتوں کو پہلے ہی تاکید ہوئی **لا تنیا فی ذکری** دیکھو میرے ذکر میں سست نہ ہو جانا، پھر جس کی رسالت ایک قوم خاص کی طرف اس کی مشقت تو اس قدر،

جس کی رسالت نے انس وجن وشرق وغرب کو گھیر لیا اس کی مونت کس قدر، پھر جیسی مشقت ویسا ہی اجر اور جتنی خدمت اتنی ہی قدر، افضل العبادات احمزھا مشقت والی عبادت زیادہ افضل ہے۔

ثالثاً: جیسا جلیل کام ہو ویسا ہی جلالت والا اس کے لیے درکار ہوتا ہے بادشاہ چھوٹی چھوٹی مہموں پر افسران ماتحت کو بھیجتا ہے اور سخت عظیم مہم پر امیر الامراء وسردار اعظم کو لاجرم رسالت خاصہ وبعثت عامہ میں جو تفرقہ ہے وہی فرق مراتب ان خاص رسولوں اور ان رسول الکل میں ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم اجمعین۔

رابعاً: یوں ہی حکیم کی شان یہ ہے کہ جیسے علوشان کا آدمی ہو اسے ویسے ہی عالی شان کام پر مقرر کریں کہ جس طرح بڑے کام پر چھوٹے سردار کا تعین اس کے سرانجام نہ ہونے کا موجب، یوں ہی چھوٹے کام پر بڑے سردار کا تقرر نگاہوں میں اس کے ہلکے پن کا جالب۔

خامساً: جتنا کام زیادہ اتنا ہی اس کے لیے سامان زیادہ، نواب کو اپنے انتظام ریاست میں فوج وخزانہ اسی کے لائق درکار اور بادشاہ عظیم خصوصاً سلطان ہفت اقلیم کو اس کے رتق وفتق ونظم ونسق میں اسی کے موافق اور یہاں سامان وہ تائید الٰہی وترتیب ربانی ہے جو حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء پر مبذول ہوتی ہے تو ضرور ہے کہ جو علوم ومعارف قلب اقدس پر القا ہوئے معارف وعلوم جمیع انبیاء سے اکثر ووافی ہوں۔

انبیاء کے لیے ادائے امانت کی چیزیں

اقول: پھر یہ بھی دیکھنا کہ انبیاء کو ادائے امانت وابلاغ رسالت میں کن کن باتوں کی حاجت ہوتی ہے۔

حلم : کہ گستاخی کفار پر تنگدل نہ ہو، دع اذٰهم و توکل علی الله .

صبر : کہ ان کی اذیتوں سے گھبرانہ جائیں، فاصبر کما صبر اولو العزم من الرسل.

تواضع : کہ ان کی صحبت سے نفور نہ ہوں، و اخفض جناحک لمن اتبعک من المومنین.

رفق ولینت : کہ قلوب ان کی طرف راغب ہوں فبما رحمة من الله لنت لهم .

رحمت : کہ واسطہ افاضۂ خیرات ہوں رحمة للذین آمنوا منکم .

شجاعت : کہ کثرت اعداء کو خیال میں نہ لائیں انی لا یخاف لدی المرسلون فان الانسان عبید الاحسان و جبلت القلوب علی حب من احسن الیها و لا تجعل یدک مغلولة الی عنقک .

عفو ومغفرت : کہ نادان جاہل فیض پاسکیں، فاعف عنهم واصفح ان الله یحب المحسنین.

استغناء وقناعت : کہ جہال اس دعویٰ عظمیٰ کو طلب دنیا پر محمول نہ کریں لا تمدن عینک الی ما متعنا به ازواجا منهم .

جمال عدل : کہ تثقیف وتادیب وترتیب امت میں جس کی رعایت کرے۔ و ان حکمت بینهم فاحکم بالعدل .

کمال عقل : کہ اصل فضائل ومنبع فواضل ہے ولہٰذا عورت کبھی نبی نہیں ہوئی، و ما ارسلنا من قبلک إلا رجالا نہ کبھی اہل بادیہ وسکان دہ کو نبوت ملی کہ جفا و غلظت ان

کی طینت ہوتی ہے الا رجالا نوحی الیھم من اھل القری ای اھل الامصار .

اسی طرح نظافت نسب وحسن سیرت وصورت سب ہی صفات جمیلہ کی حاجت ہے کہ ان کی کسی بات پر نکتہ چینی نہ ہو، غرض یہ سب انھیں خزائن سے ہیں جو ان سلاطین حقیقت کو عطا ہوتے ہیں پھر جس کی سلطنت عظیم اس کے خزائن عظیم۔ حدیث میں ہے

ان اللہ ینزل المعونۃ علی قدر المؤنۃ .

اللہ تعالیٰ مشقت وتکلیف کے مطابق مدد نازل فرماتا ہے۔ (مولف)

تو ضرور ہوا کہ ہمارے حضور ان سب اخلاق فاضلہ واوصاف کاملہ میں تمام انبیاء سے اتم واکمل و اعلیٰ واجل ہوں۔ اسی لیے خود ارشاد فرماتے ہیں

انما بعثت لاتمم مکارم الاخلاق .

میں اخلاق حسنہ کی تکمیل کے لیے مبعوث ہوا۔

اسے بخاری نے ادب المفرد میں اور ابن سعد وحاکم وبیہقی نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حضور کی عقل

وہب بن منبہ فرماتے ہیں میں نے اکہتر کتب آسمانی میں لکھا دیکھا کہ روز آفرینش دنیا سے قیام قیامت تک تمام جہان کے لوگوں کو جتنی عقل عطا کی ہے وہ سب مل کر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عقل کے آگے ایسی ہے جیسے تمام ریگستان دنیا کے سامنے ریت کا ایک ذرہ۔

حضور کی رسالت عام ہے

سادساً : ہم اوپر بیان کر آئے کہ حضور کی رسالت زمانہ بعثت سے مخصوص نہیں بلکہ اولین و آخرین سب کو حاوی۔

ترمذی جامع میں اور حاکم و بیہقی و ابونعیم ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور احمد مسند اور بخاری تاریخ میں اور ابن سعد و حاکم بیہقی و ابونعیم میسرۃ الفجر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور بزار و طبرانی و ابونعیم عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ابونعیم بطریق صنابحی امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابن سعد ابن ابی الجد عا و مطرف بن عبداللہ بن الشخیر و عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی حضور پر نور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی گئی۔

متی و جبت لک النبوۃ.

حضور کے لیے نبوت کس وقت ثابت ہوئی۔

فرمایا :

و آدم بین الروح و الجسد.

جب کہ آدم درمیان روح اور جسد کے تھے۔

آدم سروتن بآب و گل داشت
کو حکم بملک جان و دل داشت

اسی لیے اکابر علماء تصریح فرماتے ہیں کہ جس کا خدا خالق ہے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں۔

شیخ محقق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں :

چوں بود خلق آں حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اعظم الاخلاق بعث کرد خدائے تعالیٰ اورا بسوئے کافہ ناس ومقصور نہ گرادنید رسالت اورا بر ناس بلکہ عام گردانید جن وانس را بلکہ بر جن وانس نیز مقصور نہ گردانید تا آں کہ عام شد تمام عالمین را پس ہر کہ اللہ تعالیٰ پروردگار اوست محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رسول اوست۔

جب حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اخلاق کے بلند مرتبہ پر فائز ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے انھیں جملہ مخلوقات کی طرف مبعوث فرمایا اوران کی رسالت صرف لوگوں پر منحصر نہ ہوئی بلکہ جن وانس کو عام وشامل ہوئی بلکہ جن وانس پر بھی موقوف ومنحصر نہیں رہی یہاں تک کہ ہر عالم وجملہ مخلوقات کو ان کی رسالت عام وتام ہوئی لہٰذا اللہ تعالیٰ جس کا خالق وپروردگار ہے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں۔ (مولف)

اب تو یہ دلیل اور بھی زیادہ عظیم وجلیل ہوگئی کہ ثابت ہوا جو نسبت انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام سے خاص ایک بستی کے لوگوں کو ہوتی وہ نسبت اس سرکار عرش وقار سے ہر ذرۂ مخلوق وہر فرد ماسوا اللہ یہاں تک کہ خود انبیاء ومرسلین کو ہے اور رسول کا اپنی امت سے افضل ہونا بدیہی۔

انبیاء پر حضور کی عظمت

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

تلک الرسل فضلنا بعضهم علی بعض منهم من کلم الله و رفع بعضهم درجت.

یہ رسول ہیں کہ ہم نے ان میں بعض کو بعض پر فضیلت دی کچھ ان میں وہ ہیں جن سے خدا نے کلام کیا اوران میں بعض کو درجوں بلند کیا۔

ائمہ فرماتے ہیں یہاں اس بعض سے حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مراد ہیں کہ انھیں سب انبیاء پر رفعت وعظمت بخشی ، اور یوں مبہم ذکر فرمانے میں حضور کے ظہور افضلیت وشہرت سیادت کی طرف اشارہ تامہ ہے یعنی یہ وہ ہیں کہ نام لو یا نہ لو انھیں کی طرف ذہن جائے گا اور کوئی دوسرا خیال میں نہ آئے گا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقیر (امام احمد رضا بریلوی) کہتا ہے اہل محبت جانتے ہیں کہ اس ابہام تام میں کیا لطف ومزہ ہے۔ ع

اے گل بتو خر سندم تو بوے کسی داری

●

مژدہ اے دل کہ مسیحا نفسے می آید
کہ ز انفاس خوشش بوے کسی می آید

●

کسی کا دو قدم چلنا یہاں پامال ہوجانا

رسولوں میں افضل

اللہ عزوجل فرماتا ہے :

ھو الذی ارسل رسولہ بالھدی و دین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ و کفی باللہ شھیدا.

وہی ہے جس نے بھیجا اپنا رسول ہدایت اور سچا دین لے کر کہ اسے غالب کرے سب دینوں پر اور خدا کافی ہے گواہ۔

اور اس امت مرحومہ سے فرماتا ہے :

کنتم خیر امة اخرجت للناس.

تم سب سے بہتر امت ہو کہ لوگوں کے لیے ظاہر کی گئی۔

آیات کریمہ ناطق کہ حضور کا دین تمام ادیان سے اعلیٰ واکمل اور حضور کی امت سب امم سے بہتر و افضل، تولا جرم اس دین کا صاحب اور اس امت کا آقا سب دین وامت والوں سے افضل و اعلیٰ۔

امام احمد و ترمذی و ابن ماجہ و حاکم معاویہ بن حیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔

انکم تتمون سبعین امة انتم خیرھا و اکرمھا علی الله .

تم ستر امتوں کو پورا کرتے ہو کہ اللہ کے نزدیک ان سب سے بہتر و بزرگ تر تم ہو۔

انبیاء اور حضور کے خطاب میں فرق

قرآن عظیم کا عام محاورہ ہے کہ تمام انبیاء کرام کو نام لے کر پکارتا ہے۔

یا آدم اسکن انت و زوجک الجنة .

یا نوح اھبط بسلام منا.

یا ابراھیم قد صدقت الرؤیا.

یا موسیٰ انی انا الله .

یا عیسیٰ انی متوفیک .

یا داؤد انا جعلنا خلیفة .

یا زکریا انا نبشرک .

یا یحییٰ خذ الکتاب بقوۃ .

مگر جہاں محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خطاب فرمایا ہے حضور کے اوصاف جلیلہ و القاب جمیلہ ہی سے یاد کیا ہے۔

یا ایھا النبی انا ارسلناک .

اے نبی ہم نے تجھے رسول کیا۔

یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک .

اے رسول پہنچا جو تیری طرف اترا۔

یا ایھا المزمل قم الیل.

اے کپڑا اوڑھے لیٹنے والے رات میں قیام فرما۔

یا ایھا المدثر قم فانذر.

اے جھرمٹ مارنے والے کھڑا ہو لوگوں کو ڈر سنا۔

یٰس و القرآن الحکیم انک لمن المرسلین .

اے یٰسین یا اے سردار مجھے قسم ہے حکمت والے قرآن کی بیشک تو مرسلوں سے ہے۔

طٰہ ما انزلنا علیک القران لتشقی .

اے طٰہ یا اے پاکیزہ رہنما ہم نے تجھ پر قرآن اس لیے نہیں اتارا کہ تو مشقت میں پڑے۔

ہر ذی عقل جانتا ہے کہ جو ان نداؤں اور ان خطابوں کو سنے گا بالبداہۃ حضور سید المرسلین وانبیاء سابقین کا فرق جان لے گا۔

یا ادم است با پدر انبیاء خطاب
یـــا یهـــا الـنبـــی خطاب محمد است

امام عزالدین بن عبدالسلام وغیرہ علمائے کرام فرماتے ہیں :

بادشاہ جب اپنے تمام امراء کو نام لے کر پکارے اور ان میں خاص ایک مقرب کو یوں ندا فرمایا کرے، اے مقرب حضرت، اے نائب سلطنت، اے صاحب عزت، اے سردار مملکت تو کیا کسی طرح محل شک وریب باقی رہے گا کہ یہ بندہ بارگاہ سلطانی میں سب سے زیادہ عزت ووجاہت والا اور سرکار سلطانی کو تمام عمائد وارا کین سے بڑھ کر پیارا ہے۔

فقیر (امام احمد رضا بریلوی) غفراللہ تعالیٰ لہ کہتا ہے خصوصاً **یا ایها المزمل و یا ایها المدثر** تو وہ پیارے خطاب ہیں جن کا مزہ اہل محبت ہی جانتے ہیں، ان آیتوں کے نزول کے وقت سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بالا پوش اوڑھے جھرمٹ مارے لیٹے تھے اسی وضع وحالت سے حضور کو یاد فرما کر ندا کی گئی، بلاتشبیہ جس طرح سچا چاہنے والا اپنے پیارے محبوب کو پکارے، او بانکی ٹوپی والے، اودھانی دوپٹے والے۔ ع

او دامن کو اٹھاکے جانے والے

اقول: نہایت یہ ہے کہ اشقیائے یہود مدینہ ومشرکین مکہ جو حضور سے جاہلانہ گفتگوئیں کرتے ان مقالات خبیثہ کو بغرض رد وابطال ومژدہ رسانی عذاب ونکال بارہا نقل فرمایا گیا مگر ان گستاخوں کی ان بے ادبانہ ندا کا کہ نام لے کر حضور کو پکارتے محل نقل میں بھی ذکر نہ آیا۔ ہاں جہاں انھوں نے وصف

کریم سے ندا کی تھی اگر چہ ان کے زعم میں بطور استہزا تھی اسے قرآن مجید نقل کرلایا کہ :

قالوا یا ایھا الذی نزل الیه الذکر

بولے اے وہ جس پر قرآن اترا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

بخلاف حضرات انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والتسلیم کہ ان سے کفار کے مخاطبے ویسے ہی منقول ہیں۔

یا نوح قد جادلتنا.

أ انت فعلت ھذا بالھتنا یا ابراھیم .

یا موسیٰ ادع لنا ربک بما عھد عندک .

یا صالح ائتنا بما تعدنا.

یا شعیب ما نفقه کثیر امما تقول .

بلکہ اس زمانہ کے مطیعین بھی انبیاء علیہم الصلاۃ والتسلیم سے یوں ہی خطاب کرتے ہیں اور قرآن عظیم نے اسی طرح ان سے نقل فرمائی۔

اسباط نے کہا:

یا موسیٰ لن نصبر علی طعام واحد

حواریوں نے کہا:

یا عیسیٰ ابن مریم ھل یستطیع ربک

حضور کو نام لے کر پکارنا حرام ہے

یہاں اس کا یہ بندوبست فرمایا کہ اس امت مرحومہ پر اس نبی کریم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم کا نام پاک لے کر خطاب کرنا ہی حرام ٹھہرایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

لا تجعلوا دعاء الرسول بينكم كدعاء بعضكم بعضا.

رسول کا پکارنا آپس میں ایسا نہ ٹھہرالو جیسے ایک دوسرے کو پکارتے ہو۔

کہ اے زید، اے عمرو، بلکہ یوں عرض کرو۔

يا رسول الله .

يا نبي الله .

يا سيد المرسلين .

يا خاتم النبيين .

يا شفيع المذنبين صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و على آلك اجمعين .

ابونعیم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس آیت کی تفسیر میں راوی :

قالوا كانوا يقولون يا محمد يا ابا القاسم فنهاهم الله عن ذلك اعظاما لنبيه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقالوا يا نبي الله ، يا رسول الله .

یعنی پہلے حضور کو یا محمد، یا ابا القاسم کہا جاتا اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی تعظیم کو اس سے نہی فرمائی جب سے صحابہ کرام یا نبی اللہ، یا رسول اللہ کہا کرتے۔

بیہقی امام علقمہ و امام اسود اور ابونعیم امام حسن بصری و امام سعید بن جبیر سے تفسیر کریمہ مذکورہ میں راوی :

لا تقولوا یا محمد و لکن قولوا یا رسول الله یا نبی الله .

یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یا محمد نہ کہو بلکہ یا نبی اللہ یا رسول اللہ کہو۔

اسی طرح امام قتادہ تلمیذ انس بن مالک سے روایت کی۔

ولہٰذا علماء تصریح فرماتے ہیں، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نام لے کر ندا کرنی حرام ہے، اور واقعی محل انصاف ہے جسے اس کا مالک و مولیٰ تبارک وتعالیٰ نام لے کر نہ پکارے غلام کی کیا مجال کہ وہ راہ ادب سے تجاوز کرے۔ بلکہ امام زین الدین مراغی وغیرہ محققین نے فرمایا اگر یہ لفظ کسی دعاء میں وارد ہو جو خود نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تعلیم فرمائی جیسے دعائے **یا محمد انی توجھت بک الی ربی** تاہم اس کی جگہ یا رسول اللہ، یا نبی اللہ کہنا چاہیئے حالاں کہ الفاظ دعا میں حتیٰ الوسع تغیر نہیں کی جاتی۔

امتوں کے خطاب میں فرق

یہ تو خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معاملہ تھا حضور کے صدقہ میں اس امت مرحومہ کا خطاب بھی خطاب امم سابقہ سے ممتاز ٹھہرا، اگلی امتوں کو اللہ تعالیٰ **یا ایھا المساکین** ، فرمایا کرتا توریت مقدس میں جا بجا یہی لفظ ارشاد ہوا ہے۔ اور اس امت مرحومہ کو جب ندا فرمائی ہے **یا ایھا الذین آمنوا** فرمایا گیا ہے یعنی اے ایمان والو، امتی کے لیے اس سے زیادہ اور کیا فضیلت ہوگی۔ سچ ہے پیارے کے علاقے والے بھی پیارے۔ آخر نہ سنا کہ فرماتا ہے :

فاتبعونی یحببکم الله .

میری پیروی کرو اللہ کے محبوب ہو جاؤ گے۔

اللہ تعالیٰ کا حضور کی قسم یاد فرمانا

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

لعمرک انهم لفی سکرتهم یعمهون .

حق جل وعلاء اپنے حبیب کریم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم سے فرماتا ہے تیری جان کی قسم وہ کافر اپنے نشہ میں اندھے ہو رہے ہیں۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے :

لا اقسم بهذا البلد و انت حل بهذا البلد .

میں قسم یاد کرتا ہوں اس شہر کی کہ تو اس شہر میں جلوہ فرما ہے۔

اور فرماتا ہے :

و قیله یا رب ان هولاء قوم لا یعلمون .

مجھے قسم ہے رسول کے اس کہنے کی کہ اے رب میرے یہ لوگ ایمان نہیں لاتے۔

اور فرماتا ہے :

و العصر .

قسم زمان برکت نشان محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی۔

اے مسلمان! یہ مرتبۂ جلیلہ اس جان محبوبیت کے سوا کسے میسر ہوا کہ قرآن عظیم نے ان کے شہر کی

قسم کھائی، ان کی باتوں کی قسم کھائی، ان کے زمانے کی قسم کھائی، ان کی جان کی قسم کھائی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، ہاں اے مسلمان! محبوبیت کبریٰ کے یہی معنی ہیں۔

ابن مردویہ اپنی تفسیر میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ما حلف الله بحياة احد قط الا بحياة محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال تعالىٰ لعمرک انهم لفی سكرتهم يعمهون و حياتک يا محمد

یعنی اللہ تعالیٰ نے کبھی کسی کی زندگی کی قسم یاد نہ کی سوا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کہ آیہ کریمہ **لعمرک** میں فرمایا مجھے تیری جان کی قسم اے محمد۔

ابو یعلی ابن جریر ابن مردویہ بیہقی ابو نعیم ابن عساکر بغوی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

ما خلق الله و ما ذرأ و ما برأ نفسا اكرم عليه من محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ما حلف الله بحياة احد قط الا بحياة محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لعمرک انهم لفی سكرتهم يعمهون .

اللہ تعالیٰ نے ایسا کوئی نہ بنایا، نہ پیدا کیا، نہ آفرینش فرمایا جو اسے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ عزیز ہو، نہ کبھی ان کی جان کے سوا کسی جان کی قسم یاد فرمائی کہ ارشاد کرتا ہے مجھے تیری جان کی قسم وہ کافر اپنی مستی میں بہک رہے ہیں۔

امام حجۃ الاسلام محمد غزالی احیاء العلوم اور امام محمد بن الحاج عبدری مکی مدخل اور امام احمد محمد خطیب قسطلانی مواہب لدنیہ اور علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض میں ناقل حضرت امیر المومنین عمر فاروق

اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک حدیث طویل میں حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرتے ہیں :

بابی انت وامی یا رسول الله قد بلغ من فضیلتک عند الله تعالیٰ ان اقسم بحیاتک دون سائر الانبیاء و لقد بلغ من فضیلتک عنده ان اقسم بتراب قدمیک فقال لا اقسم بهذا البلد.

یارسول اللہ میرے ماں باپ حضور پر قربان بیشک حضور کی بزرگی خدا کے نزدیک اس حد کو پہنچی کہ حضور کی زندگی کی قسم یاد فرمائی نہ باقی انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی اور تحقیق حضور کی فضیلت خدا کے یہاں اس نہایت کی ٹھہری کہ حضور کی خاک پا کی قسم یاد فرمائی کہ ارشاد کرتا ہے مجھے اس شہر کی قسم۔

شیخ محقق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مدارج میں فرماتے ہیں :

ایں لفظ در ظاہر نظر سخت می در آید نسبت بجناب عزت چوں گویند کہ سوگند می خورد بخاکپائے حضرت رسالت ونظر بحقیقت معنی پاک وصاف است کہ غبارے نیست برآں وتحقیق ایں سخن آنست کہ سوگند خوردن حضرت رب العزت جل جلالہ بچیزے غیر ذات وصفات خود برائے اظہار شرف وفضیلت وتمیز آن چیز است نزد مردم ونسبت بایشاں تابدانند کہ آن امرے عظیم وشریف است نہ آں کہ اعظم نسبت بوئے تعالیٰ۔

جب کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خاکپا کی قسم یاد فرمائی تو یہ لفظ ظاہر نظر میں سخت معلوم ہوتا ہے لیکن حقیقت میں یہ پاک وصاف ہے اس پر کوئی غبار نہیں ہے اور اس بات کی تحقیق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اپنی ذات وصفات کے علاوہ کسی چیز کی قسم یاد فرمانا لوگوں کی نظر میں اس چیز کا شرف وفضل ظاہر کرنے کے لیے ہے اور یہ لوگوں ہی کے اعتبار سے ہے تاکہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ یہ امر عظیم وشریف اور باوقار ہے یہ مطلب نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف نسبت کرتے ہوئے وہ چیز عظیم ہے یعنی اللہ سے بڑی اور عظمت والی کوئی چیز نہیں۔ (مولف)

اعتراضات کفار کے جواب انبیاء نے خود دیے
اور حضور کی طرف سے رب العالمین نے

قرآن عظیم میں جا بجا حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء سے کفار کی جاہلانہ جدال مذکور جس کے مطالعہ سے ظاہر کہ وہ اشقیاء طرح طرح سے حضرات انبیاء میں سخت کلامی و بیہودہ گوئی کرتے اور حضرات رسل علیہم الصلاۃ والسلام اپنے حلم عظیم و فضل کریم کے لائق جواب دیتے۔

سیدنا نوح علیہ الصلاۃ والسلام سے ان کی قوم نے کہا:

انا لنراک فی ضلل مبین

بیشک ہمیں تمھیں کھلا گمراہ سمجھتے ہیں۔

فرمایا:

یقوم لیس بی ضللة و لکن رسول من رب العلمین .

اے میری قوم مجھے گمراہی سے کچھ علاقہ نہیں میں تو رسول ہوں پروردگار عالم کی طرف سے۔

سیدنا ھود علیہ الصلاۃ والسلام سے عاد نے کہا:

انا لنراک فی سفاهة و نا لنظنک من الکاذبین .

یقیناً ہم تمھیں حماقت میں خیال کرتے ہیں اور ہمارے گمان میں تم بیشک جھوٹے ہو۔

فرمایا:

یقوم لیس بی سفاهة و لکن رسول من رب العلمین .

اے میری قوم مجھ میں اصلاً سفاہت نہیں میں تو پیغمبر ہوں رب العالمین کا۔

سیدنا شعیب علیہ الصلاۃ والسلام سے مدین نے کہا :

انا لنرٰئک فینا ضعیفا و لو لا رھطک لرجمناک و ما انت علینا بعزیز.

ہم تمھیں اپنے میں کمزور دیکھتے ہیں اور اگر تمھارے ساتھ کے یہ چند آدمی نہ ہوتے تو ہم تمھیں پتھروں سے مارتے اور کچھ تم ہماری نگاہ میں عزت والے نہیں۔

فرمایا :

یقوم ارھطی اعز علیکم من اللہ و اتخذ تموہ وراء کم ظھریا.

اے میری قوم کیا میرے کنبے کے یہ معدود لوگ تمھارے نزدیک اللہ سے زیادہ زبردست ہیں اور اسے تم بالکل بھلائے بیٹھے ہو۔

سیدنا موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے فرعون نے کہا:

انی لا ظنک یموسی مسحورا.

میرے گمان میں تو اے موسیٰ تم پر جادو ہوا۔

فرمایا :

لقد علمت ما انزل ھولاء الا رب السموات و الارض بصائرہ و انی لا ظنک یفرعون مثبورا.

تو خوب جانتا ہے کہ انھیں نہ اتارا مگر آسمان وزمین کے مالک نے دلوں کی آنکھیں کھولنے کو اور میرے یقین میں تو اے فرعون تو ہلاک ہونے والا ہے۔

مگر حضور سید المرسلین افضل المحبوبین محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین کی خدمت والاعظمت میں کفار نے جوزبان درازی کی ہے ملک السمٰوات والارض جل جلالہ خود متکفل جواب ہوا ہے اور محبوب اکرم مطلوب اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے آپ مدافعہ فرمایا ہے، طرح طرح حضور کی تنزیہہ وتبریت ارشاد فرمائی جابجا رفع الزام، اعدائے لئام پر قسم یاد فرمائی یہاں تک کہ غنی مغنی عز مجدہ نے ہر جواب وخطاب سے حضور کو غنی کردیا، اور اللہ تعالیٰ کا جواب دینا حضور کے خود جواب دینے سے بدرجہا حضور کے لیے بہتر ہوا اور یہ وہ مرتبہ عظمیٰ ہے کہ نہایت نہیں رکھتا، **ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء و اللہ ذو الفضل العظیم .**

(۱) کفار نے کہا :

یا ایھا الذی نزل علیہ الذکر انک لمجنون .

اے وہ جن پر قرآن اترا بیشک تم مجنون ہو۔

حق جلا وعلا نے فرمایا :

نٓ و القلم و ما یسطرون ما انت بنعمۃ ربک بمجنون .

قسم قلم اور نوشتہائے ملائک کی تو اپنے رب کے فضل سے ہرگز مجنون نہیں۔

و ان لک لاجرا غیر ممنون .

اور بیشک تیرے لیے اجر بے پایاں ہے۔

کہ تو ان دیوانوں کی بدزبانی پر صبر کرتا اور حلم وکرم سے پیش آتا ہے، مجنون تو چلتی ہوا سے الجھا کرتا ہے تیرا سا حلم وصبر کوئی تمام عالم کے عقلا میں تو بتادے۔

و انک لعلی خلق عظیم .

اور بیشک تو بڑے عظمت والے ادب تہذیب پر ہے۔

کہ ایک حلم وصبر کیا تیری جو خصلت ہے اس درجہ عظیم و باشوکت ہے کہ اخلاق عاقلان جہاں مجتمع ہوکر اس کے ایک شمہ کو نہیں پہنچتے، پھر اس سے بڑھ کر اندھا کون جو تجھے ایسے لفظ سے یاد کرے، مگر یہ انکا اندھا پن بھی چند روز کا ہے۔

فستبصر و یبصرون بایکم المفتون .

عنقریب تو بھی دیکھے گا اور وہ بھی دیکھ لیں گے کہ تم میں کسے جنون ہے۔

آج اپنی بے خردی و دیوانگی و کور باطنی سے جو چاہیں کہہ لیں آنکھیں کھلنے کا دن قریب آتا ہے اور دوست و دشمن سب پر کھلا چاہتا ہے کہ مجنون کون تھا۔

(۲) وحی اترنے میں جو کچھ دنوں دیر لگی کافر بولے۔

ان محمدا و دعه ربه و قلاه :

بیشک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کے رب نے چھوڑ دیا اور دشمن پکڑا۔

حق جل وعلاء نے فرمایا :

والضحی و الیل اذا سجی

قسم ہے دن چڑھے کی اور قسم رات کی جب اندھیری ڈالے یا قسم اے محبوب تیرے روئے روشن کی اور قسم تیری زلف کی جب چمکتے رخساروں پر بکھر آئے۔

ما ودعک ربک و ما قلی .

نہ تجھے تیرے رب نے چھوڑا اور نہ دشمن بنایا۔

اور یہ اشقیاء بھی دل میں خوب سمجھتے ہیں کہ خدا کی تجھ پر کیسی مہر ہے اسی مہر ہی کو دیکھ کر جلے جاتے ہیں اور حسد وعناد سے یہ طوفان جوڑتے اور اپنے جلے دل کے پھپھولے پھوڑتے ہیں مگر یہ خبر نہیں کہ

و للآخرة خير لک من الاولى .

بیشک آخرت تیرے لیے دنیا سے بہتر ہے۔

وہاں جونعمتیں تجھے ملیں گی نہ آنکھوں نے دیکھیں نہ کانوں نے سنیں نہ کسی بشر یا ملک کے خطرے میں آئیں جن کا اجمال یہ ہے۔

و لسوف يعطيک ربک فترضى .

قریب ہے تجھے تیرا رب اتنا دے گا کہ تو راضی ہو جائے گا۔

اس دن دوست دشمن سب پر کھل جائے گا کہ تیرے برابر کوئی محبوب نہ تھا، خیر اگر یہ اندھے آخرت کا یقین نہیں رکھتے تو تجھ پر خدا کی عظیم جلیل کثیر جزیل نعمتیں، رحمتیں آج کی تو نہیں قدیم ہی سے ہیں، کیا تیرے پہلے احوال انھوں نے نہ دیکھے اور ان سے یقین حاصل نہ کیا کہ جو نظر عنایت تجھ پر ہے ایسی نہیں کہ کبھی بدل جائے۔ الم يجدک يتيما فاوى ، إلى اخر السورة .

(۳) کفار نے کہا :

لست مرسلاً.

تم رسول نہیں۔

حق جلا وعلا نے فرمایا :

یسن و القرآن الحکیم انک لمن المرسلین .

اے سردار مجھے قسم حکمت والے قرآن کی تو بیشک مرسل ہے۔

(۴) کفار نے حضور کو شاعری کا عیب لگایا۔

حق جلا وعلاء نے فرمایا:

و ما علمنه الشعر و ما ینبغی له .

نہ ہم نے انھیں شعر سکھایا اور نہ وہ ان کے لائق تھا۔

ان هو الا ذکر و قرآن مبین .

وہ تو نہیں مگر نصیحت اور روشن بیان والا قرآن۔

(۵) منافقین حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخیاں کرتے اور ان میں کوئی کہتا ایسا نہ کہو کہیں ان تک خبر پہنچے، کہتے پہنچے گی تو کیا ہوگا ہم سے پوچھیں گے ہم مکر جائیں گے، قسم کھالیں گے انھیں یقین آجائے گا، کہ **هو اذن** وہ تو کان ہیں جیسی ہم سے سنیں گے مان لیں گے۔

حق جلا وعلا نے فرمایا:

اذن خیر لکم .

وہ تمھارے بھلے کے لیے کان ہیں۔

کہ جھوٹے عذر بھی قبول کر لیتے ہیں اور بکمال حلم و کرم چشم پوشی فرماتے ہیں ورنہ کیا انھیں بھیدوں اور خلوت کی چھپی باتوں پر آگاہی نہیں، **یؤمن باللہ** خدا پر ایمان لاتے ہیں اور وہ تمھارے اسرار سے انھیں مطلع کرتا ہے پھر تمھاری جھوٹی قسموں کا انھیں کیوں کر یقین آئے۔ ہاں **و یومن للمومنین** ایمان والوں

کی بات واقعی مانتے ہیں کہ انھیں ان کے دل کی سچی حالتوں پر خبر ہے اس لیے

و رحمة للذين آمنوا منكم .

مہربان ہیں ان پر جو تم میں ایمان لائے۔

کہ ان کے طفیل سے انھیں ہمیشگی کے گھر میں بڑے بڑے رتبے ملتے ہیں اور اگر چہ یہ بھی ان کی رحمت ہے کہ دنیا میں تم سے چشم پوشی ہوتی ہے مگر اس کا نتیجہ اچھا نہ سمجھو کہ تمھاری گستاخیوں سے انھیں ایذا پہنچی ہے۔

و الذين يوذون رسول الله لهم عذاب اليم .

اور جو لوگ رسول اللہ کو ایذا دیں ان کے لیے دکھ کی مار ہے۔

(۶) ابن ابی شقی ملعون نے جب وہ کلمہ ملعونہ کہا

لئن رجعنا الى المدينة ليخرجن الاعز منها الازل

جب ہم مدینہ پہنچیں گے تو عزت دار لوگ وہاں سے ذلیلوں کو نکال دیں گے۔

حق جل وعلا نے فرمایا

و لله العزة و لرسوله و للمومنين و لكن المنافقين لا يعلمون.

عزت تو ساری خدا اور رسول ومومنین ہی کے لیے ہے پر منافقوں کو خبر نہیں۔

(۷) عاص بن وائل شقی نے جو صاحبزادہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انتقال پر حضور کو ابتر یعنی نسل بریدہ کہا

حق جل جلالہ نے فرمایا :

انا اعطيناك الكوثر

بیشک ہم نے تمھیں خیر کثیر عطا فرمائی۔

کہ اولاد سے نام چلنے کو تمھاری رفعت ذکر سے کیا نسبت، کروروں صاحب اولاد گزرے جن کا نام تک کوئی نہیں جانتا اور تمھاری ثنا کا ڈنکا تو قیام قیامت تک اکناف عالم واطراف جہاں میں بجے گا اور تمھارے نام نامی کا خطبہ ہمیشہ ہمیشہ اطباق فلک آفاق زمین میں پڑھا جائے گا، پھر اولاد بھی تمھیں وہ نفیس و طیب عطا ہوگی جن کی بقا سے بقائے عالم مربوط رہے گی اس کے سوا تمام مسلمان تمھارے بال بچے ہیں اور تم سا مہربان باپ ان کے لیے کوئی نہیں بلکہ حقیقت کار کو نظر کیجیے تو تمام عالم تمھاری اولاد معنوی ہے کہ تم نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا اور تمھارے ہی نور سے سب کی آفرینش ہوئی، اسی لیے جب ابوالبشر آدم تمھیں یاد کرتے یوں کہتے۔

یا ابنی صورۃ و ابای معنی .

اے ظاہر میں میرے بیٹے اور حقیقت میں میرے باپ۔

پھر آخرت میں جو تمھیں ملنا ہے اس کا حال تو خدا ہی جانے جب اس کی یہ عنایت بے غایت تم پر مبذول ہو تو تم ان اشقیا کی زبان درازی پر کیوں ملول ہو بلکہ

فصل لربک و انحر.

اپنے رب کے شکرانے میں اس کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو۔

ان شانئک ہو الابتر.

جو تمھارا دشمن ہے وہی نسل بریدہ ہے۔

کہ جن بیٹوں پر اسے ناز ہے یعنی عمرو ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہما وہی اس کے دشمن ہو جائیں گے اور تمھارے دین حق میں آکر بوجہ اختلاف دین اس کی نسل سے جدا ہو کر تمھارے دینی بیٹوں میں شمار کیے جائیں گے پھر آدمی بے نسل ہوتا تو یہی سہی کہ نام نہ چلتا اس سے نام بد کا باقی رہنا ہزار درجہ بدتر ہے،

تمھارے دشمن کا ناپاک نام ہمیشہ بدی ونفرین کے ساتھ لیا جائے گا اور روز قیامت ان گستاخیوں کی پوری سزا پائے گا۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

(۸) جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے قریب رشتہ داروں کو جمع فرما کر وعظ ونصیحت اور اسلام واطاعت کی طرف دعوت کی، ابولہب شقی نے کہا:

تبا لک سائر الیوم الھذا جمعتنا.

ٹوٹنا اور ہلاک ہونا ہو تمھارے لیے ہمیشہ کو کیا ہمیں اسی لیے جمع کیا تھا۔

حق جل وعلا نے فرمایا:

تبت یدا ابی لھب و تب .

ٹوٹ گئے دونوں ہاتھ ابولہب کے اور وہ خود ہلاک وبرباد ہوا۔

ما اغنی عنه ماله و ما کسب .

اس کے کچھ کام نہ آیا اس کا مال اور جو کمایا۔

سیصلی نارا ذات لھب .

اب بیٹھا چاہتا ہے بھڑکتی آگ میں۔

و امرأته حمالة الحطب .

اور اس کی جورو لکڑیوں کا گٹھا سر پر لیے۔

فی جیدھا حبل من مسد.

اس کے گلے میں مونجھ کی رسی۔

بالجملہ اس روش کی آیتیں قرآن عظیم میں صدہا نکلیں گی، اسی طرح حضرت یوسف وبتول مریم اور ادھر ام المومنین صدیقہ علی سیدھم وعلیہم الصلاۃ والسلام کے قصے اس مضمون پر شاہد عدل ہیں۔

حضرت مولانا نقی علی رضا بریلوی قدس سرہ (والد ماجد امام احمد رضا بریلوی) سرور القلوب فی ذکر المحبوب میں فرماتے ہیں :

حضرت یوسف کو دودھ پیتے بچے اور حضرت مریم کو حضرت عیسیٰ کی گواہی سے لوگوں کو بدگمانی سے نجات بخشی اور جب حضرت عائشہ پر بہتان اٹھا خود ان کی پاکدامنی کی گواہی دی اور سترہ آیتیں نازل فرمائیں، اگر چاہتا ایک ایک درخت اور پتھر سے گواہی دلواتا مگر منظور یہ ہوا کہ محبوبہ محبوب کی طہارت و پاکی پر خود گواہی دیں اور عزت و امتیاز ان کا بڑھائیں۔ انتہیٰ۔

محل غور ہے کہ اراکین دولت و مقربان حضرت سے باغیان سرکش بگستاخی و بے ادبی پیش آئیں اور بادشاہ ان کے جوابوں کو انہیں پر چھوڑ دے مگر ایک سردار بلند وقار کے ساتھ یہ برتاؤ ہو کہ مخالفین جو زبان درازی اس کی جناب میں کریں حضرت سلطان اس مقرب ذی شان کو کچھ نہ کہنے دے بلکہ بہ نفس نفیس اس کی طرف سے تکفل جواب کرے کیا ہر ذی عقل اس معاملہ کو دیکھ کر یقین قطعی نہ کرے گا کہ سرکار سلطانی میں جو اعزاز اس مقرب جلیل کا ہے دوسرے کا نہیں اور جو خاص نظر اسکے حال پر ہے اوروں کا حصہ اس میں نہیں۔

مقام محمود و شفاعت

اللہ عزوجل فرماتا ہے :

عسى ان يبعثك ربك مقاما محمودا

قریب ہے تجھے تیرا رب بھیجے گا تعریف کے مقام میں۔

صحیح بخاری و جامع ترمذی میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے۔

سئل رسول الله عن المقام المحمود فقال هو الشفاعة .

حضرت سید المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال ہوا کہ مقام محمود کیا ہے؟ فرمایا

شفاعت۔

اسی طرح احمد وبیہقی ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

سئل عنها رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یعنی قوله عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا فقال هی الشفاعة .

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے آیت کریمہ عسیٰ ان یبعثک الآیة کے بارے میں سوال ہوا کہ مقام محمود کیا ہے؟ فرمایا وہ شفاعت ہے۔

اور شفاعت کی حدیثیں خود متواتر ومشہور اور صحاح وغیرہ میں مروی ومسطور۔

اس دن آدم صفی اللہ سے عیسیٰ کلمۃ اللہ تک سب انبیاء اللہ علیہم الصلاۃ والسلام نفسی نفسی نفسی فرمائیں گے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انا لها ، انا لها میں ہوں شفاعت کے لیے، میں ہوں شفاعت کے لیے، انبیاء ومرسلین وملائکہ مقربین سب ساکت ہوں گے اور وہ متکلم، سب سربگریباں وہ ساجد وقائم، سب محل خوف میں وہ آمن ونائم، سب اپنی فکر میں، انھیں فکر عوالم، سب زیر حکومت، وہ مالک وحاکم، بارگاہ الٰہی میں سجدہ کریں گے ان کا رب انھیں فرمائے گا۔

یا محمد ارفع رأسک و قل تسمع و سل تعطه و اشفع تشفع.

اے محمد اپنا سر اٹھاؤ اور عرض کرو کہ تمھاری عرض سنی جائے گی اور مانگو کہ تمھیں عطا ہوگا اور شفاعت کرو تمھاری شفاعت قبول ہے۔

اس وقت اولین وآخرین میں حضور کی رحمت وثنا کا غلغلہ پڑے گا اور دوست ، دشمن موافق، مخالف، ہر شخص حضور کی افضلیت کبریٰ وسیادت عظمیٰ پر ایمان لائے گا۔

مقام تو محمود و نامت محمد
بدیں ساں مقامی و نامی کہ دارد

جس کو شایاں ہے عرش خدا پر جلوس

امام محی السنۃ بغوی معالم التنزیل میں فرماتے ہیں :

عن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال ان الله عزوجل اتخذ ابراهیم خلیلا و ان صاحبکم صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خلیل الله و اکرم الخلق علی الله ثم قرأ عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا قال یقعده علی الکرسی .

یعنی عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی بیشک اللہ عزوجل نے ابراہیم علیہ الصلاۃ و السلام کو خلیل بنایا اور بیشک تمھارے آقا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کے خلیل اور تمام خلق سے زیادہ اس کے نزدیک عزیز و جلیل ہیں، پھر یہ آیت تلاوت کر کے فرمایا اللہ تعالیٰ انھیں روز قیامت عرش پر بٹھائے گا۔

امام عبد اللہ بن حمید وغیرہ، حضرت مجاہد تلمیذ رشید حضرت حبر الامۃ عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اس آیت کی تفسیر میں راوی

یجلسه الله معه علی العرش .

اللہ تعالیٰ انھیں عرش پر اپنے ساتھ بٹھائے گا، یعنی معیت تشریف و تکریم کہ وہ جلوس و مجلس سے پاک و متعالی ہے۔

امام قسطلانی مواہب لدنیہ میں ناقل، امام علامہ سید الحفاظ شیخ الاسلام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں مجاہد کا یہ قول نہ از روئے نقل مدفوع نہ از جہت نظر ممنوع، اور نقاش نے امام ابوداؤد صاحب سنن سے نقل کیا۔

من انکر هذا القول فهو متهم .

جو اس قول سے انکار کرے وہ متہم ہے۔

اسی طرح امام دارقطنی نے اس قول کی تصریح فرمائی اور اس کے بیان میں چند اشعار نظم کیے، کما

فی نسیم الریاض.

حضور کا کرسی پر جلوس

ابوالشیخ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

ان محمداً صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم القیامۃ یجلس علی کرسی الرب بین یدی الرب.

بیشک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز قیامت رب کے حضور رب کی کرسی پر جلوس فرمائیں گے۔

معالم میں عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

یقعدہ علی الکرسی.

اللہ تعالیٰ انھیں کرسی پر بٹھائے گا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

انبیاء اور حضور کے درمیان قرآنی ارشادات میں امتیاز

قرآن شریف کے تفصیلی ارشادات ومحاورات ونقل واقوال وذکر احوال پر نظر کیجیے تو ہر جگہ اس نبی کریم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم کی شان سب انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام سے بلند و بالا نظر آتی ہے، یہ وہ بحر زخار ہے جس کی تفصیل کو دفتر درکار، علمائے دین مثل امام ابونعیم وابن فورک وقاضی عیاض وجلال سیوطی و شہاب قسطلانی وغیرہم رحمہم اللہ تعالیٰ نے ان تفرقوں سے بعض کی طرف اشارہ فرمایا، فقیر اول ان کے چند اخراجات ذکر کر کے پھر بعض امتیاز کہ باندک تامل اس وقت ذہن قاصر میں حاضر ہوئے ظاہر کرے گا تطویل سے خوف اور اختصار کا قصد بیس پر اقتصار کا باعث ہوا۔

(۱) خلیل جلیل علیہ الصلاۃ والتجلیل سے نقل فرمایا

ولا یخزی یوم یبعثون .

مجھے رسوانہ کرنا جس دن لوگ اٹھائے جائیں۔

حبیب قریب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے خود ارشاد ہوا۔

یوم لا تخزی الله النبی و الذین آمنوا معه .

جس دن خدا رسوانہ کرے گا نبی اور اس کے ساتھ والے مسلمانوں کو۔

حضور کے صدقے میں صحابہ بھی اس بشارت عظمٰی سے مشرف ہوئے۔

(۲) خلیل علیہ الصلاۃ والسلام سے تمنائے وصال نقل کی۔

انی ذاهب الی ربی سیهدین .

میں اپنے رب کی طرف جانے والا ہوں اب وہ مجھے راہ دے گا۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خود بلا کر عطائے دولت کی خبر دی۔

سبحان الذی اسری بعبده

پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا۔

(۳) خلیل علیہ الصلاۃ والسلام سے آرزوئے ہدایت نقل فرمائی۔

سیهدین .

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خود ارشاد ہوا۔

و یهدیک صراطا مستقیما.

اور تمھیں سیدھی راہ دکھادے۔

(۴) خلیل علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے آیا فرشتے ان کے معزز مہمان ہوئے۔

ھل اتک حدیث ضیف ابراھیم المکرمین.

اے محبوب کیا تمھارے پاس ابراہیم کے معزز مہمانوں کی خبر آئی۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے فرمایا ان کے لشکری وسپاہی بنے۔

و ایدہ بجنود لم تروھا.

اوران فوجوں سے اس کی مدد کی جوتم نے نہ دیکھیں۔

یمدد کم ربکم بخمسة الاف من الملائکة مسومین.

تمھاری مدد کو پانچ ہزار فرشتے نشان والے بھیجے گا۔

والملائکة بعد ذلک ظھیر.

اوراس کے بعد فرشتے مدد پر ہیں۔

(۵) کلیم علیہ الصلاۃ والسلام کو فرمایا انھوں نے خدا کی رضا چاہی۔

و عجلت الیک رب لترضی.

اوراے میرے رب تیری طرف میں جلدی کر کے حاضر ہوا کہ تو راضی ہوا۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے بتایا خدا نے ان کی رضا چاہی۔

فلنولینک قبلة ترضھا.

تو ضرور ہم تمھیں پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمھاری خوشی ہے۔

و لسوف یعطیک ربک فترضی .

اور بیشک قریب ہے کہ تمھارا رب تمھیں اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔

(٦) کلیم علیہ الصلاۃ والسلام کا بخوف فرعون مصر سے تشریف لے جانا بلفظ فرار نقل فرمایا۔

ففررت منکم لما خفتکم.

تو میں تمھارے یہاں سے نکل گیا جب کہ تم سے ڈرا۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہجرت فرمانا باحسن عبارات ادا فرمایا:

اذ یمکربک الذین کفروا.

اے محبوب یاد کرو جب کافر تمھارے ساتھ مکر کرتے تھے۔

(٧) کلیم اللہ علیہ الصلاۃ والسلام سے طور پر کلام کیا اور اسے سب پر ظاہر فرمادیا۔

انا اخترتک فاستمع لما یوحی اننی انا اللہ لا الہ الا انا فاعبدون و اقم الصلاۃ لذکری .

اور میں نے تجھے پسند کیا اب کان لگا کر سن جو تجھے وحی ہوتی ہے بیشک میں ہی ہوں اللہ کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں تو میری بندگی کر اور میری یاد کے لیے نماز قائم رکھ۔

(٨) داؤد علیہ الصلاۃ والسلام کو ارشاد ہوا۔

لا تتبع الھوی فیضلک عن سبیل اللہ .

خواہش کی پیروی نہ کرنا کہ تجھے بہکا دے خدا کی راہ سے۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں بقسم فرمایا۔

و ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی .

کوئی بات اپنی خواہش سے نہیں کہتا وہ تو نہیں کہتا مگر وحی کہ القا ہوتی ہے۔

اب فقیر (امام احمد رضا بریلوی) عرض کرتا ہے۔ **وباللہ التوفیق.**

(۹) نوح و ہود علیہم الصلاۃ والسلام سے دعا نقل فرمائی۔

رب انصرنی بما کذبون.

الٰہی میری مدد فرما بدلہ اس کا کہ انھوں نے مجھے جھٹلایا۔

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خود ارشاد ہوا۔

و ینصرک اللہ نصرا عزیزا.

اللہ تیری مدد فرمائے گا زبردست مدد۔

(۱۰) نوح و خلیل علیہما الصلاۃ والسلام سے نقل فرمایا انھوں نے اپنی امتوں کی دعائے مغفرت کی۔

ربنا اغفرلی و لوالدیّ و للمومنین یوم یقوم الحساب .

اے ہمارے رب مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور سب مسلمانوں کو جس دن حساب قائم ہوگا۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خود حکم دیا اپنی امت کی مغفرت مانگو۔

و استغفر لذنبک و للمومنین و للمؤمنات .

اے محبوب اپنے خاصوں اور عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگو۔

(۱۱) خلیل علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے آیا انھوں نے پچھلوں میں اپنے ذکر جمیل باقی رہنے کی دعا کی۔

و اجعل لی لسان صدق فی الآخرین .

اور میری سچی ناموری رکھ پچھلوں میں۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خود فرمایا:

ورفعنا لک ذکرک .

اور ہم نے تمھارے لیے تمھارا ذکر بلند کردیا۔

اور اس سے ارفع واعلیٰ مژدہ ملا۔

عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا.

قریب ہے تجھے تیرا رب بھیجے گا تعریف کے مقام میں۔

کہ جہاں اولین وآخرین جمع ہوں گے حضور کی حمد وثنا کا شور ہر زبان سے جوش زن ہوگا۔

(۱۲) خلیل علیہ الصلاۃ والسلام کے قصے میں فرمایا انھوں نے قوم لوط علیہ الصلاۃ والسلام سے رفع عذاب میں بہت کوشش کی۔

یجادلنا فی قوم لوط.

ہم سے قوم لوط کے بارے میں جھگڑنے لگا۔

مگر حکم ہوا۔

یا ابراهیم اعرض عن هذا.

اے ابراہیم اس خیال میں نہ پڑ۔

عرض کی:

ان فیها لوطا.

اس بستی میں لوط جو ہے۔

حکم ہوا۔

نحن اعلم بمن فیها

ہمیں خوب معلوم ہے جو وہاں ہیں۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ارشاد ہوا۔

ما کان الله لیعذبهم و انت فیهم .

اللہ ان کافروں پر بھی عذاب نہ کرے گا جب تک اے رحمت عالم تو ان میں تشریف فرما ہے۔

(۱۴) خلیل علیہ الصلاۃ والسلام سے نقل فرمایا

ربنا و تقبل دعاء

الٰہی میری دعاء قبول فرما۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اوران کے طفیلیوں کوارشاد ہوا۔

قال ربکم ادعونی استجب لکم .

تمھارارب فرماتا ہے مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا۔

(۱۴) کلیم علیہ الصلاۃ والسلام کی معراج درخت دنیا پر ہوئی۔

نودی من شاطی الواد الایمن فی البقعة المبارکة من الشجرة .

ندا کی گئی میدان کے دہنے کنارے سے برکت والے مقام میں پیڑ سے۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معراج سدرۃ المنتہیٰ وفردوس اعلیٰ تک بیان فرمائی۔

عنده سدرة المنتهی عندها جنة الماوی

سدرۃ المنتہیٰ کے پاس، اس کے پاس جنت الماوی ہے۔

(۱۵) کلیم علیہ الصلاۃ والسلام نے وقت ارسال اپنی دل تنگی کی شکایت نقل کی۔

و یضیق صدری و لا ینطلق لسانی فارسل الی هارون .

اور میرا سینہ تنگی کرتا ہے اور میری زبان نہیں چلتی تو ہارون کو بھی رسول کر۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خود شرح صدر کی دولت بخشی اوراس سے منت عظمیٰ رکھی۔

الم نشرح لک صدرک .

کیا ہم نے تمھارا سینہ کشادہ نہ کیا۔

(۱۶) کلیم علیہ الصلاۃ والسلام پر حجاب نار سے تجلی ہوئی۔

فلما جاء ها نودی ان بورک من فی النار و من حولها

پھر جب آگ کے پاس آیا ندا کی گئی کہ برکت دیا گیا وہ جو اس آگ کے جلوہ گاہ میں ہے یعنی موسیٰ اور جو اس کے آس پاس میں یعنی فرشتے۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جلوہ نور سے تدلی ہوئی اور وہ بھی غایت تفخیم و تعظیم کے لیے بالفاظ ابہام بیان فرمائی گئی۔

اذ یغشی السدرة ما یغشی .

جب چھا گیا سدرہ پر جو کچھ چھایا۔

ابن جریر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ، بزار، ابو یعلی بیہقی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل معراج میں راوی۔

ثم انتھی الی السدرة فغشیھا نور الخلاق عزوجل فکلمه تعالیٰ عند ذلک فقال سل .

پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سدرہ تک پہنچے خالق عزوجل کا نور اس پر چھایا اس وقت عزو جلالہ نے حضور سے کلام کیا اور فرمایا مانگو۔

(۱۷) کلیم علیہ الصلاۃ والسلام سے اپنے اور اپنے بھائی کے سوا سب سے برأت و قطع تعلق نقل فرمایا جب انھوں نے اپنی قوم کو قتال عمالقہ کا حکم دیا اور انھوں نے نہ مانا عرض کی۔

رب انی لا املک نفسی و اخی فافرق بیننا و بین القوم الفاسقین.

الٰہی میں اختیار نہیں رکھتا مگر اپنا اور اپنے بھائی کا تو جدائی فرمادے ہم میں اور اس گنہگار قوم میں۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ظل وجاہت میں کفار تک کو داخل فرمایا۔

ما كان الله ليعذبهم و انت فيهم .

اللہ ان کافروں پر بھی عذاب نہ کرے گا جب تک اے رحمت عالم تو ان میں تشریف فرما ہے۔

عسى ان يبعثك ربك مقاما محمودا.

قریب ہے تجھے تیرا رب بھیجے گا تعریف کے مقام میں۔

یہ شفاعت کبریٰ ہے کہ تمام اہل موقف موافق ومخالف سب کو شامل۔

(۱۸) ہارون وکلیم علیہم الصلاۃ والسلام کے لیے فرمایا انھوں نے فرعون کے پاس جاتے اپنا خوف عرض کیا۔

ربنا انا نخاف ان يفرط علينا او ان يطغى .

اے ہمارے رب بیشک ہم ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا شرارت سے پیش آئے۔

اس پر حکم ہوا۔

لا تخافا انني معكما اسمع و ارى .

ڈرو نہیں میں تمھارے ساتھ ہوں سنتا اور دیکھتا۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خود مژدہ نگہبانی دیا۔

و الله يعصمك من الناس . .

مسیح علیہ الصلاۃ والسلام کے حق میں فرمایا ان سے پرانی بات پر یوں سوال ہوگا۔

یعیسیٰ ابن مریم أ انت قلت للناس اتخذونی و امی الھین من دون اللہ .

اے مریم کے بیٹے عیسیٰ کیا تو نے لوگوں سے کہہ دیا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ کے سوا دو خدا ٹھہرالو۔

معالم میں ہے اس سوال پر خوف الٰہی سے حضرت روح اللہ صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ کا بند بند کانپ اٹھے گا اور ہر بن مو سے خون کا فوارہ بہے گا پھر جواب عرض کریں گے جس کی حق تعالیٰ تصدیق فرماتا ہے۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب غزوۂ تبوک کا قصد فرمایا اور منافقوں نے جھوٹے بہانے بنا کر نہ جانے کی اجازت لے لی اس پر سوال تو حضور سے بھی ہوا مگر یہاں جو شان لطف ومحبت و کرم وعنایت ہے قابل غور ہے ارشاد فرمایا۔

عفا اللہ عنک لم اذنت لھم .

اللہ تجھے معاف فرمائے تو نے کیوں انھیں اجازت دے دی۔

سبحان اللہ! سوال پیچھے ہے اور یہ محبت کا کلمہ پہلے۔

(۲۰) مسیح علیہ الصلاۃ والسلام سے نقل فرمایا انھوں نے اپنی امتوں سے مدد طلب کی۔

فلما احس عیسیٰ منھم الکفر قال من انصاری الی اللہ قال الحواریون نحن انصار اللہ ۔

پھر جب عیسیٰ نے ان سے کفر پایا بولا کون میرے مددگار ہوتے ہیں اللہ کی طرف حواریوں نے کہا ہم دین کے مددگار ہیں۔

حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نسبت انبیاء ومرسلین کو حکم نصرت ہوا۔

لتومنن به و لتنصرنه .

تم ضرور ہی اس پر ایمان لانا اور بہت ضرور اس کی مدد کرنا۔

غرض جو کسی محبوب کو ملا وہ سب اور اس سے افضل و اعلیٰ انھیں اور جو انھیں ملا وہ کسی کو نہ ملا۔

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

حضور کی افضلیت اور آدم کا توسل

حاکم بیہقی طبرانی آجری ابونعیم ابن عساکر امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لما اقترف آدم الخطيئة قال رب اسالک بحق محمد لما غفرت لی قال و كيف عرفت محمدا قال لانک لما خلقتنی بیدک و نفخت فی من روحک رفعت راسی فرأيت عی قوائم العرش مكتوبا لا اله الا الله محمد رسول الله فعلمت انک لم تضف الى اسمک الا احب الخلق اليک قال صدقت يا آدم و لولا محمد ما خلقتک (و فی رواية عند الحاكم) فقال الله تعالیٰ صدقت يا آدم انه لاحب الخلق الی اما اذا سالتنی بحقه فقد غفرت لک و لولا محمد ما غفرت لک وما خلقتک.

یعنی آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے رب سے عرض کی اے رب میرے صدقہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا میری مغفرت فرما رب العالمین نے فرمایا تو نے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو کیوں کر پہچانا عرض کی جب تو نے مجھے اپنے دست قدرت سے بنایا اور مجھ میں اپنی روح ڈالی میں نے سر اٹھایا تو عرش کے

پایوں پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا پایا جانا کہ تو نے اپنے نام کے ساتھ اسی کا نام ملایا ہے جو تجھے تمام مخلوق سے زیادہ پیارا ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے آدم تو نے سچ کہا بیشک وہ مجھے تمام جہان سے زیادہ پیارا ہے اب کہ تو نے اس کے حق کا وسیلہ کر کے مجھ سے مانگا تو میں تیری مغفرت کرتا ہوں اور اگر محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نہ ہوتا تو میں تیری مغفرت نہ کرتا نہ تجھے بناتا۔

بیہقی وطبرانی کی روایت میں ہے آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی :

رأيت فى كل موضع من الجنة مكتوبا لا اله الا الله محمد رسول الله فعلمت انه اكرم خلقك عليك .

میں نے جنت میں ہر جگہ **لا الــه الا الـلــه محمد رسول الله** لکھا دیکھا تو جانا کہ وہ تیری بارگاہ میں تمام مخلوق سے زیادہ عزت والا ہے۔

آجری کی روایت میں ہے۔

فعلمت انه ليس احد اعظم قدرا عندك ممن جعلت اسمه مع اسمك .

مجھے یقین ہوا کہ کسی کا رتبہ تیرے نزدیک اس سے بڑا نہیں جس کا نام تو نے اپنے نام کے ساتھ رکھا ہے۔

حضرت عیسیٰ کو حضور پر ایمان لانے کی تاکید

حاکم عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

اوحى الـلـه تـعـالـىٰ إلى عيسىٰ ان آمن بمحمد و مر من ادركم من امتك ان يؤمنوا به فلولا محمد فاخلقت آدم و لا الجنة و لا النار و لقد خلقت العرش على الماء

فاضطرب فکتب علیہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ فسکن ۔ اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو وحی بھیجی اے عیسیٰ ایمان محمد لا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اور تیری امت سے جو لوگ اس کا زمانہ پائیں انھیں حکم کر کہ اس پر ایمان لائیں کہ اگر محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نہ ہوتا میں آدم کو نہ پیدا کرتا نہ جنت و دوزخ بناتا جب میں نے عرش کو پانی پر بنایا اسے جنبش تھی میں نے اس پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھ دیا، ٹھہر گیا۔

حضور کی افضلیت مطلقہ

ابن عساکر حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی گئی، اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے کلام کیا، عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو روح القدس سے بنایا، ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو اپنا خلیل فرمایا، آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو برگزیدہ کیا، حضور کو کیا فضل دیا، فوراً جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نازل ہوئے اور عرض کی حضور کا رب ارشاد فرماتا ہے۔

ان کنت اتخذت ابراھیم خلیلا فقد اتخذتک حبیبا و ان کنت کلمت موسیٰ فی الارض تکلیما فقد کلمتک فی السماء و ان کنت خلقت عیسیٰ من روح القدس فقد خلقت اسمک من قبل ان اخلق الخلق بالفی سنة و لقد وطأت فی السماء موطئا لم یطاہ احد قبلک و لا یطاءہ احد بعدک و ان کنت اصطفیت آدم فقد ختمت بک الانبیاء و ما خلقت خلقا اکرم علی منک (و ساق الحدیث الی ان قال) ظل عرشی فی القیمة علیک ممدود تاج الحمد علی راس معقود و قرنت اسمک مع اسمی فلا اذکر فی موضع حتیٰ تذکر معی و لقد خلقت الدنیا و اھلھا لا عرفھم کرامتک و منزلتک عندی و لولاک ما خلقت الدنیا.

اگر میں نے ابراہیم کو خلیل کیا، تمھیں حبیب کیا اور اگر موسیٰ سے زمین میں کلام فرمایا، تم سے آسمان میں کلام کیا اور اگر عیسیٰ کو روح القدس سے بنایا، تو تمھارا نام آفرینش خلق سے دو ہزار برس پہلے پیدا کیا اور بیشک تمھارے قدم آسمان میں وہاں پہنچے جہاں نہ تم سے پہلے کوئی گیا نہ تمھارے بعد کسی کی رسائی ہو۔ اور اگر میں نے آدم کو برگزیدہ کیا، تمھیں ختم الانبیاء کیا اور تم سے زیادہ عزت وکرامت والا کسی کو نہ بنایا قیامت میں میرے عرش کا سایہ تم پر گستردہ اور حمد کا تاج تمھارے سر پر آراستہ۔ تمھارا نام میں نے اپنے نام سے ملایا کہ کہیں میری یاد نہ ہو جب تک تم میرے ساتھ یاد نہ کیے جاؤ اور بیشک میں نے دنیا و اہل دنیا کو اس لیے بنایا کہ جو عزت و منزلت تمھاری میرے نزدیک ہے ان پر ظاہر کروں اور اگر تم نہ ہوتے میں دنیا کو نہ بناتا۔

جنت و دوزخ کی تخلیق حضور کے طفیل ہوئی

دیلمی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اتانی جبریل فقال ان اللہ یقول لالوک ما خلقت الجنة و لولاک ما خلقت النار .

میرے پاس جبریل نے حاضر ہو کر عرض کی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر تم نہ ہوتے میں جنت کو نہ بناتا اور اگر تم نہ ہوتے میں دوزخ کو نہ بناتا۔

یعنی آدم و عالم سب تمھارے طفیلی ہیں تم نہ ہوتے تو مطیع و عاصی کوئی نہ ہوتا جنت و نار کس لیے ہوتیں اور خود جنت و نار اجزائے عالم سے ہیں جن پر تمھارے وجود کا پرتو پڑا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

مقصود ذات اوست دگر جملگی طفیل
منظور نور اوست دگر جملگی ظلام

حضور اور امت محمدیہ دخول جنت میں مقدم ہیں

ابونعیم حلیہ میں انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اوحی اللہ تعالیٰ الی موسی نبی بنی اسرائیل انہ من لقینی و ھو جاھد باحمد ادخلتہ النار قال یا رب و من احمد قال ما خلقت خلقا اکرم علی منہ کتبت اسمہ مع اسمی فی العرش قبل ان احلق السموات و الارض ان الجنۃ محرمۃ علی جمیع خلقی حتیٰ یدخلھا ھو و امتہ قال و من امتہ قال الحمادون (و ذکر صفتھم ثم قال) قال اجعلنی نبی تلک الامۃ قال نبیھا منھا قال اجعلنی من امۃ ذلک النبی قال استقدمت و استاخرہو لکن ساجمع بینک و بینہ فی دار الخلد.

اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو وحی بھیجی بنی اسرائیل کو خبر دے دے کہ جو احمد کو نہ مانے گا اسے دوزخ میں ڈالوں گا، عرض کی اے رب میرے احمد کون ہے فرمایا میں نے کوئی مخلوق اس سے زیادہ اپنی بارگاہ میں عزت والی نہ بنائی میں نے آسمان وزمین کی پیدائش سے پہلے اسکا نام اپنے نام کے ساتھ عرش پر لکھا اور جب تک وہ اور اس کی امت داخل نہ ہولے جنت کو تمام مخلوق پر حرام کیا عرض کی الٰہی اس کی امت کون ہے فرمایا وہ بڑی حمد کرنے والی، اور ان کی اور صفات جلیلہ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمائیں، عرض کی الٰہی مجھے اس امت کا نبی کر، فرمایا ان کا نبی انھیں میں سے ہوگا، عرض کی الٰہی مجھے اس نبی کی امت میں کر فرمایا تو زمانہ میں مقدم اور وہ متاخر ہے مگر ہمیشگی کے گھر میں تجھے اور اسے جمع کروں گا۔

امام اجل فقیہ محدث عارف باللہ استاذ ابوالقاسم قشیری، اور مفسر ثعلبی پھر علامہ احمد قسطلانی فرماتے ہیں:

حق عز جلالہ نے اپنے حبیب کریم علیہ الصلاۃ والسلام سے فرمایا:

الجنة حرام علی الانبیاء حتیٰ تدخلها و علی الامم حتیٰ تدخلها امتک .

جنت انبیاء پر حرام ہے جب تک تم نہ داخل ہو اور امتوں پر حرام ہے جب تک تمھاری امت نہ جائے۔

امت محمدیہ رسوانہ ہوگی

ابن عساکر وخطیب بغدادی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لما اسری بی قربنی ربی حتیٰ کان بینی و بینه کقاب قوسین او ادنیٰ و قال لی یا محمد هل غمک ان جعلتک آخر النبیین قلت لا (یا رب) قال فهل غم امتک ان جعلتهم آخر الامم قلت لا (یا رب) قال اخبر امتک انی جعلتهم اخر الامم لا فضح الامم عندهم و لا افضحم عند الامم .

' شب اسریٰ مجھے رب نے اتنا نزدیک کیا کہ مجھ میں اس میں دو کمانوں بلکہ اس سے کم کا فاصلہ رہا رب نے مجھ سے فرمایا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کیا تجھے کچھ برا معلوم ہوا کہ میں نے تجھے سب انبیاء سے متاخر کیا عرض کی نہیں اے رب میرے، فرمایا کیا تیری امت کو غم ہوا کہ میں نے انھیں سب امتوں سے پیچھے کیا میں نے عرض کی نہیں اے رب میرے، فرمایا اپنی امت کو خبر دے میں نے سب امتوں سے اس لیے پیچھے کیا کہ اور امتوں کو ان کے سامنے رسوا کروں اور انھیں کسی کے سامنے رسوا نہ کروں۔

ذکر خدا کے ساتھ ذکر نبی

ابو نعیم انس بن مالک اور بیہقی ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے دلائل النبوۃ میں راوی حضور

سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لم فرغت مما امرنی الله به من امر السموات قلت یا رب انه لم یکن نبی قبل الا وقد اکرمته جعلت ابراهیم خلیلا و موسی کلیما و سخرت لداؤد الجبال و لسلیمن الریح و الشیاطین و احییت لعیسیٰ الموتی فما جعلت لی قال اولیس اعطیتک افضل من ذلک کله لا اذکر الا ذکرت معی .

جب میں حسب ارشاد الٰہی سیر سماوات سے فارغ ہوا اللہ تعالیٰ سے عرض کی اے رب میرے مجھ سے پہلے جتنے انبیاء تھے سب کو تو نے فضائل بخشے، ابراہیم کو خلیل کیا، موسیٰ کو کلیم، داؤد کے لیے پہاڑ مسخر کیے، سلیمان کے لیے ہوا اور شیاطین، عیسیٰ کے لیے مردے جلائے، میرے لیے کیا کیا؟ ارشاد ہوا کیا میں نے تجھے ان سب سے بزرگی عطا نہ کی کہ میری یاد نہ ہو جب تک تو میرے ساتھ یاد نہ کیا جائے۔ اور اس کے سوا اور فضل ذکر فرمائے۔ یہ لفظ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہیں۔

کوثر و شفاعت

اور حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یوں ہے رب جل جلالہ نے فرمایا :

ما اعطیتک خیر من ذلک اعطیتک الکوثر و جعلت اسمک مع اسمی ینادی به فی جوف السماء (إلی ان قال) و خبأت شفاعتک و لم اخبأها لنبی غیرک .

یعنی جو میں نے تجھے دیا وہ ان سب سے بہتر ہے میں نے تجھے کوثر عطا فرمایا اور میں نے تیرا نام اپنے نام کے ساتھ کیا کہ جوف آسمان میں اس کی ندا ہوتی ہے اور میں نے تیری شفاعت ذخیرہ کر رکھی ہے اور تیرے سوا کسی نبی کو یہ دولت نہ دی۔

خلیل وکلیم پر تفضیل

امام اجل حکیم ترمذی وبیہقی وابن عساکر ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اتخذ الله ابراهيم خليلا و موسىٰ نجيا و اتخذني حبيبا ثم قال و عزتي و جلالي لا وثرن حبيبي على خليلي و نجيي.

اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کو خلیل اور موسیٰ کو نجی کیا اور مجھے اپنا حبیب بنایا پھر فرمایا مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم بیشک اپنے پیارے کو خلیل اور نجی پر تفضیل دوں گا۔

بے حجاب نظارۂ کریم

ابن عساکر عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

قال لی ربی عزوجل نحلت ابراهيم خلتي و كلمت موسى تكليما و اعطيتك يا محمد كفاحا.

مجھ سے میرے رب عزوجل نے فرمایا میں نے ابراہیم کو اپنی خلت بخشی اور موسیٰ سے کلام کیا اور تجھے اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اپنا مواجہ عطا فرمایا، کہ پاس آ کر بے پردہ وحجاب میرا وجہ کریم دیکھا۔

حضور کی افضلیت اور امت کا نور

بیہقی وہب بن منبہ سے راوی:

ان اللہ تعالیٰ اوحی فی الزبور یا داؤد انه سیأتی بعدک من اسمه احمد و

محمد صادقا نبیا لا اغضب علیه ابدا و لا یعصینی ابدا (الی قوله) امته مرحومة اعطیتهم من النوافل مثل ما اعطیت الانبیاء و افترضت علیهم الفرائض التی افترضت علی الانبیاء و المرسلین حتیٰ یاتونی یوم القیامة و نورهم مثل نور الانبیاء (إلی ان قال) یا داود فضلت محمدا و امته علی الامم کلهم، الی آخره.

اللہ تعالیٰ نے زبور مقدس میں وحی بھیجی اے داؤد عنقریب تیرے بعد وہ سچا نبی آئے گا جس کا نام احمد و محمد ہے میں کبھی اس سے ناراض نہ ہوں گا نہ وہ کبھی میری نافرمانی کرے گا اس کی امت امت مرحومہ ہے میں نے انھیں وہ نوافل عطا کیے جو پیغمبروں کو دیے اور ان پر وہ احکام فرض ٹھہرائے جو انبیاء و رسل پر فرض تھے یہاں تک کہ وہ لوگ میرے پاس روز قیامت اس حال پر حاضر ہوں گے کہ ان کا نور مثل نور انبیاء کے ہوگا اے داؤد میں نے محمد کو سب سے افضل کیا اور اس کی امت کو تمام امتوں پر فضیلت بخشی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

نور ہی نور

ابونعیم و بیہقی حضرت کعب احبار سے راوی، ان کے سامنے ایک شخص نے خواب بیان کیا گویا لوگ حساب کے لیے جمع کیے گئے اور حضرات انبیاء بلائے گئے، ہر نبی کے ساتھ اس کی امت آئی، ہر نبی کے لیے دو نور ہیں اور ان کے ہر پیرو کے لیے ایک نور جس کی روشنی میں چلتا ہے، پھر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بلائے گئے ان کے سرانور وروئے منور کے ہر بال سے جدا جدا نور کے بکے بلند ہیں جنھیں دیکھنے والا تمیز کرے اور ان کے ہر پیرو کے لیے انبیاء کی طرح دو نور ہیں جس کی روشنی میں راہ چلتا ہے کعب نے خواب سن کر فرمایا۔

بالله الذی لا اله الا الله هو لقد رایت هذا فی منامک.

تجھے قسم اللہ کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں تو نے یہ واقعہ خواب میں دیکھا کہا ہاں کہا

و الذی نفسی بیدہ انھا لصفة محمد و امته و صفة الانبیاء و اممھا فی کتاب الله تعالیٰ فکانما قرأته فی التوراة .

قسم اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے بیشک بعینہٖ کتاب اللہ میں یوں ہی صفت لکھی ہے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اوران کی امت اور انبیاء سابقین اوران کی امتوں کو گویا تم نے توریت میں پڑھ کر بیان کیا۔

امام قسطلانی مواہب لدنیہ و منح محمدیہ میں رسالہ میلاد و امام علامہ طغربک سے ناقل، مروی ہوا آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی الٰہی تو نے میری کنیت ابومحمد کس لیے رکھی حکم ہوا اے آدم اپنا سر اٹھا آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے سر اٹھایا سراپردۂ عرش میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور نظر آیا، عرض کی الٰہی یہ نور کیسا ہے فرمایا:

ھذا نور نبی من ذریتک اسمه فی السماء احمد و فی الارض محمد لولاہ ما خلقتک و لا خلقت سماء و لا ارضا.

یہ نور ایک نبی کا ہے تیری ذریت یعنی اولاد سے ہے اس کا نام آسمان میں احمد ہے اور زمین میں محمد، اگر وہ نہ ہوتا میں تجھے نہ بناتا، نہ آسمان وزمین کو پیدا کرتا۔

آدم اور حضور کا وسیلہ

مواہب میں مروی ہوا، جب آدم علیہ الصلاۃ والسلام جنت سے باہر آئے ساق عرش اور ہر مقام بہشت میں نام پاک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام الٰہی سے ملا ہوا لکھا دیکھا عرض کی الٰہی یہ محمد کون ہے؟ فرمایا:

ھذا ولدک الذی لولاہ ما خلقتک .

یہ تیرا بیٹا ہے اگر یہ نہ ہوتا میں تجھے نہ بناتا۔

عرض کی الٰہی اس بیٹے کی حرمت سے اس باپ پر رحم فرما، ارشاد ہوا اے آدم اگر تو محمد کے وسیلہ سے تمام اہل آسمان وزمین کی شفاعت کرتا ہم قبول فرماتے۔

زمین وآسمان، جزاوسزا سب حضور کے لیے

امام ابن سبع وعلامہ غرفی سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے ناقل

ان اللہ تعالیٰ قال لنبیہ من اجلک اسطح البطحا و اموج الموج و ارفع السماء و اجعل الثواب و العقاب .

یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا میں تیرے لیے بچھاتا ہوں زمین اور موجزن کرتا ہوں دریا اور بلند کرتا ہوں آسمان اور مقرر کرتا ہوں جزاوسزا۔

ان سب روایات کا حاصل وہی ہے کہ تمام کائنات نے خلعت وجود حضور سید الکائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقہ میں پایا۔

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

عزت وتکریم حضور کا حصہ ہے

فتاویٰ امام سراج الدین بلقینی میں ہے اللہ تعالیٰ نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا

قد مننت علیک بسبعة اشیاء اولها انی لم اخلق فی السموات و الارض اکرم علی منک .

میں نے تجھ پر سات احسان کیے ان میں پہلا یہ ہے کہ آسمان وزمین میں کوئی تجھ سے زیادہ عزت والا نہ بنایا۔

حضور کے اوصاف حمیدہ

علامہ ابن ظفر کتاب خیر البشر بخیر البشر پھر قسطلانی وشامی وحلبی ودلجی وغیرہم علماء اپنی تصانیف جلیلہ میں ناقل، رب العزت تبارک وتعالیٰ کتاب شعیا علیہ الصلاۃ والسلام میں فرماتا ہے۔

عبدی الذی سرت به نفسی انزل علیه و حیی فیظهر فی الامم عدلی و یوصیهم الوصایا و لا یضحک و لا یسمع صوته فی الاسواق یفتح العیون العور و الاذان الصم و یحیی القلوب الغلف و ما اعطیه لا اعطی احدا مشفح بحمد الله حمدا جدیدا.

میرا بندہ جس سے میرا نفس شاد ہے میں اس پر اپنی وحی اتاروں گا وہ تمام امتوں میں میرا عدل ظاہر کرے گا اور انھیں نیک باتوں پر تاکیدیں فرمائے گا بیجا نہ ہنسے گا اور بازاروں میں اس کی آواز نہ سنی جائے گی اندھی آنکھیں اور بہرے کان کھول دے گا اور غافل دلوں کو زندہ کرے گا میں جو اسے عطا کروں گا وہ کسی کو نہ دوں گا مشفح اللہ کی نئی حمد کرے گا، مشفح ہمارے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام اور محمد سے ہم وزن وہم معنی ہے یعنی بکثرت وبار بار سراہا گیا۔

توریت میں حضور پر ایمان لانے کی تاکید

علامہ فاسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے مطالع المسرات شرح دلائل الخیرات میں چند آیات توریت نقل فرمائیں جن میں حق سبحانہ وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔

یا موسی احمدنی اذا مننت علیک مع کلامی ایاک بالایمان باحمد و لو لم تقبل الایمان باحمد ما جاورتنی فی داری و لا تنعمت فی جنتی یا موسی من لم یومن باحمد من جمیع المرسلین و لم یصدقه و لم یشتق الیه کانت حسناته مردودة علیه و منعته حفظ الحکمة و لا ادخل فی قلبه نور الهدی و امحو اسمه من النبوة یا موسی من آمن باحمد و صدقه اولئک هم الفائزون و من کفر باحمد و کذبه من جمیع خلقی اولئک هم الخاسرون ، اولئک هم النادمون، اولئک هم الغافلون.

اے موسیٰ میری حمد بجالا جب کہ میں نے تجھ پر احسان کیا کہ اپنی ہم کلامی کے ساتھ تجھے احمد پر ایمان عطا فرمایا اور اگر تو احمد پر ایمان لا نا نہ مانتا میرے گھر میں مجھ سے قرب نہ پاتا نہ میری جنت میں چین کرتا اے موسیٰ تمام مرسلین سے جو کوئی احمد پر ایمان نہ لائے اور اس کی تصدیق نہ کرے اور اس کا مشتاق نہ ہو اس کی نیکیاں مردود ہوں گی اور اسے حکمت کے حفظ سے روک دوں گا اور اس کے دل میں ہدایت کا نور نہ ڈالوں گا اور اس کا نام دفتر انبیاء سے مٹا دوں گا، اے موسیٰ جو احمد پر ایمان لائے اور اس کی تصدیق کی وہی ہیں مراد کو پہنچے اور میری تمام مخلوق میں جس نے احمد سے انکار اور اس کی تکذیب کی وہی ہیں زیاں کار وہی ہیں پشیماں وہی ہیں بے خبر۔

خدا چاہتا ہے رضائے محمد

بعض روایات میں ہے حق عز جلالہ اپنے حبیب کریم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم سے ارشاد فرماتا ہے :

یا محمد انت نور نوری و سرسری و کنوز هدایتی و خزائن معرفتی جعلت

فدالک ملکی من العرش الی ما تحت الارضین کلھم یطلبون رضائی و انا اطلب رضاک یا محمد.

اے محمد تو میرے نور کا نور ہے اور میرے راز کا راز اور میری ہدایت کی کان اور میری معرفت کے خزانے، میں نے اپنا ملک عرش سے لے کر تحت الثریٰ تک سب تجھ پر قربان کر دیا عالم میں جو کوئی ہے سب میری رضا چاہتے ہیں اور میں تیری رضا چاہتا ہوں اے محمد۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم
خدا چاہتا ہے رضائے محمد

سیادت مطلقہ پر احادیث وروایات

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیادت مطلقہ پر کئی احادیث وروایات پیش فرمائی ہیں لہٰذا متفرق ومناسب عنوانات کے ضمن میں انھیں ملاحظہ فرمائیں۔

سیادت وشفاعت

احمد بخاری مسلم ترمذی ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

انا سید الناس یوم القیامۃ و ھل تدرون مما ذلک یجمع اللہ الاولین و الآخرین فی صعید واحد ، الحدیث بطولہ .

میں روز قیامت سب لوگوں کا سردار ہوں، کچھ جانتے ہو یہ کس وجہ سے ہے اللہ تعالیٰ سب اگلے پچھلوں کو ایک ہموار میدان وسیع میں جمع کرے گا۔ پھر حدیث طویل شفاعت ارشاد فرمائی۔

صحیح مسلم کی ایک روایت میں ہے حضور کے لیے ثرید و گوشت حاضر آیا حضور نے دست گوسفند کو ایک بار دندان اقدس سے مشرف کیا اور فرمایا۔

انا سید الناس یوم القیامة .

میں قیامت کے دن سردار مردم ہوں۔

پھر دوبارہ اس گوشت سے قدرے تناول کیا اور فرمایا۔

انا سید الناس یوم القیامة .

میں قیامت کے دن سردار جہانیاں ہوں۔

حضور نے دیکھا مکرر فرمانے پر بھی صحابہ وجہ نہیں پوچھتے (صحابہ کو اجمالاً حضور کی سیادت مطلقہ معلوم تھی معہذا جو کچھ فرمائیں عین ایمان ہے چون و چرا کی کیا مجال لہٰذا وجہ نہ پوچھی مگر نہ جانا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس وقت تفصیلاً اپنی سیادت کبریٰ کا بیان فرمانا چاہتے ہیں اور منتظر ہیں کہ بعد سوال ارشاد ہوتا کہ اوقع فی النفس ہو آخر جب صحابہ مقصود والا کو نہ سمجھے حضور نے خود متنبہ فرمایا کر سوال کیا اور جواب ارشاد کیا۔) فرمایا

الا تقولون کیفه .

پوچھتے نہیں کہ یہ کیوں کر ہے۔

صحابہ نے عرض کی :

کیف هو یا رسول الله .

ہاں اے اللہ کے رسول یہ کیوں کر ہے۔

فرمایا:

يقوم الناس لرب العالمين .

لوگ رب العالمین کے حضور کھڑے ہوں گے۔

پھر حدیث شفاعت ذکر فرمائی۔

مسلم وابوداؤد انھیں سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

انا سيد ولد آدم يوم القيامة و اول من ينشق عنه القبر و اول شافع و اول مشفع.

میں روز قیامت تمام آدمیوں کا سردار ہوں اور سب سے پہلے قبر سے باہر تشریف لانے والا اور پہلا شفیع وہ جس کی شفاعت قبول ہو۔

انبیاء کرام لواء الحمد کے نیچے

احمد ترمذی ابن ماجہ ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا سيد ولد آدم يوم القيامة و لا فخر بيدى لواء الحمد و لا فخر و ما من نبى يومئذ آدم فمن سواه الا تحت لوائى . الحديث.

میں روز قیامت تمام آدمیوں کا سردار ہوں اور یہ کچھ فخر سے نہیں فرماتا اور میرے ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا اور یہ براہ فخر نہیں کہتا اس دن آدم اور ان کے سوا جتنے ہیں سب میرے زیر لواء ہوں گے۔

دخول جنت میں مقدم

دارمی بیہقی ابونعیم انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

انا سيد الناس يوم القيامة و لا فخر و انا اول من يدخل الجنة و لا فخر.

میں قیامت میں سردار مردماں ہوں اور کچھ تفاخر نہیں اور میں سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گا۔ اور کچھ افتخار نہیں۔

وجہ کریم کو حضور کا سجدہ

حاکم و بیہقی کتاب الرویہ میں عبادہ بن صامت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

انا سيد الناس يوم القيامة و لا فخر ما من احد الا و هو تحت لوائى يوم القيامة ينتظر الفرج و ان معى لواء الحمد انا امشى و يمشى الناس معى حتىٰ اتى باب الجنة فاستفتح فيقال من هذا فاقول محمد فيقال مرحبا بمحمد فاذا رأيت ربى خررت ساجدا انظر اليه.

میں روز قیامت سب لوگوں کا سردار ہوں اور کچھ افتخار نہیں ہر شخص قیامت میں میرے ہی نشان کے نیچے کشائش کا انتظار کرتا ہوگا اور میرے ہی ساتھ لواء الحمد ہوگا میں جاؤں گا اور لوگ میرے ساتھ چلیں گے یہاں تک کہ در جنت پر تشریف لے جا کر کھلواؤں گا پوچھا جائے گا کون ہے، میں کہوں گا محمد کہا جائے گا مرحبا محمد کو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ پھر جب میں اپنے رب کو دیکھوں گا اس کے حضور سجدے میں گر پڑوں گا، اس کے وجہ کریم کی طرف نظر کرتا۔

جنت کی کنجیاں حضور کے اختیار میں

ابونعیم عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ارسلت الی الجن و الانس و الی کل احمر و اسود و احلت لی الغنائم دون الانبیاء و جعلت لی الارض کلها طهورا و مسجدا و نصرت بالرعب امامی شهرا و اعطیت خواتیم سورة البقرة و کانت من کنوز العرش و خصصت بها دون الانبیاء و اعطیت المثانی مکان التوراة و المئین مکان الانجیل و الحوامیم مکان الزبور ، وفضلت بالمفصل و انا سید ولد آدم فی الدنیا و الآخرة و لا فخر و انا اول من تنشق الارض عنی و عن امتی و لا فخر و بیدی لواء الحمد یوم القیامة و جمیع الانبیاء تحته و لا فخر و الی مفاتیح الجنة یوم القیامة و لا فخر و بی تفتح الشفاعة و لا فخر و انا سابق الخلق الی الجنة و لا فخر و انا امامهم و امتی بالاثر .

میں جن وانس اور ہر سرخ وسیاہ کی طرف رسول بھیجا گیا اور سب انبیاء سے الگ میرے ہی لیے غنیمتیں حلال کی گئیں اور میرے لیے ساری زمین پاک کرنے والی اور مسجد ٹھہری اور میرے آگے ایک مہینہ راہ تک رعب سے میری مدد کی گئی اور مجھے سورۂ بقر کی پچھلی آیتیں کہ خزانہ ہائے عرش سے تھیں عطا ہوئیں یہ خاص میرا حصہ تھا سب انبیاء سے جدا۔ اور مجھے توریت کے بدلے قرآن کی وہ سورتیں ملیں جن میں سو سے کم آیتیں ہیں اور انجیل کی جگہ سوسو آیت والیاں اور زبور کے عوض حم کی سورتیں اور مجھے مفصل سے تفضیل دی گئی (کہ سورۂ حجرات سے آخر قرآن تک ہے) اور میں دنیا وآخرت میں تمام بنی آدم کا سردار ہوں اور کچھ فخر نہیں اور سب سے پہلے میں اور میری امت قبور سے نکلے گی ، اور کچھ فخر نہیں اور قیامت کے دن میرے ہی

ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا اور تمام انبیاء اس کے نیچے اور کچھ فخر نہیں اور مجھ ہی سے شفاعت کی پہل ہوگی اور کچھ فخر نہیں اور میں تمام مخلوق سے پہلے جنت میں تشریف لے جاؤں گا اور کچھ فخر نہیں، میں ان سب کے آگے ہوں گا اور میری امت میرے پیچھے۔

اذن شفاعت اور سجدۂ حمد

احمد بزار ابویعلی اور ابن حبان اپنی صحیح میں حضرت جناب اولیاء الاولین والآخرین سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث شفاعت میں راوی :

لوگ آدم ونوح وخلیل وکلیم علیہم الصلاۃ والسلام کے پاس ہوتے ہوئے حضرت مسیح کے پاس حاضر ہوں گے حضرت مسیح علیہ الصلاۃ والسلام فرمائیں گے۔

لیس ذاکم عندی و لکن انطلقوا الی سید ولد آدم .

تمھارا یہ کام مجھ سے نہ نکلے گا مگر تم اس کے پاس حاضر ہو جو تمام بنی آدم کا سردار ہے۔

لوگ خدمت اقدس میں حاضر ہوں گے، حضور والا جبریل امین علیہ الصلاۃ والتسلیم کو اپنے رب کے پاس اذن لینے بھیجیں گے، رب تبارک وتعالیٰ اذن دے گا، حضور حاضر ہو کر ایک ہفتہ ساجد رہیں گے، رب عز مجدہ فرمائے گا سر اٹھاؤ اور عرض کرو کہ مسموع ہوگی اور شفاعت کرو کہ قبول ہوگی حضور اقدس سر اٹھائیں گے تو رب عظیم کا وجہ کریم دیکھیں گے فوراً پھر سجدے میں گریں گے، ایک ہفتہ اور ساجد رہیں گے، رب جل جلالہ پھر وہی کلمات لطف فرمائے گا حضور سر مبارک اٹھائیں گے پھر سہ بارہ قصد سجدہ فرمائیں گے جبریل امین حضور کے بازو تھام کر روک لیں گے اس وقت حضور اپنے رب کریم سبحانہ سے عرض کریں گے۔

ای رب جعلتنی سید ولد آدم و لا فخر.

اے رب تو نے مجھے سردار بنی آدم کیا اور کچھ فخر نہیں۔ الیٰ آخر الحدیث۔

سید العالمین

حاکم و بیہقی فضائل الصحابہ میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا سید العالمین .

میں تمام عالم کا سردار ہوں۔

حضور حبیب اللہ ہیں

دارمی ترمذی ابونعیم بسند حسن عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی در اقدس پر کچھ صحابہ بیٹھے حضور کے انتظار میں باتیں کر رہے تھے حضور تشریف فرما ہوئے انھیں اس ذکر میں پایا کہ ایک کہتا ہے اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کو خلیل بنایا، دوسرا بولا حضرت موسیٰ سے بے واسطہ کلام فرمایا، تیسرے نے کہا اور عیسیٰ کلمۃ اللہ و روح اللہ ہیں، چوتھے نے کہا آدم علیہ الصلاۃ والسلام صفی اللہ ہیں، جب وہ سب کہہ چکے حضور پر نور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ قریب آئے اور ارشاد فرمایا میں نے تمھارا کلام اور تمھارا تعجب کرنا سنا کہ ابراہیم خلیل اللہ ہیں اور ہاں وہ ایسے ہی ہیں اور موسیٰ نجی اللہ ہیں اور وہ بیشک ایسے ہی ہیں۔ اور عیسیٰ روح اللہ ہیں اور وہ واقعی ایسے ہی ہیں اور آدم صفی اللہ ہیں اور حقیقت میں وہ ایسے ہی ہیں۔

الا و انا حبیب اللہ و لا فخر و انا حامل لواء الحمد یوم القیامۃ تحتہ آدم فمن دونہ و لا فخر و انا اول شافع و اول مشفع یوم القیامۃ و لا فخر و انا اول من یحرک حلق الجنۃ فیفتح اللہ لی فیدخلھا و معی فقراء المومنین و لا فخر و انا اکرم الاولین و الآخرین علی اللہ و لا فخر.

سن لو اور میں اللہ کا پیارا ہوں اور کچھ فخر مقصود نہیں اور میں روز قیامت لواء الحمد اٹھاؤں گا جس کے نیچے آدم اور ان کے سوا سب ہوں گے اور کچھ تفاخر نہیں اور میں پہلا شافع اور پہلا مقبول الشفاعۃ ہوں اور کچھ افتخار نہیں اور سب سے پہلے میں دروازۂ جنت کی زنجیر ہلاؤں گا اللہ تعالیٰ میرے لیے دروازہ کھول کر مجھے اندر لے گا اور میرے ساتھ فقراء مومنین ہوں گے اور یہ ناز کی راہ سے نہیں کہتا اور میں سب اگلوں پچھلوں سے اللہ کے حضور زیادہ عزت والا ہوں اور یہ بڑائی کے طور پر نہیں فرماتا۔

خزائن رحمت کی کنجیاں حضور کے دست رحمت میں

دارمی و ترمذی و ابو یعلی و بیہقی و ابو نعیم انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

انا اول الناس خروجا اذا بعثوا و انا قائدهم اذا وفدوا و انا خطيبهم اذا نصتوا و انا مستشفعهم اذا حبسوا و انا مبشرهم اذا ئيسوا الكرامة و المفاتيح يومئذ بيدى و لواء الحمد يومئذ بيدى انا اكرم ولد آدم على ربى يطوف على الف خادم كانهم بيض مكنون و لؤلؤ منثور.

میں سب سے پہلے باہر تشریف لاؤں گا جب لوگ قبروں سے اٹھیں گے اور میں سب کا پیشوا ہوں گا جب اللہ کے حضور چلیں گے اور میں ان کا خطیب ہوں گا جب وہ دم بخود رہ جائیں گے اور میں ان کا شفیع ہوں گا جب عرصۂ محشر میں روکے جائیں گے اور میں انھیں بشارت دوں گا جب وہ ناامید ہو جائیں گے۔ عزت اور خزائن رحمت کی کنجیاں اس دن میرے ہاتھ ہوں گی اور لواء الحمد اس دن میرے ہاتھ میں ہوگا میں تمام آدمیوں سے زیادہ اپنے رب کے نزدیک اعزاز رکھتا ہوں، میرے گرد و پیش ہزار خادم دوڑتے ہوں گے گویا وہ انڈے ہیں حفاظت سے رکھے یا موتی ہیں بکھرے ہوئے۔

مرسلین کے پیشوا

بخاری تاریخ میں اور دارمی اور طبرانی اوسط میں اور بیہقی وابونعیم جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

انا قائد المرسلین و لا فخر و انا خاتم النبیین و لا فخر.

میں پیشوائے مرسلین ہوں اور کچھ تفاخر نہیں اور میں خاتم النبیین ہوں اور کچھ افتخار نہیں۔

بہترین قبیلہ وخاندان میں حضور کی تشریف آوری

ترمذی حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان اللہ تعالیٰ خلق الخلق فجعلنی فی خیرھم ثم جعلھم فرقتین فجعلنی فی خیرھم فرقۃ ثم جعلھم قبائل فجعلنی فی خیرھم قبیلۃ ثم جعلھم بیوتا فجعلنی فی خیرھم بیوتا فانا خیرھم نفسا و خیرھم بیتا.

اللہ تعالیٰ نے مخلوق پیدا کی تو مجھے بہترین مخلوقات میں رکھا پھر ان کے دوگروہ کیے تو مجھے بہتر گروہ میں رکھا پھر ان کے قبیلے بنائے تو مجھے بہتر قبیلے میں رکھا پھر ان کے خاندان بنائے تو مجھے بہترین خاندان میں رکھا، پس میں تمام مخلوق الٰہی سے خود بھی بہتر اور میرا خاندان بھی سب خاندانوں سے افضل۔

طبرانی معجم اور بیہقی دلائل اور امام علامہ قاضی عیاض بسند خود شفا شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان اللہ تعالیٰ قسم الخلق قسمین فجعلنی فی خیرھم قسما فذلک قولہ تعالیٰ

اصحاب الیمین و اصحاب الشمال فانا من اصحاب الیمین و انا خیر اصحاب الیمین ثم جعل القسمین ا ثلاثا فجعلنی فی خیرھا ثلثا و ذلک قولہ تعالیٰ اصحاب المیمنۃ و اصحب المشئمۃ و السابقون فانا من السابقین و انا خیر السابقین ثم جعل الا ثلاث قبائل فجعلنی من خیرھا قبیلۃ و ذلک قولہ تعالیٰ و جعلنا کم شعوبا و قبائل فانا اتقی ولد آدم و اکرمھم علی اللہ و لا فخر ثم جعل القبائل بیوتا فجعلنی من خیرھا بیتا و ذلک قولہ تعالیٰ انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا.

اللہ تعالیٰ نے خلق کی دو قسمیں کیں تو مجھے بہتر قسم میں رکھا اور یہ وہ بات ہے جو خدا نے فرمائی داہنے ہاتھ والے اور بائیں ہاتھ والے تو میں داہنے ہاتھ والوں سے ہوں اور میں سب داہنے ہاتھ والوں سے بہتر ہوں، پھر ان دو قسموں کے تین حصے کیے تو مجھے بہتر حصے میں رکھا اور یہ خدا کا وہ ارشاد ہے کہ داہنے ہاتھ والے اور بائیں ہاتھ والے اور سابقین، تو میں سابقین میں ہوں اور میں سب سابقین سے بہتر ہوں، پھر ان حصوں کے قبیلے بنائے تو مجھے بہتر قبیلے میں رکھا اور یہ خدا کا وہ فرمان ہے کہ ہم نے کیا تمھیں شاخیں اور قبیلے (یعنی الی قولہ تعالیٰ ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم) بیشک تم سب میں زیادہ عزت والا خدا کے یہاں وہ ہے جو تم سب میں زیادہ پرہیز گار ہے۔ تو میں سب آدمیوں سے زیادہ پرہیز گار ہوں اور سب سے زیادہ اللہ کے یہاں عزت والا اور کچھ فخر مراد نہیں، پھر ان قبیلوں کے خاندان کیے تو مجھے بہتر خاندان میں رکھا اور یہ اللہ تعالیٰ کا وہ کلام ہے کہ خدا یہی چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی دور کرے اے نبی کے گھر والو اور تمھیں خوب پاک کر دے ستھرا کر کے۔

بہترین اولاد آدم

ابن عساکر و بزار ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

فرماتے ہیں :

خیار ولد آدم خمسة نوح وابراهيم و موسى و عيسىٰ و محمد و خيرهم محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلمَ

بہترین اولاد آدم پانچ ہیں نوح وابراہیم وموسیٰ وعیسیٰ ومحمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم اوران سب بہتروں میں بہتر محمد ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

روز قیامت فضل میں سبقت

صحیح بخاری وصحیح مسلم شریف میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

نحن الاخرون السابقون يوم القيامة (زاد مسلم) و نحن اول من يدخل الجنة.

ہم (زمانے میں) پچھلے اور قیامت کے دن (ہر فضل میں) اگلے ہیں اور ہم سب سے پہلے داخل جنت ہوں گے۔

اسی میں حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امم سابقہ کی نسبت فرماتے ہیں:

هم تبع لنا يوم القيامة نحن الآخرون من اهل الدنيا و الاولون يوم القيامة المقضى لهم قبل الخلائق.

وہ قیامت میں ہمارے توابع ہوں گے ہم دنیا میں پیچھے آئے اور قیامت میں پیشی رکھیں گے تمام

جہان سے پہلے ہمارے ہی لیے اللہ تعالیٰ حکم فرمائے گا۔

دارمی عمرو بن قیس ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان اللہ تعالیٰ ادرک بی الاجل المرحوم و اختصر لی اختصارا فنحن الاخرون و نحن السابقون یوم القیامۃ و انی قائل قولا غیر فخر ابراھیم خلیل اللہ و موسی نجی اللہ و انا حبیب اللہ و معی لواء الحمد یوم القیامۃ ۔

یعنی جب رحمت خاص کا زمانہ آیا اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا فرمایا اور میرے لیے کمال اختصار کیا، ہم ظہور میں پچھلے اور روز قیامت رتبے میں اگلے ہیں اور میں ایک بات فرماتا ہوں جس میں فخر و ناز کو دخل نہیں ابراہیم اللہ کے خلیل اور موسیٰ اللہ کے نجی اور میں اللہ کا حبیب اور میرے ساتھ روز قیامت لواء الحمد ہوگا۔

حدیث اختصار کی مراد

قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اختصر لی اختصارا کی توضیح میں علماء فرماتے ہیں:

(۱) یعنی مجھے اختصار کلام بخشا کہ تھوڑے لفظ ہوں اور معنی کثیر۔

(۲) یا میرے لیے زمانہ مختصر کیا کہ میری امت کو قبروں میں کم دن رہنا پڑے۔

حدیث اختصار کی یہ دونوں توضیح و تشریح علماء کے کلام میں موجود و ثابت ہیں ان کے علاوہ دیگر توضیحات کا اضافہ امام احمد رضا بریلوی نے فرمایا۔ ملاحظہ فرمائیں۔

(۳) یا یہ کہ میرے لیے امت کی عمریں کم کیں کہ مکارہ دنیا سے جلد خلاص پائیں گناہ کم ہوں نعمت باقی تک جلد پہنچیں۔

(۴) یا یہ کہ میری امت کے لیے طول حساب کو اتنا مختصر فرمادیا کہ اے امت محمد میں نے تمہیں اپنے حقوق معاف کیے آپس میں ایک دوسرے کا حق معاف کرو اور جنت کو چلے جاؤ۔

(۵) یا یہ کہ میرے غلاموں کے لیے پل صراط کی راہ پندرہ ہزار برس کی ہے اتنی مختصر کر دے گا کہ چشم زدن میں گزر جائیں گے یا جیسے بجلی کوندگئی۔

(٦) یا یہ کہ قیامت کا دن کہ پچاس ہزار برس کا ہے میرے غلاموں کے لیے اس سے کم دیر میں گزر جائے گا جتنی دیر میں دو رکعت فرض پڑھتے۔

(۷) یا یہ کہ علوم و معارف جو ہزار ہا سال کی محنت و ریاضت میں نہ حاصل ہو سکیں میری چند روزہ خدمتگاری میں میرے اصحاب پر منکشف فرمادیئے۔

(۸) یا یہ کہ زمین سے عرش تک لاکھوں برس کی راہ میرے لیے ایسی مختصر کر دی کہ آنا اور جانا اور تمام مقامات کو تفصیلاً ملاحظہ فرمانا سب تین ساعت میں ہولیا۔

(۹) یا یہ کہ مجھ پر کتاب اتاری جس کے معدود ورقوں میں تمام اشیاء گزشتہ وآئندہ کا روشن مفصل بیان جس کی ہر آیت کے نیچے ساٹھ ساٹھ ہزار علم، جس کی ایک آیت کی تفسیر سے ستر ستر اونٹ بھر جائیں اس سے زیادہ اور کیا اختصار متصور۔

(۱۰) یا یہ کہ شرق تا غرب اتنی وسیع دنیا کو میرے سامنے ایسا مختصر فرمادیا کہ میں اسے اور جو کچھ اس میں قیامت تک ہونے والا ہے سب کو ایسا دیکھ رہا ہوں۔

کانما انظر الی کفی هذه .

جیسا اپنی اس ہتھیلی کو دیکھ رہا ہوں۔

(۱۱) یا یہ کہ میری امت کے تھوڑے عمل پر اجر زیادہ دیا۔

(۱۲) یا اگلی امتوں پر جو اعمال شاقہ طویلہ تھے ان سے اٹھالیے، پچاس نمازوں کی پانچ رہیں اور حساب کرم میں پوری پچاس، زکوٰۃ میں چہارم مال کا چالیسواں حصہ رہا اور کتاب فضل میں وہی ربع کا ربع، یہ بھی حضور کے اختصار کلام سے ہے کہ ایک لفظ کے اتنے کثیر معنی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اول وآخر

امام احمد و ابن ماجہ و ابو داؤد طیالسی و ابو یعلی عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انه لم يكن نبي الاله دعوة قدتخيرها في الدنيا و اني قد اختبأت دعوتي شفاعة لامتي و انا سيد ولد آدم يوم القيامة و لا فخر و انا اول من تنشق عنه الارض و لا فخر و بيدي لواء الحمد و لا فخر آدم فمن دونه تحت لوائي و لا فخر (ثم ساق حديث الشفاعة الى ان قال) فاذا اراده الله تعالىٰ ان يصدع بين خلقه نادى مناد اين احمد و امته فنحن الاخرون الاولون نحن آخر الامم واول من يحاسب فتفرج لنا الامم عن طريقنا فنمضي غرا محجلين من اثر الطهور فيقول الامم كادت هذة الامة ان تكون انبياء كلها. الحديث.

یعنی ہر نبی کے واسطے ایک دعا تھی کہ وہ دنیا میں کر چکا اور میں نے اپنی دعا روز قیامت کے لیے چھپا رکھی ہے وہ شفاعت ہے میری امت کے واسطے اور میں روز قیامت میں اولاد آدم کا سردار ہوں اور کچھ فخر مقصود نہیں اور اول میں مرقد اطہر سے اٹھوں گا اور کچھ فخر منظور نہیں اور میرے ہی ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا اور کچھ افتخار نہیں، آدم اور ان کے بعد جتنے ہیں سب میرے زیر نشان ہوں گے اور کچھ تفاخر نہیں جب اللہ

تعالیٰ خلق میں فیصلہ کرنا چاہے گا ایک منادی پکارے گا کہاں ہیں احمد اور ان کی امت، تو ہمیں آخر ہیں اور ہمیں اول، ہم سب امتوں سے زمانے میں پیچھے اور حساب میں پہلے، تمام امتیں ہمارے لیے راستہ دیں گی ہم چلیں گے اثر وضو سے رخشندہ رخ وتابندہ اعضا سب امتیں کہیں گی قریب تھا کہ یہ امت تو ساری کی ساری انبیاء ہو جائے۔

جمال پر توش در من اثر کرد
وگر نہ من ہماں خاکم کہ ہستم

حشر، حضور کے قدموں میں

مالک بخاری مسلم ترمذی نسائی جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا الحاشر الذی یحشر علی قدمی .

میں ہی حاشر ہوں کہ تمام لوگ میرے قدموں پر اٹھائے جائیں گے۔ یعنی روز محشر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آگے ہوں گے اور تمام اولین وآخرین حضور کے پیچھے۔

براق صرف حضور کو عطا ہو گا

ابن زنجویہ فضائل الاعمال میں کثیر بن مرہ حضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبعث ناقة ثمود لصالح فیر کبھا من عند قبرہ حتیٰ توافی به المحشر ، قال معاذ و انت ترکب العضباء یا رسول اللہ قال ترکبھا ابنتی و انا علی البراق اختصصت به من دون الانبیاء یومئذ و یبعث

بلال علی ناقة من نوق الجنة ينادی علی ظهرها بالاذان فاذا سمعت الانبياء و امهما اشهد ان لا اله الا الله و اشهد ان محمد رسول الله قالوا و نحن نشهد علی ذلک .

یعنی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا صالح علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے ناقہ ثمود اٹھایا جائے گا، وہ اپنی قبر سے اس پر سوار ہو کر میدان حشر میں آئیں گے۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ :

عشاق کی عادت ہے کہ جب کسی جمیل یا عزت کی کوئی خوبی سنتے ہیں فوراً ان کی نظر اپنے محبوب کی طرف جاتی ہے کہ اس کے مقابل اس کے لیے کیا ہے۔

اسی بناء پر معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی اور یا رسول اللہ حضور اپنے ناقہ مقدسہ عضباء پر سوار ہوں گے فرمایا نہ، اس پر تو میری صاحبزادی سوار ہوگی اور میں براق پر تشریف رکھوں گا کہ اس روز سب انبیاء سے الگ خاص مجھ ہی کو عطا ہوگا اور ایک جنتی اونٹنی پر بلال کا حشر ہوگا کہ عرصات محشر میں اس کی پشت پر اذان دے گا جب انبیاء اور ان کی امتیں اشهد ان لا اله الا الله و اشهد ان محمد رسول الله سنیں گے سب بول اٹھیں گے کہ ہم بھی اس کی گواہی دیتے ہیں۔

سبحان اللہ! جب تمام مخلوق الٰہی اولین و آخرین یکجا ہوں گے اس وقت بھی ہمارے آقا کے نام کی دہائی پھرے گی، اس دن کھل جائے گا کہ ہمارے حضور نبی الانبیاء ہیں، اس دن موافق مخالف پر روشن ہوگا کہ مالک یوم الدین ایک اللہ ہے اور اس کی نیابت سے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

جنتی حلہ حضور کو عطا ہوگا

ترمذی ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا اول من تنشق عنه الارض فاكسى حلة من حلل الجنة اقوم عن يمين العرش ليس احد من الخلائق يقوم ذلك المقام غيرى.

میں سب سے پہلے زمین سے باہر تشریف لے جاؤں گا پھر مجھے جنت کے جوڑوں سے ایک جوڑا پہنایا جائے گا، میں عرش کی داہنی طرف ایسی جگہ کھڑا ہوں گا جہاں تمام مخلوق الٰہی میں کسی کو بار نہ ہوگا۔

احمد دارمی ابونعیم عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

اول من يكسى ابراهيم ثم يقعد مستقبل العرش ثم اوتى بكسوتى فالبسها فاقوم عن يمينه مقاما لا يقوم احد غيرى يغبطنى فيه الاولون و الآخرون.

سب سے پہلے ابراہیم کو جوڑا پہنایا جائے گا وہ عرش کے سامنے بیٹھ جائیں گے پھر میری پوشاک حاضر کی جائے گی میں پہن کر عرش کی دہنی طرف ایسی جگہ کھڑا ہوں گا جہاں میرے سوا کسی کو بار نہ ہوگا اگلے پچھلے مجھ پر رشک لے جائیں گے۔

بیہقی کتاب الاسماء والصفات میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

اكسى حلة من الجنة لا يقوم لها البشر.

مجھے وہ بہشتی لباس پہنایا جائے گا کہ تمام بشر جس کی قدر و عظمت کے لائق نہ ہوں گے۔

روز قیامت بلندی پر جلوہ فرمائی

طبری تفسیر میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

یرقی ھو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وامتہ علی کوم فوق الناس.

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کی امت روز قیامت بلندی پر تشریف رکھیں گے سب سے اونچے۔

ابن جریر وابن مردویہ جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

انا و امتی یوم القیامۃ علی کوم مشرفین ما من الناس احد الا ود انہ منا.

میں اور میری امت روز قیامت بلندیوں پر ہوں گے سب سے اونچے کوئی ایسا نہ ہوگا جو تمنا نہ کرے کہ کاش وہ ہم ہی سے ہوتا۔

حضرت ابراہیم کی رغبت

صحیح مسلم شریف میں ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے مجھے تین سوال دیئے میں نے دوبارہ عرض کی:

اللھم اغفر لامتی اللھم اغفر لامتی.

الٰہی میری امت بخش دے الٰہی میری امت بخش دے۔

و اخرت الثالثۃ یوم یرغب الی فیہ الخلق حتیٰ ابراھیم.

اور تیسرا اس دن کے لیے اٹھا رکھا جس میں تمام خلق میری طرف نیاز مند ہوگی یہاں تک کہ ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلاۃ والسلام۔

حدیث: **ان لکل نبی دعوۃ . الحدیث** کہ مسند احمد وصحیحین میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

مروی، امام حکیم ترمذی نے بھی روایت کی اور اس کے اخیر میں یہ زیادت فرمائی۔

و ان ابراهیم لیرغب فی دعائی ذلک الیوم .

یعنی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ قیامت کے دن ابراہیم بھی میری دعا کے خواہش مند ہوں گے۔

انبیاء کے خطیب و شفیع

احمد و ترمذی اور ابن ماجہ و حاکم و ابن ابی شیبہ ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

اذا کان یوم القیامة کنت امام النبیین و خطیبهم و صاحب شفاعتهم غیر فخر.

جب قیامت کا دن ہوگا میں تمام انبیاء کا امام اور ان کا خطیب اور ان کا شفاعت والا ہوں گا۔

حضور سے انبیاء کا التماس

امام احمد انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انی لقائم انتظر امتی تعبر الصراط اذا جاء عیسیٰ علیه الصلاة و السلام فقال هذه الانبیاء قد جاء تک یا محمد یسألون تدعو الله ان یفرق بین جمیع الامم الی حیث یشاء لعظم ما هم فیه فالخلق یلجمون فی العرق فاما المومن فهو علیه کالزکمة و اما الکافر فتغشاه الموت قال یا عیسیٰ انتظر حتیٰ ارجع الیک فذهب نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقام تحت العرش فلقی ما لم یلق ملک مصطفیٰ و لا نبی مرسل . الحدیث.

میں کھڑا ہوا اپنی امت کا انتظار کرتا ہوں گا کہ صراط پر گزر جائے اتنے میں عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام

آ کر عرض کریں گے اے محمد کہ یہ انبیاء اللہ حضور کے پاس التماس لے کر آئے ہیں کہ حضور اللہ تعالیٰ سے عرض کردیں وہ امتوں کی اس جماعت کو جہاں چاہے تفریق کر دے کہ لوگ بڑی سختی میں ہیں پسینہ لگام کے مانند ہوگیا ہے (حدیث میں فرمایا) مسلمان پر تو مثل زکام کے ہوگا اور کافروں کو اس سے موت گھیر لے گی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمائیں گے اے عیسیٰ آپ انتظار کریں یہاں تک کہ میں واپس آؤں پھر حضور زیر عرش جا کر کھڑے ہوں گے وہاں وہ پائیں گے جو نہ کسی مقرب فرشتہ کو ملا نہ نبی مرسل نے پایا۔

باب جنت سب سے پہلے حضور کے لیے کھلے گا

مسند احمد و صحیح میں انھیں سے مروی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

اتی باب الجنة یوم القیامة فاستفتح فیقول الخازن من انت فاقول محمد فیقول بک امرت ان لا افتح لاحد قبلک .

میں روز قیامت در جنت میں تشریف لا کر کھلواؤں گا داروغہ عرض کرے گا کون ہے میں فرماؤں گا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، عرض کرے گا مجھے حضور ہی کے واسطے حکم تھا کہ حضور سے پہلے کسی کے لیے نہ کھولوں۔

طبرانی کی روایت میں ہے داروغہ قیام کر کے عرض کرے گا۔

لا افتح لاحد قبلک و لا اقوم لاحد بعدک .

نہ میں حضور سے پہلے کسی کے لیے کھولوں نہ حضور کے بعد کسی کے لیے قیام کروں۔

باب جنت پر حضور کی دستک

صحیح مسلم میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا اکثر الانبیاء تبعا یوم القیامة و انا اول من یقرع باب الجنة .

روز قیامت میں سب انبیاء سے کثرت امت میں زائد ہوں گا اور سب سے پہلے میں ہی جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا۔

مسلم کی دوسری روایت میں یوں ہے۔

انا اول الناس یشفع فی الجنة و انا اکثر الانبیاء تبعا .

میں جنت میں سب سے پہلا شفیع ہوں اور میرے پیرو سب انبیا کی امتوں سے افزوں۔

ابن النجار نے ان لفظوں سے روایت کی۔

انا اول من یدق باب الجنة فلم تسمع الاذان احسن من طنین الحلق علی تلک المصاریع .

میں سب سے پہلے جنت کا دروازہ کوٹوں گا زنجیروں کی جھنکار جوان کواڑوں پر ہوگی اس سے بہتر آواز کسی کان نے نہ سنی۔

بلند نورانی منبر پر جلوہ فرمائی

صحیح ابن حبان میں انھیں سے مروی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

ان لکل نبی یوم القیامة منبرا من نور و انی لعلی اطولها و انورها فیجئ مناد ینادی این النبی الامی قال فیقول الانبیاء کلنا نبی امی فالی اینا ارسل فیرجع الثانیة فیقول این النبی الامی العربی قال فینزل محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حتیٰ یأتی باب الجنة فیقرعه (و ساق الحدیث الی ان قال) فیفتح له فیدخل فیتجلی له الرب

تبارک و تعالیٰ و لا یتجلی لشئ قبلہ فیخر لہ ساجدا. الحدیث.

قیامت میں ہر نبی کے لیے ایک منبر نور کا ہوگا اور میں سب سے زیادہ بلند و نورانی منبر پر ہوں گا منادی آکر ندا کرے گا کہاں ہیں نبی امی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، انبیاء کہیں گے ہم سب نبی امی ہیں کسے یاد فرمایا ہے منادی واپس جائے گا دوبارہ آکر یوں ندا کرے گا کہاں ہیں نبی امی عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، اب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے منبر اطہر سے اتر کر جنت کو تشریف لے جائیں گے، دروازہ کھلوا کر اندر جائیں گے رب عز جلالہ ان کے لیے تجلی فرمائے گا اوران سے پہلے کسی پر تجلی نہ کرے گا حضور اپنے رب کے لیے سجدہ میں گریں گے۔

صراط پر گزرنے میں سبقت

صحیحین میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

یضرب الصراط بین ظھرانی جھنم فاکون اول من یجوز من الرسل بامتہ .

جب پشت جہنم پر صراط رکھیں گے میں سب رسولوں سے پہلے اپنی امت کو لے کر گزر فرماؤں گا۔

حضور سے پہلے دخول جنت ممکن نہیں

طبرانی معجم اوسط میں اور دار قطنی و ابن النجار امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

الجنۃ حرمت علی الانبیاء حتیٰ ادخلھا و حرمت علی الامم حتیٰ تدخلھا امتی.

جنت پیغمبروں پر حرام ہے جب تک میں اس میں نہ داخل ہوں اور امتوں پر حرام ہے جب تک

میری امت نہ داخل ہو۔

اسحاق بن راہویہ اپنی مسند اور ابن ابی شیبہ مصنف میں امام مکحول تابعی سے امیر المومنین عمر کا ایک یہودی پر کچھ آتا تھا اس سے فرمایا قسم اس کی جس نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام بشر پر فضیلت بخشی میں تجھے نہ چھوڑوں گا یہودی نے قسم کھا کر حضور کی افضلیت مطلقہ کا انکار کیا امیر المومنین نے اس کے طمانچہ مارا یہودی بارگاہ رسالت میں نالشی آیا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امیر المومنین کو تو حکم دیا تم نے اس کے تھپڑ مارا ہے راضی کرلو اور یہودی کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا۔

بل یا یھودی آدم صفی اللہ ابراھیم خلیل اللہ و موسی نجی اللہ و عیسیٰ روح اللہ و انا حبیب اللہ بل یا یھودی سمی اللہ باسمین سمی بھما امتی ھو السلام و سمی بھا امتی المسلمین و ھو المومن و سمی بھا امتی المومنین بل یایھودی ان الجنۃ محرمۃ علی الانبیاء حتیٰ ادخلھا و ھی محرمۃ علی الامم حتیٰ تدخلھا امتی.

بلکہ او یہودی آدم صفی اللہ اور ابراہیم خلیل اللہ اور موسیٰ نجی اللہ اور عیسیٰ روح اللہ ہیں اور میں حبیب اللہ ہوں بلکہ او یہودی اللہ تعالیٰ نے دو ناموں پر میری امت کے نام رکھے، اللہ تعالیٰ سلام ہے اور میری امت کا نام مسلمین رکھا، اللہ تعالیٰ مومن ہے اور میری امت کا نام مومنین رکھا بلکہ او یہودی بہشت سب نبیوں پر حرام ہے یہاں تک کہ میں تشریف لے جاؤں اور سب امتوں پر حرام ہے یہاں تک کہ میری امت داخل ہو۔

جنت کی ایک منزل اور حضور

احمد مسلم ابو داؤد ترمذی نسائی عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور

سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

سلوا الله لی الوسیلة ، فانها منزلة فی الجنة لا تنبغی الا لعبد من عباد الله و ارجو ان اکون انا هو فمن سأل لی الوسیلة حلت علیه الشفاعة .

اللہ تعالیٰ سے میرے لیے وسیلہ مانگو وہ جنت کی ایک منزل ہے کہ ایک بندے کے سوا کسی کے شایاں نہیں میں امید کرتا ہوں کہ وہ بندہ میں ہی ہوں تو جو میرے لیے وسیلہ مانگے اس پر میری شفاعت اترے گی۔

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث مختصر میں ہے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ وسیلہ کیا ہے فرمایا

اعلیٰ درجة فی الجنة لا ینالها الا رجل واحد ارجو ان اکون هو .

بلند ترین درجات جنت ہے جسے نہ پائے گا مگر ایک مرد امید کرتا ہوں کہ وہ مرد میں ہوں۔

علماء فرماتے ہیں، خدا اور سول جس بات کو بکلمہ امید و ترجی بیان فرمائیں وہ یقینی الوقوع ہے۔ بلکہ بعض علماء نے فرمایا کلام اولیاء میں بھی رجاء تحقیق ہی کے لیے ہے۔

عثمان بن سعید دارمی کتاب الرد علی الجہمیہ میں عبادۃ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

ان الله رفعنی یوم القیامة فی اعلیٰ غرفة من جنات النعیم لیس فوقی الا حملة العرش .

اللہ تعالیٰ مجھے روز قیامت جنت النعیم کے سب غرفوں سے اعلیٰ غرفوں میں بلند فرمائے گا کہ مجھ سے اوپر بس خدا کا عرش ہوگا۔

انبیاء پر حضور کی افضلیت

ابن جریر ابن مردویہ ابن ابی حاتم بزار ابویعلیٰ بیہقی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے معراج کی حدیث طویل میں راوی انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام نے اپنے رب کی حمد وثنا کی اور اپنے فضائل جلیلہ کے خطبے پڑھے سب کے بعد حضور پرنور خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

کلکم اثنی علی ربه و انی مثن علی ربی الحمد لله الذی ارسلنی رحمة للعالمین و کافة للناس بشیرا و نذیرا و انزل علی الفرقان فیه تبیان لکل شئ و جعل امتی خیر امة و اخرجت للناس و جعل امتی امة وسطا و جعل امتی هم الاولون و الآخرون و شرح لی صدری و وضع عنی وزری و رفع لی ذکری و جعلنی فاتحا و خاتما.

تم سب نے اپنے رب کی ثنا کی اور اب میں اپنے رب کی ثنا کرتا ہوں حمد اس خدا کو جس نے مجھے تمام جہان کے لیے رحمت بھیجا اور کافہ ناس کا رسول بنایا جو خوش خبری دیتا اور ڈر سناتا اور مجھ پر قرآن اتارا اس میں ہر چیز کا روشن بیان ہے اور میری امت سب امتوں سے بہتر اور امت عادل اور زمانہ میں موخر اور مرتبہ میں مقدم کی اور میرے لیے میرا سینہ کھول دیا اور مجھ سے میرا بوجھ اتار لیا اور میرے لیے میرا ذکر بلند فرمایا اور مجھے فاتح باب رسالت وخاتم دور نبوت کیا۔

جب حضور اس خطبۂ جلیلہ سے فارغ ہوئے ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے حضرات انبیاء سے فرمایا۔

بهذا فضلکم محمد .

اسی لیے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم سے افضل ہوئے۔

پھر جب حضور اپنے رب سے ملے رب تبارک وتعالیٰ نے فرمایا سـل مانگ کیا مانگتا ہے، حضور نے اور انبیاء کے فضائل عرض کیے کہ تو نے انھیں یہ کرامتیں دیں، حق جل وعلا نے حضور کے فضائل اعلیٰ و اشرف ارشاد فرمائے کہ تمھیں یہ کچھ بخشا، حضور نے یہ واقعہ بیان فرما کر ارشاد فرمایا۔

فضلنی ربی .

مجھے میرے رب نے افضل کیا۔

اور اپنے فضائل وخصائص عظیمہ بیان فرمائے۔

تیرے پائے کا نہ پایا

حاکم کتاب الکنی اور طبرانی اوسط اور بیہقی وابونعیم دلائل النبوۃ میں اور ابن عساکر و دیلمی و ابن لال ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

قال لی جبریل قلبت الارض مشارقها و مغاربها فلم اجد رجلا افضل من محمد و لم اجد بنی اب افضل من بنی هاشم .

جبریل نے مجھ سے عرض کی میں نے پورب پچھم ساری زمین الٹ پلٹ کر دیکھی کوئی شخص محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل نہ پایا نہ کوئی خاندان، خاندان بنی ہاشم سے بہتر نظر آیا۔

امام ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں صحت کے انوار اس متن کے گوشوں پر جھلک رہے ہیں۔

بارگاہ عزت میں حضور کی عزت

ابونعیم کتاب المعرفہ میں اور ابن عساکر عبداللہ بن غنم سے راوی ہم خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر تھے ناگاہ ایک ابر نظر آیا حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

سلم علی ملک قال لم ازل استاذن ربی فی لقائک حتیٰ کان ھذا اوان اذن لی انی ابشرک انہ لیس احد اکرم علی اللہ منک.

مجھ سے ایک فرشتہ نے سلام کے بعد عرض کی مدت سے میں اپنے رب سے قدم بوسی حضور کی اجازت مانگتا تھا یہاں تک کہ اب اس نے اذن دیا میں حضور کو مژدہ دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کو حضور سے زیادہ کوئی عزیز نہیں۔

حضور علم میں انبیاء سے بڑھ کر ہیں

امام ابوزکریا یحییٰ بن عائذ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا قصہٗ ولادت اقدس میں فرماتی ہیں۔

مجھے تین شخص نظر آئے گویا آفتاب ان کے چہروں سے طلوع کرتا ہے، ان میں ایک نے حضور کو اٹھا کر ایک ساعت تک حضور کو اپنے پروں میں چھپایا اور گوش اقدس میں کچھ کہا کہ میری سمجھ میں نہ آیا اتنی بات میں نے بھی سنی کہ عرض کرتا ہے۔

ابشر یا محمد فما بقی لنبی علم الا وقد اعطیتہ فانت اکثرھم علما و اشجعھم قلبا مفاتیح النصر قد البست الخوف و الرعب لا یسمع احد بذکرک الا وجل فؤادہ وخاف قلبہ و ان لم یرک یا خلیفۃ اللہ .

اے محمد مژدہ ہو کہ کسی نبی کا کوئی علم باقی نہ رہا جو حضور کو نہ ملا ہو تو حضور ان سب سے علم میں زائد اور شجاعت میں فائق ہیں جو نصرت کی کنجیاں حضور کے ساتھ ہیں حضور کو رعب و دبدبہ کا جامہ پہنایا ہے جو حضور کا نام پاک سنے گا اس کا جی ڈر جائے گا اور دل سہم جائے گا اگرچہ حضور کو دیکھا نہ ہو اے اللہ کے نائب۔

ابن عباس فرماتے ہیں :

کان ذلک رضوان خازن الجنان .

یہ رضوان داروغۂ جنت تھے۔ علیہ الصلاۃ والسلام۔

حضور کا ثواب

شفا شریف میں ہے :

اطمع ان اکون اعظم الانبیاء اجرا یوم القیامۃ .

میں طمع کرتا ہوں کہ قیامت میں میرا ثواب سب انبیاء سے بڑا ہو۔

خلیل و مسیح روز قیامت حضور کے امتی ہوں گے

شفا شریف میں ہے :

اما ترضون ان یکون ابراھیم و عیسیٰ کلمۃ اللہ فیکم یوم القیامۃ ثم قال انھما امتی یوم القیامۃ .

کیا تم راضی نہیں کہ ابراہیم و عیسیٰ کلمۃ اللہ روز قیامت تم میں شمار کیے جائیں، پھر فرمایا وہ دونوں روز قیامت میری امت ہوں گے۔

خلق خدا میں حضور عمدہ ترین ہیں

افضل القریٰ میں فتاویٰ امام شیخ الاسلام سراج بلقینی سے ہے جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے حضور سے عرض کی :

ابشر فانک خیر خلقہ و صفوتہ من البشر حباک اللہ بما لم یحب بہ احد من

خلقه لا ملکا مقربا و لا نبیا مرسلاً . الحدیث .

مژدہ ہو کہ حضور بہترین خلق خدا ہیں اس نے تمام آدمیوں میں سے حضور کو چن لیا اور وہ دیا جو سارے جہان میں کسی کو نہ دیا نہ کسی مقرب فرشتہ نہ کسی مرسل نبی کو۔

حضور تمام عالم کے رسول ہیں

علامہ شمس الدین ابن الجوزی اپنے رسالہ میلاد میں ناقل حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جناب مولی المسلمین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے فرمایا :

یا ابا الحسن ان محمدا رسول رب العالمین و خاتم النبیین و قائد الغر المحجلین سید جمیع الانبیاء و المرسلین الذی تنبا و آدم بین الماء و الطین رؤف بالمومنین شفیع المذنبین ارسله الله الی کافة الخلق اجمعین .

اے ابوالحسن بیشک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رب العالمین کے رسول ہیں اور پیغمبروں کے خاتم اور روشن رو اور روشن دست و پا والوں کے پیشوا، تمام انبیاء و مرسلین کے سردار، نبی ہوئے جب کہ آدم آب و گل میں تھے، مسلمانوں پر نہایت مہربان گناہگاروں کے شفیع اللہ تعالیٰ نے انھیں تمام عالم کی طرف بھیجا۔

جملہ انبیاء پر حضور کی فضیلت

مولانا فاضل علی قاری شرح شفاء میں علامہ تلمسانی سے ناقل ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے روایت کی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبریل نے آکر مجھے یوں سلام کیا۔

السلام علیک یا اول ، السلام علیک یا آخر ، السلام علیک یا ظاهر ، السلام علیک یا باطن .

میں نے کہا کہ اے جبریل یہ تو خالق کی صفتیں ہیں مخلوق کو کیوں کر مل سکتی ہیں، عرض کی میں نے خدا کے حکم سے حضور کو یوں سلام کیا ہے اس نے حضور کو ان صفتوں سے فضیلت اور تمام انبیاء ومرسلین پر خصوصیت بخشی ہے اپنے نام وصفت سے حضور کے لیے نام وصفت مشتق فرمائے ہیں۔

حضور کا اول نام رکھا کہ حضور سب انبیاء سے آفرینش میں مقدم ہیں۔

اور آخر اس لیے کہ ظہور میں سب سے مؤخر اور آخر ام کی طرف خاتم الانبیاء ہیں۔

اور باطن اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کے باپ آدم کی پیدائش سے دو ہزار برس پہلے ساق عرش پر سرخ نور سے اپنے نام کے ساتھ حضور کا نام لکھا اور مجھے حضور پر درود بھیجنے کا حکم دیا، میں نے ہزار سال حضور پر درود بھیجی یہاں تک کہ حق جل وعلا نے حضور کو مبعوث کیا خوش خبری دیتے اور ڈر سناتے اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتے اور چراغ تاباں۔

اور ظاہر اس لیے حضور کا نام رکھا کہ اس نے اس زمانہ میں حضور کو تمام ادیان پر غلبہ دیا اور حضور کا شرف وفضل سب آسمان وزمین پر آشکارا کیا تو ان میں کوئی ایسا نہیں جس نے حضور پر درود نہ بھیجی، اللہ تعالیٰ حضور پر درود بھیجے حضور کا رب محمود ہے اور حضور محمد اور حضور کا رب اول وآخر وظاہر وباطن ہے اور حضور اول وآخر وظاہر وباطن ہیں۔ یہ عظیم بشارت سن کر حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

الحمد لله الذی فضلنی علی جمیع النبیین حتیٰ فی اسمی وصفتی.

حمد اس خدا کو جس نے مجھے تمام انبیاء پر فضیلت دی یہاں تک کہ میرے نام وصفت میں۔

حضور تمام عالم کے لیے رحمت ہیں

ابن ابی شیبہ وترمذی اور حاکم اور ابونعیم وخرائطی ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ابو طالب چند سرداران قریش کے ساتھ ملک شام کو گئے حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمراہ تشریف فرما تھے، جب صومعہ، راہب یعنی بحیرا کے پاس اترے راہب صومعہ سے نکل کر ان کے پاس آیا اور اس سے پہلے جو یہ قافلہ جاتا تھا راہب نہ آتا تھا نہ اصلاً ملتفت ہوتا اب کی بار خود آیا اور لوگوں کے بیچ گزرتا ہوا حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دست مبارک تھام کر بولا۔

هذا سيد العلمين هذا رسول رب العلمين يبعثه الله رحمة للعلمين.

یہ تمام جہان کے سردار ہیں، یہ رب العالمین کے رسول ہیں، اللہ تعالیٰ انھیں تمام عالم کے لیے رحمت بھیجے گا۔

سرداران قریش نے کہا تجھے کیا معلوم ہے کہا جب تم اس گھاٹی سے بڑھے کوئی درخت وسنگ نہ تھا جو سجدے میں نہ گرے اور وہ نبی کے سوا دوسرے کو سجدہ نہیں کرتے اور میں انھیں مہر نبوت سے پہچانتا ہوں ان کے استخوان شانہ کے نیچے سیب کے مانند ہے۔ پھر راہب واپس گیا اور قافلہ کے لیے کھانا لایا اور حضور تشریف نہ رکھتے تھے، آدمی طلب کو گیا تشریف لائے ابر سر پر سایہ گستر تھا راہب بولا۔

انظروا اليه غمامة تظله .

وہ دیکھو ابر ان پر سایہ کیے ہے۔

قوم نے پہلے سے درخت کا سایہ گھیر لیا تھا حضور نے جگہ نہ پائی دھوپ میں تشریف رکھی فوراً پیڑ کا سایہ حضور پر جھک آیا راہب نے کہا:

انظروا الى فئ الشجر مال اليه .

وہ دیکھو پیڑ کا سایہ ان کی طرف جھکتا ہے۔

حضور خیر الانبیاء ہیں

ابو نعیم حضرت تمیم داری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

یہ ایک شب صحرائے شام میں تھے ہاتف جن نے انھیں حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خبر دی صبح راہب کے پاس جا کر قصہ بیان کیا کہا:

قد صدقوک یخرج من الحرم و مهاجره الحرم و هو خير الانبياء.

جنوں نے تجھ سے سچ کہا حرم سے ظاہر ہوں گے اور حرم کو ہجرت فرمائیں گے اور وہ تمام انبیاء سے بہتر ہیں۔

خرائطی و ابن عساکر مرداس بن قیس دوسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، میں خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوا حضور کے پاس کہانت کا ذکر تھا کہ بعثت اقدس سے کیوں کر متغیر ہوگئی ۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ ہمارے یہاں اس کا ایک واقعہ گزرا ہے میں حضور میں عرض کروں۔

ہماری ایک کنیز تھی خاصہ نام، کہ ہمارے علم میں ہر طرح نیک تھی ایک دن آکر بولی اے گروہ دوس! تم مجھ میں کوئی بدی جانتے ہو ہم نے کہا بات کیا ہے کہا میں بکریاں چراتی تھی دفعۃً ایک اندھیرے نے مجھے گھیرا اور وہ حالت پائی جو مرد سے پاتی ہے مجھے حمل کا گمان ہے۔ جب ولادت کے دن قریب آئے اک عجیب الخلقت لڑکا جنی جس کے کتے کے سے کان تھے وہ ہمیں غیب کی خبریں دیتا اور جو کہتا اس میں فرق نہ آتا، ایک دن لڑکوں میں کھیلتے کھیلتے کودنے لگا اور تہبند پھینک دیا اور بلند آواز سے چلایا اے خرابی خدا کی قسم اس پہاڑ کے پیچھے گھوڑے ہیں ان میں خوبصورت خوبصورت نوعمر، یہ سن کر ہم سوار ہوئے ویسا ہی پایا سواروں کو بھگایا غنیمت لوٹی۔

جب حضور کی بعثت ہوئی اس دن سے جو خبریں دیتا جھوٹ ہوتیں ہم نے کہا تیرا برا ہو یہ کیا حال ہے بولا مجھے خبر نہیں کہ جو مجھ سے سچ کہتا تھا اب کیوں جھوٹ بولتا ہے، مجھے اس گھر میں تین دن بند کر دو ہم نے ایسا ہی کیا تین دن پیچھے کھولا دیکھا وہ ایک آگ کی چنگاری ہو رہا ہے بولا اے قوم دوس!

حرست السماء و خرج خير الانبياء

آسمان پر پہرہ مقرر ہوا اور بہترین انبیاء نے ظہور فرمایا۔

ہم نے کہا کہاں؟ کہا مکہ میں اور میں مرنے کو ہوں مجھے پہاڑ کی چوٹی پر دفن کر دینا مجھ میں آگ بھڑک اٹھے گی جب ایسا دیکھو باسمک اللھم کہہ کر مجھے تین پتھر مارنا میں بجھ جاؤں گا، ہم نے ایسا ہی کیا، چند روز بعد حاجی لوگ آئے اور ظہور حضور کی خبر لائے۔

ایک ہاتف کی پکار

ابن عساکر ابونعیم خرائطی بعض صحابہ خثعمین سے راوی :

ہم ایک شب اپنے بت کے پاس تھے اور اسے ایک مقدمہ میں پنچ کیا تھا ناگاہ ہاتف نے پکارا۔

یا ایھا الناس ذوی الاصنام ما انتم و طائش الاحلام

و سند الحکم الی الاصنام ھذا نبی سید الانام

اعدل ذی حکم من الحکام یصدع بالنور و بالاسلام

مستعلن فی البلد الحرام

اے بت پرستو! کیا حال ہے تمہارا اور یہ کم عقلیاں اور پتھروں کو پنچ بنانا یہ ہے نبی تمام جہان کا سردار ہر حاکم سے زیادہ عادل نور و اسلام کا آشکارا کرنے والا حرم محترم میں ظہور فرمانے والا۔

ہم سب ڈر کر بت کو چھوڑ گئے اور اس شعر کے چرچے رہے یہاں تک کہ ہمیں خبر ملی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ میں ظہور فرما کر مدینہ تشریف لائے ہیں حاضر ہو کر مشرف با سلام ہوا۔

اہل آسمان کے امام

بزار حضرت امیر المومنین مولی المسلمین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی :

لما اراد الله ان يعلم رسوله الاذان اتاه جبريل بدابة يقال له البراق او ذكر جماحها و تسكين جبريل اياها قال فركبها حتىٰ انتهى الى الحجاب الذى يلى الرحمن (و ساق الحديث فيه ذكرتا زين الملك و تصديق الله سبحانه و تعالىٰ له قال) ثم اخذ الملك بيد محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقدمه فام اهل السموات فيهم آدم و نوح فيومئذ اكمل الله لمحمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الشرف على اهل السموات و الارض .

جب حق جل وعلا نے اپنے رسول کو اذان سکھانی چاہی جبریل براق لے کر حاضر ہوئے حضور سوار ہو کر اس حجاب عظمت تک پہنچے جو رحمٰن جل مجدہ کے نزدیک ہے، پردے سے ایک فرشتہ نکلا اور اذان کہی حق عز وجلالہ نے ہر کلمہ پر موذن کی تصدیق فرمائی، پھر فرشتے نے حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دست اقدس تھام کر حضور کو آگے کیا حضور نے تمام اہل ساوات کی امامت فرمائی جن میں آدم ونوح علیہما الصلاۃ والسلام بھی شامل تھے اس روز حق تبارک وتعالیٰ نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شرف عام اہل آسمان وزمین پر کامل کر دیا۔

اسی کی مثل ابونعیم نے بطریق امام محمد بن حنفیہ ابن علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کی اس کے اخیر میں ہے۔

ثم قيل لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم تقدم فام اهل السماء فتم له الشرف على سائر الخلق .

پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کہا گیا آگے بڑھے حضور نے تمام اہل آسمان کی امامت فرمائی اور جمیع مخلوقات الٰہی پر حضور کا شرف کامل ہوا۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

انبیاء سے عہد و میثاق میں حکمت

انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام سے اللہ تعالیٰ نے عہد و پیان کیوں لیا؟

اس کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

مقصود اظہار عزت وعظمت وسیادت مطلقہ واصالت کلیہ حضور پر نور علیہ افضل الصلاۃ والسلام بود تا ہمہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام را در دائرہ نبوت مطلقہ اش فرا گیرد و امتی او گرداند، صلی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین و بارک وسلم۔

اس سے حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عزت وعظمت اور سیادت مطلقہ واصالت کلیہ کا اظہار مقصود ہے تاکہ جملہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو ان کی نبوت مطلقہ کے دائرے کے قریب کردیں اور جملہ انبیاء کو حضور کا امتی بنادیں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۶۷)

حضور، حضرت عیسیٰ سے افضل ہیں

بعض لوگوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر رہنے سے ان کو حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے افضل کہا ہے، اس کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی نے یہ تحریر فرمایا ہے۔

فقط آسمان پر ہونا اگر موجب فضل ہو تو فرشتوں کو تو آسمان پر مانے گا قال تعالیٰ و کم من

ملک فی السموات آسمانوں میں بہتیرے فرشتے ہیں، خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دونوں عالم سے افضل کہہ رہا ہے کیا ملائکہ سے افضل نہ مانے گا؟ یا حضور کے وفات پا کر زمین پر رہنے اور ملائکہ کے آسمان پر ہونے سے معاذ اللہ شان اقدس کا گھٹنا جانے گا، اور فرشتے بھی نہ سہی چاند، سورج، ستارے تو آسمان پر ہیں حالاں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خاک پا ان سے افضل ہے اور یہ تو کس سے کہا جائے کہ زمین، آسمان سے افضل ہے خصوصاً محل تربت اقدس کہ عرش اعظم سے بھی اعلیٰ و افضل ہے۔ اندھوں نے جہت میں اوپر نیچے دیکھ لیا اور یہ نہ جانا کہ دل تمام اعضا کا سلطان اور سب سے افضل ہے اگرچہ بہت اعضاء اس سے اوپر ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۱۲۲)

اشعار

حضور سید الکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیادت مطلقہ کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی نے یہ اشعار نظم فرمائے ہیں :

خلق سے اولیاء اولیاء سے رسل — اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی
ملک کونین میں انبیاء تاجدار — تاجداروں کا آقا ہمارا نبی
سارے اچھوں میں اچھا سمجھئے جسے — ہے اس اچھے سے اچھا ہمارا نبی
سارے اونچوں میں اونچا سمجھئے جسے — ہے اس اونچے سے اونچا ہمارا نبی
غمزدوں کو رضا مژدہ دیجے کہ ہے — بے کسوں کا سہارا ہمارا نبی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

عرش حق ہے مسند رفعت رسول اللہ کی — دیکھنی ہے حشر میں عزت رسول اللہ کی
وہ جہنم میں گیا جو ان سے مستغنی ہوا — ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی

●

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے
باغ خلیل کا گل زیبا کہوں تجھے
گلزار قدس کا گل رنگیں ادا کہوں
درمان درد بلبل شیدا کہوں تجھے

●

نوبت در ہیں فلک خادم در ہیں ملک
تم ہو جہاں بادشا تم پہ کروروں درود

●

بنا کر دند تا قصر رسالت
ترا شمع شبستاں آفریدند

●

مصطفیٰ خیر الوریٰ ہو
سرور ہر دو سرا ہو

●

فرشتے خدم رسول حشم تمام امم غلام کرم
وجود و عدم حدوث و قدم جہاں میں عیاں تمھارے لیے

اصالت کل امامت کل سیادت کل امارت کل
حکومت کل ولایت کل خدا کے یہاں تمھارے لیے

اللہ کی سلطنت کا دولھا نقش تمثال مصطفائی
کل سے بالا رسل سے اعلیٰ اجلال و جلال مصطفائی

وہ کنواری پاک مریم وہ نفخت فیہ کادم
ہے عجب نشان اعظم مگر آمنہ کا جایا
وہی سب سے افضل آیا

یہی بولے سدرہ والے چمن جہاں کے تھالے
سبھی میں نے چھان ڈالے تیرے پایہ کا نہ پایا
تجھے یک نے یک بنایا

جس کے زیر لوا آدم و من سوا اس سزائے سیادت پہ لاکھوں سلام
مطلع ہر سعادت پہ اسعد درود مقطع ہر سیادت پہ لاکھوں سلام

سید کونین سلطان جہاں ظل یزداں شاہ دیں عرش آستاں
کل سے اعلیٰ کل سے اولیٰ کل کی جاں کل کے آقا کل کے ہادی کل کی شاں
(حدائق بخشش)

خاتمیت محمدی ﷺ

فتح باب نبوت پہ بے حد درود
ختم دور رسالت پہ لاکھوں سلام

ما کان محمد ابا احد من رجالکم و لکن رسول اللہ و خاتم النبیین و کان اللہ بکل شیٔ علیما
محمد تمھارے مردوں میں کسی کے باپ نہیں ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔
(الاحزاب/۴۰)

خاتمیت محمدی ﷺ

هو الاول و الآخر و الظاهر و الباطن و هو بکل شی علیم (وہی ذات اول وآخر اور ظاہر و باطن ہے اور وہی ہر شی کا جاننے والا ہے۔) یہ کلمات اعجاز اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں حمد وثنا پر بھی مشتمل ہیں، کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اپنی کبریائی کے ذکر و بیان کے خطبہ میں ارشاد فرمایا۔ اور حضور اکرم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت وصفت کو بھی شامل ہیں، کیوں کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے ان اسماء وصفات کے ساتھ آپ کی توصیف فرمائی باوجودیکہ یہ اسماء منجملہ اسماء حسنیٰ بھی ہیں۔ اور وحی متلو اور وحی غیر متلو ان دونوں صورتوں میں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام نامی اسم گرامی قرار دے کر آپ کے حلیہ مبارک، حسن و جمال اور کمال وخصال کا آئینہ دار بنایا، اگر چہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء صفات سے متخلق ومتصف ہیں اس کے باوجود خصوصیت کے ساتھ ان میں سے کچھ صفات کو نامزد کر کے گنایا مثلاً نور، علیم، حکیم، مومن، مہیمن، ولی ہادی، رؤف، رحیم وغیرہ اور یہ چاروں مذکورہ اسماء صفات یعنی اول، آخر، ظاہر، باطن بھی انھیں قبیل سے ہیں۔

حضور کی شان اولیت

اب رہا یہ امر کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسم صفت ''اول'' کیسے ہے؟

(۱) تو یہ اولیت اس بناء پر ہے کہ آپ کی تخلیق، موجودات میں سب سے اول ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے اول ما خلق اللہ نوری اللہ نے سب سے پہلے میرے نور کو وجود بخشا۔

(۲) یہ کہ آپ مرتبہ نبوت میں بھی اول ہیں چنانچہ حدیث پاک میں ہے کنت نبیا و ان ادم لمنجدل فی طینتہ

میں اس وقت بھی نبی تھا جب کہ آدم علیہ السلام اپنے خمیر ہی میں تھے۔

(۳) یہ کہ آپ ہی روز میثاق سارے جہان سے پہلے جواب دینے والے تھے چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا الست بربکم (کیا میں تمھارا رب نہیں) قالوا بلی (سب نے کہا ہاں کیوں نہیں)

(۴) یہ کہ سب سے پہلے آپ ہی ایمان لانے والے ہیں چنانچہ فرمایا و اول من آمن باللہ و بذلک امرت و انا اول المومنین اللہ پر جو سب سے پہلے ایمان لائے اور اس کے حکم کی تعمیل کی ان میں سب سے پہلے مومن ہوں۔

(۵) یہ کہ جب زمین شق ہوگی اور لوگ اس سے نکلیں گے تو میرے لیے سب سے پہلے زمین شق ہوگی۔

(۶) یہ کہ (روز قیامت) سب سے پہلے میں ہی سجدہ کرنے کی اجازت پاؤں گا۔

(۷) یہ کہ باب شفاعت سب سے پہلے میرے لیے ہی کھلے گا۔

(۸) یہ کہ سب سے پہلے میں ہی جنت میں داخل ہوں گا۔

شان آخر

اس سبقت و اولیت کے باوجود بعثت و رسالت میں آپ آخر ہیں چنانچہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے و لکن رسول اللہ و خاتم النبیین (لیکن آپ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں)

(۲) یہ کہ کتابوں میں آپ کی کتاب قرآن کریم آخری اور دینوں میں آپ کا دین آخری ہے، چنانچہ فرمایا نحن الآخرون السابقون تمام سبقتوں کے باوجود بعثت میں ہم آخری ہیں۔

کیوں کہ بعثت میں یہ آخریت و خاتمیت اور فضیلت میں اولیت و سابقیت کا موجب ہے اس

لیے کہ آپ ہی گزشتہ تمام کتابوں اور دینوں کے ماحی اور ناسخ ہیں۔(مولف) (مدارج النبوۃ اول)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ ولید یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ حضرت علی و فاطمہ وحسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو انبیاء و رسول کہنا ثابت ہے اور اپنے زعم میں اس کا ثبوت حدیثوں سے بتاتا ہے، ایسا عقیدہ رکھنے والا شخص مسلمان ہے یا نہیں؟

امام احمد رضا بریلوی نے نفس سوال کا جواب دینے کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کے بارے میں ایسا مبسوط ومصرح کلام فرمایا ہے جو شاید اس کے غیر میں نہ ملے، آپ فرماتے ہیں:

اللہ عزوجل سچا اس کا کلام سچا۔ مسلمانوں پر جس طرح لا اله الا الله ماننا اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو احد صمد لا شریک له جاننا فرض اول ومناط ایمان ہے یوں ہی محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خاتم النبیین ماننا ان کے زمانے میں خواہ ان کے بعد کسی نبی جدید کی بعثت کو یقیناً قطعاً محال و باطل جاننا فرض اجل وجزو ایقان ہے۔ و لكن رسول الله و خاتم النبيين نص قطعی قرآن ہے۔ اس کا منکر نہ منکر بلکہ شبہ کرنے والا نہ شاک کہ ادنیٰ ضعیف احتمال خفیف سے توہم خلاف رکھنے والا قطعاً اجماعا کافر مخلد فی النیر ان ہے نہ ایسا کہ وہی کافر ہو بلکہ جو اس کے عقیدۂ ملعونہ پر مطلع ہو کر اسے کافر نہ جانے وہ بھی کافر جو اس کے کافر ہونے میں شک وتردد کو راہ دے وہ بھی کافر ہے۔ یہ جو میں کہہ رہا ہوں میرا فتویٰ نہیں اللہ واحد قہار کا فتویٰ ہے، خاتم الانبیاء واخیار کا فتویٰ ہے، علی مرتضیٰ و بتول زہراء وحسن مجتبیٰ وشہید کربلا تمام ائمہ اطہار کا فتویٰ ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی سیدہم وعلیہم وسلم۔

ولید کے مقابل ذکر احادیث ونصوص علمائے قدیم وحدیث کا کیا موقع کہ جو نص قطعی قرآن کو نہ مانے حدیث وعلماء کی کیا قدر جانے مگر بحمد اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے لیے متعدد منافع ظاہر و بین ہیں، قرآن و

حدیث دونوں ایمان مومن ہیں۔ احادیث کا بار بار بہ تکرار اظہار دلوں میں ایمان کی جڑ جمائے گا۔ آیہ کریمہ میں وساوس ملعونہ بعض شیاطین نجدیہ کا استیصال فرمائے گا ختم نبوت و خاتم النبیین کے صحیح و نجیح معنی بتائے گا، ولید کے ادعائے خبیث ثبوت بالحدیث کا بطلان دکھائے گا نصوص ائمہ سے اہل ایمان کو صحت فتویٰ پر زیادہ تر اعتبار و اعتماد آئے گا معہذا ذکر محبوب راحت قلوب ہے ان کی یاد سے مسلمانوں کا دل چین پائے گا۔

بریت آدم اور ختم نبوت

طبرانی معجم کبیر میں اور حاکم بافادۂ تصحیح بیہقی اور دلائل النبوۃ میں امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں، جب آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لغزش واقع ہوئی عرض کی:

یا رب اسألک بحق محمد ان غفرت لی .

الٰہی میں تجھے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ میری مغفرت فرما۔

ارشاد ہوا، اے آدم تو نے محمد کو کیوں کر پہچانا حالاں کہ میں نے ابھی اسے پیدا نہ کیا عرض کی الٰہی جب تو نے مجھے اپنی قدرت سے بنایا اور مجھ میں اپنی روح پھونکی میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو عرش کے پایوں پر لکھا پایا:

لا اله الا الله محمد رسول الله .

تو میں نے جانا تو نے اسی کا نام اپنے نام پاک کے ساتھ ملایا ہوگا جو تجھے تمام جہان سے زیادہ پیارا ہے، فرمایا:

صدقت یا آدم انه لاحب الخلق الی و اذ سألتنی بحقه فقد غفرت لک و لولا

محمد ما خلقتک ، زاد الطبرانی و ھو آخر الانبیاء من ذریتک.

• اے آدم تو نے سچ کہا بیشک وہ مجھے تمام جہان سے زیادہ پیارا ہے اور جب تو نے مجھے اس کا واسطہ دے کر سوال کیا تو میں نے تیرے لیے مغفرت فرمائی۔ اگر محمد نہ ہوتا تو میں تجھے نہ بناتا وہ تیری اولاد میں سب سے پچھلا نبی ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضرت موسیٰ اور ختم نبوت

ابونعیم ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

ان موسی لما انزلت علیه التوراة و قرأها و جد فیها ذکر هذه الامة فقال یا رب انی اجد فی الالواح امة هم الآخرون السابقون فاجعلها امتی قال تلک امة محمد.

جب موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر توریت اتری اسے پڑھا تو اس میں اس امت کا ذکر پایا عرض کی اے رب میرے میں ان لوحوں میں ایک امت پاتا ہوں کہ وہ زمانے میں سب سے پچھلی اور مرتبے میں سب سے اگلی تو یہ میری امت کر فرمایا یہ امت احمد کی ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضرت آدم اور سرکار دو عالم

ابن عساکر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لما خلق الله آدم اخبره بنیه فجعل یری فضائل بعضهم علی بعض فرانی اسفلهم فقال یا رب من هذا قال هذا ابنک احمد هو الاول و هو الآخر و هو اول شافع و اول مشفع.

جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو پیدا کیا انھیں ان کے بیٹوں پر مطلع فرمایا وہ ان میں ایک کی دوسرے پر فضیلتیں دیکھا کیے مجھے ان سب کے آخر میں بلند و روشن نور دیکھا عرض کی الٰہی یہ کون ہے فرمایا یہ تیرا بیٹا احمد ہے یہی اول ہے اور یہی آخر ہے اور یہی سب سے پہلا شفیع اور یہی سب سے پہلی شفاعت مانا گیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

شانۂ آدم کی تحریر

ابن عساکر بطریق ابی الزبیر حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

قال بين كتفي آدم مكتوب محمد رسول الله خاتم النبيين.

آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے دونوں شانوں کے وسط میں قلم قدرت سے لکھا ہوا ہے **محمد رسول الله خاتم النبيين . صلى الله تعالىٰ عليه وسلم**

محمد اور دروازۂ جنت

ابن ابی شیبہ مصنف میں بطریق مصعب بن مالک حضرت کعب احبار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

انه قال اول من ياخذ حلقة باب الجنة فيفتح له محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ثم قراء آية من التوراة آخريا قدما يا الاولون و الآخرون.

یعنی انھوں نے کہا سب سے پہلے جو دروازۂ جنت کی زنجیر پر ہاتھ رکھے گا پس اس کے لیے دروازہ کھولا جائے گا وہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، پھر توریت مقدس کی آیت پڑھی کہ سب سے پہلے مرتبے میں سابق زمانے میں لاحق یعنی امت محمد۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حضرت ابراہیم اور حضور

ابن مسعود عامر شعبی سے راوی سیدنا ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے صحیفوں میں ارشاد ہوا

انه كائن من ولدك شعوب و شعوب حتىٰ يأتي النبي الامي خاتم الانبياء .

بیشک تیری اولاد میں قبائل در قبائل ہوں گے یہاں تک کہ نبی امی خاتم الانبیاء جلوہ فرما ہو۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضرت یعقوب اور سرورِ کونین

محمد بن کعب قرظی سے راوی

اوحى الله تعالىٰ الى يعقوب انى ابعث من ذريتك ملوكا و انبياء حتىٰ ابعث النبى الحرمى الذى تبنى امته هيكل بيت المقدس و هو خاتم الانبياء و اسمه احمد.

اللہ عزوجل نے یعقوب علیہ الصلاۃ والسلام کو وحی بھیجی میں تیری اولاد سے سلاطین وانبیاء بھیجتا رہوں گا یہاں تک کہ ارسال فرماؤں اس حرم محترم والے نبی کو جس کی امت بیت المقدس کی بلند تعمیر بنائے گی وہ سب پیغمبروں کا خاتم ہے اور اس کا نام احمد ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضرت شعیا اور احمد مجتبیٰ

ابن ابی حاتم وہب بن منبہ سے راوی :

قال اوحى الله تعالىٰ الى شعيا انى باعث نبيا اميا افتح به اذانا صما و قلوبا غلفا و اعينا عميا مولده بمكة و مهاجره بطيبة و ملكه بالشام (و ساق الحديث فيه

الكثير الطيب من فضائله و شمائله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الى ان قال) و لا جعلن امته خير امة اخرجت للناس (و ذكر صفاتهم الى ان قال) اختم بكتابهم الكتب و بشر يعتهم الشرائع و بدينهم الاديان .

اللہ عزوجل نے شعیا علیہ الصلاۃ والسلام پر وحی بھیجی میں نبی امی کو بھیجنے والا ہوں اس کے سبب بہرے کان اور غافل دل اور اندھی آنکھیں کھول دوں گا اس کی پیدائش کے میں ہے اور ہجرت گاہ مدینہ اور اس کا تخت گاہ ملک شام میں ضرور اس کی امت کو سب امتوں سے جو لوگوں کے لیے ظاہر کی گئیں بہتر و افضل کروں گا، میں ان کی کتاب پر کتابوں کو ختم فرماؤں گا اور ان کی شریعت پر شریعتوں اور ان کے دین پر سب دینوں کو تمام کروں گا۔

کتب سماوی میں اسم محمد

ابن عساکر حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يسمى فى الكتب القديمة احمد و محمد و الماحى و المقفى و نبى الملاحم و حمطايا و فار قليطا و ماذ ماذ.

اگلی کتابوں میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے یہ نام تھے احمد، محمد، ماحی کفر و شرک کو مٹانے والے، مقفی، سب پیغمبروں سے پیچھے تشریف لانے والے، نبی الملاحم جہادوں کے پیغمبر، حمطایا حرم الٰہی کے حمایتی، فارقلیطا، حق کو باطل سے جدا کرنے والے، ماذ ماذ ستھرے پاکیزہ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

جبریل امین اور خاتم النبیین

ابن عساکر سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ھبط جبریل فقال ان ربک یقول قد ختمت بک الانبیاء و ما خلقت خلقا اکرم علی منک و قرنت اسمک مع اسمی فلا اذکر فی موضع حتیٰ تذکر معی و لقد خلقت الدنیا و اھلھا لاعرفھم کرامتک و منزلتک عندی و لولاک ما خلقت السموات و الارض و ما بینھما لولاک ما خلقت الدنیا.

جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے حاضر ہوکر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی حضور کا رب فرماتا ہے بیشک میں نے تم پر انبیاء کو ختم کیا اور کوئی ایسا نہ بنایا جو تم سے زیادہ میرے نزدیک عزت والا ہو تمھارا نام میں نے اپنے نام سے ملایا کہ کہیں میرا ذکر نہ ہو جب تک میرے ساتھ یاد نہ کیے جاؤ، بیشک میں نے دنیا و اہل دنیا سب کو اس لیے بنایا کہ تمھاری عزت اور اپنی بارگاہ میں تمھارا مرتبہ ان پر ظاہر کروں اور اگر تم نہ ہوتے تو میں آسمان و زمین اور جو کچھ ان میں ہے اصلاً نہ بناتا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیک و سلم۔

آخر النبیین

خطیب بغدادی حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لما اسری بی قربنی ربی حتیٰ کان بینی و بینه کقاب قوسین او ادنی و قال لی یا محمد ھل غمک ان جعلتک آخر النبیین قلت لا قال فھل غم امتک ان جعلتھم آخر الامم قلت لا قال اخبر امتک انی جعلتھم آخر الامم لا فضح الامم عندہ و لا افضحھم عند الامم.

شب اسریٰ مجھے میرے رب عزوجل نے نزدیک کیا یہاں تک کہ مجھ میں اس میں دو کمان بلکہ کم کا

فاصلہ رہا اور مجھ سے فرمایا اے محمد کیا تجھے اس کا غم ہوا کہ میں نے تجھے سب پیغمبروں کے پیچھے بھیجا، میں نے عرض کی نہ، فرمایا کیا تیری امت کو اس کا رنج ہوا کہ میں نے انھیں سب امتوں کے پیچھے رکھا میں نے عرض کی نہ، فرمایا اپنی امت کو خبر دے دے کہ میں نے انھیں سب سے پیچھے اس لیے کیا کہ اور امتوں کو ان کے سامنے رسوا کروں اور انھیں اوروں کے سامنے رسوائی سے محفوظ رکھوں۔

رحمۃ للعالمین

ابن جریر وابن ابی حاتم وابن مردویہ و بزار وابو یعلی وبیہقی بطریق ابو العالیہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل اسرا میں راوی :

ثم لقی ارواح الانبیاء فاثنوا علی ربهم فقال ابراهیم ثم موسی ثم داؤد ثم سلیمن ثم عیسیٰ ثم ان محمدا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اثنی علی ربه فقال کلکم اثنی علی ربه و انی مثن علی ربی الحمد لله الذی ارسلنی رحمة للعالمین و کافة للناس بشیرا و نذیرا و انزل علی الفرقان فیه تبیان لکل شیٔ و جعل امتی خیر امة اخرجت للناس و جعل امتی هم الاولین و الآخرون فاتحا و خاتما فقال ابراهیم بهذا فضلکم محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انتهی الی السدرة فکلمه تعالیٰ عند ذلک فقال له قد اتخذتک خلیلا و هو مکتوب فی التوراة حبیب الرحمن و رفعت لک ذکرک فلا اذکر الا ان ذکرت معی و جعلت امتک هم الاولین و الآخرین و جعلت اول النبیین خلقا و آخرهم بعثا و جعلتک فاتحا و خاتما.

یعنی پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارواح انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء سے ملے پیغمبروں نے اپنے رب عزوجل کی حمد کی ابراہیم پھر موسیٰ پھر داؤد پھر سلیمان پھر عیسیٰ علیہم الصلاۃ والسلام بہ ترتیب حمد الٰہی

بجالائے اوراس کے ضمن میں اپنے فضائل وخصائص بیان فرمائے سب کے بعد محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب جل جلالہ کی ثناء کی اور فرمایا تم سب اپنے رب کی تعریف کر چکے اوراب میں اپنے رب کی حمد کرتا ہوں سب خوبیاں اللہ کو جس نے مجھے سارے جہان کے لیے رحمت بھیجا اور تمام آدمیوں کی طرف بشارت دیتا اور ڈر سناتا مبعوث کیا اور مجھ پر قرآن اتارا جس میں ہر شئ کا روشن بیان ہے اور میری امت کو تمام امتوں پر فضیلت دی اور انھیں عدل وعدالت واعتدال والی امت کیا اور انھیں کو اول اور انھیں کو آخر رکھا اور میرے واسطے میرا ذکر بلند فرمایا اور مجھے فاتحہ دیوان نبوت اور خاتمہ دفتر رسالت بنایا۔ ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا ان وجوہ سے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تم سب سے افضل ہوئے۔ پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سدرہ تک پہنچے اس وقت رب عزوجلالہ نے ان سے کلام کیا اور فرمایا میں نے تجھے اپنا خالص پیارا بنایا اور تیرا نام توریت میں حبیب الرحمٰن لکھا ہے میں نے تیرے لیے تیرا ذکر اونچا کیا کہ میرا ذکر نہ ہو جب تک میرے ساتھ تیری یاد نہ آئے اور میں نے تیری امت کو یہ فضل دیا کہ وہی سب سے اگلے اور وہی سب سے پچھلے اور میں نے تجھے سب پیغمبروں سے پہلے پیدا کیا اور سب کے بعد بھیجا اور تجھے فاتح وخاتم کیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیک وسلم۔

انبیاء کی التجائے شفاعت

احمد وبخاری ومسلم وترمذی حدیث طویل شفاعت میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

فیاتون محمدا فیقولون یا محمد انت رسول الله و خاتم الانبیاء .

اولین وآخرین حضور خاتم النبیین افضل المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور آکر عرض کریں گے حضور اللہ کے رسول اور تمام انبیاء کے خاتم ہیں ہماری شفاعت فرمائیں۔

حضرت آدم اور اذان اول

ابونعیم حلیۃ الاولیاء اور ابن عساکر دونوں بطریق عطا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

نـزل آدم بـالهـنـد و استوحش فنزل جبريل فنادى بالاذان الله اكبر الله اكبر اشهـد ان لا الـه الا الـلـه اشهـد ان لا الـه الا الـلـه اشهد ان محمدا رسول الله اشهد ان محمد رسول الله قال آدم من محمد قال آخر ولدک من الانبياء .

جب آدم علیہ الصلاۃ والسلام بہشت سے ہند میں اترے تو گھبرائے جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے اتر کر اذان دی جب نام پاک آیا آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے پوچھا محمد کون ہیں کہا آپ کی اولاد میں سب سے پچھلے نبی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

انشراح صدر

ابونعیم دلائل میں یونس بن میسرہ بن حلبس سے مرسلاً اور دارمی و ابن عساکر بطریق یونس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

فرشتہ سونے کا طشت لے کر آیا اور میرا شکم مبارک چیر کر دل مقدس نکالا اور اسے دھو کر کچھ اس پر چھڑک دیا پھر کہا **انت محمد رسول الله المقفى الحاشر .**

حضور محمد رسول اللہ ہیں سب انبیاء کے بعد تشریف لانے والے تمام عالم کو حشر دینے والے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حدیث متصل میں یوں ہے جبریل نے اتر کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شکم چاک کیا پھر کہا :

قلب وكيع فيه اذنان سميعتان و عينان بصيرتان محمد رسول الله المقفى الحاشر.

مضبوط ومحکم دل ہے اس میں دو کان ہیں شنوا اور دو آنکھیں ہیں بینا محمد اللہ کے رسول ہیں انبیاء کے خاتم اور خلائق کو حشر دینے والے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

میلادِ رسول اور ختم نبوت کی بشارت

ابونعیم بطریق شہر بن حوشب اور ابن عساکر بطریق میتب بن رافع وغیرہ حضرت کعب احبار سے راوی، انھوں نے فرمایا میرے باپ اعلم علمائے تورات تھے اللہ عزوجل نے جو کچھ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر اتارا اس کا علم ان کے برابر کسی کو نہ تھا وہ اپنے علم سے کوئی شئ مجھ سے نہ چھپاتے جب مرنے لگے مجھے بلا کر کہا اے میرے بیٹے تجھے معلوم ہے کہ میں نے اپنے علم سے کوئی چیز تجھ سے نہ چھپائی، مگر ہاں دو ورق روک رکھے ہیں ان میں ایک نبی کا بیان ہے جس کی بعثت کا زمانہ قریب آپہنچا میں نے اس اندیشے سے تجھے ان دو ورقوں کی خبر نہ دی کہ شاید کوئی جھوٹا مدعی نکل کھڑا ہو تو اس کی پیروی کرلے یہ طاق تیرے سامنے ہے میں نے اس میں وہ اوراق رکھ کر اوپر سے مٹی لگادی ہے ابھی ان سے تعرض نہ کرنا نہ انھیں دیکھنا جب وہ نبی جلوہ فرما ہو اگر اللہ تعالیٰ تیرا بھلا چاہے گا تو تو آپ ہی اس کا پیرو ہو جائے گا یہ کہہ کر وہ مرگئے ہم ان کے دفن سے فارغ ہوئے مجھے ان دونوں ورقوں کے دیکھنے کا شوق ہر چیز سے زیادہ تھا میں نے طاق کھولا ورق نکالے تو کیا دیکھتا ہوں کہ ان میں لکھا ہے :

محمد رسول الله خاتم النبيين لا نبي بعده مولده بمكة و مهاجره بطيبة .

محمد اللہ کے رسول ہیں سب انبیاء کے خاتم ان کے بعد کوئی نبی نہیں ان کی پیدائش کے میں اور ہجرت مدینے کو۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

راہب کا انکشاف

بیہقی وطبرانی وابونعیم اور خرائطی کتاب الھواتف میں خلیفہ بن عبدہ سے راوی میں نے محمد بن عدی بن ربیعہ سے پوچھا جاہلیت میں کہ ابھی اسلام نہ آیا تھا تمھارے باپ نے تمھارا نام محمد کیوں کر رکھا، کہا میں نے اپنے باپ سے اس کا سبب پوچھا جواب دیا کہ بنی تمیم سے ہم چار آدمی سفر کو گئے تھے ایک میں اور سفیان بن مجاشع بن دارم اور عمر بن ربیعہ اور اسامہ بن مالک جب ملک شام میں پہنچے ایک تالاب پر اترے جس کے کنارے پیڑ تھے ایک راہب نے اپنے دیر سے ہمیں جھانکا اور کہا تم کون ہو ہم نے کہا اولاد مضر سے کچھ لوگ ہیں کہا :

اما انہ سوف یبعث منکم و شیکا نبی فسارعوا الیہ و خذوا بحظکم منہ ترشدوا فانہ خاتم النبیین.

سنتے ہو عنقریب بہت جلد تم میں سے ایک نبی مبعوث ہونے والا ہے تم اس کی طرف دوڑنا اور اس کی خدمت واطاعت سے بہرہ یاب ہونا کہ وہ سب میں پچھلا نبی ہے ہم نے کہا اس کا نام پاک کیا ہوگا کہا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، جب ہم اپنے گھروں کو واپس آئے سب کے ایک ایک لڑکا ہوا اس کا نام محمد رکھا۔

و اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ .

ولادت اقدس سے پہلے شہادت ایمان وختم نبوت

زید بن عمرو بن نفیل کہ احد العشرۃ المبشرۃ سیدنا سعید بن زید کے والد ماجد ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم وعنہ موحدان ومومنان عہد جاہلیت سے تھے طلوع آفتاب عالم تاب اسلام سے پہلے انتقال کیا مگر اسی زمانے میں توحید الٰہی ورسالت حضرت ختمی پناہی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شہادت دیتے۔

ابن سعد وابونعیم حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، میں زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سے ملا کہ مکہ معظمہ سے کوہ حرا کو جاتے تھے انھوں نے قریش کی مخالفت اوران کے معبودان باطل سے جدائی کی تھی، اس پر آج ان سے اور قریش سے کچھ لڑائی رنجش ہو چکی تھی مجھے دیکھ کر بولے اے عامر میں اپنی قوم کا مخالف اور ملت ابراہیم کا پیرو ہوا اسی کو معبود مانتا ہوں جسے ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام پوجتے تھے، میں ایک نبی کا منتظر ہوں جو بنی اسماعیل اور اولاد عبدالمطلب سے ہوں گے ان کا نام پاک احمد ہے۔ میرے خیال میں میں ان کا زمانہ نہ پاؤں گا میں ابھی ان پر ایمان لاتا اور ان کی تصدیق کرتا ان کی نبوت کی گواہی دیتا ہوں تمھیں اگر اتنی عمر ملے کہ انھیں پاؤ تو میرا سلام انھیں پہنچانا، اے عامر میں تم سے ان کی نعت وصفت بیان کیے دیتا ہوں کہ تم خوب پہچان لو، درمیانہ قد ہیں سر کے بال کثرت وقلت میں معتدل ان کی آنکھوں میں ہمیشہ سرخ ڈورے رہیں گے ان کے شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے ان کا نام احمد اور یہ شہر ان کا مولد ہے یہیں ان کی رسالت ظاہر ہوگی، ان کی قوم انھیں مکے میں نہ رہنے دے گی کہ ان کا دین اسے ناگوار ہوگا۔ وہ ہجرت فرما کر مدینہ جائیں گے وہاں سے ان کا دین ظاہر وغالب ہوگا، دیکھو تم کسی دھوکے فریب میں آکر ان کی اطاعت سے محروم نہ رہنا۔

فانی بلغت البلاد کلها لطلب دین ابراهیم و کل من اسأل من الیهود و النصاریٰ و المجوس یقول هذا الدین وراءک و ینعتونه مثل ما نعته لک و یقولون لم یبق نبی غیره .

کہ میں دین ابراہیم کی تلاش میں شہروں شہروں پھرا یہود ونصاریٰ مجوس جس سے پوچھا سب نے یہی جواب دیا کہ یہ دین تمھارے پیچھے آتا ہے اور اس نبی کی وہی صفت بیان کی جو میں تم سے کہہ چکا اور سب کہتے کہ ان کے سوا کوئی نبی باقی نہ رہا۔

عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جب حضور خاتم الانبیاء علیہ وعلیہم الصلاۃ والثناء کی نبوت ظاہر ہوئی میں نے زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ باتیں حضور سے عرض کیں حضور نے ان کے حق میں دعائے رحمت

فرمائی اور ارشاد کیا :

قد رأيته في الجنة يسحب ذيله .

میں نے اسے جنت میں دامن کشاں دیکھا۔

مقوقس کی تصدیق ولادت وختم نبوت اور مغیرہ کا قبول اسلام

امام واقدی وابونعیم حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل ملاقات مقوقس بادشاہ مصر میں راوی، جب ہم نے اس نصرانی بادشاہ سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح وتصدیق سنی اس کے پاس سے وہ کلام سن کرا ٹھے جس نے ہمیں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ذلیل وخاضع کردیا ہم نے کہا سلاطین عجم ان کی تصدیق کرتے ہیں اور ان سے ڈرتے ہیں حالاں کہ ان سے کچھ رشتہ علاقہ نہیں اور ہم تو ان کے رشتہ داران کے ہمسائے ہیں وہ ہمارے گھر ہمیں دین کی طرف بلانے آئے اور ہم ابھی ان کے پیرو نہ ہوئے، پھر میں اسکندریہ میں ٹھہرا کوئی گرجا کوئی پادری قبطی خواہ رومی نہ چھوڑا جہاں جا کر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت جو وہ اپنی کتاب میں پاتے ہیں نہ پوچھی ہو۔ان میں ایک پادری قبطی سب سے بڑا مجتہد تھا اس سے پوچھا۔

هل بقي احد من الانبياء .

آیا پیغمبروں میں سے کوئی رہا، وہ بولا :

نعم و هو الآخر الانبياء ليس بينه و بين عيسى نبي قد امر عيسىٰ باتباعه و هو النبي الامي العربي اسمه احمد.

ہاں ایک نبی باقی ہین وہ سب انبیاء سے پچھلے ہیں ان کے اور عیسیٰ کے بیچ میں کوئی نبی نہیں، عیسیٰ

علیہ الصلاۃ والسلام کو ان کی پیروی کا حکم ہوا ہے وہ نبی امی عربی ہیں ان کا نام احمد ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

پھر اس نے حلیہ شریفہ و دیگر فضائل لطیفہ ذکر کیے مغیرہ نے فرمایا اور بیان کر اس نے اور بتائے ازاں جملہ کہا۔

یخص بما لم یخص به الانبیاء قبله کان النبی یبعث الی قومه و بعث الی الناس کافة .

انھیں وہ خصائص عطا ہوں گے جو کسی نبی کو نہ ملے ہر نبی اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا وہ تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہوئے۔

مغیرہ فرماتے ہیں میں نے یہ سب باتیں خوب یاد رکھیں اور وہاں سے واپس آ کر اسلام لایا۔

ایک خاص تارے کا طلوع

ابو نعیم حضرت حسان بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی میں سات برس کا تھا ایک دن پچھلی رات کو وہ سخت آواز آئی کہ ایسی جلد پہنچتی آواز میں نے کبھی نہ سنی تھی کیا دیکھتا ہوں کہ مدینے کے ایک بلند ٹیلے پر ایک یہودی ہاتھ میں آگ کا شعلہ لیے چیخ رہا ہے لوگ اس کی آواز پر جمع ہوئے وہ بولا۔

هذا كوكب احمد قد طلع هذا كوكب لا يطلع الا بالنبوة و لم يبق من الانبياء الا احمد.

یہ احمد کے ستارے نے طلوع کیا یہ ستارہ کسی نبی ہی کی پیدائش پر طلوع کرتا ہے اور اب انبیاء میں سوائے احمد کے کوئی باقی نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

یہودی علماء کے ہاں ذکر رسول

امام واقدی وابونعیم حضرت حویصہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال کنا و یہود فینا کانوا یذکرون نبیا یبعث بمکة اسمه احمد و لم یبق من الانبیاء غیره هو فی کتبنا.

یعنی میرے بچپن میں یہود ہم میں ایک نبی کا ذکر کیا کرتے جو مکے میں مبعوث ہوں گے ان کا نام پاک احمد ہے اب ان کے سوا کوئی نبی باقی نہیں وہ ہماری کتابوں میں لکھے ہوئے ہیں۔

احبار کی زبان پر نعت نبی

ابونعیم سعد بن ثابت سے راوی :

قال کان احبار یہود بنی قریظة و النضیر یذکرون صفة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فلما طلع الکوکب الاحمر اخبروا انه نبی و انه لا نبی بعده اسمه احمد و مهاجره الی یثرب فلما قدم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم المدینة و نزلها انکروا، وحسدوا و بغوا.

یہود بنی قریظہ و بنی نضیر کے علماء حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت بیان کرتے جب سرخ ستارہ چمکا تو انھوں نے خبر دی کہ وہ نبی ہیں اور ان کے بعد کوئی نبی نہیں ان کا نام پاک احمد ہے ان کی ہجرت گاہ مدینہ، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لا کر رونق افروز ہوئے یہود براہ حسد و بغاوت منکر ہو گئے فلما جاء هم ما عرفوا کفروا به فلعنة الله علی الکافرین.

اہل یثرب کو آخرالانبیاء کی بشارت

زیاد بن لبید سے راوی میں مدینہ طیبہ میں ایک ٹیلے پر تھا ناگاہ ایک آواز سنی کہ کوئی کہنے والا کہتا ہے۔

یا اهل یثرب قد ذهب و الله نبوة بنی اسرائیل هذا نجم قد طلع بمولد احمد و هو نبی آخر الانبیاء و مهاجره الی یثرب .

اے اہل مدینہ خدا کی قسم بنی اسرائیل کی نبوت گئی ولادت احمد کا تارا چمکا وہ سب سے پچھلے نبی ہیں مدینہ کی طرف ہجرت فرمائیں گے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ایک یہودی کی گواہی

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی میں نے مالک بن سنان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہتے سنا کہ میں ایک روز بنی عبد الاشہل میں بات چیت کرنے گیا یوشع یہودی بولا اب وقت آ گیا ہے ایک نبی کے ظہور کا جس کا نام احمد ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، حرم سے تشریف لائیں گے ان کا حلیہ و وصف یہ ہوگا میں اس کی باتوں سے تعجب کرتا اپنی قوم میں آیا وہاں بھی ایک شخص کو ایسا ہی بیان کرتے پایا میں بنی قریظہ میں گیا وہاں بھی ایک مجمع میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر پاک ہو رہا تھا ان میں سے زبیر بن باطا نے کہا:

قد طلع الكوكب الاحمر الذى لم يطلع الا لخروج نبى و ظهوره و لم اجد الا احمد و هذه مهاجره .

بیشک سرخ ستارا طلوع ہو کر آیا یہ تارا کسی نبی کی ولادت و ظہور پر چمکتا ہے اور اب میں کوئی نبی نہیں پاتا سوا احمد کے اور یہ شہر ان کی ہجرت گاہ ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

آخری امت کے آخری نبی

ابن سعد و حاکم وبیہقی وابونعیم حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے راوی، مکہ معظمہ میں ایک یہودی بغرض تجارت رہتا جس رات حضور پرنور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پیدا ہوئے قریش کی مجلس میں گیا اور پوچھا کیا آج تم مین کوئی لڑکا پیدا ہوا انھوں نے کہا ہمیں معلوم نہیں کہا :

احفظوا ما اقول لكم ولد هذه الليلة نبي هذه الامة الاخيرة بين كتفيه علامة .

جو میں تم سے کہہ رہا ہوں اسے حفظ کر رکھو آج کی رات اس پچھلی امت کا نبی پیدا ہوا اس کے شانوں کے درمیان علامت ہے۔ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

دریائے رحمت

بیہقی شعب الایمان میں ابو قلابہ سے مرسلاً راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انما بعثت فاتحا و خاتما.

میں بھیجا گیا دریائے رحمت کھولتا، اور نبوت ورسالت ختم کرتا ہوا۔

حضور خاتم نبوت ہیں

صحیح مسلم شریف میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے :

فضلت على الانبياء بست اعطيت جوامع الكلم و نصرت بالرعب و احلت لى الغنائم و جعلت لى الارض مسجدا و طهورا و ارسلت الى الخلق كافة و ختم بى النبيون.

میں تمام انبیاء پر چھ وجہ سے فضیلت دیا گیا مجھے جامع باتیں عطا ہوئیں اور مخالفوں کے دل میں میرا رعب ڈالنے سے میری مدد کی گئی اور میرے لیے غنیمتیں حلال ہوئیں اور میرے لیے زمین پاک کرنے والی اور نماز کی جگہ قرار دی گئی اور میں تمام جہان میں ماسوا اللہ کا رسول ہوا اور مجھ سے انبیاء ختم کیے گئے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

خاتم النبیین

دارمی اپنی سنن میں بسند صحیح اور بخاری تاریخ اور طبرانی اوسط اور بیہقی سنن میں اور ابونعیم حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا قائد المرسلين و لا فخر و انا خاتم النبيين و لا فخر و انا شافع و مشفع و لا فخر .

میں تمام پیغمبروں کا قائد وخاتم ہوں اور بطور فخر نہیں کہتا اور میں سب سے پہلا شفاعت کرنے والا اور سب سے پہلا شفاعت قبول کیا گیا ہوں اور بروجہ فخر ارشاد نہیں کرتا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

احمد وحاکم وبیہقی وابن حبان عرباض بن ساریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انى مكتوب عند الله فى ام الكتاب لخاتم النبيين و ان آدم لمنجدل فى طينته .

بیشک بالیقین میں اللہ کے حضور لوح محفوظ میں خاتم النبیین لکھا تھا اور ہنوز آدم اپنی مٹی میں پڑے تھے۔

آدم سرو تن بآب و گل داشت
کو حکم بملک جان و دل داشت

لوح محفوظ میں شہادت ختم نبوت

مواہب لدنیہ، مطالع المسرات میں ہے:

خرج مسلم فی صحیحه من حدیث عبد الله بن عمرو بن العاص عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انه قال ان الله عزوجل کتب مقادیر الخلق قبل ان یخلق السموات و الارض بخمسین الف سنة فکان عرشه علی الماء و من جملة ما کتب فی الذکر و هوام الکتاب ان محمدا خاتم النبیین.

یعنی صحیح مسلم شریف میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اللہ عزوجل نے زمین وآسمان کی آفرینش سے پچاس ہزار برس پہلے خلق کی تقدیر لکھی اور اس کا عرش پانی پر تھا، من جملہ ان تحریرات کے لوح محفوظ میں لکھا محمد خاتم النبیین ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

عمارت نبوت کی آخری اینٹ

احمد و بخاری و مسلم و ترمذی حضرت جابر بن عبداللہ اور احمد و شیخین حضرت ابو ہریرہ اور احمد و مسلم حضرت ابو سعید خدری اور احمد و ترمذی حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی حضور خاتم المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

مثلی و مثل الانبیاء کمثل قصر احسن بنیانه ترک منه موضع لبنة فطاف به النظار یتعجبون من حسن بنیانه الا موضع تلک اللبنة فکنت انا سددت موضع اللبنة ختم بی البنیان و ختم بی الرسل ، و فی لفظ للشیخین فانا اللبنة و انا خاتم النبیین.

میری اور تمام انبیاء کی کہاوت ایسی ہے جیسے ایک محل نہایت عمدہ بنایا گیا اور اس میں ایک اینٹ کی جگہ خالی رہی دیکھنے والے اس کے آس پاس پھرتے اور اس کی خوبی تعمیر سے تعجب کرتے مگر وہی ایک اینٹ کی جگہ کہ نگاہوں میں کھٹکتی ہے، میں نے تشریف لا کر وہ جگہ بند کی مجھ سے یہ عمارت پوری کی گئی مجھ سے رسولوں کی انتہاء ہوئی میں عمارت نبوت کی وہ پچھلی اینٹ ہوں، میں تمام انبیاء کا خاتم ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

آخری رسول

امام ترمذی حکیم عارف باللہ محمد بن علی نوادر الاصول میں سیدنا ابو ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اول الرسل آدم و آخرهم محمد .

سب رسولوں میں پہلے آدم علیہ الصلاۃ والسلام ہیں اور سب میں پچھلے محمد۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

سوسمار کی گواہی

طبرانی معجم اوسط ومعجم صغیر اور ابن عدی کامل اور حاکم کتاب المعجزات اور بیہقی وابونعیم کتابین دلائل النبوۃ اور ابن عساکر تاریخ میں امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجمع اصحاب میں تشریف فرماتے تھے کہ ایک بادیہ نشین قبیلہ بنوسلیم کا آیا سوسمار شکار کر کے لایا تھا وہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ڈال دیا اور بولا قسم ہے لات وعزیٰ کی وہ شخص آپ پر ایمان نہ لائے گا جب تک یہ سوسمار ایمان نہ لائے، حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس جانور کو پکارا وہ فصیح زبان روشن بیان عربی میں بولا جسے سب حاضرین نے سنا اور خوب سمجھا **لبیک و سعدیک یا زین من وافی یوم القیامة .**

میں خدمت و بندگی میں حاضر ہوں اے تمام حاضرین مجمع محشر کی زینت۔

حضور نے فرمایا من تعبد تیرا معبود کون ہے؟ عرض کی :

الذی فی السماء عرشه و فی الارض سلطانه و فی البحر سبیله و فی الجنة رحمته و فی النار عذابه .

وہ جس کا عرش آسمان میں اور سلطنت زمین میں اور راہ سمندر میں اور رحمت جنت میں اور عذاب نار میں۔

فرمایا فمن انا بھلا میں کون ہوں؟ عرض کی :

انت رسول رب العالمین و خاتم النبیین قد افلح من صدقک و قد خاب من کذبک .

حضور پروردگار عالم کے رسول ہیں اور رسولوں کے خاتم جس نے حضور کی تصدیق کی وہ مراد کو پہنچا اور جس نے نہ مانا نامراد رہا۔

اعرابی نے کہا اب آنکھوں دیکھے کے بعد کیا شبہ ہے خدا کی قسم میں جس وقت حاضر ہوا حضور سے زیادہ اس شخص کا دشمن کوئی نہ تھا اور اب حضور مجھے اپنے باپ اور اپنی جان سے زیادہ محبوب ہیں **اشهد ان لا اله الا الله و انک رسول الله .**

یہ حدیث امیر المومنین مولیٰ علی و ام المومنین عائشہ صدیقہ و حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی روایات سے بھی آئی، جیسا کہ جامع کبیر و خصائص کبریٰ میں ہے۔

خاتم النبوۃ

ترمذی حدیث طویل حلیۂ اقدس میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی کہ

انھوں نے فرمایا :

بین کتفیه خاتم النبوة و هو خاتم النبیین.

حضور کے دونوں شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے اور حضور خاتم النبیین ہیں ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

رسولوں کے خاتم

طبرانی معجم اور ابونعیم عوالی سعید بن منصور میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے درود شریف کا ایک صیغہ بلیغہ راوی جس میں فرماتے ہیں :

اجعل شرائف صلاتک و نوامی برکاتک و رافة تحیتک علی محمد عبدک و رسولک الخاتم لما سبق و الفاتح لما اغلق .

الٰہی اپنی بزرگ درودیں اور بڑھتی برکتیں اور رحمت کی مہر نازل کر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کہ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں گزروں کے خاتم اور مشکلوں کے کھولنے والے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور کا فرمان لا نبی بعدی

صحیح بخاری شریف میں مروی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

کانت بنو اسرائیل تسوسهم الانبیاء کلما هلک نبی خلفه نبی و لا نبی بعدی.

انبیاء کرام بنی اسرائیل کی سیاست فرماتے جب ایک نبی تشریف لے جاتا دوسرا اس کے بعد آتا اور میرے بعد کوئی نبی نہیں ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

احمد و ترمذی و حاکم بسند صحیح بر شرط صحیح مسلم حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان الرسالة و النبوة قد انقطعت فلا رسول بعدی و لا نبی .

بیشک رسالت و نبوت ختم ہوگئی اب میرے بعد نہ کوئی رسول نہ کوئی نبی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اب نبوت باقی نہیں

صحیح بخاری شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لم یبق من النبوة الا المبشرات الرؤیا الصالحة .

نبوت سے کچھ باقی نہ رہا صرف بشارتیں باقی ہیں اچھی خوابیں۔

طبرانی معجم کبیر میں حضرت حذیفہ بن اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند صحیح راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ذهبت النبوة فلا نبوة بعدی الا المبشرات الرؤیا یراها الرجل او تری له .

نبوت گئی اب میرے بعد نبوت نہیں مگر بشارتیں اور اچھا خواب کہ انسان آپ دیکھے یا اس کے لیے دیکھا جائے۔

احمد و ابن ماجہ و خزیمہ و حبان حضرت ام کرز رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بسند حسن راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ذهبت النبوة و بقیت المبشرات .

نبوت ہوگئی اور بشارتیں باقی ہیں۔

صحیح مسلم وسنن ابی داؤد وسنن ابن ماجہ میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے مرض مبارک میں جس میں وصال اقدس واقع ہوا پردہ اٹھایا سرانور پر پٹی بندھی تھی لوگ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیچھے صف بستہ تھے حضور نے ارشاد فرمایا:

یا ایھا لناس انه لم یبق من مبشرات النبوۃ الا الرؤیا الصالحة یراھا المسلم او تری له.

اے لوگو نبوت کی بشارتوں سے کچھ نہ رہا مگر اچھا خواب کہ مسلمان دیکھے یا اس کے لیے دوسرے کو دکھایا جائے۔

سعید بن منصور وامام احمد وابن مردویہ حضرت ابوالطفیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لا نبوۃ بعدی الا المبشرات الرؤیا الصالحة.

میرے بعد نبوت نہیں مگر بشارتیں ہیں اچھا خواب۔

احمد وخطیب اور بیہقی شعب الایمان میں اس کے قریب ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لا یبقی بعدی من النبوۃ شئ الا المبشرات الرؤیا الصالحة یراھا العبد او تری له.

میرے بعد نبوت سے کچھ باقی نہ رہے گا مگر بشارتیں اچھا خواب کہ بندہ آپ دیکھے یا اس کے

لیے دوسرے کو دکھایا جائے۔

اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتے

احمد و ترمذی و حاکم بتصحیح و رویانی و طبرانی و ابویعلی حضرت عقبہ بن عامر اور طبرانی و ابن عساکر اور خطیب کتاب رواۃ مالک میں حضرت عبداللہ بن عمر اور طبرانی حضرت عصمہ بن مالک و حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

لو کان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب .

اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

حضور کے بعد کوئی نبی ہوتا تو ابراہیم ہوتے

صحیح بخاری شریف میں اسماعیل بن ابی خالد سے ہے :

قلت لعبد الله بن ابی اوفی رضی الله تعالیٰ عنهما أ رأیت ابراهیم ابن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال مات صغیرا و لو قضی ان یکون بعد محمد نبی عاش ابنه ابراهیم .

میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا آپ نے حضرت ابراہیم صاحبزادۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا تھا فرمایا ان کا بچپن میں انتقال ہوا اور اگر مقدر ہوتا کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی ہوتا تو حضور کے صاحبزادے ابراہیم زندہ رہتے مگر حضور کے بعد نبی نہیں۔

امام احمد کی روایت انھیں سے یوں ہے، میں نے حضرت ابن ابی اوفی کو فرماتے سنا

لو کان بعد النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نبی ما مات ابنه ابراهیم .

اگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی ہوتا حضور کے صاحبزادے ابراہیم انتقال نہ فرماتے۔

امام ابوعمر بن عبدالبر بطریق اسماعیل بن عبدالرحمٰن سدی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی انھوں نے فرمایا:

کان ابراهيم قد ملاء المهد و لو عاش لكان نبيا لكن لم يكن ليبقى فان نبيكم آخر الانبياء .

حضرت ابراہیم اتنے ہوگئے تھے کہ ان کا جسم مبارک گہوارے کو بھر دیتا اگر زندہ رہتے نبی ہوتے مگر زندہ نہ رہ سکتے تھے کہ تمھارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آخر الانبیاء ہیں۔

ماوردی حضرت انس اور ابن عساکر حضرات جابر بن عبداللہ و عبداللہ بن عباس و عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لو عاش ابراهيم لكان صديقا نبيا .

اگر ابراہیم زندہ رہتا تو صدیق و پیغمبر ہوتا۔

کذاب ودجال اور جھوٹے مدعیان نبوت

بعد طلوع آفتاب عالم تاب خاتمیت صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ وعلیٰ آلہ الکرام جو کسی کے لیے ادعائے نبوت کرے دجال کذاب مستحق لعنت وعذاب ہے۔

امام بخاری حضرت ابوہریرہ اور احمد و مسلم وابوداؤد وترمذی وابن ماجہ حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انہ سیکون فی امتی کذابون ثلثون کلھم یزعم انہ نبی و انا خاتم النبیین لا نبی بعدی و لفظ البخاری ، دجالون کذابون قریبا من ثلثین .

عنقریب اس امت میں قریب تیس کے دجال کذاب نکلیں گے ہر ایک ادعا کرے گا کہ وہ نبی ہے حالاں کہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

امام احمد وطبرانی وضیاء حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

فی امتی کذابون و دجالون سبعة و عشرون منھم اربعة نسوة و انی خاتم النبیین لا نبی بعدی .

میری امت دعوت میں (کہ مومن وکافر سب کو شامل ہے) ستائیس دجال کذاب ہوں گے ان میں چار عورتیں ہیں حالاں کہ میں خاتم الانبیاء ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابن عساکر علاء بن زیاد سے مرسلاً راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لا تقوم الساعة حتیٰ یخرج ثلثون دجالون کذابون کلھم یزعم انہ نبی .

قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ تیس دجال کذاب مدعی نبوت نکلیں۔

ابو یعلی مسند میں بسند حسن حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لا تقوم الساعة حتیٰ یخرج ثلثون کذابون منھم مسیلمة و العنسی و المختار .

قیامت نہ آئے گی جب تک کہ تیس کذاب نکلیں ان میں سے مسیلمہ اور اسود عنسی و مختار ثقفی ہیں۔

بفضلہ تعالیٰ یہ تینوں خبیث کتے کہ شیران اسلام کے ہاتھوں سے مارے گئے، اسود مردود خود زمانۂ اقدس اور مسیلمہ ملعون زمانۂ خلافت صدیق اور مختار بدکار حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے عہد خلافت میں۔

مسیلمہ خبیث کے قاتل وحشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جنھوں نے زمانۂ کفر میں سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کوشہید کیا وہ فرمایا کرتے :

قتلت خير الناس و شر الناس.

میں نے بہتر شخص کوشہید کیا (یعنی حضرت حمزہ کو) پھر سب سے بدتر کو مارا (یعنی مسیلمہ کذاب کو)

حضرت علی اور ختم نبوت

خاص امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے بارے میں متواتر حدیثیں ہیں کہ نبوت ختم ہوئی نبوت میں ان کا کچھ حصہ نہیں۔

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک کوتشریف لے جاتے وقت امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو مدینے میں چھوڑا امیر المومنین نے عرض کی یا رسول اللہ حضور مجھے عورتوں اور بچوں میں چھوڑے جاتے ہیں فرمایا :

اما ترضى ان تكون منى بمنزلة هارون من موسى غير انه لا نبى بعدى .

یعنی کیا تم اس پر راضی نہیں کہ تم یہاں میری نیابت میں ایسے رہو جیسے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام جب اپنے رب سے کلام کے لیے حاضر ہوئے ہارون علیہ الصلاۃ والسلام کو اپنی نیابت میں چھوڑ گئے تھے ہاں یہ فرق ہے کہ ہارون نبی تھے میں جب سے نبی ہوا دوسرے کے لیے نبوت نہیں۔

مسند ومستدرک میں حدیث ابن عباس یوں ہے۔

الا ترضی ان تکون بمنزلة هارون من موسی الا انک لست بنبی .

کیا تم راضی نہیں کہ بمنزلہ ہارون کے ہو موسیٰ سے مگر یہ کہ تم نبی نہیں۔

حضرت اسماء کی حدیث اس طرح ہے۔

قالت هبط جبریل علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال یا محمد ان ربک یقرئک السلام و یقول لک علی منک بمنزلة هارون منی موسیٰ لکن لا نبی بعدک .

جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے حاضر ہوکر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی حضور کا رب حضور کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے علی تمھاری نیابت میں ایسا ہے جیسا موسیٰ کے لیے ہارون مگر تمھارے بعد کوئی نبی نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیک وبارک وسلم۔

مسند امام احمد میں حدیث امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یوں ہے۔ کسی نے ان سے ایک مسئلہ پوچھا فرمایا:

اسئل عنها علیا فهو اعلم .

مولیٰ علی سے پوچھو وہ اعلم ہیں۔

سائل نے کہا یا امیر المومنین مجھے آپ کا جواب ان کے جواب سے زیادہ محبوب ہے فرمایا:

بئسما قلت لقد کرهت رجلا کان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یعزه بالعلم عزا و لقد قال له انت منی بمنزلة هارون من موسیٰ الا انه لا نبی بعدی و کان

عمر اذا اشکل علیه شیء اخذ منه .

تو نے سخت بری بات کہی ایسے کو ناپسند کیا جس کے علم کی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عزت فرماتے تھے اور بیشک حضور نے ان سے کہا تجھے مجھ سے وہ نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ علیہما الصلاۃ والسلام سے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب کسی بات میں شبہ پڑتا ان سے حاصل کرتے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

ابونعیم حلیۃ الاولیاء میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

یا علی اخصمک بالنبوۃ و لا نبوۃ بعدی .

اے علی میں مناصب جلیلہ وخصائص کثیرہ جزیلہ نبوت میں تجھ پر غالب ہوں اور میرے بعد نبوت اصلاً نہیں۔

ابن ابی عاصم اور ابن جریر بافادہ تصحیح اور طبرانی اوسط اور ابن شاہین کتاب السنہ میں امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی، میں بیمار تھا خدمت اقدس حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوا حضور نے مجھے اپنی جگہ کھڑا کیا اور خود نماز میں مشغول ہوئے، ردائے مبارک کا آنچل مجھ پر ڈال لیا پھر بعد نماز فرمایا :

برئت یا ابن ابی طالب فلا بأس علیک ما سألت اللہ لی شیئا الا سألت لک مثلہ و لا سألت اللہ شیئا الا اعطانیہ غیر انہ قیل لی انہ لا نبی بعدک .

اے ابن ابی طالب تم اچھے ہو گئے تم پر کچھ تکلیف نہیں میں نے اللہ عزوجل سے جو کچھ اپنے لیے مانگا تمھارے لیے بھی اس کی مانند سوال کیا اور میں نے جو کچھ چاہا رب عزوجل نے مجھے عطا فرمایا مگر مجھ سے

یہ فرمایا گیا کہ تمھارے بعد کوئی نبی نہیں مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں میں اسی وقت ایسا تندرست ہو گیا گویا بیمار ہی نہ تھا۔

ختم نبوت پر حضرت نوح کی شہادت

حاکم صحیح مستدرک میں وہب بن منبہ سے وہ حضرت عبداللہ بن عباس اور سات دیگر صحابہ کرام سے کہ سب اہل بدر تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین روایت کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

بیشک اللہ عزوجل روز قیامت اوروں سے پہلے نوح علیہ الصلاۃ والسلام اور ان کی قوم کو بلا کر فرمائے گا تم نے نوح کو کیا جواب دیا وہ کہیں گے نوح نے نہ ہمیں تیری طرف بلایا نہ تیرا کوئی حکم پہنچایا نہ کچھ نصیحت کی نہ ہاں یا نہ کا کوئی حکم سنایا نوح علیہ الصلاۃ والسلام عرض کریں گے:

دعوتهم يا رب دعا فاشيا فى الاولين و الآخرين امة بعد امة انتهى الى آخر النبيين احمد فانتسخه و قراءه و آمن به و صدقه.

الٰہی میں نے انھیں ایسی دعوت کی جس کی خبر یکے بعد دیگرے سب اگلوں پچھلوں میں پھیل گئی یہاں تک کہ سب سے پچھلے نبی احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچی انھوں نے اسے لکھا اور پڑھا اور اس پر ایمان لائے اور اس کی تصدیق فرمائی۔

حق سبحانہ وتعالیٰ فرمائے گا احمد وامت احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بلاؤ۔

فياتى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وامته يسعى نورهم بين ايديهم.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کی امت حاضر آئیں گے یوں کہ ان کے نور ان کے آگے

جولان کرتے ہوں گے، نوح علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے شہادت ادا کریں گے۔

زریب بن برثملا کی شہادت

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نضلہ بن عمرو انصاری کو تین سو مہاجرین وانصار کے ساتھ تاراج حلوان عراق کے لیے بھیجا یہ قیدی اور غنیمتیں لیے آتے تھے ایک پہاڑ کے دامن میں شام ہوئی نضلہ نے اذان کہی جب کہا اللہ اکبر، اللہ اکبر پہاڑ سے آواز آئی اور صورت نہ دکھائی دی کہ کوئی کہتا ہے:

کبرت کبیرا یا نضلة.

تم نے کبیر کی بڑائی کی اے نضلہ۔

جب کہا اشہد ان لا الہ الا اللہ جواب آیا۔

اخلصت یا نضلة اخلاصا۔

نضلہ تم نے خالص توحید کی۔

جب کہا اشہد ان محمد رسول اللہ آواز آئی۔

نبی بعث لا نبی بعده هو النذير وهو الذی بشرنا به عیسیٰ بن مریم و علی رأس امته تقوم الساعة.

یہ نبی ہیں کہ مبعوث ہوئے ان کے بعد کوئی نبی نہیں یہی ڈر سنانے والے ہیں یہی ہیں جن کی بشارت ہمیں عیسیٰ بن مریم علیہم الصلاۃ والسلام نے دی تھی انھیں کی امت کے سر پر قیامت قائم ہوگی۔

جب کہا حی علی الصلاۃ جواب آیا

فریضة فرضت (طوبی لمن مشیٔ الیها و واظب علیها)

نماز ایک فرض ہے کہ بندوں پر رکھا گیا خوبی وشادمانی اس کے لیے جواس کی طرف چلے اوراس کی پابندی رکھے۔

جب کہا حی علی الفلاح آواز آئی۔

افلح من اتا ھا و اظب علیھا (افلح من اجاب محمدا صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم)

مراد کو پہنچا جو نماز کے لیے آیا اوراس پر مداومت کی مراد کو پہنچا جس نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اطاعت کی۔

جب کہا قد قامت الصلاۃ جواب آیا۔

البقاء لامة محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و علی رؤسها تقوم الساعة .

بقاہے امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اورانھیں کے سروں پر قیامت قائم ہوگی۔

جب کہا اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ آواز آئی۔

اخلصت الاخلاص کله یا نضلة فحرم اللہ بها جسدک علی النار .

اے نضلہ تم نے پورا اخلاص کیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے سبب تمھارا بدن دوزخ پر حرام فرمادیا۔

نماز کے بعد نضلہ کھڑے ہوئے اور کہا اے اچھے پاکیزہ خوب کلام والے ہم نے تمھاری بات سنی تم فرشتے ہو یا کوئی سیاح یا جن، ظاہر ہوکر ہم سے بات کرو کہ ہم اللہ عزوجل اوراس کے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (اورامیر المومنین عمر) کے سفیر ہیں اس کہنے پر پہاڑ سے ایک بوڑھے شخص نمودار ہوئے سفید مودراز

ریش سرایک چکی کے برابر، سفید اون کی ایک چادر اوڑھے ایک باندھے اور کہا السلام علیکم و رحمة الله حاضرین نے جواب دیا اور نضلہ نے پوچھا اللہ تم پر رحم کرے تم کون ہو کہا میں زریب بن برثملا ہوں، بندۂ صالح عیسیٰ بن مریم علیہم الصلاۃ والسلام کا وصی ہوں، انہوں نے میرے لیے دعا فرمائی تھی کہ میں ان کے نزول تک باقی رہوں۔

پھر ان سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہاں ہیں کہا انتقال فرمایا اس پر وہ پیر بزرگ بشدت روئے پھر کہا ان کے بعد کون ہوا کہا ابوبکر کہا وہ کہاں ہیں کہا انتقال ہوا کہا پھر کون بیٹھا کہا عمر، کہا امیرالمومنین سے میرا اسلام کہو اور کہا کہ ثبات وسداد و آسانی پر عمل رکھئے کہ وقت قریب آ لگا ہے۔ پھر علامات قرب قیامت اور بہت کلمات وعظ و حکمت کہے اور غائب ہو گئے۔

جب امیرالمومنین کو خبر پہنچی سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام فرمان جاری فرمایا کہ خود اس پہاڑ کے نیچے جایئے (اور وہ ملیں تو انھیں میرا اسلام کہیئے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں خبر دی تھی کہ عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا ایک وصی عراق کے اس پہاڑ میں منزل گزیں ہے) سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ (چار ہزار مہاجرین وانصار کے ساتھ) اس پہاڑ کو گئے چالیس دن ٹھہرے پنج گانہ اذانیں کہیں مگر جواب نہ تھا آخر واپس آئے۔

ایک کتابی کے پاس حضور کی تصویر

طبرانی معجم کبیر میں سیدنا بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی میں زمانۂ جاہلیت میں ملک شام تجارت کے لیے گیا تھا ملک کے اسی کنارے پر اہل کتاب سے ایک شخص مجھے ملا پوچھا کیا تمھارے یہاں کسی شخص نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے ہم نے کہا ہاں، کہا تم ان کی صورت دیکھو تو پہچان لو گے؟ میں نے کہا ہاں وہ ہمیں ایک مکان میں لے گیا جس میں تصاویر تھیں وہاں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت کریمہ

مجھے نظر نہ آئی اتنے میں ایک اور کتابی آکر بولا کس شغل میں ہو ہم نے حال کہا وہ ہمیں اپنے گھر لے گیا وہاں جاتے ہی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصویر منیر مجھے نظر آئی اور دیکھا کہ ایک شخص حضور کے پیچھے حضور کے قدم مبارک کو پکڑے ہوئے ہے میں نے کہا یہ دوسرا کون ہے وہ کتابی بولا:

انه لم یکن نبی الا بعده نبی الا هذا فانه لا نبی بعده و هذا الخلیفة بعده .

بیشک کوئی نبی ایسا نہ ہوا جس کے بعد نبی نہ ہوا سوا اس نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کہ ان کے بعد کوئی نبی نہیں اور یہ دوسرا ان کے بعد خلیفہ ہے۔

اسے جو میں دیکھوں تو ابوبکر صدیق کی تصویر تھی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

ہرقل کے پاس تصاویر انبیاء

ابن عساکر بطریق قاضی معافی بن زکریا حضرت عبادہ بن صامت اور بیہقی و ابونعیم بطریق حضرت ابوامامہ باہلی حضرت ہشام بن عاص سے راوی، جب صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہمیں بادشاہ روم ہرقل کے پاس بھیجا اور ہم اس کے شہ نشیں کے نزدیک پہنچے وہاں سواریاں بٹھائیں اور کہا لا الــه الا الـلـه و الله اکبر اللہ جانتا ہے یہ کہتے ہی اس کا شہ نشین ایسا ہلنے لگا جیسے ہوا کے جھونکوں میں کھجور، اس نے کہلا بھیجا یہ تمھیں حق نہیں پہنچتا کہ شہروں میں اپنے دین کا اعلان کرو پھر ہمیں بلایا ہم گئے وہ سرخ کپڑے پہنے سرخ مسند پر بیٹھا تھا آس پاس ہر چیز سرخ تھی اس کے ارا کین دربار اس کے ساتھ تھے ہم نے سلام نہ کیا اور ایک گوشے میں بیٹھ گئے وہ ہنس کر بولا تم آپس میں جیسا ایک دوسرے کو سلام کرتے ہو مجھے کیوں نہ کیا ہم نے کہا ہم تجھے اس سلام کے قابل نہیں سمجھتے اور جس مجرے پر تو راضی ہوتا ہے وہ ہمیں روا نہیں کہ کسی کے لیے بجالائیں۔

پھر اس نے پوچھا سب سے بڑا کلمہ تمھارے یہاں کیا ہے ہم نے کہا لا اله الا الله خدا گواہ ہے

یہ کہتے ہی بادشاہ کے بدن پر لرزا پڑ گیا پھر آنکھیں کھول کر غور سے ہمیں دیکھا اور کہا یہی وہ کلمہ ہے جو تم نے میرے شہ نشین کے نیچے اترتے وقت کہا تھا ہم نے کہا ہاں کہا جب اپنے گھروں میں اسے کہتے ہو تو کیا تمھاری چھتیں بھی اس طرح کانپنے لگتی ہیں ہم نے کہا خدا کی قسم یہ تو ہم نے نہیں دیکھا اور اس مین خدا کی کوئی حکمت ہے، بولا سچی بات خوب ہوتی ہے سن لو خدا کی قسم مجھے آرزو تھی کاش میرا آدھا ملک نکل جاتا اور تم یہ کلمہ جس چیز کے پاس کہتے وہ لرزنے لگتی ہم نے کہا یہ کیوں؟ کہا یوں ہوتا تو کام آسان تھا اور اس وقت لائق تھا کہ یہ زلزلہ شان نبوت سے نہ ہو بلکہ کوئی انسانی شعبدہ ہو (یعنی اللہ تعالیٰ ایسے معجزات ہر وقت ظاہر نہیں فرماتا بلکہ عالم اسباب میں شان نبوت کو بھی غالباً مجرائے عادت کے مطابق رکھتا ہے) ولہذا انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے جہادوں میں بھی جنگ دوسرداروں کا مضمون رہتا ہے لہٰذا جب ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہرقل کو خبر دی کہ لڑائی میں کبھی ہم بھی ان پر غالب آتے ہیں ہرقل نے کہا ھذا آیة النبوة یہ نبوت کی نشانی ہے۔

پھر ہرقل نے ہمیں باعزاز واکرام ایک مکان میں اتارا دونوں وقت عزت کی مہمانیاں بھیجتا ایک رات ہمیں پھر بلا بھیجا ہم گئے اس وقت اکیلا بالکل تنہا بیٹھا تھا ایک بڑا صندوقچہ زرنگار منگا کر کھولا اس میں چھوٹے خانے تھے ہر خانے پر دروازہ لگا تھا اس نے ایک خانہ کھول کر سیاہ ریشم کا کپڑا طے کیا ہوا نکالا اسے کھولا تو اس میں ایک سرخ تصویر تھی، مرد فراخ چشم بزرگ سرین کہ ایسے خوبصورت بدن میں ایسی لمبی گردن کبھی نہ دیکھی تھی سر کے بال نہایت کثیر (بے ریش دو گیسو غایت حسن و جمال میں) ہرقل بولا انھیں پہچانتے ہو ہم نے کہا نہ، کہا یہ آدم ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پھر وہ تصویر رکھ کر دوسرا خانہ کھولا اس میں سے ایک سیاہ ریشم کا کپڑا نکالا اس میں خوب گورے رنگ کی تصویر تھی مرد بسیار موئے سر مانند موئے قبطیاں فراخ چشم کشادہ سینہ بزرگ سر (آنکھیں سرخ داڑھی خوبصورت) پوچھا انھیں جانتے ہو ہم نے کہا نہ، کہا یہ نوح ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ پھر اسے رکھ کر اور خانہ کھولا اس میں سے حریر سبز کا ٹکڑا نکالا اس میں نہایت گورے

رنگ کی ایک تصویر تھی مرد خوب چہرہ خوش چشم دراز بینی (کشادہ پیشانی) رخسارے ہوتے ہوئے سر پر نشان پیری ریش مبارک سپید نورانی تصویر کی یہ حالت ہے کہ گویا جان رکھتی ہے، سانس لے رہی ہے (مسکرا رہی ہے) کہا ان سے واقف ہو ہم نے کہا نہ، کہا یہ ابراہیم ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

پھر اسے رکھ کر ایک اور خانہ کھولا اس میں سے سبز ریشم کا پارچہ نکالا اسے جو ہم نظر کریں تو محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصویر منیر تھی، بولا انھیں پہچانتے ہو ہم رونے لگے اور کہا یہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، وہ بولا تمھیں اپنے دین کی قسم یہ محمد ہیں ہم نے کہا ہاں ہمیں اپنے دین کی قسم یہ حضور کی تصویر پاک ہے گویا ہم حضور کو حالت حیات دنیوی میں دیکھ رہے ہیں، اسے سنتے ہی وہ اچھل پڑا بے حواس ہو گیا سیدھا کھڑا ہوا پھر بیٹھ گیا دیر تک دم بخود رہا پھر ہماری طرف نظر اٹھا کر بولا :

اما انه آخر البیوت و لکنی عجلته لا نظر ما عندکم .

سنتے ہو یہ خانہ سب خانوں کے بعد تھا مگر ہم نے جلدی کر کے دکھایا کہ دیکھوں اس باب میں تمھارے پاس کیا ہے۔

یعنی اگر ترتیب وار دکھاتا آتا تو احتمال تھا کہ تصویر حضرت مسیح کے بعد دکھانے پر تم خواہ مخواہ کہہ دو کہ یہ ہمارے نبی کی تصویر ہے اس لیے میں نے ترتیب قطع کر کے اسے پیش کیا کہ اگر یہ وہی نبی موعود ہیں تو تم ضرور پہچان لو گے۔ بحمد اللہ تعالیٰ ایسا ہی ہوا اور یہی دیکھ کر اس حرماں نصیب کے دل میں درد اٹھا کہ حواس جاتے رہے اٹھا بیٹھا دم بخود رہا، ہمارا مطلب تو بحمد اللہ تعالیٰ یہیں پورا ہو گیا کہ یہ خانہ سب خانوں کے بعد ہے۔

اس کے بعد حدیث میں اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی تصاویر کریمہ کا ذکر ہے۔

پھر ہرقل نے ایک اور خانہ کھولا حریر سیاہ پر ایک تصویر رنگ سانولی نکالی (مگر حدیث عبادہ میں گورا

رنگ ہے) مردمرغول موسخت گھونگھروالے بال آنکھیں جانب باطن مائل تیزنظر ترش رو دانت باہم جڑے ہونٹ سمٹا جیسے کوئی حالت غضب میں ہو ہم سے کہا انھیں پہچانتے ہو یہ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام ہیں اور ان کے پہلو میں ایک اور تصویر تھی صورت ان سے ملتی مگر سر میں خوب تیل پڑا ہوا پیشانی کشادہ پتلیاں جانب بینی مائل (سر مبارک مدور گول) کہا انھیں جانتے ہو یہ ہارون علیہ الصلاۃ والسلام ہیں۔ پھر اور خانہ کھول کر حریر سپید پر ایک تصویر نکالی مرد گندم گوں سر کے بال سیدھے قد میانہ چہرے سے آثار غضب نمایاں کہا یہ لوط علیہ الصلاۃ والسلام ہیں۔ پھر اور خانے سے حریر سپید پر ایک تصویر نکالی گورا رنگ جس میں سرخی جھلکتی ناک اونچی رخسارے ہلکے چہرہ خوبصورت کہا کہ اسحاق علیہ الصلاۃ والسلام ہیں پھر حریر سپید پر ایک تصویر نکالی صورت اسحاق علیہ السلام کی مشابہ تھی مگر لب زیریں پر ایک تل تھا یہ یعقوب علیہ الصلاۃ والسلام ہیں۔

پھر حریر سیاہ پر اک تصویر نکالی رنگ گورا چہرہ حسین، ناک بلند قامت خوبصورت چہرے پر نور درخشاں اور اس میں آثار خشوع نمایاں رنگ میں سرخی کی جھلک تاباں کہا یہ تمھارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جد کریم اسماعیل علیہ الصلاۃ والسلام ہیں۔ پھر حریر سپید پر ایک تصویر نکالی کہ صورت آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے مشابہ تھی چہرہ گویا آفتاب تھا کہا یہ یوسف علیہ الصلاۃ والسلام ہیں۔ پھر حریر سپید پر ایک تصویر نکالی سرخ رنگ باریک ساقیں آنکھیں کم کھلی ہوئیں (یہ اس سالہا سال کے گریہ خوف الٰہی کا اثر تھا جس کے باعث رخسارۂ انور پر دو خط سیاہ بن گئے تھے) جیسے کسی کو روشنی میں چوندھ لگے پیٹ ابھرا ہوا قد میانہ تلوار حمائل کیے، مگر حدیث عبادہ میں اس کے عوض یوں ہے حریر سبز پر گوری تصویر جس کے عضو عضو سے نزاکت و دل کشی ٹپکتی ساق و سرین خوب گول کہا یہ داؤد علیہ الصلاۃ والسلام ہیں۔ پھر حریر سپید پر ایک تصویر نکالی فربہ سرین پاؤں میں طول گھوڑے پر سوار (جس کے ہر طرف پر لگے تھے گردن دبی ہوئی پشت کوتاہ گورا رنگ) کہا یہ سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام ہیں (اور یہ پردار گھوڑا جس کے ہر جانب پر ہیں ہوا ہے کہ انھیں اٹھائے ہوئے ہے) پھر حریر سیاہ پر ایک گوری تصویر نکالی مرد جوان داڑھی نہایت سیاہ سر کے بال کثیر چہرہ خوبصورت

(آنکھیں حسین اعضا متناسب) کہا یہ عیسیٰ بن مریم علیہما الصلاۃ والسلام ہیں)

ہم نے ہرقل سے کہا یہ تصویریں تیرے پاس کہاں سے آئیں ہمیں یقین ہے کہ یہ ضرور سچی تصاویر ہیں کہ ہم نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصویر کریم مطابق پائی کہا آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے رب عزوجل سے عرض کی تھی کہ میری اولاد کے انبیاء مجھے دکھادے حق سبحانہ وتعالیٰ نے اس پر تصاویر انبیاء اتاریں کہ مغرب شمس کے پاس خزانہ آدم علیہ الصلاۃ والسلام میں تھیں ذوالقرنین نے وہاں سے نکال کر دانیال علیہ الصلاۃ والسلام کو دیں (انھوں نے پارچہ ہائے حریر پر اتاریں کہ یہ بعینہا وہی چلی آتی ہیں) سن لو خدا کی قسم مجھے آرزو تھی کاش میرا نفس ترک سلطنت کو گوارا کرتا اور میں مرتے دم تک تم میں کسی ایسے کا بندہ بنتا جو غلاموں کے ساتھ نہایت سخت برتاؤ رکھتا (مگر کیا کروں نفس راضی نہیں ہوتا) پھر ہمیں عمدہ جائزے دے کر رخصت کیا (اور ہمارے ساتھ آدمی کر کے سرحد اسلام تک پہنچادیا) ہم نے آکر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حال عرض کیا صدیق روئے اور فرمایا مسکین اگر اللہ اس کا بھلا چاہتا وہ ایسا ہی کرتا۔ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی کہ یہ اور یہودی اپنے یہاں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت پاتے ہیں۔

مقوقس کے دربار میں فرمان نبوی

امام واقدی اور ابوالقاسم بن عبدالحکم فتوح مصر میں بطریق ابان بن صالح راوی جب حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمان اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لے کر مقوقس نصرانی بادشاہ مصر و اسکندریہ کے پاس تشریف لے گئے اس نے ان سے دریافت کیا کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کس بات کی طرف بلاتے ہیں انھوں نے فرمایا توحید و نماز پنج گانہ و روزہ رمضان و حج و وفائے عہد، پھر اس نے حضور کا حلیہ پوچھا انھوں نے باختصار بیان کیا وہ بولا :

قد بقيت اشياء لم تذكرها في عينيه حمرة قلما تفارقة و بين كتفيه خاتم النبوة.

ابھی اور باتیں باقی رہیں کہ تم نے نہ بیان کیں ان کی آنکھوں میں سرخ ڈورے ہیں کہ کم کسی وقت جدا ہوتے ہوں اور ان کے دونوں شانوں کے بیچ میں مہر نبوت ہے۔

پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اور صفات کریمہ بیان کر کے بولا :

و قد كنت اعلم ان نبيا قد بقي و قد كنت اظن مخرجه بالشام و هناك كانت تخرج الانبياء من قبله فاراه قد خرج في ارض العرب في ارض جهد و بؤس و القبط و لا تطاوعني في اتباعه و سيظهر على البلاد.

مجھے یقیناً معلوم تھا کہ ایک نبی باقی ہے اور مجھے گمان تھا کہ وہ شام میں ظاہر ہوگا کہ اگلے انبیاء نے وہاں ظہور کیا اب میں دیکھتا ہوں کہ انھوں نے عرب میں ظہور فرمایا محنت و مشقت کی زمین میں اور قبطی ان کی پیروی میں میری نہ مانیں گے عنقریب وہ ان شہروں پر غلبہ پائیں گے۔

ابن سعد طبقات میں فرماتے ہیں کہ مقوقس نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس مضمون کی عرض لکھی کہ :

قد علمت ان نبيا بقي و كنت اظن انه يخرج بالشام و قد اكرمتك رسولك و بعثت اليك بهدية .

مجھے یقین تھا کہ ایک نبی باقی ہے اور میرے گمان میں وہ شام سے ظہور کرتا اور میں نے حضور کے قاصد کا اعزاز کیا اور حضور کے لیے نذر حاضر کرتا ہوں۔

ایک روایت میں ہے کہ مقوقس بادشاہ مصر نے حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے امتحاناً

پوچھا کہ جب تم انھیں نبی کہتے ہو تو انھوں نے دعا کر کے اپنی قوم کو کیوں نہ ہلاک فرما دیا جب انھوں نے ان سے ان کا شہر مکہ چھڑایا تھا حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کیا تو عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو رسول اللہ نہیں مانتا انھوں نے دعا کر کے اپنی قوم کو کیوں نہ ہلاک کر دیا جب انھوں نے انھیں پکڑا اور سولی دینے کا ارادہ کیا تھا۔ مقوقس بولا :

انت الحکیم الذی جاء من عند الحکیم .

تم حکیم ہو کہ حکیم کامل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے آئے۔ اسے بیہقی نے حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

قرب قیامت حضور کی بعثت

بیہقی دلائل میں حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چرچا سنا اور حضور کے صفت و نام و ہیئت اور جن جن باتوں کی ہم حضور کے لیے توقع کر رہے تھے سب پہچان لیں تو میں نے خاموشی کے ساتھ اسے دل میں رکھا یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ تشریف لائے مجھے خبر رونق افروزی پہنچی میں نے تکبیر کہی میری پھوپھی بولی اگر تم موسیٰ بن عمران علیہ الصلاۃ والسلام کا آنا سنتے تو اس سے زیادہ کیا کرتے میں نے کہا اے پھوپھی خدا کی قسم وہ موسیٰ بن عمران کے بھائی ہیں جس بات پر موسیٰ بھیجے گئے تھے اسی پر یہ بھی مبعوث ہوئے ہیں وہ بولی :

یا ابن اخی ا ھو النبی الذی کنا نخبر بہ انہ یبعث مع الساعۃ .

اے میرے بھتیجے کیا یہ وہ نبی ہیں جن کی ہم خبر دیئے جاتے تھے کہ وہ قیامت کے ساتھ مبعوث ہوں گے؟ میں نے کہا ہاں۔

ہجرت عباس اور ختم نبوت

ابویعلی وطبرانی وشاشی وابونعیم فضائل الصحابہ میں اور ابن عساکر وابن النجار حضرت سہیل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے موصولاً اور رویانی وابن عساکر محمد بن شہاب زہری سے مرسلاً راوی :

حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما عم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں (مکہ معظمہ سے) عرضی حاضر کی کہ مجھے اذن عطا ہو تو ہجرت کر کے (مدینہ طیبہ) حاضر ہوں، اس کے جواب میں حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمان نافذ فرمایا :

یا عم اقم مکانک الذی انت فیہ فان اللہ یختم بک الھجرۃ کما ختم بی النبوۃ .

اے چچا اطمینان سے رہو کہ تم ہجرت میں خاتم المہاجرین ہونے والے ہو جس طرح میں نبوت میں خاتم النبیین ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

مرض وصال کا ایک خطبہ

امام اجل فقیہ محدث ابواللیث سمرقندی تنبیہ الغافلین میں فرماتے ہیں:

جب سورۂ اذا جاء نصر اللہ ،حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مرض وصال شریف میں نازل ہوئی حضور فوراً برآمد ہوئے ، پنج شنبہ کا دن تھا، منبر پر جلوس فرمایا بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ مدینے میں ندا کردو، لوگو! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وصیت سننے چلو یہ آواز سنتے ہی سب چھوٹے بڑے جمع ہوئے گھروں کے دروازے ویسے ہی کھلے چھوڑ دیئے یہاں تک کہ کنواریاں پردوں سے نکل آئیں حد یہ کہ مسجد شریف حاضرین پر تنگ ہوئی اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرما رہے ہیں اپنے

پچھلوں کے لیے جگہ وسیع کرو، اپنے پچھلوں کے لیے جگہ وسیع کرو پھر حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر قیام فرما کر حمد وثنائے الٰہی بجالائے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر درود بھیجی پھر ارشاد ہوا :

انا محمد بن عبد الله بن عبد المطلب بن هاشم العربی الحرمی المکی لا نبی بعدی .

میں محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم عربی صاحب حرم محترم و مکہ معظمہ ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

چوپایہ اور ختم نبوت کی شہادت

ابن حبان و ابن عسا کر حضرت ابو منظور اور ابو نعیم بر وجہ آخر حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی جب خیبر فتح ہوا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دراز گوش سیاہ رنگ دیکھا اس سے کلام فرمایا وہ جانور بھی تکلم میں آیا ارشاد ہوا تیرا کیا نام ہے؟ عرض کی یزید بیٹا شہاب کا اللہ تعالیٰ نے میرے دادا کی نسل سے ساٹھ دراز گوش پیدا کیے۔

کلهم لا یر کبه الا نبی

ان سب پر انبیاء سوار ہوا کیے۔

و قد کنت اتوقعک ان ترکبنی لم یبق من نسل جد غیری و لا من الانبیاء غیرک .

مجھے یقینی توقع تھی کہ حضور مجھے اپنی سواری سے مشرف فرمائیں گے کہ اب اس نسل میں سوا میرے اور انبیاء میں سوا حضور کے کوئی باقی نہیں۔

میں پہلے ایک یہودی کے پاس تھا اسے قصداً گرادیا کرتا وہ مجھے بھوکا رکھتا اور مارتا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا نام یعفور رکھا جسے بلانا چاہتے اسے بھیج دیتے چوکھٹ پر سر مارتا جب صاحب خانہ باہر آتا اسے اشارے سے بتاتا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یادفرماتے ہیں۔ جب حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا وہ مفارقت کی تاب نہ لایا ابوالہیثم بن التیہان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کنویں میں گرکر مرگیا۔

ابن زمل کے خواب میں ختم نبوت کا اشارہ

بیہقی سنن میں حضرت ابن زمل جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل رؤیا میں راوی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعد نماز صبح پاؤں بدلنے سے پہلے ستر بار فرماتے **سبحان اللہ و بحمدہ و استغفر اللہ ان اللہ کان توابا** پھر فرماتے یہ ستر سات سو کے برابر ہیں نرا بے خیر ہے جو ایک دن میں سات سو سے زیادہ گناہ کرے۔ یعنی ہر نیکی کم از کم دس ہے **من جاء بالحسنة فله عشر امثالها**، تو یہ ستر کلمے سات سو نیکیاں ہوئیں اور ہر نیکی کم از کم ایک بدی کو محو کرتی ہے، **ان الحسنات یذھبن السیئات** تو اس کے پڑھنے والے کی نیکیاں ہی غالب رہیں گی مگر وہ کہ دن میں سات سو گناہ سے زیادہ کرے اور ایسا سخت ہی بے خیر ہوگا۔

پھر لوگوں کی طرف منہ کر کے تشریف رکھتے اور اچھا خواب حضور کو خوش آتا دریافت فرماتے کسی نے کچھ دیکھا ہے ابن زمل نے عرض کی یارسول اللہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے فرمایا بھلائی پاؤ اور برائی سے بچو ہمیں اچھا اور ہمارے دشمنوں پر برا رب العالمین کے لیے سب خوبیاں ہیں خواب بیان کرو۔

انھوں نے عرض کی میں نے دیکھا کہ سب لوگ ایک وسیع نرم بے نہایت راستے پر نیچ شارع عام میں چل رہے ہیں ناگہاں اس راہ کے لبوں پر خوبصورت سبزہ زار نظر آیا کہ ایسا کبھی نہ دیکھا تھا اس کا لہلہاتا

سبزہ چمک رہا ہے شادابی کا پانی ٹپک رہا ہے اس میں ہر قسم کی گھاس ہے پہلا ہجوم آیا جب اس سبزہ زار پر پہنچے تکبیر کہی اور سواریاں سیدھے راستے پر ڈالے چلے گئے ادھر ادھر اصلاً نہ پھرے، اس مرغزار کی طرف کچھ التفات نہ کیا پھر دوسرا ہلا آیا کہ پہلوں سے کئی گنا زائد تھا جب سبزہ زار پر پہنچے تکبیر کہی راہ پر چلے مگر کوئی کوئی اس چراگاہ میں چرانے بھی لگا اور کسی نے چلتے میں ایک مٹھا لے لیا پھر روانہ ہوئے پھر عام ازدحام آیا جب یہ سبزہ زار پر پہنچے تکبیر کہی اور بولے یہ منزل سب سے اچھی ہے یہ ادھر ادھر پڑ گئے میں ماجرا دیکھ کر سیدھا راہ پڑ لیا۔ جب سبزہ زار سے گزر گیا تو دیکھا کہ سات زینے کا ایک منبر ہے اور حضور اس کے سب سے اونچے درجے پر جلوہ فرما ہیں حضور کے آگے ایک سال خوردہ لاغر ناقہ ہے حضور اس کے پیچھے تشریف لیے جاتے ہیں۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ راہ نرم و وسیع وہ ہدایت ہے جس پر میں تمہیں لایا اور تم اس پر قائم ہو اور وہ سبزہ زار دنیا اور اس کے عیش کی تازگی ہے میں اور میرے صحابہ تو چلے گئے کہ دنیا سے اصلاً علاقہ نہ رکھا نہ اسے ہم سے تعلق ہوا نہ ہم نے اسے چاہا نہ اس نے ہمیں چاہا۔ پھر دوسرا ہجوم ہمارے بعد آیا وہ ہم سے کئی گونہ زیادہ ہے ان میں سے کسی نے چرایا کسی نے گھاس کا مٹھا لیا اور نجات پا گئے پھر بڑا ہجوم آیا وہ سبزہ زار میں دہنے بائیں پڑ گئے تو انا للہ و انا الیہ راجعون اور اے ابن زمل تم اچھی راہ پر چلتے رہو گے یہاں تک کہ مجھ سے ملو اور وہ سات زینے کا منبر جس کے درجہ اعلیٰ پر مجھے دیکھا یہ جہان ہے اس کی عمر سات ہزار برس کی ہے اور میں اخیر ہزار میں ہوں۔

و اما الناقة التي رأيت و رأيتني اتبعها فهي الساعة علينا تقوم لا نبي بعدي و لا امة بعد امتي .

اور وہ ناقہ جس کے پیچھے مجھے جاتا دیکھا قیامت ہے ہمارے ہی زمانے میں آئے گی نہ میرے بعد کوئی نبی نہ میری امت کے بعد کوئی امت۔ صلی اللہ تعالیٰ علیک وعلیٰ امتک وبارک وسلم۔

نبوت میں علی کا کوئی حصہ نہیں

خطیب حضرت امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

انما علی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی.

علی ایسا ہے جیسا موسیٰ سے ہارون (کہ بھائی بھی اور نائب بھی) مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

امام احمد مناقب امیر المومنین علی میں مختصراً اور بغوی وطبرانی اپنی معاجیم باوردی معرفۃ ابن عدی کامل ابواحمد حاکم کنی میں بطریق امام بخاری ابن عساکر تاریخ میں سب زید بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل مواخات صحابہ میں راوی، جب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باہم صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں بھائی چارا کیا امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے عرض کی میری جان نکل گئی اور پیٹھ ٹوٹ گئی یہ دیکھ کر حضور نے اصحاب کے ساتھ کیا جو میرے ساتھ نہ کیا یہ اگر مجھ سے کسی ناراضی کے سبب ہے تو حضور ہی کے لیے منانا اور عزت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

و الذی بعثنی بالحق ما اخرتک الا لنفسی و انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ غیر انہ لا نبی بعدی.

قسم اس کی جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا میں نے تمھیں خاص اپنے لیے رکھ چھوڑا ہے تم مجھ سے ایسے ہو جیسے ہارون موسیٰ سے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں تم میرے بھائی اور وارث ہو۔ امیر المومنین نے عرض کی مجھے حضور سے کیا میراث ملے گی فرمایا جو اگلے انبیاء کو ملی، عرض کی انھیں کیا ملی تھی فرمایا خدا کی کتاب اور نبی کی سنت اور تم میرے ساتھ جنت میں میری صاحبزادی کے ساتھ میرے محل میں ہو گے اور تم میرے بھائی اور رفیق ہو۔

ابن عساکر عقیل بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا خدا کی قسم میں تمھیں دو جہت سے دوست رکھتا ہوں ایک تو قرابت دوسرے یہ کہ ابو طالب کو تم سے محبت تھی، اے جعفر تمھارے اخلاق میرے اخلاق کریمہ سے مشابہ ہیں۔

واما انت یا علی فانت منی بمنزلة هارون من موسیٰ غیر انی لا نبی بعدی .

تم اے علی مجھ سے ایسے ہو جیسے موسیٰ سے ہارون مگر یہ کہ میرے بعد نبی نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و علیہم وسلم۔

حضور بعثت میں آخر ہیں

ابن ابی حاتم و بغوی و ثعلبی تفاسیر اور ابو اسحاق جوزجانی تاریخ اور ابو نعیم دلائل اور ابن سعد طبقات اور ابن لال مکارم الاخلاق میں قتادہ سے مرسلاً راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آیہ کریمہ **و اذ اخذنا من النبیین میثاقهم و منک و من نوح و ابراهیم و موسی و عیسیٰ بن مریم** کی تفسیر میں فرمایا:

کنت اول النبیین فی الخلق و آخرهم فی البعث .

میں سب نبیوں سے پہلے پیدا ہوا اور سب کے بعد بھیجا گیا۔

قتادہ نے کہا **فبداء به قبلهم .**

اسی لیے رب العزت تبارک وتعالیٰ نے آیہ کریمہ میں انبیاء سابقین سے پہلے حضور پر نور کا نام پاک لیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابوسہل قطان اپنے امالی میں سہل بن صالح ہمدانی سے راوی، میں نے حضرت سیدنا امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو سب انبیاء کے بعد مبعوث ہوئے، حضور کو سب پر تقدم کیوں کر ہوا؟ فرمایا:

ان اللہ تعالیٰ لما اخذ من بنی آدم من ظهورم ذریاتهم و اشهدهم علی انفسهم الست بربکم کان محمد صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اول من قال بلی و لذلک صار یتقدم الانبیا و هو آخر من بعث .

جب اللہ تعالیٰ نے آدمیوں کی پیٹھوں سے ان کی اولادیں روز میثاق نکالیں اور انھیں خود ان پر گواہ بنانے کو فرمایا کیا میں تمھارا رب نہیں تو سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کلمہ بلیٰ عرض کیا کہ ہاں کیوں نہیں۔ اس وجہ سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سب انبیاء پر تقدم ہوا حالاں کہ حضور سب کے بعد مبعوث ہوئے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

وصال اقدس کے بعد فاروق اعظم کا خطاب وندا

شفا شریف امام قاضی عیاض و احیاء العلوم امام حجۃ الاسلام و مدخل امام ابن الحاج و اقتباس الانوار علامہ ابو عبد اللہ محمد بن علی رشاطی و شرح البردہ ابو العباس قصار و مواہب لدنیہ امام قسطلانی وغیرہا کتب معتمدین میں ہے۔

امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بعد وفات حضور سید الکائنات علیہ افضل الصلوات والتحیات جو فضائل عالیہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضور کو ندا و خطاب کر کے عرض کی ہیں انھیں میں گزارش کرتے ہیں۔

بابی انت و امی یا رسول اللہ لقد بلغ من فضیلتک عند اللہ ان بعثک آخر

الانبیاء و ذکرک فی اولھم فقال و اذ اخذنا من النبیین میثاقھم و منک و من نوح الآیۃ.

یارسول اللہ میرے ماں باپ حضور پر قربان حضور کی فضیلت اللہ عزوجل کی بارگاہ میں اس حد کو پہنچی کہ حضور کو تمام انبیاء کے بعد بھیجا اور ان سب سے پہلے ذکر فرمایا کہ فرماتا ہے اور یاد کرو جب ہم نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا اور تجھ سے اے محبوب اور نوح و ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ بن مریم سے۔ علیہم الصلاۃ و السلام۔

جبریل اور خاتم الانبیاء

علامہ محمد بن احمد بن محمد بن محمد بن ابی بکر بن مرزوق تلمسانی شرح شفا شریف میں سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جبریل نے حاضر ہو کر مجھے یوں سلام کیا:

السلام علیک یا ظاھر ، السلام علیک یا باطن .

میں نے فرمایا اے جبریل یہ صفات تو اللہ عزوجل کی ہیں کہ اسی کو لائق ہیں مجھ سے مخلوق کی کیوں کر ہو سکتی ہیں؟ جبریل نے عرض کی اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور کو ان صفات سے فضیلت دی اور تمام انبیاء و مرسلین پر ان سے خصوصیت بخشی اپنے نام و وصف سے حضور کے نام و وصف مشتق فرمائے۔

و سماک بالاول لانک اول الانبیاء خلقا و سماک بالآخر لانک آخر الانبیاء فی العصر و خاتم الانبیاء الی آخر الامم .

حضور کا اول نام رکھا کہ حضور سب انبیاء سے آفرینش میں مقدم ہیں اور حضور کا آخر نام رکھا کہ حضور سب پیغمبروں سے زمانے میں موخر و خاتم الانبیاء و نبی امت آخرین ہیں۔

صحابہ کرام اور ختم نبوت

- امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عرض کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو سب انبیاء کے بعد بھیجا۔
- انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول تمھارے نبی آخر الانبیاء ہیں۔
- عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد کہ ان کے بعد کوئی نبی نہیں۔
- امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول کہ وہ سب انبیاء کے بعد بھیجے گئے۔

ختم نبوت اور متواتر حدیثوں کا خلاصہ

(۱) میں عاقب ہوں جس کے بعد کوئی نبی نہیں۔

(۲) میں سب انبیاء میں آخر نبی ہوں۔

(۳) میں تمام انبیاء کے بعد آیا۔

(۴) ہمیں پچھلے ہیں۔

(۵) میں سب پیغمبروں کے بعد بھیجا گیا۔

(۶) قصر نبوت میں جو ایک اینٹ کی جگہ تھی مجھ سے کامل کی گئی۔

(۷) میں آخر الانبیاء ہوں۔

(۸) میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

(۹) رسالت ونبوت منقطع ہوگئی اب نہ کوئی رسول ہوگا نہ نبی۔

(۱۰) نبوت میں سے اب کچھ نہ رہا سوا اچھے خواب کے۔

(۱۱) میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔

(۱۲) میرے بعد دجال کذاب ادعائے نبوت کریں گے۔

(۱۳) میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

(۱۴) نہ میری امت کے بعد کوئی امت۔

ادھر علمائے کتب سابقہ اللہ و رسول جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشادات سن سن کر شہادت ادا کریں گے۔

(۱) احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ہوں گے ان کے بعد کوئی نبی نہیں۔

(۲) ان کے سوا کوئی نبی باقی نہیں۔

(۳) وہ آخر الانبیاء ہیں۔

(۴) ایک نبی باقی تھے وہ عرب میں ظاہر ہوئے۔

(۵) تصاویر انبیاء میں سب سے آخری خانہ حضور کا تھا۔

(۶) عبداللہ بن سلام کی حدیث کہ وہ قیامت کے ساتھ مبعوث ہوئے۔

(۷) ایک حبر کا قول کہ وہ امت آخرہ کے نبی ہیں۔

ادھر ملائکہ وانبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی صدائیں آرہی ہیں کہ

(۱) وہ پسین پیغمبراں ہیں۔

(۲) وہ آخر مرسلاں ہیں۔

(۳) جبریل علیہ الصلاۃ والسلام کی عرض کہ حضور سب پیغمبروں سے زمانے میں متاخر ہیں۔

خود حضرت عزت عزت عزتہ سے ارشادات جاں فزا ودل نواز آرہے ہیں کہ

(۱) محمد ہی اول وآخر ہے۔

(۲) اس کی امت مرتبے میں سب سے اگلی اور زمانے میں سب سے پچھلی۔

(۳) وہ سب انبیاء کے پیچھے آیا۔

(۴) اے محبوب میں نے تجھے آخر النبیین کیا۔

(۵) اے محبوب میں نے تجھے سب انبیاء سے پہلے بنایا اور سب کے بعد بھیجا۔

(۶) محمد آخر الانبیاء ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(جزاء اللہ عدوہ باباۃ ختم النبوۃ)

منکران ختم نبوت کی تکفیر میں بعض نصوص ائمہ

امام ابن حجر مکی

امام ابن حجر مکی شافعی ''خیرات الحسان فی مناقب الامام الاعظم ابوحنیفۃ النعمان'' میں فرماتے ہیں:

تنبأ فی زمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رجل قال امھلونی حتیٰ اتی بعلامۃ فقال من طلب منہ علامۃ کفر لانہ بطلبہ ذلک مکذب لقول النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا نبی بعدی.

امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں ایک مدعی نبوت نے کہا مجھے مہلت دو کہ میں کوئی نشانی دکھاؤں امام ہمام نے فرمایا جو اس سے نشانی مانگے گا کافر ہو جائے گا کہ وہ اس مانگنے کے سبب مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد قطعی ومتواتر ضروری دینی کی تکذیب کرتا ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

فتاویٰ ہندیہ

فتاویٰ خلاصہ وفصول عمادیہ وجامع الفصولین وفتاویٰ ہندیہ وغیرہا میں ہے :

یعنی اگر کوئی شخص کہے میں اللہ کا رسول ہوں یا فارسی میں کہے میں پیغمبر ہوں کافر ہو جائے گا اگرچہ مراد یہ لے کہ میں کسی کا پیغام پہنچانے والا ایلچی ہوں اور اگر اس کہنے والے سے کوئی معجزہ مانگے تو کہا گیا یہ بھی مطلقاً کافر ہے اور مشائخ متاخرین نے فرمایا اگر اسے عاجز ورسوا کرنے کی غرض سے معجزہ طلب کیا تو کافر نہ ہوگا ورنہ ختم نبوت میں شک لانے کے سبب یہ بھی کافر ہو جائے گا۔

اعلام بقواطع الاسلام

اعلام بقواطع الاسلام میں ہے :

مدعی نبوت کی تکفیر تو خود ہی روشن ہے اور جو اس سے معجزہ مانگے اس کا بھی کفر ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس مانگنے میں اس مدعی کا صدق محتمل مان رہا ہے حالاں کہ دین متین سے بالضرورۃ معلوم ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد دوسرا نبی ممکن نہیں ہاں اگر اس طلب سے اسے احمق بنانا اس کا جھوٹ ظاہر کرنا مقصود ہو تو کفر نہیں۔

اسی میں ہے :

انھیں باتوں میں جو معاذ اللہ آدمی کو کافر کر دیتی ہے کسی نبی کو جھٹلانا یا اس کی طرف قصداً جھوٹ بولنے کی نسبت کرنا یا نبی سے لڑنا یا اسے برا کہنا اس کی شان میں گستاخی کا مرتکب ہونا اور بتصریح امام حلیمی انھیں کفریات کی مثل ہے ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں یا حضور کے بعد کسی شخص کا تمنا کرنا کہ کسی طرح سے نبی ہو جاتا، ان صورتوں میں کافر ہو جائے گا اور ظاہر یہ ہے کہ اس میں کچھ فرق نہیں وہ تمنا زبان سے یا صرف دل میں۔ سبحان اللہ! جب مجرد تمنا پر کافر ہوتا ہے تو کسی کی نسبت ادعائے نبوت کس درجہ کا کفر خبیث ہوگا۔

اشباہ والنظائر

اذا لم یعرف ان محمدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آخر الانبیاء فلیس بمسلم لانہ من الضروریات .

جب نہ پہچانے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سے پچھلے نبی ہیں تو مسلمان نہیں کہ یہ ضروریات دین سے ہے۔

فتاویٰ تاتارخانیہ

تاتارخانیہ پھر عالمگیریہ میں ہے :

یعنی ایک نے دوسرے سے کہا میں تیرا فرشتہ ہوں فلاں جگہ تیرے کام میں مدد کروں گا اس پر تو بعض نے بیشک کہا کافر نہ ہوگا یوں ہی اگر مطلقاً کہا میں فرشتہ ہوں، بخلاف دعوئ نبوت کہ بالا جماع کفر ہے۔ یہ حکم عام ہے کہ مدعی زمانہ اقدس میں ہو مثل ابن صیاد و مسیلمہ و اسود خواہ بعد میں۔

شفا قاضی عیاض

شفا شریف امام قاضی عیاض مالکی اور اس کی شرح نسیم الریاض علامہ شہاب الدین خفاجی میں ہے:

یعنی اس طرح وہ بھی کافر ہے جو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں کسی کی نبوت کا ادعا کرے جیسے مسیلمہ کذاب و اسود عنسی یا حضور کے بعد کسی کی نبوت مانے اس لیے کہ قرآن و حدیث میں حضور کے خاتم النبیین ہونے کی تصریح ہے تو یہ شخص اللہ و رسول کو جھٹلاتا ہے، جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ جیسے یہود کا ایک طائفہ عیسویہ کہ عیسیٰ بن اسحاق یہودی کی طرف منسوب ہے۔ اس نے مروان الحمار کے زمانے میں ادعائے نبوت کیا تھا اور بہت یہود اس کے تابع ہو گئے اس کا مذہب تھا کہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد نئی نبوت ممکن ہے اور جیسے بہت رافضی کہ مولیٰ علی کو رسالت میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شریک اور حضور کے بعد انھیں نبی کہتے ہیں اور جیسے رافضیوں کے دو فرقے بزیغیہ و بیانیہ ان لوگوں کا کفر نصاریٰ سے بڑھ کر ہے اور ان سے زائد ان کا ضرر کہ یہ صورت میں مسلمان ہیں ان سے عوام دھوکے میں پڑ جاتے ہیں یہ سب کے سب کفار ہیں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تکذیب کرنے والے اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی کہ حضور خاتم النبیین ہیں اور خبر دی کہ حضور کے بعد کوئی نبی نہیں اور اپنے رب عز و جل سے خبر دی کہ وہ حضور کو خاتم النبیین اور تمام جہان کی طرف رسول بتاتا ہے اور امت نے اجماع کیا کہ یہ آیات و احادیث اپنے معنی ظاہر پر ہیں جو کچھ ان سے مفہوم ہوتا ہے خدا اور رسول کی یہی مراد ہے نہ ان میں کچھ تاویل ہے نہ تخصیص تو کچھ شک نہیں کہ یہ سب طائفے بحکم اجماع امت و بحکم حدیث

وآیت بالیقین کافر ہیں۔

مجمع الانہر

وجیز امام کردری ومجمع الانہر شرح ملتقی الابحر میں ہے :

ہمارے مولیٰ ہمارے سردار محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر یوں ایمان لانا فرض ہے کہ حضور اب بھی ہمارے رسول ہیں (نہ یہ کہ معاذ اللہ بعد وصال شریف حضور رسول نہ رہے یا حضور کے بعد اب اور کوئی ہمارا رسول ہوگیا) اور ایمان لانا فرض ہے کہ حضور تمام انبیاء ومرسلین کے خاتم ہیں اگر حضور کے رسول ہونے پر ایمان لایا اور خاتم الانبیاء ہونے پر ایمان نہ لایا تو مسلمان نہ ہوگا۔

یہاں رسالت پر ایمان مجازاً بنظر صورت بحسب ادعائے قائل بولا گیا ورنہ جو ختم نبوت پر ایمان نہ لایا قطعاً حضور کی رسالت ہی پر ایمان نہ لایا کہ رسول جانتا تو حضور جو کچھ اپنے رب جل جلالہ کے پاس سے لائے سب پر ایمان لاتا۔

علامہ یوسف اردبیلی

امام علامہ یوسف اردبیلی شافعی کتاب الانوار میں فرماتے ہیں :

من ادعی النبوۃ فی زماننا او صدق مدعیا لها او اعتقد نبیا فی زمانه صلی الله تعالیٰ علیہ وسلم او قبله من لم یکن نبیا کفر.

جو ہمارے زمانے میں نبوت کا مدعی ہو یا دوسرے کسی مدعی کی تصدیق کرے یا حضور کے زمانے میں کسی کو نبی مانے یا حضور سے پہلے کسی غیر کو نبی جانے کافر ہوجائے۔

امام غزالی

امام حجۃ الاسلام محمد محمد محمد غزالی کتاب الاقتصاد میں فرماتے ہیں:

یعنی تمام امت محمدیہ صاحبہا وعلیہا الصلاۃ والتحیۃ نے لفظ خاتم النبیین سے یہی سمجھا کہ وہ بتاتا ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کبھی کوئی نبی نہ ہوگا حضور کے بعد کبھی کوئی رسول نہ ہوگا اور تمام امت نے یہی مانا کہ اس لفظ میں نہ کوئی تاویل ہے کہ آخر النبیین کے سوا خاتم النبیین کے کچھ اور معنی گڑھیے نہ اس عموم میں کچھ تخصیص ہے کہ حضور کے ختم نبوت کو کسی زمانے یا زمین کے کسی طبقے سے خاص کیجیے اور جو اس میں تاویل وتخصیص کو راہ دے اس کی بات جنون یا نشے یا سرسام میں بہکنے برانے بکنے کے قبیل سے ہے اسے کافر کہنے سے کچھ ممانعت نہیں کہ وہ آیت قرآن کی تکذیب کر رہا ہے جس میں اصلاً تایل وتخصیص نہ ہونے پر امت مرحومہ کا اجماع ہو چکا ہے۔

غنیۃ الطالبین

غنیۃ الطالبین شریف میں عقائد ملعونہ غلاۃ روافض کے بیان میں فرمایا :

یعنی غالی رافضیوں کا یہ دعویٰ بھی ہے کہ مولیٰ علی نبی ہیں اللہ اور اس کے فرشتے اور تمام مخلوق قیامت تک ان رافضیوں پر لعنت کریں اللہ ان کے درخت جڑ سے اکھیڑ کر پھینک دے تباہ کر دے زمین پر ان میں سے کوئی بسنے والا نہ رکھے کہ انھوں نے اپنا غلو حد سے گزار دیا کفر پر جم گئے اسلام چھوڑ بیٹھے ایمان سے جدا ہوئے اللہ و رسول و قرآن سب کے منکر ہو گئے ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اس سے جو ایسا مذہب رکھے۔

تحفہ شرح منہاج

تحفہ شرح منہاج میں ہے :

یعنی کافر ہے جو کسی نبی کی تکذیب کرے یا کسی طرح اس کی شان گھٹائے مثلاً بہ نیت توہین اس کا نام چھوٹا کر کے لے یا ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کے بعد کسی کی نبوت ممکن مانے اور عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام تو حضور کی تشریف آوری سے پہلے نبی ہو چکے ان سے اعتراض وارد نہ ہوگا۔

شرح فرائد

عارف باللہ علامہ عبدالغنی نابلسی شرح الفرائد میں فرماتے ہیں:

فلاسفہ نے کہا تھا کہ نبوت کسب سے مل سکتی ہے آدمی ریاضتیں مجاہدے کرنے سے پا سکتا ہے اس کے رد میں فرماتے ہیں کہ ان کے مذہب کا بطلان محتاج بیان نہیں آنکھوں دیکھا باطل ہے اور کیوں نہ ہو کہ اس کے نتیجے میں ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں یا حضور کے بعد کسی نبی کا امکان نکلے گا اور یہ تکذیب قرآن کو مستلزم ہے۔ قرآن عظیم نص فرما چکا کہ حضور خاتم النبیین و آخر المرسلین ہیں اور حدیث میں ہے میں پچھلا نبی ہوں کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں اور امت کا اجماع ہے کہ یہ کلام اسی معنی پر ہے جو اس کے ظاہر سے سمجھ میں آتے ہیں یہ ان مشہور مسئلوں میں سے ہے جن کے سبب ہم اہل اسلام نے فلاسفہ کو کافر کہا اللہ تعالیٰ ان پر لعنت کرے۔

مواہب شریف

مواہب شریف آخر نوع ثالث مقصد سادس میں امام ابن حبان صاحب صحیح مسمی بالتقاسیم و الانواع سے نقل فرمایا:

من ذهب الى ان النبوه مكتسبة لا تنقطع او الى ان الولى افضل من النبى فهو زنديق .

جو اس طرف جائے کہ نبوت کسب سے مل سکتی ہے ختم نہ ہوگی یا کسی ولی کو کسی نبی سے افضل بتائے وہ زندیق بے دین ملحد دہریہ ہے۔

امام نسفی

بحر الکلام امام نسفی پھر تفسیر روح البیان میں ہے :

رافضیوں کا ایک طائفہ کہتا ہے زمین نبی سے خالی نہیں ہوتی اور نبوت مولیٰ علی اور ان کی اولاد کی لیے میراث ہوگئی ہے اور اہل سنت و جماعت نے فرمایا ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ہاں خدا کے رسول ہیں اور سب انبیاء میں پچھلے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں میرے بعد کوئی نبی نہیں تو جو حضور کے بعد کسی کو نبی مانے کافر ہے کہ قرآن عظیم ونص صریح کا منکر ہے یوں ہی جسے ختم نبوت میں کچھ شک ہو وہ بھی کافر ہے۔

مولانا عبد العلی

بحر العلوم ملک العلماء مولانا عبد العلی محمد شرح سلم میں فرماتے ہیں :

محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں اور ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام اولیاء سے افضل ہیں اور ان دونوں باتوں پر دلیل قطعی علم عقائد میں مذکور ہے اور ان پر یقین وہ جما ہوا ضروری یقین ہے جو ابد الآباد تک باقی رہے گا اور یہ خاتم النبیین اور افضل الانبیاء ہونا کسی امر کلی کے لیے ثابت نہیں کیا ہے کہ عقل ان دونوں ذات پاک کے سوا کسی اور کے لیے اس کا ثبوت ممکن مانے اور اس کا انکار ہٹ دھرمی اور کفر ہے۔

یعنی صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے افضل الاولیاء ہونے سے انکار قرآن وسنت واجماع امت

کے ساتھ مکابرہ ہے اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم الانبیاء ہونے سے انکار کفر ہے۔ والعیاذ باللہ رب العالمین۔ (جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

حضور کو خاتم النبیین ماننا ضروریات دین سے ہے

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خاتم النبیین ہونے اور ''النبیین'' پر الف لام عہد کا ہے یا استغراق کا، سے متعلق ایک استفسار کے جواب میں فرماتے ہیں :

حضور پرنور خاتم النبیین سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیہم اجمعین کا خاتم یعنی بعثت میں آخر جمیع انبیاء ومرسلین بلا تاویل وبلا تخصیص ہونا ضروریات دین سے ہے، جو اس کا منکر ہو یا اس میں ادنیٰ شک و شبہ کو بھی راہ دے، کافر مرتد ملعون ہے۔ آیہ کریمہ **و لکن رسول الله و خاتم النبیین** وحدیث متواتر **لا نبی بعدی** سے تمام امت مرحومہ نے سلفا وخلفا ہمیشہ یہی معنی سمجھے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بلا تخصیص تمام انبیاء میں آخر نبی ہوئے، حضور کے ساتھ یا حضور کے بعد قیام قیامت تک کسی کو نبوت ملنی محال ہے۔

فتاویٰ یتیمۃ الدھر واشباہ والنظائر وفتاویٰ عالمگیریہ وغیرہا میں ہے :

اذ لم یعرف الرجل ان محمدا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم آخر الانبیاء فلیس بمسلم۔

جو شخص یہ نہ جانے کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام انبیاء میں سب سے پچھلے نبی ہیں وہ مسلمان نہیں۔

شفا شریف امام اجل قاضی عیاض رحمہ اللہ تعالیٰ میں ہے :

کذلک (یکفر) من ادعی نبوۃ احد مع نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم او بعدہ (الی قولہ) فھولاء کفار مکذبون للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لانہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اخبر انہ خاتم النبیین و لا نبی بعدہ و اخبر عن اللہ تعالیٰ انہ خاتم النبیین و انہ ارسل کافۃ للناس و اجمعت الامۃ علی حمل ھذا الکلام علی ظاھرہ و ان مفھومہ المراد بہ دون تاویل و لا تخصیص فلا شک فی کفر ھولاء الطوائف کلھا قطعاً اجماعا و سمعا.

یعنی جو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں خواہ حضور کے بعد کسی کی نبوت کا ادعاء کرے، کافر ہے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تکذیب کرنے والا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی کہ حضور خاتم النبیین ہیں اور ان کی رسالت تمام لوگوں کو عام ہے اور امت نے اجماع کیا ہے کہ یہ آیات و احادیث اپنے ظاہر پر ہیں جو کچھ ان سے مفہوم ہوتا ہے وہی خدا اور رسول کی مراد ہے، نہ ان میں کوئی تاویل ہے نہ کچھ تخصیص تو جو لوگ اس کا خلاف کریں وہ بحکم اجماع امت و بحکم قرآن و حدیث سب یقیناً کافر ہیں۔

امام علامہ شہاب الدین فضل اللہ بن حسین تورپشتی حنفی کتاب المعتمد فی المعتقد میں فرماتے ہیں:

بحمد اللہ تعالیٰ ایں مسئلہ درمیان اسلامیان روشن تر ازاں است کہ آں را بکشف و بیان حاجت نہ افتد خدائے تعالیٰ خبر داد کہ بعد از وے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی دیگر نباشد و منکر ایں مسئلہ کسے تواند بود کہ اصلاً در نبوت او صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معتقد نباشد کہ اگر بر رسالت او معترف بودے، وے را در ہر چہ ازاں خبر داد صادق دانستے و بہماں حجتہا کہ از طریق تواتر رسالت او پیش ما درست شدہ ایں نیز درست شد کہ وے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باز پسیں پیغمبران ست در زمان او و تا قیامت بعد از وے ہیچ نبی نباشد و ہر کہ دریں شک ست دراں نیز بہ شک ست و نہ آں کس کہ گوید کہ بعد از وے نبی دیگر بود یا ہست یا خواہد بود آنکس نیز کہ گوید کہ

امکان دارد کہ باشد کافراست، ایں ست شرط درستی ایمان بہ خاتم انبیاء محمد۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اللہ کا شکر ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کا مسئلہ اہل اسلام و مسلمان کے درمیان ایسا روشن وواضح ہے کہ اس کی وضاحت و بیان کی کوئی حاجت نہیں، اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں فرمادیا ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کوئی دوسرا نبی نہیں ہوگا، اور اس مسئلہ کا منکر وہی ہوگا جو نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت کا بالکلیہ معتقد نہ ہو کہ اگر وہ سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کا اعتراف واقرار کرتا تو ان خبروں یعنی آیات واحادیث کو صادق وحق جانتا، حضور کی رسالت پر جتنی دلیلیں ہیں وہ سب متواتر ہیں اور سب درست وصحیح ہیں اور یہ بھی درست ہے کہ حضور خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام پیغمبروں کے بعد ہیں، ان کے زمانے میں یا ان کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں ہوگا اور جس کو اس میں شک ہے کہ حضور کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا تو اسے اس میں بھی شک ہوگا کہ حضور آخری نبی ہیں۔ ورنہ جو شخص کہے کہ حضور کے بعد دوسرا نبی تھا یا کوئی نبی ہے یا کوئی نبی ہوگا یا یہ کہے کہ حضور کے بعد نبی ہونا ممکن ہے وہ کافر ہے۔ حضور اقدس، خاتم النبیین ہیں اس بات پر ایمان درست رکھنے کی شرط یہی ہے۔ (مولف)

بالجملہ آیہ کریمہ **و لکن رسول اللہ و خاتم النبیین** مثل حدیث متواتر **لا نبی بعدی** قطعاً عام اور اس میں مراد استغراق تام اور اس میں کسی قسم کی تاویل وتخصیص نہ ہونے پر اجماع امت خیر الانام علیہ وعلیہم الصلاۃ والسلام۔ یہ ضروریات دین سے ہے اور ضروریات دین میں کوئی تاویل یا اس کے عموم میں کچھ قال وقیل مسموع نہیں۔

منکرین ختم نبوت کا حکم

مخالفین کے ردو ابطال کے بعد امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

اللہ ورسول نے مطلقاً نفی نبوت تازہ فرمائی، شریعت جدیدہ وغیرہ کی کوئی قید کہیں نہ لگائی اور صراحۃً خاتم بمعنی آخر، متواتر حدیثوں میں اس کا بیان آیا اور صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے اب تک تمام امت مرحومہ نے اسی معنی ظاہر ومتبادر وعموم واستغراق حقیقی تام پر اجماع کیا اور اسی بناء پر سلفا وخلفا ائمہ مذاہب نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد ہر مدعی نبوت کو کافر کہا، کتب احادیث وتفسیر وعقائد وفقہ ان کے بیانوں سے گونج رہی ہیں۔

تو یہاں عموم واستغراق کا انکار خواہ کسی تاویل وتبدیل کا اظہار نہیں کرسکتا مگر کھلا کافر خدا کا دشمن، قرآن کا منکر۔

اور فرماتے ہیں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ :

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روز بعثت سے جب یا اب یا کبھی کسی زمانے میں کوئی نبوت اگرچہ ایک ہی اگرچہ غیر تشریعی اگرچہ کسی اور طبقۂ زمین یا کنج آسمان میں اگرچہ کسی اور نوع غیر انسانی میں واقع مانتا یا بوصف اعتقاد عدم وقوع محض بطور احتمال شرعی وامکان وقوعی جانتا یا یہ بھی سہی مگر جائز ومحتمل ماننے والوں کو مسلمان کہتا تو ان سب صورتوں میں قائل کافر ومرتد ملعون ابد ہے۔

امام اجل ابوزکریا نووی کتاب الروض پھر امام ابن حجر مکی، اعلام بقواطع الاسلام میں فرماتے ہیں:

اذا جحد مجمعا علیه بعلم من دین الاسلام ضرورة سواء کان فیه نص او لا فان جحده یکون کفرا.

جب کوئی اجماعی مسئلہ کا انکار کرے ضرورت کے علم دین کی بناء پر خواہ اس میں نص ہو یا نہ ہو تو اس کا یہ انکار کفر ہوگا۔

بعینہ یہی حالت یہاں بھی ہے کہ اگرچہ بعثت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہمیشہ کے

لیے دروازۂ نبوت بند ہو جانا اور اس وقت سے ہمیشہ تک کبھی کسی وقت کسی جگہ کسی صنف میں کسی طرح کی نبوت نہ ہوسکنا کچھ اس آیہ کریمہ ہی پر موقوف نہیں بلکہ اس کے ثبوت میں قاہر و باہر و متواتر حدیثیں موجود اور کچھ نہ ہو تو بحمد اللہ تعالیٰ مسئلہ خود ضروریات دین سے ہے مگر آیت کے معنی متواتر مجمع علیہ قطعی ضروری کا انکار اس پر کفر ثابت کرے گا، اگر چہ اس کے کلام میں صراحۃً نقل مسئلہ کا انکار نہیں۔

ختم نبوت پر احادیث

صحیح مسلم شریف و مسند امام احمد و سنن ابو داؤد و جامع ترمذی و سنن ابن ماجہ وغیرہا میں ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انه سيكون في امتي كذابون ثلثون كلهم يزعم انه نبي و انا خاتم النبيين لا نبي بعدي .

بیشک میری امت دعوت میں یا میری امت کے زمانے میں تیس کذاب ہوں گے کہ ہر ایک اپنے کو نبی کہے گا اور میں خاتم النبیین ہوں کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

امام احمد مسند اور طبرانی معجم کبیر اور ضیائے مقدسی صحیح مختارہ میں حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

في امتي كذابون دجالون سبعة و عشرون منهم اربع نسوة و اني خاتم النبيين لا نبي بعدي .

میری امت دعوت میں ستائیس دجال کذاب ہوں گے، ان میں چار عورتیں ہوں گی حالاں کہ بیشک میں خاتم النبیین ہوں کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

صحیح بخاری وصحیح مسلم وسنن ترمذی وتفسیر ابن ابی حاتم وتفسیر ابن مردویہ میں جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

مثلی و مثل الانبیاء کمثل رجل ابتنی دارا فاکملها و احسنها الا موضع لبنة فکل من دخلها فنظر الیها قال ما احسنها الا موضع اللبنة فانا موضع اللبنة فختم بی الانبیاء .

میری اور نبیوں کی مثال ایسی ہے جیسے کسی شخص نے ایک مکان پورا کامل اور خوبصورت بنایا مگر ایک اینٹ کی جگہ خالی تھی تو جو اس گھر میں جا کر دیکھتا کہتا یہ مکان کس قدر خوب ہے مگر ایک اینٹ کی جگہ کہ وہ خالی ہے تو اینٹ کی جگہ میں ہوا مجھ سے انبیاء ختم کر دیئے گئے۔

صحیح مسلم ومسند احمد میں ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

مثلی و مثل النبیین کمثل رجل بنی دارا فاتمها الا لبنة واحدة فجئت انا و اتممت تلک اللبنة .

میری اور انبیاء کی مثل اس شخص کی مانند ہے جس نے سارا مکان پورا بنایا سوا ایک اینٹ کے، تو میں تشریف فرما ہوا اور وہ اینٹ میں نے پوری کی۔

مسند احمد وصحیح ترمذی میں بافادۂ تصحیح ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

مثلی فی النبیین کمثل رجل بنی دارا فاحسنها و اکملها و اجملها و ترک فیها موضع لبنة لم یضعها فجعل الناس یطوفون بالبنیان و یعجبون منه و یقولون لو تم

موضع هذه اللبنة فانا فی النبیین موضع تلک اللبنة .

پیغمبروں میں میری مثال ایسی ہے کہ کسی نے ایک مکان خوبصورت و کامل وخوشنما بنایا اور ایک اینٹ کی جگہ چھوڑ دی وہ نہ رکھی، لوگ اس عمارت کے گرد پھرتے اور اس کی خوبی وخوشنمائی سے تعجب کرتے اور تمنا کرتے کسی طرح اس اینٹ کی جگہ پوری ہو جاتی تو انبیاء میں اس اینٹ کی جگہ میں ہوں۔

صحیح بخاری وصحیح مسلم وسنن نسائی وتفسیر ابن مردویہ میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہی مثل بیان کر کے ارشاد فرمایا :

فانا اللبنة و انا خاتم النبیین .

تو میں وہ اینٹ ہوں اور میں خاتم النبیین ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم اجمعین وبارک وسلم۔

(المبین خاتم النبیین)

سب سے پہلا اور آخری نبی

سیدنا ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مسند امام احمد میں ہے **قلت یا رسول اللہ ای الانبیاء کان اول قال آدم قلت یا رسول اللہ و نبی کان قال نعم نبی مکلم .**

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی یا رسول اللہ سب سے پہلے نبی کون ہوئے فرمایا حضرت آدم علیہ السلام، میں نے عرض کی کہ حضرت آدم علیہ السلام نبی بھی تھے فرمایا ہاں نبی مکلم۔ (مولف)

نوادر الاصول امام حکیم الامۃ ترمذی کبیر میں ان سے مرفوعاً یوں ہے **اول الرسل آدم و آخرھم محمد علیه و علیهم و افضل الصلاة و السلام .**

سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ۱۲، ص ۲۶۳)

ختم نبوت کا منکر کافر ہے

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کسی کو نبوت ملنے کا جو قائل ہو وہ مطلقاً کافر مرتد ہے اگر چہ کسی ولی یا صحابی کے لیے مانے قال الله تعالىٰ ولكن رسول الله و خاتم النبيين.

و قال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم انا خاتم النبيين لا نبي بعدي .

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۳۳۴)

ایک اور مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

ختم نبوت کا منکر کافر و مرتد ہے قال الله تعالىٰ و لكن رسول الله و خاتم النبيين .

تتمہ الفتاویٰ اور اشباہ والنظائر میں ہے : .

ان لم يعرف ان محمدا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم آخر الانبياء فليس بمسلم لانه من الضروريات .

جو شخص حضور اقدس سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آخر الانبیاء نہ جانے وہ مسلمان نہیں ہے اس لیے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خاتم النبیین ماننا ضروریات دین میں سے ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۸۳)

حضور کی بعثت اور قیامت

قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعثت انا و الساعۃ کھاتین .

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں اور قیامت دو انگلیوں کی طرح ساتھ ساتھ مبعوث کیے گئے۔ (مولف) (خیر الامال فی حکم الکسب والسوال)

حضور رسولوں کے قائد و خاتم ہیں

بخاری تاریخ میں اور دارمی اور طبرانی اوسط میں اور بیہقی و ابونعیم جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا قائد المرسلین و لا فخر و انا خاتم النبیین و لا فخر .

میں پیشوائے مرسلین ہوں اور کچھ تفاخر نہیں اور میں خاتم النبیین ہوں اور کچھ افتخار نہیں۔

(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے ختم نبوت کو اشعار کی زبان میں اس حسین پیرائے میں بیان فرمایا ہے۔

نہ رکھی گل کے جوش حسن نے گلشن میں جا باقی
چٹکتا پھر کہاں غنچہ کوئی باغ رسالت کا

آتے رہے انبیاء کما قیل لھم
والخاتم حقکم کہ خاتم ہوئے تم
یعنی جو ہوا دفتر تنزیل تمام
آخر میں ہوئی مہر کہ اکملت لکم

فتح باب نبوت پہ بے حد درود
ختم دور رسالت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

حیات النبی صلی اللہ علیہ وسلم

انبیاء کو بھی اجل آنی ہے
مگر ایسی کہ فقط آنی ہے
پھر اسی آن کے بعد ان کی حیات
مثل سابق وہی جسمانی ہے

الانبیاء احیاء یصلون فی قبورھم

انبیاء کرام زندہ ہیں اپنی قبروں میں نمازیں پڑھتے ہیں

(الحدیث)

حیات النبی ﷺ

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات، علماء ملت کے درمیان متفق علیہ ہے، اس میں کسی ایک کا بھی اختلاف نہیں ہے اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات کا وجود شہداء و مقاتلین فی سبیل اللہ سے کامل تر ہے اس لیے کہ شہداء کی حیات کو وجود عند اللہ معنوی و اخروی ہے اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات طیبہ، حیات حسی دنیاوی ہے اس میں بکثرت احادیث وآثار واقع ہوئے ہیں۔

حیات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام اور ان کے لیے اس صفت کے ثبوت اور اس پر مرتب ہونے والے احکام وآثار میں علماء میں سے کسی کا اختلاف نہیں ہے بجز اس بات کے کہ انبیاء کرام کا وجود گرامی قبروں میں ہو اور مخصوص اس بقعۂ طاہرہ ان کا تمکن و استقرار ہو، اس بات میں بعض علماء کلام کرتے ہیں۔

چنانچہ شیخ علاء الدین قونوی جو کہ شافعی علماء اور ارباب تصوف میں سے ہیں، فرماتے ہیں کہ ہمارا اعتقاد یہ ہے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام اللہ تعالیٰ کے حضور میں حیاتؔ ہیں اور یہ حیات ایسی ہے جو اس ظاہری حیات سے معروف واکمل ہے، اور ہم اعتقاد رکھتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رفیق اعلیٰ کے ساتھ سماوات علیٰ میں سدرۃ المنتہیٰ کے پاس جنت الماویٰ کے قریب موجود ہیں۔ اور یہ حالت اس سے افضل ہے کہ آپ قبر انور میں مقیم ہوں اگرچہ حدیث نبوی کے مقتضاء کے بموجب عام مومن کی قبر میں وسعت و کشادگی منتہائے نظر تک ہوتی ہے تو سرور انبیاء سید اہل صفا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر انور شریف کی جگہ کا کیا اندازہ، لیکن حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس جنت اعلیٰ میں ہونا جس کا عرض آسمان و زمین کے درمیان ہے اکمل واعلیٰ ہے۔

اور یہ جو حدیث مبارک میں آیا ہے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو چالیس دن کے بعد قبر انور میں

نہیں رکھتے، اور یہ جو ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ میں حق تعالیٰ کے نزدیک اس سے بزرگتر ہوں کہ تین دن کے بعد مجھے قبر انور میں رکھے۔

تو اس سے ظاہر ہوا کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام اپنی قبر انور میں اس حیات کے ساتھ مذکورہ مدت کے بعد قطعی طور پر اقامت گزیں نہ ہو سکیں گے۔ یہ قونوی کا کلام ہے اور ان کے کلام سے واضح طور پر ظاہر ہوا کہ ان کا تردد، استمرار حیات اور قبروں میں ان کا استقرار ہے، لیکن اصل مدعا جو ثبوت حیات حقیقی ہے وہ ان کے نزدیک مسلم ومقرر ہے۔ اور یہی قونوی اس تردد کے بیان کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ میرے اس کلام سے کوئی یہ گمان نہ کرے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا اپنی قبروں سے التفات منقطع اور ان کا اس سے تعلق مرتفع ہو گیا ہے۔ بلکہ ان کے اور ان کے قبروں کے درمیان خاص علاقہ جو مستمر وغیر منقطع ہے ثابت وبر قرار ہے کہ وہ اس جگہ کے ساتھ منسوب ہوتے ہیں اور دوسری نئی جگہ کا ثبوت نہیں رکھتے۔

اور یہی حالت تمام مسلمانوں کی قبروں اور ان کی روحوں کے درمیان ہے کہ ایک خاص نسبت موجود رہتی ہے جس سے وہ زائروں کو پہچانتے ہیں۔ اس کی دلیل وہ حکم ہے جس میں تمام اوقات میں زیارت کرنے کا استحباب بیان کیا گیا ہے۔

امام بیہقی فرماتے ہیں کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات طیبہ پر بکثرت احادیث صحیحہ سے دلائل وشواہد موجود ہیں، اس کے بعد انھوں نے اس حدیث کا ذکر کیا جس میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گزر حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی قبر انور پر ہوا تو ملاحظہ فرمایا کہ وہ اپنی قبر شریف میں نماز پڑھ رہے ہیں۔ اور دوسری وہ حدیثیں بیان کیں جن میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ملاقات کے لیے انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کا آنا واقع ہوا ہے۔

نیز امام بیہقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ ان احادیث کا مبنی اس پر ہے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر ان کی وفات کے بعد ان کی ارواح مقدسہ کو ان پر لوٹا دیتا ہے اور بعد ازاں بحکم نص، فصعق من فی السموات و من فی الارض (آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہے وہ بے ہوش ہو جائے) یہ صعق انھیں بھی لاحق ہوتا ہے، لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ صعق بہمہ وجوہ اور موت کے معانی میں ہو، بلکہ اس حالت میں زیادہ سے زیادہ ذہاب شعور کے حق میں ہوگا۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ کے اس قول کے ماتحت ہو کہ اس نے فرمایا الا ما شاء الله (مگر وہ جسے اللہ چاہے) تو انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام اس حکم صعق سے مستثنیٰ ہوں۔

اس کے بعد امام بیہقی بکثرت احادیث بیان کرتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ یہ تمام حدیثیں اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ اہل قبور کے لیے ادراک وسماع حاصل ہے اور شک نہیں ہے کہ صفت سمع عرضی ہے جو حیات کے ساتھ مشروط ہے لہٰذا تمام مسلمان زندہ ہیں۔ لیکن عام مسلمانوں کی حیات، مرتبہ میں شہداء کی حیات سے کمتر ہے اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات مقدسہ، شہداء کی حیات سے کامل تر ہے۔

صاحب تلخیص شافعی نے فرمایا کہ جو مال حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ملک میں رہا ہے آج بھی حضور ہی کی ملک میں باقی ہے جس طرح کہ ظاہری حیات میں تھا اور وہ وارثوں کی ملکیت میں منتقل نہیں ہوتا، جس طرح دیگر اموات میں ہوتا ہے۔

امام الحرمین نے اس قول کی تصحیح کر کے فرمایا یہ قول حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت مقدسہ کے موافق ہے جس پر انھوں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی املاک کے بارے میں عمل کیا۔

اور وہ دلائل جو حیات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر دلالت کرتے ہیں ان کا اقتضاء حیات بدنی ہے جس طرح کہ دنیا میں تھے، اس کے باوجود غذا سے بے نیاز اور عالم کے ان اسباب مادی سے مستغنی ہیں جن

پر دنیاوی حیات کا دار و مدار ہے۔ بایں ہمہ حق تبارک وتعالیٰ قادر ہے کہ بغیر اسباب مادی کے بھی زندہ رکھے، اور بدن میں بعض احوال و اعراض کا احداث و ایجاد فرما دے کہ بعد امر، ان کی طرف احتیاج و التفات باقی نہ رہے، جس طرح بعض اوقات نہایت فرح وسرور یا انتہائی رنج وغم کی حالت میں عرصہ تک کھانے پینے کی احتیاج نہیں پڑتی بلکہ یاد تک نہیں آتا۔

شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ صوم وصال کے سلسلہ میں حدیث پاک :

ابیت عندی ربی یطعمنی و یسقینی .

میں اپنے رب کے پاس ہوتا ہوں وہی مجھے کھلاتا اور وہی مجھے پلاتا ہے۔

حیات النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اثبات میں کافی ہے، خواہ اس ارشاد سے مراد حقیقۃً کھلانا اور پلانا ہو کہ جنت سے اس عالم میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہنچتا ہو، یا وہ ذوق وحضور مراد ہو جو اس حالت میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاصل ہوتا ہے۔

نیز حدیث صحیح میں آیا ہے کہ جمعہ کے دن میرے حضور زیادہ سے زیادہ صلوٰۃ وسلام بھیجا کرو اس لیے کہ تمھارا صلاۃ وسلام میرے حضور پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا یارسول اللہ! آپ کے حضور ہمارا صلاۃ وسلام کس طرح پیش ہوگا جب کہ آپ ہماری آنکھوں سے روپوش ہوں گے؟ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، حق تبارک وتعالیٰ نے حرام کر دیا ہے کہ وہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے اجساد مقدسہ کو کھائے۔

اس فرمان والا سے معلوم ہوا کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات مقدسہ حسی اور دنیاوی جسمانی ہے، محض بقاء ارواح کے ساتھ نہیں ہے جس طرح کہ شہداء کی روحوں کو سبز پرندوں کے قالب

میں رکھا جاتا ہے۔

حیات حقیقی دنیاوی کے اثبات کے بعد اگر کوئی کہے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسد اقدس کو ایسی حالت اور ایسی قدرت بخشی ہے کہ جس جگہ چاہیں بذات خود تشریف لے جائیں یا مثالی صورت میں آسکتے ہیں، خواہ آسمان پر یا زمین میں، خواہ قبر شریف میں یا کسی اور جگہ تو ایک صورت ہوتی مگر اس کے باوجود ہر حال میں قبر انور کے ساتھ نسبت مروی ہے۔

جیسے کہ حضرت عثمان بن عفان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو باغیوں نے گھیرے میں لے لیا تو بعض اصحاب نے ان سے کہا کہ مصلحت اور مناسب یہی ہے کہ اہل شام کے ساتھ مل جایئے تا کہ اس بلا و محنت سے آپ نجات پائیں، آپ نے فرمایا میں جائز نہیں رکھتا کہ اپنے دار ہجرت (مدینہ طیبہ) سے مفارقت کروں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مجاورت و ہمسائیگی کو چھوڑوں۔

یا جیسے حضرت سعید بن المسیب کا واقعہ حرہ کے زمانہ میں جب کہ تمام لوگ مسجد نبوی کو چھوڑ کر چلے گئے تھے تین دن تک حجرۂ مقدسہ کے اندر سے اذان کے سننے کا مشہور واقعہ ہے۔

اور اسی ثبوت میں کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وجود گرامی قبر انور میں ہونے پر دلالت کرتا ہے، سلطان سعید نور الدین شہید کا واقعہ ہے جو ۵۵۷ھ میں پیش آیا، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں رات میں تین مرتبہ دیکھنا، سلطان کو خبردار فرمانا کہ یہ دونوں نصرانی شر کا ارادہ رکھتے ہیں جسے قبر انور کے ساتھ نسبت ہے اور ان خبیثوں کی صورت خواب میں سلطان کو دکھائی گئی، پھر سلطان ہزار آدمیوں کے ساتھ مدینہ طیبہ پہنچا اور ان دونوں ملعونوں کو پایا اور ان کو آگ میں ڈال کر جلایا، اس کے بعد سلطان نے حجرۂ شریفہ کے چاروں طرف خندق کھدوا کر اسے سیسہ سے بھر دیا۔

اس قصہ کو مدینہ منورہ کے تمام مورخوں نے مثلاً جمال الدین مطری، مجد الدین فیروز آبادی اور ان

کے سوا بکثرت علماء اعلام نے بیان کر کے تصریح فرمائی ہے۔

اب رہی قونوی کی وہ تفصیل وترجیح جو انھوں نے حضو اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے قبر شریف میں اقامت گزیں ہونے پر بہشت اعلیٰ میں استمرار پر دی ہے۔

تو ان سب کے جواب میں علماء فرماتے ہیں کہ ہر مسلمان کی قبر جنت کے باغوں کا ایک باغ ہے، اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف افضل ریاض جنت ہے۔ اور ممکن ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اپنی قبر شریف میں سے ایسے ہی تصرف ونفوذ کی حالت ہوتی ہو کہ آسمان وزمین اور جنت ہر جگہ سے حجاب مرتفع ہو گئے ہوں اور بغیر تجاوز وانتقال کے تصرف ونفوذ فرماتے ہوں اس لیے کہ امور آخرت اور احوال برزخ کو دنیا کے احوال پر جو کہ حدود وجہات سے مقید وتنگ ہے قیاس نہیں کر سکتے۔

امام تاج الدین سبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جنت کا کون سا حصہ ایسا ہے جسے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف پر افضل قرار دیں، قبر شریف ہی تمام اماکن مقدسہ اور مقامات رفیعہ سے افضل ہے خواہ جنت ہو یا کوئی اور جگہ۔

اس کے بعد فرمایا کہ اگر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر انور کو عرش عظیم پر فضیلت دیں تو ہم نہیں جانتے کہ کسی مومن صادق کو اس میں توقف ہوگا کیوں کہ وہ سب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کے طفیل شریف ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

انبیاء زندہ ہیں

انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات طیبہ سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات حقیقی حسی دنیوی ہے۔ صحیح حدیث میں ہے :

ان اللہ حرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء فنبی اللہ حی یرزق.

بیشک اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے اجسام کا کھانا حرام فرمادیا ہے تو اللہ کے نبی زندہ ہیں روزی دیئے جاتے ہیں۔

دوسری صحیح حدیث میں ہے۔

الانبیاء احیاء فی قبورھم یصلون .

انبیاء سب زندہ ہیں اپنی قبروں میں نمازیں پڑھتے ہیں۔

تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے لیے موت صرف آنی ہے۔ ایک آن کو موت طاری ہوتی ہے۔ یہ مسئلہ قطعیہ ضروریات مذہب اہل سنت سے ہے۔

انبیاء کرام کی موت آنی ہے

انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات حقیقی حسی دنیاوی ہے ان پر تصدیق وعدۂ الٰہیہ کے لیے محض ایک آن کو موت طاری ہوتی ہے پھر فوراً ان کو ویسے ہی حیات عطا فرمادی جاتی ہے اس حیات پر وہی احکام دنیویہ ہیں۔ ان کا ترکہ بانٹا نہ جائے گا، ان کی ازواج کو نکاح حرام، نیز ازواج مطہرات پر عدت نہیں وہ اپنی قبور میں کھاتے پیتے نماز پڑھتے ہیں۔ بلکہ سیدی محمد بن عبد الباقی زرقانی فرماتے ہیں کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی قبور مطہرہ میں ازواج مطہرات پیش کی جاتی ہیں وہ ان کے ساتھ شب باشی فرماتے ہیں۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تو ان کو حج کرتے ہوئے لبیک پکارتے ہوئے، نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

حضرت عائشہ کا عمل

ام المومنین صدیقہ فرماتی ہیں کہ جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے حجرہ میں دفن ہوئے میں بغیر چادر اوڑھے بے حجابانہ حاضر ہوتی اور کہتی انما ھو زوجی میرے شوہر ہی تو ہیں۔ پھر میرے باپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ دفن ہوئے جب بھی میں بغیر احتیاط کے چلی جاتی اور کہتی انما ھما زوجی و ابی میرے شوہر اور میرے باپ ہی تو ہیں۔

پھر جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ دفن ہوئے تو میں نہایت احتیاط کے ساتھ چادر سے لپٹی ہوئی حاضر ہوتی اس طرح کہ کوئی عضو کھلا نہ رہے حیاء من عمر عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شرم سے۔

(الملفوظ حصہ سوم)

ابدان انبیاء

اہل سنت کے نزدیک انبیاء وشہداء واولیاء علیہم التحیۃ والثناء اپنے ابدان شریفہ سے زندہ ہیں بلکہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے ابدان لطیفہ زمین پر حرام کیے گئے ہیں کہ وہ ان کو کھاوے، اسی طرح شہداء واولیاء علیہم الرحمۃ والثناء کے ابدان وکفن بھی قبور میں صحیح وسلامت رہتے ہیں وہ حضرات روزی ورزق دیئے جاتے ہیں۔

علامہ سبکی علیہ الرحمۃ شفاء السقام میں لکھتے ہیں :

و حیاۃ الشھداء اکمل و اعلیٰ فھذا النوع من الحیاۃ و الرزق لا یحصل لمن لیس فی رتبتھم و اما حیاۃ الانبیاء اعلیٰ و اکمل و اتم من الجمیع لانھا للروح و الجسد علی الدوام علی ما کان فی الدنیا.

شہداء کی زندگی اکمل واعلیٰ ہے تو جن کا رتبہ ایسا نہیں انھیں ایسی حیات اور روزی حاصل نہیں ہے

لیکن انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات تو ان سب سے اعلیٰ واکمل اور مکمل ہے اس لیے کہ انبیاء کرام کو جسم وروح کی حیات دائمی طور پر اسی طرح حاصل ہے۔ جس طرح دنیا میں تھی۔ (مولف)

(اہلاک الوھابیین علیٰ توہین قبور المسلمین)

چار انبیاء کرام علیہم السلام

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سب بحیات حقیقی روحانی جسمانی زندہ ہیں ان کی موت صرف ایک آن کو تصدیق وعدۂ الٰہیہ کے لیے ہوتی ہے۔

جمہور علماء کے نزدیک چار نبی بے عروض موت اب تک زندہ ہیں۔

دو آسمان پر، سیدنا ادریس وسیدنا عیسیٰ علیہما الصلاۃ والسلام۔

اور دو زمین میں، سیدنا الیاس وسیدنا خضر علیہما الصلاۃ والسلام۔

اور یہ دونوں حضرات ہر سال حج کرتے ہیں اور ختم حج پر زمزم شریف کے پاس باہم ملتے ہیں اور آب زمزم شریف پیتے ہیں کہ آئندہ سال تک ان کے لیے کافی ہوتا ہے۔ پھر کسی کھانے پینے کی حاجت نہیں ہوتی، ان کلمات پر باہم ملاقات ختم فرماتے ہیں **بسم الله ما شاء الله لا يسوق الخير الا الله ما شاء الله لا يصرف السوء الا الله ما شاء الله ما كان من نعمة فمن الله ما شاء الله لا حول ولا قوة إلا بالله .**

الیاس علیہ الصلاۃ والسلام لشکر اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک غار میں یہ دعا کرتے ملے۔

اللهم اجعلنى من امة احمد المرحومة المباركة المستجاب لها.

حضرت خضر علیہ الصلاۃ والسلام بعد وصال اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعزیت کے لیے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پاس تشریف لائے، مسجد نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے راستہ میں امیر المومنین عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے باتیں کرتے اور ان پر تکیہ لگائے ہوئے راہ چلتے نظر آئے۔

اکابر اولیائے کرام کے پاس اکثر تشریف لایا کیے، حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مجالس وعظ میں بکثرت کرم فرمایا اور اب تک اولیاء سے ملتے ہیں۔ جنگل میں بے بسی کے وقت مسلمانوں کی مدد فرماتے ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۲۰۶)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے :

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سب بحیات حقیقی دنیاوی جسمانی زندہ ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **الانبیاء احیاء فی قبورهم یصلون .**

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام زندہ ہیں اپنی قبروں میں نماز پڑھتے ہیں۔ (مولف)

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **ان اللہ حرم علی الارض ان تاكل اجساد الانبياء فنبي الله حي يرزق.**

بیشک اللہ نے زمین پر انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے جسموں کا کھانا حرام فرمادیا ہے، اللہ کے نبی زندہ ہیں۔ انھیں رزق ملتا ہے۔ (مولف)

ہاں بایں معنی کہ اب تک لحوق موت اصلاً نہ ہوا ہو، چار نبی زندہ ہیں۔

عیسیٰ وادریس علیہما الصلاۃ والسلام آسمان پر۔

اور الیاس وخضر علیہما الصلاۃ والسلام زمین میں۔

شرح مقاصد میں ہے، **ما ذهب اليه العظماء من العلماء ان اربعة من الانبياء فى زمرة الاحياء الخضر و الياس فى الارض و عيسىٰ و ادريس فى السماء عليهم الصلاة و السلام .**

بڑے بڑے علماء کرام اس بات کی طرف گئے ہیں کہ چار انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام زندوں کے زمرے میں ہیں خضر والیاس زمین میں اور عیسیٰ وادریس آسمان پر۔ علیہم الصلاۃ والسلام۔ (مولف)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب اسریٰ انھیں آسمان دوم پر پایا استقبال سرکار واقتداء حضور کے لیے تمام انبیاء کرام علیہ وعلیہم افضل الصلاۃ والسلام اولاً بیت المقدس میں جمع ہوئے پھر ہر نبی کو ان کے محل میں دیکھا اس سے ظاہر یہ ہے کہ مقام سیدنا مسیح علیہ السلام آسمان دوم ہے، اور مشہور چہارم۔

انبیاء حضور کے امتی اور نبی بھی

انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والسلام اپنے منصب نبوت ورسالت سے بھی معزول نہیں ہوتے اور یہ کہ وہ ہمارے نبی جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امتی ہیں ان کا امتی ہونا منصب نبوت ورسالت کے منافی نہیں ہے اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ ایک مقام پر فرماتے ہیں:

حاشا نہ کوئی رسول رسالت سے معزول کیا جاتا ہے نہ سیدنا مسیح علیہ الصلاۃ والسلام رسالت سے معزول ہوں گے نہ حضور کا امتی ہونا رسالت کے خلاف، وہ قبل نزول اپنے عہد میں بھی ہمارے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امتی تھے اور بعد رفع بھی امتی ہو کر اتریں گے، تمام انبیاء ومرسلین اپنے عہد میں بھی حضور کے امتی تھے اور اب بھی امتی ہیں جب بھی رسول تھے اور اب بھی رسول ہیں۔ کہ ہمارے حضور نبی الانبیاء ہیں قال اللہ تعالیٰ **لتومننن به و لتنصرنه** ہاں اس وقت وہ اپنی شریعت پر حکم فرماتے تھے اب

کہ شریعت محمدیہ صلی اللہ علیٰ صاحبہا الصلاۃ والتحیۃ نے اگلی شریعتیں منسوخ فرمادیں۔ایک حضرت مسیح نہیں جو کوئی رسول بھی اب ظاہر ہو شریعت محمدیہ پر ہی حکم کرے گا کہ منسوخ پر حکم باطل ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اگر موسیٰ میرا زمانہ پاتے تو میری اتباع کے سوا انہیں کچھ گنجائش نہ ہوتی۔ (فتاوی رضویہ ج ۱۱، ص ۴۵)

انبیاء کی حیات برزخ ابدی ہے

امام احمد رضا بریلوی حیات النبی سے متعلق ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں :

بیشک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات وصفات وفضائل وکمالات کبھی زوال پذیر نہیں بلکہ ہمیشہ مترقی ہیں قال اللہ تعالیٰ و للآخرۃ خیر لک من الاولیٰ.

یہاں کسی عاقل مسلم کی یہ مراد نہیں ہوسکتی کہ حرکت وانتقال منتفی ہے نہ کوئی مسلمان اس کی نفی کرے گا کہ تصدیق وعدۂ الٰہیہ کے لیے جو ایک آن کے لیے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو طریان موت ہوکر معاً حیات حقیقی ابدی، روحانی، جسمانی بخشی جاتی ہے یہ حضور کے لیے نہ ہوئی، بلکہ اس سے حضور کی برزخ میں حیات ابدی اور فضائل اقدس میں ترقی دوامی مراد ہوگی بلاشبہ اس تصدیق وعدہ کے بعد سب انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے لیے ابدیت ذات حاصل ہے۔ (فتاوی رضویہ ج ۱۱، ص ۵۱)

انبیاء کا تصرف

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس تمام جہان سے ارفع واعلیٰ ہے۔امام ابن حجر مکی فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک وقت میں ستر ہزار جگہ تشریف فرما ہوسکتے ہیں۔

امام جلال الدین سیوطی خاتم حفاظ الحدیث فرماتے ہیں :

اذن للانبیاء ان یخرجوا من قبورھم و یتصرفوا فی العالم العلوی و السفلی .

تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو اختیار ملا کہ اپنے مزارات طیبہ سے باہر تشریف لائیں اور جملہ عالم آسمان وزمین میں جہاں جو چاہیں تصرف فرمائیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۹۷)

جسم اقدس تغیر سے محفوظ ہے

امام احمد رضا بریلوی نماز جنازہ کی تکرار کا عدم جواز ثابت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

ہم دیکھتے ہیں کہ تمام جہان کے مسلمانوں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مزار اقدس پر نماز چھوڑ دی حالاں کہ حضور آج بھی ویسے ہی ہیں جیسے جس دن قبر مبارک میں رکھے گئے تھے۔

امام محقق علی الاطلاق فتح القدیر میں فرماتے ہیں:

لو کان مشروعا لما اعرض الخلق کلهم من العلماء و الصالحين و الراغبين في التقرب اليه عليه الصلاة و السلام بانواع الطرق عنه فهذا دليل ظاهر عليه فوجب اعتباره.

یعنی اگر نماز جنازہ کی تکرار مشروع ہوتی تو مزار اقدس پر نماز پڑھنے سے تمام جہان اعراض نہ کرتا جس میں علماء صلحاء اور وہ بندے ہیں جو طرح طرح سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں تقرب حاصل کرنے کی رغبت رکھتے ہیں۔ تو یہ تکرار کی نامشروعی پر کھلی دلیل ہے پس اس کا اعتبار واجب ہوا۔

اور فرماتے ہیں:

اگر نماز جنازہ کی تکرار شرع میں جائز ہوتی تو صحابہ و تابعین سے لے کر آج تک تمام جہان تمام طبقات کے تمام علماء اور اولیاء و صلحاء اور عاشقان مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس کے ترک پر اجماع کیا معنی جن میں لاکھوں بندے خدا کے وہ گزرے اور اب بھی ہیں جنھیں دن رات یہی فکر رہتی ہے کہ جہاں تک مل سکیں وہ طریقے بجالائیں کہ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں تقرب پائیں۔

لا جرم تیرہ سو برس کا یہ اجماع کلی دلیل ظاہر ہے کہ تکرار نماز جنازہ جائز نہیں اس لیے مجبوراً سب باقی ماندوں کو اس فضل عظیم سے محروم رہنا پڑا۔ (فتاوی رضویہ ج ۴، ص ۳۵، ۳۶۔ النہی الحاجز)

حیات انبیاء اور درود کی پیشی

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام حقیقۃً ایسے ہی زندہ ہیں جیسی رونق افروزی دنیا کے زمانہ میں تھی، ان کی موت ایک آن کے لیے تصدیق وعدۂ الٰہیہ **کل نفس ذائقة الموت** کے واسطے ہوتی ہے پھر وہ ہمیشہ ہمیشہ بحیات حقیقی جسمانی دنیاوی زندہ ہیں، نمازیں پڑھتے ہیں، حج کرتے ہیں، مجالس خیر میں تشریف لے جاتے ہیں، کھانا پینا سب کچھ دنیا کی طرح بے کسی آلائش کے جاری ہیں۔ (فتاوی رضویہ ج ۴، ص ۱۹۷)

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعد ذکر فضائل جمعہ ارشاد فرمایا **اکثروا علی من الصلاة فیه فان صلوتکم معروضة علی .**

اس دن مجھ پر درود بہت بھیجو کہ تمھارے درود مجھ پر عرض کیے جائیں گے۔

صحابہ نے گزارش کی **یا رسول الله و کیف تعرض صلاتنا علیک و قد ارمت.**

یا رسول اللہ یہ کیوں کر ہوگا حالاں کہ بعد وصال جسم باقی نہیں رہتے۔

فرمایا **ان الله حرم علی الارض ان تاکل اجساد الانبیاء .**

بیشک اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کا جسم کھانا حرام کیا ہے۔

اسے امام احمد، دارمی، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، ابن خزیمہ، ابن حبان، دارقطنی، حاکم، ابونعیم اور بیہقی نے دعوات کبیر میں روایت کیا۔

اسی طرح دوسری حدیث میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اکثروا الصلاۃ علی یوم الجمعة فانه مشهود تشهده الملائكة و ان احد الم يصل على الا عرضت على صلاته حتیٰ یفرغ منها.

جمعہ کے دن مجھ پر درود زیادہ بھیجا کرو کہ وہ دن حضور ملائک کا ہے رحمت کے فرشتے اس دن حاضر ہوتے ہیں اور جو مجھ پر درود بھیجتا ہے جب تک بھیجتا رہے اس کا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔

ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں قلت و بعد الموت .

میں نے عرض کی اور بعد انتقال اقدس کے۔

فرمایا ان الله حرم على الارض ان تاكل اجساد الانبياء .

بیشک اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کا جسم کھانا حرام کیا ہے۔

تتمہ حدیث ہے فنبی الله حی یرزق .

تو اللہ کے نبی زندہ ہیں روزی دیئے جاتے ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے ابوداؤد و ابن ماجہ نے ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۳۵۶، الوفاق المتین)

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

من كلمه روح القدس لم يوذن للارض ان تاكل من لحمه .

جس سے جبریل نے کلام کیا زمین کو اجازت نہیں کہ اس کے گوشت پاک میں کچھ تصرف کرے۔

اسے زبیر بن بکار نے اخبار المدینہ میں اور ابن زبالہ نے حسن سے مرسلاً روایت کیا۔

امام ابوالعالیہ تابعی نے کہا:

ان لحوم الانبیاء لا تبلیها الارض و لا تاکلها السباع .

انبیاء کا گوشت زمین نہیں گلاتی نہ درندے گستاخی کر سکیں۔

اسے زبیر وبیہقی نے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۲۹۸، النہی الاکید)

حیات انبیاء سے متعلق عقیدہ

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام حال حیات وحال وفات میں ہمیشہ ہر وقت طیب وطاہر ہیں۔

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی موت یعنی ان کے اجسام طیبہ سے ارواح طاہرہ کا جدا ہونا صرف ایک آن کے لیے ہوتا ہے پھر ویسے ہی زندہ ہو جاتے ہیں جیسے حال حیات ظاہری میں تھے جسم وروح سے معاو لہٰذا ان کا ترکہ نہیں بٹتا نہ ان کے بعد ان کی ازواج سے نکاح جائز۔

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو مردہ کہنا حرام بلکہ معاذ اللہ بطور توہین ہو تو صریح کفر ہے۔ اللہ عزوجل نے شہداء کو مردہ کہنے سے منع فرمایا، انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی حیات ان سے بدرجہا زائد ہے۔ شہید کی حیات احکام دنیا میں نہیں، اس کا ترکہ بٹے گا، اس کی بی بی عدت کے بعد نکاح کر سکے گی بخلاف انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۶۱۱، حسن التعمم، حاشیہ)

بارگاہ رسالت میں اعمال کی پیشی

بزار اپنی مسند میں بسند صحیح جید حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

حیاتی خیر لکم و مماتی خیر لکم تعرض علی اعمالکم فما کان من حسن احمدت اللہ علیہ و ما کان من سیئ استغفرت اللہ بکم .

میری زندگی بھی تمھارے لیے بہتر اور میری وفات بھی تمھارے لیے بہتر، تمھارے اعمال مجھ پر عرض کیے جائیں گے میں بھلائی پر حمد الٰہی بجالاؤں گا اور برائی پر تمھاری بخشش چاہوں گا۔

مسند حارث میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

حیاتی خیر لکم تحدثونی ونحدث لکم فاذا انامت کانت وفاتی خیر لکم تعرض علی اعمالکم فان رأیت خیرا احمدت الله ان رأیت غیر ذلک استغفرت الله لکم.

میرا جینا تمھارے لیے بہتر ہے مجھ سے باتیں کرتے ہو، اور ہم تمھارے نفع کی باتیں تم سے فرماتے ہیں جب میں انتقال فرماؤں گا تو میری وفات تمھارے لیے خیر ہوگی، تمھارے اعمال مجھ پر پیش کیے جائیں گے، اگر نیکی دیکھوں گا حمد الٰہی کروں گا اور دوسری بات پاؤں گا تو تمھاری مغفرت طلب کروں گا۔

ابن سعد طبقات اور حارث مسند میں اور قاضی اسماعیل بسند ثقات بکر بن عبد البر مزنی سے مرسلاً راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

حیاتی خیر لکم تحدثون و نحدث لکم فاذا انا مت کانت وفاتی خیر لکم تعرض علی اعمالکم فان رأیت خیرا احمدت الله و ان رأیت شرا استغفرت لکم.

میری حیات تمھارے لیے بہتر ہے جونئی بات تم سے واقع ہوتی ہے ہم اس کا تازہ علاج فرماتے ہیں جب میں انتقال کروں گا میری وفات تمھارے لیے بہتر ہوگی تمھارے اعمال میرے حضور معروض ہوں گے میں نیکیوں پر شکر اور بدی پر تمھارے لیے استغفار فرماؤں گا۔

امام اجل عبد اللہ بن مبارک سیدنا سعید بن میسب بن حزن رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی :

لیس من یوم الا و تعرض علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اعمال امته غدوة و عشیا فیعرفهم بسیماهم و اعمالهم .

کوئی دن ایسا نہیں جس میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ان کی امت کے اعمال صبح وشام دو وقت پیش نہ ہوتے ہوں تو حضور انھیں ان کی نشانی صورت سے بھی پہچانتے ہیں اور ان کے اعمال سے بھی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

روز جمعہ اعمال کی پیشی

امام ترمذی محمد بن علی والد عبدالعزیز سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

تعرض الاعمال یوم الاثنین و الخمیس علی الله تعالیٰ و تعرض علی الانبیاء و علی الآباء والامهات یوم الجمعة فیفرحون بحسناتهم و تزدادوا وجوههم بیاضا و اشراقا فاتقوا الله تعالیٰ و لا توذوا موتاکم .

ہر دوشنبہ و پنج شنبہ کو اعمال اللہ عز وجل کے حضور پیش ہوتے ہیں اور ہر جمعہ کو انبیاء اور ماں باپ کے سامنے وہ نیکیوں پر خوش ہوتے ہیں اور ان کے چہروں کی نورانیت اور چمک بڑھ جاتی ہے تو اللہ سے ڈرو اور اپنے مردوں کو اپنی بداعمالی سے ایذا نہ دو۔

ابونعیم حلیۃ الاولیاء میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان اعمال امتی تعرض علی فی کل یوم جمعة و اشتد غضب الله علی الزناة .

بیشک ہر جمعہ کے دن میری امت کے اعمال مجھ پر پیش ہوتے ہیں اور زانیوں پر خدا کا سخت غضب ہے۔

پیر اور جمعرات کو اعمال کی پیشی

تیسیر شرح جامع صغیر میں ہے :

وذلک کل یوم کما ذکره المولف وعده من خصوصیاته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و تعرض علیه ایضا مع الانبیاء و الاباء یوم الاثنین و الخمیس .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور یہ پیشی تو ہر روز ہے جیسا کہ امام جلال الدین سیوطی نے ذکر فرمایا، اور اسے حضور کے خصائص سے گنا اور ہر دوشنبہ و پنج شنبہ کو بھی حضور پر اعمال امت انبیاء و آباء کے ساتھ پیش ہوتے ہیں۔

اس طور پر بارگاہ حضور میں اعمال امت کی پیشی روزانہ ہر صبح و شام کو الگ ہوتی ہے پھر ہر دوشنبہ و پنج شنبہ کو جدا پھر جمعہ کو ہفتہ بھر کے اعمال کی جدا۔ (ازاحۃ العیب)

اشعار

- حیات اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے متعلق امام احمد رضا بریلوی نے یہ مدح سرائی کی ہے :

تو زندہ ہے واللہ تو زندہ ہے واللہ
میرے چشم عالم سے چھپ جانے والے

•

انبیاء کو بھی اجل آنی ہے
مگر ایسی کہ فقط آنی ہے
پھر اسی آن کے بعد ان کی حیات
مثل سابق وہی جسمانی ہے
روح تو سب کی ہے زندہ ان کا
جسم پر نور بھی روحانی ہے
اوروں کی روح ہو کتنی ہی لطیف
ان کے اجسام کی کب ثانی ہے

پاؤں جس خاک پہ رکھ دیں وہ بھی روح ہے پاک ہے نورانی ہے
اس کی ازواج کو جائز ہے نکاح اس کا ترکہ بٹے جو فانی ہے
یہ ہیں حی ابدی ان کو رضا
صدق وعدہ کی قضا مانی ہے

(حدائق بخشش)

شانِ محبوبیت ﷺ

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم
خدا چاہتا ہے رضائے محمد
(صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡكَ رَبُّكَ فَتَرۡضٰى

اور بیشک قریب ہے کہ تمھارا رب تمھیں اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔

(الضحیٰ، ۵)

شانِ محبوبیت ﷺ

اللہ تعالیٰ نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مقام محبت سے نوازا، اور حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو مقام خلت سے ممتاز فرمایا، مقام محبت، مقام خلت سے بالاتر ہے۔

بعض علمائے عارفین خلیل وحبیب کے درمیان فرق میں لطیف بحث فرماتے ہیں کہتے ہیں کہ خلیل خلت سے بنا ہے جس کے معنی حاجت کے ہیں اور حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام خدا کی طرف سراپا محتاج ومفتقر تھے۔ اسی لحاظ سے حق تعالیٰ نے انھیں خلیل فرمایا۔

اور حبیب بروزن فعیل بمعنی فاعل یا مفعول ہے لہٰذا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بے واسطہ غرض محب بھی ہیں اور محبوب بھی۔

اور کہتے ہیں کہ خلیل کا فعل خدا کی رضا کے لیے ہوتا ہے اور حبیب کی رضا کے لیے خدا کا فعل ہوتا ہے۔

چنانچہ حق تعالیٰ نے فرمایا:

فلنولینک قبلة ترضٰها

ضرور بالضرور آپ کو اس قبلہ کی طرف پھیر دیں گے جس سے آپ راضی ہیں۔

اور فرمایا:

و لسوف یعطیک ربک فترضی.

عنقریب آپ کا رب آپ کو اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔

اور خلیل کبھی لقائے محبوب کے لیے عجلت نہیں کرتا جیسا کہ مروی ہے کہ جب قبض روح کے لیے ملک الموت حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس آئے تو حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے توقف فرمایا اور ان سے کہا پروردگار عالم سے دریافت کرو کہ کیا حکم ہوتا ہے؟ آیا جلدی حاضری ہے یا کچھ توقف ہے۔

لیکن حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

اخترت الرفیق الاعلیٰ .

میں نے رفیق اعلیٰ یعنی حق تعالیٰ کو اختیار کیا۔

اور آپ اپنی دعا میں کہتے

اللھم انی اسئلک النظر الی جلال وجھک و الشوق الی لقائک.

اے خدا میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ نظر جو تیرے چہرۂ جلال کی طرف ہے اور وہ شوق جو تیرے دیدار کی طرف ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا صحابہ کرام کی ایک جماعت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انتظار میں بیٹھی ہوئی تھی، پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کاشانۂ اقدس سے باہر تشریف لائے جب ان کے قریب ہوئے تو ان کو طرح طرح کی باتیں کرتے سنا وہ تعجب سے کہہ رہے تھے، اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق سے خلیل کو چنا اور حضرت ابراہیم کو خلیل بنایا، دوسرے نے کہا اس سے زیادہ عجیب یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو منتخب کر کے کلیم بنایا اور ان سے کلام فرمایا، تیسرے نے کہا حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو روح اللہ فرمایا، چوتھے نے کہا حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو صفی اللہ کہا۔

اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو سلام سے نوازا اور فرمایا میں نے تم سب کی باتیں سنی ہیں تم اس پر تعجب کرتے ہو کہ حق تعالیٰ نے ابراہیم کو خلیل بنایا اسی طرح موسیٰ کو کلیم اللہ اور عیسیٰ کو روح اللہ، اسی طرح آدم کو صفی اللہ بنایا، صلوات اللہ تعالیٰ علیہم وسلامہ، یہ سب درست ہے تو تم جان لو اور باخبر ہو جاؤ کہ مجھے حبیب اللہ بنایا اور یہ فخر یہ نہیں، میں روز قیامت لواء الحمد اٹھاؤں گا یہ فخر نہیں اور میں اول شافع اور اول مشفع ہوں یہ فخر نہیں اور میں اولین و آخرین میں سب سے زیادہ مکرم و محترم ہوں یہ فخر یہ نہیں۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ خلت حضرت ابراہیم کی صفت ہے اور ان کے ساتھ مخصوص ہے اور محبت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت ہے اور یہ آپ کے ساتھ خاص ہے۔

لیکن دوسری حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خلت کے ساتھ بھی موصوف ہیں اور آپ کی خلت، حضرت ابراہیم کی خلت سے بوجہ اتم اکمل و افضل ہے، تو محبت مزید و علاوہ ہوگی۔

ایک حدیث تو یہ ہے کہ

لو کنت متخذا خلیلا غیر ربی لا تخذت ابا بکر خلیلا.

اگر میں اپنے رب کے سوا کسی کو خلیل بناتا تو یقیناً ابوبکر کو اپنا خلیل بناتا۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی آپ کا خلیل ہے اور بجز خدا کے کوئی آپ کا خلیل نہیں، خلیل میں دونوں جانب نسبت جاری ہوتی ہے جب کہ اللہ تعالیٰ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خلیل ہے تو آپ بھی حق تعالیٰ کے خلیل ہوئے۔

دوسری حدیث یہ ہے کہ فرمایا

ان صاحبکم خلیل اللہ .

تمھارا آقا خلیل ہے۔

اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سند سے ہے کہ فرمایا

قد اتخذ اللہ صاحبکم خلیلا.

بلا شبہ اللہ تعالیٰ نے تمھارے آقا کو خلیل بنایا۔

جس حدیث میں، انا حبیب اللہ فرمایا گیا ہے اس میں مرتبہ اعلیٰ کی طرف اشارہ ہے۔ جیسا کہ کہتے ہیں کہ خلیل کے معنی محبّ کے ہیں اور حبیب وہ محبّ ہے جو محبوبیت کے مرتبہ تک فائز ہو۔ اور جب مقام بلند کے حامل ہیں تو بدرجۂ اولیٰ مقام ادنیٰ کے حامل ہوں گے۔

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا حق تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بلا شبہ میں نے تمھیں خلیل بنایا اور میں نے توریت میں لکھا کہ محمد تم حبیب الرحمٰن ہو۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ علمائے ارباب قلوب اختلاف رکھتے ہیں کہ درجۂ خلت ارفع ہے یا درجۂ محبت، اور بعض دونوں کو برابر قرار دیتے ہیں اس بناء پر کہ جو خلیل ہے وہ حبیب ہے اور جو حبیب ہے وہ خلیل ہے لیکن اس کے باوجود حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو خلت سے اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو محبت سے مخصوص قرار دیتے ہیں۔

اور بعض کہتے ہیں کہ درجۂ خلت ارفع واتم ہے اس کا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے استدلال کرتے ہیں کہ

لو کنت متخذا خلیلا غیر ربی . الحدیث.

تو آپ نے غیر کو خلیل نہ بنایا باوجودیکہ محبت کا اطلاق سیدہ فاطمہ اوران کے فرزندوں یا حضرت اسامہ اوران کے سوادیگر حضرات کی طرف ہوا ہے۔

اکثر علماء نے محبت کو خلت سے افضل قرار دیا ہے، اس لیے کہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا درجہ، حضرت خلیل علیہ الصلاۃ والسلام کے درجہ سے افضل واعلیٰ ہے۔

اورمحبت کی اصل کسی چیز کی طرف مائل ہونا اورمحبت کی موافقت کرنا ہے، لیکن اس کا یہ مفہوم انسانوں کے لیے تو صحیح ہے کہ وہ اس کی طرف مائل ہوجائے اوراس کی خوشنودی میں پیروی کرے۔ لیکن خالق جل شانہ اغراض سے پاک ومنزہ ہے لہٰذا حق تعالیٰ کی بندوں کے لیے محبت اس کو نیک بختیوں پر قائم رکھنے اور گناہوں سے بچانے اور اسباب قرب مہیا کرنے اور اسے توفیق دینے اور رحمت کا افاضہ فرمانے میں ہے۔ اوراس کی انتہا بندے کے دل سے عجب وتکبر کو دور کرنا ہے تاکہ وہ اپنے قلب ونظر اوراپنی بصیرت سے اس کی طرف دیکھے تو وہ ایسا ہوگا جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔

فاذا احببتہ کنت یسمع بہ الذی یسمعہ و بصرہ الذی یبصر بہ و لسانہ الذی ینطق بہ . الحدیث .

پھر جب میں اپنا محبوب بنالیتا ہوں میں اس کے وہ کان ہوجاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اوراس کی وہ آنکھ ہوجاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اوراس کی وہ زبان بن جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے۔

اس معنی ومفہوم کے سوا حق تعالیٰ کے لیے کچھ اور سمجھنا اس کی شان کے لائق نہیں ہے، غیر کی طرف مائل ہونا، اس کی پیروی کرنا اور غیر سے غرض وابستہ کرنا حق تعالیٰ اس سے پاک ومنزہ ہے۔

یہ بات مسلم ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، اللہ تعالیٰ کی عبودیت کے اعتبار سے اعظم خلق ہیں اور ساری مخلوق سے عرفان باری تعالیٰ میں عارف تر ہیں اور خشیت میں ان سے بڑھ کر اور محبت الٰہی میں

سب سے زیادہ محبوب ہیں تو آپ کی منزل یقیناً تمام منازل میں اقرب اور عظیم تر ہوگی، خلت و محبت کی خصوصیت دونوں ہمارے سردار سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاصل ہیں۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول ملتقطاً)

محبوب کی خواہش میں شتابی

حضور اقدس مصطفیٰ جان رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبوبیت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

صحیحین بخاری و مسلم و سنن نسائی وغیرہا میں حدیث صحیح جلیل ہے کہ ام المومنین صدیقہ اپنے پیارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرتی ہیں **ما اری ربک الا یسارع فی ھواک .**

یارسول اللہ میں حضور کے رب کو نہیں دیکھتی مگر حضور کی خواہش میں جلدی و شتابی کرتا ہوا۔

ابو طالب کو شفا ملی

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں : **مرض ابو طالب فعاده النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال یا ابن اخی ادع ربک و الذی بعثک یعافینی فقال اللهم اشف عمی فقام کانما نشط من عقال فقال یا ابن اخی ان ربک لیطیعک فقال و انت یا عماه لو اطعته لیطیعنک .**

یعنی ابو طالب بیمار پڑے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عیادت کو تشریف لے گئے ابو طالب نے عرض کی اے بھتیجے میرے اپنے رب سے جس نے حضور کو بھیجا ہے میری تندرستی کی دعا کیجیے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دعا کی الٰہی میرے چچا کو شفا دے یہ دعا فرماتے ہی ابو طالب اٹھ کھڑے ہوئے جیسے

کسی نے بندش کھول دی، حضور نے عرض کی اے میرے بھتیجے بیشک حضور کا رب حضور کی اطاعت کرتا ہے (یہاں اطاعت کے معنی ہیں محبوب کی ہر مراد محبوب کے حسب منشاء فوراً موجود فرما دے) سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے (اس کلمہ پر انکار نہ فرمایا بلکہ اور تاکیداً و تائیداً) ارشاد کیا کہ اے چچا اگر تو اس کی اطاعت کرے تو وہ تیرے ساتھ بھی یوں ہی معاملہ فرمائے گا۔ ابن عدی بطریق الہیثم البکاء عن ثابت البنانی انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسے روایت کیا۔

خدا چاہتا ہے رضائے محمد

رب العزت روز قیامت حضرت رسالت افضل الصلاۃ والتحیۃ سے مجمع اولین و آخرین میں فرمائے گا **کلھم یطلبون رضائی و انا اطلب رضاک یا محمد.**

یہ سب میری رضا چاہتے ہیں اور میں تیری رضا چاہتا ہوں اے محمد! میں نے اپنا ملک عرش سے فرش تک تجھ پر قربان کر دیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیک وعلیٰ آلک وبارک وسلم۔ (الامن والعلی)

حضور فضل وکمال کے جامع ہیں

بلاشبہ جتنے فضائل وکمالات خزانۂ قدرت میں ہیں سب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمائے گئے، اللہ عزوجل فرماتا ہے **و یتم نعمتہ علیک** اللہ اپنی تمام نعمتیں تم پر پوری کرے گا۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں ع

ہر نعمتیکہ داشت خدا شد براو تمام

یعنی اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر مکمل وتمام ہوگئیں۔ (مولف)

(امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں) میرے ایک وعظ میں ایک نفیس نکتہ مجھ پر القا ہوا تھا اسے یاد

رکھو کہ جملہ فضائل حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے معیار کامل ہے وہ یہ کہ کسی منعم کا دوسرے کو کوئی نعمت نہ دینا چار ہی طور پر ہوتا ہے۔

یا تو دینے والے کو اس نعمت پر دسترس نہیں۔

یا دے سکتا ہے مگر بخل مانع ہے۔

یا جسے نہ دی وہ اس کا اہل نہ تھا۔

یا وہ اہل بھی ہے مگر اس سے زائد اسے کوئی اور محبوب ہے اس کے لیے بچا رکھی۔

الوہیت ہی وہ کمال ہے کہ زیر قدرت ربانی نہیں باقی تمام کمالات تحت قدرت الٰہی ہیں اور اللہ تعالیٰ اکرم الاکرمین ہر جواد سے بڑھ کر جواد، اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر فضل و کمال کے اہل اور حضور سے زائد اللہ عزوجل کو کوئی محبوب نہیں۔ لازم ہے کہ الوہیت کے نیچے جتنے فضائل، جس قدر کمالات، جتنی نعمتیں، جس قدر برکات ہیں مولیٰ عزوجل نے سب حضور کو عطا فرمائیں، اگر الوہیت عطا فرمانا بھی زیر قدرت ہوتا ضرور یہ بھی عطا فرماتا۔ جیسے ارشاد ہوا **لو اردنا ان نتخذ ولدا لا تخذنه من لدنا ان كنا فاعلين.**

اگر ہم بیٹا چاہتے تو ضرور اپنے پاس سے بنا لیتے اگر ہمیں کرنا ہوتا۔

گویا ارشاد ہوتا ہے اے نصرانیو تم مسیح کو اور اے یہودیو تم عزیر کو اور عرب کے مشرکو تم ملائکہ کو ہماری اولاد ٹھہراتے ہو ہمیں اگر اپنے بیٹا بنانا ہوتا تو انھیں کو نہ بناتے جو سب سے زیادہ ہمارے مقرب ہیں یعنی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (الملفوظ حصہ دوم)

ذکر حبیب

اللہ عزوجل نے بیشمار امور میں اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک اپنے نام اقدس سے

ملایا کہیں اصل شان اپنی تھی اس میں حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر بھی شامل فرمایا، کہیں اصل معاملہ حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تھا ان کے ساتھ اپنے ذکر والا سے اعزاز بڑھایا، آئندہ کی آٹھ آیتیں اسی کے بیان میں ہیں مسلمان دیکھے اور ایمان تازہ کرے۔

آیت(۱) : اغنهم الله و رسوله من فضله.

انھیں دولت مند کر دیا اللہ اور اللہ کے رسول نے اپنے فضل سے۔

آیت (۲) : و لو انهم رضوا ما اتهم الله و رسوله و قالوا حسبنا الله و سيوتينا من فضله و رسوله.

اور کیا خوب تھا اگر وہ راضی ہوتے اس پر جو انھیں دیا اللہ اور اللہ کے رسول نے اور کہتے ہیں ہمیں اللہ کافی ہے۔اب دیتا ہے ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اس کا رسول۔

آیت(۳) : یا ایها الذین آمنوا لا تقدموا بین یدی الله و رسوله.

اے ایمان والو اللہ ورسول سے آگے نہ بڑھو۔

آیت(۴) : ما كان لمؤمن ولا مومنة اذا قضى الله و رسوله امرا ان يكون لهم الخيرة من امرهم و من يعص الله و رسوله فقد ضل ضلالا مبينا.

نہیں پہنچتا کسی مسلمان مرد نہ عورت کو جب اللہ ورسول کوئی بات ان کے معاملہ میں ٹھہرا دیں تو انھیں اپنے کام کا کچھ اختیار باقی رہے اور جو حکم نہ مانے اللہ ورسول کا وہ صریح گمراہ ہوا بہک کر۔

آیت(۵) : لا تجد قوما يؤمنون بالله و اليوم الآخر يوادون من حاد الله و رسوله و

لو کانوا آبائهم او ابنائهم او اخوانهم او عشیرتهم.

تو نہ پائے گا انھیں جو ایمان لاتے ہیں اللہ اور پچھلے دن پر کہ دوستی کریں اللہ و رسول کے مخالف سے چاہے وہ اپنے باپ یا بیٹے یا بھائی یا عزیز ہی ہوں۔

آیت (۶) : و الله و رسوله احق ان یرضوه ان کانوا مومنین . الم یعلموا انه من یحادد الله و رسوله فان له نار جهنم خالدا فیها ذلک الخزی العظیم.

اللہ و رسول زیادہ مستحق ہیں اس کے کہ یہ لوگ انھیں راضی کریں اگر ایمان رکھتے ہیں کیا انھیں خبر نہیں کہ جو مقابلہ کرے اللہ و رسول سے تو اس کے لیے دوزخ کی آگ ہے جس میں ہمیشہ رہے گا اور وہی بڑی رسوائی ہے۔

آیت (۷) : اذا نصحوا الله و رسوله .

جب خلوص رکھیں اللہ و رسول کے ساتھ۔

آیت (۸) : ان الذین یوذون الله و رسوله لعنهم الله فی الدنیا و الآخرة و اعدلهم عذابا مهینا.

بیشک جو لوگ ایذا دیتے ہیں اللہ اور رسول کو اللہ نے ان پر لعنت کی دنیا و آخرت میں اور ان کے لیے تیار کر رکھی ہے ذلت کی مار۔

یہ معاملہ خاص حبیب کا ہے اللہ کو کون ایذا دے سکتا ہے مگر وہاں تو جو معاملہ رسول کے ساتھ برتا جائے اپنے ہی ساتھ قرار پایا ہے۔ (الکوکبۃ الشہابیۃ فی کفریات ابی الوھابیۃ)

ذکرِ نبی، ذکرِ خدا

حق سبحانہ وتعالیٰ اپنے حبیب کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم سے فرماتا ہے و رفعنا لک ذکرک.

اور بلند کیا ہم نے تمھارے لیے تمھارا ذکر۔

امام علامہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شفا شریف میں اس آیت کریمہ کی تفسیر سیدی ابن عطا قدس سرہ العزیز سے یوں نقل فرماتے ہیں جعلتک ذکرا من ذکری فمن ذکرک ذکرنی۔

یعنی حق تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرماتا ہے میں نے تمھیں اپنی یاد میں سے ایک یاد کیا تو جو تمھارا ذکر کرے اس نے میرا ذکر کیا۔

بالجملہ کوئی مسلمان اس میں شک نہیں کرسکتا کہ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یاد بعینہٖ خدا کی یاد ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ۱۲، ص ۷۷۔ اقامۃ القیامۃ)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے:

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر بھی ذکرِ الٰہی ہے۔

حدیث میں ہے رب عزوجل نے آیہ کریمہ و رفعنا لک ذکر کے نزول کے بعد کہ ہم نے بلند کیا تمھارے لیے تمھارا ذکر، جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام کو خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بھیج کر ارشاد فرمایا:

اتدری کیف رفعت لک ذکرک.

جانتے ہو میں نے تمھارا ذکر تمھارے لیے کیوں کر بلند فرمایا؟

حضور نے عرض کی تو خواب جانتا ہے، فرمایا:

جعلتک ذکرا من ذکری فمن ذکرک فقد ذکرنی .

میں نے تمھیں اپنے ذکر میں سے ایک ذکر بنایا تو جس نے تمھارا ذکر کیا اس نے میرا ذکر کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۶۰۸)

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

اگر حضور نہ ہوتے دنیا کی تخلیق نہ ہوتی

اللہ عزوجل نے تمام جہان حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے بنایا اگر حضور نہ ہوتے کچھ نہ ہوتا۔ یہ مضمون احادیث کثیرہ سے ثابت ہے جن کا بیان ہمارے رسالہ "تلالو الافلاک بجلال احادیث لولاک" میں ہے۔ اور انھیں لفظوں (لولاک لما خلقت الافلاک) کے ساتھ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے اپنی بعض تصانیف میں لکھی مگر سنداً ثابت یہ لفظ ہیں۔

خلقت الخلق لاعرفهم کرامتک و منزلتک عندی و لولاک ما خلقت الدنیا.

یعنی اللہ عزوجل اپنے محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرماتا ہے کہ میں نے تمام مخلوق اس لیے بنائی کہ تمھاری عزت اور تمھارا مرتبہ جو میری بارگاہ میں ہے ان پر ظاہر کروں اگر تم نہ ہوتے میں دنیا کو نہ بناتا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۴۷)

محبوبیت کبریٰ

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبوبیت کبریٰ سے متعلق ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم را مرتبہ از محبوبیت کبریٰ و جملہ فضائل عالیہ چناں بخشید ند کہ موکب کسے بغبار او نرسید تیرہ درونا بر فضل دیگراں حسد برند و اہل کمال چوں بینند کہ مارا بآں دسترس نیست انتساب بآں محبوب خواہند کہ در زیر عنایتش بروجہ خاص باشند، انبیاء را بدیگراں احتیاج نبودن مسلم فاما بہ سید انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم ہمہ را نیاز ست چنانچہ کریمہ اخذ میثاق از انبیاء وحدیث صحیح مسلم **یرغب الی فیہ الخلق حتی خلیل اللہ ابراھیم** بران شاہد عدل ست ایں چنین احادیث را ہیچ عقیدہ خلاف نیست۔

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو محبوبیت کبریٰ کا مقام رفیع اور تمام فضائل وکمالات اس طرح بخشے گئے ہیں کہ ان کی گرد سواری کو کسی کی سواری نہیں پہنچ سکی، کور باطن والے دوسروں کی فضیلت و بزرگی پر حسد لے گئے اور اہل کمال جب دیکھتے ہیں کہ ہمیں اس میں دسترس نہیں تو اس کی نسبت محبوب کی طرف کرتے ہیں کہ اس کی عنایت ونوازش میں کچھ خاص وجہیں ہوں گی، انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کا دوسروں کا محتاج نہ ہونا مسلم ہے لیکن جملہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نیاز حاصل ہے جیسا کہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام سے عہد ومیثاق لینے کی آیت کریمہ اور مسلم شریف کی حدیث صحیح اس پر شاہد عدل ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ پوری مخلوق میری طرف رغبت کرے گی یہاں تک کہ اللہ کے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی۔ ایسی حدیثیں کسی عقیدۂ حقہ کے مخالف نہیں ہیں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱ ص ۱۰۵)

اظہار عبدیت

ہمارے حضور سید یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کمالات اعلیٰ کے برابر کس کے کمال ہو سکتے ہیں۔ جس کے کمال ہیں سب حضور ہی کے کمال کے پرتو اجلال ہیں۔

امام بوصیری قدس سرہ کے ہمزیہ شریف میں ہے:

منشور خلافت مطلقہ وتفویض تام، ان کے نام نامی پر پڑھا گیا اور سکہ وخطبہ ان کا ملأ اعلیٰ سے عالم بالا تک جاری ہوا۔ دنیا و دیں میں جو جسے ملتا ان کی بارگاہ عرش اشتباہ سے ملتا ہے۔ وہ بالا دست حاکم کہ تمام ماسوی اللہ، ان کا محکوم اور ان کے سوا عالم میں کوئی حاکم نہیں، سب ان کے محتاج اور وہ خدا کے محتاج، قرآن عظیم ان کی مدح وستائش کا دفتر، نام ان کا ہر جگہ نام الٰہی کے برابر، اعنی :

سید المرسلین	(رہبر رہبراں)
خاتم النبیین	(خاتم پیغمبراں)
رحمۃ للعالمین	(رحمت ہر دو جہاں)
شفیع المذنبین	(شافع خطاراں)
قائد الغر المحجلین	(ہادی نوریاں وروشن جبیناں)
سر اللہ المکنون	(رب العزت کا راز سربستہ)
در اللہ المخزون	(خزانہ الٰہی کا موتی، قیمتی وپوشیدہ)
سرور القلب المحزون	(ٹوٹے دلوں کا سہارا)
عالم ما کان و ما یکون	(ماضی ومستقبل کا واقف کار)
تاج الاتقیاء	(نیکوکاروں کے سر کا تاج)
نبی الانبیاء	(تمام نبیوں کا سرتاج)

محمد رسول رب العالمین، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وبارک وسلم الیٰ یوم الدین۔

بایں ہمہ خدا کے بندہ ومحتاج ہیں، حاش للہ کہ عینیت یا مثلیت کا گمان کافر کے سوا مسلمان کو

ہو سکے۔ خزانہ قدرت میں ممکن کے لیے جو کمالات متصور تھے سب پائے کہ دوسرے کو ہم عنانی کی مجال نہیں مگر دائرۂ عبدیت وافتقار سے قدم نہ بڑھا، نہ بڑھا سکے۔ العظمة له.

خدائے تعالیٰ سے ذات وصفات میں مشابہت کیسی، نعمائے خداوندی کے لائق جو شکر وثنا ہے اسے پورا پورا بجا نہ لا سکے نہ ممکن کہ بجا لائیں، کہ جو شکر کریں وہ بھی نعمت آخر موجب شکر دیگر الی مالا نهایة له۔

نعم وافضال خداوندی غیر متناہی ہیں، قال الله تعالیٰ و للآخرة خير لک من الاولیٰ .

(اے نبی بیشک ہر آنے والا لمحہ تمھارے لیے گزرے ہوئے لمحہ سے بہتر ہے اور ساعت بساعت آپ کے مراتب رفیعہ ترقیوں میں ہیں)

مرتبہ " قاب قوسين او ادنی" کا پایا، قسم کھانے کو فرق کا نام رہ گیا، دیدار الٰہی بچشم سر دیکھا، کلام الٰہی بے واسطہ سنا، محمل لیلیٰ (ادراک سے ماوراء) کروروں منزل سے کروروں منزل (دور اور) خرد خردہ میں (عقل نکتہ داں دقیقہ شناس) دنگ ہے، نیا سماں ہے نیا رنگ ہے۔

قرب میں بعد، بعد میں قرب، وصل میں ہجر، ہجر میں وصل، گوہر شناور دریا، مگر صدف نے وہ پردہ ڈال رکھا ہے کہ نم سے آشنا نہیں، اے جاہل ناداں! علم کو علم والے پر چھوڑ اور اس میدان دشوار جولان سے سمند بیان کی عنان موڑ۔

زبان بند ہے پر اتنا کہتے ہیں کہ خلق کے آقا ہیں، خالق کے بندے۔ عبادت ان کی کفر اور بے ان کی تعظیم کے حبط۔

ایمان ان کی محبت وعظمت کا نام، اور مسلمان وہ جس کا کام ہے نام خدا کے ساتھ ان کے نام پر تمام۔ و السلام علیٰ خير الانام و الآل و الاصحاب علی الدوام . (اعتقاد الاحباب)

رب کی نوازشات

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر رب کی نوازشات و عنایات کا ذکر اس انداز میں بیان فرمایا ہے۔

وہ تیرے اور تمام جہان کی پیدائش سے پہلے ازل میں لکھ چکا و رفعنا لک ذکرک یعنی ارشاد ہوتا ہے اے محبوب ہمارے، ہم نے تمھارے لیے تمھارا ذکر بلند کیا کہ جہاں ہماری یاد ہوگی تمھارا بھی چرچا ہوگا اور ایمان بے تمھاری یاد کے ہرگز پورا نہ ہوگا، آسمانوں کے طبقے اور زمینوں کے پردے تمھارے نام نامی سے گونجیں گے، موذن اذانوں اور خطیب خطبوں اور ذاکرین اپنی مجالس اور واعظین اپنے منابر پر ہمارے ذکر کے ساتھ تمھاری یاد کریں گے، اشجار و احجار، آہو و سوسمار و دیگر جاندار و اطفال شیرخوار و معبودان کفار جس طرح ہماری توحید بتائیں گے ویسا ہی بزبان فصیح و بیان صحیح تمھارا منشور رسالت پڑھ کر سنائیں گے چار اکناف عالم میں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا غلغلہ ہوگا، جز اشقیائے ازل ہر ذرہ کلمہ شہادت پڑھتا ہوگا، مسبحان ملاء اعلیٰ کو ادھر اپنی تسبیح و تقدیس میں مصروف کروں گا، ادھر تمھارے محمود درود مسعود کا حکم دوں گا، عرش و کرسی ہفت اوراق سدرہ، قصور جناں، جہاں پر اللہ لکھوں گا محمد رسول اللہ بھی تحریر فرماؤں گا، اپنے پیغمبروں اور اولوالعزم رسولوں کو ارشاد کروں گا کہ ہر وقت تمھارا دم بھریں اور تمھاری یاد سے اپنی آنکھوں کو روشنی اور جگر کو ٹھنڈک اور قلب کو تسکین اور بزم کو تزئین دیں۔

جو کتاب نازل کروں گا اس میں تمھاری مدح و ستائش اور جمال صورت و کمال سیرت ایسی تشریح و توضیح سے بیان کروں گا کہ سننے والوں کے دل بے اختیار تمھاری طرف جھک جائیں اور وہ نادیدہ تمھارے عشق کی شمع ان کے کانوں، سینوں میں بھڑک اٹھے گی۔ (قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

کافر کو رب کا جواب

عاص بن وائل شقی نے جو صاحبزادۂ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انتقال پر حضور کو ابتر یعنی نسل بریدہ کہا، حق جل جلالہ نے فرمایا :

ان اعطیناک الکوثر.

بیشک ہم نے تمھیں خیر کثیر عطا فرمائی۔

کہ اولاد سے نام چلنے کو تمھاری رفعت ذکر سے کیا نسبت، کروروں صاحب اولاد گزرے جن کا نام تک کوئی نہیں جانتا اور تمھاری ثنا کا ڈنکا تو قیام قیامت تک اکناف عالم واطراف جہاں میں بجے گا اور تمھارے نام نامی کا خطبہ ہمیشہ ہمیشہ اطباق فلک، آفاق زمین میں پڑھا جائے گا، پھر اولاد بھی تمھیں وہ نفیس وطیب عطا ہوگی جن کی بقاء سے بقاء عالم مربوط رہے گی اس کے سوا تمام مسلمان تمھارے بال بچے ہیں اور تم سا مہربان باپ ان کے لیے کوئی نہیں بلکہ حقیقت کار کو نظر کیجیے تو تمام عالم تمھاری اولاد معنوی ہے کہ تم نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا اور تمھارے ہی نور سے سب کی آفرینش ہوئی، اسی لیے جب ابو البشر آدم تمھیں یاد کرتے یوں کہتے :

یا ابنی صورۃ و ابای معنی .

اے ظاہر میں میرے بیٹے اور حقیقت میں میرے باپ۔

پھر آخرت میں جو تمھیں ملنا ہے اس کا حال تو خدا ہی جانے جب اس کی یہ عنایت بے غایت تم پر مبذول ہو تو تم ان اشقیاء کی زبان درازی پر کیوں ملول ہو بلکہ

فصل لربک و انحر.

اپنے رب کے شکرانہ میں اس کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو۔

ان شانئک هو الابتر.

جو تمھارا دشمن ہے وہی نسل بریدہ ہے۔

جن بیٹوں پر اسے ناز ہے یعنی عمرو ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہما وہی اس کے دشمن ہو جائیں گے اور تمھارے دین حق میں آکر بوجہ اختلاف دین اس کی نسل سے جدا ہوکر تمھارے دینی بیٹوں میں شمار کیے جائیں گے، پھر آدمی بے نسل ہوتا تو یہی سہی کہ نام نہ چلتا اس سے نام بد کا باقی رہنا ہزار درجہ بدتر ہے۔ تمھارے دشمن کا ناپاک نام ہمیشہ بدی ونفرت کے ساتھ لیا جائے گا اور روز قیامت ان گستاخیوں کی پوری سزا پائے گا۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔

بارگاہ ذوالجلال میں حضور کی عزت

ابونعیم حلیہ میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو وحی بھیجی بنی اسرائیل کو خبر دے دے کہ جو احمد کو نہ مانے گا اسے دوزخ میں ڈالوں گا، عرض کی اے میرے رب احمد کون ہے؟ فرمایا میں نے کوئی مخلوق اس سے زیادہ اپنی بارگاہ میں عزت والی نہ بنائی، میں نے آسمان وزمین کی پیدائش سے پہلے اس کا نام اپنے نام کے ساتھ عرش پر لکھا اور جب تک وہ اور اس کی امت داخل نہ ہولے جنت کو تمام مخلوق پر حرام کیا۔ عرض کی الٰہی اس کی امت کون ہے فرمایا وہ بڑی حمد کرنے والی اور ان کی اور صفات جلیلہ حق تعالیٰ نے ارشاد فرمائیں عرض کی الٰہی مجھے اس امت کا نبی کر فرمایا ان کا نبی انھیں میں سے ہوگا، عرض کی الٰہی مجھے اس نبی کی امت میں کر فرمایا تو زمانہ میں مقدم اور وہ متاخر ہے مگر ہمیشگی کے گھر میں تجھے اور اسے جمع کروں گا۔

ابونعیم انس بن مالک اور بیہقی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے دلائل النبوۃ میں راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

جب میں حسب ارشاد الٰہی سیر سماوات سے فارغ ہوا اللہ تعالیٰ سے عرض کی اے رب میرے مجھ سے پہلے جتنے انبیاء تھے سب کو تو نے فضائل بخشے ابراہیم کو خلیل کیا، موسیٰ کو کلیم، داؤد کے لیے پہاڑ مسخر کیے، سلیمان کے لیے ہوا اور شیاطین، عیسیٰ کے لیے مردے جلائے میرے لیے کیا کیا، ارشاد ہوا کیا میں نے تجھے ان سب سے بزرگی عطا نہ کی کہ میری یاد نہ ہو جب تک تو میرے ساتھ یاد نہ کیا جائے اور اس کے سوا اور فضائل ذکر فرمائے۔

امام اجل حکیم ترمذی و بیہقی و ابن عساکر ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

اتخذ الله ابراهيم خليلا و موسیٰ نجيا و اتخذني حبيبا ثم قال و عزتي و جلالي لا وثرن حبيبي علی خليلي و نجي .

اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کو خلیل اور موسیٰ کو نجی کیا اور مجھے اپنا حبیب بنایا پھر فرمایا مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم بیشک اپنے پیارے کو اپنے خلیل اور نجی پر تفضیل دوں گا۔

فتاویٰ امام سراج الدین بلقینی میں ہے، اللہ تعالیٰ نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا :

قد مننت عليک بسبعة اشياء اولها انی لم اخلق فی السموات و الارض اکرم علی منک.

میں نے تجھ پر سات احسان کیے ان میں پہلا یہ ہے کہ آسمان و زمین میں کوئی تجھ سے زیادہ عزت

والا نہ بنایا۔

ابونعیم کتاب المعرفۃ میں اور ابن عساکر عبداللہ بن غنم سے راوی۔

ہم خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر تھے ناگاہ ایک ابر نظر آیا حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

سلم علی ملک قال لم ازل استاذن فی لقائک حتی کان هذا اوان اذن لی انی ابشرک انه لیس احد اکرم علی الله منک.

مجھ سے ایک فرشتہ نے سلام کے بعد عرض کی مدت سے میں اپنے رب سے قدمبوس حضور کی اجازت مانگتا تھا یہاں تک کہ اب اس نے اذن دیا میں حضور کو مژدہ دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کو حضور سے زیادہ کوئی عزیز نہیں۔

افضل القریٰ میں فتاویٰ امام شیخ الاسلام سراج بلقینی سے ہے، جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے حضور سے عرض کی

ابشر فانک خیر خلقه و صفوته من ابشر حباک الله بما لم یحب به احد من خلقه لا ملکا مقربا و لا نبیا مرسلاً.

مژدہ ہو کہ حضور بہترین خلق خدا ہیں اس نے تمام آدمیوں میں سے حضور کو چن لیا اور وہ دیا جو سارے جہان میں کسی کو نہ دیا نہ کسی مقرب فرشتہ نہ کسی مرسل نبی کو۔

بیہقی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان محمدا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اکرم الخلق علی الله یوم القیمة .

بیشک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قیامت میں اللہ تعالیٰ کے حضور تمام مخلوق الٰہی سے عزت وکرامت میں زائد ہیں۔

دارمی وبیہقی عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان اکرم خلیفة اللہ علی اللہ ابو القاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

بیشک اللہ کے نزدیک تمام مخلوق سے زیادہ مرتبہ ووجاہت والے ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔

ابن سعد بطریق عامر شعبی عبدالرحمٰن بن زید بن الخطاب سے راوی :

زید بن عمرو بن نفیل کہتے تھے میں شام میں گیا تھا ایک راہب کے پاس گیا اور اس سے کہا مجھے بت پرستی و یہودیت ونصرانیت سب سے نفرت ہے کہا تو تم دین ابراہیم چاہتے ہو اے اہل مکہ کے بھائی، تم وہ دین مانگتے ہو جو آج کہیں نہ ملے گا اپنے شہر کو چلے جاؤ۔

فان نبیا یبعث من قومک فی بلدک یاتی بدین ابراهیم بالحنیفة و هو اکرم الخلق علی اللہ.

کہ تمھاری قوم سے تمھارے شہر میں ایک نبی مبعوث ہوگا وہ ابراہیم علیہ الصلاۃ والتسلیم کا دین حنیف لائے گا وہ تمام جہان سے زیادہ اللہ تعالیٰ کو عزیز ہے۔

یہ زید بن عمرو موحدان جاہلیت سے ہیں اور ان کے صاحبزادے سعید بن زید اجلہ صحابہ وعشرہ مبشرہ سے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

اللہ نے ملک حضور پر قربان کردیا

بعض روایات میں ہے حق عز جلالہ اپنے حبیب کریم علیہ افضل الصلاۃ والسلام سے ارشاد فرماتا ہے۔

اے محمد تو میرے نور کا نور ہے اور میرے راز کا راز اور میری ہدایت کی کان اور میری معرفت کے خزانے میں نے اپنا ملک عرش سے لے کر تحت الثریٰ تک سب تجھ پر قربان کر دیا عالم میں جو کوئی ہے سب میری رضا چاہتے ہیں اور میں تیری رضا چاہتا ہوں۔ اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)
(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان محبوبیت کو اشعار کی زبان میں اس طرح بیان فرماتے ہیں :

جس کی مرضی خدا نہ ٹالے
میرا ہے وہ نامدار آقا

●

حور سے کیا کہیں موسیٰ سے مگر عرض کریں
کہ ہے خود حسن ازل طالب جانان عرب

●

ان کو یکتا کیا اور خلق بنائی یعنی
انجمن کرکے تماشا کریں تنہائی دوست

●

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم — خدا چاہتا ہے رضائے محمد
محمد برائے جناب الٰہی — جناب الٰہی برائے محمد
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

•

وہ خدا نے ہے مرتبہ تجھ کو دیا نہ کسی کو ملے نہ کسی کو ملا
کہ کلام مجید نے کھائی شہا تیرے شہر و کلام و بقا کی قسم

تیرا مسند ناز ہے عرش بریں تیرا محرم راز ہے روح امیں
تو ہی سرور ہر دو جہاں ہے شہا تیرا مثل نہیں ہے خدا کی قسم

•

وہ کمال حسن حضور ہے کہ گمان نقص جہاں نہیں
یہی پھول خار سے دور ہے یہی شمع ہے کہ دھواں نہیں

•

رفعت ذکر ہے تیرا حصہ دونوں عالم میں ہے تیرا چرچا
مرغ فردوس پس از حمد خدا تیری ہی مدح و ثنا کرتے ہیں

کیوں نہ زیبا ہو تجھے تاجوری تیرے ہی دم کی سب جلوہ گری
ملک و جن و بشر حور و پری جان سب تجھ پہ فدا کرتے ہیں

•

خود رہے پردے میں اور آئینہ عکس خاص کا
بھیج کر انجانوں سے کی راہ داری واہ واہ

•

سب سے اعلیٰ و اولیٰ ہمارا نبی — سب سے بالا و والا ہمارا نبی
اپنے مولیٰ کا پیارا ہمارا نبی — دونوں عالم کا دولھا ہمارا نبی

(صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

اے رضا خود صاحب قرآں ہے مداح حضور
تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی

خلق تو کیا کہ ہیں خالق کو عزیز
کچھ عجب بھاتے ہیں بھانے والے

حی باقی جس کی کرتا ہے ثنا
مرتے دم تک اس کی مدحت کیجیے

ذکر ان کا چھیڑیئے ہر بات میں
چھیڑنا شیطان کا عادت کیجیے

تیری قضا خلیفۂ احکام ذو الجلال
تیری رضا حلیف قضا و قدر کی ہے

عرش بریں پہ کیوں نہ ہو فردوس کا دماغ
اتری ہوئی شبیہ تیرے بام و در کی ہے
وہ خلد جس میں اترے گی ابرار کی برات
ادنیٰ نچھاور اس میرے دولھا کے سر کی ہے

اللہ کی سر تا بقدم شان ہیں یہ
ان سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ
قرآن تو ایمان بتاتا ہے انھیں
ایمان یہ کہتا ہے میری جان ہیں یہ

غایت و علت سبب بہر جہاں تم ہو سب
تم سے بنا تم بنا تم پہ کروروں درود
تم سے ہے جہاں کی حیات تم سے ہے جہاں کا ثبات
اصل سے ہے ظل بندھا تم پہ کروروں درود
تم سے خدا کا ظہور اس سے تمھارا ظہور
لم ہے یہ وہ ان ہوا تم پہ کروروں درود
خلق تمھاری جمیل خلق تمھارا جلیل
خلق تمھاری گدا تم پہ کروروں درود
مظہر حق ہو تمھیں مُظہر حق ہو تمھیں
تم میں ہے ظاہر خدا تم پہ کروروں درود

نہ از بہر تو صرف ایمانیا نند
کہ خود بہر تو ایماں آفریدند
برائے جلوۂ یک گلبن ناز
ہزاراں باغ و بستاں آفریدند
نہ غیر کبریا جاں آفرینے
نہ خودمثل تو جاناں آفریدند
پئے نظارۂ محبوب لاہوت
حبیت آئینہ ساں آفریدند

وہی جلوہ شہر بشہر ہے وہی اصل عالم و دہر ہے
وہی بحر ہے وہی لہر ہے وہی پاٹ ہے وہی دھار ہے

مرسل مشتاق حق ہیں اور حق مشتاق وصال مصطفائی

خواہان وصال کبریا ہیں جویان جمال مصطفائی
محبوب و محب کی ملک ہے ایک کونین ہیں مال مصطفائی

●

پرِ تو اسم ذات احد پر درود نسخۂ جامعیت پہ لاکھوں سلام
مطلع ہر سعادت پہ اسعد درود مقطع ہر سیادت پہ لاکھوں سلام
مصدر مظہریت پہ اظہر درود مظہر مصدریت پہ لاکھوں سلام

●

تو نہ تھا تو کچھ نہ تھا گر تو نہ ہو
کچھ نہ ہو تو ہی تو ہے جان جہاں

(حدائق بخشش)

حضورانور ﷺ کی انفرادی خصوصیات

لم یأت نظیرک فی نظر مثل تو نہ شد پیدا جانا
جگ راج کو تاج تورے سر سو ہے تجھ کو شہ دوسرا جانا

تلک الرسل فضلنا بعضھم علی بعض
یہ رسول ہیں کہ ہم نے ان میں ایک کو دوسرے پر افضل کیا۔

(البقرۃ، ۲۵۳)

حضور انور ﷺ کی انفرادی خصوصیات

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کچھ فضائل تو آپ کے اور تمام انبیاء کرام صلوات اللہ تعالیٰ و سلامہ علیہم اجمعین کے مابین مشترک ہیں، اور کچھ فضائل و کمالات وہ ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے صرف آپ کے ساتھ مخصوص کیا ہے اور ان میں دنیا و آخرت میں کوئی نبی بھی آپ کا شریک و سہیم نہیں ہے۔

حق تبارک و تعالیٰ نے جواہر نفوس انسانیہ کو مختلف فرمایا ہے، بعض مرتبہ صفا کے مقام جودت و طہارت کے غایت درجہ میں ہیں بعض متوسط ہیں اور بعض انتہائی کدورت اور غایت ردایت میں ہیں۔ چنانچہ ہر قسم میں مراتب و درجات جداگانہ ہیں مگر انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے تمام نفوس قدسیہ سب سے صاف و جید ہیں اور ان کے ابدان مبارکہ بھی جملہ نفوس بشری کے مقابلے میں سب سے زیادہ پاکیزہ اور ہر نقص و عیب سے محفوظ و منزہ ہیں، باوجودیکہ یہ انبیاء کرام دائرہ کمال میں داخل اور اپنے غیر سے کامل و افضل ہیں مگر باہم ان کے درمیان بھی تفاوت و تفاضل ہے۔

اور حضور سید عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان سب سے از روئے مزاج اصح و اعدل اور اسلم، اور از روئے بدن اطہران سب سے از کی واصفی ہیں، اور باعتبار روحانیت سب سے اکمل و اتم ہیں اور تخلیق کے لحاظ سے بھی ان سب سے لطیف تر اور اشرف ہیں۔ آپ کے افضل البشر، سید ولد آدم اور افضل الناس ہونے میں کسی کو اختلاف نہیں ہے۔

انبیاء کرام کو از قسم کمالات و کرامات جو کچھ حاصل تھا وہ تمام یا اس کے مثل اور ان مخصوص فضائل و کمالات کے ساتھ جو خاص طور پر آپ کو حاصل ہیں دوسرا کوئی نبی آپ کا شریک و سہیم نہیں۔

حضرت آدم اور ہمارے نبی علیہما السلام

حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو یہ فضیلت عطا کی گئی کہ حق تعالیٰ نے انھیں اپنے دست قدرت

سے پیدا فرمایا اور ان میں روح پھونکی گئی لیکن ہمارے نبی حبیب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ کمال عطا فرمایا گیا کہ حق سبحانہ وتعالیٰ آپ کے شرح صدر کا متولی وکارساز ہے اور اس میں ایمان وحکمت رکھا، اس طرح حق تعالیٰ آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے خلق وجودی کا متولی ہوا، اور ہمارے نبی حبیب خدا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلق نبوی کا۔

اور آدم علیہ الصلاۃ والسلام کا مسجود ملائک ہونا درحقیقت حضرت آدم کے جوہر روح میں نور محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ودیعت کرنے کے سبب سے تھا، اور اس نور مبارک کو ان کی پیشانی میں تاباں کیا گیا اور اس عظمت وشرافت سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سرفراز فرمایا گیا۔

ان الله و ملائكته يصلون على النبى .

بلاشبہ اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔

حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرنے میں حق تعالیٰ فرشتوں کے ساتھ شامل نہ تھا کیوں کہ بجائے خود حق سبحانہ وتعالیٰ پر یہ جائز نہیں ہے، لیکن سید عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صلاۃ وسلام بھیجنے میں حق تعالیٰ فرشتوں کے ساتھ شامل ہے لامحالہ یہ فضیلت اشرف واتم اور اکمل واعلیٰ ہے، نیز فرشتوں کے سجدہ کرنے میں عظمت وشرافت زیادہ نہیں ہے کیوں کہ یہ ایک بار واقع ہے لیکن صلاۃ وسلام بھیجنے میں حق تعالیٰ کی رحمت و انوار اور اس کے اسرار اقدس کا افاضہ ہر زمانے میں نو بہ نو دایم ومستمر ہے اور اس میں مسلمانوں کو بھی اشتراک عمل کا حکم دیا گیا ہے۔

اب رہا حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو تمام چیزوں کے اسماء کا تعلیم فرمانا، تو دیلمی مسند الفردوس میں بروایت ابو رافع حدیث نقل کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرے لیے میری امت کو اس وقت جب کہ وہ پانی ومٹی کے درمیان تھی متمثل کیا گیا اور مجھے ان سب کے اسماء تعلیم کیے گئے،

لہٰذا جس طرح آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو علم اسماء حاصل ہوا اسی طرح ہمارے حضور کو بھی ہوا زیادتی وافاضہ کے ساتھ اور ذوات اور مسمیات کا علم بھی دیا گیا اور بلاشبہ اسماء سے مسمیات کا رتبہ بہت بلند واعلیٰ ہے اس لیے کہ اسماء مسمیات کے اظہار و بیان کے لیے ہیں اور مسمیات مقصود بالذات اور اسماء مقصود بالغیر ہیں اور یہ کہ علم کی فضیلت اس کے معلوم کی فضیلت سے ہوتی ہے۔

حضرت ادریس اور ہمارے نبی علیہما السلام

حضرت ادریس علیہ الصلاۃ والسلام کی فضیلت میں حق تعالیٰ نے ارشاد فرمایا :

ورفعناه مكانا عليا .

ہم نے انھیں بلند مقام کی رفعت بخشی۔

اور ہمارے آقا سید عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو معراج فرمائی گئی اور آپ کے سوا کسی کو بھی ایسی رفعت نہ ملی۔

حضرت نوح اور ہمارے نبی علیہما الصلاۃ والسلام

اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام کو یہ فضیلت عطا فرمائی کہ ان کے ذریعہ ایمانداروں کو غرقابی سے نجات ملی اور ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فضیلت عطا فرمائی کہ آپ کی امت کسی آسمانی عذاب عام سے ہلاک نہیں کی جائے گی جیسا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے :

وما كان الله ليعذبهم و انت فيهم .

اور اللہ کا کام نہیں کہ انھیں عذاب کرے جب تک اے محبوب تم ان میں تشریف فرما ہو۔

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی تفسیر میں بیان کرتے ہیں کہ حق تعالیٰ نے حضرت نوح

علیہ الصلاۃ والسلام کی عزت افزائی کی ان کی کشتی کو پانی میں محفوظ رکھا، اور ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اکرام اس سے عظیم تر فرمایا کہ

ایک روز حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ملاحظہ فرمایا کہ عکرمہ بن ابوجہل پانی کے کنارے بیٹھا ہوا ہے عکرمہ نے کہا اگر آپ صادق ہیں تو دوسرے کنارے کے پتھر کو حکم دیجیے کہ وہ پانی پر تیرتا ہوا اس کنارے پر آجائے اور غرق نہ ہو۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اشارہ فرمایا وہ پتھر اپنی جگہ سے اکھڑا اور تیرتا ہوا حضور کے سامنے آگیا اور کھڑے ہو کر آپ کی رسالت کی شہادت دی، پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے عکرمہ اب تم خوش ہو، اتنا کافی ہے، عکرمہ نے کہا اب اسے حکم دیجیے کہ اپنی جگہ واپس چلا جائے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھر اشارہ فرمایا اور پتھر پانی پر تیرتا ہوا اپنی جگہ واپس جا کر نصب ہو گیا۔

چنانچہ پتھر کا پانی پر تیرنا اور اس کا غرق نہ ہونا لکڑی کی کشتی کے پانی پر تیرنے اور غرق نہ ہونے سے زیادہ عجیب ہے۔

حضرت ابراہیم اور ہمارے نبی علیہما الصلاۃ والسلام

اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو یہ فضیلت عطا فرمائی کہ نمرود کی آگ ان پر سلامتی کے ساتھ سرد ہو گئی، اور ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کافروں کی آتش جنگ سرد کی، جنگ کی آگ میں تلواریں، اس کی لکڑیاں اور ایندھن اور اس آگ کی لپٹ موت ہوتی ہے اسے سلگانے والی شئ حسد اور اس میں جلنے والی چیزیں روح اور جسم ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

كلما اوقدوا نارا للحرب اطفأها الله .

یعنی جب کافروں نے جنگ کی آگ بھڑکائی اللہ نے اسے بجھا دیا۔

کافروں نے بہت چاہا کہ کفر کی آگ سے دین کے نور کو سرد کریں مگر اللہ تعالیٰ نے جبار و قہار بھی

ہے ہر بار رد فرما دیا اور اپنے نور کو مکمل و اتم فرما دیا اور ان کی شرارت کی آگ کو بجھا دیا۔ چنانچہ فرمایا :

یابی اللہ الا ان یتم نورہ و لو کرہ الکافرون ۔

یعنی اللہ انکار فرماتا ہے مگر یہ کہ اپنے نور کو مکمل فرمائے اگرچہ کافروں کو برا معلوم ہو۔

اور یہ بھی مذکور ہے کہ شب معراج حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دریائے آتش (کرۂ نار) پر سے بہ سلامت گزر فرمایا۔

مقام خلت ومحبت

اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ کو مقام خلت عطا فرمایا اور ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مقام محبت مرحمت فرمایا۔ مقام محبت، مقام خلت سے عالی تر ہے۔

حبیب اس محب کو کہتے ہیں جو مقام محبوبیت تک پہنچا ہوا ہو، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شفاعت عام سے خاص فرمانا اور اس مقام میں تکلم کی اجازت دینا آپ کی محبوبیت ہی کے زیر اثر ہے۔

بعض کہتے ہیں کہ آپ میں مقام خلت اور مقام محبت دونوں جمع تھے، آپ کا مقام خلت حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے مقام خلت سے اکمل وافضل ہے۔

اصنام شکنی

اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کو تبر سے بتوں کو توڑنے کی عزت مرحمت فرمائی تو ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسے مضبوط و مستحکم بتوں کو جو خانۂ کعبہ کی دیواروں میں نصب تھے لکڑی کے اشارہ سے توڑا اور فرمایا **جاء الحق و زھق الباطل** حق آیا اور باطل فرار ہوا۔

حضرت موسیٰ اور ہمارے نبی علیہما السلام

اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو یہ معجزہ مرحمت فرمایا کہ ان کا عصا اژدھا بن جاتا تھا اور ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کی مانند یہ معجزہ مرحمت ہوا کہ استوانہ حنانہ (یعنی کھجور کا وہ تنا جس سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ٹیک لگا کر خطبہ دیتے تھے جب منبر شریف بنا تو اسے علیحدہ کر دیا گیا یہ استوانہ) آپ کے فراق میں فریاد کرتا اور بزبان فصیح روتا تھا۔

اور حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو ید بیضا اور وہ چمک عطا فرمائی جس سے آنکھیں چندھیا جاتی تھیں اور ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سر تا بقدم مجسم نور تھے کہ دیدۂ حیرت، آپ کے جمال با کمال سے خیرہ ہو جاتے تھے اگر آپ بشریت کا نقاب نہ پہنے ہوتے تو کسی کے لیے تاب نظر اور آپ کے حسن کا ادراک ممکن نہ ہوتا، اور آپ کا جوہر نوری حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لے کر حضرت عبداللہ تک اصلاب طاہرہ اور ارحام طیبہ میں منتقل ہو کر آتا رہا۔

پانی جاری کرنا

حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا یہ معجزہ کہ وہ پتھر سے پانی رواں فرما دیتے اور پتھر سے چشمہ برآمد کرتے تو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تو اپنی انگشتہائے مبارک سے چشمہ جاری فرما دیا، پتھر تو زمین ہی کی جنس سے ہے اور اس سے چشمے بہا ہی کرتے ہیں لیکن اس کے برخلاف گوشت، پوست سے پانی کا چشمہ جاری کرنا حد درجہ عظیم ہے۔

کلام فرمانا

یہ جو حق تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی فضیلت میں ارشاد فرمایا :

و کلم موسیٰ تکلیما. یعنی اللہ تعالیٰ نے موسیٰ سے براہ راست کلام فرمایا۔

تو ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فضیلت شب اسریٰ مرحمت فرمائی، مزید برآں یہ کہ قرب اور کلام دونوں سے خاص فرمایا، نیز یہ کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مقام مناجات، آسمانوں سے اوپر سدرۃ المنتہیٰ ہے جہاں خلق کے علوم کی حد ہے، اور حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا مقام مناجات طور سینا ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مناجات کی جگہ سماوات علیٰ ہے۔

فصاحت وبلاغت

اب رہی یہ بات کہ حضرت ہارون علیہ الصلاۃ والسلام کو زبان کی فصاحت دی جیسا کہ حدیث میں ہے۔

اخی ھارون ھو افصح منی لسانا.

یعنی میرے بھائی ہارون زبان میں مجھ سے زیادہ فصیح ہیں۔

اور ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فصاحت وبلاغت اتنی زیادہ ہے کہ اس سے زائد تو درکنار اس کے برابر کا تصور کرنا بھی ممکن نہیں، حضرت ہارون علیہ الصلاۃ والسلام کی فصاحت صرف عبرانی زبان تک محدود تھی، لیکن عربی زبان اس سے زیادہ فصیح ہے۔ نیز حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے افصح منی یعنی مجھ سے زیادہ فصیح ہیں، فرمایا، مطلقاً یہ نہیں فرمایا کہ کائنات میں سب سے زیادہ فصیح ہیں۔ وجہ یہ تھی کہ حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی زبان میں لکنت تھی۔

حضرت یوسف اور ہمارے نبی علیہما السلام

حضرت یوسف علیہ الصلاۃ والسلام کو نصف حسن دیا گیا اور ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم کو اس کا کل دیا گیا، جو بھی آپ کے حلیہ شریف کے سلسلے میں منقولات پر غور وفکر کرے گا وہ آپ کے حسن و جمال کی تفصیلات کو پالے گا، کیوں کہ آپ جیسا باکمال حسن کسی انسان میں نہ ہوا ہے نہ ہوگا، حضرت یوسف علیہ الصلاۃ والسلام کو حسن و جمال اور چہرے کی صباحت وتابانی دی گئی تھی لیکن حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شکل وصورت مبارک کو ایسے ملاحت و جمال عطا ہوئے جو کہیں اور موجود نہ تھے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قدر حسنہ وجمالہ۔

حضرت داؤد اور ہمارے نبی علیہما السلام

حضرت داؤد علیہ الصلاۃ والسلام کو لوہے کو نرم کر دینے کا جو معجزہ عطا ہوا کہ (جب آپ لوہے پر ہاتھ پھیرتے تو وہ نرم ہو جاتا) اور آپ کے دست مبارک میں خشک لکڑی سبز ہو جاتی اور اس میں پتے نمودار ہو جاتے، تو ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ام معبد کی اس بکری پر اپنا دست اقدس پھیرا جو سوکھ کر لاغر و کمزور اور ناتواں ہو گئی تھی، آپ کے دست اقدس کی برکت سے اس کے تھن تروتازہ ہو گئے اور دودھ جاری ہو گیا اور وہ اتنا وافر دودھ دینے لگی جو عام طور پر بکریوں کی عادت کے خلاف تھا، اگر داؤد علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے لوہا نرم ہو جاتا تھا تو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے سخت پتھر کو نرم کیا گیا۔

حافظ ابونعیم روایت کرتے ہیں کہ جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غار میں داخل ہوئے اور اپنے آپ کو اس میں پنہاں کرنے کا ارادہ فرمایا تو اپنا سر مبارک پہلے غار میں داخل فرمایا، یہاں تک کہ آپ کا سر مبارک داخل ہو گیا اور سخت پتھر کشادہ ہو گیا، معلوم ہوا کہ آپ کے لیے پتھر نرم کیا گیا اور آپ کے بازوئے مبارک نے اس میں اثر کیا اور صخرۂ بیت المقدس گندھے ہوئے آٹے کی مانند نرم کیا گیا پھر اس میں اپنی سواری کے جانور کو باندھا۔ حضرت داؤد علیہ الصلاۃ والسلام کے ساتھ پہاڑوں

نے تسبیح کی اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست مبارک میں پتھروں نے تسبیح کی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حضرت سلیمان اور ہمارے نبی علیہما السلام

حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کو پرندوں کی بولیوں کا علم، شیاطین اور ہوا کی تسخیر اور ایسی حکومت جو آپ کے بعد کسی کو بھی میسر نہ ہوئی عطا فرمائی گئی مگر ہمارے نبی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی اس کی مانند مع زیادتی واضافہ کے عطا فرمایا گیا۔

حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے فرمایا گیا اوتینا منطق الطیر.

یعنی مجھے پرندوں کی بولیوں کی سمجھ عطا فرمائی گئی۔

تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست اقدس پر پتھروں نے کلام کیا اور تسبیح کی، حالاں کہ کنکریاں جمادات ہیں تو پرندوں کے بولنے سے پتھر کا بولنا زیادہ نادر وعجیب ہے۔ اور آپ سے بھنی ہوئی زہر آلود بکری اور ہرن نے کلام کیا اور آپ سے دوسرے کی شکایت کی۔

ایک روایت میں ہے کہ ایک پرند آیا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک کے گرد چکر لگانے لگا اور بات کی، آپ نے فرمایا لوگو! تم میں سے کس نے اس پرند کو اس کے بچے کو پکڑ کر اذیت پہنچائی ہے، اسے لازم ہے کہ اس کے بچے کو واپس لوٹا دے اسی طرح حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بھیڑیئے کے کلام کرنے کا قصہ بھی مشہور ہے۔

حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے ہوا کو مسخر کیا گیا تاکہ وہ آپ کو زمین کے کناروں اور گوشوں تک لے جائے لیکن حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو براق دیا گیا جو ان کی ہوا سے تیز تر بلکہ برق خاطف سے بھی تیز تر تھا وہ حضور کو ایک لمحہ میں فرش سے عرش پر لے گیا۔ اور ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم کے لیے زمین کو لپیٹا اور کھینچا گیا تا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے مشارق و مغارب کو ملاحظہ فرمائیں۔

یہ فرق و امتیاز ان دو شخصوں کے درمیان ہے جن میں سے ایک زمین کی طرف کوشش کے ساتھ دوڑ کر جائے اور دوسرے شخص کی طرف خود زمین کھینچ کر آجائے۔

اب رہا یہ کہ حضرت سلیمان علیہ الصلاۃ والسلام کو ایسی حکومت عطا فرمائی گئی جو آپ کے بعد کسی کے لائق نہ تھی تو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بادشاہ ہونے یا بندہ ہونے کے درمیان اختیار دیا گیا مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بندگی کو اختیار فرمایا، یہ ایسا ملک عظیم ہے جس کے زائل ہونے کا خدشہ ہی نہیں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد ایسا ملک کسی کو بھی میسر نہ ہوا۔

حضرت عیسیٰ اور ہمارے نبی علیہما السلام

یہ جو حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو اندھے، کوڑھی کو تندرست کرنے اور مردوں کو زندہ کرنے کا معجزہ دیا گیا تو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی ایسا ہی معجزہ دیا گیا۔ چنانچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوقتادہ کی وہ آنکھ جو باہر نکل پڑی تھی دوبارہ اپنی جگہ لوٹائی تو وہ پہلے سے کہیں زیادہ بہتر ہوگئی۔

مروی ہے کہ حضرت معاذ بن عفراء کی بیوی برص میں مبتلا تھیں وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اس کی شکایت لائیں حضور نے اپنے ہاتھ کی لکڑی سے برص کے مقام پر ملا، حق تعالیٰ نے برص کو دور فرما دیا۔

مواہب لدنیہ میں امام فخر الدین رازی اور بیہقی دلائل النبوۃ میں یہ قصہ نقل فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کی کہ میں اس وقت ایمان لاؤں گا جب میری

مری ہوئی لڑکی کو آپ دوبارہ زندہ فرمادیں گے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی قبر پر کھڑے ہو کر آواز دی، اے فلاں، اسی وقت لڑکی قبر سے نکل کر کہنے لگی لبیک و سعدیک یا رسول اللہ ۔ الحدیث.

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مردوں کو زندہ فرمانا متعدد مرتبہ واقع ہوا ہے۔ نیز پتھروں اور کنکریوں کا آپ کے دست اقدس پر تسبیح کرنا اور حجر اسود کا آپ کو سلام کرنا اور استن حنانہ کا آپ کے فراق میں گریہ وزاری کرنا، مردوں کے کلام سے زیادہ اتم وابلغ ہے۔

رہا حضرت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کا آسمان پر اٹھایا جانا تو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شب معراج اس سے کہیں بالاتر مقامات پر لے جایا گیا، اور وہاں تک کوئی بھی نہیں لے جایا گیا، پھر آپ کو مزید درجات عالیہ سے مخصوص فرمایا گیا مثلاً خلوت قدس میں مناجات کا سننا اور قسم قسم کے مشاہدات و کرامات سے سرفراز ہونا وغیرہ۔

الحاصل تمام انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والتسلیم کو جتنے بھی فضائل وکمالات اور معجزات دیئے گئے تھے وہ تمام حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات ستودہ صفات میں بدرجۂ اتم موجود ہیں۔

خوبی و شکل شمائل حرکات و سکنات
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

●

حسن یوسف دم عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

خصائص صفات واحوال

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وہ خصائص جو احکام کے قبیل سے نہیں بلکہ صفات واحوال

کے قبیل سے ہیں، ان کا کوئی حد وحساب نہیں، خصوصاً وہ صفات واحوال جو باطن سے تعلق رکھتے ہیں کسی کا علم بھی ان کی کنہ تک نہیں پہنچتا۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سب سے اعلیٰ واکمل فضیلت یہ ہے کہ حق تبارک وتعالیٰ نے آپ کی روح پرانوار کو ساری مخلوق کی ارواح سے پہلے پیدا فرما کر تمام مکونات کی روحوں کو آپ کی روح سے تخلیق فرمایا، اور آپ اس وقت بھی نبی تھے جب حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام ہنوز روح و جسد کے درمیان تھے جیسا کہ ترمذی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا اور عالم ارواح میں بھی انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی ارواح مقدسہ کو آپ کی روح پرانوار نے مستفیض فرمایا۔

جب تک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح کا آفتاب پردۂ غیب میں رہا، انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے ستار ہائے درخشاں آپ کے نور سے منور ہو کر عالم ظہور میں جگمگاتے رہے، جب آپ کی نبوت کے آفتاب نے طلوع وظہور فرمایا تو وہ روپوش اور مخفی ہو گئے۔ بعینہ اسی طرح جیسے رات میں ستاروں کا رنگ و روپ چمکتا دمکتا ہے اور جب سورج چمکتا دمکتا ہے، اور یہ سورج طلوع ہوتا ہے تو وہ ماند پڑ کر روپوش ہو جاتے ہیں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روایت فرمایا ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا عالم آفرینش میں، میں سارے نبیوں سے پہلے اور عالم ظہور و بعثت میں ان سب سے آخر میں ہوں۔

آپ کے خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ آپ ہی وہ اول ہیں جس نے روز الست میثاق لیا، اور آپ ہی وہ اول جس نے اس روز سب سے پہلے بلیٰ (ہاں) کہا جیسا کہ حدیث پاک میں آیا ہے۔

اور انھیں خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ آدم وعالم اور آفرینش عالم کا مقصود اصلی آپ ہی کا وجود

گرامی ہے۔آپ کا نام نامی اسم گرامی عرش، پر جنت کے دروازے پر اور اس کی ہر جگہ پر لکھا گیا۔

انھیں خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ تمام نبیوں سے اس کا عہد لیا گیا کہ جب آپ مبعوث ہوں تو وہ آپ پر ایمان لائیں۔

انھیں خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ گزشتہ تمام آسمانی کتابوں میں آپ کے وجود گرامی کی خبریں اور آپ کی بشارتیں واقع ہیں، یہ کہ آپ کے نسب مبارک میں آدم علیہ الصلاۃ والسلام تک آپ کے سبب کبھی بھی سفاح یعنی زنا واقع نہیں ہوا۔جیسا کہ عہد جاہلیت میں عادت تھی، اور یہ کہ ہر زمانے میں بنی آدم کے بہترین قرن میں اٹھایا گیا، اور بہترین قبائل کے بہتروں میں منتقل کیا جاتا رہا ہے۔

جیسا کہ حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کی اولاد میں سے بنی کنانہ کو سرفرازی بخشی، بنی کنانہ سے قریش کو، قریش سے بنی ہاشم کو اور بنی ہاشم سے مجھے برگزیدہ فرمایا۔

لہٰذا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سرفرازوں میں سرفراز اور بہتروں میں بہترین اور برگزیدگان میں برگزیدہ تر ہیں۔ بوقت ولادت مبارکہ تمام بت سرنگوں ہوکر گر پڑے، شکم مادر سے ختنہ شدہ، غیر آلودہ پاک اور ناف بریدہ تولد ہوئے، پیدا ہوتے ہی سجدہ کیا اس طرح کہ بجانب آسمان نظر بلند تھی اور انگشت شہادت اٹھی ہوئی تھی، آپ کی والدہ سیدہ آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دیکھا کہ ان سے ایک نور نے جلوہ فرمایا جس سے شام کے تمام قصور اور محلات روشن ہوگئے، آپ کے جھولے کو فرشتوں نے جھلایا، اور مہد میں آپ نے کلام فرمایا، اہل سیر لکھتے ہیں کہ مہد میں چاند آپ سے باتیں کرتا اور جدھر اشارہ فرماتے جھک جاتا تھا۔

چاند جھک جاتا جدھر انگلی اٹھاتے مہد میں
کیا ہی چلتا تھا اشاروں پر کھلونا نور کا

انھیں خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے دھوپ میں بادل سایہ

کرتے تھے، ایسا ہمیشہ نہ تھا بلکہ متعدد اوقات میں ایسا ہوا، زمانۂ طفلی میں جب کہ آپ اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ سفر میں تھے بحیرہ راہب نے آپ کو (بادل کے سایہ کرنے سے) پہچانا۔

انھیں خصائص میں سے آپ کا شق صدر ہے۔ اس کا وقوع چار مرتبہ ہوا ہے۔

پہلی مرتبہ بچپن میں جب کہ آپ بنی سعد میں تھے۔

دوسری مرتبہ دسویں سال میں۔

تیسری مرتبہ بعثت کے وقت۔

چوتھی مرتبہ شب معراج میں۔

اور انھیں خصائص میں سے آپ کی خدمت میں ابتدائے وحی کے وقت جبریل علیہ السلام کا آ کر لپٹانا اور آپ کے وجود شریف میں تصرف کرنا ہے، اسے بھی علماء نے خصائص میں شمار کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ کسی نبی کے ساتھ ایسا نہ ہوا۔

انھیں خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ حق تعالیٰ نے آپ کے ہر عضو مبارک کا قرآن پاک میں ذکر فرمایا ہے۔

انھیں خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنے اسم صفت ''محمود'' سے آپ کا اسم مبارک احمد، محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نکالا، آپ سے پہلے یہ نام کسی اور کے نہیں رکھے گئے، حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور کی نعت و مدح میں فرماتے ہیں:

و شق لہ من اسمہ لیجلہ
فذو العرش محمود و ھذا محمد

انھیں خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ حق تعالیٰ نے آپ کو بہشتی کھانا پینا کھلایا اور پلایا ہے۔

انھیں خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پشت کی طرف بھی ایسا ہی دیکھتے تھے جس طرح سامنے سے دیکھتے تھے، اور رات کی تاریکی میں ایسا ہی ملاحظہ فرماتے جیسا دن کی روشنی میں ملاحظہ فرماتے۔

انھیں خصائص میں سے یہ ہے کہ جب آپ پتھر پر چلتے تو آپ کے دونوں قدم مبارک پتھر میں نقش ہو جاتے جس طرح کہ مقام ابراہیم علیہ السلام میں ہے، اور آپ کی دونوں کہنیوں کا نشان مکہ کے پتھر میں مشہور ہے، آپ کے گھوڑے کی سموں کا نشان مدینہ طیبہ میں بنی معاویہ کی مسجد میں واقع ہے۔ آپ کا لعاب کھاری پانی کو شیریں بناتا اور شیر خوار بچے کو دودھ سے بے نیاز کرتا، بیماروں کو شفا دیتا اور زخمیوں کے زخموں کو بھرتا تھا۔ آپ کے بغلوں کا رنگ سفید و سرخ تھا جن میں بال نہ تھے اور نہ جسم اطہر کے رنگ سے مختلف تھا، ان میں بو بھی نہ تھی۔

آپ کی آواز مبارک اتنی دور تک سنائی دیتی تھی جہاں تک آپ کے سوا کسی کی آواز نہیں پہنچ سکتی، اور یہ کہ آپ کی آنکھیں تو سوتی تھیں لیکن دل نہیں سوتا تھا، اور جو بھی آپ کے پاس بات کرتا اس کی بات سنتے تھے، اور یہ کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی بھی انگڑائی نہ لی، اور حضور کے جسم اطہر پر کبھی مکھی نہ بیٹھی اور نہ آپ کے کپڑوں میں جوں پڑی، حضور کو کبھی احتلام بھی نہ ہوا اور نہ کسی اور نبی کو۔ آپ کے سینۂ مبارک کی خوشبو مشک نافہ سے زیادہ تھی، اور یہ کہ زمین پر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سایہ نہ پڑتا تھا کیوں کہ زمین محل کثافت و نجاست ہے اور سورج کی روشنی میں کبھی بھی آپ کا سایہ نہ دیکھا گیا، اور یہ کہ جب آپ طویل القامت لوگوں کے درمیان چلتے تھے تو آپ ان سب میں دراز تر معلوم ہوتے۔

اور آپ کے خصائص میں سے یہ بھی ہے کہ آپ کی بعثت کے وقت سے کاہنوں اور شیاطین کا آسمان سے چوری چھپے خبریں سننے کا سلسلہ منقطع ہوگیا اور آسمان کی حفاظت کی گئی، حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے شب اسریٰ میں زین ولگام کے ساتھ براق لایا گیا اور یہ کہ راتوں رات حضور کو مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک لے جایا گیا اور وہاں سے مقام اعلیٰ تک، اور آیات کبریٰ یعنی بڑی بڑی نشانیاں دکھائی گئیں اور نظر مبارک کو ماسوا سے بچایا گیا، آپ کے لیے تمام انبیاء حاضر کیے گئے اور آپ نے ان کی اور فرشتوں کی امامت فرمائی، آپ کو بہشت کی سیر کرائی گئی اور دوزخ کا معائنہ کرایا گیا اور اس مقام تک لے جایا گیا جہاں تک کسی کا علم نہ پہنچ سکا اور بچشم سر پروردگار عالم کی دید کی اور حق سبحانہ وتعالیٰ نے آپ کے لیے کلام ورویت جمع فرمائے اور آپ کو اس عالم میں اپنے جمال کی رویت سے مشرف فرمایا اور کسی فرشتے اور نبی وولی کو یہ فضیلت میسر نہ ہوئی۔

انھیں خصائص میں سے یہ ہے کہ جس جگہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیر فرماتے اور چہل قدمی کرتے، فرشتے آپ کی پشت مبارک کے پیچھے چلتے تھے، اور یہ کہ فرشتے آپ کی معیت میں قتال کرتے جیسا کہ غزوۂ بدر وحنین میں واقع ہوا۔ اور آپ کو کتاب عزیز دی گئی حالاں کہ آپ امی تھے نہ کسی سے کچھ پڑھا لکھا اور نہ کسی مدرسے میں گئے اور نہ کسی اہل علم کی مجلس میں حاضری دی، اور آپ کی کتاب مبارک کو تبدیل وتحریف سے محفوظ کیا گیا، اور اس کتاب کو ہر اس امتی پر جو خواہش کرے اس کا حفظ کرنا آسان کردیا گیا اور دوسری امتوں میں سے کوئی ایک بھی اپنی کتاب کو حفظ نہیں کرسکا۔

انھیں خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خزانوں کی کنجیاں عطا فرمائی گئیں، اور حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام لوگوں کی طرف مبعوث ہوئے اور آپ رسول الثقلین ہیں اور اجنہ اور انسان کی جانب مبعوث ہیں اور بعض ملائکہ کی جانب بھی اور بعض تمام اجزائے عالم کی جانب بھی فرماتے ہیں، چنانچہ وہ آپ کی رسالت کی شہادت دیتے اور شجر وحجر آپ پر سلام عرض

کرتے ہیں۔

آپ کے اور آپ کی امت کے لیے غنیمتوں کو حلال کیا گیا حالاں کہ آپ سے پہلے کسی ایک کے لیے بھی غنیمتوں کو حلال نہ کیا گیا تھا، اور آپ کے لیے زمین کو ذریعہ پاکی بنایا گیا یعنی اس سے طہارت کے لیے تیمم کرنا جائز ہے، دوسری شریعتوں میں پانی کے سوا کسی دوسری شئ سے طہارت کرنا درست نہ تھا، اسی طرح دیگر امتوں کے لیے مخصوص مقامات کے سوا نماز ادا کرنا جائز نہ تھا۔

انھیں خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزات تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے معجزات سے بہت زائد ہیں اور قرآن کریم سراسر معجزہ ہے، اور آپ انبیاء و مرسلین کے خاتم یعنی آخری ہیں اور آپ کے بعد کوئی نبی نہ ہوگا، اور حق تعالیٰ نے آپ کو رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا وغیرہ وغیرہ۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

شانِ رسالت میں اعتقاد

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انفرادی خصوصیات کو ثابت کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ یوں تحریر فرماتے ہیں:

خلاصہ اعتقاد شان رسالت میں یہ ہے کہ مرتبۂ وجود میں صرف اللہ عزوجل ہے باقی سب ظلال، اور مرتبۂ ایجاد میں صرف حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں باقی سب عکس و پرتو۔

توحیدیں دو ہیں ایک توحید الٰہی کہ اللہ ایک ہے ذات وصفات و اسماء و افعال و احکام و سلطنت کسی بات میں اس کا کوئی شریک نہیں۔ **لا الہ الا اللہ لیس کمثلہ شئ ہل تعلم لہ سمیا ہل من خالق غیر اللہ و لا یشرک فی حکمہ احدا و لم یکن لہ شریک فی الملک.**

اور دوسری توحید رسول کہ حضور اپنی جمیع صفات کمالیہ میں تمام عالم سے متفرد ہیں:

منزه عن شريك في محاسنه
فجوهر الحسن فيه غير منقسم

حضور اپنے تمام فضائل ومحاسن میں شریک سے پاک ہیں جوہر حسن آپ میں غیر منقسم ہے۔

خلاصہ ایمان یہ ہے جو محقق دہلوی فرماتے ہیں:

مخواں او را خدا از بہر حفظ و شرع پاس دیں
دگر ہر وصف کش میخواہی اندر مدحش املا کن

دین وشریعت کے پاس ولحاظ کے سبب سے ان کو خدامت کہو اس کے علاوہ جس وصف کو چاہو ان کی مدح وصفت میں لکھو۔ (مولف)

اوران سے پہلے حضرت امام محمد بوصیری قدس اللہ تعالیٰ سرہ الشریف فرما گئے۔

دع ما ادعته النصارىٰ في نبيهم
و احكم بما شئت مدحا فيه و احتكم

●

فانسب الى ذاته ما شئت من شرف
و انسب الى قدره ما شئت من عظم

●

فان فضل رسول الله ليس له حد
فيعرب عنه ناطق بفم

اتنی بات تو چھوڑ دے جو نصاریٰ نے اپنے نبی کے بارے میں ادعا کیا (یعنی خدا اور خدا کا بیٹا) اسے چھوڑ باقی حضور کی مدح میں جو کچھ تیرے جی میں آئے کہہ اور مضبوطی سے حکم لگا تو ان کی ذات پاک

کی طرف جتنا شرف چاہے منسوب کر اور ان کے مرتبہ کریمہ کی طرف جتنی عظمت چاہے ثابت کر اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل کی کوئی انتہا ہی نہیں کہ بیان کرنے والا کیسا ہی گویا ہو اسے بیان کرے۔

بفرض محال اگر عالم ناسوت میں کوئی صورت الوہیت فرض کی جاتی تو وہ نہ ہوتی، مگر محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (الملفوظ حصہ دوم)

حضور شبیہ سے منزہ ہیں

امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شکل مبارک سر سے سینہ تک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشابہ تھی، اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سینے سے ناخن پا تک، اور حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سر سے پاؤں تک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشابہ ہوں گے، ایک صحابی حضرت عابس بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شباہت کچھ کچھ سرکار سے ملتی تھی جب وہ تشریف لاتے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تخت سے سروقد کھڑے ہو جاتے۔

پھر امام احمد رضا بریلوی نے فرمایا۔ اور یہ تو ظاہری شباہت ہے ورنہ فی الحقیقت وہ ذات اقدس تو شبیہ سے منزہ و پاک بنائی گئی ہے کوئی ان کے فضل میں شریک نہیں۔ امام محمد بوصیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ قصیدہ بردہ شریف میں عرض کرتے ہیں :

منزہ عن شریک فی محاسنہ

فجوھر الحسن فیہ غیر منقسم

حضور اپنے تمام فضائل و محاسن میں شریک سے پاک ہیں جو ہر حسن آپ میں غیر منقسم ہے۔

حضور کا نظیر محال ہے

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نظیر محال و ممتنع ہونے کے سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ارشاد فرماتے ہیں :

وہ ذات تو اللہ تعالیٰ نے بے مثل و بے نظیر بنائی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نظیر محال بالذات ہے۔ تحت قدرت ہے ہی نہیں، ہو ہی نہیں سکتا نہ اولین میں نہ آخرین میں نہ انبیاء میں نہ مرسلین میں۔ (الملفوظ حصہ سوم)

حضور سے عالم منور و موجود ہے

اللہ تعالیٰ تو اعرف المعارف ہے ہر شئ کو تعین تو وہیں سے عطا ہوتی ہے۔ وہ تو اس قدر ظاہر ہے کہ اسکا بے غایت ظہور ہی سبب ہو گیا اس کی بے نہایت بطون کا، قاعدہ ہے کہ شئ جب تک ایک حد معتاد تک ظاہر رہتی ہے مرئی ہوتی ہے اور جب اس حد سے گزرتی ہے نظر نہیں آتی، آفتاب طلوع کے بعد کچھ بخارات، سحابات وغیرہ میں ہوتا ہے پوری طرح نظر آتا ہے، خوب اچھی طرح اس پر نگاہ جم سکتی ہے اور جتنا بلند ہوتا جاتا ہے نگاہ میں خیرگی آتی جاتی ہے یہاں تک کہ جب بالکل نصف النہار پر آجاتا ہے نگاہ کی مجال نہیں کہ اس پر جم سکے مگر پھر بھی اس کا ظہور ایک حد ہی تک ہے اس لیے اگر چہ ہم اس کو دیکھ نہیں سکتے پھر بھی اس کی روشنی سے مستفید ہو سکتے ہیں۔

چودھویں شب کو جب آفتاب ہم سے بالکل پوشیدہ ہو جاتا ہے کسی کی طاقت نہیں کہ آفتاب سے روشنی لے سکے اس وقت ماہتاب، آفتاب اور اہل زمین کے درمیان متوسط ہو کر آفتاب سے نور لیتا ہے اور اہل زمین کو نور پہنچاتا ہے۔ جو چاہے کہ اس ماہتاب سے نور نہ لوں گا بلکہ آفتاب ہی سے نور لوں گا ہرگز نہیں لے سکتا۔

بلاتشبیہ ذات باری تعالٰی بے حد ظاہر تھی اور اسی سبب سے بے حد باطن تھی تمام موجودات میں اس سے مستفید ہونے کی استعداد بھی نہ تھی اللہ تعالٰی نے ایک ماہتاب نبوت بنایا کہ آفتاب الوہیت سے منور ہو کر تمام مخلوقات کو منور کر دے۔

عرش تک پھیلی ہے تاب عارض
یوں چمکتے ہیں چمکنے والے

جو چاہے کہ بغیر وسیلے اس ماہتاب رسالت صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے کچھ حاصل کر لوں وہ خدا کے گھر میں نقب لگانا چاہتا ہے۔ بغیر اس توسل کے کوئی نعمت، کوئی دولت کسی کو کبھی نہیں مل سکتی، کون ہے جس سے تمام عالم منور و موجود ہے وہ نہ ہو تو تمام عالم پر تاریکی عدم چھا جائے وہ قمر برج رسالت سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ہیں۔

حضور نہ ہوتے تو کچھ نہ ہوتا

صحیح حدیث میں ہے خلقت الخلق لاعرفهم كرامتک و منزلتک عندی و لولاک ما خلقت الدنيا .

اے میرے حبیب میں نے خلق کو اس لیے پیدا کیا کہ جو عزت و منزلت تمھاری میرے یہاں ہے میں ان کو پہچنوا دوں اور اے میرے حبیب اگر تم نہ ہوتے تو میں دنیا کو نہ پیدا کرتا یعنی اور نہ آخرت کو کہ دنیا دار العمل اور آخرت دار الجزا ہے۔ جب دار العمل نہ ہوتا، دار الجزا کہاں سے آتا یہ تو اس پر متفرع ہے تو جب نہ دنیا ہوتی نہ آخرت تو خدا کا خدا ہونا کس پر ظاہر ہوتا یہی معنی ہیں اس کے کہ اے میرے حبیب اگر تم نہ ہوتے تو میں اپنا خدا ہونا اپنی الوہیت نہ ظاہر کرتا۔ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔

(الملفوظ حصہ چہارم)

حضور صراط مستقیم ہیں

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں :

عبداللہ بن عباس و امام ابو العالیہ و امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں الصراط المستقیم رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و صاحباه .

صراط مستقیم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ابو بکر صدیق و عمر فاروق ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

اسے ابو العالیہ نے بطریق عاصم احول اور حاکم و عبد بن حمید و ابن جریر و ابن ابی حاتم و ابن عدی و ابن عساکر ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔ (مقال عرفا باعزاز شرع وعلماء)

حضور کی پکار

ایک صحابی نماز پڑھ رہے تھے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں ندا فرمائی انھوں نے بعد فراغ نماز آکر عذر نماز عرض کیا فرمایا کیا تم نے نہ سنا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا یا ایها الذین آمنوا استجیبوا لله و للرسول اذا دعاکم .

اے ایمان والو اللہ و رسول کی پکار کا جواب دو۔ (مولف)

حضور کا کلام مفسد نماز نہیں

ذوالیدین کے قصہ میں ہے کہ حضور نے صحابہ سے اور صحابہ نے حضور سے باتیں کیں جب سہو تحقیق ہو گیا باقی ماندہ نماز مع اصحاب ادا فرمائی وہ کلام مبطل نماز نہ ہوا۔

تمام متون فقہ میں تصریح ہے کہ کسی کو سلام اگر چہ سہواً ہو مفسد نماز ہے اور یہاں حکم ہے کہ وسط نماز میں عرض کریں السلام علیک ایها النبی ورحمة الله وبرکاته . (عرفان شریعت حصہ سوم)

ابوت آدم

حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام عالم صورت میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باپ ہیں ولہذا مدخل امام ابن الحاج مکی میں ہے، سیدنا آدم علیہ الصلاۃ والسلام جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یاد کرتے یوں کہتے یا ابنی صورة وابای معنی اے ظاہر میں میرے بیٹے اور حقیقت میں میرے باپ۔ صلی اللہ علیہ وسلم وعلیہ وعلی الانبیاء وکرم۔ (فتاویٰ افریقہ)

نگاہ نبوت

حدیث شریف میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں جب چاہوں جبریل کو دیکھ لوں کہ ملتزم سے لپٹا ہوا کہہ رہا ہے یاواجد یا ماجد لا تزل عنی نعمة انعمتها علی .

(ذیل المدعا لاحسن الوعا)

اے واجد، اے ماجد، تو نے مجھ پر جو انعام فرمایا ہے اسے مجھ سے دور نہ کرے۔ (مولف)

ابراہیم علیہ السلام کی دعا

حدیث میں ہے کہ فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انا دعوة ابراهیم و کان آخر من بشربی عیسی بن مریم .

میں اپنے باپ ابراہیم کی دعا ہوں اور سب میں پچھلے میری بشارت دینے والے عیسیٰ تھے۔ علیہم الصلاۃ والسلام۔

اسے طیالسی وابن عساکر وغیرہما نے عبادۃ بن الصامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ۱۲، ص ۳۷)

غیر مشترک اوصاف

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بہت فضائل جلیلہ و خصائص کریمہ ناقابل اشتراک ہیں جیسے افضل الانبیاء، خاتم النبیین، سید المرسلین، اول خلق اللہ، افضل خلق اللہ، اول شافع، اول مشفع، نبی الانبیاء۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۶۰)

انبیاء پر حضور کی فضیلت

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی فرمایا **فضلت علی الانبیاء بست.**

میں چھ باتوں میں تمام انبیاء پر فضیلت دیا گیا۔ اسے مسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

کہیں فرمایا **اعطیت خمسا لم یعطھن احد من قبلی .**

مجھے پانچ چیزیں وہ عطا ہوئیں کہ مجھ سے پہلے کسی کو نہ ملیں۔ اسے بخاری و مسلم نے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ایک حدیث میں ہے **فضلت علی الانبیاء بخصلتین.**

میں انبیاء پر دو باتوں میں فضیلت دیا گیا۔ اسے بزار نے ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

دوسری میں ہے **ان جبریل بشرنی بعشر لم یؤتھن نبی قبلی .**

جبریل نے مجھے دس چیزوں کی بشارت دی کہ مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہ ملیں، اسے ابن ابی حاتم و عثمان الدارمی و ابونعیم نے عبادۃ بن الصامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ان سب احادیث میں نہ صرف عدد کہ معدود بھی مختلف ہیں، کسی میں کچھ فضائل شمار کیے گئے، کسی میں کچھ، کیا یہ حدیثیں معاذ اللہ باہم متعارض سمجھی جائیں گی یا دو یا دس میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فضیلتیں منحصر، حاش للہ! ان کے فضائل نامقصور اور خصائص نامحصور بلکہ حقیقۃً ہر کمال، ہر فضل، ہر خوبی میں عموماً، اطلاقاً انھیں تمام انبیاء و مرسلین و خلق اللہ اجمعین پر تفضیل تام و عام مطلق ہے کہ جو کسی کو ملا وہ سب انھیں سے ملا اور جو انھیں ملا وہ کسی کو نہ ملا۔ ع

آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

بلکہ انصافاً جو کسی کو ملا آخر کس سے ملا، کس کے ہاتھ سے ملا، کس کے طفیل میں ملا، کس کے پرتو سے ملا اسی اصل ہر فضل و منبع ہر جود و سرا ایجاد و تخم وجود سے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ع فانما اتصلت من نوره بهم. (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۱۷)

حضور کے لیے زمین مسجد بنادی گئی

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جعلت لی الارض مسجدا و طهورا و ایما رجل من امتی ادرکته الصلاة فلیصل.

میرے لیے زمین مسجد اور پاک کرنے والی بنائی گئی تو میرے امتی کو جہاں کہیں نماز کا وقت آئے نماز پڑھے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۴۳۷)

حضور کا ہمزاد مسلمان ہے

ہر ایک آدمی کے ساتھ ایک شیطان وقرین رہتا ہے کیا وہ حضور کے ساتھ بھی ہے اس سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

ہمزاد از قسم شیاطین ہے وہ شیطان کہ ہر وقت آدمی کے ساتھ رہتا ہے وہ مطلقاً کافر ملعون ابدی

ہے سوا اس کے جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر تھا وہ برکت صحبت اقدس سے مسلمان ہو گیا، صحیح مسلم میں عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ما منکم من احد الا و معه قرينه من الجن و قرينه من الملائكة قالوا و اياک يارسول الله قال و اياى و لكن الله اعانى عليه فاسلم فلا يأمرنى الا بخير.

تم میں سے ہر ایک کے ساتھ جنات میں سے ایک مصاحب اور فرشتوں میں سے ایک مصاحب رہتا ہے، صحابہ نے عرض کی اور آپ یارسول اللہ؟ فرمایا اور میرے ساتھ بھی، لیکن اللہ نے میری اعانت فرمائی کہ میرا مصاحب مسلمان ہو گیا تو وہ مجھے صرف بھلائی بتاتا ہے۔ **(مولف)**

اسی طرح طبرانی نے مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی اور بزار حضرت عبداللہ بن عباس یا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

فضلت على الانبياء بخصلتين كان شيطانى كافرا فاعاننى الله عليه حتى اسلم . الحديث.

دو باتوں سے اگلے انبیاء کرام علیہ الصلاۃ والسلام پر مجھے فضیلت حاصل ہے ان میں سے ایک یہ کہ میرا مصاحب کافر تھا تو اللہ کی اعانت سے وہ مسلمان ہو گیا۔ **(مولف)**

بیہقی و ابونعیم دلائل النبوۃ میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

فضلت على آدم بخصلتين كان شيطانى كافرا فاعاننى الله عليه حتى اسلم و كن ازواجى عونا لى و كان شيطان آدم كافرا و زوجته عونا على خطيئة .

حضرت آدم علیہ السلام پر دو باتوں سے مجھ کو فضیلت ہے، میرا مصاحب کافر تھا وہ اللہ کی تائید سے مسلمان ہو گیا اور میری ازواج بھی میری مددگار ہیں اور حضرت آدم علیہ السلام کا مصاحب کافر تھا اور ان کی زوجہ محترمہ سے لغزش میں معاونت کا صدور ہوا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۴۷۳)

حضور کا مشورہ

کسی اہم کام کے لیے اہل رائے سے مشورہ کرنا سنت ہے اور خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے اصحاب سے مشورہ فرماتے اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

یوں تو ہر فضل عطائی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی سے خاص ہے کہ وہی اصل و منبع و مبداء و مرجع ہر فضل ہیں۔

و کل آی اتی الرسل الکرام بها
فانما اتصلت من نوره بهم

انما مثلوا صفاتک للنا
س کما مثل النجوم الماء

مگر حقائق عطایائے محمدیہ میں یہ فضل کے بعد مشورہ بھی اپنی رائے پر اعتماد جائز ہو علماء کرام نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص سے نہ گنے البتہ وجوب مشورہ کو خصائص والا سے شمار کیا جیسا کہ امام سیوطی کی انموذج اللبیب اور امام قسطلانی کی مواہب میں ہے۔ بلکہ ہمارے علمائے کرام نے ہر حاکم ذی رائے کے لیے اس کے عموم کی تصریح فرمائی کہ مشورہ کرے پھر عمل اپنی ہی رائے پر کرے اگرچہ سب رائے دہندوں کے خلاف ہو یعنی جب کہ مشورہ سے اپنی رائے کی غلطی ظاہر نہ ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو محتاج مشورہ نہیں بلکہ ہر امر میں اپنے رب کے سوا تمام جہان سے غنی و بے نیاز ہیں حضور کا مشورہ فرمانا غلاموں کے اعزاز بڑھانے اور انھیں طریقہ اجتہاد سکھانے، امت کے لیے سنت قائم

فرمانے کے لیے تھا۔

وہ خود فرماتے ہیں: **صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اما ان اللہ و رسولہ لغنیان عنہما و لکن جعلہا اللہ رحمۃ لامتی فمن استشار منہ لم یعدم رشدا و من ترکہا لم یعدم غیا.**

بیشک اللہ اور اس کے رسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو مشورے سے بے نیاز ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کو میری امت کے لیے رحمت قرار دیا ہے تو میری امت میں سے جو مشورہ چاہے گا تو وہ ہدایت سے دور نہیں ہوگا اور جو اس کو ترک کردے گا وہ گمراہی سے دور نہیں ہوگا۔ (مولف)

بسند حسن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔ اسے ابن عدی اور بیہقی نے شعب الایمان میں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۷، ص ۴۸۱)

تحویل قبلہ میں حضور کی مرضی

رب تبارک وتعالیٰ نے ہر موقع پر اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مرضی کا خیال رکھا اور اسے پورا فرمایا بلکہ اپنے محبوب کی مرضی کو اپنی مرضی قرار دیا اور ان کی ناراضگی کو اپنی ناراضی، دنیا و آخرت دونوں میں اللہ تعالیٰ نے حضور کی رضا چاہی۔ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

بلاشبہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تابع مرضی الٰہی ہیں اور بلاشبہ کوئی بات اس کے خلاف حکم نہیں فرماتے اور بلاشبہ اللہ عزوجل حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رضا چاہتا ہے **و لسوف یعطیک ربک فترضی.**

(اور بیشک قریب ہے کہ تمھارا رب تمھیں اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے)

قد نری تقلب وجهک فی السماء فلنولینک قبلة ترضها فول وجهک شطر المسجد الحرام .

(ہم دیکھ رہے ہیں بار بار تمھارا آسمان کی طرف منہ کرنا تو ضرور ہم تمھیں پھیر دیں گے اس قبلہ کی طرف جس میں تمھاری خوشی ہے ابھی اپنا منہ پھیر دو مسجد حرام کی طرف)

حکم الٰہی بیت المقدس کی طرف استقبال کا تھا حضور تابع فرمان تھے یہ حضور کی طرف سے رضا جوئی الٰہی تھی، مگر قلب اقدس کعبہ کی طرف استقبال چاہتا تھا مولیٰ عزوجل نے مرضی مبارک کے لیے اپنا وہ حکم منسوخ فرمادیا اور حضور جو چاہتے تھے قیامت تک کے لیے وہی قبلہ مقرر فرمادیا۔ یہ اللہ عزوجل کی طرف سے رضا جوئی محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔ ان میں سے جس کا انکار ہو قرآن عظیم کا انکار ہے۔

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرتی ہیں اری ربک یسارع فی هواک .

میں حضور کے رب کو دیکھتی ہوں کہ حضور کی خواہش میں شتابی فرماتا ہے۔ اسے امام بخاری نے روایت کیا۔

یہ ہے وہ کلمہ کہ بعض ازواج مطہرات نے عرض کی اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انکار نہ فرمایا۔

حدیث روز محشر میں ہے رب عزوجل اولین و آخرین کو جمع کر کے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمائے گا :

کلهم یطلبون رضائی و انا اطلب رضاک یا محمد.

یہ سب میری رضا چاہتے ہیں اور اے محبوب میں تمھاری رضا چاہتا ہوں۔

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم
خدا چاہتا ہے رضائے محمد

(فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۲۹)

حضور سے رب کا مشورہ

حدیث میں ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

استشارنی ربی فی امتی ثلثا.

مجھ سے میرے رب نے میری امت کے بارہ میں تین بار مشورہ چاہا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۱۲۴)

حضور سلطنت الٰہی کے دولھا ہیں

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں :

بیشک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام سلطنت الٰہی کے دولھا ہیں، امام احمد قسطلانی مواہب لدنیہ شریف میں نقل فرماتے ہیں **هو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم رای صورة ذاته المباركة فی الملكوت فاذا هو عروس المملكة .**

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج عالم ملکوت میں اپنی ذات مبارکہ کی تصویر ملاحظہ فرمائی تو دیکھا کہ حضور تمام سلطنت الٰہی کے دولھا ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

دلائل الخیرات شریف میں ہے :

اللھم صل علی محمد و علی آله بحر انوارک و معدن اسرارک و لسان حجتک و عروس مملکتک.

الٰہی درود بھیج محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اوران کی آل پر جو تیرے انوار کے دریا اور تیرے اسرار کے معدن اور تیری حجت کی زبان اور تیری سلطنت کے دولھا ہیں۔

علامہ محمد فاسی اس کی شرح مطالع المسرات میں فرماتے ہیں:

مملکتک هو موضع الملک شبهه بمجتمع العرس و ما فیه من الاحتفال و التناهی فی الصنیع و التأنق فی محسنانته و ترتیب اموره و کونه جدیدا ظریفا و اهله فی فرح و سرور و نعمة و حبور فرحین بعروسهم راضین به محبین مکرمین له موتمرین لامره متنعمین له بانواع المشتهیات بدلیل اثبات اللازم الذی هو العروس و المعهود تشبیه مجتمع العرس بالمملکة و عکس التشبیه هنا لا قتضاء المقام ذلک یفیدان سر المملکة و نکتتها و معنا ها الذی لاجله کانت هو المصطفیٰ صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کما ان سر مجتمع العرس و نکتته و معناه الذی لاجله کان هو العروس و المصطفیٰ صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هو الانسان الکبیر الذی هو الخلیفة علی الاطلاق فی الملک و الملکوت قد خلعت علیه اسرار الاسماء و الصفات و مکنه من التصرف فی البسائط و المرکبات و العروس یحاکی بشانه شان الملک و السلطان فی نفوذ الامر و خدمة الجمیع له و تفرغهم لشانه ووجدانه ما یجب و یشتهی مع الراحة و اصحابه فی مؤنته و تحت اطعامه فتم التشبهه و تمکنت الاستعارة .

اس عبارت سراپا بشارت کا خلاصہ یہ ہے کہ امام محمد بن سلیمان جزولی قدس سرہ الشریف نے اس

درودمبارک میں سلطنت کو برات کے مجمع سے تشبیہ دی کہ اس میں کیسا اجتماع ہوتا ہے اور اس کی آرائش انتہا کو پہنچائی جاتی ہیں، سب کام قرینے سے ہوتے ہیں، ہر چیز نئی اور خوش آئند لوگ اپنے دولھا پر شاد و فرحاں، اسے چاہنے والے، اس کی تعظیم واطاعت میں مصروف، اس کے ساتھ قسم قسم کی من مانتی نعمتیں پاتے ہوئے، اور عادت یوں ہے کہ برات کے مجمع کو سلطنت اور دولھا کو بادشاہ سے تشبیہ دیتے ہیں، یہاں اس کا عکس کیا کہ سمجھا جائے کہ جس طرح برات کے مجمع کا مغز وسبب دولھا ہوتا ہے یوں ہی تمام مملکت الٰہی کے وجود کا سبب اور اس کے اصل راز ومغز ومعنی صرف مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔

دولھا کے دم کے ساتھ یہ ساری برات ہے

اس لیے کہ حضور تمام ملک وملکوت پر اللہ عزوجل کے نائب مطلق ہیں جن کو رب عزوجل نے اپنے اسماوصفات کے اسرار کا خلعت پہنایا اور ہر مفرد ومرکب میں تصرف کا اختیار دیا، دولھا بادشاہ کی شان دکھاتا ہے، اس کا حکم برات میں نافذ ہوتا ہے، سب اس کی خدمت کرتے اور اپنے کام چھوڑ کر اس کے کام میں لگے ہوتے، جس بات کو اس کا جی چاہے موجود کی جاتی ہے، چین میں ہوتا ہے، سب براتی اس کی خدمت میں اور اس کے طفیل میں کھانا پاتے ہیں، یوں ہی مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عالم میں بادشاہ حقیقی عزوجل کی شان دکھاتے ہیں، تمام جہان میں ان کا حکم نافذ ہے، سب ان کے خدمت گار وزیر فرمان ہیں، جو وہ چاہتے ہیں اللہ عزوجل موجود کردیتا ہے۔ کہ **اری ربک یسارع فی ھواک**.

صحیح بخاری کی حدیث ہے کہ ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرتی ہیں میں حضور کے رب کو دیکھتی ہوں کہ حضور کی خواہش میں شتابی فرماتا ہے۔

تمام جہان حضور کے صدقہ میں حضور کا دیا کھاتا ہے کہ **انما انا قاسم و اللہ المعطی**.

صحیح بخاری کی حدیث ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ہر نعمت کا دینے والا اللہ

ہے اور بانٹنے والا میں۔

یوں تشبیہ کامل ہوئی اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام سلطنت الٰہی کے دولھا ٹھہرے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ٦، ص ١٩٩)

حضور بے مثل ہیں

امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر فرماتے ہیں:

حضور پرنور سید المرسلین خاتم النبیین اکرم الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مثل وہمسر حضور کی جملہ صفات کمالیہ میں شریک برابر محال ہے کہ اللہ تعالیٰ حضور کو خاتم النبیین فرماتا ہے اور ختم نبوت ناقابل شرکت تو امکان مثل مستلزم کذب الٰہی اور کذب الٰہی محال عقلی۔

منزہ عن شریک فی محاسنہ
فجوھر الحسن فیہ غیر منقسم

حضور اپنے تمام فضائل ومحاسن میں شریک سے پاک ہیں جوہر حسن آپ میں غیر منقسم ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ٦، ص ٢٦٤، سبحان السبوح)

آٹھ چیزوں سے تخصیص

ابن جریر وابویعلی اور بیہقی ابوہریرہ سے نیز بیہقی ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

(فیہ قول عزوجل لنبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حین ذکر ما اعطی الانبیاء السابقین علیھم الصلاۃ و التسلیم من الفضائل) اعطیتک ثمانیۃ اسھم الاسلام و الھجرۃ و الجھاد و الصلاۃ و الصدقۃ و صوم رمضان و الامر بالمعروف و النھی عن المنکر۔

ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی (اس میں یہ ہے کہ جب انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام کے فضائل ومناقب کا ذکر اللہ عزوجل نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا) تو فرمایا کہ میں نے تم کو آٹھ حصے عطا فرمائے اسلام اور ہجرت و جہاد اور نماز و صدقہ اور رمضان کے روزے وامر بالمعروف ونہی عن المنکر۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۶ ص ۱۹۶)

تین مخصوص چیزیں

مسلم عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث معراج میں راوی :

فاعطی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ثلثا الصلوات الخمس و اعطی خواتیم سورة البقرة و غفرلمن لم یشرک بالله من امته شیئا المقحمات

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث معراج میں مروی ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تین چیزیں عطا کی گئی ہیں پانچ نمازیں، سورہ بقرہ کی آخری آیتیں اور حضور کی امت میں سے اس کی مغفرت جس نے شرک نہیں کیا۔ (مولف)

قال فی نسیم الریاض (فاعطی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ثلثا) من الفضائل المخصوصة به صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

نسیم الریاض میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تین مخصوص فضیلتیں عطا کی گئی ہیں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۹۵)

انبیاء حضور کے امتی ہیں

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر ارشاد فرماتے ہیں :

حقیقۃً تمام انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام ہمارے حضور نبی الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امتی ہیں انھیں نبوت دی ہی اس وقت ہے جب انھیں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امتی بنالیا ہے، جس پر قرآن عظیم ناطق اور ہمارے رسالہ، تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین میں اس کی تفصیل فائق۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۰۴)

فضلات شریفہ

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضلات شریفہ مثل پیشاب وغیرہ سب طیب وطاہر تھے جن کا کھانا پینا ہمیں حلال و باعث شفا وسعادت مگر حضور کی عظمت شان کے سبب حضور کے حق میں حکم نجاست رکھتے۔ (فتاویٰ رضویہ ۱، ص ۹۳۔ نبہ القوم، حاشیہ)

حضور کی رسالت عامہ

طبرانی وغیرہ یعلی بن مرہ سے راوی:

ما من شئ الا يعلم اني رسول الله الا مردة الجن و الانس ..

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ سرکش جن اور انسان کے علاوہ ہر مخلوق جانتی ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ (مولف)

امام ابن حجر افضل القریٰ میں بیان کرتے ہیں:

ان الله تعالیٰ اخذ العهد من جميع المخلوقات حتى المصنوعات كالسيف و نحوه بالايمان بمحمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم.

اللہ تعالیٰ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لانے کا تمام مخلوقات یہاں تک کہ

مصنوعات وغیرہ سے بھی عہد لیا ہے۔ (مولف) (المعتمد المستند ۱۱۹)

ایک روایت میں یہ ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ما من شئ الا یعلم انی رسول الله الا کفرة الجن و الانس .

کوئی چیز ایسی نہیں جو مجھے اللہ کا رسول نہ جانتی ہو سوا کافر جن اور آدمیوں کے۔

(السوء والعقاب علی المسیح الکذاب)

جسم اقدس پر مکھی نہیں بیٹھتی تھی

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیات میں سے جسم اقدس ولباس انفس پر مکھی نہ بیٹھنا ہے۔

علامہ ابن سبع نے خصائص میں ذکر فرمایا، علماء نے تصریح کی، اس کا راوی معلوم نہ ہوا اور باوجود اس کے بلانکیر اپنی کتابوں میں اسے ذکر فرماتے آئے۔

شفا قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ میں ہے :

و ان الذباب کان لا یقع علی جسده و لا ثیابه .

مکھی آپ کے جسم اقدس اور لباس اطہر پر نہ بیٹھتی تھی۔

امام علامہ جلال الدین سیوطی خصائص کبریٰ میں فرماتے ہیں :

باب، ذکر القاضی عیاض فی الشفاء و العراقی فی مولده ان من خصائصه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انه کان لا ینزل علیه الذباب ، و ذکره ابن سبع فی

الخصائص بلفظ انه لم يقع على ثيابه ذباب قط، و زاد ان من خصائصه ان القمل لم يكن يو ذيه .

قاضی عیاض نے شفا میں اور عراقی نے اپنے مولد میں ذکر کیا کہ حضور کی خصوصیات میں سے یہ بھی ہے کہ مکھی آپ پر نہ بیٹھتی تھی، ابن سبع نے خصائص میں ان لفظوں سے ذکر کیا کہ مکھی آپ کے کپڑوں پر کبھی نہیں بیٹھی اور یہ بھی زیادہ کیا کہ جوں آپ کو نہیں ستاتی تھی۔

شیخ ملا علی قاری شرح شمائل ترمذی میں فرماتے ہیں :

و نقل الفخر الرازی ان الذباب كان لا يقع على ثيابه و ان البعوض لا يمتص دمه .

رازی نے نقل کیا کہ مکھیاں آپ کے کپڑوں پر نہیں بیٹھتی تھیں اور مچھر آپ کا خون نہیں چوستے تھے۔

علامہ خفاجی نے نسیم الریاض میں علماء کا وہ قول کہ اس کا راوی نہ معلوم ہوا، نقل کیا اور اس خاصہ کی نسبت لکھا کہ ایک کرامت ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو عطا کی اور اپنے نتائج افکار سے ایک رباعی لکھی کہ اس میں بھی اس خاصہ کی تصریح ہے۔

اسی مضمون پر دوسری عبارت :

و من دلائل نبوته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان الذباب كان لا يقع على ثيابه هذا مما قاله ابن سبع الا انهم قالوا لا يعلم من روى هذه و الذباب واحده ذبابة ، قيل انه سمى به لانه كلما ذب آب اى كلما طرد رجع و هذا مما اكرمه الله به لانه طهره من جميع الاقذار و هو مع استقذاره قد يجئ من مستقذر .

قيل و قد نقل مثلها عن ولی الله العارف به الشيخ عبد القادر الكيلانی و لا بعد فيه لان معجزات الانبياء قد تكون كرامة لاولياء امته ، و فی رباعية لی .

من اكرم مرسل عظيم حلا
لم تدن ذبابة اذما حلا
هذا عجب و لم يذق ذو نظر
فی الموجودات من حلا احلا

آپ کے دلائل نبوت سے یہ بھی ہے کہ مکھی نہ تو آپ کے ظاہری جسم پر بیٹھتی تھی اور نہ لباس پر، یہ ابن سبع نے کہا، محدثین نے کہا کہ اس کا راوی معلوم نہیں، ذباب کا واحد ذبابہ ہے، کہتے ہیں اس کا یہ نام اس لیے ہے کہ اس کو جب بھی بھگایا جاتا ہے واپس آجاتی ہے، یہ کرامت آپ کو اس لیے عطا ہوئی کہ اللہ نے آپ کو پاک رکھا تھا۔

شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں بھی یہی کہا جاتا ہے اور اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں کیوں کہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جو چیز نبی کا معجزہ ہوتی ہے وہ بطور کرامت ولی کے ہاتھ سے سرزد ہو جاتی ہے۔ اور میں (خفاجی) نے ایک رباعی کہی ہے۔

آپ بزرگ ترین عظیم مٹھاس والے رسول ہیں، یہ عجیب بات ہے کہ آپ کی مٹھاس کے باوجود مکھی آپ کے قریب نہ جاتی تھی اور کسی بھی صاحب نظر نے موجودات میں آپ کی مٹھاس سے زیادہ مٹھاس نہ چکھی۔

مکھی نہ بیٹھنے میں ایک حکمت

بعض علماء عجم نے اسی بناء پر کلمہ محمد رسول اللہ، کے سب حروف بے نقطہ ہوتے ہیں، ایک لطیفہ لکھا

کہ آپ کے جسم مبارک پر مکھی نہ بیٹھتی تھی، لہٰذا یہ کلمہ پاک کل نقطوں سے محفوظ رہا کہ وہ شبیہ مکھیوں کے ہیں۔

اسی مضمون کی عبارت :

و تظرف بعض علماء العجم فقال محمد رسول الله ليس فيه حرف منقوط لان الموجود ان النقط تشبه الذباب فصين اسمه و نعته كما قلت فی مدحه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

لقد ذب الذباب فليس يعلو
رسول الله محمود و محمد
و نقط الحروف يحكيه بشكل
لذاک الخط عنه قد تجرد

اور بعض علماء عجم نے کہا کہ محمد رسول اللہ میں کوئی نقطہ نہیں ہے اس لیے کہ نقطہ مکھی کے مشابہ ہوتا ہے عیب سے بچانے کے لیے اور آپ کی تعریف کے لیے میں نے آپ کی مدح میں کہا ہے۔

بلا شبہ اللہ نے مکھیوں کو آپ سے دور کر دیا تو آپ پر مکھی نہیں بیٹھتی ہے، اللہ کے رسول محمود و محمد ہیں اور حروف کے نقطے جو شکل میں مکھی کی طرح ہیں ان سے بھی اللہ نے اسی لیے آپ کو محفوظ رکھا۔

جوں ایذا نہ دیتی

ابن سبع نے حضور کے خصائص میں کہا، جوں آپ کو ایذا نہ دیتی۔

علامہ سیوطی نے خصائص کبریٰ میں اسی طرح ابن سبع سے نقل کیا اور برقرار رکھا۔

اور علامہ ملا علی قاری شرح شمائل میں فرماتے ہیں :

و من خواصه ان لم ثوبه يقمل .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص میں سے یہ ہے کہ حضور کو جوں ایذا نہ دیتی۔

(مولف)

حضور کا جانور بوڑھا نہیں ہوتا

ابن سبع نے فرمایا جس جانور پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سوار ہوتے عمر بھر ویسا ہی رہتا اور حضور کی برکت سے بوڑھا نہ ہوتا۔

علامہ سیوطی خصائص میں فرماتے ہیں :

باب قال ابن سبع من خصائصه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان كل دابة ركبها بقيت على القدر الذى كانت عليه و لم تهرم ببركته .

ابن سبع نے کہا کہ آپ کے خصائص میں سے یہ تھا کہ آپ جس جانور پر سوار ہوتے تو وہ عمر بھر ویسا ہی رہتا اور آپ کی برکت کے باعث بوڑھا نہ ہوتا۔

تاریکی میں دیکھنا

امام ابو عبد الرحمٰن بقی بن مخلد قرطبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے جو اکابر اعیان مائۃ ثلثہ میں سے ہیں، حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جیسا روشنی میں دیکھتے ویسا ہی تاریکی میں۔

اس حدیث کو بیہقی نے موصولاً مسند روایت کیا اور علامہ خفاجی نے اکابر علماء مثل ابن بشکوال و عقیلی و ابن جوزی و سہیلی سے اس کی تضعیف نقل کی یہاں تک کہ ذہبی نے تو میزان الاعتدال میں موضوع ہی کہہ

دیا، بہ ایں ہمہ خود علامہ خفاجی فرماتے ہیں جیسا بقی بن مخلد وغیرہ ثقات نے اسے ذکر کیا اور حضور والا کی شان سے بعید نہیں تو اس کا انکار کس وجہ سے کیا جائے۔

وحكى بقى بن مخلد ابو عبد الرحمن القرطبى مولده فى رمضان سنة احدى و مأتين و توفى سنة ستة و سبعين و مأتين ، عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها انها قالت كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يرى فى الظلمة . كما يرى فى الضوء ، و فى رواية كما يرى فى النور و لا شك انه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان كامل الخلقة قوى الحواس فوقوع مثل هذا منه غير بعيد و قد رواه الثقات كابن مخلد فلا وجه لا نكاره .

بقی بن مخلد ابو عبد الرحمٰن قرطبی (رمضان ۲۰۱ھ / ۲۷۶ھ) نے کہا، عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے انھوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تاریکی میں دیکھا کرتے تھے، اور ایک روایت میں ہے جس طرح کہ روشنی میں دیکھتے تھے اس میں کچھ شک نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کامل الخلقۃ، قوی الحواس تھے تو آپ سے اس کیفیت کا وقوع بعید نہیں، پھر اس کو ثقات نے روایت کیا ہے لہٰذا اس کے انکار کی کوئی وجہ نہیں۔ (قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

فضائل وخصائص کی روایات

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مسلم اور اس کے قریب بزار نے بسند جید اور ابن جریر و ابن ابی حاتم و ابن مردویہ و بزار و بیہقی نے حدیث معراج میں روایت کی طریق اول میں ہے۔

فضلت على الانبياء بست.

میں چھ وجہ سے انبیاء پر تفضیل دیا گیا۔

طریق دوم میں اس قدر اور زائد

لم یعطها احد کان قبلی .

مجھ سے پہلے وہ فضائل کسی کو نہ ملے۔

طریق سوم میں ہے۔

فضلنی ربی بست.

مجھے میرے رب نے چھ باتوں سے تفضیل دی۔

حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے احمد مسلم نسائی ابن ابی شیبہ ابن خزیمہ بیہقی ابونعیم راوی۔

فضلنا علی الناس بثلث .

ہمیں تین وجہ سے تمام لوگوں پر فضیلت ہوئی۔

ابودرداء سے طبرانی معجم کبیر میں راوی۔

فضلت باربع .

میں نے چار وجہ سے فضیلت پائی۔

سائب بن یزید کی حدیث میں ہے۔

فضلنا علی الانبیاء بخمس.

میں پانچ وجہ سے انبیاء پر بزرگی دیا گیا۔

جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے۔

اعطیت خمسا لم یعطهن احد قبلی .

میں پانچ چیزیں دیا گیا کہ مجھ سے پہلے کسی کو نہ ملیں۔

مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے بے تعین عدد ہے۔

اعطیت ما لم یعط احد من الانبیاء .

مجھے وہ ملا جو کسی نبی نے نہ پایا۔

دوسری روایت میں ہے۔

اعطیت اربعا لم یعطھن احد من انبیاء اللہ تعالیٰ قبلی .

مجھے چار چیزیں عطا ہوئیں کہ مجھ سے پہلے کسی نبی اللہ کو نہ ملیں۔

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے۔

فضلت علی الانبیاء بخصلتین.

میں دو باتوں میں تمام انبیاء پر فضیلت دیا گیا۔

عوف بن مالک کی حدیث میں بھی پانچ ہیں مگر یوں کہ

اعطینا اربعا لم یعطھن احد کان قبلنا.

ہمیں چار فضیلتیں ملیں کہ ہم سے پہلے کسی کو نہ دی گئیں۔

و سالت ربی الخامسة فاعطانیھا.

اور میں نے اپنے رب سے پانچویں مانگی اس نے وہ بھی مجھے عطا فرمائی۔

وھی ما ھی.

اور وہ تو وہی ہے یعنی اس پانچویں کی خوبی کا کہنا ہی کیا ہے۔

پھر چار بیان فرما کر وہ نفیس پانچویں یوں ارشاد فرمائی :

سالت ربی ان لا یلقا ھا عبد من امتی یوحدہ الا ادخله الجنة .

میں نے اپنے رب سے مانگا میری امت کا کوئی بندہ اس کی توحید کرتا ہوا اس سے نہ ملے مگر یہ کہ اس کو داخل بہشت فرمائے۔

عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے :

ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خرج فقال ان جبریل اتانی فقال اخرج فحدث بنعمة الله التی انعم بها علیک فبشرنی بعشر لم یوتها نبی قبلی .

جبریل نے میرے پاس حاضر ہوکر عرض کی کہ باہر جلوہ فرما کر اللہ تعالیٰ کے وہ احسان جو حضور پر کیے ہیں بیان فرمایئے پھر مجھے دس فضیلتوں کا مژدہ دیا کہ مجھ سے پہلے کسی نبی نے نہ پائیں۔

مذکورہ احادیث فضائل کو نقل کرنے کے بعد امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

ان روایات ہی سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ اعداد مذکورہ میں حصر مراد نہیں کہیں دو فرماتے ہیں، کہیں تین، کہیں چار، کہیں پانچ، کہیں چھ، کہیں دس اور حقیقۃً ۱۰۰ سو اور ۲۰۰ دو سو پر بھی انتہاء نہیں۔ امام جلال الدین سیوطی قدس سرہ نے خصائص کبریٰ میں ڈھائی سو کے قریب حضور کے خصائص جمع کیے اور یہ صرف ان کا علم تھا ان سے زیادہ علم والے زیادہ جانتے تھے، اور علمائے ظاہر سے علمائے باطن کو زیادہ معلوم ہے، پھر تمام علوم علم اعظم حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہزاروں منزل ادھر منقطع ہیں جس قدر حضور اپنے فضائل و خصائص جانتے ہیں دوسرا کیا جانے گا اور حضور سے زیادہ علم والا ان کا مالک و مولیٰ جل علی، **ان الی ربک المنتھی** جس نے انھیں ہزاروں فضائل عالیہ و جلائل غالیہ دیے اور بے حد و بے شمار ابد الآباد کے لیے رکھے **و للآخرة خیر لک من الاولیٰ** اسی لیے حدیث میں ہے۔

حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جناب صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرماتے ہیں :

یا ابا بکر لم یعرفنی حقیقة غیر ربی ۔

اے ابوبکر مجھے ٹھیک ٹھیک جیسا میں ہوں میرے رب کے سوا کسی نے نہ پہچانا۔

اسے علامہ فاسی نے مطالع المسرات میں ذکر کیا ہے۔

ترا چناں کہ توئی دیدہ کجا بیند
بقدر بینش خود ہر کسے کند ادراک

(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص کو واضح کرتے ہوئے مزید امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں:

صحیح مسلم شریف میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

فضلت علی الانبیاء بست، اعطیت جوامع الکلم و نصرت بالرعب و احلت لی الغنائم و جعلت لی الارض مسجدا و طهورا و ارسلت الی الخلق کافة و ختم بی النبیون ۔

میں تمام انبیاء پر چھ وجہ سے فضیلت دیا گیا مجھے جامع باتیں عطا ہوئیں اور مخالفوں کے دل میں میرا رعب ڈالنے سے میری مدد کی گئی اور میرے لیے غنیمتیں حلال ہوئیں اور میرے لیے زمین پاک کرنے والی اور نماز کی جگہ قرار دی گئی اور میں تمام جہان میں سب ماسوی اللہ کا رسول ہوا اور مجھ سے انبیاء ختم کیے گئے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (جزاء اللہ عدوہ باباہ ختم النبوة)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انفرادیت وخصوصیت کو مدنظر رکھتے

ہوئے نغمہ سرا ہیں:

لم یات نظیرک فی نظر مثل تو نہ شد پیدا جانا
جگ راج کو تاج تورے سر سو ہے تجھ کو شہ دوسرا جانا

●

تیرا مسند ناز ہے عرش بریں تیرا محرم راز ہے روح امیں
تو ہی سرور ہر دو جہاں ہے شہا تیرا مثل نہیں ہے خدا کی قسم

●

تیرے در کا درباں ہے جبریل اعظم
تیرا مدح خواں ہر نبی و ولی ہے

●

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

(حدائق بخشش)

اول وآخر، ظاہر و باطن

وہی ہے اول وہی ہے آخر وہی ہے باطن وہی ہے ظاہر
اسی کے جلوے اسی سے ملنے اسی سے اس کی طرف گئے تھے

هو الاول و الآخر و الظاهر و الباطن، و هو بكل شئ عليم۔

وہی اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن۔ اور وہی سب کچھ جانتا ہے۔

(الحدید، ۳)

اول وآخر ظاہر وباطن

هو الاول و الآخر و الظاهر و الباطن و هو بكل شئ عليم .

وہی ذات اول وآخر اور ظاہر وباطن ہے اور وہی ہر شی کا جاننے والا ہے۔

یہ کلمات اعجاز اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں حمد وثنا پر بھی مشتمل ہیں کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اپنی کبریائی ۔کے ذکر و بیان کے خطبہ میں ارشاد فرمایا اور حضور اکرم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت و صفت کو بھی شامل ہیں کیوں کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے ان اسماء وصفات کے ساتھ آپ کی توصیف فرمائی باوجودیکہ یہ اسماء منجملہ اسماء حسنیٰ بھی ہیں، اور وحی متلو (جس کی تلاوت کی جاتی ہے جو کہ بواسطہ جبریل علیہ الصلاۃ والسلام خدا کا ارشاد ہوتا ہو) اور وحی غیر متلو (جس کی تلاوت نہ کی جائے جو بغیر کسی واسطہ کے القا، خواب اور براہ راست کلام الٰہی کا نزول ہو) ان دونوں صورتوں میں اللہ تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام نامی اسم گرامی قرار دے کر آپ کے حلیہ مبارک، حسن وجمال اور کمال وخصال کا آئینہ دار بنایا۔ اگرچہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء صفات سے متخلق ومتصف ہیں اس کے باوجود خصوصیت کے ساتھ ان میں سے کچھ صفات کو نامزد کر کے گنایا مثلاً نور، علیم، حکیم، مومن، مہیمن، ولی، ہادی، رؤف اور رحیم وغیرہ اور یہ چاروں مذکورہ اسماء صفات یعنی اول، آخر، ظاہر، باطن بھی انھیں قبیل سے ہیں۔

حضور کی شان اولیت

اب رہا یہ امر کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسم صفت، اول کیسے ہے؟

تو یہ اولیت اسی بناء پر ہے کہ آپ کی تخلیق موجودات میں سب سے اول ہے چنانچہ حدیث شریف

میں ہے:

اول ما خلق اللہ نوری

اللہ نے سب سے پہلے میرے نور کو وجود بخشا۔

(۲) یہ کہ آپ مرتبہ نبوت میں بھی اول ہیں حدیث پاک میں ہے

کنت نبیا و ان آدم لمنجد ل فی طینتہ .

میں اس وقت بھی نبی تھا جب کہ آدم اپنے خمیر ہی میں تھے۔

(۳) یہ کہ آپ ہی روز میثاق سارے جہان سے پہلے جواب دینے والے تھے حق تعالیٰ نے فرمایا **الست بربکم** کیا میں تمھارا رب نہیں؟ **قالوا بلی** سب نے کہا ہاں کیوں نہیں۔

(۴) یہ کہ آپ ہی سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں چنانچہ فرمایا .

و اول من آمن باللہ و بذلک امرت و انا اول المومنین .

اللہ پر جو سب سے پہلے ایمان لائے اور اس کے حکم کی تعمیل کی ان میں سب سے پہلے مومن ہوں۔

(۵) یہ کہ جب زمین شق ہوگی اور لوگ اس سے نکلیں گے تو میرے لیئے سب سے پہلے زمین شق ہوگی۔

(۶) یہ کہ روز قیامت سب سے پہلے میں ہی سجدہ کرنے کی اجازت پاؤں گا۔

(۷) یہ کہ باب شفاعت سب سے پہلے میرے لیے ہی کھلے گا۔

(۸) یہ کہ سب سے پہلے میں ہی جنت میں داخل ہوں گا۔

شان آخر

اس سبقت واولیت کے باوجود بعثت و رسالت میں آپ آخر ہیں چنانچہ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

ولكن رسول الله و خاتم النبيين.

لیکن آپ اللہ کے رسول اور آخری نبی ہیں۔

(۲) یہ کہ کتابوں میں آپ کی کتاب قرآن کریم آخری اور دینوں میں آپ کا دین آخری ہے۔

چنانچہ فرمایا:

نحن الآخرون السابقون.

تمام سبقتوں کے باوجود بعثت میں ہم آخری ہیں۔

کیوں کہ بعثت میں یہ آخریت وخاتمیت اور فضیلت میں اولیت وسابقیت کا موجب ہے۔ اس لیے کہ آپ ہی گزشتہ تمام کتابوں اور دینوں کے ماحی اور ناسخ ہیں۔

شان ظاہر وباطن

اب رہا آپ کا ظاہر وباطن ہونا تو آپ ہی کے انوار نے پورے آفاق کو گھیر رکھا ہے جس سے سارا جہان روشن ہے کسی کا ظہور آپ کے ظہور کی مانند اور کسی کا نور آپ کے نور کے ہم پلہ نہیں، اور باطن سے مراد آپ کے وہ اسرار ہیں جن کی حقیقت کا ادراک ناممکن ہے اور قریب اور بعید کے لوگ آپ کے جمال اور کمال میں کھو کر رہ گئے۔

ہر شیٔ کے جاننے والے

و هو بكل شيء عليم وہی ہر شیٔ کا جاننے والا ہے، کا ارشاد بلاشبہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کے لیے ہے کیوں کہ فو ق كل ذى علم عليم ہر صاحب علم کے اوپر اور زیادہ جاننے والا ہے، کی صفات آپ ہی میں موجود ہیں، عليه من الصلوات افضلها و من التحيات

اتمھا و اکملھا. (مولف) (مدارج النبوۃ، جلداول)

اول وآخر ہونا ظاہر و باطن ہونا

حضوراقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اوصاف حمیدہ اول وآخر، ظاہر و باطن کے بارے میں ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

تلمسانی عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی کہ ایک بار جبریل امین حاضر بارگاہ اقدس ہوئے اور عرض کی **السلام علیک یا اول ، السلام علیک یا آخر ، السلام علیک یاظاھر السلام علیک یا باطن ،**

رب العزت نے قرآن عظیم میں اپنی صفت کریمہ فرمائی ہے۔

ھو الاول و الاخرو الظاھر و الباطن و ھو بکل شی علیم .

اس آیت کے لحاظ سے حضور نے جبریل سے فرمایا کہ یہ صفات میرے رب عزوجل کی ہیں عرض کی یہ صفات اللہ عزوجل کی ہیں اس نے حضور کو بھی ان سے متصف فرمایا، اللہ نے حضور کو اول کیا تمام مخلوقات سے پہلے حضور کے نور کو پیدا فرمایا۔ اور اللہ نے حضور کو آخر کیا کہ تمام انبیاء کے بعد مبعوث فرمایا۔ اور حضور کو ظاہر کیا اپنے معجزات بینہ سے کہ عالم میں کسی کو شک وشبہ کی مجال نہیں۔ اور حضور کو باطن کیا ایسے غایت ظہور سے کہ آفتاب اس کے کروروں حصے کو نہیں پہنچتا اور جملہ انوار انھیں کے تو پرتو ہیں آفتاب میں شک ہوسکتا ہے اوران میں شک ممکن نہیں۔

فرض کیجیے ہم نصف النہار پر ایک روشن شرارہ آفتاب کی برابر دیکھیں جسے اپنے گمان سے یقیناً آفتاب سمجھیں اوراس کی دھوپ بھی دو پہر کی طرح پھیلی ہواور حضور فرمائیں یہ آفتاب نہیں کوئی کرۂ نار کا شرارہ ہے یقیناً ہر مسلمان فوراً صدق دل سے ایمان لائے گا کہ حضور کا ارشاد قطعاً حق وصحیح ہے اور آفتاب

سمجھنا میرے نگاہ و گمان کی غلطی صریح ہے۔

آخر اس کی وجہ کیا یہی کہ آفتاب ہنوز معرض خفا میں ہے اور حضور پر اصلاً خفا نہیں آفتاب سے کروروں درجہ زیادہ روشن ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اور ان کا یہ غایت ظہور ہی غایت بطون کا سبب ہے اور حضور کے بطون کی یہ شان ہے کہ خدا کے سوا حضور کی حقیقت سے کوئی واقف ہی نہیں۔

صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اعرف الناس یعنی سب سے زیادہ حضور کے پہچاننے والے اس امت مرحومہ میں ہیں اس واسطے ان کا مرتبہ افضل واعلیٰ ہے معرفت الٰہی وہ معرفت محمد ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس کو ان کی معرفت زائد ہے اس کو معرفت الٰہی بھی زائد ہے۔ صدیق اکبر جیسے اعرف الناس کہ تمام جہان سے زیادہ حضور کی معرفت رکھتے ہیں ان سے ارشاد فرمایا :

یا ابا بکر لم یعرفنی حقیقة غیر ربی .

اے ابوبکر جیسا میں ہوں سوا میرے رب کے اور کسی نے نہ پہچانا۔

باطن ایسے کہ خدا کے سوا کسی نے ان کو پہچانا ہی نہیں اور ظاہر بھی ایسے کہ ہر پتہ ہر ذرہ شجر و حجر و حوش وطیور حضور کو جانتے ہیں یہ کمال ظہور ہے۔ صدیق اپنے مرتبہ کے لائق حضور کو جانتے ہیں جبریل امین اپنے مرتبہ کے لائق پہچانتے ہیں انبیاء و مرسلین اپنے اپنے مراتب کے لائق، باقی رہا حقیقۃً ان کو پہچاننا تو ان کا جاننے والا ان کا رب ہے تبارک وتعالیٰ ان کا بنانے والا ان کا نوازنے والا، ان کی حقیقت کو پہچاننے میں دوسرے کے واسطے حصہ ہی نہیں رہا بلا تشبیہ محب نہیں چاہتا کہ جو محبوب کی اس کے ساتھ ہے وہ دوسرے کے ساتھ ہو اللہ تمام جہان سے زیادہ غیرت والا ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت فرماتے ہیں :

انه لغیور و انا اغیر منه و الله اغیر منی .

وہ غیرت والا ہے اور میں اس سے زیادہ غیرت والا ہوں اور اللہ مجھ سے زیادہ غیرت والا ہے۔

وہ کیوں کر روا رکھے گا کہ دوسرا میرے حبیب کی اس خاص ادا پر مطلع ہو جو میرے ساتھ ہے اسی واسطے فرمایا جاتا ہے جیسا میں ہوں میرے رب کے سوا کسی نے نہ پہچانا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آئینہ خدا ساز ہیں ابو جہل لعین حاضر ہو کر عرض کرتا ہے، زشت نقش کز بنی ہاشم شگفت، (بنی ہاشم میں آپ سب سے برے ہیں) حضور فرماتے ہیں صدقت تو سچ کہتا ہے۔ ابو بکر صدیق اکبر عرض کرتے ہیں حضور سے زیادہ کوئی خوبصورت نہ پیدا ہوا حضور بے مثل ہیں حضور آفتاب ہیں نہ شرقی نہ غربی ارشاد فرمایا صدقت تم سچ کہتے ہو۔ صحابہ نے عرض کی حضور نے دو متضاد قولوں کی تصدیق فرمائی ارشاد فرمایا :

گفت من آئینہ ام مصقول دوست

میں تو اپنے چاہنے والے رب تبارک وتعالیٰ کا اجالا ہوا آئینہ ہوں۔

ابو جہل کہ ظلمت کفر میں آلودہ ہے اس کو اپنے کفر کی تاریکی نظر آئی اور ابو بکر سب سے بہترین ہیں انھوں نے اپنا نور ایمان دیکھا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ لہٰذا ذات کریم جامع کمال ظہور وکمال بطون ہے۔ ظہور کسی شئ کا جب ایک ترقی محدود تک ہوتا ہے وہ شئ نظر آتی ہے اور جب حد سے زیادہ ہو جاتا ہے تو وہ نظر نہیں آتی۔

آفتاب جب افق سے نکلتا ہے سرخی مائل کچھ بخارات وغبارات میں ہوتا ہے ہر شخص کی نگاہ اس پر جمتی ہے جب ٹھیک نصف النہار پر پہنچتا ہے غایت ظہور سے باطن ہو جاتا ہے اب نگاہیں اس پر نہیں ٹھہر سکتیں خیرہ ہو کر واپس آتی ہیں غایت ظہور پر پہنچا جس کی وجہ سے غایت بطون میں ہو گیا آفتاب کہ نام ہے ان کی گلی کے ایک ذرہ کا، وہ آفتاب حقیقت کہ رب العزت نے اپنی ذات کے لیے اس کو آئینہ کاملہ بنایا ہے

اوراس میں مع ذات وصفات کے تجلی فرمائی ہے حقیقت اس ذات کی کون پہچان سکتا ہے وہ غایت ظہور سے غایت بطون میں ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اسی سبب سے نام اقدس میں دونوں رعایتیں رکھی ہیں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بکثرت اور بار بار غیر متناہی تعریف کیے گئے اطلاق نے تمام تعریفوں کو جمع فرمالیا ہے یہ تو شان ہے غایت ظہور کی اور نام اقدس پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا، یعنی ایسے ظاہر ہیں کہ مستغنی عن التعریف ہیں تعریف کی ضرورت نہیں یا ایسے بطون میں ہیں کہ تعریف ہو نہیں سکتی تعریف عہد یا استغراق یا جنس کے لیے ہے، وہ اپنے رب کی وحدت حقیقیہ کے مظہر کامل اپنے جملہ فضائل وکمالات میں شریک سے منزہ ہیں۔

(المیلاد النبویہ فی الالفاظ الرضویہ)

اول وآخر ظاہر و باطن نام رکھنے کی وجہ

مولانا فاضل علی قاری شرح شفاء میں علامہ تلمسانی سے ناقل ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے روایت کی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جبریل نے آکر مجھے یوں سلام کیا۔

السلام علیک یا اول السلام علیک یا آخر ، السلام علیک یا ظاھر ، السلام علیک یا باطن .

میں نے کہا اے جبریل یہ تو خالق کی صفتیں ہیں مخلوق کو کیوں کر مل سکتی ہیں، عرض کی میں نے خدا کے حکم سے حضور کو یوں سلام کیا ہے۔ اس نے حضور کو ان صفتوں سے فضیلت اور تمام انبیاء ومرسلین پر خصوصیت بخشی ہے اپنے نام وصفت سے حضور کے لیے نام وصفت مشتق فرمائے ہیں۔

حضور کا اول نام رکھا کہ حضور سب انبیاء میں آفرینش میں مقدم ہیں۔

اور آخر اس لیے کہ ظہور میں سب سے موخر اور آخر ام کی طرف خاتم الانبیاء ہیں۔

اور باطن اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کے باپ آدم کی پیدائش سے دو ہزار برس پہلے ساق عرش پر سرخ نور سے اپنے نام کے ساتھ حضور کا نام لکھا اور مجھے حضور پر درود بھیجنے کا حکم دیا، میں نے ہزار سال حضور پر درود بھیجی یہاں تک کہ حق جل وعلاء نے حضور کو مبعوث کیا خوش خبری دیتے اور ڈر سناتے اور اللہ کی طرف اس کے حکم سے بلاتے اور چراغ تاباں۔

اور ظاہر اس لیے حضور کا نام رکھا کہ اس نے اس زمانہ میں حضور کو تمام ادیان پر غلبہ دیا اور حضور کا شرف وفضل سب آسمان وزمین پر آشکارا کیا تو ان میں کوئی ایسا نہیں جس نے حضور پر درود نہ بھیجی، اللہ تعالیٰ حضور پر درود بھیجے، حضور کا رب محمود ہے اور حضور محمد اور حضور کا رب اول و آخر وظاہر و باطن ہے اور حضور اول و آخر وظاہر و باطن ہیں۔ یہ عظیم بشارت سن کر حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

الحمد الذی فضلنی علی جمیع النبیین حتی فی اسمی و صفتی.

حمد اس خدا کو اس نے مجھے تمام انبیاء پر فضیلت دی یہاں تک کہ میرے نام وصفت میں۔

(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

حضور سرور کونین اور حضرت آدم

ابن عساکر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لما خلق اللہ آدم اخبر بنیہ فجعل یری فضائل بعضھم علی بعض فرأنی اسفلھم فقال یا رب من ھذا قال ھذا ابنک احمد ھو الاول و ھو الآخر و ھو اول

شافع و اول مشفع۔

جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو پیدا کیا انھیں ان کے بیٹوں پر مطلع فرمایا وہ ان میں ایک کی دوسرے پر فضیلتیں دیکھا کیے مجھے ان سب کے آخر میں بلند وروشن ونور دیکھا عرض کی الٰہی یہ کون ہے فرمایا یہ تیرا بیٹا احمد ہے یہی اول ہے اور یہی آخر ہے اور یہی سب سے پہلا شفیع اور یہی سب سے پہلی شفاعت مانگا گیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

آخرین بعثت اولین یوم قیامت

صحیحین میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

نحن الآخرون السابقون يوم القيامة .

ہم زمانے میں سب سے پچھلے اور قیامت میں سب سے اگلے ہیں۔

مسلم وابن ماجہ ابو ہریرہ وحذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

نحن الآخرون من اهل الدنيا و الاولون يوم القيامة المقضى لهم قبل الخلائق.

ہم دنیا میں سب کے بعد اور آخرت میں سب پر سابق ہیں، تمام جہان سے پہلے ہمارے لیے حکم ہوگا۔

دارمی ابن مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان الله ادرک بى الاجل المرجو اختارنى اختيارا فنحن الاخرون و نحن السابقون يوم القيامة .

بیشک اللہ نے مجھے مدت اخیر وزمانہ انتظار پر پہنچایا اور مجھے چن کر پسند فرمایا تو ہمیں سب سے پچھلے اور ہمیں روز قیامت سب سے اگلے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اس حدیث میں نسخ مختلف ہیں بعض میں یوں ہے۔

ان اللہ ادرک بی الاجل المرحوم و اختصر لی اختصارا.

مجھے اللہ عزوجل نے محض رحمت کے وقت پہنچایا اور میرے لیے کمال اختصار فرمایا۔

اسحاق بن راہویہ مسند اور ابو بکر بن ابی شیبہ استاذ بخاری ومسلم مصنف میں مکحول سے راوی امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ایک یہودی پر کچھ آتا تھا اس سے لینے تشریف لے گئے اور فرمایا:

لا و الذی اصطفی محمدا علی البشر لا افارقک .

قسم اس کی جس نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام آدمیوں سے برگزیدہ کیا میں تجھے نہ چھوڑوں گا۔ یہودی بولا واللہ خدا نے انھیں تمام بشر سے افضل نہ کیا امیر المومنین نے اسے طمانچہ مارا وہ بارگاہ رسالت میں نالشی آیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا عمر تم اس طمانچہ کے بدلے اسے راضی کردو۔ (یعنی ذمی ہے) اور ہاں اے یہودی آدم صفی اللہ ابراہیم خلیل اللہ نوح نجی اللہ موسیٰ کلیم اللہ عیسیٰ روح اللہ ہیں۔ و انا حبیب اللہ اور میں اللہ کا پیارا ہوں ہاں اے یہودی اللہ نے اپنے دو ناموں پر میری امت کے نام رکھے، اللہ سلام ہے اور میری امت کا نام مسلمین رکھا اور اللہ مومن ہے اور میری امت کو مومنین لقب دیا۔ ہاں اے یہودی تم زمانے میں پہلے ہو۔

و نحن الآخرون السابقون یوم القیامة .

اور ہم زمانے میں بعد اور روز قیامت میں سب سے پہلے ہیں۔

ہاں ہاں جنت حرام ہے انبیاء پر جب تک میں اس میں جلوہ افروز نہ ہوں اور حرام ہے امتوں پر جب تک میری امت نہ داخل ہو۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابن ابی حاتم و بغوی و ثعلبی تفاسیر اور ابو اسحاق جوز جانی تاریخ اور ابو نعیم دلائل میں اور ابن سعد طبقات میں اور ابن لال مکارم الاخلاق میں قتادہ سے مرسلاً راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے آیہ کریمہ **و اذ اخذ من النبیین میثاقهم و منک و من نوح و ابراهیم و موسیٰ و عیسیٰ بن مریم** کی تفسیر میں فرمایا:

کنت اول النبیین فی الخلق و آخرهم فی البعث.

میں سب نبیوں سے پہلے پیدا ہوا اور سب کے بعد بھیجا۔

قتادہ نے کہا **فبداء به قبلهم**.

اسی لیے رب العزت تبارک وتعالیٰ نے آیہ کریمہ میں انبیائے سابقین سے پہلے حضور پرنور کا نام پاک لیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ابو سہل قطان اپنے امالی میں سہل بن صالح ہمدانی سے راوی میں نے حضرت سیدنا امام باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو سب انبیاء کے بعد مبعوث ہوئے حضور کو سب پر تقدم کیوں کر ہوا فرمایا:

ان الله تعالیٰ لما اخذ من بنی آدم من ظهورهم ذریاتهم و اشهد هم علی انفسهم الست بربکم کان محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اول من قال بلی و لذلک صار یتقدم الانبیاء و هو آخر من بعث.

جب اللہ تعالیٰ نے آدمیوں کی پیٹھوں سے ان کی اولادیں روز میثاق نکالیں اور انھیں خود ان پر گواہ

بنانے کو فرمایا کیا میں تمھارا رب نہیں تو سب سے پہلے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کلمہ بلٰی عرض کیا کہ ہاں کیوں نہیں، اس وجہ سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سب انبیاء پر تقدم ہوا حالاں کہ حضور سب کے بعد مبعوث ہوئے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

صفات الٰہی کے مظہر اتم

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے الذین بدلوا نعمة الله کی تفسیر میں فرمایا کہ نعمت الٰہی سے مراد محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کی نعمت قرآن کی منت ہیں اور خاص اس آیت کا ذکر مناسبت مقام کے سبب کیا اس لیے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آفرینش میں تمام جہان سے اول ہیں تو تمام مخلوقات الٰہی کو حضور نے دیکھا کہ حضور ان سب سے پہلے موجود ہوئے اور تمام پیغمبروں سے بعثت میں آخر ہیں تو تمام انبیاء پر جتنے علم اترے وہ سب حضور نے جمع فرمالیے اور حضور اپنے معجزوں سے ظاہر ہیں، ان میں سے حضور کا غیب کی خبریں دینا ہے، اور حضور اپنی ذات سے باطن ہیں کہ وہ اللہ عزوجل کی ذات اور اس کی قدیم صفات کے مظہر، تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز اول سے روز آخر تک جو کچھ ہوا اور ہوگا، اپنے رب کے بتانے سے اس سب کو جانتے ہیں تو اللہ عزوجل نے حضور پر ان پانچوں کی تجلی سے منت فرمائی اور ہم پر حضور کے بھیجنے سے احسان فرمایا تو حضور اس آیت عظمیٰ کی منت ہوئے۔

حضور کے نائب

فتوحات مکیہ میں سیدنا شیخ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پہلے نائب وخلیفہ، حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام ہیں پھر پیدائش ہوئی اور نسل کا اتصال ہوتا رہا اور ہر زمانے میں خلفاء متعین ہوتے رہے یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم ظاہر کا زمانہ پیدائش پہنچا وہ چمکتے آفتاب کی طرح ظاہر ہوئے کہ ہر نور ان کے

چمکتے نور میں مندرج ہوا اور ہر حکم ان کے حکم میں پوشیدہ ہو گیا اور سب شریعتیں ان کی جانب کھنچ آئیں اور اُن کی سرداری کہ چھپی ہوئی تھی ظاہر ہو گئی تو وہی اول وآخر ظاہر و باطن اور وہی ہر چیز کے جاننے والے ہیں۔

(الدولۃ المکیۃ)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اول وآخر ظاہر و باطن ہونے کا بیان اس طرح فرماتے ہیں :

ظاہر و باطن اول وآخر زیب فروع وزین اصول
باغ رسالت میں ہے تو ہی گل غنچہ جڑ پتی شاخ

●

ہے انھیں کے دم قدم کی باغ عالم میں بہار
وہ نہ تھے عالم نہ تھا گر وہ نہ ہوں عالم نہیں

●

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

●

مقصود یہ ہیں آدم و نوح و خلیل سے — تخم کرم میں ساری کرامت ثمر کی ہے
ان کی نبوت ان کی ابوت سے سب کو عام — ام البشر عروس انھیں کے پسر کی ہے
ظاہر میں میرے پھول حقیقت میں میرے نخل — اس گل کی یاد میں یہ صدا بو البشر کی ہے

وہی ہے اول وہی ہے آخر وہی ہے باطن وہی ہے ظاہر
اسی کے جلوے اسی سے ملنے اسی سے اس کی طرف گئے تھے


کنز مکتوم ازل میں در مکنون خدا ہو
سب سے اول سب سے آخر ابتدا ہو انتہا ہو
سب بشارت کی اذان تھے تم اذان کا مدعا ہو
سب تمھاری ہی خبر تھے تم موخر مبتدا ہو
قرب حق کی منزلیں تھے تم سفر کا منتہیٰ ہو
قبل ذکر اضمار کیا جب رتبہ سابق آپ کا ہو

انتہائے دوئی ابتدائے یکی جمع تفریق و کثرت پہ لاکھوں سلام
کثرت بعد قلت پہ اکثر درود عزت بعد ذلت پہ لاکھوں سلام
(حدائق بخشش)

وَمَآ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ

سیرتِ مصطفیٰ جانِ رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جلد چہارم



افادات

شیخ الاسلام والمسلمین

امام احمد رضا خاں محدث بریلوی

رحمۃ اللہ علیہ



شبیر برادرز

اردو بازار ٥ لاہور

وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ

تصانیفِ اعلیٰ حضرت سے ماخوذ سیرت الرسول ﷺ کا

عظیم علمی و تحقیقی مجموعہ

سیرتِ مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت

افادات

شیخ الاسلام والمسلمین

امام احمد رضا خاں محدّث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

جمع و ترتیب

محمد عیسیٰ قادری رضوی

جلد چہارم

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور

فون: 042-7246006

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

سیرتِ مصطفیٰ ﷺ جانِ رحمت

جلد 4

افادات	شیخ الاسلام والمسلمین امام احمد رضا خاں محدث بریلوی رحمۃ اللہ علیہ
جمع و ترتیب	محمد علی قادری رضوی
ناشر	ملک شبیر حسین
سن اشاعت	مئی 2007ء / ربیع الثانی 1428ھ
طابع	اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
سرورق	فیضی گرافکس دربار مارکیٹ لاہور
قیمت	1600 روپے مکمل سیٹ

فہرست مضامین

مشمولات

شفاعت النبی • اختیارات مصطفیٰ • پناہ عالم وعالمیاں • شہنشاہ کون ومکاں • تعظیم وتکریم

درود وسلام • عصمت انبیاء • توسل واستمداد • ندائے یارسول اللہ • بشریت انبیاء

حدود شرعیہ • فضائل مکہ ومدینہ • صحابہ وخلفاء • رشتہ دار ومتعلقین • حقیقت محمدیہ ﷺ

فہرست مضامین

جلد چہارم

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

■ پناہ بے کساں ﷺ سے توسل واستمداد 395

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات

صفحات	مضامین

مضامین	صفحات
مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

مضامین	صفحات

شفاعت مصطفیٰ جانِ رحمت ﷺ

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبین سعادت پہ لاکھوں سلام

ولا تنفع الشفاعۃ عندہ الا لمن اذن لہ۔

اوراس کے پاس شفاعت کام نہیں دیتی مگر جس کے لیے وہ اذن فرمائے۔

(السبا/۲۳)

شفاعت مصطفیٰ جان رحمت ﷺ

اہل علم بیان کرتے ہیں کہ شفاعت کے پانچ مقامات ہیں :

اول : یہ کہ اہل موقف کو شدت وقوت سے اور اس مقام میں رکے رہنے سے اور سورج کی گرمی اور پسینے سے اور انتظار حساب وکتاب سے راحت ونجات دلانے کے لیے ہے۔

دوسرا مقام : سوال وحساب سے معاف کرانے میں اور بے حساب جنت میں داخل کرانے میں ہے۔

تیسرا مقام : ان لوگوں کے لیے جن کا حساب کیا گیا ہو اور وہ مستحق عذاب قرار پا گئے ہوں انھیں اس عذاب سے نجات دلانے کے لیے ہے۔

چوتھا مقام : ان لوگوں کے لیے جو جہنم میں داخل ہو چکے ہوں پھر انھیں وہاں سے نکالا جائے۔

پانچواں مقام : ان لوگوں کے درجات کی بلندی کے لیے ہے جو جنت میں داخل ہو گئے ہیں۔

مقام محمود

اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شفاعت اور مقام محمود سے فضیلت مرحمت فرمائی چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا.

عنقریب آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر کھڑا فرمائے گا۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کسی نے مقام محمود کے بارے میں دریافت کیا تو فرمایا وہ مقام شفاعت ہے، اور عرش کی داہنی جانب اس جگہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کھڑا ہونا ہے جہاں آپ

کے سوا کوئی نہیں کھڑا ہوگا آپ پر اولین و آخرین رشک و غبطہ کریں گے، اسی کی مانند کعب احبار اور حسن بصری سے مروی ہے۔

ایک روایت میں آیا ہے کہ یہ وہ مقام ہے جہاں میں اپنی امت کی شفاعت کروں گا اور فرمایا کہ مجھے اختیار دیا گیا کہ یا تو اپنی نصف امت کو بغیر حساب و کتاب جنت میں داخل کروں یا شفاعت کو اختیار کروں تو ان دونوں میں، میں نے شفاعت کو اختیار کیا اس لیے کہ یہ اعم و اشمل ہے۔ اور فرمایا کہ تم یہ گمان رکھتے ہو کہ شفاعت متقیوں کے لیے ہوگی؟ نہیں بلکہ گناہ گاروں اور خطا کاروں کے لیے بھی ہوگی اور یہ شفاعت عذاب کو دور کرنے کے لیے ہے لیکن متقیوں کے درجات کی بلندی کے لیے بھی شفاعت ہوگی۔

صاحب مواہب لدنیہ واحدی سے نقل کرتے ہیں انھوں نے کہا کہ مفسرین کا اس پر اجماع ہے کہ مقام محمود، مقام شفاعت ہے، جیسا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس آیت کریمہ کی تفسیر میں فرمایا۔

هو المقام الذى اشفع فيه لامتى .

یہ وہ مقام ہے جہاں میں اپنی امت کی شفاعت کروں گا۔

اور ابن الخطیب امام فخر الدین رازی سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں کہ لفظ محمود اپنے معنی کی صرف مشعر ہے اس لیے کہ انسان اس وقت محمود ہوتا ہے جب کہ کوئی تعریف کرنے والا اس کی تعریف کرے اور تعریف نہیں ہوتی مگر انعام پر اور مقام شفاعت ایسا مقام ہے کہ جہاں سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذریعہ مخلوق پر عظیم ترین نعمتیں پہنچیں گی تو ساری مخلوق آپ کی حمد کرے گی اور ثنا کرے گی۔ اگر چہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا میں تبلیغ احکام اور تعلیم شرائع کے سبب محمود ہیں لیکن اس نرالے مقام میں حمد کامل اور نافع عظیم حاصل ہوگا، اس لیے کہ عقاب و عذاب سے چھڑانا اور سعی فرمانا زیادتی اجر و ثواب میں سعی

کرنے سے اعظم ہے اور دفع ضرر میں ان کی حاجتوں کو پورا کرنا، حصول نفع میں ضرورتوں کو پورا کرنے سے زیادہ بلند و بالا ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان فضل و کمال اور عظمت و جلال کے مقامات میں محمود اور ثنی علیہ ہیں جن کو حق تعالیٰ نے عطا فرمایا اور آپ کے لیے اس مخصوص فرمایا جیسا کہ حدیث میں ہے کہ حق تعالیٰ مجھے عرش کی داہنی جانب کھڑا فرمائے گا اور ایک روایت میں عرش پر اور ایک روایت میں کرسی پر ہے اور جنت کی کنجی آپ کے سپرد فرمائے گا اور آپ کے ہاتھ میں لواء الحمد دے گا اور شفاعت ان کمالات میں ایک کا جز ہے جس سے ساری مخلوق کو عظیم نفع پہنچے گا لہٰذا اگر مقام محمود سے، روز قیامت حضور کا کھڑا ہونا اور آپ کا علو درجہ اور مخلوق کو فائدہ اور نفع پہنچانا جو کہ شفاعت وغیرہ میں شامل ہے مراد لیا جائے تب بھی درست ہوگا۔

حاصل کلام یہ ہے کہ حق تعالیٰ اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وہ مقام عطا فرمائے گا جو کسی کو آپ کے سوا حاصل نہیں ہے۔ اور روز قیامت حکم خدا ہی کا ہوگا اور اس کی نیابت و خلافت خاص حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاصل ہوگی۔

لواء الحمد

الطیبی فرماتے ہیں کہ لواء الحمد سے مراد حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حمد اور مقام محمود میں انفرادیت اور شہرت اور اہل عرب شہرت کے مواضع پر لواء کو وضع کرتے ہیں جیسا کہ مروی ہے لکل غادر لنواء (ہر غدار کے لیے جھنڈا ہے) اور یہ بھی ممکن ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست مبارک میں جھنڈا ہی ہو اور اس کا نام لواء الحمد ہو۔

صاحب مواہب لدنیہ طبرانی سے ریاض النضرۃ میں ایک حدیث لاتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی مرتضیٰ سے فرمایا اے علی! تم نہیں جانتے کہ میں ہی وہ پہلا شخص ہوں گا جو روز

قیامت خطبہ دے گا تو میں عرش کی داہنی جانب اس کے سایہ میں کھڑا ہوں گا اور مجھے جنتی حلہ پہنایا جائے گا آگاہ اور خبردار ہو کہ میری امت سب سے پہلی امت ہوگی جس کا روز قیامت حساب کیا جائے گا اس کے بعد میں تمھیں بشارت دیتا ہوں کہ تم وہ پہلے شخص ہو کہ تمھیں بلایا جائے گا اور تمھیں لوگوں کا جھنڈا سپرد کیا جائے گا جس کا نام لواء الحمد ہے۔ کیوں کہ آدم اور تمام خلق کسی سایہ کی متلاشی ہوگی وہاں میرے جھنڈے کا سایہ ہوگا اور میرے لواء مبارک کی درازی ایک ہزار چھ سو سال کی مسافت کے برابر ہوگی۔ اس کا سنان یاقوت احمر کا اور اس کا قبضہ سفید چاندی کا اور اس کا ڈنڈا سبز مروارید کا ہوگا اس کی زلفیں تین نور کی ہوں گی، ایک زلف مشرق میں، دوسری مغرب میں، تیسری دنیا کے درمیان میں، اور ان میں تین سطریں تحریر ہوں گی ، ایک پر بسم الله الرحمن الرحيم ، دوسری پر الحمد لله رب العالمين ، تیسری پر لا اله الا الله محمد رسول الله اور ہر سطر کی درازی ہزار سال کے برابر، اور اس کی پہنائی بھی ہزار سال کے برابر، تو اے علی میں اسے تمھارے سپرد کروں گا اور امام حسن تمھاری داہنی جانب اور امام حسین تمھاری بائیں طرف کھڑے ہوں گے، یہاں تک کہ تم میرے اور حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے درمیان عرش کے سایہ میں کھڑے ہوگے، اور تمھیں جنت کا جوڑا پہنایا جائے گا۔

ابن سبع نے خصائص میں روایت کیا ہے کہ عبداللہ بن سلام نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لواء الحمد کی توصیف میں دریافت کیا کہ وہ کیسا ہوگا؟ اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی درازی ایک ہزار چھ سو برس کی مسافت ہے۔ (آخر حدیث تک)

ذکر صراط

صراط کے بارے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جہنم کی پشت پر صراط بچھائی جائے گی اور اس پر سے گزرنے والوں میں سب سے پہلے

میں اور میری امت ہوگی۔

اس پر سے گزرتے وقت رسولوں کی دعا یہ ہے **اللھم سلم سلم** اے رب سلامت رکھ سلامت رکھ۔

اور دوسری حدیث میں آیا ہے کہ تمھارا نبی صراط پر کھڑا **رب سلم سلم** کہہ رہا ہوگا، اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ دعا امت کی سلامتی کے لیے ہوگی، اور دوسرے رسولوں کی بھی اسی طرح اور ممکن ہے کہ مقربان بارگاہ بھی حق تعالیٰ کی شان بے نیازی کے ڈر اور خوف سے سلامتی کی دعائیں کر رہے ہوں گے۔

اور ایک روایت میں ہے کہ فرشتے بھی صراط کے دونوں جانب کھڑے **یا رب سلم سلم** کی دعائیں مانگ رہے ہوں گے، اور یہ ان کی عادت کے بموجب ہے کہ وہ ہمیشہ ہی مسلمانوں کے لیے دعا و استغفار کرتے ہیں۔

فضیل بن عیاض کی حدیث میں ہے کہ صراط کی مسافت پندرہ ہزار سال کے برابر ہے پانچ ہزار چڑھائی میں، پانچ ہزار اتار میں اور پانچ ہزار برابر و ہموار، اور کوئی گزرنے والا ایسا نہ ہوگا جو خوف خدا سے لرزتا کانپتا نہ ہو۔

اور مشہور ہے کہ صراط تلوار سے تیز اور بال سے زیادہ باریک ہے، ایک حدیث میں آیا ہے کہ صراط بعضوں کے لیے تلوار سے تیز اور بال سے باریک ہوگی، اور بعضوں کے لیے ہموار و کشادہ میدان کی مانند ہوگی، اور یہ ایسا ہی ہے جیسے کہ کہتے ہیں کہ وقوف محشر کی طوالت بعضوں پر تو پچاس ہزار سال کے برابر ہوگی اور بعض پر نماز کی دو رکعتوں کے برابر اور یہ تفاوت اعمال اور انوار ایمان کی بناء پر ہے۔

حدیث پاک میں ہے کہ جب میرے امتی صراط پر لرزنے لگیں گے اور تھک کر رہ جائیں گے تو

فریاد کریں گے وا محمداہ ، یا رسول اللہ مدد فرمایئے، اس وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انتہائی شفقت میں بلند آواز سے پکاریں گے اور بارگاہ الٰہی میں عرض کریں گے رب امتی امتی اے رب میری امت کو بچا میری امت کو بچا، آج کے دن میں نہ اپنے لیے کچھ مانگتا ہوں اور نہ اپنی بیٹی فاطمہ کے لیے، یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امت کے بارے میں اور ان کے چھڑانے کے سلسلے میں حد درجہ اہتمام اور مبالغہ ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اس حدیث سے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اپنے ساتھ اتحاد اور کمال محبت کا علم ہو جاتا ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ہے کہ جو بہت صدقہ دے گا وہ صراط پر سے گزر جائے گا۔ اور ایک حدیث میں ہے کہ جس کا گھر مسجد ہے حق تعالیٰ اس کا ضامن ہے وہ اسے صراط پر سے رحمت و کرم کے ساتھ گزارے گا۔

میزان کی کیفیت

میزان پر ہی سوال و حساب کا مدار ہے، حدیث شریف میں آیا ہے کہ جنت عرش کی داہنی جانب اور جہنم اس کی بائیں جانب رکھی جائے گی اس کے بعد میزان لائی جائے گی اور نیکیوں کے پلڑے کو جنت کے مقابل اور بدیوں کے پلڑے کو جہنم کے مقابل رکھا جائے گا۔

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ قیامت میں صاحب میزان جبریل علیہ الصلاۃ والسلام ہوں گے اور وہی اس دن اعمال کا وزن کریں گے اور یہ میزان اور ہر احوال حساب و سوال سب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ہوگا۔

بعض علماء کہتے ہیں کہ آخرت کی ترازو کے پلڑے کا وزن ہونا دنیا کی ترازو کے برعکس ہے،

کیوں کہ دنیا کی ترازو کا وزنی پلڑا نیچے ہوتا ہے اور آخرت کی ترازو کا وزنی پلڑا اونچا ہوتا ہے، یہ بات ندرت سے خالی نہیں۔

وہ علماء آیہ کریمہ الیه یصعد الکلم الطیب سے استدلال واستشہاد کرتے ہیں کہ نیکی کی باتیں حق تعالیٰ یا اوپر کی جانب چڑھتی ہیں اور نیک عمل کو اٹھایا جاتا ہے۔

اور یہ بات پوشیدہ نہیں ہے کہ اس دعویٰ کا اثبات محض آیہ کریمہ سے اس باب میں کسی چیز کے واقع ہوئے بغیر مشکل ہے ہاں اگر اس آیت کریمہ کی تائید میں کوئی چیز اشارہ کرنے والی ہو تو ممکن ہے۔

اور بعض جو یہ کہتے ہیں کہ یہ بات اللہ تعالیٰ کے اس قول فاما من ثقلت موازینه فهو فی عیشة راضیة (لیکن وہ جن کے ترازو بھاری ہیں تو وہ رضا کی زندگی میں ہیں) کے متضاد اور منافی ہے تو یہ بھی محل بحث ہے اس لیے کہ ممکن ہے کہ ثقلت سے مراد ترجیح ہو اور ترجیح اس جگہ صعود سے ہے۔ ہاں مقصود یہ ہے کہ ثقیل مائل بہ سفل ہوتی ہے اور ممکن ہے کہ مقتضائے ثقل وخفت وہاں اس جہان کے برعکس ہو۔ مولف (مدارج النبوۃ جلد دوم)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شفیع ہونا کس حدیث سے ثابت ہے؟

آپ نے ارشاد فرمایا:

سبحان اللہ! ایسے سوال سن کر کتنا تعجب آتا ہے کہ مسلمان ومدعیان سنیت اور ایسے واضح عقائد میں تشکیک کی آفت، یہ بھی قرب قیامت کی ایک علامت ہے، انا لله و انا الیه راجعون.

احادیث شفاعت بھی ایسی چیز ہیں جو کسی طرح چھپ سکیں؟ بیسوں صحابہ، صدہا تابعین ہزارہا محدثین ان کے راوی، حدیث کی ہر گونہ کتابیں صحاح، سنن مسانید، معاجیم جوامع، مصنفات ان سے

مالا مال، اہل سنت کا ہر متنفس، یہاں تک کہ زنان و اطفال بلکہ دہقانی جہال بھی اس عقیدے سے آگاہ، خدا کا دیدار، محمد کی شفاعت ایک ایک بچے کی زبان پر جاری۔

حضور کی رضا

قال اللہ تعالیٰ و لسوف یعطیک ربک فترضی .

اور قریب تر ہے تجھے تیرا رب اتنا دے گا کہ تو راضی ہو جائے گا۔

دیلمی مسند الفردوس میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے راوی، جب یہ آیت اتری حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

اذن لا ارضی و واحد من امتی فی النار.

یعنی جب اللہ تعالیٰ مجھ سے راضی کر دینے کا وعدہ فرماتا ہے تو میں راضی نہ ہوں گا اگر میرا ایک امتی بھی دوزخ میں رہا۔

طبرانی معجم اوسط اور بزار مسند الفردوس میں جناب مولیٰ المسلمین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اشفع لامتی حتی ینادینی ربی ارضیت یا محمد فاقول ای رب رضیت.

میں اپنی امت کی شفاعت کروں گا یہاں تک کہ میرا رب پکارے گا اے محمد تو راضی ہوا میں عرض کروں گا اے رب میرے میں راضی ہوا۔

امت کے لیے حضور کا استغفار

قال اللہ تعالیٰ، و استغفر لذنبک و للمومنین و للمومنات

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم کو حکم دیتا ہے کہ مسلمان مردوں اور عورتوں کے گناہ مجھ سے بخشواؤ، اور شفاعت کا ہے کا نام ہے؟

قال اللہ تعالیٰ، و لو انھم اذ ظلموا انفسھم جاء وک فاستغفروا اللہ و استغفر لھم الرسول لوجدوا اللہ توابا رحیما.

اور اگر وہ جب اپنی جانوں پر ظلم کریں تیرے پاس حاضر ہوں، پھر خدا سے استغفار کریں اور رسول ان کی بخشش مانگے تو بیشک اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

اس آیت میں مسلمانوں کو ارشاد فرماتا ہے کہ گناہ کر کے اس نبی کی سرکار میں حاضر ہو اور اس سے درخواست شفاعت کرو، محبوب تمہاری شفاعت فرمائے گا تو ہم یقیناً تمہارے گناہ بخش دیں گے۔

منافقین کا انصراف

قال اللہ تعالیٰ، و اذا قیل لھم تعالوا یستغفر لکم رسول اللہ لووا رؤسھم

جب ان منافقوں سے کہا جائے کہ آؤ رسول اللہ تمہاری مغفرت مانگیں تو اپنے سر پھیر لیتے ہیں۔

اس آیت میں منافقوں کا حال بد مآل ارشاد ہوا کہ وہ حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شفاعت نہیں چاہتے پھر جو آج نہیں چاہتے وہ کل نہ پائیں گے اور جو کل نہ پائیں گے وہ کل نہ پائیں گے۔ اللہ دنیا و آخرت میں ان کی شفاعت سے بہرہ مند فرمائے۔

حشر میں ہم بھی سیر دیکھیں گے
منکر آج ان سے التجا نہ کرے

قیامت کی سختی اور شفاعت

شفاعت کبریٰ کی حدیثیں جن میں صاف صریح ارشاد ہوا کہ عرصات محشر میں وہ طویل دن ہوگا کہ

کاٹے نہ کٹے اور سروں پر آفتاب اور دوزخ نزدیک، اس دن سورج میں دس برس کامل کی گرمی جمع کریں گے اور سروں سے کچھ ہی فاصلہ پر لاکر رکھیں گے، پیاس کی وہ شدت کہ خدا نہ دکھائے، گرمی وہ قیامت کہ اللہ بچائے، بانسوں پسینہ زمین میں جذب ہوکراوپر چڑھے گا یہاں تک کہ گلے گلے سے بھی اونچا ہوگا، جہاز چھوڑیں تو بہنے لگیں، لوگ اس میں غوطے کھائیں گے گھبرا گھبرا کر دل حلق تک آجائیں گے۔

لوگ ان عظیم آفتوں میں جان سے تنگ آکر شفیع کی تلاش میں جابجا پھریں گے، آدم ونوح خلیل و کلیم ومسیح علیہم الصلاۃ والسلام کے پاس حاضر ہوکر جواب صاف سنیں گے، سب انبیاء فرمائیں گے ہمارا یہ مرتبہ نہیں، ہم اس لائق نہیں، ہم سے یہ کام نہ نکلے گا، نفسی نفسی! تم اور کسی کے پاس جاؤ یہاں تک کہ سب کے بعد حضور پرنور سید الاولین والآخرین، خاتم النبیین، شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوں گے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انا لھا، انا لھا فرمائیں گے، یعنی میں ہوں شفاعت کے لیے، میں ہوں شفاعت کے لیے، پھر اپنے رب کریم جل جلالہ کی بارگاہ میں حاضر ہوکر سجدہ کریں گے ان کا رب تبارک وتعالیٰ ارشاد فرمائے گا۔

یا محمد ارفع رأسک و قل تسمع و سل تعطه و اشفع تشفع.

اے محمد اپنا سر اٹھاؤ اور عرض کرو تمھاری بات سنی جائے گی اور مانگو کہ تمھیں عطا ہوگا اور شفاعت کرو کہ تمھاری شفاعت قبول ہے۔

یہی مقام محمود ہوگا جہاں تمام اولین وآخرین میں حضور کی تعریف وحمد وثنا کا غل پڑ جائے گا اور موافق ومخالف سب پر کھل جائے گا۔

بارگاہ الٰہی میں جو وجاہت ہمارے آقا کی ہے کسی کی نہیں اور ملک عظیم جل جلالہ کے یہاں جو عظمت ہمارے مولیٰ کے لیے کسی کے لیے نہیں و الحمد لله رب العالمين اسی لیے اللہ تعالیٰ اپنی

حکمت کاملہ کے مطابق لوگوں کے دلوں میں ڈالے گا کہ پہلے اور انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے پاس جائیں اور وہاں سے محروم پھر کر ان کی خدمت میں حاضر آئیں تاکہ سب جان لیں کہ منصب شفاعت اسی سرکار کا خاصہ ہے دوسرے کی مجال نہیں کہ اس کا دروازہ کھول سکے، و الحمد لله رب العالمین۔

انتباہ

یہ حدیثیں صحیح بخاری وصحیح مسلم تمام کتابوں میں مذکور اور اہل اسلام میں معروف ومشہور ہیں ذکر کی حاجت نہیں کہ بہت طویل ہیں، شک لانے والا اگر دو حرف بھی پڑھا ہو تو مشکوۃ شریف کا اردو میں ترجمہ منگا کر دیکھ لے یا کسی مسلمان سے کہے کہ پڑھ کر سنا دے، اور انھیں حدیثوں کے آخر میں یہ بھی ارشاد ہوا کہ شفاعت کے بعد حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بخشش گنہ گاراں کے لیے بار بار شفاعت فرمائیں گے اور ہر دفعہ اللہ تعالیٰ وہی کلمات فرمائے گا اور حضور ہر مرتبہ بے شمار بندگان خدا کو نجات بخشیں گے۔

میں ان مشہور حدیثوں کے سوا ایک اربعین یعنی چالیس حدیثیں اور لکھتا ہوں جو گوش عوام تک کم پہنچی ہوں جن سے مسلمانوں کا ایمان ترقی پائے، منکر کا دل آتش غیظ میں جل جائے بالخصوص جن سے اس ناپاک تحریف کا رد شریف ہو، جو بعض بددینوں، خدا ناترسوں، ناحق کوشوں، باطل کیشوں نے معنی شفاعت میں کیں اور انکار شفاعت کے چہرہ نجس چھپانے کو ایک جھوٹی صورت نام کی شفاعت دل سے گڑھی۔

ان حدیثوں سے واضح ہوگا کہ ہمارے آقائے اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شفاعت کے لیے متعین ہیں، انھیں کی سرکار بے کس پناہ ہے، انھیں کے در سے بے یاروں کا نباہ ہے، نہ جس طرح ایک بد مذہب کہتا ہے کہ جس کو چاہے گا اپنے حکم سے شفیع بنا دے گا، یہ حدیثیں ظاہر کریں گی کہ ہمیں خدا اور رسول نے کان کھول کر شفیع کا پیارا نام بتا دیا اور صاف فرمایا کہ وہ محمد رسول اللہ ہیں، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ نہ یہ کہ

بات گول رکھی ہو جیسے ایک بد بخت کہتا ہے کہ اسی کے اختیار پر چھوڑ دیجیے جس کو وہ چاہے ہمارا شفیع کردے، یہ حدیثیں مژدہ جاں فزا دیں گی کہ حضور کی شفاعت نہ اس کے لیے ہے جس سے اتفاقاً گناہ ہو گیا ہو اور وہ اس پر ہر وقت نادم و پریشاں و ترساں و لرزاں ہے، جس طرح ایک دزد باطن کہتا ہے کہ چور پر تو چوری ثابت ہو گئی مگر وہ ہمیشہ کا چور نہیں اور چوری کو اس نے کچھ اپنا پیشہ نہیں ٹھہرایا مگر نفس کی شامت سے قصور ہو گیا سو اس پر شرمندہ ہے اور رات دن ڈرتا ہے، نہیں نہیں ان کے رب کی قسم جس نے انھیں شفیع المذنبین کیا، ان کی شفاعت ہم جیسے روسیاہوں، پر گناہوں، سیہ کاروں، ستم گاروں کے لیے ہے جن کا بال بال گناہ میں بندھا ہے جن کے نام سے گناہ بھی ننگ و عار رکھتا ہے۔ ع

ترسم آلودہ شود دامن عصیاں از من

شفاعت گنہ گاروں کے لیے ہے

امام احمد بسند صحیح اپنی مسند میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اور ابن ماجہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

خیرت بین الشفاعة و بین ان یدخل نصف امتی الجنة فاخترت الشفاعة لانها اعم و اکفیٰ ترونها للمتقین لا و لکنها للمذنبین الخطائین المتلوثین.

اللہ تعالیٰ نے مجھے اختیار دیا کہ یا تو شفاعت لو یا یہ کہ تمھاری آدھی امت جنت میں جائے میں نے شفاعت لی کہ وہ زیادہ تمام اور زیادہ کام آنے والی ہے، کیا تم یہ سمجھ لیے ہو کہ میری شفاعت پاکیزہ مسلمانوں کے لیے ہے؟ نہیں بلکہ وہ ان گناہ گاروں کے واسطے ہے جو گناہوں میں آلودہ اور سخت خطا کار ہیں۔

ابن عدی حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

شفاعتی للھا لکین من امتی .

میری شفاعت میرے ان امتیوں کے لیے جنھیں گناہوں نے ہلاک کر ڈالا۔

حق ہے اے شفیع میرے، میں قربان تیرے، صلی اللہ علیک۔

حضرت ابوداؤد و ترمذی و ابن حبان و حاکم و بیہقی بافادۂ تصحیح حضرت انس بن مالک اور ترمذی، ابن ماجہ، ابن حبان و حاکم حضرت جابر بن عبد اللہ، اور طبرانی معجم کبیر میں حضرت عبد اللہ بن عباس اور خطیب بغدادی حضرت عبد اللہ بن عمر فاروق و حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

شفاعتی یوم القیمة لاهل الکبائر من امتی

میری شفاعت میری امت میں ان کے لیے ہے جو کبیرہ گناہ والے ہیں۔

ابوبکر احمد بن علی بغدادی حضرت ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

شفاعتی لاهل الذنوب من امتی .

میری شفاعت میرے گنہگار امتیوں کے لیے ہے۔

ابودرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی

و ان زنی و ان سرق

اگرچہ زانی اگرچہ چور ہو۔

فرمایا: و ان زنی و ان سرق علی رغم انف ابی الدرداء .

اگر چہ زانی ہو اگر چہ چور ہو برخلاف خواہش ابو درداء کے۔

بے حساب لوگوں کی شفاعت

طبرانی و بیہقی حضرت بریدہ اور طبرانی معجم اوسط میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان اشفع یوم القیامة لاکثر مما علی وجه الارض من شجر و حجر و مدر

یعنی روئے زمین پر جتنے پیڑ پتھر ڈھیلے ہیں میں قیامت میں ان سب سے زیادہ آدمیوں کی شفاعت فرماؤں گا۔

مومنین مخلصین کی شفاعت

بخاری مسلم حاکم بیہقی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

شفاعتی لمن شهد ان لا اله الا الله مخلصا یصدق قلبه لسانه .

میری شفاعت ہر کلمہ گو کے لیے جو سچے دل سے کلمہ پڑھے کہ زبان کی تصدیق دل کرتا ہو۔

احمد طبرانی و بزار حضرت معاذ بن جبل و حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انها اوسع لهم و هی لمن مات و لا یشرک بالله شیئا .

شفاعت میں امت کے لیے زیادہ وسعت ہے وہ ہر شخص کے واسطے جس کا خاتمہ ایمان پر ہو۔

طبرانی معجم اوسط میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

اتی جھنم فاضرب بابها فيفتح لى فادخلها فاحمد الله محامد ما حمده احد قبلى مثلها و لا يحمده احدبعدى ثم اخرج منها من قال لا اله الا الله مخلصا.

میں جہنم کا دروازہ کھلوا کر تشریف لے جاؤں گا وہاں خدا کی تعریفیں کروں گا ایسی نہ مجھ سے پہلے کسی نے کیں نہ میرے بعد کوئی کرے پھر دوزخ سے ہر اس شخص کو نکال لوں گا جس نے خالص دل سے لا اله الا الله کہا۔

سونے کے منبر اور حضور کی شفاعت

حاکم بافادۂ تصحیح اور طبرانی و بیہقی حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

يوضع للانبياء منابر من ذهب فيجلسون عليها و يبقى منبرى لا اجلس عليه اولا اقعد عليه قائما بين يدى ربى مخافة ان يبعث بى الى الجنة و يبقى امتى من بعدى فاقول يا رب امتى امتى فيقول الله عزوجل يا محمد ما تريد ان اصنع بامتك فاقول يا رب عجل حسابهم فما ازال اشفع حتى اعطى صكاكا برجال قد بعث بهم الى النار حتى ان مالكا خازن النار ليقول يا محمد ما تركت.

انبیاء کے لیے سونے کے منبر بچھائے جائیں گے وہ ان پر بیٹھیں گے اور میرا منبر باقی رہے گا کہ میں اس پر جلوس نہ فرماؤں گا بلکہ اپنے رب کے حضور سرو قد کھڑا رہوں گا، اس ڈر سے کہ کہیں ایسا نہ ہو مجھے جنت میں بھیج دے اور میری امت میرے بعد رہ جائے، پھر عرض کروں گا اے رب میرے، میری امت

میری امت، اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے محمد تیری کیا مرضی ہے میں تیری امت کے ساتھ کیا کروں؟ عرض کروں گا اے رب میرے ان کا حساب جلد فرمادے پس میں شفاعت کرتا رہوں گا یہاں تک کہ مجھے ان کی رہائی کی چٹھیاں ملیں گی جنھیں دوزخ بھیج چکے تھے یہاں تک کہ مالک داروغہ دوزخ عرض کرے گا اے محمد آپ نے اپنی امت میں رب کا غضب نام کو نہ چھوڑا۔

حضور منصب شفاعت پر

بخاری ومسلم ونسائی حضرت جابر بن عبداللہ اور احمد بسند حسن اور بخاری تاریخ میں اور بزار اور طبرانی وبیہقی وابونعیم حضرت عبداللہ بن عباس اور احمد بسند حسن و بزار بسند جید ودارمی وابن ابی شیبہ وابویعلی و ابونعیم وبیہقی حضرت ابوذر اور طبرانی معجم اوسط میں بسند حضرت ابوسعید خدری اور کبیر میں حضرت سائب بن یزید اور احمد باسناد حسن اور ابن ابی شیبہ وطبرانی حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی :

و اللفظ لجابر قال قال رسول الله صلي الله تعالىٰ عليه وسلم و اعطيت مالم يعط احد قبلي الى قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و اعطيت الشفاعة .

ان چھوں حدیثوں میں یہ بیان ہوا ہے کہ حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں میں شفیع مقرر کردیا گیا اور شفاعت خاص مجھ ہی کو عطا ہوگی میرے سوا کسی نبی کو یہ منصب نہ ملا۔

دعائے شفاعت

ابن عباس وابوسعید وابوموسیٰ سے انھیں حدیثوں میں وہ مضمون بھی ہے۔ جو احمد و بخاری ومسلم نے انس اور شیخین نے ابوہریرہ سے روایت کیا کہ حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان لكل نبي دعوة و قد دعا بها في امته و استجيب له و هذا اللفظ لانس و

لفظ ابی سعید ، لیس من نبی الا وقد اعطی دعوۃ فتعجلھا (و لفظ ابن عباس) لم یبق نبی الا اعطی له ، رجعنا الی لفظ انس و الفاظ الباقین کمثله معنی ، قال و انی اختبأت دعوتی شفاعۃ لامتی یوم القیامة (زاد ابو موسیٰ) جعلتھا لمن مات من امتی لا یشرک بالله شیئا .

یعنی انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی اگرچہ ہزاروں دعائیں قبول ہوتی ہیں مگر ایک دعا انھیں خاص جناب باری تبارک وتعالیٰ سے ملتی ہے کہ جو چاہو مانگ لو، بیشک دیا جائے گا، تمام انبیاء آدم سے عیسیٰ تک (علیہم الصلاۃ والسلام) سب اپنی اپنی وہ دعا دنیا میں کر چکے اور میں نے آخرت کے لیے اٹھا رکھی، وہ میری شفاعت ہے، میری امت کے لیے قیامت کے دن میں نے اسے اپنی ساری امت کے لیے رکھا ہے جو ایمان پر دنیا سے اٹھی۔

اللہ اکبر! اے گنہ گاران امت! کیا تم نے اپنے مالک ومولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ کمال رافت ورحمت اپنے حال پر نہ دیکھی کہ بارگاہِ الٰہی عز جلالہ سے تین سوال حضور کو ملے کہ جو چاہو مانگ لو عطا ہوگا، حضور نے ان میں کوئی سوال اپنی ذات پاک کے لیے نہ رکھا سب تمھارے ہی کام میں صرف فرمادیے۔ دو سوال دنیا میں کیے وہ بھی تمھارے ہی واسطے، تیسرا آخرت کو اٹھا رکھا، وہ تمھاری اس عظیم حاجت کے واسطے جب اس مہربان مولیٰ رؤف ورحیم آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا کوئی کام آنے والا، بگڑی بنانے والا نہ ہوگا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ حق فرمایا حضرت حق عز وجلالہ نے، عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رؤف رحیم .

واللہ العظیم! قسم اس کی جس نے انھیں آپ مہربان کیا ہرگز ہرگز کوئی ماں اپنے عزیز پیارے اکلوتے بیٹے پر زنہار اتنی مہربان نہیں جس قدر وہ اپنے ایک امتی پر مہربان ہیں (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) الٰہی تو ہمارا عجز وضعف اور ان کے حقوق عظیمہ کی عظمت جانتا ہے اے قادر! اے واجد! اے ماجد! ہماری طرف

سے ان پر اور ان کی آل پر وہ برکت والی درودیں نازل فرما جو ان کے حقوق کو وافی ہوں اور ان کی رحمتوں کو مکافی۔

سبحان اللہ! امتیوں نے ان کی رحمتوں کا یہ معاوضہ رکھا کہ کوئی افضلیت میں تشکیکیں نکالتا ہے، کوئی ان کی شفاعت میں شبہ ڈالتا ہے، کوئی ان کی تعریف اپنی سی جانتا ہے، کوئی ان کی تعظیم پر بگڑ کر کراتا ہے، افعال محبت کا بدعت نام، اجلال وادب پر شرک کے احکام **انا لله و انا اليه راجعون**۔

شفاعت حضور کے ساتھ خاص ہے

بیہقی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب اسریٰ اپنے رب سے عرض کی تو نے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو یہ یہ فضائل بخشے رب عز مجدہ نے فرمایا۔

اعطيتك خيرا من ذلك (الى قوله) خبأت شفاعتك و لم اخباها لنبي غيرك۔

میں نے تجھے عطا فرمایا وہ ان سب سے بہتر ہے، میں نے تیرے لیے شفاعت چھپا رکھی اور تیرے سوا دوسرے کو نہ دی۔

روز قیامت کے خطیب وشفیع

ابن ابی شیبہ وترمذی بافادۂ تحسین وتصحیح اور ابن ماجہ وحاکم بحکم تصحیح حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اذا كان يوم القيامة كنت امام النبيين و خطيبهم و صاحب شفاعتهم غير فخر۔

قیامت کے دن میں انبیاء کا پیشوا اوران کا خطیب اوران کا شفاعت والا ہوں گا اور یہ کچھ فخر کی راہ سے نہیں فرماتا۔

شفاعت حق ہے

ابن منیع حضرت زید بن ارقم وغیرہ چودہ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

شفاعتی یوم القیامة حق فمن لم یومن بها لم یکن من اهلها.

میری شفاعت روز قیامت حق ہے جو اس پر ایمان نہ لائے گا اس کے قابل نہ ہوگا۔

منکر مسکین اس حدیث متواتر کو دیکھے اور اپنی جان پر رحم کر کے شفاعت مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لائے۔ (اسماع الاربعین فی شفاعۃ سید المحبوبین)

حضور کی شفاعت مقبول ہے

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں بیشک بالیقین میں روز قیامت میں تمام جہان کا سید ہوں میرے ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جو میرے نشان کے نیچے نہ ہو کشائش کا انتظار کرتا ہوا۔ میں چلوں گا اور لوگ میرے ساتھ ہوں گے یہاں تک کہ دروازۂ جنت پر تشریف فرما ہوکر دروازہ کھلواؤں گا سوال ہوگا کون ہے، میں فرماؤں گا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کہا جائے گا مرحبا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو، پھر جب میں اپنے رب عزوجل کو دیکھوں گا اس کے لیے سجدۂ شکر میں گروں گا اس پر کہا جائے گا۔

ارفع راسک و قل تطاع و اشفع تشفع.

اپنا سر اٹھاؤ اور جو کہنا ہو کہو کہ تمھاری اطاعت کی جائے گی اور شفاعت کرو کہ تمھاری شفاعت قبول ہوگی پس جو لوگ جل چکے تھے وہ اللہ کی رحمت اور میری شفاعت سے دوزخ سے نکالے جائیں گے۔

اسے حاکم نے مستدرک میں اور ابن عساکر نے عبادۃ بن الصامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (الامن والعلی)

حضور صاحب شفاعت ہیں

روز قیامت تمام انبیاء، اولیاء، علماء علیہم الصلاۃ والثناء کہ شفاعت فرمائیں گے ان کی شفاعت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ہوگی، بارگاہ عزت میں شفاعت فرمانے والے صرف حضور ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ولہذا جامع ترمذی کی حدیث میں ارشاد ہوا **انا صاحب شفاعتهم و لا فخر۔**

شفاعت انبیاء کا صاحب میں ہوں اور یہ کچھ براہ فخر نہیں فرماتا۔

زیارت وشفاعت

حدیث میں ارشاد ہوا **من زار قبری وجبت له شفاعتی .**

جو میرے مزار کریم کی زیارت کو حاضر ہو اس کے لیے میری شفاعت واجب ہوگئی۔

دوسری حدیث میں **من حج و لم یزرنی فقد جفانی .**

جس نے حج کیا اور میری زیارت کو نہ آیا بیشک اس نے مجھ پر جفا کی۔ (الملفوظ حصہ اول)

حضور کو اذن کلام

تفسیر مقام محمد میں حدیث حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ نسائی نے بسند صحیح اور حاکم نے بافادۂ تصحیح اور

طبرانی و ابن مندہ نے روایت کی یوں آئی۔

یجمع الله الناس فی صعید واحد فلا تکلم نفس فاول مدعو محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فیقول لبیک و سعدیک و الخیر فی یدیک. الحدیث.

اللہ تعالیٰ روز قیامت لوگوں کو ایک میدان میں جمع فرمائے گا تو کوئی کلام نہ کرے گا، سب سے پہلے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ندا ہوگی حضور عرض کریں گے الٰہی میں حاضر ہوں، خدمتی ہوں، تیرے دونوں ہاتھوں میں بھلائی ہے، ابن مندہ نے کہا **حدیث مجمع علیه صحة اسناده و ثقة رجاله۔**

اس حدیث کی صحت اسناد و عدالت رواۃ پر اجماع ہے۔

(صنائح اللجین فی کون التصافح بکفی الیدین)

صحیح بخاری حدیث شفاعت میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے:

فاستاذن علی ربی فی داره فیوذن لی علیه

میں اپنے رب پر اذن طلب کروں گا اس کی حویلی میں تو اس کے پاس حاضر ہونے کا اذن ملے گا۔ (فتاوی رضویہ، ج ۱۱، ص ۲۵۴۔ قوارع القہار)

شفاعت کبریٰ

صحیح بخاری و صحیح مسلم میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اہل محشر اور انبیاء سے مایوس پھر کر میرے حضور حاضر ہوں گے میں فرماؤں گا **انا لها** میں ہوں شفاعت کے لیے، پھر اپنے رب سے اذن چاہوں گا وہ مجھے اذن دے گا میں سجدے میں گروں گا ارشاد ہوگا

یا محمد ارفع راسک و قل تسمع و سل تعطه و اشفع تشفع.

اے محمد اپنا سر اٹھاؤ اور کہو کہ تمھاری بات سنی جائے گی اور مانگو کہ تمھیں عطا کیا جائے گا اور شفاعت کرو کہ تمھاری شفاعت قبول ہے، میں عرض کروں گا اے میرے رب میری امت میری امت، فرمایا جائے گا جاؤ جس کے دل میں جو بھر ایمان ہو اسے دوزخ سے نکال لو، انھیں نکال کر میں دوبارہ حاضر ہوں گا سجدہ کروں گا وہی ارشاد ہوگا کہ اے محمد اپنا سر اٹھاؤ اور کہو کہ سنا جائے گا، مانگو کہ دیا جائے گا، شفاعت کرو کہ قبول ہے۔

میں عرض کروں گا اے میرے رب میری امت میری امت ارشاد ہوگا جاؤ جس کے دل میں رائی بھر ایمان ہو نکال لو، مین انھیں نکال کر سہ بارہ حاضر ہو کر سجدہ کروں گا فرمائے گا اے محمد اپنا سر اٹھاؤ اور جو کہو منظور ہے، جو مانگو عطا ہے، شفاعت کرو مقبول ہے، میں عرض کروں گا اے میرے رب میری امت میری امت، ارشاد ہوگا جس کے دل میں رائی کے دانے سے کم سے کم تر ایمان ہو اسے نکال لو، میں انھیں نکال کر چوتھی بار حاضر و ساجد ہوں گا ارشاد ہوگا اے محمد اپنا سر اٹھاؤ اور کہو کہ سنیں گے، مانگو کہ دیں گے، شفاعت کرو کہ قبول کریں گے، میں عرض کروں گا الٰہی مجھے ان کے نکالنے کی اجازت دے جنہوں نے تجھے ایک جانا ہے ارشاد ہوگا یہ تمھارے سبب نہیں بلکہ مجھے اپنے عزت وجلال و کبریا و عظمت کی قسم ہر موحد کو اس سے نکال لوں گا۔

اقول، یہ ان (موحدین) کے بارے میں رد شفاعت حضور نہیں بلکہ عین قبول ہے کہ حضور کے عرض کرنے ہی پر تو جہنم سے نکالے گئے، فقط یہ فرمایا گیا ہے کہ ان کو رسالت سے توسل کا موقع نہ ملا مجرد عقل جتنے ایمان کے لیے کافی تھی یعنی توحید اسی قدر رکھتے تھے۔

موحدین کی شفاعت

ثم اقول، معنی حدیث کی یہ تقریر کہ ہم نے کی اس سے ظاہر ہوا کہ یہ اس حدیث صحیح کے معارض نہیں کہ فرمایا: **ما انزلت اتردد علی ربی فلا اقوم فیه مقاما الا شفعت حتی اعطانی الله من ذلک ان قال ادخل من امتک من خلق الله من شهد ان لا اله الا الله یوما واحدا**

مخلصا و مات علی ذلک .

میں اپنے رب کے حضور آتا جاتا رہوں گا، جس شفاعت کے لیے کھڑا ہوں گا قبول ہوگی یہاں تک کہ میرا رب فرمائے گا کہ تمام مخلوق میں جتنی تمہاری امت ہے ان میں جو توحید پر مرا ہو اسے جنت میں داخل کرو، اسے امام احمد نے سند صحیح کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

کہ یہاں کلام امت میں ہے تو یہاں لا اله الا الله سے پورا کلمہ طیبہ مراد ہے جیسا کہ انہیں امام احمد و صحیح ابن حبان کی حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا شفاعتی لمن شهد ان لا اله الا الله مخلصا و ان محمد رسول الله يصدق لسانه قلبه و قلبه لسانه .

میری شفاعت ہر اس شخص کے لیے جو اللہ کی توحید اور میری رسالت پر اخلاص سے گواہی دیتا ہو کہ زبان دل کے موافق ہو اور دل زبان کے۔

اہل کبائر کے لیے حضور کی شفاعت

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے بے حد اہل کبائر فلاح پائیں گے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں شفاعتی لاهل الكبائر من امتی .

میری شفاعت میری امت سے کبیرہ گناہوں والوں کے لیے ہے۔ اسے احمد و ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن حبان اور حاکم و بیہقی نے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا بیہقی نے اس کی تصحیح کی۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خيرت بين الشفاعة و بين ان يدخل شطر امتی الجنة فاخترت الشفاعة لانها اعم و اكفى اترونها للمومنين المتقين لا ولكنها للمذنبين المتلوثين الخطائين.

مجھ سے میرے رب نے فرمایا تم کو اختیار ہے چاہے شفاعت لے لو چاہے یہ کہ تمھاری آدھی امت بلا عذاب داخل جنت ہو میں نے شفاعت اختیار فرمائی کہ وہ زیادہ عام اور زیادہ کافی ہے کیا اسے ستھرے مومنوں کے لیے سمجھتے ہو؟ نہیں بلکہ وہ گناہ گاروں آلودہ روزگاروں سخت خطا کاروں کے لیے ہے۔ اسے احمد نے سند صحیح سے اور طبرانی نے کبیر میں سند جید سے حضرت ابن عمر سے اور ابن ماجہ نے ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

بلکہ وہ بھی ہوں گے جن کے گناہ نیکیوں سے بدلے جائیں گے **قال اللہ تعالیٰ فاولئک یبدل اللہ سیاتھم حسنت و کان اللہ غفورا رحیما.**

اللہ ان کے گناہوں کو نیکیوں سے بدل دے گا اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

حدیث میں ہے ایک شخص روز قیامت حاضر لایا جائے گا ارشاد ہوگا اس کے چھوٹے گناہ اس پر پیش کرو اور بڑے بڑے ظاہر نہ کرو اس سے کہا جائے گا تو نے فلاں فلاں دن یہ یہ کام کیے وہ مقر ہوگا اور اپنے بڑے گناہوں سے ڈر رہا ہوگا کہ ارشاد ہوگا، **اعطوہ مکان کل سیئۃ حسنۃ .**

اسے ہر گناہ کی جگہ ایک نیکی دو، اب کہہ اٹھے گا کہ الٰہی میرے اور بہت سے گناہ ہیں وہ تو سننے میں آئے ہی نہیں، یہ فرما کر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اتنا ہنسے کہ آس پاس کے دندان مبارک ظاہر ہوئے، اسے ترمذی نے ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ **(فتاویٰ افریقہ)**

حضور کی شفقت

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رحمۃ للعالمین بھیجے گئے اور مومنین پر بالخصوص کمال مہربان ہیں روف رحیم ہیں ان کا مشقت میں پڑنا ان پر گراں ہے، ان کی بھلائیوں پر حریص ہیں جیسے کہ قرآن عظیم ناطق **لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم**

بالمومنین روف رحیم .

تمام عاصیوں کی شفاعت کے لیےتو وہ مقرر فرمائے گئے واستغفر لذنبک و للمومنین و المومنات

کیا وہ ان میں کسی کی بخشش نہ چاہیں گے؟، کیا مسلمان کا مشقت میں پڑنا ان پر گراں نہ ہوگا؟

(فتاویٰ رضویہ ج۹ ص۵۸۴)

حضور کو شفاعت عطا کی گئی

مالک شفاعت صرف حضور شفیع یوم النشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اور جو کوئی شفاعت کرے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نیابت سے کرے گا۔

شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اعطیت شفاعة .

شفاعت مجھے عطا فرمادی گئی ہے۔ اسے بخاری و مسلم و نسائی نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

فی حدیث اعطیت خمسا لم یعطهن احد من الانبیاء قبلی .

حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مجھے پانچ چیزیں وہ دی گئیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں ملیں۔ (مولف)

حضور شافع مشفع صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اذا کان یوم القیامة کنت امام النبیین و خطیبهم و صاحب شفاعتهم غیر فخر .

روز قیامت تمام انبیاء کا امام اور ان کا خطیب اور ان کی شفاعت کا مالک ہوں اور یہ بات کچھ براہ

فخر نہیں فرماتا۔ اسے احمد و ترمذی و ابن ماجہ اور حاکم نے اسانید صحیحہ سے ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۴، انتہی الحاجز)

مرجئہ اور قدریہ شفاعت کے مستحق نہیں

ابو نعیم انس سے اور طبرانی اوسط میں حضرت واثلہ و حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی

صنفان من امتی لاتنالهم شفاعتی یوم القیامة المرجئة و القدریة.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری امت کے دو قسم، کے لوگوں کو میری شفاعت قیامت کے دن نہیں پہنچے گی یعنی مرجئہ اور قدریہ کو۔ (مولف)

مرجئہ وہ فرقہ ہے جو یہ کہتا ہے کہ ایمان کے بعد معصیت ضرر نہ دے گی، جس طرح کفر کے ساتھ طاعت و بندگی فائدہ نہ دے گی۔

قدریہ وہ لوگ ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ بندہ اپنے افعال کا خالق ہے۔ (مولف)

شفاعت مومنوں کو پہنچے گی

قد صحت الاحادیث ان المومنین یخرجون ، فیخرجون بشفاعة الشفیع الرفیع الکریم صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ، ثم یخرج اللہ برحمته کل من قال لا اله الا اللہ ، و اولئک یسمون عتقاء اللہ عزوجل ، کما عند احمد و النسائی وغیرهما.

صحیح حدیثیں اس بات پر شاہد ہیں کہ حضور شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت کریمہ سے مومنین نکالے جائیں گے، پھر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے ہر اس شخص کو جہنم سے نکالے گا جس نے لا الہ الا اللہ کہا، انھیں لوگوں کو عتقاء اللہ کہا جائے گا۔ (مولف) (المعتمد المستند ۸۶)

صاحب شفاعت کا معنی

قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ، انا صاحب شفاعتهم ، والمعنى الآخر الا لطف الاشرف ان لا شفاعة لاحد بلا واسطة عند ذى العرش جل جلاله الا للقرآن العظيم و لهذا الحبيب المرتجى الكريم صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و اما سائر الشفعاء من الملائكة ، و الانبياء ، والاولياء ، و العلماء ، و الحفاظ ، و الشهداء ، والحجاج ، والصلحاء فعند رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ينتهون اليه و يشفعون لديه و هو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يشفع لمن ذكروه و لمن لم يذكروا عند ربه عز وجل و قد تاكد عندنا هذا المعنى باحاديث.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان کہ میں شفاعت انبیاء کا مالک ہوں، اس کا حقیقی معنی یہ ہے کہ بارگاہ رب کریم میں قرآن عظیم اور حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علاوہ کسی کے لیے شفاعت کا حق نہیں ہے اور جو ملائکہ، انبیاء، اولیاء، علماء، حفاظ، شہداء، حجاج اور صلحاء شفاعت کریں گے تو یہ لوگ حضور کی بارگاہ میں شفاعت طلب کریں گے اور ان لوگوں کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پہنچایا جائے گا اور یہ لوگ حضور کے پاس شفاعت کی درخواست کریں گے۔ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ عزوجل کی بارگاہ میں ان کی شفاعت فرمائیں گے جن کا ذکر کیا گیا اور ان کی بھی فرمائیں گے جن کا ذکر نہیں کیا گیا، اور اس معنی کی احادیث سے تائید و تاکید ہوتی ہے۔ (مولف) (المعتمد المستند ص)

اہل توحید کی شفاعت

حدیث میں ہے، جب حضور سید الشافعین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بارہا شفاعت فرمائیں گے ،

اہل ایمان کو اپنے کرم سے داخلِ جناں فرماتے جائیں گے اخیر میں صرف وہ لوگ رہ جائیں گے جن کے پاس سوائے توحید کے کوئی حسنہ نہیں، شفیع مشفع صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پھر سجدے میں گریں گے حکم ہوگا۔

یا محمد ارفع راسک و قل یسمع لک و سل تعطه و اشفع تشفع.

اے حبیب! اپنا سر اٹھاؤ اور عرض کرو کہ تمھاری عرض سنی جائے گی اور مانگو کہ تمھیں عطا ہوگا اور شفاعت کرو کہ تمھاری شفاعت قبول ہوگی۔

سید الشافعین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرض کریں گے۔

یا رب ائذن لی فیمن قال لا اله الا الله.

اے میرے رب مجھے ان کی بھی پروانگی دے دے جنہوں نے صرف **لا اله الا الله** کہا ہے۔

رب العزت عز جلالہ ارشاد فرمائے گا۔

لیس ذاک الیک لکن و عزتی و کبریائی و عظمتی و جبریائی لاخرجن منها من قال لا اله الا الله.

یہ تمھارے لیے نہیں مگر مجھے عزت وجلال وکبریائی کی قسم میں ضرور ان سب کو نار سے نکال لوں گا جنہوں نے لا الہ الا اللہ کہا ہے۔ (شمول الاسلام لاصول الرسول الکرام)

ابوطالب کو حضور کی شفاعت کا فائدہ

ابوطالب کی وفات اگر چہ کفر پر ہوئی مگر انھوں نے چوں کہ زندگی بھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نصرت وحمایت کی اور کافروں کو حضور کی ایذا سے باز رکھا یہی وجہ ہے کہ ابوطالب کو شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت پہنچے گی یعنی ان کے عذاب میں تخفیف ہوگی ورنہ کافر شفاعت کے مستحق نہیں

اور ان کے لیے استغفار ناجائز وحرام۔ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے ابوطالب پر تخفیف عذاب کے سلسلے میں چند روایتیں پیش فرمائی ہیں، ملاحظہ فرمائیں۔

صحیحین ومسند امام احمد میں حضرت سیدنا عباس عم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

انه قال للنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ما اغنيت عن عمك فوالله كان يحوطك و يغضب لك قال هو في ضحضاح من نار و لو لا انا لكان في الدرك الاسفل من النار.

و في رواية وجدته في غمرات من النار فاخرجته الى ضحضاح.

یعنی انھوں نے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں عرض کی حضور نے اپنے چچا ابوطالب کو کیا نفع دیا؟ خدا کی قسم وہ حضور کی حمایت کرتا اور حضور کے لیے لوگوں سے لڑتا، جھگڑتا تھا، فرمایا میں نے اسے سراپا آگ میں ڈوبا ہوا پایا تو اسے کھینچ کر پاؤں تک آگ میں کر دیا اور اگر میں نہ ہوتا تو وہ جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں ہوتا۔

امام ابن حجر فتح الباری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں:

يوئد الخصوصية له بعد ان امتنع شفع له حتى خفف له العذاب بالنسبة لغيره .

یعنی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیت سے ہوا کہ ابوطالب نے باں کہ ایمان لانے سے انکار کیا پھر بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت نے اتنا کام دیا کہ بہ نسبت باقی کافروں کے عذاب ہلکا ہو گیا۔

صحیحین ومسند میں ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ذكر عنده عمه ابو طالب فقال لعله تنفعه شفاعتی یوم القيامة فيجعل في ضحضاح في النار يبلغ كعبيه يغلى منه دماغه .

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ابو طالب کا ذکر آیا فرمایا میں امید کرتا ہوں کہ روز قیامت میری شفاعت اسے یہ نفع دے گی کہ جہنم میں پاؤں تک کی آگ میں کر دیا جائے گا جو اس کے ٹخنوں تک ہوگی جس سے اس کا دماغ جوش مارے گا۔

یونس بن بکیر نے حدیث محمد بن اسحاق سے یوں روایت کیا۔

يغلى منه دماغه حتى يسيل على قدميه .

اس کا بھیجہ ابل کر پاؤں پر گرے گا۔

عمدۃ القاری وارشاد الساری شروح صحیح بخاری ومواہب لدنیہ وغیرہا میں امام سہیل سے منقول۔

الحكمة فيه ان ابا طالب كان تابعا لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لجملته الا انه استمر ثابت القدم على دين قومه فسلط العذاب على قدميه خاصة لتثبيته اياهما على دين قومه.

یعنی ابو طالب کے پاؤں تک آگ رہنے میں حکمت یہ ہے کہ اللہ عزوجل جزا ہم شکل عمل دیتا ہے، ابو طالب کا سارا بدن حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حمایت میں صرف رہا، ملت کفر پر ثابت قدمی نے پاؤں پر عذاب مسلط کیا، اسی طرح تیسیر شرح جامع صغیر وغیرہ میں ہے۔

بزار وابویعلی وابن عدی وتمام حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قيل للنبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم هل نفعت ابا طالب قال اخرجته من

غمرة جهنم الی ضحضاح منها.

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی گئی حضور نے ابو طالب کو کچھ نفع دیا، فرمایا میں نے اسے دوزخ کے غرق سے پاؤں تک کی آگ میں کھینچ لیا۔

امام عینی عمدہ میں فرماتے ہیں :

فان قلت ، اعمال الكفر هباء منثورا لا فائدة فيها ، قلت هذا النفع من بركة رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم و خصائصه .

اس کا بھی وہی مطلب ہے کہ ابو طالب کو یہ نفع ملنا صرف حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برکت سے ہے ورنہ کافروں کے اعمال تو غبار ہیں ہوا پر اڑائے ہوئے۔

طبرانی حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی :

ان الحارث بن هشام اتى النبى صلى الله تعالى عليه وسلم يوم حجة الوداع فقال يا رسول الله انك تحث على صلة الرحم و الاحسان الى الجار و ايواء اليتيم و اطعام الضيف و اطعام المسكين ذلك كان يفعله هشام بن المغيرة فما ظنك به يا رسول الله فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كل قبر لا يشهد صاحبه ان لا اله الا الله فهو جذوة من النار و قد وجدت عمى ابا طالب فى طمطام من النار فاخرجه الله لمكانه منى و احسانه الى فجعله فى ضحضاح من النار.

یعنی حارث بن ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روز حجۃ الوداع حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ! حضور ان باتوں کی ترغیب فرماتے ہیں رشتہ داروں سے نیک سلوک، ہمسایہ سے اچھا برتاؤ، یتیم کو جگہ دینا، مہمان کو مہمانی دینا محتاج کو کھانا کھلانا اور میرا باپ ہشام یہ سب کام کرتا تھا تو حضور

کا اس کی نسبت کیا گمان ہے فرمایا جو قبر بنے جس کا مردہ لا الہ الا اللہ نہ مانتا ہو وہ دوزخ کا انگارا ہے میں نے خود اپنے چچا ابو طالب کو سر سے اونچی آگ میں پایا، میری قرابت و خدمت کے باعث اللہ تعالیٰ نے اسے وہاں سے نکال کر پاؤں تک آگ میں کر دیا۔

مجمع بحار الانوار میں بعلامت کاف امام کرمانی شارح بخاری سے منقول۔

نفع ابا طالب اعماله ببركته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ان كان اعمال الكفرة هباء منثورا.

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برکت سے ابو طالب کے اعمال نفع دے گئے ورنہ کافروں کے کام تو نرے برباد ہوتے ہیں۔

امام احمد مسند اور بخاری و مسلم اپنی صحاح میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اهون اهل النار عذابا ابو طالب و هو منتعل بنعلين من نار يغلى منهما دماغه .

بیشک دوزخیوں میں سب سے کم عذاب ابو طالب پر ہے وہ آگ کے دو جوتے پہنے ہوئے ہے جس سے اس کا دماغ کھولتا ہے۔

نیز صحیحین میں نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان اهون اهل النار عذابا من له نعلان و شراكان من نار يغلى منهما دماغه كما يغلى المرجل ما يرى ان احدا اشد منه عذابا و انه لا هونهم عذابا.

دوزخ میں سب سے ہلکے عذاب والا وہ ہے جسے آگ کے دو جوتے اور دو تسمے پہنائے جائیں گے جن سے اس کا دماغ دیگ کی طرح جوش مارے گا وہ یہ سمجھے گا کہ سب سے زیادہ سخت عذاب اسی پر ہے حالاں کہ اس پر سب سے ہلکا عذاب ہوگا۔

اسی حدیث میں امام احمد کی روایت یوں ہے۔

یوضع فی اخمص قدمیه جمرتان یغلی منهما دماغه.

اس کے تلووں میں انگارے رکھے جائیں گے جس سے بھیجہ ابلے گا۔

اور صحیحین میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

یقول الله لاهون اهل النار عذابا یوم القیامة لو ان لک ما فی الارض من شی اکنت تفتدی به فیقول نعم فیقول اردت منک اهون من هذا و انت فی صلب آدم ان لا تشرک بی شیئا فابیت الا ان تشرک بی .

دوزخیوں میں سب سے ہلکے عذاب والے سے اللہ عزوجل فرمائے گا تمام زمین میں جو کچھ ہے اگر تیری ملک ہوتا تو کیا اسے اپنے فدیہ میں دے کر عذاب سے نجات مانگنے پر راضی ہوتا وہ عرض کرے گا ہاں فرمائے گا میں نے تو تجھ سے روز میثاق اس سے بھی ہلکی اور آسان بات چاہی تھی کہ کسی کو میرا شریک نہ کرنا مگر تو نے نہ مانا بغیر میرا شریک ٹھہرائے ہوئے۔

کتاب الخمیس فی احوال انفس نفیس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ہے۔

قیل ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مسح ابا طالب بعد موته و انسی تحت قدمیه و لذا ینتعل بنعلین من النار.

یعنی کہا گیا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعد مرگ ابو طالب کے بدن پر دست اقدس پھیر دیا تھا مگر تلووں پر ہاتھ پھیرنا یاد نہ رہا، اس لیے ابو طالب کو روز قیامت آگ کے دو جوتے پہنائے جائیں گے باقی جسم بہ برکت دست اقدس محفوظ رہے گا۔ (شرح المطالب فی مبحث ابی طالب)

والدین کریمین کی شفاعت

امام جلال الدین سیوطی مسالک الحنفا فی والدی المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں فرماتے ہیں:

اخرج تمام الرازی فی فوائده بسند ضعيف عن ابن عمر رضی الله تعالیٰ عنهما قال قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا كان يوم القيامة شفعت لابی و امی و ابی طالب و اخ لی كان فی الجاهلية .

اورد المحب الطبری و هو من الحفاظ و الفقهاء فی كتابه ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ و قال ان ثبت فهو مؤول فی ابی طالب علی ما ورد فی الصحيح من تخفيف العذاب عنه بشفاعته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ، و انما احتاج الی تاويله فی ابی طالب دون الثلثة ابيه و امه و اخيه يعنی من الرضاعة لان ابا طالب ادرک البعثة و لم يسلم و الثلثة ماتوا فی الفترة .

یعنی ایک حدیث ضعیف میں آیا کہ میں روز قیامت اپنے والدین اور ابو طالب اور اپنے ایک رضاعی بھائی کہ زمانہ جاہلیت میں گزرا شفاعت فرماؤں گا۔

امام محب طبری نے کہ حافظان حدیث و علمائے فقہ سے ہیں ذخائر العقبیٰ میں فرمایا یہ حدیث اگر ثابت بھی ہو تو ابو طالب کے بارے میں اس کی تاویل وہ ہے جو صحیح حدیث میں آیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے عذاب ہلکا ہو جائے گا، امام سیوطی فرماتے ہیں، خاص ابو طالب کے باب میں

تاویل کی حاجت یہ ہوئی کہ ابوطالب نے زمانہ اسلام پایا اور کفر پر اصرار رکھا بخلاف والدین کریمین و برادر رضاعی کہ زمانہ فترت میں گزرے۔ (شرح المطالب)

امت پر شفقت ورحمت

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

جب وہ جان رحمت وکان رافت پیدا ہوا، بارگاہ الٰہی میں سجدہ کیا اور رب ھب لی امتی، فرمایا، جب قبر شریف میں اتارا لب جاں بخش کو جنبش تھی، بعض صحابہ نے کان لگا کر سنا، آہستہ آہستہ امتی فرماتے تھے، قیامت میں بھی انھیں کے دامن میں پناہ ملے گی، تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سے نفسی نفسی اذھبوا الی غیری سنو گے اور اس غم خوار امت کے لب پر رب امتی کا شور ہوگا۔

بعض روایات میں ہے کہ حضور ارشاد فرماتے ہیں، جب انتقال کروں گا، صور پھونکنے تک قبر میں امتی امتی پکاروں گا، کان بجنے کا یہی سبب ہے کہ وہ آواز جاں گداز اس معصوم عاصی نواز کی جو ہر وقت بلند ہے، گاہے ہم سے غافل و مدہوش کے گوش تک پہنچتی ہے، روح سے ادراک کرتی ہے، اسی باعث اس وقت درود پڑھنا مستحب ہوا کہ جو محبوب ہر آن ہماری یاد میں ہے کچھ دیر ہم ہجراں نصیب بھی اس کی یاد میں صرف کریں۔ (نفی الفئی عمن استنار بنورہ کل شی)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے :

جب وہ جان رحمت کان رافت پیدا ہوا، بارگاہ الٰہی میں سجدہ کیا اور رب ھب لی امتی، فرمایا، جب قبر شریف میں اتارا، لب جاں بخش کو جنبش تھی، بعض صحابہ نے کان لگا کر سنا، آہستہ آہستہ امتی فرماتے تھے، قیامت کے روز کہ عجب سختی کا دن ہے، تانبے کی زمین، ننگے پاؤں، زبانیں پیاس سے باہر، آفتاب سروں پر، سائے کا پتہ نہیں، حساب کا دغدغہ، ملک قہار کا سامنا، عالم اپنی فکر میں گرفتار ہوگا، مجرمان بے یار

دام آفت کے گرفتار، جدھر جائیں گے سوا نفسی نفسی اذھبوا الی غیری کچھ جواب نہ پائیں گے، اس وقت یہی محبوب غم گسار کام آئے گا، قفل شفاعت اس کے زور بازو سے کھل جائے گا، عمامہ سر اقدس سے اتاریں گے اور سربسجود ہو کر امتی فرمائیں گے۔ (قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

امت کے لیے حضور کا اضطراب

امام احمد رضا بریلوی نے درد بھرے انداز میں امت عاصی کے لیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اضطراب و بے چینی کا نقشہ یوں کھینچا ہے۔

پھر محبوب بھی کیسا جان ایمان و کان احسان، جس کے جمال جہاں آراء کا نظیر کہیں نہ ملے گا اور خامۂ قدرت نے اس کی تصویر بنا کر ہاتھ کھینچ لیا کہ پھر کبھی ایسا نہ لکھے گا، کیسا محبوب! جسے اس کے مالک نے تمام جہان کے لیے رحمت بھیجا، کیسا محبوب! جس نے اپنے تن پر ایک عالم کا بار اٹھالیا، کیسا محبوب! جس نے تمھارے غم میں دن کا کھانا، رات کا سونا ترک کر دیا، تم رات دن اس کی نافرمانیوں میں منہمک اور لہو ولعب میں مشغول ہو اور وہ تمھاری بخشش کے لیے شب و روز گریاں وملول۔

شب، کہ اللہ جل جلالہ نے آسائش کے لیے بنائی، اپنے تسکین بخش پردے چھوڑے ہوئے موقوف ہے صبح قریب ہے، ٹھنڈی نسیم کا پنکھا ہو رہا ہے، ہر ایک کا جی اس وقت آرام کی طرف جھکتا ہے، بادشاہ اپنے گرم بستروں، نرم تکیوں میں مست خواب ناز ہے اور جو محتاج بے نوا ہے اس کے بھی پاؤں دو گز کملی میں دراز، ایسے سہانے وقت، ٹھنڈے زمانہ میں، وہ معصوم، بے گناہ، پاک داماں، عصمت پناہ اپنی راحت و آسائش کو چھوڑ خواب و آرام سے منہ موڑ، جبین نیاز آستانۂ عزت پر رکھے ہے کہ الٰہی! میری امت سیاہ کار ہے درگزر فرما اور ان کے تمام جسموں کو آتش دوزخ سے بچا۔

(قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

حضور کو تین سوال عطا ہوئے

صحیح مسلم شریف میں ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے مجھے تین سوال دیے میں نے دو بار عرض کی :

اللھم اغفر لامتی ، اللھم اغفر لامتی .

الٰہی میری امت بخش دے، الٰہی میری امت بخش دے۔

و اخرت الثالثة لیوم یرغب الی فیه الخلق حتی ابراھیم .

اور تیسرا اس دن کے لیے اٹھا رکھا جس میں تمام خلق میری طرف نیاز مند ہوگی یہاں تک کہ ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلاۃ والسلام۔

فائدہ

حدیث، **ان لکل نبی دعوة** کہ مسند احمد و صحیحین میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی امام حکیم ترمذی نے بھی روایت کی اور اس کے اخیر میں یہ زیادت فرمائی۔

و ان ابراھیم لیرغب فی دعائی ذلک الیوم .

یعنی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں قیامت کے دن ابراہیم بھی میری دعا کے خواہش مند ہوں گے۔

احادیث شفاعت اور حضور کی عظمت

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

شفاعت کی حدیثیں خود متواتر ہیں اور یہ بھی ہر مسلمان صحیح الایمان کو معلوم کہ یہ قبائے کرامت اس مبارک قامت، شایانِ امامت، سزاوار زعامت کے سوا کسی قد و بالا پر راست نہ آئی نہ کسی نے بارگاہ الٰہی میں ان کے سوا یہ وجاہت عظمیٰ و محبوبیت کبریٰ و اذن سفارش و اختیار گزارش کی دولت پائی تو وہ سب حدیثیں تفضیل جمیل محبوب جلیل صلوات اللہ تعالیٰ علیہ وسلامہ پر دلیل، مگر میں صرف وہ چند احادیث نقل کرتا ہوں جن میں تصریحاً سب انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا عجز اور حضور کی قدرت بیان فرمائی۔

احمد و بخاری و مسلم و ترمذی نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور بخاری و مسلم و ابن ماجہ نے انس اور ترمذی و ابن خزیمہ نے ابو سعید خدری اور احمد و بزار و ابن حبان و ابو یعلی نے صدیق اکبر اور احمد و ابو یعلی نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مرفوعاً اور عبداللہ بن مبارک و ابن ابی شیبہ و ابن ابی عاصم و طبرانی نے سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے موقوفاً روایت کی۔

ان سب کے الفاظ جدا جدا نقل کرنے میں طول کثیر ہے لہٰذا ان میں کے متفرق لفظوں کو ایک منتظم سلسلہ میں یکجا کر کے اس جاں فزا قصہ کی تلخیص کرتا ہوں **وباللہ التوفیق**۔

ارشاد ہوتا ہے روز قیامت اللہ تعالیٰ اولین و آخرین کو ایک میدان وسیع و ہموار میں جمع کرے گا کہ سب دیکھنے والے کے پیش نظر ہوں اور پکارنے والے کی آواز سنیں، دن طویل ہوگا اور آفتاب کو اس روز دس برس کی گرمی دیں گے پھر لوگوں کے سروں سے نزدیک کریں گے یہاں تک کہ بقدر دو کمانوں کے فرق رہ جائے گا پسینے آنا شروع ہوں گے قد آدم پسینہ تو زمین میں جذب ہو جائے گا پھر اوپر چڑھنا شروع ہوگا یہاں تک کہ آدمی غوطے کھانے لگیں، غڑپ غڑپ کریں گے جیسے کوئی ڈبکیاں لیتا ہے، قرب آفتاب سے غم و کرب اس درجہ کو پہنچے گا کہ طاقت طاق ہوگی تاب تحمل باقی نہ رہے گی، رہ رہ کر تین گھبراہٹیں لوگوں کو اٹھیں گی آپس میں کہیں گے دیکھتے نہیں تم کس آفت میں ہو کس حال کو پہنچے کوئی ایسا کیوں نہیں ڈھونڈھتے جو رب کے پاس شفاعت کرے کہ ہمیں اس مکان سے نجات دے، پھر خود ہی تجویز کریں گے کہ آدم علیہ الصلاۃ والسلام

ہمارے باپ ہیں ان کے پاس چلا چاہیئے پس آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس جائیں گے اور پسینے کی وہی حالت ہے کہ منہ میں لگام کی طرح ہوا چاہتا ہے عرض کریں گے اے، باپ ہمارے، اے آدم آپ ابوالبشر ہیں اللہ تعالیٰ نے آپ کو دست قدرت سے بنایا اور اپنی روح آپ میں ڈالی اور اپنے ملائکہ سے آپ کو سجدہ کرایا اور اپنی جنت میں آپ کو رکھا اور سب چیزوں کے نام آپ کو سکھائے اور آپ کو اپنا صفی کیا آپ اپنے رب کے پاس ہماری شفاعت کیوں نہیں کرتے کہ ہمیں اس مکان سے نجات دے؟ آپ دیکھتے نہیں کہ ہم کس آفت میں ہیں اور کس حال کو پہنچے؟ آدم علیہ الصلاۃ والسلام فرمائیں گے۔

لست هناكم انه لا يهمني اليوم الا نفسي ان ربي قد غضب اليوم غضبا لم يغضب قبله مثله و لن يغضب بعده مثله نفسي نفسي اذهبوا الى غيري .

میں اس قابل نہیں مجھے آج اپنی جان کے سوا کسی کی فکر نہیں آج میرے رب نے وہ غضب فرمایا ہے کہ نہ ایسا پہلے کبھی کیا نہ آئندہ کبھی کرے مجھے اپنی جان کی فکر ہے، مجھے اپنی جان کا غم ہے، مجھے اپنی جان کا خوف ہے تم اور کسی کے پاس جاؤ۔

عرض کریں گے پھر آپ ہمیں کس کے پاس بھیجتے ہیں فرمائیں گے اپنے پدر ثانی نوح کے پاس جاؤ کہ وہ پہلے نبی ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے زمین پر بھیجا، وہ خدا کے شاکر بندے ہیں، لوگ نوح علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس حاضر ہوں گے اور عرض کریں گے اے نوح اے نبی اللہ، آپ اہل زمین کی طرف پہلے رسول ہیں اللہ نے عبد شکور آپ کا نام رکھا اور آپ کو برگزیدہ کیا اور آپ کی دعا قبول فرمائی کہ زمین پر کسی کافر کا نشان نہ رکھا، آپ دیکھتے نہیں کہ ہم کس بلا میں ہیں، آپ دیکھتے نہیں ہم کس حال کو پہنچے، آپ اپنے رب کے حضور ہماری شفاعت کیوں نہیں کرتے کہ ہمارا فیصلہ کر دے، نوح علیہ الصلاۃ والسلام فرمائیں گے:

لست هناكم ليس ذاكم عندى انه لا يهمني اليوم الا نفسي ان ربي غضب

الیوم غضبا لم یغضب قبله مثله و لن یغضب بعده مثله نفسی نفسی نفسی اذهبوا الی غیری .

میں اس قابل نہیں یہ کام مجھ سے نہ نکلے گا آج مجھے اپنی جان کے سوا کسی کی فکر نہیں میرے رب نے آج وہ غضب فرمایا ہے جو نہ اس سے پہلے کیا اور نہ اس کے بعد کرے مجھے اپنی جان کی فکر ہے، مجھے اپنی جان کا کھٹکا ہے، مجھے اپنی جان کا ڈر ہے تم کسی اور کے پاس جاؤ۔

عرض کریں گے پھر آپ ہمیں کس کے پاس بھیجتے ہیں فرمائیں گے خلیل الرحمٰن ابراہیم کے پاس جاؤ کہ اللہ نے انھیں اپنا دوست کیا ہے، لوگ ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس حاضر ہوں گے عرض کریں گے اے خلیل الرحمٰن، اے ابراہیم آپ اللہ کے نبی اور اہل زمین میں اس کے خلیل ہیں اپنے رب کے حضور ہماری شفاعت کیجیے کہ ہمارا فیصلہ کردے آپ دیکھتے نہیں ہم کس مصیبت میں گرفتار ہیں، آپ دیکھتے نہیں ہم کس حال کو پہنچے، ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام فرمائیں گے:

لست هناکم لیس ذاکم عندی انه لا یهمنی الیوم الا نفسی ان ربی قد غضب الیوم غضبا لم یغضب قبله مثله و لن یغضب بعده مثله نفسی نفسی اذهبوا الی غیری .

میں اس قابل نہیں یہ کام میرے کرنے کا نہیں آج مجھے بس اپنی جان کی فکر ہے میرے رب نے آج وہ غضب کیا ہے کہ نہ اس سے پہلے ایسا ہوا نہ اس کے بعد ہو مجھے اپنی جان کا خدشہ ہے مجھے اپنی جان کا اندیشہ ہے، مجھے اپنی جان کا تردد ہے تم کسی اور کے پاس جاؤ۔

عرض کریں گے پھر آپ ہمیں کس کے پاس بھیجتے ہیں فرمائیں گے تم موسیٰ کے پاس جاؤ وہ بندہ جسے خدا نے توریت دی اور اس سے کلام فرمایا اور اپنا راز دار بنا کر قرب بخشا اور اپنی رسالت دے کر برگزیدہ

کیا، لوگ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس حاضر ہوکر عرض کریں گے اے موسیٰ آپ اللہ کے رسول ہیں، اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنی رسالت اور اپنے کلام سے لوگوں پر فضیلت بخشی اپنے رب کے پاس ہماری شفاعت کیجیے آپ دیکھتے نہیں ہم کس صدمہ میں ہیں، آپ دیکھتے نہیں ہم کس حال کو پہنچے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام فرمائیں گے :

لست هناكم ليس ذاكم عندى انه لا يهمنى اليوم الا نفسى ان ربى قد غضب اليوم غضبا لم يغضب قبله مثله و لن يغضب بعده مثله نفسى نفسى نفسى اذهبوا الى غيرى .

میں اس لائق نہیں یہ کام مجھ سے نہ ہوگا مجھے آج اپنے سوا دوسرے کی فکر نہیں میرے رب نے آج وہ غضب فرمایا ہے کہ ایسا نہ کبھی کیا تھا اور نہ کبھی کرے مجھے اپنی جان کی فکر ہے، مجھے اپنی جان کا خیال ہے، مجھے اپنی جان کا خطرہ ہے تم کسی اور کے پاس جاؤ۔

عرض کریں گے پھر آپ ہمیں کس کے پاس بھیجتے ہیں فرمائیں گے تم عیسیٰ کے پاس جاؤ وہ اللہ کے بندے ہیں اور اس کے رسول اور اس کے کلمہ اور اس کی روح، کہ مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرتے اور مردے جلاتے تھے، لوگ مسیح علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس حاضر ہوکر عرض کریں گے اے عیسیٰ آپ اللہ کے رسول اور اس کے وہ کلمہ ہیں کہ اس نے مریم کی طرف القا فرمایا اور اس کی طرف کی روح ہیں، آپ نے گہوارے میں لوگوں سے کلام کیا اپنے رب کے حضور ہماری شفاعت کیجیے کہ وہ ہمارا فیصلہ فرمادے آپ دیکھتے نہیں ہم کس اندوہ میں ہیں، آپ دیکھتے نہیں ہم کس حال کو پہنچے مسیح علیہ الصلاۃ والسلام فرمائیں گے :

لست هناكم ليس ذاكم عندى انه لا يهمنى اليوم الا نفسى ان ربى قد غضب اليوم غضبا لم يغضب قبله مثله و لن يغضب بعده مثله نفسى نفسى

اذھبوا الی غیری .

میں اس لائق نہیں یہ کام مجھ سے نہ نکلے گا آج مجھے اپنی جان کے سوا کسی کا غم نہیں میرے رب نے آج وہ غضب فرمایا ہے کہ نہ کبھی ایسا کیا نہ کبھی کرے مجھے اپنی جان کا ڈر ہے، مجھے اپنی جان کا غم ہے، مجھے اپنی جان کی سوچ ہے تم اور کسی کے پاس جاؤ۔

عرض کریں گے پھر آپ ہمیں کس کے پاس بھیجتے ہیں، فرمائیں گے:

ایتوا عبدا فتح اللہ علی یدیہ و یجیئ فی ھذا الیوم امنا انطلقوا الی سید ولد آدم فانہ اول من تنشق عنا الارض یوم القیامۃ ایتوا محمدا ان کل متا ع فی وعاء مختوم علیہ ا کان یقدر علی ما فی جوفہ حتی یفض الخاتم .

تم اس بندے کے پاس جاؤ جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ نے فتح رکھی ہے اور آج کے دن بے خوف ومطمئن ہے اس کی طرف چلو جو تمام بنی آدم کا سردار اور سب سے پہلے زمین سے باہر تشریف لانے والا ہے تم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس جاؤ بھلا کسی سربمہر ظرف میں کوئی متاع ہو اس کے اندر کی چیز بے مہر اٹھائے مل سکتی ہے۔

لوگ عرض کریں گے یہ فرمائیں گے:

ان محمدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین و قد حضر الیوم اذھبوا الی محمد فلیشفع لکم الی ربکم .

یعنی اس طرح محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انبیاء کے خاتم ہیں تو جب تک وہ باب فتح نہ فرمائیں کوئی نبی کچھ نہیں کرسکتا اور وہ آج یہاں تشریف فرما ہیں تم انھیں کے پاس جاؤ چاہیئے کہ وہ تمھارے رب کے حضور تمھاری شفاعت کریں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اب وہ وقت آیا کہ لوگ تھکے ہارے مصیبت کے مارے ہاتھ پاؤں چھوڑے چار طرف سے امیدیں توڑے بارگاہ عرش جاہ بے کس پناہ، خاتم دورۂ رسالت، فاتح باب شفاعت، محبوب باوجاہت مطلوب بلندعزت، ملجاء عاجزاں، ماوائے بے کساں، مولائے دو جہاں حضور پرنور محمد رسول اللہ شفیع یوم النشور افضل صلوات اللہ واکمل تسلیمات اللہ واز کی تحیات اللہ وانمی برکات اللہ علیہ وعلی آلہ وصحبہ وعیالہ میں حاضر آئے اور بہزاراں ہزار نالہائے زار ودل بے قرار وچشم اشکبار یوں عرض کرتے ہیں :

یا محمد و یا نبی الله انت الذی فتح الله بک و جئت فی هذا الیوم امنا انت رسول الله و خاتم الانبیاء اشفع لنا الی ربک فلیقض بیننا الا تری الی ما نحن فیه الا تری ما قد بلغنا.

اے محمد اے اللہ کے نبی آپ وہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ سے فتح باب کیا اور آج آپ آمن و مطمئن تشریف لائے حضور اللہ کے رسول اور انبیاء کے خاتم ہیں اپنے رب کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجیے کہ ہمارا فیصلہ فرمادے حضور نگاہ تو کریں ہم کس درد میں ہیں، حضور ملاحظہ تو فرمائیں، ہم کس حال کو پہنچے ہیں۔

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرمائیں گے :

انها لها و انا صاحبکم.

میں شفاعت کے لیے ہوں میں تمہاراوہ مطلوب ہوں جسے تمام موقف میں ڈھونڈ پھرے۔

اس کے بعد حضور نے اپنی شفاعت کی کیفیت ارشاد فرمائی۔

یہ نصف حدیث کا خلاصہ ہے مسلمان اسی قدر کو بنگاہ ایمان دیکھے اور اولاً حق جل وعلا کی یہ حکمت جلیلہ خیال کرے کہ کیوں کر اہل محشر کے دلوں میں ترتیب وار انبیائے عظام علیہم الصلاۃ والسلام کی خدمت میں جانا الہام فرمائے گا اور دفعۃً بارگاہ اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر نہ لائے گا کہ حضور تو

یقیناً شفیع مشفع ہیں ابتدا یہیں آتے تو شفاعت تو پاتے مگر اولین و آخرین، موافقین و مخالفین خلق اللہ اجمعین پر کیوں کر کھلتا کہ منصب اُخم اسی سید اکرم مولائے اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حصۂ خاصہ ہے جس کا دامن رفیع جلیل و منیع تمام انبیاء و مرسلین کی دست ہمت سے بلند و بالا ہے۔ پھر خیال کیجیے کہ دنیا میں لاکھوں کروروں کان اس حدیث سے آشنا اور بے شمار بندے اس حال کے شناسا عرصات محشر میں صحابہ و تابعین و ائمہ محدثین و اولیائے کاملین و علمائے عاملین سبھی موجود ہوں گے پھر کیوں کر یہ جانی پہچانی بات دلوں سے ایسے بھلا دی جائے گی کہ اتنی کثیر جماعتوں میں ان طویل مدتوں تک کسی کو اصلاً یاد نہ آئے گی پھر نوبت بہ نوبت حضرات انبیاء سے جواب سنتے جائیں جب بھی مطلق دھیان نہ آئے گا کہ یہ وہی واقعہ ہے جو سچے مخبر نے پہلے ہی بتایا ہے۔ پھر حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والثنا کو دیکھئے وہ بھی یکے بعد دیگرے انبیائے مابعد کے پاس بھیجتے جائیں گے یہ کوئی نہ فرمائے گا کہ کیوں بے کار ہلاک ہوتے ہو تمھارا مطلوب اس پیارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ہے، یہ سارے سامان اسی اظہار عظمت و اشتہار وجاہت محبوب باشوکت کی خاطر ہیں، **لیقضی اللہ امرا کان مفعولا . صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.**

ثانیاً : سوال شفاعت حضرات انبیاء کے جواب اور ہمارے حضور کا مبارک ارشاد ملا دیکھئے یہیں مقام محمود کا مزہ آتا اور ابھی کالشمس کھلا جاتا ہے کہ سب نجوم رسالت و مصابیح نبوت میں افضل و اعلیٰ و اجل و اجلی و اعظم و اولی و بلند و بالا وہی عرب کا سورج حرم کا چاند ہے جس کے نور کے حضور ہر روشنی ماند ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

صراط پر حضور کا انتظار

امام احمد انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انی لقائم انتظر امتی تعبر الصراط اذ جاء عیسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام فقال ھذہ

الانبیاء قد جاء تک یا محمد یسألون تدعو الله ان یفرق بین جمیع الامم الی حیث یشاء لعظم ما هم فیه فالخلق یلجمون فی العرق فاما المومن فهو علیه کالزکمة و اما الکافر فتغشاه الموت قال یا عیسیٰ انتظر حتی ارجع الیک فذهب نبی الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقام تحت العرش فلقی ما لم یلق ملک مصطفیٰ و لا نبی مرسل . الحدیث.

میں کھڑا ہوا اپنی امت کا انتظار کرتا ہوں گا کہ صراط پر گزر جائے اتنے میں عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام آ کر عرض کریں گے اے محمد کہ یہ انبیاء اللہ حضور کے پاس التماس لے کر آئے ہیں کہ حضور اللہ تعالیٰ سے عرض کر دیں وہ امتوں کی اس جماعت کو جہاں چاہے تفریق کر دے کہ لوگ بڑی سختی میں ہیں پسینہ لگام کی مانند ہو گیا ہے (حدیث میں فرمایا) مسلمان پر تو مثل زکام کے ہوگا اور کافروں کو اس سے موت گھیر لے گی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرمائیں گے اے عیسیٰ آپ انتظار کریں یہاں تک کہ میں واپس آؤں پھر حضور زیر عرش جا کر کھڑے ہوں گے وہاں وہ پائیں گے جو نہ کسی مقرب فرشتہ کو ملا نہ کسی نبی مرسل نے پایا۔

صراط سے گزرنے میں سبقت

صحیحین میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

یضرب الصراط بین ظهرانی جهنم فاکون اول من یجوز من الرسل بامته .

جب پشت جہنم پر صراط رکھیں گے میں سب رسولوں سے پہلے اپنی امت کو لے کر گزر فرماؤں گا۔

دروازۂ جنت پر حضور کی آمد

مسند احمد و صحیح مسلم میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

فرماتے ہیں :

اتی باب الجنة یوم القیامة فاستفتح فیقول الخازن من انت فاقول محمد فیقول بک امرت ان لا افتح لاحد قبلک .

میں روز قیامت در جنت پر تشریف لا کر کھلواؤں گا داروغہ عرض کرے گا کون ہے میں فرماؤں گا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ عرض کرے گا مجھے حضور ہی کے واسطے حکم تھا کہ حضور سے پہلے کسی کے لیے نہ کھولوں۔

طبرانی کی روایت میں ہے داروغہ قیام کر کے عرض کرے گا۔

لاافتح لاحد قبلک و لا اقوم لاحد بعدک .

نہ میں حضور سے پہلے کسی کے لیے کھولوں نہ حضور کے بعد کسی کے لیے قیام کروں۔

باب جنت پر حضور کی دستک

صحیح مسلم میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا اکثر الانبیاء بها تبعا یوم القیامة و انا اول من یقرع باب الجنة .

روز قیامت میں سب انبیاء سے کثرت امت میں زائد ہوں گا اور سب سے پہلے میں ہی جنت کا دروازہ کھٹکھٹاؤں گا۔

مسلم کی دوسری روایت میں یوں ہے۔

انا اول الناس یشفع فی الجنة و انا اکثر الانبیاء تبعا.

میں جنت میں سب سے پہلا شفیع ہوں اور میرے پیرو سب انبیاء کے امتوں سے افزوں۔

ابن النجار نے ان لفظوں سے روایت کی۔

انا اول من یدق باب الجنة فلم تسمع الاذان احسن من طنین الحلق علی تلک المصاریع.

میں سب سے پہلے جنت کا دروازہ کوٹوں گا زنجیروں کی جھنکار جوان کواڑوں پر ہوگی اس سے بہتر آواز کسی کان نے نہ سنی۔

بلند و نورانی منبر پر حضور کی جلوہ فرمائی

صحیح ابن حبان میں انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مروی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

قیامت میں ہر نبی کے لیے ایک ممبر نور کا ہوگا اور میں سب سے زیادہ بلند و نورانی منبر پر ہوں گا منادی آ کر ندا کرے گا کہاں ہیں نبی امی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔ انبیاء کہیں گے ہم سب نبی امی ہیں کسے یاد فرمایا ہے منادی واپس جائے گا دوبارہ آ کر یوں ندا کرے گا کہاں ہیں نبی امی عربی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم۔ اب حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اپنے منبر اطہر سے اتر کر جنت کو تشریف لے جائیں گے دروازہ کھلوا کر اندر جائیں گے رب عز جلالہ ان کے لیے تجلی فرمائے گا اور ان سے پہلے کسی پر تجلی نہ کرے گا حضور اپنے رب کے لیے سجدہ میں گریں گے۔ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم

اذن شفاعت صرف حضور کو ملے گا

صحیح مسلم میں حضرت حذیفہ و حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ اور تصانیف طبرانی و ابن ابی حاتم و ابن مردویہ میں عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالٰی عنہم سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم

فرماتے ہیں:

یقوم المومنون حتی تزلف لهم الجنة فیاتون آدم فیقولون یا ابا نا استفتح لنا الجنة فیقول و هل اخرجکم من الجنة الا خطیئة ابیکم لست بصاحب ذلک و لکن اذهبوا الی ابنی ابراهیم خلیل الله قال فیقول ابراهیم لست بصاحب ذلک انما کنت خلیلا من وراء وراء اعمدوا الی موسیٰ الذی کلمه الله تکلیما قال فیاتون موسیٰ فیقول لست بصاحب ذلک اذهبوا الی عیسیٰ کلمة الله و روحه فیقول عیسیٰ لست بصاحب ذلک فیاتون محمدا فیقوم فیوذن له . الحدیث هذا حدیث مسلم .

و عند الباقین اذا جمع الله الاولین و الآخرین و قضی بینهم و فرغ من القضاء یقول المومنون قد قضی بیننا ربنا و فرغ من القضاء فمن یشفع لنا الی ربنا فیقولون آدم خلقه الله بیده و کلمه فیاتونه فیقولون قد قضی ربنا و فرغ من القضاء قم انت فاشفع لنا الی ربنا فیقول ایتوا نوحا (و ساق الحدیث الی ان قال) فیاتون عیسی فیقول ادلکم علی العربی الامی فیاتونی فیاذن الله لی ان اقوم الیه فیشور (.... اصل میں بیاض ہے) من اطیب ریح ما شمها احد قط حتی اتی ربی فیشفعنی و یجعل لی نورا من شعر راسی الی ظفر قدمی .

یعنی جب مسلمانوں کا حساب کتاب اور ان کا فیصلہ ہو چکے گا جنت ان سے نزدیک کی جائے گی مسلمان آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس حاضر ہوں گے کہ ہمارا حساب ہو چکا آپ حق سبحانہ وتعالیٰ سے عرض کر کے ہمارے لیے جنت کا دروازہ کھلوا دیجیے، آدم علیہ الصلاۃ والسلام عذر کریں گے اور فرمائیں گے میں اس کام کا نہیں تم نوح کے پاس جاؤ وہ بھی انکار کر کے ابراہیم علیہ السلام کے پاس بھیجیں گے وہ فرمائیں گے میں اس کام کا نہیں تم موسیٰ کلیم اللہ کے پاس جاؤ وہ فرمائیں گے میں اس کام کا نہیں مگر تم عیسیٰ

روح اللہ کلمۃ اللہ کے پاس جاؤ وہ فرمائیں گے میں اس کام کا نہیں مگر تمھیں عرب والے نبی امی کی طرف راہ بتاتا ہوں لوگ میری خدمت میں حاضر آئیں گے اللہ تعالیٰ مجھے اذن دے گا میرے کھڑے ہوتے ہی وہ خوشبو مہکے گی جو آج تک کسی دماغ نے نہ سونگھی ہوگی یہاں تک کہ میں اپنے رب کے پاس حاضر ہوں گا وہ میری شفاعت قبول فرمائے گا اور میرے سر کے بالوں سے پاؤں کے ناخن تک نور کر دے گا۔

دخول جنت میں سبقت

ابونعیم ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا اول من يدخل الجنة ولا فخر

میں جنت میں سب سے پہلے رونق افروز ہوں گا اور کچھ فخر نہیں۔

طبرانی معجم اوسط میں اور دارقطنی و ابن النجار امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

الجنة حرمت على الانبياء حتى ادخلها و حرمت على الامم حتى تدخلها امتى.

جنت پیغمبروں پر حرام ہے جب تک میں اس میں داخل نہ ہوں اور امتوں پر حرام ہے جب تک میری امت نہ داخل ہو۔

حضور کے وسیلہ سے شفاعت حلال ہوگی

احمد مسلم ابو داؤد و ترمذی نسائی عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

سلوا الله لى الوسيلة ، فانها منزلة فى الجنة لا تنبغى الا لعبد من عباد الله و

ارجو ان اکون انا ھو فمن سال لی الوسیلة ، حلت علیه الشفاعة .

اللہ تعالیٰ سے میرے لیے وسیلہ مانگو وہ جنت کی ایک منزل ہے کہ ایک بندے کے سوا کسی کے شایاں نہیں میں امید کرتا ہوں کہ وہ بندہ میں ہی ہوں تو جو میرے لیے وسیلہ مانگے گا اس پر میری شفاعت اترے گی۔

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث مختصر میں ہے صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ وسیلہ کیا ہے، فرمایا:

اعلیٰ درجة فی الجنة لاینا لھا الا رجل واحد ارجو ان اکون ھو.

بلندترین درجات جنت ہے جسے نہ پائے گا مگر ایک مرد امید کرتا ہوں کہ وہ مرد میں ہوں۔

مقام محمود اور شفاعت

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا

قریب ہے تجھے تیرا رب بھیجے گا تعریف کے مقام میں۔

صحیح بخاری و جامع ترمذی میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے :

قال سئل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم عن المقام المحمود فقال ھو الشفاعة .

حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال ہوا مقام محمود کیا ہے؟ ارشاد فرمایا: شفاعت۔

اسی طرح احمد و بیہقی ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

سئل عنها رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يعنى قوله عسى ان يبعثك ربك مقاما محمودا فقال هى الشفاعة .

حضور سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس آیت کریمہ کے بارے میں پوچھا گیا تو حضور نے فرمایا کہ مقام محمود سے مراد شفاعت ہے۔ (مولف)

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

اور شفاعت کی حدیثیں خود متواتر و مشہور اور صحاح وغیرہ میں مروی و مسطور، اس دن آدم صفی اللہ سے عیسیٰ کلمۃ اللہ تک سب انبیاء اللہ علیہم الصلاۃ والسلام نفسی نفسی فرمائیں گے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انا لھا، انا لھا میں ہوں شفاعت کے لیے، میں شفاعت کے لیے۔

انبیاء و مرسلین و ملائکہ مقربین سب ساکت ہوں گے اور وہ متکلم، سب سر بگریباں وہ ساجد و قائم، سب محل خوف میں وہ آمن و ناعم، سب اپنی فکر میں انھیں فکر عوالم، سب زیر حکومت وہ مالک و حاکم، بارگاہ الٰہی میں سجدہ کریں ان کا رب فرمائے گا۔

یا محمد ارفع راسک و قل تسمع و سل تعطه و اشفع تشفع.

اے محمد اپنا سر اٹھاؤ اور عرض کرو کہ تمھاری عرض سنی جائے گی اور مانگو کہ تمھیں عطا ہوگا اور شفاعت کرو تمھاری شفاعت قبول ہے۔

اس وقت اولین و آخرین میں حضور کی حمد و ثنا کا غلغلہ پڑ جائے گا اور دوست دشمن موافق مخالف ہر شخص حضور کی افضلیت کبریٰ و سیادت عظمیٰ پر ایمان لائے گا۔

مقام تو محمود و نامت محمد
بدیں ساں مقامی و نامی کہ دارد

حضور کا عرش پر جلوس

امام محی السنۃ بغوی معالم التنزیل میں فرماتے ہیں :

عن عبد الله رضی الله تعالیٰ عنه قال ان الله عزوجل اتخذ ابراهیم خلیلا و ان صاحبکم صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خلیل الله و اکرم الخلق علی الله ثم قرأ عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا قال یقعده علی الکرسی .

یعنی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی بیشک اللہ عزوجل نے ابراہیم علیہ الصلاۃ و السلام کو خلیل بنایا اور بیشک تمھارے آقا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کے خلیل اور تمام خلق سے زیادہ اس کے نزدیک عزیز وجلیل ہیں پھر یہ آیت تلاوت کر کے فرمایا اللہ تعالیٰ انھیں روز قیامت عرش پر بٹھائے گا۔

عبد بن حمید وغیرہ حضرت مجاہد تلمیذ رشید حضرت حبر الامہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اس آیت کی تفسیر میں راوی :

یجلسه الله معه العرش .

اللہ تعالیٰ انھیں عرش پر اپنے ساتھ بٹھائے گا۔ یعنی معیت تشریف وتکریم کہ وہ جلوس ومجلس سے پاک ومتعالی ہے۔

حضور کا کرسی پر جلوس

ابوالشیخ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

ان محمدا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یوم القیامة یجلس علی کرسی الرب

بین یدی الرب .

بیشک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز قیامت رب کے حضور رب کی کرسی پر جلوس فرمائیں گے۔

معالم میں عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے۔

یقعده علی الکرسی .

اللہ تعالیٰ انھیں کرسی پر بٹھائے گا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

دولت شفاعت صرف حضور کو دی گئی

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے رب جل جلالہ نے فرمایا:

ما اعطیتک خیر من ذلک اعطیتک الکوثر و جعلت اسمک مع اسمی ینادی به فی جوف السماء (الی ان قال) و خبأت شفاعتک و لم اخبأ لنبی غیرک .

یعنی جو میں نے تجھے دیا وہ ان سب سے بہتر ہے میں نے تجھے کوثر عطا فرمایا اور میں نے تیرا نام اپنے نام کے ساتھ کیا کہ جوف آسمان میں اس کی ندا ہوتی ہے اور میں نے تیری شفاعت ذخیرہ کر رکھی ہے اور تیرے سوا کسی نبی کو یہ دولت نہ دی۔

روز قیامت سرورِ کونین کی سیادت

احمد بخاری مسلم ترمذی ابو ہریرہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

انا سید الناس یوم القیامة و هل تدرون مما ذلک یجمع الله الاولین و الآخرین فی صعید واحد الحدیث بطوله .

میں روز قیامت سب لوگوں کا سردار ہوں، کچھ جانتے ہو یہ کس وجہ سے ہے اللہ تعالیٰ سب اگلے پچھلوں کو ایک ہموار وسیع میدان میں جمع کرے گا، پھر حدیث طویل شفاعت ارشاد فرمائی۔

صحیح مسلم کی ایک روایت میں ہے حضور کے لیے ثرید و گوشت حاضر آیا حضور نے دست گوسفند کو ایک بار دندان اقدس سے مشرف کیا اور فرمایا۔

انا سید الناس یوم القیامة .

میں قیامت کے دن سردار مردم ہوں۔

پھر دوبارہ اس گوشت سے قدرے تناول کیا اور فرمایا۔

انا سید الناس یوم القیامة .

میں قیامت کے دن سردار مردم ہوں۔

جب حضور نے دیکھا مکرر فرمانے پر بھی صحابہ وجہ نہیں پوچھتے (صحابہ کو اجمالاً حضور کی سیادت مطلقہ معلوم تھی مع ھذا جو کچھ فرمائیں عین ایمان ہے چون و چرا کی کیا مجال لہٰذا وجہ نہ پوچھی مگر نہ جانا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس وقت تفصیلاً اپنی سیادت کبریٰ کا بیان فرمانا چاہتے ہیں اور منتظر ہیں کہ بعد سوال ارشاد ہوتا کہ اوقع فی النفس ہو آخر جب صحابہ مقصود والا کو نہ سمجھے حضور نے خود متنبہ فرما کر سوال کیا اور جواب ارشاد کیا)

الا تقولون کیفه .

پوچھتے نہیں کہ یہ کیوں کر ہے۔

صحابہ نے عرض کی :

كيف هو يا رسول الله .

ہاں اے اللہ کے رسول یہ کیوں کر ہے۔

فرمایا :

يقوم الناس لرب العالمين .

لوگ رب العالمین کے حضور کھڑے ہوں گے۔ پھر حدیث شفاعت ذکر فرمائی۔

مسلم ابوداؤد انھیں سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا سيد الناس ولد آدم يوم القيامة و اول من ينشق عنه القبر و اول شافع و اول مشفع .

میں روز قیامت تمام آدمیوں کا سردار ہوں اور سب سے پہلے قبر سے باہر تشریف لانے والا اور پہلا شفیع اور پہلا وہ جس کی شفاعت قبول ہو۔

دارمی بیہقی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا سيد الناس يوم القيامة و لا فخر و انا اول من يدخل الجنة و لا فخر .

میں قیامت میں سردار مرد ماں ہوں اور کچھ تفاخر نہیں اور میں سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گا اور کچھ افتخار نہیں۔

احمد بزار ابویعلی اور ابن حبان اپنی صحیح میں حضرت جناب افضل الاولیاء الاولین والآخرین سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث شفاعت میں راوی۔

لوگ آدم و نوح و خلیل و کلیم علیہم الصلاۃ والسلام کے پاس ہوتے ہوئے حضرت مسیح کے پاس حاضر

ہوں گے حضرت مسیح علیہ الصلاۃ والسلام فرمائیں گے۔

لیس ذاکم عندی و لکن انطلقوا الی سید ولد آدم .

تمھارا یہ کام مجھ سے نہ نکلے گا مگر تم اس کے پاس حاضر ہو جو تمام بنی آدم کا سردار ہے۔

لوگ خدمت میں حاضر ہوں گے، حضور والا جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام کو اپنے رب کے پاس اذن لینے بھیجیں گے رب تبارک وتعالیٰ اذن دے گا حضور حاضر ہو کر ایک ہفتہ ساجد رہیں گے رب عزمجدہ فرمائے گا سر اٹھاؤ اور عرض کرو کہ مسموع ہوگی اور شفاعت کرو کہ قبول ہوگی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سر اٹھائیں گے تو رب عظیم کا وجہ کریم دیکھیں گے فوراً پھر سجدے میں گریں گے ایک ہفتہ اور ساجد رہیں گے رب جل جلالہ پھر وہی کلمات لطف فرئے گا حضور سر مبارک اٹھائیں گے پھر سہ بارہ قصد سجدہ فرمائیں گے جبریل امین حضور کے بازو تھام کر روک لیں گے اس وقت حضور اپنے رب کریم سبحانہ سے عرض کریں گے۔

ای رب جعلتنی سید ولد آدم ولا فخر .

اے رب میرے تو نے مجھے سردار بنی آدم کیا اور کچھ فخر نہیں۔

مالک بخاری مسلم ترمذی ونسائی جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی .

میں ہی حاشر ہوں کہ تمام لوگ میرے قدموں پر اٹھائے جائیں گے یعنی روز محشر حضور اقدس آگے ہوں گے اور تمام اولین وآخرین حضور کے پیچھے۔

روز قیامت بلندی پر جلوہ فرمائی

طبری تفسیر میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے موقوفاً اور مثل احمد کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً راوی :

یرقی هو صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و امته علی کوم فوق الناس .

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کی امت روز قیامت بلندی پر تشریف رکھیں گے سب سے اونچے۔

ابن جریر و ابن مردویہ جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا و امتی یوم القیامة علی کوم مشرفین ما من الناس احد الاود انه منا .

میں اور میری امت روز قیامت بلندیوں پر ہوں گے سب سے اونچے کوئی ایسا نہ ہوگا جو تمنا نہ کرے کہ کاش وہ ہم میں سے ہوتا۔

لواء الحمد حضور کے دست رحمت میں ہوگا

احمد ترمذی ابن ماجہ ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا سید ولد آدم یوم القیامة و لا فخر بیدی لواء الحمد و لا فخر و ما من نبی یومئذ آدم فمن سواہ الا تحت لوائی .

میں روز قیامت تمام آدمیوں کا سردار ہوں اور یہ کچھ فخر سے نہیں فرماتا اور میرے ہاتھ میں لواء حمد

ہوگا اور یہ براہ فخر نہیں کہتا اس دن آدم اور ان کے سوا جتنے ہیں سب میرے زیر لواء ہوں گے۔

حاکم و بیہقی کتاب الرویہ میں عبادہ بن صامت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

میں روز قیامت سب لوگوں کا سردار ہوں اور کچھ افتخار نہیں ہر شخص قیامت میں میرے ہی نشان کے نیچے کشائش کا انتظار کرتا ہوگا اور میرے ہی ساتھ لواء الحمد ہوگا اور لوگ میرے ساتھ چلیں گے یہاں تک کہ در جنت پر تشریف لے جا کر کھلواؤں گا پوچھا جائے گا کون ہے میں کہوں گا محمد کہا جائے گا مرحبا محمد کو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، پھر جب میں اپنے رب کو دیکھوں گا اس کے حضور سجدے میں گر پڑوں گا اس کے وجہ کریم کی طرف نظر کرتا۔

ابونعیم عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

میں جن وانس اور ہر سرخ سیاہ کی طرف رسول بھیجا گیا اور سب انبیاء سے الگ میرے ہی لیے غنیمتیں حلال کی گئیں اور میرے لیے ساری زمین پاک کرنے والی اور مسجد ٹھہری اور میرے آگے ایک مہینہ راہ تک رعب سے میری مدد کی گئی اور مجھے سورۂ بقر کی پچھلی آیتیں کہ خزانہ ہائے عرش سے تھیں عطا ہوئیں یہ خاص میرا حصہ تھا سب انبیاء سے جدا اور مجھے توریت کے بدلے قرآن کی وہ سورتیں ملیں جن میں سو سے کم آیتیں ہیں اور انجیل کی جگہ سو سو آیت والیاں اور زبور کے عوض حم کی سورتیں اور مجھے مفصل سے تفصیل دی گئی (کہ سورۂ حجرات سے آخر قرآن تک ہے) اور میں دنیا و آخرت میں تمام بنی آدم کا سردار ہوں اور کچھ فخر نہیں اور سب سے پہلے میں اور میری امت قبور سے نکلے گی اور کچھ فخر نہیں اور قیامت کے دن میرے ہی ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا اور تمام انبیاء اس کے نیچے اور کچھ فخر نہیں اور مجھی سے شفاعت کی پہل ہوگی اور کچھ فخر نہیں اور

میں تمام مخلوق سے پہلے جنت میں تشریف لے جاؤں گا اور کچھ فخر نہیں میں ان سب کے آگے ہوں گا اور میری امت میرے پیچھے۔

دارمی ترمذی ابونعیم عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

دراقدس پر کچھ صحابہ بیٹھے حضور کے انتظار میں باتیں کر رہے تھے حضور تشریف فرما ہوئے انھیں اس ذکر میں پایا کہ ایک کہتا ہے اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کو خلیل بنایا، دوسرا بولا حضرت موسیٰ سے بے واسطہ کلام فرمایا، تیسرے نے کہا اور عیسیٰ کلمۃ اللہ و روح اللہ ہیں، چوتھے نے کہا آدم علیہ الصلاۃ والسلام صفی اللہ، جب وہ سب کہہ چکے حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ قریب آئے اور ارشاد فرمایا، میں نے تمھارا کلام اور تمھارا تعجب کرنا سنا کہ ابراہیم خلیل اللہ ہیں اور ہاں وہ ایسے ہی ہیں اور موسیٰ نجی اللہ ہیں اور وہ بیشک ایسے ہی ہیں اور عیسیٰ روح اللہ اور وہ واقعی ایسے ہی ہیں اور آدم صفی اللہ ہیں اور حقیقت میں وہ ایسے ہی ہیں، سن لو اور میں اللہ کا حبیب ہوں اور کچھ فخر مقصود نہیں اور میں روز قیامت لواء الحمد اٹھاؤں گا جس کے نیچے آدم اور ان کے سوا سب ہوں گے اور کچھ تفاخر نہیں اور میں پہلا شافع اور پہلا مقبول الشفاعۃ ہوں اور کچھ افتخار نہیں اور سب سے پہلے میں دروازۂ جنت کی زنجیر ہلاؤں گا اللہ تعالیٰ میرے لیے دروازہ کھول کر مجھے اندر لے گا اور میرے ساتھ فقرائے مؤمنین ہوں گے اور یہ ناز کی راہ سے نہیں کہتا اور میں سب اگلوں پچھلوں سے اللہ کے حضور زیادہ عزت والا ہوں اور یہ بڑائی کے طور نہیں فرماتا۔

دارمی و ترمذی اور ابویعلی و بیہقی و ابونعیم انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

میں سب سے پہلے باہر تشریف لاؤں گا جب لوگ قبروں سے اٹھیں گے اور میں سب کا پیشوا ہوں گا جب اللہ کے حضور چلیں گے اور میں ان کا خطیب ہوں گا، جب وہ دم بخود رہ جائیں گے اور میں ان کا شفیع

ہوں گا جب عرصۂ محشر میں رو کے جائیں گے اور میں انھیں بشارت دوں گا جب وہ ناامید ہو جائیں گے عزت اور خزائن رحمت کی کنجیاں اس دن میرے ہاتھ میں ہوں گی اور لواء الحمد اس دن میرے ہاتھ میں ہوگا میں تمام آدمیوں سے زیادہ اپنے رب کے نزدیک اعزاز رکھتا ہوں میرے گرد وپیش ہزار خادم دوڑتے ہوں گے گویا وہ انڈے ہیں حفاظت سے رکھے یا موتی ہیں بکھرے ہوئے۔

امام احمد و ابن ماجہ و ابو داؤد وطیالسی و ابو یعلی عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ہر نبی کے واسطے ایک دعا تھی کہ وہ دنیا میں کر چکا اور میں نے اپنی دعا روز قیامت کے لیے چھپا رکھی ہے وہ شفاعت ہے میری امت کے واسطے اور میں قیامت میں اولادِ آدم کا سردار ہوں اور کچھ فخر مقصود نہیں اور اول میں مرقد اطہر سے اٹھوں گا اور کچھ فخر منظور نہیں اور میرے ہی ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا اور کچھ افتخار نہیں آدم اور ان کے بعد جتنے ہیں سب میرے زیر نشان ہوں گے اور کچھ تفاخر نہیں، جب اللہ تعالیٰ خلق میں فیصلہ کرنا چاہے گا ایک منادی پکارے گا کہاں ہیں احمد اور ان کی امت تو ہمیں آخر ہیں اور ہمیں اول ہیں، ہم سب امتوں سے زمانے میں پیچھے اور حساب میں پہلے، تمام امتیں ہمارے لیے راستہ دیں گی ہم چلیں گے اثر وضو سے رخشندہ رخ و تابندہ اعضا، سب امتیں کہیں گی قریب تھا کہ یہ امت تو ساری کی ساری انبیاء ہو جائے۔

جمال پرتوش در من اثر کرد
وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم

(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

طبرانی معجم کبیر اور سعید بن منصور سنن میں حضرت جابر بن عبداللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

میں محمد ہوں، میں، حاشر ہوں کہ لوگوں کو اپنے قدموں پر حشر دوں گا، میں ماحی ہوں کہ اللہ میرے سبب کفر محو فرماتا ہے۔ قیامت کے دن لواء حمد میرے ہاتھ میں ہوگا میں سب پیغمبروں کا امام اور ان کی شفاعتوں کا مالک ہوں گا۔

میرے حضور کے لب پر انا لھا ہوگا

امام احمد و ابوداؤد طیالسی مطولاً اور ابن ماجہ مختصراً اور ابویعلیٰ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حدیث طویل شفاعت کبریٰ میں فرماتے ہیں :

فیاتون عیسیٰ فیقولون اشفع لنا الی ربک فلیقض بیننا فیقول انی لست هناکم انی اتخذت الها من دون الله و انه لا یهمنی الیوم الا نفسی و لکن ان کل متاع فی وعاء مختوم علیه اکان یقدر علی ما فی جوفه حتی یفض الخاتم فیقولون لا فیقول ان محمدا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خاتم النبیین ... فیاتونی فاقول انا لها فاذا اراد الله ان یصدع بین خلقه نادی مناد این احمد و امته فنحن الاخرون الاولون نحن آخر الامم و اول من یحساب فتفرج لنا الامم عن طریقنا.

یعنی جب لوگ اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے حضور سے مایوس ہو کر پھریں گے تو سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے پاس حاضر ہو کر شفاعت چاہیں گے مسیح فرمائیں گے میں اس منصب کا نہیں مجھے لوگوں نے اللہ کے سوا خدا بنایا تھا مجھے آج اپنی ہی فکر ہے مگر ہے یہ کہ جو چیز کسی سربمہر برتن میں رکھی ہو کیا بے مہر اٹھائے اسے پا سکتے ہیں؟ لوگ کہیں گے نہ۔ فرمائیں گے تو محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں اور یہاں تشریف فرما ہیں لوگ میرے حضور حاضر ہو کر شفاعت چاہیں گے میں فرماؤں گا میں ہوں شفاعت کے لیے۔ پھر جب اللہ عزوجل اپنی مخلوق میں فیصلہ کرنا چاہے گا ایک منادی پکارے گا کہاں ہیں احمد اور ان کی امت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تو ہمیں پچھلے ہیں اور ہمیں اگلے سب امتوں سے پیچھے آنے اور سب سے پہلے

ہمارا حساب ہوگا اور سب امتیں عرصات محشر میں ہمارے لیے راستہ دیں گی۔

انبیاء کی التجائے شفاعت

احمد و بخاری و مسلم و ترمذی حدیث طویل شفاعت میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

فیاتون محمد فیقولون یا محمد انت رسول الله و خاتم الانبیاء .

اولین و آخرین حضور خاتم النبیین افضل المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور آ کر عرض کریں گے حضور اللہ کے رسول اور تمام انبیاء کے خاتم ہیں ہماری شفاعت فرمائیں۔

سواد بن قارب کی التجاء شفاعت

سواد بن قارب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور یہ اشعار پڑھے۔

فاشهد ان الله لا شی غیره — و انک مامول علی کل غائب

و انک ادنی المرسلین شفاعة — الی الله یا ابن الاکرمین الا طائب

فکن لی شفیعا یوم لا ذو شفاعة — سواک بمغن عن سواد بن قارب

میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک اللہ ہے اور اس کے سوا کوئی نہیں اور بیشک آپ تمام مغیبات کے امین ہیں اور بیشک آپ اے طیب و طاہر آباء و امہات کے فرزند تمام رسولوں سے زیادہ شفاعت کے معاملہ میں اللہ کے قریب ہیں، آپ میرے سفارشی بن جایئے جس دن آپ کے سوا کوئی سفارشی سواد بن قارب کو نفع نہیں پہنچا سکتا۔

اقول، تو سواد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے

اول : اللہ کے سوا ہر چیز سے وجود کی نفی فرمائی۔

دوم : ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے غیبوں کا علم ثابت کیا کہ حضور کو تمام غیبوں پر امین بنایا اور جو کسی چیز کو نہ جانتا ہو اس پر امین کیا ہوگا۔

سوم : اس پر ایمان لانے کہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شفاعت عطا ہو چکی ہے جیسے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیث صحیح مسلم میں فرمایا۔

اعطيت الشفاعة .

مجھے شفاعت عطا کی گئی۔

چہارم : اس پر ایمان لائے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سب سے قریب تر ہے۔

پنجم : سواد بن قارب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہابیہ پر رد فرمانے کے لیے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فریاد کی۔

ششم : پہلے جو یہ کہا تھا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سب سے قریب تر ہے اس سے ترقی کر کے شفاعت کو حضور ہی میں منحصر کر دیا اور یہی حق ہے، رب اور شفاعت کرنے والے وہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شفاعت کریں گے اور اللہ عزوجل کے حضور، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا کوئی شفاعت کرنے والا نہیں، جیسا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

انا صاحب شفاعتهم و لا فخر.

تمام انبیاء کی شفاعت کا میں مالک ہوں اور کچھ فخر کی راہ سے نہیں فرماتا۔

ہفتم : انھوں نے ثابت کیا کہ جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دامن پکڑیں حضور انھیں کام آئیں گے۔

(الدولۃ المکیۃ)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے شفیع المذنبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت پر یہ اشعار نظم فرمائے ہیں :

خوار و بیمار و خطا وار و گنہ گار ہوں میں
رافع و نافع و شافع لقب آقا تیرا

دل عبث خوف سے پتا سا اڑا جاتا ہے
پلہ ہلکا ہی سہی بھاری ہے بھروسا تیرا

اک میں کیا میرے عصیاں کی حقیقت کتنی
مجھ سے سو لاکھ کو کافی ہے اشارہ تیرا

تیرے صدقے میں مجھے ایک بوند بہت ہے تیری
جس دن اچھوں کو ملے جام چھلکتا تیرا

•

ہلکا ہے اگر ہمارا پلہ
بھاری ہے تیرا وقار آقا

سویا کیے نابکار بندے
رویا کیے زار زار آقا

•

صف ماتم اٹھے خالی ہو زنداں ٹوٹیں زنجیریں
گنہ گارو چلو مولیٰ نے در کھولا ہے جنت کا

ادھر امت کی حسرت پر ادھر خالق کی رحمت پر
نرالا طور ہوگا گردش چشم شفاعت کا

جنھیں مرقد میں تا حشر امتی کہہ کر پکارو گے
ہمیں بھی یاد کرلو ان میں صدقہ اپنی رحمت کا

رضائے خستہ جوش بحر عصیاں سے نہ گھبرانا
کبھی تو ہاتھ آجائے گا دامن ان کی رحمت کا

•

لطف ان کا عام ہو ہی جائے گا
شاد ہر ناکام ہو ہی جائے گا

جان دے دو وعدۂ دیدار پر
نقد اپنا دام ہو ہی جائے گا

اب تو لائی ہے شفاعت عفو پر
بڑھتے بڑھتے عام ہو ہی جائے گا

اے رضا ہر کام کا ایک وقت ہے — دل کو بھی آرام ہو ہی جائے گا

●

یہ کیسے کھلتا کہ ان کے سوا شفیع نہیں — عبث نہ اوروں کے آگے تپیدہ ہونا تھا
میرے کریم گنہ زہر ہے مگر آخر — کوئی تو شہد شفاعت چشیدہ ہونا تھا

●

عرش سے مژدۂ بلقیس شفاعت لایا
طائر سدرہ نشیں مرغ سلیمان عرب

●

عرصۂ حشر کجا موقف محمود کجا
ساز ہنگاموں سے رکھتی نہیں یکتائی دوست

●

اے شافع امم شہ ذی جاہ لے خبر — للہ لے خبر میری للہ لے خبر
وہ سختیاں سوال کی وہ صورتیں مہیب — اے غمزدوں کے حال سے آگاہ لے خبر
مجرم کو بارگاہ عدالت میں لائے ہیں — تکتا ہے بے کسی میں تیری راہ لے خبر
اہل عمل کو ان کے عمل کام آئیں گے — میرا ہے کون تیرے سوا آہ لے خبر
باہر زبانیں پیاس سے ہیں آفتاب گرم — کوثر کے شاہ کثرہ اللہ لے خبر

●

گوش شہ کہتے ہیں فریاد رسی کو ہم ہیں
وعدۂ چشم ہے بخشائیں گے گویا ہوکر

دعویٰ ہے سب سے تیری شفاعت پہ بیشتر
دفتر میں عاصیوں کے شہا انتخاب ہوں

بد ہیں تو آپ کے ہیں بھلے ہیں تو آپ کے
ٹکڑوں سے تو یہاں کے پلے رخ کدھر کریں
سرکار ہم کمینوں کے اطوار پر نہ جائیں
آقا حضور اپنے کرم پر نظر کریں

آہ کل عیش تو کیے ہم نے
آج وہ بے قرار پھرتے ہیں

اللہ کیا جہنم اب بھی نہ سرد ہوگا
رو رو کے مصطفیٰ نے دریا بہا دیے ہیں

ڈر تھا کہ عصیاں کی سزا اب ہوگی یا روز جزا
دی ان کی رحمت نے صدا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں
کوئی ہے نازاں زہد پر یا حسن توبہ ہے سپر
یاں ہے فقط تیری عطا یہ بھی نہیں وہ بھی نہیں

گر لب پاک سے اقرار شفاعت ہوجائے
یوں نہ بے چین رکھے جوشش عصیاں ہم کو
نیر حشر نے اک آگ لگا رکھی ہے
تیز ہے دھوپ ملے سایۂ داماں ہم کو

•

پل سے اتار وراہ گزر کو خبر نہ ہو
جبریل پر بچھائیں تو پر کو خبر نہ ہو

•

کیا ہی ذوق افزا شفاعت ہے تمھاری واہ واہ
قرض لیتی ہے گناہ پرہیزگاری واہ واہ

مجرموں کو ڈھونڈتی پھرتی ہے رحمت کی نگاہ
طالع برگشتہ تیری ساز گاری واہ واہ

عرض بیگی ہے شفاعت عفو کی سرکار میں
چھنٹ رہی ہے مجرموں کی فرد ساری واہ واہ

•

ٹوٹ جائیں گے گنہ گاروں کے فوراً قید و بند
حشر کو کھل جائے گی طاقت رسول اللہ کی

یارب ایک ساعت میں دھل جائیں سیہ کاروں کے جرم
جوش میں آجائے اب رحمت رسول اللہ کی

•

پیش حق مژدہ شفاعت کا سناتے جائیں گے
آپ روتے جائیں گے ہم کو ہنساتے جائیں گے

دل نکل جانے کی جا ہے آہ کن آنکھوں سے وہ
ہم سے پیاسوں کے لیے دریا بہاتے جائیں گے

کشتگان گرمی محشر کو وہ جان مسیح
آج دامن کی ہوا دے کر جلاتے جائیں گے

گل کھلے گا آج یہ ان کی نسیم فیض سے
خون روتے آئیں گے ہم مسکراتے جائیں گے

ہاں چلو حسرت زدو سنتے ہیں وہ دن آج ہے
تھی خبر جس کی کہ وہ جلوہ دکھاتے جائیں گے

آج عید عاشقاں ہے گر خدا چاہے کہ وہ
ابروئے پیوستہ کا عالم دکھاتے جائیں گے

کچھ خبر بھی ہے فقیرو آج وہ دن ہے کہ وہ
نعمت خلد اپنے صدقے میں لٹاتے جائیں گے

خاک افتادو بس ان کے آنے ہی کی دیر ہے
خود وہ گر کر سجدہ میں تم کو اٹھاتے جائیں گے

وسعتیں دی ہیں خدا نے دامن محبوب کو
جرم کھلتے جائیں گے اور وہ چھپاتے جائیں گے

لو وہ آئے مسکراتے ہم اسیروں کی طرف
خرمن عصیاں پر اب بجلی گراتے جائیں گے

آنکھ کھولو غمزدو دیکھو وہ گریاں آئے ہیں
لوح دل سے نقش غم کو اب مٹاتے جائیں گے

سوختہ جانوں پہ وہ پر جوش رحمت آئے ہیں
آب کوثر سے لگی دل کی بجھاتے جائیں گے

آفتاب ان کا ہی چمکے گا جب اوروں کے چراغ
صرصر جوش بلا سے جھلملاتے جائیں گے

پائے کوباں پل سے گزریں گے تیری آواز پر
رب سلم کی صدا پر وجد لاتے جائیں گے

●

اب آئی شفاعت کی ساعت اب آئی
ذرا چین لے میرے گھبرانے والے

●

سامنا قہر کا ہے دفتر اعمال ہیں پیش
ڈر رہا ہے کہ خدا حکم سناتا کیا ہے

آپ سے کرتا ہے فریاد کہ یا شاہ رسل
بندہ بے کس ہے شہا رحم میں وقفہ کیا ہے

اب کوئی دم میں گرفتار بلا ہوتا ہوں
آپ آجائیں تو کیا خوف ہے کھٹکا کیا ہے

سن کے یہ عرض میری بحر کرم جوش میں آئے
یوں ملائک کو ہو ارشاد ٹھہرنا کیا ہے

کس کو تم مورد آفات کیا چاہتے ہو
ہم بھی تو آکے ذرا دیکھیں تماشا کیا ہے

ان کی آواز پہ کراٹھوں میں بے ساختہ شور
اور تڑپ کر یہ کہوں اب مجھے پروا کیا ہے

لو وہ آیا میرا حامی میرا غم خوار امم
آگئی جاں تن بے جاں میں یہ آنا کیا ہے

پھر مجھے دامن اقدس میں چھپالیں سرور
اور فرمائیں ہٹو اس پر تقاضا کیا ہے

بندہ آزاد شدہ ہے یہ ہمارے در کا
کیسا لیتے ہو حساب اس پہ تمھارا کیا ہے

●

مژدہ باد اے عاصیو! شافع شہ ابرار ہے
تہنیت اے مجرمو! ذات خدا غفار ہے

تیرے ہی دامن میں ہر عاصی کی پڑتی ہے نظر
ایک جان بے خطا پر دو جہاں کا بار ہے

●

تجھ سا سیہ کار کون ان سا شفیع ہے کہاں
پھر وہ تجھی کو بھول جائیں دل یہ تیرا گمان ہے

خوف نہ رکھ رضا ذرا تو تو ہے عبد مصطفیٰ
تیرے لیے امان ہے تیرے لیے امان ہے

●

خدائے قہار ہے غضب پر کھلے ہیں بدکاریوں کے دفتر
بچالو آکر شفیع محشر تمھارا بندہ عذاب میں ہے

گنہ کی تاریکیاں یہ چھائیں امنڈ کے کالی گھٹائیں آئیں
خدا کے خورشید مہر فرما کہ ذرہ بس اضطراب میں ہے

●

گنہ گاروں کو ہاتف سے نوید خوش مآلی ہے
مبارک ہو شفاعت کے لیے احمد سا والی ہے

●

شفاعت کرے حشر میں جو رضا کی
سوا تیرے کس کو یہ قدرت ملی ہے

●

تیرے منگتا کی خاموشی شفاعت خواہ ہے اسکی
زبان بے زبانی ترجمان خستہ جانی ہے

وہ سرگرم شفاعت ہیں عرق افشاں ہے پیشانی
کرم کا عطر صندل کی زمیں رحمت کی گھانی ہے

●

سنتے ہیں کہ محشر میں صرف ان کی رسائی ہے
گر ان کی رسائی ہے لو جب تو بن آئی ہے

مچلا ہے کہ رحمت نے امید بندھائی ہے
کیا بات تیری مجرم کیا بات بنائی ہے

سب نے صف محشر میں للکار دیا ہم کو
اے بے کسوں کے آقا اب تیری دہائی ہے

گرتے ہوؤں کو مژدہ سجدے میں گرے مولیٰ
رو رو کے شفاعت کی تمہید اٹھائی ہے

مطلع میں یہ شک کیا تھا واللہ رضا واللہ
صرف ان کی رسائی ہے صرف ان کی رسائی ہے

•

آپ درگاہ خدا میں ہیں وجیہ
ہاں شفاعت بالوجاہت کیجیے

حق تمھیں فرما چکا اپنا حبیب
اب شفاعت بالمحبت کیجیے

اذن کب کا مل چکا اب تو حضور
ہم غریبوں کی شفاعت کیجیے

•

سنکی وہ دیکھ باد شفاعت کہ دے ہوا
یہ آبرو رضا تیرے دامان تر کی ہے

•

سایہ افگن سر پہ ہو پرچم الٰہی جھوم کر
جب لواء الحمد لے امت کا والی ہاتھ میں

•

گرچہ ہیں بے حد قصور تم ہو عفو و غفور
بخشدو جرم و خطا تم پہ کروروں درود

اپنے خطا واروں کو اپنے ہی دامن میں لو
کون کرے یہ بھلا تم پہ کروروں درود

•

سب تمھارے آگے شافع تم حضور کبریا ہو

سب کی ہے تم تک رسائی بارگہ تک تم رسا ہو

•

خلیل و نجی مسیح و صفی سبھی سے کہی کہیں بھی بنی

یہ بے خبری کہ خلق پھری کہاں سے کہاں تمھارے لیے

•

رسل و ملک پہ درود ہو وہی جانے ان کے شمار کو

مگر ایک ایسا دکھا تو دو جو شفیع روز شمار ہے

گنہ رضا کا حساب کا ئی وہ اگر چہ لاکھوں سے ہیں سوا

مگر اے عفو تیرے عفو کا نہ حساب ہے نہ شمار ہے

•

والی الا لہ فارغب کرو عرض سب کے مطلب

کہ تمھیں کو تکتے ہیں سب کرو ان پر اپنا سایا۔ بنو شافع خطایا

•

مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

شہر یار ارم تاجدار حرم نو بہار شفاعت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا اس جبین سعادت پہ لاکھوں سلام

اشک باری مژگاں پہ برسے درود سلک در شفاعت پہ لاکھوں سلام

جس طرف اٹھ گئی دم میں دم آگیا اس نگاہ عنایت پہ لاکھوں سلام

•

آمد شہ کی خبر سن کے یہ بولے عاصی
وہ ہیں آمادہ شفاعت کو تو عصیاں کس کا

•

حق شفاعت سے تیری گنہ گاروں پر
مہرباں مہرباں مہرباں ہوگیا

•

جلوہ اس مہر رسالت کا ہوسیاروں میں انبیاء ساتھ ہوں جبریل جلو داروں میں
جب کہ اس شان سے آئیں گے گرفتاروں میں حشر کے روز یہ غل ہوگا گنہ گاروں میں
وہ شفاعت کے لیے شافع محشر نکلا

•

شافع نافع رافع دافع کیا کیا رحمت لاتے یہ ہیں
شافع امت نافع خلقت رافع رتبے بڑھاتے یہ ہیں
خود سجدے میں گر کر اپنی گرتی امت اٹھاتے یہ ہیں
سلم سلم کی ڈھارس سے پل پر ہم کو چلاتے یہ ہیں
جن کو کوئی نہ کھلوا سکتا وہ زنجیر ہلاتے یہ ہیں
(حدائق بخشش)

حوض کوثر

جس کی دو بوند ہیں کوثر و سلسبیل
ہے وہ رحمت کا دریا ہمارا نبی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

انا اعطینٰک الکوثر

اے محبوب! بے شک ہم نے تمھیں بے شمار خوبیاں عطا فرمائیں

(الکوثر/۱)

حوض کوثر

اللہ تعالیٰ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حوض کوثر کے ساتھ فضیلت بخشی۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث میں ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرے حوض کی درازی ایک ماہ کی مسافت ہے، اور اتنی ہی اس کی چوڑائی ہے اور اس کا پانی شہد سے زیادہ شیریں ہے اور وہ موتی اور یاقوت پر بہتا ہے اور دودھ سے زیادہ سفید ہے، اور ایک روایت میں ہے کہ چاندی سے زیادہ سفید ہے اور بعض روایتوں میں برف سے زیادہ سفید آیا ہے اس کی خوشبو مشک نافہ سے زیادہ تیز ہے اور اس کے پیالے آسمان کے ستاروں کی مانند ہیں اور گرداگرد موتیوں کے قبے ہیں۔

حوض کی مسافت

اور مسافت حوض کی تحدید میں احادیث میں متعدد جگہ ذکر پایا جاتا ہے، ہر جماعت نے اپنے شہروں میں متعارف مسافتوں سے علامتیں بتائی ہیں اور ظاہر یہ ہے کہ ان سب کی مسافت یا تو یکساں ہے یا قریب قریب ہے اور اگر کہیں فرق بھی نظر آتا ہے۔ تو اس کا مقصود بعد مسافت کی طرف اشارہ کرنا ہوتا ہے اور ایک تخمینہ اور قریبی اندازہ بتانا ہوتا ہے، اور بعض کہتے ہیں کہ قلیل مسافت کے ذکر میں، کثیر مسافت کے ساتھ منافات اور مدافعت نہیں ہے، یہ طریقہ انداز شارح کرمانی کا ہے وہ متعدد مقامات میں ایسی ہی توجیہ کرتے ہیں۔

بعض کہتے ہیں کہ ابتداء میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قلیل مسافت کی خبر دی تھی بعد ازاں کثیر مسافت بیان فرمائی اور حق تعالیٰ نے آپ کو بتدریج تھوڑی تھوڑی وسعت کی تفصیل بیان فرمائی لہٰذا مسافت طویلہ پر اعتماد کرنا چاہیئے، اور بعض یہ گمان رکھتے ہیں کہ یہ اختلاف بجہت اضطراب رواۃ ہے جو روایت میں ہے حالاں کہ ایسا نہیں۔

کوثر کا پینے والا پیاسا نہ ہوگا

حدیث پاک میں ہے کہ حوض کوثر کی چوڑائی اس کے طول کی مانند ہے اور اس کی گہرائی ستر ہزار فرسخ کی ہے۔ اور حدیث میں ہے جو اس کا پانی پیئے گا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا، بعض کہتے ہیں کہ اس کلام کا ظاہری پہلو یہ ہے کہ اس میں سے پانی بعد از حساب اور بعد از نار ہوگا اس لیے کہ جس کا یہ حال ہوگا کہ وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا اس سے ظاہر ہے کہ اسے آگ کا عذاب نہ دیا جائے گا اس لیے کہ تشنگی اور حرارت وحرقت، دخول نار کے ساتھ لازم ہے، اور یہ احتمال بھی ہے کہ اس پر اتنا ہی عذاب کیا جائے کہ اسے پیاس نہ لگے۔

اور بعض کہتے ہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دو حوض ہیں۔

ایک موقف یعنی عرصات محشر میں۔

اور دوسرا جنت میں۔

اور ان دونوں کو کوثر کہتے ہیں اس بناء پر کہ اس سے مدد کی گئی ہے۔

کوثر حضور کے ساتھ مخصوص ہے

اور بعض کہتے ہیں کہ ہر نبی کے لیے اس کے فضل ومرتبہ کے مطابق ایک ایک حوض ہے اور اگر یہ روایت ثابت ہو جائے تو ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے وہ حوض مختص ہے جس کا پانی ان کے حوضوں میں بہتا ہوگا اس لیے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حوض کی مانند کوئی اور حوض منقول نہیں ہے اور آپ پر سورۂ الکوثر میں اس کی احسان مندی واقع ہے کہ **انا اعطینٰک الکوثر** (بیشک ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمایا) اور مشہور یہی ہے کہ حوض کوثر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کے ساتھ مخصوص ہے۔

اور قرطبی سے منقول ہے کہ ہر مکلف پر اس کا علم اور اسکی تصدیق واجب ہے اس لیے کہ حق سبحانہ و

تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حوض کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے جو کہ احادیث صحیحہ اور مشہورہ میں ثابت شدہ ہے کیوں کہ ان تمام روایات سے علم قطعی حاصل ہوتا ہے اور تیس سے زیادہ صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے وہ مروی ہے اور ان میں سے بیس تو بخاری و مسلم میں مذکور ہیں اور بقیہ ان کے ماسوا مجموعۂ احادیث میں ہیں، اور اتنے ہی تابعین نے صحابہ سے یہ روایتیں لی ہیں اور تابعین سے تبع تابعین نے، یہاں تک کہ سلف و خلف کا اس پر اجماع واقع ہے۔

حوض سے روکنے کی توضیح

اور مسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ میرے پاس میری امت میرے حوض پر مجتمع ہو کر آئے گی اور میں اوروں کو اس سے روکتا ہوں گا۔

اہل علم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اپنے حوض سے روکنے کی حکمت میں کہتے ہیں کہ حضور والا کا ارشاد ہے کہ ہر امت کے لیے اپنے نبی کا حوض ہے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ روکنا از روئے انصاف اور اپنے بھائیوں یعنی نبیوں کی رعایت میں ہوگا نہ کہ جھڑکنے اور بخل سے روکنے کی وجہ سے اور بجائے خود وہ جگہ امن کی ہے اور حضور خود اجود الاجودین اور رحمۃ للعالمین ہیں، اور یہ امکان بھی ہے کہ آپ انھیں روکیں گے جو اس کے پینے کے مستحق نہ ہوں۔

کوثر کے چار کنارے

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرے حوض کے چار کنارے ہیں۔

ایک کنارہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سپرد ہوگا۔

اور دوسرا حضرت فاروق عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے۔

اور تیسرا حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے۔

اور چوتھا حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے سپرد ہوگا۔

لہٰذا جو محب ابو بکر ہے اور حضرت عمر سے بغض رکھتا ہے وہ اسے پانی نہیں پلائیں گے اور جو محب علی ہے اور وہ حضرت عثمان وغیرہ سے بغض رکھتا ہے تو حضرت علی اسے پانی نہیں پلائیں گے۔

اسے ابو سعید نے شرف النبوۃ میں اور الغیلانی نے روایت کیا ہے، ایسا ہی مواہب میں منقول ہے اور مشہور یہ ہے کہ ساقی کوثر حضرت علی مرتضیٰ ہوں گے اور حضرت علی فرماتے ہیں کہ جو حضرت ابو بکر سے دشمنی رکھے گا میں اسے اس کا پانی ہرگز نہیں پلاؤں گا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

حوض کوثر کے اوصاف

حوض کوثر کے پانی اور اس کے اوصاف وفضائل سے متعلق امام احمد رضا قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

صحیحین میں عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

حوضی مسیرۃ شھر ماؤہ ابیض من اللبن و ریحہ اطیب من المسک.

میرا حوض ایک مہینے کی راہ تک ہے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سپید، اور اس کی خوشبو مشک سے بہتر۔

اور دوسری روایت میں فرمایا

ابیض من الورق .

چاندی سے بڑھ کر اجلا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ا، ص ۵۴۸، النور والنورق)

کوثر افضل ہے یا زم زم

زمزم افضل ہے یا کوثر، شیخ الاسلام سراج الدین بلقینی شافعی نے فرمایا کہ زم زم افضل ہے کہ شب اسراملائکہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دل مبارک اس سے دھویا حالاں کہ وہ آب کوثر لا سکتے تھے اور اللہ عزوجل نے ایسے مقام پر اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اختیار نہ فرمایا مگر افضل۔ شمس نے اس میں سراج کا اتباع کیا۔

فتاویٰ علامہ شمس الدین محمد رملی شافعی میں ہے۔

افضل المیاہ ما نبع من بین اصابعہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و قد قال البلقینی ان ماء زمزم افضل من الکوثر لان بہ غسل صدر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و لم یکن یغسل الا بافضل المیاہ ۔ اھ ۔

سب پانیوں میں افضل وہ پانی ہے جو اس بحر بے پایاں کرم ونعم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگشتان مبارک سے بارہا نکلا اور ہزاروں کو سیراب وطاہر کیا، اور علامہ سراج بلقینی نے فرمایا کہ زم زم افضل ہے کوثر سے اس لیے کہ زم زم شریف سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سینۂ پرانوار دھویا گیا اور سینۂ مبارک افضل پانی ہی سے دھویا گیا۔ (مولف)

اس پر اعتراض ہوا کہ زمزم تو سیدنا اسمٰعیل علیہ الصلاۃ والسلام کو عطا ہوا اور کوثر ہمارے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تو لازم کہ کوثر ہی افضل ہو۔

امام ابن حجر مکی نے جواب دیا کہ کلام دنیا میں ہے آخرت میں بیشک کوثر افضل ہے۔

فتاویٰ فقہیہ کی عبارت یہ ہے :

(سئل) ایما افضل ماء زمزم او الکوثر (فاجاب) قال شیخ الاسلام البلقینی ماء

زمزم افضل لان الملائكة غسلوا به قلبه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حين شقوه لية الاسراء مع قدرتهم على ماء الكوثر فاختياره في هذا المقام دليل على افضليته و لا يعارضه انه عطية الله تعالىٰ لاسمٰعيل عليه الصلاة و السلام و الكوثر عطية الله تعالىٰ لنبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لان الكلام في عالم الدنيا لا الآخرة و لامرية ان الكوثر في الآخرة من اعظم مزايا نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و من ثم قال تعالىٰ انا اعطيناک الكوثر.

سوال ہوا کہ زم زم افضل ہے یا کوثر؟ تو شیخ الاسلام سراج الدین بلقینی نے فرمایا کہ زم زم افضل ہے اس لیے کہ شب معراج کے موقع پر جب کہ شق صدر مبارک ہوا تو فرشتوں نے کوثر پر قدرت کے باوجود زمزم سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قلب مبارک کو دھویا، اس مقام پر زم زم شریف کو پسند کرنا اس کے افضل ہونے کی دلیل ہے اور اس میں کوئی معارضہ بھی نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل کو زمزم عطا فرمایا اور کوثر ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو، اس لیے کہ کلام دنیا میں ہے آخرت میں نہیں اور اس میں شک نہیں کہ کوثر آخرت میں ہے اور یہ ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے عظیم وجلیل عطا ہے اسی مقام پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے محبوب ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمایا۔ (مولف)

اس کے بعد امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے کوثر کی افضلیت ثابت فرمائی، جس کے دلائل یہ ہیں۔

افضلیت کوثر کے دلائل

(۱) آخرت میں وہی افضل ہے جو عند اللہ افضل ہے اور عند اللہ جو افضل ہے فی نفسہ افضل ہے اور جو فی نفسہ افضل ہے جہاں ہو افضل ہے تو جو آخرت میں افضل ہے وہی دنیا میں افضل ہے اور شک نہیں کہ آخرت میں کوثر افضل ہے تو اب بھی کوثر زمزم سے افضل ہے۔

(۲) زم زم دنیا کا پانی ہے اور کوثر آخرت کا اور اللہ عزوجل فرماتا ہے بیشک آخرت درجوں میں بڑی

ہے اور فضیلت میں زائد۔

(۳) کوثر کا پانی جنت سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کوثر میں جنت سے دو پر نالے گر رہے ہیں ایک سونے کا، ایک چاندی کا

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سن لو اللہ کا مال بیش بہا ہے، سن لو اللہ کا مال جنت ہے۔

(۴) کوثر کا پانی امت مرحومہ کے لیے زیادہ نافع ہے ایک قطرہ جس کے حلق میں جائے گا ابدالآباد تک کبھی پیاسا نہ ہوگا نہ کبھی اس کے چہرے پر سیاہی آئے۔

(۵) اللہ عزوجل نے عطائے کوثر سے اپنے حبیب افضل الرسل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم پر احسان عظیم رکھا کہ **انا اعطیناک الکوثر** ۔ بیشک ہم نے کہ عظمت والے ہیں تم کو کہ بے مثل و یکتا ہو کوثر عطا فرمایا، اسی طرف انا میں ضمیر جمع اور **اعطیناک** میں کاف مفرد کا اشارہ ہے، تو کوثر کی عظمت کا کیا اندازہ ہوسکتا ہے۔

اللہ عزوجل ہم فقرائے بے قید کو بھی اپنے حبیب کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کف کرم سے اس میں پینا نصیب فرمائے۔ آمین۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۵۵۱، ۵۵۲۔ النور والنورق)

کوثر سے افضل پانی

دونوں جہاں کے سب پانیوں سے افضل، زم زم سے افضل، کوثر سے افضل وہ مبارک پانی ہے کہ بار ہا براہ اعجاز حضور انور سید اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگشتان مبارک سے دریا کی طرح بہا اور ہزاروں نے پیا اور وضو کیا۔

علماء تصریح فرماتے ہیں کہ وہ پانی زمزم وکوثر سب سے افضل ہے، مگر اب وہ کہاں نصیب؟

(فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۴۰۸، النور والنورق)

حضور کو کوثر عطا کیا گیا

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، رب جل جلالہ نے فرمایا

ما اعطیتک خیر من ذلک اعطیتک الکوثر و جعلت اسمک مع اسمی ینادی به فی جوف السماء (الی ان قال) و خبأت شفاعتک و لم اخبأها لنبی غیرک .

یعنی جو میں نے تجھے دیا وہ ان سب سے بہتر ہے میں نے تجھے کوثر عطا فرمایا اور میں نے تیرا نام اپنے نام کے ساتھ کیا کہ جوف آسمان میں اس کی ندا ہوتی ہے اور میں نے تیری شفاعت ذخیرہ کر رکھی ہے اور تیرے سوا کسی نبی کو یہ دولت نہ دی۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

اشعار

کوثر و ساقی حوض کوثر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توصیف میں امام احمد رضا بریلوی یوں مدح سرا ہیں:

جس کی دو بوند ہیں کوثر و سلسبیل ہے وہ رحمت کا دریا ہمارا نبی ﷺ
جس کے تلووں کا دھون ہے آب حیات ہے وہ جان مسیحا ہمارا نبی ﷺ

●

باہر زبانیں پیاس سے ہیں آفتاب گرم کوثر کے شاہ کثرہ اللہ لے خبر

●

یاالٰہی جب زبان باہر آئیں پیاس سے
صاحب کوثر شہ جود و عطا کا ساتھ ہو

(حدائق بخشش)

عالم کی کنجیاں حضور کے سپرد ہیں

اپنا شرف دعا سے ہے باقی رہا قبول
یہ جانیں ان کے ہاتھ میں کنجی اثر کی ہے

لہٗ مقالید السموات والارض

اسی کے لیے ہیں آسمانوں اور زمین کی کنجیاں

(الشوریٰ/۱۲)

عالم کی کنجیاں حضور کے سپرد ہیں

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر شریف گزشتہ کتابوں میں بکثرت ہے اور انبیاء و مرسلین کی مجلسوں میں حضور خاتم الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر ہمیشہ رہتا تھا، چوں کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے آپ کو اس سے مطلع کیا ہے تو لامحالہ آپ کا ذکر شریف انھوں نے بطریق اولیٰ اپنی مجلسوں میں کیا ہوگا کیوں کہ من احب شیئا اکثر ذکرہ جو چیز بہت محبوب ہو اس کا ذکر اکثر کیا جاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندھم فی التوراۃ و الانجیل یأمرھم بالمعروف و ینھی عن المنکر.

جو لوگ اس رسول و نبی امی کی پیروی کرتے ہیں وہ اپنے پاس توریت وانجیل میں لکھا پاتے ہیں کہ وہ انھیں نیکی کا حکم فرمائیں گے اور انھیں برائی سے بچنے کی تلقین فرمائیں گے۔

یہ آیہ کریمہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سچائی پر دلیل ہے، اگر یہ خبر واقع کے مطابق نہ ہوتی تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ان کی نفرت وتکذیب کا موجب ہوتا اور یہود ونصاریٰ سے زیادہ کوئی اور قوم حضور کے احوال اور صدق نبوت سے واقف اور شناسا نہ تھی، کیوں کہ یہود ونصاریٰ توریت وانجیل میں آپ کے اوصاف پڑھ چکے تھے اور مدینہ منورہ میں مدتوں سے آپ کے منتظر تھے کیوں کہ اس شہر میں آپ کے ظہور کی علامتیں اور نشانیاں پائی جاتی تھیں۔

اور یہی یہود ونصاریٰ تھے جب ان سے مقابلہ اور جنگ کی نوبت آتی تو یہ آپ کی بعثت کا واسطہ دے کر فتح ونصرت طلب کرتے اور کہتے کہ اب وہ وقت آگیا ہے جب ہم نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم کے سایۂ عاطفت میں تم سے پنپیں گے ان کے آباء اپنی موت کے وقت اپنی اولادوں۔ کے لیے وصیت نامے چھوڑ جاتے اور کہتے کہ ہمارا اسلام حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پہنچا کر عرض کریں کہ ہم نے آپ کے انتظار میں جانیں دی ہیں اور اس جہان سے ایمان کے ساتھ گئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے **یعرفونه کما یعرفون ابناء هم**

یہ آپ کو ایسا پہچانتے ہیں جیسے وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں، مطلب یہ کہ یہ کافر لوگ آپ کو خوب پہچانتے ہیں۔

لیکن جب آپ کا ظہور قدسی ہوا تو ان کی سابقہ شقاوت ازلی عود کر آئی اور حسد و عناد سے آپ کو جھٹلانے لگے اور جان بوجھ کر راہ حق کو چھپانے کی خاطر اپنی کتابوں میں تحریف و تغیر کرنے لگے اور دنیا کی محبت اور حب ریاست نے ذلت و شقاوت اور خسران کے سبب سے پست درجے میں گرادیا، لیکن اس تحریف و تبدیلی کے باوجود ہمارے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت کے دلائل اور آپ کی شریعت کی نشانیاں ان کی کتابوں میں اب بھی روشن و تاباں ہیں۔

بیان کرتے ہیں کہ سریانی زبان میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام "مشفح" ہے اور مشفح کے معنی محمد ہے اس لیے کہ ان کی زبان میں شفح بمعنی حمد ہے اور جب وہ خدا کی حمد کرتے ہیں تو **شفحالا یعنی الحمد للہ** کہتے ہیں اور جب شفح بمعنی حمد ہوا تو مشفح بمعنی محمد ہوگیا۔ (**صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم**)

آپ کے احوال و صفات اور آپ کی نبوت کی علامات و نشانیاں صاف صاف اور آپ کی بعثت و ہجرت کی جگہ متعین تھی، جس روز حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں رونق افروز ہوئے اسی دن حضرت عبداللہ بن سلام جو احبار و اشراف یہود اور اولاد حضرت یوسف علیہ الصلاۃ والسلام سے تھے حاضر ہوئے اور ایمان لائے اور جس دن سے مکہ مکرمہ سے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہجرت کی خبر سنی تھی یہ

اسی دن سے آپ کے لقائے شریف کی سعادت حاصل کرنے کے منتظر تھے۔

مدتے بود کہ مشتاق لقائے بودم
لاجرم روئے ترا دیدم و از جا رفتم

جب وہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دیدار پرانوار سے مشرف ہوئے تو حضور نے فرمایا کیا تم ہی بن سلام یثرب کے عالم ہو؟ عرض کی ہاں، فرمایا میں تمھیں اس خدا کی قسم دیتا ہوں جس نے مجھے بھیجا کیا تم نے خدا کی کتاب توریت میں میری صفات کو پایا ہے؟ کہاہاں، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ آپ کو مظفر و غالب فرمائے گا، وہ آپ کے دین کو تمام دینوں پر غالب کرے گا، یقیناً بلا شک وشبہ میں نے خدا کی کتاب میں آپ کی خوبیاں اور صفتیں پائی ہیں اور آپ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

یا ایها النبی انا ارسلناک شاهدا و مبشرا و نذیرا.

اے نبی یقیناً ہم نے آپ کو بھیجا امت پر گواہی دینے والا یعنی ان کی تصدیق وتکذیب اور نجات و ہلاکت کی گواہی دینے والا اور فرماں برداروں کو ثواب واجر کی بشارت دینے والا اور نافرمانوں کو عذاب سے ڈرانے والا۔

حرزا للامیین .

امیوں یعنی اہل عرب کو جن کی اکثریت لکھنا پڑھنا نہیں جانتی پناہ دینے والا، اور آپ سارے جہان کے لیے پشت پناہ ہیں، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

عرب کی تخصیص، ان میں آپ کی بعثت اور آپ سے قریبی ہونے کی وجہ سے یا اس وجہ سے کہ پہلے جہل و نادانی اور شقاوت قلبی میں مشہور ومنہمک تھے اب آپ کی تعلیم وتربیت سے علم وہدایت کے بلند

مقام پر فائز ہو گئے۔

عبداللہ بن سلام کی حدیث کا تتمہ یہ ہے کہ فرمایا :

و انت عبدی و رسولی .

آپ میرے بندۂ خاص ہیں، کوئی اس صفت میں آپ کا ہمسر نہیں، اور آپ میرے رسول ہیں جو ساری مخلوق کی طرف مبعوث ہیں۔

وسمیتک المتوکل .

اور میں نے آپ کا نام متوکل رکھا کیوں کہ آپ نے اپنے تمام کام مجھ پر چھوڑ دیے ہیں اور آپ اپنی ذاتی قوت وطاقت سے باہر آ گئے ہیں کیوں کہ بندگی کے معنی کی حقیقت یہی ہے۔

لست بفظ و لا غلیظ .

اور آپ نہ درشت خو ہیں اور نہ سخت دل۔

و لا سخاب فی الاسواق .

اور بازاروں میں شور وشغب کرنے والے نہ تھے، جیسا کہ جاہلوں کی عادت ہے، یہ عقل مندی کی نشانی ہے کہ نرم خو ہو اور آواز بلند نہ کرے اور کج خلقی سے احتراز کرے، مجلس میں بھی گھر میں بھی اور بازاروں میں بھی۔

و لا یجزی بالسیئة السیئة و لکن یعفو و یغفر و لن یقبضه الله حتی یقیم به الملة العوجا بان یقول لا اله الا الله .

برائی کا بدلہ برائی سے نہ لے اور عفو ودرگزر اور پردہ پوشی سے کام لے اور اللہ تعالیٰ ہرگز دنیا سے

آپ کو نہ اٹھائے گا جب تک کہ کج رو لوگوں کی درستگی نہ فرمادے اور لا الہ الا اللہ نہ کہہ لیں اور توحید کا اقرار کر کے شرک کا ازالہ نہ کرلیں۔

ینفتح به اعیانا عمیا و اذانا صما و قلوبا غلفا.

تو اللہ تعالیٰ آپ کے ذریعہ ایسی آنکھوں کو کھولے گا جو راہ راست نہیں دیکھتیں اور ایسے کانوں کو کھولے گا جو حق بات نہیں سنتے اور ایسے دلوں کو کھولے گا جو نہیں سمجھتے اور حقیقت حال کو نہیں پاتے۔

ایک اور روایت میں اتنا زیادہ ہے کہ وہ بازار میں فریاد اور فحش کلامی نہ کریں گے اور جو فرمائیں گے جھوٹ نہ ہوگا اور ہر خوبی و کمال اور ہر صفت و جمال سے آراستہ و پیراستہ ہوں گے اور میں انھیں ہر خلق کریم عطا کروں گا اور اطمینان و سکون اور آرام و آسودگی کو ان کا لباس بناؤں گا اور تقویٰ و پرہیزگاری کو ان کا ضمیر کروں گا، حکمت ان کی عقل، صدق و وفا ان کی طبعیت، خوش خلقی ان کی عادت، عدل ان کی سیرت، حق ان کی شریعت، ہدایت ان کا امام، اسلام ان کی ملت، اور احمد ان کا نام رکھوں گا، لوگ گمراہی کے بعد ان سے ہدایت پائیں گے اور آپ کے وسیلہ سے جہالت کے بعد لوگ عقلمند بنیں گے، اور گمنامی کے بعد ان کا نام چار دانگ عالم میں گونجے گا اور کمی کے بعد انھیں کثرت و زیادتی عطا کروں گا اور جدائی کے بعد انھیں ملاؤں گا اور مفلسی کے بعد انھیں تونگر کروں گا اور مخالف دلوں اور پراگندہ خواہشوں اور جدا جدا بکھری ہوئی جماعتوں میں الفت و محبت ڈالوں گا اور ان کی امت کو بہترین امت قرار دوں گا، کعب احبار سے بھی ایسے ہی مروی ہے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے کعب احبار سے دریافت فرمایا تم نے توریت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اوصاف حمیدہ کیا کیا پائے؟ انھوں نے بیان کیا کہ توریت میں لکھا ہوا ہے کہ

محمد بن عبداللہ، عبدالمختار یعنی اللہ کے بندے، مکہ مکرمہ ان کی جائے پیدائش مدینہ منورہ ان کا مقام ہجرت اور ملک شام ان کے زیر قبضہ ہوگا۔ نہ وہ سخت گو ہوں گے نہ درشت خو، نہ بازاروں میں شوروغل کریں گے اور نہ برائی کا بدلہ لیں گے بلکہ عفوودرگزر سے کام لیں گے۔ اس روایت میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت مرحومہ کی تعریف بھی آئی ہے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص میں سے یہ ہے کہ آپ کو خزانوں کی کنجیاں عطا فرمائی گئیں۔

اس کا ظاہر یہ ہے کہ ملک فارس وروم کے خزانے صحابہ کرام کے قبضہ میں آئے، اور اس کا باطن یہ ہے کہ خزائن سے مراد اجناس عالم ہیں کیوں کہ تمام رزق آپ کے دست اقتدار کے سپرد فرمایا، اور ظاہر و باطن کی تربیت وقوت آپ کو مرحمت ہوئی، جس طرح غیب کی کنجیاں در دست علم الٰہی ہیں اس کے سوا ذاتی علم غیب کوئی نہیں جانتا، اسی طرح ان کے رزق وقسمت کے خزانے حضور سید کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست مبارک میں عطا فرمائے۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

انما انا قاسم و المعطی هو الله .

یعنی میں ہی تقسیم فرمانے والا ہوں اور وہی اللہ عطا فرمانے والا ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

توریت میں حضور کا وصف

کتب سابقہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعدد اوصاف وفضائل ذکر کیے گئے ہیں۔

بعض کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں :

بیہقی و ابونعیم دلائل النبوۃ میں حضرت ام الدرداء سے راوی میں نے کعب احبار سے پوچھا تم توریت میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت کیا پاتے ہو کہا حضور کا وصف توریت مقدس میں یوں ہے :

محمد رسول الله اسمه المتوكل ليس بفظ و لا غليظ و لا سخاب في الاسواق و اعطى المفاتيح ليبصر الله به اعينا عورا و يسمع به اذانا صما و يقيم به السنة معوجة حتى يشهد وا ان لا اله الا الله وحده لا شريك له يعين المظلوم و يمنعه من ان يستضعف .

محمد اللہ کے رسول ہیں ان کا نام متوکل ہے نہ درشت خو ہیں نہ سخت گو نہ بازاروں میں چلانے والے وہ کنجیاں دیے گئے ہیں تا کہ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ سے پھوٹی آنکھیں بینا اور بہرے کان شنوا اور ٹیڑھی زبانیں سیدھی کردے یہاں تک کہ لوگ گواہی دیں کہ ایک اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اس کا کوئی ساجھی نہیں وہ نبی کریم ہر مظلوم کی مدد فرمائیں گے اور اسے کمزور سمجھے جانے سے بچائیں گے۔

انجیل میں حضور کا وصف

حاکم بافادۂ تصحیح اور ابن سعد و بیہقی و ابونعیم روایت کرتے ہیں ام المومنین و محبوبۂ محبوب رب العالمین حضرت عائشہ صدیقہ صلی اللہ تعالیٰ علی بعلہا و ابیہا و علیہا وسلم فرماتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت وثنا انجیل پاک میں مکتوب ہے

لا فظ و لا غليظ و لا سخاب في الاسواق و اعطى المفاتيح الخ (مثل ما مر سواء بسواء)

نہ سخت دل ہیں نہ درشت خو نہ بازاروں میں شور کرتے انہیں کنجیاں عطا ہوئی ہیں۔ (باقی عبارت مثل توریت مبارک ہے)

زمین کی کنجیاں حضور کو دی گئیں

بخاری و مسلم حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور مالک المفاتیح صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

بينا انا نائم اذ جئ بمفاتيح خزائن الارض فوضعت في يدي .

میں سو رہا تھا کہ تمام خزائن زمین کی کنجیاں لائی گئیں اور میرے دونوں ہاتھوں میں رکھ دی گئیں۔

امام احمد و ابو بکر بن ابی شیبہ سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی حضور مالک و مختار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

اعطيت مالم يعط احد من الانبياء قبلي نصرت بالرعب و اعطيت مفاتيح الارض الحديث.

مجھے وہ عطا ہوا جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہ ملا رعب سے میری مدد کی گئی (کہ مہینہ بھر کی راہ پر دشمن میرا نام پاک سن کر کانپے) اور مجھے ساری زمین کی کنجیاں عطا ہوئیں، امام جلال الدین سیوطی نے اس حدیث کی تصحیح کی۔

امام احمد اپنی مسند اور ابن حبان اپنی صحیح اور ضیائی مقدس صحیح مختارہ ابونعیم دلائل النبوۃ میں بسند صحیح حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور مالک تمام دنیا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

اوتیت بمقالید الدنیا علی فرس ابلق جاء نی به جبریل علیه قطیفة من سندس.

دنیا کی کنجیاں ابلق گھوڑے پر رکھ کر میری خدمت میں حاضر کی گئیں جبریل لے کر آئے اس پر نازک ریشم کا زین پوش بانقش ونگار پڑا تھا۔

ہر شی کی کنجیاں حضور کے حوالے کی گئیں

امام احمد مسند اور طبرانی معجم کبیر میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور پر نور ابوالقاسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **اوتیت مفاتیح کل شئ الا الخمس.**

مجھے ہر چیز کی کنجیاں عطا ہوئیں سوا ان پانچ کے، یعنی غیوب خمسہ،

علامہ حفنی حاشیہ جامع صغیر میں فرماتے ہیں **ثم اعلم بها بعد ذلک** پھر یہ پانچ بھی عطا ہوئیں ان کا علم بھی دے دیا گیا، اسی طرح امام جلال الدین سیوطی نے بھی خصائص کبریٰ میں نقل فرمایا، علامہ مدابغی شرح فتح المبین، امام ابن حجر مکی میں فرماتے ہیں یہی حق ہے، بعینہ یہی مضمون احمد و ابویعلی نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

وقت ولادت کنجیاں عطا ہوئیں

ابونعیم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور مالک غیور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی تھیں

لما خرج من بطنی فنظرت الیه فاذا انابه ساجدا ثم رأیت سحابه بیضاء قد اقبلت من السماء حتی غشیته فغیب عن وجهی ثم تجلت فاذا انابه مدرج فی ثوب صوف و بیض و تحته حریرة خضراء و قد قبض علی ثلثة مفاتیح من اللولوء و الرطب

و اذ قائل یقول قبض محمد علی مفاتیح النصر و مفاتیح الریح و مفاتیح النبوة ثم اقبلت سحابة اخری حتی غشیته فغیب عنی ثم تجلت فاذا انابه قد قبض علی حریرة خضراء مطویة و اذ قائل یقول بخ بخ قبض محمد علی الدنیا کلها لم یبق خلق من اهلها الا دخل فی قبضته . هذا مختصر .

جب حضور میرے شکم سے پیدا ہوئے میں نے دیکھا سجدے میں پڑے ہیں پھر ایک سفید ابر نے آسمان سے آکر حضور کو ڈھانپ لیا کہ میرے سامنے سے غائب ہو گئے پھر وہ پردہ ہٹا تو میں کیا دیکھتی ہوں کہ حضور ایک اونی سفید کپڑے میں لپٹے ہیں اور سبز ریشمیں بچھونا بچھا ہے اور گوہر شاداب کی تین کنجیاں حضور کی مٹھی میں ہیں اور ایک کہنے والا کہہ رہا ہے کہ نصرت کی کنجیاں نفع کی کنجیاں نبوت کی کنجیاں سب پر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبضہ فرمایا، پھر اور ابر نے آکر حضور کو ڈھانپا کہ میری نظر سے چھپ گئے پھر روشن ہوا تو کیا دیکھتی ہوں کہ ایک سبز ریشم کا لپٹا ہوا کپڑا حضور کی مٹھی میں ہے اور کوئی منادی پکار رہا ہے واہ واہ ساری دنیا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مٹھی میں آئی زمین و آسمان میں کوئی مخلوق ایسی نہ رہی جو ان کے قبضہ میں نہ آئی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حضور کا رعب و دبدبہ

حافظ ابوزکریا یحیٰی بن عائذ اپنے مولد میں بروایت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضرت آمنہ زہریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی رضوان خازن جنت علیہ الصلاۃ والسلام نے بعد ولادت حضور سید الکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے پروں کے اندر گوش اقدس میں عرض کی

معک مفاتیح النصر قد البست الخوف و الرعب و لا یسمع احد بذکرک الا وجل فؤاده و خاف قلبه و ان لم یرک یا خلیفة الله .

حضور کے ساتھ نصرت کی کنجیاں ہیں رعب و دبدبہ کا جامہ حضور کو پہنایا گیا ہے جو حضور کا چرچا سنے گا اس کا دل ڈر جائے گا اور جگر کانپ اٹھے گا اگرچہ حضور کو نہ دیکھا ہوا اللہ کے نائب۔ صلی اللہ تعالیٰ علیک وعلیٰ آلک وسلم۔

روز قیامت حضور کے دست اقدس میں کنجیاں

امام دارمی اپنی سنن میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور مالک جنت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا اول الناس خروجا اذا بعثوا و انا قائدهم اذا وفدوا و انا خطيبهم اذا انصتوا و انا شفيعهم اذا حبسوا و انا مبشرهم اذا يئسوا الكرامة و المفاتيح يومئذ بيدى و لواء الحمد يومئذ بيدى . الحديث.

میں سب سے پہلے قبر سے باہر آؤں گا جب لوگ اٹھائے جائیں گے اور میں ان کا پیشوا ہوں جب وہ حاضر بارگاہ ہوں گے اور میں ان کا خطیب ہوں جب وہ دم بخود ہوں گے اور میں ان کا شفیع ہوں جب وہ محبوس ہوں گے اور میں خوشخبری دینے والا ہوں جب وہ ناامید ہوں گے۔

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مدارج شریف میں فرماتے ہیں :

دراں روز ظاہر گردد کہ وے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نائب ملک یوم الدین ست روز روز اوست وحکم حکم او بحکم رب العالمین۔

یعنی اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضور اقدس مختار کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قیامت کے دن کے مالک کے نائب ہیں اور وہ دن انھیں کا دن اور حکم انھیں کا حکم ہوگا اور یہ سب خدائے ذوالجلال کے حکم سے ہے۔ (مولف)

جنت ودوزخ کی کنجیاں

ابن عبدربہ کتاب بہجۃ المجالس میں راوی کہ حضور پرنور افضل صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علیہ فرماتے ہیں:

ینصب لی یوم القیامة منبر علی الصراط (و ذکر الحدیث الی ان قال) ثم یاتی ملک فیقف علی اول مرقاة من منبری فینادی معاشر المسلمین من عرفنی فقد عرفنی و من لم یعرفنی فانا مالک خازن النار ان الله امرنی ان ادفع مفاتیح جهنم الی محمد و ان محمدا امرنی ان ادفع الی ابی بکر اشهد و اهاه اشهد و اثم یقف ملک آخر علی ثانی مرقاة من منبری فینادی معاشر المسلمین من عرفنی فقد عرفنی و من لم یعرفنی فانا رضوان خازن الجنان ان الله امرنی ان ادفع مفاتیح الجنة الی محمد و ان محمدا امرنی ان ادفعها الی ابی بکر هاه اشهد و اهاه اشهدوا. الحدیث.

روز قیامت صراط کے پاس ایک منبر بچھایا جائے گا پھر ایک فرشتہ آ کر اس کے پہلے زینہ پر کھڑا ہوگا اور ندا کرے گا اے گروہ مسلماناں جس نے مجھے پہچانا اس نے پہچانا اور جس نے نہ پہچانا تو میں مالک داروغۂ دوزخ ہوں اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ جہنم کی کنجیاں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دے دوں اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم ہے کہ ابوبکر کو سپرد کر دوں ہاں ہاں گواہ ہو جاؤ ہاں ہاں گواہ ہو جاؤ پھر ایک اور فرشتہ دوسرے زینہ پر کھڑا ہو کر پکارے گا اے گروہ مسلمین جس نے مجھے جانا اس نے جانا اور جس نے نہ جانا تو میں رضوان داروغۂ جنت ہوں مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ہے کہ جنت کی کنجیاں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دے دوں اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حکم ہے کہ ابوبکر کو سپرد کر دوں ہاں ہاں گواہ

ہو جاؤ ہاں ہاں گواہ ہو جاؤ۔

علامہ ابراہیم بن عبد اللہ مدنی شافعی نے کتاب ''التحقیق فی فضل الصدیق'' کے ساتویں باب خلفاء اربعہ کے فضائل کے بیان میں اسے ذکر فرمایا ہے۔

حافظ ابوسعید عبد الملک بن عثمان کتاب شرف النبوۃ میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

اذا كان يوم القيامة جمع الله الاولين و الآخرين و يوتى بمنبرين من نور فينصب احدهما عن يمين العرش و الاخر عن يساره و يعلوهما شخصان فينادى الذى عن يمين العرش معاشر الخلائق من عرفنى فقد عرفنى ومن لم يعرفنى فانا رضوان خازن الجنة ان الله امرنى ان اسلم مفاتيح الجنة الى محمد و ان محمدا امرنى ان اسلم الى ابى بكر و عمر ليدخلا محبيهما الجنة الا فاشهدوا ثم ينادى الذى عن يسار العرش معاشر الخلائق من عرفنى فقد عرفنى و من لم يعرفنى فانا مالك خازن النار ان الله امرنى ان اسلم مفاتيح النار الى محمد و محمد امرنى ان اسلمها الى ابى بكر و عمر ليدخلا مبغضيهما النار الا فاشهدوا.

روز قیامت اللہ تعالیٰ سب اگلوں پچھلوں کو جمع فرمائے گا اور دو منبر نور کے لا کر عرش کے داہنے بائیں بچھائے جائیں گے ان پر دو شخص چڑھیں گے داہنے والا پکارے گا اے جماعات مخلوق جس نے مجھے پہچانا اس نے پہچانا اور جس نے نہ پہچانا تو میں رضوان داروغۂ بہشت ہوں مجھے اللہ عزوجل نے حکم دیا کہ جنت کی کنجیاں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سپرد کروں اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ابوبکر وعمر کو دوں کہ وہ اپنے دوستوں کو جنت میں داخل کریں سنتے ہو گواہ ہو جاؤ پھر بائیں والا پکارے گا اے جماعات مخلوق

جس نے مجھے پہچانا اس نے پہچانا اور جس نے نہ پہچانا تو میں مالک داروغۂ دوزخ ہوں مجھے اللہ عزوجل نے حکم دیا کہ دوزخ کی کنجیاں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سپرد کروں اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ابوبکر وعمر کو دوں کہ وہ اپنے دشمنوں کو جہنم میں داخل کریں سنتے ہو گواہ ہو جاؤ۔

علامہ ابراہیم بن عبداللہ مدنی شافعی نے کتاب ''الاحادیث الغرر فی فضل الشیخین ابی بکر وعمر'' کے ساتویں باب میں اسے بیان فرمایا ہے۔ (الامن والعلی)

کونین کی بھلائی حضور کے دست رحمت میں

وہ حبیب جو غنی ہیں دوسروں کو غنی کرتے ہیں، سخی ہیں دوسروں کو دیتے ہیں ابوالقاسم ہیں دوسروں میں نعمتوں کی تمام قسمیں بانٹتے ہیں کیوں کہ آپ ہی بندوں کے لیے سب سے بڑے وسیلہ اور اللہ تعالیٰ کے سب سے بڑے خلیفہ ونائب ہیں، دنیا میں اور آخرت میں سب خزانوں کی کنجیاں آپ ہی کو عطا ہوئی ہیں، مولیٰ تعالیٰ نے اپنی رحمت کے خزانے آپ کے دست کرامت میں رکھ دیے ہیں، تو کوئی بھلائی کسی کی طرف نہیں جاتی مگر آپ کے پاس سے ہو کر، اور کوئی عطیہ نہیں پہنچتا مگر آپ سے نسبت پا کر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ان اشعار کے قائل پر اللہ تعالیٰ رحمتیں اتارے اور اجر کامل بخشے۔

الا بابی من کان ملکا و سیدا
آدم بین الماء و الطین واقف

●

اذا رام امرا لایکون خلافہ
ولیس لذلک الامرفی الکون صارف

سنتے ہو میرے باپ قربان ہوان پر جو اس وقت بھی بادشاہ اور سردار تھے جب کہ حضرت آدم علیہ السلام پانی اور مٹی میں تھے، وہ جب کسی امر کا ارادہ فرماتے ہیں تو اس کا خلاف نہیں ہو سکتا سارے جہان میں کوئی ایسا پیدا نہیں ہوا جو آپ کے ارادے کو بدل سکے۔

عارف باللہ سیدی ابوالحسن محمد البکری الصدیقی کیا خوب فرماتے ہیں :

ما ارسل الرحمن او یرسل
من رحمة تصعد او تنزل

●

فی ملکوت اللہ او ملکہ
من کل ما یختص او یشمل

●

الا وطہ المصطفی عبدہ
نبیہ مختارہ المرسل

●

واسطة فیھا واصل لھا
یعلم ھذا کل من یعقل

جتنی رحمتیں اللہ رحمان نے بھیجی ہیں یا بھیجے گا وہ چڑھتی ہوں یا اترتی ملکوت میں ہوں یا ملک میں، خاص ہوں یا عام سب میں واسطہ اور اصل آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں جو طٰہٰ بھی ہیں اور مصطفیٰ بھی، اللہ کے بندے بھی ہیں اور نبی بھی، مختار بھی ہیں اور مرسل بھی، یہ ایسی حقیقت ہے جسے ہر عقلمند جانتا اور مانتا ہے۔

بالخصوص دین کی نعمتیں وہ روز اول سے روز آخر تک جتنی بھی ہیں سب حضور کے واسطے سے ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (الاجازۃ المتینۃ لعلماء بکۃ والمدینۃ)

پناہ عالم و عالمیاں ﷺ

ہاں یہیں کرتی ہیں چڑیاں فریاد، ہاں یہیں چاہتی ہے ہرنی داد
اسی در پہ شترانِ ناشاد گلۂ رنج و عنا کرتے ہیں

●

آستین رحمت عالم الٹے کمر پاک پہ دامن باندھے
گرنے والوں کو چہ دوزخ سے صاف الگ کھینچ لیا کرتے ہیں

یا ایہا النبی انا ارسلنٰک شاھداً و مبشراً و نذیراً

اے نبی ہم نے تجھے بھیجا گواہ اور خوش خبری دینے والا اور ڈر سنانے والا

پناہ عالم وعالمیاں ﷺ

آپ کے احوال وصفات اور آپ کی نبوت کی علامت ونشانیاں صاف صاف اور آپ کی بعثت وہجرت کی جگہ متعین تھی، جس روز حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں رونق افروز ہوئے اسی دن حضرت عبداللہ بن سلام جو احبار واشراف یہود اور اولاد حضرت یوسف علیہ الصلاۃ والسلام سے تھے حاضر ہوئے اور ایمان لائے اور جس دن سے مکہ مکرمہ سے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہجرت کی خبر سنی تھی یہ اسی دن سے آپ کے لقائے شریف کی سعادت حاصل کرنے کے منتظر تھے۔

جب وہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دیدار پرانوار سے مشرف ہوئے تو حضور نے فرمایا کیا تم ہی ابن سلام، یثرب کے عالم ہو؟ عرض کیا ہاں، فرمایا میں تمھیں اس خدا کی قسم دیتا ہوں جس نے مجھے بھیجا کیا تم نے خدا کی کتاب توریت میں میری صفات کو پایا؟ کہا ہاں! میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ آپ کو مظفر وغالب فرمائے گا، وہ آپ کے دین کو تمام دینوں پر غالب کرے گا، یقیناً بلاشک وشبہ میں نے خدا کی کتاب میں آپ کی خوبیاں اور صفتیں پائی ہیں، اور آپ کو خطاب کرتے ہوئے خدا نے فرمایا۔

یا ایھا النبی انا ارسلنک شاھدا و مبشرا و نذیرا.

اے نبی یقیناً ہم نے آپ کو بھیجا امت پر گواہی دینے والا یعنی ان کی تصدیق وتکذیب اور نجات و ہلاکت کی گواہی دینے والا اور فرماں برداروں کو ثواب واجر کی بشارت دینے والا اور نافرمانوں کو عذاب سے ڈرانے والا۔

حرزا للامیین .

امیوں یعنی اہل عرب کو جن کی اکثریت لکھنا پڑھنا نہیں جانتی پناہ دینے والا، اور آپ سارے

جہان کے لیے پشت پناہ ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

عرب کی تخصیص، ان میں آپ کی بعثت، اور آپ سے قریبی ہونے کی وجہ سے یا اس وجہ سے کہ پہلے جہل و نادانی اور شقاوت قلبی میں مشہور و منہمک تھے اب آپ کی تعلیم و تربیت سے علم و ہدایت کے بلند مقام پر فائز ہو گئے۔

حرز، اس محفوظ جگہ کو کہتے ہیں جہاں کوئی آفت و تکلیف نہ پہنچے، اس سے مراد ان کی حفاظت و پناہ آفتوں سے ہے خواہ وہ آفت نفسانی ہو یا شیطانی وساوس وغیرہ جیسا کہ فرمایا:

ھو الذی بعث فی الامیین رسولا منھم یتلوا علیھم آیاتہ و یزکیھم و یعلمھم الکتاب و الحکمۃ و ان کانوا من قبل لفی ضلل مبین۔

اللہ وہ ہے جس نے امیوں میں رسول کو انھیں میں سے بھیجا جو ان پر خدا کی آیتیں تلاوت کرتا اور ان کا تزکیہ فرماتا اور انھیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے اگرچہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔

ممکن ہے کہ اس سے مراد دائمی عذاب و ہلاکت اور انھیں نیست و نابود ہونے سے محفوظ و پناہ میں رکھنا ہو جیسا کہ حق تعالیٰ نے فرمایا:

و ما کان اللہ لیعذبھم و انت فیھم۔

اللہ تعالیٰ انھیں دائمی عذاب نہیں دے گا جب تک آپ ان میں تشریف فرما ہوں (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

توریت میں حضور کا ذکر جمیل

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مخلوق کے لیے جائے پناہ ہیں کتب سابقہ میں بھی حضور کا یہ

وصف ذکر کیا گیا، اس کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

امام بخاری حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور دارمی وطبرانی ویعقوب بن سفیان حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ توریت مقدس میں حضور پرنور دافع البلاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفت یوں ہے۔

یا ایها النبی انا ارسلنک شاهدا و مبشرا و نذیرا و حرزا للامیین (الی قوله تعالیٰ) یعفو و یغفر.

اے نبی ہم نے تجھے بھیجا گواہ اور خوشخبری دینے والا اور ڈر سنانے والا اور بے پڑھوں کے لیے پناہ، معاف کرتا ہے اور مغفرت فرماتا ہے۔

علامہ زرقانی شرح مواہب شریفہ میں فرماتے ہیں جعله نفسه حرزا مبالغة لحفظه لهم فی الدارین.

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پناہ دینے والے ہیں مگر رب تبارک وتعالیٰ نے حضور کو بطور مبالغہ خود پناہ کہا جیسے عادل کو عدل یا عالم کو علم کہتے ہیں اور اس وصف کی وجہ یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا و آخرت میں اپنی امت کے محافظ و نگہبان ہیں۔

حضرت اسود کی التجا

اسود بن مسعود ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی :

انت الرسول الذی ترجی فواضله
عند القحوط اذا ما اخطاء المطر

حضور وہ رسول ہیں کہ حضور کے فضل کی امید کی جاتی ہے جب قحط کے وقت مینہ خطا کرے، عمر بن

شیبہ نے بطریق عامر شعبی اور حافظ ابن حجر نے اصابہ میں اسے بیان کیا ہے اور فرمایا کہ اسے ابن فتحون نے کتاب الذیل میں ذکر کیا ہے۔

ایک اعرابی کی فریاد اور بارش کے لیے حضور کی دعا

ایک اعرابی نے خدمت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی:

اتیناک و العذرا أیدمی لبابها — و قد شغلت امم الصبی عن الطفل

و القت بکفیها الفتی لاستکانة — من الجوع ضعفا لا یمر و لا یحلی

و لیس لنا الا الیک فرارنا — و این فرار الخلق الا الی الرسل

ہم در دولت پر شدت قحط کی ایسی حالت میں حاضر ہوئے کہ جو کنواری لڑکیاں ہیں (جنھیں ان کے والدین بہت عزیز رکھتے ہیں ناداری کے باعث خادمہ رکھنے کی طاقت نہیں کام کاج کرتے کرتے ان کے سینے شق ہو گئے) ان کی چھاتی سے خون بہہ رہا ہے مائیں بچوں کو بھول گئی ہیں جوان قوی کو اگر کوئی لڑکی دونوں ہاتھوں سے دھکا دے تو ضعف گرسنگی سے عاجزانہ زمین پر ایسا گر پڑتا ہے کہ منہ سے کڑوی میٹھی کوئی بات نہیں نکلتی اور ہمارا حضور کے سوا کون ہے جس کے پاس مصیبت میں بھاگ کر جائیں اور خود مخلوق کو جائے پناہ ہے ہی کہاں مگر رسولوں کی بارگاہ میں صلی اللہ تعالیٰ علیہم وبارک وسلم۔

یہ فریاد سن کر رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فوراً بنہایت عجلت منبر اطہر پر جلوہ فرما ہوئے اور دونوں دست مبارک بلند فرما کر اپنے رب عز وجل سے پانی مانگا، ابھی وہ پاک مبارک ہاتھ جھک کر گلوئے پر نور تک نہ آئے تھے کہ آسمان اپنی بجلیوں کے ساتھ امڈا اور بیرون شہر کے لوگ فریاد کرتے آئے کہ یا رسول اللہ ہم ڈوبے جاتے ہیں حضور نے فرمایا حوالینا لا علینا ہمارے گرد برس ہم پر نہ برس، فوراً ابر مدینے پر سے کھل گیا آس پاس گھرا تھا اور مدینہ طیبہ پر سے کھلا ہوا یہ ملاحظہ فرما کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

نے خندۂ دنداں نمایاں کیا اور فرمایا اللہ کے لیے ہے خوبی ابو طالب کی، اس وقت وہ زندہ ہوتا تو اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتیں کون ہے جو ہمیں اس کے اشعار سنائے مولی علی کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم نے عرض کی یارسول اللہ شاید حضور یہ اشعار سننا چاہتے ہیں جو ابو طالب نے نعت اقدس میں عرض کیے تھے کہ

و ابیض یستسقی الغمام بوجھہ ثمال الیتامی عصمۃ للارامل

تلوذ بہ الھلاک من آل ھاشم فھم عندہ فی نعمۃ و فواضل

وہ گورے رنگ والے کہ ان کے منہ کے صدقے میں ابر کا پانی مانگا جاتا ہے یتیموں کے جائے پناہ بیواؤں کے نگہبان بنی ہاشم (جیسے غیور لوگ) تباہی کے وقت ان کی پناہ میں آتے ہیں ان کے پاس ان کی نعمت و فضل میں بسر کرتے ہیں، حضور اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے فرمایا اجل ذلک اردت ہاں یہی نظم ہمیں مقصود تھی۔

بیہقی نے اسے دلائل النبوۃ میں سند صالح سے اور دیلمی نے مسند الفردوس میں انس بن مالک رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا جیسا کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے افادہ فرمایا۔

حاصل یہ کہ حضور کے سوا ہمارا کوئی نہیں جس کے پاس مصیبت میں بھاگ کر جائیں خلق کے لیے جائے پناہ نہیں سوا بارگاہ انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء کے، وہ گورے رنگ والا پیارا جس کے چاند سے منہ کے صدقے میں مینہ اترتا ہے وہ یتیموں کا حافظ وہ بیواؤں کا نگہبان وہ ملجا و ماوا کہ بڑے بڑے تباہی کے وقت اس کی پناہ میں آ کر اس کی نعمت اس کے فضل سے چین کرتے ہیں۔ صلی اللہ تعالی علیہ وعلی آلہ وبارک وسلم۔

حضور کی پناہ سچی ہوتی ہے

حارث بن عوف مری رضی اللہ تعالی عنہ نے حاضر خدمت ہو کر عرض کی:

ابعث معی من یدعوا الی دینک فقال لہ جابر

میرے ساتھ حضور کسی شخص کو ارسال فرمائیں جو میری قوم کو حضور کے دین کی طرف دعوت کرے اور وہ میری پناہ میں ہوگا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ساتھ کردیا حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کنبے والوں نے عہد شکنی کر کے انھیں شہید کر دیا، حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس بارے میں اشعار کہے ازاں جملہ یہ شعر :

یا حارث من یغدر بذمة جاره

منکم فان محمدا لا یغدر

اے حارث جو کوئی تم میں اپنے پناہ دیے ہوئے کے عہد سے بے وفائی کرے تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جسے پناہ دیتے ہیں وہ سچی پناہ ہوتی ہے، **فجاء الحارث فاعتذر و ودی الانصاری و قال یا محمد انی عائذ بک من لسان حسان .**

حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حاضر ہو کر عذر کیا اور انصاری شہید کی دیت دی اور حضور سے عرض کی یارسول اللہ میں حضور کی پناہ مانگتا ہوں حسان کی زبان سے، زبیر بن بکار نے اسے مصعب سے روایت کیا کہ حارث بن عوف نے بارگاہ رسالت میں آکر یہ عرض کیا۔

حضور کی دہائی سے غلام آزاد ہوگیا

صحیح مسلم شریف میں حضرت ابو مسعود بدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے **انہ کان یضرب غلامہ فجعل یقول اعوذ باللہ قال فجعل یضربہ فقال اعوذ برسول اللہ فترکہ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و اللہ اقدر علیک منک علیہ قال فاعتقہ .**

یعنی وہ اپنے غلام کو مار رہے تھے غلام نے کہنا شروع کیا اللہ کی دہائی اللہ کی دہائی انھوں نے ہاتھ نہ روکا غلام نے کہا رسول اللہ کی دہائی فوراً چھوڑ دیا، حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا خدا کی قسم اللہ

تجھ پر اس سے زیادہ قادر ہے جتنا تو اس غلام پر انھوں نے غلام کو آزاد کر دیا۔

علماء فرماتے ہیں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دہائی سن کر حضور کی عظمت دل پر چھائی ہاتھ روک لیا۔

اقول: یعنی پہلی بات ایک معمولی (معمول کے مطابق) ہو جانے سے ایسی موثر نہ ہوئی، انسان کا قاعدہ ہے کہ جس بات کا محاورہ کم ہوتا ہے اس کا اثر زیادہ پڑتا ہے ورنہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دہائی بعینہٖ اللہ عزوجل کی دہائی ہے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت اللہ عزوجل ہی کی عظمت سے ناشی ہے۔

یہی مضمون عبدالرزاق نے اپنے مصنف میں امام حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا

قال بینا رجل یضرب غلاما له و هو یقول اعوذ بالله اذ بصر برسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال اعوذ برسول الله فالقی ما کان فی یده و خلی عن العبد فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اما والله انه احق ان یعاذ من استعاذ به منی فقال الرجل یا رسول الله فهو حر لوجه الله .

یعنی ایک صاحب اپنے کسی غلام کو مار رہے تھے اور وہ کہہ رہا تھا کہ اللہ کی دہائی اتنے میں غلام نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تشریف لاتے دیکھا اب کہا رسول اللہ کی دہائی فوراً اس صاحب نے کوڑا ہاتھ سے ڈال دیا اور غلام کو چھوڑ دیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سنتا ہے خدا کی قسم بیشک اللہ عزوجل مجھ سے زیادہ اس کا مستحق ہے کہ اس کی دہائی دینے والے کو پناہ دی جائے ان صاحب نے عرض کی یارسول اللہ تو وہ اللہ کے لیے آزاد ہے۔

اللہ و رسول کافی ہیں

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذکر مسیح کذاب میں فرمایا **ابشروا فان یخرج و انا بین**

اظھر کم فالله کافیکم و رسوله .

خوش ہو کہ اگر وہ نکلا اور میں تم میں تشریف فرما ہوا تو اللہ تمھیں کافی ہے اور اللہ کا رسول۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ طبرانی نے کبیر میں اسے اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

ایک پیرمرد کی التجا

حضرت عبداللہ بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ قبل بعثت حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یمن کو تاجرانہ جاتے تھے ایک پیرمرد عسکلان بن عواکن کے یہاں قیام فرماتے وہ ان سے مکہ معظمہ کا حال پوچھتے تم میں کوئی مشہور بلند چرچے والا پیدا ہوا؟ کسی نے تم پر تمھارے دین میں خلاف کیا؟ یہ انکار کرتے جب بعد بعثت اقدس گئے پیرمرد نے کہا میں تمھیں وہ بشارت دیتا ہوں کہ تمھارے لیے تجارت سے بہتر ہے اللہ تعالیٰ نے تمھاری قوم سے نبی برگزیدہ مبعوث فرمایا ان پر اپنی کتاب اتاری وہ اصنام سے روکتے اور اسلام کی طرف بلاتے ہیں حق کا حکم دیتے اور اس کے فاعل ہیں باطل سے منع کرتے اور مبطل ہیں وہ ہاشمی ہیں اور تم اے عبدالرحمٰن ان کے ماموں، جلد پلٹو اور ان کی خدمت وتصدیق کرو اور یہ اشعار میری طرف سے ان کی بارگاہ والا میں پہنچاؤ، چند اشعار دربارۂ تصدیق رسالت و اظہار شوق وعذر پیرانہ سالی و استعانت سرکار عالی صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ کہے ازاں جملہ یہ دو شعر:

اذ نای بالدیار بعدا — فانت حرزی و معراجی
فکن شفیعی الی ملیک — یدعو البرایا الی الفلاح

جب کہ شہروں کو دوری فاصلہ نے بعید کر دیا تو حضور میری پناہ اور مجھے راحت ملنے کی جگہ ہیں، تو حضور میرے شفیع ہوں اس بادشاہ کے یہاں جو مخلوق کو نجات کی طرف بلاتا ہے۔

عبدالرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے واپس آکر یہ حال صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے گزارش کیا

انھوں نے فرمایا یہ محمد بن عبد اللہ ہیں جنھیں اللہ عزوجل نے اپنی تمام مخلوقات کی طرف رسول کیا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، تم ان کے حضور حاضر ہو یہ حاضر ہوئے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں دیکھ کر تبسم فرمایا اور ارشاد ہوا میں ایک سزاوار چہرہ دیکھتا ہوں جس کے لیے خیر کی امید ہے کہو کیا خبر ہے؟ انھوں نے عرض کی کیسی؟ فرمایا پیام بھیجنے والے نے جو پیام ہمارے حضور بھیجا ہے وہ امانت ادا کرو سنتے ہوا اور جمیع خواص مومنین سے ہیں، عبد الرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ سنتے ہی مسلمان ہوئے پھر وہ اشعار حضور میں عرض کیے، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

رب مومن بی و لم یرنی و مصدق بی و ما شهدنی اولائک اخوانی

یعنی مجھ پر بعض ایمان والے (ایسے ہیں) جنہوں نے مجھ کو دیکھا نہیں اور بعض لوگ میری تصدیق کرنے والے (ایسے ہیں) جن کو میرے پاس حضوری حاصل نہ ہو سکی یہ لوگ میرے بھائی ہیں۔ (کلمہ اخوت کو ان کے اعزاز کے لیے تواضعاً فرمایا) (الامن والعلی)

حضور عالم کی جان و زندگی ہیں

مطالع المسرات شریف میں ہے :

هو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم روح الاكوان و حياتها و سر وجودها و لولاه لذهبت و تلاشت كما قال سيدى عبد السلام رضى الله تعالىٰ عنه و نفعنا به لا شي الا و هو به منوط اذ لولا الواسطة لذهبت كما قيل الموسوط.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام عالم کی جان و حیات و سبب وجود ہیں حضور نہ ہوں تو عالم نیست و نابود ہو جائے کہ حضرت سیدی عبد السلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ عالم میں کوئی ایسا نہیں جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دامن سے وابستہ نہ ہو، اس لیے کہ واسطہ نہ رہے تو جو اس کے واسطہ سے تھا آپ

ہی فنا ہو جائے۔

اسی میں ہے :

اسمه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم محی حیوۃ جمیع الکون به صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فھو روحه و حیاته و سبب وجودہ وبقائه .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک محی ہے، زندہ فرمانے والے اس لیے کہ سارے جہان کی زندگی حضور سے ہے تو حضور تمام عالم کی جان وزندگی اور اس کے وجود وبقاء کے سبب ہیں۔

ہمزیہ شریف میں ارشاد فرمایا :

کل فضل فی العالمین من فضل
النبی استعارۃ الفضلاء

جہان والوں میں جو خوبی جس کسی میں ہے وہ اس نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضل سے مانگے کو لی ہے۔ **(صلاۃ الصفا فی نور المصطفیٰ)**

اختیارات مصطفیٰ ﷺ

فرش والے تیری شوکت کا علو کیا جانیں
خسروا عرش پہ اڑتا ہے پھریرا تیرا
میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

وما اتکم الرسول فخذوہ وما نہکم عنہ فانتہوا

اور جو کچھ تمہیں رسول عطا فرمائیں وہ لو اور جس سے منع فرمائیں باز رہو۔

(الحشر/۷)

اختیارات مصطفیٰ ﷺ

مذہب صحیح ومختار یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو احکام مفوض ہیں جس کو جو چاہیں، حکم فرمائیں، کسی فعل کو کسی پر حرام قرار دیں اور اسی فعل کو کسی پر مباح قرار دیں، اس کی بہت سی مثالیں ہیں جیسا کہ متبعین حق سے مخفی نہیں ہے حق تعالیٰ جل وعلا نے پیدا کر کے ایک شریعت لازم فرمائی اور وہ سب اپنے رسول، اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سپرد فرمادی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حالاں کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس اتنا مال نہ تھا جن سے قلوب کو جھکایا جاتا اور لوگ اس کی طمع میں آپ کے گرویدہ ہو جاتے، اور نہ قوت وطاقت ہی اتنی تھی کہ ان لوگوں پر قہر وغلبہ حاصل کیا جاتا اور جس دین کو آپ نے ظاہر فرمایا اور جس کی طرف آپ نے ان کو دعوت دی اس کو غالب کرنے کے لیے آپ کے پاس نہ لاؤ لشکر تھا اور نہ مال وزر، وہ لوگ سب کے سب بت پرستی اور زمانۂ جاہلیت کی رسموں اور عادتوں پر مجتمع ومتفق تھے اور دین جاہلیت میں از حد تعصب وتباغض، فسق وفجور اور خوں ریزی میں انتہائی غلو اور انہماک تھا اور امر خیر میں اتفاق واتحاد مفقود تھا اور وہ اپنے ان افعال میں عاقبت کی طرف نظر ڈالتے ہی نہ تھے، نہ انھیں کسی عذاب وسزا کا خوف تھا اور نہ کسی ملامت وپشیمانی کا ڈر۔

ایسے لوگوں کے احوال وافعال کی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اصلاح فرمائی، اور ان کے دلوں میں باہمی محبت والفت کی لہر دوڑائی اور ان سب کو ایک کلمہ پر جمع فرمادیا، یہاں تک کہ ان کی آراء متفق اور ان کے دل مجتمع ہو گئے حتی کہ وہ سب مطیع وفرماں بردار بن گئے اور فطرت میں مختلف لوگ ایک دل ہو گئے اور آپ کے جمال جہاں آراء کی طلعت کے عاشق وفریفتہ ہو گئے اور آپ کی محبت میں اپنے شہروں، اپنے وطنوں اور اپنے گھروں کو چھوڑ دیا، اور اپنی قوم اور اپنے کنبوں سے منہ موڑ لیا اور آپ کی نصرت میں اپنے جان ومال کو قربان اور آپ کے اعزاز میں اپنی جانوں کو تلواروں کے مقابل کھڑا کر دیا اور اس پر طرفہ یہ

۔وہ بے ساز وسامان تھے نہ ان پر مال نچھاور کیا گیا اور نہ مال ومنال ہی تھا کہ دنیا میں جس کے حصول کی ئ میں انھیں ڈالا جاتا اور ان ممالک و بلاد کا جن کے حاصل کرنے کے لیے اس جہان میں بھیجا گیا تھا، ں ان کا مالک ومتصرف نہ قرار دیا بلکہ خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان میں تصرف فرماتے، غنی کو فقیر تے اور شریف کو برابر ومتواضع کرتے تھے۔

کیا ایسی جملہ باتیں اور ایسے تمام احوال کسی ایسے شخص میں جمع ہو سکتے ہیں اور اسے ان کا اتفاق پڑ ۔ہے جو باعتبار عقلی اور بتدبیر فکری بہ تکلف ان سب کو انجام دے سکے اور ان کی کشود کار کر سکے؟ حالاں کہ ۔۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود یتیم، بے زور وزر اور بے مال ومنال اور بے معاون ومددگار اور تنہا تھے، لیکن ن تبارک وتعالیٰ نے آپ کو ایسی عزت، قدرت، تمکنت، مدد ونصرت اور قوت وشوکت عطا فرمائی کہ آپ ب پر غالب رہے اور آپ کو اختیارات کی مضبوط گرفت عطا فرمائی۔

لا واللہ قسم ہے خدائے عزوجل کی ان سب کو مسخر وگرویدہ بنالیا، یہ تمام وہ باتیں ہیں جن میں کوئی عقل مند شک کبھی نہیں کرتا اور کامل یقین سے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ یہ امر الٰہی اور فیض سماوی ہے قوت بشری کے ساتھ اتنی رسائی پانا از روئے عادت عاجز ہیں اور خالق وقوی کے سوا بشر اس پر قادر نہیں۔

یہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص میں سے ہے کہ حضور احکام میں جس کے لیے جو چاہیں تخصیص فرمادیں، اس جگہ دو قول ہیں :

ایک یہ کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف احکام مفوض ہوں گے **(یعنی تفویض احکام** میں آپ مختار ہوں گے) جو چاہیں آپ حکم فرمادیں۔

دوسرا قول یہ ہے کہ کسی حکم کے لیے جدا وحی آتی ہو گی۔

چنانچہ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے تخصیص فرمائی کہ ان کی ایک شہادت دو

شہادتوں کا حکم رکھتی ہے۔

اسی طرح حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ام عطیہ جو فضلاء صحابیات میں سے ہیں انھیں نوحہ کی رخصت عطا فرمائی، چنانچہ انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ آل فلاں یعنی فلاں قبیلہ زمانۂ جاہلیت میں نیاحت پر میری مدد کرتی تھیں اب مجھے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ میں بھی ان کے ساتھ موافقت کروں اس پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ام عطیہ کو نیاحت میں رخصت دی۔

امام نووی فرماتے ہیں کہ ام عطیہ کو رخصت عطا فرمانا اور نیاحت میں (خاص فلاں قبیلہ کے لیے) انھیں مخصوص کرنا ہے اور شارع کو یہ حق پہنچتا ہے کہ جس کے لیے جو چاہے خاص فرمادے۔

اسی طرح حضرت اسماء بنت عمیس کو ان کے شوہر حضرت جعفر بن ابو طالب کے سوگ کو ترک کرنے پر انھیں رخصت عطا فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا تین دن تک ماتمی لباس پہنو اور سوگ کرو اس کے بعد جو چاہو کرو۔

اسی طرح حضرت ابو بردہ بن نیار کو قربانی کے لیے جذعہ یعنی بکری کے اس بچہ کو جس پر سال پورا نہ ہوا اس کی قربانی دینے کو جائز قرار دیا۔

اسی طرح حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک عورت کا نکاح ایک مرد سے تعلیم قرآن کے عوض اس شرط پر کردیا کہ وہ عورت کو قرآن کی تعلیم دے دے اور اسی کو اس کا مہر قرار دیا۔

یعنی ایک عورت نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں نے اپنے آپ کو حضور پر ہبہ کردیا حالاں کہ وہ حضور کے لیے جائز تھی مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے قبول نہ فرمایا، پاس ہی ایک مرد مسکین کھڑا تھا اس نے کہا یا رسول اللہ اگر یہ عورت آپ کے قابل نہیں ہے تو اس کا عقد میرے ساتھ کردیجیے، فرمایا مہر میں دینے کے لیے تمھارے پاس کچھ ہے؟ کہا میرے پاس اس چینے

ہوئے تہبند کے سوا کچھ نہیں ہے فرمایا تلاش کرو خواہ لوہے کی انگوٹھی ہی کیوں نہ ہو، عرض کی قرآن مجید کی ان چند سورتوں کے سوا جو کہ یاد ہیں میرے پاس کچھ نہیں ہے، فرمایا قرآن کا جتنا حصہ تجھے یاد ہے اس کے عوض نکاح کرلو تم اسے تعلیم دے دینا اور اسی کو اپنا مہر قرار دے لو، حالاں کہ تمھارے بعد کسی کے لیے قرآن مہر نہ ہوگا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول و دوم)

حضور کا اختیار

حضور سرور کونین مختار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صاحب شرع ہیں۔ احکام شرع میں مالک و مختار ہیں جس کے لیے جو چاہیں حلال فرما دیں جس کے لیے جو چاہیں حرام فرما دیں اسی بات کو ثابت کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی نے تحریر فرمایا ہے :

ائمہ محققین تصریح فرماتے ہیں کہ احکام شریعت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سپرد ہیں جو بات چاہیں واجب کر دیں جو چاہیں ناجائز کر دیں، جس چیز یا جس شخص کو جس حکم سے چاہیں مستثنیٰ کر دیں۔

امام عارف باللہ سیدی عبد الوہاب شعرانی قدس سرہ الربانی میزان الشریعۃ الکبریٰ باب الوضو میں حضرت سیدی علی خواص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل فرماتے ہیں :

كان الامام ابو حنيفة رضي الله تعالىٰ عنه من اكثر الائمة ادبا مع الله تعالىٰ و لذلك لم يجعل النية فرضا و سمى الوتر واجبا لكونهما ثبتا بالسنة لابالكتاب فقصد بذلك تمييز ما فرضه الله تعالىٰ و تمييز ما اوجبه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فان ما فرضه الله تعالىٰ اشد مما فرضه رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من ذات نفسه حين خيره الله تعالىٰ ان يوجب ما شاء او لا يوجب.

یعنی امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان اکابر ائمہ میں ہیں جن کا ادب اللہ عزوجل کے ساتھ بہ

نسبت اور ائمہ کے زائد ہے اسی واسطے انھوں نے وضو میں نیت کو فرض نہ کیا اور وتر کا نام واجب رکھا کہ یہ دونوں سنت سے ثابت ہیں نہ قرآن عظیم سے۔ تو امام نے ان احکام سے یہ ارادہ کیا کہ اللہ تعالیٰ کے فرض اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرض میں فرق وتمیز کردیں اس لیے کہ خدا کا فرض کیا ہوا اس سے زیادہ موکد ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود اپنی طرف سے فرض کردیا جب کہ اللہ عزوجل نے حضور کو اختیار دے دیا تھا کہ جس بات کو چاہیں واجب کردیں جسے نہ چاہیں نہ کریں۔

اس میں بارگاہ وحی وتضرع کی تصویر دکھا کر فرمایا:

کان الحق تعالیٰ جعل له صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان یشرع من قبل نفسه ما شاء کما فی حدیث تحریم شجر مکة فان عمه العباس رضی الله تعالیٰ عنه لما قال له یا رسول الله الا الاذخر فقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الا الاذخر و لو ان الله تعالیٰ لم یجعل له ان یشرع من قبل نفسه لم یتجراء صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان یستثنی شیئا مما حرمه الله تعالیٰ.

یعنی حضرت عزت جل جلالہ نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ منصب دیا تھا کہ شریعت میں جو حکم چاہیں اپنی طرف سے مقرر فرمادیں جس طرح حرم مکہ کے نباتات کو حرام فرمانے کی حدیث میں ہے کہ جب حضور نے وہاں کی گھاس وغیرہ کاٹنے سے ممانعت فرمائی حضور کے چچا حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ گیاہ اذخر کو اس حکم سے نکال دیجیے فرمایا اچھا نکال دی اس کا کاٹنا جائز کردیا اگر اللہ سبحانہ نے حضور کو یہ رتبہ نہ دیا ہوتا کہ اپنی طرف سے جو شریعت چاہیں مقرر فرمائیں تو حضور ہرگز جرات نہ فرماتے کہ جو چیز خدا نے حرام کی اس میں سے کچھ مستثنیٰ فرمادیں۔

اقول: یہ مضمون متعدد احادیث صحیحہ میں ہے۔

گیاہ اذخر کا استثناء

حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما صحیحین میں

فقال العباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ الا الاذخر لصاغتنا و قبورنا فقال الا الاذخر.

یعنی عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ مگر اذخر کہ وہ ہمارے سناروں اور قبروں کے کام آتی ہے فرمایا مگر اذخر۔

حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نیز صحیحین میں **قال رجل من قریش الا الاذخر یا رسول اللہ فانا نجعلہ فی بیوتنا و قبورنا فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الا الاذخر الا لاذخر.**

ایک مرد قریش نے عرض کی یارسول اللہ کہ ہم اسے اپنے گھروں اور قبروں میں صرف کرتے ہیں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مگر اذخر مگر اذخر۔

حدیث صفیہ بنت شیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سنن ابن ماجہ میں **فقال العباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ الا الاذخر فانہ للبیوت و القبور فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الا الاذخر.**

عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی مگر اذخر کہ وہ گھروں اور قبروں کے لیے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مگر اذخر۔

نیز میزان مبارک میں شریعت کی کئی قسمیں کیں ایک وہ جس پر وحی وارد ہوئی

الثانی ما اباح الحق تعالیٰ لنبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان یسنہ علی رایہ

هو كتحريم لبس الحرير على الرجال و قوله في حديث تحريم مكة الا الاذخر و لو لا ان الله تعالىٰ كان يحرم جميع نبات الحرم لم يستثن صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الا الاذخر و نحو حديث لو لا ان اشق على امتى لاخرت العشاء الى ثلث اليل و نحو حديث لو قلت نعم لو جبت و لم تستطيعوا في جواب من قال له في فريضة الحج اكل عام يا رسول الله قال لا و لو قلت نعم لوجبت و قد كان صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يخفف على امته و ينهاهم عن كثرة السوال و يقول اتركوني ما تركتم اه باختصار.

یعنی شریعت کی دوسری قسم وہ ہے جو مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کے رب عزوجل نے ماذون فرمادیا کہ خود اپنی رائے سے جو راہ چاہیں قائم فرمائیں۔ مردوں پر ریشم کا پہننا حضور نے اسی طور پر حرام فرمایا، اور اسی طرح حرمت مکہ سے گیاہ اذخر کا استثنا فرمادیا اگر اللہ عزوجل نے مکہ معظمہ کی ہر جڑی بوٹی کو حرام نہ کیا ہوتا تو حضور کو اذخر کے مستثنیٰ فرمانے کی کیا حاجت ہوتی اور اسی قبیل سے ہے حضور کا ارشاد کہ اگر امت پر مشقت کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں عشا کو تہائی رات تک ہٹا دیتا اور اسی باب سے ہے کہ جب حضور نے فرض حج بیان فرمایا کسی نے عرض کی یا رسول اللہ کیا حج ہر سال فرض ہے فرمایا نہ اور اگر میں ہاں کہہ دوں تو ہر سال فرض ہو جائے اور پھر تم سے نہ ہو سکے اور یہی وجہ ہے کہ حضور اپنی امت پر تخفیف و آسانی فرماتے اور مسائل زیادہ پوچھنے سے منع کرتے اور فرماتے مجھے چھوڑے رہو جب تک میں تمھیں چھوڑوں۔

اقول: یہ مضمون بھی کہ میں نماز عشا کو موخر فرما دیتا متعدد احادیث صحیحہ میں ہے۔

نماز عشاء کو موخر فرمادینے کا اختیار

حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما معجم کبیر طبرانی میں کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

لو لا ضعف الضعيف و سقم السقيم لاخرت صلاة العتمة.

اگر ضعیف کے ضعف مریض کے مرض کا پاس نہ ہوتا تو میں نماز عشا کو پیچھے ہٹا دیتا۔

حدیث ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسند احمد و سنن ابو داؤد و ابن ماجہ وغیرہ میں یوں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

لو لا ضعف الضعيف و سقم السقيم و حاجة ذى الحاجة لاخرت هذه الصلاة الى شطر الليل .

اگر کمزور کی ناتوانی بیمار کے مرض کامی کے کام کا خیال نہ ہوتا تو میں اس نماز کو آدھی رات تک موخر فرما دیتا۔

ابن ابی حاتم کے لفظ یہ ہیں۔ **لو لا ان يثقل على امتى لاخرت صلاة العشاء الى ثلث اليل .**

اگر امت پر دشواری کا خوف نہ ہوتا تو میں نماز عشا کو تہائی رات تک موخر فرما دیتا۔ (مولف)

حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ احمد و ابن ماجہ و محمد بن نصر کی روایت میں یوں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

لو لا ان اشق على امتى لاخرت العشاء الى ثلث الليل او نصف الليل.

اگر اپنی امت کو مشقت میں ڈالنے کا لحاظ نہ ہوتا تو میں عشا کو تہائی یا آدھی رات تک ہٹا دیتا۔

ابن جریر نے نصف شب تک کی روایت کی ہے۔ اور ان کے سوا احادیث صحیحہ عنقریب اسی معنی میں آتی ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حج ہر سال فرض کر دینے کا اختیار

حدیث امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **لا ولو**

قلت نعم لوجبت

ہر سال فرض نہیں اور میں ہاں کہہ دوں تو فرض ہو جائے۔

اسے احمد و مسلم نسائی اور ترمذی و ابن ماجہ نے ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

حدیث ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **لو قلت نعم لوجبت ثم اذا لا تسمعون و لا تطیعون.**

میں ہاں فرمادوں تو فرض ہو جائے پھر تم نہ سنو نہ بجالاؤ۔ اسے احمد و دارمی اور نسائی نے روایت کیا۔

حدیث انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ فرمایا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے **لو قلت نعم لوجبت و لو وجبت لم تقوموا بھا و لو لم تقوموا بھا لعذبتم .**

اگر میں ہاں فرمادوں تو واجب ہو جائے اور اگر واجب ہو جائے تو بجا نہ لاؤ اور اگر بجا نہ لاؤ تو عذاب کیے جاؤ۔ اسے ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

اور مضمون اخیر کہ مجھے چھوڑے رہو یہ بھی صحیح مسلم و سنن نسائی میں اسی حدیث ابو ہریرہ کے ساتھ ہے کہ فرمایا **لو قلت نعم لوجبت و لما استطعتم**

اگر میں فرماتا ہاں تو ہر سال واجب ہو جاتا اور بیشک تم نہ کر سکتے، پھر فرمایا

ذرونی ما ترکتکم فانما ھلک من کان قبلکم بکثرۃ سوالھم و اختلافھم علی انبیائھم فاذا امرتکم بشی فاتو منہ ما استطعتم و اذا نھیتکم عن شی فدعوہ .

مجھے چھوڑے رہو جب تک میں تمھیں چھوڑوں کہ اگلی امتیں اسی کثرت سوال اور اپنے انبیاء کے

خلاف مراد چلنے سے ہلاک ہوئیں تو جب میں تمہیں کسی بات کا حکم فرماؤں تو جتنی ہو سکے بجالاؤ اور جب کسی بات سے منع فرماؤں تو اسے چھوڑ دو۔ ابن ماجہ نے مفرد اس کی روایت کی ہے۔

یعنی جس بات میں میں تم پر وجوب یا حرمت کا حکم نہ کروں اسے کھود کھود کر نہ پوچھو کہ پھر واجب، حرام کا حکم فرمادوں تو تم پر تنگی ہو جائے، یہاں سے یہ بھی ثابت ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جس بات کا نہ حکم دیا نہ منع فرمایا وہ مباح و بلا حرج ہے۔

زید بن حارثہ کا نکاح

آیت : **قاتلوا الذين لا يومنون بالله و لا باليوم الآخر و لا يحرمون ما حرم الله و رسوله .**

لڑو ان سے جو ایمان نہیں لاتے اللہ اور نہ پچھلے دن پر اور حرام نہیں مانتے اس چیز کو جسے حرام کر دیا اللہ اور اس کے رسول محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے۔

آیت : **ما كان لمومن و لا مومنة اذا قضى الله و رسوله امرا ان يكون لهم الخيرة من انفسهم و من يعص الله و رسوله فقد ضل ضلالا مبينا.**

نہیں پہنچتا کسی مسلمان مرد نہ کسی مسلمان عورت کو کہ جب حکم کر دیں اللہ و رسول کسی بات کا کہ انھیں کچھ اختیار رہے اپنی جانوں کا اور جو حکم نہ مانے اللہ و رسول کا تو وہ صریح گمراہی میں بہکا۔

یہاں سے ائمہ مفسرین فرماتے ہیں حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبل طلوع آفتاب اسلام زید بن حارثہ کو مول لے کر آزاد فرمایا اور متبنیٰ بنایا تھا۔ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پھوپھی امیہ بنت عبد المطلب کی بیٹی تھیں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے نکاح کا پیام دیا اول تو راضی ہوئیں اس گمان سے کہ

حضور اپنے لیے خواست گاری فرماتے ہیں جب معلوم ہوا کہ زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے طلب ہے انکار کیا اور عرض کر بھیجا کہ یارسول اللہ میں حضور کی پھوپھی کی بیٹی ہوں ایسے شخص کے ساتھ اپنا نکاح پسند نہیں کرتی اور ان کے بھائی عبداللہ بن جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی اسی بناء پر انکار کیا اس پر یہ آیہ کریمہ اتری اسے سن کر بہن بھائی رضی اللہ تعالیٰ عنہما تائب ہوئے اور نکاح ہوگیا۔

ظاہر ہے کہ کسی عورت پر اللہ عزوجل کی طرف سے فرض نہیں کہ فلاں سے نکاح پر خواہی نخواہی راضی ہو جائے خصوصاً جب کہ وہ اس کا کفو نہ ہو، خصوصاً جب کہ عورت کی شرافت خاندان کواکب ثریا سے بھی بلند و بالاتر ہو بایں ہمہ اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دیا ہوا پیام نہ ماننے پر رب العزت جل جلالہ نے بعینہٖ وہی الفاظ ارشاد فرمائے جو کسی فرض الہ کے ترک پر فرمائے جاتے اور رسول کے نام پاک کے ساتھ اپنا نام اقدس بھی شامل فرمایا یعنی رسول جو بات تمھیں فرمائیں وہ اگر ہمارا فرض نہ تھی تو اب ان کے فرمانے سے فرض قطعی ہوگئی مسلمانوں کو اس کے نہ ماننے کا اصلاً اختیار نہ رہا جو نہ مانے گا صریح گمراہ ہو جائے گا دیکھو رسول کے حکم دینے سے کام فرض ہو جاتا ہے اگرچہ فی نفسہٖ خدا کا فرض نہ تھا ایک مباح و جائز امر تھا ولہٰذا ائمہ دین خدا اور رسول کے فرض میں فرق فرماتے ہیں کہ خدا کا کیا ہوا فرض اس فرض سے اقویٰ ہے جسے رسول نے فرض کیا ہے۔

امام احمد قسطلانی مواہب لدنیہ شریف میں فرماتے ہیں من خصائصه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انه کان یخص من شاء بما شاء من الاحکام

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص کریمہ سے ہے کہ حضور شریعت کے عام احکام سے جسے چاہتے مستثنیٰ فرمادیتے،

علامہ زرقانی نے شرح میں بڑھایا (من الاحکام وغیرھا)

کچھ احکام ہی کی خصوصیت نہیں حضور جس چیز سے چاہیں جسے چاہیں خاص فرمادیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

امام جلال الدین سیوطی نے خصائص کبریٰ شریف میں ایک باب وضع فرمایا **باب اختصاصه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم بانه یخص من شاء بما شاء من الاحکام** باب اس بیان کا کہ خاص نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کو یہ منصب حاصل ہے کہ جسے چاہیں جس حکم سے چاہیں خاص فرمادیں۔

امام قسطلانی نے اس کی نظیر میں پانچ واقعے ذکر کیے اور امام سیوطی نے دس پانچ وہ اور پانچ فقیر نے ان زیادات سے تین واقعے ترک کردیے اور پندرہ اور بڑھائے اور ان کی احادیث بتوفیق اللہ تعالیٰ جمع کیں کہ جملہ بائیس واقعے ہوئے۔ **وللہ الحمد** ان کی تفصیل اور ہر واقعے پر حدیث سے دلیل سنئے۔

ششماہہ بکری کے بچہ کی قربانی

صحیحین میں براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے ان کے ماموں ابو بردہ بن نیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز عید سے پہلے قربانی کرلی تھی جب معلوم ہوا یہ کافی نہیں عرض کی یارسول اللہ وہ تو میں کر چکا اب میرے پاس چھ مہینے کا بکری کا بچہ ہے مگر سال بھر والے سے اچھا ہے فرمایا

اجعل مکانه و لن یجزی عن احد بعدک

اس کی جگہ اسے کردو اور ہرگز اتنی عمر کی بکری تمہارے بعد دوسروں کی قربانی میں کافی نہ ہوگی۔

ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں اس حدیث کے نیچے ہے **خصوصیة له لا تکون لغیرہ اذ کان له صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ان یخص من شاء بما شاء من الاحکام۔**

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک خصوصیت ابو بردہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بخشی جس میں

دوسرے کا حصہ نہیں اس لیے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اختیار تھا کہ جسے چاہیں جس حکم سے چاہیں خاص فرمادیں۔

نیز صحیحین میں عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو قربانی کے لیے جانور عطا فرمائے ان کے حصے میں ششماہہ بکری آئی حضور سے حال عرض کیا فرمایا **ضح بھا** تم اسی کی قربانی کردو،

سنن بیہقی میں بسند صحیح اتنا اور زائد ہے **و لا رخصۃ فیھا لاحد بعدک** تمھارے بعد اور کسی کے لیے اس میں رخصت نہیں۔

شیخ محقق اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ میں اس حدیث کے نیچے فرماتے ہیں

احکام مفوض بود بوے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برقول صحیح

یعنی صحیح قول یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو احکام سپرد ہیں۔ (مولف)

حضور نے نوحہ کی اجازت دی

صحیح مسلم میں ام عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے جب بیعت زناں کی آیت اتری اور اس میں ہر گناہ سے بچنے کی شرط تھی کہ **لا یعصینک فی معروف** (اور کسی نیک بات میں تمھاری نافرمانی نہ کریں گی) اور مردے پر بیان کر کے رونا چیخنا بھی گناہ تھا میں نے عرض کی

یا رسول اللہ الا آل فلان فانھم کانوا اسعدونی فی الجاھلیۃ فلا بد لی من اسعدھم .

یارسول اللہ فلاں گھر والوں کو استثنا فرمادیجیے کہ انھوں نے زمانۂ جاہلیت میں میرے ساتھ ہو کر میری ایک میت پر نوحہ کیا تھا تو مجھے ان کی میت پر نوحے میں ان کا ساتھ دینا ضرور ہے

فقال رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم الا آل فلاں ۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اچھا وہ مستثنیٰ کر دیے،

اور سنن نسائی میں ارشاد فرمایا اذهبی فاسعدیها جاؤ ان کا ساتھ دے آ۔

یہ گئیں اور وہاں نوحہ کر کے پھر واپس آ کر بیعت کی۔

ترمذی کی روایت میں ہے فاذن لها

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں نوحہ کی اجازت دے دی۔

مسند احمد میں ہے فرمایا اذهبی فکافیهم

جاؤ ان کا بدلہ اتار آؤ۔

امام نووی اس حدیث کے نیچے فرماتے ہیں یہ حضور نے خاص رخصت ام عطیہ کو دے دی تھی خاص آل فلاں کے بارے میں، و للشارع ان یخص من العموم ما شاء نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اختیار ہے کہ عام حکموں سے جو چاہیں خاص فرمادیں۔

یہی مضمون حدیث ابن مردویہ میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے خولہ بنت حکیم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے

انها قالت یا رسول الله کانا ابی و اخی ماتا فی الجاهلیة و ان فلانة اسعدتنی و قد مات اخوها. الحدیث.

انھوں نے عرض کی یا رسول اللہ میرے باپ اور بھائی دونوں کا انتقال جاہلیت میں ہوا تھا تو فلاں نے نوحہ کیا تھا اور اب ان کا بھائی مر گیا ہے۔ (مولف)

ترمذی میں اسماء بنت یزید انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے انھوں نے بھی ایک جگہ نوحہ کا بدلہ اتارنے کی اجازت مانگی حضور نے انکار فرمایا

قالت فراجعته مرارا فاذن لی ثم لم انح بعد ذلک.

میں نے کئی بار حضور سے عرض کی آخر حضور نے اجازت دے دی پھر میں نے کہیں نوحہ نہ کیا۔

احمد طبرانی میں مصعب بن نوح سے ہے ایک بڑی بی نے وقت بیعت نوحے کا بدلہ اتارنے کا اذن چاہا فرمایا اذهبی فکافیئهم

جاؤ عوض کر آؤ۔

سوگ معاف کر دیا گیا

طبقات ابن سعد میں اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے جب ان کے شوہر اول جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید ہوئے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا

تسلبی ثلثا ثم اصنعی ما شئت.

تین دن سنگار سے الگ رہو پھر جو چاہو کرو،

یہاں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو اس حکم عام سے استثناء فرما دیا کہ عورت کو شوہر پر چار مہینے دس دن سوگ واجب ہے۔

تعلیم سورت کو مہر قرار دیا گیا

ابن السکن میں ابو النعمان ازدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے ایک شخص نے ایک عورت کو پیام نکاح

دیا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مہر دو عرض کی میرے پاس کچھ نہیں فرمایا

اما تحسن سورة من القرآن فاصدقها السورة و لا یکون لاحد بعدک مهرا.

کیا تجھے قرآن عظیم کی کوئی سورت نہیں آتی وہ سورۃ سکھانا ہی اس کا مہر کر اور تیرے بعد یہ مہر کسی اور کو کافی نہیں۔ اسے سعید بن منصور نے مختصراً روایت کیا ہے۔

خزیمہ کی شہادت دو کے برابر کر دی گئی

ابوداؤد و نسائی وطحاوی و ابن ماجہ و خزیمہ میں عم عمارہ بن خزیمہ بن ثابت انصاری اور مصنف ابن ابی شیبہ و تاریخ بخاری و مسند ابی یعلی و صحیح ابن خزیمہ و معجم کبیر طبرانی میں حضرت خزیمہ اور حارث بن اسامہ نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک اعرابی سے گھوڑا خریدا وہ بیچ کر مکر گئے اور گواہ مانگا جو مسلمان آتا اعرابی کو جھڑکتا کہ خرابی ہو تیرے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حق کے سوا کیا فرمائیں گے (مگر گواہی نہیں دیتا کہ کسی کے سامنے کا واقعہ نہ تھا) اتنے میں خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضر بارگاہ ہوئے گفتگو سن کر بولے انا اشهد انک قد بایعته میں گواہی دیتا ہوں کہ تو نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہاتھ بیچا ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم موجود تو تھے نہیں تم نے گواہی کیسے دی عرض کی

بتصدیقک یا رسول الله (و فی الثانی) صدقتک بما جئت به و علمت انک لا تقول الا حقا (و فی الثالث) انا اصدقک علی خبر السماء و الارض الا اصدقک علی الاعرابی .

یا رسول اللہ میں حضور کی تصدیق سے گواہی دے رہا ہوں میں حضور کے لائے ہوئے دین پر ایمان لایا اور یقین جانا کہ حضور حق ہی فرمائیں گے میں آسمان و زمین کی خبروں پر حضور کی تصدیق کرتا ہوں

کیا اس اعرابی کے مقابلے میں تصدیق نہ کروں۔

اس کے انعام میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیشہ ان کی گواہی دو مردوں کی شہادت کے برابر فرما دی اور ارشاد فرمایا

من شهد له خزيمة او شهد عليه فحسبه

خزیمہ جس کسی کے نفع خواہ ضرر کی گواہی دیں ایک انھیں کی شہادت بس ہے۔

ان احادیث سے ثابت کہ حضور نے قرآن عظیم کے حکم عام و **اشهدوا ذوی عدل منكم** سے خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مستثنیٰ فرما دیا۔

کفارۂ صوم صاحب کفارہ ہی کے لیے جائز فرمادیا

صحاح ستہ میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ ایک شخص نے بارگاہ اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی یارسول اللہ میں ہلاک ہو گیا فرمایا کیا ہے؟ عرض کی میں نے رمضان میں اپنی عورت سے نزدیکی کی فرمایا غلام آزاد کر سکتا ہے عرض کی نہ، فرمایا لگاتار دو مہینے کے روزے رکھ سکتا ہے عرض کی نہ، فرمایا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا سکتا ہے عرض کی نہ، اتنے میں خرمے خدمت اقدس میں لائے گئے حضور نے فرمایا انھیں خیرات کر دے عرض کی کیا اپنے سے زیادہ کسی محتاج پر؟ مدینے بھر میں کوئی گھر ہمارے برابر محتاج نہیں

فضحك النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حتی بدت نواجذه و قال اذهب فاطعمه اهلک .

رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ سن کر ہنسے یہاں تک کہ دندان مبارک ظاہر ہوئے اور فرمایا جا اپنے گھر والوں کو کھلا دے۔

مسلمانو! گناہ کا ایسا کفارہ کسی نے بھی سنا ہوگا سوا دو من خرمے سرکار سے عطا ہوتے ہیں کہ آپ کھالو کفارہ ہوگیا، واللہ یہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ رحمت ہے کہ سزا کو انعام سے بدل دے، ہاں ہاں یہ بارگاہ بیکس پناہ اولئک الذین یبدل الله سیئاتهم حسنت کی خلافت کبریٰ ہے ان کی ایک نگاہ کرم کبائر کو حسنات کردیتی ہے جب تو ارحم الراحمین جل جلالہ نے گناہ گاروں، خطا کاروں، تباہ کاروں کو ان کا دروازہ بتایا کہ و لو انهم اذ ظلموا انفسهم جاؤک الآیة گناہ گار تیرے دربار میں حاضر ہوکر معافی چاہیں اور تو شفاعت فرمائے تو خدا کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔ و الحمد لله رب العالمين .

یہی مضمون مسلم میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور مسند بزار و معجم اوسط طبرانی میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اور دارقطنی میں مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے ہے ارشاد فرمایا

كله و انت و عيالک فقد كفر الله عنک .

تو اور تیرے اہل وعیال یہ خرمے کھالیں کہ اللہ تعالیٰ نے تیری طرف سے کفارہ ادا فرمادیا۔

ہدایہ میں ہے فرمایا کل انت و عيالک تجزئک و لا تجزی احدا بعدک.

تو اور تیرے بال بچے کھالیں تجھے کفارے سے کفایت کرے گا اور تیرے بعد اور کسی کو کافی نہ ہوگا۔

سنن ابی داؤد میں امام ابن شہاب زہری تابعی سے ہے انما كان هذه رخصة له خاصة و لو ان رجلا فعل ذلک اليوم لم يكن له بد من التكفير.

یہ خاص اسی شخص کے لیے رخصت تھی آج کوئی ایسا کرے تو کفارہ سے چارہ نہیں۔

امام جلال الدین سیوطی وغیرہ علماء نے بھی اسے خصائص مذکورہ سے گنا۔ حدیث میں اور بھی

دوسری وجوہ ہیں۔

سالم کے لیے رضاعت ثابت فرمادی

صحیح مسلم وسنن نسائی وابن ماجہ ومسند امام احمد میں زینت بنت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا ابو حذیفہ کی بی بی رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے عرض کی یا رسول اللہ سالم (غلام آزاد کردۂ ابو حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما) میرے سامنے آتا جاتا ہے اور وہ جوان ہے ابو حذیفہ کو یہ ناگوار ہے، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

ارضعیہ حتی یدخل علیک

تم اسے دودھ پلادو کہ بے پردہ تمھارے پاس آنا جائز ہوجائے۔

ام المومنین ام سلمہ وغیرہا باقی ازواج مطہرات رضی اللہ تعالیٰ عنہن نے فرمایا ما نری ھذہ الا رخصة ارخصھا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لسالم خاصة.

ہمارا یہی اعتقاد ہے کہ یہ رخصت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خاص سالم کے لیے فرمادی تھی۔

ابن سعد و حاکم میں بطریق عمرہ بنت عبد الرحمٰن خود سہلہ زوجہ ابی حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مضمون مذکور مروی کہ انھوں نے جب حال سالم عرض کیا فامرھا ان ترضعیہ

حضور نے دودھ پلانے کا حکم فرمایا انھوں نے دودھ پلادیا اور سالم اس وقت مرد جوان تھے جنگ بدر شریف میں شریک ہوچکے تھے، جوان آدمی کو اول تو عورت کا دودھ پینا ہی کب حلال ہے اور پیے تو اس سے پسر رضاعی نہیں ہوسکتا مگر حضور نے ان حکموں سے سالم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مستثنیٰ فرمادیا۔

ریشم پہننے کی اجازت دی

صحاح ستہ میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رخص لعبد الرحمن بن عوف و الزبیر فی لبس الحریر لحکة کانت بهما.

یعنی عبد الرحمٰن بن عوف اور زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بدن میں خشک خارش تھی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں ریشمی کپڑے پہننے کی اجازت دے دی۔

حالت جنابت میں دخول مسجد کی اجازت

ترمذی وابویعلی وبیہقی میں ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے فرمایا

علی لا یحل لاحد ان یجنب فی هذا المسجد غیری و غیرک .

اے علی میرے اور تمھارے سوا کسی کو حلال نہیں کہ اس مسجد میں بحال جنابت داخل ہو۔ امام ترمذی فرماتے ہیں یہ حدیث حسن ہے۔

مستدرک حاکم میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا علی کو تین باتیں وہ دی گئیں کہ ان میں سے میرے لیے ایک ہوتی تو مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ پیاری تھی (سرخ اونٹ عزیز ترین اموال عرب ہیں) کسی نے کہا یا امیر المومنین وہ کیا ہیں فرمایا دختر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شادی۔

وسکناه المسجدمع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یحل له ما یحل له.

اور ان کا مسجد میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ رہنا کہ انھیں مسجد میں روا تھا جو حضور

اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو روا تھا۔ (یعنی بحالت جنابت رہنا اور روز خیبر کا نشان)

معجم کبیر طبرانی و سنن بیہقی و تاریخ ابن عساکر میں ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

الا ان هذا المسجد لا يحل لجنب و لا لحائض الا للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وازواجه و فاطمة بنت محمد و علی الا بينت لكم ان تضلوا.

سن لو یہ مسجد کسی جنب کو حلال نہیں ہے نہ کسی حائض کو مگر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کی ازواج و حضرت بتول زہراء اور مولیٰ علی کو۔ صلی اللہ تعالیٰ علی الحبیب وعلیہم وسلم۔ سن لو میں نے تم سے صاف بیان فرمادیا کہ کہیں بہک نہ جاؤ۔ یہ طبرانی کی روایت ہے۔

سونے کی انگشتری جائز فرمادی

صحیحین میں براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے **نهانا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عن خاتم الذهب .**

ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا:

بایں ہمہ خود براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ انگشتری طلائی پہنتے،

ابن ابی شیبہ نے بسند صحیح ابوالسفر سے روایت کی **قال رايت على البراء خاتما من الذهب.**

میں نے براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سونے کی انگوٹھی پہنے دیکھا۔

اسی طرح امام بغوی نے جعدیات میں ابو اسحاق سے اس کی روایت کی ہے۔

امام احمد مسند میں فرماتے ہیں **حدثنا ابو عبد الرحمن ثنا ابو رجاء ثنا محمد بن**

مالک قال رایت علی البراء خاتما من ذهب و کان الناس یقولون له لم تختم بالذهب و قد نهی عنه النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال البراء رضی الله تعالیٰ عنه بینا نحن عند رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و بین یدیه غنیمة یقسمها سی و خرثی قال فقسمها حتی بقی هذا الخاتم فرفع طرفه فنظر الی اصحابه ثم خفض ثم رفع طرفه فنظر الیهم ثم خفض ثم طرف فنظر الیهم ثم قال ای براء فجئته حتی قعدت بین یدیه فاخذ الخاتم فقبض علی کرسوعی ثم قال البس ما کساک الله و رسوله ۔

یعنی محمد بن مالک نے کہا میں نے براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سونے کی انگوٹھی پہنے دیکھا لوگ ان سے کہتے تھے آپ سونے کی انگوٹھی کیوں پہنتے ہیں حالاں کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے ممانعت فرمائی ہے براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہم حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھے حضور کے سامنے اموال غنیمت غلام ومتاع حاضر تھے حضور تقسیم فرمارہے تھے سب اونٹ بانٹ چکے یہ انگوٹھی باقی رہی حضور نے نظر مبارک اٹھا کر اپنے اصحاب کرام کو دیکھا پھر نگاہ نیچی کر لی پھر نظر اٹھا کر ملاحظہ فرمایا پھر نگاہ نیچی کر لی پھر نظر اٹھا کر دیکھا اور مجھے بلایا اے براء میں حاضر ہو کر حضور کے سامنے بیٹھ گیا سید اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انگوٹھی لے کر میری کلائی تھامی پھر فرمایا لے پہن لے جو کچھ تجھے اللہ و رسول پہناتے ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

براء رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تم لوگ کیوں کر مجھے کہتے ہو کہ میں وہ چیز اتار ڈالوں جسے مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لے پہن لے جو کچھ اللہ ورسول نے پہنایا۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

سراقہ کو کنگن پہننے کی بشارت

دلائل النبوۃ میں بطریق الحسن مروی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سراقہ بن مالک رضی اللہ

تعالیٰ عنہ سے فرمایا کیف بک اذا لبست سواری کسریٰ.

وہ وقت تیرا کیسا ہوگا جب تجھے کسریٰ بادشاہ ایران کے کنگن پہنائے جائیں گے۔

جب ایران زمانہ امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں فتح ہوا اور کسریٰ کے کنگن کمر بند تاج خدمت فاروقی میں حاضر کیے گئے امیر المومنین نے انہیں پہنائے اور فرمایا اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر کہو

اللہ اکبر الحمد للہ الذی سلبھما کسریٰ بن ھرمز و البسھما سراقۃ الاعرابی.

اللہ بہت بڑا ہے سب خوبیاں اللہ کو جس نے یہ کنگن کسریٰ بن ہرمز سے چھینے اور سراقہ دہقانی کو پہنائے۔

قال العلامۃ الزرقانی لیس فی ھذا استعمال الذھب و ھو حرام لانہ انما فعلہ تحقیقا لمعجزۃ الرسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من غیر ان یقرھما فانہ روی انہ امرہ فنزعھما و جعلھما فی الغنیمۃ و مثل ھذا لا یعد استعمالا. اھـ. اقول رحمک اللہ من فاضل کبیر الشان انما المعجزات اخبارہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بانہ یلبس سواری کسریٰ فانما تحقیقا بلبسہ و انما حرم اللبس و لیس من شرط الحرمۃ اللبث فالواضح ماجنحت الیہ من ھذا ترخیص و تخصیص من النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لسراقۃ و لم یکن فی الحدیث ما یدل علی التملیک ففعل امیر المومنین ما ارشد الیہ الحدیث ثم ردھما مردھما.

علامہ زرقانی نے فرمایا اس میں سونے کا استعمال ہے اور وہ حرام ہے وجہ یہ ہے کہ حضرت سراقہ نے یہ عمل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معجزے کو ثابت کرنے کے لیے کیا یہ نہیں کہ وہ کنگن پہنے رہے

ہوں کیوں کہ مروی ہے کہ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فرمانے پر انھوں نے اتار دیے اور مال غنیمت میں شامل کر دیے گئے اور ایسا عمل شمار نہیں کیا جاتا، میں (امام احمد رضا بریلوی) کہتا ہوں اے عظیم الشان فاضل (علامہ زرقانی) اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے معجزہ تو یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی کہ حضرت سراقہ شاہ ایران کے کنگن پہنیں گے، اس معجزہ کی تحقیق حضرت سراقہ کا کنگن پہننا ہے اور پہننا حرام ہے، حرمت کی شرط دیر تک پہنے رہنا نہیں (بلکہ فقط پہننا حرام ہے) لہٰذا واضح وہ بات ہے جو میں نے اختیار کی ہے اور وہ یہ ہے کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے حضرت سراقہ کو رخصت اور خصوصیت عطا فرمانا ہے، حدیث شریف میں کوئی ایسا لفظ نہیں ہے جو انھیں مالک بنانے پر دلالت کرے۔ لہٰذا امیر المومنین نے حدیث شریف کی ہدایت پر عمل کیا پھر وہ کنگن مال غنیمت میں شامل کر دیے۔

نام وکنیت کی اجازت

طبقات ابن سعد میں منذر ثوری سے ہے امیر المومنین علی و حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں کچھ گفتگو ہوئی طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا آپ نے (اپنے بیٹے محمد بن حنفیہ ابو القاسم کا) نام بھی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک رکھا اور کنیت بھی حضور کی کنیت حالاں کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو جمع کرنے سے منع فرمایا ہے امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے ایک جماعت قریش کو بلا کر گواہی دلوائی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امیر المومنین سے ارشاد فرمایا تھا

سیولدلک بعدی غلام فقد نحلته اسمی و کنیتی و لا یحل لاحد من امتی بعده .

عنقریب میرے بعد تمھارے ایک لڑکا ہوگا میں نے اسے اپنے نام وکنیت دونوں عطا فرما دیے اور

اس کے بعد میرے کسی اور امتی کو حلال نہیں۔

مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں قلت یا رسول الله ان ولد لی ولد بعدک اسمیه باسمک و اکنیه بکنیتک فقال نعم فکانت رخصة من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بعلی.

میں نے عرض کی یا رسول اللہ حضور کے بعد اگر میرے کوئی لڑکا پیدا ہوا تو میں حضور کا نام پاک اس کا نام رکھوں گا اور حضور کی کنیت اس کی کنیت فرمایا ہاں، یہ مولیٰ علی کے لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رخصت تھی۔

اسے احمد و ابو داؤد اور ترمذی نے صحت کے ساتھ اور ابو یعلی وطحاوی اور حاکم نے کتاب الکنی و کتاب المستدرک میں اور بیہقی نے سنن میں اور ضیاء مقدسی نے مختارہ میں امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کیا۔

حضرت عثمان کو غنیمت بدر کا حصہ دار بنا دیا

صحیح بخاری و ترمذی اور مسند احمد میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے غزوۂ بدر میں حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زوجۂ امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیمار تھیں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں مدینہ طیبہ میں شاہزادی کی تیمارداری کے لیے ٹھہرنے کا حکم دیا اور فرمایا

ان لک اجر رجل ممن شهد بدرا و سهمه.

بیشک تمھارے لیے حاضران بدر کے برابر ثواب اور حاضری کے مثل غنیمت کا حصہ ہے۔

یہ خصوصیت حضرت عثمان کو عطا فرما دی حالاں کہ جو حاضر جہاد نہ ہو غنیمت میں اس کا حصہ نہیں۔

سنن ابی داؤد میں انھیں سے ہے یضرب له رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و لم یضرب لاحد غاب غیرہ.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے حصہ مقرر فرمایا اور ان کے سوا کسی غیر حاضر کو حصہ نہ دیا۔

ہدایا حلال وطیب فرمادیے

کتاب الفتوح میں ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یمن پر صوبہ کر کے بھیجا ان سے ارشاد فرمایا میں نے تمھارے لیے رعایا کے ہدایا طیب کر دیے اگر کوئی چیز تمھیں ہدیہ دی جائے قبول کرلو۔ عبید بن صحر کہتے ہیں جب معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ واپس آئے تیس غلام لائے کہ انھیں ہدیہ دیے گئے حالاں کہ عاملوں کو رعایا سے ہدیہ لینا حرام ہے۔

مسند ابویعلی میں حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں هدایا العمال حرام کلها.

عاملوں کے سب ہدیے حرام ہیں۔

مسند احمد وسنن بیہقی میں ابوحمید ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: هدایا العمال غلول.

عاملوں کے ہدیے خیانت ہیں۔

ایک مقام پر وہی مضمون اس طرح ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یمن بھیجتے وقت ان سے

ارشاد فرمایا

قد عرفت بلاء ک فی الدین والذی قد رکبک من الدین وقد طیبت لک الهدیة فان اهدی لک شئی فاقبل .

مجھے معلوم ہے جو تمھاری آزمائشیں دین متین میں ہوچکیں اور جو کچھ دیون تم پر ہو گئے ہیں۔ رعیت کے تحفے میں نے تمھارے لیے حلال، طیب کردیے جو تمھیں کچھ تحفہ دے لے لو۔

سیف نے کتاب الفتوح میں عبید بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

غبن کو باعث خیار ٹھہرایا

صحیحین میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے کہ ایک شخص (یعنی حبان بن منقذ بن عمر انصاری یا ان کے والد منقذ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے) سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی کہ میں فریب کھا جاتا ہوں (یعنی لوگ مجھ سے زیادہ قیمت لے لیتے ہیں) فرمایا

من بایعت فقل لاخلابة زاد الحمیدی فی مسنده ثم انت بالخیار ثلثا .

جس سے خریداری کرو یہ کہہ دیا کرو فریب کی نہیں ہے پھر تمھیں تین دن تک اختیار ہے (اگر نا موافق پاؤ بیع رد کردو)

یہی مضمون حدیث سنن اربعہ میں انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے و ذکر قصة و لم یذکر الزیادة امام نووی شرح مسلم شریف میں فرماتے ہیں امام ابوحنیفہ وامام شافعی اور روایت اصح میں امام مالک وغیرہم ائمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نزدیک غبن باعث خیار نہیں کتنا ہی غبن کھائے بیع کو رد نہیں کر سکتا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس حکم سے خاص انھیں کو نوازا تھا اوروں کے لیے نہیں۔ یہ

قول صحیح ہے۔

بعد عصر دو رکعت کی رخصت

حدیث مشہور میں ہے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز عصر کے بعد نماز سے ممانعت فرمائی۔

یہ حدیث بخاری و مسلم میں متعدد راویوں سے مروی ہے۔

خود ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی اس ممانعت کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں۔ اسے ابوداؤد نے سنن میں روایت کیا، بایں ہمہ ام المومنین عصر کے بعد دو رکعت پڑھا کرتیں۔

رواہ الشیخان عن کریب عن ابن عباس و عبد الرحمن بن ازھر و المسور بن مخرمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھم انھم ارسلوہ الی عائشۃ زوج النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقالوا اقرء علیھا السلام منا جمیعا و سلھا عن الرکعتین بعد العصر و قل لھا بلغنا انک قد تصلینھما وان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نھی عنھما۔

بخاری و مسلم کریب سے راوی یعنی حضرت ابن عباس و عبد الرحمن بن ازہر اور مسور بن مخرمہ نے حضرت کریب رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس بھیجا اور کہا کہ ان سے ہمارا سلام کہنا اور ان سے عصر کے بعد دو رکعت کے بارے میں پوچھنا اور کہنا کہ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ آپ وہ دو رکعت نماز پابندی سے پڑھتی ہیں حالاں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے منع فرمایا ہے۔

(مولف)

علماء فرماتے ہیں یہ ام المومنین کی خصوصیت تھی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے

جائز کر دیا تھا۔

خاتم الحفاظ امام جلال الدین سیوطی نے ''انموذج اللبیب'' اور زرقانی نے شرح مواہب میں اسے بیان کیا ہے۔

حج میں شرط کی اجازت

صحیحین و مسند احمد و سنن نسائی و صحیح ابن حبان میں ام المومنین صدیقہ اور احمد و مسلم و ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ و ابن حبان میں حضرت عبداللہ بن عباس اور احمد و ابن ماجہ و ابن خزیمہ و ابونعیم و بیہقی میں ضباعہ بنت زبیر اور بیہقی و ابن مندہ میں بطریق ہشام عن ابی الزبیر حضرت جابر بن عبداللہ اور احمد و ابن ماجہ و طبرانی میں جدۂ ابی بکر بن عبداللہ بن زبیر یعنی اسماء بنت صدیق یا سعدی بنت عوف اور طبرانی میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ہے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی چچا زاد بہن ضباعہ بنت زبیر بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا حج کا ارادہ ہے عرض کی یا رسول اللہ میں تو اپنے آپ کو بیمار ہی پاتی ہوں (یعنی گمان ہے کہ مرض کے باعث ارکان ادا نہ کرسکوں پھر احرام سے کیوں کر باہر آؤنگی) فرمایا

اهلی و اشترطی ان محلی حیث حبستنی.

احرام باندھ اور نیت حج میں یہ شرط لگالے کہ جہاں تو مجھے روکے گا وہیں میں احرام سے باہر ہوں۔

نسائی نے زائد کیا **فان لک علی ربک ما استثنیت.**

تمھارا یہ استثناء تمھارے رب کے یہاں مقبول رہے گا۔

ضباعہ نے زائد کیا کہ فرمایا فان حبست او مرضت فقد حللت من ذلک بشرطک علی ربک عزوجل۔

اب اگر تم حج سے روکی گئیں یا بیمار پڑیں تو اس شرط کے سبب جو تم نے اپنے رب عزوجل پر لگائی ہے احرام سے باہر ہو جاؤ گی۔

ہمارے ائمہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں یہ ایک اجازت تھی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں عطا فرمادی ورنہ نیت میں ایسی شرط اصلاً مقبول و معتبر نہیں۔

تین نمازوں کی رخصت پر قبول اسلام

مسند امام احمد میں بسند ثقات رجال صحیح مسلم ہے حدثنا محمد بن جعفر ثنا شعبة عن قتادة عن نصر بن عاصم عن رجل منهم رضی اللہ تعالیٰ عنه انه اتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فاسلم علی انه لا یصلی الا صلاتین فقبل ذلک منه۔

یعنی ایک صاحب خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر اس شرط پر اسلام لائے کہ صرف دو ہی نمازیں پڑھا کروں گا، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبول فرمالیا۔

حضور نے مدینہ کو حرم بنا دیا

صحیحین میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرض کی اللهم ان ابراهیم حرم مکة و انی احرم ما بین لابتیها

الٰہی بیشک ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے مکہ معظمہ کو حرم کر دیا اور میں دونوں سنگستان مدینہ طیبہ کے درمیان جو کچھ ہے اسے حرم بناتا ہوں۔ بخاری و مسلم و احمد اور طحاوی نے شرح معانی الآثار میں اسے

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

مدینہ کی حرمت اور پیمانوں کے لیے دعائے برکت

نیز صحیحین میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **ان ابراھیم حرم مکة و دعا لاھلھا و انی حرمت المدینة کما حرم ابراھیم مکة و انی دعوت فی صاعھا و مدھا بمثلی ما دعا ابراھیم لاھل مکة .**

بیشک ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے مکہ معظمہ کو حرم بنادیا اور اس کے ساکنوں کے لیے دعا فرمائی اور بیشک میں نے مدینہ طیبہ کو حرم کردیا جس طرح انھوں نے مکے کو حرم کیا اور میں نے اس کے پیمانوں میں اس سے دونی برکت کی دعا کی جو دعا انھوں نے اہل مکہ کے لیے کی تھی، بخاری و مسلم و احمد نے عبداللہ بن زید بن عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسے روایت کیا۔

مدینہ طیبہ کا احترام

صحیحین میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرض کی الٰہی بیشک ابراہیم تیرے خلیل اور تیرے نبی ہیں اور تو نے ان کی زبان پر مکہ معظمہ کو حرم کیا

اللھم انا عبدک و نبیک و انا احرم ما بین لابتیھا.

الٰہی اور میں تیرا بندہ اور تیرا نبی ہوں میں مدینہ طیبہ کی دونوں حدوں کے اندر ساری زمین کو حرم بناتا ہوں۔

امام طحاوی نے اس کے قریب روایت کی اور یہ زائد کیا **و نھی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان یعضد شجرھا او یخبط او یوخذ طیرھا.**

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ اس کا پیڑ کاٹیں یا پتے جھاڑیں یا اس کے پرندوں کو پکڑیں۔

صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **انی احرم ما بین لابتی المدینۃ ان یقطع عضاھھا او یقتل صیدھا**

بیشک میں حرم بناتا ہوں دونوں سنگلاخ مدینہ کے درمیان کو کہ اس کی ببولیں نہ کاٹی جائیں اور اس کا شکار نہ مارا جائے، مسلم واحمد اور طحاوی نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اسے روایت کیا۔

نیز صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **ان ابراھیم حرم مکۃ و انی احرم ما بین لا بتیھا .**

بیشک ابراہیم نے مکہ معظمہ کو حرم کر دیا اور میں مدینہ کے دونوں سنگلاخ کے درمیان کو حرم کرتا ہوں۔ مسلم اور طحاوی نے رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کو روایت کیا۔

تحریم مدینہ منورہ

صحیح مسلم میں ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرض کرتے ہیں کہ **اللھم ان ابراھیم حرم مکۃ فجعلھا حرما و انی حرمت المدینۃ حرما ما بین رمیھا ان لا یھراق فیھا دم ولا یحمل سلاح لقتال و لا یخبط فیھا شجرۃ الا بعلف.**

الٰہی بیشک ابراہیم نے مکہ معظمہ کو حرام کر کے حرم بنا دیا اور بیشک میں نے مدینہ کے دونوں کناروں میں جو کچھ ہے اسے حرم بنا کر حرام کر دیا کہ اس میں کوئی خون نہ گرایا جائے نہ لڑائی کے لیے ہاتھ باندھیں نہ کسی پیڑ کے پتے جھاڑیں مگر جانور کو چارا دینے کے لیے۔

صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عرض کرتے ہیں اللھم انی قد حرمت ما بین لا بتیھا کما حرمت علی لسان ابراھیم الحرم .

الٰہی بیشک میں نے تمام مدینہ کو حرم کردیا جس طرح تو نے زبان ابراہیم پر حرم محترم کو حرم بنایا۔ مسم واحمد اور رویانی نے ابی قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں إن ابراھیم حرم بیت اللہ و امنہ و حرمت المدینۃ ما بین لابتیھا لا یقطع عضاھھا و لا یصاد صیدھا .

بیشک ابراہیم نے بیت اللہ کو حرم بنادیا اور امن والا کردیا اور میں نے مدینہ طیبہ کو حرم کیا کہ اس کے خاردار درخت بھی نہ کاٹے جائیں اور اس کے وحشی جانور شکار نہ کیے جائیں، مسلم وطحاوی نے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث روایت فرمائی۔

مدینہ اور اس کے اطراف کی حرمت

صحیحین میں ہے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا حرم رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم ما بین لا بتی المدینۃ و جعل اثنا عشر میلا حول المدینۃ حمی .

تمام مدینہ طیبہ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حرم کردیا اور اس کے آس پاس بارہ بارہ میل تک سبزہ و درخت کو لوگوں کے تصرف سے اپنی حمایت میں لے لیا۔ بخاری ومسلم واحمد اور عبد الرزاق نے اپنے مصنف میں اسے روایت کیا۔

ابن جریر کی روایت یوں ہے فرمایا حرم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شجرھا ان یعضد او یخبط .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ کے پیڑ کاٹنا یا ان کے پتے جھاڑنا حرام فرما دیا۔

یہ ضبیب ہذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔

صحیح مسلم و معانی الآثار میں عاصم احول سے ہے **قلت لانس بن مالک احرم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم المدينة قال نعم الحديث ، زاد ابو جعفر فى رواية لا يعضد شجرها و لمسلم فى اخرى نعم هى حرم لا يختلى خلاها فمن فعل ذلک فعليه لعنة الله و الملائكة و الناس اجمعين.**

یعنی میں نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا کیا مدینہ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حرم بنا دیا فرمایا ہاں اس کا پیڑ نہ کاٹا جائے اس کی گھاس نہ چھیلی جائے جو ایسا کرے اس پر لعنت ہے اللہ اور فرشتوں اور آدمیوں سب کی۔

مدینہ کے جانور کا شکار منع ہے

شرحبیل کہتے ہیں ہم مدینہ طیبہ میں کچھ جال لگا رہے تھے زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے جال پھینک دیے اور فرمایا

الم تعلموا ان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حرم صيدها .

تمھیں خبر نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ کا شکار حرام قرار دیا ہے۔ امام ابو جعفر نے اسے روایت کیا۔

ابوبکر بن ابی شیبہ نے زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یوں روایت کی **ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حرم ما بين لا بتيها .**

بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینے کے دونوں سنگلاخ کے مابین کو حرم کردیا۔

مدینے کا درخت کاٹنا منع ہے

ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حرم ما بین لا بتی المدینة ان یعضد شجرها او یخبط.

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمام مدینے کو حرم بنادیا ہے کہ اس کے پیڑ نہ کاٹے جائیں نہ پتے جھاڑیں۔

مدینے کا شکار حرام ہے

ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف فرماتے ہیں میں نے ایک چڑیا پکڑی تھی اسے لیے ہوئے باہر گیا میرے والد ماجد حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملے شدت سے میرا کان مل کر چڑیا کو چھوڑ دیا اور فرمایا

حرم رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم صید ما بین لا بتیها.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینے کا شکار حرام فرمادیا ہے۔

بقیع بھی حرم ہے

صعب بن جثامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حرم البقیع و قال لا حمی الا لله و رسوله.

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بقیع کو حرم بنادیا اور فرمایا چراگاہ کو کوئی اپنی حمایت میں نہیں لے سکتا سوا اللہ و رسول کے۔ جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ بخاری و مسلم و احمد اور امام طحاوی نے یہ

حدیث روایت کی۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ یہ تمام احادیث نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں :

یہ سولہ حدیثیں ہیں پہلی آٹھ میں خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم نے مدینہ طیبہ کو حرم کر دیا اور پچھلی آٹھ میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے کہا کہ حضور کے حرم کر دینے سے مدینہ طیبہ حرم ہو گیا، حالاں کہ یہ صفت خاص اللہ عز وجل کی ہے۔ پہلی آٹھ سے پانچ میں اپنے پدر کریم سیدنا ابراہیم علیہ الصلاۃ والتسلیم کی طرف بھی یہی نسبت ارشاد ہوئی کہ مکہ معظمہ کی حرم محترم انھوں نے حرم کر دی، انھوں نے امن والی بنا دی، مدینہ طیبہ کے جنگل کا حرم ہونا نہ فقط انھیں سولہ بلکہ ان کے سوا اور بہت احادیث کثیرہ میں وارد ہے۔ (یہاں پر صرف وہ حدیثیں پیش کی گئی ہیں جن میں یہ ذکر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ کو حرم فرما دیا اور مدینہ طیبہ کو وہی مقام عظمت بخشا ہے جو مکہ معظمہ کا ہے۔ یہ سب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مالک و مختار ہونے کی واضح دلیل اور کھلا ثبوت ہے۔)

خاردار درخت کاٹنے کی ممانعت

عبد الرزاق حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے **ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حرم کل دافة اقبلت علی المدینة من العضة . الحدیث.**

بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر گروہ مردم کو کہ حاضر مدینہ ہو اس کے خاردار درختوں سے ممنوع فرمایا۔

مدینہ حضور کا حرم ہے

امام احمد حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے

ہیں لکل نبی حرم و حرمی المدینة .

ہر نبی کے لیے ایک حرم ہوتا ہے اور میرا حرم مدینہ ہے۔

امام طحاوی بطریق مالک عن یونس بن یوسف عن عطاء بن یسار کہ لڑکوں نے ایک روباہ کوتیہ ر ایک گوشتے میں کر دیا تھا ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لڑکوں کو دور کر دیا۔ امام مالک فرماتے ہیں اور مجھے اپنے یقین سے یہی یاد ہے کہ فرمایا افی حرم رسول الله یصنع هذا.

کیا رسول اللہ کے حرم میں ایسا کیا جاتا ہے؟

سنن ابوداؤد میں ہے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا

ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حرم هذا الحرم

بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس حرم محترم کو حرم بنادیا۔

مسح موزہ کی مدت

حدیث صحیح جلیل سنن ابی داء ود سنن ابن ماجه و مسند امام طحاوی و معجم طبرانی و معرفت بیهقی کلهم بطریق منصور عن ابراهیم التیمی عن عمرو بن میمون عن ابی عبد الله الجدلی عن خزیمة بن ثابت الا ابن ماجة فعن سفین عن ابیه عن ابراهیم التیمی عن عمرو بن میمون عن خزیمة کہ حضرت ذوالشہادتین خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں

جعل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم للمسافر ثلثا و لو مضی السائل علی مسألته لجعلها خمسا.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسافر کے لیے مسح موزہ کی مدت تین رات مقرر فرمائی اور اگر مانگنے والا مانگتا رہتا تو ضرور حضور پانچ راتیں کر دیتے۔ یہ ابن ماجہ کی روایت ہے۔

اور روایت ابی داؤد اور ایک روایت معانی الآثار ابی جعفر اور ایک روایت بیہقی میں ہے فرمایا و لو استزدناه لزادنا.

اگر ہم حضور سے زیادہ مانگتے تو حضور مدت اور بڑھا دیتے۔

دوسری روایت طحاوی میں ہے عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انه جعل المسح علی الخفین للمسافر ثلثة أيام و لياليهن و للمقيم يوما و ليلة و لو اطنب له السائل فی مسألته لزاده.

بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسح موزہ کی مدت مسافر کے لیے تین رات دن اور مقیم کے لیے ایک رات دن کر دی اور اگر مانگنے والا مانگے جاتا تو حضور اور زیادہ مدت عطا فرماتے۔

بیہقی کی روایت آخری یوں ہے و ایم اللہ لو مضی السائل فی مسألته لجعله خمسا.

خدا کی قسم اگر سائل عرض کیے جاتا تو حضور مدت کے پانچ کر دیتے۔ یہ حدیث بلا شبہ صحیح السند ہے اس کے سب رواۃ اجلہ ثقات ہیں لاجرم امام ترمذی نے اسے روایت کر کے فرمایا هذا حديث حسن صحيح یہ حدیث حسن صحیح ہے نیز امام الشان یحییٰ بن معین سے نقل کیا کہ حدیث صحیح ہے۔

اقول: یہ حدیث صحیح حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تفویض و اختیار میں نص صریح ہے ورنہ یہ کہنا اور کہنا بھی کیسا موکد بقسم کہ واللہ سائل مانگے جاتا تو حضور پانچ دن کر دیتے اور حضرت خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو معلوم تھا کہ احکام سپرد اختیار حضور سید الانام ہیں۔ علیہ وعلیٰ آلہ وصحبہ افضل الصلاۃ والسلام۔

اگر حضور چاہتے تو مسواک کرنا فرض کر دیتے

مالک واحمد و بخاری و مسلم ونسائی وابن ماجہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں لو لا ان اشق علی امتی لامرتھم بالسواک عند کل صلاۃ.

اگر مشقت امت کا خیال نہ ہوتا تو میں ان پر فرض فرما دیتا کہ ہر نماز کے وقت مسواک کریں۔علماء فرماتے ہیں یہ حدیث متواتر ہے تیسیر وغیرہ میں اسے بیان کیا گیا ہے۔

احمد ونسائی نے انھیں سے بسند صحیح یوں روایت کی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لو لا ان اشق علی امتی لامرتھم عند کل صلاۃ بوضوء و مع کل وضوء بسواک.

امت پر دشواری کا لحاظ نہ ہوتو میں ان پر فرض کر دوں کہ ہر نماز کے وقت وضو کریں اور ہر وضو کے ساتھ مسواک کریں۔

اقول: امر دو قسم ہے، حتمی، جس کا حاصل ایجاب اور اس کی مخالفت معصیت۔ و ذلک قولہ تعالیٰ فلیحذر الذین یخالفون عن امرہ.

دوسرا ندبی، جس کا حاصل ترغیب اور اس کے ترک میں وسعت۔ و ذلک قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امرت بالسواک حتی خشیت ان یکتب علی احمد نے اسے واثلہ بن الاسقع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند حسن روایت کیا۔

امر ندبی تو یہاں قطعاً حاصل ہے تو ضرور نفی حتمی کی ہے۔

امر حتمی بھی دو قسم ہے، ظنی، جس کا مفاد وجود۔ اور قطعی جس کا مقتضی فرضیت۔

ظنیت خواہ من جہۃ الروایۃ یا من جہۃ الدلالۃ ہمارے حق میں ہوتی ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کے علوم سب قطعی یقینی ہیں جن کے سراپردۂ عزت کے گرد ظنون کو اصلاً بار نہیں، تو قسم واجب اصطلاحی حضور کے حق میں متحقق نہیں وہاں یا فرض ہے یا مندوب۔ **نص علیه الامام المحقق حيث اطلق في الفتح** اب واضح ہو گیا کہ ان ارشادات کریمہ کے قطعاً یہی معنی ہیں کہ میں چاہتا تو اپنی امت پر ہر نماز کے لیے تازہ وضو اور ہر وضو کے وقت مسواک کرنا فرض فرما دیتا مگر ان کی مشقت کے لحاظ سے میں نے فرض نہ کیے، اور اختیار احکام کے کیا معنی ہیں؟

مالک و شافعی و بیہقی ان سے اور طبرانی اوسط میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے بسند حسن راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

لو لا ان اشق على امتي لامرتهم بالسواک مع کل وضوء .

مشقت امت کا پاس ہے ورنہ میں ہر وضو کے ساتھ مسواک ان پر فرض کردوں۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ مسواک کرو مسواک منہ کو پاکیزہ اور رب عزوجل کو راضی کرتی ہے۔ جبریل جب میرے پاس حاضر ہوئے مجھے مسواک کی وصیت کی

حتى لقد خشيت ان يفرضه على و على امتي و لو لا انى اخاف ان اشق على امتي لفرضته عليهم.

یہاں تک کہ بیشک مجھے اندیشہ ہوا کہ جبریل مجھ پر اور میری امت پر مسواک فرض کردیں گے اور اگر مشقت امت کا خوف نہ ہوتا تو میں ان پر فرض کر دیتا، ابن ماجہ نے ابی امامۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

طبرانی و بزار و دار قطنی و حاکم حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

لولا ان اشق علی امتی لفرضت علیھم السواک عند کل صلاۃ (زاد غیر الدار قطنی) کما فرضت علیھم الوضوء

مشقت امت کا لحاظ نہ ہوتو میں ہر نماز کے وقت مسواک ان پر فرض کردوں جس طرح میں نے وضو ان پر فرض کردیا ہے۔ یہاں وضو کو بھی فرمایا گیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی امت پر فرض کردیا۔

مسواک اور خوشبو

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لو لا ان اشق علی امتی لامرتھم بالسواک و الطیب عند کل صلاۃ.

مشقت امت کا خیال نہ ہوتو اپنی امت پر ہر نماز کے وقت مسواک کرنا اور خوشبو لگانا فرض کردوں۔

ابونعیم نے کتاب السواک میں عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بسند حسن اور سعید بن منصور نے اپنی سنن میں اسے مکحول سے مرسلاً روایت کیا، یہاں خوشبو کی فرضیت بھی زائد فرمادی۔

صبح کی مسواک

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لو لا ان اشق علی امتی لامرتھم ان یستاکو بالاسحار.

مشقت امت کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ان پر فرض فرمادیتا کہ ہر سحر پچھلے پہر اٹھ کر مسواک کریں۔ ابو نعیم نے کتاب السواک میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث فرمائی۔

مسواک اور تاخیر عشاء

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **لو لا ان اشق علی امتی لامرتھم بالسواک عند کل صلاۃ و لاخرت العشاء الی ثلث اللیل .**

مشقت امت کا خیال نہ ہوتو میں ہر نماز کے وقت ان پر مسواک فرض کردوں اور نماز عشا کو تہائی رات تک ہٹادیتا۔ احمد و ترمذی اور ضیاء نے اسے زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سند صحیح کے ساتھ اور بزار نے امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے روایت کیا اور احمد وابوداؤد اور نسائی زید سے اور حاکم و بیہقی سند صحیح کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لفرضت علیھم السواک مع الوضوء و لاخرت صلاۃ العشاء الا اخرۃ الی نصف الیل .

یعنی میں وضو میں مسواک فرض کردیتا اور نماز عشا آدھی رات تک ہٹادیتا۔

ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی نسائی کے لفظ یہ ہیں **لامرتھم بتاخیر العشاء و بالسواک عند کل صلاۃ .**

میں ان پر فرض کردیتا کہ عشا دیر کرکے پڑھیں اور نماز کے وقت مسواک کریں۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **لو لا ان اشق علی امتی لامرتھم ان یصلوھا ھکذا یعنی العشاء نصف اللیل**

امت پر مشقت نہ ہوتی تو میں ان پر فرض کردیتا کہ عشا آدھی رات کو پڑھیں۔

احمد و بخاری و مسلم اور نسائی نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث روایت فرمائی۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لولا ضعف الضعیف و سقم السقیم لامرت بهذه الصلاة ان توخر الی شطر اللیل.

اگر ناتوانوں اور بیماروں کا لحاظ نہ ہوتا تو میں فرض کر دیتا کہ یہ نماز آدھی رات تک موخر کریں۔

نسائی نے ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لولا ان اشق علی امتی لامرتهم ان یوخروا العشاء الی ثلث اللیل او نصفه.

مشقت امت کا اندیشہ نہ ہو تو میں ان پر فرض کر دوں کہ عشا میں تہائی یا آدھی رات تک تاخیر کریں۔

احمد و ابن ماجہ اور ترمذی نے صحت کے ساتھ اسے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

گھوڑے اور غلاموں کی زکوٰۃ

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قد عفوت عن الخیل و الرقیق فهاتوا صدقه الرقة من کل اربعین درهما درهم.

گھوڑوں اور غلاموں کی زکوٰۃ تو میں نے معاف فرما دی روپوں کی زکوٰۃ دو ہر چالیس درہم میں سے ایک درہم، احمد و ابو داؤد اور ترمذی نے امیر المومنین المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند صحیح یہ حدیث روایت کی۔

سواری کے گھوڑوں خدمت کے غلاموں میں زکوۃ جو واجب نہ ہوئی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں یہ میں نے معاف فرمادی ہے۔ ہاں کیوں نہ ہو کہ حکم ایک رؤف ورحیم کے ہاتھ میں ہے بحکم رب العالمین جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

زنا کی حرمت ابدی ہے

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے فرمایا

ما تقولون فی الزنا زنا کو کیسا سمجھتے ہو **قالوا حرام حرمه الله و رسوله فهو حرام الی یوم القیامة .**

عرض کی حرام ہے اسے اللہ اور رسول نے حرام کر دیا تو وہ قیامت تک حرام ہے۔

احمد نے بسند صحیح اور طبرانی نے اوسط وکبیر میں حضرت مقداد بن الاسود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کو روایت کیا۔

یتیم وعورت کی حق تلفی

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **انی احرم علیکم حق الضعیفین الیتیم و المرأة .**

میں تم پر حرام کرتا ہوں دو کمزوروں کی حق تلفی، یتیم اور عورت۔

حاکم نے برشرط مسلم اور بیہقی نے شعب الایمان میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کو روایت کیا۔

شراب ومردار وغیرہ کی بیع

صحیحین میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے انھوں نے سال فتح مکہ معظمہ میں رسول

اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا

ان الله و رسوله حرم بيع الخمر و الميتة و الخنزير و الأصنام.

بیشک اللہ اور اس کے رسول نے حرام کردیا شراب اور مردار اور سور اور بتوں کا بیچنا۔

منشیات کی حرمت

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **لا تشرب مسكرا فاني حرمت كل مسكر.**

نشہ کی کوئی چیز نہ پی کہ بیشک نشہ کی ہر شی میں نے حرام کردی ہے۔

نسائی نے بسند حسن ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

رسول کے حرام کردہ کی حیثیت

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سن لو مجھے قرآن کے ساتھ اس کا مثل ملا یعنی حدیث، دیکھو کوئی پیٹ بھرا اپنے تخت پر بیٹھا یہ نہ کہے کہ یہی قرآن لیے رہو جو اس میں حلال ہے اسے حلال جانو جو اس میں حرام ہے اسے حرام مانو۔

وان ما حرم رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مثا. ما حرم الله

جو کچھ اللہ کے رسول نے حرام کیا وہ بھی اسی کی مثل ہے جسے اللہ عزوجل نے حرام کیا۔ جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

احمد و دارمی و ابوداؤد و ترمذی اور ابن ماجہ نے اسے مقدام بن معد یکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند حسن روایت کیا۔

یہاں صراحۃً حرام کی دو قسمیں فرمائیں ایک وہ جسے اللہ عزوجل نے حرام فرمایا اور دوسرا وہ جسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حرام کیا اور فرمادیا کہ وہ دونوں برابر و یکساں ہیں۔ اقول، مراد واللہ اعلم، نفس حرمت میں برابری ہے تو اس ارشاد علماء کے منافی نہیں کہ خدا کا فرض رسول کے فرض سے اشد واقوی ہے۔

حضور شارع ہیں

جہیش بن اویس نخعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مع اپنے چند اہل قبیلہ کے باریاب خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوئے قصیدہ عرض کیا، ازاں جملہ یہ اشعار ہیں :

الا یا رسول اللہ انت مصدق   فبورکت مھدیا و بورکت ھادیا

شرعت لنا دین الحنیفۃ بعدما   عبدنا کامثال الحمیر طواغیا

یارسول اللہ حضور تصدیق لیے گئے ہیں حضور اللہ عزوجل سے ہدایت پانے میں بھی مبارک اور خلق کو ہدایت عطا فرمانے میں بھی مبارک حضور ہمارے لیے دین اسلام کے شارع ہوئے بعد اس کے کہ ہم گدھوں کی طرح بتوں کو پوج رہے تھے۔

ابن مندہ نے اسے بطریق عمار بن عبدالجبار ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

یہاں صراحۃً تشریع کی نسبت حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف ہے کہ شریعت اسلامی حضور کی مقرر کی ہوئی ہے، ولہذا قدیم سے عرف علمائے کرام میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شارع کہتے ہیں۔

علامہ زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں **قد اشتھر اطلاقہ علیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لانہ شرع الدین و الاحکام۔**

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شارع کہنا مشہور و معروف ہے اس لیے کہ حضور نے دین متین و احکام دین کی شریعت نکالی اور خود قرآن عظیم نے ارشاد فرمایا ما اتاکم الرسول فخذوہ و ما نھکم عنہ فانتھوا.

جو کچھ رسول تمھیں دے وہ لو اور جس سے منع فرمائے اس سے باز رہو۔

قصیدہ بردہ شریف میں ہے

نبینا الآمر الناھی فلا احد

ابر فی قول لا منہ و لا نعم

ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صاحب امر و نہی تو ان سے زیادہ ہاں اور نا کے فرمانے میں کوئی سچا نہیں۔

علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض شرح شفائے قاضی عیاض اس شعر کی شرح میں فرماتے ہیں

معنی نبینا الآمر الخ انہ لا حاکم سواہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فھو حاکم غیر محکوم الخ.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صاحب امر و نہی ہونے کے یہ معنی ہیں کہ حضور حاکم ہیں حضور کے سوا عالم میں کوئی حاکم نہیں نہ وہ کسی کے محکوم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ذکرہ فی فصل جودہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (منیۃ اللبیب ان التشریع بید الحبیب۔ الامن والعلیٰ)

زمین اور امتوں کے مالک

تحفہ میں زبور شریف سے منقول، یا احمد فاضت الرحمۃ علی شفتیک من اجل

ذلک ابارک علیک فتقلد السیف فان بهاء ک و حمدک الغالب (إلی قوله) الامة یخرون تحتک کتاب حق جاء الله به من الیمن و التقدیس من جبل فاران و امتلاء ت الارض من تحمید احمد و تقدیسه و ملک الارض و رقاب الأمم .

اے احمد رحمت نے جوش مارا تیرے لبوں پر میں اس لیے تجھے برکت دیتا ہوں تو اپنی تلوار حمائل کر تیری چمک اور تیری تعریف غالب ہے سب امتیں تیرے قدموں میں گریں گی۔ سچی کتاب لایا اللہ برکت و پاکی کے ساتھ مکہ کے پہاڑ سے بھر گئی زمین احمد کی حمد اور اس کی پاکی بولنے سے احمد مالک ہو ساری زمین اور تمام امتوں کی گردنوں کا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

عہد ما بلب شیریں دہناں بست خدائے
باہمہ بندۂ و ایں قوم خداوندانند

•

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

ولہٰذا حضرت امام اجل عارف باللہ سیدی سہل بن عبداللہ تستری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پھر امام اجل قاضی عیاض شفا شریف پھر امام قسطلانی مواہب لدنیہ شریف میں نقلا و تذکیرا پھر علامہ شہاب الدین خفاجی مصری نسیم الریاض پھر علامہ محمد بن عبدالباقی زرقانی شرح مواہب میں شرحاً و تفسیرا فرماتے ہیں

من لم یرو لایة الرسول علیه فی جمیع احواله و لم یر نفسه فی ملکه لا یذوق حلاوة سنته .

جو ہر حال میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنا والی اور اپنے آپ کو حضور کی ملک نہ جانے وہ سنت

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حلاوت سے اصلاً خبردار نہ ہوگا۔

سورۃ یٰسین کی تلاوت

ابوالشیخ ابن حبان نے کتاب الثواب میں روایت کی حدثنا ابن ابی عاصم ثنا عمر بن حفص الوصائی ثنا سعید بن موسیٰ ثنا رباح بن زید عن معمر عن الزھری عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انی فرضت علی امتی قراۃ یسن کل لیلۃ فمن داوم علی قراتھا کل لیلۃ ثم مات مات شھیدا۔

یعنی اس سند سے آیا کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے اپنی امت پر یٰس شریف کی ہر رات تلاوت فرض کی جو ہمیشہ ہر شب اسے پڑھے پھر مرے شہید مرے۔

ابن جمیل کو اللہ ورسول نے غنی کر دیا

بخاری شریف میں سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے جب ابن جمیل نے زکوۃ دینے میں کمی کی سید عالم مغنی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

ما ینقم ابن جمیل الا انہ کان فقیرا فاغناہ اللہ و رسولہ۔

ابن جمیل کو کیا برا لگا یہی نہ کہ وہ محتاج تھا اللہ ورسول نے اسے غنی کر دیا۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اللہ ورسول کے مال

دنیا کی ظاہری زینت وحلاوت اور مال حلال کما کر اچھی جگہ خرچ کرنے کی خوبی اور حرام کما کر بری جگہ اٹھانے کی برائی بیان فرما کر ارشاد فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

و رب متخوض فیما شاء ت نفسه من مال الله و رسوله لیس له یوم القیامة الا النار.

اور بہت اللہ اور رسول کے مال سے اپنے نفس کی خواہشوں میں ڈوبنے والے ہیں جن کے لیے قیامت میں نہیں مگر آگ۔ احمد و ترمذی نے اسے خولہ بنت قیس سے اور بیہقی نے شعب الایمان میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا اور ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

جان و مال کے مالک

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **ما نفعنی مال قط ما نفعنی مال ابی بکر** مجھے کسی مال نے وہ نفع نہ دیا جو ابوبکر کے مال نے دیا۔

صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روئے اور عرض کی **هل انا و مالی الا لک یا رسول الله** میری جان و مال کا مالک حضور کے سوا کون ہے یا رسول اللہ۔

احمد نے بسند صحیح اسے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

آیت کریمہ **قل لا اسئلکم علیه اجرا الا المودة فی القربیٰ** کے اسباب نزول میں مروی انصار کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور عاجزی کرتے ہوئے گھٹنوں کے بل کھڑے ہوئے اور عرض کی **اموالنا و ما فی ایدینا لله و رسوله**

ہمارے مال اور ہمارے ہاتھوں میں جو کچھ ہے سب اللہ و رسول کا ہے۔ ابن جریر و ابن ابی حاتم و مردویہ عن مقسم عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس کو روایت کیا۔

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے روز حنین زنان و صبیان بنی ہوازن کو اسیر فرمایا اور

اموال وغلام وکنیز مجاہدین پر تقسیم فرمادیے اب سرداران قبیلہ اپنے اہل وعیال واموال حضور سے مانگنے کو حاضر ہوئے زہیر بن صرد جشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی:

امنن علینا رسول الله فی کرم — فانک المرء ترجوه و تدخر
امنن علی بیضة قد عاقهما قدر — مشتت شملها فی دهر ها غیر
ابقت لنا الدهر هنا فا علی حزن — علی قلوبهم الغماء و الغمر
ان لم تدار کهم نعماء تنشرها — یا ارجح الناس حلما حین یختبر

یارسول اللہ ہم پر احسان فرمایئے اپنے کرم سے حضور وہ مرد کامل و جامع فواضل ومحاسن وشمائل ہیں جس سے ہم امید کریں اور جسے وقت مصیبت کے لیے ذخیرہ بنائیں احسان فرمایئے اس خاندان پر کہ تقدیر جس کے آڑے آئے اس کی جماعت تتر بتر ہوگئی اس کے وقت کی حالتیں بدل گئیں یہ بدحالیاں ہمیشہ کے لیے ہم میں غم کے وہ مرثیہ خواں باقی رکھیں گی جن کے دلوں پر رنج وغیظ مستولی ہوگا اور حضور کی نعمتیں جنھیں حضور نے عام فرمادیا ہے ان کی مدد کو نہ پہنچیں تو ان کا کہیں ٹھکانہ نہیں اے آزمائش کے وقت تمام جہان سے زیادہ عقل والے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

قال سمع النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم هذا الشعر قال ما کان لی و لعبد المطلب فهو لکم و قالت قریش ما کان لنا فهو لله و لرسوله و قالت الانصار ما کان لنا فهو لله و رسوله.

یہ اشعار سن کر سید ارحم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو کچھ میرے اور بنی عبدالمطلب کے حصے میں آیا وہ میں نے تمھیں بخش دیا قریش نے عرض کی جو کچھ ہمارا ہے وہ سب اللہ کا ہے اور اللہ کے رسول کا ہے۔ انصار نے عرض کی جو کچھ ہمارا ہے وہ سب اللہ کا ہے اور اللہ کے رسول کا ہے۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

طبرانی نے اسے معجم صغیر میں روایت کیا ہے۔

اللہ و رسول کا فضل بڑا ہے

جب جعرانہ کے اموال غنیمت حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قریش و دیگر اقوام عرب کو عطا فرمائے اور انصار کرام نے اس میں سے کوئی شی نہ پائی انھیں (اس خیال سے کہ شاید حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہم پر اب وہ نظر توجہ و کرم نہ رہی شاید اپنی قوم قریش کی طرف زیادہ التفات فرمائیں بمقتضائے سنت عشاق کہ دوسروں پر لطف محبوب زائد دیکھ کر رنجیدہ و کبیدہ ہوتے ہیں) ملال گزرا یہاں تک کہ بعض کی زبان پر بعض کلمات شکایت آمیز آئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سنا خاطر انور پر ناگوار گزرا انھیں جمع کر کے ارشاد فرمایا

الم اجد کم ضلالا فھداکم اللہ الم اجد کم عالۃ فاغنکم اللہ .

کیا میں نے تمھیں نہ پایا گمراہ پس اللہ عزوجل نے تمھیں راہ دکھائی میں نے تمھیں نہ پایا محتاج پس اللہ عزوجل نے تمھیں تونگری دی۔

اور صحیح بخاری و صحیح مسلم و مسند امام احمد میں یوں ہے **یا معشر الانصار الم اجد کم ضلالا فھداکم اللہ بی و کنتم متفرقین فالفکم اللہ بی و کنتم عالۃ فاغناکم اللہ بی .**

اے گروہ انصار کیا میں نے نہ پایا تمھیں گمراہ پس اللہ عزوجل نے تمھیں میرے ذریعے سے ہدایت کی اور تمھارے آپس میں پھوٹ تھی اللہ تعالیٰ نے میرے وسیلہ سے تم میں موافقت کردی اور تم محتاج تھے اللہ عزوجل نے میرے واسطے سے تمھیں تونگری بخشی۔

انصار کرام ہر کلمے پر عرض کرتے جاتے تھے **نعوذ باللہ من غضب اللہ و من غضب رسولہ .**

ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اور اللہ کے غضب اور رسول اللہ کے غضب سے۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا الا تجیبون جواب کیوں نہیں دیتے انصار نے عرض کی اللہ و رسولہ امن و افضل اللہ اور رسول کا احسان زائد ہے اللہ اور رسول کا فضل بڑا ہے، حضور نے فرمایا تم جواب چاہو تو جواب دے سکتے ہو، انصار کرام روئے اور بار بار عرض کرنے لگے اللہ و رسولہ امن و افضل اللہ ورسول کا احسان زائد ہے اللہ ورسول کا فضل بڑا ہے۔

اسے احمد نے انس سے اور عبد بن حمید وضیاء اور ابو بکر بن ابی شیبہ نے اپنے مصنف میں ابی سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

اللہ ورسول زمین کے مالک ہیں

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم موتان الارض للہ و رسولہ .

جو زمین کسی کی ملک نہیں وہ اللہ اور اللہ کے رسول کی ہے۔

یہ حدیث بیہقی نے شعب الایمان میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے موصولاً روایت کی۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عادی الارض من اللہ و رسولہ .

قدیم زمینیں اللہ ورسول کی ملک ہیں۔ بیہقی نے طاؤس سے اس کو مرسلاً روایت کیا۔

اقول: بن جنگل پہاڑوں اور شہروں کی افتادہ زمینوں کی تخصیص اس لیے فرمائی کہ ان پر ظاہری ملک بھی کسی کی نہیں یہ ہر طرح خالص ملک خدا اور رسول ہیں۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ ورنہ محلوں احاطوں، گھروں مکانوں کی زمینیں بھی سب اللہ ورسول کی ملک ہیں اگرچہ ظاہری نام من وتو کا لگا ہوا ہے۔

تو یہ تخصیص مکانی ایسی ہے جیسے آیہ کریمہ **و الامر یومئذ للہ** میں تخصیص زمانی کہ حکم اس دن اللہ کے لیے ہے حالاں کہ ہمیشہ اللہ ہی کا حکم ہے مگر وہ دن روز ظہور حقیقت وانقطاع ادعا ہے۔ لاجرم صحیح بخاری شریف کی حدیث نے ساری زمین بلا تخصیص اللہ ورسول کی ملک بتائی۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **اعلموا ان الارض للہ و لرسولہ .**

جان لو کہ زمین کے مالک اللہ ورسول ہیں۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

بخاری کتاب الجہاد، باب اخراج الیہود من جزیرۃ العرب میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث مروی ہے۔

حضور آدمیوں کے مالک ہیں

اعشی مازنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خدمت اقدس میں اپنے بعض اقارب کی ایک فریاد لے کر حاضر ہوئے اور اپنی منظوم عرضی مسامع قدسیہ پر عرض کی جس کی ابتداء اس مصرع سے تھی۔

یا مالک الناس و دیان العرب

اے تمام آدمیوں کے مالک اور اے عرب کے جزا وسزا دینے والے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی فریاد سن کر شکایت رفع فرمادی۔ اسے امام احمد نے روایت کیا اس کی سند کافی طویل ہے۔

یہ حدیث جلیل ائمہ کبار نے باسانید متعددہ روایت کی اور طریق اخیر میں یہ لفظ ہیں کہ اعشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پناہ لی اور عرض کی اے مالک آدمیاں والے جزا وسزا دہ عرب۔ صلی اللہ تعالیٰ علیک وبارک وسلم۔

عامر بن اکوع کے اشعار

غزوۂ خیبر شریف میں خیبر کو جاتے ہوئے حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور میں رجز پڑھتے چلے۔

اللھم لو لا انت ما اھتدینا و لا تصدقنا و لا صلینا
فاغفر فداء لک ابقینا و القین سکینۃ علینا
و ثبت الاقدام ان لاقینا و نحن عن فضلک ما استغنینا

خدا گواہ ہے یارسول اللہ اگر حضور نہ ہوتے تو ہم ہدایت نہ پاتے نہ زکوۃ دیتے نہ نماز پڑھتے تو بخش دیجیے ہم حضور پر قربان جو گناہ ہمارے رہ گئے ہیں اور ہم پر حضور سکینہ اتاریں اور جب ہم دشمنوں سے مقابل ہوں تو حضور ہمیں ثابت قدم رکھیں ہم حضور کے فضل سے بے نیاز نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہ حدیث صحیح بخاری و صحیح مسلم و سنن ابی داؤد و سنن نسائی و مسند امام احمد وغیرہا میں سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بطرق عدیدہ ہے اور پچھلا مصرع زیادات صحیح مسلم و امام احمد سے ہے۔ امام احمد نے اسے بطریق ایاس بن سلمۃ عن ابیہ سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ہم حدیث صحیح بخاری مع شرح امام قسطلانی مسمی بہ ارشاد الساری کے الفاظ کریمہ مختصراً ذکر کریں

(عن یزید بن ابی عبید عن سلمۃ بن الاکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال خرجنا مع النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی خیبر فسرنا لیلا فقال رجل من القوم) ھو اسید بن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ (لعامر یا عامر الا تسمعنا من ھنیھاتک)

و عند ابن اسحق من حدیث نصر بن دھر ن الاسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول فی مسیرہ الی خیبر لعامر بن الاکوع

رضی اللہ تعالیٰ عنه انزل یا ابن الاکوع فخذ لنا من ھنیأتک ففیه انه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم والذی امرہ بذلک افکان عامر رضی اللہ تعالیٰ عنه رجلا شاعرا فنزل یحدوا بالقوم یقول :

اللھم لو لا انت ما اھتدینا
و لا تصدقنا و لا صلینا

(فاغفر فدالک) المخاطب بذلک النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ای اغفر لنا تقصیرنا فی حقک و نصرک اذلا یتصور ان یقال مثل ھذا الکلام للباری تعالیٰ و قوله اللھم لم یقصد بھا الدعا و انما افتح بھا الکلام (ما ابقینا) ای ما خلفنا و رعنا من الاثام (و القین) اوسل ربک ان یلقین (سکینة علینا و ثبت الاقدام) ای و ان یثبت الاقدام (لا قینا) العدو (فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم من ھذا السائق قالوا عامر بن الاکوع قال یرحمه اللہ) و عند احمد من روایة ایاس بن سلمة فقال غفرلک ربک قال و ما استغفر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم لانسان یخصه الا استشھد قال رجل من القوم ھو عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنه کما فی مسلم (وجبت) له الشھادة بدعائک له (یا نبی اللہ لو لا امتعتنا به) ابقیته لنا لنتمتع به .

یعنی یزید بن عبید سیدنا سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ رکاب اقدس خیبر کو چلے رات کا سفر تھا حاضرین سے ایک صاحب حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے چچا حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا اے عامر ہمیں کچھ اشعار اپنے نہیں سناتے۔

اور ابن اسحاق نے نصر بن دھر اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یوں روایت کیا کہ میں نے سفر خیبر میں

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عامر بن اکوع سے فرماتے سنا اے ابن اکوع اتر کر کچھ اپنے اشعار ہمارے لیے شروع کرو، اس روایت سے معلوم ہوا کہ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں اس امر کا امر فرمایا ،عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ شاعر تھے اترے اور قوم کے سامنے یوں حدی خوانی کرتے چلے کہ یارب اگر حضور نہ ہوتے ہم راہ نہ پاتے، نہ زکوٰۃ و نماز بجالاتے ہم حضور پر بلا گرداں ہوں ہمارے جو گناہ باقی رہے ہیں بخش دیجیے، ان اشعار میں مخاطب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، یعنی حضور کے حقوق، حضور کی مدد میں جو قصور ہم سے ہوئے حضور معاف فرمادیں، حضور کے لیے خطاب ہونے کی دلیل یہ ہے کہ اللہ عزوجل سے ایسا خطاب کرنا معقول نہیں (ائمہ فرماتے ہیں کہ کسی پر فدا ہونے کے معنی یہ ہیں کہ اس پر اگر کوئی بلا یا تکلیف آتی ہو تو وہ اپنے اوپر لی جائے اس کی محافظت میں اپنی جان دے دی جائے تو اللہ عزوجل کو اس کلام کا مخاطب کیوں کر بنا سکتے ہیں) رہا یہ کہ ابتداء میں اللھم ہے اس سے مقصود حضرت عزت جل جلالہ کو پکارنا نہیں (کہ یہ اللہ عزوجل سے عرض قرار پائے) بلکہ اس کے نام سے ابتدائے کلام ہے اور حضور ہم پر سکینہ اتاریں مقابلہ دشمن کے وقت اور ہمیں ثابت قدم رکھیں یعنی اپنے رب جل وعلا سے ان مراعات کی دعا فرمادیں، یہ اشعار سن کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا یہ کون اونٹوں کو رواں کرتا ہے صحابہ نے عرض کی عامر بن اکوع حضور نے فرمایا اللہ اس پر رحمت کرے۔

اور مسند احمد (وصحیح مسلم) میں بروایت ایاس بن سلمہ (اپنے والد ماجد سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے) ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے (عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے) فرمایا تیرا رب تیری مغفرت فرمائے اور حضور (ایسی جگہ) جب کسی خاص شخص کا نام لے کر دعائے مغفرت فرماتے تھے وہ شہید ہو جاتا تھا (لہٰذا) حاضرین میں سے ایک صاحب یعنی امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسا کہ صحیح مسلم میں تصریح ہے عرض کی یا رسول اللہ حضور کی دعا سے عامر کے لیے شہادت واجب ہوگئی حضور نے ہمیں ان سے نفع کیوں نہ لینے دیا یعنی حضور انھیں ابھی زندہ رکھتے کہ ہم ان سے بہرہ مند ہوتے۔

اسی میں ہے فقال عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه وجبت و الله یا رسول الله لو امتعتنا به فقتل یوم خیبر شهیدا.

امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی خدا کی قسم شہادت واجب ہوگئی یا رسول اللہ کاش حضور ہمیں ان کی زندگی سے بہرہ یاب رکھتے وہ روز خیبر شہید ہوئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

امت کے مال

یمن کی ایک بی بی اور ان کی بیٹی بارگاہ بیکس پناہ محبوب الہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئیں دختر کے ہاتھ میں بھاری بھاری کنگن سونے کے تھے مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تعطین زكوة هذا

اس کی زکوٰۃ دے گی عرض کی نہ فرمایا ایسرک ان یسورک الله بهما یوم القیامة سوارین من نار.

کیا تجھے یہ بھاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان کے بدلے تجھے آگ کے دو کنگن پہنائے،

ان بی بی نے فوراً وہ کنگن اتار کر ڈال دیے اور عرض کی هما لله و رسوله

یا رسول اللہ یہ دونوں اللہ اور اللہ کے رسول کے لیے ہیں۔ جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ احمد وابوداؤد ونسائی نے عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث ایسی سند سے روایت کی جس میں کچھ کہنے کی گنجائش نہیں۔

جب حضرت ابولبابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی توبہ قبول ہوئی انھوں نے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی

یا رسول اللہ انی اھجر دار قومی التی اصبت بھا الذنب و انخلع من مالی صدقۃ الی اللہ و الی رسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

یارسول اللہ میں اپنی قوم کا محلہ جس میں مجھ سے خطا سرزد ہوئی چھوڑتا ہوں اور اپنے مال سے اللہ و رسول کے نام پر تصدق کر کے باہر آتا ہوں۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابولبابہ تہائی مال کافی ہے انھوں نے ثلث مال اللہ ورسول کے لیے صدقہ کر دیا، جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اسے طبرانی نے کبیر میں اور ابونعیم نے بروایت شہاب زہری حسین بن سائب بن ابی لبابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

فاروق اعظم کا فرمان

امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ایک خطبے میں برسر منبر فرمایا **قد کنت مع رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم فکنت عبدہ و خادمہ.**

میں حضور پرنور آقا ومولائے عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں تھا پس میں حضور کا بندہ اور حضور کا خدمتی تھا۔

اقول۔ یہ حدیث ابوحذیفہ نے فتوح الشام اور حسین بن بشران نے اپنے فوائد میں ابن شہاب زہری وغیرہ ائمہ تابعین سے نیز ابن بشران نے امالی ابواحمد دہقان نے حرز حدیثی ابن عساکر نے تاریخ، لالکائی نے کتاب السنۃ میں افضل التابعین سیدنا سعید بن المسیب بن حزن رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی۔

جب امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ ہوئے لوگوں پر ان کی شدت وجلال سے عجب ہیبت

چھائی یہاں تک کہ لوگوں نے باہر بیٹھنا چھوڑ دیا کہ جب تک امیر المومنین کا برتاؤ نہ معلوم ہو متفرق رہو۔ لوگ بولے کہ صدیق اکبر کی نرمی اس درجہ تھی کہ مسلمانوں کے بچے جب انھیں دیکھتے دوڑتے ہوئے باپ باپ کہتے ان کے پاس جاتے وہ ان کے سروں پر ہاتھ پھیرتے، اوران کی ہیبت کی یہ حالت ہے کہ مردوں نے اپنی مجالس چھوڑ دیں، جب امیر المومنین کو یہ خبر پہنچی حکم دیا کہ جماعت نماز کے لیے پکار دیں لوگ حاضر ہوئے امیر المومنین منبر پر وہاں بیٹھے جہاں صدیق اکبر اپنے قدم مبارک رکھتے تھے اور فرمایا کہ مجھے کافی ہے صدیق کے قدموں کی جگہ بیٹھوں، جب سب جمع ہو لیے امیر المومنین نے منبر اطہر سید ازہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کھڑے ہوکر خطبہ فرمایا حمد وثنائے الٰہی ودرود رسالت پناہی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کہا

ایها الناس انی قد علمت انکم کنتم تونسون منی شدة و غلظة و ذلک انی کنت مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و کنت عبده و خادمه .

لوگو! میں جانتا ہوں کہ تم مجھ میں سختی ودرشتی پاتے تھے اور اس کا سبب یہ ہے کہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اور میں حضور کا بندہ اور حضور کا خدمت گار تھا، حضور کی نرمی ورحمت وہ ہے جس کی نظیر نہیں اللہ عزوجل نے خود اپنے اسماء کریمہ سے دو نام حضور کو عطا فرمائے۔ روف ورحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ تو میں حضور کے سامنے شمشیر برہنہ تھا وہ چاہتے مجھے نیام فرماتے چاہتے چلنے دیتے میں اسی حال پر رہا یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھ سے راضی تشریف لے گئے، اور خدا کا شکر ہے اور میری سعادت پھر صدیق مسلمانوں کے کام کے والی ہوئے ان کی نرمی ورحمت وکرم کی حالت تم سب پر روشن ہے **فکنت خادمه و عونه** میں ان کا خادم اور ان کا سپاہی تھا، اپنی شدت ان کی نرمی کے ساتھ لاتا ان کا تیغ عریاں تھا وہ چاہتے نیام کرتے خواہ رواں فرماتے، میں اسی حال پر یہاں تک کہ وہ مجھ سے راضی ہو گئے۔

اور خدا کا شکر ہے اور میری سعادت اب کہ میں تمھارا والی ہوا جان لو کہ وہ شدت دوگنی ہوگئی درجوں بڑھ گئی مگر کس پر ہوگی ان پہ جو مسلمانوں پر ظلم وتعدی کریں اور دینداروں کے لیے تو میں خود ان کے

آپس سے بھی زیادہ نرم ومہربان ہوں جسے ظلم وزیادتی کرتے پاؤں گا اسے نہ چھوڑوں گا اس کا ایک گال زمین پر رکھ کر دوسرے گال پر اپنا پاؤں رکھوں گا یہاں تک کہ حق کو قبول کرلے۔

سعید بن مسیب وابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے فرمایا **فوفی عمر والله بما قال و کان ابا العیال**

خدا کی قسم عمر نے جو فرمایا پورا کر دکھایا وہ رعیت کے لیے مہربان باپ تھے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

دیکھو امیر المومنین فاروق اعظم اشد الناس فی امر اللہ برملا برسر منبر اپنے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بندہ بتا رہے ہیں اور مجمع عام صحابہ سنتا رہا اور برقرار رکھتا ہے۔

فاروقی اعتراف

ایک دن امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت شہزادۂ گلگوں قبا امام حسین شہید کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو برسر منبر گود میں لے کر فرمایا

هل انبت الشعر علی رؤسنا الا ابوک .

ہمارے سروں پر بال کس نے اگائے ہیں تمہارے ہی باپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اگائے ہوئے ہیں یعنی جو کچھ عزت نعمت ودولت ہے سب حضور ہی کی عطا ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ابن سعد نے طبقات میں اسے حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

رسول رزق دیتے ہیں

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **من استعملناه علی عمل فرزقناه رزقا . الحدیث.**

جسے ہم نے کسی کام پر مقرر کیا پس ہم نے اسے رزق دیا۔

ابوداؤد و حاکم نے بسند صحیح حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

حضور کے بغیر کوئی نعمت نہیں ملتی

امام ربانی احمد بن محمد خطیب قسطلانی مواہب لدنیہ و منح محمدیہ میں فرماتے ہیں ھو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خزانۃ السر و موضع نفوذ امر فلا ینفذ المر الا منہ و لا ینقل خیر الاعنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

الا بابی من کان ملکا و سیدا
و آدم بین الماء و الطین واقف
اذا رام امرا لا یکون خلافہ
و لیس لذلک الامر فی الکون صارف

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خزانہ رازِ الٰہی و جائے نفاذ امر ہیں کوئی حکم نافذ نہیں ہوتا مگر حضور کے دربار سے اور کوئی نعمت کسی کو نہیں ملتی مگر حضور کی سرکار سے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

خبردار ہو میرے ماں باپ قربان ان پر جو بادشاہ و سردار ہیں اس وقت سے کہ آدم علیہ الصلاۃ و السلام ابھی آب و گل کے اندر ٹھہرے ہوئے تھے وہ جس بات کا ارادہ فرمائیں اس کا خلاف نہیں ہوتا تمام جہان میں کوئی ان کا حکم پھیرنے والا نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اقول: اور ہاں کیوں کر کوئی ان کا حکم پھیر سکے کہ حکم الٰہی کسی کے پھیرے نہیں پھرتا لا راد لقضائہ و لا معقب لحکمہ یہ جو کچھ چاہتے ہیں خدا وہی چاہتا ہے کہ یہ وہی چاہتے ہیں جو خدا چاہتا ہے۔

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم
خدا چاہتا ہے رضائے محمد

ربیعہ کو جنت کا مژدہ

صحیح مسلم وسنن ابوداؤد وسنن ابن ماجہ ومعجم کبیر طبرانی میں سیدنا ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

قال کنت ابیت مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاتیتہ بوضوئہ و حاجتہ فقال لی سل (و لفظ الطبرانی فقال یوما یا ربیعۃ سلنی فاعطیتک رجعنا الی لفظ سلم) قال فقلت اسئلک مرافقتک فی الجنۃ فقال او غیر ذلک قلت ھو ذاک قال فاعنی علی نفسک بکثرۃ السجود.

میں حضور پر نور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس رات کو حاضر رہتا ایک شب حضور کے لیے آب وضو وغیرہ ضروریات لایا (رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بحر رحمت جوش میں آیا) ارشاد فرمایا مانگ کیا مانگتا ہے کہ ہم تجھے عطا فرمائیں میں نے عرض کی میں حضور سے سوال کرتا ہوں کہ جنت میں اپنی رفاقت عطا فرمائیں فرمایا کچھ اور میں نے عرض کی میری مراد تو صرف یہی ہے۔ کہ حیف باشد از وغیر او تمنائے

سائل ہوں تیرا مانگتا ہوں تجھ سے تجھی کو
معلوم ہے اقرار کی عادت تری مجھ کو

(الامن والعلی، برکات الامداد)

اس سے صاف ظاہر ہے کہ حضور ہر قسم کی حاجت روا فرما سکتے ہیں دنیا و آخرت کی سب مرادیں

حضور کے اختیار میں ہیں، جب تو بلاتقیید ارشاد ہوا مانگ کیا مانگتا ہے یعنی جو جی میں آئے مانگو کہ ہماری سرکار میں سب کچھ ہے۔

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ القوی شرح مشکوٰۃ شریف میں اس حدیث کے نیچے فرماتے ہیں :

از اطلاق سوال کہ فرمودش بخواہ تخصیص نہ کرد بمطلوبے خاص معلوم شود کہ کار ہمہ بدست ہمت و کرامت اوست صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر چہ خواہد وکرا خواہد باذن پروردگار خود دہد۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ربیعہ سے فرمانا کہ مانگ کیا مانگتا ہے اور کسی خاص مقصود کی نہ فرمانا بتا رہا ہے کہ سوال مطلق ہے اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام کام حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست ہمت وکرامت میں رکھ دیا گیا ہے کہ حضور جو چاہیں جسے چاہیں اپنے رب عزوجل کے حکم سے عطا فرماتے ہیں۔ (مولف)

حضرت شیخ محقق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ قصیدۂ نعتیہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں عرض کرتے ہیں :

اگر خیریت دنیا و عقبیٰ آرزو داری
بدرگاہش بیا و ہرچہ خواہی تمنا کن

سیدی امام اجل محمد بوصیری قدس سرہ قصیدہ بردہ شریف میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کرتے ہیں :

فان من جودک الدنیا و ضرتها
و من علومک علم اللوح و القلم

یارسول اللہ دنیا و آخرت دونوں حضور کے خوان جود و کرم سے ایک حصہ ہیں اور لوح و قلم کے تمام علوم جن میں ما کان و ما یکون جو کچھ ہوا اور جو کچھ قیام قیامت تک ہونے والا ہے ذرہ ذرہ بالتفصیل مندرج ہے حضور کے علوم سے ایک پارہ ہیں۔

علامہ علی قاری علیہ رحمۃ الباری مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں فرماتے ہیں **یوخذ من اطلاقه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الامر بالسوال ان الله تعالیٰ مکنه من اعطاء کل ما اراد من خزائن الحق.**

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مانگنے کا حکم مطلق دیا اس سے مستفاد ہوتا ہے کہ اللہ عزوجل نے حضور کو عام قدرت بخشی ہے کہ خدا کے خزانوں سے جو چاہیں عطا فرمادیں۔

مالک کونین ہیں گو پاس کچھ رکھتے نہیں
دو جہاں کی نعمتیں ہیں ان کے خالی ہاتھ میں

اعرابی کا سوال

طبرانی معجم اوسط اور خرائطی مکارم الاخلاق میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جب کوئی شخص سوال کرتا اگر حضور کو منظور ہوتا نعم فرماتے یعنی اچھا اور نہ منظور ہوتا تو خاموش رہتے کسی چیز کو لا یعنی نہ نہ فرماتے۔

ایک روز ایک اعرابی نے حاضر ہو کر سوال کیا حضور خاموش رہے پھر سوال کیا سکوت فرمایا پھر سوال کیا اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جھڑکنے کے انداز سے فرمایا **سل ما شئت یا اعرابی .**

اے اعرابی جو تیرا جی چاہے ہم سے مانگ۔

مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں **فغبطناه فقلنا الان یسأل الجنة .**

یہ حال دیکھ کر (کہ حضور خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمادیا ہے جو دل میں آئے مانگ لے) ہم کو اس اعرابی پر رشک آیا ہم نے اپنے جی میں کہا اب یہ حضور سے جنت مانگے گا، اعرابی نے کہا تو کیا کہا کہ میں حضور سے سواری کا ایک اونٹ مانگتا ہوں فرمایا عطا ہوا۔ عرض کی حضور سے زادِ راہ مانگتا ہوں فرمایا عطا ہوا۔ ہمیں اس کے ان سوالوں پر تعجب آیا۔

ایک پیرزن کو جنت میں موسیٰ کی رفاقت

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کتنا فرق ہے اس اعرابی کی مانگ اور بنی اسرائیل کی ایک پیرزن کے سوال میں۔ پھر حضور نے اس کا ذکر ارشاد فرمایا کہ جب موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو دریا اترنے کا حکم ہوا کنار دریا تک پہنچے سواری کے جانوروں کے منہ اللہ عزوجل نے پھیر دیے کہ خود بخود واپس پلٹ آئے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی الٰہی یہ کیا حال ہے ارشاد ہوا تم قبر یوسف کے پاس ہو ان کا جسم مبارک اپنے ساتھ لے لو حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو قبر کا پتہ معلوم نہ تھا فرمایا اگر تم میں کوئی جانتا ہو تو شاید بنی اسرائیل کی پیرزن کو معلوم ہو اس کے پاس آدمی بھیجا کہ تجھے یوسف علیہ الصلاۃ والسلام کی قبر معلوم ہے کہا ہاں، فرمایا تو مجھے بتادے عرض کی **لا واللہ حتی تعطینی ما اسئلک .**

خدا کی قسم میں نہ بتاؤں گی یہاں تک کہ میں جو کچھ آپ سے مانگوں آپ مجھے عطا فرمادیں فرمایا ذلک لک . تیری عرض قبول ہے **قالت فانی اسئلک ان اکون معک فی الدرجۃ التی تکون فیھا فی الجنۃ .**

پیرزن نے عرض کی تو میں حضور سے یہ مانگتی ہوں کہ جنت میں میں آپ کے ساتھ ہوں اس درجے میں جس میں آپ ہوں گے **قال سلی الجنۃ** موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا جنت مانگ لے یعنی تجھے یہی کافی ہے اتنا بڑا سوال نہ کر **قالت لا واللہ الا ان اکون معک** پیرزن نے کہا خدا کی قسم

میں نہ مانوں گی مگر یہی کہ آپ کے ساتھ ہوں

فجعل موسی یرددھا فاوحی اللہ ان اعطھا ذلک فانہ لن ینقصک شیئا فاعطاھا.

موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام اس سے یہی ردوبدل کرتے رہے اللہ عزوجل نے وحی بھیجی موسیٰ وہ جو مانگ رہی ہے تم اسے وہی عطا کردو کہ اس میں تمھارا کچھ نقصان نہیں، موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے جنت میں اسے اپنی رفاقت عطا فرمادی، اس نے یوسف علیہ الصلاۃ والسلام کی قبر بتادی موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نعش مبارک کو ساتھ لے کر دریا سے عبور فرماگئے۔

اقول:

اولاً: حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اعرابی سے ارشاد کہ جو جی میں آئے مانگ لے۔ حدیث ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں تو اطلاق ہی تھا جس سے علمائے کرام نے عموم مستفاد کیا یہاں صراحۃً خود ارشاد اقدس میں عموم موجود کہ جو دل میں آئے مانگ لے ہم سب کچھ عطا فرمانے کا اختیار رکھتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ثانیاً: یہ ارشاد سن کر مولیٰ علی وغیرہ صحابہ حاضرین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا غبطہ کہ کاش یہ عام انعام کا ارشاد اکرام ہمیں نصیب ہوتا، حضور تو اسے اختیار عطا فرما ہی چکے اب یہ حضور سے جنت مانگے گا۔

معلوم ہوا کہ بحمد اللہ تعالیٰ صحابہ کرام کا یہی اعتقاد تھا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہاتھ اللہ عزوجل کے تمام خزائن رحمت دنیا و آخرت کی ہر نعمت پر پہنچتا ہے یہاں تک کہ سب سے اعلیٰ نعمت یعنی جنت جسے چاہیں بخش دیں۔

ثالثاً: خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس وقت اس اعرابی کے قصور ہمت پر تعجب کہ ہم نے

اختیار عام دیا اور ہم سے حطام دنیا مانگ بیٹھا، پیرزن اسرائیلیہ کی طرح جنت نہ صرف جنت بلکہ جنت میں اعلیٰ سے اعلیٰ درجہ مانگتا تو ہم زبان دے ہی چکے تھے اور سب کچھ ہمارے ہاتھ میں ہے وہی اسے عطا فرما دیتے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

ایک سائل اور زمانہ موسیٰ کی پیرزن

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوازن کی غنیمتیں حنین میں تقسیم فرما رہے تھے ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کی یا رسول اللہ حضور نے مجھ سے کچھ وعدہ فرمایا تھا ارشاد ہوا

صدقت فاحتکم ما شئت .

تو نے سچ کہا اچھا جو جی میں آئے حکم لگا دے۔ عرض کی اسی دنبے اوران کا چرانے والا غلام عطا ہو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تجھے عطا ہوا اور تو نے بہت تھوڑی چیز مانگی

و لصاحبة موسیٰ الی دلته علی عظام یوسف کانت احلم منک حین حکمها موسیٰ فقالت حکمي ان تردني شابة و ادخل معک الجنة .

اور بیشک صاحبہ موسیٰ جس نے انھیں یوسف علیہما الصلاۃ والسلام کا تابوت بتایا تھا تجھ سے زیادہ دانش مند تھی جب کہ اسے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے اختیار دیا تھا کہ جو چاہے مانگ لے اس نے کہا میں قطعی طور پر یہی مانگتی ہوں کہ آپ میری جوانی واپس فرما دیں اور میں آپ کے ساتھ جنت میں جاؤں۔

یوں ہی ہوا کہ وہ ضعیفہ فوراً نوجوان ہوگئی اس کا حسن و جمال واپس آیا اور جنت میں بھی معیت کا وعدہ کلیم کریم نے عطا فرمایا۔ ابن حبان اور حاکم نے مستدرک میں کچھ اختلاف کے ساتھ ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی، حاکم نے کہا یہ حدیث صحیح الاسناد ہے یہاں جوانی بھی موسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام نے پھیر دی۔

حضور جنت کے ضامن ہیں

حضور مالک جنت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا لک الجنة علی یا طلحة غدا.

کل تمہارے لیے جنت میرے ذمہ پر ہے اے طلحہ۔ ابونعیم نے فضائل الصحابہ میں امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کو روایت کیا۔

صحیح بخاری شریف میں سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

من یضمن لی ما بین لحییه و ما بین رجلیه اضمن له الجنة .

جو میرے لیے اپنی زبان وشرمگاہ کا ضامن ہوجائے (کہ اس سے میری نافرمانی نہ کرے) میں اس لیے جنت کا ضامن ہوں۔

حضورؐ حاجت روا ہیں

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من بکر یوم السبت فی طلب حاجة فانا ضامن بقضاء ها.

جو شنبے کے دن تڑکے کسی حاجت کی تلاش کو جائے میں اس کی حاجت روائی کا ذمہ دار ہوں، ابو نعیم نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث روایت کی۔

اس بحث کے اختتام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

الحمد للہ اہل حق کے نزدیک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نفاذ تصرف کی دونوں وجہیں حاصل،

حقیقت عطائیہ لیجیے تو وہ حضور مالک جناں بلکہ مالک جہاں ہیں اور ذاتیہ لیجیے تو مالک حقیقی کے ماذون مطلق و نائب کامل۔ (الامن والعلی لناعتی المصطفیٰ بدافع البلاء)

ایک چور کے لیے حضور کا فرمان

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اختیار تھا خواہ حقیقت پر حکم فرمائیں یا ظاہر پر، لیکن اکثر احکام ظاہر ہی پر فرماتے اور بعض دفعہ باطن پر بھی حکم فرمایا۔

ایک شخص حاضر لایا گیا جس نے چوری کی تھی فرمایا اقتلوہ اس کو قتل کرو، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ اس نے تو چوری کی ہے فرمایا فاقطعوہ اچھا ہاتھ کاٹا جائے، داہنا ہاتھ کاٹ لیا گیا، اس نے پھر چوری کی بایاں پیر کاٹ لیا اس نے پھر چوری کی بایاں ہاتھ کاٹ لیا، چوتھی بار پھر چوری کی اور داہنا پیر کاٹ لیا گیا، پانچویں مرتبہ اس نے منہ میں کوئی شئ چھپا کر رکھی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے قتل کا حکم دیا اور فرمایا رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سچ فرمایا تھا اقتلوہ یہ اسی کا نتیجہ تھا۔

خزانہ الٰہی کے مالک

علمائے کرام فرماتے ہیں **هو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خزانة السر و موضع نفوذ الامر جعل خزائن كرمه و موائد نعمه طوع يديه يعطى من يشاء و يمنع من يشاء لا ينفذ امر الا منه و لا ينقل خير الا عنه .**

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خزانہ سر الٰہی اور جائے نفاذ حکم خدا ہیں رب العزت جلالہ نے اپنے کرم کے خزانے، اپنی نعمتوں کے خوان حضور کے قبضے میں کر دیے، جس کو چاہیں دیں اور جس کو چاہیں نہ دیں کوئی حکم نافذ نہیں ہوتا مگر حضور کے دربار سے کوئی نعمت، کوئی دولت کسی کو کبھی نہیں ملتی مگر حضور کی سرکار

سے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، یہی معنی ہیں انما انا قاسم و اللہ یعطی جز ایں نیست کہ میں بانٹنے والا ہوں اور اللہ دیتا ہے۔

وہ نہ تھا تو باغ میں کچھ نہ تھا وہ نہ ہو تو باغ ہو سب فنا
وہ ہے جان جان سے ہے بقا وہی بن ہے بن سے ہی بار ہے

(الملفوظ حصہ چہارم)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے مالک کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مالک ومختار ہونے کے سلسلے میں یہ اشعار نظم فرمائے ہیں:

فرش والے تیری شوکت کا علو کیا جانیں
خسروا عرش پہ اڑتا ہے پھریرا تیرا
آسماں خوان زمین خوان ، زمانہ مہمان
صاحب خانہ لقب کس کا ہے تیرا تیرا
میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا
میری تقدیر بری ہو تو بھلی کردے
محو و اثبات کے دفتر پہ ہے کڑوڑا تیرا
تو نے اسلام دیا تو نے جماعت میں لیا
تو کریم اب کوئی پھرتا ہے عطیہ تیرا

•

مجبور ہیں ہم تو فکر کیا ہے
تم کو تو ہے اختیار آقا
ہے ملک خدا پہ جس کا قبضہ
میرا ہے وہ کام گار آقا

•

تنکا بھی ہمارے تو ہلائے نہیں ہلتا
تم چاہو تو ہوجائے ابھی کوہ محن پھول

•

باعطا تم شاہ تم مختار تم
بے نوا ہم زار ہم ناچار ہم

•

ایک دل ہمارا کیا ہے آزار اس کا کتنا
تم نے تو چلتے پھرتے مردے جلادیے ہیں

•

مالک کونین ہیں گو پاس کچھ رکھتے نہیں
دو جہاں کی نعمتیں ہیں ان کے خالی ہاتھ میں

•

تجھ سے اور جنت سے کیا مطلب وہابی دور ہو
ہم رسول اللہ کے جنت رسول اللہ کی

•

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے
باغ خلیل کا گل زیبا کہوں تجھے
تیرے تو وصف عیب تناہی سے ہیں بری
حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے
لیکن رضا نے ختم سخن اس پہ کردیا
خالق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے

•

لب زلال چشمہ کن میں گندھے وقت خمیر
مردے زندہ کرنا اے جاں تم کو کیا دشوار ہے

●

جا نہیں نہ جب تک غلام خلد ہے سب پر حرام
ملک تو ہے آپ کا تم پہ کروروں درود

●

ملک خاص کبریا ہو
مالک ہر ما سوا ہو
کوئی کیا جانے کہ کیا ہو
عقل عالم سے ورا ہو

●

زمین و زماں تمھارے لیے مکین و مکاں تمھارے لیے
چنین و چناں تمھارے لیے بنے دو جہاں تمھارے لیے

●

ان کی تملیک ملک الملک سے
مالک عالم کہا پھر تجھ کو کیا
یا عبادی کہہ کے ہم کو شاہ نے
اپنا بندہ کر لیا پھر تجھ کو کیا

●

عرش تا فرش ہے جس کے زیر نگیں
اس کی قاہر ریاست پہ لاکھوں سلام

ان کا حکم جہاں میں نافذ قبضہ کل پہ رکھاتے یہ ہیں
قادر کل کے نائب اکبر کن کا رنگ دکھاتے یہ ہیں
ان کے ہاتھوں میں ہر کنجی ہے مالک کل کہلاتے یہ ہیں
انا اعطینک الکوثر ساری کثرت پاتے یہ ہیں
(حدائق بخشش)

قاسم نعمت ﷺ

خلق کے حاکم ہو تم رزق کے قاسم ہو تم
تم سے ملا جو ملا تم پہ کروروں درود

إنما أنا قاسم

میں ہی قاسم نعمت ہوں

(الحدیث)

قاسم نعمت ﷺ

حضور اقدس سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نعمت اللہ ہیں، اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضور کے دست رحمت میں دونوں جہان کی نعمتیں رکھ دی ہیں حضور مصطفیٰ جان رحمت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے خزانہ کرم سے جسے چاہتے ہیں جتنا چاہتے ہیں قسمت والوں کو عطا فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ خالق نعمت ہے اس نے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مالک نعمت بنادیا ہے۔ جو کچھ ملے گا وہ حضور کے دست فیض سے ملے گا۔

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عطا و بخشش سے نعمتیں ملنے کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں:

جو نعمت ملی وہ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے باعث حاصل ہوئی، بارگاہ الٰہی کا لینا دینا سارا کار خانہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہاتھوں پر ہے۔ تمام جہان اور اس کا قیام سب انھیں کے دم قدم سے ہے عالم جس طرح ابتدائے آفرینش میں ان کا محتاج تھا کہ **لولاک ما خلقت الدنیا** یوں ہی بقا میں بھی ان کا محتاج ہے آج اگر ان کا قدم درمیان سے نکال لیں ابھی ابھی فنائے مطلق ہو جائے۔

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں وہ جہان کی جان ہے تو جہان ہے

اللہ ورسول نے دولت دی

آیت: **قال ربنا تبارک و تعالیٰ ما نقموا الا اغنهم و رسوله من فضله .**

اور انھیں کیا برا لگا یہی نہ کہ انھیں دولت مند کر دیا اللہ اور اللہ کے رسول نے اپنے فضل سے۔

اللہ فرماتا ہے کہ اللہ اور اللہ کے رسول نے دولت مند کردیا اپنے فضل سے۔اے اللہ کے رسول مجھے اور سب اہل سنت کو دین ودنیا کا دولت مند فرما اپنے فضل سے۔صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

میں گدا تو بادشاہ بھر دے پیالہ نور کا
نور دن دونا ترا دے ڈال صدقہ نور کا

آیت: **و لو انھم رضوا ما اتاھم اللہ و رسولہ و قالوا حسبنا اللہ سیوتنا اللہ من فضلہ و رسولہ انا الی اللہ راغبون.**

اور کیا خوب تھا اگر وہ راضی ہوتے خدا اور رسول کے دیے پر اور کہتے ہیں اللہ کافی ہے اب دے گا اللہ ہمیں اپنے فضل سے اور اس کا رسول بیشک ہم اللہ کی طرف رغبت والے ہیں۔

یہاں رب العزت جل وعلا نے اپنے ساتھ اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی دینے والا فرمایا اور ساتھ ہی یہ بھی ہدایت کی کہ اللہ ورسول سے امید لگی رکھو کہ اب ہمیں اپنے فضل سے دیتے ہیں جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

آیت: **انعم اللہ علیہ و انعمت علیہ.**

اللہ نے اسے نعمت بخشی اور اے نبی تو نے اسے نعمت دی۔

حضور نے اسامہ کو نعمت دی

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سیدنا وابن سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے حق میں

فرمایا احب اھلی من قد انعم اللہ علیہ و انعمت علیہ

مجھے اپنے گھر والوں میں سب سے پیارا وہ ہے جسے اللہ عزوجل نے نعمت دی اور میں نے نعمت دی۔

امام ترمذی نے اسے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری مرقاۃ میں فرماتے ہیں :

لم یکن احد من الصحابۃ الا و قد انعم اللہ علیہ و انعم علیہ رسولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الا ان المراد المنصوص علیہ فی الکتاب و ھو قولہ تعالیٰ و اذ تقول للذی انعم اللہ علیہ و انعمت علیہ و ھو زید لاخلاف فی ذلک و لا شک الخ.

یعنی صحابہ سب ایسے ہی تھے جنھیں اللہ نے نعمت بخشی اور اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نعمت بخشی، مگر یہاں مراد وہ ہے کہ جس کی تصریح قرآن عظیم میں ارشاد ہوئی کہ جب فرماتا تھا تو اس سے جسے اللہ تعالیٰ نے نعمت دی اور اے نبی تو نے اسے نعمت دی اور وہ زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں اس میں کسی کا خلاف نہ اصلاً شک۔ اور آیت اگرچہ زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں اتری مگر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا مصداق اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ٹھہرایا کہ پسر تابع پدر ہے اسے مرقاۃ میں افادہ کیا گیا ہے۔

اقول: نہ صرف صحابہ بلکہ تمام اہل اسلام اولین و آخرین ایسے ہی ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے نعمت دی اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نعمت دی، پاک کردینے سے بڑھ کر اور کیا نعمت ہوگی کہ ؤ یزکیھم یہ نبی انھیں پاک اور ستھرا کردیتا ہے بلکہ لا واللہ تمام جہان میں کوئی شی ایسی نہیں جس پر اللہ کا احسان نہ ہو اللہ کے رسول کا احسان نہ ہو فرماتا ہے وما ارسلنک الا رحمۃ للعالمین ہم نے نہ بھیجا تمھیں مگر رحمت

سارے جہان کے لیے۔ جب وہ تمام عالم کے لیے رحمت ہیں تو قطعاً سارے جہان پر ان کی نعمت ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، اہل کفر واہل کفران اگر نہ مانیں تو کیا نقصان۔

راست خواہی ہزار چشم چنان
کور بہتر کہ آفتاب سیاہ

نعمت رزق

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

من استعملنا علی عمل فرزقناہ رزقا الحدیث.

جسے ہم نے کسی کام پر مقرر کیا پس ہم نے اسے رزق دیا، ابوداؤد و حاکم نے بسند صحیح بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

حضور نے برکت دی

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اہل مدینہ سے ارشاد فرمایا:

اصبروا و ابشروا فانی قد بارکت علی صاعکم و مدکم.

صبر کرو اور شاد ہو کہ بیشک میں نے تمھارے رزق کے پیمانوں پر برکت کر دی ہے۔ احمد نے اپنی مسند میں اسے امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (الامن والعلی)

دولت و نعمت

کوئی دولت، کوئی نعمت، کوئی عزت جو حقیقۃً نعمت و عزت و دولت ہو ایسی نہیں کہ اللہ عزوجل نے کسی اور کو دی ہو اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا نہ کی ہو۔ جو کچھ جسے عطا ہوا ہے یا عطا ہوگا دنیا

میں یا آخرت میں وہ سب حضور کے صدقہ میں ہے، حضور کے طفیل میں ہے، حضور کے ہاتھ سے عطا ہوا

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انما انا قاسم و الله المعطی .

دینے والا اللہ ہے اور بانٹنے والا میں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۳۶)

امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں :

دین و دنیا و جسم و جان میں جو نعمت کسی کو ملی اور ملتی ہے اور ابد الآباد تک ملے گی سب حضور اقدس خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلے اور حضور کے مبارک ہاتھوں سے ملی اور ملتی ہے اور ابد الآباد تک ملے گی انما انا قاسم و الله المعطی .

دینے والا اللہ ہے اور بانٹنے والا میں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

بایں ہمہ جو نعمت ہے اللہ عزوجل کے محض فضل و کرم سے ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وسیلہ و واسطہ و قاسم ہر نعمت ہونا محض فضل و کرم الٰہی جل وعلا ہے. فبما رحمة من الله لنت لهم .

اے محبوب اللہ کی کتنی بڑی رحمت ہے کہ تم ان کے لیے نرم و رحیم و مہربان ہوئے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۴۶۰)

ایک مقام پر اور فرماتے ہیں :

امام ربانی احمد بن محمد خطیب قسطلانی مواہب لدنیہ و منح محمدیہ میں فرماتے ہیں :

هو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم خزانة السر و موضع نفوذ الامر فلا ينفذ امر الا منه و لا ينقل خير الا عنه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم۔

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خزانہ رازِ الٰہی و جائے نفاذِ امر ہیں کوئی حکم نافذ نہیں ہوتا مگر حضور کے دربار سے اور کوئی نعمت کسی کو نہیں ملتی مگر حضور کی سرکار سے ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔ (الامن والعلی)

نعمت ایجاد و نعمت امداد

شرح سیدی عثماوی میں ہے :

نعمتان ما خلا موجود عنهما نعمة الايجاد ، و نعمة الامداد ، هو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الواسطة فيهما اذ لو لا سبقت وجوده ما وجد موجود و لولا وجود نوره فى ضمائر الكون لتهدمت و دعائم الوجود فهو الذى وجد اولا وله تبع الوجود و صار مرتبطا به لا استغناء له عنه .

کوئی موجود دو نعمتوں سے خالی نہیں ،نعمت ایجاد و نعمت امداد ، اور ان دونوں میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی واسطہ ہیں کہ حضور پہلے موجود نہ ہو لیتے تو کوئی چیز وجود نہ پاتی اور عالم کے اندر حضور کا نور موجود نہ ہو تو وجود کے ستون ڈھے جائیں تو حضور ہی پہلے موجود ہوئے اور تمام جہان حضور کا طفیل اور حضور سے وابستہ ہوا جسے کسی طرح حضور سے بے نیازی نہیں ۔ (صلاۃ الصفافی نور المصطفیٰ)

ازل سے ابد تک کی نعمتیں

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں :

اللہ عزوجل فرماتا ہے :

و ما ارسلناک إلا رحمة للعالمين .

اے محبوب ہم نے تجھے نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔

عالم ماسوائے اللہ کو کہتے ہیں جس میں انبیاء وملائکہ سب داخل، تولا جرم حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان سب پر رحمت ونعمت رب الارباب ہوئے اور وہ سب حضور کی سرکار عالم مدار سے بہرہ مند وفیض یاب۔

اس لیے اولیائے کاملین وعلمائے عاملین تصریح فرماتے ہیں کہ ازل سے ابد تک، ارض وسماء میں، اولی وآخرت میں، دنیا ودین میں، روح وجسم میں، چھوٹی یا بڑی، بہت یا تھوڑی جو نعمت ودولت کسی کو ملی یا اب ملتی ہے یا آئندہ ملے گی سب حضور کی بارگاہ جہان پناہ سے بٹی اور بٹتی ہے اور ہمیشہ بٹے گی۔

(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

ایک دوسرے مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

نصوص متواترہ و اولیائے کرام وائمہ عظام وعلمائے اعلام سے مبرہن ہو چکا کہ ہر نعمت قلیل یا کثیر، صغیر یا کبیر، جسمانی یا روحانی، دینی و دنیوی، ظاہری یا باطنی روز اول سے اب تک، اب سے قیامت تک، قیامت سے آخرت، آخرت سے ابد تک، مومن یا کافر، مطیع یا فاجر، ملک یا انسان، جن یا حیوان بلکہ تمام ماسوا اللہ میں جسے جو کچھ ملی یا ملتی ہے یا ملے گی اس کی کلی انھیں کے صبائے کرم سے کھلی اور کھلتی ہے اور کھلے گی، انھیں کے ہاتھوں پر بٹی اور بٹتی ہے، یہ سرالوجود وخلیفۃ اللہ الاعظم وولی نعمت عالم ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

یہ خود فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

انا ابو القاسم اللہ یعطی و انا اقسم.

میں ابوالقاسم ہوں اللہ دیتا ہے اور میں تقسیم فرماتا ہوں۔

ان کا رب عزوجل فرماتا ہے :

و ما ارسلنک إلا رحمة للعالمین.

ہم نے نہ بھیجا تمھیں مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔ (جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

دینی ودنیوی نعمتیں

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک موقع پر فرماتے ہیں :

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خلیفۃ اللہ الاعظم ومحسن ومنعم تمام عالم ہیں، حضور کے احسانات کہ بے حد وغایات ہیں دو قسم ہیں۔

دینیہ : کہ اولین وآخرین حتی کہ انبیاو مرسلین وملائکہ مقربین علیہم الصلاۃ والسلام اجمعین جس نے جو نعمت ایمان ودولت عرفان پائی حضور خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کے ہاتھوں سے ملی، حضور ہی کی بدولت ہاتھ آئی، ولہذا تمام انبیاء ومرسلین وملائکہ مقربین علیہم الصلاۃ والسلام سے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لانے کا عہد لیا گیا۔ اور

دنیویہ: پھر یہ دو قسم ہیں :

اول عامہ باطنہ : کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بحکم خلافت رب العالمین جل وعلا جملہ نعمت ہائے الٰہیہ کے قاسم ہیں۔

خود فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

انما انا قاسم و الله المعطی .

بانٹنے والا میں ہوں اور دینے والا اللہ عزوجل۔

روز اول سے آج تک، آج سے روز قیامت تک، روز قیامت سے ابد الاباد تک جو نعمت جسے ملی، یا ملتی ہے، یا ملے گی مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دست اقدس سے بٹی اور بٹتی ہے اور بٹے گی۔ جس طرح دین وملت واسلام وسنت وصلاح وعبادت وزہد وطہارت وعلم ومعرفت یہ سب نعمتہائے دینیہ ان کی عطا فرمائی ہوئی ہیں۔

یوں ہی مال ودولت، شفاء وصحت، عزت ورفعت، امارت وسلطنت، فرزند وعشیرت یہ سب نعم و دنیویہ بھی انھیں کے دست اقدس سے ملی ہیں۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے :

اغناهم الله و رسوله من فضله .

انھیں غنی کردیا اللہ ورسول نے اپنے فضل سے۔

اورفرماتا ہے :

و لو انهم رضوا ما اتهم الله و رسوله و قالوا حسبنا الله سيؤتنا الله من فضله و رسوله انا الى الله راغبون .

اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ اللہ ورسول کے دیے پر راضی ہوتے اور کہتے ہمیں خدا کافی ہے۔ اب دیتا ہے ہمیں اللہ اپنے فضل سے اور اللہ کا رسول ہمیں اللہ ہی کی طرف رغبت ہے۔

دوم خاصہ ظاہرہ: کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بکمال رحمت ورافت ظاہر بشریت کی طرف

تنزل فرما کر اپنے غلاموں، کنیزوں سے حسب عرف و عادت باہمی معاملت فرماتے جیسے انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ خادم سرکار کی روٹی سرکار سے مقرر تھی۔ حالاں کہ واللہ تمام جہان کو روٹی سرکار ہی سے ملتی ہے لوگوں کو مانگے اور بے مانگے بیشمار نعمتیں عطا فرمادیں۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پہلی دو قسم کی نعمتیں ہرگز اس قسم سے نہیں جن کا کوئی بدلہ دے سکے، نعم دینیہ کا معاوضہ نہ ہو سکتا تو ظاہر اور نعم عامہ باطنہ دنیویہ، بحکم خلافت رب العزت ہیں۔ اللہ عزوجل کو کون عوض دے؟ ہاں قسم سوم ہی کی نعمتیں کہ باہمی معاملات عرفیہ کے طور پر تھیں صالح عوض و مجازات ہیں۔ (ماخوذ از حیات اعلیٰ حضرت، جلد اول)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نعمت عطا فرمانے کے بارے میں یہ مدح سرائی کی ہے:

لا و رب العرش جس کو جو ملا ان سے ملا
بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی

●

کچھ خبر بھی ہے فقیرو آج وہ دن ہے کہ وہ
نعمت خلد اپنے صدقے میں لٹاتے جائیں گے

●

آپ سلطان جہاں ہم بے نوا
یاد ہم کو وقت نعمت کیجیے

•

حاکم حکیم داد و دوا دیں یہ کچھ نہ دیں
مردود یہ مراد کس آیت خبر کی ہے

•

بے مانگے دینے والے کی نعمت میں غرق ہیں
مانگے سے جو ملے کسے فہم اس قدر کی ہے

•

خلق کے حاکم ہو تم رزق کے قاسم ہو تو
تم سے ملا جو ملا تم پہ کروروں درود
ایسوں کو نعمت کھلاؤ دودھ کے شربت پلاؤ
ایسوں کو ایسی غذا تم پہ کروروں درود

•

وہ عطا دے تم عطا لو
وہ وہی چاہے جو چاہو
بر تو او پاشد تو برما
تا ابد یہ سلسلہ ہو

•

اصل ہر بود و بہبود تخم وجود
قاسم کنز نعمت پہ لاکھوں سلام

اس کی بخشش ان کا صدقہ دیتا وہ ہے دلاتے یہ ہیں
ان کے نام کے صدقے جس سے جیتے ہم ہیں جلاتے یہ ہیں
رب ہے معطی یہ ہیں قاسم رزق اس کا کھلاتے یہ ہیں
(حدائق بخشش)

حضور ﷺ دافع البلاء ہیں

شافع روز جزا تم پہ کروروں درود
دافع جملہ بلا تم پہ کروروں درود

وما کان اللہ لیعذبہم وانت فیہم

اور اللہ ان کافروں پر عذاب نہ فرمائے گا جب تک اے محبوب تو ان میں تشریف فرما ہے۔

(انفال،۳۳)

حضور ﷺ دافع البلاء ہیں

ارشاد باری تعالیٰ ہے :

و ما كان الله ليعذبهم و انت فيهم .

اللہ ان کافروں پر عذاب نہ فرمائے گا جب تک اے محبوب تو ان میں تشریف فرما ہے۔

جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ سے ہجرت فرما گئے اور وہاں بعض مسلمان پیچھے رہ گئے تو اللہ رب العزت نے ان کی تسلی کے لیے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی۔

و ما كان معذبهم و هم يستغفرون .

اور اللہ انھیں عذاب کرنے والا نہیں، جب تک وہ بخشش مانگ رہے ہیں۔

یہ آیہ کریمہ اس ارشاد باری تعالیٰ کی مثل ہے۔

لو تزيلوا لعذبنا الذين كفروا منهم عذابا اليما.

اگر وہ جدا ہو جاتے تو ضرور ہم ان میں کے کافروں کو دردناک عذاب دیتے۔

اور یہ فرمان خداوندی بھی اسی قبیل سے ہے۔

و لولا رجال مومنون و نساء مومنات لم تعلموهم ان تطوهم فتصيبكم منهم معرة بغير علم .

اور اگر یہ نہ ہوتا کچھ مسلمان مرد اور کچھ مسلمان عورتیں جن کی تمھیں خبر نہیں کہیں تم انھیں روند ڈالو تو تمھیں ان کی طرف انجانی میں کوئی مکروہ پہنچے۔

جب سارے مسلمان مکہ سے ہجرت کر گئے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

و ما لهم ان لا يعذبهم الله و هم يصدون عن المسجد الحرام و ما كانوا اولياء ہ ان اولياء ہ الا المتقون.

اور انھیں کیا ہے کہ اللہ انھیں عذاب نہ کرے وہ تو مسجد حرام سے روک رہے ہیں اور وہ اس کے اہل نہیں اس کے اولیاء تو پرہیز گار ہی ہیں۔

یہ آیت نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظیم عظمت و برکت کو ظاہر کر رہی ہے اور اس سے یہ امر صاف واضح ہو رہا ہے کہ اللہ جل جلالہ نے آپ کے وجود مسعود کو کفار کے لیے دافع عذاب بنایا تھا اور جب آپ مکہ مکرمہ سے ہجرت فرما گئے تو باری تعالیٰ نے غلامان مصطفیٰ کی برکت سے کافروں پر عذاب نہ بھیجا لیکن جب صحابہ کرام کا بھی مکہ مکرمہ میں وجود نہ رہا اور وہ سارے ہجرت فرما گئے تو اللہ تعالیٰ نے کفار مکہ پر عذاب نازل فرمایا اور مسلمانوں کو ان پر مسلط کر دیا نیز تلوار کو ان کے درمیان فیصلہ کرنے والی مقرر کر کے مسلمانوں کو ان کی زمینوں گھروں اور مال و متاع کا وارث بنا دیا۔

متعدد طرق سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے میری امت کے لیے مجھ پر دو آیتیں امان والی نازل فرمائی ہیں۔

(۱) **و ما كان الله ليعذبهم و انت فيهم .**

(۲) **و ما كان الله معذبهم و هم يستغفرون.**

جب میں امت سے پوشیدہ ہو جاؤں گا تو ان کے لیے استغفار چھوڑ جاؤں گا۔

اور ایسا ہی مژدہ جاں فزا اس آیہ کریمہ نے سنایا ہے۔

و ما ارسلنک إلا رحمة للعالمین .

اور ہم نے تمھیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اپنے صحابہ کے لیے امان ہوں، بعض کا قول ہے کہ اختلاف اور فتنوں سے۔ علمائے کرام فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امان اعظم ہیں، وصال کے بعد آپ کے نقوش قدم یعنی سنت رسول اصلاح عالم کی ضامن ہے۔ (مولف)

(شفا شریف مترجم جلد اول)

آیات قرآنیہ سے دافع البلاء ہونے کا ثبوت

حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دافع البلاء ہونے سے متعلق اسی مضمون کو امام احمد رضا بریلوی نے اس انداز میں پیش فرمایا ہے

آیت۱ : **قال الله عزوجل ، و ما کان الله لیعذبهم و انت فیهم .**

اللہ ان کافروں پر عذاب نہ فرمائے گا جب تک اے محبوب تو ان میں تشریف فرما ہے۔

سبحان اللہ ہمارے حضور دافع البلاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کفار پر سے بھی سبب دفع بلا ہیں پھر مسلمانوں پر تو خاص رؤف ورحیم ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

آیت۲ : **و ما ارسلناک الا رحمة للعالمین.**

ہم نے نہ بھیجا تمھیں مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔ پر ظاہر کہ رحمت سبب دفع بلا وزحمت۔

آیت۳ : **و لو انهم اذ ظلموا انفسهم جاؤک فاستغفروا الله و استغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحیما.**

اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کریں تیرے حضور حاضر ہوں پھر اللہ سے بخشش چاہیں اور معافی مانگیں ان کے لیے رسول تو بیشک اللہ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

آیت کریمہ صاف ارشاد فرماتی ہے کہ حضور پر نور عفو وغفور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری سبب قبول توبہ و دفع بلائے عذاب ہے۔

آفتاب عالم و پناہ عالم

عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا **کان من دلالة حمل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان کل دابة کانت لقریش نطقت تلک اللیلة و قالت حمل رسول الله و رب الکعبة و هو امان الدنیا و سراج اهلها.**

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حمل مبارک کی نشانیوں سے تھا کہ قریش کے جتنے چوپائے تھے سب نے اس رات کلام کیا اور کہا رب کعبہ کی قسم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حمل میں تشریف فرما ہوئے وہ تمام دنیا کی پناہ اور اہل عالم کے سورج ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور آگ سے بچاتے ہیں

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری تمھاری کہاوت ایسی ہے جیسے کسی نے آگ روشن کی پنکھیاں اور جھینگر اس میں گرنا شروع ہوئے وہ انھیں آگ سے ہٹا رہا ہے

و انا اخذ بحجز کم عن النار و انتم تفلتون من یدی ..

اور میں تمھاری کمریں پکڑے تمھیں آگ سے بچا رہا ہوں اور تم میرے ہاتھ سے نکلنا چاہتے ہو، احمد و مسلم نے جابر سے و احمد نے ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث روایت کی۔

فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لیس منکم رجل الاو انا ممسک لحجزته ان یقع فی النار.

تم میں ایسا کوئی نہیں کہ میں اس کا کمر بند پکڑے روک نہ رہا ہوں کہ کہیں آگ میں نہ گر پڑے۔

طبرانی نے کبیر میں سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کو روایت کیا۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ عزوجل نے جو حرمت حرام کی اس کے ساتھ یہ بھی جانا کہ تم میں کوئی جھانکنے والا اسے ضرور جھانکے گا

الا وانی ممسک بحجزکم ان تتهافتوا فی النار کما یتهافت الفراش و الذباب .

سن لو اور میں تمہارے کمر بند پکڑے ہوں کہ کہیں پے در پے آگ میں پھاند نہ پڑو جیسے پروانے اور مکھیاں۔ اللہ اکبر اس سے زیادہ اور کیا دفع بلا ہوگا۔ احمد اور طبرانی نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

توریت میں وصف دافع البلاء

عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام لاتے ہی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی

انی لاجد صفتک فی کتاب اللہ یا ایها النبی انا ارسلناک شاهدا و مبشرا و نذیرا الی قوله لن یقبضه اللہ حتی یقیم به الملة العوجاء حتی یقولوا لا اله الا اللہ و یفتح به اعینا عمیا و اذا ناصما و قلوبا غلفا.

بیشک میں حضور کی صفت توریت میں پاتا ہوں اے نبی یقیناً ہم نے تجھے بھیجا گواہ اور اپنی امت کے تمام احوال وافعال پر مطلع اور خوش خبری دیتا اور ڈر سنا تا اللہ عزوجل اس نبی کو نہ اٹھائے گا یہاں تک کہ لوگ لا الہ الا اللہ کہہ دیں اور اس نبی کے ذریعہ سے اندھی آنکھیں اور بہرے کان اور غلاف چڑھے دل کھل جائیں گے۔

طبرانی اور ابونعیم نے دلائل النبوۃ میں اور ابن عساکر نے محمد بن حمزۃ سے نیز ابن عساکر نے بطریق زید بن اسلم عبداللہ بن سلام سے اور دارمی وبیہقی نے بطریق عطاء بن یسار عبداللہ بن سلام سے اس کو روایت کیا۔

حضرت شعیا کو حضور کی بشارت

اللہ عزوجل نے شعیا علیہ الصلاۃ والسلام کو وحی بھیجی، انی باعث نبیا امیا افتح به اذانا صما و قلوبا غلفا و اعینا عمیا، الی ان قال، اهدی به من بعد الضلالة و اعلم به بعد الجهالة و ارفع به بعد الخمالة و اسمی به بعد النکرة واکثر بعد القلة و اغنی به بعد العیلة و اجمع به بعد الفرقة و اولفه بین قلوب و اهواء متشتتة و امم مختلفة.

بیشک میں ایک نبی امی کو بھیجنے والا ہوں جس کے ذریعے سے بہرے کان اور غلاف چڑھے دل اور اندھی آنکھیں کھول دوں گا اور اس کے سبب گمراہی کے بعد ہدایت دوں گا، اس کے ذریعہ سے جہل کے بعد علم دوں گا، اس کے وسیلے سے گمنامی کے بعد بلند نامی دوں گا اس کے ذریعے سے ناشناسی کے بعد شناخت دوں گا اس کے واسطے سے کمی کے بعد کثرت دوں گا اس کے سبب محتاجی کے بعد غنی کر دوں گا اس کے وسیلے سے پھوٹ کے بعد یکدلی دوں گا اس کے وسیلے سے پریشان دلوں مختلف خواہشوں متفرق امتوں میں میل کر دوں گا، ابن ابی حاتم نے وہب بن منبہ سے اس کو روایت کیا۔

توریت وانجیل میں وصف دافع البلاء

آیت: الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندھم فی التوراۃ و الانجیل یامرھم بالمعروف و ینھھم عن المنکر و یحل لھم الطیبات و یحرم علیھم الخبائث و یضع عنھم اصرھم و الاغلل التی کانت علیھم.

وہ لوگ کہ پیروی کریں گے اس بھیجے ہوئے غیب کی باتیں بتانے والے بے پڑھے کی جسے لکھا پائیں گے اپنے پاس توریت وانجیل میں وہ انہیں حکم دے گا بھلائی کا اور روکے گا برائی سے اور حلال کرے گا ان کے لیے ستھری چیزیں اور حرام کرے گا ان پر گندی چیزیں اور اتارے گا ان پر سے ان کا بھاری بوجھ اور سخت تکلیفوں کے طوق جو ان پر تھے، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

جان جہاں و جہان جان اس جان جان و جان ایماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاک مبارک ہاتھوں پر قربان جس نے ہماری پیٹھوں سے بھاری بوجھ اتار لیے، ہماری گردنوں سے تکلیفوں کے طوق کاٹ دیے، اور دافع البلاء کسے کہتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور کی دعا دلوں کا چین ہے

جب ابولبابہ وغیرہ بعض صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے غزوۂ تبوک میں ہمراہ رکاب سعادت حاضر نہ ہوئے تھے اپنے آپ کو مسجد اقدس کے ستونوں سے باندھ دیا کہ جب تک حضور والا صلوات اللہ وسلامہ علیہ نہ کھولیں گے نہ کھلیں گے آیت اتری

خذ من اموالھم صدقۃ تطھرھم و تزکیھم بھا وصل علیھم ان صلوتک سکن لھم.

اے نبی لے لو ان توبہ کرنے والوں کے مالوں سے صدقہ کہ تم پاک کرو انھیں اور تم ستھرا کردو انھیں گناہوں سے اس صدقے کے سبب اور دعائے رحمت کرو ان کے حق میں کہ تمھاری دعا ان کے دلوں کا چین ہے۔

دیکھو حضور دافع البلاء ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں گناہوں سے پاک کیا اور حضور نے بلائے گناہ ان کے سروں سے ٹالی اور جب حضور کی دعا ان کے دلوں کا چین ہوا تو یہی دفع الم ہے صلی اللہ علی دافع البلاء والالم وعلی الہ وصحبہ و بارک وسلم ۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ بالذات دافع البلاء ہے اور انبیاء واولیاء علیہم الصلاۃ والسلام بعطائے خدا۔ (الامن والعلی)

حضور بلائیں دفع فرماتے ہیں

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیشک دافع ہر بلاء ہیں، ان کی شان عظیم تو ارفع واعلیٰ ہے ان کے غلام دفع بلا فرماتے ہیں

ابن عدی وابن عساکر عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

انما سمیت احید لانی احید عن امتی نار جهنم .

میرا نام احید اس لیے ہوا کہ میں اپنی امت سے آتش دوزخ کو دفع فرماتا ہوں۔

دوزخ سے بدتر اور کیا بلا ہوگی جس کے دافع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔

بیہقی دلائل النبوۃ اور ابو سعد شرف المصطفیٰ میں راوی خفاف بن نضلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حاضر

بارگاہ ہوکر عرض کی حتی وردت الی المدینة جاهدا کی اراک فتفرج الکربات.

میں کوشش کرتا ہوا مدینہ میں حاضر ہوا کہ زیارت اقدس سے مشرف ہوں، تو حضور میری سب مشکلیں کھول دیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی عرض پسند کی اور تعریف فرمائی۔

منح المدح امام ابن سید الناس میں ہے حرب بن ریطہ صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی

لقد بعث الله النبی محمدا

بحق و برهان الهدی یکشف الکربا

حق کی قسم! اللہ عزوجل نے اپنے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حق اور قطعی دلیل ہدایت کے ساتھ ایسا بھیجا کہ حضور دفع بلا فرماتے ہیں۔

عمر بن شیبہ بطریق عامر شعبی راوی اسود بن مسعود ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی :

انت الرسول الذی یرجی فواضله

عند القحوط اذا ما اخطأ المطر

یارسول اللہ حضور وہ رسول ہیں جن کے فضل کی امید کی جاتی ہے قحط کے وقت جب مینہ خطا کرے۔

ابن شاذان عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جنازے پر فرمایا

یا حمزة یاکاشف الکربات یا حمزة یا ذاب عن وجه رسول الله.

اے حمزہ اے دافع البلاء اے حمزہ اے چہرۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دشمنوں کے دفع کرنے والے۔

کتب سابقہ میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر شریف میں ہے، ان کے دو نائب ہوں

کہ ایک سن رسیدہ یعنی صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دوسرے جوان یعنی فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اما الفعی فخواض غمرات و دفاع معضلات.

وہ جو جوان ہیں وہ سختیوں میں گھس پڑنے والے اور بڑے دافع البلاء اور بڑے مشکل کشا ہوں گے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۸۰)

اشعار

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دافع البلاء ہیں وہ اپنی امت سے بلائیں دفع فرماتے ہیں اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی نے جو اشعار نظم فرمائے وہ یہ ہیں :

شافع روز جزا تم پہ کروروں درود — دافع جملہ بلا تم پہ کروروں درود
نافع و دافع ہو تم شافع و رافع ہو تم — تم سے بس افزوں خدا تم پہ کروروں درود
شافی و نافی ہو تم کافی و وافی ہو تم — درد کو کردو دوا تم پہ کروروں درود

●

تمہیں حاکم برایا تمہیں قاسم عطایا
تمہیں دافع بلایا تمہیں شافع خطایا
کوئی تم سا کون آیا؟

●

شافع نافع رافع دافع — کیا کیا رحمت لاتے یہ ہیں
دافع یعنی حافظ و حامی — دفع بلا فرماتے یہ ہیں
(حدائق بخشش)

شہنشاہ کون ومکاں ﷺ

حاجیو آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو
کعبہ تو دیکھ چکے کعبے کا کعبہ دیکھو

هذا سيد العلمين هذا رسول رب العلمين يبعثه الله رحمة للعلمين۔

یہ تمام جہان کے سردار ہیں یہ رب العالمین کے رسول ہیں اللہ تعالیٰ انھیں تمام عالم کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گا۔ (الحدیث)

شہنشاہ کون ومکاں ﷺ

حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رب عزوجل کے نائب اکبر وخلیفہ اعظم ہیں اس نے اپنے محبوب کو کونین کی بادشاہت وسرداری عطا فرمائی ہے وہ شہنشاہ کون ومکاں ہیں۔

اس بحث میں امام احمد رضا قدس سرہ نے یہی ثابت فرمایا ہے کہ لفظ شہنشاہ کا اطلاق واستعمال جائز ودرست ہے۔ اس سلسلہ میں امام احمد رضا بریلوی سے جو سوال ہوا اسے اور ان کے تحریر کردہ جواب ملاحظہ فرمائیں۔ امام احمد رضا قدس سرہ' سے اس مصرع ''حاجیوں آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو'' کے بارے میں سوال ہوا جس لفظ میں ''شہنشاہ'' حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے استعمال ہوا ہے تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان رفیع میں لفظ ''شہنشاہ'' کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟

آپ نے جن دلائل وشواہد سے لفظ ''شہنشاہ'' کا حضور کے لیے استعمال جائز ومباح ہونا ثابت فرمایا اور جن سے عدم جواز کا پہلو نکلتا ہے انھیں اور ان کی وجہ ممانعت واطلاق کو جس انداز سے بیان فرمایا ہے وہ بعینہ یہ ہے۔

شہنشاہ کا معنی

لفظ ''شہنشاہ'' اولاً بمعنی سلطان عظیم السلطنۃ محاورات میں شائع وذائع ہے اور عرف ومحاورہ کو افادۂ مقاصد میں دخل تام ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وأمر بالعرف.

غیر نبی کے لیے شہنشاہ کا استعمال

خود ہمارے فقہائے کرام میں امام اجل علاء الدین ابو العلاء لیثی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا لقب ''شاہان شہ'' ملک الملوک تھا، ائمہ وعلمائے مابعد جو ان کے فتاوے نقل کرتے ہیں اسی لقب سے انھیں یاد

فرماتے ہیں اور وہ جناب فقاہت مآب خود اپنے دستخط انھیں الفاظ سے کرتے۔

امام رکن الدین ابو بکر محمد بن ابی المفاخر بن عبد الرشید کرمانی جواہر الفتاویٰ کتاب الاجارہ باب سادس میں فرماتے ہیں :

قال الامام القاضی ملک الملوک ابو العلاء الناصحی لما سئل عمن اجرار ضاموقوفة مائة سنة هل يجوز.

امام قاضی شاہوں کے شاہ ابو العلاء ناصحی سے یہ استفتاء کیا گیا کہ ایک شخص نے ایک موقوفہ زمین سال بھر کے لیے اجارہ میں دی تو کیا اس کا یہ فعل ازروئے شرع جائز ودرست ہے؟

افتی ببطلان الاجارة معشر　　من زمرة الفقهاء قطعا لازما
و بذلک افتی المتدین حسبه　　کیلا اکون بما احرز ظالما
ملک الملوک ابو العلاء مجیبه　　لمعز دین الله یدعو دائما

فقہاء کی ایک جماعت نے فتویٰ دیا کہ یہ اجارہ قطعی اور لازمی طور پر باطل ہے۔ میرا عدم جواز کا یہ فتویٰ دینا دین داروں کے لیے کافی ہے تاکہ میں اپنی جمع کردہ چیزوں کی وجہ سے ظالم نہ ہو جاؤں، شاہوں کے شاہ ابو العلاء اس کا مجیب ہے، دین الٰہی کے غلبہ کے لیے ہمیشہ دعا گو ہے۔

اسی کتاب القضاء میں ایک اور مسئلہ اس جناب نے بایں عنوان نقل فرمایا :

قال القاضی الامام ملک الملوک ابو العلاء الناصحی .

قاضی امام شاہوں کے شاہ ابو العلاء ناصحی نے کہا۔

پھر تیسرے مسئلے میں فرمایا

قال القاضی الامام ملک الملوک هذا لما عرض علیه محضر.

قاضی امام شاہوں کے شاہ نے یہ کہا جب کہ ان کے پاس دستاویز پیش کیا گیا۔

اس میں ان کا منظوم فتویٰ نقل کیا جس کے آخر میں فرمایا۔

شاهان شه ملک الملوک ابو العلاء

نظم الجواب منظما و مفصلا

شاہوں کے شاہ ابو العلاء نے اس جواب کو نظم ترتیب اور تفصیل سے بیان کیا ہے۔

پھر فرمایا: قال ملک الملوک .

اور ان کا چوتھا فتویٰ نقل کیا جس کے آخر میں فرمایا۔

شاهان شه ملک الملوک ابو العلاء

نظم الجواب لکل من هو قد عرف

شہنشاہ وقت ابو العلاء نے اس جواب کو ہر جانکار شخص کے لیے مرتب کیا۔

پھر ان کا پانچواں فتویٰ نقل کیا جس کے دستخط یوں فرمائے ہیں:

شاهان شه ملک الملوک ابو العلاء

نظم الجواب مبینا لمناره

شہنشاہ وقت ابو العلاء نے اس جواب کو یوں مرتب کیا کہ اس کے ہر پہلو کو واشگاف کر دیا۔

پھر ان کا چھٹا فتویٰ نقل کیا جس کے دستخط ہیں

شاهان شه ملک الملوک ابو العلاء

هادی امیر المومنین لقد نظم

شاہوں کے شاہ ملک الملوک ابوالعلاء مسلمانوں کے امیرو رہبر نے اس جواب کو مرتب کیا۔

یوں ہی کتاب الوقف میں ان کے متعدد فتاوے نقل فرمائے ازاں جملہ ایک کا ختم یہ ہے۔

ملک الملوک ابو العلاء مجیبه

لمعز دین الله لیشکر داعیا

شاہوں کے شاہ ابوالعلاء اس کا مجیب ہے، جو دین الٰہی کے غلبہ کے لیے لشکر کے ساتھ دعا کرتا۔

ایک کے آخر میں ہے

شاهان شه ملک الملوک ابو العلاء

نظم الجواب لمن تعفی باله

شہنشاہ ملک الملوک بوالعلاء نے یہ جواب اس شخص کے لیے مرتب کیا جو اللہ عزوجل کی پناہ کا طالب ہے۔

یوں ہی صفحہ ۱۲ / تا ۱۵ / کتاب البیوع میں ان کے چار فتوے نقل فرمائے ہر ایک کی ابتداء انھیں لفظوں سے کی۔

قال القاضی الامام ملک الملوک .

غرض کتاب مستطاب ان کے فتاوائے صواب اوران کے ان گرامی القاب سے مشحون ہے۔

علامہ خیر الدین رملی استاذ صاحب درمختار رحمہما اللہ تعالیٰ نے فتاویٰ خیریہ کتاب الاجارہ میں نوازل سے نقل فرمایا۔

قال سئل ملک الملوک ابو العلاء فیمن اجر دارا موقوفة مائة سنة الخ.

شاہوں کے شاہ ابوالعلاء سے اس شخص کے بارے میں استفتاء کیا گیا جس نے ایک وقف کی ہوئی زمین کو سال بھر کے لیے اجرت میں دی تو کیا حکم ہے؟

اسی کتاب القضاباب خلل المحاضر والسجلات میں دوبارہ سائل فرمایا۔

فحول المتاخرين افتوا بجواز قتله حتى قال ملك الملوك الناصحی رحمه الله تعالىٰ.

متاخرین میں معتمد ومستند علماء نے فتویٰ دیا ہے کہ ایسے شخص کو قتل کرنا جائز ہے حتیٰ کہ شاہوں کے شاہ ناصحی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا بھی یہی قول ہے۔

پھر ان کا منظوم فتویٰ نقل فرمایا:

القتل مشروع عليه و واجب — زجرا له و القتل فيه مقنع

شاهان شه ملك الملوك ابو العلاء — نظم الجواب لكل من هو يبرع

ایسے شخص کو قتل کرنا مشروع بلکہ اس کے زجر وتوبیخ کے لیے واجب ہے اور اس میں قتل عین عدل ہے۔ شاہوں کے شاہ ملک الملوک ابوالعلاء نے ہر فضیلت وعلم رکھنے والوں کے لیے اس جواب کو مرتب کیا۔

غیر نبی کو شہنشاہ کہنے پر مزید شہادتیں

حضرت عمدۃ العلماء والاتقیاء زبدۃ العرفا والاولیاء مولوی معنوی سیدی محمد جلال الدین رومی بلخی قدس سرہ الشریف مثنوی شریف میں ایک بادشاہ کی حکایت میں فرماتے ہیں:

گفت شاہنشاہ جزاء ش کم کنید
ور بجنگد نامش از خط بر زنید

بادشاہ نے کہا اس کی اجرت کم کردی جائے اور اگر وہ آمادۂ جنگ ہو تو روزنامچہ سے اس کا نام نکال دو۔

نیز ابتدائے مثنوی مبارک میں فرماتے ہیں :

تا سمرقند آمدند آں دو امیر
پیش آں زرگر ز شاہنشہ بشیر

بادشاہ کے دونوں امیر (ایلچی) شہر سمرقند آئے اور اس مرد زرگر کو بادشاہ کی جانب سے خوش خبری دی۔

وہیں فرماتے ہیں :

پیش شاہنشاہ بردش خوش بناز
تا بسوزد بر سر شمع طراز

اس خوش نصیب مرد زرگر کو بادشاہ کے پاس لے آئے تا کہ اس شمع طراز معشوقہ پر اسے قربان کردے۔

اسی میں فرمایا :

ہم ز انواع اوانی بے عدد
کانچناں در بزم شاہنشاہ سزد

اور بہت سے مختلف قسم کے برتن بھی بنا جو بادشاہوں کی بزم مسرت کی زیب وزینت بنیں۔

حضرت عارف باللہ داعی الی اللہ سیدی مصلح الدین سعدی شیرازی قدس سرہٗ فرماتے ہیں :

جمال الانام مفخر الاسلام سعد بن الاتابک الاعظم شاهنشاه المعظم مالک رقاب الامم مولیٰ ملوک العرب و العجم.

مخلوق کے جمال، اسلام کے لیے قابل فخر، سعد بن اتا بک اعظم، قابل عظمت شہنشاہ، لوگوں کی گردنوں کے مالک، عرب وعجم کے بادشاہ کے مولیٰ و آقا۔

نیز فرماتے ہیں :

بارعیت صلح کن و ز جنگ خصم ایمن نشیں
زانکہ شاہنشاہ عادل را رعیت لشکر است

رعایا کے ساتھ خیر خواہی سے پیش آ اور پھر دشمن کی جانب سے لڑائی سے بے خوف رہ، کیوں کہ عادل بادشاہ کے لیے رعایا ہی لشکر ہے۔

نیز فرماتے ہیں :

شہنشہ بر آشفت کاینک وزیر
تعلل میندیش و حجت مگیر

بادشاہ نے غصے سے کہا اے وزیر بہانہ مت بنا اور حجت مت لا۔

نیز فرماتے ہیں :

سر پر غرور از تحمل تہی
حرامش بود تاج شاہنشہی

جو سر صبر و تحمل سے خالی اور کبر ونخوت سے پر ہو وہ بادشاہی کے تاج سے محروم ہوتا ہے۔

نیز فرماتے ہیں :

دواں آمدش گلہ بانے زپیش
شہنشہ بر آورد تعلق ز کیش

بادشاہ کے پاس سامنے سے ایک چرواہا دوڑتا آیا بادشاہ نے اسی وقت تیر ترکش سے نکال لیا۔

محبوب محبوب الٰہی حضرت عارف باللہ سیدی خسرو قدس سرہ اواخر قران السعدین صفت تخت شاہی میں فرماتے ہیں:

کیست جز از وے کہ نہد پائے راست
پیش شکوہ کہ شہنشاہ راست

اس کے سوا کون ہے جو بادشاہ کی شان وشوکت کے سامنے سیدھا پاؤں رکھے۔

عارف باللہ امام العلماء حضرت مولانا نور الدین جامی قدس سرہ السامی تحفۃ الاحرار میں فرماتے ہیں۔

زد بجہان نوبت شاہنشہی
کوکبہ فخر عبید اللہی

حضرت عبید اللہ احرار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ستارۂ افتخار نے دنیا میں اپنی شہنشاہی کا نقارہ بجادیا۔

حضرت خواجہ شمس الدین حافظ قدس سرہ فرماتے ہیں

خان بن خان شہنشاہ شہنشاہ نژاد
آں کہ می زیبد اگر جان جہانش خوانی

خان بن خان خاندانی شاہوں کے شاہ جسے جان جہاں کا خطاب زیب دیتا ہے۔

نیز فرماتے ہیں:

ہم نسل شہنشہ زمان است
ہم نقد خلیفۂ زمین است

زمانہ کے بادشاہوں کا ہم رتبہ خلیفۂ زمین کا ہم جنس ہے۔

حضرت مولانا نظام الدین نظامی قدس سرہ السامی فرماتے ہیں :

گزارندۂ شرح شاہنشہی
چنیں داد پرسندہ را آگہی

احکام شاہی کی تفصیل سنانے والے نے سائل کو یوں آگاہ کیا۔

مخدوم قاضی شیخ شہاب الدین تفسیر بحر مواج میں فرماتے ہیں۔

سلطان السلاطین خداوند باعز و تمکین بادشاہ سلیماں فر...الخ۔

غیر نبی کے لیے لفظ شہنشاہ کے جواز و اطلاق کے ان دلائل کو پیش کرنے کے بعد امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

غرض کلمات اکابر میں اس کے صدہا نظائر ملیں گے ہمیں کیا لائق کہ ان تمام ائمہ و فقہاء و علماء و عرفاء رحمہم اللہ تعالیٰ قدسیت اسرارہم پر طعن کریں۔ وہ ہم سے ہر طرح اعرف و اعلم تھے۔ لہٰذا واجب کہ بتوفیق الٰہی نظر فقہی سے کام لیں اور اس لفظ (شہنشاہ) کے منع و جواز میں مناط کریں کہ مسئلہ قطعاً معقول المعنی ہے نہ کہ محض تعبدی۔

شہنشاہ کہنے کا حکم

پھر لفظ شہنشاہ کا حکم واضح کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

فاقول و باللہ التوفیق ظاہر ہے کہ اصل منشائے منع اس لفظ کا استغراق حقیقی پر حمل ہے یعنی موصوف کا استثناء تو عقلی ہے کہ خود اپنے نفس پر بادشاہ ہونا معقول نہیں۔ اس کے سوا جمیع ملوک پر سلطنت،

اور یہ معنی قطعاً مختص بحضرت عزت عز جلالہ ہیں۔اوراس معنی کے ارادے سے اگر غیر پر اطلاق ہوتو صراحۃً کفر ہے کہ اس کے استغراق حقیقی میں رب عزوجل بھی داخل ہوگا۔یعنی معاذ اللہ موصوف کو اس پر بھی سلطنت ہے یہ ہر کفر سے بدتر کفر ہے۔مگر حاشانہ ہرگز کوئی مسلمان اس کا ارادہ کرسکتا ہے نہ زنہار کلام مسلم میں یہ لفظ سن کر کسی کا اس طرف ذہن جاسکتا ہے۔بلکہ قطعاً قطعاً عہد یا استغراق عرفی ہی مراد،اور وہی مفہوم و مستفاد ہوتا ہے کہ قائل کا اسلام ہی اس ارادہ پر قرینہ قاطعہ ہے جیسا کہ علماء نے موحد کی انبت الربیع البقل (موسم ربیع نے سبزہ اگایا) کہنے میں تصریح فرمائی۔

اب رہا یہ کہ استغراق حقیقی اگر چہ نہ مراد نہ مفہوم،مگر مجرد احتمال ہی موجب منع ہے یہ قطعاً باطل ہے۔یوں تو ہزاروں الفاظ کہ تمام عالم میں دائروسائر ہیں،منع ہوجائیں گے۔

لفظ شہنشاہ کے ہم معنی الفاظ

پہلے خود اسی لفظ شاہنشاہ کی وضع وترکیب لیجیے،مثلاً قاضی القضاۃ،امام الائمہ،شیخ الشیوخ،شیخ المشائخ،عالم العلماء،صدرالصدور،امیرالامراء،خاں خاناں،بگابگ وغیرہا کہ علماء ومشائخ وعامہ سب میں رائج ہے۔شیخ المشائخ سلطان الاولیاء،محبوب الٰہی،اور شیخ الشیوخ حضرت سیدنا شہاب الحق والدین عمر سہروردی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا لقب ہے۔جواہر الفتاویٰ،کتاب اصول الدین وکتاب اصول فقہ وکتاب الایمان وکتاب الغصب وکتاب الدعویٰ وکتاب الکراہیت وغیرہا سب کے باب سادس میں امام علاء الدین سمرقندی کو عالم العلماء فرمایا۔امام اجل عبدالرحمٰن اوزاعی امام اہل الشام کہ امام اعظم ابوحنیفہ وامام مالک کے زمانے میں تھے اور تبع تابعین کے اعلیٰ طبقے میں ہیں،امام مالک کو عالم العلماء فرمایا کرتے۔امام الائمہ امام محمد بن خزیمہ حافظ الحدیث کا لقب ہے۔قاضی القضاۃ اسلامی سلطنتوں کا معروف عہدہ ہے عامہ کتب فقہ میں اس کا اطلاق موجود،اور ائمہ کی زبانوں پر شائع۔

امیر الامراء، خان خاناں، بگا بگ، عربی فارسی ترکی تین مختلف زبانوں کے لفظ ہیں اور معنی ایک یعنی سرور سروراں، سردار سرداراں، سید الاسیاد، اور اگر امیر کو امر بمعنی حکم سے لیجیے تو امیر الامراء بمعنی احکم الحاکمین، شک نہیں کہ ان لفظوں کو عموم واستغراق حقیقی پر رکھیں تو قاضی القضاۃ وحاکم الحاکمین وعالم العلماء، سید الاسیاد قطعاً حضرت رب العزت عزوجل ہی کے لیے خاص ہیں۔ اور دوسرے پر ان کا اطلاق صریح کفر۔ بلکہ بنظر حقیقت اصلیہ صرف قاضی وحاکم وسید وعالم بھی اسی کے ساتھ خاص۔

وفد بنی عامر نے حاضر ہو کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی انت سیدنا حضور ہمارے سید ہیں فرمایا السید اللہ سید تو خدا تعالیٰ ہی ہے۔ اسے احمد و ابوداؤد نے عبداللہ بن الشخیر العامری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

یوں ہی نہ ملک الملوک، بلکہ صرف ملک ہی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

له الملک و له الحمد .

اسی کے لیے ملک اور اسی کے لیے تعریف ہے۔

اور فرماتا ہے لمن الملک الیوم .

آج کس کی بادشاہی ہے۔

خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی حدیث، ملک الملوک کی تعلیل میں فرمایا۔

لا ملک الا اللہ .

بادشاہ کوئی نہیں سوا اللہ تعالیٰ کے۔ اسے مسلم نے ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

متعدد الفاظ کی توضیح واطلاق

اور امام الائمہ، شیخ الشیوخ، شیخ المشائخ اپنے استغراق حقیقی پر یقیناً حضور پر نور سید المرسلین صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خاص، اور دوسرے پر اطلاق قطعاً کفر، کہ اس کے عموم میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی داخل ہوں گے اور معنی یہ ٹھہریں گے کہ فلاں شخص معاذ اللہ حضور سید عالم امام العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بھی شیخ و امام ہے اور یہ صراحۃً کفر ہے۔ مگر حاشا ان تمام الفاظ میں نہ ہرگز یہ معنی قائلین کی مراد، نہ ان کے اطلاق سے مفہوم و مفاد، اور اس پر دلیل ظاہر و باہر یہ ہے کہ متکبر مغرور و جبار سلاطین کہ اپنے آپ کو مابدولت و اقبال اور اپنے بڑے عہدہ داروں امراء وزراء کو بندۂ حضور و فدوی خاص لکھتے ہیں۔ جن کے تکبر کی یہ حالت کہ اللہ و رسول کی توہین پر شاید چشم پوشی بھی کر جائیں مگر ہرگز اپنی ادنیٰ سی توہین پر درگزر نہ کریں گے۔ یہی جبار انھیں امراء کو قاضی القضاۃ و امیر الامراء و خان خاناں و بگا بگ خطاب دیتے ہیں اور خود لکھتے اور اوروں سے لکھواتے اور لوگوں کو کہتے لکھتے دیکھتے، سنتے اور پسند و مقرر رکھتے ہیں۔ بلکہ جو ان کے اس خطاب پر اعتراض کرے عتاب پائے۔ اگر ان میں استغراق حقیقی کا ادنیٰ ایہام بھی ہوتا جس سے متوہم ہوتا کہ یہ امراء خود ان سلاطین پر بھی حاکم و افسر و بالا و برتر و سردار و سرور ہیں۔ تو کیا امکان تھا کہ اسے ایک آن کے لیے بھی روا رکھتے۔

تو ثابت ہوا عرف عام میں امثال الفاظ میں استغراق حقیقی ارادۃ و افادۃ ہر طرح قطعاً یقیناً متروک و مہجور ہے جس کی طرف اصلاً خیال بھی نہیں جاتا۔ بعینہ بداہۃ یہی حال شہنشاہ کا ہے۔ کیا پکے مجنون کے سوا کوئی گمان کر سکتا ہے کہ امام اجل ابو العلاء ناصحی، امام اجل ابو بکر رکن الدین کرمانی، علامہ اجل خیر الملۃ و الدین رملی، عارف باللہ شیخ مصلح الدین، عارف باللہ حضرت امیر، عارف باللہ حضرت حافظ، عارف باللہ حضرت مولوی معنوی، حضرت مولانا نظامی، عارف باللہ حضرت مولانا جامی، فاضل جلیل مخدوم شہاب الدین وغیرہم رضی اللہ تعالیٰ عنہم وقدست اسرارہم کے کلام میں یہ ناپاک معنی مراد ہونا درکنار، اسے سن کر کسی مسلمان کا وہم بھی اس طرف جا سکتا ہے تو بے ارادہ و بے افادہ اگر مجرد احتمال منع کے لیے کافی ہوتا وہ تمام الفاظ بھی حرام ہوتے۔ حالاں کہ خواص و عوام سب میں شائع و ذائع ہیں۔ خصوصاً قاضی القضاۃ کہ انھیں

فقہائے کرام کا لفظ اور قدیماً وحدیثاً ان کے عامہ کتب میں موجود ہے۔اس میں اور شہنشاہ میں کیا فرق ہے۔

لاجرم امام قاضی عیاض مالکی المذہب نے فرمایا۔

و منهم قولهم شاه ملوک وکذا ما یقولون قاضی القضاة .

اسی کی مانند امام ابن حجر شافعی المذہب نے زواجر میں اپنے یہاں کے بعض ائمہ سے نقل کیا مگر جانتے ہو کہ یہ قاضی القضاۃ کس کا لقب ہے اور کب سے رائج ہے؟ سب میں پہلے یہ لقب ہمارے امام مذہب سیدنا امام ابو یوسف تلمیذ اکبر سیدنا امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ہوا اور اس زمانہ خیر کے ائمہ کرام تبع تابعین واتباع اعلام نے اسے مقبول ومقرر رکھا اور جب سے آج تک تمام علمائے حنفیہ اور بہت دیگر علمائے مذاہب ثلاثہ میں رائج وجاری وساری ہے۔

اب ثابت ہوا کہ وہ طعن نہ فقط انھیں ائمہ وفقہاء واولیاء پر ہوگا جن سے لفظ شہنشاہ کی سندیں گزریں، بلکہ ائمہ تبع تابعین اور ان کے اتباع اور امام مذہب حنفی ابو یوسف اور اس وقت سے آج تک کے تمام علمائے حنفیہ اور بکثرت علمائے بقیہ مذاہب سب پر طعن لازم آئے گا اور اس پر جرأت ظلم شدید وجہل مدید ہوگی۔لاجرم بات وہی ہے کہ لفظ ارادۃ وافادۃ ہر طرح سے شناعت سے پاک ہے تو صرف احتمال باطل اسے ممنوع نہ کردے گا۔ورنہ سب سے بڑھ کر نماز میں تعالیٰ جدک حرام ہو کہ دوسرے معنی کس قدر شنیع وفظیع رکھتا ہے۔

سید وحکم وغیرہ کا اطلاق ممنوع ہونے کی وجہ

ہاں صدر اسلام میں کہ شرک کی گھٹائیں عالمگیر چھائی ہوئی تھیں نقیر وقطمیر کے ساتھ نہایت تدقیق فرمائی جاتی کہ توحید بروجہ اتم اذہان میں متمکن ہو۔ولہٰذا نہ فقط شہنشاہ بلکہ انت سیدنا کے جواب میں ارشاد ہوا السید الله سید اللہ ہی ہے۔ابوالحکم کنیت پر فرمایا۔

ان الله هو الحكم فلم تكنى به الحكم.

بیشک اللہ ہی حکم ہے اور حکم کا اختیار اسی کو ہے تو تیری کنیت ابوالحکم کیوں ہے۔

اسے ابوداؤد اور نسائی نے ابی شریح رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

غلاموں کو ارشاد ہوا تھا۔

لا يقول العبد لعبده مولای فان مولاكم الله.

غلام اپنے آقا کو مولیٰ نہ کہے کیوں کہ تمھارا مولیٰ تو اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

اسے مسلم نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا

ایک حدیث شریف میں آیا۔

لا تسموا ابناء كم حكيما و لا ابا الحكم فان الله هو الحكيم العليم.

اپنے بیٹوں کا نام حکیم یا ابوالحکم نہ رکھو کہ اللہ تعالیٰ ہی حکیم وعلیم ہے۔

ایک حدیث شریف میں آیا۔

ابغض الاسماء الى الله خالد و مالک و ذلک ان احدا ليس يخلد و المالک هو الله.

اللہ عزوجل کو سب سے زیادہ دشمن نام خالد و مالک ہیں اس لیے کہ کوئی ہمیشہ نہ رہے گا۔ اور مالک اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

یوں ہی عزیز وحکم ناموں کو تبدیل فرمادیا۔

سنن ابی داؤد میں ہے۔

غیر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسم عزیز و الحکم.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عزیز وحکم نام تبدیل فرمادیے۔

حدیث شریف میں ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

لا تسمه عزیزا.

اس کا نام عزیز نہ رکھ۔

نیز حدیث شریف میں ہے۔

نهی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان یسمی الرجل حربا و ولیدا او مرة او الحکم او ابا الحکم.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ حرب یا ولید یا مرہ یا حکم یا ابوالحکم نام رکھا جائے۔

حالاں کہ یہ الفاظ واوصاف غیر خدا کے لیے خود قرآن عظیم واحادیث واقوال علماء میں بکثرت وارد۔

سید وحکم وغیرہ کہنے کا جواز

و قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انا سید ولد آدم.

میں تمام اولاد آدم کا سید وسردار ہوں۔

اسے مسلم وابوداؤد نے ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

وقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان ابنی ھذا سید.

بیشک یہ میرا بیٹا سید ہے یعنی حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اسے بخاری نے ابی بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت فرمایا۔

و قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ و رسولہ مولیٰ من لا مولیٰ لہ.

اللہ اور اس کا رسول ہر بے مولیٰ کے مولیٰ ہیں۔

ترمذی و ابن ماجہ نے امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا

لقد حکمت فیھم بحکم اللہ.

بیشک تم نے ان یہود کے بارے میں وہ حکم دیا جو خدائے تعالیٰ کا حکم تھا۔

امام مسلم نے عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے یہ حدیث روایت فرمائی۔

اسی حدیث شریف میں ہے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے حکم کے لیے فرمایا انھوں نے عرض کی۔

اللہ و رسولہ احق بالحکم.

حکم دینا تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کا حق ہے۔

وقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حکیم امتی عویم.

میری امت کے حکیم ابو درداء ہیں۔

انصار کرام نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی۔

یا رسول الله انت و الله الاعز العزیز.

یارسول اللہ! خدائے تعالیٰ کی قسم حضور ہی سب سے زیادہ عزت والے ہیں، صرف حضور ہی کے لیے عزت ہے۔

عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابن عبداللہ بن ابی منافق نے اپنے باپ سے فرمایا:

انک الذلیل و رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم العزیز.

بیشک تو ہی ذلیل ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی عزیز وصاحب عزت ہیں۔

ترمذی نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث روایت کی۔

صحابۂ کرام میں بیس سے زائد کا نام حکم ہے۔ تقریباً دس کا نام حکیم اور ساٹھ سے زیادہ کا خالد اور ایک سو دس سے زیادہ کا مالک۔ ان وقائع اور ان کے امثال کثیرہ پر نظر سے ظاہر ہے کہ ایسی نہی میں شرع مطہر کا مقصود کیا ہے اور اس پر قرینہ واضحہ یہ ہے کہ خود حدیث شریف میں اس کی تعلیل یوں ارشاد ہوئی۔

لا ملک الا الله.

خدا تعالیٰ کے سوا کوئی بادشاہ ہی نہیں۔

ظاہر ہے کہ حصر اسی، السید هو الله و مولاکم الله کے قبیل سے ہے ورنہ خود قرآن عظیم میں ارشاد ہوا۔

و قال الملک انی اری (اور بادشاہ نے کہا میں نے خواب میں دیکھا)

و قال الملک ائتونی به (اور بادشاہ بولا کہ انھیں میرے پاس لاؤ)

اس مقصد کی شرح میں نکتہ واقعہ تحریم خمر ہے کہ ابتدا میں نقیر ومزفت، دبا وحنتم یعنی مضبوط برتنوں میں نبیذ ڈالنے سے منع فرمایا تھا کہ تساہل نہ واقع ہو۔ جب اس کی حرمت اور اس سے نفرت مسلمانوں کے دلوں میں جم گئی اور اس سے کامل تحفظ واحتیاط نے قلوب میں جگہ پائی، فرمایا۔

ان ظرفا لا یحل شیئا و لا یحرمه.

برتن کسی چیز کو حلال وحرام نہیں کرتا۔

بالجملہ ان اکابر ائمہ وعلماء واولیاء نے مقصود پر نظر فرما کر لفظ شاہنشاہ کا اطلاق فرمایا اور جن کی نظر لفظ پر گئی منع بتایا۔ دونوں فریق کے لیے ایک وجہ موجہ ہے۔

بنی قریظہ میں نماز کی نظیر

اس کی نظیر واقعہ نماز ظہر یا عصر ہے کہ جب یہود بنی قریظہ پر لشکر کشی فرمائی عسکر ظفر میں اس منادی کا حکم فرمایا کہ

من کان سامعا مطیعا فلا یصلین العصر الا فی بنی قریظة.

جو بات سنتا اور حکم مانتا ہو وہ ہرگز عصر نہ پڑھے مگر آبادی بنی قریظہ میں۔

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم رواں ہوئے، راہ میں وقت عصر ہوا، اس پر دو فرقے ہو گئے بعض نے کہا لا نصلی حتی ناتیھا ہم تو جب تک اس آبادی میں نہ پہنچ جائیں نماز نہ پڑھیں گے۔ کہ ہمیں ارشاد فرمادیا ہے کہ نماز وہیں پہنچ کر پڑھنا، بعض نے کہا، بل نصلی لم یرد منا ذلک بلکہ ہم نماز راہ ہی میں پڑھ لیں گے ارشاد سے مقصود جلدی تھی نہ یہ کہ نماز قضا کر دی جائے۔ غرض کچھ نے نماز راہ میں پڑھ لی اور جا ملے۔ کچھ نے نہ پڑھی یہاں تک کہ عشا کے وقت وہاں پہنچے۔ دونوں فریق کا حال بارگاہ اقدس میں معروض

ہوا۔ و لم یعنف واحدا منھم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان میں سے کسی پر اعتراض نہ فرمایا۔

ائمہ ستہ اور امام بخاری و مسلم نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث روایت کی۔

علماء فرماتے ہیں کہ ایک فریق نے مقصود پر نظر کی اور دوسرے نے لفظ کو دیکھا۔

اقول: یعنی اور اس پر عمل خلاف مقصود نہ تھا، بخلاف جمود ظاہر یہ کہ مقصود سے یکسر دور پڑتا۔ اور احکام شرعیہ کو معاذ اللہ محض بے معنی ٹھہراتا ہے لہٰذا فریقین میں کسی پر ملامت نہ فرمائی۔ یہی حال یہاں ہے۔

ثانیاً : اسے یوں بھی تقریر کر سکتے ہیں کہ مانعین نے ظاہر نہی پر نظر کی کہ اس میں اصل تحریم ہے اور اطلاق کرنے والوں نے دیکھا کہ لفظ ارادہ وافادہ ہر طرح شناعت سے پاک ہے تو نہی صرف تنزیہی ہے کہ منافی جواز واباحت نہیں۔ جس طرح حدیث میں ارشاد ہوا۔

لا یقل العبد ربی .

غلام اپنے آقا کو رب نہ کہے۔

اور فرمایا

لا یقل احدکم اسق ربک اطعم ربک و ضیء ربک و لا یقل احدکم ربی .

تم میں سے کوئی نہ کہے اپنے رب کو پانی پلا، اپنے رب کو کھانا کھلا، اپنے رب کو وضو کرا، اور نہ کوئی کسی کو اپنا رب کہے۔

اور علماء نے تصریح فرمائی کہ یہ نہی صرف تنزیہی ہے۔

امام نووی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرح صحیح مسلم شریف میں اس حدیث کے تحت میں فرماتے ہیں :

النهى للادب و كراهة التنزيه لا للتحريم.

ممانعت بطور ادب ہے اور کراہت تنزیہی ہے نہ کہ تحریمی۔

لفظ شہنشاہ کے ہم معنی الفاظ کا جواز

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

ثالثاً : مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب دہلوی تحفہ اثناعشریہ میں نقل کرتے ہیں کہ اللہ عزوجل زبور مقدس میں فرماتا ہے :

امتلأت الارض من تحميد احمد و تقديسه و ملك الارض و رقاب الامم .

زمین بھرگئی احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حمد اور اس کی پاکی کے بیان سے، احمد مالک ہوا تمام زمین اور سب امتوں کی گردنوں کا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

امام احمد مسند، اور عبداللہ بن احمد زوائد مسند، اور امام طحاوی شرح معانی الآثار، اور امام بغوی و ابن السکن و ابن ابی عاصم و ابن شاہین و ابن ابی خیثمہ و ابویعلی بطریق عدیدہ حضرت اعشی مازنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی۔

کہ وہ خدمت اقدس حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں فریادی آئے اور اپنی عرضی حضور میں گزاری جس کی ابتداء یہ تھی۔

يا مالك الناس و ديان العرب

اے تمام آدمیوں کے مالک اور عرب کے جزاوسزا دینے والے۔

مسند احمد و شرح معانی الآثار میں مالک الناس ہے۔ اور زوائد مسند نیز ثلثہ متصلہ کی روایت

؎ بعض نسخ میں۔

یا ملک الناس و دیانؑ العرب.

یعنی اے تمام آدمیوں کے بادشاہ اور عرب کے جزاء دہندہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی فریاد کو سن کر حاجت روائی فرمائی۔ پر ظاہر کہ آدمیوں اور امتوں میں سلاطین و غیر سلاطین سب داخل ہیں۔ جب حضور تمام آدمیوں کے مالک، تمام آدمیوں کے بادشاہ، تمام امتوں کی گردنوں کے مالک ہیں تو بلاشبہ تمام بادشاہوں کے بھی مالک، تمام سلاطین کے بھی بادشاہ، تمام بادشاہوں کی گردنوں کے بھی مالک ہوئے۔

ملک الناس کا نسخہ تو عین مدعا ہے اور **مالک الناس** اس سے بھی اعظم واعلیٰ ہے کہ بادشاہ لوگوں پر حاکم ہوتا ہے، ان کی گردنوں کا مالک نہیں ہوتا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بحکم آیت وحدیث جلیل تمام بادشاہوں کی گردنوں کے بھی مالک ہیں **و للہ الحمد.**

زمخشری معتزلی نے کشاف سورۂ ہود میں زیر قولہ تعالیٰ **و انت احکم الحاکمین** اقضی القضاۃ پر اعتراض کیا۔ امام ابن المنیر سنی نے انتصاف میں اس کا رد فرمایا کہ حدیث میں ارشاد ہوا **اقضاکم علی** اس سے جواز ثابت ہوتا ہے یعنی جب اقضی کی اضافت سب کی طرف ہے اور اس میں قضاۃ بھی داخل تو، **اقضاکم** سے اقضی القضاۃ بھی حاصل۔ ظاہر ہے کہ **اقضاکم** عموم میں **مالک الناس و ملک الناس** ، **و مالک رقاب الامم** کے برابر نہیں کہ وہ بظاہر صرف مخاطبین سے خاص ہے۔ تو ان الفاظ کریمہ سے مالک الملوک، وملک الملوک، و مالک رقاب الملوک وشہنشاہ بدرجہ اولیٰ ثابت پس آیت و حدیث میں ان ارشادات عالیہ کا آنا دلیل روشن ہے کہ نہی صرف اسی طور پر ہے جیسے مولیٰ وسید کہنے سے منع فرمایا حالاں کہ قرآن وحدیث خود ان کا اطلاق فرما رہے ہیں۔ **و للہ الحمد.**

دلیل ممانعت کی تاویل

امام احمد رضا بریلوی ممانعت والی روایات کی تاویل میں مزید ارشاد فرماتے ہیں :

رابعاً : اگر یہاں کوئی حدیث دربارۂ نہی ثابت بھی ہو تو کلام مذکور اس کے لیے کافی ووافی ہے۔ نظر وقت میں یہاں ایک حدیث ابن النجار ہے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سمع رجلا یقول شاھان شاہ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ ملک الملوک .

یعنی ایک شخص نے دوسرے کو پکارا، اے شاہان شاہ، نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سن کر فرمایا شاہان شاہ اللہ ہے۔ اس کی تو صحت بھی ثابت نہیں۔

رہی حدیث جلیل صحیح ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ صحیحین وسنن ابی داؤد وجامع ترمذی میں مروی۔

اخنع الاسماء عند اللہ یوم القیامۃ رجل تسمی ملک الملوک .

روز قیامت اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب ناموں میں زیادہ ذلیل وخوار وہ شخص ہے جس نے اپنا نام ملک الاملاک رکھا۔

یہ بداہتہ طالب تاویل ہے کہ وہ شخص خود نام نہیں اور اس روایت کے لفظ یہ ہیں کہ وہ شخص سب سے برا نام ہے۔ علماء نے اس میں دو تاویلیں فرمائیں۔

ایک یہ کہ مجازاً نام سے ذات مراد ہے یعنی روز قیامت اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب آدمیوں سے بدتر وہ شخص ہے جس نے اپنا یہ نام رکھا۔

دوسری یہ کہ خبر میں حذف مضاف ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے نزدیک روز قیامت سب ناموں سے بدتر

یہ نام ہے۔

مصابیح و اشعۃ اللمعات و سراج المنیر شرح جامع صغیر میں تاویل ثانی ذکر کی۔ امام قرطبی نے مفہم اور امام نووی نے منہاج اور علامہ مفتی نے حواشی جامع صغیر میں اول پر جزم واختصار کیا۔

بلکہ تاویل دوم پر افعل التفضیل اس کے غیر پر صادق آئے گا کہ بلاشبہ ملک الاملاک نام رکھنے سے اللہ یا رحمٰن نام رکھنا بدر جہا بدتر و خبیث تر ہے۔

ابوالعتاھیہ شاعر کی نسبت منقول ہوا کہ اس کی دو بیٹیاں تھیں ایک کا نام اللہ اور دوسری کا نام رحمٰن (والعیاذ باللہ تعالیٰ) ذکر کیا جاتا ہے کہ پھر اس نے اس سے توبہ کر لی تھی۔

اور قاطع ہر کلام یہ کہ حدیث کی تفسیر کرنے والا خود حدیث سے بہتر کون ہوگا یہی حدیث صحیح مسلم شریف کی دوسری روایت میں ان لفظوں سے ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اغیظ رجل علی اللہ یوم القیامۃ و اخبثہ و اغیظہ رجل کان یسمی ملک الاملاک لا ملک الا اللہ .

قیامت کے دن سب سے زیادہ خدا کے غضب میں اور سب سے بڑھ کر خبیث اور سب سے زیادہ خدا کا مبغوض وہ شخص ہے جس کا نام ملک الاملاک کہا جاتا ہے، بادشاہ کوئی نہیں خدا تعالیٰ کے سوا۔

بالجملہ حدیث حکم فرما رہی ہے کہ اس نام والا روز قیامت تمام جہان سے زیادہ خدا تعالیٰ کے غضب وعذاب میں ہے۔ امام قاضی عیاض نے فرمایا، سب سے بڑھ کر جس پر غضب الٰہی ہوگا۔ علامہ طیبی نے کہا، اللہ تعالیٰ اسے سخت تر عذاب فرمائے گا، اور شک نہیں کہ سخت تر عذاب وغضب نہ ہوگا مگر کافر پر۔ اور ملک الاملاک نام رکھنا بالاجماع کفر نہیں ہوسکتا جب تک استغراق حقیقی مراد نہ لے۔ تو حاصل حدیث یہ نکلا کہ جس شخص نے بدعویٰ الوہیت وخدائی اپنا نام ملک الاملاک رکھا اس پر سب سے زیادہ سخت عذاب وغضب رب

الارباب ہے اور یہ قطعاً حق ہے اور اسے ما نحن فیه سے علاقہ نہیں۔

ممانعت کی وجہ

خامساً : اس معنی حق حقیقت سے جس میں وہ نام رکھنے والا ضرور صفت خاص رب العزت بلکہ الوہیت سے بھی بڑھ کر منزلت کا مدعی قطعاً مستحق اشد العذاب الابدی ہے۔تنزل کیجیے تو علماء نے سبب نہی یہ بتایا ہے کہ اس نام سے اس کا متکبر ہونا پیدا ہے۔

مرقاۃ میں ہے :

الملک الحقیقی لیس الا هو و ملکیة غیره مستعارة فمن سمی بهذا الاسم نازع الله بردائه و کبریائه و لما استنکف ان یکون عبد الله جعل له الخزی علی رؤس الاشهاد.

مالک حقیقی تو وہی ذات ہے اور دوسروں کی ملکیت عارضی، لہٰذا جس نے اس نام (ملک الملوک) سے اپنا نام رکھا اس نے ردائے الٰہی اور اس کی کبریائی سے منازعت کی۔اور جب اس نے بندۂ خدا ہونے سے تکبر کیا تو علی الاعلان ذلت ورسوائی اس کے لیے مقرر کردی گئی۔

حاصل یہ کہ علت نہی یہ ہے کہ اس نے تکبر کیا اور اللہ تعالیٰ کا بندہ بننے سے نفرت کی۔ان کلمات کو اگر ان کی حقیقت پر رکھئے جب تو وہی وجہ سابق ہے کہ حدیث اسی کی نسبت ہے جو حقیقی اصلی شاہنشاہی یعنی الوہیت کا مدعی اور عبدیت سے منکر ہو۔ورنہ کم از کم اس قدر ضرور کہ علت منع تکبر بتاتے ہیں تو ممانعت خود اپنے آپ شہنشاہ کہنے سے ہوئی کہ اپنی تعظیم کی اور اپنے آپ کو بڑا جانا دوسرے نے اگر معظم دینی کی تعظیم کی، اسے خدا تعالیٰ کے بڑا کیے سے بڑا جانا تو اسے تکبر سے کیا علاقہ۔

اب یہ حدیث اس طریق کی طرف راجع ہوئی کہ آقا کو منع فرمایا کہ اپنے غلام کو اپنا بندہ نہ کہے۔

حالاں کہ قرآں وحدیث واقوال جمیع علمائے امت میں واقع ہے۔اللہ تعالٰی فرماتا ہے۔

و الصالحین من عبادکم ۔ اور اپنے لائق بندوں۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لیس علی المسلم فی عبدہ و لا فرسہ صدقۃ .

مسلمان کے (عبد) غلام اور گھوڑے میں صدقہ نہیں۔

اس مسئلے کی تحقیق فتاوائے فقیر (امام احمد رضا) میں بحمد اللہ تعالٰی بروجہ اتم ہے۔

حاصل یہ کہ یہ ساری ممانعتیں تکبر سے بچنے کے لیے ہیں اور یہ کہ تکبر خود اپنے کہنے میں ہوسکتا ہے دوسروں کو کہنے میں تکبر کا کیا محل۔ پھر اپنے آپ کو کہنے میں بھی حقیقۃ حکم نیت پر دائر ہوگا اگر بوجہ تکبر وتعلّی ہے قطعاً حرام ورنہ نہیں۔اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے اور ہر شخص کے لیے وہی ہے جو اس نے کیا۔

اس کی نظیر یہی کہ اپنے غلام کو اے میرے بندے کہنا یہ بہ نیت تکبر نہ ہوتو کچھ حرج نہیں۔

دوسری نظیر اپنے آپ کو عالم کہنا ہے کہ بر سبیل تفاخر حرام ورنہ جائز۔حدیث شریف میں ہے، جو شخص یہ کہے کہ میں عالم ہوں وہ جاہل ہے۔

حالاں کہ نبی اللہ سیدنا یوسف علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا۔

انی حفیظ علیم.

بیشک میں حفاظت کرنے والا ہوں، عالم ہوں۔

تیسری نظیر اسبال ازار ہے یعنی تہبند یا پائچے ٹخنوں سے نیچے خصوصاً زمین تک پہنچتے رکھنا کہ اس کے بارے میں کیا کیا سخت وعیدیں وارد، یہاں تک فرمایا کہ

تین شخص ہیں کہ اللہ تعالیٰ روز قیامت ان سے بات نہ کرے گا اور ان کی طرف نظر نہ فرمائے گا اور انھیں پاک نہیں کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ یہ تہبند لٹکانے والا اور دے کر احسان رکھنے والا، اور جھوٹی قسم کھا کر اپنا مال چلتا کرنے والا۔

پھر جب صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ! بیشک میرا تہبند ضرور لٹک جاتا ہے مگر یہ کہ میں اس کی خاص احتیاط اور خیال رکھوں، فرمایا تم ان میں سے نہیں ہو جو براہ تکبر و ناز ایسا کریں۔

امام بخاری و مسلم نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس کو روایت فرمایا۔

نام اور وصف میں فرق ہے

سادساً: حدیث میں ممانعت ہے تو نام رکھنے کی، کسی کے وصف میں کوئی بات بیان کرنے اور نام رکھنے میں بڑا بل ہے۔ آخر نہ دیکھا کہ حدیثوں میں عزیز و حکم و حکیم نام رکھنے کی ممانعت آئی اور عزت و حکم و حکمت سے قرآن و حدیث میں بندوں کا وصف فرمایا گیا، جن کی سندیں اوپر گزریں۔ نیز اس کی نظیر حابس الفیل و سائق البقرات ہے کہ رب عزوجل کے یہ نام رکھنا حرام اور وصف وارد۔

جب واقعہ حدیبیہ میں ناقہ قصوا شریف بیٹھ گئی اور لوگوں نے کہا ناقہ نے سرکشی کی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نہ اس نے سرکشی کی نہ اس کی یہ عادت۔

لکن حبسها حابس الفیل .

بلکہ اسے حابس فیل نے روک دیا یعنی جس نے ابرہہ کے ہاتھی کو بٹھا دیا اور کعبہ معظمہ پر حملہ کرنے سے روکا تھا۔ عز جلالہ۔

اکیدر بادشاہ دومۃ الجندل کے واقعہ میں حضرت بجیرہ طائی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

تبارک سائق البقات انی
رایت اللہ یھدی کل ھاد

جانوروں کا چلانے والا بابرکت ہے، میں نے سمجھا کہ اللہ تعالیٰ ہر ہدایت چاہنے والے کو ہدایت دیتا ہے۔ (مولف)

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا کلام پسند کیا اور فرمایا، اللہ تیرا منہ بے دندان نہ کرے۔نوے برس جیے کسی دانت کو جنبش نہ ہوئی۔

حاصل بحث

اس بحث کے آخر میں امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

حاصل بحث یہ ہے تمام وہ کلام کہ ان اکابر متقدمین ومتاخرین ائمہ دین وفقہائے معتمدین و عرفائے کاملین کی طرف سے فقیر نے حاضر کیا اور ممکن کہ خود ان کے پاس اس سے بھی بہتر جواب ہو، و فوق کل ذی علم علیم .

سابعاً : اس سب سے قطع نظر کر کے یہی فرض کر لیجیے کہ معاذ اللہ ان تمام اکابر پر طعن ثابت ہو اور جواب معدوم تو انصافاً فقیر (امام احمد رضا) کا مصرع'' حاجیو آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو'اب بھی اس روش پر نہیں کہ ان ائمہ وعلماء نے قطعاً غیر خدا کو شہنشاہ وقاضی القضاۃ کہا ہے حتی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی نہیں بلکہ کسی عالم یا ولی یا نرے حکام دنیوی کو اور وہ مصرع اس معنی میں ہرگز متعین نہیں۔ہم پوچھتے ہیں لفظ شہنشاہ حضرت عزت جل جلالہ سے مخصوص ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو سرے سے منشاء شبہ زائل، اور اگر ہے تو جو لفظ اللہ عزوجل کے لیے خاص تھا اسے غیر اللہ پر کیوں حمل کیجیے؟ شہنشاہ سے اللہ ہی کیوں نہ مراد لیجیے کہ روضہ بمعنی قبر نہیں بلکہ خیاباں اور کیاری کو کہتے ہیں قال اللہ تعالیٰ فی روضۃ یحبرون قبر پر اس کا

اطلاق تشبیہ بلیغ ہے جیسے رایت اسدا یرمی حدیث شریف میں قبر مومن کو روضة من ریاض الجنة فرمایا۔ جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری، تو روضۂ شہنشاہ کے معنی ہوئے الٰہی خیاباں، خدا کی کیاری۔ اس میں کیا حرج ہے۔

جب قرآن عظیم نے مدینہ طیبہ کی ساری زمین کی اضافت اللہ عزوجل کی طرف فرمایا۔

الم تکن ارض الله واسعة فتها جروا فیها

کیا خدا کی زمین یعنی مدینہ کشادہ نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کرتے۔

تو خاص روضۂ انور کو الٰہی روضہ، شاہنشاہی خیاباں، ربانی کیاری کہنے میں کیا حرج ہے۔

بایں ہمہ جب فقیر بعون القدیر آیت وحدیث سے اپنے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مالک الناس ، ملک الناس ، مالک الارض ، مالک رقاب الامم ہونا ثابت کر چکا تو لفظ پر اصرار یا خلاف دلالت پر انکار کی حاجت نہیں، یہ بھی ہمارے علماء سے بعض متاخرین کا قول ہے اس کے لحاظ سے بجائے شہنشاہ، شہ طیبہ کہیئے کہ وہ شاہ طیبہ بھی ہیں اور شاہ تمام روئے زمین بھی اور شاہ تمام اولین وآخرین بھی، جن میں ملوک وسلاطین سب داخل، بادشاہ ہو یا رعیت وہ کون ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دائرہ غلامی سے باہر سر نکال سکتا ہے۔

محمد عربی کا بروئے ہر دوسرا ست
کسیکہ خاک درش نیست خاک بر سراو

محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دونوں جہاں کی عزت وآبرو ہیں، جو ان کے در کی خاک نہیں تو اس کے سر پر مٹی ہے۔ (فقہ شہنشاہ وان القلوب بید المحبوب بعطاء اللہ)

مالک کونین ﷺ

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

النبی أولی بالمومنین من انفسہم

یہ نبی مسلمانوں کا ان کی جان سے زیادہ مالک ہے۔

(الاحزاب/٦)

مالک کونین ﷺ

رب عزوجل جملہ مخلوقات کا خالق ہے اس نے اپنے پیارے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کائنات اور پوری مخلوقات کا مالک بنادیا ہے اللہ تعالیٰ جس چیز کا خالق ہے جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے مالک ہیں۔ حضور ہر چیز کے مالک ہیں یہاں تک کہ مومنین کے جان و مال کے بھی مالک ہیں بلکہ حضور مسلمانوں کا ان کی جانوں سے زیادہ مالک ہیں۔ مسلمان پر لازم ہے کہ وہ اپنے کو سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ملکیت وولایت میں سمجھے ورنہ وہ سنت وایمان کی حلاوت ولذت سے محروم رہے گا۔

اس سلسلہ میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے جو روح افزا اقوال وارشادات نقل فرمائے ہیں انھیں ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت امام اجل عارف باللہ سیدی سہل بن عبد اللہ تستری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پھر امام اجل قاضی عیاض شفا شریف، پھر امام احمد قسطلانی مواہب لدنیہ شریف نقلا وتذکیرا پھر علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض پھر علامہ محمد بن عبد الباقی زرقانی شرح مواہب میں شرحا وتفسیرا فرماتے ہیں

من لم یرولایة الرسول علیه السلام فی جمیع احواله و لم یر نفسه فی ملکه لا یذوق حلاوة سنته.

جو ہر حال میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنا والی اور اپنے آپ کو حضور کا مملوک نہ جانے وہ سنت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حلاوت سے اصلاً خبردار نہ ہوگا۔

مولانا شاہ عبد العزیز صاحب تحفہ اثنا عشریہ میں نقل فرماتے ہیں کہ حق سبحانہ وتعالیٰ زبور شریف

میں فرماتا ہے:

یا احمد فاضت الرحمة علی شفتیک من اجل ذلک بارک علیک فتقلد السیف فان بهاء ک و حمدک الغالب (الی قوله) الامم یخرون تحتک کتاب حق جاء الله به من الیمن و التقدیس من جبل فاران و امتلاء ت الارض من تحمید احمد و تقدیسه و ملک الارض و رقاب الامم .

اے احمد تیرے لبوں پر رحمت نے جوش مارا میں اسی لیے تجھے برکت دیتا ہوں تو اپنی تلوار حمائل کر کہ تیری چمک اور تیری تعریف ہی غالب ہے، سب امتیں تیرے قدموں میں گریں گی۔ سچی کتاب لایا اللہ برکت و پاکی کے ساتھ مکہ کے پہاڑ سے، بھر گئی زمین احمد کی حمد اور اس کی پاکی بولنے سے، احمد مالک ہوا ساری زمین اور تمام امتوں کی گردنوں کا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

امام احمد مسند میں بطریق ابی معشر البراء ثنی صدقة بن طیسلة ثنی معن بن ثعلبة المازنی و الحی بعد ثنی الاعشی المازنی رضی الله تعالیٰ عنه اور عبداللہ بن احمد زوائد مسند میں بطریق **عوف بن کهمس بن الحسن عن صدقة بن طیسلة الخ.** اور امام ابوجعفر طحاوی شرح معانی الآثار میں بطریق **ابی معشر المذکور نحو روایة احمد سند او متنا** اور **ابن خیثمة و ابن شاهین بهذا الطریق و بغیره** اور **بغوی و ابن السکن و ابن ابی عاصم بطریق الجنید بن امین بن ذروة بن نضلة بن بهصل الحرمازی عن ابیه عن جده نضلة** حضرت اعشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

کہ یہ خدمت حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں اپنے بعض اقارب کی ایک فریاد لے کر حاضر ہوئے اور اپنی منظوم عرض مسامع قدسیہ میں عرض کی جس کی ابتداء اس مصرع سے تھی:

یا مالک الناس و دیان العرب

اے تمام آدمیوں کے مالک اور اے عرب کے جزاو سزا دینے والے، حضرت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی فریاد سن کر شکایت رفع فرمادی۔

یہ مالکیت حقہ صادقہ محیط شاملہ تامہ کاملہ حضور پرنور مالک الناس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بخلافت کبریٰ حضرت کبریا عزوعلا تمام جہان پر حاصل ہے

قال اللہ تعالیٰ النبی اولی بالمومنین من انفسھم

نبی زیادہ والی و مالک ومختار ہے تمام اہل ایمان کا خود ان کی جانوں سے۔

و قال تبارک و تعالیٰ ما کان لمومن و لا مومنة اذا قضی اللہ و رسولہ امرا ان یکون لھم الخیرة من انفسھم و من یعص اللہ و رسولہ فقد ضل ضلالا مبینا.

نہیں پہنچتا کسی مسلمان مرد نہ کسی مسلمان عورت کو جب حکم کردیں اللہ اور اس کے رسول کسی بات کا کہ انھیں کچھ اختیار رہے اپنی جانوں کا اور جو حکم نہ مانے اللہ اور رسول کا تو وہ صریح گمراہ ہوا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں انا اولی بالمومنین من انفسھم.

میں مسلمانوں کا ان کی جانوں سے زیادہ والی ہوں۔ (مولف)

اسے احمد اور بخاری ومسلم اور نسائی و ابن ماجہ نے ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

(النور والضیاء فی احکام بعض الاسماء)

فاروق اعظم کا فرمان

امام ابوحذیفہ اسحاق بن بشر فتوح الشام اور حسن بن بشران اپنے فوائد میں ابن شہاب زہری وغیرہ

ائمہ تابعین سے راوی کہ امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ایک خطبہ میں بر سر منبر فرمایا

قد كنت مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فكنت عبده و خادمه .

میں حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں تھا تو میں حضور کا عبد تھا حضور کا بندہ اور حضور کا خدمتی تھا۔

نیز ابن بشران امالی اور ابو احمد دہقان جزء حدیثی اور ابن عساکر تاریخ دمشق اور لالکائی کتاب السنۃ میں افضل التابعین سیدنا سعید بن المسیب بن حزن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی جب امیر المومنین حضرت عمر خلیفہ ہوئے منبر اطہر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کھڑے ہو کر خطبہ فرمایا حمد و درود کے بعد فرمایا

ايها الناس انى قد علمت انكم كنتم تونسون منى شدة و غلظة و ذلك انى كنت مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و كنت عبده و خادمه .

لوگو میں جانتا ہوں کہ تم مجھ میں سختی و درشتی پاتے تھے اور اس کا سبب یہ ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اور میں حضور کا عبد حضور کا بندہ اور حضور کا خدمت گزار تھا۔ الحدیث

(النور والضیاء فی احکام بعض الاسماء)

نبی مومنوں کے والی ہیں

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر مسلمان کے ولی و والی ہیں

اللہ عزوجل فرماتا ہے **النبی اولی بالمومنین من انفسھم**

نبی مسلمانوں کا زیادہ والی ہے ان کی جانوں سے۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں انا اولی بالمومنین من انفسھم .

میں مسلمانوں کا ان کی جانوں سے زیادہ والی ہوں۔ احمد و بخاری و مسلم اور نسائی و ابن ماجہ نے ابو ہریرہ سے یہ حدیث روایت کی۔

مد۔ مناوی شرح میں فرماتے ہیں :

لانی الخلیفة الاکبر الممد لکل موجود

اس لیے کہ میں اللہ عزوجل کا نائب اعظم اور تمام مخلوق الٰہی کا مددرساں ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: **ما من مومن الا و انا اولی به فی الدنیا و الآخرة اقرؤا ان شئتم النبی اولی بالمومنین من انفسھم فایما مومن مات و ترک مالا فلیرثه عصبة من کانوا و من ترک دینا او ضیاعا فلیاتنی فانا مولاہ .**

کوئی مسلمان ایسا نہیں کہ میں دنیا و آخرت میں سب سے زیادہ اس کا والی نہ ہوں تمھارے جی میں آئے تو یہ آیہ کریمہ پڑھو کہ نبی زیادہ والی ہے مسلمانوں کا ان کی جانوں سے تو جو مسلمان مرے اور ترکہ چھوڑے اس کے وارث اس کے عصبہ ہوں اور جو اپنے اوپر کوئی دین بیکس بے زر بچے چھوڑے وہ میری پناہ میں آئے کہ اس کا مولیٰ میں ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیک وعلیٰ آلک و بارک وسلم۔ بخاری و مسلم اور ترمذی نے ابو ہریرہ سے اور ابو داؤد و ترمذی نے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے یہ حدیث روایت کی۔

امام عینی عمدۃ القاری میں زیر حدیث مذکور میں فرماتے ہیں **المولیٰ الناصر** یہاں مولیٰ بہ معنی مددگار ہے۔ (الامن والعلی)

اللہ ورسول نگہبان ہیں

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **اللہ و رسولہ مولیٰ من لا مولیٰ لہ**

جس کا کوئی نگہبان نہ ہو اللہ ورسول اس کے نگہبان ہیں۔ ترمذی نے بافادۂ تحسین اور ابن ماجہ نے امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

علامہ مناوی تیسیر میں اس کی شرح میں فرماتے ہیں :

ای حافظ من لا حافظ لہ

یعنی ارشاد حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس کا کوئی حافظ نہیں اللہ ورسول اس کے حافظ ہیں۔

حضور ولی وکارساز ہیں

جب سیدنا حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت ہوئی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے یہاں تشریف لے گئے اوران کے یتیم بچوں کو خدمت اقدس میں یاد فرمایا وہ حاضر ہوئے حضرت عبد اللہ بن جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہما اسے بیان کر کے فرماتے ہیں

فجاء ت امنا فذکرت یتیمنا فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم العیلة تخافین علیھم و انا ولیھم فی الدنیا و الآخرة .

میری ماں نے حاضر ہو کر حضور پناہ بے کساں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہماری یتیمی کی شکایت کی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا ان پر محتاجی کا اندیشہ کرتی ہے حالاں کہ میں ان کا ولی و کارساز ہوں دنیا وآخرت میں (الامن والعلی)

عیسیٰ علیہ السلام کے ولی

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں انا اولی الناس بعیسیٰ بن مریم فی الدنیا و الآخرۃ لیس بینی و بینہ نبی ۔

دنیا وآخرت میں سب سے زیادہ عیسیٰ بن مریم کا ولی میں ہوں، مجھ میں اور ان (کے بیچ) میں کوئی نبی نہیں۔ احمد و بخاری و مسلم اور ابوداؤد نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کو روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۳۷)

نبوت وولایت

نبوت مطلقاً ہر ولی غیر نبی کی ولایت سے ہزاروں درجے افضل ہے کیسے ہی اعظم مرتبہ کا ولی ہو، ہاں اس میں اختلاف ہے کہ نبی کی نبوت خود اس کی اپنی ولایت سے افضل ہے یا اس کی اپنی ولایت اس کی نبوت سے، اور اس اختلاف میں خوض کی کوئی حاجت نہیں۔ پہلی بات ضروریات دین سے ہے اس کا اعتقاد مدار ایمان ہے جو کسی ولی غیر نبی حتی کہ صدیق کو کسی نبی سے افضل یا ہمسر ہی کہے کافر۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۷۰)

حضور مالک جنت ہیں

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ ایک مقام پر فرماتے ہیں :

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے رب کی عطا سے مالک جنت ہیں، معطی جنت ہیں جسے چاہیں عطا فرمائیں۔

امام حجۃ الاسلام غزالی پھر امام احمد قسطلانی مواہب لدنیہ پھر علامہ محمد زرقانی اس کی شرح میں فرماتے ہیں :

ان اللہ تعالیٰ ملکہ الارض کلھا و انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان یقطع ارض الجنۃ ما شاء منھا لمن شاء فارض الدنیا اولی .

اللہ تعالیٰ نے دنیا اور آخرت کی تمام زمینوں کا حضور کو مالک کر دیا ہے حضور جنت کی زمین میں سے جتنی چاہیں جسے چاہیں جاگیر بخشیں تو دنیا کی زمین کا کیا ذکر۔ (فتاویٰ رضویہ ج ٦، ص ١٤٦)

زمین کے مالک

صحراؤں، جنگلوں کی افتادہ زمینیں بادشاہ کی ملک نہیں ہوتیں وہ اصل ملک خدا اور رسول پر ہیں۔ جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ حدیث میں ہے۔

عادی الارض للہ و رسولہ

افتادہ زمینیں اللہ و رسول کی ملک ہیں۔ جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ٣، ص ٨٠٦)

اسے امام بیہقی نے شعب الایمان میں طاؤس اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے موقوفاً روایت کیا

مسلمان اور ان کا مال حضور کی ملکیت ہیں

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسلمانوں کے جان و مال کے مالک ہیں اگر وہ کسی مسلمان سے کچھ طلب فرمائیں وہ معاذ اللہ سوال نہیں بلکہ یقیناً ایسا ہے جیسے مولیٰ اپنے غلام سے اس کی کمائی کا کچھ لے

کہ غلام اور اس کی کمائی سب مولیٰ کی ملک ہے۔ اسی لیے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی۔

هل انا و مالی الا لک یا رسول الله ۔

میں اور میرا مال سب حضور ہی کے ہیں یارسول اللہ!

(فتاویٰ رضویہ ج ۱ ص ۷۵۵ ۔ قوانین العلماء)

خزانہ کرم حضور کے دست رحمت میں

علامہ علی قاری علیہ رحمۃ الباری مرقاۃ میں فرماتے ہیں :

یوخذ من اطلاقه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الامر بالسوال ان الله تعالیٰ مکنه من عطاء کل ما اراد من خزائن الحق.

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو مانگنے کا حکم مطلق دیا (یعنی حضور نے ربیعہ سے فرمایا کہ مانگ کیا مانگتا ہے) اس سے مستفاد ہوتا ہے کہ اللہ عزوجل نے حضور کو قدرت بخشی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں سے جو کچھ چاہیں عطا فرمائیں۔

پھر لکھا :

و ذکر ابن سبع فی خصائصه وغیره ان الله تعالیٰ اقطعه ارض الجنة یعطی منها ما شاء لمن یشاء ۔

یعنی ابن سبع وغیرہ علماء نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصائص کریمہ میں ذکر کیا ہے کہ جنت کی زمین اللہ عزوجل نے حضور کی جاگیر کردی ہے کہ اس میں سے جو چاہیں جسے چاہیں بخش دیں۔

امام اجل ابن حجر مکی جوہر منظم میں فرماتے ہیں :

انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خلیفة الله الذی جعل خزائن کرمه و موائد

نعمه طوع یدیه و تحت ارادته یعطی منها من یشاء و یمنع من یشاء .

بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ عزوجل کے خلیفہ ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم کے خزانے اور اپنی نعمتوں کے خوان حضور کے دست وقدرت کے فرماں بردار اور حضور کے زیر حکم ارادہ واختیار کردیے ہیں کہ جسے چاہیں عطا فرماتے ہیں اور جسے چاہیں نہیں دیتے۔ (فتاویٰ افریقہ ۱۱۹)

رسول اللہ ﷺ کی تعظیم وتکریم

شرک ٹھہرے جس میں تعظیم حبیب
اس برے مذہب پہ لعنت کیجیے

لتومنوا باللہ و رسولہ و تعزروہ و توقروہ و تسبحوہ بکرۃ و أصیلا۔

تا کہ اے لوگو تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم وتوقیر کرو اور صبح وشام اللہ کی پاکی بولو۔
(الفتح/۹)

رسول اللہ ﷺ کی تعظیم و تکریم

امت پر حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے حقوق میں ایک نہایت ہی اہم اور بہت ہی بڑا حق یہ بھی ہے کہ ہر امتی پر فرض عین ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ سے نسبت و تعلق رکھنے والی تمام چیزوں کی تعظیم و توقیر اور ان کا ادب و احترام کرے اور ہرگز ہرگز کبھی ان کی شان میں کوئی بے ادبی نہ کرے احکم الحاکمین کا فرمان والا شان ہے کہ :

انا ارسلناک شاھدا و مبشرا و نذیرا لتومنوا باللہ و رسولہ و تعزروہ و توقروہ و تسبحوہ بکرۃ و أصیلا .

بیشک ہم نے تمھیں (اے رسول) بھیجا حاضر و ناظر اور خوش خبری دینے والا اور ڈر سنانے والا تا کہ اے لوگو تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم و توقیر کرو اور صبح و شام اللہ کی پاکی بولو۔

حضور کی توہین کرنے والا کافر ہے

حضرت علامہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ اس بات پر تمام علماء امت کا اجماع ہے کہ :

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گالی دینے والا، یا ان کی ذات، ان کے خاندان، ان کے دین، ان کی کسی خصلت میں نقص بتانے والا یا اس کی طرف اشارہ کنایہ کرنے والا، یا حضور کو بد گوئی کے طریقے پر کسی چیز سے تشبیہ دینے والا، یا آپ کو عیب لگانے والا، یا آپ کی شان کو چھوٹی بتانے والا، یا آپ کی تحقیر کرنے والا بادشاہ اسلام کے حکم سے قتل کر دیا جائے گا۔

اسی طرح حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر لعنت کرنے والا، یا آپ کے لیے بد دعا کرنے والا، یا

آپ کی طرف کسی ایسی بات کی نسبت کرنے والا جو آپ کے منصب کے لائق نہ ہو، یا آپ کے لیے کسی مضرت کی تمنا کرنے والا، یا آپ کی مقدس جناب میں کوئی ایسا کلام بولنے والا جس سے آپ کی شان میں استخفاف ہوتا ہو، یا کسی آزمائش یا امتحان کی باتوں سے آپ کو عار دلانے والا بھی سلطان اسلام کے حکم سے قتل کر دیا جائے گا، اور وہ مرتد قرار دیا جائے گا اور اس کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی۔ اور اس مسئلہ میں علماء امصار اور سلف صالحین کے مابین کوئی اختلاف نہیں ہے کہ ایسا شخص کافر قرار دے کر قتل کر دیا جائے گا۔

محمد بن سحنون علیہ الرحمۃ نے فرمایا: کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں بدزبانی کرنے والا اور آپ کی تنقیص کرنے والا کافر ہے اور جو اس کے کفر اور عذاب میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔ اور توہین رسالت کرنے والے کی دنیا میں یہ سزا ہے کہ وہ قتل کر دیا جائے گا۔

اسی طرح علامہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے متعلقین یعنی آپ کے اصحاب، آپ کے اہل بیت، آپ کی ازواج مطہرات وغیرہ کو گالی دینے والے کے بارے میں فرمایا کہ

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے اہل بیت اور آپ کی ازواج مطہرات اور آپ کے اصحاب کو گالی دینا، یا ان کی شان میں تنقیص کرنا حرام ہے اور ایسا کرنے والا ملعون ہے۔

یہی وجہ ہے کہ حضرات صحابہ کرام حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس قدر ادب و احترام کرتے تھے اور آپ کی مقدس بارگاہ میں اتنی تعظیم وتکریم کا مظاہرہ کرتے تھے کہ عروہ بن مسعود ثقفی جب کہ مسلمان نہیں ہوئے تھے اور کفار مکہ کے نمائندہ بن کر میدان حدیبیہ میں گئے تھے تو وہاں سے واپس آکر انھوں نے کفار کے مجمع میں علی الاعلان یہ کہا تھا کہ :

اے میری قوم! میں نے بادشاہ روم قیصر اور بادشاہ فارس کسریٰ اور بادشاہ حبشہ نجاشی، سب کا دربار دیکھا ہے مگر خدا کی قسم میں نے کسی بادشاہ کے درباریوں کو اپنے بادشاہ کی اتنی تعظیم کرتے نہیں دیکھا

جتنی تعظیم محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے اصحاب، محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی کرتے ہیں۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب کبار اپنے آقائے نامدار کے دربار میں تعظیم وتکریم کے جذبات سے سرشار رہتے تھے۔

سر پر چڑیاں

حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضرین مجلس کے ساتھ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی سیرت مقدسہ کا تذکرہ کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ

جس وقت آپ کلام فرماتے تھے تو آپ کی مجلس میں بیٹھنے والے صحابہ کرام اس طرح سر جھکا کر خاموش اور سکون کے ساتھ بیٹھے رہا کرتے تھے کہ گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں، جس وقت آپ خاموش ہو جاتے تو صحابہ کرام گفتگو کرتے اور کبھی آپ کے سامنے کلام میں تنازعہ نہیں کرتے اور جو آپ کے سامنے کلام کرتا آپ توجہ کے ساتھ اس کے کلام کو سنتے رہتے یہاں تک کہ وہ خاموش ہو جاتا۔

عمرو بن العاص کے تین دور

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے بستر موت پر اپنے صاحبزادے سے اپنی زندگی کے تین دور کا تذکرہ فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ میری پہلی حالت یہ تھی کہ میں کفر کی حالت میں سب سے زیادہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جانی دشمن تھا اگر میں اس حالت میں مر جاتا تو یقیناً میں دوزخی ہوتا۔

دوسری حالت مسلمان ہونے کے بعد تھی کہ کوئی شخص میرے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب نہ تھا اور میری آنکھوں میں آپ سے زیادہ عظمت وجلالت والا کوئی بھی نہ تھا اور میں

آپ کی ہیبت کی وجہ سے آپ کی طرف نظر بھر کر دیکھ نہیں سکتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ اگر مجھ سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حلیہ دریافت کیا جائے تو میں اچھی طرح بیان نہیں کر سکتا، اگر میں اس حال پر مر گیا تو مجھے امید ہے کہ میں اہل جنت میں سے ہوتا۔

تیسری حالت میری گورنری اور حکومت کی تھی جس میں مجھے اپنا حال معلوم نہیں۔

کون بڑا

امیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت قباث بن اشیم سے پوچھا کہ تم بڑے ہو یا رسول اللہ؟ انھوں نے کہا کہ بڑے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی ہیں مگر میری پیدائش حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلے ہوئی ہے۔

حضرت براء کا ادب

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کچھ دریافت کرنے کا ارادہ رکھتا تھا مگر کمال ادب اور آپ کی ہیبت سے برسوں دریافت نہیں کر سکتا تھا۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ)

تعظیم رسول کے بغیر عبادت مقبول نہیں

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم و تکریم اور اس کے بغیر عبادت قبول نہ ہونے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

قرآن عظیم میں ان کی تعظیم کو اپنی عبادت سے مقدم رکھا کہ فرمایا :

لتومنوا باللہ و رسولہ و تعزروہ و توقروہ و تسبحوہ بکرۃ و اصیلا۔

تا کہ تم ایمان لاؤ اللہ ورسول پر اور رسول کی تعظیم وتوقیر کرو اور صبح وشام اللہ کی پاکی بولو یعنی نماز پڑھو۔

تو سب میں مقدم ایمان ہے کہ بے اس کے تعظیم رسول مقبول نہیں، اس کے بعد تعظیم رسول ہے کہ بے اس کے نماز اور کوئی عبادت مقبول نہیں۔ یوں تو عبداللہ تمام جہان ہے مگر سچا عبداللہ وہ ہے جو عبد مصطفیٰ ہے ورنہ عبد شیطان ہوگا۔ (الملفوظ حصہ اول)

عبدالمصطفیٰ ہی درحقیقت مومن ہے

عبداللہ بمعنی خلق خدا و ملک خدا تو ہر مومن و کافر ہے، مومن وہی ہے جو عبدالمصطفیٰ ہے۔

امام الاولیاء ومرجع العلماء سہل بن عبداللہ تستری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

من لم یر نفسہ فی ملک النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یذوق حلاوۃ الایمان.

جو اپنے آپ کو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مملوک نہ جانے ایمان کا مزہ نہ چکھے گا۔

آخر نہ دیکھا جب اللہ عزوجل نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نور سیدنا آدم علیہ الصلاۃ والسلام کی پیشانی میں ودیعت رکھا اور اسی نور کی تعظیم کے لیے تمام ملائکہ علیہم الصلاۃ والسلام کو سجدہ کا حکم دیا سب نے سجدہ کیا ابلیس لعین نے نہ کیا، کیا وہ اس وقت عبداللہ ہونے سے نکل گیا؟ اللہ کا مخلوق، اللہ کا مملوک نہ رہا؟ حاشا یہ تو ناممکن ہے بلکہ نور مصطفیٰ کی تعظیم کو سر نہ جھکا، عبدالمصطفیٰ نہ بنا لہٰذا مردود ابدی وملعون سرمدی ہوا۔ آدمی کو اختیار ہے چاہے عبدالمصطفیٰ بنے اور ملائکہ مقربین کا ساتھی ہو یا اس سے انکار کرے اور ابلیس لعین کا ساتھ دے۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے :

و انکحوا الایامی منکم و الصالحین من عبادکم و امائکم.

تم میں جو عورتیں بے شوہر ہوں انھیں بیاہ دو اور تمھارے بندوں اور تمھاری باندیوں میں جو لائق ہوں ان کا نکاح کر دو۔ کہ ہمارے غلاموں کو ہمارا بندہ فرمایا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **لیس علی المسلم فی عبدہ و لا فرسہ صدقۃ.**

مسلمان پر اس کے بندے اور گھوڑے میں زکوۃ نہیں۔ یہ حدیث صحیح بخاری و صحیح مسلم اور باقی سب صحاح میں ہے۔

امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجمع صحابہ میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو جمع فرما کر علانیہ برسر منبر فرمایا

کنت مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و کنت عبدہ و خادمہ .

میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ میں حضور کا بندہ تھا اور حضور کا خدمت گار تھا۔

مثنوی شریف میں قصہ خریدار بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی۔

گفت ما دو بندگان کوئے تو
کردمش آزاد ہم بر روئے تو

اللہ عزوجل فرماتا ہے **قل یعبادی الذین اسرفوا علی انفسهم لا تقنطوا من رحمة**

اللہ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا انک ھو الغفور الرحیم.

اے محبوب تم اپنی تمام امت سے یوں خطاب فرماؤ کہ اے میرے بندو جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو بیشک اللہ سب گناہ بخش دیتا ہے وہی ہے بخشنے والا مہربان۔

بندۂ خود خواند احمد در رشاد
جملہ عالم را بخواں قل یاعباد
یاعبادی کہہ کے ہم کو شاہ نے
اپنا بندہ کر لیا پھر تجھ کو کیا

یہ سب دلائل اس بات پر ہیں کہ عبدالمصطفیٰ ہی درحقیقت عبداللہ ہے۔ (احکام شریعت دوم)

ذکراقدس کے وقت قیام

جولوگ ذکر ولادت کے وقت قیام کرنے کو بدعت وناجائز کہتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ پورا بیان تو بیٹھ کر پڑھا جاتا ہے اور آخر میں قیام کیا جاتا ہے یا تو پورا بیان حالت قیام میں پڑھا جائے یا اگر ایسا نہیں تو آخر میں بھی قیام نہ کیا جائے کہ ایسا کرنا بدعت ہے۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ اس بات کے جواب میں تحریر فرماتے ہیں:

تعظیم ذکر اقدس مثل تعظیم ذات انور ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ تعظیم ذات باختلاف حالات مختلف ہوتی ہے معظم کے قدوم کے وقت قیام کیا جاتا ہے اور اس کے حضور کے وقت باادب اس کے سامنے بیٹھنا تعظیم ہے۔ ذکر شریف میں بھی ذکر قدوم کی تعظیم قیام سے ہے اور باقی وقت کی تعظیم باادب قعود سے۔

(احکام شریعت حصہ دوم)

اصل ایمان

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی تعظیم ومحبت اصل ایمان ومدار ایمان ہے، جس کے بغیر عبادت مقبول نہیں۔

اللہ عزوجل فرماتا ہے

لتومنوا باللہ و رسولہ و تعزروہ و توقروہ .

یعنی یہ رسول کا بھیجنا کس لیے ہے، خود فرماتا ہے، اس لیے کہ تم اللہ ورسول پر ایمان لاؤ اور رسول کی تعظیم وتوقیر کرو۔

معلوم ہوا کہ دین وایمان محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم کا نام ہے جو ان کی تعظیم میں کلام کرے اصل رسالت کو باطل وبیکار کیا چاہتا ہے۔

بارگاہ رسالت کا ادب

قرآن عظیم میں اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے:

یا ایھا الذین آمنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی و لا تجھروا لہ بالقول کجھر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم و انتم لا تشعرون.

اے ایمان والو نہ بلند کرو اپنی آوازیں نبی کی آواز پر اور اس کے حضور چلا کر نہ بولو جیسے آپس میں ایک دوسرے کے سامنے چلاتے ہو کہیں تمھارے عمل اکارت نہ ہو جائیں اور تمھیں خبر نہ ہو۔

امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے روضۂ انور کے پاس کسی کو اونچی آواز سے بولتے دیکھا فرمایا کیا اپنی آواز نبی کی آواز پر بلند کرتا ہے اور یہی آیت تلاوت کی۔ (الکوکبۃ الشہابیۃ فی کفریات ابی الوھابیۃ)

محبت رسول مدار ایمان ہے

اہل سنت و جماعت کا مدار ایمان حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت ہے جب تک اپنے ماں باپ اولاد وتمام جہان سے زیادہ حضور کی محبت نہ رکھے مسلمان نہیں خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ و ولدہ و الناس اجمعین.

تم میں کوئی مسلمان نہیں ہوتا جب تک میں اس کے ماں باپ اور اولاد اور سب لوگوں سے زیادہ پیارا نہ ہوں۔ (اعالی الافادۃ فی تعزیۃ الہند وبیان الشہادۃ)

تعظیم رسول مدار ایمان ہے

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم مدار ایمان ہے جو ان کی تعظیم نہ کرے کافر ہے بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت عین ایمان ہے جسے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام جہان سے زیادہ پیارے نہ ہوں مسلمان نہیں۔حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ان کی تصدیق میں ہے، معاذ اللہ تکذیب سے بڑھ کر اور کیا توہین ہوگی۔حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت اِتباع حق میں ہے معاذ اللہ ان پر افترا کرنا گویا دشمنی ہے۔

حکم تعظیم

افعال تعظیم ومحبت میں ہمیشہ مسلمانوں کے لیے راہ احداث کشادہ ہے جس طرح چاہیں محبوبان خدا کی تعظیم بجالائیں جب تک کسی خاص صورت سے شرعاً ممانعت نہ ہو، جیسے سجدہ۔ وہاں خاص کا ثبوت مانگنے والا اللہ عزوجل سے مقابلہ کرتا ہے کہ مولیٰ عزوجل نے مطلق بلاتقیید وتحدید انبیاء واولیاء علیہم افضل

الصلاۃ والثناء کا حکم فرمایا:

قال اللہ تعالیٰ : و تعزروہ و توقروہ .

رسول کی تعظیم وتوقیر کرو۔

و قال تعالیٰ فالذین آمنوا بہ و عزروہ و نصروہ و اتبعوا النور الذی انزل معہ اولئک ھم المفلحون.

جو اس نبی امی پر ایمان لائیں اور اس کی تعظیم و مدد اور اس نور کی جو اس کے ساتھ اترا پیروی کریں وہی فلاح پائیں گے۔

و قال تعالیٰ لئن اقمتم الصلاۃ و اتیتم الزکوۃ و امنتم برسلی و عزرتموھم و اقرضتم اللہ قرضا حسنا لاکفرن عنکم سیاتکم و لادخلنکم جنت تجری من تحتھا الانھر.

اگر تم نماز قائم رکھو اور زکوۃ دو اور میرے رسولوں پر ایمان لاؤ اور ان کی تعظیم کرو اور اللہ کے لیے اچھا قرض دو تو ضرور تمھارے گناہ مٹا دوں گا اور ضرور تمھیں جنتوں میں لے جاؤں گا جن کے نیچے نہریں بہیں۔
(فتاویٰ افریقہ)

ذکر ولادت کے وقت قیام کرنا تعظیم ہے

قیام، وقت ذکر ولادت خیر الانام علیہ وعلی آلہ وافضل الصلاۃ والسلام صدہا سال سے بلاد دار الاسلام میں رائج و معمول اور اکابر ائمہ وعلماء میں مقرر و مقبول۔ شرع میں اس سے منع مفقود اور بے منع شرعی، منع مردود۔ علی الخصوص حرمین طیبین کہ معظمہ و مدینہ منورہ صلی اللہ علی منورہما وبارک وسلم کہ مبدء و مرجع دین

وایمان ہیں وہاں کے اکابر علماء ومفتیان مذاہب اربعہ مدتہامدت سے اس فعل کے فاعل و عامل وقائل وقابل ہیں۔ائمہ معتمدین نے اسے حرام نہ فرمایا بلکہ بلاشبہ مستحب و مستحسن ٹھہرایا۔

علامہ جلیل الشان علی بن برہان الدین حلبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے سیرت مبارکہ انسان العیون میں تصریح فرمائی کہ یہ قیام بدعت حسنہ ہے اور ارشاد فرماتے ہیں۔

و قد وجد القيام عند ذكر اسمه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من عالم الامة و اقتداء الائمة دينا و ورعا تقى الدين سبكى رحمة الله تعالىٰ عليه و تابعه على ذلك مشايخ الاسلام فى عصره ، فقد حكى بعضهم ان الامام السبكى اجتمع عنده جمع كثير من علماء عصره فانشد فيه قول الصرصرى فى مدحه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم.

قليل لمدح المصطفىٰ الخط بالذهب　　على فضة من خط احسن من كتب
و ان ينهض الاشراف عند سماعه　　قياما صفوفا او جثيا على الركب

فعند ذلك قام الامام السبكى و جميع من فى المجلس فحصل انس كثير بذلك المجلس و كفى ذلك فى الاقتداء.

بیشک وقت ذکر نام پاک حضور سید الانام علیہ افضل الصلاۃ والسلام قیام کرنا امام تقی الملۃ والدین سبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے پایا گیا جو اس امت مرحومہ کے عالم اور دین وتقویٰ میں اماموں کے امام ہیں اور اس قیام پر ان کے معاصرین ائمہ کرام مشائخ الاسلام نے ان کی متابعت کی ، بعض علماء یعنی انھیں امام اجل کے صاحبزادے امام شیخ الاسلام ابونصر عبدالوہاب بن ابی الحسن تقی الملۃ والدین سبکی نے طبقات کبریٰ میں نقل فرمایا کہ امام سبکی کے حضور ایک جماعت کثیر اس زمانہ کے علماء کی مجتمع ہوئی۔اس مجلس میں کسی نے امام صرصری کے یہ اشعار نعت حضور سید الابرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں پڑھے جن کا خلاصہ یہ ہے کہ

مدح مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے یہ تھوڑا ہے کہ سب سے اچھا خوش نویس ہو اس کے ہاتھ سے چاندی کے پتر پر سونے کے پانی سے لکھی جائے۔ اور جو لوگ شرف دینی رکھتے ہیں وہ ان کی نعت سن کر صف باندھ کر سر و قد یا گھٹنوں کے بل کھڑے ہو جائیں۔

ان اشعار کے سنتے ہی حضرت امام سبکی و جملہ علماء کرام حاضرین مجلس مبارک نے قیام فرمایا اور اس کی وجہ سے اس مجلس میں نہایت انس حاصل ہوا۔ علامہ جلیل حلبی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں اس قدر پیروی کے لیے کفایت کرتا ہے۔

عارف باللہ مولانا سید جعفر برزنجی قدس سرہ العزیز ''عقد الجوہر فی مولد النبی الازہر'' میں فرماتے ہیں:

قد استحسن القيام عند ذكر ولادة الشريفة ائمة رواية و دراية فطوبى لمن كان تعظيمه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم غاية مرامه و مرماه.

بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر ولادت کے وقت قیام کرنا ان اماموں نے مستحسن سمجھا ہے جو صاحب روایت و درایت تھے تو شادمانی اس کے لیے جس کی نہایت مراد و مقصود نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۶۰، ۶۱۔ اقامۃ القیامۃ)

فاضل اجل سیدی جعفر بن اسماعیل بن زین العابدین علوی مدنی نے اس کی شرح الکوکب الازہر علی عقد الجوہر میں اس مضمون پر تقریر فرمائی۔

فقیہ محدث مولانا عثمان بن حسن دمیاطی اپنے رسالہ اثبات قیام میں فرماتے ہیں:

القيام عند ذكر ولادت سيد المرسلين صلى الله تعالىٰ عليه وسلم امر لا شك فى استحبابه و استحسانه و ندبه يحصل لفاعله من الثواب الاوفر و الخير

الاکبر لانہ تعظیم ای تعظیم للنبی الکریم ذی الخلق العظیم الذی اخرجنا اللہ بہ من ظلمات الکفر الی الایمان و خلصنا اللہ بہ من نار الجھل الی جنات المعارف و الایقان فتعظیمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فیہ مسارعۃ الی رضاء رب العالمین و اظھار اقوی شعائر الدین و من یعظم شعائر اللہ فانھا من تقوی القلوب و من یعظم حرمات اللہ فھو خیر لہ عند ربہ .

قرأت مولود شریف میں ذکر ولادت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم کو قیام کرنا بے شک مستحب و مستحسن ہے جس کے فاعل کو ثواب کثیر و فضل کبیر حاصل ہوگا کہ وہ تعظیم ہے اور کیسی ہے تعظیم ان نبی کریم صاحب خلق عظیم علیہ الصلاۃ والتسلیم کی جن کی برکت سے اللہ سبحانہ تعالیٰ ہمیں ظلمات کفر سے نور ایمان کی طرف لایا اور ان کے سبب ہمیں دوزخ جہل سے بچا کر بہشت معرفت ویقین میں داخل فرمایا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم میں خوشنودی رب العالمین کی طرف دوڑنا ہے اور قوی ترین شعائر دین کا آشکار ہونا اور جو تعظیم کرے شعائر خدا کی تو وہ دلوں کی پرہیز گاری سے ہے اور جو تعظیم کرے خدا کی حرمتوں کی تو وہ اس کے لیے اس کے رب کے یہاں بہتر ہے۔

پھر بعد نقل دلائل فرمایا ہے۔

فاستفید من مجموع ما ذکرنا استحباب القیام لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عند ذکر ولادتہ لما فی ذلک من التعظیم لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یقال القیام عند ذکر ولادتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بدعۃ لا نا نقول لیس کل بدعۃ مذمومۃ. کما اجاب بذلک الامام المحقق الولی ابو ذرعۃ العراقی حین سئل عن فعل المولد استحب او مکروہ و ھل ورد فیہ شی او فعل بہ من یقتدی بہ فاجاب بقولہ الولیمۃ و اطعام الطعام مستحب کل وقت فکیف اذا انضم الی ذلک السرور بظھور نور النبوۃ

فی ھذا الشھر الشریف و لا تعلیم ذلک عن السلف و لا یلزم من کونہ بدعة مکروھةفکم من بدعة مستحبة بل واجبة اذا لم تنضم بذلک مفسد و اللہ الموفق.

یعنی ان سب دلائل سے ثابت ہوا کہ ذکر ولادت شریف کے وقت قیام مستحب ہے کہ اس میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ہے کوئی یہ نہ کہے کہ قیام تو بدعت ہے اس لیے کہ ہم کہتے ہیں کہ ہر بدعت بری نہیں ہوتی جیسا کہ یہی جواب دیا امام محقق ولی ابوذرعہ عراقی نے جب ان سے میلاد کو پوچھا تھا کہ مستحب ہے یا مکروہ اور اس میں کچھ وارد ہوا ہے یا کسی پیشوا نے کی ہے تو جواب میں فرمایا ولیمہ اور کھانا کھلانا ہر وقت مستحب ہے پھر اس صورت کا کیا پوچھنا جب اس کے ساتھ اس ماہ مبارک میں ظہور نبوت کی خوشی مل جائے اور ہمیں یہ امر سلف سے معلوم نہیں نہ بدعت ہونے سے کراہت لازم کہ بہتیری بدعتیں مستحب بلکہ واجب ہوتی ہیں جب ان کے ساتھ کوئی خرابی مضموم نہ ہو اور اللہ تعالیٰ توفیق دینے والا ہے۔

پھر ارشاد فرماتے ہیں :

قد اجتمعت الامة المحمدیة من اھل السنة و الجماعت علی استحسان القیام المذکور و قد قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا تجتمع امتی علی الضلالة .

بیشک امت مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اہل سنت و جماعت کا اجماع واتفاق ہے کہ یہ قیام مستحسن ہے اور بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں میری امت گمراہی پر جمع نہیں ہوگی۔

امام علامہ مدالقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں :

جرت عادة القوم بقیام الناس اذا انتھی المداح الی ذکر مولدہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ھی بدعة مستحبة لما فیہ من اظھار السرور و التعظیم الخ نقلہ المولیٰ الدمیاطی .

یعنی عادت قوم کی جاری ہے کہ جب مدح خواں ذکر میلاد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچتا ہے تو لوگ کھڑے ہو جاتے ہیں اور یہ بدعت مستحبہ ہے کہ اس میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیدائش پر خوشی اور حضور کی تعظیم کا اظہار ہے۔

علامہ ابوزید اپنے رسالہ میلاد میں لکھتے ہیں۔

استحسن القیام عند ذکر الولادۃ .

ذکر ولادت کے وقت قیام مستحسن ہے۔

خاتمۃ المحدثین زین الحرم عین الکرم مولانا سید احمد زین دحلان مکی قدس سرہ الملکی اپنی کتاب مستطاب الدرر السنیۃ فی الرد علی الوہابیہ میں فرماتے ہیں :

من تعظیمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الفرح بلیلۃ و لادۃ قراءۃ المولد و القیام عند ذکر ولادتہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و اطعام الطعام و غیر ذلک مما یعتاد الناس فعلہ من انواع البر فان ذلک کلہ من تعظیمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و قد افردت مسئلۃ المولد و ما یتعلق بھا بالتالیف و اعتنی بذلک کثیر من العلماء فالفوا فی ذلک مصنفات مشحونۃ بالادلۃ و البراھین فلا حاجۃ لنا الیٰ اطالتہ بذلک .

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم سے حضور کی شب ولادت کی خوشی کرنا اور مولد شریف پڑھنا اور ذکر ولادت اقدس کے وقت کھڑا ہونا اور مجلس شریف میں حاضرین کو کھانا دینا اور ان کے سوا اور نیکی کی باتیں کہ مسلمانوں میں رائج ہیں کہ یہ سب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم سے ہیں اور یہ مسئلہ مجلس میلاد اور اس کے متعلقات کا ایسا ہے جس میں مستقل کتابیں تصنیف ہوئیں اور بکثرت علماء دین نے اسکا اہتمام فرمایا اور دلائل و براہین سے بھری ہوئی کتابیں اس میں تالیف فرمائیں تو ہمیں اس مسئلہ میں تطویل کلام کی

حاجت نہیں۔

شیخ مشائخنا خاتمة المحققین امام العلمأء سید المدرسین مفتی الحنفیة بمکة المحمیه سیدنا برکتنا علامه جمال بن عبد الله بن عمر مکی اپنے فتاویٰ میں فرماتے ہیں :

القیام عند ذکر مولده الاعطر صلی الله تعالیٰ علیه وسلم استحسنه جمع من السلف فهو بدعة حسنة .

ذکر مولد اعطر حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت قیام کو ایک جماعت سلف نے مستحسن کہا تو وہ بدعت حسنہ ہے۔

پھر علامہ انباری کی موردالظمآن سے نقل فرماتے ہیں :

قال الامام السبکی و جمیع من بالمجلس و کفی بمثل ذلک فی الاقتداء آه ملخصا .

امام سبکی اور تمام حاضرین مجلس نے قیام کیا اور اس قدر اقتدا کے لیے بس ہے۔

مولانا جمال عمر قدس سرہ کے اس فتویٰ پر موافقت فرمائی مولانا صدیق بن عبدالرحمٰن کمال مدرس مسجد حرام اور حضرت علامۃ الوریٰ علم الہدیٰ مولانا وشیخنا وبرکتنا السید احمد زین دحلان شافعی اور مولانا محمد بن محمد کتبی مکی اور مولانا حسین بن ابراہیم مکی مالکی مفتی مالکیہ وغیرہم اکابر علماء نے نفعنا اللہ تعالیٰ بعلومھم آمین۔

یہی مولانا حسین دوسری جگہ فرماتے ہیں استحسنه کثیر من العلماء و هو حسن لما یجب علینا تعظیمه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم .

اسے بہت علماء نے مستحسن رکھا۔اور وہ حسن ہے کہ ہم پر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم واجب ہے

مولانا محمد بن یحیی حنبلی مفتی حنابلہ فرماتے ہیں **نعم یجب القیام عند ذکر ولادته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذ یحضر روحانیته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فعند ذلک یجب التعظیم و القیام**

ہاں ذکر ولادت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت قیام ضرور ہے کہ روح حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جلوہ فرما ہوتی ہے تو اس وقت تعظیم وقیام ضرور ہوا۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ" **یجب القیام** " سے مراد تاکید ہے محل ادب میں ایسا بولا جاتا ہے جیسے عرف ومحاورہ میں خاص دوست کے لیے کہا جاتا ہے **حقک واجب علی** یعنی مجھ پر تمھارا حق واجب ہے۔

مولانا عبداللہ بن محمد مفتی حنفیہ فرماتے ہیں **استحسنه کثیرون**

اسے بہت علمائے مستحسن رکھا ہے۔

شیخ مشائخنا مولانا الامام الاجل الفقیہ المحدث سراج العلماء عبداللہ سراج مکی مفتی حنفیہ فرماتے ہیں **توارثه الائمة الاعلام و اقره الائمة و الحکام من غیر نکیر منکرورد رادو لهذا کان حسنا و من یستحق التعظیم غیره صلی الله تعالیٰ علیه و سلم و یکفی اثر عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه ما راه المسلمون حسنا فهو عند الله حسن.**

یہ قیام مشہور بڑے بڑے اماموں میں متوارث چلا آتا ہے اور اسے ائمہ وحکام نے برقرار رکھا اور کسی نے ردوانکار نہ کیا لہذا یہ مستحب ٹھہرا اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا اور کون مستحق تعظیم ہے اور سیدنا

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث کافی ہے کہ جس چیز کو اہل اسلام نیک سمجھیں وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی نیک ہے۔

اسی طرح مفتی عمر بن ابی بکر شافعی نے اس کے استحباب واستحسان پر تصریح فرمائی۔

فتوائے علماء حرمین محترمین جس پر مفتی مکہ معظمہ مولانا محمد بن حسین کتبی حنفی اور رئیس العلماء شیخ المدرسین مولانا جمال حنفی اور مفتی مالکیہ مولانا حسین ابراہیم مکی اور سید المحققین مولانا احمد بن زین شافعی اور مدرس مسجد نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مولانا محمد بن محمد غرب شافعی اور مولانا عبدالکریم بن عبدالحکیم حنفی مدنی اور فقیہ جلیل مولانا عبدالجبار حنبلی بصری نزیل مدینہ منورہ اور مولانا ابراہیم بن محمد خیار حسینی شافعی مدنی کی مہریں ہیں اور اصل فتویٰ مزین بخطوط ومشاہیر علماء ممدوحین فقیر نے بچشم خود دیکھا اور مدتوں فقیر کے پاس رہا جس میں اکثر مسائل متنازع فیہا پر بحث فرمائی ہے۔ اور بدلائل باہرہ مذہب وہابیت کو سراسر باطل ومردود ٹھہرایا ہے۔ اس میں دربارۂ قیام مذکور

و اما قيام اهل الاسلام عند ذكر ولادته عليه الصلاة و السلام في ذلك المحفل اشاعة للتعظيم و اظهارا للاحترام فقد صرح في انسان العيون المشهور بالسيرة الحلبية باستحسانه كذلك و قال العلامة البرزنجي في رسالة المولد قد استحسن القيام عند ذكر مولده الشريف ائمة ذو دراية و رواية فطوبى لمن كان تعظيمه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم غاية مرامه و مرماه انتهى بلفظه امام الحكم بحرمت ذلك التعظيم و مما نعة بدليل عدم ذكره بالخصوص في السنة فهو فاسد عند جمهور المحققين قال في عين العلم و الاسرار بالمساعدة فيما لم ينه عنه و صار مضاوا بعد عصرهم حسن و ان كان بدعة الخ اقول و الدليل على هذا ما روى ابن مسعود رضى الله تعالىٰ عنه مرفوعا و موقوفا ما راه المسلمون حسنا فهو عند الله حسن و قوله عليه

الصلاة و السلام خالقوا الناس باخلاقهم رواه الحاکم و قال صحیح علی شرط الشیخین و قال الامام حجة الاسلام فی الاحیاء الادب الخامس موافقة القوم فی القیام اذا قام واحد منهم فی وجد صادق غیر ریاء ا و تکلف او قام باختیار من غیر وجد فلا بد من الموافقه و ذلک من ادب الصحبة و لکل قوم رسم و لا بد من مخالفة الناس باخلاقهم کما ورد فی الخبر لا سیما اذا کانت اخلاقا فیها حسن العشرة و طیب القلب و قول القائل ان ذلک بدعة لم یکن فی الصحابة فلیس کلما یحکم باباحة منقولا عن الصحابة وانما المحذور بدعة تراخم منه مامورا بها و لم ینقل النهی عن شی من هذا و کذلک سائر انواع المساعدات اذا قصد بها تطیب القلب و اصطلح علیهما جماعة فالاحسن المساعدة علیها الا فیما ورد نهی لا یقبل التاویل انتهی کلام الامام حجة الاسلام باختصار المرام .

یعنی ذکر ولادت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت اس محفل میں اہل اسلام کا اشاعت تعظیم و اظہار احترام کے لیے قیام کرنا بتصریح انسان العیون مشہور بہ سیرت حلبیہ مستحسن ہے ۔ اور علامہ برزنجی رسالہ مولد میں فرماتے ہیں قیام وقت ذکر مولد شریف ائمہ ذو درایت وروایت کے نزدیک مستحب ہے تو خوشی ہوا سے جس کی غایت مراد و مرام تعظیم حضور سید الانام علیہ الصلاۃ والسلام ہے انتہی اور اس تعظیم کو بدیں وجہ کہ اس خصوصیت کے ساتھ حدیث میں مذکور نہیں حرام و ممنوع کہنا جمہور محققین کے نزدیک فاسد ہے عین العلم میں فرماتے ہیں جس چیز سے شروع میں نہی نہ آئی اور بعد زمانہ سلف کے لوگوں میں جاری ہوئی اس میں موافقت کر کے مسلمانوں کا دل خوش کرنا بہتر ہے اگرچہ وہ چیز بدعت ہی ہو الخ میں کہتا ہوں اور اس پر دلیل وہ حدیث جو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد اور خود ان کے قول سے مروی ہوئی کہ اہل اسلام جس چیز کو نیک جانیں وہ خدا کے نزدیک بھی نیک

ہے اور وہ حدیث کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں سے ان کی عادتوں کے موافق برتاؤ کرو حاکم نے اسے روایت کیا اور کہا کہ بخاری ومسلم کی شرط پر صحیح ہے اور امام حجۃ الاسلام غزالی احیاء العلوم میں فرماتے ہیں پانچواں ادب قوم کی موافقت کرنا ہے قیام میں جب کوئی ان میں سے سچے وجد میں بے نمائش وتکلف یا بلا وجد اپنے اختیار سے کھڑا ہو تو ضرور ہے کہ سب حاضرین اس کی موافقت کریں اور کھڑے ہو جائیں کہ یہ آداب صحبت سے ہے اور ہر قوم کی ایک رسم ہوتی ہے اور لوگوں سے ان کی عادتوں کے موافق برتاؤ کرنا لازم ہے جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا اور خصوصاً جب ان عادتوں میں اچھا برتاؤ اور دلوں کی خوشنودی ہو اور کہنے والے کا یہ کہنا کہ یہ بدعت ہے صحابہ سے ثابت نہیں تو یہ کب ہے کہ جس چیز کے جواز کا حکم دیا جائے وہ صحابہ سے منقول ہو بری تو وہ بدعت ہے جو کسی سنت ماموربہا کا کاٹ کرے اور ان باتوں سے نہی کہیں نہ آئی اور ایسے ہی سب مساعدتیں جب ان کے دل خوش کرنا مقصود ہوا اور ایک جماعت نے اس پر اتفاق کر لیا ہو تو بہتر یہی ہے کہ ان کی موافقت کی جائے مگر ان باتوں میں جن سے ایسی صریح نہی وارد ہوئی کہ لائق تاویل بھی نہیں یہاں تک امام حجۃ الاسلام غزالی کا ارشاد تھا کہ باختصار منقول ہوا۔ انتہی۔

ذکر ولادت کے وقت قیام کرنا مستحب ومستحسن ہے

آخر روضۃ النعیم میں جو فتوائے علماء کرام مطبوع ہوئے ان میں فتوائے ۸ر حضرات علماء مدینہ منورہ میں بعد اثبات حسن وخوبی محفل میلاد شریف مذکور

و الحاصل ان ما يضع من الولائم فی المولد الشريف و قراء ته بحضرة المسلمين و انفاق المبرات و القيام عند ذكر ولادت الرسول الامين صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و رش ماء الورد و ايقاد البخور و تزيين المكان و قراة شی من القران و الصلاة على النبی صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و اظهار الفرح و السرور فلا شبهة فی انه

بدعة حسنة مستحبة و فضيلة شريفة مستحسنة اذ ليس كل بدعة حراما بل قد تكون واجبة كنصب الادلة للرد على الفرق الضالة و تعليم النحو و سائر العلوم المعينية على فهم الكتاب و السنة كما ينبغي و مندوبة كبناء الربط و المدارس و مباحة كالتوسع في الماكل و المشارب اللذيذة و الثياب كما في شرح المناوي على جامع الصغير عن تهذيب النووي فلا ينكر ها الا مبتدع و للااستماع لقوله بل على حاكم الاسلام ان يعزره و الله تعالىٰ اعلم .

یعنی خلاصہ مقصود یہ ہے کہ میلا دشریف میں ویسے کرنا اور حال ولادت مسلمانوں کو سنانا اور خیرات ومبرات بجالانا اور ذکر ولادت رسول امین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت قیام کرنا اور گلاب چھڑکنا اور خوشبوئیں سلگانا اور مکان آراستہ کرنا اور کچھ قرآن پڑھنا اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بھیجنا اور فرحت و سرور کا ظاہر کرنا بیشک بدعت حسنہ مستحبہ اور فضیلت شریفہ مستحسنہ ہے کہ ہر بدعت حرام نہیں ہوتی بلکہ کبھی واجب ہوتی ہے جیسے گمراہ فرقوں کے رد کے لیے دلائل قائم کرنا اور نحو وغیرہ وہ علوم سیکھنا جن کی مدد سے قرآن وحدیث بخوبی سمجھ میں آسکیں اور کبھی مستحب ہوتی ہے جیسے سرائیں اور مدرسے بنانا کبھی مباح جیسے لذیذ کھانے پینے اور کپڑوں میں وسعت کرنا جیسا کہ علامہ مناوی نے شرح جامع صغیر میں تہذیب امام علامہ نووی سے نقل کیا تو ان امور کا انکار وہی کرے گا جو بدعتی ہوگا۔ اس کی بات سننا نہ چاہیے بلکہ حاکم اسلام پر واجب ہے کہ اسے سزا دے واللہ تعالیٰ اعلم۔ انتہی۔

اس فتویٰ پر مولانا عبدالباری وابراہیم بن خیار وغیرہما تیس علماء کی مہریں ہیں اور فتوائے علماء مکہ معظمہ میلا دو قیام کا استحباب علمائے سلف سے نقل کر کے فرماتے ہیں :

فالمنكر لهذا مبتدع بدعة سيئة مذمومة لانكاره على شي حسن عند الله و المسلمين كما جاء في حديث ابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه قال ما راه المسلمون

حسنا فهو عند الله حسن و المراد من المسلمين ههنا الذين كملو الاسلام كالعلماء العالمين و علماء العرب و المصر و الشام و الروم و الاندلس كلهم رواه حسنا من زمان السلف الى الآن فصار الاجماع و الامر الذى ثبت به اجماع الامة فهو حق ليس بضلال قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا تجتمع امتى على الضلالة فعلى حاكم الشرع تعزيز المنكر و الله تعالىٰ اعلم .

پس مجلس و قیام کا منکر بدعتی ہے اور اس منکر کی بدعت سیئہ و مذمومہ کہ اس نے ایسی چیز پر انکار کیا جو خدا و اہل اسلام کے نزدیک نیک تھی جیسا کہ حدیث بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں آیا ہے کہ جس چیز کو مسلمان نیک اعتقاد کریں وہ خدا کے نزدیک نیک ہے اور یہاں مسلمانوں سے کامل مسلمان مراد ہیں جیسے علمائے باعمل اور اس مجلس و قیام کو عرب و مصر و شام و روم و اندلس کے تمام علمائے سلف نے آج تک مستحسن جانا تو اجماع ہو گیا اور جو امر اجماع امت سے ثابت ہو وہ حق ہے گمراہی نہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں میری امت گمراہی پر اجتماع نہیں کرتی پس حاکم شرع پر لازم ہے کہ منکر کو سزا دے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ انتہی

اس فتویٰ پر حضرت سید العلماء احمد دحلان مفتی شافعیہ و جناب مستطاب شیخنا و برکتنا سراج الفضلاء مولانا عبدالرحمٰن سراج مفتی حنفیہ و مولانا حسن مفتی حنابلہ و مولانا محمد شرقی مفتی مالکیہ وغیرہم پینتالیس علماء کی مہریں ہیں اور فتوائے علمائے جدہ میں مجیب اول مولانا ناصر بن علی بن احمد۔ مجلس میلاد اور اس میں قیام و تعین یوم و تزئین مکان و استعمال خوشبو و قرات قرآن و اظہار سرور و اطعام طعام کی نسبت فرماتے ہیں :

بهذه الصورة المجموعة من الاشياء المذكورة بدعة خسنة مستحبة شرعا لا ينكرها الا من فى قلبه شعبة من شعب النفاق و البغض له صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و كيف يسوغ له ذلك مع قوله تعالىٰ و من يعظم شعائر الله فانها من تقوى القلوب .

جس مجلس میں یہ سب باتیں کی جائیں وہ شرعاً بدعت حسنہ ہے جس کا انکار نہ کرے گا مگر وہ جس کے دل میں نفاق کی شاخوں سے ایک شاخ اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عداوت ہے اور یہ انکار اسے کیوں کر روا ہوگا۔ حالاں کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے جو خدا کے شعاروں کی تعظیم کرے تو وہ دلوں کی پرہیز گاری سے ہیں۔

مولانا عباس بن جعفر بن صدیق فرماتے ہیں

ما اجاب به الشيخ العلامة فهو الصواب لا يخالفه الا اهل النفاق و ما فى السوال فهو حسن كيف و قد قصد بذلك تعظيم المصطفىٰ صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لا حرمنا الله تعالىٰ من زيارة فى الدنيا و لا من شفاعة فى الاخرى و من انكر من ذلك فهو محروم .

شیخ علامہ ناصر بن احمد بن علی نے جواب دیا وہی حق ہے اس کے خلاف نہ کریں گے مگر منافقین اور جو کچھ سوال میں مذکور ہے سب حسن ہے اور کیوں نہ حسن ہو کہ اس سے مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ہوتی ہے اللہ تعالیٰ ہمیں محروم نہ کرے ان کی زیارت سے دنیا میں اور نہ ان کی شفاعت سے آخرت میں اور جو اس سے انکار کرے گا وہ ان دونوں سے محروم ہے

مولانا احمد فتاح لکھتے ہیں:

اعلم ان ذكر ولادة النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ما وقع من المعجزات و الحضور لسماعه سنة بلا شك و ريب لكن من هذه الصورة المجموعة من الاشياء المذكورة كما هو المعمول فى الحرمين الشريفين و جمع ديار العرب بدعة حسنة مستحبة يثاب فاعلها و يعاقب منكرو ما نعها .

جان تو کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت و معجزات کا ذکر اور اس کے سننے کو حاضر ہونا بیشک سنت ہے مگر یہ ہیئت مجموعی جس میں قیام وغیرہ اشیائے مذکورہ ہوتی ہیں جیسا کہ حرمین شریفین اور تمام دیار عرب کا معمول ہے اور یہ بدعت حسنہ مستحبہ ہے جس کے کرنے والے کو ثواب اور منکر و مانع پر عذاب۔

مولانا محمد بن سلیمان لکھتے ہیں :

نعم اصل ذکر المولد الشریف و سماعه سنة و بهذه الکیفیة المجموعة بدعة حسنة مستحبة و فضیلة عظیمة مقبولة عند الله تعالیٰ کما جاء فی اثر عبد الله بن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه ما راه المسلمون حسنا فهو عند الله حسن و المسلمون من زمان السّلف الی الآن من اهل العلم و العرفان کلهم راه حسنا بلا نقصان فلا ینکر و لا یمنع من ذلک الا مانع الخیر و الاحسان و ذلک عمل الشیطان .

ہاں اصل ذکر مولد شریف اور اس کا سننا سنت ہے اور اس کیفیت مجموعی کے ساتھ جس میں قیام وغیرہ ہوتا ہے۔ بدعت حسنہ مستحبہ اور بڑی فضیلت پسندیدۂ خدا ہے کہ حدیث عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں وارد جسے مسلمان نیک سمجھیں وہ خدا کے نزدیک نیک ہے اور مسلمان سلف سے آج تک علماء اولیاء سب اسے مستحسن بلا نقصان سمجھتے آئے تو اس سے منع و انکار نہ کرے گا مگر وہ کہ خیر اور بھلائی سے روکنے والا ہوگا اور یہ کام شیطان کا ہے۔

مولانا احمد جلیس لکھتے ہیں :

الحمد لله و کفی و الصلاة و السلام علی المصطفیٰ نعم ذکر ولادة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و معجزة و حلیة و الحضور لسماعه و تزئین المکان و رش ماء الورد و البخور بالعود وتعیین الیوم والقیام عند ذکر ولادته صلی الله تعالیٰ علیه

وسلم و اطعام الطعام و تقسیم التمر و قراءة شی من القران کلها مستحبة بلا شک و ریب و اللہ تعالیٰ اعلم بالغیب .

خدا کو حمد ہے اور وہ کافی ہے اور مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود۔ ہاں ولادت ومعجزات وحلیہ شریفہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر کرنا اور اس کے سننے کو حاضر ہونا اور مکان سجانا اور گلاب چھڑکنا اور اگر بتی سلگانا اور دن مقرر کرنا اور ذکر ولادت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وقت قیام کرنا اور کھانا کھلانا اور خرمے بانٹنا اور قرآن مجید کی چند آیتیں پڑھنا سب بلاشک وشبہ مستحب ہے۔

مولانا محمد صالح لکھتے ہیں :

امة النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من العرب و المصر و الشام و الروم و الاندلس و جمیع بلاد الاسلام مجتمع علی استحبابہ و استحسانہ .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت عرب ومصر شام وروم واندلس وتمام بلاد الاسلام سے اس کے استحباب واستحسان پر اجماع واتفاق کیے ہوئے ہیں اور اسی طرح احمد بن عثمان واحمد بن عجلان ومحمد صدقہ وعبد الرحیم بن محمد زبیدی نے لکھا اور تصدیق کیا تھا۔

فتاوائے علماء جدہ میں مولانا یحییٰ بن اکرم فرماتے ہیں :

الف فی ذلک العلماء و حثوا علی فعلہ فقالوا لا ینکر ھا الا مبتدع فعلی حاکم الشریعة ان یعزرہ .

علماء نے اس بارے میں کتابیں تالیف فرمائیں اور اس کے فعل پر رغبت دی اور فرمایا اس کا انکار نہ کرے مگر بدعتی تو حاکم شرع پر اس کی تعزیر لازم۔

مولانا شامی فرماتے ہیں :

لا ینکر هذا الا من طبع الله علی قلبه و قد نص علماء السنة علی ان هذا من المستحسن المثاب علیه وردوا رد الحسن علی منکره الخ.

اس کا انکار نہ کرے گا مگر وہ جس کے دل پر خدا نے مہر کر دی اور بیشک علمائے اہل سنت نے تصریح فرمائی کہ یہ مستحسن وکار ثواب ہے اور منکر کا خوب رد فرمایا۔

مولانا علی بن عبداللہ لکھتے ہیں :

لا یشک فیه الا مبتدع یلیق به التعزیر.

اس میں شک وہی کرے گا جو بدعتی قابل سزا ہوگا۔

مولانا علی طحان لکھتے ہیں :

قراءة المولد الشریف و القیام فیه مستحب و من انکر ذلک فهو جحود لا یعرف مراتب الرسول صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

مولد شریف پڑھنا اور اس میں قیام کرنا مستحب ہے اور منکر ہٹ دھرم ہے جسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قدر معلوم نہیں۔

مولانا محمد بن داؤد بن عبدالرحمٰن لکھتے ہیں :

مستحب یثاب فاعله و لا ینکره الا مبتدع

مستحب کرنے والا ثواب پائے گا اور منکر بدعتی ہوگا۔

مولانا محمد بن عبداللہ لکھتے ہیں:

قرأة المولد الشریف و القیام عند ذکر ولادة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم

و کل شی فی السوال حسن بتعظیم المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و من یستحق التعظم غیرہ .

مولد شریف پڑھنا اور ذکر ولادت نبی علیہ السلام کے وقت قیام کرنا اور جتنی باتیں سوال میں مذکور ہیں سب بسبب تعظیم مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حسن ہیں اور حضور کے سوا تعظیم کا مستحق کون ہے۔

مولانا احمد بن خلیل لکھتے ہیں:

ھو الصواب اللایق بتعظیم المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فعلی حاکم الشریعۃ المطھرہ زجر من انکر و تعزیرہ .

یہی حق ہے اور تعظیم مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مناسب پس حاکم شریعت مطہرہ پر لازم کہ منکر کو جھڑکے اور سزا دے۔

مولانا عبدالرحمن بن علی حضرمی لکھتے ہیں :

استحسنوا القیام تعظیما لہ اذا جاء ذکر مولدہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ما صار تعظیما لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فوجب علینا اداؤہ و القیام بہ و لا ینکر ما ذکرنا الا مبتدع مخالف عن طریق اھل السنۃ و الجماعۃ لا استماع و اصغاء لکلامہ و علی حاکم الاسلام تعزیرہ .

علماء نے وقت ذکر ولادت نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضور کی تعظیم کے لیے قیام مستحسن سمجھا اور جو چیز حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ٹھہری تو اس کا ادا کرنا اور بجالانا ہم پر واجب ہو گیا اور اس کا انکار نہ کرے گا مگر بدعتی مخالف طریقہ اہل سنت و جماعت جس کی بات نہ سننے کے قابل نہ توجہ کے لائق اور

حاکم اسلام پر اس کی تعزیر واجب ہے۔

بالجملہ سردست اس قدر کتب وفتاوے وافعال واقوال علماء ائمہ سے اس قیام مبارک کے استحسان و استحباب کی سند صریح حاضر ہے جس میں سو سے زائد ائمہ وعلماء کی تحقیق وتصدیق روشن وظاہر اور رسالہ غایۃ المرام میں علمائے ہند کے بھی فتوے چھپے ہیں پچاس سے زیادہ مہریں ودستخط ہیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۶۲ تا ۶۷۔ اقامۃ القیامۃ)

تعظیم ذکر تعظیم ذات

ائمہ دین تصریح فرماتے ہیں کہ ذکر پاک صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم مثل ذات اقدس کے ہے اور صور تعظیم سے ایک صورت قیام بھی ہے اور یہ صورت وقت قدوم معظم بجالائی جاتی ہے اور ذکر ولادت شریف حضور سید العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عالم دنیا میں تشریف آوری کا ذکر ہے تو یہ تعظیم اسی ذکر کے ساتھ مناسب ہوئی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۷۳۔ اقامۃ القیامۃ)

بتول زہرا کا قیام تعظیم

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تکریم حضرت بتول زہرا کے لیے قیام فرماتے اور حضرت بتول زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے قیام کرتیں۔

صحابہ کا قیام تعظیم

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجلس انور سے اٹھتے

قمنا قیاما حتی نراہ دخل بعض بیوت ازواجہ .

ہم سب کھڑے ہو جاتے اور کھڑے رہتے جب تک کہ حضور حجرات شریفہ میں سے کسی میں

تشریف نہ لے جاتے۔ (فتاویٰ رضویہ ج۱۱، ص۹۲)

حکم تعظیم اور سجدۂ تحیت کی تحریم

عبد بن حمید اپنی مسند میں سیدنا امام حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ فرمایا

بلغنی ان رجلا قال یا رسول اللہ نسلم علیک کما یسلم بعضنا علی بعض افلا نسجد لک قال لا و لکن اکرموا نبیکم و اعرفوا الحق لاھلہ فانہ لا ینبغی ان یسجد لاحد من دون اللہ تعالیٰ فانزل اللہ تعالیٰ ما کان لبشر الی قولہ بعد اذ انتم مسلمون.

مجھے حدیث پہنچی کہ ایک صحابی نے عرض کی یا رسول اللہ ہم حضور کو بھی ایسا ہی سلام کرتے ہیں جیسا آپس میں، کیا ہم حضور کو سجدہ نہ کریں؟ فرمایا نہ بلکہ اپنے نبی کی تعظیم کرو اور سجدہ خاص حق خدا ہے اسے اسی کے لیے رکھو اس لیے کہ اللہ کے سوا کسی کو سجدہ سزاوار نہیں۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری :

بیہقی وابونعیم دلائل النبوۃ میں عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

بینما نحن قعود مع رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا اتاہ آت فقال یا رسول اللہ ناضح آل فلان قد ابق علیھم فنھض رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (فذکرت القصۃ و فیہ سجود البعیر لہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) قال فقال اصحابہ یا رسول اللہ بھیمۃ من البھائم تسجد لک لتعظیم حقک فنحن احق ان نسجد لک قال لا لو کنت امرا احدا من امتی ان یسجد بعضھم لبعض لامرت النساء ان یسجدن لازواجھن.

ہم خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر تھے کسی نے آ کر عرض کی فلاں گھر

کا شتر آبق بے قابو ہو گیا حضور اٹھے اور ہم ہمراہ رکاب اٹھے ہم نے عرض کی حضور اس کے پاس نہ جائیں حضور تشریف لے گئے، اونٹ کی نظر جمال انور پر پڑنا اور اس کا سجدہ میں گرنا، صحابہ نے عرض کی یا رسول اللہ ایک چوپایہ تو حضور کی تعظیم حق کے لیے حضور کو سجدہ کرے ہم زیادہ اس کے لائق ہیں کہ حضور کو سجدہ کریں، فرمایا نہیں۔ اگر میں اپنی امت میں ایک دوسرے کو سجدہ کا حکم دیتا تو عورتوں کو فرماتا کہ شوہروں کو سجدہ کریں۔

سجدہ خاص حق خدا ہے

امام احمد و ابن ماجہ و ابن حبان و بیہقی عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

و اللفظ لابن ماجة قال لما قدم معاذ من الشام سجد للنبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم قال ما هذا یا معاذ قال اتیت الشام فوافقتهم یسجدون لاساقفتهم و بطارقهم فوردت فی نفسی ان نفعل ذلک بک فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فلا تفعلوا فانی لو کنت آمرا احدا ان یسجد لغیر اللہ لامرت امراء ة ان تسجد لزوجها.

جب معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام سے آئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ کیا حضور نے فرمایا معاذ یہ کیا؟ عرض کی میں ملک شام گیا تھا وہاں نصاریٰ کو دیکھا کہ اپنے پادریوں اور سرداروں کو سجدہ کرتے ہیں تو میرا دل چاہا کہ ہم حضور کو سجدہ کریں فرمایا نہ کرو۔ میں اگر سجدۂ غیر خدا کا حکم دیتا تو عورت کو سجدۂ شوہر کا۔

اقول : یہ حدیث حسن ہے اس کی سند میں کوئی ضعیف نہیں ابن ابی حبان نے اسے صحیح میں روایت کیا اور منذری نے اس کے صالح ہونے کا اشارہ کیا۔

حاکم صحیح مستدرک میں معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

انہ اتی الشام فرای النصارٰی یسجدون لاساقفتھم و رھبانھم و رأی الیھود یسجدون لاحبارھم و رھبانھم فقال لای شی تفعلون ھذا قالوا ھذا تحیۃ الانبیاء قلت فنحن احق ان نصنع نبینا فقال نبی اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انھم کذبوا علی انبیائھم کما حرفوا کتابھم لو امرت احدا ان یسجد لاحد لامرت المراء ۃ ان تسجد لزوجھا من عظم حقہ علیھا.

وہ شام کو گئے دیکھا نصاریٰ اپنے پادریوں اور فقیروں کو سجدہ کرتے ہیں اور یہود اپنے عالموں اور عابدوں کو، ان سے پوچھا یہ کیوں کرتے ہو بولے یہ انبیاء کی تحیت ہے۔ معاذ فرماتے ہیں میں نے کہا تو ہمیں زیادہ سزاوار ہے کہ ہم اپنے نبی کو کریں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ اپنے انبیاء پر بہتان کرتے ہیں جیسے انھوں نے اپنی کتاب بدل دی ہے۔ میں کسی کو کسی کے سجدہ کا حکم فرماتا تو شوہر کے عظیم حق کے سبب عورت کو۔

حاکم نے کہا یہ حدیث صحیح ہے۔

امام احمد مسند اور ابو بکر بن ابی شیبہ مصنف اور طبرانی کبیر میں معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روی۔

انہ لما رجع من الیمن قال یا رسول اللہ رایت رجالا بالیمن یسجد بعضھم لبعض افلا نسجد لک قال لو کنت آمرا بشرا یسجد لبشر لامرت المراء ۃ ان تسجد لزوجھا.

وہ جب یمن سے واپس آئے عرض کی یا رسول اللہ میں نے یمن میں لوگوں کو دیکھا ایک دوسرے کو سجدہ کرتے ہیں تو کیا ہم حضور کو سجدہ نہ کریں فرمایا اگر میں کسی بشر کو بشر کے سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو سجدۂ شوہر کا۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

اقول : یہ حدیث صحیح ہے اس کے سب راوی رجال بخاری و مسلم ہیں اور جب دونوں حدیثیں صحیح رہیں لا جرم دو واقعے ہیں۔ اول بار شام میں یہود و نصاریٰ کو دیکھ کر آئے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ کیا جس پر ممانعت فرمائی۔ دوبارہ اہل یمن کو دیکھ کر آئے اب اپنے مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ کے کمال شوق میں یا تو پہلا واقعہ ذہن سے اتر گیا یا اس میں بوجہ مخالفت یہود و نصاریٰ کہ آخر میں عمل نبوی اسی پر تھا نہی ارشاد کو محتمل سمجھا اور بسبب احتمال نہی حتمی اس بار پہلے کی طرح سجدہ کیا نہیں صرف اذن چاہا اور ممانعت فرمائی گئی۔

ابوداؤد سنن اور طبرانی کبیر میں اور حاکم و بیہقی قیس بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال اتیت الحیرة فرأیتھم یسجدون لمرزبان لھم فقلت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم احق ان یسجد له قال فاتیت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقلت انی اتیت الحیرة فرأیتھم یسجدون لمرزبان لھم فانت یا رسول الله احق ان نسجد لک ا رایت لو مررت بقبری ا کنت تسجد له قلت لا قال فلا تفعلوا لو کنت آمرا احدا ان یسجد لاحد لامرت النساء ان یسجدن لازواجھن لما جعل الله لھم علیھن من الحق.

میں شہر حیرہ میں (کہ قریب کوفہ ہے) گیا وہاں کے لوگوں کو دیکھا اپنے شہریار کو سجدہ کرتے ہیں میں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زیادہ مستحق سجدہ ہیں۔ خدمت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر یہ حال و خیال عرض کیا فرمایا بھلا اگر تم ہمارے مزار کریم پر گزرو تو کیا مزار کو سجدہ کرو گے میں نے عرض کی نہ، فرمایا تو نہ کرو۔ میں کسی کو کسی کے سجدہ کا حکم دیتا تو عورتوں کو شوہروں کے سجدے کا حکم فرماتا اس

حق کے سبب جو اللہ تعالیٰ نے ان کا ان پر رکھا ہے۔

ابوداؤد نے سکوتا اس حدیث کو حسن بتایا اور حاکم نے تصریحا کہا ہے حدیث صحیح ہے اور ذہبی نے تلخیص میں اسے مقرر رکھا۔ جیسا کہ اتحاف السادۃ المتقین میں ہے۔

مدارک شریف میں سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے انھوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سجدہ کرنا چاہا حضور نے فرمایا **لا ینبغی لمخلوق ان یسجد لاحد الا للہ تعالیٰ .**

مخلوق کو اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کو سجدہ کرنا جائز نہیں۔ (مولف)

تفسیر کبیر میں بروایت امام سفین ثوری سماک بن ہانی سے ہے :

قال دخل الجاثلیق علی علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فاراد ان یسجد لہ فقال لہ علی اسجد للہ و لا تسجد لی .

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی بارگاہ میں سلطنت نصاریٰ کا سفیر حاضر ہوا۔ حضرت کو سجدہ کرنا چاہا فرمایا مجھے سجدہ نہ کر اللہ عزوجل کو سجدہ کر۔

(فتاویٰ رضویہ ج۹،ص ۴۷۸،۴۸۱،۴۸۴۔ زبدۃ الزکیہ)

نام اقدس معظم ہے

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

نام اقدس تعظیم کے ساتھ لینا فرض ہے خالی ''رسول رسول'' کہنا اگر بقصد ترک تعظیم ہے تو کفر ہے، ورنہ بلاضرورت ہو تو برکات سے محرومی۔ (فتاویٰ رضویہ، ج۶،ص ۱۷۳)

ذکرولادت کے وقت قیام

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر رقم طراز ہیں۔

قیام وقت ذکرولادت حضور سید الانام علیہ وعلی آلہ افضل الصلاۃ والتسلیم جس طرح حرمین طیبین و مصروشام وسائر بلاد اسلام میں رائج ومعمول ہے ضرور مستحسن ومقبول ہے۔

علامہ سید جعفر برزنجی رحمۃ اللہ تعالیٰ جن کا رسالہ میلاد مبارک حرمین طیبین ودیگر بلاد عرب وعجم میں پڑھا جاتا ہے اس رسالہ میں فرماتے ہیں :

قد استحسن القیام عند ذکر ولادته صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ائمة ذو روایة و درایة فطوبی لمن کان تعظیمه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم غایة مرامه و مرماه .

بیشک ذکر ولادت اقدس کے وقت قیام کرنا ان اماموں نے مستحسن جانا جواصحاب روایت و ارباب درایت تھے تو خوشی اورشادمانی ہواس کے لیے جس کی نہایت مراد وغایت مقصود محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ہو۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۲۲۳)

سروں پر پرندے

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کا حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے خشوع و خضوع اور تعظیم بجالانے کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ مزید تحریر فرماتے ہیں۔

ابوداؤد ونسائی وترمذی وابن ماجہ اسامہ بن شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی۔

قال اتیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و اصحابه حوله کان علی رؤسهم الطیر.

میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا حضور کے اصحاب حضور کے گرد تھے گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔ یعنی سر جھکائے، گردنیں خم کیے، بے حس وحرکت کہ پرندے لکڑی یا پتھر جان کر سروں پر آ بیٹھیں، اس سے بڑھ کر اور خشوع کیا ہوگا۔

ہند بنت ابی ہالہ اوصاف النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث حلیۂ اقدس میں ہے۔

اذا تكلم اطرق جلساء ه كأن على رؤسهم الطير.

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کلام فرماتے جتنے حاضران مجلس ہوتے سب گردنیں جھکا لیتے گویا ان کے سروں پر پرندے ہیں۔

عجب ست باوجودت کہ وجود من بماند
تو بگفتن اندر آئی و مرا سخن بماند

یہ بات کتنی بھی ہے کہ آپ کے وجود میں میرا وجود گم ہوگیا، جب آپ تکلم میں آئے تو مجھے مجال سخن نہ رہی۔ (مولف)

ذکر رسول کے وقت وقار وخشوع

امام ابو ابراہیم تجیبی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں :

واجب على كل مومن متى ذكره صلى الله تعالىٰ عليه وسلم او ذكر عنده ان يخضع و يخشع و يتوقر و يسكن من حركته و ياخذ في هيبته و اجلاله بما كان ياخذ به نفسه لو كان بين يديه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و يتأدب بما ادبنا الله تعالىٰ به .

ہر مسلمان پر واجب ہے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یاد کرے یا اس کے سامنے حضور کا ذکر آئے خشوع و خضوع بجالائے اور باوقار ہو جائے اور اعضا کو حرکت سے باز رکھے اور حضور کے لیے اس ہیبت و تعظیم پر ہو جائے جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روبرو اس پر طاری ہوتی اور ادب کرے جس طرح خدا تعالیٰ نے ہمیں ان کا ادب سکھایا ہے۔

امام علامہ شہاب الدین خفاجی نسیم الریاض میں اس قول کے نیچے لکھتے ہیں :

يفرض ذلک و يلاحظه و يتمثله فكانه عنده .

یعنی یادِ حضور کے وقت یہ قرار دے کہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روبرو حاضر ہوں اور حضور کا خیال کرے اور صورت اقدس کا تصور باندھے گویا حضور کے سامنے حاضر ہے۔

امام اجل سیدی قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ شفا شریف میں امام تجیبی کا ارشاد نقل کرکے فرماتے ہیں :

و هذه كانت سيرة سلفنا الصالح و ائمتنا الماضين رضى الله تعالىٰ عنهم.

ہمارے سلف صالح و ائمہ سابقین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا یہی داب و طریقہ تھا۔

اور فرماتے ہیں :

كان مالک اذا ذكر النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يتغير لونه و ينحنى .

امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جب سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر کرتے رنگ ان کا بدل جاتا اور جھک جاتے۔

نسیم میں ہے :

لشدة خشوعه .

یہ جھک جانا بہ سبب شدت خشوع تھا۔

شفا شریف وغیرہ تصانیف علماء میں اس قسم کی بہت روایات مذکور۔

شاہ ولی اللہ قصیدۂ ہمزیہ میں لکھتے ہیں :

ینادی ضارعا بخضوع قلب و ذل و ابتهال و التجاء

رسول الله یا خیر البرایا نوالک ابتغی یوم القضاء

دیکھو صاف بتاتے ہیں کہ جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ندا اور حضور سے عرض حاجت کرے تو تضرع وخضوع قلب وتذلل والحاح وزاری سب کچھ بجالائے۔

یعنی گڑ گڑاتے ہوئے حضور قلب اور تذلل والحاح وزاری کے ساتھ ندا کرے کہ اے اللہ کے رسول، اے مخلوق کے بہتر، ہم قیامت کے دن آپ کی بخشش چاہتے ہیں۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۳۴، ۵۳۵۔ انہار الانوار)

کھائی قرآں نے خاک گزر کی قسم

حضور اقدس سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال اقدس کے بعد امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور والا کو ندا کر کے عرض کرتے ہیں بابی انت و امی یا رسول الله..

میرے ماں باپ حضور پر قربان یا رسول اللہ، اللہ عزوجل کے نزدیک حضور کا مرتبہ اس حد کو پہنچا کہ حضور کے خاک پا کی قسم یاد فرمائی۔ لا اقسم بهذ البلد.

نسیم کی دلکشا عبارت یہ ہے۔

قد قالوا ان هذا القسم ادخل فی تعظیمه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من القسم بذاته و بحیاته کما اشار الیه عمر رضی الله تعالیٰ عنه بقوله بابی انت وَ امی یا رسول الله قد بلغت من الفضیلة عنده ان اقسم بتراب قدمیک فقال لا اقسم بهذا البلد.

علماء نے فرمایا ہے کہ ذات وحیات مصطفیٰ کی قسم سے زیادہ شہر مصطفیٰ کی قسم میں حضور اقدس سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ہے جیسا کہ اس کی طرف امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے قول میں اشارہ فرمایا کہ میرے ماں باپ حضور پر قربان یا رسول اللہ، اللہ عزوجل کے نزدیک حضور کا مرتبہ اس حد کو پہنچا کہ حضور کے خاک پا کی قسم یاد فرمائی اور فرمایا لا اقسم بهذا البلد.

مواہب میں ہے :

علی کل حال فهذا متضمن للقسم ببلد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و لا یخفی ما فیه من زیادة التعظیم، و قد روی ان عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه قال للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بابی انت و امی یا رسول الله لقد بلغ من فضیلتک عند الله ان اقسم بحیاتک دون سائر الانبیاء و لقد بلغک من فضیلتک عنده ان اقسم بتراب قدمیک فقال لا اقسم بهذا البلد.

یعنی ہر حال میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شہر مکرم کی قسم کو شامل ہے اور اس میں جو تعظیم کی زیادتی ہے وہ کسی پر پوشیدہ نہیں۔ اور مروی ہے کہ امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ندا کر کے فرمایا کہ میرے ماں باپ آپ پر قربان یا رسول اللہ، آپ کی فضیلت و بزرگی اللہ عزوجل کے نزدیک اس حد کو پہنچی ہے کہ اس نے آپ کی حیات اقدس کی قسم یاد فرمائی انبیاء سابقین میں سے کسی کی قسم یاد نہیں کی اور آپ کی فضیلت اللہ عزوجل کے نزدیک اس مرتبہ کو پہنچی ہے کہ

اس نے حضور کے خاک پا کی قسم یاد فرمائی اور فرمایا لا اقسم بھذا البلد قسم ہے مجھے اس شہر مکرم کی۔

(مولف)

مدارج میں اسے نقل کر کے فرمایا :

یعنی سوگند خوردن بلد کہ عبارت است از زمینے کہ پے سپر میکند آنرا سوگند بخاک پائے خوردن است و ایں لفظ در ظاہر نظر سخت می در آید نسبت بجناب عزت چوں گویند کہ سوگند میخورد بخاکپائے حضرت رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ونظر بحقیقت معنی صاف و پاک ست کہ غبارے برآن نہ و تحقیق ایں سخن آنست کہ سوگند خوردن حضرت رب العزت جل جلالہ بچیزے غیر ذات و صفات خود برائے اظہار شرف وفضیلت و تمیز آں چیز ست نزد مردم و نسبت باایشاں تابدانند کہ آں امرے عظیم و شریف است نہ آں کہ اعظم است نسبت بوئے تعالیٰ الخ۔ (فتاوی رضویہ ج ۲، ص ۶۰۱۔ منیر العین)

یعنی اس شہر کی زمین کی قسم یاد فرماتا ہے جو آپ کے قدموں کے نیچے پامال ہوتی ہے گویا کہ آپ کے خاک پا کی قسم یاد فرمائی ہے، ظاہر نظر میں یہ لفظ جناب باری عز اسمہ کی نظر میں سخت معلوم ہوتا ہے چوں کہ انھوں نے، رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاک پا کی قسم یاد فرماتا ہے۔ لیکن نظر بحقیقت ہر غبار سے یہ معنی پاک وصاف ہیں اس کی تحقیق یہ ہے کہ رب العزت جل جلالہ کا اپنی ذات وصفات کے سوا کسی غیر چیز کی قسم یاد فرمانا اظہار شرف وفضیلت و دیگر اشیاء کے مقابلے میں اس چیز کو ممتاز کرنے کے لیے ہے جو لوگوں میں موجود ہے تا کہ لوگ جان سکیں کہ یہ چیز نہایت عظمت و شرافت والی ہے۔ تفصیل کلام یہ ہے کہ رب العزت جلا جلالہ نے کئی مرتبہ متعدد چیزوں پر قسم یاد فرمائی ہے، کبھی اپنی ذات وصفات کے ساتھ قسم یاد فرمائی اور کبھی ان بعض مخلوقات کی قسم یاد کی جو ذات وصفات باری تعالیٰ کی عظمت پر دلیل ونشان کے قبیل سے ہیں جیسے آسمان، زمین، دن اور رات وغیرہ کہ یہ اس کی آیات عظیمہ اور دلائل قدرت خارجہ میں ہیں۔

نجوم، کواکب، شمس وقمر یہ مطالع انوار، مظاہر اسرار اور عالم کو روشن کرنے، نسل انسانی کی مصلحتوں کو منضبط کرنے اور راہ معلوم کرنے کے اسباب وعلل اور شیاطین کو مار بھگانے کے موجب ہیں۔

بعض چیزیں ایسی ہیں جن کے اسرار کے ادراک سے کوتاہ بینوں کی نظریں عاجز و قاصر ہیں، پروردگار عالم جل جلالہ نے ان کی قسم یاد فرمائی ہے مثلاً و التین و الزیتون قسم ہے انجیر کی اور قسم ہے زیتون کی۔ کون جان سکتا ہے کہ حق تعالیٰ نے ان میں کتنی حکمتیں ودیعت فرمائی ہیں اور کتنے اسرار پنہاں فرمائے ہیں یہ سب اظہار فضیلت اور بہ نسبت دیگر اشیاء کے انھیں ممتاز فرمانے کے لیے ہے۔ یہی حال آدمیوں کی قسم کا ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنی ذات وصفات کے ساتھ قسم یاد فرمائی۔

(ترجمہ مع اضافہ از مدارج النبوۃ مترجم جلد اول)

تعظیم کے سب طریقے محبوب ہیں

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر فرماتے ہیں :

بحمد اللہ مسلمانوں کے ایمان میں تعظیم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عین ایمان، ایمان کی جان ہے اور علی الاطلاق مطلوب شرع تو جو کچھ بھی، جس طرح بھی، جس وقت بھی، جس جگہ بھی تعظیم اقدس کے لیے بجالائے خواہ وہ بعینہ منقول ہو یا نہ ہو سب جائز ومندوب ومستحب ومرغوب ومطلوب وپسندیدہ وخوب ہے جب تک اس خاص سے نہی نہ آئی ہو، جب تک اس خاص میں کوئی حرج شرعی نہ ہو وہ سب اس اطلاق ارشاد الٰہی و تعزروہ و توقروہ میں داخل اور امتثال حکم الٰہی کا فضل جلیل اسے شامل ہے۔

ولہٰذا ائمہ دین تصریح فرماتے ہیں کہ جو کچھ جس قدر ادب وتعظیم حبیب رب العالمین جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں زیادہ مداخلت رکھے اسی قدر زیادہ خوب ہے۔

فتح القدیر امام محقق علی الاطلاق ومنسک متوسط وفتاویٰ عالمگیریہ وغیرہا میں ہے۔

ما کان ادخل من الادب و الاجلال کان حسنا.

جو بات ادب وتعظیم میں زیادہ مداخلت رکھے وہ بہتر ہے۔ (مولف)

امام ابن حجر مکی جوہر منظم میں فرماتے ہیں :

تعظیم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بجمیع انواع التعظیم التی لیس فیھا مشارکۃ اللہ تعالیٰ فی الالوھیۃ امر مستحسن عند من نور اللہ ابصارھم.

حضور اقدس سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم بجالانا تعظیم کے تمام اقسام وانواع کے ساتھ جن میں کوئی بات الوہیت میں اللہ تعالیٰ کے شریک نہ ہو تو ان کے نزدیک امر مستحسن ہے جنھیں اللہ تعالیٰ نے نور بصیرت عطا فرمایا ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ٦٦٥ ۔ نہج السلامۃ)

ایمان وعبادت اور نبی کی تعظیم

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک موقع پر فرماتے ہیں :

ایمان صرف حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ومحبت وعظمت کا نام ہے تو جس کے دل میں جس قدر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ومحبت وعظمت زائد اسی قدر اس کا ایمان اکمل اور جس قدر کم اتنا ہی ایمان ناقص، اور جس کے دل میں بالکل نہیں وہ مطلقاً کافر ہے۔

لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ وولدہ و الناس اجمعین.

قطعاً اپنے ظاہر پر محمول ہے بیشک جب تک محبت دینی، ایمانی، اختیاری، ایقانی میں محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام جہان اور خود اپنی جان سے زیادہ نہ چاہے ہرگز مومن نہیں۔

انزال کتب وارسال رسل بلکہ تخلیق آدم وعالم سب اظہار عظمت عظیمہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کے لیے ہے۔

ابن عساکر سیدنا سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضرت عزت جل جلالہ نے حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وحی بھیجی اگر میں نے ابراہیم کو خلیل کیا تمھیں اپنا حبیب کیا اور تم سے زیادہ اپنی بارگاہ میں عزت وکرامت والا کوئی نہ بنایا۔

و لقد خلقت الدنیا و اھلھا لا عرفھم کرامتک و منزلتک عندی و لو لاک لما خلقت الدنیا.

میں نے دنیا ومخلوقات دنیا اسی لیے بنائی کہ میری بارگاہ میں جو منزلت وعزت تمھاری ہے ان پر ظاہر فرمادوں اگر تم نہ ہوتے میں دنیا نہ بناتا۔

یعنی دنیا وآخرت کچھ نہ ہوتی کہ آخرت دار الجزا ہے اور دار الجزا کو دار العمل پر تقدم ضروری ہے جب دار العمل بلکہ عالمین ہی نہ ہوتے دار الجزاء کہاں سے آتی؟

حاکم نے صحیح مستدرک میں روایت کی حضرت عزوعلا نے آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو وحی بھیجی۔

لو لا محمد ما خلقتک و لا ارضا و لا سماء.

اگر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہ ہوتے نہ میں تمھیں پیدا کرتا نہ آسمان وزمین بناتا۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

و ما جعلنا القبلة التی کنت علیھا الا لنعلم من یتبع الرسول ممن ینقلب علی عقبیه.

ہم نے نہ کیا وہ قبلہ جس پر تم تھے مگر اس لیے کہ علانیہ ظاہر ہو جائے کہ کون براہ غلامی تمھارا اتباع

کرتا ہے اور کون الٹے پاؤں پھرتا ہے۔

دیکھو! آیہ کریمہ صاف ارشاد فرماتی ہے کہ فرضیت قبلہ صرف اس لیے ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم واطاعت کرنے والوں کی پہچان سب کو معلوم ہو جائے۔

آیہ کریمہ، و ما خلقت الجن و الانس لا لیعبدون (میں نے جن وانسان اسی لیے بنائے کہ میری عبادت کریں) حدیث مذکور سیدنا سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے منافی نہیں۔ تخلیق جن وانس عبادت کے لیے اور عبادت سے حضرت عزت جل جلالہ کو نہ کوئی نفع نہ اس کے ترک سے کوئی ضرر، وہ غنی حمید ہے احکام عبادت کی تشریع اسی لیے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غلامان، مطیع وفرمانبردار، ان کے حکم سے الٹے پاؤں پھر جانے والے نابکار، سب پر ظاہر ہو جائے کہ عبادت الٰہی و تعظیم ومحبت حضرت رسالت پناہی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم متلازمین ہیں۔ متلازمین میں ایک کا ذکر دوسرے کا موکد ہوتا ہے نہ کہ نافی ومنافی۔

ایمان کے دو رکن ہیں۔

لا الہ الا اللہ .

محمد رسول اللہ

آیہ کریمہ رکن اول کو بتاتی ہے۔ الا لیعبدون اسی لیے بنایا کہ میری پرستش کریں یعنی لا الہ الا اللہ ۔

اور حدیث شریف رکن دوم کا اشعار فرما رہی ہے۔ لا عرفھم کرامتک اسی لیے بنایا کہ تمہارا مرتبہ پہچانیں یعنی محمد رسول اللہ۔

ولہذا اہل ادب وایمان کے نزدیک تعظیم ومحبت حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اصل کار واہم

فرائض ومناط قبول جملہ افعال حسنہ ہے اہم فرائض ارکان ہیں اور اہم ارکان اربعہ نماز، اور تعظیم ومحبت حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قطعاً نماز سے اہم واعظم۔

علی کی نماز اور تعظیم رسول

غزوۂ خیبر سے پلٹتے ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منزل صہبا میں بعد نماز عصر سیدنا امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے زانوئے مبارک پر سر اقدس رکھ کر آرام فرمایا مولیٰ علی مشکل کشا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی نے ابھی نماز نہ پڑھی تھی جب وقت تنگ ہونے پر آیا مضطرب ہوئے کہ اگر اٹھتا ہوں محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خواب راحت میں خلل آتا ہے۔ معہذا کیا معلوم کہ حضور کو خواب میں کیا وحی ہو رہی ہے اور اگر بیٹھا رہتا ہوں نماز جاتی ہے آخر وہی تعظیم ومحبت کا پلہ غلب آیا۔ اسد اللہ الغالب نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جگا دینے پر نماز جانے کو گوارا کیا۔

حتی توارت بالحجاب .

یہاں تک کہ آفتاب ڈوب گیا۔

اب کہ وقت مغرب ہوا سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چشم حق بیں کھلی مولیٰ علی کو مضطرب پایا سبب دریافت کیا عرض کی یا رسول اللہ میں نے عصر کی نماز نہ پڑھی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دست مشکل کشائی بلند فرمائے اور اپنے رب عزوجل سے عرض کی۔

الٰہی! علی تیرے رسول کے کام میں تھا اور آفتاب کو حکم دیا کہ پلٹ آئے فوراً ڈوبا ہوا آفتاب افق غربی سے حکم باندھا ہوا کھنچا چلا آیا وقت عصر ہو گیا امیر المومنین نے نماز ادا فرمائی پھر ڈوب گیا۔ امام اجل ابو جعفر طحاوی وغیرہ ائمہ نے اس حدیث کی تصحیح فرمائی۔ (ماخوذ از حیات اعلیٰ حضرت جلد اول)

بارگاہ اقدس کا ادب

امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر فرماتے ہیں کہ خدا کا پیغام یہ ہے کہ :

ان کے حضور آواز بلند کرنے سے عمل حبط ہو جاتے ہیں، انھیں نام لے کر پکارنے والے سخت سزائیں پاتے ہیں، اپنے جان و دل کا انھیں مالک جانو، ان کے حضور زندہ بدست مردہ ہو جاؤ، ہمارا ذکر ان کی یاد کے ساتھ ہے، ان کا ہاتھ بعینہ ہمارا ہاتھ ہے، ان کی رحمت ہماری مہر، ان کا غضب ہمارا قہر، جس قدر ملازمت زیادہ ہوتی حضور کی عظمت و محبت ترقی پاتی اور وہ حال مذکور یعنی خشوع وخضوع ورعب و ہیبت روز افزوں کرتی اور ایمان حضور کی تعظیم و محبت کا نام ہے۔ (قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تعظیم رسول کے سلسلے میں یوں رقم طراز ہیں :

نہ ہو آقا کو سجدہ آدم ویوسف کو سجدہ ہو
مگر سد ذرائع داب ہے اپنی شریعت کا

اے شوق دل یہ سجدہ گر ان کو روا نہیں
اچھا وہ سجدہ کیجیے کہ سر کو خبر نہ ہو

شرک ٹھہرے جس میں تعظیم حبیب
اس برے مذہب پہ لعنت کیجیے

ثابت ہوا کہ جملہ فرائض فروع ہیں
اصل الاصول بندگی اس تاجور کی ہے

(حدائق بخشش)

درود وسلام کے فضائل واحکام

ان پر درود جن کو حجر تک کریں سلام
ان پر سلام جن کو تحیت شجر کی ہے

ان پر درود جن کو کس بے کساں کہیں
ان پر سلام جن کو خبر بے خبر کی ہے

ان اللہ و ملائکتہ یصلون علی النبی یا ایھا الذین آمنوا صلوا علیہ و سلموا تسلیما

بیشک اللہ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر اے ایمان والو ان پر درود اور خوب سلام بھیجو۔ (الاحزاب/۵۶)

درود وسلام کے فضائل واحکام

واضح ہو کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود وسلام عرض کرنے کے ضمن میں یہ آیہ کریمہ اس کی اصل وبنیاد ہے ان اللہ و ملائکتہ یصلون علی النبی یا ایھا الذین آمنوا صلو علیہ و سلموا تسلیما.

بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی کریم پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں اے ایمان والو تم بھی ان پر خوب درود و سلام بھیجو۔

اس آیہ کریمہ میں حق تعالیٰ نے صلوٰۃ علی النبی کی نسبت اپنی ذات کریم اور اپنے فرشتوں کی طرف فرمائی ہے اور مسلمانوں کو حضور پر صلاۃ وسلام عرض کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ صلاۃ کے معنی میں علماء کرام کے مختلف اور متعدد اقوال ہیں۔ چنانچہ ابوالعالیہ جو کہ تابعین میں سے ہیں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر حق تعالیٰ کا صلوٰۃ بھیجنے کے یہ معنی لیے ہیں کہ حق تعالیٰ کا فرشتوں کے سامنے اپنے نبی کی ثنا کرنا اور اس کی بزرگی بیان کرنا ہے۔ اور حضور پر فرشتوں کا صلاۃ بھیجنا تو اس کے معنی فرشتوں کا دعا کرنا اور بارگاہ الٰہی میں عزت و عظمت کے اضافہ کی درخواست کرنا ہے، اور یہی معنی مسلمانوں سے ہیں کہ انھیں اس کا حکم فرمایا گیا، اس سے مراد زیادتی وبرکت کو طلب کرنا ہے۔

اور مقاتل کہتے ہیں کہ صلوٰۃ اللہ کے معنی اس کی مغفرت، اور صلوٰۃ ملائکہ کے معنی استغفار ہیں،۔ اور ضحاک کہتے ہیں کہ صلاۃ اللہ کے معنی اس کی رحمت، اور ان کی ایک روایت میں مغفرت کے ہیں، اور صلاۃ ملائکہ کے معنی دعا یعنی دعائے رحمت ومغفرت کے ہیں۔ اور فرشتوں کا اپنا کام ہی مسلمانوں کے لیے استغفار کرنا ہے۔

شیخ عزالدین عبدالسلام اپنی کتاب مسمی بہ ''شجرۃ المعارف'' میں فرماتے ہیں کہ ہماری طرف سے

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صلاۃ وسلام عرض کرنا بارگاہ رب العزت میں ہماری سفارش و شفاعت کرنا نہیں ہے اس لیے کہ ہم جیسے امتی کی سفارش آپ جیسے نبیوں کے لیے نہیں ہوتی، لیکن حق تعالیٰ نے ہمیں حقوق بجالانے اور شکر گزاری کرنے کا حکم ہر اس شخص کے لیے دیا ہے جو احسان کرے۔ بالخصوص اس عظیم احسان وعطا کی بنا پر جو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم پر فرمایا ہے، چوں کہ ہم کما حقہ، اس کا بدل ادا کرنے سے عاجز تھے اس بنا پر حق تعالیٰ نے ہمیں ارشاد فرمایا کہ چوں کہ ہم بدل کرنے سے عاجز ہیں لہٰذا بارگاہ عزت میں ہی دعا کرتے ہیں کہ وہی حضور کی عظمت و کبریائی کے لائق اور اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اس عزت و کرامت کے مطابق جو اس کی بارگاہ میں ہے رحمت و برکت اور تعظیم نازل فرمائے۔

قاضی ابو بکر بن العربی فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صلاۃ وسلام بھیجنے کا فائدہ دراصل صلاۃ وسلام بھیجنے والے کے لیے ہی ہے۔ بایں سبب کہ صلاۃ وسلام عرض کرنا مضبوطی عقیدت، خلوص نیت، اظہار محبت، مداومت بر طاعت، معرفت حق، وساطت، اور اس واسطہ کے احترام پر دلالت کرتا ہے جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات مبارکہ سے ہے۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے دعا کرنا اور حضور کے لیے فیض اور خیر و برکت کی استدعا کرنا درحقیقت مخلوق کے لیے دعا کرنا ہے اور یہ اس پانی کے حکم میں ہے جو پرنالہ سے بہا جاتا ہے اور زمین میں سما جاتا ہے پھر وہ بخارات بن کر اوپر چڑھتا ہے اور بارش بن کر سب کو فیض پہنچاتا ہے، لہٰذا یہ دعا ساری مخلوق کو شامل ہے۔

فائدہ : حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام عرض کرنے کے حکم میں علماء کا اختلاف ہے کہ کیا یہ فرض ہے یا مستحب؟ مذہب مختار یہ ہے کہ یہ فرض ہے اس لیے کہ ظاہر امر و حکم وجوب کے لیے ہے لیکن فی الجملہ اگرچہ عمر میں ایک ہی مرتبہ ہو، جیسے کہ آپ کی نبوت و رسالت کی شہادت دینا۔

اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ صلاۃ وسلام کی کثرت کرنا بغیر کسی تخصیص و تقلید اور کسی گنتی و شمار کے

واجب ہے۔اس لیے کہ حق تعالیٰ نے ہر مسلمان پر نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجنا فرض قرار دیا ہے اور اس کے لیے کسی خاص دعا کا تعین کرنا نہیں فرمایا ہے، لہٰذا واجب یہ ہے کہ بکثرت صلاۃ و سلام بھیجا جائے اور کسی وقت اس سے غافل نہ رہے۔

تیسرا مذہب یہ ہے کہ جب بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام نامی اسم گرامی لیا جائے اور آپ کا تذکرہ کیا جائے ہر بار صلاۃ وسالم عرض کرنا واجب ہے، علماء فرماتے ہیں کہ مختار یہی مذہب ہے۔ اور مواہب لدنیہ میں کہا گیا ہے کہ اسی مذہب کے قائل امام طحاوی، جماعت حنفیہ، حلیمی اور جماعت شافعیہ ہیں اور قاضی ابوبکر بن العربی مالکی فرماتے ہیں کہ اسی میں زیادہ احتیاط ہے اور ایسا ہی زمخشری نے بھی کہا ہے ۔یہ تمام حضرات اور تمام جماعتیں اس حدیث سے استدلال کرتی ہیں کہ فرمایا۔

من ذكرت عنده فلم يصل على فمات دخل النار .

جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر صلاۃ وسلام نہ بھیجے اور اسی حال میں مر جائے تو اسے جہنم میں داخل کیا جائے گا۔ اسے ابن حبان نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

اور ترمذی میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اتنا زیادہ ہے کہ

رغم انف من ذكرت عنده فلم يصل على .

یعنی ناک کے بل گھسیٹا جائے گا وہ شخص جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود وسلام نہ بھیجے۔اسے حاکم نے صحیح کہا ہے۔

اور انھوں نے اس حدیث سے بھی استدلال کیا ہے کہ فرمایا :

شقى عبد ذكرت عنده فلم يصل على .

یعنی وہ بندہ بدنصیب ہے جس کے سامنے میرا ذکر ہوا اور وہ مجھ پر درود وسلام نہ بھیجے۔ طبرانی نے اسے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث سے روایت کیا۔

یہ استدلال اس لیے ہے کہ ترک پر وعید فرمانا وجوب کی علامتوں میں سے ہے۔

نیز رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجنے کے حکم کا فائدہ آپ کے احسان کے بدلے اور اس کے مکافات میں ہے اور حضور کا احسان مستمر اور دائمی ہے لہٰذا جب بھی ذکر کیا جائے تو یہ حکم اس پر موکد ولازم ہوگا۔

نیز ان حضرات کا استدلال اس آیہ کریمہ سے بھی ہے کہ حق تعالیٰ نے فرمایا :

لا تجعلوا دعاء الرسول بینکم کدعا بعضکم بعضا.

رسول کے پکارنے کو آپس کے ایک دوسرے کے پکارے کی مانند نہ بناؤ۔

لہٰذا اگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پکارا جائے یا آپ کا ذکر کیا جائے اور آپ پر صلاۃ و سلام نہ بھیجا جائے تو لوگوں کے ساتھ پکارنے اور یاد کرنے میں برابری ہوجاتی ہے۔

انتباہ

مناسب ہے بلکہ افضل ہے کہ سلام کے بھیجتے یا لکھتے وقت صلاۃ بھی ساتھ ملالی جائے۔ اور امام نووی صلاۃ کو بغیر سلام کے ملائے مکروہ بتاتے ہیں اس لیے کہ حق تعالیٰ نے دونوں کا حکم فرمایا ہے۔

فتح الباری میں کہا گیا ہے کہ تنہا صلاۃ بھیجنا اور سلام بالکل نہ بھیجنا مکروہ ہے لیکن اگر ایک مرتبہ سلام بھیجے اور دوسری مرتبہ صلاۃ بھیجے بغیر کسی وقفہ یا خلل کے تو مضائقہ نہیں ہے جیسا کہ مواہب لدنیہ میں ہے اور تنہا صیغۂ غائب کے ساتھ غیر انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے لیے نہ استعمال کیا جائے مطلب یہ

ہے کہ کسی غیر نبی کو "علیہ السلام" نہ کہا جائے۔ لیکن حاضر ومخاطب کے لیے استعمال کیا جائے اور اس طرح کہا جائے سلام علیک یا السلام علیک

اور رموز و کنایہ یا مخفف جیسا کہ عام لوگوں میں رائج ہے اس پر راضی نہ ہو کیوں کہ یہ بہت ہی شنیع اور قبیح فعل ہے، جیسا کہ عام طور پر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے "صلعم" یا صلل یا اور علیہ السلام کے لیے یا عم اور رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے ؓ وغیرہ مہمل الفاظ بولتے اور لکھتے ہیں بلا شبہ یہ درود شریف کی اہانت اور استخفاف ہے اس سے بچنا فرض ہے۔

ایک درود دس رحمتیں

حدیث شریف میں ہے:

من صلی علی واحدۃ صلی اللہ علیہ عشرا.

جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے حق تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں نازل فرماتا ہے، وہ کتنا خوش نصیب اور عظیم المرتبت ہے جس پر حق تعالیٰ رحمت اور برکت نازل فرمائے۔

اس جگہ ایک اعتراض یہ لاتے ہیں کہ یہ کیسے جائز ہوگا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر تو بندہ ایک مرتبہ صلاۃ بھیجے اور اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایک کا عدد جو حدیث میں آیا ہے وہ بندے کا فعل ہے اس حکم کے تحت کہ من جاء بالحسنۃ فلہ عشرا مثالھا. (جو ایک نیکی لائے اس کا بدلہ دس گنا ہے) حق تعالیٰ ایک کا بدلہ دس گنا عطا فرماتا ہے۔ اس سے یہ کہاں لازم آتا ہے کہ حق تعالیٰ جو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صلاۃ بھیجتا ہے وہ بھی ایک ہی ہو۔ وہ مالک ہے جتنی مقدار میں چاہے حضور پر صلاۃ بھیجے۔ چوں کہ بندہ صلاۃ وسلام اور دعا کرنے پر مامور ہے اور وہ کہتا ہے کہ اے خدا! میں تیرے اس حکم کو بجالانے میں عاجز و مجبور ہوں تو ہی اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر صلاۃ نازل فرما جیسا

کہ تیرے جلال اور حضور کے جمال کے لائق ہے۔

لہٰذا حق تعالیٰ اپنے کمال رحمت ومہربانی سے جو لائق ہے بھیجتا ہے اور اس کے نزدیک اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جیسی عزت اور درجہ ہے اسی کی مناسبت سے بھیجتا ہے، یہ بات بالکل ظاہر ہے، نیز یہ بھی ممکن ہے کہ وہ ایک درود اس دس کے مقابلہ میں جو بندہ پر نازل فرمائے یہ سو ہزار درجہ کامل تر ہو اس لیے کہ مقدار کی کمی، کیفیت کی زیادتی کے منافی نہیں ہے۔ جیسا کہ ایک گوہر سو ہزار پیسوں کے مقابلے میں ہوتا ہے۔

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک دن اس حال میں باہر تشریف لائے کہ آپ کی آنکھوں سے خوشی ومسرت نمایاں تھی اور آپ کا چہرۂ منور پر مسرت تھا، صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ آج آپ کے رخ انور میں خوشی ومسرت کی لہر تاباں ہے کیا سبب ہے؟ فرمایا جبریل علیہ السلام آئے اور انھوں نے کہا اے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا آپ کو یہ پر مسرت نہیں بناتا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے جو بندہ بھی آپ کی امت کا آپ پر ایک مرتبہ بھی درود بھیجتا ہے میں اس پر دس مرتبہ صلاۃ وسلام بھیجتا ہوں۔ اور ایک روایت میں مطلق آیا ہے جو بندہ صلاۃ وسلام آپ پر بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر صلاۃ وسلام بھیجتا ہے۔ گویا مقصود اس جگہ بیان مطلق ہے۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو بندہ مجھ پر صلاۃ وسلام بھیجتا ہے حق تعالیٰ اس پر اس وقت تک صلاۃ وسلام بھیجتا ہے جب تک وہ مجھ پر بھیجتا رہے۔ لہٰذا بندے کو اختیار ہے کہ کم بھیجے یا زیادہ بھیجے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ حق تعالیٰ اور اس کے فرشتے اس پر ستر گنا صلاۃ بھیجتے ہیں لہٰذا بندہ کم کرے یا زیادہ۔

ایک اور حدیث میں مروی ہے کہ جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں

نازل فرمائے گا اور اس کے دس گناہ مٹا کر اس کے دس درجے بلند فرمائے گا۔ یہ دس گناہوں کا مٹانا اور دس درجہ بلند کرنا عمل درود کے اجر وثواب کے ساتھ مخصوص ہے۔

سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بھیجنا گناہوں کے دھونے اور اس سے پاک کرنے میں آگ کو سرد پانی سے بجھانے سے زیادہ موثر وکارآمد ہے۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام پیش کرنا غلاموں کے آزاد کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

اس جگہ ایک نکتہ یہ ہے کہ جب رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بھیجنا، درود بھیجنے والے پر رحمت کے نزول کو واجب کرنے کا حکم رکھتا ہے تو ظاہر ہے کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بھیجنے میں جتنی بھی کمیت اور مقدار اور کیفیت میں مبالغہ کیا جائے گا اتنا ہی اس پر رب العزت کی بارگاہ سے فیضان ونزول رحمت زیادہ ہوگا لیکن اس نوعیت کے مطابق ہوگا جتنا اس کے حال کے لائق ومناسب ہے۔ غرضیکہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بھیجنا منبع انوار وبرکات اور مفتاح تمام ابواب خیرات وسعادات ہے اور اہل سلوک اس باب میں بہت زیادہ شغف رکھنے کی بنا پر فتح عظیم کے مستوجب اور مواہب ربانیہ کے مستحق ہوئے ہیں۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

درود پڑھنا فرض ہے یا واجب؟

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود پاک پڑھنے کے حکم کے متعلق امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود عمر میں ایک بار تو بالاجماع فرض قطعی ہے۔ اور امام شافعی ہر نماز میں فرض، اور ہر بار کہ ذکر شریف آئے علماء کو وجوب واستحباب میں اختلاف، امام طحاوی کا مذہب ہر مرتبہ وجوب ہے ذاکر وسامع پر، باقانی وحلبی وصاحب بحر الرائق وتنویر الابصار وغیرہم علماء نے اسی کو صحیح و

راجح ومختار ومعتمد فرمایا اور دلیل اسی کو مقتضی و ھو الذی نـدبـن الله به البتہ درصورت اتحاد مجلس دفعا للحرج تداخل مسلم۔ (النیرۃ الوضیۃ شرح الجوہرۃ المضیۃ)

ایک مقام پر اور فرماتے ہیں :

بالا جماع امت مرحومہ عمر میں ایک بار ہر مسلمان پر درود پڑھنا فرض قطعی اور عند المحققین ہر بار کہ ذکر شریف حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آئے واجب ہے۔ (ذیل المدعا لاحسن الوعا)

نام اقدس کے بعد عم یا صلعم وغیرہ لکھنا

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسم گرامی کے بعد بعض لوگ یا عم اور صلعم وغیرہ لکھتے ہیں، اس کی ممانعت کو واضح کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر کریم کے ساتھ جس طرح زبان سے درود شریف پڑھنے کا حکم ہے الـلهم صل و سلم و بارک علیه و علی اله و صحبه ابدا درود شریف کی جگہ فقط صاد یا عم یا صلعم یا صلسم کہنا ہرگز کافی نہیں بلکہ وہ الفاظ بے معنی ہیں اور فبـدل الـذین ظلموا قـو لا غیـر الـذی قیل لهم میں داخل، کہ ظالموں نے وہ بات جس کا انھیں حکم تھا ایک اور لفظ سے بدل ڈالی، فـانزلنا علی الذین ظلموا رجزا من السماء بما کانوا یفسقون تو ہم نے آسمان سے ان پر عذاب اتارا بدلہ ان کی بے حکمی کا۔

یوں تحریر میں القلم احدی اللسانین بلکہ فتاویٰ تاتارخانیہ سے منقول کہ اس میں اس پر نہایت سخت حکم فرمایا اور اسے معاذ اللہ تخفیف شان نبوت بتایا۔ طحطاوی علی الدر المختار میں ہے۔

یـحـافظ علی کتب علیه الصلاة و السلام علی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسـلـم و لا یسام من تکراره و ان لم یکن فی الاصل و یصلی بلسانه ایضا و یکره الرمز

بالصلاة و الترضی بالکتابة بل یکتب ذلک کلہ بکمالہ . و فی المواضع عن التتارخانیة من کتب علیہ السلام بالھمزة و المیم یکفر لانہ تخفیف و تخفیف الانبیاء علیھم الصلاة و السلام کفر بلا شک ، و لعلہ ان صح النقل مقیدہ بقصدہ و الا فالظاھر انہ لیس بکفر نعم الاحتراز فی الاحتیاط عن الایھام و الشبھة . اھ مختصراً۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود وسلام لکھنے کی محافظت کی جائے اور اس کی تکرار سے تنگ دل نہ ہو اگر چہ اصل میں نہ ہو اور اپنی زبان سے بھی درود پڑھے۔ درود یا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف لکھنے میں اشارہ کرنا مکروہ ہے بلکہ پورا لکھنا چاہیئے۔ تاتارخانیہ کے بعض مقامات پر ہے کہ جس نے علیہ السلام ہمزہ اور میم سے لکھا کافر ہو گیا۔ کیوں کہ یہ تخفیف ہے اور انبیاء کی تخفیف بغیر کسی شک کے کفر ہے، اگر یہ نقل صحیح ہے تو اس میں قصد کی قید ضرور ہوگی ورنہ بظاہر یہ کفر نہیں ہے ہاں احتیاط، ایہام اور شبہ سے بچنے میں ہے۔ (مولف) (صلات الصفافی نور المصطفیٰ)

درود میں تخفیف سخت منع ہے

درود میں تخفیف یا اسے کم کر کے لکھنے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر فرماتے ہیں:

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جگہ مہمل بے معنی صلعم یا صللم یا فقط یا علیہ الصلاۃ والسلام کے بدلے عم یا ءم لکھنا ایسا ہے کہ نام اقدس کے ساتھ درود شریف کے بدلے یوں ہی کچھ الم غلم بکنا۔

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں پہلا وہ شخص جس نے درود شریف کا ایسا اختصار کیا اس کا ہاتھ کاٹا گیا۔ علامہ سید طحطاوی حاشیہ درمختار میں فرماتے ہیں فتاویٰ تاتارخانیہ سے منقول ہے من کتب علیہ السلام بالھمزة و المیم یکفر لانہ تخفیف و تخفیف الانبیاء کفر.

یعنی کسی نبی پاک کے ساتھ درود یا سلام کا ایسا اختصار لکھنے والا کافر ہو جاتا ہے کہ یہ ہلکا کرنا ہوا،

اور معاملہ شان انبیاء سے متعلق ہے اور انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی شان ہلکا کرنا ضرور کفر ہے۔

شک نہیں کہ اگر معاذ اللہ قصدا استخفاف شان ہو تو قطعاً کفر ہے حکم مذکور اسی صورت کے لیے یہ ہے لوگ صرف کسل، کاہلی، نادانی، جاہلی سے ایسا کرتے ہیں تو اس حکم کے مستحق نہیں مگر بے برکتی، بے دولتی، کم بختی، زبور قسمتی میں شک نہیں۔

اقول: ظاہر ہے کہ القلم احد اللسانین قلم بھی ایک زبان ہے۔ (فتاوٰی افریقہ)

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

حرف (صؐ) لکھنا جائز نہیں نہ لوگوں کے نام پر نہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسم کریم پر۔ لوگوں کے نام پر تو یوں نہیں کہ وہ اشارہ درود کا ہے اور غیر انبیاء و ملائکہ علیہم الصلاۃ والسلام پر بالاستقلال درود جائز نہیں۔ اور نام اقدس پر یوں نہیں کہ وہاں پورے درود شریف کا حکم ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لکھے۔ فقط ؐ یا عم یا صلعم جو لوگ لکھتے ہیں سخت شنیع و ممنوع ہے یہاں تک کہ تاتارخانیہ میں اس کو تخفیف شان اقدس ٹھہرایا۔ والعیاذ باللہ تعالیٰ۔ (فتاوٰی رضویہ ج ۹، ص ۲۴۱)

ایک سائل کو تنبیہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی آغاز جواب میں فرماتے ہیں:

سائل کو جواب مسئلہ سے زیادہ نافع یہ بات ہے کہ درود شریف کی جگہ جو عوام و جہال صلعم یا ع یا م یا ص یا صللم لکھا کرتے ہیں محض مہمل و جہالت ہے القلم احد اللسانین جیسے زبان سے درود شریف کے عوض یہ مہمل کلمات کہنا درود کو ادا نہ کرے گا یوں ہی ان مہملات کا لکھنا درود لکھنے کا کام نہ دے گا۔ ایسی کوتاہ قلمی سخت محرومی ہے۔ میں خوف کرتا ہوں کہ کہیں ایسے لوگ فبدل الذین ظلموا قولا غیر الذی قیل لھم میں نہ داخل ہوں نام پاک کے ساتھ ہمیشہ پورا درود لکھا جائے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۴، ص ۵۴)

ایک اور سائل کو تنبیہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

جواب مسئلہ سے پہلے ایک بہت ضروری مسئلہ معلوم کیجیے سوال میں نام پاک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ بجائے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، صلعم لکھا ہے یہ جہالت آج کل بہت جلد بازوں میں رائج ہے کوئی صلعم لکھتا ہے، کوئی عم، کوئی ؐ اور یہ سب بیہودہ ومکروہ وسخت ناپسند وموجب محرومی شدید ہے اس سے بہت سخت احتراز چاہیئے اگر تحریر میں ہزار جگہ نام پاک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آئے ہر جگہ پورا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لکھا جائے ہرگز ہرگز کہیں صلعم وغیرہ نہ ہو علماء نے اس سے سخت ممانعت فرمائی ہے یہاں تک کہ بعض کتابوں میں تو بہت اشد حکم لکھ دیا ہے۔

علامہ طحطاوی حاشیہ درمختار میں فرماتے ہیں :

و یکره الرمز بالصلاة و الترضی بالکتابة بل یکتب ذلک کله بکماله ، و فی بعض المواضع من التتارخانیة من کتب علیه السلام بالهمزة و المیم یکفر لانه تخفیف و تخفیف الانبیاء کفر بلا شک .

لکھنے میں درود اور رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا میم یا ہمزہ وغیرہ سے اشارہ کرنا مکروہ ہے بلکہ پورا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور رضی اللہ تعالیٰ عنہ لکھا جائے۔ اور فتاویٰ تاتارخانیہ میں ہے کہ جو علیہ السلام کو ہمزہ اور میم ساتھ لکھے وہ کافر ہے اس لیے کہ یہ تخفیف ہے اور انبیاء کرام کی شان میں توہین وتخفیف بلا شبہ کفر ہے۔ علیہم الصلاۃ والسلام۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۸۱)

زیارت اقدس حاصل ہونے کا طریقہ

حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت شریفہ حاصل ہونے کا طریقہ یہ ہے کہ درود شریف کی کثرت شب میں اور سوتے وقت کے علاوہ ہر وقت تکثیر رکھے بالخصوص اس درود شریف کو بعد عشا سو بار یا

جتنی بار پڑھ سکے پڑھے

اللهم صل علی سیدنا محمد کما امرتنا ان نصلی علیه اللهم صل علی سیدنا محمد کما هو اهله اللهم صل علی سیدنا محمد کما تحب و ترضی له اللهم صل علی روح سیدنا محمد فی الارواح اللهم صل علی جسد سیدنا محمد فی الاجساد اللهم صل علی قبر سیدنا محمد فی القبور صلی الله علی سیدنا محمد و مولانا محمد.

حصول زیارت اقدس کے لیے اس سے بہتر صیغہ نہیں مگر خالص تعظیم اقدس کے لیے پڑھے اس نیت کو بھی جگہ نہ دے کہ مجھے زیارت عطا ہو آگے ان کا کرم بے حد و بے انتہا۔

فراق و وصل چہ خواہی رضائے دوست طلب
کہ حیف باشد ازو غیر او تمنائی

(الملفوظ حصہ اول)

جدائی اور ملاقات سے کیا مطلب دوست کی رضا و خوشی طلب کرو، اس کے علاوہ کسی اور کی تمنا کرنا باعث افسوس ہے۔

درود وسلام کا جواب

حدیث : جو مجھ پر سلام عرض کرتا ہے میں اسے جواب دیتا ہوں۔ **السلام علیک ایها النبی و رحمة الله و بركاته** اسے امام احمد و ابوداؤد نے روایت کیا۔

حدیث : جو مجھ پر میری قبر کے پاس سلام عرض کرے اللہ تعالیٰ اس پر ایک فرشتہ مقرر فرمائے (دربار شاہی کا داب ہے کہ حاضرین کی عرض بھی عرض بیگی کے ذریعہ سے ہوتی ہے ورنہ حضور پر دلوں کے ارادے تک روشن ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کہ اس کا سلام مجھے پہنچائے اور اس کے دنیا و

آخرت کے کاموں کی کفایت فرمائے اور روز قیامت میں اس کا شفیع و گواہ ہوں۔ اسے جوہر منظم وغیرہ میں بیان کیا گیا ہے۔

حدیث : اللہ تعالیٰ نے دنیا میرے سامنے اٹھائی کہ وہ اور جو کچھ قیامت تک اس میں ہونے والا ہے سب کو ایسا دیکھ رہا ہوں جیسا اپنی ہتھیلی کو۔ اسے طبرانی نے روایت کیا۔

حدیث : میرا علم میری وفات کے بعد ایسا ہی ہے جیسا میری زندگی میں۔ اسے اصبہانی وغیرہ نے روایت کیا ہے۔

حدیث : میری حیات و وفات دونوں تمھارے لیے بہتر ہیں تمھارے اعمال میرے حضور پیش کیے جاتے ہیں میں نیکیوں پر شکر کرتا اور برائیوں پر تمھارے لیے استغفار فرماتا ہوں۔ اسے حارث نے اپنی مسند میں روایت کیا۔ (النیرۃ الوضیۃ فی الجوھرۃ المضیۃ)

تشہد میں حضور پر سلام پیش کرنا

احیاء العلوم میں ہے احضر فی قلبک النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و شخصه الکریم و قل سلام علیک ایها النبی و رحمة الله وبرکاته .

التحیات میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے دل میں حاضر کر اور حضور کی صورت پاک کا تصور باندھ اور عرض کر السلام علیک ایها النبی و رحمة الله و برکاته .

میزان امام شعرانی میں ہے سمعت سیدی علیا الخواص رحمة الله تعالیٰ علیه یقول انما امر الشارع المصلی بالصلاة و السلام علی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی التشهد لینبه الغافلین فی جلوسهم بین یدی الله عزوجل علی شهود بینهم فی تلک الحضرة فانه لا یفارق حضرة الله ابدا فیخاطبونه بالسلام مشافهة .

میں نے اپنے سردار علی خواص رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو فرماتے سنا کہ شارع نے نمازی کو تشہد میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود وسلام عرض کرنے کا اس لیے حکم دیا کہ جو لوگ اللہ عزوجل کے دربار میں غفلت کے ساتھ بیٹھتے ہیں انھیں آگاہ فرمادے کہ اس حاضری میں اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھیں اس لیے کہ حضور کبھی اللہ تعالیٰ کے دربار سے جدا نہیں ہوتے پس بالمشافہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام عرض کریں۔

حجۃ اللہ البالغہ میں ہے ثم اختاره بعده السلام على النبي تنويها بذكره و اثباتا للاقرار برسالته و اداء لبعض حقوقه.

پھر اس کے بعد التحیات میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر سلام اختیار کیا ان کا ذکر پاک بلند کرنے کو اور ان کی رسالت کا اقرار ثابت اور ان کے حقوق سے ایک ذرہ ادا کرنے کے لیے۔

(الکوکبۃ الشہابیۃ فی کفریات ابی الوہابیۃ)

درود سے دعا قبول ہوتی ہے

بیہقی و ابوالشیخ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں الدعاء محجوب عن الله حتى يصلى على محمد و اهل بيته .

دعا اللہ تعالیٰ سے حجاب میں ہے جب تک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے اہل بیت پر درود نہ بھیجی جائے۔

کثرت درود کے فوائد

امام احمد و ترمذی و حاکم باسانید صحیحہ جیدہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے

ہیں۔

جب چہارم شب گزرتی تھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوکر فرماتے اے لوگو! خدا کی یاد کرو، خدا کی یاد کرو، آئی راجفہ اس کے بعد آتی ہے رادفہ۔ آئی موت ان چیزوں کے ساتھ جوان میں ہیں، میں نے عرض کی یارسول اللہ میں دعا بہت کیا کرتا ہوں اس میں سے حضور کے لیے کس قدر مقرر کروں فرمایا جتنی چاہے، میں نے عرض کی چہارم، فرمایا جس قدر چاہے اور زیادہ کرے تو تیرے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کی نصف، فرمایا جتنی چاہے اور زیادہ کرے تو تیرے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کی اپنی کل دعا حضور کے لیے کردوں یعنی اپنی کل دعا کے عوض حضور پر درود بھیجا کروں، فرمایا ایسا کرے گا تو اللہ تعالیٰ تیری سب مہمات کفایت کرے گا اور تیرے سب گناہ بخش دے گا۔

احمد وطبرانی باسناد حسن راوی اور یہ طبرانی کی حدیث ہے۔

کہ ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ میں اپنی تہائی دعا حضور کے لیے کروں فرمایا اگر تو چاہے۔ عرض کی دو تہائی فرمایا ہاں، عرض کی کل دعا کے عوض درود مقرر کروں فرمایا ایسا کرے گا تو خدا تیرے دنیا و آخرت کے سب کام بنادے گا۔

اور بیشک درود سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے دعا ہے اور جس قدر اس کے فوائد و برکات مصلی پر عائد ہوتے ہیں ہرگز ہرگز اپنے لیے دعا میں نہیں۔ بلکہ ان کے لیے دعا تمام امت مرحومہ کے لیے دعا ہے کہ سب انھیں کے دامن دولت سے وابستہ ہیں۔

سلامت ہمہ آفاق در سلامت تست

(ذیل المدعا لاحسن الوعاء)

پوری دنیا کی سلامتی آپ کی سلامتی میں ہے۔

روضہ انور پر فرشتوں کا درودوسلام

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

مزار انور حضور سید اطہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر تو ثابت ہے کہ روزانہ صبح کو ستر ہزار فرشتے نازل ہوتے ہیں اور مزار اطہر کے گرد حلقہ باندھے صلاۃ وسلام عرض کرتے ہیں، شام کو وہ بدل دیے جاتے ہیں اور ستر ہزار اور آتے ہیں کہ صبح تک ماہ رسالت پر ہالہ ہو کر عرض صلاۃ وسلام کرتے ہیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۳۴۵)

اور فرماتے ہیں :

امام اجل ابن المبارک وابن ابی الدنیا وابو الشیخ اور ابن النجار کی کتاب ''الدرر الثمینۃ فی تاریخ المدینۃ'' میں کعب احبار سے مروی ہے کہ انھوں نے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سامنے بیان کیا اور کتاب التذکرہ میں امام ابو عبداللہ محمد قرطبی کے لفظ یہ ہیں کہ

روی ابن المبارک عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا انہا قالت ذکروا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و کعب الاحبار حاضر فقال کعب الاحبار .

یعنی امام ابن المبارک نے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر پاک تھا اور اس وقت کعب احبار حاضر تھے تو کعب احبار نے کہا۔

ہر صبح ستر ہزار فرشتے اتر کر مزار اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طواف کرتے اور اس کے گرد حاضر رہ کر صلاۃ وسلام عرض کرتے رہتے ہیں، جب شام ہوتی ہے وہ چلے جاتے ہیں اور ستر ہزار اور اتر کر یوں ہی طواف کرتے اور صلاۃ وسلام عرض کرتے رہتے ہیں، یوں ہی ستر ہزار رات میں حاضر رہتے ہیں اور ستر ہزار دن میں۔

حتی اذا انشقت عنه الارض خرج فی سبعین الفا من الملائکة یزفونه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم.

جب حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مزار مبارک سے روز قیامت اٹھیں گے، ستر ہزار ملائکہ کے ساتھ باہر تشریف لائیں گے جو حضور کو بارگاہ عزت میں یوں لے چلیں گے جیسے نئی دلھن کو کمال اعزاز و اکرام وفرحت وسرور وراحت وآرام وتزک واحتشام کے ساتھ دولھا کی طرف لے جاتے ہیں۔

(فتاوٰی رضویہ ج ۶ ،ص ۲۰۱)

زیارت جمال انور کی تعلیم

حدیث میں ہے کہ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خواب میں جمال جہاں آراء کی زیارت سے مشرف ہونے کے لیے تعلیم فرمائی۔

در منظم امام ابوالقاسم محمد لولوی بستی میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

من صلی علی روح محمد فی الارواح و علی جسده فی الاجساد و علی قبره فی القبور رانی فی منامه و من رانی فی منامه رانی یوم القیامة و من رانی یوم القیامة شفعت له و من شفعت له شرب من حوضی و حرم اللہ جسده علی النار.

جو محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح اقدس پر ارواح میں اور جسم اطہر پر اجسام میں اور قبر انور پر قبور میں درود بھیجے وہ مجھے خواب میں دیکھے اور جو خواب میں دیکھے مجھے قیامت میں دیکھے گا اور جو مجھے قیامت میں دیکھے گا میں اس کی شفاعت فرماؤں گا اور جس کی میں شفاعت فرماؤں گا وہ میرے حوض کریم سے پیئے گا اور اللہ عزوجل اس کے بدن پر دوزخ کو حرام فرمائے گا۔ اللھم ارزقنا بجاھه عندک آمین.

علماء فرماتے ہیں یعنی یوں درود شریف پڑھو، **اللھم صل علی روح سیدنا محمد فی الارواح اللھم صل علی جسد سیدنا محمد فی الاجساد اللھم صل علی قبر سیدنا محمد فی القبور۔**

قبر کریم پر درود بھیجنے کا حکم ہوا اور درود وہ تعظیم ہے کہ بالاستقلال انبیاء و ملائکہ علیہم الصلاۃ والسلام کے سوا کسی کے لیے جائز نہیں۔ (فتاوی رضویہ ج۴، ص ۱۵۹۔ بریق المنار)

فرشتہ کے ذریعہ درود کی پیشی

امام بخاری نے تاریخ میں اور طبرانی و عقیلی اور ابن النجار و ابن عساکر و ابوالقاسم اصبہانی نے عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا۔

ان للہ تعالیٰ ملکا اعطاہ اسماع الخلائق (زاد الطبرانی کلھا) قائم علی قبری (زاد الی یوم القیامۃ) فما من احد یصلی علی صلاۃ الا ابلغنیھا۔

بیشک اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے جسے خدا نے تمام جہان کی بات سن لینے کی قوت عطا کی ہے وہ قیامت تک میری قبر پر حاضر ہے جو مجھ پر درود بھیجتا ہے یہ مجھ سے عرض کرتا ہے۔

علامہ زرقانی شرح مواہب اور علامہ عبدالرؤف شرح جامع صغیر میں **اعطاہ اسماع الخلائق** کی شرح میں یوں فرماتے ہیں۔

ای قوۃ یقتدر بھا علی سماع ما ینطق بہ کل مخلوق من انس و جن وغیرھما (زاد المناوی فی ای موضع کان)۔

یعنی اللہ تعالیٰ نے اس فرشتے کو ایسی قوت دی ہے کہ انسان جن وغیرہما تمام مخلوق الٰہی کی زبان

سے جو کچھ نکلے اسے سب کے سننے کی طاقت ہے چاہے کہیں کی آواز ہو۔

اور دیلمی نے مسند الفردوس میں سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

اکثروا الصلاۃ علی فان اللہ تعالیٰ و کل لی ملکا عند قبری فاذا صلی علی رجل من امتی قال لی ذلک الملک یا محمد ان فلان بن فلان یصلی علیک الساعۃ .

مجھ پر درود بہت بھیجو کہ اللہ تعالیٰ نے میرے مزار پر ایک فرشتہ متعین فرمایا ہے جب کوئی امتی میرا مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ مجھ سے عرض کرتا ہے یا رسول اللہ فلاں بن فلاں نے ابھی ابھی حضور پر درود بھیجا ہے

اللھم صل و بارک علی ھذا الحبیب المجتبی و الشفیع المرتجی و علی الہ و اصحابہ و اولیاء امتہ و علماء ملتہ اجمعین صلاۃ تدوم بدوامک و تبقی ببقاء ک کما ھو اھل لہ و کما انت اھل لہ آمین آمین الہ الحق آمین .

جاں میدہم در آرزو اے قاصد آخر باز گو
در مجلس آں نازنین حرفے گر از ما میرود

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۴۰۔ حیات الموات)

ہم اس امید و آرزو میں جان دیتے ہیں کہ اس محبوب کی بارگاہ میں ہماری کوئی ایک بات پہنچ جائے اے قاصد تو میرا پیغام دوبارہ پہنچا دے۔

دعا کے بدلے درود

حاجی کو افعال حج میں جن مقامات پر دعا کرنے کا حکم ہے اگر وہ دعائیں حاجی کو یاد نہ ہوں تو ان کی جگہ پر درود پڑھنا کافی ہے اسی بات کو امام احمد رضا بریلوی اس طرح تحریر فرماتے ہیں :

ملتزم، رکن عراقی، میزاب رحمت پھر رکن شامی یہ سب دعا کے مواقع ہیں ان کے لیے خاص خاص دعائیں کہ جو جواہر البیان شریف (تصنیف خاتم المحققین حضرت مولانا نقی علی رضا خاں صاحب بریلوی والد ماجد اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی) میں مذکور ہیں سب کا یاد کرنا دشوار ہے اس سے وہ اختیار کرو جو محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سچے وعدے سے تمام دعاؤں سے بہتر وافضل ہے یعنی یہاں اور تمام مواقع میں اپنے لیے دعا کے بدلے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بھیجو۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اذا یکفیک همک و یغفر لک ذنبک.

ایسا کرے گا تو اللہ تیرے سب کام بنادے گا اور تیرے گناہ معاف فرمادے گا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۰۷۔ انوار البشارۃ)

کثرت درود اور گناہ کی معافی

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی بیان فرماتے ہیں :

سب درودوں سے افضل درود وہ ہے جو سب اعمال سے افضل یعنی نماز میں مقرر کیا گیا ہے۔ درود شریف راہ چلتے بھی پڑھنے کی اجازت ہے، جہاں نجاست پڑی ہو وہاں رک جائے اور بہتر یہ ہے کہ ایک وقت معین کر کے ایک عدد مقرر کر لے کہ اس قدر باوضو دو زانو ادب کے ساتھ مدینہ طیبہ کی طرف منہ کر کے روزانہ عرض کیا کرے جس کی مقدار سو بار سے کم نہ ہو زیادہ جس قدر نباہ سکے بہتر ہے۔ علاوہ اس کے اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے وضو بے وضو ہر حال میں درود جاری رکھے اور اس کے لیے بہتر یہ ہے کہ ایک صیغہ خاص کا پابند نہ ہو بلکہ وقتاً فوقتاً مختلف صیغوں سے عرض کرتا رہے تاکہ حضور قلب میں فرق نہ ہو۔

درود شریف اور کلمۂ طیبہ اور استغفار ان سب کی کثرت نہایت محبوب مطلوب ہے۔ کلمۂ طیبہ کو افضل الذکر فرمایا اور یہ کہ اللہ عزوجل تک اس کے پہنچنے میں کوئی روک نہیں اور استغفار کے لیے فرمایا شادمانی

ہے اسے جو اپنے نامۂ اعمال میں استغفار بکثرت پائے۔ اور اپنے تمام اوقات کو درود شریف میں صرف کر دینے کو فرمایا کہ ایسا کرے گا تو اللہ تیرے سب کام بنا دے گا اور تیرے گناہ معاف فرما دے گا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳ ص ۶۲)

نام پاک بار بار سننے سے درود پڑھنے کا حکم

نام پاک حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مختلف جلسوں میں جتنی بار لے یا سنے ہر بار درود شریف پڑھنا واجب ہے اگر نہ پڑھے گا گنہگار ہوگا اور سخت سخت وعیدوں میں گرفتار۔ ہاں اس میں اختلاف ہے کہ اگر ایک ہی جلسہ میں چند بار نام پاک لیا یا سنا تو ہر بار واجب ہے یا ایک بار کافی، اور ہر بار مستحب ہے؟

بہت علماء قول اول کی طرف گئے ہیں ان کے نزدیک تو ایک جلسہ میں ہزار بار کلمہ شریف پڑھے تو ہر بار درود شریف بھی پڑھتا جائے اگر ایک بار بھی چھوڑا گنہگار ہوا۔ مجتبیٰ و درمختار وغیرہما میں اسی قول کو مختار و اصح کہا۔

فی الدر المختار اختلف فی وجوبها علی السامع و الذاکر کلما ذکر صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و المختار تکرار الوجوب کلما ذکر و لو اتحد المجلس فی الاصح . اه بتلخیص.

درمختار میں ہے کہ جب جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر مبارک کیا جائے تو ذکر کرنے والے اور سننے والے پر درود کی تکرار واجب ہونے میں اختلاف ہے اور مذہب مختار یہ ہے کہ جب بھی حضور کا ذکر اقدس کیا جائے تو درود پڑھنا واجب ہے اگرچہ مجلس متحد ہو، یہی صحیح ہے۔ (مولف)

دیگر علماء نے بنظر آسانی امت قول دوم اختیار کیا ان کے نزدیک ایک جلسہ میں ایک بار درود

ادائے واجب کے لیے کفایت کرے گا زیادہ کے ترک سے گنہگار نہ ہوگا مگر ثواب عظیم وفضل جسیم سے بیشک محروم رہا۔کافی وقنیہ وغیر ہا میں اسی قول کی تصحیح کی۔

فی رد المحتار صححه الزاهدی فی المجتبیٰ لکن صحح فی الکافی وجوب الصلاة مرة فی کل مجلس کسجود التلاوة للحرج الا انه یندب تکرار الصلاة فی المجلس الواحد بخلاف السجود.

و فی القنیة قیل یکفی فی المجلس مرة کسجدة التلاوة و به یفتی و قد جزم بهذا القول المحقق ابن الهمام فی زاد الفقیر . اھ ملتقطا .

ردالمحتار میں ہے کہ زاہدی نے مجتبیٰ میں اس کی تصحیح کی لیکن کافی میں جو تصحیح ہے وہ یہ ہے کہ ایک بار ایک مجلس میں درود پڑھنا واجب ہے تاکہ حرج نہ ہو جیسے سجدۂ تلاوت کہ ایک مجلس میں ایک ہی واجب ہوتا ہے ہاں مجلس ایک ہونے کی صورت میں درود پاک کی تکرار مستحب ہے بخلاف سجدۂ تلاوت کے کہ وہ ایک مجلس میں مکرر ہونے سے مستحب نہیں۔

اور قنیہ میں کہا گیا کہ سجدۂ تلاوت کی طرح ایک مجلس میں ایک بار پڑھنا ہی کافی ہے اور اسی پر فتویٰ ہے اور محقق ابن ہمام نے ''زادالفقیر'' میں اسی قول پر جزم کیا ہے۔ (مولف)

بہرحال مناسب یہی ہے کہ ہر بار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہتا جائے کہ ایسی چیز جس کے کرنے میں بالاتفاق بڑی بڑی رحمتیں برکتیں ہیں اور نہ کرنے میں بلاشبہ بڑے فضل سے محرومی اور ایک مذہب قوی پر گناہ ومعصیت، عاقل کا کام نہیں کہ اسے ترک کرے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۸۱)

نام پاک سن کر درود کا حکم

امام احمد رضا بریلوی ایک سوال کے جواب میں رقمطراز ہیں :

اللہ عزوجل کا نام پاک سن کر حکم ہے کہ عزوجل یا جل جلالہ یا اس کے مثل کلمات تعظیمی کہے۔
حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک سن کر واجب ہے کہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا علیہ افضل الصلاۃ و السلام یا اس کے مثل کلمات درود کہے۔ مگر یہ دونوں وجوب بیرون نماز میں ہیں، نماز میں سوا ان کلمات کے جو شارع علیہ السلام نے مقرر فرما دیے ہیں اور کی اجازت نہیں خصوصاً جہریہ نماز میں وقت قرأت امام مقتدی کا سننا اور خاموش رہنا واجب ہے یوں ہی امام کے خطبہ پڑھتے میں جب اللہ عزوجل اور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسماء طیبہ آئیں سامعین دل میں کلمات تقدیس و درود کہیں زبان سے کہنے کی وہاں بھی اجازت نہیں، نماز میں نام الٰہی سن کر جلا وعلا یا نام مبارک سن کر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہنا اگر بقصد جواب ہے تو نماز جاتی رہے گی سہواً ہو یا قصداً اور اگر بلا قصد جواب ہو تو قصداً ممنوع اور سہواً پر مواخذہ نہیں۔

درمختار میں ہے:

سمع اسم اللہ تعالیٰ فقال جل جلالہ او النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فصلی علیہ او قراء الامام فقال صدق اللہ و رسولہ لفسد ان قصد جوابہ۔

یعنی نماز میں اللہ عزوجل کا نام پاک سنا اور جل جلالہ کہا یا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک سنا اور حضور پر درود پڑھا یا امام نے قرات کی اور صدق اللہ و رسولہ، کہا تو اگر جواب کا قصد ہے تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۴۹)

درود سے نفاق دور ہوتا ہے

کشف الغمہ عن جمیع الامہ میں ارشاد فرمایا:

کان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول من صلی علی طهر قلبه من النفاق کما یطهر الثوب بالماء، و کان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول من قال صلی اللہ علی

محمد فقد فتح علی نفسه سبعین بابا من الرحمة و القی الله محبته فی قلوب الناس فلا یبغضه الا من فی قلبه نفاق.

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو مجھ پر درود بھیجے اس کا دل نفاق سے ایسا پاک ہو جائے جیسے کپڑا پانی سے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جو کہے صلی اللہ علی محمد اس نے ستر دروازے رحمت کے اپنے اوپر کھول لیے، اللہ عزوجل اس کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈالے گا کہ اس سے بغض نہ رکھے گا مگر وہ جس کے دل میں نفاق ہوگا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۵۶۰ ـ منیر العین)

خوشبو سونگھ کر درود پڑھنا

امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں :

اما من استیقظ عند اخذ الطیب او شمه الی ما کان علیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من محبته للطیب و اکثاره منه فتذکر ذلک الخلق العظیم فصلی علیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حینئذ لما وقر فی قلبه من جلالته و استحقاقه علی کل امته ان یلحظوه بعین نهایة الاجلال عند رؤیة شیء من آثاره او ما یدل علیها فهذا لا کراهة فی حقه فضلا عن الحرمة بل هو آت بما فیه اکمل الثواب الجزیل و الفضل الجمیل و قد استحب العلماء لمن رأی شیئا من آثاره صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و لا شک ان من استحضر ما ذکرته عند شمه الطیب یکون کالرائی لشیء من آثاره الشریفة فی المعنی فلیس له الاکثار من الصلاة و السلام علیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

ہاں خوشبو لیتے یا سونگھتے وقت متنبہ ہو کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے دوست رکھتے اور

بکثرت استعمال فرماتے تھے اس خلق عظیم کو یاد کرکے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود بھیجے کہ حضور کی عظمت اور تمام امت پر حضور کا یہ حق ہونا اس کے دل میں جما کہ جب حضور کے آثار شریفہ یا ان پر دلالت کرنے والی کوئی چیز دیکھیں تو نہایت تعظیم کی آنکھ سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تصور کریں تو ایسے کے حق میں حرمت چھوڑ کراہت کیسی اس نے تو وہ کام کیا جس پر ثواب کثیر و فضل جمیل پائے گا کہ زیارت آثار شریفہ کے وقت درود پڑھنا علماء نے مستحب رکھا ہے اور شک نہیں کہ جس نے خوشبو سونگھتے وقت یہ تصور کیا وہ گویا معنی بعض آثار شریفہ کی زیارت کر رہا ہے تو اسے تو اس وقت حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود وسلام کی کثرت سنت ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۰۶، منیر العین)

درود شریف کا ایک صیغہ بلیغہ

طبرانی معجم اور ابو نعیم عوالی سعید بن منصور میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے درود شریف کا ایک صیغہ بلیغہ راوی جس میں فرماتے ہیں :

اجعل شرائف صلاتک و نوامی برکاتک و رافة تحیتک علی محمد عبدک و رسولک الخاتم لما سبق و الفاتح لما اغلق.

الٰہی اپنی بزرگ درودیں اور بڑھتی برکتیں اور رحمت کی مہر نازل کر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کہ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں گزروں کے خاتم اور مشکلوں کے کھولنے والے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

درود سے رسول کی قربت نصیب ہوگی

امام بخاری تاریخ میں اور ترمذی و ابن حبان بسند صحیح حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سے راوی :

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اولی الناس بی یوم القیامة اکثرهم علی صلاة .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن سب لوگوں سے زیادہ مجھ سے قریب وہ ہوگا جو سب لوگوں سے زیادہ مجھ پر درود بھیجے گا۔

فاضل شارح نے فرمایا یعنی قیامت میں سب سے زیادہ مجھ سے قریب اور سب سے زیادہ میری شفاعت کا حقدار وہ شخص ہوگا جو دنیا میں مجھ پر سب سے زیادہ درود پڑھتا تھا اس لیے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر درود شریف کی کثرت سچی محبت اور کمال ربط پر دلالت کرتی ہے تو لوگوں کے مدارج حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قرب میں اس امر میں لوگوں کے تفاوت کے حساب سے ہوں گے۔

محدثین کرام نے اس حدیث سے علماء حدیث کی فضیلت پر استدلال کیا اور اس پر دلیل پکڑی کہ وہ سب لوگوں سے زیادہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قریب ہیں اس لیے کہ وہ سب سے زیادہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام پر درود بھیجتے ہیں۔ جب کوئی حدیث ذکر کرتے ہیں تو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر دس مرتبہ یا پانچ مرتبہ یا دو مرتبہ یا کم از کم ایک مرتبہ درود پڑھتے ہیں جیسا کہ معلوم ہے اور اس کا مشاہدہ ہے۔

بیہقی بروایت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ثقہ راویوں سے حدیث بیان کرتے ہیں :

عن النبی صلی اللہ تعالی علیہ وسلم اکثروا علی من الصلاة فی کل یوم جمعة فان صلاة امتی تعرض علی فی کل یوم جمعه فمن کان اکثرهم علی صلاة کان اقربهم منی منزلة .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر جمعہ کے دن بکثرت درود بھیجو اس لیے کہ تمہارا

درود جمعہ کے دن میرے اوپر پیش ہوتا ہے تو سب سے زیادہ جو میرے اوپر درود بھیجے گا وہ درجے میں سب سے زیادہ مجھ سے قریب ہوگا۔ (الزلال الانقی من بحر سبقۃ الاتقی)

اشعار

حضور سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہِ رحمت میں درود وسلام کا ذکر امام احمد رضا بریلوی اس انداز میں فرماتے ہیں:

ان پر درود جن کو حجر تک کریں سلام ان پر سلام جنکو تحیت شجر کی ہے
ان پر درود جن کو کس بے کساں کہیں ان پر سلام جن کو خبر بے خبر کی ہے
جن و بشر سلام کو حاضر ہیں السلام یہ بارگاہ مالک جن و بشر کی ہے
شمس و قمر سلام کو حاضر ہیں السلام خوبی انہیں کی جوت سے شمس وقمر کی ہے
سب بحر و بر سلام کو حاضر ہیں السلام تملیک انہیں کے نام تو ہر بحر و بر کی ہے
سنگ و شجر سلام کو حاضر ہیں السلام کلمے سے تر زباں درخت و حجر کی ہے
عرض و اثر سلام کو حاضر ہیں السلام ملجا یہ بارگاہ دعا و اثر کی ہے
شوریدہ سر سلام کو حاضر ہیں السلام راحت انہیں کے قدموں میں شوریدہ سر کی ہے
خستہ جگر سلام کو حاضر ہیں السلام مرہم یہیں کی خاک تو خستہ جگر کی ہے
سب خشک و تر سلام کو حاضر ہیں السلام یہ جلوہ گاہ مالک ہر خشک و تر کی ہے
سب کر و فر سلام کو حاضر ہیں السلام ٹوپی یہیں تو خاک پہ ہر کر و فر کی ہے
اہل نظر سلام کو حاضر ہیں السلام یہ گرد ہی تو سرمہ سب اہل نظر کی ہے

●

چھائے ملائکہ ہیں لگاتار ہے درود بدلے ہیں پہرے بدلی میں بارش درر کی ہے

ستر ہزار صبح ہیں ستر ہزار شام
یوں بندگی زلف و رخ آٹھوں پہر کی ہے

جو ایک بار آئے دو بارہ نہ آئیں گے
رخصت ہی بارگاہ سے بس اس قدر کی ہے

تڑپا کریں بدل کے پھر آنا کہاں نصیب
بے حکم کب مجال پرندے کو پر کی ہے

اے وائے بے کسی تمنا کہ اب امید
دن کو نہ شام کی ہے نہ شب کو سحر کی ہے

یہ بدلیاں نہ ہوں تو کروروں کی آس جائے
اور بارگاہ مرحمت عام ترکی ہے

●

ہر چراغ مزار پر قدسی
کیسے پروانہ وار پھرتے ہیں

لاکھوں قدسی ہیں کام خدمت پر
لاکھوں گرد مزار پھرتے ہیں

●

کعبہ کے بدر الدجی تم پہ کروروں درود
طیبہ کے شمس الضحی تم پہ کروروں درود

تم سے جہاں کا نظام تم پہ کروروں سلام
تم پہ کروروں ثنا تم پہ کروروں درود

●

حق درودیں تم پہ بھیجے
تم مدام اس کو سراہو

●

مصطفی جان رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزم ہدایت پہ لاکھوں سلام

(حدائق بخشش)

عصمت انبیاء کرام

علیہم الصلاۃ والسلام

ما ضل صاحبکم وما غوی

تمھارے صاحب نہ بہکے نہ بے راہ چلے

(النجم/۲)

عصمت انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام

بارگاہ قدس جل اسمہ کی جانب سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر جو اتم نعمت اور اکمل کمال جاہ وجلال وکرامت اور برکات ومرتبت وارد وفائز ہیں سورہ فتح ان سب پر مشتمل ہے کیوں کہ حق تعالیٰ نے رسول پاک کی مدح وثنا کا اس میں خطبہ پڑھا ہے

انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک و ما تاخر و یتم نعمتہ علیک و یھدیک صراطا مستقیما و ینصرک اللہ نصرا عزیزا.

بیشک ہم نے تمھارے لیے روشن فتح فرمادی تا کہ اللہ تمھارے سبب سے گناہ بخشے تمھارے اگلوں کے اور تمھارے پچھلوں کے اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کردے اور تمھیں سیدھی راہ دکھادے اور اللہ تمھاری زبردست مدد فرمائے۔

واضح رہنا چاہیئے کہ اللہ سبحانہ وعز اسمہ کی جانب سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر فتوحات و فیوضات صوریہ اور معنویہ اور کرامات وبرکات ظاہرہ وباطنہ جو فائز وصادر ہیں وہ غیر متناہی اور حدود وشمار سے باہر ہیں۔ ان میں سے ایک تو شہروں کی فتوحات، بندگان خدا کی تسخیر، حصول غنائم، تقویت دین، کثرت امت اور احکام اسلام کی اشاعت ہے اور سب سے بڑی مکہ مکرمہ کی فتح ہے۔ کیوں کہ فتح مکہ کے بعد تمام عرب قبائل اور لوگوں کی جماعتیں فوج درفوج اللہ کے دین میں داخل ہونے لگیں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عالم قدس کی طرف متوجہ ہوئے۔ اس سورت میں اس کے فتح ہونے کا وعدہ فرمایا گیا اور یہ فتح یقینی طور پر واقع ہونے کا تذکرہ ماضی کے صیغہ اور فتح مبین کے ساتھ کیا گیا۔ چوں کہ یہ فتح ظاہر و باہر اور دین میں عزت وشوکت اور حصول یقین میں اضافہ کا موجب ہے۔ فتح مبین کے معنی عزت وشوکت کو ظاہر کرنے

والی اور دین اسلام کو غلبہ مرحمت فرمانے والی فتح بھی مروی ہے۔

اور آیہ کریمہ **لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک و ما تاخر** کی تفسیر و تشریح میں بکثرت اقوال ہیں۔

ایک قول یہ ہے کہ اس سے مراد وہ چیز ہے جو آپ کی بعثت نبوت سے پہلے زمانۂ جاہلیت میں واقع ہوئی۔ امام سبکی فرماتے ہیں کہ یہ قول مردود ہے اس لیے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جاہلیت کی ہوا تک نہ لگی اور یہ کہ آپ قبل از نبوت اور بعد از نبوت معصوم ہیں۔

اور مجاہد نے کہا کہ **ما تقدم** قضیۂ ماریہ میں اور **ما تاخر** حضرت زید کی زوجہ سے عقد کا ارادہ فرمانے کے بارے میں ہے۔ امام سبکی فرماتے ہیں یہ قول باطل ہے اس لیے کہ قضیہ ماریہ اور حضرت زید کی زوجہ کے بارے میں اصلاً ذنب ہے ہی نہیں جو ایسا اعتقاد رکھتا ہے وہ غلطی کرتا ہے۔ زمخشری نے کشاف میں اور تبعیت میں بیضاوی نے بھی اس کو نقل فرمادیا کہ اس سے مراد وہ تمام لغزشیں ہیں جو محل عتاب ہیں۔ امام سبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ قول بھی مردود ہے اس لیے کہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی عصمت ثابت ہے۔ البتہ ایسے صغائر جو ان کے مرتبہ اور شان کو کم نہ کرنے والے ہوں اس میں اختلاف ہے۔

معتزلہ اور بہت سے غیر معتزلہ اس کے جواز کی طرف گئے ہیں اور بعض کے نزدیک مسلک مختار ممانعت ہے اس لیے کہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے قول وفعل کی پیروی کا ہمیں حکم دیا گیا ہے۔ لہٰذا ان سے ایسا فعل کیسے ہوسکتا ہے جو ناشائستہ اور ناسزا ہے۔

اور حشویہ، حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر جرأت و جسارت کرتے ہیں اور وہ ان پر مطلقاً

بغیر کسی قید کے جائز رکھنے کے قائل ہیں۔ اور ان حشویوں کی طرف ان کے اس قول کی نسبت کی [illegible] مجوج یعنی لائق التفات اور صحت کے قابل نہیں ہے۔ کیونکہ امت کا اجماع اس کے خلاف ہے [illegible] لوگ انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام پر صغائر کو جائز رکھتے ہیں ان کے پاس کوئی [illegible] وہ صرف اسی آیت کو یا اس قسم کی دوسری آیتوں کو بطور دلیل پیش کرتے ہیں اور ان کا جواب [illegible] گیا۔

صغائر کو جائز رکھنے کے بارے میں [illegible] حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے واقع ہوتے ہیں یا نہیں اس میں اختلاف [illegible] ہے کہ حضور سے ان میں سے کچھ بھی واقع نہیں ہوا [illegible] شک و شبہ نہیں کہ آپ سے کچھ بھی واقع نہیں ہوا [illegible] آپ کے قول و فعل کے خلاف [illegible] کیسے ہو سکتا ہے جب کہ آپ کی شان میں حق تعالیٰ فرماتا ہے

وما ینطق عن الہوی ان ہو الا وحی یوحی

یہ تو اپنی خواہش سے فرماتے ہی نہیں یہ تو وحی ہوتی ہے۔

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم [illegible] ہے اور اس میں کوئی گناہ نہیں ہے اور فرماتے ہیں کہ ہم مغفرت کا [illegible] عصمت میں [illegible]۔

لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر ای جمیع ما لک فیہ تقدم من عمرک وفیہ تاخر منہ

تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کے (سبب سے) اگلے پچھلے گناہ بخشے یعنی اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کی پچھلی حیات میں بھی اور اگلی حیات میں بھی اپنی عصمت و پناہ میں رکھے۔ یہ قول انتہائی حسن قبول میں ہے۔

بلا شبہ بلغاء نے قرآن کے اسلوب کو بلاغت میں شمار کیا ہے کہ تخفیف و کمی کے مقامات کو لفظ مغفرت، عفو اور توبہ سے قرآن میں کنایہ کیا گیا ہے۔

مفسرین یہ بھی کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک میں جس جگہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی توبہ و مغفرت کا ذکر فرمایا ہے وہاں ان کی ان لغزش و خطا کا بھی ذکر فرمایا ہے جو ان سے صادر ہوئیں جیسے کہ

حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے بارے میں فرمایا

و عصی آدم ربه .

اور آدم نے اپنے رب کی نافرمانی کی۔

اور حضرت نوح علیہ الصلاۃ والسلام کی شان میں فرمایا:

انی اعظک ان تکون من الجاهلین .

میں تجھے نصیحت فرماتا ہوں کہ نادان نہ بن۔

اور حضرت یونس علیہ الصلاۃ والسلام کے قصہ میں فرمایا:

فظن ان لن نقدر علیه.

تو انھوں نے گمان کیا کہ ہم ان پر قابو نہ پاسکیں گے۔

اور حضرت داؤد علیہ الصلاۃ والسلام سے فرمایا:

فلا تتبع الھوی .

توتم اپنی خواہش کی پیروی نہ کرو۔

اور حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے قصہ میں فرمایا:

فو کزہ موسیٰ .

تو موسیٰ نے اس (قبطی) کے گھونسا مارا۔

لیکن سید المرسلین صلوات اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم اجمعین کی شان میں فتح کو مقدم رکھا اور اس کے بعد گزشتہ وآئندہ کے غفران ذنوب کا ذکر فرمایا اور ذنب کو پوشیدہ رکھا۔

شیخ عزیز الدین عبد السلام اپنی کتاب المسمی بہ ''نہایت السئول فیما سخ من تفضل الرسول'' میں فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام نبیوں پر بکثرت وجوہ فضیلت بخشی ہے۔ پھر انھوں نے ان وجوہ کا ذکر کرتے ہوئے ایک وجہ یہ بتائی کہ :

اللہ تعالیٰ نے آپ کو پہلے ہی اگلے پچھلے ذنوب کی مغفرت کی خبر دے دی ہے، حالاں کہ اللہ تعالیٰ نے کسی بھی نبی کو اس جیسی خبر نہیں دی، بلکہ ظاہر یہ ہے کہ انھیں سرے سے اس سے باخبر کیا ہی نہیں گیا، اسی بنا پر جب عرصات محشر میں امتیں ان سے شفاعت کی درخواست کریں گی تو وہ اپنی لغزشوں کو بیان کریں گے اور اس مقام کی ہیبت سے شفاعت میں پہل کا اظہار نہیں فرمائیں گے۔ اور جب وہ تمام مخلوق اس مقام میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے درخواست کریں گی تو حضور فرمائیں گے ہاں یہ میرا ہی کام ہے۔

اس آیت کریمہ کی تفصیل یہ ہے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ نے آپ کے لیے پہلے فتح مبین کا اثبات فرمایا

اس کے بعد مغفرت ذنوب کا ذکر فرمایا، بعد ازاں اتمام نعمت، اثبات ہدایت صراط مستقیم اور نصر عزیز یعنی غالب مدد کا ذکر فرمایا، لہٰذا ثابت اور متعین ہوا کہ مقصود اثبات ذنوب نہیں ہے بلکہ اس کی نفی ہے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

و یتم نعمته علیک .

اور تم پر اپنی نعمتیں تمام و کمال فرمائیں۔

واضح ہو کہ ہر قسم کے فضائل و کمالات اور کرامات و برکات اس کلمہ میں داخل ہیں اور خاص و عام نعمتوں میں سے جتنا کچھ ذکر کیا جائے یا تصور و خیال میں آئے وہ سب اندیشہ و خیال اور عدد و شمار کے محاسبہ سے عاجز و قاصر ہے، اس کے ذکر و بیان سے حال و قال کی زبان گونگی ہے، حیطۂ اظہار و بیان میں جو کچھ ہے وہ سب اجمال ہے اور اس کی تفصیل امکانی قدرت سے باہر ہے۔

فان فضل رسول الله لیس له

حد فیعرب عنه ناطق بفم

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضل و کمال کی کوئی حد نہیں ہے کہ بولتے وقت منہ سے اس کا اظہار کیا جائے۔

اور تعمیم نعمت اور دنیوی و اخروی نعمتوں کی شمولیت کے بعد اللہ تعالیٰ نے خصوصیت کے ساتھ دو نعمتوں کا ذکر فرمایا۔

ایک ہدایت صراط مستقیم ہے جو کہ اصل اصول نعیم اور مثمر فوز و فلاح اور لوگوں کی ہدایت ہے کیوں کہ بعثت و رسالت کا یہی مقصد اصلی ہے۔

دوسرا دنیوی ہے جس کا مقصد بھی دین ہے جس طرح کہ پہلا ہے اور جو صلاح عالم اور کارخانہ موجودات کے نظام پر منتج ہے۔ چنانچہ فرمایا :

و یھدیک صراطا مستقیما و ینصرک اللہ نصرا عزیزا.

اور تمھیں سیدھی راہ دکھائے اور اللہ تمھاری زبردست مدد فرمائے۔

ابن عطا فرماتے ہیں کہ اس صورت میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے متعدد عظیم نعمتیں جمع فرمائی ہیں۔

ایک کھلی فتح جو اجابت اور قبول کی نشانیوں میں سے ہے۔

دوم مغفرت جو محبت کی علامتوں میں سے ہے۔

سوم اتمام نعمت جو اختصاص کی نشانیوں میں سے ہے۔

چہارم ہدایت جو ولایت کی علامتوں میں سے ہے۔

چنانچہ مغفرت تمام نقائص و عیوب سے تبری و تنزیہہ یعنی ہر آلائش سے پاکی و صفائی سے کنایہ ہے اور اتمام نعمت بدرجۂ کامل آپ کی تبلیغ و رسالت ہے۔ اور ہدایت، مشاہدہ کی طرف دعوت ہے اور آپ کی شان اتنی بلند فرمائی کہ کوئی چیز قرب حق میں اس مرتبہ سے اونچی و فائق متصور نہیں ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

ہر قسم کے گناہ سے انبیاء معصوم ہیں

انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی عصمت و عفت ثابت کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک استفتاء کے جواب میں فرماتے ہیں :

جملہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والتسلیم قبل بعثت و بعد بعثت بہر حال عمداً وسہواً کفر وضلالت سے باجماع اہل سنت معصوم ہیں۔ اسی طرح منفرات ذنوب ومحقرات امور سے باجماع، نہ صرف ذنوب بلکہ ہر اس امر سے جو باعث نفرت خلق وننگ وعار وبدنامی ہو اگرچہ اپنا گناہ نہ ہو جیسے جنون وجذام وبرص ودناءت نسب وزنائے امہات وازواج۔

بعد بعثت تمام کبائر سے باجماع اہل سنت معصوم ہیں اور مذہب صحیح وحق ومعتمد میں صغائر سے بھی۔ اور خلاف ضعیف ایسے درجہ سقوط میں ہے کہ قابل اعتداد نہیں بلکہ انصافاً سیرت صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس کے خلاف پر اجماع صحابہ بتا رہی ہے۔ مجوز نے اس نکتہ سے غفلت کی لہٰذا اس کا قول نادانستہ مصادم اجماع واقع ہوا۔

حق یہ ہے کہ بعد بعثت صدور کبیرہ سہواً سے بھی معصوم ہیں اور سہواً صغیرہ وغیر منفرہ میں اکثر اہل ظاہر جانب تجویز ہیں اور اجماع اہل قلب جانب منع۔ اسے امام ابن حجر مکی وغیرہ نے اختیار فرمایا ہے اور حق یہ ہے کہ نزاع صورت صغیرہ میں ہے ورنہ بحال سہو معنی وحقیقۃ نافرمانی خود ہی مرتفع ہے۔

کفر وضلال ومنفرات سے قبل بعثت بھی معصوم ہیں باقی میں اختلاف ہے اور اس قدر میں شک نہیں کہ وہ ہر عیب وریب سے ہمیشہ منزہ ہیں یہ عصمت مصطلحہ اس وقت ثابت ہو یا نہ ہو۔

(امور تبلیغیہ میں اعتقاد یہ ہے کہ) تبلیغ قولاً ہو یا فعلاً اس میں تعمد مخالفت سے بالارادہ معصوم ہیں اور اقوال تبلیغیہ میں سہو وخطا سے بھی۔ افعال تبلیغیہ میں اختلاف ہے ظاہر ادلہ جواز ہے مگر اس پر تقریر ممکن نہیں بلکہ انتباہ واجب ہے اور ایک جماعت صوفیہ تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر مطلقاً سہو ناجائز مانتے ہیں۔ اس قول کی تفصیل وتاویل فقیر کے الفیوض المکیۃ (حاشیۃ الدولۃ المکیۃ) میں ہے۔

(احکام شریعت حصہ سوم)

علامہ بغوی نے بعض لوگوں کا قول نقل کیا کہ جو کچھ حضرت یوسف علیہ السلام سے (زلیخا کے تعلق سے) سرزد ہو گیا، گناہ صغیرہ ہے اور انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام سے صغائر کا صدور جائز ہے۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں یہ بات (یعنی گناہ صغیرہ کی انبیاء کی طرف نسبت) اسی وقت صحیح ہے جب کہ محض صغیرہ کا قرب مراد ہو ارتکاب نہیں۔

فائدہ

انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام سے گناہ صغیرہ کے سرزد ہونے کے بارے میں جو لوگ جواز کے قائل ہیں ان کی تردید میں قاضی عیاض **فصل فی الرد علی من اجاز علیھم الصغائر** کے تحت لکھتے ہیں۔

جن فقہاء و محدثین نے انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام سے گناہ صغیرہ جائز قرار دیا ہے اور جن متکلمین نے ان کی آواز پر لبیک کہی، انھوں نے قرآن پاک کی کئی آیات اور بہت سی احادیث کے ظاہر کو دلیل بنایا۔ لیکن ظاہر کو دلیل بنانے سے کبائر کا جواز اور اجماع کا خلاف لازم آتا ہے اور اس (کبائر) کا کوئی مسلمان بھی قائل نہیں مزید برآں صغائر کے جواز کا قول کس طرح کیا جا سکتا ہے کیوں کہ جن آیات کو دلیل بنایا گیا ہے ان کے معانی میں مفسرین کا اختلاف ہے اور اس کے مقتضی میں کئی احتمالات باہم مقابل ہیں۔ نیز اسلاف کے اقوال بھی ان دلائل کے خلاف ہیں پس ان (مجوزین) کا مذہب اجماع بھی نہیں۔ اور ان آیات متدلہ کے معانی میں زمانہ قدیم سے اختلاف بھی چلا آرہا ہے۔ نیز ان کی بات کے غلط ہونے اور اس کے غیر کی صحت پر دلیل قائم ہے تو اس کا ترک اور صحیح قول کی طرف رجوع واجب ہے۔

یوسف علیہ السلام بری ہیں

آیت کریمہ و لقد همت به و هم بها کے تحت امام بغوی نے صیغہ مجہول (راوی) کے ساتھ ایک روایت نقل فرمائی کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام قید خانے سے باہر تشریف لاکر بادشاہ کے پاس پہنچے اور حضرت زلیخا نے اپنے جرم کا اقرار کرلیا تو حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا یہ بات (یعنی قید خانہ سے باہر آنے کے لیے استفسار کیا کہ اب ان عورتوں کا کیا خیال ہے؟) اس لیے کہی تاکہ بادشاہ کو پتہ چل جائے کہ میں نے اس کی عدم موجودگی میں ارتکاب خیانت نہیں کیا۔ اس بات پر حضرت جبریل امین علیہ السلام نے عرض کیا اے یوسف (علیہ السلام) کیا اس وقت بھی نہیں جب آپ نے قصد فرمایا؟ آپ نے فرمایا میں اپنے نفس کو بے عیب نہیں بتاتا۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ یہ اس قول کے مطابق ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام نے حضرت زلیخا کا قصد فرمایا حالاں کہ صحیح بات اس کے خلاف ہے۔ (یعنی آپ نے قصد نہیں فرمائی تھا) اور شفا شریف میں اس مسئلہ کی تحقیق ملاحظہ کی جائے۔

ذنوب کا مطلب

امام بغوی نے حضرت یوسف علیہ السلام کے واقعہ کے ضمن میں حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول نقل کیا کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے گناہوں کا ذکر عار دلانے کے لیے نہیں بلکہ اپنے انعامات کے اظہار کے لیے فرمایا نیز یہ بتانے کے لیے کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ ذنوب انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سے مراد صورت گناہ ہے ورنہ حقیقۃً گناہ سے انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام نہایت دور اور منزہ و مبرا ہیں۔

ارادہ کی دو قسم

و لقد همت به و هم بها الآية کے تحت علامہ بغوی نے بعض محققین کا قول نقل فرمایا کہ ارادہ کی دو قسمیں ہیں:

(۱) ارادۂ ثابتہ، یعنی جس میں عزم، رضا وغیرہ پائے جائیں اور اس پر مواخذہ ہے۔

(۲) اختیار و عزم کے بغیر نفس کی خواہش اور اس پر مواخذہ نہیں جب تک کہ عمل نہ ہو یا زبان پر نہ آئے۔

اس ضمن میں علامہ بغوی نے ایک روایت نقل فرمائی جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جب میرا بندہ نیکی کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو اگر عمل نہ کرے، ایک نیکی کا ثواب لکھتا ہوں اور اگر اسے عملی جامہ پہنائے تو دس نیکیوں کا ثواب۔ اور اگر برائی کا ارادہ کرے تو جب تک عمل نہ کرے معاف ہے۔ عمل کی صورت میں اسی کے مثل گناہ لکھا جاتا ہے (یعنی ایک گناہ)

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں و هم بها لو لا ان رأى برهان ربه الآية میں ارادۂ یوسف علیہ السلام کے بارے میں منقولہ جملہ اقوال میں سے یہ قول نہایت عمدہ ہے۔ (تعلیقات رضا)

نبوت کے بارے میں اعتقاد

شفا شریف میں ہے من دان بالوحدانية و صحة النبوة و نبوة نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و لكن جوز على الانبياء الكذب فيما اتوا به ادعى فى ذلك المصلحة بزعمه او لم يدعها فهو كافر باجماع .

جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، نبوت کی حقانیت، ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت کا اعتقاد رکھتا ہو بایں ہمہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام پر ان باتوں میں کہ وہ اپنے رب کے پاس سے لائے کذب جائز مانے خواہ بزعم خود اس میں کسی مصلحت کا ادعا کرے یا نہ کرے ہر طرح بالاتفاق کافر ہے۔

حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء کا کذب جائز ماننے والا بالاتفاق کافر ہوا، اللہ عزوجل کا کذب جائز ماننے والا کیونکر بالاجماع کافر و مرتد نہ ہوگا۔ (الکوکبۃ الشہابیۃ فی کفریات ابی الوھابیۃ)

پناہ بے کساں ﷺ
سے توسل واستمداد

خلق کے داد رس سب کے فریاد رس
کہف روز مصیبت پہ لاکھوں سلام

یا ایہا الذین آمنوا اتقوا اللہ و ابتغوا الیہ الوسیلۃ و جاھدوا فی سبیلہ لعلکم تفلحون۔

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو اور اس کی راہ میں جہاد کرو اس امید پر کہ فلاح پاؤ

(المائدہ/۳۵)

پناہ بے کساں ﷺ سے توسل واستمداد

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بارگاہ الٰہی میں وسیلہ بنا کر دعا مانگنا جائز بلکہ مستحب ہے اسی کو توسل واستغاثہ وتشفع وغیرہ مختلف الفاظ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کو خدا کے دربار میں وسیلہ بنانا یہ حضرات انبیاء مرسلین کی سنت اور سلف صالحین کا مقدس طریقہ ہے اور یہ توسل حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت شریفہ سے پہلے آپ کی ظاہری حیات میں اور آپ کی وفات اقدس کے بعد تینوں حالتوں میں ثابت ہے۔

ولادت سے قبل توسل

روایت ہے کہ حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے دنیا میں آکر باری تعالیٰ سے یوں دعا مانگی کہ:

یا رب اسئلک بحق محمد ان تغفر لی .

اے پروردگار میں تجھ سے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے معاف فرمادے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے آدم! تم نے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو کس طرح پہچانا حالاں کہ میں نے ابھی تک ان کو پیدا ابھی نہیں فرمایا۔ حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کیا کہ اے پروردگار! جب تو نے مجھے پیدا فرما کر میرے بدن میں روح پھونکی تو میں نے سر اٹھا کر دیکھا کہ عرش مجید کے پایوں پر **لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ** لکھا ہوا ہے۔ اس سے میں نے سمجھ لیا کہ تو نے جس کے نام کو اپنے نام کے ساتھ ملا کر عرش پر تحریر کرایا ہے وہ یقیناً تیرا سب سے بڑا محبوب ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے آدم (علیہ الصلاۃ والسلام) بیشک تم نے سچ کہا وہ میرے نزدیک تمام مخلوق سے زیادہ محبوب ہیں چوں کہ

تم نے ان کو میرے دربار میں وسیلہ بنایا ہے اس لیے میں نے تم کو معاف کر دیا اور سن لو کہ اگر محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نہ ہوتے تو میں تم کو پیدا نہ کرتا۔ اس حدیث کو امام بیہقی نے روایت فرمایا ہے۔

ظاہری حیات اقدس میں توسل

حضرات صحابہ کرام آپ کی مقدس مجالس میں حاضر ہو کر جس طرح اپنی دین و دنیا کی تمام حاجتیں طلب فرماتے ہیں اسی طرح اپنی دعاؤں میں آپ کو وسیلہ بھی بنایا کرتے تھے بلکہ خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعض صحابہ کو یہ تعلیم دی کہ وہ اپنی دعاؤں میں رسول کی مقدس ذات کو خداوند تعالیٰ کے دربار میں وسیلہ بنائیں۔

ایک نابینا بارگاہ اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کر دیں کہ وہ مجھے عافیت بخشے آپ نے فرمایا کہ اگر تو چاہے تو میں دعا کر دیتا ہوں اور اگر تو چاہے تو صبر کر، صبر تیرے حق میں اچھا ہے جب اس نے دعا کے لیے اصرار کیا تو آپ نے اس کو حکم دیا کہ تم اچھی طرح وضو کر کے یوں دعا مانگو

اللهم انی اسئلک و اتوجه الیک بنبیک محمد نبی الرحمة یا محمد انی توجهت بک الی ربی فی حاجتی هذه لتقضی لی اللهم فشفعه فی.

یا اللہ میں تیری بارگاہ میں سوال کرتا ہوں اور تیرے نبی، نبی رحمت کا وسیلہ پیش کرتا ہوں یا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) میں نے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں آپ کا وسیلہ پیش کیا ہے، اپنی اس ضرورت میں تاکہ وہ پوری ہو جائے یا اللہ تو میرے حق میں حضور کی شفاعت قبول فرما۔

اس حدیث کو ترمذی ونسائی نے روایت کیا ہے اور ترمذی نے فرمایا کہ ھذا حدیث حسن صحیح غریب اور امام بیہقی وطبرانی نے بھی اس حدیث کو صحیح کہا ہے مگر امام بیہقی نے اتنا اور کہا ہے کہ اس

نابینا نے ایسا کیا اور اس کی آنکھیں اچھی ہوگئیں۔

دعا نبوی میں وسیلہ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا جب انتقال ہوا اور ان کی قبر تیار ہوگئی تو خود حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے ان کی قبر کی لحد کھودی پھر اس قبر میں لیٹ کر آپ نے یوں دعا فرمائی کہ

یا اللہ میری ماں (چچی) فاطمہ بنت اسد کو بخش دے اور اس پر اس کی قبر کشادہ فرما دے بوسیلہ اپنے نبی اور ان نبیوں کے وسیلے سے جو مجھ سے پہلے ہوئے ہیں کیوں کہ تو ارحم الراحمین ہے۔

جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بچپن میں ابو طالب کی کفالت میں تھے تو حضور کی یہ چچی یعنی ابو طالب کی بیوی فاطمہ بنت اسد آپ کا بڑا خاص خیال رکھتی تھیں یہ اسی احسان کا بدلہ تھا کہ آپ نے ان کو اپنی چادر مبارک کا کفن پہنایا اور خود اپنے دست رحمت سے ان کی قبر کی لحد کھودی اور ان کی قبر میں کچھ دیر لیٹ کر دعا فرمائی۔

واللہ! اس قبر میں قیامت تک رحمت کے پھولوں کی بارش ہوتی رہے گی جس قبر والے پر رحمۃ للعالمین کی رحمت کا اتنا بڑا کرم ہوا۔

وفات اقدس کے بعد توسل

وفات اقدس کے بعد بھی حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اپنی حاجتوں اور مصیبتوں کے وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنی دعاؤں میں وسیلہ بنایا کرتے تھے بلکہ آپ کو پکار کر آپ سے استغاثہ کیا کرتے تھے۔

بارش کے لیے استغاثہ

حضرت امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں قحط پڑ گیا تو حضرت بلال بن حارث صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر انور پر حاضر ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اپنی امت کے لیے بارش کی دعا فرمائیں، وہ ہلاک ہو رہی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خواب میں ان سے ارشاد فرمایا کہ تم حضرت عمر کے پاس جا کر میرا اسلام کہو اور بشارت دے دو کہ بارش ہوگی اور یہ بھی کہہ دو کہ وہ نرمی اختیار کریں۔ اس شخص نے بارگاہ خلافت میں حاضر ہو کر خبر دی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ سن کر رو ئے پھر کہا اے رب میں کوتاہی نہیں کرتا مگر اسی چیز میں کہ جس سے میں عاجز ہوں۔

فتح کے لیے آپ کا وسیلہ

امیر المومنین حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عبداللہ بن قرط رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ اپنا خط امیر لشکر حضرت ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نام "مقام یرموک" میں بھیجا اور سلامتی کی دعا مانگی۔ حضرت عبداللہ بن قرط رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب مسجد نبوی سے باہر آئے تو ان کو خیال آیا کہ مجھ سے بڑی غلطی ہوئی کہ میں نے روضۂ اقدس پر سلام نہیں عرض کیا۔ چنانچہ واپس جا کر جب قبر انور کے پاس حاضر ہوئے تو وہاں حضرت عائشہ، حضرت عباس و حضرت علی و حضرت امام حسن و حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم حاضر تھے۔ حضرت عبداللہ بن قرط رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان حضرات سے جنگ یرموک میں اسلام کی فتح کے لیے دعا کی درخواست کی تو حضرت علی و حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنے ہاتھ اٹھا کر یوں دعا مانگی کہ

یا اللہ! ہم اس نبی مصطفیٰ و رسول مجتبیٰ کہ جن کے وسیلہ سے حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کی دعا

قبول ہوئی اور خدا نے ان کو معاف فرما دیا۔ ان ہی کے وسیلہ سے دعا کرتے ہیں تو حضرت عبداللہ بن قرط پر ان کا راستہ آسان کر دے اور دور کو نزدیک کر دے اور اپنے نبی کے اصحاب کی مدد فرما کر ان کو فتح عطا فرما دے۔

اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عبداللہ بن قرط رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ اب آپ جایئے، اللہ تعالیٰ حضرت عمر و عباس و علی و حسن و حسین و ازواج نبی (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) کی دعا کو رد نہیں فرمائے گا جب کہ ان لوگوں نے اس کی بارگاہ میں اس نبی کا وسیلہ پکڑا ہے جو اکرم الخلق ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حضرت عمر کا دعا میں وسیلہ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب ان کے دور خلافت میں قحط پڑ جاتا تھا تو وہ بارش کے لیے اس طرح دعا مانگا کرتے تھے کہ

یا اللہ! ہم تیرے نبی کو وسیلہ بنا کر دعا مانگا کرتے تھے تو اس وقت تو ہم کو بارش دیا کرتا تھا اب ہم تیرے دربار میں تیرے نبی کے چچا (حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کو وسیلہ بنا کر دعا کرتے ہیں لہٰذا تو ہم کو بارش عطا فرما۔

الغرض صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کے بعد تابعین و تبع تابعین اور دوسرے سلف صالحین نے ہمیشہ حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات اقدس سے توسل و استغاثہ کا سلسلہ جاری رکھا اور بحمدہٖ تعالیٰ اہل سنت و جماعت میں آج تک اس کا سلسلہ جاری ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ قیامت تک جاری رہے گا۔ (مولف) (سیرت مصطفیٰ)

استعانت حقیقیہ وغیر حقیقیہ

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ استعانت حقیقیہ وغیر حقیقیہ میں تفریق کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

استعانت حقیقیہ یہ ہے کہ اسے قادر بالذات و مالک مستقل وغنی بے نیاز جانے کہ بے عطائے الٰہی وہ خود اپنی ذات سے اس کام کی قدرت رکھتا ہے اس معنی کا غیر خدا کے ساتھ اعتقاد ہر مسلمان کے نزدیک شرک ہے نہ ہرگز کوئی مسلمان غیر کے ساتھ اس معنی کا قصد کرتا ہے بلکہ واسطہ وصول فیض و ذریعہ ووسیلہ قضائے حاجات جانتے ہیں اور یہ قطعاً حق ہے خود رب العزت تبارک وتعالیٰ نے قرآن عظیم میں حکم فرمایا و ابتغوا الیہ الوسیلۃ اللہ کی طرف وسیلہ ڈھونڈو۔

امام علامہ خاتم المجتہدین تقی الملۃ والدین فقیہ محدث ناصر السنۃ ابوالحسن علی بن عبدالکافی سبکی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتاب مستطاب شفاء السقام میں استمداد واعانت کو بہت احادیث صریحہ سے ثابت کر کے ارشاد فرماتے ہیں

لیس المراد نسبۃ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی الخلق و الاستقلال بالافعال ھذا لا یقصدہ مسلم فصرف الکلام الیہ و منعہ من باب التلبیس فی الدین و التشویش علی عوام الموحدین .

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مدد مانگنے کا یہ مطلب نہیں کہ حضور کو خالق اور فاعل مستقل ٹھہراتے ہوں یہ تو کوئی مسلمان ارادہ نہیں کرتا تو اس معنی پر کلام کو ڈھال کر استعانت سے منع کرنا دین میں مغالطہ دینا اور عام مسلمانوں کو پریشانی میں ڈالنا ہے۔

فقیہ محدث علامہ محقق عارف باللہ امام ابن حجر مکی قدس سرہ الملکی کتاب افادات نصاب جوہر منظم میں حدیثوں سے استعانت کا ثبوت دے کر فرماتے ہیں

فالتوجه و الاستغاثة به صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و بغیره لیس لهما معنی فی قلوب المسلمین غیر ذلک و لا یقصد بهما احد منهم سواه فمن لم ینشرح صدره لذلک فلیبک علی نفسه نسأل الله العافیة و المستغاث به فی الحقیقة هو الله و النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم واسطة بینه و بین المستغیث فهو سبحنه مستغاث به و الغوث منه خلقا و ایجادا و النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم مستغاث به و الغوث منه سببا و کسبا .

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا حضور کے سوا انبیاء و اولیاء علیہم الصلاۃ والثناء کی طرف توجہ اور ان سے فریاد کے یہی معنی مسلمانوں کے دل میں ہیں۔ اس کے سوا کوئی مسلمان اور معنی نہیں سمجھتا ہے نہ قصد کرتا ہے تو جس کا دل اسے قبول نہ کرے وہ آپ اپنے حال پر روئے ہم اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگتے ہیں۔ حقیقۃً فریاد اللہ عزوجل کے حضور ہے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے اور اس فریادی کے بیچ میں وسیلہ و واسطہ ہیں۔ تو اللہ عزوجل کے حضور فریاد ہے اور اس کی فریادرسی یوں ہے کہ مراد کو خلق و ایجاد کرے۔ اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور فریاد ہے اور حضور کی فریادرسی یوں ہے کہ حاجت روائی کے سبب ہوں اور اپنی رحمت سے وہ کام کریں جس کے باعث اس کی حاجت روا ہو۔ (برکات الامداد لاہل الاستمداد)

حضور نے چند قبائل کی مدد فرمائی

صحیح بخاری و صحیح مسلم و سنن نسائی میں ہے چند قبائل عرب نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استعانت کی حضور والا نے مدد عطا فرمائی

عن انس رضی الله تعالیٰ عنه ان النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اتاه رعل و ذکوان و عصیة و بنو لحیان فزعموا انهم قد اسلموا و استمدوه علی قومهم فامدهم

النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم . الحدیث.

یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں چند قبائل یعنی رعل وذکوان، عصیہ اور بنولحیان آئے اور اپنا مسلمان ہونا ظاہر کیا اور اپنی قوم پر حضور سے مدد طلب کی تو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی مدد فرمائی۔ (مولف) (برکات الامداد)

وفد ہوازن کی استعانت

جب وفد ہوازن خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور اپنے اموال واہل وعیال کہ مسلمان غنیمت میں لائے تھے حضور سے مانگے اور طالب احسان والا ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

اذا صلیتم الظهر فقولوا انا نستعین برسول الله علی المومنین او المسلمین فی نسائنا و ابنائنا.

جب ظہر کی نماز پڑھ چکو تو کھڑے ہونا اور یوں کہنا ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استعانت کرتے ہیں مومنین پر اپنی عورتوں اور بچوں کے باب میں۔

نسائی نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث روایت کی۔

حدیث فرماتی ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنفس نفیس تعلیم فرمائی کہ ہم سے مدد چاہنا نماز کے بعد یوں کہنا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے استعانت کرتے ہیں۔

ایک نابینا نے دعا مانگی

حدیث صحیح وجلیل وعظیم جسے نسائی وترمذی وابن ماجہ وابن خزیمۃ وطبرانی وحاکم وبیہقی نے سیدنا عثمان

بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا اور امام ترمذی نے حسن غریب صحیح اور طبرانی و بیہقی نے صحیح اور حاکم نے برشرط بخاری و مسلم صحیح کہا اور امام حافظ الحدیث زکی الدین عبدالعظیم منذری وغیرہ ائمہ نقد و تنقیح نے اس کی تصحیح کو مسلم و برقرار رکھا جس میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نابینا کو دعا تعلیم فرمائی کہ بعد نماز کہے

اللھم انی اسئلک و اتوجه الیک بنبیک محمد نبی الرحمة یا محمد انی اتوجه بک الی ربی فی حاجتی ھذہ لیقضی لی اللھم فشفعه فی .

الٰہی میں تجھ سے مانگتا اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں تیرے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلے سے جو مہربانی کے نبی ہیں یارسول اللہ میں حضور کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف اس حاجت میں توجہ کرتا ہوں تاکہ میری حاجت روائی ہو الٰہی انہیں میرا شفیع کر ان کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما۔ (نابینا نے ابھی یہ دعا ختم نہیں کی تھی کہ ان کی آنکھیں آ گئیں)

حصن حصین شریف کی بعض روایات میں لتقضی لی بصیغۂ معروف ہے یعنی یارسول اللہ حضور میری حاجت روا فرمادیں۔

مولانا فاضل علی قاری علیہ رحمۃ الباری حرز ثمین شرح حصن حصین میں فرماتے ہیں و فی نسخة بصیغة الفاعل ای لتقضی الحاجة و المعنی تکون سببا لحصول حاجتی و وصول مرادی فالاستناد مجازی .

مطلب یہ ہے کہ آپ میرے حصول حاجت کے سبب اور میری مراد برآری کے ولی ہو جائیں میرا اعتماد و وثوق آپ ہی پر ہے۔

ایک حاجت مند کی حاجت برآری

سیدنا عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زمانۂ خلافت امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

میں یہی دعا ایک صاحب حاجتمند کو تعلیم فرمائی۔

معجم کبیر امام طبرانی میں یہ حدیث یوں ہے کہ ایک شخص امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں اپنی کسی حاجت کے لیے حاضر ہوا کرتے امیر المومنین ان کی طرف التفات نہ فرماتے نہ ان کی حاجت پر غور کرتے ایک دن عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملے ان سے شکایت کی عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا

ایت المیضاۃ فتوضا ثم آت المسجد فصل فیہ رکعتین ثم قل اللھم انی اسئلک و اتوجہ الیک بنبینا محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی الرحمۃ یا محمد انی اتوجہ بک الی ربی فیقضی حاجتی و تذکر حاجتک و راح الی حتی اروح معک.

وضو کی جگہ جا کر وضو کر پھر مسجد میں جا کر دو رکعت نماز پڑھو پھر یوں دعا کرو کہ الٰہی میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف ہمارے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی رحمت کے ذریعے سے متوجہ ہوتا ہوں یا رسول اللہ میں حضور کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف توجہ کرتا ہوں کہ میری حاجت روا فرمائیے اور اپنی حاجت کا ذکر کر، پھر شام کو میرے پاس آنا کہ میں بھی تمھارے ساتھ چلوں۔

صاحب حاجت نے جا کر ایسا ہی کیا پھر امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دروازے پر حاضر ہوئے دربان آیا ہاتھ پکڑ کر امیر المومنین کے حضور لے گیا امیر المومنین نے اپنے ساتھ بٹھالیا اور فرمایا کیسے آئے انھوں نے اپنی حاجت عرض کی امیر المومنین نے فوراً روا فرمائی پھر ارشاد فرمایا کیا اتنے دنوں میں تم نے اس وقت ہم سے اپنی حاجت کہی اور فرمایا جب کبھی تمھیں کوئی حاجت پیش آئے ہمارے پاس آنا۔

اب یہ صاحب امیر المومنین کے پاس سے نکل کر حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملے ان سے کہا اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے امیر المومنین نہ میری حاجت میں غور فرماتے تھے نہ میری طرف التفات لاتے یہاں تک کہ آپ نے میری سفارش ان سے کی عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا

و اللہ ما کلمتہ و لکن شھدت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و اتاہ رجل ضریر تشکی الیہ ذھاب بصرۃ فقال لہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایت المیضاۃ فتوضا ثم صل رکعتین ثم ادع بھذہ الدعوات فقال عثمان بن حنیف فو اللہ ما تفرقنا و طال بنا الحدیث حتی دخل علینا الرجل کانہ لم یکن بہ ضر قط۔

خدا کی قسم میں نے تو تمھارے بارے میں امیر المومنین سے کچھ بھی نہ کہا مگر ہے یہ کہ میں نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا حضور کی خدمت اقدس میں ایک نابینا حاضر ہوا اور اپنی نابینائی کی شکایت حضور سے عرض کی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا موضع وضو پر جا کر وضو کر کے دو رکعت نماز پھر یہ دعائیں پڑھ، عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں خدا کی قسم ہم اٹھنے بھی نہ پائے تھے باتیں ہی کر رہے تھے کہ وہ نابینا ہمارے پاس انکھیارے ہو کر آئے گویا کبھی ان کی آنکھوں میں کچھ نقصان نہ تھا۔ امام طبرانی اس حدیث کی متعدد اسنادیں ذکر کر کے فرماتے ہیں و الحدیث صحیح یہ حدیث صحیح ہے۔

ماشاء اللہ کہنے کی بحث

احمد وابی داؤد نے یوں مختصراً اور ابن ماجہ نے بسند حسن اس طرح مطولاً روایت کی

حدثنا ھشام بن عمار ثنا سفین بن عیینۃ عن عبد الملک بن عمیر عن ربعی بن حراش عن حذیفۃ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنھما ان رجلا من المسلمین رای فی

النوم انه لقی رجلا من اهل الکتاب فقال نعم القوم انتم لولا انکم تشرکون تقولون ما شاء الله و شاء محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و ذکر ذلک للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال اما و الله ان کنت لا عرفها لکم قولوا ما شاء الله ثم ما شاء محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم .

یعنی اہل اسلام سے کسی صاحب کو خواب میں ایک کتابی ملا وہ بولا تم بہت خوب لوگ ہو اگر شرک نہ کرتے تم کہتے ہو جو چاہے اللہ اور چاہیں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، ان مسلم نے یہ خواب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی فرمایا سنتے ہو خدا کی قسم تمھاری اس بات پر مجھے بھی خیال گزرتا تھا یوں کہا کرو جو چاہے اللہ پھر جو چاہیں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔ یہ حدیث ابن ابی شیبہ وطبرانی وبیہقی وغیرہم نے بھی روایت کی۔

ابن ماجہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

اذا حلف احدکم فلا یقل ما شاء الله و شئت و لکن لیقل ما شاء الله ثم شئت .

جب تم میں کوئی شخص قسم کھائے تو یوں نہ کہے کہ جو چاہیں اللہ اور میں چاہوں ہاں یوں کہے کہ جو چاہے اللہ پھر میں چاہوں۔

نیز ابن ماجہ واحمد وبغوی وابن قانع وغیرہم نے یہی مضمون طفیل بن سنجرہ برادر مادری ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔ اور مسند امام احمد میں بسند حسن صحیح یوں ہے کہ انھیں خواب میں کچھ یہوی ملے انھوں نے ابنیت عزیر علیہ الصلاۃ والسلام ماننے کا ان پر اعتراض کیا انھوں نے کہا تم خاص کامل لوگ ہو اگر یوں نہ کہو کہ جو چاہے اللہ اور چاہیں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔ پھر کچھ نصاریٰ ملے ان سے بھی

ابنیت مسیح کے جواب میں یہی سنا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خواب عرض کیا حضور نے خطبے میں بعد حمد وثنائے الٰہی فرمایا

انکم کنتم تقولون کلمة کان یمنعنی الحیاء منکم ان انهاکم انها لا تقولوا ما شاء الله و ما شاء محمد.

تم لوگ ایک بات کہا کرتے تھے مجھے تمھارا لحاظ روکتا تھا کہ تمھیں اس سے منع کردوں یوں نہ کہو جو چاہے اللہ اور جو چاہیں محمد۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

سنن نسائی میں بسند صحیح بطریق مسعر عن معبد بن خالد عن عبداللہ بن یسار قتیلہ بنت صیفی جہنیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے

ان یهودیا اتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال انکم تند دون و انکم تشرکون تقولون ما شاء الله و شئت و تقولون و الکعبة فامرهم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا ارادوا ان یحلفوا ان یقولوا و رب الکعبة و یقول احد ما شاء الله ثم شئت.

یعنی ایک یہودی نے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوکر عرض کی بیشک تم لوگ اللہ کا برابر والا ٹھہراتے ہو بیشک تم لوگ شرک کرتے ہو یوں کہتے ہو جو چاہے اللہ اور چاہو تم۔ اور کعبے کی قسم کھاتے ہو اس پر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو حکم فرمایا کہ قسم کھانا چاہیں تو یوں کہیں رب کعبہ کی قسم اور کہنے والا یوں کہے جو چاہے اللہ اور پھر جو چاہو تم۔ یہ حدیث سنن بیہقی میں بھی ہے۔

نیز ابن سعد نے طبقات اور طبرانی معجم کبیر میں بطریق مسعر اور ابن مندہ نے بطریق

المسعودی عن معبد الجدلی عن ابن یسار الجهنی عن قتیلة الجهنیة رضی الله تعالیٰ عنها روایت کی اور امام احمد نے مسند میں اس طریق مسعودی سے بسند صحیح یوں روایت فرمائی

حدثنا یحیی بن سعید ثنا یحیی المسعودی ثنی معبد بن خالد عن عبد الله بن یسار عن قتیلة بنت صیفی الجهنیة قالت اتی حبر من الاحبار رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال یا محمد نعم القوم انتم لولا انکم تشرکون قال سبحان الله و ما ذاک قال تقولون اذا حلفتم و الکعبة قالت فامهل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم شیئا ثم قال انه قد قال فمن حلف فلیحلف برب الکعبة قال یا محمد نعم القوم انتم لو لا انکم تجعلون لله ندا قال سبحان الله و ما ذاک قال تقولون ما شاء الله و شئت قالت فامهل رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم شیئا قال انه قد قال ما شاء الله فلیفصل بینهما ثم شئت.

یعنی یہود کے ایک عالم نے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی اے محمد آپ بہت عمدہ لوگ ہیں اگر شرک نہ کیجیے فرمایا سبحان اللہ یہ کیا؟ کہا آپ کعبہ کی قسم کھاتے ہیں اس پر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کچھ مہلت دی یعنی ایک مدت تک کچھ ممانعت نہ فرمائی پھر فرمایا یہودی نے ایسا کہا ہے تو اب جو قسم کھائے وہ رب کعبہ کی قسم کھائے... یہودی نے عرض کی اے محمد آپ بہت عمدہ لوگ ہیں اگر اللہ کا برابر والا نہ ٹھہرایئے فرمایا سبحان اللہ یہ کیا؟ کہا آپ کہتے ہیں جو چاہے اللہ اور چاہو تم۔ اس پر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک مہلت تک کچھ نہ فرمایا بعد میں فرمادیا اس یہودی نے ایسا کہا ہے تو اب جو کہے کہ جو چاہے اللہ تو دوسرے کے چاہنے کو جدا کر کے کہے کہ پھر چاہو تم۔

مشیت ذاتیہ وعطائیہ

اس مشیت مبارکہ عطائیہ کے باعث صحابہ کرام نام الٰہی عز جلالہ کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک ملا کر کہا کرتے تھے کہ اللہ و رسول چاہیں تو یہ کام ہو جائے گا مگر از آں جا کہ طریق ادب سے اقرب وانسب یہ ہے کہ مشیت ذاتیہ ومشیت عطائیہ میں فرق مراتب نفس کلام سے واضح ہو کہ کسی کو تو ہم مساوات نہ گزرے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کلمے پر خیال گزرتا تھا پھر ملاحظہ فرماتے کہ یہ اہل توحید ہیں معنی حق وصدق انھیں ملحوظ ہیں محبت خدا اور رسول اور نام پاک خلیفۃ اللہ الاعظم جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے تبرک وتوسل انھیں اس قول پر باعث ہے اور بات فی نفسہ شرعاً ممنوع نہیں کہ واو مطلق جمع کے لیے ہے نہ مساوات، نہ معیت کے واسطے لہٰذا منع نہ فرماتے تھے جب اس یہودی نے معاذ اللہ شرک کا الزام دیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رائے کریمہ کا زیادہ رجحان اسی طرف ہوا کہ ایسے لفظ کو جس میں احمق بدعقل مخالف جائے طعن جانے دوسرے سہل لفظ سے بدل دیا جائے کہ صحابہ کرام کا مطلب تبرک وتوسل برقرار رہے اور مخالف کج فہم کو گنجائش نہ ملے۔ مگر یہ بات طرز عبارت کے ایک گونہ آداب سے تھی معنا تو قطعاً صحیح تھی لہٰذا اس کافر کے کہنے کے بعد بھی چنداں لحاظ نہ فرمایا گیا یہاں تک کہ طفیل بن سخبرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ خواب دیکھا اور رؤیائے صادقہ القائے ملک ہوتا ہے اب اس خیال کی زیادہ تقویت ہوئی اور ظاہر ہوا کہ بارگاہ عزت میں یہی ٹھہرا ہے کہ یہ لفظ مخالفوں کا جائے پناہ ٹھہرا ہے بدل دیا جائے جس طرح رب العزت جلا جلالہ نے راعنا کہنے سے منع فرمایا تھا کہ یہود عنود اسے اپنے مقصد مردود کا ذریعہ کرتے ہیں اور اس کی جگہ انظرنا کہنے کا ارشاد ہوا تھا والہٰذا خواب میں کسی بندۂ صالح کو اعتراض کرتے نہ دیکھا کہ یوں تو بات فی نفسہ محل اعتراض نہ ٹھہرتی بلکہ خواب بھی دیکھا تو انھیں یہود ونصاریٰ کو معترض دیکھا تا کہ ظاہر ہو کہ صرف دہن دوزی مخالفان کی مصلحت داعی تبدیل لفظ ہے۔ اب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ یوں نہ کہو کہ اللہ و رسول چاہیں تو کام ہوگا بلکہ یوں کہو کہ اللہ

پھر اس کا رسول چاہے تو کام ہوگا (پھر) کا لفظ کہنے سے وہ توہم مساوات کہ ان یہود و نصاریٰ کو گزرتا ہے باقی نہ رہے گا۔

شیخ محقق قدس سرہ نے یہاں یہ نکتہ ذکر فرمایا۔

دریں جا غایت بندگی و تواضع و توحید ست زیرا کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم در غیر خود اسناد مشیت اگر چہ بطریق تاخر و تبعیت باشد تجویز کرد اما در حق خود بآں نیز راضی نہ شد بلکہ امر کرد باسناد مشیت بہ پروردگار تعالیٰ انتہائے بے توہم شرکت۔

یعنی اس جگہ انتہائے بندگی اور تواضع اور توحید ہے کیوں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی ذات کریم کے علاوہ مشیت کی نسبت کو جائز قرار دیا اگر چہ یہ تاخر و تبعیت کے طریقے پر ہو مگر اپنے لیے اس پر بھی راضی نہ ہوئے بلکہ اللہ تعالیٰ کے لیے مشیت کی نسبت اس طرح کرنے کا حکم فرمایا جس میں شرکت کا وہم وشائبہ نہ ہو۔ (مولف)

علامہ طیبی نے ایک اور توجیہ لطیف و دقیق کی طرف اشارہ کیا کہ

انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم راس الموحدین و مشیتہ معمورۃ فی مشیئۃ اللہ تعالیٰ و مضمحلۃ فیہا.

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سردار موحدین ہیں اور حضور کی مشیت اللہ عزوجل کی مشیت میں مستغرق وگم ہے۔

اقول: تقریر اس اشارۂ لطیفہ کی یہ ہے کہ عطف واو سے ہو خواہ ثم خواہ کسی حرف سے، معطوف و معطوف علیہ میں مغایرت چاہتا ہے بلکہ ثم بوجہ افادۂ فصل و تراخی زیادہ مفید مغایرت ہے اور سید الموحدین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے لیے کوئی مشیت جداگانہ اپنے رب عزوجل کی مشیت سے رکھی ہی نہیں۔

ان کی مشیت بعینہ خدا کی مشیت ہے اور مشیت خدا بعینہ ان کی مشیت، اور عطف کر کے کہیئے تو دوئی سمجھی جائے گی کہ اللہ کی مشیت اور ہے اور رسول کی مشیت اور۔ لہٰذا یہاں عطف کے لیے ارشاد نہ فرمایا فقط مشیت اللہ وحدہ کا ذکر بتایا کہ اس میں خود ہی مشیۃ الرسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر آ جائے گا۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

عام الرمادہ

خلافت فاروقی میں ایک سال مدینہ میں قحط عظیم پڑا اس سال کا عام الرمادہ نام رکھا گیا یعنی ہلاک وتباہی جان ومال کا سال۔ امیر المومنین عمرو بن عاص کو مصر میں فرمان بھیجا یہ شقہ ہے بندۂ خدا عمر امیر المومنین کی طرف سے ابن عاص کے نام

سلم اما بعد فلعمری یا عمرو ما تبالی اذا شبعت انت و من معک ان اھلک انا و من معی فیاغوثاہ ثم یا غوثاہ و یردد قولہ .

سلام کے بعد واضح ہو مجھے اپنی جان کی قسم اے عمرو جب تم اور تمھارے ملک والے سیر ہوں تو تمھیں کچھ پرواہ نہیں کہ میں اور میرے ملک والے ہلاک ہو جائیں ارے فریاد کو پہنچ ارے فریاد کو پہنچ اور اس کلمہ کو بار بار تحریر فرمایا۔

عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب حاضر کیا یہ عرضی بندۂ خدا امیر المومنین عمر کو عمرو بن عاص کی طرف سے

اما بعد فیا لبیک ثم یا لبیک و قد بعثت الیک بعیرا اولھا عندک و آخرھا عندی و السلام علیکم و رحمة اللہ وبرکاتہ .

بعد سلام معروض حضور میں بار بار خدمت کو حاضر ہوں پھر بار بار خدمت کو حاضر ہوں میں نے

حضور میں وہ کارواں روانہ کیا ہے جس کا اول حضور کے پاس ہوگا اور آخر میرے پاس، اور حضور پر سلام اور اللہ عزوجل کی رحمت اور برکتیں۔

عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایسا ہی کارواں حاضر کیا کہ مدینہ طیبہ سے مصر تک یہ تمام منزلہائے دور دراز اونٹوں سے بھری ہوئی تھیں، یہاں سے وہاں تک ایک قطار تھی جس کا پہلا اونٹ مدینہ طیبہ میں تھا اور پچھلا مصر میں سب پر اناج تھا امیر المومنین نے وہ تمام اونٹ تقسیم فرمادیے ہر گھر کو ایک ایک اونٹ مع اپنے بار کے عطا ہوا کہ اناج کھاؤ اور اونٹ ذبح کر کے اس کا گوشت کھاؤ چربی کھاؤ کھال کے جوتے بناؤ جس کپڑے میں اناج بھرا تھا اس کا لحاف وغیرہ بناؤ۔ یوں اللہ عزوجل نے لوگوں کی مشکل دفع کی امیر المومنین حمد بجالائے۔

اسے ابن خزیمہ نے صحیح میں، حاکم نے مستدرک میں اور بیہقی نے سنن میں اسلم مولیٰ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ابن عبدالحکم نے لیث بن سعد سے روایت کیا۔ (الامن والعلی)

محبوبانِ خدا کی مشکل کشائی

انبیاء واولیاء وصلحاء کی مشکل کشائی سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر فرماتے ہیں :

امام عارف باللہ سیدی عبدالوہاب شعرانی قدس سرہ عہود محمدیہ میں فرماتے ہیں **کل من کان متعلقا بنبی او رسول او ولی فلا بد ان یحضر و یاخذ بیدہ فی الشدائد۔**

جو کوئی کسی نبی یا رسول یا ولی کا متوسل ہوگا ضرور ہے کہ وہ نبی و ولی اس کی مشکلوں کے وقت تشریف لائیں گے اور اس کی دستگیری فرمائیں گے۔ (فتاویٰ افریقہ)

حضرت عمر کا توسل

صحیح بخاری میں ہے امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دعا کی انا نتوسل الیک بعم نبینا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاسقنا.

الٰہی ہم تیری طرف توسل کرتے ہیں اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ باران رحمت بھیج۔ (ذیل المدعا لاحسن الوعاء)

حضور سے مسلمان کا توسل

ہر صاحب ایمان کا عقیدہ ہے کہ حضور اپنی امت کی دست گیری اور حاجت مند کی حاجت روائی فرماتے ہیں اور اہل ایمان وقت حاجت حضور کو پکارتے اور وسیلہ بناتے ہیں، امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

مسلمان کے دل میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے توسل رچا ہوا ہے اس کی کوئی دعا توسل سے خالی نہیں ہوتی اگرچہ بعض وقت زبان سے نہ کہے۔

مولانا قدس سرہ مثنوی شریف میں فرماتے ہیں :

اے بسا نا وردہ استثنا بگفت
جان او با جان استثنا ست حفت

(فتاوی رضویہ ج۹، ص۴۶۰)

امام احمد رضا بریلوی ایک اور مقام پر فرماتے ہیں :

حق جل وعلا عز مجدہ کی طرف اس کے محبوبوں سے توسل محمود ومقصود وسنت ماثورہ وطریقہ ماموره

اور ہنگام توسل ان کی جانب توجہ درکار یہاں تک کہ جب خلیفہ ابوجعفر منصور عباسی نے سیدنا امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پوچھا دعا میں قبلہ کی طرف منہ کروں یا مزار مبارک حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف فرمایا۔

و لم تصرف وجهک عنه و هو وسيلتک و وسيلة ابيک آدم عليه الصلاة و السلام الى الله تعالىٰ يوم القيامه بل استقبله و استشفع به فيشفعک الله تعالىٰ .

کیوں اپنا منہ ان سے پھیرتا ہے وہ قیامت کو تیرا اور تیرے باپ آدم علیہ الصلاۃ والسلام کا اللہ تعالیٰ کی طرف وسیلہ ہیں بلکہ انھیں کی طرف منہ کر اور شفاعت مانگ کہ اللہ تعالیٰ تیری درخواست قبول فرمائے۔

امام قاضی عیاض نے شفا شریف میں اس کو بیان فرمایا ہے۔

اور سوال حاجت سے پہلے دو رکعت نماز کی تقدیم مناسب کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے استعینوا بالصبر و الصلاة (صبر اور نماز سے مدد طلب کرو) پھر کامل اکسیر یہ ہے کہ کسی محبوب خدا کے قریب جایئے اسی طرف حق جل وعلا نے قرآن عظیم میں ہدایت فرمائی کہ ارشاد کرتا ہے۔

و لو انهم اذ ظلموا انفسهم جاء وک فاستغفروا الله و استغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحيما.

اور اگر وہ جب اپنی جانوں پر ظلم کریں تیرے حضور حاضر ہو کر خدا سے بخشش چاہیں اور رسول ان کے لیے استغفار کرے تو بیشک اللہ تعالیٰ کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

سبحان اللہ! خدا ہر جگہ سنتا ہے اور بے سبب مغفرت فرماتا ہے مگر ارشاد یوں ہوتا ہے کہ گناہ گار بندے تیری خدمت میں حاضر ہو کر ہم سے دعائے بخشش کریں اور قدیماً وحدیثاً علماء وصلحا اس آیہ کریمہ کو

زمانۂ حیات و وفات سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں عام اور حاضری مزار مبارک کو حاضری مجلس اقدس کی مثل سمجھا کیے اور اوقات زیارت میں یہی آیہ کریمہ تلاوت کر کے اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتے رہے۔

اس مضمون کی بہت روایات وحکایات مواہب لدنیہ ومنح محمدیہ ومدارج النبوۃ وجذب القلوب الی دیار المحبوب وخلاصۃ الوفانی اخبار المصطفیٰ وغیرہا تصانیف علماء میں مذکور ومشہور بعض ان سے حضرت مقدام المحققین خدمت والد قدس سرہ الماجد (حضرت علامہ نقی علی رضا خان بریلوی والد ماجد اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی) نے سرور القلوب فی ذکر المحبوب میں ذکر کر کے اس مسئلے کا اثبات فرمایا **من شاء فلیتشرف بمطالعته**.

اسی طرح بہت علماء مصنفان مناسک باب زیارت شریفہ مدینہ طیبہ میں وقت حاضری اس آیت کو پڑھ کر استغفار کا حکم دیتے ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۳۸۔ انہار الانوار)

حضور عالم کی مدد فرماتے ہیں

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

امام ابن حجر مکی افضل القریٰ میں فرماتے ہیں

لانه الممد لهم اذ هو الوارث للحضرة الالهية و المستمد منها بلا واسطة دون غيره فانه لا يستمد منها الا بواسطته و لا يصل لكامل منها شي الا و هو من بعض مدده و على يديه.

تمام جہان کی امداد کرنے والے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں اس لیے کہ حضور ہی بارگاہ الٰہی کے وارث ہیں بلا واسطہ خدا سے حضور ہی مدد لیتے ہیں اور تمام عالم مدد الٰہی حضور کی وساطت سے لیتا ہے تو جس

کامل کو جو خوبی ملی وہ حضور ہی کی مدد اور حضور ہی کے ہاتھ سے ملی۔

ہمزیہ شریف میں ارشاد فرمایا :

كل فضل في العالمين فمن فضل

النبي استعارة الفضلاء

جہان والوں میں جو خوبی جس کسی میں ہے وہ اس نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضل سے مانگے کو لی ہے۔

شرح سیدی عثماوی میں ہے

نعمتان ماخلا موجود عنهما ، نعمة الا يجاد و نعمة الامداد ، هو صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الواسطة فيهما اذ لو لا سبقت وجوده ما وجد موجود و لولا وجود نوره في ضمائر الكون لتهدمت دعائم الوجود فهو الذى وجد اولا و له تبع الوجود و صار مرتبطا به لا استغناء له عنه .

کوئی موجود دو نعمتوں سے خالی نہیں، نعمت ایجاد ونعمت امداد، اوران دونوں میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی واسطہ ہیں کہ حضور پہلے موجود نہ ہو لیتے تو کوئی چیز وجود نہ پاتی اور عالم کے اندر حضور کا نور موجود نہ ہوتو وجود کے ستون ڈھے جائیں، تو حضور ہی پہلے موجود ہوئے اور تمام جہان حضور کا طفیلی اور حضور سے وابستہ ہوا جسے کسی طرح حضور سے بے نیازی نہیں۔ (صلاۃ الصفائی نور المصطفیٰ)

حضور کے توسل سے دشمن پر فتح

ابن عساکر سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

لم یزل الله یتقدم فی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الی آدم فمن بعده و لم تزل الامم تتبا شربه و تستفتح به حتی اخرجه الله فی خیر امته و فی خیر قرون و فی خیر اصحاب و فی خیر بلد.

ہمیشہ اللہ تعالیٰ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں آدم اوران کے بعد کے سب انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سے پیشین گوئی فرماتا رہا اور قدیم سے سب امتیں تشریف آوری حضور کی خوشیاں مناتیں اور حضور کے توسل سے اپنے اعداء پر فتح مانگتی آئیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو بہترین امم وبہترین قرون وبہترین اصحاب وبہترین بلاد میں ظاہر فرمایا۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اوراس کی تصدیق قرآن عظیم میں ہے :

و کانوا من قبل یستفتحون علی الذین کفروا فلما جاء هم ما عرفوا کفروا به فلعنة الله علی الکافرین .

یعنی اس نبی کے ظہور سے پہلے کافروں پر اس کے وسیلہ سے فتح چاہتے پھر جب وہ جانا پہچانا ان کے پاس تشریف لایا منکر ہو بیٹھے تو خدا کی پھٹکار منکروں پر۔

علماء فرماتے ہیں جب یہود مشرکوں سے لڑتے دعا کرتے۔

اللهم انصرنا علیهم بالنبی المبعوث فی آخر الزمان الذی نجد صفته فی التوراة .

الٰہی ہمیں مدد دے ان پر صدقہ اس نبی آخر الزماں کا جس کی نعت ہم توریت میں پاتے ہیں۔

اس دعا کی برکت سے انھیں فتح دے جاتی۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

وسیلہ حضور سے آدم کی توبہ قبول ہوئی

حاکم بیہقی طبرانی آجری ابونعیم ابن عساکر امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے اپنے رب سے عرض کی اے رب میرے صدقہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا میری مغفرت فرما رب العالمین نے فرمایا تو نے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو کیوں کر پہچانا عرض کی جب تو نے مجھے اپنے دست قدرت سے بنایا اور مجھ میں اپنی روح ڈالی میں نے سر اٹھایا تو عرش کے پایوں پر **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** لکھا پایا، جانا کہ تو نے اپنے نام کے ساتھ اسی کا نام ملایا ہے جو تجھے تمام مخلوق سے زیادہ پیارا ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے آدم تو نے سچ کہا بیشک وہ مجھے تمام جہان سے زیادہ پیارا ہے، اب کہ تو نے اس کے حق کا وسیلہ کر کے مجھ سے مانگا تو میں تیری مغفرت کرتا ہوں اور اگر محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نہ ہوتا تو میں تیری مغفرت نہ کرتا نہ تجھے بناتا۔

بیہقی وطبرانی کی روایت میں ہے آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی :

رایت فی کل موضع من الجنۃ مکتوبا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ فعلمت انہ اکرم خلقک علیک .

میں نے جنت میں ہر جگہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ لکھا دیکھا تو جانا کہ وہ تیری بارگاہ میں تمام مخلوق سے زیادہ عزت والا ہے۔ **(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)**

مواہب میں مروی ہے :

جب آدم علیہ الصلاۃ والسلام جنت سے باہر آئے ساق عرش اور ہر مقام بہشت میں نام پاک محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام الٰہی سے ملا ہوا لکھا دیکھا عرض کی الٰہی یہ محمد کون ہے؟ فرمایا :

هذا ولدک الذی لولاہ ما خلقتک .

یہ تیرا بیٹا ہے یہ اگر نہ ہوتا میں تجھے نہ بناتا عرض کی الٰہی اسی بیٹے کی حرمت سے اس باپ پر رحم فرما، ارشاد ہوا اے آدم اگر تو محمد کے وسیلہ سے تمام اہل آسمان وزمین کی شفاعت کرتا ہم قبول فرماتے۔ (تجلی الیقین)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے

طبرانی معجم کبیر میں اور حاکم بافادۂ تصحیح اور بیہقی دلائل النبوۃ میں امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لغزش واقع ہوئی عرض کی

یا رب اسئلک بحق محمد ان غفرت لی .

الٰہی میں تجھے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ میری مغفرت فرما۔

ارشاد ہوا اے آدم تو نے محمد کو کیوں کر پہچانا حالاں کہ میں نے ابھی اسے پیدا نہ کیا عرض کی الٰہی جب تو نے مجھے اپنی قدرت سے بنایا اور مجھ میں اپنی روح پھونکی میں نے سر اٹھا کر دیکھا تو عرش کے پایوں پر لکھا پایا **لا اله الا الله محمد رسول الله** تو میں نے جانا تو نے اسی کا نام اپنے نام پاک کے ساتھ ملایا ہوگا جو تجھے تمام جہان سے زیادہ پیارا ہے فرمایا :

صدقت یا آدم انه لا حب الخلق الی و اذ سألتنی بحقه فقد غفرت لک و لولا محمد ما خلقتلک (زاد الطبرانی) وهو آخر الانبیاء من ذریتک .

اے آدم تو نے سچ کہا بیشک وہ مجھے تمام جہان سے زیادہ پیارا ہے اور جب تو نے مجھے اس کا واسطہ دے کر سوال کیا تو میں نے تیرے لیے مغفرت فرمائی اگر محمد نہ ہوتا تو میں تجھے نہ بناتا وہ تیری اولاد میں سب سے پچھلا نبی ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

حضور کے توسل سے معافی چاہنا

بندوں کو حکم ہے کہ ان کی بارگاہ میں حاضر ہو کر توبہ واستغفار کریں، اللہ تو ہر جگہ سنتا ہے اس کا علم اس کا سمع اس کا شہود سب جگہ ایک سا ہے مگر حکم یہی فرمایا کہ میری طرف توبہ چاہو تو میرے محبوب کے حضور حاضر ہو۔

و لو انهم اذ ظلموا انفسهم جاؤک فاستغفروا الله و استغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحیما.

اگر وہ جو اپنی جانوں پر ظلم کریں تیرے پاس حاضر ہو کر خدا سے بخشش چاہیں اور رسول ان کی مغفرت مانگے تو ضرور خدا کو توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں۔

حضور کے عالم حیات ظاہری میں حضور ظاہر تھا اب حضور مزار پرانوار ہے اور جہاں یہ بھی میسر نہ ہو تو دل سے حضور پرنور کی طرف توجہ حضور سے توسل، فریاد، استغاثہ، طلب شفاعت کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اب بھی ہر مسلمان کے گھر میں جلوہ فرما ہیں۔

مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری شرح شفا شریف میں فرماتے ہیں :

روح النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حاضرة فی بیوت اهل الاسلام .

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر مسلمان کے گھر میں جلوہ فرما ہیں۔ **(جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)**

وسیلہ، جنت کی ایک منزل ہے

احمد مسلم ابوداؤد ترمذی نسائی عبد اللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

سلوا اللہ لی الوسیلۃ فانھا منزلۃ فی الجنۃ لا تنبغی الا لعبد من عباد اللہ و ارجوا ان اکون انا ھو فمن سأل لی الوسیلۃ حلت علیہ الشفاعۃ ۔

اللہ تعالیٰ سے میرے لیے وسیلہ مانگو وہ جنت کی ایک منزل ہے کہ ایک بندے کے سوا کسی کے شایان نہیں میں امید کرتا ہوں کہ وہ بندہ میں ہی ہوں، تو جو میرے لیے وسیلہ مانگے گا اس پر میری شفاعت اترے گی۔

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث مختصر میں ہے صحابہ نے عرض کی یارسول اللہ وسیلہ کیا ہے فرمایا: ۔

اعلیٰ درجۃ فی الجنۃ لا ینالھا الا رجل واحد ارجوا ان اکون ھو ۔

(وسیلہ) بلندترین درجات جنت ہے جسے نہ پائے گا مگر ایک مرد، امید کرتا ہوں کہ وہ مرد میں ہوں۔

علماء فرماتے ہیں خدا اور رسول جس بات کو بکلمہ امید و ترجی بیان فرمائیں وہ یقینی الوقوع ہے۔

(تجلی الیقین)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ بے کس پناہ میں استمداد و استغاثہ کرتے ہوئے عرض کرتے ہیں:

بگڑا جاتا ہے کھیل میرا آقا آقا سنوار آقا
منجدھار پہ آکے ناؤ ٹوٹی دے ہاتھ کہ ہوں میں پار آقا
ٹوٹی جاتی ہے پیٹھ میری للہ یہ بوجھ اتار آقا

میں دور ہوں تم تو ہو میرے پاس — سن لو میری پکار آقا
مجھ سا کوئی غمزدہ نہ ہوگا — تم سا نہیں غم گسار آقا
گرداب میں پڑ گئی ہے کشتی — ڈوبا ڈوبا اتار آقا
اتنی رحمت رضا پہ کر لو — لا یقربہ البوار آقا

●

تیری رحمت سے صفی اللہ کا بیڑا پار تھا
تیرے صدقے سے نجی اللہ کا بجرا تر گیا

●

آج لے ان کی پناہ آج مدد مانگ ان سے
پھر نہ مانیں گے قیامت میں اگر مان گیا

●

میرے گرچہ گناہ ہیں حد سے سوا مگر ان سے امید ہے تجھ سے رجا
تو رحیم ہے ان کا کرم ہے گواہ وہ کریم ہیں تیری عطا کی قسم

●

صدقہ اپنے بازوؤں کا المدد — کیسے توڑیں یہ بت پندار ہم
دم قدم کی خیر اے جان مسیح — در پہ لائے ہیں دل بیمار ہم
اپنی رحمت کی طرف دیکھیں حضور — جانتے ہیں جیسے ہیں بدکار ہم

•

بخدا خدا کا یہی ہے در نہیں اور کوئی مفر مقر
جو وہاں سے ہو یہیں آ کے ہو جو یہاں نہیں تو وہاں نہیں

•

ٹوٹ پڑتی ہیں بلائیں جن پر جن کو ملتا نہیں کوئی یاور
ہر طرف سے وہ پرارماں پھر کر ان کے دامن میں چھپا کرتے ہیں
اپنے دل کا ہے انہیں سے آرام سونپے ہیں اپنے انہیں کو سب کام
لو لگی ہے کہ اب اُس در کے غلام چارۂ درد رضا کرتے ہیں

•

پریشانی میں نام ان کا دل صد چاک سے نکلا
اجابت شانہ کرنے آئی گیسوئے توسل کو
وفور شان رحمت کے سبب جرأت ہے اے پیارے
نہ رکھ بہر خدا شرمندہ عرض بے تامل کو

•

واللہ وہ سن لیں گے فریاد کو پہنچیں گے
اتنا بھی تو ہو کوئی جو آہ کرے دل سے

•

لا و رب العرش جس کو جو ملا ان سے ملا
بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی
وہ جہنم میں گیا جو ان سے مستغنی ہوا
ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی

عاصیو. تھام لو دامن ان کا وہ نہیں ہاتھ جھٹکنے والے
سنیو ان سے مدد مانگے جاؤ پڑے بکتے رہیں بکنے والے

مانگ من مانتی منہ مانگی مرادیں لے گا
نہ یہاں نا ہے نہ منگتا سے یہ کہنا کیا ہے

ہم ہیں ان کے وہ ہیں تیرے تو ہوئے ہم تیرے
اس سے بڑھ کر تیری سمت اور وسیلہ کیا ہے

نہ کیوں کر کہوں یاحبیبی اغثنی
اسی نام سے ہر مصیبت ٹلی ہے

بیٹھتے اٹھتے حضور پاک سے
التجا و استعانت کیجیے

شر خیر شور سور شرر دور نار نور
بشری کہ بارگاہ یہ خیر البشر کی ہے
مجرم بلائے آئے ہیں جاؤک ہے گواہ
پھر رد ہوں کب یہ شان کریموں کے در کی ہے

بے ان کے واسطے کہ خدا کچھ عطا کرے
حاشا غلط غلط یہ ہوس بے بصر کی ہے

•

جالوں پہ جال پڑ گئے للـــــــــہ وقت ہے
مشکل کشائی آپ کے ناخن اگر کریں

•

تم ہو حفیظ و مغیث کیا ہے وہ دشمن خبیث
تم ہو تو پھر خوف کیا تم پہ کروروں درود
آس ہے کوئی نہ پاس ایک تمھاری ہے آس
بس ہے یہی آسرا تم پہ کروروں درود

•

بہر خدا مرہم بنہ از کار من بکشا گرہ — فریاد رس دادے بدہ دستے بما افتادگاں
مولا ز پا افتادہ ام دارم شہا چشم کرم — مہر عرب ماہ عجم رحمے بحال بندگاں

•

یا خدا بہر جناب مصطفیٰ امداد کن
یا رسول اللہ از بہر خدا امداد کن
یا شفیع المذنبین یا رحمۃ للعالمین
یا امان الخائفین یا ملتجی امداد کن

•

تم سے غم کو کیا تعلق — بے کسوں کے غم زدا ہو

تم ہو مقصود ہدیٰ اصل سب نبی تھے وسیلے

خلق کے داد رس سب کے فریاد رس — کہف روز مصیبت پہ لاکھوں سلام
ہم غریبوں کے آقا پہ بے حد درود — ہم فقیروں کی ثروت پہ لاکھوں سلام
(حدائق بخشش)

ندائے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نعرہ کیجیے یا رسول اللہ کا
مفلسو سامان دولت کیجیے

امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء

یاوہ جولاچار کی سنتا ہے جب اسے پکارے اور دور کردیتا ہے برائی

(القرآن)

ندائے یارسول اللہ ﷺ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جو قدر و منزلت اور اعزاز و اکرام ہے اس کا اثر ہے یہ کہ حق تعالیٰ ندا کے وقت آپ کو وصف نبوت و رسالت کے ساتھ مخاطب فرماتا ہے چنانچہ یا ایھا النبی ، یا ایھا الرسول (اے نبی، اے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اور دیگر تمام نبیوں کو ان کے ناموں کے ساتھ یاد فرمایا ہے چنانچہ فرمایا یا آدم ، یا نوح ، یا موسیٰ ، یا عیسیٰ اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یا ایھا المزمل (اے جھرمٹ مارنے والے) یا ایھا المدثر (اے چادر اوڑھنے والے) جیسے محبت آمیز الفاظ سے مخاطب فرماتا یہ ارباب ذوق اور اہل محبت پر ظاہر ہے کہ اس میں کتنی محبت، پیار اور مہربانی جلوہ گر ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ اول)

مقربین کو وسیلہ بنانا

امام احمد رضا بریلوی سے سوال ہوا کہ یارسول اللہ یا ولی اللہ یا علی مشکل کشا کہنا اور انبیاء و اولیاء سے مدد طلب کرنا جائز ہے یا نہیں؟

آپ نے فرمایا :

جائز ہے جب کہ انھیں بندۂ خدا اور اس کی بارگاہ میں وسیلہ جانے اور انھیں باذن الٰہی والمدبرات امرا سے مانے اور اعتقاد کرے کہ بے حکم خدا ذرہ نہیں ہل سکتا۔ اور اللہ عزوجل کے دیئے بغیر کوئی ایک حبہ نہیں دے سکتا، ایک حرف نہیں سن سکتا، پلک نہیں ہلا سکتا، اور بیشک سب مسلمانوں کا یہی اعتقاد ہے اس کے خلاف کا ان پر گمان محض بدگمانی و حرام ہے اور ایسے سچے اعتقاد کے ساتھ ندا کرنا بلا شبہ جائز ہے۔

(احکام شریعت حصہ اول)

نام پاک سے ندا کا حکم

حضور اقدس انیس بے کساں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک لے کر ندا کرنے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

علماء تصریح فرماتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نام لے کر ندا کرنی حرام ہے اور واقعی محل انصاف ہے جسے اس کا مالک و مولیٰ تبارک وتعالیٰ نام لے کر نہ پکارے غلام کی کیا مجال کہ راہ ادب سے تجاوز کرے۔ بلکہ امام زین الدین مراغی وغیرہ محققین نے فرمایا اگر یہ لفظ کسی دعا میں وارد ہو جو خود نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تعلیم فرمائی جیسے دعائے **یا محمد انی توجهت بک الی ربی** تاہم اس کی جگہ یارسول اللہ یا نبی اللہ کہنا چاہیئے۔

(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین۔ الکوکبۃ الشہابیۃ فی کفریات ابی الوھابیۃ)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے :

نص العلماء ان الرواية ان جاء ت فی دعاء مثلا کدعاء التوجۃ الذی لقنه ضریرا فابصر بندائه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم باسمه فلیبد له بنحو یا رسول الله ، فان دعاء ه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم باسمه الکریم حرام .

اقول و قد نص فقهاء نا بمنع الولد من دعاء والدیه و المراء ۃ من نداء زوجها بالاسماء فرسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم احق .

علماء فرماتے ہیں کہ اگر کسی دعا میں (یا محمد) مروی ہو جیسے ایک نابینا صحابی کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعائے توجہ (یعنی یا محمد انی توجهت بک الخ) کی تعلیم دی تو وہ صحابی حضور کو ندا کرنے کے سبب سے انکھیارے ہو گئے یعنی انھیں آنکھیں عطا ہو گئیں تو اس کی جگہ یارسول اللہ، یا نبی اللہ، کہنا چاہیئے اس

لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نام لے کر ندا کرنی حرام ہے۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ فقہاء کرام اولاد کو والدین کا نام اور عورت کو شوہر کا نام لے کر پکارنے کو منع فرماتے ہیں تو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ادب و تکریم کے زیادہ مستحق ہیں یعنی حضور کا اسم گرامی لے کر پکارنا بدرجہا اولیٰ منع ہے۔ (مولف) (المعتمد المستند ۱۳۹)

یا کے ذریعہ ندا کا ثبوت

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ

نماز کے بعد یا اور دیگر اوقات میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بکلمہ یا ندا کرنا اور الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کہنا جائز ہے یا نہیں؟ جو لوگ اس سے منع کرتے ہیں ان کا کیا حکم ہے؟

آپ نے فرمایا:

کلمات مذکورہ بیشک جائز ہیں جن کے جواز میں کلام نہ کرے گا مگر سفیہ جاہل یا ضال مضل (گمراہ، گمراہ گر) جسے اس مسئلہ کے متعلق قدرے تفصیل درکار ہو وہ شفاء السقام، امام علامہ بقیۃ المجتہدین تقی الملۃ والدین ابوالحسن علی سبکی۔ والمواہب اللدنیہ، امام احمد قسطلانی شارح صحیح بخاری، وشرح مواہب علامہ زرقانی، ومطالع المسرات علامہ فاسی ومرقاۃ شرح مشکوٰۃ علامہ قاری، ولمعات، اشعۃ اللمعات شروح مشکوٰۃ وجذب القلوب الی دیار المحبوب ومدارج النبوۃ تصانیف شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی۔ وافضل القریٰ شرح ام القریٰ، امام ابن حجر مکی وغیرہا کتب کلام علماء کرام وفضلائے عظام علیہم رحمۃ العزیز العلام رجوع لائے یا فقیر (امام احمد رضا) کا رسالہ "انوار الانتباہ فی حل نداء یارسول اللہ" مطالعہ کرے۔ یہاں فقیر بقدر ضرورت چند کلمات اجمالی لکھتا ہے۔

حدیث مذیل بطرز گراں بہا صحیح جسے امام نسائی وامام ترمذی وابن ماجہ وحاکم وبیہقی وامام الائمہ ابن

خزیمہ وابو القاسم طبرانی نے حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا اور ترمذی نے حسن غریب صحیح اور طبرانی وبیہقی نے صحیح اور حاکم نے برشرط بخاری ومسلم صحیح کہا اور امام عبدالعظیم منذری وغیرہ ائمہ نقد وتنقیح نے ان کی تصحیح کو مسلم ومقرر رکھا جس میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک نابینا کو دعا تعلیم فرمائی کہ بعد نماز یوں کہے

اللهم انی اسئلک و اتوجه الیک بنبیک محمد نبی الرحمة یا محمد انی اتوجه بک الی ربی فی حاجتی هذه لیقضی لی اللهم فشفعه فی .

الٰہی میں تجھ سے مانگتا اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں، تیرے رحمت والے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلے سے یارسول اللہ میں حضور کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف اس حاجت میں توجہ کرتا ہوں کہ میری حاجت روا ہو الٰہی ان کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما۔

عثمان غنی کی حاجت روائی

امام طبرانی کی معجم میں یوں ہے :

ان رجلا کان یختلف الی عثمان بن عفان رضی الله تعالیٰ عنه فی حاجة له و کان عثمان لا یلتفت الیه و لا ینظر فی حاجته فلقی عثمان بن حنیف رضی الله تعالیٰ عنه فشکی ذلک الیه فقال له عثمان بن حنیف رضی الله تعالیٰ عنه ایت المیضاة فتوضا ثم ایت المسجد فصل فیه رکعتین ثم قل اللهم انی اسئلک و اتوجه الیک بنبینا محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نبی الرحمة یا محمد انی اتوجه بک الی ربی لیقضی حاجتی و تذکر حاجتک و رح الی حتی اروح معک فانطلق الرجل صنع ما قال قاله .

ثم اتی باب عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنه فجاء البواب حتی اخذہ بیدہ فادخله عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنه فاجلسه معه علی الطنفسة و قال له ما حاجتک فذکر حاجته فقضاها ثم قال ما ذکرت حاجتک حتی کانت هذه الساعة و قال ما کان لک من حاجة فاتنا ثم ان الرجل خرج من عندہ فلقی عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنه فقال له جزاک اللہ خیرا ما کان ینظر فی حاجتی و لا یلتفت الی حتی کلمته فی فقال عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنه واللہ ما کلمته.

ولکن شهدت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و اتاہ رجل ضریر فشکی الیه ذهاب بصرہ فقال له النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ایت المیضاة فتوضأ ثم صل رکعتین ثم ادع بهذه الدعوات فقال عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنه فواللہ ما فرقنا و طال بنا الحدیث حتی دخل علینا الرجل کانه لم یکن به ضر قط.

یعنی ایک حاجت مند اپنی حاجت کے لیے امیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں آتا جاتا امیر المومنین نہ اس کی طرف التفات کرتے نہ اس کی حاجت پر نظر فرماتے اس نے عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس امر کی شکایت کی، انھوں نے فرمایا وضو کر کے مسجد میں دو رکعت نماز پڑھ پھر دعا مانگ، الٰہی میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف اپنے نبی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلے سے توجہ کرتا ہوں، یارسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حضور کے توسل سے اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہوں کہ میری حاجت روا فرمایئے اور اپنی حاجت ذکر کر کے پھر شام کو میرے پاس آنا کہ میں بھی تیرے ساتھ چلوں حاجت مند نے کہ (وہ بھی صحابی یا لااقل کبار تابعین سے تھے) یوں ہی کیا۔

پھر آستان خلافت پر حاضر ہوئے دربان آیا اور ہاتھ پکڑ کر امیر المومنین کے حضور لے گیا امیر المومنین نے اپنے ساتھ مسند پر بٹھالیا مطلب پوچھا عرض کی فوراً روا فرمایا اور ارشاد کیا کہ اتنے دنوں میں تم نے

اپنا مطلب آج بیان کیا، پھر فرمایا جو حاجت تمھیں پیش آیا کرے ہمارے پاس چلے آیا کرو۔ یہ صاحب وہاں سے نکل کر عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملے اور کہا اللہ تمھیں جزائے خیر دے امیر المومنین میری حاجت پر نظر اور میری طرف توجہ نہ فرماتے تھے یہاں تک کہ آپ نے ان سے میری سفارش کی عثمان بن حنیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا خدا کی قسم میں نے تمھارے معاملہ میں امیر المومنین سے کچھ بھی نہ کہا تھا۔

مگر ہوا یہ کہ میں نے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا حضور کی خدمت میں ایک نابینا حاضر ہوا اور نابینائی کی شکایت کی حضور نے یوں ہی اس سے ارشاد فرمایا کہ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے پھر یہ دعا کرے خدا کی قسم ہم اٹھنے بھی نہ پائے تھے باتیں ہی کر رہے تھے کہ وہ ہمارے پاس آ گیا گویا وہ کبھی اندھا نہ تھا۔

ابن عمر کا پاؤں کھل گیا

امام طبرانی پھر امام منذری فرماتے ہیں والحدیث صحیح امام بخاری کتاب الادب المفرد اور امام ابن السنی اور امام ابن بشکوال روایت کرتے ہیں

ان ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنهما خدرت رجله فقیل له اذکر احب الناس الیک فصاح یا محمداہ فانتشرت .

یعنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا پاؤں سن ہو گیا کسی نے کہا انھیں یاد کیجیے جو آپ کو سب سے زیادہ محبوب ہیں حضرت ابن عمر نے بآواز بلند کہا یا محمداہ فوراً پاؤں کھل گیا۔

امام نووی شارح صحیح مسلم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کتاب الاذکار میں اس کا مثل حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے نقل فرمایا کہ ان کا بھی پاؤں سویا تو یا محمداہ کہا اچھا ہو گیا۔ اور یہ امر دو صحابیوں کے سوا اوروں سے بھی مروی ہوا اہل مدینہ میں قدیم سے اس یا محمداہ کہنے کی عادت چلی آتی ہے۔

علامہ شہاب الدین خفاجی مصری نسیم الریاض شرح شفائے امام قاضی عیاض میں فرماتے ہیں هذا مما تعاهده اهل المدينة

اہل مدینہ نے اس عہد کی تجدید کی ہے۔

بلال بن حارث کو بشارت

حضرت بلال بن حارث مزنی سے قحط عام الرمادہ میں کہ بعد خلافت فاروق ۱۸ھ میں واقع ہوا ان کی قوم بنی مزنیہ نے درخواست کی کہ مرے جاتے ہیں کوئی بکری ذبح کیجیے فرمایا بکریوں میں کچھ نہیں رہا ہے۔ انھوں نے اصرار کیا آخر ذبح کی کھال کھینچی تو نری سرخ ہڈی نکلی دیکھ کر بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دعا کی یا محمداہ پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خواب میں تشریف لاکر بشارت دی اسے کامل میں ذکر کیا گیا ہے۔

عبدالرحمٰن ہذلی کی ٹوپی

امام مجتہد فقیہ کامل عبدالرحمٰن ہذلی کوفی مسعودی کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پوتے اور اجلہ تبع تابعین اور اکابر تبع تابعین و اکابر ائمہ مجتہدین سے ہیں۔ سر پر ٹوپی رکھتے جس میں لکھا ہوا تھا محمد یا منصور اور ظاہر ہے کہ القلم احد اللسانین قلم دوزبانوں میں سے ایک ہے۔

ہشیم بن جمیل انطاکی کہ ثقات علمائے محدثین سے ہیں انھیں امام اجل کی نسبت فرماتے ہیں

ورأيته على راسه قلنسوة اطول من ذراع مكتوب فيها محمد يا منصور.

میں نے انھیں اس حال میں دیکھا کہ ان کے سر پر گز بھر کی ٹوپی تھی جس میں لکھا تھا محمد یا منصور اسے تہذیب التہذیب وغیرہ میں ذکر کیا گیا ہے۔

تین اولیاء کی حکایت

امام ابن جوزی نے کتاب عیون الحکایت میں تین اولیاء عظام کا عظیم الشان واقعہ بسند مسلسل روایت کیا کہ وہ تین بھائی سواران دلاور ساکنان شام تھے کہ ہمیشہ راہ خدا میں جہاد کرتے تھے

فاسرھم الروم مرۃ فقال لھم الملک انی اجعل فیکم الملک و ازوجکم بناتی و تدخلون فی نصرانیۃ فابوا و قالوا یا محمداہ .

یعنی ایک بار نصارائے روم انھیں قید کر کے لے گئے بادشاہ نے کہا کہ میں تمھیں سلطنت دوں گا اور اپنی بیٹیاں بیاہ دوں گا تم نصرانی ہو جاؤ انھوں نے نہ مانا اور ندا کی یا محمداہ .

بادشاہ نے تیل گرم کرا کر دو صاحبوں کو اس میں ڈال دیا تیسرے کو اللہ تعالیٰ نے ایک سبب پیدا فرما کر بچالیا (یعنی جب تیسرے کو دیگ کے قریب لایا گیا تو بادشاہ کے ایک درباری کو رحم آ گیا اور اس نے کہا اے بادشاہ اس کو چالیس دنوں کی مہلت دیجیے میں اس کو بہلا پھسلا کر نصرانی بنالوں گا، درباری اس مجاہد کو اپنے گھر لایا اور خوبصورت جوان لڑکی کو اس کے پاس رکھ دیا تا کہ وہ لڑکی اس مجاہد کو اپنے حسن پر فریفتہ کر کے اس کو نصرانی بنالے۔ مگر یہ متقی مجاہد دن بھر روزہ رکھتا اور ساری رات نوافل پڑھتا۔ درباری کی لڑکی اس مجاہد کے تقوی اور عبادت سے اس قدر متاثر ہو گئی کہ وہ اس مجاہد پر خود عاشق ہو گئی اور کلمہ پڑھ کر مشرف بہ اسلام ہو گئی، اور رات کو دو گھوڑے لا کر مجاہد سے کہا کہ چلو ہم دونوں اس شہر سے دور نکل جائیں اور وہاں ہم نکاح کر کے ایک ساتھ رہیں۔ (مولف) (نورانی تقریریں۔ علامہ عبدالمصطفیٰ اعظمی)

وہ دونوں (شہید) چھ مہینے کے بعد مع ایک جماعت ملائکہ کے بیداری میں ان کے پاس آئے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے ہمیں تمھاری شادی میں شریک ہونے کے لیے بھیجا ہے۔ انھوں نے حال پوچھا فرمایا

ما کانت الا الغصۃ (الغوطۃ) التی رأیت حتی خرجنا فی الفردوس.

بس وہی تیل کا ایک غوطہ تھا جو تم نے دیکھا اس کے بعد ہم جنت الفردوس میں تھے۔

امام ابن جوزی فرماتے ہیں:

كانوا مشهورين بذلك معروفين بالشام في الزمن الاول .

یہ حضرات زمانہ سلف میں شام میں مشہور تھے اور ان کا یہ واقعہ معروف ہے۔

پھر فرمایا شعراء نے ان کی منقبت میں قصیدے لکھے ازاں جملہ یہ بیت ہے۔

سيعطى الصدقين بفضل صدق
نجات في الحيات و في الممات

قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ سچے ایمان والوں کو ان کے سچ کی برکت سے حیات وموت میں نجات بخشے گا۔

یہ واقعہ عجیب نفیس روح پرور ہے میں اسے بخیال تطویل مختصر کر گیا تمام وکمال امام جلال الدین سیوطی کی شرح الصدور میں ہے۔ جو چاہے اس کا مطالعہ کرے۔ یہ واقعہ طرطوس کی آبادی سے پہلے کا ہے۔ جیسا کہ روایت میں خود اس کا ذکر موجود ہے۔ اور طرطوس میں ایک شہر ہے یعنی دار السلام کی سرحد کا شہر، جسے خلیفہ ہارون رشید رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے آباد کیا۔ جیسا کہ امام سیوطی نے اسے تاریخ الخلفاء میں بیان کیا ہے۔ ہارون رشید کا زمانہ زمانہ تابعین وتبع تابعین تھا تو یہ تینوں شہدائے کرام اگر تابعی نہ تھے لا اقل تبع تابعین سے تھے۔

یا کے ذریعہ استمداد

شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی اطیب النغم فی مدح سید العرب والعجم میں لکھتے ہیں:

و صلى عليك الله يا خير خلقه ويا خير ما هول و يا خير واهب

و یا خیر من یرجی لکشف رزیة | و من جوده قد فاق جود السحائب

و انت بخیر من هجوم مصیبة | اذا انشبت فی القلب شر المخاطب

اورخوداس کی شرح اور ترجمہ میں کہتے ہیں :

فصل یازدہم در ابتہال بجناب آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رحمت فرستد برتو خدائے تعالیٰ اے بہترین خلق خداوندی بہترین کسیکہ امید داشتہ باشد اے بہترین عطا کنندہ واے بہترین کسیکہ امید داشتہ باشد واز ازالہ مصیبتے واے بہترین کسیکہ سخاوت اوزیادہ ست از باراں ابر ہا گواہی مید ہم کہ تو پناہ دہندہ منی از ہجوم کردن مصیبتے وقتیکہ بخالاند دردل بدترین چنگال ہا۔اھ ملخصا۔

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ عالی میں گڑ گڑا کر دعا کرتا ہوں کہ اے مخلوق خدا میں سب سے افضل و بہترین تجھ پر رحمت خداوندی نازل ہو۔اے افضل و اکمل جو شخص تجھ سے کسی چیز کی امید رکھتا ہے تو تو عطا کرتا ہے۔اے مخلوق میں سب سے اعلیٰ و بالا جو شخص تجھ سے (مصیبتوں سے) نجات کی امید رکھتا ہے تو اس کی مصیبتوں کا ازالہ کرتا ہے۔اے مخلوق میں سب سے برتر جو شخص کہ تجھ سے سخاوت کی امید رکھتا ہے تو سخاوت کے بادل گواہی دیتے ہیں تو مصیبتوں کے ہجوم سے نجات دینا جس وقت کہ بدترین لوگ دل میں مصیبتوں کے کانٹے چبھوتے ہیں۔

اسی کے شروع میں لکھتے ہیں :

ذکر بعض حوادث زماں کہ دراں حوادث لابدست از استمداد بروح آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

کچھ ایسے زمانے کے حوادث ہیں کہ اس میں حادثات ضروری ہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح سے استمداد سے رفع ہو جاتے ہیں۔

یہی شاہ صاحب مدحیہ ہمزیہ میں لکھتے ہیں

ینادی ضارعا بخضوع قلب و ذل و ابتهال والتجاء
رسول الله یا خیر البرایا نوالک ابتغی یوم القضایا
اذا ما حل خطب مدلهم فانت الحصن من کل البلاء
الیک توجهی وبک استنادی و فیک مطامعی و بک ارتجائی

اور خود ہی اس کی شرح و ترجمہ میں لکھتے ہیں :

فصل ششم در مخاطبہ جناب عالی علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التحیات والتسلیمات ندا کند زار و خوار شدہ بشکستگی دل و اظہار بیقدری خود بہ باخلاص در مناجات و بہ پناہ گرفتن بایں طریق کہ اے رسول خدا اے بہترین مخلوق عطائے ترا می خواہم روز فیصل کردن وقتیکہ فرود آید و کار عظیم در غایت تاریکی پس توئی پناہ از ہر بلا بسوئے تست رو آوردن من بہ تست پناہ گرفتن من و در تست امید داشتن من۔ اھ ملخصا۔

تضرع وانکساری، التجاء واخلاص اور خشوع وخضوع سے نبی کریم علیہ افضل الصلاۃ واکمل التحیات و التسلیمات کو پکارے کہ اے رسول خدا اے بہترین مخلوقات ہم قیامت کے دن تیری عطا چاہتے ہیں جس وقت مشکلات اور بلائیں گھیرے ہوں تیری پناہ میں رہوں۔ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اور تجھ ہی سے امیدیں وابستہ رکھتا ہوں۔

اس بحث کے اختتام پر امام احمد رضا بریلوی نے ندا کا جواز التحیات سے ثابت کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے۔

التحیات سے ندا کا ثبوت

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ندا کرنے کے عمدہ دلائل سے، التحیات ہے جسے ہر نمازی

نماز کے دو رکعت پر پڑھتا ہے اور اپنے نبی کریم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم سے عرض کرتا ہے السلام علیک ایها النبی و رحمة الله و برکاته .

اگر ندا معاذ اللہ شرک ہے تو یہ عجیب شرک ہے کہ عین نماز میں شریک و داخل ہے۔ اور یہ جاہلانہ خیال محض باطل کہ التحیات زمانۂ اقدس سے ویسی ہی چلی آتی ہے تو مقصود ان لفظوں کی ادا ہے نہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ندا، حاشا وکلا شریعت مطہرہ نے نماز میں کوئی ذکر ایسا نہیں رکھا ہے۔ جس میں صرف زبان سے لفظ نکالے جائیں اور معنی مراد نہ ہوں نہیں نہیں بلکہ قطعاً یہی درکار ہے التحیات لله و الصلوات و الطیبات سے حمد الٰہی کا قصد رکھے اور السلام علیک ایها النبی و رحمة الله و برکاته سے یہ ارادہ کرے کہ اس وقت میں اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سلام کرتا اور حضور سے بالقصد عرض کر رہا ہوں ۔سلام حضور پر اے نبی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں۔

فتاویٰ عالمگیری میں شرح قدوری سے ہے :

لا بد ان یقصد بالفاظ التشهد معانیها التی وضعت لها من عنده کما قد یحی الله و یسلم علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی نفسه و علی اولیاء الله .

الفاظ تشہد کے معنی موضوع لہا کا قصد ضروری ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ذات اقدس اور اولیاء اللہ پر تحیت وسلام نازل فرماتا ہے۔

تنویر الابصار اور اس کی شرح درمختار میں ہے:

و یقصد بالفاظ التشهد معانیها مرادة له (علی وجه الانشاء) کانه یحی الله تعالیٰ و یسلم علی نبیه و علی نفسه و علی اولیائه (لا الاخبار) عن ذلک ذکره فی المجتبیٰ .

الفاظ تشہد سے اس کے مرادی معنی کا قصد کرے (بطور انشاء نہ بطور خبر) گویا کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی وذات اقدس اور اولیاء اللہ پر تحیت وسلام نازل فرماتا ہے اسی کا مجتبیٰ میں ذکر ہے۔

علامہ حسن شرنبلالی مراقی الفلاح شرح نور الایضاح میں فرماتے ہیں:

يقصد معانيه مرادة على انه ينشاء ها تحية و سلاما منه .

اس معنی مراد کا اس طرح قصد کرے کہ اس ذات نبی پر تحیت وسلام کا انشاء ہو۔ اسی طرح بہت علماء نے تصریح کی۔

اس پر بعض سفہائے منکرین یہ عذر گڑھتے ہیں، صلاۃ وسلام پہنچانے پر ملائکہ مقرر ہیں تو ان میں ندا جائز اور ان کے ماوراء میں ناجائز، حالاں کہ یہ سخت جہالت بے مزہ ہے قطع نظر بہت اعتراضوں سے جو اس پر وارد ہوتے ہیں ان ہوشمندوں نے اتنا بھی نہ دیکھا کہ صرف درود وسلام ہی نہیں بلکہ امت کے تمام افعال واعمال روزانہ دو وقت سرکار عرش وقار حضور سید الابرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں عرض کیے جاتے ہیں۔ احادیث کثیرہ میں تصریح ہے کہ مطلقاً اعمال حسنہ وسیئہ سب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش ہوتے ہیں اور یوں ہی تمام انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام اور والدین واعزہ واحباب سب پر عرض اعمال ہوتی ہے۔ فقیر نے اپنے رسالہ (''سلطنۃ المصطفیٰ فی ملکوت کل الوریٰ'' میں وہ سب حدیثیں جمع کی تھیں یہاں اسی قدر بس ہے کہ امام جلال عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضرت سعید بن المسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ليس من يوم الا و تعرض على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اعمال امته غداة و عشيا فيعرفهم بسيماهم و اعمالهم.

یعنی کوئی دن ایسا نہیں جس میں سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اعمال امت ہر صبح وشام پیش نہ

کیے جاتے ہوں تو حضور کا اپنے امتیوں کو پہچاننا ان کی علامت اوران کے اعمال دونوں وجہ سے ہے۔

(انوار الانتباہ فی حل نداء یارسول اللہ)

عمر فاروق کی ندا

یا کے ذریعہ ندا کرنے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی تحریر نے فرمایا ہے :

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال اقدس کے بعد امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضور والا کو ندا کر کے **بابی انت وامی یا رسول اللہ** میرے ماں باپ حضور پر قربان یارسول اللہ، کہہ کر حضور کے فضائل جلیلہ وشمائل جمیلہ عرض کرنا، کہ اللہ عزوجل کے نزدیک حضور کا مرتبہ اس حد کو پہنچا کہ حضور کے خاک پا کی قسم یاد فرمائی **لا اقسم بھذا البلد** .

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۰۰ ۔ منیر العین)

نام پاک لے کر خطاب کی ممانعت

امت مرحومہ پر نبی کریم علیہ افضل الصلاۃ والتسلیم کا نام پاک لے کر خطاب کرنا حرام ٹھہرایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

لا تجعلوا دعاء الرسول بینکم کدعاء بعضکم بعضا.

رسول کا پکارنا آپس میں ایسا نہ ٹھہرالو جیسے ایک دوسرے کو پکارتے ہو۔

کہ اے زید، اے عمرو، بلکہ یوں عرض کرو **یا رسول اللہ ، یا نبی اللہ ، یا سید المرسلین، یا خاتم النبیین یا شفیع المذنبین . صلی اللہ تعالیٰ علیک و سلم .**

ابونعیم حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس آیت کی تفسیر میں راوی :

قال کانوا یقولون یا محمد یا ابا القاسم فنهاهم الله عن ذلک اعظاما لنبیه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقالوا یا نبی الله یا رسول الله .

یعنی پہلے حضور کو یا محمد یا ابا القاسم کہا جاتا اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی تعظیم کو اس سے نہی فرمائی جب سے صحابہ کرام یا نبی اللہ، یارسول اللہ کہا کرتے۔

بیہقی امام علقمہ وامام اسود اور ابونعیم امام حسن بصری وامام سعید بن جبیر سے تفسیر کریمہ مذکورہ میں راوی :

لا تقولوا یا محمد و لکن قولوا یا رسول الله ، یا نبی الله .

یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یا محمد نہ کہو بلکہ یا نبی اللہ، یارسول اللہ کہو۔

والہذا علماء تصریح فرماتے ہیں، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نام لے کر ندا کرنی حرام ہے اور واقعی محل انصاف ہے جسے اس کا مالک ومولیٰ تبارک وتعالیٰ نام لے کر نہ پکارے غلام کی کیا مجال کہ راہ ادب سے تجاوز کرے۔

بلکہ امام زین مراغی وغیرہ محققین نے فرمایا، اگر یہ لفظ کسی دعا میں وارد ہو جو خود نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تعلیم فرمائی جیسے دعائے **یا محمد انی توجهت بک الی ربی** تاہم اس کی جگہ یارسول اللہ، یا نبی اللہ کہنا چاہیے حالانکہ الفاظ دعا میں حتی الوسع تغیر نہیں کی جاتی۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی یارسول اللہ کا نعرہ لگاتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں :

نعرہ کیجیے یا رسول اللہ کا مفلسو! سامان دولت کیجیے

غیظ میں جل جائیں بے دینوں کے دل یا رسول اللہ کی کثرت کیجیے

●

بیٹھتے اٹھتے مدد کے واسطے
یا رسول اللہ کہا پھر تجھ کو کیا

●

بکار خویش حیرانم اغثنی یا رسول اللہ پریشانم پریشانم اغثنی یا رسول اللہ
ندارم جز تو ملجائے ندانم جز تو ماوائے توئی خود ساز و سامانم اغثنی یا رسول اللہ
اگر رانی و گر خوانی غلامم انت سلطانی دگر چیزے نمی دانم اغثنی یا رسول اللہ
چوں محشر فتنہ انگیزد بلائے بے اماں خیزد بجویم از تو درمانم اغثنی یا رسول اللہ
رضایت سائل بے پر توئی سلطان لا تنھر
شہا بہر ازیں خوانم اغثنی یا رسول اللہ

(حدائق بخشش)

اللہ ورسول کی طرف توبہ ورجوع

گر چہ ہیں بے حد قصور تم ہو عفو و غفور
بخش دو جرم و خطا تم پہ کروروں درود

یا ایہا الذین آمنوا توبوا الی اللہ توبۃ نصوحا

اے ایمان والو اللہ کی طرف ایسی توبہ کرو جو آگے کو نصیحت ہو جائے

(التحریم/۸)

اللہ ورسول کی طرف توبہ ورجوع

جو بارگاہ رب ذوالجلال کا گنہ گار ہے وہ بارگاہ رسالت کا نافرمان وعصیاں شعار ہے اگر کسی سے کوئی گناہ یا بے ادبی سرزد ہو جائے تو وہ پہلے بارگاہ محبوب ذوالجلال میں حاضر ہو۔ پھر خدا سے استغفار کرے تو اس کی توبہ قبول ہونے کی امید ہے کیوں کہ رب عزوجل نے قرآن حکیم میں یہی حکم فرمایا ہے کہ میرے حبیب عرش وقار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وسیلہ سے اپنے گناہوں کی معافی چاہو، اور توبہ ورجوع کرو۔

عہد رسالت میں صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا یہی طریقہ تھا کہ ان سے کوئی لغزش ہوتی تو وہ فوراً پناہ بے کساں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ رحمت میں حاضر ہو کر عذر طلبی کرتے۔ اس مضمون سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

حضرت عائشہ کی توبہ

صحیحین میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے کہ انھوں نے ایک تصویر دار قالین خریدا حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر سے تشریف لائے دروازے پر رونق افروز ہوئے اندر قدم کرم نہ رکھا ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے چہرۂ انور میں اثر ناراضی پایا (اللہ انھیں ناراض نہ کرے دونوں جہاں میں) عرض کرنے لگیں

یا رسول اللہ اتوب الی اللہ و الی رسولہ ما ذا اذنبت.

یارسول اللہ میں اللہ اور اللہ کے رسول کی طرف توبہ کرتی ہوں مجھ سے کیا خطا ہوئی۔

صحابہ کی توبہ

چالیس صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم باہم بیٹھے مسئلہ قدر و جبر میں بحث کرنے لگے ان میں صدیق و فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی تھے روح امین جبریل علیہ الصلاۃ والسلام نے خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی یارسول اللہ حضور اپنی امت کے پاس تشریف لے جائیں کہ انھوں نے نئی راہ نکالی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایسے وقت باہر تشریف لائے کہ وہ وقت حضور کی تشریف آوری کا نہ تھا صحابہ سمجھے کہ کوئی نئی بات ہے آگے حدیث کے پیارے پیارے الفاظ دلکش و دل نواز یوں ہیں۔

و خرج عليهم ملتمعا لونه متوردة و جنتاه كانما تفقا بحب الرمان الحامض فنهضوا الى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حاسرين اذرعهم ترعدا كفهم و اذرعهم فقالوا تبنا الى الله و رسوله . الحديث

یعنی حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ ان پر اس حالت میں برآمد ہوئے کہ رنگ چہرۂ اقدس کا (شدت جلال سے) دہک رہا ہے دونوں رخسارۂ مبارک گلاب کی طرح سرخ ہیں گویا انار ترش کے دانے پھوٹ نکلے ہیں صحابہ کرام یہ دیکھتے ہی حضور کی طرف (عاجزی کے ساتھ) کلائیاں کھولے ہاتھ تھرتھراتے کانپتے کھڑے ہوئے اور عرض کی ہم اللہ ورسول کی طرف توبہ کرتے ہیں جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

طبرانی نے کبیر میں اسے ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ مولیٰ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کیا۔

ان احادیث سے ثابت کہ صدیقہ و صدیق و فاروق وغیرہم اکتالیس صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم

نے توبہ کرنے میں قابل التوبہ جل جلالہ کے نام پاک کے ساتھ اس کے نائب اکبر نبی التوبہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک بھی ملایا اور حضور پرنور خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبول فرمایا حالاں کہ توبہ بھی اصل حق حضرت عزت جل جلالہ کا ہے۔ (الامن والعلی) (فتاویٰ رضویہ ج ۶ ص ۲۹۵)

کعب بن مالک کی توبہ

صحیح بخاری و صحیح مسلم میں حضرت کعب بن مالک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے جب ان کی توبہ قبول ہوئی انھوں نے مولائے دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی

یا رسول اللہ ان من تمام توبتی ان انخلع من مالی صدقة الی اللہ و الی رسولہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم.

یا رسول اللہ میری توبہ کی تمامی یہ ہے کہ میں اپنے سارے مال سے نکل جاؤں اللہ اور اللہ کے رسول کے لیے صدقہ کر کے جل جلالہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں ہے :

ای صدقة خالصة للہ و الرسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم . فالی بمعنی اللام .

یعنی اس حدیث میں اللہ و رسول کی طرف صدقہ کرنے کے معنی اللہ و رسول کے لیے تصدق ہیں تو حاصل یہ کہ اپنا سارا مال خاص خدا اور رسول کے نام پر تصدق کر دوں ۔ تبارک و تعالیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔

ابولبابہ وغیرہ کی توبہ

جب ابولبابہ وغیرہ بعض صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے غزوۂ تبوک میں ہمراہ رکاب سعادت حاضر نہ

ہوئے تھے اپنے آپ کو مسجد اقدس کے ستونوں سے باندھ دیا کہ جب تک حضور والاصلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ نہ کھولیں گے نہ کھلیں گے آیت اتری

خذ من اموالھم صدقة تطھرھم و تزکیھم بھا وصل علیھم ان صلوتک سکن لھم

اے نبی لے لو ان توبہ کرنے والوں کے مالوں سے صدقہ کہ تم پاک کرو انھیں اور تم ستھرا کر دو انھیں گناہوں سے اس صدقے کے سبب اور دعائے رحمت کرو ان کے حق میں تمھاری دعا ان کے دلوں کا چین ہے۔
(الامن والعلی)

نبی التوبۃ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نبی التوبہ ہیں اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی رقم طراز ہیں :

امام احمد مسند اور مسلم صحیح اور طبرانی معجم کبیر میں حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا محمد و احمد و المقفی و الحاشر و نبی التوبة و نبی الرحمة .

میں محمد ہوں اور احمد اور سب انبیاء کے بعد آنے والا خلائق کو حشر دینے والا اور توبہ ورحمت کا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اسم اقدس ''نبی التوبۃ'' کے خصائص

نام مبارک نبی التوبہ عجیب جامع وکثیر المنافع نام پاک ہے۔اس کے خصائص ولطائف ملاحظہ ہوں۔

(۱) حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہدایت سے عالم نے توبہ و رجوع الی اللہ کی دولتیں پائیں حضور کی آواز پر متفرق جماعتیں مختلف امتیں اللہ عزوجل کی طرف پلٹ آئیں۔

(۲) ان کی برکت سے خلائق کو توبہ نصیب ہوئی۔

(۳) ان کے ہاتھ پر جس قدر بندوں نے توبہ کی اور انبیائے کرام کے ہاتھوں پر نہ ہوئی۔

صحیح حدیثوں سے ثابت کہ روز قیامت یہ امت سب امتوں سے شمار میں زائد ہوگی نہ فقط ہر ایک امت جداگانہ بلکہ مجموعہ جمیع امم سے۔ اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں بحمد اللہ تعالیٰ اسی ہماری اور چالیس باقی سب امتیں۔ والحمد للہ رب العالمین۔

(۴) وہ توبہ کا حکم لے کر آئے۔

(۵) اللہ عزوجل کے حضور سے قبول توبہ کی بشارت لائے۔

(۶) اقول: بلکہ وہ توبہ عام لائے ہر نبی صرف اپنی قوم کے لیے توبہ لاتا وہ تمام جہان سے توبہ لینے آئے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(۷) بلکہ توبہ کا حکم وہی لے کر آئے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء سب ان کے نائب ہیں تو روز اول سے آج تک اور آج سے قیامت تک جو توبہ خلق سے طلب کی گئی یا کی جائے گی واقع ہوئی یا وقوع پائے گی سب کے نبی ہمارے نبی توبہ ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

(۸) توبہ سے مراد اہل توبہ ہیں یعنی توابین کے نبی۔ اقول: اب اوفق یہ ہے کہ توبہ سے مراد ایمان لیں۔ حاصل یہ کہ تمام اہل ایمان کے نبی۔

(۹) ان کی امت توابین ہیں وصف توبہ میں سب امتوں سے ممتاز ہیں، قرآن ان کی صفت میں

التائبون فرماتا ہے۔ جب گناہ کرتے ہیں توبہ لاتے ہیں یہ امت کا فضل ہے اور امت کا ہر فضل اس کے نبی کی طرف راجع۔

(۱۰) ان کی امت کی توبہ سب امتوں سے زائد مقبول ہوئی کہ ان کی توبہ میں مجرد ندامت و ترک فی الحال وعزم وامتناع پر کفایت کی گئی نبی الرحمۃ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے بوجھ اتار لیے اگلی امتوں کی سخت وشدید باران پر نہ آنے دیے اگلوں کی توبہ سخت سخت شرائط سے مشروط کی جاتی تھی گوسالہ پرستی سے بنی اسرائیل کی توبہ اپنی جانوں کے قتل سے رکھی گئی جب ستر ہزار آپس میں کٹ چکے اس وقت توبہ قبول ہوئی۔

(۱۱) وہ خود کثیر التوبہ ہیں۔ صحیح بخاری میں ہے روز اللہ سبحانہ سے سو بار استغفار کرتا ہوں۔ ہر ایک کی توبہ اس کے لائق ہے حسنات الابرار سیات المقربین حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر آن ترقی مقامات وقرب ومشاہدہ میں ہیں و للآخرۃ خیر لک من الاولی جب ایک مقام اجل واعلیٰ پر ترقی فرماتے گزشتہ مقام کو بہ نسبت اس کے ایک نوع تقصیر تصور فرما کر اپنے رب کے حضور توبہ واستغفار لاتے تو وہ ہمیشہ ترقی اور ہمیشہ توبہ بے تقصیر میں ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(۱۲) باب توبہ: انھیں کی امت کے آخر عہد میں باب توبہ بند ہوگا۔ اگلی نبوتوں میں اگر کوئی نبی کے ہاتھ پر تائب نہ ہوتا امکان رہتا کہ دوسرا نبی آئے اس کے ہاتھ پر توبہ لائے، یہاں باب نبوت مسدود اور ختم ملت پر توبہ مفقود۔ تو جو ان کے دست اقدس پر توبہ نہ لائے اس کے لیے کہیں توبہ نہیں۔

(۱۳) فاتح باب توبہ: وہ فاتح باب توبہ ہیں سب سے پہلے سیدنا آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے توبہ کی وہ

انھیں کے توسل سے تو وہی اصل توبہ ہیں اور وہی وسیلۂ توبہ۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(۱۴) کعب کا خون : وہ توبہ قبول کرنے والے ہیں ان کا دروازۂ کرم توبہ و معذرت کرنے والوں کے لیے ہمیشہ مفتوح ہے جب سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کعب بن زہیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خون ان کے زمانۂ نصرانیت میں مباح فرما دیا ہے ان کے بھائی بجیر بن زہیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں لکھا

طر الیه فانه لا یرد من جاء تائبا.

ان کے حضور اڑ کر آ ؤ جوان کے سامنے توبہ کرتا حاضر ہو یا اسے کبھی رد نہیں فرماتے۔

اسی بناء پر کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب حاضر ہونے راہ میں "قصیدہ بانت سعاد" نظم کیا جس میں عرض رسا ہیں :

انبئت ان رسول الله اوعدنی
و العفو عند رسول الله مامول

●

انی اتیت رسول الله معتذرا
و العذر عند رسول الله مقبول

مجھے خبر پہنچی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میرے لیے سزا کا حکم فرمایا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور معذرت کرتا حاضر ہوا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عذر دولت قبول پاتا ہے۔

توراۃ مقدس میں ہے :

لا یجزی بالسیئة السیئة و لکن یعفو و یغفر.

احمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بدی کا بدلہ بدی نہ دیں گے بلکہ بخش دیں گے اور مغفرت فرمائیں گے۔

(۱۵) نبی توبہ: اقول، وہ نبی توبہ ہیں بندوں کو حکم ہے کہ ان کی بارگاہ میں حاضر ہو کر توبہ و استغفار کریں اللہ تو ہر جگہ سنتا ہے اس کا علم اس کا سمع اس کا شہود سب جگہ ایک سا ہے مگر حکم یہی فرمایا کہ میری طرف توبہ چاہو تو میرے محبوب کے حضور حاضر ہو۔

(۱۶) اقول، وہ مفیض توبہ ہیں توبہ لیتے بھی یہی ہیں اور دیتے بھی یہی یہ توبہ نہ دیں تو کوئی توبہ نہ کر سکے توبہ ایک نعمت عظمیٰ بلکہ اجل نعم ہے۔

(۱۷) اقول، وہ نبی توبہ ہیں کہ گناہوں سے ان کی طرف توبہ کی جاتی ہے توبہ میں ان کا نام پاک نام جلالت حضرت عزت عز جلالہ کے ساتھ لیا جاتا ہے کہ میں اللہ و رسول کی طرف توبہ کرتا ہوں۔ جن جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ صحیح بخاری و صحیح مسلم شریف میں ہے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کی:

یا رسول اللہ اتوب الی اللہ و الی رسولہ ماذا اذنبت۔

یا رسول اللہ میں اللہ اور اللہ کے رسول کی طرف توبہ کرتی ہوں مجھ سے کیا خطا ہوئی۔

معجم کبیر میں حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے ابوبکر صدیق و عمر فاروق وغیرہما چالیس اجلہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف کھڑے ہو کر ہاتھ پھیلا کر لرزتے کانپتے حضور سے عرض کی:

تبنا الی اللہ و الی رسولہ۔

ہم اللہ اور اس کے رسول کی طرف توبہ کرتے ہیں۔

اقول: توبہ کے معنی ہیں نافرمانی سے باز آنا، جس کی معصیت کی ہے، اس سے عہد اطاعت کی تجدید کرکے اسے راضی کرنا اور نص قطعی قرآن سے ثابت کہ اللہ عزوجل کا ہر گنہ گار حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا گنہ گار ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے :

من یطع الرسول فقد اطاع اللہ .

جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

اس کا عکس نقیض یہ ہے کہ جس نے اللہ کی اطاعت نہیں کی اس نے رسول کی اطاعت نہ کی، یعنی جس نے اللہ کی نافرمانی کی اس نے رسول کی نافرمانی کی۔ اور قرآن عظیم حکم دیتا ہے کہ اللہ و رسول کو راضی کرو۔

اللہ و رسولہ احق ان یرضوہ ان کانوا مومنین.

سب سے زیادہ راضی کرنے کے مستحق اللہ ورسول ہیں اگر یہ لوگ ایمان رکھتے ہیں۔

توبہ قبول کرنے والے نبی

امام احمد وابن سعد وابن ابی شیبہ اور امام بخاری تاریخ اور ترمذی شمائل میں حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی، مدینہ طیبہ کے ایک راستے میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھے ملے ارشاد فرمایا۔

انا محمد و انا احمد و انا نبی الرحمة و نبی التوبة و انا المقفی و انا الحاشر و نبی الملاحم .

میں محمد میں احمد ہوں میں رحمت کا نبی ہوں میں توبہ کا نبی ہوں میں سب میں آخر نبی ہوں میں حشر دینے والا ہوں میں جہادوں کا نبی ہوں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

بشریت انبیاء

علیہم الصلاۃ والسلام

شکل بشر میں نور الٰہی نہ ہو
کیا قدر اس خمیرہ ماء و مدر کی ہے

قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الیّ

تم فرماؤ ظاہر صورت بشری میں تو میں تم جیسا ہوں مجھے وحی آتی ہے

(الکہف/۱۱۰)

بشریت انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام

مسئلہ فضل بشر بر ملک

فرشتوں پر بشر کی افضلیت کا مسئلہ جس پر جمہور اہل سنت و جماعت کا مسلک ہے، اس تفصیل سے مشہور ہے کہ خواص بشر یعنی انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام خواص ملائکہ پر یعنی حضرت جبریل، میکائیل، اسرافیل، عزرائیل، حاملان عرش مقربین کروبیاں اور روحانیین پر فضیلت رکھتے ہیں۔ اسی طرح مواہب لدنیہ میں تفسیر کی گئی ہے۔

اور عقائد (نسفی) کی عبارت یہ ہے کہ **رسل البشر افضل من رسل الملائکة.**

یعنی رسولان بشر فرشتوں کے رسولوں سے افضل ہیں۔

فرشتوں کی وہ جماعت جن کا ذکر ہوا ظاہر ہے کہ یہ فرشتوں کے مرسلین ہیں کیوں کہ یہ مرسلین ملائکہ فرشتوں کی جماعتوں کو تبلیغ احکام الٰہی اور تعلیم دیتے ہیں اور عوام بشر جن سے مراد اولیاء وصلحاء واتقیاء ہیں نہ کہ فساق وفجار۔ (تو یہ عامۂ ملک سے افضل ہیں جو کہ غیر مرسلین ملائکہ ہیں)

فائدہ

شعب الایمان میں اس پر عاصیوں، فاسقوں کی تنقیص کی گئی ہے اس کی عبارت جیسا کہ نقل کیا گیا ہے یہ ہے کہ ملائکہ اور بشر کے بارے میں پرانے لوگ اور آج کے لوگ بحث کرتے ہیں چنانچہ یہ فیصلہ کرنا ہے کہ رسل بشر رسل ملائکہ سے افضل ہیں اور اولیاء بشر اولیاء ملائکہ سے افضل ہیں۔

اور جمہور اہل سنت و جماعت کہتے ہیں کہ بعض اشاعرہ ملائکہ کی افضلیت کی طرف گئے ہیں۔

اور قاضی ابوبکر باقلانی جو اس مذہب کے بہترین فاضل اور شیخ ابوالحسن اشعری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے شاگرد ہیں ان کے نزدیک مسلک مختار یہی ہے۔ عبداللہ حلیمی بھی اسی جانب ہیں۔ اور امام غزالی کے کلام سے بھی بعض مقامات میں یہی مفہوم نکلتا ہے۔

اور بعض کا مذہب یہ ہے کہ بحیثیت مجرد اور قرب کے ملائکہ افضل ہیں اور کثرت ثواب کے لحاظ سے بشر افضل ہیں۔ اہل سنت کی افضلیت سے مراد کثرت ثواب ہے جیسا کہ رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے بارے میں کہا گیا ہے۔

شیخ تاج الدین سبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ جو علمائے شافعی میں بلند مرتبہ رکھتے ہیں فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ساری عمر مسئلہ افضلیت کو خطرہ میں نہ لائے نہ اس کی نفی کرے اور نہ اثبات کرے تو میں امید رکھتا ہوں کہ قیامت کے دن اس سلسلے میں اس سے کچھ بھی نہ پوچھا جائے گا۔

فرشتوں میں بھی بعض، بعض سے افضل ہیں اور ان میں سب سے افضل حضرت جبریل علیہ السلام ہیں کہ ان کو روح الامین کہا جاتا ہے وہ مظہر علم اور حامل وحی ہیں۔ ان کے علاوہ تین فرشتے تمام فرشتوں سے افضل ہیں۔

تمام رسول، تمام نبیوں سے افضل ہیں اور بعض رسول بھی بعض سے افضل ہیں اور حضور اکرم احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام انبیاء و مرسلین سے افضل ہیں۔ آپ سید المرسلین، خاتم النبیین اور تمام مخلوق سے افضل ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم افضل ما صلی علی احد من الانبیاء والمرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔

(مدارج النبوۃ جلد اول)

عوارض بشری

نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور دوسرے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام اس خاکدان عالم پر لباس

بشری میں تشریف لائے ہیں اس طرح ان کے اجسام اور ظاہری حالات تمام کے تمام انسانوں کی طرح ہیں اور ان اجسام پر آفات، تغیرات، مصائب اور عوارض صحت وعلالت کا ظہور ممکن ہے اس طرح ان حضرات کو بھی موت کا ذائقہ چکھنا ہے غرضیکہ ان حضرات پر بھی عوارض کا دوسرے انسانوں کی طرح طاری ہونا جائز ہے اور ان عوارض کے صدور کی وجہ سے ان کی ذات قدسیہ میں کسی نقص کا اطلاق نہیں ہوتا۔

چنانچہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علیل بھی ہوئے آپ کو گرمی وسردی کا احساس بھی ہوا، بھوک پیاس بھی لگی اور راحت وآرام، غم وغصہ سے بھی واسطہ ہوا، تکان وملال بھی ہوا، کمزوری اور کبرسنی بھی لاحق ہوئی ایک مرتبہ آپ سواری سے گرے جس کی وجہ سے پہلو زخمی ہوا، جنگ احد میں اگلے چار دندان مبارک شہید ہوئے آپ کو زہر بھی دیا گیا اور آپ پر جادو بھی کیا گیا اور آپ نے پچھنے بھی لگوائے، آپ نے جھاڑ پھونک بھی کیا اور اللہ سے پناہ بھی طلب کی پھر حیات ظاہری کا وقت مکمل ہوا اور اس حیات ظاہری کی تکمیل کے بعد اس دار المحن سے سفر آخرت فرما کر اپنے رفیق اعلیٰ سے جا ملے۔

یہ سب وہ بشری کیفیات ہیں جن سے چھٹکارا ممکن نہیں علاوہ ازیں حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے پہلے مبعوث ہونے والے انبیاء کو بظاہر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ تکالیف سے واسطہ پڑا۔ چنانچہ انھیں قتل بھی کیا گیا، آگ میں ڈالا گیا، آرے سے بھی چیرا گیا، بعض نبیوں کی اللہ تعالیٰ نے بہت سے اوقات حفاظت بھی فرمائی اور ان میں وہ حضرات بھی شامل ہیں جنھیں اللہ تعالیٰ نے غلبۂ کفار سے محفوظ فرمایا مثلاً سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی غلبۂ کفار کے وقت حفاظت فرمائی، غزوۂ احد کے موقع پر اللہ تعالیٰ نے ابن قمہ کے ہاتھ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر حملہ کرنے سے روک لیا۔

طائف میں جب سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تبلیغ دین کے لیے تشریف لے گئے اور کفار نے آپ پر حملہ کیا تو خالق کائنات نے ان کافروں کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا، جب حضور علیہ الصلاۃ والسلام غار ثور میں پناہ گزیں تھے تو اللہ تعالیٰ نے قریش مکہ کی آنکھوں کو حضور علیہ الصلاۃ والسلام کو دیکھنے سے بے بس

کر دیا، اسی طرح رب العالمین نے ہادیٔ انسانیت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غورث کی تلوار، ابو جہل کے تیروں اور سراقہ کے گھوڑے سے محفوظ فرمایا۔

حضور علیہ السلام ہماری طرح بشر نہ تھے

سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! مجھے اپنا جیسا خیال نہ کرو اور میری ذات سے مماثلت کا تصور ذہن میں نہ لاؤ کیوں کہ میری کیفیت تمھاری ظاہری حالات سے مختلف ہے میری آنکھیں سوتی ہیں لیکن میرا قلب بیدار رہتا ہے۔ نیز حضور نے فرمایا کہ میری اور تمھاری کیا برابری میں تو ایسی حالت میں وقت گزارتا ہوں کہ میرا رب مجھے کھلاتا بھی ہے اور پلاتا بھی۔ حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے یہ بھی فرمایا کہ میں خود نہیں بھولتا بلکہ مجھے اس لیے بھلا دیا جاتا ہے تاکہ اس کے نتیجہ پر میرا اتباع کیا جائے اور امت کے لیے میرا فعل سنت قرار پائے۔

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے اس ارشاد کی روشنی میں یہ بات ظاہر ہوگئی کہ آپ کا باطن، قلب و روح آپ کے جسم مبارک اور ظاہر حالت کے خلاف ہے اور جو مصائب و آلام آپ کی ذات کو پہنچیں مثلاً بھوک، ضعف، نیند، بیداری وہ تمام کی تمام جسم ظاہر سے متعلق رہی ہیں اور ان تمام سے آپ کا باطن محفوظ رہا ہے اس لیے یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی حیثیت دوسرے انسانوں سے منفرد اور ممتاز تھی اور حضور علیہ الصلاۃ والسلام باطنی اعتبار سے دوسروں سے بالکل الگ اور جدا ہیں کیوں کہ انسانوں میں سے اگر کوئی شخص سوتا ہے تو نیند اس کے جسم اور قلب پر بھی حاوی ہوتی ہے اس کے برخلاف حضور علیہ الصلاۃ و السلام حالت نوم اور بیداری میں ایک ہی طرح حاضر القلب رہتے ہیں اور ان دونوں میں آپ پر کوئی فرق نہ ہوتا تھا بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وجہ سے آپ حالت نوم میں حدث سے محفوظ و معصوم تھے اور اس کی وجہ قلب کی بیداری تھی۔

اسی طرح بھوک کی وجہ سے انسانوں کے اجسام کی توانائی ختم ہو جاتی ہے، رنگ وروپ جاتا رہتا ہے، قوت مدافعت ختم ہو جاتی ہے جب کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام ایسی تمام تکالیف سے محفوظ رہتے تھے۔ خود حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا کہ مجھے ایسی کوئی بات لاحق نہیں ہوتی اور حضور علیہ الصلاۃ والسلام دوسروں کے برخلاف تندرست وتوانا رہتے تھے نہ قوت کم ہوتی تھی اور نہ چہرہ تاباں میں کوئی تبدیلی نظر آتی تھی اور اس سلسلہ میں خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہماری رہبری کرتا ہے حضور نے فرمایا کہ جب میں سوتا ہوں تو میرا رب مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام حالات جو عالم دنیا سے متعلق ہوں مثلاً مرض ہو یا جادو یا غصہ وہ آپ کے باطن پر اثر انداز نہ ہوتے تھے اور نہ ان کی وجہ سے معمولات میں کوئی خلل واقع ہوتا تھا اور حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی ذات اقدس پر ایسی کوئی نسبت جس سے اس امر کا اظہار ہو کہ ان امور سے آپ کے باطن میں کسی قسم کا ضعف یا خلل واقع ہوا تھا مناسب نہیں۔ اسی طرح یہ خیال کرنا کہ آپ کی زبان مبارک یا جوارح سے کسی ایسے امر کا ظاہر ہونا جو آپ کی ذات اقدس کے شایان شایان نہ ہو درست نہیں اور نہ ایسی بات کا خیال کرنا جائز ہے یا یہ خیال کرنا کہ جس طرح ایسے امور میں دوسرے انسانوں کی کیفیات ہوتی ہیں ویسی ہی کیفیت حضور علیہ الصلاۃ والسلام پر بھی طاری ہوئی ہوگی یہ بھی غلط ہے۔ (مولف)

(شفا شریف مترجم جلد دوم)

انبیاء کو بشر کہنا شیوۂ کفار ہے

امام احمد رضا بریلوی ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں :

وہ جو انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو اپنا سا بشر مانتے تھے اس لیے کہ ان کی رسالت کے منکر تھے کہ ما انتم الا بشر مثلنا و ما انزل الرحمن من شی ان انتم الا تکذبون۔

تم تو نہیں مگر ہماری مثل بشر اور رحمٰن نے کچھ نہیں اتارا تم نرا جھوٹ کہتے ہو۔

واقعی جب ان خبثاء کے نزدیک وحی و نبوت باطل تھی تو انھیں اپنی سی بشریت کے سوا کیا نظر آتا لیکن ان سے زیادہ دل کے اندھے وہ کہ وحی و نبوت کا اقرار کریں اور پھر انھیں اپنا ہی سا بشر جانیں۔ زید کو قال انما انا بشر مثلکم سوجھا اور یوحی الی نہ سوجھا، جو غیر متناہی فرق ظاہر کرتا ہے۔ زید نے اتنا ہی ٹکڑا لیا جو کافر لیتے تھے۔

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی بشریت جبریل علیہ الصلاۃ والسلام کی ملکیت سے اعلیٰ ہے۔ وہ ظاہری صورت میں ظاہر بینوں کی آنکھوں میں بشریت رکھتے ہیں جس سے مقصود خلق کا ان سے انس حاصل کرنا اور ان سے فیض پانا و لہذا ارشاد فرماتا ہے

و لو جعلنه ملکا لجعلنه رجلا و للبسنا علیهم ما یلبسون.

اور اگر ہم فرشتے کو رسول کر کے بھیجتے تو ضرور اسے مرد ہی کی شکل میں بھیجتے اور ضرور انھیں اسی شبہ میں رکھتے جس دھوکے میں اب ہیں۔

ظاہر ہوا کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی ظاہری صورت دیکھ کر انھیں اوروں کی مثل بشر سمجھنا ان کی بشریت کو اپنا سا جاننا ظاہر بینوں، کور باطنوں کو دھوکا ہے، شیطان کے دھوکے میں پڑے ہیں۔

ہمسری با اولیاء بر داشتند
انبیاء را ہمچوں خود پنداشتند

اولیاء کے ساتھ برابری کرتے ہیں۔ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو اپنی طرح سمجھتے ہیں۔ (مولف)

حضور کے بشری افعال

ان کا کھانا پینا سونا یہ افعال بشری اس لیے نہیں کہ وہ ان کے محتاج ہیں حاشا،

لست کاحدکم انی ابیت عند ربی یطعمنی و یسقینی .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں تم میں سے کسی کے مثل نہیں ہوں میں تو میرے رب کے قرب خاص میں رات گزارتا ہوں وہ مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے۔ (مولف)

ان کے یہ افعال بھی اقامت سنت وتعلیم امت کے لیے تھے کہ ہر بات میں طریقۂ محمودہ لوگوں کو عملی طور سے دکھا ئیں سکھا ئیں، جیسے ان کا سہو ونسیان، حدیث میں ہے

انی لا انسی و لکن انسی لیستن بی .

میں بھولتا نہیں بھلایا جاتا ہوں تا کہ حالت سہو میں امت کو طریقہ سنت معلوم ہو۔

امام اجل محمد عبدری ابن الحاج مکی قدس سرہ مدخل میں فرماتے ہیں۔

انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان لا یاتی الاحوال البشریة لاجل نفسہ المکرمة بل ذلک منہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی طریق التانیس البشریة لاجل الاقتداء بہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الا تری الی قول عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ انی لا تزوج النساء و ما لی الیھن حاجة.

و قد قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حبب الی من دنیاکم الطیب و النساء و جعلت قرة عینی فی الصلاة فانظر الی حکمة قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حبب و لم یقل احببت و قال من دنیاکم فاضافھا الیھم دونہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فدل علی انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کان حبہ خالصا بمولاہ عزوجل یدل علیہ قولہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و جعلت قرة عینی فی الصلاة فکان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بشری الظاھر ملکی الباطن فکان صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یاتی الی شی من

احوال البشرية الا تانيسا لامة و تشريعا لها لا انه محتاج الى شى من ذلك كما تقدم و للجهل بهذه الاوصاف الجليلة و الخصال الحميدة قال الجاهل المسكين مال هذا الرسول ياكل الطعام و يمشى فى الاسواق.

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم احوال بشری کھانا پینا، سونا، جماع اپنے نفس کریم کے لیے نہ فرماتے تھے بلکہ بشر کو انس دلانے کے لیے کہ ان افعال میں حضور کی اقتداء کریں کیا نہیں دیکھتا ہے کہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں عورتوں سے نکاح کرتا ہوں اور مجھے ان کی کچھ حاجت نہیں۔

اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے تمھاری دنیا میں سے خوشبو اور عورتوں کی محبت دلائی گئی، یہ نہ فرمایا کہ میں نے انھیں دوست رکھا اور فرمایا تمھاری دنیا میں سے، تو اسے اوروں کی طرف اضافت فرمایا نہ اپنے نفس کریم کی طرف صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم معلوم ہوا، کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی محبت اپنے مولیٰ عزوجل کے ساتھ خاص ہے جس پر یہ ارشاد کریم دلالت کرتا ہے کہ میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی۔ تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ظاہری صورت بشری اور باطن ملکی ہے۔ تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یہ افعال بشری محض اپنی امت کو انس دلانے اور ان کے لیے شریعت قائم فرمانے کے واسطے کرتے تھے نہ یہ کہ حضور کو ان میں سے کسی شئی کی کچھ حاجت ہو جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا۔ انھیں اوصاف جلیلہ وفضائل حمیدہ سے جہل کے باعث بے چارے جاہل یعنی کافر نے کہا اس رسول کو کیا ہوا کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا ہے۔

عمر نے سچ کہا کہ یہ قول انما انا بشر مثلكم حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے نہ فرمایا بلکہ اس کے فرمانے پر مامور ہوئے جس کی حکمت تعلیم تواضع وتانیس امت وسد غلو نصرانیت ہے۔

حضور رسول بشر اور خدا کے بندے ہیں

مسیح علیہ الصلاۃ والسلام کو ان کی امت نے ان کے فضائل پر خدا اور خدا کا بیٹا کہا پھر فضائل محمدیہ

علی صاحبہا افضل الصلاۃ والتحیۃ کی عظمت شان کا اندازہ کون کرسکتا ہے، یہاں اس غلو کے سد باب کے لیے تعلیم فرمائی گئی کہ، کہو میں تم جیسا بشر ہوں خدا یا خدا کا بیٹا نہیں ہاں یوحی الی رسول ہوں۔ دفع افراط نصرانیت کے لیے پہلا کلمہ تھا اور دفع تفریط ابلیسیت کے لیے دوسرا کلمہ، اسی کی نظیر جو دوسری جگہ ارشاد ہوا

قل سبحن ربی ھل کنت الا بشرا رسولا.

تم فرمادو پاکی ہے میرے رب کو میں خدا نہیں، میں تو انسان رسول ہوں۔

انھیں دونوں کے دفع کو کلمہ شہادت میں دونوں لفظ کریم جمع فرمائے گئے اشھد ان محمدا عبدہ و رسولہ بندے ہیں خدا نہیں، رسول ہیں خدا سے جدا نہیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۱۴۳-۱۴۴)

حضور افضل البشر ہیں

یہ اعتقاد رکھنا ضروری ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بشر اور افضل بشر ہیں، ورنہ حضور کی بشریت کا انکار کرنا کفر ہے، یعنی حضور ظاہر میں بشر ہیں اور باطن میں اس سے افضل واعلیٰ، اسی مضمون کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

جو یہ کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت ظاہری بشری ہے، حقیقت باطنی بشریت سے ارفع واعلیٰ ہے یا یہ کہ حضور اوروں کی مثل بشر نہیں وہ سچ کہتا ہے اور جو مطلقاً حضور سے بشریت کی نفی کرے وہ کافر ہے۔ قال تعالیٰ قل سبحن ربی ھل کنت الا بشرا رسولا.

تم فرمادو پاکی ہے میرے رب کو میں خدا نہیں، میں تو انسان رسول ہوں۔

(فتاویٰ رضویہ ۶، ص ۶۷)

بشریت، نورانیت کے منافی نہیں

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

وہ بشر ہیں مگر عالم علوی سے لاکھ درجہ اشرف اور جسم انسانی رکھتے ہیں مگر ارواح و ملائکہ سے ہزار جگہ الطف، وہ خود فرماتے ہیں :

لست کمثلکم .

میں تم جیسا نہیں۔

و یروی لست کھیئتکم .

میں تمھاری ہیئت پر نہیں۔

و یروی ایکم مثلی .

تم میں سے کون مجھ جیسا ہے۔

آخر علامہ خفاجی کا ارشاد نہ سنا کہ حضور کا بشر ہونا نور درخشندہ ہونے کے منافی نہیں کہ اگر تو سمجھے تو وہ نور علی نور ہیں۔

الا ان محمدا بشر لا کالبشر

بل ھو یاقوت بین الحجر

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بشر ہیں مگر افضل البشر جیسے یاقوت پتھر ہے مگر پتھروں میں ممتاز و منفرد ہے۔ (نفی الفئ عمن استنار بنورہ کل شئ)

شان رسالت میں گستاخی کے احکام

دشمن احمد پہ شدت کیجیے
ملحدوں کی کیا مروت کیجیے

یحلفون باللہ ما قالوا ولقد قالوا کلمۃ الکفر بعد اسلامھم۔

اللہ کی قسم کھاتے ہیں کہ انھوں نے نہ کہا اور بیشک ضرور انھوں نے کفر کی بات کہی اور اسلام میں آکر کافر ہو گئے۔ (التوبہ/۷۴)

شان رسالت میں گستاخی کے احکام

کتاب ہدایت قرآن مجید میں رب کریم نے اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ادنیٰ گستاخی کو بھی حرام قرار دیا ہے اور حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی بارگاہ میں گستاخی کرنے والے یا ذات نبوی میں نقص نکالنے والے کے بارے میں یہ بات اجماع امت سے ثابت ہو چکی ہے کہ ایسا شخص بدترین خلائق اور واجب القتل ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے :

ان الذين يوذون الله و رسوله لعنهم الله فی الدنيا و الآخرة و اعدلهم عذابا مهينا.

بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں ان پر اللہ کی لعنت ہے دنیا اور آخرت میں اور اللہ نے ان کے لیے آخرت کا عذاب مقرر کر دیا ہے۔

والذين يوذون رسول الله لهم عذاب اليم .

جو لوگ اللہ کے رسول کو ایذا دیتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

و ما كان لكم ان توذوا رسول الله و لا ان تنكحوا ازواجه من بعد ابدا ان ذلكم كان عند الله عظيما.

تمھارے لیے یہ مناسب نہیں کہ تم اللہ کے رسول کو ایذا دو اور نہ یہ کہ ان کی حیات ظاہری کے بعد ان کی بیویوں کے ساتھ نکاح کرو بلاشبہ یہ بات بہت سخت ہے۔

الفاظ تنقیص

وہ کلمات جن سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی منقصت کا پہلو نکلتا ہو مثلاً کوئی شخص حضور علیہ الصلاۃ والسلام کو برملا گالی دے یا ایسے کلمات کہے جو عیب جوئی کے لیے استعمال ہوتے ہوں یا ان الفاظ سے آپ کی ذات اقدس، آپ کے مبارک دین، اسوہ یا خصائل میں سے کسی خصلت کو زک پہنچتی ہو یا ذات نبوی پر کسی قسم کی تعریض کرے یا اسی قسم کے اور دوسرے الفاظ استعمال کرے ایسے تمام الفاظ سب وشتم میں شمار ہوں گے اور ایسے الفاظ کہنے والے کے لیے یہی حکم ہے جو اہانت نبی کرنے والے کے لیے یعنی واجب القتل ہے۔

یہاں یہ امر قابل لحاظ وتوجہ ہے کہ ایسا کوئی شخص کسی رعایت کا مستحق نہیں لہٰذا ایسے کلمات میں نہ تو کوئی استثناء گوارا کیا جائے گا اور نہ صراحت وکنایہ کے الفاظ میں کسی قسم کا شک وشبہ روا رکھا جائے گا۔

ایسا ہی طرز عمل اس شخص کے ساتھ روا رکھا جائے گا جو حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی ذات اقدس پر لعنت کے الفاظ استعمال کرے یا حضور کے حق میں بددعا کرے یا ایسے کلمات آپ سے منسوب کرے جو آپ کے شایان شان نہیں یا آپ کے نقصان کا خواہاں ہو یا آپ کی ذات اقدس پر گزرنے والے مصائب کا تذکرہ کر کے شرم دلانے کی کوشش کرے یا وہ عوارض بشری جن کا صدور ذات نبوی کے لیے جائز یا معہود ہو ان کی وجہ سے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی ذات کو حقیر جانے یہ تمام امور اہانت ومنقصت کے قبیل سے شمار کیے جائیں گے اور ان کلمات کا وہی حکم ہے جو توہین رسالت کے مرتکب کے لیے ہے۔

ابوبکر منذر فرماتے ہیں کہ تمام اہل علم مثلاً امام مالک، امام احمد، لیث، اسحاق، اور امام شافعی وغیرہ کا اس بات پر اجماع ہے کہ جو شخص نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گالی دے وہ واجب القتل ہے اور ایسے دریدہ دہن وگستاخ شخص کی توبہ بھی قبول نہ کی جائے گی یہی مسلک امام اعظم اور ان کے رفقاء امام ثوری اور

کوفہ کے دوسرے علماء اور مسلمانوں کا بھی ہے اوران سب نے اس قول کی درستی پر مہر تصدیق ثبت کی ہے اور ولید بن مسلم نے اسی کے مثل امام مالک کا قول بھی نقل کیا ہے۔ لیکن طبری نے امام ابوحنیفہ کا قول نقل کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ احکام اس کے لیے ہیں جو حضور علیہ السلام کی شان میں کمی کرے یا ذات نبوی سے بیزاری کا اظہار کرے یا حضور علیہ السلام کی تکذیب کرے۔

محمد بن سحنون فرماتے ہیں کہ علماء امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ شاتم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا ان کی ذات میں نقص تلاش کرنے والا کافر ہے اوراس پر عذاب الٰہی کی وعید وارد ہے اور امت مسلمہ کو یہ حکم ہے کہ یہ شخص واجب القتل بھی ہے اوراس پر اکتفاء نہیں بلکہ ایسے دریدہ دہن اور گستاخ کے کفر میں شک کرنے والا بھی کافر ہے۔ (مولف) (شفاء شریف مترجم جلد دوم)

اسی بات کو ثابت کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

شفا شریف ۳۲۱۔ اجمع العلماء ان شاتم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم المنقص لہ کافر و الوعید جار علیہ بعذاب اللہ تعالیٰ و من شک فی کفرہ و عذابہ فقد کفر.

یعنی اجماع ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے والا کافر ہے اور اس پر عذاب الٰہی کی وعید جاری ہے اور جو اس کے کافر و مستحق عذاب ہونے میں شک کرے بیشک وہ بھی کافر ہو گیا۔

نسیم الریاض جلد چہارم ۳۸۱ میں امام ابن حجر مکی سے ہے ما صرح بہ من کفر الساب و الشاک فی کفرہ ھو ما علیہ ائمتنا وغیرھم.

یعنی جو یہ ارشاد فرمایا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کرنے والا کافر اور جو

اس کے کافر ہونے میں شک کرے وہ کافر، یہی مذہب ہمارے ائمہ وغیرہم کا ہے۔

گستاخ کے لیے حکم

فتح القدیر امام محقق علی الاطلاق جلد چہارم ۴۰۷ **کل من ابغض رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بقلبه کان مرتدا فالساب بطریق اولی و ان سب سکران لا یعفی عنه .**

یعنی جس کے دل میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کینہ ہو وہ مرتد ہے تو گستاخی کرنے والا بدرجہ اولیٰ کافر ہے اور اگر نشہ بلا اکراہ پیا اور اس حالت میں کلمہ گستاخی بکا جب بھی معاف نہ کیا جائے گا۔

بحر الرائق جلد پنجم ۱۳۵ میں بعینہ کلمہ مذکورہ ذکر کر کے ۱۳۶ پر فرمایا **سب واحدا من الانبیاء کذلک فلا یفید الانکار مع البینة لا نا نجعل انکار الردة توبة ان کان مقبولة .**

یعنی کسی نبی کی شان میں گستاخی کرے یہی حکم ہے کہ اسے معافی نہ دیں گے اور بعد ثبوت اس کا انکار فائدہ نہ دے گا کہ مرتد کا ارتداد سے مکرنا تو دفع سزا کے لیے وہاں توبہ قرار پاتا ہے جہاں توبہ سنی جائے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خواہ کسی نبی کی شان میں گستاخی اور کفروں کی طرح نہیں اس سے اصلاً یہاں معافی نہ دیں گے۔

درالحکام علامہ مولیٰ خسرو جلد اول ۲۹۹ **اذا سبه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم او واحدا من الانبیاء صلوات الله تعالیٰ علیهم اجمعین مسلم فلا توبة له اصلاً واجمع العلماء ان شاتمه کافر ومن شک فی عذابه و کفره کفر.**

یعنی اگر کوئی شخص مسلمان کہلا کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا کسی نبی کی شان میں گستاخی کرے اسے ہرگز معافی نہ دیں گے اور تمام علمائے امت مرحومہ کا اجماع ہے اس پر کہ وہ کافر ہے اور جو اس کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

مجمع الانهر شرح ملتقى الابحر، جلداول ص ۲۱۸ اذا سبه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم او واحدا من النبياء مسلم و لو سكران فلا توبة له تنجيه كالزنديق و من شك في عذابه و كفره فقد كفر.

یعنی جو مسلمان کہلا کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا کسی نبی کی شان میں گستاخی کرے اگرچہ نشہ کی حالت میں تو اس کی توبہ پر بھی دنیا میں اسے معافی نہ دیں گے جیسے دہریئے بے دین کی توبہ نہ سنی جائے گی اور جو شخص اس گستاخی کرنے والے کے کفر میں شک لائے گا وہ بھی کافر ہو جائے گا۔

ذخیرۃ العقبی علامہ اخی یوسف ۲۴۰ قد اجمعت الامة على ان الاستخفاف بنبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و باى نبى كان عليهم الصلاة و السلام كفر سواء فعله على ذلك مستحلا ام فعله معتقد الحرمة و ليس بين العلماء خلاف فى ذلك و من شك فى كفره و عذابه فقد كفر.

یعنی بیشک تمام امت مرحومہ کا اجماع ہے کہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خواہ کسی نبی کی تنقیص شان کرنے والا کافر ہے، خواہ اسے حلال جان کر اس کا مرتکب ہوا ہو یا حرام جان کر بہرحال جمیع علماء کے نزدیک کافر ہے اور جو اس کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

ایضا ۲۴۲ لا يغسل و لا يصلى عليه و لا يكفن اما اذا تاب و تبراء عن الارتداد و دخل فى دين الاسلام ثم مات غسل و كفن و صلى عليه ودفن فى مقابر المسلمين .

یعنی وہ گستاخی کرنے والا جب مرجائے تو نہ اسے غسل دیں نہ کفن دیں نہ اس پر نماز پڑھیں ہاں اگر توبہ کرے اور اپنے اس کفر سے براءت کرے اور دین اسلام میں داخل ہو اس کے بعد مرجائے تو غسل، کفن، نماز، مقابر مسلمین میں دفن سب کچھ ہوگا۔

تنویر الابصار، شیخ الاسلام ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ غزی، کل مسلم ارتد فتوبته مقبولة الا الکافر بسب نبی الخ.

یعنی ہر مرتد کی توبہ قبول ہے مگر کسی نبی کی شان میں گستاخی کرنے والا ایسا کافر ہے کہ دنیا میں سزا سے بچانے کے لیے اس کی توبہ بھی قبول نہیں۔

درمختار، الکافر بسب نبی من الانبیاء لا تقبل توبته مطلقاً و من شک فی عذابه و کفره کفر.

"یعنی کسی نبی کی توہین کرنا ایسا کفر ہے جس پر کسی طرح معافی نہ دیں گے اور جو اس کے کافر و مستحق عذاب ہونے میں شک کرے خود کافر ہے۔"

کتاب الخراج سیدنا امام ابو یوسف رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۸۲ قال ابو یوسف و ایما رجل مسلم سب رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم او کذبه او عابه او تنقصه فقد کفر بالله تعالیٰ و بانت زوجته.

یعنی جو شخص کلمہ گو ہو کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو برا کہے یا تکذیب کرے یا کوئی عیب لگائے یا شان گھٹائے وہ بلاشبہ کافر ہو گیا اور اس کی عورت نکاح سے نکل گئی۔

مرتد کا حکم

وجیز امام کردری جلد ۳، ص ۳۲۱ لو ارتد و العیاذ بالله تعالیٰ تحرم امراء ته و یجدد النکاح بعد اسلامه و المولود بینهم قبل تجدید النکاح بالوطی بعد التکلم بکلمة الکفر ولد زنا ثم ان اتی بکلمة الشهادة علی الشهادة لا یجدیه ما لم یرجع عما قاله لان باتیانهما علی العادة لا یرتفع الکفر اذا سب الرسول صلی الله تعالیٰ علیه وسلم او واحدا من

الانبیاء علیهم الصلاۃ و السلام فلا توبة له و اذا شتمه علیه الصلاۃ و السلام سکران لا یعفی و اجمع العلماء ان شاتمه کافر و من شک فی عذابه و کفره کفر. اھ۔

یعنی جو شخص معاذ اللہ مرتد ہو جائے اس کی عورت حرام ہو جاتی ہے پھر اسلام لائے تو اس سے جدید نکاح کیا جائے اس سے پہلے اس کلمہ کفر کے بعد کی صحبت سے جو بچہ ہوگا حرامی ہوگا اور یہ شخص اگر عادت کے طور پر کلمۂ شہادت پڑھتا رہے کچھ فائدہ نہ دے گا جب تک اپنے اس کفر سے توبہ نہ کرے کہ عادت کے طور پر مرتد کے کلمہ پڑھنے سے اس کا کفر نہیں جاتا، اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا کسی نبی کی شان میں گستاخی کرے دنیا میں بعد توبہ بھی اسے سزا دی جائے گی یہاں تک کہ اگر نشہ کی بے ہوشی میں کلمۂ گستاخی بکا جب بھی معافی نہ دیں گے اور تمام علمائے امت کا اجماع ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کرنے والا کافر ہے اور کافر بھی ایسا کہ جو اس کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

غنیۃ ذوالاحکام ۳۰۱ محل قبول توبة المرتد ما لم تکن ردته بسب النبی او بغضه صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فان کان به لا تقبل توبته سواء جاء تائبا من نفسه او شهد علیه بذلک بخلاف غیره من المکفرات.

یعنی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی اور کفروں کی طرح نہیں ہر طرح کے مرتد کو بعد توبہ معافی دینے کا حکم ہے مگر اس کافر مرتد کے لیے اس کی اجازت نہیں۔

اشباہ والنظائر قلمی، باب الردۃ، لا تصح ردة السکران الا الردة بسب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فانه لا یعفی عنه و کذا فی البزازیة و حکم الردة بینونة امراء ته مطلقاً (ای سواء رجع او لم یرجع اه غمز العیون) و اذا مات علی ردته لم یدفن فی مقابر المسلمین و لا اهل ملة و انما یلقی فی حفرة کالکلب و المرتد اقبح کفرا من الکافر

الآصلی و اذا شھدوا علی مسلم بالردة و ھو منکر لا یتعرض له لا لتکذیب الشھود العدول بل لان انکارة توبة ، رجوع فثبت الاحکام التی للمرتد ما تاب من حبط الاعمال و بینونة الزوجة و قوله لا یتعرض له انما ھو فی مرتد تقبل توبته فی الدنیا لا الردة بسب النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم اھ۔

یعنی نشہ کی بے ہوشی میں اگر کسی سے کفر کی کوئی بات نکل جائے اسے بوجہ بے ہوشی کافر نہ کہیں گے نہ سزائے کفر دیں گے مگر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی وہ کفر ہے کہ نشہ کی بے ہوشی سے بھی صادر ہو تو اسے معافی نہ دیں گے اور معاذ اللہ ارتداد کا حکم یہ ہے کہ اس کی عورت فوراً اس کے نکاح سے نکل جاتی ہے اگر یہ بعد کو پھر اسلام لائے جب بھی عورت نکاح میں واپس نہ جائے گی اور جب وہ اسی ارتداد پر مرجائے والعیاذ باللہ تعالیٰ تو اسے مسلمانوں کے مقابر میں دفن کرنے کی اجازت نہیں نہ کسی ملت والے مثلاً یہودی یا نصرانی کے گورستان میں دفن کیا جائے وہ تو کتے کی طرح کسی گڑھے میں پھینک دیا جائے۔ مرتد کا کفر اصلی کافر کے کفر سے بدتر ہے اور اگر کسی مسلمان پر گواہان عادل شہادت دیں کہ یہ فلاں قول یا فعل کے سبب مرتد ہوگیا اور وہ اس سے انکار کرتا ہو تو اس سے تعرض نہ کریں گے نہ اس لیے کہ گواہان عادل کو جھوٹا ٹھہرایا بلکہ اس لیے کہ اس کا مکرنا اس کفر سے توبہ و رجوع سمجھیں گے ولہٰذا گواہان عادل کی گواہی اور اس کے انکار سے یہ نتیجہ پیدا ہوگا کہ وہ شخص مرتد ہوگیا تھا اور اب توبہ کرلی تو مرتد تائب کے احکام اس پر جاری کریں گے کہ اس کے تمام اعمال حبط ہوگئے اور جورو نکاح سے باہر، باقی سزا نہ دی جائے گی مگر نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کہ یہ وہ کفر ہے جس کی سزا سے دنیا میں بعد توبہ بھی معافی نہیں یوں ہی کسی نبی کی شان میں گستاخی علیہم الصلاۃ والسلام۔

فتاویٰ خیریہ علامہ خیر الدین رملی استاذ صاحب درمختار جلد اول ۹۵ من سب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فانه مرتد و حکمه حکم المرتدین و یفعل به ما یفعل بالمرتدین و

لا توبة له اصلاً و اجمع العلماء انه کافر و من شک فی کفره کفر. اهـ.

جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان کریم میں گستاخی کرے وہ مرتد ہے اس کا وہی حکم ہے جو مرتدوں کا ہے اس سے وہی برتاؤ کیا جائے گا جو مرتدوں سے کرنے کا حکم ہے اور اسے دنیا میں کسی طرح معافی نہ دیں گے اور باجماع تمام علمائے امت وہ کافر ہے اور جو اس کے کفر میں شک کرے وہ بھی کافر۔

(فتاویٰ رضویہ ج۶ ص ۳۹،۴۰،۴۱)

حضور اللہ کے بندے ہیں

حضور انور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کے بندے بھی ہیں اور اس کے رسول بھی، حضور سے نہ بندۂ خدا ہونے کا انکار کیا جا سکتا ہے نہ رسول ہونے کی نفی بلکہ ان کی جناب میں یہی اعتقاد و ایمان رکھنا لازم ہے کہ حضور بندۂ خدا بھی ہیں اور اس کے پیارے رسول بھی ورنہ اس کے خلاف اعتقاد رکھنے والا کافر ہے، اسی مضمون سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

جو یہ کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے بندے نہیں وہ قطعاً کافر ہے۔

قال اللہ تعالیٰ و انه لما قام عبد اللہ یدعوہ.

(اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ (یعنی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اس کی بندگی کرنے کھڑا ہوا)

و قال تعالیٰ تبرک الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعالمین نذیرا.

(بڑی برکت والا ہے وہ کہ جس نے اتارا قرآن اپنے بندہ پر جو سارے جہان کو ڈر سنانے والا ہو)

و قال تعالیٰ سبحان الذی اسری بعبدہ لیلا.

(پاکی ہے اسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا)

وقال تعالیٰ و ان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا.

اور اگر تمھیں کچھ شک ہو اس میں جو ہم نے (ان خاص) بندے پر اتارا

وقال تعالیٰ الحمد للہ الذی انزل علی عبدہ الکتب .

(سب خوبیاں اللہ کو جس نے اپنے بندے (محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) پر کتاب اتاری)

و قال تعالیٰ فاوحی الی عبدہ ما اوحی .

(اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی) (فتاوٰی رضویہ ج ٦ ص ٦٧)

حضور کو غریب و مسکین کہنا حرام ہے

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں آپ کی عاشقانہ تحریر ملاحظہ فرمائیں۔

حضور اقدس قاسم النعم، مالک الارض ورقاب الامم، معطی منعم، قثم قیم، ولی والی، علی عالی، کاشف الکرب، رافع الرتب، معین کافی، حفیظ وانی، شفیع شافی، عفو عافی، غفور جمیل، عزیز جلیل، وہاب کریم، غنی عظیم، خلیفۂ مطلق حضرت رب، مالک الناس و دیان العرب، ولی الفضل جلی الافضال، رفیع المثل، ممتنع الامثال، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلی آلہ وصحبہ وشرف واعظم کی شان ارفع واعلیٰ میں الفاظ مذکورہ ''فقیر غریب مسکین'' وغیرہ کا اطلاق ناجائز و حرام ہے۔

خزانۃ الاکمل مقدسی و ردالمحتار واخرشتی میں ہے یجب ذکرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باسماء معظمہ فلا یجوز ان یقال انہ فقیر غریب مسکین.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ذکر ان کے جلیل القدر عظیم ناموں سے کرنا واجب ہے، حضور

کوفقیر غریب مسکین کہنا جائز نہیں۔ (مولف)

زرقانی علی المواہب میں ہے قال تعالیٰ ووجدک عائلا فاغنی نص علی انه اغناه بعد ذلک فزال عنه ذلک الوصف فلا یجوز وصفه به بعد.

اللہ عزوجل کا فرمان کہ تمھیں حاجت مند پایا پھر غنی کردیا، اس بات پر نص ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے بعد حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو غنی کردیا تو وہ وصف زائل ہو گیا پھر اس کے بعد اس کا اطلاق جائز نہیں۔ (مولف)

اسی میں ہے:

الیتیم من الیتم موت الاب قبل بلوغ الولد او من الانفراد کدرة یتیمة کما قیل فی قوله تعالیٰ الم یجدک یتیما ای واحدا فی قریش عدیم النظیر.

یتیم یا تو یتم سے بنا ہے اس وقت معنی یہ ہوگا کہ وہ یتیم لڑکا جس کے بالغ ہونے سے پہلے اس کا باپ مرجائے۔

یا انفراد سے بنا ہے جو یکتا اور تنہا کے معنی میں ہے جیسے دریتیم یعنی وہ موتی جو صدف میں تنہا رہے جیسا کہ اللہ عزوجل کا فرمان الم یجدک یتیما کے بارے میں کہا گیا ہے کہ رب نے حضور کو قریش میں یکتا اور بے نظیر پایا۔ (مولف)

نسیم الریاض جلد رابع ۴۵۰ میں ہے:

الانبیاء علیهم الصلاة و السلام لا یوصفون بالفقر و لا یجوز ان یقال لنبینا صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقیر و قولهم عنه الفقر فخری لا اصل له.

انبیاء علیہم الصلاہ والسلام پر فقر کا اطلاق جائز نہیں اور ہمارے نبی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فقیر کہنا جائز نہیں، اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان کہ فقر میرا سرمایہ فخر ہے، اس کی کوئی اصل نہیں۔ (مولف)

اسی کے ۳۷۸ میں ہے :

قال الزركشي كالسبكي لا يجوز ان يقال له صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقير او مسكين و هو اغنى الناس بالله تعالىٰ لا سيما بعد قوله تعالىٰ ووجدك عائلا فاغنى و قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اللهم احيني مسكينا اراد به المسكنة القلبية بالخشوع و الفقر فخرى باطل لا اصل له كما قال الحافظ ابن حجر العسقلانى .

امام زرکشی نے امام سبکی کے مثل فرمایا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فقیر یا مسکین کہنا جائز نہیں کیوں کہ حضور تو اللہ عزوجل کی مدد سے لوگوں میں سب سے زیادہ غنی ہیں خاص طور سے آیہ کریمہ ووجدک عائلا فاغنی کے نزول کے بعد۔ اور حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی کہ اے اللہ مجھے مسکین رکھ تو اس سے مراد قلبی سکون ہے جو خشوع و خضوع سے حاصل ہوتا ہے۔ اور یہ فرمان کہ فقر میرا فخر ہے، باطل ہے اس کی کوئی اصل نہیں جیسا کہ حافظ ابن حجر عسقلانی نے فرمایا۔ (مولف)

امام سبکی کی سیف المسلول میں شفا سے منقول ہے :

ان فقهاء الاندلس افتوا باراقة دم من وصفه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم بالفقر فى اثناء مناظرته باليتيم ، ثم زعم ان زهده لم يكن قصداً و لو قدر على الطيبات اكلها.

فقہائے اندلس نے اس شخص کے قتل کا فتویٰ دیا جس نے مناظرہ کے درمیان حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فقیر اور یتیم کہا، پھر اس نے یہ اختراع کیا کہ حضور کا زہد قصداً نہیں تھا (یعنی زہد یہ ہے کہ

وسعت کے باوجود تقوی و پرہیزگاری کے طور پر خود ہی تنگی اختیار کرنا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مالک کونین ہونے کے باوجود زہد کو اختیار فرمایا) اور اگر اچھی چیزوں پر قادر ہوتے تو ضرور کھاتے۔

(مولف)

امام بدرزرکشی بیان کرتے ہیں :

عن بعض الفقهاء المتأخرين انه كان يقول لم يكن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقيرا من المال و لا حاله حال الفقر بل كان اغنى الناس بالله تعالىٰ و قد كفى امر دنياه فى نفسه و عياله .

فقہاء متاخرین سے منقول ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مال کے لحاظ سے فقیر نہیں تھے اور نہ حضور کا حال فقیروں جیسا تھا بلکہ حضور تو لوگوں میں سب سے غنی تھے اور جو تھا وہ دنیاوی معاملے میں حضور اور حضور کے اہل وعیال کے لیے نہایت کافی تھا۔ (مولف)

و قد صح انه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم استعاذ من فتنة الفقر كما استعاذ من فتنة الغنى .

اور یہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے صحت کے ساتھ منقول ہے کہ حضور نے فقر ومحتاجی کے فتنہ سے پناہ مانگی جیسا کہ مال داری کے وبال وفتنہ سے پناہ مانگی ہے۔ (مولف)

حضور کو بیچارہ کہنا قرآن کی تکذیب ہے

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

بے چارہ وہ کہ کسی بلا میں گرفتار اور بے کس، بے بس، بے یاور، بے یار ہو جو اس سے خلاص کا کوئی حیلہ نہ پائے۔

یہ ضرور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے رب عزوجل پر افتراء اور قرآن عظیم کی تکذیب اور کفار ملاعنہ کی تصدیق ہے، جنہوں نے بکا تھا ان محمدا و دعه ربه .

محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو ان کے رب نے چھوڑ دیا۔

جس پر سورۂ والضحیٰ شریف نازل ہوئی و الضحى و الیل اذا سجى . ما ودعک ربک و ما قلى . و للآخرة خير لک من الاولى .

اے پیارے تمھارے روئے درخشاں کی قسم، تمھاری زلف مشکیں کی قسم، نہ تمھیں تمھارے رب نے چھوڑا نہ بیزار ہوا، جو آن آگے آتی ہے تمھارے لیے گزشتہ آن سے بہتر ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

کیا معاذ اللہ ان کو اس ناپاک لفظ سے تعبیر کیا جائے گا، جن کا رب فرماتا ہے الا تنصروه فقد نصره الله .

اگر تم کوئی ان کی مدد نہ کرو تو اللہ واحد قہار ان کا مددگار۔

کیا معاذ اللہ ان کو کہا جائے گا جن کے لیے ان کا مولیٰ عزوجل فرماتا ہے فان الله هو مولٰه و جبريل و صالح المومنين و الملائكة بعد ذلک ظهير .

بیشک اللہ ان کا مددگار ہے اور جبریل اور نیک مسلمان اور اس کے بعد فرشتوں کی فوجیں ان کی مدد کو حاضر ہیں۔

کیا معاذ اللہ ان کو کہا جائے گا جو اس ظاہری تنہائی اور ایک جہان برسر عداوت و پرخاش ہونے کی حالت میں اپنے یار غار سے فرماتے تھے لا تحزن ان الله معنا .

غم نہ کر بیشک اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۱۲۶، ۱۲۷، ۱۲۸)

ایلچی کہنا حضور کی توہین ہے

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ عزوجل کے رسول اعظم و نائب اکبر و خلیفہ اعظم ہیں۔ ایلچی وہ ہوتا ہے جس کو پیام یا خط پہنچانے کے سوا کوئی سرداری اور حکومت نہیں، حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اکرم میں اس لفظ کا استعمال کرنا بیشک تنقیص و توہین ہے اور اس کا وہی حکم ہے جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین کرنے والے کا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۱۵۵)

گستاخی کے سبب منافقین کافر ہوئے

رب عزوجل فرماتا ہے :

يحلفون بالله ما قالوا و لقد قالوا كلمة الكفر و كفروا بعد اسلامهم.

خدا کی قسم کھاتے ہیں کہ انھوں نے نبی کی شان میں گستاخی نہ کی اور البتہ بیشک وہ یہ کفر کا بول بولے اور مسلمان ہو کر کافر ہو گئے۔

ابن جریر و طبرانی و ابو الشیخ و ابن مردویہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک پیڑ کے سایہ میں تشریف فرما تھے ارشاد فرمایا عنقریب ایک شخص آئے گا کہ تمھیں شیطان کی آنکھوں سے دیکھے گا وہ آئے تو اس سے بات نہ کرنا کچھ دیر نہ ہوئی تھی کہ ایک شخص کرنجی آنکھوں والا سامنے سے گزرا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے بلا کر فرمایا تو اور تیرے رفیق کس بات پر میری شان میں گستاخی کے لفظ بولتے ہیں وہ گیا اور اپنے رفیقوں کو بلا لایا سب نے آ کر قسمیں کھائیں کہ ہم نے کوئی کلمہ حضور کی شان میں بے ادبی کا نہ کہا۔ اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت

اتاری کہ خدا کی قسم کھاتے ہیں کہ انھوں نے گستاخی نہ کی اور بیشک ضرور وہ یہ کفر کا کلمہ بولے اور تیری شان میں بے ادبی کر کے اسلام کے بعد کافر ہو گئے۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

دیکھو اللہ گواہی دیتا ہے کہ نبی کی شان میں بے ادبی کا لفظ کلمۂ کفر ہے اور اس کا کہنے والا اگر چہ لاکھ مسلمانی کا مدعی، کروڑ بار کا کلمہ گو ہو، کافر ہو جاتا ہے۔

اور فرماتا ہے :

و لئن سألتهم ليقولن انا كنا نخوض و نلعب قل ابا لله و آياته و رسوله كنتم تستهزؤن . لا تعتذروا قد كفرتم بعد ايمانكم.

اور اگر تم ان سے پوچھو تو بیشک ضرور کہیں گے کہ ہم تو یوں ہی ہنسی کھیل میں تھے تم فرما دو کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول سے ٹھٹھا کرتے تھے بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے اپنے ایمان کے بعد۔

ابن ابی شیبہ و ابن جریر و ابن المنذر و ابن ابی حاتم و ابوالشیخ امام مجاہد تلمیذ خاص سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت فرماتے ہیں :

انه قال فی قوله تعالیٰ و لئن سألتهم ليقولن انما كنا نخوض و نلعب . قال رجل من المنافقين يحدثنا محمد ان ناقة فلاں بوادی كذا و ما يدر به بالغيب .

یعنی کسی شخص کی اونٹنی گم ہو گئی اس کی تلاش تھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اونٹنی فلاں جنگل میں فلاں جگہ ہے اس پر ایک منافق بولا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) بتاتے ہیں کہ اونٹنی فلاں جگہ ہے محمد غیب کیا جانیں۔

اس پر اللہ عزوجل نے یہ آیت کریمہ اتاری کہ اللہ و رسول سے ٹھٹھا کرتے ہو بہانے نہ بناؤ تم مسلمان کہلا کر اس لفظ کے کہنے سے کافر ہو گئے۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

مسلمانو! دیکھو محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں اتنی گستاخی کرنے سے کہ وہ غیب کیا جانیں، کلمہ گوئی کام نہ آئی اور اللہ تعالیٰ نے صاف فرما دیا کہ بہانے نہ بناؤ تم اسلام کے بعد کافر ہو گئے۔ یہاں سے وہ حضرات بھی سبق لیں جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علوم غیب سے مطلقاً منکر ہیں۔ دیکھو یہ قول منافق کا ہے اور اس کے قائل کو اللہ تعالیٰ نے اللہ و قرآن و رسول سے ٹھٹھا کرنے والا بتایا اور صاف صاف کافر ٹھہرایا۔ (تمہید ایمان)

شان رسالت کی تنقیص کفر ہے

امام مذہب حنفی سیدنا امام ابو یوسف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتاب الخراج میں فرماتے ہیں :

ایما رجل مسلم سب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم او کذبہ او عابہ او تنقصہ فقد کفر باللہ تعالیٰ و بانت منہ امرأتہ .

جو شخص مسلمان ہو کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دشنام دے یا حضور کی طرف جھوٹ کی نسبت کرے یا حضور کو کسی طرح کا عیب لگائے یا کسی وجہ سے حضور کی شان گھٹائے وہ یقیناً کافر اور خدا کا منکر ہو گیا اور اس کی جورو اس کے نکاح سے نکل گئی۔

، صاف تصریح ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تنقیص شان کرنے سے مسلمان کافر ہو جاتا ہے۔

شفا شریف و بزازیہ و درر و غرر و فتاویٰ خیریہ وغیرہا میں ہے :

اجمع المسلمون ان شاتمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و من شک فی عذابہ و کفرہ کفر.

تمام مسلمانوں کا اجماع ہے کہ جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان پاک میں گستاخی کرے وہ کافر ہے اور جو اس کے معذب یا کافر ہونے میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

مجمع الانھر و درمختار میں ہے۔

و اللفظ لہ الکافر بسبب نبی من الانبیاء لا تقبل توبتہ مطلقاً و من شک فی عذابہ و کفرہ کفر.

جو کسی نبی کی شان میں گستاخی کے سبب کافر ہوا اس کی توبہ کسی طرح قبول نہیں اور جو اس کے عذاب یا کفر میں شک کرے خود کافر ہے۔ (اجماع سے یہ ثابت ہے کہ گستاخ رسول کی توبہ قبول ہوگی اور کفر مٹ جائے گا)

نسیم الریاض میں ہے

من قال فلان اعلم منہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقد عابہ فحکمہ حکم الساب.

جو کہے کہ وہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے علم میں زائد ہے تو اس نے حضور پر عیب لگایا اس کا حکم وہی ہے جو گستاخی کرنے والے کا حکم ہے۔ (مولف) (تمہید ایمان)

حدود شرعیہ

تلک حدود اللہ و من یطع اللہ و رسولہ یدخلہ جنت تجری من تحتھا الانھر خلدین فیھا و ذلک الفوز العظیم۔

یہ اللہ کی حدیں ہیں اور جو حکم مانے اللہ اور اللہ کے رسول کا اللہ اسے باغوں میں لے جائے گا جن کے نیچے نہریں رواں ہمیشہ ان میں رہیں گے اور یہی ہے بڑی کامیابی۔ (النساء، ۱۳)

حدود شرعیہ

رسول گرامی وقار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خدا کی طرف سے جو شریعت بیضاء لے کر تشریف لائے وہ سراسر بندوں کی صلاح وفلاح اور خیر خواہی کے لیے ہے، وہ احکام جن کے بجالانے کا حکم ہے ان میں انسان کے لیے تو بھلائی ہے ہی، اور وہ احکام جن کے نہ کرنے اور ان سے دور رہنے کا حکم دیا گیا ہے ان میں بھی دینی و دنیوی فائدے و منافع مضمر و پنہاں ہیں خواہ یہ کسی کے فہم وادراک میں آئے یا نہ آئے۔

جس طرح معروف کے بجالانے پر ثواب کا مژدہ دیا گیا ہے اسی طرح منکر کے ارتکاب پر عذاب کی وعید سنائی گئی ہے اور یہ کہ جو منکر شرعی کا مرتکب ہو اس کے لیے دنیوی طور پر سزا بھی رکھی گئی ہے تاکہ نظام مملکت مختل نہ ہو، یہی وجہ ہے کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجرموں کو سزائیں دیں اور ان پر حدود الٰہیہ کا نفاذ فرمایا اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ بھی اختیار ہے کہ وہ جسے چاہیں سزا دیں اور جسے چاہیں بری کر دیں۔

اس سلسلہ میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

حدود میں حیلہ

حیلہ شرعیہ کا جواز قرآن عظیم واحادیث سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔

ایوب علیہ الصلاۃ والسلام نے قسم کھائی تھی کہ اپنی زوجۂ مقدسہ کو سو کوڑے ماریں گے رب العزت جل وعلا نے فرمایا و خذ بیدک ضغثا فاضرب به و لا تحنث۔

یعنی سو تیلیوں ایک جھاڑو بنا کر اس سے ایک دفع مار لو اور قسم جھوٹی نہ کرو۔

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک کمزور شخص پر حد لگانے میں اسی حیلہ جمیلہ پر عمل فرمایا

ارشادہوا :

خذوا له عثکا لافیه مائة شمراخ ثم اضربوہ واحدة ۔

شاخہائے خرما کا ایک گچھا لے کر جس میں سوشاخیں ہوں اس سے ایک بار ماردو۔

اسے احمد وابن ماجہ وابوداؤد اور بغوی نے اسی طرح شرح السنۃ میں اور احمد وابن ماجہ نے سعد بن عبادۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ترویانی اپنی مسند میں سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان ولیدة فی عھد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم حملت من الزنا فسئلت من اجلک فقالت احبنی المقعد فسئل فاعترف فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انه لضعیف عن الجلد فامر بمائة عشکول و ضربه بها ضربة واحدة . اه .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک لڑکی زنا سے حاملہ ہوگئی اس سے پوچھا گیا کہ یہ کس کا حمل ہے تو اس نے کہا کہ فلاں کو میری سرین اچھی لگی پھر اس شخص سے پوچھا گیا جس کے لیے لڑکی نے کہا تھا تو اس نے اعتراف کرلیا، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ تو کوڑے کی طاقت نہیں رکھتا تو فرمایا کہ خرما کی شاخوں کا ایک گچھا لو اور اس سے ایک بار مارلو۔ (مولف)

(فتاوی رضویہ ج ۴، ص، ۴۴۶۔ رادع التعسف)

حضرت ماعز کو رجم کیا گیا

عہد رسالت اقدس میں زنا کا ثبوت گواہوں سے کبھی نہ ہوا البتہ دو بار یہ ہوا کہ مجرموں نے خود اقرار کرلیا۔

پہلا واقعہ حضرت ماعز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

دوسرا ایک صحابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا۔

دونوں مجرم بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے اور شرعی سزا کے خواست گار ہوئے کہ ہم پاک ہو جائیں دونوں کو سنگسار کیا گیا۔

جس وقت حضرت ماعز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سنگسار کیا آپ بھاگے لیکن سنگساریوں نے پکڑ کر قتل کر دیا اور خدمت اقدس میں حاضر ہو کر کل واقعہ بیان کیا فرمایا تم نے چھوڑ کیوں نہ دیا جب وہ بھاگا تھا اور فرمایا اس نے ایسی توبہ کی کہ اگر تمام شہر پر تقسیم کی جائے سب کو کافی ہو۔

صحابہ کرام میں سے ایک صاحب نے حضرت ماعز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت کچھ برے الفاظ فرمائے اس پر ارشاد ہوا برا نہ کہو میں دیکھتا ہوں کہ وہ جنت کی نہروں میں غوطہ لگا رہا ہے۔

ایک عورت کو رجم کیا گیا

اسی طرح صحابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے جرم کا خدمت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر اقرار کیا اور سزا کی خواست گار ہوئی۔ ارشاد فرمایا تیرے پیٹ میں حمل ہے بعد وضع حمل آنا، بعد فراغ حمل بچہ کو لے کر حاضر ہوئیں اور عرض کی کہ اس بچہ کو اب کیا کروں فرمایا اس کو دودھ پلاؤ، یہ ارشاد عالی سن کر وہ بی بی واپس گئیں اور بعد دو برس بچہ کو لے کر حاضر ہوئیں۔ بچہ کے ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا تھا عرض کی حضور اب یہ روٹی خود کھاتا ہے بچہ لے کر رجم فرمایا۔ (الملفوظ حصہ اول)

ایک مجرم کو رجم کیا گیا

ترمذی شریف میں ہے:

حدثنا محمد بن یحی ثنا محمد بن یوسف عن اسرائیل ثنا سماک بن حرب عن علقمة بن وائل الکندی عن ابیه ان امراء ة خرجت علی عهد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم ترید الصلاة فتلقاها رجل فتجللها فقضی حاجته منها فصاحت فانطلق و مربها رجل فقالت ان ذلک الرجل فعل بی کذا و کذا فانطلقوا فاخذوا الرجل الذی ظننت انه وقع علیها فاتوها فقالت نعم هو هذا فاتوا به رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فلما امر به لیرجم قام صاحبها الذی وقع علیها فقال یا رسول اللہ انا صاحبها فقال لها اذهبی فقد غفر اللہ لک و قال للرجل قولا حسنا و قال للرجل الذی وقع علیها ارجموه و قال لقد تاب توبة لوتا بها اهل المدینة لقبل منهم.

زمانۂ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں ایک عورت نماز کے لیے نکلی راستے میں ایک آدمی ملا اسے کپڑے سے ڈھانک دیا اور اس سے اپنی ضرورت پوری کی تو عورت نے شور مچایا اتنے میں وہ آدمی بھاگ گیا اور اس کے پاس ایک دوسرا آدمی آیا (اس کی مدد کے لیے) تو عورت نے کہہ دیا کہ وہ آدمی یہی ہے جس نے میرے ساتھ ایسا ایسا کیا لوگ آئے اور اس شخص کو پکڑ لیا جس کے بارے میں عورت کا گمان تھا کہ اسی نے اس کے ساتھ زنا کیا ہے پھر اس کو عورت کے پاس لائے تو اس نے کہا کہ ہاں وہ یہی ہے، اس کے بعد لوگ اسے بارگاہ رسالت میں لائے جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس شخص کو سنگسار کرنے کا حکم دیا تو وہ شخص جس نے درحقیقت اس عورت سے زنا کیا تھا اٹھا اور عرض کیا یا رسول اللہ اس کا ساتھی میں ہوں پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس عورت سے فرمایا تم جاؤ اللہ نے تجھے بخش دیا اور اس آدمی (جس کی طرف عورت نے پہلے اشارہ کیا تھا) سے اچھی بات ارشاد فرمائی اور زانی کو سنگسار کرنے کا حکم دیا اور فرمایا کہ اس نے ایسی توبہ کی ہے اگر اسے اہل مدینہ کرتے تو ان سب کی توبہ قبول ہوتی۔ (مولف)

مصابیح کے لفظ یہ ہیں :

عن علقمة بن وائل عن ابيه ان امراء ة خزجت على عهد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم تريد الصلاة فتلقاها رجل فتجللها فقضى حاجته منها فصاحت و انطلق و مرت عصابة من المهاجرين فقالت ان ذلک فعل بی كذا و كذا فاخذوا الرجل فاتوا به رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال لها اذهبی غفر الله لک و قال الذی وقع عليها ارجموه و قال لقد تاب توبة لوتابها اهل المدينة لقبل منهم.

عہد نبوی میں ایک عورت نماز کے ارادہ سے نکلی ایک شخص ملا اسے کپڑے سے ڈھانک کر اس سے اپنی ضرورت پوری کی عورت چلائی اور وہ شخص چلا گیا پھر مہاجرین کا ایک گروہ آیا تو عورت نے کہا کہ اس نے میرے ساتھ ایسا ایسا کیا، اس آدمی کو پکڑ کر بارگاہ رسالت میں لائے تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورت سے فرمایا تم جاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے تیری مغفرت فرمادی اور زانی کے لیے فرمایا کہ اسے سنگسار کرو اور فرمایا کہ اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر اسے اہل مدینہ کریں تو قبول ہو۔ (مولف)

ایک شخص کو قید کر دیا گیا

جامع ترمذی میں بسند حسن معاویہ بن حیدہ قشیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے

حدثنا على بن سعيد الكندى ثنا ابن المبارک عن معمر عن بهز بن حكيم عن ابيه عن جده ان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حبس رجلا فی تهمته ثم خلى عنه.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو تہمت میں قید کر دیا پھر اسے چھوڑ دیا۔ (مولف) (ازاحۃ العیب)

چور کو قتل کرنے کا حکم

ابو یعلی اور شاشی اور طبرانی معجم کبیر اور حاکم صحیح مستدرک میں ضیائے مقدسی صحیح مختارہ میں محمد بن

حاطب اور حاکم مستدرک میں بافادۂ تصحیح ان کے بھائی حارث بن حاطب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال اتی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بلص فامر بقتلہ فقیل انہ سرق فقال اقطعوہ ثم جیٔ بہ بعد ذلک الی ابی بکر و قد قطعت قوائمہ فقال ابو بکر ما اجد لک شیئا الا ما قضٰی فیک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یوم امر بقتلک فانہ کان اعلم بک فامر بقتلہ .

صحیح مستدرک کے لفظ حارث بن حاطب سے یہ ہیں :

ان رجلا سرق علی عہد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاتی بہ فقال اقتلوہ فقالوا انما سرق قال فاقطعوہ ثم سرق ایضا فقطع ثم سرق علی عہد ابی بکر فقطع ثم سرق فقطع حتی قطعت قوائمہ ثم سرق الخامس فقال ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اعلم بہذا حیث امر بقتلہ اذہبوا فاقتلوہ.

حاصل یہ کہ خدمت اقدس میں ایک شخص حاضر کیا گیا جس نے چوری کی تھی ارشاد ہوا اسے قتل کر دو، عرض کی گئی اس نے چوری ہی تو کی ہے فرمایا خیر ہاتھ کاٹ دو، پھر اس نے دوبارہ چوری کی اور قطع کیا گیا سہ بارہ زمانۂ صدیق اکبر میں پھر چرایا اور قطع کیا گیا، چوتھی بار پھر چوری کی اور قطع کیا گیا، پانچویں بار پھر چرایا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تیری حقیقت خوب جانتے تھے جب کہ اول ہی بار تیرے قتل کا حکم فرمایا تھا تیرا وہی علاج ہے جو حضور کا ارشاد تھا لے جاؤ اسے قتل کر دو اب قتل کیا گیا۔ (ازاحۃ العیب)

❁.....❁.....❁

امر بالمعروف ونہی عن المنکر

وامروا بالمعروف ونھوا عن المنکر وللہ عاقبۃ الامور

اور بھلائی کا حکم کریں اور برائی سے روکیں اور اللہ ہی کے لیے سب کاموں کا انجام۔

(الحج/۴۱)

امر بالمعروف ونہی عن المنکر

واضح ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خیر خواہی، اخلاص اور ادائے حقوق ظاہر، مخفی ہر حالت میں واجبات دین واسلام میں ہے۔ حدیث صحیح میں ہے کہ:

الدین نصیحة .

دین سراپا نصیحت وخیر خواہی ہے۔

صحابہ کرام نے دریافت کیا یا رسول اللہ کس کے لیے نصیحت وخیر خواہی ہے؟ فرمایا اللہ اور اس کے رسول، قرآن اور عام وخاص مسلمانوں کے لیے ہے۔ ایک روایت میں ائمہ مسلمین اور عام مسلمان آیا ہے۔

یہ حدیث جوامع الکلم میں سے ہے اور تمام دینی علوم اس اجمال کے احاطہ میں مندرج ہیں۔

جوامع الکلم، اس حدیث کو کہتے ہیں جو لفظوں کی کمی میں انتہائی مختصر وموجز ہو اور معانی میں کثرت و وسعت کا جامع وحاوی ہو۔ یہ قسم، کلام محمدی میں اعظم واشرف اور دلائل وشواہد میں آپ کا کمال ہے۔ چنانچہ ارشاد فرمایا:

اوتیت جوامع الکلم و اختصرِ لی الکلام .

مجھے جوامع الکلم دیا گیا اور میرے لیے کلام کو مختصر کیا گیا۔

اس حسن وخوبی کا اظہار اور حسن وجمال کے دقائق کی جنسوں کا بیان حد وشمار سے باہر ہے، یہ کلام بدیع المثال ہے اور اس کلام کی جلالت اور اسرار وحقائق کے انواع واقسام احاطۂ فہم وعقل سے خارج ہیں۔

نصیحت کے لغوی معنی خالص وصاف ہونے کے ہیں، اور عسل ناصح ایسے شہد کو کہتے ہیں جو موم

وغیرہ سے پاک وصاف کرلیا گیا ہو۔ اس جگہ صفا وخلوص مراد ہے جو ادائے حقوق اور منصوح لہ کے لیے ارادۂ خیر میں ہو۔

لہٰذا نصیحت اللہ، سے مراد حق تعالیٰ کے ساتھ وحدانیت اور ہر اس وصف کے ساتھ جو اس کے لائق ہے اور ذات وصفات باری تعالیٰ کی تقدیس وتنزیہہ ہر اس چیز سے جو اس کے کمال کے لائق نہیں صحت اعتقاد ہے۔ اور شریعت کے اوامر ونواہی کو بجالانا اور اس کے احکام کو ماننا اور جہاد سے دین کی مدد کرنا اور ایسے اسباب مہیا کرنا جو دین وملت کی تقویت وبقا کا موجب ہیں جیسے علم وعمل اور عبادت میں اخلاص برتنا۔

اور نصیحت رسول، میں یہ ہے کہ حیات ظاہری اور حیات باطنی دونوں حالتوں میں آپ کی حمایت، نصرت، خدمت، احیاء سنت، مخالفوں کو اس سے باز رکھنا اور ان سے مدافعت کرنا، اخلاق کریمہ کی مانند اخلاق سنوارنا اور آداب جمیلہ کی مانند عادت وخصلت بنانا۔

اسحاق بن یحییٰ فرماتے ہیں کہ نصیحت رسول، کا مطلب ہر اس چیز کی تصدیق کرنا ہے جو آپ دین میں خدا کی طرف سے لائے اور سنت کو مضبوط تھامنا اور اس کی اشاعت کرنا، اس پر لوگوں کو عمل کرنے کی ترغیب وتلقین کرنا اور خدا اور اس کے رسول اور اس کی کتاب کی طرف دعوت دینا اور اس پر کمر بستہ رہنا اور عمل کرنا۔

ابوبکر آجری فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نصح وخیر خواہی آپ کی حیات میں بھی ہے اور بعد وفات بھی۔ اور آپ کی حیات میں صحابہ کرام کی خیر خواہی آپ کے لیے مدد، غزوات میں شرکت، صحبت احباب اور دشمنان رسول سے عداوت سے تھی۔ اور آپ کی فرماں برداری کرنے، طاعات بجالانے اور جان ومال کے قربان کرنے میں تھی۔ اور بعد وفات، عظمت وبزرگی کا لحاظ

رکھنا، شدت سے آپ کی محبت پر قائم رہنا اور تعلیم سنت اور تفقہ فی الدین پر مداومت اور مواظبت کرنا، اہل بیت واصحاب رسول سے محبت کرنا اور جو سنت سے برگشتہ ہے اور اس پر معترض ہے اس سے مجانبت وبغض رکھنا اور آپ کی امت پر شفقت کرنا اور اخلاق وسیرت اور آداب نبوی کے جاننے میں جستجو وکوشش کرنا اور اس پر قائم رہنا۔

نصیحت رسول اللہ، کے زمرے میں آپ کی محبت، تعظیم، آداب اور ہر عیب ومعصیت سے جو مقام نبوت ورسالت کے لائق نہیں ہیں ان سے آپ کی عزت وجلالت کو پاک جاننا ہے۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ادب کو ملحوظ رکھنے میں قاعدہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ عزوعلا کے مرتبۂ الوہیت وصفات قدس کے بعد جو کمال اور خوبی ہے وہ آپ کے لیے ثابت ہے اور آپ سے محبت رکھنے کا ضابطہ یہ ہے کہ ہر وہ چیز جو آپ سے نسبت رکھتی ہے جیسے علماء، صلحا، شہر وامصار خصوصاً اہل بیت وقرابت رسول ان سب سے مودت واکرام کیا جائے۔

اور نصیحت کتاب اللہ، یہ ہے کہ قرآن پاک پر ایمان لائے اور جو کچھ اسمیں ہے اس پر عمل کرے، اس کی آیتوں میں غور وخوض کرے، اس کے معانی کو سمجھے، ان علوم کو حاصل کرے جو اس کے متعلق ہیں۔ اور اس کی تلاوت ہمیشہ طہارت کی رعایت کے ساتھ حسن صوت، حضور قلب اور اس کی عظمت کے ساتھ کرے اور اس کے سمجھنے اور غور کرنے کی کوشش کرے اور اہل زیغ وضلالت کی تاویلات اور ملحدوں اور زندیقوں کے مطاعن سے دور رہے۔

نیز کتاب اللہ کے حقوق کے لوازمات سے یہ ہے کہ اس میں شک وشبہ اور اعتراض نہ لائے اور ایسی تفسیر جو بے سند غیر منقول از سلف اور خلاف شرع ہو اپنی خواہش سے نہ کرے جیسا کہ بعض جاہل لوگ اور اس زمانے کے ابوالفضول لوگ کرتے ہیں اور اس کا تفسیر قرآن نام رکھتے ہیں اور اتنا نہیں جانتے کہ

من فسر القرآن برائه فقد كفر.

جس نے اپنی رائے سے قرآن کی تفسیر کی وہ کافر ہو گیا۔

اور عام مسلمانوں کے لیے نصیحت، یہ ہے کہ ان کے حقوق کی رعایت کرے، مصالح میں ان کی رہنمائی کرے، اور دین و دنیا کے معاملات میں قول و فعل سے مدد کرے اور غافلوں کو تنبیہ کرے، جاہلوں کو راہ دکھائے، محتاجوں کی دستگیری کرے، عیبوں کی پردہ پوشی کرے، مضرتوں کو دور کرے، ان کو نفع پہنچائے، ان کے جان و مال، عزت و آبرو کی حفاظت کرے اور مسلمانوں کو ذلت اور حقارت کی نظر سے نہ دیکھے، اپنے کام اور دہن کو ان کی ایذا رسانی سے محفوظ رکھے، نیکیوں کی تلقین کرے اور برائیوں سے بچائے۔

اور عام لوگوں کی نصیحت، میں سے یہ ہے کہ ان کی عقلوں کے مطابق کلام کرے، دقائق وحقائق کا ذکر نہ کرے، اسرار کا انکشاف نہ کرے اور علماء کے اقوال اور ان کے اختلافات کو غیر علماء پر اظہار کا بھی یہی حکم ہے۔

اور خواص مسلمانوں کے لیے نصیحت کرنا یہ ہے (اکثر خواص سے مراد امراء و سلاطین لیتے ہیں کیوں کہ وہ لوگوں پر حاکم ہوتے ہیں) کہ ایک روایت میں آیا ہے کہ مسلمان حاکموں کی اطاعت، ان کی مدد واعانت کے حق میں کی جائے اور انھیں احسن طریقہ سے نرمی و آشتی کے ساتھ نیکی کی تلقین کریں اور انھیں خدا کے خوف سے ڈرائیں۔ اور مسلمانوں کے وہ امور جن سے وہ غافل ہیں اور ان سے پوشیدہ ہیں ان سے انھیں خبردار کیا جائے۔ اور ان پر خروج و بغاوت نہ کی جائے اور لوگوں میں انھیں رسوا نہ کیا جائے اور نہ لوگوں کے دلوں کو فساد پر آمادہ کیا جائے اور رعیت کے احوال کی اصلاح اور لوگوں کے مہموں کے انتظام مین جو وہ امور انجام دیں اس میں ترغیب دی جائے۔ اور ان کی طرف سے جو سختی و شدت اور ظلم پہنچے اس پر صبر و تحمل کیا

جائے اوران کے لیے دعائے خیر کی جائے۔(مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

نصیحت کا بے مثل طریقہ

حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور ایک شخص کو نصیحت کرنے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

ایک شخص خدمت اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ میرے لیے زنا حلال فرما دیجیے، صحابہ کرام نے انھیں قتل کرنا چاہا کہ خدمت اقدس میں حاضر ہو کر یہ گستاخی کے الفاظ کہے حضور نے منع فرمایا اوران سے فرمایا قریب آؤ وہ قریب حاضر ہوئے اور قریب فرمایا یہاں تک کہ ان کے زانو زانوئے اقدس سے مل گئے اس وقت ارشاد فرمایا کیا تو چاہتا ہے کہ کوئی شخص تیری ماں سے زنا کرے عرض کی نہ، فرمایا تیری بیٹی سے عرض کی نہ، فرمایا تیری بہن سے عرض کی نہ، فرمایا تیری پھوپھی سے عرض کی نہ، فرمایا تیری خالہ سے عرض کی نہ، فرمایا کہ جس سے تو زنا کرے گا آخر وہ بھی کسی کی ماں، یا بیٹی، یا بہن، یا پھوپھی، یا خالہ ہوگی۔ یعنی جو بات اپنے لیے نہیں پسند کرتا دوسرے کے لیے کیوں پسند کرتا ہے دست اقدس ان کے سینے پر مار کر دعا فرمائی کہ الٰہی زنا کی محبت اس کے دل سے نکال دے۔ وہ صاحب کہتے ہیں جب میں حاضر ہوا تھا تو زنا سے زیادہ محبوب میرے نزدیک کوئی چیز نہ تھی اور اب اس سے زیادہ کوئی چیز مجھے مبغوض نہیں۔

اس کے بعد حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری تمھاری مثال ایسی ہے کہ جیسے کسی کا اونٹ بھاگ گیا اور لوگ اسے پکڑنے کو اس کے پیچھے دوڑتے ہیں جتنا دوڑتے ہیں وہ زیادہ بھاگتا ہے اس کے مالک نے کہا تم لوگ ٹھہر جاؤ اس کی راہ میں جانتا ہوں۔ سبز گھاس کا ایک مٹھا لے کر چمکارتا ہوا

اونٹ کے قریب گیا اور اسے پکڑ لیا اور بٹھا کر اس پر سوار ہو لیا۔

فرمایا اس وقت اگر تم اسے قتل کر دیتے تو جہنم میں جاتا۔

قبر پر چلنے کی ممانعت

حدیث میں (حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے) فرمایا تلوار کی دھار پر پاؤں رکھنا مجھے اس سے آسان ہے کہ مسلمان کی قبر پر پاؤں رکھوں۔

دوسری حدیث میں فرمایا اگر میں انگارے میں پاؤں رکھوں یہاں تک کہ وہ جوتے کا تلا توڑ کر میرے تلوے تک پہنچ جائے تو یہ مجھے اس سے زیادہ پسند ہے کہ کسی مسلمان کی قبر پر پاؤں رکھوں۔

یہ وہ فرما رہے ہیں کہ واللہ اگر مسلمان کے سر اور سینے اور آنکھوں پر قدم اقدس رکھ دیں تو اسے دونوں جہاں کا چین بخش دیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے ایک صاحب قبرستان میں جوتا پہنے نکلے فرمایا:

یا صاحب السبتیتین الق سبتیتیک لا توذ صاحب القبر و لا یوذیک.

اے بال صاف کیے ہوئے جوتے والے اپنے جوتے کو پھینک نہ تو صاحب قبر کو ستا نہ وہ تجھے ستائے۔

قبر پر بیٹھنے کی ممانعت

حاکم و طبرانی عمارہ بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے ایک قبر پر بیٹھے دیکھا فرمایا **یا صاحب القبر انزل من القبر لا توذ صاحب القبر و لا یوذیک.**

او قبر والے قبر سے اتر آ نہ تو صاحب قبر کو ایذا دے نہ وہ تجھے۔

امام احمد بسند حسن انھیں عمارہ بن حزم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے ایک قبر سے تکیہ لگائے دیکھا فرمایا:

لا توذ صاحب هذا القبر .

اس قبر والے کو ایذا نہ دے، یا فرمایا **لا توذه** اسے تکلیف نہ پہنچا۔

(اہلاک الوہابیین علی توہین قبور المسلمین)

حضور کا امر بالمعروف

قال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذا امرتکم بشی فأتوا منه ما استطعتم و اذا نهیتکم عن شی فاجتنبوه .

حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب میں تمھیں کسی چیز کا حکم دوں تو تم اسے بقدر استطاعت بجالاؤ اور جب کسی چیز سے منع کروں تو اس سے احتراز کرو۔ (مولف)

کشف بزودی میں مروی ہے :

ترک ذرة مما نهی الله عنه افضل من عبادة الثقلین .

اللہ نے جس چیز سے منع فرمایا اس کا ایک ذرہ بھی چھوڑ دینا جن وانس کی عبادت سے افضل ہے۔(مولف) (خیر الآمال فی حکم الکسب والسوال)

احمد و بخاری و مسلم ونسائی وابن ماجہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی سید عالم صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ذرونی ما ترکتکم فانما هلک من کان قبلکم بکثرة سوالهم واختلافهم علی انبیائهم فاذا نهیتکم عن شئ فاجتنبوه واذا امرتکم بامر فأتوا منه مااستطعتم.

یعنی جس بات پر میں نے تم پر تنگی نہ کی اس میں مجھ سے تفتیش نہ کرو کہ اگلی امتیں اسی بلا سے ہلاک ہوئیں، میں جس بات سے منع کروں اس سے بچو اور جس کا حکم دوں اسے بقدرت بجالاؤ۔

(فتاویٰ رضویہ، ج ۳،ص ۵۲۷، انھار الانوار)

حضور نے تصویردار پردہ پھینک دیا

امام مالک و امام احمد و امام بخاری و امام مسلم ونسائی و ابن ماجہ حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی :

قدم رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم من سفر و قد سترت سهوة لی بقرام فیه تماثیل فلما راه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم تلون وجهه و قال یاعائشة اشد الناس عذابا عند الله یوم القیامة الذین یضاهون بخلق الله .

و فی روایة للشیخین قام علی الباب فلم یدخل فعرفت فی وجهه الکراهیة فقلت یا رسول الله اتوب الی الله و الی رسوله ماذا اذنبت فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان اصحاب هذه الصوریعذبون یوم القیامة فیقال لهم احیوا ما خلقتم و قال ان البیت الذی فیه الصور لا تدخله الملائکة .

و فی اخری لهما تناول الستر فهتکه و قال من اشد الناس عذابا یوم القیمة

الذين يصورون هذه الصور.

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر سے تشریف فرما ہوئے تھے میں نے ایک دروازے پر تصویردار پردہ لٹکایا ہوا تھا جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واپس تشریف لائے اسے ملاحظہ فرما کر رنگ چہرۂ انور کا بدل گیا اندر تشریف نہ لائے ام المومنین فرماتی ہیں میں نے عرض کی یا رسول اللہ میں اللہ کی طرف اور اللہ کے رسول کی طرف توبہ کرتی ہوں مجھ سے کیا خطا ہوئی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ پردہ اتار کر پھینک دیا اور فرمایا اے عائشہ اللہ تعالیٰ کے یہاں سخت تر عذاب روز قیامت ان مصوروں پر ہے جو خدا کے بنائے ہوئے کی نقل کرتے ہیں ان پر روز قیامت عذاب ہوگا ان سے کہا جائے گا یہ جو تم نے بنایا ہے اس میں جان ڈالو جس گھر میں یہ تصویریں ہوتی ہیں اس میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔

تصویردار پردہ کاٹ دینے کا حکم ہوا

ابوداؤد و ترمذی و نسائی و ابن حبان حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

اتانی جبریل علیه الصلاة و السلام فقال لی مر برأس التماثیل یقطع فتصیر کهیأة الشجر و أمر بالستر فیقطع فیجعل و سادتین منبوذتین توطئان . هذا مختصر.

میرے پاس جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے حاضر ہو کر عرض کی حضور مورتوں کو حکم دیں کہ ان کے سر کاٹ دیے جائیں کہ پیڑ کی طرح رہ جائیں اور تصویردار پردے کے لیے حکم فرمائیں کہ کاٹ کر دو مسندیں بنالی جائیں کہ زمین پر ڈال کر پاؤں سے روندی جائیں۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹ ص ۱۴۴۔ شفاء الوالہ)

حضور دعوت سے واپس آئے

نسائی وابن ماجہ وشاشی وابویعلی اور ابونعیم حلیہ اور ضیاء صحیح مختارہ میں امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی

صنعت طعاما فدعوت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فجاء فرأى تصاوير فرجع (زاد الاربعة الاخيرون) فقلت يا رسول الله ما رجعک بابی و امی قال ان فی البيت سترا فيه تصاوير و ان الملائكة لا تدخل بيتا فيه تصاوير.

میں نے حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ کی دعوت کی حضور تشریف فرما ہوئے پردے پر کچھ تصویریں بنی دیکھیں واپس تشریف لے گئے میں نے عرض کی یا رسول اللہ میرے ماں باپ حضور پر نثار کس سبب سے حضور واپس ہوئے فرمایا گھر میں ایک پردے پر تصویریں تھیں اور ملائکہ رحمت اس گھر میں نہیں جاتے جس میں تصویریں ہوں۔

حضور تصویروں کو توڑ دیتے

صحیح بخاری وسنن ابوداؤد میں حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے **ان النبی صلی الله تعالىٰ عليه وسلم لم يكن يترک فی بيته شيئا فيه تصاليب الا نقضه .**

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس چیز میں تصویر ملاحظہ فرماتے اسے بے توڑے نہ چھوڑتے۔

کعبے کی تصاویر

صحیح بخاری شریف میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے۔

انہ قال دخل النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم البیت فوجد فیہ صورۃ ابراھیم و صورۃ مریم علیہما الصلاۃ و السلام فقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امالھم فقد سمعوا ان الملائکۃ لا تدخل بیتا فیہ صورۃ . الحدیث ھذا لفظہ فی الحج.

و فی الانبیاء ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لما رای الصور فی البیت لم یدخل حتی امر بھا فمحیت الحدیث.

و فی المغازی فاخرج صورۃ ابراھیم و اسماعیل علیہما الصلاۃ و السلام . الحدیث ھذہ کلھا روایات البخاری .

و ذکر ابن ھشام فی سیرتہ قال و حدثنی بعض اھل العلم ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دخل البیت یوم الفتح فرای فیہ صورۃ الملائکۃ و غیرھم فرای ابراھیم علیہ الصلاۃ و السلام مصورا . فذکر الحدیث الی ان قال ثم امر بتلک الصور کلھا فطمست .

ان احادیث کا حاصل یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز فتح مکہ کعبہ معظمہ کے اندر تشریف فرما ہوئے اس میں حضرت ابراہیم وحضرت اسماعیل وحضرت مریم وملائکہ کرام علیہم الصلاۃ والسلام وغیرہم کی تصویریں نظر پڑیں کچھ پیکر دار، کچھ نقش دیوار، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ویسے ہی پلٹ آئے اور فرمایا خبردار ہو بیشک ان بنانے والوں کے کان تک بھی یہ بات پہنچی ہوئی تھی کہ جس گھر میں کوئی تصویر ہو اس میں ملائکہ رحمت نہیں جاتے، پھر حکم فرمایا کہ جتنی تصویریں منقوش تھیں سب مٹادی گئیں اور جتنی مجسم تھیں سب باہر نکال دی گئیں۔ انھیں میں حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ وحضرت سیدنا اسماعیل ذبیح اللہ صلی اللہ تعالیٰ علی ابنہما الکریم وعلیہما وبارک وسلم کی تصویریں بھی باہر لائی گئیں۔ جب تک

کعبہ معظمہ سب تصاویر سے پاک نہ ہوگیا حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے قدم اکرم سے اسے شرف نہ بخشا۔

مسند امام احمد میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے

قال کان فی الکعبة صورة فامر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عمر بن الخطاب ان یمحوھا فبل عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ثوبا و محاھا بہ فدخلھا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ما فیھا شیء.

و فی حدیثہ عند الامام الواقدی و کان عمر قد ترک صورة ابراھیم فلما دخل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رأھا فقال یا عمر الم آمرک ان لا تدع فیھا صورة ثم رأی صورة مریم فقال امحوا ما فیھا من الصورة قاتل اللہ قوما یصورون ما لا یخلقون.

عمر بن شیبہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دخل الکعبة فامرنی فاتیتہ بماء فی دلو فجعل یبل الثوب و یضر بہ علی الصور و یقول قاتل اللہ قوما یصورون ما لا یخلقون.

ابوبکر بن ابی شیبہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

ان المسلمین تجردوا فی الازر و اخذوا الدلاء و انجروا علی زمزم یغسلون الکعبة ظھرھا و بطنھا فلم یدعوا اثرا من المشرکین الا محوہ و غسلوہ.

حاصل ان احادیث کا یہ ہے کہ کعبہ میں جو تصویریں تھیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم فرمایا کہ انہیں مٹادو۔ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دیگر صحابہ

کرام چادریں اتار اتار کر امتثال حکم اقدس میں سرگرم ہوئے زم زم شریف سے ڈول کے ڈول بھر کر آتے اور کعبہ کو اندر باہر سے دھویا جاتا، کپڑے بھگو بھگو کر تصویریں مٹائی جاتیں یہاں تک کہ وہ مشرکوں کے آثار سب دھو کر مٹا دیے جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر پائی کہ اب کوئی نشان باقی نہ رہا اس وقت اندر رونق افروز ہوئے اتفاق سے بعض تصاویر مثل تصویر ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نشان رہ گیا تھا۔ پھر نظر فرمائی تو حضرت مریم کی تصویر بھی صاف نہ دھلی تھی۔ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ایک ڈول پانی منگا کر بنفس نفیس کپڑا تر کر کے ان کے مٹانے میں شرکت فرمائی اور ارشاد فرمایا اللہ کی مار ان تصویر بنانے والوں پر۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹ ص ۱۴۵، ۱۴۶ اشفاء الوالہ)

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی کعبے کی تصاویر سے متعلق فرماتے ہیں:

کعبہ معظمہ میں حضرت ابراہیم و حضرت اسماعیل و حضرت مریم علیہم الصلوٰۃ والسلام کی تصویریں بنی تھیں کہ یہ متبرک ہیں ناجائز فعل تھا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود دست مبارک سے انھیں دھو دیا۔ (الملفوظ، حصہ دوم)

تصویر کے باعث جبریل امین نہیں آئے

سنن ابی داؤد و جامع ترمذی و سنن نسائی و صحیح ابن حبان و شرح معانی الآثار امام طحاوی و مستدرک حاکم میں ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے:

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اتانی جبریل قال اتیتک البارحۃ فلم یمنعنی ان اکون دخلت الا انہ کان علی الباب تماثیل و کان فی البیت قرام

ستر فیہ تماثیل و کان فی البیت کلب فمر براس التمثال الذی علی باب البیت فیقطع فیصیر کھیئۃ الشجر و مر بالستر فلیقطع فلیجعل و سادتین منبوذتین توطئان و مر بالکلب فلیخرج ففعل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبریل نے آکر عرض کی یا رسول اللہ میں گزشتہ شب حاضر ہوا تھا مجھے دروازے کی تصویروں نے گھر میں آنے سے روک دیا اور گھر میں ایک تصویر دار سرخ پردہ تھا اور کتا بھی تھا تو حضور ان تصویروں کے کاٹ دینے کا حکم دیں تاکہ درخت کی طرح رہ جائیں اور تصویر دار پردے کے لیے حکم فرمائیں کہ کاٹ کر اس کی دو مسندیں بنالی جائیں کہ زمین پر ڈالی جائیں پاؤں سے روندی جائیں اور کتے کو بھی نکال دینے کا حکم فرمائیں پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۳۱۴، شفاء الوالہ)

تصویر دار گدا

امام احمد و بخاری ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی :

انھا اتخذت علی سھوۃ لھا سترا فیہ تماثیل فھتکہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قالت فاتخذت منہ نمر قتین فکانتا فی البیت نجلس علیھما۔

ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ میں نے گھر کے دروازے کے لیے ایک پردہ بنایا جس میں تصویریں تھیں تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو پھاڑ دیا۔ حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ میں نے اس کے دو گدے بنالیے اور ہم گھر میں ان پر بیٹھتے تھے۔

تصویر کو بنظر تعظیم رکھنا جائز نہیں، ورنہ اگر اہانت یا پامال کی جگہ ہو تو حرج نہیں۔ (مولف)

طحاوی میں ہے :

قالت اشتریت نمرقة فیها تصاویر فلما دخل علی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فراها تغیر ثم قال یا عائشة ما هذا فقلت نمرقة اشتریتها لک تقعد علیها قال انا لا ندخل بیتا فیه تصاویر.

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے ایک گدا خریدا جس میں تصویریں تھیں جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے دیکھتے ہی غضبناک ہو کر فرمایا اے عائشہ یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کیا یہ گدا ہے آپ کے بیٹھنے کے لیے میں نے خریدا ہے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم اس گھر میں نہیں جاتے ہیں جس میں تصویریں ہوں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۳۱۸، شفاء الوالہ)

یہاں بھی یہی مقصود ہے کہ تعظیم وعزت کے طور پر ہو تو ممنوع وحرام ورنہ اگر اہانت وتذلیل کے لیے ہے تو کراہت نہیں۔ (مولف)

حضور کا فیصلہ

صاحب شریعت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انکم تختصمون الی فلعل بعضکم ان یکون الحن بحجته من بعض فاقضی له علی نحو مما اسمع فمن قضیت له بحق مسلم فانما هی قطعة من النار فلیا خذها او لیتر کها.

تم میرے حضور اپنے مقدمات پیش کرتے ہو کہ ایک اگر اپنی چرب زبانی کے باعث حجت میں بازی لے جائے اور ہم اسے ڈگری دے دیں اور واقع میں اس کا حق نہ ہو تو ہمارا ڈگری فرمانا اسے مفید نہ ہوگا وہ مال نہیں اس کے حق میں جہنم کی آگ کا گڑھا ہے۔

ائمہ ستہ اور مالک واحمد نے یہ حدیث ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۷، ص ۵۱۱۔ الھبۃ الاحمدیۃ)

ایک عورت کو مردے پر رونے سے منع فرمایا

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زجر امراء ۃ من البکاء علی ابنہا و قال ان احدکم اذا بکی استعبر لہ صو یحبہ فیا عباد اللہ لا تعذبوا اخوانکم .

ایک بی بی اپنے بیٹے پر رو رہی تھیں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں منع کیا اور فرمایا جب تم میں کوئی روتا ہے تو اس کے رونے پر مردے کو بھی آنسو نکل آتے ہیں تو اے خدا کے بندے اپنے بھائیوں کو تکلیف نہ دو۔

فائدہ

یہ بی بی حضرت قیلہ بنت مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں اور یہ حدیث ابوبکر بن ابی شیبہ وطبرانی نے ان سے روایت کی۔ وہ خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر تھیں اپنے ایک بیٹے کو یاد کر کے روئیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کیا طریقہ ہے کہ دنیا میں زندگی تک تو اپنے ساتھی سے اچھا سلوک کرو اور مرے پیچھے ایذا دو۔

فوالذی نفس محمد بیدہ ان احدکم لیبقی فیستعبر لہ صویحبہ فیا عباد اللہ لا تعذبوا موتاکم .

قسم اس کی جس کے ہاتھ میں محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جان پاک ہے کہ تمھارے رونے پر تمھارا مردہ رونے لگتا ہے تو اے خدا کے بندو اپنی اموات کو عذاب نہ کرو۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۳۴۷، الوفاق المتین)

امر بالمعروف سے حضور کی خصوصیت

ابن جریر وابویعلی وبزار ابوہریرہ سے اور بیہقی ابوہریرہ وابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

(فیہ قولہ عزوجل لنبیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حین ذکر ما اعطی الانبیاء السابقین علیہم الصلاۃ و السلام من الفضائل) اعطیتک ثمانیۃ اسھم الاسلام و الھجرۃ و الجھاد و الصلاۃ و الصدقۃ و صوم رمضان و الامر بالمعروف و النھی عن المنکر.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی (اس میں یہ ہے کہ جب انبیاء سابقین علیہم الصلاۃ والسلام کے فضائل ومناقب کا ذکر اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا) تو فرمایا کہ میں نے تم کو آٹھ حصے عطا فرمائے۔ اسلام اور ہجرت و جہاد اور نماز وصدقہ اور رمضان کے روزے وامر بالمعروف ونہی عن المنکر۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۹۶)

زیور کی زکوٰۃ

حدیث صحیح زکوٰۃ حلی مروی سنن ابی داؤد ونسائی :

امراء ۃ اتت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و معھا ابنتھا و فی ید بنتھا مسکتان غلیظتان من ذھب فقال تعطین زکوۃ ھذا قالت لا قال ایسرک ان یسورک اللہ بھما یوم القیامۃ سوارین من نار قال فخلعتھما فالقتھما الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقالت ھما للہ و رسولہ .

یعنی ایک بی بی خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئیں ان کی بیٹی ان

کے ساتھ تھیں دختر کے ہاتھ میں سونے کے کڑے تھے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ان کی زکوۃ دی گئی عرض کی نہ، فرمایا کیا تجھے پسند ہے کہ اللہ عزوجل قیامت میں ان کے بدلے آگ کے کنگن پہنائے ان بی بی نے اتار کر ڈال دیے اور عرض کی یہ اللہ اور اللہ کے رسول کے لیے ہیں۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۳۳ ۔ منیر العین)

فضائل مکہ مکرمہ

حرم کی زمیں اور قدم رکھ کے چلنا
ارے سر کا موقع ہے او جانے والے

لا اقسم بھذا البلد و انت حل بھذا البلد

مجھے اس شہر کی قسم کہ اے محبوب تم اس شہر میں تشریف فرما ہو

(البلد/۱،۲)

فضائل مکہ مکرمہ

مکہ معظمہ کی فضیلت میں سے یہ ہے کہ خانہ کعبہ ارکان حج اور تقریبات ادا کرنے کی جگہ ہے جیسا کہ حج وعمرہ، باوجود ثواب اور فضائل کے جو ان اعمال کے ادا کرنے میں وارد ہوئے ہیں۔

اور مکہ مکرمہ کی فضیلت میں سے یہ بھی ہے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ مكة خير بلاد الله.

مکہ اللہ کے شہروں میں سے بہترین شہر ہے۔

اور دوسری روایت میں احب ارض الله ، بھی ارشاد ہوا ہے۔

یعنی اللہ کی زمین میں مکہ مکرمہ سب سے محبوب ترین شہر ہے۔

جب سید کائنات علیہ افضل الصلوات واکمل التحیات نے مکہ مکرمہ سے کوچ فرمایا تو مقام معلیٰ کے قریب خرورہ یا برجون میں سے کسی ایک جگہ پر کھڑے ہو کر مکہ معظمہ سے یہ خطاب کیا۔

اے بزرگ شہر تو میرے نزدیک محبوب ترین شہر ہے، اگر تیری قوم مجھ کو باہر نہ کرتی تو میں یہاں سے ہرگز نہ جاتا۔

آپ کا یہ ارشاد گرامی مکہ معظمہ کی افضلیت کو ثابت کر دیتا ہے اور اس شہر کے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے محبوب ہونے کی کافی دلیل ہے۔ (مولف) (جذب القلوب الی دیار المحبوب)

عزم گناہ پر مواخذہ

مکہ معظمہ کی عظمت وبزرگی سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

عن ابن مسعود رضی الله تعالیٰ عنه ما من بلد يواخذ العبد فيها بالهمة قبل العمل الا مكة .

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ مکہ مکرمہ کے علاوہ کوئی شہر ایسا نہیں جس میں

گناہ کرنے سے پہلے صرف عزم گناہ پر مواخذہ ہو۔ (مولف)

ساکنان مکہ اور حرم مکہ

و قال سعید بن المسیب للذی جاء من اهل المدینة یطلب العلم یرجع الی المدینة فانا نسمع ان ساکن مکة لا یموت حتی یکون الحرم عنده بمنزلة الحل لما یستحل من حرمها.

حضرت سعید بن میتب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جو شخص مدینہ طیبہ سے حصول علم کے لیے مکہ آئے تو اسے چاہئیے کہ وہ مدینہ منورہ لوٹ جائے کہ ہم نے سنا ہے کہ مکہ معظمہ کا باشندہ نہیں مرے گا یہاں تک کہ حرم اس کے نزدیک حل کے مثل ہو جائے گا کہ وہ حرم کو حل تصور کرے گا۔ (مولف)

مکہ کا گناہ

و عن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنه خطیئة اصیبها بمکة اغر علی من سبعین خطیئة بغیرها.

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھ پر مکہ کا ایک گناہ زیادہ بھاری ہے دوسری جگہ کے ستر گناہوں سے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۶۷۸۔ صیقل الرین)

مکہ میں مجاورت مناسب نہیں

امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد حج تمام قوافل پر درہ لے کر دورہ فرماتے اور ارشاد کرتے۔ اے اہل یمن یمن کو جاؤ، اے اہل شام شام کا راستہ لو، اے اہل عراق عراق کو کوچ کرو، کہ اس سے تمہارے رب کی بیت کی ہیبت تمھاری نگاہوں میں زیادہ رہے گی۔ (ابر المقال فی استحسان قبلۃ الاجلال)

❁.....❁.....❁

فضائل مدینہ طیبہ

طیبہ نہ سہی افضل مکہ ہی بڑا زاہد
ہم عشق کے بندے ہیں کیوں بات بڑھائی ہے

المدینۃ خیر من مکۃ

مکہ سے بہتر مدینہ ہے۔

(الحدیث)

فضائل مدینہ طیبہ

واضح ہو کہ اجمال امت اور علماء کا اس پر اتفاق ہے افضل مقامات اور بزرگ ترین شہروں میں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ ہیں زاداللہ تشریفا وتعظیما۔ لیکن ان دونوں شہروں سے کسی ایک کو دوسرے پر فضیلت اور ترجیح دینے میں علماء کا اختلاف ہے۔ بعد اجماع تمام علماء نے اس مقام کو فضیلت دی ہے جو اعضائے شریفہ سید کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو موضع قبر شریف سے ملائے ہوئے ہیں تمام اجزائے زمین سے افضل ہے۔ یہاں تک کہ خانہ کعبہ سے بھی۔

اور بعض علماء نے تو یہاں تک کہا ہے کہ تمام سموات حتی کہ عرش سے بھی، اور کہتے ہیں اگر چہ کتب قوم میں صریح ذکر آسمانوں اور عرش اعظم کا نہیں آیا ہے لیکن یہ بات اس قبیل سے ہے کہ جس شخص کے سامنے کہی جائے اس پر توقف اور انکار کی راہ مسدود ہو جائے۔ آسمان وزمین آپ کی تشریف آوری ہی کی وجہ سے معزز ہیں بلکہ اگر تمام اجزائے زمین کو تمام آسمانوں پر اس لیے ترجیح دی جائے کہ حضور سردار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قبر شریف کی جگہ اجزائے زمین سے ہے تو گنجائش ہے۔ اور آخر اس کلام کا فضیلت دینے میں آسمانوں اور زمینوں کے خلاف واقع ہے وہ امام نووی کے کلام کا تقاضا ہے۔

وہ یہ ہے کہ جمہور علماء زمین پر آسمانوں کو فضیلت دیتے ہیں اور بعضے زمین کو آسمان پر اس لیے فضیلت دیتے ہیں کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا مستقر اور جائے مدفن ہے تو آسمان ان کی ارواح مقدسہ کا محل اور مقر ہے۔ لیکن جب یہ ثابت ہے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام اپنی قبور میں زندہ ہیں تو جمہور کے کلام کا جواب نہایت واضح ہے اس لیے اس صورت میں زمین جس طرح سے جسموں کے لیے جائے قرار ہے محل ارواح بھی ہے۔ خلاصہ کلام کا یہ ہے کہ جتنی جگہ میں مزار اقدس ہے اس جگہ کو چھوڑ کر شہر مکہ کو شہر مدینہ پر، اور شہر مدینہ کو شہر مکہ پر فضیلت دینے میں علماء کا اختلاف ہے۔

مذہب امیر المومنین حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نیز دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی جماعت اور امام مالک واکثر علمائے مدینہ، مدینہ کو مکہ پر فضیلت دیتے ہیں۔ اور بعض دوسرے علماء بھی جو مکہ کو مدینہ پر فضیلت دیتے ہیں وہ کعبہ شریف کو مستثنیٰ قرار دیتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ شہر مدینہ شہر مکہ سے افضل ہے لیکن خانۂ خدا سب سے افضل ہے۔

بالآخر فیصلہ اس پر ٹھہرا کہ قبر شریف سید کائنات علیہ افضل الصلاۃ واکمل التحیات مطلقاً اور بالعموم افضل واکرم ہے۔

خواہ شہر مکہ مکرمہ ہو یا خانہ کعبہ شریف، اور خانۂ کعبہ سوائے قبر شریف آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے افضل ہے اور باقی مدینہ افضل ہے باقی مکہ سے یا باقی مکہ افضل ہے باقی مدینہ سے۔ اس میں اختلاف ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ حضرت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس شہر شریف سے جتنی زیادہ محبت ہے اتنی کسی شہر سے نہیں ہے۔ اسی میں آپ نے اقامت فرمائی اور یہیں آپ نے فتوحات عظیمہ حاصل کیں اور یہیں کمالات شریفہ موعودہ کو پہنچے اور یہی جگہ اسلام کی قوت، دین کے رواج، تمام اول وآخر خیر وبرکات کا سرچشمہ اور جملہ کمالات ظاہر وباطن کا معدن اور سعادت عظمیٰ اور نعمت کبریٰ کا مبدا ہے ۔ انھیں وجوہ سے یہ تمام قطعات ارضی وسماوی سے ممتاز ہے۔

اور ایک خاص وجہ یہ بھی ہے کہ مرقد شریف اور قبر پاک آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہیں ہے کوئی نعمت من جملہ نعمتہائے دنیوی واخروی سے اس کا مقابلہ اور برابری نہیں کرسکتی، اور کوئی عمل بعد فرائض وواجبات کے اس کی زیارت کی برابری نہیں کرسکتا۔ اگر آپ اس بات کا لحاظ کریں جو متعدد طریقہ سے احادیث صحیحہ میں آئی ہیں تو ظاہر ہوجائے گا کہ ہر نفس کی پیدائش اسی مٹی سے ہے

جہاں وہ دفن ہوتا ہے۔اس سے ثابت ہو جاتا ہے کہ پیدائش نفس پاک حضرت سید کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی مدینہ منورہ کی مٹی سے ہے۔اوراس طرح سے اکثر وہ نفوس آل واصحاب اور تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین جواس شہر میں آرام فرما ہیں یہیں کی مٹی سے تھے اور مدینہ منورہ کے لیے یہ فضیلت وشرافت کافی ہے۔(مولف) (جذب القلوب الی دیار المحبوب)

مدینہ مکہ سے افضل ہے

مدینہ طیبہ کی افضلیت ثابت کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

جمہور حنفیہ کا مسلک یہ ہے کہ مکہ مدینہ سے افضل ہے اور امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک مدینہ طیبہ افضل ہے اور یہی مذہب امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے۔ایک صحابی نے کہا مکہ معظمہ افضل ہے فرمایا کیا تم کہتے ہو کہ مکہ مدینہ سے افضل ہے انھوں نے کہا واللہ بیت اللہ وحرم اللہ، میں کچھ نہیں کہتا کیا تم کہتے ہو کہ مکہ مدینہ ست افضل ہے؟انھوں نے کہا بخدا خانۂ خدا وحرم خدا،فرمایا میں خانۂ خدا و حرم خدا میں کچھ نہیں کہتا۔کیا تم کہتے ہو کہ مکہ مدینہ سے افضل ہے وہ وہی کہتے رہے اور امیر المومنین یہی فرماتے رہے اور یہی میرا مسلک ہے۔

صحیح حدیث میں ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

المدينة خير لهم لو كانوا يعلمون.

مدینہ ان کے لیے بہتر ہے اگر وہ جانیں۔

دوسری حدیث نص صریح ہے کہ فرمایا :

المدينة افضل من مكة .

مدینہ مکہ سے افضل ہے۔

اور تفاوت ثواب کا جواب باصواب شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کیا خوب دیا کہ مکہ میں کمیت زیادہ ہے اور مدینہ میں کیفیت، یعنی وہاں مقدار زیادہ ہے اور یہاں قدر افزوں۔

جسے یوں سمجھئے کہ لاکھ روپیہ زیادہ کہ پچاس ہزار اشرفیاں، گنتی میں وہ دونے ہیں اور مالیت میں یہ دس گنی، مکہ معظمہ میں جس طرح ایک نیکی لاکھ نیکیاں ہیں یوں ہی ایک گناہ لاکھ گناہ ہیں اور وہاں گناہ کے ارادے پر بھی گرفت ہے جس طرح نیکی کے ارادے پر ثواب۔ مدینہ طیبہ میں نیکی کے ارادے پر ثواب اور گناہ کے ارادے پر کچھ نہیں اور گناہ کرے تو ایک ہی گناہ اور نیکی کرے تو پچاس ہزار نیکیاں۔ عجب نہیں کہ حدیث میں خیر لھم کا اشارہ اسی طرف ہو کہ ان کے حق میں مدینہ ہی بہتر ہے۔ (الملفوظ حصہ دوم)

مدینہ کو یثرب کہنا جائز نہیں

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہجرت سے پہلے مدینہ منورہ کو یثرب کہا جاتا تھا، حضور کی تشریف آوری کے بعد اس کا نام مدینہ طیبہ رکھا گیا اور یثرب کہنے سے منع کر دیا گیا۔ اب اسے یثرب کہنا جائز نہیں، اسی بات کو دلائل سے واضح کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں۔

مدینہ کو یثرب کہنا ناجائز و ممنوع و گناہ ہے اور کہنے والا گنہ گار۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **من سمی المدینة یثرب فلیستغفر الله هی طابة هی طابة**۔

جو مدینہ کو یثرب کہے اس پر توبہ واجب ہے مدینہ طابہ ہے مدینہ طابہ ہے۔ امام احمد نے بسند صحیح براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

علامہ مناوی تیسیر شرح جامع صغیر میں فرماتے ہیں **فتسمیتها بذلک حرام لان**

الاستغفار انما هو عن خطيئة .

یعنی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مدینہ طیبہ کا یثرب نام رکھنا حرام ہے کہ یثرب کہنے سے استغفار کا حکم فرمایا اور استغفار گناہ ہی سے ہوتی ہے۔

مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری مرقاۃ شریف میں فرماتے ہیں :

قد حكى عن بعض السلف تحريم تسمية المدينة بيثرب و يؤيده ما رواه احمد (فذكر الحديث المذكور ثم قال) قال الطيبى رحمه الله تعالىٰ فظهر ان من يحقر شان ما عظمه الله تعالىٰ و من وصف ما سماه الله تعالىٰ بالايمان بما لا يليق به يستحق ان يسمى عاصيًا الخ .

بعض سلف سے مدینہ کو یثرب کہنے کی حرمت مروی ہے اور امام احمد کی روایت سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے پھر حدیث مذکور ذکر کر کے کہا کہ علامہ طیبی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس سے ظاہر ہو گیا کہ جو اللہ کے معظم کردہ کی تحقیر کرے اور جو چیزیں ایمان سے متعلق ہیں اگر کوئی انھیں ایسی چیز یا ایسی بات سے متصف کرے جو ان کے لائق نہیں تو وہ گنہ گار ہوگا۔ (مولف)

قرآن عظیم میں کہ لفظ یثرب آیا وہ رب العزۃ جل وعلا نے منافقین کا قول نقل فرمایا ہے و اذ **قالت طائفة منهم يا اهل يثرب لا مقام لكم.**

یثرب کا لفظ فساد و ملامت سے خبر دیتا ہے وہ ناپاک اسی طرف اشارہ کر کے یثرب کہتے، اللہ عزوجل نے ان پر رد کے لیے مدینہ طیبہ کا طابہ نام رکھا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں: **يقولون يثرب و هى المدينة .**

وہ اسے یثرب کہتے ہیں اور وہ تو مدینہ ہے۔ بخاری و مسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ

حدیث روایت کی۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :

ان اللہ تعالیٰ سمی المدینۃ طابۃ .

بیشک اللہ عزوجل نے مدینہ کا نام طابہ رکھا۔ امام احمد و مسلم اور نسائی نے جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت فرمائی۔

مرقاۃ میں ہے

المعنی ان اللہ تعالیٰ سماھا فی اللوح المحفوظ او امر نبیہ ان یسمیھا بھا ردا علی المنافقین فی تسمیتھا بیثرب ایماء الی تثریبھم فی الرجوع الیھا.

یعنی اللہ تعالیٰ نے مدینہ کا نام لوح محفوظ میں رکھا یا اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ نام رکھنے کا حکم فرمایا تا کہ مدینہ کو یثرب کہنے میں منافقین کا رد ہو جائے اور اس کی طرف رجوع کرنے میں منافقین کی توبیخ و ملامت کی طرف اشارہ بھی ہے۔ (مولف)

اسی میں ہے :

قال النووی رحمہ اللہ تعالیٰ قد حکی عن عیسیٰ بن دینار ان من سماھا یثرب کتب علیہ خطیئۃ و اما تسمیتھا فی القران بیثرب فھی حکایۃ قول المنافقین الذین فی قلوبھم مرض .

امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ عیسیٰ بن دینار سے روایت ہے کہ جس نے مدینہ کو یثرب کہا اس پر گناہ لکھا جائے گا اور قرآن عظیم میں جو لفظ یثرب آیا تو وہ ان منافقین کے قول کی حکایت و نقل ہے جن

کے دلوں میں بیماری ہے۔ (مولف)

مولانا شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ شرح مشکوۃ میں فرماتے ہیں:

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اوراما مدینہ نام نہاداز جہت تمدن واجتماع مردم واستیناس وائتلاف ایشاں دروے ونہی کرداز خواندن یثرب، یا از جہت آں کہ نام جاہلیت است یا آں کہ نام جاہلیت است یا آں کہ مشتق از یثرب بمعنی ہلاک وفساد وتثریب بمعنی توبیخ وملامت است یا بتقریب آں کہ یثرب دراصل نام صنمے یا یکے از جبابرہ بود۔ بخاری در تاریخ خود حدیثے آوردہ کہ یکبار یثرب گوید باید کہ دہ بار مدینہ گوید تا تدارک و تلافی آں کند ودرروایت دیگر آمدہ باید کہ استغفار کند وبعضے گفتہ اند کہ تعزیر باید کرد قائل آں راوآں کہ درقرآن مجید آمدہ است یا اھل یثرب از زبان منافقان است کہ بذکرآں قصد اہانت آں می کردند۔

مدینہ منورہ میں لوگوں کے اجتماع وتمدن اورانسیت والفت حاصل کرنے کے سبب سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا نام مدینہ رکھااوراسے یثرب کہنے سے منع فرمایا،اس کی وجہ یا تو یہ ہے کہ وہ زمانۂ جاہلیت کا نام ہے یا یہ وجہ ہے کہ وہ جاہلوں کا رکھا ہوا نام ہے یا اس لیے کہ وہ اس یثرب سے مشتق وماخوذ ہے جو ہلاکت وفساد کے معنی میں ہے اور تثریب کا معنی توبیخ وملامت کے ہے یا اس کا قریبی معنی یہ ہے کہ یثرب اصل میں ایک بت کا نام تھا یا کسی جابروظالم کا نام تھا۔امام بخاری نے اپنی تاریخ میں ایک حدیث ذکرفرمائی ہے کہ جوایک مرتبہ یثرب کہے وہ دس مرتبہ مدینہ کہے تاکہ اس کا تدارک وتلافی ہوجائے اوردوسری روایت میں آیا ہے کہ اسے استغفار کرنا چاہیئے۔اور بعض نے کہا ہے کہ اس کے کہنے والے کوسزادینی چاہیئے۔اورقرآن عظیم میں جولفظ یثرب آیا ہے تو وہ منافقین کی زبان سے ادا ہونے والے لفظ کی حکایت ہے کہ وہ اس سے اہانت وتحقیر کا قصد کرتے تھے۔ (مولف)

(فتاوٰی رضویہ ج۹،ص۶۱)

مدینہ پاک کرتا ہے

حدیث صحیح بخاری، انها طيبة تنفى الذنوب كما تنفى الكير خبث الفضة .

مدینہ تو پاک کرنے والا ہے کہ یہ گناہوں کو اس طرح دور کر دیتا ہے جس طرح آگ کی بھٹی چاندی کے زنگ کو۔ (مولف)

شیخ محقق جذب القلوب وغیرہ میں یہ حدیث بیان کر کے فرماتے ہیں :

مراد نفی وابعاد اہل شر وفساد است از ساحت عزت ایں بلدہ طیبہ و بقول اکثر علمائے دین خاصیت مذکور در روے در جمیع ازمان و دہور پیدا است۔

یعنی مدینہ طیبہ کے میدان عزت سے فتنہ وفساد والوں کو دور کرنا مراد ہے اور اکثر علمائے دین کے قول کے مطابق اس شہر مکرم کی خاصیت ہر زمانے اور ہر دہر میں ظاہر ہے۔ (مولف)

اہل مدینہ سے عداوت کی وعید

مدینہ طیبہ کو جزیرۂ عرب پر جس قدر فضیلت ہے اسی قدر ان کی عداوت و بدخواہی کو اہل مدینہ کے ساتھ زیادت ہے۔

اور حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لا يكيد اهل المدينة احد الا انماع كما ينماع الملح فى الماء .

کوئی شخص اہل مدینہ کے ساتھ بداندیشہ نہ کرے گا مگر یہ کہ ایسا گل جائے گا جیسے نمک پانی میں۔

بخاری ومسلم نے سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

اور فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

من اراد اهل المدينة بسوء اذا به الله كما يذوب الملح في الماء .

جو اہل مدینہ کے ساتھ کسی طرح کا برا ارادہ کرے اللہ تعالیٰ اسے ایسا گلا دے جیسے نمک پانی میں گل جاتا ہے۔

اسے امام احمد و مسلم و ابن ماجہ نے ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

دوسری حدیث میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

من اذى اهل المدينة اذاه الله و عليه لعنة الله و الملائكة و الناس اجمعين لا يقبل منه صرف و لا عدل .

جو مدینہ والوں کو ایذا دے اللہ اسے مصیبت میں ڈالے اور اس پر خدا اور فرشتوں اور آدمیوں سب کی لعنت ہے اللہ تعالیٰ نہ اس کا نفل قبول کرے نہ فرض۔

اسے طبرانی نے کبیر میں عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

اہل عرب سے عداوت کی وعید

طبرانی معجم کبیر میں بہ سند حسن صحیح حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

بعض العرب نفاق .

جو اہل عرب سے عداوت رکھے منافق ہے۔

اور بیہقی شعب الایمان حضرت امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

من سب العرب فاولئک هم المشرکون .

جو اہل عرب کو سب وشتم کریں وہ خاص مشرک ہیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۲۹۷۔ النھی الاکید)

جزیرۂ عرب سے شیطان کی مایوسی

پھر اہل عرب کے لیے خاص مژدہ ارشاد ہوا کہ وہ ہرگز شیطانی پرستش میں مبتلا نہ ہوں گے۔

احمد و مسلم و ترمذی حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان الشیطان قد ئیس ان یعبده المصلون فی جزیرة العرب و لکن فی التحریش بینهم.

بیشک شیطان اس سے ناامید ہوگیا ہے کہ جزیرۂ عرب کے نمازی اسے پوجیں ہاں ان میں جھگڑے اٹھانے کی طمع رکھتا ہے۔

ابو یعلی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان الشیطان قد ئیس ان تعبد الاصنام فی ارض العرب و لکنه سیرضی منکم بدون ذلک بالمحقرات .الحدیث.

یعنی شیطان یہ امید نہیں رکھتا کہ اب زمین عرب میں بت پوجے جائیں مگر وہ اس سے کم درجہ گناہ

تم سے کرا دینے کو غنیمت جانے گا جو حقیر و آسان سمجھے جاتے ہیں۔

بیہقی حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تذکیرا اور حضرت عبد الرحمٰن بن غنم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تقریرا راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وداع کرتے وقت ارشاد فرمایا :

ان الشیطان قد ئیس ان یعبد فی جزیرتکم ھذہ و لکن یطاع فیما تحتقرون من اعمالکم فقد رضی بذلک .

یعنی شیطان کو یہ امید نہیں کہ اب تمھارے جزیرے میں اس کی عبادت ہوگی ہاں ان اعمال میں اس کی اطاعت کروگے جنھیں تم حقیر جانو گے وہ اسی قدر کو غنیمت سمجھتا ہے۔

امام احمد حضرت عبادہ بن صامت وابوداؤد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے معا راوی حضور سید الکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

ان الشیطان قد ئیس ان یعبد فی جزیرۃ العرب .

بیشک شیطان اس سے مایوس ہے کہ جزیرۂ عرب میں اس کی پرستش ہو۔

دین وایمان حجاز ومدینہ کی طرف

پھر خطہ مبارک حجاز یعنی حرمین طیبین اور ان کے مضافات کے لیے اس سے اجل و اعظم بشارت آئی۔

جامع ترمذی میں عمرو بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان الدین لیارز الی الحجاز کما تارز الحیۃ الی جحرھا و لیعقلن الدین من

الحجاز معقل الاروية من الجبل .

بیشک دین حجاز کی طرف ایسا سمٹے گا جیسے سانپ اپنی بانبی کی طرف اور بیشک دین حرمین طیبین کو ایسا اپنا مسکن و مامن بنائے گا جیسے پہاڑی بکری پہاڑ کی چوٹی کو۔

پھر مدینۂ امینہ کا کہنا ہی کیا ہے کہ وہ تو خاصوں کا خاص اور دین متین کا اول وآخر ملجاو مناص ہے اس کی نسبت بالتخصیص ارشاد ہوا :

ان الایمان لیارز الی المدینة کما تارز الحیة الی جحرها.

بیشک ایمان مدینے کی طرف یوں سمٹے گا جیسے سانپ اپنی بانبی کی طرف۔

اسے امام احمد و بخاری و مسلم و ابن ماجہ نے ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۲۸۹۔ النہی الاکید)

مدینہ میں موت

حدیث : جو حرمین میں کسی حرم میں مرے روز قیامت بے خوف اٹھے۔ رواہ البیهقی .

حدیث : جس سے مدینہ میں مرنا ہو سکے تو اسی میں مرے کہ جو مدینہ میں مرے گا میں اس کی شفاعت فرماؤں گا۔ (المیزۃ الوضیۃ شرح الجوھرۃ المضیۃ)

اسے طبرانی نے کبیر میں روایت کیا۔

اشعار

امام احمد رضا بریلوی نے اپنے اشعار میں مدینہ منورہ کی فضیلت اس طرح بیان فرمائی ہے :

خم ہوگئی پشت فلک اس طعن زمین سے   سن ہم پہ مدینہ ہے وہ رتبہ ہے ہمارا

ہم خاک اڑائیں گے جو وہ خاک نہ پائی — آباد رضا جس پہ مدینہ ہے ہمارا

•

نہ آسماں کو یوں سرکشیدہ ہونا تھا — حضور خاک مدینہ خمیدہ ہونا تھا
اگر گلوں کو خزان نا رسیدہ ہونا تھا — کنار خار مدینہ دمیدہ ہونا تھا
کنار خاک مدینہ میں راحتیں ملتیں — دل حزیں تجھے اشک چکیدہ ہونا تھا

•

طیبہ کے سوا سب باغ پامال فنا ہوں گے — دیکھو گے چمن والو جب عہد خزاں آیا
طیبہ سے ہم آتے ہیں کہیئے تو جناں والو — کیا دیکھ کے جیتا ہے جو واں سے یہاں آیا

•

مدینہ چھوڑ کے ویرانہ ہند کا چھایا — یہ کیسا ہائے حواسوں نے اختلال کیا
تو جس کے واسطے چھوڑ آیا طیبہ سا محبوب — بتا تو اس ستم آرا نے کیا نہال کیا

•

باغ فردوس کو جاتے ہیں ہزاران عرب — ہائے صحرائے عرب ہائے بیابان عرب
فصل گل لاکھ نہ ہو وصل کی رکھ آس ہزار — پھولتے پھلتے ہیں بے فصل گلستان عرب
صدقے ہونے کو چلے آتے ہیں لاکھوں گلزار — کچھ عجب رنگ سے پھولا ہے گلستان عرب
اللہ اللہ بہار چمنستان عرب — پاک ہیں لوث خزاں سے گل و ریحان عرب
ہشت خلد آئیں وہاں کسب لطافت کو رضا — چار دن برسے جہاں ابر بہاران عرب

•

مرنے والوں کو یہاں ملتی ہے عمر جاوید — زندہ چھوڑے گی کسی کو نہ مسیحائی دوست

کعبہ و عرش میں کہرام ہے نا کامی کا
آہ کس بزم میں جلوہ یکتائی دوست

•

وائے محرومی قسمت کہ میں پھر اب کی برس
رہ گیا ہمرہ زوار مدینہ ہوکر
صرصر دشت مدینہ کا مگر آیا خیال
رشک گل جو بنا غنچۂ دل وا ہوکر

•

غمگین ہے شوق غازۂ خاک مدینہ میں
شبنم سے دھل سکے گی نہ گرد ملال گل
بلبل گل مدینہ ہمیشہ بہار ہے
دو دن کی ہے بہار فنا ہے مآل گل

•

کیا غازہ ملا گرد مدینہ کا جو ہے آج
نکھرے ہوئے جوبن میں قیامت کی پھبن پھول

•

نام مدینہ لے لیا چلنے لگی نسیم خلد
سوزش غم کو ہم نے بھی کیسی ہوا بتائی کیوں
حور جناں ستم کیا طیبہ نظر میں پھر گیا
چھیڑ کے پردۂ حجاز دیس کی چیز گائی کیوں

•

خاص صحرائے مدینہ نہ نکل جائے کہیں
وحشت دل نہ پھرا کوہ و بیابان ہم کو
پاؤں غربال ہوئے راہ مدینہ نہ ملی
اے جنوں اب تو ملے رخصت زنداں ہم کو
جب سے آنکھوں میں سمائی ہے مدینہ کی بہار
نظر آتے ہیں خزاں دیدہ گلستاں ہم کو

•

اے خار طیبہ دیکھ کہ دامن نہ بھیگ جائے
یوں دل میں آ کہ دیدۂ ترکہ کو خبر نہ ہو

•

مدینے کے خطے خدا تجھ کو رکھے
غریبوں فقیروں کے ٹھہرانے والے
حرم کی زمین اور قدم رکھ کے چلنا
ارے سر کا موقع ہے او جانے والے

•

گل طیبہ کی ثنا گاتے ہیں
نخل طوبیٰ پہ چہکنے والے

•

طیبہ نہ سہی افضل مکہ ہی بڑا زاہد
ہم عشق کے بندے ہیں کیوں بات بڑھائی ہے

•

آب حیات روح ہے زرقا کی بوند بوند
اکسیر اعظم مس دل خاک در کی ہے

•

ہاں ہاں رہ مدینہ ہے غافل ذرا تو جاگ
او پاؤں رکھنے والے یہ جا چشم و سر کی ہے
واروں قدم قدم پہ کہ ہر دم ہے جان نو
یہ راہ جاں فزا مرے مولیٰ کے در کی ہے
اللہ اکبر اپنے قدم اور یہ خاک پاک
حسرت ملائکہ کو جہاں وضع سر کی ہے
طیبہ میں مر کے ٹھنڈے چلے جاؤ آنکھیں بند
سیدھی سڑک یہ شہر شفاعت نگر کی ہے
عاصی بھی ہیں چہیتے یہ طیبہ ہے زاہدو
مکہ نہیں کہ جانچ جہاں خیر و شر کی ہے
شان جمال طیبۂ جاناں ہے نفع محض
وسعت جلال مکہ میں سود و ضرر کی ہے

کعبہ ہے بے شک انجمن آرا دلھن مگر
ساری بہار دلھنوں میں دولھا کے گھر کی ہے
عنبر زمین عبیر ہوا مشک تر غبار
ادنیٰ سی یہ شناخت تری رہ گزر کی ہے

•

دشت گرد و پیش طیبہ کا ادب
مکہ سا تھا یا سوا پھر تجھ کو کیا

•

مدینہ جان جناں و جہاں ہے وہ سن لیں
جنھیں جنون جناں سوئے زاغ لے کے چلے
حضور طیبہ سے بھی کوئی کام بڑھ کر ہے
کہ جھوٹے حیلۂ مکر و فراغ لے کے چلے

•

ہمارے دیکھے ہوئے ہیں مدینے کے ذرے
سنا دو مہر کو اب دعویٰ ضیا نہ کرے

(حدائق بخشش)

صحابہ کرام اور ان کا تعظیم وتوقیر بجالانا

خدا کی قسم مصطفیٰ کے صحابہ
سب آپس میں یک جان ویکدل دو قالب

جو ان میں نفاق و عدوات بتائے
وہ مردود جھوٹا وہ ملعون کاذب

اولئک ھم المومنون حقا لھم درجت عند ربھم و مغفرۃ و رزق کریم۔
یہی سچے مسلمان ہیں ان کے لیے درجے ہیں ان کے رب کے پاس اور بخشش ہے اور عزت کی روزی۔
(الانفال/۴)

صحابہ کرام اوران کا تعظیم وتوقیر بجالانا

حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیراورادب وحقوق کے سلسلے میں صحابہ کرام کی عزت و عظمت، ان کے حق واحسان کی معرفت اوراس کی ادائیگی اوران کا اتباع واقتدا کرنا ہے۔اوران کے افعال واعمال اوران کے آداب واخلاق کی روشوں اورسنتوں پرعمل کرنا اس حدتک جہاں تک عقل وخرد کی تاب نہیں، اوران کی اچھے پیرایہ میں تعریف کرنا، ان کے ادب کالحاظ رکھنا اورانھیں دعاواستغفار سے یادکرنا ہرایک صحابی کا حق ہے۔کیوں کہ حق تعالیٰ نے ہرصحابی کی یہ تعریف فرمائی ہے، کہ وہ ان سے راضی ہوا ہے۔ ہرصحابی رسول اس کا مستحق ہے کہ اس کی تعریف کی جائے اوراستغفارکیا جائے ،ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ مسلمانوں کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ حضورا کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام صحابہ کے لیے استغفارکریں مگرکچھ لوگوں کا حال ہے کہ دشنام طرازی کرتے ہیں۔(روہ مسلم)

لہٰذا صحابہ کرام پرسب وطعن کرنا اگرادلۂ قطعیہ کے مخالف ہے جیسے کہ ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پربہتان باندھنا تو یہ کفرہے ورنہ بدعت وفسق ہے۔ (کذا قال فی المواھب)

اسی طرح صحابہ کرام کے باہمی تنازعات ومناقشات اورگزرے ہوئے واقعات کے اظہارو بیان سے پہلوتہی کرنااورزبان کوروکنا بھی ہےاورمورخین کی بےہنگم خبروں اورجاہلوں کی روایتوں اورغالی شیعوں اوربےدین وگمراہ رافضیوں اورمبتدعین کی باتوں سے اعراض واجتناب کرنا چاہیئے کیوں کہ یہ بدلگام لوگ ان کے جن عیبوں، برائیوں،اورخطاؤں کو بیان کرتے ہیں ان میں اکثروبیشترجھوٹ اورافتراء پرمبنی ہیں۔ اورصحابہ کرام کے بارے میں جوان کے مشاجرات اورمحاربات تاریخوں میں پائے جاتے ہیں ان کو جستجو و تلاش کرکے انھیں احسن تاریخوں سے بہتروصواب محل پرمحمول کرنا (جس کے وہ مستحق ہیں) ہرمسلمان پر لازم ہے ۔اوران کے کسی عیب وبرائی کوکبھی زبان پرنہ لانا چاہیئے بلکہ ان کی نیکیوں،خوبیوں، سیرتوں اور

فضائل ومحامد ہی کو بیان کرنا چاہیئے۔ اوراس کے علاوہ جو کچھ ہواس سے اغماض وسکوت کرنا چاہیئے اس بنا پر کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ان کی صحبت یقینی ہے اوراس کے ماسوا جو کچھ ہے وہ ظنی اور خیالی ہے۔اس خصوص میں حق تعالیٰ کا ان کو اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحبت سے سرفراز فرمانا کافی ہے۔ اور اگر ان میں سے کسی سے اہل بیت اطہار وغیرہ کے حقوق میں کوئی کوتاہی یا غلطی واقع ہوئی ہے تو بھی یہ امید ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شفاعت سے درگزر کردیے جائیں گے۔ اہل سنت و جماعت کا اس باب میں یہی مذہب اور طریق حق ہے۔ کتب عقائد میں مذکور ہے کہ

لا تذكر احدا منهم الا بخير.

تم ان میں سے کسی کو خیر کے سوا یاد نہ کرو۔ اور حدیثوں میں صحابہ کرام کے جو عمومی وخصوصی فضائل مذکور ہیں اس باب میں وہی کافی ہیں۔

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ جو صحابہ کرام سے بغض رکھتا ہے اور انھیں سب وشتم کرتا ہے وہ مسلمانوں کے زمرے میں نہ تو داخل ہے اور نہ ان کے غنیمت کا حقدار ہے۔ امام مالک نے یہ مسئلہ سورۂ حشر کی اس آیت سے استنباط فرمایا،

و الذين جاؤا من بعدهم.

اور امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص کسی صحابی رسول سے غضب ناک ہوکر جوش غضب و غصہ میں آتا ہے وہ کافر ہے۔ کیوں کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے ليغيظ بهم الكفار . یقیناً صحابہ کرام سے کافر لوگ ہی غیظ وغضب کا اظہار کرتے ہیں۔

علمائے کرام فرماتے ہیں کہ سورۂ فتح کی آخری آیتوں میں تمام مسلمانوں کی تقسیم تین طبقوں پر فرمائی گئی ہے۔

ایک مہاجرین۔

دوسرے انصار۔

تیسرے وہ مسلمان جوان کے بعد ہیں۔

اوران تینوں طبقوں کی تعریف وتوصیف بھی اس آیت میں داخل ہے کہ وہ دعامانگتے ہیں۔

ربنا اغفرلنا و لا خواننا الذین سبقونا بالایمان و لا تجعل فی قلوبنا غلا للذین آمنوا.

اے رب ہمارے ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو جوایمان میں ہم سے سبقت لیے ہوئے ہیں اور ہمارے دلوں میں ان لوگوں کی جوایمان لائے ہیں کدورت نہ ڈال۔

صحابہ کاادب وتکریم بجالانا

حضوراکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کس طرح کرتے تھے اس ضمن میں حضرت عمروبن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی طویل حدیث بیان کی گئی ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صفات مذکور ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب کوئی ایک بھی نہ تھااور نہ میری آنکھ میں آپ سے زیادہ کوئی بزرگ و عظیم تر تھااور میراحال یہ تھاکہ میری طاقت اتنی نہ تھی کہ میں آپ کو آنکھ بھر کر دیکھ سکوں، اور نہ آپ سے آنکھیں سیر ہوتی تھیں اگرکوئی مجھ سے کہے کہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصف بیان کروں تو مجھ میں اتنی قدرت نہیں اس لیے کہ میں آپ کے سامنے اپنی آنکھیں اوپر نہیں اٹھاسکتا تھا۔

ترمذی میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں ہماری حالت یہ تھی کہ جب

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہر تشریف لاتے تو اصحاب مہاجرین وانصار کے حلقے میں جلوہ گر ہوتے، ان میں حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے درمیان نشست فرماتے مگر ان میں سے کسی میں تاب وتواں نہ ہوتی کہ آپ کی طرف نظر بھر کر دیکھ سکے، یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عظمت و بڑائی اور غایت تعظیم و اجلال کا عالم تھا۔ البتہ حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما آپ کی طرف دیکھتے اور متبسم ہوتے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کی طرف ملاحظہ فرماتے اور تبسم فرماتے، یہ ان کی باہمی انس ومحبت کا عالم تھا، (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہم)

حضرت اسامہ بن شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے تھے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ بیکس پناہ میں حاضر ہوا تو آپ کے صحابہ آپ کے گرد بیٹھے ہوئے تھے اور ان کا حال یہ تھا گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔ مطلب یہ کہ انتہائی سکون وقرار میں تھے جنبش تک نہ کرتے اور نہ سر اٹھاتے تھے اس لیے کہ جس کے سر پر پرندہ بیٹھا ہوا گر وہ حرکت کرے اور سر اٹھائے تو سر پر بیٹھا ہوا پرندہ اڑ جائے۔

اور اس حدیث میں جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصف مبارک بیان کیا گیا ہے مذکور ہے کہ جب رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کلام فرماتے تو ہم نشین صحابہ کرام سروں کو جھکا دیتے اور خاموش ہو جاتے گویا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہیں۔

عروہ بن مسعود کہتے ہیں کہ جس وقت ان کو سال حدیبیہ میں قریش نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور صحابہ کرام کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم واحترام کرتے دیکھا اور یہ دیکھا کہ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وضو فرماتے ہیں تو آب وضو لینے میں جلدی کرتے اور ایک دوسرے سے سبقت کرتے ہیں اور قریب ہوتا ہے کہ باہم خون خرابہ ہو جائے مگر پانی زمین پر گرنے نہیں دیتے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا آب دہن مبارک یا آب بینی شریف یا آب حلق مبارک جدا ہونے نہیں پاتا کہ آگے بڑھ کر اپنی ہتھیلیوں میں لے لیتے اور اپنے چہروں اور جسموں پر مل لیتے۔ اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم کا جو موئے مبارک جدا ہوتا اسے جلدی سے حاصل کر لیتے اور تبرک بنا کر اس کی حفاظت کرتے اور جب کوئی حکم فرماتے تو امتثال امر میں شتابی کرتے، جب بات کرتے تو اپنی آوازوں کو پست کر لیتے اور کسی کو یارا نہ ہوتا کہ نگاہ اٹھائے اور آپ کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھے، یہ غایت تعظیم اور اجلال کی وجہ سے تھا۔

جب عروہ لوٹ کر قریش کی طرف گئے تو ان کو دیکھتے ہی کہنے لگے اے گروہ قریش! میں نے قیصرو کسریٰ اور نجاشی کو ان کی بادشاہی کے زمانے میں دیکھا ہے مگر قسم ہے خدا کی میں نے کسی بادشاہ کو نہیں دیکھا جیسی کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اپنے اصحاب میں ہیں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ کہا میں نے کسی بادشاہ کے ہم نشینوں کو بھی ایسی تعظیم کرتے نہیں دیکھا جیسی کہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی ان کے اصحاب تعظیم کرتے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ جس وقت سر مبارک سے قینچی سے بال تراشے جاتے تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گرد صحابہ جمع ہو جاتے اور بالوں کو ہاتھوں میں لیتے رہتے اور ایک بھی بال گرنے نہیں دیتے۔ بعد مین ان موئے مبارک کو حضور اپنے صحابہ کرام میں تقسیم فرما دیتے۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انتہائی آداب میں سے ایک یہ ہے کہ جب صلح حدیبیہ کے موقع پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو قریش کی جانب دعوت اسلام اور صلح کے ابتدائی قواعد وضوابط طے کرنے کے لیے بھیجا تو قریش نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اجازت دی کہ وہ بیت الحرام کا طواف کر لیں مگر حضرت عثمان نے انکار فرما دیا اور فرمایا کہ میں اس وقت تک خانہ کعبہ کا طواف نہیں کر سکتا جب تک کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے اس کا طواف نہ فرمالیں۔

معلوم ہوا کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ادب کی رعایت کو طواف سے عظیم تر جانا اور حق وصواب بھی یہی ہونا چاہیئے کہ کوئی عمل اور کوئی عبادت، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ادب کی رعایت کے برابر نہیں ہے۔

حدیث پاک میں ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کسی بدو کے آنے کو پسند کرتے کہ وہ حضور سے کوئی ایسی بات پوچھے جوان کے دین میں فائدہ پہنچائے کیوں کہ خود ان میں اتنی تاب وتواں نہ ہوتی کہ آپ کی ہیبت وجلال کی بنا پر کچھ دریافت کرسکیں۔

حضرت مغیرہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دروازے کو ناخنوں سے بجاتے تھے تاکہ کھٹکھٹانے کی آواز سخت وشدید نہ ہوجائے اور حضور کے وقت شریف میں تشویش لاحق نہ ہو۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک سوال پوچھنا چاہتا تھا یہاں تک کہ کئی سال گزر گئے مگر دریافت کرنے کی ہمت نہیں ہوئی باوجودیکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام لوگوں میں بڑے خوش اخلاق اور صحابہ کرام کے ساتھ بڑی مہربانی وشفقت کا سلوک فرماتے خصوصاً فقراء ومساکین کے ساتھ۔

روایت حدیث میں ادب واحترام

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت وحدیث کی روایت کی تعظیم میں حضرت عمرو بن میمون فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ایک سال تک برابر آتا جاتا رہا مگر ان سے کسی وقت بھی بے تعظیمی سے قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہتے نہیں سنا اور جب کہ ایک دن بے خیالی میں زبان پر یہ جاری ہوگیا تو وہ اتنے شرمندہ ہوئے کہ ان کے چہرے کا رنگ فق

ہو گیا اور وہ پسینہ پسینہ ہو گئے۔ اور ایک اور روایت میں یہ ہے کہ ان کا چہرہ گرد آلود جیسا ہو گیا اور آنکھوں سے آنسو بہنے لگے اور ایسی ہچکی بندھی کہ گردن کی رگیں سوج گئیں۔

حضرت مالک بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک روز ابو حازم کے پاس گئے اس وقت وہ حدیث بیان کر رہے تھے تو حضرت مالک ادھر سے گزر گئے اور فرمایا میں نے وہاں بیٹھنے کی جگہ نہ پائی اور میں اسے مکروہ سمجھتا ہوں کہ کھڑے کھڑے حدیث (رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو حاصل کروں حالاں کہ میں کھڑا ہو سکتا تھا۔

اور حضرت مالک نے فرمایا ایک شخص حضرت ابن المسیب کے پاس آیا اور اس نے ان سے ایک حدیث دریافت کی تو وہ ایک پہلو پر لیٹے ہوئے تھے فوراً اٹھ کر بیٹھ گئے اور حدیث بیان کی، اس شخص نے کہا مجھے اچھا نہیں معلوم ہوتا کہ آپ تکلیف اٹھائیں اور اٹھ کر بیٹھیں، انھوں نے فرمایا میں اسے مکروہ جانتا ہوں کہ پہلو پر لیٹے لیٹے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث بیان کروں۔

محمد بن سیرین سے مروی ہے کہ وہ تبسم کناں تھے لیکن جب ان کے سامنے حدیث مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیان کی گئی تو فوراً متواضع ہو کر سر جھکا دیا۔

حضرت ابو مصعب بیان کرتے ہیں کہ حضرت امام مالک رحمہ اللہ کا دستور تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث مبارک جب بیان کرتے تو پہلے وضو کر لیتے۔

بروایت مالک از جعفر بن محمد منقول ہے کہ حضرت مصعب بن عبد اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت مالک بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب حدیث رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیان کرنے کا عزم فرماتے تو پہلے وضو کرتے اس کے بعد حدیث مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بیان کے لیے ایک خاص لباس تیار کر رکھا تھا اسے پہنتے اس کے بعد حدیث بیان کرتے تھے، اس اہتمام کے بارے میں ان سے پوچھا گیا تو فرمایا یہ

رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث ہے، مطلب یہ کہ اسے آسان بات نہ جاننا چاہیئے اس کی تعظیم کرنی چاہیئے۔

حضرت مطرف فرماتے ہیں کہ جب لوگ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ کے پاس آتے تو پہلے ان کی باندی باہر آتی اور پوچھتی تم شیخ سے حدیث پوچھنا چاہتے ہو یا مسائل شرعیہ؟ اگر لوگ کہتے کہ ہمیں مسائل دریافت کرنے ہیں تو امام مالک فوراً باہر تشریف لاتے اور ان کو مسائل کا جواب عنایت فرما دیتے۔ اگر وہ لوگ کہتے کہ ہمیں حدیث معلوم کرنی ہے تو پہلے غسل خانہ تشریف لے جاتے، غسل کرتے، بدن پر خوشبو ملتے، اور نئے کپڑے پہنتے اور اپنا جبہ جو سیاہ یا سبز ہوتا زیب تن کرتے اور عمامہ سر پر رکھتے، ایک تخت بچھایا جاتا، پھر باہر تشریف لاتے، تخت پر خشوع و خضوع کے ساتھ بیٹھتے، بخور جلایا جاتا اور جب تک حدیث کے بیان سے فارغ نہ ہوتے ہیبت کے ساتھ بیٹھے رہتے۔ یہ حدیث مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بیان کرنے کے لیے خاص اہتمام تھا۔ اور راہ چلتے یا کھڑے کھڑے یا عجلت میں حدیث بیان کرنے کو مکروہ جانتے تھے۔

اور سلف صالحین بے وضو حدیث بیان کرنے کو مکروہ جانتے تھے اور حضرت اعمش سے منقول ہے کہ جب وضو نہ ہوتا تو تیمم کرتے۔

حضرت قتادہ بیان کرتے ہیں کہ امام مالک ہمارے سامنے حدیث بیان کر رہے تھے تو ان کو بچھو نے سولہ مرتبہ ڈنک مارا اور امام مالک کا رنگ متغیر ہو گیا، چہرہ زرد پڑ گیا مگر حدیث کو درمیان میں قطع نہیں فرمایا، جب بیان حدیث سے فارغ ہو گئے اور سب لوگ چلے گئے تو میں نے ان سے عرض کیا اے ابوعبداللہ میں نے آج آپ کا عجیب حال دیکھا ہے؟ فرمایا ہاں میں حدیث رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اجلال و تعظیم کی بنا پر صبر کرتا رہا۔

اور مشہور ہے کہ امام بخاری علیہ الرحمۃ ہر حدیث کی کتابت کے لیے اپنی صحیح میں، غسل کرتے اور دو

گانہ ادا کرتے تھے، یہی طریقہ تراجم کتاب الٰہی کے لکھنے میں اختیار کیا تھا، بعض کہتے ہیں کہ آب زمزم سے غسل کرتے تھے اور مقام ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام میں دوگانہ ادا کرتے تھے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد اول)

اصحاب رسول واہل بیت

صحابہ اور اہل بیت کرام کے بارے میں کیسا عقیدہ رکھنا چاہیئے؟

تو اس سلسلے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر رقمطراز ہیں:

(ملائکہ مرسلین وسادات فرشتگان مقربین) کے بعد اصحاب سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم اجمعین ہیں اور انھیں میں حضرت بتول، جگر پارۂ رسول، خاتون جہاں، بانوئے جہاں، سیدۃ النساء فاطمہ زہراء اور دو جہاں کی آقا زادی کے دونوں شہزادے، عرش کی آنکھ کے دونوں تارے، چرخ سیادت کے مہ پارے، باغ تطہیر کے پیارے پھول، دونوں قرۃ العین رسول، امامین کریمین، سعیدین شہیدین، تقیین نقیین، نیرین طاہرین، ابو محمد حسن وابو عبداللہ حسین اور تمام مادران امت، بانوان رسالت علی المصطفیٰ وعلیہم کلہم الصلاۃ والتحیۃ داخل کہ،

صحابی ہر وہ مسلمان ہے جو حالت اسلام میں اس چہرۂ خدانما کی زیارت سے مشرف ہوا اور اسلام ہی پر دنیا سے گیا۔ ان کی قدر ومنزلت وہی خوب جانتا ہے جو سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عزت ورفعت سے آگاہ ہے۔

آفتاب نیمروز سے روشن تر کہ محب جب قدرت پاتا ہے اپنے محبوب کو صحبت بد سے بچاتا ہے حق تعالیٰ قادر مطلق ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے محبوب وسید المحبوبین، کیا عقل سلیم تجویز کرتی ہے کہ ایسا قدیر، ایسے ذی وجاہت جان محبوبی وکان عزت کے لیے خیار خلق کو جلیس وانیس ویار ومدد

گار مقرر نہ فرمائے۔ جو ان میں سے کسی پر طعن کرتا ہے جناب باری تعالیٰ کے کمال حکمت وتمام قدرت یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی غایت محبوبیت ونہایت منزلت پر حرف رکھتا ہے اسی لیے سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں۔

الله الله فی اصحابی لا تتخذوھم غرضا من بعدی فمن احبھم فبحبی احبھم و من ابغضھم فببغضی ابغضھم من اذا ھم فقد اذانی و من اذانی فقد اذی الله و من اذی الله فیوشک ان یاخذہ .

خدا سے ڈرو، خدا سے ڈرو میرے اصحاب کے حق میں انھیں نشانہ نہ بنالینا میرے بعد، جو انھیں دوست رکھتا ہے میری محبت سے انھیں دوست رکھتا ہے اور جو ان کا دشمن ہے میری عداوت سے ان کا دشمن ہے جس نے انھیں ایذا دی اس نے مجھے ایذا دی اور جس نے مجھے ایذا دی اس نے اللہ کو ایذا دی اور جس نے اللہ کو ایذا دی تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو گرفتار کر لے۔ اسے ترمذی وغیرہ نے روایت کیا۔

پھر امام احمد رضا بریلوی، خارجی، ناصبی اور شیعہ ورافضی کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں :

اب اے خارجیو، ناصبیو، کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس ارشاد عام اور جناب باری تعالیٰ نے آیہ کریمہ رضی الله عنھم و رضو عنه سے جناب ذوالنورین وحضرت اسد اللہ غالب رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ یا اے شیعو، اے رافضیو! ان احکام شاملہ سے خدا ورسول نے حضرت صدیق اکبر، جناب فاروق اعظم، حضرت مجہز جیش العسرۃ، وجناب ام المومنین محبوبہ سید العالمین عائشہ صدیقہ بنت صدیق، وحضرت طلحہ وزبیر ومعاویہ وغیرہم رضوان اللہ تعالیٰ علیہم الی یوم الدین کو خارج کر دیا، اور تمھارے کان میں کہہ دیا کہ ''اصحابی'' سے ہماری مراد، اور آیت میں ضمیر ''ھم'' کے مصداق ان لوگوں کے سوا ہیں جو تم ان کے اے خوارج دشمن ہو گئے اور عیاذا باللہ لعن طعن سے یاد کرنے لگے، نہ یہ جانا کہ یہ دشمنی، درحقیقت

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دشمنی ہے اوران کی ایذا حق تبارک وتعالیٰ کی ایذا۔

مگر اے اللہ! تیری برکت والی رحمت اور ہمیشگی والی عنایت اس پاک فرقہ اہل سنت و جماعت پر جس نے تیرے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سب ہم نشینوں اور گلستان صحبت کے گل چینوں کو نگاہ تعظیم و اجلال سے دیکھنا اپنا شعار و دثار کرلیا اور سب کو چراغ ہدایت کے ستارے اور فلک عزت کے سیارے جانا عقیدہ کرلیا، کہ ہر ہر فرد بشران کا سرور عدول واخیار واتقیاء وابرار کا سردار، تابعین سے لے کر تا بقیامت امت کا کوئی ولی، کیسے ہی پایۂ عظیم کو پہنچے، صاحب سلسلہ ہوخواہ غیر انکا ہرگز ہرگز ان میں سے ادنیٰ سے ادنیٰ کے رتبہ کو نہیں پہنچتا، اوران میں ادنیٰ کوئی نہیں۔رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد صادق کے مطابق اوروں کو کوہ احد کے برابر سونا، ان کے نیم صاع جو کے برابر نہیں، جو قرب خدا انہیں حاصل، دوسرے کو میسر نہیں، اور وجو درجات عالیہ یہ پائیں گے غیر کو ہاتھ نہ آئیں گے ان سب کو بالا جمال پرلے درجے کا برونقی جانتے اور تفاصیل احوال پر نظر حرام مانتے، جو فعل کسی کا اگر ایسا منقول بھی ہوا جو نظر قاصر میں ان کی شان سے قدرے گرا ہوا ٹھہرا ہے اسے محمل حسن پر اتارتے ہیں۔اوراللہ کا سچا قول رضی اللہ عنہم سن کر آئینہ دل میں زنگ تفتیش کو جگہ نہیں دیتے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حکم فرما چکے۔

اذا ذکر اصحابی فامسکوا۔

جب میرے اصحاب کا ذکر آئے تو باز رہو۔

ناچار اپنے آقا کا فرمان عالیشان اور یہ سخت وعیدیں، ہولناک تہدید میں سن کر زبان بند کر لی اور دل کو سب کی طرف سے صاف کرلیا۔اور جان لیا کہ ان کے رتبے ہماری عقل سے وراء ہیں پھر ہم ان کے معاملات میں کیا دخل دیں۔ان میں جو مشاجرات واقع ہوئے ہم ان کا فیصلہ کرنے والے کون؟

گدائے خاک نشینی تو حافظ مخروش
رموز مملکت خویش خسروان دانند

حاشا کہ ایک کی طرف داری میں، دوسرے کو برا کہنے لگیں، یا ان نزاعوں میں ایک فریق کو دنیا طلب ٹھہرائیں بلکہ بالیقین جانتے ہیں کہ وہ سب مصالح دین کے خواست گار تھے، جس کے اجتہاد میں جو بات دین الٰہی وشرع رسالت پناہی جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اصلح وانسب معلوم ہوئی، اختیار کی۔ گو اجتہاد میں خطا ہوئی اور ٹھیک بات ذہن میں نہ آئی لیکن وہ سب حق پر ہیں۔ ان کا حال بعینہ ایسا ہے جیسا فروع مذہب میں ابوحنیفہ وشافعی کے اختلافات، نہ ہرگز ان منازعات کے سبب اک دوسرے کو گمراہ فاسق جاننا نہ ان کا دشمن ہو جانا۔

بالجملہ ارشادات خدا اور رسول عز مجدہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اتنا یقین کرلیا کہ سب اچھے اور عدل وثقہ تقی، نقی ابرار ہیں اور ان (مشاجرات ومنازعات کی) تفاصیل پر نظر گمراہ کرنے والی ہے۔ نظیر اس کی عصمت انبیاء علیہم الصلاۃ والثناء ہے کہ اہل حق شاہراہ عقیدت پر چل کر مقصود کو پہنچے، اور ارباب باطل تفصیلوں میں خوض کر کے مغاک (ضلالت اور) بد دینی میں جا پڑے۔ کہیں دیکھا **و عصی آدم ربہ فغوی** کہیں سنا **لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک و ما تاخر** کبھی موسیٰ وقبطی کا قصہ یاد آیا کبھی داؤد اور اوریاہ کا فسانہ سن پایا، لگے چون وچرا کرنے، تسلیم وگردن نہادن کے زینہ سے اترنے، پھر ناراضی خدا اور رسول کے سوا اور بھی کچھ پھل پایا؟ اور **خضتم کالذی خاضوا** نے **حقت کلمۃ العذاب** کا دن دکھایا۔ (الاعتقاد الاحباب فی الجمیل والمصطفیٰ والآل والاصحاب)

عشرۂ مبشرہ وخلفائے اربعہ

اب ان سب میں افضل واعلیٰ واکمل حضرات عشرہ مبشرہ ہیں۔ وہ دس صحابی جن کے قطعی جنتی ہونے کی بشارت وخوشخبری رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی زندگی ہی میں سنادی تھی وہ عشرہ مبشرہ کہلاتے ہیں یعنی حضرات خلفاء اربعہ راشدین، حضرت طلحہ بن عبید اللہ، حضرت زبیر بن العوام، حضرت عبد

الرحمٰن بن عوف، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت سعید بن زید، حضرت ابوعبیدہ بن الجراح۔ (مولف)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

اور ان میں خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اور ان چار ارکان قصر ملت، و چار انہار باغ شریعت، کے خصائص وفضائل، کچھ ایسے رنگ پر واقع ہیں کہ ان میں سے جس کسی کی فضیلت پر تنہا نظر کیجیے یہی معلوم ہوتا ہے کہ جو کچھ ہیں یہی ہیں ان سے بڑھ کر کون ہوگا۔

بہر گلے کہ ازیں چار باغ می نگرم
بہار دامن دل می کشد کہ جا ایں جاست

علی الخصوص شمع شبستان ولایت، بہار چمنستان معرفت امام الواصلین سید العارفین، خاتم خلافت نبوت، فاتح سلاسل طریقت، مولیٰ المسلمین امیر المومنین ابو الائمۃ الطاہرین، طاہر مطہر، قاسم کوثر اسد اللہ غالب مظہر العجائب والغرائب مطلوب کل طالب، سیدنا و مولانا علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ الکریم وحشرنا فی زمرتہ فی یوم عقیم کہ اس جناب گردوں قباب کے مناقب جلیلہ ومحامد جمیلہ جس کثرت وشہرت کے ساتھ ہیں دوسرے کے نہیں۔ حضرات شیخین، صاحبین صہیرین، وزیرین امیرین، مشیرین ضجیعین، رفیقین سیدنا و مولانا عبد اللہ العتیق ابوبکر صدیق، و جناب حق مآب ابوحفص عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی شان والا سب کی شانوں سے جدا ہے اور ان پر سب سے زیادہ عنایت خدا اور رسول خدا جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔

بعد انبیاء ومرسلین وملائکہ مقربین کے جو مرتبہ ان کا خدا کے نزدیک ہے دوسرے کا نہیں، اور رب تبارک وتعالیٰ سے جو قرب ونزدیکی اور بارگاہ عرش اشتباہ رسالت میں جو عزت وسربلندی ان کا حصہ ہے اوروں کا نصیبہ نہیں۔ اور منازل جنت ومواہب بے منت میں انھیں کے درجات سب پر عالی، فضائل و

فواضل وحسنات وطیبات میں انھیں کو تقدم وپیشی، ہمارے علماء وائمہ نے اس میں مستقل تصنیفیں فرما کر سعادت کونین وشرافت دارین حاصل کیں ورنہ غیر متناہی کا شمار کس کے اختیار، واللہ العظیم اگر ہزار دفتر ان کے شرح فضائل میں لکھے جائیں یکے از ہزار تحریر میں نہ آئیں، مگر کثرت فضائل وشہرت فواضل چیزے دیگر، اور فضیلت وکرامت امرے آخر، فضل اللہ کے ہاتھ ہے جسے چاہے عطا فرمائے۔ قل ان الفضل بید اللہ یوتیہ من یشاء . اس کی کتاب کریم اوراس کا رسول عظیم علیہ وعلی آلہ الصلاۃ والتسلیم علی الاعلان گواہی دے رہے ہیں کہ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد ماجد مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں۔

کنت عند النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فاقبل ابو بکر و عمر فقال یا علی هذان سید اکهول اهل الجنة و شبابها بعد النبیین و المرسلین

میں خدمت اقدس حضور افضل الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر تھا کہ ابوبکر وعمر سامنے آئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ علی! یہ دونوں سردار ہیں اہل جنت کے سب بوڑھوں اور جوانوں کے، بعد انبیاء ومرسلین کے۔ اسے ترمذی وابن ماجہ وعبداللہ بن الامام احمد نے روایت کیا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے راوی حضور کا ارشاد ہے

ابو بکر و عمر خیر الاولین و الآخرین و خیر اهل السموات و خیر اهل الارضین الا النبیین و المرسلین .

ابو بکر وعمر بہتر ہیں سب اگلوں پچھلوں کے، اور بہتر ہیں سب آسمان والوں سے، اور بہتر ہیں سب زمین والوں سے سوا انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والسلام کے۔ ابن عدی وخطیب اور حاکم نے کتاب الکنی میں یہ حدیث روایت کی۔

خود حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے بار بار اپنی کرسی مملکت وسطوت خلافت میں افضلیت مطلقہ شیخین کی تصریح فرمائی، اور یہ ارشاد ان سے بتواتر ثابت ہوا کہ اسی سے زیادہ صحابہ وتابعین نے اسے روایت کیا، اور فی الواقع اس مسئلہ کو جیسا حق مآب مرتضوی نے صاف صاف واشگاف بہ کرات و مرات (بار بار) جلوات وخلوات ومشاہد عامہ ومساجد جامعہ میں ارشاد فرمایا، دوسروں سے واقع نہیں ہوا۔

امام بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ حضرت محمد بن حنفیہ صاحبزادہ جناب امیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال قلت لابی ای الناس خیر بعد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ابو بکر قال قلت ثم من قال عمر.

یعنی میں نے اپنے والد ماجد امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے عرض کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب آدمیوں سے بہتر کون ہیں ارشاد فرمایا ابو بکر، میں نے عرض کیا پھر کون؟ فرمایا عمر۔

ابوعمر بن عبداللہ حکم بن حجل سے اور دار قطنی اپنی سنن میں راوی جناب امیر کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں۔

لا اجد احدا فضلنی علی ابی بکر و عمر الا جلدته جلد المفتری.

جسے میں پاؤں گا کہ شیخین سے مجھے افضل بتاتا ہے اسے مفتری کی حد ماروں گا کہ اسی کوڑے ہیں۔

ابو القاسم طلحی کتاب السنہ میں جناب علقمہ سے راوی :

بلغ علیا ان اقواما یفضلونه علی ابی بکر و عمر فصعد المنبر فحمد اللہ و اثنی علیه ثم قال ایها الناس انه بلغنی ان اقواما یفضلونه علی ابی بکر و عمر کنت

تقدمت فيه لعاقبت فيه فمن سمعته بعد هذا اليوم يقول هذا فهو مفتر عليه حد المفترى ثم قال ان خير هذه الامة بعد نبينا صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ابو بكر ثم عمر ثم الله اعلم بالخيرة بعده قال و فى المجلس الحسن بن على فقال و الله لو سمى الثالث لسمى عثمان

یعنی جناب مولیٰ علی کو خبر پہنچی کہ کچھ لوگ انھیں حضرات شیخین پر تفضیل دیتے ہیں پس منبر پر تشریف لے گئے اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا، اے لوگو مجھے خبر پہنچی کہ کچھ لوگ مجھے ابوبکر وعمر سے افضل بتاتے ہیں اور اگر میں نے پہلے سے سنا ہوتا تو اس میں سزا دیتا یعنی پہلی بار تفہیم پر قناعت فرماتا ہوں پس اس دن کے بعد جسے ایسا کہتے سنوں گا تو وہ مفتری ہے اس پر مفتری کی حد لازم ہے۔ پھر فرمایا بیشک بہتر اس امت کے، بعد نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ابوبکر ہیں پھر عمر، پھر خدا خوب جانتا ہے بہتر کو ان کے بعد، اور مجلس میں امام حسن بھی جلوہ فرما تھے انھوں نے ارشاد کیا خدا کی قسم اگر تیسرے کا نام لیتے تو عثمان کا نام لیتے۔

بالجملہ احادیث مرفوعہ واقوال حضرت مرتضوی واہل بیت نبوت اس بارے میں لا تعداد ولا تحصی ہیں کہ بعض کی تفسیر فقیر (امام احمد رضا) نے اپنے رسالہ ''منتہی التفصیل لمبحث التفضیل'' میں کی اب اہل سنت جو نگاہ غور کو کام فرمایا تو تفضیل شیخین کی صدہا تصریحیں علی الاطلاق پائیں کہیں جہت وحیثیت کی قید نہ دیکھی کہ یہ صرف فلاں حیثیت سے افضل ہیں اور دوسری حیثیت سے دوسروں کو افضلیت، لہٰذا انھوں نے عقیدہ کرلیا کہ گو فضائل خاصہ وخصائص فاضلہ حضرت مولیٰ علی اور ان کے غیر کو بھی ایسے حاصل جو حضرات شیخین نے نہ پائے، جیسے کہ اس کا عکس بھی صادق ہے مگر فضل مطلق کلی جو کثرت ثواب وزیادت قرب رب الارباب سے عبارت ہے وہ انھیں کو عطا ہوا۔ اور اس عقیدہ کا خلاف اول تو کسی حدیث صحیح میں ہے ہی نہیں اور اگر بالفرض کہیں بوئے خلاف پائے بھی تو سمجھ لے کہ یہ ہماری فہم کا قصور ہے، ورنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم اور خود حضرت مولیٰ و اہل بیت کرام کیوں بلا تقیید انھیں افضل وخیر امت و سردار اولین و آخرین بتاتے کیا آیہ کریمہ و انفسنا و انفسکم و حدیث صحیح من کنت مولاہ فعلی مولاہ اور خبر شدید الضعف وقوی الجرح لحمک لحمی و دمک دمی برتقدیر ثبوت وغیرذلک سے انھیں آگاہی نہ تھی، یا تھی تو وہ ان کا مطلب نہ سمجھے یا سمجھے اور اس میں تفضیل شیخین کا خلاف پایا، تو اور تصریحات بینہ و قاطعۃ الدلالۃ وغیرہ محتملۃ الخلاف کو کیسے پس پشت ڈال دیں۔

اور جب ثابت ہو گیا کہ قرب الٰہی شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو مزیت وتفوق ہے تو ولایت بھی انھیں کی اعلیٰ ہوئی۔ مگر ایک درجہ قرب الٰہی جل جلالہ ورزقنا اللہ کا، پر ظاہر ہے کہ سیر الی اللہ میں تو سب اولیاء برابر ہوتے ہیں اور وہاں لا نفرق بین احد من رسلہ ، کی طرح لا نفرق بین احد من اولیائہ کہا جاتا ہے (یعنی تمام اولیاء اللہ اصل طریق ولایت یعنی سیر الی اللہ میں برابر ہوتے ہیں اور ایک دوسرے پر سبقت وفضیلت کا قول باعتبار سیر فی اللہ کیا جاتا ہے کہ جب سالک عالم لاہوت پر پہنچا، سیر وسلوک تمام ہوا یعنی سیر الی اللہ سے فراغت کے بعد سیر فی اللہ شروع ہوتی ہے اور اس کی نہایت وحد نہیں) جب (عالم لاہوت پر پہنچ کر) ماسوائے الٰہی آنکھوں سے گر گیا اور مرتبہ فنا تک پہنچ کر آگے قدم بڑھا تو وہ سیر فی اللہ ہے اس کے لیے انتہا نہیں اور یہیں تفاوت قرب جلوہ گر ہوتا ہے۔ جس کی سیر فی اللہ زائد وہی خدا سے زیادہ نزدیک پھر بعضے بڑھتے چلے جاتے ہیں، اور بعض کو دعوت خلق کے لیے منزل ناسوتی عطا فرماتے ہیں۔

ان سے طریقہ، خرقہ وبیعت کا رواج پاتا ہے اور سلسلہ طریقت جنبش میں آتا ہے مگر یہ معنی اسے مستلزم نہیں ان کی سیر فی اللہ اگلوں سے بڑھ جائے۔ ہاں یہ ایک فضل جداگانہ ہے کہ انھیں ملا اور دوسروں کو عطا نہ ہوا تو یہ کیا؟ اس کے سوا صدہا خصائص حضرت مولیٰ علی کو ایسے ملے کہ شیخین کو نہ ملے، مگر قرب و رفعت درجات میں انھیں کو افزونی رہی ورنہ کیا وجہ ہے کہ ارشادات مذکورہ بالا میں انھیں، ان سے افضل و بہتر کہا جاتا ہے اور ان کی افضلیت کا تاکیداکید انکار کیا جاتا ہے۔ حالاں کہ ادنیٰ ولی، اعلیٰ ولی سے افضل

نہیں ہوسکتا۔

آخر دیکھئے حضرت امیر کے خلفائے کرام میں حضرت سبط اصغر (سیدنا امام حسین) و جناب خواجہ حسن بصری کو تنزل ناسوتی ملا، اور حضرت سبط اکبر (سیدامام حسن) سے کوئی سلسلہ جاری نہ ہوا حالاں کہ قرب ولایت امام مجتبیٰ (سیدنا امام حسن) ولایت وقریب خواجہ (حسن بصری) سے بالیقین اتم واعلیٰ، اور ظاہرا احادیث سے سبط اصغر شہزادۂ گلگوں قبا پر بھی ان کا فضل ثابت، رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

مشاجرات صحابہ کرام

حضرت مرتضوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جنہوں نے مشاجرات ومنازعات کیے۔ ہم اہل سنت ان میں حق، جانب جناب مولیٰ اور ان سب کو برغلط وخطا اور حضرت اسد اللہی کو بدرجہا ان سے اکمل واعلیٰ جانتے ہیں۔ مگر بایں ہمہ بلحاظ احادیث مذکورہ زبان طعن وتشنیع، ان دوسروں کے حق میں نہیں کھولتے، اور انھیں ان کے مراتب پر جوان کے لیے شرع میں ثابت ہوئے رکھتے ہیں، کسی کو کسی پر اپنی ہوائے نفس سے فضیلت نہیں دیتے اور ان کے مشاجرات میں دخل اندازی کو حرام جانتے ہیں۔ اور ان کے اختلافات کو ابو حنیفہ وشافعی جیسا اختلاف سمجھتے ہیں۔ تو ہم اہل سنت کے نزدیک ان میں سے کسی ادنیٰ صحابی پر بھی طعن جائز نہیں چہ جائیکہ ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی جناب رفیع میں طعن کریں۔ حاشا! یہ اللہ ورسول کی جناب میں گستاخی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی تطہیر وبریت میں آیات نازل فرمائے اور ان پر تہمت دھرنے والوں کو وعیدیں عذاب الیم کی سنائے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انھیں اپنی سب ازواج مطہرات میں زیادہ چاہیں۔ جہاں منہ رکھ کر عائشہ صدیقہ پانی پئیں حضور اسی جگہ اپنا لب اقدس رکھ کر وہیں سے پانی پئیں، یوں تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سب ازواج دنیا وآخرت میں حضور ہی کی بیبیاں ہیں مگر عائشہ سے محبت کا یہ عالم ہے کہ ان کے حق میں یہ ارشاد ہوا کہ یہ حضور کی بی بی ہیں دنیا وآخرت میں۔

حضرت خیر النساء یعنی فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حکم ہوا کہ فاطمہ تو مجھ سے محبت رکھتی ہے تو عائشہ سے بھی محبت رکھ کہ میں اسے چاہتا ہوں۔سوال ہوا سب آدمیوں میں حضور کو محبوب کون ہیں؟ جواب عطا ہوا، عائشہ۔

اور زبیر وطلحہ ان سے بھی افضل کہ عشرۂ مبشرہ سے ہیں۔ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد بھائی اور حواری، اور یہ یعنی طلحہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چہرۂ انور کے لیے ہر وقت جانثاری رہے امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو ان کا درجہ ان سب کے بعد ہے اور حضرت مولیٰ علی کے مقام رفیع وشان منیع تک تو ان سے وہ دور دراز منزلیں ہیں جن میں ہزاروں ہزار، رہوار برق کردار صبارفتار تھک رہیں اور قطع مسافت نہ کرسکیں مگر فضل صحبت وشرف صحابیت وفضل وشرف، سعادت اور خدائی دین ہے۔

ہم تو بحمد اللہ سرکار اہل بیت کے غلامان خانہ زاد ہیں، ہمیں معاویہ سے کیا رشتہ کہ خدانخواستہ ان کی حمایت بے جا کریں مگر ہاں اپنی سرکار کی طرفداری اور ان کا الزام بدگوئیاں سے بری رکھنا منظور ہے کہ ہمارے شہزادۂ اکبر حضرت سبط حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حسب بشارت اپنے جد امجد سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد اختتام مدت خلافت راشدہ عین معرکہ جنگ میں ہتھیار رکھ دیے اور ملک امیر معاویہ کو سپرد کردیا۔اگر امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ العیاذ باللہ کافر یا فاسق، فاجر یا ظالم، جائر تھے یا غاصب جابر تھے تو الزام امام حسن پر آتا ہے کہ انھوں نے کاروبار مسلمین وانتظام شرع ودین باختیار خود ایسے شخص کو تفویض فرمادیا اور خیرخواہی اسلام کو معاذ اللہ کام نہ فرمایا۔

اگر مدت خلافت ختم ہو چکی تھی اور آپ بادشاہت منظور نہیں فرماتے تو صحابہ حجاز میں کوئی اور قابلیت نظم ونسق دین نہ رکھتا تھا جو انھیں کو اختیار کیا۔حاشا اللہ! بلکہ یہ بات خود رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک پہنچتی ہے کہ حضور نے اپنی پیشین گوئی میں ان کے اس فعل کو پسند فرمایا اور ان کی سیادت کا نتیجہ ٹھہرایا۔

كما في صحيح البخاري . (اعتقادالاحباب فی الجمیل والمصطفیٰ والآل والاصحاب)

صحابہ امت کے لیے امان ہیں

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم النجوم امنة للسماء فاذا ذهبت النجوم اتى السماء ما توعدو انا امنة لا صحابى فاذا ذهبت اتى اصحابى ما يوعدون و اصحابى امنة لامتى فاذا ذهب اصحابى اتى امتى ما يوعدون.

ستارے امان ہیں آسمان کے لیے جب ستارے جاتے رہیں گے آسمان پر وہ آئے گا جس کا اس سے وعدہ ہے یعنی شق ہونا، فنا ہو جانا، اور میں امان ہوں اپنے اصحاب کے لیے جب میں تشریف لے جاؤں گا میرے اصحاب پر وہ آئے گا جس کا ان سے وعدہ ہے۔ یعنی مشاجرات، اور میرے صحابہ امان ہیں میری امت کے لیے جب میرے صحابہ نہ رہیں گے میری امت پر وہ آئے گا جس کا ان سے وعدہ ہے یعنی ظہور کذب و مذاہب فاسدہ وتسلط کفار۔ احمد و مسلم نے ابی موسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

صحابہ کو برا کہنا باعث لعنت ہے

فرماتے ہیں : حب ابى بكر و عمر من الايمان و بغضهم اكفره و حب الانصار من الايمان و بغضهم اكفره حب العرب من الايمان و بغضهم كفر و من سب اصحابى فعليه لعنة الله و من حفطنى فيهم فانا احفظه يوم القيامه .

محبت ابوبکر و عمر کی ایمان سے ہے اوران کا بغض کفر، اور محبت انصار کی ایمان سے ہے اوران کا بغض کفر، اور محبت عرب کی ایمان سے ہے اوران کا بغض کفر، اور جو میرے اصحاب کو برا کہے اس پر اللہ کی لعنت، اور جو ان کے معاملہ میں میرا لحاظ رکھے میں روز قیامت اس کا حافظ ونگہبان ہوں گا۔ ابن عسا کرنے

جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

اسامہ بن زید کی محبوبیت رسول

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سیدنا وابن سیدنا اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے حق میں فرمایا:

احب اهلی من قد انعم الله علیه و انعمت علیه .

مجھے اپنے گھر والوں میں سب سے پیارا وہ ہے جسے اللہ عزوجل نے نعمت دی اور میں نے نعمت دی۔

ترمذی نے اسے اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

مولانا علی قاری علیہ رحمۃ الباری مرقاۃ میں فرماتے ہیں:

لم یکن احد من الصحابه الا وقد انعم الله علیه و انعم علیه رسوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الا ان المراد المنصوص علیه فی الکتاب و هو قوله تعالیٰ و اذ تقول للذی انعم الله علیه و انعمت علیه و هو زید لا خلاف فی ذلک و لا شک الخ.

یعنی صحابہ سب ایسے ہی تھے جنھیں اللہ نے نعمت بخشی اور اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نعمت بخشی، مگر یہاں مراد وہ ہے کہ جس کی تصریح قرآن عظیم میں ارشاد ہوئی ہے کہ جب فرماتا تھا تو اس سے جسے اللہ تعالیٰ نے نعمت دی اور اے نبی تو نے اسے نعمت دی اور وہ زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، اس میں کسی کا خلاف نہ اصلاً شک، اور آیت اگرچہ زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں اتری مگر سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا مصداق اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ٹھہرایا کہ پسر تابع پدر ہے۔

اسے مرقاۃ میں افادہ کیا گیا ہے۔

حضرت اسامہ سے متعلق ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

احمد وابن ماجہ میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

لو كان اسامة جارية لكسوته وحليته حتى انفقه

اسامہ اگر لڑکی ہوتا تو میں جدائی ہونے تک اس کو اچھے کپڑے پہناتا رہتا اور اسے زیور سے آراستہ کرتا رہتا۔

یعنی کنواری لڑکیوں کو زیور ولباس سے آراستہ رکھنا کہ ان کا پیغام آئے سنت مستحبہ ہے اس لیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ترغیب امت کے لیے حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تمثیل بیان فرمائی۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ، جلد ۹، ص ۳۶۴)

اکرام انصار

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم: **اكرموا الانصار فانهم ربوا الاسلام كما يربى الفرح فى وكره.**

انصار کی عزت کرو کہ انھوں نے اسلام کو پالا ہے جس طرح پرند کا پٹھا آشیانے میں پالا جاتا ہے۔

دار قطنی نے افراد میں اور دیلمی نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کو روایت کیا۔

روز احد حضرت طلحہ کا کارنامہ

طلحہ بن عبید اللہ احد العشرۃ المبشرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں روز احد میں نے رسول اللہ صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کندھیا لے کر ایک چٹان پر بٹھادیا کہ مشرکین سے آڑ ہوگئی سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے پس پشت دست مبارک سے ارشاد فرمایا:

هذا جبريل يخبرني انه لا يراک يوم القيامة في هول الا انقذک منه.

یہ جبریل مجھے خبر دے رہے ہیں کہ اے طلحہ وہ روز قیامت تمہیں جس کسی وحشت میں دیکھیں گے اس سے تمہیں چھڑادیں گے۔ ابن عساکر نے اسے طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

مرضی خلفاء سے لوگ جنت میں جائیں گے

ابوبکر شافعی نے غیلانیات میں روایت کی ينادي يوم القيامة اين اصحاب محمد صلى الله تعالى عليه وسلم فيؤتى بالخلفاء رضي الله تعالى عنهم فيقول الله لهم ادخلوا من شئتم الجنة و دعوا من شئتم.

روز قیامت ندا کی جائے گی کہاں ہیں اصحاب محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پس خلفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہم لائے جائیں گے اللہ عزوجل ان سے فرمائے گا تم جسے چاہو جنت میں داخل کرو اور جسے چاہو چھوڑ دو۔ اسے علامہ شہاب الدین خفاجی نے نسیم الریاض شرح شفاء الامام القاضی عیاض فی فصل ما اطلع علیہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من الغیوب میں بیان کیا ہے۔

ابوبکر و عمر اور عثمان کا ذکر جمیل

نزال بن سبرہ فرماتے ہیں ایک دن ہم نے امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو خوش دل پایا عرض کی یا امیر المومنین اپنے یاروں کا حال ہم سے بیان کیجیے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سب صحابہ میرے یار ہیں ہم نے عرض کی اپنے خاص یاروں کا تذکرہ کیجیے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم کا کوئی صحابہ نہیں کہ میرا یار نہ ہو، ہم نے عرض کی ابوبکر صدیق کا حال بیان کیجیے۔

فرمایا یہ وہ صاحب ہیں کہ اللہ عزوجل نے جبریل امین ومحمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہما وسلم کی زبان پران کا نام صدیق رکھاوہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلیفہ تھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں ہمارے دین کی امامت کو پسند فرمایا تو ہم نے اپنی دنیا میں بھی انھیں کو پسند کیا۔

ہم نے عرض کی عمر بن خطاب کا حال فرمایئے، فرمایا یہ وہ صاحب ہیں جن کا نام اللہ عزوجل نے فاروق رکھا انھوں نے حق کو باطل سے جدا کردیا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عرض کرتے سنا کہ الٰہی عمر بن خطاب کے سبب اسلام کو عزت دے۔

ہم نے عرض کی عثمان کا حال کہیے، فرمایا

ذلک امرء تدعی فی الملاء الاعلیٰ ذو النورین کان ختن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابنتیہ ضمن لہ فی الجنۃ .

یہ وہ صاحب ہیں کہ ملاء اعلیٰ وبزم بالا میں ذی النورین پکارے جاتے ہیں، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دوشاہزادیوں کے شوہر ہوئے سرور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے جنت میں ایک مکان کی ضمانت فرمائی ہے۔

اسے خیثمہ، لالکائی اور عشاری نے فضائل الصدیق میں اور ابن عساکر وابونعیم نے حضرت عثمان ذی النورین وعلی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔ **(الامن والعلی)**

ایک صحابی کی کرامت

اہبان بن صیفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی ہیں ان کے کفن میں ایک تہبند زائد چلا گیا شب کو اپنے

صاحبزادے کی خواب میں تشریف لائے اور فرمایا یہ تہبند لو اور انگنی پر ڈال دیا صبح ان کی آنکھ کھلی تو وہیں رکھا ملا۔

بلال کو جنت میں آگے دیکھا

ایک بار حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ارشاد فرمایا اے بلال کیا سبب ہے کہ میں جنت میں تشریف لے گیا تو تم کو آگے آگے جاتے دیکھا، عرض کی یا رسول اللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) میں جب وضو کرتا ہوں دو رکعت نماز نفل پڑھ لیتا ہوں۔ فرمایا یہ ہی سبب ہے۔

سلمہ بن اکوع کی بیعت وشجاعت

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سلمہ بن اکوع سے ایک جلسہ میں تین بار بیعت لی، جہاد کو جارہے تھے پہلی بار فرمایا سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیعت کی۔ تھوڑی دیر بعد حضور نے فرمایا سلمہ تم بیعت نہ کروگے عرض کی حضو ابھی کر چکا ہوں فرمایا وایضا پھر بھی، انھوں نے پھر بیعت کی۔ اخیر میں جب سب حضرات بیعت سے فارغ ہوئے پھر ارشاد ہوا سلمہ تم بیعت نہ کروگے عرض کی یا رسول اللہ میں دوبارہ بیعت کر چکا فرمایا وایضا پھر بھی۔ غرض ایک جلسہ میں سلمہ سے تین بار بیعت لی۔ ان پر تاکید بیعت میں راز یہ تھا کہ وہ ہمیشہ پیادہ جہاد فرمایا کرتے تھے اور مجمع کفار کا تنہا مقابلہ کرنا ان کے نزدیک کچھ نہ تھا۔

ایک بار عبدالرحمٰن قاری کہ کافر تھا اپنے ہمراہیوں کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اونٹوں پر آپڑا چرانے والے کو قتل کیا اور اونٹ لے گیا (اسے قرأت سے قاری نہ سمجھ لیں بلکہ قبیلہ بنی قارہ سے تھا) سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خبر ہوئی پہاڑ پر جا کر ایک آواز تو دی کہ یا صباحاہ یعنی دشمن ہے مگر انتظار نہ کیا کہ کسی نے سنی یا نہیں کوئی آتا ہے یا نہیں تنہا ان کافروں کا تعاقب کیا وہ چار سو تھے اور یہ اکیلے وہ سوار تھے اور یہ پیادہ مگر نبوی مردان کے ساتھ، اس محمدی شیر کے سامنے سے انھیں بھاگتے ہی بنی۔ اب یہ

تعاقب میں ہیں اپنا رجز پڑھتے جاتے ہیں۔

انـــا ســلـــمة بـــن الاکـــوع

و الیـــوم یـــوم الـــرضـــع

میں سلمہ بن اکوع ہوں اور تمہاری ذلت وخواری کا دن ہے، ایک ہاتھ گھوڑے کی کونچوں پر مارتے ہیں وہ گرتا ہے سوار زمین پر آتا ہے دوسرا ہاتھ اس پر پڑتا ہے وہ جہنم جاتا ہے۔ یہاں تک کہ کافروں کو بھاگنا دشوار ہوگیا گھوڑوں پر سے اپنے اسباب پھینکنے لگے کہ ہلکے ہوکر زیادہ بھاگیں یہ اسباب سب ایک جگہ جمع فرماتے اور پھر وہی رجز پڑھتے ہوئے ان کا تعاقب کرتے اور انھیں جہنم پہنچاتے یہاں تک کہ شام ہوئی، کافر ایک پہاڑی پر ٹھہرے اس کے قریب دوسری پہاڑی پر انھوں نے آرام فرمایا دن ہونے پر وہ اتر کے چلے وہ اسی طرح ان کے پیچھے اور وہی رجز وہی قتل یہاں تک کہ گرد اٹھی یہ قتل وتعاقب کرتے کرتے تھک گئے تھے اندیشہ ہوا کہ مبادا کفار کی مدد آئی ہو جب دامن گرد پھٹا تکبیروں کی آوازیں آئیں اور دیکھا کہ حضرت ابوقتادہ مع دیگر صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم گھوڑوں پر تشریف لا رہے ہیں اب کیا تھا کفار کو گھیر لیا۔

ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فارس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہا جاتا تھا یعنی لشکر کے سوار جس طرح سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو راجل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یعنی لشکر اقدس کے پیادے۔ ابوقتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خود بارگاہ رسالت میں **اسد من اسد اللہ و رسولہ** فرمایا اللہ ورسول کے شیروں میں سے ایک شیر۔

گھوڑے نے جہاد کی خبر دی

ان (ابوقتادہ) کو اس جہاد کی خبر ان کے گھوڑے نے دی تھان پر بندھا ہوا چکا انھوں نے چکارا پھر چکا فرمایا واللہ کہیں جہاد ہے گھوڑا کس کر سوار ہوئے اب یہ تو معلوم نہیں کہ کدھر جائیں گے باگ چھوڑ دی

اور کہا جدھر تو جانتا ہے چل گھوڑا اڑا اور یہاں لے آیا۔ اس عبدالرحمٰن قاری سے پہلے کسی لڑائی میں ان سے وعدۂ جنگ ہولیا تھا یہ وقت اس کے اس وعدہ کے پورا ہونے کا آیا وہ پہلوان تھا اس نے کشتی مانگی انھوں نے قبول فرمائی اس محمدی شیر نے خوک شیطان کو دے مارا خنجر لے کر اس کے سینے پر سوار ہوئے اس نے کہا میری بی بی کے لیے کون ہوگا فرمایا نار اور اس کا گلا کاٹ دیا، سرکاری اونٹ اور تمام غنیمتیں اور وہ اسباب کہ جابجا کفار پھینکتے اور سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ راستے میں جمع فرماتے گئے تھے سب لا کر حاضر بارگاہ انور کیا۔

صدیق وفاروق اور بلال کی قرأت

عادت کریمہ تھی کہ کبھی شب میں اپنے اصحاب کرام کا تفقد احوال فرماتے مثلاً ایک شب نماز تہجد میں صدیق اکبر پر گزر فرمایا صدیق اکبر کو دیکھا کہ بہت آہستہ پڑھ رہے ہیں۔ فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف تشریف لے گئے ملاحظہ فرمایا کہ بہت بلند آواز سے پڑھتے ہیں بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف تشریف لے گئے انھیں دیکھا کہ جابجا سے متفرق آیتیں پڑھ رہے ہیں۔ صبح ہر ایک سے اس طریقے کا سبب دریافت فرمایا صدیق نے عرض کیا **یا رسول الله اسمعت من اناجيه** میں جس سے مناجات کرتا ہوں اسے سنالیتا ہوں یعنی اوروں سے کیا کام کہ آواز بلند کروں۔ فاروق نے عرض کی **یا رسول الله اطرد الشيطان و اوقظ الوسنان .**

میں شیطان کو بھگاتا اور سوتوں کو جگاتا ہوں یعنی جہاں تک آواز پہنچے گی بھاگے گا اور تہجد والوں میں جس کی آنکھ نہ کھلی ہو وہ جاگ کر پڑھے گا اس لیے اس قدر زور سے پڑھتا ہوں۔ حضرت بلال نے عرض کی **یا رسول الله کلام طيب يجمع الله بعضه مع بعض .**

پاکیزہ کلام ہے کہ اللہ اس کے بعض کو بعض سے ملاتا ہے۔ اس کا مطلب فقیر کی سمجھ میں یہ ہے گویا عرض کرتے ہیں کہ قرآن عظیم ایک لہلہاتا باغ ہے جس میں رنگ رنگ کے پھول قسم قسم کے میوے درمنثور کی

طرح متفرق پھیلے ہوئے کہیں حمد ہے کہیں ثنا کہیں ذکر ہے کہیں دعا کہیں خوف کہیں رجا کہیں نعت حبیب خدا وغیرہا مطالب جدا جدا، جانب الٰہی سے جس وقت جس طرح کی تجلی وارد ہوتی ہے اسی کی مناسب آیات متفرق مقامات سے جمع کر کے پڑھتا ہوں۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کلکم قد اصاب تم سب ٹھیک پر ہو مگر اے صدیق تم قدرے آواز بلند کرو اور اے فاروق تم قدرے پست اور اے بلال تم سورت ختم کر کے دوسری سورت کی طرف چلو۔

ابو موسیٰ کی خوش الحانی

اسی طرح ایک شب تہجد میں ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پڑھنا سنا ان کی آواز نہایت دلکش ان کا لہجہ کمال دلکشا تھا ارشاد ہوا انھیں داؤد علیہ الصلاۃ والسلام کے الحانوں سے ایک الحان ملا ہے۔ صبح ان کے پڑھنے کی تعریف فرمائی انھوں نے عرض کی یا رسول اللہ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ حضور سن رہے ہیں تو اور زیادہ بنا کر پڑھتا۔ (الملفوظ حصہ دوم)

ایک صحابی کا کشف

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک صحابی سے دریافت فرمایا کیف اصبحت ۔تم نے کیوں کر صبح کی عرض کی اصبحت مومنا حقا میں نے صبح کی اس حال میں کہ میں سچا مومن تھا۔ ارشاد فرمایا ہر دعویٰ کی ایک دلیل ہوتی ہے جس سے اس دعویٰ کی سچائی ثابت ہوتی ہے تمھارے دعوے کی کیا دلیل ہے۔ عرض کی میں نے صبح کی اس حال میں عرش سے تحت الثریٰ تک تمام موجودات عالم میرے پیش نظر ہے جنتیوں کو جنت میں عیش کرتے دیکھ رہا ہوں اور جہنمیوں کو جہنم میں چیختے چلاتے عذاب پاتے دیکھ رہا ہوں ارشاد فرمایا تم پہنچ لیے ہو اطمینان رکھو۔ (الملفوظ حصہ چہارم)

بلال کی آزادی

حضرت مولوی قدس سرہ المعنوی مثنوی شریف میں حدیث شرائے بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں فرماتے ہیں جب صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں خرید لیا اور بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے ہمیں شریک نہ کیا۔ اس پر صدیق اکبر نے عرض کی :

گفت ما دو بندگان کوئے تو
کردمش آزاد ہم بر روئے تو

کہا ہم دونوں تو آپ کی گلی کے غلام ہیں، میں نے بلال کو آپ ہی کی رضا اور خوشنودی کے لیے ہی آزاد کیا ہے۔

صحابہ کی تعداد

ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابی ہیں۔ سب کے نام نہیں معلوم، وہ صحابہ جن کے نام معلوم ہیں سات ہزار ہیں حجۃ الوداع میں ایک لاکھ چوبیس ہزار تھے۔ (الملفوظ حصہ سوم)

ابن عباس کے لیے حضور کی دعا

صحیح بخاری میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے :

ضمنی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی صدرہ فقال اللھم علمہ الحکمۃ .

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے سینے سے لپٹایا پھر دعا فرمائی الٰہی اسے حکمت سکھادے۔

ابن عباس کا علم

ایک مقام پر حبر الامۃ رئیس المفسرین حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے علم عظیم کے بارے

میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں۔

اتقان میں ہے ابوالفضل مرسی بیان کرتے ہیں کہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں

لو ضاع لی عقال بعیر لوجدته فی کتاب الله.

اگر میرے اونٹ کی رسی گم ہوجائے تو میں قرآن عظیم میں اسے پالوں۔

(فتاویٰ رضویہ ج۹،ص ۱۱۸)

ایک اور مقام پر فرماتے ہیں

ہر ذی علم جانتا ہے کہ سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما زمانہ نبوت میں صغیر السن تھے اوران کا شمار باعتبار عمر اصاغر صحابہ میں ہے اگرچہ بہ برکت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علم وفقاہت میں اکثر شیوخ صحابہ پر مقدم تھے۔ (قمر التمام)

حضرت اسید کی محبت رسول

امام ابوداؤد اپنی سنن میں حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

بینما هو یحدث القوم و کان فیه مزاح بینا یضحکهم فطعنه النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی خاصرته بعود فقال اصبرنی قال اصطبر قال ان علیک قمیصا و لیس علی قمیص فرفع النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم عن قمیصه فاحتضنه و جعل یقبل کشحه قال انما اردت هذا یا رسول الله .

اس اثنا میں کہ وہ باتیں کررہے تھے اوران کے مزاج میں مزاح تھا لوگوں کو ہنسارہے تھے کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لکڑی ان کے پہلو میں چبھوئی، انھوں نے عرض کی مجھے بدلہ دیجیے فرمایا لے،

عرض کی حضور تو کرتا پہنے ہیں اور میں ننگا تھا حضور نے کرتا اٹھایا انھوں نے حضور کو اپنی کنار میں لیا اور تہی گاہ اقدس کو چومنا شروع کیا پھر عرض کی یارسول اللہ میرا یہی مقصود تھا۔ ع

دل عشاق حیلہ گر باشد

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی کل من احبہ وبارک وسلم

ابوذر پر حضور کا کرم

اسی میں حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے ما لقیته صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قط الا صافحني و بعث الى ذات يوم و لم اكن في اهلي فلما جئت اخبرت به فاتيته و هو على سرير فالتزمني فكانت تلك اجود و اجود.

میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتا تو حضور ہمیشہ مصافحہ فرماتے ایک دن میرے بلانے کو آدمی بھیجا میں گھر میں نہ تھا، آیا تو خبر پائی، حاضر ہوا حضور تخت پر جلوہ فرما تھے، گلے سے لگا لیا اور زیادہ جید اور نفیس تر تھا۔ (وشاح الجید فی تحلیل معانقۃ العید)

ثبوت صحابیت کے طریقے

امام ابن حجر عسقلانی اصابہ فی تمییز الصحابہ میں فرماتے ہیں :

الفصل الثاني في الطريق الى معرفة كون الشخص صحابيا و ذلك باشياء.

اولها ان يثبت بطريق التواتر انه صحابي .

ثم بالاستفاضة و الشهرة .

ثم بان يروى عن احد من الصحابة ان فلانا له صحبة مثلا و كذا عن احاد

التابعین بناء علی قبول التزکیة من واحد و هو الراجح .

ثم بان یقول هو اذا کان ثابت العدالة و المعاصرة انا صحابی.

دوسری فصل کسی شخص کے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی ہونے کی پہچان کے طریق میں اور یہ چند چیزوں سے ہے۔

اول یہ کہ تواتر کے طریق سے ثابت ہو کہ وہ صحابی ہے۔

پھر استفاضہ اور شہرت کے ساتھ۔

پھر بایں طور کہ کسی صحابی سے روایت کیا جائے کہ فلاں کو صحبت نصیب ہے مثلاً اور ایسے ہی کسی ایک تابعی سے کسی ایک سے تزکیہ قبول کرنے کی بناء پر، اور یہی راجح ہے۔

پھر اس طور پر وہ کہے کہ جب اس کی عدالت اور ہم عصر ہونا ثابت ہو کہ میں صحابی ہوں۔

مسلم الثبوت میں ہے

اخبار العدل عن نفسه انه صحابی اذا کان معاصرا لا کالرتن لیس کتعدیله نفسه .

کہ عادل کا خبر دینا اپنی ذات کے بارے میں کہ وہ صحابی ہے جب کہ وہ ہم عصر ہو۔ خواجہ رتن کی طرح نہ ہو، اپنی تعدیل کے حکم میں نہیں ہے۔

پھر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

کتنے صحابہ ہیں جن کی احادیث ائمہ حدیث قدیم وحدیث نے اپنے صحاح ومسانید وسنن ومعاجیم میں تخریج فرمائیں نہ ان کے پاس نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کوئی فرمان تھا کہ فلاں ہمارے حضور بارگاہ

عالم پناہ سے شرف یاب ہوا نہ ان سے اس امر پر کوئی شہادت لی گئی نہ اور صحابہ کا محضر طلب ہوا ان ثقات کا خود ہی کہنا کہ :

سمعت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، رأيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم شهدت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم.

میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا ہے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ہے، میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا۔ مسموع ومقبول ہوا۔

كما افاده الامام ابو عمر بن عبد البر فى الاستيعاب و اقره عليه حافظ الشان .

جیسا افادہ فرمایا ہے امام ابوعمر بن عبدالبر نے استیعاب میں اور ثابت رکھا ہے اسے حافظ الشان ابن حجر نے۔ (ثقاء السلافہ فی احکام البیعۃ والخلافۃ)

حضرت انس کی خدمت رسول

و قد كان انس بن مالك رضى الله تعالىٰ عنه يخدم النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على شبع بطنه .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت بلا معاوضہ صرف بھر پیٹ کھانے پر کرتے تھے۔ (مولف) (خیر الآمال فی حکم الکسب والسوال)

صحابہ کی برائی کرنا گمراہی ہے

اخرجه الخطيب البغدادى فى الجامع وغيره انه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال اذا ظهرت الفتن او قال البدع و سب اصحابى فليظهر العالم علمه فمن لم يفعل

ذلک فعلیه لعنة الله و الملائکة . و الناس اجمعین لا یقبل الله منه صرفا و لا عدلا.

خطیب بغدادی نے جامع میں اوران کے سوااور محدثین نے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب فتنے یا فرمایا بدمذہبیاں ظاہر ہوں اور میرے صحابہ کو برا کہا جائے تو واجب ہے کہ عالم اپنا علم ظاہر کرے جو ایسا نہ کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں اور آدمیوں سب کی لعنت ہے اللہ تعالیٰ نہ اس کا فرض قبول کرے نہ نفل۔ (فتاویٰ الحرمین برجف ندوة المین)

غمیصان بنت ملحان

امام احمد و مسلم ونسائی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور والاصلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ فرماتے ہیں :

دخلت الجنة فسمعت خشفة بین یدی فقلت ما هذه الخشفة فقیل الغمیصاء بنت ملحان.

میں بہشت میں رونق افروز ہوا اپنے آگے ایک کھٹکا سنا پوچھا یہ کیا ہے عرض کی گئی غمیصان بنت ملحان۔

حارثہ بن نعمان

امام احمد ونسائی وحاکم باسانید صحیحہ ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

دخلت الجنة فسمعت فیها قراءة فقلت من هذا قالوا حارثه بن النعمان کذالکم البر کذ لکم البر.

میں بہشت میں جلوہ فرما ہوا وہاں قرآن پڑھنے کی آواز آئی پوچھا یہ کون ہے فرشتوں نے عرض کی حارثہ بن النعمان، نیکی ایسی ہی ہوتی ہے نیکی ایسی ہی ہوتی ہے۔ یہ حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلافت امیر معاویہ رضی اللہ میں راہی جناں ہوئے۔

ابن سعد نے طبقات میں اور حافظ ابن حجر نے اصابہ میں اس کو بیان کیا ہے۔

نعیم بن عبداللہ

ابن سعد طبقات میں ابوبکر عدوی سے مرسلاً راوی حضور سید العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

دخلت الجنة فسمعت نحمة من نعيم

میں جنت میں تشریف فرما ہوا تو نعیم کی کھکارسنی۔ یہ نعیم بن عبداللہ عدوی معروف بہ نحام (کہ اسی حدیث کی وجہ سے ان کا یہ عرف قرار پایا) خلافت امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں جنگ اجنادین میں شہید ہوئے۔

موسیٰ بن عقبہ نے مغازی میں زہری سے اسی طرح ابن اسحاق و مصعب زبیری اور دوسرے لوگوں نے اس کو بیان کیا ہے جیسا کہ اصابہ میں ہے۔ (عرفان شریعت حصہ سوم)

سجدوں کے نشان

اللہ عزوجل صحابہ کرام محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعریف میں فرماتا ہے

سيماهم فى وجوههم من اثر السجود.

ان کی نشانی ان کے چہروں میں ہے سجدے کے اثر سے۔

صحابہ وتابعین سے اس نشانی کی تفسیر میں چار قول ماثور ہیں۔

اول : وہ نور کہ روز قیامت ان کے چہروں پر برکت سجدہ سے ہوگا۔ یہ حضرت عبداللہ بن عباس وامام حسن بصری وعطیہ عوفی وخالد حنفی ومقاتل بن حبان سے ہے۔

دوم : خشوع وخضوع وروش نیک جس کے آثار صالحین کے چہروں پر دنیا ہی میں بے تصنع ظاہر ہوتے ہیں یہ حضرت عبداللہ بن عباس وامام مجاہد سے ہے۔

سوم : چہرے کی زردی کہ قیام لیل وشب بیداری میں پیدا ہوتی ہے۔ یہ امام حسن بصری وضحاک وعکرمہ وشمر بن عطیہ سے ہے۔

چہارم : وضو کی تری اور خاک کا اثر کہ زمین پر سجدہ کرنے سے ماتھے اور ناک پر مٹی لگ جاتی ہے یہ امام سعید بن جبیر وعکرمہ سے ہے۔

ان میں پہلے دو قول اقوی واقدم ہیں ہ دونوں خود حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث سے مروی ہیں اور سب سے قوی ومقدم پہلا قول ہے کہ وہ حضور اقدس کے ارشاد سے بسند حسن ثابت ہے۔

طبرانی معاجیم اوسط وصغیر میں اور ابن مردویہ ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی۔

قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى قوله عزوجل سيما هم فى وجوههم من اثر السجود قال النور يوم القيامة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس نشان سجود کی تفسیر میں فرمایا کہ قیامت کے دن ان کے

چہروں کا نور مراد ہے۔ (مولف)

ولہٰذا امام جلال الدین محلی نے جلالین میں اسی پر اقتصار کیا۔

اقول، سوم میں قدرے ضعف ہے کہ وہ اثر بیداری ہے نہ اثر سجود، ہاں بیداری بغرض سجود ہے۔

اور چہارم سب سے ضعیف تر ہے وضو کا پانی اثر سجود نہیں اور مٹی بعد نماز چھڑا دینے کا حکم ہے سیما و نشانی ہوتی تو زائل نہ کی جاتی، امید ہے کہ سعید بن جبیر سے اس کا ثبوت نہ ہو۔ بہرحال یہ سیاہ دھبہ کہ بعض کے ماتھے پر کثرت سجود سے پڑتا ہے تفاسیر ماثورہ میں اس کا پتہ نہیں بلکہ حضرت عبداللہ بن عباس و سائب بن یزید و مجاہد رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اس کا انکار ماثور۔

صحابہ کی بیعت

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے بیعت لی ہے جسے سیدنا عبادہ بن صامت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ

بایعنا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی السمع و الطاعۃ فی العسر و الیسر و المنشط و المکرۃ و ان لا ننازع الامر اھلہ .

ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس پر بیعت کی کہ ہر آسانی و دشواری ہر خوشی و ناگواری میں حکم سنیں گے اور اطاعت کریں گے اور صاحب حکم کے کسی حکم میں چون و چرا نہ کریں گے۔

(فتاویٰ افریقہ)

ثعلبہ کا صدقہ قبول نہیں کیا گیا

ایک مرتبہ ثعلبہ نے حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ میرے لیے دعا

فرما دیجیے کہ میں مالدار ہو جاؤں، حضور نے فرمایا تمھارے لیے غریبی بہتر ہے، ثعلبہ نے پھر عرض کی یا رسول اللہ میرے لیے مالداری کی دعا فرما دیجیے، حضور نے ان کے اصرار پر دعا فرما دی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا کی برکت سے ان کا مال یعنی بکریاں اتنی زیادہ ہوگئیں کہ انھیں مدینے سے باہر جانا پڑا، پہلے تو جماعت میں پابندی سے حاضر ہوتے رہے مگر بعد میں صرف جمعہ کو حاضر ہونے لگے۔ ایک دن حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زکوۃ وصول کرنے والے کو ان کے پاس بھیجا کہ بکریوں کی زکوۃ ادا کرو اس پر ثعلبہ نے کہا کہ میں غور کروں گا کہ مجھے کیا کرنا ہے اس کے بعد ان کے بارے میں آیت نازل ہوگئی وہ بارگاہ رسالت میں صدقہ لے کر آئے مگر حضور نے اسے قبول نہ فرمایا، ابوبکر صدیق کی خلافت میں لے آئے انھوں نے قبول نہ کیا، یوں ہی عمر و عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے زمانے میں صدقہ لے کر حاضر ہوئے ان حضرات نے بھی قبول نہ کیا اور فرمایا کہ حضور نے قبول نہ کیا تو ہم کیسے قبول کرلیں۔ اب اسے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ کی تحریر میں ملاحظہ فرمائیں۔ (مولف)

امام حافظ الشان اصابہ میں فرماتے ہیں **ثعلبة بن حاطب بن عمر و الانصاری ذکرہ موسیٰ ابن عقبة و ابن اسحٰق فی البدریین و کذا ذکرہ ابن الکلبی و زاد انہ قتل باحد .**

موسیٰ بن عقبہ اور ابن اسحاق نے بیان کیا ہے کہ ثعلبہ بن حاطب بدری ہیں اسی طرح ابن کلبی نے بیان کیا ہے کہ وہ احد میں شہید ہوئے۔

تفسیر امام ابن جریر میں ہے :

عن ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان رجلا یقال لہ ثعلبة بن ابی حاطب اخلف اللہ ما وعدہ فقص اللہ تعالیٰ شانہ فی القران و منہم من عاھد اللہ الی قولہ یکذبون .

ابن عباس سے مروی ہے کہ ایک شخص جسے ثعلبہ بن ابی حاطب کہا جاتا ہے اس نے اللہ کے حکم کو نہ مانا یہ آیت ثعلبہ بن ابی حاطب کے بارے میں نازل ہوئی۔

تفسیر ابن جریر و ثعلبی وغیرہم میں حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی :

فانزل الله تعالیٰ فیه و منهم من عاهد الله و عند رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رجل من اقارب ثعلبة فسمع ذلک فخرج حتی اتاه فقال ویحک یا ثعلبة قد انزل الله فیک کذا و کذا فخرج ثعلبة حتی اتی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فسئله ان یقبل صدقته فقال ان الله منعی ان یقبل منک صدقتک ثم اتی ابا بکر حین استخلف فقال اقبل صدقتی فقال ابو بکر لم یقبلها رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و انا اقبلها فلما و لی عمر اتاه فقال یا امیر المومنین اقبل صدقتی قال لم یقبلها رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و لا ابو بکر و انا اقبلها ، ثم ولی عثمان فاتاه فسأله فقال لم یقبلها رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و الا ابو بکر و لا عمر رضوان الله تعالیٰ علیهما و انا لا اقبلها فلم یقبلها منه و هلک ثعلبة فی خلافة عثمان رضی الله تعالیٰ عنه .

یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ نے ثعلبہ کے بارے میں آیت نازل فرمائی **و منهم من عاهد الله الخ** رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور ثعلبہ کے رشتہ دار کا ایک آدمی تھا اس نے جب یہ آیت سنی تو ثعلبہ کے پاس آ کر کہا کہ تمھارے لیے خرابی ہے اے ثعلبہ بیشک اللہ تعالیٰ نے تیرے بارے میں ایسی ایسی آیت نازل فرمائی تو ثعلبہ نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت مبارکہ میں آ کر صدقہ قبول کرنے کی درخواست کی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تیرا صدقہ قبول کرنے سے اللہ تعالیٰ نے ممانعت کر دی ہے۔ ثعلبہ پھر وہی صدقہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت میں لایا اور کہا کہ میرا

صدقہ قبول کیجیے حضرت ابو بکر صدیق نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تیری زکوۃ قبول نہ فرمائی اور میں قبول کرلوں ہرگز نہ ہوگا، پھر خلافت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں حاضر لایا عرض کی امیر المومنین میرا صدقہ قبول کر لیجیے، فرمایا رسول اللہ وابو بکر صدیق قبول نہ فرمائیں اور میں لے لوں یہ کبھی نہ ہوگا پھر خلافت ذی النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں لایا پھر قبول کرنے کی گزارش کی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وصدیق وفاروق نے قبول نہ فرمائی میں بھی نہ لوں گا۔ پھر ثعلبہ انھیں کی خلافت میں ہلاک ہوگیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۳۳، ۳۴)

حذیفہ بن الیمان

یہ حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما وہ صحابی جلیل القدر ہیں جن کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اسرار سکھائے، ان کا لقب ہی صاحب سر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔ امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان سے اسرار حضور کی باتیں پوچھتے۔

ترمذی شریف میں ہے **ما حدثکم حذیفة فصدقوه .**

حذیفہ تم سے جو بات بیان کریں اس کی تصدیق کرو۔ (مولف)

عبداللہ بن مسعود

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **تمسکوا بعهد بن مسعود.**

عبداللہ بن مسعود جو فرمائیں اسے مضبوط تھامو۔

اور ایک حدیث میں ارشاد ہے **رضیت لامتی ما رضی لها ابن ام عبد و کرهت لامتی ما کره لها ابن ام عبد .**

میں نے اپنی امت کے لیے پسند فرمایا جو اس کے لیے عبداللہ بن مسعود پسند کریں اور میں نے اپنی امت کے لیے ناپسند رکھا جو اس کے لیے ابن مسعود ناپسند رکھیں۔

اور خودان کے علم قرآن کو اس درجہ ترجیح بخشی کہ ارشاد فرمایا : استقرؤا القرآن من اربعة من عبد الله بن مسعود. الحديث.

قرآن چار شخصوں سے پڑھو، سب میں پہلے عبداللہ بن مسعود کا نام لیا۔ یہ حدیث صحیح بخاری وصحیح مسلم میں بروایت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ہے۔

جامع ترمذی شریف میں ہے ما حدثكم ابن مسعود فصدقوه .

ابن مسعود جو بات تم سے بیان کریں اس کی تصدیق کرو۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۲۷۶۔ نزول آیات فرقان)

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر فرماتے ہیں :

عبداللہ بن مسعود جو افاضل صحابہ ومومنین سابقین سے ہیں سفر وحضر میں ہمراہ رکاب سعادت انتساب حضور رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رہتے اور بارگاہ نبوت میں بے اذن لیے جانا ان کے لیے جائز تھا بعض صحابہ فرماتے ہیں ہم نے راہ وروش سرور انبیاء علیہ التحیۃ والثناء سے جو چال ڈھال ابن مسعود کی ملتی ہے کسی کی نہ پائی۔

حدیث میں ہے خود حضور اکرم الاکرمین واکرم الاولین والآخرین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں میں نے اپنی امت کے لیے وہ پسند کیا جو عبداللہ بن مسعود اس کے لیے پسند کرے اور اپنی امت کے لیے ناپسند کیا جو اس کے لیے عبداللہ بن مسعود ناپسند کرے۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۳، ص ۸۹)

عمرو بن عاص

سیدنا عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ جلیل القدر صحابی قریشی ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جد امجد کعب بن لوی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی اولاد سے مومنین قبل فتح میں ہیں۔

اصابہ فی تمیز الصحابہ میں ہے

عمرو بن العاص بن وائل بن هاشم بن سعيد (بالتصغير) بن سهم بن عمرو بن هميص بن كعب بن لوى القريشي امير مصر مكنى ابا عبد الله و ابا محمد اسلم قبل الفتح فى صفر سنة ثمان و قيل بين الحديبية و خيبر.

یعنی عمرو بن عاص امیر مصر جن کی کنیت ابوعبداللہ اور ابومحمد ہے فتح مکہ سے پہلے ۸ھ میں اسلام لائے اور ایک قول یہ ہے کہ صلح حدیبیہ اور فتح خیبر کے درمیان اسلام لائے۔ (مولف)

اور بعد فتح تو راہ خدا میں جوان کے جہاد ہیں آسمان وزمین ان کے آوازے سے گونج رہے ہیں۔

نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **اسلم الناس و آمن عمر و بن العاص.**

بہت لوگ وہ ہیں کہ اسلام لائے مگر عمرو بن العاص ان میں ہیں جو ایمان لائے۔ اسے ترمذی نے عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **عمرو بن العاص من صالحي قريش.**

عمرو بن العاص صالحین قریش سے ہیں۔ اسے احمد نے مسند میں سیدنا طلحہ بن عبیداللہ احد العشرۃ المبشرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے روایت کیا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **نعم اهل البيت عبد الله و ابو عبد الله و ام**

عبد الله .

بہت اچھے گھر والے ہیں عبداللہ بن عمرو بن العاص اور عبداللہ کا باپ اور اس کی ماں ۔

اسے بغوی وابویعلی نے طلحہ سے اور ابن سعد نے طبقات میں بسند صحیح ابن ابی ملیکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غزوۂ ذات السلاسل میں اسی الٰہی فوج کا سردار کیا جس میں صدیق اکبر وفاروق اعظم تھے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

ایک بار اہل مدینہ میں کچھ ایسا خوف پیدا ہوا کہ لوگ متفرق ہو گئے سالم مولیٰ ابی حذیفۃ اور عمرو بن عاص دونوں صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہما تلوار لے کر مسجد شریف میں حاضر رہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خطبہ فرمایا اور اس میں ارشاد کیا :

الا یکون فزعکم الی الله و رسوله الا فعلتم کما فعل هذان الرجلان المومنان

کیوں نہ ہوا کہ تم خوف میں اللہ اور رسول کی طرف التجا لاتے، تم نے ایسا کیوں نہ کیا جیسا ان دونوں ایمان والے مردوں نے کیا۔

صحابہ کے دو فریق

اللہ عزوجل فرماتا ہے :

لا یستوی من انفق قبل الفتح و قاتل اولئک اعظم درجة من الذین انفقوا من بعد و قاتلوا و کلا وعد الله الحسنی و الله بما تعملون خبیر.

تم میں برابر نہیں جنہوں نے فتح مکہ سے پہلے خرچ وقتال کیا وہ درجے میں ان سے بڑے جنہوں نے بعد میں خرچ وقتال کیا، اور دونوں فریق سے اللہ نے بھلائی کا وعدہ فرمایا اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ کہ تم کروگے۔

اللہ عزوجل نے صحابہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دو قسم فرمایا

ایک مومنین قبل فتح۔

دوسرے مومنین بعد فتح۔

فریق اول کو فریق دوم پر فضیلت بخشی اور دونوں فریق کو فرمایا کہ اللہ نے ان سے بھلائی کا وعدہ کیا۔

اہل سنت کے متون عقائد میں تصریح ہے **الصحابة کلهم عدول لا نذکرهم الا بخیر.**

صحابہ سب کے سب اہل خیر وعدالت ہیں ہم ان کا ذکر نہ کریں گے مگر بھلائی سے۔

(فتاوی رضویہ ج ۱۱ص ۴۰،۴۱)

اسی مضمون کو دوسری جگہ اس طرح پیش کیا گیا ہے :

رب عزوجل کہ عالم الغیب والشہادۃ ہے اس نے صحابہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دو قسمیں فرمائی۔

مومنین قبل الفتح، جنہوں نے فتح مکہ سے پہلے راہ خدا میں خرچ وجہاد کیا۔

اور مومنین بعد الفتح، جنھوں نے بعد کو۔

فریق اول کو دوم پر تفضیل عطا فرمائی کہ **لا یستوی منکم من انفق قبل الفتح و قاتل اولئک اعظم درجة من الذین انفقوا من بعد و قاتلوا.**

اور ساتھ ہی فرمادیا و کلا وعد اللہ الحسنی .

دونوں فریق سے اللہ نے بھلائی کا وعدہ فرمالیا۔

اوران کے افعال پر جاہلانہ نکتہ چینی کا دروازہ بھی بند فرمادیا کہ ساتھ ہی ارشاد ہوا و اللہ بما تعملون خبیر .

اللہ کو تمھارے اعمال کی خوب خبر ہے۔یعنی جو کچھ تم کرنے والے ہو وہ سب جانتا ہے بایں ہمہ تم سب سے بھلائی کا وعدہ فرماچکا،خواہ سابقین ہو یالاحقین۔

صحابہ کی تعظیم فرض ہے

اہل سنت کے عقیدہ میں تمام صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی تعظیم فرض ہے اوران میں سے کسی پر طعن حرام،اوران کے مشاجرات میں خوض ممنوع۔

حدیث مین ارشاد ہے اذا ذکر اصحابی فامسکوا.

جب میرے صحابہ کا ذکر ہوتو زبان روکو۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج۱۱ص۶۴)

حدیث میں ہے

من اذاھم فقد اذانی ومن اذانی فقداذی اللہ و من اذی اللہ یوشک ان یاخذ

جس نے میرے صحابہ کو ایذادی اس نے مجھے ایذادی اورجس نے مجھے ایذادی اس نے اللہ کو ایذا دی اورجس نے اللہ کو ایذادی قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے گرفتار کرلے۔ (فتاویٰ رضویہ ج۱۱ص۸۶۵)

حضرت امیر معاویہ

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اجلہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے ہیں۔

صحیح ترمذی شریف میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے دعا فرمائی اللھم اجعلہ ھادیا مھدیا و اھدی بہ .

الٰہی اسے راہ نما راہ یاب کر اور اس کے ذریعہ سے لوگوں کو ہدایت دے۔

علامہ شہاب الدین خفاجی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے نسیم الریاض شرح شفائے امام قاضی عیاض میں فرمایا۔

و من یکون یطعن فی معاویۃ فذاک کلب من کلاب الھاویۃ .

جو امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر طعن کرے وہ جہنم کے کتوں سے ایک کتا ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج۱۱ص۹۵،۹۶)

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں

صحیح مسلم شریف میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے

قال کنت العب مع الصبیان فجاء رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فتواریت خلف باب فجاء فحطانی حطاۃ وقال اذھب ادع لی معاویۃ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ میں بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے، میں دروازے کے آڑ میں چھپ گیا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میری پیٹھ پر تھپکی مار کر فرمایا کہ جاؤ معاویہ کو بلا لاؤ۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ، جلد۱، ص۴۳۱، عطاء النبی، النور والنورق)

صحابہ کی لغزشیں معاف ہیں

امیر المومنین مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ابن عساکر کی حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تکون لا صحابی زلة یغفرھا اللہ لھم لسابقتھم معی ثم یأتی قوم بعدھم یکبھم اللہ علی مناخرھم فی النار.

میرے اصحاب سے لغزش ہوگی جسے اللہ عزوجل معاف فرمائے گا اس سابقہ کے سبب جوان کو میری بارگاہ میں ہے پھران کے بعد کچھ لوگ آئیں گے کہ انھیں اللہ تعالیٰ ان کے منھ کے بل جہنم میں اوندھا کرے گا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۹۶)

صحابہ کرام کے مراتب

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سب اولیائے کرام تھے، ان میں سب سے افضل و اکرم و اعلیٰ و اقرب الی اللہ خلفائے اربعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم تھے اوران کی افضلیت ولایت بہ ترتیب خلافت، یہ چاروں حضرات سب سے اعلیٰ درجے کے کامل مکمل ہیں، اور ورائے نیابت نبوت ہونے میں شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا پایہ ارفع ہے اور ورائے تکمیل ولایت ہونے میں حضرت مولیٰ علی مرتضیٰ شیر خدا مشکل کشا کا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۷۰)

زید بن حارثہ سے معانقہ

صحیح ترمذی میں ہے عن عائشة رضی اللہ تعالیٰ عنھا قال قدم زید بن حارثة المدینة و رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی بیتی فاتاہ فقرع الباب فقام الیہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عریانا یجر ثوبہ و اللہ ما رأیتہ قبلہ و لا بعدہ

فاعتنقه و قبله .

ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ جب زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ شریف میں آئے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے گھر میں تشریف فرما تھے تو انھوں نے آکر دروازے پر دستک دی، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس برہنہ بدن کپڑا سمیٹتے ہوئے تشریف لائے خدا کی قسم میں نے حضور کو اس حالت میں نہ اس سے پہلے دیکھا اور نہ اس کے بعد پھر ان سے معانقہ کیا اور بوسہ دیا۔ (مولف)

جعفر بن ابی طالب کو حضور نے گلے لگایا

سنن ابی داؤد اور بیہقی میں ہے عن الشعبی ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تلقی جعفر بن ابی طالب فالتزمه و قبله (قبل) بین عینیه .

شعبی سے مروی ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گلے لگایا اور بوسہ دیا۔

ایک صحابی کا حضور سے معانقہ

عن امراۃ یقال له بهیة (بهیسه) عن ابیها قالت استاذن ابی النبی صلی اللہ علیه وسلم فدخل بینه و بین قمیصه فجعل یقبل و یلتزم ثم قال یا نبی اللہ ما الشی الذی لا یحل منعه قال الماء . الحدیث.

امام احمد وابوداؤد ونسائی وغیرہم بہیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی کہ ان کے والد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اذن لے کر قمیص مبارک کے اندر اپنا سر لے گئے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گلے

لگا کر بوسہ دینا شروع کیا اور عرض کی یا رسول اللہ کیا چیز روکنا جائز نہیں فرمایا پانی۔

حضور نے حضرت ہالہ کو سینے سے لگایا

عن هالة بن ابی هالة رضی الله تعالیٰ عنه انه دخل علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و هو راقد فاستیقظ فضم هالة الی صدره و قال هالة هالة.

امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد طبرانی جناب ہالہ بن ابی ہالہ فرزند ارجمند حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی وہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے حضور آرام فرماتے تھے ان کی آواز سن کر جاگے اور انھیں سینۂ اقدس سے لگایا اور بغایت محبت فرمایا ہالہ ہالہ ہالہ۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۱)

صحابہ کی بدگوئی سے احتراز کی تاکید

حدیث میں ہے سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **ان اللہ اختارنی و اختار لی اصحابا و اصهارا و سیأتی قوم یسبونهم و ینقصونهم فلا تجالسوهم و لا تشاربوهم و لا تواکلوهم و لا تناکحوهم.**

بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے پسند فرمایا اور میرے لیے اصحاب و اصہار پسند کیے اور قریب ایک قوم آئے گی کہ انھیں برا کہے گی اور ان کی شان گھٹائے گی تم ان کے پاس مت بیٹھنا نہ ان کے ساتھ پانی پینا نہ کھانا کھانا نہ شادی بیاہ کرنا۔

اسے ابن حبان و عقیلی نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۳)

عمرو بن قرۃ کو گانے کی ممانعت

عبدالرزاق مصنف میں صفوان بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال کنا عند رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فجاء عمرو بن قرۃ فقال یا رسول اللہ ان اللہ کتب علی الشقوۃ و ما ارانی ارزق الا من دنی یکتفی فاذن لی فی الغناء من غیر فاحشۃ فقال لا اذن لک و لا کرامۃ و لا نعمۃ ابتغ علی نفسک و عیالک حلالا فان ذلک جھاد فی سبیل اللہ و اعلم ان عون اللہ تعالیٰ مع صالحی التجار. ھکذا اخرجہ فی معرفۃ الصحابۃ من طریق الحسن بن ابی الربیع عن عبد الرزاق ذکرہ الحافظ فی الاصابۃ.

یعنی عمرو بن قرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی یارسول اللہ میں بہت تنگ حال رہتا ہوں اس حیلہ (یعنی غناء گانا کے سوادوسری صورت سے مجھے رزق ملتا معلوم نہیں ہوتا مجھے ایسے گانے کی اجازت فرمادیجیے جس میں کوئی امر خلاف حیا نہیں، فرمایا اصلاً کسی طرح اجازت نہیں اپنے اور اپنے بال بچوں کے لیے حلال روزی تلاش کرو کہ یہ بھی راہ خدا میں جہاد ہے اور جان لے کہ اللہ تعالیٰ کی مدد نیک تاجروں کے ساتھ ہے۔اسی طرح معرفۃ الصحابۃ اور اصابہ میں بیان کیا گیا ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج۹،ص۷۳)

سخاوت صحابہ کا عبرت انگیز نمونہ

صحیحین میں جریر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کچھ لوگ برہنہ پا، برہنہ بدن صرف ایک کملی کفنی کی طرح چیر کر گلے میں ڈالے خدمت اقدس حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے حضور پرنور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی محتاجی دیکھی چہرۂ انور کا رنگ بدل گیا۔ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اذان کا

حکم دیا بعد نماز خطبہ فرمایا بعد تلاوت آیات ارشاد کیا

تصدق رجل من دیناره من درهمه من ثوبه من صاع بره من صاع تمره حتی قال و لو بشق تمرة .

کوئی شخص اپنی اشرفی سے صدقہ کرے، کوئی روپے سے، کوئی کپڑے سے، کوئی اپنے قلیل گیہوں سے، کوئی اپنے تھوڑے چھوہاروں سے یہاں تک فرمایا اگرچہ آدھا چھوہارا۔

اس ارشاد کو سن کر ایک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ روپیوں کا تھیلا اٹھا لائے جس کے اٹھانے میں ان کے ہاتھ تھک گئے پھر لوگ پے در پے صدقات لانے لگے یہاں تک کہ دو انبار کھانے اور کپڑے کے ہوگئے یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا چہرۂ انور خوشی کے باعث کندن کی طرح دمکنے لگا اور ارشاد فرمایا

من سن فی الاسلام سنة حسنة فله اجرها و اجر من عمل بها بعده من غیر ان ینقص من اجورهم شی.

جو شخص اسلام میں کوئی اچھی راہ نکالے اس کے لیے اس کا ثواب ہے اور اس کے بعد جتنے لوگ اس راہ پر عمل کریں گے سب کا ثواب اس کے لیے ہے بغیر اس کے کہ ان کے ثوابوں میں کچھ کمی ہو۔

غزوۂ تبوک وغیرہ میں بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مسلمانوں کو حکم صدقات دینا اور ہر ایک کا کثیر وقلیل حسب مقدرت حاضر لانا، منافقین کا تھوڑا لانے والوں پر اعتراض کرنا کہ اللہ تعالیٰ اس کے صدقہ سے غنی ہے، زیادہ لانے والوں پر اعتراض کرنا کہ یہ ریا کے لیے اور اس پر آیہ کریمہ **ان الذین یلمزون المطوعین من المومنین فی الصدقات و الذین لا یجدون الا جهدهم** کا نازل ہونا۔

یوں ہی ایک بار صدقات کا چندہ ہونا، اس کا انبار ہو جانا، ایک صحابی کا صرف ایک خوشہ لانا، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اسے سب سے اوپر رکھنا وغیرہ وغیرہ وقائع کثیرہ صحاح وغیرہ کتب احادیث میں مذکور ومشہور ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۸۵، ۱۸۶)

بارگاہ رسالت میں صحابہ کا ادب

صحیح حدیث میں ہے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم حضور کے سامنے بیٹھتے۔

کان علی رؤسھم الطیر

گویا ان کے سروں پر پرندے ہیں یعنی بے حس وحرکت کہ پرندے لکڑی سمجھ کر سر پر آ بیٹھیں۔

(فتاویٰ رضویہ، ج ۹، ص ۳۴۵)

ڈاڑھی کی اہمیت

امام اجل عارف باللہ سیدی محمد بن علی بن عباس مکی قدس سرہ الملکی کتاب مستطاب طریق المرید للوصول الی مقام التوحید پھر امام ہمام حجۃ الاسلام محمد محمد غزالی قدس سرہ العالی احیاء العلوم شریف میں فرماتے ہیں:

و وصف بعض بنی تمیم من رھط الاحنف بن قیس قال (و عبارۃ الاحیاء قال اصحاب الاحنف بن قیس) و ددنا انا اشترینا للاحنف لحیۃ بعشرین الفا فلم یذکر حنفہ فی رجلہ و لا عورہ فی عینہ و ذکر کراھیۃ عدم لحیۃ و کان عاقلا حلیما.

و ذکر عن شریح القاضی قال (و لفظ الاحیاء قال شریح) و ددت لو ان لی لحیۃ بعشرۃ آلاف.

احنف بن قیس (کہ اکابر ثقات تابعین و علماء و حکماء کاملین سے تھے زمانہ رسالت میں پیدا ہوئے ۶۷ھ یا ۷۲ھ ہجری میں وفات پائی) عاقل و حلیم تھے (پاؤں میں کج تھا ایک آنکھ جاتی رہی تھی ڈاڑھی خلقۃً نہ نکلی تھی) ان کے اصحاب نہ ان اس کج پر افسوس کرتے نہ یک چشمی پر بلکہ داڑھی نہ ہونے کی کراہیت ذکر کرتے اور کہتے ہمیں تمنا ہے کاش اگر بیس ہزار کو ملتی تو احنف کے لیے داڑھی خریدتے۔

شریح قاضی (کہ اجلہ ائمہ و اکابر تابعین سے ہیں زمانہ رسالت میں ولادت پائی بلکہ کہا گیا صحابی ہیں امیر المومنین عمر فاروق پھر امیر المومنین مولیٰ علی کی سرکار میں قاضی تھے امیر المومنین علی فتاویٰ میں ان سے رائے لیتے ۸۰ھ سے کچھ پہلے یا بعد انتقال ہوا ڈاڑھی خلقۃً نہ تھی) وہ فرماتے تھے کہ مجھے آرزو ہے کہ کاش دس ہزار دے کر ڈاڑھی مل جاتی۔

ابو بکر و عثمان اور علی کی ڈاڑھی

اسی میں ہے **كان ابو بكر و عثمان طويل اللحية دقيقها و كان على عريض اللحية قد ملاء ت ما بين منكبيه .**

ابو بکر صدیق اور عثمان غنی کی ڈاڑھی دراز و باریک، مولیٰ علی کی ڈاڑھی چوڑی سارا سینہ بھرے ہوئے، رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۲۵ لمعۃ الضحیٰ)

حضرت جعفر حضور کے ہم شکل تھے

لما قال عليه الصلاة و السلام لجعفر بن ابى طالب اشبهت خلقى و خلقى و فى لفظ جعفر اشبه الناس بى خلقا و خلقا فحجل اى مشى على رجل واحدة و فى رواية رقص من لذة هذا الخطاب .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ تم صورت وسیرت میں میرے مشابہ ہو۔ اور ایک روایت میں ہے کہ جب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جعفر لوگوں میں سب سے زیادہ میری صورت وسیرت میں میرے مشابہ ہے تو وہ خوشی کے باعث ایک پیر پر چلنے لگے اور ایک روایت میں ہے کہ اس بات کی لذت سے وہ جھومنے لگے۔ (مولف)

(فتاوی رضویہ ۹، ص ۴۴۵)

اہل بدر کی مغفرت

حضرات اہل بدر رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے لیے ارشاد ہوتا ہے **اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم.**

جو چاہو کرو کہ میں تمھیں بخش چکا۔ (فتاوی رضویہ ج ۹، ص ۵۲۔ اعجب الامداد)

ایک صحابی کا وثوق واعتماد

ایک صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ محض مفلس تھے نکاح کیا مہر کثیر کی درخواست کی گئی قبول فرمائی اور فرمایا

علی اللہ و علی رسولہ المعول .

اللہ اور اس کے رسول پر بھروسہ ہے، یعنی وہ عطا فرمادیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا خود قرآن عظیم فرماتا ہے **و الو انهم رضوا ما أتهم الله و رسوله و قالوا حسبنا الله سیوتینا الله من فضله و رسوله انا الی الله راغبون .**

اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ راضی ہوتے اللہ ورسول کے دیے پر اور کہتے اللہ ہمیں کافی ہے اب ہمیں دیتے ہیں اللہ ورسول اپنے فضل سے بیشک ہم اللہ ہی کی طرف روئے نیاز لاتے ہیں۔ (ان صحابی رضی اللہ

تعالیٰ عنہ کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک جہاد میں بھیجا وہاں پر مال غنیمت ہاتھ آیا اس سے انھوں نے مہر ادا کر دیا)(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵،ص ۱۹۴)

حضرت سلمیٰ کا نکاح ثانی سے انکار

امام احمد مسند میں سلمیٰ بنت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

ان زوجها استشهد فاتت عبد الله بن مسعود فقالت انی امراة استشهد زوجی و قد خطبی الرجال فابیت ان اتزوج حتی القاه فترجونی ان اجتمعت انا و هو ان اکون من ازواجه قال نعم.

فقال له رجل ما رايناک نقلت هذا مذقاعدناک قال انی سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یقول ان اسرع امتی لی لحوقا فی الجنة امرأة من احمس.

حضرت سلمیٰ بنت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے شوہر شہید ہوئے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئیں اور کہا میرے شوہر نے شہادت پائی اور لوگ مجھے پیام دے رہے ہیں میں نکاح سے انکار رکھتی ہوں کیا آپ امید کرتے ہیں کہ میں اور وہ جمع ہوئے تو میں آخرت میں ان کی زوجہ ہوں فرمایا ہاں۔

ایک شخص نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ ہم جب سے آپ کے پاس بیٹھتے ہیں اس حدیث کو روایت کرتے ہوئے نہیں دیکھا انھوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جنت میں مجھ سے جلدی ملنے والوں میں میری امت میں سے قبیلہ احمس کی ایک عورت ہے۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵،ص ۵۸۸۔اطائب التہانی)

حضرت اسماء کی غیرت

صحیح حدیث سے ثابت کہ حضرت امیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحبزادی حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی بہن حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سالی حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے گھر کا پانی خود بھر کر لاتیں اپنے شوہر حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھوڑے کے لیے بیرون شہر دو میل پر جا کر دانہائے خرما جمع فرماتیں ان کی گٹھری پیادہ پا اپنے سر مبارک پر اٹھا کر لاتیں۔ ایک بار پلٹتے ہوئے راہ میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع ایک جماعت انصار کرام کے ملے حضور نے انھیں بلایا اور اونٹ کو بیٹھنے کا حکم فرمایا کہ اپنے پیچھے سوار فرمالیں انھوں نے مردوں کے ساتھ چلنے میں حیا کی اور حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی غیرت کا خیال آیا نہ فرمانا، حضرت زبیر سے حال کہا فرمایا واللہ تمھارا گٹھلیاں سر پر لے کر چلنا مجھ پر زیادہ سخت تھا اس سے کہ تم حضور کے ساتھ سوار ہو لیتیں۔

صحیحین میں ہے :

عن اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنهما قالت تزوجنی الزبیر و ماله فی الارض من مال و لا مملوک و لا شی غیر ناضح و غیر فرسه فکنت اعلف فرسه و استقی الماء و اخرز غربه و اعجن و لم اکن احسن اخبز و کان یخبز جارات لی من الانصار و کن نسوة صدق، و کنت انقل النوی من ارض الزبیر التی اقطعه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم علی راسی و هی منی علی ثلثی فرسخ فجئت یوما و النوی علی راسی فلقیت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و معه نفر من الانصار فدعانی ثم قال اخ اخ لیحملنی خلفه فاستحییت ان اسیر مع الرجال و ذکرت الزبیر و غیرته و کان اغیر الناس فعرف رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انی قد استحییت فمضی

فجئت الزبير فقلت لقيني رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و على راسى النوى و معه نفر من اصحابه فاناخ لا ركب فاستحييت منه و عرفت غيرتك فقال و الله لحملك النوى كان اشد على من ركوبك معه قالت حتى ارسل الى ابو بكر بعد ذلك بخادم يكفيني سياسة الفرس فكانما اعتقني .

امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحبزادی حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے کہا کہ جب حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے نکاح کیا تو اونٹ اور گھوڑے کے علاوہ ان کے پاس کوئی جائداد نہیں تھی میں ان کے گھوڑے کے لیے بیرون شہر دو میل پر جا کر دانہائے خرما جمع کرتی اور گھر کا پانی خود بھر کر لاتی اور ڈول مرمت کرتی اور خود خمیر کرتی لیکن اچھی روٹی پکانا نہیں جانتی تو انصار کی لڑکیاں روٹی پکادیتیں جو کامل اور قابل تعریف عورتیں تھیں، اور حضرت زبیر کی زمین جو انھیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عطا فرمائی تھی وہ شہر سے دو میل پر تھی وہاں سے اپنے سر پر گٹھلیاں لاتی تھی، ایک بار پلٹتے ہوئے راہ میں حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مع ایک جماعت انصار کرام کے ملے حضور نے مجھے بلایا اور اونٹ کو بیٹھنے کا حکم فرمایا کہ اپنے پیچھے سوار فرمالیں میں نے مردوں کے ساتھ چلنے میں حیاء کی اور حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی غیرت کا خیال آیا کہ وہ بہت غیرت مند انسان ہیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے محسوس فرمالیا کہ میں شرمارہی ہوں تو روانہ ہوگئے۔ میں جب حضرت زبیر کے پاس آئی تو ان سے پورا حال کہا تو انھوں نے فرمایا کہ واللہ تمھارا گٹھلیاں سر پر لے کر چلنا مجھ پر زیادہ سخت ہوا اس سے کہ تم حضور کے ساتھ سوار ہولیتی، حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں یہاں تک کہ میرے والد گرامی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے بعد ہمارے لیے ایک خادم بھیجا جو گھوڑے کے سائس ہونے کو کافی تھا گویا کہ انھوں نے مجھے اس کام سے نجات دے دی۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۵،ص ۵۹۲ـ اطائب التہانی)

صحابہ کو روایت حدیث میں احتیاط کی تاکید

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

عوام کے سامنے حقائق عالیہ و دقائق غالیہ کا ذکر جو ان کے مدارک افہام سے ورا ہوں کہ اشاعت علم فرض اور کتمان حرام مگر یہاں عوام کا فتنہ میں پڑنا، گناہ میں مبتلا ہونا متوقع، لہٰذا ان کے سامنے ایسا بیان شرعاً ممنوع۔

حدیث میں ہے **حدثوا الناس بما یعرفون اتحبون ان یکذب اللہ و رسولہ .**

لوگوں سے وہ باتیں کہو جنھیں وہ پہچانیں کیا یہ چاہتے ہو کہ لوگ اللہ ورسول کی تکذیب کریں۔

اسے امام بخاری نے جامع صحیح میں امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے موقوفاً اور دیلمی نے مسند الفردوس میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کیا۔

حدیث : **امرنا ان نکلم الناس علی قدر عقولھم .**

ہمیں حکم ہے کہ لوگوں سے بقدر ان کی عقول کے کلام کریں۔

اسے امام عبدالرحمٰن سلمی نے بطریق دیلمی، حسن بن سفیان نے مسند میں اور ابوالحسن تمیمی نے کتاب العقل میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

حدیث : **ما حدث احدکم قوما بحدیث لا یفھونہ الا کان فتنۃ علیھم.**

تم میں کوئی شخص کسی قوم سے کوئی ایسی حدیث کہ ان کی سمجھ سے ورا ہو بیان نہ کرے گا مگر یہ کہ وہ حدیث ان پر فتنہ ہو جائے گی۔

عقیلی و ابن السنی اور ابونعیم نے کتاب الریاضۃ میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث

روایت کی۔

دوسری روایت میں ہے **لا تحدثوا امتی من احادیثی الا ما تحتمله عقولهم فیکون فتنة علیهم .**

میری امت سے میری حدیثیں نہ بیان کرو مگر وہ جو ان کی عقلیں اٹھالیں کہ وہ حدیث ان پر فتنہ ہوجائے گی۔

اسے ابونعیم ودیلمی روایت کرتے ہیں **و فیه فکان ابن عباس یخفی اشیاء من حدیثه و یفشیها الی اهل العلم.**

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما عوام سے کچھ حدیثوں کو چھپایا کرتے تھے مگر انھیں اہل علم کے پاس بیان کرتے تھے۔ (مولف)

تیسری روایت میں ہے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **یا ابن عباس لا تحدث قوما حدیثا لا تحتمله عقولهم.**

اے ابن عباس لوگوں سے وہ حدیث بیان نہ کر جو ان کی عقل میں نہ آئے۔ یہ مسند الفردوس میں ابن عباس سے مروی ہے۔

حدیث: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں **ما انت بمحدث قوما حدیثا لا تبلغه عقولهم الا کان لبعضهم فتنة .**

تو جب کسی قوم سے وہ حدیث بیان کرے گا جس تک ان کی عقل نہ پہنچے وہ ضرور ان میں کسی پر فتنہ ہوجائے گی۔

رواہ مسلم فی مقدمة صحیحه .

قلت و من هذا الباب ما کان الامام احمد رضی الله تعالیٰ عنه یکفی فی بعض مجالسه القول برویة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ربه لیلة المعراج .

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ اسی طرح امام احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی بعض مجلس میں شب معراج حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رب کو دیکھنے کا بیان چھپایا کرتے تھے۔ جیسا کہ زرقانی نے بیان کیا۔ (مولف)

و قد صح عن ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه انه قال حفظت عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و عائین فاما احدهما فبثته و اما الاخر فلو بثته قطع هذا البلعوم . رواه البخاری .

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے (علم کے) دو برتن محفوظ کیے ایک کو تو میں نے پھیلایا لیکن اگر دوسرے کو پھیلاؤں تو یہ حلق کٹ جائے۔ یہ حدیث بخاری نے روایت کی ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۵۹۳۔ اطائب التہانی)

حکیم بن حزام کی بیعت

حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے :

بایعت رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ان لا اخر الا قائما ای لا اموت الا ثابتا علی الاسلام .

حکیم بن حزام رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے

بیعت کی اس بات پر کہ اسلام پر قائم رہ کر مروں گا۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۲۲)

حضرت عاتکہ کو مسجد نبوی سے عشق

حضرت سیدنا زبیر بن العوام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی زوجہ مقدسہ صالحہ، عابدہ، زاہدہ تقیہ، نقیہ حضرت عاتکہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو عملی طور سے متنبہ کر کے مسجد کریم مدینہ طیبہ سے باز رکھا ان پاک بی بی کو مسجد کریم سے عشق تھا پہلے امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں آئیں، قبل نکاح امیر المومنین سے شرط کرالی کہ مجھے مسجد سے نہ روکیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۱۷۳۔جمل النور)

ام سعد کا کنواں

حدیث، سیدنا سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ سنن ابی داؤد و سنن نسائی میں مروی :

انه قال يا رسول الله ان ام سعد ماتت فای الصدقة افضل قال الماء قال فحفر بيرا و قال هذه لام سعد.

یعنی انھوں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی کہ یا رسول اللہ میری ماں نے انتقال کیا تو کون سا صدقہ افضل ہے، فرمایا پانی، انھوں نے کنواں کھود کر کہا یہ مادر سعد کے لیے ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴،ص ۱۹۴)

سلمان فارسی اور عبداللہ بن سلام کا معاہدہ

ابن ابی الدنیا و بیہقی سعید بن مسیب سے راوی :

ان سلمان الفارسی و عبد الله بن سلام التقيا فقال احدهما لصاحبه ان لقيت

ربک قبلی فاخبرنی ماذا لقیت فقال او تلقی الاحیاء الاموات قال نعم اما المومنون فان ارواحهم فی الجنة و هی تذهب حیث شاء ت.

سلمان فارسی وعبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہما ملے ایک صاحب نے دوسرے سے فرمایا اگر آپ مجھ سے پہلے انتقال کریں تو مجھے خبر دیں کہ وہاں کیا پیش آیا دوسرے صاحب نے پوچھا کہ کیا زندہ اور مردے بھی آپس میں ملتے ہیں فرمایا ہاں مسلمانوں کی روحیں تو جنت میں ہوتی ہیں اور انھیں اختیار ہوتا ہے جہاں چاہیں جائیں۔

مغیرہ بن عبدالرحمٰن کی روایت میں تصریح آئی کہ یہ ارشاد فرمانے والے حضرت سلمان فارسی تھے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سعید بن منصور اپنے سنن اور ابن جریر طبری کتاب الادب میں ان سے راوی :

قال لقی سلمان الفارسی عبد الله بن سلام فقال له ان مت قبلی فاخبرنی بما تلقی و ان مت قبلک اخبرتک . الحدیث.

یعنی سلمان فارسی نے عبداللہ بن سلام سے فرمایا اگر تم مجھ سے پہلے مرو تو مجھے خبر دینا کہ وہاں کیا پیش آیا اور اگر میں تم سے پہلے مروں گا تو میں تمھیں خبر دوں گا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۵۶ ۔ حیات الموات)

عمرو بن عاص کی وصیت

صحیح مسلم شریف میں ہے عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے صاحبزادے عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ وہ بھی صحابی ہیں نزع میں فرمایا۔

اذا دفنتمونی فشنوا علی التراب شنا ثم اقیموا حول قبری قدرما ینحر جزور و یقسم لحمها حتی استانس بکم و اعلم ماذا راجع به رسل ربی .

جب مجھے دفن کر چکو مجھ پر تھم تھم کر آہستہ آہستہ مٹی ڈالنا پھر میری قبر کے گرد اتنی دیر ٹھہرے رہنا کہ ایک اونٹ ذبح کیا جائے اور اس کا گوشت تقسیم ہو یہاں تک کہ میں تم سے انس حاصل کروں اور جان لوں کہ اپنے رب کے رسولوں کو کیا جواب دیتا ہوں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۵۹۔ حیات الموات)

صحیح مسلم شریف میں حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی

انه قال لابنه و هو فی سیاق الموت اذا انا مت فلا تصحبنی نائحة و لا نارا. الحدیث.

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نزع کے وقت اپنے بیٹے سے فرمایا کہ جب میں مر جاؤں تو میرے ساتھ نوحہ کرنے والی اور آگ نہ لے جانا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۴۱)

عتبان بن مالک کی امامت

حضرت عتبان بن مالک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ باجازت حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی قوم کی امامت فرماتے:

صحیحین میں بروایت ابن شہاب محمود بن الربیع انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے

ان عتبان بن مالک و هو من اصحاب رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ممن شهد بدرا من الانصار انه اتی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال یا رسول الله انی قد انکرت بصری و انا اصلی لقومی . الحدیث فی اتیانه صلی الله تعالیٰ علیه

وسلم الی بیته و صلاته فیه لیتخذه مصلی .

حضرت عتبان بن مالک انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہ صحابی رسول ہیں جو بدر میں حاضر ہوئے انھوں نے بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کیا یارسول اللہ میری آنکھیں جا چکی ہیں اور میں اپنی قوم کی امامت کرتا ہوں، پھر آگے حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ یارسول اللہ بارش وغیرہ ہو جائے تو میرا حاضر ہونا مشکل ہو جاتا ہے لہٰذا آپ تشریف لے چلیں تاکہ میں آپ کی جائے سجدہ کو مصلی بنالوں۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک دن چاشت کے وقت ان کے گھر چند صحابہ کرام کے ساتھ تشریف لے آئے اور نماز چاشت ادا فرمائی۔ (مولف)

ابن ام مکتوم کو نائب بنایا

احمد وابوداؤد انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم استخلف ابن ام مکتوم علی المدینة مرتین یصلی بهم و هو اعمی .

یعنی حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے (سفر کو تشریف لے جاتے) دو بار مدینہ طیبہ پر نیابت عطا فرمائی کہ باقی ماندہ لوگوں کی امامت کرتے اور وہ اندھے تھے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۱۶۱، ۱۶۲)

معاذ بن جبل سے فرشتوں کی مباہات

حدیث، دع عنک معاذا فان اللہ یباهی به الملائکة قاله لرجل قال له معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنه تعال حتی نومن ساعةِ فشکاه الرجل النبی صلی اللہ تعالیٰ

علیہ وسلم و قال او ما نحن بمؤمن فقال له رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ذلک . اخرجه سیدی محمد بن علی الترمذی عن معاذ رضی الله تعالیٰ عنه.

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک آدمی سے فرمایا کہ معاذ کو چھوڑ و کیوں کہ اللہ تعالیٰ ان سے فرشتوں میں مباہات فرماتا ہے، جب کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک آدمی سے کہا کہ آؤ تا کہ تھوڑی دیر ایمان کی بات کریں تو اس آدمی نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شکایت کی اور عرض کی کیا ہم مومن نہیں ہیں؟ تب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس آدمی سے یہ فرمایا کہ معاذ کو چھوڑ و کہ اللہ تعالیٰ ان سے فرشتوں میں مباہات فرماتا ہے۔

اسے سیدی محمد بن علی ترمذی نے معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (مولف)

عبداللہ بن رواحہ کی مجالس خیر سے محبت

حدیث، کان عبد الله بن رواحة رضی الله تعالیٰ عنه اذا لقی الرجل من اصحاب النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال تعال نومن بربنا ساعة فقال ذات یوم لرجل فغضب الرجل فجاء الی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال یا رسول الله الا تری الی ابن رواحة یرغب عن ایمانک الی ایمان ساعة فقال النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یرحم الله ابن رواحة انه یحب المجالس یباهی به الملائکة . رواه احمد بسند حسن عن انس بن مالک رضی الله تعالیٰ عنه .

عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب کسی صحابی رسول سے ملتے تو کہتے آؤ تا کہ تھوڑی دیر ایمان باللہ کی بات کریں لہٰذا عبداللہ بن رواحہ نے یہی بات ایک دن ایک صاحب سے کہی تو انھوں نے غصہ کیا اور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں آکر عرض کی یا رسول اللہ آپ ابن رواحہ کو

ملاحظہ فرمارہے ہیں؟ کہ وہ تو آپ کے ایمان سے ایمان ساعت کی طرف روگردانی کر رہے ہیں تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ابن رواحہ پر رحم فرمائے وہ تو ایسی مجلسوں کو محبوب رکھتا ہے جن پر فرشتے فخر و مباہات کرتے ہیں۔ اسے امام احمد نے بسند حسن انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ابوہریرہ کے دو برتن

حدیث، ابو هريرة رضي الله تعالىٰ عنه حفظت عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وعائين فاما احد هما فبثته و اما الاخرى فلو بثته قطع هذا البلعوم .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے (علم کے) دو برتن محفوظ کیے، ان میں سے ایک کو پھیلایا لیکن اگر دوسرا پھیلا دوں تو میرا حلق کاٹ دیا جائے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۲۸۳، ۲۸۴۔ النہی الاکید)

ابن ام مکتوم کو جماعت میں آنے کی تاکید

صحیح مسلم میں ہے:

عن ابى هريرة رضى الله تعلى عنه قال اتى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم رجل اعمى فقال يا رسول الله انه ليس لى قائد يقودنى الى المسجد فسأل رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم ان يرخص له فيصلى فى بيته فرخص فلما ولى دعاه فقال هل تسمع النداء بالصلاة فقال نعم قال فاجب. وأخرجه السراج فى مسنده مبينا فقال اتى ابن ام مكتوم الأعمى. الحديث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ بارگاہ رسالت میں ایک نابینا شخص نے آ کر عرض کیا یارسول اللہ مجھے مسجد تک پہنچانے والا کوئی نہیں پھر انھوں نے گھر میں ہی نماز پڑھنے کی رخصت طلب کی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رخصت دے دی جب وہ چلے تو حضور نے بلا کر ارشاد فرمایا کہ کیا تم نماز کی اذان سنتے ہو انھوں نے عرض کی ہاں حضور نے فرمایا تو حاضر ہو۔ اسی طرح مسند سراج میں بھی بیان کیا گیا ہے۔

حاکم کی روایت میں ہے :

عن ابن ام مكتوم قلت يا رسول الله ان المدينة كثيرة الهوام و السباع قال تسمع حي على الصلاة حي على الفلاح قال نعم قال فحيهلا.

یعنی حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ مدینہ میں کیڑے مکوڑے (سانپ بچھو وغیرہ) اور درندے کثرت سے ہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم **حي على الصلاة ، على الفلاح** یعنی اذان سنتے ہو انھوں نے عرض کی ہاں فرمایا تب تو حاضر ہو۔ (مولف)

احمد وابن خزیمہ اور حاکم ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

يعني ان اصلي في بيتي قال اتسمع الاقامة قال نعم قال فأتها . و في اخرى قال فاحضرها و لم يرخص له .

ابن ام مکتوم نے عرض کی کیا مجھے گھر میں نماز پڑھنے کی گنجائش ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا اقامت سنتے ہو عرض کی ہاں فرمایا تو حاضر ہو اور انھیں رخصت نہیں دی۔ (مولف)

و للبيهقي عنه سأل ان يرخص له في صلاة العشاء و الفجر قال هل تسمع

الاذان قال نعم مرة او مرتين فلم يرخص له في ذلک .

بیہقی کے یہاں یہ ہے کہ ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نماز عشاوفجر کے لیے مسجد میں حاضر نہ ہونے کی رخصت طلب کی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم اذان سنتے ہو عرض کی ہاں ہاں حضور نے پھران کو اس میں رخصت نہیں دی۔ (مولف)

و لـه عن كعب بن عجرة جاء رجل ضرير الى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فيه ايبلغک النداء قال نعم (قال) فاذا سمعت اجب .

ایک نابینا شخص بارگاہ رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوا اور اس حدیث میں یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم کو اذان کی آواز پہنچتی ہے عرض کی ہاں حضور نے فرمایا جب اذان سنتے ہو تو حاضر ہو۔ (مولف)

احمد وابو یعلی ابن حبان اور طبرانی اوسط میں جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال اتسمع الاذان قال نعم قال فاتها و لو حبوا.

اس روایت میں یہ ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے (ابن ام مکتوم) سے فرمایا کیا اذان سنتے ہو عرض کی ہاں حضور نے فرمایا تو حاضر ہو اگر چہ گھسیٹ کر ہو۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۳۲۷۔ القلادة المرصعة)

صحابہ کا حضور سے قرآن سیکھنا

امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اگر چہ بسبب کمال افادۂ حضور فاعل کامل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و

نہایت استعداد نفوس قوابل رضی اللہ تعالیٰ عنہم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سن کر سیکھا مگر وہ بھی بطور تعلیم وتلقین، ظاہر باطن ونظم ومعنی وحکم وحکمت تھا نہ یوں کہ صرف نماز میں قرأت اقدس سے لفظ یاد کر لیے۔ صحابہ کرام دس دس آیتیں مع ان کے علم وعمل کے سیکھتے جب ان پر قادر ہو جاتے دس اور تعلم فرماتے، اسی طرح امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارہ برس میں سورۂ بقرہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پڑھی جب ختم فرمائی ایک اونٹ ذبح کیا۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے آٹھ سال میں پڑھی کہ جس قدر تدبر زائد دیر زائد۔

ابن عساکر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

قال كنا اذا تعلمنا من النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عشر آيات من القرآن لم نتعلم العشر التى بعدها حتى نعلم ما فيه فقيل لشريك من العمل قال نعم.

یعنی جب ہم حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قرآن کی دس آیتیں سیکھتے تھے تو اگلی دس آیتوں کا سبق اس وقت تک نہیں لیتے جب تک پچھلے سبق کے احکام ومضامین کا ہمیں علم نہ ہو جاتا، شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا گیا کیا وہ عمل ہے فرمایا ہاں۔ (مولف)

ابوبکر بن ابی شیبہ اپنی مصنف میں ابوعبدالرحمٰن سلمی سے راوی:

قال حدثنا من كان يقرينا من اصحاب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم انهم كانوا يقترون من رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عشر آيات و لا ياخذون فى العشر الاخرى حتى يعلموا ما فى هذه من العلم و العمل فعلمنا العلم و العمل.

ابوعبدالرحمٰن سلمی نے فرمایا کہ حدیث بیان کی ہم سے صحابۂ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں سے وہ جو زیادہ قرآن جانتے تھے کہ وہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دس آیتیں پڑھتے اور دوسری دس

آیات شروع کرنے سے قبل ان کا علم وعمل جان لیتے تھے تو ہم نے علم وعمل سیکھ لیا۔ (مولف)

ابن سعد طبقات میں بطریق عبدالرحمٰن بن جعفر عن ابی الملیح عن میمون اور امام مالک موطا میں بلاغا

راوی :

ان ابن عمر تعلم البقرة فی ثمان سنین .

عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے سورۂ بقرہ آٹھ سال میں پڑھی۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۶۷، ۵۶۸۔ وصاف الرجیح)

صحابہ ستارے کی مانند ہیں

میزان مبارک میں حدیث ہے :

اصحابی کالنجوم بایهم اقتدیتم اهتدیتم .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں ان میں سے جس کسی کی تم نے پیروی کی ہدایت یاب ہو جاؤ گے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۶۰۔ منیر العین)

صحابہ کی محبت

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی نسبت فرمایا :

من احبهم فبحبی احبهم ومن ابغضهم فببغضی ابغضهم

جس نے میری محبت کے سبب میرے صحابہ سے محبت کی تو میں اسے محبوب رکھتا ہوں اور جس نے

میرے بغض کے باعث میرے صحابہ سے عداوت کی تو میں اسے برا جانتا ہوں۔ (مؤلف)

(فتاوی رضویہ، ج ۹، ص ۲۰۰)

صحابہ کرام کی محبت کے تعلق سے کیا اعتقاد ہونا چاہئے تو اس سلسلہ میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر فرماتے ہیں:

لیس حب الصحابة لذواتهم و لا حب اهل البیت لانفسهم بل حبهم جمیعا لو صلتهم برسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فمن احب رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم وجب ان یحبهم جمیعا و من ابغض بعضهم ثبت انه لا یحب رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم، فلا نفرق بین احد منهم کما لا نفرق بین رسل ربنا صلوات الله و سلامه علیهم۔

و من احب ابا بکر و لم یحب علیا کالنواصب و الخوارج علم انه انما یحب ابن ابی قحافة لا خلیفة رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و حبیبه و صاحبه، و من احب علیا و لم یحب ابا بکر کالروافض علم انه انما یحب ابن ابی طالب لا اخا رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و ولیه و نائبه۔ و هذا معنی قول المولوی قدس سره فی المثنوی۔

اے گرفتار ابو بکر و علی
تو چہ دانی سر حق کہ غافلی

یعنی صحابہ اور اہل بیت کی محبت ان کی ذات ونفس کے اعتبار سے نہیں ہے بلکہ ان سب کی محبت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے تعلق اور رشتہ ہونے کیا سبب سے ہے تو جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ

وسلم سے محبت کرے تو اس پر واجب ہے کہ صحابہ اور اہل بیت سے محبت کرے اور جو ان میں سے کسی سے بغض وعداوت رکھے تو ثابت ہو جائے گا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے محبت نہیں کرتا ہے، ہم صحابہ کے درمیان فرق نہیں کرتے ہیں جیسا کہ رسولان عظام علیہم الصلاۃ والسلام کے درمیان فرق نہیں کرتے۔

اور جس نے ابوبکر صدیق سے محبت کی اور علی سے نہ کی جیسے ناصبی اور خارجی، تو معلوم ہو گیا کہ وہ ابوقحافہ کے بیٹے سے محبت کرتا ہے، حضور کے خلیفہ وحبیب اور ساتھی سے نہیں، اور جس نے علی سے محبت کی اور ابوبکر سے نہیں جیسے رافضی، تو معلوم ہو گیا کہ وہ ابوطالب کے بیٹے سے محبت کرتا ہے حضور کے بھائی وولی اور نائب سے نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وآلہ واصحابہ وبارک وسلم۔ اور یہی مطلب ہے مثنوی میں مولانا روم قدس سرہ کے اس شعر کا۔

اے گرفتہ ابوبکر و علی
تو چہ دانی سر حق کہ غافلی

(المعتمد المستند، ص۱۳۸)

اے ابوبکر صدیق اور علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے بغض وعداوت کرنے والو تم تو غافل ہو تم کیا جانو کہ اس میں حق تعالیٰ کا راز کیا ہے۔ (مولف)

صحابہ کو ساتھ مل کر کھانے کی تاکید

صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کی یا رسول اللہ ہم کھاتے ہیں اور سیر نہیں ہوتے فرمایا اکٹھے ہو کر کھاتے ہو یا الگ الگ عرض کی الگ الگ فرمایا:

اجتمعوا علی طعامکم و اذکروا اسم الله یبارک لکم فیه .

جمع ہو کر کھاؤ اور اللہ تعالیٰ کا نام لو تمہارے لیے اسی میں برکت رکھی جائے گی۔

اسے ابوداؤد وابن ماجہ وابن حبان نے وحشی بن حرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :

کلوا جمیعا و لا تفرقوا فان البرکة مع الجماعة .

مل کر کھاؤ اور جدا نہ ہو کہ برکت جماعت کے ساتھ ہے۔

اسے ابن ماجہ وعسکری نے المواعظ میں امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بسند حسن روایت کیا۔

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم:

ان احب الطعام الی اللہ تعالیٰ ما کثرت علیه الأیدی .

بیشک سب کھانوں میں زیادہ پیارا اللہ عزوجل کو وہ کھانا ہے جس پر ہاتھ بہت سے ہوں۔ (یعنی جتنے آدمی زیادہ مل کر کھائیں گے اتنا ہی اللہ تعالیٰ کو زیادہ پسند ہوگا)

اسے ابویعلی وطبرانی اور ابوالشیخ نے جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

(رادالقحط والوباء)

صحابہ اہل زمین کے لیے گواہ ہیں

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف فرما تھے ایک جنازہ گزرا حاضرین نے اس کی تعریف کی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وجبت واجب ہوگئی۔ دوسرا جنازہ گزرا اس کی مذمت کی، نبی صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وجبت واجب ہوگئی۔ امیرالمومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا چیز واجب ہوگئی فرمایا :

هذا اثنيتم عليه خيرا فوجبت له الجنة و هذا اثنيتم عليه شرا فوجبت له النار انتم شهداء الله فى الأرض .

پہلے کی تم نے تعریف کی اس کے لیے جنت واجب ہوگئی، دوسرے کی مذمت کی اس کے لیے دوزخ واجب ہوگئی تم اللہ تعالیٰ کے گواہ ہو زمین میں۔

امام احمد و بخاری و مسلم نے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۲۵۵)

آداب بارگاہ

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر فرماتے ہیں کہ خدا کا پیغام ہے کہ :

ان کے حضور آواز بلند کرنے سے عمل حبط ہوجاتے ہیں، انھیں نام لے کر پکارنے والے سخت سزائیں پاتے ہیں، اپنے جان و دل کا انھیں مالک جانو، ان کے حضور زندہ بدست مردہ ہوجاؤ، ہمارا ذکر ان کی یاد کے ساتھ ہے، ان کا ہاتھ بعینہ ہمارا ہاتھ ہے، ان کی رحمت ہماری مہر، ان کا غضب ہمارا قہر، جس قدر ملازمت زیادہ ہوتی ہے حضور کی عظمت و محبت ترقی پاتی اور وہ حال مذکور یعنی خشوع و خضوع و رعب و ہیبت روز افزوں کرتی اور ایمان حضور کی تعظیم و محبت کا نام ہے۔

حلیۂ اقدس کے راوی

ترجمۂ ابن ابی ہالہ میں علامہ خفاجی فرماتے ہیں :

و كان ربيب رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اخا لفاطمة و خال الحسنين رضى الله تعالىٰ عنهم لصغره يتشبع من النظر لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و يديم النظر لوجهه لكونه عنده داخل بيته فلذا اشتهر وصف النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عنه دون غيره من كبار الصحابة رضى الله تعالىٰ عنهم فانهم لكبرهم كانوا يهابون اطالة النظر اليه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فاحاط به نظره احاطة الهالة بالبدر و الاكمام بالتمر هنيا له مع ان ما قاله قطرة من بحر.

حضرت ابن ابو ہالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ربیب، فاطمہ کے بھائی اور حضرات حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ماموں تھے یہ اپنے بچپنے کے سبب سے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف بھر پور نظر کرتے تھے اور حضور کے وجہ کریم کو مسلسل دیکھتے رہتے کیوں کہ یہ حضور کے ساتھ کاشانہ اقدس میں رہتے، اسی لیے حضور کا حلیۂ اقدس کے اوصاف انھیں سے مروی ہیں اکابر صحابہ نے حلیہ انور بیان نہیں فرمایا ہے۔ وہ بڑے ہونے کے سبب سے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف زیادہ دیر تک نظر جما کر دیکھنے سے ڈرتے تھے۔ ابن ابو ہالہ نے جمال جہاں آراء کا احاطہ اس طرح کیا جس طرح چودھویں کے چاند کے اردگرد ہالہ اور کھجور پر غلاف ہوتا ہے، ان کو مبارک ومژدہ ہو کہ ان سے اوصاف حضور مروی ہیں مگر ابن ابو ہالہ نے جو بیان کیا ہے وہ حضور کے بحر کرامت کا ایک قطرہ ہے۔

تعظیم نبی اور ایمان

امام احمد رضا بریلوی ایک موقع پر فرماتے ہیں :

ایمان صرف حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم، محبت، عظمت کا نام ہے تو جس کے دل میں جس قدر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ومحبت وعظمت زائد اسی قدر اس کا ایمان اکمل، اور جس قدر

کم، اتنا ہی ایمان ناقص، اور جس کے دل میں بالکل نہیں وہ مطلقاً کافر ہے۔

لا یومن احدکم حتی اکون احب الیہ من والدہ و ولدہ و الناس اجمعین.

قطعاً اپنے ظاہر پر محمول ہے، بیشک جب تک محبت دینی، ایمانی، اختیاری، ایقانی میں محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام جہان اور خود اپنی جان سے زیادہ نہ چاہے ہرگز مومن نہیں۔

انزال کتب وارسال رسل بلکہ تخلیق آدم وعالم سب اظہار عظمت عظیمہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ہے۔

ابن عساکر سیدنا سلیمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضرت عزت جل جلالہ نے حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وحی بھیجی اگر میں نے ابراہیم کو خلیل کیا تمھیں اپنا حبیب کیا اور تم سے زیادہ اپنی بارگاہ میں عزت وکرامت والا کوئی نہ بنایا۔

و لقد خلقت الدنیا و اھلھا لا عرفھم کرامتک و منزلتک عندی و لولاک لما خلقت الدنیا.

میں نے دنیا ومخلوقات دنیا اسی لیے بنائی کہ میری بارگاہ میں جو منزلت وعزت تمھاری ہے ان پر ظاہر فرمادوں اگر تم نہ ہوتے میں دنیا نہ بناتا۔

یعنی دنیا وآخرت کچھ نہ ہوتی کہ آخرت دارالجزا ہے اور دارالجزا کو دارالعمل پر تقدم ضروری ہے۔ جب دارالعمل بلکہ عالمین ہی نہ ہوتے دارالجزا کہاں سے آتی؟

حاکم نے صحیح مستدرک میں روایت کی حضرت عزت عزوعلا نے آدم علیہ السلام کو وحی بھیجی

لو لا محمد ما خلقتک و لا ارضا و لا سماء.

اگر محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نہ ہوتے نہ میں تمھیں پیدا کرتا نہ آسمان وزمین بناتا۔

(ماخوذ از حیات اعلیٰ حضرت جلد اول)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی اپنے آقا و مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم وتوقیر اور صحابہ کے فضائل میں یوں مدح سرا ہیں:

تیرے چاروں ہمدم ہیں یک جان یک دل ابو بکر فاروق عثماں علی ہے
تیرے در کا درباں ہے جبریل اعظم تیرا مدح خواں ہر نبی و ولی ہے

•

میں ایک محتاج بے وقعت گدا تیرے سگ در کا
تیری سرکار والا ہے تیرا دربار عالی ہے

•

اصحاب نجوم رہنما ہیں
کشتی ہے آل مصطفائی

•

صدق و عدل و کرم و ہمت میں
چار سو شہرے ہیں ان چاروں کے

•

جناں بنے گی محبان چار یار کی قبر
جو اپنے سینے میں یہ چار باغ لے کے چلے

جاں نثاران بدر و احد پر درود — حق گزاران بیعت پہ لاکھوں سلام
وہ دسوں جن کو جنت کا مژدہ ملا — اس مبارک جماعت پہ لاکھوں سلام
ان کے مولیٰ کی ان پر کروروں درود — ان کے اصحاب وعترت پہ لاکھوں سلام

مومنین پیش فتح وپس فتح سب — اہل خیر و عدالت پہ لاکھوں سلام
جس مسلماں نے دیکھا انھیں اک نظر — اس نظر کی بصارت پہ لاکھوں سلام

خدا کی قسم مصطفیٰ کے صحابہ — سب آپس میں یک جان و یک دل دو قالب
جو ان میں نفاق و عداوت بتائے — وہ مردود جھوٹا وہ ملعون کاذب
(حدائق بخشش)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

یعنی اس افضل الخلق بعد الرسل
ثانی اثنین ہجرت پہ لاکھوں سلام

الا تنصروہ فقد نصرہ اللہ اذ اخرجہ الذین کفروا ثانی اثنین اذ ھما فی الغار اذ یقول لصاحبہ لا تحزن ان اللہ معنا فانزل اللہ سکینتہ علیہ۔

اگر تم محبوب کی مدد نہ کرو تو بیشک اللہ نے ان کی مدد فرمائی جب کافروں کی شرارت سے انھیں باہر تشریف لے جانا ہوا صرف دو جان سے جب وہ دونوں غار میں تھے جب اپنے یار سے فرماتے تھے غم نہ کھا بے شک اللہ ہمارے ساتھ ہے تو اللہ نے اس پر اپنا سکینہ اتارا۔ (التوبہ/۴۰)

حضرت ابوبکر صدیق ﷜

ان کا نام جاہلیت میں عبدالکعبہ تھا اور بعض عبدرب الکعبہ نام بتاتے ہیں۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا نام عبداللہ رکھا، ایک قول ہے کہ عتیق رکھا اس بناء پر کہ وہ آتش دوزخ سے آزاد ہیں۔

بعض کہتے ہیں کہ ان کی والدہ کا کوئی بچہ زندہ نہ رہتا تھا جب یہ پیدا ہوئے تو ان کو قبلہ رو کھڑا کر کے کہا، اے خدا ان کو موت سے رستگاری دے اور ان کو میرے لیے بخش دے۔

بعض کہتے ہیں کہ عبداللہ بھی ان کا قدیمی نام ہے درست وصواب یہ ہے کہ یہ نام اور لقب دونوں اسلامی ہیں۔ ترمذی میں مروی ہے کہ من اراد ان ینظر الی العتیق من النار فینظر الی ابی بکر.

جو چاہتا ہے کہ ایسے شخص کو دیکھے جو جہنم سے آزاد ہے تو اسے چاہیے کہ وہ ابوبکر کی طرف دیکھے۔

ایک قول یہ ہے کہ لقبه لقب به بعتاقه ای حسنه و جماله .

یعنی ان کے حسن و جمال کے سبب سے ان کا لقب عتیق رکھا گیا۔

اور بعض کہتے ہیں کہ عتیق اس بنا پر لقب تھا کہ ان کے نسب میں کوئی بات ایسی نہ تھی جس سے ان پر عیب لگایا جاتا کیوں کہ وہ پہلے ہی سے خیر پر تھے۔

قاموس میں ہے العتق ، الکرم و الجمال و النجابة و الشرف و العتیق لقب الصدیق او سمیته به امته .

عتیق کے معنی کرم، جمال، نجابت وشرافت کے ہیں اور عتیق ابوبکر صدیق کا لقب ہے یا ان کی آزاد کردہ باندی کو عتیق کہا جاتا ہے۔

اور تمام امت کا آپ کے صدیق نام ہونے پر اتفاق ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصدیق میں انھوں نے سبقت و پہل کی۔ اور تمام احوال میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صداقت پر انھوں نے تصدیق کو لازم جانا۔

دار قطنی اور حاکم نے ابو یحییٰ سے روایت کی ہے انھوں نے کہا کہ میں شمار نہیں کر سکتا کہ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو منبر شریف پر فرماتے کتنی مرتبہ میں نے سنا ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان پر ابوبکر کا نام صدیق رکھا۔

حضرت صدیق کی پیدائش حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت مبارکہ سے دو سال اور چند ماہ بعد ہے۔ اور اتنی ہی مدت ان کی خلافت کی ہے جو حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد پوری کر کے وفات پائی ہے۔ ان کی عمر شریف تریسٹھ سال کی ہوئی ان کے فضائل و مناقب بے شمار ہیں۔

حضرت صدیق ایمان لاتے ہیں

جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مبعوث ہوئے تو مجھے دعوت اسلام دی، میں نے کہا ہر نبی اپنی نبوت کے لیے کوئی نہ کوئی دلیل و برہان رکھتا ہے، آپ کی کیا دلیل ہے، حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری نبوت کی دلیل وہ خواب ہے جو تم نے دیکھا تھا اور پھر راہب کا یہ کہنا کہ اس خواب کا کوئی اعتبار نہیں، اور بحیرہ کا کہنا کہ اس خواب کی تعبیر یوں ہے۔ اور اسی طرح میں نے تم سے کہہ دیا ہے جس کی مجھے جبریل نے اطلاع دے دی تھی۔ میں نے کہا حضور! میں آپ سے کوئی دلیل ماسوائے **اشھد ان لا الٰہ الا اللہ و اشھد ان محمدا عبدہ و رسولہ** طلب نہیں کرتا۔

اس کے بعد حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا میں نے پہلے جس شخص کو بھی دعوت اسلام دی اس

نے تھوڑا بہت ضرور تامل وتوقف کیا لیکن ابوبکر ہیں کہ دعوت اسلام کے بعد فوراً بغیر کسی دلیل و برہان کے مجھ پر ایمان لے آئے اور میرے مصدق بنے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

صدیق اکبر امیر الحج

غزوۂ تبوک سے واپسی کے بعد حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے ذو القعدہ ۹ھ میں تین سو مسلمانوں کا ایک قافلہ مدینہ منورہ سے حج کے لیے مکہ مکرمہ بھیجا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو امیر الحج اور حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نقیب اسلام اور حضرت سعد بن ابی وقاص و حضرت جابر بن عبد اللہ و حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو معلم بنادیا اور اپنی طرف سے قربانی کے لیے بیس اونٹ بھی بھیجے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حرم کعبہ اور عرفات و منیٰ میں خطبہ پڑھا اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہوئے اور سورۂ براۃ کی چالیس آیتیں پڑھ کر سنائیں اور اعلان کر دیا کہ اب کوئی مشرک خانہ کعبہ میں داخل نہ ہو سکے گا، نہ کوئی برہنہ بدن اور ننگا ہو کر طواف کر سکے گا اور چار مہینے کے بعد کفار و مشرکین کے لیے امان ختم کر دی جائے گی۔ حضرت ابوہریرہ اور دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس اعلان کی اس قدر زور زور سے منادی کی کہ ان لوگوں کا گلا بیٹھ گیا۔ اس اعلان کے بعد کفار و مشرکین فوج کی فوج آ کر مسلمان ہونے لگے۔

ابوبکر کی آخری تمنا

امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی وفات سے صرف چند گھنٹے پہلے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کفن مبارک میں کتنے کپڑے تھے اور آپ کی وفات کس دن ہوئی؟

اس سوال کی وجہ یہ تھی کہ آپ کی یہ انتہائی تمنا تھی کہ زندگی کے ہر لمحات تو میں نے اپنے تمام

معاملات میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مبارک سنتوں کی مکمل طور پر اتباع کی ہے۔ مرنے کے بعد کفن اور وفات کے دن بھی مجھے آپ کی اتباع سنت نصیب ہو جائے۔

صدیق پہلوئے رسول میں

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد بعض لوگوں نے یہ خیال ظاہر کیا کہ آپ کو شہداء کے درمیان دفن کر دیں۔ اور بعض کہتے تھے کہ آپ کو جنت البقیع میں دفن کیا جائے۔ میں نے کہا میں تو انھیں اپنے حجرے میں اپنے محبوب کے پاس دفن کروں گی۔ ابھی ہم اسی اختلاف میں تھے کہ مجھ پر نیند غالب آ گئی میں نے کسی کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ، محبوب کو محبوب کی طرف لے آؤ۔ جب میں بیدار ہوئی تو پتہ چلا کہ تمام حاضرین نے اس آواز کو سن لیا تھا یہاں تک کہ مسجد میں موجود لوگوں نے بھی اس آواز کو گوش ہوش سے سنا۔

تربت رسول سے آواز

وفات سے پہلے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وصیت فرمائی تھی کہ میری تابوت کو حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے روضۂ انور کے پاس لاکر رکھ دینا اور **السلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیک و سلم** کہہ کر عرض کرنا کہ حضور ابوبکر آپ کے آستانہ عالیہ میں حاضر ہوا ہے۔ اگر اجازت ہوئی تو دروازہ کھل جائے گا اور مجھے اندر لے جانا ورنہ جنت البقیع میں دفن کر دینا۔

راوی کا بیان ہے کہ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وصیت پر عمل کیا گیا اور ابھی وہ کلمات پایۂ اختتام کو نہ پہنچے تھے کہ پردہ اٹھ گیا اور آواز آئی کہ حبیب کو حبیب کی طرف لے آؤ۔ سبحان اللہ۔

(مدارج النبوۃ دوم، شواہد النبوۃ، سیرت مصطفیٰ)

امت میں سب سے افضل

پوری امت مرحومہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سب سے افضل ہیں، امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم : **لما خلق الله العرش كتب عليه بقلم نور طول القلم ما بين المشرق و المغرب لا اله الا اله محمد رسول الله به آخذ و اعطى و امته افضل الامم و افضالها ابو بكر الصديق.**

جب اللہ تعالیٰ نے عرش بنایا اس پر نور کے قلم سے جس کا طول مشرق سے مغرب تک تھا لکھا اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں محمد اللہ کے رسول ہیں، میں انھیں کے واسطے سے لوں گا اور انھیں کے وسیلے سے دوں گا ان کی امت سب امتوں سے افضل ہے اور ان کی امت میں سب سے افضل ابوبکر صدیق۔ رافعی نے سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

صدیق سبقت لے گئے

امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ ہمیں (رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے) صدقہ دینے کا حکم فرمایا اتفاق سے ان دنوں میں کافی مالدار تھا میں نے اپنے جی میں کہا اگر کبھی میں ابوبکر صدیق سے سبقت لے جاؤں گا تو وہ دن آج ہے، میں اپنا آدھا مال حاضر لایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **ما ابقيت لاهلك** تم نے اپنے گھر والوں کے لیے کیا باقی رکھا میں نے عرض کی **ابقيت لهم** ان کے لیے بھی باقی چھوڑ آیا ہوں فرمایا **ما ابقيت لهم** آخر کتنا باقی چھوڑ آئے ہو عرض کی مثلہ اتنا ہی اور صدیق اکبر اپنا سارا مال تمام وکمال لے کر حاضر ہوئے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **يا ابا بكر ما ابقيت لاهلك** اے ابوبکر گھر والوں کے لیے کیا باقی رکھا عرض کی **ابقيت لهم الله و رسوله** میں نے گھر والوں کے لیے اللہ ورسول کو باقی رکھا ہے۔ جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

میں نے کہا میں ابوبکر سے کبھی سبقت نہ لے جاؤں گا۔

اسے دارمی، ابوداؤد، ترمذی، شاشی، ابن ابی عاص، ابن شاہین نے کتاب السنہ میں، حاکم نے مستدرک میں، ابونعیم نے حلیہ میں، بیہقی نے سنن میں اور ضیاء نے مختارہ میں امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (الامن والعلی)

امامت صدیق اکبر

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی امامت وخلافت سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر فرماتے ہیں :

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد امامت صدیق اکبر بالقطع التحقیق حقہ راشدہ ہے، نہ غاصبہ جائرہ، رحمت ورافت، حسن سیادت ولحاظ مصلحت وحمایت ملت وپناہ امت سے مزین اور عدل ودادو رشد وارشاد وقطع فساد وقمع اہل ارتداد سے محلی۔

اول، تو تلویحات وتصریحات سید الکائنات علیہ وعلی الہ افضل الصلوات والتحیات اس بارے میں بکثرت وارد۔

دوسرے، خلافت اس جناب تقوی مآب کی باجماع صحابہ واقع ہوئی، اور باطل پر اجماع امت۔

(اعتقاد الاحباب فی الجمیل والمصطفیٰ والآل والاصحاب)

خلفاء میں افضل

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ سے سوال ہوا کہ

خلفائے ثلاثہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے آیا حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ افضل تھے یا کم؟

آپ نے فرمایا:

اہل سنت و جماعت نصرہم اللہ تعالیٰ کا اجماع ہے کہ مرسلین ملائکہ ورسل وانبیائے بشر صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علیہم کے بعد حضرات خلفائے اربعہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم تمام مخلوق الٰہی سے افضل ہیں۔ تمام امم عالم اولین وآخرین میں کوئی شخص ان کی بزرگی وعظمت وعزت ووجاہت وقبول وکرامت وقرب ولایت کونہیں پہنچتا۔ **ان الفضل بیدہ یوتیہ من یشاء و اللہ ذو الفضل العظیم .**

پھر ان میں باہم ترتیب یوں ہے کہ سب سے افضل صدیق اکبر، پھر فاروق اعظم، پھر عثمان غنی، پھر مولیٰ علی صلی اللہ تعالیٰ علی سیدہم ومولاہم وآلہ وعلیہم وبارک وسلم۔

اس مذہب مہذب پر آیات قرآن عظیم واحادیث کثیرہ حضور پرنور نبی کریم علیہ وآلہ وصحبہ الصلاۃ و التسلیم وارشادات جلیلہ واضحہ امیر المومنین مولیٰ علی مرتضیٰ و دیگر ائمہ اہل بیت طہارت وارتضاء واجماع صحابہ کرام وتابعین عظام وتصریحات اولیائے امت وعلمائے ملت رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے وہ دلائل باہرہ وحجج قاہرہ ہیں جن کا استیعاب نہیں ہوسکتا۔ یہاں صرف چند ارشادات ائمہ اہل بیت کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم پر اقتصار ہوتا ہے۔

اللہ عزوجل کی بیشمار رحمت ورضوان وبرکت امیر المومنین اسد حیدر حق گو، حقداں حق پرور کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی پر کہ اس جناب نے مسئلہ تفضیل کو بغایت مفصل فرمایا اپنی کرسی خلافت وعرش زمامت پر بر سر منبر، مسجد جامع ومشاہد ومجامع وجلوات عامہ وخلوات خاصہ میں بطرق عدیدہ تامہ ومدیدہ، سپید وصاف، ظاہر وواشگاف، محکم ومفسر، بے احتمال دگر، حضرات شیخین کریمین، وزیرین جلیلین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا اپنی ذات پاک اور تمام امت مرحومۂ سید لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے افضل وبہتر ہونا ایسے روشن وابین طور پر ارشاد کیا، جس میں کسی طرح کا شائبہ شک وتردد نہ رہا، مخالف مسئلہ کو مفتری بتایا، اسی کوڑے کا مستحق ٹھہرایا،

حضرت سے ان اقوال کریمہ کے راوین اسی سے زیادہ صحابہ وتابعین، رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

صواعق امام ابن حجر مکی میں ہے

قال الذهبي و قد تواتر ذلك في خلافته و كرسي مملكته و بين الجم الغفير من شيعته ثم بسط الاسانيد الصحيحة في ذلك قال ، و يقال رواه عن علي نيف و ثمانون نفسا و عدد منهم جماعة ثم قال فقبح الله الرافضة ما اجهلهم.

ذہبی نے کہا: تواتر سے ثابت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بات اپنے دور خلافت و حکومت میں اور کثیر مصاحبین کے درمیان فرمائی بعدازاں اس بارے میں صحیح سندوں کو تفصیل سے ذکر کیا، یہ بھی کہا کہ محدثین کے نزدیک حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس امر کے روایت کرنے والے اسی سے زیادہ حضرات ہیں، ان میں سے ایک جماعت کا ذکر بھی کیا اور فرمایا خدا روافض کو ذلیل کرے کس قدر جاہل ہیں۔

یہاں تک کہ بعض مصنفان شیعہ مثل عبدالرزاق محدث صاحب مصنفات نے باوصف تشیع تفضیل شیخین اختیار کی اور کہا جب خود حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی انھیں اپنے نفس کریم پر تفضیل دیتے تو مجھے اس اعتقاد سے کب مفر ہے، مجھے یہ گناہ کیا تھوڑا ہے کہ علی سے محبت رکھوں اور علی کے خلاف کروں۔

صواعق میں ہے :

و ما احسن ما سلكه بعض الشيعة المصنفين كعبد الرزاق فانه قال و افضل الشيخين ، بتفضيل علي اياهما على نفسه و الالما فضلتهما كفى بي وزرا ان احبه ثم اخالفه .

بعض مصنف شیعہ مثل عبدالرزاق (مشہور محدث) نے کیا عمدہ طریقہ اختیار کیا ہے وہ کہتے ہیں

میں شیخین کریمین (ابو بکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کو اس لیے افضل مانتا ہوں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں اپنے آپ سے افضل قرار دیا ورنہ میں انھیں افضل نہ مانتا میرے لیے یہ کچھ کم گناہ نہیں کہ حب علی کے باوجود میں علی کی مخالفت کروں۔

ابوبکر کی افضلیت پر علی کے ارشادات

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

اب چند احادیث مرتضوی سنئے

صحیح بخاری شریف میں سیدنا وابن سیدنا امام محمد بن حنفیہ صاحبزادہ حضرت مولیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہا سے مروی۔

قلت لابی ای الناس خیر بعد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ابو بکر قلت ثم من قال عمر.

میں نے اپنے والد ماجد کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے عرض کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب آدمیوں میں بہتر کون ہے؟ فرمایا ابو بکر میں نے عرض کیا پھر کون؟ فرمایا عمر۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

امام بخاری اپنی صحیح اور ابن ماجہ سنن میں بطریق عبد اللہ بن سلمہ امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے راوی کہ فرماتے ہیں :

خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابو بکر و خیر الناس بعد ابی بکر عمر.

بہترین مردم بعد سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابو بکر ہیں، اور بہترین مردم بعد ابو بکر عمر ہیں۔ رضی

اللہ تعالیٰ عنہما (یہ ابن ماجہ کی حدیث ہے)

امام ابن القاسم اسماعیل بن محمد بن الفضل البلخی کتاب السنۃ میں راوی :

عن علقمة قال بلغ عليا ان اقواما يفضلونه على ابى بكر و عمر فصعد المنبر فحمد الله و اثنى عليه ثم قال يا ايها الناس انه بلغنى ان اقواما يفضلوننى على ابى بكر و عمر و لو كنت تقدمت فيه لعاقبت فيه فمن سمعته بعد هذا اليوم يقول هذا فهو مفتر عليه حد المفترى ثم قال ان خير هذه الامة بعد نبيها ابو بكر ثم عمر ثم الله اعلم بالخير بعد قال و فى المجلس الحسن بن على فقال و الله لو سمى الثالث لسمى عثمان .

حضرت علقمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو خبر پہنچی کہ کچھ لوگ انھیں حضرات صدیق و فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے افضل بتاتے ہیں یہ سن کر منبر پر جلوہ فرما ہوئے حمد و ثنائے الٰہی بجالائے پھر فرمایا اے لوگو! مجھے خبر پہنچی ہے کہ کچھ لوگ مجھے ابوبکر و عمر سے افضل کہتے ہیں اس بارہ میں اگر میں نے پہلے سے حکم سنا دیا ہوتا تو بیشک سزا دیتا۔ آج سے جسے ایسا کہتے سنوں گا وہ مفتری ہے اس پر مفتری کی حد یعنی اسی کوڑے لازم ہیں۔ پھر فرمایا بیشک نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد افضل امت ابوبکر ہیں پھر عمر، پھر خدا خوب جانتا ہے کہ ان کے بعد کون سب سے افضل ہے۔ علقمہ فرماتے ہیں مجلس میں سیدنا امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تشریف فرما تھے انھوں نے فرمایا خدا کی قسم اگر تیسرے کا نام لیتے تو عثمان کا نام لیتے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

امام دارقطنی سنن میں اور ابوعمر بن عبدالبر استیعاب میں حکم بن جحل سے راوی حضرت مولیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں :

لا اجد احد افضلنی علی ابی بکر و عمر الا جلدته حد المفتری .

میں جسے پاؤں گا کہ مجھے ابوبکر وعمر سے افضل کہتا ہے اسے مفتری کی حد لگاؤں گا۔

امام ذہبی فرماتے ہیں یہ حدیث صحیح ہے۔

سنن دار قطنی میں حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی اور امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے مقرب بارگاہ تھے جناب امیر انھیں ''وہب الخیر'' فرمایا کرتے تھے۔ راوی۔

انہ کان یری ان علیا افضل الامة فسمع اقواما یخالفونه فحزن حزنا شدیدا فقال له علی بعد ان اخذ یدہ و ادخله بیته ما احزنک یا ابا جحیفة فذکر له الخبر فقال الا اخبرک بخیر ھذہ الامة خیرھا ابو بکر ثم عمر قال ابو جحیفة فاعطیت الله عهدا ان لا اکتم ھذا الحدیث بعد ان شافھنی به علی ما بقیت .

یعنی ان کے خیال میں مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ تمام امت سے افضل تھے انھوں نے کچھ لوگوں کو اس کے خلاف کہتے سنا سخت رنج ہوا، حضرت مولیٰ علی ان کا ہاتھ پکڑ کر کاشانہ ولایت میں لے گئے غم کی وجہ پوچھی گزارش کی، فرمایا کہ میں تمھیں نہ بتاؤں کہ امت میں سب سے بہتر کون ہے؟ ابوبکر ہیں پھر عمر، حضرت ابو جحیفہ فرماتے ہیں میں نے اللہ عزوجل سے عہد کیا کہ جب تک جیوں گا اس حدیث کو نہ چھپاؤں گا بعد اس کے کہ حضرت مولیٰ علی نے خود بالمشافہ مجھ سے ایسا فرمایا۔

امام زین العابدین کا ارشاد

امام احمد مسند ذی الیدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ابو حازم سے راوی :

قال جاء رجل الی علی بن الحسین رضی الله تعالیٰ عنهما فقال ما کان منزلة ابی بکر و عمر من النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال منزلتهما الساعة و هما ضجیعاه

یعنی ایک شخص نے امام زین العابدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ابوبکر و عمر کا مرتبہ کیا تھا فرمایا جو مرتبہ ان کا اب ہے کہ حضور کے پہلو میں آرام کر رہے ہیں۔

ابوبکر کے حق میں اولاد فاطمہ کا اجماع

دارقطنی حضرت امام باقر سے راوی کہ فرماتے ہیں

اجمع بنو فاطمة رضی الله تعالیٰ عنهم علی ان یقولوا فی الشیخین احسن ما یکون من القول

یعنی اولاد امجاد حضرت بتول زہرا صلی اللہ تعالیٰ علی ابیھا الکریم وعلیہا وعلیہم وبارک وسلم کا اجماع و اتفاق ہے کہ ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے حق میں وہ بات کہیں جو سب سے بہتر ہو۔

ظاہر ہے کہ سب سے بہتر بات اسی کے حق میں کہی جائے گی جو سب سے بہتر ہو۔

محمد بن حنفیہ کا ارشاد

امام ابن عساکر وغیرہ سالم بن ابی الجعد سے راوی

قلت لمحمد بن الحنفیة هل کان ابو بکر اول القوم اسلاما قال لا قلت فبم علی ابو بکر و سبق حتی لا یذکر احد غیر ابی بکر قال لانه کان افضلهم اسلاما حین اسلم حتی لحق بربه .

یعنی میں نے امام محمد بن حنفیہ سے عرض کیا ابوبکر سب سے پہلے اسلام لائے تھے؟ فرمایا نہ میں نے کہا پھر کیا بات ہے کہ ابوبکر سب سے بالا رہے اور پیش لے گئے یہاں تک کہ لوگ ان کے سوا کسی کا ذکر ہی نہیں کرتے۔ فرمایا یہ اس لیے کہ اسلام میں سب سے افضل تھے جب سے اسلام لائے یہاں تک کہ اپنے رب عزوجل سے ملے۔

محمد بن عبداللہ کا ارشاد

امام ابوالحسن دارقطنی جندب اسدی سے راوی کہ امام محمد بن عبداللہ محض بن حسن مثنیٰ بن حسن مجتبیٰ بن علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہھم کے پاس کچھ اہل کوفہ و جزیرہ نے حاضر ہو کر ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بارہ میں سوال کیا، امام ممدوح نے میری طرف ملتفت ہو کر فرمایا۔

انظروا الی اهل بلادک یسألوننی عن ابی بکر و عمر لهما افضل عندی من علی.

اپنے شہر والوں کو دیکھو مجھ سے ابوبکر و عمر کے بارے میں سوال کرتے ہیں وہ دونوں میرے نزدیک بلاشبہ علی سے افضل ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

یہ امام اجل حضرت امام حسن مجتبیٰ کے پوتے اور حضرت شہید کربلا کے نواسے ہیں ان کا لقب مبارک نفس زکیہ ہے ان کے والد حضرت عبداللہ محض کہ سب میں پہلے حسنی و حسینی دونوں شرف کے جامع ہوئے لہٰذا محض کہلائے۔ اپنے زمانہ میں سردار بنی ہاشم تھے ان کے والد ماجد امام حسن مثنیٰ اور والدہ ماجدہ حضرت فاطمہ صغریٰ بنت امام حسین صلی اللہ تعالیٰ علی ابیہم و علیہم و بارک وسلم ہیں۔

کوفیوں سے زید بن علی کا ارشاد

امام حافظ عمرو بن ابی شیبہ حضرت امام اجل سید زید شہید ابن امام علی سجاد زین العابدین ابن امام

حسین سعید شہید صلوات اللہ تعالیٰ وتسلیماتہ علی جدہم الکریم وعلیہم سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے کوفیوں سے فرمایا۔

انطلقت الخوارج فبراء ت ممن دون ابی بکر و عمر و لم یستطیعو ان یقولوا فیهما شینا و انطلقتم فطفرتم فوق ذلک فبرئتم منهما فمن بقی ؟ فو اللہ ما بقی احد الا برئتم منه .

یعنی خارجیوں نے اٹھ کران سے تبری کی جو ابوبکر و عمر سے کم (یعنی عثمان و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم) مگر ابوبکر و عمر کی شان میں کچھ کہنے کی گنجائش نہ پائی۔ اور تم نے اے کوفیو! اوپر جست کی کہ ابوبکر و عمر سے تبرائی کی تو اب کون رہ گیا؟ خدا کی قسم اب کوئی نہ رہا جس پر تم نے تبرا نہ کیا ہو۔ والعیاذ باللہ رب العالمین۔

اللہ اکبر! امام زید شہید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ ارشاد مجید ہم غلامان خاندان زید کو بحمد اللہ کافی ووافی ہے۔

ابوبکر کی افضلیت پر ائمہ وعلماء کا اتفاق

سید سادات بلگرام، حضرت مرجع الفریقین، مجمع الطرفین، حبر شریعت، بحر طریقت، بقیۃ السلف، حجۃ الخلف، سیدنا ومولانا میر عبدالواحد حسینی سید بلگرامی قدس سرہ السامی نے کتاب مستطاب "سبع سنابل شریف" تصنیف فرمائی کہ بارگاہ عالم پناہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں موقع قبول عظیم پر واقع ہوئی۔ حضرت میر قدس سرہ المنیر نے اس کتاب مقبول ومبارک میں مسئلہ تفضیل بکمال تفصیل وتاکید جمیل وتہدید جلیل ارشاد فرمایا، لفظ مبارک سے چند حروف کی نقل سے شرف حاصل کروں اولیائے کرام و محدثین وفقہاء جملہ اہل حق کے اجماعی عقائد میں بیان فرماتے ہیں :

واجماع دارند کہ افضل از جملہ بشر بعد انبیاء ابوبکر صدیق است وبعد از وے عمر فاروق است وبعد

ازوے عثمان ذوالنورین است وبعد ازوے علی مرتضی است رضی اللہ تعالی عنہم۔

اہل حق کا اجماع ہے کہ انبیاء کرام کے بعد تمام انسانوں سے افضل ابوبکر صدیق ہیں ان کے بعد عمر فاروق ان کے بعد عثمان ذوالنورین اوران کے بعد علی ہیں مرتضی رضی اللہ تعالی عنہم۔

پھر فرمایا :

فضل ختنین از فضل شیخین کمتراست بے نقصان وبے قصور۔

حضرت عثمان وعلی کی فضیلت، ابوبکر وعمر سے بغیر کسی عیب ونقصان کے کم ہے۔

پھر فرمایا :

اجماع اصحاب وتابعین وتبع تابعین وسائر علماء امت ہم بریں عقیدہ واقع شدہ است۔

صحابہ، تابعین، تبع تابعین اور تمام علماء امت کا یہی عقیدہ ہے۔

پھر فرمایا:

مخدوم قاضی شہاب الدین درتیسیر الاحکام نبشت کہ ہیچ ولی بدرجہ ہیچ پیغمبرے نمی رسد زیرا کہ امیر المومنین ابوبکر بحکم حدیث بعد پیغمبران از ہمہ اولیاء برتر است واو بدرجہ ہیچ پیغامبرے نہ رسید وبعد او امیر المومنین عمر بن الخطاب است وبعد او امیر المومنین عثمان بن عفان است وبعد او امیر المومنین علی بن ابی طالب است۔ رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین۔ کسیکہ امیر المومنین علی را خلیفہ نداند او از خوارج است وکسیکہ او رابر امیر المومنین ابوبکر وعمر تفضیل کند او از روافض است۔

مخدوم قاضی شہاب الدین نے تیسیر الاحکام میں لکھا ہے کہ کوئی کسی نبی کے مقام کو نہیں پہنچ سکتا کیوں کہ حضرت امیر المومنین ابوبکر صدیق ازروے حدیث بعد از انبیاء تمام اولیاء سے افضل ہیں اور وہ کسی

پیغمبر کے مقام کو نہ پہنچ سکے۔ ان کے بعد امیر المومنین عمر بن خطاب ان کے بعد امیر المومنین عثمان بن عفان اور ان کے بعد امیر المومنین علی بن ابی طالب ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ جو شخص امیر المومنین حضرت علی کو خلیفہ برحق نہ جانے وہ خارجی ہے اور جو شخص انھیں امیر المومنین ابوبکر و عمر سے افضل قرار دے وہ رافضی ہے۔

پھر فرمایا:

ازیں جا باید دانست کہ در جہاں نہ ہمچو مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیرے پیدا شد و نہ ہمچو ابوبکر مریدے ہویدا گشت۔ اے عزیز اگر چہ کمالیت فضائل شیخین بر ختنین بفرط دقائق اعتقاد باید کرد امانہ بروجہیکہ در کمالیت فضائل ختنین قصورے ونقصانے بخاطر تو رسد بلکہ فضائل ایشاں وفضائل جملہ اصحاب از عقول بشرو افکار انسانیہ بسے بالاتر است۔

جاننا چاہیے کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایسا جہان میں نہ کوئی پیر پیدا ہوا اور نہ ابوبکر ایسا کوئی مرید ظاہر ہوا۔ اے عزیز اگر چہ شیخین (حضرت ابوبکر و عمر) کی حضرت عثمان و علی پر افضلیت کا کامل اعتقاد رکھنا چاہیے لیکن ایسا نہ ہو کہ حضرت عثمان و علی کے فضائل کے ناقص ہونے پر تصور تیرے دل میں گزرے بلکہ ان کے اور تمام صحابہ کرام کے فضائل عقل بشری اور فکر انسانی سے بہت بلند ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم

پھر فرمایا:

پس چوں اجماع صحابہ کہ انبیاء صفت اند بر تفضیل شیخین واقع شد و مرتضیٰ نیز دریں اجماع متفق و شریک بود، مفضلہ در اعتقاد خود غلط کردہ است اے خانماناں ما فدائے نام مرتضیٰ واے دل و جان ما نثار اقدام مرتضیٰ باد، کدام بد بخت ازل کہ محبت مرتضیٰ در دلش نباشد، وکدام راندۂ درگاہ مولیٰ کہ اہانت او روا دارد،

مفضلہ گمان بردہ است کہ نتیجۂ محبت با مرتضیٰ تفضیل اوست بر شیخین و نمی داند کہ ثمرۂ محبت موافقت است با او نہ مخالفت کہ چوں مرتضیٰ فضل شیخین و ذی النورین را برخود روا داشت و اقتدا بایشاں کرد و حکم ہائے عہد خلافت ایشاں را امتثال فرمود۔ شرط محبت با او آن باشد کہ در راہ و روش با او موافق باشد نہ مخالف۔

جب انبیاء صفت صحابہ کرام کا شیخین کی فضیلت پر اتفاق ہے اور حضرت علی مرتضیٰ بھی اس اجماع میں شریک ہیں۔ لہٰذا مفضلہ (حضرت علی کو شیخین پر فضیلت دینے والوں) کا اعتقاد غلط ہے۔ ہمارا خاندان حضرت علی مرتضیٰ کے نام پر فدا ہو، ہمارا دل و جان حضرت علی مرتضیٰ کے قدموں پر نثار ہو، کون ازلی بدبخت ہے جس کے دل میں حضرت علی مرتضیٰ کی محبت نہ ہوگی اور کون مردود بارگاہ ان کی توہین کو جائز رکھتا ہے۔ اہل تفضیل کا گمان ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ کی محبت کا تقاضا یہ ہے کہ انھیں شیخین پر فضیلت دی جائے اور یہ نہیں سمجھتے کہ محبت کا تقاضا ان کی موافقت ہے نہ مخالفت کہ جب علی مرتضیٰ نے شیخین اور ذی النورین کی فضیلت اپنے اوپر جائز رکھی، ان کی اقتدا کی، ان کے عہد خلافت کے احکام کی تعمیل کی، آپ کی محبت کی شرط یہ ہے کہ آپ کے طرز و طریق کی موافقت کی جائے نہ کہ مخالفت۔

الحمدللہ! یہ عقیدہ ہے اہل سنت و جماعت اور ہم غلامان و دودمان زید کا۔

(غایۃ التحقیق فی امامۃ العلی والصدیق)

ابوبکر صدیق کی عمر

حضرت ابوبکر صدیق اور دیگر خلفاء رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی عمر مبارک سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

قبول اسلام کے وقت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عمر ۳۸ سال تھی اور سوائے عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کہ حضور کی عمر شریف ۸۳ سال ہوئی ہر سہ خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

کی عمر مبارک نیز عمر شریف حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عمر مبارک کے برابر ہوئیں یعنی ۶۳ رسال اگرچہ اس میں کچھ روز ماہ کم وبیش ضرور تھی لیکن سال وفات یہی تھا۔

صدیق نے کبھی بت پرستی نہ کی

صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کبھی بت کو سجدہ نہ کیا ۴ رسال کی عمر میں آپ کے باپ بت خانے میں لے گئے اور کہا

ھولاء الشم العلی فاسجد لھم

یہ ہیں تمہارے بلند و بالا خدا انہیں سجدہ کرو۔

جب آپ بت کے سامنے تشریف لے گئے فرمایا میں بھوکا ہوں مجھے کھانا دے میں ننگا ہوں مجھے کپڑا دے میں پتھر مارتا ہوں اگر تو خدا ہے تو اپنے آپ کو بچا وہ بت بھلا کیا جواب دیتا آپ نے ایک پتھر اس کے مارا جس کے لگتے ہی وہ گر پڑا اور قوت خداداد کی تاب نہ لا سکا، باپ نے یہ حالت دیکھی انھیں غصہ آیا انھوں نے ایک تھپڑ رخسار مبارک پر مارا اور وہاں سے آپ کی ماں کے پاس لائے سارا واقعہ بیان کیا ماں نے کہا اسے اس کے حال پر چھوڑ دو جب یہ پیدا ہوا تھا تو غیب سے آواز آئی تھی کہ

یا امۃ اللہ بالتحقیق ابشری بالولد العتیق اسمہ فی السماء الصدیق لمحمد صاحب و رفیق.

اے اللہ کی سچی لونڈی تجھے مژدہ ہو اس آزاد بچے کا آسمانوں میں اس کا نام صدیق ہے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یار و رفیق میں نہیں جانتی کہ وہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کون ہیں اور کیا معاملہ ہے اس وقت سے صدیق اکبر کو کسی نے شرک کی طرف نہ بلایا۔

یہ روایت صدیق اکبر نے خود مجلس اقدس میں بیان کی جب یہ بیان کر چکے جبریل امین حاضر بارگاہ ہوئے اور عرض کی

صدق ابو بکر و هو الصديق

ابوبکر نے سچ کہا اور وہ صدیق ہیں۔ یہ حدیث عوالی العرش الی معالی الفرش میں ہے اور اس سے امام احمد قسطلانی نے شرح بخاری میں ذکر کی۔

معیت رسول

جب سے خدمت اقدس میں حاضر ہوئے کسی وقت جدا نہ ہوئے یہاں تک کہ بعد وفات بھی پہلوئے اقدس میں آرام فرما ہیں۔ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے داہنے دست اقدس میں صدیق کا ہاتھ لیا اور بائیں مبارک میں حضرت عمر کا ہاتھ لیا اور فرمایا

هكذا نبعث يوم القيامة. ہم قیامت کے روز یوں ہی اٹھائیں گے۔

ابوبکر کو شک نہ ہوا

امام اہل سنت سیدنا امام ابوالحسن اشعری قدس سرہ العزیز فرماتے ہیں

لم يزل ابو بكر بعين الرضا من الله تعالیٰ.

ابوبکر ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی نظر رضا سے منظور رہے۔

ابن عساکر امام زہری تلمیذ انس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

من فضل ابی بكر انه لم يشك فی الله ساعة .

صدیق اکبر کے فضائل سے ایک یہ ہے کہ انھیں کبھی اللہ میں شک نہ ہوا۔

یوم بلیٰ یاد ہے

امام عبدالوہاب شعرانی یواقیت والجواہر میں فرماتے ہیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا اتذکر یوم یوم کیا تمھیں اس دن والا دن یاد ہے عرض کی ہاں یاد ہے اور یہ بھی یاد ہے کہ اس دن سب سے پہلے حضور نے بلیٰ فرمایا تھا۔

بالجملہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روز الست سے روز ولادت اور روز ولادت سے روز وفات اور روز وفات سے ابدالآباد تک سردار مسلمین ہیں۔ یوں ہی سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم۔

(الملفوظ حصہ اول)

حضور کے یار

طبرانی کبیر و ابن شاہین کتاب السنہ میں عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں

دخل رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و اصحابه غديرا فقال ليسبح كل رجل الى صاحبه فسبح كل رجل منهم الى صاحبه حتى بقى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و ابو بكر فسبح رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الى ابى بكر حتى اعتنقه فقال لو كنت متخذا خليلا لا تخذت ابا بكر خليلا و لكنه صاحبى .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کے صحابہ ایک تالاب میں تشریف لے گئے حضور نے ارشاد فرمایا ہر شخص اپنے یار کی طرف پیرے، سب نے ایسا ہی کیا یہاں تک کہ صرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

اور ابوبکر صدیق باقی رہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صدیق کی طرف پیر کے تشریف لے گئے اور انھیں گلے لگا کر فرمایا کسی کو خلیل بناتا تو ابوبکر کو بناتا لیکن وہ میرا یار ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی صاحبہ وبارک وسلم۔

حضور کے نزدیک ابوبکر کا مرتبہ

خطیب بغدادی حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال کنا عند النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال یطلع علیکم رجل لم یخلق اللہ بعدی احدا خیرا منہ و لا افضل و لہ شفاعۃ مثل شفاعۃ النبیین فما برحنا حتی طلع ابو بکر فقام النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقبلہ و التزمہ .

ہم خدمت اقدس حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر تھے ارشاد فرمایا اس وقت تم پر وہ شخص چمکے گا کہ اللہ تعالیٰ نے میرے بعد اس سے بہتر و بزرگ تر کسی کو نہ بنایا اور اس کی شفاعت، شفاعت انبیاء کے مانند ہوگی ہم حاضر ہی تھے کہ ابوبکر صدیق نظر آئے، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قیام کیا اور صدیق کو پیار کیا اور گلے لگایا۔

حافظ عمر بن محمد ملا اپنی سیرت میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واقفا مع علی بن ابی طالب اذا قبل ابو بکر فصافحہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و عانقہ و قبل فاہ فقال علی اتقبل فا ابی بکر فقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا ابا الحسن منزلۃ ابی بکر عندی کمنزلتی عند ربی.

میں نے حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے ساتھ کھڑے دیکھا اتنے میں ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضر ہوئے حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

ان سے مصافحہ فرمایا اور گلے لگایا، اور ان کے دہن پر بوسہ دیا، مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے عرض کی کیا حضور ابوبکر کا منہ چومتے ہیں؟ فرمایا اے ابوالحسن ابوبکر کا مرتبہ میرے یہاں ایسا ہے جیسا میرا مرتبہ میرے رب کے حضور۔

صدیق اکبر کا عشق رسول

ابن عبد ربہ کتاب بہجۃ المجالس میں مختصراً اور ریاض نضرہ میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مطولاً۔صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ابتدائے اسلام میں اظہار اسلام اور کفار سے حرب وقتال فرمانا اور ان کے چہرۂ مبارک پر ضرب شدید آنا، اس سخت صدمے میں بھی حضور اقدس سید المحبوبین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خیال رہنا، حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دارارقم میں تشریف فرما تھے اپنی ماں سے خدمت اقدس میں لے چلنے کی درخواست کرنا مفصلاً مروی، یہ حدیث ہماری کتاب ''مطلع القمرین فی ابانۃ سبقۃ العمرین ۱۲۹۷ھ'' میں مذکور اس کے آخر میں ہے۔

حتى اذا هدا ء ت الرجل و سكن الناس خرجتا به يتكى عليهما حتى ادخلتاه على النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فانكب عليه فقبله و انكب عليه المسلمون ورق له صلى الله تعالىٰ عليه وسلم رقة شديدة الحديث.

یعنی جب ہلچل موقوف ہوئی اور لوگ سو رہے ان کی والدہ ام الخیر اور حضرت فاروق اعظم کی بہن ام جمیل رضی اللہ تعالیٰ عنہما انھیں لے کر چلیں بوجہ ضعف دونوں پر تکیہ لگائے تھے یہاں تک کہ خدمت اقدس میں حاضر کیا دیکھتے ہی پروانہ وار شمع رسالت پر گر پڑے، پھر حضور کو بوسہ دیا اور صحابہ غایت محبت سے ان پر گرے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے نہایت رقت فرمائی۔

(وشاح الجید فی تحلیل معانقۃ العید)

تقدیم ابوبکر صدیق

فی الحدیث عنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما قدمت ا با بکر و عمر و لکن اللہ قدمھما.

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث میں ہے میں نے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آگے نہیں کیا بلکہ اللہ نے ان کو مقدم کیا ہے۔

و عنہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سألت اللہ ثلثا ان یقدمک یا علی فابی الا تقدیم ابی بکر.

اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ میں نے اے علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) تمھارے بارے میں اللہ تعالیٰ سے تین مرتبہ سوال کیا کہ وہ تم کو مقدم کرے لیکن اللہ تعالیٰ نے ابوبکر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے سوا دوسرے کو مقدم کرنے سے انکار فرمایا ہے۔

و قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یابی اللہ و المومنون الا ابا بکر.

اور فرمایا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سوا اور کو امام بنائے جانے پر اللہ تعالیٰ اور مومن انکار کریں گے۔ (نقاء السلافۃ فی احکام البیعۃ والخلافۃ)

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

صدیق کو برا کہنے کا حکم

جو شخص ابوبکر صدیق یا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو برا کہے بہت ائمہ نے اسے کافر کہا ہے۔ اور اس قدر پر تو اجماع ہے کہ ایسا شخص بد دین ہے دیکھو تنویر الابصار و درمختار و فتاویٰ عالمگیری و فتاویٰ خلاصہ و فتح

القدیر واشباہ و بحر الرائق وغنیۃ وعقود الدریۃ وغیرہ۔ (عرفان شریعت)

ابوبکر کا وسیلہ

ابوبکر صدیق کی نسبت حدیث ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی پیروی کو اپنی امت کی مغفرت کے لیے وسیلہ کیا کہ الٰہی ابوبکر کا صدقہ میری امت کے بوڑھوں کو بخش دے۔

(فتاویٰ افریقہ)

حضور کے بعد

حاکم بسند صحیح راوی :

عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال بعثنی بنو المصطلق الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال سل برسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی من ندفع صدقاتنا بعدک فقال الی ابی بکر قال فان حدث بابی بکر حدث فالی من فقال الی عمر قالوا فان حدث بعمر حدث فقال لی الی عثمان قالوا فان حدث بعثمان حدث قال فتبالکم الدھر فتبا. آہ مختصراً.

انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں مجھے بنی مصطلق نے حضور سرور دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں بھیجا کہ حضور سے پوچھوں حضور کے بعد ہم اپنے اموال کی زکوۃ کسے دیں فرمایا ابوبکر کو عرض کی اگر ابوبکر کو کوئی حادثہ پیش آئے فرمایا عمر کو، عرض کی اگر عمر کو کچھ حادثہ پیش آئے فرمایا عثمان کو، عرض کی اگر عثمان کو کوئی حادثہ منہ دکھائے فرمایا اگر عثمان کا بھی واقعہ ہو تو فرمایا خرابی ہو تمھارے لیے ہمیشہ پھر خرابی ہے۔

ابونعیم حلیہ میں اور طبرانی سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل میں راوی :

قال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اذا اتی علی ابی بکر اجلہ و عمر اجلہ و عثمان اجلہ فان استطعت ان تموت فمت۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں جب انتقال کریں ابوبکر و عمر و عثمان تو اگر تجھ سے ہو سکے کہ مر جائے تو مر جانا۔

طبرانی کبیر میں عصمہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ویحک اذا مات عمر فان استطعت ان تموت فمت۔

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تجھ پر افسوس جب عمر مر جائے تو اگر مر سکے تو مر جانا۔

امام جلال الدین سیوطی نے اس کی تحسین کی۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۸۰، ۸۱۔ اقامۃ القیامۃ)

بارہ خلفاء کی روایت

بارہ خلفاء سے متعلق ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

صدیق اکبر سے شمار لینا لازم کہ ایک روایت میں ہے

یکون بعدی اثنا عشر خلیفۃ ابو بکر لا یلبث الا قلیلا۔

میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے ابوبکر تھوڑے ہی دن رہیں گے۔

اس میں مراد وہ خلفاء ہیں کہ والیان امت ہوں اور عدل و شریعت کے مطابق حکم کریں۔ ان کا متصل ہونا ضروری نہیں نہ حدیث میں کوئی لفظ اس پر دال ہے۔ ان میں سے خلفائے اربعہ و امام حسن مجتبیٰ و امیر معاویہ و حضرت عبداللہ بن زبیر و حضرت عمر بن عبدالعزیز معلوم ہیں اور آخر زمانہ میں حضرت سیدنا امام مہدی ہوں گے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

یہ نو ہوئے باقی تین کی تعیین پر کوئی یقین نہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۲۱۳)

اولین و آخرین میں افضل و بہتر

حدیث: ابو بکر و عمر خیر الاولین و الآخرین و خیر اهل السموات و اهل الارضین الا الانبیاء و المرسلین لا تخبرهما یا علی .

ابوبکر و عمر سب اگلوں پچھلوں سے افضل ہیں اور تمام آسمان والوں اور سب زمین والوں سے بہتر ہیں سوا انبیاء و مرسلین کے اے علی تم ان دونوں کو اس کی خبر نہ دینا۔

علامہ مناوی نے تیسیر میں اس کے یہ معنی بتائے ہیں کہ ارشاد ہوتا ہے اے علی تم ان سے نہ کہنا بلکہ ہم خود فرمائیں گے تاکہ ان کی مسرت زیادہ ہو۔

فرماتے ہیں یہ دونوں ہیں سردار دو جہاں
اے مرتضیٰ عتیق و عمر کو خبر نہ ہو

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۲۶۸)

اہل سنت کے نزدیک بعد انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام تمام اولین و آخرین سے افضل امیر المومنین سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پھر امیر المومنین سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۶۵)

فتوحات مکیہ میں ہے اعلم انہ لیس فی امۃ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم من هو افضل من ابی بکر غیر عیسیٰ علیہ الصلاۃ و السلام .

یعنی یقین جان کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت میں کوئی ایسا نہیں جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضل ہو سوا سیدنا عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کے کہ وہ حضور کے امتی ہیں اور صدیق سے افضل ہیں کہ نبی ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۹۵)

جامع قرآن

صحیح بخاری شریف میں ہے:

عن زيد بن ثابت رضی الله تعالیٰ عنه قال ارسل الی ابو بكر مقتل اهل اليمامة فاذا عمر بن الخطاب عنده قال ابو بكر ان عمر اتانی فقال ان القتل قد استحر يوم اليمامة بقراء القرآن و انی اخشی ان استحر القتل بالقراء بالمواطن فيذهب كثيرا من القرآن و انی اری ان تامر بجمع القرآن قلت لعمر كيف تفعل شيأ لم يفعله رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم فقال عمر هذا و الله خير فلم يزل عمر يراجعنی حتی شرح الله صدری لذلک و رايت فی ذلک الذی رأی عمر قال زيد قال ابو بكر انک رجل شاب عاقل لا نتهمک و قد كنت تكتب الوحی لرسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم فتتبع القرآن و اجمعه فوالله لو كلفونی نقل جبال من الجبال ما كان اثقل علی مما امرنی به من جمع القرآن قال قلت لابی بكر كيف تفعلون شيئا لم يفعله رسول الله صلى الله تعالیٰ عليه وسلم قال هو والله خير فلم يزل ابو بكر يراجعنی حتی شرح الله صدری للذی شرح له صدر ابی بكر و عمر فتتبعت القران و اجمعه . الحديث.

جب جنگ یمامہ میں بہت صحابہ حاملان قرآن شہید ہوئے امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ جناب سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کی یمامہ میں بہت حفاظ قرآن شہید ہوئے اور میں ڈرتا ہوں کہ اگر حاملان قرآن تیزی سے شہید ہوتے گئے تو قرآن کا ایک بڑا حصہ ختم ہو جائے گا۔ میری رائے یہ ہے کہ آپ قرآن مجید کے جمع کرنے اور ایک جگہ لکھنے کا حکم دیں۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تو یہ کام کیا ہی نہیں تم کیوں کر کرو گے۔ فاروق اعظم نے فرمایا اگر چہ حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ کیا مگر خدا کی قسم کام تو خیر ہے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں پھر عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس معاملہ میں بحث کرتے رہے یہاں تک کہ خدائے تعالیٰ نے میرا سینہ اس امر کے لیے کھول دیا اور میری رائے عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے سے موافق ہوگئی۔ پھر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جناب زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر جمع قرآن کا حکم دیا انھیں بھی وہی شبہ گزرا اور عرض کی بھلا آپ ایسی بات کیوں کر کرتے ہیں جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ کی صدیق اکبر نے وہی جواب دیا کہ خدا کی قسم بات تو بھلائی کی ہے پھر دونوں صاحبوں میں بحث ہوتی رہی یہاں تک کہ ان کی رائے بھی شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی رائے کے ساتھ موافق ہوئی اور انھوں نے قرآن عظیم جمع کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۸۳۔ اقامۃ القیامۃ)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے۔ امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

قرآن عظیم کی جمع و ترتیب آیات و تفصیل سور زمانہ اقدس حضور پر نور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بامر الٰہی حسب بیان جبرئیل امین علیہ الصلاۃ والتسلیم وارشاد و تعلیم حضور سید العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واقع ہولی تھی مگر قرآن عظیم صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے سینوں اور متفرق کاغذوں، پتھروں کی تختیوں، بکری، دنبہ کے پوستوں، شانوں، پسلیوں وغیرہا میں تھا، ایک جگہ سارا قرآن مجموع نہ تھا، جب جنگ یمامہ میں کہ مسیلمہ کذاب ملعون مدعی نبوت سے زمانہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہوئی صدہا صحابہ کرام حفاظ

قرآن نے شہادت پائی امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دل الہام منزل میں حضرت جل وعلا نے القا کیا کہ حضرت خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوکر گزارش کی کہ اس لڑائی میں صحابہ جن کے سینوں میں قرآن عظیم تھا شہید ہوئے اگر یوں ہی جہادوں میں حفاظ شہید ہوتے گئے اور قرآن عظیم متفرق رہا تو بہت قرآن جاتے رہنے کا اندیشہ ہے میری رائے میں حکم دیجیے کہ قرآن عظیم کی سب سورتیں یکجا کر لی جائیں، خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی رائے پسند فرمائی۔

اور حضرت زید بن ثابت وغیرہ حفاظ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو اس امر جلیل کا حکم دیا کہ بحمد اللہ تعالیٰ سارا قرآن عظیم یکجا ہوگیا۔ ہر سورت ایک جدا صحیفہ میں تھی وہ صحیفے تا حیات صدیقی حضرت خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے بعد حضرت امیر المومنین سیدنا فاروق اعظم اور ان کے بعد حضرت ام المومنین بنت الفاروق زوجہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس رہے۔

عرب کی ہر قوم وقبیلہ بعض الفاظ کے تلفظ میں مختلف تھا مثلاً حرف تعریف میں کوئی الف لام کہتا تھا کوئی الف میم، اسی قسم کے بہت تفاوت لہجہ وطرز ادا میں تھے۔ زمانۂ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھا کہ قرآن عظیم نیا اترا تھا اور ہر قوم وقبیلہ کو اپنے مادری لہجہ قدیمی عادت کا دفعۃً بدل دینا دشوار تھا۔ آسانی فرمائی گئی تھی کہ ہر قوم عرب اپنے طرز ولہجہ میں قرأت قرآن عظیم کرے۔ زمانۂ نبوت کے بعد شدہ شدہ اقوام مختلفہ سے بعض بعض لوگوں کے ذہن میں جم گیا کہ جس لہجہ ولغت میں ہم پڑھتے ہیں اسی میں قرآن عظیم نازل ہوا ہے۔

یہاں تک کہ زمانۂ امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں بعض لوگوں کو اس بات پر جنگ و جدل وزد وکوب کی نوبت پہنچی جب یہ خبر امیر المومنین کو پہنچی فرمایا ابھی سے تم میں اختلاف یہ پیدا ہوا تو آئندہ کیا امید ہے لہٰذا حسب مشورہ امیر المومنین سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم ودیگر اعیان صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم یہ قرار پایا کہ صحیفہائے خلیفۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ حضرت ام المومنین بنت

الفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس محفوظ ہیں منگا کر ان کی نقلیں لے کر تمام سورتیں ایک مصحف میں جمع کریں اور وہ مصاحف بلاد اسلام میں بھیج دیں کہ سب اس لہجہ کا اتباع کریں اس کے خلاف اپنے طرز ادا کے مطابق جو صحائف یا مصاحف بعض لوگوں نے لکھے ہیں دفع فتنہ کے لیے تلف کر دیے جائیں اس رائے صائب کی بناء پر امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہلا بھیجا کہ صحیفہائے صدیقی بھیج دیں ہم ان کی نقلیں لے کر شہروں کو بھیجیں اور اصل آپ کو واپس دیں گے، ام المومنین نے بھیج دیے۔

امیر المومنین نے زید بن ثابت وعبداللہ بن زبیر وسعید بن عاص وعبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو نقلیں کرنے کا حکم دیا۔ وہ نقلیں مکہ معظمہ وشام ویمن وبحرین وبصرہ وکوفہ کو بھیجی گئیں اور ایک مدینہ طیبہ میں رہی اور اصل صحیفے جن سے یہ نقلیں ہوئی تھیں حضرت ام المومنین حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو واپس دیے۔ ان کی نسبت معاذ اللہ دفن کرنے یا کسی طرح تلف کرا دینے کا بیان محض جھوٹ ہے وہ مبارک صحیفے خلافت عثمانی، پھر خلافت مرتضوی، پھر خلافت امام حسن، پھر سلطنت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم تک بعینہا محفوظ تھے یہاں تک کہ مروان نے لے کر چاک کر دیے۔

بالجملہ اصل قرآن عظیم تو بحکم رب العزت حسب ارشاد حضور پرنور سید الاسیاد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہو لیا تھا سب سور کا یکجا کرنا باقی تھا وہ امیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بمشورۂ امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیا۔ پھر اسی جمع فرمودۂ صدیقی کی نقلوں سے مصاحف بنا کر امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بمشورۂ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ بلاد اسلام میں شائع کیے اور تمام امت کو اصل لہجہ قریش پر مجتمع ہونے کی ہدایت فرمائی اسی وجہ سے وہ جناب جامع القرآن کہلائے ورنہ حقیقۃً جامع القرآن رب العزت تعالیٰ شانہ ہے

کما قال تعالیٰ ان علینا جمعه و قرانه۔

بے شک اس کا محفوظ کرنا اور پڑھنا ہمارے ذمہ ہے اور بنظر ظاہر حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ اور ایک جگہ اجتماع کے لحاظ سے سب میں پہلے جامع القرآن حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

امام جلال الدین سیوطی اتقان شریف میں فرماتے ہیں :

قد كان القران كله كتب فى عهد رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لكن غير مجموع فى موضع واحد و لا مرتب السور.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے ہی میں پورا قرآن عظیم لکھا جاچکا تھا لیکن کسی ایک جگہ جمع نہیں کیا گیا تھا اور نہ سورتوں کی ترتیب تھی۔ (مولف)

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں

اعظم الناس فى المصاحف اجرا ابو بكر رحمة الله على ابى بكر هو اول من جمع كتاب الله رواه ابو داؤد فى المصاحف بسند حسن عن عبد خير قال سمعت عليا يقول فذكره

مصاحف کے تعلق سے لوگوں میں سب سے زیادہ اجر وثواب کے مستحق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اللہ کی رحمت ہو کہ انھوں نے ہی سب سے پہلے قرآن عظیم کو جمع کیا۔ (مولف)

صحیح بخاری شریف میں ہے :

حدثنا موسى ثنا بن شهاب ان انس بن مالك حدثه ان حذيفة بن اليمان قدم على عثمان و كان يغازى اهل الشام فى فتح آرمينية و آذر بائجان مع اهل العراق

فافزع حذیفة اختلافهم فی القراءة فقال حذیفة لعثمان یا امیر المومنین ادرک هذه الامة قبل ان یختلفوا فی الکتاب اختلاف الیهود و النصاریٰ فارسل عثمان الی حفصة رضی الله تعالیٰ عنها ان ارسلی الینا بالصحف ننسخها فی المصاحف ثم نردها الیک فارسلت بها حفصة الی عثمان فامر زید بن ثابت و عبد الله بن زبیر و سعید بن العاص و عبد الرحمن بن الحارث بن هشام فنسخوها فی المصاحف قال عثمان للرهط القرشیین الثلثة اذا اختلفتم انتم و زید بن ثابت فی شی من القرآن فاکتبوه بلسان قریش و انما نزل بلسانهم ففعلوا حتی اذا نسخوا المصحف فی المصاحف رد عثمان الصحف الی حفصة فارسل الی کل افق بمصحف بما نسخوا الخ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے اور وہ اہل عراق کے ساتھ آرمینیہ اور آذربائیجان کی فتح کے موقع پر شام والوں سے جہاد کر رہے تھے، قرآن عظیم کے پڑھنے میں ان کے اختلاف سے حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھبرا گئے تو حضرت امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کیا کہ آپ اس امت کے کتاب اللہ میں اختلاف کرنے سے پہلے خبر لیجیے جس طرح کہ یہود و نصاریٰ نے اپنی کتابوں میں اختلاف کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت حفصہ کے پاس بھیجا کہ آپ ہمارے پاس ان صحیفوں کو بھیج دیں ہم ان کی نقلیں لے کر آپ کو واپس دیں گے حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ان صحیفوں کو حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیج دیا حضرت عثمان نے زید بن ثابت و عبد اللہ بن زبیر و سعید بن عاص و عبد الرحمن بن حارث بن ہشام کو ان صحیفوں کے نقل کرنے کا حکم دیا اور قریش کے تینوں لوگوں سے فرمایا کہ اگر تم میں اور زید بن ثابت کے درمیان قرآن کی آیت میں اختلاف ہو تو اسے قریش کی لغت میں لکھنا کیوں کہ قرآن قریش کی زبان میں نازل ہوا ہے ان حضرات نے ایسا ہی کیا یہاں

تک کہ جب صحیفوں کی نقلیں پوری ہوگئیں تو انھیں حضرت عثمان نے حضرت حفصہ کے پاس بھیج دیا پھر ان کی نقلوں کو ہر چہار جانب بھیجا۔ (مولف)

(عرفان شریعت حصہ اول)

خلافت صدیق کا منکر کافر ہے

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ یوں ہی عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کا منکر کافر و مبتدع ہے، اس پر امام احمد رضا بریلوی نے فقہاء کی جو عبارات پیش کی ہیں اسے ملاحظہ فرمائیں۔

فتاویٰ ظہیرہ میں ہے **من انکر امامة ابی بکر الصدیق فھو کافر و علی قول بعضھم ھو مبتدع و لیس بکافر و الصحیح انه کافر و کذلک من انکر خلافة عمر رضی الله تعالیٰ عنه فی اصح الاقوال .**

امامت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا منکر کافر ہے اور بعض نے کہا بد مذہب ہے کافر نہیں اور صحیح یہ ہے کہ وہ کافر ہے اسی طرح خلافت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا منکر بھی صحیح تر قول میں کافر ہے۔

بحر الرائق میں ہے **یکفر بانکاره امامة ابی بکر رضی الله تعالیٰ عنه علی الاصح کانکاره خلافة عمر رضی الله تعالیٰ عنه علی الأصح.**

اصح یہ ہے کہ ابوبکر یا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی امامت و خلافت کا منکر کافر ہے۔

مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر میں ہے **یکفر بانکاره صحبة ابی بکر رضی الله تعالیٰ عنه و بانکاره امامته علی الأصح و بانکاره صحبة عمر رضی الله تعالیٰ عنه علی الاصح.**

جو شخص ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحابیت کا منکر ہو کافر ہے یوں ہی جو ان کے امام برحق ہونے کا انکار کرے مذہب اصح میں کافر ہے یوں ہی عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحابیت کا انکار قول

اصح پر کفر ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۰، ص ۵۱۷، ۵۱۸۔ ردالرفضۃ)

طحاوی علی مراقی الفلاح میں ہے :

ان انکر خلافة الصديق كفر و الحق فى الفتح عمر بالصديق فى هذا الحكم و الحق فى البرهان عثمان بهما ايضا و لا تجوز الصلوٰة خلف منكر المسح على الخفين او صحبة الصديق و من يسب الشيخين او يقذف الصديقة و لا خلف من انكر بعد ما علم من الدين ضرورة لكفره و لا يلتفت الى تاويله و اجتهاده .

یعنی خلافت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا منکر کافر ہے۔ اور فتح القدیر میں فرمایا کہ خلافت فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا منکر بھی کافر ہے اور برہان شرح مواہب الرحمٰن میں فرمایا خلافت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا منکر بھی کافر ہے اور نماز اس کے پیچھے جائز نہیں جو مسح موزہ یا صحابیت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا منکر ہو یا شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو برا کہے یا صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر تہمت رکھے اور نہ اس کے پیچھے جو ضروریات دین سے کسی شی کا منکر ہو کہ وہ کافر ہے اور اس کی تاویل کی طرف التفات نہ ہوگا نہ اس جانب کہ اس نے رائے کی غلطی سے ایسا کہا۔

نظم الفرائد منظومۃ علامہ ابن وہبان میں ہے :

ومن لعن الشيخين او سب كافر
و من قال فى الايدى الجوارح اكفر
و صحيح تكيفره بنكر خلافة ال
عتيق و فى الفاروق ذلك الا ظهر

جو شخص حضرات شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر تبرا بکے یا برا کہے کافر ہے اور جو کہے ید اللہ سے ہاتھ

مراد ہے وہ اس سے بڑھ کر کافر ہے اور خلافت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انکار میں مصحح تکفیر ہے اور یہی در بارۂ انکار خلافت فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اظہر ہے۔

تیسیر المقاصد شرح وھبانیہ للعلامۃ الشرنبلالی قلمی کتاب السیر میں ہے :

من انکر خلافة ابی بکر الصدیق فهو کافر فی الصحیح و کذا منکر خلافة ابی حفص عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه فی الاظهر.

خلافت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا منکر مذہب صحیح پر کافر ہے اور ایسا ہی قول اظہر میں خلافت فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا منکر بھی۔

مغنی المستفتی عن سوال المفتی پھر عقود الدرریۃ میں ہے :

اما سب الشیخین رضی الله تعالیٰ عنهما فانه کسب النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال صدر الشهید من سب الشیخین او لعنهما یکفر.

شیخین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو برا کہنا ایسا ہے جیسا نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کرنا اور امام صدر شہید نے فرمایا جو شیخین کو برا کہے یا تبرا بکے کافر ہے۔

واقعات المفتیین میں ہے یکفر اذا انکر خلافتهما او ابغضهما لمحبة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لهما.

جو خلافت شیخین کا انکار کرے یا ان سے بغض رکھے کافر ہے کہ وہ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے محبوب ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۰، ص ۵۱۹، ۵۲۰۔ رد الرفضۃ)

ابوبکر صدیق کا حسن سلوک

حدیث میں ہے امیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دربار میں قوم ثقیف کے سفیر حاضر

ہوئے کھانا حاضر لایا گیا وہ لوگ نزدیک آئے مگر ایک صاحب کہ مرض (جذام) میں مبتلا تھے الگ ہو گئے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا قریب آؤ قریب آئے فرمایا کھانا کھاؤ، کھانا کھایا۔

حضرت قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم فرماتے ہیں

وجعل ابو بکر یضع یده موضع یده فیا کل مما اکل منه المجذوم.

صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ شروع کیا کہ جہاں سے وہ مجذوم نوالہ لیتے وہیں سے صدیق اکبر نوالہ لے کر نوش فرماتے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اسے ابوبکر بن ابی شیبہ وابن جریر نے قاسم سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۲۴۳، الحق المجتلی)

قریش سے ابوبکر کی شرط

امام محقق علی الاطلاق فتح القدیر میں فرماتے ہیں :

ان ابا بکر رضی الله تعالیٰ عنه قبل الهجرة حین انزل الله تعالیٰ الم غلبت الروم . قالت له قریش ترون ان الروم تغلب قال نعم قال هل ان تخاطرنا فخاطرهم فاخبر النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم اذهب الیهم فزد فی الخطر ففعل و غلبت الروم فارسا فاخذ ابو بکر رضی الله تعالیٰ عنه فاجازه النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

بیشک ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ہجرت سے پہلے جب اللہ تعالیٰ نے الم غلبت الروم الآیۃ نازل فرمائی تو قریش نے امیر المومنین صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ آپ کیا

سمجھتے ہیں کہ روم غالب ہو جائیں گے؟ فرمایا ہاں قریش نے کہا کیا آپ ہم سے اس بات پر شرط لگائیں گے؟ تو امیر المومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قریش سے شرط لگائی اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خبر دی، حضور نے فرمایا کہ جاؤ شرط میں اور اضافہ کرو۔ ابوبکر نے ایسا ہی کیا پھر روم فارس پر غالب آ گئے۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مشروط چیز لے لی تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے جائز رکھا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۹،ص ۵۵۷۔ الرمز المرصف)

صدیق کو قسم دینے کی ممانعت

فی الحدیث ان الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عبر رؤیا فاخبرہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ أصاب بعضا اخطأ بعضا لافنا للصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان نجھرہ و اقسم علیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لا تقسم۔

حدیث میں ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک خواب کی تعبیر بتائی تو حضور اقدس نے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کو بتایا کہ انھوں نے بعض میں درستگی کی ہے اور بعض میں غلطی، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس پر حضور کی قسم کھائی کہ ہم اسے ضرور ظاہر کریں گے تو حضور نے فرمایا کہ قسم نہ دو۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵،ص ۹۳۴)

عمر کو ابوبکر کی وصیت

محمد بن المبارک بن الصباح اپنے جزء املا اور عثمان بن ابی شیبہ اپنی سنن اور ابونعیم حلیۃ الاولیاء اور ہناد فوائد اور ابن جریر تہذیب الآثار میں عبدالرحمٰن بن سابط و زید و زبید پسران حارث و مجاہد سے راوی

لما حضر ابا بکر الموت دعا عمر فقال اتق اللہ یا عمر و اعلم ان لہ عملا

بالنھار لا یقبله باللیل و عملا باللیل لا یقبله بالنھار و اعلم انه لا یقبل نافلة .حتی تؤدی الفریضة. الحدیث.

یعنی جب خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزع کا وقت ہوا امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر فرمایا اے عمر اللہ سے ڈرنا اور جان لو کہ اللہ کے کچھ کام دن میں ہیں کہ انھیں رات میں کرو تو قبول نہ فرمائے گا اور کچھ کام رات میں کہ انھیں دن میں کرو تو مقبول نہ ہوں گے اور خبردار ہو کہ کوئی نفل قبول نہیں ہوتا جب تک فرض ادا نہ کر لیا جائے۔

اسے علامہ ابراہیم بن عبداللہ یمنی مدنی شافعی نے ''القول الصواب فی فضل عمر بن الخطاب'' کے تیرہویں باب میں اور ''التحقیق فی فضل الصدیق'' کے انیسویں باب میں بیان کیا ہے۔ اور اسے امام جلال الدین سیوطی نے بھی جامع کبیر میں روایت کیا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج۴، ص ۴۳۶)

ابوبکر و عمر، علی سے افضل ہیں

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ حضرت صدیق اکبر و فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی فضیلت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

تمام اہل سنت کا عقیدہ اجماعیہ ہے کہ صدیق اکبر و فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے افضل ہیں۔ ائمہ دین کی تصریح ہے کہ جو مولیٰ علی کو ان پر فضیلت دے مبتدع ہے اس کے پیچھے نماز مکروہ ہے۔

فتاویٰ خلاصہ و فتح القدیر و بحر الرائق و فتاویٰ عالمگیریہ وغیرہا کتب کثیرہ میں ہے:

ان فضل علیا علیھما فمبتدع.

اگر مولیٰ علی کو صدیق وفاروق پر فضیلت دے تو مبتدع ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۲۶۶)

ابوبکر صدیق کا ازار

صحیح بخاری شریف میں ہے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ میرا تہبند لٹک جاتا ہے جب تک میں اس کا خاص لحاظ نہ رکھوں فرمایا۔

انت لست ممن یصنعه خیلاء۔

تم ان میں نہیں ہو جو براہ تکبر ایسا کریں (کیوں کہ ازار کا گٹوں سے نیچے رکھنا اگر براہ تکبر ہو حرام ہے)

فتاویٰ عالمگیری میں ہے:

اسبال الرجل ازاره اسفل من الكعبین ان لم یكن للخیلاء ففیه كراهة تنزیة.

آدمی کا گٹوں سے نیچے ازار لٹکانا اگر تکبر کے لیے نہیں ہے تو مکروہ تنزیہی ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۴۸)

حضرت صدیق کا خواب

امام احمد رضا بریلوی حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خواب سے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

در شواہد النبوۃ از ابومسعود انصاری منقول است کہ گفتہ کہ اسلام ابوبکر شبیہ بوحی است زیرا کہ وے گفتہ است کہ شبے پیش از بعثت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم در خواب دیدم کہ نور عظیم از آسمان فرو آمد و بر بام کعبہ افتاد۔ الخ

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۰۲۔ منیر العین)

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق کا اسلام وحی کا شبیہ ہے کیوں کہ آپ نے فرمایا ہے کہ بعثت رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلے میں نے خواب میں ایک نور عظیم دیکھا جو آسمان سے اتر کر کعبہ کی چھت پر نازل ہوا اور مکہ معظمہ میں کوئی ہی ایسا گھر ہوگا جو اس نور سے فروزاں نہ ہوا ہو، ہر گھر کے انوار ایک جگہ جمع ہو کر ایک ہی نور بن گئے، یہ نور سب سے پہلے میرے گھر چلا آیا اور میں نے اپنا دروازہ بند کر لیا۔ صبح ہوئی تو میں نے اپنا خواب یہودیوں کے ایک اسقف کو سنایا اور اس کی تعبیر کے لیے بھی کہا اس نے کہا یہ ایسا خواب ہے جس کا مجھے کوئی علم نہیں۔ چند دن گزرے تھے کہ میں (ابوبکر) تجارت کے سلسلے میں حورا کے کلیسا میں جو بحیرہ راہب کا مسکن تھا پہنچا اور تعبیر خواب پوچھی

اس نے کہا، تم کون ہو؟

میں نے جواب دیا، میں قریش میں سے ہوں۔

اس نے کہا :

خداوند تعالیٰ تمھیں میں سے ایک پیغمبر پیدا کرے گا اور تم اس کے وزیر ہوگے اور اس کی وفات کے بعد اس کے خلیفہ ہوگے۔ (مولف) (ترجمہ مع اضافہ از وشواہد النبوۃ مترجم)

درخت نے صدیق کو خوش خبری دی

و نیز در شواہد النبوۃ مذکور است کہ امیر المومنین ابوبکر صدیق گفتہ است کہ روزے در ایام جاہلیت در سایہ درختے نشستہ بودم ناگاہ میل بمن کرد آوازے ازاں درخت بگوش من آمد کہ پیغمبرے در فلاں وقت بیروں خواہد آمدی باید کہ تو سعادت ترین مردماں باشی بوے۔ الخ۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۰۲۔ منیر العین)

حضرت امیر المومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں ایک روز زمانہ جاہلیت میں ایک درخت کے نیچے بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک اس درخت کی ایک شاخ میری طرف جھکی یہاں تک کہ میرے سر تک آ گئی میں نے دیکھا تو دل میں کہا اب کیا ہوگا، اس درخت سے میرے کانوں میں آواز آئی کہ فلاں وقت ایک پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مبعوث ہوں گے تمہیں چاہیے کہ سعادت مندترین ہستی بن جاؤ، میں نے کہا ذرا بات کو شرح وبسط کے ساتھ بیان کیجیے کہ وہ پیغمبر کون ہیں؟ درخت سے آواز آئی وہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم ہیں میں نے کہا وہ تو میرے دوست اور محبوب ہیں، میں نے اس درخت سے عہد لیا کہ جب وہ مبعوث ہوں تو مجھے ان کی بعثت کی نوید وخوش خبری دینا۔

جب حضور علیہ الصلاۃ والسلام مبعوث ہوئے تو اس درخت سے آواز آئی اے ابن ابوقحافہ! انتہائی سعی وکوشش کیجیے اس کے مبعوث ہونے کا وقت قریب آ گیا ہے اور رب موسیٰ کی قسم! تجھ سے دین اسلام قبول کرنے میں کوئی سبقت حاصل نہیں کرے گا۔ صبح ہوئی تو میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی خدمت میں پہنچا، جب آپ نے مجھے دیکھا تو فرمایا اے ابوبکر! میں تجھے خدا اور اس کے رسول (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی طرف بلاتا ہوں میں نے فوراً **اشھد ان لا الہ الا اللہ و اشھد انک رسول اللہ بعثک بالحق سراجا منیرا** پڑھ لیا اور آپ پر ایمان لے آیا اور آپ کی تصدیق کی۔ (مولف)

(ترجمہ مع اضافہ از شواہد النبوۃ مترجم)

حضور، ابوبکر کے خواب میں

ونیز در شواہد از ابوبکر صدیق منقول است کہ در مرض آخر خود گفت کہ امشب در تفویض امر خلافت بتکرار استخارہ کردم۔ الخ۔ ملتقطا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۶۰۲۔ منیر العین)

ایک دن اپنی بیماری کے دوران میں حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اس

رات میں نے خلافت کی سپردگی کے لیے متواتر استخارہ کیا اور اللہ سے التجا کی مجھے ایسے شخص کو امر خلافت تفویض کرنے کی توفیق دے جس سے وہ خوش ہے۔ پھر فرمایا تم جانتے ہو میں دروغ گوئی سے کام نہ لوں گا اور ایسا کون عقل مند ہے جو لقائے ربانی کے وقت اس پر افترا و بہتان باندھے اور مسلمانوں میں جھوٹ بولنے کو جائز سمجھے تمام حاضرین بولے اے خلیفہ رسول خدا! آپ کی راست گوئی اور صدق و صفا میں کس کو شک ہے؟ آپ جو کہنا چاہتے ہیں کہیئے۔

حضرت ابوبکر نے فرمایا، رات کے آخری حصے میں مجھے سخت نیند آئی میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دیدار پر انوار سے مشرف ہوا آپ نے دو سفید کپڑے پہن رکھے تھے اور میں ان کپڑوں کے دونوں کناروں کو ملا رہا تھا ناگاہ وہ دونوں کپڑے سبز ہونا اور چمکنا شروع ہو گئے ان کی درخشانی و تابانی سے دیکھنے والوں کی آنکھیں چندھیائی جاتی تھیں اور حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے دائیں بائیں دو نہایت حسین و جمیل نوجوان کھڑے تھے جن کی دید سے دل و جان مسرور ہوئے جاتے تھے۔

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے السلام علیکم کہہ کر مصافحہ سے مشرف فرمایا اور اپنا دست مقدس میرے سینے پر رکھ دیا جس سے میرا اضطراب و خفقان دل دور ہو گیا۔

پھر فرمایا، اے ابوبکر ہمیں تجھ سے ملنے کا بہت اشتیاق ہے کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ تم میرے پاس آ جاؤ میں خواب میں بہت رویا یہاں تک کہ میرے اہل خانہ کو بھی میرے رونے کی خبر ہو گئی جنہوں نے مجھے بعد ازاں اس گریہ وزاری سے مطلع کیا۔

پھر میں نے کہا، یا رسول اللہ وہ دونوں آپ کے قریب ہوئے۔

حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا ابھی کچھ قربت باقی ہے کیوں کہ وصال بھی تمھارے بغیر جدائی ہے۔

اس کے بعد حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے مجھ سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے تمھیں خلافت سپرد کرنے کا اختیار دے دیا ہے میں نے عرض کی حضور! آپ ہی کسی کو پسند فرمائیں۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت فاروق اعظم کو رعیت کا والی بنایا ہے جو صادق وقوی ہیں اور وہ زمانے بھر کے زمین و آسمان میں پاکیزہ ترین شخص ہیں۔

پھر حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا یہ دونوں آدمی وفات کے وقت تمھارے وزیر ہوں گے اور بہشت میں تمھارے ہمسایہ ہوں گے۔

اس کے بعد حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے مجھے السلام علیکم کہا پھر ان دونوں جوانوں نے بھی السلام علیکم کہا اور بولے کہ تمھیں ناپسندیدہ چیز سے مخلصی حاصل ہوگئی تو آسمان میں بھی صدیق ہے، انسانوں میں بھی صدیق ہے، فرشتوں میں بھی صدیق ہے اور زمین میں بھی صدیق ہے۔

میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیک وسلم یہ دونوں نوجوان کون ہیں؟ حضور علیہ الصلاۃ و السلام نے فرمایا یہ دونوں معزز و مکرم فرشتے ہیں جن کے نام جبرئیل و میکائیل علیہما الصلاۃ والسلام ہیں۔ یہ فرما کر حضور علیہ الصلاۃ والسلام تشریف لے گئے اور میں بیدار ہو گیا۔ میرے گالوں پر آنسو بہہ رہے تھے اور میرے گھر والے میرے سرہانے کھڑے ہو کر رو رہے تھے۔ (مولف) (ترجمہ مع اضافہ از شواہد النبوۃ مترجم)

خلفاء میں صدیق کا مرتبہ

امام احمد رضا بریلوی مرتبۂ صدیق سے متعلق فرماتے ہیں:

اہل سنت کے نزدیک صدیق اکبر کا مرتبہ سب سے زائد ہے، پھر فاروق اعظم، پھر مذہب منصور میں عثمان غنی پھر مرتضیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

جو چاروں کو برابر جانے وہ بھی سنی نہیں ہاں یہ معنی لے کر کہ چاروں کا ماننا فرض ہے اس بات میں

برابری ہے تو حرج نہیں جیسے **لا نفرق بین احد من رسلہ** ہم اس کے رسولوں میں فرق نہیں کرتے کہ ایک کو مانیں ایک کو نہ مانیں بلکہ سب کو مانتے ہیں اور فرمایا **تلک الرسل فضلنا بعضھم علی بعض.** ان رسولوں میں ہم نے ایک کو دوسرے پر فضیلت دی۔ (فتاویٰ افریقہ ۱۴۷)

ابوبکر حضور کے سایہ داماں میں

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر رقم طراز ہیں :

سولہ برس کی عمر میں حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدم پکڑے کہ عمر بھر نہ چھوڑے اب بھی پہلوئے اقدس میں آرام کرتے ہیں، روز قیامت دست بدست حضور اٹھیں گے، سایہ کی طرح ساتھ ساتھ داخل خلد بریں ہوں گے، جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مبعوث ہوئے فوراً بے تامل ایمان لائے۔

والہذا سیدنا امام ابوالحسن اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

لم یزل ابو بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعین الرضا منہ.

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمیشہ سرکار اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خوشنودی میں رہے۔

امام قسطلانی ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں:

اختلف الناس فی مرادہ بھذا الکلام فقیل لم یزل مومنا قبل البعثۃ و بعدھا و ھو الصحیح المرتضیٰ.

اس کلام سے امام اشعری کی مراد میں لوگوں کا اختلاف ہے۔ بیان مراد میں ایک قول یہ ہے کہ وہ

ہمیشہ مومن رہے قبل بعثت بھی بعد بعثت بھی، یہی قول صحیح و پسندیدہ ہے۔

امام اجل سیدی ابوالحسن علی بن عبدالکافی تقی الدین سبکی قدس سرہ الملکی فرماتے ہیں :

الصواب ان یقال ان الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ لم یثبت حالۃ کفر باللہ کما تثبت عن غیرہ ممن آمن و ھو الذی سمعنا من اشیاخنا و من یقتدی بہ و ھو الصواب ان شاء اللہ تعالیٰ۔

صحیح یہ کہنا ہے کہ حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے متعلق کوئی حالت کفر ثابت نہ ہوئی جیسا کہ دوسرے ایمان لانے والوں سے متعلق ثابت ہوئی، یہی ہم نے اپنے شیوخ اور پیشواؤں سے سنا ہے اور یہی حق ہے انشاء اللہ تعالیٰ۔ (تنزیہہ المکانۃ الحیدریۃ)

صدیق کا فنا فی الرسول

عمر بن شبہ کتاب مکہ میں اور ابویعلی و ابوبشر اور سمویہ اپنے فوائد اور حاکم مستدرک میں بطریق محمد بن مسلمہ عن ہشام بن حسان عن محمد بن سیرین، قصۂ اسلام ابی قحافہ والد امیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال فلما مد یدہ یبایعہ بکی ابو بکر فقال النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما یبکیک قال لان تکون ید عمک مکان یدہ و یسلم و یقر اللہ عینک احب الی من ان یکون۔

یعنی جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دست انور ابوقحافہ سے بیعت اسلام لینے کے لیے بڑھایا، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ روئے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں روتے ہو؟ عرض کی ان کے ہاتھ کی جگہ آج حضور کے چچا کا ہاتھ ہوتا اور ان کے اسلام لانے سے اللہ تعالیٰ حضور کی آنکھ

ٹھنڈی کرتا تو مجھے اپنے باپ کے مسلمان ہونے سے زیادہ یہ بات عزیز تھی۔

حاکم نے کہا یہ حدیث بر شرط شیخین صحیح ہے حافظ الشان نے اصابہ میں اسے مسلم رکھا۔

ابو قرۃ موسیٰ بن طارق موسیٰ بن عبیدہ وہ عبداللہ بن دینار و حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی۔

قال جاء ابو بکر بابی قحافة یقوده یوم فتح مکة فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الا ترکت الشیخ حتی ناتیه قال ابو بکر اردت ان یاجره الله و الذی بعثک بالحق لانا کنت اشد فرحا باسلام ابی طالب لو کان اسلم منی بابی .

یعنی صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتح مکہ کے دن ابو قحافہ کا ہاتھ پکڑے ہوئے خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر لائے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس بوڑھے کو وہیں کیوں نہ رہنے دیا کہ ہم خود اس کے پاس تشریف فرما ہوتے۔ صدیق اکبر نے عرض کی کہ میں نے چاہا کہ اللہ ان کو اجر دے قسم اس کی جس نے حضور کو حق کے ساتھ بھیجا مجھے اپنے باپ کے مسلمان ہونے سے زیادہ ابو طالب کے مسلمان ہونے کی خوشی ہوتی اگر وہ اسلام لے آتے۔

اللہ اللہ! یہ محبوب میں فنائے مطلق کا مرتبہ ہے۔ (شرح المطالب فی مبحث ابی طالب)

ابو بکر صدیق صدیق اکبر ہیں

علماء فرماتے ہیں ابو بکر، صدیق اکبر ہیں اور علی مرتضیٰ صدیق اصغر، صدیق اکبر کا مقام اعلیٰ صدیقیت سے بلند و بالا ہے۔

نسیم الریاض شرح شفائے امام قاضی عیاض میں ہے :

اما تخصیص ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فلانہ الصدیق الاکبر الذی سبق الناس کلھم لتصدیقہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و لم یصدر منہ غیرہ قط و کذا علی کرم اللہ تعالیٰ وجھہ فانہ یسمی الصدیق الاصغر الذی لم یتلبس بکفر قط و لم یسجد لغیر اللہ مع صغرہ و کون ابیہ علی غیر الملۃ . و لذا خص بقول علی کرم اللہ تعالیٰ وجھہ .

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خاص طور سے ''صدیق اکبر'' اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصدیق میں سب لوگوں پر سبقت لے گئے اور اس کے خلاف ان سے کبھی کوئی بات سرزد نہ ہوئی، اسی طرح حضرت مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو صدیق اصغر کہا جاتا ہے کہ وہ کبھی شرک وکفر کی آلودگی سے ملوث نہ ہوئے نہ غیر اللہ کو سجدہ کیا۔ حالاں کہ ایمان لانے کے وقت وہ چھوٹے تھے اور ان کے باپ ابو طالب ملت کفر پر تھے اس لیے انھیں ''علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ'' کہا جاتا ہے اور یہ ان کی خصوصیت ہے۔ (مولف)

مقام صدیق

سیدی شیخ اکبر محی الدین بن عربی فتوحات مکیہ شریف میں فرماتے ہیں :

فلو فقد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی ذلک الموطن و حضرہ ابو بکر لمقام فی ذلک المقام الذی اقیم فیہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لانہ لیس ثم اعلیٰ منہ یحجبہ عن ذلک فھو صادق ذلک الوقت و حکیمہ و ما سواہ تحت حکمہ (ثم قال) و ھذا المقام الذی اثبتنا بین الصدیقیۃ و نبوۃ التشریع و فوق الصدیقیۃ فی المنزلۃ عند اللہ و المشار الیہ بالسر الذی و قرفی صدر ابی بکر ففضل بہ

الصدیقین اذ حصل لہ فی قلبہ ما لیس فی شرط الصدیقیۃ ولا من لوازمھا فلیس بین ابی بکر و بین رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رجل لانہ صاحب الصدیقیۃ و صاحب سر.

یعنی اگر حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس موطن میں تشریف نہ رکھتے ہوں اور صدیق اکبر حاضر ہوں تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقام پر صدیق قیام کریں گے کہ وہاں صدیق سے اعلیٰ کوئی نہیں جو انھیں اس سے روکے وہ اس وقت کے صادق و حکیم ہیں اور جو ان کے سوا ہیں سب ان کے زیر حکم۔ یہ مقام جو ہم نے ثابت کیا صدیقیت اور نبوت شریعت کے بیچ میں ہے۔ یہ مقام قربت فردوں کے لیے، اللہ کے نزدیک نبوت شریعت سے نیچا اور صدیقیت سے مرتبے میں بالا ہے اسی کی طرف اس راز سے اشارہ ہے جو سینہ صدیق میں متمکن ہوا جس کے باعث وہ تمام صدیقوں سے افضل قرار پائے کہ ان کے قلب میں وہ راز الٰہی حاصل ہوا جو نہ صدیقیت کی شرط ہے نہ اس کے لوازم سے تو ابوبکر صدیق اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے درمیان کوئی شخص نہیں کہ وہ تو صدیقیت والے بھی ہیں اور صاحب راز بھی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مولا علی کی نگاہ میں صدیق اکبر کا مقام

صحیح بخاری شریف میں امام محمد بن حنفیہ صاحبزادۂ امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے ہے۔

قال قلت لابی ای الناس خیر بعد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ابو بکر قلت ثم من قال ثم عمر ثم خشیت ان اقول ثم فیقول عثمان فقلت ثم انت یا ابت فقال ما انا الا رجل من المسلمین.

میں نے اپنے والد ماجد مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب آدمیوں سے بہتر کون ہے؟ فرمایا ابوبکر میں نے کہا پھر کون، فرمایا پھر عمر، پھر مجھے خوف ہوا کہ کہیں میں کہوں پھر کون تو فرمادیں عثمان اس لیے میں نے سبقت کر کے کہا اے باپ میرے پھر؟ آپ فرمایا میں تو نہیں مگر ایک مرد مسلمانوں میں سے۔

طبرانی معجم اوسط میں صلہ بن زفر سے راوی جب امیر المومنین مولیٰ علی کے سامنے لوگ ابوبکر صدیق کا ذکر کرتے امیر المومنین فرماتے۔

السباق یذکرون السابق یذکرون و الذی نفسی بیدہ ما استبقنا الی خیر قط الاسبقنا الیہ .

ابوبکر بڑی سبقت والے کا ذکر کر رہے ہیں کمال پیشی لے جانے والے کا تذکرہ کرتے ہیں قسم اس کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے جب ہم نے کسی خیر میں پیشی چاہی ہے ابوبکر ہم سب پر سبقت لے گئے ہیں۔

صدیق کے بارے میں علی کی رائے

ابوالقاسم طلحی وابن ابی عاصم وابن شاہین ولا لکائی سب اپنی اپنی کتاب السنہ میں وعشاری فضائل صدیق اور اصبہانی کتاب الحجۃ اور ابن عساکر تاریخ دمشق میں راوی امیر المومنین کو خبر پہنچی کچھ لوگ انہیں ابوبکر و عمر سے افضل بتاتے ہیں۔ منبر پر تشریف لے گئے حمد و ثنائے الٰہی کے بعد فرمایا۔

ایھا الناس بلغنی ان اقواما یفضلونی علی ابی بکر و عمر و لو کنت تقدمت فیہ لعاقبت فیہ فمن سمعتہ بعد ھذا الیوم یقول ھذا فھو مفتر علیہ حد المفتری خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابو بکر ثم عمر ثم احدثنا بعضہم

احداثا یقضی الله فیها ما یشاء.

اے لوگو مجھے خبر پہنچی کہ کچھ لوگ مجھے ابوبکر وعمر پر فضیلت دیتے ہیں اگر میں پہلے متنبہ کر چکا ہوتا تو اب سزا دیتا آج کے بعد جسے ایسا کہتا سنوں گا وہ مفتری ہے اس پر مفتری کی حد آئے گی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب آدمیوں سے بہتر ابوبکر ہیں پھر عمر پھر ان کے بعد ہم سے کچھ نئے امور واقع ہوئے کہ خدا ان میں جو چاہے گا حکم فرمائے گا۔

ابن عساکر بطریق الزہری عن عبداللہ بن کثیر راوی امیر المومنین فرماتے ہیں :

لا یفضلنی احد علی ابی بکر و عمر الا جلدته جلد او جیعا.

جو مجھے ابوبکر وعمر سے افضل کہے گا اسے دردناک کوڑے لگاؤں گا۔

امام احمد ومسدد مسند اور عدنی مانحین اور ابوعبید کتاب الغریب اور نعیم بن حماد فتن اور خیثمہ بن سلیمان طرابلسی فضائل الصحابہ اور حاکم مستدرک اور خطیب تلخیص المتشابہ میں راوی امیر المومنین فرماتے ہیں۔

سبق رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و ثنی ابو بکر و ثلث عمر ثم خطبتنا فتنة و یعفو الله عمن یشاء و للخطیب وغیره فهو ما شاء الله زاد هو فمن فضلنی علی ابی بکر و عمر فعلیه حد المفتری من الجلد و اسقاط الشهادة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سبقت لے گئے اور ان کے دوسرے ابوبکر اور تیسرے عمر ہوئے پھر ہمیں فتنے نے مضطرب کیا اور خدا جسے چاہے معاف فرمائے گا یا فرمایا جو خدا نے چاہا وہ ہوا تو جو مجھے ابوبکر وعمر پر فضیلت دے اس پر مفتری کی حد واجب ہے اسی (۸۰) کوڑے لگائے جائیں اور گواہی کبھی نہ سنی جائے۔

ابو طالب عشاری روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص نے امیر المومنین مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی آپ خیر الناس ہیں، فرمایا تو نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہا نہ فرمایا ابوبکر کو دیکھا ہے کہا نہ فرمایا عمر کو دیکھا ہے کہا نہ فرمایا۔

اما انک لو قلت انک رأیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لقتلتک و لو قلت رأیت ابا بکر و عمر لحددتک.

سن لے اگر تو نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دیکھنے کا اقرار کرتا اور پھر مجھے خیر الناس کہتا تو میں تجھے قتل کرتا اور اگر تو ابوبکر و عمر کو دیکھے ہوتا اور مجھے افضل بتاتا تو تجھے حد لگاتا۔

ابن عساکر سیدنا عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا۔

لا یفضلنی احد علی ابی بکر و عمر الا وقد انکر حقی و حق اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

جو مجھے ابوبکر و عمر پر تفضیل دے گا وہ میرے اور تمام اصحاب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق کا منکر ہوگا۔

ابو طالب عشاری اور اصبہانی کتاب الحجہ میں عبد خیر سے راوی میں نے امیر المومنین مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب سے پہلے جنت میں کون جائے گا فرمایا ابوبکر میں نے عرض کی یا امیر المومنین کیا وہ دونوں آپ سے پہلے جنت میں جائیں گے فرمایا۔

ای والذی فلق الجبة و برأ النسمة انهما لیاکلان من ثمارها و یرویان من مائها و یسکنان علی فراشها و انا موقوف بالحساب .

ہاں قسم اس کی جس نے بیج کو چیر کر پیڑ اگایا اور آدمی کو اپنی قدرت سے تصویر فرمایا بیشک وہ دونوں جنت کے پھل کھائیں گے، اس کے پانی سے سیراب ہوں گے اس کی مسندوں پر آرام کریں گے اور میں ابھی حساب میں کھڑا ہوں گا۔

ابوذر ہروی و دارقطنی وغیرہما حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی میں نے امیر المومنین علی سے عرض کی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد لوگوں میں افضل کون ہے؟ فرمایا :

خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابو بکر و عمر.

ٹھہر اے ابوجحیفہ کیا میں تمھیں نہ بتادوں کہ خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کون ہے ابوبکر و عمر۔

ابونعیم حلیہ اور ابن شاہین کتاب السنۃ اور ابن عساکر تاریخ میں عمران بن حریث سے راوی میں نے امیر المومنین مولیٰ علی کو منبر پر فرماتے سنا۔

افضل الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابو بکر و عمر و عثمان.

بیشک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب آدمیوں سے افضل ابوبکر ہیں پھر عمر پھر عثمان۔

ابن عساکر بطریق سعد بن طریف اصبغ بن نباتہ سے راوی

قال قلت لعلی یا امیر المومنین من خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ابو بکر قلت ثم من قال عمر قلت ثم من قال عثمان قلت ثم من قال انا رأیت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بعینی ھاتین و الا فعمیتا و باذنی ھاتین و الا فصمتا یقول ما ولد فی الاسلام مولودا زکی و لا اطھر و لا افضل

من ابی بکر ثم عمر.

میں نے مولیٰ علی سے عرض کی یا امیر المومنین رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب سے افضل کون ہے فرمایا ابوبکر میں نے کہا پھر کون فرمایا عمر کہا پھر کون فرمایا عثمان، کہا پھر کون فرمایا میں نے ان آنکھوں سے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا ورنہ یہ آنکھیں پھوٹ جائیو اور ان کانوں سے سنا ورنہ بہرے ہو جائیو حضور فرماتے تھے اسلام میں کوئی شخص ایسا پیدا نہ ہوا جو ابوبکر پھر عمر سے زیادہ ستھرا زیادہ پاکیزہ زیادہ فضیلت والا ہو۔

ابو طالب عشاری فضائل الصدیق میں راوی امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں :

و هل انا الا حسنة من حسنات ابی بکر.

میں کون ہوں مگر ابوبکر کی نیکیوں سے ایک نیکی۔

سبقت صدیق کی چار وجوہ

خیثمہ طرابلسی و ابن عساکر ابوالزناد سے راوی ایک شخص نے مولیٰ علی سے عرض کی یا امیر المومنین کیا بات ہوئی کہ مہاجرین و انصار نے ابوبکر کو تقدیم دی حالاں کہ آپ کے مناقب بیشتر اور اسلام و سوابق و پیشتر فرمایا اگر مسلمان کے لیے خدا کی پناہ نہ ہوتی تو میں تجھے قتل کر دیتا افسوس تجھ پر، ابوبکر چار وجہ سے مجھ پر سبقت لے گئے۔

(۱) افشائے اسلام میں مجھ سے پہلے

(۲) ہجرت میں مجھ سے سابق

(۳) صحبت غار میں انھیں کا حصہ

(۴) نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امامت کے لیے انھیں کو مقدم فرمایا۔

ویحک ان اللہ ذم الناس کلھم و مدح ابا بکر فقال الا تنصروہ فقد نصرہ اللہ الآیۃ .

افسوس تجھ پر بیشک اللہ تعالیٰ نے سب کی مذمت کی اور ابو بکر کی مدح فرمائی کہ ارشاد فرماتا ہے اگر تم اس نبی کی مدد نہ کرو تو اللہ تعالیٰ نے اس کی مدد فرمائی جب کافروں نے اسے مکے سے باہر کیا دوسرا ان دو کا جب وہ غار میں تھے جب اپنے یار سے فرماتا تھا غم نہ کھا اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

دختر کی خبر اور مال کی وصیت

عالم مدینہ امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی کہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کا مال جو غابہ میں تھا اس میں سے بیس وسق چھوہارے ام المومنین کو ہبہ فرمائے تھے کہ درختوں پر سے اتروالیں جب صدیق اکبر کے وصال کا وقت آیا ام المومنین سے فرمایا اے پیاری بیٹی خدا کی قسم کسی شخص کی تونگری مجھے تم سے محبوب نہیں اور اپنے بعد کسی کی محتاجی تمھارے برابر مجھ پر دشوار نہیں اور میں نے تم کو بیس وسق چھوہارے ہبہ کیے تھے کہ درختوں پر سے اتروالو تو اگر تم نے وہ کٹوا کر قبضے میں کر لیے ہوتے تو وہ تمھارے ہوتے اور آج تو وارث کا مال ہے اور وارث تمھارے دو بھائی اور تمھاری بہنیں ہیں تو اسے حسب فرائض اللہ تقسیم کر لینا، ام المومنین نے عرض کی، اے میرے باپ خدا کی قسم اگر اتنا اور اتنا مال ہوتا میں جب بھی چھوڑ دیتی، میری بہن تو ایک اسماء ہے دوسری کون ہے فرمایا وہ جو بنت خارجہ کے پیٹ میں ہے میرے علم میں وہ لڑکی ہے۔

ابن سعد نے طبقات میں یوں روایت کی کہ صدیق نے فرمایا کہ وہ بنت خارجہ کے پیٹ میں ہے

میرے دل میں الہام کیا گیا کہ وہ لڑکی ہے تم اس کے بارے میں بھلائی کی وصیت قبول کرو، اس پر ام کلثوم پیدا ہوئیں۔ (الدولۃ المکیۃ)

غارِ ثور میں صدیق کی جاں نثاری

امام احمد رضا بریلوی ایک موقع پر فرماتے ہیں :

جان کا رکھنا سب سے زیادہ فرض اہم ہے۔ امام الصدیقین اکمل الاولیاء العارفین سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعظیم ومحبت کو حفظ جان پر مقدم رکھا۔

سفر ہجرت میں جب آفتاب رسالت و ماہتاب صدیقیت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برج ثور بیت الشرف قمر میں اجتماع نیرین کی طرح غار ثور پر جلوہ فرما ہوئے صدیق اکبر نے اپنے محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی یارسول اللہ! حضور باہر توقف فرمائیں پہلے میں اندر جا کر غار کو صاف کردوں کہ اگر کوئی چیز ہو تو مجھے پہنچے۔ غار چند ہزار سال کا تھا، بہت سوراخ تھے، صدیق نے سنگریزوں سے، پھر کپڑے پھاڑ پھاڑ کران سے بند کیے ایک سوراخ رہ گیا، اس میں پاؤں کا انگوٹھا رکھا اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بلایا، حضور نے ان کے زانو پر سر انور رکھ کر آرام فرمایا۔ وہاں ایک سانپ مدت سے بہ تمنائے دیدار فائض الانوار حضور پرنور سید الابرار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رہتا تھا کہ اس نے قرون سابقہ میں علمائے امم سابقہ کو باہم ذکر کرتے سنا تھا کہ حضور اقدس نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت اور غار ثور میں اقامت فرمائیں گے۔ سانپ نے اپنا سر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انگوٹھے پر رگڑا انھوں نے جانا کہ سانپ ہے مگر اس خیال سے کہ جان جائے مگر محبوب کی نیند میں خلل نہ آئے، پاؤں نہ ہٹایا یہاں تک کہ اس نے کاٹا، صدیق نے بکمال ادب جنبش نہ کی مگر

شدت ضبط کے باعث آنسو نکل کر رخسار محبوب رب العالمین پر پڑے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چشم جاں فزا کھلی صدیق سے حال پوچھا عرض کی۔

لدغت بابی انت و امی یا رسول الله .

یارسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان مجھے سانپ نے کاٹا۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لعاب دہن اقدس لگا دیا فوراً آرام ہوگیا۔

افضلیت صدیق کی وجہ خاص

یہی تعظیم، محبت، جاں نثاری اور پروانہ واری شمع رسالت بعد انبیاء ومرسلین صلوات اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین تمام جہان پر باعث تفوق ہے جس نے صدیق اکبر کو ان کے بعد تمام عالم، تمام خلق اللہ، تمام اولیاء، تمام عرفاء سے افضل واکرم واکمل واعظم کردیا۔ یہی وہ سر ہے جس کی نسبت حدیث میں آیا کہ ابوبکر کو کثرت صوم وصلاۃ کی وجہ سے تم پر فضیلت نہ ہوئی۔

و لكن بشی و قر فی صدره .

بلکہ اس سر کے سبب جو اس کے دل میں راسخ ومتمکن ہے۔

یہی وہ راز ہے جس کے باعث ارشاد ہوا کہ :

لو وزن ایمان ابی بكر بایمان امتی لرجح ایمان ابی بكر.

اگر ابوبکر کا ایمان میری تمام امت کے ایمان کے ساتھ وزن کیا جائے تو ابوبکر کا ایمان غالب آئے۔

والہٰذا قرآن عظیم نے اپنے نصوص قطعیہ سے شکل اول بدیہی الانتاج افضلیت مطلقہ صدیق اکبر

رضی اللہ تعالیٰ عنہ قائم فرمادی۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم.

تم سب میں سب سے زیادہ عزت والا اللہ عزوجل کے حضور وہ ہے جو تم سب میں اتقی ہے۔

اور دوسری آیت کریمہ میں صاف فرمادیا اتقی کون ہے؟ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

و سیجنبھا الاتقی الذی یؤتی ما لہ یتزکی و ما لا حد عندہ من نعمہ تجزی الا ابتغاء وجہ ربہ الاعلیٰ و لسوف یرضی .

قریب ہے جہنم سے بچایا جائے گا وہ سب سے اتقی جو اپنا مال دیتا ہے ستھرا ہونے کو، اور اس پر کسی کا ایسا احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے مگر اپنے پروردگار برتر کی وجہ کریم چاہنا اور قریب ہے کہ وہ اس سے راضی ہو جائے گا۔

بشہادت آیت اولی ان آیات کریمہ سے وہی مراد ہے جو افضل واکرم امت مرحومہ ہے اور وہ نہیں مگر اہل سنت کے نزدیک صدیق اکبر۔

اور تفضیلیہ وروافض کے یہاں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم

مگر اللہ عزوجل کے لیے حمد کہ اس نے کسی کی تلبیس وتدلیس کو جگہ نہ چھوڑی، آیہ کریمہ نے ایسے وصف خاص سے اتقی، کی تعیین فرمادی جو صدیق اکبر کے سوا کسی پر صادق آ ہی نہیں سکتا فرماتا ہے۔

و ما لا حد عندہ من نعمۃ تجزی.

اس پر کسی کا ایسا احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے۔

حضور پرنور خلیفۃ اللہ الاعظم ومحسن ومنعم تمام عالم ہیں۔حضور کے احسانات کہ بے حد وغایات ہیں دوقسم ہیں۔

(۱) دینیہ، کہ اولین وآخرین حتی کہ انبیاء ومرسلین وملائکہ مقربین علیہم الصلاۃ والسلام۔جس نے جو نعمت ایمان و دولت عرفان پائی حضور خلیفۃ اللہ الاعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کے ہاتھوں سے ملی، حضور ہی کی بدولت ہاتھ آئی۔

(۲) دنیویہ۔

پھر دوقسم ہیں۔

اول : عامہ باطنہ، کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بحکم خلافت رب العالمین جل وعلا جملہ نعمہائے الٰہیہ کے قاسم ہیں۔

دوم : خاصہ ظاہرہ، کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بکمال رحمت ورافت ظاہر بشریت کی طرف تنزل فرما کر اپنے غلاموں، کنیزوں سے حسب عرف وعادت باہمی معاملات فرماتے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پہلی دوقسم کی نعمتیں ہرگز اس قسم سے نہیں جن کا کوئی بدلہ دے سکے نعم دینیہ کا معاوضہ نہ ہوسکنا تو ظاہر اور نعم عامہ باطنہ دنیویہ بحکم خلافت رب العزت ہیں۔اللہ عزوجل کو کون عوض دے، ہاں قسم سوم ہی کی نعمتیں کہ باہمی معاملات عرفیہ کے طور پر تھیں، صالح عوض ومجازات ہیں۔

صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والتسلیم حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جس قدر احسانات وانعامات قسم اول کے ہیں تمام عالم میں کسی پر نہیں۔اور قسم دوم میں

صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور تمام عالم شریک ہیں مگر قسم سوم یعنی معاملات باہمی قابل معاوضہ میں ہمیشہ صدیق اکبر کی طرف سے بندگی وغلامی وخدمت و نیازمندی اور مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے براہ بندہ نوازی قبول و پذیرائی و عطائے سعادت مندی کا برتاؤ رہا۔ یہاں تک کہ خود صدیق اکبر کے مولائے اکرم وآقائے اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

انه ليس في الناس احد امن علي في نفسه و ماله من ابن ابي قحافة.

بے شک تمام آدمیوں میں اپنی جان و مال سے میرے ساتھ کسی نے ایسا سلوک نہ کیا جیسا کہ ابوبکر نے۔

اور فرمایا :

ما لاحد عندنا يد الا وقد كافيناه بها ما خلا ابا بكر فان له عندنا يدا يكافئه الله بها يوم القيامة و ما نفعني مال احد قط ما نفعني مال ابي بكر.

کسی کا ہمارے ساتھ کوئی حسن سلوک ایسا نہیں جس کا ہم نے عوض نہ کر دیا ہو سوا ابوبکر کے کہ ان کا ہمارے ساتھ وہ حسن سلوک ہے جس کا بدلہ اللہ تعالیٰ انھیں روز قیامت دے گا مجھے کسی کے مال نے ایسا نفع نہیں دیا جیسا ابوبکر کے مال نے۔

صدیق نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ والا میں حضرت بتول زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نسبت درخواست عرض کی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صغرسن کا عذر فرمایا۔

فقیر (امام احمد رضا بریلوی) کہتا ہے اس میں ایک حکمت جلیلہ یہ بھی تھی کہ دامادی میں قبول کرنا انھیں دنیاوی احسانات سے ہے جن میں جزاو مکافات جاری۔

حدیث میں ہے کہ جو کچھ ہدیہ وعطیہ عقد نکاح سے پہلے دیا جائے وہ عورت کا ہے اور جو بعد کو دیا

جائے وہ اس کا جسے دیا جائے یعنی خسر وخوشدامن وغیرہما۔

پھر فرمایا :

و احق ما یکرم الرجل به ابنته او اخته .

اور آدمی جن ذرائع سے اکرام ونیک سلوک کا مستحق ہو ان میں سب سے زیادہ ذریعہ اس کی بیٹی یا بہن ہے۔

اور اللہ ورسول کو منظور نہ تھا کہ صدیق پر ان کے احسانات ناممکن العوض کے سوا کوئی احسان قابل معاوضہ دنیویہ ہو، لہٰذا عذر فرمادیا۔

بخلاف سیدنا امیر المومنین مولیٰ علی مشکل کشا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی کہ ان پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بے پایاں احسانات دوقسم اولین کے سوا قسم سوم کے بھی بہت احسان ہیں انھوں نے پرورش ہی مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مال سے پائی۔

حدیث میں ہے قبل ظہور نور نبوت مکہ معظمہ میں گرانی ہوئی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سیدنا عباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرمایا تم دیکھتے ہو کہ زمانہ گرانی کا ہے اور ابوطالب کے عیال کثیر، آؤ کہ ہم ان پر تخفیف فرمادیں۔ یہ فرما کر حضور اور حضور کے ہمراہ رکاب حضرت عباس، ابوطالب کے پاس تشریف لائے، حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مولیٰ علی کو اپنی پرورش میں لے لیا، اور حضرت عباس نے حضرت جعفر یا حضرت عقیل کو، رضی اللہ تعالیٰ عنہم پھر تتمیم نعمت کبریٰ تزویج حضرت بتول زہرا سے ہوئی۔ صلی اللہ تعالیٰ علی ابیہا وعلیہا وعلی بعلہا وابنیہا وبارک وسلم۔

تو آیہ کریمہ و ما لاحد عندہ من نعمة تجزی سے مولیٰ علی قطعاً مراد نہیں ہوسکتے بلکہ بالیقین صدیق اکبر ہی مقصود ہیں اور اسی پر اجماع مفسرین موجود۔

حضور سے کمال تشبیہ

اسی افضلیت مطلقہ صدیق کے مناشی سے ہے اس جناب کا کمال تشبیہ حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ہونا۔

اول ظہور بعثت شریفہ میں جب حضور نے فرمایا تھا لقد خشیت علی نفسی (مجھے اپنی جان کا ڈر ہے) اس وقت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور کے جو اوصاف کریمہ شمار کیے تھے کہ اللہ تعالیٰ حضور کو ضائع نہ چھوڑے گا، حضور یہ کمالات عالیہ رکھتے ہیں۔

بعینہا وہی کمالات انھیں الفاظ سے ابن الدغنہ نے صدیق کے لیے بیان کیے، جب قبل ہجرت بقصد ہجرت تشریف لے چلے ہیں۔ راہ میں ابن الدغنہ ملا حال معلوم ہوا، کہا کیا آپ جیسا وطن سے جدا کیا جائے گا؟ حالاں کہ آپ یہ یہ کمالات عالیہ رکھتے ہیں۔

یوں ہی جب صلح حدیبیہ ہوئی اور مسلمان اس سال مکہ معظمہ جانے سے باز رکھے گئے، یہ امر ان پر بالخصوص اشدہم فی امر اللہ امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر سخت شاق گزرا۔ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو رب عزوجل نے سفر حدیبیہ سے پہلے خواب دکھایا تھا کہ حضور مع صحابہ کرام مسجد الحرام میں بامن وامان داخل ہوئے اور مناسک حج ادا فرمائے۔

صحابہ کا گمان تھا کہ اس خواب کی تصدیق اسی سفر میں واقع ہوگی جب اس سال واپسی کی ٹھہری امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کی:

یا رسول اللہ! کیا ہم حق پر اور ہمارے دشمن باطل پر نہیں؟

فرمایا: ضرور

عرض کی: کیا ہمارے شہداء جنت میں اور ان کے مقتولین نار میں نہیں۔

فرمایا: کیوں نہیں۔

عرض کی: پھر ہم اپنے دین میں دبتی کیوں رکھیں۔

فرمایا : میں اللہ کا رسول ہوں اور اس کی نافرمانی نہ کروں گا اور وہ ضرور میری مدد فرمائے گا۔

عرض کی : کیا حضور نے ہمیں خبر نہ دی تھی کہ ہم کعبہ معظمہ جائیں گے اور طواف بجالائیں گے؟

فرمایا: ہاں خبر دی تھی پھر کیا یہ فرمادیا تھا کہ اسی سال؟

عرض کی : نہ

فرمایا: تم ضرور کعبہ جاؤ گے اور طواف بجالاؤ گے۔

فاروق اعظم اس تمنا پر کہ شاید صدیق شفاعت کریں اور ان کی مراد کہ کفار سے جہاد اور بالجبر داخلی کعبہ معظمہ ہے، حاصل ہو جائے خدمت صدیق میں حاضر ہوئے اور گزارش کی۔

کیا ہم حق پر اور ہمارے دشمن باطل پر نہیں؟

فرمایا :ضرور۔

کہا: ہمارے شہداء جنت میں اور ان کے مقتولین نار میں نہیں۔

فرمایا: کیوں نہیں۔

کہا: پھر ہم اپنے دین میں دبتی کیوں رکھیں؟

فرمایا: اے شخص! وہ اللہ کے رسول ہیں اور اس کی نافرمانی نہ کریں گے اور وہ ضرور ان کی مدد

فرمائے گا، ان کی رکاب تھام لے کہ خدا کی قسم وہ حق پر ہیں۔

کہا: کیا ہمیں خبر نہ دی تھی کہ ہم کعبہ معظمہ جائیں گے اور طواف بجالائیں گے

فرمایا: ہاں خبر دی تھی پھر کیا یہ فرمادیا تھا کہ اسی سال؟

کہا: نہ

فرمایا: تو ضرور تم کعبہ جاؤ گے اور طواف بجالاؤ گے۔

دیکھو بعینہٖ حرف بحرف وہی جواب ہیں جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائے۔ یہ وہی بات ہے کہ قلب صدیقی آئینہ قلب حضور سید الکائنات ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وبارک وکرم۔ آیہ کریمہ میں اسی خواب کا ذکر ہے۔ (ماخوذ از حیات اعلیٰ حضرت جلد اول)

ایک آیت کی تفسیر اور غلاموں کو آزاد کرنا

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اوصاف کریمانہ سے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

و سیجنبها الاتقی الذی یوتی ماله یتزکی و ما لاحد عنده من نعمة تجزی الا ابتغاء وجه ربه الاعلیٰ و لسوف یرضی.

اور بہت اس سے دور رکھا جائے گا جو سب سے بڑا پرہیزگار جو اپنا مال دیتا ہے کہ ستھرا ہو اور کسی کا اس پر کچھ احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے صرف اپنے رب کی رضا چاہتا ہے جو سب سے بلند ہے اور بیشک قریب ہے کہ وہ راضی ہوگا۔

اہل سنت و جماعت کے مفسرین کا اس پر اجماع ہے کہ یہ آیت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے

حق میں اتری اور ''الاتقی'' سے وہی مراد ہیں۔

ابن حاتم وطبرانی نے حدیث روایت کی کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جن سات غلاموں کو آزاد کیا وہ سب کے سب اللہ تعالیٰ کی راہ میں ستائے جاتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے اپنا فرمان وسیجنبها الاتقی الآیة نازل فرمایا۔

بغوی نے فرمایا کہ ابن الزبیر کا قول ہے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کمزوروں کو خریدتے پھر انھیں آزاد کر دیتے تو ان سے ان کے والدین نے کہا اے بیٹے! ایسے غلاموں کو خریدتے ہوتے جو تمھاری حفاظت کرتے۔ ابوبکر نے فرمایا میں اپنی حفاظت ہی چاہتا ہوں تو یہ آیت سیجنبها الاتقی نازل ہوئی۔

محمد بن اسحاق نے ذکر کیا کہ بلال ایک جمحی کے غلام تھے اور ان کا نام بلال بن رباح ہے اور ان کی ماں کا نام حمامہ ہے اور بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام میں سچے اور پاک دل تھے۔ امیہ بن خلف انھیں باہر لاتا جب گرم دوپہر ہوتی تو انھیں پیٹھ کے بل مکہ کے رتیلے میدان میں ڈال دیتا پھر بڑی چٹان لانے کا حکم دیتا وہ ان کے سینہ پر رکھ دی جاتی پھر کہتا تم ایسے ہی پڑے رہو گے یہاں تک کہ مر جاؤ یا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) سے کافر ہو اور حضرت بلال احد احد فرماتے حالاں کہ وہ اس بلا میں ہوتے۔

محمد بن اسحاق نے ہشام بن عروہ سے روایت کی انھوں نے اپنے باپ سے روایت کی، انھوں نے فرمایا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا گزر ایک دن بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس سے ہوا اور وہ لوگ بلال کے ساتھ یہی برتاؤ کر رہے تھے۔ اور حضرت ابوبکر صدیق کا گھر بنو جمح میں تھا تو آپ نے فرمایا کہ کیا تو (اے امیہ بن خلف) اس بے چارے کے معاملہ میں اللہ سے نہیں ڈرتا تو امیہ نے کہا آپ نے اسے بگاڑا ہے آپ اس گت سے اسے بچالیں جو آپ دیکھ رہے ہیں ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں بچائے لیتا

ہوں میرے پاس ایک سیاہ فام غلام ہے جو بلال سے زیادہ قوی اور طاقتور ہے اور تیرے دین پر ہے وہ تجھے دوں۔ امیہ بولا مجھے منظور ہے تو ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے امیہ کو اپنا غلام دے دیا اور بلال کو لے لیا اور انھیں آزاد کر دیا۔

پھر ان کے ساتھ اسلام کی شرط پر ہجرت سے پہلے چھ کو آزاد کیا ان کے ساتویں عامر بن فہیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جو جنگ بدر و احد میں شریک ہوئے اور بیر معونہ کی جنگ میں شہید ہوئے۔ اور ام عمیس وزبیرہ کو آزاد فرمایا تو ان کی آنکھ جاتی رہی۔ جب انھیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آزاد فرمایا تو قریش بولے کہ انھیں لات وعزیٰ نے اندھا کیا ہے تو آپ بولیں کعبہ کی قسم قریش جھوٹے ہیں۔ لات وعزیٰ نہ ضرر دے سکیں نہ فائدہ پہنچا سکیں تو اللہ تعالیٰ نے انھیں ان کی بینائی پھیر دی۔ اور نہدیہ اور اس کی بیٹی کو آزاد کیا یہ دونوں بنی عبدالدار کی ایک عورت کی لونڈیاں تھیں، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے پاس سے گزرے جب کہ ان کی آقا عورت نے انھیں اپنا آٹا پیسنے کے لیے بھیجا تھا اور وہ عورت کہتی تھی کہ خدا کی قسم تمھیں کبھی آزاد نہ کروں گی تو ابوبکر نے فرمایا اے ام فلاں ایسا نہ کر دوہ بولی ہرگز نہیں آپ نے ان دونوں کو بگاڑا ہے آپ انھیں آزاد کر دیں صدیق نے فرمایا تو کتنے دام پر بیچتی ہے وہ بولی اتنے اور اتنے دام پر۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں نے ان دونوں کو لیا اور یہ دونوں آزاد ہیں۔ ایک دن آپ کا گزر بنومومل کی ایک لونڈی کے پاس سے ہوا جب اس پر ظلم ہو رہا تھا تو اسے خرید کر آپ نے آزاد کر دیا۔

سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا مجھے خبر پہنچی کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بلال کے معاملہ میں جب امیہ بن خلف سے پوچھا کہ کیا تم بلال کو فروخت کرو گے تو اس نے کہا ہاں۔ ابوبکر نے فرمایا میں اسے نسطاس کے بدلے بیچتا ہوں (نسطاس، سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وہ غلام جو دس ہزار دینار اور بہت سے لونڈی وغلام اور چوپایوں کا مالک تھا) ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ چاہتے

تھے کہ وہ اسلام لے آئے اور اس کا مال اسی کا رہے مگر وہ نہ مانا تو حضرت ابوبکر نے اس کو مبغوض و برا جانا۔ پھر جب امیہ نے کہا بلال کو میں آپ کے غلام کے بدلے دیتا ہوں، ابوبکر نے اس بات کو غنیمت جانا اور نسطاس کو امیہ کے ہاتھ بیچ دیا۔ اس پر مشرکین بولے ابوبکر نے ایسا اس لیے کیا ہے کہ بلال کا ان پر کوئی احسان ہے، تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔

و ما لاحد عنده من نعمة تجزى.

یعنی اور اس پر کسی کا کچھ احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے۔

علامہ ابوالسعود نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا کہ عطا اور ضحاک نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا (جس میں بلال کی خریداری اور ان کے آزاد ہونے کا قصہ مذکور ہے) اس پر مشرکین بولے ابوبکر نے بلال کو ان کے کسی احسان ہی کی وجہ سے آزاد کیا ہے تو یہ آیت (**و ما لاحد عنده من نعمة تجزى**) نازل ہوئی۔

ازالہ میں عروہ سے ہے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سات کو آزاد کیا ان سب پر اللہ کی راہ میں ظلم توڑا جاتا تھا۔

(۱) حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(۲) عامر بن فہیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ
(۳) نہدیہ
(۴) نہدیہ کی بیٹی
(۵) زبیرہ
(۶) ام عمیس

(۷) بنی مؤمل کی کنیز

انھیں کے لیے یہ آیت اتری **و سیجنبھا الاتقی الآیۃ .**

اور اس (دوزخ) سے بہت دور رکھا جائے گا جو سب سے بڑا پرہیزگار ہے۔

عامر بن عبداللہ بن الزبیر سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے راوی ہیں انھوں نے فرمایا کہ حضرت ابوقحافہ نے ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا میں تمھیں دیکھتا ہوں کہ کمزور غلاموں کو آزاد کرتے ہو کاش تم تندرست وتوانا غلام آزاد کرتے جو تمھاری حفاظت کرتے اور جنگ میں تمھاری سپر ہوتے تو صدیق اکبر نے فرمایا اے میرے باپ میں تو صرف اللہ کی رضا چاہتا ہوں تو یہ آیت نازل ہوئی۔

فاما من اعطی و اتقی الی قولہ و ما لاحد عندہ من نعمۃ تجزی الا ابتغاء وجہ ربہ الاعلیٰ و لسوف یرضی .

یعنی جس نے دیا اور پرہیزگاری کی۔ اور کسی کا اس پر کچھ احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے صرف اپنے رب کی رضا چاہتا ہے جو سب سے بلند ہے اور بے شک قریب ہے کہ وہ راضی ہوگا۔

سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے انھوں نے فرمایا کہ آیت کریمہ **و ما لاحد عندہ من نعمۃ تجزی** ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی کہ انھوں نے لوگوں کو آزاد کیا ان سے نہ بدلہ چاہا نہ شکر گزاری وہ آزاد شدہ چھ یا سات تھے انھیں میں بلال و عامر بن فہیرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما تھے۔

اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے **و سیجنبھا الاتقی** کی تفسیر میں ہے انھوں نے فرمایا کہ آیت میں جن کا ذکر ہے وہ ابوبکر صدیق ہیں۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

ابن ابی حاتم نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث بسند خود روایت کی کہ امیہ بن خلف اور ابی بن خلف سے حضرت ابو بکر نے حضرت بلال کو ایک چادر اور دس اوقیہ سونے کے عوض خریدا پھر انھیں خالص اللہ کے لیے آزاد کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری و ان سعیکم لشتی بیشک تمھاری کوشش مختلف ہے یعنی ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور امیہ و ابی بن خلف کی کوششوں میں عظیم فرق ہے، ان میں بون بعید ہے۔

اور سردار بن سردار عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے ابو بکر صدیق کے بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو خرید کر آزاد کر دینے کے بارے میں کچھ اشعار کہے جن کا ترجمہ یہ ہے۔

اللہ جزائے خیر دے بلال اور ان کے ساتھیوں کی طرف سے عتیق (ابوبکر) کو اور امیہ اور ابوجہل کو رسوا کرے وہ شام یاد کرو جب ان دونوں نے بلال کا برا چاہا اور اس سے نہ ڈرے جس سے ذی عقل آدمی ڈرتا ہے انھوں نے بلال کا برا اس لیے چاہا کہ بلال نے خلق کے خدا کو ایک جانا اور اس نے یہ کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ میرا رب ہے میں اس پر مطمئن ہوں تو اگر تم مجھے قتل کرو تو اس حال میں قتل کرو گے کہ میں قتل کے ڈر سے رحمٰن کا شریک ٹھہرانے کا نہیں تو اے ابراہیم اور اپنے بندے یونس اور موسیٰ وعیسیٰ کے رب مجھے نجات دے پھر اسے مہلت نہ دے جو ناحق ظالمانہ آل غالب کی گمراہی کی آرزو کیے جاتا ہے۔

امام بغوی نے "الاتقی" کی تفسیر میں کہا، اس لفظ سے خدا کی مراد سب مفسرین کے قول کے بموجب ابوبکر صدیق ہیں۔

امام رازی نے مفاتیح الغیب میں فرمایا ہم سنیوں کے مفسرین کا اس پر اجماع ہے کہ اتقی سے مراد ابوبکر ہیں۔

صواعق محرقہ میں ابن حجر نے علامہ ابن الجوزی سے نقل کیا، علماء سب اس پر متفق ہیں کہ یہ آیت ابو بکر کے حق میں نازل ہوئی، یہاں تک کہ مجھے خبر پہنچی کہ طبرسی کو باوجود رفض کے اپنی تفسیر مجمع البیان میں اس کا انکار نہ بن پڑا۔ **و الفضل ما شهدت به الاعداء .**

پھر امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی عادت کے مطابق اپنی تفسیر میں عقلی استدلال و نظر کی راہ سے یہ ثابت کرنے کی کوشش فرمائی کہ آیت کا مفہوم صدیق اکبر کے سوا کسی کے لیے نہیں بنتا تو انھوں نے فرمایا کہ تمام شیعہ اس روایت کے منکر ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ یہ آیت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں اتری ہے اور اس کی دلیل اللہ کا فرمان **و يوتون الزكوة و هم راكعون** ہے اور رکوع کی حالت میں زکوۃ دیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کا قول **الا تقى الذى يوتى ماله يتزكى** یعنی وہ سب سے بڑا پرہیز گار جو ستھرا ہونے کو اپنا مال دیتا ہے۔ اسی وصف کی طرف اشارہ ہے جو اس آیت میں مذکور ہوا یعنی اللہ کا یہ فرمانا **و يوتون الزكوة الآية .**

اور جب ایک رافضی نے یہ بات میری مجلس میں کہی میں نے کہا میں اس پر دلیل عقلی قائم کروں گا کہ اس سے مراد صرف ابو بکر ہیں۔ اور تقریر دلیل یوں ہے کہ مراد اس بڑے پرہیز گار سے وہی ہے جو سب سے افضل ہے تو جب معاملہ ایسا ہے تو ضروری ہے کہ اس سے مراد بس ابو بکر ہوں تو جب یہ دونوں مقدمے صحیح ہوں گے دعویٰ درست ہوگا اور ہم نے یہ اسی لیے کہا کہ اس بڑے پرہیز گار سے مراد سب سے افضل ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

ان اكرمكم عند الله اتقاكم .

اللہ کے یہاں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ پرہیز گار ہے اور اکرم ہی افضل ہے۔

تو آیت نے بتایا کہ ہر وہ شخص جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہوگا ضروری ہے کہ وہ سب سے زیادہ مرتبہ والا ہو تو ثابت ہوگیا کہ سب سے بڑا پرہیزگار جس کا آیت میں ذکر ہوا ضروری ہے کہ اللہ کے یہاں سب سے افضل ہو۔

آیت کی تفسیر میں امام احمد رضا کی تحقیق

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ ضروری ہے کہ اس سے مراد ابوبکر ہوں اس لیے کہ ساری امت اس پر متفق ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد خلق سے افضل یا ابوبکر ہیں یا علی اور یہ ممکن نہیں کہ یہ آیت علی پر محمول کی جائے تو ابوبکر کے لیے اس کا مصداق متعین ہوگیا اور ہم نے یہ اسی لیے کہا کہ آیت کو علی پر محمول کرنا ممکن نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس سب سے بڑے پرہیزگار کی صفت میں فرمایا۔

و ما لاحد عنده من نعمة تجزى.

یعنی اس پر کسی کا احسان نہیں جس کا بدلہ لیا جائے۔

یہ وصف علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر صادق نہیں آتا اس لیے کہ وہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تربیت میں تھے بایں سبب کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے علی کو ان کے باپ سے لے لیا تھا اور حضور انھیں کھلاتے پلاتے، پہناتے اور پالتے تھے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی کے لیے ایسے محسن ہیں کہ ان کے احسان کا بدلہ واجب ہوا۔

رہے ابوبکر تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ان پر دنیوی احسان نہیں بلکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا خرچ اٹھاتے تھے، ہاں کیوں نہیں ابوبکر پر حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا دین کی طرف ہدایت وارشاد کا احسان ہے مگر یہ ایسا احسان نہیں جس کا بدلہ دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

ما اسئلکم علیه من اجر

میں تبلیغ پر تم سے کچھ اجر نہیں مانگتا۔

یہاں مطلق احسان کا ذکر نہیں بلکہ بات اس احسان کی ہے جس کا بدلہ دیا جائے تو ہم نے جان لیا کہ آیت کا یہ معنی علی بن ابی طالب کے لیے نہیں بنتا اور جب یہ ثابت ہے کہ مراد اس آیت کی وہی ہے جو افضل خلق ہے اور یہ ثابت ہے کہ امت میں سب سے افضل یا ابوبکر ہیں یا علی اور یہ ثابت ہو چکا ہے کہ آیت کا مفہوم حضرت علی کے شایان نہیں لہٰذا اس کا مصداق ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے متعین ہو گیا اور آیت کی دلالت اس پر بھی ثابت ہو گئی ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ساری امت سے افضل ہیں۔

میں (امام احمد رضا) کہتا ہوں کہ رہی یہ بات جو فاضل امام فخر الدین رازی علیہ الرحمۃ نے فرمائی کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تربیت میں تھے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں ان کے والد سے لے لیا تھا۔ اس کا ذکر محمد بن اسحاق و ہشام نے کیا ہے۔ اور محمد بن اسحاق کے الفاظ یوں ہیں۔

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اللہ تعالیٰ کے احسان کے قبیل سے وہ ہے جو اللہ نے ان کے ساتھ کیا اور ان کی بھلائی کا ارادہ فرمایا وہ یہ کہ قریش پر سخت تنگی پڑی اور ابو طالب کی اولاد بہت تھی اس لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے چچا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا وہ بنی ہاشم کے بڑے مالداروں میں سے تھے اے عباس آپ کے بھائی ابو طالب کی اولاد بہت ہے اور لوگوں پر جو یہ سختی پڑی ہے وہ آپ دیکھ رہے ہیں تو ہمارے ساتھ ابو طالب کے یہاں چلیئے کہ ہم ان کی اولاد کا بوجھ کم کریں ان کے گھر سے ایک آدمی میں لے لوں اور ایک آدمی آپ لے لیں اور ہم دونوں ان کی کفالت کریں۔ حضرت عباس نے عرض کی جی ہاں پھر دونوں حضرات ابو طالب کے پاس تشریف لائے ان سے کہا ہم چاہتے ہیں کہ جب تک لوگوں کی مصیبت (جس میں وہ مبتلا ہیں) دور ہو آپ سے آپ کی اولاد کا بوجھ کم کر دیں تو ابو طالب بولے اگر تم میرے لیے عقیل کو چھوڑ دو تو تم جو چاہو کرو۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم نے علی کو لے کر اپنے سینے سے لگایا اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جعفر کو لیا اور چمٹا لیا۔ پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ رہے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے حضور کو نبی مبعوث فرمایا حضرت علی حضور پر ایمان لائے اور حضور کو سچا مانا۔ اور جعفر عباس کے پاس رہے یہاں تک کہ اسلام لاکر ان سے بے نیاز ہو گئے۔

اقول (حضرت علی پر) نعمت کبریٰ کی تکمیل بتول زہرا حضرت فاطمہ صلوات اللہ تعالیٰ علی ابیہا الکریم وعلیہا سے شادی ہو کر ہوئی۔

ابوبکر کے مال کا فائدہ

اور یہ جو ذکر کیا گیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خرچ اٹھاتے تھے یہ تو اس کے نزدیک بہت ہی واضح اور خوب ظاہر ہے جس کو احادیث وکتب سیرت سے واقفیت ہے۔

ترمذی نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث ذکر کی۔

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما لا حد عندنا ید الا وقد کا فاناہ بھا ما خلا ابا بکر فان لہ عندنا یدا یکا فیہ اللہ بھا یوم القیامۃ و ما نفعنی مال احد قط ما نفعنی مال ابی بکر و لو کنت متخذا خلیلا لاتخذت ابا بکر خلیلا و ان صاحبکم ای محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خلیل اللہ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر شخص کے احسان کا بدلہ ہم نے اسے دے دیا سوائے ابوبکر کے کہ ان کا ہم پر وہ احسان ہے جس کا بدلہ انھیں اللہ تعالیٰ قیامت کے دن دے گا اور مجھے کسی کے مال نے وہ فائدہ نہ دیا جو فائدہ مجھے ابوبکر کے مال نے دیا اور اگر میں کسی کو دوست بناتا تو ضرور ابوبکر کو

دوست بناتا اور بے شک تمھارے صاحب یعنی محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کے دوست ہیں۔

ترمذی نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث روایت کی

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رحم اللہ ابا بکر زوجنی ابنته و حملنی الی دار الهجرة و اعتق بلالا من ماله و ما نفعنی مال احد فی الاسلام ما نفعنی مال ابی بکر.

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ ابوبکر پر رحمت کرے مجھ سے اپنی بیٹی کا عقد کیا اور مجھے دار ہجرت (مدینہ) میں لائے اور اپنے مال سے بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خرید کر آزاد کیا اور اسلام میں مجھے کسی کے مال نے وہ فائدہ نہ دیا جو فائدہ ابوبکر کے مال نے دیا۔

امام احمد وابن ماجہ نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما نفعنی مال قط ما نفعنی مال ابی بکر فبکی ابو بکر و قال هل انا و مالی الا لک یا رسول اللہ .

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مجھے کبھی کسی کے مال نے وہ فائدہ نہ دیا جو ابوبکر کے مال نے مجھے دیا تو ابوبکر رو دیے اور عرض کی یا رسول اللہ میں اور میرا مال آپ ہی کا تو ہے۔

طبرانی نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی۔

عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ما احد عندی اعظم یدا من ابی بکر و اسانی بنفسه و ماله و نکحنی ابنته .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ مجھ پر ابوبکر سے بڑھ کر کسی کا احسان نہیں اپنی

جان و مال سے میرا ساتھ دیا اور مجھ سے اپنی بیٹی کا نکاح کیا۔

خطیب نے اسے ابن المسیب سے مرسلاً اتنی زیادتی کے ساتھ روایت کیا۔

یقضی فی مال ابی بکر کما یقضی فی مال نفسه .

حضور سرور کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابوبکر کے مال سے اپنا قرض ادا فرماتے جس طرح اپنے مال سے ادا فرماتے۔

ابن عساکر نے متعدد سندوں سے حضرات عائشہ و عروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

ان ابا بکر اسلم یوم اسلم و له اربعون الف دینار و فی لفظ اربعون الف درهم فانفقها علی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم .

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام لائے ان کے پاس چالیس ہزار دینار تھے اور ایک روایت میں ہے چالیس ہزار درہم تھے تو ابوبکر نے انھیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اٹھا دیا۔

ایک حدیث طویل سندوں کے ساتھ ذکر کی گئی ہے جس کے آخری راوی امام احمد رضا بریلوی خود ہیں اور یہ حدیث کامل ابن عدی میں بھی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے موجود ہے۔

قال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لابی بکر ما اطیب مالک منه بلال موذن و ناقتی التی هاجرت علیها و زوجتنی ابنتک و واسیتنی بنفسک و مالک کانی انظر الیک علی باب الجنة تشفع لامتی.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابوبکر سے فرمایا تمہارا مال کتنا ستھرا ہے اسی سے میرا موذن بلال ہے اور میری اونٹنی ہے جس پر میں نے ہجرت کی اور تم نے اپنی دختر میرے نکاح میں دی۔ اور اپنی جان

وماں سے میری مدد کی گویا میں تمھیں دیکھ رہا ہوں جنت کے دروازہ پر کھڑے ہو میری امت کے لیے شفاعت کررہے ہو۔

حسان بن ثابت کے اشعار

امام ابوعمر بن عبدالبر نے حدیث مجالد بروایت شعبی ذکر کی انھوں نے فرمایا کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے پوچھا یا ابن عباس سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں سب سے پہلے کون اسلام لایا انھوں نے فرمایا کیا تم نے حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے یہ اشعار نہ سنے۔

اذا تذكرت شجوا من اخي ثقة
فاذكر اخاك ابا بكر بما فعلا

●

خير البرية اتقاها و اعدلها
بعد النبي و افاها بما حملا

●

الثاني التالي المحمود مشهده
و اول الناس منهم صدق الرسلا

جب تجھے سچے دوست کا غم یاد آئے تو اپنے بھائی ابوبکر کو ان کے کارناموں سے یاد کر جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد ساری مخلوق سے بہتر سب سے زیادہ تقوی اور عدل والے اور سب سے زیادہ عہد کو پورا کرنے والے جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ غار میں رہے جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے سفر ہجرت میں چلے جن کا منظر محمود ہے اور لوگوں میں سب سے پہلے جنھوں نے رسولوں کی تصدیق کی۔

ابن عبدالبر استیعاب میں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ کیا تم نے ابوبکر کے بارے میں کچھ کہا ہے انھوں نے عرض کی جی ہاں اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کچھ اشعار سنائے ان میں سے چوتھا شعر یہ ہے۔

و الثانی اثنین فی الغار المنیف وقد
طاف العدو به اذ صعد الجبلا

غار شریف میں دوسری جان جب دشمن اس کے گرد چکر لگاتے تھے اس لیے کہ جب وہ پہاڑ پر دشمن کی نظروں کے سامنے چڑھے تھے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اشعار کو سن کر خوش ہوئے اور فرمایا اے حسان تم نے اچھا کیا۔

- اور ان میں کا پانچواں شعر بھی مروی ہوا۔

کالنار حب رسول اللہ قد علموا
خیر البریة لم یعدل به رجلا

آگ کی طرح (شہرت، چمک یا حرارت محبت میں) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے محبوب لوگوں نے انھیں جانا، تمام مخلوق سے بہتر جس کے برابر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کسی کو نہ رکھا۔

شیخین کی فضیلت پر اقوال ائمہ

حضرت میمون بن مہران جو کہ فقہائے تابعین میں سے ہیں ان سے سوال ہوا کہ سیدنا ابوبکر و عمر افضل ہیں یا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم، تو ان کے رونگٹے کھڑے ہو گئے اور ان کی رگیں پھڑ کنے لگیں یہاں تک کہ چھڑی ان کے ہاتھ سے گر گئی اور انھوں نے کہا مجھے گمان نہ تھا کہ میں اس زمانہ تک زندہ رہوں گا

جس میں لوگ ابوبکر وعمر پر کسی کو فضیلت دیں گے۔

عالم مدینہ امام مالک بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سوال ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد لوگوں میں افضل کون ہیں؟ تو انھوں نے فرمایا کہ ابوبکر وعمر، پھر فرمایا کیا اس میں کوئی شک ہے۔

امام اعظم اقدم سب سے زیادہ علم رکھنے والے سب سے زیادہ مکرم سیدنا ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اہل سنت کی علامات کے بارے میں سوال ہوا تو انھوں نے فرمایا اہل سنت کی پہچان یہ ہے کہ تو شیخین یعنی ابوبکر وعمر کو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب سے افضل جانے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دونوں دامادوں (حضرت علی و حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما) سے محبت کرے اور خف پر مسح کرے۔

عالم قریش زمین کے اطباق کو علم سے بھرنے والے سیدنا امام محمد بن ادریس شافعی مطلبی نے فضیلت شیخین پر صحابہ وتابعین کا اجماع نقل کیا۔

حجۃ الاسلام امام غزالی نے قواعد العقائد میں مجد وشرف والے ائمہ کے عقائد کو ذکر کیا اور ان عقائد میں مسئلہ تفضیل کو ذکر کیا کہ آدمی صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی فضیلت اور اس میں ترتیب کا اعتقاد کرے اور یہ عقیدہ رکھے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سب سے افضل ابوبکر ہیں پھر عمر، پھر عثمان، پھر علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور اس کے آخر میں کہا کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی فضیلت، خلافت میں ان کی ترتیب کے موافق ہے اس لیے کہ حقیقت فضل وہ ہے جو اللہ کے نزدیک فضل ہو اور اس پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا کسی کو اطلاع نہیں۔

یہی مذہب ہے امام اہل سنت و جماعت صاحب حکمت یمانیہ سیدنا امام ابوالحسن اشعری

حفظ کے پہاڑ علامہ جہاں سیدنا امام ابن حجر عسقلانی۔

مولیٰ فاضل عبدالباقی زرقانی۔

قصیدہ بدر الامانی کے ناظم۔

امام علام احمد بن محمد قسطلانی۔

فاضل جلیل مولانا علی قاری۔ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ میرے شیخ و مرشد آل رسول احمدی اور سیدنا ابوالحسین نوری مارہروی نے فرمایا کہ ہم نے سنا ہے کہ شاہ عبدالعزیز دہلوی فرماتے کہ شیخین کی فضیلت قطعی ہے یا قطعی جیسی ہے۔

واللیل والضحیٰ

امام رازی مفاتیح الغیب میں فرماتے ہیں :

سورۂ واللیل ابوبکر کی سورت ہے اور سورۂ والضحیٰ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سورت ہے پھر اللہ تعالیٰ نے ان سورتوں کے درمیان واسطہ نہ رکھا تا کہ معلوم ہو کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ابوبکر کے درمیان کوئی شخص واسطہ نہیں تو اگر تم پہلے واللیل کا ذکر کرو وہ ابوبکر ہیں پھر چڑھو تو اس کے بعد دن کو پاؤ گے تو وہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ اور اگر تم پہلے والضحیٰ کا ذکر کرو اور وہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں پھر اترو تو اس کے بعد واللیل کو پاؤ گے اور وہ ابوبکر ہیں تا کہ معلوم ہو جائے کہ ان دونوں کے درمیان کوئی واسطہ نہیں۔

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ واللیل کی تقدیم اس صورت پر اس لیے کہ وہ جناب صدیق

کے بارے میں کفار کے طعنہ کا جواب ہے اور والضحیٰ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں ان کے طعنہ کا جواب ہے۔ اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برأت صدیق کی برأت کو مستلزم نہیں اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اعلیٰ ہیں اور اعلیٰ کی برأت ادنیٰ کی برأت کو لازم نہیں کرتی اور صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی برأت بدرجہ اولیٰ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی برأت کا حکم کرتی ہے کہ صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس لیے بری ہوئے کہ اس بری تقی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غلام ہیں تو واللیل کی تقدیم میں ایک ساتھ دونوں طعنوں کے جواب کی حجت ہوئی اور اگر واللیل کو موخر کیا جاتا تو صدیق کے طعنہ کا جواب مؤخر ہو جاتا۔

اقول : سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سورت کو واللیل کا نام لینا اور مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سورت کا ضحیٰ نام رکھنا گویا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صدیق کے لیے اور ان کی ہدایت اور اللہ کی طرف ان کا وسیلہ ہیں جن کے ذریعہ اللہ کا فضل اور اس کی رضا طلب کی جاتی ہے۔ اور صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی راحت اور ان کی انس وسکون اور اطمینان نفس کی وجہ ہیں اور ان کے محرم راز اور ان کے خاص معاملات سے وابستہ رہنے والے۔

صدیق وعلی کے رتبے میں فرق

قاضی ابوبکر باقلانی نے کتاب الامامت میں فرمایا کہ وہ آیت جو حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے حق میں وارد ہے۔

انما نطعمکم لوجه الله لا نرید منکم جزء ا و لا شکورا و انا نخاف من ربنا یوما عبوسا قمطریرا.

ان سے کہتے ہیں ہم تمھیں خاص اللہ کے لیے کھانا دیتے ہیں تم سے کوئی بدلہ یا شکرگزاری نہیں

مانگتے بیشک ہمیں اپنے رب سے ایک ایسے دن کا ڈر ہے جو بہت ترش نہایت سخت ہے۔

اور وہ آیت جو ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں وارد ہوئی۔

الا ابتغاء وجه ربه الاعلىٰ و لسوف يرضى .

صرف اپنے رب کی رضا چاہتا ہے جو سب سے بلند ہے اور بیشک قریب ہے کہ وہ راضی ہوگا۔

یہ دونوں آیتیں تلاوت کرتی ہیں کہ ان دونوں میں سے ہر ایک نے اللہ کی خوشنودی کے لیے نیکی کی مگر یہ کہ سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں جو آیت اتری وہ اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ انھوں نے جو کچھ کیا وہ اللہ کی خوشنودی اور روز قیامت کے ڈر سے کیا اس بنا پر انھوں نے کہا۔

انا نخاف من ربنا يوما عبوسا قمطريرا.

بیشک ہمیں اپنے رب سے ایک ایسے دن کا ڈر ہے جو ترش نہایت سخت ہے۔

سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تفضیل والی آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ انھوں نے جو کچھ کیا محض اللہ کے لیے کیا بغیر اس کے کہ اس میں کچھ طمع کا شائبہ ہو جو بات ثواب میں رغبت یا عذاب میں ہیبت کی داعی ہے اس میں بھی ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رتبہ اعلیٰ اور اجل ہوا۔

اول: تحقیق یہ ہے کہ تمام اجلہ صحابہ کرام مراتب ولایت میں اور خلق سے فنا اور حق میں بقا کے مرتبہ میں اپنے ماسوا تمام اکابر اولیاء عظام سے وہ جو بھی ہوں افضل ہیں اور ان کی شان ارفع و اعلیٰ ہے اس سے کہ وہ اپنے اعمال سے غیر اللہ کا قصد کریں لیکن بدارج متساوی و برابر ہیں اور مراحب ترتیب کے ساتھ ہیں اور کوئی شئ کسی شئ سے کم ہے اور کوئی فضل کسی فضل کے اوپر ہے اور صدیق کا مقام وہاں ہے جہاں نہایتیں ختم اور غایتیں منقطع ہوگئیں اس لیے کہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیشواؤں کے پیشوا اور تمام امت کی لگام تھامنے والے اور ان کا مقام صدیقیت سے بلند اور تشریع نبوت سے کمتر ہے اور ان کے

اوران کے مولائے اکرم جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے درمیان کوئی نہیں۔

(الزلال الانقی من بحر سبقۃ الاتقی)

اشعار

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی توصیف وذکر جمیل میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

مولیٰ علی نے واری تیری نیند پر نماز
اور وہ بھی عصر سب سے جو اعلیٰ خطر کی ہے
صدیق بلکہ غار میں جان اس پہ دے چکے
اور حفظ جان تو جاں فروض غرر کی ہے
ہاں تو نے ان کو جان انھیں پھیر دی نماز
پر وہ تو کر چکے تھے جو کرنی بشر کی ہے

•

سایہ مصطفیٰ مایۂ اصطفیٰ
عز و ناز خلافت پہ لاکھوں سلام
یعنی اس افضل الخلق بعد الرسل
ثانی اثنین ہجرت پہ لاکھوں سلام
اصدق الصادقین سید المتقین
چشم و گوش و زارت پہ لاکھوں سلام

•

نہیں ہے بعد رسل ان کا مثل عالم میں
یہی ہے میرا عقیدہ یہی ہے راہ خیار
یہی ہیں اکرمکم اور یہی ہیں اتقی کم
یہی ہیں ثانی اثنین اذھما فی الغار

وہ دو یہی ہیں کہ جن دو کا تیسرا ہے خدا
یہ دو وہی ہیں کہ جن کا خدا ہے وصف شمار

امیر خیل صحابہ قوام دین الہ
و زیر خسرو عالم امام اہل وقار

نظام بزم خلافت حسام رزم جہاد
خدا کے لشکر جرار کے سپہ سالار

نہ چھوڑا بعد فنا بھی نبی کے قدموں کو
اٹھیں گے دست بدست جناب روز شمار

(حدائق بخشش)

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

وہ عمر جس کے اعدا پہ شیدا سقر
اس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام

ھو الذی ایدک بنصرہ و بالمومنین

وہی ہے جس نے تمھیں زور دیا اپنی مدد کا اور مسلمانوں کا۔

(الانفال/٦٢)

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ

عام فیل کے تیرہ سال بعد محرم کی چاندرات کو آپ کی ولادت ہے وہ اشراف قریش میں سے تھے جاہلیت میں ان کے سپرد سفارت تھی جب قریش میں ان کے درمیان جنگ ہوتی تو ان کو سفیر وقاصد بنا کر بھیجتے تھے اور وہ لوگوں میں طول قامت میں فائق رہتے تھے گویا کہ خود سوار ہیں اور لوگ پیدل ہیں۔

وہب بن منبہ فرماتے ہیں کہ ان کی صفت توریت میں یہ ہے

قرن جديد شديد امين والقرن الجبل الصغير وسمى الفاروق بفرقة بين الحق والباطل .

قرن کے معنی سردار اور چھوٹی پہاڑی کے ہیں، عمر فاروق نئے سردار اور سخت امین ہیں حق و باطل کے درمیان فرق کرنے کے سبب سے ان کا نام فاروق ہوا۔

جب وہ اسلام لائے تو جبریل علیہ السلام نے آکر عرض کیا یا رسول اللہ آسمان والے حضرت عمر کے اسلام لانے پر خوشیاں منا رہے ہیں اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی

یا ایھا النبی حسبک اللہ و من اتبعک من المومنین .

اے غیب کی خبریں بتانے والے نبی اللہ تمھیں کافی ہے اور یہ جتنے مسلمان تمھارے پیرو ہوئے۔

ان کی خلافت کے زمانہ میں ایک ہزار چھتیس شہر ان کے قصبات و دیہات کے ساتھ مفتوح ہوئے ، چار ہزار مسجدیں تعمیر ہوئیں، اور چار ہزار گرجے، بت کدے اور آتش کدے منہدم ہوئے اور ایک ہزار نو سو منبر جوامع میں رکھے گئے۔

ان کے مناقب و فضائل میں بکثرت حدیثیں مروی ہیں اور سب سے بڑی فضیلت جو وارد

ہوئی یہ ہے کہ

ان اللہ جعل الحق علی لسان عمر.

بلاشبہ اللہ نے حضرت عمر کی زبان پر حق رکھا۔

صحیح بخاری میں ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

لقد کان فیمن قبلکم محدثون فان یک فی امتی احد فانه عمر.

یعنی بلاشبہ تم سے پہلوں میں محدثین ہوتے تھے پس اگر میری امت میں کوئی ہے تو وہ عمر ہیں۔

اور حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا

کنا اصحاب محمد لا نشک ان السکینة ینطق علی لسان عمر.

ہم اصحاب محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم شک نہیں رکھتے کہ سکینہ حضرت عمر کی زبان پر گویا ہے۔

ان کے فضائل اتنے زیادہ ہیں کہ ان کا شمار نہیں کیا جا سکتا۔ ان کی مدت خلافت دس سال اور چھ مہینہ ہے۔ ان کی وفات حج سے واپسی کے بعد ہے۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ دعا کیا کرتے تھے

اللهم ارزقنی شهادة فی سبیلک و اجعل موتی فی بلد رسولک اخرجه البخاری.

اے خدا اپنی راہ میں مجھے شہادت نصیب فرما اور اپنے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شہر مبارک میں میری وفات کو مقرر فرما۔

کعب احبار کہا کرتے تھے کہ میں آپ کو توریت میں شہید پاتا ہوں۔ (مولف) (مدارج النبوة)

حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے

تھے کہ خواب میں میں نے کارکنان قضاوقدر کو ایک کنویں میں ڈول ڈالتے دیکھا میں نے اس ڈول سے اس کنویں سے اتنا پانی نکالا جتنا اللہ کی مرضی تھی۔ پھر حضرت ابو بکر صدیق نے ڈول پکڑ کر پانی نکالنا شروع کیا، وہ پانی آہستہ آہستہ نکالتے تھے، اللہ تعالیٰ ان پر رحمت کرے۔ بعد ازاں حضرت فاروق اعظم نے کنویں سے پانی نکالنا شروع کیا میں نے ان سے بڑھ کر کسی کو آب کشی میں طاقتور نہیں دیکھا، آپ نے تمام حوض بھر دیا اور تمام لوگ پانی پی کر سیراب ہو گئے۔ یہ بات آپ کی خلافت کی دلیل ہے۔

جس دن آپ شہید ہوئے تمام روئے زمین تاریک ہو گئی بچے اپنی ماؤں کے پاس آ کر کہتے تھے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے قیامت آ گئی ہے وہ کہتیں نہیں بیٹا! حضرت سیدنا امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کر دیا گیا ہے۔ (مولف) (شواہد النبوۃ)

اسلام عمر کے لیے دعائے نبوی

امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل اور ان کے اسلام لانے سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں:

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب عزوجل سے دعا کی

اللھم اعز الاسلام باحب ھذین الرجلین الیک بعمر بن الخطاب او بابی جھل بن ھشام.

الٰہی اسلام کو عزت دے ان دونوں مردوں میں جو تجھے زیادہ پیارا ہو اس کے ذریعہ سے یا تو عمر بن خطاب یا ابو جہل بن ہشام۔

اسے امام احمد، عبد بن حمید، ترمذی بافادۂ تحسین وتصحیح، ابن سعد، ابو یعلی، حسن بن سفیان نے فوائد میں، بزار، ابن مردویہ، خیثمہ بن سلیمان نے فضائل الصحابۃ میں، ابو نعیم وبیہقی نے دلائل النبوۃ میں، اور ابن

عسا کر سب نے امیر المومنین عمر سے، ترمذی نے انس سے، نسائی نے ابن عمر سے، احمد، ابن حمید، ابن عسا کر نے خباب بن الارت سے، طبرانی نے کبیر میں، حاکم نے عبداللہ بن مسعود سے، ترمذی، طبرانی، ابن عسا کر نے ابن عباس سے، بغوی نے جعدیات میں ربیعہ سعدی سے، ابن عسا کر ابن عمر سے، ابوداؤد طیالسی، شاشی نے فوائد میں اور خطیب نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی

اللهم اعز الاسلام بعمر بن الخطاب خاصة .

الٰہی خاص عمر بن خطاب کے ذریعہ سے اسلام کو عزت دے۔

اسے ابن ماجہ، ابن عدی، حاکم، بیہقی نے ام المومنین صدیقہ سے، ابوالقاسم طبرانی نے ثوبان سے، حاکم نے زبیر سے، ابن سعد نے بطریق حسن مجتبیٰ، خیثمہ بن سلیمان نے فضائل الصحابۃ میں، لالکائی نے کتاب السنۃ میں، ابوطالب عشاری نے فضائل الصدیق میں، ابن عسا کر نے بطریق نزال بن سبرہ امیر المومنین علی سے، ابن عسا کر نے زبیر وعلی سے، طبرانی نے اوسط میں ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کیا۔

اس دعائے کریم کے باعث عمر فاروق اعظم کے ذریعہ سے جو جو عزتیں اسلام کو ملیں، جو جو بلائیں اسلام و مسلمین پر سے دفع ہوئیں مخالف وموافق سب پر روشن ومبین۔

عمر سے اسلام کو عزت ملی

ولہذا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

ما زلنا اعزة منذ اسلم عمر.

ہم ہمیشہ معزز رہے جب سے عمر اسلام لائے۔

امام بخاری نے صحیح میں اور ابوحاتم رازی نے مسند میں اور ابن حبان نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

نیز فرماتے ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہ کان اسلام عمر فتحا و هجرته نصرا و امارته رحمة لقد رأيتنا و ما نستطيع ان نصلی بالبيت حتی اسلم عمر.

عمر کا اسلام فتح تھا اور ان کی ہجرت نصرت اور ان کی خلافت رحمت، بیشک میں نے اپنے گروہ صحابہ کو دیکھا کہ جب تک عمر مسلمان نہ ہوئے ہمیں کعبہ معظمہ میں نماز پر قدرت نہ ملی۔

اسے ابوطاہر سلفی اور ابن اسحاق نے سیرت میں روایت کیا۔

نیز فرماتے ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہ ما صلينا ظاهرين حتی اسلم عمر فلما اسلم عمر ظهر الاسلام و دعا الی الله علانية.

جب تک عمر مسلمان نہ ہوئے ہم نے آشکار نماز نہ پڑھی جس دن سے وہ اسلام لائے دین نے غلبہ پایا اور انھوں نے علانیہ اللہ عزوجل کی طرف بلایا، درلابی نے اسے فضائل الصحابۃ میں بیان کیا۔

صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں لما اسلم عمر جلسنا حول البيت حلقا و طفنا به و انتصفنا ممن غلظ علينا.

جب عمر مسلمان ہوئے ہم گرد خانہ کعبہ حلقہ باندھ کر بیٹھے اور طواف کیا اور ہم پر جو سختی کرتے تھے ان سے اپنا انصاف لیا۔ ابوالفرج نے اسے کتاب الصفوۃ میں روایت کیا۔

عمر لوگوں کو جہنم میں گرنے سے روکے ہوئے ہیں

ان عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه دعا ام كلثوم بنت علی بن ابی

طالب رضی اللہ تعالیٰ عنهما و كانت تحته فوجدها تبكی فقال ما يبكيك فقالت يا امير المومنين هذا اليهودی تعنی كعب الاحبار يقول انك علی باب من ابواب جهنم فقال عمر ما شاء الله و الله انی لارجو ان يكون ربی خلقنی سعيدا ثم ارسل الی كعب فدعاه فلما جاء ه كعب قال يا امير المومنين لا تعجل علی والذی نفسی بيده لا ينسلخ ذو الحجة حتی تدخل الجنة فقال عمر ای شی هذا مرة فی الجنة مرة فی النار فقال يا امير المومنين و الذی نفسی بيده انا لنجد فی كتاب الله عزوجل علی باب من ابواب جهنم تمنع الناس ان يقعوا فيها فاذامت لم يزالوا يقتحمون فيها الی يوم القيامة .

یعنی امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی زوجہ مقدسہ حضرت ام کلثوم دختر امیر المومنین مولیٰ علی و بتول زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بلایا انھیں روتے پایا سبب پوچھا کہا یا امیر المومنین یہ یہودی کعب احبار (رضی اللہ تعالیٰ کہ اجلۂ ائمہ تابعین و علمائے کتابین و اعلم علمائے توراۃ سے ہیں پہلے یہودی تھے خلافت فاروقی میں مشرف باسلام ہوئے، شاہزادی کا اس وقت حالت غضب میں انھیں اس لفظ سے تعبیر فرمانا، بر بنائے نازک مزاجی تھا کہ لازمہ شاہزادگی ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین) یہ کہتا ہے کہ آپ جہنم کے دروازوں سے ایک دروازے پر ہیں، امیر المومنین نے فرمایا جو خدا چاہے خدا کی قسم بیشک مجھے امید ہے کہ میرے رب نے مجھے سعید پیدا کیا ہے۔ پھر حضرت کعب کو بلا بھیجا انھوں نے حاضر ہو کر عرض کی اُمیر المومنین مجھ پر جلدی نہ فرمائیں، قسم اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ذی الحجہ کا مہینہ ختم نہ ہونے پائے گا کہ آپ جنت میں تشریف لے جائیں گے فرمایا یہ کیا بات ہے کبھی جنت میں کبھی نار میں، عرض کی یا امیر المومنین قسم اس کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے آپ کو کتاب اللہ میں جہنم کے دروازوں سے ایک دروازے پر پاتے ہیں کہ آپ لوگوں کو جہنم میں گرنے سے روکے ہوئے ہیں جب آپ انتقال فرمائیں گے

قیامت تک لوگ نار میں گرا کریں گے۔

ابن سعد نے طبقات میں ابوالقاسم بن بشران نے امالی میں جاری مولیٰ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس کو روایت کیا۔

عمر زمین کے مالک ہیں

معانی الآثار امام طحاوی میں ہے حدثنا ابن مرزوق ثنا ازھر السمان عن ابن عون عن محمد قال قال عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ لنا رقاب الارض.

یعنی امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا زمین کے مالک ہم ہیں۔

عدل فاروقی

ایک مصری نے امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض کی

یاامیر المومنین عائذ بک من الظلم۔

امیر المومنین میں حضور کی پناہ لیتا ہوں ظلم سے۔

امیر المومنین نے فرمایا **عذت معاذا** تو نے بچی جائے پناہ کی پناہ لی

یعنی عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ مصر پر امیر المومنین کے صوبہ تھے یہ فریادی مصری عرض کرتا ہے کہ میں نے ان کے صاحبزادے کے ساتھ دوڑ کی میں آگے نکل گیا، صاحبزادے نے مجھے کوڑے مارنے اور کہا میں دو معزز و کریم والدین کا بیٹا ہوں، اس فریاد پر امیر المومنین نے فرمان نافذ فرمایا کہ عمرو بن عاص مع اپنے بیٹے کے حاضر ہوں، حاضر ہوئے امیر المومنین نے مصری کو حکم دیا کوڑا لے اور مار اس نے بدلہ لینا

شروع کیا اور امیر المومنین فرماتے جاتے مارو دو لئیموں کے بیٹے کو، انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں خدا کی قسم جب اس فریادی نے مارنا شروع کیا ہے ہمارا جی یہ چاہتا تھا کہ یہ مارے اور اپنا عوض لے اس نے یہاں تک مارا کہ ہم تمنا کرنے لگے کاش اپنا ہاتھ اٹھالے، جب مصری فارغ ہوا امیر المومنین نے فرمایا اب یہ کوڑا عمرو بن عاص کے چندیا پر رکھ (یعنی وہاں کے حاکم تھے انھوں نے کیوں نہ دادرسی کی بیٹے کا کیوں لحاظ پاس کیا) مصری نے عرض کی یا امیر المومنین ان کے بیٹے ہی نے مجھے مارا تھا اس سے میں عوض لے چکا۔

امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا مذکم تعبدتم الناس و ولدتهم امهاتهم احرارا۔

تم لوگوں نے بندگان خدا کو کب سے اپنا غلام بنالیا حالاں کہ وہ ماں کے پیٹ سے آزاد پیدا ہوئے تھے۔

عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یا امیر المومنین نہ مجھے کوئی خبر ہوئی نہ یہ شخص میرے پاس فریادی آیا۔

ابن عبد الحکم نے اسے انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت فرمایا۔

تائید حق سے عمر کی درستگی

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **لو لم ابعث فيكم لبعث عمر ايد الله عمر بملكين يوفقانه و يسدد انه فاذا اخطاء صرفاه حتى يكون صوابا.**

اگر میں تم میں مبعوث نہ ہوتا تو بیشک عمر نبی کر کے بھیجا جاتا اللہ عزوجل نے دو فرشتوں سے عمر کی تائید فرمائی ہے کہ وہ دونوں عمر کو توفیق دیتے اور ہر امر میں اسے ٹھیک راہ پر رکھتے ہیں اگر عمر کی رائے لغزش کرتی ہے تو وہ فرشتے عمر کو ادھر سے پھیر دیتے ہیں تاکہ عمر سے حق ہی صادر ہو۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اسے دیلمی نے ابوبکر صدیق وابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں بیشک عمر کا اسلام عزت تھا اور ان کی ہجرت فتح ونصرت اور ان کی خلافت میں رحمت، خدا کی قسم گرد کعبہ علانیہ نماز نہ پڑھنے پائے جب تک عمر اسلام نہ لائے، جب وہ مسلمان ہوئے کافروں سے قتال کیا یہاں تک کہ ہم نے علانیہ گرد کعبہ معظمہ نماز ادا کی

و انی لا حسب بین عینی عمر ملکا یسدده

اور بیشک میں سمجھتا ہوں کہ عمر کی دونوں آنکھوں کے درمیان ایک فرشتہ ہے کہ انھیں راستی و درستی دیتا ہے اور بیشک میں سمجھتا ہوں کہ عمر سے شیطان ڈرتا ہے اور جب نیک بندوں کا ذکر ہو تو عمر کا ذکر لاؤ، رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

اسے ابن عساکر نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

عمر کی شہادت اور مشورۂ خلافت

جب امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ابولولو، مجوسی خبیث نے خنجر مارا اور امیر المومنین نے مشورے کا حکم دیا (کہ میرے بعد عثمان غنی وعلی مرتضیٰ وطلحہ وزبیر وعبدالرحمٰن بن عوف وسعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم چھ صاحبوں سے مسلمان جسے مناسب تر جانیں خلیفہ بنائیں) حضرت ام المومنین حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا خدمت امیر المومنین میں آئیں اور کہا اے باپ میرے بعض لوگ کہتے ہیں یہ چھ شخص پسندیدہ نہیں، امیر المومنین نے فرمایا مجھے تکیہ لگا کر بٹھا دو، بٹھائے گئے ارشاد فرمایا :

علی کی شان میں کیا کہہ سکتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا اے علی اپنا ہاتھ میرے ہاتھ میں لا تو روز قیامت میرے ساتھ میرے درجے میں داخل ہوگا۔

بھلا عثمان کی شان میں کیا کہہ سکتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا جس دن عثمان انتقال کرے گا آسمان کے فرشتے اس پر نماز پڑھیں گے، میں نے عرض کی یا رسول اللہ یہ فضیلت خاص عثمان کے لیے ہے یا ہر مسلمان کے لیے فرمایا خاص عثمان کے لیے۔

طلحہ بن عبید اللہ کو کیا کہیں گے ایک رات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کجاوا پشت مبارک سے گر گیا تھا میں نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کون ہے کہ میرا کجاوا ٹھیک کر دے اور جنت لے، یہ سنتے ہی طلحہ دوڑے اور کجاوا درست کر دیا، حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سوار ہوئے اور ان سے ارشاد فرمایا

یا طلحة هذا جبریل یقرئک السلام و یقول انا معک فی اهوال یوم القیامة حتی انجیک منها.

اے طلحہ یہ جبریل ہیں تجھے سلام کہتے ہیں اور بیان کرتے ہیں کہ میں قیامت کے ہولوں میں تمھارے ساتھ رہوں گا یہاں تک کہ ان سے تمھیں نجات دوں گا۔

زبیر بن عوام کو کیا کہیں گے میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ حضور آرام فرماتے تھے زبیر بیٹھے پنکھا جھلتے رہے یہاں تک کہ محبوب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیدار ہوئے فرمایا اے ابو عبد اللہ (زبیر کی کنیت ہے) کیا جب سے تو جھل رہا ہے عرض کی میرے ماں باپ حضور پر نثار جب سے برابر جھل رہا ہوں، سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

هذا جبریل یقرئک السلام و یقول انا معک یوم القیامة حتی ادب عن وجهک شرر جهنم.

یہ جبریل ہیں تجھے سلام کہتے ہیں اور بیان کرتے ہیں کہ میں روز قیامت تمھارے ساتھ رہوں گا

یہاں تک کہ تمھارے چہرے سے جہنم کی اڑتی چنگاریاں دور کروں گا۔

سعد بن وقاص کو کیا کہیں گے میں نے روز بدر دیکھا سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چودہ بار ان کی کمان چلہ باندھ کر انھیں عطا کی اور فرمایا تیر مار تیرے قربان میرے ماں باپ۔

عبدالرحمٰن بن عوف کو کیا کہیں گے میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا حضور حضرت خاتون جنت رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے یہاں تشریف فرما تھے دونوں صاحبزادے رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھوکے روتے بلکتے سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ کون ہے کہ کچھ ہماری خدمت میں حاضر کرے اس پر عبدالرحمٰن بن عوف حیس (کہ خرمائے خستہ برآوردہ اور پنیر کو باریک کوٹ کر گھی میں گوندھتے ہیں) اور دو روٹیاں کہ ان کے بیچ میں روغن رکھا تھا لے کر حاضر ہوئے، رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

کفاک اللہ امر ادنیاک و اما امر آخرتک فانا لھا ضامن

اللہ تعالیٰ تیرے دنیا کے کام درست کر دے اور تیری آخرت کے معاملہ کا تو میں ذمہ دار ہوں۔

اسے معاذ بن مثنی نے زیادات مسند مسدد میں، طبرانی نے اوسط میں، ابونعیم نے فضائل الصحابہ میں ابوبکر شافعی نے غیلانیات میں، ابوالحسن بن بشران نے فوائد میں، خطیب نے تلخیص المتشابہ میں، ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں، دیلمی نے مسند الفردوس میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔ امام جلال الدین سیوطی جمع الجوامع میں فرماتے ہیں اس کی سند صحیح ہے۔ (الامن والعلی)

اسلام عمر کا واقعہ

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس وقت ایمان لائے جب کل مرد و عورت ۳۹ مسلمان تھے آپ چالیسویں مسلمان ہیں اسی واسطے آپ کا نام متمم الاربعین ہے یعنی چالیس مسلمانوں کے پورا کرنے والے جب آپ مسلمان ہوئے تو یہ آیت نازل ہوئی یا ایھا النبی حسبک اللہ و من اتبعک من

المومنین اے نبی تجھ کو کافی ہے اللہ اور اس قدر لوگ جواب تک مسلمان ہو گئے۔ کفار نے جب سنا تو کہا آج ہم اور مسلمان آدھوں آدھ ہو گئے جبریل علیہ الصلاۃ والسلام حاضر ہوئے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضور کو خوش خبری ہو کہ آج آسمانوں پر عمر کے اسلام لانے پر شادی رچائی گئی ہے۔

اور آپ کے اسلام لانے کا واقعہ یہ ہے کہ کفار ہمیشہ سرکار کی ایذا رسانی کی فکر میں رہتے۔ آیہ کریمہ نازل ہوئی **و اللہ یعصمک من الناس** اللہ تمھارا حافظ و ناصر ہے کوئی تمھارا کچھ نہیں کر سکتا، اس وقت تک یہ بھی مسلمان نہ ہوئے تھے ابو جہل لعین نے اعلان دیا کہ جو شخص اس کو اس قدر انعام دوں گا۔ ان کو جوش آیا تلوار ننگی کر لی اور قسم کھائی کہ اس کو نیام میں نہ کریں گے جب تک کہ معاذ اللہ اپنے ارادے کو پورا نہ کر لیں گے معارج میں ہے کہ انھوں نے تو یہ قسم کھائی اور ادھر رب العزت جل جلالہ نے قسم یاد فرمائی کہ یہ تلوار نیام میں نہ ہوگی تاوقتیکہ کفار کو اسی سے قتل نہ کریں۔ جا رہے تھے راستہ میں عبد اللہ بن نعیم صحابی ملے دیکھا نہایت غصہ کی حالت میں سرخ آنکھیں، ننگی تلوار لیے ہیں پوچھا کہاں جا رہے ہو انھوں نے اپنا ارادہ ظاہر کیا۔ عبد اللہ بن نعیم نے کہا بنی ہاشم کے حملوں سے کیسے بچو گے انھوں نے کہا شاید تو بھی مسلمان ہو گیا ہے۔ تجھی سے شروع کروں عبد اللہ بن نعیم نے فرمایا میری کیا فکر کرتے ہو اپنے گھر میں تو جا کر دیکھو تمھارے بہن بہنوئی دونوں مسلمان ہو گئے ہیں۔ ان کو غیظ آیا سیدھے بہن کے مکان پر گئے دروازہ بند پایا اندر سے پڑھنے کی آواز آرہی تھی، ان کی بہن کو حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سورۂ طٰہٰ شریف سکھا رہے تھے۔

آواز اجنبی کلام اجنبی خیر آواز دی ان کی بہن نے صحیفہ کو کسی گوشہ میں چھپا دیا اور حضرت خباب ایک کوٹھری میں چھپ گئے دروازہ کھولا گیا آتے ہی بہن سے پوچھا تو دین سے پھر گئی (اسلام میں رافضیوں سا تقیہ کہاں) صاف کہہ دیا میں نے سچا دین اسلام قبول کیا۔ خیر انھوں نے تلوار سے تو نہیں مارا مگر ہاتھ سے مارنا شروع کیا یہاں تک کہ خون بہنے لگا جب آپ کی بہن نے دیکھا کہ چھوڑتے ہی نہیں تو کہا اے عمر تم مار ہی ڈالو مگر دین اسلام ہم سے نہ چھوٹے گا۔ جب انھوں نے خون بہتا ہوا دیکھا غصہ فرو ہوا اپنی بہن کو چھوڑ

دیا۔تھوڑی دیر کے بعد کہا کہ میں نے نئے کلام کی آواز سنی تھی وہ مجھے دکھاؤ آپ کی بہن نے کہا تم مشرک ہو اس کو چھو نہیں سکتے انھوں نے زبردستی کر کے مانگ لیا دو تین آیتیں پڑھیں فوراً ان کے منہ سے نکلا و اللہ ما هذا کلام البشر خدا کی قسم یہ کلام بشر کا نہیں۔

یہ سن کر حضرت خباب فوراً کوٹھری سے نکل آئے اور کہا اے عمر تمھیں خوشخبری ہو کل ہی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا فرمائی

اللھم اعز الاسلام بابی جھل بن ھشام او بعمر بن الخطاب .

الٰہی اسلام کو عزت دے ابو جہل یا عمر کے ذریعہ سے۔

الحمد اللہ کہ حضور کی دعا تمھارے حق میں قبول ہوئی انھوں نے فرمایا حضور کہاں تشریف فرما ہیں حضرت خباب نے فرمایا دارارقم میں۔انھوں نے کہا مجھے لے چلو حضرت خباب در دولت پر لے کر حاضر ہوئے یہاں مسلمان بخوف کفار چھپ کر نماز پڑھتے تھے۔دروازہ پر آواز دی اندر سے آواز آئی کون؟ انھوں نے کہا عمر۔ضعفائے مسلمین خائف ہوئے دو تین آوازیں دیں مگر جواب نہ دیا گیا جب انھوں نے سختی سے آواز دی سیدنا امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کواڑ کھول دیا جائے اگر خیر کے لیے آیا ہے تو فبھا اور اگر ارادۂ شر سے آیا ہے تو واللہ اسی کی تلوار سے اس کا سر قلم کر دوں گا۔دروازہ کھلا یہ اندر گئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوگئے اور ان کے شانہ پر ہاتھ رکھ کر فرمایا عمر کیا وہ وقت نہیں آیا کہ تو مسلمان ہو؟ فرماتے ہیں مجھے یہ معلوم ہوا کہ ایک عظیم الشان پہاڑ میرے اوپر رکھ دیا گیا یہ عظمت نبوی تھی فوراً عرض کیا :

اشھد ان لا الہ الا اللہ و حدہ لا شریک لہ و اشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ .

یہ دیکھتے ہی مسلمانوں نے خوش ہو کر بآواز بلند تکبیریں کہیں جن سے پہاڑ گونج اٹھے۔انھوں نے مسلمان ہوتے ہی عرض کیا یا رسول اللہ کفار علی الاعلان اپنے معبودان باطل کی پرستش کریں اور ہم مسلمان

چھپ کر اپنے سچے خدا کی عبادت کریں۔ہم علانیہ مسجد الحرام میں نماز پڑھیں گے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسلمانوں کو لے کر برآمد ہوئے مسجد حرام شریف میں اذان کہی گئی دو صفیں ہوئیں ایک میں حضرت حمزہ شریک ہوئے اور دوسری میں عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔جس کافر نے دیکھا چپکا اپنے گھر میں گھس گیا۔

حضرت عمر کی ہجرت

جب ضعفائے مسلمین نے ہجرت کی تو کفار سے چھپ چھپ کر چلے گئے ۔انھوں نے جب ہجرت فرمائی ایک ایک مجمع کفار میں ننگی شمشیر لے جا کر فرمایا جس نے مجھے جانا اس نے جانا اور جس نے نہ جانا ہو وہ اب جان لے پہچان لے میں عمر ہوں۔جسے اپنی عورت بیوہ اور اپنے بچے یتیم کرنا ہوں وہ میرے سامنے آئے میں اب ہجرت کرتا ہوں پھر یہ نہ کہنا کہ عمر بھاگ گیا تمام کفار سر جھکائے بیٹھے رہے کسی نے چوں بھی نہ کی۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ زیر قدم موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام ہیں اور سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ زیر قدم حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام ہیں۔اسی واسطے ان کی شدت اور ان کی رحم دلی درجہ کمال پر تھی۔ (الملفوظ حصہ سوم)

بدمذہبوں پر سختی

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز مغرب پڑھ کر مسجد سے تشریف لائے تھے کہ ایک شخص نے آواز دی کون ہے کہ مسافر کو کھانا دے۔امیر المومنین نے خادم سے ارشاد فرمایا اسے ہمراہ لے آؤ وہ آیا۔اسے کھانا منگا کر دیا مسافر نے کھانا شروع ہی کیا تھا کہ ایک لفظ اس کی زبان سے ایسا نکلا جس سے بدمذہبی کی بو آتی تھی فوراً کھانا سامنے سے اٹھوالیا اور اسے نکال دیا۔ (الملفوظ حصہ دوم)

چالیسواں مسلمان

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ۳۳ مرد اور ۶ عورتیں اسلام قبول کر چکے تھے ان کے بعد حضرت عمر بن خطاب فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام لائے اور رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایمان لانے والی جماعت چالیس افراد پر مشتمل ہوگئی تو آیت کریمہ یا ایھا النبی حسبک اللہ و من اتبعک من المومنین نازل ہوئی۔ (تعلیقات رضا)

امت کے محدث

سید المحدثین امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں کہ انھیں کے واسطے حدیث محدثین آئی، انھیں کے صدقے میں ہم نے اس پر اطلاع پائی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

قد کان فیما مضی قبلکم من الامم اناس محدثون فان یکن فی امتی منهم فانه عمر بن الخطاب .

اگلی امتوں میں کچھ لوگ محدث ہوتے تھے یعنی فراست صادقہ والہام حق والے اگر میری امت میں ان میں سے کوئی ہوگا تو وہ ضرور عمر ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ احمد و بخاری نے ابو ہریرہ سے احمد و مسلم و ترمذی و نسائی نے ام المومنین الصدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے یہ حدیث روایت کی۔

عمر کی شان

فاروق اعظم نے نبوت کے کوئی معنی نہ پائے صرف ارشاد آیا

لو کان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب .

اگر میرے بعد کوئی نبی ہوسکتا تو ضرور عمر ہوتا۔ احمد و ترمذی و حاکم نے عقبہ بن عامر سے اور

طبرانی نے کبیر میں عصمہ بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث بیان کی۔

(السوء والعقاب علی المسیح الکذاب)

عمر کی انکساری

امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ کے بچوں سے اپنے لیے دعا کراتے کہ عمر بخشا جائے۔ (ذیل المدعا)

حضور کا جلال اور عمر کا طرز ادب

امام عبدالرحمٰن دارمی اپنی سنن میں سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں۔

ان عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه اتی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بنسخة من التوراة فقال یا رسول الله هذه نسخة من التوراة فسکت فجعل یقراء ووجه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یتغیر فقال ابو بکر رضی الله تعالیٰ عنه ثکلت الثواکل ما تری ما بوجه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فنظر عمر الی وجه رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال اعوذ بالله من غضب الله و غضب رسوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رضینا بالله ربا و بالاسلام دینا و بمحمد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم نبیا فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و الذی نفس محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بیده لو بد الکم موسیٰ لا تبعتموه و ترکتمونی لضللتم من سواء السبیل و لو کان حیا و ادرک نبوتی لا تبعنی.

حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس

میں توریت کا ایک نسخہ لاکر عرض کیا یا رسول اللہ یہ توریت کا نسخہ ہے حضور نے سکوت فرمایا حضرت عمر اسے پڑھنے لگے اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رخ انور متغیر ہونے لگا تو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اے عمر تجھ پر رونے والی عورتیں روئیں (کسی کو متنبہ کرنے کے لیے عرب میں ایسا جملہ بولا جاتا تھا) کیا حضور کے روئے مبارک کا تغیر نہیں دیکھ رہے ہو حضرت عمر نے نظر اٹھا کر حضور کا روئے انور دیکھا اور فوراً عرض کی میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اللہ اور اس کے رسول کے غضب سے، ہم نے خدا کو پروردگار اور اسلام کو دین اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نبی پسند کیا۔ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم اس ذات پاک کی جس کے ہاتھ میں محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی جان ہے اگر تمھارے لیے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام ظاہر ہو جائیں پھر تم ان کا اتباع کرو اور مجھے چھوڑ دو تو تم لوگ ضرور صراط مستقیم سے بہک جاؤ اور اگر موسیٰ علیہ السلام دنیا میں ہوتے اور میرا زمانۂ نبوت پاتے تو ضرور میرا اتباع کرتے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۲۳)

حضرت عمر کی وصیت

امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اسی ہزار قرض تھے وقت وفات اپنے صاحبزادے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو بلا کر فرمایا **بع فیھا اموال عمر فان وفت والا فسل بنی عدی فان وفت والا فسل قریشا و لا تعد عنھم.**

میرے دین میں اول تو میرا مال بیچنا اگر کافی ہو جائے فبھا ورنہ میری قوم بنی عدی سے مانگ کر پورا کرنا اگر یوں بھی پورا نہ ہو تو قریش سے مانگنا اور ان کے سوا اوروں سے سوال نہ کرنا۔

پھر صاحبزادۂ موصوف سے فرمایا اضمنا تم میرے قرض کی ضمانت کرلو، وہ ضامن ہو گئے اور امیر المومنین کے دفن سے پہلے اکابر مہاجرین و انصار کو گواہ کرلیا کہ وہ اسی ہزار مجھ پر ہیں۔ ایک ہفتہ نہ گزرا

تھا کہ عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہ سارا قرض ادا فرمادیا۔ اسے ابن سعد نے طبقات میں عثمان بن عروہ سے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۹۳)

معیقیب سے فاروق اعظم کا حسن سلوک

حدیث میں ہے امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صبح کو کچھ لوگوں کی دعوت کی ان میں معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے (کہ اہل بدر ومہاجرین سابقین اولین میں سے ہیں انھیں مرض جذام تھا) وہ سب کے ساتھ کھانے میں شریک کیے گئے اور امیر المومنین نے ان سے فرمایا۔

خذ مما یلیک و من شقک فلو کان غیرک ما اکلنی فی صحفة و لکان بینی و بینه قید رمح.

اپنے قریب سے اپنی طرف سے لیجیے اگر آپ کے سوا کوئی اور اس مرض کا ہوتا تو میرے ساتھ ایک رکابی میں نہ کھاتا اور مجھ میں اور اس میں ایک نیزے کا فاصلہ ہوتا۔ اسے ابن سعد وابن جریر نے فقیہ المدینہ خارجۃ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

حدیث میں ہے امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دستر خوان پر شام کو کھانا رکھا گیا لوگ حاضر تھے امیر المومنین برآمد ہوئے کہ ان کے ساتھ کھانا تناول فرمائیں معیقیب بن ابی فاطمہ دوسی صحابی مہاجر حبشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا :

ادن فاجلس و ایم الله لو کان غیرک به الذی بک ما جلس منی ادنی من قید رمح.

قریب آیئے بیٹھئے خدا کی قسم دوسرا ہوتا تو ایک نیزے سے کم فاصلے پر میرے پاس نہ بیٹھتا۔

حدیث میں ہے محمود بن لبید انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بعض ساکنان موضع جرش نے بیان کیا

کہ عبداللہ بن جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے حدیث بیان کی کہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جذامی سے بچو جیسا درندے سے بچتے ہیں وہ ایک نالے میں اترے تو تم دوسرے میں اترو۔ میں نے کہا واللہ اگر عبداللہ بن جعفر نے یہ حدیث بیان کی تو غلط نہ کہا جب میں مدینہ طیبہ آیا ان سے ملا اور اس حدیث کا حال پوچھا کہ اہل جرش آپ سے یوں ناقل تھے فرمایا :

كذبوا و الله ما حدثتم هذا و لقد رأيت عمر بن الخطاب يوتى بالاناء فيه الماء فيعطيه معيقيب فيشرب منه ثم يناوله عمر من يده فيضع فمه موضع فمه حتى يشرب منه فعرفت انما يصنع عمر ذلک فرارا من ان يدخله شي من العدوى.

واللہ انھوں نے غلط نقل کی میں نے یہ حدیث ان سے نہ بیان کی، میں نے تو امیر المومنین عمر کو یہ دیکھا ہے کہ پانی ان کے پاس لایا جاتا وہ معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیتے معیقیب پی کر اپنے ہاتھ سے امیر المومنین کو دیتے امیر المومنین ان کے منھ رکھنے کی جگہ اپنا منھ رکھ کر پانی پیتے میں سمجھتا کہ امیر المومنین یہ اس لیے کرتے ہیں کہ بیماری اڑ کر لگنے کا خطرہ ان کے دل میں نہ آنے پائے۔ ابن سعد وابن جریر نے محمود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ روایت بیان کی۔

جذام کا علاج

ابن سعد کی روایت میں ایک مفید بات زائد ہے کہ عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا امیر المومنین فاروق اعظم جسے طبیب سنتے معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے اس سے علاج چاہتے۔ دو حکیم یمن سے آئے ان سے بھی فرمایا وہ بولے جاتا رہے یہ تو ہم سے ہو نہیں سکتا ہاں ایسی دوا کر دیں گے کہ بیماری ٹھہر جائے بڑھنے نہ پائے۔ امیر المومنین نے فرمایا

عافية عظيمة ان يقف فلا يزيد.

بڑی تندرستی ہے کہ مرض ٹھہر جائے بڑھنے نہ پائے۔

انھوں نے دو بڑی زنبیلیں بھروا کر اندرائن کے تازہ پھل منگوائے جو خربوزے کی شکل اور نہایت تلخ ہوتے ہیں پھر ہر پھل کے دو دو ٹکڑے کیے اور معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لٹا کر دونوں طبیبوں نے ایک ایک تلوے پر ایک ایک ٹکڑا ملنا شروع کیا جب وہ ختم ہوگیا دوسرا ٹکڑا لیا یہاں تک کہ معیقیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے منہ اور ناک سے سبز رنگ کی کڑوی رطوبت نکلنے لگی اس وقت چھوڑ کر دونوں حکیموں نے کہا اب یہ بیماری کبھی ترقی نہ کرے گی۔

عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں **فواللہ ما زال معیقیب متماسکا لا یزید وجعه حتی مات.**

واللہ معیقیب اس کے بعد ہمیشہ ایک ٹھہری حالت میں رہے تادم مرگ مرض کی زیادتی نہ ہوئی۔

(فتاویٰ رضویہ ج۹،ص۲۴۲_الحق المجتلی)

عمر صالحین میں سے ہیں

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں

اذا ذکر الصالحون فحیھلا بعمر.

جب صالحین کا ذکر ہو تو عمر فاروق کا تذکرہ کرو۔ (فتاویٰ رضویہ ج۹،ص۳۰۴)

ایک عورت کی خبر گیری

امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے زمانہ خلافت میں مدینہ طیبہ کا طواف فرمایا کرتے۔ابن عساکر تاریخ میں اسلم مولیٰ امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

ان عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ طاف لیلۃ فاذا ھو بامراء ۃ فی جوف دارھا و حولھا صبیان یبکون . الحدیث

یعنی امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک رات مدینہ طیبہ کا طواف کرتے تھے دیکھا کہ ایک بی بی اپنے گھر میں بیٹھی ہیں اور ان کے بچے ان کے گرد رو رہے ہیں اور چولہے پر ایک دیگچی چڑھی ہے۔ امیر المومنین قریب گئے اور فرمایا اے اللہ کی لونڈی یہ بچے کیوں رو رہے ہیں انھوں نے عرض کی یہ بھوکے روتے ہیں فرمایا تو اس دیگچی میں کیا ہے کہا میں نے ان کو بہلانے کو پانی بھر کر چڑھا دی ہے کہ وہ سمجھیں اس میں کچھ پک رہا ہے اور انتظار میں سو جائیں۔ امیر المومنین فوراً واپس آئے اور ایک بڑی بوری میں آٹا اور گھی اور چربی اور چھوہارے اور کپڑے اور روپے منہ تک بھرے پھر اپنے غلام اسلم سے فرمایا یہ میری پیٹھ پر لاد دو اسلم کہتے ہیں میں نے عرض کی یا امیر المومنین میں اٹھا کر لے چلوں گا فرمایا اے اسلم بلکہ میں اٹھاؤں گا کہ اس کا سوال تو آخرت میں مجھ سے ہونا ہے پھر اپنی پشت مبارک پر اٹھا کر ان بی بی کے گھر تک لے گئے پھر دیگچی میں آٹا اور چربی اور چھوہارے چڑھا کر اپنے دست مبارک سے چلاتے رہے پھر پکا کر انھیں کھلایا کہ سب کا پیٹ بھر گیا پھر باہر صحن میں نکل کر ان بچوں کے سامنے بلاتشبیہ ایسے بیٹھے جیسے جانور بیٹھتا ہے اور میں ہیبت کے سبب بات نہ کر سکا۔ امیر المومنین یوں ہی بیٹھے رہے یہاں تک کہ بچے اس نئی نشست کو دیکھ کر امیر المومنین کے ساتھ کھیلنے اور ہنسنے لگے۔ اب امیر المومنین واپس تشریف لائے اور فرمایا اسلم تم نے جانا کہ میں ان کے سامنے یوں کیوں بیٹھا میں نے عرض کی نہ، فرمایا میں نے انھیں روتے دیکھا تھا تو مجھے پسند نہ آیا کہ میں انھیں چھوڑ کر چلا جاؤں جب تک انھیں ہنسا نہ لوں جب وہ ہنس لیے تو میرا دل شاد ہوا۔ اسے دینوری نے کتاب المجالست میں اور ابراہیم بن شاذان البزار نے اپنی مشیخت میں بھی بیان کیا ہے۔

امام محب الدین طبری ریاض النضرۃ پھر شاہ ولی اللہ ازالۃ الخفاء میں مناقب امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں لکھتے ہیں

انه کان یطوف لیلة فی المدینة فسمع امراء ة تقول

یعنی امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک رات مدینہ طیبہ میں طواف کر رہے تھے کہ ایک بی بی کو یوں کہتے سنا **فذکر الحدیث.** (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۲۴۳)

عمر فاروق کا ادب

ابن جریر سماک بن حرب سے راوی **قال سمعت معرورا او معرور التیمی قال سمعت عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه و صعد المنبر قعد دون مقعد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بمقعد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال اوصیکم بتقوی الله و اسمعوا و اطیعوا من ولاه الله تعالیٰ امرکم.**

امیر المومنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منبر پر چڑھ کر وہاں قعود فرمایا جہاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قدمان مبارک رہتے تھے، اور فرمایا کہ میں تمھیں تقوی کی تاکید کرتا ہوں اور یہ کہ تم سنو اور ان کی اطاعت کرو جن کو اللہ تعالیٰ نے تمھارے امر کا والی بنایا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۵۔ ص ۱۴۸)

عمر فاروق کی حق پسندی

امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک بار خطبہ میں **مغالاتٌ فی المهور** یعنی حیثیت سے زیادہ مہر باندھنے پر انکار شدید فرمایا حاضرین میں سے ایک بی بی اٹھیں آیہ کریمہ **و آتیتم احداهن قنطارا** تلاوت کی جس میں سونے کا ڈھیر عورت کے مہر میں مقرر کرنا جائز فرمایا گیا فوراً امیر المومنین نے انکار سے رجوع فرمایا اور بکمال تواضع فرمایا۔

اللھم کل احد افقه من عمر حتی المخدرات فی المحال

اے اللہ ہر ایک عمر سے زیادہ جانتا ہے یہاں تک کہ پردہ نشین خواتین بھی۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ، ج ۵، ص ۱۹۴)

امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد مبارک میں ایک صاحب اپنی زوجہ کو وطن میں چھوڑ کر سفر کو گئے دو برس بعد واپس آئے تو عورت کو حاملہ پایا ایک مدت بعد بچہ ہوا۔

ان عمر رضی الله تعالیٰ عنه هم برجمها فقال له معاذ رضی الله تعالیٰ عنه ان کان لک علیها سبیل فلا سبیل لک علی ما فی بطنها فترکها حتی ولدت ولدا قد نبتت ثنایاه یشبه اباه .

امیر المومنین حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس عورت کو سنگسار کرنے کا ارادہ فرمایا تو حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے کہا کہ عورت پر حد لگانے کا جواز تو ہے مگر جو اس کے پیٹ میں ہے اس کے لیے کیا راہ ہے، حضرت عمر نے اسے چھوڑ دیا یہاں تک کہ بچہ پیدا ہوا اس کے اگلے چاروں دانت پیٹ ہی میں نکل چکے تھے صورت میں اپنے باپ سے مشابہ تھا۔

فلما راه الرجل قال ولدی و رب الکعبة .

جب ان صاحب نے اس بچے کو دیکھا کہا خدا کی قسم میرا بچہ ہے۔ اسے فتح میں بیان کیا گیا ہے۔ (مولف) (ہمارے ائمہ نے اکثر مدت حمل دو سال رکھی ہے۔) (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۸۶۹)

حضرت ام کلثوم سے نکاح

ایک جگہ امام احمد رضا بریلوی ام کلثوم سے نکاح اور ان سے زید بن عمر کے پیدا ہونے سے متعلق

فرماتے ہیں :

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے اپنی صاحبزادی حضرت ام کلثوم کہ بطن پاک حضرت بتول زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہیں، امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں دیں اور ان سے حضرت زید بن عمر پیدا ہوئے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۴۶۲)

عمر کے جنازہ پر صحابہ کی دعا

صحیح حدیث سے ثابت کہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جنازہ مبارک کے گرد ہجوم کیا اور چار طرف سے احاطہ کر کے کھڑے ہوئے اور امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے دعائیں کرتے رہے یہاں تک کہ امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم بھی اس مجمع میں شامل اور امیر المومنین شہید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے دعا و ثنا میں شریک ہوئے۔

صحیح بخاری و صحیح مسلم میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی :

و اللفظ لمسلم وضع عمر بن الخطاب علی سریرہ فتکفنہ الناس یدعون و یثنون و یصلون علیہ قبل ان یرفع و انا فیہم قال فلم یرعنی الا برجل قد اخذ بمنکبی من ورائی فالتفت الیہ فاذا ہو علی فترحم علی عمر و قال ما خلفت احدا احب الی ان القی اللہ بمثل عملہ منک و ایم اللہ ان کنت لا ظن ان یجعلک اللہ مع صاحبیک .

و فی روایۃ للبخاری قال انی لواقف فی قوم یدعون اللہ لعمر بن الخطاب و قد وضع علی سریرہ اذا رجل من خلفی قد وضع مرفقہ علی منکبی یقول رحمک اللہ ان کنت لا رجو ان یجعلک اللہ مع صاحبیک . الحدیث.

یعنی امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جنازہ رکھا تھا لوگ چاروں طرف سے احاطہ

کیے ہوئے ان کے لیے دعاء وصلاۃ وثنا میں مشغول تھے میں بھی انھیں دعا کرنے والوں میں کھڑا تھا ناگاہ ایک شخص نے پیچھے سے آکر میرے شانہ پر کہنی رکھی میں نے پلٹ کر دیکھا تو علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ تھے۔ جنازہ شریفہ کی طرف مخاطب ہوکر بولے اللہ آپ پر رحم فرمائے آپ نے اپنے بعد کوئی ایسا نہ چھوڑا جو مجھے آپ سے زیادہ پیارا ہو کہ میں اس کے سے عمل کرکے اللہ تعالیٰ سے ملوں اور خدا کی قسم مجھے امید واثق تھی کہ اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے دونوں صاحبوں سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وامیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رفاقت نصیب فرمائے گا۔ الحدیث۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۲)

عبداللہ بن سلام کی دعا

عن عبد اللہ بن سلام لما فاتته الصلاة علی عمر رضی الله تعالیٰ عنه قال ان سبقت بالصلوٰة فلم اسبق بالدعا له .

یعنی عبداللہ بن سلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جنازہ مبارک پر نماز میرے آنے سے پہلے ہو چکی تو کہا کہ دعا کی بندش تو نہیں میں ان کے لیے دعا کروں گا۔ اسے سید ازہری نے فتح اللہ المبین میں بیان کیا ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۹، النہی الحاجز)

اس سے ثابت ہوا کہ نماز جنازہ کی تکرار جائز نہیں یہی احناف کا مذہب ہے۔

مسجد میں فاروق اعظم کا دورہ

بلاذری نے ابو سعید مولیٰ ابی اسید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی

قال کان عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه یعس فی المسجد بعد العشا

ولا یری احدا الا اخرجه الا رجلا قائما یصلی .

امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز عشا کے بعد مسجد کریم میں دیکھ بھال کے لیے دورہ فرماتے جسے دیکھتے مسجد سے باہر فرما دیتے مگر جو شخص کھڑا نماز پڑھ رہا ہو۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۵۳۔ بریق المنار)

اویس قرنی سے دعا کی درخواست

حضور نے اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ذکر کر کے صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا

فمن لقیه منکم فلیامره فلیستغفر له .

تم میں جو اسے پائے اپنے لیے اس سے دعائے بخشش کرائے۔ مسلم اور بیہقی نے عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس کو روایت فرمایا۔

ایک روایت میں ہے حضرت فاروق اعظم کو بالتخصیص بھی حکم ہوا ان سے دعا کرانا کہ وہ اللہ کے حضور عزت والا ہے۔ ابن عساکر و خطیب نے اسے روایت کیا۔

حسب الحکم امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے دعا چاہی۔ اسے ابن سعد و حاکم و ابو عوانہ و رؤیانی اور بیہقی نے دلائل النبوۃ میں اور ابو نعیم نے حلیہ میں بطریق اسیر بن جابر عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

ایک روایت میں ہے امیر المومنین فاروق و امیر المومنین مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں کو حضرت اویس سے طلب دعا کا حکم تھا۔ دونوں صاحبوں نے اپنے لیے دعا کرائی۔ ابن عساکر نے اسے روایت کیا۔

عمر کو حضور کا سلام

امام ابوبکر ابن شیبہ استاذ امام بخاری و مسلم اپنے مصنف اور امام بیہقی دلائل النبوۃ کی مجلد یازدہم میں بسند صحیح بطریق ابو معاویة عن الاعمش عن ابی صالح عن مالک الدار رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں:

قال اصاب الناس قحط فی زمن عمر بن الخطاب فجاء رجل الی قبر النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقال یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم استسق اللہ لامتک فانہم قد ھلکوا فاتاہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فی المنام فقال ائت عمر فاقرہ السلام و اخبرھم انہم سیسقون . الحدیث.

یعنی عہد معدلت مہد فاروقی میں ایک بار قحط پڑا ایک صاحب یعنی حضرت بلال بن حارث مزنی صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مزار اقدس حضور ملجاے بےکساں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر حاضر ہو کر عرض کی یا رسول اللہ اپنی امت کے لیے اللہ تعالیٰ سے پانی مانگئے کہ وہ ہلاک ہوئے جاتے ہیں رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان صحابی کے خواب میں تشریف لائے اور ارشاد فرمایا عمر کے پاس جا کر اسے سلام پہنچا اور لوگوں کو خبر دے کہ اب پانی آیا چاہتا ہے۔

شاہ ولی اللہ قرۃ العینین میں یہ حدیث نقل کر کے کہتے ہیں۔

ابوعمر نے اسے استیعاب میں روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۴۷۔ حیات الموات)

اہل بقیع سے عمر کی ہم کلامی

ابن ابی الدنیا کتاب القبور میں امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

انہ مر بالبقیع فقال السلام علیکم یا اھل القبور اخبار ما عندنا ان نساء کم قد تزوجن و دیارکم قد سکنت و اموالکم قد فرقت فاجابہ ھاتف یا عمر بن الخطاب اخبار ما عندنا ان ما قدمناہ فقد وجدناہ و ما انفقنا فقد ربحنا و ما خلفنا فقد خسرناہ .

یعنی ایک بار امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بقیع پر گزرے اہل قبور پر سلام کر کے فرمایا ہمارے پاس کی خبریں یہ ہیں کہ تمھاری عورتوں نے نکاح کر لیے اور تمھارے گھروں میں اور لوگ بسے تمھارے مال تقسیم ہو گئے، اس پر کسی نے جواب دیا اے عمر بن الخطاب ہمارے پاس کی خبریں یہ ہیں کہ ہم نے جو اعمال کیے تھے یہاں پائے اور جو راہ خدا میں دیا تھا اس کا نفع اٹھایا اور جو پیچھے چھوڑا وہ ٹوٹے میں گیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۷۲۔ حیات الموات)

ایک جوان سے گفتگو

ابن عساکر نے ایک حدیث طویل روایت کی جس کا حاصل یہ ہے کہ عہد معدلت مہد فاروقی میں ایک جوان عابد تھا امیر المومنین اس سے بہت خوش تھے دن بھر مسجد میں رہتا بعد عشا باپ کے پاس جاتا، راہ میں ایک عورت کا مکان تھا، اس پر عاشق ہوگئی، ہمیشہ اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتی، جوان نظر نہ فرماتا، ایک شب قدم نے لغزش کی ساتھ ہولیا دروازے تک گیا جب اندر جانا چاہا خدا یاد آیا اور بے ساختہ یہ آیہ کریمہ زبان سے نکلی

ان الذین اتقوا اذا مسھم طائف من الشیطن تذکروا فاذا ھم مبصرون .

ڈر والوں کو جب کوئی جھپٹ شیطان کی پہنچتی ہے خدا کو یاد کرتے ہیں اسی وقت ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔

آیت پڑھتے ہی غش کھا کر گرا۔ عورت نے اپنی کنیز کے ساتھ اٹھا کر اس کے دروازے پر ڈال دیا

۔باپ منتظر تھا آنے میں دیر ہوئی، دیکھنے نکلا دروازے پر بے ہوش پڑا پایا، گھر والوں کو بلا کر اندر اٹھوایا رات گئے ہوش آیا باپ نے حال پوچھا کہا خیر ہے، کہا بتا دے ناچار قصہ کہا باپ بولا جان پدر وہ آیت کونسی ہے جو ان نے پھر پڑھی پڑھتے ہی غش آیا، جنبش دی مردہ پایا۔رات ہی کو نہلا کفنا کر دفن کر دیا صبح کو امیر المومنین نے خبر پائی، باپ سے تعزیت اور خبر نہ دینے کی شکایت فرمائی۔عرض کی یا امیر المومنین رات تھی، پھر امیر المومنین ہمراہیوں کو لے کر قبر پر تشریف لے گئے۔

آگے لفظ حدیث یوں ہیں

فقال عمر یا فلان و لمن خاف مقام ربه جنتن فاجابه الفتی من داخل القبر یا عمر قد اعطانیها ربی فی الجنة مرتین .

یعنی امیر المومنین نے جوان کا نام لے کر فرمایا اے فلاں جو اپنے رب کے پاس کھڑے ہونے کا ڈر کرے اس کے لیے دو باغ ہیں۔جوان نے قبر میں سے آواز دی اے عمر مجھے میرے رب نے یہ دولت عظمیٰ جنت میں دوبار عطا فرمائی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۷۲۔حیات الموات)

جماعت سے غائب رہنے پر باز پرس

امام مالک موطا میں امیر المومنین عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

فقد سلیمان بن ابی حثمة فی صلاة الصبح و ان عمر بن الخطاب غدا الی السوق و مسکن سلیمان بین السوق والمسجد فمر علی الشفا ام سلیمان فقال لها لم ار سلیمان فی صلاة الصبح فقالت انه بات یصلی فغلبته عیناه فقال عمر لان اشهد صلاة الصبح فی الجماعة احب الی ان اقوم لیلة. اه۔

ابوبکر بن ابی شیبہ کی روایت میں ہے

لان اصلیھا فی جماعة احب الی من احی ما بینهما یعنی الصبح و العشاء .

ایک دن امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سلیمان بن ابی حثمہ کو جماعت صبح میں نہیں دیکھا، حضرت فاروق اعظم نے بازار جاتے ہوئے کہ ان کا مکان بازار اور مسجد کے درمیان تھا ان کی ماں شفاء سے پوچھا تو ان کی ماں نے عرض کی کہ اس نے پوری رات نماز پڑھی اور صبح کو سو گیا اس لیے جماعت میں حاضر نہ ہو سکا تو امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ مجھ کو جماعت صبح میں حاضر ہونا زیادہ محبوب ہے پوری رات بیدار رہ کر عبادت کرنے سے ۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۱۳)

ایک شخص کو تنبیہ

ابوداؤد سنن میں اور حاکم مستدرک میں ابورمثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال صلیت هذه الصلاة او مثل هذه الصلاة مع النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال و کان ابو بکر و عمر یقومان فی الصف المقدم عن الامام و کان رجل قد شهد التکبیرة الاولی من الصلاة یشفع فوثب الیه عمر فاخذ بمنکبیه فهزه ثم قال اجلس فانه لم یهلک اهل الکتاب الا انهم لم یکن بین صلاتهم فصل فرفع النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بصره فقال اصاب الله بک یا عمر بن الخطاب .

حضرت ابورمثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ یہ (ظہر یا مغرب یا عشا) نماز یا اس کے مثل نماز پڑھی اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اگلی صف میں تھے اور ایک آدمی تکبیر اولیٰ میں شریک تھا بعد میں دو رکعت نماز کے لیے فوراً کھڑا ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اٹھ کر ان کا مونڈھا پکڑ کر ہلایا اور فرمایا بیٹھ جاؤ کیوں کہ اہل کتاب اس لیے ہلاک ہوئے کہ وہ نماز کے درمیان فصل نہیں کرتے تھے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نگاہ رحمت اٹھا کر فرمایا اے عمر تجھے اللہ تعالیٰ

نے درستگی دی ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۱۸۷)

صبیغ کا عبرت ناک قصہ

امیر المومنین غیظ المنافقین امام العادلین سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب صبیغ سے جس پر بوجہ بحث متشابہات بدمذہبی کا اندیشہ تھا بعد ضرب شدید توبہ لی، ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمان بھیجا کہ مسلمان اس کے پاس نہ بیٹھیں اس کے ساتھ خرید و فروخت نہ کریں بیمار پڑے تو اس کی عیادت کو نہ جائیں مرجائے تو اس کے جنازے پر حاضر نہ ہوں۔ تعمیل حکم احکم ایک مدت تک یہ حال رہا کہ اگر سو آدمی بیٹھے ہوتے اور وہ آتا سب متفرق ہو جاتے جب ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرضی بھیجی کہ اب اس کا حال اچھا ہو گیا ہے اس وقت اجازت فرمائی۔

نصر مقدسی کتاب الحجہ میں اور ابن عساکر ابوعثمان نہدی سے راوی :

عن صبیغ انہ سأل عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ عن المرسلات و الذاریات و النازعات فقال لہ عمر الق ما علی رأسک فاذا لہ ضفیرتان قال لو وجدتک محلوقا لضربت الذی فیہ عیناک ثم کتب الی اھل البصرۃ ان لا تجالسوا صبیغا قال ابو عثمان فلو جاء و نحن مائۃ تفرقنا عنہ .

صبیغ نے حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے والمرسلات، والذاریات اور والنازعات کے بارے میں پوچھا تو حضرت عمر نے فرمایا کہ جو تمھارے سر پر ہے اسے ڈال دو یعنی سر ننگا کر کے دکھاؤ جب اس نے سر ننگا کیا تو اس کے سر پر دو زلفیں تھیں یہ دیکھ کر حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اگر تیرا سر منڈا ہوا پاتا تو تیری گردن مار دیتا (کیوں کہ اس سے تیری شناخت ہو جاتی کہ تو اس گمراہ فرقہ سے ہے جس کی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خبر دی ہوئی ہے) پھر اہل بصرہ کو لکھا کہ صبیغ سے میل جول نہ

کریں، ابوعثمان نے کہا کہ اگر ہم لوگ سو آدمی بیٹھے ہوتے اور وہ آتا تو سب متفرق ہو جاتے۔ (مولف)

ابوبکر بن الانباری کتاب المصاحف میں اور ابن عساکر محمد بن سیرین سے راوی

قال کتب عمر بن الخطاب الی ابی موسیٰ الاشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان لا تجالسوا صبیغا و ان یحرم عطاء ہ و رزقہ .

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھا کہ صبیغ سے مجالست نہ کریں وہ عطیہ و وظیفہ جو دیتے ہو اس سے محروم کر دیا جائے۔ (مولف)

نصر مقدسی اسحاق بن بشر قرشی سے راوی قال اخبرنا ابن اسحق و ابو اسحٰق قال کتب ای امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ الی ابی موسیٰ اما بعد فان الا صبغ بن علیم التیمی تکلف ما کفی و ضیع ما ولی فاذا جاء ک کتابی ھذا فلا تبایعوہ و ان مرض فلا تعودوہ و ان مات فلا تشھدوہ قال فکان الا صبغ یقول قدمت البصرۃ فاقمت بھا خمسہ و عشرین یوما و ما من غائب احب الی ان القائہ من الموت ثم ان اللہ الھمہ التوبۃ و قذفھا فی قلبہ فاتیت ابا موسیٰ و ھو علی المنبر فسلمت علیہ فاعرض عنی فقلت ایھا المعرض انہ قد قبل التوبۃ من خیر منک و من عمر و انی اتوب الی اللہ عزوجل مما اسخط امیر المومنین و عامۃ المسلمین فکتب بذلک الی عمر فقال صدق اقبلوا من اخیکم .

امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابوموسیٰ اشعری کو لکھا کہ اصبغ بن علیم تیمی نے تکلف کیا جو اسے کافی تھا اور اسے ضائع کر دیا جو اس کے قریب تھا۔ جب میرا یہ خط تم کو مل جائے تو اس سے خرید و فروخت نہ کرنا، وہ بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت نہ کرنا اور اگر وہ مر جائے تو اس کے جنازے میں

حاضر نہ ہونا۔ راوی نے کہا کہ اصبغ کہا کرتا تھا کہ میں بصرۃ آیا وہاں پر پچیس دن رہا تو ان ایام سے میرے لیے موت بہتر تھی، پھر اللہ تعالیٰ نے اسے توبہ کی توفیق دی اور اس کے دل میں ڈال دیا تو وہ ابوموسیٰ اشعری کے پاس آ کر انھیں سلام کیا جب کہ وہ منبر پر تھے انھوں نے مجھ سے اعراض کیا میں نے کہا اے روگردانی کرنے والے بیشک اس نے توبہ قبول کر لی ہے جو تم سے اور عمر سے بہتر ہے اور میں توبہ کرتا ہوں اللہ عز وجل کی بارگاہ میں اس جرم سے جس سے امیر المومنین اور عامہ مسلمین ناراض ہیں۔ اس کے بعد ابوموسیٰ اشعری نے حضرت عمر فاروق کو یہ واقعہ لکھا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اس نے سچ کہا اب اپنے بھائی کی بات قبول کرو یا اب اپنے بھائی کی طرف التفات کرو۔ (مولف)

دارمی ونصر مقدسی و اصبہانی کتاب الحجۃ میں اور ابن الانباری کتاب المصاحف میں اور لا لکائی کتاب السنۃ میں اور ابن عساکر تاریخ میں سلیمان بن یسار سے راوی :

ان رجلا من بنی تمیم یقال له صبیغ بن عسل قدم المدینة و كان عنده كتب فكان یسأل عن متشابه القران فبلغ ذلک عمر رضی الله تعالیٰ عنه فبعث الیه و قد اعد له اعراجین النخل فلما دخل علیه قال من انت قال انا عبد الله صبیغ قال عمر رضی الله تعالیٰ عنه و انا عبد الله عمر و اوما الیه فجعل یضربه بتلک العراجین فما زال یضربه حتی شجه و جعل الدم یسیل علی وجهه فقال حسبک یا امیر المومنین و الله فقد ذهب الذی اجد فی راسی .

بنو تمیم کا ایک آدمی جس کو صبیغ بن عسل کہا جاتا ہے مدینہ منورہ آیا اس کے پاس کچھ کتابیں تھیں اور وہ متشابہات قرآن کے بارے میں سوال کرتا تھا جب یہ خبر حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہنچی تو آپ نے اس کو بلا بھیجا اور اس کے لیے کھجور کی شاخوں کا ایک گچھا تیار کیا جب صبیغ حضرت عمر کے حضور حاضر ہوا تو عمر فاروق نے فرمایا تو کون ہے اس نے کہا میں اللہ کا بندہ صبیغ ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا

کہ اور میں اللہ کا بندہ عمر ہوں اور اس کی طرف اشارہ کیا پھر شاخہائے خرما سے مارتے رہے یہاں تک کہ وہ زخمی ہو گیا اور اس کے چہرے پر سے خون بہنے لگا تو اس نے کہا اے امیر المومنین بس کیجیے بخدا میں جو اپنے دماغ میں پاتا تھا وہ جا چکا۔ (مولف)

دارمی و ابن عبدالحکیم و ابن عساکر مولیٰ ابن عمر سے راوی

ان صبیغ العراقی جعل یسأل عن اشیاء عن القران فی اجناد المسلمین (و ساق الحدیث الی ان قال) فارسل عمر الی یطلب الجرید فضربه بها حتی ترک ظهره و بره ثم ترکه حتی بری ثم عاد له ثم ترکه حتی بری ثم دعا به لیعود به فقال صبیغ یا امیر المومنین ان کنت ترید قتلی فاقتلنی قتلا جمیلا و ان کنت ترید تداوینی فقد و الله براء ت فاذن له الی ارضه و کتب له الی ابی موسیٰ الأشعری ان لا یجالسه احد من المسلمین فاشتد ذلک علی الرجل فکتب ابو موسیٰ الاشعری الی عمر ان قد حسنت هیأته فکتب انا ائذن للناس فی مجالسته .

صبیغ عراقی قرآن کی آیتوں کے بارے میں جماعت مسلمین سے سوال کیا کرتا تھا مولیٰ ابن عمر نے کہا کہ حضرت عمر نے مجھے کھجور کی ٹہنی ڈھونڈنے کے لیے بھیجا پھر اس سے مارتے رہے یہاں تک کہ اس کی پیٹھ پر آبلے پڑ گئے پھر اسے اچھا ہونے تک چھوڑے رکھا پھر دوبارہ مارا اور اچھا ہونے تک چھوڑے رکھا پھر سہ بارہ مارنے کے لیے بلایا تو صبیغ نے کہا اے امیر المومنین اگر آپ مجھے قتل کر دینا چاہتے ہیں تو مجھے یکدم قتل کر دیں اور اگر میرا علاج چاہتے ہیں تو بخدا میں اچھا ہو گیا ہوں۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے اپنے ملک میں جانے کی اجازت دے دی اور ابو موسیٰ اشعری کو لکھا کہ مسلمانوں میں سے کوئی شخص اس کے پاس نہ بیٹھے یہ بات اس آدمی پر شاق ہوئی اور ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لکھا کہ اب اس کی حالت اچھی ہو گئی ہے تو حضرت عمر نے لکھا کہ اب میں لوگوں کو

اس سے مجالست کی اجازت دیتا ہوں۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳ ص ۲۱۳)

ایک مسئلہ کی تلقین

حلیہ و بحرالرائق میں ہے :

روی ان عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رأی رجلا فعل ذلک فقال ا رأیت لو ارسلتک الی بعض الناس اکنت تمر فی ثیابک ھذہ فقال لا فقال عمر فاللہ احق ان یتزین لہ .

امیرالمومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کو ایسے ہی کپڑوں میں نماز پڑھتے دیکھا فرمایا بھلا بتا تو اگر میں کسی آدمی کے پاس تجھے بھیجوں تو انھیں کپڑوں سے چلا جائے گا کہا نہ فرمایا تو اللہ عزوجل زیادہ مستحق ہے کہ اس کے دربار میں زینت و ادب کے ساتھ حاضر ہو۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳ ص ۴۴۴)

سورۂ بقرہ کی تعلیم

خطیب بغدادی کتاب رواۃ مالک میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال تعلم عمر البقرة فی اثنتی سنة فلما ختمها نحر جزورا.

امیرالمومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارہ برس میں سورۂ بقرہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پڑھی جب ختم فرمائی ایک اونٹ ذبح کیا۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۶۸۔ وصاف الرجیح)

عمر فاروق کا صدقۂ جاریہ

صحیح بخاری وصحیح مسلم میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی :

ان عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اصاب ارضا بخیبر فاتی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لیستامرہ فیہا فقال صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان شئت حبست اصلہا و تصدقت بہا فقال فتصدق بہا عمر انہ لا یباع و لا یوھب ولا یورث و تصدق بہا فی الفقراء و فی القربی و فی الرقاب و فی سبیل اللہ و ابن السبیل و الضیف.

حضرت امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خیبر میں کچھ زمین ملی تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور اس کے متعلق حکم لینے آئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر چاہو تو اصل زمین روک لو اور اس کی پیداوار کو صدقہ کر دو، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس زمین کو اس طرح صدقہ کیا کہ بیچی جائے اور نہ ہبہ کی جائے نہ میراث ہو، بلکہ اس کو فقراء رشتہ داروں، غلاموں، فی سبیل اللہ، مسافروں اور مہمانوں میں صدقہ کر دیا۔ یعنی وقف کرنا بھی صدقہ ہے۔ (مولف)

یہ حدیث محرر المذہب سیدنا امام محمد نے مبسوط میں یوں روایت فرمائی :

اخبرنا صخر بن جویریۃ مولیٰ عبد اللہ بن عمر ان عمر بن الخطاب کان لہ ارض تدعی ثمغا و کان نخلا نفیسا فقال یا رسول اللہ انی استفدت مالا ھو عندی نفیس افا تصدق بہ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تصدق باصلہ لا یباع و لا یوھب و لا یورث و لکن تنفق ثمرتہ فتصدق بہ عمر فی سبیل اللہ و فی الرقاب و للضیف و للمسافر ولابن السبیل و لذی القربی . الحدیث.

امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک زمین تھی جس کو ثمغ کہتے تھے اور کھجور کا ایک

اچھا باغ تھا عمر نے عرض کیا یا رسول اللہ میں نے عمدہ مال جمع کیا ہے کیا میں اس کو صدقہ کر دوں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو اس طرح صدقہ کرو کہ نہ بیچا جائے نہ ہبہ کیا جائے اور نہ میراث ہو ہاں اس کے پھلوں کو خرچ کرو تو عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کو راہ خدا اور غلاموں، مہمانوں، مسافروں، ابن السبیل اور رشتہ داروں میں صدقہ کر دیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۶۲۸۔۶۲۹)

خلیفہ ہونے کے بعد عمر فاروق کا خطبہ

عسکری کتاب المواعظ میں ابو خالد غسانی سے راوی

قال حدثنی مشیخة من اهل الشام ادر کوا عمر بن الخطاب رضی الله تعالیٰ عنه قالوا لما استخلف صعد المنبر فلما رای الناس اسفل منه حمد الله ثم کان اول کلام تکلم بهٖ بعد الثناء علی الله و علی رسوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

هون علیک فان الامور
بکف الاله مقادیرها
فلیس بأتیک منهیها
و لا قاصر عنک مامورها

یعنی جب امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ ہوئے منبر پر تشریف لے گئے لوگوں کو اپنے سے نیچا دیکھ کر حمد الٰہی بجا لائے پھر ثنائے خدا و نعت مصطفیٰ جل جلالہ و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد پہلا کلام جو زبان مبارک پر لائے یہ اشعار تھے جن کا حاصل یہ کہ اپنے اوپر نرمی کر کہ سب کاموں کے اندازے اللہ عزوجل کے دست قدرت میں ہیں جو مقدر نہیں وہ تیرے پاس آنے کا نہیں اور جو مقدر ہے وہ تجھ سے کمی کرنے کا نہیں۔

علامہ ابراہیم بن عبداللہ الیمنی المدنی نے کتاب **القول الصواب فی فضل عمر بن الخطاب من کتابہ الاکتفاء فی فضل الاربعۃ الخلفاء** کے سترہویں باب میں اس کو بیان کیا ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۶۸۵)

حضور کی نصیحت پر عمل

ترمذی وابن ماجہ وبیہقی امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال رانی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و انا ابول قائما فقال یا عمر لا تبل قائما فما بلت قائما بعد.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے کھڑے ہوکر پیشاب کرتے دیکھا فرمایا اے عمر کھڑے ہوکر پیشاب نہ کرو اس دن سے میں نے کبھی کھڑے ہوکر پیشاب نہ کیا۔

بعض لوگ زمانۂ جاہلیت میں کھڑے ہوکر پیشاب کیا کرتے تھے غالباً اسی عادت کے مطابق شروع زمانۂ اسلام میں حضرت عمر نے ایسا کیا یا ممکن ہے کہ کوئی ایسی تکلیف تھی جس سے وہ بیٹھ نہ سکتے تھے اس لیے کھڑے ہوکر پیشاب کیا مگر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منع فرمانے کے بعد پھر دوبارہ کبھی ایسا نہ کیا۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۷۳)

قرآن کریم کی عظمت

امام احمد رضا بریلوی ایک جگہ فرماتے ہیں :

قرآن عظیم چھوٹی تقطیع پر لکھنا، حمائل بنانا شرعاً مکروہ و ناپسند ہے۔ امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک شخص کے پاس قرآن مجید باریک لکھا ہوا دیکھا اسے مکروہ رکھا اور اس شخص کو مارا

اور فرمایا عظموا کتاب الله ۔ کتاب اللہ کی عظمت کرو۔

ابوعبید نے فضائل القرآن میں یہ حدیث روایت کی۔

امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم مصحف کو چھوٹا بنانا مکروہ رکھتے۔ عبدالرزاق نے مصنف میں حضرت علی سے اسی طرح ابوعبید نے فضائل القرآن میں اسے روایت کیا۔

(فتاوی رضویہ ج ۲، ص ۱۹۲)

نماز وقرآن اسلام عمر کے معاون ہیں

ابن اسحاق اپنی سیرت میں اسلام عمر کی حدیث میں راوی :

فساق حديث اسلام عمر رضي الله تعالىٰ عنه و فيه فجعلت امشي رويدا و رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قائم يصلي يقراء القرآن حتى قمت في قبلته مستقبلة ما بيني و بينه الا ثياب الكعبة قال فلما سمعت القرآن رق له قلبي . الحديث.

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام لانے کے واقعہ میں ہے کہ وہ فرماتے ہیں میں آہستہ آہستہ چلنے لگا اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہو کر نماز میں قرآن پڑھ رہے تھے کہ میں جانب قبلہ ان کی طرف منھ کر کے اس طرح کھڑا ہوا کہ میرے اور ان کے درمیان صرف غلاف کعبہ تھا حضرت عمر نے فرمایا کہ جب میں نے قرآن سنا تو میرے دل میں رقت پیدا ہوگئی۔ (مولف)

(فتاوی رضویہ ج ۲، ص ۲۱۵۔ جمان التاج)

ابن سنجر اپنی مسند میں عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال خرجت اتعرض رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قبل ان اسلم فوجدته قد سبقني الى المسجد فقمت خلفه فاستفتح سورة الحاقة فجعلت اتعجب من تاليف القرآن فقلت هو شاعر كما قالت قريش فقراء انه لقول رسول كريم و ما هو بقول شاعر فقليلا ما تومنون فقلت كاهن علم ما في نفسي فقراء و لا بقول كاهن فقليلا ما تذكرون ، الى آخر السورة فوقع الاسلام في قلبي كل موقع.

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اسلام لانے سے قبل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چھیڑنے کے لیے نکلا تو دیکھا کہ وہ مجھ سے پہلے مسجد جا چکے ہیں میں ان کے پیچھے کھڑا ہوگیا انھوں نے سورۂ الحاقہ شروع کی تو میں تالیف قرآن کی حسن وخوبی سے متعجب ہوگیا میں نے اپنے دل میں کہا کہ وہ شاعر ہیں جیسا کہ قریش نے کہا تو حضور نے تلاوت کی کہ بیشک یہ قرآن ایک کرم والے رسول سے باتیں ہیں اور وہ کسی شاعر کی بات نہیں کتنا کم یقین رکھتے ہو، میں نے کہا یہ کاہن ہیں میرے دل کی بات جان لی تو پھر تلاوت کی کہ اور نہ کسی کاہن کی بات کتنا کم دھیان کرتے ہو، آخر سورہ تک تلاوت فرمائی، تو میرے دل میں اسلام پورا پورا اتر گیا۔(مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۲۱۷۔ جمان التاج)

عمر نے تراویح رائج کی

ایک بار رمضان میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین شب باجماعت نماز پڑھائی پھر فرضیت کے خوف سے ترک فرمادی گویا کہ یہ نماز تراویح کی شکل تھی؛ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے عہد خلافت میں اسے باضابطہ رواج دیا تو اس کا حکم بھی موکد ہوگیا کیوں کہ خلفاء کی پیروی حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی پیروی ہے، اسی مضمون کی طرف اشارہ کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

علیکم بسنتی و سنة الخلفاء الراشدین عضو علیها بالنواجذ.

تم پر لازم ہے میری سنت کا اتباع اور خلفائے راشدین کی سنت کا اسے دانتوں سے مضبوط پکڑو۔

اور فرمایا **اقتدوا بالذین من بعدی ابی بکر و عمر.**

ابوبکر و عمر کی پیروی کرو جو میرے بعد خلیفہ ہوں گے۔

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین شب تراویح میں امامت فرما کر بخوف فرضیت ترک فرمادی تو اس وقت تک وہ سنت موکدہ نہ ہوئی تھی جب امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے اجرا فرمایا اور عامہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس پر مجتمع ہوئے اس وقت سے وہ سنت موکدہ ہوئی نہ فقط فعل امیر المومنین سے بلکہ ارشادات سید المرسلین سے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۴۸۲)

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

تراویح بیس رکعت سنت موکدہ ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

انه سیحدث بعدی اشیاء وان من احبها الی لما احدث عمر.

میرے بعد کچھ چیزیں ایجاد ہوں گی اور ان چیزوں میں میرے نزدیک سب سے محبوب و پسندیدہ چیز وہ ہے جو عمر نے رائج کی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۶۳)

عمر کی خلافت اور کارنامے

عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت اور ان کے کارناموں سے متعلق امام احمد رضا بریلوی

ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں :

شواہد النبوۃ میں ہے، چوں نوبت خلافت بفاروق رسید سیاسی بر دست او واقع شد کہ غیر نبی بر آن قادر نباشد و اگر عقل سلیم را اعمال نمائیم در امورے کہ خلافت انبیاء را شاید بہتر از حال وے متصور نگردد زیرا کہ حضرت پیغامبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بدو چیز مشغول بودند۔

یکے تعلیم علم، و فاروق اعظم مسائل را تفحص کرد و ترتیب کتاب. وسنت و اجماع و قیاس آورد و سد مداخل تحریف نمود چنانچہ علمائے صحابہ ہمہ گواہی دادند کہ وے علم زمان خود است۔

دیگر جہاد کفار، و فاروق تحمل اعبائے جہاد بوجہے نمود کہ خوب تر ازاں صورت نگیرد۔

جب امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خلافت پہنچی تو ان کے ہاتھ پر ایسی سیاستیں واقع ہوئیں جن پر نبی کے علاوہ کوئی قادر نہ ہوگا اور اگر عقل سلیم کو کام میں لائیں ان امور میں جو خلافت انبیاء کے لائق ومناسب ہے تو اسے بہتر کوئی دوسری حالت متصور نہیں ہوگی اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دو چیزوں میں مشغول تھے۔

ایک علم سکھانے میں، اور فاروق اعظم نے مسائل کو تلاش کیا اور کتاب وسنت واجماع اور قیاس کو مرتب وآراستہ کیا اور تحریف وتبدیل کے تمام راستوں کو بند کر دیا جیسا کہ تمام علمائے صحابہ نے گواہی دی ہے کہ وہی اپنے زمانے کے علم تھے یا سب سے زیادہ علم والے تھے۔

دوسرا کفار کے ساتھ جہاد، اور فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس طریقے پر جہاد فرمایا کہ اس سے بہتر کوئی دوسری صورت نہیں ہوسکتی۔ (مولف)

در روضۃ الاحباب مذکور است کہ در زمان خلافت وے ہزار و سی و شش شہر ہا توابع ولواحق آن فتح شد و چہار ہزار مسجد ساختہ گشت و چہار ہزار کنیسہ خراب گردید و یک ہزار و نہ صد منبر بنا کردند۔ آھ۔

روضۃ الاحباب میں مذکور ہے کہ امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں ان کے قصبات و دیہات کے ساتھ ایک ہزار چھتیس شہر فتح ہوئے اور چار ہزار مسجدیں تعمیر کی گئیں اور چار ہزار گرجے ویران کیے گئے اور ایک ہزار نو سو منبر بنائے گئے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۰۲، منیر العین)

اذان جمعہ کے لیے موذنوں کو حکم فاروقی

جو یبر اپنی تفسیر میں حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

ان عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ امر موذنین ان یوذنا للناس الجمعة خارجا من المسجد حتی یسمع الناس و امران یوذن بین یدیه کما کان فی عهد النبی صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم و ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنه ثم قال عمر نحن ابتدَ عناه لكثرة المسلمين.

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے موذنوں کو حکم دیا کہ جمعہ کے روز لوگوں کے لیے خارج مسجد اذان دیں تاکہ لوگ سن لیں، اور یہ حکم دیا کہ آپ کے سامنے اذان دی جائے جیسا کہ عہد رسالت اور عہد صدیقی میں ہوتا تھا، اس کے بعد آپ نے فرمایا ہم نے آدمیوں کی کثرت کی وجہ سے یہ نئی اذان شروع کی۔ مگر مشہور یہ ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ نئی اذان دلوانی شروع کی تھی۔ (مولف)

(شمائم العنبر)

بعد خلافت فاروق اعظم کا فرمان

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں:

امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے ایک خطبے میں بر سر منبر فرمایا۔

قد كنت مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فكنت عبده و خادمه .

میں حضور پرنور آقا و مولائے عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں تھا پس میں حضور کا بندہ اور حضور کا خدمتی تھا۔

اقول: یہ حدیث ابوحذیفہ نے فتوح الشام اور حسین بن بشران نے اپنے فوائد میں ابن شہاب زہری وغیرہ ائمہ تابعین سے نیز ابن بشران نے امالی، ابواحمد دہقان نے حرز حدیثی، ابن عساکر نے تاریخ، لالکائی نے کتاب السنۃ میں افضل التابعین سیدنا سعید بن المسیب بن حزن رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی۔

جب امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ ہوئے لوگوں پر ان کی شدت وجلال سے عجب ہیبت چھائی یہاں تک کہ لوگوں نے باہر بیٹھنا چھوڑ دیا کہ جب تک امیر المومنین کا برتاؤ نہ معلوم ہو متفرق رہو۔ لوگ بولے کہ صدیق اکبر کی نرمی اس درجہ تھی کہ مسلمانوں کے بچے جب انھیں دیکھتے دوڑتے ہوئے باپ باپ کہتے ان کے پاس جاتے وہ ان کے سروں پر ہاتھ پھیرتے۔ اور ان کی ہیبت کی یہ حالت ہے کہ مردوں نے اپنی مجالس چھوڑ دیں۔ جب امیر المومنین کو یہ خبر پہنچی حکم دیا کہ جماعت نماز کے لیے پکار دیں لوگ حاضر ہوئے امیر المومنین منبر پر وہاں بیٹھے جہاں صدیق اکبر اپنے قدم مبارک رکھتے تھے اور فرمایا کہ مجھے کافی ہے صدیق کے قدموں کے نیچے بیٹھوں، جب سب جمع ہو لیے امیر المومنین نے منبر اطہر سید ازہر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کھڑے ہو کر خطبہ دیا حمد وثنائے الٰہی و درود رسالت پناہی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد کہا:

ايها الناس انى قد علمت انكم كنتم تونسون منى شدة و غلظة و ذلك انى كنت مع رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و كنت عبده و خادمه .

لوگو! میں جانتا ہوں کہ تم مجھ میں سختی و درشتی پاتے تھے اور اس کا سبب یہ ہے کہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اور میں حضور کا بندہ اور حضور کا خدمت گار تھا۔

حضور کی نرمی ورحمت وہ ہے جس کی نظیر نہیں اللہ عزوجل نے خود اپنے اسماء کریمہ سے دونام حضور کو عطا فرمائے رؤف ورحیم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔ تو میں حضور کے سامنے شمشیر برہنہ تھا وہ چاہتے مجھے نیام فرماتے چاہتے چلنے دیتے میں اسی حال پر رہا یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مجھ سے راضی تشریف لے گئے اور خدا کا شکر ہے اور میری سعادت ، پھر صدیق مسلمانوں کے کام کے والی ہوئے ان کی نرمی ورحمت وکرم کی حالت تم سب پر روشن ہے **فکنت خادمه و عونه** میں ان کا خادم اور ان کا سپاہی تھا ۔ اپنی شدت ان کی نرمی کے ساتھ لاتا ان کی تیغ عریاں تھا وہ چاہتے نیام کرتے خواہ رواں فرماتے میں اسی حال پر رہا یہاں تک کہ وہ مجھ سے راضی ہو گئے ۔

اور خدا کا شکر ہے اور میری سعادت اب کہ میں تمھارا والی ہوا جان لو کہ وہ شدت دوگنی ہوگئی ، درجوں بڑھ گئی مگر کس پر ہوگی ان پر جو مسلمانوں پر ظلم وتعدی کریں اور دین داروں کے لیے تو میں خود ان کے آپس سے بھی زیادہ نرم ومہربان ہوں جسے ظلم وزیادتی کرتے پاؤں گا اسے نہ چھوڑوں گا اس کا ایک گال زمین پر رکھ کر دوسرے گال پر اپنا پاؤں رکھوں گا یہاں تک کہ حق کو قبول کرلے ۔

سعید بن مسیب وابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے فرمایا **فوفی عمر و الله بما قال و كان ابا العيال.**

خدا کی قسم عمر نے جو فرمایا پورا کر دکھایا وہ رعیت کے لیے مہربان باپ تھے ۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۔

دیکھو امیر المومنین فاروق اعظم سا اشد الناس فی امر اللہ برملا برسر منبر اپنے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بندہ بتا رہا ہے اور مجمع عام صحابہ کرام سن تا رہا اور اسے برقرار رکھتا ہے ۔

عمر فاروق کا اعتراف

ایک دن عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت شہزادۂ گلگوں قبا امام حسین شہید کربلا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو برسر منبر گود میں لے کر فرمایا

هل انبت الشعر على رؤسنا الا ابوک.

ہمارے سروں پر بال کس نے اگائے ہیں تمہارے ہی باپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اگائے ہوئے ہیں۔ یعنی جو کچھ عزت ونعمت ودولت ہے سب حضور ہی کی عطا ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

ابن سعد نے اسے طبقات میں شہید کربلا حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

(الامن والعلی)

اسلام عباس کی خوشی

امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ عم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کہا:

انا باسلامک اذا اسلمت افرح منی باسلام الخطاب

مجھے آپ کے اسلام کی جتنی خوشی ہوئی اپنے باپ خطاب کے اسلام کی اتنی نہ ہوتی۔

ابن اسحاق نے اسے اپنی سیرت میں بیان کیا ہے۔

(شرح المطالب فی مبحث ابی طالب)

وصال اقدس کے بعد فاروق اعظم کا خطاب وندا

شفا شریف امام قاضی عیاض واحیاء العلوم امام حجۃ الاسلام ومدخل امام ابن الحاج واقتباس الانور علامہ ابوعبد اللہ محمد بن علی رشاطی وشرح البردہ ابو العباس قصار ومواہب لدنیہ امام قسطلانی وغیرہا کتب معتمدین میں ہے۔

امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بعد وفات حضور سید الکائنات علیہ افضل

الصلوات والتحیات جو فضائل عالیہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضور کو ندا و خطاب کر کے عرض کیے ہیں انھیں میں گزارش کرتے ہیں۔

بابی انت و امی یا رسول اللہ لقد بلغ من فضیلتک عند اللہ ان بعثک آخر الانبیاء و ذکرک فی اولھم فقال و اذاخذنا من النبیین میثاقھم و منک و من نوح ۔ الآیۃ.

یارسول اللہ میرے ماں باپ حضور پر قربان حضور کی فضیلت اللہ عزوجل کی بارگاہ میں اس حد کو پہنچی کہ حضور کو تمام انبیاء کے بعد بھیجا اور ان سب سے پہلے ذکر فرمایا کہ فرماتا ہے، اور یاد کر جب ہم نے پیغمبروں سے ان کا عہد لیا اور تجھ سے اے محبوب اور نوح و ابراہیم و موسیٰ و عیسیٰ بن مریم سے علیہم الصلاۃ و السلام۔ (جزی اللہ عدوہ باباء ختم النبوۃ)

قافلہ حجاج کو عمر کی تنبیہ

امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد حج تمام قوافل پر درہ لے کر دورہ فرماتے اور ارشاد کرتے اے اہل یمن یمن کو جاؤ، اے اہل شام شام کا راستہ لو، اے اہل عراق عراق کو کوچ کرو، کہ اس سے تمھارے رب کے بیت کی ہیبت تمھاری نگاہوں میں زیادہ رہے گی۔

(ابر المقال فی استحسان قبلۃ الاجلال)

اشعار

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی توصیف میں امام احمد رضا بریلوی یوں رقم طراز ہیں:

وہ عمر جس کے اعدا پہ شیدا سقر — اس خدا دوست حضرت پہ لاکھوں سلام
فارق حق و باطل امام ہدیٰ — تیغ مسلول شدت پہ لاکھوں سلام

ترجمان نبی ہمزبان نبی جان شان عدالت پہ لاکھوں سلام

عمر وہ عمر جس کی عمر گرامی ہوئی صرف ارضائے خلاق واہب
عمر قصر دین نبی کی عمارت عمر عمر باقی دین اطائب
عمر راحت روح شرع الٰہی عمر آفت جان ادیان کاذب
عمر در مکنون درج کنانہ عمر کوکب دری برج غالب
وہ ملک خدا کا او العزم ناظم وہ شرع رسالت کا ذو القدر نائب
رہا نام نامی پہ بھی عدل شیدا یہ وصف عدالت ہے اے ابن حاجب
یہ معنی کہ اے آسمان خلافت تیرے دور میں خود شیاطیں ہیں غائب
یہ نکتہ کہ وہ عدل کان فضائل جسے جان خوبی کہیں سب مذاہب
بتاتا ہے خود نام اقدس تمہارا کہ بہتر ہے فتح و ظفر کار ناصب
عمر وہ عمر جس کے اعدا پہ شیدا غضب کے مصائب سقر کے متاعب
کہ دشمن علی کا عمر کا عدو ہے علی کا مخالف عمر کا محارب
نظر سوئے لو کان بعدی نبی خیال اقتدوا بالذین کی جانب
یہ ارشاد بھی ہے کہ قرآن میں داخل جناب عمر کے ہیں آرائے ثاقب
عمر تجھ پہ قربان جان فضائل عمر تجھ پہ صدقے علو مراتب
مدینہ کا پھول اس طرح گل فشاں تھا چلا جب تو گل زار کعبہ کی جانب
(حدائق بخشش)

حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ

در منثور قرآں کی سلک بہی
زوج دو نور عفت پہ لاکھوں سلام
یعنی عثمان صاحب قمیص ہدیٰ
حلہ پوش شہادت پہ لاکھوں سلام

الذین ینفقون اموالہم فی سبیل اللہ
وہ جو اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں

(البقرہ/۲۶۲)

حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ

ان کی ولادت عام الفیل سے چھٹے سال میں ہے اور آپ قدیم الاسلام ہیں، دار ارقم میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے داخل ہونے سے پہلے اسلام لائے یہ چوتھے مسلمان تھے۔

سب سے پہلے اسلام لانے والے حضرت ابوبکر صدیق، حضرت علی مرتضیٰ، اور زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں۔

حضرت عثمان ذوالنورین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی دعوت پر اسلام لائے جب وہ اسلام لائے تو حکم بن العاص نے ان کو پکڑ کر باندھ دیا اور بڑی اذیتیں پہنچائیں، جب دین میں ان کی صلابت وپختگی کو دیکھا تو انھیں چھوڑ دیا۔

ابن عساکر نے حضرت علی مرتضیٰ سے روایت کیا ہے کہ ان سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں پوچھا گیا تو حضرت علی مرتضیٰ نے فرمایا وہ ایسے شخص ہیں جن کو ملاء اعلیٰ میں ذوالنورین (دو نوروالے) کہہ کر پکارا جاتا ہے۔

اور یہ بھی ابن عساکر نے حضرت علی سے روایت کیا ہے کہ انھوں نے فرمایا میں نے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت عثمان کے لیے فرماتے سنا ہے کہ اگر میری چالیس بیٹیاں ہوتیں تو میں یکے بعد دیگرے ان کو دیتا جاتا۔

اور جب سیدہ ام کلثوم کا نکاح ان کے ساتھ فرمایا تو ان سے فرمایا تمھارے شوہر تمھارے جد اعلیٰ ابراہیم علیہ السلام اور تمھارے والد ماجد محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لوگوں میں سب سے زیادہ مشابہ ہیں۔

اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت اسامہ سے فرمایا کیا تم نے ان دو زوج سے بہتر

کسی زوجین کو دیکھا ہے انھوں نے کہا یا رسول اللہ نہیں۔

حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت میں بکثرت حدیثیں وارد ہیں ان میں سب سے زیادہ مشہور حیا کرنے کی حدیث ہے۔

ابن عساکر نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ انھوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ ایک مرتبہ حضرت عثمان کی شان میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس ایک فرشتہ خدا کے فرشتوں میں سے تھا وہ کہتا تھا

شهيد تقتله قومه فانا نستحي منه .

یہ شہید ہیں ان کو ان کی قوم کے لوگ قتل کریں گے ہم ان سے حیا کرتے ہیں اسے ترمذی و حاکم نے بیان کیا اور اس کو صحیح کہا ہے۔

ابن ماجہ مرہ بن کعب سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک فتنہ کا ذکر کیا اور اس کو بہت نزدیک بتایا اتنے میں ایک شخص سر سے چادر لپیٹے گزرا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ شخص اس دن راہ راست پر ہوگا پھر میں کھڑا ہوا کہ دیکھوں وہ کون ہے تو میں نے دیکھا کہ وہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

ان کے قتل کا قصہ مشہور ہے یہ پہلا فتنہ ہے جو اسلام میں نمودار ہوا۔

حضرت ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مدت خلافت بارہ سال ہے اور ان کی وفات ۳۵ھ کے ایام تشریق کے وسط میں روز جمعہ ہے اور شب شنبہ کو مغرب و عشا کے مابین دفن کے گئے۔ عمر شریف ۸۲ بیاسی سال کی ہوئی بعض چھیاسی اور بعض اٹھاسی اور نواسی بھی بتاتے ہیں۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم)

حضرت عثمان کی نگاہ بصیرت

صحابہ میں سے ایک شخص حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ کے دولت کدہ پر حاضر ہوا تو آپ نے اس سے کہا کہ تمھیں کیا ہوگیا ہے ایک شخص تم میں سے میرے پاس آتا ہے جس کی آنکھوں میں زنا کے آثار نظر آتے ہیں اس صحابی نے عرض کی یا خلیفۃ رسول اللہ! کیا حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے بعد بھی وحی کا سلسلہ جاری ہے؟ آپ نے فرمایا یہ وحی نہیں بلکہ نور قرآن ہے۔

عثمان کو شہادت کی بشارت

جس رات کی صبح کو آپ شہید ہوئے آپ کو حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی زیارت ہوئی حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے فرمایا، اے عثمان! کل تم میرے ساتھ ہی افطار کرو گے۔ اگلے دن آپ نے اپنے کسی ساتھی کو اپنے مخالفوں سے مقاتلہ کی اجازت نہ دی اور خود شہید ہو گئے۔

عثمان کی دل آزاری کا نتیجہ

ان ہی ایام میں جحجاہ بن سعید غفاری نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ سے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا عصائے مبارک چھین لیا اور اپنے گھٹنے پر رکھ کر اسے توڑ دیا لوگوں نے اس کے فعل قبیح پر واویلا کیا اسی وقت اس کے گھٹنے میں ایک بیماری پیدا ہوگئی جس کے سبب سے ایک سال کے اندر اندر مر گیا۔

قاتلان عثمان کا انجام

ایک ثقہ راوی کا بیان ہے کہ میں نے ایک نابینا شخص کو طواف کرتے ہوئے دیکھا دوران طواف وہ کہتا تھا اے خدا! مجھے بخش دے اگر چہ تو مجھے نہیں بخشے گا۔ یہ سن کر میں نے کہا، ارے ایسی جگہ ایسی باتیں، کہنے لگا مجھ سے ایک گناہ عظیم سرزد ہو گیا ہے میں نے پوچھا وہ کونسا؟ اس نے کہا جس روز حضرت عثمان رضی

اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر کا محاصرہ ہوا میں نے ایک صحابی کے سامنے قسم کھائی تھی کہ اگر حضرت عثمان شہید ہو جائیں تو ہم ان کے ننگے چہرے پر طمانچہ ماریں گے۔ جب لوگوں نے انھیں شہید کر دیا تو ہم آپ کے گھر میں داخل ہوئے، اس وقت آپ کا سر آپ کی بیوی کی گود میں تھا میرے ساتھی نے آپ کی بیوی سے کہا ذرا ان کا چہرہ ننگا کرو۔ آپ کی بیوی نے ہم سے مقصد پوچھا میں نے کہا میں نے قسم کھا رکھی ہے کہ آپ کی شہادت کے بعد آپ کے منہ پر طمانچہ ماروں۔

آپ کی بیوی نے کہا تجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ان کی صحبت و رفاقت اور آپ کی دو بیٹیوں سے نکاح کا کوئی پاس نہیں (انسانوں میں سے کسی کو یہ دولت سعادت حاصل نہیں ہوئی جس کے نکاح میں پیغمبر خدا کی دو صاحبزادیاں ہوں) آپ کی بیوی نے آپ کے بہت سے اور فضائل بیان کیے۔ میرا ساتھی سن کر واپس چلا گیا لیکن میں نے ان کی باتوں کی طرف چنداں التفات نہ کیا اور آپ کے منہ پر طمانچہ مار دیا۔ آپ کی بیوی نے کہا اللہ تعالیٰ تجھے معاف نہ کرے۔ تیرا ہاتھ سوکھ جائے اور تیری آنکھیں اندھی ہو جائیں۔ خدا کی قسم میں ابھی آپ کے گھر کی دہلیز سے باہر نہ آیا تھا کہ میرا ہاتھ سوکھ گیا، آنکھیں بے نور ہو گئیں، اب مجھے یقین نہیں آتا کہ خدا تعالیٰ مجھے معاف کرے گا یا نہیں۔

جب حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کیا گیا تو جنات تین دن تک مسجد نبوی کی چھت پر نوحہ کرتے رہے اور آپ کی شان میں اشعار بھی پڑھتے رہے۔

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے جس دن حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ شہید ہوئے میں نے ہاتف کو یہ کہتے ہوئے سنا

ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو راحت و آسائش کی نوید دے دو وہ بے غصہ و غضب شہید ہوئے۔ انھیں بخشش و مغفرت اور باغ رضوان کی خوشخبری دے دو۔

جب میں نے دوبارہ دیکھا تو کوئی شخص موجود نہ تھا۔

تدفین وجنازہ

جب حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کیا گیا تو تین دن تک آپ کی تدفین نہ ہوسکی ناگاہ ہاتف نے آواز دی کہ

اسے دفن کردو لیکن اس کا جنازہ نہ پڑھو کیوں کہ اس کا جنازہ تو اللہ جل وعلا نے پڑھ دیا ہے۔

تین دن کے بعد جب رات کے وقت آپ کو جنت البقیع کی طرف تدفین کے لیے لے جانے لگے تو چند سوار جنازہ اٹھانے والوں کے پیچھے ظاہر ہوئے، جنازہ اٹھانے والون پر خوف وہراس چھا گیا۔ چنانچہ قریب تھا کہ وہ آپ کے جنازہ کو چھوڑ کر بھاگ جاتے کہ ان سواروں میں سے ایک نے کہا جمع خاطر رکھو اور خائف وہراساں نہ ہو ہم آگئے ہیں، ہم ان کے دفن میں شریک ہوں گے۔ آپ کو دفن کرنے والوں میں سے بعض کا بیان ہے بخدا وہ سوار فرشتگان رحمت تھے۔

ایک بدخواہ کا انجام

حج کے موسم میں ایک قافلہ مدینہ منورہ پہنچا اس قافلہ میں ایک شخص ایسا تھا جو حضرت سیدنا عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عزت و توقیر کی نگاہ سے نہیں دیکھتا تھا اچانک وہ قافلہ سے جدا ہو گیا اور قافلہ کے ساتھ حضرت عثمان کے مشہد پر اس بہانہ سے حاضر نہ ہوا کہ وہ دور ہے۔ تمام اہل قافلہ وہاں گئے اور سلامتی سے واپس آگئے، واپسی پر وہ بھی ان سے ملا اچانک قافلہ میں ایک درندہ آگیا جس نے آتے ہی اس کے ٹکڑے ٹکڑے کردیے۔ اہل قافلہ سمجھ گئے کہ یہ سب کچھ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بے حرمتی کی وجہ سے ہوا ہے۔(مولف) (شواہد النبوۃ)

عثمان کو بشارت مغفرت

غزوۂ تبوک کے موقع پر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سخاوت کا ذکر کرتے ہوئے امام احمد رضا ... تحریر فرماتے ہیں :

بعث النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم الی عثمان یستعینہ فی جیش العسرة فبعث الیہ عثمان عشرة الآلف دینار .

یعنی جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک کے لیے لشکر اسلام کو تیاری کا حکم دیا مسلمانوں پر بہت حالت تنگی وعسرت تھی اس باب میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے استعانت فرمائی، ان سے مدد چاہی۔ ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دس ہزار اشرفیاں حاضر کیں، حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے عثمان اللہ تیری چھپی اور ظاہر خطائیں اور آج سے قیامت تک جو کچھ تجھ سے واقع ہو سب کی مغفرت فرمائے اس کے بعد عثمان کو کچھ پرواہ نہیں کوئی عمل کرے۔ ابن عدی ودارقطنی وابونعیم نے فضائل الصحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے اس کو روایت کیا۔ (الامن والعلی)

ایک دوسرے مقام پر امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں

حضرت امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے بارہا فرمایا

ما علیٰ عثمان مافعل بعد ھذہ ما علیٰ عثمان مافعل بعد ھذہ

آج سے عثمان کچھ کرے اس پر مواخذہ نہیں، آج سے عثمان کچھ کرے اس پر مواخذہ نہیں۔

(فتاویٰ رضویہ، ج۹، ص۵۲، اجب الامداد)

عثمان کے لیے جنت کی ضمانت

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ معظمہ میں کسی سے فرمایا کہ اپنا گھر میرے ہاتھ بیچ ڈال کہ مسجد حرام میں زیادت فرماؤں اور تیرے لیے جنت میں مکان کا ضامن ہوں۔ اس نے عذر کیا، پھر فرمایا انکار کیا، عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خبر ہوئی یہ شخص زمانۂ جاہلیت میں ان کا دوست تھا اس سے باصرار تمام دس ہزار اشرفی دے کر خرید لیا۔ پھر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی کہ حضور اب وہ گھر میرا ہے

فهل انت اخذها ببيت تضمن لي في الجنة

کیا حضور مجھ سے ایک مکان بہشت کے عوض لیتے ہیں جس کے حضور میرے لیے ضامن ہو جائیں۔

قال نعم فرمایا ہاں۔

فاخذها منه و ضمن له بيتا في الجنة و اشهد له على ذلك المومنين .

حضور نے ان سے وہ مکان لے کر جنت میں ان کے لیے ایک مکان کی ضمانت فرمائی اور مسلمانوں کو اس معاملہ پر گواہ کر لیا۔ احمد الحاکمی نے فضائل عثمان میں سالم بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اسے روایت کیا۔

چشمہ کے بدلے جنت

جب مہاجرین مکہ معظمہ سے ہجرت فرما کر مدینہ طیبہ میں آئے یہاں کا پانی پسند نہ آیا شور تھا، بنی غفار سے ایک شخص کی ملک میں ایک شیریں چشمہ مسمی بہ رومہ تھا وہ اس کی ایک مشک نیم صاع کو بیچتے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا

بعنیها بعین فی الجنة

یہ چشمہ میرے ہاتھ ایک چشمۂ بہشت کے عوض بیچ ڈال۔

عرض کی یا رسول اللہ میری اور میرے بچوں کی معاش اسی میں ہے مجھ میں طاقت نہیں۔ یہ خبر عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہنچی وہ چشمہ مالک سے پینتیس ہزار روپے کو خرید لیا، پھر خدمت اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہو کر عرض کی

یا رسول الله اتجعل لی مثل الذی جعلت له عینا فی الجنة ان اشتریتها.

یا رسول اللہ کیا جس طرح حضور اس شخص کو چشمۂ بہشتی عطا فرماتے تھے اگر میں یہ چشمہ اس سے خرید لوں تو حضور مجھے عطا فرمائیں گے

قال نعم فرمایا ہاں عرض کی میں نے بیر رومہ خرید لیا اور مسلمانوں پر وقف کر دیا۔

طبرانی نے کبیر میں اور ابن عساکر نے بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

عثمان نے دوبار جنت خریدی

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

اشتری عثمان بن عفان من رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الجنة مرتین یوم رومة و یوم جیش العسرة .

عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دوبار نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جنت خرید لی بیر رومہ کے دن اور لشکر کی تنگ دستی کے روز۔

حاکم و ابن عدی اور ابن عساکر نے اسے عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (الامن والعلیٰ)

حضرت عثمان کی مقبولیت رسول

حافظ ابوسعید شرف المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال صعد رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم المنبر ثم قال این عثمان بن عفان فوثب و قال انا ذا یا رسول الله فقال ادن منی فدنا منه فضمه الی صدره و قبل بین عینیه . الخ.

حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم منبر پر تشریف فرما ہوئے پھر فرمایا عثمان کہاں ہیں، عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بے تابانہ اٹھے اور عرض کی حضور میں یہ حاضر ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پاس آؤ، پاس حاضر ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سینے سے لگایا اور آنکھوں کے بیچ میں بوسہ دیا۔

حاکم صحیح مستدرک میں بافادۂ تصحیح اور ابویعلی اپنی مسند اور ابونعیم فضائل الصحابہ میں اور برہان خجندی کتاب اربعین مسمی بالماء المعین اور عمر بن محمد ملا سیرت میں جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال بینا نحن مع رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی نفر من المهاجرین منهم ابو بکر و عمر و عثمان و علی و طلحه و الزبیر و عبد الرحمن بن عوف و سعد بن ابی وقاص فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لینهض کل رجل الی کفوه و نهض النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم الی عثمان فاعتنقه و قال انت و لی فی الدنیا و الآخرة .

ہم چند مہاجرین کے ساتھ خدمت اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر تھے، حاضرین میں خلفائے اربعہ وطلحہ وزبیر وعبدالرحمٰن بن عوف سعید بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم تھے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، تم میں ہر شخص اپنے جوڑ کی طرف اٹھ کر جائے اور خود حضور والا

عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف اٹھ کر تشریف لائے، ان سے معانقہ کیا اور فرمایا تو میرا دوست ہے دنیا و آخرت میں۔

ابن عساکر تاریخ میں حضرت امام حسن مجتبیٰ وہ اپنے والد ماجد مولیٰ علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجوہما سے راوی :

ان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عانق عثمان بن عفان و قال قد عانقت اخی عثمان فمن کان لہ اخ فلیعانقہ .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے معانقہ کیا اور فرمایا میں نے اپنے بھائی عثمان سے معانقہ کیا، جس کے کوئی بھائی ہو اسے چاہیئے اپنے بھائی سے معانقہ کرے۔

(وشاح الجید فی تحلیل معانقۃ العید)

بیعت رضوان اور حضرت عثمان

صحیح بخاری شریف میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے ۔ جب یہ بیعت ہوئی امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ غائب تھے بیعت حدیبیہ میں ہوئی اور وہ مکہ معظمہ گئے ہوئے تھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے داہنے ہاتھ کو فرمایا یہ عثمان کا ہاتھ ہے۔ پھر اسے اپنے دوسرے دست مبارک پر مار کر ان کی طرف سے بیعت فرمائی اور فرمایا یہ عثمان کی بیعت ہے۔ لفظ حدیث یہ ہیں۔

و اما تغیبہ عن بیعۃ الرضوان فلو کان احد اعز ببطن مکۃ من عثمان لبعثہ فبعث رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عثمان و کانت بیعۃ الرضوان بعد ما ذھب عثمان الی مکۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیدہ الیمنی ھذہ ید عثمان فضرب بھا علی یدہ و قال ھذہ لعثمان.

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیعت رضوان سے غائب رہنے کی وجہ یہ ہے کہ اگر مکہ میں عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے زیادہ کوئی اور عزیز ہوتا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عثمان کی بجائے ان کو بھیجتے اس لیے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھیجا اور حضرت عثمان کے مکہ جانے کے بعد بیعت رضوان ہوئی، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے داہنے ہاتھ کو فرمایا یہ عثمان کا ہاتھ ہے پھر اسے اپنے دوسرے دست مبارک پر مار کر ان کی طرف سے بیعت فرمائی اور فرمایا یہ عثمان کی بیعت ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۱۵۴)

مسجد نبوی کی توسیع میں عثمان کا حصہ

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد میں مسجد نبوی کی تعمیر سادہ اور کچی تھی، عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے زمانۂ خلافت میں دوبارہ اسی انداز میں تعمیر کی۔ پھر عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے ازسرِ نو بنایا منقوش پتھر لگائے اور چھت میں ساگوان کی لکڑی استعمال کی۔

عہد رسالت میں جب کہ مسجد نبوی کی توسیع کے لیے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک مکان خرید کر وقف کیا تو حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے حق میں دعا فرمائی۔

جامع ترمذی شریف میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

رحم الله عثمان زاد في مسجدنا حتى وسعنا . هذا مختصر

اللہ تعالیٰ عثمان پر رحمت فرمائے اس نے ہماری مسجد شریف بڑھا دی یہاں تک کہ اس میں ہم سب نمازیوں کے لیے وسعت ہوگئی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۷۱۳)

اذان اول کی ایجاد

امام احمد رضا بریلوی اذان جمعہ سے متعلق ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں

اصل اذان زمانۂ اقدس حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و زمانۂ صدیق اکبر و فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں یہی تھی (یعنی خطبے کی) پہلی اذان امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زائد فرمائی۔ کما ثبت فی الصحیحین وغیرھما. (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۴۷۰)

جمع قرآن اور حضرت عثمان

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

قرآن عظیم کی جمع و ترتیب آیات و تکمیل و تفصیل سور زمانہ اقدس حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بامر الٰہی حسب بیان جبریل امین علیہ الصلاۃ والتسلیم وارشاد تعلیم حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم واقع ہولی تھی۔ مگر قرآن عظیم صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے سینوں اور متفرق کاغذوں، پتھروں کی تختیوں، بکری، دنبے کے پوستوں، شانوں، پسلیوں وغیرہا میں تھا ایک جگہ سارا قرآن عظیم مجموع نہ تھا۔

جب جنگ یمامہ میں کہ مسیلمۂ کذاب ملعون مدعی نبوت سے زمانۂ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہوئی صدہا صحابہ کرام حفاظ قرآن نے شہادت پائی امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دل الہام منزل میں حق جل وعلا نے القا کیا کہ حضرت خلیفۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہو کر گزارش کی کہ اس لڑائی میں بہت صحابہ جن کے سینوں میں قرآن عظیم تھا شہید ہوئے یوں ہی جہادوں میں حفاظ صحابہ شہید ہوتے گئے اور قرآن عظیم متفرق رہا تو بہت قرآن جاتے رہنے کا اندیشہ ہے میری رائے میں حکم دیجیے کہ قرآن عظیم کی سب سورتیں یکجا کر لی جائیں خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی

رائے پسند فرمائی اور حضرت زید بن ثابت وغیرہ حفاظ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو اس امر جلیل کا حکم دیا کہ بحمد اللہ سارا قرآن عظیم یکجا ہو گیا۔

ہر سورت ایک جدا صحیفے میں تھی وہ صحیفے تا حیات صدیقی حضرت خلیفۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے بعد حضرت امیر المومنین سیدنا فاروق اعظم اور ان کے بعد حضرت ام المومنین حفصہ بنت الفاروق زوجہ حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس رہے۔

عرب میں ہر قوم وقبیلہ کی زبان بعض الفاظ کے تلفظ میں مختلف تھی مثلاً حرف تعریف میں کوئی الف لام کہتا تھا، کوئی الف میم، کہ اسی لغت پر حدیث لیس من امبر مصیام فی امسر وارد ہے، علامات مضارع حروف اتین کو کوئی مفتوح پڑھتا تھا، کوئی مکسور، ماشبہ بلیس کی خبر کو کوئی منصوب کرتا، کوئی مرفوع، اِن و اَن وغیرہما کے اسم کو کوئی نصب دیتا کوئی رفع دیتا، بعض قبائل ہر جگہ (ب) کو میم بولتے، میم کو (ب) تاء رحمۃ ونحوہا کی حالت وقفی میں کوئی (ہ) کہتا کوئی (ت) منصوب منون پر کوئی الف سے وقف کرتا، کوئی حرف سکون سے، بعض مرفوع ومجرور پر بھی واؤ، و یا سے وقف کرتے۔ بعض قومیں حروف مدہ سے حرکات موافقہ پر قناعت کرتیں، اَعُوذُ کو اعُذُ، تعالیٰ کو تعالَ وغیرہ ذلک کہتیں۔ اسی قسم کے بہت سے تفاوت لہجہ وطرز ادا تھے۔ قرآن عظیم خاص لغت قریش پر اترا تھا کہ صاحب قرآن صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قریشی تھے۔

گلبن تو کہ ز گلزار قریشی گل کرد
زاں سبب آمدہ قرآن بزباں قرشی

(قریشی باغ سے آپ کے پودے نے پھول کھلایا یہی وجہ ہے کہ قرآن مقدس قریش کی زبان میں نازل ہوا)

زمانۂ اقدس حضور پرنور صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ میں کہ قرآن عظیم نیا نیا اترا تھا اور ہر قوم وقبیلہ

کو اپنے مادری لہجہ قدیمی عادت کا دفعۃً بدل دینا دشوار تھا آسانی فرمائی گئی تھی کہ ہر قوم عرب اپنے طرز ولہجہ میں قرأت قرآن عظیم کرے۔ زمانہ نبوت کے بعد شدہ شدہ اقوام مختلفہ سے بعض بعض لوگوں کے ذہن میں جم گیا جس لہجہ ولغت میں ہم پڑھتے ہیں اسی میں قرآن کریم نازل ہوا ہے یہاں تک کہ زمانۂ امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں بعض لوگوں کو اس بات پر باہم جنگ وجدل وزدوکوب کی نوبت پہنچی۔ یہ کہتا تھا قرآن اس لہجہ میں ہے وہ کہتا تھا نہیں بلکہ دوسرے میں ہے ہر ایک اپنی لغت پر دعویٰ کرتا تھا جب یہ خبر امیر المومنین غنی کو پہنچی فرمایا ابھی سے تم میں یہ اختلاف پیدا ہوا تو آئندہ کیا امید ہے لہٰذا حسب مشورہ امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم ودیگر اعیان صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم یہ قرار پایا کہ اب ہر قوم کو اس کے لب ولہجہ کی اجازت میں مصلحت نہ رہی بلکہ فتنہ اٹھتا ہے لہٰذا تمام امت کو خالص لغت قریش پر جس میں قرآن نازل ہوا ہے جمع کر دینا اور باقی لغات سے باز رکھنا چاہیئے۔ صحیفہائے خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ حضرت ام المومنین بنت الفاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس محفوظ ہیں منگا کر ان کی نقلیں لے کر تمام سورتیں ایک مصحف میں جمع کریں اور وہ مصاحف بلاد اسلام میں بھیجیں کہ سب اسی لہجہ کا اتباع کریں اس کے خلاف اپنے اپنے طرز ادا کے مطابق جو صحائف یا مصاحف بعض لوگوں نے لکھے ہیں دفع فتنہ کے لیے تلف کر دیے جائیں۔

اسی رائے صائب کی بناء پر امیر المومنین غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کہلا بھیجا کہ صحیفہائے صدیقی بھیج دیجیے ہم ان کی نقلیں لے کر شہروں کو بھیجیں اور اصل آپ کو واپس دیں گے ام المومنین نے بھیج دیے امیر المومنین نے زید بن ثابت وعبداللہ بن زبیر وسعید بن عاص و عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو نقلیں کرنے کا حکم دیا وہ نقلیں مکہ معظمہ وشام ویمن وبحرین وبصرہ وکوفہ کو بھیجی گئیں اور ایک مدینہ طیبہ میں رہی اور اصل صحیفے جمع فرمودۂ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جس سے یہ نقلیں ہوئی تھیں حضرت ام المومنین حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو واپس دیے۔ ان کی نسبت معاذ

اللہ دفن کرنے یا کسی طرح تلف کرادینے کا بیان محض جھوٹ ہے۔ وہ مبارک صحیفے خلافت عثمانی پھر خلافت مرتضوی پھر خلافت امام حسن پھر خلافت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم تک بعینہا محفوظ تھے یہاں تک کہ مروان نے لے کر چاک کر دیے۔

بالجملہ اصل جمع قرآن تو بحکم رب العزۃ حسب ارشاد حضور پرنور سید الاسیاد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہولیا تھا سب سور کا یکجا کرنا باقی تھا۔ امیر المومنین صدیق اکبر نے بمشورۂ امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کیا پھر اسی جمع فرمودۂ صدیقی کی نقلوں سے مصاحف بنا کر امیر المومنین عثمان غنی نے بمشورۂ امیر المومنین مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما بلاد اسلام میں شائع کیے اور تمام امت کو اصل لہجہ قریش پر مجتمع ہونے کی ہدایت فرمائی اسی وجہ سے وہ جناب جامع القرآن کہلائے ورنہ حقیقۃً جامع القرآن رب العزۃ تعالیٰ شانہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے **انا علینا جمعه و قرأنه** (بیشک ہمارے ذمہ ہے قرآن کا جمع کرنا اور پڑھنا) اور بنظر ظاہر حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ایک جگہ اجتماع کے لحاظ سے سب میں پہلے جامع القرآن حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

حاکم مستدرک میں بشرط بخاری ومسلم حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال كنا عند رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم نولف القران فى الرقاع .

یعنی ہم زمانہ اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں قرآن پارچوں میں جمع کرتے تھے۔

امیر المومنین سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں :

اعظم الناس فى المصاحف اجرا ابوبكر رحمة الله على ابى بكر هو اول من جمع كتاب الله .

مصاحف میں سب سے زیادہ ثواب ابوبکر کا ہے اللہ ابوبکر پر رحمت کرے سب سے پہلے انھیں

نے قرآن جمع کیا۔ اسے ابوداؤد نے سند حسن سے مصحف میں روایت کیا ہے۔

امام اجل عارف باللہ حارث محاسبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتاب فہم السنن میں فرماتے ہیں۔

كتابة القرآن ليست بمحدثة فانه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم كان يأمر بكتابته و لكنه كان مفرقا في الرقاع و الاكتاف و العسب فانما امر الصديق بنسخها من مكان الى مكان مجتمعا فكان ذلك بمنزلة اوراق و جدت في بيت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فيها القرآن منتشر فجمعها جامع و ربطها بخيط حتى لا يضيع منها شي.

یعنی قرآن کا لکھنا تو زمانۂ اقدس حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں بحکم اقدس ہو چکا تھا مگر متفرق تھا صدیق نے یکجا کر دیا تو گویا ایسا ہوا کہ قرآن کے اوراق جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کاشانۂ مبارک میں منتشر تھے وہ جمع کرنے والے تھے ایک ڈورے میں باندھ دیے۔

ابن اشتہ کتاب المصاحف میں راوی :

اختلفوا في القراء ت على عهد عثمان رضي الله تعالىٰ عنه حتى اقتتل الغلمان و المعلمون فبلغ ذلك عثمان بن عفان رضي الله تعالىٰ عنه فقال عندي تكذبون به و تلحنون فيه فمن ناى عني كان اشد تكذيبا و اكثر لحنا يا اصحاب محمد صلى الله تعالىٰ عليه وسلم اجتمعوا فاكتبوا للناس اماما فاجتمعوا فكتبوا.

امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانۂ خلافت میں لوگوں نے قرأت قرآن میں اختلاف کیا یہاں تک کہ طلبہ و معلمین نے جنگ و جدل کیا یہ خبر جب حضرت عثمان کو پہنچی تو انھوں نے فرمایا کہ میری موجودگی میں قرآن عظیم کی تکذیب کرتے ہو اور اس میں غلطیاں کرتے ہو جو لوگ مجھ سے دور ہیں ان لوگوں کی تکذیب و غلطی کا کیا حال ہوگا وہ تو بہت ہی زیادہ اس میں ملوث ہوں گے اے رسول اللہ صلی اللہ

تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابیو! لوگوں کے لیے ایک صحیفہ لکھو لوگ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بات پر اکٹھے ہوئے اور قرآن عظیم کو جمع کر کے لکھا۔ (مولف)

سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ فرماتے ہیں:

لا تقولوا فی عثمان الا خیرا فواللہ ما فعل الذی فی المصاحف الا عن ملامنا قال فما تقولون فی ھذا القرات فقد بلغنی ان بعضھم یقول ان قرأتی خیر من قرأتک و ھذا یکاد یکون کفرا قلنا فما تری قال اری ان نجمع الناس علی مصحف واحد فلا یکون فرقۃ و لا اختلاف قلنا فنعم ما رأیت.

یعنی عثمان کے حق میں سوا کلمۂ خیر کے کچھ نہ کہو خدا کی قسم معاملہ مصاحف میں انھوں نے جو کچھ کیا ہم سب کے مشورہ و اتفاق سے کیا انھوں نے ہم سے کہا کہ تم ان مختلف لہجوں میں کیا کہتے ہو مجھے خبر پہنچی ہے کہ کچھ لوگ اوروں سے کہتے ہیں میری قرأت تیری قرأت سے اچھی ہے اور یہ بات کفر کے قریب تک پہنچی ہے ہم نے کہا بھلا آپ کی کیا رائے ہے فرمایا میری رائے یہ ہے کہ سب لوگوں کو ایک مصحف پر جمع کر دیں کہ پھر باہم نزاع و اختلاف نہ ہو ہم سب نے کہا آپ کی رائے بہت خوب ہے۔ اسے ابو بکر بن ابو داؤد نے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے۔

ابوبکر و عثمان کے جمع قرآن میں فرق

اتقان میں ہے ابن التین وغیرہ نے فرمایا ہے:

الفرق بین جمع ابی بکر و جمع عثمان ان جمع ابی بکر کان لخشیۃ ان یذھب من القران شی بذھاب حیلتہ لانہ لم یکن مجموعا فی موضع واحد فجمعہ فی صحائف مرتبا لا یات سورۃ علی ما وقف علیہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم.

و جمع عثمان كان لما كثر الاختلاف في وجوه القراء ت حين قرأوه بلغاتهم على اتساع اللغات فادى ذلك بعضهم الى تخطئة بعض فخشي من تفاقم الامر في ذلك فنسخ تلك المصحف في مصحف واحد مرتبا لسورة من سائر اللغات على لغة قريش محتجا بانه نزل بلغتهم و ان كان قد وسع في قرأته بلغة غيرهم دفعا للحرج و المشقة في ابتداء الامر فراى ان الحاجة الى ذلك انتهت فاقتصر على لغة واحدة .

حضرت ابوبکر صدیق و حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے جمع قرآن میں فرق یہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق نے اس خوف سے جمع کیا تھا کہ کہیں قرآن عظیم کا کچھ حصہ کسی طرح غائب نہ ہو جائے کیوں کہ قرآن عظیم ایک جگہ جمع کیا ہوا نہیں تھا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے صحیفوں میں جمع فرمایا سورتوں کی آیات کی ترتیب وہی رکھی جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو بتائی تھی۔

اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس وقت جمع فرمایا جب کہ قرآن کریم کے وجوہ قرأت میں شدید اختلاف ہوا جب لوگوں نے اپنی اپنی لغت میں قرأت کی کیوں کہ اہل عرب کی لغت میں باہم تفاوت و وسعت ہے اسی وجہ سے بعض نے بعض کو سمجھا کہ وہ غلطی پر ہیں اور ہر ایک اپنی قرأت کو بہتر جاننے لگا یہ معاملہ بڑھ جانے سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خوف ہوا تو انھوں نے صحیفہائے صدیقی کو ایک صحیفہ میں لکھوایا سورتوں کی ترتیب وہی رکھی مگر تمام قرأتوں کو نظر انداز کر کے صرف قریش کی لغت پر جمع کیا اس دلیل سے کہ قرآن عظیم قریش کی زبان میں نازل ہوا ہے اگرچہ شروع میں قریش کی قرأت میں دوسری لغات کی وسعت و گنجائش تھی تا کہ لوگ حرج و مشقت میں نہ پڑ جائیں پھر انھوں نے دیکھا کہ لغت قریش ہی سے ضرورت پوری ہو جاتی ہے تو صرف ایک ہی لغت پر اکتفا کیا دوسری کی اب گنجائش نہ رہی۔ (مولف)

امام بدرالدین عینی عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری میں فرماتے ہیں :

كان هذا سببا لجمع عثمان القرآن فی المصحف و الفرق بينه و بين الصحف ان الصحف هی الاوراق المحررة التی جمع فيها القرآن فی عهد ابی بكر رضی الله تعالىٰ عنه و كانت سورا مفرقة كل سورة مرتبة باياتها علی حدة لكن لم يرتب بعضها اثر بعض فلما نسخت و رتب بعضها اثر بعض صارت مصحفا و لم يكن مصحفا الا فی عهد عثمان رضی الله تعالىٰ عنه .

امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مصحف میں قرآن عظیم جمع کرنے کا سبب یہی تھا یہ مصحف اور ان صحیفوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ صحیفے لکھے ہوئے وہ اوراق ہیں جن میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں قرآن عظیم جمع ہوا اور سورتیں مرتب تھیں ہر سورۃ آیات کی ترتیب سے علیحدہ وجداگانہ تھی لیکن آیتیں یکے بعد دیگرے مرتب نہ تھیں پھر جب ان کو لکھا گیا اور ایک کے بعد دوسرے کو ترتیب دیا گیا تو یہی مصحف ہو گیا۔ اور قرآن عظیم مصحف کی شکل میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ خلافت میں ہوا۔ (مولف)

عمدۃ القاری واتقان شریف میں ابوبکر بن ابی داؤد سے منقول :

قال سمعت ابا حاتم السجستانی يقول كتب سبعة مصاحف فارسل الی مكة و الی الشام و الی اليمن و الی البحرين و الی البصرة و الی الكوفة و حبس بالمدينة و احدا.

ابوحاتم سجستانی کہتے ہیں کہ سات مصاحف لکھے گئے ان میں سے ایک ایک مصحف مکہ مکرمہ، شام، یمن، بحرین، بصرہ، کوفہ بھیج دیا گیا اور ایک مدینہ منورہ میں رکھا گیا۔ (مولف)

امام قسطلانی ارشاد الساری شرح صحیح البخاری میں فرماتے ہیں:

حتی اذا نسخوا الصحف فی المصاحف رد عثمان الصحف الی حفصة

فکانت عندها حتی توفیت فاخذها مروان حین کان امیر اعلیٰ المدینة من قبل معویة رضی الله تعالیٰ عنه فامر بها فشققت و قال انما فعلت هذا لانی خشیت ان طال بالناس زمان ان یرتاب فیها مرتاب رواه ابن ابی داؤد وغیره .

یہاں تک کہ جب ان صحیفوں کو مصاحف میں لکھ لیا گیا تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان صحائف کو ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس بھیج دیا ان کی وفات تک تمام صحیفے انھیں کے پاس رہے جب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے مروان مدینہ منورہ کا امیر بن کر آیا تو ان صحیفوں کو لے کر چاک کروا دیا اور کہا کہ میں نے ایسا اس خوف سے کیا کہ یہ لوگوں میں اگر زمانہ دراز تک رہیں تو کوئی ان میں شک کر سکتا ہے اس لیے میں نے انھیں ضائع کروا دیا۔ اسے ابن ابی داؤد وغیرہ نے روایت کیا۔ (مولف)

اسی میں ہے :

کان التالیف فی الزمن النبوی و الجمع فی المصحف فی زمن الصدیق و النسخ فی المصاحف فی زمن عثمان و قد کان القران کله مکتوبا فی عهده صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لکنه غیر مجموع فی موضع واحد و لا مرتب السور.

زمانۂ نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی میں قرآن کی تالیف ہو چکی تھی، زمانۂ صدیق میں صحیفوں میں جمع ہوا اور زمانۂ عثمان میں مصاحف میں جمع کیا گیا۔ حالاں کہ پورا قرآن عظیم عہد رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں لکھا جا چکا تھا۔ لیکن ایک جگہ جمع نہیں کیا گیا تھا اور نہ سورتوں کی ترتیب تھی۔ (مولف)

حضرت عثمان کو جامع القرآن کیوں کہا جاتا ہے

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

قرآن عظیم کا جامع حقیقی اللہ عزوجل ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے :

ان علینا جمعه و قرانه .

بیشک ہمارے ذمے ہے قرآن کا جمع کرنا اور پڑھنا۔

پھر جامع اول کے مظہر اول و اتم و اکمل حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوئے آیات قرآنیہ اسی ترتیب جمیل پر کہ مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے مطابق ترتیب لوح محفوظ حسب تبلیغ جبریل و تعیم جلیل صاحب تنزیل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زمانہ اقدس میں اپنی اپنی سورتوں میں جمع ہولیں۔

قرآن عظیم ۲۳ برس میں حسب حاجت عباد متفرق آیتیں ہو کر اترا کسی سورت کی کچھ آیات اتریں، پھر دوسری سورت کی آیتیں آتیں، پھر سورت اولیٰ کی نازل ہوتیں، حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر بار ارشاد فرماتے کہ یہ آیت فلاں سورت کی ہیں فلاں آیت کے بعد فلاں کے پہلے رکھی جائیں۔ اسی طرح سور قرآنیہ منتظم ہوتیں۔ اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پھر حضور سے سن کر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اسی ترتیب پر اسے نمازوں، تلاوتوں میں پڑھتے۔

قرآن عظیم صرف ایک واحد لغت قریش پر نازل ہوا عرب میں مختلف قبائل اور ان کے لہجے باہم حرکات و سکنات و بعض اجزائے کلمات میں مختلف تھے۔ علامت مضارع کو قریش مفتوح رکھتے دیگر بعض قبائل ات ن کو مکسور کر کے نِعبد نِستعین کہتے۔ لغت قریش میں ''تابوت'' آخر میں تائے قرشت سے تھا، دوسروں کی لغت میں ''تابوۃ'' ہائے ہوز سے۔ اسی قسم کے بالائی اختلافات بکثرت تھے جن سے معنی کلام بلکہ جو ہر نظم کو بھی کوئی ضرر نہ پہنچتا اور مادری لہجہ زبانوں پر چڑھا ہوا دفعۃً بدل دینا سخت دشوار۔

لہٰذا حضور پرنور رحمت مہداۃ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے رب سے عرض کر کے دیگر قبائل والوں کے لیے ان کے لہجوں کی رخصت لے لی تھی جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام ہر رمضان مبارک میں

جس قدر قرآن عظیم اب تک اتر چکا ہوگا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ اس کا دور کرتے۔ جو سنت سنیہ اب تک بحمد اللہ تعالیٰ حفاظ اہل سنت میں باقی ہے اور باقی رہے گی حتی یاتی امر اللہ و ہم علی ذلک سال اخیر امین وحی علیہ الصلاۃ والسلام نے دوبار صرف اصل لغت قریش پر جس میں قرآن نازل ہوا تھا حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ دور کیا اور اس کی تکرار سے اشارہ ہوا کہ وہ رخصت منسوخ اور اب صرف اسی لغت پر جس میں اصل نزول ہے استقرار امر ہوا۔

سور اگرچہ زمانہ اقدس میں مرتب ہو چکی تھیں مگر یکجا مجتمع نہ تھیں متفرق پرچوں، بکری کے شانوں وغیرہا میں متفرق جگہ تھیں سوا ان مبارک سینوں کے جن میں سارا قرآن عظیم محفوظ تھا حال یہی تھا یہاں تک کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نظر عوام سے احتجاب فرمایا خلافت خلیفہ برحق صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں جنگ یمامہ واقع ہوئی جس میں بکثرت صحابہ کرام حافظان قرآن شہید ہوئے۔ حافظ حقیقی جامع ازلی جل جلالہ نے اپنا وعدہ صادقہ و انا لہ لحافظون پورا فرمانے کو پہلے یہ کریم داعیہ قلب کریم حضرت موافق الرائے بالوحی والکتاب سیدنا امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ڈالا حضرت فاروق اعظم نے بارگاہ صدیقی میں عرض کی کہ جنگ یمامہ میں بہت حفاظ شہید ہوئے اور میں ڈرتا ہوں کہ یوں ہی قرآن متفرق پرچوں میں رہا اور حفاظ شہادت پاتے گئے تو بہت سا قرآن مسلمانوں کے ہاتھ سے جاتا رہے گا میری رائے ہے کہ حضرت جمع قرآن کا حکم فرمائیں۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ابتداً اس میں تامل ہوا کہ جو فعل حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ کیا ہم کیوں کر کریں فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ اگرچہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ کیا مگر واللہ وہ کام خیر کا ہے۔ بالآخر رائے صدیق بھی موافق ہوئی اور زید بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلا کر فرمان خلافت نسبت جمع کتاب اللہ صادر ہوا زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھی وہی شبہ پیش آیا کہ کیوں کر کیجیے گا وہ کام جو حضور سید الانام علیہ افضل الصلاۃ والسلام نے نہ کیا۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وہی جواب دیا کہ اگرچہ حضور اقدس

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ کیا مگر واللہ وہ کام خیر کا ہے۔ یہاں تک کہ صدیق وفاروق وزید بن ثابت و جملہ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اجماع سے یہ مسئلہ طے ہوا اور قرآن عظیم متفرق مواضع سے جمع کرلیا گیا۔

سور قرآنیہ اگر چہ متفرق مواقع سے ایک وعا میں مجتمع ہوگئی تھیں اور وہ مجموعہ صدیق پھر فاروق پھر ام المومنین حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پاس تھا مگر ہنوز تین کام باقی تھے۔

(۱) ان مجموع صحیفوں کا ایک مصحف واحد میں نقل ہونا۔

(۲) اس مصحف کے نسخے معظم بلاد اسلام مملکت اسلامیہ کی عظیم عظیم قسمتوں میں تقسیم ہونا۔

(۳) رخصت سابقہ کی بنا پر جو بعض اختلافات لہجہ کے آثار کتابت قرآن عظیم میں متفرق لوگوں کے پاس تھے اور وہ قرآن عظیم کے حقیقی اصل منزل من اللہ ثابت مستقر غیر منسوخ محفوظ لہجے سے جدا تھے دفع فتنہ کے لیے ان کا محو ہونا۔

یہ تینوں کام حفظ حافظ حقیقی جامع ازلی جل جلالہ اپنے تیسرے بندے امیر المومنین جامع القرآن ذی النورین عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لیا اور قرآن عظیم کا جمع کرنا حسب وعدۂ الٰہیہ تام وکامل ہوا اس لیے اس جناب کو جامع القرآن کہتے ہیں۔ (جمع القرآن و بم عزوہ لعثمان)

اشعار

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مدح میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

نور کی سرکار سے پایا دو شالہ نور کا
ہو مبارک تم کو ذوالنورین جوڑا نور کا

زاہد مسجد احمدی پر درود دولت جیش عسرت پہ لاکھوں سلام
در منثور قرآن. کی سلک بہی زوج دو نور عفت پہ لاکھوں سلام
یعنی عثمان صاحب قمیص ہدیٰ حلہ پوش شہادت پہ لاکھوں سلام
(حدائق بخشش)

حضرت علی مرتضیٰ

کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم

مرتضیٰ شیر حق اشجع الاشجعین
ساقی شیر و شربت پہ لاکھوں سلام

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا

اور کھانا کھلاتے ہیں اس کی محبت پر مسکین اور یتیم اور اسیر کو۔

(الدھر/۸)

حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم

علی ان کا نام ہے اور ابوالحسن وابوتراب ان کی کنیت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا ابو طالب کے فرزند اور برادر مواخات ہیں۔ فاطمہ بتول سیدہ نساء العالمین کے شوہر، اور سبطین سعیدین حضرت امام حسن وحسین سیدی شباب اہل الجنۃ کے والد نامدار ہیں، زمانۂ جاہلیت اور عہد رسالت میں ان کا نام علی ہے۔

اہل سیر کہتے ہیں کہ ان کی والدہ فاطمہ بنت اسد نے اپنے باپ کے نام پر جو اسد تھا ان کا نام حیدر رکھا جب ابو طالب تشریف لائے تو انھوں نے یہ نام ناپسند کیا اور علی نام رکھا اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا نام صدیق رکھا جیسا کہ ریاض النضرۃ میں ہے اور ان کی کنیت ابوالریحانین رکھی گئی۔ اور آپ کا لقب بیضۃ البلد، امین شریف، ہادی، مہدی ذی الاذن الزعیہ، یعسوب الامۃ تھا۔

اہل سیر کہتے ہیں کہ ان کی ولادت جوف کعبہ میں ہوئی تھی، یہ قدیم الاسلام تھے، حضرت ابن عباس، زید بن ارقم، سلمان فارسی، مقداد بن اسود اور بکثرت صحابہ کرام اس پر ہیں کہ وہ اول الاسلام ہیں۔

شیخ ابن حجر نے، اصابہ فی معرفۃ الصحابہ، میں کہا ہے کہ اکثر اہل علم کا قول یہی ہے۔ ابو یعلی نے حضرت علی سے روایت کی ہے انھوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دوشنبہ کے دن مبعوث ہوئے اور میں دوشنبہ کے دن ہی اسلام لایا۔

ابن عبدالبر نے استیعاب میں فرمایا کہ حضرت علی مرتضیٰ اسلام لائے اور اپنے والد سے انھوں نے اسلام کو چھپایا اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایمان لائے اور اس کا اظہار کیا۔

جس وقت حضرت علی مرتضیٰ اسلام لائے ان کی عمر دس سال یا آٹھ سال کی تھی جیسا کہ علامہ سیوطی

نے نقل کیا ہے۔ جامع الوصول میں ہے کہ اس دن ان کی عمر میں اختلاف کیا گیا ہے۔ بعض کا خیال ہے پندرہ سال تھی، بعض کا چودہ سال، مگر صحیح یہ ہے کہ صغرسنی میں قبل از بلوغ ایمان لائے۔ انھوں نے کبھی بتوں کی پرستش نہ کی تھی، ان کی داڑھی بہت بڑی اور طویل تھی۔

فصل الخطاب میں تاج الاسلام کی اربعین سے منقول ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ چودھویں رات کی مانند حسین الوجہ تھے۔ تمام غزوات میں شریک ہوئے بجز غزوۂ تبوک کے کیوں کہ اس وقت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو اہل بیت کے پاس چھوڑ دیا تھا۔ ان کے فضائل مذکور اور ان کے آثار شجاعت مشہور ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو روز خیبر علم دیا اور فرمایا آج میں اسے علم دوں گا جو خدا اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے اور خدا اور اس کا رسول اس سے محبت رکھتا ہے۔

اور فرمایا جس نے علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو ایذا دی اس نے مجھے ایذا دی، جس نے علی مرتضیٰ کو گالی دی اس نے مجھے گالی دی اور علی مرتضیٰ سے مومن ومسلمان ہی محبت رکھیں گے اور حضرت علی مرتضیٰ سے منافق ہی بغض وعداوت رکھیں گے۔

خلافت راشدہ کی تیس سالہ مدت کی تکمیل کے ابتدائی سال میں ان کو شہید کیا گیا۔ ان کی خلافت کی مدت چار سال سات مہینہ اور چھ روز یا بارہ روز ہے۔ بعض چار سال نو مہینے بتاتے ہیں اور پانچویں سال کو ان کے فرزند ارجمند امام حسن مجتبیٰ حسن بن علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے پورا فرمایا۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ، ج۲)

حضرت علی کی کرامات

روایات صحیحہ سے یہ بات ثابت ہے کہ جب آپ سواری کرتے وقت گھوڑے کی رکاب میں پاؤں رکھتے تو تلاوت قرآن شروع کرتے اور دوسری رکاب میں پاؤں رکھتے تو ختم کلام مجید کر لیتے۔

دوسری روایت کے مطابق آپ گھوڑے پر پوری طرح بیٹھنے سے پہلے قرآن کریم ختم کر لیتے۔

اسماء بنت عمیس نے حضرت سیدہ زہرا سے روایت کی کہ جس رات حضرت سیدنا علی نے میرے ساتھ شب زفاف گزاری مجھے آپ سے بہت خوف لاحق ہوا کیوں کہ میں نے زمین کو آپ سے ہم کلام ہوتے ہوئے سنا۔ صبح ہوئی تو میں نے یہ سارا قصہ جناب رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سنایا جناب رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک طویل سجدہ کیا اور سر اٹھا کر فرمایا اے فاطمہ! تجھے پاکیزہ اولاد کی خوشخبری ہو جن کو خدائے تعالیٰ نے تمام مخلوق پر فضیلت دی ہے اور زمین کو حکم دیا کہ وہ آپ کو ایسے تمام واقعات بتلائے جو مشرق و مغرب تک اس پر واقع ہونے والے ہیں۔ (مولف)

(شواہد النبوۃ)

علی قسیم دوزخ ہیں

امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے فضائل و مناقب میں امام احمد رضا بریلوی نے تحریر فرمایا ہے:

سیدنا مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا انا قسیم النار میں قسیم دوزخ ہوں۔ یعنی وہ اپنے دوستوں کو جنت اور اعداء کو دوزخ میں داخل فرمائیں گے۔ اسے شاذان فضلی نے جزر دالشمس میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ بلکہ امام اجل قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اسے احادیث حضور والا صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ میں داخل کیا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت مولیٰ کو قسیم النار فرمایا۔

شفا شریف میں فرماتے ہیں:

قد خرج اهل الصحيح و الائمة ما اعلم به اصحابه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم

مما وعدهم به من الظهور علی اعدائه (الی قوله) و قتل علی و ان اشقاها الذی یخضب هذہٖ من هذه ای لحیته من راسه و انه قسیم النار یدخل اولیاء ہ الجنة و اعداء ہ النار.

بیشک اصحاب صحاح وائمہ حدیث نے وہ حدیثیں روایت کیں جن میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کوغیب کی خبریں دیں مثلاً یہ وعدہ کہ وہ دشمنوں پر غالب آئیں گے اور مولیٰ علی کی شہادت اور یہ کہ بد بخت ترین امت ان کے سر مبارک کے خون سے ریش مطہر کو رنگے گا اور یہ کہ مولیٰ علی قسیم دوزخ ہیں اپنے دوستوں کو بہشت اور اپنے دشمنوں کو دوزخ میں داخل فرمائیں گے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مدارج شریف میں ہے

آمدہ است کہ ایستادہ میکند اور اپروردگار وے یمین عرش ودر روایتے برعرش ودر روایتے بر کرسی و می سپارد بوے کلید جنت۔

منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت علی کو عرش کی داہنی طرف یا عرش کے اوپر، یا کرسی پر کھڑا کرے گا اور جنت کی کنجی ان کے سپرد فرمائے گا۔ (مولف)

علی کارساز ہیں

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **من کنت ولیه فعلی ولیه.**

جس کا میں مددگار وکارساز ہوں علی اس کا مددگار وکارساز ہے۔ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم۔

احمد ونسائی اور حاکم نے بسند صحیح بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

علامہ مناوی نے شرح میں فرمایا **یدفع عنه ما یکره**

علی اس کے مددگار ہیں اس سے مکروہات وبلیات دفع فرماتے ہیں۔

علی کی حاجت برآری

حضور سید عالم تو سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضور کے نائب کریم علی مرتضیٰ امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں

انی لا ستحی من الله ان یکون ذنب اعظم من غفری او جهل اعظم من حلمی او عورة لا یواریها ستری او خلة لا یسد ها جودی.

بیشک اللہ عزوجل سے شرم آتی ہے کہ کسی کا گناہ میری صفت مغفرت سے بڑھ جائے وہ گناہ کرے اور میری مغفرت اس کی بخشش میں تنگی کرے کہ میں نہ بخش سکوں یا کسی کی جہالت میرے علم سے زائد ہو جائے کہ وہ جہل سے پیش آئے اور میں حلم سے کام نہ لے سکوں یا کسی عیب، کسی شرم کی بات کو میرا پردہ نہ چھپائے یا کسی حاجت مندی کو میرا کرم بند نہ فرمائے۔

ابن عساکر نے علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے اس کو روایت کیا۔

فرماتے ہیں کرم اللہ تعالیٰ وجہہ **لا ادری ای النعمتین اعظم علی منة من رجل بذل مصاص وجهه الی فرانی موضعا لحاجته و اجری الله قضاء ها او یسره علی یدی و لان اقضی لامرء مسلم حاجة احب الی من ملاء الارض ذهبا و فضة .**

بیشک میں نہیں جانتا کہ ان دو نعمتوں پر کون سی مجھ پر زیادہ احسان ہے کہ ایک شخص میری سرکار کو اپنی حاجت روائی کا محل جان کر اپنا معزز منہ میرے سامنے لائے اور اللہ تعالیٰ اس کی حاجت کا روا ہونا اس کی آسانی میرے ہاتھ پر روا فرمائے، یہ تمام روئے زمین بھر کر سونا چاندی ملنے سے مجھے زیادہ محبوب ہے کہ میں کسی مسلمان کی حاجت روا فرمادوں۔ (الامن والعلی)

ابو الغنائم نرسی نے قضاء الحوائج میں حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے اس کو روایت کیا۔

اسلام علی کی بحث

امام احمد رضا بریلوی سے سوال کیا گیا کہ :

زید کہتا ہے کہ جناب علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ چوں کہ بلوغ سے پہلے ایمان لائے اس لیے وہ کفر وشرک میں کبھی بھی مبتلا نہ ہوئے کیوں کہ ہر بچہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔

اور عمر یہ کہتا ہے کہ بچے والدین کے تابع ہوتے ہیں اور آپ کے والدین حالت کفر میں تھے لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ پہلے علی مرتضیٰ کافر تھے پھر بعد میں مسلمان ہوئے۔ اس صورت میں زید کا قول صحیح ہے یا عمر کا۔

آپ نے اس سوال کا جو محققانہ اور فاضلانہ جواب تحریر فرمایا ہے وہ بعینہٖ ملاحظہ فرمائیں۔

قول زید حق وصحیح وقول عمر باطل وقبیح ہے۔

اقول و باللہ التوفیق: یہ تو ظاہر ومعلوم وثابت ہے کہ حضرت امیر المومنین مولی المسلمین سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنیٰ وقت بعثت سراپا برکت حضور پرنور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فوراً مشرف بتصدیق وایمان ہوئے۔

وقت اسلام حضرت علی کی عمر

اس وقت عمر مبارک حضرت مرتضوی آٹھ دس سال تھی اور بالیقین جو عاقل بچہ اسلام لائے حکم اسلام میں مستقل بالذات ہے کہ پھر کسی کی تبعیت سے اس پر حکم دیگر حلال نہیں۔

فی المواہب، قال سن علی رضی اللہ تعالیٰ انہ اذا ذاک عشر سنین فیما حکاہ الطبری .

مواہب لدنیہ میں ہے، اس وقت حضرت علی مرتضی رضی اللہ تعالی عنہ کی عمر دس سال تھی جیسا کہ طبری نے ذکر کیا ہے۔

قال الزرقانی و هو قول ابن اسحق و اقتصر المصنف علیه لقول الحافظ انه ارجح الاقوال.

زرقانی نے فرمایا یہی ابن اسحاق کا بھی قول ہے، مصنف نے صرف اسی قول کو اس لیے ذکر کیا کہ حافظ ابن حجر نے فرمایا ہے کہ سب سے راجح قول یہی ہے۔

روی ابن سفیان باسناد صحیح عن عروة قال اسلم علی و هو ابن ثمان سنین و صدر به فی العیون.

اور ابن سفیان نے بسند صحیح حضرت عروہ سے روایت کی ہے کہ حضرت علی آٹھ برس کی عمر میں اسلام لائے، عیون الاثر (لابن سید الناس) میں اسی قول کو پہلے ذکر کیا۔

و فی رد المحتار، قوله و سنه سبع و قیل ثمان و هو الصحیح، و اخرجه البخاری فی تاریخه عن عروة و قیل عشر، اخرجه الحاکم فی المستدرک و قیل خمسة عشر و هو مردود و تمام ذلک مبسوط فی الفتح.

ردالمحتار میں ہے، ان کی عمر سات تھی اور کہا گیا ہے کہ آٹھ سال تھی، یہی صحیح ہے اسی کو امام بخاری نے اپنی تاریخ میں حضرت عروہ سے روایت کیا۔ اور کہا گیا کہ دس سال تھی، اسے حاکم نے مستدرک میں روایت کیا اور کہا گیا کہ پندرہ سال تھی یہ قول مردود و نامقبول ہے۔ پوری تفصیل فتح القدیر میں ہے۔

قبل بلوغ اسلام کا حکم

و فی نکاحه احکام الصغار للاستروشنی انه قبل البلوغ تبع لابویه فی الدین ما

لم یصف الاسلام، قال فافادان التبعیة لا تنقطع الا بالبلوغ او بالاسلام بنفسه و به صرح فی البحر و المنح من باب الجنائز.

ردالمحتار کتاب النکاح میں احکام الصغار استروشنی سے نقل ہے، بچہ قبل بلوغ دین میں اپنے والدین کا تابع ہے جب کہ خود مسلمان نہ ہوا ہو۔ شامی نے کہا، افادہ فرمایا کہ یہ تبعیت بالغ ہونے یا خود اسلام لانے ہی سے ختم ہوتی ہے۔ اسی کی تصریح بحرالرائق اور منح الغفار باب الجنائز میں ہے۔

علی بتوں کی آلودگی سے پاک رہے

تو بعد بعثت تو اس خیال شنیع کی زنہار گنجائش نہیں بلکہ اس سے پیشتر بھی، کہ جب قریش مبتلائے قحط ہوئے تھے حضور اقدس سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابوطالب پر تخفیف عیال کے لیے امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم ک اپنی بارگاہ ایمان پناہ میں لے آئے تھے۔ جیسا کہ ابن اسحاق نے اپنی سیرت میں بیان کیا ہے۔

حضرت مولیٰ نے حضور مولیٰ الکل سید الرسل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کنار اقدس میں پرورش پائی حضور کی گود میں ہوش سنبھالا آنکھ کھلتے ہی محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جمال جہاں آرا دیکھا، حضور کی باتیں سنیں، عادتیں سیکھیں، صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہ و بارک وسلم۔ تو جب سے اس جناب عرفاں مآب کو ہوش آیا قطعاً یقیناً رب عزوجل کو ایک ہی جانا، ایک ہی مانا، ہرگز ہرگز بتوں کی نجاست سے ان کا دامن پاک کبھی آلودہ نہ ہوا۔ اسی لیے لقب کریم ''کرم اللہ تعالیٰ وجہہ'' ملا۔

ناسمجھ بچہ کا کفر اور تبعیت والدین کا مسئلہ

اب رہ گئے صرف چند برس جو روز پیدائش سے بالکل ناسمجھی کے ہوتے ہیں جن میں بچہ نہ کچھ ادراک رکھتا ہے، نہ سمجھ سکتا ہے ظاہر ہے کہ اس عمر میں حقیقۃً تو کوئی بچہ کافر نہیں کہا جا سکتا کہ صدق مشتق قیام

مبدء کو مستلزم، کفر تکذیب ہے اور تکذیب بے ادراک وتمیز نا متصور۔ (نتیجہ یہ نکلا کہ کفر بے ادراک وتمیز غیر متصور ہے لہٰذا نا سمجھ بچہ کفر سے خالی ہوگا، جب کفر اس کے ساتھ قائم نہیں تو اس پر کافر کا اطلاق بھی درست نہیں۔ کیوں کہ کافر کفر سے مشتق ہے اور کسی پر مشتق صادق ہونے کے لیے مصدر سے اس کا متصف ہونا لازم ہے۔ جیسے لفظ عالم کسی پر صادق آنے کے لیے علم سے اس کا متصف ہونا لازم ہے۔ لہٰذا بچہ جب مبدء (کفر) سے خالی ٹھہرا تو اس پر مشتق (کفر) کا اطلاق بھی نہیں ہوسکتا) بلکہ اس وقت تک ہر بچہ کا دین فطری اسلام ہے۔

ہاں جس کے والدین کافر ہوں اس پر ان کی تبعیت کا حکم کیا جاتا ہے جب کہ تبعیت متصور بھی ہو ورنہ نہیں جیسے وہ بچہ جسے دار الاسلام میں اسیر کر لائیں اور اس کے کافر ماں باپ دار الحرب میں رہیں کہ بوجہ اختلاف دار تبعیت ابوین منقطع ہوگئی اب بہ تبعیت دار اسے مسلم کہا جائے گا۔

فی جنائز الدر، صبی سبی مع احد ابویه لا یصلی علیه لانه تبع له و لو سبی بدونه فمسلم تبعا للدار او للسابی . و فی نکاحه الولد یتبع خیر الابوین دینا ان اتحدت الدار.

در مختار کتاب الجنائز میں ہے، کوئی بچہ اپنے حربی والدین میں سے کسی ایک کے ساتھ دار الحرب سے گرفتار کر کے دار الاسلام میں لایا گیا اور مر گیا تو اس کی نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی کیوں کہ وہ کافر حربی کے تابع ہے ہاں اگر تنہا گرفتار ہو تو دار الاسلام یا گرفتار کرنے والے کے تابع ہونے کے باعث مسلم ہے۔ در مختار کتاب النکاح میں ہے، باعتبار دین ماں باپ میں سے جو بہتر ہو بچہ اسی کا تابع ہوتا ہے اگر دار ایک ہو۔

دوامر

جب یہ امر منقح ہولیا تو اب یہاں اس نرے ناسمجھ بچہ کی عمر پر بھی یہ ناگوار و ناسزا خیال دوامر کے

ثبوت کافی کے محتاج۔

امر اول، حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور ابوطالب دونوں کا اس وقت تک کافر ہونا کہ ان میں ایک بھی موحد ہوتو بچہ اسی کی تبعیت سے موحد کہا جائے گا، کافر کی تبعیت ہرگز نہ کرے گا۔

لما نصوا علیه قاطبة من ان الولد یتبع خیر الابوین دینا.

کیوں کہ تمام نے نص فرمایا ہے کہ ماں باپ میں سے باعتبار دین جو بہتر ہو بچہ اسی کے تابع ہوتا ہے۔

امر دوم، اس وقت حکم تبعیت صادق وثابت ہونا۔

ان دوامر سے اگر ایک بھی پایہ ثبوت سے ساقط رہے گا تو یہ بیہودہ خیال، خیال کرنے والے کے منھ پر مارا جائے گا مگر مولیٰ علی کے رب جل وعلا کو حمد وثنا ہے کہ بفضلہ تعالیٰ ان دو میں سے ایک بھی ثابت نہیں۔

و علی هذا استدل به السید العلامة علی نزهة الابوین الشریفین عن الکفر، رضی الله تعالیٰ عنهما و عن کل من احب اجلالهما اجلالا لرسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

اسی بنیاد پر اس سے سید علامہ طحطاوی نے والدین کریمین کے کفر سے منزہ ہونے پر استدلال کیا ہے اللہ تعالیٰ ان دونوں سے راضی ہو اور ہر اس شخص سے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اکرام کی خاطر ان کا اکرام پسند کرے۔

ولہٰذا ائمہ اشاعرہ میں سے کوئی انھیں مسلم کہتا ہے کوئی معنی مسلم میں۔

قال الزرقانی ، ثم اختلف عبارۃ الاصحاب فیمن لم تبلغہ الدعوۃ فاحسنھا من قال انہ ناج و ایاھا اختار السبکی و منھم من قال علی الفترۃ (و یترای لی انہ ، الفطرۃ ، بالطاء).

زرقانی نے فرمایا پھر اصحاب (ائمہ رحمھم اللہ) کی عبارتیں اس کے بارے میں مختلف ہوگئیں جسے دعوت نہ پہنچی ، سب سے عمدہ عبارت اس کی ہے جس نے کہا کہ وہ ناجی ہے اسی کو امام سبکی نے اختیار کیا کسی نے کہا وہ فترت پر ہے ۔ (امام احمد رضا فرماتے ہیں میرے نسخہ میں اسی طرح تاء سے ہے میرا خیال ہے کہ یہ طاء کے ساتھ فطرۃ ہے)

و منھم من قال مسلم ، قال الغزالی و التحقیق ان یقال فی معنی مسلم .

کسی نے کہا مسلم ہے، امام غزالی نے فرمایا کہ تحقیق یہ ہے کہ اسے معنی مسلم میں کہا جائے گا۔

اس طور تو خود ابو طالب پر حکم کفر اس وقت سے ہوا جب بعثت اقدس تسلیم و اسلام سے انکار اور یہ وقت وہ تھا کہ حضرت مولیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنیٰ خود اسلام لا کر حکم تبعیت سے قطعاً منزہ ہو چکے تھے۔

ہم پوچھتے ہیں مخالف کے پاس کیا حجت ہے کہ زمانہ فترت میں حضرت فاطمہ بنت اسد رضی اللہ تعالیٰ عنہا موحدہ یا غافلہ نہ تھیں۔ حالاں کہ بہت عورتوں کی نسبت یہی مظنون ، مخالف جو دلیل رکھتا ہو پیش کرے اور جب نہ پیش کر سکے تو رجما بالغیب (اٹکل سے) حکم تبعیت پر کیوں کر منھ کھول دیا۔ کیا اطلاق کفر اور وہ بھی معاذ اللہ ایسی جگہ محض اپنے تراشیدہ اوہام پر ہو سکتا ہے؟ کیا محتمل نہیں کہ وہ اس وقت بھی ان لوگوں میں ہوں جو بالاتفاق ناجی ہیں؟ تو ولد انھیں کا تابع ہوگا اور بالتبع بھی حکم کفر ہرگز صحیح نہ ہو سکے گا۔

علامہ شامی قدس سرہ السامی ردالمحتار میں مسلم و کافرہ سے مولود بالزنا کی نسبت فرماتے ہیں :

یظھر لی الحکم بالاسلام للحدیث الصحیح کل مولود یولد علی الفطرۃ حتی

یکون ابواہ ھما اللذان یھودانہ او ینصرانہ فانھم قالوا انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جعل اتفاقھما ناقلا عن الفطرۃ فان لم یتفقا بقی علی اصل الفطرۃ . و ایضا حیث نظروا الجزئیۃ فی تلک المسائل احتیاطا فلینظر الیھا ھھنا احتیاطا ایضا. فان الاحتیاط بالدین اولی و لان الکفر اقبح القبیح فلا ینبغی الحکم بہ علی شخص بدون امر صریح .

• مجھے اس کے مسلمان ہونے کا حکم کرنا ہی سمجھ میں آتا ہے اس لیے کہ حدیث صحیح ہے کہ ہر بچہ دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کے ماں باپ دونوں ہی اس کو یہودی یا نصرانی بناتے ہیں۔ علماء نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ماں اور باپ دونوں کے اتفاق دین فطرت سے منتقل کرنے والا ٹھہرایا۔ تو اگر دونوں متفق نہ ہوں تو بچہ اصل فطرت پر رہے گا دوسری وجہ یہ ہے کہ علماء نے جب ان مسائل میں احتیاطا جزئیت کا لحاظ کیا تو یہاں بھی احتیاطا لحاظ جزئیت ہونا چاہیے کیوں کہ دین کے معاملہ میں احتیاط ہی اولی ہے اور اس لیے بھی کہ کفر سب سے بدتر قبیح ہے تو کسی شخص پر کسی امر صریح کے بغیر حکم لگانا مناسب نہیں۔

بتوفیق اللہ تعالیٰ روشن ہوگیا کہ بحمدہ سبحانہ تبعا حکما اسماو ہما کسی طرح، کسی نوع یہ لفظ شنیع حضرت مولیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی پر صادق نہ ہوا۔ روز الست سے ابدالاباد تک ان کا دامن ایمان مامن اس لوث سے اصلاً جزما قطعاً مطلقاً پاک وصاف ومنزہ رہا۔ (تنزیہ المکانۃ الحیدریۃ عن وصمۃ عہد الجاھلیۃ)

حضرت علی ہمیشہ مسلمان رہے

امام احمد رضا بریلوی سے سوال ہوا کہ

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ ہمیشہ کے مسلمان تھے یا آٹھ دس برس کی عمر میں ایمان لائے اور اگر ہمیشہ مسلمان تھے تو پھر ایمان لانے کا کیا معنی؟

آپ نے ارشاد فرمایا:

حضرت امیر المومنین مولی المسلمین ، امام الواصلین، سیدنا و مولانا علی مرتضیٰ مشکل کشا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی اور حضرت امیر المومنین امام المشاہدین افضل الاولیاء المحمدین سیدنا و مولانا صدیق اکبر عتیق اطہر علیہ الرضوان الاجل الاطہر دونوں حضرات عالم ذریت سے روز ولادت، روز ولادت سے سن تمیز، سن تمیز سے ہنگام ظہور پرنور آفتاب بعثت، ظہور بعثت سے وقت وفات، وقت وفات سے ابد الآباد تک بحمد اللہ تعالیٰ موحد و موقن و مسلم و مومن وطیب وزکی وطاہر ونقی تھے، اور ہیں اور رہیں گے۔ کبھی کسی وقت کسی حال میں ایک لمحہ، ایک لحظہ، ایک آن کو لوث کفر و شرک وانکاران کے پاک مبارک ستھرے دامنوں تک اصلاً نہ پہنچا نہ پہنچے۔

عالم ذریت سے روز ولادت تک اسلام میثاقی تھا الست بربکم قالوا بلی

روز ولادت سے سن تمیز تک اسلام فطری کہ کل مولود یولد علی الفطرۃ.

سن تمیز سے روز بعثت تک اسلام توحیدی کہ ان حضرات والا صفات نے زمانہ فترت میں بھی کبھی بت کو سجدہ نہ کیا، کبھی غیر خدا کو خدا نہ قرار دیا، ہمیشہ ایک ہی جانا، ایک ہی مانا، ایک ہی کہا، ایک ہی سے کام رہا۔

پھر ظہور بعثت سے ابد الآباد تک حال تو ظاہر و قطعی و متواتر ہے۔

ثم اقول وباللہ التوفیق: ظاہر ہے کہ تا اوان فترت اس زمان جاہلیت و مکان امیت سے ہیجان غفلت میں سمعیات پر اطلاع کے تو کوئی معنی ہی نہ تھے۔ اسی طرح نبوت و کتاب کہ وہ لوگ ان امور سے واقف ہی نہ تھے ولہذا براہ عجب کہتے

ابعث اللہ بشرا رسولا.

کیا خدا نے آدمی کو رسول بنایا۔

اور کہتے :

مال هذا الرسول یاکل الطعام و یمشی فی الاسواق.

یہ رسول کیسا ہے کہ ہماری طرح کھانا کھاتا اور بازاروں میں چلتا ہے۔

اور پر ظاہر کہ حکم، بے تصور محکوم علیہ محال قطعی، تو جس چیز سے ذہن اصلاً خالی اس کی تصدیق و تکذیب دونوں ممتنع عقلی۔

لہٰذا اس زمانے میں صرف توحید مدار اسلام و مناط نجات و نافی کفر تھی۔ موحدان جاہلیت کا مسئلہ اجماعیہ کسے نہیں معلوم؟ بایں ہمہ وہ اسلام ضروری تھا کہ اس وقت اسی قدر ممکن تھا اصل دین و مرضی رب العالمین جسے ان الدین عند الله الاسلام فرمایا گیا تمام ایمانیات پر ایمان لانا ہے کل آمن بالله و ملائکته و کتبه و رسوله یہ بغیر بعثت و بلوغ دعوت ناممکن۔ اور اس کا بھی فرد اکمل وہ ہے جس کی نسبت ابراہیم خلیل و اسماعیل ذبیح صلی اللہ تعالیٰ علیہما وسلم نے دعا کی و من ذریتنا امة مسلمة لک ، جس کی نسبت ارشاد ہوتا ہے هو سماکم المسلمین من قبل یعنی اس نبی کریم افضل المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلیہم اجمعین کی امت مرحومہ میں داخل ہونا، یہ اسلام کا اطلاق اخص و اکمل و اجل و اجمل ہے۔ ان دونوں معنی پر ان حضرات عالیات رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی نسبت کہا جاتا ہے کہ وہ آٹھ یا دس برس کی عمر میں اسلام لائے، یہ ارشاد اقدس سنتے ہی فوراً بلا تامل مسلمان ہوئے۔

معہذا اس میں ایک سر یہ ہے کہ بعد بعثت و بلوغ دعوت صرف اس اسلام ضروری پر قناعت کافی و وجہ نجات نہیں، اگر کوئی شخص فترت میں صدہا سال موحد رہتا اور بعد دعوت تصدیق نہ کرتا وہ اسلام سابق یقیناً زائل ہو کر کافر مخلد فی النار ہو جاتا۔ تو جس نے فوراً تصدیق کی اس پر حکم اسلام اس وقت سے تام و قائم و محکم و

مستقر ہوا۔

علاوہ بریں رب العزت عزوجل اپنے خلیل جلیل سیدنا ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کی نسبت فرماتا ہے :

اذ قال ربه اسلم قال اسلمت لرب العالمين .

جب اس سے فرمایا کہ اس کے رب نے کہ اسلام لا بولا میں اسلام لایا رب العالمین کے لیے۔

جب خلیل کبریا علیہ الصلاۃ والثناء کو اسلام لانے کا حکم ہونا اوران کا عرض کرنا کہ میں اسلام لایا معاذ اللہ! ان کے ایمان قدیم واسلام مستمر کا منافی نہ ہوا کہ حضرات انبیاء علیہم التحیۃ والثناء کی طرف بعد نبوت وپیش از نبوت کبھی کسی وقت ایک آن کے لیے بھی غیر اسلام کو اصلاً راہ نہیں تو صدیق ومرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی نسبت یہ الفاظ کہ فلاں دن مسلمان ہوئے، اس روز اسلام لائے، ان کے اسلام سابق کے معاذ اللہ کیا مخالف ہوسکتے ہیں۔

صدیق وعلی کے اسلام میں فرق

صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لحاظ سے تو یہ تخصیص ہی غلط کہ وہ بھی اس فضل جلیل میں شریک حضرت اسد اللہ الغالب، بلکہ انصاف کیجیے تو شریک غالب ہیں اگرچہ دونوں حضرات قدیم الاسلام ہیں کہ ایک آن ایک لمحہ کو ہرگز ہرگز متصف بکفر نہ ہوئے مگر اسلام میثاقی واسلام فطری کے بعد اسلام توحیدی و اسلام اخص دونوں میں صدیق اکبر کا پایہ ارفع واعلیٰ ہے۔

توحیدی میں یوں کہ صدیق اکبر کی ایک عمر کثیر اس زمانہ ظلمت وجہالت میں گزری، ابتداء میں مدتوں حضور پرنور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ اسلام پناہ سے دوری رہی، اس پر بچپنے کی کچی سمجھ میں ان کے والد ماجد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کہ اس وقت تک مبتلائے شرک تھے اپنے دین باطل کی تعلیم دینا،

بت خانے میں لے جا کر سجدۂ بت کی تفہیم کرنا، غرض رہنما مفقود، رہزنی موجود، بایں ہمہ ان کا توحید خالص پر قائم رہنا، اللہ اکبر کیسا اجل واعظم ہے۔

حضرت امیر المومنین مولیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی نے آنکھ کھولی تو محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جمال جہاں آراء دیکھا، حضور ہی کی گود میں پرورش پائی، حضور ہی کی باتیں سنیں، حضور ہی کی عادتیں سیکھیں، شرک و بت پرستی کی صورت ہی اللہ نے کبھی نہ دکھائی، آٹھ یا دس سال کے ہوئے کہ آفتاب جہاں تاب رسالت اپنی عالمگیر تابشوں کے ساتھ چمک اٹھا۔

اسلام اخص میں یوں کہ صدیق اکبر نے فوراً اپنا اسلام سب پر ظاہر و آشکارا کیا، ہدایتیں فرمائیں، کفار کے ہاتھوں سے اذیتیں پائیں۔

اور امیر المومنین مولیٰ علی کی نسبت آیا کہ کچھ دنوں اپنے باپ ابو طالب کے خوف سے کہ لازمہ صغر سن ہے اپنے اسلام کا اخفا فرمایا۔

امام حافظ الحدیث خیثمہ بن سلیمان قرشی و امام دارقطنی، ومحب الدین طبری وغیرہم حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضرت سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں

ان ابا بکر سبقنی الی اربع لم اوتہن ، سبقنی الی افشاء الاسلام و قدم الھجرۃ و مصاحبتہ فی الغار و اقام الصلاۃ و انا یومئذ بالشعب یظھر اسلامہ و اخفیہ . الحدیث.

بیشک ابوبکر چار باتوں کی طرف سبقت لے گئے کہ مجھے نہ ملیں۔

(۱) انھوں نے مجھ سے پہلے اسلام آشکارا کیا۔

(۲) اور مجھ سے پہلے ہجرت کی

(۳) نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے یار غار ہوئے اور نماز قائم کی اس حالت میں کہ میں ان دنوں گھروں میں تھا۔

(۴) وہ اپنا اسلام ظاہر کرتے اور میں چھپاتا تھا۔

امام قسطلانی مواہب لدنیہ میں فرماتے ہیں۔

اول ذکر اسلم علی بن ابی طالب و ھو صبی لم یبلغ الحلم و کان مستخفیا باسلامہ، و اول رجل عربی بالغ اسلم و اظھر اسلامہ ابو بکر بن ابی قحافۃ .

بچوں میں سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام لائے اور وہ اپنا اسلام اخفا فرماتے تھے، اور بالغ عربی مردوں میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسلام لائے اور وہ اپنا اسلام آشکار کررہے تھے۔ (مولف)

امام عمر بن عبدالبر روایت فرماتے ہیں :

ان محمد بن کعب القرظی سئل عن اولھما اسلاما فقال سبحان اللہ علی اولھما اسلاما و انما اشتبہ علی الناس لان علیا اخفی اسلامہ عن ابیہ و ابو بکر اظھرہ .

محمد بن کعب قرظی سے پوچھا گیا کہ صدیق وعلی دونوں میں کون پہلے اسلام لائے فرمایا کہ سبحان اللہ! حضرت علی پہلے اسلام لائے مگر یہ لوگوں پر مشتبہ تھا کیوں کہ حضرت علی اپنے باپ سے اسلام کو چھپاتے تھے اور حضرت ابوبکر صدیق آشکارا فرماتے تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہما (مولف)

ولہٰذا احادیث حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و آثار صحابہ کرام و اہل بیت عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ثابت کہ صدیق کا اسلام سب کے اسلام سے افضل، اور ان کا ایمان تمام امت کے ایمان سے ازید و اکمل ہے۔

رہے امیر المومنین فاروق و امیر المومنین غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہما مذہب جمہور اہل سنت میں امیر المومنین حیدر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے تو وہ دونوں افضل اور امیر المومنین صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اگرچہ سب سے افضل، مگر اس وجہ سے افضل نہیں کہ یہ قدیم الاسلام ہیں وہ جدید الاسلام، کہ یہ فضل جزئی ہے جو مفضول کو بھی افضل پر مل سکتا ہے، فضل کلی اور شی ہے۔ قدم اسلام اگر موجب افضلیت ہوتو لازم آئے کہ من وتو زید وعمر کہ بعونہ تعالیٰ باپ دادا پردادا پشتہا پشت سے مسلمان چلے آتے ہیں عمر وعثمان ابوذر وسلمان وحمزہ وعباس وغیرہم صحابہ کرام واہل بیت عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے معاذ اللہ! افضل ٹھہریں، تو اس بناء پر افضلیت محض جہالت اور فضل جزئی وکلی کے تفرقہ سے غفلت ہے۔

(تنزیہہ المکانۃ الحیدریۃ عن وصمۃ عھد الجاھلیۃ)

ایک اور سوال کے جواب میں اسی مضمون کو امام احمد رضا بریلوی اس انداز میں بیان فرماتے ہیں:

بیشک حضرت مولیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی ہمیشہ سے مسلمان صحیح الایمان تھے اور بیشک انھوں نے آٹھ دس برس کی عمر میں اسلام قبول کیا، ان دونوں باتوں میں اصلاً تنافی نہیں، یہ اسلام متاخر وہ ہے جس کا ذکر آیہ کریمہ:

ما الکتاب و لا الایمان و لکن جعلنہ نورا الآیۃ

یعنی اور یوں ہی ہم نے تمھیں وحی بھیجی ایک جاں فزا چیز اپنے حکم سے اس سے پہلے نہ تم کتاب جانتے تھے نہ (ایمان) احکام شرع کی تفصیل، ہاں ہم نے اسے (کتاب وایمان) نور کیا جس سے ہم راہ دکھاتے ہیں اپنے بندوں سے جسے چاہتے ہیں اور بیشک تم ضرور سیدھی راہ بتاتے ہو۔

یعنی اسلام خاص زمان بعثت کہ کتاب ورسول پر ایمان اور عقائد سمعیہ کے اذعان پر مشتمل ہو، بے شک بعد بعثت حاصل ہوا، اس کا حدوث قدم اسلام توحیدی کا منافی نہیں۔

تفسیر کبیر میں زیرآیہ کریمہ منجملہ وجوہ تاویل مذکور۔

الرابع ، الایمان الاقرار بجمیع ما کلف الله تعالیٰ به و انه قبل النبوة ما کان عارفا بجمیع تکالیف الله تعالیٰ بل انه کان عارفا بالله تعالیٰ و ذلک لاینافی ما ذکرناه.

الخامس ، صفات الله تعالیٰ علیٰ قسمین، منها ما یمکن معرفته بمحض دلائل العقلیة ومنها مالا یمکن معرفته الابالدلائل السمعیة فهذا القسم الثانی لم تکن معرفته حاصلة قبل النبوة .

وجہ چہارم، ایمان ان تمام چیزوں کے مان لینے کا نام ہے جن کا اللہ تعالیٰ نے بندوں کو مکلّف بنایا اور حضور قبل نبوت اللہ تعالیٰ کے عائد کردہ تمام احکام وتکالیف سے واقف نہ تھے بلکہ وہ خداوند تعالیٰ کے عارف تھے اور یہ اس کے منافی نہیں جو ہم نے ذکر کیا (کہ قبل وحی بھی انبیاء کا کفر سے منزہ ہونا اجماعی ہے)

وجہ پنجم، صفات الٰہی کی دو قسمیں ہیں :

(۱) وہ جن کی معرفت عقلی دلیلوں سے ہوسکتی ہے۔

(۲) وہ جن کی معرفت سمعی دلیلوں کے بغیر ممکن نہیں۔

تو اسی قسم دوم کی معرفت قبل نبوت نہ تھی۔ (تنزیہ المکانۃ الحیدریۃ عن وصمۃ عہد الجاھلیۃ)

حضرت علی کی محبوبیت رسول

ابو یعلی ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی :

قالت رأیت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم التزم علیا و قبله و هو یقول بابی

الوحید الشهید .

میں نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا حضور نے مولیٰ علی کو گلے لگایا اور پیار کیا اور فرماتے تھے میرا باپ نثار اس وحید شہید پر۔ (وشاح الجید فی تحلیل معانقۃ العید)

حضرت امیر معاویہ کا فرمان

امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صاف تصریح بسند صحیح موجود ہے کہ مجھے خلافت میں نزاع نہیں نہ میں اپنے آپ کو مولیٰ علی کا ہم سر سمجھتا ہوں۔

فقد صح انه رضی الله تعالیٰ عنه کان ینکر دعویٰ الخلافة و یقول انی لا اعلم انه یعنی علی کرم الله تعالیٰ وجهه افضل منی و احق بالامر و لکن لستم تعلمون ان عثمان قتل مظلوما و انا ابن عمه و ولیه اطلب بدمه . رواه یحیی بن سلیمن الجعفی شیخ البخاری فی کتاب الصفین بسند جید عن ابی مسلم الخولانی.

بالتحقیق صحیح یہ ہے کہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دعویٰ خلافت کا انکار فرماتے تھے اور فرماتے بیشک میں جانتا ہوں کہ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ مجھ سے افضل ہیں اور خلافت کے زیادہ حقدار ہیں، لیکن کیا تم لوگ جانتے نہیں ہو کہ تحقیق عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ظلماً قتل کیے گئے ہیں اور میں ان کے چچا کا بیٹا، ان کا بھائی اور ان کا ولی ہوں میں ان کے خون کا بدلہ طلب کرتا ہوں۔ اس کو یحییٰ بن سلیمان جعفی شیخ بخاری نے سند جید کے ساتھ ابو مسلم خولانی سے روایت کیا۔

حضرت طلحہ کی بیعت

جب حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی خطائے اجتہادی سے رجوع فرما کر دست حق پرست

حضرت امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ پر تجدید بیعت چاہی ظالم کے ہاتھ سے زخمی ہو چکے تھے، امیر المومنین تک وصول کی طاقت نہ تھی۔ امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے لشکر کا ایک سپاہی گزرا اسے بلا کر حضرت طلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے ہاتھ پر تجدید بیعت فرمائی اور روح اقدس جوار اقدس رحمت الٰہی میں پہنچی۔ امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے یہ حال سن کر فرمایا

ابی الله ان یدخل طلحة الجنة الا و بیعتی فی عنقه .

اللہ عزوجل نے طلحہ کا جنت میں جانا نہ مانا جب تک میری بیعت ان کی گردن میں نہ ہو۔

(نقاء السلافۃ فی احکام البیعۃ والخلافۃ)

حضرت علی کی احتیاط

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم دائما حلق فرمودہ واز اں روکہ زیر ہر مو جنابت ست مبادکہ آب بجائے نہ رسد وی فرمودو **من ثم عادیت راسی و من ثم عادیت راسی و من ثم عادیت راسی**

امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ ہمیشہ سر کے بال منڈواتے اور اس کا سبب یہ ہے کہ ہر بال کے نیچے ناپاکی ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی بال کی جڑ میں پانی نہ پہنچے۔ (اس لیے وہ بالوں کو منڈواتے) اور فرماتے پھر میں اپنے سر کا دشمن ہوگیا، پھر میں نے اپنے سر سے دشمنی مول لی۔ پھر میں نے اپنے سر سے عداوت کی۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۵۲۱)

تعظیم کی بات

سعید بن منصور سنن میں محمد بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی:

قال الفقی لعلی کرم اللہ تعالیٰ وجھه وسادۃ فقعد علیھا و قال لا یابی الکرامة الاحمار ، ورواہ الدیلمی عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم فذکرہ .

امیر المومنین سیدنا مولیٰ علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی کہیں تشریف فرما ہوئے صاحب خانہ نے حضرت کے لیے مسند حاضر کی امیر المومنین اس پر رونق افروز ہوئے اور فرمایا کوئی گدھا ہی عزت کی بات قبول نہ کرے گا۔ (فتاویٰ رضویہ، ج ۹، ص ۴۷)

حضرت علی کا علم

امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں لو شئت لاوقرت من تفسیر الفاتحة سبعین بعیرا.

میں چاہوں تو سورۂ فاتحہ کی تفسیر سے ستر اونٹ بھروادوں۔

ایک اونٹ کئی من بوجھ اٹھاتا ہے اور ہر من میں کئی ہزار اجزاء، حساب سے تقریباً پچیس لاکھ جز آتے ہیں، یہ فقط سورۂ فاتحہ کی تفسیر ہے پھر باقی کلام عظیم کی کیا گنتی۔ پھر یہ علم، علم علی ہے اس کے بعد علم صدیق کی باری ہے ذھب عمر به تسعة اعشار العلم .

عمر علم کے نو حصے لے گئے۔ کان ابو بکر اعلمنا ہم سب میں زیادہ علم ابو بکر کو تھا۔ پھر علم نبی تو علم نبی ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۱۸)

علی جنت کی طرف

نہایہ ابن الاثیر میں ہے :

منه الحديث يزف على بيني و بين ابراهيم عليه الصلاة و السلام الى الجنة ان كسرت الزاى (في يزف) فمعناه يسرع من زف في مشيته و ازف اذا اسرع و ان فتحت فهو من زففت العروس ازفها اذا اهديتها الى زوجها.

یعنی اسی باب سے ہے یہ حدیث کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ علی مرتضی میرے اور ابراہیم خلیل اللہ علیہ الصلاۃ والسلام کے بیچ میں جنت کی طرف خوش خوش تیز چلیں گے، یا میرے اوران کے بیچ میں جنت کی طرف انھیں یوں لے جائیں گے جیسے نئی دلھن کو دولھا کے یہاں لے جاتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ ج ٦، ص ٢٠١)

حضرت علی کا قاتل

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

امام حجۃ الاسلام غزالی قدس سرہ العالی احیاء العلوم میں فرماتے ہیں :

لا تجوز نسبة مسلم الى كبيرة من غير تحقيق نعم يجوز ان يقال قتل ابن ملجم عليا و قتل ابو لولوء عمر رضى الله تعالىٰ عنه فان ذلك ثبت متواترا فلا يجوز ان يرى المسلم بفسق او كفر من غير تحقيق.

یعنی کسی مسلمان کی طرف کسی کبیرہ کی نسبت بلا تحقیق حرام ہے۔ ہاں یہ کہنا جائز ہے کہ ابن ملجم نے مولیٰ علی اور ابولولوء نے امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو شہید کیا کہ یہ تواتر سے ثابت ہے ،تو کسی مسلمان کی طرف بلا تحقیق کفر یا فسق کی نسبت اصلاً جائز نہیں۔

(فتاوی رضویہ ج ٦، ص ٣٠٨۔ حجب العوار)

حضرت علی کا انصاف

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی نے فرمایا :

روزے پیش امیر المومنین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم یکے گفت کہ فلاں در خواب با مادر آن کس زنا کردہ است، امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ فرمود اورا در آفتاب قائم کردہ سایہ اش را درہ زن۔

ایک دن امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں ایک شخص نے کہا کہ فلاں نے اس کی ماں کے ساتھ خواب میں زنا کیا ہے تو امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اسے دھوپ میں کھڑا کر کے اس کے سایہ کو کوڑے مارو۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۹۵۹)

جنگ صفین میں حق پر کون

امیر المومنین علی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے مابین جو اختلافات و نزاع ہوئے ان میں حق پر کون ہے اور اس سلسلے میں کیسا اعتقاد رکھنا چاہیئے اس کو واضح کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

ہم اہل حق کے نزدیک حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضور پرنور امیر المومنین مولیٰ المسلمین سیدنا و مولانا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی کے درمیان فرق مراتب بے شمار اور حق بدست حیدر کرار مگر معاویہ بھی ہمارے سردار، طعن ان پر بھی کار فجار، جو معاویہ کی حمایت میں عیاذا باللہ اسد اللہ کی سبقت و اولیت و عظمت و اکملیت سے آنکھ پھیر لے وہ ناصبی یزیدی اور جو علی کی محبت میں معاویہ کی صحابیت و خدمت و نسبت حضرت بارگاہ رسالت بھلا دے وہ شیعی زیدی۔ یہی روش آداب بحمد اللہ تعالیٰ ہم اہل توسط و اعتدال کو ہر جگہ ملحوظ رہتی ہے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۴۸۔ رادع التعسف)

و قد كان سيدنا عبد الله بن عمرو بن العاص رضى الله تعالىٰ عنهما حامل لواء صفين مع ابيه رضى الله تعالىٰ عنه طاعة له من دون قتال مع علمه ان الحق مع امير المومنين على كرم الله تعالىٰ وجهه و كان يعتذر عن ذلك بان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم امره بطاعة ابيه رضى الله تعالىٰ عنه.

حضرت سیدنا عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما جنگ صفین میں اپنے والد گرامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ جھنڈا اٹھائے ہوئے تھے یہ باپ کی فرماں برداری تھی ورنہ وہ لڑائی میں شریک نہیں تھے کیوں کہ وہ جانتے تھے کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ حق پر ہیں۔اور اس کا عذر وہ یہ بیان کرتے تھے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے باپ کی فرماں برداری کا حکم فرمایا ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۵،ص ۲۹۲)

حضرت فاطمہ سے نکاح اور مہر اقدس

ایک مقام پر امام احمد رضا بریلوی نے تحریر فرمایا ہے :

مہر اقدس حضرت سیدۃ النساء بتول زہراء صلی اللہ تعالیٰ علی ابیہا الکریم وعلیہا وسلم میں اگر چہ روایات بظاہر مختلف ہیں مگر اس بارے میں روایات مسندہ معتمدہ بہا تین ہیں۔

اول، یہ کہ مہر مبارک درہم و دینار نہ تھے بلکہ ایک زرہ کہ حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت امیر المومنین مولیٰ المسلمین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو عطا فرمائی تھی وہی مہر میں دی گئی۔

دوم، چار سو اسی درم تھے۔

سوم چار سو مثقال چاندی۔

ان کے سوا جو اقاویل مجہولہ ہیں کہ پانسو درم مہر تھا، یا چالیس مثقال سونا یا انیس مثقال ذہب، سب بے اصل ہیں۔ [1]

پس حاصل یہ قرار پایا کہ اصل مہر کریم جس پر عقد اقدس واقع ہوا، چار سو مثقال چاندی تھی، ولہٰذا علمائے سیر نے اس پر جزم فرمایا۔

مرقاۃ میں ہے **ذکر السید جمال الدین المحدث فی روضۃ الاحباب ان صداق فاطمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کان اربعۃ مائۃ مثقال فضۃ و کذا ذکرہ صاحب المواھب الخ.**

حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے مہر میں چار سو مثقال چاندی تھی۔ **(مولف)**

زرہ برسم پیشگی وقت زفاف دی گئی کہ بحکم اقدس چار سو اسی درم کو بکی۔

احمد مسند میں بطریق ابن ابی نجیح ایک شخص سے راوی :

انہ سمع علیا یقول اردت ان اخطب الی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابنتہ فقلت و اللہ ما لی من شی ثم ذکرتہ حلتہ (صلتہ) وعادتہ فخطبتھا الیہ فقال و ھل عندک من شی قلت لا قال فاین درعک الحطمیۃ التی اعطیت یوم کذا و کذا قلت ھو عندی قال فاعطھا ایاھا.

ایک آدمی نے سنا کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کہہ رہے تھے کہ میں رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی کے لیے پیغام نکاح دوں گا پھر میں نے سوچا کہ بخدا میرے پاس تو کوئی چیز نہیں ہے اس کے بعد مجھے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عطاو بخشش یاد آئی تو میں نے حضرت بتول زہرا کے لیے حضور کی خدمت اقدس میں پیغام دے دیا حضور نے فرمایا کیا تمھارے پاس کوئی چیز ہے؟ میں نے کہا

نہیں، فرمایا تمھاری حطمیہ زرہ کہاں ہے جسے میں نے تمھیں فلاں دن دیا تھا میں نے عرض کی وہ میرے پاس موجود ہے حضور نے فرمایا اسی کو مہر میں دے دو۔ (مولف)

ابن اسحاق سیرت کبریٰ میں حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے راوی

انہ خطب فاطمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فقال لہ النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ھل عندک من شی قلت لا قال فما فعلت الدرع الحی سلحتکھا یعنی من مغانم بدر.

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے پیغام نکاح دیا تو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تمھارے پاس کچھ ہے میں نے عرض کی نہ فرمایا تم نے اس زرہ کو کیا کیا جو میں نے تمھیں پہنائی تھی یعنی بدر کی غنیمت میں سے۔ (مولف)

امام احمد مناقب میں ابوداؤد اور ابو حاتم رازی اور ابن حبان حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی:

قال جاء ابو بکر ثم عمر یخطبان فاطمۃ الی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فسکت و لم یرجع الیھما شیئا فانطلقا الی علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یامر انہ بطلب ذلک قال علی فنبھانی لامر کنت عنہ غافلا فقمت اجر ردائی حتی اتیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقلت تزوجنی فاطمۃ قال عندک شی فقلت فرسی و بدنی قال فاما فرسک فلا بد لک منھا و اما بدنک فبعھا فبعتھا باربعۃ مائۃ و ثمانین درھما فجئتہ بھا فوضعتھا فی حجرہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقبض منھا قبضۃ فقال ای بلال ابتع بھا طیبا و امرھم ان یجھزوھا فجعل لھا سریر مشروط و وسادۃ من ادم

حشوها ليف و قال لعلي اذا اتتك فلا تحدث شيئا حتى اتيك فجاء ت مع ام ايمن حتى قعدت في جانب البيت و انا في جانب و جاء رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم . الحديث.

حضرت ابوبکر صدیق پھر عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے لیے پیغام نکاح لے کر خدمت اقدس سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوئے حضور نے سکوت فرمایا اور کوئی جواب نہیں دیا دونوں حضرات حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئے کہ ان سے اس کے طلب کرنے کے لیے کہیں، حضرت علی نے کہا مجھے ان دونوں نے ایسے معاملہ کی تنبیہ کی جس سے میں غافل تھا پھر میں چادر سمیٹتے ہوئے اٹھا اور خدمت اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوکر عرض کیا کہ فاطمہ سے میرا عقد فرمادیجیے حضور نے فرمایا تمھارے پاس کچھ ہے؟ میں نے عرض کی میرے پاس میرا گھوڑا اور میرا اونٹ ہے حضور نے فرمایا گھوڑا تو تمھارے لیے ضروری ہے رہا اونٹ تو اسے فروخت کردو تو میں نے اسے چار اسی درہم میں فروخت کر کے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آغوش رحمت میں لاکر رکھ دیا۔ حضور نے ان میں سے ایک مشت لے کر حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ اس سے خوشبو خرید لاؤ اور جہیز تیار کرنے کا بھی حکم فرمایا تو ان کے لیے ایک بان کی چارپائی بنوائی اور ایک چمڑے کا تکیہ جس میں کھجور کے درخت کی چھال تھی ۔ اور حضور نے حضرت علی سے فرمایا جب فاطمہ تمھارے گھر آئے تو میرے آنے تک ان سے کچھ بات نہ کرنا، پھر حضرت فاطمہ ام ایمن کے ساتھ آکر گھر کے ایک گوشہ میں بیٹھ گئیں اور میں بھی ایک گوشہ میں تھا پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے۔ (مولف)

اور خمیس کی روایت میں ہے:

خطبها فزوجها النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم على اربعمائة و ثمانين درهما الخ.

علی نے فاطمہ کے لیے پیغام نکاح دیا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چار سو اسی درہم پر عقد فرمادیا۔ (مولف)

حافظ رضی الدین ابو الخیر احمد بن اسماعیل القزوینی الحاکمی وابوعلی الحسن بن شاذان انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حدیث طویل میں راوی :

قال فیه فی خطبة النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم ثم ان الله امرنی ان ازوج فاطمة من علی بن ابی طالب فاشهدوا انی قد زوجته علی اربعمائة مثقال فضة ان رضی بذلک علی ثم دعا النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بطبق من بسر ثم قال انتهبوا فانتهبا و دخل علی فتبسم النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فی وجهه ثم قال ان الله عزوجل امرنی ان ازوجک فاطمة علی اربعمائة مثقال فضة ارضیت بذلک فقال قد رضیت بذلک یا رسول الله فقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم جمع الله شملکما و اعز جدکما و بارک علیکما و اخرج منکما کثیرا طیبا قال انس فوالله لقد اخرج منهما الکثیر الطیب .

سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم فرمایا کہ میں علی سے فاطمہ کا نکاح کردوں تو تم لوگ گواہ ہو جاؤ کہ میں نے چار سو مثقال چاندی پر اس سے نکاح کر دیا بشرط کہ علی اس پر راضی ہو جائے۔ پھر حضور نے تازہ کھجوروں کا ایک طشت منگا کر فرمایا کہ اسے لوٹو ہم نے انھیں لوٹا اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حاضر ہوئے تو حضور مسکرائے اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم فرمایا کہ چار سو مثقال چاندی پر تم سے فاطمہ کا عقد کردوں کیا تم اس سے راضی ہو، علی نے عرض کی یارسول اللہ میں اس سے راضی ہوں پھر حضور نے دعا فرمائی کہ اللہ تعالیٰ تمھارے متفرق امور کو جمع فرمادے اور تمھارے نصیبے کو معزز بنادے اور تم پر برکت نازل فرمائے اور تم دونوں سے بہت زیادہ طیب وطاہر اولاد ظاہر کرے۔ حضرت انس کہتے ہیں کہ بخدا ان دونوں سے بہت زیادہ طیب اولاد ظاہر فرمائی۔ (مولف)

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں :

ان علیا رضی اللہ تعالیٰ عنہ لما تزوج بنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اراد ان یدخل بھا فمنعہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حتی یعطیھا شیئا فقال یا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لیس لی شی فقال اعطھا درعک فاعطاھا درعہ ثم دخل بھا. لفظ ابی داؤد و رواہ النسائی.

بیشک حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب بتول زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے شادی کی اور ان کے پاس جانے کا ارادہ کیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کچھ دینے سے پہلے جانے سے منع فرمادیا۔ علی نے عرض کی یا رسول اللہ میرے پاس تو کچھ نہیں ہے حضور نے فرمایا اپنی زرہ دے دو تو حضرت علی نے فاطمہ کو زرہ دے دی پھر دخول فرمایا۔ یہ ابوداؤد کے لفظ ہیں اور اسے نسائی نے بھی روایت کیا ہے۔

ابن سعد طبقات میں جعفر بن محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

اصدق علی فاطمۃ درعا من حدید

امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو لوہے کی ایک زرہ مہر میں دی۔ (مولف)

ابن سعد طبقات میں عکرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قال لعلی حین زوجہ فاطمۃ اعطھا درعک الحطمیۃ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نکاح حضرت بتول زہراء سے کردیا تو حضور نے حضرت علی سے فرمایا کہ فاطمہ کو حطمیہ زرہ مہر میں دے دو۔ (حطمیہ وہ زرہ جو

ایک شخص حطمہ تامی کی جانب منسوب ہے اور بقول بعض تلوار کو توڑ دینے والی زرہ اور بعض کے نزدیک سخت زرہ جو بھاری اور چوڑی ہو۔) (مولف)

ابوداؤد و سنن میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی

قال لما تزوج علی فاطمة رضی الله تعالی عنهما قال له رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم اعطها شیئا قال ما عندی شی قال این درعک الحطمیة.

جب حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بتول زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے عقد فرمایا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ فاطمہ کو کچھ دو عرض کی میرے پاس تو کچھ نہیں ہے۔ حضور نے فرمایا تمہاری حطمی زرہ کہاں ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۵، ص ۴۹۳، ۴۹۴، ۴۹۵)

حضرت علی جنت البقیع میں

امام احمد تاریخ نیشاپور اور بیہقی اور ابن عساکر دمشق میں سعید بن مسیب سے راوی:

قال دخلنا مقابر المدینة مع علی بن ابی طالب فنادی یا اهل القبورُ السلام علیکم و رحمة الله تخبرونا باخبارکم تریدون ان نخبرکم قال فسمعت صوتا و علیک السلام و رحمة الله وبرکاته یا امیر المومنین خبرنا عما کان بعدنا فقال علی رضی الله تعالیٰ عنه اما ازواجکم فقد تزوجن و اما اموالکم فقد اقتسمت و الاولاد فقد حشروا فی زمرة الیتامی و البناء الذی شیدتم فقد سکن اعداء کم فهذه اخبار ما عندنا فما عندکم فاجابه میت فقد تخرقت الاکفان و انتثرت الشعور و تقطعت الجلود و سالت الاحداق علی الخدود و سالت المناخیر بالقیح و الصدید و ما قدمناه ربحناه و ما خلفناه خسرناه و نحن مرتهنون بالاعمال.

یعنی ہم مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے ہمرکاب مقابر مدینہ طیبہ میں داخل ہوئے۔ حضرت مولا نے اہل قبر پر سلام کر کے فرمایا تم ہمیں اپنی خبریں بتاؤ گے یا یہ چاہتے ہو کہ ہم تمھیں خبر دیں۔ سعید بن مسیب فرماتے ہیں میں نے آواز سنی کسی نے حضرت مولا کو جواب سلام دے کر عرض کی یا امیر المومنین آپ بتایئے ہمارے بعد کیا گزری۔ امیر المومنین کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے فرمایا تمھاری عورتوں نے تو نکاح کر لیے اور تمھارے مال سو وہ بٹ گئے اور اولاد یتیموں کے گروہ میں اٹھی اور وہ تعمیر جس کا تم نے استحکام کیا تھا اس میں تمھارے دشمن بسے۔ ہمارے پاس کی خبریں تو یہ ہیں۔ اب تمھارے پاس کیا خبر ہے ایک مردے نے عرض کی کہ کفن پھٹ گئے، بال جھڑ پڑے، کھالوں کے پرزے پرزے ہو گئے، آنکھوں کے ڈھیلے بہہ کر گالوں تک آئے، نتھنوں سے پیپ اور گندہ پانی جاری ہے اور جو آگے بھیجا تھا اس کا نفع ملا اور جو پیچھے چھوڑا اس کا خسارہ ہوا اور ہم اپنے اعمال میں محبوس ہیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۱۷۲۔ حیات الموات)

مولیٰ علی کی نماز عصر

حضور پر نور سید الانوار ماہ عرب و مہر عجم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ڈوبا ہوا آفتاب پلٹ آیا مغرب ہو کر پھر عصر کا وقت ہو گیا یہاں تک کہ امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے نماز عصر ادا کی۔

اسے طحاوی و امام قاضی عیاض و امام مغلطائی و امام قطب خیضری و امام حافظ الشان عسقلانی و امام خاتم الحفاظ سیوطی وغیرہم اجلہ اکرام نے حسن و صحیح کہا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۳۴۔ منیر العین)

اذان دافع غم ہے

مسند الفردوس میں حضرت جناب امیر المومنین مولیٰ المسلمین سیدنا علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے مروی

قال رأنی النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حزینا فقال یا ابن ابی طالب انی اراک حزینا فمرّ بعض اھلک یوذن فی اذنک فانہ درء للھم .

یعنی مجھے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غمگین دیکھا ارشاد فرمایا اے علی میں تجھے غمگین پاتا ہوں اپنے کسی گھر والے سے کہہ کہ تیرے کان میں اذان کہے اذان غم و پریشانی کی دافع ہے۔

مولیٰ علی اور مولیٰ علی تک جس قدر اس حدیث کے راوی ہیں سب نے فرمایا

فجربتہ فوجدتہ کذلک

ہم نے اسے تجربہ کیا تو ایسا ہی پایا۔ اسے ابن حجر نے بیان کیا ہے جیسا کہ مرقاۃ میں ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۶۷۶۔ ایذان الاجر)

حضرت علی کو کھانا کھلانا محبوب ہے

سیدنا امیر المومنین مولیٰ المسلمین علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنیٰ فرماتے ہیں :

لان اجمع نفرا من اخوانی علی صاع او صاعین من طعام احب الی من ان ادخل سوقکم فاشتری رقبۃ فاعتقھا.

میں اپنے چند برادران دینی کو تین سیر، چھ سیر کھانے پر اکٹھا کروں تو یہ مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے کہ تمہارے بازار میں جاؤں اور ایک غلام خرید کر آزاد کروں۔ (راد القحط والوباء)

علم علی کی وسعت

ابن النجار ابو المعتمر مسلم بن اوس و جاریہ بن قدامہ سعدی سے راوی کہ امیر المومنین ابو الائمہ

الطاہرین سیدنا علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے فرمایا :

سلونی قبل ان تفقدونی فانی لا اسئل عن شی دون العرش الا اخبرت عنه .

مجھ سے سوال کرو قبل اس کے کہ مجھے نہ پاؤ کہ عرش کے نیچے جس کسی چیز کو مجھ سے پوچھا جائے میں بتادوں گا۔

عرش کے نیچے کرسی ہفت آسمان ہفت زمین اور آسمانوں اور زمینوں کے درمیان جو کچھ ہے تحت الثریٰ تک سب داخل ہے، مولیٰ علی فرماتے ہیں کہ اس سب کو میرا علم محیط ہے ان میں جو شی مجھ سے پوچھو میں بتادوں گا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

امام ابن الانباری کتاب المصاحف میں اور امام ابوعمر بن عبدالبر کتاب العلم میں ابوالطفیل عامر بن واثلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قال شهدت علی بن ابی طالب یخطب فقال فی خطبته سلونی فو الله لا تسالونی عن شی الی یوم القیامة لا حدثنکم به .

میں مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے خطبہ میں حاضر تھا امیر المومنین نے خطبہ میں ارشاد فرمایا مجھ سے دریافت کرو کہ خدا کی قسم قیامت تک جو چیز ہونے والی ہے مجھ سے جو کچھ پوچھو میں بتادوں گا۔

امیر المومنین فرماتے ہیں کہ میرا علم قیامت تک کی تمام کائنات کو حاوی ہے۔

یہ دونوں حدیثیں امام جلیل جلال الملۃ والدین سیوطی نے جامع کبیر میں ذکر فرمائیں۔

جفر و جامعہ دو کتاب

علامہ سید شریف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شرح مواقف میں فرماتے ہیں :

الجفر و الجامعة كتابان لعلي رضي الله تعالىٰ عنه قد ذكر فيهما على طريقة علم الحروف الحوادث التي تحدث الي انقراض العالم و كانت الائمة المعروفون من اولاده يعرفونها و يحكمون بهما في كتاب قبول العهد الذي كتبه علي بن موسىٰ رضي الله تعلى عنهما الى المامون انك قدعرفت من حقوقنا ما لم يعرفه آباءك فقبلت منك عهدك الا ان الجفر و الجامعة يدلان على انه لا يتم . و لمشائخ المغاربة نصيب من علوم الحروف ينتسبون فيه الى اهل البيت و رايت انا بالشام نظما اشير فيه بالرموز الى احوال ملوك مصر و سمعت انه مستخرج من ذينك الكتابين .

یعنی جفر و جامعہ امیر المومنین علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کی دو کتابیں ہیں بیشک امیر المومنین نے ان دونوں میں علم الحروف کی روش پر ختم دنیا تک جتنے وقائع ہونے والے ہیں سب ذکر فرما دیے ہیں اور ان کی اولاد امجاد سے ائمہ مشہورین رضی اللہ تعالیٰ عنہم ان کتابوں کے رموز پہچانتے اور ان سے احکام لگاتے تھے اور مامون رشید نے جب حضرت امام علی رضا بن امام موسیٰ کاظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اپنے بعد ولی عہد کیا اور خلافت نامہ لکھ دیا۔ امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے قبول میں فرمان بنام مامون رشید تحریر فرمایا اس میں ارشاد فرماتے ہیں کہ تم نے ہمارے حق پہچانے جو تمھارے باپ دادا نے نہ پہچانے، اس لیے میں تمھاری ولی عہدی قبول کرتا ہوں مگر جفر و جامعہ بتا رہی ہیں کہ یہ کام پورا نہ ہوگا (چنانچہ ایسا ہی ہوا اور امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مامون رشید ہی کی زندگی میں شہادت پائی) اور مشائخ مغرب اس علم سے حصہ اور اس میں اہل بیت کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اپنے انتساب کا سلسلہ رکھتے ہیں۔ اور میں نے ملک شام میں ایک نظم دیکھی جس میں شاہان مصر کے احوال کی طرف رمزوں میں اشارہ کیا ہے میں نے سنا کہ وہ احکام انھیں دونوں کتابوں سے نکالے ہیں۔ (خالص الاعتقاد)

علی بمنزلہ ہارون ہیں

متعدد ائمہ حدیث نے یہ حدیث روایت کی کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوۂ تبوک کو تشریف لے جاتے وقت امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کو مدینے میں چھوڑا امیر المومنین نے عرض کی یا رسول اللہ حضور مجھے عورتوں اور بچوں میں چھوڑے جاتے ہیں فرمایا:

اما ترضی ان تکون منی بمنزلة هارون من موسیٰ غیر انه لا نبی بعدی .

یعنی کیا تم اس پر راضی نہیں کہ تم یہاں میری نیابت میں ایسے رہو جیسے موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام جب اپنے رب سے کلام کے لیے حاضر ہوئے ہارون علیہ الصلاۃ والسلام کو اپنی نیابت میں چھوڑ گئے تھے ہاں یہ فرق ہے کہ ہارون نبی تھے میں جب سے نبی ہوا دوسرے کے لیے نبوت نہیں۔

مسند و مستدرک میں حدیث ابن عباس یوں ہے۔

الا ترضی ان تکون بمنزلة هارون من موسیٰ الا انک لست بنبی .

کیا تم راضی نہیں کہ بمنزلہ ہارون کے ہو موسیٰ سے مگر یہ کہ تم نبی نہیں۔

حضرت اسماء کی حدیث اس طرح ہے

قالت هبط جبریل علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال یا محمد ان ربک یقرئک السلام و یقول لک علی منک بمنزلة هارون من موسیٰ لکن لا نبی بعدک .

جبریل امین علیہ الصلاۃ والسلام نے حاضر ہو کر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی حضور کا رب حضور کو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے علی تمہاری نیابت میں ایسا ہے جیسا موسیٰ کے لیے ہارون مگر

تمھارے بعد کوئی نبی نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

مسند امام احمد میں حدیث امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یوں ہے کسی نے ان سے ایک مسئلہ پوچھا فرمایا:

اسأل عنها عليا فهو اعلم .

مولیٰ علی سے پوچھو وہ اعلم ہیں۔

سائل نے کہا یا امیر المومنین مجھے آپ کا جواب ان کے جواب سے زیادہ محبوب ہے، فرمایا

بئسما قلت لقد كرهت ، رجلا كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يعزه بالعلم عزا و لقد قال له انت منى بمنزلة هارون من موسىٰ الا انه لا نبى بعدى و كان عمر اذا اشكل عليه شى اخذ منه .

تو نے سخت بری بات کہی ایسے کو ناپسند کیا جس کے علم کی نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عزت فرماتے تھے اور بیشک حضور نے ان سے کہا تجھے مجھ سے وہ نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جب کسی بات میں شبہ پڑتا ان سے حاصل کرتے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

خطیب حضرت امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

انما على بمنزلة هارون من موسىٰ الا انه لا نبى بعدى .

علی ایسا ہے جیسا موسیٰ سے ہارون (کہ بھائی بھی اور نائب بھی) مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

امام احمد مناقب امیر المومنین علی میں مختصراً اور بغوی وطبرانی اپنی معاجیم باوردی معرفت ابن عدی کامل ابو احمد حاکم کنی میں بطریق امام بخاری ابن عساکر تاریخ میں سب زید بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہم حدیث طویل مواخات صحابہ میں راوی۔

جب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باہم صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں بھائی چارا کیا امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے عرض کی میری جان نکل گئی اور پیٹھ ٹوٹ گئی۔ یہ دیکھ کر حضور نے اصحاب کے ساتھ کیا جو میرے ساتھ نہ کیا یہ اگر مجھ سے کسی ناراضی کے سبب ہے تو حضور کے لیے منانا اور عزت ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

و الذی بعثنی بالحق ما اخرتک الا لنفسی و انت منی بمنزلة هارون من موسیٰ غیر انه لا نبی بعدی .

قسم اس کی جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا میں نے تمھیں خاص اپنے لیے رکھ چھوڑا ہے تم مجھ سے ایسے ہو جیسے ہارون موسیٰ سے مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ تم میرے بھائی اور وارث ہو امیر المومنین نے عرض کی مجھے حضور سے کیا میراث ملے گی فرمایا جو اگلے انبیاء کو ملی عرض کی انھیں کیا ملی تھی؟ فرمایا خدا کی کتاب اور نبی کی سنت اور تم میرے ساتھ جنت میں میری صاحبزادی کے ساتھ میرے محل میں ہو گے اور تم میرے بھائی اور رفیق ہو۔

ابن عساکر عقیل بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا خدا کی قسم میں تمھیں دو جہت سے دوست رکھتا ہوں ایک تو قرابت دوسرے یہ کہ ابو طالب کو تم سے محبت تھی۔ اے جعفر تمھارے اخلاق میرے اخلاق کریمہ سے مشابہ ہیں۔

واما انت یا علی فانت منی بمنزلة هارون من موسیٰ غیر انی لا نبی بعدی .

تم اے علی مجھ سے ایسے ہو جیسے موسیٰ سے ہارون مگر یہ کہ میرے بعد نبی نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وبارک وسلم۔

نبوت میں علی کا حصہ نہیں

ابو نعیم حلیۃ الاولیاء میں حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

یا علی اخصمک بالنبوۃ و لا نبوۃ بعدی.

اے علی میں مناصب جلیلہ وخصائص کثیرہ جزیلہ نبوت میں تجھ پر غالب ہوں اور میرے بعد نبوت اصلاً نہیں۔

حضرت علی کی شفایابی

ابن ابی عاصم اور ابن جریر بافادۂ تصحیح اور طبرانی اوسط اور ابن شاہین کتاب السنۃ میں امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے راوی میں بیمار تھا خدمت اقدس حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حاضر ہوا حضور نے مجھے اپنی جگہ کھڑا کیا اور خود نماز میں مشغول ہوئے ردائے مبارک کا آنچل مجھ پر ڈال لیا پھر بعد نماز فرمایا۔

برئت یا ابن ابی طالب فلا باس علیک ما سالت اللہ لی شیئا الا سالت لک مثلہ و لا سالت اللہ شیئا الا اعطانیہ غیر انہ قیل لی انہ لا نبی بعدک.

اے ابن ابی طالب تم اچھے ہو گئے تم پر کچھ تکلیف نہیں میں نے اللہ عزوجل سے جو کچھ اپنے لیے مانگا تمھارے لیے بھی اس کی مانند سوال کیا اور میں نے جو کچھ چاہا رب عزوجل نے مجھے عطا فرمایا مگر مجھ سے

یہ فرمایا گیا کہ تمھارے بعد کوئی نبی نہیں۔ مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم فرماتے ہیں میں اسی وقت ایسا تندرست ہو گیا گویا بیمار ہی نہ تھا۔

فائدہ

یہ حدیث امیر المومنین کے لیے مرتبہ صدیقیت کا حصول بتاتی ہے صدیقیت ایک مرتبہ تلو نبوت ہے کہ اس کے اور نبوت کے بیچ میں کوئی مرتبہ نہیں مگر ایک مقام ادق واخفی کہ نصیبۂ حضرت صدیق اکبر اکرم واتقی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے تو اجناس و انواع و اصناف فضائل و کمالات و بلندی درجات میں خصائص وملزومات نبوت کے سوا صدیقین ہر عطیہ بہیہ کے لائق واہل ہیں۔ اگر چہ باہم ان میں تفاوت وتفاضل کثیر و وافر ہو۔

حضرت علی کو ''کرم اللہ تعالیٰ وجہہ'' کہنے کی وجہ

علماء فرماتے ہیں ابو بکر صدیق صدیق اکبر ہیں اور علی مرتضیٰ صدیق اصغر، صدیق اکبر کا مقام اعلیٰ صدیقیت سے بلند و بالا ہے۔ نسیم الریاض شرح شفائے امام قاضی عیاض میں ہے :

اما تخصيص ابى بكر رضى الله تعالىٰ عنه فلا نه الصديق الاكبر الذى سبق الناس كلهم لتصديقه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و لم يصدر منه غيره قط و كذا على كرم الله تعالىٰ وجهه فانه يسمى الصديق الاصغر الذى لم يتلبس بكفر قط و لم يسجد لغير الله مع صغره و كون ابيه على غير الملة و لذا خص بقول على كرم الله تعالىٰ وجهه .

خاص طور سے ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو صدیق اکبر اس لیے کہا جاتا ہے کہ وہ تصدیق رسالت میں سب لوگوں پر سبقت وفوقیت لے گئے اور اس کے خلاف ان سے کبھی کوئی بات سرزد نہیں ہوئی

اسی طرح حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو صدیق اصغر کہا جاتا ہے کیوں کہ وہ کبھی کفر وشرک کی آلودگی سے ملوث نہ ہوئے نہ غیر اللہ کو سجدہ کیا جب کہ وہ ایمان لانے کے وقت چھوٹے تھے اور ان کے باپ ابوطالب ملت کفر پر تھے اس لیے حضرت علی کو خاص طور سے ''کرم اللہ تعالیٰ وجہہ'' کہا جاتا ہے اور یہ ان کی خصوصیت ہے۔ (مولف)

دو شخص ہلاک ہوں گے

عبداللہ بن احمد زوائد مسند میں اور ابویعلی و دورقی و حاکم و ابن ابی عاصم و ابن شاہین امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے راوی کہ انھوں نے فرمایا:

دعاني رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فقال يا علي ان فيک من عيسىٰ مثلاً ابغضته اليهود حتى بهتوا امه و احبته النصارىٰ حتى انزلوه بالمنزلة التي ليس بها و قال علي الا و اني يهلک في رجلان محب مطر لي يقرظني بما ليس في و مبغض مفتر يحمله شنأني على ان يبهتني الاواني لست بنبي و لا يوحى الي و لكني اعمل بكتاب الله فحق عليكم طاعتي فيما احببتم و كرهتم او بمعصية انا و غيري فلا طاعة لاحد في معصية الله انما الطاعة في المعروف.

مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلا کر ارشاد فرمایا اے علی تجھ میں ایک کہاوت عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کی طرح ہے یہود نے ان سے دشمنی کی یہاں تک کہ ان کی ماں پر بہتان باندھا اور نصاریٰ ان کے دوست بنے یہاں تک کہ جو مرتبہ ان کا نہ تھا وہاں جا اتارا۔ مولیٰ علی فرماتے ہیں سن لو میرے معاملہ میں دو شخص ہلاک ہوں گے ایک دوست میری تعریف میں حد سے بڑھنے والا جو میرا وہ مرتبہ بتائے گا جو مجھ میں نہیں اور ایک دشمن مفتری جسے میری عداوت اس پر باعث ہوگی کہ مجھ پر تہمت اٹھائے سن لو میں نہ تو نبی

ہوں نہ مجھ پر وحی آتی ہے میں تو جہاں تک ہو سکے اللہ عزوجل کی کتاب اور اس کے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت پر عمل کرتا ہوں تو میں جب تمہیں اطاعت الٰہی کا حکم دوں تو میری فرماں برداری تم پر لازم ہے چاہے تمہیں پسند ہو خواہ ناگوار اور اگر معصیت کا حکم دوں، میں یا کوئی تو اللہ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں اطاعت تو مشروع بات میں ہے۔ (جزاء اللہ عدوہ بابا ءہ ختم النبوۃ)

فاتح باب خیبر

صحیحین میں سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے خیبر کی حدیث میں ہے کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا واللہ کل ضرور یہ نشان اس مرد کو دوں گا جس کے ہاتھ پر اللہ فتح کرے وہ اللہ و رسول کو دوست رکھتا ہے اور اللہ و رسول اسے دوست رکھتے ہیں دوسرے دن وہ نشان حضور نے مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کو عطا فرمایا۔

حضرت علی کو اپنی شہادت کا علم

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

جب وہ رات آئی جس کی صبح حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے شہادت پائی اس رات میں بار بار مکان سے باہر تشریف لاتے اور آسمان کی طرف نظر فرماتے اور کہتے خدا کی قسم نہ میں غلط کہتا ہوں نہ مجھ سے غلط کہا گیا، یہ وہی رات ہے جس کا مجھ سے وعدہ کیا گیا ہے اور بطیں حضور کی طرف حضور کے مواجہہ میں چلاتی ہوئی آئیں لوگوں نے ان کو ہانکا فرمایا رہنے دو کہ یہ نوحہ کر رہی ہیں۔ (الدولۃ المکیۃ)

حضرت علی کی نماز عصر

حضور پرنور سید الانوار ماہ عرب مہر عجم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ڈوبا ہوا آفتاب پلٹ آیا، مغرب

ہو کر پھر عصر کا وقت ہو گیا یہاں تک کہ امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے نماز عصر ادا کی۔

اسے طحاوی و امام قاضی عیاض و امام مغلطائی و امام قطب خیضری و امام حافظ الشان عسقلانی و امام خاتم الحفاظ سیوطی و غیرہم اجلہ علمائے کرام نے حسن و صحیح کہا۔

(فتاویٰ رضویہ، ج ۲، ص ۶۳۴ ـ منیر العین)

ایک موقع پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

اہم فرائض ارکان ہیں اور اہم ارکان اربعہ نماز اور تعظیم و محبت حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قطعاً نماز سے اہم و اعظم۔ غزوۂ خیبر سے پلٹتے ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منزل صہبا میں بعد نماز عصر سیدنا امیر المومنین مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم کے زانوئے مبارک پر سر اقدس رکھ کر آرام فرمایا۔ مولیٰ علی مشکل کشا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی نے ابھی نماز نہ پڑھی تھی جب وقت تنگ ہونے پر آیا مضطرب ہوئے کہ اگر اٹھتا ہوں محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خواب راحت میں خلل آتا ہے۔ معہذا کیا معلوم کہ حضور کو خواب میں کیا وحی ہو رہی ہے اور اگر بیٹھا رہتا ہوں نماز جاتی ہے۔ آخر وہی تعظیم و محبت کا پلہ غالب آیا اور اسد اللہ الغالب نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جگا دینے پر نماز جانے کو گوارا کیا۔

حتی توارت بالحجاب .

یہاں تک کہ آفتاب ڈوب گیا۔

اب کہ وقت مغرب ہوا سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چشم حق بین کھلی مولیٰ علی کو مضطرب پایا سبب دریافت کیا عرض کی یا رسول اللہ میں نے عصر کی نماز نہ پڑھی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دست مشکل کشائی بلند فرمائے اور اپنے رب عزوجل سے عرض کی :

الٰہی علی تیرے رسول کے کام میں تھا۔ اور آفتاب کو حکم دیا کہ پلٹ آئے فوراً ڈوبا ہوا سورج افق

غربی سے حکم باندھا ہوا کھنچا چلا آیا وقت عصر ہو گیا۔ امیر المومنین نے نماز ادا فرمائی پھر ڈوب گیا۔

امام اجل ابو جعفر طحاوی وغیرہ ائمہ نے اس حدیث کی تصحیح فرمائی۔

حضرت علی حضور کی پرورش میں

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احسانات ونوازشات کا ذکر کرتے ہوئے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

سیدنا امیر المومنین مولیٰ علی مشکل کشا کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الاسنی پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بے پایاں احسانات ہیں، انھوں نے پرورش ہی مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مال سے پائی۔

حدیث میں ہے قبل ظہور نور نبوت مکہ معظمہ میں گرانی ہوئی حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سیدنا عباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرمایا تم دیکھتے ہو کہ زمانہ گرانی کا ہے اور ابو طالب کے عیال کثیر، آؤ کہ ہم ان پر تخفیف فرمادیں یہ فرما کر حضور اور حضور کے ہمراہ رکاب حضرت عباس، ابو طالب کے پاس تشریف لائے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مولیٰ علی کو اپنی پرورش میں لے لیا اور حضرت عباس نے حضرت جعفر یا حضرت عقیل کو۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم پھر تتمیم نعمت کبریٰ تزویج حضرت بتول زہرا سے ہوئی۔ صلی اللہ تعالیٰ علی ابیہا وعلیہا وعلی بعلہا وابنیہا وبارک وسلم۔ (ماخوذ از حیات اعلیٰ حضرت جلد اول)

اشعار

امام احمد رضا بریلوی نے حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کی توصیف میں یہ نغمہ سرائی کی ہے:

در نجف ہوں گوہر پاک خوش آب ہوں
یعنی تراب رہ گزر بو تراب ہوں

•

مولیٰ علی نے واری تیری نیند پر نماز
اور وہ بھی عصر سب سے جو اعلیٰ خطر کی ہے

صدیق بلکہ غار میں جان اس پہ دے چکے
اور حفظ جاں تو جان فروض غرر کی ہے

ہاں تو نے ان کو جان انھیں پھیر دی نماز
پر وہ کر چکے تھے جو کرنی بشر کی ہے

ثابت ہوا کہ جملہ فرائض فروع ہیں
اصل الاصول بندگی اس تاجور کی ہے

•

مرتضیٰ شیر خدا مرحب کشا خیبر کشا
سرورا لشکر کشا مشکل کشا امداد کن

اے خدا را تیغ وائے اندام احمد را سپر
یا علی یا بو الحسن یا بو العلی امداد کن

یا ید اللہ یا قوی یا زور بازوئے نبی
من زپا افتادم اے دست خدا امداد کن

اے تنت درراہ مولیٰ خاک وجانت عرش پاک
بو تراب اے خاکیاں را پیشوا امداد کن

اے شب ہجرت بجائے مصطفیٰ بررخت خواب
اے دم شدت فدائے مصطفیٰ امداد کن

اے عدوئے کفر و رفض و تفضیل وخروج
اے علو سنت و دین ہدیٰ امداد کن

•

السلام اے احمدت صہر و برادر آمدہ
حمزہ سردار شہیدا عم اکبر آمدہ

بنت احمد رونق کاشانہ و بانوے تو
گوشت و خون تو بلحمش شیر و شکر آمدہ

ہر دو ریحان نبی گلہائے تو زاں گل زمیں
بہر گل چینت زمین باغ بر تر آمدہ

اصل مشکل کشا کن بروئے من در رحمت کشا
اے بنام تو مسلم فتح خیبر آمدہ

مرحبا اے قاتل مرحب امیر الاشجعین
در ظلال ذو الفقارت شور محشر آمدہ

•

بہر تسلیم علی میداں میں
سر جھکے رہتے ہیں تلواروں کے

•

در درج نجف مہر برج شرف — رنگ روئے شہادت پہ لاکھوں سلام
مرتضیٰ شیر حق اشجع الاشجعین — ساقی شیر و شربت پہ لاکھوں سلام
اصل نسل صفا وجہ وصل خدا — باب فضل ولایت پہ لاکھوں سلام
اولیں دافع اہل رفض و خروج — چار می رکن ملت پہ لاکھوں سلام
شیر شمشیر زن شاہ خیبر شکن — پر تو دست قدرت پہ لاکھوں سلام
ماحی رفض و تفضیل و نصب و خروج — حامی دین و سنت پہ لاکھوں سلام

•

تشنہ لب تر دامنو مژدہ کہ ہیں — ساقی نہر لبن مولیٰ علی
باغبان اللہ گلبن مصطفیٰ — عندلیب نغمہ زن مولیٰ علی

•

علی مرتضیٰ تو ہے وصی مصطفیٰ تو ہے
میرا حاجت روا تو ہے مرا مشکل کشا تو ہے

(حدائق بخشش)

اصحاب صفہ

رضی اللہ تعالیٰ عنہم

کیوں جناب بو ہریرہ کیسا تھا وہ جام شیر
جس سے ستر صاحبوں کا دودھ سے منہ پھر گیا

للفقراء الذین احصروا فی سبیل اللہ لا یستطیعون ضربا فی الارض یحسبھم الجاھل اغنیاء من التعفف تعرفھم بسیمھم لا یسئلون الناس الحافا و ما تنفقوا من خیر فان اللہ بہ علیم۔

ان فقیروں کے لیے جو راہ خدا میں روکے گئے زمین میں چل نہیں سکتے نادان انھیں تونگر سمجھے بچنے کے سبب تو انہیں ان کی صورت سے پہچان لے گا لوگوں سے سوال نہیں کرتے کہ گڑگڑانا پڑے اور تم جو خیرات کرو اللہ اسے جانتا ہے۔ (البقرۃ/۲۷۳)

اصحاب صفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم

قاضی عیاض رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کہتے ہیں کہ صفہ مسجد نبوی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اختتام پر ایک سائبان تھا جس میں فقراء و مساکین صحابہ جو اہل و عیال نہیں رکھتے تھے رہتے تھے۔ اسی مکان کی نسبت سے ان کو اصحاب صفہ کہتے ہیں۔

اور ذہبی کہتے ہیں کہ تحویل سے پیشتر قبلہ مسجد کے شمالی جانب تھا لیکن جب قبلہ کی تحویل ہوئی تو قبلہ اول کی دیوار اس کی جگہ پر قائم رکھی تا کہ مساکین و فقراء کے لیے بھی جگہ رہے۔

اصحاب صفہ کے نکاح کر لینے، موت آ جانے یا مسافرت کے اختیار کرنے کی وجہ سے ان کی تعداد میں کمی بیشی ہوتی رہتی تھی۔

حافظ ابو نعیم نے اپنی کتاب حلیہ میں ایک سو سے زیادہ ان کے نام شمار کیے ہیں۔ ان کی خواب گاہ بھی مسجد میں تھی یہ لوگ اس کے علاوہ کوئی دوسری جگہ نہیں رکھتے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بحکم الٰہی و اصبر نفسک مع الذین یدعون ربھم (اور روکے اپنی جان کو ان لوگوں کے ساتھ جو پکارتے ہیں اپنے رب کو) ان لوگوں کے ساتھ آپ کی ہم نشینی مخصوص تھی۔

دلا خوش باش کاں سلطان دیں را
بدر ویشاں و مسکیناں سرے ہست

اے دل خوش رہو کہ سلطان دین و دنیا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فقیروں اور مسکینوں کے سردار ہیں۔

اکثر اوقات ان حضرات کی کئی کئی جماعتیں سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے در پر بھوک کی سختی اور انتہائی پریشانی سے پڑی رہتی تھیں۔ انھیں دیکھ کر آنے والوں کو خیال گزرتا تھا کہ شاید یہ دیوانے ہیں

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لاتے اور تسلی دیتے ہوئے فرماتے کہ تم لوگ بہ امن ہو۔ اور مزید فرماتے کہ اگر تم لوگ اپنے اس مرتبہ سے آگاہ ہو جاؤ جو تمھارا مرتبہ خدا کے سامنے ہے تو تم لوگ یہ خواہش کرنے لگو کہ فقر و فاقہ زائد ہو جائے۔

کبھی کبھی ان میں سے دو دو ایک ایک کو اپنے مالدار اصحاب کے سپرد فرما دیتے تھے کہ ان کی مہمانی کریں جو باقی رہ جاتے ان کو اپنے ساتھ شریک کر لیتے، صدقات میں سے جو کچھ آتا ان کو دے دیتے، تحفہ تحائف میں بھی ان کا ایک حصہ تھا، ان کو اضیاف المسلمین کہتے تھے۔

ایک پیالہ دودھ اور ستر اصحاب

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں (یہ خود اصحاب صفہ میں سے ہیں) میں نے اصحاب صفہ میں سے ستر ایسے آدمیوں کو دیکھا جن کے پاس سوائے ایک تہبند کے جو آدھی پنڈلیوں تک پہنچتا تھا اور کوئی کپڑا نہ تھا سجدہ کے وقت ان کو ہاتھ سے پکڑ لیتے تھے تاکہ ستر نہ کھل جائے۔

ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں اکثر بھوک کی شدت میں پیٹ سے پتھر باندھ لیتا تھا اور کلیجے کو زمین پر مارتا تھا۔ ایک دن میں قوم کی رہ گزر پر بیٹھا ہوا تھا کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس راستے سے گزرے میں نے قرآن کی ایک آیت ان کو سنانے کے لیے پڑھی تاکہ وہ میری حالت کو دریافت کریں لیکن انھوں نے کچھ توجہ نہ کی اور چلے گئے اس کے بعد ابو القاسم محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے آپ نے مجھے اس حالت میں دیکھا تو مسکرا کر فرمایا اے ابو ہریرہ میں نے عرض کی کہ لبیک یا رسول اللہ تو آپ نے فرمایا کہ یہاں آؤ میں اٹھا اور حضور کے پیچھے پیچھے حجرہ شریف پر پہنچا۔

ہدیہ میں دودھ کا پیالہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آیا ہوا تھا آپ نے فرمایا کہ جاؤ اصحاب صفہ کو بلا لاؤ میں نے اپنے دل میں کہا کہ یہ دودھ ہی کتنا ہے جس کے لیے اصحاب صفہ طلب فرمائے جاتے

ہیں اگر مجھے ہی دے دیتے تو میں پی لیتا اور تھوڑی دیر آرام پاتا لیکن خدا اور اس کے رسول کی اطاعت کے بغیر کوئی چارہ نہ تھا میں اصحاب صفہ کے پاس گیا اور ان کو رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دربار میں بلا لایا سب آگئے اور حضور کے حجرہ میں ایک جگہ بیٹھ گئے۔

آپ نے فرمایا اے ابو ہریرہ میں نے عرض کی لبیک یا رسول اللہ! فرمایا دودھ کا پیالہ لو اور اصحاب کو دو، پھر تو پیالہ اٹھا کر میں نے ان اصحاب کو دیا ہر ایک آسودہ ہو کر پیتا تھا اور دودھ اپنی مقدار میں باقی رہتا تھا۔ جب سب پی چکے تو میں نے پیالہ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے رکھ دیا تبسم کر کے فرمایا کہ بس ہم اور تم باقی رہ گئے ہیں میں نے عرض کیا کہ صدقت یا رسول اللہ فرمایا بیٹھو اور جس قدر بھوک ہو پیو، میں نے دودھ کو خوب سیر ہو کر پیا باقی حضور کو دیا، حق جل وعلا کا خطبہ شکر پڑھ کر پیالہ میں جو دودھ باقی بچا تھا نوش فرمایا۔

کیوں جناب بو ہریرہ کیسا تھا وہ جام شیر
جس سے ستر صاحبوں کا دودھ سے منھ پھر گیا

اور دوسرے وقت کے لیے بھی طعام میں کثرت اور برکت اور اصحاب صفہ کے لیے کافی ہونے کی روایت بھی ابو ہریرہ کے ذریعہ ثبوت کو پہنچی ہے۔

اصحاب صفہ کے لیے کھجور

متعدد روایتوں میں آیا ہے کہ جملہ انصاری اپنی کھجور سے خوشے لاتے اور ان خوشوں کو ایک رسی سے باندھ کر مسجد کے دو اسطوانوں کے درمیان لٹکا دیتے تھے اس کے نیچے اصحاب صفہ کو بٹھاتے اور خوشوں کو لکڑی سے جھاڑتے تھے تا کہ یہ لوگ بے تکلف کھائیں۔

ایک دن ایک آدمی نے خراب خرمہ کے خوشے لا کر لٹکائے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر اس صدقہ کا مالک اس سے بہتر خرمے لانا چاہتا تو لا سکتا تھا لیکن اس نے نہ چاہا کہ قیامت

کے دن اس سے بہتر خرے کھائے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عن اصحابہ اجمعین۔ (مولف)
(جذب القلوب)

بعض اصحاب صفہ کا ترکہ

اصحاب صفہ انتہائی قانع اور صابر وشاکر رہا کرتے تھے عبادت وریاضت ہی ان کا مشغلہ تھا بعض لوگ دن کو ازواج مطہرات کے لیے جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لایا کرتے تھے، زہد و پرہیز گاری ان کی زندگی کا ایک حصہ تھی ان میں سے بعض اصحاب کی وفات پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو ارشاد فرمایا وہ یہ ہے امام احمد رضا بریلوی ایک مقام پر تحریر فرماتے ہیں :

احمد وطبرانی ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

توفی رجل من اهل الصفة فوجد فی منزره دینار فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کیة ثم توفی آخر فوجد فی منزره دیناران فقال رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم کیتان.

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اصحاب صفہ میں سے ایک آدمی کا انتقال ہوا ان کے ازار بند میں ایک دینار ملا تو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ایک داغ ہے۔ پھر دوسرے کا انتقال ہوا ان کے ازار میں دو دینار ملے تو حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ دو داغ ہیں۔ (مولف)

احمد وابن حبان ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال توفی رجل من اهل الصفة فوجد و فی شملته دینارین فذکروا ذلک للنبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم فقال کیتان.

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اصحاب صفہ میں سے ایک آدمی کا انتقال ہوا ان کی چادر میں دو دینار ملے۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کا ذکر ہوا تو فرمایا کہ یہ دو داغ ہیں۔

(مولف)

احمد وابن حبان اور امام بخاری سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

كنت جالسا عند النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فاتي بجنازة فقال هل ترك شيئا قالوا نعم ثلثة دنانير فقال باصابعه ثلث كيات.

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ ہم نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں بیٹھے تھے کہ ایک جنازہ آیا تو حضور نے فرمایا کہ کیا انھوں نے کچھ چھوڑا ہے؟ صحابہ نے عرض کی ہاں تین دینار چھوڑے ہیں تو حضور نے انگشت مبارک کے اشارے سے فرمایا کہ تین داغ ہیں۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۰۳، ۵۰۴)

اصحاب صفہ کا قیام

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

علماء تصریح فرماتے ہیں کہ مسجد مبارک حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زمانۂ اقدس میں جنوباً شمالاً یعنی دیوار قبلہ سے پائیں مسجد تک سو گز طول رکھتی تھی اور اسی قدر شرقاً و غرباً عرض تھا اور پائیں میں یعنی جانب شام ایک مسقف دالان جنوب رویہ تھا جسے صفہ کہتے اور اہل صفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس میں سکونت رکھتے یہ بھی جزء مسجد تھا۔

علامہ طاہر فتنی مجمع بحار الانوار میں فرماتے ہیں :

اھل الصفة فقراء المھاجرین و من لم یکن له منھم منزل یسکنه فکانوا یاوون الی موضع مظلل فی مسجد المدینه .

اصحاب صفہ مہاجرین کے فقراء تھے اور ان میں سے جن کے لیے رہنے کا گھر نہ تھا وہ مسجد مدینہ طیبہ کی سایہ دار جگہ میں رہتے تھے۔ (مولف)

وقال عبد الرحمن بن ابی بکر رضی الله تعالیٰ عنھما قال کان اصحاب الصفة الفقراء .

عبدالرحمٰن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ اصحاب صفہ فقراء و مساکین تھے۔

(مولف)

علامہ احمد قسطلانی ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں فرماتے ہیں:

الصفة بضم الصاد و تشدید الفا موضع مظلل فی اخریات المسجد النبوی تاوی الیه المساکین.

صفہ صاد کے پیش اور فا کی تشدید کے ساتھ، وہ سایہ دار جگہ جو مسجد نبوی کے آخر میں تھی جس میں مساکین رہا کرتے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۷۹۔ التھیر المنجد)

ایک دوسرے مقام پر امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

مسجد اقدس میں حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہد اقدس میں حکم انور سے اصحاب صفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم قیام پذیر تھے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۵۹۷)

امت محمدیہ کے فضائل

نازشیں کرتے ہیں آپس میں ملک
ہیں غلامان شہ ابرار ہم

كذلك جعلنكم امة وسطا لتكونوا شهداء على الناس و يكون الرسول عليكم شهيدا

اور بات یوں ہی ہے کہ ہم نے تمھیں کیا سب امتوں میں افضل کہ تم لوگوں پر گواہ ہو اور یہ رسول تمھارے نگہبان و گواہ۔ (البقرہ/۱۴۳)

امت محمدیہ کے فضائل

امت مرحومہ محمدیہ علی صاحبہا الصلاۃ والسلام کے فضائل و خصائص بھی بے شمار ہیں اور یہ فضائل و خصائص بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف راجع ہوتے ہیں کیوں کہ آپ تابع وفرمانبردار امت رکھتے ہیں۔ معلوم ہونا چاہیئے کہ اگرچہ انسان و جنات سب ہی آپ کی امت ہیں۔ لیکن اس خصوصیت و قابلیت کے لحاظ سے جو انسان میں ہے، عنایت ربانی انسانی رافت کے ساتھ ظاہر ہوئی اور آپ نے انسانوں میں ظہور فرمایا **کنتم خیر امة اخرجت للناس** تم تمام امتوں میں بہترین امت ہو۔ یہ خطاب بے واسطہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اصحاب سے ہے، ایمان میں سبقت پانے والے مقربین بارگاہ ہیں۔

اور فرمایا کہ **تامرون بالمعروف و تنهون عن المنکر** نیکیوں کا حکم دیتے اور برائیوں سے بچاتے ہیں۔ درحقیقت یہی سبب افضلیت اور بہتری کی شرط ہے۔ صحابہ کرام میں یہ خوبی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صحبت کی فضیلت کی وجہ سے اتم واکمل اور سب سے فائق ہے کیوں کہ صحابہ کرام مشاہدۂ جمال جہاں آرا اور آپ کے انوار و آثار کا بے واسطہ اقتباس و استفاضہ کرنے میں مخصوص ہیں۔ اسی سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ اس امت کے اولین بعد والوں سے افضل ہیں اس کی ایک ترتیب بھی اس ضمن میں شارع علیہ السلام سے واقع ہے۔ فرمایا

خیر القرون قرنی الذین انا فیهم ثم الذین یلونهم ثم الذین یلونهم.

سب سے بہتر زمانہ میرا وہ زمانہ ہے جس میں میں ہوں پھر وہ جو ان سے متصل ہے پھر وہ جو ان سے متصل ہے۔

مشہور یہ تین مرتبے ہیں۔ اول صحابہ، دوم تابعین، سوم تبع تابعین۔

صحیح بخاری کی ایک حدیث سے مرتبہ چہارم بھی معلوم ہوتا ہے جس کو اتباع تبع کہتے ہیں۔ پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا **ثم یفشوا الکذب** پھر جھوٹ پھیل جائے گا۔ مطلب یہ کہ ان تین یا چار مرتبوں کے بعد جس طرح اوائل زمانہ میں دین، صدق، تصوف اور یقین میں جو ربط وضبط تھا اس کے بعد کذب، جھوٹ اور افترا عام ہو جائے گا۔

اس امت کے فضائل وخصائص علی الاطلاق بے شمار اس بارے میں اخبار وآثار بکثرت ہیں ان سب سے بڑی اور اتم واکمل فضیلت یہی ہے کہ وہ امت محمدیہ میں ہیں۔ جس طرح یہ نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خاتم النبیین اور تمام نبیوں کے فضائل وکمالات کے جامع ہیں اور آپ پر مکارم اخلاق اور صفات حمیدہ تمام ہیں۔ اسی طرح آپ کی امت خاتم الامم ہے اور کمال دین اور اتمام نعمت سے مخصوص ہے جیسا کہ فرمان الٰہی ہے کہ

الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی

آج میں نے تمھارا دین تمھارے لیے مکمل کر دیا اور اپنی تمام نعمتیں تم پر تمام کر دیں۔

حضرت موسیٰ کا امتی ہونے کی تمنا کرنا

بعض روایتوں میں آیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے جب توریت کی تختیوں میں امت نبی آخر الزماں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تقریباً ستر صفات کو پڑھا تو انھوں نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا اے خدا! اس امت کو میری امت بنا دے۔ فرمان باری آیا کہ اے موسیٰ! اس امت کو تمھاری امت کیسے بناؤں وہ امت تو نبی آخر الزماں احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی اے رب تو مجھے ہی امت میں بنا دے۔ اس پر حق تعالیٰ نے انھیں اپنے اس ارشاد میں دو خوبیاں مرحمت فرمائیں۔ چنانچہ فرمایا:

یا موسیٰ انی اصطفیتک علی الناس برسالتی و بکلامی فخذما آتیتک و کن من الشاکرین.

اے موسیٰ میں نے تمھیں لوگوں پر اپنی رسالت اور اپنے کلام کے ساتھ برگزیدہ فرمایا تو تم لو میں نے جو تمھیں دیا اور شکر گزاروں میں ہو جاؤ۔

حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی اے خدا میں اس پر راضی ہو گیا۔

بروایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ منقول ہے کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ فرمایا جب حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام پر توریت نازل ہوئی اور انھوں نے اسے پڑھا اور اس میں انھوں نے اس امت مرحومہ کا ذکر پایا تو عرض کیا کہ اے خدا میں توریت کی ان تختیوں میں ایسی امت کا ذکر پاتا ہوں جو آخر بھی ہے اور سابق بھی ہے۔

مطلب یہ کہ وجود زمانی میں تو وہ آخری امت ہوگی اور فضل و شرف میں سابق یعنی اول و فائق ہوگی، ان کے لیے شفاعت کی جائے گی، ان کی دعاؤں سے بارشیں ہوں گی، ان کے سینوں میں کلام الٰہی محفوظ ہوگا جنھیں وہ از بر بطور حافظ پڑھیں گے، غنیمتوں کو کھائیں گے، اور صدقات کو ان کے اپنے ہی شکموں کے لیے گردانا گیا، یہ اسی امت کے خواص ہیں جن پر احکام کو آسان کیا گیا ہے اور غنیمتوں اور صدقات کو ان پر حلال کیا گیا۔ بخلاف پچھلی امتوں کے کہ یہ ان پر حلال نہ تھیں اور جب وہ کسی بد کا ارادہ کریں تو اسے نہ لکھا جائے گا اور جب وہ بدی کا ارتکاب کریں گے تو ایک ہی بدی لکھی جائے گی اور جب نیکی کا قصد کریں گے تو اسے لکھا جائے گا اور جب نیکی کر لیں گے تو دس نیکیاں لکھی جائیں گی اور انھیں اول و آخر کا علم دیا جائے گا اور دجال کو وہ قتل کریں گے۔

امت محمدیہ کی افضلیت واوصاف

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا

حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کیا اے رب تیرے نزدیک میری امت جیسی بھی کوئی امت ہے جس پر تو نے بادلوں کا سایہ فرمایا ہو، اور ان کے لیے من وسلویٰ اتارا ہو، حق تبارک وتعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام سے فرمایا اے موسیٰ تم امت محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی فضیلت کو نہیں جانتے۔ جتنا میرا فضل ہے تمام خلق پر اتنا تنہا اس امت پر ہے۔ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کیا اے رب مجھے اس امت کو دکھا دے۔ حق سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا تم ان کو دیکھ نہیں سکتے (کیوں کہ وہ آخر زمانے میں ہے) لیکن میں تمھیں ان کا کلام سنواتا ہوں، پھر اللہ تعالیٰ نے ان کو ندا فرمائی تو سب نے بیک آواز جواب دیا۔
لبیک اللھم لبیک .

(حاضر ہوں اے خدا حاضر ہوں) حالاں کہ اس وقت وہ سب اپنی ماؤں اور باپوں کے رحموں اور پشتوں میں تھے۔ اس کے بعد حق سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا:

صلوتی علیکم و رحمتی سبقت غضبی و عفوی سبق عذابی .

میرا کرم تم پر ہے اور میری رحمت میرے غضب پر اور میرا عفو میرے عذاب پر سبقت کر گیا۔

اس سے پہلے کہ تم دعا مانگو، میں نے تمھاری دعا کو قبول کیا اور جو کوئی میرا ادراک اس حال میں کرے کہ وہ **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** کی گواہی دیتا ہو، میں اس کے تمام گناہوں کو بخش دوں گا، رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا حق تبارک وتعالیٰ نے چاہا کہ مجھ پر اس نعمت کا اظہار و احسان فرمائے۔ تو حق تعالیٰ نے فرمایا:

و ما کنت بجانب الطور اذ نادیناہ .

یعنی اے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نشاۂ عنصری میں جس وقت ہم نے تمھارے نور کو ندا کی اور ندا کی ہم نے تمھاری امت کو تاکہ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو ان کا کلام سنائیں تو اس وقت آپ طور پر تشریف

فرمانہ تھے۔

اس حدیث کو قتادہ نے روایت کیا، اس میں اتنا اور زیادہ کیا گیا ہے کہ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے کہا اے رب تعجب ہے کہ امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آواز کتنی اچھی اور پیاری ہے۔ اے پروردگار مجھے دوبارہ سنا۔

اور ابونعیم حلیہ میں بروایت حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا حق تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے نبی حضرت موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو وحی فرمائی کہ جو کوئی مجھ سے اس حال میں ملے کہ وہ احمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کا منکر ہے تو میں اسے آتش دوزخ میں جھونک دوں گا۔ موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے کہا احمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کون ہے؟ فرمان باری تعالیٰ ہوا کہ احمد وہ ذات گرامی ہے کہ میں نے اپنے نزدیک اس سے بڑھ کر گرامی تر کسی کو پیدا نہ فرمایا، اور زمین و آسمان کی پیدائش سے قبل اس کا نام اپنے نام کے ساتھ عرش پر لکھا۔ اور اس وقت تک میری تمام مخلوق پر جنت حرام ہے جب تک کہ وہ اور اس کی امت اس میں پہلے داخل نہ ہو جائیں۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت آپ کی تبعیت میں داخلۂ جنت میں دیگر تمام انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام سے پہلے ہے۔ اور جب مہمان عزیز ہے تو اس کا طفیلی بھی عزیز ہوگا۔

خلق سے مراد غیر انبیاء ہیں حالاں کہ جمیع خلق کہا گیا مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ یہ امت انبیاء سے فاضل تر یا برابر ہے، حاشا وکلا ایسا ہرگز ہرگز نہیں اس لیے کہ کوئی ولی، نبی کے مرتبہ کو نہیں پہنچتا۔

امت کے بارے میں حضرت شعیا کی طرف وحی

حضرت وہب بن منبہ سے مروی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا حضرت شعیا نبی علیہ الصلاۃ والسلام کی طرف وحی فرمائی کہ میں نبی امی کو بھیجوں گا جو کہ بہرے کانوں، اندھی آنکھوں اور ان دلوں کو جو پردۂ

غفلت سے پوشیدہ ہیں کھولے گا، اس کی جائے ولادت مکہ مکرمہ ہے اور اس کا مقام ہجرت مدینہ طیبہ اور اس کا ملک شام ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صفتوں کا ذکر کیا، اللہ تعالیٰ نے یہاں تک فرمایا کہ ان کی امت کو تمام امتوں میں بہترین بناؤں گا، وہ نیکی کا حکم دے گی اور بدی سے روکے گی، میری وحدانیت کو مانے گی، مجھ پر ایمان لائے گی، مجھ سے اخلاص برتے گی، اور میں نے جو کچھ نبیوں پر نازل کیا ہے وہ سب کی تصدیق کرے گی، آفتاب و ماہتاب کی حفاظت کرے گی یعنی عبادت کے اوقات کے لیے ان کی محافظت کرے گی۔

خوش نصیب ہیں وہ دل، چہرے اور روحیں جو مجھ سے اخلاص برتتی ہیں، میں انھیں تسبیح و تکبیر اور تحمید و توحید کو ان کی مجلسوں میں، ان کی آرام گاہوں میں اور ان کے سفر و حضر اور ہر حرکت و سکون میں الہام کروں گا۔ مسجدوں میں ان کی صفیں، فرشتوں کی صفوں کی مانند ہیں، فرشتے عرش کے گرد ہیں، وہ میرے دوست اور میرے مددگار ہیں، میں ان کے ذریعہ اپنا کینہ بت پرست دشمنوں سے نکالوں گا، وہ میرے لیے کھڑے ہوکر، بیٹھ کر اور رکوع و سجود کے ساتھ نمازیں ادا کریں گے، وہ میری خوشنودی کی خاطر اپنے گھروں اور اپنے مالوں سے نکلیں گے اور میری راہ میں جہاد و قتال کریں گے اور اور میں ان کی کتاب یعنی قران سے دیگر کتابوں کو، ان کی شریعت سے دیگر شریعتوں کو، اور ان کے دین سے دیگر دینوں کو ختم کروں گا۔

اور جو کوئی ان کے زمانہ کو پائے اور ان کی کتاب پر ایمان نہ لائے اور ان کے دین و شریعت کو نہ مانے وہ میرا نہیں ہے میں اس سے بیزار ہوں، میں نے انھیں ساری امتوں سے افضل اور امت وسط بنایا جو تمام لوگوں پر گواہ ہیں۔ جب غضب میں آئیں گے تو میری تہلیل یعنی لاالہ الا اللہ کا نعرہ لگائیں گے اور جب نزاع کریں گے تو تسبیح کریں گے اور میری پاکی بیان کریں گے یعنی سبحان اللہ و بحمدہ کہیں گے۔ اور اپنے چہروں اور اعضاء کو پاک و صاف کریں گے اور ٹخنوں سے اوپر ازار باندھیں گے، ہر چڑھائی و اتار پر اللہ اکبر کہیں گے اور خون بہا کر قربانی دیں گے۔ ان کی کتاب یعنی قرآن ان کے سینوں میں ہے۔

رات میں عبادت گزار اور دن میں شیر یعنی مجاہد ہیں۔ وہ کتنا خوش نصیب ہے جو ان کے ساتھ ہے، ان کے مذہب اور ان کی راہ ورسم پر ہے یہ میرا فضل ہے جسے میں چاہتا ہوں اسے دیتا ہوں میں خداوند فضل عظیم ہوں۔ اسے ابونعیم نے روایت کیا۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

امت کے بارے میں رب کا حضور سے مشورہ

امت مرحومہ کے اوصاف وخصائل اور رب تعالیٰ کے مشورہ سے متعلق امام احمد رضا بریلوی ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں :

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم :

ان ربی استشارنی فی امتی ماذا افعل بھم.

بیشک میرے رب نے میری امت کے باب میں مجھ سے مشورہ طلب فرمایا کہ میں ان کے ساتھ کیا کروں :

فقلت ما شئت یا رب ھم خلقک و عبادک .

میں نے عرض کی اے رب میرے جو تو چاہے کہ وہ تیری مخلوق اور تیرے بندے ہیں۔

فاستشارنی الثانیۃ .

اس نے دوبارہ مجھ سے مشورہ پوچھا :

فقلت لہ کذلک .

میں نے اب بھی وہی عرض کی :

فاستشارنی الثالثه

اس نے سہ بارہ مجھ سے مشورہ لیا :

فقلت له کذلک.

میں نے پھر وہی عرض کی :

فقال تعالیٰ انی لن اخزیک فی امتک یا احمد.

اس پر رب عزوجل نے فرمایا اے احمد بیشک میں ہرگز تجھے تیری امت کے معاملہ میں رسوانہ کروں گا۔

و بشرنی ان اول من یدخل الجنة معی من امتی سبعون الفا مع کل الف سبعون الفا لیس علیهم حساب.

اور مجھے بشارت دی کہ میرے ستر ہزار امتی سب سے پہلے میرے ساتھ داخل بہشت ہوں گے ان میں ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار ہوں گے جن سے حساب تک نہ لیا جائے گا۔

آگے حدیث اور طویل وجلیل ہے جس میں اپنے اور اپنی امت مرحومہ کے فضائل جلیلہ ارشاد ہوئے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وبارک وسلم۔

امام احمد وابن عساکر نے حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

(الامن والعلی)

امت کی عمر

حدیث میں ہے دنیا کی عمر سات دن ہے میں اس کے پچھلے دن میں مبعوث ہوا۔ دوسری حدیث

میں ہے میں امید کرتا ہوں کہ میری امت کو خدائے تعالیٰ نصف دن اور عنایت فرمائے۔ان حدیثوں سے امت کی عمر پندرہ سو برس ثابت ہوئی ان یوما عند ربک کالف سنة مما تعدون تیرے رب کے یہاں ایک دن تمھاری گنتی کے ہزار برس کے برابر ہے۔

ان احادیث کے مطابق بعض علماء نے لکھا کہ یہ امت ہزار سال سے متجاوز نہ ہوگی اور بعض نے اس سے آگے بڑھنے کی طرف اشارہ کیا۔

امام احمد رضا بریلوی نے ان احادیث وعلوم کے پیش نظر یہ تحقیق فرمائی کہ یہ امت پندرہ سو برس سے بھی آگے بڑھے گی آپ فرماتے ہیں ان حدیثوں سے جو مستفاد ہوا اس میں وہ توقیت کے منافی نہیں۔جو اس علم (جفر) سے میرے خیال میں آئی ہے کیوں کہ یہاں حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے اپنے رب عزوجل سے استدعا ہے آئندہ انعام الٰہی وہ جس قدر زیادہ عمر عطا فرمائے، جیسے جنگ بدر میں حضور نے صحابہ کرام کو تین ہزار فرشتے مدد کے لیے آنے کی امید دلائی۔

کیا تمھیں یہ کافی نہیں کہ تمھارا رب تین ہزار فرشتے اتار کر تمھاری مدد فرمائے، اس پر حق سبحانہ وتعالیٰ نے فرشتوں کا اضافہ فرمایا کہ کیوں نہیں اگر تم صبر کرو اور تقویت پر رہو اور کافر ابھی کے ابھی تم پر آئیں تو تمھارا رب پانچ ہزار نشانوں والے فرشتوں سے تمھاری مدد فرمائے گا۔ (الملفوظ حصہ اول)

یہ پچھلی امت ہے

حدیث میں ارشاد ہوا انتم تتمون سبعین امة من قبلکم و انتم آخرھم.

تم سے پہلے ۶۹ رامتیں گزریں اور تم سب سے پچھلے ہو۔شب معراج رب العزت جل جلالہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ارشاد فرمایا اغم علیک ان جعلتک اخر الانبیاء .

کیا تمھیں اس بات کا غم ہوا کہ میں نے تمھیں سب سے پچھلا نبی کیا۔عرض کی نہیں ارشاد فرمایا کہ

تمھاری امت کو اس بات کا غم ہوا کہ میں نے انھیں سب سے پچھلی امت کیا عرض کی نہیں اے رب میرے۔ ارشاد فرمایا میں نے انھیں اس لیے سب سے پچھلی امت کیا کہ سب امتوں کو ان کے سامنے رسوا کروں اور انھیں کسی کے سامنے رسوا نہ کروں۔

حساب کا پتہ نہ چلے گا

روز قیامت تمام امتوں کو منادی پکارے گا جب اس امت کی باری آئے گی ندا کرے گا کہاں ہیں امت محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) اور دامن رحمت وسیع کیا جائے گا اس میں سب کو لے لیا جائے گا کسی کو ان کے حساب کا پتہ بھی نہ چلے گا۔

ایک حدیث میں ہے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرض کی اے رب میری امت کا حساب مجھے دے دے ارشاد فرمایا اے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) تیری امت میرے بندے ہیں خود حساب لوں گا اور خود ہی بخش دوں گا۔ روز قیامت دامن رحمت میں تمام امت کو جمع فرمایا جائے گا اور ارشاد فرمایا جائے گا میں نے اپنے حقوق معاف کیے تم آپس میں ایک دوسرے کے حقوق معاف کرو اور جنت کو چلے جاؤ۔ یہ سب صدقہ ہے سرکار کا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (الملفوظ حصہ سوم)

امت کے تہتر فرقے

(قال رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) ان تفترق امتی علی ثلث و سبعین ملة کلهم فی النار الا ملة واحدة ما انا علیه و اصحابی.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت تہتر فرقے ہو جائے گی وہ سب دوزخی ہیں سوا ایک کے جس پر میں اور میرے صحابہ ہیں۔

ابن ماجہ انس سے اور احمد وطبرانی معاویہ سے اور عبد بن حمید سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی :

کلها فی النار الا واحدة و هی الجماعة .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ سب فرقے جہنمی ہیں سوا ایک کے کہ وہ جماعت ہے۔ (فتاویٰ الحرمین برجف ندوۃ المین)

امت محمدیہ کی تین خصلتیں

حدیث میں ہے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ثلاث لم تسلم منها هذه الامة الحسد و الظن و الطيرة الا انبئكم بالمخرج منها اذا ظننت فلا تحقق و اذا حسدت فلا تبغ و اذا تطيرت فامض .

تین خصلتیں اس امت سے نہ چھوٹیں گی حسد اور بدگمانی اور بدشگون، کیا میں تمھیں ان کا علاج نہ بتادوں؟ بدگمانی آئے تو اس پر کار بند نہ ہو اور حسد آئے تو محسود پر زیادتی نہ کرو اور بدشگونی کے باعث کام سے رک نہ رہو۔

اسے ائمہ ستہ نے کتاب الایمان میں امام حسن بصری سے روایت کیا۔ نیز ابن عدی ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں ۔

عن النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بلفظ اذا حسدتم فلا تبغوا و اذا ظننتم فلا تحققوا و اذا تطیرتم فامضوا و علی الله فتوکلوا.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تمھارے دل میں حسد آئے تو زیادتی نہ کرو اور

بدگمانی آئے تو اسے جمانہ دو اور بدشگونی آئے تو رکو نہیں اور اللہ ہی پر بھروسہ کرو۔ (فتاویٰ افریقہ)

امت کا اول وآخر

امام ترمذی نے بسند حسن حضرت انس اور امام احمد نے حضرت عمار بن یاسر اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں عمار بن یاسر وسلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کی اور محقق دہلوی نے اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ میں بنظر کثرت طرق اس کی صحت پر حکم دیا کہ نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

مثل امتی مثل المطر لا یدری اولہ خیر او آخرہ .

میری امت کی کہاوت ایسی ہے جیسے مینھ کہ نہیں کہہ سکتے کہ اس کا اگلا بہتر یا پچھلا۔

شیخ محقق شرح میں لکھتے ہیں۔ کنایہ است از بودن ہمہ امت خیر چنانکہ مطر ہمہ نافع است۔

یعنی یہ پوری امت کے بہتر ہونے سے کنایہ ہے جیسا کہ بارش سب کی سب نفع بخش ہے۔

(مولف)

امت کا غلبہ

امام مسلم اپنی صحیح میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے راوی :

لا تزال طائفة من امتی قائمة بامر اللہ لا یضرھم من خذلھم او خالفھم حتی یاتی امر اللہ و ھم ظاھرون علی الناس.

میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ خدا کے حکم پر قائم رہے گا انھیں نقصان نہ پہنچائے گا جو انھیں چھوڑے گا یا ان کا خلاف کرے گا یہاں تک کہ خدا کا وعدہ آئے گا اس حال میں کہ وہ لوگوں پر غالب ہوں گے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۸۲۔ اقامۃ القیامۃ)

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں **لا تزال طائفة من امتی ظاهرين على الحق لا يضرهم من خذلهم و لا من خالفهم حتى ياتى امر الله و هم على ذلك .**

میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق پر قائم رہے گا انھیں نقصان نہ دے گا جو انھیں چھوڑے گا یا ان کا خلاف کرے گا وہ اسی پر رہیں گے یہاں تک کہ اللہ کا حکم آئے گا۔ (مولف)

(فتاوی رضویہ ج ۱۲، ص ۱۷۶۔ تدبیر فلاح)

امتی کی عمر

حدیث میں فرمایا **اعمار امتي ما بين الستن الى السبعين .**

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میری امت کی عمر ساٹھ سے ستر سال کے درمیان ہے۔ (مولف)

(فتاوی رضویہ ج ۱۰، ص ۳۴)

امت کی آزمائش

ابن قتیبہ کتاب الاشربہ میں زید بن علی بن حسین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کرتے ہیں :

انه شرب هو و اصحابه نبيذا شديدا فى وليمة فقيل له يا ابن رسول الله حدثنا بحدث سمعته من آبائك عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى النبيذ فقال حدثنى ابى عن جدى على بن ابى طالب رضى الله تعالىٰ عنهم عن النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم انه قال ينزل امتى على منازل بنى اسرائيل حذو القذوة بالقذة و النعل بالنعل ان الله تعالىٰ ابتلى بنى اسرائيل بنهر طالوت و احل لهم منه الغرفة و حرم منه الرى و ان الله ابتلاكم بهذه النبيذ و احل منه الرى و حرم منه السكر .

زید بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور ان کے اصحاب نے ایک ولیمہ میں تیز نبیذ پی تو ان سے کہا گیا کہ اے ابن رسول ہم سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کوئی حدیث شریف نبیذ کے بارے میں بیان فرمایئے جو آپ نے اپنے آباء کرام سے سنی ہو فرمایا کہ میرے باپ نے میرے دادا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کر کے ایک حدیث بیان کی کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت بنی اسرائیل کے مرتبے کے مقابل برابر برابر ہے اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو نہر طالوت سے آزمایا اور ان کے لیے اس کا ایک چلو حلال فرمایا اور سیرابی کو حرام، اور بیشک اللہ تعالیٰ نے تم کو اس نبیذ سے آزمایا کہ اس سے سیرابی حلال اور اس کی نشہ آوری حرام کی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱۰، ص ۵۵۔ الفقہ التسجیلی)

امت کے لیے پیشین گوئی

روی عن النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہ قال یشر بن ناس من امتی الخمر و یسمونہا باسماء.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت میں کچھ لوگ شراب پئیں گے اور شراب کے مختلف نام رکھیں گے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۱۰، ص ۵۶۔ الفقہ التسجیلی)

امت کے لیے حضور کی دعا

امام احمد و حاکم کنی میں اور بغوی اور حاکم مستدرک اور طبرانی کبیر میں ابو بردہ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا کی

اللھم اجعل فناء امتی قتلا فی سبیلک بالطعن.

الٰہی میری امت کو اپنی راہ میں شہادت نصیب کر دشمنوں کے نیزوں اور طاعون سے۔

ماوردی ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا کی

اللهم اجعل فناء امتی بالطعن و الطاعون.

الٰہی میری امت کو دشمن کے نیزوں اور طاعون سے وفات نصیب کر۔

طبرانی اوسط میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

لا تفنی امتی الا بالطعن و الطاعون غدة کغدة الابل المقیم فیها کالشهید و الفار منها کالفار من الزحف.

میری امت کا خاتمہ دشمن کے نیزوں اور طاعون سے ہی ہوگا، اونٹ کی سی گلٹی ہے جو اس میں ٹھہرا رہے وہ شہید کے مانند ہے اور جو اس سے بھاگ جائے وہ ایسا ہے جیسا کفار کو پیٹھ دے کر جہاد سے بھاگنے والا۔

صحیح مستدرک میں ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

الطاعون وخز اعدائکم من الجن و هو لکم شهادة.

طاعون تمھارے دشمن جنوں کا چوکا ہے اور وہ تمھارے لیے شہادت ہے۔

مسند احمد و معجم کبیر میں ابو موسیٰ اور اوسط میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

فناء امتی بالطعن و الطاعون و خزا عدائکم من الجن و فی کل شهادة.

میری امت کا خاتمہ جہاد و طاعون سے ہے کہ تمھارے دشمن جنوں کا چوکا ہے اور دونوں میں

شہادت ہے۔

طاعون امت کے لیے شہادت

شیرازی القاب میں معاذ سے رفعاراوی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان الطاعون رحمة لكم و دعوة نبيكم و موت الصالحين قبلكم و هو شهادة .

بیشک طاعون تمھارے رب کی رحمت اور تمھارے نبی کی دعا اور اگلے نیکوں کی موت ہے اور وہ شہادت ہے۔

احمد وطبرانی وابن عساکر انھیں سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

فيستشهد الله به انفسكم و ذراريكم و يزكى به اعمالكم.

اللہ تعالیٰ طاعون سے تمھیں اور تمھارے بچوں کو شہادت دے گا اور اس کے سبب تمھارے اعمال ستھرے کرے گا۔

طبرانی نے معجم اوسط اور ابونعیم نے فوائد ابوبکر بن خلاد میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں

الطاعون شهادة لامتى .

طاعون میری امت کے لیے شہادت ہے۔

احمد وابن سعد عسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

الطاعون شهادة لامتى و رحمة لهم و رجس على الكافرين .

طاعون میری امت کے لیے شہادت ورحمت ہے اور کافروں پر عذاب ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۵۸۲)

امت گمراہ نہ ہوگی

قوله عليه الصلاة و السلام لا تجتمع امتی علی الضلالة

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ میری امت گمراہی پر جمع نہیں ہوگی۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۸، ص ۲۱۲۔ کتاب المنی والدرر)

قرض دار امتی

فرماتے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم **من حمل من امتی دینا ثم جهد فی قضائه ثم مات قبل ان يقضيه فانا وليه .**

میرا جو امتی کسی دین کا بار اٹھائے پھر اس کے ادا میں کوشش کرے پھر بے ادا کیے مر جائے تو میں اس کا ولی وکفیل کار ہوں۔ اسے احمد نے سند جید سے اور ابو یعلی اور طبرانی نے اوسط میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۷، ص ۸۳)

سحری اور افطار

حدیث میں فرمایا **لا تزال امتی بخير ما عجلوا الفطر و اخروا السحر.**

ہمیشہ میری امت خیر سے رہے گی جب تک افطار میں جلدی اور سحری میں دیر کرے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۶۴۹)

امت اور عمامہ

دیلمی رکانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

لا تزال امتی علی الفطرة ما لبسوا العمائم علی القلانس.

میری امت ہمیشہ دین حق پر رہے گی جب تک وہ ٹوپیوں پر عمامے باندھے۔

ابو عبد اللہ محمد بن وضاح فضل لباس العمائم میں خالد بن معدان سے مرسلاً راوی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ان اللہ تعالیٰ اکرم هذه الامة بالعصائب . الحدیث.

بیشک اللہ عزوجل نے اس امت کو عماموں سے مکرم فرمایا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۷۷، ۷۸)

امت اور نماز پنجگانہ

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

نماز پنجگانہ اللہ عزوجل کی وہ نعمت عظمیٰ ہے کہ اس نے اپنے کرم عظیم سے خاص ہم کو عطا فرمائی ہم سے پہلے کسی امت کو نہ ملی، بنی اسرائیل پر دو ہی وقت کی فرض تھی وہ بھی صرف چار رکعتیں دو صبح دو شام وہ بھی ان سے نہ نبھی۔

سنن نسائی شریف میں انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حدیث معراج مبارک میں ارشاد فرماتے ہیں :

ثم رددت الی خمس صلوات قال فارجع الی ربک فاسأله التخفیف فانه فرض علی بنی اسرائیل صلاتین فما قاموا بهما.

یعنی پھر پچاس نمازوں کی پانچ رہیں موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام نے عرض کی حضور پھر جائیں اور اپنے رب سے تخفیف چاہیں کہ اس نے بنی اسرائیل پر دو نمازیں فرض فرمائی تھیں وہ انھیں بھی بجا نہ لائے۔

علامہ زرقانی شرح مواہب میں فرماتے ہیں:

ورد ان بنی اسرائیل کلفوا بر کعتین غداة و رکعتین بالعشی قیل و رکعتین عند الزوال فما قاموا بما کلفوا به.

بنی اسرائیل پر چار رکعت نماز فرض کی گئی دو صبح کو اور دو شام کو اور کہا گیا ہے کہ دو رکعت زوال کے وقت لیکن وہ انھیں بجا نہ لائے۔ (مولف)

اور امتوں کا حال خدا جانے مگر اتنا ضرور ہے کہ یہ پانچوں نمازیں ان میں کسی کو نہ ملیں، علماء نے بے خلاف اس کی تصریح فرمائی۔

مواہب شریف بیان خصائص امت مرحومہ میں لکھا

و منها مجموع الصلوات الخمس و لم تجمع لاحد غیرهم.

امت مرحومہ کے فضائل میں سے نماز پنجگانہ ہے کہ ان کے علاوہ کسی کے لیے پانچوں نمازیں جمع نہیں کی گئیں۔ (مولف)

شرح زرقانی مقصد معراج مقدس میں زیر حدیث مذکور نسائی لکھا۔

هذا هو الصواب و ما وقع فی البیضاوی انه فرض علیهم خمسون صلاة فی

الیوم و اللیلة قال السیوطی هذا غلط و لم یفرض علی بنی اسرائیل خمسون صلاة قط بل و لا خمس صلاة و لم تجمع الخمس الا لهذه الامة و انما فرض علی بنی اسرائیل صلاتان فقط کما فی الحدیث.

یہی درست ہے اور وہ جو بیضاوی میں ہے کہ بنی اسرائیل پر دن ورات میں پچاس نمازیں فرض کی گئیں تو امام جلال الدین سیوطی نے فرمایا کہ یہ غلط ہے، بنی اسرائیل پر پچاس نمازیں کبھی بھی فرض نہ ہوئیں بلکہ پانچ بھی نہ ہوئیں، اور پانچ نمازیں صرف امت مرحومہ کے لیے جمع ہوئی ہیں ہاں بنی اسرائیل پر صرف دو نمازیں فرض تھیں جیسا کہ حدیث میں ہے۔ (مولف)

لمعات شیخ محقق دہلوی وشرح مشکوٰۃ امام ابن حجر مکی میں ہے۔

مجموع هذه الخمس من خصوصیاتنا.

یعنی ان پانچوں کا مجموعہ ہماری خصوصیات میں سے ہے۔ (مولف)

اشعۃ اللمعات میں ہے

مجموع خمس اوقات مخصوص ایں امت است۔

پانچوں اوقات کا مجموعہ اس امت کے ساتھ مخصوص ہے۔ (مولف)

ابن ابی شیبہ مصنف اور ابوداؤد وبیہقی سنن میں بسند حسن معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز عشا کی نسبت فرمایا۔

اعتموا بهذه الصلاة فانکم فضلتم بها علی سائر الامم و لم تصلها امة قبلکم.

اس نماز کو دیر کر کے پڑھو کہ تم اس سے تمام امتوں پر فضیلت دیے گئے ہو تم سے پہلے کسی امت

نے یہ نماز نہ پڑھی۔

پر ظاہر کہ جب نماز عشا ہمارے لیے خاص ہے تو پانچوں نماز کا مجموعہ بھی ہمارے سوا کسی امت کو نہ ملا۔ رہا ہمارے نبی سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم سلم کے سوا کسی نبی کو یہ پانچوں نہ ملنا علماء اس کی بھی تصریحیں فرماتے ہیں:

امام جلال الدین سیوطی نے خصائص کبریٰ میں ایک باب وضع فرمایا **باب اختصاصه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم بجموع الصلوات الخمس و لم تجمع لاحد.**

امام محمد محمد محمد بن امیر الحاج حلبی حلیہ میں بعض علماء سے ناقل۔

هذه الصلوات تفرقت فی الانبیاء و جمعت فی هذه الامة .

یہ پانچ نمازیں انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام میں متفرق رہیں اور اس امت میں جمع کر دی گئیں۔ (مولف)

علامہ زرقانی شرح مواہب میں لکھتے ہیں :

لم یجتمع لاحد غیرهم من الانبیاء و الامم .

امت مرحومہ کے سوا انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام اور امم سابقہ میں سے کسی کے لیے پانچ نمازیں جمع نہیں ہوئیں۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۹۳-۱۹۴)

ذکر فی الحلیة عن بعضهم قال هذه الصلوات تفرقت فی الانبیاء علیهم الصلاة و السلام و جمعت فی هذه الامة فذکر الفجر لآدم و الظهر لابراهیم و العصر لسلیمن و المغرب لعیسیٰ علیهم الصلاة و السلام ثم قال و اما العشاء فخصصت بها

هذة الامة .

• حلیہ میں ذکر کیا گیا ہے کہ یہ نمازیں انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام میں متفرق رہیں اور اس امت میں جمع کر دی گئیں۔ پھر ذکر کیا کہ فجر حضرت آدم کے لیے اور ظہر حضرت ابراہیم کے لیے اور عصر حضرت سلیمان کے لیے اور مغرب حضرت عیسیٰ علیہم الصلاۃ السلام کے لیے پھر فرمایا کہ عشا اس امت کے ساتھ مخصوص ہے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۹۸)

نماز عشا امت مرحومہ کی خصوصیت ہے

حديث سيدنا معاذ الصحيح المار في العشا انكم فضلتم بها على سائر الامم.

سیدنا معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے کہ نماز عشا کی وجہ سے تم تمام امتوں پر فضیلت والے ہو۔ (مولف)

قال الامام السيوطي في الباب المزبور اخرج البخاري عن ابي موسىٰ الاشعري رضي الله تعالىٰ عنه قال اعتم النبي صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ليلة بالعشاء حتى ابهار الليل ثم خرج فصلى فلما قضى صلاته قال لمن حضره ابشروا ان من نعمة الله عليكم انه ليس احد من الناس يصلي هذه الساعة غيركم او قال ما صلى هذه الساعة احد غيركم.

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک رات عشا کی نماز میں آدھی رات تک تاخیر فرمائی پھر تشریف لائے اور نماز پڑھی نماز پوری کرنے کے بعد فرمایا جو حاضر ہے اس کو بشارت دے دو کہ اللہ تعالیٰ کی تم پر یہ نعمت ہے کہ اس وقت کوئی تمہارے علاوہ دوسرا نماز نہیں پڑھ رہا ہے۔ یا یہ فرمایا کہ اس وقت تمہارے علاوہ کسی نے نماز نہیں پڑھی۔ (مولف)

امام سیوطی نے فرمایا کہ احمد ونسائی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

قال اخر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلاۃ العشا ثم خرج الی المسجد فاذا الناس ینتظرون الصلاۃ فقال اما انہ لیس من اھل ھذہ الادیان احد یذکر اللہ تعالیٰ ھذہ الساعۃ غیر کم.

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عشا میں تاخیر فرمائی پھر جب مسجد میں تشریف لائے تو لوگ نماز کا انتظار کر رہے تھے فرمایا کہ ان دین والوں میں تمھارے سوا کوئی اس وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کر رہا ہے۔ (مولف)

للبخاری و مسلم عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما لیس احد من اھل الارض .

بخاری ومسلم میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے کہ روئے زمین میں کوئی نہیں ہے۔ (مولف)

زاد مسلم اللیلۃ . ینتظر الصلاۃ غیر کم .

مسلم نے اور زیادہ کیا کہ رات کو سوائے تمھارے کوئی نماز کا انتظار کر رہا ہو۔ (مولف)

بخاری ومسلم میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے۔

و فیہ ما ینتظرھا احد من اھل الارض غیر کم .

انھیں میں ہے کہ روئے زمین میں تمھارے علاوہ کوئی منتظر نماز نہیں ہے۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۱۹۹، ۲۰۰)

امت بارش کی مانند ہے

امام ابن حجر نے فرمایا مسند ابی یعلی میں ایک حدیث ہے۔

حدثنا جويرية بن اشرس قال اخبرنا عقبة بن ابى الصهباء الباهلى قال سمعت الحسين يقول سمعت عليا يقول قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم مثل امتى مثل المطر لا يدرى او له خير ام آخره .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی مثال بارش کی طرح ہے معلوم نہیں کہ اس کا اول بہتر ہے یا آخر۔ (مولف) (فتاوی رضویہ ج ۲، ص ۶۰۵۔ منیر العین)

امت کے لیے مجدد

مسلم میں ہے

ان الله يبعث لهذه الامة على راس كل مائة من يجدد لها دينها . صححه الحاكم و رواه ابو داؤد.

بیشک اللہ تعالیٰ ہر صدی کے ختم پر اس امت کے لیے ایک مجدد بھیجے گا جو امت کے لیے اس کا دین تازہ کرے گا۔ اسے حاکم وابوداؤد نے روایت کیا اور حاکم نے اسے صحیح کہا۔

(فتاوی رضویہ ۲، ص ۶۴۳۔ منیر العین)

اعضائے وضو روشن ہوں گے

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

ان امتی یدعون یوم القیامة غرا محجلین من آثار الوضو فمن استطاع منکم ان یطیل غرته فلیفعل.

بخاری ومسلم نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

ابوہریرہ سے مسلم کے لفظ یہ ہیں

انتم الغر المحجلون یوم القیامة من اسباغ الوضوء فمن استطاع منکم فلیطل غرته و تحجیله .

یعنی میری امت کے چہرے اور چاروں ہاتھ پاؤں روز قیامت وضو کے نور سے روشن ومنور ہوں گے تو تم میں جس سے ہوسکے اسے چاہیئے کہ اپنے اس نور کو زیادہ کرے۔ یعنی چہرہ کے اطراف میں جو حدیں شرعاً مقرر ہیں اس سے کچھ زیادہ دھوئے اور ہاتھ نصف بازو اور پاؤں نیم ساق تک۔

(فتاویٰ رضویہ ج۱،ص۱۵۹۔ بارق النور)

اضاعت مال سے ممانعت

عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم انه قال و انهی امتی عن اضاعة المال .

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اپنی امت کو اضاعت مال سے روک دیا ہوں۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج۱،ص۸۰۸۔ الطلبۃ البدیعۃ)

خطا وبھول پر مواخذہ نہیں

قوله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم رفع عن امتی الخطا و النسیان.

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ میری امت کی بھول پر مواخذہ نہیں۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۱، ص ۱۹۸۔ بارق النور)

امت عافیت میں ہے

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

کل امتی معافی الا المجاھرین.

میری سب امت عافیت میں ہے سوا ان کے جو گناہ آشکارا کرتے ہیں۔

بخاری و مسلم نے ابو ہریرہ سے اور طبرانی نے اوسط میں حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے یہ حدیث روایت کی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۲۵۵)

ستر امتوں میں بہتر

اللہ تعالیٰ اس امت مرحومہ سے فرماتا ہے۔

کنتم خیر امة اخرجت للناس.

تم سب سے بہتر امت ہو کہ لوگوں کے لیے ظاہر کی گئی۔

آیات کریمہ ناطق کہ حضور کا دین تمام ادیان سے اعلیٰ و اکمل اور حضور کی امت سب امم سے بہتر و افضل، تو لاجرم اس دین کا صاحب اور اس امت کا آقا سب دین و امت والوں سے افضل و اعلیٰ۔

امام احمد ترمذی و ابن ماجہ و حاکم معاویہ بن حیدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

انکم تتمون سبعین امۃ انتم خیرھا و اکرمھا علی اللہ .

تم ستر امتوں کو پورا کرتے ہو کہ اللہ کے نزدیک ان سب سے بہتر و بزرگ تر تم ہو۔

(تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

امت کا نور، نور انبیاء کے مثل ہوگا

بیہقی وہب بن منبہ سے راوی :

اللہ تعالیٰ نے زبور مقدس میں وحی بھیجی اے داؤد عنقریب تیرے بعد وہ سچا نبی آئے گا جس کا نام احمد و محمد ہے میں کبھی اس سے ناراض نہ ہوں گا نہ وہ کبھی میری نافرمانی کرے گا اس کی امت امت مرحومہ ہے، میں نے انھیں وہ نوافل عطا کیے جو پیغمبروں کو دیے اور ان پر وہ احکام فرض ٹھہرائے جو انبیاء و رسل پر فرض تھے یہاں تک کہ وہ لوگ میرے پاس روز قیامت اس حال پر حاضر ہوں گے کہ ان کا نور مثل نور انبیاء کے ہوگا، اے داؤد میں نے محمد کو سب سے افضل کیا اور اس کی امت کو تمام امتوں پر فضیلت بخشی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

دخول جنت میں امت کی سبقت

امام اجل فقیہ محدث عارف باللہ استاذ ابوالقاسم قشیری اور مفسر ثعلبی پھر علامہ احمد قسطلانی فرماتے ہیں، حق جل وعلا نے اپنے حبیب کریم علیہ الصلاۃ والتسلیم سے فرمایا :

الجنۃ حرام علی الانبیاء حتی تدخلھا و علی الامم حتی تدخلھا امتک .

جنت انبیاء پر حرام ہے جب تک تم نہ داخل ہو اور امتوں پر حرام ہے جب تک تمھاری امت نہ جائے۔ (تجلی الیقین)

روز قیامت امت بلندی پر ہوگی

طبری تفسیر میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

هو يرقى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم و امته على كوم فوق الناس.

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضور کی امت روز قیامت بلندی پر تشریف رکھیں گے سب سے اونچے۔

ابن جریر وابن مردویہ جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

انا و امتی يوم القيامة على كوم مشرفين ما من الناس احد الاود انه منا. الحديث.

میں اور میری امت روز قیامت بلندیوں پر ہوں گے سب سے اونچے کوئی ایسا نہ ہوگا جو تمنا نہ کرے کہ کاش وہ ہم میں سے ہوتا۔ (تجلی الیقین)

اللہ کے دو ناموں پر امت کا نام

اسحاق بن راہویہ اپنی مسند اور ابن ابی شیبہ مصنف میں امام مکحول تابعی سے راوی :

امیر المومنین عمر کا ایک یہودی پر کچھ آتا تھا اس سے فرمایا قسم اس کی جس نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تمام بشر پر فضیلت بخشی میں تجھے نہ چھوڑوں گا۔ یہودی نے قسم کھا کر حضور کی افضلیت مطلقہ کا انکار کیا امیر المومنین نے اس کے طمانچہ مارا یہودی بارگاہ رسالت میں نالشی آیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امیر المومنین کو تو حکم دیا تم نے اس کے تھپڑ مارا ہے راضی کرلو اور یہودی کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا۔

بلکہ او یہودی آدم صفی اللہ اور ابراہیم خلیل اللہ موسیٰ نجی اللہ اور عیسیٰ روح اللہ ہیں اور میں حبیب اللہ ہوں، بلکہ او یہودی اللہ نے اپنے دوناموں پر میری امت کے نام رکھے، اللہ تعالیٰ سلام ہے اور میری امت کا نام مسلمین رکھا۔ اللہ تعالیٰ مومن ہے اور میری امت کا نام مومنین رکھا بلکہ او یہودی بہشت سب نبیوں پر حرام ہے یہاں تک کہ میں تشریف لے جاؤں اور سب امتوں پر حرام ہے یہاں تک کہ میری امت داخل ہو۔ (تجلی الیقین)

امت رسوائی سے محفوظ ہے

خطیب بغدادی حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

شب اسریٰ مجھے میرے رب عزوجل نے نزدیک کیا یہاں تک کہ مجھ میں اس میں دوکمان بلکہ کم کا فاصلہ رہا اور مجھ سے فرمایا اے محمد کیا تجھے اس کا غم ہوا کہ میں نے تجھے سب پیغمبروں سے پیچھے بھیجا میں نے عرض کی نہ، فرمایا کیا تیری امت کو اس کا رنج ہوا کہ میں نے انھیں سب امتوں کے پیچھے رکھا میں نے عرض کی نہ، فرمایا اپنی امت کو خبر دے دے کہ میں نے انھیں سب سے پیچھے اس لیے کیا اور امتوں کو ان کے سامنے رسوا کروں اور انھیں اوروں کے سامنے رسوائی سے محفوظ رکھوں۔ والحمدللہ رب العالمین۔

(جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

اولیائے کرام اور مردان غیب

اس امت کے خصائص میں سے ان میں اقطاب، اوتاد، نجباء اور ابدال کے وجود کا ہونا بھی ہے۔

حدیث مرفوع میں بروایت سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے کہ ابدال چالیس مرد وزن ہیں جب

ان مرد و زن سے کوئی مرجاتا ہے تو حق تعالیٰ اس کے بدلے کسی دوسرے مرد و زن کو پیدا فرماتا ہے۔ابن خلال نے کرامات اولیاء میں اسے نقل کیا ہے۔

اور طبرانی اوسط میں اسے یوں روایت کرتے ہیں کہ زمین ایسے چالیس شخصوں سے خالی نہیں رہتی جو خلیل الرحمٰن (علیہ السلام) کی مانند ہیں ان کے ساتھ زمین قائم ہے اور ان کی برکت سے لوگوں کے لیے بارشیں ہوتی ہیں، ان میں کوئی نہیں مرتا مگر یہ کہ حق تعالیٰ کسی دوسرے مرد کو اس کا بدل فرما دیتا ہے۔ان کا نام ابدال اسی بناء پر رکھا گیا ہے۔

اور بعض مشائخ نے فرمایا انھیں ابدال اس لیے کہتے ہیں کہ انھوں نے بری صفتوں کو صفات حمیدہ سے بدل دیا ہے اور یہ صفات بشریت سے باہر آئے ہوئے ہیں۔اور یہ جو کہا گیا ہے کہ وہ خلیل الرحمٰن کی مانند ہیں یہ ان کی کمالی صفتوں میں سے ایک خاص صفت کمال مراد ہے جو اخص صفات ہیں اور اس میں حضرت خلیل علیہ السلام سے مشارکت رکھتے ہیں۔اور یہی مطلب مشائخ کرام کے اس قول کا ہے کہ ''ہر ولی نبی کے قدم پر ہے'' حاشا وہ نبی کے تمام صفات میں ہم مثل مراد نہیں ہے۔

اور ابن عدی کامل میں نقل کرتے ہیں کہ ان چالیس ابدال میں سے بائیس افراد ملک شام کے ہوتے ہیں اور اٹھارہ افراد ملک عراق سے اور جب حکم الٰہی ہوگا تو وہ سب انتقال کر جائیں گے اور قیامت قائم ہو جائے گی۔

ابو نعیم حلیہ میں سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا خیار امت پانچسو شخص ہیں۔اور ابدال چالیس ہیں نہ کہ پانچ سو۔یہ چالیس سے نہ کم ہوتے ہیں نہ زیادہ جب ان میں سے کوئی مرتا ہے تو دوسرا اس کے بدل میں آجاتا ہے یہ تمام روئے زمین میں ہوتے ہیں۔

نیز حلیہ میں سیدنا ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت کے چالیس مرد ایسے ہیں جن کے دل حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام کے دل پر ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی برکت سے خلق کو بلاؤں سے محفوظ فرماتا ہے انھیں کو ابدال کہا جاتا ہے۔ انھوں نے یہ درجہ روزہ و نماز اور صدقہ سے نہیں پایا۔ حضرت ابن مسعود نے دریافت کیا پھر کس چیز سے یہ درجہ پایا فرمایا مسلمانوں کی خیرخواہی اور سخاوت سے۔ مطلب یہ کہ نماز، روزہ و صدقہ میں تو مسلمانوں کے ساتھ شریک ہیں لیکن ان کی وہ خاص صفت جس کی بناء پر انھیں یہ درجہ ملا یہی دو صفتیں ہیں۔

حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص روزانہ یہ دعا مانگے کہ

اللھم ارحم امة محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم (اے خدا امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر رحم فرما) تو حق تعالیٰ اسے ابدال میں لکھتا ہے۔

اور حلیہ میں ہے کہ جو روزانہ دس بار ان لفظوں کو کہے :

اللھم اصلح امة محمد اللھم فرج عن امة محمد اللھم ارحم امة محمد صلی الله تعالیٰ علیه وسلم. (اے خدا امت محمد کی اصلاح فرما اے خدا امت محمد پر کشادگی فرما اے خدا امت محمد پر رحم فرما) تو اللہ تعالیٰ اسے ابدال میں لکھتا ہے۔

ابدال کی نشانی یہ ہے کہ ان سے اولاد پیدا نہیں ہوتی اور وہ کسی چیز پر لعنت نہیں کرتے۔

زید بن ہارون سے مروی ہے کہ ابدال اہل علم ہیں۔ اور امام احمد فرماتے ہیں کہ ابدال اگر محدثین نہ ہوں گے تو پھر کون ہوں گے۔

خطیب نے تاریخ بغداد میں ایک کتاب سے نقل کیا ہے کہ نقباء تین سو ہیں اور نجباء ستر، ابدال چالیس، اخیار سات، عمد (غالباً اوتاد) چار اور غوث ایک ہے۔ نقباء کا مسکن مغرب اور نجبا کا مسکن مصر اور

ابدال کا مسکن شام اور اخیار زمین میں سیاح ہیں۔ عمد زمین کے گوشوں میں ہیں۔ اور غوث کا مسکن مکہ مکرمہ ہے۔ اور جب کوئی امر عام عارض ہوتا ہے تو نقبا دعا کرتے ہیں اور اس حاجت کے پوری ہونے کے لیے وہ عاجزی کرتے ہیں ان کے بعد نجباء، ان کے بعد ابدال، ان کے بعد اخیار، ان کے بعد عمد۔ اگر ان کی دعائیں مستجاب ہو جائیں تو فبہا ورنہ غوث عاجزی کرتے ہیں، گڑگڑاتے ہیں اور سوال کے تمام ہونے سے پہلے غوث کی دعا قبول کرلی جاتی ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد اول)

فقراء کے مدارج ومراتب

امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ جب طالب سلوک کی راہ چلتا ہے تو اسے رفتہ رفتہ یہ درجات حاصل ہوتے ہیں۔

صلحا، سالکین، فانیین، واصلین۔

اب ان واصلوں کے مراتب ہیں۔

نجباء، نقباء، ابدال، بدلاء، اوتاد، امامین، غوث، صدیق، نبی، رسول۔

تین پہلے سیر الی اللہ کے ہیں باقی سیر فی اللہ کے، اور ولی ان سب کو شامل ہے۔

(الملفوظ حصہ چہارم)

افراد کسے کہتے ہیں

افراد کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں کہ اجلۂ اولیائے کرام سے ہوتے ہیں ولایت کے درجات میں غوثیت کے بعد فردیت ہے۔

ایک صاحب اجلہ اولیائے کرام سے کسی نے پوچھا، حضرت خضر علیہ السلام زندہ ہیں؟

فرمایا: ابھی ابھی مجھ سے ملاقات ہوئی تھی۔ فرماتے تھے جنگل میں ٹیلے پر ایک نور دیکھا جب میں قریب آیا تو معلوم ہوا کہ وہ کمبل کا نور ہے ایک صاحب اسے اوڑھے سو رہے ہیں میں نے پاؤں پکڑ کر ہلایا اور جگا کر کہا اٹھو مشغول بخدا ہو۔ کہا آپ اپنے کام میں مشغول رہیں مجھے میری حالت پر رہنے دیجیے۔ میں نے کہا کہ میں مشہور کیے دیتا ہوں کہ یہ ولی اللہ ہیں۔ کہا میں مشہور کر دوں گا کہ یہ خضر ہیں۔ میں نے کہا کہ میرے لیے دعا کرو، کہا دعا تو آپ ہی کا حق ہے میں نے کہا تمھیں دعا کرنی ہوگی کہا

وفر الله حظك منه .

اللہ تعالیٰ اپنی ذات میں آپ کا نصیبہ زائد کرے۔

اور کہا اگر میں غائب ہو جاؤں تو ملامت نہ فرمائیے گا اور فوراً نظر سے غائب ہو گئے حالاں کہ کسی ولی کی طاقت نہ تھی کہ میری نگاہ سے غائب ہو سکے۔

میں وہاں سے آگے بڑھا تو ایک اور اسی طرح کا نور دیکھا کہ نگاہ کو خیرہ کرتا ہے قریب گیا تو دیکھا کہ ایک عورت کمبل اوڑھے سو رہی ہے وہ اس کے کمبل کا نور ہے۔ میں نے پاؤں ہلا کر ہوشیار کرنا چاہا غیب سے ندا آئی اے خضر! احتیاط کیجیے۔ اس بی بی نے آنکھ کھولی اور کہا حضرت نہ رکے یہاں تک کہ رو کے گئے میں نے کہا اٹھ مشغول بخدا ہو۔ کہا حضرت اپنے کام میں مشغول رہیں مجھے اپنی حالت پر رہنے دیں۔ میں نے کہا تو میں مشہور کیے دیتا ہوں یہ ولی اللہ ہے۔ کہا میں مشہور کر دوں گی یہ حضرت خضر ہیں۔ میں نے کہا میرے لیے دعا کرو کہا دعا تو آپ کا حق ہے میں نے کہا تمھیں دعا کرنی ہوگی کہا :

و فر الله حظك منه .

اللہ اپنی ذات میں آپ کا نصیبہ زائد کرے۔

پھر کہا اگر میں غائب ہو جاؤں تو ملامت نہ فرمائے گا۔ میں نے (دل میں) کہا یہ بھی جاتی ہے

اس لیے ان سے کہا یہ تو بتائیے جا کیا تو اسی مرد کی بی بی ہے؟ کہا ہاں۔ یہاں ایک ولیہ کا انتقال ہو گیا تھا اس کی تجہیز و تکفین کا ہمیں حکم تھا۔ یہ کہا اور میری نگاہ سے غائب ہو گئی۔

(وہ بزرگ فرماتے ہیں کہ میں نے) حضرت خضر علیہ السلام سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں؟ فرمایا یہ لوگ ''افراد'' ہیں میں نے کہا وہ بھی کوئی ہے جس کی طرف یہ رجوع لاتے ہیں فرمایا ہاں! شیخ عبد القادر جیلانی۔

کیا غوث ہر زمانے میں ہوتا ہے

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ ارشاد فرماتے ہیں :

بغیر غوث کے زمین و آسمان قائم نہیں رہ سکتے۔ انھیں مراقبے کی حاجت نہیں بلکہ انھیں ہر حال یوں ہی مثل آئینہ پیش نظر۔

ہر غوث کے دو وزیر ہوتے ہیں غوث کا لقب ''عبد اللہ'' ہوتا ہے۔ وزیر دست راست عبد الرب اور وزیر دست چپ عبد الملک۔ اس سلطنت میں وزیر دست چپ، وزیر راست سے اعلیٰ ہوتا ہے بخلاف سلطنت دنیا۔ اس لیے کہ یہ سلطنت قلب ہے اور دل جانب چپ۔

غوث اکبر و غوث ہر غوث حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں۔ صدیق اکبر حضور کے وزیر دست چپ تھے اور فاروق اعظم وزیر دست راست۔

پھر امت میں سب سے پہلے درجہ غوثیت پر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ممتاز ہوئے اور وزارت امیر المومنین فاروق اعظم و حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو عطا ہوئی۔ اس کے بعد امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غوثیت مرحمت ہوئی اور عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ و مولیٰ علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم وزیر ہوئے۔ پھر امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غوثیت عنایت ہوئی اور مولیٰ علی و امام

حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہما وزیر ہوئے۔ پھر مولیٰ علی کو مرتبہ غوثیت عنایت ہوا اور امامین محترمین سیدنا امام حسن و سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما وزیر ہوئے۔ پھر امام حسن سے درجہ بدرجہ امام حسن عسکری تک سب حضرات مستقل غوث ہوئے۔ امام حسن عسکری کے بعد حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک جتنے حضرات ہوئے سب ان کے نائب ہوئے۔ ان کے بعد سیدنا غوث اعظم مستقل غوث۔ حضور تنہا درجہ غوثیت کبریٰ پر فائز ہوئے۔ حضور غوث اعظم بھی ہیں اور سید الافراد بھی۔ حضور کے بعد جتنے ہوئے اور جتنے اب ہوں گے حضرت امام مہدی تک، سب نائب حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہوں گے۔ پھر امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غوثیت کبریٰ عطا ہوگی۔

غوث کے انتقال کے بعد ان کی جگہ امامین سے غوث کر دیا جاتا ہے۔ امامین کی جگہ اوتاد اربعہ سے، اوتاد کی جگہ بدلا سے، بدلا کی جگہ ابدال سبعین سے، اور ان کی جگہ تین سو نقبا سے، پھر اولیاء سے، اور اولیاء کی جگہ عامۂ مومنین سے کر دیا جاتا ہے کبھی بلا لحاظ ترتیب کافر کو مسلمان کر کے بدل کر دیتے ہیں ان کا مرتبہ ابدال سے زیادہ ہے۔ (الملفوظ حصہ اول)

رجال الغیب

رجال الغیب، ملائکہ میں سے نہیں بلکہ انسانوں میں سے ہیں اور یہ بھی سلسلے میں ہوتے ہیں البتہ افراد، سوائے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اور کسی کے ماتحت نہیں۔ اسی واسطے فرد کہلاتے ہیں سلسلے میں کسی کے نہیں لیکن حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف رجوع سے چارہ نہیں۔

(الملفوظ حصہ چہارم)

اشعار

امت محمدیہ علی صاحبہا التحیۃ والثناء کے فضائل میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

نازشیں کرتے ہیں آپس میں ملک
ہیں غلامان شہ ابرار ہم

•

اہل صراط روح امیں کو خبر کریں
جاتی ہے امت نبوی فرش پر کریں

(حدائق بخشش)

حضور سرورِ کونین ﷺ
کے رشتہ دار و متعلقین

جس مسلماں نے دیکھا انھیں اک نظر
اس نظر کی بصارت پہ لاکھوں سلام

ان اللہ اختارنی واختار لی اصحابا واصھارا

بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے پسند فرمایا اور میرے لیے اصحاب و رشتہ دار پسند کیے۔

(الحدیث)

چچاؤں کی تعداد

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچاؤں کی تعداد میں مورخین کا اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک ان کی تعداد نو، بعض نے کہا کہ دس، اور بعض کا قول ہے کہ ان کی تعداد گیارہ ہے۔ مگر صاحب مواہب لدنیہ نے ''ذخائر العقبیٰ فی مناقب ذوی القربیٰ'' سے نقل کرتے ہوئے تحریر فرمایا کہ حضور کے والد ماجد حضرت عبداللہ کے علاوہ عبدالمطلب کے بارہ بیٹے تھے جن کے نام یہ ہیں۔

(۱) حارث (۲) ابو طالب (۳) زبیر (۴) حمزہ (۵) عباس (۶) ابولہب (۷) غیدق (۸) مقوم (۹) ضرار (۱۰) قثم (۱۱) عبدالکعبہ (۱۲) جحل۔

ان میں سے صرف حضرت حمزہ و حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اسلام قبول کیا۔ ابو طالب و ابولہب نے زمانۂ اسلام پایا لیکن اسلام کی توفیق نہ پائی۔

سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ

حضرت حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ابو عمارہ اور لقب سید الشہداء ہے۔ معجم بغوی میں مروی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس خدائے عزوجل کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اللہ عزوجل کے نزدیک ساتویں آسمان میں لکھا ہوا ہے۔

حمزة اسد الله و اسد رسوله . (اللہ اور رسول کا شیر)

ان کا اسلام لانا بعثت کے دوسرے سال میں تھا۔ بعض نے بعثت کے چھٹے سال میں دار ارقم میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے داخل ہونے کے بعد کہا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام لانے سے تین دن قبل اسلام لائے۔ یہ غزوۂ بدر میں موجود تھے اور انھوں نے عتبہ بن ربیعہ اور شیبہ بن ربیعہ کو مقابلہ میں قتل کیا۔

ان کے اسلام لانے کا سبب یہ تھا کہ ایک دن ابو جہل لعین حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایذا پہنچا رہا تھا اور دشنام طرازی کر رہا تھا اور حضور تحمل فرما رہے تھے۔ حضرت حمزہ شکار کو گئے ہوئے تھے جب واپس آئے تو ان کی باندی نے بتایا کہ آج ابو جہل تمہارے بھتیجے محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کو اس طرح ایذا پہنچا رہا تھا۔ حضرت حمزہ کو غصہ آیا اور ابو جہل کے پاس گئے۔ اور اپنی کمان سے اس کے سر پر مارا اور اس کا سر پھاڑ دیا اور اسلام لے آئے۔ اس سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہت مسرور ہوئے۔

اسلام میں سب سے پہلے جو علم تیار ہوا وہ حضرت حمزہ کے لیے تھا، اور جو پہلا لشکر بھیجا گیا وہ ان کا تھا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرے تمام چچاؤں میں سب سے بہتر حمزہ ہیں اور فرمایا سید الشہداء حضرت حمزہ بن عبد المطلب ہیں۔

جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حمزہ کو مقتول دیکھا اور ملاحظہ فرمایا کہ انھیں مثلہ کیا گیا ہے تو حضور کی چیخ نکل گئی اور فرمایا کہ میں آج جتنا مصیبت زدہ ہوں کبھی تمھاری مانند مصیبت نہ ہوگی اور نہ کسی اور مقام میں اس جگہ کی مانند غضب ناک کھڑا ہوں گا جیسا کہ آج اس جگہ کھڑا ہوں۔

حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جس دن شہادت پائی اس دن وہ ۵۹ سال کے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عمر میں چار سال بڑے تھے، بعض کتابوں میں دو سال کہا گیا ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

حضرت حمزہ کی نماز جنازہ

امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں:

ایک اثر مرسل ابوداؤد نے مراسیل میں بسند ثقات ابومالک غفاری تابعی سے روایت کیا۔

ان النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صلی علی قتلی احد عشرۃ عشرۃ فی کل عشرۃ حمزۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

بیشک نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شہدائے احد پر دس دس کر کے نماز جنازہ پڑھائی ہر دس میں حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۴۶۔ النہی الحاجز)

حضرت حمزہ کا عرفان

ابن ابی الدنیا اور بیہقی دلائل میں عطاف مخزومی کی خالہ سے راوی:

ایک دن میں نے قبر سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس نماز پڑھی اس وقت جنگل بھر میں کسی آدمی کا نام ونشان نہ تھا بعد نماز مزار مطہر پر سلام کیا جواب آیا اور اس کے ساتھ یہ فرمایا:

من یخرج من تحت القبر اعرف کما اعرف ان الله خلقنی و کما اعرف الیل و النهار۔

جو میری قبر کے نیچے سے گزرتا ہے میں اسے ایسا پہچانتا ہوں جیسا یہ پہچانتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے پیدا کیا ہے اور جس طرح رات اور دن کو پہچانتا ہوں۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۲۶۴۔ حیات الموات)

حضرت حمزہ دافع البلاء ہیں

ابن شاذان عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جنازہ پر فرمایا:

یا حمزة یا کاشف الکربات

یا ذاب عن وجه رسول الله

اے حمزہ اے دفع بلا اے حمزہ اے چہرۂ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دشمنوں کے دفع کرنے والے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۸۱)

●......●......●

حضرت عباس رضی اللہ عنہ

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت ابوالفضل ہے کیوں کہ ان کے سب سے بڑے فرزند کا نام فضل تھا ان کی نسبت سے یہ کنیت ہے اور وہ عبداللہ بن عباس سے بڑے تھے لیکن حضرت عبداللہ ہی ''ابن عباس'' سے مشہور ہوئے اور یہی ان کے نام پر غالب آ گیا۔

حضرت عباس کی والدہ کا نام نتیلہ بنت حباب بن کلب ہے۔ یہ سب سے پہلی عرب عورت ہیں جنہوں نے بیت الحرام پر دیبا کا غلاف چڑھایا اس لیے کہ حضرت عباس ایک مرتبہ بچپنے میں گم ہو گئے تھے تو ان کی والدہ نے نذر مانی تھی کہ وہ آ جائیں تو بیت اللہ پر غلاف چڑھائیں گی۔

حضرت عباس بڑے حسین وجمیل دو گیسو والے اور طویل القامت تھے۔ منقول ہے کہ لوگوں کا قد حضرت ابن عباس کے کندھوں تک پہنچتا تھا اور حضرت ابن عباس کا قد حضرت عباس کے کندھوں تک پہنچتا تھا اور حضرت عباس کا قد عبدالمطلب کے کندھوں تک۔

ان کی ولادت عام الفیل سے تین سال پہلے ہے یہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دو یا تین سال عمر میں زیادہ تھے اور وہ قریش میں سردار تھے اور بیت اللہ کی تعمیر اور اس کی دیکھ بھال ان کے سپرد تھی اور منصب سقایہ یعنی حاجیوں کو پانی پلانا بھی ان کے ہاتھ میں تھا۔

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ عقبہ کی رات جس میں انصار نے عقد بیعت کی تھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اس مجلس میں انھوں نے فرمایا اے گروہ انصار تمھیں معلوم ہونا چاہیئے کہ محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم لوگوں میں بزرگ وعظیم ہیں مبادا اس وقت جو تم عہد و پیمان باندھ رہے ہو تو تم توڑ دو خوب اچھی طرح سمجھ لو۔

جب بدر کے قیدیوں میں ان کے بند سخت ہو گئے تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے کراہنے اور ان کی حالت کے تصور سے سو نہ سکے صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ نیند نہ آنے کی وجہ کیا ہے؟ فرمایا عباس کی وجہ سے اس کے بعد ایک شخص اٹھا اور ان کی بندشوں کو ڈھیلا کر دیا اس کے بعد آپ نے حکم دیا کہ تمام قیدیوں کی بندشیں ڈھیلی کر دی جائیں۔ اور یہ کہ حضرت عباس اپنے اسلام کو پوشیدہ رکھتے تھے اور مشرکوں کے جبر و قہر کی بنا پر ساتھ آئے تھے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دے دیا تھا کہ جس کسی کو حضرت عباس ملیں وہ ان کو قتل نہ کرے اس لیے کہ انھیں جبراً لایا گیا ہے یعنی ناگواری اور عدم رضا سے ساتھ آئے ہیں کیوں کہ ابوجہل اور کافروں نے یہ نہ چاہا کہ وہ مکہ مکرمہ میں رہیں اور بدر میں نہ جائیں۔

اہل سیر کہتے ہیں کہ بدر سے پہلے بھی وہ مسلمان تھے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مشرکوں کے حالات اور ان کی خبریں لکھ کر بھیجا کرتے تھے اور مکہ مکرمہ میں باقی مسلمانوں کی اطلاعات دیا کرتے تھے اور حضور ان کی اطلاع پر اعتماد فرماتے تھے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں آنے سے پہلے ہی سے حضور ان سے محبت فرماتے تھے اسی بناء پر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو لکھا تھا کہ میرے بعد تمھارا مکہ مکرمہ میں رہنا بہتر ہے۔

ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عباس سے فرمایا اے میرے چچا اپنے گھر رہنا اور اپنے بچوں کو بھی باہر نہ بھیجنا میں کل تمھارے یہاں آؤں گا مجھے تم سے کام ہے پھر جب حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے یہاں رونق افروز ہوئے اپنی چادر مبارک ان سب پر ڈالی، ایک روایت میں ہے کہ ان سب کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی چادر شریف میں ڈھانپ لیا اور فرمایا۔

اے خدا یہ میرے چچا اور میرے والد کے قائم مقام ہیں اور ان کے یہ فرزند میرے اہل بیت ہیں ان سب کو آتش دوزخ سے ایسا ہی چھپا جس طرح میں نے انھیں اپنی چادر میں چھپا لیا ہے، اس پر ان سب نے آمین کہی اور گھر کے در و دیوار نے بھی آمین آمین کہی۔ ایک روایت میں ہے کہ گھر کا کوئی پتھر اور ڈھیلا

ایسا نہ تھا جس نے آمین نہ کہی ہو۔

ترمذی میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے انھوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہم سب کو اپنی چادر اقدس میں چھپالیا اور فرمایا:

اللھم اغفر للعباس و ولدہ مغفرۃ ظاھرۃ و باطنۃ لا تغادر ذنبا اللھم احفظہ فی ولدہ .

اے اللہ عباس اور ان کی اولاد کی ظاہری و باطنی مغفرت فرما ان کا کوئی گناہ باقی نہ رہے اے اللہ ان کی اولاد کی حفاظت فرما۔

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں ان کی شہادت سے دو سال پہلے ۳۲ھ یا ۳۳ھ میں ہوئی اس وقت ان کی عمر شریف اٹھاسی یا نواسی سال کی تھی وہ ۳۲ سال زمانۂ اسلام میں رہے بقیع شریف میں وہ مدفون ہوئے اور ان کو ان کے فرزند حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے قبر میں اتارا۔

خاتم المہاجرین

جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فتح مکہ کے لیے تشریف لے جا رہے تھے تو حضرت عباس مکہ سے ہجرت کر کے راہ میں حضور کے ساتھ شامل ہو گئے تھے حضور نے ان کے عیال کو مدینہ طیبہ بھیج دیا اور عباس کو اپنے ہمراہ رکھا اور وہ فتح مکہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ہی تھے، حضور نے ان سے فرمایا تمھارے ساتھ اب ہجرت ختم ہوگئی۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ہجرت کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

ابو یعلی و طبرانی و شاشی و ابو نعیم فضائل الصحابہ میں اور ابن عساکر و ابن النجار حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے موصولاً اور رویانی و ابن عساکر محمد بن شہاب زہری سے مرسلاً راوی حضرت عباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما عم نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں مکہ معظمہ سے عرضی حاضر کی کہ مجھے اذن عطا ہو تو ہجرت کرکے مدینہ طیبہ حاضر ہو جاؤں اس کے جواب میں حضور پر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمان نافذ فرمایا۔

یا عم اقم مکانک الذی انت فیہ فان اللہ یختم بک الھجرة کما ختم بی النبوة.

اے چچا اطمینان سے رہو کہ تم ہجرت میں خاتم المہاجرین ہونے والے ہو جس طرح میں نبوت میں خاتم النبیین ہوں۔ (جزاء اللہ عدوہ باباءہ ختم النبوۃ)

● ● ●

رضاعی برادران

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رضاعی یعنی دودھ شریک بھائیوں میں سے ایک تو حضور کے چچا حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

دوسرے ابوسلمہ بن عبدالاسد، شوہر ام اسلمہ ان کی والدہ برہ بنت عبدالمطلب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پھوپھی ہیں، ان کو اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ثویبہ، ابولہب کی باندی نے اپنے بیٹے مسروح بن ثویبہ کا دودھ چار برس کے فرق سے پلایا، پہلے حضرت حمزہ کو، ان کے بعد حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پھر عبداللہ بن عبدالاسد کو ثویبہ نے دودھ پلایا۔

ابوسفیان بن الحارث جو کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا حارث کے بیٹے ہیں یہ بھی حضور کے رضاعی بھائی ہیں۔ ان کو اور حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سیدہ دایہ حلیمہ سعدیہ نے دودھ پلایا۔

اور حلیمہ سعدیہ کی اولاد بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی بہن ہیں۔

ایک مرتبہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا لشکر ہوازن پر تاخت کر رہا تھا تو ان میں ایک عورت قید ہو کر آئی اس نے کہا میں تمھارے آقا کی بہن ہوں، جب اسے حضور کے سامنے پیش کیا گیا تو اس نے کہا یا محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) میں آپ کی رضاعی بہن ہوں اس پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے مرحبا فرمایا اور اپنی چادر مبارک بچھا کر اس پر اسے بٹھایا اور گزشتہ حالات کی یاد سے حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چشم مبارک میں آنسو آ گئے حضور نے اس سے فرمایا اگر تم چاہو تو میرے پاس رہو، عزت واحترام اور محبت کے ساتھ رہو گی اور اگر تم چاہو تو تمھیں تمھارے لوگوں کی طرف لوٹا دوں اور حلہ وانعام و اکرام تمھیں عطا فرما دوں۔ اس نے کہا میں اپنی قوم کی طرف جانا چاہتی ہوں پھر وہ مسلمان ہو گئی اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے تین غلام و باندی اور بہت سے اونٹ و بکریاں مرحمت فرمائیں۔

مروی ہے کہ بی بی حلیمہ سعدیہ بھی بارگاہ رسالت میں آئیں اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا بھی بہت ادب واحترام اور اکرام وانعام فرمایا۔ اور ابولہب کی باندی ثویبہ کو بھی اکرام وانعام سے نوازا۔ ان کے اسلام لانے میں علماء اختلاف کرتے ہیں جس طرح کہ بی بی حلیمہ سعدیہ کے اسلام میں اختلاف ہے۔ بقیع میں ان کا چھوٹا سا قبہ تھا جسے قبہ حلیمہ سعدیہ کہتے تھے (مگر اب نجدی ملعونوں نے اسے بھی شہید کر دیا ہے) کہتے ہیں کہ ان کی قبر پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بغرض زیارت تشریف لے جایا کرتے تھے اور بی بی حلیمہ کے شوہر کے اسلام میں بھی اختلاف ہے مگر ظاہر یہ ہے کہ انھوں نے اسلام قبول کیا۔

ثویبہ باندی کو ابولہب نے اس وقت آزاد کیا جب کہ اس نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت طیبہ کا مژدہ لا کر اسے سنایا تھا۔ اسی بنا پر مروی ہے کہ روز دوشنبہ یعنی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیدائش کے دن ابولہب کے عذاب میں تخفیف ہوتی ہے۔ ثویبہ بارگاہ رسالت میں حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کے بعد آئی تو سیدہ خدیجہ نے اس کا احترام فرمایا اور حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ اس کے لیے حلہ اور کپڑے بھیجا کرتے تھے یہاں تک کہ وہ فتح خیبر کے بعد فوت ہوگئی۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

حلیمہ اور حارث بارگاہ رسالت میں

حضرت حلیمہ سعدیہ اور ان کے شوہر حضرت حارث سعدی کے بارے میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں:

حضرت حلیمہ جب روز حنین حاضر بارگاہ ہوئیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے لیے قیام فرمایا اور اپنی چادر انور بچھا کر بٹھایا۔ ان کے شوہر جن کا شیر حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

نوش فرمایا، حارث سعدی، یہ بھی شرف اسلام وصحبت سے مشرف ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قدم بوسی کو حاضر ہوئے تھے راہ میں قریش نے کہا اے حارث تم اپنے بیٹے کی سنو وہ کہتے ہیں، مردے جئیں گے اور اللہ نے دو گھر جنت و نار بنا رکھے ہیں انھوں نے حاضر ہو کر عرض کی کہ اے میرے بیٹے حضور کی قوم حضور کی شاکی ہے فرمایا ہاں میں ایسا فرماتا ہوں اور اے میرے باپ! جب وہ دن آئے گا تو میں تمھارا ہاتھ پکڑ کر بتا دوں گا کہ دیکھو یہ وہ دن ہے یا نہیں جس کی میں خبر دیتا تھا یعنی روز قیامت۔ حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ بعد اسلام اس ارشاد کو یاد کر کے کہا کرتے تھے اگر میرے بیٹے میرا ہاتھ پکڑیں گے تو انشاء اللہ نہ چھوڑیں گے جب تک مجھے جنت میں داخل نہ فرمالیں۔ اسے یونس بن بکیر نے روایت کیا ہے۔

(شمول الاسلام لاصول الرسول الکرام)

●……●……●

حضور کے موالی

اس جگہ موالی سے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام مراد ہیں۔ اور وہ کئی ہیں۔

(۱) زید بن حارثہ بن شراحیل بن کعب، یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی اور غلام سابقین اولین میں سے ہیں۔ جب انھوں نے اپنی قوم میں جانے سے انکار کیا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان لوگوں سے فرمایا اے لوگو تم گواہ رہو میں نے زید کو اپنا بیٹا بنالیا ہے وہ میرا متبنیٰ ہے وہ میرا وارث ہے اور میں اس کا وارث ہوں۔ اس کے بعد لوگ ان کو زید بن محمد کہہ کر پکارنے لگے یہاں تک کہ اسلام کا دور آیا تو حق تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی:

ادعوهم لابائهم هو اقسط عند الله .

منہ بولے بیٹوں کو ان کے اصلی باپ کے نام سے پکارو یہ اللہ کے نزدیک زیادہ صحیح ہے۔

پھر ان کو زید بن حارثہ کہہ کر بلایا جانے لگا۔ ایک قول کے مطابق یہ مردوں میں سب سے پہلے اسلام لائے۔ یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خط و کتابت کے فرائض انجام دیتے تھے حضور نے ان کا نکاح اپنی باندی ام ایمن کے ساتھ کردیا جن سے ان کے فرزند حضرت اسامہ پیدا ہوئے اس کے بعد ان کا نکاح حضرت زینب بنت جحش سے کردیا۔ یہ غزوۂ بدر، خندق، حدیبیہ اور خیبر میں شریک رہے یہ تیر اندازی میں مشہور صحابہ میں سے تھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب غزوۂ مریسیع کے لیے تشریف لے گئے تو مدینہ میں ان کو اپنا خلیفہ بنایا، ان کو سات لشکروں پر امیر مقرر کیا گیا۔ قرآن پاک میں ان کے علاوہ کسی صحابی کا نام مذکور نہیں **فلما قضى زيد منها وطرا زوجنكها الآية** . یہ جنگ موتہ میں شہید ہوئے اس روز وہ لشکر اسلام کے

امیر تھے انھوں نے پچپن سال کی عمر پائی۔

(۲) اسامہ بن زید بن حارثہ، لوگ ان کو ''حب رسول اللہ'' کہا کرتے تھے اور حضور رحمت عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی آغوش مبارک میں ایک جانب حضرت امام حسن کو اور دوسری جانب حضرت اسامہ بن زید کو لیتے اور دعا فرمایا کرتے تھے کہ اے اللہ یہ دونوں میرے محبوب ہیں تو بھی ان سے محبت فرما۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے اسے لازم ہے کہ وہ حضرت اسامہ سے محبت رکھے۔ حضور کے وصال اقدس کے وقت یہ انیس یا بیس سال کے تھے انھوں نے ۷۵ سال کی عمر پائی۔ ان کے سن وفات میں اختلاف ہے۔ اصح یہ ہے کہ ان کی وفات ۵۱ھ میں ہوئی۔

(۳) ثوبان بن بجدومہ، ان کی کنیت ابو عبیدہ یا ابو عبد الرحمٰن ہے، یہ سراۃ کے رہنے والے تھے جو مکہ و یمن کے درمیان ایک جگہ کا نام ہے۔ یہ ہمیشہ سفر و حضر میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت مبارکہ میں حاضر رہے یہاں تک حضور اس دنیا سے تشریف لے گئے۔ بعد میں یہ شام چلے گئے اور مقام رملہ میں سکونت اختیار کی ان کی وفات ۵۴ھ میں ہوئی۔

(۴) ابو کبشہ فارسی، ان کا نام سلیم ہے بعض نے کہا کہ اوس یا سلمہ ہے۔ یہ بدر اور تمام غزوات میں شریک رہے۔ جس دن حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ منتخب ہوئے اسی دن (۱۳ھ) میں ان کی وفات ہوئی۔

(۵) آنسہ یا ابو آنسہ، ان کی کنیت ابو سرح ہے، یہ لوگوں کے لیے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے حاضر ہونے کی اجازت لیتے تھے جب کہ لوگ اجازت چاہتے تھے حضور انھیں فرماتے کہ آنے کی اجازت دے دو، یہ بدر و احد میں شریک رہے اور خلافت صدیقی میں ان کی وفات ہوئی۔

(۶) صالح، ان کا لقب شقران ہے۔ انھیں حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ یہ بدر میں حاضر ہوئے مگر انھیں سہم نہ دیا گیا کیوں کہ اس وقت وہ غلام تھے لیکن وہ بدر کے قیدیوں پر محافظ تھے اور جو کوئی فدیہ دیتا اس میں سے کچھ انھیں مرحمت فرما دیتے تھے اس طرح ان کو اتنا کچھ حاصل ہو گیا جتنا دوسروں کو سہم میں نہ ملا تھا۔

(۷) رباح، یہ حبشی تھے اور یہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لوگوں کے حاضر ہونے کی اجازت لیا کرتے تھے اور یہ کبھی کبھی اذان بھی دیتے تھے۔

(۸) یسار، ان کو عرنیوں نے چراگاہ میں شہید کیا اور مثلہ کر دیا تھا۔

(۹) ابو رافع، ان کا نام اسلم، یا ثابت، یا یزید، یا ابراہیم یا ہرمز ہے۔ بخاری نے اسلم کے ساتھ جزم کیا ہے یہ کنیت سے زیادہ مشہور ہیں۔

(۱۰) مویہبہ، بعض ان کو ابو مویہبہ اور ابو موہب کہتے ہیں۔ یہ مزینہ کے رہنے والے تھے اور غزوۂ مریسیع میں حاضر ہوئے یہ ان لوگوں میں سے ہیں جو سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اونٹ کو کھینچتے تھے۔

(۱۱) ابو البہی، اصابہ میں ان کا نام رافع اور کنیت ابو البہی بتایا ہے۔

(۱۲) مدعم، یہ حبشی ہیں ان کو رفاعہ بن زید بن جزامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارگاہ رسالت میں پیش خدمت کیا یہ خیبر میں ایک نامعلوم تیر سے شہید ہوئے۔

(۱۳) زید، ہلال بن یسار کے دادا ہیں۔ ابن شاہین نے کہا ہے کہ زید قید خانہ میں محبوس تھے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غزوہ بنی ثعلبہ میں پہنچ کر انھیں آزادی بخشی۔

(۱۴) عبید بن عبد الغفار، ان کو عبد اللہ بن الغفار بھی کہتے ہیں۔

(۱۵) سفینہ ابو عبد الرحمٰن، بعض کہتے ہیں کہ سیدہ ام سلمہ ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے غلام ہیں ان کو اس شرط پر آزادی دی تھی کہ وہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت بجالایا کریں۔ سفینہ ان کا لقب ہے باختلاف روایت ان کا نام مہران یا ملہمان یا رومان یا کیسان یا فروخ ہے۔

(۱۶) مابور قبطی، یہ خواجہ سرا ہیں جو حضرت ماریہ ام ولد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عزیز ہیں انھیں مقوقس شاہ اسکندریہ نے سیدہ ماریہ کے ہدیہ میں بھیجا تھا۔

(۱۷) واقد یا ابو واقد، استیعاب میں واقد بغیر کنیت کے ذکر کیا گیا ہے۔

ان کے علاوہ ہشام، ابوضمیرہ، حسین، ابوعسیب، ابوعبید، اسلم بن عبید، افلح، انجشہ حبشی، بازام، حاتم، بدر بن ابوعبد اللہ، رویفع، زید بن ہلال، سعید بن زید، سعید بن کندیہ، سلمان فارسی، سندر، شمعون، ضمیرہ، عبد اللہ بن اسلم ہاشمی، غیلان، فضالہ، نفیر، کریب، محمد بن عبد الرحمٰن، ناہیہ، مکحول، نافع ابو السائب، منیہ، نہیک، نفیع، ہرمز ابو کیسان، وردان، ابواشیلہ، ابو البشیر، ابوصفیہ، ابوقبیلہ، ابولبابہ، ابولقیط، ابوالیسر، ذکوان، وغیرہم بھی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلاموں میں سے ہیں۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

● ...... ● ...... ●

محافظین بارگاہ رسالت ﷺ

کفار چوں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جانی دشمن تھے اور ہر وقت اس تاک میں لگے رہتے تھے کہ اگر ایک ذرا بھی موقع مل جائے تو آپ کو شہید کر ڈالیں بلکہ بارہا قاتلانہ حملہ بھی کر چکے تھے، اس لیے کچھ جاں نثار صحابہ کرام باری باری سے راتوں کو آپ کی خواب گاہوں اور قیام گاہوں کا شمشیر بکف ہو کر پہرہ دیا کرتے تھے۔ یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہا جب کہ یہ آیت نازل ہوگئی۔

و اللہ یعصمک من الناس.

یعنی اللہ تعالیٰ آپ کو لوگوں سے بچائے گا۔

اس آیت مبارکہ کے نزول کے بعد آپ نے فرمایا کہ اب پہرہ دینے کی کوئی ضرورت نہیں اللہ تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمالیا ہے کہ وہ مجھ کو میرے تمام دشمنوں سے بچائے گا۔ ان جاں نثار پہرہ داروں میں چند خوش نصیب صحابہ کرام خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔

(۱) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، یہ روز بدر عریش میں شمشیر برہنہ لے کر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سرہانے کھڑے ہو کر پہرہ دے رہے تھے تاکہ کوئی مشرک حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قریب نہ آسکے، ان کے فضائل و مناقب آسمان کے تاروں سے زیادہ ہیں۔

(۲) حضرت سعد بن معاذ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، جو اشہل اوسی ہیں اور اکابر و اجلہ اصحاب میں سے ہیں انصار میں سے انھیں کا گھرانا سب سے پہلے اسلام لایا یہ اپنی قوم میں مخدوم و پیشوا اور بزرگ تھے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انھیں سید الانصار کا لقب مرحمت فرمایا تھا اور وہ بدر و احد میں حاضر ہوئے، روز احد وہ حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ثابت

قدم رہے غزوۂ خندق میں ان کی رگ اکحل میں تیر لگا اور ایک ماہ کے بعد اسی زخم سے ان کی وفات ہوئی۔

(۳) محمد بن مسلمہ انصاری مدنی اشہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، تبوک کے سوا بدر اور تمام غزوات میں حاضر ہوئے اور وہ فضلائے صحابہ میں سے تھے اصحاب رسول اللہ میں سب سے پہلے انھیں کا نام محمد رکھا گیا یہ حضرت مصعب بن عمیر کے ہاتھ پر قبل از ہجرت اسلام لائے اور ان کی تمام اولاد مسلمان ہوئی۔ ۴۶ھ یا ۴۷ھ میں ۷۷ سال کی عمر میں ان کی وفات ہوئی۔

(۴) ذکوان بن عبداللہ بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ بیعت عقبہ اولی اور ثانیہ میں حاضر ہوئے، اس کے بعد مدینہ طیبہ سے مکہ مکرمہ آئے، اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ رہے اسی بنا پر ان کو مہاجری اور انصاری کہتے ہیں، بدر میں حاضر ہوئے اور غزوۂ احد میں شہید ہوئے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب احد کے لیے باہر تشریف لائے تو فرمایا جو ایسے شخص کو دیکھنا پسند کرے جس کے پاؤں کل کو جنت کے سبزہ زاروں کو روندیں گے وہ اس شخص کو دیکھ لے۔

(۵) حضرت زبیر بن العوام قرشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت صفیہ ان کی والدہ تھیں جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پھوپھی ہیں اور اسماء بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما ان کی زوجہ ہیں۔ یہ حضرت ابوبکر صدیق کے ہاتھ پر سولہ سال کی عمر میں اسلام لائے۔ کفار کی ایذاؤں کے سبب سے ہجرت کر کے حبشہ چلے گئے تھے۔ بدر اور دیگر غزوات میں شریک رہے۔ روز احد حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ثابت قدم رہے اور غزوۂ خندق میں وہ حضور کی نگہبانی کرتے تھے۔ یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے راہ خدا میں سب سے پہلے تلوار اٹھائی۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر نبی کے کچھ حواری و مددگار ہوتے ہیں اور میرے حواری میری امت میں سے زبیر ہیں۔

(۶) سعد بن ابی وقاص سعد بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ابی وقاص مالک کی کنیت ہے یہ عشرۂ مبشرہ میں سے ہیں اور یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے راہ خدا میں سب سے پہلے تیر چلایا۔ فاتح عراق و حاکم کوفہ ہوئے۔ یہ مستجاب الدعوات تھے۔ سترہ یا انیس سال کی عمر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ پر اسلام لائے۔ تمام غزوات میں شریک ہوئے، ان کے ہاتھ پر مدائن اور ممالک عجم مفتوح ہوئے، شاہان فارس کی بنیادیں انھوں نے منہدم کیں۔ ۵۵ھ یا ۵۸ھ میں ان کی وفات ہوئی ان کی عمر شریف ستر سال سے کچھ زائد ہوئی بعض بیاسی سال بتاتے ہیں۔

(۷) عباد بن بشر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، یہ بدر و احد اور تمام غزوات میں شریک ہوئے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بہت خدمت کرتے تھے اور غزوۂ خندق میں انھوں نے حضور کی پاسبانی کا فریضہ انجام دیا تھا۔ یہ جنگ یمامہ میں شہید ہوئے ان کی عمر شریف پچپن سال کی ہوئی۔

(۸) حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ان کا نام خالد بن زید ہے، یہ قبیلہ بنی نجار سے تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہجرت کے بعد مسجد نبوی کی تعمیر تک ان کے گھر میں قیام فرمایا انھیں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ضیافت و میزبانی کا شرف حاصل ہوا۔ عقبہ، بدر، احد، خندق اور تمام غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر رہے۔ زمین روم قسطنطنیہ میں ۵۰ھ یا ۵۱ھ میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی امارت کے زمانہ میں وفات پائی اور قلعہ قسطنطنیہ کے نیچے دفن ہوئے۔

(۹) حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، جو مقرب بارگاہ اور خاصان درگاہ میں سے تھے وہ وادی القریٰ میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاسبان تھے۔

(۱۰) حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، مواہب لدنیہ میں کہا گیا ہے کہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی

اللہ تعالیٰ عنہ روز حدیبیہ برہنہ شمشیر لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پاسبانی میں حضور کے سرہانے کھڑے ہوئے تھے۔(مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم، سیرت مصطفیٰ)

●......●......●

بارگاہ رسالت کے سفراء اور قاصد

وہ صحابہ کرام جن کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعوت اسلام و مکتوب گرامی کے ساتھ سلاطین، امرا کی طرف بھیجا، وہ خوش نصیب حضرات یہ ہیں :

اسمائے گرامی	کہاں بھیجا
(۱) عمرو ابن امیہ ضمری رضی اللہ تعالیٰ عنہ	شاہ حبشہ نجاشی کی طرف
(۲) دحیہ بن خلیفہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	قیصر روم کی طرف
(۳) عبداللہ بن حذافہ سہمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	کسریٰ شاہ فارس کی طرف
(۴) حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ	مقوقس شاہ اسکندریہ کی طرف
(۵) شجاع بن وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ	حارث بن ابی شمر غسانی کی طرف
(۶) سلیط بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ	ہودہ بن علی حنفی کی . نب
(۷) علاء بن الحضرمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	منذر بن ساوی والی بحرین کی جانب
(۸) جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	طائف کے باشاہ ذی الکلاع کی طرف
(۹) مہاجر بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ	حارث بن عبدکلال حمیری شاہ یمن کی طرف
(۱۰) عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ	ملک عمان جلندر کے بیٹے جیفر وعبد کی جانب
(۱۱) عروہ بن مسعود ثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ	دعوت اسلام لے کر اپنی قوم کی طرف

بعض اہل سیر نے حضرت ابوموسیٰ اشعری، حضرت معاذ بن جبل، وبرہ بن محصن، اور ضبیب بن

زید بن عاصم رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سفیروں اور قاصدوں کے ضمن میں شمار کیا ہے۔

مواہب لدنیہ میں امیر المومنین علی مرتضٰی، عیینہ بن حصین، بریدہ، عباد بن بشر، رافع بن مکیث، ضاحک بن سفیان، بشیر بن سفیان، عبداللہ بن نسیر۔ کو بھی سفراء اور قاصدوں میں شمار کیا گیا ہے۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

بارگاہ رسالت کے خطیب

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خطیب ہونے سے مراد وہ خطیب نہیں جو جمعہ اور عیدوں میں خطبے دیتے ہیں اس لیے کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنفس نفیس خود جمعہ وعیدین کے خطبے دیا کرتے تھے بلکہ یہ خطیب کسی قوم کے خطیب ہوتے تھے کیوں کہ اگر کوئی قوم اپنی مفاخرت و مکابرت اور اپنے تعصب میں کھڑی ہو جائے تو یہ خطیب ان کے مقابل کھڑے ہو کر ان سے معارضہ ومصادقہ کرتا تھا اور یہ نصرت الٰہی غالب ومظفر رہتا تھا۔ جس طرح کہ بنی تمیم کے جہال آئے اور انھوں نے اپنے شعراء خطبا کے ذریعہ مفاخرت و برتری کا اظہار کیا تھا اس وقت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کہ ان کے شاعروں سے معارضہ کرو۔ اس پر حضرت حسان نے قصیدۂ غراء برسبیل بدایت وارتجال پڑھا اور غالب آئے۔ اسی طرح حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم دیا کہ وہ ان کے خطیبوں کا جواب دیں تو حضرت ثابت نے فی البدیہہ ایسا فصیح و بلیغ خطبہ دیا جو ان کے فہم و فراست سے اونچا تھا جس سے وہ لوگ خاموش ہو گئے۔ یہ سب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تائید و تقویت اور آپ کی نصرت واعانت تھی۔ اقرع بن حابس جو بنی تمیم کا بزرگ ترین شخص تھا کہنے لگا خدا کی قسم! حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تائید ونصرت عالم غیب سے کی جاتی ہے اور اس اقرار میں ہمیں کوئی باک نہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خطیب ہمارے خطیبوں اور حضور کے شاعر ہمارے شاعروں سے بہت برتر وافضل ہیں۔ پھر وہ حق وانصاف کی راہ پر آ گئے اور سب مطیع ومنقاد ہو گئے۔

حضرت ثابت بن قیس

ان کی کنیت ابو محمد یا ابو عبد الرحمٰن تھی یہ انصار کے خطیب تھے اور ان کو خطیب رسول اللہ، کہا جاتا تھا جس طرح حضرت حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شاعر رسول اللہ کہا جاتا تھا۔ حضرت ثابت احد اور بعد کے تمام

غزوات میں حاضر ہوئے اور جنگ یمامہ میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانۂ خلافت میں شہید ہوئے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ میں رونق افروز ہوئے تو ثابت بن قیس کو بلایا انھوں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا میں حضور کو اس چیز سے روکتا اور باز رکھتا ہوں جس سے خود کو اور اپنی اولاد کو منع کرتا ہوں تو اس کی جزا میرے لیے کیا ہے؟ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تمھاری جزا جنت ہے۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ جلد دوم)

سُبحانہٗ وتعالیٰ

موذنین بارگاہ رسالت ﷺ

الله أكبر ، الله أكبر

موذنین بارگاہ رسالت ﷺ

حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک موذن حضرت بلال بن رباح حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں ان کی والدہ حمامہ ہیں ان کی کنیت ابوعبداللہ یا ابوحازن ہے وہ سراۃ کے رہنے والے تھے۔ یہ مکہ ویمن کے درمیان ایک مقام ہے قدیم وصادق الاسلام اور طاہر القلب تھے اور وہ پہلے شخص تھے جنہوں نے مکہ مکرمہ میں اپنا اسلام ظاہر کیا۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرمایا کرتے تھے ابو بکر سیدنا اعتق سیدنا یعنی بلالا حضرت صدیق ہمارے سردار ہیں اور انھوں نے ہمارے سردار یعنی بلال کو آزادی دی۔

مشہور یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رحلت کے بعد حضرت بلال شام چلے گئے حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ہر چند اصرار کیا کہ وہ مدینہ میں رہیں اور ان کے لیے اذان کہیں یہاں تک کہ وہ کھڑے ہو گئے اور عرض کیا اے ابوبکر اگر تم نے مجھے رضائے الٰہی کے لیے خرید کر آزاد کیا ہے تو اب بھی مجھے چھوڑ دو گے اور آزادی دو گے۔ پھر وہ شام چلے گئے۔ ابن عبدالبر استیعاب میں نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے اذان کہی۔

مروی ہے کہ ابوجہل ملعون نے حضرت بلال کو دیکھا اور اس نے کہا تم بھی وہی کہتے ہو جو محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کہتے ہیں اور ان کو پکڑ کر منہ کے بل اوپر سے گرا دیا اور دھوپ میں لٹا کر ان کے سینہ پر چکی کا پاٹ رکھ دیا۔ حضرت بلال برابر احدا احدا کہتے رہے۔ اس کے بعد حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے کسی دوست کو بھیجا یہاں تک کہ اس نے ان کے لیے بلال کو خرید لیا۔ اور جب حضرت فاروق رضی

اللہ تعالیٰ عنہ کا دور خلافت آیا تو ان سے اجازت طلب کی۔ حضرت فاروق نے فرمایا کیا چیز تم کو میرے پاس رہنے اور اذان کہنے سے روکتی ہے حضرت بلال نے عرض کیا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اذان کہی ہے اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے اذان کہی ہے کیوں کہ وہ ولی نعمت تھے۔

اہل سیر بیان کرتے ہیں کہ جب حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی خلافت کے زمانہ میں شام تشریف لے گئے تو حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہاں تشریف فرما تھے پھر انھوں نے ان کے لیے اذان کہی اور حضرت عمر اور ان کے تمام ساتھی رونے لگے۔ اور بیان کرتے ہیں کہ اس دن سے کسی کو اتنا شدید روتا ہوا نہ دیکھا گیا۔ (اسی طرح ایک مرتبہ مدینہ طیبہ میں ہوا) انھوں نے دمشق میں وفات پائی اور باب صغیر کے پاس مدفون ہوئے ان کی وفات ۲۰ھ یا ۱۸ھ میں ہوئی ہے۔

حضرت ابن ام مکتوم

دوسرے موذن حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ ان کا نام عبداللہ بن عمر۔ ایک اور قول سے عمرو بن قیس بن زائدہ ہے۔ اور بعض عبداللہ بن صریح بن قیس بتاتے ہیں۔ جس نے عبداللہ بن زائدہ کہا ہے اس نے ان کے جد کی طرف نسبت کی ہے۔ وہ قرشی عامری ہیں جو بنی عامر بن لوی سے ہیں۔ ان کی والدہ کا نام عاتکہ بنت عبداللہ بن مخزومی تھا قدیم الاسلام مکی ہیں اور حضرت مصعب بن عمیر کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے قبل ہجرت مدینہ کی۔

واقدی نے کہا ہے کہ بدر کے کچھ عرصہ بعد ہجرت کی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ میں اکثر غزوات میں ان کو خلیفہ بنایا ہے۔ بعض روایتوں میں آیا ہے کہ تیرہ مرتبہ ان کو خلیفہ بنایا۔ اور غزوۂ تبوک میں بھی ان کو خلیفہ بنایا تھا اور امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اہل وعیال پر چھوڑا تھا۔

حضرت ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ اذان کہا کرتے تھے انھیں کے حق میں سورۂ عبس وتولی نازل ہوئی۔ مدینہ طیبہ میں وفات پائی بعض کہتے ہیں کہ قادسیہ میں شہید ہوئے۔

حضرت ابومحذورہ

تیسرے موذن حضرت ابومحذورہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ ان کا نام اوس بن مغیرہ جمحی قرشی ہے ان کی کنیت ان کے نام پر غالب آگئی۔ یہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے، مکہ مکرمہ میں اذان دیا کرتے تھے اور مکہ میں ابومحذورہ کی اذان میں ان کے بھائیوں میں سے جو بنی سلامان بن ربیعہ بن سعد بن جمح میں سے تھے وارث ہوئے۔

وہ مکہ مکرمہ میں ۵۹ھ میں فوت ہوئے ایک قول یہ ہے کہ اس کے بعد فوت ہوئے۔ انھوں نے ہجرت نہیں کی اور ہمیشہ مکہ میں ہی رہے تھے ان سے ان کے بیٹے عبدالملک اور عبداللہ بن محیریز اور ابن ابی ملیکہ نے روایت کی ہے۔ مسلم اور اربعہ نے ان سے روایت نقل کی ہے کہ ابومحذورہ اذان میں ترجیع کرتے تھے اور اقامت میں تنیبہ کرتے تھے اور حضرت بلال اذان میں ترجیع نہیں کرتے تھے اور اقامت میں افراد کرتے تھے اور بعض موذن نہ اذان میں ترجیع کرتے اور نہ اقامت مین تنیبہ کرتے تھے ہر ایک نے اس میں سے ایک طریقہ کو اختیار کیا ہے۔

حضرت سعد قرظ

چوتھے موذن سعد قرظ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ ان کو سعد قرظی بھی کہتے ہیں ان کا نام سعد بن عائذ ہے اور حضرت عمار بن یاسر کے موالی ہیں اور سعد قرظ کے ساتھ مشہور ہیں ان کو صحبت حاصل ہے۔

سعد قرظ کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ وہ قرظ کی تجارت کرتے تھے اور اس سے بہت نفع کماتے تھے اس

سے پہلے جس چیز کی بھی تجارت کرتے تھے نقصان اٹھاتے تھے پھر انھوں نے قرظ کی تجارت کو لازم کر لیا۔

قرظ، ورق سلم کو کہتے ہیں جس سے چمڑے کو پکایا جاتا ہے اور ایسے چمڑے کو ادیم قرظی کہتے ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کو مسجد قبا شریف میں موذن مقرر فرمایا: جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رحلت فرمائی اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اذان دینی چھوڑ دی تو حضرت سعد قرظی کو مسجد نبوی شریف میں منتقل کر دیا گیا۔ یہاں تک کہ اپنی تمام حیات اذان دیتے رہے ان کے بعد ان کی اولاد میں اذان متوارث ہوئی یہاں تک کہ امام مالک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے زمانہ تک یہ ان کی اولاد میں رہی اور ان کے بعد بھی۔

بعض روایتوں میں آیا ہے کہ مسجد نبوی میں اذان دینے کے لیے حضرت فاروق اعظم نے سعد قرظی کو منتقل کیا تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ پہلے حضرت ابوبکر کے لیے وہ اذان دیتے تھے ان کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے اور یہ اس بات پر مبنی ہو سکتا ہے جب کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ منورہ سے شام کی جانب منتقل ہو گئے یا تو حضرت ابوبکر صدیق کے زمانہ میں یا حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے زمانہ میں۔ حضرت سعد قرظی حجاز پر حجاج کی حکومت کے زمانہ تک یعنی ۹۴ھ تک زندہ رہے۔ **(مولف)**

بلال کو جنت میں حضور نے آگے دیکھا

حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اوصاف اور انھیں حضور کے جنت میں دیکھنے سے متعلق امام احمد رضا قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

ایک بار حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ارشاد فرمایا اے بلال کیا سبب ہے کہ میں جنت میں تشریف لے گیا تو تم کو آگے آگے جاتے دیکھا عرض کی یا رسول اللہ

(صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) میں جب وضو کرتا ہوں دو رکعت نماز نفل پڑھ لیتا ہوں فرمایا یہی سبب ہے۔

(الملفوظ حصہ اول)

جنت میں بلال کی پہچل

مسلم اپنی صحیح اور ابوداؤد طیالسی مسند میں جابر بن عبداللہ انصاری اور عبد بن حمید بسند حسن انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

دخلت الجنة فسمعت خشفة فقلت ما هذه قالوا هذا بلال ، ثم دخلت الجنة فسمعت خشفة فقلت ما هذه قالوا هذه الغميصاء بنت ملحان.

میں جنت میں داخل ہوا تو ایک پہچل سنی میں نے پوچھا یہ کیا ہے ملائکہ نے عرض کی یہ بلال ہیں پھر تشریف لے گیا پہچل سنی پوچھا کہا غمیصا بنت ملحان، یعنی ام سلیم مادر انس رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ ان کا انتقال خلافت امیر المومنین عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں ہوا۔ جیسا کہ حافظ ابن حجر نے اسے تقریب میں بیان کیا ہے۔

امام احمد وابویعلی بسند صحیح حضرت عبداللہ بن عباس اور طبرانی کبیر اور ابن عدی کامل میں بسند حسن ابوامامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے راوی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

دخلت الجنة ليلة اسرى بى فسمعت فى جانبها و جسا فقلت يا جبريل ما هذا قال هذا بلال المؤذن .

میں شب معراج جنت میں تشریف لے گیا اس کے گوشہ میں ایک آواز نرم سنی پوچھا اے جبریل یہ کیا ہے عرض کی یہ بلال موذن ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ (عرفان شریعت حصہ سوم)

حضرت بلال کا خواب

ابن عساکر سند جید سے ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

ان بلالا رای النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و ھو یقول لہ ما ھذہ الجفوۃ یا بلال اما ان لک ان تزورنی فانتبہ حزینا خائفا فرکب راحلتہ و قصد المدینۃ فاتی قبر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فجعل یبکی عندہ و یمرغ وجھہ علیہ .

بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ شام کو چلے گئے تھے ایک رات خواب میں دیکھا کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان سے فرماتے ہیں یہ کیا جفا ہے کیا وہ وقت نہ آیا کہ تو ہماری زیارت کو حاضر ہو، بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ غمگین اور ڈرتے ہوئے جاگے اور بقصد زیارت اقدس سوار ہوئے مزار انور پر حاضر ہو کر رونا شروع کیا اور اپنا منہ قبر شریف پر ملتے تھے۔ (فتاویٰ رضویہ ج۹، ص۳۴۹)

بلال کو توکل کی تاکید

حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس کچھ خرمے جمع دیکھے فرمایا یہ کیا ہے؟ عرض کی شی اذخرتہ لغد.

میں نے آئندہ کے لیے جمع کر رکھے ہیں۔

اور ایک روایت میں ہے اعدد ذلک لاضیافک .

حضور کے مہمانوں کے خیال سے انھیں رکھا ہے۔

فرمایا اما تخشی ان یکون لک دخان فی نار جھنم انفق یا بلال و لا تخش من ذوی العرش اقلالا.

کیا ڈرتا نہیں کہ تیرے لیے آتش دوزخ کا دھواں ہو اے بلال خرچ کر اور عرش کے مالک سے کمی کا اندیشہ نہ کر۔

اسے بزار نے بسند حسن اور طبرانی نے کبیر میں ابن مسعود سے اور ابو یعلی و طبرانی نے اوسط میں بسند حسن اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کیا۔

ایک بار انھیں بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا اے بلال فقیر مرنا اور غنی ہو کر نہ مرنا۔ عرض کی اس کی کیا سبیل ہے فرمایا جو ملے نہ چھپانا اور جو مانگا جائے منع نہ کرنا (ظاہر ہے کہ جب نہ مال چھپانا ہو نہ کسی کا سوال رد کیا جائے تو سائلین کسی وقت بھی کچھ پاس نہ چھوڑیں گے) عرض کی کہ ایسا کیوں کر کروں فرمایا هو ذاک او النار.

یا تو یوں ہی کرنا ہوگا یا آگ۔ اسے طبرانی نے کبیر میں، ابوالشیخ نے کتاب الثواب میں اور حاکم نے مستدرک میں حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۴، ص ۵۰۳)

اذان فجر کے لیے بلال کو تنبیہ

قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لبلال رضى الله تعالىٰ عنه لا تو ذن حتى يستبين لك الفجر هكذا و مديديه عرضا. اه .

حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا اس وقت تک اذان نہ دو جب تک صبح یوں روشن نہ ہو جائے اور آپ نے دونوں ہاتھوں کو عرض میں پھیلا دیا۔

(شمائم العنبر)

اذان فجر اکثر عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ دیا کرتے تھے اور کبھی کبھی حضرت بلال رضی

اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت بلال چوں کہ دیگر اوقات کے ساتھ طلوع فجر سے پہلے بھی ایک اذان دیا کرتے تھے، مگر جب ابن ام مکتوم موجود نہ ہوتے تو وہ فجر کی اذان بھی پکارتے تھے وہ چوں کہ طلوع فجر سے پہلے تاریکی میں اذان دینے کے عادی تھے اس لیے حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے ان سے اذان فجر سے متعلق فرمایا کہ جب صبح روشن ہو جائے تب اذان دو۔ (مولف)

بلال کی پہلی اذان

ابن ماجہ عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی :

قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان صاحبكم قد راى رؤيا فاخرج مع بلال الى المسجد فالقها عليه و لينادِ بلال فانه اندى صوتا منك قال فخرجت مع بلال الى المسجد فجعلت القيتها عليه و هو ينادى بها.

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمھارے ساتھی (عبداللہ بن زید) نے خواب دیکھا ہے تو اے عبداللہ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مسجد کی طرف جاؤ، تم تلقین کرو اور بلال پکار کر اعلان کریں کہ وہ تم سے بلند آواز ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ میں بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ مسجد کی طرف گیا، میں بلال پر کلمات اذان تلقین کرتا اور حضرت بلال اسے پکار کر دہراتے۔ (مولف) (شمائم العنبر)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے۔

جب عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب میں اذان دیکھی اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی ارشاد ہوا بلال کو سکھا دو کہ ان کی آواز بلند تر ہے۔ بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اذان کہی جب تکبیر کہنی چاہی عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نادم ہوئے اور عرض کی خواب تو میں نے دیکھا تھا میں

تکبیر کہنا چاہتا ہوں فرمایا تو تم ہی کہو انھوں نے تکبیر کہی۔

اسے امام احمد و ابوداؤد اور طحاوی نے عبداللہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۴۶۲)

ام نوار کے گھر کی چھت پر بلال کی اذان

ابن سعد طبقات میں نوار ام زید بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی :

قالت کان بیتی اطول بیت حول المسجد فکان بلال یوذن فوقه من اول مایوذن الی ان بنی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم المسجد فکان یوذن بعد علی سقف المسجد و قد رفع له شی فوق ظهره .

حضرت زید بن ثابت کی ماں نوار رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتی ہیں کہ مسجد کے پڑوس میں میرا گھر سب سے اونچا تھا تو حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابتداء سے اسی پر اذان دیتے تھے لیکن جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسجد بنالی اور اس کی چھت پر کچھ اونچا کر دیا تو اسی پر اذان دینے لگے۔ (مولف)

(شمائم العنبر)

ابو محذورہ کو موذن مقرر فرمایا

جب حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طائف شریف فتح فرمایا اذان ہوئی بچوں نے اس کی نقل کی ان میں ابو محذورہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی تھے ان کی آواز بہت اچھی تھی حضور نے آپ کو بلایا اور سر پر دست مبارک رکھا اور ان کو موذن مقرر فرمادیا۔ ماں نے برکت کے لیے پیشانی کے ان بالوں کو جن پر دست اقدس رکھا گیا تھا محفوظ رکھا جس وقت بال کھولے جاتے تو زمین پر آجاتے تھے۔ (الملفوظ حصہ دوم)

عبداللہ بن ام مکتوم کی اذان

حضرت عبداللہ ابن ام مکتوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نماز فجر کی اذان دیا کرتے تھے اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ دیگر چار اوقات کی، ایک روایت میں ہے کہ طلوع فجر سے پہلے حضرت بلال ایک اذان دیا کرتے تھے تاکہ روزہ رکھنے والے سحری کھائیں اور نماز تہجد پڑھنے والے بیدار ہو جائیں۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سحری کھاؤ پیو یہاں تک کہ ابن ام مکتوم اذان دیں، صحیح بخاری شریف میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ہے۔

قال كان رجلا لا ينادى حتى يقال له اصبحت اصبحت.

وہ اذان نہ دیا کرتے تھے یہاں تک کہ ان سے کہا جاتا صبح ہوگئی صبح ہوگئی۔

ابن ام مکتوم امی تھے انھیں وقت کا صحیح اندازہ نہیں ہوتا تھا اس لیے انھیں کہنے کی حاجت ہوتی تھی کہ صبح ہوگئی۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۴۶۔ حاجز البحرین)

کاتبانِ بارگاہ رسالت ﷺ

إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلَىٰ نُوحٍ وَالنَّبِيِّينَ مِن بَعْدِهِ

بے شک اے محبوب ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی جیسے وحی نوح اور اس کے بعد پیغمبروں کو بھیجی۔

(النساء/۱۶۳)

کاتبان بارگاہ رسالت ﷺ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کئی کاتب تھے، بعض وحی کی کتابت کرتے تھے اور بعض سلاطین و امرا وغیرہ کے نام خطوط لکھا کرتے تھے اور بعض صدقات کے اموال کی کتابت کرتے تھے اور بعض مداینات، معاملات اور شروط وغیرہ لکھا کرتے تھے۔ چوں کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خط و کتابت سے پاک و منزہ تھے اور اکثر صحابہ بھی عرب کی عادت کے مطابق اس ہنر سے عاری تھے تو لامحالہ ان اصحاب میں سے جو خط و کتابت کے ہنر سے متصف تھے انھیں اس خدمت پر مقرر کیا جاتا تھا۔

کاتبان وحی

روضۃ الاحباب میں فرماتے ہیں کہ کاتبوں کا تقرر اس طرح تھا کہ حضرت عثمان بن عفان اور حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہما وحی کی کتابت کیا کرتے تھے۔ اگر یہ دونوں موجود نہ ہوتے تو حضرت ابی بن کعب اور زید بن ثابت لکھا کرتے تھے اگر ان چاروں صحابہ میں سے کوئی موجود نہ ہوتا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کاتبوں میں سے جو موجود ہوتا اس سے لکھواتے تھے۔

جو صحابہ کرام قرآن کی نازل ہونے والی آیتوں اور دوسری خاص خاص تحریروں کو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق لکھا کرتے تھے ان معتمد کاتبوں میں خاص طور پر مندرجہ ذیل حضرات قابل ذکر ہیں۔

(۱) حضرت ابوبکر صدیق	(۲) حضرت عمر فاروق اعظم
(۳) حضرت عثمان غنی	(۴) حضرت علی مرتضیٰ
(۵) حضرت طلحہ بن عبید اللہ	(۶) حضرت سعد بن ابی وقاص

(۷) حضرت زبیر بن العوام (۸) حضرت عامر بن فہیرہ

(۹) حضرت ثابت بن قیس (۱۰) حضرت حنظلہ بن ربیع

(۱۰) حضرت زید بن ثابت (۱۲) حضرت ابی بن کعب

(۱۳) حضرت امیر معاویہ (۱۴) حضرت ابوسفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہم

(مولف)۔(مدارج النبوۃ دوم و سیرت مصطفیٰ)

قرآن کے اعراب

ایک سوال کے جواب میں امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر قرآن عظیم کی عبارت کریمہ نازل ہوئی، عبارت میں اعراب نہیں لگائے جاتے حضور کے حکم سے صحابہ کرام مثل امیر المومنین عثمان غنی و حضرت زید بن ثابت و امیر معاویہ وغیرہم رضی اللہ تعالیٰ عنہم اسے لکھتے ان کی تحریروں میں بھی اعراب نہ تھے یہ تابعین کے زمانے سے رائج ہوئے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۲، ص ۲۶۰)

خدام بارگاہ رسالت ﷺ

رضی اللہ عنہم

خدام بارگاہ رسالت ﷺ

یوں تو تمام ہی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم شمع نبوت کے پروانے تھے اور انتہائی جاں نثاری کے ساتھ آپ کی خدمت گزاری کے لیے سبھی تن من دھن سے حاضر رہتے تھے مگر پھر بھی چند ایسے خوش نصیب ہیں جن کا شمار حضور تاجدار رسالت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خصوصی خدام میں ہے۔ ان خوش بختوں کی مقدس فہرست میں مندرجہ ذیل صحابہ کرام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

حضرت انس بن مالک

یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سب سے زیادہ مشہور و ممتاز خادم ہیں انھوں نے دس برس مسلسل ہر سفر و حضر میں آپ کی وفادارانہ خدمت گزاری کا شرف حاصل کیا ہے ان کے لیے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خاص طور پر یہ دعا فرمائی تھی کہ

اللهم اكثر ماله وولده و ادخله الجنة .

اے اللہ اس کے مال اور اولاد میں کثرت عطا فرما اور اس کو جنت میں داخل فرما۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ آپ کی ان تین دعاؤں میں سے دو دعاؤں کی مقبولیت کا جلوہ تو میں نے دیکھ لیا کہ ہر شخص کا باغ سال میں ایک مرتبہ پھلتا ہے اور میرا باغ سال میں دو مرتبہ پھلتا ہے اور پھلوں میں مشک کی خوشبو آتی ہے اور میری اولاد کی تعداد ایک سو چھ ہے جن میں ستر لڑکے اور باقی لڑکیاں ہیں۔ اور میں امید رکھتا ہوں کہ میں تیسری دعا کا جلوہ بھی ضرور دیکھوں گا یعنی جنت میں داخل ہو جاؤں گا۔ انھوں نے دو ہزار دو سو چھیاسی حدیثیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی ہیں اور حدیث میں ان کے شاگردوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ ان کی عمر سو برس سے زائد ہوئی بصرہ میں ۹۱ھ یا ۹۲ھ یا ۹۳ھ میں وفات پائی۔

امام احمد رضا بریلوی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں فرماتے ہیں :

و قد کان انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ یخدم النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم علی شبع بطنہ .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت بلا معاوضہ صرف بھر پیٹ کھانے پر کرتے تھے۔ (مولف) (خیر الآمال فی حکم الکسب والسوال)

ربیعہ بن کعب اسلمی

یہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے وضو کرانے کی خدمت انجام دیتے تھے یعنی پانی اور مسواک وغیرہ کا انتظام کرتے تھے۔ حضور علیہ الصلاۃ والسلام نے ان کو جنت کی بشارت دی تھی ۶۳ھ میں وفات پائی۔

ایمن بن ام ایمن

حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی ایک چھوٹی مشک جس سے آپ استنجا اور وضو فرمایا کرتے تھے ہمیشہ آپ ہی کی تحویل میں رہا کرتی تھی۔ یہ جنگ حنین کے دن شہادت سے سرفراز ہوئے۔

عقبہ بن عامر جہنی

یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سواری کے خچر کی لگام تھامے رہتے تھے۔ قرآن مجید اور فرائض کے علوم میں بہت ہی ماہر تھے اور اعلیٰ درجہ کے فصیح و خطیب اور شعلہ بیان شاعر تھے۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی حکومت کے دور میں ان کو مصر کا گورنر بنا دیا تھا۔ ۵۸ھ میں مصر کے اندر ہی ان کا وصال ہوا۔

حضرت افلح بن شریک

یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اونٹ پر کجاوہ باندھنے کی خدمت انجام دیا کرتے تھے۔

حضرت ابوذر غفاری

یہ بہت ہی قدیم الاسلام صحابی ہیں انتہائی تارک الدنیا اور عابد و زاہد تھے اور دربار نبوت کے بہت ہی خاص خادم تھے ان کے فضائل میں چند حدیثیں بھی وارد ہوئی ہیں۔ ۳۱ھ میں مدینہ منورہ سے کچھ دور ''بذہ'' نامی گاؤں میں ان کا وصال ہوا اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔

امام احمد رضا بریلوی نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے متعلق یہ حدیث نقل کی ہے جس سے ان پر حضور اکرم الاکرمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کرم نوازی کا اندازہ ہوتا ہے۔

ابوداؤد میں حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔

ما لقیته صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قط الا صافحنی و بعث الی ذات یوم و لم اکن فی اهلی فلما جئت اخبرت به فاتیته و هو علی سریر فالتزمنی فکانت تلک اجود و اجود.

میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتا تو حضور ہمیشہ مصافحہ فرماتے ایک دن میرے بلانے کو آدمی بھیجا میں گھر میں نہ تھا آیا تو خبر پائی، حاضر ہوا حضور تخت پر جلوہ فرما تھے، گلے سے لگایا تو اور زیادہ جید اور نفیس تر تھا۔ (وشاح الجید فی تحلیل معانقة العید)

مہاجر مولیٰ ام سلمہ

یہ ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے آزاد کردہ غلام تھے شرف صحابیت کے ساتھ ساتھ پانچ برس تک حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت کا بھی شرف حاصل کیا۔ بہت ہی بہادر مجاہد بھی تھے۔ مصر کو فتح کرنے والی فوج میں شامل تھے کچھ دنوں تک مصر میں رہے پھر ''ملحا'' چلے گئے اور وہاں

اپنی وفات تک مقیم رہے۔

حضرت حنین مولیٰ عباس

یہ پہلے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غلام تھے اور دن رات آپ کی خدمت کرتے تھے پھر آپ نے انہیں اپنے چچا حضرت عباس کو عطا فرمادیا اور یہ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غلام ہو گئے، لیکن چند ہی دنوں کے بعد حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کو اس لیے آزاد کردیا تھا تاکہ یہ دن رات بارگاہ نبوت میں حاضر رہیں اور خدمت کرتے رہیں۔

نعیم بن ربیعہ اسلمی

یہ بھی خادمان بارگاہ رسالت کی فہرست خاص میں شمار کیے جاتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن مسعود

یہ سادس الاسلام صاحب نعلین و مسواک و تکیہ و عصا والے تھے یہ تمام چیزیں ان کے سپرد تھیں، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھڑے ہوتے تو یہ نعلین مبارک حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہنانے جب حضور نشست فرماتے تو پائے اقدس سے نعلین اتارتے اور اپنی آستینوں میں محفوظ رکھتے تھے۔ آپ مقربان بارگاہ اور حاضرین مجلس مبارک میں سے تھے چنانچہ آنے والے لوگ آپ کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اہل میں سے خیال کرتے تھے۔ آپ نے مدینہ طیبہ میں ۳۱ھ یا ۳۲ھ یا ۳۳ھ میں وفات پائی ایک قول یہ ہے کہ آپ کی وفات کوفہ میں ہوئی۔ ان کی عمر شریف ۶۲ سال کی ہوئی آپ سے خلفاء اربعہ اور دیگر صحابہ و تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے روایتیں لی ہیں۔

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں فرماتے ہیں :

بخاری مسلم ترمذی نسائی ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی

قال قدمت انا واخی من الیمن فمکثنا حینا ما نری الا ان عبد الله بن مسعود رجل من اهل بیت النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم لما نری من دخوله و دخول امه علی النبی صلی الله تعالیٰ علیه وسلم.

میں اور میرے بھائی یمن سے آئے تو مدت تک ہم سمجھا کیے کہ عبداللہ بن مسعود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اہل بیت سے ہیں انھیں اور ان کی ماں کو جو بکثرت کاشانۂ رسالت میں آتے جاتے دیکھتے تھے۔

صحیح بخاری وغیرہ میں حضرت علقمہ سے مروی میں ملک شام میں گیا دو رکعت پڑھ کر دعا مانگی الٰہی مجھے کوئی نیک ہم نشیں میسر فرما پھر ایک قوم کی طرف گیا ان کے پاس بیٹھا تو ایک شیخ تشریف لائے میرے برابر آ کر بیٹھ گئے میں نے پوچھا یہ کون ہیں لوگوں نے کہا ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ، میں نے کہا میں نے اللہ عزوجل سے دعا کی تھی کہ کوئی نیک ہم نشیں مجھے میسر کرے اللہ تعالیٰ نے آپ کو ملائے فرمایا تم کون ہو میں نے کہا اہل کوفہ سے فرمایا :

او لیس عندکم ابن ام عبد صاحب النعلین و الوسادة و المطهرة.

کیا تمھارے پاس عبداللہ بن مسعود نہیں ہیں وہ نعلین و مسند خواب وظروف و وضو و طہارت والے۔

یعنی جن کے متعلق یہ خدمتیں تھیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس مجلس میں تشریف فرما ہوں نعلین اٹھا کر رکھیں، اٹھتے وقت سامنے حاضر کریں، سوتے وقت بچھونا بچھائیں، اوقات نماز پر پانی حاضر لائیں۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۹۲۔ حاجز البحرین)

ابن مسعود کی نسبت حدیث میں ہے حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

تمسكوا بعهد ابن ام عبد.

ان کے عہد کو لازم پکڑو۔

اسے ترمذی نے ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

مرقاۃ میں ہے اسی لیے ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کی روایت وقول کو خلفائے اربعہ کے بعد سب صحابہ کے قول پر ترجیح دیتے ہیں۔

حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صاحب سر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم (ابن مسعود کے بارے) میں فرماتے ہیں :

ان اشبه الناس دلا وسمتا و هديا برسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم لابن ام عبد.

بیشک چال ڈھال روش میں سب سے زیادہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مشابہ عبداللہ بن مسعود ہیں۔رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ بخاری وترمذی ونسائی نے حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یہ حدیث روایت کی۔

ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں :

كنيف ملیء علما.

ایک گٹھری ہیں علم سے بھری ہوئی۔

نہایت یہ کہ حضور اقدس سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا :

رضيت لامتى ما رضى لها ابن مسعود.

میں نے اپنی امت کے لیے پسند فرمالیا جو کچھ عبداللہ بن مسعود اس کے لیے پسند کرے۔

اسے حاکم نے سند صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۲، ص ۳۱۲_۳۱۳ حاجز البحرین)

حضرت ابوالحمراء

ان کا نام ہلال بن الحارث تھا یہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام اور خادم خاص ہیں۔ وفات نبوی کے بعد یہ مدینہ سے حمص چلے گئے تھے اور وہیں ان کی وفات ہوئی۔

حضرت ابوالسمح

یہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے غلام تھے پھر آپ نے ان کو آزاد فرمادیا مگر یہ دربار نبوت سے جدا نہیں ہوئے بلکہ ہمیشہ خدمت گزاری میں مصروف رہے۔ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کو اکثر یہی غسل کرایا کرتے تھے ان کا نام ''آباد'' تھا۔

حضرت بلال حبشی

ان کے فضائل و مناقب بہت زیادہ ہیں ان کی منقبت میں صرف یہی روایت کافی ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

السباق اربعة انا سابق العرب و بلال سابق الحبشة ،. الحديث.

سبقت لے جانے والے چار شخص ہیں میں اہل عرب پر سبقت لے گیا اور بلال اہل حبشہ پر سبقت لے گئے۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

ابو بكر سيدنا اعتق سيدنا يعنى بلالا.

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے سردار ہیں انھوں نے ہمارے سردار حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو آزاد فرمایا۔

حضرت بلال دمشق میں ۲۰ھ میں فوت ہوئے۔ایک قول ہے کہ ۱۸ھ میں فوت ہوئے ان کی عمر شریف ساٹھ سال سے زائد ہوئی۔ایک روایت ستر سال کی بھی ہے۔حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نفقات کی خدمت ان کے سپرد تھی۔

امام احمد رضا بریلوی تحریر فرماتے ہیں :

حضرت مولوی قدس سرہ المعنوی مثنوی شریف میں حدیث شرائے بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں فرماتے ہیں۔جب صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انھیں خرید لیا اور بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے ہمیں شریک نہ کیا اس پر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی:

گفت: ما دو بندگان کوئے تو
کردمش آزاد ہم بر روئے تو

(احکام شریعت اول)

یارسول اللہ ہم دونوں آپ کی گلی کے غلام ہیں ہم نے بلال کو آپ ہی کی رضا و خوشنودی کے لیے آزاد کیا ہے۔

- بارگاہ رسالت کے ان خاص خدام کے علاوہ دیگر خدام صحابہ وصحابیات رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نام یہ ہیں۔

حضرت سعد مولی ابی بکر۔ذو مخمر۔بکیر بن شداخ لیثی۔شریک۔اسعد بن مالک اسدی۔ہند۔اسماء۔ثعلبہ بن عبد الرحمٰن انصاری۔جزر بن مالک۔سالم۔سابق بن حاطب۔ابوسلام۔ابوعبیدہ مولائے رسول اللہ۔ام ایمن۔خولہ۔ام رافع۔میمونہ بنت سعد۔ام عیاش۔سلمی۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ دوم، سیرت مصطفیٰ)

شعراء وحداۃ
بارگاہ رسالت ﷺ

توشہ میں غم و اشک کا ساماں بس ہے
افغاں دل زاری حدی خواں بس ہے
رہبر کی رہ نعت میں گر حاجت ہو
نقش قدم حضرت حساں بس ہے

اللهم لولا انت ما اهتدینا
ولا تصدقنا ولا صلینا

خدا گواہ یا رسول اللہ اگر حضور نہ ہوتے تو ہم ہدایت نہ پاتے نہ زکوۃ دیتے نہ نماز پڑھتے۔

(ابن رواحہ)

شعرائے بارگاہ رسالت ﷺ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شعرائے کرام میں سے جو حضرات کافروں کے شر کو اسلام اور مسلمانوں سے دفع کرتے اور باز رکھتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مدح کرتے اور کافروں کی ہجو و مذمت کرتے تھے۔ وہ تین اشخاص شمار کیے گئے ہیں۔ حضرت حسان بن ثابت۔ کعب بن مالک اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

روضۃ الاحباب میں منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا خدام شعراء مردوں میں سے ایک سو ساٹھ تھے اور عورتوں میں سے بارہ تھیں۔ (انتہیٰ)

ان تین اشخاص کے سوا مشاہیر شعرا اور بھی تھے مثلاً جاہلیت کے شاعر نابغہ ہے جو طویل العمر تھا دو سو یا ایک سو اسی برس کی عمر پائی تھی۔ اسکی عجیب و غریب حکایتیں اور قصے مشہور ہیں۔ دوسرے لبید بن ربیعہ ہیں جو جاہلیت و اسلام میں شریف تھے جن کی ایک سو چالیس یا ایک سو ستاون سال کی عمر تھی۔ تیسرے سحبان وائل ہیں جن کی مثالیں اور کہاوتیں فصاحت و بلاغت میں زبان زد اور مشہور ہیں جیسا کہ ماقل نے شہادت میں اور شیخ ابن حجر نے اصابہ میں نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ سحبان وائل کی کہاوتیں فصاحت و بلاغت میں مشہور ہیں۔ ان کو ابن عساکر نے تاریخ میں ذکر کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ از قسم مخضرمین ہیں جنھوں نے زمانۂ جاہلیت اور عہد اسلام پایا تھا انھوں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا اور کوئی ثبوت ایسا وارد نہیں ہے کہ وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مجلس میں حاضر ہوئے ہوں خواہ وہ حضور کی حیات میں اسلام لائے ہوں یا نہ لائے ہوں اور یہ باتفاق محدثین صحابی نہیں ہیں اگرچہ بعض علماء نے ان کو معرفۃ الصحابہ کی کتابوں میں بہت زیادہ ذکر کیا ہے لیکن انھوں نے تصریح کی ہے کہ ان کا تذکرہ طبقہ صحابہ کے متصل ہونے کی بناء پر کیا گیا ہے ورنہ وہ صحابی کے طبقہ میں سے نہیں ہیں۔

ابونعیم اپنی کتاب خطبات میں کہتے ہیں کہ سحبان عرب کا غیر مدافع خطیب تھا جب یہ خطبہ دیتا تو وہ ایک حرف کو دوبارہ نہیں کہتا تھا نہ وہ ٹھہرتا اور نہ وہ سوچتا تھا بلکہ تسلسل جاری رہتا تھا تو اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سحبان حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شعرا میں سے نہ تھا۔ اس نے نہ تو حضور کو دیکھا اور نہ خلفاء اربعہ ہی کو پایا ہے مگر اس کا مسلمان ہونا محقق ہے خواہ یہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں اسلام لائے ہوں یا بعد میں۔

حسان بن ثابت

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک شاعر حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ ان کی کنیت ابوالولید ہے یا عبدالرحمٰن یا ابوالحسام۔ ان کا نام حسان بن ثابت بن المنذر بن حرام انصاری نجاری مرزی شاعر رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے۔ جاہلیت واسلام کے فحول شعراء میں سے ہیں اہل عرب نے اس پر اجماع کیا ہے کہ وہ اہل بدر واہل یثرب ہیں۔ یہ اشعر یعنی اول درجہ کے شاعر ہیں ان کے بعد عبدالقیس پھر ثقیف ہیں اور اس پر بھی اجماع کیا ہے کہ اشعر اہل مدینہ حضرت حسان بن ثابت ہیں ان کی اور ان کے والد ثابت، ان کے دادا منذر، ان کے جد اعلیٰ حرام ہر ایک کی عمریں ایک سو بیس سال کی ہوئیں۔

ابونعیم فرماتے ہیں کہ عرب میں ان کے سوا کوئی اور کسی کا سلسلۂ نسب ایسا علم میں نہیں ہے جن کے اجداد کی چار پشتیں مسلسل ایک عمر کی گزری ہوں۔ ان کے بیٹے عبدالرحمٰن بن حسان بن ثابت جب اس کو بیان کرتے تو خود کو سیدھا ڈال کر پاؤں پھیلا دیتے اور خوب ہنستے اور اپنے مرنے سے بے فکر ہو جاتے اور گمان کرتے کہ میں بھی اتنی ہی عمر پاؤں گا لیکن یہ اڑتالیس سال ہی میں فوت ہو گئے۔

اہل سیر بیان کرتے ہیں کہ ان کی جاہلیت کے اشعار، اسلام کے شعروں سے زیادہ اجود وعمدہ

تھے۔اس لیے کہ اسلام کذب سے باز رکھتا اور اس سے منع کرتا ہے۔اور شعروں کو کذب اور توصیف میں مبالغہ ہی زینت دیتا ہے اور ایسی تزئین ناحق ہے یہ سب کذب ہے۔حضرت حسان ساٹھ سال جاہلیت میں اور ساٹھ سال اسلام میں زندہ رہے۔انھوں نے نابغہ اور اعشٰی کو پایا اور ان کے سامنے اپنے اشعار پڑھے اور ان دونوں نے ان کو مسلم رکھا اور کہا کہ تم شاعر ہو۔حضرت حسان نے مشرکین قریش کی مذمت کی اور ان لوگوں کی ہجو کی جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان رفیع میں گستاخی کرتے تھے۔

کعب بن مالک

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دوسرے شاعر حضرت کعب بن مالک ہیں۔ان کی کنیت ابوعبدالرحمٰن یا ابوعبداللہ ہے۔یہ انصاری خزرجی، سلمی، مدنی صحابی عقبی ہیں عقبہ ثانیہ میں حاضر ہوئے اور یہ ان ستر اصحاب میں سے ایک ہیں جو عقبہ ثالثہ میں حاضر ہوئے تھے۔غزوۂ بدر میں ان کے حاضر ہونے میں اختلاف کیا گیا ہے اور یہ تمام غزوات میں حاضر ہوئے ہیں بجز غزوۂ تبوک کے بعض کہتے ہیں کہ بدر میں بھی حاضر ہوئے۔غزوۂ احد میں یہ گیارہ زخموں سے مجروح ہوئے اور یہ ان تین اصحاب میں سے ایک ہیں جنھوں نے غزوۂ تبوک سے تخلف کیا تھا۔اس کے بعد توبہ کی اور رحمت الٰہی کے خواستگار ہوئے تو حق تعالیٰ نے رحم فرمایا اور ان کی توبہ مقبول ہوئی۔

یہ بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شاعروں میں سے تھے اور یہ عمدہ شاعر اور مطیع تھے جاہلیت میں ان پر شعر گوئی غالب آگئی تھی اور وہ اس میں مشہور ہوگئے تھے۔اور ان کا کام یہ تھا کہ وہ کافروں کو جنگ سے ڈراتے تھے جس طرح حسان بن ثابت ان کی ہجو کرتے اور ان کی قباحتیں اور برائیاں بیان کیا کرتے تھے۔انھوں نے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی ہے اور ان سے ان کے بیٹوں عبداللہ، عبدالرحمٰن، محمد، حضرت عبداللہ بن عباس، حضرت جابر بن عبداللہ اور ابوجعفر محمد

باقر اور بہت سوں نے روایت کی ہے ۵۰ھ یا ۵۴ھ میں فوت ہوئے ان کی عمر ستر سال کی ہوئی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم

حضرت عبداللہ بن رواحہ

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تیسرے شاعر حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ یہ انصاری خزرجی سابقین اولین اور نقباء انصار میں سے تھے۔ عقبہ ثالثہ، غزوۂ احد و خندق اور تمام مشاہدات میں حاضر ہوئے بجز فتح مکہ اور مابعد کے غزوات کے۔ کیوں کہ وہ غزوۂ موتہ میں شہید ہو گئے تھے۔ یہ بھی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شاعروں میں سے ہیں ان کا کام یہ تھا کہ مشرکوں کو کفر و بت پرستی پر توبیخ و تنبیہ کرتے تھے۔

مذکورہ تینوں شعرائے کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے سوا صحابہ میں اور شعرا بھی بیان کیے گئے ہیں۔ (مولف) (مدارج النبوۃ جلد دوم)

حسان نے شفادی

شاعر بارگاہ رسالت حضرت حسان بن ثابت انصاری کی شعر گوئی سے متعلق امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ تحریر فرماتے ہیں :

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

هجا هم حسان فشفا و اشتفا.

حسان نے کافروں کی ہجو کہی تو شفادی شفالی۔ مسلم نے ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا۔

جب کفار قریش نے شان اقدس ارفع حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں اشعار گستاخی کہے۔عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حکم جواب ہوا انھوں نے جواب دیا حضور نے نا کافی پایا پھر حضرت کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ارشاد ہوا ان کا جواب بھی پسند خاطر اقدس میں نہ آیا۔ پھر حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ارشاد ہوا انھوں نے کفار کی ہجو کہی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لقد شفیت باحسان و اشتفیت.

حسان تم نے شفادی اور شفا لی۔ ابن عساکر عن ابی سلمة بن عبد الرحمن رضی الله تعالیٰ عنهما

حسان کے لیے صدیقہ نے مسند بچھوائی

حسان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر آئے ام المومنین نے ان کے لیے مسند بچھوائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے گزارش کی آپ انھیں مسند پر بٹھاتی ہیں۔ وقد قال ما قال ام المومنین نے فرمایا

انه کان یجیب عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و یشفی صدره من اعدائه .

یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے جواب دیا کرتے اور رنج اعدا سے سینۂ اقدس کو شفا دیتے۔ اسے ابن عساکر نے عطاء بن ابی رباح سے روایت کیا۔ (الامن والعلی)

حضور نے حسان کے لیے مسند بچھوائی

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد کریم میں حسان بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے

لیے منبر بچھاتے اور وہ اس پر قیام کر کے نعت اقدس سناتے۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۱۱، ص ۱۷)

صحیح بخاری شریف میں ام المومنین صدیقہ بنت الصدیق صلی اللہ تعالیٰ علی زوجہا الکریم وابیہا وعلیہا وسلم سے ہے۔

قالت كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يضع لحسان بن ثابت منبرا في المسجد يقوم عليه قائما يفاخر عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم او ينافح و يقول رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ان الله يؤيد حسان بروح القدس ما نافح او فاخر عن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم.

یعنی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حسان بن ثابت انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے مسجد اقدس نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں منبر بچھاتے حسان اوپر ہو کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضائل و مفاخر بیان کرتے، حضور کی طرف سے طعنہائے کفار کا رد کرتے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے جب تک حسان رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے اس مفاخرت یا مدافعت میں مشغول رہتا ہے اللہ عزوجل جبریل امین سے اس کی مدد فرماتا ہے۔

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۷۱)

کعب بن زہیر کو انعام

ایک جگہ امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

کعب بن زہیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قصیدۂ نعتیہ استماع فرما کر ردائے مبارک عطا فرمائی۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۶، ص ۳۷۳)

ایک شاعر کا سوال

ایک شاعر نے بارگاہ رسالت میں آ کر سوال کیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ارشاد فرمایا

اقطع عنی لسانہ

میری طرف سے اس کی زبان کاٹ دے۔

(احکام شریعت حصہ سوم)

حداۃ بارگاہ رسالت ﷺ

شعرائے بارگاہ رسالت کی طرح حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدی پڑھنے والے صحابہ کرام بھی متعدد حضرات تھے جو حدی پڑھتے تھے۔

حدی کے معنی تحسین رجز مباح بصورت نرم و شیریں اور گداز کے ہیں۔ یہ سفر کی کوفت کو کم کرنے اور نفس کے سرور و جذب کے بڑھانے کے لیے ہے۔ اس سے اونٹ تیز رفتاری کے ساتھ راہ قطع کرتا ہے اور بھاری بوجھوں کو اٹھا لیتا ہے چوں کہ اہل عرب کی عادت تھی کہ جب ان پر راہ کی تھکن لاحق ہوتی اور اونٹ چلنے سے مجبور ہو جاتے تو حدی (اشعار) پڑھتے یہاں تک کہ اونٹ مست ہو کر تیزی کے ساتھ مسافت طے کر لیتے۔

ایک قسم اور ہے جسے ،رکبانی، کہتے ہیں جسے سفر کی کلفت کم کرنے کے لیے سواریوں میں گاتے ہیں، یہ بھی مباح ہے۔ امیر المومنین سیدنا فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سفروں میں بہت سنا کرتے تھے۔

جب حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیبر کی جانب تشریف لیے جا رہے تھے تو اثنائے سفر میں ایک رات حضرت عامر بن الاکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت ابن رواحہ کے رجز یہ اشعار حدی میں پڑھ رہے تھے کہ

اللھم لولا انت ما اھتدینا .

ولا تصدقنا ولا صلینا

یہاں تک کہ تمام صحابہ کرام مست و جھوم اٹھے اور اونٹوں کی رفتار از حد تیز ہو گئی۔ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پوچھا یہ حدی پڑھنے والا کون ہے؟ صحابہ نے عرض کیا کہ ابن الاکوع ہیں۔ فرمایا رحمہ

اللہ ایک روایت میں ہے غفر لک ربک (اللہ تعالیٰ تجھ پر رحمت ومغفرت فرمائے)

جب عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حدی پڑھنے سے خاموش ہو گئے تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا کیا تم ہمارے لیے حدی نہ کہو گے؟ اس کے بعد انھوں نے بھی حدی کہی، ان کو بھی جنت کی دعا دی۔

حضرت انجشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک حبشی غلام تھے، حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ جوان کے بھائی تھے مردوں کے لیے حدی کہتے اور انجشہ عورتوں کے لیے حدی کہتے تھے۔ اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے اے انجشہ! اونٹوں کو آہستہ چلاتا کہ آبگینوں کو ٹھیس نہ لگے۔ آبگینوں سے مراد عورتیں تھیں، چوں کہ وہ کمزور ہوتی ہیں اور اونٹوں کے تیز دوڑنے سے انھیں تکلیف ہوتی ہے۔ (مدارج النبوۃ جلد دوم ملتقطا)

بعض کہتے ہیں کہ مقصود رفع خاطر ہے جو تمنا کے ساتھ سننے سے لاحق ہوتا ہے۔ (مولف)

عامر بن اکوع کی حدی خوانی

امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدی خوانی کا ذکر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:

غزوۂ خیبر شریف میں خیبر کو جاتے ہوئے حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حضور میں رجز (عبداللہ بن رواحہ کے اشعار) پڑھتے چلے۔

اللھم لولا انت ما اھتدینا

ولا تصدقنا ولا صلینا

•

فاغفر فداء لک ما ابقینا

و القین سکینۃ علینا

•

و ثبت الاقدام ان لاقینا

و نحن عن فضلک ما استغنینا

خدا گواہ ہے یا رسول اللہ اگر حضور نہ ہوتے تو ہم ہدایت نہ پاتے نہ زکوٰۃ دیتے نہ نماز پڑھتے تو بخش دیجیے ہم حضور پر قربان جو گناہ ہمارے رہ گئے ہیں اور ہم پر حضور سکینہ اتاریں اور جب ہم دشمنوں سے مقابل ہوں تو حضور ہمیں ثابت قدم رکھیں ہم حضور کے فضل سے بے نیاز نہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ یہ حدیث صحیح بخاری وصحیح مسلم وسنن ابی داؤد وسنن نسائی ومسند امام احمد وغیرہا میں سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بطرق عدیدہ ہے اور پچھلا مصرع زیادات صحیح مسلم وامام احمد سے ہے۔ (الامن والعلی)

وعامر بن الاکوع کان یحد و بین یدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم و استشہد یوم خیبر.

حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے حدی پڑھتے اور وہ روز خیبر شہید ہوئے۔ (مولف) (فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۷۲)

براء بن مالک کی حدی خوانی

محمود ومباح اشعار کا سادہ خوش الحانی سے پڑھنا زمانہ صحابہ وتابعین وائمہ دین سے مجوز ومقبول ہے بلکہ خود صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے ماثور ومنقول، بلکہ خود حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

کے سامنے ہوتا، حضور سنتے اور انکار نہ فرماتے، بارگاہ رسالت میں حدی خوانی پر صحابہ مقرر تھے کہ اپنی خوش الحانیوں، دلکش حدی خوانیوں سے اونٹوں کو راہ روی میں وارفتہ بناتے۔

انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے برادر اکرم سیدنا براء بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ خود موکب اقدس کے حدی خواں تھے عجب آواز دلکش رکھتے اور بہت خوبی سے اشعار حدی پڑھتے۔ یہ اجلہ صحابہ کرام سے ہیں بدر کے سواسب مشاہد میں حاضر ہوئے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی نسبت فرمایا بہت الجھے بال میلے کپڑے والے جن کی کوئی پرواہ نہ کرے ایسے ہیں کہ اللہ عزوجل پر کسی بات میں قسم کھالیں تو خدا ان کی قسم سچی ہی کرے انھیں میں سے براء بن مالک ہیں۔

ایک روز انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان کے پاس گئے اس وقت اشعار اپنے الحان سے پڑھ رہے تھے انھوں نے کہا آپ کو اللہ عزوجل نے وہ چیز عطا فرمائی ہے جو اس سے بہتر ہے یعنی قرآن عظیم۔ فرمایا کیا یہ ڈرتے ہو کہ میں بچھونے پر مروں گا خدا کی قسم اللہ مجھے شہادت سے محروم نہ کرے گا۔ سو کافر تو میں نے تنہا قتل کیے اور جو شرکت میں مارے ہیں وہ علاوہ۔ جب خلافت امیر المومنین عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں قلعۂ تستر پر جہاد ہوا ہے اور مسلمانوں کو سخت وقت پیش آئی، حدیث مذکور سنے ہوئے تھے ان سے کہا اپنے رب پر قسم کھائیے انھوں نے قسم کھائی کہ اے رب میرے کافروں پر ہمیں قابو دے کہ ہم ان کی مشکیں کس لیں اور مجھے اپنے نبی سے ملا یہ کہہ کر حملہ آور ہوئے اور ان کے ساتھ مسلمانوں نے حملہ کیا۔ ایرانیوں کا سپہ سالار ہرمزان مارا گیا کافر بھاگ گئے اور براء شہید ہوگئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

صحیحین میں حضرت انس سے ہے :

كان براء بن مالك اخو انس شهد المشاهد الا بدرا قال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم رب اشعث اغبر لا يوجه له لو اقسم على الله لا بره منهم البراء بن مالك قال انس فلما كان يوم تستر من بلاد فارس انكشف الناس فقال المسلمون يا براء اقسم على ربك فقال اقسم عليك يا رب لما منحتنا اكتافهم و الحقنى بنبيك فحمل و حمل الناس معه فقتل هرمزان من عظماء الفرس و اخذ سلبه و انهزم الفرس و قتل البراء . رواه الترمذى و الحاكم و ذلك فى خلافة عمر سنة عشرين.

انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے برادر اکرم سیدنا براء بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بدر کے سوا سب مشاہد میں حاضر ہوئے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی نسبت فرمایا بہت الجھے بال میلے کپڑے والے جن کی کوئی پرواہ نہ کرے ایسے ہیں کہ اللہ عزوجل پر کسی بات میں قسم کھالیں تو خدا ان کی قسم سچی ہی کرے انھیں میں سے براء بن مالک ہیں۔ انس نے کہا کہ شہر فارس میں قلعہ تستر پر جب جہاد ہوا مسلمانوں کو سخت وقت پیش آئی ان سے کہا اے براء اپنے رب پر قسم کھایئے انھوں نے قسم کھائی کہ اے رب میرے کافروں پر ہمیں قابو دے کہ ہم ان کی مشکیں کس لیں اور مجھے اپنے نبی سے ملا یہ کہہ کر حملہ آور ہوئے اور ان کے ساتھ مسلمانوں نے حملہ کیا، ایرانیوں کا سپہ سالار ہرمزان مارا گیا اور سامان لوٹ لیے اور انھیں شکست ہوئی اور براء شہید ہوئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ یہ واقعہ خلافت فاروقی ۲۰ھ کا ہے۔ (مولف)

اصابہ فی معرفۃ الصحابہ میں ہے بغوی بسند صحیح حضرت انس سے راوی :

قال دخلت على البراء بن مالك و هو يتغنى فقلت له ابدلك الله ما هو خير منه فقال اترهب ان اموت على فراشى لا والله ما كان الله ليحرمنى من ذلك وقد قتلت مائة منفردا سوى من شاركت فيه .

ایک روز انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت براء کے پاس آئے وہ اس وقت اشعار اپنے الحان سے پڑھ رہے تھے انھوں نے کہا آپ کو اللہ عزوجل نے وہ چیز عطا فرمائی ہے جو اس سے بہتر ہے یعنی قرآن عظیم، فرمایا کیا یہ ڈرتے ہو کہ میں بچھونے پر مروں گا خدا کی قسم اللہ مجھے شہادت سے محروم نہ کرے گا سو کافر تو میں نے تنہا قتل کیے اور جو شرکت میں مارے ہیں وہ علاوہ۔ (مولف)

انجشہ کی حدی خوانی

بی بیوں کے ہودجوں پر انجشہ حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حدی خوانی کرتے ان کی خوش آوازی مشہور تھی حجۃ الوداع شریف میں حدی پڑھی ہے اونٹ گرمائے بہت تیز چل نکلے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے انجشہ آہستہ، شیشیوں کے ساتھ نرمی کر۔ شیشیوں سے مراد عورتیں ہیں یعنی اونٹ اتنے تیز نہ کرو کہ تکلیف ہوگی یا عورتوں کا مجمع ہے خوش الحانی حد سے نہ گزارو۔

و انجشة العبد الاسود كان حسن الحداء فى الصحيح عن انس حسن الصوت.

حبشی غلام حضرت انجشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اچھی حدی پڑھتے تھے اور حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صحیح میں مروی ہے کہ ان کی آواز بھی اچھی تھی۔ (مولف)

فى الصحيحين عن انس ان انجشة حدا بالنسا فى حجة الوداع فاسرعت الابل فقال صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يا انجشة رفقا بالقوارير.

صحیحین میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انجشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حجۃ الوداع شریف میں حدی پڑھی تو اونٹ بہت گرمائے تیز چل نکلے سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اے انجشہ شیشیوں کے ساتھ نرمی کرو۔ (مولف)

عبداللہ بن رواحہ کی حدی خوانی

سیدنا عبداللہ بن رواحہ وسیدنا عامر بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آگے حدی خوانی کرتے چلتے۔ روز عمرۃ القضا جب لشکر ظفر پیکر محبوب اکبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم باہزاراں جاہ وجلال داخل مکہ ہوا ہے، عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آگے آگے رجز کے اشعار سناتے کافروں کے جگر پر تیر برساتے جارہے تھے۔ امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منع کیا کہ اے ابن رواحہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آگے اور اللہ جل جلالہ کے حرم میں یہ شعر خوانی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھنے دو کہ یہ ان پر تیروں سے زیادہ کارگر ہے۔ اور ایک حدیث میں آیا ہے ارشاد فرمایا اے عمر ہم سن رہے ہیں تم بھی خاموش رہو۔

مواہب لدنیہ وشرح علامہ زرقانی میں ہے :

کان یحدو بین یدیه علیه الصلاة و السلام فی السفر عبد الله بن رواحه الامیر المستشهد بموتة .

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آگے سفر میں حدی خوانی کرتے اور یہ جنگ موتہ میں اسلامی لشکر کے امیر تھے اور وہیں پر شہید ہوئے۔ (مولف)

ترمذی میں حضرت انس سے ہے :

انه صلی الله تعالیٰ علیه وسلم دخل مکة فی عمرة القضیة ابن رواحة یمشی بین یدیه و یقول .

خلوا بنی الکفار عن سبیله

الیوم نضربکم علی تنزیله

ضربا یزیل الهام عن مقیله
یذهل الخلیل عن خلیله

فقال عمر یا ابن رواحة بین یدی رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم و فی حرم الله تقول الشعر فقال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم خل عنه یا عمر فلهی فیهم اسرع من نضح النبل.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روز عمرۃ القضا جب داخل مکہ ہوئے عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آگے آگے رجز کے اشعار سناتے جارہے تھے۔

یعنی کافروں کا راستہ چھوڑ دو، آج تو ہم ان کے جائے نزول پر حملہ کریں گے، ایسا حملہ کہ ان کے دماغ کا مغز آنکھوں کے راستے سے باہر ہوجائے گا، اور ایک دوست دوسرے دوست کو بھول جائے گا۔

امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے منع کیا کہ اے ابن رواحہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آگے اور اللہ جل جلالہ کے حرم میں یہ شعر خوانی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھنے دو کہ یہ ان پر تیروں سے زیادہ کارگر ہے۔ (مولف)

و فی روایة انه لما انکر عمر علیه قال صلی الله تعالیٰ علیه وسلم یا عمر اسمع فاسکت یا عمر.

اور ایک روایت میں ہے کہ جب حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ابن رواحہ کو منع کیا تو حضور

اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے عمر ہم سن رہے ہیں تم بھی خاموش رہو۔ (مولف)

(فتاویٰ رضویہ ج ۹، ص ۱۷۲، ۱۷۳)

حقیقت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم

مصدر مظہریت پہ اظہر درود
مظہر مصدریت پہ لاکھوں سلام

لم یعرفنی حقیقۃ غیر ربی

میرے رب کے علاوہ میری حقیقت کو کسی نے نہیں پہچانا

(الحدیث)

حقیقت محمدیہ ﷺ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احوال واوصاف شریف دوقسم کے ہیں۔

ایک تو وہ ہیں جو ثقہ راویوں کے ساتھ احادیث واخبار میں منقول ہیں اور سیر کی کتابوں میں جو اخلاق وصفات مذکور ومسطور ہیں وہ آپ کی نبوت ورسالت اور تمام انبیاء ومرسلین علیہم الصلاۃ والسلام سے آپ کے افضل واکمل ہونے میں بہت کافی ووافی ہیں۔

دوسری قسم وہ ہے جو مکاشفان اسرار حقیقت اور مشاہدان انوار وحدت نے دیدۂ بصیرت سے پایا ہے اوران کے اظہار وابراز کی طرف گئے ہیں۔

انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام حق تبارک وتعالیٰ کے اسماء ذاتیہ سے پیدا کیے گئے ہیں اوراولیائے کرام اسماء صفاتیہ کی مخلوق ہیں۔ بقیہ ساری کائنات صفات فعلیہ سے پیدا ہوئی ہے۔

سید المرسلین صلوات اللہ تعالیٰ وسلامہ علیہ وعلیہم اجمعین ذات حق سے مخلوق ہیں اور ظہور حق آپ میں بالذات ہے چوں کہ صفات واسماء میں ظہور وبروز کے اقتضاء سے بیشتر وظاہر تر ہے حق تعالیٰ کی صفات سے ہر صفت میں خوب ظاہر ہوا ہے اور جو کچھ جلال وجمال سے مخصوص تھا ظاہر ہوا اور اسماء حسنیٰ میں سے ہر اسم نے جو اس کے معنوی کمال کے اقتضاء میں سے تھا ظہور ہوا۔ اور کنہ ذات الٰہی جس طرح پر خفا میں حقیقت سر یہ پر بطون میں تھی باقی رہی پھر ان اسماء صفات کے حقائق مشہد معنوی میں مجتمع ہوئے، ذات حیث لاکیف والا این اور ندا ہوئی اور انہا ما فرمایا۔ اگرچہ میں نے اس کمال کو ظاہر کیا اور ان جمال وجلال کے مقامات کو ہویدا کیا جو حد حصر واحصار سے باہر ہیں لیکن یہ سب بحر وحدت کا ایک قطرہ ہے اور ذات بیضا کا ایک ذرہ ہے۔

لہٰذا انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام مظہر اسماء وصفات ہوئے اور محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مظہر ذات، تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مقام اجلال واکرام کے بالذات ختام ہیں اور انبیاء واولیاء بالواسطہ۔ جب کہ سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ذات حق سے مخلوق ہیں اور ظہور بر حق ان پر بالذات ہے تو ان کے سوا جو بھی ہے سب سے تمام صفات اور جمیع کمالات میں فائق ومنفرد ہیں نیز اسی بناء پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دین تمام ادیان کا ناسخ ہے اس لیے کہ بروز ذات کے بعد صفات مشہود نہیں رہتے۔ نیز اسی بناء پر حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عروج فوق عرش ہے کیوں کہ ذات جمیع اسماء پر فائق ہے اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رحمانیت حق کے محل ہیں جو عرش سے فوق وسیع ہے اور عرش محیط اجسام ہے اور رحمت ہر شی پر وسیع ہے رحمتی وسعت کل شی لہٰذا محمدی حقیقت جمیع موجودات کا مصدر اور تمام کا مبداء اور تمام فیوض وبرکات کا واسطہ وسرچشمہ ہے۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

واضح ہو کہ حقیقت محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ہر عالم میں اس عالم کے مطابق ظہور ہے۔ لہٰذا جس طرح عالم اجسام میں آپ کا ظہور ہے عالم ارواح میں اس کی مانند ظہور نہیں ہے اس لیے کہ عالم اجسام تنگ ہے اور وہ اتنی وسعت نہیں رکھتا جتنی عالم ارواح میں وسعت ہے اور آپ کا ظہور جس طرح عالم ارواح میں ہے اس کی مانند عالم معنی میں آپ کا ظہور نہیں اس لیے کہ عالم معنی، عالم ارواح سے زیادہ لطیف اور زیادہ وسیع ہے اور زمین میں جس طرح آپ کا ظہور ہے اس جیسا آسمان میں ظہور نہیں ہے اور آسمان میں جیسا ظہور ہے اس جیسا ظہور یمین عرش میں نہیں ہے کیوں کہ وہاں این وکیف نہیں ہے۔ لہٰذا ہر مقام اعلیٰ میں مقام انزل سے اکمل واتم ظہور ہوتا ہے اور ہر ظہور میں اس کے محل کے مطابق خاص جلالت اور ہیبت واسرار ہیں، یہاں تک کہ ایسے محل تک متناہی ہوتا ہے کہ جہاں کسی نبی وولی کی استطاعت نہیں کہ اس جگہ آپ کے ظہور کی طرف نظر اٹھا کر دیکھ سکے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس قول مبارک کے یہی معنی ہیں کہ:

لی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ غیر ربی

میرے لیے ایک وقت ایسا ہوتا ہے کہ میرے رب کے سوا کسی کو اس میں گنجائش نہیں ہوتی۔

ایک اور روایت میں ہے :

لی مع اللہ وقت لا یسعنی فیه ملک مقرب و لا نبی مرسل

اللہ کے ساتھ میرے لیے ایک ایسا وقت ہوتا ہے جس میں کسی مقرب فرشتے اور نبی و رسول کی بھی گنجائش نہیں ہوتی۔

حضرت احدیت سے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نزول فرمانے کے بعد جب مقام واحدیت میں ظہور ہوا جو محل اسماء وصفات ہے تو اس وقت حضرت کمالیت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر متوجہ ہوئی جس طرح کہ اسم اپنے مسمی سے اور صفت اپنے موصوف سے لگاؤ رکھتی ہے۔ اور ان کمالات معانی میں سے ہر معنی اپنی حقیقت کی طرف اشارہ نہیں کرتا مگر اسی کی طرف اور اپنی ہویت سے دلالت نہیں کرتا مگر اسی پر اب اگر ان مشار الیھا کمالات میں سے کوئی کمال متحقق ہوتا ہے تو وہ اسی پر معطوف ہوگا اور اسی کا تابع ہوگا اور صفت نوریت کی حقیقت اسی میں منحصر ہے اور نور اس کے اسماء میں سے ہے اگرچہ تمام انبیاء و اولیاء اس صفت نوری سے متصف اور اس کے ساتھ متحقق ہیں لیکن سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس صفت کی حقیقت ہیں۔ اور حقیقت شی اور جو اس شی کے ساتھ متحقق ہو دونوں کے درمیان فرق ہے۔ تمام اشیاء اس نور کے مظاہر اور اس کے ظہور کے محل ہیں اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان کہ :

انا من نور اللہ و المومنون من نوری .

میں اللہ کے نور سے ہوں اور تمام مسلمان میرے نور سے ہیں۔

ایک اور روایت میں ہے :

انا من الله والمومنون منی.

میں اللہ سے ہوں اور تمام مسلمان مجھ سے ہیں۔

اسی مفہوم و مطلب کی طرف اشارہ ہے۔ مومنین کی تخصیص اتفاقی اور مقام کی مناسبت و موافقت کی وجہ سے ہے۔

اور جب وجود کونی کے ساتھ نزول فرمایا تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وساطت سے عقول، نفوس، لوح، قلم، عرش، کرسی، افلاک، کواکب، ارکان، معادن، نباتات، حیوانات اور انسان جو کہ حقائق کونیہ کا نسخہ جامعہ ہے پیدا فرمائے۔ اور اسی واسطے کے ساتھ کارخانہ وجود کو اس ترتیب کے ساتھ جو عرفاء و حکماء کے کلام میں بیان کیا گیا ہے اس کے انتظام کو پیوست کیا ہے کیوں کہ ان موجودات کی موجودیت کی ترتیب اسی ترتیب کے ساتھ ہے جو گنتی میں ہے۔ کہ ایک سے دو ہے اور دو اس وقت تک متحقق نہیں ہوگا جب تک کہ اس میں ایک نہ ہو۔ اسی طرح تین اس وقت تک متحقق نہ ہوگا جب تک دو اس میں موجود نہ ہو۔ اسی طرح چار ہے، چار اس وقت تک متحقق نہ ہوگا جب تک اس میں تین نہ ہو، اسی طرح اوپر تک شمار کرتے چلے جایئے۔ لہٰذا کوئی عدد اس وقت تک موجود نہ ہوگا جب تک کہ مرتبہ میں اس کے ماقبل کے وجودات کو نہ مانا جائے اور تمام، واحد یعنی ایک سے موجود ہیں اور واحد عدد نہیں ہے اس لیے کہ ہر عدد کو جب کسی عدد میں ضرب دیا جاتا ہے تو اس سے عدد نکل آتا ہے اور اگر تمام اعداد کو ایک میں ضرب دیا جائے تو اس سے کوئی چیز نہیں نکلتی۔ لہٰذا عقل اول جو کہ روح محمدی کی حقیقۃ تعبیر ہے وہ تمام عالم کے وجود کی اصل ہے، خواہ عالم امر ہو، خواہ عالم خلق، اور وہ تمام علل کی حقیقت میں علت ہے اور اللہ تعالیٰ پاک و منزہ ہے کہ کسی چیز کے وجود کے لیے علت ہو۔

لہٰذا جو کچھ بیان کیا گیا اس سے وجود محمدی کی حقیقت کی تفصیل معلوم ہوگئی ہوگی۔ اسی لیے حضور

اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اول وجود اور آخر وجود ہیں۔ اسی معنی ومفہوم کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے اس قول سے اس طرح ظاہر فرمایا کہ

اب زمانے نے اسی ہیبت پر پلٹا کھایا ہے، جو آسمانوں کی تخلیق کے وقت تھی۔

اور دائرہ وجود کے اعلیٰ درجات میں اس صورۃ ومعنی میں اس کے ظہور سے تمام ہوا۔ اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس طرح کہ بطون ذات میں حق کے ساتھ اقرب خلق تھے، اسی طرح آخر میں حیات میں اعلیٰ واکمل خلق ہوں گے اور اس درجہ کا نام وسیلہ رکھا گیا اور اس کا وعدہ کیا گیا اور امت کو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اس کی دعا کرنے کا حکم دیا گیا۔ وسیلہ کے معنی سبب ہیں تو حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابتدا میں وجود خلق کے اول سبب ہیں اور انتہا میں حق کے ساتھ ان کے لیے سبب قرب ہوں گے لہٰذا حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اقرب صوری ومعنوی دونوں حاصل ہوئے اور علو مکان اور علو زمان دونوں کامل ہوئے اور صفت وحال کے لحاظ سے اکمل عالم ہوئے اور اعظم عالم میں صورت ومعنی ہیں اور خلق کے اعتبار سے اتم واعدل ہیں۔

کمالات صوری

حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وہ کمالات صوری جو آپ کے لیے بارگاہ الٰہی میں علو مکان کی تحقیق پر شاہد ہیں یہ کمالات صوریہ تین قسموں پر ہیں۔

قسم اول ذاتی ہے۔

قسم دوم فعلی ہے۔

قسم سوم قولی ہے۔

قسم اول، حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات شریف اور آپ کی صورت جمیل ہے اور آپ کی ذات اجمل ذوات، اکمل وافضل واطہر اور انور تھی۔ اور آپ کی صورت احسن، اجمل، اجلا از کائے صور تھی۔ علماء کرام کو جو کچھ آپ کا حلیہ شریف معلوم ہوا اور ان کے فہم میں آیا انھوں نے اس کو جمع کیا اور بیان کر دیا اس سے مقصود آپ کا تصور جمال، مطالعہ کمال اور ہر گھڑی اسے ملحوظ خاطر رکھنا، اور اس کام کی مشق کرنا اور اس کا مراقبہ کرنا اور اسے اپنا نصب العین بنانا تا کہ اس جمال جاں فزا کو پیش نظر رکھ کر دائمی محبت قائم رہے اور کبھی جدا نہ ہو۔

یہ طریقہ حصول کمال ووصال کے لیے اقرب ہے اور یہ درجہ محبت کے حصول اور اصحاب وافر النصاب میں شامل ہونے کا ذریعہ ہے۔ اور یہ محبت معنوی اور سعادت کبریٰ اور نعمت عظمٰی کے حاصل ہونے کا سبب ہے۔ اگر اس پر بر طریق اتصال ودوام استطاعت نہیں ہے تو صلاۃ وسلام کے وقت جو کہ روشنی راہ اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے اقرب طرق ہے اسے نگاہ میں رکھے۔

لیکن دوسری قسم جو فعلی ہے وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے افعال زکیہ اور احوال مرضیہ ہیں جو معلوم وماثور ہیں اور صحف ودفاتر ان سے مملو ومشحون ہیں۔ اس باب میں یہ بات کافی نہیں ہے کہ سارا جہان اور ان کے تمام اعمال وصفات آپ کے میزان میں ہیں اس لیے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہی رشد وہدایت کے طریقوں کی بنیاد رکھی اور آپ نے ہی لوگوں کو ضلالت وگمراہی سے باہر نکالا اور احکام کو وضع کر کے سنت قائم فرمائی، نماز وروزہ اور حلال وحرام کی روشنی دکھائی اور بھلائی جو اہل جہان کے حصے میں آئی وہ آپ ہی کے دم قدم سے وابستہ ہے۔

اور تیسری قسم قولی ہے، وہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اقوال فصیحہ اور کلمات طیبہ ہیں جن سے اسلامی کتابیں بھری ہوئی ہیں وہ سب دریا کے مقابلے میں ایک قطرہ اور روشنی میں ایک ذرہ کی مانند ہیں آپ کی عظمت شان میں حق تبارک وتعالیٰ کا وہ قول جو کہ آپ کا کلام ہے کافی ہے کہ انہ لقول رسول

کریم جوظاہر میں آپ کا کہا ہوا تھا مگر حقیقت میں خدا کا کلام ہے۔

اورحق تبارک وتعالیٰ نے فرمایا

و ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی .

اوروہ اپنی خواہش سے نہیں بولتے،نہیں ہے وہ مگر وحی جوان کی طرف کی گئی۔ (مولف)

(مدارج النبوۃ،جلددوم)

حقیقت محمدیہ کاظہور

امام احمدرضابریلوی قدس سرہ تحریرفرماتے ہیں:

امام احمدقسطلانی مواہب شریف میں فرماتے ہیں :

لـما تعلقت ارادۃ الحق تعالیٰ بایجاد خلقه ابرز الحقیقة المحمدیة من الانوار الصمدیة فی الحضرۃ الاحدیة ثم سلخ منھا العوالم کلھا علوھا و سفلھا.

یعنی جب اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کو پیدا کرنا چاہا صمدی نوروں سے مرتبہ ذات صرف میں حقیقت محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کوظاہرفرمایا پھراس سے تمام عالم علوی وسفلی نکالے۔

شرح علامہ میں ہے :

و الحضرۃ الاحدیة ھی اول تعینات الذات و اول رتبھا الذی لا اعتبار فیه لغیر الـذات کما ھو اشار الیه لقوله صلی اللہ تعالیٰ علیه وسلم کان اللہ و لا شی معه ، ذکرہ الکاشانی .

یعنی مرتبہ احدیت ذات کا پہلا تعین اور پہلا مرتبہ ہے جس میں غیر ذات کا اصلاً لحاظ نہیں جس کی طرف نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس ارشاد میں اشارہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تھا اور اس کے ساتھ کچھ نہ تھا اسے سیدی کاشانی قدس سرہ نے ذکر فرمایا۔

حضور ذات حق سے پیدا ہوئے

شیخ محقق مولانا عبدالحق محدث دہلوی مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں :

انبیا مخلوق اند از اسماء ذاتیہ حق و اولیاء از اسماء صفاتیہ و بقیہ کائنات از صفات فعلیہ و سید رسل مخلوق است از ذات حق وظہور حق درو بالذات است۔

انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام اللہ کے اسماء ذاتیہ سے پیدا ہوئے اور اولیاء اسماء صفاتیہ سے، بقیہ کائنات صفات فعلیہ سے اور سید رسل ذات حق سے اور حق کا ظہور بالذات ہے۔

ہاں عین ذات الٰہی سے پیدا ہونے کے یہ معنی نہیں کہ معاذ اللہ ذات الٰہی، ذات رسالت کے لیے مادہ ہے جیسے مٹی سے انسان پیدا ہو۔ یا عیاذاً باللہ ذات الٰہی کا کوئی حصہ یا کل ذات نبی ہو گیا۔ اللہ عزوجل حصے اور ٹکڑے اور کسی کے ساتھ متحد ہو جانے یا کسی شی میں حلول فرمانے سے پاک و منزہ ہے، حضور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خواہ کسی شی کو جزء ذات الٰہی خواہ کسی مخلوق کو عین و نفس ذات الٰہی ماننا کفر ہے۔ اس تخلیق کے اصل معنی تو اللہ و رسول جانیں، جل و علا و صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، عالم میں ذات رسول کو تو کوئی پہچانتا نہیں۔ حدیث میں ہے :

یا ابا بکر لم یعرفنی حقیقۃ غیر ربی .

اے ابوبکر مجھے جیسا میں اپنی حقیقت میں ہوں میرے رب کے سوا کسی نے نہ جانا۔

ذات الٰہی سے اس کے پیدا ہونے کی حقیقت کے مفہوم ہو،مگر اس میں فہم ظاہر بیں کا جتنا حصہ ہے وہ یہ ہے کہ حضرت حق عز جلالہ نے تمام جہاں کو حضور پرنور محبوب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے واسطے پیدا فرمایا حضور نہ ہوتے تو کچھ نہ ہوتا۔

لولاک ما خلقت الدنیا

اے محبوب اگر تم نہ ہوتے تو میں دنیا کو پیدا نہ فرماتا۔ (مولف)

آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے ارشاد ہوا۔

لولا محمد ما خلقتک و لا ارضا و لا سماء.

اگر محمد نہ ہوتے تو میں نہ تمہیں بناتا نہ زمین وآسمان کو۔

تو سارا جہان ذات الٰہی سے بواسطہ حضور صاحب لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدا ہوا یعنی حضور کے واسطے، حضور کے صدقے، حضور کے طفیل۔

لا انہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم استفاض الوجود من حضرۃ العزۃ ثم ھو افاض الوجود علی سائر البریۃ کما تزعم کفرۃ الفلاسفۃ من توسیط العقول ، تعالیٰ اللہ عما یقول الظلمون علوا کبیرا ھل من خالق غیر اللہ .

یہ بات نہیں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اللہ سے وجود حاصل کیا پھر باقی مخلوق کو آپ نے وجود دیا جیسے فلاسفہ کافر گمان کرتے ہیں کہ عقول کے واسطے دوسری چیزیں پیدا ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان ظالموں کے اس قول سے بلند وبالا ہے کیا اللہ تعالیٰ کے علاوہ بھی کوئی خالق ہوسکتا ہے؟

بخلاف ہمارے حضور عین النور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کہ وہ کسی کے طفیل میں نہیں، اپنے اب

کے سوا کسی کے واسطے نہیں تو وہ ذات الٰہی سے بلا واسطہ پیدا ہیں۔

زرقانی شریف میں ہے:

ای من نور هو ذاته لا بمعنی انها مادة خلق نوره منها بل بمعنی تعلق الارادة به بلا واسطة شی فی وجوده.

یعنی اس نور سے جو اللہ کی ذات ہے یہ مقصد نہیں کہ وہ کوئی مادہ ہے جس سے آپ کا نور پیدا ہوا بلکہ مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارادہ آپ کے نور سے بلا کسی واسطہ فی الوجود کے متعلق ہوا۔

نورِ قدیم کی پہلی تجلی

سیدی ابو سالم عبداللہ عیاشی، ہم استاذ علامہ محمد زرقانی، تلمیذ علامہ ابوالحسن شبراملسی اپنی کتاب ''الرحلۃ'' پھر سیدی علامہ عثمانی ''شرح صلاۃ'' حضرت سیدی احمد بدوی کبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں فرماتے ہیں۔ صرف ترجمہ ملاحظہ فرمائیں۔

اس کا ادراک حقیقۃً وہی شخص کر سکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے ارشاد **الله نور السموات و الارض** کا معنی جانتا ہے کیوں کہ وہم اور عقل کے ذرائع اس کا حقیقی ادراک نہیں کر سکتے۔ اس کو تو صرف بندے کے دل میں اس نور کو اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ شعاعوں سے ہی سمجھا جا سکتا ہے پس نور اللہ کو اس نور ہی کے ذریعہ سمجھا جا سکتا ہے۔

حدیث (**ان الله قد خلق قبل الاشياء نور نبيك من نوره**) کے معنی کو سمجھنے کے لیے قریب ترین یہ ہے کہ نورِ محمدی جب قدیم اور ازلی نور کی پہلی تجلی ہے تو کائنات میں بھی اللہ تعالیٰ کے وجود کا وہی سب سے پہلا مظہر ہے اور وجود میں آنے والے تمام نوروں کی اصل قوت ہے۔ جب یہ نور اول چمکا اور منور ہوا تو اس نورِ محمدی نے تمام موجودات پر درجہ بدرجہ اپنی چمک ڈالی تو بلا واسطہ یا واسطوں کی کمی کے اعتبار

سے ہر چیز اپنی استعداد کے مطابق چمک اٹھی اور تمام حقائق واقسام اس نور کی چمک سے اس کے مظہر بن گئے یوں وجود میں آنے والا پہلا نور ایک تھا لیکن اس کی چمک سے دوسرے حقائق بھی اپنی حقیقت کے مطابق اس نور سے منور ہوتے چلے گئے اور کائنات میں نور در نور بن گئے جب کہ وجود میں نور کی صرف دو ہی قسمیں ہیں۔

ایک فیض دینے والا۔

دوسرا فیض پانے والا۔

حالاں کہ نفس الامری حقیقت میں یہ دونوں نور ایک ہی ہیں، یہ ایک حقیقی نور ہی قابل اشیاء میں چمک پیدا کر کے متعدد مظاہر میں ظاہر ہوتا ہے اور تمام اقسام میں ہر قسم کی صورت میں چمکتا ہے اس طرح فیض یافتہ نور بھی اپنی استعداد کے مطابق دوسری قابل اشیاء میں چمک پیدا کر کے ان کو منور کرتا ہے جس سے مزید مظاہرات کی اقسام حاصل ہوتی ہیں جب کہ یہ تمام انوار بالواسطہ یا بلا واسطہ سب سے پہلے نور سے ہی مستفیض ہیں۔

مرتبۂ ایجاد وتکوین

اس بحث کے آخر میں امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

ظاہر ہوگیا کہ جس طرح مرتبۂ وجود میں صرف ایک ذات حق ہے باقی سب اسی کے پرتو وجود سے موجود، یوں ہی مرتبہ ایجاد میں صرف ایک ذات مصطفیٰ ہے باقی سب پر اسی کے عکس کا فیض وجود، مرتبہ کون میں نور احدی آفتاب ہے اور تمام عالم اس کے آئینے، اور مرتبۂ تکوین میں نور احمدی آفتاب ہے اور سارا جہان اس کے آبگینے۔

خالق کل الوری ربک لا غیرہ
نورک کل الوری غیرک لم لیس لن

کل مخلوق کا پیدا کرنے والا آپ کا رب ہی ہے آپ ہی کا نور کل مخلوق ہے اور آپ کا غیر کچھ بھی نہ تھا، نہ ہے، نہ ہوگا۔ (صلاۃ الصفاء فی نور المصطفیٰ)

یہی مضمون دوسرے مقام پر اس طرح ہے امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں :

جس طرح مرتبہ وجود میں صرف اللہ ہے، کل شی ھالک الا وجھہ

ذات کبریا کے سوا ہر چیز ہلاک ہو جائے گی۔

الا کل شی ما خلا اللہ باطل

سن لو اللہ کے سوا ہر چیز باطل وفانی ہے۔

حقیقت وجود اسی کی ذات کریم سے خاص ہے۔ جہاں و جہانیان کا اس میں کچھ حصہ نہیں مگر جس پر وجود حقیقی کے آفتاب عالم تاب نے اپنے نور کا پرتو ڈالا وہ بقدر نسبت وقابلیت تام موجودیت سے بہرہ ور ہوا۔

یوں ہی مرتبہ ایجاد میں صرف ذات کریم حضور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے وبس۔

حضور ہی سر الوجود ومنبع الوجود واصل ہر بود ہیں۔ وجودات عالم ضرور وجود حقیقی کے ظلال وپرتو ہیں۔

مگر اولاً وبالذات پرتو ذات وظل صفات جامع الکمالات حضور سید الکائنات علیہ افضل الصلاۃ و اکمل التسلیمات ہے۔

پھر ثانیاً وبالعرض حضور کی وساطت سے مرتبہ بہ مرتبہ تمام عالم اس تجلی نور سے روشن ہے۔

یک چراغ ست دریں خانہ کہ از پرتو آں
ہر کجا می نگری انجمنے ساختہ اند

اس گھر میں ایک چراغ ہے جس کی روشنی سے ہر جگہ انجمن ہی انجمن ہے۔

(ماخوذ از حیات اعلیٰ حضرت جلد اول)

حضور کی حقیقت صرف اللہ جانتا ہے

امام احمد رضا بریلوی ایک موقع پر فرماتے ہیں :

خدا کے سوا حضور کی حقیقت سے کوئی واقف ہی نہیں۔ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اعرف الناس یعنی سب سے زیادہ حضور کے پہچاننے والے اس امت مرحومہ میں ہیں اس واسطے ان کا مرتبہ افضل و اعلیٰ ہے۔ معرفت الٰہی وہ معرفت محمد ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس کو ان کی معرفت زائد ہے اس کو معرفت الٰہی بھی زائد ہے۔ صدیق اکبر جیسے اعرف الناس کہ تمام جہان سے زیادہ حضور کی معرفت رکھتے ہیں ان سے ارشاد فرمایا۔

یا ابا بکر لم یعرفنی حقیقۃ غیر ربی .

اے ابوبکر جیسا میں ہوں سوا میرے رب کے اور کسی نے نہ پہچانا۔

صدیق اپنے مرتبہ کے لائق حضور کو جانتے ہیں، جبریل امین اپنے مرتبہ کے لائق پہچانتے ہیں، انبیاء و مرسلین اپنے اپنے مراتب کے لائق، باقی رہا حقیقۃ ان کو پہچاننا تو ان کا جاننے والا ان کا رب ہے، تبارک وتعالیٰ۔ ان کا بنانے والا ان کا نوازنے والا، ان کی حقیقت کے پہچاننے میں دوسرے کے واسطے حصہ ہی نہیں رکھا۔ بلاتشبیہ محب نہیں چاہتا کہ جو ادا محبوب کی اس کے ساتھ ہے وہ دوسرے کے ساتھ ہو۔ اللہ تمام جہان سے زیادہ غیرت والا ہے۔

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت فرماتے ہیں:

انہ لغیور و انا اغیر منہ و اللہ اغیر منی .

وہ غیرت والا ہے اور میں اس سے زیادہ غیرت والا ہوں اور اللہ مجھ سے زیادہ غیرت والا ہے۔

وہ کیوں کر روا رکھے گا کہ دوسرا میرے حبیب کی اس خاص ادا پر مطلع ہو جو میرے ساتھ ہے اسی واسطے فرمایا جاتا ہے جیسا میں ہوں میرے رب کے سوا کسی نے نہ پہچانا۔ (المیلاد النبویہ)

حضور سبب وجود و بقاء ہیں

مطالع المسرات شریف میں ہے:

اسمہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم محی حیوۃ جمیع الکون بہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فھو روحہ و حیاتہ و سبب وجودہ و بقائہ .

حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام پاک محی ہے، زندہ فرمانے والے اس لیے کہ سارے جہان کی زندگی حضور سے ہے تو حضور تمام عالم کی جان و زندگی اور اس کے وجود و بقا کے سبب ہیں۔

اسی میں ہے:

ھو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روح الاکوان و حیاتھا و سر وجودھا و لولاہ لذھبت و تلاشت کما قال سیدی عبد السلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ لا شی الا و ھو بہ منوط اذ لولا الواسطۃ لذھب کما قیل الموسوط.

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام عالم کی جان و حیات و سبب وجود ہیں حضور نہ ہوں تو عالم نیست و نابود ہو جائے کہ حضرت سیدی عبد السلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ عالم میں کوئی ایسا نہیں جو نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دامن سے وابستہ نہ ہو اس لیے کہ واسطہ نہ رہے تو جو اس کے واسطے سے تھا آپ

ہی فنا ہو جائے۔

ہمزیہ شریف میں ارشاد فرمایا:

كل فضل فی العلمين فمن فضل
النبی استعارة الفضلاء

جہان والوں میں جو خوبی جس کسی میں ہے وہ اس نے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فضل سے مانگے کو لی ہے۔

شرح سیدی عثماوی میں ہے:

نعمتان ما خلا موجود عنهما ، نعمة الايجاد و نعمة الامداد ، هو صلی الله تعالیٰ عليه وسلم الواسطة فيهما اذلولا سبقت وجوده ما وجد موجود و لولا وجود نوره فی ضمائر الكون لتهدمت دعائم الوجود فهو الذی وجد اولا و له تبع الوجود و صار مرتبطا به لا استغناء له عنه.

کوئی موجود دو نعمتوں سے خالی نہیں، نعمت ایجاد و نعمت امداد، اور ان دونوں میں نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی واسطہ ہیں کہ حضور پہلے موجود نہ ہو لیتے تو کوئی چیز وجود نہ پاتی اور عالم کے اندر حضور کا نور موجود نہ ہو تو وجود کے ستون ڈھے جائیں تو حضور ہی پہلے موجود ہوئے اور تمام جہان حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طفیلی اور حضور سے وابستہ ہوا جسے کسی طرح حضور سے بے نیازی نہیں۔

حاصل یہ کہ اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات پاک کو اپنی ذات کریم سے پیدا کیا یعنی عین ذات کی تجلی بلا واسطہ ہمارے حضور ہیں باقی سب ہمارے حضور کے نور وظہور ہیں۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلی آلہ وصحبہ وبارک وسلم۔ (صلاۃ الصفا فی نور المصطفیٰ)

حضور کا وقت مخصوص

بعض احادیث میں مذکور ہے :

لی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرب و لا نبی مرسل ۔

میرے لیے خدا کے ساتھ ایک ایسا وقت ہے جس میں کسی مقرب فرشتے یا مرسل نبی کی گنجائش نہیں۔

اسے شیخ محقق نے مدارج النبوۃ شریف میں ذکر فرمایا ہے۔ (تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین)

اشعار

حقیقت محمدیہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق امام احمد رضا بریلوی فرماتے ہیں :

نبی سرور ہر رسول و ولی ہے
نبی راز دار مع اللہ لی ہے

●

پر تو اسم ذات احد پر درود — نسخۂ جامعیت پہ لاکھوں سلام
مطلع ہر سعادت پہ اسعد درود — مقطع ہر سیادت پہ لاکھوں سلام
مصدر مظہریت پہ اظہر درود — مظہر مصدریت پہ لاکھوں سلام
وصف جس کا ہے آئینہ حق نما — اس خدا ساز طلعت پہ لاکھوں سلام

●

غایت و علت سبب بہر جہاں تم ہو سب
تم سے بنا تم بنا تم پہ کروروں درود

تم سے خدا کا ظہور اس سے تمھارا ظہور
لـم ہے یہ وہ ان ہوا تم پہ کروروں درود

●

اللہ کی سرتا بہ قدم شان ہیں یہ
ان سا نہیں انسان وہ انسان ہیں یہ
قرآن تو ایمان بتا تا ہے انھیں
ایمان یہ کہتا ہے کہ میری جان ہیں یہ
(حدائق بخشش)

بحمد اللہ تمت

باعث تخلیق کائنات جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رحمت کاملہ اور غوث و رضا کی نگاہ التفات سے ''سیرت مصطفیٰ جان رحمت'' صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی چوتھی اور آخری جلد بھی بحسن وخوبی اپنے اختتام کو پہنچی، میں اپنی اس کاوش کو اپنے نبی اکرم احمد مختار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ عرش وقار میں بطور ارمغان عقیدت ومحبت کے اس خیال سے پیش کرنے کی سعادت و برکت حاصل کر رہا ہوں کہ یہ میرے لیے سرمایۂ آخرت اور سامان نجات ہو، ذات واجب الوجود کے سوا ہر چیز فنا کی منزل سے ہم کنار ہوگی، اس کے ذکر جلیل کے ساتھ اس کے محبوب حقیقی کا تذکرۂ جمیل باقی رہے گا۔

وما من کاتب الا سیفنی

ویبقی الدھر ما کتبت یداہ

العاجز

محمد عیسیٰ رضوی

مآخذ و مراجع

ماخذ ومراجع

(اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی کی وہ تصانیف جن سے مضامین ماخوذ ہیں)

نمبر شمار	اسمائے کتب	سن تصنیف ہجری
۱	فتاوی رضویہ جلد اول	۱۳۲۶
۲	الجود الحلو فی ارکان الوضو	۱۳۲۴
۳	سبحٰن السبوح ان الوضو من ای نوم	۱۳۲۵
۴	بارق النور فی مقادیر ماء الطهور	۱۳۲۷
۵	النور و النورق لاسفار الماء المطلق	۱۳۲۴
۶	تنویر القندیل فی اوصاف المندیل	۱۳۲۴
۷	اللمعة الانقی فی فرق الملاقی و الملقی	۱۳۲۷
۸	حسن التعمم لبیان حد التیمم	۱۳۲۵
۹	الطلبة البدیعة فی قول صدر الشریعة	۱۳۲۵
۱۰	عطاء النبی لاحکام ماء الصبی	۱۳۲۷
۱۱	قوانین العلماء فی متیمم علم عند زید ماء	۱۳۲۵
۱۲	الطرس المعدل فی حد الماء المستعمل	۱۳۲۰

نمبر شمار	اسمائے کتب	سن تصنیف ہجری
۱۳	فتاویٰ رضویه جلد دوم	۱۳۲۶
۱۴	جمان التاج فی بیان الصلوٰۃ قبل المعراج	۱۳۱۶
۱۵	حاجز البحرین الواقی عن جمع الصلاتین	۱۳۱۳
۱۶	منیر العین فی حکم تقبیل الابهامین	۱۳۲۳
۱۷	نهج السلامة فی حکم تقبیل الابهامین فی الاقامة	۱۳۳۳
۱۸	ایذان الاجر فی اذان القبر	۱۳۰۷
۱۹	الاحلی من السکر لطلبة سکر رو سر	۱۳۰۳
۲۰	فتاویٰ رضویه جلد سوم	۱۳۲۶
۲۱	اجتناب العمال عن فتاویٰ الجهال	۱۳۱۶
۲۲	القلادة المرصعة فی نحر الاجوبة الاربعة	۱۳۱۲
۲۳	وصاف الرجیح فی بسملة التراویح	۱۳۱۲
۲۴	سرور العید السعید فی حل الدعاء بعد صلاة العید	۱۳۰۷
۲۵	انهار الانوار من یم صلاة الاسرار	۱۳۰۵
۲۶	النهی الاکید عن الصلاة و راء عدی التقلید	۱۳۰۵
۲۷	رعایة المذهبین فی الدعاء بین الخطبتین	۱۳۱۰

نمبر شمار	اسمائے کتب	سن تصنیف ہجری
۲۸	التبصیر المنجد بان صحن المسجد مسجد	۱۳۰۷
۲۹	هداية المتعال فى حد الاستقبال	۱۳۲۴
۳۰	اوفى اللمعة فى اذان الجمعة	۱۳۲۰
۳۱	فتاوى رضويه جلد چهارم	۱۳۲۶
۳۲	بريق المنار بشموع المزار	۱۳۳۱
۳۳	حيات الموات فى بيان سماع الاموات	۱۳۰۵
۳۴	الوفاق المتين بين سماع الدفين وجواب اليمين	۱۳۱۲
۳۵	الحرف الحسن فى الكتابة على الكفن	۱۳۰۸
۳۶	النهى الحاجز عن تكرار صلاة الجنائز	۱۳۱۵
۳۷	البدور الاجلة فى امور الاهلة	۱۳۰۴
۳۸	شرح نور الادلة للبدور الاجلة	۱۳۰۴
۳۹	حاشيه رفع العلة عن نور الادلة	۱۳۰۴
۴۰	الهادى الحاجب عن جنازة الغائب	۱۳۲۶
۴۱	العروس المعطار فى زمن دعوة الافطار	۱۳۱۲
۴۲	انوار البشارة فى مسائل الحج و الزيارة	۱۳۲۹

نمبر شمار	اسمائے کتب	سن تصنیف ہجری
۴۳	جمل النور فی نهی النساء عن زیارة القبور	۱۳۳۹
۴۴	تجلی المشکوٰة لانارة اسئلة الزکوٰة	۱۳۰۷
۴۵	الزهر الباسم فی حرمة الزکوٰة علی بنی هاشم	۱۳۰۷
۴۶	اعز الاکتناه فی رد صدقة مانع الزکاة	۱۳۰۹
۴۷	الحجة الفائحة لطیب التعیین و الفاتحة	۱۳۰۷
۴۸	رادع التعسف عن الامام ابی یوسف	۱۳۱۸
۴۹	صیقل الرین عن مجاورة الحرمین	۱۳۰۵
۵۰	فتاویٰ رضویه جلد پنجم	۱۳۲۶
۵۱	اطائب التهانی فی النکاح الثانی	۱۳۱۲
۵۲	فتاویٰ رضویه جلد ششم	۱۳۲۶
۵۳	القمع المبین لآمال المکذبین	۱۳۲۹
۵۴	سبحٰن السبوح عن عیب کذب مقبوح	۱۳۰۷
۵۵	حجب العوار عن مخدوم بهار	۱۳۳۹
۵۶	فتاویٰ رضویه جلد هفتم	۱۳۲۶
۵۷	کاسر السفیه الواهم فی ابدال قرطاس الدراهم	۱۳۲۹

نمبر شمار	اسمائے کتب	سن تصنیف ہجری
۵۸	الهبة الاحمدیه فی الولایة الشرعیة و العرفیة	۱۳۳۳
۵۹	فتاوی رضویه جلد هشتم	۱۳۲۶
۶۰	کتاب المنی و الدرر لمن عمد منی آرڈر	۱۳۱۱
۶۱	فتاوی رضویه جلد نهم	۱۳۲۶
۶۲	الحق المجتلی فی حق المبتلی	۱۳۲۴
۶۳	الرمز المرصف علی سوال مولانا سید آصف	۱۳۳۹
۶۴	شفاء الواله فی صور الحبیب و مزاره و نعاله	۱۳۱۵
۶۵	لمعة الضحی فی اعفاء اللحی	۱۳۱۵
۶۶	اعجب الامداد فی مکفرات حقوق العباد	۱۳۱۰
۶۷	الزبدة الزکیة فی تحریم سجود التحیة	۱۳۳۷
۶۸	الکشف شافیا فی حکم فونو جرافیا	۱۳۲۸
۶۹	العطایا القدیر فی حکم التصویر	۱۳۳۱
۷۰	حک العیب فی حرمة تسوید الشیب	۱۳۰۷
۷۱	مشعلة الارشاد فی حقوق الاولاد	۱۳۱۰
۷۲	فتاوی رضویه جلد دهم	۱۳۲۶

نمبر شمار	اسمائے کتب	سن تصنیف ہجری
۷۳	الفقه التسجيلی فی عجين النار جيلی	۱۳۱۸
۷۴	رد الرفضة	۱۳۲۰
۷۵	فتاویٰ رضویه جلد یازدهم	۱۳۲۶
۷۶	قوارع القهار علی المجسمة الفجار	۱۳۱۸
۷۷	فتاویٰ رضویه جلد دوازدهم	۱۳۲۶
۷۸	اقامة القيامة علی طاعن القيام لنبی تهامة	۱۲۹۸
۷۹	تدبير فلاح و نجات و اصلاح	۱۳۳۱
۸۰	نزول آيات فرقان بسكون زمين و آسمان	۱۳۳۹
۸۱	الميلاد النبوية فی الالفاظ الرضويه	
۸۲	اراء ة الادب لفاضل النسب	۱۳۲۹
۸۳	شمول الاسلام لاصول الرسول الكرام	۱۳۱۵
۸۴	شرح المطالب فی مبحث ابی طالب	۱۳۱۶
۸۵	اسماع الاربعين فی شفاعة سيد المحبوبين	۱۳۰۵
۸۶	منبه المنية لوصول الحبيب الی العرش و الروية	۱۳۲۰
۸۷	نطق الهلال بارخ ولاد الحبيب والوصال	۱۳۱۷

نمبر شمار	اسماء کتب	سن تصنیف ہجری
۸۸	انباء المصطفیٰ بحال سر و اخفی	۱۳۱۸
۸۹	خالص الاعتقاد	۱۳۲۸
۹۰	الدولة المکیة بالمادة الغیبیة	۱۳۲۳
۹۱	تجلی الیقین بان نبینا سید المرسلین	۱۳۰۵
۹۲	جزاء الله عدوه باباء ه ختم النبوة	۱۳۱۷
۹۳	صلاة الصفا فی نور المصطفیٰ	۱۳۲۹
۹۴	نفی الفی عمن استنار بنوره کل شی	۱۲۹۶
۹۵	قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام	۱۲۹۶
۹۶	بدر الانوار فی آداب الآثار	۱۳۲۶
۹۷	فقه شهنشاه و ان القلوب بید المحبوب بعطاء الله	۱۳۲۶
۹۸	النور و الضیاء فی احکام بعض الاسماء	۱۳۲۰
۹۹	اعتقاد الاحباب فی الجمیل و المصطفیٰ و الآل والاصحاب	۱۳۹۸
۱۰۰	غایة التحقیق فی امامة العلی و الصدیق	
۱۰۱	الامن و العلی لناعتی المصطفیٰ بدافع البلاء	۱۳۱۱
۱۰۲	تنزیه المکانة الحیدریة عن وصمة عهد الجاهلیة	۱۳۱۲

نمبر شمار	اسمائے کتب	سن تصنیف ہجری
۱۰۳	برکات الامداد لاهل الاستمداد	۱۳۱۱
۱۰۴	انوار الانتباه فی حل نداء یا رسول الله	۱۳۰۴
۱۰۵	منية اللبيب ان التشريع بيد الحبيب	۱۳۱۱
۱۰۶	الملفوظ مکمل چار حصے	۱۳۳۸
۱۰۷	الحجة الموتمنة فی آية الممتحنة	۱۳۳۹
۱۰۸	احکام شرعیت مکمل تین حصے	
۱۰۹	مقال عرفاء باعزاز شرع و علماء	۱۳۲۷
۱۱۰	تعليقات رضا	
۱۱۱	النيرة الوضية شرح الجوهرة المضيئة	۱۲۹۵
۱۱۲	سل السيوف الهندية على كفريات بابا النجدية	۱۳۱۲
۱۱۳	انفس الفكر فی قربان البقر	۱۲۹۸
۱۱۴	اهلاک الوهابيين على توهين قبور المسلمين	۱۳۲۲
۱۱۵	وشاح الجيد فی تحليل معانقة العيد	۱۳۱۲
۱۱۶	نقاء السلافة فی احكام البيعة و الخلافة	۱۳۱۹
۱۱۷	الكوكبة الشهابية فی كفريات ابی الوهابية	۱۳۱۲

نمبر شمار	اسمائے کتب	سن تصنیف ہجری
۱۱۸	اعالی الافادة فی تعزیة الهند و بیان الشهادة	۱۳۲۱
۱۱۹	خیر الآمال فی حکم الکسب و السوال	۱۳۱۸
۱۲۰	صفائح اللجین فی کون التصافح بکفی الیدین	۱۳۰۶
۱۲۱	السوء و العقاب علی المسیح الکذاب	۱۳۲۰
۱۲۲	المبین ختم النبیین	۱۳۲۶
۱۲۳	فتاوی الحرمین برجف ندوة المین	۱۳۱۷
۱۲۴	الاجازات المتینة لعلماء بکة و المدینة	۱۳۲۴
۱۲۵	عرفان شریعت مکمل تین حصے	
۱۲۶	السنیة الانیقة فی فتاوی افریقه	۱۳۳۶
۱۲۷	ذیل المدعاء لاحسن الوعاء	۱۳۰۶
۱۲۸	تمهید ایمان بآیات قرآن	۱۳۲۶
۱۲۹	شمائم العنبر فی ادب النداء امام المنبر	۱۳۲۷
۱۳۰	المعتمد المستند بناء نجاة الابد	۱۳۲۰
۱۳۱	انوار المنان فی توحید القرآن	۱۳۳۰
۱۳۲	ازاحة العیب بسیف الغیب	۱۳۳۰

نمبر شمار	اسمائے کتب	سن تصنیف ہجری
۱۳۳	راد القحط و الوباء بدعوة الجیران و مواساة الفقراء	۱۳۱۲
۱۳۴	کشف حقائق و اسرار دقائق	۱۳۰۸
۱۳۵	دوام العیش فی الائمة من قریش	۱۳۲۰
۱۳۶	ابرا لمقال فی استحسان قبلة الاجلال	۱۳۰۸
۱۳۷	جمع القرآن و بم عزوه لعثمان	۱۳۲۲
۱۳۸	الزلال الانقی من بحر سبقة الاتقی	۱۳۰۰
۱۳۹	مسائل المعراج	
۱۴۰	حدائق بخشش	۱۳۲۵

